بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ہدانا لہذا وما کنا لنہتدی لولا ان ہدانا اللہ لقد جاءت رسل ربنا بالحق لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولانا محمد المخصوص بافصح اللغات واوضح البیان والمبعوث باکمل الشرائع والممدوح فی التوریۃ والانجیل والزبور والفرقان وعلی آلہ واصحابہ حفظۃ الحق وحماۃ الدین ودعاۃ الاسلام وسائر التابعین لہم باحسان وعلی المجتہدین الذین انتشر بہم احکام الاحادیث والقرآن

امابعد حمد ونعت کے خاکپائے طلباے دینی محمد ہاشم علی میرٹھی انبتہ اللہ نباتا حسنا وصانہ عن الہم والحزن بیچ خدمت علماے نامدار وطالب علمان ذوی الاقتدار کے التماس رکھتا ہے کہ یہ کتاب کامل النصاب بعبارت قلیل ومضامین کثیر مصداق خیر الکلام ما قل ودل قاطع بدعات کفو دافع شناعات فجور موسوم بہ جامع التفاسیر مورخ بجامع التفاسیر ﴿شعر﴾ فکر سال شد کلک خامہ ﴿ بکشاد فاتح التفاسیر ﴿ تصنیف افادت مآب سوۃ الکاملین نخبۃ العارفین قدوۃ المحققین زبدۃ المدققین خاتم الفقہا والمحدثین مولانا وبالفضل اولانا مولوی محمد قطب الدین خان صاحب مرحوم کی ہے لازال قموز افادتہ ساطعۃ وشموس فیضہ طالعۃ اسوۃ تلامیذ خاتمۃ المحدثین وارث علوم سید المرسلین شاہ محمد آفاق مولوی شاہ محمد اسحق صاحب اسکنہ اللہ تعالی فی اعلی علیین کی ہیں اور

سبب تالیف

کا یہ ہے جبکہ مولوی صاحب ممدوح نے دیکھا کہ پست ہوگئیں ہمتیں لوگون کی سست ہوگئے حوصلے بیچ تحصیل علم دین کے اور رغبت کرنے لگے لوگ طرف زبان اردو کے اسواسطے اس زبان میں بنظر فائدہ عام وخواص اور وسیلۂ نجات اخروی سمجھکر تالیف فرمایا سے روز قیامت ہر کسی در دستگیر د نامۂ من نیز حاضر میشوم تفسیر قرآن در بغل ﴿ پس مولانا موصوف نے جزاؤہم عند ربہم جنت عدن نفع اللہ بہ سائر الطالبین کہ ایسی خوبی کے ساتھ اس تفسیر کو تفاسیر مختلفہ واحادیث صحیحہ ومسائل فقہیہ وغیرہ سے جلوہ گر کیا کہ آجتک کوئی تفسیر بزبان اردو ایسی نظر مین نہین آئی کہ اوس سے ہر ایک خاص وعام مستفید ہوسکتا ہو بجز عالم کے کہ کلام ذو المتعال ضمن اپنے مین صدہا طرح کے اشکال و دقائق متعلقات علم سے رکھتا ہے کہ دفع انکا بغیر علم کے ہر ایک کو ہرگز میسر نہین مگر اسمین مطالب تفاسیر کو مناسبت دے کر بطرز حسن ربط دیا ہے

کہ اشکال دقیقہ سمجھ مین ہر ایک کے آنے لگین اسواسطے کہ بعد لکھنے آیت کے اول تو ترجمہ فتح الرحمان مولفہ شاہ ولی اللہ رح
محدث دہلوی کا زبان فارسی بزبان اردو مع علامت **فتح** اور پھر ترجمہ موضح القرآن شاہ عبد القادر رح کے سے ساتھ
اشارہ **مو** اور تفسیر مدارک سے ساتھ لفظ **مد** اور جلالین سے بلفظ ج یا **جلا** اور تفسیر معالم التنزیل سے
بلفظ **معا** اور تفسیر بحر العلوم سے ساتھ رمز **بحر** اور در منثور کا نام بعینہ لکھا اور بعد بیان چند آیات اور
تفاسیر کے جو کچھ آیات سے حاصل مطلب سمجھا گیا ساتھ لفظ **تنبیہ** کے اوسکو تشریح و تصریح کرکے احادیث
معتبرہ اور مسائل فقہیہ مناسب اوس مقام کے لکھا اور نام کتاب کا بعینہ لکھا اور جس حدیث کی شرح سے لکھا ہی اوسکے اشارات
بھی لکھدیے ہین مثلاً اشارہ شرح ملا علی قاری رح کا لفظ **ع** اور شیخ عبد الحق رح کا لفظ ح یا **حق** اور سید جمال الدین کا لفظ
سید ہی اور جس تفسیر یا حدیث سے جس آیت کی تفسیر یا فائدہ لکھا ہی اوس جملے کو نقل کرکے آخر مین لفظ الخ کہ مخفف الی آخرہ کا
ہی لکھا تاکہ طالب دیکھے اور تحقیق لفظی اور ترکیب عربی بھی کچھ اوپر حاشیے کے درج کی تا اہل علم بہرہ یاب ہون اور جس جگہ فائدہ
ترجمہ شاہ ولی اللہ رح یا شاہ عبد القادر رح کا ہے آیا اوسکو بھی مرقوم کیا اور سبب کر لانے ترجمے کا یہ ہی کہ ترجمہ فتح الرحمان سے ترکیب
عربی اور موضح القرآن سے مطلب قرآن خوب سمجھ مین آتا ہی بعض جگہ بعینہ ترجمہ اور کہین حاصل اوسکا لکھکر نشانی کر دی گئی ہی
جسکو شبہہ ہو اوسے دیکھ لے پس جسوقت کہ سنا مجمع اخلاق و احسان **محمد حسین خان** صاحب مطبع مصطفائی نے کہ ایک تفسیر
عجیب و غریب موصوف الصدر تالیف کرتے ہین اور خانصاحب موصوف باعتبار دیانت و ثقاہت اپنی کے کتب نفیسہ کی ترویج ایسا
کرتے تھے سو سنتے ہی اس تفسیر کو طلب کرکے جو مطالعہ کیا تو واقعی اسم بامسمی پایا پس بصد شوق مطبع اپنے یعنی مصطفائی دہلی مین
چھپوانا شروع کیا تھا ہرچند کہ اوسکے اتمام مین کوشش بلیغ کی گئی مگر اتمام کو نہ پہونچی تھی کہ ناگاہ صرصر آفت بلا نمونہ قیامت شہر دہلی
پر واقع ہو کر معنی اذا زلزلت الارض زلزالہا کے ظاہر کیے تختۂ زمین ہندوستان مانند گردش آسمان کے گردش کر گیا اور اس
حرکت سے تمام مردم دہلی مانند فراش مبثوثہ کے متفرق ہوئے اور اوراق تفسیر مثل برگ خزان دیدہ برباد ہو کر بجاے کاغذ حلوا و توتیا
بصف دارو فروشان جانے لگے تب مشفق بے ریا محب باصفا حاجی **یار محمد** صاحب نے کہ جو شریک اس تفسیر کے چھپوانے مین پہلے سے ہین
صمیم سے ازرہ خیرخواہی کے ارشاد کیا کہ اگر تو اوراق منتشرہ کو جابجا سے بہم پہونچا کر اوس گنج باد آورد کی باقی کو چھپوادے تو عند اللہ
ماجور و عند الناس مشکور ہوگا سو عاجز نے بحکم المامور معذور کے اس کار خیر کو مغتنمات سے سمجھکر اوراق پریشان کو ساتھ عرق ریزی
بہت او جانبازی بعد کے [illegible] ہجری مین فراہم کرکے بتاریخ بستم ماہ ربیع الآخر [illegible] ہجری مین بعون المستعان و علیہ التکلان
کے ترتیب دیا اور سورۂ احزاب سے اس تفسیر کے شروع ہونے کا سبب یہ ہی کہ جب مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ جناب مولف نے تمام کیا
تو درس کلام مجید کا سورۂ احزاب تک پہونچا تھا اونکو یہ خیال ہوا کہ یہین سے یہ تفسیر موافق درس کے تالیف ہوتی جاوے تو باعانت
و توفیق رب الارباب کے آخر تک تمام ہو کر پھر یہان تک پہونچ کر کامل ہو جائیگی واعظین و شائقین کو جسقدر ہاتھ لگے گی غنیمت ہی
امید ہی کہ حق تعالی اوس آرزو کو پورا کرے اور سامان اطمینان دونون جہان کا عنایت فرماوے رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِهٖ وَاَسَاتِذَتِهٖ وَسَاعِيْهِ وَاغْفِرْ لِيْ وَلِاَسَاتِذِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَاجْعَلْنِيْ اُعْظِمُ شُكْرَكَ
وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نُصْحَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ

سورۃ الاحزاب مدنیۃ وہی ثلث وسبعون آیۃ وتسعۃ رکوعات

اس سورت کا نام سورۂ احزاب ہی اور یہ نام اسکا اس لیے رکھا گیا کہ احزاب جمع حزب کی ہی اور حزب کہتے ہین جماعت کو یعنی کافرون کی جماعتین جمع ہو کر مدینے پر چڑھ آئی تھین آنحضرت سے لڑنے کے لیے اسمین حال اونکا مذکور ہی چنانچہ آگے آویگا بیان مفصل اسکا اور یہ سورہ مدنی ہی اسمین تہتر آیتین ہین اور ایک ہزار دو سو اٹھاسی کلمے اور پانچ ہزار سات سو چھیانوے حرف اور نو رکوع کہا ابی بن کعب نے زر سے کہ کتنا گنتے ہو تم سورۂ احزاب کو کہا زر نے تہتر آیتین کہا ابی بن کعب نے پس قسم ہی اوس ذات کی کہ قسم کھاتا ہی اوسکی ابی تحقیق تھی یہ برابر سورۂ بقرہ کے یا زیادہ اوس سے اور البتہ تحقیق پڑھی ہم نے اسمین سے آیت رجم کی الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموھما البتۃ نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم یعنی بیاہا مرد اور بیاہی عورت جب زنا کرین پس سنگسار کرو انکو ضرور کر یہ حکم مقرر ہوا واسطے سزا کے اللہ کی طرف سے اور اللہ غالب دانا ہی مراد ابی کی یہ تھی کہ یہ جملہ اور آیتین بہت سی ہی کہ نسخ کی گئین قرآن مین سے اور یہ جو مشہور ہی کہ یہ زیادتی تھی ایک صحیفے مین عائشہ رض کے گھر مین پس کھا گئی اوسکو بکری پس یہ بات بنائی ہوئی ملحدون اور رافضیون کی ہی نزول اسکا بعد سورہ آل عمران کے ہوا اور بعد سورۂ حج وغیرہ کے یہ اسلیے لکھی گئی کہ مشابہ ہی ابتدا اسکی اور اخیر اوسکا اسلیے کہ اوسکے اخیر مین تو حکم ہی آنحضرت کو اعراض کرنے کا کافرون سے اور اونکے عذاب کے منتظر رہنے کا اور اسکی ابتدا مین حکم ہی آنحضرت کو تقوی کرنے کا اور کافرون اور منافقون کی فرمان برداری نکرنے کا اور اتباع کرنے وحی کا اور اللہ پر توکل کرنے کا ملخ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیْمًا حَکِیْمًا ۙ

اے پیغمبر ڈر خدا سے اور فرمان برداری نکر کافرون اور منافقون کی تحقیق خدا ہی دانا باحکمت + **فتح** اے نبی ڈر اللہ سے اور کہا نہ مان منکرون اور دغابازون کا مقرر اللہ ہی سب جانتا حکمتون والا **تفسیر** کافر چاہتے تھے اپنی طرف نرم کرنا اور منافق چاہتے تھے اپنی چال سکھانی اور پیغمبر کو اللہ پر بھروسا ہی اوس سے زیادہ دانا کون + **موضح** یہان جو یا ایھا النبی فرمایا اور نہ کہا یا محمد جیسے کہ کہا یا آدم یا موسی تو یہ آنحضرت کے نبوت وفضل کے اظہار کے لیے ہی اور صریح نام جو لیا حضرت کا بیچ آیت محمد رسول اللہ اور مانند اسکے کے تو یہ لوگون کے معلوم کروانے کے لیے ہی کہ وہ رسول اللہ کے ہین ڈر خدا سے یعنی ثابت رہ اللہ کے تقوے پر اور مداومت کر اوسپر اور تقوی زیادہ کر کہ وہ ایسی چیز ہی کہ جسکی انتہا نہین پائی جاتی اور بیچ سبب اوترنے آیت یا ایھا النبی کے لکھا ہی مفسرین نے کہ ابو سفیان اور عکرمہ بن ابی جہل اور ابو الاعور سلمی بعد جنگ احد کے مدینے مین آکر بیچ گھر عبد اللہ بن ابی کے کہ سردار تھا منافقون کا اوترے اور ایک جماعت منافقون کی تھی آنحضرت کے پاس آکر امان طلب کر کلام کیا کہا کہ ہمکو ساتھ لات وعزی کے کہ نام ہین بتون کے چھوڑ دو اور کہو کہ یہ اپنے عابدون کی شفاعت قیامت مین کرینگے ہم بھی تمکو تمہارے رب کے ساتھ چھوڑینگے تا عبادت اوسکی فراغ دل سے بجا لاؤ کے خاطر مبارک آنحضرت کی اس بات سے ملول ہوئی اور تیوری چڑھائی حضرت عمر حاضر تھے اونھون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اذن دیجیے تا انکو قتل کرون نہین فرمایا آنحضرت نے کہ اے عمر مین نے انکو امان دی ہی پس کہا حضرت عمر نے انکو کہ نکلو اللہ کی لعنت

وغضب مین پھر حکم کیا آنحضرت صلعم نے اونکو نکالدینے کا مدینے سے اور یہ آیت اوتری کہ ای محمد تم تقویٰ پر ثابت رہو
اور انکا کہنا مانو اور بچتے رہو انسے کہ یہ اللہ کے بھی دشمن ہین اور مومنون کے بھی اور بعضون نے کہا کہ خطاب ہی
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور مراد ہی اس سے امت اور کہا ضحاک نے کہ معنی اسکے یہ ہین کہ ڈر اللہ سے اور نہ توڑ عہد
کہ درمیان تیرے اور درمیان انکے ہی حاصل اس قول کا یہ ہی کہ جب حضرت عمر نے ارادہ اونکے قتل کا کیا تو یہ حکم آیا اور کافرون
سے یہان مراد ہین کافر مکہ کے یعنی ابوسفیان اور عکرمہ اور ابو الاعور اور منافقون سے منافق مدینے کے یعنی
عبداللہ بن ابی بن سلول اور عبداللہ بن سعد اور طعمہ بن ابیرق اور خدا ہی دانا کہ جانتا ہی اعمال بد انکے حکمت والا ہی جو نہی
امر کے ساتھ قتل کرنے اونکے **مدمعا تنبیہ** بھائیو خیال تو کرو کہ اللہ صاحب نے اپنے حبیب
کو کہ پاک و معصوم تھے سب گناہون سے تقویٰ کا حکم فرمایا تا امت اس مضمون کو دیکھکر بہت کوشش کرے تقویٰ کے
حاصل کرنے مین اور بچے اللہ کے عذاب سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین چیزین نجات دینے والی ہین عذاب سے
اور تین چیزین ہلاک کرنے والی ہین آخرت مین پس ایسی نجات دینے والی چیزین تقویٰ اللہ کا ہی باطن و ظاہر مین اور
بات سچ خوشی اور ناخوشی مین اور میانہ روی تونگری اور محتاجگی مین اور ایسی ہلاک کرنے والی چیزین پس خواہش نفسانی
پیروی کی گئی ہی اور بخل اطاعت کیا گیا اور خوش ہونا آدمی کا ساتھ نفس اپنے کے اور یہ خصلت بہت بری ہی تینون
خصلتون مین اور فرمایا حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ علم بہترین میراث ہی اور ادب بہترین حرفہ ہی اور تقویٰ بہترین توشہ ہی
یعنی راہ آخرت کا اور عبادت بہترین پونجی ہی اور عمل نیک بہترین قائد ہی اور حسن خلق بہترین مصاحب ہی اور حلم بہترین وزیر ہی
اور قناعت بہترین غنا ہی اور توفیق بہترین مددگار ہی اور موت بہترین ادب دینے والی ہی + مشکوٰۃ منبہات +

وَّاتَّبِعْ مَا يُوحٰى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا

اور پیروی کر اوس چیز کی کہ وحی بھیجی جاتی ہی تجکو تیرے پروردگار کی طرف سے تحقیق خدا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو خبردار
اور توکل کر اوپر خدا کے اور کفایت ہی اللہ کارساز **فتح** + اور چل جو حکم آوے تجکو تیرے رب سے مقرر اللہ تمھارے کام کی
خبر رکھتا ہی اور بھروسا رکھ اللہ پر اور اللہ بس ہی کام بنانے والا + **موتفسیر** وحی بھیجی جاتی ہی تجکو الخ یعنی
بیچ ثابت رہنے کے اوپر تقویٰ کے اور ترک کرنے فرمانبرداری کافرون اور منافقون کے تحقیق خدا الخ یعنی وہ اللہ
کہ جو وحی بھیجتا ہی طرف تیرے ہمیشہ سے جانتا ہی عمل اونکے اور عمل تمھارے اور لفظ بما تعملون جو جمع لائے اسلیے
کہ مراد اللہ کی قول اتبع سے آنحضرت ہین اور اصحاب اونکے اور توکل کر یعنی سونپ امر اپنا طرف تدبیر اوسکی کے + ملہ

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَاۗءَكُمْ اَبْنَاۗءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ

نہین پیدا کیے ہین خدا تعالی نے واسطے کسی مرد کے دو دل اندر بدن اوسکے کے اور نہین کیا ہی اون عورتون تمھاری کو
کہ ظہار کرتے ہو ساتھ اونکی مائین تمھاری اور نہین کیا ہی تمھارے لے پالکون کو بیٹے تمھارے یہ بات تمھاری ہی کہ
کہتے ہو اپنے مونہون سے اور خدا کہتا ہی بات سچی اور وہ دکھاتا ہی راہ مترجم کہتا ہی کہ اس آیت مین رد ہی اوس کافر کے
قول کا کہ کہتا تھا مجکو دو دل دیے ہین اور کہو ہی اوس چیز پر کہ اہل جاہلیت نے مقرر کی تھی کہ عورت ظہار کی مانند مان کے
ہمیشہ کو حرام ہو جاتی ہی اور کنایہ ہی ساتھ جواب طعن کافرون اور منافقون کے بہ نسبت حضرت رسالت مآب صلی اللہ

علیہ وسلم کے جب زینب سے نکاح کیا کہ اپنے بیٹے کی بیوی کو اپنی بیوی کر لیا **فتح** + اللہ نے رکھے نہین کسی مرد کے
دو دل اوسکے اندر اور نہین کیا تمھاری جورؤون کو جنکو مان کہہ بیٹھے ہو سچ تمھاری مائین اور نہین کیا تمھارے
لے پالکون کو تمھارے بیٹے یہ تمھاری بات ہی اپنے مونہہ کی اور اللہ کہتا ہی ٹھیک بات اور وہی سجھاتا ہی راہ **تفسیر**
کفر کے وقت کوئی جورو کو مان کہتا تو ساری عمر وہ اوس سے جدا ہوتی اور کسیکو بیٹا کر بولتے تو سچا بیٹا ہو جاتا اللہ تعالی
نے یہ دونون حکم بدل دیے جورو کو مان کہنا سورہ مجادلہ مین آویگا اور لے پالک کا حکم آگے بیان ہی ان دونون کے ساتھ
تیسری بات یہ بھی سنادی کہ ایسی باتین کہنے کی بہتیری ہین او نپر عمل نہین ہو سکتا جیسے مستقل مرد کو کہتے ہین اسکے
دو دل ہین چھاتی چیر کر دیکھو تو کسیکے دو دل نہین + **مو** + نہین پیدا کیے الخ آیا ہی کہ ابو معمر جمیل بن معمر فہری کہ ایک
شخص عاقل تھا اور جو کچھ سنتا یاد رکھتا قریش اوسکو ذو القلبین کہتے تھے یعنی یہ دو دلون والا ہی اور وہ آپ بھی کہتا تھا
کہ میرے دو دل ہین ہر دل سے سمجھتا ہون زیادہ تر اوس چیز سے کہ محمد سمجھتے ہین اور وہ بدر مین حاضر تھا جسوقت
کہ وہان سے بھاگا مونہہ مکہ کی طرف کر کر ایک جوتی پانؤن مین اور ایک ہاتھ مین لیے ہوئے چلا جاتا تھا ابو سفیان
اوس سے ملا اور خبر قوم کی پوچھی اوسنے کہا کہ بعضے مارے گئے اور بعضے بھاگ گئے پس ابو سفیان نے کہا کہ کیا حال
ہی تیرا کہ ایک جوتی پانؤن مین اور ایک ہاتھ مین رکھتا ہی تو ابو معمر نے متنبہ ہو کر کہا مین جانتا تھا کہ دونون جوتیان
پانؤن مین ہین اوس روز سے لوگون نے جانا کہ وہ دو دل نہین رکھتا ہی والا یہ حال نہوتا حق تعالی نے اوسکے اس
قول کے رد مین یہ آیت بھیجی مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهٖ اور مقاتل نے کہا کہ یہ ضرب المثل واسطے
ظہار کرنے والے کے بیوی اپنی سے اور واسطے لے پالک کر لینے کے اور کے بیٹے کو بیان کی گئی ہی کہ جیسا کہ ایک
شخص کے دو دل نہین ہوتے ہین ایسیہی بیوی ظہار کرنے والے کی مان اوسکی نہین ہوتی تا اوسکی دو مائین ہون
اور غیر کا فرزند بیٹا نہین ہوجاتا ہی تا ایک شخص دو کا بیٹا ہو اور زاد المسیر مین لایا ہی کہ منافق کہتے تھے کہ محمد دو
دل رکھتے ہین ایک ساتھ ہمارے اور ایک ساتھ اصحاب اپنے کے حق تعالی نے اونکے قول کے رد مین یہ آیت
بھیجی اور نہین کیا ہی اون عورتون تمھاری کو الخ یعنی بیوی کسیکی انتِ عَلَيَّ کَظَھْرِ اُمِّی یعنی تو مجھپر مانند پیٹھ
مان میری کے ہی اور مانند اسکے کے کہنے سے مان نہین ہو جاتی ہی تا حرام ہمیشہ کو ہو جاوے اور یہ رد ہی اہل جاہلیت
کے قول کا کہ ظہار کو حرام کرنے والا بیوی کا ہمیشہ کو جانتے تھے حق تعالی نے یہ آیت اوتاری کہ حرام ہمیشہ کو
نہین ہی لیکن ظہار کرنا برا اور جھوٹ اور موجب کفارہ کا ہی اور بعد کفارہ دینے کے وہ عورت اوسکے خاوند پر
حلال ہو جاتی ہی اور مسئلہ ظہار کا اور ذکر اوسکے کفارے کا سورۂ مجادلہ مین ہوگا انشاء اللہ تعالی اور نہین کیا ہی
تمھارے لے پالکون کو الخ اس آیت مین رد ہی لے پالک کرنے کے حکم کا کہ جاہلیت مین لے پالک کو صلبی بیٹے کے حکم مین
رکھتے تھے اور میراث مین مقدم کرتے تھے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے اوترنے کے پہلے زید بن حارثہ
کو آزاد کر کے لے پالک اپنا کیا تھا اور جبکہ زید نے اپنی بیوی زینب بنت جحش کو طلاق دی اور آنحضرتؐ زینب کو اپنے
نکاح مین لائے تو منافقون نے کہا کہ اپنے بیٹے کی بیوی کو نکاح مین لائے اور اورونکو اس کام سے منع کرتے ہین
حق تعالی نے یہ آیت بھیجی کہ لے پالک حقیقی بیٹا نہین ہوتا ہی یہ بات تمھاری ہی الخ یعنی کہنا تمھارا بیوی کو مان اور
لے پالک کو بیٹا ایک بات ہی کہ کہتے ہو تم اوسکو اپنی زبانون سے کچھ حقیقت نہین ہی اسکی اسلیے کہ بیٹا ہوتا ہی جنے

سے اور ایسے ہی ہان آور خدا کہتا ہی بات سچی یعنی جو کچھہ کہ حق ہی ظاہر و باطن مین آور وہ دکھاتا ہی راہ یعنی راہ حق بھر فرمایا جو کچھہ کہ حق ہی اور رہنمائی کی طرف راہ حق کی کہ فرمایا ادعوہم الخ + **بحر مد** +

اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُمْ بِهِ وَلَٰكِنْ مَا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

نسبت کرو لے پالکون کو اونکے باپون کی طرف یہ راست تر ہی نزدیک خدا کے پس اگر نجانو تم اونکے باپون کو پس بھائی تمہارے ہین دین مین اور آزاد کیے ہوئے تمہارے ہین یعنی پس اس لقب سے پکارو اونکو اور نہین ہی تمپر کچھہ گناہ اوس لفظ مین کہ خطا کی ہو تمنے ساتھہ بولنے اوسکے ولیکن گناہ وہ ہی کہ قصد کیا تمہارے دل نے اور ہی خدا بخشنے والا مہربان + **فتح** + پکارو لے پالکون کو اونکے باپ کا کر کے ہی پورا انصاف ہی اللہ کے ہان پھر اگر نجانتے ہو اونکے باپ کو تو تمہارے بھائی ہین دین مین اور رفیق ہین اور گناہ نہین تمپر جس چیز مین چوک جاؤ پر وہ جو دل سے ارادہ کیا ہی اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان + **تفسیر** + یعنی چوک کا گناہ تو کسی چیز مین نہین اور ارادے کا ہی اوسمین بھی اللہ چاہے تو بخشے چوک یہ کہ موںہہ سے نکل گیا فلانے کا بیٹا فلانا + **مو** + پس اگر نجانو تم اونکے باپون کو کہ نسبت کرو اونکو اونکی طرف تو پس وہ بھائی تمہارے ہین دین مین اور دوست ہین تمہارے دین مین پس کہو یہ بھائی میرا ہی اور یہ دوست میرا ہی اور یا کہو اے بھائی میرے اور اے دوست میرے مراد ہی بھائی چارہ اور دوستی دین کی آور نہین ہی گناہ الخ یعنی نہین ہی گناہ تمپر بیچ کہنے تمہارے کے اسکو از راہ خطا کے حالت جہالت مین پہلے وارد ہونے نہی کے ولیکن گناہ اوسمین ہی کہ قصداً کہا تمنے اوسکو بعد آنے نہی کے ابن عمر سے منقول ہی کہ کہا زید بن حارثہ کو زید بن محمد کہتے تھے یہان تک کہ اوتری آیت اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ اوس سے پیچھے زید بن حارثہ کہتے تھے یا یہ معنی ہین کہ نہین گناہ تمپر جبکہ کہا تمنے اپنے غیر کے فرزند کو اے بیٹے میرے بطریق خطا اور سبقت لسانی کے ولیکن گناہ جب ہوگا کہ کہو تم اوسکو قصد کر کر اور جائز ہی یہ کہ ہو مراد عفو ہونا خطا سے نہ عمد سے بطریق عموم کے پھر شامل ہو بسبب عموم اپنے کے خطاً لے پالک کے بیٹا کہنے کو اور قصداً کہنے کو یعنی مراد یہ ہو کہ سب چیزون مین جو قول خطاً ہو معاف ہوتا ہی اور عمداً نہین معاف ہوتا اور داخل اسمین ہو یہ بھی کہ لے پالک کو خطاً بیٹا کہے تو معاف ہی اور قصداً کہے تو نہین معاف اور جب پائی جاوے تبنی یعنی کسی لڑکے کو اپنا بیٹا کہا تو اگر ہی وہ متبنی مجہول النسب اور چھوٹا ہی عمر مین اوس کہنے والے سے تو ثابت ہوگا نسب اوسکا اوس سے اور آزاد ہو جاویگا وہ اگر ہی غلام اوسکا اور اگر بڑا ہی عمر مین اوس سے تو نہین ثابت ہوگا نسب اور آزاد ہو جائیگا نزدیک ابی حنیفہ رح کے اور اوپر معروف النسب پس نہین ثابت ہوتا ہی نسب اوسکا بسبب بیٹا کہنے کے کہنے والے سے اور آزاد ہو جاتا ہی اگر ہی غلام آور جو کوئی اپنے تئین غیر باپ اپنے کی طرف منسوب کرے تو وہ بھی گنہگار رہتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ یعنی جو کوئی منسوب کرے اپنے تئین طرف غیر باپ اپنے کے حال آنکہ وہ جانتا ہی تو جنت اوسپر حرام ہی آور ہی اللہ بخشنے والا مہربان

مدمعا +	کہ نہین مواخذہ کرتا تمسے خطا پر اور قبول کرتا ہی توبہ قصداً گناہ کرنے والے سے

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُهٰجِرِیْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤی اَوْلِیٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝

پیغمبر لائق تر ہی ساتھ تصرف کرنیکے بیچ امور مسلمانون کے اونکی ذاتون سے اور بیویان پیغمبر کی مائین اونکی ہین یعنی بیچ حرمت نکاح کے اور قرابت والے بعض اونکے نزدیک تر ہین ساتھ بعض کے حکم خدا مین تمام مسلمانون سے اور ہجرت کرنے والون سے لیکن یہ کہ کرو تم طرف دوستون اپنے کے کچھ رعایت ہی جائز ہونا اس حکم کا لوح محفوظ مین لکھا گیا یعنی صلۂ ارحام واجب ہی اور آپسمین وارث ہونا بسبب ہجرت اور اسلام کے منسوخ ہوا بسبب وارث ہونے کے ساتھ قرابت وارحام کے ✤ **فتح** نبی سے لگاؤ ہی ایمان والون کو زیادہ اپنی جان سے اور اوسکی عورتین اونکی مائین ہین اور ناتے والے ایک دوسرے سے لگاؤ رکھتے ہین اللہ کے حکم مین زیادہ سب ایمان والون اور وطن چھوڑنے والون سے مگر یہ کہ کیا چاہو اپنے رفیقون سے احسان یہ ہی کتاب مین لکھا ✤ **تفسیر** ✤ نبی نائب ہی اللہ کا اپنی جان ومال مین اپنا تصرف نہین چلتا جتنا نبی کا اپنی جان دہکتی آگ مین ڈالنی روا نہین اور نبی حکم کرے تو فرض ہی اور اوسکی عورتین سبکی مائین ہین حرمت مین نہ پردے مین اور حضرت کے ساتھ جنھون نے وطن چھوڑا بھائی بندون سے چھوٹے اونکو حضرت نے آپسمین بھائی کردیا تھا دو دو کو پیچھے اونکے ناتے والے مسلمان ہوئے فرمایا کہ اوس بھائی چارہ سے ناتا مقدم ہی میراث ہی ناتے ہی پر اور سب حکم مگر احسان اور سلوک اوسکا بھی لیے جاؤ یہ کتاب مین لکھا ہی یعنی قرآن مین ہمیشہ کو یہ حکم جاری رہا توریت مین بھی یہی حکم ہوگا ✤ **موضح** لائق تر ہی الخ یعنی آنحضرت کا بڑا حق ہی مومنون پر ہر چیز مین امور دین اور دنیا سے اور حکم آنحضرت کا بہت جاری ہی اونپر بہ نسبت حکم نفسون اونکے کے اور فرمان برداری آنحضرت کی بہت واجب ہی اونپر بہ نسبت فرمان برداری نفسون اونکے کے کہا ابن عباس اور قتادہ نے یعنی جبکہ باعث ہون اونکو آنحضرت ایک چیز کے کرنے پر اور باعث ہون اونکو نفس اونکے غیر اوس چیز پر تو ہوگی فرمان برداری نبی کی لائق تر اونپر اونکے نفسون کی فرمان برداری سے اور کہا ابو زید نے کہ نبی لائق تر ہی ساتھ مومنون کے نفسون اونکے سے بیچ اوس چیز کے کہ حکم کیا اونکے حق مین جیسے کہ تو لائق تر ہی ساتھ غلام اپنے کے بیچ اوس چیز کے کہ حکم کیا اوسپر ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین کوئی مومن مگر کہ مین لائق تر ہون ساتھ اوسکے دنیا اور آخرت مین پڑھو تم اگر چاہو النبی اولی بالمومنین من انفسهم پس جو مومن کہ مر جاوے اور چھوڑے مال پس وارث ہون اوسکے عصبے جو کوئی ہون اور جو کہ چھوڑے دین یا ضیاع یعنی اولاد چھوٹی کہ خوف ہو اوسکے ضائع ہونے کا پس چاہیے کہ آوے میرے پاس سو مین ولی یعنی مربی اوسکا ہون انتہی ✤ یا اولی ہم کے معنی ہین بہت مہربان اونپر اور بہت منفع پوہچانے والا اونکو مانند فرمانے اللہ تعالی کے بالمؤمنین رؤف رحیم یعنی آنحضرت مومنون پر بہت مہربان رحم کرنے والے ہین اور ابن مسعود کی قراءت مین النبی اولی بالمؤمنین من انفسهم وهو اب لهم یعنی نبی لائق تر ہی ساتھ مومنون کے جانون اونکی سے اور وہ باپ ہین اونکے اور کہا مجاہد نے ہر نبی باپ ہی اپنی امت کا اور اسی لیے ہوگئے مومن بھائی اسلیے کہ نبی علیہ السلام باپ ہین اونکے دینی اور بیویان پیغمبر کی مائین اونکی ہین یعنی بیچ حرام ہونے نکاح اونکے کے اور

اور واجب ہونے تعظیم اونکی کے نیچ نظر کرنے کے طرف اونکے اور خلوت کرنے کے ساتھ اونکے بس یہ حرام ہین اونکے حق مین مانند اجنبیون کے اور ارث مین بھی مانند اجنبیون کے ہین اور نہین کہا جاویگا اونکی بیٹیون کو مومنون کی بہنین اور نہ اونکے بھائیون اور بہنونکو مومنون کے مامون اور خالائین اور اختلاف کیا ہی علما نے اسمین کہ آیا وہ مومن عورتون کی بھی مائین تھین یا نہین بعضون نے تو کہا کہ وہ مومن مردون اور مومن عورتون کی سبکی مائین تھین اور بعضون نے کہا کہ وہ مائین تھین مومن مردونکی نہ عورتون کی اور قرابت والے الخ یعنی وارث کرنا بسبب قرابت کے اولی ہی وارث کرنے سے بسبب بھائی چارہ دینی کے اور منقول ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ مین ہجرت کرکے آئے تو درمیان دو دو شخصون کے مہاجر اور انصار سے بھائی چارہ مقرر فرمایا اور جب ایک ان مین سے مرجاتا دوسرا زندہ میراث اوسکی لیتا اور قرابت کی جہت سے میراث نہ ملتی تھی یہانتک کہ یہ آیت آئی اور وہ حکم منسوخ ہوا اور آپس مین وارث ہونا قرابتیون کا بحکم آیت مواریث کے مقرر ہوا لیکن احسان اور نیکی بھائیون کے ساتھ یا وصیت کرنی اونکے لیے تہائی مال تک جائز اور مستحسن ہی مراد معروف سے یہ ہی اور نی کتاب اللہ سے مراد ہی بیچ حکم خدا کے اور قضا اوسکی کے یا لوح محفوظ مین یا بیچ لوس چیز کے کہ فرض کیا اللہ نے + **بحر** + **تنبیہ** سبحان اللہ اس آیت کریمہ سے کیا شان علوم ہوئی ہی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر شخص کو چاہیے کہ اوس محبوب عالم کو اور اوسکے حکم کو سب سے زیادہ محبوب و مقدم رکھے حتی کہ اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھے اور کیون نہو کہ آپکے احسان ہم پر ایسے ہی ہین اگر وجود باجود اونکے سے ہم راہ حق نپاتے تو دوزخ کے کندہ بنتے مولانا اسمعیل علیہ الرحمۃ نے کہ عاشق ہین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اونکی سنت کے کیا خوب اشعار لکھے ہین آپ کی شان مین **نظم** وہ انسان اکمل ہی سنتے ہو کون + ہوئے مفتخر جس سے یہ دونون کون + نبی البرایا رسول کریم + نبوت کے دریا کا در یتیم + حبیب خدا سید مرسلین + شفیع الوری ہادی راہ دین + محمد ہی نام اوسکا احمد لقب + بیان ہو سکے منقبت اوسکی کب + دل اوسکا جو ہی مخزن سر غیب + مبرا خطا سے ہی بے شک و ریب + زبان اوسکی ہی ترجمان قدم + ہوا باغ دین جس سے رشک ارم + بظاہر ہی گو مقطع انبیا + حقیقت مین ہی مطلع اصفیا + سوا اول ہی ہی ہر طرح اوسکا نور + بظاہر کیا گو کہ آخر ظہور + الٰہی ہزارون درود و سلام + ترے ہو اوسپر اور اوسکی امت پہ عام + اور آیتمین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت مذکور ہوئی اب آگے اور ایک طرح کی بزرگی آنحضرت کی اور اور انبیا صلوات اللہ وسلامہ علیہم کی اور بیان توحید شروع فرمایا

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا

اور یاد کر جب لیا ہمنے پیغمبرون سے عہد اونکا اور تجھسے لیا ہمنے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسی اور عیسی بیٹے مریم کے سے اور لیا ہمنے اونسے عہد محکم تا خدا تعالی پوچھے اون سچون سے راستی اونکی سے اور طیار کیا ہی واسطے کافرون کے عذاب درد دینے والا **فتح** اور جب لیا ہمنے نبیون سے اونکا قرار اور تجھسے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسی سے اور عیسی سے جو بیٹا مریم کا اور لیا ہمنے اونسے گاڑھا قرار + یعنی اونکی زبانی اپنے حکم خلق کو پہونچائے تب ہر ایک سے پوچھہ کریگا اور سزا دیگا **موضح** + **تفسیر** + جب لیا ہمنے پیغمبرون سے عہد الخ یعنی رسالت کے پہونچانے کا اور اسکا کہ موعد اور حمایت کرنے والے خدا کے رہین اور بندگان خدا کو توحید اور اسلام کی طرف بلاوین اور ایک دوسرے کی تصدیق کرے اور ہر ایک خیر خواہ اپنی امت کا ہو اور لینا اس عہد کا روز الست کے تھا اور خاص ذکر کرنا ان پانچ پیغمبرون کا اسلیے ہی کہ

ع ۸ ۱۷

صاحب کتاب وشریعت اور اولوالعزم ہین اور سب سے پہلے ذکر کرنا آنحضرت کا واسطے افضل ہونے اونکے ہی سب پر
اور واسطے اسکے کہ آپ اصل ہین تمام خلق کے جیسے کہ فرمایا آنحضرت نے کُنْتُ اَوَّلَ النَّبِیِّیْنَ فِی الْخَلْقِ وَ اٰخِرَهُمْ
فِی الْبَعْثِ یعنی مین ہون اول نبیون کا پیدایش مین اور آخر اونکا اوٹھنے اور نبی ہونے مین اور فرمایا اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ
وَالْخَلْقُ مِنْ نُوْرِیْ یعنی مین پیدا ہوا ہون اللہ کے نور سے اور تمام خلق میرے نور سے اور یہ بھی فرمایا اَوَّلُ
مَا خَلَقَ اللّٰهُ رُوْحِیْ یعنی اول جو پیدا کیا ہی اللہ نے روح میری ہی اور یہ بھی فرمایا کُنْتُ نَبِیًّا وَّ اٰدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ
وَالْجَسَدِ + یعنی مین تھا نبی اوس حالت مین کہ آدم درمیان روح اور جسد کے تھے یعنی ناتمام تھی خلقت اونکی اور لیا ہمنے اونسے
عہد محکم دوبارہ ذکر کیا میثاق کو واسطے ملانے وصف کے جو غلیظا ہی ساتھہ اونکے اور یہ عہد لینا اس لیے ہوا تا اونکی امتون
کے سامنے اونکی راستی سے کہ جو کچھہ اپنی امتون سے کہا تھا اون سے سوال کرے تا کافر قائل ہون اس صورت مین صادقین
سے مراد انبیا ہین اور بموجب ایک قول کے مراد صادقین سے مومن ہین یعنی تا پوچھے مومنون سے پونہچانے رسالت انبیا
کے سے اور وہ بیچ دل کا زبان سے ظاہر کرین یا یہ مراد ہی کہ تا پوچھے انبیا سے کہ کیا جواب دیا تمکو تمھاری امتون نے اور یہ مانند
اس قول اللہ تعالی کے ہی یَوْمَ یَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَیَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ یعنی یاد کر اوس دن کو کہ اکٹھا کریگا اللہ رسولون
کو پس فرماویگا کہ کیا جواب دیے گئے تم اور طیار کیا ہی واسطے کافرون کے یعنی رسولون کے منکرون کے **نکتہ** ایک محقق
یعنی صوفیہ کرام مین سے فرماتے ہین کہ اول سورت مین اشارہ ہی اسکی طرف کہ فرماتا ہی اللہ تعالی ای عارف خبر دینے والے علوم
معارف اور حقائق سے ثابت بیچ تقوے کے التفات غیر سے ہو کر اطاعت خطرۂ کفرہ شیاطین اور منافقان نفوس سے باخبر
اور ہوشیار رہ اور اتباع کمال الہام رب حکیم علیم اپنے کا کر اور توکل اللہ پر رہ تو وہ کافی مہمات تیری کا ہو کر کارسازی تیری اور
تابعون تیرے کی کرے اور اپنی محبت و معرفت کی طرف متوجہ کرے اور آیت ما جعل اللہ الخ مین اشارہ ہی اسکی طرف کہ جب محبت
حق کی کسی دل مین آتی ہی تو محبت کسی چیز کی ماسوی اللہ سے اوسمین نہین رہتی ہی کہ قلب ایک ہی سوا ایک کی محبت کے گنجایش
نہین رکھتا مصرع یکدل داری یک دوست بس ست قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ یعنی کہہ اللہ پھر چھوڑ اور ونکو محبت اہل و اولاد کی نری
بات ہی بات ہی راہ حق مین کچھہ فائدہ نہین رکھتی اور آیت النبی اولی الخ مین اشارہ ہی اسکی طرف کہ اتباع اور محبت نبی کی اولی اور
اول اور اکثر ہو طالبون کو اپنے نفسون کی محبت سے تا حالت ولایت کو پونہچے رسول علیہ السلام فرماتے ہین لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ
حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ نَفْسِهٖ وَوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ یعنی مومن نہین ہوتا کوئی تم مین سے یہان تک
کہ ہون مین بہت پیارا طرف اوسکے جان اوسکی سے اور اولاد اوسکی سے اور مال اوسکے سے اور سب لوگون سے + مد
بحر + **تنبیہ** + غور کرنا چاہیے صوفیہ کرام رحمہم اللہ کے قول مین کہ حضرت کے اتباع اور حضرت کی محبت کو کیا
لکھتے ہین معنا اون بزرگوارون کے قول سے یہی معلوم ہوتا ہی کہ آنحضرت کی محبت اور اونکے اتباع کے آگے اورون کی محبت اتباع
کو ہیچ جانے یہ نہین کہ جو روبچون اور لوگون اور رسمون کی خاطر آنحضرت کی اتباع و محبت کو ایک طرف رکھدے بلکہ سنت کے نام سے
چڑھے اور کہے کہ یہ باتین کٹ ملون کی ہین تصوف اور ہی چیز ہی جیسے کہ اس وقت کے اکثر بزرگوارون کو دیکھتے ہین مصرع بہبین تفاوت
رہ از کجاست تا بکجا + اور اس بات پر تمام صوفیہ کرام رحمہم اللہ کا اجماع ہی سب یہی کہتے چلے آئے ہین کہ جو کچھہ حاصل ہوتا ہی اور درجہ
اعلی ملتا ہی حضرت ہی کے اتباع سے ملتا ہی چنانچہ کتاب طریق محمدی مین لکھا ہی کہ سردار جماعت صوفیہ کرام کے اور امام علم طریقت
کے حضرت جنید بغدادی علیہ رحمۃ الہادی فرماتے ہین اَلطُّرُقُ کُلُّهَا مَسْدُوْدَةٌ اِلَّا عَلٰی مَنِ اقْتَفٰی اَثَرَ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

یعنی سب راہین بند ہین یعنی خدا کی طرف پہونچنے کی مگر اوسپر راہ کھل رہی ہی کہ جو قدم بقدم چلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور یہ بھی
انھین کا قول ہی کل طریقةٍ ردّته الشریعة فهو زندقة یعنی جس طریقت کو رد کرے شریعت پس وہ بیدینی کفر ہی
اور فرمایا کہ جسنے نہ یاد کیا قرآن اور نہ لکھی حدیث نہ پیروی کیجاوے اوسکی اس امر تصوف مین اسلیے کہ علم ہمارا اور یہ مذہب ہمارا مقید
ہی ساتھ کتاب و سنت کے اور کہا سری سقطی رحمة اللہ علیہ نے تصوف اسم ہی تین چیزون کا ایک تو یہ کہ نہ بجھاوے نور معرفت
اوسکا نور ورع اوسکے کو اور دوسرے یہ کہ نہ کلام کرے ساتھ علم باطن کے اسطرح کا کہ نقض کرے اوسکو ظاہر کتاب و سنت کے تیسرے
یہ کہ نہ باعث ہو اوسکو کرامت اوپر ہتک محارم اللہ تعالی کے اور کہا ابو یزید بسطامی نے اپنے کسی یار سے کہ اوٹھ ہمارے
ساتھ تو کہ دیکھین ہم طرف اوس شخص کے کہ مشہور کیا تھا اوسنے اپنے تئین ساتھ ولایت کے اور تھا وہ شخص مشہور ساتھ
زہد کے وہ یار اوسکا کہتا ہی کہ پس گئے ہم طرف اوسکے پس جبکہ نکلا وہ اپنے گھر سے اور مسجد مین آیا تو اوسنے تھوکا قبلے کیطرف
پس پھر آئے ابو یزید اور سلام علیک نکی اوس سے کہا یہ شخص امن مین نہین ہی ساتھ ادب کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
آداب مین سے پس کیونکر ہوگا امن مین بیچ دعوے اپنے کے اور کہا ابو یزید بسطامی نے کہ اگر کوئی شخص چلتا ہو پانی پر اور
اوڑتا ہو ہوا مین تو نہ فریب کھاؤ تم ساتھ اوسکے یہان تک کہ دیکھو تم کہ کیسا پاتے ہو اوسکو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور
حفظ حدود اور شریعت کی رعایت مین اور کہا گیا بایزید سے کہ فلانا شخص ایک رات مین مکے کو پہونچتا ہی پس کہا اونھون نے
کہ شیطان گذرتا ہی ایک لحظے مین مشرق سے مغرب تک حال انکہ وہ اللہ کی لعنت مین ہی اور کہا ابو سلیمان دارانی رحمة اللہ علیہ نے
کہ بعض اوقات میرے دل مین واقع ہوتا ہی ایک نکتہ قوم کے نکتون مین سے یعنی معرفت کی بات کہ صوفیۂ کرام کے دل مین آجاتی ہی
پس نہین قبول کرتا ہون مین اوسکو مگر ساتھ دو گواہون عادل کے کہ وہ کتاب و سنت ہی اور کہا ذو النون مصری رحمة اللہ علیہ نے
کہ اللہ تعالی کی محبت کی علامتون مین سے متابعت اللہ تعالی کے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی انکے اخلاق مین اور افعال
مین اور اوامر مین اور سنتون مین اور کہا بشر حافی رحمة اللہ علیہ نے کہ دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین پس فرمایا
ای بشر آیا جانتا ہی تو کہ کس سبب سے بلند مرتبہ کیا تیرا اللہ تعالی نے تیرے وقت کے لوگون مین مینے عرض کیا کہ نہین جانتا مین
یا رسول اللہ پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ یہی بسبب اتباع کرنے تیری کے سنت میری کا اور بسبب خدمت کرنے تیری کے صالحین کی
اور بسبب خیر خواہی کرنے تیری کے اپنے بھائی مسلمانون کی اور بسبب محبت رکھنے تیری کے اصحاب اور اہل بیت میرے کی اسی نے
پہونچایا ہی تجکو نیکون کی منازل کو اور کہا ابو سعید خراز رحمة اللہ علیہ نے کلّ باطنٍ یخالفه ظاهرٌ فهو باطلٌ یعنی جو باطن
کہ مخالف ہو اوسکے ظاہر پس وہ باطل ہی اور کہا محمد بن فضل رحمه اللہ نے کہ جاتا رہنا اسلام کا چار چیزون کے سبب سے ہوگا
نہین عمل کرینگے لوگ ساتھ اوس چیز کے کہ جانینگے اور عمل کرینگے ساتھ اوس چیز کے کہ نہین جانینگے اور نہین سیکھینگے
اوس چیز کو کہ نہین جانینگے اور لوگون کو علم سیکھنے سے منع کرینگے اور جو کچھ کہ ذکر کیا گیا حضرت جنید کے کلام سے لے کر یہان تک
یہ سب نقل کیا گیا ہی رسالۂ قشیری رحمه اللہ کے سے دیکھ ای عاقل طالب حق کے کہ یہ بزرگ نہایت بزرگ ہین مشائخ طریقت کے
اور کبرا ہین ارباب سلوک و حقیقت کے اور یہ سب تعظیم کرتے رہے ہین شریعت شریفہ کی اور بنا کرتے رہے ہین اپنے علوم باطنہ
کو اوپر سیرت احمدیہ کے پس نہ فریب دیں تجکو واہیات جاہلین اور زٹلیات فاسدین مفسدین ضالین مضلین کی کیونکہ وہ کجرو
ہین راہ شرع قویم سے اور ٹیڑھے ہین صراط مستقیم سے نکل گئے ہین راہون علماے شریعت کے سے اور مشائخ طریقت کے سے
افسوس ہزار افسوس ہی اونکے حال پر اور اون لوگون کی چال پر کہ جنھون نے اتباع اونکا کیا ہی یا اچھا جانا ہی اونکے امر کو حال انکہ

وہ قزاق ہین راہ حق کے کہ راہ ماری ہی اونھون نے عابدین کی اور رلا دیا ہی حق کو ساتھہ باطل کے بلکہ چھپا دیا ہی حق کو دیکھو دا
تمام ہوا کلام حضرت صاحب کا اور طریقہ محمدی کا اور تصدیق ان باتون کی جسکو منظور ہو وہ کتب صوفیہ کو مثل عوارف و آداب المریدین و نفحات کے دیکھے بس جو گمراہی
بذاتی سے صوفیون کو بدنام کرے اللہ اوسے ہدایت کرے ٭ بیخبر چند ز خود بیخبر عیب سنند ٭ غم نہ ٭ باد شوند از تحیر ارسند ٭ دو شوند از پی تافی رسند

ط — مضمون حضرت شاہ عبدالغنی رحمہ اللہ نے لکھا ۱۲ منہ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَیۡكُمۡ اِذۡ جَآءَتۡكُمۡ جُنُوۡدٌ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَیۡهِمۡ رِیۡحًا وَّجُنُوۡدًا لَّمۡ تَرَوۡهَا
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرًا ۝

ای مسلمانون یاد کرو خدا کی نعمت کو اپنے پر جسوقت کہ آئے تمھارے سر پر لشکر پس بھیجی ہمنے اونپر ہوا اور لشکر کہ نہین دیکھا تمنے اونکو
اور ہی خدا ساتھہ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم بینا مترجم کہتا ہی کہ کفار نے غزوہ احزاب مین مدینے پر ہجوم کیا اور آنحضرت ؐ نے اپنے اور
انکے درمیان مین خندق کھودی اور منافقون سے باتین نفاق کی سرزد ہوئین مخلصون نے استقامت اختیار کی اور آخر فتح
اسلام کی واقع ہوئی خدا تعالیٰ نے اونکی مذمت مین اور مسلمانون کی مدح مین اور منت رکھنے مین اونپر یہ آیتین نازل کین ٭ **فتح**
ای ایمان والو یاد کرو احسان اسکا اپنے اوپر جب آئین تمپر فوجین پھر ہمنے بھیجی اونپر باؤ اور وہ فوجین جو تمنے نہین دیکھین اور
ہی اللہ جو کچھہ کرتے ہو دیکھتا **تفسیر** ٭ چوتھے برس یہود بنی نضیر جو مدینے سے نکالے گئے تھے سورہ حشر مین ذکر اسکا آویگا
ہر قوم مین پھیرے اور قریش اور فزارہ او غطفان اور بنی قریظہ کو جو مدینے کے پاس تھے جمع کر کر حضرت ؐ پر چڑھا لائے بارہ ہزار آدمی مسلمان
کُل تھے تین ہزار آدمی سے لشکر باہر پڑا گرد خندق کھود لی جب فوجین آئین دور دور سے لڑتے رہے قریب ایک مہینے کے پھر ایک رات
اللہ نے اونپر باؤ بھیجی تند کافرون کی آگ بجھ گئی بھوکے رہے اور خیمے گر پڑے گھوڑے چھوٹ گئے سب لشکر برباد ہوا ناچار
اوٹھکر چلے گئے یہ جنگ احزاب کہلاتی ہی اور جنگ خندق کی جاڑے کے موسم مین اناج کی تنگی لڑائی لڑنی اور خندق کھودنی اور
گرد سب مخالف اسمین منافق دل کی بولنے لگے اور مومن ثابت رہے اس جنگ مین حضرت ؐ نے فرمایا اب سے ہم جاوینگے کفار پر وہ ہمپر
نہ آوینگے وہی ہوا **موضح** ٭ یاد کرو خدا کی نعمت کو اپنے پر یعنی جو کچھہ کہ انعام کیا اللہ نے تمپر روز احزاب کے کہ مدد کی تمھاری اور
نجات دی اور وہی روز خندق ہی اور ہوئی یہ جنگ ایک برس بعد جنگ اُحد کے آئے تمھارے سر پر لشکر یعنی احزاب اور وہ قریش
تھے اور غطفان اور قریظہ اور نضیر پس بھیجی ہمنے اونپر ہوا یعنی صبا کہ جسکو پروا ہوا کہتے ہین فرمایا آنحضرت علیہ السلام نے
نُصِرۡتُ بِالصَّبَا وَاُهۡلِكَتۡ عَادٌ بِالدَّبُوۡرِ ٭ یعنی مدد دیا گیا مین ساتھہ پروا ہوا کے اور ہلاک کیے گئے عاد بسبب پچھوا
ہوا کے اور لشکر کہ نہین دیکھا تمنے کہ وہ ملائکہ تھے اور تھے ملائکہ ہزار اور ملائکہ اوسدن لڑے نہین لیکن جسوقت کہ ٹھنڈی راتون
مین ہوا ٹھنڈی چلی اور لشکر احزاب کے خیمے کی میخین اوکھاڑ ڈالین اور خیمون کی طنابین کاٹ دین اور آگ کو بجھا دیا اور گھوڑے
آپسمین اُچھلنے کودنے لڑنے لگے ملائکہ جوانب و اطراف لشکر احزاب کے تکبیر پکار پکار کر کہنے لگے ایک رعب کفار کے لشکر مین پڑا حتی کہ
سردار ہر قبیلے کا مارے خوف کے پکارتا تھا کہ ای بنی فلان ہمارے پاس پہنچو پھر شکست کھائی **اور خلاصہ قصہ احزاب کا**
یہ ہی کہ بعد جلاوطن کرنے بنی قریظہ کے حُیَیّ بن اَخطَب یہودی نے ایک جماعت یہود کے ساتھہ مکے مین جاکر ساتھہ ابوسفیان کے
اور اوسکے تابعون کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لڑائی پر عہد کیا پھر غطفان کے پاس آکر قریش کے اتفاق کی خبر دی
اور غطفان بھی اونکے ساتھہ موافق ہوئے پس ابوسفیان اپنے اتباع کے ساتھہ اور عُیَینہ غطفانی اپنے اتباع کے ساتھہ لشکر
لیکر باہر نکلے اور دس ہزار آدمی جمع ہو کر متوجہ مدینے کی طرف ہوئے جب یہ خبر آنحضرت ؐ کو پہنچی تو تین ہزار آدمیون کے ساتھہ
مدینے سے نکلکر آگے پہاڑ سلع کے لشکر مبارک پڑا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ فارس مین بوقت آنے دشمنون کے

شہر کے گرد خندق کھود لیتے ہین آنحضرتؐ نے اسکو مستحسن سمجھکر مدینے کے گرد خندق کھودنے کا حکم کیا اور ہر ایک کو تھوڑی تھوڑی
زمین کھودنے کے لیے تقسیم فرما دی صحابا اوسکے کھودنے مین مشغول ہوئے اور آنحضرتؐ بھی مٹی اوسمین سے باہر نکالتے تھے اور
صحابہ کو دو تسبیح کا دیتے تھے اور پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْعَیْشَ عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُھَاجِرَۃَ
یا اللہ بلاشبہہ عیش آخرت ہی کا عیش ہی پس بخش انصار اور مہاجرین کو ۔ اوس اثنا مین ایک پتھر نہایت سخت ظاہر ہوا کوئی کدال
اوسپر کارگر نہین ہوتی تھی آنحضرتؐ کو خبر کی وہان تشریف لا کر کدال ہاتھ مین لے کر بسم اللہ کہکر اوس پتھر پر ماری تھوڑا سا ٹکڑا اوسمین کا
سے ٹوٹا اور ایک نور اوسمین سے نکلا کہ اوسکی روشنی مین شام کے محل نظر آئے اللہ اکبر کہکر فرمایا کہ ملک شام کی کنجیان مجکو عنایت ہوئین
بعد اوسکے دوسرا ضربہ مارا اور ٹکڑا اوسمین سے ٹوٹا اور ایک نور نکلا اور اوسکی روشنی مین یمن کے محل انکو نظر آئے اللہ اکبر کہکر
فرمایا کہ یمن کی کنجیان میرے ہاتھ مین دین بعد اوسکے تیسرا ضربہ مارا اور وہ پتھر سارا ٹوٹا اور ایک نور ظاہر ہوا کہ محل کسریٰ کے
نظر آئے تکبیر کہی اور فرمایا کہ فارس کی کنجیان مجکو عطا ہوئین مسلمان اس بشارت سے خوش ہوئے اور منافقون نے کہا کہ یہ مرد
خلق کو بازی دیتا ہی دشمن کے ڈر سے خندق کھودتا ہی اور یمن اور شام اور فارس کے فتح کی خبر دیتا ہی القصہ بعد چھ روز کے
خندق طیار ہوئی اور لشکر دشمنون کا مدینے کو پونہچا اور عیینہ غطفانی ساتھ لشکر اپنے کے نیچے وادی شرقی مدینے کے اور ابو سفیان ساتھ
لشکر اپنے کے وادی غربی مدینے مین اوترے اور یہود قریظہ بھی بسبب اغوائے حُیَیّ بن اَخطَب کے عہد توڑ کر کفار کی مدد کو آئے
اور خندق درمیان لشکر مسلمانون کے اور لشکر کفار کے حائل رہی اور دل ضعفائے مسلمین کا بسبب ہیبت کثرت اعدا کے جگہ سے
گیا اور دونون لشکر اسی طرح قریب ایک مہینے کی مدت تک مقابل پڑے رہے اور جنگ نہین ہوتی تھی مگر کچھ تیراندازی اور
پتھراو ہوتا تھا جب بلا لوگون پر سخت ہوئی رسول علیہ السلام نے ساتھ عُیَینہ وغیرہ رئیس غطفان کے صلح کی اسپر کہ تہائی
پھل مدینے کے اونکے لیے ہون بشرطیکہ یہان سے اوٹھکر اپنے وطن کو چلے جاوین اور صلحنامہ لکھا سعد بن معاذ اور سعد بن
عبادہ نے کہا یا رسول اللہ اگر یہ صلح خدا تعالی کے حکم سے ہی تو سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ حکم الٰہی سے نہین ہی مینے واسطے کسر شوکت قریش کے یہ صلح کی ہی اون دونون نے کہا کہ یا رسول اللہ ہمنے اونکو حالت
شرک مین ایک تمر نہین دی ہی اب کہ مشرف ساتھ اسلام کے ہوئے ہین ہم کیونکر دیوین اب ہوائے شمشیر کے کچھ نہین جانتے پس وہ
صلح موقوف رہا اور خوف وسختی مسلمانون پر نہایت ہوئی ایک روز نعیم بن مسعود غطفانی آگے رسول علیہ السلام کے آیا اور کہا
یا رسول اللہ مین مسلمان ہوا اور میری قوم کو اسکی خبر نہین ہی اب جو کچھ فرمائیے بجا لاؤن مین رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ تو ایک مرد ہی
اگر کرسکتا ہی تو کچھ فریب کر اَلْحَرْبُ خُدْعَۃٌ یعنی لڑائی فریب ہی نعیم بنی قریظہ کے پاس آیا اور کہا کہ جانتے ہو تم کہ مین خیرخواہ
تمہارا ہون قریش اور غطفان کہ واسطے لڑنے کے آئے ہین اہل اور اموال اونکے یہان سے دور ہین اگر شکست کھا دینگے
تو اپنے اہل مین پھر کر چلے جاوینگے اور اہل اور اموال تمہارے یہین ہین تم اور جا نہین سکنے کے اگر قریش اور غطفان تمکو
چھوڑکر چلے جاوینگے پس تم ساتھ انکے لڑو نہین جبتک ایک کو اونکے اشراف مین سے اپنے پاس گرو نرکھو تا تمکو چھوڑکر چلے نجاوین
بنی قریظہ نے کہنا اوسکا قبول کیا اور کہا خیرخواہی ہماری کی تونے پھر نعیم نے قریش کے پاس آکر کہا تم جانتے ہو کہ مین خیرخواہ
تمہارا ہون ایک خبر تمکو پونہچاتا ہون اگر پوشیدہ رکھو کہا اونھون نے کہ ایسا ہی کرینگے ہم نعیم نے کہا کہ بنی قریظہ نے محمدؐ کے
عہد توڑنے سے ندامت کھینچی اور محمدؐ کو کہلا بھیجا ہی کہ ہم نادم ہوئے اگر کہو تو ہم ایک دو اشراف قریش اور غطفان کے تین تمکو لا دین
اونکو مار ڈالوا اور ہمسے راضی ہو جاو ہم آنکر مددگار تمہارے ہون اور محمدؐ نے بھی قبول کرلیا ہی پس اگر یہود تمسے رہن چاہین تو

ہرگز نہ دینا پھر نعیم غطفان کے پاس آیا اور جو کچھ قریش سے کہا تھا انسے بھی کہا القصہ جب قریش اور غطفان نے یہود کو کہلا بھیجا کہ یہ دار مقام ہمارا نہین ہی متفق ہوکر قتال کرو تا امر محمد سے فراغ پاوین ہم یہود نے کہا کہ ہم ہرگز لڑنے کے نہین جبتک ایک مرد اشراف تم مین سے ہمارے پاس رہن نہوگا تا مبادا تم ہمکو وقت شدت کے چھوڑکر چلے جاؤ اور تنہا ہمکو محمد کے ساتھ لڑنے کی طاقت نہو اور دونون فرقون کو صدق قول نعیم کا متیقن ہوا اور درمیان اونکے نفاق اور خرابی ظاہر ہوئی ہفتے کی رات کو شوال کے مہینے مین سن پانچ مین کہ نہایت سردی تھی حق تعالی نے ہوا سرد اونپر متعین کی کہ اونکے خیمون کو اوکھیڑ ڈالا اور آگ کو سرد کردیا اور ہانڈیون اور باسنون اونکے کو اولٹ دیا اور غلغلہ تکبیر ملائکہ کے سے کہ کفار کے لشکرون کے اطراف مین کرتے تھے اور اوس ہوا کے فعل سے رعب کفار کے دل مین پڑا اور ابو سفیان آواز دیتا تھا کہ ای گروہ قریش واللہ اگر تم صبح تک یہان پڑے رہے تو ہلاک ہوجاؤگے اور بنی قریظہ سے دیکھوگے جو کچھ کہ سُنا تمنے اور یہ ہوا تمکو چھوڑتی نہین ہی یہان سے کوچ کرو مین کوچ کرتا ہون یہ کہا اور اپنے اونٹ پر سوار ہوکر متوجہ مکے کو ہوا غطفان بھی یہ خبر سُنکر بھاگے وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِكَ اور ہی خدا ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم یعنی تمہارے عمل کو ای مومنو دیکھتا اور مراد عمل سے محافظت کرنی ہی ساتھ خندق کے اور ثابت رہنا اور مددگاری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی + **مل بحر** +

إِذْ جَاءُوكُمْ مِنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنْكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا ۝

جب آئے کفار تمپر اوپر کی جانب تمہاری سے اور نیچے کی جانب تمہاری سے اور جب کہ پھر رہین آنکھین اور پہونچے دل چنبر گردن کو اور گمان کرتے تھے تم بہ نسبت خدا کے گمان مختلف + **فتح** جب آئے تمپر اوپر کی طرف سے اور نیچے سے اور جب ڈگ گئین آنکھین اور پہونچے دل گلون تک اور اٹکلنے لگے تم اللہ پر کئی کئی اٹکلین + **تفسیر** + اوپر سے اور نیچے سے یعنی مدینے کی شرقی طرف سے جو اونچی ہی اور غربی طرف سے جو نیچی ہی اور آنکھین ڈگنے لگین یعنی تیور بدلنے لگے لوگون کے دوستی جتانے والے آنکھین چرانے اور دل پہونچے گلون تک دھڑک دھڑک کرتے اور کئی کئی اٹکلین مسلمانون نے سمجھا کہ ابکی اور سخت آزمایش آئی اور کچے ایمان والون نے سمجھا کہ ابکی بار نہ بچینگے + **مو** + اوپر کی جانب تمہاری سے الخ یعنی مدینے کی شرقی طرف سے جو اونچی ہی بنو غطفان آئے اور غربی طرف سے جو نیچی ہی قریش آئے اور جب خیرہ رہین آنکھین یعنی متحیر ہوئین اور ٹھہر گئین مارے ڈر کے یا پھر رہین ہر چیز سے پس نہین التفات کرتین تھین مگر اپنے دشمن کی طرف بسبب شدت خوف کے اور لفظ حناجر جمع حنجرہ کی ہی حنجرہ کہتے ہین سر غلصمہ کو اور وہ منتہاے حلقوم ہی اور حلقوم جگہہ داخل ہونے کھانے اور پانی کی ہی پس مراد یہ ہی کہ جب پھولتا ہی پھیپھڑا شدت خوف سے یا غصے سے تو اوپر کو آجاتا ہی دل بسبب بلند ہونے اوسکے کے سر حلقوم تک اور بعضون نے کہا کہ یہ مثل ہی لوگون کے مضطرب ہونے مین اگرچہ نہ پہونچین دل حلقوم کو حقیقۃً روایت کیا گیا ہی کہ مسلمانون نے کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آیا کوئی دعا ہی کہ پڑھین ہم اوسکو کہ پہونچے ہین دل حناجر کو فرمایا ہان کہو اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا یعنی یا اللہ ڈھانپ عیب ہمارے اور امن مین رکھ دہشت کی چیزون سے ہمکو اور گمان کرتے تھے تم الخ یہ خطاب ہی مومنون کے لیے اور بعضے اونمین ثابت دل ثابت قدم تھے اور بعضے ضعیف القلوب اور منافق پس گمان کیا ثابت دلون ثابت قدمون نے ساتھ اللہ کے کہ وہ ہمکو امتحان فرماتا ہی اور ڈرے لغزش قدم اور نہ تحمل ہونے اوسکے سے اور ضعیف القلوب اور منافقون نے بہ نسبت خدا کے وہ گمان کیا کہ جو نقل کیا گیا ماحصل یہ کہ گمان کیا منافقون نے استیصال محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اونکے اصحاب کا اور گمان کی مومنون نے مدد و فتحیابی اونکے سیلیے + **معا** +

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا ۝

اوس جاگہہ آزمائے گئے مسلمان یعنی ساتھ صبر کرنے کے ایمان پر اور ہلائے گئے ہلائے جانا سخت یعنی مارے ڈر کے + **فتح** وہان جانچے گئے ایمان والے اور جھڑجھڑائے گئے زور کا جھڑجھڑانا + **مو** +

وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا ۝

اور جب کہتے تھے منافق اور وہ لوگ کہ اونکے دلون مین بیماری ہی وعدہ ندیا ہمکو خدا اور رسول اوسکے نے مگر بطریق فریب دینے کے + **فتح** + اور جب کہنے لگے منافق اور جنکے دلون مین روگ ہی جو وعدہ دیا تھا ہمکو اللہ نے اور اوسکے رسول نے سب فریب تھا + **تفسیر** + بعضے منافق کہنے لگے پیغمبر کہتا ہی کہ میرا دین پونہچیگا مشرق اور مغرب یہان جائے ضرور کو نکل نہین سکتے مسلمان کو چاہیے اب بھی ناامیدی کے وقت بے ایمانی کی بات نہ بولے + **مو** + کہا بعضون نے کہ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وصف ہی منافقین کا ساتھ واؤ کے اور بعضون نے کہا کہ وہ وہ لوگ ہین کہ نہین سوجھ اونکو دین مین منافق چاہتے تھے کہ اپنی طرف مائل کرین اونکو بسبب ڈالنے شبہے کے اونکے دلون مین اور وعدہ ندیا الخ منقول ہی کہ مُعَتّب بن قُشَیر منافق نے جب دیکھا احزاب کو کہا کہ وعدہ دیتا ہی ہمکو محمد فتح فارس اور روم کا حال انکہ کوئی ہم مین سے نہین نکال سکتا ہی یعنی مدد دینے اور خرچ کرنے کے لیے ایک فرق کہ نام سپاہی کا ہی نہین ہی یہ مگر وعدہ فریب کا + **مل**

وَإِذْ قَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۖ إِنْ يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا ۝

اور جب کہا ایک فرقے نے اونمین سے ای اہل مدینہ سرلئے رہنے کی نہین ہی تمہارے لیے پس پھر جاؤ اور اذن مانگتا ہی ایک فرقہ اونمین سے جناب پیغمبر سے کہتے ہین کہ تحقیق گھر ہمارے نامضبوط ہین اور نہین ہین وہ گھر نامضبوط نہین چاہتے ہین مگر بھاگنا + **فتح** + اور جب کہنے لگے ایک لوگ اونمین ای یثرب والو تمکو ٹھکانا نہین سو پھر چلو اور رخصت مانگنے لگے ایک لوگ اونمین نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہین اور وہ کھلے نہین پڑے غرض اور نہین مگر بھاگنا + **تفسیر** + یثرب نام تھا مدینے کا یعنی سارے عرب ہمارے دشمن ہوئے تو ہمکو رہنے کا ٹھکانا کہان سب لشکر سے جدا ہو جاؤ اور حضرت لشکر کے ساتھ باہر کھڑے تھے شہر مین سکم حویلیون کے ناکے بند کر کر زنانے اونمین رکھ آئے تھے یہ بہانہ کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے ہین اور جھوٹ بات تھی + **مو** + کہا ایک فرقے نے اونمین سے یعنی منافقون مین سے اور وہ عبداللہ بن اُبَی اور یار اوسکے تھے پس پھر جاؤ یعنی طرف کفر کے یا لشکر رسول اللہ سے طرف مدینے کے حاصل یہ کہ عبداللہ بن اُبَی اور اوسکے تابعون نے مسلمانون سے کہا کہ محمدؐ کے لشکر مین طاقت ٹھہرنے کی نہین رہی ہی سب دین کفر کی طرف پھر جاؤ یا آنحضرت کے لشکر سے مدینے کو چلے جاؤ اور اذن مانگتا ہی ایک فرقہ الخ عورۃ کے معنی ہین خلل اور تقدیر یہ ہی ذات عورۃ چنانچہ قراءت ابن عباس کی ذات **عو** رۃ ہی ہی بولا جاتا ہی عَوِرَ الْمَكَانُ عَوَرًا جبکہ ظاہر ہوتا ہی اوسمین ایسا خلل کہ خوف ہو اوسمین دشمن اور چور کا اور مراد اس فرقے سے بنو حارثہ اور بنو سلمہ ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنکر اونھون نے کہا کہ اجازت دیجیے ہمکو تا گھرون مین جا کر نگہبانی دشمنون اور چورون سے کرین اسلیے کہ وہ غیر محفوظ ہین پھر چلے آوینگے پس جھٹلایا اونکو اللہ تعالی نے کہ یہ ڈرتے نہین ہین اوس سے بلکہ چاہتے ہین بھاگنا لڑائی سے + **مل** **معا**

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا ۝

اور اگر تحقیق آتے نئے مین اوپر سر اونکے کے طرفون اوسکے سے پھر طلب کی جاتی اونسے خانہ جنگی البتہ دیتے اوسکو اور توقف نکرتے بیچ

دینے فتنے کے مگر تھوڑا حاصل کلام یہ ہی کہ جہاد مین توقف کرتے ہین اور اگر جنگ بیچ مقدمہ نفسانی کے ہوتی تو توقف کرتے **فتح** اور اگر شہر مین کوئی پیٹھ آتے کنارون سے پھر اونسے چاہے دین سے بچلنا تو لے لین اور ڈھیل نکرین اوسمین مگر تھوڑی **موتفسیر** اگر پیٹھ آتے انپر یعنی مدینے مین یا اونکے گھرون مین مدینے کی طرفون سے یعنی اگر داخل ہوتا یہ لشکر لڑنے والا کہ جسکے ڈر سے یہ بھاگتے ہین انکے مدینے مین یا انکے گھرون مین تمام جوانب اوسکے سے اور آپڑتے انکے اہل اور اولاد پر لوٹنے کو پھر طلب کیے جاتے ایسے خوف کے وقت فتنہ یعنی ارتداد اور رجوع کرنا طرف کفر کے اور لڑنا مسلمانون سے تو البتہ دیتے آنکو یعنی کرنے لگتے اونکا کہا اور نہ ڈھیل کرتے اوسکے قبول کرنے مین مگر تھوڑا سا یعنی ہوتا سوال وجواب بغیر توقف کے یا نہ ٹھہرتے مدینے مین بعد مرتد ہونے اونکے کے مگر تھوڑا سا اسلیے کہ اللہ ہلاک کرتا اونکو اور معنی یہ ہین کہ یہ بہانہ کرتے ہین اپنے گھرون کی نامضبوطی کا تاکہ بھاگ جاوین مدد سے رسول خدا اور مومنون کی اور مقابلہ جماعتون کفار کے سے کہ جنکا ہول و دہشت انکے دلون مین بھر رہا ہی اور وہ جماعتین کفار کی اگر پیٹھ آوین انکی زمینون اور گھرون مین اور پیش کرین انپر کفر اور کہا جاوے انکو کہ مسلمانون کو ضرر پونہچاؤ تو البتہ شتابی کرین طرف اوسکے اور کچھ بہانہ نکرین اور نہین ہی یہ مگر بسبب ناخوش رکھنے اونکے اسلام کو اور دوست رکھنے انکے کفر کو **مل** یعنی اگر دشمن ایکبارگی مدینے پر ہجوم لاوین اور انسے ترک کرنا اسلام کا اور پھرنا طرف شرک کے چاہین تو شرک قبول کرین جلدی سے اور اوسکے قبول مین توقف نکرین مگر تھوڑا سا اور بموجب ایک قول کے مراد فتنے سے جنگ کرنی مسلمانون کے ساتھ ہی یعنی اگر انسے لڑنا ساتھ مسلمانون کے چاہین تو یہ قبول کرین اور ایک قول یہ ہی کہ یہ جہاد مین توقف کرتے مین اگر بہانہ جنگی اور جنگ نفسانی پیش آوے تو توقف نکرین اور بحسب ایک قول کے معنی مالبثوا بہا کے یہ ہین کہ بعد قبول کفر کے مدینے مین نہین ٹھہرینگے مگر تھوڑا سا کہ عنقریب اوسکے ہلاک ہو جاوینگے **بحر**

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ۝

اور تحقیق عہد باندھا تھا ساتھ خدا کے پہلے اس سے کہ نہ پھیرینگے پیٹھ کو اور ہی عہد خدا کا پوچھا گیا **فتح** اور البتہ اقرار کر چکے تھے اللہ سے کہ نہ پھیرینگے پیٹھ اور اللہ کے اقرار کی پوچھ ہوتی ہی **موتفسیر** یعنی بنو حارثہ اور بنو سلمہ نے بعد جنگ احد کے پہلے جنگ خندق کے عہد باندھا تھا کہ پھر بار دیگر ہم نہین بھاگینگے اور ہی عہد خدا کا پوچھا گیا یعنی روز قیامت کے عہد شکنی سے پوچھے جاوینگے اور عذاب کیے جاوینگے **بحر** **مد**

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

کہہ ہرگز فائدہ نہ دیگا تمکو بھاگنا اگر بھاگو تم موت سے یا مارے جانے سے اور اوسوقت نہ فائدہ دیے جاؤگے مگر تھوڑا **فتح** تو کہہ کام نہ آویگا تمکو بھاگنا اگر بھاگوگے مرنے سے یا مارے جانے سے اور پھر بھی پھل نہ پاؤگے مگر تھوڑے دنون **تفسیر** یعنی جسکی قسمت مین موت ہی اوسکو بچاؤ نہوگا بھاگنے سے اور اگر موت نہین تو بھاگ کر بچا کی دن **مو** یعنی اگر آگئی ہی اجل تمھاری تو نہین فائدہ دیگا تمکو بھاگنا اور اگر نہین آئی ہی اجل اور بھاگے تم تو نہین بہرہ مند ہوگے دنیا مین مگر تھوڑا سا اور وہ مدت عمرون تمھارے کی ہی کہ وہ قلیل ہی اور ایک مروانی کا حال منقول ہی کہ وہ گذرا ایک جھکی ہوئی دیوار کے نیچے پس جلدی سے گذر گیا پس پڑھی اوسکے آگے کسی نے یہ آیت پس کہا اوسنے کہ یہ قلیل ہی طلب کرتے ہین ہم **مل** **تنبیہ** حاصل یہ کہ اس دنیا چند روزہ اور مال ومنال اسکے پر فریفتہ ہو کر اللہ جل شانہ کی رضامندی ہاتھ سے نہ دے اور جانے کہ سب کچھ چھوٹ جاتا ہی سوا تین کپڑون کفن کے کچھ ساتھ نہ لیجائیگا جیسے کہ حضرت لقمانؑ نے جو اپنے بیٹے کو نصیحتین کین ہین اللہ حمید اونکو پاک پروردگار نے اپنے کلام مجید مین نقل کیا ہی اونمین سے یہ بھی ایک نصیحت ہی وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا

یعنی اور نہ بھول تو حصہ اپنا دنیا سے کہ وہ کفن ہے یعنی دنیا مین سے یہ تیرا حصہ ہی باقی سب چھوڑ جائیگا + قطعہ گمان مبر کہ زر و سیم دادہ اند ترا
ودیعتی ست کہ داری بدست روز سے چند + چہ سود گر بشوی غرہ بر متاع کسے + چو موشش بر در دگان رو ستا خرسند +

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُمْ مِنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۚ وَلَا يَجِدُونَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝

کہہ کون ہے وہ جو بچاویگا تمکو خدا کے تصرف سے اگر چاہے تمہارے حق مین سختی یا چاہے تمہارے حق مین کوئی نعمت اور نہ پاوینگے واسطے اپنے سوائے خدا کے کوئی دوست اور نہ مددگار + **فتح** + تو کہہ کون ہے کہ تمکو بچاوے الله سے اگر چاہے تم پر برائی یا چاہے تم پر مہر اور نہ پاوینگے اپنے واسطے الله کے سوائے کوئی حمایتی نہ مددگار + **تفسیر** + یعنی عرب کی مخالفت سے ڈرتے ہو اگر الله حکم دے تو مسلمان اب تمکو قتل کر ڈالین + **مو** + من الله کی تقدیر ہی مما اراد الله انزاله یعنی کون بچاوے تمکو اوس چیز سے کہ چاہے ہے الله اوتارنا اوسکا یعنی عذاب اگر چاہے تمہارے حق مین سختی یعنی تمہارے نفسون مین قسم قتل وغیرہ سے یا چاہے تمہارے حق مین کوئی نعمت یعنی دراز کرنا عمر کا عافیت اور سلامت مین یا کون منع کرے الله کو اس سے کہ رحم کرے تم پر اگر ارادہ کرے تم پر رحم کرنا + **مد**

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنْكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

تحقیق خدا جانتا ہی باز رکھنے والون کو تم مین سے اور کہنے والون کو واسطے بھائیون اپنے کے کہ چلے آؤ طرف ہمارے اور حاضر نہین ہوتے ہین لڑائی مین مگر کم + **فتح** + الله کو معلوم ہے جو اٹکاتے ہین تم مین اور کہتے ہین اپنے بھائیون کو چلے آؤ ہمارے پاس اور لڑائی مین نہین آتے مگر کبھی + **مو** + **تفسیر** + باز رکھنے والون کو یعنی جو کہ منع کرتے ہین رسول کی مدد کرنے سے کہ وہ منافق ہین اپنے بھائیون کو یعنی جو کہ ظاہری بھائی ہین یعنی مسلمان چلے آؤ ہمارے پاس اور چھوڑ دو محمد کو مگر کم یعنی حاضر ہوتے ہین ایک ساعت دکھانے کو اور ٹھہرے رہتے ہین تھوڑا مقدار اسکے کہ دیکھین اونکو لوگ پھر پھر جاتے ہین + **مد** + چلے آؤ ہمارے پاس اور چھوڑ دو محمد کو اور اوسکے ساتھ جنگ مین حاضر نہو کہ ہم تمہارے ہلاک ہونے سے ڈرتے ہین آیا ہے کہ یہود نے منافقون کو کہلا بھیجا کہ تمکو کیا ہوا ہے کہ قتل اپنا ابوسفیان کے ہاتھ چاہتے ہو اگر اس بار تم پر قدرت پاوینگے تو کسیکو تم مین سے باقی نہین چھوڑینگے ہمکو تم پر خوف آتا ہے کہ تم بھائی اور ہمسائے ہمارے ہو ہماری طرف آؤ پس عبد الله بن ابی منافق اور یارون اوسکے نے مومنون کے پاس آکر کہا کہ تم محمد کے پاس کیا بھلائی چاہتے ہو اگر ابوسفیان تم پر قدرت پاویگا تو کسیکو نہین چھوڑیگا ہمارے ہمراہ طرف یہود کے آؤ مومنون کو منافقون کے اس کہنے سے ایمان اور احتساب زیادہ ہوا یہ آیتان منافقون کی شان مین نازل ہوئی اور زاد المسیر مین لایا ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلعم کے لشکر سے مدینے مین گیا اپنے سگے بھائی کو دیکھا کہ شراب و نقل آگے رکھے ہوئے عیش و طرب مین مشغول ہے اوسنے کہا کہ ای بھائی تو یہان عیش مین گذران کرتا ہی اور پیغمبر لڑائی مین ہین اوسنے جواب دیا کہ تو بھی میرے پاس بیٹھ محمد ہرگز اس ورطے سے خلاصی نہین پاویگا وہ شخص پھر آیا تو احوال اوسکا پیغمبر صلعم نے خدا سے ظاہر کرے جبرئیل پہلے آنے اوسکے سے یہ آیت لائے تھے + **مج** +

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ۝

بخل کرتے ہین بہ نسبت تمہارے یعنی بیچ مددگاری تمہاری کے پس جس وقت آتے ڈر دیکھیگا تو اونکو کہ دیکھتے ہین طرف تیرے پھرتی ہین آنکھین انکی مانند اوس شخص کے کہ بیہوش کیا جاتا ہے سختی موت سے پس جب جاتا رہتا ہے زبان دراز کرتے ہین تم پر تم

زبانون تیز کے بخل کرتے ہوئے اوپر مال کے یہ جماعت نہ ایمان لائی تھی پس نابود کیا خدا نے اونکے عملون کو اور تھا یہ کام خدا پر آسان **فتح** و دریغ رکھتے ہین تمھاری طرف سے پھر جب آوے ڈر کا وقت تو دیکھے تکتے ہین یعنی ڈرسے تیری طرف دگر اتی ہین آنکھین اونکی جیسے کسی پر آوے بیہوشی موت کی پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت چڑھ چڑھ بولین تمپر تیز تیز زبانون سے ڈھوکے پڑتے ہین مال پر وہ لوگ یقین نہین لائے پھر اکارت کر ڈالے اللہ نے اونکے کیے اور یہ ہی اللہ پر آسان ✣ **تفسیر** ✣ یعنی تجھ بوقت فاقت سے بجا جیرا تے ہین اور ڈر کے مارے جان نکلتی ہی اور فتح کے بعد مردانگی جتاتے ہین سب سے زیادہ اور غنیمت پر ڈھوکتے ہین ✣ **فائدہ** ✣ جہان حبط اعمال کا ذکر ہی تو فرمایا ہی یہ اللہ پر آسان ہی یعنی حکمت مین اسکی کسیکی محنت ضائع کرنی تعجب لگتی ہی لیکن جب حبط کرنے پر آوے اوس عمل ہی مین ایسا نقصان پکڑے جس سے وہ درست ہی نہین ہوا جیسے عمل بے ایمان کا کہ ایمان شرط ہے ہر عمل کی ✣ **مو** ✣ بخیلی کرتے ہوئے یعنی آتے ہین لڑائی مین اس حال مین کہ بخیلی کرتے ہین بنسبت تمھاری مدد کرنے مین اور غنیمت مین پس جسوقت آوے ڈر یعنی دشمن کی طرف سے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دیکھے تو انکو کہ دیکھتے ہین طرف تیرے اوس حالت مین پھرتی ہین آنکھین اونکی داہنے بائین جیسے کہ دیکھتا ہی وہ شخص کہ بیہوش کیا جاوے سکرات موت مین یعنی جیسے وہ عقل رفتہ حیران وار دیکھتا ہی ویسے ہی یہ مارے ڈر کے بھوچکے تکتے ہین پس جب جاتا رہے ڈر اور امن مین ہون اور جمع کیجاوے غنیمت زبان درازی کرین تمپر اور ایذا دین ساتھ کلام کے اسحال مین کہ بخل کرین مال پر یعنی بروقت تقسیم غنیمت کے مناقشہ کرین اور کہین ہمارا حصہ بہت سا لگاؤ اسلیے کہ ہم تمھارے ساتھ جنگ مین تھے اور تمھارے ساتھ ہوکر رہے اور بسبب ہونے ہمارے کے غالب ہوئے تم دشمن پر نہ ایمان لائے تھے یعنی حقیقت مین بلکہ ساتھ زبانون کے پس نابود کیا خدا نے یعنی باطل کیا اونکے اعمال ظاہری کو بسبب دل مین رکھنے اونکے کے کفر کو اور ہی یہ یعنی حبط کرنا اونکے عملون کا اللہ پر آسان ✣ **مل بحر** ✣

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا وَإِنْ يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُمْ بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنْبَائِكُمْ وَلَوْ كَانُوا فِيكُمْ مَا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا ۝

ع ۱۲

جانتے ہین کہ لشکر کافرون کے نہین گئے ہین اور اگر آوین لشکر تمنا کرین کا شکے وہ صحرا نشین ہوتے درمیان گنوارون کے پوچھا کرتے خبرون تمھاری کو یعنی بسبب آنے والے سے اور اگر ہون درمیان تمھارے نہ لڑین مگر تھوڑا ✣ **فتح** ✣ جانتے ہین فوجین نہین گئین اور اگر جاوین فوجین تو آرزو کرین کسیطرح باہر گئے ہون گانؤن مین پوچھا کرین تمھاری خبرین اور اگر ہو وین تم مین لڑائی نکرین مگر تھوڑی ✣ **تفسیر** ✣ یعنی نامردی کے مارے یقین نہین آتا کہ فوجین پھر گئین اور باتون مین تمھاری خیرخواہی جتاوین اور لڑائی مین کام نکرین ✣ **مو** ✣ یعنی منافق ایسے نامرد ہین کہ بعد شکست کفار کے بھی گمان کرتے ہین کہ لشکر کفار کے نہین گئے اور اگر پھر آوین لشکر کفار کے دوبارہ تو آرزو کرین بسبب اپنی نامردی کے کہ مدینے سے باہر نکلکر جنگل مین درمیان گنوارون کے جا بیٹھین تا نفس اپنے امن مین رہین اور الگ رہین لڑائی سے کہ ہوئ جسمین لگ رہے ہین پوچھتے رہین ہر مینے کے آنے والے سے خبرین تمھاری اور جو کچھ کہ گذرے تمپر اور اگر ہون درمیان تمھارے اور لڑائی ہو رہی ہو تو نہ لڑین مگر تھوڑا دکھانے سنانے کو اور واسطے دفع عذر ہنے کے تا لوگ نہ کہین کہ یہ نہ لڑے ✣ **مل بحر** ✣

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ۝

تحقیق ہی واسطے تمھارے ساتھ پیغمبر خدا کے پیروی نیک واسطے اوس شخص کے کہ ہو امید رکھتا ثواب خدا کی اور دن آخرت کی اور یاد کرے خدا کو بہت ✣ **فتح** ✣ تمکو بھلی تھی سیکھنی رسول کی چال جو کوئی امید رکھتا ہے اللہ کی اور پچھلے

دن کی اور یاد کرتا ہی اللہ کو بہت سا + **تفسیر** + یعنی رسول کو دیکھو ان سختیون مین کیا استقلال رکھتا ہی سب سے زیادہ محنت اور اندیشہ اوسیر ہی + **مو** + ساتھہ پیغمبر خدا کے پیروی نیک یعنی مومن کو چاہیے کہ موافق اور تابع رسول کا رہے بیچ مدد کرنے دین کے اور صبر کرنے کے اوس چیز پر کہ اوسکو پہونچے اور ہمراہ رہنے کے ساتھہ رسول کے جیسے کہ وہ تمھاری غمخواری کرتا ہی اور یرجو کے معنے ہین ڈرتا ہی اللہ سے اور دن آخرت سے یا امید رکھتا اللہ کے ثواب اور آخرت کی نعمتون کی اور یاد کرتا ہی اللہ کو یعنی خوف مین اور امید مین اور سختی مین اور نرمی مین + **مل** **بحر** + **تنبیہ** + ایک معنی لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ الخ کے یہ بھی ہو سکتے ہین کہ جو امید رکھے اللہ کی محبت و عنایت کی اور ثواب آخرت کی اوسکے لیے آنحضرت کی پیروی خوب چیز ہی اسلیے کہ آنحضرت کی پیروی کرنے پر اللہ تعالی نے وعدہ فرمایا ہی اپنی محبت کا اس آیت مین قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ یعنی اي محمد تو کہدے انسے کہ اگر دوست رکھتے ہو تم اللہ کو تو پس پیروی کرو میری دوست رکھیگا تمکو اللہ تعالی

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝

اور جب دیکھا مسلمانون نے لشکرون کو کہا یہ ہی جو کچھ کہ وعدہ دیا تھا ہمکو خدا نے اور پیغمبر اوسکے نے اور سچ کہا اللہ نے اور اوسکے رسول نے اور اس ماجرے نے نہ زیادہ کیا اونکے حق مین مگر ایمان اور اطاعت کرنا + **فتح** + اور جب دیکھین مسلمانون نے فوجین بولے یہ وہی ہی جو وعدہ دیا تھا ہمکو اللہ نے اور اوسکے رسول نے اور سچ کہا اللہ نے اور اوسکے رسول نے اور اونکو اور بڑھا یقین اور اطاعت + **تفسیر** + وعدہ اللہ کا ہی کہ فرمایا تھا تکلیف پاؤگے کافرون کے ہاتھہ سے آخر تمکو غلبہ ہی اور یہ بھی کہ رسول نے فرمایا تھا آٹھہ دس دن مین تمپر فوجین آتی ہین + **مو** + وعدہ کیا تھا اللہ تعالی نے اونسے یہ کہ جھڑجھڑائے جاؤگے اور تکلیف و سختی پہونچائے جاؤگے یہان تک کہ فریاد رسی چاہوگے اللہ تعالی سے اور مدد مانگوگے اوس سے ساتھہ قول اپنے کے اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَاۗءُ وَالضَّرَّاۗءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ یعنی کیا تمکو خیال ہی کہ چلے جاؤگے تم جنت مین اور ابھی تمپر آئے نہین احوال اون لوگون کے کہ گذرے پہلے تمھارے پہونچی اونکو سختی اور تکلیف اور جھڑجھڑائے گئے یہان تک کہ کہنے لگا رسول اور جو اوسکے ساتھہ ایمان لائے کب آویگی مدد اللہ کی سن رکھو مدد اللہ کی نزدیک ہی انتہی پس یہ آیت متضمن ہی اسکو کہ جب مومنون کو لاحق ہوگی مثل اس بلا کے تب مدد الہی اور جنت ملے گی پس جب آئے احزاب یعنی لشکر کفار کے اور مضطرب ہوئے مومن اور خوف شدید وارد ہوا اونپر کہا یہ وہی ہی جو وعدہ کیا تھا ہمسے اللہ اور رسول نے الخ اور جانا اونھون نے کہ جنت اور مدد واجب ہوئین ہمارے لیے اور ابن عباس سے منقول ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے اصحاب سے کہ احزاب آنے والے ہین تمھاری طرف بیچ آخر نو راتون کے یا دس کے پس جب دیکھا اونھون نے احزاب کو کہ آئے وہ وقت موعود پر کہا اونھون نے هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ الخ اور نہ زیادہ کیا اونکو یعنی اوس چیز نے کہ دیکھا اونھون نے یعنی جمع ہونا کفار کا اونپر مگر ایمان کو ساتھہ اللہ کے اور وعدون اوسکے کے اور تسلیم کو اوسکی قضا و قدر پر + **مل** + وعدہ خدا کا بیچ آیت اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ کے سورۂ بقرہ مین ہی کہ مدد اور جنت کا وعدہ کیے گئے تھے اوپر صبر کرنے کے پہونچنے سختی اور ضرر پر اور نیز بھی رسول نے آنے احزاب اور تنگ ہونے کا رستے سے مومنون پر اور نصرت ہونے مومنون کے سے

بہیلے خبر دی تھی اون دونون وعدون کو مومنون سنے یاد کیا اور ثابت قدمی اختیار کی + **بحث**

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

بعضے مسلمانون مین سے وہ مرد ہین کہ سچ کیا اونھون نے اوس چیز کو کہ عہد باندھا تھا ساتھہ خدا کے اوس پر پس بعض اونمین سے وہ ہی کہ انجام کو پونہچایا اپنے قرار داد کو یعنی شہید ہوا اور بعض اونمین سے وہ ہی کہ انتظار کھینچتا ہی اور نہ بدلا اونھون نے کسی وجہ بدلنا تو کہ بدلا دیوے خدا سچون کو بدلے سچ اونکے کے اور عذاب کرے منافقون کو اگر چاہے یا ساتھ رحمت کے پھرے اوپر تحقیق خدا ہی بخشنے والا مہربان + **فتح** + ایمان والون مین کتنے مرد ہین کہ سچ کر دکھایا جس پر قول کیا تھا اللہ سے پھر کوئی ہی اونمین کہ پورا کر چکا اپنا ذمہ اور کوئی ہی اونمین راہ دیکھتا اور بدلا نہین ایک ذرہ تا بدلا دے اللہ سچون کو اونکے سچ کا اور عذاب کرے منافقون کو اگر چاہے یا توبہ ڈالے اونکے دل پر بیشک اللہ ہی بخشتا مہربان + **تفسیر** +

ذمہ پورا کر چکا یعنی جہاد ہی مین جان دے چکا جیسے شہداے بدر اور اُحد اور راہ دیکھتے اور اصحاب جو جہاد پر مستعد ہین موت کی راہ دیکھتے لیکن رسول نے فرمایا کہ طلحہ اونمین ہی جو شہید ہو چکے + **مو** + نذر مانی تھی کتنے ایک لوگون نے صحابہ مین سے کہ اگر ہم کسی جہاد مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ حاضر ہونگے تو ثابت قدم رہینگے اور لڑینگے کفار سے یہان تک کہ شہید ہونگے اور وہ صحابہ عثمان بن عفان تھے اور طلحہ اور سعید بن جبیر اور حمزہ اور مُصعَب اور انس بن نضر وغیرہم پس بعضے اونمین سے شہید ہوئے اور بعضے زخمی ہو کر زندہ رہے جیسے کہ فرمایا پس بعض اونمین سے وہ ہی کہ انجام کو پونہچایا اپنے قرار داد کو یعنی فارغ ہوا اپنی نذر سے اور پورا کیا اپنا عہد کہ صبر کیا جہاد مین اور شہید کیا گیا پس حاصل معنی قضی نحبہ کے یہ ہوئے کہ مرا شہید اور قضا نحب عبارت ہوئی موت سے اسلیے کہ جو زندہ ہی مخلوقات مین سے ضرور ہی مرنا اوسکو پس گویا کہ موت نذر لازم ہی اوسکی گردن مین پس جب مرا تو پوری کی نحب یعنی نذر اپنی اور مراد انسے مانند حمزہ اور مصعب اور انس کے ہین کہ اُحد مین شہید ہوئے چنانچہ آیا ہی کہ انس بن نضر کے کچھہ اوپر اسّی زخم لگے تھے تلوار کے یا نیزون یا تیرون کے اور کافرون نے اونکو مُثلہ کر ڈالا تھا کہ کوئی اونکو پہچانتا نتھا مگر اونکی بہن نے پہچانا اور مُثلہ کہتے ہین ناک کان وغیرہ اعضا کے کاٹ ڈالنے کو اور مصعب بن عُمیر جو شہید ہوئے تو لوگ اونکے کفن کو کپڑا ہم نہ پونہچا مگر ایک چادر تھی چھوٹی سی کہ جب رکھتے تھے اوسکو سر پر پانون کھلے رہتے تھے اور پانون پر رکھتے تھے تو سر کھلا رہتا تھا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھو چادر کو سر کی جانب اور رکھدو پانون پر اذخر کہ نام ایک گھانس کا ہی اور فرمایا بعض اونمین سے منتظر ہین موت کے کہ شہید مرین وہ عثمان اور طلحہ وغیرہ تھے کہ آرزوے شہادت رکھتے تھے اور انھون نے بھی جنگ مین بڑی مشقت اوٹھائی چنانچہ طلحہ کا ہاتھہ شل ہو گیا تھا بسبب لگنے تیرون کے اسحال مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محافظت کے لیے اوسکو سپر کیا تھا جابر بن عبد اللہ روایت کرتے ہین کہ ایک دفعہ آنحضرت نے طلحہ کو دیکھکر فرمایا کہ جسکو خوش لگے دیکھنا طرف اوس شخص کے کہ چلتا ہی روے زمین پر اس حال مین کہ پوری کر چکا نذر اپنی تو دیکھے اسکو اور نہ بدلا اونھون نے یعنی عہد شہیدون نے اور نہ اونھون نے کہ جو منتظر شہادت ہین اور اسمین تعریض ہی اونکے لیے کہ جنھون نے بدل ڈالا عہد اپنا نفاق سے جیسے کہ گذرا بیان اسکا اللہ تعالی کے اس قول مین وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ بدلے سچ اونکے کے یعنی بدلے وفا کرنے اونکے کے عہد کو اور عذاب کرے منافقون کو اگر چاہے یعنی جبکہ نہ توبہ کرین یا ساتھہ

رحمت کے پھرے یعنی اگر توبہ کرین تحقیق اللہ ہی بخشنے والا یعنی بسبب قبول کرنے توبہ کے اور مہربان یعنی بسبب معاف کرنے گناہون کے ✤ **مدمعا** ✤ **تنبیہ** ✤ اس سے فضیلت معلوم ہوئی صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی چونکہ وہ اللہ و رسول کی محبت مین ایسے چور تھے کہ آرزو رکھتے تھے جان نثاری کی اوسپر مالک پروردگار نے یہ کچھ تعریف کی انکی اور حقیقت مین اگر غور کرے انکے حال مین تو یہ جو حدیث شریف مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پورا مومن نہین ہونے کا کوئی تم مین کا یہان تک کہ ہوؤن مین بہت پیارا طرف اوسکے باپ اوسکے سے اور بیٹے اوسکے سے اور سب لوگون سے اسپر پورا پورا عمل انھین صاحبون نے کیا کہ جو روبچے زر زمین مال متاع سب کچھ چھوڑکر اختیار کیا رسول مقبول کی خدمت بابرکت مین رہنا اور جہان مین باوجود اس تکلیف و بے اسبابی کے مانند شیر ببر کے تھے کافرون کو مانند بکریون کے سمجھتے تھے اور حال بے اسبابی و بے نوائی کا یہ تھا کہ کبھی پیٹ پر پتھر پانون کو باندھ باندھ کر اور لاٹھیان ہاتھون مین لے لے کر لڑنے کو گئے ہین اون کافرون سے کہ سب کچھ مہیا رکھتے تھے اور ایک ایک کھجور کھا کھا کر گذران کرتے تھے چنانچہ یہ حال سُنکر جو کسینے بعضے صحابہ سے از راہ تعجب کے پوچھا کہ ایک کھجور پر کیونکر اکتفا کرتے ہونگے اونھون نے کہا جب وہ بھی ہو چکی تو اوسکی قدر معلوم ہوئی گٹھلی ہی چوس کر تسلی حاصل کر لیا کرتے تھے اور بعض اوقات درخت کے پتے جھاڑ جھاڑ کر کھاتے تھے کہ پاخانہ مانند جانور کی مینگنیون کے آتا تھا سبحان اللہ کیا اللہ جل شانہ نے قوت ایمانی نصیب انکے کی تھی کہ باوجود اس بے نوائی کے وہ شادان اور فرحان اور لذت یاب تھے کہ کوئی غنی کیا ہوگا اللہ اور رسول کی محبت کے آگے دنیا کو برابر پر پشہ کے جانتے تھے اور اسی سبب سے ایسے مقبول درگاہ صمدیت کے ہوئے کہ انکے حق مین اللہ تعالی نے فرمایا اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ یعنی بلا شبہ اللہ نے خرید لیا مومنون سے اونکی جانون کو اور اونکے مالون کو اس قیمت پر کہ اونکے لیے جنت ہو یعنی چونکہ جان و مال اپنے خرچ کرتے ہین اللہ کی طاعات مین مانند جہاد کے گویا اونکو مول لیتا ہی پاک پروردگار بعوض جنت کے حاصل یہ کہ جان و مال انکے متاع ہین اور جنت مول اونکا پس جان و مال خرچ کرنے کے عوض انکو جنت ملیگی پھر آگے بیان فرمایا خریدنے کا کہ جہاد کرتے ہین وہ اللہ کی راہ مین پس قتل کرتے ہین کفار کو اور قتل کیے جاتے ہین وعدہ کیا اللہ نے وعدہ کرنا اسپر سچا توریت مین اور انجیل مین اور قرآن مین اور کون شخص بہت پورا کرنیوالا ہوگا اپنے عہد کو اللہ سے یعنی اوس سے زیادہ کوئی عہد کو پورا نہین کرتا پھر خطاب کرکر بشارت دی اونکو کہ پس خوشیان کرو اس معاملت پر جو تمنے کی ہی اور یہی بڑی مراد ملنی ہی پس دیکھا چاہیے کہ اللہ تعالی جنکے لیے ایسا وعدہ مؤکد جنت کا اور مراد ملنے کا اونکے حق مین جو اشقیا بدگمانیان کہین اور اونکو بُرا کہین کیا حال ہونا ہی اونکا عیاذًا باللہ منہ اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ✤

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝

اور پھیر دیا خدا نے کافرون کو ساتھ غصے اونکے کے نہ پائی کچھ منفعت اور کفایت کیا خدا نے مسلمانون کی طرف سے بیچ مقدمے جنگ کے اور ہی خدا توانا غالب ✤ **فتح** ✤ اور پھیر دیا اللہ نے منکرون کو اپنے غصے مین بھرے ہاتھ نہ کچھ بھلائی اور آپ اوٹھا لی اللہ نے مسلمانون کی لڑائی اور ہی اللہ زور آور زبردست ✤ **مو** ✤ کافرون کو یعنی احزاب کو منفعت یعنی فتح یعنی نہین فتح پائی اونھون نے مسلمانون پر اور کفایت کیا خدا نے الخ یعنی مومنون کو حاجت جنگ کی نہ پڑی اور خدا تعالی نے بسبب

بادصبا اور غلغلہ کرنے ملائک کے ساتھ تکبیر کے کفار پر شکست ڈالی چنانچہ اوپر سب قصہ مذکور ہوچکا اور منقول ہی کہ ستائیس روز تک
احزاب باہر مدینے کے گھیرے رہے اور دونون کو خندق کے کنارے تک آتے اور تیر و سنگ اندازی جانبین سے ہوتی اور
راتون کو بقصد شبخون کے آتے رسول علیہ السلام ساتھ یارون اپنے کے اونکو دفع کرتے ایک روز عمر و عبدود کہ بڑا شجاع عرب
مین مشہور تھا اور اوسکو ہزار مرد کے مقابل کرتے تھے ساتھ اور چار آدمیون کے کفار کے دلیرون مین سے خندق سے اوتر کر سامنے آیا
اور لڑنے والا طلب کیا اس طرف سے علی مرتضیٰ باہر نکلے اور عمر و عبدود اور ایک کافر کو مارا کافرون کے دل ٹوٹ گئے اور
آنحضرت نے پیر اور منگل کے دن مسجد مین کفار پر مستجاب ہونے کی دعا کی بدھ کو بعد نماز ظہر کے اثر فتح کا ظاہر ہوا کہ حکم الٰہی
سے بادصبا نے زلزلہ کفار کے لشکر مین ڈالا کفار عاجز ہوکر بھاگے اور فتح مسلمانون کی بدون لڑنے کے ہوئی + حل لغت +

وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ ۵۱
فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ○ ع

اور اوتارا اللہ نے اون لوگون کو کہ مددگاری ان لشکرون کی کی تھی اہل کتاب مین سے یعنی قریظہ کو اوتارا اونکے قلعون سے
اور ڈالا اونکے دلون مین ڈر ایک فرقے کو قتل کرتے تھے تم یعنی مردون کو اور بندی پکڑتے تھے تم ایک فرقے کو یعنی عورتون
اور لڑکون کو + فتح + اور اوتار دیا اونکو جو اونکے رفیق ہوئے تھے کتاب والے اونکے گڑھون سے اور ڈالی اونکے دل مین دھاک کتنون کو تم
جان سے مارنے لگے اور کتنون کو بندی کیا + تفسیر + یہ یہود تھے بنی قریظہ نزدیک رہتے مدینے کے پہلے حضرت سے صلح رکھتے تھے اس
ہنگامے مین پھر گئے اس لڑائی سے فارغ ہوئے کہ جبرئیل حکم لائے جلد اونکو جا گھیرا چوبیس ۲۴ دن گھر کر تھکے راضی ہوئے کہ ہم نکلتے ہین
جو ہمارے حق مین سعد بن معاذ کہے سو قبول دکھو حضرت نے قبول کیا سعد نے یہی حکم کیا کہ جوانون کو قتل کرنا اور عورتین لڑکے بندی لیے
خدا اور رسول کی مرضی یہی تھی اور اونکی بدعہدی کی سزا + مو + وہ یہود بنی قریظہ تھے کہ بعد گھر رہنے کے پچیس ۲۵ دن تک اپنے
قلعون مین تنگ ہوکر سعد بن معاذ کے حکم پر راضی ہوکر اوترے اونھون نے حکم کیا کہ مرد انکے مارے جاوین اور عورتین اور بچے
بندی پکڑے جاوین اور مال مسلمانون پر تقسیم ہو اور قصہ انکا یہ ہی کہ جب رسول علیہ السلام بعد بھاگنے احزاب کے رات مین اوسکی صبح
کو اپنے اصحاب کے ساتھ خندق سے اوٹھ کر مدینے مین رونق افزا ہوئے اور ہتھیار بدن سے کھولے کہ اوسی روز ظہر کے وقت جبرئیل
عمامہ استبرق سر پر باندھے ہوئے سوار خچر پر کہ زین اوسکا دیبا کا یعنی ریشمی تھا پونہچے اور رسول علیہ السلام تھے اوسوقت زینب
بنت جحش کے پاس کہ ازواج مطہرات سے تھین اور وہ سر مبارک کو دھو رہین تھین ایک جانب سر کی دھوئی تھی کہ جبرئیل آئے اور کہا
یارسول اللہ آپنے ہتھیار اوتار ڈالے ہم فرشتے چالیس روز ہوئے ہین کہ ملائکہ نے ہتھیار نہین کھولے اور غبار کہ جبرئیل کے مونہہ پر
اور اونکے خچر پر تھا رسول علیہ السلام اوسکو اپنے دست مبارک سے پاک کرتے تھے جبرئیل نے کہا خدا تعالیٰ حکم فرماتا ہی تمکو کہ بنی قریظہ
ہی کی طرف چلنے کا قصد رکھتے ہین پس لوٹھو اونکی طرف مین اونکی کمانون کے چلے کاٹ آیا ہون اور انکے دروازون کو کھول آیا ہون اور اونمین
اضطراب اور ہل چل پڑ رہی ہی پس آنحضرت نے منادی کو حکم دیا کہ ندا کرے کہ جو کہ سننے والا مطیع ہی نماز عصر کی نہ پڑھے مگر بنی قریظہ مین
اور نشان اپنا حضرت علی کو دیا وہ اوسکو لے کر باہر نکلے اور لوگ بھی حضرت علی کے ساتھ چلے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ قریب اونکے
قلعون کے پونہچے تو کلام برے رسول کی شان مین اونسے سنکر پھرے راہ مین آنحضرت سے مل کر یہ حال ظاہر کیا آنحضرت نے فرمایا کہ جب
مجکو دیکھینگے تو کچھ نہین کہینگے اور جب آنحضرت اپنے اصحاب پر گذرے مقام صورین مین پہلے پہونچنے کے طرف بنی قریظہ کے تو اونسے
پوچھا کہ اس راہ سے کوئی گذرا ہی اونھون نے کہا کہ یارسول اللہ دحیہ کلبی سوار خچر سفید پر کہ اوسکے زین پر چادر دیباکی تھی گیا ہی

آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جبرئیل گئے ہین تا بنی قریظہ مین زلزلہ اور رعب ڈالین پس جب آنحضرت صلعم نزدیک قلعے بنی قریظہ کے پہونچے تو او نکے
ایک کنوئین کے پاس اوترے اور مسلمان پیچھے سے آنکر ساتھ اونکے ملے بعد عشا کے اور اوسوقت عصر اور مغرب اور عشا پڑھی
بسبب فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ کہ نہ نماز پڑھے کوئی عصر کی مگر بنی قریظہ مین اور پچیس یا چوبیس روز تک اونکے
قلعے کو گھیرے رہے یہان تک کہ بتنگ آگئے اور رعب اونکے دلون مین پڑا اور یقین کیا کہ بے استیصال ہمارے کے رسول علیہ السلام
پھرینگے نہین اونھون نے ابو لبابہ صحابی کو پیغمبر خدا کے پاس سے طلب کیا اور مرد و زن نے اونکے آگے جمع ہو کر حالت تباہ اپنی
ساتھ گریہ و زاری کے ظاہر کر کر مشورہ پوچھا کہ آیا محمدؐ کے حکم پر ہم اوترین ابو لبابہ نے کہا ہان اوترو اور ہاتھ سے اشارہ
ذبح کا کیا کہ ذبح کیے جاؤگے اور اوسی دم پشیمان ہوئے کہ خیانت خدا اور رسول کی ہین جب وہان سے پھرے تو آنحضرت صلعم
کے پاس حاضر نہوئے اور اپنے تئین مسجد کے ایک ستون سے باندھا اور کہا یہان سے نہین جانے کا مین جب تک کہ
قبول توبہ میری خدا کی طرف سے نہ اوترے گی اور خدا تعالی سے عہد کیا کہ پھر بنی قریظہ سے مین نہین ملنے کا اور جب یہ خبر ابو لبابہ
کی آنحضرت کو پہونچی تو فرمایا کہ اگر وہ میرے پاس آتا تو اوسکے لیے استغفار کرتا مین اب مین اوسکو نہین کھول سکتا ہون جبتک کہ
قبول توبہ اوسکی خدا کی طرف سے نہ آوے اور جب وحی قبول توبہ اوسکے کی اوتری تو آنحضرت صلعم اوسوقت ام سلمہ رضہ کے گھر مین تھے
آپ ہنسے ام سلمہ رضہ نے پوچھا کہ آپ کیون ہنستے ہین اللہ ہنسلاوے آپکے دانتون کو فرمایا ابو لبابہ کی توبہ قبول کی گئی ام سلمہ رضہ نے
عرض کیا کہ کیا نہ خوشخبری دون مین اسکی ابو لبابہ کو یا رسول اللہ فرمایا ہان سنادے اگر چاہے تو پس کھڑی ہوئین ام سلمہ رضہ اپنے
حجرے پر اور یہ ذکر ہی ازواج مطہرات کے پردے کے حکم اوترنے کے پہلے کا پس کہا ای ابو لبابہ خوش ہو کہ تحقیق توبہ قبول کی اللہ نے
تیری پس لوگ اونکے کھولنے کو دوڑے کہا ابو لبابہ نے قسم خدا کی جبتک کہ رسول علیہ السلام اپنے دست مبارک سے نکھولین
نہین کھلنے کا مین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت نماز صبح کے اونکو کھولا القصہ بنو قریظہ لاچار ہو کر رسول علیہ السلام
کے حکم پر اوترے اور آنحضرت صلعم نے بسبب التماس اوس کے سعد بن معاذ کو حکم کیا سعد کی قوم اونکو حمار پر سوار کر کر آنحضرت صلعم کے پاس
لائی اور کہا تمکو رسول علیہ السلام نے تمہارے موالی یعنی دوستون پر حکم کیا ہی ساتھ اونکے بھلائی کرنا اور جب سعد آنحضرت صلعم کے
سامنے آئے تو اونکی قوم سے فرمایا قوموا الی سیدکم یعنی اوٹھو اپنے سردار کے لیے اور سعد نے کہا تم میرے حکم پر راضی ہو اور
خدا سے عہد کرتے ہو کہ جو کچھ مین حکم کرون اوسپر تم راضی ہو اونھون نے کہا ہان اور آنحضرت صلعم نے بھی اجازت دی پس
سعد نے کہا کہ حکم کرتا ہون مین یہ کہ اونکے مردون کو مارین اور اونکی عورتون اور اولاد کو بندی پکڑین اور اموال اونکے درمیان
مسلمانون کے تقسیم کرین آنحضرت صلعم نے فرمایا ای سعد ایسا حکم کیا تو نے کہ جو کچھ خدا تعالی سات آسمانون کے اوپر کرتا ہی پس
بنی قریظہ کو اونکے قلعے سے لا کر بنت حارث کے گھر مین قید کیا پھر رسول علیہ السلام مدینے کے بازار مین آئے اور خندقین کھود کر
اونکے مردونکو اون خندقون مین گردن مارا اور زبیر اور علی رضی اللہ عنہما مارنے والے تھے چھ سو یا سات سو آدمی مارے گئے اور حیی
بن اخطب کو بھی وہان گردن مارا بعد اوسکے اموال اونکے تقسیم کیے بعد نکالنے خمس کے سوار کو تین حصے دیے کہ دو اوسکے گھوڑے
کے اور ایک اوسکا اور پیادے کو ایک حصہ دیا پھر قریظہ کی بندی کو آنحضرت صلعم نے نجد کو بھیجکر بکوا کر گھوڑے اور ہتیار
خرید کر لئے اور اونکی عورتون مین سے ریحانہ بنت عمرو کو آنحضرت صلعم نے اپنے لیے لیا تھا وفات تک آپ کی ملک مین رہی
اور فتح بنی قریظہ کی بیچ آخر مہینے ذیقعد کے سن پانچ ہجری مین ہوئی اور عورتین اور اولاد بنی قریظہ کی کہ بندی
ہین لئے سات سو اور ایک قول سے نو سو تھے ۔ بحر مختصر امن المعالم

وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ ع

اور انجام کار تو تمہین دی میراث اونکی اور گھر اونکے اور مال اونکے بھی اور بھی انجام کار کو تمہین دی زمین کہ نہ پاؤن رکھا تھا تمنے اوسپر اور ہی خدا سب چیز پر توانا ہی* **فتح** اور تمکو دلائی اونکی زمین اور اونکے گھر اور اونکے مال اور ایک زمین اور جسپر پھیرے نہین تمنے اپنے قدم اور ہی اللہ سب چیز کر سکتا* **تفسیر**

یہ زمین جو مدینے کے نزدیک ہاتھ لگی حضرت نے مہاجرین کو بانٹی اونکو گذران کا ٹھکانا ہو گیا اور انصار پر سے انکا خرچ ہلکا ہوا اور اوس دوسری زمین سے مراد ہی زمین خیبر کی دو برس کے پیچھے ان یہود ہی سے وہ ہاتھ لگی اوس سے حضرت کے سب اصحاب آسودہ ہو گئے* **مو** اموال سے مراد ہی مواشی اور نقود اور اسباب منقول ہی کہ رسول علیہ السلام نے مقرر کین زمینین اونکی مہاجرین کے لیے نہ انصار کے لیے اور فرمایا کہ تم اپنے مکانون مین ہو وہ زمین کہ پاؤن نرکھا تھا تمنے یعنی بقصد قتال کے اور وہ زمین مکہ ہی یا فارس و روم یا خیبر یا تمام وہ زمینین کہ فتح کیجاوینگی روز قیامت تک* **مل**

تنبیہ* اوپر کی آیت کی تفسیر مین جو کچھ قصہ ابو لبابہ صحابی کا مذکور ہوا اوسکا ذکر کلام اللہ مین سورۂ انفال کے تیسرے رکوع مین ہی* يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ یعنی ای ایمان والو خیانت نکرو اللہ کی اور رسول کی اور نہ خیانت کرو اپنی امانتون مین جان کر اور جان لو کہ تمہارے مال اور اولاد جو ہین خراب کرنے والے ہین اور جان لو یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہی* يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ ای ایمان والو اگر ڈرتے رہوگے اللہ سے یعنی در مقدمۂ امانت وغیرہ کے تو کر دیگا تم مین فیصلہ یعنی تمہارے گھر بار کا فر نہین گرفتار رہینگے جبکہ تم ڈر رکھتے ہو اور اوتاریگا تمسے تمہارے گناہ اور بخشیگا تمکو اور اللہ کا فضل بڑا ہی انتہی غور تو کرو بھائیو صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کے حال مین کہ کیا قصور ہوا تھا جسپر یہ کچھ ڈرے اور درپی اوسکے تدارک کے ہوئے کاملین کا یہی حال ہوتا ہی یہ نہین کہ گناہ پر گناہ کرتے جاوین اور کچھ پروا نرکھین اور تمام اس قصے مین عجب شان قادری معلوم ہوتی ہی کہ کیسے زبردستون کو زیردست اور خراب کیا بسبب شامت اعمال کے اور ہر قصہ کلام اللہ مین عبرت ہی کے لیے مذکور ہوتا ہی کہ سننے والے عبرت پکڑین اور اوپر کی آیتون مین اللہ تعالے نے کچھ اپنی نعمتین بندون کو یاد دلائی تھین کہ دیکھو کس طرح ہمنے کفار احزاب اور بنی قریظہ پر تمکو نصرت دے کر مالک اونکی زمینون وغیرہ کا کیا اب آگے نصیحت کی پیغمبر صاحب کی بیبیون کو کہ تم اس مال و منال کو دیکھکر فریفتہ اس دنیا مکارہ کی نہو کہ تم اوس نبی پیارے کی بیویان ہو کہ اونھون نے ساری عمر اس دنیا کی طرف التفات نکیا اور قصداً اسپر لات ماری بس تم جو اونکی خادم خاص ہو تمکو بھی چاہیے کہ اس دنیا کی رغبت اپنے دلون مین نرکھو اور تقوی پتلے درجے کا اختیار کرو پس اس مضمون کے پونہچانے کا حکم فرمایا اپنے نبی کو حضرت شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہین کہ آنحضرت کی بیویان جو کچھ کہ آنحضرت کے پاس تھا قسم زینت دنیا سے طلب کرتین تھین خدا تعالی نے اونکو نصیحت کی اور زجر فرمایا اور احکام آپس کے سلوک کے نازل فرمائے اور زینب رضی اللہ عنہا زید کے عقد مین تھین اونکے درمیان بے اتفاقی ظاہر ہوئی اور بدفعہ طلاق واقع ہوئی اور بعد تمام ہونے عدت کے خدا تعالی نے زینب کو داخل ازواج مطہرات کیا منافقون نے زبان طعن کی کھولی کہ اپنے بیٹے کی بیوی کو اپنی بیوی کیا خدا تعالی نے بیان اوسکے کے کہ منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹے کا نہین ہوتا ہی نازل کیا* **فتح**

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝

ای نبی کہہ دے اپنی عورتون کو اگر تم چاہتیان ہو دنیا کا جینا اور یہان کی رونق تو آؤ کچھ فائدہ دون تمکو اور رخصت کرون بھلی
طرح سے + **تفسیر** منقول ہی کہ رسول علیہ السلام کی بیویان دنیا اور نفقہ زیادہ چاہتے تھے اونسے مانگنے لگین حضرت کو یہ بات ناگوار
گذری اور آپ نے قسم کھائی کہ ایک مہینے تک اونسے مخالطت نہین کرنے کا اور باہر بھی تشریف نہ لائے بسبب اسکے کہ اونھین ایام مین
چوٹ آگئی تھی پاے مبارک مین بسبب گر پڑنے کے گھوڑے پر سے پس حضرت بالاخانے پر رہے مہینا بھر تک بعد ازان اوترے پس
لوگ اس احوال کی تحقیق مین پڑے اور بعضون نے کہا کہ آپ نے اپنی بیویون کو طلاق دی ہی صحابہ دروازے پر جمع ہوئے اس امید
کہ آپ ہمکو بلاوینگے یا باہر رونق افزا ہونگے کسیکو اذن آنیکا نہوا لیکن جب حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نے اذن حاضر ہونیکا چاہا تو
اذن ہوا اونکو جب اندر گئے تو دیکھا کہ بیویان آپ کی گرد آپ کے جمع ہین عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اپنے دل مین کہ کچھ ایسی بات کہون
کہ آنحضرت صلعم ہنسین پس کہا حضرت عمرؓ نے یا رسول اللہ بیٹی خارجہ کی کہ بیوی تھین اونکی اگر مجھسے نفقہ طلب کرے تو کوٹون مین گردن
اوسکی پس آنحضرت ہنسے اور فرمایا کہ یہ گرد میرے بیٹھین ہین جیسا کہ دیکھتا ہی تو طلب کرتین ہین مجھسے خرچ یعنی زیادہ عادت سے
پس ابوبکرؓ اوٹھے اور گردن عایشہؓ کی کوٹنے لگے اور عمرؓ اوٹھکر اپنی بیٹی یعنی حفصہؓ کی گردن کوٹنے لگے اور دونون صاحب اپنی بیٹیون
سے کہتے تھے کہ مین تم آنحضرت صلعم سے مانگتی ہو وہ چیز کہ جو حضرت پاس نہین ہی پس کہا بیویون نے قسم ہی خدا کی نہین مانگینگے ہم رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی کچھ چیز کہ نہو اونکے پاس پس بعد اوسکے آنحضرت ایک مہینے تک الگ رہے پھر یہ آیت یا ایہا النبی تا
اجرا عظیما اوتری پس پہلے آنحضرت صلعم نے حضرت عایشہؓ سے اس بات کے کہنے کا ارادہ کیا اسلیے کہ وہ بہت عقلمند اور افضل اور
چاہیتی تھین سب بیویون مین پس فرمایا ای عایشہؓ تحقیق مین ارادہ کرتا ہون یہ کہ بیان کرون روبرو تیرے ایک بات اوسکے
جواب مین بے مشورے مان باپ اپنے کے جلدی نکرنا کہا عایشہؓ نے کہ کیا ہی وہ ای رسول خدا کے پس پڑھی آنحضرت صلعم نے روبرو عایشہؓ
کے یہی آیت تخییر کی کہا عایشہؓ نے کیا تمہارے مقدمے مین ای رسول خدا کے مشورہ کرون اپنے مان باپ سے یعنی مشورہ اوس امر
مین کرتے ہین کہ اوسمین کچھ تردد ہوتا ہی اور مجھے اسمین کچھ تردد ہی نہین بلکہ اختیار کیا مینے اللہ کو اور رسول اوسکے کو اور آخرت کے
گھر کو اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت مین آیا ہی کہ کہا اونھون نے کہ جب مقولہ لوگون کا سنکر آنحضرت صلعم کے پاس آیا مین اور پوچھا مینے
کہ یا رسول اللہ آیا آپ نے اپنی بیویون کو طلاق دی ہی جیسے کہ لوگ کہتے ہین فرمایا نہین کہا عمرؓ نے کہ اعلام کردون مین کہ طلاق نہین دی
ہم آپ نے فرمایا اعلام کردے پس دروازے پر مسجد کے آکر پکار دیا مینے کہ رسول خدا نے اپنی بیویون کو طلاق نہین دی ہی پس اوتری
یہ آیت وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ
مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ اور مین تھا کہ استنباط اس امر کا کیا تھا مینے بعد اوسکے یہ آیت تخییر
نازل ہوئی اور اون ایام مین آنحضرت صلعم کے نکاح مین نو بیویان تھین عایشہ رضی اللہ عنہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیٹی اور
حفصہ رضی اللہ عنہا بیٹی عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اور ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بیٹی ابو سفیان کی اور ام سلمہؓ بیٹی امیہ کی اور
سودہؓ بیٹی زمعہ کی یہ پانچ قریش مین کی تھین اور زینبؓ بیٹی جحش کی اسدیہ اور میمونہؓ بیٹی حارث کی ہلالیہ اور صفیہ بیٹی حیی
بن اخطب کی خیبریہ اور جویریہ بیٹی حارث کی مصطلقیہ اور جب انھون نے خدا اور رسول اور دار آخرت کو اختیار کیا تو حق تعالی
نے اوسکے عوض انعام مین آیت لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ نازل فرمائی چنانچہ اسی سورت مین وہ آگے آتی ہی اور
مفسرون کو اس تخییر مین اختلاف ہی اکثر اہل علم اسپر ہین کہ یہ تفویض طلاق نتھی بلکہ اختیار دینا اسکا تھا کہ اگر دنیا کو اختیار کرین تو طلاق
دین اور بعضے اسپر ہین کہ تفویض طلاق تھی اور حکم تخییر کا طلاق مین فعلے نزدیک یہ ہی کہ جب کوئی مرد اپنی بیوی کو کہے اختیار کر تو

اور وہ اپنے خاوند کو اختیار کرے تو کچھ اوسپر لازم نہیں اکثر کے نزدیک اور امام مالک کے نزدیک ایک طلاق پڑتی ہی اور اگر اپنا نفس اختیار کرے کہ کہے اپنا نفس اختیار کیا مینے تو ایک طلاق اوسپر پڑتی ہی امام احمد اور امام شافعی کے نزدیک رجعی پڑتی ہی اور حنفیہ کے نزدیک بائنہ اور مالک کے نزدیک تین طلاقین پڑتی ہین + **بحر العلوم** + **مشکوۃ** +

وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ○

اور اگر تم ہو چاہتیان اللہ کو اور اوسکے رسول کو اور پچھلے گھر کو تو اللہ نے رکھہ چھوڑا ہی اونکو جو تم مین نیکی پر رہین نیگ **تفسیر** حاصل دونون آیتونکا یہ ہی کہ کہدے ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویون کو کہ مینے تو اختیار کیا ہی فقر دنیا مین پس اگر تم نہ راضی ہو میرے فقر پر تو خبر دو مجکو اور آؤ میرے پاس فائدہ مند کرون مین تمکو اور رخصت کرون تمکو رخصت کرنا اچھی طرح اور اگر راضی ہوگی میرے فقر پر اور ارادہ کروگی خدا اور رسول کی رضامندی کا اور جنت کے ملنے کا تو تمکو اللہ تعالی عوض اس مشقت کے ثواب دیگا بڑا حضرت مولانا عبد القادر صاحب نے فائدہ یہان یہ لکھا ہی کہ حضرت کے ازواج نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہون بعضون نے بول چال کی حضرت نے قسم کھائی کہ ایک مہینا گھر مین نجاوین پھر مہینے کے بعد یہ آیت اوتری حضرت گھر مین آئے اول حضرت عائشہ رض سے کہا اونھون نے اللہ و رسول کی مرضی اختیار کی پھر اسی طرح سب نے حضرت کے ہان ہمیشہ فقر و فاقہ تھا اپنے اختیار سے جو آتا تھا شتاب اوٹھا ڈالتے تھے پھر قرض لینا پڑتا یہ جو فرمایا کہ جو نیکی پر رہین اونکو بڑا نیگ ہی حضرت کی ازواج سب نیک ہی ہین الطیبات للطیبین + مگر حق تعالی صاف خوشخبری کسیکو نہین دیتا تا نڈر نہو جاوے خاتمے کا ڈر لگا رہے + اور مدارک مین لفظ اُمَتِّعْكُنَّ کی تفسیر مین لکھا ہی دون مین تمکو متعہ طلاق اور مستحب ہی متعہ واسطے ہر مطلقہ کے سوا مفوضہ کے پہلے وطی کے اور معنی اُسَرِّحْكُنَّ اٰخر کے اور طلاق دون مین تمکو طلاق دینا اچھا کہ نہ ضرر ہو اوسمین انتہی + **تنبیہ** + تامل کرو ای بھائیون ان آیات شریفہ کے مضامین مین کہ اللہ تعالی اور اوسکے رسول کو دنیا مین رغبت کرنی کیا بری معلوم ہوئی کہ جسپر آنحضرت بھی غصے ہوئے اپنی بیویون پر اور اللہ تعالی نے بھی کیا کچھ فرمایا اور دنیا کے فانی ہونے اور برائی مین بہت آیتین اور حدیثین آئی ہین فرمایا اللہ تعالی نے اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ○ یعنی جان رکھو کہ دنیا کا جینا یہی ہی کھیل اور تماشا اور بناؤ اور بڑائیان کرنی آپسمین اور بہتایت ڈھونڈنی مال کی اور اولاد کی جیسے کہاوت ایک مینہ کی جو خوش لگا کسانون کو اوسکا سبزہ او گنا پھر زور پر آتا ہی پھر تو دیکھے زرد ہو گیا پھر ہو جاتا ہی روندن اور پچھلے گھر مین سخت مار ہی یعنی اوسکے لیے کہ اختیار کرے دنیا کو آخرت پر اور معافی ہی اللہ سے اور رضامندی یعنی اوسکے لیے کہ نہ ترجیح دے دنیا کو آخرت پر اور دنیا کا جینا تو یہی ہی جنس دغا کی اور فرمایا مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ یعنی جو کچھ تمہارے پاس ہی فانی ہی اور اللہ کے پاس جو کچھ ہی باقی ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ + ترجمہ آگاہ ہو تحقیق دنیا لعنت کی گئی ہی اور لعنت کی گئی وہ چیز کہ اوسمین ہی مگر ذکر اللہ کا اور وہ چیز کہ نزدیک اللہ کے ذکر کرے اور عالم یا طالب علم اور فرمایا اگر ہوتی دنیا اللہ کے نزدیک برابر پر پشہ کے تو نہ پلاتا کافر کو اوس سے ایک گھونٹ اور فرمایا جو کوئی دوست رکھے اپنی دنیا کو ضرر پونہچاتا ہی اپنی آخرت کو یعنی اس لیے کہ جب دنیا کی محبت کھینچیگا دوبارہ بیگا اوسکے حاصل کرنے کی فکر مین

پس نہین فراغت پائیگا آخرت کی فکر کی اور جو کوئی دوست رکھے آخرت اپنی کو ضرر پہونچاتا ہی اپنی دنیا کو پس اختیار کرو اوس چیز کو کہ باقی ہی یعنی آخرت کو اوپر فانی یعنی دنیا کے اور فرمایا کہ لعنت کیا گیا ہی بندہ دینار کا اور لعنت کیا گیا ہی بندہ درہم کا اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم خدا کی نہین محتاجگی کا ڈر رکھتا ہون مین تمپر ولیکن ڈرتا ہون مین تمپر یہ کہ فراخ کیجاوے تمپر دنیا جیسے کہ فراخ کی گئی اوپر کہ تھے پہلے تمہارے پس رغبت کرو تم اوسمین جیسے کہ رغبت کی اونھون نے اوسکی اور ہلاک کرے وہ تمکو جیسے کہ ہلاک کیا اونکو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہان تک دنیا سے بیزار تھے کہ اپنی دعامین بھی بقدر ضرورت ہی کے مانگتے تھے یہ دعا کرتے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا ؛ یا اللہ کر رزق اولاد محمد کا قوت یعنی جس سے سوال سے باز رہین اور بہت حدیثین اور اقوال بزرگون کے اسکی مذمت مین منقول ہین کیا خوب کہا ہی کسینے **شعر** نباشد نیک باطن در پی آرایش ظاہر ؛ بنقاشی احتیاج نیست دیوار گلستان را ؛ اور حقیقت مین جو کوئی کہ دنیا کی زرق برق مین اور حبّ جاہ مین گرفتار رہا بہت ہی خراب ہوا **شعر** جم رہی ہی دل کے اندر حبّ جاہ ؛ کب سماوے اوسمین نور الٰہ ؛ پس سبکو خصوصاً اسوقت کی عورتون کو غور کرنا چاہیے ان آیات کریمہ کے مضامین مین کہ جو بیویان پیشوا سب کی ہین وہ بسبب دنیا طلبی کے پایہ عتاب مین آئین تو بھلا اورونکو کیونکر اسمین رغبت کرنی اور اپنے خاوندون کو اوسکے لیے تنگ کرنا سزاوار ہو چھوڑو بھائیون اس دنیا غدارہ کی محبت کو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ پھر آگے پاک پروردگار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو جتایا کہ کہین یہ نہ سمجھنا کہ ہم جو پیغمبر صاحب کی بیویان ہین اور سب مؤمنون کی مائین ہمپر گرفت ایسی نہین ہونے کی بلکہ یون سمجھنا کہ

نزدیکان را بیش بود حیرانی جیسے کہ فرماتے ہین

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝

اے نبی کی عورتون جو کوئی لاوے تم مین کام بیحیائی کا صریح دونی ہو اوسکو مار دوہری اور ہی یہ یعنی دوچند عذاب کرنا اونکو اللہ پر آسان ؛ **تفسیر** ؛ مراد فاحشہ صریح سے یہان نافرمانی رسول اللہ کی ہی اور بعضون نے کہا زنا اور مار دوہری یعنی بہ نسبت اور بیویون کے دوہرا عذاب ہوگا تمکو اسلیے کہ جو چیز بُری ہی تمام بیویون کے حق مین وہ تمہارے حق مین بدتر ہی پس زیادتی برائی معصیت کی تابع ہی زیادتی فضل کے یعنی جتنا افضل زیادہ ہوگا برائی گناہ کی اوسکے حق مین زائد ہوگی اور یہ بات ظاہر ہی کہ کسی بیبی کی فضیلت آنحضرت کی بیویون کی فضیلت کو نہین پہونچتی اور اسی لیے مذمت عاصی عالم کی اشد ہی عاصی جاہل سے اسلیے کہ معصیت عالم سے اقبح ہی اور اسی لیے زیادہ ہوئی حد آزادون کی بہ نسبت حد غلامون کے مثلاً جہان آزادون کو سو دُرّے مار دینگے تو غلام کو پچاس آدینگے اور مؤمن سنگسار کیا جاتا ہی اور کافر نہین ؛ **مدارک** ؛ **تنبیہ** ؛ پس بھائیون سوچو تو سہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کے حق مین کہ جو مائین ہین سبھون کی ایسا حکم ہوا تو اورونکی کیا حقیقت رہی ہرگز عالمون یا پیرزادون یا نوابون یا خانون وغیرہ کی اولاد اپنے خاندانون پر مغرور نہون بلکہ یہ سمجھین کہ ہم زیادہ پکڑے جاوینگے بہ نسبت عوام کے اسلیے حضرت نے فرمایا مَنْ بَطَّاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ یعنی جسکے عمل نے دیر کی اوسکا نسب کچھ کام نہین آنے کا یا اللہ

دکھا ہمکو راہ سیدھی اور بچا ہمارے نفسون کے شر سے آمین یا رب العالمین

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ۝

اور جو کوئی تم مین اطاعت کرے اللہ کی اور اوسکے رسول کی اور کرے کام نیک دین ہم اوسکو اوسکا ثواب دوبار یعنی بہ نسبت

۲۲ الجزء الثاني والعشرون

اور اسکو دوگنا ثواب دین اور رکھی ہی ہمنے اوسکے واسطے روزی عزت کی کہ وہ جنت ہی + **تفسیر** + یہ برے درجے کا لائق ہی نیکی کا ثواب دونا اور برائی کا عذاب دونا پیغمبر کو بھی فرمایا کہ اذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ **بحر** +

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ

اے نبی کی عورتو تم نہین ہو جیسے ہر کوئی عورتین اگر تم ڈر رکھو سو تم دبکر کہو بات پھر لالچ کرے کوئی جسکے دل مین روگ ہے اور کہو بات معقول + **تفسیر** + یعنی جب تم کلام کرو مردون سے بحسب ضرورت کے پردے کے پیچھے سے تو نرم اور میٹھی بات نکرو مانند بدکارون کے اسلیے کہ جنکے دل مین بیماری نفاق کی یا محبت بدکاری کی ہی اونکے دل مائل ہونگے اور رغبت کرینگے تمہاری طرف اور معروف سے مراد ہی نیک یعنی بات اچھی کہو باوجود ہونے اوسکے کے سخت حاصل یہ کہ یہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اسطرح کہو جیسے ماں کہے بیٹے کو + **مدبحر**

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۚ

اور قرار پکڑو اپنے گھرون مین اور دکھاتی نہ پھرو جیسا دکھانا دستور تھا پہلے وقت نادانی کے یعنی کفر کے وقت بے پردہ پھرتی تھین عورتین اور کھڑی رکھو نماز اور دیتی رہو زکوۃ اور اطاعت مین رہو اللہ کی اور اوسکے رسول کی اللہ یہی چاہتا ہی کہ دور کرے تمسے گندی باتین یعنی گناہ اے گھر والو یعنی پیغمبر کے اور ستھرا کرے تمکو ایک ستھرائی سے + **تفسیر** + یہ خطاب ہی ازواج کو اور داخل مین حضرت کے سب گھر والے اور مراد جاہلیت اولی سے زمانہ ابراہیم علیہ السلام کا ہی کہ عورتین لباس فاخرہ اور بہت سا زیور پہنکر مردون کے سامنے آتی تھین یا مراد جاہلیت اولی سے زمانہ حضرت آدم اور نوح علیہما السلام کے درمیان کا ہی یا زمانہ داود و سلیمان علیہما السلام کا اور جاہلیت اخری مابین عیسی اور محمد علیہما السلام کے یا جاہلیت اولی جاہلیت کفر کی پہلے اسلام کے اور جاہلیت اخری جاہلیت فسق و فجور کی اسلام مین اور پہلے حکم خاص نماز اور زکوۃ ادا کرنیکا فرمایا اور پھر حکم فرمایا تمام طاعات کا واسطے فضیلت ان دونون عبادتون کے اسلیے کہ جو کوئی انپر مواظبت کرتا ہی تو اور طاعتین بھی اوس سے سہل ادا ہوتی ہین اور لفظ اہل البیت مین دلیل ہی اسپر کہ حضرت کی بیویان بھی اہل بیت مین داخل ہین اور ستھرا کرے الخ یعنی پاک کرے تمکو نجاست گناہون سے اللہ صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کو منع فرمایا بعضے کامون سے اور حکم کیا بعضے کامون کے کرنیکا تاکہ اہل بیت آنحضرت کے گناہ نکرین اور بچین اوس سے بسبب تقوے کے اور طاعت کرین اور گناہون کو پلیدی فرمایا اور تقوی کو طہارت اسلیے کہ گناہ کے کرنے سے بھی بدن نجس ہوتا ہی جیسا نجس ہوتا ہی پلیدیون سے بلکہ زیادہ اور تقوی اور نیکی کے کرنے سے نفس ایسا پاک ہوتا ہی جیسے کپڑا پاک ہوتا ہی پانی سے اور اسمین نفرت دلائی عقلمندون کو ممنوعات سے اور رغبت دلائی اونکو اوامر مین + **مد** + اور بحر العلوم مین لکھا ہی کہ مراد اہل بیت سے ازواج اور اولاد آنحضرت کی ہی سب اور بعضے کہتے ہین کہ خاص بیویان ہی مراد ہین بنظر سباق اور سیاق آیت کے لیکن ام سلمہؓ کی حدیث مین آیا ہی کہ رسول علیہ السلام ہمارے گھر مین تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہؓ اور حسنؓ اور حسینؓ اور علیؓ کو طلب کرکے فرمایا اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاۤءِ اَهْلُ بَيْتِيْ + عرض کیا مینے یا رسول اللہ مین بھی ہون فرمایا ہان انشاء اللہ تعالی روایت کیا یہ معالم وغیرہ مین اور حدیثین اونکے فضائل کی بہت ہین ازانجملہ یہ ہی کہ کہا ابو ہریرہؓ نے کہ آئے جبرئیلؑ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ یہ خدیجہ ہی تحقیق آئی ہی تمکے

غار حرا مین اوسکے ساتھہ با سن ہی اوسمین سالن ہی یا کھانا طعام ہی پس جب آئے تیرے پاس تو پس سلام کہنا اونکو اوسکے رب کی طرف سے اور میری طرف سے سلام اور خوشخبری دینا اوسکو ساتھہ گھر کے جنت مین کہ موتی کا ہی نہ شور و شغب ہی اوسمین اور نہ رنج و تعب اور عایشہ رض نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ای عایشہ یہ جبرئیل ہین یعنی تجکو سلام کہا عایشہ نے وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ تحقیق جبرئیل لائے صورت عایشہ رض کی سبز حریر کے ٹکڑے مین آنحضرت کے پاس پس کہا یہ بیوی تمھاری ہی دنیا اور آخرت مین اور صحابہ کہتے ہین کہ جس حدیث کا سمجھنا ہم صحابہ کو دشوار ہوتا تھا حضرت عایشہ رض اوسکی عقدہ کشائی کر دیتی تہین اور حضرت عایشہ رض نہایت فصیح اللسان تھین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فاطمہ رض ٹکڑا میرے بدن کا ہی پس جسنے ایذا دی اوسکو پس تحقیق ایذا دی مجکو اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ حسن رض اور حسین رض سردار ہین اہل جنت کے نوجوانون کے اور اون دونون کا باپ بہتر ہی اون دونون سے اور فرمایا آنحضرت صلعم نے فاطمہ رض کو کہ مین اور تو اور حسن اور حسین رض اور علی رض ایک مکان مین ہونگے روز قیامت کے اور حسنین رض کے حق مین فرمایا کہ یا اللہ تحقیق دوست رکھتا ہون مین ان دونون کو پس دوست رکھہ تو انکو اور دوست رکھہ اوسکو کہ دوست رکھے انکو اور مشہور ہے کہ سیادت حسنین کی مان اور نانا کی طرف سے ہی اور حضرت علی کی اور اولاد کو علوی کہتے ہین **تنبیہ** اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ عورتون کو چاہیے کہ اپنے گھر ہی مین رہا کرین ادھر اودھر بیفایدہ نہ پھرا کرین اور بناؤ سنگھار کرکے نامحرمون کے سامنے نہ آیا کرین یہان کی عورتین کچھہ خیال اسکا نہین کرتین ماموں خالہ چچا پھوپی وغیرہ کے بیٹون کے سامنے کہ اجنبی محض ہین حکم شرع مین بناؤ سنگھار کرکر آتی ہین یہین اس آفت سے کہ یہ کفار کی رسم ہی اور جو مسلمان کہ کفار کی رسم برتے اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مبغوض ترین لوگون کا فرمایا ہی اللہ تعالی کے نزدیک اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ ہر ایک کو چاہیے کہ نماز کو برپا رکھے یعنی ہمیشہ پڑھا کرین جس طرح چاہیے پڑھنی اور زکوۃ دیا کرین اور فرمان برداری کیا کرین اللہ اور رسول کی ہر امر مین فلاح دارین آمین

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ۝ ع

اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہین تمھارے گھرون مین اللہ کی باتین یعنی قرآن اور عقلمندی یعنی سنت آنحضرت صلعم کی یا قرآن کے معانی کا بیان مقرر اللہ ہی بھید جانتا خبردار **تفسیر** یعنی وہ جانتا ہی افعال اور اقوال اور احوال تمھارے ای بیویون نبی کی پس بچو تم مخالفت امر و نہی اوسکے سے اور نافرمانی رسول اوسکے سے اور اس آیت سے معلوم کیا ہی علمانے کہ سیکھنا قرآن اور حدیث کا فرض کفایہ ہی اور بعضون نے سنت کہا اور فضائل قرآن اور قاریون کے بہت ہین سب لکھنا تو دشوار ہی کچھہ اوسمین سے لکھا جاتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ یعنی بہتر تم مین وہ ہین کہ سیکھین قرآن اور سکھلادین اوسکو اور فرمایا لَوْ كَانَ الْقُرْاٰنُ فِيْ اِهَابٍ مَا مَسَّهُ النَّارُ بعضون نے اوسکے معنے یہ کہین ہین کہ جو کوئی یاد کرے قرآن اور پڑھے اوسکو نہین لگے گی اوسکو آگ جہنم کی روز قیامت کے اور ابن مسعود رض سے بطریق مرفوع کے آیا ہی کہ یہ قرآن مہمانی اللہ عزوجل کی ہی پس سیکھو اور لو تم اوسکی مہمانی مین سے جہان تک ہو سکے تمسے بلاشبہہ یہ قرآن کمند سعادت اللہ کی ہی واسطے اور نور ہی ظاہر اور شفا نافع ہی اور بچاؤ ہی یعنی آفات دارین سے اوس شخص کے لیے کہ تمسک کرے ساتھہ اوسکے اور نجات ہی اوسکے لیے کہ پیروی کرے اوسکی نہین ادھر اودھر ہوتا ہی کہ طلب اللہ کی رضامندی کی کیجاوے اوس سے اور ٹیڑھا نہین ہوتا کہ سیدھا کیا جاوے اور نہین تمام ہوتے عجائب اوسکے اور نہین پرانا ہوتا باوجود کثرت مزاولت کے پس پڑھو تم اوسکو پس اللہ عزوجل اجر دیگا تمکو اوسکی تلاوت پر عوض ہر حرف کے دس نیکیان آگاہ ہو نہین کہتا مین الم حرف ہی ولیکن الف حرف ہی اور لام حرف ہی اور میم حرف ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہہ اللہ تعالی بلند قدر کرتا ہی بسبب قرآن کے ایک قوم کو یعنی بسبب

عمل کرنے کی اور پست کرتا ہی بسبب اوسکے اورون کو یعنی عمل نکرنے سے آور فرمایا کہ جسکے دل مین نہین ہی قرآن سے کچھ شئ مانند گھر ویران کے ہی آور یہ بھی فرمایا کتاب اللہ او سمین ہین خبرین ماقبل تمھارے کی اور خبرین مابعد تمھارے کی اور حکم اوس چیز کا درمیان تمھارے ہی قرآن فرق کرنے والا ہی حق اور باطل مین نہین ہزل جو کوئی چھوڑدے اوسکو جبارون مین سے توڑے اوسکی اللہ اور جو کوئی ڈھونڈے ہدایت غیر قرآن مین گمراہ کرے اوسکو اللہ اور وہ کمند سعادت ہی اللہ کی استوار اور وہ ذکر ہی باحکمت اور وہ صراط مستقیم ہی وہ ایسا ہی کہ نہین ٹیڑھی ہوتین بسبب اوسکے خواہشین نفس کی حق سے طرف باطل کے اور نہین ملتین ساتھ اوسکے زبانین اور نہین سیر ہوتے اوس سے علما اور نہین پرانا ہوتا کثرت مزاولت سے اور نہین تمام ہوتے عجائب اوسکے قرآن ایسا ہی کہ نہین ٹھہرے جن جسوقت کہ سنا اونھون نے اوسکو یہان تک کہ کہا اونھون نے بلاشبہ ہمنے سنا قرآن عجیب راہ بتاتا ہی طرف بھلائی کے جسنے خبر دی ساتھ بھلائی قرآن کے کہ وہ آنحضرت ہین سچ کہا اور جسنے عمل کیا اوسپر ثواب دیا گیا اور جسنے حکم کیا ساتھ اوسکے عدل کیا آور جو کوئی بلایا گیا طرف اوسکے راہ دکھایا گیا طرف صراط مستقیم کے بکڑ اوسکو وسیلہ اپنا آور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ مثل ماہر قرآن کی مثل فرشتون بزرگ نیک کارون کے ہی آور مثال اوس شخص کی کہ پڑھتا ہی قرآن لور قرآن اوسپر دشوار ہی کہ زبان نہین چلتی اور یاد نہین رہتا اوسکے لیے دوہرا ثواب آور ایک روایت مین ہی وہ شخص کہ پڑھتا ہی قرآن اور وہ ماہر ہی اوسکا ساتھ فرشتون بزرگ نیک کار کے ہی آور فرمایا مثل اوس مومن کی کہ پڑھتا ہی قرآن مانند ترنج کے ہی کہ مزا اوسکا اچھا ہی اور خوشبو اوسکی اچھی آور مثال اوس مومن کی کہ نہین پڑھتا قرآن مانند کھجور کے ہی کہ نہین خوشبو اوسکے لیے اور مزہ اوسکا شیرین ہی آور مثال اوس منافق کی کہ نہین پڑھتا ہی قرآن مانند مثال اندراون کے پھل کے ہی کہ نہین اوسمین خوشبو اور مزہ اوسکا تلخ ہی آور مثال اوس منافق کی کہ پڑھتا ہی قرآن مانند نیازبو کے ہی کہ خوشبو اوسکی اچھی ہی اور مزہ اوسکا تلخ اور فرمایا پڑھا کرو تم قرآن اسلیے کہ وہ آویگا شفاعت کرنے والا واسطے اصحاب اپنے کے آور فرمایا کہ قرآن آویگا اپنے صاحب کے پاس دن قیامت کے جسوقت کہ نکلیگا وہ اپنی قبر مین سے مانند مرد مصاحب کے پس کہیگا اوسکے لیے کہ آیا پہچانتا ہی تو مجھکو پس کہیگا یہ لوسکو کہ نہین پہچانتا مین تجھکو پس کہیگا وہ کہ مین یار تیرا ہون قرآن وہ جو پیاسا کیا تھا مینے تجھکو دوپہرون کو اور بیدار رکھا تھا مینے تجھکو راتون مین کہ تراویح و تہجد مین پڑھتا تھا اور جاگتا رہتا تھا اور تحقیق ہر تاجر پیچھے ایک تجارت کے تھا اور تو آج کے دن پیچھے ہر تجارت کے ہی یعنی تجھکو طرح بطرح کے فائدے ہین پس دی جاویگی بادشاہت اوسکے داہنے ہاتھ مین اور خلد اوسکے بائین ہاتھ مین اور رکھا جاویگا اوسکے سر پر تاج وقار کا اور پہنائے جاوینگے والدین دو جوڑے کہ نہین قیمت کر سکینگے اوکی اہل دنیا پس کہینگے والدین اوسکے کہ کس سبب سے پہنائے گئے ہم یہ پس کہا جائیگا کہ یہ دونون بسبب سیکھنے کے او عمل کرنے فرزند تمھارے کے ہی قرآن پر پھر کہا جاویگا کہ پڑھ اور چڑھ جنت کے درجون مین اور اوسکے بالاخانون مین اور وہ چڑھتا رہیگا جب تک کہ پڑھتا رہیگا ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا ہوگا یا جلدی یا ترتیل سے آور فرمایا کہ جسنے سنی ایک آیت کتاب اللہ سے لکھی جاتی ہی اوسکے لیے نیکی مضاعف اور جسنے پڑھی ایک آیت کتاب اللہ عزوجل کے سے ہوگا اوسکے لیے نور دن قیامت کے اور فرمایا کہ جسنے پڑھا قرآن اور حکم کیا اوسکو یعنی ضبط و یاد خوب کیا اور عمل کیا ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی پہنائے جاوینگے ماں باپ اوسکے دن قیامت کے تاج کہ روشن زیادہ ہوگا بہ نسبت روشنی آفتاب کے بیچ گھر کے دنیا کے گھرون مین سے اگر ہو آفتاب گھر کے اندر پس کیا ہی گمان تمھارا ساتھ اوس شخص کے کہ عمل کیا اوسنے اوسپر یعنی جب اوسکے ماں باپ کا یہ درجہ ہوا تو اوسکا کیا کچھ ہوگا یہ تمام تیس صحاح ستہ وغیرہ مین ہین اور مشکوۃ مین ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی کوئی آدمی کہ پڑھے قرآن پھر بھول جاوے

اوسکو مگر کہ ملیگا اللہ تعالی سے روز قیامت کے اجذم یعنی اعضا کٹا یا ہاتھ کٹا اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جو کوئی پڑھے قرآن کہ وسیلہ روزی کا کرے اوسکو اوگون کے نزدیک آویگا وہ روز قیامت کے اس حال مین کہ اوسکے منہ پر
ہڈیان نکلی ہونگی نہین ہوئیگا اوسپر گوشت یعنی جیسا اوسنے عظمت وعزت قرآن کی کھو دی تھی ویسے ہی اسکی سزا یہ ہے اور فی
اور جامع صغیر سیوطی کی مین رسول علیہ السلام سے منقول ہے کہ حامل کتاب اللہ کے لیے مسلمانون کے بیت المال مین ہر برس مین
دو سو دینار چاہیین اور آیا ہے کہ حامل قرآن کے لیے ایک دعا مستجاب ہے اور آیا ہے کہ حافظ جب عمل کرے قرآن پر پس حلال جانے
اوسکے حلال کو اور حرام جانے اوسکے حرام کو تو شفاعت قبول کیجاویگی اوسکی دس شخصون کے حق مین اوسکے گھر والون مین
دن قیامت کے سب اونکے ایسے ہونگے کہ واجب ہوگی اونکے لیے آگ جہنم کی اور فرمایا نہین سمجھتا وہ شخص کہ پڑھا قرآن کو بیچ تین دن کے
یعنی تین دن سے کم مین پڑھنا مکروہ ہے اور علما نے کہا ہے کہ لازم ہے مسلمان کو یون ہے کہ مہینے مین ایک ختم ضرور کیا کرے اور سات دن مین
پڑھے تو درجہ اعتدال اور وسط کا ہے یعنی منزل فمی بشوق کی پہلے دن تین سورتین دوسرے دن پانچ تیسرے دن سات چوتھے
دن نو پانچوین دن گیارہ چھٹے دن تیرہ ساتوین دن سورۂ ق سے آخر تک امام غزالی نے یہ ڈھنگ لیا ہے صحابہ کرام سے نقل
کیا ہے اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ جسنے قیام کیا یعنی راتکو ساتھ دس آیتون کے نہین لکھا گیا غافلین سے اور جسنے قیام کیا ساتھ
سو آیتون کے لکھا گیا قانتین سے یعنی طاعت وعبادت کرنیوالون مین اور جسنے قیام کیا ساتھ ہزار آیتون کے لکھا گیا مقنطرین سے
یعنی تو وہ تو وہ ثواب حاصل کرنیوالون سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین غبطہ چاہیے مگر دو شخصون پر ایک تو وہ جسکو
کہ دیا اوسکو اللہ نے قرآن پس وہ قیام کرتا ہے ساتھ اوسکے ساعات رات مین اور ساعات دن مین اور دوسرے اوس شخص پر
کہ دیا اوسکو اللہ نے مال پس وہ خرچ کرتا ہے اوسکو ساعات رات مین اور ساعات دن مین اور فرمایا نہین جمع ہوتی کوئی قوم کسی گھر
مین اللہ کے گھرون مین سے تلاوت کرتے ہین کتاب اللہ کی اور پڑھنا پڑھانا کرتے ہین آپسمین مگر کہ اوترتی ہے اونپر سکینہ یعنی
تسکین خاطر اور ڈھانک لیتی ہے اونکو رحمت اور گھیر لیتے ہین اونکو فرشتے اور یاد کرتا ہے اونکو اللہ اونمین کہ جو اوسکے پاس ہین یعنی
ملائکہ اور ارواح انبیا وغیرہم اور صاحب تفسیر معالم کہتا ہے کہ پھر لوگ جیسے کہ حکم کیے گئے ہین ساتھ اتباع احکام قرآن کے
اور محافظت کرنیکے اوسکے حدود مین ویسے ہی حکم کیے گئے ہین ساتھ تلاوت اوسکی کے اور حفظ حروف اوسکے کے اوپر طریقہ
خط مصحف امام کے کہ جسپر اتفاق کیا ہے صحابہ رض نے اور حکم کیے گئے ہین کہ نہ تجاوز کرین اوس قرات سے کہ موافق ہے خط مصحف
مذکور کے جو کہ پڑھی ہے قرا نے مشہورین نے کہ جو شاگرد ہین صحابہ اور تابعین کے اور اتفاق کیا ہے امت نے اونکے اختیار کرنے پر انتہی
اور وہ سات قراتین ہین کہ بلا اختلاف متواتر ہین اور وہ بحر العلوم مین مذکور ہین اور تین قراتین اور ہین کہ اونکے متواتر ہونے مین
اختلاف کیا ہے علماے امت نے اور وہ قراتین ابو جعفر مدنی اور یعقوب بصری اور خلف کوفی کی ہین کہ اونکے ملانے سے دس ہو جاتی ہین
اور وہ کتاب نشر وغیرہ مین مذکور ہین اور چار اور ہین کہ اونکے ملانے سے سب چودہ ہو جاتی ہین وہ اتحاف وغیرہ مین مذکور ہین
یہ چار باتفاق امت کے شاذ ہین اور حکم شاذ کا یہ ہے کہ مسائل کی دلیل لانے مین معمول ہے لیکن نماز اوس سے درست نہین اور اوسکو
قرآن نہ جاننا چاہیے بلکہ اکثر علما نے کہا ہے کہ جو کوئی شاذ کو قرآن اعتقاد کرے منع بزجر کرنا چاہیے اوسکو اگر باز نہ آوے تعزیر
اوسکو دینی چاہیے اور عاصی ہوتا ہے اور سات قراتین کہ یہان مذکور ہین باتفاق امت نماز ساتھ جس قرات کے اونمین سے کہ
پڑھے جائز وصحیح ہے اور تین مین اختلاف ہے جو کہ متواتر جانتے ہین اونکے نزدیک نماز ساتھ ایک کے اونمین سے صحیح ہوگی اور جو کہ
متواتر نہین جانتے ہین صحیح نہین ہوگی اور اوپر فضیلت پڑھنے اور یاد کرنے احادیث نبوی کی بھی کسی مسلمان پر مخفی نہوگی فضل علوم

بعد قرآن کے اور مثل قرآن کے ہیچ لازم ہونے عمل کے اوسپر اور اصل تمام علوم کی ہین حدیثین تمام فضیلت اوسکی اگر ذکر کرون تو طول ہوئے کچھ اوسمین سے ذکر کرنا کافی ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نَضَّرَ اللّٰہُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِیْ فَحَفِظَہَا وَوَعَاہَا وَاَدَّاہَا الخ یعنی خوش کرے اللہ دنیا اور آخرت مین اوس بندے کو کہ سنین حدیثین میری پس یاد کیا اونکو یعنی ساتھ دل کے یا کتابت سے اور نگاہ رکھا اونکو یعنی ہمیشہ یاد رکھا اور نہ بھولا اونکو اور ادا کیا اونکو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے یاد کین یعنی سیکھین میری امت کے نفع کے لیے چالیس حدیثین امر دین اونکے مین اوٹھاویگا اوسکو اللہ فقیہ اور ہونگا مین اوسکے لیے روز قیامت کے شفاعت کرنے والا اور گواہی دینے والا اوسکی طاعات پر اور فرمایا کہ چھوڑ دو مجکو جبتک کہ چھوڑ دون مین تمکو پس نہین ہلاک ہوئے ہین وہ لوگ کہ تھے پہلے تمہارے مگر بسبب سوال اپنے کے اور اختلاف اپنے کے ہین جب کہ حکم کرون مین تمکو ساتھ کسی چیز کے پس لو تم اوس سے جہان تک کہ طاقت رکھو اور جبکہ منع کرون مین تمکو کسی چیز سے پس باز رہو اور فرمایا قریب ہی کہ دیکھو گے تم بعد میرے اختلاف شدید پس لازم پکڑو سنت میری اور سنت خلفائے راشدین مہدیین کی خوب مضبوط پکڑو اوسکو اور بچاؤ تم اپنے تئین نئی نکالی ہوئی باتون سے اس لیے کہ ہر نئی بات نکالی ہوئی بدعت ہی اور ہر بدعت ضلالت ہی اور فرمایا جسنے اعراض کیا میری سنت سے پس نہین ہی وہ مجسے اور فرمایا جسنے دوست رکھا میری سنت کو پس تحقیق دوست رکھا مجکو اور جسنے دوست رکھا مجکو ہوگا ساتھ میرے جنت مین ۞ ف

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ○

تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتین اور ایماندار مرد اور ایماندار عورتین یعنی سچ ماننے والے اللہ اور رسول کو اور اوس چیز کو کہ واجب ہی سچ ماننا اوسکا اور بندگی کرنے والے مرد اور بندگی کرنے والی عورتین اور سچے مرد اور سچی عورتین یعنی نیتون مین اور اقوال و اعمال مین اور محنت سہنے والے مرد اور محنت سہنے والی عورتین اور دبے رہنے والے مرد اور دبی رہنے والی عورتین اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتین یعنی صدقہ فرض و نفل دینے والے اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتین یعنی فرض و نفل روزہ رکھنے والے اور تھامنے والے مرد اپنی شہوت کی جگہہ اور تھامنے والی عورتین یعنی حرام کاری سے اور یاد کرنے والے مرد اللہ کو بہت سا اور یاد کرنے والی عورتین رکھی ہی اللہ نے اونکے واسطے معافی اور نیگ بڑا ۞ **تفسیر** حضرت کی ایک بی بی نے کہا تھا یعنی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہ قرآن مین سارا ذکر مردون کا ہی عورتون کا کہین نہین اوسپر یہ آیت اوتری نیک عورتون کی خاطر کو نہین تو جو حکم مردون پر کہا سو عورتون پر بھی آیا ہر بار جدا کہنے کی حاجت نہین ۞ **مو** بعد اوترنے پہلی آیتون کے ایک جماعت نے مسلمان عورتون مین سے کہا کہ ہمارے حق مین کچھہ نہ اوترا حق تعالی نے یہ آیت اوتاری اور بعضے کہتے ہین کہ اسما بنت عمیس کی ہمراہ اپنے خاوند جعفر بن ابی طالب کے جب ہجرت حبشہ سے کر کر مدینے کو آئین تو انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کے پاس آکر پوچھا کہ ہمارے حق مین بھی کچھہ اوترا ہی کہا اونھون نے نہین پھر وہ آنحضرت کے پاس آئین اور کہا یا رسول اللہ عورتین نا امید ہی اور ٹوٹے مین ہین فرمایا کس سبب سے کہا اونھون نے اس سبب سے کہ کسی جگہہ ہماری نیکی ساتھہ بھلائی کے نہین ہین جیسے کہ مردون کو ہین حق تعالی نے یہ آیت بھیجی ان المسلمین الخ اور یاد کرنے والے مرد اللہ کو یعنی ساتھہ تسبیح اور تحمید اور تہلیل اور تکبیر اور قراۃ قرآن کے اور مشغول ہونا علم مین بھی ذکر سے ہی کہا مجاہد نے کہ نہین ہوتا ہی بندہ

اللہ کے بہت یاد کرنے والوں مین سے یہان تک کہ یاد کرے اللہ کو کھڑے او بیٹھے او لیٹے آور روایت کیے گئے ہم یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبقت لے گئے مفرد کہا صحابہ نے کہ کیا ہین مفرد یا رسول اللہ فرمایا اللہ کو بہت یاد کرنے والے مرد اور بہت یاد کرنے والی عورتین کہا عطا ابن ابی رباح نے کہ جسنے سونپا امر اپنا طرف اللہ عزوجل کے پس وہ داخل ہی بیچ قول اللہ تعالی کے اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ آور جسنے اقرار کیا اسکا کہ اللہ رب میرا ہی اور محمد رسول اوسکا اور نہ مخالف ہوا قلب اوسکا اوسکی زبان کے پس وہ داخل ہی بیچ قول اللہ تعالی کے وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ آور جسنے اطاعت کی اللہ کی دین مین اور اوسکے رسول کی سنت مین پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ آور جسنے بچایا اپنے قول کو جھوٹ سے پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ آور جسنے روکا اپنے نفس کو طاعت پر اور معصیت سے اور مصیبت مین جزع فزع سے پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ آور جسنے نماز پڑھی اس حالت سے کہ نہ پہچانا کون دائین میرے ہی اور کون بائین میرے پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ آور جسنے تصدق کی ہر ہفتے مین ایک درہم پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ آور جسنے روزے رکھے ایام بیض مین یعنی تیرہوین چودہوین پندرہوین مین پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ آور جسنے محفوظ رکھا اپنے ستر کو حرام سے پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ آور جسنے پانچون نمازین پڑھین ساتھ حقوق اونکے کے پس وہ داخل ہی بیچ قول اوسکے کے وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ❊ **بحر معالم** ❊ **تنبیہ** ❊ اس آیت مین ہر مسلمان مرد اور عورت کو غور کر کر یہ خصلتین اپنے مین حاصل کرنی چاہیین تا مستحق مغفرت اور اجر عظیم کے ہون کہا ابو بکر صدیق رضی نے کہ نہین کوئی بندہ کہ نصیب کرے اوسکو اللہ تعالی دس خصلتین مگر کہ نجات دیتا ہی اوسکو اللہ تعالی تمام آفات و بلیات سے اور ہوتا ہی وہ مقربین کے درجے مین اول صدق دائم ساتھ قلب قانع کے دوسرے صبر کامل ساتھ شکر دائم کے تیسرے فقر دائم ساتھ زہد حاضر کے چوتھے ذکر دائم ساتھ پیٹ بھوکے کے پانچوین خوف دائم ساتھ حزن متصل کے چھٹے حمد دائم ساتھ بدن متواضع کے ساتوین نرمی دائم ساتھ رحم حاضر کے آٹھوین حب دائم ساتھ حیاے حاضر کے نوین علم دائم ساتھ عمل دائم کے دسوین ایمان دائم ساتھ عقل ثابت کے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عورت جب پڑھے پانچون نمازین اور روزے رکھے رمضان کے مہینے کے اور محفوظ رکھے اپنے ستر کو اور اطاعت کرے اپنے خاوند کی تو پس داخل ہو جس جنت کے دروازے سے چاہے ❊ **منبہات و مشکوۃ** ❊

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝

اور کام نہین کسی ایماندار مرد کا نہ عورت کا جب ٹھہرا دے اللہ اور اوسکا رسول کچھ کام کہ اونکو رہے اختیار اپنے کام کا اور جو کوئی بے حکم چلا اللہ کا اور اوسکے رسول کے سو راہ بھولا صریح چوک کر ❊ **تفسیر** ❊ یعنی نہین درست واسطے کسی مومن مرد اور عورت کو کہ جب اللہ اور اوسکا رسول کسی کام کا حکم کرین یہ کہ اختیار کرین جو کچھ چاہین بلکہ اونکو یون چاہیے کہ کرین سب اپنی تابع اونکی رہے کے اور اختیار اپنا پیچھے اونکے اختیار کے آور جو کوئی بے حکم چلا الخ یعنی اگر ہی نافرمانی نافرمانی رد اور نہ قبول کرنے کی تو پس وہ گمراہ ہے کفر کی ہی اور اگر ہی نافرمانی فعل کی ساتھ قبول کرنے امر کے اور اعتقاد کرنے وجوب کے تو پس وہ گمراہی خطا و فسق کی ہی آور نزول اس آیت کا بیچ حق زینب بیٹی جحش کے ہی کہ وہ بیٹی تھین آنحضرت کی پھوپی امیمہ کی

اور قوم مین اشراف حضرت نے چاہا کہ اونکو نکاح کر دین زید بن حارثہ سے یہ زید اصل مین عرب تھے عالم پکڑکرے گیا لڑکپن مین شہر مکے مین بکے حضرت نے مول لیا دس برس کی عمر مین اونکے باپ بھائی خبر پاکر آئے مانگنے کو حضرت دینے پر راضی ہوئے یہ گھر جانے پر راضی نہوئے حضرت کی محبت سے پھر حضرت نے انکو بیٹا کر لیا اسلام سے پہلے اوسوقت کے رواج کے موافق پس حضرت زینب اور اونکا بھائی عبداللہ بن جحش راضی نہوئے اس نکاح کرنے پر اسلیے کہ وہ صاحب جمال اور آنحضرت کی پھوپی کی بیٹی تھین عار آئی کہ بیوی غلام آزاد کی ہوون اسپر یہ آیت اوتری بعد سننے اس آیت کے زینب اور بھائی اونکے عبداللہ راضی ہوئے اور زینب کو زید کے نکاح مین دیا آنحضرت نے اپنے پاس سے دس دینار اور ساٹھ درہم اور ایک اوڑھنی اور ایک کرتا اور ایک تہبند اور چادر اور پچاس مد غلہ اور تیس صاع کھجورین زینب کو بھیجین **مو معالم** **تنبیہ** + اس آیت مین سوچنا چاہیے کہ اس سے یہ معلوم ہوا کہ بعد حکم کرنے اللہ اور رسول کے جو اپنی رائے کو دخل دے تو بہت برا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ساری امت میری جنت مین داخل ہوگی مگر جسنے انکار کیا کہا گیا کہ کسنے انکار کیا فرمایا کہ جسنے اطاعت کی میری داخل ہوا جنت مین اور جسنے نافرمانی کی میری پس تحقیق انکار کیا **نظم** کر دکھایا کہ سنایا خوب سا + لطف امت پر کیا محبوب سا + بال تک چھوڑا نہ فرق اسلام مین + سب کلام اللہ کے احکام مین + بلکہ فرمایا کہ جو افزود ہی + میری سنت سے وہی مردود ہی + دیکھو بھائیون اس آیت اور حدیث کے مضمون کو اور غفلت کی روئی کانون سے نکال کر سنو اور سمجھو کہ جو لوگ عورت کے دوسرے نکاح کرنے وغیر ذلک سنت کی چیزون سے عار کرتے ہین کیا کچھ حال ہوگا اونکا عیاذاً باللہ منہ +

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝

اور جب تو کہنے لگا اوس شخص کو جسپر اللہ نے احسان کیا یعنی ساتھ اسلام نصیب کرنے کے اور تو نے احسان کیا یعنی ساتھ آزاد کرنے اور متبنی کرنے کے وہ زید بن حارثہ ہین تھنبے دے اپنے پاس اپنی جورو یعنی زینب اور ڈر اللہ سے یعنی پس نہ طلاق دے اوسکو اور تو چھپاتا تھا اپنے دل مین ایک چیز جو اللہ اوسکو کھولا چاہتا ہی یعنی چھپاتے تھے اپنے دل مین نکاح کرنا اوس سے اگر طلاق دے زید اور یہی ہی وہ چیز جو کھولدی اللہ تعالی نے اور تو ڈرتا تھا لوگون سے کہ کہینگے نکاح کر لیا اپنے بیٹے کی بیوی سے اور اللہ سے زیادہ چاہیے ڈرنا تجکو پھر جب زید تمام کر چکا اوس عورت سے اپنی غرض یعنی جب زید کو کچھ غرض نرہی اوس سے اور طلاق دے چکا اور عدت اوسکی پوری ہوچکی ہمنے وہ تیرے نکاح مین دی تا نرہے سب مسلمانون پر گناہ نکاح کر لینا جورو ون سے اپنے لے پالکون کی جب وہ تمام کرین اونسے اپنی غرض یعنی طلاق دے چکین اور عدت اونکی گذرے اور ہی اللہ کا حکم کرنا + **تفسیر** حضرت زینب زید کے نکاح مین آئین تو وہ اونکی آنکھون مین حقیر لگتا مزاج کی موافقت نہوئی جب لڑائی ہوتی تو زید حضرت سے آکر شکایت کرتا اور کہتا مین اسے چھوڑتا ہون حضرت منع کرتے کہ میری خاطر سے اوسنے تجکو قبول کیا اب چھوڑ دینا دوسری ذلت ہی جب بار بار قضیہ ہوا حضرت کے دل مین آیا کہ اگر زید چھوڑیگا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہین کہ مین نکاح کر دون لیکن منافقون کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہینگے اپنے بیٹے کی جورو گھر مین رکھی حالانکہ لے پالک کو حکم بیٹے کا نہین کسی بات مین اللہ تعالی نے حضرت زینب کی خاطر رکھی بعد طلاق کے حضرت کے نکاح مین دے دیا اللہ ہی کے فرمانے سے نکاح بندھگیا

ظاہر کے نکاح کی حاجت نہو گی جیسے ابکوئی اپنے لونڈی غلام کا نکاح باندھدے غرض تمام کرلی یعنی چھوڑدی + **مو** + مراد انعام
خدا سے زید پر اسلام لانا اونکا ہی اور انعام رسول سے آزاد کرنا اور لے پالک ٹھہرانا امام زین العابدین بن حسین رضی اللہ عنہما
فرماتے ہین کہ پہلے اس قصے سے خدا تعالی نے اپنے رسول مقبول کو اعلام کیا تھا کہ زید زینب کو طلاق دیگا اور وہ تیری
بیویون مین داخل ہوگی اور جب زید نے کہا کہ مین زینب کو طلاق دیتا ہون آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اوسکو رہنے دے خدا تعالی
نے خطاب کیا کہ کیون یہ کلمہ کہا تو نے حالانکہ مینے تجکو پہلے اس سے خبر کردی تھی کہ زینب تیری بیویون مین سے ہوگی اور یہ
تاویل لائق تر ہی ساتھ حال آنحضرتؐ کے اور یہی اپنے مابعد سے بھی بہت مناسبت رکھتی ہی اسلیے کہ ظاہر کرنا خدا کا سوا
زَوَّجْنٰکَھَا کے نہین ہی اگر محبت زینب کی اور ارادہ طلاق زید کا آنحضرتؐ کے دل مین ہوتا تو خدا تعالی اوسکو ظاہر کرتا
اور رسول علیہ السلام نے بسبب حیا کامل کے کہ رکھتے تھے نفرمایا زید کو کہ زینب آیندہ کو بیوی میری ہوگی اور اَمْسِكْ عَلَيْكَ
زَوْجَكَ اور اِتَّقِ اللّٰهَ امر معروف ہی گناہ نہین آور پھر جب زید تمام کرچکا الخ یعنی لے پالک کی بیوی تیرے نکاح مین کی
تا مومنون پر ہیچ نکاح کرنے لے پالکون کی بیویون کے کچھ گناہ نہو حلال ہی کہ جب لے پالک اپنی بیوی کو طلاق دے اور عدت
اوسکی گذرے تو مونھ بولا باپ اوسکی بیوی کو اپنے نکاح مین لاوے بخلاف صلبی بیٹے کے کہ حلال نہین ہی بیوی اوسکی
کبھی اور منقول ہی کہ جب زید نے طلاق دی اور عدت اوسکی ہوچکی تو آنحضرتؐ نے زید کو فرمایا کہ تیرے برابر مین کسیکو
معتمد نہین جانتا اپنے دل مین جا خواستگاری کر میرے لیے زینب کی کہا زید نے پس گیا مین اور کہا مینے ای زینب خوشی ہو
آنحضرتؐ خواستگاری تیری کرتے ہین پس زینب نہایت خوش ہوئین اور سجدہ شکر کا بجا لائین اور دعا کی کہ الٰہی تیرا
خواستگاری میری کرتا ہی اگر مین لائق اوسکے ہوؤن تو مجھے اوسکو دے فی الحال یہ آیت آئی اور رسول علیہ السلام بے اذن
زینب کے گھر مین آئے زینب نے کہا یا رسول اللہ بے خطبے اور بے گواہ کے آنحضرتؐ نے فرمایا اَللّٰهُ الْمُزَوِّجُ وَجِبْرِيْلُ
الشَّاهِدُ اور اسی سبب سے زینب سب بیویون پر فخر کرتین تھین کہ نکاح کرنے والا میرا خدا ہی اور نکاح کرنے والے تمہارے
قرابتی تمھارے ہین اور پردہ بھی انکے نکاح کے دن دعوت ولیمہ مین اوترا اور انکے نکاح مین ولیمہ ایک بکری کا کیا
کہ اور بیویون کے نکاح مین اسقدر نہین ہوا + **بحر + معالم + مد** +

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ
اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۙ ○ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ
وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ○

نبی پر کچھ مضایقہ نہین اوس بات مین جو ٹھہرادی اللہ نے اوسکے واسطے یعنی حلال کی اونکے لیے اور حکم کیا اونکو اوسکا اور
وہ نکاح کرنا آنحضرتؐ کا زینب سے ہی یا مقدر کیا اونکے لیے کہ اتنی بیویان ہونگی دستور رہا ہی اللہ کا اون لوگون مین جو گذرے پہلے
یعنی اگلے نبیون مین اور ہی حکم اللہ کا ٹھہر چکا وہ جو پہونچاتے ہین پیغام اللہ کے اور ڈرتے ہین اوس سے اور نہین ڈرتے
کسی سے سوائے اللہ کے اور بس ہی اللہ کفایت کرنے والا + **تفسیر** + دستور رہا ہی الخ یعنی دستور اللہ کا اگلے
انبیا کے حق مین یہ جاری رہا ہی کہ اونسے مواخذہ نکرے اوس چیز پر کہ مباح کی اونپر اور بموجب ایک قول کے اشارہ ہی
سنت نکاح کی طرف کہ وہ سنت تمام انبیا کی ہی اور بحسب ایک قول کے مراد کثرت بیویون کی ہی جیسے حضرت داؤدؑ کی سو بیویان
تھین اور تین سو حرمین اور حضرت سلیمانؑ کی تین سو بیویان اور سات سو حرمین کفایت کرنے والا یعنی ڈر کی چیزون کو

یحسیبًا کے معنے ہین حساب لینے والا صغیرہ اور کبیرہ پر بس وہی ہی لائق اسکے کہ خوف کیا جاوے اوس سے + بحر + مد +

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ۝

محمد باپ نہین کسیکا تمھارے مردون مین سے لیکن رسول ہی اللہ کا اور مہر سب نبیون پر اور ہی اللہ سب چیز جانتا + **تفسیر** پس جانتا تھا کہ کون سزاوار تر ہی ساتھ اسکے کہ اوسپر نبوت ختم ہو اور آیا ہی کہ بعد نکاح کرنے آنحضرتؐ کے زینب سے منافقون نے کہا کہ یہ مرد اورون کو فرماتا ہی کہ بیٹون کی بیویان تمپر حرام ہین اور آپ خلاف اسکے کرتا ہی اور وہ زید کو مثل فرزند صلبی کے جانتے تھے یہ آیت آئی کہ محمد باپ کسی ایسے بیٹے صلبی کا نہین ہی کہ مبلغ رجال کو یعنی حد بلوغ کو پونہچا ہو تا بیوی اوسکی اوسپر حرام ہو اور قاسم اور ابراہیم اور عبد اللہ کہ بیٹے صلبی آنحضرتؐ کے تھے لڑکپنے مین اونکا انتقال ہوا حاصل یہ کہ حضرت کی اولاد یا لڑکے گذر گئے یا بیٹیان رہین کوئی مرد جوان ہوا نہین پس کسیکو اوسکا بیٹا نجانو مگر رسول اللہ کا ہی اس باعتبار سب اوسکے بیٹے ہین اور وہ باپ سبکا ہی واجب ہی سب پر تعظیم و توقیر اونکی نہ تمام احکام مین کہ ثابت ہین درمیان باپ بیٹون کے اور زید ایک شخص ہی تمھارے مردون مین سے کہ جو نہین ہین اولاد اونکی حقیقۃً پس ہوگا حکم اوسکا مانند حکم تمھارے اور لے پالک کر لینے کی کچھ حقیقت نہین اور پیغمبرون پر مہر ہی اونکے بعد کوئی پیغمبر نہین ہی بڑائی اونکو سب پر ہی روایت ہی ابی سلمہ سے کہ کہا تھے ابو ہریرۃؓ کہتے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مثل میری اور مثل انبیا کی مانند ایک محل کے ہی کہ اچھی بنی عمارت اوسکی چھوڑی گئی جگہ ایک اینٹ کی پس پھرنے لگے اوسمین دیکھنے والے تعجب کرنے لگے اوسکی خوبی عمارت سے سوائے جگہ اوس اینٹ کے کہ نہین عیب کرتے تھے سوائے اوسکے پس ہوا مین کہ بند کی مینے اوس اینٹ کی جگہ یہان تک کہ ختم کی گئی ساتھ میرے عمارت اور ختم کیے گئے ساتھ میرے رسول اور روایت ہی جبیر بن مطعم سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق میرے لیے کتنے ایک نام ہین مین محمد ہون اور مین احمد ہون اور مین ماحی ہون مٹاویگا اللہ بسبب میرے کفر کو اور مین حاشر ہون کہ جمع کیے جاوینگے لوگ میرے قدم پر یعنی محشر مین سب میرے بعد آوینگے اور مین عاقب ہون یعنی پیچھے آنے والا کہ نہین بعد میرے نبی + آب آگے خطاب فرماتے ہین مومنون کو کہ اللہ کو بہت یاد کرو گویا اسمین بھی تعریض ہی منافقون وغیرہ بد دینون پر کہ واہی لوگ واہی باتون مین مشغول ہوتے ہین کہ کسیکو کچھ کہتے ہین کسیکو کچھ تم اپنے مولی کی یاد مین مشغول ہو + **نظم** کار کن کار بگذر از گفتار کہ درین راہ کار دارد کار + مصلحت دید من آنست کہ یاران ہمہ کار + بگذارند و خم طرۂ یاری گیرند + بحر + مل + معالم +

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ۝

اے مسلمانون یاد کرو اللہ کو بہت سی یاد اور پاکی بولو اوسکی صبح و شام + **تفسیر** + بہت سی یاد کہا ابن عباسؓ نے کہ نہین فرض کیا اللہ نے اپنے بندون پر کوئی فرض مگر کہ مقرر کی ہی اوسکے لیے ایک حد معلوم جب تک کہ نہ معذور رہوا اہل اوسکا حالت عذر مین سوائے ذکر کے کہ نہین ٹھہرائی ہی اوسکے لیے ایک حد کہ منتہی ہو طرف اوسکے اور نہین معذور ہوتا کوئی اوسکے ترک مین مگر مغلوب العقل اور حکم کیا اونکو ساتھ ذکر کرنیکے تمام احوال مین پس فرمایا فَاذْکُرُوا اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِکُمْ اور فرمایا اُذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا یعنی یاد کرو اللہ کو بہت یاد کرنا یعنی رات کو اور دن کو جنگل مین اور دریا مین اور صحت مین اور بیماری مین اور پوشیدہ اور ظاہر اور کہا مجاہد نے ذکر کثیر یہ کہ نہ بھولے تو اوسکو کبھی اور صوفیہ کرام نے کہا کہ ذکر کثیر حقیقی یہ ہی کہ بیچ مراقبہ اور مشاہدہ حق کے مستغرق ہو اور اوسکے غیر کو بھلانے والا ہو مولانا روم فرماتے ہین **شعر** ہر آنکو غافل از حق یکزمان ست + در اندم کافرست اما نہان ست + اور بکرہ کہتے ہین اول روز کو اور اصیل آخر روز کو خاص کیے گئے

یہ دونون وقت ساتھ ذکر کے اسلیے کہ ملائکہ رات کے اور ملائکہ دن کے جمع ہوتے ہین اونمین اور مراد تسبیح سے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ہی اور قتادہ سے ہی کہ کہو سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور بعضون کے نزدیک ذکر تمام طاعات کا مراد ہی اور بعضون کے نزدیک تسبیح بکرہ سے نماز فجر اور تسبیح اصیل سے نماز ظہر اور عصر اور مغرب اور عشا اور بعضون کے نزدیک مراد نماز صبح اور مغرب اور عشا ہین کہ ادا کرنا انکا اشد ہی + **بحر + مل**

معالم + تنبیہ + جاننا چاہیے کہ اللہ تعالی کی یاد کی بہت فضیلت آئی ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک صحابی نے آنحضرت ؐ سے پوچھا کہ احکام اسلام کے غالب ہوئے ہین مجھپر پس خبر دو مجکو ساتھ ایک چیز کے کہ جنگل مارون مین ساتھ اوسکے فرمایا ہمیشہ رہے زبان تیری تازہ اللہ کے ذکر سے اور کہا معاذ بن جبل نے کہ عرض کیا مینے یا رسول اللہ کچھ نصیحت کیجیے مجکو فرمایا لازم کر اپنے پر تقوی اللہ کا جب تک طاقت رکھے تو اور یاد کر اللہ کو نزدیک ہر پتھر اور درخت کے اور جو کچھ کی ہو تو نے برائی یعنی گناہ یا غفلت پس پیدا کر خالص واسطے اللہ کے توبہ اوس برائی کے لیے توبہ پوشیدہ بیچ گناہ پوشیدہ کے اور توبہ ظاہر بیچ گناہ ظاہر کے نہ عمل کیا کسی آدمی نے کوئی عمل کہ بہت نجات دینے والا ہو اوسکو اللہ کے عذاب سے ذکر اللہ سے یعنی ذکر اللہ کے برابر کوئی عمل اللہ کے عذاب سے قیامت کو چھٹکارا نہین کروانیکا یہ سب پر افضل ہی اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص رض سے کہ کہا پانچ چیزین ہین کہ جسمین ہون وہ سعید ہوگا اول تو یہ کہ کہتا رہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ساعت بساعت اور جب مبتلا ہو کسی بلا مین کہے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اور جب پیش آوے اوسکو کوئی امر ناخوش کہے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ اور جب دیا جاوے کوئی نعمت کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اور جب شروع کرے کوئی کام کہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اور جب صادر ہوا وس سے کوئی گناہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور بہت سی حدیثین اور آیتین ذکر اللہ کی فضیلت مین آئی ہین اور بزرگون سے ذکر اللہ کی کثرت و حرص مین بہت کچھ منقول ہی آیا ہی کہ ایک بزرگ وقت موت کے لبون سے کچھ پڑھتے تھے حجام نے کہا ٹھہر جاؤ ہونٹ کٹ جاویگا اونہون نے کہا کہ ہونٹ کا کٹنا میرے نزدیک سہل ہی ذکر اللہ کے ترک سے ایک بزرگ تھے کہ اونہون نے روٹی کھانی چھوڑ دی تھی ستو بنا رکھے تھے کہ جلدی سے پی کر ذکر اللہ مین مشغول ہو جایا کرو نگا روٹی کے کھانے مین دیر تک ذکر اللہ سے باز رہنا پڑتا ہی اور ذکر اللہ منحصر کچھ کلمون اور تسبیحات وغیرہ ہی پڑھنے پر نہین ہی بلکہ جو اوامر بجا لاتا ہی اور نواہی سے بچتا ہی وہ ذاکر ہی اسکا بقول بزرگے **شعر** ذکر گفتن ہمین نیست کہ گوئی اللہ + ذکر آنست کز و یاد کنی وقت گناہ + **حصن حصین و منبہات وغیرہ**

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ○

وہی ہی جو رحمت بھیجتا ہی تمپر اور اوسکے فرشتے استغفار کرتے ہین تمہارے لیے تا کہ نکالے تمکو اندھیرون سے اوجالے مین اور ہی اللہ ایمان والون پر مہربان + **تفسیر** + مراد ہی نکالنا گناہون کے اندھیرون سے طرف نور طاعت کے یا شک سے طرف یقین کے اسلیے کہ یہ آیت مومنون کے حق مین ہی پس کفر کی اندھیری کہنی مناسب نہین اور آیا ہی کہ جب آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ الخ اوتری تو حضرت ابو بکر رض نے کہا یا رسول اللہ خدا تعالی نے آپکو کسی شرف کر مخصوص نہین کیا مگر کہ آپ نے اوسمین ہمکو شریک کیا ہی یعنی امیدوار ہین کہ اسمین بھی شریک ہون پس یہ آیت اوتری ہو الذی یصلی الخ اور صلوۃ خدا کی طرف سے رحمت ہی اور ملائکہ کی طرف سے استغفار + **بحر + مل**

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ○

دعا اونکی جسدن اللہ سے ملینگے سلام ہی اور رکھا ہی خدا نے اونکے واسطے ثواب عزت کا ✦ **تفسیر** ✦ کہ وہ جنت اور جہین اوسکے ہین اور مراد اسلام سے یہ ہی کہ خدا تعالی انپر سلام فرماویگا اور وہ موجب سلامتی کا ہر خوف سے ہوگا اور بعضون کے نزدیک ضمیر یلقونہ کی ملک الموت کی طرف ہی کہ وہ وقت آنیکے واسطے قبض ارواح مومنون کے اول سلام اللہ علیکم کہینگے اور بعضون کے نزدیک مراد سلام او بشارت ملائکہ کی ہی کہ مومنون پر وقت نکلنے کے قبرون سے کرینگے ✦ **بحر محل** ✦ اب آگے پھر کفار و منافقون کے سنانیکے لیے آنحضرتؐ کو خطاب فرمایا کہ ہمنے تو تجھہ ان صفتون کے ساتھہ بھیجا ہی بڑے اشقیا ہین وہ کہ جو تیری قدر و مرتبہ نہین جانتے اور بڑے بہ نصیب اونکے کہ جو تجھپر ایمان لائے

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ○ وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا ○

اے نبی ہمنے تجکو بھیجا بتانے والا اور خوشی سنانے والا یعنی مومنون کو جنت کی اور ڈرانے والا یعنی کفار کو دوزخ سے اور بلانے والا اللہ کی طرف اوسکے حکم سے یعنی ساتھہ آسان کرنے اوسکے کے اور چراغ چمکتا ✦ **تفسیر** ✦ شاہد یعنی گواہ رسولون کے لیے کہ انھون نے احکام الہی پونہچا دیے تھے یا گواہ کرکر بھیجا ہمنے تجکو تیری امت کے لیے کہ اونکی تصدیق و تکذیب مین قول تیرا عند اللہ مقبول ہوگا جیسے کہ قبول ہوا ہی قول شاہد عدل کا حکم مین اور چراغ چمکتا کہ دور کین بسبب اونکے اللہ تعالی نے اندھیریان شرک کی اور راہ بتائی بسبب اونکے گمراہون کو جیسے کہ دور کیجاتی ہین تاریکیان رات کی بسبب چراغ روشن کے اور راہ پاتے ہین لوگ بسبب اوسکے اور جمہور اسپر ہین کہ مراد چراغ سے قرآن ہی پس ہوگی تقدیر وذا سراج منیر او تالیا سراجا منیرا یا شاہد یعنی گواہی دینے والا ہی ہماری وحدانیت کی بشارت دینے والا ہی ہماری رحمت کی اور ڈرانے والا ہی ہمارے عذاب سے اور بلانے والا ہی طرف عبادت ہماری کے اور چراغ اور حجت ظاہرہ ہی ہماری درگاہ کی ✦ **تنبیہ** ✦ روایت ہی عطا بن یسار سے کہ کہا ملا مین عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہا مینے کہ خبر دے مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت سے کہ توریت مین ہی یعنی تمنے تو توریت پڑھی ہی آیا پائی ہی تمنے اوسمین صفت آنحضرتؐ کی پس خبر دو مجکو کہا عمرو بن العاص نے کہ ہان خبر دیتا ہون قسم ہی اللہ کی کہ وہ البتہ وصف کیے گئے ہین توریت مین ساتھہ بعض صفت کے کہ قرآن مین ہی یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا و مبشرا و نذیرا و حرزا للامیین الخ یعنی اے نبی تحقیق ہمنے بھیجا تجکو اس حال مین کہ گواہ ہی احوال امت پر اور خوشخبری دینے والا ہی مطیعون کو اور ڈرانے والا ہی گنہگارون کو اور پناہ ہی عربون کے لیے تو بندہ میرا ہی اور رسول میرا نام رکھا مینے تیرا متوکل کہ تمام کام مجکو سپرد کیے تونے نہین ہی سخت خو اور نہ سخت گو اور نہ چلانے والا بازارون مین اور نہین دفع کرتا ساتھہ برائی کے برائی کو یعنی جو کوئی اوس سے بدی کرے وہ اوسکے بدلے مین برائی نہین پونہچاتا و لیکن درگذر کرتا ہی اور بخشتا ہی اور ہرگز وفات نہین دیگا اوسکو اللہ یہان تک کہ سیدھا کرے بسبب اوسکے قوم ٹیڑھی اور گمراہ کو ساتھہ اسکے کہ کہین لا الہ الا اللہ اور کھولے بسبب اسی کلمے کے اندھی آنکھون کو اور بہرے کانون کو اور دلون غلاف دار کو کہ نہین سمجھتے ہین کچھہ اور یاد نہین رکھتے ہین گویا کہ غلاف مین ہین ✦ **بخاری**

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ○

اور خوشی سنا ایمان والونکو کہ انکو ہی خدا کی طرف سے بڑی بزرگی ✝ تفسیر ✝ یعنی ثواب عظیم سب امتون سے بڑ کرامت یہی ہی ✝ مل موضح

وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

اور کہا نمان منکرون کا اور دغابازونکا اور چھوڑ اونکو ستانا اور بھروسا کر الله پر اور الله بس ہی کام بنانے والا ✝ تفسیر
یعنی بس وہ بچاویگا تجکو اونکے شر سے اسلیے کہ جو بھروسا کرتا ہی الله پر آسان کرتا ہی الله اوسپر سب دشواریان اور کہا نہ مان الخ
مراد اس سے رغبت دلانی ہی آنحضرت کو اس بات پر یا مراد یہ ہی کہ ہمیشہ اور ثابت رہو اسی حالت پر کہ ہو تم کہ کہا نہیں مانتے اونکا
اور چھوڑ ایذا اونکی اسکے معنی مین دو احتمال ہین ایک تو یہ کہ وہ جو تجھے ایذا دیتے ہین کر تو اوسکو ایک طرف اور پروا نکر اونکی اور نہ ڈر
اونکے ایذا دینے سے اور دوسرا احتمال یہ ہی کہ چھوڑ ایذا دینی اونکو عوض مین اونکی ایذا کے اور یہ حکم منسوخ ہی ساتھ آیت قتال کے ✝ مل معالم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ
مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝

ای ایمان والو جب تم نکاح کرو مسلمان عورتون سے پھر چھوڑ دو اونکو پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ سو اونپر حق نہین تمہارا عدت
مین بیٹھنا کہ گنتی پوری کرواؤ اونسے سو اونکو دو کچھ فائدہ اور رخصت کرو اونکو بھلی طرح سے ✝ تفسیر ✝ نکاح اہل لغت مین کہتے
ہین صحبت کرنے کو اور عقد کو نکاح کہنا اسلیے ہی کہ وہ سبب ہوتا ہی صحبت کا اور نہین آیا ہی لفظ نکاح کا کتاب الله مین مگر بیچ معنی عقد کے
اسلیے کہ نکاح بیچ معنی وطی کے قبیل تصریح سے ہی اور آداب قرآن سے یہ ہی کہ صریح اوسکو نہین فرماتے ہین بلکہ کنایہ کرتے ہین اوس سے
ساتھ لفظ ملامسۃ اور مماسۃ اور قربان اور تغشی اور اتیان کے اور بیچ تخصیص مومنات کے باوجودیکہ کتابیات بھی برابر ہین مومنات
کے اس حکم مین اشارہ ہی اسکی طرف کہ اولی مومن مرد کو یہ ہی کہ نکاح کرے مومن عورت سے اور ہاتھ لگاؤ یعنی جماع کرو اور خلوت صحیحہ بھی
مانند جماع کے ہی اور رخصت کرو بھلی طرح سے یعنی روک نرکھو اونکو ضرر پہنچانیکے لیے اور نکالو اونکو اپنے مکانون سے اچھی طرح
بن ستائے اور حکم شرعی اسمین یہ ہی کہ بغیر صحبت ہوئے جو مرد چھوڑ دے عورت کو اگر اوسکا مہر کچھ بندھا تھا تو آدھا مہر دے
اور اگر کچھ نہ بندھا تھا تو کچھ فائدہ دے یعنی ایک جوڑا پوشاک اور وہ عورت اوسی وقت چاہے تو اور نکاح کرلے عدت اوسپر
کچھ نہین اور اگر صحبت ہووے یا خلوت ہوئے گو صحبت نہوئے تو مہر بھی پورا دینا چاہیے اور عدت بھی بیٹھنا یہ مسئلہ یہان فرمایا
حضرت کی بیویون کے ذکر مین شاید اسواسطے کہ حضرت نے ایک عورت سے نکاح کیا تھا جب اوسکے پاس گئے کہنے لگی الله تجھسے
پناہ دے حضرت نے اوسکو جواب دیا کہ تونے بڑے کی پناہ پکڑی اور اوس سے مفارقت کی آپنے اسپر یہ حکم
فرمایا ہو اور خطاب فرمایا ایمان والون کو تا معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہین سب مسلمانون پر یہی حکم ہی ✝ مل موضح

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ
اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ
مَعَكَ ۫ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۚ خَالِصَةً
لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

ای نبی ہمنے حلال رکھین تجکو تیری عورتین جنکے مہر تو دیچکا اور لونڈیان کہ مالک اونکے ہوئے ہین ہاتھ تیرے جو ہاتھ لگا دین تجکو
الله نے اور حلال کین ہمنے تیرے چچا کی بیٹیان اور پھوپھیون کی بیٹیان یعنی قریش مین کی عورتین اور تیرے ماموں کی بیٹیان

اور خالاؤن کی بیٹیان یعنی بنی زہرہ مین کی جنھون نے وطن چھوڑا تیرے ساتھہ اور حلال کی ہمنے مسلمان عورت اگر بخشے وہ اپنی جان نبی کو اگر نبی چاہے کہ اوسکو نکاح مین لے یہ حکم یعنی بلا مہر خالص تیرے ہی لیے ہی سوا سب مسلمانون کے یعنی واجب ہی مہر سب پر تمہارے سوا اگرچہ نہ ٹھہراوے مہر یا نفی کرے اوسکی ہمکو معلوم ہی جو فرض کیا ہمنے اونپر اونکی بیبیون کے حق مین اور اونکی لونڈیون کے حق مین کہ مالک ہوئین اونکے ہاتھ اونکے تا نرہے تجپر تنگی اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان ✚ **تفسیر** جو عورتین تیری ہین جنکا مہر دیا یعنی اب نکاح مین ہین خواہ قریش سے ہون اور مہاجر ہون یا نہون یہ حلال ہین اور ماموں چچا کی بیٹیان یعنی قریش مین کی بشرط ہجرت کے اگر ہجرت نکی تو حلال نہین اور ہاتھہ لگا دین یعنی کفار سے ہاتھہ لگین کہ بندی مین پکڑی آئین پس مالک ہوئے تم اونکے اور وہ صفیہ اور جویریہ تھین کہ غزوۂ خیبر اور بنی المصطلق مین پکڑی آئین تھین پھر آزاد کیا آنحضرت صلعم نے اونکو اور نکاح مین لائے اونکو اور ماریہ قبطیہ بھی مملوکہ تھین حضرت کی کہ جنسے ابراہیم پیدا ہوئے اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنی یہ حکم خاص آنحضرت صلعم ہی کے لیے تھا کہ جو عورت بن مہر اپنے تئین نذر آنحضرت صلعم کی کرے اور آنحضرت صلعم اوسکو بن مہر نکاح مین لائین تو درست تھا جیسے کہ زینب بیٹی خزیمہ انصاری کی نے کہ جنکا لقب ام المساکین تھا اور بموجب ایک قول کے میمونہ بنت الحارث نے اور بموجب ایک قول کے ام شریک بن جابر اسدیہ نے اور بموجب ایک قول کے خولہ بنت حکیم نے کہ بنی سلیم مین سے تھین نفس اپنا آنحضرت کو بخشا اور بے مہر حضرت صلعم کے نکاح مین آئین اور بعضے کہتے ہین کہ ہبہ واقع نہوا لیکن پیغمبر کو اذن تھا اسکا اور اور مسلمانون پر وہی حکم ہی اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ بن مہر نکاح نہین خواہ ذکر مین آیا خواہ نہ ٹھہرالیا خواہ نہ ٹھہرایا تو جو قوم کا مہر ہی سو لازم ہی اور آنحضرت صلعم کی بیبیان دس مشہور ہین حضرت خدیجہ رض اول تھین اونکے بعد سب نکاح مین آئیان حضرت خدیجہ کا انتقال ہوا حضرت صلعم کے سامنے نو بیبیان رہین وفات کے بعد حضرت عائشہ حضرت حفصہ حضرت سودہ حضرت ام سلمہ حضرت زینب حضرت ام حبیبہ حضرت جویریہ حضرت صفیہ حضرت میمونہ یہ پچھلی تین قریشی نتھین اور بیچ منعقد ہونے نکاح کے ساتھہ لفظ ہبہ کے بیچ حق مسلمانون کے اختلاف ہی امام مالک اور شافعی اور احمد کے نزدیک نکاح سوا لفظ نکاح یا تزویج کے منعقد نہین ہوتا اور ابو حنیفہ کے نزدیک ہو جاتا ہی اور مہر بہر صورت لازم ہی عدم مہر آنحضرت صلعم کے خصائص سے تھا اور جو فرض کیا یعنی واجب کیے ہمنے مومنون پر اونکی بیبیون کے حق مین اونکا حکم نکاح کرین علاوہ چار اور نہ نکاح کرین بغیر گواہون اور مہر اور اونکی لونڈیون کے حق مین یعنی ساتھہ خریدنے وغیرہ اسباب ملک کے اور لفظ لکیلا متعلق ہی خالصۃ لک کے اور قد علمنا الخ بیچمین جملہ معترضہ ہی یعنی حکم مذکور خاص تمہارے ہی لیے مقرر فرمایا تا تجپر تنگی نہو **موضع المل بحر**

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ۝

پیچھے رکھدے تو جسکو چاہے تو اپنی بیویون مین سے اور جگہہ دے اپنے پاس جسکو چاہے اور جسکو جی چاہے تیرا اونمین سے جو کنارے کر دین تھین تو کچھہ گناہ نہین تجپر اسمین لگتا ہی کہ ٹھنڈی رہین آنکھین اونکی اور غم نہ کھاوین اور راضی رہین اوس پر جو تو نے دیا ساریان اور اللہ جانتا ہی جو تمھارے دلونمین ہی اور ہی اللہ سب جانتا تحمل والا ✚ **تفسیر** ✚ کسی مرد کو جو کئی عورتین ہون اوسپر واجب ہی باری سے سب پاس رہنا برابر حضرت پر یہ واجب نرکھا اسواسطے کہ عورتین اپنا حق سمجھین تو ہوئے راضی ہو کر قبول کرین پر حضرت صلعم نے فرق نہین کیا سبکی باری برابر رکھی ایک حضرت سودہ نے اپنی باری بخشدی تھی

حضرت عایشہ کو + **مو** + تفسیر وسیط مین کہا کہ وجوب باری مقرر کرنیکا درمیان بیویون کے آنحضرت سے ساتھ اس آیت کے ساقط ہوا اور معالم مین ہیکو مشہور تر قولون کا کہا ہی اور منقول ہی کہ جب خولہ نے نفس اپنا آنحضرت کو بخشا تو عایشہ نے کہا عورت کو حیا نہین آتی ہی کہ نفس اپنا مرد کو بخشتی ہی اور یہ بھی ہی کہ آنحضرت کی بیویون نے نفقہ زیادہ عادت سے طلب کیا اور ایک مہینے تک آنحضرت نے اونسے جدائی کی بعد اوسکے آیت تخییر اور یہ آیت اوتری عایشہ نے کہا یا رسول اللہ ما اری ربک الا یسارع فی ہواک پس سب بیویان راضی ہوئین اوس چیز پر کہ آنحضرت چاہین خواہ ترک باری کرین یا فضیلت دین بعض کو بعض پر نفقے مین اور باری مین اور کشاف مین کہا کہ تاخیر دی آنحضرت نے سودہ اور صفیہ اور جویریہ اور میمونہ اور ام حبیبہ کو اور نہ باری کی کرتے تھے درمیان اونکے جبکہ چاہتے جسطرح کہ چاہتے اور عایشہ اور حفصہ اور زینب اور ام سلمہ کو اپنے ساتھ رکھا اور درمیان اونکے باری بجالائے اور صاحب زاد المسیر نے کہا کہ آنحضرت اخیر عمر اپنی تک باری اپنی بیویون کے درمیان مین مرعی رکھتے تھے سوائے سودہ کے کہ اونھون نے نوبت اپنی عایشہ کو بخشدی تھی + **بحث** + پیچھے رکھدے تو الخ یعنی جیسکو تو ساتھ سُلانا جسکا چاہے تو اونمین سے اور ساتھ سُلائے تو جسکو چاہے یا طلاق دیوے تو جسکو چاہے اور رہنے دے نکاح مین جسکو چاہے یا نہ نوبت مقرر کرے تو واسطے جسکے اونمین سے چاہے اور نوبت مقرر کرے تو جسکے لیے چاہے یا چھوڑ کر تو نکاح مین لانا جسکا چاہے عورتون امت اپنی کی سے اور نکاح کرے تو جس سے چاہے اور جسکو جی چاہے تیرا الخ یعنی جسکو بلاوے تو اپنے بستر پر اور طلب کرے تو صحبت اوسکی اونمین سے کہ یکسو کیا ہی تو نے نفس اپنے سے ساتھ تاخیر دینے کے پس نہین ہی تنگی تجپر اسمین یعنی نہین ہی یہ بات کہ جب معزول کیا تو نے اوسکو تو نہ جائز ہو تیرے لیے پھر بلانا اوسکا طرف اپنے اور اسمین لگتا ہی الخ یعنی یہ سپرد کرنا طرف مشیت تیری کے قریب تر ہی طرف ٹھنڈک آنکھون اونکی کے اور قلت غم اونکی کے اور رضا اونکی کے سبکی اسلیے کہ جب جانینگی وہ کہ یہ سپرد کرنا اسکی طرف سے ہی تو خاطر جمع ہوجاویگی اونکی اور جاتی رہیگی غیرت کرنی آپسکی اور حاصل ہوگی رضا اور اللہ جانتا ہی الخ اسمین وعید ہی اوس بیوی کے لیے کہ نہ راضی ہوا اونمین سے ساتھ اوس چیز کے کہ حکم کیا اللہ نے اور سپرد کیا طرف مشیت رسول اپنے کے اور ہی اللہ سب جانتا یعنی سینے کی باتون کو لو تحمل والا کہ نہین جلدی عذاب کرتا بیشک لائق ہی اسکے کہ ڈرے اوس سے **ٹ**

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ رَقِيبًا ۝

حلال نہین تجکو عورتین اس پیچھے اور نہ یہ کہ انکے بدلے اور کرے عورتین اگرچہ خوش لگے تجکو اونکی صورت مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا اور ہی اللہ ہر چیز پر نگہبان + **تفسیر** + یعنی جتنی قسمین کہدین اوس سے زیادہ حلال نہین اور جو ہین اونکو بدلنا نہین حلال یہ ضرور ہین اور ہاتھ کا مال یعنی حرمین حضرت کی دو حرم مشہور رہین یا تین ایک ماریہ جنکے شکم سے فرزند ہوئے ابراہیم ایک ریحانہ یا شمعون یا دونون حضرت عایشہ نے فرمایا یہ منع آخر کو موقوف ہوا سب عورتین حلال ہوگئین + **مو** + اس پیچھے یعنی بعد نو بیویون کے اسلیے کہ نو بیویان نصاب تھین آنحضرت کے لیے یعنی اتنی ہی حلال تھین جیسے کہ چار نصاب ہین اونکی امت کے لیے اور حاصل یہ کہ ان نو بیویون کے سوائے اور بیوی کرنی درست نہین اور نہ یہ کہ ان سبکو یا بعض کو طلاق دے کر انکے بدلے اور کرو یہ بھی درست نہین مگر لونڈیان درست ہین اور یہ احسان خدا کا اونپر جزا اوسکی ہی کہ اونھون نے بعد آنے آیت تخییر کے خدا اور رسول کو اختیار کیا بموجب روایت انس وغیرہ کے رسول علیہ السلام اخیر عمر تک اس تحریم پر رہے اور بعد اسکے اور بیوی نہین کی اور بقول عایشہ اور ام سلمہ کے یہ حکم منسوخ ہوا کہ بعد اسکے نکاح کرنا اور بیوی سے جس سے کہ چاہین

آنحضرت پر حلال ہوا اور منسوخ ہونا اس آیت کا یا تو سنت سے ہوا یا اللہ تعالیٰ کے اس قول سے اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ
کہ جو اوپر مذکور ہوا اور ترتیب نزول نہین ہی اوپر ترتیب مصحف کے یعنی یہ آیت اگرچہ مصحف مین اوپر مذکور ہوئی لیکن نازل بعد
لا یحل کے ہوئی ہو اور بعضون نے کہا کہ یہ نہی ہی نکاح کرنے عورت غیر قوم اپنی سے کہ جو اوپر مذکور ہوئین یعنی سوا اپنے
چچا اور پھوپی اور خالہ اور ماموں کی بیٹیوں سے نکاح نکر اور انہین سے جسقدر چاہ کر اور بعضون کے نزدیک مراد غیر مسلمات
ہین یعنی یہودیہ اور نصرانیہ بعد ان مسلمات کے نکاح مین نلا اور بعضون نے کہا کہ مراد نہ طلاق دینا انکا ہی یعنی ان عورتون کو طلاق
دیکر بدلے انکے اور نکر اسلیے کہ یہ مومنون کی مائین ہوئی ہین نکاح انکا اور سے درست نہین لیکن نکاح اور عورتون کا
تجپر حرام نہین اور بعضون نے کہا کہ عرب جاہلیت مین تبدیل بیویون کی آپسمین کرتے تھے حق تعالیٰ نے یہ آیت اوتار کر پیغمبر خدا
کو اوس سے منع کیا اور کہا ہی علما نے کہ اس آیت مین دلیل ہی جواز نظر کی طرف اوس عورت کے کہ نکاح کیا چاہے اوس سے یہ بات
معلوم ہوئی وَلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ سے اسلیے کہ خوش معلوم ہونا حسن کا سواے دیکھنے کے نہین ہوتا اور روایت ہی
مغیرہ بن شعبہ سے کہ کہا خواستگاری کی مینے ایک عورت سے پس فرمایا مجکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا دیکھا ہی تو نے
اوسکو عرض کیا مینے نہین فرمایا پس دیکھلے اوسکو اسلیے کہ یہ لائق تر ہی ساتھ اسکے کہ موافقت ہو تم دونون کے درمیان مین اور کئی
روایتین ایسے ہی مضمون کی آئی ہین اور شان نزول اسکا یہ کہا ہی علما نے کہ آنحضرت نے عمیس کی بیٹی جعفر بن ابی طالب
کی بیوی سے بعد شہید ہونے انکے کے ارادہ خواستگاری کا کیا تھا اور وہ حسین بھی تھین پس خدا تعالیٰ نے منع
اوتارنا اس آیت کا اوس سے منع فرمایا + **بحث مطالع تنبیہ** + مجمل احوال آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کا یہ ہی کہ آنحضرت نے پچیس برس دو مہینے دس روز کی عمر مین نکاح کیا حضرت خدیجہ بنت خویلد
سے اور اونکی عمر چالیس برس کی تھی سب سے پہلے نکاح آپکا انہین سے ہوا اور تمام اولاد آپ کی انہین سے پیدا ہوئی
سواے ابراہیم کے کہ وہ ماریہ قبطیہ سے پیدا ہوئے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف انچاس برس آٹھ مہینے
چوبیس روز کی ہوئی تو خدیجہ نے وفات پائی بعد ازان نکاح کیا سودہ بنت زمعہ سے اور وہ آنحضرت کے پاس بڑھیا ہوئین
اور آنحضرت نے چاہا تھا کہ طلاق دین اونکو پس اونھون نے نوبت اپنی عایشہ کو دی اور کہا کہ مجکو مردون سے کچھ کام نہین
مقصود مجکو یہ ہی کہ اوٹھائی جاؤن مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون مین اور وفات اونکی ہوئی سنہ پچپن مین
شوال کے مہینے مین معاویہ بن ابی سفیان کی حکومت مین بعد ازان عایشہ بنت ابی بکر سے نکاح کیا مکے مین دو برس پہلے
ہجرت سے اور بموجب ایک قول کے تین برس پہلے ماہ شوال مین اور وہ اوسوقت مین چھ برس کی تھین اور ہمبستر کیا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو مدینے مین شوال کے مہینے مین دوسرے سال ہجری مین اور جب وہ نو برس کی تھین اور اونھون نے
وفات پائی مدینے مین سترہوین رمضان کو سنہ اٹھاون مین اور بقیع مین مدفون ہوئین اور آنحضرت نے کسی باکرہ سے نکاح
نہین کیا سواے عایشہ کے اور کنیت اونکی ام عبداللہ ہی اگرچہ عبداللہ بن زبیر انکی بہن اسما کے بیٹے ہین لیکن مقرر فرمائی
کنیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب استدعا کیا انھون نے بسبب اسکے کہ خالہ بمنزلے ماکے ہی بعد ازان حفصہ بنت عمر فاروق
کو نکاح مین لائے ایک روایت مین آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو طلاق دی پس آئے جبرئیل اور کہا کہ خدا تعالیٰ
تمکو فرماتا ہی کہ رجعت کرو اسلیے کہ حفصہ بہت روزہ دار اور نماز گذار ہی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے از خود رجعت کی بسبب مہربانی کے عمر پر واللہ اعلم اور وفات پائی انھون نے اکتالیسوین سال ہجری مین

اور بعضون کے نزدیک پینتالیسوین سال مین اور اور اقوال بھی آئے ہین اسمین اور نکاح مین لائے آنحضرتؐ ام حبیبہ
بنت ابی سفیان کو اور وہ اوسوقت حبشہ مین تھین اور مہر دیا اونکو آنحضرتؐ کی طرف سے نجاشی بادشاہ حبشہ کے نے
چار سو دینار اور متولی اونکے نکاح کے ہوئے عثمان بن عفانؓ اور بقولے خالد بن سعید بن العاص اور وفات پائی چوالیسوین
سال ہجری مین اور نکاح مین لائے ام سلمہؓ کو اور وفات اونکی باسٹوین سال ہجری مین ہوئی اور وہ آنحضرتؐ کی سب
بیویون سے پیچھے مرین ہین اور بقولے سب سے پیچھے میمونہ نے وفات پائی اور نکاح مین لائے زینب بنت جحش کو
اور وہ آنحضرتؐ کی پھوپی کی بیٹی تھین پہلے بیچ عقد نکاح زید بن الحارثہ مولی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آئین بعد ازان
اونھون نے طلاق دی تب ازواج مطہرات مین داخل ہوئین اور وفات پائی اونھون نے مدینے مین بیسوین سال ہجری مین اور
آنحضرتؐ کی وفات کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون مین سے اول انھون ہی نے وفات پائی ہی اور نعش پر اول
یہی اوٹھائی گئین ہین اور مراد نعش سے یہ ہی کہ جنازے پر چند لکڑیان باندھین بشکل گہوارہ تا تستر خوب ہو اور نکاح مین لائے
جویریہ بنت حارث کو اور وہ غزوۂ بنی مصطلق مین بندی مین آئین تھین پس ثابت بن قیس کے حصے مین آئین اونھون نے انکو
مکاتب کیا پس وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت مین حاضر ہوئین تا کچھ مبلغ کتابت مین سے سوال کرین اور وہ
عورت خوش شکل تھین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انکار نہین کرتا ہون مین بہتر اس سے ادا کرونگا تیری طرف سے
مال کتابت اور تجھے اپنے نکاح مین لاؤنگا وہ اسپر راضی ہوئین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مبلغ ادا کیے اور نکاح مین
لائے اونکو وفات پائی اونھون نے ماہ ربیع الاول مین سنہ چھپن ہجری مین اور نکاح مین لائے آنحضرتؐ صفیہؓ کو اور وہ
حضرت ہارون کی اولاد مین سے تھین بندی ہو کر آئین غزوہ خیبر مین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کیا اونکو اور
آزاد کرنا مہر اونکا کیا وفات پائی پچاسوین سال مین اور نکاح مین لائے آنحضرتؐ میمونہ کو اور وہ خالہ ہین خالد بن ولید اور عبد اللہ
بن عباس کی وفات پائی اونھون نے اوسی جگہہ کہ جہان آنحضرتؐ نے اونسے نکاح کیا تھا نام اوس موضع کا سرف ہی سنہ
اکیاون ہجری مین اور بموجب ایک قول کے چھیاسٹوین سال مین اور بر تقدیر قول اخیر کے سب بیویون کے بعد وفات اونکی
ہوگی اور یہ جماعت مذکورہ وہ ہین کہ آنحضرتؐ کے انتقال کے بعد باقی رہین سوائے خدیجہؓ کے اور نکاح مین لائے آنحضرتؐ زینب
بنت خزیمہ کو سنہ تیسرے ہجری مین اور آنحضرتؐ کے پاس زندہ نرہین مگر تھوڑے دنون دو مہینے یا تین مہینے پھر وفات
پائی اور سوائے انکے اور ایک جماعت تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونکو نکاح مین لائے یا خطبہ یعنی خواستگاری کی اور یہ امر
انجام کو نہ پونہچا از انجملہ فاطمہ بنت ضحاک تھین کہ آنحضرتؐ اونکو نکاح مین لائے اور جب آیت تخییر نازل ہوئی تو اونکو اختیار دیا اسمین
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت مین رہین یا دنیا اختیار کرین اونھون نے دنیا کو اختیار کیا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اونکو جدا کیا بعد ازان مینگنیان اونٹ کی چنتی پھرتی تھین اور کہتی تھین مین بدبخت ہون کہ اختیار کیا مینے دنیا کو اور از انجملہ شراف
دحیہ کلبی کی بہن کہ نکاح کیا اونسے اور دخول نہین کیا اور خولہ بنت ہذیل اور وہ وہی ہین کہ بخشا اونھون نے نفس اپنا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو یعنی بغیر مہر کے نکاح مین آئی اور بقولے بخشنے والی اپنے نفس کی ام شریک تھی اور اسماء جونیہ کہتے ہین کہ جب آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ ہاتھ اوسپر ڈالین تو اوسنے کہا اعوذ باللہ منک یعنی ساتھ خدا کے پناہ مانگتی ہون تجھسے پس آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے مفارقت کی اور عمرہ بنت یزید اور ایک عورت غفار مین سے اور عالیہ بنت ظبیان اور ان سبکو طلاق دی
پہلے دخول کے اور بنت الصلت کہ وہ مرگئی پہلے اسکے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوسکے نزدیک ہون اور ایک عورت اور بھی

کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ نزدیک ہون فرمایا ہبی لی نفسک یعنی نفس اپنا مجکو دیدے اسنے کہا کہ کوئی عورت ایسے
نفس اپنا بازاری کو دیتی ہی پس آنحضرت نے اوسکو جدا کیا اور خطبہ کیا ایک اور عورت سے پس اوسکے باپ سے کہا کہ وہ
داغ سفید رکھتی ہی اور اوسکے بدن مین کچھ علت نتھی پھر جو دیکھا تو داغ سفید پایا اور خطبہ کیا ایک عورت کا اوسکے باپ سے
اوسنے صفت اوسکی بیان کی اور کہا زیادہ اس سے یہ ہی کہ کبھی بیمار نہین ہوئی ہی وہ فرمایا اوسکے لیے نزدیک خدا کے کچھ خیر
نہین ہی پس ترک کیا اوسکو اور تھا مہر آنحضرت کے ازواج کا پانسو درہم ہر بیوی کا سواے صفیہ اور ام حبیبہ کے کہ انکے مہر
کا بیان اوپر گذر چکا ہی اور یہ قول صحیح قولون کا ہی ÷ سرور المحزون

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّآ اَنْ یُّؤْذَنَ لَکُمْ اِلٰی طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰہُ
وَلٰکِنْ اِذَا دُعِیْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِیْنَ لِحَدِیْثٍ اِنَّ ذٰلِکُمْ کَانَ
یُؤْذِی النَّبِیَّ فَیَسْتَحْیٖ مِنْکُمْ وَاللّٰہُ لَا یَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْھُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْھُنَّ
مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِکُمْ اَطْھَرُ لِقُلُوْبِکُمْ وَقُلُوْبِھِنَّ وَمَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ
وَلَآ اَنْ تَنْکِحُوْٓا اَزْوَاجَہٗ مِنْ بَعْدِہٖٓ اَبَدًا اِنَّ ذٰلِکُمْ کَانَ عِنْدَ اللّٰہِ عَظِیْمًا ۝

اے ایمان والو مت جاؤ گھرون مین نبی کے مگر جو تمکو حکم ہو کھانے کے واسطے تو جاؤ نہ راہ دیکھتے اوسکے پکنے کی و لیکن جب
بلائے تب جاؤ پھر جب کھا چکو تو آپ اپنے چلے جاؤ اور نہ بیٹھو آپسمین جی لگاتے باتون مین اس بات سے تمھاری تکلیف تھی
پیغمبر کو پھر شرم کرتا ہی یعنی تمھارے نکالنے سے اور اللہ شرم نہین کرتا ٹھیک بات بتلانے مین اور جب مانگنے جاؤ پیغمبر کی
بیویون سے کچھ چیز کام کی تو مانگ لو اونسے پردے کے باہر سے اسمین خوب ستھرائی ہی تمھارے دل کو اور اونکے دل کو اور تمکو
نہین پہونچتا کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو اوسکی عورتون سے اوسکے پیچھے یعنی انتقال کے بعد کبھی البتہ یہ بات
تمھاری اللہ کے ہان بڑا گناہ ہی ÷ **تفسیر** ÷ یہ اللہ تعالی نے ادب سکھائے مسلمانون کو کبھی کھانے کو حضرت کے گھر
مین جمع ہوتے تھے پیچھے باتین کرنے لگ جاتے حضرت کا مکان آرام کا وہی تھا شرم سے نفرماتے کہ اوٹھ جاؤ اونکے واسطے
اللہ تعالی نے فرما دیا اور اس آیت مین حکم ہوا پردے کا کہ مرد حضرت کی ازواج کے سامنے نہ جاوین سب مسلمانون کی عورتون پر
یہ حکم واجب نہین اگر عورت سامنے ہو کسی مرد کے سب بدن کپڑون مین ڈھکا ہو تو گناہ نہین اور اگر نہ سامنے ہو تو بہتر ہی ÷ **معوذ**
اکثر مفسرون کے نزدیک شان نزول اس آیت کا یہ ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا زینب بنت جحش سے
اور بلایا لوگون کو طعام ولیمہ کے لیے تو لوگ جمع ہوئے اور کھانا کھایا بعضے آدمی بعد کھانے کے بیٹھے رہے مشغول ہو کر باتون مین
اور حضرت زینب حجرے مین دیوار کی طرف مونھ کیے ہوئے بیٹھی رہین اور جب تک حکم پردے کا نہین تھا اور آنحضرت
چاہتے تھے کہ لوگ چلے جاوین جب لوگ نہ اوٹھے تو آنحضرت خود اوس مجلس سے اوٹھے اور اکثر صحابہ چلے گئے تین چار
آدمی بیٹھے رہے اور آنحضرت حیا سے اونکو نہین کہ سکتے تھے کہ چلے جاؤ اور آپ باہر آئے حضرت عایشہ کے حجرے کے
دروازے تک پہونچ کر پھر پھرے بگمان اسکے کہ لوگ چلے گئے ہونگے لیکن دیکھا تو بیٹھے تھے پھر چلے گئے پھر آئے غرض کہ
بعد انتظار بہت کے خلوت ہوئی آنحضرت زینب کے گھر مین آئے اور انس نے کہا کہ مینے بھی چاہا کہ آنحضرت کے ساتھ
گھر مین جاؤن پر آپنے پردہ حجرے کے دروازے پر چھوڑا اور یہ آیت نازل ہوئی اور حکم پردے کا صادر ہوا اور ابن عباس
سے منقول ہی کہ یہ آیت نازل ہوئی بیچ حق کتنے ایک آدمیون کے مسلمانون مین سے کہ وہ منتظر رہتے تھے آنحضرت کے

کھانے کے وقت کے پہلے آتے تھے وہ پہلے کھانا پک چکنے کے بیٹھے رہتے یہان تک کہ پک چکتا طعام پھر کھاتے اور جلدی
نہ نکلتے پس آنحضرت کو ایذا ہوتی اونکے سبب سے پس اوتری آیت یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا الخ معالم
روایت کیا گیا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ولیمہ کیا زینبؓ کے نکاح مین ساتھ کھجورون اور ستو اور بکری کے گوشت سے
اور حکم کیا انس کو کہ لوگون کو بلالا پس پے در پے آئین جماعتین کھا جاتی تھی ایک جماعت پھر آتی اور جماعت یہان تک کہ کہا انس نے
یا رسول اللہ بلایا مینے لوگون کو یہان تک کہ نہین پاتا ہون مین اب کسیکو کہ بلاؤن اوسکو پس فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اوٹھاؤ کھانا
اور متفرق ہوئے لوگ اور باقی رہے تین شخص باتین کرتے پس بہت دیر تک بیٹھے رہے پس اوٹھے آنحضرت تاکہ چلے جاوین
وہ اور پھرے بیویون کے حجرون مین اور سلام علیک کی اونسے اور دعا دی اونھون نے پھر پھرے حضرت تو دیکھا کہ وہ تینون
بیٹھے ہوئے باتین کرتے تھے اور آنحضرت بہت شرم رکھتے تھے پس پھرے آنحضرتؐ پس جب دیکھا اونھون نے آنحضرتؐ کو پھرتے
نکلے وہ اور آنحضرت تشریف لائے اور نازل ہوئی یہ آیت یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ اور اللہ نہین شرم کرتا ہی حق سے یعنی
نکالنا تمھارا حق تھا نہین لائق یہ کہ حیا کیجاوے اوس سے اور ہر گاہ کہ تھی حیا اوس قبیل کی کہ منع کرتی ہی حیا والے کو
بعض افعال سے کہا گیا واسطے اللہ کے کہ نہین حیا کرتا وہ حق سے یعنی نہین باز رہتا اوس سے اور نہین چھوڑ دیتا اوسکو
مانند چھوڑ دینے حیا والے کے تم مین سے کسی امر کو او خوب ستھرائی ہی الخ یعنی شیطان کے خطرون سے اور فتنون کے عوارض سے
اور آیا ہی کہ پہلے اوترنے اس آیت کے کہ متضمن ہی فرضیت پردے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیان شب کو واسطے پائخانہ
پھرنے کے باہر جاتی تھین اور عمرؓ چاہتے تھے کہ پردے مین بیٹھین آنحضرتؐ کی بیویان اور آرزو رکھتے تھے کہ کچھ اس باب مین
نازل ہو اور بارہا جناب رسالتمآب مین عرض کرتے تھے کہ یا رسول اللہ آتے ہین آپ کے پاس نیک و بد پس اگر حکم فرمایئے
امہات المومنین کو پردہ کرنے کا تو بہتر ہی قضا کار ایک روز سودہ بنت زمعہ کہ بیوی تھین آنحضرتؐ کی پائخانے کے سبب
باہر نکلین اور قد اونکا دراز تھا حضرت عمرؓ نے آواز دی کہ پہچانا ہمنے تمکو اے سودہ اور غرض اونکی حرص تھی اوپر اوترنے حکم پردے
کے پس اوتری یہی آیت پردے کی پس بعد اسکے اوترنے کے نہین درست تھا کسیکو کہ دیکھے طرف کسی بیوی آنحضرتؐ کے
خواہ نقاب ڈالے ہو یا بغیر نقاب کے حاصل یہ کہ حضرت کی بیویون کے حق مین یہ حکم تھا کہ کوئی وجود بھی اونکا نہ دیکھے اگرچہ بدن
ڈھکا ہوا اور اور کے لیے یہ حکم نہین اگر جسم ڈھکا ہو تو شخصی یعنی وجود کا پردہ نہین روایت ہی انس سے کہ کہا عمرؓ نے موافق مرضی
میری کے تین حکم نازل کیے میرے رب نے ایک تو یہ کہ عرض کیا مینے کہ یا رسول اللہ اگر مقام ابراہیم کو مصلی ٹھہرایئے تو بہتر ہی
پس نازل کی اللہ تعالی نے آیت وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰھِیْمَ مُصَلًّی اور دوسرے یہ کہ عرض کیا مینے کہ یا رسول اللہ
آتے ہین آپ کے پاس نیک و بد پس اگر حکم کیجیے امہات المومنین کو پردے کا تو بہتر ہی پس اوتاری اللہ تعالی نے آیت حجاب
کی اور تیسرے یہ کہ مینے سنا کچھ ایذا دینا آنحضرتؐ کی بیویون کا آنحضرتؐ کو یعنی درباب طلب نفقہ کے پس گیا مین بیویون پاس
اور شروع کیا مینے سمجھانا ایک ایک کو کہا مینے قسم خدا کی باز آؤ تم ان باتون سے والا بدل دیگا اللہ تعالی آنحضرتؐ کے لیے
بیویان بہتر تمسے یہان تک کہ آیا مین زینب کے پاس پس کہا زینب نے اے عمر کیا نہین ہی آنحضرتؐ مین اتنی سمجھ کہ سمجھا دین اپنی
بیویون کو یہان تک کہ تم نصیحت کرتے ہو اونکو کہا عمرؓ نے پس نکلا مین پس اوتاری اللہ تعالی نے آیت عَسٰی رَبُّہٗ اِنْ طَلَّقَکُنَّ
اَنْ یُّبْدِلَہٗ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْکُنَّ اخر آیت تک اور نہ یہ کہ نکاح کرو الخ نازل ہوئی یہ بیچ حق ایک شخص کے آنحضرتؐ کے صحابیون مین سے
کہ کہا اگر انتقال ہوگا آنحضرتؐ کا تو مین نکاح کرونگا عایشہؓ سے کہا مقاتل بن سلیمان نے کہ وہ کہنے والا طلحہ بن عبید اللہ تھے پس خبر دی اللہ تعالی نے کہ یہ حرام ہی معالم

إِن تُبْدُوا شَيْئًا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝

اگر کھولو کسی چیز کو یعنی ایذا دینی آنحضرت ﷺ کی یا نکاح کرنا اونکی بیویون سے یا اوسکو چھپاؤ یعنی اپنے دلون مین سو اللہ ہر چیز جانتا + **تفسیر** + پس عذاب کریگا تمکو بسبب اسکے اور یہ بھی نازل ہوئی اوسی شخص کے حق مین کہ دل مین اوسکے ارادہ تھا نکاح کرنے کا عایشہ رض سے بعد آنحضرت ﷺ کے اور بعضون نے کہا کہ کہا ایک شخص نے صحابہ مین سے کہ کیا حال ہے ہمارا کہ منع کیے جاتے ہین ہم اپنے چچا کی بیٹیون کے پاس سے جانے سے اوسپر یہ آیت مذکور اوتری + **معالم** + **مدّ تنبیہ** + دیکھا چاہیے کہ کیا مرتبہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ اتنی سی تکلیف آپ کی جناب کبریائی نے روا نہی اور کیا کچھ اسپرے وعید فرمائی ہے چنانچہ امتیون کے اعمال بد عرض ہوتے ہین آنحضرت ﷺ پر اور اوس جناب اشفق کو رنج ہو بسبب سننے اونکے کے تو خیال کرنا چاہیے کہ کیا کچھ مستحق عتاب ہوتے ہون اور قطع نظر اسکے گناہ کرنا خود موجب غضب الٰہی کا ہے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایاک والمعصیۃ فان بالمعصیۃ حل سخط اللّٰہ +

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۗ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ۝

گناہ نہین اون عورتون کو سامنے ہونیکا اپنے باپون کے اور نہ اپنے بیٹون کے اور نہ اپنے بھائیون کے اور نہ اپنے بھتیجون کے اور نہ اپنے بھانجون کے اور نہ اپنی عورتون کے اور نہ اپنے ہاتھ کے مال کے اور ڈرتیان رہو اللہ سے بیشک اللہ کے سامنے ہے ہر چیز یعنی اعمال بندون کے + **تفسیر** + جب اوتری آیت حجاب کی تو کہا آنحضرت ﷺ کی بیویون کے باپون اور بیٹون اور اقربا محرمون نے کہ یا رسول اللہ کیا ہم بھی کلام کیا کرین اونسے پردے کے پیچھے سے پس اوتری یہ آیت کہ یہ محرم ہین انکے سامنے ہونیکا مضایقہ نہین اور مراد اپنی عورتون سے مسلمان اور نیک بخت عورتین ہین انکی وضع کی پس کافر اور بدکار عورتین حکم اجنبی مردون کا رکھتی ہین اونکے سامنے بھی نہووین اور اپنے ہاتھ کے مال سے مراد بحسب صحیح روایت کے لونڈیان ہین اور غلام اونکے جمہور کے نزدیک مانند اور اجنبی مردون کے ہین اور چچا اور ماموں آیت مین نہین مذکور ہوئے اسلیے کہ یہ قائم مقام والدین کے ہین چنانچہ چچا کو باپ فرمایا ہے اللہ تعالی نے اس آیت مین وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ یہان خطاب ہے حضرت یعقوب ؑ کو پس حضرت اسمعیل کو اونکے باپون مین شمار کیا باوجودیکہ وہ چچا ہین حضرت یعقوب ؑ کے پھر نقل کیا گیا کلام غیبت سے طرف خطاب کے یعنی پہلے لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ الخ تھا کہ ساتھ ضمیرون غائب کے ذکر فرمایا پھر خطاب فرمایا بلفظ وَاتَّقِينَ اللَّهَ اور اس نقل مین قصد کیا ہے تشدد کرنا گویا کہ کہا گیا اور ڈرو تم اللہ سے اوس چیز مین کہ حکم کی گئی ہو تم اوس چیز کہ وہ پردہ کرنا ہے اور احتیاط کرو تم اوسمین اور شہید کے معنی ہین عالم یعنی جاننے والا کہا ابن عطا نے کہ شہید اوسکو کہتے ہین کہ جانے دلون کے خطرون کو جیسے کہ جانے حرکات اعضا کو پس نہین اللہ ہی کی ہے کسی اور کی نہین اوپر کچھ آداب حضرت ﷺ کے گھر والون کے مذکور ہوئے بسبب بڑی قدر ہونے اونکے کے اللہ تعالی کے نزدیک آگے گویا فرماتے ہین کہ یہ رسول ہمارے نزدیک بڑی قدر والا ہے تمکو منظور رکھو آداب اوسکے اور اوسکے گھر والون کو اور درود بھیجو اوسپر کہ اللہ بھی اوسپر رحمت بھیجتا ہے اور اوسکے فرشتے بھی استغفار کرتے ہین اوسکے لیے اللّٰہم صل وسلم علیہ وعلی آلہ واصحابہ وعلی اشیاعہ ابدًا ابدًا + **مسلم** +

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝

تحقیق خدا اور فرشتے اوسکے درود بھیجتے ہین اوپر پیغمبر کے ای مسلمانون درود بھیجو تم اوسپر اور سلام بھیجو سلام بھیجنا + فتح
تحقیق اللہ اور اوسکے فرشتے رحمت و استغفار بھیجتے ہین رسول پر ای ایمان والو رحمت بھیجو اوسپر یعنی دعا کرو اوسکے لیے
اور سلام بھیجو سلام کہکر + **تفسیر** + یہ حکم ادا ہوتا ہی نماز مین اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اللہ سے
رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور اونکے ساتھ اونکے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہی اوسپر اونکے لائق رحمت او ترقی ہی اور دس رحمتین
او ترقی ہین مانگنے والے پر جتنا چاہے اوتنا حاصل کرے + مو + رحمت بھیجو یعنی کہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یا صلی
اللہ علی محمد اور سلام بھیجو یعنی کہو اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ یا معنی سَلِّمُوْا کے ہین تابعدار ہو واسطے اونکے امر کے اور مانو
اور بجا لاؤ اوسکو اور پوچھی گئی آنحضرت سے تفسیر اس آیت کی پس فرمایا کہ بلا شبہ اللہ تعالی نے مقرر کیے ہین واسطے میرے
دو فرشتے پس نہین ذکر کیا جاتا ہون مین نزدیک کسی بندے مسلمان کے پھر وہ درود بھیجتا ہی مجھپر مگر کہ کہتے ہین وہ دونون فرشتے
غَفَرَ اللّٰہُ لَكَ اور فرماتا ہی اللہ اور اور ملائکہ اوسکے جواب مین اون دونون فرشتون کے آمین اور نہین ذکر کیا جاتا ہون مین نزدیک
کسی بندے مسلمان کے پس نہین درود بھیجتا ہی مجھپر مگر کہ کہتے ہین وہ دونون فرشتے کہ لَا غَفَرَ اللّٰہُ لَكَ (نہ بخشے اللہ تجکو) اور فرماتا ہی اللہ اور
فرشتے اوسکے واسطے اون دونون فرشتون کے آمین پس اگر سنے اسم مبارک نبی علیہ السلام کا تو درود بھیجے اوسپر کہ یہ واجب ہی
پھر اگر سنے کئی بار ایک مجلس مین تو اختلاف کیا علما نے بعضون نے تو کہا کہ نہین واجب ہی سننے والے پر مگر ایکبار درود بھیجنا
کذا فی فتاوی قاضیخان اور قنیہ مین کہا کہ اسپر فتوی دیا گیا ہی اور کہا طحاوی نے کہ واجب ہی اوسپر درود بھیجنا ہر سننے
کے وقت اور مختار قول طحاوی ہی کا ہی کذا فی الولوالجیہ اور احتیاط اسی مین ہی اور اسپر جمہور ہین اور اگر درود بھیجے آنحضرت کے
غیر پر بطور تبعیت کے جیسے کہے صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ تو کچھ کلام نہین ہی اسمین جائز ہی اور جس صورت مین اکیلے
کسی پر درود بھیجا اہل بیت مین سے تو مکروہ ہی اور شعار روافض سے ہی اور سلام کفایت کرتا ہی صلوۃ سے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم پر اور اگر سنے نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قرآن پڑھتے وقت تو نہین واجب ہی درود بھیجنا اور اگر بعد فارغ ہونے کے
قرآن سے بھیجے تو اچھا ہی اور اگر قرآن پڑھتے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر پہنچے تو پڑھنا قرآن کا بحسب تالیف اور
نظم اوسکے افضل ہی درود بھیجنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اوسوقت مین پس اگر فارغ ہو کر بھیجے تو افضل ہی اور اگر نہ
بھیجے تو کچھ ضرر بھی نہین اسکو اور پوچھے گئے بقالی پڑھنے قرآن کے سے کہ آیا وہ افضل ہی یا درود بھیجنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر
پس کہا اونھون نے کہ وقت طلوع آفتاب کے اور اون اوقات مین کہ منع کی گئی ہی نماز اونمین درود بھیجنا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم پر اور دعا اور تسبیح اولی ہی قرآن کے پڑھنے سے اور سلف تسبیح کرتے تھے ان اوقات مین اور قرآن نہین پڑھتے تھے
اور کہا ابن عباس رض نے بیچ تفسیر اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِكَتَہٗ یُصَلُّوْنَ الخ کے کہ مراد یہ ہی کہ اللہ تعالی رحمت بھیجتا ہی نبی صلی اللہ
علیہ وسلم پر اور ملائکہ دعا کرتے ہین اونکے لیے اور ابن عباس رض سے تفسیر یُصَلُّوْنَ کی یتبرکون بھی منقول ہی یعنی تعریف کرتے
ہین اونکی اور بعضون نے کہا کہ صلوۃ اللہ تعالی کی طرف سے رحمت ہی اور ملائکہ کی طرف سے استغفار اور کہا ابو العالیہ نے
کہ صلوۃ اللہ کی ثنا کرنی ہی اوسکی آنحضرت پر نزدیک ملائکہ کے اور صلوۃ ملائکہ کی دعا + مل + **عالمگیری** + **معالم**
مسئلہ جمہور اسپر ہین کہ امر درود بھیجنے کا پیغمبر خدا پر اس آیت مین وجوب کے لیے ہی لیکن امام مالک رح کہتے ہین کہ ایکبار
تمام عمر مین فرض ہی اور زیادہ اسپر سنت اور مستحب ہی اور امام اعظم رح کہتے ہین کہ ایکبار فرض ہی اور بوقت سننے نام آنحضرت کے
جسوقت سنے واجب ہی اور نماز کے قعدہ اخیرہ مین سنت ہی اور اور تمام اوقات مین مستحب ہی اور امام شافعی اور احمد کے نزدیک

نماز کے قعدۂ اخیرہ مین فرض ہی اور بوقت سننے نام آنحضرتؐ کے بھی واجب ہی اور بیچ فتاویٰ برہنہ حنفیہ کے لکھا ہی کہ وقت سننے نام ہر پیغمبر کے انبیا مین سے درود بھیجنا واجب ہی اور خلاصہ مین کہا کہ اگر وقت تلاوت کے بھی سنے تو بھی درود واجب ہو اور تعظیم خدا تعالی کی ساتھ جل جلالہ کے کہنی ہر بار کہ نام پاک اوسکا سنے واجب ہی کذا فی الجامع اور نظم مین کہا کہ ہر مجلس مین ایکبار کافی ہی اور فتح القدیر مین کہا اگر فوت ہو تعظیم مذکور کہنی تو اوسپر دین نہین ہوگا برخلاف درود کے کہ دین ہوتے پر رہتا ہی یعنی قضا اوسکی لازم ہی نہ قضا تعظیم خدا کی اگر فوت ہو اور عمدۃ الواعظین مین کہا جو نام پاک کہ سنے جل جلالہ کہنا واجب ہی اور فضائل درود کی کچھ حد نہین ہی کوئی قربت بعد ذکر خدا کے مانند اسکے نہین ہی جسقدر کہ خدا توفیق دے غنیمت جانے اور ذکر کرنے اوسکے تمام فضائل کے سے طول ہوتا ہی اور کسی پر مخفی نہین اسلیے چند احادیث کے بیان پر اکتفا کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَکْثَرُهُمْ عَلَیَّ صَلٰوةً یعنی بہت قریب ساتھ میرے لوگون مین سے روز قیامت کے وہ ہوگا کہ جو مجھپر درود بہت بھیجا کرتا ہی اور یہ بھی فرمایا کہ جو مجھپر ایکبار درود بھیجتا ہی رحمت بھیجتا ہی اللہ اوسپر دس بار اور یہ بھی فرمایا کہ جبرئیل میرے پاس آئے اور کہا کہ بلاشبہہ تیرا رب فرماتا ہی کیا نہین راضی کرتا تجکو اے محمد یہ کہ نہ درود بھیجے تجپر کوئی تیری امت مین سے مگر کہ رحمت بھیجون مین اوسپر دس بار اور نہ سلام بھیجے تجپر کوئی تیری امت مین سے مگر کہ سلام بھیجون مین اوسپر دس بار اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اَبَدًا اَبَدًا اور یہ بھی فرمایا مَنْ صَلّٰى عَلَیَّ صَلٰوةً صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ كَمَا صَلّٰى فَلْيُقِلَّ الْعَبْدُ مِنْ ذٰلِكَ اَوْ لِيُكْثِرْ یعنی جو درود بھیجے مجھپر ایک درود استغفار کرین اوسکے لیے فرشتے جیسا کہ درود بھیجا پس چاہے کم کرے بندہ اس یا زیادہ اور یہ بھی فرمایا کہ اللہ کے لیے فرشتے ہین سیر کرنے والے زمین مین کہ پونہچاتے ہین مجکو میری امت کی طرف سے سلام یہ روایتین معالم مین ہین اور الفاظ درود کے حدیثون مین طرح بطرح آئے ہین اور بہت صحیح وہ درود ہین کہ جو نماز مین پڑھنے آئے ہین حدیث مین یعنی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسکو خوش آوے یہ کہ ماپے ثوابکو ساتھ پیمانے پورے کے یعنی جسکو بہت سا ثواب لینا منظور ہو جبکہ درود بھیجے ہمپر کہ اہل بیت نبوت کے ہین پس چاہیے کہ پڑھے یہ درود اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اور بہت درود منقول ہین حدیثون مین حتی المقدور ملحوظ اون درودوں کا پڑھنا ہے کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوئے ہین اور نووی نے کہا افضل یہ ہی کہ جو الفاظ وارد ہوئے ہین حدیثون مین اونکو جمع کر کر پڑھے جیسے کہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعٰلَمِيْنَ رَبَّنَا اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اور آداب درود پڑھنے کے مثل آداب ذکر حق کے ہین کہ وضو کر کر متوجہ تمام روبقبلہ بیٹھکر مسجد مین یا جاے پاک مین پڑھے اور اگر خوشبو حاضر کرے اولی تر ہی اور بعد ہر نماز کے کچھ درود مقرر کرے اور وقت سحر کے بعد تہجد کے جسقدر کہ ممکن ہو پڑھا کرے ✢ **بحث تنبیہ** ✢ جاننا چاہیے کہ فضائل اور

فائدے درود شریف کے بیشمار ہین واسطے اکتساب سعادت کے کچھ اونمین سے قید قلم مین آتے ہین فرمایا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ نہ بیٹھے کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کیا اللہ تعالی کو اوسمین اور نہ درود بھیجا اپنے نبی پر مگر کہ ہوگی وہ مجلس اونپر سبب
حسرت کی دن قیامت کے اگرچہ داخل ہووین بہشت مین آور فرمایا کہ بہت بھیجو مجھپر درود دن جمعے کے پس تحقیق درود تمھارا
عرض کیا جاتا ہی مجھپر یعنی درود بہت بھیجا کرو مجھپر خصوصًا دن جمعے کے کہ درود تمھارا جب پڑھتے ہو مجھپر عرض ہوتا ہی اور جمعے کو
بطریق اولی اور ادنی درجہ کثرت کا اسّی یا ستو بار ہی آور فرمایا بڑا بخیل وہ ہی کہ ذکر کیا جاؤن مین پاس اوسکے یعنی نام لیا جاوے
میرا اور پھر درود نہ بھیجے مجھپر آور فرمایا کہ بہت بھیجو مجھپر درود پس تحقیق درود بھیجنا زکوۃ ہی تمھارے لیے یعنی سبب زیادتی اجر
اور بڑھنے مال کا اور پاکی کا گناہون سے ہی آور فرمایا خاک مین بھرے ناک اوس شخص کی یعنی خوار اور ہلاک ہووے وہ کہ ذکر
کیا جاؤن مین اوسکے پاس اور پھر درود نہ بھیجے مجھپر آور فرمایا کہ جو کوئی یاد کرے مجکو اور نام لے میرا پس چاہیے کہ درود بھیجے
مجھپر آور آیا ہی کہ ابی بن کعب صحابی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ آپ پر درود بہت بھیجون پس کسقدر مقرر کرون
واسطے درود آپکے کے اوس وقت مین سے کہ اپنی دعا کے لیے معین کیا ہی مینے فرمایا جسقدر چاہے درود مین صرف کر ابی بن کعب نے
عرض کیا کہ چوتھائی حصہ وقت ورد اپنے مین سے آپ کے درود مین صرف کرون فرمایا جسقدر چاہے لیکن اگر اس سے زیادہ کرے
تو بہتر ہی تیرے لیے پھر عرض کیا کہ آدھا وقت درود مین صرف کرون فرمایا جسقدر چاہے لیکن زیادہ کرنا بہتر ہی تیرے لیے پھر
عرض کیا کہ دو تہائی مقرر کرون فرمایا جسقدر چاہے لیکن اگر دو تہائی سے زیادہ کرے تو بہتر ہوگا تیرے لیے تب اونھون نے
عرض کیا جَعَلْتُ لَكَ صَلَاتِي كُلَّهَا یعنی تمام وقت اپنے ورد کا آپکے درود ہی مین خرچ کرونگا پس فرمایا اِذًا يُكْفىٰ
هَمُّكَ یعنی اب کفایت کی جائینگی ساری مہمات دینی اور دنیائی تیری اور بر آوینگی حاجتین تیری اور بخشے جائینگے گناہ
تیرے آور فرمایا جو کوئی درود بھیجے مجھپر ایکبار رحمت بھیجتا ہی اوسپر اللہ دس بار اور دور کیے جاتے ہین اوس سے دس گناہ
اور بلند کیے جاتے ہین اوسکے دس درجے بہشت مین اور لکھی جاتی ہین اوسکے لیے دس نیکیان آور آیا ہی کہ جو کوئی درود
بھیجے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار رحمت بھیجتا ہی اللہ اور استغفار کرتے ہین اوسکے لیے فرشتے اوسکے ستر بار یعنی
بہت آور کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ ہر دعا منع کی گئی ہی قبولیت سے یعنی قبول نہین ہوتی یہان تک کہ درود بھیجا جاوے
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل حضرت محمد پر آور کہا شیخ ابو سلیمان دارانی رحمہ اللہ نے کہ بڑے اولیا اور فضلا سے تمام ہین
کہ جب مانگے تو اللہ تعالی سے کوئی حاجت پس شروع کر اوسکو ساتھ درود بھیجنے کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر دعا کر جو کچھ
چاہے تو پھر تمام کر دعا کو ساتھ درود بھیجنے کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کیونکہ بلاشبہ اللہ پاک ذات ساتھ کرم اپنے کے
قبول کرتا ہی دونون درودون کو یعنی اول و آخر کے اور وہ بزرگتر ہی اس سے کہ چھوڑ دے اوس چیز کو کہ درمیان اون دونو
کے ہی یعنی بطفیل درود کے دعا بھی قبول ہوتی ہی یہ روایتین حصن حصین اور مشکوۃ مین ہین آور کتاب مفتاح مین کہ حاشیہ
حصن حصین کا تالیف کیا ہوا اوسکے مؤلف کا ہی لکھا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی درود بھیجتا ہی مجھپر
کتاب مین یعنی لکھتا ہی کتاب مین ہمیشہ فرشتے بخشش مانگتے رہتے ہین اوسکے لیے جب تک کہ نام میرا اوس کتاب مین رہتا ہی
آور فرمایا کہ جسنے قرآن پڑھا اور حمد کی اپنے رب کی اور درود بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور استغفار کی اپنے رب سے پس تحقیق
طلب کی اوسنے خیر جگہہ اوسکی سے اور درود شریف کے پڑھنے سے محتاجگی دور ہوتی ہی آدمی سے اور بے پروا ہوتا ہی
لوگون سے جابر بن سمرہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ کہا اونھون نے کہ تھے ہم نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

کرنا کہ وہان آیا ایک شخص حضرت کے پاس اور عرض کی اے یا رسول اللہ کونسا عمل بہت نزدیک ہی طرف اللہ تعالی کے فرمایا سچی بات
ہونا اور ادا امانت عرض کیا اوسنے کچھ اور بھی فرمائیے فرمایا نماز رات کی اور صوم ہواجر یعنی روزہ گرمی کا عرض کیا اوسنے یا رسول اللہ
کچھ اور زیادہ فرمائیے فرمایا کثرت ذکر کی اور درود بھیجنا مجھپر دور کرتا ہی فقر کو روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ اللہ کے فرشتے ہین سیر
کرنے والے جب گذرتے ہین وہ ذکر کے حلقے پر آپسمین ایک دوسرے کو کہتا ہی بیٹھ جاؤ پس جب لوگ دعا کرتے ہین وہ فرشتے آمین
کہتے ہین پس جب یہ درود بھیجتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وہ بھی درود بھیجتے ہین انکے ساتھ یہان تک کہ فراغت پاتے ہین پھر
کہتا ہی بعضا اونکا بعضے کو خوشوقتی ہووے انکو کہ پھرتے ہین یہ اوس حال مین کہ بخشے گئے ہین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جب بھول جاؤ تم کچھ پس درود بھیجو مجھپر یاد آجائیگی وہ چیز اور مجرب ہی روایت کی حافظ اسمعیل نے کتاب ترغیب مین ساتھ سند
جید صحیح کے کہ پہونچتی ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص تک کہا اونھون نے جسکو ہووے کچھ حاجت طرف اللہ تعالی کے پس
چاہیے کہ روزہ رکھے بدہ اور جمعرات اور جمعے کو اور طہارت کرے یعنی غسل یا وضو کرے اور اول وقت نماز جمعے کے لیے
جاوے اور تصدق کرے کچھ یعنی اللہ کے نام پر کچھ دے کم ہو یا بہت پس جب جمعہ پڑھ چکے پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ وَاَسْأَلُکَ بِاسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ لَا تَأْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّلَا نَوْمٌ لَّہٗ مَلَأَتْ عَظَمَتُہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ الَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ
وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْ تُعْطِیَنِیْ حَاجَتِیْ
وَھِیَ کَذَا وَکَذَا یعنی لفظ کذا کی جگہہ حاجت اپنی بیان کرے پس تحقیق قبول کی جائیگی دعا اوسکی انشاء اللہ تعالی اور کہتے تھے
عبد اللہ کہ یہ دعا اپنے نادانون کو نہ سکھانا اسلیے کہ دعا کرینگے ساتھ اسکے گناہ اور قطع رحم پر اور سفیان ثوری جب کسی مجلس سے
اوٹھنے کا ارادہ کرتے کہتے صَلَّی اللّٰہُ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَنْبِیَآئِہٖ اور لکھا ہی بعضے علما نے حدیثون سے
استنباط کرکر کہ درود سبب زیادتی نور کا ہی بندے کے لیے پل صراط پر اور درود سبب ہی واسطے باقی رکھنے اللہ تعالی کے
بندے کے لیے تعریف اچھی کو درمیان آسمان و زمین والون کے اور اسیطرح درود ہوتا ہی سبب برکت ذات مصلی کا اور
عمل اور عمر اوسکی کا اور درود سبب ہی پہونچنے رحمت خدا کا اور وہ سبب ہی دوام محبت کا ساتھ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے اور وہ سبب ہی محبت رسول خدا کا ساتھ پڑھنے والے درود کے اور وہ سبب ہی بندے کی ہدایت کا اور
حیات دل اوسکے کی اور وہ سبب ہی واسطے عرض ہونے نام اسکے کے روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
اور وہ سبب ہی قدم جمنے کا پل صراط پر اور سبب گذرنیکا اوس سے اور صلوۃ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر بندے کی طرف سے
دعا ہی اور دعا و سوال بندے کے رب اپنے سے دو طرح ہی ایک یہ کہ حاجات اور مہمات اپنے اللہ تعالی سے مانگے اور دوسرے
یہ کہ ثنا کرے اوسکے دوست پر تو نہین شک ہی کہ اللہ تعالی دوست رکھیگا اسکو اور رسول اوسکا بھی دوست رکھیگا اسلیے
کہ اپنی حاجت نہ مانگی اور اوسکو اللہ تعالی اور رسول کی محبوب چیز مین صرف کیا اور مقدم رکھا اپنے حوائج پر پس اگر کچھ فائدہ
درود کا نہوتا مگر یہی یعنی محبت اللہ اور رسول کی تو البتہ کافی تھا کہتا ہی مصنف حصن حصین کا کہ فوائد درود بھیجنے کے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم پر بیشمار ہین اور ثمرات اوسکے ان گنت ہین دنیا اور آخرت مین خصوصا تنگیون اور مہمات اور فکرون اور قضائے
ادا جانے مین درمیان بارہا تجربہ کیا ہی اسکا پس اکثر خود اور اوسکے ہالکتون کی مہلکہ مین پڑا تو پس نہ نجات دی مجکو مگر درود بھیجنے نے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام ہوا مضمون مفتاح کا اور کتاب شفا اور وظائف النبی مین لکھا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو کوئی درود بھیجے مجھپر دس بار پس گویا کہ آزاد کرتا ہی ایک بردہ اور فرمایا کہ وارد ہونگی مجھپر قومین کہ نہین پہچانونگا
مین انکو مگر بسبب کثرت درود بھیجنے انکے کے مجھپر اور فرمایا کہ بڑا نجات پانے والا تم مین کا دن قیامت کے ہولون اوسکے سے
اور ہو اضع اوسکے سے بہت بھیجنے والا تمہارا ہوویگا مجھپر درودکو اور حضرت ابو بکرؓ سے روایت ہی کہ درود بھیجنا حضرت نبی
صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ نابود کرتا ہی گناہون کو پانی ٹھنڈے سے آگ کو یعنی ٹھنڈا پانی جیسے آگ کو بجھاتا ہی اوس سے زیادہ
گناہون کو نابود کرتا ہی اور درود بھیجنا واجب ہی جبکہ ذکر کیا جاوے اور سنا جاوے نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
اور حضرت حسن بصریؒ فرماتے تھے کہ جو کوئی چاہے پیکبوسے ساتھ پیالے پورے کے حوض مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے
تو پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ
وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔
اور ایک بزرگ سے منقول ہی کہ اونھون نے امام شافعیؒ سے بعد مرنے کے خواب مین حال انکا پوچھا پس کہا اونھون نے کہ بخش دیا
مجکو رب میرے نے اور رحم کیا بسبب ذکر کرنے میرے کے اس درود کو ایک رسالے کے اول مین کتابون اپنی سے اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذّٰكِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ اور ایک بزرگ سے منقول ہی کہ لوگ کشتی مین سوار ہوئے
پس چلی ہوا تیز اور گھیر لیا انکو ہر طرف سے اور موج ماری دریا نے اور طوفان آیا پس بیقرار ہوئے اور یقین کیا
غرق کا اور موت کا پس اسی حالت مین تھے کہ ایک شخص نے ایسے حال مین کہ کچھ سوتا تھا اور کچھ جاگتا دیکھا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سکھاتے ہین اوسکو یہ درود واسطے دفع قلق اور حصول نجات کے اور فرماتے ہین کہ سکھا یارون
اپنے کو پس پڑھین اسکو ہزار بار وہ شخص کہتا ہی کہ جب ہشیار ہوا مین تو سکھایا مینے لوگون کو اور وہ پڑھنے لگے
پس ارادہ کیا ہزار بار پڑھنے کا پس تین سو بار پڑھا تھا کہ نجات پائی اور موجین ٹھہر گئین وہ یہ ہی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا
بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا
بِهَآ اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
اور ایک بزرگ سے منقول ہی کہ جو کوئی کثرت کرے اس درود کی بسبب برکت اسکی کے ساتھ دیکھنے جمال جہان آرا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب مین مشرف ہوتا ہی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ
فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ تمام ہوا مضمون شفا اور وظائف النبی کا
اور حضرت شیخ عبد الحق رحمہ نے جذب القلوب مین لکھا ہی کہ اس درود کی ملازمت سے ساتھ طہارت کے مشرف ہوتا ہی ساتھ
رویت سید الانام کے خواب مین اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ اور مفاخر الاسلام
مین لایا ہی کہ جو کوئی روز جمعے کے ہزار بار یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کو خواب مین دیکھیگا یا منزل اپنی بہشت مین دیکھیگا اور اگر نہ دیکھے مکرر کرے اسکو پانچ جمعون تک دیکھیگا بفضل الٰہی [illegible]

کہ مسرت بخشے اسکو اور جو کوئی شب جمعہ کو دو رکعت نماز کی پڑھے اور ہر رکعت مین بعد سورۂ فاتحہ کے گیارہ بار آیت الکرسی اور گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے اور بعد از سلام کے سو بار یہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ دیکھیگا خواب مین حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو اگر نصیب اسکے ہوگا تین جمعے سے نہین گذرنے کا انشاء اللہ تعالیٰ اور تجربہ کیا ہی اسکو بعضے فقراء نے والحمد للہ اور یہ بھی روایت ہی کہ جو کوئی ادا کرے دو رکعت نماز کی شب جمعے کو اور پڑھے ہر رکعت مین بعد از فاتحہ کے قل ہو اللہ احد پچیس بار اور بعد سلام کے ہزار بار یہ درود پڑھے صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ دیکھیگا حضرتؐ کو خواب مین اور یہ بھی مجرب ہی اور اور طریق بھی واسطے حاصل کرنے اس سعادت کے بیان کیے ہین اور خلاصہ سبکا استغراق ساتھ ذکر آنحضرتؐ کے ظاہر و باطن مین اور کثرت کرنے درود کے اور دوام توجہ ہی کہ ہر امر مین اتباع سنت ملحوظ رکھے اور مدار کار فضل و عنایت پر ہی واللہ الموفق اور جیسے کہ کثرت درود کی سید کائنات علیہ افضل الصلوۃ والسلام پر شب جمعہ مین فضیلت رکھتی ہی شب دوشنبہ بھی اس حکم مین ساتھ اسکے شریک ہی اسلیے کہ دوشنبہ ایام فاضلہ سے ہی کہ اسمین عرض اعمال بندون کے درگاہ عزت مین کرتے ہین احیاء العلوم مین ہی کہ جو کوئی شب دوشنبہ کو چار رکعت نماز کی ادا کرے اور پڑھے پہلی رکعت مین بعد از فاتحہ کے سورۂ اخلاص دس بار اور زیادہ کرے دوسری رکعت مین دس بار یعنی بیس بار پڑھے اور تیسری رکعت مین تیس بار اور چوتھی رکعت مین چالیس بار اور بعد از سلام کے بھی پچھتر بار سورۂ اخلاص پڑھے اور استغفار کرے اپنے لیے اور اپنے والدین کے لیے پچھتر بار اور درود بھیجے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر پچھتر بار بعد از ان جو حاجت کہ حضرت حق سبحانہ سے چاہے پاویگا ساری حدیث بیان کی اور بیچ فضیلت درود کے روز پنجشنبہ مین بھی حدیث وارد ہوئی ہی اور مفاخر الاسلام مین لایا ہی کہ حدیث مین آیا ہی کہ جو کوئی درود پڑھے سو بار دن جمعرات کے نہین محتاج ہونے کا کبھی تمام ہوا کلام حضرت شیخؒ کا

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًا ۝

تحقیق جو لوگ ایذا دیتے ہین اللہ کو اور رسول اوسکے کو لعنت کی اونکو اللہ نے بیچ دنیا اور آخرت کے اور طیار کیا واسطے اونکے عذاب خوار کرنے والا ۝ **فتح** جو لوگ ستاتے ہین اللہ کو اور اوسکے رسول کو اونکو پھٹکارا اللہ نے دنیا مین اور آخرت مین اور رکھی ہی اونکے واسطے ذلت کی مار ۝ **تفسیر** یعنی آخرت مین کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ وہ یہود اور نصاریٰ اور مشرک ہین یہود تو کہتے تھے کہ عزیر بیٹا اللہ کا ہی اور یَدُ اللّٰہِ مَغْلُوْلَۃٌ یعنی ہاتھ اللہ کا بندھا ہی اور کہتے تھے اِنَّ اللّٰہَ فَقِیْرٌ اللہ محتاج ہی اور نصاریٰ کہتے تھے مسیح بیٹا اللہ کا ہی اور ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ یعنی تیسرا ہی تین مین کا اور مشرک کہتے تھے کہ ملائک بیٹیان اللہ کی ہین اور بت شریک ہین اللہ کے عیاذًا باللہ وہ نہایت پاک ہی ان باتون سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالیٰ یَشْتِمُنِیْ عَبْدِیْ برا کہتا ہی مجکو بندہ میرا کہتا ہی اِتَّخَذَ اللّٰہُ وَلَدًا وَاَنَا الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لِّیْ کُفُوًا اَحَدٌ پکڑا اللہ نے فرزند اور مین یکتا بے پروا ہون ایسا کہ نہ جنا نہ جنا گیا مین اور نہین ہی میرے لیے ہمسر کوئی اور فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالیٰ یُؤْذِیْنِیْ ابْنُ اٰدَمَ یَسُبُّ الدَّھْرَ وَاَنَا الدَّھْرُ بِیَدِیَ الْاَمْرُ اُقَلِّبُ اللَّیْلَ وَالنَّھَارَ یعنی ایذا دیتے ہین مجکو ابن آدم کہ برا کہتے ہین زمانے کو اور مین زمانہ ہون کہ میرے ہاتھ تمام امور ہین پھیرتا ہون مین رات اور دن کو اور بعضون نے کہا کہ معنی اللہ کے ایذا دینے کے یہ ہین کہ کجروی کرتے ہین اوسکے اسما و صفات مین اور عکرمہؒ نے کہا کہ ایذا دینے والے مصور ہین

کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ فرماتا ہی اللہ اور کون ہی ظالم تر اوس شخص سے کہ شروع کیا پیدا کرنا مانند پیدا کرنے میرے کے یعنی تصویر بنائی پس چاہیے کہ پیدا کرین ایک چیونٹی یا چاہیے کہ پیدا کرین ایک دانہ دانون مین سے یا پیدا کرے ایک جو اور کہا بعضون نے کہ معنی یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ کے ہین یُؤْذُوْنَ اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ یعنی ایذا دیتے ہین اولیاء اللہ کو فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ فرمایا اللہ تعالی نے مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ یعنی جسنے عداوت کی میرے ولی سے پس تحقیق آگاہ کر دیا مینے اوسکو ساتھ جنگ کے یعنی وہ ہمارا دشمن ہی ہمارے اوسکے لڑائی ٹھنی اور فرمایا مَنْ اَهَانَ لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ بَارَزَنِیْ بِالْمُحَارَبَةِ یعنی جسنے حقارت کی میرے ولی کی پس تحقیق نکلا وہ مجھسے لڑنے کو وَاِنِّیْ لَاَغْضَبُ لِاَوْلِیَائِیْ كَمَا یَغْضَبُ اللَّیْثُ الْحَرِدُ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ فرمایا اللہ تعالی نے اور مین غصے ہوتا ہون اپنے اولیا کے لیے جیسے کہ غصے ہوتا ہی شیر کتے کے پلے پر اس سے معلوم ہوا کہ ایذا دینے والے اصحاب کرام کے اور آل اطہار کے اور اولیاء اللہ کے رضوان اللہ علیہم اجمعین بیچ لعنت اس آیت کے داخل ہین اور سخت گنہگار یا معنی ایذا خدا کے ہین مخالفت اوسکے امر کی کرنی اور ارتکاب اوسکے معاصی کا کرنا اور کلمۂ کفر و شرک زبان پر لانا فرمایا یہ بحسب متعارف کے لوگون مین و الا اللہ عزوجل منزہ ہی اس سے کہ لاحق ہو اوسکو ایذا کسی سے اور ایذا رسول کی ہی زخمی کرنا چہرۂ مبارک کا اور توڑنا اونکے دندان مبارک کا اور کہنا اونکو ساحر اور شاعر اور مجنون اور جھوٹا اور طریق سنت اونکے سے روگردانی کرنی اور جو کچھ اونکو خوش نہ آوے خواہ کلام ہو یا عمل اوسکو عمل مین لانا + **معالم بحر** + **تنبیہ** + مؤید ہی مضمون اخیر کی یہ حدیث شرح الصدور کی کہ حکیم ترمذی سے نقل کی ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عرض کیے جاتے ہین اعمال بروز دوشنبہ اور پنجشنبہ کے اللہ تعالی کے سامنے اور عرض کیے جاتے ہین اعمال اوپر انبیا اور باپون اور ماؤن کے دن جمعے کے پس خوش ہوتے ہین وہ انکی نیکیون سے اور اونکے چہرون کی سفیدی اور چمک زیادہ ہو جاتی ہی یعنی اور ایذا پاتے ہین اونکی برائیون سے پس ڈرو تم اللہ تعالی سے اور نہ ایذا دو تم اپنے موتے کو پس ہر شخص کو ضرور ہی کہ گناہ سے بچے اور اتباع سنت کرے تا مورد غضب الٰہی اور باعث ایذا تمام انبیا خصوصاً آنحضرت صلعم اور ماں باپ کی کا نہووے عیاذاً باللہ منہ افسوس ہی کہ بعضے آدمی ایسی باتون کا اہتمام کرتے نہین اور پھر دم محبت مارتے ہین یعنی اپنے تئین محب آنحضرت صلعم اور اور انبیا اولیا کا گنین اور پھر ناچ رنگ اور ڈھولک بازی غیرہ گناہون کی چیزون مین مشغول ہو کر ان سبکو ایذا پونہچاوین ۞

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا۟

اور جو لوگ کہ ایذا دیتے ہین ایمان والون کو اور ایمان والیون کو بغیر گناہ کے کہ عمل مین لائین ہون پس تحقیق اوٹھایا بوجھ بہتان کا اور گناہ ظاہر + **فتح** + اور جو لوگ تہمت لگاتے ہین مسلمان مردون کو اور عورتون کو بن کیے کام کے تو اوٹھایا اونھون نے بوجھ جھوٹ کا اور صریح گناہ کا + **تفسیر** + یہ منافق تھے کہ پیٹھ پیچھے بدگوئی کرتے رسول کی یا اونکی زوجہ پر طوفان لگایا سورۂ نور مین اونکے کلام ذکر ہو چکے + **مو** + مطلق چھوڑ دی گئی ایذا اللہ کی اور رسول صلعم کی اور مقید کی ایذا مومنین کی کہ فرمایا بغیر کیے کام کے اسلیے کہ ایذا اللہ اور رسول صلعم کی ہمیشہ ہوتی ہی بغیر ہی حق کے اور مومنین و مومنات کی ایذا کبھی حق بھی ہوتی ہی مانند حد و تعزیر پونہچانے کے اور کبھی باطل اور آیا ہی کہ یہ آیت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایذا دینے والون کے حق مین اوتری ہی کہ ساتھ باتون ناسزا اور برے کہنے کے اونکو ایذا دیتے تھے یہ قول مقاتل کا ہی اور بعضون نے کہا

کہ یہ آیت نازل ہوئی ہی حضرت عایشہ رضؓ کے حق مین کہ اونپر بہتانِ زنا لگاکر ایذا دی تھی چنانچہ سورۂ نور مین وہ قصہ مذکور ہی اور بعضون نے کہا کہ ایک روز عمر رضؓ نے ایک لونڈی بدکار کو ادب دیا اور ڈانٹا اوس لونڈی نے شکایت اپنے مالک سے کی اوسنے حضرت عمر رضؓ کو برا بھلا کہا یہ آیت اوسکے حق مین نازل ہوئی انتہی پس فسق بلکہ کفر صحابہ اور حضرت عایشہ رضؓ کے برا کہنے والونکا اس آیت سے بھی ثابت ہوا اور حدیث مین ہی کہ فرمایا آنحضرت نے مَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَقَدْ سَبَّنِیْ وَمَنْ سَبَّنِیْ فَقَدْ سَبَّ اللّٰہَ اور ضحاک اور کلبی نے کہا کہ یہ آیت زانیون کی شان مین نازل ہوئی ہی کہ راتون کو مدینے کے سر راہون پر بیٹھتے تھے اور دستِ تعدی عورتون پر دراز کرتے تھے اوسوقت کہ عورتین قضاے حاجت کو نکلتین تھین پس ٹوکتے تھے عورت کو اگر چپ ہو رہی وہ تو پیچھا کرتے تھے اوسکا اور اگر ڈانٹ دیا اوسنے اونکو باز رہتے تھے اوس سے اور نہین طلب کرتے تھے مگر لونڈیون کو ولیکن وہ امتیاز نہین کرتے تھے آزاد اور لونڈی مین اسلیے کہ سب ایک وضع کی ہوتی تھین کہ نکلتی تھین آزاد اور لونڈیان پیرہن اور اوڑھنی مین پس شکوہ کیا بیبیون نے اسکا اپنے خاوندون سے پس ذکر کیا یہ اونکے خاوندون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس نازل ہوئی یہ آیت وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ الخ اور منقول ہی فضیل سے کہ نہین حلال ہی تجھکو یہ کہ ایذا دے تو کتے یا سوئر کو ناحق پس کیونکر ایذا دیتا ہی تو مومنین و مومنات کو اور پھر منع کی گئین آزاد عورتین تشبہ کرنے سے ساتھ لونڈیون کے اس آیت مین یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ الخ کہ جو آگے آتی ہی ✢ **من معالم بحر ✢ تنبیہ** ✢ کسیکو ضرر و ایذا پونہچانے کی برائی حدیث شریف مین بھی بہت آئی ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰہُ بِہٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ یعنی جو کوئی ضرر پونہچاوے کسیکو ضرر پونہچاتا ہی اللہ اوسکو اور جو کوئی دشمنی کرے کسی سے دشمنی کرتا ہی اللہ اوس سے اور فرمایا مَلْعُوْنٌ مَّنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْ مَکَرَ بِہٖ یعنی لعنت کیا گیا وہ شخص کہ جسنے ضرر پونہچایا مومن کو یا مکر کیا ساتھ اوسکے اور چڑھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پس پکارے ساتھ آواز بلند کے پس فرمایا ای گروہ اون لوگون کے کہ اسلام لائے ساتھ زبان اپنی کے اور نہین پونہچا ایمان طرف دل اونکے نہ ایذا دو مسلمانون کو اور نہ عار دلاؤ اونکو اور نہ ڈھونڈھو عیب اونکے پس تحقیق جو کوئی ڈھونڈھتا ہی عیب اپنے بھائی مسلمان کا تو ڈھونڈھتا ہی اللہ عیب اوسکا اور جسکا ڈھونڈھتا ہی اللہ عیب رسوا کرتا ہی اوسکو اگرچہ درمیان گھر اپنے کے ہو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ مِنْ اَرْبَی الرِّبٰوا الْاِسْتِطَالَۃَ فِیْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَیْرِ حَقٍّ یعنی تحقیق بڑے بیازون کا بیاز زبان درازی ہی بیچ آبروے مسلمان کے اور فرمایا آنحضرت نے کہ جب اوپر لے گیا مجھے رب میرا یعنی شب معراج مین گذرا مین ایک قوم پر کہ اونکے ناخن تھے تانبے کے نوچتے تھے مونھ اپنا اور سینے اپنے پس کہا مینے کون ہین یہ ای جبرئیل عم کہا یہ وہ ہین کہ کھاتے ہین گوشت لوگون کے یعنی غیبت کرتے ہین اور اور پڑتے ہین آبرو ریزی اونکی مین یعنی عیب لگاتے ہین اور گالیان دیتے ہین ✢ **مشکوۃ** ✢

یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْھِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِھِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدْنٰٓی اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝

ای پیغمبر کہدے اپنی بیویون کو اور اپنی بیٹیون کو اور مسلمانون کی بیویون کو کہ چھوڑ لین اوپر اپنے چادرین اپنی یہ نزدیک تر ہی ساتھ اسکے کہ پہچانی جاوین پس اونکو ایذا نہ دی جاوے اور ہی خدا بخشنے والا مہربان یعنی عفت اونکی ظاہر ہو تا کوئی فاسق تعرض اونسے نکرے واللہ اعلم ✢ **فتح** ✢ ای نبی کہدے اپنی عورتون کو اور اپنی بیٹیون کو اور مسلمانون کی عورتون کو نیچے

لٹکا لین پلنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادرین اسمین لگتا ہی کہ پہچانی پڑین تو کوئی نہ ستاوے اور ہی اللہ بخشنے والا یعنی
اوس تقصیر کو کہ پہلے گذری مہربان کہ تعلیم کرتا ہی اچھے آداب ✤ **تفسیر** ✤ پہچانی پڑین کہ لونڈی نہین بی بی ہی صاحب ناموس
یا بدذات نہین نیکبخت ہی تو بدنیت لوگ اوس سے نہ اولجھین گھونگٹ اسکا نشان رکھا یہ حکم بہتری کا ہی آگے فرما دیا اللہ بخشنے والا
مہربان ہی ✤ **موضح** ✤ مراد یہ ہی کہ چادرون مین سے مونہہ پر کچھ لٹکی رہین جسکو گھونگٹ کاڑھنا کہتے ہین یعنی نرہین بیباک
پیرہن اور اوڑھنی مین مانند لونڈی کے اور آزاد عورت کے لیے دو چادر یا زیادہ دو سے ہوتی تھین اوسکے گھرمین لیکن
اوڑھتی تھین اور بات یہ تھی کہ عورتین اول اسلام مین رہتین تھین اوس وضع پر کہ جیسے جاہلیت مین رہتی تھین بیباک بے پردہ
کہ نکلتی تھی عورت پیرہن اور اوڑھنی مین نہین فرق ہوتا تھا درمیان آزاد اور لونڈی کی اور نوجوان چھیڑتے اور ستاتے تھے
لونڈیون کو جبکہ نکلتی تھین رات کو واسطے قضائے حوائج کے درختون وغیرہ مین اور جو کہ ستاتے تھے آزاد کو تو بگمان لونڈی
کے ستاتے تھے پس حکم کی گئین آزاد عورتین یہ کہ وضع اپنی خلاف کرین لونڈیون کی وضع کے ساتھہ اوڑھنے چادر کے
اور ڈھانکنے سرون کے اور مونہون کے تاکہ میل نکرے کوئی اونکی طرف کہا ابن عباسؓ اور ابو عبیدہ نے کہ حکم کی گئین مومنون
کی بیبیان یہ کہ ڈھانکین سر اور مونہہ اپنے ساتھہ جلابیب یعنی چادرون کے مگر ایک آنکھہ کھلی رکھین تاکہ پہچانی جاوین
کہ یہ آزاد ہین کہا انسؓ نے کہ گذری حضرت عمر بن الخطابؓ کے سامنے ایک لونڈی نقاب ڈالے ہوئے پس اوسکو دُرّہ مارا اور
کہا ای لڑکی کیا مشابہت کرتی ہی تو آزاد عورت کے ساتھہ پھینکدے نقاب کو اور عرب مین جو عورتین سر پر کپڑا اوڑھتی ہین
چھوٹے کو تو خمار کہتے ہین کہ وہ مانند اوڑھنی کے ہوتا ہی اور اوس سے بڑے کو جلباب جسکو یہان چادر کہتے ہین ✤ **معالم**
✤ **تنبیہ** ✤ کسیکو یہ شبہہ نہ گذرے کہ بیویان بدذاتون کی ایذا سے بچائی گئین اور لونڈیان نہ بچائی گئین اسلیے
کہ مقصود شارع کو یہ نہین ہی بلکہ مقصود یہ ہی کہ چونکہ بیویون کو وہ نہ ستاتے تھے فرما دیا کہ تم ایسی وضع نہ بناؤ کہ دھوکے مین
کوئی تمکو ستاوے خیر لونڈیان بیچاریان تو موذی کے جنگل مین پھنس ہی رہی ہین جو بچا سو ہی سہی اور ظاہرا یہ قصہ پہلے اوترنے
حکم پردے کے ہی ازواج مطہرات کے لیے اب آگے اس آیت سے یہ بات سمجھی گئی کہ لباس بیویون کے خوب تستر کے چاہیین
اور لونڈیون کے لیے ایسا اہتمام نہین پس یہان کی بیویان جو خوب تستر کے لباس نہین پہنتین بندو ڑین بن گئین ہین بلکہ
وہان کی بندو ڑون سے بھی بدتر جاگو ای بیبیون خواب غفلت سے کیون ایسے لباس باریک اور بدن کھلے پہن کر اپنی
آخرت خراب کرتی ہو سوچو تو سہی اگر تمکو کوئی بندو ڑون کے ساتھہ مشابہت دے تو کیسا برا مانتی ہو اور آپ اونکی مشابہ بن رہی ہو

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝

ترجمہ اگر باز نہ رہین گے منافق اور وہ کہ اونکے دلون مین بیماری ہی اور خبر بد اوڑانے والے مدینے مین یعنی اپنے افعال سے تو البتہ
لگا دینگے ہم تمکو اونکے پھر نہ ہمسایہ رہینگے تیرے مدینے مین مگر تھوڑے دنون یعنی جلاوطن کیے جاوینگے لعنت کیے گئے جہان
کہ پائے جاوین قیدی پکڑے جاوین اور قتل کیا جاوے اونکو خوب قتل کرنا ✤ **فتح** ✤ کبھی باز نہ آوین منافق اور جنکے دل مین
روگ ہی اور جھوٹی خبر اوڑانے والے مدینے مین تو ہم لگا دین گے تجکو اونکے پیچھے پھر نہ رہنے پاوینگے تیرے ساتھہ اس شہر مین مگر
تھوڑے دنون پھٹکارے ہوئے جہان پائے گئے پکڑے گئے اور مارے گئے جان سے ✤ **تفسیر** ✤ روگ ہی
یعنی بدکاری کا اور روگ والے وہی زناکار ہین اور جھوٹی خبر اوڑانے والے وہ لوگ مراد ہین کہ بعد نکلنے آنحضرتؐ کے لشکر کے

ما تغرینک ولا کان الجلاء عن الوطن اعظم من جمیع ما اصیبوا به عطف بثم لبعد حالة من حال المعطوف علیه ۱۲ ... نصب علی الشتم او الحال ای لا یجاورونک الا ملعونین فالاستثناء دخل علی الظرف والحال معا کما مر ولا ینتصب عن اخذوا لان ما بعد حروف الشرط لا یعمل فیما قبلها ۱۲ مدارک

جہاد کے لیے خبرین شکست اور قتل اونکے کی جھوٹ مدینے مین افشا کرتے پس اس سے مومن شکستہ دل ہوتے اور
لگا دینگے الخ یعنی البتہ حکم کرینگے ہم تجکو اونکے قتل کرنیکا یا مسلط کرینگے تجکو اونپر اور معنی ساری آیت کے یہ ہین کہ اگر
نہ باز آوینگے منافق اپنی عداوت اور مکر سے اور فاسق اپنی بدکاری سے اور خبر بد اور اڑانے والے بری خبرون کے
اوڑانے سے تو حکم کرینگے ہم تجکو ساتھ اسکے کہ کرے تو اونسے ایسے کام کہ برا حال کرین اونکا پھر حکم کرینگے تجکو ساتھ اسکے
کہ مضطر کرے تو اونکو طرف طلب کرنے جلاوطنی کے مدینے سے اور طرف اسکے کہ نہ سکونت کرین تیرے ساتھ مدینے مین
مگر تھوڑے دنون پھر کوچ کر جاوین اور جہان پائے گئے یعنی حکم کرے گا تو اونکے حق مین کہ جہان پائے جاوین پکڑے
جاوین اور قتل کیے جاوین اور تشدید قُتِّلُوا کی دلالت کرتی ہی کثرت پر + **مدن معالم** +

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ○

مانند روش خدا کے اون لوگون مین کہ گذر گئے پہلے اس سے اور ہرگز نپاویگا تو واسطے روش خدا کے تغییر + **فتح**
دستور پڑا ہوا ہی اللہ کا اون لوگون مین جو لگے ہو چکے ہین اور تو نہ دیکھیگا اسکی چال بدلتے + **تفسیر** + جو لوگ
بدنیت تھے مدینے مین عورتون کو چھیڑتے ٹوکتے جھوٹی خبرین اڑاتے مخالفون کے زور کی اور مسلمانون کے نیچ کی
اونکو یہ فرمایا اور توریت مین بھی تقید ہی کہ مفسدون کو اپنے بیچ سے باہر کرو + **مو** + دستور پڑا ہی الخ یعنی سنت
اللہ یہی ہی کہ انبیا کو واسطے قتل کرنے اور جلاوطن کرنے منافقون اور جھٹلانے والون کے حکم کرے اور انبیا کو
غالب کرے اور تو نہ دیکھیگا الخ یعنی نہین بدلتا ہی اللہ طریق اپنا بلکہ جاری رکھیگا اوسکو بدستور سابق + **بحر مدن**

ربع

فوائد سورۃ الاحزاب

يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۖ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ○

سوال کرتے ہین تجھسے لوگ قیامت سے کہہ سوائے اسکے نہین کہ معرفت اوسکی نزدیک خدا کے ہی اور کیا چیز معلوم کرواتی ہی تجکو
شاید کہ قیامت موجود ہوئے بیچ زمانے نزدیک کے + **فتح** + لوگ پوچھتے ہین تجھسے قیامت کو تو کہہ اوسکی خبر ہی اللہ ہی پاس
اور تو کیا جانے شاید وہ گھڑی پاس ہی ہو + **تفسیر** + شاید یہ بھی منافقون نے ہتھکنڈا پکڑا ہوگا کہ جس چیز کا جواب
نہین وہی سوال کرین بار بار اسپر یہان ذکر کردیا + **مو** + مشرک سوال کرتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے وقت قائم ہونے
قیامت کے سے از روے استعجال کے بطریق تمسخر کے اور یہود سوال کرتے تھے اونسے از روے امتحان کے اسلیے کہ اللہ تعالی
نے پوشیدہ رکھا تھا وقت اوسکا توریت مین اور سب اپنی کتابون مین پس حکم کیا اللہ تعالی نے اپنے رسول کو یہ کہ جواب دین
اونکو اسطرح کہ اسکا علم خدا ہی کو ہی پھر بیان کیا اپنے رسول کے لیے کہ وہ قریب الوقوع ہی واسطے تہدید جلدی کرنے والون کے
اور واسطے ساکت کرنے امتحان کرنے والون کے ساتھ قول اپنے کے قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ الخ + **تنبیہ**
جیسے ان لوگون کا پوچھنا از راہ بدذاتی کے تھا اسکے مقابلے مین بعضے مومنون کا پوچھنا فقط تحقیق حال کے لیے تھا وہ
اسمین داخل نہین جیسا کہ آیا ہی انس رض سے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کب ہی قیامت فرمایا واسطے تجکو کیا مہیا کیا ہی
تو نے قیامت کے لیے عرض کیا اوسنے کہ کچھ نہین آمادہ کیا ہی مینے اوسکے لیے سوائے اسکے کہ مین دوست رکھتا ہون
اللہ کو اور اوسکے رسول کو فرمایا تو اوسکے ساتھ ہوویگا کہ جسکو دوست رکھا تو نے کہا انس رض نے کہ پس نہین دیکھا مینے
مسلمانون کو کہ خوش ہوئے ہون ساتھ کسی چیز کے بعد اسلام کے مانند خوش ہونے اونکے ساتھ اس بات کے
انتہی اس حدیث کی شرح مین حضرت شیخ عبدالحق رح نے لکھا ہی کہ اسمین بشارت ہی انبیا اور صلحا اور علما اور اتقیا کے دوستدارون کے لیے

کہ امید ہی کہ کل کو انکے زمرہ مین اوٹھینگے اور انکے ساتھ ہونگے انشاء اللہ تعالی اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا هٰذِهِ النِّعْمَةَ + **بخاری مسلم مل** +

إِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا ○ خٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۖ لَّا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ○

تحقیق خدا نے لعنت کی ہی کافرون کو اور طیار کی ہی واسطے اونکے آگ ہمیشہ رہینگے بیچ اوسکے ہمیشہ نہ پاوینگے کوئی دوست اور نہ مددگار + **فتح** + اللہ نے پھٹکارا ہی منکرون کو اور رکھی ہی انکے واسطے دہکتی آگ رہا کرین اوسمین ہمیشہ نہ پاوین کوئی حمایتی اور نہ مددگار + **تفسیر** + کہ عذاب انسے باز رکھے یہ آیت رد کرتی ہی مذہب جہمیہ کو کہ وہ کہتے ہین جنت اور دوزخ فنا ہو جائینگے یعنی جب ہمیشہ رہنا فرمایا دوزخ مین تو فنا کہان ہوئی اور لفظ سعیرا پر وقف نکرا اسلیئے کہ جملہ خالدین حال ہی ضمیر سے کہ لفظ لہم مین ہی + **مل** +

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يٰلَيْتَنَآ أَطَعْنَا اللّٰهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ○

جسدن کہ پھیرے جاوینگے مونہہ اونکے آگ مین کہینگے ای کاشکے ہمنے فرمان برداری کی ہوتی اللہ کی اور فرمان برداری کی ہوتی ہمنے رسول کی + **فتح** + جسدن اونسے ڈالے جاوینگے اونکے مونہہ آگ مین کہینگے کسیطرح ہمنے کہا مانا ہوتا اللہ کا اور کہا مانا ہوتا رسول کا + **تفسیر** + صاحب معالم نے معنی تُقَلَّبُ کے لکھے ہین اولٹ پلٹ کیے جاوینگے کہ کبھی اوندھے ہو جاوینگے اور کبھی سیدھے جسوقت کہ کھینچے جاوینگے دوزخ مین اور مدارک والے نے کہا پھیرے جاوینگے مونہہ دوزخ کی طرفون مین جیسے کہ دیکھتا ہی تو بوٹی کو پھرتے ہانڈی مین جسوقت کہ جوش مارتی ہی اور خاص ذکر کیا مونہون کو اسلیئے کہ مونہہ بزرگ چیز ہی انسان کے نزدیک اوسکے بدن مین سے یا ہو مونہہ عبارت تمام انسان سے آور اوسدن آرزو کرینگے کہ کاشکے ہم اطاعت کرتے اللہ اور رسول کی تو خلاصی پاتے ہم اس عذاب سے پس آرزو کرینگے اوسوقت جبکہ نہین نفع دیگی آرزو کرنی دوہرہ آچھے دن پاپچھے گئے ہرے کیا نہیت + اب پچھتائے کیا ہوت ہی جب چڑیان چگ گئین کھیت +

وَقَالُوا رَبَّنَآ إِنَّآ أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ○

اور کہینگے ای پروردگار ہمارے تحقیق ہمنے فرمان برداری کی سردارون اپنے کی اور بزرگون اپنے کی پس گمراہ کیا ہمکو راہ سے + **فتح** + اور کہینگے ای رب ہمارے ہمنے کہا مانا اپنے سردارون کا اور اپنے بڑونکا پھر اونھون نے چکا دی ہمسے راہ + **تفسیر** + مراد سردارون سے سردار کافرون کے ہین کہ جنھون نے سکھایا تھا اونکو کفر اور اچھا کر دکھایا تھا کفر کو اونکے لیے اور بڑون سے مراد یا تو بڑی عمر والے ہین یا علما + **مد** +

رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ○ ع ۱

ای پروردگار ہمارے دے اونکو دوگنا عذاب سے اور لعنت کر اونکو لعنت بڑی + **فتح** + ای رب ہمارے دے اونکو دوہری مار یعنی بہ نسبت عذاب غیر اونکے کے بسبب گمراہی کے اور گمراہ کرنے کے اور پھٹکار اونکو بڑی پھٹکار + **تفسیر** + پڑھا ہی عاصم نے لفظ کبیر ب سے تاکہ دلالت کرے اشد لعن پر اور بہت بڑی لعن پر کہا کلبی نے کہ معنی لعنا کبیرا کے عذابا کبیرا ہین اور اورون نے ث سے پڑھا ہی یعنی بہت سی لعنتین کر اونپر + **تنبیہ** + یہان سے معلوم ہوا کہ سراسر فلاح دارین اللہ اور رسول کی فرمان برداری ہی مین ہی جیسے کہ صریح فرمایا اللہ تعالی نے آگے وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ○ اور فرمایا آنحضرت صلعم نے مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَإِنَّهٗ لَا يَضُرُّ إِلَّا نَفْسَهٗ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْـًٔا اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ باپ دادا اور عالم اور پیر جو خلاف شرع باتون کی راہ بتاوین اور کوئی اونکی پیروی کرے سراسر موجب ندامت کی ہوگی اور مارے افسوس کے

ہاتھ کاٹ کاٹ کھاوینگے چنانچہ مؤید ہی اسکی یہ آیت کریمہ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ۝ يَا وَيْلَتَىٰ لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝ لَقَدْ أَضَلَّنِي عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنْسَانِ خَذُولًا ۝ بلکہ ہونگے اس بات مین مشابہ نصاریٰ کے کہ جنکے حق مین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہی اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ یعنی پکڑا نصاریٰ نے اپنے عالمون اور درویشون کو رب سوا اللہ کے عرض کیا عدی بن حاتم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اونھون نے پوجا تو نہین اونکو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اطاعت کی اونھون نے اونکی پس جسنے اطاعت کی کسیکی اوس چیز مین کہ نہین اذن دیا ساتھ اوسکے اللہ تعالیٰ نے پس تحقیق پوجا اوسنے اوسکو اور ٹھہرایا اوسکو رب پس اس سے صریح معلوم ہوا کہ جو ماں باپ شادی غمی وغیرہ مین کفر و شرک اور گناہ کی باتین کرین اور اولاد اونکی اتباع کرے اونکا یا پیر مرید کو ڈھولک وغیرہ پر لگاوے اور اسمین عرفان بتلاوے اونکے پیرؤون کا یہی حال ہوگا کہ جو آیت شریفہ مذکورہ مین فرمایا پس مومن کو چاہیے کہ اللہ اور رسول کو دوست رکھے سب سے زیادہ کہ مزا ایمان کا اسی مین ہی چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین خصلتین جسمین ہون اوسنے پایا مزا ایمان کا ایک تو یہ کہ اللہ اور رسول اوسکا محبوب تر ہو طرف اوسکے سوا اونکے سے اور دوسری یہ جو کسی سے محبت رکھے تو نہ دوست رکھے اوسکو مگر اللہ ہی کے لیے اور تیسری یہ کہ مکروہ رکھے کفر مین عود کرنے کو بعد اسکے چھٹایا اوسکو اللہ نے کفر سے جیسے کہ مکروہ رکھتا ہی آگ مین ڈالے جانے کو اور واقع مین پورا ایمان تو یہی ہی کہ اللہ اور رسول کو سب سے زیادہ دوست رکھے حتیٰ کہ ماں باپ سے اور اولاد سے بھی چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پورا مومن نہین ہوتا یہانتک کہ ہوؤن مین محبوب تر طرف اوسکے اوسکے باپ سے اور اولاد سے اور سب لوگون سے کہ سبکی رضا کو اللہ اور رسول کی رضا کے آگے بالاے طاق رکھے اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کو اپنا دستور العمل ٹھہراوے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تَرَكْتُ فِيكُمْ أَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللَّهِ وَسُنَّةَ رَسُولِهِ یعنی چھوڑے ہین مینے تم مین دو امر ہرگز تم گمراہ نہین ہونے کے جب تک کہ مضبوط پکڑے رہوگے اونکو کہ وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ہی انتہی غرض کہ اللہ اور رسول کی محبت سب پر غالب ہو اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی پیروی کا طالب کہ اسکے بدلے مین جنت اور اوسکی نعمتین ملین گی آیا ہی حدیث شریف مین کہ آئے ایکبار ملائکہ آنحضرت صلعم کے پاس اس حال مین کہ آپ آرام کرتے تھے اور کہا اونھون نے آپسمین کہ مثال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مانند ایک شخص کے بلانے والے کی ہی کہ اوس شخص نے بنایا ایک گھر اور اوسمین مہمانی طیار کی اور بھیجا بلانے والے کو لوگونکے بلانے کے لیے پس جسنے بلانے والے کا کہا مانا داخل ہوا گھر مین اور کھایا مہمانی مین سے اور جسنے نہ کہا مانا بلانے والے کا نہ داخل ہوا گھر مین اور نہ کھایا مہمانی مین سے پس کہا فرشتون نے کہ کھول کر بیان کرو اوسکو کہ تا سمجھین وہ اسکو کہا بعضے فرشتون نے کہ وہ سوتے ہین اور بعضون نے کہا کہ آنکھ سوتی ہی اور دل جاگتا ہی پھر کہا اونھون نے کہ گھر جنت ہی اور بلانے والا محمد صلعم ہی پس جسنے اطاعت کی محمد کی پس تحقیق اطاعت کی اللہ کی اور جسنے نافرمانی کی محمد کی پس تحقیق نافرمانی کی اللہ کی اور محمد فرق کرنے والے ہین درمیان لوگون کے یعنی کافر و مومن کے اور عرباض بن ساریہ صحابی سے روایت ہی کہ کہا نماز پڑھائی ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز پھر متوجہ ہوئے ہماری طرف اور نصیحت کی ہمکو پوری کہ جاری ہوئین اوس سے آنکھین لوگون کی اور ڈر گئے اوس سے دل پس کہا ایک شخص نے کہ یا رسول اللہ گویا کہ یہ نصیحت رخصت کرنیوالے کی ہی پس وصیت کیجیے ہمکو

پس فرمایا کہ وصیت کرتا ہون مین تمکو اللہ سے ڈرنے کی کہ گناہ نکرنا اور حاکمون کی تابعداری کرنے کی اگرچہ غلام حبشی ہو پس تحقیق جو شخص کہ جیئے گا تم مین سے بعد میرے پس دیکھیگا اختلاف کثیر پس لازم کرو اپنے پر سنت میری اور سنت خلفاے راشدین مہدیین کی پکڑو اوسکو اور خوب محکم پکڑو اوسکو اور بچاؤ تم اپنے تئین نئے نکلے گئے امور سے اسلیے کہ ہر نیا نکالا گیا امر بدعت ہی اور ہر بدعت گمراہی ہی اور کہا عبداللہ بن مسعود رضی نے کہ ایک خط کھینچا ہمارے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خط مستقیم پھر فرمایا کہ یہ راہ اللہ کی ہی پھر کئی خط کھینچے دائین اوس خط کے اور بائین اوسکے اور فرمایا کہ یہ راہین ہین کہ ہر راہ پر انمین سے شیطان ہی کہ بلاتا ہی طرف اوس راہ کے اور پڑھی یہ آیت ساری وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ یعنی یہ راہ میری ہی سیدھی پس پیروی کرو تم اسکی پس بندے کو چاہیے کہ ہر ساعت و ہر لحہ تابع رہے آنحضرت صلعم کی شریعت کا کہ پورا مومن جبھی ہوتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین پورا مومن ہوتا کوئی یہان تک کہ ہو خواہش اوسکی تابع اوس چیز کے کہ لایا ہون مین اوسکو یعنی قرآن و شریعت اور نشانی محبت کی بھی پیروی ہی ہی جو اللہ اور رسول کو دوست رکھیگا بالضرور طالب اونکی پیروی اور رضا جوئی کا ہوگا اور رغبت اوسکو سنت کی ہوگی ڈھونڈ ڈھونڈکر آنحضرت صلعم کی سنت کی پیروی کرے گا اگرچہ تھوڑی ہی سی ہو اور بدعتون سے بھاگیگا اگرچہ صورت مین اچھی ہی ہو کیونکہ جو انوار و برکات سنت مین ہین وہ بدعت مین کہان اگرچہ کیسی ہی اچھی معلوم ہو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ نکالی کسی قوم نے بدعت مگر کہ اوٹھائی گئی مثل اوسکی سنت سے پس چنگل مارنا ساتھ سنت کے بہتر ہی نکالنے بدعت کے سے یہ حدیث مشکوۃ مین ہی اسکی شرح مین حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور سید جمال الدین رح لکھتے ہین کہ چنگل مارنا ساتھ سنت کے اگرچہ تھوڑی سی ہو بہتر ہی نکالنے بدعت کے سے اگرچہ حسنہ ہو اسلیے کہ بسبب اتباع سنت کے پیدا ہوتا ہی نور اور بسبب گرفتاری بدعت کے در آتی ہی ظلمت مثلا رعایت آداب پائخانہ اور استنجے کی بر وجہ سنت کے بہتر ہی بنانے خانقاہ اور مدرسے کے سے اسلیے کہ چلنے والا راہ حق کا بسبب رعایت آداب سنت کے ترقی کرتا ہی مقام قرب مین اور اوسکے ترک کرنے سے تنزل کرتا ہی اوس مقام قرب سے اور یہ باعث ہوتا ہی اوس سے افضل کے ترک کا تا آنکہ پہونچتا ہی مرتبہ قساوت قلب کو کہ اوسکو رین اور طبع اور ختم کہتے ہین نعوذ باللہ من ذالک انتہی اور مثل اسی کے ملا علی قاری رح نے لکھکر لکھا ہی کہ کیا نہین دیکھتا ہی تو کہ کسل کی راہ سے ترک کرنا سنت کا باعث ملامت اور عتاب کا ہوتا ہی اور سبک جان کر ترک کرنے سے عصیان اور عقاب ثابت ہوتا ہی اور انکار اوسکا بے شبہہ بدعتی کر دیتا ہی اور بدعت کے ترک کرنے مین اگرچہ حسنہ ہو ایک بات بھی انمین سے نہین لازم آتی انتہی ایسیہی کیا خوب بات کہی ہی حضرت ابراہیم بن ادہم رح نے جسوقت کہ پوچھا اونسے لوگون نے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اور ہم دعا کرتے ہین اور قبول نہین ہوتی ہمارے لیے پس کہا اونھون نے کہ سبب اسکا یہ ہی کہ تمھارے دل مر گئے ہین دس چیزون سے اول تو یہ کہ تمنے اللہ تعالی کو پہچانا اور پھر حق اوسکا ادا کرتے نہین اور پڑھی تمنے کتاب اللہ اور عمل کرتے نہین اوسپر اور دعوی کیا تمنے شیطان کی عداوت کا اور رکھتے ہو دوستی اوس سے کہ جو وہ کہتا ہی مان لیتے ہو اور دعوی کیا تمنے آگ سے ڈرنے کا اور باز نہ آئے گناہون سے اور دعوی کیا تمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا اور چھوڑ دی تمنے حدیث و سنت اونکی اور دعوی کیا تمنے حب جنت کا اور عمل کرتے نہین اوسکے لیے اور دعوی کیا تمنے کہ موت حق ہی اور سامان ہستی کرتے نہین اوسکے لیے اور مشغول ہوئے تم اوروں کے عیبون مین اور چھوڑ دیے تمنے اپنے نفسون کے عیب یعنی اسکا تدارک کچھ نہین کرتے اور اسمین لگ رہے ہین کہ فلانا ایسا ہی اور فلانا ایسا اور کھاتے ہو تم اسکا رزق اور شکر نہین کرتے اللہ کا اور دفن کرتے ہو اپنے موتی کو اور عبرت کچھ نہین پکڑتے اوسمین انتہی مناجات

یہ دعا کرتا ہون با عجز اتم — سنت نبوی پہ ہون ثابت قدم
امت احمد مین ہو میرا شمار — اور تیرے بندون مین پروردگار

بندگان خاص مین کر لے پسند — مہربان ہو مین بہت ہون دردمند
شرک و بدعت سے خدایا پاک کر — نار دوزخ سے مجھے بیباک کر

حب مین محبوب اپنے کے خدا — جام دل لبریز کر رکھیو سدا
سنت نبوی پہ یون محکم چلون — جان دون پر آن ہاتھون سے نہ دون

آبرو و عزت دنیا و دین — پاس ننگ و عار خویش و ہمقرین
کچھ رہے باقی نہ سنت کے سوا — تو کفایت ہو وے اور خیر الورا

آخری دم مین مرا ہو دستگیر — جب کرے آلشکر شیطان اسیر
اوس لعین کا دو رمجھسے دام کر — ڈوبتے کو رہنما سوی تمام کر

یاد مین تیرے مرا ہو ختم دم — نزع سے کٹ جاوین سب درد والم

مناجات دیگر بدرگاہ قاضی الحاجات

الہی مین ہون بندہ بس گنہگار — کہ بھاگا در سے تیرے دن مین سو بار
الہی در بدر بھٹکا پھرا مین — نہ آسودہ ہوا ہرگز ذرا مین

الہی نفس و شیطان نے ستایا — نجانا تھا جہان رستہ بتایا
الہی ہر طرف سے پھر پھرا کے — پڑا اب تیرے در پر آکے تھکے

الہی تو شہنشاہ جہان ہی — الہی دوسرا تجھسا کہان ہی
نہین قادر الہی کوئی تجھسا — نہین عاجز الہی کوئی مجھسا

الہی تو غنی مین بے نوا ہون — الہی شاہ تو ہی مین گدا ہون
الہی تو غفور اور مین گنہگار — الہی تو کریم اور مین گرفتار

الہی تو قوی اور ناتوان مین — خداوندا کہان تو اور کہان مین
کیا مینے جو تھا مجکو سزاوار — تو اب وہ کر جو ہی تجکو سزاوار

الہی مین کرون غم کس سے اظہار — الہی کون ہی میرا مددگار
الہی کترین بندگان جان — الہی کر مری مشکل تو آسان

الہی بخش دے اپنے کرم سے — چھڑا دے دین اور دنیا کے غم سے
الہی ہین سبھی محتاج تیرے — الہی بخش دے مان باپ میرے

الہی آسرا رکھتا ہون تیرا — تو کر دے خاتمہ بالخیر میرا
الہی نام سے دے اپنے الفت — الہی غیر کی صورت سے نفرت

نرکھون کچھ غرض شاہ و گدا سے — جو کچھ چاہون سو چاہون تجھ خدا سے
الہی ترک دنیا جب کرون مین — تری ہی یاد مین آخر مرون مین

الہی عشق مین احمد کے رکھ چور — ہی بیمار محبت اوسکا مغفور
الہی درد عشق مصطفی دے — پھر اوسکے وصل کی مجکو دوا دے

الہی سینہ بریان عطا کر — الہی دیدۂ گریان عطا کر
الہی مجکو کر خاک مدینہ — لگا دے گھاٹ سے میرا سفینہ

الہی ہون عجب یاران سے نرالا — تو میری گور مین کر دے اوجالا
الہی آگ سے ہو امان دے — الہی جنت اعلی مکان دے

۱۲ اشعار مولوی شمس الدین دہلوی کی تصنیف سے ہین ۱۲ منہ عفی عنہ

۱۲ اشعار میر امیر علی صاحب جو ساکن بڑودہ کے تھے انکی تصنیف سے ہین ۱۲ منہ عفی عنہ

مشکوۃ منہیات وغیرہا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا ۝

ای مسلمانون مت ہو مانند اون لوگون کے کہ ایذا دی انھون نے موسی ؑ کو پس پاک کیا خدا تعالی نے اوسکو اوس چیز سے کہ کہتے تھے اور تھا موسی ؑ نزدیک خدا کے با آبرو یعنی موسی وقت غسل کے ستر کرتے تھے بنی اسرائیل کے جاہلون نے کہا آدرہی یعنی بیضے انکے پھولے ہوئے ہین ایک روز بحسب اتفاق کے پانی کے کنارے پر نہاتے تھے اور کپڑے اپنے پتھر پر رکھدیے تھے اللہ تعالی کے حکم سے وہ پتھر روان ہوا اور موسی پتھر کے پیچھے دوڑے یہان تک کہ ایک جماعت نے بنی اسرائیل مین سے اونکو ننگا دیکھا اور کہا آدرہ نہین رکھتے ہین اور آدرہ انتفاخ خصیہ کو کہتے ہین واللہ اعلم **فقہ** ای ایمان والو تم مت ہو ویسے جنھون نے ستایا موسی کو پھر بے عیب دکھایا اوسکو اللہ نے اونکے کہنے سے اور تھا موسی ؑ اللہ کے ہان آبرو رکھتا **تفسیر** یعنی تھے موسی جاہ و قدر رکھتے اللہ کے نزدیک کہا ابن عباس رضی نے کہ تھے موسی نصیبہ ور اللہ کے نزدیک نہین مانگتے تھے کچھ مگر کہ دیتا تھا اونکو اللہ اور کہا حسن نے تھے موسی مستجاب الدعوات اور بعضون نے کہا تھے محب و مقبول اور مراد یہ ہی کہ ای مومنون مت ایذا دو پیغمبر محمد ؐ کو جیسے کہ بنی اسرائیل نے موسی ؑ کو ایذا دی تھی اور اختلاف کیا ہی مفسرون نے کہ موسی ؑ کو ایذا کیا دیتے تھے

بعضون نے تو یہ نقل کی ابی ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ موسیٰؑ تھے شخص باحیا چھپانے والے اپنے بدن کو کہ نہین دکھاتے تھے اپنی جلد مین سے کچھ مارے حیا کے پس ایذا دی اونکو بعضے بنی اسرائیل نے کہ کہا نہین اتنا چھپائے رکھتے ہین یہ اپنے بدن کو مگر بسبب عیب کے کہ اونکی جلد مین ہی یا تو برص ہی اور یا بیضے پھوٹے ہوئے ہین اور یا کچھ اور آفت ہی اور اللہ تعالی نے چاہا کہ بری کرے اونکو اوس چیز سے کہ کہتے تھے وہ پس گوشے مین گئے موسیٰؑ ایک روز تنہا اور رکھے کپڑے اپنے ایک پتھر پر پھر نہلائے پس جب فارغ ہوئے متوجہ ہوئے اپنے کپڑون کی طرف تا کہ پہنین اور پتھر بھاگا اونکے کپڑے لیکر پس موسیٰؑ اپنا عصا لیکر پتھر کے پیچھے دوڑے یہ کہتے ہوئے ثَوْبِی حَجَرُ ثَوْبِی حَجَرُ یعنی میرے کپڑے ای پتھر یہان تک کہ پونہچے طرف ایک جماعت کے بنی اسرائیل مین سے پس دیکھا اونھون نے اونکو کہ بھلی چنگی ہی جلد اونکی اور کچھ علت نہین رکھتے اور ٹھہر گیا پتھر پس لیے موسیٰؑ نے کپڑے اپنے اور پہنے اور شروع کیا مارنا پتھر کو عصا سے پس قسم ہی اللہ کی کہ بلا شبہہ پتھر مین البتہ نشان پڑ گئے مارنے سے تین یا چار یا پانچ پس یہ ہی مراد اللہ کے قول سے یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا الخ اور بعضون نے کہا کہ ایذا دینی اونکی موسیٰؑ کو یہ تھی کہ جب ہارونؑ نے تیہ مین وفات پائی تو بعضے مفسدون نے حضرت موسیٰؑ کو تہمت لگائی کہ حضرت ہارونؑ کو جنگل مین لیجاکر مار آئے تا شریک ریاست نرہین پھر اونکا جنازہ آسمان سے نظر آیا اور اونکی آواز آئی کہ مین اپنی موت سے مرا ہون پس بری کیا اونکو اللہ نے اوس چیز سے کہ کہتے تھے اور بعضون نے کہا کہ وہ ایذا یہ تھی کہ قارون نے ایک عورت کو کچھ دینا کیا تھا کہ لوگون کے سامنے موسیٰؑ کو تہمت زنا کی لگا تا کہ مجھسے کیا ہی پس اوسنے وقت بہتان لگانے کے حکم الٰہی سے برات موسیٰؑ کی ظاہر کی اور حضرت کی ایذا دہی کا بیان یہ تھی کہ کہا ابو وائل نے کہ سنا مینے عبد اللہ کو کہ کہا تقسیم کیا آنحضرتؐ نے کچھ یعنی مال غنیمت پس کہا ایک شخص نے کہ اس تقسیم مین نہین ارادہ کی گئی ہی رضامندی اللہ تعالی کی پس آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور یہ خبر دی مینے آپ کو پس غصے ہوئے آنحضرتؐ یہان تک کہ دیکھا مینے اثر غصے کا آنحضرتؐ کے چہرۂ مبارک مین پھر فرمایا رحم کرے اللہ موسیٰؑ کو البتہ تحقیق ایذا دیے گئے زیادہ اس سے پھر صبر کیا + **معالم** + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ بعضے شخص انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام سے ایسی بے ادبی کرنے مین نہچوکتے تھے تو آب اور کسیکی کیا حقیقت رہی اب جو کوئی کسیکے ہاتھ یا زبان سے ایذا پاوے تو اسمین غور کر کر صبر کرے **شعر** قِیْلَ اِنَّ الْاِلٰهَ ذُوْ وَلَدٍ + قِیْلَ اِنَّ الرَّسُوْلَ قَدْ كَهَنَا + مَا نَجَا اللّٰهُ وَالرَّسُوْلُ مَعًا + عَنْ لِسَانِ الْوَرٰی فَكَیْفَ اَنَا +

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۙ﴿۹۳﴾ یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ﴿۹۴﴾ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۝

ای مسلمانون ڈرو تم خدا سے اور کہو بات استوار تا سنوار دے واسطے تمہارے عمل تمہارے اور بخشدے واسطے تمہارے گناہ تمہارے اور جو کوئی کہا مانے خدا اور رسول اوسکے کا پس تحقیق وہ مراد کو پونہچا مراد کو پہونچنا بڑا + **فتح** + ای ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو بات سیدھی کہ سنوار دے تمکو تمہارے کام اور بخشے تمکو تمہارے گناہ اور جو کوئی کہے پر چلا اللہ کے اور اوسکے رسول کے اوسنے پائی بڑی مراد + **تفسیر** + سَدِیْدًا کے معنی ابن عباسؓ نے کہے صَوَابًا اور قتادہ نے کہے عَدْلًا اور حسن نے کہے صِدْقًا اور بعضون نے کہا مُسْتَقِیْمًا اور عکرمہ نے کہا قول سَدِیْد لا الٰہ الا اللہ ہی اور مراد منع کرنا لوگون کا ہی اوس چیز سے کہ چرچا کیا تھا اونھون نے زینب کے مقدمے مین بغیر عدل و صواب کے اور رغبت دلانی ہی اوپر کہنے راست و درست کے

وہذہ الآیۃ نزلت فی قصۃ زینب ... النبی ... رسول اللہ ... باتقاء اللہ فی حفظ اللسان ... مع اتباع النبی ... الوعید من قصۃ موسیٰ علیہ السلام واتباع ... الوعد البلیغ ... والداعی ... ۱۲

اپنے قول کو ہر باب مین اسلیے کہ محفوظ رکھنا زبان کا اور بات عدل کی کہنی سر ہی تمام بھلائیون کی آور سنوار دے الخ یعنی قبول کرے
نیکیان تمہاری یا توفیق دے تمکو اچھے عملون کی آور کہا مقاتل نے پاک کرے اعمال تمہارے یعنی ریا وغیرہ سے آور بخشے الخ یعنی مٹا دے
گناہ تمہارے آور معنی یہ ہین کہ ڈرو اللہ سے اور ملاحظہ کرو اللہ کا اپنی زبانون کے محفوظ رکھنے مین اور بات کے درست کہنے مین
پس تم اگر کرو گے یہ تو دیگا اللہ تمکو وہ چیز کہ غایت مطلوب ہی تمہاری کہ وہ قبول کرنا تمہاری نیکیون کا ہی اور ثواب دینا اوسپر اور بخشنا
تمہارے گناہون کا آور ہر گاہ کہ متعلق کیا ساتھ طاعت کے بڑی مراد پانے کو اس قول اپنے مین وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ اوسکے پیچھے لائے اس آیت کو اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ ✤ **ف تنبیہ** ✤ اس آیت
کریمہ مین اول تو حکم فرمایا تقوی کرنے کا یعنی ڈرنے کا اللہ سے کہ اوسکے ڈر سے گناہ نکرے اور جو چیزین کرنے کو فرمائین ہین اونکو بجا لاوے
تا بچے عذاب دوزخ سے اور جنت کی نعمتون کو پہونچے اور تقوی کی بہت فضیلتین آئی ہین اور بڑی فضیلت یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین جانتا ہون ایک آیت اگر عمل کرین لوگ اوسپر تو البتہ کفایت کرے اونکو وہ یہ ہی وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ
لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط یعنی جو کوئی ڈرے اللہ سے کرتا ہی اللہ اوسکے لیے جگہہ نجات کی اور رزق
دیتا ہی اوسکو اوس جگہہ سے کہ نہین گمان کرتا ہی انتہی آور یہ جو فرمایا کہ اگر عمل کرین لوگ اوسپر تو کفایت کرے اونکو مراد یہ ہی کہ اگر
تقوی کرین تو البتہ کفایت کرے اونکو طلب رزق سے اور مشقت اوٹھانے سے بیچ اسباب اوسکے کے چنانچہ مشہور ہی
بعض مشائخ کا کہ ہر قوم کا حرفہ ہی اور حرفہ ہمارا التقوی اور توکل ہی آور حضرت ابو بکر صدیق رضہ سے منقول ہی کہ فرمایا اونھون نے
کہ اندھیریان پانچ ہین اور چراغ اونکے لیے بھی پانچ ہین محبت دنیا کی اندھیری ہی اور چراغ اوسکا تقوی ہی آور گناہ اندھیری ہی
اور چراغ اوسکا توبہ ہی آور قبر اندھیری ہی اور چراغ اوسکا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہی آور آخرت اندھیری
ہی اور چراغ اوسکے لیے عمل صالح ہی آور صراط ظلمت ہی اور چراغ اوسکا یقین ہی آور پھر حکم فرمایا سیدھی بات کہنے کا کہ
جس سے گناہ نہ لازم آوے یہ بھی بڑے کام کی بات ہی اس لیے کہ اکثر گناہ کلام کرنے ہی سے لازم آتے ہین پس آدمی کو چاہیے
کہ ایسی بات نہ نکالے مونہہ سے کہ فردا ے قیامت کو اوس سے ندامت اوٹھاوے حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک شخص حاضر ہوا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ نصیحت کرو مجکو اور مختصر کرو یعنی بات تھوڑی سی ہو اور فائدہ مند بہت پس فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب کھڑا ہووے تو اپنی نماز مین تو پڑھ نماز رخصت کرنے والے کی سی یعنی مانند اوس شخص کے کہ
چھوڑنے والا ہی ماسوی اللہ کو یعنی خلق کو یا مراد پچھلی نماز ہی کہ اوسکے بعد اور نماز نہو اور قاعدہ یون ہی کہ پچھلی ملاقات انسان بڑے
اشتیاق سے کرتا ہی آور نہ بول تو وہ بات کہ عذر کرے تو اوس سے کل کو یعنی قیامت کو اپنے رب کے آگے اور قصد کرنا امید کی کا
اوس چیز سے کہ لوگون کے ہاتھ مین ہی یعنی مال کی طمع نکر اور آیا ہی کہ حضرت لقمان سے کسینے پوچھا کہ کس چیز نے پہونچایا تمکو اس مرتبے
کو کہ دیکھتے ہین ہم مراد رکھتا تھا بزرگی کہا حضرت لقمان نے کہ سچ بات نے اور ادا ے امانت نے اور چھوڑنے بے فائدہ بات کے نے
اور عرض کیا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کون آدمی افضل ہی فرمایا ہر مخموم القلب سچا زبان کا عرض کیا صحابہ نے کہ
سچا زبان کا جانتے ہین ہم اوسکو پس کیا ہی مخموم القلب فرمایا کہ وہ ہی پاک متقی کہ نہین ہی گناہ اوسپر اور نہ ظلم اور نہ کینہ اور نہ حسد ۵
اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چار خصلتین ہین کہ جب ہووین تجھہ مین پس نہین ضرر ہی تجکو دنیا کے فوت ہونے سے
محافظت امانت کی آور سچ بات آور نیک طبیعت آور پرہیزگاری لقمے مین کہ حرام نہو اور زیادہ حاجت سے نہو اور بہت نکھاوے
آور پھر فرمایا کہ جو اطاعت کرے اللہ کی اور اوسکے رسول کی اوسنے بڑی مراد پائی پس اس سے معلوم ہوا کہ فلاح دارین اللہ

ورسول کی اطاعت ہی مین ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای لوگون نہین ہی کوئی چیز کہ نزدیک کرے تمکو طرف جنت کے اور دور کرے تمکو دوزخ سے مگر تحقیق جو مینے حکم کیا ہی تمکو ساتھ اوسکے اور نہین ہی کوئی چیز کہ نزدیک کرے تمکو دوزخ سے اور دور کرے تمکو بہشت سے مگر تحقیق جو منع کیا مینے تمکو اوس سے اور تحقیق روح الامین یعنی جبرئیل ع نے پھونکا میرے دل مین یعنی وحی خفی لائے کہ تحقیق کوئی نفس ہرگز نہین مرنے کا یہان تک کہ پورا لیلے رزق اپنا یعنی پس صبر کرے کہ بغیر رزق مقدر کے نہین مرنے کا آگاہ ہو پس ڈرو اللہ سے اور میانہ روی کرو یعنی کمی زیادتی نہ کرو طلب رزق مین یعنی بطور شرع کے حاصل کرو اور نہ باعث ہو تمکو دیر کر پہونچنا رزق کا یہ کہ طلب کرو اوسکو ساتھ گناہون اللہ کے یعنی اگر رزق حلال پہونچنے مین دیر ہو تو رزق حرام سے طلب کرو پس تحقیق نہین ہاتھ آتی ہی وہ چیز کہ نزدیک اللہ کے ہی یعنی رزق حلال مگر بسبب طاعت اوسکی کے انتہی پس ہر شخص کو چاہیے کہ خواہش نفسانی اپنی کا تابع نہو اور آرزوئین زندگانی دنیا فانیہ کی چھوڑکر ہر امر مین مطیع اللہ و رسول کا ہو اور فکر اوس گھر باقی کے سنوارنے کی کرے کہ فرمایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بہت ڈرانے والی اوس چیز کی کہ ڈرتا ہون مین اپنی امت پر خواہش نفسانی ہی اور درازی آرزوے زندگانی کی پس اپیر خواہش نفسانی روکتی ہی حق سے اور اپیر درازی آرزوے زندگانی کی پس بھلادیتی ہی آخرت کو اور یہ دنیا کوچ کیے ہوئے چلی جاتی ہی اور یہ آخرت کوچ کیے ہوئے چلی آتی ہی اور واسطے ہر ایک کے ان دونون مین سے تابعدار ہین پس اگر سکو تم یہ کہ نہوؤ تابعدارون دنیا کے سے تو پس کرو اسلیے کہ بلاشبہہ تم آجکے دن عمل کے گھر مین ہو اور نہین حساب اور تم کل کو دار آخرت مین ہوگے اور نہین عمل ہوگا وہان ۵ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آگاہ ہوؤ بلاشبہہ دنیا اسباب موجود ہی کھاتے ہین اوس سے نیک و بد آگاہ ہوؤ اور تحقیق آخرت وقت سچا ہی اور حکم کریگا اوسمین بادشاہ قادر آگاہ ہوؤ اور تحقیق تمام بھلائیان اکھٹی بہشت مین ہین آگاہ ہوؤ اور تحقیق تمام برائیان اکھٹی دوزخ مین ہین آگاہ ہوؤ پس عمل کرو اور تم اللہ تعالی کی طرف سے خوف پر ہو یعنی خوف ہی حساب و عذاب کا اور نہ قبول ہونے بندگی کا اور جان لو کہ تم پر پیش کیے جاوینگے عمل تمہارے پس جو کوئی کرے برابر ذرے کے بھلائی دیکھے گا اوسکو اور جو کوئی کرے برابر ذرے کے برائی دیکھے گا اوسکو ۵ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین نکلتا آفتاب مگر کہ اوسکے دونون طرف دو فرشتے ہوتے ہین پکارتے ہین سنلتے ہین خلائق کو سوا ے جن و انس کے کہ ای لوگون آؤ طرف رب اپنے کے جو مال کہ کم ہو اور کفایت کرے بہتر ہی اوس مال سے کہ بہت ہو اور غافل کرے یاد الٰہی سے

مشکوٰۃ منہات

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ۖ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ۝ لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

ع ۵

تحقیق روبرو کیا تھا ہمنے امانت کو یعنی استعداد تکلیف کو ساتھ اوامر و نواہی کے واللہ اعلم آسمانون پر اور زمین پر اور پہاڑون پر پس قبول نکیا کہ اوٹھاوین اوسکو اور ڈرے اوس سے اور اوٹھایا اوسکو آدمی نے تحقیق وہ ہی ستمگار نادان یعنی بالفعل عدالت و علم نہین رکھتا اور قابلیت اوسکی رکھتا ہی واللہ اعلم تا ہو آخر کار وہ کہ عذاب کرے خدا تعالی منافق مردون کو اور منافق عورتون کو اور شرک کرنے والون کو اور شرک کرنے والیون کو اور ساتھ رحمت کے رجوع کرے اللہ مسلمان مردون پر اور مسلمان عورتون پر اور ہی خدا بخشنے والا مہربان ۵ فــ ہمنے دکھائی امانت آسمانون کو اور زمین کو اور پہاڑون کو پھر سبنے قبول نکیا

کہ اوسکو اوٹھالین اور اوس سے ڈر گئے اور اوٹھالیا اوسکو انسان نے یہ ہی بڑا بے ترس نادان تا عذاب کرے اللہ منافق مردون کو اور عورتون کو اور شرک والے مردون کو اور عورتون کو اور معاف کرے اللہ ایمان دار مردون کو اور عورتون کو اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان ✦ **تفسیر** ✦ مراد امانت سے طاعتین فرض ہین کہ فرض کیا اونکو اللہ تعالی نے اپنے بندون پر پیش کیا اونکو آسمانون اور زمین اور پہاڑون پر بنا بر اسکے کہ وہ جب ادا کرین اونکو ثواب دے اونکو اور اگر ضائع کرین اونکو عذاب کرے اونکو یہ جو قول ابن عباس کا ہی اور کہا ابن مسعود نے کہ امانت نماز ین ہین اور دینا زکوۃ کا اور روزے رمضان کے اور حج کرنا بیت اللہ کا اور سچی بات اور ادا کرنا دین کا اور عدل کرنا میانہ اور ترازو مین اور اشد ان سب سے امانتین ہین اور کہا مجاہد نے امانت فرائض اور حدود دین کی ہین اور کہا ابو العالیہ نے کہ امانتین وہ چیزین ہین کہ حکم کیے گئے اونکے کرنے کا اور منع کیے گئے اونکے کرنے سے اور کہا زید بن اسلم نے وہ روزہ ہی اور غسل جنابت اور جو کچھ کہ پوشیدہ ہی شرائع سے اور کہا عبداللہ بن عمرو بن العاص نے کہ اول جو پیدا کیا اللہ نے انسان مین فرج یعنی ستر اوسکا ہی اور کہا یہ امانت ہی کہ امانت رکھی ہی نے تم دونون کے پاس یعنی مرد و عورت کے پاس پس فرج امانت ہی اور کان امانت ہی اور آنکھ امانت ہی اور ہاتھ امانت ہین اور پانون امانت ہین وَلَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ یعنی جن جن چیزون کے لیے یہ اعضا پیدا کیے ہین اونھین مین صرف کرین بے محل صرف کرنا خیانت ہی مثلاً فرج یعنی ستر کو پیدا کیا کہ عقد حلال سے اونکو کام مین لاوین جو حرام کاری یا اغلام یا چپٹی بازی کرے اوسنے خیانت کی اسی طرح کان امانت ہین کہ اونسے ذکر اللہ اور حق باتین اور مباح ضروری سنین جو اونسے غیبت اور کہانی اور جھوٹی باتین اور باجے گاجے وغیر ذلک گناہ کی چیزین سنے اوسنے خیانت کی اور اسی طرح اور اعضا مین سمجھ لینا چاہیے پس جسنے خیانت کی ان امانتون مین اوسکا ایمان پورا نہین اور کہا بعضون نے کہ وہ امانتین لوگون کی ہین اور وفا کرنا عہدون کا پس حق ہی مومن پر یہ کہ نہ دغا بازی کرے مومن سے اور نہ ذمی سے کسی چیز تھوڑی مین اور نہ بہت مین اور یہ روایت ضحاک کی ہی ابن عباس سے فرض کی اللہ نے یہ امانت اور پیش کیا آسمانون اور زمین اور پہاڑون پر یہ قول ابن عباس کا ہی اور ایک جماعت کا تابعین مین سے اور اکثر اہل سلف سے اور فرمایا واسطے اونکے کہ کیا اوٹھاتے ہو تم اس امانت کو ساتھ اوس چیز کے کہ اسمین ہی کہا اونھون نے اور کیا ہی اسمین فرمایا اگر نیکی کروگے جزا دیے جاؤگے اور اگر نافرمانی کروگے عذاب دیے جاؤگے کہا اونھون نے نہ اے رب ہمارے ہم تابعدار ہین تیرے امر کے نہین چاہتے ہم ثواب اور نہ عذاب اور کہا اونھون نے یہ از راہ خوف اور تعظیم دین خدا کے کہ اگر نہ ادا کرسکین تو خرابی ہی نہ از راہ نافرمانی اور مخالفت کے اور تہا یہ پیش کرنا اونپر از راہ تخییر کے نہ لازم کرنیکے اور اگر لازم کرتا اللہ اونپر تو نہ باز رہتے اوسکے اوٹھانے سے کیونکہ جمادات سارے جھکنے والے اور مطیع ہین اللہ تعالی کے لیے اور سجدہ کرنے والے ہین جیسے کہ فرمایا اللہ عزوجل نے آسمانون اور زمین کے لیے اِئْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ اور فرمایا پتھرون کے لیے وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ اور فرمایا اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ الخ اور کہا بعضے اہل علم نے کہ پیدا کی اللہ عزوجل نے اون مین عقل و فہم اوسوقت کہ پیش کی اونپر امانت یہان تک کہ سمجھے وہ خطاب کو اور جواب دیا جو کچھ کہ دیا اور کہا بعضون نے کہ مراد پیش کرنے سے آسمان و زمین پہ پیش کرنا ہی اہل آسمان و زمین پر کہ پیش کیا اوسکو اونپر کہ اون مین تھی جنس ملائکہ سے اور اول صحیح ہی اور وہی ہی قول علما کا اور اوس سے ڈر گئے یعنی امانت سے کہ اگر نہ ادا کرسکینگے تو لاحق ہوگا عذاب اور اوٹھالیا اوسکو انسان نے یعنی آدم علیہ السلام نے پس کہا اللہ تعالی نے اے آدم بلاشبہ مینے پیش کی امانت آسمانون اور زمین اور پہاڑون پر پس نہ اوٹھا سکے وہ پس کیا تو لیگا

اوسکو ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی کہا آدم ؑ نے اور کیا ہی اوسمین فرمایا اگر نیکی کریگا تو جزا دیا جاویگا اور اگر برائی کریگا
عذاب دیا جاویگا پس اوٹھانے لگا اوسکو آدم ؑ پس کہا ٹہر گئے تو اسکو درمیان دونون کانون اور کندھون کے فرمایا
اللہ عزوجل نے ایپر جبکہ اوٹھایا تو نے پس مدد کرونگا مین تیری اور کردونگا تیری بینائی کے لیے پردہ جبکہ ڈریگا تو
دیکھنے سے طرف اوس چیز کے کہ نہین حلال تیرے لیے پس ڈالا اوسپر پردہ اور فرمایا کہ کردونگا مین تیری زبان کے لیے
دو کلّے اور بند یعنی دانت و ہونٹ پس جب ڈریگا تو تو بند کردونگا زبان اور کردونگا تیرے ستر کے لیے لباس پس
کھولنا نہین اوسکو اوس چیز پر کہ حرام کی مینے تجپر کہا مجاہد نے پس تھا عرصہ درمیان اوٹھانے امانت کے اور درمیان
نکالے جانے اونکے کے جنت سے مقدار اوس عرصے کے کہ درمیان ظہر اور عصر کے ہی اور ابن مسعود سے ہی کہ کہا اونھون
نے کہ صورت دی گئی امانت مانند ایک پتھر کے ٹکڑے پڑے ہوئے کے اور بلائے گئے آسمان و زمین اور پہاڑ طرف اوسکے
پس نزدیک آئے اوسکے کہنے لگے کہ نہین طاقت رکھتے ہم اسکے اوٹھانے کی اور لائے آدم ؑ بغیر بلائے ہوئے اور ہلایا اوس پتھر
کو اور عرض کیا کہ اگر حکم فرمائے تو اسکے اوٹھانے کا تو اوٹھالون اسکو پس کہا آسمان زمین سے کہ اوٹھالے پس اوٹھایا آدم ؑ
نے اوسکو کمر تک پھر رکھدیا اوسکو اور فرمایا اللہ تعالی نے ٹھہرا رہ یہان اور جان لے کہ یہ امانت تیری گردن پر اور تیری ذریت کی
گردن پر رہی بعد تیرے روز قیامت تک اور ہی انسان بے ترس نادان کہا ابن عباس نے کہ ظلم کرنے والا ہی اپنے نفس پر بسبب
اوٹھانے امانت کے نادان واسطے امر اللہ کے اور امانت کے کہ اوٹھائی اور کہا کلبی نے جسوقت کہ نافرمانی کی اپنے رب علاؔ کی
تھا نادان نہین جانتا تھا کہ کیا ہی عذاب بیچ ترک امانت کے اور کہا زجاج وغیرہ نے اہل معانی میں سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے
وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ یہ کہ اللہ تعالی نے امین پکڑا آدم کو اور اونکی اولاد کو ایک چیز پر اور امین پکڑا آسمانون اور زمین کو
ایک چیز پر پس امانت بنی آدم کے حق مین طاعت ہی اور ادا فرائض اور امانت آسمانون اور زمین کے حق مین خضوع
اور فرمان برداری ہی واسطے اوس کام کے کہ پیدا کیے گئے اوسکے لیے پس معنی فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا کے یہ ہین کہ ادا
کی اونھون نے امانت کہا جاتا ہی کلام عرب مین فُلَانٌ لَمْ يَتَحَمَّلِ الْأَمَانَةَ یعنی نہین خیانت کی امانت مین وَحَمَلَهَا
الْإِنسَانُ یعنی خیانت کی انسان نے امانت مین کہا جاتا ہی فُلَانٌ حَمَلَ الْأَمَانَةَ یعنی گناہ کیا امانت مین بسبب
خیانت کے فرمایا اللہ تعالی نے اور البتہ اوٹھاوینگے بوجھ گناہ اپنے کے إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا نقل کیا گیا
حسن سے بنا بر اس تاویل کے کہ اونھون نے کہا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ یعنی کافر و منافق نے خیانت کی امانت مین اور قول
سلف کا اوپر مذکور ہوچکا اور تاکہ عذاب کرے اللہ الخ یعنی بسبب اسکے کہ خیانت کی اونھون نے امانت مین اور توڑ ڈالا عہد
اور پھیرے اللہ مومن مردونپر اور مومن عورتون پر یعنی ہدایت دے اونکو اور رحم کرے اون پر بسبب اسکے کہ ادا کی اونھون نے
امانت اور کہا ابن قتیبہ نے یعنی پیش کی ہمنے امانت تاکہ ظاہر ہو نفاق منافق کا اور شرک مشرک کا پس عذاب کرے اونکو اور
ظاہر ہو ایمان مومن کا پس رجوع کرے اوسپر ساتھ رحمت اور مغفرت کے اگر ہو جاوے اوس سے تقصیر بعضی طاعات مین معالم
مراد امانت سے طاعت اللہ تعالی کی ہی اور مراد امانت کے اوٹھانے سے خیانت ہی کہا جاتا ہی کہ فلانا حامل ہی امانت کا اور متحمل ہی
اوسکا یعنی نہین ادا کرتا امانت کو طرف صاحب امانت کے تاکہ زائل ہو اوسکے ذمے سے اسلیے کہ امانت گویا کہ سوار ہی امین پر اور
وہ اوٹھانے والا ہی اوسکا اور اسی لیے کہا جاتا ہی رَكِبَتْهُ الدُّيُونُ وَلِي عَلَيْهِ حَقٌّ پس جبکہ ادا کی امانت نہین
باقی رہی سوار اوسپر اور نہ امین اوٹھانے والا اوسکا رہا یعنی ان بڑے بڑے اجرام نے کہ آسمان اور زمین اور پہاڑ ہین

تابعداری کی اللہ کے حکم کی جیسے کہ لائق ہی اونکے لیے اور ہوا کرتی ہی جمادات سے کہ جو مشیت و ارادۂ الٰہی مین بات کروانی اونسے منظور ہوتی ہی بجالاتے ہین جیسے آسمان کی گردش اور زمین مین کھیتی ہونی اور درختون کا کھڑے رہنا اور پہاڑون کا بجائے خود قائم رہنا وغیر ذلک جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ○ اور خبر دی کہ آفتاب اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپائے سجدہ کرتے ہین اللہ کو اور فرمایا وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ اور اپر انسان بس نہین ہی حال اسکا طاعت کے بجالانے مین اور فرمان برداری کے کرنے مین اوامر الٰہی کے اور نواہی اوسکے کے حال انکہ وہ حیوان عاقل ہی صالح تکلیف کا مانند حال اس جمادات کے اوس سب چیز مین کہ لائق ہی اونکے قسم انقیاد وغیرہ سے اور یہی معنی ہین قول اللہ تعالیٰ کے فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا یعنی نہ خیانت کی اوس امانت مین اور ادا کیا اوسکو وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا یعنی ڈرے خیانت کرنے سے اوسمین وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ یعنی خیانت کی انسان نے اوسمین اور نہ ادا کیا اوسکو اور ہی انسان ظالم یعنی بسبب ترک کرنے ادائے امانت کے اور جہول بسبب خطا کرنے اوسکے کے اوس چیز سے کہ نیک کرے اوسکو باوجود قدرت رکھنے کے اوسپر اور وہ ادائے امانت ہی کہا زجاج نے کہ کافر اور منافق نے خیانت کی اور نہ اطاعت کی اور جسنے اطاعت کی انبیا اور مومنین ہین سے پس نہین کہا جاویگا کہ ہی وہ ظلوم جہول + معل

سُوْرَةُ السَّبَا مَكِّيَّةٌ غَيْرَ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ○

سب تعریف خدا کے لیے ہی کہ اوسکے ہاتھہ مین ہی جو کچھہ کہ آسمانون مین ہی اور جو کچھہ زمین مین ہی اور اوسکے لیے ہی تعریف آخرت مین اور وہ ہی باحکمت آگاہ + فتح + سب خوبی اسکی ہی جسکا ہی جو کچھہ ہی آسمان مین اور زمین مین اور اوسیکی تعریف ہی آخرت مین اور وہی ہی حکمتون والا یعنی ساتھہ تدبیر کرنے اوس چیز کے کہ آسمان اور زمین مین ہی جانتا یعنی اپنے مخلوق کو + تفسیر + اس سورت کا نام ہی سورہ سبا یہ نام اسلیے اسکا مقرر ہوا کہ اسمین قصہ مذکور ہی قوم سبا کا چنانچہ وہ قصہ بیان ہوویگا بیچ تفسیر آیت لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ الخ کے اور یہ سورت مکی ہی اوتری ہی بعد سورۂ لقمان کے آیتین اسکی چوّن ہین اور کلمات اسکے آٹھہ سو تراسی اور حروف اسکے تین ہزار پانسو بارہ اور رکوع اسکے چھہ اور اسکو بعد سورۂ احزاب کے اسلیے لکھا کہ وہ ختم ہوئی اس آیت پر لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اور یہ شروع ہوئی ہی لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ پر اور یہ وصف لائق ہی اوس حکم کے اسلیے کہ ملک عام اور قدرت تامہ تقاضا کرتی ہی اسکو کہ جسکو چاہے عذاب کرے اور جسکو چاہے بخشے اور رحم کرے اوسپر اور دوسرے یہ کہ آخر سورۂ احزاب کے ہی وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○ اور اس سورت کی دوسری آیت تمام ہوئی ہی وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ پر اور اوسمین مذکور ہی کفار کی جماعتون کا کہ اللہ تعالیٰ نے تو اونپر ایسی نعمت نازل فرمائی کہ رسول رحمۃ للعالمین بھیجا اور وہ ایسے ناشکر تھے کہ کچھہ اونکی قدر نجانی اور درپے ایذا رسانی اور مقابلے کے ہوئے آخر کو خراب ہوئے اور اسمین قوم سبا کا مذکور ہی کہ اونھون نے قدر اللہ تعالیٰ کی نعمتون کی نجانی آخر تباہ و برباد ہوئی اور بہت سی وجہین مناسبت کی نکل سکتی ہین اگر غور کرے تو آپ آگے مذکور ہوتی ہی تفسیر الحمد للہ الخ کی کہ جتنی تعریفین ہین یعنی جو کوئی کسی شخص کی یا کسی

ف الحمد دونون آیتون کا بھی ادپر لکھا جاچکا ۱۲

چیز کی تعریف کرتا ہی وہ سب اللہ ہی کے لیے ہین کہ جسکے ملک اور مخلوق اور تصرف مین ہی جو کچھ کہ آسمانون اور زمینون مین ہی بس ہی وہ لائق اسکے کہ تعریف کیا جاوے ظاہر و پوشیدہ اور پھر عام کے بعد خاص فرمایا کہ اوسکے لیے تعریف ہی آخرت مین یعنی جیسے کہ ہی تعریف اوسکے لیے دنیا مین اسلیے کہ نعمتین دارین مین مولی ہی کی طرف سے ہین مگر یہ کہ حمد یہان واجب ہی اسلیے کہ دنیا دار تکلیف ہی اور وہان واجب نہین اسواسطے نہونے تکلیف کے اور بعضون نے کہا کہ حمد آخرت مین وہ حمد کرنی اہل جنت کی ہی کہ بسبب سرور و چین او ملنے اجر عظیم کے کرینگے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۖ اور فرمایا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا وَعْدَهُ + **مد + معالم و غیرہ** + دنیا مین ظاہر اور کسیکی بھی تعریف ہوتی ہی کہ وہ پردہ ہی اللہ کے فعل کا آخرت مین پردہ نہین جو ہی سو اوسکی طرف سے + **مو** +

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۚ وَهُوَ الرَّحِيمُ الْغَفُورُ ○

جانتا ہی جو کچھ کہ داخل ہوتا ہی زمین مین اور جو کچھ کہ نکلتا ہی اوسمین سے اور جو کچھ کہ اوترتا ہی آسمان سے اور جو کچھ کہ چڑھتا ہی اوسمین اور وہ ہی مہربان بخشش کرنے والا + **فتح** + جانتا ہی جو پیٹھتا ہی زمین مین یعنی اموات اور دفائن اور پانی اور جو نکلتا ہی اوس سے یعنی روئیدگی اور کانون کی چیزین اور مردے حشر کو اور جو اوترتا ہی آسمان سے یعنی مینھ اور طرح طرح کی برکتین اور ملائکہ اور کتابین اور جو چڑھتا ہی آسمان مین یعنی ملائکہ اور اعمال بندون کے اور دعا اور ارواح مردون کی اور وہی ہی رحم والا کہ اوتارتا ہی وہ چیز کہ محتاج ہوتے ہین اوسکے بخشتا ہی یعنی گناہ + **تنبیہ** + اوس پاک پروردگار کی تعریفین بیشمار ہین کچھ بمناسبت مقام کے واسطے سرور قلب کے لکھی جاتی ہین فرمایا اللہ تعالی نے اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ اور فرمایا هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ○ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ۖ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ **نظم**

الٰہی ترا نام کیا خوب ہی ۔ کہ ہر جان کو وہی مرغوب ہی
اوسی سے ہی ہر دل کو آرام و چین ۔ وہی ہی زبانون کا ہی زیب و زین
زبان کس طرح حمد تیری کرے ۔ کہ ہی تو تو ادراک سے بھی پرے
بڑائی تری مین بیان کیا کرون ۔ کہ یان تو بڑے لوگ ہین سرنگون
ہمین بس یہی ہی ترا ادراک ہی ۔ کہ بیشک تو ہر عیب سے پاک ہی
ترے جود کے بحر کا ای ودود ۔ حباب مشبک ہی چرخ کبود
تری ذات مین منحصر ہی کمال ۔ تجھی مین ہی شان جلال و جمال
بڑائی کا تو ہی سزاوار ہی ۔ کہ ہر چیز کا تو ہی مختار ہی
بڑا تو ہی ہی اور سب ہیچ ہین ۔ خیالات کے سارے وہ پیچ ہین
تو ہی خالق ہر مکان و مکین ۔ تو ہی بادشاہ زمان و زمین
تو ہی مالک الملک ہی ای کریم ۔ کہ ہی ذات تیری جواد و حکیم
بھروسے کے جاتے ہین وسمین نظر ۔ ترا نور اون سب مین ہی جلوہ گر
وہ موتی سے بکھرے ہین جو سمین تمام ۔ کہ حیران ہو ہو کے سب خاص و عام
تعجب سے کہتے ہین چھوٹے بڑے ۔ حباب سیہ مین ہین موتی جڑے
ترا حسن جب نور افشان ہوا ۔ بساط زمین اوس سے افشان ہوا
کہین لالہ و گل ہوا اوسکا نام ۔ کہین در و مرجان ہی وہ لا کلام
کہین لعل و یاقوت پایا خطاب ۔ یہ سب ذرہ ہین اور تو آفتاب

اب آگے اپنی تعریفین بیان فرما کر گویا بیان فرماتے ہین کہ باوجودیکہ ہم ایسی ایسی صفتین رکھتے ہین اور پھر ہمکو منکر لوگ عاجز جانتے ہین قیامت و حشر بپا کرنے سے ×

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ ۖ قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ عَالِمِ الْغَيْبِ ۖ لَا يَعْزُبُ

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَا اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا اَكْبَرُ اِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

اور کہا کافرون نے نہین آوے گی ہمپر قیامت کہہ ہان قسم پروردگار میرے کی البتہ آوے گی تمھارے پاس اوسی پروردگار کہ جاننےوالا پوشیدہ کا ہی غائب نہین ہوتے اوس سے ہم وزن ذرے کے آسمانون مین اور نہ زمین مین اور نہین چھوٹا اوس سے اور نہ بڑا مگر کہ ثابت ہی کتاب ظاہر مین تا جزا دے اونکو کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے یہ جماعت واسطے اونکے ہی بخشش اور روزی گرامی + فتح اور کہنے لگے منکر یعنی قیامت کے نہ آویگی ہمپر وہ گھڑی یعنی قیامت تو کہہ کیون نہین قسم ہی میرے رب کی البتہ آویگی تمپر جیسے جاننے والے کی غائب نہین ہو سکتا اوس سے کچھہ ذرہ بھر آسمانون مین اور نہ زمین مین اور کوئی چیز نہین ذرے سے چھوٹی اور نہ اوس سے بڑی جو نہین ہی کھلی کتاب مین یعنی لوح محفوظ مین قیامت اس واسطے آنی ضرور ہی تا بدلا دیوے اونکو جو یقین لائے اور کیے بھلے کام وہ جو ہین اونکو ہی معافی اور روزی عزت کی یعنی جنت + مو + تنبیہ اس سے معلوم ہوا کہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کرتے ہین وہ جزائے نیک اور روزی عزت کی پاوینگے اور مغفرت ہوگی اونکو پس سبکو چاہیے کہ اپنے مولی کی طاعت مین ہردم مشغول رہین اور دنیا کی فکرون سے نچنت ہون اور گناہون سے بچین اور توشہ راہ آخرت کا طیار کرین منقول ہی حضرت علیؓ سے کہ لازم کرو اپنے پر پانچ خصلتین کہ عمل کرو اونپر عبادت کرو اللہ کی بقدر حاجت اپنی کے طرف اوسکے اور لو تم دنیا سے بقدر عمر اپنی کے اوسمین اور گناہ کرو اللہ کا بقدر طاقت اپنی کے اوسکے عذاب پر اور لو توشہ آخرت کا بقدر ٹھہرنے اپنے کے قبر مین اور عمل کرو جنت کے لیے بقدر اوس مدت کے کہ ارادہ رکھتے ہو ٹھہرنے کا اوسمین + منبہات +

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝

اور وہ جنھون نے کہ سعی کی بیچ رد آیات ہماری کے مقابلہ کرتے ہوئے وہ جماعت اونکے لیے ہی عذاب عقوبت درد دینے والے سے + فتح + اور جو لوگ دوڑے ہماری آیتون کے ہرانے کو اونکو بلا کی مار ہی دکھہ والی + مو + تفسیر مدارک مین اس آیت کے معنی لکھے ہین اور اون لوگون نے کہ کوشش کی بیچ رد قرآن کے بگمان اسکے کہ بھاگ جاوینگے ہمسے یہ لوگ اونکے لیے عذاب درد دینے والا ہی سب عذاب مین سے ہی

وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝

اور دیکھتے ہین یعنی جانتے ہین وہ لوگ کہ دیا گیا ہی اونکو علم اوس چیز کو کہ اوتاری گئی تیرے پروردگار کی جانب سے یعنی قرآن راست اور راہ بتلانے والی طرف راہ خدا غالب تعریف کیے گئے کے + فتح + اور دیکھہ لین جنکو ملی ہی سمجھہ کہ جو اوترا تیرے رب سے وہی ٹھیک ہی اور سجھاتا ہی راہ اوس زبردست خوبیون والے کی + تفسیر + یعنی اسواسطے قیامت آتی ہی کہ جنکو یقین تھا وہ آنکھون سے دیکھہ لین + مو + وہ لوگ کہ دیا گیا ہی اونکو علم یعنی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جو کہ بعد اونکے آئے ہین آنحضرت کی امت مین سے یا علما اہل کتاب کے کہ جو مسلمان ہوئے مانند عبد اللہ بن سلام اور کعب احبار کے اور راہ سے مراد دین خدا ہی + مد

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝

اور کہا کافرون نے یعنی قریش نے آپسمین کیا راہ بتاوین ہم تمکو اوپر اوس شخص کے کہ خبر دیتا ہی تمکو کہ جب پارہ پارہ کیے جاؤگے تم نہایت پارہ پارہ ہونا تحقیق تم بیچ پیدائش نئی کے ہوگے + فتح + اور کہنے لگے منکر ہم بتاوین تمکو ایک مرد کہ تمکو خبر دیتا ہی جب تم پھٹ کر ہو جاؤ ٹکڑے ٹکڑے تمکو جنم نیا بنا ہی + مو + تفسیر + یعنی کفار آپسمین کہتے تھے کہ ایک مرد یعنی محمد بعث کے بعد فانی ہونے کی خبر دیتے ہین + مد

اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝

کیا باندھلیا ہی اوسنے اوپر خدا کے جھوٹ یا اوسکو جنون ہی بلکہ وہ لوگ کہ نہین ایمان لاتے ہین ساتھ آخرت کے بیچ عذاب کے ہونگے اور بیچ گمراہی دور کے ہین ۞ **فتح** ۞ کیا بنا لیا ہی اللہ پر جھوٹ یا اوسکو سودا ہی کوئی نہین پر جو یقین نہین رکھتے آخرت کا آفت مین ہین اور صریح غلطی ہین ۞ **موضح تفسیر** ۞ پہلا قول کافرون کا تھا کہ وہ کہتے تھے کیا اسنے جھوٹ کہا یا اسکو جنون ہی اللہ تعالی نے اونکے قول کو رد فرمایا ساتھ کلام پاک اپنے کے بَلِ الَّذِیْنَ الخ یعنی محمد نے جھوٹ نہین بنایا اور نہ اوسکو جنون ہی کچھ بھی وہ مبرا ان دونون سے ہی بلکہ یہ کہنے والے منکر بعث کے پڑے ہین عذاب دوزخ مین اور اوسی چیز مین کہ باعث ہی عذاب کی یعنی گمراہی حق سے اور وہ غافل ہین اس سے اور یہ بڑے جنونون کا جنون ہی اور گردانا گیا واقع ہونا اونکا عذاب مین قریب واقع ہونے اونکے کے گمراہی مین گویا کہ یہ دونون ہین ایک وقت مین اسلیے کہ ہر گاہ کہ تھا عذاب لازم گمراہی سے گردانے گئے وہ دونون گویا کہ پاس پاس ہین ۞ **صل** ۞

اَفَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَیْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ ۝ ع

کیا نہ دیکھا انھون نے طرف اوس چیز کے کہ آگے انکے اور جو پیچھے انکے ہی آسمان اور زمین سے اگر چاہین ہم دھنسا دین انکو زمین مین یا ڈالین ہم انپر ایک ٹکڑا آسمان سے تحقیق بیچ اس کام کے البتہ نشانی ہی واسطے ہر بندے رجوع کرنے والے کے ۞ **فتح** ۞ کیا دیکھتے نہین جو کچھ انکے آگے ہی اور پیچھے ہی آسمان اور زمین اگر ہم چاہین دھنسا دین اونکو زمین مین یا گرا دین اونپر ٹکڑا آسمان سے اسمین پتا ہی ہر بندے کو جو رجوع رکھتا ہی ۞ **موضح تفسیر** ۞ یعنی کیا یہ اندھے ہین کہ نہین دیکھتے طرف آسمان و زمین کے کہ کس طرح اونھون نے انکو گھیر رکھا ہی نہین نکل سکتے اونکے کنارون مین سے اور اللہ کی بادشاہت سے اور نہین ڈرتے اس سے کہ اللہ دھنسا دے اونکو یا گرا دے اونپر ٹکڑا آسمان کا بسبب جھٹلانے اونکے کے آیتون کو اور بسبب کفر اونکے کے ساتھ رسول کے اور شریعت کے جیسے کہ معاملہ کیا ساتھ قارون کے اور ایکہ والون یعنی امت شعیب علیہ السلام کے تحقیق اس دیکھنے مین طرف آسمان و زمین کے اور فکر کرنے مین بیچ انکے اور قدرت اللہ کے کہ دلالت کرتے ہین یہ دونون اوسپر البتہ آیت ہی یعنی دلالت ہی واسطے ہر بندے کے کہ رجوع رکھتا ہی اپنے دل سے اپنے رب کی طرف اور مطیع ہی اوسکا اسلیے کہ رجوع رکھنے والا اپنے دل سے جب نظر کرتا ہی اللہ تعالی کی نشانیون پر سمجھتا ہی کہ وہ قادر ہی ہر چیز پر بعث پر اور عذاب اوس شخص پر کہ انکار کرتا ہی بعث کا وغیر ذلک ۞ **مل** ۞ **تنبیہ** ۞ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالی کی قدرت کی نشانیون کے دیکھنے سے اور اوسمین فکر کرنے سے بڑا فائدہ ہوتا ہی چنانچہ منقول ہی جمہور علما سے کہ فکر کرنی پانچ وجہون پر ہی ایک تو فکر کرنی اللہ تعالی کی قدرت کی نشانیون مین کہ وہ آسمان و زمین وغیرہ ہین پیدا ہوتی ہی اوس سے توحید و یقین اور دوسری فکر کرنی اللہ تعالی کی نعمتون مین پیدا ہوتی ہی اوس سے محبت اور شکر اور تیسری فکر کرنی اللہ تعالی کے وعدے مین پیدا ہوتی ہی اوس سے رغبت یعنی نیک کامون کی اور چوتھی فکر کرنی اللہ تعالی کی وعید یعنی ڈراوے مین پیدا ہوتا ہی اوس سے خوف الٰہی اور پانچوین فکر کرنی بیچ تقصیر نفس کے طاعت سے باوجود احسان الٰہی کے پیدا ہوتی ہی اوس سے حیا ۞ **منبہات** ۞ اور چونکہ اس آیت مین ذکر ہوا اللہ تعالی کی طرف رجوع کرنے والے بندونکا اسکے آگے قصہ بیان فرمایا دو کامل رجوع کرنے والے بندون کا کہ وہ داؤد اور سلیمان علیہما السلام ہین ۞

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِیْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِی السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ۝

اور تحقیق دی ہمنے داؤد کو اپنے پاس سے بزرگی کہا ہمنے اے پہاڑو دن بزیر و بم تسبیح کہو ہمراہ اوسکے اور مسخر اوسکا کیا ہمنے پرندون کو

اور نرم کیا ہمنے اوسکے لیے لوہے کو فرمایا ہمنے کہ بنا زرہین کشادہ اور اندازہ نگاہ رکھ بیچ پرونے ایک حلقے کے دوسرے مین اور
اے داؤد اور داؤد کے گھر والون کرو کام شایستہ یعنی خالص لائق قبولیت کے تحقیق مین ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا
ہون یعنی پس جزا دونگا تمکو اوسپر **فقط** اور ہمنے دی ہے داؤد کو اپنی طرف سے بڑائی اے پہاڑون رجوع سے پڑھو اوسکے ساتھ
اور اوڑتے جانور اور نرم کر دیا ہمنے اوسکے آگے لوہا کہ بنا کشادہ زرہین اور اندازے سے جوڑ کڑیان اور کرو تم سب کام بھلا مین
جو کرتے ہو دیکھتا ہون **تفسیر** حضرت داؤدؑ جو تھے دن جنگل مین نکلتے اپنے گناہون پر روتے اور زبور پڑھتے خوش آواز
اوسکے اثر سے پہاڑ بھی ساتھ پڑھتے اور روتے اور جانور پاس آ بیٹھ کر اوسی طرح آواز کرتے اوس مجلس مین لوگون کے بہت جنازے
نکلتے اور کڑیون کی زرہ پہلے اونھین سے نکلی کہ کشادہ ہے **موضح** مراد بزرگی سے نبوت ہے اور زبور یا بادشاہت اور
بعضون نے کہا تمام وہ چیزین کہ دیے گئے تھے یعنی نرم ہونا لوہے کا انکے ہاتھ مین اور خوش آوازی جیسے کہ مشہور ہے کہ اونکی خوش آوازی
سے وحوش و طیور جمع ہوتے اور مست ہوتے اور سوائے انکے جو بزرگی کی باتون کر خاص کیے گئے تھے وہ مراد ہین اور اَوِّبِی
تاویب سے ہے یعنی خوش الحانی سے پڑھو ساتھ اوسکے تسبیح اور معنی تسبیح کرنے پہاڑون کے یہ ہین کہ اللہ تعالی پیدا کرتا تھا پہاڑون
مین تسبیح پس سنی جاتی تھی تسبیح اونسے جیسے کہ آدمی تسبیح کرنے والے سے سنی جاتی ہے یہ معجزہ تھا حضرت داؤد علیہ السلام کا جیسے کہ ہمارے
نبی کے ہاتھ مین سنگریزون نے تسبیح کی اور بعضون کے نزدیک معنی اَوِّبِی کے ہین سیر کرو اور یہ بھی معجزہ تھا داؤدؑ کا کہ جب جاتے پہاڑ
اونکے ساتھ چلتے اور جانورون کا مسخر ہونا بھی یہی ہے کہ اونکے ساتھ ذکر الٰہی مین موافقت کرتے اور نرم کیا ہمنے الخ کہا ہے مفسرین نے
کہ لوہا حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ مین مانند موم اور گندھے ہوئے آٹے کے ہو جاتا تھا جو کچھ چاہتے اوس سے بناتے بغیر
آگ اور ہتوڑی کے اور ہر روز ایک زرہ بناتے اور چار ہزار درہم کو بیچتے دو ہزار للہ دیتے اور ساتھ دو ہزار کے نفقہ اپنا اور
اپنے عیال کا کرتے اور اونکی وفات کے بعد ہزار زرہین اونکے خزانے مین تھین اور روایت کیا گیا ہے کہ عادت حضرت داؤدؑ کی
یہ تھی بعد بادشاہ ہونے کے بنی اسرائیل پر کہ بھیس بدل کر نکلتے اور انجان لوگون سے پوچھتے کہ تمہارا والی داؤد کیسا شخص ہے سب
تعریف اونکی کرتے ایک روز ایک فرشتہ حکم الٰہی سے آدمی کی صورت بنکر حضرت داؤدؑ سے ملا داؤدؑ نے بحسب اپنی عادت کے اوس سے
بھی پوچھا اوس فرشتے نے کہا کہ داؤدؑ اچھا شخص ہے اگر ایک خصلت اوسمین نہوتی داؤدؑ نے پوچھا کہ وہ کونسی خصلت ہے اوسنے کہا
کہ وہ اور عیال اوسکے بیت المال سے کھاتے ہین پس داؤد علیہ السلام نے خدائے تعالی سے درخواست کی کہ کونسا پیشہ اختیار کرون
حکم ہوا کہ زرہ بنایا کر اور لوہا اونکے ہاتھ مین موم کر دیا **ملا بحر** **تنبیہ** انوار التنزیل اور روضۃ الصفا مین لکھا ہے
کہ حضرت داؤدؑ نو پشت سے یہودا ابن یعقوب پیغمبرؑ کو پہونچتے ہین اور ایشا باپ انکے بحسب ایک قول کے تیرا ۱۳ فرزند رکھتے تھے
سب مین چھوٹے حضرت داؤدؑ تھے اور بدن مین بہ نسبت اور بھائیون کے دبلے پتلے تھے اور بموجب اشارے باپ اپنے کے
فلاخن یعنی گوپیا اور توبڑہ پتھرون کا اور ایک عصا ہمیشہ اپنے پاس رکھتے تھے اور بکریان چرایا کرتے تھے کہتے ہین کہ ایک دن
اوائل حال مین اپنے باپ سے کہا کہ میرا پتھر فلاخن کا جس چیز پر پہونچتا ہے گرا دیتا ہے اُنھون نے کہا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی
تجکو حاکم قلعون کا کریگا پھر انھون نے دوسری مرتبہ کہا کہ آج مینے دیکھا کہ فلانے جنگل مین شیر میرا تابع ہوا اور اوسپر مینے سوار ہو کر
اوسکے کان پکڑ لیے اور اوسنے میری تابعداری کی انکے باپ نے جواب دیا کہ حضرت ذو المنن ایک مرد عالی رتبہ کو تیرا مسخر کریگا پھر ایک دن
اپنے باپ سے آکر کہا کہ جب پہاڑون کی سیر مین مین تسبیح کرتا ہون تو سب پہاڑ میرے ساتھ تسبیح کہتے ہین ایشا نے کہا کہ تجکو
بشارت ہو کہ بخشندہ بے منت خیر و کرامت تجکو عطا فرماویگا مؤرخ کہتے ہین کہ جب طالوت بجنگ جالوت مامور ہوا تو حضرت اشمویل کو

وحی پونہچی کہ قاتل جالوت ایشا کے فرزندون مین سے ہوگا کہ جب وہ سینگ کہ اوسمین روغن قدس ہی اوسکے سر پر توڑیگا وہ جوش کہا کر مانند تاج کے اوس نیکبخت کے سر پر کھڑا ہو جائیگا اور فلانی زرہ اوسکے قد پر پوری آئیگی نہ دراز ہوگی اور نہ کوتاہ حضرت اشمویل نے گھر جاکر ایشا کے فرزندون کو بُلایا اونھون نے بارہ فرزندون کو اشمویل ع کے پاس بھیجدیا لکھا ہی کہ یہ سب جوانان زیبا طلعت اور خوبصورت اور قوی ہیکل اور زبردست تھے اور ایکمان مین سے بملاحت رخسارہ اور طول قد اور فربہی سب بھائیون مین امتیاز رکھتا تھا اشمویل ع نے جانا کہ اغلب ہی کہ قاتل جالوت یہی جوان ہوگا متوجہ امتحان ہوئے اور استعمال روغن اور زرہ کا کیا مگر کچھ علامت وانر اوسکا ظاہر نہوا اوسوقت خطاب الٰہی نازل ہوا کہ تو اختیار کرتا ہی آدمیون کو حسن و جمال پر اور مین اختیار کرتا ہون طہارت قلوب پر حضرت اشمویل ع نے مناجات کی کہ یارب مینے بموجب حکم کے ایشا کے فرزندون کی آزمایش کی وہ شخص موعود انمین نہ پایا وحی آئی کہ اوسکا ایک فرزند اور ہی کہ لائق اس امر خطیر کے ہی حضرت اشمویل ع نے ایشا سے کہا کہ اپنے اور فرزند کو حاضر کر دو جواب دیا کہ میرا اور فرزند نہین ہی کہا حضرت عالم الغیب والشہادہ نے خبر دی ہی کہ تیرا فرزند اور بھی ہی ایشا نے کہا کہ ایک بیٹا چھوٹا اور ہی کہ بنا بر کوتاہی قد اور کبودگی آنکھہ اور نحافت جسم اور عدم جمال ظاہری کے اوسکو مجمع عام مین نہین لایا اب وہ فلانی جگہہ بکریان چرانے مین مشغول ہی اشمویل ع جب اوس جنگل مین پونہچے دیکھا کہ وہان شدت سے پانی جاری ہی اور حضرت داؤد ع ہر نوبت دو دو بکریان اوٹھا اوٹھا کر پانی سے اوتار رہے ہین شمویل ع نے بنور نبوت جانا کہ مظہر موعود یہی ہی اونکے پاس جاکر سلام کیا اور سینگ کو اونکے سر پر رکھا چنانچہ روغن اوس سے ٹیک کر مانند تاج کے اونکے سر پر کھڑا ہوا اور وہ زرہ اونکے قد پر درست آئی بعد ازان اشمویل ع نے کچھ عجائبات انسے پوچھے اور انھون نے بیان کیے اور پھر لشکر طالوت مین آئے اور جالوت کو مارا اور طالوت نے اپنی بیٹی انسے بیاہ دی پھر بعد مرنے طالوت کے یہ بادشاہ ہوئے اور عدل و انصاف کرتے رہے اور نبی ہوئے سارا قصہ انکا طویل ہی عجائب القصص وغیرہ تواریخ کی کتابون مین مذکور ہی اور عمر انکی سانٹھہ برس کی ہوئی اور بعد انکے حضرت سلیمان ع بیٹے انکے قائم مقام انکے ہوئے + **عجائب القصص** +

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝

اور سخر کیا ہمنے واسطے سلیمان ع کے ہوا کو سیر اول روز اوسکے کی ایک مہینے کی راہ تھی اور سیر آخر روز اوسکی بھی ایک مہینے کی راہ تھی اور بہایا ہمنے اوسکے لیے چشمہ گلے ہوئے تانبے کا اور سخر اوسکا کیا ہمنے جنون مین سے اونکو کہ کام کرتے تھے آگے اوسکے ساتھ حکم پروردگار اپنے کے اور کہا ہمنے جو کہ کجروی کرے جنون مین سے ہمارے حکم کی چکھاوین اوسکو کچھ عذاب دوزخ مین سے + **فتح** + اور سلیمان ع کے آگے باد صبح کی منزل اوسکی ایک مہینے کی راہ اور شام کی منزل ایک مہینا اور بہا دیا ہمنے اوسکے واسطے چشمہ پگلے تانبے کا اور جنون سے جو کتنے لوگ محنت کرتے تھے اوسکے سامنے اوسکے رب کے حکم سے اور جو کوئی پھرے اونمین ہمارے حکم سے چکھاوین ہم اوسکو آگ کی مار + **مو** + **تفسیر** + یعنی ہوا اول روز مین مہینے بھر کی راہ پر پونہچاتی تھی سلیمان ع کو اور آخر روز مین بھی مہینے بھر کی راہ پر اول روز مین چلتے تھے حضرت سلیمان ع دمشق سے اور قیلولہ کرتے تھے اصطخر مین کہ نام ایک موضع کا ہی فارس مین اور ان دونون کے درمیان مین مسافت ایک مہینے کی ہی اور اخیر روز مین چلتے تھے اصطخر سے اور رات کو جا رہتے تھے کابل مین اور مسافت ان دونون مین بھی ایک مہینے کی ہی تیز رو سوار کی چال سے اور بعضون نے کہا کہ صبح کا کھانا ری مین کھاتے تھے اور شام کا کھانا سمرقند مین اور چشمے سے مراد ہی کان پس تانبا بہتا تھا اوسمین سے تین دن ہر مہینے مین جیسے کہ بہتا ہی پانی اور اوس سے لوگ منتفع ہوتے تھے اور تھا یہ زمین یمن مین اور جو کہ کجروی کرے یعنی عدول کرے ہمارے حکم سے کہ

حکم دیا تھا ہمنے سلیمان کی فرمان برداری کرنے کا اور عذاب دوزخ مین سے یعنی آخرت مین اور بعضو نے کہا دنیا مین اور وہ یہ تھا کہ اللہ تعالی نے متعین کیا تھا ایک فرشتہ کوڑا آگ کا لیے ہوئے کہ وہ سلیمان ع کے ساتھ رہتا تھا پس جو کوئی عدول حکمی کرتا سلیمان ع کی مارتا وہ اوسکو ایک کوڑا کہ جلا دیتا اوسکو ✤ ۱۵ ✤

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ ۚ اعْمَلُوا آلَ دَاوُودَ شُكْرًا ۚ وَقَلِيلٌ مِنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ ۝

بناتے تھے جن واسطے سلیمان ع کے جو کچھ چاہتا قلعون سے اور صورتون سے اور لگنون سے بقدر حوضون کے اور دیگین اپنی جگہہ دھری رہنے والی کہا ہمنے عمل مین لاؤ ای لوگون داؤد کے شکر خدا کا اور تھوڑے ہین بندون میرے سے شکر کرنیوالے ✤ **فتح** ✤ بناتے اوسکے واسطے جو چاہتا قلعے اور تصویرین اور لگن جیسے تالاب اور دیگین چولھون پر جمی کام کرو داؤد کے گھر والون حق مان کر اور تھوڑے ہین میرے بندون مین حق ماننے والے ✤ **تفسیر** ✤ مراد محاریب سے مسجدین ہین اور قلعے اونچے اونچے کہ دیوون نے سلیمان ع کے لیے بنائے تھے مانند قلعہ بیتون اور مرواح وغیرہ کے کہ یمن مین تھے کثرت سے عجیب عجیب پہاڑون کے ترشے ہوئے اور مسجدین جو بنائی تھین اون مین سے ایک مسجد بیت المقدس تھی شروع کیا بنانا اوسکا حضرت داؤد علیہ السلام نے اور برابر قد مرد کے بلند کیا تھا کہ وحی بھیجی خدا تعالی نے کہ اتمام اس مسجد کا تمہارے ہاتھ پر مقدر نہین ہی لیکن تمہارا بیٹا سلیمان ع نام اسکو تمام کریگا اور جب حضرت داؤد ع نے وفات پائی حضرت سلیمان ع اونکی جگہہ خلیفہ ہوئے پس چاہا تمام کرنا بنای بیت المقدس کا اور جن اور شیاطین کو جمع کر کر ہر فرقے کو ایک ایک کام پر متعین کیا جن اور شیاطین نے سنگ مرمر اور بلور کانون مین سے لاکر شہر بنایا اور بارہ محلے اوسمین بنائے اور سلیمان ع نے ایک ایک قبیلے کو ایک ایک محلے مین اوتارا اور بعد فارغ ہونیکے شہر کے بنانے سے بنانا بیت المقدس کا شروع کیا شیاطین نے بموجب حکم سلیمان ع کے فرقہ فرقہ ہوکر سونا اور چاندی اور یاقوت اور موتی اور جواہر اور پتھر اور مشک و عنبر و تمام خوشبوئیان کانون اور دریا اور اونکی جگہون مین سے اسقدر لاکر جمع کیا کہ اللہ ہی جانے مقدار اور شمار اونکی اور مسجد بنائی ساتھ سنگ مرمر اور زرد اور سبز پتھرون کے اور ستون اوسکے بلور کے اور چھت اوسکی ساتھ تختیون جواہر بیش قیمت کے اور جڑے اوسکی چھت اور دیوارون پر موتی اور یاقوت اور تمام جواہر اور بچھائین اوسکی زمین مین تختیان فیروزے کی پس نہین تھا زمین مین کوئی مکان روشن تر اور پاکیزہ تر اوس مسجد سے یہان تک کہ اندھیری رات مین مانند چودھوین رات کے چاند کے چمکتے تھے اور حبر وزبن حکی اوس دن عید کی اور علمای بنی اسرائیل کو اوسمین جمع کیا اور اعلام کیا اونکو کہ مینے بنائی ہی یہ واسطے اللہ تعالی کے اور بلا شبہہ اسمین ہر چیز خالص اللہ تعالی ہی کے لیے ہی اور روایت کیا ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب فارغ ہوئے سلیمان ع بیت المقدس کے بنانے سے سوال کین اپنے رب سے تین چیزین پس دین اونکو دو چیزین اور مین امید رکھتا ہون یہ کہ دی ہوا ونکو تیسری چیز سوال کیا اونھون نے اللہ تعالی سے حکم کہ موافق حکم خدا کے ہو پس دیا اونکو یہ اور سوال کیا اوس سے ملک کہ نہ سزاوار ہو کسیکے لیے بعد اونکے پس دیا اونکو اور سوال کیا اوس سے یہ کہ جو کوئی اس مسجد مین آکر دو رکعت نماز کی پڑھے پاک ہو گناہون سے مانند روز پیدا ہونے کے ماں کے پیٹ سے پس مین امید رکھتا ہون یہ کہ دیا ہوا اونکو یہ اور وہی بنا سلیمان ع کی رہی تا وقتیکہ بخت نصر شام پر مسلط ہوا اور بیت المقدس اور اوسکے شہر کو خراب کیا اور سونا اور چاندی اور جواہر اور موتی اور یاقوت سب اپنی زمین سلطنت مین کہ عراق مین تھی لے گیا اور تصویرون سے مراد ہین مورتین کہ بناتے تھے جنات اونکے لیے تانبے اور پیتل اور سیسے اور سنگ سفید کی اور صورتین

بناتے تھے درندون اور جانورون کی اور بعضون نے کہا کہ بناتے تھے صورتین ملائکہ اور انبیا اور صالحین کی مسجدون مین تاکہ لوگ دیکھکر عبادت زیادہ کرین اور عین المعانی مین کہا ہی کہ صورتین لوہے کی بصورت آدمی کے تھین حق تعالی بوقت جنگ دشمنون کے اروا اونمین پھونکتا تھا اور وہ لڑائی مین مدد کرتی تھین انتہی اور روایت کیا گیا ہی کہ جنّون نے بنائے تھے اونکے لیے دو شیر اسفل کرسی اونکی مین اور دو گرگس اوپر اوسکے پس جب ارادہ کرتے تھے چڑھنے کا کرسی پر پھیلا دیتے تھے شیر اونکے لیے دونون ہاتھ اپنے اور جب بیٹھتے سایہ کرتے تھے اونپر گرگس اپنے پرون کا اور تھی تصویر بنانی مباح اوسوقت مین جیسے کہ حضرت عیسیٰ مٹی کی صورت بناکر روح پھونکتے تھے پس ہوجاتے تھے وہ پرندہ حکم الٰہی سے اور ہماری شریعت مین بنانا تصویر کا حرام ہی اور لفظ جفان جمع جفنہ کی ہی معنی پیالے کے اور جواب جوکا لجواب مین ہی جمع ہی جابیۃ کی معنی بڑے حوض کے کہتے ہین کہ ایک پیالے پر ہزار آدمی بیٹھکر کھانا کھاتے تھے اور دیگین بہت بڑی بڑی تھین جو لھون ہی پر رکھی رہتی تھین اوترنہ سکتی تھین بسبب بڑاپے کے اور سیڑھیان لگاکر اونکے مونہون تک پہونچتے تھے اور بارہ ہزار بہرچی تھے کہ اونمین کھانا پکایا کرتے تھے اور اب تک بھی بعضی اونمین کی شام مین موجود ہین اور آل داود سے بعضون نے توکہا مراد خود داود علیہ السلام ہین اور بعضون نے کہا مراد داود اور سلیمان اور گھر والے اونکے ہین اور معنی اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا کے یہ ہین کہ ای آل داود طاعت کرو میری واسطے شکر ان نعمتون میری کے اور فضیل سے یہ معنی اسکے منقول ہین اُدْعُوْا اَھْلَ الْبَلَاءِ وَسَلُوْا رَبَّکُمُ الْعَافِیَۃَ اور پوچھے گئے جنید شکر سے پس کہا انھون نے بَذْلُ الْمَجْھُوْدِ بَیْنَ یَدَیِ الْمَعْبُوْدِ اور شکور کے معنی ہین بہت شکر ادا کرنیوالا کہ خرچ کرے طاقت اپنی ادای شکر مین کہ دل بھی مشغول ہو ادای شکر مین باعتبار حاصل ہونے اعتقاد صحیح کے اور پاک ہونے کے برے اخلاقون سے مانند حسد وکینہ وغیرہ کے اور زبان بھی مشغول ہو ادای شکر مین اور اعضا بھی مشغول ہون اور ابن عباس سے ذکر کہ شکور وہ ہی کہ شکر کرے اوپر تمام احوال اپنے کے اور بعضون نے کہا کہ شکور وہ ہی کہ شکر پر شکر کرے یا وہ ہی کہ عاجز جانے اپنے ادای شکر سے منقول ہی فضیل سے کہ کہا داود نے ای رب میرے کیونکر شکر کرون مین تیرا حالانکہ شکر کرنا نعمت ہی تجہسے فرمایا اب شکر کیا تونے میرا جبکہ جانا تونے کہ شکر نعمت ہی مجہسے اور فرمایا آنحضرت نے اس حال مین کہ خطبہ پڑھتے تھے لوگون کے آگے منبر پر اور پڑھی یہ آیت اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا فرمایا تین چیزین ہین جو کوئی دیا گیا وہ دیا گیا وہ چیز کہ دی گئی آل داود لوگون نے عرض کیا کہ وہ کیا ہین یارسول اللہ فرمایا عدل کرنا غضب ورضا مین اور میانہ روی فقر وغنا مین اور ذکر اللہ کا پوشیدگی وظاہر مین اور حضرت داود علیہ السلام کا حال منقول ہی کہ انھون نے تقسیم کر رکھا تھا ساعات شب وروز کو اپنے اہل پر اللہ تعالی کی بندگی کے لیے پس نہین آتی تھی کوئی ساعت رات و دن کی ساعتون مین سے مگر کہ کوئی نہ کوئی شخص آل داود مین سے نماز مین کھڑا ہوا ہوتا تھا ✤ معالم ✤ مد ✤ بحر ✤ در منثور ✤

فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْہِ الْمَوْتَ مَا دَلَّھُمْ عَلٰی مَوْتِہٖٓ اِلَّا دَآبَّۃُ الْاَرْضِ تَاْکُلُ مِنْسَاَتَہٗ فَلَمَّا خَرَّ تَبَیَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ الْغَیْبَ مَا لَبِثُوْا فِی الْعَذَابِ الْمُھِیْنِ ○

پس جب ٹھہرا دی ہمنے اوسپر مرگ راہ نہ بتائی دیوون کو اوسکی موت پر مگر کیڑے لکڑی کے کھانے والے نے کہ کھاتا تھا سلیمان کے عصا کو پس جب گرا سلیمان جان لیا جنون نے یہ کہ اگر جانتے غیب کو نہ رہتے بیچ عذاب ذلیل کرنے والے کے ✤ فتح ✤ پھر جب تقدیر کی ہمنے اوسپر موت نہ جتایا اونکو اوسکا مرنا مگر کیڑے نے گھن کے کھاتا رہا اوسکا عصا پھر جب وہ گر پڑا معلوم کیا جنون نے کہ اگر خبر رکھتے ہوتے غیب کی نہ رہتے ذلت کی تکلیف مین ✤ تفسیر ✤ حضرت سلیمان جنون کے ہاتھ سے مسجد بیت المقدس بنواتے تھے جب معلوم کیا کہ میری موت پونہچی جنون کو عمارت کا نقشہ بتاکر آپ شیشے کے مکان مین در بند کرکر بندگی مین مشغول ہوئے بعد وفات کے برس دن تک جن بناتے رہے کہ پوری بن چکی جس عصا پر ٹیک کر کھڑے تھے گھن کے کھانے سے گرا تب سب پر وفات معلوم ہوئی اور جن جو آدمیون پاس

دعوی کرتے تھے علم غیب کا قائل ہوئے ﴿موضح﴾ کہا اہل علم نے کہ حضرت سلیمان ؑ اعتکاف کرتے تھے بیت المقدس مین برس برس
اور دو دو برس اور مہینا مہینا بھر اور دو دو مہینے بھر تک اور کم اور زیادہ اس سے اور کھانا اور پانی اونکا وہان پہنچا دیتے تھے جس
داخل ہوئے اوسمین اوس مرتبہ مین کہ وفات پائی اوسمین اور ہوئی ابتدا اسکی یہ کہ نہین صبح کرتے تھے وہ کسی دن مگر کہ اوگتا تھا بیت المقدس
کی محراب مین ایک درخت اور سلیمان ؑ اوس سے نام اوسکا پوچھتے پس وہ کہتا کہ یہ نام ہی میرا پھر کہتے کہ کس چیز کے لیے ہی تو پس وہ کہتا کہ اس
چیز کے لیے ہون پس کٹوا لیتے اوسکو پس اگر اوگتا تھا لگانے کے لیے لگا دیتے تھے اوسکو اور جگہہ اور اگر دوا کے لیے اوگتا لکھہ لیتے
یہان تک کہ اوگا خروبہ پس کہا کہ کیا ہی نام تیرا کہا اوسنے خروبہ فرمایا کاہے کے لیے ہی تو کہا اوسنے واسطے خراب ہونے مسجد تیری کے حضرت
سلیمان ؑ نے کہا جب تک کہ مین زندہ ہون خدا تعالی نہین خراب کرنے کا اسکو اور اوسکو اوکھاڑ کر اور جگہہ لگا دیا اور دعا کی سلیمان ؑ نے
کہ الہی موت میری جنات پر پوشیدہ رکھہ تا تمام مسجد کہ کام ایک سال کا باقی رہا ہی انجام کو پہنچے اور تا کہ آدمی جان لین کہ جن بھی غیب نہین جانتے ہین
اور دعوی اونکا ساتھہ علم غیب کے کہ کرتے ہین باطل ہی پھر سلیمان ؑ بحسب عادت اپنی کے محراب مین گئے اور تکیہ عصا پر کر کر نماز پر کھڑے ہوئے
اور کھڑے ہی کھڑے وفات پائی جن کھڑکیون مین سے اونکو کھڑے دیکھہ کر زندہ جانتے تھے اور اعمال شاقہ مین مشغول رہے یہان تک کہ بعد
اونکی موت کے ایک برس گذرا اور لکڑی کے کیڑے نے عصا اونکا نیچے سے کھایا اور مردہ سلیمان ؑ کا زمین پر گرا اوسوقت جنون نے
اونکی موت سے آگاہ ہوکر بھاگ کر پہاڑون مین جگہہ پکڑی اور حضرت سلیمان ؑ جو بہت دنون تک محراب مین رہے جنات نے تعجب اسلیے
نکیا کہ پہلے اسکے بھی یہ نماز طول طویل پڑھا کرتے تھے وہ سمجھے کہ اب بھی بحسب عادت قدیمہ کے نماز مین مشغول ہین اور عذاب خوار
کرنے والے سے مراد ہی تکالیف شاقہ کہ بیچ کار بیت المقدس کے اوٹھاتے تھے اور حضرت سلیمان ؑ تیران ۱۳ برس کے تھے کہ جانشین حضرت
داؤد ؑ کے اور بادشاہ ہوئے بنی اسرائیل پر اور چالیس برس سلطنت کی اور ترپن ۵۳ برس کی عمر مین وفات پائی اور چھتیس ۳۶ برس بیت المقدس
کے بنانے مین مشغول رہے **معالم تنبیہ** سبحان اللہ ان دونون قصون مین کیا عظمت الہی معلوم ہوتی ہی کیا
قادر بیچون ہی کہ جسنے اپنے مخلوق مین ایسے ایسے لوگ پیدا کیے کہا کیا کچھہ دنیا اور آخرت کی خوبیان انکو عطا فرمائین اور یہ سب
نتیجہ تھا اوس پاک پروردگار کی یاد کرنے کا اور اوسکی فرمان برداری کا اور اوسکی طرف رجوع رکھنے کا یہ کچھہ تو اللہ تعالی نے
اونکا مرتبہ کیا تھا اور پھر اوسکی یاد کیسی کرتے تھے اسی لیے ہمارے پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو رزین صحابی سے فرمایا کہ
کیا نہ بتاؤن مین تجکو مدار اس کام کا یعنی دین کا وہ جو پہنچے تو بسبب اوسکے دنیا اور آخرت کی بھلائی کو لازم کر اپنے پر مجلسین
ذکر والون کی یعنی ذکر کے لیے وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّكْ لِسَانَكَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِكْرِ اللّٰهِ اور جب تنہا ہووے تو
پس ہلا زبان اپنی کو جسقدر طاقت رکھے تو ساتھہ ذکر اللہ کے اور دوستی کر اللہ کی راہ مین اور دشمنی کر اسکی راہ مین ای ابو رزین
کیا جانا تو نے کہ تحقیق آدمی جب نکلتا ہی اپنے گھر سے واسطے ملاقات کرنے بھائی مسلمان اپنے کے پیچھے پیچھے اوسکے چلتے ہین
ستر ہزار فرشتے وہ سب دعا بخشش کی کرتے ہین اوسپر اور کہتے ہین ای رب ہمارے تحقیق یہ ملتا ہی تیری راہ مین پس ملا اسکو اپنی رحمت
سے پس اگر طاقت رکھے تو یہ کہ مشقت مین ڈالے اپنے بدن کو بیچ اسکے پس کر اتنی آور حاصل معنی شکر کا یہ معلوم ہوا کہ قلب اور تمام
اعضا اپنے مولی کی طاعت مین مصروف رکھے اور اونکو گناہون سے بچاوے اور حضرت داؤد علیہ السلام کے قصے سے یہ بھی معلوم ہوا
کہ اپنے گھر والون سے غافل نرہے اونکو مولی کی طاعت مین مصروف رکھواوے اور اونکو گناہون سے بچواوے بلا تشبیہ یہ ایسی
بات ہی کہ جسکو اللہ تعالی مال دیتا ہی وہ آپ بھی اوسکی محافظت کرتا ہی اور اپنے گھر والون سے بھی محافظت کرواتا ہی اس دین کی دولت
ہزار ہا درجہ افضل ہی یہان کے مال سے اوسکی محافظت تو بہت ہی ضرور ہی کہ آپ بھی اوسکی محافظت کرے اور اپنے اہل سے بھی محافظت کرواوے

کہ اللہ تعالی فرماتا ہی یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَیْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ۝ خیال تو کرو بھائیون کہ دیکھیہ اللہ تعالی نے اونکو بزرگیان اور خوبیان عطا فرمائین اور پھر کیسے اوس جل شانہ کی طاعت مین مصروف تھے بخلاف اسوقت کے لوگون کے کہ ذرہ سی دنیا ملنے مین مغرور ہو کر سب کچھہ چھوڑ دیتے ہین یہ سب اقتضائے غفلت ہی اسی لیے حضرت علیؓ فرماتے ہین اَلنَّاسُ نِیَامٌ فَاِذَا مَاتُوْا انْتَبَهُوْا یعنی لوگ سوتے ہین پھر جب مرینگے جاگ اوٹھینگے بھائیون جاگو اس خواب غفلت سے اور ان بزرگوارون کے حال مین بغور تامل کرو کہ باوجود ایسے ایسے مرتبون کے ملنے کے کیسے مولی کے شکر گذار تھے اور کیسے لرزان ترسان رہتے تھے اور اوسکی بندگی مین کیسے مصروف تھے اب آگے رجوع رکھنے والے او شکر گذار بندون کے مقابلے مین ناشکرون کا ذکر فرمایا

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِیْ مَسْكَنِهِمْ اٰیَةٌ جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ۝

تحقیق تھی قوم سبا کو بیچ جگہہ رہنے اونکی کے نشانی اونکے لیے تھے دو باغ داہنی طرف سے اور بائین طرف سے کہا ہمنے کھاؤ تم رزق پروردگار اپنے کا اور شکر کرو اوسکا شہر ہی پاکیزہ اور پروردگار ہی بخشنے والا ✣ **فتح** ✣ قوم سبا کو تھے اونکی بستی مین نشانی دو باغ داہنے اور بائین کھاؤ روزی اپنے رب کی اور اوسکا شکر کرو دیس ہی پاکیزہ اور رب ہی گناہ بخشتا ✣ **تفسیر** ✣ بلقیس جو سبا کی بادشاہ تھی ملک یمن مین اپنے دیس کو خوب بسا گئی تھی پانی جھیلون کا سب سمیٹ کر ایک جاگہہ روکا اور پرے نیچے تین کھڑکیان رکھین اونچی اونچی زمینون کے واسطے سارے برس مینہہ کا پانی موجود رہتا جتنا چاہتی خرچ کرتی خوب سرسبز آباد ملک ہوا ✣ **مو** ✣ سبا نام بیٹے یشحب بن یعرب بن قحطان کا ہی کہ اولاد اوسکی بیچ حوالی مارب کے کہ یمن کے شہرون مین سے ہی سکونت رکھتی تھی درمیان دو پہاڑون کے کہ اونکے اعلے سے اسفل تک مسافت اٹھاران فرسنخ کی تھی اور گھاٹ اونکے پانی پینے کا چشمے سے پایان اوس پہاڑ مین تھا اور کبھی بسبب آنے پانی کے ولایت عُمان سے اوس جنگل مین گھر اونکے خراب ہو جاتے تھے بلقیس والیہ ملک نے اپنے سے چاہا بنانا سد کا اوسنے سد درمیان دونون پہاڑون کے باندھی اور تین سوراخ اوس سد مین چھوڑے تا پانی سیل ملک عمان کا سد کی اوس جانب مین جمع اور بند رہے اور جب اہل سبا پانی کے محتاج ہون سوراخ اعلی کو کھول کر پانی اپنے زراعات اور باغات کو دین اور جب پانی کم ہو بیچ کے سوراخ کو کھولکر پانی لین اور جب اوس سے بھی کمتر ہو نیچے کے سوراخ کھولکر لین اور جب پانی کی حاجت نہو سوراخ بند کر دین پس بڑی رفاہیت و فلاح مین تھے بسبب سرسبزی باغات اور سیر حاصلی کے چنانچہ ابن عباس سے منقول ہی کہ تھے سبا تین فرسنخ پر صنعا سے اور نہایت سیر حاصل و آباد تھے شہر اونکے حتی کہ نکلتی تھی عورت ٹوکرا سر پر لے کر اور وہ گذرتی تھی باغون مین پس بھر جاتا تھا ٹوکرا اوسکا طرح بطرح کے میوون سے بغیر ہاتھ لگانے کے کسی چیز کو اور پاکیزگی ایسی تھی کہ نہ وہان مچھر تھے اور نہ مکھی اور نہ پسو اور نہ بچھو اور نہ سانپ اور جو کوئی غربا مین سے وہان سے گذرتا تھا مر جاتین تھین جوئین اوسکے کپڑون کی بسبب اچھے ہونے ہوا اوسکی کے پس اسی طرح آل سبا رفاہ و فلاح مین تھی اور جب حق تعالی پیغمبر انپر بھیجتا جھٹلاتے حتی کہ تیرہ انبیا پر ایمان نہ لائے اور آخری پیغمبر کہ بعد اوٹھہ جانے حضرت عیسیؑ کے آسمان پر ان پاس آیا اوسکو بہت ستایا حق تعالی نے جنگلی چوہے نیچے بند پانی کے پیدا کیے اور بموجب حکم الٰہی کے بند پانی اونکے مین سوراخ کیے آدھی رات کو کہ وہ سب سوتے تھے بند اونکے پانی کا ٹوٹا اور رو نے آن کر اونکے باغون کو کہ داہنے بائین اونکے مکانون کے تھے اور اونکے مکانون کو خراب کیا اور بہت لوگ اور جانور بھی ہلاک ہوئے اور باقی متفرق ہوئے اور بقول بعضون کے آیا ہی کہ جب چوہے پیدا ہوئے اور سوراخ کرنے لگے

اونھون نے اوپر ہر سوراخ چوہے کے ایک ایک بلّی باندھی کہ تا چوہے ڈر کے مارے دفع ہون اور جب وقت اونکے ہلاک کا پونہچا حق تعالی نے ایک چوہا سرخ رنگ پیدا کیا اور بلّی اوسکی ہیبت سے اوسکے سوراخ سے ہٹ گئی وہ چوہا اوس سوراخ مین گیا اور اندر ہی اندر کھودا حتی کہ بند سست ہو کر ٹوٹ گیا اور رو آئی چنانچہ آیات آیندہ مین یہ سب مذکور ہی اور معنی دونون باغون کی نشانی ہونے کے یہ ہین کہ اون باغ والون نے جب اعراض کیا اللہ کے شکر سے سلب کی اونسے نعمت تاکہ عبرت پکڑین اور پند پذیر ہون لیں عود کرین طرف اوس چیز کے کہ تھے اوسپر یعنی کفر اور ناقدردانی نعمت کی یا گردانا اونکو آیت یعنی علامت دلالت کرنیوالی اوپر قدرت الٰہی کے اور احسان اوسکے اور وجوب شکر اوسکے کے اور مراد دو باغون سے دو جماعتین باغون کی ہین کہ ایک جماعت اونکے شہرون کے دائین طرف تھی اور ایک بائین طرف اور ہر ایک دونون جماعتون مین سے بسبب پاس پاس ہونے اور ملے ہوئے ہونے باغون کے گویا کہ ایک باغ تھا جیسے کہ ہوتے ہین باغ آباد شہرون کے یا مراد ہین دو باغ ہر شخص کے اونمین سے کہ ایک دائین طرف اوسکے گھر کے تھا اور ایک بائین طرف + **بحر مد**

قَاَعْرَضُوا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ○

پس مونہ پھیر لیا یعنی شکر سے پس بھیجی ہمنے اونپر رو تند یا رو کہ ساتھ پشتون کے بند باندھا تھا اوسکا اور بدل دیے ہمنے اونکو بدلے دو باغون اون کے دو باغ میوے بدمزہ والے اور جھاؤ کے درخت والے اور کچھ تھوڑے سے بیریون والے + **فتح**
پھر دہیان مین نلائے پھر چھوڑ دیا ہمنے اونپر نالہ زور کا اور دیے اونکو بدلے ان دو باغون کے اور دو باغ جنمین کچھ ایک میوہ کسیلا اور جھاؤ اور کچھ بیر تھوڑے سے + **تفسیر** جب چاہا اللہ نے کہ عذاب بھیجے گھونس پیدا ہوئی اوس پانی کے بند کی جڑ کریدڈالی ایکبار پانی نے زور کیا بند کو توڑ دیا وہ پانی عذاب کا تھا سرخ رنگ جس زمین پر پھر گیا کام سے جاتی رہی تبسے وہ قوم ویران جدا جدا ہو گئی اور کچھ جو رہی تھی اون باغون کے بدلے یہ چیزین پانے لگی + **مو** مونہ پھیرا یعنی انبیا کا کہنا نمانا اور جھٹلایا اونکو اور کہا نہین جانتے ہین ہم واسطے اللہ عزوجل کے اپنے اوپر نعمت پس کہو تم اپنے رب سے کہ روک لیوے یہ نعمت ہمسے اگر طاقت رکھے اور عرم کے معنی ہین مینہہ شدید یا عرم نام ہی جنگل کا یا وہی چوہے کہ جنھون نے کریدی تھی سد کہ جب انھون نے سرکشی کی مسلط کیا اونکو اللہ نے اونپر پس کھود ڈالی سد نیچے سے اور غرق کیا اونکو اور وہ بیری یہ نہین تھی کہ جو باغون مین لگائی جاتی ہی اور اوسکے پتون سے بدن دھوتے ہین بلکہ وہ جنگلی بیری تھی کہ جسکے پتے کسی کام نہین آتے + **مد معالم**

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ○

یہ سزا دی ہمنے اونکو بسبب ناشکری اونکی کے اور سزا اید نہین دیتے ہین ہم مگر ناشکر کو + **فح** + یہ بدلا دیا ہمنے اونکو اسپر کہ ناشکری کی اور ہم بدلا اوسی کو دیتے ہین جو ناشکر ہو + **مو** + **تفسیر** + ضحاک سے ہی کہ تھی یہ قوم سبا اوس زمانے مین کہ خالی تھا نبی سے درمیان عیسی اور محمد علیہما السلام کے اور طاوس سے ہی کہ سزا سے مراد ہی مناقشہ حساب مین اور جو کوئی مناقشہ کیا گیا حساب مین عذاب کیا گیا اور وہ کافر ہی کہ نہین بخشا جاویگا اور ابی خیرہ سے کہ جو حضرت علی رضہ کے یارون مین سے ہی منقول ہی کہ جزا معصیت کی سستی پیدا ہوتی ہی عبادت مین اور تنگی معیشت مین اور جب لذت حلال پاتا ہی گنہگار کوئی آن کر خلل انداز ہوتی ہی اوسکو + **مد در منثور**

وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ○

اور پیدا کیے ہمنے درمیان اونکے یعنی سبا کے اور درمیان اون گانوؤن کے کہ برکت رکھی ہی ہمنے اون مین یعنی شام گانوؤن متصل بیکدیگر
اور مقرر کی ہمنے اون گانوؤن مین آمد و رفت کہا ہمنے سیر کرو ان گانوؤن مین راتون کو اور دنون کو امن سے + فتح + اور رکھی تھی
ہمنے اون مین اور اون بستیون مین جہان ہمنے برکت رکھی ہی بستیان راہ پر نظر آتی اور منزلین ٹھہرادین ہمنے اون مین چلنے کی
پھرو اون مین راتون اور دنون امن سے + تفسیر + برکت والی بستیان یعنی ملک شام انکے ملک سے شام تک راہ امن
کی آباد بستیان پاس پاس سفر تھا جیسے سیر + موضح + برکت رکھی ہمنے اون مین یعنی فراخی نعمتون کی اور پانی کی دی تھی وہان کے
رہنے والون کو اور وہ گانوؤن شام کے تھے فرماتے ہین کہ قوم سبا کے گانوؤن مین اور شام کے گانوؤن مین پیدا کیے ہمنے گانوؤن
ظاہرہ یعنی متصل بایکدیگر کہ دیکھے جاتے تھے بعض اونکے بعض سے بسبب پاس پاس ہونے اونکے کے پس وہ ظاہر تھے دیکھنے والون کی
آنکھون کے لیے یا ظاہر تھے واسطے راہ چلنے والون کے نہین دور تھے اونکی راہون سے تاکہ پوشیدہ ہون اونسے اور وہ چار ہزار
اور سات سو گانوؤن تھے متصل سبا سے شام تک آور مقرر کی ہمنے اون گانوؤن مین آمد و رفت یعنی گردانا ہمنے اون گانوؤن کو ایک مقدار
معلوم پر کہ قیلولہ کرتا تھا مسافر ایک گانوؤن مین اور شام کو رہتا تھا دوسرے گانوؤن مین یہان تک کہ پہونچتا تھا شام کو اور
راتون کو اور دنون کو امن سے یعنی چلو اون مین اگر چاہو رات کو اور اگر چاہو دن کو بس امن اون مین مختلف نہین ہی ساتھ اختلاف
اوقات کے یا چلو اون مین امن سے نہ ڈر دشمن سے اور نہ بھوک سے اور نہ پیاس سے بسبب آبادی کے اگرچہ دراز ہو مدت
سفر تمہارے کی اور امتداد ہو دنون اور راتون کا + صل + آیا ہی کہ جو باقی رہے تھے آل سبا مین سے اونھون نے اپنے
پیغمبر سے کہا کہ قدر قادر کی جانی ہمنے اگر بعد اسکے کچھ نعمت ہمکو دے تو عبادت اوسکی بجالاوینگے ہم اور ناشکری نہین
کرینگے حق تعالی نے یہ نعمت ارزانی کی کہ یمن سے قریٰ مبارک تک کہ گانوؤن شام کے ہین ایسی آبادی اور گانون
معمور کیے کہ بسبب قرب ایک دوسرے ایک گانوؤن دوسرے گانوؤن سے نظر آتا تھا اور سفراون مین بہت آسان تھا بلکہ ایک سیر تھی + بحر +

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ
مُمَزَّقٍ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

پس کہا اونھون نے یعنی زبان حال سے ای پروردگار ہمارے دوری پیدا کر درمیان سفرون ہمارے کے اور ستم کیا اونھون نے
اپنے پر پس کیا ہمنے اونکو کہانیان اور ٹکرے ٹکرے کیا ہمنے اونکو نہایت ٹکرے ٹکرے کرنا تحقیق اس ماجرے مین البتہ نشانی
ہی واسطے ہر صبر کرنیوالے شکر کرنے والے کے + فتح + پھر کہنے لگے ای رب فرق ڈال ہمارے سفر مین اور اپنا برا کیا پھر کر ڈالا
ہمنے اونکو کہانیان اور چیر کر کر ڈالا ٹکرے اسمین پتے ہین ہر ٹھہرنے والے کو جو حق سمجھے + تفسیر + آرام مین سستی آئی
لگے تکلیف مانگنے کہ جیسے اور ملکون کی خبر سنتے ہین سفرون مین پانی نہین ملتا آبادی نہین ملتی ویسا ہمکو بھی ہو یہ بڑی ناشکری
ہوئی چیر کر ٹکرے کر ڈالا یعنی متفرق ہو گئے کسی کسی ملک مین + موضح + ٹکرے ٹکرے کیا ہمنے کہ کوئی اون مین سے مارب مین
رہا قبیلہ غسان اونمین سے شام کو گیا اور قضاعہ مکے کو اور اسد بحرین کو اور انمار یثرب کو اور خزاعہ تہامہ کو اور ازد عمان
کو اور یہ دعا اس سبب سے تھی کہ جب اونکے اغنیا نے تجارت کے لیے شام کی طرف آمد و رفت شروع کی اور چاشت ایک گانون
مین اور شام ایک گانون مین کرتے تھے فقرا کو دیکھا کہ مثل اونکے بیچ سفر کے آسایش مین ہین حسد کر کر یہ دعا کی کہ خدایا کاشکے ہماری
منزلون مین دوری ڈال تا کہ زاد و راحلہ کے سفر ساتھ آسانی کے میسر نہو اور ہم اغنیا فقرا سے ممتاز ہون پس چلین ہم اپنی
اونٹنیون پر اور فائدہ اوٹھاوین تجارتون مین اور فخر کرین سواریون اور اسباب مین غرض کہ ناشکری کی نعمت کی اور ملول ہوئے فراغت سے

اور طلب کیا رنج و تعب کو پس حقیقت مین اونھون نے بسبب اس دعا کے اپنے پر ستم کیا اور خدا تعالی نے قبول کی دعا اور اون گانوؤن کو ویران کیا اور لوگ اونکی باتین بیان کرتے تھے اور تعجب کرتے تھے اونکے احوال سے اور عرب وغیرہ مین ضرب المثل ہوئے بیچ تفرق اور پریشانی کے آور واسطے صبر کرنے والے کے یعنی گناہون سے اور شکر کرنے والے کے یعنی نعمتون کا یا دونون سے ہر مومن مراد ہی اسلیے کہ ایمان دو نصف ہی نصف اوسکا شکر ہی اور نصف اوسکا صبر قتادہ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے + اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ کہا کہا مطرف نے نِعْمَ الْعَبْدُ الصَّبَّارُ الشَّكُوْرُ الَّذِيْ اِذَآ اُعْطِيَ شَكَرَ وَاِذَا ابْتُلِيَ صَبَرَ شعبی سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ کہا صبر کرتا ہی مصیبت مین شکر کرتا ہی وقت کرنے نیکی کے عامر سے ہی کہ کہا شکر آدھا ایمان ہی اور یقین سارا ایمان ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ای عیسی بیٹے مریم کے بلاشبہ مین بھیجنے والا ہون بعد تیرے ایک امت کو کہ اگر پہونچیگی اونکو وہ چیز کہ دوست رکھینگے حمد کرینگے اور شکر کرینگے اور اگر پہونچیگی اونکو وہ چیز کہ ناگوار رکھینگے طالب ثواب ہونگے اور صبر کرینگے اس حال مین کہ نہ حلم ہوگا اور نہ علم کہا عیسی ؑ نے ای رب میرے کیونکر ہوگا یہ واسطے اونکے اس حال مین کہ نہ حلم ہوگا اور نہ علم فرمایا دونگا مین اونکو اپنے حلم و علم مین سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عجب ہی واسطے امر مومن کے بلاشبہ مومن کے سارے امور بہتر ہین اگر پہونچے خوشی پس شکر کرے ہو بہتر اور اگر پہونچے اوسکو ضرر پس صبر کرے ہو بہتر سعد بن ابی وقاص سے ہی کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تعجب کرتا ہون مین واسطے مومن کے کہ اگر دیا جاوے کچھ کہے الحمد للہ پس شکر کیا اور اگر مبتلا کیا جاوے کہے الحمد للہ پس صبر کیا پس مومن اجر دیا جاتا ہی بہر حال یہان تک کہ لقمہ اوٹھاوے طرف مونہہ اپنے کے روایت ہی انس رضؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے نظر کی دین مین طرف اوس شخص کے کہ فوقیت رکھتا ہی اوس سے اور دنیا مین طرف اوس شخص کے کہ کم ہی اوس سے لکھا اوسکو اللہ نے صابر و شاکر اور جسنے نظر کی دین مین طرف اوس شخص کے کہ کم ہی اوس سے اور نظر کی دنیا مین طرف اوس شخص کے کہ بالا ہی اوس سے نہین لکھتا ہی اوسکو اللہ صابر اور نہ شاکر + ۱۲

بحر درمنثور +

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور البتہ سچ پایا شیطان نے اونکے حق مین اندیشہ اپنا پس پیروی کی اوسکی مگر ایک تھوڑے سے فریق نے ایمان والون مین سے + **فتح** + اور سچ کر دکھائی اونپر ابلیس نے اپنی اٹکل پھر اوسیکی راہ چلے مگر تھوڑے سے ایماندار + **تفسیر** + پہلے دن ابلیس نے کہا تھا لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ ویسہی نکلے + **مو** + یعنی شیطان نے گمان کیا تھا لوگون کے حق مین کہ مین گمراہ کرونگا سب کو اور نہین پاویگا تو اکثر اونکو شاکر پس سچ پایا اوس گمان کو اہل سبا مین بسبب اتباع کرنے اونکے کے اوسکا اور کہا مجاہد نے بعضون مین مگر جو اطاعت کرے اسکی کہا سدی نے ابن عباس سے بیچ تفسیر اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ کے یعنی مومنون نے نہین اتباع کیا اوسکا اصل دین مین اور تحقیق فرمایا اللہ تعالی نے اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ تحقیق ہمارے بندون پر نہین ہی تیرے لیے حکومت و علیھم یعنی مومنون پر اور بعضون نے کہا کہ یہ خاص ہی اون مومنون کے حق مین کہ اطاعت کرتے ہین اللہ کی اور نافرمانی نہین کرتے اوسکی کہا ابن قتیبہ نے کہ ابلیس نے جب مہلت مانگی پس مہلت دی اوسکو اللہ تعالی نے کہا ابلیس نے لَاُغْوِيَنَّهُمْ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ یہ از راہ یقین کے نہین کہا تھا بلکہ باعتبار گمان کے کہا تھا پس جب اتباع کیا اونھون نے اوسکا اور اطاعت کی اوسکی سچ پایا جو کچھ کہ گمان کیا تھا اونکے حق مین حضرت حسن بصری سے ہی کہ کہا جب اوتارے گئے آدم جنت سے اور اونکے ساتھ حوا اچھلا ابلیس از راہ خوشی کے بسبب ضرر پہونچانے اور بہکانے اون دونون کے اور کہا جب کہ

ل ابھا بندہ ہی بہت صبر و شکر کرنیوالا جب دیا جاتا ہی [illegible] شکر کرتا ہی اور جب مبتلا ہوتا ہی کسی بلا مین [illegible]
ع [illegible] عزیز [illegible]
م [illegible] اور نہ سمجھ ۱۲
م ابلیس [illegible] واتبعوہ الا اہل سبا [illegible] وقل المؤمنین بقول الا فریقا من المؤمنین [illegible] بالاصل [illegible] الی الکفر [illegible] اکثرہم [illegible] شاکرین ۱۲
م [illegible]
ب [illegible]
م [illegible]

ضرر پونہچایا میٹھان باپ کو جو کچھ کہ پونہچایا پس فریت تو بہت ہی ضعیف ہی اور تھا یہ گمان ابلیس کا پس اوتاری اللہ تعالی نے اپنے نبی پر یہ آیت وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ ظَنَّهُ پس کہا ابلیس نے اوسی وقت نہین جدا ہونیکا مین ابن آدم سے جبتک کہ اوسمین روح ہی بہکاؤنگا مین اوسکو اور آرزوئین ڈالونگا اوسکے دل مین اور فریب دونگا اوسکو پس فرمایا اللہ تعالی نے قسم ہی مجکو اپنی عزت کی نہین روکونگا مین اوس سے توبہ جبتک کہ نہ غرغرہ لگے موت کا اور نہین دعا کریگا مجھسے مگر کہ قبول کرونگا مین اوسکو اور نہین سوال کریگا مجھسے کچھ مگر کہ دونگا مین اوسکو اور نہین بخشش مانگیگا مجھسے مگر کہ بخشونگا مین اوسکو **معالم و در منثور**

وَمَا كَانَ لَهُ عَلَيْهِمْ مِنْ سُلْطَانٍ إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُؤْمِنُ بِالْآخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِي شَكٍّ ط
وَرَبُّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ○

اور نہین تھا شیطان کو اونپر کچھ غلبہ لیکن مبتلا کیا ہمنے تا جانین ہم اوسکو کہ ایمان لاتاہی ساتھ آخرت کے اوس شخص سے کہ وہ شبہے مین ہی اوس سے یعنی پس جزا دین ہم ہر ایک کو اون دونون مین سے اور پروردگار تیرا اوپر ہر چیز کے نگہبان ہی **فتح** اور اوسکا اونپر کچھ زور نتھا مگر اتنے واسطے تا معلوم کرین ہم کون یقین لاتاہی آخرت پر الگ اوس سے جو رہتاہی اوسکی طرف سے دھوکے مین اور تیرا رب ہر چیز پر نگہبان ہی **موضح** اونپر یعنی اون لوگون پر کہ ہوا ظن اوسکا اونکے حق مین سچ کچھ غلبہ ساتھ وسوسہ ڈالنے کے منقول ہی حسن بصری سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَمَا كَانَ لَهُ عَلَيْهِمْ مِنْ سُلْطَانٍ کہا قسم خدا کی نہین مارا شیطان نے اونکو ساتھ عصا اور تلوار کے اور نہ کوڑے کے اور نہ جبر کیا اونکو کسی چیز پر نہین ہوا مگر فریفتہ کرنا اور آرزوئین دلمین ڈالنی بلایا اونکو طرف چیزون کی گرگئی کے پس کہا مانا اوسکا اور مراد لنعلم سے تمیز کرناہی درمیان دونون فریقون کے تا لوگون پر ظاہر ہو کہ مومن کون ہی اور کافر کون والا حق تعالی عالم الغیب والشہادہ ہی **مدارک و در منثور**

بحث تنبیہ اس قصے سے یہ معلوم ہوا کہ اللہ و رسول کی تابعداری نکرنے سے اور ناشکری کرنے سے تکبر کرنے اور اپنی حقیقت کے بھول جانے سے بڑی خرابی لازم آتی ہی بندے کو چاہیے کہ اپنی حقیقت نہ بھولے اور بہر حال اپنے مولی کی طرف رجوع رکھے والا بذات غلامون مین گنا جاویگا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے برا بندہ ہی وہ بندہ کہ اپنے تئین اچھا جانا اور تکبر کیا اور بھول گیا کبیر متعال کو برا بندہ ہی وہ بندہ کہ قہر کیا لوگون پر اور حد سے بڑھ گیا اور بھول گیا جبار اعلی کو برا بندہ ہی وہ بندہ کہ بھول گیا امور دین کو اور مشغول ہوا بے فائدہ باتون مین اور بھول گیا قبرون اور بوسیدگی کو خاک مین برا بندہ ہی وہ بندہ کہ تکبر کیا اور حد سے بڑھ گیا اور بھول گیا ابتدا اپنی اور انتہا اپنی کہ پیدا ہوا ہی نطفے سے اور آخر کو خاک مین جاتاہی برا بندہ ہی وہ بندہ کہ طلب کرتاہی دنیا ساتھ عمل آخرت کے برا بندہ ہی وہ بندہ کہ فریب دیتاہی اہل دین کو ساتھ شبہات کے برا بندہ ہی وہ بندہ کہ طمع کھینچ لیجاتی ہی اوس کو اہل دنیا کے دروازے پر برا بندہ ہی وہ بندہ کہ خواہش نفسانی گمراہ کرتی ہی اوسکو برا بندہ ہی وہ بندہ کہ حرص و رغبت دنیا کی ذلیل کرتی ہی اوسکو ترمذی انتہی اب جاننا چاہیے کہ یہ قصے شاکرون اور ناشکرون کے کفار و فجار کے سمجھانے کو بیان کرکر پھر اور طرح سے صریح سمجھاتے ہین

قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ
وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَمَا لَهُ مِنْهُمْ مِنْ ظَهِيرٍ ○

کہہ پکارو تم اون لوگون کو کہ گمان کرتے ہو یعنی اونکو معبود سوائے خدا کے مالک نہین ہین وہ برابر ایک ذرے کے یعنی خیر کے یا ضرر کے آسمانون مین اور نہ زمین مین اور نہین ہی اونکو آسمان و زمین مین کچھ ساجھا اور نہین واسطے اللہ تعالی کے اونکے

ع ۱۲

معبودون مین سے کوئی مددگار + **فت** + تو کہہ پکارو اونکو جنکو دعوی کرتے ہو سوائے اللہ کے وہ نہین مالک ایک ذرہ بھر کے آسمانون مین اور نہ زمین مین اور نہ اونکا اون دونون مین ساجھا اور نہ اونمین کوئی اوسکا مددگار + **تفسیر** + معنی یہ ہین کہ پکارو تم اونکو کہ پوجتے ہو اونکو سوائے اللہ کے قسم بتون اور ملائکہ وغیرہ سے اور نام رکھا ہی تمنے اونکا ساتھ نام اللہ کے کہ اِلٰہ کہتے ہو اور التجا کرو تم طرف اونکے اوس حاجت مین کہ پیش آتی ہی تمہارے جیسے کہ التجا کرتے ہو طرف اللہ کے اور انتظار کرو قبول کرنے اونکے کا دعا تمہاری کو جیسے کہ انتظار کرتے ہو اللہ کے دعا قبول کرنے کا دیکھو تو کوئی تمہارے کام بھی آتا ہی پھر جواب دیا اونکی طرف سے ساتھ قول اپنے کے لَا یَمْلِكُوْنَ الخ یعنی ذرہ بھر بھلائی اور برائی اور نفع اور ضرر کے مالک نہین الخ یہ معنی تو صاحب مدارک نے لکھے ہین اور صاحب معالم نے یہ لکھے ہین کہ کہہ ای محمد کفار مکہ کو پکارو تم اونکو کہ گمان کرتے ہو تم کہ وہ معبود ہین سوائے اللہ کے یعنی پکارو اونکو تاکہ دور کرین وہ ضرر کہ اوترا ہی تمپر قحط سالی مین پھر بیان کیا حال معبودون کا کہ وہ ایسے ہین لَا یَمْلِكُوْنَ الخ انتہی اور کوئی مددگار کہ مدد کرے اوسکی اوپر تدبیر پیدایش اوسکی کے مراد یہ ہی کہ وہ معبود تمہارے باوجود ایسے عاجز ہونے کے کیونکر لیاقت رکھین اسکی کہ پکارے جاوین جیسے کہ پکارا جاتا ہی اللہ اور امید رکھی جاوے اونسے جیسے کہ امید رکھی جاتی ہی اللہ سے + **ف** **تنبیہ** + یہان سے معلوم ہوا کہ سوائے اللہ کے کوئی مالک نفع اور ضرر کا نہین یہ اوسی قادر مطلق مین قدرت ہی کہ جسکو چاہے نفع پہونچاوے اور جسکو چاہے ضرر پس بعضے نادان جو بعضے بزرگون کی قبرون پر چوکیان بھرتے ہین یا چلے باندھتے ہین یا ناک گھسنی کرتے ہین یا کسی بزرگ کا توشہ وغیرہ مانتے ہین یا تعزیون اور مینڈھیون پر روٹیان اور میٹھے چڑھاتے ہین بنظر حصول منفعت کے اور دفع ضرر کے محض خبط ہی اور باطل

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓي اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

اور نفع نکرے درخواست نزدیک خدائے تعالی کے مگر واسطے اوس شخص کے کہ اذن دیا ہو واسطے اوسکے اہل محشر مضطرب ہون اوس وقت تک کہ اضطراب دور کیا جاوے اونکے دلون سے کہین کیا فرمایا ہی پروردگار تمہارے نے ملأ اعلی یعنی ملائکہ کہین فرمایا ہی سخن راست یعنی اذن شفاعت کا دیا اور وہ ہی بلند مرتبہ بزرگ قدر + **ف** + اور کام نہین آتی سفارش اوسکے پاس مگر اوسکو جسکے واسطے حکم دیا یہان تک کہ جب گھبراہٹ اوٹھائی جاوے اونکے دل سے کہین کیا فرمایا تمہارے رب نے وہ کہین جو واجبی ہی اور وہی ہی سب سے اوپر بڑا + **تفسیر** + یعنی اللہ کے ہان سفارش عوام جانتے ہین اولیا سے وہ انبیا سے وہ فرشتون سے فرشتون کا یہ حال ہی جو فرمایا جب اوپر سے اللہ کا حکم اوترتا ہی آواز آتی ہی جیسے پتھر پر زنجیر کی فرشتے ڈرسے تھرتھراتے ہین جب تسکین آئی اوس کلام اوترچکا ایک دوسرے سے پوچھتے ہین کیا حکم ہوا اوپر والے بتاتے ہین نیچے والون کو جو اسکی حکمت کے موافق ہی اور آگے سے قاعدہ معلوم ہی وہی حکم ہوا + **مو** + مگر واسطے اوس شخص کے کہ اذن دیا ہو یعنی نہین نفع دیگی سفارش مگر اوسکے لیے کہ واقع ہوا اذن شفیع کو واسطے اوسکے یہ تکذیب ہی کفار کی کہ وہ کہتے تھے کہ فرشتے بیٹیان اسکی اور عیسی ابن اللہ وغیرہ ہماری سفارش کرکر ہمکو چھڑالینگے اسپر فرمایا کہ سفارش اوسی کے لیے نفع کریگی کہ جسکے لیے اذن ہوگا کہ وہ مومن ہی نہ کافر اور ضطراب دور کیا جاوے اونکے دلون سے یعنی شفاعت کرنے والون کے دلون سے اور اونکے دلون سے کہ جنکی شفاعت کی جاوے گی بسبب ایک کلمے کے کہ بولیگا اوسکو رب العزت بیچ جاری کرنے اذن کے اور حتی کے پہلے یَتَرَبَّصُوْنَ اور یَتَوَقَّعُوْنَ مقدر ہی یعنی گویا کہ کہا گیا کہ درنگ کرینگے اور ٹھہرینگے شفاعت کرنے والے اور امیدوار شفاعت کے ایک زمانہ دراز تک بانتظار و توقع اذن کے لرزان ترسان

ف (۱) قولہ الا لمن اذن لہ یعنی من وقع الاذن للشفیع بسببہ ۱۲ مدارک ... یکون المعنی الا لمن اذن اللہ لہ ان یشفع ۱۲ معالم ... قولہ اذن لہ یعنی الاذن ۱۲ مدارک
ف (۲) وحتی غایۃ لما فہم من ان ثم انتظار الاذن و ... تلکا ... للشفعاء ... ہل یؤذن لہم او لا یؤذن لہم ... ۱۲ مدارک

کہ دیکھیے اذن ہوتا ہی یا نہین یہان تک کہ جب اضطراب دور کیا جاویگا اونکے دلون سے کہینگے یعنی پوچھیگا بعض اونکا بعض سے
کہ کیا کہا رب تمہارے نے کہینگے کہ کہا اللہ نے حق یعنی قول حق اور وہ اذن دینا شفاعت کا ہی واسطے اوسکے کہ راضی ہوا اللہ اور وہ ہی
بلند قدر الخ یعنی وہ بلند مرتبہ بزرگ قدر ہی نہین سزاوار کسی فرشتے کو اور نہ نبی کو یہ کہ کلام کرے اوسدن مگر ساتھ اذن خدا کے اور
نہین لائق ہی کہ شفاعت کیے فرشتہ اور نبی مگر اوسکے لیے کہ راضی ہوا اللہ ✚ **صل** ✚ کہین ملأ اعلی کہ سنو راست فرمایا ہمکو کہ شفاعت
کرو مومنون کی نہ کافرونکی اور وہ اللہ تعالی برتر بزرگ ہی اسسے کہ انبیا اور ملائکہ بھی بے اذن اوسکے شفاعت کرین یعنی نہین کرسکینگے
اور بقول بعضون کے مراد فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ سے ملائکہ ہین اور سبب اوسکا حدیث مین یہ آیا ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ جب خدا تعالی چاہتا ہی کہ کسی کام کی وحی کرے تو فرماتا ہی اوسکو پس اوس کلام کی ہیبت سے ملائکہ بیچ لرزے اور
خوف کے یکلخت بیہوش ہوجاتے ہین اور سجدے مین گرتے ہین اور اول جو ہوش مین آتے ہین اور سر اوٹھاتے ہین جبرئیل
ہوتے ہین اور کلام وحی سنتے ہین اور جب جبرئیل ہر آسمان پر گذرتے ہین تو ملائکہ اوس آسمان کے پوچھتے ہین کہ کیا فرمایا تمہارے
نے جبرئیل کہتے ہین حق فرمایا اور وہ علی کبیر ہی اور پھر تمام ملائکہ یہی قول کہتے ہین اور بقول بعضون کے مراد دور ہونا اضطراب کا
مشرکون کے دلون مین سے ہی وقت آنے موت کے کہ ملائکہ واسطے قائم کرنے حجت کے اونپر وقت حضور موت کے کہتے ہین کہ کیا کہا رب
تمہارے نے دنیا مین کہتے ہین شرک کو راست فرمایا اور یہ اقرار اوسوقت مین اونکو کچھ نفع نہین دینے کا ✚ **بحث تنبیہ** ✚
تفسیر مدارک اور بحر العلوم سے صریح معلوم ہوا کہ بے اذن اور بے مرضی الہی کے کوئی اوسدن شفاعت کسیکی نہین کرنے کا اور نہ
مجال دم زدن ہوگی اور یہی بات آیت کریمہ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ اور اور آیتون اور حدیثون سے سمجھی جاتی ہی
پس صریح رد ہوتا ہی اس سے قول اونکا کہ جو کہتے ہین کہ جناب شفیع المذنبین علیہ الف الف صلوات کو حاجت اذن کی نہین سبحان اللہ
یہ صاحب ہمین عیاذاً باللہ کسر شان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سمجھتے ہین اور واقع مین یہ عین موجب امتیاز و عزت ہی جناب
فخر الاولین و الآخرین کے لیے یا اللہ ہماری نفسانیتون کو دور کر اور حق بات ہر ایک کے مونہہ سے کہوا

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ قُلِ اللّٰهُ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى أَوْ فِي ضَلٰلٍ مُبِينٍ

کہہ کون روزی دیتا ہی تمکو آسمانون اور زمین کی طرف سے کہہ خدا دیتا ہی اور تحقیق ہم یا تم ہدایت پر ہین یا گمراہی ظاہر مین ✚ **فـ** ✚
تو کہہ کون روزی دیتا ہی تمکو آسمانون سے اور زمین سے کہہ اللہ اور ہم یا تم سوجھ پر ہین یا پڑے ہین بھٹکاوے مین صریح
تفسیر ✚ یعنی دونون فرقے تو سچ نہین کہتے ایک مقرر سچا ہی اور ایک مقرر جھوٹا ہی تو لازم ہی کہ سوچو اور سچی بات پکڑو آمین اونکا
جواب ہی جو اس زمانے مین بعضے لوگ کہتے ہین دونون فرقے ہمیشہ سے چلے آئے ہین کیا ضرور ہی جھگڑنا ✚ **صو** ✚ رزق آسمان
کی طرف سے برسنا مینہہ کا ہی کہ باعث رزق ہی اور فضل کی طرف سے اوگنا اناج وغیرہ کا اور کہہ اللہ یعنی اگر وہ نہین کہین کہ رازق ہمارا
اللہ ہی تو تم جواب دو کہ رازق تمہارا اللہ ہی حکم کیا اللہ تعالی نے آنحضرت کو یہ کہ تم یون تقریر کرو اونسے کہ کون رزق دیتا ہی تمکو پھر حکم کیا
آنحضرت کو کہ تم آپہی جواب دو اور اقرار کرو اونکی طرف سے ساتھ قول اپنے کے یرزقکم اللہ اور یہ واسطے آگاہ کرنے اسبات کے ہی
کہ وہ اپنے دلون سے تو مقر ہین اس بات کے کہ اللہ رازق ہمارا ہی لیکن وہ بعضے اوقات مونہہ سے اسکا اقرار نہین کرتے اسلیے کہ وہ اگر
مونہہ سے کہین تو الزام اونپر یہ آتا ہی کہ کہا جاوے اونکو کہ پھر کیا ہوگیا ہی تمکو کہ نہین عبادت کرتے اوسکی کہ رزق دیتا ہی تمکو اور اوسکو
چھوڑکر اختیار کرتے ہو اونکو کہ نہین رزق دے سکتے اور حکم کیا آنحضرت کو کہ بعد الزام دینے کے ایک بات اور کہو کہ ہم یا تم ہدایت پر ہین
یا گمراہی ظاہر پر یہ کلام بطریق شک کے نہین ہی ولیکن بطریق انصاف کے ہی جیسے کہ بولتے ہین کہ ایک شخص کہتا ہی دوسرے کو کہ

ایک ہم مین کا جھوٹا ہی حال انکہ وہ جانتا ہی اپنے کو کہ مین سچا ہون اور وہ جھوٹا اور معنی یہ ہین کہ نہین ہین ہم اور تم ایک امر پر بلکہ دونون فریقون مین سے ایک ہدایت پر ہی اور دوسرا گمراہی پر پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور تابعدار اونکے ہدایت پر ہین اور مخالف اونکے گمراہی پر پس جھٹلایا اونکو بغیر اسکے کہ صراحۃً جھٹلاوین اور بعضون نے کہا کہ او بمعنی واو کے ہی گویا کہ بطریق لف و نشر مرتب کے فرمایا وَاِنَّا وَاِیَّاکُمْ لَعَلٰی ھُدًی اَوْ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۝ یعنی ہم ہدایت پر ہین اور تم گمراہی پر اور لفظ ہدی پر حرف جر علی لائے اور لفظ ضلال پر حرف فی نکتہ اسمین یہ ہی کہ صاحب ہدی گویا کہ چڑھا ہوا ہی گھوڑے تیز رو پر ایڑ مار کر نکل جاتا ہی جدھر چاہتا ہی اور گمراہ گویا کہ بیٹھ رہا ہی تاریکی مین نہین جانتا کہ کدھر جاؤن + **معالم مد تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ رازق سب کا اللہ ہی یہ بعضے سمجھتے ہین کہ ہمکو فراغت فلانے بزرگ کی طرف سے ہی محض باطل اور موجب کفر ہی بلکہ یون سمجھنا چاہیے اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ

قُلْ لَّا تُسْئَلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْئَلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۝

کہہ سوال نہین کیا جاوے گا تمسے ہمارے گناہ سے اور نہ سوال کیا جاوے گا ہمسے اوس چیز سے کہ تم کرتے ہو + **فتح** + تو کہہ تمسے نہ پوچھین گے جو ہمنے گناہ کیا اور ہمسے نہ پوچھین گے جو تم کرتے ہو + **مو** +

قُلْ یَجْمَعُ بَیْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفْتَحُ بَیْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَھُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ۝

کہہ جمع کریگا پروردگار ہمارا درمیان ہمارے یعنی قیامت کے دن پھر حکم کریگا درمیان ہمارے یعنی درمیان ہمارے اور تمھارے ساتھ راستی کے یعنی بلا جور میل کے اور وہی حکم کرنے والا دانا + **فتح** + تو کہہ جمع کریگا ہم سبکو رب ہمارا پھر فیصلہ کریگا ہم مین انصاف کا اور وہی ہی نیاو چکانیوالا سب جانتا + **مو** +

قُلْ اَرُوْنِیَ الَّذِیْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَکَآءَ کَلَّا ؕ بَلْ ھُوَ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۝

کہہ دکھلاؤ مجکو اون لوگون کو کہ ملا دیا ہی تمنے اونکو ساتھ خدا کے شریک بنا کر نہ ایسا نہین ہی بلکہ خدا وہی ہی غالب باحکمت + **فتح** + تو کہہ مجکو دکھاؤ جنکو اوس سے ملاتے ہو ساجھی ٹھہرا کر کوئی نہین وہی اللہ ہی زبردست حکمتون والا + **تفسیر** + یعنی معلوم کرواؤ تم مجکو اون لوگون کو کہ ملایا ہی تمنے اونکو ساتھ اللہ تعالی کے شریک ٹھہرا کر عبادت مین ساتھ اوسکے آیا وہ پیدا کرتے ہین کچھ اور رزق دیتے ہین نہ ایسا نہین کچھ نہین پیدا کرتے اور نہ رزق دیتے ہین باز آؤ اپنی ان باتون سے اور متنبہ ہو اپنی گمراہی پر اور انفہ ہوئیر شان کی ہی یعنی بلکہ شان یہ ہی کہ اللہ غالب ہی اپنا امر پر حکیم ہی بیچ تدبیر اپنی کے پس کوئی شریک نہین ہی اوسکا + **معالم مد** +

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ۝

اور نہین بھیجا ہمنے تجکو مگر واسطے لوگون کے تمام اونکے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا ولیکن اکثر لوگ نہین جانتے + **فتح** + اور تجکو جو ہمنے بھیجا سو سارے لوگون کے واسطے خوشخبری اور ڈر سنانے کو لیکن بہت لوگ نہین سمجھتے + **مو** + **تفسیر** + خوشخبری دینے والا یعنی ساتھ فضل کے اوسکے لیے کہ مانا تجھکو اور ڈرانے والا ساتھ عدل کے اوسکے لیے کہ نہ مانا تجھکو اور صرار کیا ولیکن اکثر لوگ نہین جانتے پس باعث ہوتا ہی اونکو جہل اونکا تیری مخالفت پر منقول ہی قتادہ سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ کہا بھیجا اللہ نے محمدؐ کو طرف عرب و عجم کے پس بہت بزرگ اونکا اللہ کے نزدیک بہت تابعدار اونکا ہی واسطے آنحضرتؐ کے اور ابن عباس سے ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا گیا مین پانچ چیزین کہ نہین دی گئین وہ کسی نبی کو پہلے میرے بھیجا گیا مین طرف تمام لوگون کے کہ احمر و اسود ہین یعنی طرف عرب و عجم کے اور اور نبی بھیجے جاتے تھے اپنی ہی قوم کی طرف اور مدد کیا گیا مین ساتھ رعب کے کہ رعب پڑتا ہی میرا میرے دشمن پر مسافت مہینا بھر کی راہ پر اور کھلایا گیا مین غنیمت

یعنی غنیمت ہماری امت کے لیے حلال ہوئی اور ورون کے ہان یہ حکم تھا بلکہ رکھدیتے ایک میدان بلند مین اور آگ آن کر اوسکو جلا دیتی تھی اور گردانی گئی میرے لیے زمین مسجد اور پاک کرنے والی اور دیا گیا مین شفاعت پس ذخیرہ کر رکھا ہی مینے اوسکو اپنی امت کے لیے روز قیامت تک اور وہ اگر چاہا ہی اللہ نے پہونچنے والی ہی اون لوگون کو کہ نہین شریک کرتے ساتھ اللہ کے کسی چیز کو + مل + در منثور

تنبیہ + سبحان اللہ کیا احسان ہی اللہ کا کہ ایسا نبی ہمارے لیے بھیجا اور ہم ایسے نالائق ہین کہ اونکی قدر اور محبت اور اتباع جیسا چاہیے ویسا نہین کرتے ہمکو تو چاہیے کہ اونکی اور اونکی سنت کی محبت سبکی محبت پر غالب رکھین تا مستحق اس بشارت کے ہون کہ جو آنحضرت نے فرمائی مَنْ اَحَبَّ سُنَّتِيْ فَقَدْ اَحَبَّنِيْ وَمَنْ اَحَبَّنِيْ كَانَ مَعِيَ فِي الْجَنَّةِ یعنی جسنے میری سنت کو دوست رکھا اوسنے مجکو دوست رکھا اور جسنے مجکو دوست رکھا میرے ساتھ ہوگا جنت مین اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَبَدًا اَبَدًا وَارْزُقْنَا مَحَبَّتَهٗ وَشَفَاعَتَهٗ وَاَدْخِلْنَا فِيْ زُمْرَةِ اَحِبَّائِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

اور کہتے ہین کب وجود مین آویگا یہ وعدہ یعنی قیامت اگر ہو تم سچے یعنی بیچ آنے قیامت اور بعث اور ثواب و عذاب کے + فتح

اور کہتے ہین کب ہی یہ وعدہ اگر تم سچے ہو + مو

قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ۝

کہہ تمھارے لیے وعدہ ہی ایک دن کا نہ پیچھے رہوگے اوس سے ایک ساعت اور نہ آگے بڑھوگے + فتح + تو کہہ تمکو وعدہ ہی ایک دن کا نہ دیر کروگے اوس سے ایک گھڑی اور نہ شتابی + مو + تفسیر + یعنی نہین ممکن ہی تمکو پیچھے رہنا اوس سے بسبب مہلت چاہنے کے اور نہ آگے بڑھنا ہی طرف اوسکے بسبب استعجال کے اور مراد اوس دن سے ہی دن قیامت کا اور کہا ضحاک نے دن موت کا کہ نہ پیچھے رہین گے اوس سے اور نہ آگے بڑھین گے ساتھ اس طرح کے کہ زیادتی کیجاوے تمھاری اجل مین یا کمی کیجاوے اوس سے + مد + معالم + تنبیہ + یہ قیامت کے آنے کا سوال از راہ بد ذاتی اور تمسخر کے کرتے تھے کیونکہ منکر تھے اوسکے اللہ تعالی اوسکا جواب دے کر اب آگے گویا فرماتا ہی کہ قیامت کی خبر اس قرآن مین بھی ہی اور اگلی کتابون مین بھی جب وے نہین سے کہ یہ منکر ہین تو اور باتین کہ جو اونمین ہین اونکے انکار کا کیا پوچھنا جب اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونگے اور آپسمین ایک دوسرے کو پھٹکار کرینگا تب حقیقت حال معلوم ہوجائیگی اللہ تعالی فرماویگا لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ یعنی البتہ تحقیق تھا تو غفلت مین اس سے پس کھول دیا ہمنے پردہ تیرا پس بینائی تیری آج تیز ہی غرضکہ آج جن جن چیزون کا انکار کرتے ہین وہان سب چیزون کی حقیقت کھلجائیگی

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَاۤ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۝

اور کہا کافرون نے یعنی مشرکون نے ہرگز باور نرکھینگے ہم اس قرآن کو اور نہ اوس کتاب کو کہ پہلے اوس سے تھی اور تعجب کرے تو ای دیکھنے والے اگر دیکھے تو جب ستمگار کھڑے کیے جاوین یعنی حبس کیے جاوین نزدیک پروردگار اپنے کے پھیرین بعضے اونکے طرف بعضون کے بات کو یعنی سوال و جواب کرین کہینگے وہ لوگ کہ ناتوان پکڑا گیا اونکو کہ وہ تابعدار رہین ساتھ اون لوگون کے کہ سرکشی کی کہ وہ سردار اور پیشوا اونکے ہین اگر نہوتے تم البتہ ہم مسلمان ہوتے + فتح + اور کہنے لگے منکر ہم ہرگز نہ مانینگے یہ قرآن اور نہ اس سے

نصف

ع ۹

۵۲ وجہ التطابق ہذا الجواب علی سوالہم انہم سالوا عن ذلک وہم منکرون لہ تعنتا لا استرشادا فجاء الجواب علی طریق التہدید مطابقا لذلک بجیء الانکار والتعنت وانہم مترصدون لیوم یفاجئہم فلا یستطیعون تاخرا عنہ ولا تقدما علیہ ۱۲ مد

اگر دیکھے تو دیکھے کہ جب گنہگار کھڑے کیے گئے ہیں اپنے رب کے پاس ایک دوسرے پر ڈالتا ہی بات کہتے ہیں جنکو کمزور سمجھتا تھا بڑائی کرنے والوں کو اگر تم نہوتے تو ہم ایماندار ہوتے + **مو + تفسیر** + اور نہ اوس کتاب کو کہ پہلے اوس سے تھے یعنی جو

الصحف کتابیں قرآن سے پہلے اوتاری گئیں اونکو بھی نہ مانینگے ہم یا مراد ہی قیامت اور جنت دوزخ یعنی انکار کیا ابو جہل وغیرہ مشرکوں نے کہ یہ قرآن اللہ کی جانب سے اوتر یہ کہ ہو کچھ حقیقت اوس چیز کی کہ دلالت کیا قرآن نے اوسپر کہ وہ پھر پیدا کرنا ہی واسطے جزا کے اور اگر دیکھے تو الخ خبر دی اللہ تعالیٰ نے انجام کار اونکے سے اور مآل اونکے سے آخرت مین پس فرمایا اپنے رسول علیہ السلام کو یا مخاطب کو کہ اگر دیکھیگا تو آخرت مین کھڑا ہونا اونکا اور جھگڑنا اور کلام کرنا اونکا آپسمین تو دیکھیگا تو عجب حال اگر نہوتے تم الخ یعنی

اگر نہو تا بلانا تمہارا ہمکو طرف کفر کے تو البتہ ہم ایمان لاتے اللہ پر اور اوسکے رسول پر + **صد** +

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۝

کہا سرکشون نے ناتوانون سے کہ کیا باز رکھا ہمنے تمکو ہدایت سے بعد اسکے کہ آئی ہدایت تمکو بلکہ تم تھے گنہگار + **فتح** + کہنے لگے بڑائی کرنے والے کمزور گنے گیون کو کیا ہمنے روک رکھا تھا تمکو سوجھ کی بات سے تمہارے پاس پہونچے پیچھے کوئی نہیں تم ہی تھے گنہگار + **تفسیر** + یعنی کافر بسبب اختیار کرنے تمہارے کے گمراہی کو ہدایت پر نہ بسبب کہنے ہمارے کے اور فریب دینے ہمارے کے + **ملا** +

وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

اور کہا ناتوانون نے سرکشون کو نہ بلکہ باز رکھا ہمکو مکر رات دن کے نے یعنی تمہارے مکر نے کہ ہمیشہ کرتے رہتے تھے جب فرماتے تھے ہمکو کہ کافر ہوویں ہم ساتھ خدا کے اور مقرر کریں ہم واسطے اوسکے شریک اور دل مین رکھینگے سب پشیمانی جب دیکھینگے عذاب کو یعنی دوزخ کا اور ڈالینگے ہم طوق کافرون کی گردنون مین نہین سزا دیے جاوینگے مگر موافق اوس چیز کے کہ کرتے تھے یعنی دنیا مین کفر و معاصی + **فتح** + اور کہنے لگے کمزور گنے گئے بڑائی کرنے والون کو کوئی نہین پر فریب سے رات دن کے جب تم ہمکو حکم کرتے کہ ہم نہ مانین اللہ کو اور ٹھہراوین ہم اوسکے ساتھ برابر کے اور چھپے چھپے پچتانے لگے جب دیکھا عذاب اور ہمنے ڈالین ہین طوق گردنون مین منکرون کی وہی بدلا پاتے ہین جو کرتے ہین + **مو + تفسیر** + مولوی رفیع الدین صاحب او صاحب بحر نے ترجمہ بلفظ وقال کا کیا ہی او کہینگے اور بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ کا ترجمہ بلکہ مکر کرتے تھے تم رات کو اور دن کو او معنی یہ ہین کہ مستکبرین نے جب انکار کیا ساتھ قول اپنے کے اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ یہ کہ ہون سبب مستضعفین کے کفر کے اور ثابت کیا ساتھ قول اپنے کے بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ یہ کہ کفر مستضعفین کا اونکے کسب و اختیار سے تھا رد کیا اونپر مستضعفون نے ساتھ قول اپنے کے بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ پس باطل کیا مستضعفون نے اضراب متکبرون کا کہ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ہی ساتھ اضراب اپنے کے کہ وہ بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ہی گویا کہ مستضعفون نے کہا کہ نہین تھا اجرام یعنی کفر کرنا ہماری جہت سے بلکہ تمہارے مکر کی جہت سے کہ کرتے تھے تم ہمیشہ رات و دن اور بسبب باعث ہونے تمہارے کے ہمکو کفر و شرک پر اور اَسَرُّوا النَّدَامَةَ کا ترجمہ ایک تو یہی ہی کہ جو لکھا گیا اور ظاہر کرینگے بھی کیا ہی مفسرون نے اور لکھا ہی کہ یہ اضداد سے ہی اور ندامت کرنے والے وہی ظالم ہین کہ مذکور ہوئے بیچ قول اللہ تعالیٰ کے اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ یعنی پشیمان ہونگے متکبر اپنی گمراہی پر اور اونکے گمراہ کرنے پر اور پشیمان ہونگے مستضعف اپنی گمراہی پر اور گمراہ کرنے والون کے اتباع کرنے پر اور ڈالینگے ہم طوق یعنی آگ کے روایت کیا ابن ابی حاتم نے

حسن بن یحییٰ خشنی سے کہ کہا نہیں ہی دوزخ مین مکان اور نہ جنگل اور نہ طوق اور نہ بیڑی اور نہ زنجیر مگر کہ نام صاحبا ونکے کا یعنی
جنکے لیے وہ مہیا ہین اوسپر لکھا ہوا ہی پس بیان کی گئی یہ روایت ابو سلیمان دارانی کے سامنے پس روئے وہ پھر کہا کہ کیا حال ہوگا
اوسکا کہ جسپر یہ سب جمع ہونگی کہ پانون مین بیڑیان ہونگی اور ہاتھونمین ہتھکڑیان اور گردن مین زنجیر پھر داخل کیا جاویگا مکان مین اور
جنگل مین + مد + درمنثور

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ○

اور نہین بھیجا ہمنے کسی گانون مین کوئی ڈرانے والا یعنی نبی مگر کہا دولتمندون اور سردارون اوسکے نے کہ تحقیق ہم ساتھ اوس
چیز کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اوسکے نا معتقد ہین + فتح + اور نہین بھیجا ہمنے کسی بستی مین کوئی ڈرانے والا مگر کہنے لگے ہین
وہان کے آسودہ لوگ ہم تمھارے ہاتھ بھیجا نہین مانتے + مو + تفسیر + آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو اونکو قوم یعنی کفار
قریش جھٹلاتے تھے اور نہ مانتے تھے کتاب اللہ کو اور اونکی شریعت کو اونکی تسلی کے لیے یہ فرمایا کہ جو نبی جس بستی مین آیا ہی
وہان کے دولتمندون اور سردارون نے یہی کہا ہی کہ جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا اہل مکہ نے اور مانند اونکے فخر کیا ہی ساتھ
کثرت اموال و اولاد کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا الخ یہ تفسیر مدارک مین ہی اور
تفسیر درمنثور مین ہی کہ روایت کیا ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے ابی رزین سے کہ کہا تھے دو شخص شریک تجارت مین پس نکلا ایک
اون دونون مین کا طرف کنارے دریا کے یعنی تجارت کے لیے اور رہا دوسرا شہر مین پس جب مبعوث ہوا یعنی نبی ہوئے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم لکھا اوس مسافر نے اپنے یار کو کہ شہر مین تھا کہ کیا ہوا حال آنحضرت کا پس اسنے لکھ بھیجا اوسکو کہ نہین اتباع
کیا اونکا کسی نے قریش مین سے مگر رزالون اور مسکینون نے پس چھوڑدی اوسنے تجارت اپنی پھر آیا اپنے یار کے پاس اور کہا
بتا مجکو مکان آنحضرت کا اور وہ اگلی کتابین پڑھا ہوا تھا پس آیا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ کس چیز کی طرف
بلاتے ہو تم فرمایا آنحضرت نے طرف اس بات کے اور طرف اس بات کے یعنی مثلاً توحید کی طرف اور رسالت و معاد کے ماننے کی طرف کہا
اوسنے اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ یعنی مین گواہی دیتا ہون کہ تم رسول ہو خدا کے فرمایا آنحضرت نے کیونکر جانا تونے یہ اوسنے
کہا کہ نہین بھیجا گیا ہی کوئی نبی مگر کہ اتباع کیا ہی اوسکا رزالون اور مسکینون نے پس نازل ہوئین یہ آیتین وَمَآ اَرْسَلْنَا
فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَا کی آیتین پس بھیجا آنحضرت نے اوسکی طرف کسیکو کہ اوس سے جا کر کہے بلاشبہ
اللہ نے اوتاری ہی تصدیق اوس بات کی کہ کہی تونے انتہی *

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ○

اور کہا یعنی اغنیا نے فقرائے مومنین سے کہ ہم بہت زیادہ ہین باعتبار اموال اور اولاد کے اور نہین ہین عذاب کیے گئے + فتح +
اور کہنے لگے ہمکو زیادہ ہی مال اور اولاد اور ہمپر آفت نہین آنی + مو + تفسیر + یعنی انھون نے بنظر حصول اپنے کے دنیا مین
ارادہ کیا یہ کہ ہم اللہ کے نزدیک بہت عزیز ہین ہمکو عذاب نہین کرنے کا اور گمان کیا یہ کہ اگر ہم عزیز نہوتے اللہ کے نزدیک تو نہ رزق
دیتا ہمکو اور اگر مومن حقیر نہوتے اللہ کے نزدیک تو نہ محروم کرتا اونکو پس باطل کیا اللہ نے اونکے گمان کو اسیطرح کہ رزق فضل ہی
اللہ کا تقسیم کرتا ہی اوسکو جس طرح چاہتا ہی پس بعض اوقات وسعت رزق کرتا ہی عاصی کے لیے اور تنگی کرتا ہی مطیع پر اور
بعض اوقات عکس اسکے کرتا ہی کہ وسعت رزق کرتا ہی مطیع کے لیے اور تنگی کرتا ہی عاصی پر اور بعض اوقات تنگی دونون پر ہوتی ہی
اور بعض اوقات فراخی دونون پر پس نہین قیاس کھلتا ہی ان دونون باتون میں امر ثواب کا پس باطل کیا اللہ تعالیٰ نے اونکے ان گمانون کو ساتھ قول اپنے کے + مد +

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ

کہہ تحقیق پروردگار میرا کشادہ کرتا ہی روزی کو جسکے لیے چاہے اور تنگ کرتا ہی جسکے لیے چاہے ولیکن اکثر لوگ نہین جانتے اسکو ✣ **فتح** ✣ تو کہہ میرا رب ہی جو پھیلا دیتا ہی روزی جسکو چاہے اور ماپ کر دیتا ہی لیکن بہت لوگ سمجھ نہین رکھتے ✣ **مو** ✣

تنبیہ ✣ اس سے معلوم ہوا کہ اکثر اغنیا حق بات نہین قبول کرتے ہین اور غربا بیچارے قبول کر لیتے ہین اور سبب اسکا یہ ہی کہ اغنیا کی ہمت دنیا کی طرف لگ رہی ہی شب و روز اوسمین مشغول ہو رہے ہین گویا کہ اوسکے بندے بن رہے ہین دنیا کی تدبیرین خوب سوچ سوچ کر نکالتے ہین اور دین کی طرف بالکل التفات نہین پھر دین کی بات دل مین کیونکر جمے اور بڑی خرابی جہل سے پیدا ہوتی ہی اگر کچھ محبت دین کی ہو تو علم پڑھین یا سُنین اوس سے نفع و ضرر اپنا معلوم کرین نہ دین کی بات پڑھتے ہین نہ سنتے ہین پھر راہ حق پر کیونکر لگین اور اسی سبب سے حرام حلال مین کچھ امتیاز نہین کرتے بلکہ کفر و ایمان مین بھی **شعر** جم رہی ہی دل کے اندر حُبِّ جاہ ✣ کب سماوے اوسمین غیر لا الٰہ ✣ اور حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہین **رباعی** گر ورد تو لا الٰہ الا اللہ ست ✣ بے سینۂ صاف کی بآن سو راہ ست ✣ صراف زر قلب تو کی بستاند ✣ ہر چند برو سکۂ نام شاہ ست ✣ نہ خیال جمعہ جماعت کا ہی اور نہ اتباع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور نہ حق وارث کے حق ادا کرنے کا اس دنیا نے ایسا غافل کر رکھا ہی کہ شب و روز اسیکے سوچ بچار مین رہتے ہین اور فقرا ان سب آفتون سے محفوظ رہتے ہین اور اپنے مولی کی اطاعت کا خیال رکھتے ہین کیا خوب فرمایا شقیق بلخی رحمہ اللہ نے کہ اختیار کین ہین فقرا نے پانچ باتین اور اغنیا نے پانچ باتین اختیار کی ہی فقرا نے راحت نفس کی اور فراغت دل کی اور بندگی رب کی اور خفت حساب کی اور بلندی درجے کی اور اختیار کین ہین اغنیا نے پانچ باتین تعب نفس کا اور شغل قلب کا یعنی دنیا مین اور بندگی دنیا کی اور سختی حساب کی اور پستی درجے کی انتہی اور جب تک محبت اس دنیا کی دل سے نہ نکالے اور سختی و مشقت کو نعمت و راحت پر نہ اختیار کرے تقوے ہی کو نہین پہونچتا چنانچہ منقول ہی بعضے حکما سے یعنی دانشمندان دین سے کہ آگے تقوی کے پانچ گھاٹیان ہین جو کوئی گذرے اون گھاٹیون سے پونہچے تقوی کو وہ گھاٹیان یہ ہین اختیار کرنا شدت کا نعمت پر اور اختیار کرنا مشقت کا راحت پر اور اختیار کرنا ذلت کا عزت پر اور اختیار کرنا قوت کا فضول پر یعنی حاجت سے زائد پر اور اختیار کرنا موت کا حیات پر انتہی اور خاصیت اس مال کی بھی ہی کہ اکثر مالدار آخرت کو تو بھول ہی جاتے ہین چنانچہ سفیان ثوری سے منقول ہی کہ اونھون نے کہا نہین جمع ہوتا ہی اس دنیا مین کسیکے پاس مال مگر کہ اوسمین پانچ خصلتین ہوتی ہین طول امل اور حرص غالب اور بخل شدید اور قلت ورع اور نسیان آخرت اور یہ مال اللہ کی یاد سے بھی غافل کرتا ہی اور بڑی بڑی آفتین پیدا کرتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مال کے جمع کرنے مین پانچ خصلتین ہین رنج و تعب اوسکے جمع کرنے مین اور غفلت ذکر اللہ سے بسبب اصلاح اوسکی کے اور خوف اوسکے لینے والے سے اور چرانے والے سے اور اوٹھانا نام بخیل کا اپنے نفس کے لیے اور مفارقت صالحین کی بسبب اوسکے اور مال کی تفریق مین پانچ چیزین ہین راحت نفس کی اوسکے تلف ہو جانے سے اور فراغ خاطر واسطے ذکر اللہ تعالی کے محافظت اوسکی سے اور امن اوسکے لینے والے سے اور چرانے والے سے اور حاصل کرنا اسم کریم کا واسطے نفس اپنے کے اور مصاحبت صالحین کی بسبب فارغ ہونے کے اوس سے انتہی غرض کہ یہ مال دین و دنیا سے تباہ کر دیتا ہی بچنا چاہیے اسکی زیادہ طلبی سے اور قدر ضرورت پر کفایت کرنا چاہیے حضرت علی رض فرماتے ہین کہ لازم کر لو اپنے پر پانچ باتین اور عمل کرو اونپر عبادت کرو اللہ کی بقدر حاجتون اپنی کے طرف اوسکے اور لو تم دنیا سے بقدر عمر اپنی کے اوسمین اور گناہ کرو اللہ تعالی کا بقدر طاقت اپنی کے اوسکے عذاب پر اور توشۂ آخرت کو بقدر ٹھہرنے اپنے کے قبر مین اور عمل کرو جنت کے لیے اوسقدر کہ چاہتے ہو تم ٹھہرنا اوسمین ✣ **منبہات** ✣

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِى الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝

اور نہین ہین اموال تمھارے اور نہ اولاد تمھاری وہ جو نزدیک کرے تمکو نزدیک ہمارے بمرتبہ قربت لیکن مقرب وہ ہی کہ ایمان لایا اور عمل کیے اچھے پس یہ جماعت واسطے انکے ہی جزا دگنی بمقابلہ اسکے کہ عمل کیے اور وہ بالاخانون مین نڈر ہونگے + **فتح** + اور تمھارے مال اور تمھاری اولاد وہ نہین کہ نزدیک کردین ہمارے پاس تمھارا درجہ پر جو کوئی یقین لایا اور بھلا کام کیا سو اونکو ہی بدلا دونا اونکے کیے پر اور وہ جھروکون مین بیٹھے ہین خاطر جمع سے + **موضح** + **تفسیر** + اِلَّا مَنْ اٰمَنَ استثنا ہی لفظ کُمْ سے بیچ تقربکم کے یعنی اموال نہین نزدیک کرتے ہین اللہ سے کسیکو مگر مومن صالح کو کہ جو خرچ کرے اونکو اللہ کی راہ مین اور اولاد بھی نہین نزدیک کرتی ہی کسیکو مگر اوسکو کہ سکھاوے اولاد کو بھلائی اور تعلیم کرے اوسکو سمجھ دین کی اور باعث ہو اونکو نماز و طاعات پر اور ابن عیسیٰ سے ہی کہ اِلَّا بمعنی لکن کے ہی اور مَنْ شرطی ہی جواب اوسکا فَاُولٰٓئِكَ الخ اور معنی جزاء ضعف کے یہ ہین کہ دو چند کیجاتی ہین اونکے لیے نیکیان کہ ایک نیکی کی دس نیکیان لکھی جاتی ہین سات سو تک اور بالاخانون مین یعنی منازل جنت مین نڈر رہونگے یعنی ہر ہولناک چیز سے قتادہ سے منقول ہی بیچ تفسیر آیت وَمَآ اَمْوَالُكُمْ الخ کے کہ کہا نہ اعتبار کرو لوگون کا ساتھ کثرت مال و اولاد کے اسلیے کہ کافر کو مال دیا جاتا ہی اور بعض اوقات روک رکھتا ہی اللہ تعالیٰ اوسکو مومن سے اور طاؤس تابعی سے ہی کہ وہ یہ دعا کیا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيَ الْاِيْمَانَ وَالْعَمَلَ وَجَنِّبْنِيَ الْمَالَ وَالْوَلَدَ یعنی یا اللہ نصیب کر تو مجکو ایمان اور عمل نیک اور بچا مجکو مال و اولاد سے اسلیے کہ سُنا ہی مینے اوس چیز مین کو وحی کی تھی وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ یعنی بلاشبہ اللہ نہین دیکھتا ہی طرف صورتون تمھاری کے اور مالون تمھارے کے ولیکن دیکھتا ہی طرف دلون تمھارے کے اور اعمال تمھارے کے اور حضرت علی سے روایت ہی یعنی بیچ تفسیر وَهُمْ فِى الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ کے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ جنت مین بالاخانے ہین کہ معلوم ہوتے ہین اوپر کے رخ اونکے اندر اونکے سے اور اندر کے رخ اونکے باہر اونکے سے صحابہ نے عرض کیا کہ کنکے لیے ہین وہ فرمایا اونکے لیے کہ کلام خوش کرتے ہین اور کھلاتے ہین کھانا یعنی فقرا و غربا کو اور ہمیشہ رکھتے ہین روزے یعنی باکثر رکھتے ہین اور نماز پڑھتے ہین راتون کو اس حال مین کہ لوگ سوتے ہوتے ہین یعنی نماز تہجد پڑھتے ہین + **در منثور** + **تنبیہ** + اس اموال و اولاد کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ تغابن مین فتنہ بھی فرمایا ہی اس آیت مین اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ یعنی نہین ہین اموال تمھارے اور اولاد تمھاری مگر فتنہ یعنی بلا و محنت اسلیے کہ غافل کرتے ہین امور آخرت سے اور ڈالتے ہین گناہ و عقوبت مین اور اس سے زیادہ اور کون سی بلا ہوگی اور اللہ کے پاس اجر عظیم ہی یعنی آخرت مین اور یہ بڑی نفع کی چیز ہی بہ نسبت اموال و اولاد کے پس نہ فوت کرو اوسکو بسبب مشغول ہونے کے اموال و اولاد مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہتا ہی بندہ مال میرا مال میرا تحقیق وہ چیز کہ واسطے اوسکے ہی مال اوسکے سے تین چیزین ہین جو کچھ کھایا پس فنا کر دیا اوسکو یا پہنا پس پرانا کیا یا دیا پس ذخیرہ کیا آخرت کے لیے اور جو کچھ سواے اسکے ہی پس وہ جانے والا ہاتھ اسکے سے اور چھوڑ جاویگا اوسکو لوگون کے لیے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ساتھ جاتی ہین مردے کے تین چیزین پس پھر آتی ہین دو اور باقی رہتی ہی ساتھ اوسکے ایک ساتھ جاتے ہین اوسکے اہل و مال اوسکے اور عمل اوسکے پس پھر آتے ہین اہل اوسکے اور مال اوسکا اور باقی رہتا ہی عمل اوسکا انتہی اور بہت سی مذمت آئی ہی اموال و اولاد کی لیکن مذمت باعتبار اکثر کے ہی کہ اکثر یہ چیزین اللہ کی راہ سے روکتی ہین اور جسکے لیے

یہ بات نہو اوسکے لیے مال و اولاد اچھے ہین جیسے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ یعنی اچھا ہی مال نیک شخص نیک کے لیے اور اولاد صالح کو باقیات صالحات سے فرمایا ہی چنانچہ یہ دونون وایتین مشکوۃ مین ہین اور اس آیت شریفہ مین بھی استثنا کیا آخر اِلَّا مَنْ اٰمَنَ الخ کر جنکہ مال ہو یا اولاد وغیر ذلک جسکو ذخیرہ آخرت کا کرے خوب ہی اور جسکو باعث وبال آخرت کا کرے بُرا ہی انسان کو یہ چاہیے کہ ہر چیز سے دار آخرت کو سنوارے یہان کی زرق برق ہیچ ہی فسر دون والے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِيْنُ وَاِلَيْهِ الْاِسْتِعَانَةُ وَالتُّكْلَانُ

وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ۝

اور وہ لوگ کہ سعی کرتے ہین بیچ رد کرنے آیتون ہماری کے مقابلہ کرتے ہوئے وہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاوینگے + فتح

اور جو دوڑتے ہین ہماری آیتون کے ہرانے کو وہ مار مین پکڑے آتے ہین + مو +

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

کہہ تحقیق پروردگار میرا کشادہ کرتا ہی روزی کو واسطے جسکے چاہے اپنے بندون مین سے اور تنگ کرتا ہی جسکے لیے چاہے اور جو کچھ خرچ کرو تم جس جنس سے کہ ہو پس خدا بدلا دیتا ہی اوسکا اور وہ بہترین روزی دینے والون کا ہی + فتح + تو کہہ میرا رب پھیلا دیتا ہی روزی جسکو چاہے اپنے بندون مین اور ماپ کر دیتا ہی اوسکو اور جو خرچ کرتے ہو کچھ چیز وہ اوسکا عوض دیتا ہی اور وہ بہتر ہی روزی دینے والا + مو + تفسیر + پس خدا بدلا دیتا ہی نہین کوئی بدلا دینے والا سوائے اوسکے یا تو بدلا جلدی دیتا ہی ساتھ مال کے دنیا مین یا دیر کر دیتا ہی ساتھ ثواب کے یعنی ذخیرہ رکھتا ہی اوسکے بدلے ثواب کہ آخرت مین دیگا اور وہ بہترین روزی دینے والون کا ہی اسلیے کہ جو کوئی دیتا ہی سوائے اوسکے بادشاہ یا سردار یا سوائے انکے پس وہ اللہ ہی کے رزق مین سے ہی کہ دلواتا ہی اوسکو انکے ہاتھون سے اور وہ پیدا کرنے والا رزق کا ہی اور پیدا کرنے والا اسباب کا کہ جسکے سبب سے نفع اوٹھاتا ہی مرزوق ساتھ رزق کے اور بعضے اولیا اللہ سے منقول ہی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَوْجَدَنِيْ وَجَعَلَنِيْ مِمَّنْ يَّشْتَهِيْ فَكَمْ مِّنْ مُّشْتَهٍ لَا يَجِدُ وَوَاجِدٍ لَا يَشْتَهِيْ اور اللہ کی راہ مین دینے کی حدیث شریف مین بھی بڑی فضیلت آئی ہی حدیث قدسی مین آیا ہی اَنْفِقْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْفِقْ عَلَيْكَ یعنی خرچ کر راہ خدا مین ای ابن آدم خرچ کرونگا مین تجپر اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی کوئی دن کہ صبح کرتے ہین بندے اوسمین مگر کہ دو فرشتے اوترتے ہین پس کہتا ہی ایک اون دونون مین کا اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا یعنی یا اللہ دے خرچ کرنے والے کو بدلا اور دوسرا کہتا ہی اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا یعنی یا اللہ دے ممسک کو تلف کہ اوسکا مال ضائع ہو جاوے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ناقص کرتا صدقہ کچھ بھی مال مین سے اور نہین زیادہ کرتا اللہ بندے کو بسبب عفو کے یعنی تقصیر وار سے مگر عزت اور نہین تواضع کرتا کوئی واسطے اللہ کے مگر کہ بلند کرتا ہی اللہ اوسکا درجہ اور فرمایا آنحضرت صلعم نے ہر معروف یعنی پسندیدۂ شرع صدقہ ہی اور ہر وہ چیز کہ خرچ کرے مرد اپنے نفس پر اور اپنے اہل پر لکھا جاتا ہی اوسکے لیے صدقہ اور جس مال سے بچاوے مرد آبروے اپنی لکھا جاتا ہی اوسکے لیے صدقہ جابر کہتے ہین کہ کہا مینے کیا معنی اسکے کہ بچاوے اوس سے آبرو اپنی فرمایا وہ مال کہ دیوے شاعر کو اور زبان دراز کو کہ بسبب اوسکے آبرو اپنی بچاوے اور جو کچھ کہ خرچ کرے مومن کچھ خرچ کرنا پس اللہ پر ہی عوض اوسکا اس حال مین کہ ضامن ہوتا ہی مگر جو کچھ کہ خرچ کرے مکان بنانے مین یا گناہ مین ضحاک سے ہی کہ وہ پوچھے گئے کہ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ سے نفقہ فی سبیل اللہ ارادہ ہی

کہا اونھون نے نہین و لیکن خرچ کرنا مرد کا اپنے نفس پر اور اہل پر مراد ہی پس اللہ بدلا دیتا ہی اوسکا سعید بن جبیر سے ہی کہ جو کچھ ہو خرچ کرنا بغیر اسراف اور تنگی کے پس وہ بدلا دیتا ہی اوسکا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کچھ خرچ کرو تم اپنے اہل پر بغیر اسراف اور تنگی کے پس وہ فی سبیل اللہ ہی اور روایت ہی علی بن ابی طالبؓ سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ ہر دن کیلیے نحوست ہی پس دفع کرو تم نحوست اوس دن کی بسبب صدقے کے پھر کہا پڑھو تم آیت بدلا دینے کی پس تحقیق مینے سُنا اللہ تعالی سے فرماتے وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ جب نہ خرچ کرو تم تو کیونکر بدلا دے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ مدد اوترتی ہی آسمان سے بقدر مؤنت کے یعنی جتنی خرچ کرنے وغیرہ ذالک مین محنت اوٹھاوگے وتنی ہی مدد اوترے گی اور روایت کی حکیم ترمذی نے زبیر بن عوام سے کہ کہا آیا مین یہان تک کہ بیٹھا مین آگے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پکڑا کنارہ عمامے میرے کا پیچھے سے پھر فرمایا ای زبیر بلاشبہہ مین رسول اللہ کا ہون طرف تیرے علی الخصوص اور طرف لوگون کے علی العموم آیا جانتے ہو تم کہ کیا کہا پروردگار تمھارے نے کہا مینے اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین فرمایا کہ کہا تمھارے رب نے جسوقت کہ بیٹھا اپنے عرش پر اور نظر کی طرف مخلوق اپنی کے ای میرے بندون تم مخلوق میرے ہو اور مین رب تمھارا ارزاق تمھارے میرے ہاتھ مین ہین پس نہ مشقت اوٹھاؤ اوس چیز مین کہ متکفل ہوا مین تمھارے لیے پس طلب کرو تم مجھسے ارزاق اپنے اور میری ہی طرف پیش کرو تم حاجتین اپنی ڈالو تم طرف میرے نفس اپنے ڈالونگا مین تمپر رزق تمھارے آیا جانتے ہو کہ کیا کہا رب تمھارے نے فرمایا اللہ تبارک وتعالی نے خرچ کر خرچ کرونگا مین تجپر اور فراخی یعنی لوگون پر فراخی کرونگا مین تجپر اور تنگی نکر تنگی ڈالونگا مین تجپر اور بند نکر یعنی دینا پس بند کرونگا مین تجپر اور سینت نرکھ مال کو پس سینت رکھونگا تجسے تحقیق دروازہ رزق کا کھلا ہوا ہی ساتون آسمانون کے اوپر سے علاقہ رکھتا ہی طرف عرش کے نہین بند ہوتا ہی رات کو اور نہ دن کو اوتارتا ہی اللہ اوس سے رزق ہر شخص پر بقدر نیت اوسکی کے اور دینے اوسکے کے اور صدقے اوسکے کے اور خرچ کرنے اوسکے کے کسیکو بہت دیتا ہی اور کسیکو کم اور کسی سے روک رکھتا ہی ای زبیر پس کھا اور کھلا اور صندوقون وغیرہ مین بند نکر کہ پس بند کیا جاویگا تجسے اور گن نہین کہ گنتا دون اور کیا دون پس روک رکھیگا اللہ تجسے فضل اپنا اور کم کریگا برکت کو اور تنگی نکر پس تنگی کیجاویگی تجپر ای زبیر بلاشبہہ اللہ دوست رکھتا ہی خرچ کرنے کو اور دشمن رکھتا ہی تنگی کرنے کو اور تحقیق سخاوت یقین سے پیدا ہوتی ہی اور بخل شک سے پس نہین داخل ہوتا ہی آگ مین وہ شخص کہ یقین رکھتا ہی اور نہین داخل ہوتا ہی بہشت مین وہ شخص کہ شک رکھتا ہی ای زبیر تحقیق اللہ دوست رکھتا ہی سخاوت کو اگرچہ ساتھ ٹکڑے کھجور کے ہو اور دوست رکھتا ہی شجاعت کو اگرچہ ساتھ قتل کرنے بچھو یا سانپ کے ہو ای زبیر بلاشبہہ اللہ دوست رکھتا ہی صبر کو وقت آنے مصیبتون کے اور یقین کامل کو وقت آنے شہوات کے اور عقل کامل کو وقت اوترنے شبہات کے اور ورع صادق کو وقت پیش آنے حرام اور خبیث چیزون کے ای زبیر تعظیم کر مسلمان بھائیون کی اور بزرگ قدر کر صلحا کو اور توقیر کر نیکون کی اور سلوک کر ہمسایے سے اور نہ ہمراہ چل بدکارون کے اور داخل ہو جنت مین بلاحساب و بلا عذاب کے یہ وصیت اللہ کی ہی طرف میرے اور وصیت میری طرف تیرے + مل + معا + در منثور +

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ○

اور یاد کر اوس دن کو کہ اوٹھاویگا خدا ان سبکو ایکبارگی پھر فرماویگا فرشتون کو آیا یہ تمکو عبادت کرتے تھے + فتح + اور جسدن جمع کریگا ان سبکو پھر کہیگا فرشتون کو یہ لوگ تھے تمکو پوجتے + مو + تفسیر + یہ استفہام تقریری ہی اور خطاب ہی ملائکہ کو اور منظور ہی قائل کرنا کفار کا مانند فرمانے اللہ تعالی کے حضرت عیسیٰ کو ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ پس تبری کرینگے اونسے فرشتے + مل + معالم + اور یہ پوجنے والے ملائکہ کے بنو ملیح خزاعہ مین سے تھے اور یہ سوال

بشارت اعمال ۱۲ منہ
یعنی ستلا
زناکار اور اگر ساتو
ن اسکو ایسی اقتاری
یقین کرکر باز رہے ۱۲
یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین ۱۲
کہا تھا لوگون کو کہ پکڑو مجکو اور میری ماں کو معبود ۱۲

واسطے تفریع مشرکون کے اور قطع طمع اونکی کے شفاعت ملائکہ کے سے ہی اور اسکو استفہام تقریر یہ کہتے ہین اور آیت ولا تنفع الشفاعۃ مین پہلے اسی سورت مین گذرا ہی کہ ملائکہ اور اور کوئی شافع اور مشفع اور مشفوع سوائے اذن حق کے نہین ہوسکین گے اور اسی لیے ملائکہ ان کفار سے بیزار ہوکر کہین گے سبحانک الخ +بحر+

قَالُوا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ○

فرشتے کہین گے پاکی ہی تجکو توکارساز ہمارا ہی سوائے انکے بلکہ یہ عبادت کرتے تھے دیوون کو یعنی عبادت ملائکہ بسبب وسوسۂ شیاطین کے تھی پس گویا عبادت شیاطین کی کی اکثر انکے یعنی انسان کے یا کفار کے ساتھ دیوون کے اعتقاد رکھتے ہین +فتح+ وہ بولے پاک ذات ہی تیری ہم تیری طرف ہین نہ اونکی طرف پر پوجتے تھے جنون کو یہ اکثر اونھین پر یقین رکھتے ہین +مو+ تفسیر+ انت ولینا جو فرمایا تحقیق اسکی یہ ہی کہ موالات خلاف ہی معادات کے اور وہ مفاعلہ ہی ولی سے بمعنی قرب کے اور ولی واقع ہوتا ہی متوالی اور موالی دونون اور معنی یہ ہین کہ تو ہی ہی ایسا کہ موالات کرین ہم تجھسے نہ اونسے اسلیے کہ نہین ہی موالات درمیان ہمارے اور درمیان اونکے پس بیان کی اونھون نے ساتھ اثبات موالات اللہ کے اور معادات کفار کے برات اپنی راضی ہونے سے ساتھ پوجنے اونکے کے اونکو اسلیے کہ جو ہوگا اس صفت پر ہوگا حال اوسکا منافی اسکے +بلکہ یہ عبادت کرتے تھے دیوون کو یعنی شیاطین کی اطاعت کرتے تھے بیچ عبادت غیر اللہ کے یا داخل ہوتے تھے شیاطین بتون کے اندر جسوقت کہ وہ پوجے جاتے تھے پس عبادت کیے جاتے تھے ساتھ پوجنے بتون کے یا بناتے تھے اونکے لیے شیاطین صورتین ایک قوم کی جنات مین سے اور کہتے تھے یہ صورتین فرشتون کی ہین پس پوجو انکو +مل+

فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ○

پس آج کے دن نہین طاقت رکھیگا بعض تمہارا واسطے بعضون کے نفع پونہچانے کی اور نہ ضرر پونہچانے کی اور فرماوین گے ہم ستمگارون کو کہ چکھو عذاب اوس آگ کا کہ تم جھٹلاتے تھے اوسکو یعنی دنیا مین +فتح+ سو آج تم مالک نہین ایک دوسرے کے بھلے کے نہ برے کے اور کہین گے ہم اون گنہگارون کو چکھو تکلیف اوس آگ کی جسکو تم جھوٹ بتاتے تھے +مو+ تفسیر+ نفع پونہچانے کی الخ اسلیے کہ حکم اوس دن مین فقط اللہ ہی کا ہوگا نہین مالک ہوگا اوسمین کوئی منفعت کا اور نہ مضرت کا کسیکے لیے اسلیے کہ وہ گھر ثواب اور عذاب کا ہوگا اور ثواب دینے والا اور عذاب دینے والا وہ اللہ ہی ہوگا پس ہوگا حال اوس گھر کا خلاف حال دنیا کے کہ جو دار تکلیف ہی اور لوگ اوسمین مخلی بالطبع ہین آپس مین ضرر بھی پونہچاتے ہین اور نفع بھی اور مراد یہ ہی کہ نہین ہی کوئی ضرر پونہچانے والا اور نہ نفع پونہچانے والا اگر دہی پھر ذکر کی سزا ظالمون کی ساتھ قول اپنے کے ونقول الخ +مل+ تنبیہ+ بھائیون خیال تو کرو جب ملائکہ اور حضرت عیسی علیہم السلام سے ایسا سوال ہوگا تو کیا عجب ہی کہ ایسا ہی سوال ہو بعضے بزرگون سے بھی کہ جنکی قبرون کو بعضے پوجتے ہین اور جنکو بعضے حاجت روا اور مشکل کشا جانتے ہین اور جنکے نام کے تعزیے اور مینڈھیان بناکر پوجتے ہین اور جنکے نام کی بیڑیان بدھیان پہناتے ہین اور جنکی چوٹیان رکھتے ہین وغیر ذالک انواع شرک کرتے ہین پس یہ دوستی اونکی ہرگز نہین ہی بلکہ حقیقت مین دشمنی ہی اونکی کہ اون بزرگوارون رحمہم اللہ کو میدان محشر مین ایک طرح کا رنج دین گے عیاذاً باللہ منہ

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○

اور جب پڑھی جاتین ہین اونپر آیتین ہماری روشن یعنی قرآن کہتے ہین آپس مین نہین ہی یہ پیغمبر یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم مگر ایک مرد ہی

چاہتا ہی کہ باز رکھے تمکو اوس چیز سے کہ پوجتے تھے باپ تمہارے اور کہتے ہین نہین ہی یہ قرآن مگر جھوٹ باندھ لیا ہوا اور کہتے ہین کافر سحن یہ است کو یعنی قرآن کو یا سارے امر نبوت کو جسوقت کہ آتا ہی انکے پاس یعنی اور عاجز ہوتے ہین یہ اوسکے مثل کے لانے سے نہین ہی یہ مگر سحر ظاہر + فتح + اور جب پڑھی جاوین اون پاس ہماری آیتین کھلی کہین اور نہین یہ ایک مرد ہی کہ چاہتا ہی روک دے تمکو اوسے جنکو پوجتے رہے تمہارے باپ دادے اور کہین اور نہین یہ جھوٹ ہی باندھ لیا اور کہتے ہین منکر ٹھیک بات کو جب پہونچے اون تک اور نہین ہی یہ جادو ہی صریح + مو +

وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ۝

اور نہین دین ہمنے مشرکین عرب کو کتابین کہ پڑھین اونکو یعنی اونمین دلیل ہو اور صحت شرک کے اور نہین بھیجا ہمنے طرف انکے پہلے تیرے کوئی ڈرانے والا + فتح + اور ہمنے دی نہین اونکو کچھ کتابین جنکو پڑھتے ہین اور بھیجا نہین ان پاس تجھسے پہلے کوئی ڈرانے والا + مو + تفسیر + کہ ڈرا دیوے اونکو ساتھ عذاب کے تاکہ نہ شریک کرین پس چاہیے کہ غنیمت جانین ہمکو پھر دھکا دیا اونکو اونکے جھٹلانے پر ساتھ قول اپنے کے + مل +

وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۣ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝

اور جھٹلایا تھا اون لوگون نے کہ پہلے انسے تھے اور یہ مشرک نہین پہونچے ہین دسوین حصے کو اوس چیز سے کہ دی تھی ہمنے اگلے لوگون کو پس جھٹلایا اونھون نے پیغمبرون میرے کو پس کیونکر ہوا عذاب میرا + فتح + اور جھٹلایا ہی انسے اگلون نے اور یہ نہین پہونچے دسوین حصے کو جو ہمنے اونکو دیا تھا پھر جھٹلایا میرے بھیجون کو تو کیا ہوا انکار میرا + مو + تفسیر + پہلے انسے تھے یعنی جھٹلایا اگلی امتون نے مانند قوم عاد اور ثمود اور قوم ابراہیم اور قوم لوط وغیرہم کے رسولون کو جیسے کہ یہ تجکو جھٹلاتے ہین اور اوس چیز سے کہ دی تھی ہمنے اگلی امتون کو یعنی قوت اور نعمت اور درازگی عمر کی اور کثرت اموال اور عذاب میرا یعنی اگلے جھٹلانے والون کے لیے حاصل یہ کہ عاد اور ثمود وغیرہ نے باوجود اوس قوت اور نعمت کے کہ رکھتے تھے جب میرے رسولون کو جھٹلایا میرے عذاب سے ہلاک ہوئے تو اہل مکہ کہ دسوان حصہ بھی اگلون کی قوت و نعمت مین سے نہین رکھتے ہین کیون عذاب کرنے اور ہلاک کرنے میرے سے نہین ڈرتے ہین اور تیرے جھٹلانے سے ای محمد اور قرآن کے جھٹلانے سے باز نہین آتے ہین + مل + بحث + اور مدارک کے حاشیے مین لکھا ہی کہ یہ جو قول اللہ تعالی کا ہی وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ اسمین چار قول ہین ایک تو یہ کہ نہین پہونچے اگلے لوگ عمل مین دسوین حصے اوس چیز کو کہ حکم کیے گئے ساتھ اوسکے یعنی نہین عمل کیا دسوین حصے اوس چیز کے کہ حکم کیے گئے ساتھ اوسکے اور یہ قول حسن کا ہی اور دوسرا یہ کہ نہین پہونچے قریش دسوین حصے اوس چیز کو کہ دیے گئے اگلے قسم قدرت اور قوت اور مال سے کہا فقیہ نے کہ یہ جواب ہی اونکے قول کا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۱۲ بهری اور یہ قول ابن زیاد کا ہی اور تیسرا یہ کہ نہین پہونچے اگلے لوگ دسوین حصے شکر اوس چیز کو کہ دی ہمنے اونکو نقل کیا نقاش نے اور چوتھا یہ کہ نہین دیا اللہ نے اگلون کو دسوان حصہ اوس چیز کا کہ دی ہمنے امت محمد کو قسم علم اور بیان اور حجت اور دلیل سے کہا ابن عباس نے پس نہین ہی کوئی امت بہت علم رکھنے والی آنحضرت کی امت سے اور نہ کوئی کتاب بہت واضح البیان اونکی کتاب سے اور بعضون نے کہا اسکی تفسیر مین یہ کہ اگلون کی عمرین طویل ہوتی تھین ہزار ہزار برس کی سات سات سو برس کی اور مانند انکے پس خبر دی اللہ تعالی نے کہ اگلی امتین بہت طویل العمر ہوتین تھین تمہاری عمرین تو اونکی عمر کے دسوین حصے برابر بھی نہین جب وہ کفر و شرک سے ہلاک ہوئے تو تمہاری کیا حقیقت ہی ۱۲ ک

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝

کہہ سوا اسکے نہین کہ نصیحت کرتا ہون مین تمکو ساتھ ایک بات کے کہ کھڑے ہوؤ واسطے خدا کے دو دو اور ایک ایک پھر تامل کرو تم

ع ۹ ۔ ۱۱

لان لی کان معنی قوله وکذب الذین فعل الذین من قبلهم التکذیب واقدموا علیه جعل تکذیب الرسل مسببا عنه وهو کقول القائل اقدم فلان علی الکفر فکفر بمحمد صلی الله علیه وسلم ۱۲ مد

کہ نہین ہی اس یار تمہارے کو کچھ جنون نہین ہی وہ مگر ڈرانے والا واسطے تمہارے آگے آنے عذاب سخت کے ہے + فتح + تو کہہ مین تمہیں ایک ہی نصیحت کرتا ہون تمکو کہ اوٹھہ کھڑے ہوؤ اللہ کے کام پر دو دو اور ایک ایک پھر دہیان کرو اس تمہارے رفیق کو کچھ سودا نہین یہ ایک ڈرانے والا ہی تمکو آگے آنے ایک بڑی آفت کے + مو + تفسیر + تقدیر اِنَّمَآ اَعِظُكُمۡ بِوَاحِدَةٍ کی ہی اِنَّمَآ اَعِظُكُمۡ بِخَصۡلَةٍ وَّاحِدَةٍ اور اوسکو بیان کیا ساتھ قول اپنے کے اَنۡ تَقُوۡمُوۡا الخ اور ارادہ کیا ساتھ کھڑے ہونے اونکے کے اوٹھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے اور متفرق ہونا اونکا اپنے مجمع مین سے کہ آنحضرت پاس تھا یا ارادہ کیا کھڑے ہونے سے قیام قصد کا طرف ایک شی کے نہ معنی حقیقی جو اوٹھنا اور کھڑے رہنا ہی اور معنی یہ ہین کہ مین تمکو نصیحت کرتا ہون ایک بات کی کہ اگر کروگے تم اوسکو تو پہونچوگے حق کو اور خلاصی پاؤگے کفر سے اور وہ یہ ہی کہ کھڑے ہوؤ واسطے اللہ کے یعنی خالص اوسی کی رضامندی کے لیے نہ واسطے حمیت اور تعصب کے بلکہ واسطے طلب حق کے پھر فکر کرو محمد ص کے امر مین اور اوس چیز مین کہ لیکر آیا ہی وہ یعنی قرآن و شریعت اور دو دو اور ایک ایک کے کھڑے ہونے کو اسلیے فرمایا کہ دو ہوتے ہین تو فکر کرتے ہین اور پیش کرتا ہی ہر ایک اون دونون مین سے جو کچھ کہ حاصل ہوا ہی اوسکی فکر سے اپنے یار پر اور دیکھتے ہین دونون اوسمین نظر صدق اور انصاف سے یہان تک کہ پہونچاتی ہی اون دونون کو نظر صحیح طرف حق کے اور اسی طرح ایک اکیلا فکر کرتا ہی اپنے نفس مین عدل وانصاف سے اور پیش کرتا ہی اپنی فکر کو اپنی عقل پر اور اونکو متفرق ہونے کو جو فرمایا کہ دو دو اور ایک ایک کھڑے ہون تو سبب اسکا یہ ہی کہ اجتماع مین تشویش خاطر ہوتی ہی اور مطلوب کو اچھی طرح سوچتا دیکھتا نہین اور کم ہوتا ہی اوسمین انصاف اور بہت ہوتا ہی تعصب و بے انصافی اور نہین سنتا ہی مگر نصرت مذہب کی اور معنی ثُمَّ تَتَفَكَّرُوۡا مَا بِصَاحِبِكُمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ کے یہ ہین کہ پھر فکر کرو پس جانوگے کہ نہین ہی تمہارے یار کو جنون اور آگے عذاب سخت کے وہ عذاب آخرت ہی اور یہ ہی مانند قول آنحضرت علیہ السلام کے بُعِثۡتُ بَيۡنَ يَدَيِ السَّاعَةِ پھر بیان فرمایا کہ وہ نہین مانگتا ہی مزدوری ڈرانے پر ساتھ قول اپنے کے قُلۡ مَا سَاَلۡتُكُمۡ الخ اور مجاہد اور سدی اور ابن جریج سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے اِنَّمَآ اَعِظُكُمۡ بِوَاحِدَةٍ کہا ساتھ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے یعنی نہین نصیحت کرتا ہون مین مگر لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے کہنے کی + مد + در منثور + کچھ جنون یعنی سودا کہ دعوی رسالت کا کرتا ہی بلکہ تم اول خلقت اوسکی سے امانت اور صدق اور کمال عقل اور حیا اور مروت اوسکی جانتے ہو + بحر +

قُلۡ مَا سَاَلۡتُكُمۡ مِّنۡ اَجۡرٍ فَهُوَ لَكُمۡ ؕ اِنۡ اَجۡرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ○

کہہ جو کچھ مانگا ہو مینے تمسے قسم مزدوری سے یعنی اپنے ڈرانے اور پہونچانے رسالت پر پس وہ واسطے تمہارے ہی یعنی بالکل مزدوری نہین مانگی مینے تمسے نہین ہی مزدوری میری مگر خدا پر اور وہ ہر چیز پر خبردار ہی + فتح + تو کہہ جو مینے تمسے مانگا تھا کچھ نیگ سو تمہین کو پہنچے میرا نیگ ہی اوسی اللہ پر اور اوسکے سامنے ہی ہر چیز + مو + تفسیر + پس وہ جانتا ہی کہ مینے نہین طلب کی مزدوری تمہاری نصیحت پر اور تمہارے بلانے پر اوسکی طرف مگر اوسی سے + مد +

قُلۡ اِنَّ رَبِّىۡ يَقۡذِفُ بِالۡحَـقِّ ۚ عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ○

کہہ تحقیق پروردگار میرا ڈالتا ہی علم غیب سے وحی راست کو وہ پروردگار جاننے والا پوشیدہ کا ہی + فتح + تو کہہ میرا رب پھینکتا جاتا ہی سچا دین یعنی اوپر سے اوتارتا ہی وہ جاننے والا چھپی چیزین + مو + تفسیر + معنی یَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ کے یہ ہین کہ ڈالتا ہی اور اوتارتا ہی وحی طرف انبیا کے + مد + ارک +

قُلۡ جَآءَ الۡحَـقُّ وَمَا يُبۡدِئُ الۡبَاطِلُ وَمَا يُعِيۡدُ ○

کہہ آیا سخن راست اور نہ پہلی بار پیدا کرتا ہی معبود باطل اور نہ دوبارہ پیدا کریگا + فتح + تو کہہ آیا دین سچا اور جھوٹ کو

نہ پہلا اور نہ دوسرا + **مو تفسیر** + جاء الحق کے معنی ہین آیا حق یعنی اسلام یا قرآن وما یبدئ الباطل وما یعید کے معنی ہین جاتا رہا باطل اور ہلاک ہوا اور معنی سبکے یہ ہوئے آیا حق اور ہلاک ہوا باطل مانند قول اللہ تعالی کے جاء الحق وزھق الباطل اور ابن مسعود رض سے ہی کہ داخل ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکے مین اور گرد خانۂ کعبہ کے بت تھے پس شروع کیا آنحضرت نے کہ لگتے تھے اونپر لکڑی نبعہ کی کہ نام ایک درخت کا ہی اور فرماتے تھے جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا جاء الحق وما یبدئ الباطل وما یعید اور بعضون نے کہا کہ باطل بت ہیں اور بعضون نے کہا ابلیس اس لیے کہ وہ صاحب باطل ہی یعنی نہین پیدا کرتا ہی شیطان اور نہ بت کسیکو اور نہ مرنے کے بعد اوٹھاوینگے پس پہلی بار پیدا کرنیوالا اور مرنے کے بعد اوٹھانیوالا وہ اللہ ہی ہی اور جب کہا کفار نے آنحضرت کو کہ تو گمراہ ہو گیا بسبب ترک کرنے دین باپ دادون اپنے کے فرمایا اللہ تعالی نے + **مد**

قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَا أَضِلُّ عَلَىٰ نَفْسِي ۖ وَإِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِي إِلَيَّ رَبِّي ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ○

کہہ اگر گمراہ ہو جاؤن مین پس سوا اسکے نہین کہ گمراہ ہوتا ہون مین اوپر نفس اپنے کے یعنی گناہ میری گمراہی کا میری جان پر ہی اور اگر راہ پاؤن مین پس سبب اسکے ہی کہ وحی بھیجتا ہی طرف میرے پروردگار میرا یعنی قرآن وحکمت تحقیق وہ سننے والا نزدیک ہی + **فتح** + تو کہہ اگر مین بہکا ہون تو یہی کہ بہکون گا اپنے برے کو اور اگر مین سوجھا ہون تو اوس سبب سے کہ وحی بھیجتا ہی مجکو میرا رب وہ سنتا ہی نزدیک + **مو تفسیر** + اگر گمراہ ہو جاؤن مین الخ یعنی اگر لغزش قدم ہو مجکو تو مجھسے ہی اور ضرر اوسکا مجھپر ہی اور اگر راہ پاؤن تو بسبب رہنمائی اوسکی کے ہی ساتھ وحی بھیجنے کے طرف میرے سننے والا ہی یعنی اوس چیز کو کہ کہتا ہون مین تمہارے لیے نزدیک ہی مجھسے اور تمسے جزا دیگا مجکو اور جزا دیگا تمکو + **مد**

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ فَزِعُوا فَلَا فَوْتَ وَأُخِذُوا مِنْ مَكَانٍ قَرِيبٍ ○ وَقَالُوا آمَنَّا بِهِ وَأَنَّىٰ لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ ○

اور تعجب کرے تو اگر دیکھے تو جب گھبراوین پس نہو عذاب سے خلاص ہونا اور پکڑے جاوین ہر جانب نزدیک سے یعنی پکڑے جاوین ساتھ آسانی کے اور کہین اوس وقت ایمان لائے ہم ساتھ قرآن کے اور کہان سے ہو اونکو ہاتھ مین لانا ایمان کا جاے دور سے یعنی محال ہوئے + **فتح** + اور کبھی تو دیکھے جب یہ گھبراوین گے پھر بھاگے نہین بچتے اور پکڑے آئے نزدیک جگہہ سے اور کہنے لگے ہمنے اسکو یقین مانا اور اب کہان انکا ہاتھ پہونچ سکتا ہی دور جگہہ سے یعنی ایمان لانے کا وقت نرہا + **مو تفسیر** + جب گھبراوین یعنی وقت اوٹھنے کے قبرون سے یا نزدیک مرنے کے یا دن بدر کے اور فلا فوت کے معنی ہین پس نہین ہو گی جگہہ بھاگنے کی یا تقدیر اسکی یہ ہی فلا فوت لھم منا یعنی پس نہین بھاگ سکین گے ہمسے اور مراد مکان قریب سے موقف ہی طرف دوزخ کے جب کہ اوٹھائے جاوین گے قبرون سے یا پشت زمین سے طرف پیٹ اوسکے کے جبکہ مرینگے یا زمین کے پیٹ سے طرف پشت اوسکی کے جبکہ نکلین گے قبرون سے یا صحرا بدر سے طرف کنوین بدر کے اور جہان کہ ہون گے پس وہ اللہ سے قریب ہی ہین نہین بھاگ سکین گے اوس سے اور کہین گے جبکہ دیکھین گے عذاب وقت جانکنی کے اور بعضون نے کہا وقت بعث کے اور معنی تناوش کے ہین ہاتھ مین لانا یعنی کیونکر ہاتھ مین لاوین گے ایمان و توبہ حال انکہ بعید ہوئے اونسے مراد یہ ہی کہ ایمان و توبہ قبول ہوتے اونسے دنیا مین اور اب جاتی رہی دنیا اور دور پڑے آخرت سے اور ابن عباس رض سے ہی کہ سوال کرین گے کافر پھر آنا طرف دنیا کے اور کہان ہو گا انکے لیے پھر آنا طرف دنیا کے مکان بعید سے یعنی آخرت سے طرف دنیا کے + **مد معا** +

وَقَدْ كَفَرُوا بِهِ مِنْ قَبْلُ ۖ وَيَقْذِفُونَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ ○

اور حال انکا کافر تھے ساتھ قرآن کے پہلے اس سے اور ڈالتے ہین یعنی گمان مین ڈالتے تھے بن دیکھے مکان دور سے + فتح + اور پھینکتے رہے بن دیکھے نشانے پر دور جگہہ سے + مو + تفسیر + کافر تھے ساتھ قرآن کے اور بعضون نے کہا ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے اس سے یعنی پہلے اس سے کہ دیکھین عذاب اور اہوال قیامت کے اور معنی ویقذفون بالغیب کے یہ ہین کہ تھے کلام کرتے ساتھ غیب کے یعنی غائب چیز مین کلام کرتے تھے کہ کہتے نہین ہی بعث اور نہ حساب اور نہ جنت اور نہ دوزخ اور مکان دور سے کہ دور ہی صدق سے یا حق سے اور صواب سے یا یَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ الخ سے مراد ہی کہنا اونکا رسول اللہ کے حق مین شاعر ساحر کذاب اور یہ کلام کرنا ساتھ غیب کے اور امر پوشیدہ کے اسلیے ہی کہ نہین دیکھا تھا اونھون نے حضرتؐ سے سحر اور نہ شعر اور نہ جھوٹ اور لائے اس غیب کو جہت بعیدہ سے کہ دور ہی حال اونکے سے اسلیے کہ بعید تر چیز اوس چیز سے کہ لائے اوسکو آنحضرتؐ سحر اور شعر ہی اور بعید تر چیز اونکی عادت سے کہ معروف ہی درمیان اونکے اور تجربہ کی گئی ہی جھوٹ ہی کہا مجاہد نے یعنی برا کہتے ہین آنحضرتؐ کو ساتھ ظن کے نہ یقین سے اور وہ برا کہنا یہ ہی کہ کہتے تھے آنحضرتؐ کو شاعر ساحر کاہن اور معنی غیب کے وہی ظن ہی اسلیے کہ غائب ہی علم اوسکا اونسے اور مراد مکان بعید سے دور ہونا اونکا ہی جاننے اوس چیز کے سے کہ کہتے تھے اور معنی یہ ہین کہ برا کہتے ہین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساتھ اوس چیز کے کہ نہین جانتے اوس جگہہ سے کہ نہین جانتے + مد + معالم +

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝

اور جدائی ڈالی گئی درمیان انکے اور درمیان اوس چیز کے کہ چاہتے تھے جیسا کیا گیا تھا ساتھ مانندون اونکے کے یعنی کفر مین پہلے اس سے تحقیق یہ تھے شک قوی مین + فتح + اور انکا ڈر گیا اونمین اور جو اونکا جی چاہے اون مین جیسا کیا گیا ہی انکی راہ والون سے پہلے وے تھے دھوکے مین جو ہین نہ لینے دیتا + مو + تفسیر + درمیان اوس چیز کے کہ چاہتے تھے کہ وہ نفع دینا ایمان کا ہی اوس دن اور نجات ہونی بسبب اوسکے دوزخ سے اور مطلب یاب ہونا ساتھ بہشت کے یا پھر لوٹ دنیا کے جیسا کہ نقل کیا اللہ تعالی نے حال اونکا اِرْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اور یہ افعال جو ذکر کیے گئے یعنی فَزِعُوْا اور اُخِذُوْا اور حِيْلَ سب ہین صیغے ماضی کے اور مراد انسے استقبال ہی یعنی زمانۂ آیندہ قیامت وغیرہ مین یون ہوگا اور ماضی لائے واسطے تحقیق وقوع انکے کے یعنی ضرور یہ باتین ہونگی انکے وقوع مین کچھ شبہہ نہین گویا ہو چکین ہین اور ساتھ مانندون انکے کے یعنی جیسے اور کافر تھے مانند انکے کفر مین اگلے زمانے مین اونکا ایمان و توبہ نہ قبول ہوئی وقت جانکنی کے ویسے ہی آنحضرتؐ کے وقت کے کفار کے ساتھ معاملہ کیا جاویگا بیچ شک کے یعنی امر رسول مین اور بعث مین اور یہ رد ہی اونپر کہ کہتے ہین کہ اللہ نہین عذاب کرتا شک پر + مد + معالم + اور بعضون نے کہا کہ مَا يَشْتَهُوْنَ سے مراد نعمتین دنیا کی اور زینت اوسکی مراد ہی چنانچہ روایت کی ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ کہ کہا اونھون نے تھا ایک شخص بنی اسرائیل مین سے غنی کہ کشایش مال کی دی تھی اللہ نے اوسکو پس مر گیا وہ اور اوسکے مال کا وارث ہوا اوسکا بیٹا بدکار پس اوس مال کو اللہ کے گناہون مین خرچ کرنے لگا یعنی شراب خواری زناکاری وغیرہ مین پس جب دیکھا یہ اوسکے چچاؤن نے تو آئے وہ اوس نوجوان کے پاس اور غصہ اور ملامت کی اوسپر پس تنگدل اور جھنجھلا ہوا وہ جوان اور بیچی زمین اپنی بعوض نقدی کے پھر کوچ کیا وہان سے اور پہونچا ایک چشمے پر کہ خوب جاری تھا پس خرچ کیا اوسمین مال اپنا کہ بنایا ایک محل اوسمین پس ایک روز وہ بیٹھا تھا کہ ناگہان اوڑ لائی اوسکے پاس ہوا ایک عورت کو کہ نہایت خوبصورت تھی وہ اور بہت خوشبو آتی تھی اوسمین سے پس کہا اوس عورت سے کہ کون ہی تو اے بندے اللہ کے اوسنے کہا کہ مین ایک شخص ہون بنی اسرائیل مین سے کہا اوسنے

کہ تیرا ہی ہی یہ محل اور یہ مال اوسنے کہا ہان کہا اوس عورت نے کہ تیرے بیوی بھی ہی اوسنے کہا نہین کہا اوسنے کہ پھر
کیونکر گذارا ہوتا ہی تجھے عیش اس حال مین کہ تیرے بیوی نہین ہی اوسنے کہا کہ حال تو یہی ہی جو مینے بیان کیا پس آیا
تیرے لیے خاوند ہی اوسنے کہا نہین پس کہا اوس شخص نے کہ آیا تجکو رغبت ہی اسکی کہ نکاح کرون مین تجسے اوسنے کہا
کہ مین ایک عورت ہون رہنے والی مسافت ایک کوس بھر کی تجسے پس جب کل ہووے تو توشۂ راہ لے ایکدن کا اور آ میرے پاس اور
اگر دیکھے تو اپنی راہ مین کچھ دہشت کی چیز تو ڈرنا نہین پس جب کل ہوئی تو توشۂ راہ لیا اوسنے ایکدن کا اور چلا پس پونہچا طرف
ایک محل کے اور کھٹکھٹایا دروازہ اوسکا پس نکلا طرف اوسکے ایک جوان کہ بہت خوبصورت تھا اور خوب خوشبو آتی تھی اوسمین سے
پس کہا اوسنے کہ کون ہی تو ای بندے اللہ کے کہا اسنے کہ مین اسرائیلی ہون اوسنے کہا کہ پھر کیا حاجت ہی تیری اسنے کہا کہ بلایا تھا
مجکو اس محل کی مالکہ نے اپنے پاس کہا اوسنے کہ سچ کہا تو نے پس آیا دیکھی تو نے اپنی راہ مین کوئی ڈرانی چیز اوسنے کہا ہان دیکھی تھی اور
اگر نہ خبر دی ہوتی اوس عورت نے مجکو کہ تو ڈرنا نہین تو البتہ ڈرتا مین اوس چیز سے کہ دیکھی مینے پھر بیان کرنا شروع کیا اسنے کہا کہ
مین آتا تھا کہ ناگہان معلوم ہوئی مجکو ایک راہ اوسمین مینے دیکھی ایک کتیا موہنہ کھولے ہوئے پس ڈرا مین پھر جست کر کروہ مجسے آگے
نکل گئی پھر جو مین اوسکے پیچھے پونہچا تو دیکھا کہ پلے اوسکے اوسکے سینے پر بول رہے ہین کہا اوس جوان نے کہ تو نہین پانیگا اسکو یہ ہوگا
اخیر زمانے مین کہ بیٹھینگے لڑکے بڈھون کے ساتھ پھر غالب آوینگے وہ اونپر اونکی مجلس مین اور ریر جاکر ینگے اونکی باتون کا کہا اوسنے پھر آگے
چلا مین یہان تک کہ ناگہان معلوم ہوئی مجکو ایک اور راہ اور دیکھین مینے اوسمین سو بکریان بھری ہوئی تھنون کی اور ناگہان اونمین
ایک بکری کا بچہ ہی کہ دودہ پیتا پھرتا ہی اوسکا پھرا آتا ہی لیکن اونکے پاس گمان کرتا ہی کہ مینے نہین چھوڑا دودہ کچھ بھی پس کھولتا ہی موہنہ
ڈھونڈھتا ہی اور دودہ کہا اوس جوان نے کہ نہین پانیگا تو اسکو یہ ہوگا آخر زمانے مین ایک بادشاہ کہ جمع کریگا سب لوگون کی نقدی
یہان تک کہ جب گمان کریگا کہ مینے کچھ نہین چھوڑا کھولیگا موہنہ طلب کریگا اور مال کہا اسنے پھر آگے چلا مین یہان تک کہ معلوم ہوئی
مجکو اور راہ ناگہان دیکھے مینے درخت پس خوش لگی مجکو ٹہنی ایک درخت کی اونمین سے کہ تر و تازہ تھی پس چاہا مینے کاٹنا اوسکا
پس پکارا مجکو ایک اور درخت نے کہ ای بندے اللہ کے مجمین سے لے یہان تک کہ پکارا مجکو سب درختون نے کہ ای بندے
اللہ کے ہم مین سے لے کہا اوس جوان نے کہ نہین پائیگا تو اسکو یہ ہوگا اخیر زمانے مین کہ کم ہونگے مرد اور بہت ہونگی عورتین یہان تک کہ مرد
البتہ خواستگاری کریگا ایک عورت سے پس بلاوینگی اوسکو دس بیس عورتین اپنی طرف کہا اسنے پھر آگے چلا مین یہان تک کہ ناگہان
معلوم ہوئی مجکو اور راہ پس ناگہان دیکھا مینے ایک شخص کو کہ کھڑا ہی ایک چشمے پر چلو بھر بھر کر دیتا ہی ہر شخص کو پانی مین سے
پس جب متفرق ہوئے لوگ اوسکے پاس سے ڈالا اپنی زمین مین پانی پس نہ ٹھہرا اوسکی زمین مین پانی مین سے کچھ کہا اوسنے نہین
پائیگا تو اسکو یہ ہوگا اخیر زمانے مین کہ واعظ تعلیم کریگا لوگون کو علم پھر مخالفت کریگا اونکی کہ رجوع کریگا اللہ تعالی کے
گناہون کی طرف کہا اسنے پھر آگے چلا مین یہان تک کہ جب معلوم ہوئی مجکو اور راہ دیکھتا ہون ایک گائے اور لوگ پکڑے ہوئے
ہین ہاتھ پانؤن اوسکے اور ایک شخص پکڑے ہوئے ہی سینگ اوسکے اور ایک شخص دم پکڑے ہوئے ہی اوسکی اور ایک شخص سوار
ہی اوسپر اور ایک شخص دودہ دوہ رہا ہی اوسکا پس کہا اوسنے کہ گائے دنیا ہی اور جو اوسکے ہاتھ پانون پکڑے ہوئے تھے پس وہ کم رتبہ
ہین بنسبت اوسکے کہ جو اوپر اوسکے ہی یعنی طالب دنیا اور جو کہ سینگ پکڑے ہوئے تھا پس وہ تنگ دست ہی کہ تدبیر اپنی معاش کی کر رہا
ہی اور جو کہ دم پکڑے ہوئے تھا اوسکی پس اوس سے پیٹھ پھیری ہی دنیا نے اور جو کہ سوار تھا اوسپر پس اوسنے ترک کیا ہی دنیا کو اور
جو کہ دودہ دوہتا ہی اوسکا پس وہ خوش حال و عیش والے ہین کہا اسنے پھر آگے چلا مین یہان تک کہ ایک راہ اور معلوم ہوئی مجکو

دیکھتا ہون کہ ایک شخص خوش بیٹھا ہوا ہی کنوین پر جب نکالتا ہی ڈول ڈالتا ہی اوسکو حوض مین پھر جا پڑتا ہی پانی کنوین مین کہا اوسنے کہ یہ شخص ہی کہ رد کیے ہین اللہ نے اوسپر عمل نیک اوسکے پس نہین قبول کیے جاتے ہین وہ کہا اسنے پھر آگے چلتا ہون یہان تک کہ معلوم ہوتی ہی مجکو اور راہ ناگہان دیکھتا ہون ایک شخص کو کہ ڈالتا ہی بیج زمین مین پھر کاٹتا ہی زراعت پس ناگہان دیکھتا ہی کہ بہت اچھے گیہون مین کہا اوسنے کہ یہ شخص ہی کہ قبول کیے اللہ نے عمل نیک و پاکیزہ یعنی تخم اوسکے کہا اسنے پھر آگے چلا مین یہان تک کہ ناگہان معلوم ہوئی مجکو اور راہ دیکھتا ہون کہ ایک شخص لیٹا ہوا ہی چت پس کہا اوسنے کہ ای بندے اللہ کے نزدیک ہو مجسے پس پکڑ ہاتھ میرا اور بٹھا مجکو پس قسم ہی اللہ کی کہ نہین بیٹھا مین جبسے کہ پیدا کیا ہی مجکو اللہ نے پس پکڑا مینے ہاتھ اوسکا پس اوٹھکر دوڑنے لگا اور چلا گیا یہان تک کہ نہین دکھائی دیتا تھا مجکو پس کہا واسطے اوسکے اوس جوان نے کہ یہ عمر تیری تھی کہ پوری ہو چکی اور مین ملک الموت ہون اور مین ہی تھا وہ عورت کہ آئی تھی تیرے پاس حکم کیا ہی مجکو اللہ نے تیری روح کے قبض کرنیکا اس مکان مین پھر لیجا ئینگا تجکو طرف آگ جہنم کے کہا ابن عباس نے پس مین اوتری ہی یہ آیت وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ اور روایت ہی ابن عمر سے کہ اونھون نے پیا ٹھنڈا پانی پھر رونے پس کہا گیا کہ کس چیز نے رولایا تمکو کہا اونھون نے کہ یاد کی مینے یہ آیت کتاب اللہ کی وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ پس جانا مینے کہ دوزخی نہین چاہین گے مگر پانی ٹھنڈا اور تحقیق فرمایا ہی اللہ تعالی نے أَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ اور قتادہ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے إِنَّهُمْ كَانُوا فِي شَكٍّ مُرِيبٍ کہا بچاو تم اپنے تئین شک و ریب سے اسلیے کہ جو مریگا شک پر اوسی پر اوٹھایا جاویگا اور جو مریگا یقین پر اوسی پر اوٹھایا جاویگا + معالم درمنثور

سُورَةُ الْمَلٰئِكَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَأَرْبَعُونَ آيَةً وَخَمْسُ رُكُوعَاتٍ

اس سورت کا نام سورۂ ملائکہ ہی اسلیے کہ اول ہی سورت مین ذکر ملائکہ کا آیا ہی اور سورۂ فاطر بھی کہتے ہین واسطے مذکور ہونے لفظ فاطر کے ابتدا مین اور یہ سورت مکی ہی آیتین اسکی پینتالیس اور کلمات اسکے سات سو ستتر ۷۷۷ اور حروف اسکے تین ہزار ایک سو تیس ۳۱۳۰ اور رکوع اسکے پانچ ۵ اور نزول اس سورت کا بعد سورۂ فرقان کے ہی اور اسکو بعد سورۂ سبا کے اسلیے لکھا کہ وہ بھی لفظ الحمد سے شروع ہوئی ہی اور یہ بھی اور دونون کو مناسبت باعتبار مقدار کے بھی ہی کہ دونون مقدار مین قریب قریب ہین اور بعضون نے کہا کہ ابتدا سورۂ فاطر جو حمد کر ہوئی اسکو مناسبت ہی اور پہلی سورت کے خاتمے سے یعنی وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُونَ الخ سے کہ کافرون کی خرابی و تباہی جب اوس سورت کے اخیر مین مذکور ہو چکی تو گویا اسکی ابتدا مین اوسپر حمد کی جیسے کہ فرمایا فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰئِكَةِ رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

سب تعریف واسطے اوس خدا کے ہی کہ پیدا کرنے والا آسمانون کا اور زمین کا بنانے والا فرشتون کو پیغمبر بنانے والا اونکو صاحب بازوون کا دو دو اور تین تین اور چار چار زیادہ کرتا ہی پیدائش مین جو کچھ چاہتا ہی تحقیق خدا سب چیز پر قادر ہی + فتح + سب خوبی اللہ کو ہی جسنے بنا نکالے آسمان و زمین جسنے ٹھہرائے فرشتے پیغام لانے والے جنکے پر ہین دو دو اور تین تین اور چار چار بڑھاتا ہی پیدائش مین جو چاہے بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہی + تفسیر + بڑھاتا ہی یعنی چار سے زیادہ پر بعضون کے

جبرئیل ع کے چھ سو پر ہین + موضح + اللہ تعالی نے حمد کی اپنی ذات پاک کی ازراہ تعلیم و تعظیم کے اور فاطر السموات کے معنی ہین پہلے پہل پیدا کرنے والا آسمانون کا کہ ویسے کسی نے نہین پیدا کیے تھے اوس سے پہلے کہا ابن عباس رض نے کہ نہین جانتا تھا مین معنی فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے یہان تک کہ جھگڑتے آئے میرے پاس دو اعرابی ایک کنوین کے مقدمے مین پس کہا ایک نے اونمین سے اَنَا فَطَرْتُہَا یعنی مینے بنایا ہی اسکو پہلے پہل اور فرشتون کے پیغمبر بنانے سے مراد یہ ہی کہ وحی لاتے ہین انبیا علیہم السلام کے پاس اور صاحب بازوون کا دو دو الخ یعنی ملائکہ مین سے ایک جماعت ہی ہر ایک کے اونمین سے دو دو بازو ہین اور ایک جماعت ہی کہ اونکے تین تین بازو ہین اور شاید کہ تیسرا بازو پشت پر ہو درمیان مین دونون بازوون کے کہ بڑھتا ہوا اون دونون کی قوت اور ایک جماعت ہی کہ اونکے چار چار بازو ہین اور مراد ان عددون سے تعدد بازوون کا ہی حصر نہین ہی چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ جبرئیل ع کے چھ سو بازو ہین اور بقول قتادہ اور مقاتل کے یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ سے مراد یہی زیادتی بازوون کی ہی اور تحقیق یہ ہی کہ مراد اس سے یہ کہ زیادہ کرتا ہی بیچ پیدایش بازوون وغیرہ کے جو کچھ چاہتا ہی پس آیت مطلق ہے کہ شامل ہی ہر زیادتی کو پیدایش مین مانند طول قد اور اعتدال صورت اور تیزی کے عقل مین اور فصاحت کے زبان مین اور محبت کے بیچ قلوب مومنین کے اور مانند انکے سے اور بعضون نے کہا کہ مراد زیادتی سے پیدایش مین صورت حسین ہی اور آواز خوش اور بال اچھے اور نمکینی آنکھون مین + ملا + بحر +

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَاۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

جو کچھ کہ کھولدیوے خدا واسطے لوگون کے رحمت سے پس کوئی بند کرنے والا نہین ہی اوسکو اور جو کچھ کہ بند کرے پس کوئی کھولنے والا نہین ہی اسکو بعد اوسکے یعنی غیر اوسکے اور وہی ہی غالب باحکمت + فتح + جو کھولدے اللہ لوگون پر کچھ مہر تو کوئی نہین اوسکو روکنے والا اور جو روک رکھے تو کوئی نہین اوسکو بھیجنے والا اوسکے سوا اور وہی ہی زبردست حکمتون والا + موضح + تفسیر + رحمت سے مراد ہی رزق یا مینہہ یا صحت یا غیر انکے سے اور انعامات پس کوئی بند کرنے والا نہین یعنی کوئی نہین بند کر سکتا اوسکو بعد اوسکے یعنی بعد روکنے اوسکے کے اور معاذ سے روایت ہی بطریق مرفوع کے یعنی آنحضرت صلعم سے نقل کرتے ہین کہ فرمایا ہمیشہ ہی ہاتھ اللہ کا پھیلایا گیا اس امت پر جبتک کہ نہ نرمی کرین نیک اونکے ساتھ بدون اونکے کے اور نہ تعظیم کرین نیک اونکے بدکارون اونکے کی اور نہ مدد کرین قاری اونکے امرا اونکے کی اللہ تعالی کے گناہ پر پس جب کرین یہ کھینچ لیتا ہی اللہ تعالی ہاتھ اپنا اونسے اور مغیرہ بن شیبہ سے ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے پیچھے ہر نماز کے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ اور روایت کی ابن منذر نے عامر بن عبد القیس سے کہ کہا چار آیتین ہین کتاب اللہ سے جب پڑھتا ہون مین اونکو پس نہین پروا کرتا مین اوس حالت کی کہ صبح کرتا ہون مین اوسپر اور شام کرتا ہون مین یعنے کیسی ہی حالت گذرے مجھے کچھ پروا نہین ہوتی بہرحال خوش رہتا ہون مین اونکے مضمون کو دیکھ کر ایک تو یہ آیت ہی مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ اور دوسری یہ ہی وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ اور تیسری یہ ہی سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا اور چوتھی یہ ہی وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا اور وہ ہی غالب قادر کھولنے اور روک رکھنے پر اور باحکمت ایسا کہ کھولتا اور روکتا ہی اوس چیز کو کہ مقتضی ہوتی ہی حکمت اوسکے کھولنے اور روک رکھنے کو + ملا + معا + درمنثور + تنبیہ + بھائیون سوچو توسہی یہان سے صاف یہی معلوم ہوتا ہی کہ اللہ تعالی کی بھلائی برائی کو

کوئی روک نہین سکتا اور اوسکے سوا کوئی مالک نفع وضرر کا نہین پس اسوقت سے کے جو بعضے مرد جاہل اور اکثر عورتین کہین سیتلا کے دنون مین سیتلا کو پوجنے لگتے ہین کہین کام اڑے پر اللہ کے سوا اورون کی نذرین مانتے ہین کسی کسی کے نام کے بکرے وغیرہ ذبح کرتے ہین پریان دو ونٹ مانتے ہین بزرگون کی قبرون پر جا کر کیا کیا خرافات کرتے ہین کہ حاجتین اونسے مانگتے ہین ناک گسنیان کرتے ہین چلّے باندھتے ہین بھینٹین چڑھاتے ہین کہ ہماری مراد حاصل ہو پریون وغیرہ کے طبق دیتے ہین کوئی سید جلال بخاری کے کونڈے کرتے ہین اس نیت سے کہ برس دن تک چین امن مین رہین گے بعضے صحنک کرتے ہین شادی مین کہ اس سے پہلے پھولین گے بعضے گنج بھرتے ہین بچّون کی سلامتی کے بعضے فقیر و پیک بناتے ہین امامون کے محرم مین بعضے چوٹیان رکھتے ہین کسی بزرگ کے نام کی بعضے بدھی بیڑی پہناتے ہین بچے جینے کے لیے کہین بچا ہونے کے وقت پر بڑ بڑ بڑون کے پیسے اوٹھلاتے ہین جچا بچا صحیح سلامتی سے اوٹھین کوئی جچا خانے کے پرچھاوین سے بچتا کہ کچھ ضرر نہ پونہچے اور شادی غمی وغیرہ مین کیا کیا خرافات کرتے ہین کہان تک لکھیے یہ ساری باتین وہمیات و خبطیات اور شرک کی باتین ہین مسلمانون کو ضرور ہی انسے بچنا افسوس ہے کہ مسلمان کہلاوین اور کام مشرکون کے کرین اسسے بہتر ہے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور اتباع کرین کنہیا بھوانی والون کا تمھین تو چاہیے کہ ہر امر مین رجوع اللہ ہی کی طرف کرو اور اوسی سے مدد چاہو ہر کام مین ہرگز کسیکو حاجت روا اور مشکل کشا نجانو کوئی کچھ نہین کر سکتا سوائے اوسکے اور جو بات کرو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت مین ٹھکانا اوسکا ڈھونڈھو ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ مین سوار تھا پیچھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک دن پس فرمایا آپ نے کہ ای لڑکے اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ وَاِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلٰٓى اَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا عَلٰٓى اَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ یعنی نگاہ رکھ حق اللہ تعالی کا محفوظ رکھے گا تجکو نگاہ رکھ اللہ کو اور مراقبہ پاویگا اوسکو سامنے اپنے اور جب تو مانگا چاہے کچھ تو اللہ ہی سے مانگ اور جب تو مدد مانگا چاہے تو مدد مانگ اللہ ہی سے اور جان لے کہ تحقیق سب لوگ اگر جمع ہووین نفع پونہچانے تیرے پر ساتھ کسی چیز کے تو نہین نفع دینگے تجکو مگر ساتھ اوس چیز کے کہ تحقیق مقدر کی ہی اللہ نے تیرے لیے اور اگر جمع ہون ضرر پونہچانے تیرے پر ساتھ کسی چیز کے تو نہین ضرر پونہچاوینگے تجکو مگر ساتھ اوس چیز کے کہ مقدر کی ہی اللہ نے تجھپر اوٹھائے گئے قلم اور خشک کیے گئے صحیفے انتہی بھلا خیال تو کرو کہ اللہ جا بجا یہی فرماتے کہ سوائے میرے تمھارا کوئی کچھ نہین کر سکتا اوسکا رسول پیارا یہ کچھ فرمائے اور پھر تم نفع وضرر اپنا اورون سے ڈھونڈھتے پھرو جاگو خواب غفلت سے اور اپنے مولی سے دل لگاؤ اور اوسکے حبیب کی پیروی اختیار کرو تا قیامت مین شرمندگی نہ اوٹھاؤ آگے تم جانو تمھارا کام **شعر** ہمارا کام کہدینا تھا یارو

اب آگے چاہو تم مانو نہ مانو +

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ڮ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝

ای لوگون یاد کرو نعمت اللہ کی اپنے پر کیا کوئی پیدا کرنے والا ہی سوائے خدا کے روزی دیتا ہی خدا تمکو جانب آسمان و زمین سے نہین ہے کوئی معبود مگر وہ پس کہان سے پھیرے جاتے ہو + **فتح** + ای لوگون یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر کوئی ہی بنانے والا اللہ کے سوائے روزی دیتا تمکو آسمان و زمین سے کوئی حاکم نہین مگر وہ پھر کہان سے الٹے جاتے ہو + **مو** + **تفسیر** + یاد کرو یعنی ساتھ زبان اور دل کے نعمت اللہ کی اور وہ وہ ہی کہ جسکا بیان اوپر گذرا پھیلانا زمین کا مانند فرش کے اور بلند کر کھڑا کرنا آسمان کا

بغیر ستون کے اور بھیجنا رسولون کا واسطے بیان کرنے راہ حق کے اور زیادتی پیدائش مین اور کھولنا رزق کے دروازون کا پھر آگاہ کیا اوپر سر نعمتون کے اور وہ یکتا ہونا منعم کا ہی ساتھ قول اپنے کے هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ اور رزق آسمان کی طرف سے بسبب برسانے مینہ کے ہی اور زمین سے ساتھ انواع نبات کے اور کہان سے پھیرے جاتے ہو یعنی پس کس وجہ سے پھیرے جاتے ہو توحید سے طرف شرک کے ❊ ھل

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

اور اگر ساتھ جھوٹ کے نسبت کرین تجکو پس تحقیق ساتھ جھوٹ کے نسبت کیے گئے ہین پیغمبر پہلے تجسے اور طرف خدا کے پھیرے جاتے ہین سب کام ❊ **فتح** ❊ اور اگر تجکو جھٹلاوین تو جھٹلائے گئے کتنے رسول تجسے پہلے اور اللہ تک پہونچتے ہین سب کام ❊ **مو تفسیر** ❊ اسمین تنبیہ کی اللہ تعالی نے قریش پر بسبب نہ ماننے اونکے اللہ کی آیتون کو اور بسبب جھٹلانے اونکے آیتونکو اور تسلی دی ہی اپنے رسول کو کہ یہ معاملہ جھٹلانے کا کچھ تمھارے ہی ساتھ نہین ہوا ہی بلکہ اگلی امتون نے بھی رسولون کو جھٹلایا ہی اور اونھون نے صبر کیا ہی اور فتحیاب ہوئے ہین تم بھی صبر کرو فتحیاب ہو وگے اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہین سب کام یہ کلام شامل ہی اوپر وعدہ وعید کے کہ سب امور آخرت مین اوسی کی طرف رجوع ہوینگے اور ہر ایک مکذَّب اور مکذِّب کو جزا و سزا دیگا ❊ **ھل** ❊

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٛ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝

اے لوگون تحقیق وعدہ خدا کا یعنی ساتھ بعث و جزا کے حق ہی یعنی ہونے والا ہی پس نہ فریب دے تمکو زندگانی دنیا کی اور نہ فریب دے تمکو بہ نسبت خدا کے شیطان فریب دینے والا ❊ **فتح** ❊ اے لوگون بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی سو نہ بہکاوے تمکو دنیا کا جینا اور نہ دغا دے تمکو اللہ کے نام سے وہ دغاباز ❊ **مو** ❊ **تفسیر** ❊ فریب نہ دے تمکو دنیا اور غافل نکر دے تمکو فائدہ اوٹھانا اور لذت حاصل کرنی ساتھ منافع دنیا کے عمل آخرت سے اور طلب کرنے اوس چیز کے سے کہ اللہ کے پاس ہی اور فریب نہ دے تمکو شیطان اسلیے کہ وہ ڈالتا ہی تمھارے دل مین جھوٹی آرزوئین اور کہتا ہی کہ اللہ بے پروا ہی تیری عبادت سے اور تیرے عذاب کرنے سے ❊ **ھل** ❊ **تنبیہ** ❊ سچ ہی اس دنیا اور شیطان نے راہ حق سے بہت ہی الگ کر رکھا ہی اچھے اچھے لوگ انکے مکر و فریب سے لرزان ترسان رہتے تھے چنانچہ ایک عابد رحمہ اللہ سے منقول ہی کہ اپنی مناجات مین یون دعا کیا کرتے تھے اِلٰهِيْ طُوْلُ الْاَمَلِ غَرَّنِيْ ❊ وَحُبُّ الدُّنْيَا اَهْلَكَنِيْ ❊ وَالشَّيْطَانُ الرَّجِيْمُ اَضَلَّنِيْ ❊ وَالنَّفْسُ الْاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ عَنِ الْحَقِّ مَنَعَتْنِيْ ❊ وَقَرِيْنُ السُّوْءِ عَلَى الْمَعْصِيَةِ اَعَانَنِيْ ❊ فَاَغِثْنِيْ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ❊ فَاِنْ لَّمْ تَرْحَمْنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَرْحَمُنِيْ غَيْرُكَ ❊ سبحان اللہ بزرگ ایسے ہوتے ہین کہ باوجود مقبول الٰہی ہونے کے ایسا اپنے تئین جانتے تھے اور لرزان اور ترسان رہتے تھے یہ نہین کہ جہان مولوی گری یا فقیری کا نام لگا گویا معافی کی چٹھی لکھوالی کہ سب کچھ اپنے حق مین مباح سمجھنے لگے یعنی بعضے مولوی تو تاویلات باطلہ کر کر بہت سی حرام چیزون کو مباح سمجھتے ہین اور بعضے فقیر باقتضائے جہالت بدعات شنیعہ اور حرام چیزون کو اپنے لیے روا جانتے ہین کہ سب کچھ ہمارے ہی لیے پیدا ہوا ہی جو چاہو سو کھاؤ اور جو چاہو سو پہنو افیون حقہ چرس کھایا پیا کرو بھنگ بوزہ ڈھولک ستار سے عرفان حاصل کرو عیاذًا باللہ منہ حقیقت مین تابع نفس امارہ کے ہو رہے ہین اور نام مولوی گری اور فقیری کو بدنام کیا ہی اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ مولانا روم علیہ الرحمہ فرماتے ہین **مثنوی** اے بسا ابلیس آدم روے ہست ❊ پس بہر دستے نباید داد دست ❊ کار شیطان میکند نامش ولی ❊ گر ولی اینست لعنت بر ولی ❊ اور حضرت مجدد رحمہ اللہ نے کسی بزرگ کی نقل لکھی ہی کہ اونھون نے ابلیس کو دیکھا کہ فارغ البال بیٹھا ہی اونھون نے کہا اے ملعون تجکو ایسی فراغت کہان سے حاصل ہوئی اوسنے کہا کہ علما اسوقت کے میرے خلیفہ ہین گمراہ کرنے کے لیے مجھے حاجت نہین کسیکے گمراہ کرنے کی ❊

اِنَّ الشَّیْطٰنَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا یَدْعُوْا حِزْبَہٗ لِیَکُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ؕ۝

تحقیق شیطان واسطے تمہارے دشمن ہی پس دشمن پکڑو اوسکو سوائے اسکے نہین کہ وہ بلاتا ہی اپنے تابعون کو تا ہوون اہل دوزخ سے **فتح** تحقیق شیطان تمہارا دشمن ہی سو تم سمجھہ رکھو اوسکو دشمن وہ تو بلاتا ہی اپنے گروہ کو اسی واسطے کہ ہووین دوزخ والون مین **مو** **تفسیر** دشمن ہی یعنی ظاہر العداوت کیا تمہارے باپ کے ساتھہ جو کچھہ کہ کیا اور تم معاملہ کرتے ہو اوس سے اونکا سا کہ جنکو علم نہو اوسکے حال کا پس پکڑو اوسکو دشمن اپنے عقائد مین اور افعال مین اور ہرگز نہ پائی جاوے تمسے مگر وہ چیز کہ دلالت کرے اوسکی دشمنی پر بیچ باطن وظاہر تمہارے کے پھر بیان فرمایا پوشیدہ مکر کو امر اوسکا اور نسبت خطا کی کی اونکو کہ اتباع کیا ہی اوسکا طرح کہ غرض اوسکی اپنی جماعت کے بلانے مین یہہ ہی کہ پونہچاوے اونکو ہلاکت کی جگہہ مین ساتھہ قول اپنے کے اِنَّمَا یَدْعُوْا حِزْبَہٗ الخ پھر کھول دیا پردہ پس بنا کیا تمام امر کو ایمان اور اوسکے ترک پر پس فرمایا **مد**

اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ۵ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ کَبِیْرٌ ؕ۝

وہ لوگ کہ کافر ہوئے اونکے لیے ہی عذاب سخت اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے اونکے لیے ہی بخشش اور ثواب بڑا **فتح** جو منکر ہوئے اونکو سخت مار ہی اور جو یقین لائے اور کیے بھلے کام اونکو معافی ہی اور نیگ بڑا **مو** **تفسیر** وہ لوگ کہ کافر ہوئے الخ یعنی پس جسنے اطاعت کی اوسکی جس وقت کہ پکارا اوسنے پس اوسکے لیے عذاب سخت ہی اسلیے کہ ہوا اوسکے حزب یعنی تابعدارون سے اور وہ لوگ کہ ایمان لائے الخ یعنی اور نہ اطاعت کی اوسکی اور نہ ہوئے اوسکے حزب سے بلکہ دشمنی رکھی اوس سے اونکے لیے مغفرت ہی اور اجر بڑا واسطے بڑا جہاد کرنے اونکے کے اور جبکہ ذکر کیا دونون فریق کا فرمایا اللہ تعالی نے اپنے نبی علیہ السلام کو **مد**

اَفَمَنْ زُیِّنَ لَہٗ سُوْٓءُ عَمَلِہٖ فَرَاٰہُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰہَ یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۖ فَلَا تَذْھَبْ نَفْسُکَ عَلَیْھِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ۝

کیا پس وہ شخص کہ آراستہ کیا گیا اوسکے لیے عمل بد اوسکا پس دیکھا اوسکو اچھا مثل مومن صالح کے ہی پس تحقیق خدا گمراہ کرتا ہی جسکو چاہے اور راہ دکھاتا ہی جسکو چاہے پس چاہیے کہ ہلاک نہو نفس تیرا اوپر اونکے از روے حسرت کے تحقیق خدا دانا ہی ساتھہ اوس چیز کے کہ کرتے ہین **فتح** بھلا ایک شخص جو بھلی سمجھاوے اوسکی برائی کیونکہ اللہ بھٹکاتا ہی جسکو چاہے اور سجھاتا ہی جسکو چاہے سو تیرا جی نہ جاتا رہے اونپر پچتا پچتا کر اللہ کو معلوم ہی جو کرتے ہین **مو** **تفسیر** تقدیر اسکی یہہ ہی کیا وہ شخص کہ آراستہ کیا گیا اوسکے لیے عمل بد اوسکا پس اوسکو اچھا دیکھا بسبب آراستہ کر دکھانے شیطان کے مانند اوسکے ہی کہ نہین آراستہ کیا گیا اوسکے لیے پس گویا کہ آنحضرت صلعم نے کہا لا یعنی برابر نہین او سپر فرمایا اللہ تعالی نے فَاِنَّ اللّٰہَ یُضِلُّ الخ **مد** یعنی کافر فاسق مانند مومن اور صالح کے نہین ہین اور نزول اس آیت کا بیچ حق ابو جہل اور اور اہل کہ کے مشرکون کے ہی کہ شرک کو اچھا جانتے تھے اور بعضے بیچ حق خوارج اور بدعتیون کے ہی اور حسرت کہتے ہین شدت غم کو اوپر فوت ہونے کسی امر کے اور معنی یہہ ہین کہ نہ غم کر تو بسبب کفر اونکے کے اور ہلاک اونکے کے اگر ایمان نہ لاوے اور اللہ جانتا ہی الخ یہہ وعید ہی اونکے لیے ساتھہ عذاب اور برا افعال بد اونکے کے **مد** **معا** **تنبیہ** اس سے معلوم ہوا کہ برے کامون کو اچھا جاننا کافرون کا کام ہی اور یہی عقیدہ ہی اہل سنت کا کہ جو کوئی حرام قطعی کو حلال جانے اور حلال قطعی کو حرام وہ کافر ہو جاتا ہی پس مومن کو چاہیے کہ برے کام سے نہایت بیزار ہو اور برا جانے اوسکو اور اچھا کام کر کر خوش ہو کہ اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علامت ایمان کی فرمایا ہی ابو امامہ روایت کرتے ہین کہ ایک شخص نے پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا ہی علامت صحت ایمان کی

فیان کیمال الوکی موافقت اور مخالفت کا پس فرمایا الذین کفروا الخ ۱۲ معالم
قولہ افمن زین لہ الخ
الشیطان ذلک بالوسواس
فی الایۃ حذف مجازہ افمن زین لہ سوء عملہ فرای الباطل حقا
ع ۱۴

فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ یعنی جب خوش کرے تجھکو نیکی تیری اور بدول و غمگین کرے تجھکو برائی تیری پس تو مومن صحیح ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ یعنی جو شخص دوست رکھے کسی چیز کو یا کسی شخص کو خالص اسی کے لیے اور دشمن رکھے اور برا جانے کسی چیز کو یا کسی شخص کو خالص اللہ کے لیے اور دیوے خالصۃً للہ اور نہ دیوے خاص اوسی کی رضا کے لیے پس تحقیق پورا کیا اوسنے ایمان اپنا آب آگے وہان کے کفار کی اور ایک بداعتقادی بیان فرماتا ہی اللہ تعالی کہ یہ ایسے احمق ہین کہ اکثر ہماری قدرت دیکھتے ہین اور پھر ہمکو عاجز جانتے ہین مرے کے بعد جلانے سے ۞

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝

اور اللہ وہی ہی کہ بھیجین ہوائین پس اوٹھایا اون ہواؤن نے ابر کو پس روان کیا ہمنے ابر کو طرف شہر مردہ کے یعنی خشک کے کہ نہ ہو روییدگی اوسمین پس زندہ کیا ہمنے ساتھ اوس ابر کے زمین کو بعد مردہ ہونے اوسکے کے یعنی خشک ہونے اوسکے کے یعنی اوگائی ہمنے اوسمین زراعت و گھانس اسی طرح ہوگا اوٹھنا مردون کا + فتح + اور اللہ ہی جسنے چلائین ہین بادین پھر اوبھارتیان ہین بدلی پھر ہانک لے گئے ہم ایک مر گئے دیس کو پھر جلائی ہمنے اوس سے زمین اوسکے مر گئے پیچھے اسیطرح ہی جی اوٹھنا + مو + تفسیر + یعنی مثل زندہ کرنے زمین خشک کے اوٹھنا اموات کا ہوگا قبرون سے کہا گیا ہی کہ زندہ کریگا اللہ خلق کو ساتھ ایک پانی کے کہ بھیجیگا اوسکو عرش کے نیچے سے کہ اوسمین تاثیر منی کی ہوگی اوگاویگا اوس سے اجساد خلق کے + مد +

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ۭ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۭ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَمَكْرُ اُولٰۗىِٕكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝

جو کوئی چاہے عزت پس واسطے خدا کے ہی عزت ساری طرف اوسکے چڑھتے ہین کلمات پاکیزہ اور عمل نیک بلند کرتا ہی اوسکو خدا اور جو لوگ کہ اندیشہ کرتے ہین فتنے واسطے اونکے عذاب ہی سخت یعنی آخرت مین اور بداندیشی اونکی وہی نابود ہوگی + فتح + جسکو چاہیے عزت تو اللہ کی ہی عزت ساری اوسکی طرف چڑھتا ہی کلام ستھرا اور کام نیک اوسکو اوٹھا لیتا ہی اور جو لوگ داؤمین ہین برائیون کے اونکو سخت مار ہی اور اونکا داؤ ہی ہٹنے کا + تفسیر + یعنی عزت اللہ کے ہاتھ ہی ہمارے ذکر اور بھلے کام چڑھتے جاتے ہین جب اپنی حد کو پہنچینگے تب ہی غلبہ کرینگے کفر دفع ہوگا اسلام کو عزت ہوگی + مو + کہا فرّاء نے کہ معنی آیت کے یہ ہین کہ جو کوئی چاہے یہ کہ جانے کہ کسکے لیے عزت ہی پس اسی کے لیے عزت ہی ساری اور کہا قتادہ نے کہ جو کوئی چاہے عزت پس چاہیے کہ طلب کرے عزت اللہ کے پاس سے بسبب طاعت اوسکی کے جیسے کہ کہا جاتا ہی کہ جو کوئی چاہتا ہو مال پس مال واسطے فلانے کے ہی یعنی پس چاہیے کہ طلب کرے اوسکو اوسکے پاس سے + معالم + یعنی ساری عزت خاص کی گئی ہی ساتھ اللہ کے عزت دنیا کی اور عزت آخرت کی اور کافر عزت طلب کرتے تھے ساتھ بتون کے جیسے کہ فرمایا وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا اور منافق عزت طلب کرتے تھے ساتھ مشرکون کے جیسے کہ فرمایا

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝

پس بیان کیا کہ نہین ہی عزت مگر واسطے اللہ کے اور معنی یہ کہ پس چاہیے کہ طلب کرے عزت اللہ کے پاس سے اور مانند اسکے ہی کہنا تیرا اوسکو کہ چاہیے نصیحت تو نزدیک نیکون کے ہی مراد یہ ہی کہ پس چاہیے کہ طلب کرے اوسکو اونکے پاس سے اور حدیث مین ہی کہ تحقیق پروردگار تمہارا فرماتا ہی ہر روز اَنَا الْعَزِيْزُ فَمَنْ اَرَادَ عِزَّ الدَّارَيْنِ فَلْيُطِعِ الْعَزِيْزَ یعنی مین عزیز ہون پس

جو کوئی چاہے عزت دارین کی پس چاہیے کہ اطاعت کرے عزیز کی **فرد** بنشین بگدایان در دوست کہ ہر کس بنشست ہاین طائفہ شاہی شدہ برخاست ✤ پھر معلوم کروایا کہ جس چیز کے سبب سے طلب کیجاتی ہی عزت وہ ایمان ہی اور عمل صالح ساتھ قول اپنے کے الیہ یصعد الکلم الطیب الخ اور معنی لفظ الیہ کے الی محل القبول والرضا ہین یعنی طرف جگہہ قبول اور رضا کے چڑھتے ہین اور جو چیز کہ تعریف ہوتی ہی ساتھ قبول کے وصف کیجاتی ہی ساتھ رفعت اور صعود کے یا معنی الیہ کے ہین الی حیث لا ینفذ فیہ الا حکمۃ یعنی چڑھتے ہین کلمے طیب طرف اوس جگہہ کے کہ نہین جاری ہوتا ہی اوسمین مگر حکم اللہ کا اور کلم الطیب کلمے توحید کے ہین یعنی لا الہ الا اللہ اور عمل صالح عبادت خالصہ ہی یعنی اور عمل صالح بلند کرتے ہین اونکو کلمے طیب پس اوٹھانے والے کلمے طیب ہوے اور اوٹھائے گئے عمل اسلیے کہ قبول نہین ہوتا ہی عمل مگر موحد سے یا معنی عکس اسکے ہین یعنی اوٹھاتا ہی عمل صالح کلمون طیب کو محل قبول مین اسلیے کہ نرا قول بے عمل صالح کے نافع نہین ہی یہ قول ابن عباس اور سعید بن جبیر اور حسن اور اکثر مفسرون کا ہی پس ضمیر یرفعہ کی راجع ہوگی طرف کلم الطیب کے اور کہا ہی علماے کہ ایمان ساتھ تمنی اور تحلی کے نہین ہی لیکن ساتھ اوس چیز کے ہی کہ سینون مین جگہہ پکڑی ہو اور اعمال تصدیق اوسکی کرین پس جو کوئی اعتقاد حق اور نیک رکھے اور عمل غیر صالح کرے مردود خدا کا ہو **شعر** تعصی الالہ وانت تظہر حبہ ✤ ھذا لعمری فی القیاس بدیع ✤ لو کان حبک صادقا لاطعتہ ✤ ان المحب لمن یحب مطیع ✤ اور حدیث شریف مین ہی الکیس من دان نفسہ وعمل لما بعد الموت والعاجز من اتبع نفسہ ھواہا وتمنی علی اللہ یعنی دانا وہ شخص ہی کہ تابع کرے اپنے نفس کو اپنا اور عمل کرے مابعد موت کے لیے اور احمق وہ ہی کہ تابع کرے اپنے نفس کو خواہش نفسانی کے اور آرزو کرے اللہ پر کہ وہ غفور رحیم ہی بخشدیگا اور کیا خوب کسی بزرگ نے فرمایا کہ دنیا منزلے دریا کے ہی اور ہم لوگ منزلے مسافرون کے ہین اور تقوی خدا کا منزلے کشتی کے ہی اور آخرت منزلے کنارے کے ہی جسنے تقوی نکیا وہ ڈوبا اور بقول حسن اور قتادہ کے کلم طیب ذکر خدا کا اور عمل صالح ادا ے فرائض خدا کا ہی پس جو کوئی ذکر خدا کا کرے اور فرائض خدا کے بجا نلاوے خدا رد کرتا ہی اوسکے کلام کو اوپر عمل اوسکے کے اور حدیث شریف مین آیا ہی لا یقبل اللہ قولا الا بالعمل ولا قولا ولا عملا الا بالنیۃ اور اسی لیے اخلاص عمل مین واجب ہی اور بعضون نے کہا کہ اوٹھانے والا اللہ ہی اور اوٹھایا گیا عمل ہی یعنی عمل صالح اوٹھاتا ہی اوسکو اللہ تعالی اور اسمین اشارہ ہی طرف اسکے کہ عمل موقوف ہی اوٹھانے پر اور کلم الطیب چڑھتے ہین از خود اور بعضون نے کہا عمل صالح اوٹھاتا ہی عامل کو اور بزرگ کرتا ہی اوسکو یعنی جو کوئی چاہے عزت پس چاہیے کہ کرے عمل صالح پس تحقیق عمل صالح ایسی چیز ہی کہ بلند قدر کرتا ہی بندے کو اور بعضون کے نزدیک کلم طیب سے مراد ہی سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور ابن مسعود سے ہی کہ کہا جب بیان کرتا ہون مین تمسے کوئی حدیث تو خبر دیتا ہون مین تمکو اوسکے مصداق کی کتاب اللہ سے نہین کوئی بندہ مسلمان کہتا ہی پانچ کلمے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر وتبارک اللہ مگر کہ لیتا ہی اونکو فرشتہ پس رکھتا ہی اونکو نیچے پرون اپنے کے یعنی کمال احتیاط سے رکھتا ہی اور لے چڑھتا ہی اونکو آسمان پر پھر نہین گذرتا ہی ساتھ اونکے کسی جماعت پر فرشتون مین سے مگر کہ بخشش چاہتے ہین واسطے کہنے والے اونکے کے یہانتک کہ تعریف کیجاتی ہی ساتھ اونکے ذات اللہ تعالی کی یعنی اونکو درگاہ باری تعالی مین عرض کرتے ہین تا رحمت وخوشنودی اوسکی پڑھنے والے پر متوجہ ہواتھی اور مصداق اسکی کتاب اللہ عزوجل سے یہ قول اللہ تعالی کا ہی الیہ یصعد الکلم الطیب قتادہ سے ہی کہ مراد الیہ یصعد الکلم الطیب سے یہ ہی کہ قبول کرتا ہی کلمۂ طیب کہا سفیان بن عیینہ نے کہ عمل صالح وہی خالص ہی یعنی اخلاص سبب قبول ہونے خیرات کا ہی قسم اقوال و افعال سے دلیل اسکی قول

اللہ عزوجل کا ہی پس عمل کرتا ہی جو عمل صالح اور نہ شریک کرے عبادت میں اپنے رب کی کسی کو ○ پس گردانا نقیض عمل صالح کا شرک اور ریا کو اور
کہا کلبی نے بیچ تفسیر وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ کے یعنی عمل کرتے ہین برے اور کہا مقاتل نے مکر سے مراد شرک ہی اور
کہا ابو العالیہ نے کہ مراد مکر قریش کا ہی ساتھ آنحضرت کے کہ دار الندوہ مین جمع ہو کر آنحضرت کے حق مین مشورہ حبس او قتل اور اخراج
کا کیا تھا جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ انفال مین وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اور کہا مجاہد نے
اور شہر بن حوشب نے وہ ریاکار ہین اونکے لیے عذاب شدید ہوگا اور وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ کے معنی یہ ہین کہ اونہین کا
مکر باطل ہوا نہ مکر اللہ کا ساتھ اونکے جسوقت کہ نکالا اونکو مکے سے اور قتل کیا اونکو اور حبس کیا اونکو بدر کے کنوین مین پس اونپر
سارے مکر اونکے اور ثابت کیا اونکے حق مین قول اپنا وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ اور قول اپنا وَلَا يَحِيْقُ
الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ یعنی نہین اوترتا ہی مکر برا مگر مکر کرنے والے پر اور اگر اَلَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ سے ریاکار
مراد ہون جیسے کہ مجاہد نے کہا تو معنی یبور کے یہ ہونگے کہ وہ کیا ہوا اونکا باطل ہوگا کچھ ثواب آخرت مین نہین پانے کے **مل**
معا، در منثور وغیرہ **تنبیہ** اس آیت شریفہ سے یہ معلوم ہوا کہ سراسر عزت دارین اللہ تعالی کی طاعت مین
ہی اور ایمان اور عمل صالح سے مقبول خدا کا ہوتا ہی اور رتبہ اسکا بڑھتا ہی حضرت علی رض فرماتے ہین کہ جسنے جمع کین چھ خصلتین خوب
طلب کی جنت اور خوب بھاگا آگ سے اول اون چھ مین کی یہ ہی کہ پہچانا اللہ کو پس اطاعت کی اوسکی اور پہچانا شیطان کو پس
نافرمانی کی اوسکی اور پہچانا آخرت کو پس طلب کیا اوسکو اور پہچانا دنیا کو پس چھوڑ دیا اوسکو اور پہچانا حق کو پس اتباع کیا
اوسکا اور پہچانا باطل کو پس بچا اوس سے انتہی اور یحیی بن معاذ سے ہی کہ اونھون نے کہا اپنی مناجات مین یا الہی نہین خوش
لگتی رات مگر ساتھ مناجات تیری کے اور نہین خوش آتا دن مگر ساتھ طاعت تیری کے اور نہین خوش لگے گی جنت مگر ساتھ
غفران تیرے کے اور نہین خوش آتی دنیا مگر ساتھ ذکر تیرے کے اور نہین خوش لگے گی آخرت مگر ساتھ عفو تیرے کے **منبہات**
پھر لگے اللہ تعالی فرماتا ہی کہ ای بندو تم ہماری طاعت سے کیونکر مونہہ موڑتے ہو باوجود حاصل ہونے عزت کے اوسمین بھلا تم
اپنی حقیقت اور ہمارا رتبہ اور احسان تو دیکھو یہ نسبت لینے کہ ○

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ
وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ○

اور اللہ نے پیدا کیا تمکو یعنی تمھارے باپ آدم کو خاک سے پھر پیدا کیا تمکو یعنی آدم کی نسل کو نطفے سے پھر کیا تمکو جوڑے مرد و زن
اور نہین اوٹھاتی پیٹ مین کوئی عورت اور نہ جنتی ہی مگر ساتھ علم اوسکے کے اور نہین زندگانی دیا جاتا ہی کوئی دراز عمر اور نہ کم کیا جاتا
ہی اوسکی عمر مین سے مگر کہ ثبت ہی کتاب مین تحقیق یہ کام اللہ پر آسان ہی **فتح** اور اللہ نے تمکو بنایا مٹی سے پھر بوند پانی سے
پھر بنائے جوڑے جوڑے اور نہ پیٹ رہتا ہی کسی مادہ کو اور نہ وہ جنتی ہی بن خبر اوسکے اور نہ عمر پاتا ہی کوئی بڑی عمر والا اور نہ گھٹتی ہی
کسیکی عمر مگر لکھا ہی کتاب مین یہ اللہ پر آسان ہی **تفسیر** یعنی ہر کام سہج سہج ہوتا ہی جیسے آدم کا بننا **مو** کتاب سے
مراد لوح محفوظ ہی یا قسمت نامہ انسان کا اور اگر کوئی کہے کہ انسان یا تو معمر یعنی دراز عمر ہوتا ہی یا کوتاہ عمر پس اوسکی عمر مین گھٹنا
بڑھنا محال ہی پس کیونکر صحیح ہو قول اللہ تعالی کا وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖ تو جواب اسکا یہ ہی کہ تاویل
اسکی یہ ہی کہ ایک کی عمر مین گھٹنا بڑھنا مراد نہین ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ ایک کی عمر زیادہ ہوتی ہی ایک کی کم یہ سب لکھا ہوا ہی کہ فلانا دراز عمر ہی فلانا
کوتاہ عمر اسمین کمی زیادتی نہین ہونے کی بس ویسا ہی ہوتا ہی اور یہ ایسا ہی کہ جیسے کہا کرتے ہین لَا يُثِيْبُ اللّٰهُ عَبْدًا وَّلَا يُعَاقِبُهٗ

اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ یعنی نہین ثواب دیتا ہی اللہ بندے کو اور نہ عذاب دیتا ہی اوسکو مگر ساتھ حق کے تو اسمین ایک ہی شخص مراد نہین ہی بلکہ
یہ مراد ہی کہ کسیکو ثواب دیتا ہی اور کسیکو عذاب سب حق ہی ہوتا ہی یا تاویل آیت کی یہ ہی کہ لکھا جاتا ہی اسکے قسمت نامے مین کہ عمر اسکی
اتنے اتنے برس کی ہی پھر لکھا جاتا ہی اوسکے نیچے کہ ایک دن گیا دو دن گئے تین دن گئے یہان تک کہ اخیر عمر اوسکی تک اسی طرح لکھا جاتا ہی
پس یہ نقصان اوسکی عمر کا ہوا اس صورت مین ایک ہی شخص کا حال ہوگا ابی مالک سے روایت ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وما یعمر
من معمر کہا یہ ایام حیات اوسکی کے ہین اور بیچ تفسیر ولا ینقص من عمرہ کے کہا ہر دن بیچ نقصان کے ہی اور قتادہ سے ہی کہ
معمرہ ہی کہ پونہچے ساٹھ برس کو اور منقوص من عمرہ وہ ہی کہ مرے پہلے ساٹھ برس کے اور کہا کعب احبار نے جسوقت کہ وفات
ہوئی عمر کی کہ اگر دعا کرتے عمر اپنے رب سے یہ کہ تاخیر دے اونکی اجل مین تو البتہ تاخیر دیتا پس لوگون نے کہا اونسے کہ اللہ عزوجل
فرماتا ہی فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ پس کہا کعب نے کلام اللہ کو یہ اوسوقت کا
ہی کہ جب اجل آوے اور اوسپر پہلے اسکے پس جائز ہی یہ کہ زیادہ کیجاوے عمر اور ناقص کیجاوے اور پڑھی یہ آیت وَمَا یُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ الخ
اور ابن عباس سے روایت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے بنی اسرائیل مین دو بھائی بادشاہ تھے دو شہرون مین
ایک تو اون دونون مین سے سلوک کرتا تھا ناتے دارون سے اور عدل کرتا تھا رعیت پر اور دوسرا بدسلوک ناتے دارون سے اور
ظالم بنسبت رعیت کے تھا اور اونکے عصر مین ایک نبی علیہ السلام تھے پس وحی بھیجی اللہ تعالی نے اونکو کہ اس نیک کی عمر مین سے
تین برس باقی رہے ہین اور اوس بد کی عمر مین سے تیس برس پس خبر دی نبی نے دونون کی رعیت کو پس اس سے دونون کی رعیت
غمگین ہوئی پس تفریق کی اونھون نے درمیان ماؤن کے اور بچون کے اور چھوڑ دیا کھانا پینا اور نکلے جنگل کی طرف دعا کرتے ہوئے
اللہ سے کہ یا اللہ بہرہ مند کر ہمکو ساتھ عادل کے اور دفع کر ہمسے ظالم کو پس تین دن تک جنگل مین رہے پس وحی بھیجی اللہ تعالی نے اوس
نبی کو یہ کہ خبر دے میرے بندون کو کہ مینے رحم کیا اونپر اور قبول کی دعا اونکی پس مقرر کی مینے مابقی عمر اس نیک کی واسطے اوس ظالم کے
اور مابقی عمر ظالم کی اوس نیک کار کے لیے پس پھرے وہ اپنے گھرون کی طرف اور مرا وہ ظالم تین برس کے بعد اور باقی رہا عادل
اون مین تیس برس پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَمَا یُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا یُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا
فِیْ کِتٰبٍ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرٌ اور یہ یعنی لکھ رکھنا اسکا یا زیادتی عمر کی اور نقصان اوسکا اللہ پر سہل ہی **ہ مل ۴ معا**
در منثور تنبیہ + تحقیق محققین کی یہ ہی کہ تقدیرین دو ہین ایک معلق اور دوسری مبرم معلق مین تغیر و تبدیل
ہوتی ہی اور مبرم مین نہین پس جہان کمی زیادتی آئی ہی وہ باعتبار معلق کے ہی اور جہان نہونا کمی زیادتی کا آیا ہی وہ باعتبار مبرم کے
ہی پس کچھ تعارض نہ رہا آیات و روایات مذکورہ مین ۵

وَمَا یَسْتَوِی الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۖ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ
لَحْمًا طَرِیًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَی الْفُلْكَ فِیْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

اور برابر نہین ہوتے یعنی یکسان نہین ہوتے ہین بسبب اختلاط کے دو دریا یہ ایک شیرین ہی بیچ نہایت شیرینی کے ہی خوشگوار ہی پانی اوسکا
اور وہ دوسرا شور مائل بتلخی ہی اور ہر ایک سے کھاتے ہو گوشت تازہ اور نکالتے ہو زیور کہ پہنتے ہو اوسکو اور دیکھتا ہی تو کشتیون کو دریا
مین پھاڑنے والیان پانی کی تو کہ روزی طلب کرو اوسکے فضل سے اور تو کہ تم شکر کرو + **ق** اور برابر نہین دو دریا یہ میٹھا ہی
پیاس بجھاتا ہی پینے مین رچتا اور یہ کھاری کڑوا اور دونون مین سے کھاتے ہو گوشت تازہ اور نکالتے ہو گہنا جسکو پہنتے ہو اور
تو دیکھے جہاز اوسمین چلتے ہین پھاڑتے تا تلاش کرو اوسکے فضل سے اور شاید تم حق مانو + **تفسیر** یعنی کفر اور اسلام برابر نہین

خدا کفر کو مغلوب ہی کریگا اگرچہ تمکو دونون سے فائدہ ملیگا مسلمانون سے قوت دین اور کافرون سے جزیہ خراج گوشت میٹھے کھاری دونون پانیون سے نکلتا ہی یعنی مچھلی اور گہنا یعنی موتی مونگا اور جواہر اکثر کھاری سے اور کبھی میٹھے سے یہ جو فرمایا گہنا جو پہنتے ہو سلوم ہوا جواہر زیور پہننا مردون کو حرام نہین + مو + روایت کی ابن ابی الدنیا نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین ابی جعفر سے کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب پیتے پانی فرماتے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَہٗ عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِہٖ وَلَمْ یَجْعَلْہُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا + درمنثور +

یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا یَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِیْرٍ ۝

داخل کرتا ہی رات کو دن مین اور داخل کرتا ہی دن کو رات مین اور رام یعنی تابع کیا آفتاب کو اور چاند کو ہر ایک چلتے ہین وقت مقرر تک یعنی روز قیامت کے منقطع ہوگا چلنا اونکا یہ ہی خدا پروردگار تمہارا اوسی کے لیے ہی بادشاہی اور جنکو پوجتے ہو سوا اوسکے یعنی بت مالک نہین مقدار پوست کھجور کی گٹھلی کے + فتح + رات بیٹھا تا ہی دن مین اور دن بیٹھا تا ہی رات مین اور کام لگا یا سورج اور چاند ہر ایک چلتا ہی ایک ٹھہرائے وعدے پر یہ اللہ ہی تمہارا رب اوسی کی بادشاہی ہی اور جنکو تم پکارتے ہو اوسکے سوا مالک نہین ایک چھلکے کے + تفسیر + یعنی رات دن کی طرح کبھی کفر غالب ہی کبھی اسلام اور سورج چاند کی طرح ہر چیز کی مدت بندھی ہی دیر سویر نہین ہوتی پھر اوسمین سے اللہ کی وحدانیت نکلی قطمیر کہتے ہین باریک چھلکے کو جو کھجور کی گٹھلی پر ہی + مو + داخل کرتا ہی یعنی اللہ رات کو دن مین پس بڑھجاتا ہی دن اور داخل کرتا ہی دن کو رات مین پس وہ بڑھجاتی ہی حاصل یہ کہ داخل کرتا ہی ساعتین ایک کی دوسرے مین یہان تک کہ ہوجاتا ہی زیادہ اون دونون مین سے پندرہ ساعت کا اور ناقص نو ساعت کا یہ اوسی کی قدرت کاملہ سے ہی کون کرسکتا ہی + مل +

اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا یَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا یُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِیْرٍ ۝

ثلثة ارباع ع ۷

اگر پکارو تم اونکو یعنی بتون کو نہ سنینگے پکارنا تمہارا یعنی اسلیے کہ وہ جماد ہین اور اگر بالفرض سنینگے قبول نکرینگے کہا تمہارا اور روز قیامت کے منکر ہونگے شریک مقرر کرنے تمہارے سے اور نہ خبر دیگا تجکو کوئی مانند دانا کے مترجم کہتا ہی لَا یُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِیْرٍ بمنزلہ مثل کے ہی جب سخن بلیغ کہتے ہین اور تحقیق نہایت کو پونہچاتے ہین تو یہ کلمہ کہتے ہین + فتح + اگر تم اونکو پکارو سنین نہین تمہاری پکار اور اگر سنین پونہچین نہین تمہارے کام پر اور دن قیامت کے منکر ہونگے تمہارے شریک ٹھہرانے سے اور کوئی نہ بتاویگا تجکو جیسا بتاوے خبر رکھنے والا + تفسیر + یعنی اللہ سے زیادہ احوال کون جانے وہی فرماتا ہی کہ یہ شریک غلط ہین + مو + قبول نکرینگے اس لیے کہ وہ نہین دعوی کرتے ہین اوس چیز کا کہ دعوی کرتے ہو تم اونکے لیے یعنی معبودیت کا اور تبری کرینگے وہ اوس سے اور منکر ہونگے شریک مقرر کرنے تمہارے کے اونکو اور عبادت کرنے تمہاری کے اونکو اور کہینگے مَا كُنْتُمْ اِیَّانَا تَعْبُدُوْنَ یعنی نہین تھے تم ہمکو پوجتے اور نہ خبر دیگا تجکو ای مفتون ساتھ اسباب غرور کے جیسے کہ خبر دیتا ہی تمکو اللہ کہ جو خبردار ہی پوشیدہ امور کا اور تحقیق اسکی یہ ہی کہ نہین خبر دے سکے گا تجکو کسی کام کی کوئی خبر دینے والا کہ وہ مثل خبیر کے عالم ہو اوسکا مراد یہ ہی کہ خبردار امور کا نزا وہی ہی کہ جو خبر دیتا ہی تجکو حقیقت کی بنا در تمام خبر دینے والے اور معنی یہ ہین کہ یہ جو خبر دیتا ہون مین تمکو حال بتون کی یہ حق ہی اسلیے کہ مین خبردار ہون ساتھ اوس چیز کے کہ خبر دی مینے اوسکی + مل + پہلے اپنی قدرت کاملہ بیان کر کر عجز بتون کا بیان فرمایا اب آگے پھر اپنی قدرت بیان کر کر بت پرستون پر نعمہ فرماتا ہی +

يَاأَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ○

ای لوگون تم ہو محتاج طرف خدا کے اور اللہ وہی ہی بے احتیاج تعریف کیا گیا + **فتح** + ای لوگون تم ہو محتاج اسکی طرف
اور اللہ وہی ہی بے پروا سب خوبیون سراہا + **مو+ تفسیر** + تم ہو محتاج الخ کہا ذوالنون مصری رح نے کہ خلق محتاج ہین
طرف اللہ کے ہر دم اور ہر خطرہ اور ہر لحظہ مین اور کیونکر نہ محتاج ہون حال انکا یہ ہی کہ وجود انکا اوسی سے ہی اور بقا انکا اوسی سے
آور بے احتیاج یعنی سب چیزون سے تعریف کیا گیا یعنی تمام زبانون پر آور نہین فرمایا لوگون کو محتاج واسطے تحقیر کے بلکہ واسطے
تعریض کے اور پہ استغنا کے اور اسی لیے وصف کیا اپنے نفس کو ساتھ غنی کے ایسا غنی کہ وہ کھلانے والا اغنیا کا ہی آور
ذکر کیا الحمید تاکہ دلیل ہو اسپر کہ وہ غنی نفع دینے والا ہی اپنے غنا سے اپنی خلق کو اور بڑا سخی انعام کرنے والا ہی اوپر اسلیے کہ نہین
ہی ہر غنی دینے والا اپنے غنا سے مگر جبکہ ہو غنی سخی انعام کرنے والا اور جب سخاوت کرتا ہی اور انعام کرتا ہی تو تعریف کرتے ہین اوسکی
وہ کہ جنپر انعام کرتا ہی کہا سہل رح نے جبکہ پیدا کیا اللہ نے خلق کو حکم کیا اپنے لیے ساتھ غنا کے اور خلق کے لیے ساتھ فقر کے
پس جسنے دعوی کیا غنا کا پردے مین کیا گیا اللہ سے اور جسنے ظاہر کیا فقر اپنا پونہچایا اوسکے فقر نے طرف اللہ تعالی کے پس لائق
ہی بندے کو یہ کہ ہو احتیاج رکھنے والا باطن مین طرف اوسکے اور ہو لوگون سے انقطاع کرکر رجوع رکھنے والا طرف اوسکے تاکہ ہو عبودیت
اوسکی خالص پس عبودیت وہی خوار جاننا ہی اپنے کو اور جھکنا طرف اوسکے اور علامت اوسکی یہ ہی کہ نہ سوال کرے کسی سے کچھ آور
کہا واسطی رح نے کہ جسنے غنا طلب کی ساتھ اللہ کے نہین محتاج ہوگا اور جسنے عزت طلب کی ساتھ اللہ کے نہین ذلیل ہوگا آور کہا حسن نے
کہ بمقدار محتاجگی بندے کی طرف اللہ کے ہوتی ہی غنا اوسکی ساتھ اللہ کے کہ جتنا زیادہ ہوتا ہی محتاجگی مین زیادہ ہوتا ہی غنا مین آور
کہا یحیی نے کہ فقر بہتر ہی واسطے بندے کے غنا سے اسلیے کہ مذلت فقر مین ہی اور کبر غنا مین اور رجوع کرنی طرف اللہ کے ساتھ
تواضع اور ذلت کے بہتر ہی رجوع کرنے سے طرف اوسکے ساتھ بہت کرنے اعمال کے آور بعضون نے کہا ہی کہ صفت اولیا کی تین چیزیا
ہین اعتماد کرنا اللہ پر ہر چیز مین آور محتاج ہونا طرف اوسکے ہر چیز مین آور رجوع کرنی طرف اوسکے ہر چیز سے آور کہا شبلی نے کہ فقر
دریا ہی بلا کا اور ساری بلائین اوسکی عزت ہین + **مل+ تنبیہ** + چونکہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ تم فقیر و محتاج ہو اللہ کے
رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہر و باطن مین صفت فقیری ہی کی اختیار کی تھی آیا ہی حدیث شریف مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے گھر کے لوگ نہین سیر ہوئے جو کی روٹی سے دو دن پے در پے یہان تک کہ وفات ہوئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور آیا ہی کہ ابو ہریرہ رض
گذرے ایک قوم پر کہ آگے اونکے رکھی تھی ایک بکری بریان پس بلایا اونھون نے ابو ہریرہ کو پس انکار کیا اونھون نے کھانے سے اور
کہا نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے اور نہین سیر ہوئے جو کی روٹی سے انتہی سبحان اللہ محبت کے یہ معنی ہین کہ جو اپنے محبوب نے
نکھایا آپ بھی نکھایا یہ نہین کہ پیٹ تن تن کر کھاوین اور جہان ہے مزخرفات کرین اور حضرت کی پیروی کا خیال نرکھین اور پھر دم
محبت مارین آور حضرت عمر رض کہتے ہین کہ مین گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ناگہان آپ لیٹے تھے چارپائی پر کہ نہین تھا درمیان
حضرت کے اور درمیان چارپائی کے بچھونا تحقیق نشان ڈال دیے تھے چارپائی نے آپ کے پہلو مین لگائے ہوئے تھے تکیہ چمڑے کا کہ بھراؤ
اوسکا درخت خرما کا پوست تھا عرض کیا مینے کہ ای رسول خدا دعا کرو اللہ سے پس فراخی کرے آپ کی امت پر اسلیے کہ تحقیق فارس
و روم پر فراخی کی گئی ہی حال انکہ وہ نہین عبادت کرتے ہین اللہ کی پس فرمایا آپ نے کیا اسی فکر مین ہی تو ای ابن خطاب یہ قوم ہی کہ جلدی
کی گئین ہین اونکے لیے لذتین اونکی زندگانی دنیا مین آور ایک روایت مین آیا ہی کہ آپ نے فرمایا کیا نہین راضی ہی تو یہ کہ ہو وے اونکے لیے
دنیا اور ہمارے لیے آخرت انتہی آور بعض صحابہ رض سے ہی کہ کہتے ہین شکوہ لائے ہم طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بھوک کا

پس کھولکر دکھائے پتھر پیٹون اپنے سے ایک ایک پتھر یعنی ہر ایک نے پیٹ کھولکر دکھائے پتھر کہ بسبب بھوک کے باندھے تھے پس کھولکر دکھائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیٹ سے دو پتھر اور اکثر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی فقر ہی اختیار کر رکھا تھا ابو ہریرہ کہتے ہین کہ البتہ تحقیق دیکھے مینے ستر صحابی صفہ والے کہ نہین تھا اونمین سے کوئی شخص کہ اوسپر چادر اور ستر بند ہو یا فقط تہ بند تھا اور یا فقط کملی تحقیق باندھتے تھے گردنون اپنی مین پس بعضا ونمین سے وہ تھے کہ پہونچتے آدھی پنڈلی تک اور بعضے اونمین سے وہ تھے کہ پہونچتے ٹخنون تک پس اکٹھا کرتا اوسکو ساتھ ہاتھ اپنے کے واسطے مکروہ جاننے اسکے کہ معلوم ہو ستر اوسکا اور اسی سبب سے کہ حال مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور صحابہ کرام رضی کا فقر تھا اجماع کیا ہی اکابر محدثین نے اور جمہور صوفیہ ابرار نے اسپر کہ فقیر صابر افضل ہی غنی شاکر سے حتی کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے بد دعا کی ابن عطا پر اسی لیے کہ اونھون نے دعوی افضلیت غنا کا کیا تھا اور دعا حضرت جنید کی اونکے حق مین قبول ہوئی اور حضرت عبد القاہر ابو نجیب سہروردی رحمہ اللہ نے آداب المریدین مین لکھا ہی کہ اگر کوئی دلیل لاوے حدیث اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی ۹۲ کو اوپر فضل غنا کے تو اوسکا جواب یہ ہی کہ یہ دلیل فضل غنا کی نہین ہی بلکہ اسواسطے وہ بہتر ہی کہ وہ قریب فقر کے ہو جاتا ہی مثلاً جس پاس سو روپے ہین اوسنے دس دیے تو دس کم ہو گئے وہ قریب فقر کے ہو گیا اور جسنے لیے وہ قریب غنا کے ہوا اور سوائے اسکے ہاتھ دینے والے کو فضیلت ہی باعتبار نفع رسانی کے اور فقیر کو فضیلت اور بہت وجوہ کر ہی اور اس مال کے ہونے سے جو کوئی یہ سمجھے کہ مال ہوگا تو اجر آخرت اس سے حاصل کر لونگا یہ بات بہت مشکل ہی مثال اسکی ایسی ہی کہ ایک شخص کو منتر سانپ کا آتا ہو تو وہ سانپ سے کٹوائے کہ مجھے منتر آتا ہی مین تندرست ہو جاؤنگا ایسیہی اس مال کا حال ہی کہ ہاتھ لگے پر آپے مین رہنا بڑا ہی دشوار ہی مصرع گر بدولت برسی مست نگردی مردی ✣ اور اس فقر کے سبب سے آدمی بڑا رتبہ پاتا ہی چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جھانکا مینے جنت مین پس دیکھے مینے اکثر رہنے والے اوسکے محتاج اور جھانکا مینے دوزخ مین پس دیکھی مینے اکثر رہنے والی اوسکی عورتین اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ داخل ہونگے فقیر جنت مین پہلے تونگرون کے پانسو برس کہ آدھا دن ہی قیامت کا اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ڈھونڈھو مجکو اپنے ضعیفون مین یعنی اونکے حقوق نگاہ رکھو کہ میری رضامندی اونمین پاؤ پس سوا اسکے نہین کہ رزق دیے جاتے ہو تم بسبب برکت ضعیفون اپنے کے انتہی خیال تو کرو بھائیون کہ جہان حضرت صلعم فرماوین اپنے تئین ڈھونڈھنے کو وہان تو اکثر لوگ ڈھونڈھتے نہین اور جہان کچھ اصل و سند نہو آنحضرت صلعم کے تبرکات وغیرہ کی اوسکے لیے سر پھٹول کرتے پھرین بات کیا ہی کہ تابع خواہش نفسانی کے ہین اور شیخی کرتے ہین حضرت صلعم کی محبت کی ہم تو پوری محبت اسکو جانتے ہین کہ بموجب فرمانے حضرت صلعم کے ان ضعفا غربا کی خبر گیری کرین اور ہر چیز مین حضرت کی سنت کو دوست رکھین کہ جسکو خود آپنے اپنی محبت فرمایا ہی کہ مَنْ اَحَبَّ سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ کَانَ مَعِیَ فِی الْجَنَّۃِ ۱۲ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب دوست رکھتا ہی اللہ ایک بندے کو روکتا ہی اوسکو دنیا سے جیسے کہ ہوتا ہی ایک تم مین کا کہ روکتا ہی بیمار اپنے کو یعنی استسقا والے کو پانی سے اور فرمایا آنحضرت صلعم نے دو چیزین ہین کہ برا جانتا ہی اونکو ابن آدم برا جانتا ہی موت کو اور موت بہتر ہی مومن کے لیے فتنے سے اور برا جانتا ہی کمی مال کو اور کمی مال کی باعث کمی حساب کی ہی ۱۲ اور بہت سا کچھ آیا ہی فضیلت فقر مین اور اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ سرور عالم و فخر الاولین والآخرین نے اسکو پسند کیا جیسا کہ اوپر کی روایتون سے معلوم ہوا اور حضرت کی اس دعا سے بھی یہی معلوم ہوتا ہی اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ پس سوچو ای بھائیو ان احادیث کے مضامین کو اور چھوڑو اس دنیا مکارہ کی محبت کو اور دھن باندھو آخرت کے گھر بنانے کی

اور یہ دعا کرتے رہو جو ہمارے مولانا صاحب مرحوم کے خویش مولوی نصیر الدین رحمۃ اللہ نے کی اور منزل مقصود کو پہونچ گئے مناجات

تو اپنی محبت مجھے دے خدا	خیال دوئی دل سے بالکل بھلا	شراب محبت کا تو جام دے	موافق رضا اپنی کے کام لے
مجھے دین کی بات کا دے مزا	مرا دل بہت سا اسی مین لگا	نہ آوے کوئی فکر جز یاد تو	اگر آوے شاید تو جلدی سے پہنچو
مضامین وحدت کے دل مین سما	خیالات باطل کو مجھسے بھلا	یہ غفلت مرے دل کی تو دور کر	اور اس دل کو رحمت سے معمور کر
مجھے دین احمد پہ ثابت تو رکھ	اور اس دین کی دے مجھے تو پرکھ	نہ خطرہ پھر آوے گنہ کا مجھے	رہے یاد تیری کا سانسا مجھے
ترا نام جپتا رہون رات دن	نہ پھٹکے مرے پاس شیطان و جن	الٰہی مین عاجز ترا بندہ ہون	گنا ہون مین اپنے سرافگندہ ہون
مجھے بخشیو اے غفور رحیم	کہ ہی ذات تیری جواد و کریم	ترا بحر رحمت جو جوشش کرے	گنہگار ساروں کی بخشش کرے

مشکوٰۃ وغیرہ

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝

اگر چاہے خدا نابود کرے تمکو اور لے آئے پیدایش نئی یعنی بدلے تمہارے اور نہین ہی یہ کام خدا پر دشوار + **فتح** + اگر چاہے تمکو لیجاوے اور لے آوے ایک نئی خلقت اور یہ خدا پر مشکل نہین + **مو** + **تفسیر** + لیجاوے تمکو یعنی سب کو طرف عدم کے بسبب بےپروائی اوسکی تمہارے سبب سے نہین ہی قدیم سے ہی اور لے آوے پیدایش نئی یعنی وہ بدون تعریف کرنے تمہاری کے تعریف کیا گیا ہی اور نہین ہی یہ کام یعنی انکو فنا کر دینا اور نئی پیدایش کا پیدا کرنا یعنی خدا تعالی پر دشوار نہین ہی کہ تمکو ہلاک کر کے ایک اور قوم پیدا کرے کہ وہ اوسی کی عبادت کرتے ہون اور اوسکا شریک کسیکو نہ کرتے ہون اور تمسے زیادہ مطیع ہو سکتے ہون + **مل** +

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝

اور نہ اوٹھاوے کوئی اوٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور اگر بلاوے کوئی جان بوجھ والی طرف بوجھ اپنے کے نہ اوٹھایا جاویگا اوس سے بوجھ کچھ اگرچہ وہ شخص ہووے قرابت والا سوا اسکے نہین کہ ڈراتا ہی تو اون لوگون کو کہ ڈرتے ہین اپنے پروردگار سے غائبانہ اور قائم رکھتے ہین نماز کو اور جو کوئی پاک ہوا پس سوا اسکے نہین کہ پاک ہوتا ہی واسطے نفع اپنے کے اور طرف خدا کے ہی بازگشت + **فتح** + اور اگر پکارے کوئی بوجھون مرتا اپنا بوجھ بٹانے کو کوئی نہ اوٹھاوے اوسمین سے کچھ اگرچہ ہو ناتے والا تو تو ڈر سنا دیتا ہی اونکو جو ڈرتے ہین اپنے رب سے بن دیکھے اور کھڑی رکھتے ہین نماز اور جو کوئی سنوریگا تو یہی کہ سنوریگا اپنے بھلے کو اور اسکی طرف ہی پھر جانا + **مو** + اور نہ اوٹھاوے کوئی اوٹھانے والا الخ یعنی نہین اوٹھاویگا کوئی نفس گنہگار گناہ نفس دوسرے کا اور معنی یہ ہین کہ ہر نفس دن قیامت کے نہین اوٹھاویگا مگر بوجھ اپنے ہی گناہون کا کہ کیے ہین نہین پکڑا جاویگا کوئی نفس بدلے گناہ اور نفس کے جیسے کہ پکڑتے ہین ظالم دنیا کے قرابتی کو بدلے قرابتی کے اور ہمسائے کو بدلے ہمسائے کے اور اگر کوئی کہے کہ جو اللہ تعالی نے فرمایا ہی وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اس سے تو معلوم ہوتا ہی کہ اورون کے بوجھ بھی اوٹھاوینگے تو جواب اسکا یہ ہی کہ یہ وارد ہوا ہی اون گمراہون کے حق مین کہ لوگون کو گمراہ کرتے ہین وہ اوٹھاوینگے بوجھ لوگون کے گمراہ کرنیکے ساتھ بوجھون گمراہی اپنے کے اور یہ سب اونھین کے بوجھ ہونگے نہین ہوگا اونمین اورون کے بوجھون مین سے کچھ کیا نہین دیکھتا ہی تو کہ جو کافر جھٹلایا اونکو اللہ تعالی نے بیچ قول اونکے کے اِتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ

مین خطیهم من شیء اور اگر بلاوے کوئی جان بوجه والی یعنی بسبب گناہون کے کسیکو طرف بوجه اپنے کے یعنی گناہون اپنے کے تاکہ اوٹھا لیوے وہ بلایاگیا اون گناہون مین سے کچھ نہین اوٹھاویگا وہ اون مین سے کچھ اگرچہ ہو وہ بلایاگیا اوسکا صاحب قرابت قریبہ کا جیسے بیٹا یا باپ یا مان یا بھائی کہا ابن عباس نے کہ ملیگا باپ یا مان اپنے بیٹے سے پس کہینگے ای بیٹے میرے اوٹھالے مجھسے کچھ گناہ میرے پس کہیگا وہ بیٹا نہین طاقت رکھتا ہون مین یہی بس ہی مجکو کہ جو کچھ مجھپر ہوا تھی اور فرق درمیان معنی قول اللہ تعالی کے وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی اور درمیان معنی اِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰی حِمْلِهَا لَا یُحْمَلْ مِنْهُ شَیْءٌ کے یہی کہ اول دلالت کرتا ہی اوپر عدل اللہ تعالی کے بیچ حکم کرنے اوسکے کے اور اوپر اسکے کہ نہین مواخذہ کریگا کسی نفس سے بغیر گناہ اوسکے کے اور دوسرا بیچ بیان اسباب کے ہی کہ نہین فریادرسی ہوگی اوس دن واسطے اوس شخص کے کہ فریادرسی چاہیگا حتی کہ کسی نفس کو جو بوجهل کردیا ہوگا اوسکے گناہون کے بوجهنے اگر وہ بلاویگا کسیکو طرف اسکے کہ سبک کرے کچھ بوجه اوسکا تو نہین قبول کریگا کہنا اوسکا اور نہین فریادرسی کیجاویگی اگرچہ ہو بلایاگیا قرابتی اوسکا اور سوا اسکے نہین کہ ڈراتا ہی تو الخ یعنی نہین نفع اوٹھاتے ہین تیرے ڈرانے سے مگر یہ کہ جو مذکور ہوئے اور غائبانہ یعنی ڈرتے ہین اپنے پروردگار سے اسحال مین کہ غائب ہین اوسکے عذاب سے یا ڈرتے ہین اوسکے عذاب سے اسحال مین کہ غائب ہی عذاب اونسے اور بعضون نے کہا بالغیب سے مراد ہی پوشیدگی مین اسطرح کہ نہین اطلاع ہوتی غیر کو اوسپر اور قائم رکھتے ہین نماز کو یعنی ہمیشہ پڑھتے رہتے ہین اوسکو اوسکے وقتون مین مع ادائے شرائط اور ارکان وغیرہ اوسکے کے اور جو کوئی پاک ہوا یعنی بسبب کرنے طاعات کے اور ترک کرنے گناہون کے پس سوا اسکے نہین کہ پاک ہوتا ہی واسطے نفس اپنے کے یعنی ثواب اوسکا اوسیکو ہوتا ہی اور طرف اللہ کے ہی بازگشت یہ وعدہ ہی پاک ہونے والون کے لیے ساتھ ثواب کے + **مدن معالم جلالین**

تنبیہ + رب ذوالجلال سے ڈرنا عجب چیز ہی بغیر اسکے آدمی ہیچ ہی کہ نہ گناہ سے بچیگا اور نہ طاعات بجالاویگا اور جسکے دل مین خدا تعالی کا ڈر ہوگا اوس سے سب کچھ بن آویگا حضرت عثمانؓ فرماتے ہین کہ علامتین عارفون کی آٹھ ہین دل مین اوسکے خوف ورجا ہو اور زبان پر اوسکے حمد وثنا اور آنکھون مین اوسکے حیا اور رونا اور ارادے مین اوسکے ترک اور رضا یعنی ترک کرنا دنیا کا اور طلب کرنا رضائے مولی اپنے کا + **صلہات**

وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ ۝ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۝ وَمَا یَسْتَوِی الْاَحْیَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ۝ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ۝

برابر نہین ہین نابینا اور بینا اور نہ تاریکیان اور روشنی اور نہ سایہ اور ہوا تیز وگرم اور نہ برابر ہوتے ہین زندے اور مردے تحقیق خدا سنادیتا ہی جسکو چاہتا ہی اور نہین ہی تو سنانے والا اونکو کہ قبرون مین ہین نہین ہی تو مگر ڈرانے والا + **فتح**

اور برابر نہین اندھا اور دیکھتا اور نہ اندھیرا اور نہ اوجالا اور نہ سایہ اور نہ باؤگرم اور برابر نہین جیتے اور مردے اللہ سناتا ہی جسکو چاہے اور تو نہین سنانے والا قبر مین پڑون کو تو تو یہی ہی ڈر کی خبر پہنچانے والا + **تفسیر** + یعنی سب خلق برابر نہین جنکو ایمان دیتا ہی اونہین کو ملیگا رتبہ بہتیرے آرزو مین کرین تو کیا ہوتا ہی یہ جو فرمایا نہ اندھیرا نہ اوجالا یعنی نہ اندھیرا برابر اوجالے کے نہ اوجالا برابر اندھیرے کے اور فرمایا تو نہین سناتا قبر مین پڑون کو اور حدیث مین ہی کہ مردون سے سلام علیک کرو وہ سنتے ہین اور بہت جگہ مردون کو خطاب کیا ہی اوسکی حقیقت یہ کہ مردے کی روح سنتی ہی اور قبر مین پڑا ہی دھڑ وہ نہین سن سکتا + **مو** + اندھا اور بینا

مثال ہی کافر اور مومن کی یا جاہل اور عالم کی اور اندھیری اور روشنی مثال ہی کفر کی اور ایمان کی اور سایہ اور سموم گرم مثال ہی حق اور باطل کی یا جنت اور دوزخ کی اور حرور کہتے ہین ہوا گرم کو مانند سموم کے لیکن سموم ہوتی ہی دن کو اور حرور دن مین بھی اور رات مین بھی اور زندے اور مردے مثال ہی اون لوگون کی کہ داخل ہوئے اسلام مین اور اون لوگون کی کہ نہین داخل ہوئے اوسمین تحقیق خدا شنوا دیتا ہی الخ یعنی اوسنے جان رکھا ہی اونکو کہ داخل ہونگے اسلام مین اور اونکو کہ نہ داخل ہونگے اوسمین پس ہدایت کرتا ہی جسکو چاہتا ہی ہدایت کرنا اور تمپر پوشیدہ ہی حال اونکا پس اسلیے حرص کرتے ہو تم اوپر اسلام اوس قوم کے کہ محروم ہین اللہ کی ہدایت سے اور تشبیہ دی کافرون کو ساتھ موتی کے اس سبب سے کہ حیات روح بسبب علم اور معرفت صانع کے ہی جیسے کہ حیات جسد بسبب روح کے ہی اور نہین ہی تو مگر ڈرانے والا یعنی نہین ہی تجپر مگر یہ کہ پونہچا دے تو احکام الٰہی اور ڈراوے تو دوزخ سے پس اگر ہی ڈرایا گیا اون لوگون مین سے کہ سنتا ہی ڈرانے کو نفع دیتا ہی اوسکو ڈرانا اور اگر ہی اصرار کرنے والون مین سے پس نہین ضرر تجپر **حل نیشاپوری** ابن عباس سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى اور وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ کہا ابن عباس نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے مقتولون پر روز بدر کے اور فرمایا هَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ای فلانے ای فلانے کیا نہین کفر کیا تونے ساتھ رب اپنے کے کیا نہین جھٹلایا تونے اپنے نبی کو کیا نہین قطع رحم کیا تونے پس کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا سنتے ہین یہ جو کچھ کہتے ہین آپ فرمایا حضرت نے تم انسے زیادہ نہین سنتے اوس چیز کو کہ کہتا ہون مین پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے آیت اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى اور آیت وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ یہ مثال ہی کہ بیان کی اللہ نے واسطے کافرون کے کہ وہ نہین سنتے ہین قول اوسکا اور قتادہ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ کہتے تھے قتادہ جیسے کہ نہین سنتے ہین مردے کہ قبرون مین ہین پس اسی طرح کافر نہین سنتا ہی اور نہین نفع اوٹھاتا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ سنتا ہی **درمنثور** **تنبیہ** جاننا چاہیے کہ سماع اموات مین اگرچہ بعضے علما نے اختلاف کیا ہی لیکن مذہب امام اعظم رح کا اور اکثر مشائخ ہمارے کا عدم سماع موتی کا ہی بدلیل اس آیت وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ کے اور آیت اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى کے جیسا کہ صاحب غرائب فی تحقیق المذاہب امام اعظم رح سے یون روایت کرتے ہین رَاَى الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رح مَنْ يَّاْتِي الْقُبُوْرَ لِاَهْلِ الصَّلَاحِ فَيُسَلِّمُ وَيُخَاطِبُ وَيَتَكَلَّمُ وَيَقُوْلُ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ خَبَرٍ وَّهَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ اَثَرٍ اِنِّيْ اَتَيْتُكُمْ وَنَادَيْتُكُمْ مِّنْ شُهُوْرٍ وَّلَيْسَ سُؤَالِيْ مِنْكُمْ اِلَّا الدُّعَاءَ فَهَلْ دَرَيْتُمْ اَمْ غَفَلْتُمْ فَسَمِعَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ يَقُوْلُ يُخَاطِبُ بِهِمْ فَقَالَ هَلْ اَجَابُوْا لَكَ قَالَ لَا فَقَالَ لَهٗ سُحْقًا وَّتَرِبَتْ يَدَاكَ كَيْفَ تُكَلِّمُ اَجْسَادًا لَّا يَسْتَطِيْعُوْنَ جَوَابًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَسْمَعُوْنَ صَوْتًا وَّقَرَاَ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ انتہی یعنی دیکھا امام ابو حنیفہ رح نے کہ ایک شخص مقابر اولیا مین آتا ہی پس سلام کرتا ہی اور خطاب کلام کرتا ہی اور کہتا ہی ای اہل قبور آیا ہی تمکو خبر اور ہی کچھ تمھارے پاس اثر کہ مین آتا ہون تمھارے پاس اور پکارتا ہون تمکو مہینون سے اور نہین ہی سوال میرا تمسے مگر دعا پس آیا خبردار ہو یا غافل پس سنا ابو حنیفہ رح نے کلام اور خطاب اوسکے کو اہل قبور سے پس کہا ابو حنیفہ رح نے اوس سے آیا جواب دیا تجکو اونھون نے کہا نہین پھر کہا امام نے دوری ہو جیو تجکو رحمت خدا سے اور خاک مین ملین تیرے دونون ہاتھ کیا کلام کرتا ہی تو مردون سے کہ طاقت نہین رکھتے جواب کی اور مالک کسی چیز کے نہین اور کسیکی آواز کو نہین سنتے اور پڑھی امام نے آیت وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ یعنی اور تو نہین سنا سکتا

اہل قبور کو پس بیچ زجر و توبیخ امام ہمام کے پکارنے والے کے حق مین تامل کرنا چاہیے اور شرح مقاصد مین کہ عقائد کی کتابون مین سے ہی بیچ باب عذاب قبر کے لکھا ہی لَا نِزَاعَ فِیْ اَنَّ الْمَیِّتَ لَا یَسْمَعُ انتہی اور عینی شرح ہدایہ مین لکھا ہی وَالْمَوْتُ یُنَافِی الْکَلَامَ لِاَنَّ الْمُرَادَ مِنَ الْکَلَامِ الْاِسْمَاعُ وَالْمَیِّتُ لَیْسَ بِاَہْلٍ لِلْاِسْمَاعِ اَلَا تَرٰی اِلٰی قَوْلِہٖ تَعَالٰی اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ انتہی کَلَامُ الْعَیْنِیِّ شَارِحِ الْہِدَایَۃِ یعنی موت منافی کلام کی ہی اسلیے کہ مراد کلام سے سنانا ہی اور میت نہین اہل ہی واسطے سنانے کے کیا نہین دیکھتا ہی تو طرف قول اللہ تعالیٰ کے کہ تحقیق تو نہین سنا سکتا ہی موتی کو اور نہین ہی تو سنانے والا اونکو کہ قبرون مین ہین تمام ہوا کلام عینی شارح ہدایہ کا اور تفسیر نیشاپوری مین لکھا ہی قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُہُمُ اللّٰہُ ثُمَّ اِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ یَعْنِیْ اَنَّ الَّذِیْنَ تَحْرِصُ عَلٰی قَبُوْلِ اِیْمَانِہِمْ بِمَنْزِلَۃِ الْمَوْتٰی الَّذِیْنَ لَا یَسْمَعُوْنَ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُہُمُ اللّٰہُ مَثَلٌ لِقُدْرَتِہٖ عَلٰی اِلْجَائِہِمَا اِلَی الْاِسْتِجَابَۃِ وَالْمُرَادُ اَنَّہٗ تَعَالٰی ہُوَ الَّذِیْ یَقْدِرُ عَلٰی اِحْیَاءِ قُلُوْبِ ہٰؤُلَاءِ الْکُفَّارِ بِحَیٰوۃِ الْاِیْمَانِ وَاَنْتَ لَا تَقْدِرُ عَلٰی ذٰلِكَ اَمَّا وَجْہُ تَشْبِیْہِ الْکَفَرَۃِ بِالْمَوْتٰی فَلِاَنَّ حَیٰوۃَ الرُّوْحِ بِالْعِلْمِ وَمَعْرِفَۃِ الصَّانِعِ کَمَا اَنَّ حَیٰوۃَ الْجَسَدِ بِالرُّوْحِ انتہی مَا فِی التَّفْسِیْرِ النَّیْشَاپُوْرِیِّ یعنی فرمایا اللہ تعالیٰ نے سوا اسکے نہین کہ قبول کرتے ہین ایمان وہ لوگ کہ سنتے ہین اور موتی اوٹھاویگا اونکو اللہ پھر اوسکی طرف پھیرے جاوینگے یعنی جو لوگ کہ حرص کرتا ہی تو اوپر قبول ایمان اونکے کے بمنزلہ موتی کے ہین کہ جو نہین سنتے مانند قول اللہ تعالیٰ کے کہ تحقیق تو نہین سنا سکتا موتی کو وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُہُمُ اللّٰہُ مثل ہی واسطے قدرت اللہ تعالیٰ کے اوپر خواہ مخواہ لے آنے اونکے کے طرف قبول کرنے ایمان کے اور مراد یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ قادر ہی اوپر زندہ کرنے ان کافرون کے دلون کے ساتھ حیات ایمان کے اور تو نہین قادر ہی اسپر اسپر وجہ تشبیہ کافرون کے ساتھ موتی کی پس اسلیے ہی کہ حیٰوۃ روح کی بسبب علم اور معرفت صانع کے ہی جیسے کہ حیوۃ بدن کی بسبب روح کے ہی تمام ہوا مضمون نیشاپوری کا اور کتاب کافی شرح وافی اور فتح القدیر حاشیہ ہدایہ سے صراحۃً اور اشارۃً کہ قریب تصریح کے ہی اور مستخلص شرح کنز اور عینی شرح کنز اور کفایہ شرح ہدایہ سے بھی یہی معلوم ہوتا ہی کہ اموات نہین سنتے ہین چنانچہ عبارتین ان سبکی جناب مولانا محمد اسحٰق صاحب مرحوم نے مائۃ المسائل مین بعینہ نقل کین ہین جسکو شبہہ ہوا وہمین سے دیکھلے کہ ان سب علماء نے مدلل اس مسئلے کو لکھا ہی اور مخالفین کے جوابون اور دلیلون کو خوب طرح رد کیا ہی

اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ اِلَّا خَلَا فِیْہَا نَذِیْرٌ ۝ ۲۴

تحقیق ہمنے بھیجا تجکو ساتھ دین سچ کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہین ہی کوئی امت مگر گذرا ہی اوسمین ڈرانے والا ✣ **فتح** ہمنے بھیجا ہی تجکو سچا دین دے کر خوشی اور ڈر سناتا اور کوئی فرقہ نہین جسمین نہین ہوچکا کوئی ڈرانے والا ✣ **تفسیر** ✣ ڈرانے والا خواہ نبی ہو خواہ نبی کی راہ پر ہو ✣ **مو** ✣ خوشخبری دینے والا یعنی ساتھ جنت اور نجات کے اوسکو کہ مانے تیرا اور ڈرانے والا یعنی ساتھ دوزخ و عذاب کے اوسکو کہ نہ مانے تیرا اور نہین ہی کوئی امت یعنی تیری امت کے پہلے اور امت کہتے ہین جماعت کثیر کو بولا کرتے ہین وَجَدَ عَلَیْہِ اُمَّۃً مِّنَ النَّاسِ ۲۳ اور کہا جاتا ہی ہر عصر کے لوگون کو امت اور مراد یہان عصر کے لوگ ہین مگر کہ گذرا ہی اوسمین ڈرانے والا کہ ڈراتا تھا اونکو شامت طغیان سے اور انجام بدکفران کے سے ۲۴ اور اگر کوئی کہے کہ مابین حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد علیہما السلام کے کہان تھا ڈرانے والا تو جواب اسکا یہ ہی کہ آثار ڈرانے کے باقی تھے مابین عیسیٰ و محمد علیہما السلام کے پس نہین خالی ہین اونکے درمیان کی امتین ڈرانے والے سے اور جبکہ پرانے ہوئے اور مٹنے لگے آثار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ڈرانے کے بھیجے گئے محمد علیہ السلام ✣ **ف**

یعنی نہین ہین اہل ... بحسب سمعنا ...
ف ۲ فوائد ...
حال ہین ... بعنی تعالی و مقتضین ... ہمارا
ف ۳
ف ۴
ف ۵ ... بعد ذکرہا فی اولہا لان النذارۃ مشفوعۃ بالبشارۃ فدل ذکر النذارۃ علی ذکر البشارۃ
یعنی زمان کے اور مراد یہان عالم اور ... احکام ... شریعت کے بیان ہین

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ○ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ○

اور اگر ساتھ جھوٹ کے نسبت کرین تجکو تو پس تحقیق جھٹلایا ہی اون لوگون نے کہ پہلے اونسے تھے آئے تھے اون پاس پیغمبر اونکے ساتھ نشانیون واضح کے اور ساتھ چھوٹی کتابون کے اور ساتھ کتاب روشن کے پھر گرفتار کیا مینے کافرون کو پس کیونکر ہوا عذاب میرا + فتح + اور اگر وہ تجکو جھٹلاوین تو آگے جھٹلا چکے ہین انسے اگلے پونہچے اون پاس رسول انکے لے کر کھلی باتین اور ورق اور چمکتی کتاب پھر پکڑا مینے منکرون کو تو کیسا ہوا انکار میرا + موضح + تفسیر + جھٹلایا ہی الخ یعنی اپنے رسولون کو اور نشانیون واضح سے مراد معجزے ہین اور زبر سے صحیفے یعنی چھوٹی چھوٹی کتابین اور کتاب روشن سے مراد ہی توریت اور انجیل اور زبور اور گرفتار کیا مینے یعنی عذاب کیا مینے ساتھ طرح بطرح کے عذابون کے اور اسمین تسلی ہی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ جیسے یہ کفار تمکو جھٹلاتے ہین ویسے ہی اگلے کافر بھی اپنے رسولون کو جھٹلاتے رہے ہین اور اوسکے سبب سے غضب الٰہی مین گرفتار ہوتے تھے ایسا ہی حال ہوگا تمھارے وقت کے منکرون کا بھی خاطر جمع رکھو + مل +

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ○

کیا نہ دیکھا تونے کہ خدا نے اوتارا آسمان سے پانی پس نکالے ہمنے بسبب اوسکے میوے طرح بطرح کے ہین رنگ اونکے اور پہاڑون سے راہین ہین طرح بطرح کے ہین رنگ اونکے ایک ٹکڑا سفید اور ایک ٹکڑا سرخ اور ایک ٹکڑا سیاہ بیچ نہایت سیاہی کے + فتح + تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے اوتارا آسمان سے پانی پھر ہمنے نکالے اوس سے میوے طرح طرح اونکے رنگ اور پہاڑون مین گھاٹیان ہین سفید اور سرخ طرح طرح انکے رنگ اور بھجنگ کالی + تفسیر + سفید بھی کئی درجے اور سرخ بھی کئی درجے یہ سب بیان ہی قدرت رنگارنگ کا اسی طرح مومن اور کافر ایک دوسرا سا ہو جاوے کب ہو سکے یہ تسلی ہی حضرت کو + موضح + اول الوانہا سے جنسین میوون کی مراد ہین قسم انار اور سیب اور انجیر اور انگور وغیرہا سے کہ بیشمار ہین یا مراد ہین ہیئتین اونکی قسم سرخ اور زرد اور سبز اور مانند انکے سے اور جدد کے معنی ہین راہین کہ طرح بطرح کے ہون رنگ انکے جمع جُدّۃ کی ہی مانند مُدّۃ اور مُدَد کے اور غرابیب سود مین تقدیم و تاخیر ہی کہا جاتا ہی اسود غربیب یعنی نہایت سیاہ تشبیہ دینے کر ساتھ رنگ کوے کے یعنی راہین سیاہ + مل + معا +

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ○

اور لوگون سے اور جانورون سے اور چارپایون سے طرح بطرح کے ہین رنگ انکے اسی طرح سوا اسکے نہین کہ ڈرتے ہین خدا سے بندون اوسکے مین سے عالم تحقیق اللہ غالب بخشنے والا ہی + فتح + اور آدمیون مین اور کیڑون مین اور چارپایون مین کئی رنگ کے ہین اسی طرح اللہ سے ڈرتے وہی ہین اوسکے بندون مین سے جنکو سمجھ ہی تحقیق اللہ زبردست ہی بخشنے والا + تفسیر + یعنی سب آدمی ڈرنے والے نہین ڈرنا اللہ سے سمجھ والون کی صفت ہی اور اللہ کی صفات بھی دو طرح کی زبردست بھی ہی کہ ہر خطا پر پکڑے اور غفور بھی ہی کہ ہر گنہگار کو بخشے + موضح + اور لوگون سے الخ یعنی اور انمین سے بعضے ہین کہ مختلف ہین رنگ انکے اسی طرح یعنی مانند اختلاف میوون اور پہاڑون کے اور جگہ

فرمایا الم تر کہ معنی الم تعلم کے ہی یعنی کیا نہ جانا تو نے کہ اللہ نے اوتارا آسمان سے پانی اور بیان کین نشانیان اپنی قدرت
و صنعت کی آگے اوسکے بعد ذکر فرمایا کہ اللہ تعالی سے ڈرتے ہین اوسکے بندون مین سے علما یعنی وہ اللہ والے علما کہ جنھون نے جانا
ہی اوسکو ساتھ صفتون اوسکی کے اور بڑائی اوسکی اونکے دلون مین سما رہی ہی اور جسکو علم اللہ تعالی کا زیادہ ہوگا اوسکو اوسکا ڈر
بھی زیادہ ہوگا اور جسکو علم اوسکا بہت کم ہوگا نڈر ہوگا اور حدیث شریف مین ہی کہ جو تم مین اللہ کو جانتا ہی بہت اوسکو اوسکا خوف
بھی بہت ہوتا ہی کہا ابن عباس نے کہ مراد اللہ تعالی کی یہ ہی کہ نہیں ڈرتے ہین مجھسے میرے مخلوق مین سے مگر وہ لوگ کہ جانا اونھون
نے دبدبہ میرا اور عزت میری اور غلبہ میرا اور کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ کیا آنحضرت صلعم نے کچھ یعنی کوئی مباح چیز کے بیان جواز کے لیے مانند
افطار کرنے کے سفر مین یا بوسہ لینے بیوی کے روزے مین اور رخصت دی اوسمین یعنی لوگون کو پس احتیاط کی اوس سے کتنے
ایک لوگون نے پس پہنچی یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس خطبہ فرمایا اور حمد کی اللہ کی پھر فرمایا کیا حال ہی لوگون کا کہ احتیاط کرتے
ہین ایک چیز سے کہ کی مینے پس قسم ہی اللہ کی بلاشبہہ مین بہت جانتا ہون بہ نسبت اونکے اللہ کو اور بہت ڈرتا ہون بہ نسبت
اونکے اللہ سے پھر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانو تم وہ چیز کہ جانتا ہون مین البتہ ہنسو تم تھوڑا اور البتہ روؤ تم بہت
کہا ایک شخص نے شعبی سے کہ فتوی دے مجکو کہ کون ہی عالم پس کہا شعبی نے کہ نہیں ہی عالم مگر وہ شخص کہ ڈرے اللہ عز وجل سے
اور پہلے جو لفظ اللہ کا لائے اور پیچھے علما کا یعنی اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا فرمایا اس سے معنی اسکے یہ
سمجھے گئے کہ جو لوگ ڈرتے ہین اوسکے بندون مین سے وہ علما ہی ہین نہ غیر اونکے اور اگر اسکے عکس کہتے یعنی اِنَّمَا يَخْشَى
الْعُلَمَآءُ اللّٰهَ تو ہوتے معنی یہ کہ علما نہیں ڈرتے ہین مگر اللہ ہی سے جیسے کہ فرمایا وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ اور
ان دونون مین مغایرت ہی پس اول مین بیان ہی اسکا کہ ڈرنے والے علما ہی ہین نہ غیر اونکے اور دوسرے مین بیان ہی اسکا کہ مخشی
وہ اللہ تعالی ہی ہی نہ غیر اوسکا + مد + معا + روایت ہی سعید بن جبیر سے کہ کہا خشیت کے معنی یہ ہین کہ ڈرے تو
اللہ سے یہانتک کہ حائل ہو ڈر اوسکا درمیان تیرے اور درمیان گناہ اوسکے کے پس یہ خشیت اوسکی ہی ابن عباس سے
ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا کہا علما اللہ کے وہ ہین کہ ڈرین اوس سے
اور ابن عباس سے اسی آیت کی تفسیر مین یہ بھی منقول ہی کہ کہا یہ وہ لوگ ہین کہ جانتے ہین کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی کہا ابن مسعود نے
نہیں ہی علم کثرت حدیث سے ولیکن علم خشیت الہی سے ہی ابی حیان تیمی سے روایت ہی ایک شخص سے کہ کہا تھا اوسنے کہا جاتا
ہی علما تین ہین عالم اللہ کے اور اللہ کے حکم کے اور عالم اللہ کے نہ عالم اللہ کے حکم کے اور عالم اللہ کے حکم کے نہ عالم اللہ کے
پس عالم اللہ کے اور اللہ کے حکم کے وہ ہین کہ ڈرتے ہین اللہ سے اور جانتے ہین حدود و فرائض کو اور عالم اللہ کے نہ عالم اللہ
حکم کے وہ ہین کہ ڈرتے ہین اللہ سے اور نہیں جانتے حدود اور فرائض اور عالم اللہ کے حکم کے نہ عالم اللہ کے وہ ہین کہ جانتے ہین
حدود اور فرائض کو اور نہیں ڈرتے اللہ سے مالک بن انس سے روایت ہی کہ کہا بلاشبہہ علم نہیں ہی کثرت روایت سے سوا
اسکے نہیں کہ علم ایک نور ہی کہ ڈالتا ہی اوسکو اللہ قلب مین حسن بصری سے ہی کہ کہا اونھون نے ایمان اون لوگون کا ہی کہ ڈرین اللہ
سے بن دیکھے اور رغبت کرین اوس چیز مین کہ رغبت کی اللہ نے اوسمین اور بیزار ہون اوس چیز سے کہ غصہ دلادے اللہ کو پھر
پڑھی یہ آیت اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا مسروق سے ہی کہ کہا کفایت کرتا ہی آدمی کو علم مین یہ کہ ڈرے
اللہ سے اور کفایت کرتا ہی آدمی کو جہل مین یہ کہ عجب کرے یعنی خوش ہو ساتھ علم اپنے کے مجاہد سے ہی کہ کہا فقیہ وہ شخص ہی
کہ ڈرے اللہ سے حسن بصری سے ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے علم دو ہین ایک تو دل مین ہی یعنی خشیت الہی

اور حضور مع اللہ کہ جسسے تمام ظاہر و باطن کی درستی ہوتی ہی پس یہ علم نفع دینے والا ہی اور ایک علم زبان پر ہی کہ تقریرین بہت سی جھاڑتا ہی لیکن دل مین کچھ اثر نہین خشیت الٰہی ہی نہ حضور مع اللہ کہ جسسے آخرت کے ضرر سے بچے پس یہ حجت اللہ کی ہی اوسکے بندون پر یعنی فرماویگا کہ کہتا سب کچھ تہا اور دل مین کچھ اثر نہوا عبد اللہ بن مسعود سے ہی کہ کہا لائق ہی حامل قرآن کو یعنی حافظ عالم کو کہ پہچانے قدر اپنی رات کی جب لوگ سوتے ہون یعنی پڑہے اوسکو تہجد مین کہ عجب نعمت ہی اور پہچانے قدر اپنے دن کی جسوقت کہ لوگ افطار کیے ہون یعنی روزے رکھے اور اپنے غم کی جسوقت کہ لوگ خوشیان کر رہے ہون اور اپنے رونے کی جسوقت کہ لوگ ہنستے ہون اور اپنے چپ رہنے کی جسوقت کہ کلام بے فائدہ کرتے ہون لوگ اور اپنے خشوع کی جسوقت کہ لوگ تکبر کرتے ہون اور اتراتے ہون اور لائق ہی حامل قرآن کو یہ کہ ہو رونے والا غمگین بردبار دانا خاطر جمع والا اور نہین لائق ہی حامل قرآن کو یہ کہ ہو شور و شغب کرنے والا اور نہ چلانے والا اور نہ تیز مزاج وہب بن منبہ سے روایت ہی کہ کہا مین اور عکرمہ ابن عباس کا ہاتھ پکڑ کر لائے مسجد الحرام مین بعد نابینا ہونے اونکے کے پس ناگہان کتنے ایک لوگ جھگڑ رہے تھے اپنے حلقے مین نزدیک دروازے بنی شیبہ کے پس کہا ابن عباس نے کہ لیچلو مجکو طرف حلقے جھگڑنے والے کے پس لے گئے ہم اونکو یہان تک کہ پونہچے اونکے پاس پس سلام کیا اوسپر پس اونھون نے چاہا بیٹھنا انکا پس انکار کیا ابن عباس نے اور کہا کہ متوجہ کرو میری طرف بات سمجھنے والے اپنے کو پس متوجہ کیا اونھون نے ایک شخص فہمیدہ کو اونکی طرف پس کہا ابن عباس نے کہ کیا نہین جانتے تم بندگان خدا ہین کہ خاموش کر رکھا ہی اونکو خوف الٰہی نے بغیر بند ہوجانے زبان کے اور بغیر گونگے پنے کے واقع مین ہین وہ فصیح گویا دانشمند جاننے والے معاملات خدا کے لیکن جب وہ یاد کرتے ہین عظمت الٰہی کو اوڑ جاتی ہین اوس سے عقلین اونکی اور ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتے ہین دل اونکے اور بند ہوجاتی ہین زبانین اونکی یہان تک کہ جب اوٹھتے ہین اوس سے جلدی کرتے ہین طرف اللہ کے ساتھ کرنے اچھے عملون کے پس کہان ہی تمھین نسبت اونسے پھر پھرے ابن عباس اونکے پاس سے پس نہ دیکھے گئے اوس حلقے کی جگہ بعد اسکے دو شخص بھی سعید بن مسیب سے منقول ہی کہ کہا بیان فرمائے عمر بن الخطاب نے لوگون کے لیے اٹھارہ کلمے کہ سب حکمت کے ہین کہا نہ سزا دے تو اوسکو کہ نافرمانی کی اللہ کی تیرے حق مین مانند اوسکے کہ اطاعت کرے تو اللہ کی اوسکے حق مین یعنی جو کوئی تجکو ضرر پونہچا کر گنہگار اللہ کا ہووے تو تو اوس سے درگذر کر کر فرمان بردار اللہ کا ہو کہ عمل کر اس آیت پر ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ پس یہی بڑی سزا ہی اوسکی کہ وہ تیرے وبال مین گرفتار رہا اور تو نے معاف کر کر ثواب پایا اور رکھ امر اپنے بھائی مسلمان کا اوپر احسن امر کے یعنی اچھی بات پر حمل کر اوسکے امر کو یہان تک کہ ظن غالب ہو اوسکے خلاف کا تو لاچاری ہی اور گمان بد نہ لیجا بسبب ایک بات کے کہ صادر ہوئی ہی مسلمان سے اور تو پاتا ہی واسطے اوسکے محمل نیک اور جو شخص کہ پیش کرے اپنے نفس کو تہمت کے لیے پس نہ ملامت کرے اوسکو کہ بدگمانی لیجاوے اوسپر یعنی مثلا ایک شخص شراب خانے مین جایا کرتا ہی اور پیتا نہین لیکن جا کر اپنے نفس پر تہمت شراب خواری کی لگاتا ہی اب دیکھنے والا جو بدگمانی لیجاوے اوسکا کیا قصور ہی کہ ملامت اوسپر عائد ہو نہ یہ وہان جایا کرتا نہ کوئی اوسپر بدگمانی لیجاتا اور جسنے چھپایا بھید اپنا ہی اختیار اوسکے ہاتھ مین یعنی اگر کسی سے کہدیتا تو اختیار اوسکا اوسکے ہاتھ نرہتا سننے والا جس سے چاہتا کہدیتا اور پھر ہوتا جو کچھ ہوتا اور اب جو نہین کہا ہی اختیار اوسکا اسی کے ہاتھ ہی جب تک کہ کسی سے نہ کہے اور پکڑ یار صادق زندگی بسر کر اونکی حفاظت مین پس وہ زینت ہین رخا مین یعنی چین مین اور سامان دفع ہین بلا مین اور لازم کر اپنے پر سچ اگرچہ مار ڈالے تجکو کوئی اوسپر اور نہ گرفتار ہو بیفائدہ باتون مین اور نہ سوال کر اوس چیز سے کہ نہین ہوئی اسی لیے کہ بیچ اوس چیز کے کہ ہی شغل ہی اوس چیز سے کہ نہین ہوئی یعنی ایک بات ابھی پیش ہی نہین آئی ہی اوسکا پوچھنا کیا کیونکہ جسمین

۵۱ یعنی لوگ نیند کے غفلت مین خوش ہون اور وہ غم آخرت مین ... بعض نسخہ ... اسی طرح اور جگہون کا مطلب سمجھ لینا چاہیے ۱۲ منہ مدظلہ ۵۲ ... ۵۳ ...

گرفتار ہو رہا ہی اوسی ہی سے فرصت نہین اور نہ طلب کر حاجت اپنی اوس سے کہ نہ چاہیے حاجت روائی تیری اور نہ ہمن جان
جھوٹی قسم کو پس ہلاک کریگا اللہ اور نہ مصاحبت اختیار کر فجار کی تا کہ سیکھے تو بدکاری اونکی ہی اور الگ رہ اپنے دشمن سے
اور ڈرتا رہ اپنے دوست سے مگر امین سے اور نہین ہی امین مگر وہ شخص کہ ڈرے اللہ سے اور دل سے ڈرتا رہ نزدیک قبرون کے
کہ ہم بھی یہین آنے والا ہی اور ذلیل ہو نزدیک طاعت مولی کے او طلب بچاؤ کی کر نزدیک گناہ کے اور رجوع رکھ اپنے امر مین ان
لوگون کی طرف کہ ڈرتے ہین اللہ سے اسلیے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا اور روایت ہی مکحول سے
کہا پوچھے گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حال عالم اور عابد کے سے فرمایا آنحضرتؐ نے فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِی
عَلٰٓی اَدْنَاکُمْ یعنی فضیلت عالم کی عابد پر ایسی ہی جیسے فضیلت میری تمھارے ادنی پر پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہ آیت اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا پھر فرمایا آنحضرتؐ نے کہ بلاشبہ اللہ اور اوسکے فرشتے اور آسمان کے رہنے والے
اور زمین کے رہنے والے اور مچھلیان دریامین البتہ رحمت بھیجتی ہین اور دعا کرتی ہین بھلائی کی تعلیم کرنے والے کے لیے + درمنثور

تنبیہ + بیچ بیان شرف اور فضیلت علم کے ہرچند کہ ثابت کرنا اس دعوے کا اور تحقیق اس معنی کی احتیاج بیان اور دلیل
کی نہین رکھتی اسلیے کہ تمام ملتون والے بلکہ اہل اہوا بھی علم کی شرافت کے مقر ہین اور بسبب نہ حاصل ہونے اوسکے تاسف
کرتے ہین اور یہ بھی ہی کہ انسان باتفاق محققون کے مرکب ہی دو جوہرون سے ایک تو خسیس ہی کہ وہ بدن ہی اور دوسرا
شریف کہ وہ روح ناطقہ ہی اور سب عقلا متفق ہین اسپر کہ کمال بدن کا روح سے ہی اور کمال روح کا علم سے اور یہ ضرور ہی
کہ جو چیز سبب ایک شریف چیز کے کمال کی ہوگی وہ شریف ہوگی لیکن تاکید البعضے مضامین کہ آسمان کی اوتری ہوئی کتابون
مین آئے ہین اور صاحبون نفوس قدسیہ سے منقول ہوئے ہین ذکر کیے جاتے ہین اول جو کچھ کہ قرآن مین آیا ہی فضیلت علم
مین اور وہ اگرچہ بہت ہی لیکن دس آیتین اونمین سے ذکر کیجاتی ہین اول تو یہ آیت وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ
خَیْرًا کَثِیْرًا یعنی جو کوئی دیا جاوے حکمت پس تحقیق دیا گیا خیر کثیر وجہ دلیل لانے کی ساتھ اس آیت کے یہ ہی کہ حکمت اگر
بمعنی موعظت یعنی نصیحت کے ہی جیسے کہ اس آیت مین وَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ یعنی اور اوتاری اللہ نے
تجپر کتاب اور حکمت یعنی نصیحت تو راجع علم ہی کی طرف ہی اور اگر حکمت بمعنی فہم و علم کے ہی جیسے کہ اس آیت مین وَلَقَدْ اٰتَیْنَا
لُقْمٰنَ الْحِکْمَۃَ یعنی اور البتہ تحقیق دی ہمنے لقمان کو حکمت یعنی فہم و علم تو بھی ظاہر ہی دلالت کرنا اسکا فضیلت علم پر اور اگر
حکمت بمعنی نبوت کے ہو جیسے کہ اس آیت مین وَاٰتٰہُ اللّٰہُ الْمُلْکَ وَالْحِکْمَۃَ اور دی اوسکو اللہ نے بادشاہی اور حکمت
یعنی نبوت تو بھی راجع علم ہی کی طرف ہی اور اگر حکمت بمعنی بیان اور قرآن کے ہی جیسے کہ اس آیت مین اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ
بِالْحِکْمَۃِ یعنی بلا لوگون کو طرف راہ پروردگار اپنے کے ساتھ حکمت کے یعنی بیان اور قرآن کے تو بھی علم ہی کی طرف راجع
ہی اور باوجودیکہ حکم وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا کے یعنی اور نہین دیے گئے ہو تم علم سے مگر تھوڑا تھوڑا سا علم
بنی آدم کو ملا ہی اور پھر اوسکو خیر کثیر فرمایا یعنی اسی آیت مذکورہ مین اور تمام دنیا کو قلیل فرمایا اس آیت مین قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا
قَلِیْلٌ کہ متاع دنیا قلیل ہی پس اس سے معلوم ہوا کہ تھوڑا سا علم بہتر ہی تمام متاع دنیا سے اور دوسری آیت شرف و فضل
علم مین یہ آئی ہی وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا یعنی اور سکھایا تجکو جو کچھ کہ نہین جانتا تھا
تو اور ہی فضل اللہ کا تجپر بڑا پس دیکھا چاہیے کہ ہزارہا احسان اللہ تعالی کے آنحضرتؐ پر ہین اون میں سے احسان جتایا نعمت
علم کا اور بعضی بعضی چیزون کا پس اس سے بھی فضیلت علم کی معلوم ہوئی اور تیسری آیت یہ ہی وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ

كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ الخ یعنی اور سکھائے آدم کو نام ساری چیزون کے پھر پیش کیا اونکو ملائکہ پر پس
اللہ تعالی نے الزام دیا ملائکہ کو اور بزرگی ظاہر کی آدم کی بسبب علم کے اور چوتھی آیت یہ ہے قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا
کہہ اے رب میرے زیادہ دے مجکو علم اگر کوئی اور چیز علم سے زیادہ شریف ہوتی تو حق تعالی اپنے پیغمبر کو حکم فرماتا اوسکے طلب
کرنے کا پانچوین آیت حضرت سلیمان کی بات کے بیان مین کہ اونھون نے کہا وَعُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ اور سکھائے گئے ہم
بولی جانورون کی دیکھو کہ حضرت سلیمانؑ باوجودیکہ بادشاہ تھے جن و انس اور وحش و طیر پر کسی چیز سے فخر نکیا مگر ساتھ علم کے
اور چھٹی آیت یہ ہے يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ یعنی بلند درجہ کریگا اللہ ان
لوگون کو کہ ایمان لائے تم مین سے اور جو لوگ دیئے گئے ہین علم اونکے لیے بہت سے درجے ہونگے پس اول تو مومنون کے
درجے بلند کرنیکا ذکر فرمایا بعد ازان فرمایا کہ درجے ہین اہل علم کے لیے پس اس سے لازم آتا ہے کہ درجے اہل علم کے اورون کے
درجون سے زیادہ ہونگے اور جو چیز کہ سبب کمال درجے کی ہوگی بالضرور شریف ہوگی ساتوین آیت یہ ہے قُلْ هَلْ
يَسْتَوِی الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ کہہ کیا برابر ہین وہ لوگ کہ جانتے ہین اور وہ لوگ کہ نہین جانتے
پس نفی برابری کی درمیان انکے بواسطہ شرف علم اور نقصان جہل کے ہے آٹھوین آیت شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ گواہی دی اللہ نے یہ کہ نہین ہے کوئی معبود مگر وہ اور گواہی دی فرشتون نے
اور علم والون نے درحالیکہ قائم ہین ساتھ عدل کے پس اہل علم کو بواسطہ شرف علم کے شہادت مین اپنے ساتھ اور ملائکہ کے ساتھ
نزدیک کیا نوین آیت اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا اسکے معنی یہ ہین کہ سوائے عالمون کے خدا سے کوئی
نہین ڈرتا اور دوسری آیت مین فرمایا کہ بہشت ہمیشگی کی اونکے لیے ہوگی کہ خدا سے ڈرے اور وہ آیت یہ ہے جَزَآؤُهُمْ
عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یہان تک کہ فرمایا ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّهٗ دسوین آیت
یہ ہے اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ اطاعت کرو تم اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور صاحبان
امر کی تم مین سے اسلیے کہ اکثر محقق اہل تفسیر کے اسپر ہین کہ مراد اولو الامر سے عالم ہین اسلیے کہ تیغ بادشاہون کی تابع قلم علما کے
ہوتی ہے اور قلم علما کا تابع اونکی تلوار کے نہین دوسرے جو کچھ کہ توریت مین آیا ہے کہ فرمایا اے موسی بڑی حکمت حاصل کر اسلیے کہ
مین نہین ڈالتا ہون اوسکو کسی دل مین مگر اس حال مین کہ چاہتا ہون مین بخشنا اوسکا پس سیکھ اوسکو پھر عمل کر اوسپر پھر خرچ کر
اوسکو تاکہ پہونچے تو میری بزرگی کو دنیا اور آخرت مین اور چونکہ پہونچنا بزرگی دنیا اور عقبی کا متعلق ساتھ علم اور عمل کے ہوا
معلوم ہوا کہ شرف اوسکا کس درجے کا ہے تیسرے جو کچھ کہ انجیل مین بیچ سفر دوسرے کے آیا ہے اور وہ قول اللہ تعالی کا ہے
وائے ہے واسطے اوسکے کہ سنا علم کو اور نہ طلب کیا اوسکو کیونکر جمع کرینگے ہم عالم کو ساتھ جاہلون کے طرف دوزخ کے
طلب کرو علم کو اور سیکھو اوسکو اور نہ کہو کہ ڈرتے ہین ہم یہ کہ علم سیکھین ہم اور نہ عمل کرین ہم ولیکن کہو امید رکھتے ہین ہم یہ کہ
علم سیکھین ہم پھر عمل کرین اوسپر اور علم شفاعت کریگا واسطے صاحب اپنے کے یعنی عالم کے اور حق ہے اللہ پر یہ کہ نہین رسوا کریگا
عالم کو فرماویگا اللہ تعالی اے گروہ علما کے کیا گمان ہے تمھارا ساتھ رب اپنے کے پس کہینگے علما گمان کرتے تھے ہم یہ کہ رحم کریگا ہمپر
رب ہمارا اور بخشے گا ہمکو پس فرماویگا اللہ تعالی کہ تحقیق مینے کیا یعنی بخشا تمکو اور رحم کیا تمپر تحقیق مینے امانت رکھی تھی تم مین
حکمت اپنی نہ واسطے شر کے کہ ارادہ کیا ہو مینے ساتھ تمھارے داخل ہو تم میری جنت مین بسبب رحمت میری کے انتہی اس نص
سے ساتھ کتنی وجھون کے شرف علم کا معلوم ہوا اور مقاتل بن سلیمان سے نقل ہے کہ حق تعالی نے انجیل مین فرمایا اے عیسی تعظیم کرو

علما کی او سپہچان تو فضل اونکا پس تحقیق سینے فضیلت دی ہی اونکو اوپر تمام خلق اپنی کے سوائے نبیون اور رسولون کے مانند
فضیلت آفتاب کے سب ستارون پر اور مانند فضیلت آخرت کے دنیا پر اور مانند فضیلت اپنی کے تمام چیزون پر چنانچہ
کچھ حدیثون مین آیا ہی اور وہ اگرچہ نہایت بہت ہی لیکن دس حدیثین کہ دلالت مقصود پر نہایت واضح ہین ذکر کی جاتی ہین
اول تو یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تَفَكُّرُ سَاعَةٍ خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّينَ سَنَةً یعنی تفکر کرنا ایک ساعت
کا بہتر ہی ساٹھ برس کی عبادت سے اسلیے کہ فکر بندے کو حق کی طرف پونہچاتا ہی اور طاعت ثواب کو اور یہ بھی ہی کہ فکر بے طاعت
کے سبب نجات کی ہوتی ہی اسلیے کہ اگر کافر بیچ دلائل توحید الٰہی کے فکر کرے یعنی اقرار کرے توحید اور رسالت کا اور اوسی
وقت مر جاوے تو باتفاق علما کے نجات پاویگا اور اگر کوئی ہزار برس بیعلم و معرفت کے عمل کرے نجات نپاویگا اور دوسری یہ کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَقْرَبُ النَّاسِ مِنْ دَرَجَةِ النُّبُوَّةِ اَهْلُ الْعِلْمِ وَالْجِهَادِ یعنی قریب تر لوگون کے
درجہ نبوت سے اہل علم اور جہاد کرنے والے ہین اور تیسری یہ حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی واسطے علی رضی کے جبکہ بھیجا اونکو
عامل کر کر طرف اہل یمن کے فَاِنْ يَهْدِ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا خَيْرٌ لَكَ مِمَّا يَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ یعنی پس اگر ہدایت
کرے اللہ بسبب تیرے ایک شخص کو بہتر ہی تیرے لیے اوس چیز سے کہ نکلتا ہی اوسپر آفتاب یعنی تمام دنیا سے چوتھی حدیث
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِي عَلَى اَدْنَاكُمْ یعنی فضیلت عالم کی عابد پر مانند فضیلت
میری کے ہی تمہارے ادنیٰ پر پانچوین حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ
يَا اِبْرَاهِيْمُ اِنِّيْ عَلِيْمٌ اُحِبُّ كُلَّ عَلِيْمٍ یعنی وحی بھیجی اللہ عزوجل نے طرف ابراہیم ع کے کہ ای ابراہیم بلاشبہہ مین علم
رکھنے والا ہون دوست رکھتا ہون ہر علم رکھنے والے کو چھٹی حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لَمَوْتُ قَبِيْلَةٍ
اَيْسَرُ مِنْ مَوْتِ عَالِمٍ یعنی البتہ مرنا ایک قبیلے کا آسان تر ہی مرنے عالم کے سے اور ساتوین حدیث آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی کہ جو کوئی چلے ایک راہ مین واسطے طلب علم کے چلاویگا اللہ اوسکو ایک راہ مین جنت کی راہون مین سے اور تحقیق ملائکہ
بچھاتے ہین بازو اپنے واسطے رضا طالب علم کے اور تحقیق عالم کے لیے بخشش مانگتے ہین وہ کہ آسمانون مین ہین اور وہ کہ زمین
مین ہین اور مچھلیان پانی کے اندر اور تحقیق علما وارث ہین انبیا کے آٹھوین حدیث آنحضرت علیہ السلام کی يَشْفَعُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ثَلٰثَةٌ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ ثُمَّ الشُّهَدَاءُ یعنی شفاعت کرینگے دن قیامت کے تین جماعتین انبیا پھر
علما پھر شہدا نوین حدیث آنحضرت کی مَنْ صَلّٰى خَلْفَ عَالِمٍ مِّنَ الْعُلَمَاءِ فَكَاَنَّمَا صَلّٰى خَلْفَ نَبِيٍّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ
یعنی جسنے نماز پڑھی پیچھے عالم کے علما مین سے پس گویا کہ اوسنے نماز پڑھی پیچھے نبی کے انبیا مین سے دسوین حدیث آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی یہ کہ لائی جاویگی روشنائی علما کی روز قیامت کے اور وزن کی جاویگی شہدا کے خون کے ساتھ پس غالب آویگی روشنائی علما کی شہدا کے خون پر پانچوین جو کچھ
کہ اوسمین آیا ہی لیکن وہ بیشمار ہی اور روشن تر سب سے یہ ہی کہ جو حضرت امیر المؤمنین علی رضی نے اپنے شاگرد کمیل بن زیاد نام کو کہا ای کمیل علم بہتر ہی تیرے لیے
مال سے علم نگہبانی کرتا ہی تیری اور تو نگہبانی کرتا ہی مال کی اور علم حاکم ہی اور مال محکوم علیہ ہی اور مال کو ناقص کرتا ہی نفقہ اور علم بڑھتا جاتا ہی
خرچ کرنے سے یعنی پڑھانے سے اور اور جا فرمایا کہ عالم افضل ہی روزہ دار قائم اللیل مشقت کرنے والے سے عبادت مین اور جبکہ
مرتا ہی عالم چھید پڑتا ہی اسلام مین ایسا چھید کہ نہین بند کرتا ہی اوسکو کوئی مگر جانشین نیک اوسکا اور یہ بھی حضرت علی رضی
سے منقول ہی کہ بزرگی علم کی مال پر دس وجہ سے ہی اول تو یہ کہ بسبب مال کے دشمن بہت ہو جاتے ہین تا بحدیکہ جو کوئی پاس اوسکا
بہت قریب ہوتا ہی نزدیک ہوتے ہین مانند فرزند اور بھائی وغیرہ کے واسطے میراث کے مرنا اوسکا چاہتا ہی اور علم کے سبب سے دوست

۵۱ یعنی نقصان واقع ہوتا ہی منہ مد ظلہ

بہت ہوتے ہین اسلیے کہ جب خلق کو معلوم ہوتا ہی کہ یہ شخص عالم بزرگ ہی دلون کو اوسکی طرف میل ہوتا ہی دوسری یہ کہ علم سبب قرب
اور کرامت حق کا ہی اور مال سبب بُعد اور ہوا نفسانیکا تیسری یہ کہ علم میراث ملائکہ اور انبیا کی ہی اور مال میراث نمرود اور قارون
کی چوتھی یہ کہ مال متاعِ دنیا فانی کی ہی اور علم متاع آخرت باقی کی پانچوین یہ کہ علم عالم سے کسی طرح جدا نہین ہوتا بخلاف
مال کے کہ ایک ساعت مین جدا ہو جاتا ہی کتنے ہی غنی فقیر ہو گئے ہین چھٹی یہ کہ مال کی تو نگہبانی کرتا ہی اور علم تیرا نگہبان ہی
یعنی بسبب اوسکے خدا کے گنہ سے بچتا ہی ساتوین یہ کہ صاحب مال پکارا جاتا ہی ساتھ نام بخیل و بد کے اور صاحب علم پکارا
جاتا ہی ساتھ اکرام و اعظام کے آٹھوین یہ کہ مال حفاظت کیا جاتا ہی چورون سے اور علم نہین حفاظت کیا جاتا ہی چورون سے
نوین یہ کہ مال بسبب بہت دنون کے رہنے کے خراب اور پرانا ہو جاتا ہی اور علم ہمیشہ نیا ہوتا دسوین یہ کہ مال والے کا دل سخت
ہو جاتا ہی اور صاحب علم کا دل منور رہتا ہی یہان تک کہ صاحب مال دعوی ربوبیت کا کرنے لگتا ہی یعنی مثل فرعون کے اور
صاحب علم دینی ایسا دعوی کرتا نہین اور عبید اللہ اور عباس رضی اللہ عنہما نے اپنے بیٹون کو وصیت کی کہ ای بیٹون میرے
اختیار کرادب کو یعنی علم کو اسلیے کہ وہ رہنما ہی مروت پر اور انیس ہی وحشت مین اور یار ہی سفر مین اور مصاحب ہی وطن مین اور
صدر کرتا ہی مجلس مین اور وسیلہ ہی طرف حاصل کرنے مطالب کے اور غنی ہی وقت نہونے مال کے اور سبب رفعت ہی خسیس
کے لیے اور سبب کمال ہی شریف کے لیے ابو اسود دئلی نے فرمایا کہ نہین ہی کوئی چیز عزیز تر علم سے بادشاہ حاکم ہین لوگون پر اور
علما حاکم ہین بادشاہون پر اور حضرت لقمان علیہ السلام کی وصیتون مین سے ہی اپنے بیٹے کو کہ ای بیٹے میرے لازم کر اپنے پر
تحصیل علم اسلیے کہ تو اگر محتاج ہوگا تو ہوگا علم تیرے لیے مال اور اگر غنی ہوگا تو ہوگا علم تیرے لیے جمال اور کہا بعضے حکما نے
کاشکے جانون مین کہ کون سی چیز پائی اوس شخص نے کہ فوت ہوا اوس سے علم اور کون سی چیز فوت ہوئی اوس سے کہ پایا اوسنے
علم اور نقل ہی کہ سکندر نے ارسطاطالیس سے پوچھا کہ علم بہتر ہی یا بادشاہی ارسطاطالیس نے کہا کہ بادشاہی سے قدر دنیا
مین ہوتی ہی اور علم سے عالم کی قدر بعد اوسکے مرنے کے زیادہ ہوتی ہی بہ نسبت اسکے کہ اوسکی حیات مین ہی اور سکندر نے کہا کہ
کیون ہی یہ بات کہ علما ہمیشہ بادشاہون کے دروازون پر آمد و شد کرتے ہین اور بادشاہ علما کے دروازے پر بہت کم جاتے
ہین ارسطاطالیس نے کہا کہ علما اس سبب سے جاتے ہین کہ ان بیچارون کو حاجت مال کی پڑتی ہی اونکے دروازون پر اوسکے حاصل
کرنے کے لیے جاتے ہین یعنی جیسے کوئی پاخانہ مین جاتا ہی اور بادشاہ جو قدر علم کی جانتے نہین ہین اور احتیاج اوسکی رکھتے
نہین اس سبب سے کم جاتے ہین انتہی یہ تمام مضمون کتاب نفائس الفنون مین سے لکھا ہی غرض اسکے بیان سے یہ ہی کہ ہر زن و مرد
کو چاہیے کہ ان مضامین مین غور کر کر طلب علم مین چست و چالاک ہون کہ فرمایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ
عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ یعنی طلب کرنا علم کا فرض ہی ہر مسلمان مرد اور مسلمان عورت پر اور اگر علم کے پڑھنے کی فرصت نہو
تو بھلا اتنا تو کرو جہان اہل حق وعظ کہتے ہون وہان خواہ مخواہ حاضر ہو کر اکتساب سعادت کیا کرو کہ علم سننے سے بھی حاصل ہوتا ہی
شعر فَقُرْبُہُ لَا تَكُوْنَنَّ جَاهِلًا اَبَدًا + اَلنَّاسُ مَوْتٰى وَاَهْلُ الْعِلْمِ اَحْيَاءُ + اور واقع مین عدم فرصتی
کا بہانہ کرنا بھی لغو ہی دنیا کے جس کام کو جی چاہتا ہی کیسی فرصت نکال لیتے ہو اوسکے لیے اگر دنیا کے کام کے برابر بھی
اسکو سمجھو باوجودیکہ زمین و آسمان کا فرق ہی ان مین تو بھی کیا کچھ حاصل کر لو جاگو بھائیو خواب غفلت سے اور دعا کرو
اپنے کریم کارساز سے بحسب فرمودہ اوسکے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا عِلْمًا نَّافِعًا
وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا آمین رب العلمین ہ اور چونکہ آیت مذکورہ مین فضیلت علما کی بیان ہوئی اب آگے

پتا اون علما کا بیان ہوتا ہی کہ وہ کون سے علما ہین جو اللہ سے ڈرتے ہین اور ثواب اونکا مذکور ہوتا ہی +

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

تحقیق وہ لوگ کہ پڑھتے ہین کتاب خدا کی اور قائم رکھا ہی نماز کو اور خرچ کیا ہی اوس چیز سے کہ روزی دی ہی ہمنے اونکو چھپا اور ظاہر امیدوار ہین سوداگری کے کہ ہرگز ہلاک نہوگے تو کہ پورا دے اونکو ثواب اونکا اور زیادہ دے اونکو فضل اپنے سے تحقیق وہ بخشنے والا قدردان ہی + فتح + جو لوگ پڑھتے تھے کتاب اللہ کی اور سیدھی کرکر نماز اور خرچ کیا کچھ ہمارا دیا چھپے اور چھپے امیدوار ہین ایک بیوپار کے جو کبھی نہ ٹوٹے تا پورے دے اونکو نیگ اونکے اور بڑھتی دے اپنے فضل سے تحقیق وہ ہی بخشنے والا قبول کرتا + تفسیر + پڑھتے ہین کتاب اللہ کی یعنی ہمیشہ تلاوت قرآن کیا کرتے ہین پوشیدہ اور ظاہر یعنی صدقۂ نفل پوشیدہ دیتے ہین اور صدقۂ فرض ظاہر یعنی قناعت نہین کرتے ہین ساتھ تلاوت کرنے اوسکے حلاوت عمل کرنے سے اوسپر یعنی قرآن پڑھتے بھی ہین اور عمل بھی کرتے ہین اوسپر امیدوار ہین سوداگری کے وہ طلب کرنا ثواب کا ہی بسبب طاعت کے کہ ہرگز ہلاک نہوگی لن تبور کے معنی ہین لن تکسد یعنی امیدوار ہین سوداگری کے کہ مستغنی ہوگا اوس سے کساد یعنی کھوٹا ہونا اور رواج پاویگا نزدیک اللہ کے ثواب اونکا یعنی ثواب اعمال اونکے کا اور زیادہ دے اونکو فضل اپنے سے کہا ابن عباس نے کہ سوائے ثواب موعود کے دیگا ایسی چیزین کہ نہ کسی کی آنکھون نے دیکھین ہین اور نہ کسی کے کانون نے سنی ہین انتہی یا مراد ہی زیادہ دینے فضل سے فراخی قبرون کی یا قبول ہونا اونکی شفاعت کا اونکے حق مین کہ احسان کیا ہی اونسے یا دچند کرنا حسنات اونکے کا یا دیدار الٰہی ہونا بخشنے والا ہی یعنی لوگون کو اور شکور کے معنی یہ ہین کہ دیتا ہی ثواب بہت عمل قلیل پر + مل + معا + تنبیہ + نماز کے قائم رکھنے کے یہ معنی ہین کہ ہمیشہ پڑھا کرے اوسکو اوسکے وقتون مین اور احکام ارکان و واجبات سنن مستحبات کی رعایت رکھے اور اوسی کو محافظت نماز بھی کہتے ہین اس سے بڑا درجہ پاتا ہی نمازی دارین مین حضرت عثمان رض سے منقول ہی کہ جو کوئی محافظت کرتا ہی پانچون نمازون کی اونکے وقتون مین اور مداومت کرتا ہی اونپر اوسکو اللہ تعالیٰ نو طرح کی بزرگیان عطا فرماتا ہی دوست رکھتا ہی اوسکو اللہ تعالیٰ اور رہتا ہی بدن اوسکا تندرست اور محافظت کرتے ہین اوسکی ملائکہ اور اوترتی ہی برکت اوسکے گھر مین اور ظاہر ہوتی ہی اوسکے چہرے پر علامت صالحین کی اور نرم کردیتا ہی اللہ تعالیٰ دل اوسکا اور گذریگا پل صراط پر مانند بجلی چمکتی کے اور نجات دیگا اوسکو اللہ تعالیٰ آگ دوزخ سے اور اوتاریگا اوسکو اللہ تعالیٰ اون لوگون کے ہمسایہ مین کہ نہین ہی خوف اونپر اور نہ غمگین ہونگے + منبہات +

اور چونکہ ذکر آیا تھا قرآن پڑھنے کا اوسپر خوبی اوسکی بیان فرمائی ہ

وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝

اور جو کچھ کہ وحی بھیجی ہمنے طرف تیرے قرآن سے وہی ہی حق سچا کرنے والا اوس چیز کو کہ آگے اوسکے ہی یعنی جو کتابین کہ پہلے اوس سے اوتری ہین تحقیق خدا ساتھ بندون اپنے کے البتہ خبردار دیکھنے والا ہی + فتح + اور جو ہمنے تجپر اوتاری کتاب وہی ٹھیک ہی سچا کرتی آپ سے اگلی کو مقرر اللہ اپنے بندون سے خبر رکھتا ہی دیکھتا + مو + تفسیر + پس جانا تجکو اور دیکھا احوال ظاہر و باطن تیرا پس بھیجا تجکو لائق اسکے کہ وحی بھیجی طرف تیرے ایسی کتاب معجز کہ جو کسوٹی ہی ساری کتابون کی + مل +

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ

وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝

پھر وارث کیا ہمنے کتاب کا اون لوگون کو کہ برگزیدہ کیا ہمنے بندون اپنے سے یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے امت محمدیہ کو پہنچا
واللہ اعلم پس بعض اونمین سے ظلم کرنے والا ہی اپنی جان پر اور بعض اونمین سے میانہ رو ہی اور بعض اونمین سے سبقت کرنیوالا
ہی طرف نیکیون کے ساتھ حکم خدا کے یہ یعنی وارث کرنا کتاب کا ہی فضل بڑا + **فتح** + پھر ہمنے وارث کیے کتاب کے وہ جو چنے
ہمنے اپنے بندون مین سے پھر کوئی اونمین برا کرتا ہی اپنی جان کا اور کوئی اونمین سے بیچ کی چال پر اور کوئی اونمین سے آگے
بڑھ گیا لیکر خوبیان اللہ کے حکم سے یہی ہی بڑی بزرگی + **تفسیر** + یعنی پیغمبر کے بعد کتاب کے وارث کئی ایک اور
چنے بندے بنائے یعنی یہ امت اونمین تین درجے بتائے ایک گنہگار ایک میانہ ایک اعلی سب کو گنا چنے بندون مین امید ہی
کہ آخر سب بہشتی ہین رسول نے فرمایا ہمارا گنہگار معافی ہی اور میانہ سلامت ہی اور آگے بڑھے سو سب سے آگے بڑھے اللہ کریم ہی
اوسکے ہان کمی نہین + **موضح** + پھر وارث کیا ہمنے الخ یعنی وحی بھیجا ہمنے طرف تیرے قرآن کو پھر وارث کیا ہمنے اوسکا بعد
تیرے یعنی حکم کیا ہمنے اوسکے وارث کرنے کا اون لوگون کو کہ برگزیدہ کیا ہمنے الخ اور وہ ہی امت آنحضرت کی ہی صحابہ اور تابعین اور
تبع تابعین اور وہ کہ بعد اونکے پیدا ہوتے چلے جاوینگے قیامت تک آسلیے کہ اللہ تعالی نے برگزیدہ کیا ہی اونکو تمام امتون پر
اور کیا اونکو امت وسط یعنی افضل تاکہ ہون وہ گواہ لوگون پر اور خاص کیا اونکو ساتھ بزرگی پہونچنے کے طرف افضل رسولون کے پھر
بیان فرمائے اونکے مراتب پس فرمایا کہ بعض اونمین سے ظلم کرنے والا ہی اپنی جان پر اور وہ وہی ہی کہ موقوف رکھا گیا حکم خدا پر جیسا کہ
آگے آویگا بیان اسکا اور بعض اونمین سے میانہ رو ہی اور وہ وہی ہی کہ ملایا ایک کام نیک اور دوسرا بد اور بعض اونمین سے سبقت
کرنے والا ہی طرف نیکیون کے اور یہ تاویل موافق ہی قرآن کے کہ اللہ تعالی نے فرمایا وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ
وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ یعنی اور جو لوگ قدیم ہین پہلے وطن چھوڑنے والے
اور مدد کرنے والے اور جو اونکے پیچھے آئے نیکی سے اللہ راضی اونسے اور وہ راضی اوس سے اور رکھیا رکھے ہین واسطے اونکے
باغ نیچے بہتی نہرین رہا کرین اونمین ہمیشہ یہی ہی بڑی مراد ملنی اور فرمایا بعد اوسکے وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ
خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ یعنی اور اور
ہین کہ اقرار کیا اپنے گناہون کا ملایا ہی اونھون نے عمل نیک کو ساتھ عمل دوسرے کے کہ بد ہی نزدیک ہی کہ خدا اسکے ساتھ رحمت کے
متوجہ ہو اونپر تحقیق خدا بخشنے والا مہربان ہی اور فرمایا بعد اوسکے وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا
يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ یعنی اور اور ہین موقوف رکھے گئے فرمان خدا پر یا یہ ہی کہ عذاب کرے اونکو یا ساتھ
رحمت کے متوجہ ہو اونپر اور خدا دانا درست کار ہی اور یہ تاویل موافق حدیث کے بھی ہی کہ روایت کی گئی عمرؓ سے کہ اونھون نے
کہا منبر پر بعد پڑھنے اس آیت کے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سَابِقُنَا سَابِقٌ وَّمُقْتَصِدُنَا نَاجٍ وَّظَالِمُنَا
مَغْفُوْرٌ لَّهٗ یعنی سابق ہمارا سبقت لیجانے والا ہی اور میانہ رو ہمارا نجات پانے والا ہی اور ظالم ہمارا بخشا جاویگا اور روایت
ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا سابق داخل ہوگا جنت مین بغیر حساب کے اور مقتصد یعنی میانہ رو حساب کیا جاویگا
حساب آسان پھر داخل ہوگا بہشت مین اور اپنے ظلم کرنیوالا اپنے نفس پر پس محبوس کیا جاویگا یہان تک کہ گمان کریگا کہ وہ شخص
ہرگز نہین نجات پانے کا پھر پہونچیگی اوسکو رحمت الٰہی پس داخل ہوگا بہشت مین روایت کی یہ ابو درداؓ نے اور یہ تاویل موافق

اثر یعنی اقوال صحابہ کے بھی ہی کہ ابن عباس سے منقول ہی کہ سابق اخلاص رکھنے والا ہی اور مقتصد ریاکار اور ظالم کفران نعمت
کرنے والا نہ منکر اللہ کا اسلیے کہ حکم کیا گیا ہی تینون کے لیے جنت کے داخل ہونے کا اور موافق ہی قول سلف یعنی تابعین کے بھی
کہا ربیع بن انس نے ظالم صاحب کبائر ہی اور مقتصد صاحب صغائر اور سابق وہ کہ پرہیز رکھتا ہو صغائر اور کبائر سے اور کہا
حسن بصری نے کہ ظالم وہ ہی کہ غالب ہون برائیان اوسکی اوپر نیکیون اوسکی کے اور سابق وہ کہ غالب ہون نیکیان اوسکی اوسکی
برائیون پر اور مقتصد وہ کہ برابر ہون نیکیان اور برائیان اوسکی اور پوچھا گیا ابو یوسف رح سے کہ مراد اس آیت مین کون لوگ ہین
پس کہا اونھون نے کہ وہ سب مومن ہین اور صفت کافرون کی بعد اسکے مذکور ہی کہ وہ قول اللہ تعالی کا ہی وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ اور ایسے تینون طبقے پس ہین اونھین لوگون مین سے کہ برگزیدہ کیا اونکو اللہ تعالی نے اپنے بندون مین سے اسلیے
کہ فرمایا فَمِنْهُمْ وَمِنْهُمْ وَمِنْهُمْ اور سب ضمیرین پھرتی ہین طرف قول اللہ تعالی کے الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا
اور وہ اہل ایمان ہین اور اسی پر جمہور ہین اور مقدم کیا ظالم کو واسطے آگاہ کرنے اس بات کے کہ وہ بہت ہین اور مقتصدین کم ہین
بنسبت ظالمین کے اور سابق بہت ہی کم ہین اور کہا ابن عطا نے کہ ظالم کو اسلیے مقدم کیا کہ ناامید نہو وہ اوسکے فضل سے
اور بعضون نے کہا کہ اسلیے مقدم کیا ظالم کو کہ اول احوال معصیت ہی پھر توبہ پھر استقامت اور کہا سہل نے کہ سابق عالم ہی اور
مقتصد متعلم یعنی طالب علم اور ظالم جاہل اور یہ بھی کہا سہل نے کہ سابق وہ ہی کہ مشغول ہو اپنی آخرت کی فکر مین اور مقتصد وہ کہ
مشغول ہو اپنی معاش و معاد مین اور ظالم وہ ہی کہ باز رہے بسبب معاش اپنی کی اپنی معاد سے اور بعضون نے کہا ظالم وہ ہی
کہ عبادت کرے رب کی غفلت سے اور بحسب عادت کے اور مقتصد وہ ہی کہ عبادت کرے رب کی از راہ رغبت جنت اور خوف
دوزخ کے اور سابق وہ ہی کہ عبادت کرے اوسکی از راہ ہیبت اور استحقاق کے اور بعضون نے کہا کہ ظالم وہ ہی کہ لیوے
دنیا کو حلال ہو یا حرام اور مقتصد وہ ہی کہ کوشش کرے اسکی کہ نہ لیوے دنیا کو مگر وجہ حلال سے اور سابق وہ ہی کہ رد گردانی
کرے حلال و حرام سے بالکل اور بعضون نے کہا کہ ظالم طالب دنیا ہی اور مقتصد طالب عقبی اور سابق طالب مولی اور بعضون
نے کہا ظالم وہ ہی کہ ہو ظاہر اوسکا بہتر اوسکے باطن سے اور مقتصد وہ ہی کہ برابر ہو ظاہر و باطن اوسکا اور سابق وہ کہ باطن
اوسکا بہتر ہو اوسکے ظاہر سے اور بعضون نے کہا ظالم وہ ہی کہ توحید بیان کرے اللہ تعالی کی اپنی زبان سے اور نہ موافق
ہو فعل اوسکا اوسکے قول کے اور مقتصد وہ کہ توحید بیان کرے اللہ کی اپنی زبان سے اور فرمانبرداری کرین اوسکے اعضا
اوسکی اور سابق وہ کہ توحید بیان کرے اللہ کی زبان سے اور فرمانبرداری کرین اوسکے اعضا اوسکی اور خالص کرے اوسکے
لیے عمل اپنا اور بعضون نے کہا ظالم تلاوت کرنے والا قرآن کا ہی اور مقتصد پڑھنے والا اوسکا اور علم رکھنے والا اوسکا اور سابق
پڑھنے والا قرآن کا علم رکھنے والا اوسکا اور عمل کرنے والا اوس چیز پر کہ اوسمین ہی اور کہا ابوبکر وراق نے کہ یہ ترتیب بیان
فرمائی بحسب مقامات لوگون کے اسلیے کہ احوال بندے کے تین ہین معصیت و غفلت پھر توبہ پھر قربت پس جب نافرمانی کی تو
داخل ہوا بیچ جماعت ظالمون کے پھر جب توبہ کی داخل ہوا بیچ جملہ مقتصدین کے پھر جب صحیح اور بہت ہوئی توبہ اور مجاہدہ تو
داخل ہوا بیچ گنتی سابقین کے + **مدّعا + تنبیہ** + خیال تو کرو بھائیون کہ اللہ تعالی کس عنایت سے فرماتا
ہی کہ ہمنے تمکو وارث کتاب کا کیا اور پھر فرمایا کہ یہ بڑا ہی فضل ہی اللہ تعالی کا تمکو چاہیے کہ اس نعمت کو بہت ہی غنیمت جانو
پڑھو بھی اور عمل بھی کرو اسپر اسکو بلاؤن ہی کے بھگانے کے لیے طاق پر نہ رکھہ چھوڑو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
فرماتے ہین چھہ چیزین ہین کہ وہ غریب ہین چھہ جگہون مین مسجد غریب ہی اوس قوم کے درمیان مین کہ نماز نہ پڑھین اوسمین اور

مصحف غریب ہی اوس مکان مین کہ نہ پڑھین اوسمین اور قرآن غریب ہی فاسق کے دل مین اور عورت مسلمان صالحہ غریب ہی بیچ قبضے مرد ظالم بدخلق کے اور مرد صالح غریب ہی بیچ ہاتھ عورت بد کے اور عالم غریب ہی اوس قوم کے درمیان مین کہ سنین کہنا اوسکا + منبہات

جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَهَا یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِیْهَا حَرِیْرٌ ۝

باغ ہین ہمیشہ رہنے کے داخل ہونگے اوسمین یعنی تینون فرقے زیور دیا جاویگا اونکو قسم کنگنون سونے کے سے اور زیور دیے جاوینگے موتی اور لباس اونکا وہان ریشمی ہوگا + فتح + باغ ہین بسنے کے جن مین جاوینگے وہان گہنا پہناوینگے اونکو کنگن سونے کے اور موتی اور اونکی پوشاک وہان ریشمی ہی + تفسیر + سونا اور ریشم مسلمانون کو وہان ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ریشمی پہنے دنیا مین آخرت مین نہ پہنے + مو + آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی آیت جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَهَا یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا پھر فرمایا کہ جنتیون پر تاج ہونگے اس طرح کے کہ ادنی موتی اونکا البتہ روشن کردیگا اوس چیز کو کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہی انتہی اور ریشمی کپڑے وہان اسلیے پہنینگے کہ اون مین لذت اور زینت ہی + درمنثور + مل

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۝ الَّذِیْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّلَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ ۝

اور کہینگے سب تعریف واسطے خدا کے ہی جسنے دور کیا ہمسے غم تحقیق رب ہمارا البتہ بخشنے والا قدردان ہی جسنے اوتارا ہمکو بیچ گھر ہمیشہ رہنے کے مہربانی اپنی سے یعنی نہ بسبب استحقاق ہمارے کے نہ پہنچے ہمکو بیچ اسکے کچھ رنج اور نہ پہنچے ہمکو اوسمین ماندگی اور کہینگے شکر اللہ کا جسنے دور کیا ہمسے غم بیشک ہمارا رب بخشتا ہی قبول کرتا ہی یعنی غم دنیا کا دفع کیا بخشتا ہی گناہ قبول کرتا ہی طاعت جسنے اوتارا ہمکو رہنے کے گھر مین اپنے فضل سے نہ پہنچے ہمکو اوسمین مشقت اور نہ پہنچے ہمکو تھکنا + تفسیر + رہنے کا گھر اس سے پہلے کوئی نہ تھا ہر جگہہ چل چلاؤ اور روزی کا غم اور دشمنون کا رنج اور مشقت وہان پہونچکر سب گئے + موق + دور کیا ہمسے غم یعنی خوف دوزخ کا یا خوف موت کا یا غم دنیا کے اور کہا مقاتل نے کہ غمگین رہتے تھے اسلیے کہ وہ نہین جانتے تھے کہ اللہ تعالی کیا معاملہ کریگا ہمسے اور بعضون نے کہا کہ غم تھا قیامت کے ہولون کا اور بعضون نے کہا فکر معیشت مراد ہی اور کہا زجاج نے کہ دور کریگا اللہ تعالی اہل جنت سے تمام غم جو کچھ کہ تھے معاش کے یا معاد کے بخشنے والا ہی کہ بخشتا ہی تقصیرین اگرچہ بہت ہون قدردان ہی کہ قبول کرتا ہی طاعتین اگرچہ کم ہون ہمیشہ رہینگے کہ نہین نکلینگے ہم اوس سے اور نہین جدا ہونگے ہم اوس سے ابن عباس سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اہل جنت کے جسوقت کہ داخل ہونگے جنت مین اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ کہا ابن عباس نے وہ وہ لوگ ہین کہ دنیا مین ڈرتے رہتے تھے اللہ سے اور مشقت کرتے رہتے تھے اوسکی عبادت مین پوشیدہ اور ظاہر اور اونکے دلون مین غم رہتا تھا بسبب گناہون گذشتہ کے پس وہ ڈرتے رہتے تھے اس سے کہ نہ قبول ہو اونسے مشقت طاعت بسبب گناہون گذشتہ کے پس جب جنت مین داخل ہونگے کہینگے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ کہ بخشے ہمارے لیے بہت سے بڑے گناہ ہمارے اور قبول کیے ہمارے تھوڑے سے عمل اور صہیب سے روایت ہی کہ کہا اونہون نے سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے بیچ حق مہاجرین کے کہ وہ سابق ہین شفاعت کرنے کے رہنمائی کرینگے اپنے پروردگار کے نزدیک یعنی لوگون کو قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہی تحقیق وہ آوینگے روز قیامت کے اس حال مین کہ اونکے کندھون پر ہتھیار ہونگے پس کھٹکھٹاوینگے دروازہ جنت کا پس کہینگے ہم مہاجرین ہین پس کہینگے اونکو دربان جنت کے

کہ آیا حساب دے چکے تم پس دو زانو ہو بیٹھین گے وہ اور اوٹھا دینگے ہاتھ اپنے طرف آسمان کے اور عرض کرینگے کہ ای رب ہمارے کیا ساتھ اس حالت کے حساب دین ہم کہ تحقیق نکلے ہم وطن سے اور چھوڑے ہمنے اہل اور مال اور اولاد پس پہنا دیگا اللہ اونکے لیے پرند نے کے جڑاو ساتھ زبرجد اور یاقوت کے پس اوٹھینگے یہان تک کہ داخل ہونگے جنت مین پس یہ ہی قول اللہ تعالی کے وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ تا قول اوسکے وَلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ زیادہ پہچانتے ہونگے مکان اپنے جنت مین بنسبت مکانون اپنے کے دنیا مین اور ابن عمر سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہوگی اہل لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ پر وحشت اونکی قبرون مین اور نہ محشر مین پس گویا کہ مین دیکھتا ہون اہل لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کو کہ جھاڑتے ہین مٹی اپنے سرون سے اور کہتے ہین اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ الخ ابراہیم تیمی سے ہی کہ کہا اونھون نے لائق ہی واسطے اوس شخص کے کہ غمگین ہو یعنی دنیا مین یہ کہ ڈرے اس سے کہ نہو جنتیون مین سے اسلیے کہ جنتی کہینگے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اور لائق ہی واسطے اوس شخص کے کہ نہ ڈرا یہ کہ ڈرے اس سے کہ نہو جنتیون مین سے اسلیے کہ جنتی کہینگے إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ یعنی بلاشبہہ تھے ہم پہلے اس سے اپنے اہل مین ڈرنے والے ✚ **معالم** ✚ **در منثور** ✚ اب آگے جنتیون کے مقابلے مین ذکر کرنا دوزخیون کا شروع فرمایا ✚

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَىٰ عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ

اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے اونکے لیے ہی آگ دوزخ کی نہین تو حکم کیا جاویگا اونپر تا مرین اور نہ سبک کیا جاویگا اونسے کچھ عذاب دوزخ سے اسی طرح سزا دیتے ہین ہم ہر ناشکر کو ✚ **فتح** ✚ اور جو منکر ہین اونکو ہی آگ دوزخ کی نہ اونپر تقدیر پہونچتی ہی کہ مر جاوین اور نہ اونپر ہلکی ہوتی ہی وہان کی کچھ کلفت بھی ایسے ہی سزا دیتے ہین ہم ہر ناشکر کو ✚ **تفسیر** ✚ لَا يُقْضَىٰ الخ یعنی نہین حکم کیا جاویگا اونپر دوسری موت کا تا آرام پاوین جیسے کہ اور جا فرمایا وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ یعنی پکارینگے دوزخی مالک داروغۂ دوزخ کو کہ ای مالک عرض کر اپنے رب سے تا حکم کرے ہمپر موت کا تا کہ آرام پاوین ہم ابو درداء روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈالی جاویگی یعنی مسلط ہوگی دوزخیون پر بھوک پس برابر ہوگا عذاب بھوک کا اوس حالت کے کہ کافر اوسمین ہونگے کہ عذاب دوزخ ہی یعنی الم بھوک کا مانند الم تمام عذابون انکے کے ہوگا پس فریاد کرینگے الم بھوک سے پس فریادرسی کیے جاوینگے ساتھ کھانے کے ضریع سے نہ فربہ کریگا اور نہ بے پروا کریگا بھوک سے پھر دوبارہ فریاد کرینگے کھانے کے لیے یعنی بسبب نہ نفع پانے کے پہلے کھانے سے پس فریادرسی کیے جاوینگے ساتھ کھانے گلوگیر کے یعنی ہو کہ گلے مین اٹک جاویگا نہ نیچے اوتر سکے گا اور نہ باہر نکل سکے گا یعنی قسم ہڈی غیرہ سے یا کانٹے آگ کے پس یاد آویگا اونکو کہ وہ اوتارتے تھے کھانے اٹکے ہوئے ساتھ پینے کی چیز کے پس فریاد کرینگے واسطے پینے کی چیز کے یعنی اون کھانون کے اوتارنے کے لیے پس اوٹھایا جاویگا طرف اونکے اور دیا جاویگا گرم پانی ساتھ زنبورون کے یعنی جن باسنون مین گرم پانی ہونگے وہ زنبورون سے اوٹھا کر دیے جاوینگے یعنی ملائکہ کے ہاتھ یا دست قدرت سے بلا واسطہ پس جب نزدیک ہونگے باسن گرم پانی کے اونکے مونھون سے بھون ڈالینگے اونکے مونھون کو پس جب داخل ہونگے یعنی اقسام اوس چیز کے کہ اون ظروف مین ہوگی قسم پیپ اور زرد آب وغیرہ سے اونکے پیٹون مین ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالینگے اوس چیز کو کہ اونکے پیٹون مین ہوگی یعنی آنتین وغیرہ پس کہینگے دوزخی دعا کرو ای نگہبانو دوزخ کے اللہ تعالی سے کہ سبک کرے ہمسے عذاب ایکدن پس کہینگے نگہبان دوزخ کے کہ کیا نہین آتے

تمہارے پاس رسول ساتھ معجزون اور دلیلون واضحہ کے کہینگے دوزخی کہ ہان آئے تھے ولیکن ہم گمراہ ہوئے اور ایمان نہ لائے
کہینگے نگہبان دوزخ کے کہ پس دعا کرو تم یعنی جو کچھ چاہو ہم نہین شفاعت کرتے کافرون کی اور نہین ہوگی دعا کافرون کی مگر
بیچ زیان کاری اور بیفائدگی کے یعنی اسلیے کہ نہین نفع دینے کی دعا اونکی اوسوقت نہ اونکی دعا نہ اورکسیکی فرمایا آنحضرت ؐ نے پس
کہینگے دوزخی آپسمین کہ پکارو مالک کو پس کہینگے دوزخی ای مالک دعا کر اپنے رب سے تا حکم کرے ہمارے مرنے کا رب تیرا یعنی
تا کہ آرام پاوین ہم فرمایا آنحضرت ؐ نے پس جواب دیگا اونکو مالک یعنی اپنی طرف سے یا اپنے رب کی طرف سے کہ تم ہمیشہ اسمین ہوگے
کہا اعمش نے کہ ایک راوی اس حدیث کا ہی خبر دیا گیا ہون مین یعنی بعضے صحابہ سے موقوفاً یا مرفوعاً یہ کہ درمیان پکارنے اونکے
مالک کو اور جواب دینے مالک کے اونکو ہزار برس ہونگے یعنی اس مدت تک بہ انتظار جواب کے عذاب پاتے رہینگے فرمایا آنحضرت ؐ نے
پس کہینگے یعنی دوزخی آپسمین کہ پکارو اپنے پروردگار کو اور چاہو اوس سے نجات اپنی اسلیے کہ نہین ہی کوئی بہتر تمہارے لیے تمہارے
پروردگار سے یعنی رحمت اور قدرت اور مغفرت مین پس کہینگے ای پروردگار ہمارے غالب ہوئی ہمپر بدبختی ہماری یعنی سبقت لے گئی
ہمپر کتاب ہماری کہ مقدر تھی ساتھ خاتمہ بد کے اور تھے ہم قوم گمراہ یعنی راہ توحید سے ای پروردگار ہمارے نکال ہمکو آگ سے
پس اگر پھر پھرین ہم طرف کفر کے تو ظلم کرنے والے ہون اپنے نفس پر پھر فرمایا آنحضرت ؐ نے پس جواب دیگا پروردگار اونکو دور رہو اور
پھر جاؤ دوزخ مین ذلیل و خوار مانند کتون کے اور نہ کلام کرو مجھسے یعنی دفع عذاب مین کہ وہ ہرگز دور نہین ہونے کا فرمایا آنحضرت ؐ نے پس نزدیک
اسکے نا امید ہونگے ہر بھلائی سے اور نزدیک اسکے شروع کرینگے نالہ و فریاد مین اور حسرت کھانے مین اور آہ و واویلا کرنے مین + معالم +

+ مشکوٰۃ +

وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا ۚ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَٰلِحًا غَيْرَ ٱلَّذِى كُنَّا نَعْمَلُ ۚ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ ٱلنَّذِيرُ ۖ فَذُوقُوا۟ فَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِن نَّصِيرٍ

اور اہل دوزخ فریاد کرینگے اوس جگہہ کہینگے ای پروردگار ہمارے نکال ہمکو تا کرین ہم کام اچھے سوائے اوسکے جو تھے ہم کام کرتے
کہینگے ہم کیا زندگانی ندی تھی ہمنے تمکو اوسقدر کہ نصیحت پکڑے اوسمین جو کوئی نصیحت پکڑنی چاہے اور آیا تمکو ڈرانے والا پس
چکھو یعنی عذاب پس نہین واسطے ظالمون کے کوئی مددگار کہ مدد کرے اونکی + فتح + اور وہ چلاتے ہین اوسمین ای رب ہمکو نکال
کہ ہم کچھ بھلا کام کرین وہ نہین جو کرتے تھے کیا ہمنے عمر ندی تھی تمکو جتنے مین سوچ لے جسکو سوچنا ہو اور پونہچا تمکو ڈر سنانے والا
اب چکھو کہ کوئی نہین گنہگارون کا مددگار + تفسیر + وہ نہین جو کرتے تھے یعنی اوسوقت تو اوسی کو بھلا سمجھتے تھے پر اب
وہ نکرینگے + مو + نکال ہمکو الخ یعنی نکال ہمکو دوزخ سے اور پھیر ہمکو طرف دنیا کے تا ایمان لاوین ہم بدلے کفر کے اور اطاعت
کرین بدلے گناہ کے پس جواب دیے جاوینگے بعد مقدار عمر دنیا کے کہ کیا زندگانی ندی تھی ہمنے تمکو اوسقدر کہ نصیحت پکڑے
اوسمین الخ کہا بعضون نے کہ وہ سن بلوغ ہی اور کہا عطا اور قتادہ اور کلبی نے کہ اٹھارہ برس ہین اور کہا ابن عباس نے اور
علی رضی اللہ تعالی عنہما نے کہ وہ ساٹھ برس ہین اور یہی ہی وہ عمر کہ عذر نہین سنے گا اوسمین اللہ تعالی ابن آدم کا چنانچہ
ابوہریرہ ؓ سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے أَعْذَرَ ٱللَّهُ إِلَىٰ ٱمْرِئٍ أَخَّرَ أَجَلَهُ حَتَّىٰ بَلَّغَهُ
سِتِّينَ سَنَةً یعنی عذر نہین سنے گا اللہ اوس شخص کا کہ ڈھیل دی اوسکی اجل مین یہان تک کہ پونہچایا اوسکو ساٹھ
برس کو اور ابوہریرہ ؓ سے ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ ٱلسِّتِّينَ إِلَى ٱلسَّبْعِينَ
وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوزُ ذَٰلِكَ یعنی عمرین میری امت کی مابین ساٹھ برس کے ستر برس تک ہین یعنی اکثر ایسے ہی عمر کے ہونگے

اور بہت کم ہونگے اونمین وہ کہ تجاوز کرینگے اس عمر سے چنانچہ عمر مبارک رسول امت کی اور خلفاے راشدین کی سوا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے تریسٹھ برس کی ہوئی اور آیا تمکو ڈرانے والا یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ تو قول اکثر مفسرون کا ہی اور بعضون نے کہا مراد قرآن ہی اور کہا عکرمہ اور سفیان بن عُیَینہ اور وکیع نے کہ وہ بڑھاپا ہی معنی اسکے یہ ہون گے کہ کیا نہ عمر دی تھی ہمنے تمکو یہان تک کہ بڈھے ہوئے تم کہا جاتا ہی اَلشَّیبُ نَذِیرُ المَوتِ اور بعض صحابہ سے منقول ہی کہ نہین کوئی بال سفید ہوتا ہی مگر کہتا ہی دوسرا بال ساتھی او سکا اِستَعِدِّی فَقَد قَرُبَ المَوتُ یعنی مستعد ہو چلنے کے لیے پس تحقیق قریب آ پونہچی موت + **معا** +

اِنَّ اللّٰہَ عٰلِمُ غَیبِ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ ؕ اِنَّہٗ عَلِیمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝

تحقیق خدا جانتا ہی پوشیدہ چیزین آسمانون کی اور زمین کی یعنی جو کچھ کہ پوشیدہ ہی آسمان و زمین مین تمسے تحقیق وہ جانتا ہی سینے والی باتکو + **فتح** + اللہ بھید جاننے والا ہی آسمانون کا اور زمین کا او سکو خوب معلوم ہی جو بات ہی دلون مین + **مو** +

ھُوَ الَّذِی جَعَلَکُم خَلٰٓئِفَ فِی الاَرضِ ؕ فَمَن کَفَرَ فَعَلَیہِ کُفرُہٗ ؕ وَلَا یَزِیدُ الکٰفِرِینَ کُفرُھُم عِندَ رَبِّھِم اِلَّا مَقتًا ۚ وَلَا یَزِیدُ الکٰفِرِینَ کُفرُھُم اِلَّا خَسَارًا ۝

وہ وہ ہی کہ کیا تمکو جانشین زمین مین پس جو کوئی کافر ہوا ضرر اوسپر ہی کفر او سکے کا اور نہین زیادہ کرتا ہی بیچ حق کافرون کے کفر اونکا نزدیک پروردگار اونکے کے مگر اشد غضب کو اور نہین زیادہ کرتا ہی بیچ حق کافرون کے کفر اونکا مگر زیان کو + **فتح** + وہی ہی جسنے کیا تمکو قائم مقام زمین مین پھر جو کوئی ناشکری کرے تو اوسپر پڑے اوسکی ناشکری اور منکرون کو نہ بڑھیگی اونکے انکار سے اونکے رب کے ہان مگر بیزاری اور منکرون کو نہ بڑھیگا اونکے انکار سے مگر نقصان + **تفسیر** + قائم مقام کیا زمین مین یعنی رسولون کے پیچھے ریاست دی یا اگلی امتون کے پیچھے اب او سکا حق ادا کرو + **مو** + وہ وہ ہی کہ کیا تمکو جانشین الخ یعنی اوسنے کیا تمکو جانشین اپنی زمین مین مالک کیا تمکو تصرف کی کنجیون کا اوسمین اور مسلط کیا تمکو اوس چیز پر کہ زمین مین ہی اور مباح کیے تمھارے لیے منافع زمین کے تاکہ شکر کرو تم او سکا ساتھ توحید اور طاعت کے پس جو کوئی کافر ہو تم مین سے اور بیقدری کرے ایسی نعمت کی پس وبال اوسکے کفر کا رجوع کریگا اوسپر اور وہ وبال غضب اللہ کا ہی اور نقصان آخرت کا جیسے کہ فرمایا اور نہین زیادہ کرتا ہی الخ + **مل** +

قُل اَرَءَیتُم شُرَکَآءَکُمُ الَّذِینَ تَدعُونَ مِن دُونِ اللّٰہِ ؕ اَرُونِی مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الاَرضِ اَم لَھُم شِرکٌ فِی السَّمٰوٰتِ ۚ اَم اٰتَینٰھُم کِتٰبًا فَھُم عَلٰی بَیِّنَتٍ مِّنہُ ۚ بَل اِن یَّعِدُ الظّٰلِمُونَ بَعضُھُم بَعضًا اِلَّا غُرُورًا ۝

کہہ آیا دیکھا تمنے شریکون مقرر کیے ہوئے اپنے کو جنکو پوجتے ہو تم سواے خدا کے دکھاؤ مجکو کیا چیز پیدا کی ہی زمین سے آیا واسطے اونکے ہی کچھ شرکت آسمانون مین نہ بلکہ آیا دی ہی ہمنے انکو کوئی کتاب پس وہ حجت پر ہین اوس سے بلکہ وعدہ نہین دیتے ہین ظالم بعض اونکے بعض کو مگر بطریق فریب دینے کے + **فتح** + تو کہہ بھلا دیکھو تو اپنے شریک جنکو پکارتے ہو سواے خدا کے دکھاؤ مجکو کیا بنایا اونھون نے زمین مین یا کچھ اونکا ساجھا ہی آسمانون مین یا ہمنے دی ہی انکو کوئی کتاب سو یہ سند رکھتے ہین اوسکی کوئی نہین پر جو وعدہ بتاتے ہین گنہگار ایک دوسرے کو سب فریب ہی + **مو** + **تفسیر** + شریکون مقرر کیے ہوئے اپنے کو یعنی معبودون اپنے کو کہ جنکو شریک کیا ہی تمنے عبادت مین اور لفظ اَرُونِی بدل ہی اَرَاَیتُم سے اسلیے کہ معنی اَرَاَیتُم کے اخبرونی ہین گویا کہا گیا کہ خبر دو تم مجکو ان شرکا سے اور اوس چیز سے کہ مستحق ہوئے ہین وہ بسبب اوسکی شرکت کے خبر دو مجکو کونسا جز اجزا زمین سے بنایا ہی اونھون نے سواے اللہ کے آیا واسطے اونکے ہی کچھ شرکت الخ یعنی کیا اونکے لیے ساتھ اللہ کے شرکت ہی آسمانون کے پیدا کرنے مین کیا اونکے ساتھ کتاب ہی اوتری ہوئی اللہ کے پاس سے

کہ بولتی ہی اسپر کہ بت شرکا اللہ کے ہین پس وہ اوپر حجت اور برہان سے کے ہین اوس کتاب کی جہت سے نہین وعدہ دیتے ہین بعض
انکے یعنی سردار بعض کو یعنی اتباع کو مگر بطریق فریب دینے کے وہ یہ کہنا اونکا ہی ہٰؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰہِ **مس**

إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۚ
إِنَّهٗ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ○

تحقیق خدا نگاہ رکھتا ہی آسمانون اور زمین کو اس سے کہ ٹل جاوین جگہہ اپنی سے اور اگر ٹل جاوین یعنی بالفرض نگاہ نہ رکھے
اون دونون کو کوئی پیچھے خدا کے یعنی غیر خدا کے تحقیق وہی بردبار بخشنے والا ۔ **فتح** تحقیق اللہ تھانب یا ہی آسمانون کو اور
زمین کو کہ ٹل نجاوین اور اگر ٹل جاوین کوئی نہ تھانب سکے اونکو اوسکے سوا ہے وہ ہی تحمل والا بخشتا ۔ **موضح تفسیر**
بردبار کہ جلدی نہین کرتا عذاب کرنے مین کہ تھانب رکھا ہی آسمان و زمین کو حالانکہ تھے وہ سزاوار اسکے کہ پھٹ جاوین بسبب گرانی
کلمۂ شرک کے جیسے کہ فرمایا تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ الخ یعنی قریب ہین آسمان کہ پھٹ جاوین کلمۂ
شرک سے اور پھٹ جاوے زمین روایت ہی ابوہریرہؓ سے کہ کہا سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر کہ فرمایا واقع ہوا
موسیٰ علیہ السلام کے دل مین کہ آیا سوتا ہی عزوجل یا نہین پس بھیجا اللہ تعالیٰ نے اونکے پاس ایک فرشتہ کو پس جگا تا رہا وہ اونکو
تین رات تک اور دیے اونکے دونون ہاتون مین دو شیشے اور کہا کہ مضبوط پکڑے رہ ان دونون کو پس موسیٰؑ کو نیند آنے لگی اور
دونون ہاتھ آپسمین ملنے لگے پھر یہ ہوشیار ہوجاتے اور ایک کے سہارے سے دوسرے کو سنبھال لیتے یہانتک کہ سوگئے
وہ اور دونون ہاتھ آپسمین مل گئے اور ٹوٹ گئے دونون شیشے فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ظاہر کی گئی موسیٰؑ کے لیے مثل کہ اگر اللہ
تبارک و تعالیٰ سوتا تو نہ تھنبتے آسمان و زمین اور ابن عباس سے روایت ہی کہ کہا اونھون نے جب جاوے تو سلطان ہیبتناک
کے پاس ڈرتا ہوا اس سے کہ زیادتی کریگا تجپر تو کہہ تین بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيعًا اَللّٰهُ أَعَزُّ مِمَّا أَخَافُ
وَأَحْذَرُ أَعُوذُ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعَ أَنْ يَقَعْنَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا
بِإِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَجُنُودِهٖ وَأَتْبَاعِهٖ وَأَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِي جَارًا
مِنْ شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ بندہ جب داخل ہوتا ہی اپنے گھر مین اور جگہہ پکڑتا ہی اپنے بچھونے پر تو دوڑتا ہی اوسکی طرف فرشتہ اوسکا اور شیطان
اوسکا کہتا ہی شیطان اوسکا کہ ختم کر اپنے جاگنے کو ساتھ شر کے اور کہتا ہی فرشتہ کہ ختم کر ساتھ بھلائی کے پس اگر
اسنے ذکر اللہ کیا اور حمد کی اوسکی ہانک دیتا ہی فرشتہ شیطان کو اور نگہبانی کرتا رہتا ہی اسکی اور اگر وہ جاگتا ہی سونے سے تو دوڑتا
ہی اوسکی طرف فرشتہ اوسکا اور شیطان اوسکا کہتا ہی اوسکو شیطان کہ شروع کر یعنی امور اپنے ساتھ برائی کے اور کہتا ہی
فرشتہ شروع کر ساتھ بھلائی کے پس اگر اسنے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَدَّ إِلَيَّ نَفْسِي بَعْدَ مَوْتِهَا وَلَمْ يُمِتْهَا فِي مَنَامِهَا
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَآءَ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ
إِنَّهٗ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَآءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهٖ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ
لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ پس اگر گر پڑیگا اپنے بچھونے سے اور مر جاویگا تو ہوگا شہید اور اگر اوٹھیگا نماز پڑھنے کو تو نماز پڑھیگا ۔ **در منثور**

وَأَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدٰى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ ۚ فَلَمَّا
جَآءَهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ۙ اسْتِكْبَارًا فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ

الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ ۚ فَهَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا ○

اور قسم کہائی کفار مکہ نے ساتھ اللہ کے سخت ترین قسمین اپنی کہ اگر آوے اونکے پاس ڈرانے والا البتہ ہونگے بہت راہ پانے والے ہر ایک امت سے پس جب آیا اونکے پاس ڈرانے والا نہ زیادہ کیا اونکو مگر نفرت مراد رکھتا ہون مین سرکشی زمین مین اور زیادہ نکیا مگر بداندیشی بدکو اور نہین اوترتا ہی وبال بداندیشی بد کا مگر کرنے والون اوسکے پر پس منتظر نہین ہین مگر آیین عقوبت پہلون کے پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے آیین خدا کے تبدیلی اور نہ پاویگا تو واسطے آیین خدا کے کچھ تغیر ✤ **فتح** ✤ اور قسم کہاتے تھے اللہ کی تاکید کی قسمین اپنی اگر آویگا اون پاس کوئی ڈر سنانے والا البتہ بہتر راہ چلینگے اور کسی ایک امت سے پھر جب آیا اون پاس ڈر سنانے والا اور زیادہ ہوا بدکنا غرور کرنا ملک مین اور داؤ کرنا برے کام کا اور برائی کا داؤ اولٹے گا اوسی داؤ والون پر کچھ اب وہی راہ دیکھتے ہین اگلون کے دستور کی سو نہ پاویگا اللہ کا دستور بدلنا اور نہ پاویگا اللہ کا دستور ٹلنا ✤ **تفسیر** ✤ عرب کے لوگ جو سنتے یہود کی بے حکمیان اپنے نبی سے تو کہتے کبھی ہم مین ایک نبی آوے تو ہم اونسے بہتر رفاقت کرین سو منکر ہونے اور عداوت کی ✤ **موضح** ✤ اور قسم کہائی کفار مکہ نے الخ یعنی پہلے آنحضرتؐ کے نبی ہونے کی قریش نے سنا کہ اہل کتاب نے اپنے رسولون کو جھٹلایا پس کہا اونھون نے کہ لعنت کرے اللہ یہود و نصاری کو کہ آئے اونکے پاس رسول پس جھٹلایا اونھون نے اونکو قسم خدا کی اگر آوے ہمارے پاس رسول تو ہونگے ہم بہت راہ پانے والے ہر ایک امت سے پس جب آیا اونکے پاس ڈرانے والا یعنی جب بھیجے گئے آنحضرتؐ رسول کر کر نہ زیادہ کیا اونکو رسول کے آنے نے مگر دوری کو حق سے واسطے سرکشی کرنے کے اور بداندیشی کرنے کے کہ جھٹلانا محمدؐ کا ہی اور قصد کرنا اونکے قتل کا اور شرک کرنا اور نہین اوترتی ہی بداندیشی مگر اوسکے کرنے والے پر چنانچہ اوتری ہی روز بدر کے کہ کفار تباہ و برباد ہوئے مثل مشہور ہی چاہ کنندہ را چاہ در پیش فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِيَّاكُمْ وَمَكْرَ السَّيِّئِ فَإِنَّهُ لَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ وَلَهُمْ مِنَ اللَّهِ طَالِبٌ یعنی بچاؤ تم اپنے تئین مکر بد سے اسلیے کہ نہین اوترتا ہی وبال مکر بد کا مگر اوسکے کرنے والون پر اور اونکے لیے اللہ کی طرف سے مواخذہ اور عذاب ہی روایت ہی محمد بن کعب سے کہ کہا تین چیزین ہین جسنے کین وہ نہین نجات پانے کا یہانتک کہ اوترے وبال اونکا اوسپر جسنے مکر کیا یا سرکشی کی یا عہد توڑا پھر پڑھین یہ آیتین کہ مصدق ہین ان تینون باتون کی لَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ نہین اوترتا ہی وبال بداندیشی کا مگر اوسکے کرنے والے پر يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ ای لوگون نہین ہی وبال تمہاری سرکشی کا مگر تمہاری ہی جانون پر وَمَنْ نَكَثَ فَإِنَّمَا يَنْكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ اور جو توڑے عہد پس نہین توڑیگا مگر ضرر اوسکا اوسی کی جان پر پڑیگا پس نہین منتظر ہین مگر آیین عقوبت پہلون کے اور وہ اوتارنا عذاب کا ہی اون لوگون پر کہ جھٹلایا اونھون نے اپنے رسولون کو کہ وہ لوگ اونسے پہلے کی امتین تھین اور معنی یہ ہین کہ پس نہین منتظر ہین وہ بعد جھٹلانے تیرے کے مگر اسکی کہ اوتارین ہم اونپر عذاب مثل اوس عذاب کے کہ اوتارا اونسے پہلون پر کہ جو جھٹلاتے تھے رسولون کو پس ہرگز نہ پاویگا تو واسطے آیین خدا کے تبدیلی الخ بیان فرمایا کہ آیین اللہ تعالی کا کہ وہ بدلہ لیتا ہی رسولون کے جھٹلانے والون سے ایسا آیین ہی کہ نہین بدلتا ہی اوسکو فی ذاتہا اور نہین پھیرتا ہی اور تغیر کرتا ہی اوسکو اوسکی اوقات سے خواہ مخواہ جاری ہی کرتا ہی اوسکو ✤ **معالم** ✤ **در منثور** ✤

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَلِيمًا قَدِيرًا ○

لہ از در منثور نہیں ملے تحویل ارانکی عبارت ... پیر وعلا ... جلالین

کیا سیر نہین کی اونھون نے زمین مین تا دیکھین کہ کیونکر ہوا انجام کار اون لوگون کا کہ پہلے انسے تھے اور تھے وہ زیادہ تم سے
یعنی اہل مکہ سے قوت مین یعنی پس نہ بھاگ سکے اور ہرگز نہین ہی اللہ اس لائق کہ عاجز کرے اوسکو کوئی چیز بیچ آسمانون کے
اور نہ بیچ زمین کے یعنی کوئی چیز اوس سے بھاگ کر نہین نکل سکتے تحقیق وہ ہی دانا توانا + **فت** + کیا پھرے نہین ملک مین کہ
دیکھین آخر کیا ہوا اونکا جو انسے پہلے تھے اور تھے انسے سخت زور مین اور اللہ وہ نہین جسکو تھکا دے کوئی چیز آسمانون مین
نہ زمین مین وہ ہی سب جانتا کر سکتا + **مو+ تفسیر** + کفار قریش شام اور عراق اور یمن کی طرف تجارت وغیرہ کو جایا کرتے تھے
پس اللہ تعالی اونکے متنبہ کرنے کے لیے استفسار فرماتا ہی کہ کیا تمنے اگلے لوگون کے زمین و مکان اجڑے ہوئے نہین دیکھے
ہین وہ سب اسی کفر و شرک اور نافرمانی اللہ و رسول کے سے تباہ و برباد ہوئے تم اگر اپنی بدذاتی سے باز نہ آؤگے تو تم بھی
اسی طرح خراب تباہ ہوؤگے + **ف+ تنبیہ** + اس مضمون کو پاک پروردگار نے کئی جاے ذکر فرمایا ہی اور جا سے
حکم فرمایا ہی سیر کر کے عبرت پکڑنے کا جیسے کہ اس آیت مین قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ
الْمُنْذَرِیْنَ یعنی سیر کرو زمین مین پس دیکھو کہ کیونکر ہوا انجام کار ڈرائے گیون کا مقصود یہ ہی کہ اورون کی بدحالی
دیکھکر اپنا حال درست کرو تا تم بھی ویسی خرابی مین نہ گرفتار ہو جاؤ اور اس نیت سے بامتثال امر الٰہی کے سیر کرنی ویران مکانون کی
عجب چیز ہی لوگ سیر تماشون کے لیے دور و دراز راہ طی کر کر جاتے ہین اور ایسی سیر سے غافل ہین اس سے دنیا کی فنا اور مکاری دل
مین جمتی ہی اور رجوع دار آخرت کی طرف حاصل ہوتی ہی چنانچہ اسی مضمون کو عاجز نے ان اشعار مین باندھا ہی **نظم**

جا سیر ذرا کر جو مکانات ہین اجڑے
پہنے ہوئے رہتی تھین سدا اطلس و دالا
وہ ستھرے چمن سیر کے اب گھانس ہی اوگی
کچھ بھی ہی نشان اونکا کہان فوج و رسالا
ہرگز نہ سمجھتے تھے کہ محتاج دنیا
سب چھوڑ گئے کچھ نلیا زیور و کالا
جب تک کہ جوان تھا پر شہوت تھی تگ و دو
شرما تو ذرا بال ترے ہو گئے کالا
ہیہات صد افسوس صد افسوس صد افسوس
سوجھے نہ کبھی دین کی رہ مین کوئی چالا
اب مرگ سے اور گور و قیامت سے ہی غافل
کیا عذر گناہون کا بنایا ہی بھلا لا
اکدم نہوا اپنے گناہون سے تو نادم
کافی نہین نادان کو نہ دفتر نہ رسالا

کیا ہو گئے جنکے تھے بہت خادم و لالا
رہتین تھین پڑین جلینین جن غرفون کے آگے
بلبل نہ وہان ہیگی نہ گل ہیگا نہ لالا
کرتے تھے جو دعوی کہ یہ ہی ملک ہمارا
جوبن کو پلا دیوے گی بھر زہر کا پیالا
اس عمر کے گلشن مین خزان آگئی تیرے
پیری مین ہوئی تشنگی حرص دو بالا
ہی قرب اجل سو و عمل طول امل واے
نقارہ ہوا کوچ کا محمل نہ سنبھالا
سوجھے گی تجھے اوس گھڑی جب موندینگے آنکھین
کھلجاوینگی آنکھین جو پڑیگا تجھے پالا
اب عذر گناہون سے جو ہو نا ہی سو ہو رہے
کر توبہ زبان سے کہ پھر دل مین ہی لالا
کیسے تجھے سمجھاؤن سمجھتا نہین عاجز

کیا ہو گئین وہ پردہ نشین جنکی کنیزین
پورا ہیگا مکڑی نے وہان آنکے جالا
کیا ہو گئے وہ لوگ جو یہ کہتے تھے تجمل
یہ ملک ہی جاگیر یہ ہی اوسکا قبالا
ملتے ہوئے دونون کف افسوس گئے اوٹھ
خم ہو گیا جون سرو ترا راست تھا بالا
کرتا ہی وہی جسمین تری رو سیہی ہو
ہرگز نہ ندامت نہ ملالت نہ سنبھالا
شطرنج مین دنیا کے ہین منصوبہ و صد فکر
پہنا کے کفن گور مین تنہا تجھے ڈالا
اوس روز قیامت کو کہ کانپینگے اولوالعزم
کچھ کام نہ آویگا وہان گریہ و نالا
ہشیار کہ اک حرف نصیحت ہی کفایت
ہی مست نہ دیوانہ نہ مدہوش نہ بالا

وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰہُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوْا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّۃٍ وَّلٰکِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓی
اَجَلٍ مُّسَمًّی ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیْرًا ۴۵

ع ۸
۱۷

اور اگر گرفتار کرتا خدا لوگون کو ساتھ سزا اوس چیز کے کہ کرتے ہین نچھوڑتا پشت زمین پر کسی جانور کو ولیکن وقوف رکھتا ہی
اونکو ایک وقت معین تک پس جب آویگا وقت مقرر اونکا تحقیق خدا ہی ساتھ بندون اپنے کے دیکھنے والا ✝ **فتح** ✝
اور اگر پکڑ کرے اللہ لوگون کو اونکی کمائی پر نہ چھوڑے زمین کی پیٹھ پر ایک ہلنے چلنے والا پر اونکو ڈھیل دیتا ہی ایک ٹھہرے ہوئے
وعدے تک پھر جب آیا اونکا وعدہ تو اللہ کی نگاہ مین ہین اوسکے سب بندے ✝ **موتفسیر** ✝ ساتھ اوس چیز کے
کہ کرتے ہین یعنی گناہ اور دابہ سے مراد ہی جاندار کہ چلتا ہی زمین پر یعنی اگر اللہ تعالی گرفت کرتا انکے گناہون پر تو کسیکو نچھوڑتا
اعمال بد کی شامت کے سبب سے جیسے کہ حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے مین ہوا کہ ہلاک کیا اللہ تعالی نے اوس چیز کو کہ زمین کی
پشت پر تھی لیکن جو کہ کشتی نوح علیہ السلام مین تھے وہی بچ رہے لیکن شان غفور رحیمی کا ظہور ہی کہ انکو مہلت دے رکھی ہی ایک
وقت مقرر تک یعنی روز قیامت تک پھر وہ اپنے بندون یعنی اہل طاعت و معصیت کا حال دیکھنے والا ہی اوسپر کسیکی حقیقت امر
کی پوشیدہ نہین ہی وہان ہر کسیکو جزا سزا ہو رہیگی ✝ **مل معا تنبیہ** ✝ سبحان اللہ عجب شان ہی اوسکی غفور رحیمی
کی کہ ہم شب و روز نفسون کی خواہشون مین گرفتار ہین اور پھر وہ درگذر فرماتا ہی اور ہم سے نالائقون کی پرورش کرتا ہی جو کوئی کسی کی
احسان کرتا ہی اسیکو نوکر رکھتا ہی تھوڑنے سے مشاہرے کو تو کیا کیا اغماض کرتا ہی اوسپر اور ذرہ سے قصور سے مدتون خفا
رہتا ہی وہ رب العلمین کیا کیا کچھ انعام کرتا ہی پھر یہ شان بے نیازی کا ظہور ہی کہ اور نعمتون پر نعمتین دیتا چلا جاتا ہی اور کچھ
خیال نہین فرماتا ہماری تقصیرات پر حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا ایک چادر اوڑھے
ہوئے اور اوسکے ہاتھ مین کچھ تھا کہ اوسپر چادر لپیٹ رکھی تھی پس عرض کیا اوسنے کہ یا رسول اللہ مین گذرا تھا ایک درختون کے
بن پر پس سنین مینے اوسمین آوازین پرند جانور کے بچون کی پس پکڑ لیا مینے اونکو اور رکھ لیا مینے اونکو اپنی چادر مین پس
آئی مان اونکی اور میرے سر کے گرد پھرنے لگی پس کھول دیا مینے اوسکے لیے اون بچون کو پس آپڑی وہ اونپر پس لپیٹ لیا مینے
اون بچون کو مان سمیت اپنی چادر مین پس وہ یہ ہین میرے پاس فرمایا آنحضرت صلعم نے رکھ تو دے انکو پس رکھدیا اوسنے انکو اور مان
بچون کی جدا نہوئی اونسے ساتھ ہی لگی رہی انکے پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کیا تعجب کرتے ہو تم بسبب رحم کرنے بچون کی ان کے
اپنے بچون پر پس قسم ہی اوس ذات کی کہ بھیجا مجھکو ساتھ حق کے البتہ اللہ بہت رحم کرنے والا ہی اپنے بندون پر نسبت رحم کرنے
ان بچون کی مان کے اپنے بچون پر لیجا انکو اور رکھدے انکو جہان سے لیا ہی تونے انکو اور مان انکی انکے ساتھ ہو پس پھر اوہ
شخص نے کر اونکو انتہی صدق اللہ وصدق الرسول ایسا ہی وہ ارحم الرٰحمین ہی و الا کیا ٹھکانا تھا ہمارا اور اس سے زیادہ آخرت مین
اوسکی رحمت کے امیدوار ہین چنانچہ آیا ہی حدیث شریف مین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا شبہ اللہ کے لیے
سو رحمتین ہین اوتاری ہی اون مین سے ایک رحمت درمیان جن اور انس اور چارپایون اور حشرات الارض کے پس بسبب
اوسی ایک رحمت کے آپسمین مہربانی کرتے ہین اور بسبب اوسی کے آپسمین رحم کرتے ہین اور بسبب اوسی کے شفقت کرتا
ہی وحشی اپنے بچون پر اور رہنے دین ہین اللہ نے ایک کم سو رحمتین کہ رحم کریگا ساتھ اونکے اپنے بندون پر روز قیامت کے یہ حدیث
بخاری مسلم کی ہی اور یہلی ابو داؤد کی لیکن ان حدیثون کو دیکھکر کوئی بالکل نڈر بھی نہو جائے کہ وہ شان قہاری جباری کی بھی
رکھتا ہی اسی لیے کہا گیا ہی الایمان بین الخوف والرجاء یعنی ایمان درمیان مین ہی خوف و رجا کے ڈرتا بھی رہے
اوس سے اور امیدوار بھی ✝

سورۃ یٰسٓ مکیۃ وھی ثلث وثمانون ایۃ وخمسۃ رکوعات

سورۂ یٰس مکی ہی اور آیتین اسمین تراسی ہین اور کلمات سات سو ستائیس اور حروف تین ہزار اور رکوع پانچ اور یہ نام اسکا اسلیے رکھا گیا کہ سرے ہی پر اسکے لفظ یٰس کا مذکور ہی اور نزول اسکا بعد سورۂ جن کے ہی اور بعد سورۂ فاطر کے یہ اس لیے لکھی گئی کہ جب ذکر ہوا سورۂ فاطر مین قول اللہ تعالی کا وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ اور قول اللہ تعالی کا وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَاۗءَهُمْ نَذِيْرٌ تا قول اوسکے فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ نَذِيْرٌ اور مراد نذیر سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور کافرون نے اونسے روگردانی کی اور جھٹلایا اونکو پس شروع کی یہ سورت ساتھ قسمون کے اوپر صحت رسالت اونکی کے اور اوپر اسکے کہ وہ صراط مستقیم پر ہین پھر آگے فرمایا لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَاۗؤُهُمْ اور یہ وجہ اتصال کی ظاہر ہی اور اور وجہ ہی کہ سورۂ فاطر مین ہی وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى اور سورۂ یٰس مین ہی وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ دو آیتین اور یہ وجہ فراخ تر اور واضح تر ہی اور اور یہ وجہ ہی کہ فاطر مین ہی وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ اور یٰس مین ہی وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّــتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ یہ کئی آیتین ہین کہ نشانیان اوسکی قدرت کی تفصیل سے انمین مذکور ہین اور اس سورۂ مبارک کی بہت فضیلت آئی ہی حدیث شریف مین انس رضی سے روایت ہی کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز کے لیے دل ہی اور دل قرآن کا یٰس ہی اور جسنے پڑھی یٰس لکھتا ہی اللہ تعالی اوسکے لیے بسبب پڑھنے اوسکے کے ثواب پڑھنے قرآن کا دس بار اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی یٰس رات کو واسطے طلب رضامندی اللہ تعالی کے بخشے گئے واسطے اوسکے گناہ اوس رات مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی یٰس پس گویا پڑھا قرآن دس بار اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے سنی سورۂ یٰس برابر کی گئی واسطے اوسکے یعنی ثواب اوسکا برابر کیا گیا تصدق کرنے بیس دینار کے اللہ کی راہ مین اور جسنے پڑھا اوسکو برابر کی گئی واسطے اوسکے بیس حج کے اور جسنے لکھا اوسکو اور پیا اوسکو داخل کیے گئے اوسکے دل مین ہزار یقین اور ہزار نور اور ہزار برکتین اور ہزار رحمتین اور ہزار رزق اور دور کیے گئے اوس سے تمام بغض و کینے اور بیماریان اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ دوست رکھتا ہون مین کہ یٰس بیچ دل ہر انسان کے ہو امت میری مین سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص سورۂ یٰس پڑھے ہر رات پھر مرا شہید اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی یٰس اول دن مین روان کیجاتی ہین حاجتین اوسکی اور ابن عباس رضی سے روایت ہی کہ کہا جسنے پڑھی یٰس وقت صبح کے دیا گیا آسانی و فراخی اوس دن کی شام تک اور جسنے پڑھا اوسکو رات مین دیا گیا آسانی و فراخی اوس رات کی صبح تک اور فرمایا نہین ہی کوئی میت کہ پڑھی جاوے اوسکے پاس یٰس مگر کہ آسانی کرتا ہی اللہ اوسپر اور ابو قلابہ سے کہ کبار تابعین سے ہین روایت ہی کہ کہا جو کوئی پڑھے یٰس مغفرت کیجاوے اوسکے لیے اور جو کوئی پڑھے اسکو اس حال مین کہ وہ بھوکا ہو سیر ہو اور جو کوئی پڑھے اسکو اس حال مین کہ وہ راہ بھولا ہوا ہو راہ پاوے اور جو کوئی پڑھے اسکو اس حال مین کہ کوئی چیز اوسکی جاتی رہی ہو پالیوے اوسکو اور جو کوئی پڑھے اسکو وقت کھانے کے کہ ڈرتا ہو قلت اوسکی سے کفایت کرے اوسکو اور جو کوئی پڑھے اسکو نزدیک میت کے یعنی قریب المرگ کے یا میت حقیقی کے آسانی کیجاوے اوسپر اور جو کوئی پڑھے اسکو نزدیک عورت کے کہ دشوار ہو بچے کا ہونا اوسپر آسانی کیجاوے اوسپر اور جو کوئی پڑھے اسکو پس گویا کہ پڑھا قرآن گیارہ بار اور ہر چیز کے لیے دل ہی اور قرآن کا دل یٰس ہی روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین اور روایت کی حاکم اور بیہقی نے ابی جعفر محمد بیٹے علی یعنی امام زین العابدین رضی کے سے کہ کہا جو شخص پاوے اپنے دل مین سختی یعنی سنگدلی پس چاہیے کہ لکھے يٰسۗ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ایک پیالے مین ساتھ زعفران کے پھر پی لے اوسکو اور پڑھی

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ قٓ وَالقُرْاٰنِ المَجِيدِ اور يٰسٓ وَالقُرْاٰنِ الحَكِيمِ صبح کی نماز مین اور عمار بن یاسر پڑھا کرتے تھے یٰس جمعے مین منبر پر کہا یحیی بن کثیر نے کہ جسنے پڑھی یٰس وقت صبح کے ہمیشہ رہتا ہی خوشی مین شام تک اور جسنے پڑھی یٰس وقت شام کے ہمیشہ رہتا ہی خوشی مین صبح تک خبر دی ہمکو اوسنے کہ تجربہ کیا ہی اسکا اور کہا یٰس دل ہی قرآن کا پڑھی یٰس سعید بن جبیرؓ نے ایک شخص مجنون پر پس اچھا ہوگیا وہ اور روایت کی ابو الشیخ نے کتاب عصمت مین محمد بن سہل مقری سے اونھون نے محمد بن عبید اللہ بن محمد بن عمرو دتلغ سے اونھون نے اپنے باپ سے کہ کہا چلا مین ایک راہ مین کہ اوسمین غول بیابانی یعنی بھتنے تھے پس ناگہان دیکھا ایک عورت کو کہ سرخ کپڑے پہنے ہوئے تخت پر بیٹھی ہی اور قندیلین روشن ہین اور وہ بلاتی ہی مجکو پس جب دیکھا مینے یہ شروع کی مینے یٰس پڑھنی پس بجھ گئین قندیلین اوسکی اور وہ کہتی تھی ای بندۂ خدا کیا کیا تونے ساتھ میرے ای بندۂ خدا کیا کیا تونے ساتھ میرے پس سالم رہا مین اوس سے کہا مقری نے پس نہ پونہچے تمکو کچھ قسم خوف یا مطالبے کے سلطان سے یا دشمن سے مگر کہ پڑھو تم یٰس پس وہ دفع کیا جاوے گا تمسے ساتھ برکت اسکی کے جابر بن سمرہ سے روایت ہی کہ کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے صبح کو سورۂ یٰس اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی زیارت کرے اپنے ماں باپ کے قبر کی یا ایک کی اون دونون مین سے ہر ہفتے مین پھر پڑھے اونکے پاس یٰس بخشتا ہی اللہ واسطے اوسکے گناہ بقدر شمار ہر حرف اوس سے اور حل قضے کے لیے بھی پڑھنا اسکا بہت مجرب ہی کہ چار رکعت پڑھے شب جمعہ مین پہلی رکعت مین سورۂ فاتحہ اور یٰس پڑھے چنانچہ وہ ساری ترکیب حصن حصین مین مذکور ہی اور ظفر جلیل شرح حصن حصین مین تفصیل سے لکھی گئی ہی + تناسق الدرر فی تناسب السور + در منثور +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

يٰسٓ ۝ وَالقُرْاٰنِ الحَكِيمِ ۝

قسم قرآن باحکمت کی + فتح + قسم ہی اس پکے قرآن کی + مو + تفسیر + بیچ معنی یٰس کے اقوال بہت ہین بعضے علمانے تو کہا ہی کہ یہ مثل اور مقطعات کے اسرار غیب سے ہی کہ سوائے خدا اور رسول کے کسیکو اوسکی اطلاع نہین اور بعضے علما کہتے ہین کہ نام قرآن یا سورت کا ہی اور ابن عباسؓ سے ہی کہ معنی اسکے یا انسان ہین بیچ لغت طی کے اور ابن حنفیہ سے ہی یا محمد اور حدیث مین آیا ہی اللہ تعالی نے نام رکھے میرے اور ذکر کیے نام میرے قرآن مین سات نام محمد اور احمد اور طٰہٰ اور یٰس اور مزمل اور مدثر اور عبد اللہ اور بعضون نے کہا معنی یٰس کے ہین یا سید اور بعضون نے کہا یا سید البشر اور بعضون نے کہا یا رجل اور بحسب ایک قول کے نام خدائے تعالی کا ہی + بحر +

اِنَّكَ لَمِنَ المُرْسَلِينَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝

تحقیق تو پیغمبرون مین سے ہی راہ سیدھی پر + فتح + تو تحقیق ہی بھیجے ہوون سے اوپر سیدھی راہ کے + مو + تفسیر انک لمن المرسلین جواب ہی قسم کا اور یہ رد ہی کفار پر جس وقت کہ کہا اونھون نے کہ نہین ہی تو رسول + مد +

تَنْزِيلَ العَزِيزِ الرَّحِيمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُونَ ۝

اور کہتا ہون بھیجا غالب مہربان کا تا ڈرا دے تو اوس قوم کو کہ ڈرائے نہین گئے ہین باپ اونکے پس وہ غافل ہین یعنی اولاد اسمعیل مین کوئی پیغمبر نہین بھیجا گیا تھا + فتح + اوتارا زبردست رحم والے نے کہ تو ڈراوے ایک لوگون کو کہ ڈر نہین سنا اونکے باپ دادون نے سو وہ خبر نہین رکھتے + مو +

لَقَدْ حَقَّ القَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

البتہ ثابت ہوا وعدہ عذاب کا اوپر اکثر اونکے کے پس وہ ایمان نہین لانے کے + فتح + ثابت ہو چکی ہی بات اون بہتون پر

سو وہ نہ مانینگے * موضح تفسیر * ثابت ہو چکی ہی بات مراد بات سے یہ قول اللہ تعالی کا ہی لَاَمۡلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجۡمَعِيۡنَ۞ یعنی البتہ بھرینگے ہم جہنم کو جنات اور آدمیون سے سب سے یعنی متعلق ہوا ہی ساتھ اونکے یہ قول اور ثابت ہوا ہی اونپر اور واجب ہوا ہی اسلیے کہ یہ اون لوگون مین سے ہین کہ جان لیا ہی اللہ تعالی نے کہ وہ کفر پر مرینگے پھر مثال بیان فرمائی اونکے کفر پر اڑے رہنے کی اور راہ پر نہ آنے کی ساتھ اسطرح کے کہ ٹھہرایا اونکو مانند طوق بگردنون سر اوٹھاے ہوؤن کے بیچ اس بات کے کہ نہین التفات کرتے ہین وہ طرف حق کے اور نہین پھیرتے ہین گردنین اپنی اوسکی طرف اور نہین جھکاتے ہین سر اپنے اوسکے لیے اور ٹھہرایا اونکو مانند اونکے کہ واقع ہون درمیان دو دیوارون کے نہ دیکھتے ہون وہ کسی چیز کو کہ آگے اونکے ہو اور اوس چیز کو کہ پیچھے اونکے ہو بیچ اسکے کہ نہین تامل کرتے ہین اور نہ دل کی بینائی رکھتے ہین اور وہ اندھے ہین نظر کرنے سے اللہ کی آیتون مین ساتھ قول اپنے کے اِنَّا جَعَلۡنَا الخ * مدارک *

اِنَّا جَعَلۡنَا فِيۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ اَغۡلٰلًا فَهِىَ اِلَى الۡاَذۡقَانِ فَهُمۡ مُّقۡمَحُوۡنَ۞

تحقیق کیے ہمنے بیچ گردنون اونکی کے طوق پس وہ طوق ٹھوڑیون تک ہین پس وہ سر اونچے کر رہے ہین * فتح * ہمنے ڈالے ہین اونکی گردنون مین طوق سو وہ ہین ٹھوڑیون تک پھر اونکے سر بالا ہو رہے ہین * موضح تفسیر * پس وہ ٹھوڑیون تک ہین معنی اسکے یہ ہین کہ پس طوق پہونچنے والے ہوتے ہین ٹھوڑیون تک پس وہ سر اونچے کر رہے ہین طوق بگردن کا سر اونچا اسلیے رہتا ہی کہ طوق مین ایک حلقہ ہوتا ہی ٹھوڑی کے نیچے اوسمین سے ایک کیل نکلی ہوئی ہوتی ہی اور وہ ٹھوڑی تک پہونچتی ہی کہ سر کو نیچا نہین ہونے دیتی پس ہمیشہ سر اوٹھا ہی رہتا ہی * مدارک * یعنی بسبب کثرت طوقون کے سر نیچے نہین کر سکتے ہین اور معالم مین لکھا ہی کہ مراد یہ ہی کہ ہاتھ اونکے چونکہ گردن کے ساتھ ملا کر طوق ڈالے گئے ہین اونچا اوٹھا رکھا ہی اونکے طوقون نے اونکی ٹھوڑیون کو اور سرون کو پس اونکے سر اوٹھے رہے ہین بسبب اونچے ہونے طوقون کے اور جھکا نہین سکتے ہین اونکو کہا اہل معانی نے کہ یہ تمثیل ہی باز رکھنے خدا کی مشرکون کو ایمان سے بسبب موانع اوسکے کے بحسب علم ازلی کے کہ جانا اور مقدر کیا تھا کہ یہ ایمان نہین لانے کے اور نہین تھا وہ طوق بلکہ مراد یہ ہی کہ باز رکھا ہمنے اونکو ایمان سے بسبب موانع کے پس گردانا اغلال کو مثل اسکے لیے اور بعضون نے کہا کہ نزول اس آیت کا بیچ حق ابوجہل اور ایک شخص کے بنی مخزوم مین سے ہی قصہ اونکا یہ ہی کہ ابوجہل نے قسم کھائی تھی کہ اگر محمد کو نماز مین دیکھونگا تو سر اونکا توڑ ڈالونگا دوسرے روز دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ایک پتھر اوٹھا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور جب پتھر ہاتھ مین لیکر اوٹھایا تو اوسیر ہاتھ اوسکا اوسکی گردن مین طوق ہو گیا اور پتھر اوسکے ہاتھ مین چپٹا رہا اوسی حال سے اپنے یارون کے پاس پھر کر آیا اور اوس حال کی خبر دی اوس وقت وہ پتھر اوسکے ہاتھ سے گرا ایک شخص نے بنی مخزوم مین سے کہا کہ مین محمد کو اس پتھر سے جا کر مارتا ہون اور اوس پتھر کو اوٹھا کر آنحضرت کے پاس آیا دیکھا کہ آپ نماز پڑھ رہے رہین جا ہا کہ پتھر مارون نابینا ہوا وہ قرات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتا تھا اور آپکو دیکھتا نہین تھا اپنے یارون کی طرف پھر کر آیا اونکو بھی نہ دیکھا آواز اونکی سنی کہ پوچھتے ہین کیا کیا تونے اوسنے کہا کہ آواز اونکی سنتا تھا مین اور اونکو نہین دیکھتا تھا اور درمیان میرے اور اونکے ایک چیز مانند ہیئت اونٹ کے حائل ہوئی اور مجکو اپنی دم سے روکتا تھا اگر اوسکے پاس ہوتا مین تو مجکو کھا جاتا حق تعالی نے یہ آیت اور اسکے بعد کی آیت اونکے حق مین بھیجی * بحر و معالم *

وَجَعَلۡنَا مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ سَدًّا وَّمِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَيۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ۞

اور بنائی ہمنے آگے اونکے ایک دیوار اور پیچھے پیٹھ اونکی سے ایک دیوار پس ڈھانکا ہمنے آنکھون اونکی کو پس وہ نہین دیکھتے ہین یعنی حق کو مترجم کہتا ہی کہ یہ دونون آیتین تمثیل و تصویر ہین اونکی نا امیدی کی پہچاننے حق سے + **فتح** + اور بنائی ہمنے انکے آگے دیوار اور انکے پیچھے دیوار پھر اوپر سے ڈھانک دیا سو انکو نہین سوجھتا + **مو** +

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

اور برابر ہی اونپر کہ ڈراوے تو اونکو یا نہ ڈراوے تو اونکو ایمان نہین لانے کے + **فتح** + اور برابر ہی تو نے اونکو ڈرایا یا نہ ڈرایا یقین نہین کرتے + **مو** + **تفسیر** + یعنی برابر ہی اونپر ڈرانا اور ترک کرنا اوسکا اور معنی یہ ہین کہ جسکو ایسا گمراہ کیا ہی اللہ تعالی نے نہین نفع دیگا اوسکو ڈرانا منقول ہی کہ عمر بن عبد العزیز نے پڑھی یہ آیت اوپر غیلان قدری یعنی منکر تقدیر کے پس کہا اوسنے گویا کہ نہین پڑھا تھا مینے اسکو گواہ کرتا ہون مین تجکو کہ مینے توبہ کی اپنے قول سے باب قدر مین پس کہا عمر نے یا اللہ اگر سچ کہتا ہی یہ تو توبہ قبول کر اسکی اور اگر جھوٹ کہتا ہی تو مسلط کر اسپر اوسکو کہ نہ رحم کرے اسپر پس پکڑا اوسکو ہشام بن عبد الملک نے دوسرے دن اور کاٹے ہاتھ اوسکے اور پانون اوسکے اور سولی دی اوسکو دمشق کے دروازے پر اور ابن عباس رضؓ سے منقول ہی کہ کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پکار کر قرات پڑھتے تھے مسجد مین حتی کہ ایذا پائی اوسسے لوگون نے قریش مین سے یہان تک کہ اوٹھے آنحضرت کے پکڑنے کو پس ہاتھ اونکے اونکی گردنون کی طرف جمع کیے گئے اور وہ نابینا ہوگئے پس آئے آنحضرتؐ کے پاس اور عرض کیا کہ قسم دیتے ہین ہم تمکو یا محمدؐ اللہ کی اور قرابت کی اور کوئی ایسا بطن نتھا بطون قریش مین سے کہ حضرت قرابت نرکھتے ہون اوسمین یعنی سب حضرت سے قرابت رکھتے تھے پس دعا کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہان تک کہ دور کی اللہ تعالی نے وہ علت اونسے پس نازل ہوئی یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ تا قول اوسکے اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ کہا ابن عباس رضؓ نے پس نہ مسلمان ہوا اوس جماعت مین سے کوئی اور دلائل بیہقی مین ابن عباس سے روایت ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا کہا کہ کفار قریش نے سرکشی کی پس ڈھانکین ہمنے آنکھین اونکی پس وہ دیکھتے نہین تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تاکہ ایذا دین اور یہ قصہ یون تھا کہ کتنے ایک لوگون نے بنی مخزوم مین سے عہد کیا آپسمین آنحضرت کے قتل کرنیکا اونمین ابو جہل اور ولید بن مغیرہ بھی تھے پس جسوقت کہ آنحضرت کھڑے ہوئے نماز پڑھتے تھے سنی اونھون نے قرات حضرتؐ کی پس بھیجا اونھون نے آنحضرتؐ کی طرف ولید بن مغیرہ کو آپ کے قتل کرنے کے لیے پس چلا وہ یہان تک کہ آیا اوس مکان مین کہ آنحضرتؐ نماز پڑھ رہے تھے پس سنتا تھا وہ قرات آنحضرتؐ کی اور آپ کو دیکھتا نہین تھا پس پھرا ولید اون کفار کی طرف اور آگاہ کیا اونکو اس ماجرے سے پس آئے وہ آنحضرتؐ کے پاس پس جبکہ پہنچے وہ کفار اوس مکان کی طرف کہ جسمین آنحضرتؐ نماز پڑھتے تھے سنی اونھون نے قرات آپ کی پس چلے وہ طرف آواز کے پس ناگہان اونکے پیچھے سے آواز آنے لگی پس چلے اودھر کی طرف پس سنتے تھے آواز کو وہان بھی اپنے پیچھے ہی سے پس پھرے وہ اور نہ پائی طرف آنحضرتؐ کے راہ پس یہ ہی قول اللہ تعالی کا وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا الخ اور ابن مردویہ نے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ کہا جمع ہوئے قریش آنحضرت کے دروازے پر منتظر تھے آنحضرتؐ کے نکلنے کے تاکہ ایذا دین آپ کو پس دشوار ہوا یہ امر حضرتؐ پر پس لائے آپ کے پاس جبرئیلؑ سورۂ یٰسٓ اور حکم کیا آپ کو نکلنے کا پس لی مٹھی مٹی کی اور نکلے پڑھتے ہوئے سورۂ یٰسٓ اور ڈالتے تھے مٹی اونکے سرون پر پس نہین دیکھا اونھون نے حضرت کو یہان تک کہ گذرے پس شروع کیا ہر ایک نے ٹٹولنا سر اپنے کا پس پایا تھا

مٹی اور آیا کوئی اونمین کا اور کہا کس چیز نے روکا ہی تمکو کہا اونھون نے کہ انتظار کرتے ہین ہم محمد کا پس کہا اوسنے کہ تحقیق میںنے دیکھا ہی اونکو اندر مسجد کے کہا او تھو پس تحقیق سحر کیا تمپر* من در منثور*

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ ۖ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ ○

سوا اسکے نہین ہی کہ ڈراتا ہی تو اوس کو کہ پیروی نصیحت کی کرے یعنی نہین نفع دیتا ہی ڈرانا تیرا مگر اوسکو کہ پیروی کرے قرآن کی اور ڈرے خدا سے غائبانہ یعنی ڈرے الله کے عذاب سے حال انکہ دیکھا نہین ہی اوسکو پس خوشخبری دے اوسکو ساتھہ بخشش کے یعنی عفو گناہون اوسکے کے اور ثواب بزرگ کے یعنی جنت کے* فتح* تو تو ڈر سنادے اوسکو جو چلے سمجھانے پر اور ڈرے رحمن سے بن دیکھے سو اوسکو دے خوشخبری معافی کی اور عزت کے نیگ کی* مو*

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُبِينٍ ○

تحقیق ہم زندہ کرتے ہین مردون کو اور لکھتے ہین ہم جو کچھہ کہ آگے بھیجا یعنی اعمال اچھے برے اور لکھتے ہین ہم نقش قدم اونکے اور ہر چیز کو گھیر رکھا ہی ہمنے بیچ کتاب ظاہر کے یعنی لوح محفوظ کے* فتح* ہم ہین جو جلاتے ہین مردے اور لکھتے ہین جو آگے بھیج چکے اور اونکے پیچھے نشان رہے اور ہر چیز گن لی ہی ہمنے ایک کھلی اصل کتاب مین* تفسیر* جو آگے بھیج چکے اپنے اعمال اور پیچھے رہے نشان اولاد اور عمارت اور رسم ڈالی نیک یا بد* مو* زندہ کرتے ہین ہم یعنی اوٹھاوینگے ہم اونکو بعد مرنے اونکے کے یا نکالتے ہین ہم اونکو شرک سے طرف ایمان کے اور آثار سے مراد ہین نشانیان کہ مرنے کے بعد چھوڑین خواہ نیک ہون جیسے علم کسیکو سکھا گیا یا کتاب تالیف کر گیا یا زمین وغیرہ وقف کر گیا یا خانقاہ یا مسجد بنا گیا یا بری جیسے بعضے ظالم کسی پر کچھہ چٹی لگا دیتے ہین اور اسیطرح تمام طریقے نیک یا بد کہ جاری کیے جاوین اور مانند اسی کے ہی قول الله تعالی کا يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ ○ یعنی خبر دیا جاویگا انسان اوسدن ساتھہ اوس چیز کے کہ آگے بھیجی یعنی اعمال اور پیچھے چھوڑی یعنی نشانیان مذکورہ فرمایا نبی صلی الله علیہ وسلم نے کہ جو کوئی رواج دے اسلام مین طریقہ نیک کہ عمل کیا جاوے اوسپر بعد اوسکے ہوگا واسطے اوسکے ثواب اوسکا اور ثواب اون شخصون کا کہ عمل کیا اوسپر بغیر ناقص ہونے اجر اونکے سے کچھہ اور جسنے رواج دیا اسلام مین طریقہ بد کہ عمل کیا جاوے اوسپر بعد اوسکے ہوگا اوسپر گناہ اوسکا اور گناہ اونکا کہ چلین گے اوسپر پیچھے اوسکے بغیر اسکے کہ نقصان ہو گناہون اونکے سے کچھہ اور بعضون نے کہا کہ وہ آثار قدم رکھنے اونکے ہین طرف جمعے یا جماعتون کے ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ کہا تھے بنو سلمہ مدینے کی ایک جانب مین پس ارادہ کیا انتقال مکان کرنے کا قریب مسجد نبوی کے پس اوتاری الله تعالی نے یہ آیت إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ پس بلایا اونکو رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ لکھے جاتے ہین نشان قدم تمھارے پھر پڑھی یہ آیت اونپر پس چھوڑ دیا اونھون نے وہان سے اوٹھنا اور ابی موسی سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی الله علیہ وسلم نے کہ بہت بڑا لوگون کا از روے ثواب کے نماز مین بعید تر اونکا ہی پھر بعید تر اونکا ہی چلنے مین یعنی جو زیادہ دور سے چلکر آوے گا وتنا ہی ثواب زیادہ پاویگا اور وہ شخص کہ انتظار کرے نماز کا یہان تک کہ پڑھے اوسکو ساتھہ امام کے بہت بڑا ہی ثواب مین اوس شخص سے کہ نماز پڑھتا ہی پھر سو رہتا ہی اور ابی بن کعب نے کہا کہ تھا ایک شخص نہین جانتا مین کسیکو اہل مدینے سے اون لوگون مین سے کہ نماز پڑھتے ہین قبلے کی طرف بہت دور رہنے والا مسجد سے اوس شخص سے پس ہوتا تھا وہ نماز مین ساتھہ نبی صلی الله علیہ وسلم کے پس کہا گیا اوس سے کہ اگر خریدے تو حمار کہ سوار ہووے تو اوسپر گرمی اور اندھیرے مین تو بہتر ہی

اوسنے کہا قسم اللہ کی نہین خوش آتا مجکو کہ مکان میرا ملا ہوا ہو مسجد سے پس خبر دی گئی اسکی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پس پوچھا اوس سے سبب اسکا اوسنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اسلیے پاس ہونا مکان کا مین نہین چاہتا ہون کہ تا لکھے جاوین نشان قدم میرے اور قدم میرے اور پہر آنا میرا اور متوجہ ہونا میرا اور پشت دینا میرا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دے تجکو اللہ یہ سب اور دے تجکو جو کچھ کہ امید ثواب کی رکھتا ہی سب + ال معا + در منثور +

تنبیہ + اس سب سے یہ سمجھا گیا کہ سنت کی باتون کے رواج دینے مین اور بدعتون کے مٹانے مین بڑا فائدہ ہی اور سنت کے ترک کرنے مین اور بدعتون کے جاری کرنے مین بہت ضرر ہی پس اسوقت مین عورت کا دوسرا نکاح کروانا سنت ہی اور اسکو عار جاننا بدعت وکفر اور ایسے ہی خرید و فروخت کرنی بذات خود سنت ہی اور اسکو برا اور عار جاننا بدتور سابق اور ان دونون بلاؤن مین بھی اکثر لوگ بلکہ بعضے علما و مشائخ بھی گرفتار ہورہے ہین اور ایسے ہی سنت سلام اور مصافحہ کی اور مانند انکے کی بہت سنتین مٹ رہین ہین کہ جو اونکو اب رواج دے وہ بشارت مذکور مین داخل ہوا اور تعزیہ مہندی سہرا کنگنا سنڈھا بندھن دار باندھنا بدھی بیڑہ پہنانا یا چوٹی کسیکے نام کی رکھنی یا بچے کو فقیر اماموں کا بنانا یا گنج بھرنا بچے کی سلامتی کے لیے یا ڈاڑھی کا منڈانا یا پٹھون ہیرون کا رکھنا اور مانند انکے کے یہ سب بدعات سیئہ ہین اور انکو مٹانا حتی الوسع اپنے گھر اور دوستون مین سے ایک طرح کا آثار بدچھوڑ جانا ہی اور سبب داخل ہونے کا وعید مذکور مین اور ایسے ہی مسجد مین حاضر ہونا اور جماعت سے نماز ادا کرنی سنن ہدی سے ہی اور اسکا ترک کرنا علامت منافقون کی ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ جو کوئی نکلا اپنے گھر سے با وضو طرف نماز فرض کے پس اجر اوسکا مانند اجر حاجی احرام باندھے ہوئے کے ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز جماعت کی فضیلت رکھتی ہی نماز تنہا پر ستائیس درجہ اور عبد اللہ بن مسعود رض سے منقول ہی کہ کہا البتہ تحقیق دیکھا ہمنے اپنے کو اس حال مین کہ نہین پیچھے رہتا تھا نماز باجماعت سے مگر منافق معلوم النفاق یا بیمار کامل اور خفیف بیماری والے کا یہ حال تھا کہ دو شخص دو طرف سے پکڑ کر لاتے تھے نماز کے لیے اور کہا ابن مسعود نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائین ہمکو سنن ہدی اور بلا شبہہ سنن ہدی سے ہی نماز پڑھنی ایسی مسجد مین کہ اذان دی جاتی ہو مین یعنی باجماعت پڑھنی اور ایک روایت مین ہی کہ کہا ابن مسعود نے جسکو خوش لگے یہ کہ ملے اللہ تعالی سے فردا ئے قیامت کو مسلمان یعنی کامل مسلمان پس چاہیے کہ محافظت کرے ان پانچون نمازون پر جسوقت کہ اذان دی جاوے ان نمازون کی یعنی جماعت سے پڑھے مسجد مین پس تحقیق اللہ نے ظاہر کیے تمہارے نبی کے لیے طریقے ہدایت کے اور تحقیق پانچون نمازین باجماعت مسجد مین پڑھنین سنن ہدی سے ہین اور اگر تمنے نماز پڑھی اپنے گھرون مین یعنی اگرچہ جماعت سے پڑھی جیسے کہ پڑھتا ہی یہ متخلف اپنے گھر مین البتہ چھوڑی تمنے سنت اپنے نبی کی اور چھوڑوگے سنت اپنے نبی کی البتہ گمراہ ہو جاؤگے اور نہین کوئی شخص کہ وضو کرے اچھی طرح پھر قصد کرے طرف مسجد کے ان مساجد مین سے مگر کہ لکھتا ہی اللہ اوسکے لیے عوض ہر قدم کے کہ رکھتا ہی نیکی اور بلند کرتا ہی اوسکا بسبب قدم کے درجہ اور دور کرتا ہی اوس سے بسبب اوسکے گناہ اور البتہ دیکھا ہی ہمنے اپنے کو اس حال مین کہ نہین پیچھے رہتا تھا اس نماز باجماعت سے مگر منافق معلوم النفاق اور تھا مرد یعنی مومن مریض لایا جاتا اوسکو اس طرح کہ دو شخصون کے کندھون پر ہاتھ رکھے ہوتا یہان تک کہ کھڑا کیا جاتا صف مین روایت کی یہ مسلم نے اور فرمایا آنحضرت ؐ نے اگر نہوتین گھرون مین عورتین اور ذریت تو قائم کرتا مین نماز عشا کی اور حکم کرتا مین اپنے جوانون کو کہ جلا دین جو کچھ کہ گھرون مین ہو آگ سے اور فرمایا آنحضرت ؐ نے کہ جسنے سنا اذان کو پس نہ جواب دیا اوسکا یعنی ساتھ قول اور فعل کے پس نہین ہی نماز اوسکے لیے مگر عذر سے انتہی اور بہت سی روایتین آئی ہین جماعت کی فضیلت مین چنانچہ بعضی روایتین سوا اسکے ابھی اوپر گذرین ہین اور پھر ایسی نعمت کو ہاتھ سے دینا اور منافقون کے

گروہ مین گنے جانا عقل سے کمال ہی بعید ہی اور اسکے ترک کی عادت ڈالنی اور اسکو رواج دینا اپنے تابعین مین اور اپنے وقت کے لوگو نمین آثار بد سے ہی اس جماعت کے ترک کی آفت مین بھی بہت لوگ پھنس رہے ہین حتی کہ بعضے اہل علم اور اکثر مشائخ بھی گرفتار ہین جو جاہل و عوام جہلا نے بہانا کیا تعلیم و تعلم کا مشائخ نے حیلہ کیا وظیفہ خوانی کا کہ رات کو وظیفے پڑھتے ہین بیدار رہتے ہین اس سبب سے جماعت کے لیے نہین پہونچ سکتے ہین کہ جو جماعت کا وقت ہوتا ہی وہی ہمارے سونے کا وقت ہوتا ہی یا وظیفے کا اور یہ بھی باقتضاے جہالت ہی اگر علم ہو تو تاکید کرنی حضرت عمرؓ کی مدنظر رکھین کہ ایکبار حضرت عمرؓ نے نپایا سلیمان بن ابی حثمہؓ کو نماز صبح مین اور حضرت عمرؓ صبح کو گئے بازار کی طرف اور گھر سلیمان کا درمیان مین تھا مسجد اور بازار کے پس گذرے حضرت عمرؓ اوپر شفا کے کہ مان تھی سلیمان کی اور فرمایا اوسکو کہ نہین دیکھا مینے سلیمان کو صبح کی نماز مین پس کہا شفا نے کہ رات گذاری تھی اوسنے نماز پڑھتے یعنی تہجد کی پس غالب ہوئین اوسپر آنکھین اوسکی یعنی نیند غالب ہوئی آنکھ لگ گئی پس کہا حضرت عمرؓ نے البتہ حاضر ہونا میرا نماز صبح کو جماعت مین محبوب تر ہی طرف میرے اس سے کہ قیام کرون رات کو یعنی شب بیدار رہون انتہی اور قطع نظر اسکے جب جاگتے اور فارغ ہوتے ہین تب کب آتے ہین جہان ذرا نام نوابی یا خانی یا شاہی کا لگا قید جمعہ و جماعت کی اوٹھ گئی معلوم نہین کہ عار آتی ہی غربا کے پاس کھڑے رہنے سے یا اس جماعت کا کچھ وجود ہی نہین جانتے کہ عرسون اور میلون وغیرہ مین تو براہ دور و دراز جاوین سواریون پر چڑھ چڑھ کر اور نہ آوین تو محلے کی مسجدون مین نہ آوین عوام کار باری آپ کو بگڑے انکو دیکھکر اونھون نے کہا کہ جب ایسے ایسے لوگ کہ بزرگ گنے جاتے ہین مسجدون مین نہ آئے تو ہم غریب کہ کاربار مین لگے رہتے ہین اگر نہ آوینگے تو کیا ہوگا حیف صد حیف ضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا آپ بھی ڈوبے اور اورون کو بھی ڈبویا اگرچہ اس عاجز کا لکھنا ناگوار تو گذریگا لیکن محض بنظر اَلنُّصْحُ لِكُلِّ مُسْلِمٍ کے عرض کیا گیا ہی کہ شاید بنظر انصاف قلب کی طرف متوجہ ہون اور حق بات خیال مین آجاوے اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ **احادیث مشکوۃ** اب آگے اون مشرکون کے سمجھانے کے لیے ایک قصہ بیان ہوتا ہی کہ دیکھو جیسے وہ لوگ نافرمانی اللہ و رسول کے سے تباہ ہوئے ویسے ہی تم ہوگے اگر اپنی بدذاتی سے باز نہ آؤگے

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝

اور بیان کر واسطے اسکے قصہ گانو کے رہنے والون کا جب آئے اوس گانو پر پیغامبر **فتح** اور بیان کر اونکے واسطے ایک کہاوت لوگ اوس گانو کی جب آئے اوسمین بھیجے ہوئے **موضح** **تفسیر** بیان کر یعنی ذکر کر انکے لیے قصہ عجیبہ قصہ گانون والون کا جب آئے اونپر پیغمبر یعنی بھیجے ہوئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آیا ہی کہ حضرت عیسیٰؑ نے دو شخصون کو اپنے حواریین مین سے کہ نام اونکا صادق اور صدوق تھا قریۂ انطاکیہ پر بھیجا تا لوگون کو حق کی طرف بلاوین اور شہر والے بت پرست جب وہ قریب گانو کے پہونچے تو ایک بڈھے کو دیکھا کہ بکریان چرا رہا ہی اور نام اوسکا حبیب نجار تھا اوس سے اونھون نے سلام علیک کی اوسنے پوچھا کہ تم کون ہو اونھون نے کہا کہ ہم رسول عیسیٰ کے ہین تمکو بتون کی پرستش سے خدا کی عبادت کی طرف بلاتے ہین ہم اوس بڈھے نے کہا کہ کچھ دلیل اپنے دعوے پر رکھتے ہو انھون نے کہا ہان رکھتے ہین بیمارون کو شفا دیتے ہین ہم اور کوڑھی اور اندھے کو بھلا چنگا اور بینا کر دیتے ہین یعنی اللہ تعالی سے دعا کرتے ہین وہ علتون مذکورہ کو دفع کر دیتا ہی اوس بڈھے نے کہا اچھا کہ میرا بیٹا سالہا سال سے بیمار ہی اور اطبا اوسکے معالجے سے عاجز آئے ہین اگر تم اوسکو اچھا کرو تو تمھارے خدا پر ایمان لاوین ہم پس اونکو اپنے بیٹے کے سرھانے لے گیا اونھون نے دعا کی اور ہاتھ اوسکے بیٹے پر پھیرا حق تعالی نے اوسکو شفا دی اور یہ خبر اوس گانو مین شائع ہوئی اور بہت بیمارون نے اون دونون رسولون

سے ہاتھ سے شفا پائی اور وہ بڈھا مسلمان ہوا اور یہی تھا کہ چھ سو برس پہلے ہمارے پیغمبر پر ایمان لایا بن دیکھے اور ایک
سابقین فی الاسلام سے اور ملقب ساتھ صاحب یٰس کے ہی غرض کہ جب یہ خبر اون دو رسولون عیسیٰ کی انطاکیہ مین منتشر
ہوئی اور وہان کے رہنے والون مین سے بہت سے اونکے ہاتھ پر مسلمان ہوئے اور یہ خبر پونہچی وہان کے بادشاہ کو کہ
نطیخس نام رکھتا تھا اور روم کے بادشاہون مین سے تھا اور بت پرست تھا تو اونکو اپنے پاس بلا کر پوچھا کہ تم کون ہو اونھون نے
کہا کہ ہم رسول عیسیٰ کے ہین بادشاہ نے کہا کہ کیون آئے ہو کہا تو کہ تمکو خدا کی عبادت کی طرف بلاوین اور بت پرستی سے
باز رکھین اوسنے کہا کہ سوائے معبودون ہمارے کے یعنی بتون کے کوئی اور معبود بھی ہی اونھون نے کہا کہ ہان ہی جو کہ خالق تیرا
ہی اور تیرے معبودون کا بھی اوس بادشاہ نے اون دونون رسولون کو قید خانے مین مقید کیا اور ہر ایک کو سو کوڑے مارے اور
جب یہ خبر حضرت عیسیٰ کو پونہچی تو اپنے حواریون کے سردار شمعون نام کو اونکی مدد کے لیے بھیجا شمعون نے انطاکیہ مین آکر بادشاہ کے
خاص لوگون سے آشنائی پیدا کی حتی کہ شدہ شدہ بادشاہ کے آگے گئے اور از راہ دانشمندی و حکمت کے ایسے مقرب بادشاہ
کے ہوئے کہ بادشاہ بغیر مشورے اونکے کے کچھ کام نہین کرتا تھا ایک روز شمعون نے بادشاہ سے پوچھا کہ مینے سنا ہی کہ دو مسافرون
کو تو نے قید خانے مین رکھا ہی سبب اسکا کیا ہی بادشاہ نے کہا کہ وہ دعوی کرتے ہین کہ سوائے بتون ہمارے کے کوئی اور خدا ہی
شمعون نے تعجب کر کر کہا کہ کہہ اپنے نوکرون کو کہ اونکو ہمارے آگے حاضر کرین تو ہم بھی اونکے حال و مقال پر مطلع ہووین بادشاہ نے
اونکے حاضر کرنے کا حکم کیا جب وہ آئے اور شمعون کو دیکھا تو خوش ہوئے اور خاطر جمع سے بیٹھے شمعون نے پوچھا کہ تمکو کسنے بھیجا ہی
اونھون نے کہا اوس اللہ نے بھیجا ہی کہ پیدا کیا اوسنے ہر چیز کو اور رزق دیا ہر زندے کو پس کہا شمعون نے کہ وصف بیان کرو اوسکا
اور مختصر بیان کرو اونھون نے کہا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَ یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ ○ یعنی کرتا ہی وہ جو کچھ چاہتا ہی اور حکم کرتا ہی جو کچھ ارادہ
کرتا ہی شمعون نے کہا اونکو کہ خدا تمھارا کیا قدرت رکھتا ہی اونھون نے کہا کہ نابینا کو بینا کرتا ہی شمعون نے بادشاہ سے کہا کہ ایک
نابینا کو حاضر کرین اور اون دونون رسولون کو کہا کہ اسکو بینا کرو اونھون نے دعا کی فی الحال بینا ہوا اور ایک روایت مین بدلے
پہلی عبارت کے یون ہی کہ شمعون نے کہا کہ کیا ہی نشانی تمھاری یعنی تمھاری حقیت کی اونھون نے کہا کہ جو کچھ آرزو ہو بادشاہ
کی وہ کر سکتے ہین ہم پس بلایا بادشاہ نے ایک لڑکے نابینا کو پس دعا کی اونھون نے اللہ سے پس بینا ہوا وہ لڑکا شمعون نے
کہا کہ اے بادشاہ اگر تو اپنے معبودون سے مانگے کہ کرین مانند اسکے تو ہو شرف تیرے لیے اور تیرے معبودون کے لیے پس
بادشاہ نے آہستہ سے ساتھ شمعون کے کہا کہ مجکو تجھسے پردہ نہین ہی ہمارے معبود تو نہ کچھ دیکھتے ہین اور نہ سنتے ہین اور نہ بولتے
ہین اور نہ ضرر پونہچا سکتے ہین اور نہ نفع اور کسی چیز پر قادر نہین ہین شمعون نے پھر اون رسولون سے کہا کہ خدا تمھارا اور کیا قدرت
رکھتا ہی اونھون نے کہا کہ مردے کو زندہ کرتا ہی شمعون نے کہا کہ اگر خدا تمھارا یہ کام کرے تو ہم سب تمھارے خدا پر اور تمپر ایمان لاوین
اور سات روز کے مردے کو اونکے سامنے لائے اون دونون نے خدا تعالی سے دعا کی اور شمعون دل مین دعا کرتے تھے وہ مردہ
زندہ ہو کر اوٹھ کھڑا رہا اور کہا کہ مین داخل کیا گیا آگ کے سات نالون مین بسبب اسکے کہ مین مرا شرک پر اور کہا کہ تم خدا سے ڈرو اور ایک
روایت مین ہی کہ کہا مین ڈراتا ہون تمکو اوس چیز سے کہ تم اوسمین ہو پس ایمان لاؤ اور یہ دونون رسول سچے ہین اور کہا اوسنے کہ
کھولے گئے دروازے آسمان کے پس دیکھا مینے ایک جوان[۵۱] خوبصورت کو کہ شفاعت کرتا ہی ان تینون کے لیے بادشاہ نے
کہا کنکے لیے کہا اوس مردے نے کہ شمعون کے لیے اور ان دونون رسولون کے لیے پس بادشاہ متعجب ہوا اور شمعون نے
جب جانا کہ میری بات نے اثر کیا بادشاہ کے دل مین تو اوسکو حقیقت حال کی خبر دی اور نصیحت کی اوسکو ایمان کے لانے کی پس

۵۱ یعنی جوان سے حضرت عیسیٰ ہین منہ مدظلہ

بادشاہ اور بعضے لوگ ایمان لائے اور بعضے کافر رہے اور کافرون نے قصد کیا بادشاہ کے اور مومنون کے قتل کرنے کا پس حبیب نجار کو جب خبر قصد قتل اونکے کی پونہچی تو وہ بھی اپنے مکان سے کہ شہر کے کنارے پر تھا متوجہ انکی طرف ہوا اور اظہار اسلام کیا اور اپنی قوم کو دعوت اسلام کی طرف کی لوگون نے انکا کہنا نمانا اور انکو شہید کیا پھر جبرئیلؑ نے ایک چیخ ماری کہ کافر ہلاک ہو گئے چنانچہ آیات آیندہ مین یہ قصہ مذکور ہی + مد + بحر +

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝

اوسوقت کہ بھیجا ہمنے طرف اونکے یعنی گانون والون کے دو شخصون کو پس جھٹلایا گانون والون نے اونکو پس قوت دی ہمنے ساتھ تیسرے کے پس تینون نے کہا یعنی گانون والون سے کہ تحقیق ہم طرف تمہارے بھیجے گئے ہین + فتح + جب بھیجے ہمنے اونکی طرف دو تو اونکو جھٹلایا پھر ہمنے زور دیا تیسرے سے تب کہا ہم تمہاری طرف آئے ہین بھیجے + تفسیر + یہ شہر تھا انطاکیہ حضرت عیسیٰؑ کے دو یار وہان پہنچے شہر والون نے ٹال دیے پھر تیسرے یار بھی پونہچے تیسرے بڑے یار تھے + مو + نسبت بھیجنے کی خدا تعالی نے اپنی طرف کی باوجودیکہ وہ رسول بھیجے ہوئے عیسیٰؑ کے تھے اسلیے کہ فعل پیغمبر کا سوائے امر الٰہی کے نہین ہوتا ہی اور مراد دو سے وہی صادق اور صدوق ہین اور بقولے یحیی اور یونس اور تیسرے شمعون اور بقولے سلوم اور مشہور قول اول ہی + بحر +

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝

کہا گانون والون نے نہین ہو تم مگر آدمی مانند ہمارے اور نہین بھیجا خدا نے کچھ یعنی وحی اور نہین ہو تم مگر دروغ گو + فتح + وہ بولے تم بھی انسان ہو جیسے ہم اور رحمن نے کچھ نہین اوتارا تم سارا جھوٹھ کہتے ہو + مو +

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝

کہا رسولون نے کہ پروردگار ہمارا جانتا ہی کہ تحقیق ہم طرف تمہارے بھیجے گئے ہین اور نہین ہی ہمپر مگر پیغام پونہچانا ظاہر + فتح + کہا ہمارا رب جانتا ہی ہم بیشک تمہاری طرف بھیجے آئے ہین اور ہمارا ذمہ یہی ہی پونہچا دینا کھولکر + مو + تفسیر + یعنی ساتھ دلیلون واضحہ کے کہ اونسے ثابت ہو سچا ہونا پیغام کا اور وہ بینا کرنا اندھے کا اور چنگا کرنا کوڑھی کا اور بیمار کا اور زندہ کرنا میت کا ہی + جلالین + مد +

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

کہا اونھون نے کہ تحقیق ہمنے شگون بدلیا ساتھ تمہارے اگر نہ باز رہوگے البتہ سنگسار کرینگے ہم تمکو اور البتہ پونہچیگا تمکو ہماری طرف سے عذاب درد دینے والا + فتح + بولے ہمنے نامبارک دیکھا تمکو اگر تم نہ چھوڑوگے تو ہم تمکو سنگسار کرینگے اور تمکو لگے گی ہمارے ہاتھ سے دکھ کی مار + مو + تفسیر + شگون بدلیا اور وہ یہ تھا کہ اونھون نے مکروہ کہا رسولون کے دین کو اور نفرت کی اوس سے اونکے نفسون نے اور عادت جاہلون کی یہ ہی کہ یُمن یعنی مبارکی لیتے ہین ساتھ اوس چیز کے کہ مائل ہوتے ہین طرف اوسکے اور قبول کرتے ہین اسکو طبیعتین اونکی اور بدشگونی لیتے ہین ساتھ اوس چیز کے کہ نفرت کرتے ہین اوس سے اور مکروہ جانتے ہین اوسکو پس اگر پہونچتی ہی اونکو کوئی بلا یا نعمت تو کہتے ہین کہ یہ بلا اسکی نحوست سے پونہچی اور یہ نعمت اوسکی برکت سے آئی اور بعضون نے کہا کہ مینہہ نہ برستا تھا اون ایام اونھون نے کہا کہ جب سے تم اس گانو مین آئے ہو پونہچی ہی یہ مصیبت ہمکو تمہاری نحوست سے کہ مینہہ برستا نہین اور زراعت ہماری خشک ہو گئی ہی اگر نہ باز رہوگے یعنی اپنی اس گفتگو سے تو مار ڈالینگے ہم تمکو یا ہانک دینگے تمکو یا برا بھلا کہین گے ہم + مد +

قَالُوْا طَائِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۚ أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○

کہا اونھون نے کہ شگون بد تمھارا ہمراہ تمھارے ہی کیا اگر نصیحت دیے جاتے ہو تم اوپر شگون بد کے حمل کرتے ہو تم بلکہ تم ایک قوم ہو حد سے نکلنے والی ✤ **فتح** ✤ کہنے لگے تمھاری نامبارکی تمھارے ساتھ ہی کیا اس سے کہ تمکو سمجھایا گیا کوئی نہین پر تم لوگ ہو کہ حد پر نہین رہتے ✤ **تفسین** ✤ شاید کفر کی شامت سے قحط ہوا ہوگا اوسکو نامبارکی سمجھے یا آپسمین اختلاف ہوگیا جسکے سبب سے نہ مانا اوسکو کہا ہر طرح شامت اونھین کی ہے ✤ **مو** ✤ شگون بد تمھارا یعنی سبب تمھاری نحوست کا تمھارے ساتھ ہے اور وہ کفر ہے کہ اوسکی شامت سے قحط وغیرہ مین گرفتار ہوئے ایک قوم ہو حد سے نکلنے والی نافرمانی مین پس اس سبب سے آئی ہے تمپر نحوست نہ اللہ کے رسولون کے سبب سے اور نہ اونکی نصیحت کرنے سے یا یہ معنی ہین کہ بلکہ تم حد سے نکلنے والے ہو اپنی گمراہی مین کہ نسبت نحوست کی کرتے ہو اونکی طرف کہ واجب ہی بابرکت سمجھنا اونکو اور برکت حاصل کرنی اونکی کہ وہ رسول اللہ کے ہین ✤ **مل** ✤ **تنبیہ** ✤ اس آیت کریمہ سے یہ بات سمجھی گئی کہ نحوست و بدشگنی کسیکے قدم سے یا آواز وغیرہ سے نہین ہوتی جیسے یہان مشہور ہے کہ بہو کا یا نوکر یا جانور نو خرید یا بچہ نو تولد کا قدم منحوس ہوا کہ اوسکے آنے سے فلانی مصیبت پڑی یا فلانا جانور بولا یا بلّی نے رستا کاٹا یا چھینک ہوئی اس سے یہ ضرر پونہچا اسکی کچھ اصل نہین بلکہ اسکے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلطِّيَرَةُ شِرْكٌ اسکی شرح صاحب مجالس نے یون لکھی ہے کہ یعنی شگون بد لینا اعمال اہل شرک و کفر کے سے ہے جیسے کہ بیان کیا اللہ تعالی نے عقیدہ اونکا کتنی ہی جگہہ اپنی کتاب مین کہ وہ بدشگنی لیتے تھے ساتھ رسولون کے اور تابعداروں اونکے کے اور سبب اسکا یہ تھا کہ رسول جب بلاتے تھے اونکو طرف اوس دین کے کہ جسکی الفت نرکھتے تھے تو اس سے تعجب کرتے تھے وہ اور انبیا سے اونکی طبیعتین متنفر ہوتی تھین اسلیے کہ عادت جاہلون کی یہ تھی کہ مبارک جانتے تھے اوس چیز کو کہ موافق ہوتی تھی خواہش اونکی کے اگرچہ باعث ہوتی ہر شر و وبال کی اور منحوس جانتے تھے اوس چیز کو کہ مخالف ہوتی اونکی خواہش کے اگرچہ سبب ہوتی ہر خیر و نوال کی اور اونکی عادات مین سے یہ بھی تھا کہ نحس جانتے تھے بعضے دنون اور مہینے کو جیسے کہ ماہ صفر ہے پس بہت لوگ اس زمانے مین بھی نحس جانتے ہین اوسکو اور بعضے باز رہتے ہین اوسمین سفر کرنے اور نکاح کرنے اور مانند انکے کے سے اور اسکو منحوس جاننا جنس طیرہ منہی عنہا کے سے ہے اسلیے کہ تخصیص نحوست کی ساتھ ایک زمانے کے نا اوسکے غیر صحیح ہے اسلیے کہ زمانہ عبارت ہے مدت دراز سے معلوم ہوتی ہے مقدار اوسکی ساتھ حرکت افلاک اور ستارون کے اور زمانہ بذاتہ امر واحد ہے متشابہ الاجزا حاصل ہوا ہے ساتھ پیدایش اللہ تعالی کے اور واقع ہوتے ہین اوسمین افعال بندون کے پس نہین ہوتا ہے اوسمین یمن اور شوم مگر باعتبار افعال بندون کے پس جو زمانہ کہ مشغول ہو بندہ اوسمین ساتھ عبادت کے پس وہ زمانہ مبارک ہے اوسپر اور جس زمانے مین کہ مشغول ہو بندہ ساتھ گناہ کے پس وہ زمانہ منحوس ہے اوسپر اور حقیقت مین یمن وہی طاعت ہے اور شوم وہی معصیت ہے جیسے کہ کہا عدی بن حاتم نے يُمْنُ الْمَرْءِ وَشُؤْمُهُ بَيْنَ لَحْيَيْهِ یعنی مبارکی آدمی کی اور نحوست اوسکی درمیان دونون کلون اوسکے کے ہے یعنی زبان اوسکی اور کہا ابن مسعود نے کہ اگر ہو نحوست کسی چیز مین تو اوس چیز مین ہو کہ درمیان دونون کلون کے ہے یعنی زبان مین اور حضرت عایشہ رض سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلشُّؤْمُ سُوْءُ الْخُلُقِ یعنی نحوست بدخلقی ہے پس بنا بر اسکے نہین ہے نحوست مگر معاصی و ذنوب اسلیے کہ وہ غصہ دلاتے ہین اللہ تعالی کو پس اللہ تعالی جب غصے ہوا بندے پر ہوتا ہے وہ بندہ بدبخت دنیا اور آخرت مین اور جب راضی ہوتا ہے اللہ تعالی بندے سے ہوتا ہے وہ بندہ نیکبخت دنیا اور آخرت مین اور بعض صالحین سے شکوہ کیا گیا بلا کا کہ واقع ہین اوسمین لوگ پس کہا کہ نہین جانتا ہون

رکعتین سوائے فرض کے پھر چاہیے کہ کہے اللهم انی استخیرک الخ ۱۲

اس بلا کو کہ تم اوسمین پڑے ہو مگر بسبب نحوست گناہون اور معاصی کے پس گنہگار منحوس ہوتا ہی اپنے نفس پر اور اپنے غیر پر اسلیے
کہ نہین امن ہین ہوتا ہی اس سے کہ اوترے اوسپر عذاب پس گھیرے سب لوگون کو خصوصًا اونکو کہ نہ برا جانین اوسکے عمل کو پس دوری
اوس سے لازم ہی اور اسی طرح وہ مکان کہ کیے جاتے ہین اون مین گناہ لازم ہی دور رہونا اونسے اور بھاگنا اونسے بخوف اوترنے
عذاب کے اوپر اونکے کہ ہون اونمین پس جدا ہونا گنہگارون سے اور اونکے مکانون سے جملہ ہجرت ماموربہا سے ہی اور کفار
کی عادت یہ بھی تھی کہ تفتیش کرتے تھے مطلب کو اسباب شر سے مانند رمل کے اور نظر کرنے کے ستارون وغیرہ مین اور یہ
سب قبیل طیرہ منہی عنہا سے اور قبیل استقسام بالازلام سے ہی اور کہا ابو اسحٰق الزجاج وغیرہ نے کہ استقسام ساتھ ازلام
کے یعنی قسمت بھلی بری اپنی معلوم کرنی ساتھ تیرون کے حرام ہی اسلیے کہ یہ داخل ہوتا ہی اللہ تعالی کے علم مین کہ جو غائب ہی
ہم سے اور داخل ہی استقسام بالازلام مین فال جو نکالتے ہین ہمارے زمانے مین اور کہتے ہین اوسکو فال قرآن اور فال دانیال
اور مانند اونکے کے پس وہ نہین ہین اوس فال مین سے کہ جسکی تعریف کی گئی ہی شرع مین بلکہ وہ قبیل استقسام بالازلام سے
ہی پس نہین جائز ہی استعمال اونکا اور نہ اعتقاد رکھنا اونکی حقیت کا اسلیے کہ ایسی فالون مین خبر دینی ہی غیب سے اور تطیر یعنی
شگون لینا ہی قرآن عظیم سے نہین ہی فال محمود شرع مین مگر یہ کہ یمن و برکت معلوم کرے ساتھ ایک کلمے کے کہ موافق ہو مراد کے
جیسے کسی کام کو نکلے اور لفظ راشد یا نجیح سنے اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی انس سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش آتا تھا
جس وقت کہ نکلتے کسی حاجت کو یہ کہ سنین یا راشد یا یا نجیح اور اور حدیث مین آیا ہی اِنَّہٗ عم کَانَ یَتَفَاءَلُ وَلَا یَتَطَیَّرُ
یعنی آنحضرتؐ فال نیک لیتے تھے اور شگون بد نہین لیتے تھے اور اور حدیث مین آیا ہی کَانَ یُحِبُّ الْفَالَ وَیَکْرَہُ الطِّیَرَۃَ
یعنی آنحضرتؐ دوست رکھتے تھے فال نیک کو اور مکروہ رکھتے تھے شگون بد لینے کو کہا ہی علمانے کہ نہین دوست رکھتے تھے آنحضرتؐ
فال نیک کو اور نہین مکروہ رکھتے تھے طیرہ یعنی شگون بد لینے کو مگر اسلیے کہ طیرہ مین حکم کرنا ہوتا ہی غیب پر اور بدگمانی لیجانی
ہوتی ہی اللہ تعالی پر اور توقع رکھنی بلا کی ہوتی ہی اور فال نیک مین نہین حکم کرنا ہوتا ہی غیب پر بلکہ اوسمین نری طلب خیر کی
اور حسن ظن ساتھ اللہ تعالی کے اور امید حصول مراد کی ہوتی ہی پس انسان جب امید رکھے اللہ تعالی سے بھلائی اور نعمت کی
نزدیک کسی سبب قوی یا ضعیف کے تو یہ بہتر ہی اوسکے لیے اور جب قطع کرے امید اپنی اللہ تعالی سے تو یہ برا ہی اوسکے لیے
بموجب قول اللہ تعالی کے اِنَّہٗ لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ ○ یعنی نہین نا امید ہوتی اللہ کی
رحمت سے مگر قوم کافر اور ذکر کیا گیا ہی نصاب الاحتساب مین کہ ایک شخص جب نکلا سفر کو پس آواز کی عقعق نے کہ ایک قسم ہی
کوّے کی پس پھر آیا وہ سفر سے تو کافر ہوا نزدیک بعض مشائخ کے اور ذکر کیا گیا ہی محیط مین کہ ہامہ جب آواز کرے اور کہے
کوئی شخص کہ مر جاویگا مریض تو کافر ہوتا ہی کہنے والا بعضون کے نزدیک اور مثال فال نیک لینے کی یہ ہی کہ ہو اسکو حاجت
پس سنے کسیکو کہ کہتا ہی یا واجد پس پڑے اسکے دل مین امید حاجت کے پانے کی یا اسکا کوئی بیمار ہو پس سنے کسیکو
کہ کہتا ہی یا سالم پس پڑے اسکے دل مین امید سلامتی کی حاصل یہ کہ اللہ کے مومن بندون کو شگون بد وغیرہ پر التفات
نہین کرنا چاہیے اور جب پیش آوے اونکو کوئی امر امور دین اور دنیا مین سے تو استخارہ کرین اللہ تعالی سے کہ دوگانہ نماز کا
پڑھکر دعا استخارہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ الخ کہ جو حدیث شریف مین آئی ہی چنانچہ حصن حصین اور مشکوٰۃ اور
صحیحین وغیرہ کتب حدیث مین مذکور ہی پڑھے کہا ہی علمانے کہ مستحب ہی استخارہ کرنا ساتھ نماز اور دعا مذکور کے تمام امور مین
جیسے کہ تصریح کی ہی اسکی حدیث مذکور مین کہ فرمایا اِذَا ھَمَّ اَحَدُکُمْ بِالْاَمْرِ فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ مِنْ غَیْرِ الْفَرِیْضَۃِ

ثُمَّ لِیَقُلِ اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ الخ پس دو رکعت سوائے فرض کے پڑھے یعنی نفل اور حاصل ہوتا ہی ساتھ دو رکعتوں کے
سنتوں رواتب مین سے اور ساتھ تحیۃ المسجد وغیرہ نوافل کے اور اگر متعذر ہو نماز پڑھنی تو فقط دعا ہی پڑھے اور مستحب ہی شروع کرنا دعا کے
مذکور کا اور ختم کرنا اوسکا ساتھ الحمد للہ اور صلوٰۃ و سلام کے رسول اللہ پر اور جب استخارہ کرے تو استخارہ کرے سات بار پھر جس چیز پر
دل ٹھہرے وہ کرے اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی انس رض سے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا اونکو اے انس جب قصد کرے تو کسی کام کا پس
استخارہ کر اپنے رب سے سات بار پھر نظر کر طرف اوس چیز کے کہ سبقت کی ہی تیرے دل کی طرف پس خیر اوسمین ہی انتہی اسی طرح
سے ہوتا ہی فعل اللہ کے صالح بندون کا جب پیش آتا ہی اونکو کوئی امر امور دین و دنیا سے پس ہووے استخارہ امور دین مین
مانند حج اور جہاد اور تمام بھلائیون کے اوپر تعین وقت کے نہ نفس فعل پر اور امور دنیا مین نفس فعل پر ہوا اور حال اہل فسق اور جاہلون کا کہ جو راہ حق سے
بھٹکے ہوئے ہین یہ ہی کہ جب قصد کرتا ہی کوئی اونمین سے کسی کام کا مثلا شادی درپیش ہوئے یا سفر کو جانا ہوا تو جاتا ہی رمال
یا نجومی اور مانند انکے کے پاس اور کچھہ اونکو اجرت دیتا ہی اور پوچھتا ہی کہ آیا یہ کام کرون یا نکرون رمال قرعہ ڈال کر اور نجومی
پترا دیکھکر جو بتاتا وہ کرتا ہی اور یہ نہین جانتا مسکین کہ اس سے دین و دنیا اپنی خراب کرتا ہی اسلیے کہ ذکر کیا گیا ہی شرح عقائد
مین اَنَّ تَصْدِیْقَ الْکَاھِنِ بِمَا یُخْبِرُہٗ عَنِ الْغَیْبِ کُفْرٌ لِقَوْلِہٖ ع مَنْ اَتٰی کَاھِنًا فَصَدَّقَہٗ بِمَا یَقُوْلُہٗ فَقَدْ کَفَرَ
بِمَآ اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ یعنی کاہن جو خبر غیب کی دے اوسکو سچ ماننا کفر ہی بموجب فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ جو
کوئی آیا کاہن کے پاس اور سچ مانا اوسکا کہا پس تحقیق کافر ہوا ساتھ اوس چیز کے کہ اوتاری گئی محمد پر یعنی قرآن و شریعت اور کاہن
وہ ہی جو خبر غیب کی دے برابر ہی کہ رمل کی راہ سے دے یا نجوم کی راہ سے یا اور طرح سے یَسَّرَنَا اللّٰہُ تَعَالٰی الْاِجْتِنَابَ
عَنْ جَمِیْعِ ذٰلِکَ تمام ہوا کلام صاحب مجالس کا غور تو کرو بھائیو ان مضامین مین صاف اس سے یہی معلوم ہوتا ہی کہ ابتدائے
تنبیہ مین جو کچھہ لکھا گیا اور اور بعضی رسمین کہ آگے مذکور ہوتی ہین یہ سب طیرہ ممنوع مین داخل ہین اور وہ یہ ہین کہ یہان جو
رسم ہی کہ کسیکے مرنے کے بعد اچار نہ ڈالے اور دال نہ بھگوئے اور چرخا نہ کاتے والا اور کوئی مرجاویگا یا نیلا نے رنگ کا کپڑا یا جو
نہ پہنے والا کچھہ ضرر پہونچیگا یا چوڑی نتھہ اس اعتقاد سے پہنے کہ یہ خاوند کی سلامتی کی ہین دیکھنا کوئی چوڑی ٹھنڈی نہو جاوے
اور اوسکے ٹوٹنے کو بدشگونی جانتی ہین یہ سب قبیل طیرہ سے ہین کہ جسکو آنحضرت صلعم نے شرک یعنی اعمال مشرکین سے فرمایا ہی
پس مسلمان کو بالضرور بچنا چاہیے انسے کہ کفار کی رسم برتنی بہت بری چیز ہی اگر انکو مؤثر حقیقی جانے تو تو کفر ہی ہی اور اگر مؤثر
نجانا اور دیکھا دیکھی اونکی رسم برتی تو بھی اللہ تعالی اوس سے نہایت بغض رکھتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَبْغَضُ النَّاسِ اِلَی اللّٰہِ ثَلٰثَۃٌ مُلْحِدٌ فِی الْحَرَمِ وَمُبْتَغٍ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃَ الْجَاھِلِیَّۃِ وَمُطَّلِبُ دَمِ امْرِئٍ بِغَیْرِ
حَقٍّ لِیُھْرِیْقَ دَمَہٗ یعنی اللہ تعالی نہایت بغض رکھتا ہی بہ نسبت سب آدمیون کے تین شخصون سے ایک تو جو کجروی کرے
حرم مین یعنی جو باتین حرم مین کرنی نچاہیین وہ وہان کرنے لگے اور دوسرا وہ شخص کہ ڈھونڈھے اسلام مین طریقہ جاہلیت یعنی
طالب ہو کفار کی رسمون کے برتنے کا اور تیسرا وہ شخص کہ طالب ہو آدمی کی خونریزی کا ناحق پس جو کوئی اللہ تعالی کا نہایت مبغوض ہوا
اوسکا کیا ٹھکانا عیاذا باللہ منہ مسلمان کو ہر نوع بدشگونی کے ماننے اور تمام رسمیات کفار سے بچنا چاہیے اور یہ اعتقاد رکھے کہ ان
شگونون کی چیزون کو کچھہ دخل نہین جو کچھہ چاہتا ہی اللہ جل شانہ کرتا ہی ہماری شامت اعمال سے پس جب کوئی مصیبت درپیش آئے
جانے کہ جیسا ہمنے کیا ویسا پایا تو توبہ و استغفار سے رجوع اپنے مولی کی طرف کرے اور آیندہ کو گناہون سے بچے اسکے برابر دفع مصیبت
و بلا و نحوست کے لیے کوئی چیز مفید نہین ہی کہ اللہ تعالی خود فرماتا ہی وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ

لا یحتسب یعنی جو کوئی اللہ کے ڈر سے گناہ سے بچتا ہی پیدا کرتا ہی اللہ تعالی اوسکے لیے جگہہ نکلنے کی ہر تنگی سے اور رزق دیتا ہی اوسکو ایسی جگہہ سے کہ گمان بھی نہین رکھتا وہان سے ملنے کا + ط +

وَجَاۤءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْــَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

اور آیا دور ترین محلون اوس شہر کے سے یعنی انطاکیہ کے سے ایک مرد دوڑتا ہوا کہا ای قوم میری پیروی کرو ان بھیجے گیونکی پیروی کرو اون شخصون کی کہ نہین مانگتے تمسے کچھہ مزدوری اور وہ راہ پائے ہوئے ہین + فتح + اور آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا بولا ای قوم راہ پر چلو ان بھیجے ہوون کی چلو راہ پر ایسون کی جو تمسے نیگ نہین مانگتے اور سوجھے ہین + مو + تفسیر + مراد مرد سے وہی حبیب نجار ہی کہ جو مسلمان ہوئے تھے ان رسولون کے ہاتھہ پر اور پہلے وہ بت تراشا کرتے تھے اور سدی نے کہا دھوبی تھے اور چھہ سو برس کی عمر تھی اونکی اور ہوئے وہ مومن سخی جو کچھہ کماتے شام کو جمع کرتے اور دو حصے کرتے اوسکے ایک حصے مین قوت اپنے عیال کا کرتے اور ایک حصہ بدد دیتے اور تھا مکان اونکا بہت دور شہر کے دروازے کے پاس کہ وہ دروازہ بہ نسبت اور دروازون کے بہت دور تھا اور کہا قتادہ نے کہ حبیب پہاڑ کے غار مین عبادت مولی مین مشغول تھے جب اونکو یہ خبر پونہچی کہ اونکی قوم نے قصد کیا ہی رسولون کے قتل کرنے کا تو وہ آئے اونکے پاس اور اپنا دین ظاہر کیا اور کہا رسولون سے کہ کیا تم مانگتے ہو مزدوری پاس ابلاغ رسالت پر اونھون نے کہا نہین پس وہ اپنی قوم کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا ای قوم میری پیروی کرو بھیجے گیون کی الخ جب اونھون نے یہ کہا تو قوم نے کہا کہ کیا تو انکے دین پر ہی اور انکے معبود پر ایمان رکھتا ہی پس کہا حبیب نے آگے کا قول اور بعضون نے کہا کہ حبیب نے جب کہا کہ پیروی کرو رسولون کی تو پکڑ کر لے گئے وہ حبیب کو بادشاہ کے پاس پس کہا اوسنے بادشاہ نے کہ تو پیروی کرتا ہی رسولون کی پس کہا حبیب نے وما لی لا اعبد الذی الخ + مد + معا +

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

اور کیا ہی مجکو کہ نہ عبادت کرون مین اوس معبود کی کہ پیدا کیا مجکو اور اوسی کی طرف پھیرے جاؤگے + فتح + اور مجکو کیا ہی کہ بندگی نہ کرون اوسکی جسنے مجکو بنایا اور اوسی کی طرف پھر جاؤگے + مو + تفسیر + یعنی بعد موت پس سزا دیگا تمکو مانند اور کفار کے اور پیدا کرنے کو اپنی طرف نسبت کیا کہ اثر نعمت کا تھا اوسکو اپنا اوپر ظاہر کیا اور رجوع کو اونکی طرف کہ معنی زجر کے رکھتا تھا + بحر +

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْــًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝

کیا سوائے اوسکے ایسے خدا پکڑون مین کہ اگر چاہے خدا میرے حق مین ایک نقصان دفع نکرے مجسے شفاعت اونکی کسی چیز کو اور وہ نہ خلاص کرین مجکو + فتح + بھلا مین پکڑون اوسکے سوائے اورون کو پوجنا کہ اگر مجہ پر چاہے رحمن تکلیف کچھہ کام نہ آوے مجکو اونکی سفارش اور نہ وہ مجکو چھڑاوین + مو + تفسیر + کیا پکڑون مین استفہام معنی انکار کے ہی یعنی نہین پکڑنے کا مین سوائے خدا کے ایسے خدا کہ کچھہ قدرت نہین رکھتے ہین اور آپ پتھر یا لکڑی کے ہین دفع انکرے مجسے شفاعت اونکی یعنی وہ شفاعت کرنے ہی کے نہین کہ دفع کرے شفاعت اونکی کچھہ اور نہ خلاص کرین مجکو

جلالین

یعنی اوس نقصان سے اور بعضون نے کہا نہ چھٹاوین عذاب سے اگر عذاب کرے مجکو اللہ اگر کرون مین یہ معا

اِنِّیْٓ اِذًا لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○

تحقیق مین اوس وقت یعنی اگر کرون جون مین غیر اللہ کو البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے ہوون فتح تو تو مین بھٹکا راہون صریح مو

اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّکُمْ فَاسْمَعُوْنِ ○

تحقیق مین ایمان لایا ساتھ پروردگار تمھارے کے پس سنو تم مجسے مترجم کہتا ہے کہ گانوُن والون نے شہید کیا اوسکو واللہ اعلم فتح مین یقین لایا تمھارے رب پر مجسے سن لو تفسیر آگے نقل کیا کہ قوم نے اوسکو شہید کیا اور بعضے کہتے ہین اللہ تعالی نے جیتا اوٹھا لیا مو جب نصیحت کی حبیب نے اپنی قوم کو تو وہ پتھراؤ کرنے لگی حبیب پر پس وہ جلدی سے متوجہ ہوئے اون رسولون کی طرف پہلے مارے جانے کے اور کہا اونسے کہ مین ایمان لایا تمھارے رب پر پس سنو تم ایمان میرا یعنی گواہ رہو میرے ایمان پر اور فردا ے قیامت کو خدا کے آگے گواہی دینا اور بعضے کہتے ہین کہ حبیب نے اپنی قوم کی طرف خطاب کر کر یہ بات کہی کہا ابن عباس نے روندا اون کافرون نے حبیب کو اپنے پانون سے یہان تک کہ نکل آئین آنتین اونکی دبر کی راہ سے کہا سدی نے کہ کافر مارتے تھے پتھر حبیب کو اور وہ کہتے تھے رَبِّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ یعنی ای رب میرے ہدایت کر میری قوم کو کہ وہ جانتے نہین ہین پس پتھراؤ کرتے رہے وہ یہان تک کہ ٹکڑے ٹکڑے کیا اونکو اور قتل کیا اونکو پس شہید ہوئے وہ اور قبر اونکی بیچ بازار انطاکیہ کے ہے اور جب وہ قتل کیے گئے کہی گئی آگے کی بات مد معالم منثور

قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ○ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ ○

کہا گیا اوسکو کہ داخل ہو بہشت مین کہا ای کاش میری قوم جانین کہ کس چیز سے بخشا مجکو پروردگار میرے نے اور کیا مجکو نوازے ہوون مین سے کہ جنت مین داخل کیا فتح حکم ہوا کہ چلا جا بہشت مین بولا کسی طرح میری قوم معلوم کرین کہ بخشا مجکو میرے رب نے اور کیا مجکو عزت والون مین تفسیر قوم نے اوس سے دشمنی کی اور اوسکو بہشت مین بھی قوم کی خیر خواہی رہی کہ اگر معلوم کرین میرا حال تو سب ایمان لا دین مو اسمین دلیل ہے اسپر کہ جنت پیدا کی جا چکی ہے اور حسن بصری نے کہا کہ جب ارادہ کیا قوم نے اونکے قتل کرنے کا تو اوٹھا لیا اونکو اللہ تعالی نے اپنی طرف اور وہ جنت مین ہین مرنے کے نہین مگر وقت فنا ہونے آسمان و زمین کے پس جب وہ داخل ہوئے بہشت مین اور وہان کی نعمتین دیکھین تو کہا ای کاش الخ اور یہ آرزو اونھون نے اسلیے کی کہ تا رغبت کرین لوگ رسولون کی پیروی مین پس جب قتل کیے گئے حبیب غضب الٰہی اوسکے سبب سے جوش مین آیا اور جلدی سزا دی اونکو کہ حکم ہوا جبرئیل کو کہ اونھون نے ایک چیخ ماری پس وہ مر گئے جیسے کہ آگے فرماتے ہین مد معا

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا کُنَّا مُنْزِلِیْنَ ○

اور نہین اوتارا ہمنے حبیب کی قوم پر بعد اوسکے کوئی لشکر آسمان سے اور نہین ہین ہم اوتارنے والے لشکر فتح اور اوتاری نہین ہمنے اوسکی قوم پر اوسکے پیچھے کوئی فوج آسمان سے اور ہم اوتارا نہین کرتے مو تفسیر بعد اوسکے یعنی بعد قتل اوسکے کے یا بعد جیتے جی اوٹھ جانے اوسکے کے اور لشکر آسمان سے یعنی ملائکہ کا اونکے عذاب کرنے کے لیے اور ما کنا منزلین کے معنی یہ ہین کہ نہین صحیح تھا ہماری حکمت مین کہ اوتارین ہم قوم حبیب کے ہلاک کرنے کے لیے لشکر اور یہ اسلیے کہ اللہ تعالی نے مقدر کیا ہے ہلاک کرنا ہر قوم کا بعضی بعضی طرح پر بسبب حکمت کے کہ مقتضی ہوئی ہے

ف ۲۶ اور بعضے کہتے ہین کہ جیتا اوٹھا لیا اللہ نے اونکو معا

ف ۲۷ یعنی دخول ہو گیا اوسکو بعد قتل کے کلام بطور استیناف کے ہے اور داخل ہونے اوسکا مراد ہے اور یہ جو کہا ہی قیل لہ عند موتہ ادخل الجنۃ وقیل بعد

اوسکو پس حکمت آلہی مقتضی اسکو تھی کہ لشکر ملائکہ انکے ہلاک کرنے کے لیے اوترے اور یا یہ معنی ہین کہ نہین اوتارتے ہین ہم کسیکے ہلاک کرنے کے لیے لشکر ملائکہ کا بلکہ اور جسطرح چاہتے ہین ہلاک کرتے ہین مانند طوفان اور صاعقہ اور ہوا اور مانند انکے پھر آگے بیان فرمایا عذاب اونکا + مد معا +

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ○

تھی عقوبت یعنی عذاب اونکا مگر ایک چیخ زور کی پس ناگہان وہ مانند آگ بجھی ہوئی کے ہوئے + فتح + یہی تھی ایک چنگھاڑ پھر تبھی سب بجھ رہے + مو + تفسیر + یعنی اللہ تعالی کافی اونکے امر کا ہوا ساتھ آواز فرشتے کے کہ جبرئیل ؑ نے دونون بازو دروازۂ انطاکیہ کے پکڑ کر ایک چنگھاڑ ماری سب مر رہگئے جیسے آگ یکبارگی ہی بجھ جاتی ہی اور نہین اوتارا اونکے ہلاک کرنے کے لیے لشکر آسمان سے جیسے کہ کیا گیا روز بدر اور خندق کے اور جب یہ کچھ تکلیف انکو پونہچی تو اللہ نے مرتبہ بھی اونکا بڑا کیا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ابو بکر بہترین اہل زمین کے ہین مگر یہ کہ نبی نہین ہین سوائے مومن آل یٰسین کے اور سوائے مومن آل فرعون کے اور روایت مین ہی کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا صدیق تین ہین حزقیل مومن آل فرعون کا اور حبیب نجار صاحب آل یٰسین اور علی ؓ بن ابی طالب اور آیا ہی کہ عروہ بن مسعود ثقفی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے پس اسلام لائے پھر اذن مانگا پھرنے کا طرف قوم اپنی کے پس فرمایا اونکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ مار ڈالین گے تجکو کہا اگر پاوین گے مجکو سوتے تو جگانے کے نہین یعنی چہ جائے قتل کرنا پس پھرے طرف قوم کے اور بلایا اونکو اسلام کی طرف پس نہ مانا اونھون نے کہنا انکا اور ایذا کی باتین سنائین انکو پس جب طلوع ہوئی فجر کھڑے ہوئے عروہ بالاخانے پر اور اذان دی نماز کے لیے اور کلمہ شہادت پڑھا پس ایک شخص نے ثقیف مین سے اونکو تیر مارا اور مار ڈالا پس جب آنحضرت ؐ کو یہ خبر پونہچی تو فرمایا کہ مثل عروہ کی مثل صاحب یٰس کے ہی کہ بلایا اپنی قوم کو اونسنے طرف اللہ کے پس قتل کیا اوسکو + مد + در منثور + معا

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○

او وائے بندون پر نہین آتا ہی اونپر کوئی بھیجا ہوا مگر کہ ساتھ اوسکے تمسخر کرتے تھے + فتح + کیا افسوس ہی بندون پر کوئی رسول نہین آتا ان پاس جس سے ٹھٹھا نہین کرتے + مو + تفسیر + معنی یہ ہین کہ وہ لائق تر اسکے ہین کہ حسرت کرین اونپر حسرت کرنے والے اور افسوس کرین اونکے حال پر افسوس کرنے والے قتادہ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ یعنی ای حسرت بندون کو اوپر نفسون اونکے کے اوپر اوس چیز کے کہ ضائع کیا امر آلہی سے اور زیادتی کی اللہ کے مقابلے مین اور بعضون کے نزدیک یہ معنی ہین يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ کے کہ ندامت ہوگی دن قیامت کے اون بندون پر کہ نہین آیا انکے پاس کوئی رسول مگر کہ استہزا کرتے تھے اوس سے معنی حسرت کے شدت ندامت کے ہین اور یہ قول خدا کا ہوگا کہ روز قیامت کے سب کافرون کو خطاب کریگا کہ حسرت ہی تمپر کہ میرے رسولون پر ایمان نہ لائے اور نزدیک ایک جماعت کے مفسرون مین سے یہ مقولہ قوم کفار انطاکیہ کا ہی کہ بوقت دیکھنے عذاب کے حسرت اوپر جھٹلانے تینون رسولون اپنے کے کھائی اور آرزو ایمان کی اوسوقت کی اور نفع ندیا + بحر + مد + در منثور +

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ○

کیا ندیکھا یعنی کیا نجانا اونھون نے کہ کسقدر ہلاک کیے ہمنے پہلے اونکے طبقات لوگون کے کیا ندیکھا کہ وہ جماعت یعنی ہلاک کی ہوئی طرف انکے یعنی مکے والون کے پھر نہین آتے ہین + فتح + کیا نہین دیکھتے کتنی کھپا چکے ہم انسے پہلے

سنگتین کہ وہ ان پاس پھر نہیں آتے + مو + تفسیر + یعنی طرف دنیا کے پس کیون نہین عبرت پکڑتے ساتھ ان کے اور قرون سے مراد قوم عاد اور ثمود اور قرون انکے درمیان مین بہت گذرے + معا + درمنثور

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ○

اور نہین ہی ہر طبقہ مگر جمع ہوکر نزدیک ہمارے حاضر کیا گیا ہوگا + فتح + اور ساروں مین کوئی نہین جو اکٹھے نہ آوین ہمارے پاس پکڑے + مو + تفسیر + معنی یہ ہین کہ سب خلائق حشر کیے جاوینگے جمع اور حاضر کیے جاوینگے حساب کے لیے روز قیامت کے اور ہر ایک موافق عمل اپنے کے جزا پاویگا + مل + بحر

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ○

اور نشانی ہی اونکے لیے زمین مردہ زندہ کیا ہمنے اوسکو اور نکالا ہمنے اوسمین سے اناج پس اوس سے کھاتے ہین + فتح + اور ایک نشانی ہی اونکو زمین مردہ اوسکو ہمنے جلایا اور نکالا اوسمین سے اناج سو اوسمین سے کھاتے ہین + مو + تفسیر + یعنی علامت کہ دلالت کرتی ہی اسپر کہ الله اوٹھاویگا موتے کو زندہ کرنا زمین مردہ یعنی خشک بے گیاہ کا ہی کہ کس طرح خشک پڑی ہوتی ہی اور پھر مینہ برستا ہی اور وہ سرسبز ہو جاتی ہی پس اوسکو دیکھکر ایمان لاوین ہماری توحید اور قدرت جلانے اور اوٹھانے اموات کے پر + مل + بحر

وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ○ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○

اور پیدا کیے ہمنے زمین مین باغ کھجور کے درختون سے اور انگور کے درختون سے اور جاری کیے ہمنے اون باغون مین چشمے تا کھاوین میوہ اوس چیز کے سے کہ مذکور ہوئی اور نہین بنایا ہی میوے کو انکے ہاتھون نے آیا پس شکر نہین کرتے + فتح + اور بنائے ہمنے اوسمین باغ کھجور کے اور انگور کے اور بہائے اوسمین بعضے چشمے کہ کھاوین اوسکے میوون سے اور وہ بنایا نہین انکے ہاتھون نے پھر کیون شکر نہین کرتے + مو + تفسیر + ضمیر ثمرہ کی الله تعالی کی طرف پھرتی ہی یعنی تاکہ کھاوین اوس چیز سے کہ پیدا کیا ہی اوسکو الله نے قسم میوے سے اور کیون نہین شکر کرتے یعنی الله کا ان نعمتون پر یعنی نہین موحد و مومن اوسکے نہین ہوتے + مل + بحر

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ○

پاک ہی وہ کہ جسنے پیدا کیا تمام جنسون کو اوس چیز سے کہ اوگاتی ہی اوسکو زمین اور جنس آدمیون سے اور اوس چیز سے کہ وہ نہین جانتے ہین + فتح + پاک ذات ہی جسنے بنائے جوڑے سب چیز کے اوس قسم سے جو اوگتا ہی زمین مین اور آپ اون مین اور جن چیزون مین کہ انکو خبر نہین + مو + تفسیر + اگاتی ہی زمین قسم کہ مراد درخت اور زراعت اور میوون سے اور جنس آدمیون سے یعنی اولاد مرد اور عورت اور اوس چیز سے کہ وہ نہین جانتے یعنی اور طرح بطرح کی چیزین پیدا کین مین الله تعالی نے کہ نہین مطلع کیا لوگون کو اونپر بہتیرے چیزین جنگلون اور دریاؤن مین ایسی پیدا کین ہین کہ کوئی جانتا بھی نہین ہی اونکو + مل

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ○ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○

اور نشانی ہی واسطے اونکے شب مانند پوست کے کھینچتے ہین ہم اوس سے روز کو پس ناگہان وہ تاریکی میں گئے ہوئے ہین اور سورج چلتا ہی واسطے اوس راہ کے کہ قرارگاہ اوسکی ہی یہ ہی اندازہ خدائے غالب دانا کا + فتح + اور ایک نشانی ہی انکو رات اوسپر سے کھینچتے ہین ہم

اوس سے دن پھر تبھی یہ رہ جاتے ہین اندھیرے مین اور سورج چلا جاتا ہی اپنی ٹھہری راہ پر یہ اندازہ ہی اوس زبردست باخبر کا + مو +

تفسیر + نشانی ہی کہ دلالت کرتی ہی ہماری قدرت پر مانند پوست کے کھینچتے ہین ہم اوس سے روز کو یعنی نکال لیتے ہین اور الگ کر لیتے ہین ہم رات سے دن کو اسطرح کا نکالنا کہ نہین باقی رہتی ساتھ اوسکے کچھ بھی روشنی دن کی آنے والے ہین تاریکی مین یعنی داخل ہونے والے ہین اوسمین اور معنی اسکے یہ ہین کہ جاتا رہتا ہی دن اور آجاتی ہی رات اور یہ یون ہی کہ اصل تاریکی ہی اور دن آنے والا ہی اوسپر پس جب غروب ہوتا ہی آفتاب نکلیتا ہی اور الگ ہو جاتا ہی دن رات سے پس ظاہر ہوتی ہی تاریکی اور سورج چلتا ہی یعنی اور نشانی لوگون کے لیے یہ ہی کہ چلتا ہی سورج اپنی حد کے لیے کہ موقت اور مقدر ہی پہونچنا اوسکا طرف اوسکے لیے آسمان سے آخر سال مین مشابہت دی اوسکو مسافر کے ٹھہرنے کی جگہہ کے ساتھ جبکہ منقطع کرتا ہی چلنا اپنا یا چلتا ہی واسطے حد ہر روزہ اپنی کے روبرو ہمارے کہ وہ مغرب ہی یا چلتا ہی واسطے انتہا امر اپنے کے نزدیک تمام ہونے دنیا کے اور قائم ہونے قیامت کے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحت کو پونہچا ہی کہ آپ نے فرمایا مستقر آفتاب کا عرش کے نیچے ہی وہ حدیث یہ ہی عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِہٖ وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّھَا قَالَ مُسْتَقَرُّھَا تَحْتَ الْعَرْشِ اور اور روایت مین ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی ذر سے جسوقت کہ غروب ہوا آفتاب کہ تو جانتا ہی کہ کہان جاتا ہی یہ ابوذر نے کہا کہ کہا مینے اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین فرمایا کہ چلا جاتا ہی یہان تک کہ سجدہ کرتا ہی عرش کے نیچے پھر اذن چاہتا ہی یعنی طلوع ہونے کا اور قریب ہی یہ کہ سجدہ کرے پس نہ قبول کیا جاوے اوس سے اور اذن مانگے پس نہ اذن دیا جاوے اوسکے لیے کہا جائیگا اوسکو پھر جا جہان سے آیا ہی پس طلوع کریگا اپنے غروب ہونے کی جگہہ سے پس یہ ہی قول اللہ تعالی کا وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّھَا یعنی جاری ہونا اوسکا اس تقدیر و حساب دقیق پر اندازہ ہی خدائے غالب دانا کا کہ جو غالب ہی ہر چیز پر اور جانتا ہی ہر معلوم کو + مد + معا + مشکوۃ +

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰہُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ۝

اور چاند مقرر کر دین ہمنے اوسکے لیے منزلین یہان تک کہ ہو جاوے بشکل شاخ کھجور سوکھی کے + فتح + اور چاند کو ہمنے بانٹ دی ہین منزلین یہان تک کہ پھر آرہے جیسے ٹہنی پرانی + تفسیر + چاند اور سورج ملتے ہین مہینے کے آخر تو چاند چھپ گیا جب آگے بڑھا تو نظر آیا پھر منزل منزل بڑھتا چلا جب تک پھر اوسی جگہہ آیا تو پہونچا ٹہنی سا نظر آیا پھر ٹہنی سا ہو کر چھپا بیچ مین بڑھکر پورا ہوا اور گھٹا اور منزلین ہین اٹھائیس + مو + منزلین چاند کی اٹھائیس ہین اوترتا ہی چاند ہر رات بیچ ایک کے اونمین سے نہ اوس سے آگے بڑھتا ہی اور نہ کوتاہی کرتا ہی اوس سے اوپر اندازہ برابر کے سیر کرتا رہتا ہی اونمین اوس شب سے کہ دکھائی دیتا ہی اٹھائیسوین تک پھر دو رات چھپتا ہی اگر ہوتا ہی مہینا تیس روز کا اور ایک رات چھپتا ہی جبکہ مہینا انتیس روز کا ہوتا ہی اور عرجون لکڑی شاخ خرما کی اور قدیم پرانی سال گذشتہ کی اور جب وہ پرانی ہوتی ہی تو باریک بھی ہو جاتی ہی اور ٹیڑھی بھی مانند ہلال کے اور زرد بھی پس مشابہت دی چاند کو اوسکے ساتھ تین وجہون مذکورہ کے + مل +

لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَھَآ اَنْ تُدْرِکَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّھَارِ وَکُلٌّ فِیْ فَلَکٍ یَّسْبَحُوْنَ ۝

نہین آفتاب لائق ہی اوسکو کہ پاوے چاند کو اور نہ رات سبقت کرنے والی ہی دن پر یعنی پہلے تمام ہونے روز کے نہین آتی اور ہر ایک آفتاب اور چاند اور ستارون سے آسمان مین سیر کرتے ہین + فتح + نہ سورج کو پونہچے کہ پکڑے چاند کو اور نہ رات آگے بڑھے دن سے اور ہر کوئی ایک ایک گھیرے مین تیرتے ہین + تفسیر + سورج چاند ملتے ہین تو چاند پکڑتا ہی

سورج کو سورج نہین پکڑتا چاند کو اور رات دن مین کوئی آگے بڑھے یہکہ دن پر دوسرا دن آوے بن بیچ رات آئی اور پہر ستارہ ایک ایک گہیر رکھتا ہی اوسی راہ پر تیرتا ہی معلوم ہوا ستارے آپ چلتے ہین یہ نہین کہ آسمان مین گڑے ہین اور آسمان چلتا ہی نہین تو تیرنا نفرماتے ÷ **مو** ÷ نہین آفتاب الخ یعنی نہین سہل ہی آفتاب کو کہ پالیوے چاند کو اور نہ رات سبقت کر سکتی ہی دن پر یعنی نہین داخل ہوتا ہی دن رات پر پہلے تمام ہونے اوسکے کے اور نہ داخل ہوتی ہی رات دن پر پہلے تمام ہونے دن کے یعنی دونون آپسمین آگے پیچھے آتے ہین ساتھ حساب معلوم کے نہین آتا ہی ایکا ون دونون کا پہلے وقت اپنے کے اور بعضون نے کہا کہ نہین داخل ہوتا ایکا ون دونون کا دوسرے کی سلطنت مین یعنی نہین طلوع ہوتا ہی آفتاب رات کو اور نہ چاند دن کو اس حال مین کہ اوسکے لیے روشنی ہو پس جب دونون جمع ہونگے اور پاویگا ہر ایک اون دونون مین سے دوسرے کو اور طلوع ہوئیگا آفتاب مغرب سے تو قائم ہوئیگی قیامت اور بعضون نے کہا کہ نہین لائق ہی آفتاب کو یہ کہ پاوے چاند کو یعنی نہین جمع ہوتا سورج ساتھ چاند کے ایک آسمان مین اور نہ رات سبقت کرنے والی ہی دن پر یعنی نہین متصل ہوتی رات ساتھ رات کے کہ نہو اون دونون کے بیچمین دن فاصل ÷ **مد** ÷ **معا** ÷

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ۝

اور نشانی ہی اونکے لیے یعنی ہماری قدرت پر کہ اوٹھایا ہمنے قوم بنی آدم کو بیچ کشتی بھری ہوئی کے اور پیدا کیا ہمنے اونکے لیے مانند اوس کشتی کے جو سوار ہوتے ہین اوسپر یعنی اونٹ اور گاڑی ÷ **فتح** ÷ اور ایک نشانی ہی اونکو کہ ہمنے اوٹھالی اونکی نسل اوس بھری کشتی مین یعنی حضرت نوح ؑ کے وقت نہین تو انسان کا تخم نرہتا اور بنادی ہمنے اونکو اوس طرح کی چیز جسپر چڑھتے ہین ÷ **مو** ÷ **تفسیر** ÷ مراد کشتی بھری ہوئی سے کشتی نوح ؑ کی ہی کہ باپ دادا اہل مکہ کے اوسمین سوار ہوکر بچے تھے اور یہ اور ذریت اونکی صلبون مین تھے اگر وہ نہ بچتے تو یہ کیونکر پیدا ہوتے پس اونپر احسان ہوا سب پر احسان ہی اور وہ کشتی تمام حیوانات سے بھری ہوئی تھی اور لفظ ذریت اضداد سے ہی بمعنی اولاد کے بھی آتا ہی اور بمعنی باپ داداؤن کے بھی جیسے یہان آیا اور بعضون کے نزدیک ذریت بمعنی مشہور کے ہی یعنی اولاد انکی کہ کشتیون مین سوار ہوکر تجارت کو جاتے ہین اور مراد مانند کشتی سے چھوٹی کشتیان ہین کہ نہرون مین چلتی ہین وہ بنائی گئین بشکل کشتی نوح ؑ کے تعلیم الٰہی سے اور بقول ابن عباس ؓ کے مراد اونٹ ہین کہ جنگل مین بوجھ اوٹھاتے ہین جیسے کشتی بوجھ اوٹھاتی ہی دریا مین اسی واسطے عرب اونٹ کو سفینۂ بریہ کہتے ہین **مد** ÷ **معا** ÷

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ یُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰی حِیْنٍ ۝

اور اگر چاہین ہم غرق کرین اونکو یعنی دریا مین باوجود پیدا کرنے کشتیون کے پس کوئی فریاد رس نہو اونکے لیے اور نہ نجات پاوین وہ یعنی ڈوبنے سے لیکن رحمت کی ہمنے اپنی طرف سے اور بہرہ مند کیا ہمنے ایک مدت تک ÷ **فتح** ÷ اور اگر ہم چاہین تو اونکو ڈبا دین پھر کوئی نہ پونہچے اونکی فریاد کو اور نہ وہ خلاص کیے جاوین مگر ہم اپنی مہر سے اور کام چلانے کو ایک وقت تک ÷ **مو** ÷ **تفسیر** ÷ لیکن رحمت کی ہمنے الخ یعنی نہین نجات دیتے ہین ہم اونکو مگر بسبب رحمت اپنی کے اونپر اور بسبب بہرہ مند کرنے کے اونکو ساتھ لذت کی چیزون کے تا تمام ہونے عمرون اونکی کے ÷ **مد** ÷

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

اور جب کہا جاتا ہی اونکو کہ ڈرو اوس عذاب سے کہ آگے تمہارے ہی اور جو پیچھے تمہارے ہی شاید کہ تم رحم کیے جاؤ ÷ **فتح** ÷ اور جب کہیے اونکو بچو اپنے سامنے آنے سے اور اپنے پیچھے چھوڑے سے شاید تمپر رحم ہو ÷ **تفسیر** ÷ سامنے آتا ہی جزا کا دن

م

٥٢ قوله واذا قیل لهم والجواب محذوف تقدیره اذا قیل لهم اعرضوا بدلیل ما بعده ۱۲ معا

پیچھے چھوڑے اپنے اعمال + مو + یعنی جو کچھ کہ آگے گذرے ہین گناہ تمھارے اور جو کچھ کہ کرو گے بعد یا ڈرو مثل اون وقایع سے کہ مبتلا کی گئین ساتھ اونکے امتین جھٹلانے والیان اپنے انبیا کو مانند قوم عاد اور ثمود وغیرہ کے اور ماخلفکم امر قیامت کا یا مابین ایدیکم وماخلفکم سے فتنہ دنیا کا اور عذاب آخرت مراد ہی کہا ابن عباس رضی نے مابین ایدیکم سے مراد ہی آخرت پس عمل کرو اوسکے لیے اور ماخلفکم سے مراد ہی دنیا پس بچو اوس سے اور مت فریفتہ ہو اوسپر + مدل + معا +

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝

اور نہین آتی اونکے پاس کوئی نشانی نشانیون رب اونکے سے مگر کہ یہ اوس سے مونہہ پھیرتے والے ہین + فتح + اور کوئی حکم نہین پہونچتا انکو اپنے رب کے حکمون سے جسکو ٹلا نہین رہتے + تفسیر + یعنی ڈھنگ انکا یہی ہی کہ مونہہ موڑتے ہین وقت آنے ہر آیت و نصیحت کے + مدل

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝

اور جب کہا جاتا ہی انکو کہ خرچ کرو اوس چیز سے کہ رزق دیا ہی تمکو خدائے تعالی نے کہتے ہین یہ کافر مسلمانون کو کہ کیا کھلاوین ہم اوس شخص کو کہ اگر چاہتا اللہ کھانا دیتا اوسکو نہین تم مگر بیچ گمراہی ظاہر کے + فتح + اور جب کہیے اونکو خرچ کرو کچھ اللہ کا دیا کہتے ہین منکر ایمان والون کو ہم کیون کھلاوین ایسے کو کہ اللہ چاہتا تو اوسکو کھلاتا تم لوگ تو نرے بہک رہے ہو + تفسیر + یہی گمراہی ہی نیک کام مین تقدیر کا حوالہ اور اپنے مزے مین لالچ پر دوڑنا + مو + یعنی جسکو خدائے تعالی باوجود کمال قدرت کے نہ دے تو بھلا ہم کیونکر دین اوسکو یعنی ہم بھی موافقت اوسکی مشیت کی کرتے ہین کہ طعام نہین دیتے اوسکو کہ جسکو اللہ نے نہین دیا کہا ابن عباس رضی نے کہ تھے مکے مین زندیقی پس جب حکم کیے گئے اللہ دینے کا مسکینون کو تو کہنے لگے قسم خدا کی کیا محتاج کرے اوسکو اللہ اور ہم کھلاوین اوسکو یعنی یہ کبھی نہین ہونے کا کہ اللہ کے محتاج کیے کو ہم دین یہ دلیل و حیلہ بخیلون کا ہی باطل اسلیے کہ حق تعالی نے بعضون کو فقیر کیا ہی اور بعضون کو غنی تا امتحان کرے کہ غنی زکوۃ فرض وغیرہ فقرا کو دیتا ہی یا نہین نہین تم مگر بیچ گمراہی ظاہر کے یہ قول ہی اللہ تعالی کا اونکے لیے یا حکایت ہی قول مومنین کی اونکے لیے یا یہ جملہ جواب کفار سے ہی مومنون کے لیے کہ وہ کہتے ہین کہ تم بڑی گمراہی مین پڑ رہے ہو کہ طریقہ ہمارا چھوڑ کر اتباع محمدؐ کا اختیار کیا ہی + مدل + معا

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

اور کہتے ہین کافر کب ہو یہ وعدہ اگر ہو تم سچے + فتح + اور کہتے ہین کب ہی یہ وعدہ اگر تم سچے ہو + تفسیر + کافر یہ خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آنحضرت صلعم کے اصحاب کو کر کے کہتے تھے کہ اگر تم سچے ہو اس وعدے مین کہ مردے قبرون سے اوٹھینگے اور قیامت برپا ہوگی تو بھلا بتاؤ تو یہ وعدہ کب ظہور کریگا فرمایا اللہ تعالی نے

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝

نہین انتظار کرتے مگر ایک نعرۂ تند کا کہ پکڑے اونکو اور وہ جھگڑتے ہون + فتح + یہی راہ دیکھتے ہین ایک چنگھاڑ کی جو انکو آ پکڑیگی جب آپسمین جھگڑ رہے ہون گے + تفسیر + یعنی قیامت ناگہان آویگی اپنے معاملات مین غرق ہونگے + مو + یعنی بیع و شرا مین اور امور دنیا مین مشغول ہونگے اور بعضے بعضون سے معاملات مین جھگڑ رہے ہونگے کہ اچانک نفخہ پہلا جسکو

٥ قوله وما تاتيهم من آية الخ من للاولى لتاكيد النفي و من الثانية للتبعيض ۱۲ مد

نفخہ صعقہ بھی کہتے ہین پھونکا جاویگا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ قائم ہوگی قیامت اس حال مین کہ پھیلائے ہونگے دو شخصون نے کپڑے اپنے درمیان اپنے پس نہین خرید فروخت کرنے پاوینگے اوسکی اور نہین لپیٹنے پاوینگے اوسکو قیامت برپا ہوجائیگی اور اوٹھاویگا آدمی نوالہ مونہہ کی طرف پس نہین کھاسکے گا اوسکو یعنی سببکا یک آجانے قیامت کے + مد + در منثور +

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ○

پس نہین وصیت کرسکین گے اور نہ اپنے اہل خانہ کی طرف پھرینگے + فتح + پھر نہ سکین گے کہ کچھ کہہ مرین او نہ اپنے گھر کو پھر جاوینگے + تفسیر + یعنی قیامت نہین مہلت دیگی اونکو کچھ بھی کہ اپنے کسی امر کی کچھ وصیت کرین یا اپنے مکانون کی طرف پھر سکین اپنے بازارون وغیرہ سے بلکہ مرجاوینگے جہان آواز سنین گے صور کی اور اوسوقت کا ہول بڑے بڑے لوگون کو بھی رہا ہی چنانچہ آیا ہی حدیث شریف مین کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیونکر خوش ہوؤن مین اور چین کرون مین ایس حال مین کہ صاحب صور یعنی اسرافیل مونہہ مین لے رہا ہی صور کو اور کان رکھے ہوئے ہی واسطے سننے امر آلہی کے اور جھکائے ہوئے ہی پیشانی اپنی یعنی جیسے کہ عادت ہی نرسنگا وغیرہ بجانے والون کی انتظار کر رہا ہی کہ کب حکم کیا جاوے صور کے پھونکنے کا پس عرض کیا صحابہ نے کہ کیا فرماتے ہین آپ ہمکو یعنی کیا کرین ہم اور کس چیز مین مشغول ہوئین اور کہان بھاگین ہم جبکہ ہوا امر ایسا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ یعنی التجا کرو اللہ تعالی کی طرف اور سونپو امور اپنے طرف اوسکے اور ڈرو اوسکے عذاب سے اور امید رکھو اوسکے فضل و مغفرت کی باوجود کرنے طاعات و عبادات بے ریا عجب کے نقل کی یہ ترمذی نے + مد + معا + در منثور + مشکوۃ +

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ○

اور پھونکا جاویگا صور مین پس ناگہان وہ قبرون سے طرف پروردگار اپنے کے دوڑینگے + فتح + اور پھونکا جاوے نرسنگا پھر تبھی وہ قبرون سے اپنے رب کی طرف پھیل پڑینگے + تفسیر + صور سینگ ہی یعنی بشکل سینگ کے ہی اور یہ نفخہ دوسرا ہی نفخہ بعث کا یعنی قبرون سے اوٹھنے کے لیے اور دونون نفخون کے درمیان مین فرق چالیس برس کا ہوگا + مد +

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ○

کہین گے ای ویلے ہمکو کسنے اوٹھایا ہمکو ہماری خوابگاہ سے ہان یہ وہی ہی کہ وعدہ کیا تھا خدای تعالی نے اور سچ کہا پیغمبرون نے + فتح + کہین گے ای خرابی ہماری کسنے اوٹھا دیا ہمکو ہماری نیند کی جگہہ سے یہ وہی ہی جو وعدہ دیا تھا رحمن نے اور سچ کہا تھا بھیجے ہوؤن نے + تفسیر + کسنے اوٹھایا ہمکو کفار یہ اس سبب سے کہین گے کہ درمیان دونون نفخون کے وہ کچھ سو جاوینگے اور جب بعد دوسرے نفخے کے اوٹھین گے اور قیامت کو دیکھین گے تو یہ تاسف اپنے پر کرینگے اور اہل معانی کہتے ہین کہ وہ طرح بطرح کے عذاب قیامت کے دیکھکر عذاب قبر کو بہ نسبت اوسکے سونا جانینگے اور دیل کہین گے اور هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ الخ قول ملائکہ ہی کہ وہ کفار کو یہ کہین گے اونکے جواب مین کہ جب وہ کہین گے مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا تو ملائکہ یہ کہینگے یا یہ کلام مومنون کا ہوگا چنانچہ ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہی عبد الرحمن بن ابی لیلی اور قتادہ سے کہ مشرک تو کہین گے يَا وَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا اور کہے گا مسلمان هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ اور مجاہد نے کہا کہ یہ سب کفار ہی کہین گے اقرار کرینگے کہ اللہ تعالی نے اور اوسکے رسولون نے سچ کہا تھا درباب بعث و حشر کے لیکن اوسوقت کا اقرار کیا نفع کریگا اور لفظ مرقدنا پر وقف لازم ہی یعنی میم کا رہا ہو + مد + معا + در منثور +

قرا الاجدٰث واحد ها جدث [illegible] ینسلون ای [illegible]

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ○

نہین ہوگا یہ واقعہ مگر ایک نعرہ تند پس ناگہان وہ جمع کرکر نزدیک ہمارے حاضر کیے جاوینگے + فتح + یہی ہوگی ایک چنگھاڑ پھر بھی وہ سارے ہمارے پاس پکڑے آئے + تفسیر + یہ واقعہ یعنی نفخہ دوسرا حاضر کیے جاوینگے یعنی حساب کے لیے پھر ذکر فرمایا جو کچھ کہ کہا جاویگا انکو اوسدن مین یعنی فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ الخ + مل +

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

پس آج کے دن نہین ظلم کیا جاویگا کسی شخص پر کچھ ظلم اور جزا نہین دیے جاؤگے مگر بحسب اوس چیز کے کہ کرتے تھے تم + فتح + پھر آج کے دن ظلم نہوگا کسی جی پر کچھ اور وہی بدلا پاؤگے جو کرتے تھے + مو +

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ○

تحقیق رہنے والے بہشت کے آج کے دن بیچ ایک کام کے ہین خوش ہین + فتح + تحقیق بہشت کے لوگ آج ایک دھندے مین ہین باتین کرتے + تفسیر + مراد دھندے سے توڑنا بکارت کا ہی کہ اپنی بیویون سے صحبت کرینگے اونکا بکر توڑینگے نہرون کے کنارون پر درختون کے نیچے اور بعد صحبت کرنے کے پھر وہ باکرہ ہی ہوجائینگی جیسے کہ تھین یا مراد دھندے سے سننا گانے کا ہی یا ضیافت اللہ تعالی کی یا ملاقات کرنا بعضون کا بعضون سے یا تمام نعمتین اور چینین بہشت کے مراد ہین کہ خوشیان مناتے ہونگے مزے اوڑاتے ہونگے پس دھندے سے وہ دھندا نہین مراد ہی کہ جس سے کچھ مشقت اوٹھاوین اسلیے کہ جنت مین رنج و مشقت ہی ہی نہین + مل + معا + درمنثور +

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ○

وہ اور بیویان اونکی بیچ سایون کے تختون پر تکیے لگائے ہوئے بیٹھے ہونگے + فتح + وہ اور اونکی عورتین سایون مین تختون پر بیٹھے ہین تکیہ لگائے + مو +

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ○

بہشتیون کے لیے ہی بہشت مین میوہ اور اونکے لیے ہی جو کچھ چاہین + فتح + اونکو وہان ہر میوہ اور اونکو ہی جو مانگ لین + تفسیر + یعنی جس چیز کی خواہش ہوگی وہ اوسیوقت آن موجود ہوگی چنانچہ ابو امامہ صحابی سے منقول ہی کہ جو شخص بہشتیون مین سے خواہش کریگا کچھ پینے کی چیز کی جنت کے پینے کی چیزون مین سے تو آویگا آبخورہ آپ سے اسکے ہاتھ مین پس پیویگا بعد اوسکے پھر چلا جاویگا وہ اپنی جاگہ + درمنثور + تنبیہ + سبحان اللہ یہ تمام نتیجہ ہی اللہ و رسول کی فرمان برداری کا کہ جیسا یہان اپنا دل مار رکھا ہر ممنوع چیز سے اوسکے بدلے مین وہان بمجرد خواہش کے آموجود ہوگا جو کچھ چاہین گے پس ہر شخص کو چاہیے کہ اللہ و رسول کی تابعداری خوب کرے تا ایسی دولت ہاتھ لگے

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

کہا جاویگا سلام ہو جیو پروردگار مہربان کی جانب سے + فتح + سلام بولنا ہی رب مہربان سے + تفسیر + یعنی ملائکہ حق تعالی کی طرف سے سلام لاوینگے یا بے واسطہ خود پاک پروردگار سلام فرماویگا انکی حرمت بڑھانے کو چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسوقت کہ اہل جنت اپنے چین مین ہونگے کہ ناگہان اوپر سے چمکیگا اونکے لیے ایک نور پس اوٹھاوینگے وہ سر اپنے پس ناگہان دیکھینگے کہ رب عزوجل نے انکے اوپر تجلی فرمائی پس فرماویگا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ

يَآ اَهْلَ الْجَنَّةِ پس یہ ہی مصداق اللہ عزوجل کے اس قول کا سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پس دیکھے گا اللہ تعالیٰ انکی طرف اور یہ دیکھینگے اوسکی طرف پس نہین التفات کرینگے کسی چیز کی طرف وہان کی نعمتون مین سے جب تک کہ دیکھتے رہینگے اوسکی طرف یہانتک کہ پردے مین ہوگا اللہ پس باقی رہیگا نور اوسکا اور برکت اوسکی اونپر اونکے گھرون مین ❊ معالم ❊

تنبیہ ❊ خیال تو کرو بھائیون کہ رب العلمین تو اپنے بندون سے سلٰمٌ علیک کرے اور یہان کے ادنیٰ ادنیٰ شخص کہ جنکو کچھ نسبت ہی اوسکی عظمت کے ساتھ نہین وہ سلام علیک کہنے سے اپنے چھوٹون اور خادمون کے ساتھ عار کرین افسوس صد افسوس کیا شان فرعونی ہی اللہ تعالیٰ بچاوے ایسی خصلت بد سے سب مسلمانون کو اور اس حدیث مین جو مذکور ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے دیدار ہونے کے وقت جنتی کسی چیز کی طرف التفات نہین کرینگے یہ بات بہت ظاہر ہی یہان ایسے ویسے حسن والے کو دیکھکر مبہوت و متحیر ہو جاتے ہین چہ جائیکہ اوس نور عالم اور جمال جہان کو دیکھینگے کیونکر شیفتہ فریفتہ ہون اوسپر اور اسی طرح جنکو اللہ تعالیٰ یہان نور باطن نصیب کرتا ہی اور اپنا ذوق و شوق عطا فرماتا ہی وہ اوسکے ذکر اور کلام مجید کے پڑھنے مین وہ لذت پاتے ہین کہ کسی چیز مین نہین چنانچہ حضرت امام غزالی نے بعض بزرگون سے نقل کی ہی کہ نماز تہجد مین جو بندہ کلام شریف پڑھتا ہی اوس مزے کو نہایت مناسبت ہی ساتھ لذت جنت کے اور اسی سبب سے اونکو شب بیداری مین اور بہت پڑھنے قرآن مین کچھ رنج نہین ہوتا بلکہ لذت پاتے ہین جیسے حضرت امام اعظم رح اور اور بعضے بزرگون سے جو پڑھنا سارے سارے قرآن کا ایک ایک شب مین اور پڑھنا بہت بہت سے نوافل کا منقول ہی اس محبت و ذوق و شوق ہی کے سبب سے یہ بات حاصل ہوئی ہی بلا تشبیہ دنیا ہی مین دیکھئے کہ ایک کنچنی پر عاشق ہوتا ہی اور کسی رات اوسکی ملاقات ہوتی ہی تو ساری رات جاگکر باتون مین کاٹ دیتا ہی اور صبح کو شادان و فرحان ہوتا ہی چہ جائیکہ اوس محبوب عالم کی محبت دل مین ہو اور اوسکے حضور مین حاضر ہو تو پھر کیونکر رنج پاوے یہ تمام کسل اور رنج و تعب کا معلوم ہونا اوسکی عبادت مین علامت نقصان محبت و تعظیم اوسکے کی ہی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْ اِلٰى حُبِّكَ

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝

اور کہینگے ہم جدا ہو تم آج کے دن ای گنہگارون ❊ ف ❊ اور تم الگ ہو جاؤ آج ای گنہگارون ❊ تفسیر ❊ جب مومن محشر مین جمع ہونگے اور اونکو جنت کے لیجانے کا حکم ہوگا تو اوسوقت فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ ای گنہگارون الگ ہو جاؤ انسے تا یہ جنت مین داخل ہون اور تم دوزخ مین ضحاک سے روایت ہی کہ ہر کافر کے لیے ایک گھر ہوگا آگ سے کہ رہیگا اوسمین نہ دیکھے گا وہ کسیکو اور نہ دیکھا جاویگا کبھی اور روایت کی ابن ابی حاتم نے رواد بن جراح سے بیچ تفسیر اس آیت کے کہا جسوقت کہ ہوگا دن قیامت کا پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہ الگ کرلو مسلمانون کو مجرمون سے یعنی کافرون سے مگر صاحب ہوا یعنی تابع خواہش نفس کے اور بدعتی یعنی چھوڑے جاوینگے صاحب ہوی ساتھ مجرمون کے تیمون سے آیا ہی کہ اونھون نے پڑھی یہ آیت وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ پس رقت کی اور روئے اور کہا نہ سُنی لوگون نے کبھی کوئی خبر اشد اس سے اور فرماویگا اللہ تعالیٰ کافرون کو دن قیامت کے ❊ مل ❊ درمنثور ❊

۵۲ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝

کیا حکم نہ بھیجا تھا مینے طرف تمہارے ای اولاد آدم کہ مت پوجو شیطان کو تحقیق وہ تمہارے لیے دشمن آشکار ہی اور یہ کہ

۵۲ العہد الوصیة وعہد الیہ اذا وصّاہ وعہد الیہم ای امرہم فیہم من ادلة العقل وانزل علیہم من دلائل السمع ۱۲ م

پوجو مجکو یہ ہی راہ سیدھی + **فتح** + یعنے نہ کہہ رکھا تھا تمکو ای آدم کی اولاد کہ نہ پوجو شیطان کو وہ کھلا دشمن ہی تمہارا اور یکہ
پوجو مجکو یہ راہ ہی سیدھی + **تفسیر** + کیا حکم کیا تھا تمکو یعنی اپنے رسولون کی زبانی نہ پوجو شیطان کو یعنی فرمانبرداری
اوسکی نکرو یعنی جو وسوسے گناہون کے تمہارے دل مین ڈالے نہ مانو اونکو اور پوجو مجکو یعنی واحد جانو مجکو اور فرمانبرداری
کرو میری اور لفظ ہذا مین اشارہ ہی طرف نافرمانی شیطان اور فرمانبرداری رحمن کے کہ جو اوپر مذکور ہوئی راہ ہی سیدھی یعنی
خوب سیدھی ہی کہ اسکے برابر کوئی راہ سیدھی نہین ہی + **مس** +

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ○

اور تحقیق گمراہ کیا شیطان نے تمہاری قوم سے بہتیری خلق کو کیا نہین جانتے تھے تم + **فتح** + اور وہ بہکالے گیا تم مین سے
بہت خلق کو پھر کیا تمکو بوجھ نتھی + **تفسیر** + یعنی کیا تمکو خبر نہ پہونچی تھی کہ ابلیس کی فرمانبرداری مین کتنی اگلی امتین
ہلاک ہوکر مستحق عذاب کی ہوئین پس کیون عبرت نہ پکڑی تمنے اونکا حال دیکھکر اور کہا جاویگا اونکو جبکہ قریب ہونگے دوزخ سے + **معا** +

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○

یہ وہ دوزخ ہی کہ وعدہ کیے جاتے تھے تم + **فتح** + یہ دوزخ ہی جسکا تمکو وعدہ تھا + **مو** +

اِصْلَوْهَا الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○

داخل ہوو اسمین آج کے دن بسبب اسکے کہ تھے تم کفر کرتے + **فتح** + بیٹھو اسمین آج کے دن بدلا اپنے کفر کا + **مو** +

اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤی اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ○

آج کے دن مہر رکھینگے ہم اوپر مونہون اونکے کے اور باتین کرینگے ہمسے ہاتھ اونکے اور گواہی دینگے پانون اونکے ساتھ
اوس چیز کے کہ کرتے تھے + **فتح** + آج ہم مہر دینگے اونکے مونہہ پر اور بولینگے ہمسے اونکے ہاتھ اور بتاوینگے اونکے پانون
جو کچھ وہ کماتے تھے + **مو** + **تفسیر** + مہر رکھینگے اونکے مونہون پر یعنی منع کرینگے ہم اونکو کلام کرنے سے روایت
کیا گیا ہی کہ کافر انکار کرینگے یعنی اپنے کفر کرنے کا اور آپسمین جھگڑینگے پس گواہی دینگے اونپر ہمسائے اونکے اور گھر کے لوگ اور
اونکے کنبا اور کا پس قسم کھاوینگے کافر نہین تھے وہ لوگ شرک کرنے والے پس اوسوقت مہر رکھی جاویگی اونکے مونہون پر اور بولینگے ہاتھ اونکے اور پانون اونکے اور
روایت ہی انس سے کہ ناگہ بیٹھے تھے ہم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ہنسے آنحضرت صلعم اور فرمایا کہ آیا جانتے ہو تم کہ کیون ہنستا ہون ہمنے عرض کیا کہ اللہ اور رسول اسکا
خوب جانتے ہین فرمایا کہ ہنستا مین بسبب مونہہ در مونہہ کلام کرنے بندے کے رب اپنے سے یعنی قیامت کو عرض کریگا بندہ ای رب میرے کیا نہین
امان دی تونے مجکو ظلم سے یعنی یہ جو تونے فرمایا وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ تو یقین ہی کہ ہر ظلم تو ہونے ہی کا نہین
جو کچھ حق ہی وہی ظہور مین آویگا فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ فرماویگا اللہ تعالی کہ ہان ظلم نہین ہونے کا تجپر پس کہیگا بندہ پس اگر پناہ
دی تونے مجکو ظلم سے تو روا نہین رکھتا مین اپنے نفس پر اور کچھ سوا اسکے کہ گواہ ہو مجھ مین سے + **ف** + یعنی
اور کی گواہی اپنے حق مین نہین روا رکھتا اگر مجھی مین سے مجپر گواہ پیدا ہون تو قبول رکھونگا خیال کیا کہ میری ذات سے مجپر
گواہی کون دیگا اسلیے کہ کوئی اپنے ضرر پر گواہی نہین دیتا اور یہ نہ جانا کہ اللہ تعالی قادر ہی اسپر بھی کہ وہ اوسکی ذات سے
اوسپر گواہ پیدا کرے کہ اسکو مجال انکار اور گنجایش دم مارنے کی نہو اور باعث ہنسنے آنحضرت صلعم کا یہ کلام کرنا تھا بندیکا
یا مہر کرنی حق تعالی کی بندے کے مونہہ پر اور بولنا ساتھ اوس چیز کے کہ عمل کیا اور برا کہنا بندے کا اونکو در حالے بدکرنی
اونپر جیسے کہ آگے آتا ہی + **ت** + فرمایا آنحضرت صلعم نے پس فرماویگا اللہ تعالی کفایت کرتا ہی نفس تیرا آج کے دن تجپر گواہ

اور کفایت کرتے ہین فرشتے بزرگ کہ لکھنے والے اعمال بندون کے ہین گواہ + ف + ح + گواہ پکڑنا ان فرشتون کا زیادہ ہی مقصود ہے واسطے تقریر و تاکید کے بعد از انکہ نفس بندے سے گواہ قرار دیے گئے کہ آپ اوسپر راضی ہوا تھا اور جا ہوتا فرشتون کو بھی گواہ کیا اور اگر تنہا اونکو گواہ کرتا تو خلاف قرار داد کے ہوتا + ت + فرمایا آنحضرت صلعم نے پس مہر کیجاوے گی بندے کے دہانے پر پھر فرمایا جاویگا واسطے جماعت اعضاے بندے کے کہ بول پس بولین گے اعضا اوسکے ساتھ افعال اوسکے کہ کیے تھے بسبب اونکے پھر چھوڑا جاویگا درمیان بندے کے اور درمیان کلام کے + ف + ع + یعنی اوٹھائی جاویگی مہر اوسکے مونہہ سے یہان تک کہ کلام کریگا موافق عادت کے پس گواہی دیگی اونکی زبانون کی آیت مین مراد ہی ساتھ اور طرح کے کلام کرنے کے خلاف عادت کے + ف + ت فرمایا آنحضرت صلعم نے پس کہیگا بندہ اپنے اعضا کو کہ دوری ہو تمکو خیر سے اور ہلاکت ہو تمکو پس تمہاری طرف سے اور تمہاری ہی خلاصی کے لیے جھگڑتا تھا مین + ف + ع + ح + اور تمنے آپ اپنے تئین ہلاکت مین ڈالا یا یہ معنی ہین کہ تمہارے سبب سے خصومت کرتا تھا مین لوگون سے اور دفع کرتا تھا ضرر تمسے یعنی محافظت اور مدد تمہاری کرتا تھا اور تمکو دوست اپنا جانتا تھا آخر کو تم دشمن و بدخواہ میرے نکلے اور جواب اعضا کا محذوف ہی دلالت کرتا ہی اوسپر قول الله تعالیٰ کا وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدْتُمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنْطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ○ یعنی اور کہین گے وہ اپنی جلدون سے کہ کیون گواہی دی تمنے ہمپر کہین گی وہ بلایا ہمکو اوس الله نے کہ بلایا ہر چیز کو اور اوسنے پیدا کیا تمکو اول بار اور اوسی کی طرف پھیرے جاؤگے ۱۲ اسکے بعد آیت یون ہی وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيرًا مِمَّا تَعْمَلُونَ ○ یعنی پردے مین نہین چھپتے تھے تم یعنی دنیا مین وقت مرتکب ہونے فواحش کے بسبب خوف اسکے کہ گواہی دین تمپر کان تمہارے اور آنکھین تمہاری اور چمڑے تمہارے ولیکن گمان کرتے تھے تم یعنی وقت چھپنے کے یہ کہ الله نہین جانتا ہی بہت سی چیزون کو اون چیزون مین سے کہ کرتے ہو تم ۱۲ اور روایت ہی ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا عرض کیا بعضے صحابہ نے یا رسول الله صلی الله علیہ وسلم کیا دیکھین گے ہم اپنے رب کو دن قیامت کے فرمایا کیا نزاع وخلاف کرتے ہو تم اور شک رکھتے ہو بیچ دیکھنے آفتاب کے دوپہر مین کہ نہو چھپا ابر مین کہا صحابہ نے کہ نہین فرمایا پس کیا نزاع وشک کرتے ہو بیچ دیکھنے چاند کے چودھوین رات مین کہ نہ چھپا ہوا ابر مین کہا نہین فرمایا پس قسم اوس خدا کی کہ بقاے ذات میری کا دست قدرت اوسکی مین ہی نزاع وخلاف نہین کرنے کے تم بیچ دیکھنے پروردگار اپنے کے مگر جیسے خلاف شک کرتے ہو بیچ دیکھنے آفتاب کے یا چاند کے یعنی انکے دیکھنے مین تو خلاف اور نزاع اور شک نہین کرتے ہو پس پروردگار کے دیکھنے مین بھی نہین کرنے کے فرمایا آنحضرت صلعم نے پس جب دیکھینگے بندے پروردگار تعالیٰ کو خطاب کریگا الله تعالیٰ ایک بندے کو پس فرماویگا ای فلانے کیا نہ بزرگی دی تھی مینے تجھکو یعنی تمام حیوانات پر اور کیا نہ سردار کیا تھا مینے تجھکو یعنی تیری قوم مین اور کیا نہین دی مینے تجھکو بیوی یعنی تیرے جنس سے اور پیدا کی مینے بیچ مین اور اوسمین الفت اور محبت وانست اور کیا نہین تابعدار کیے مینے تیرے لیے گھوڑے اور اونٹ اور کیا نہین چھوڑا مینے تجھکو کہ رئیس اور سردار قوم کا ہووے تو اور لیوے تو چوتھائی غنیمت + ف + ح + جاہلیت مین یہی رسم تھی کہ سردار قوم کا خاص اپنے لیے چوتھائی غنیمت مین سے لے لیتا تھا اور باقی قوم کے لیے چھوڑ دیتا تھا + ت + پس کہیگا بندہ ای پروردگار میرے ہان کیا اور دیا تونے مجھکو جو کچھ کہ فرمایا تونے فرمایا آنحضرت صلعم نے پس فرماویگا الله تعالیٰ کیا پس گمان کرتا تھا تو کہ ملاقات کریگا مجھسے پس کہیگا بندہ کہ نہین گمان کرتا تھا مین اور غافل تھا اس سے اور بھول گیا تھا تجھکو پس فرماویگا الله تعالیٰ کہ تحقیق مین بھول جاؤنگا تجھکو یعنی آج محروم رکھونگا تجھکو اپنی رحمت سے جیسا کہ بھولا تو مجھکو + ف + ع + یعنی دنیا مین میری طاعت کو

بھولا حاصل یہ کہ مینے ایسے انعام کیے تجپر تجکو شکر کرنا اور امیدوار میرے دیدار کا ہونا چاہیے تھا تاکہ زیادہ انعام اور جزا دیتا
پس جبکہ تو میرا شکر بھول گیا مین بھی اب معاملہ بھولنے کا کرونگا جزا دینے مین اور اپنی رحمت سے محروم رکھونگا یہ مضمون اس آیت
شریفہ کا ہی کَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝ ہر کہ فریاد رسے روز مصیبت خواہد +
گو در ایام سلامت بجوان مردی کوش + ف + پھر خطاب ملاقات کریگا اللہ تعالی دوسرے بندے سے پس ذکر کیا
آنحضرت نے بیچ خطاب کرنے حق کے اوس بندے سے اور جواب دینے بندے کے اوس سے مانند اوسکے کہ اول بندے
کے حق مین مذکور ہوا پھر ملیگا پروردگار تیسرے بندے سے پس کہیگا اوس سے مانند اوسکے کہ کہا بندے اول سے پس کہیگا
وہ بندہ تیسرا جواب پروردگار مین ای رب میرے ایمان لایا مین تجپر اور تیری کتاب پر اور تیرے پیغمبرون پر اور نماز پڑھی مینے
اور روزہ رکھا مینے اور تصدق کیا مینے یعنی زکوۃ دی اور تعریف کریگا یہی تیسرا اپنے نفس پر بھلائی کی جسقدر ہوسکے گی پس فرماویگا
اللہ تعالی کہ یہان ٹھہر یعنی جبکہ دعوی اعمال خیر کا اور ہماری نعمتون کی شکر گذاری کا کیا تونے تو ٹھہر تا دکھاوٗن تجکو تیرے اعمال گواہ
قائم کرکر پھر کہا جاویگا اوس بندے کو کہ ابھی پیدا کرتے ہین ہم گواہ تجپر اور سوچیگا وہ بندہ اپنے دل مین کہ کون شخص گواہی دیگا
مجپر پس مہر کیجاویگی اوسکے مونہہ پر اور کہا جاویگا اوسکی ران کو کہ بول پس بولے گی ران اوسکی اور گوشت اوسکا اور ہڈیان
اوسکی یعنی جو کہ متعلق ہین ران کے ساتھ عملون اوسکے کے + ف بج + قرآن شریف مین کلام کرنا ہاتھ اور پاوٗن اور
زبان اور پوست کا واقع ہوا اور یہان بولنا ران اور گوشت اور استخوان کا ذکر ہوا ظاہرا مقصود تمام اعضا و ارکان مین
جیسے کہ حدیث انس مین گذرا + ف + اور یہ سوال و جواب لو مہر کرنی بندے کے مونہہ پر اور بولنا اوسکے اعضا کا کہ
مذکور ہوا اسلیے ہی کہ تا بندہ ازالہ عذر کرے اپنے نفس سے اور ثابت ہون گناہ اور جگہہ عذر کی نرہے یا معنی یہ ہین کہ تا صاحب عذر ہو
خدائے تعالی بیچ عذاب کرنے اوس بندے کے اوسی کے نفس کی طرف سے اور یہ بندہ کہ حال اسکا مذکور ہوا منافق ہوگا اور یہ
وہ بندہ ہی کہ خفا ہوا اللہ اوسپر اور ناخوش ہوا اوس سے ﷲ اور روایت اسماء بن عبید سے ہی کہ کہا لایا جاویگا ابن آدم کو دن قیامت
کے اور اوسکے ساتھ پہاڑ ہوگا اعمال ناموں کا یعنی بہت سے ہونگے ہر ساعت کا صحیفہ ہوگا پس کہیگا فاجر قسم تیری عزت
کی تحقیق لکھہ لیا فرشتون نے مجپر جو کچھہ نہین کیا مینے پس اوسوقت مہر کیجاویگی انکے مونہون پر اور اذن دیا جاویگا انکے
اعضا کو کلام کرنے کا پس اول کلام کریگی ابن آدم کے اعضا مین سے بائین ران اوسکی ﷲ اور اثر مین آیا ہی کہ اعضا صلحا
بھی اعمال صالحہ کی گواہی دینگے اور بیان کرینگے انکو جسوقت کہ خدائے تعالی اونسے پوچھے گا کہ میرے لیے کیا لائے اور وہ حیا سے
اعمال صالحہ اپنے ظاہر نہین کرسکین گے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتون کو خطاب کرکر کہ لازم کرو اپنے پر تسبیح
اور تہلیل اور تقدیس کو اور غافل نہو یاد الہی سے اور شمار کرو انگلیون سے اسلیے کہ وہ پوچھی جاوینگی اور طلب بولنے کی
کیجاویگی اونسے یعنی اپنے وہ بیان کرینگی اور گواہی دینگی کہ ہمپر یہ کچھہ اسنے پڑھا تھا + مد + بحر + در منثور + مشکوۃ +

وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝

اور اگر چاہین ہم نابود کرین ہم اونکی آنکھین پس سبقت کرین طرف راہ کے پس کہان دیکھین گے + فتح + اور اگر ہم چاہین
مٹا دین اونکی آنکھین پھر دوڑین راہ لینے کو پھر کہان سے سوجھے + مو + تفسیر + طمس کے معنی ہین مٹا دینے
کے اور معنی لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ کے یہ ہین کہ آنکھون کو ایسا نابود کرین ہم کہ پلک اور درز آنکھہ کی بھی باقی نرہے اور مقصد
آیت کا یہ ہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی جیسے کہ انکے دلون کو دیکھنے ہدایت کے سے اندھا کیا ہی مینے اگر مین چاہتا تو انکی ظاہری

آنکھون کو بھی اندھا کر دیتا تا راہ ظاہر کی دیکھنے سے بھی نابینا رہتے ٹٹولتے پھرتے + بحر + معا +

وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝

اور اگر چاہین ہم مسخ کر دین ہم اونکو اوپر جگہہ اونکی کے پس نہ سکین گذرنا وہان سے اور نہ پھر ین مو + اور اگر ہم چاہین صورت بدل دین اونکی جہان کے تہان پھر نہ سکین آگے چلنا اور نہ وہ اولٹے پھرین + تفسیر + یعنی اگر چاہون تو انکو انکے گھرون مین کہ جہان گناہ کرتے ہین سنور یا بندر بنا دون یا پتھر کر دون تا وہین پڑے رہین اور اس جگہہ سے آنے جانے پر قادر نہون اور بعضون کے نزدیک معنی لا یرجعون کے یہ ہین کہ بعد مسخ کے صورت اصلی مین پھر نہ پھرین + مدا + بحر +

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝

اور جسکو عمر دراز دیتے ہین ہم اولٹا پھیرتے ہین ہم اوسکو پیدائش مین کیا پس نہین سمجھتے + فتح + اور جسکو ہم بوڑھا کرین اوندھا کرین خلقت مین پھر کیا بوجھ نہین رکھتے + تفسیر + یعنی جیسا لڑکا سست تھا بوڑھا پھر ویسا ہی ہوا یہ بھی نشان ہی پھر پیدا ہونے کا + مو + یعنی جسکی عمر ہم دراز کرتے ہین تو اوسکی خلقت کو اولٹ دیتے ہین سب پہلے حال پر کہ ہو جاتا ہی بدلے قوت کے ضعف اور بدلے جوانی کے بڑھاپا اور یہ یون ہی کہ ہمنے پیدا کیا تھا اوسکو ضعیف جثے مین اور خالی عقل و علم سے پھر بڑھانے لگے ہم اوسکو یہان تک کہ پونہچا اپنی ٹھاڑی جوانی کو اور خوب کامل ہوئی قوت اوسکی اور جاننے بوجھنے لگا اپنا نفع و ضرر پس جب تمام ہولی جوانی وغیرہ اوسکی اولٹنے لگے ہم اوسکو خلقت مین یعنی گھٹانے لگے ہم قوت وغیرہ اوسکی یہان تک کہ پھر آیا ایسے حال مین کہ مشابہ ہی حال لڑکے کے ضعف بدن مین اور قلت عقل مین اور خالی ہونے مین علم سے جیسے کہ اولٹا جاتا ہی تیر پس کیا جاتا ہی اعلیٰ اوسکا اسفل اوسکا فرمایا اللہ عز و جل نے وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا یعنی اور تم مین وہ ہوتا ہی کہ پھیرا جاتا ہی بدترین عمر کی طرف تا نجانے کچھ بعد اسکے کہ جانتا تھا کیا پس نہین سمجھتے کہ جو قادر ہوا اسپر کہ نقل کرے اونکو جوانی سے طرف بڑھاپے کے اور قوت سے طرف ضعف کے اور قوت عقل سے طرف خرافت اور قلت تمیز کے وہ قادر ہی اسپر بھی کہ مٹا دے آنکھین انکی اور مسخ کرے انکو جہان کے تہان اور اوٹھا وے انکو بعد مرنے کے + مدا + تنبیہ + اسمین اشارہ ہی اسکی طرف بھی کہ آدمی کو چاہیے کہ جوانی اور صحت و فراغت کو غنیمت جانے جب بڈھا ہوگا سب اعضا ضعیف ہو جاینگے پھر کہان صحت و فراغت آج یہ عضو دکھتا ہی کل وہ پس اوسکے معالجے مین لگا رہیگا اور کچھ بندگی مولی کی نہین ہو سکنے کی اب حالت قوت و جوانی مین کرنا ہی سو کر لے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ یعنی دو نعمتین کہ ٹوٹے مین ہین اونمین بہت لوگ صحت و فراغت مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اوس حالت مین کہ نصیحت کرتے تھے اوسکو غنیمت جان پانچ چیزون کو پہلے پانچ کے جوانی اپنی کو پہلے بڑھاپے اپنے کے اور صحت اپنی کو پہلے بیماری اپنی کے اور تونگری اپنی کو پہلے محتاجگی اپنی کے اور فراغت اپنی کو پہلے شغل اپنے کے اور زندگانی اپنی کو پہلے موت اپنی کے انتہی شیخ الاسلام انصاری فرماتے ہین جوانی درستی و پیری درستی پس

ای نادان خدارا کی پرستی + مشکوۃ وغیرہ

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور نہین سکھایا ہمنے اس پیغمبر کو شعر اور نہین لائق اوسکو نہین ہی یہ مگر ایک نصیحت اور قرآن آشکار تو کہ ڈراوے اوس شخص کو
کہ جیتا ہو یعنی سمجھ والا ہو اور ثابت ہو حجت کافرون پر ✤ فتح ✤ اور ہمنے نہین سکھایا اونکو شعر کہنا اور یہ اسکے لائق نہین یہ تو
نری جھوتی ہی اور قرآن ہی صاف تا ڈر سناوے اوسکو جسمین جان ہو اور ثابت ہو بات منکرون پر ✤ تفسیر ✤ جسمین جان ہی
یعنی نیک اثر پکڑتا ہو اوسکے فائدے کو اور منکرون پر الزام اوتارنے کو ✤ موضح ✤ نہین سکھایا ہمنے اس پیغمبر کو شعر یعنی
شعر کہنا یا نہین سکھایا ہمنے اوسکو ساتھ تعلیم قرآن کے شعر بمعنی اسکے کہ قرآن نہین ہی شعر اسلیے کہ شعر کہتے ہین ایک کلام موزون
مقفی کو کہ دلالت کرے ایک معنی پر پس کہان ہی اسمین وزن اور کہان ہی قافیہ پس کچھ مناسبت نہین ہی درمیان اسکے اور درمیان شعر
کے اگر تحقیق کرے تو اور نہین لائق یعنی شعر گوئی لائق منصب رسالت اوسکی کے نہین ہی اور ہرگز اوسنے شعر نہین کہا ہی تو حکمون
شبہہ اوسکے کلام مین اور ضد اکے کلام مین پیدا ہو اور نزول اس آیت کا کفار کے قول کے رد مین ہی کہ آنحضرت صلعم کو شاعر اور قرآن
کو شعر کہتے تھے اور روایت کیا گیا ہی کہ اگر آنحضرت کبھی کوئی بیت تمثیل کے لیے پڑھتے تھے تو قدرت حق سے زبان مبارک اونکی
وزن شعر سے منحرف ہو جاتی تھی چنانچہ ایکبار آنحضرت صلعم نے ایک بیت پڑھی ابوبکر رضہ نے کہا کہ یون نہین ہی یا رسول اللہ فرمایا مین
شاعر نہین ہون اور مجکو لائق نہین ہی شعر گوئی اور حسن بصری سے منقول ہی کہ آنحضرت صلعم نے پڑھی یہ بیت کَفٰی بِالْاِسْلَامِ
وَالشَّیْبِ لِلْمَرْءِ نَاهِیًا ✤ یعنی کفایت کرتا ہی اسلام اور بڑھاپا آدمی کو منع کرنے مین برائیون سے پس کہا ابوبکر رضہ نے کہ
یا رسول اللہ شاعر نے یون کہا ہی کَفَی الشَّیْبُ وَالْاِسْلَامُ لِلْمَرْءِ نَاهِیًا پس اعادہ کیا حضرت صلعم نے اوسکو مانند اول کے
یعنی پہلی ہی طرح پھر وزن شعر کا بگاڑ کر پڑھا پس کہا ابوبکر رضہ نے کہ گواہی دیتا ہون مین کہ بلاشبہہ آپ رسول اللہ کے ہین بموجب
فرمانے اللہ عزوجل کے وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْبَغِیْ لَهٗ اور کہا ہی علمانے کہ کسی پیغمبر نے شعر نہین کہا ہی اور اسی لیے
بعضے علمانے کہا ہی کہ شعر کہنا حرام ہی لیکن صحیح یہ ہی کہ حرام نہین ہی مگر جن شعرون مین کہ سبب حرمت کا پایا جاوے جیسے ہجو
مسلمانون کی ہو اور مانند اسکے کے تو البتہ حرام ہی چنانچہ ایسے ہی شعر کے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ
البتہ بھرنا آدمی کے پیٹ کا پیپ سے کہ فاسد کردے پیٹ کو بہتر ہی شعر کے بھرنے سے اور ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چلے جاتے
تھے عرج مین کہ نام ایک بستی کا ہی کہ ناگہان پیدا ہوا ایک شاعر شعر پڑھتا ہوا پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خُذُوا الشَّیْطَانَ
اَوْ اَمْسِکُوا الشَّیْطَانَ یعنی پکڑو اس شیطان کو یا فرمایا منع کرو اس شیطان کو شعر کے پڑھنے سے البتہ پیٹ بھرنا آدمی کا پیپ سے
بہتر ہی اوسکے لیے شعر کے بھرنے سے انتہی اور روایت ہی عبداللہ بن عمر سے کہ کہا سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہین
پرواکرتا مین ہر عمل سے کہ کرون مین اگر پیون مین تریاق یا لٹکاؤن مین گلے مین تمیمہ یا کہون مین شعر یعنی تصنیف کرون بیتین اپنی طرف
سے نقل کی یہ ابوداؤد نے ✤ ف ✤ ۳ ✤ ع ✤ یعنی اگر ان چیزون مین سے ایک چیز بھی مجھسے صادر ہو تو مین اون لوگون مین سے ہون
کہ پروا نہین کرتے ہر چیز کے کرنے مین اور پرہیز نہین کرتے نامشروع سے مقصود یہ ہی کہ کرنا ان چیزون کا کام اوس شخص کا ہی کہ بے قید
و بے پروا ہو نامشروعات کے کرنے مین اور ان چیزون کا استعمال حضرت صلعم نے اسلیے برا جانا کہ تریاق مین تو گوشت سانپ کا اور شراب
پڑتی ہی پس حرام ہی وہ اور اگر تریاق ایسا ہو کہ اوسمین حرام چیزین نہ پڑین تو کچھ مضایقہ نہین اوسکا اور بعضون نے کہا کہ ترک کرنا اوسکا
بھی اولی ہی عمل کرنے کو ساتھ اطلاق حدیث کے اور مراد تمیمہ سے تمیمے جاہلیت کے ہین یعنی منتر اونکے اور منکے اور ناخن وغیرہ کہ عورتین
دفع نظر کے لیے بچون کے گلون مین ڈالتی ہین اور جن تعویذون مین قرآن کی آیتین اور اسمائے الٰہی ہون وہ خارج ہین اس حکم سے
[illegible] مستحب ہین امید ہی برکت کی اونمین اور کہون مین شعر الخ یعنی قصد کرون مین شعر کہنے کا اور کہون اپنے دل سے یہ بات حضرت صلعم نے

فرمائی بسبب اسی قول اللہ تعالیٰ کے وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ اور اگر بے قصد و بے اختیار زبان سے کلام موزون
نکلے تو وہ اور بات ہی داخل کہنے شعر کے اور مذموم نہین اسلیے کہ اہل عرف و اصطلاح بھی اوسکو داخل شعر کے نہین رکھتے جیسے کہ فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ + اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ + یا فرمایا هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ +
وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ + غزوۂ احد مین آنحضرت صلعم کے پاے مبارک کی اونگلی مین پتھر لگا اور لہو نکلا اوسوقت اونگلی کو خطاب
کرکر فرمایا کہ نہین ہی تو مگر ایک اونگلی کہ خون آلودہ ہوئی تو اور راہ خدا مین ہی جو کچھ دیکھا تونے اور پیش آیا تجکو یعنی ضائع نہین ہی
اور اوسکے لیے جزا ہی اور یہ تلقین ہی امت کو کہ زخم لگنے مین صبر کرین غرضکہ ایسے کلام موزون بے قصد زبان مبارک سے جاری ہوئے
ہین اسکو شعر نہین کہنے کے اور چونکہ آنحضرت صلعم کو حق تعالیٰ نے منزہ اور معصوم کیا تھا مطلق شعر کہنے حضرت کے لیے روا نرکھے بس
یہ کمال مخصوص ہی حضرت صلعم کے لیے اور بیچ حق غیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شعر مثل اور کلامون کے ہین کہ اچھے مضمون کے اچھے ہین
اور برے مضمون کے برے چنانچہ حدیث مین اسیطرح آیا ہی ہان توجہ باطن کی اوسکی طرف اور ضائع کرنا عمر کا اور تفکر کثیر کہ مانع ہو امور
ضروریہ دینی سے مذموم ہی تمام ہوا کلام ملا علی قاری وغیرہ کا درباب شعر کے اب آگے تفسیر شروع ہوتی ہی اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ الخ کی
یعنی نہین ہی یہ یعنی معلم یعنی سکھایا گیا مگر نصیحت اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہ نصیحت کیجاوی ساتھ اسکے انس و جن کو اور نہین ہی یہ مگر
قرآن کتاب آسمانی کہ پڑھی جاوے محرابون مین اور تلاوت کیجاوے عبادت خانون مین اور پہنچین لوگ اوسکے پڑھنے سے اور
اوسپر عمل کرنے سے مطلب دارین کو پس کیا مناسبت ہی اسمین اور شعر مین کہ جو شیطانی وسوسون سے ہین تو کہ ڈراوے یعنی قرآن
یا رسول اوس شخص کو کہ ہو جیتا یعنی عاقل تامل کرنے والا ہو اسلیے کہ غافل مانند میت کے ہی یا جیتا ہو ساتھ دل کے اور وہ مومن
ہی اور یحق القول کے دوسرے معنی یہ ہین کہ اور واجب ہو کلمہ عذاب کا اون کافرون پر کہ تامل نہین کرتے ہین اور وہ مردون کے
حکم مین ہین + مد + بحر + در منثور + مشکوۃ + پھر اپنے احسان جتاتے مشرکونکو کہ ہمارے
تو یہ احسان اور پھر اورون کو کہ کچھ بھی نفع ضرر نہین پہونچا سکتے ہمارا شریک ٹھہراتے ہین حیف ہی انکی ناسمجھی کو ۵

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝

کیا نہ دیکھا اونھون نے کہ ہمنے پیدا کیا انکے لیے اوس چیز سے کہ بنایا ہی ہاتھون ہمارے نے چارپایون کو پس یے اونکے مالک ہین + فتح +
کیا اور نہین دیکھتے کہ ہمنے بنا دیے اونکو اپنے ہاتھون بنائے سے چوپائے پھر وہ انکا مال ہین + مو + تفسیر + اوس چیز
سے کہ بنایا ہی ہاتھون ہمارے نے یعنی متولی ہوئے ہین ہم اوسکے پیدا کرنے کے بے مدد کرنے کسیکے عرب عَمِلَتْ اَيْدِيْنَا
وہان کہتے ہین کہ اوس کام مین کسیکو شرکت نہو چنانچہ اسی لیے حق تعالیٰ نے مِمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ فرمایا کہ خالق چارپایون کا
مین ہی ہون بے شرکت و مددگاری کسی اور کے پس یہ اونکے مالک ہین یعنی اونکو خاص انھین کے لیے پیدا کیا پھر مالک کیا
اونکا انکو پس یہ تصرف کرتے ہین اونمین مالکون کا سا اور خاص یہی نفع اوٹھاتے ہین اونسے یا مالکون کے معنی ضابطون
قاہرون کے ہین یعنی نہین پیدا کیا ہمنے چارپایون کو وحشی بھاگنے والے بنی آدم سے کہ نہ تھام سکین اونکو بلکہ تابعدار
ہین انکے اور یہی معنی ہین آگے کے قول کے + مد + معا + بحر +

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝

اور فرمان بردار کیا ہمنے چارپایون کو واسطے اونکے پس بعضے اونمین سے سواری انکی ہین اور بعضے اونمین سے کھاتے ہین + فتح +
اور عاجز کر دیا اونکو انکے آگے پھر اونمین کوئی ہی انکی سواری اور کسیکو کھاتے ہین + تفسیر + یعنی اون چارپایون کو تابعدار

انکا کردیا تو ہمنے والا کون قادر ہو سکتا تھا اونپر اگر اللہ تعالی اونکو تابعدار و مسخر نکر دیتا اور اسی لیے لازم کیا اللہ سبحانہ تعالی نے سوار پر یہ کہ شکر ادا کرے اس نعمت کا اور تسبیح کرے ساتھ قول اللہ تعالی کے سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ اور حاصل ساری آیت کا یہ ہی کہ مسخر کیا ہمنے چارپایون کو انکا تاکہ سوار ہون اونکی پشتون پر اور کھاوین گوشت اونکے + مل +

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○

اور انکے لیے چارپایون مین منفعتین ہین اور پینے کیا پس نہین شکر کرتے + فتح + اور اونکو انمین فائدے ہین اور پینے کے گھاٹ پھر کیون نہین شکر کرتے + مو + تفسیر + منفعتین ہین کہ اونکے چمڑون اور پشمون وغیر ذلک سے فائدے اوٹھاتے ہین اور گھاٹ ہین یعنی دودھ کے کہ اونکے دودھ پیتے ہین تھن اونکے بمنزلے گھاٹون کے ہین یا مشارب کے معنی ہین پینے کے کیا پس شکر نہین کرتے اللہ کا یعنی اوپر انعام کرنے چارپایون سے کہ چارپائے ایسے دیے ہین انکو طرح بطرح کے فائدے اوٹھانیکو ایسے منعم کا تو بڑا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اوسی کو پوجیے اور کسیکو اوسکا ساجھی نہ کیجیے اور جو اوسنے فرمایا ہی اوسکو بجالائیے اور جن چیزون سے منع کیا ہی اون سے باز رہیے + مل +

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ○

اور پکڑے مشرکون نے سوائے خدا کے معبود تا ہووے کہ وہ مدد دیے جاوین + فتح + اور پکڑے ہین اللہ کے سوائے اور حاکم کہ شاید انکو مدد پہونچے + مو + تفسیر + یعنی بتون کو پوجتے ہین اس زعم پر کہ مدد کرینگے ہماری جب پیش آجاویگا کوئی امر + مل +

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ○

نہین کر سکینگے بت مدد انکی یعنی اپنے پوجنے والون کی اور یہ بت واسطے انکے لشکر ہین حاضر کیے گئے + فتح + نہ سکینگے انکی مدد کرنی اور یہ اونکی فوج ہوکر پکڑے آوینگے + تفسیر + اور یہ یعنی کافر واسطے بتون کے لشکر ہین یعنی مددگار اور گروہ ہین حاضر کیے گئے کہ خدمت کرتے ہین اونکی اور مکھیان وغیرہ اوڑاتے ہین بتون پر سے یا یہ معنی ہین کہ پکڑا کافرون نے بتون کو معبود تاکہ مدد کرین وہ انکی نزدیک اللہ کے اور شفاعت کرین انکی حال انکا برخلاف اسکے ہوگا کہ وہم کیا اونھون نے اسلیے کہ وہ بت دن قیامت کے لشکر ہونگے گروہ کافرون کے حاضر کیے جاوینگے واسطے عذاب انکے کے اسلیے کہ وہ بت کیے جاوینگے ایندھن دوزخ کے + مل + اور وہ یعنی کافر لشکر ہین بتون کے غصہ کرتے ہین یہ اونکے لیے اور حاضر ہوتے ہین اونکے پاس دنیا مین اور وہ بت نہین بھلائی پونہچا سکتے ہین انکو اور نہ مدد کر سکتے ہین انکی اور بعضون نے کہا کہ یہ آخرت کا مذکور ہی کہ لایا جاویگا ہر معبود کہ سوا اللہ کے ہی اور اوسکے ساتھ تابعین اوسکے ہونگے کہ جنھون نے پوجا تھا اوسکو اور وہ حاضر کیے جاوینگے دوزخ مین + معا +

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ○

پس غمگین نکرین تجکو باتین انکی تحقیق ہم جانتے ہین جو کچھ چھپاتے ہین اور جو ظاہر کرتے ہین + فتح + اب تو غم نکھا انکی بات سے ہم جانتے ہین جو چھپاتے ہین اور جو کھولتے ہین + تفسیر + باتین انکی یعنی کفار مکہ جو جھٹلاتے ہین تجکو اور ایذا دیتے ہین اور جور و جفا کرتے ہین اسپر غمگین نہو ہم جانتے ہین انکی چھپی دشمنی کو اور ظاہر دشمنی کو پس سزا دینگے ہم انکو پس لائق ہی مثل تیرے کو یہ کہ تسلی پکڑے ساتھ اس وعید کے اور حاضر کرے اپنے نفس مین صورت حال اپنے کی اور حال اونکے کی آخرت مین تاکہ جاتا رہے اوس سے فکر اور نگھیرے رہے اوسکو غم پس اسمین جو آنحضرت صلعم کو منع فرمایا غم کرنے سے تو مراد ثابت کرنا آنحضرت کے غم کا نہین ہی اونکے کہنے سے بلکہ یہی ایسی ہی جیسے اس قول کریم مین فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ + معا +

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ○

کیا نہین دیکھا آدمی نے کہ ہمنے پیدا کیا ہی اوسکو نطفے سے پس ناگہان وہ جھگڑنے والا آشکار رہوا + **فتح** + کیا دیکھتا نہین آدمی کہ ہمنے اوسکو بنایا ایک بوند سے پھر تبھی وہ ہو گیا جھگڑتا بولتا + **تفسیر** + نطفے سے یعنی بوند منی سے کہ نکلتی ہی موراخ ذکر سے اور وہ نجس ہوتی ہی پس ناگہان وہ جھگڑنے والا آشکارا ہوا یعنی پس وہ باوجود حقارت اصل اپنی کے اور دناءت اول حال اپنے کے پروردگار اپنے سے جھگڑتا ہی اور منکر ہوتا ہی اوسکی قدرت کا اوپر زندہ کرنے مردون کے بعد بوسیدہ ہونے ہڈیون اونکی کے پھر جھگڑنا اوسکا بھی نہایت درجے کو پہونچا ہی کہ پہلے ایک چیز مردہ یعنی منی سے پیدا ہوا اور پھر انکار کرتا ہی پیدا کرنے کا مردے یعنی ہڈیون بوسیدہ خاک ہوئی سے اور یہ نہایت مکابرہ ہی اور نزول اس آیت کا بیچ شان اُبَیّ بن خلف کے ہی کہ بیچ انکار بعث کے آنحضرت سے جھگڑا اور ہڈی بوسیدہ ہاتھہ مین ملکر آنحضرت کے سامنے لایا اور کہا کہ ان اجزاے متفرقہ خاک ہوئے کو کون زندہ کریگا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خداے تعالی روز قیامت کے اسکو زندہ کریگا اور تجکو بھی زندہ کرکر دوزخ مین بھیجے گا اوسپر

یہ آیت اوتری + **صل معا** +

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝

اور بیان کی واسطے ہمارے ایک مثال اور بھول گیا پیدایش اپنی کہا کون زندہ کریگا ہڈیون کو اس حالت مین کہ وہ پرانی ہو گئی ہونگی + **فتح** + اور بٹھاتا ہی ہمپر کہاوت اور بھول گیا اپنی پیدایش کہنے لگا کون جلاویگا ہڈیان جب کھوکھری ہو گئین + **تفسیر** + مثل وہی ہی کہ ہڈی ہاتھہ مین ملکر کہا اسکو کون زندہ کریگا بھول گیا اپنی پیدایش کہ منی سے ہوئی ہی پس وہ بہت عجیب ہی ہڈیون کے زندہ کرنے سے اور جو کہ ثابت کرتے ہین حیات ہڈیون مین اور کہتے ہین کہ ہڈیان مردار کی نجس ہین اسلیے کہ موت تاثیر کرتی ہی اونمین پہلے اسکے کہ حیات در آوے اونمین وہ سند پکڑتے ہین اس آیت سے اور ہمارے نزدیک ہڈیان مردار کی پاک ہین اور اسی طرح بال اور پٹھے اوسکے اسلیے کہ حیات نہین در آتی ہی اونمین پس نہین تاثیر کرتی ہی اونمین موت اور مراد ہڈیون کے زندہ کرنے سے آیت مین پھیرنا اونکا ہی طرف اوس حالت کے کہ تھین اسپر یعنی تر و تازہ بیچ بدن زندہ حساس کے + **صل** +

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝

کہہ زندہ کریگا اونکو وہ کہ پیدا کیا اونکو اول بار اور وہ ساتھہ ہر قسم پیدایش کے دانا ہی جسنے پیدا کی واسطے تمھارے درخت سبز سے آگ پس ناگہان تم اوس درخت سبز سے آگ روشن کرتے ہو + **فتح** + تو کہہ اونکو جلاویگا جسنے بنایا اونکو پہلی بار اور وہ سب بنانا جانتا ہی جسنے بنا دی تمکو سبز درخت سے آگ پھر اب تم اوس سے سلگاتے ہو + **تفسیر** + یعنی اول تم سے نکالتے ہین یعنے درخت سبز سے ٹہنیان اوسکی آپسمین رگڑتی ہین تو آگ نکلتی ہی جیسے بانس سے + **مو** + خلق یعنی مخلوق کے بھی دانا ہی نہین پوشیدہ اوسپر اجزا مخلوق کے اگرچہ متفرق ہو جائین جنگل و دریا مین پس جمع کریگا اونکو اور جیسے تھے پھر ویسے ہی بناویگا پھر ذکر فرمایا عجائب پیدایش اپنی مین سے روشن ہونا آگ کا درخت سبز سے باوجودیکہ آگ و پانی آپسمین ضد ہین ایک دوسرے کا اور آگ بجھ جاتی ہی پانی سے اور اس درخت کا بیان ابن عباس رضنے یون کیا ہی کہ وہ دو درخت ہین ایک کو مرخ کہتے ہین اور دوسرے کو عفار پس جو کوئی چاہتا ہی اونمین سے آگ نکالنی تو کاٹتا ہی اونمین سے دو ٹہنیان مانند دو مسواکون کے اور وہ سبز ہوتی ہین ٹپکتا ہی اونمین سے پانی پس رگڑتا ہی مرخ کو کہ وہ نر ہی اوپر عفار کے کہ وہ مادہ ہی پس نکلتی ہی اونمین سے آگ اللہ عزوجل کے اذن سے اور کہا حکماء نے کہ ہر درخت مین آگ ہی سواے عناب کے اور اہل عرب کی مثالون مین بھی آیا ہی کہ ہر درخت مین آگ ہی

اور مرخ و عفار مین کثرت سے ہی اور مقصود اس قدرت کے بیان کرنے سے یہ ہی کہ جو کوئی قادر ہو اوپر جمع کرنے پانی اور آگ کے بیچ ایک درخت کے وہ بہت ہی قادر ہو گا اوپر آگے پیچھے لانے موت اور حیات کے آدمی مین اسلیے کہ جاری کرنا احد الضدین کا دوسرے پر آگے پیچھے سہل تر ہی عقل کے نزدیک جمع کرنے سے معًا بغیر ترتیب کے پھر آگے بیان فرمایا کہ جو قادر ہی آسمان و زمین کے پیدا کرنے پر باوجود اس عظم و شان انکی کے تو وہ انسان کے پیدا کرنے پر بہت ہی قدرت رکھتا ہی + مد معا +

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○

کیا نہین وہ جسنے پیدا کیا آسمانون اور زمین کو قدرت والا اوپر اسکے کہ پیدا کرے مانند اونکے البتہ اور وہی ہی پیدا کرنے والا جاننے والا + **فتح** + کیا جسنے بنائے آسمان و زمین نہین سکتا کہ بناوے ایسے آدمی کیون نہین وہی اصل بنانے والا سب جانتا **تفسیر** + مانند انکے یعنی انسان چھوٹا پے مین نسبت آسمان و زمین کے یا پیدا کرنے سے مراد یہ ہی کہ اعادہ کرے انکو اسلیے کہ اعادہ کیا گیا مثل ہوگا پہلے پیدا کیے گئے کے نہ وہی البتہ یعنی کہ ہان وہ قادر ہی اوپر اسکے خلاق کثیر المخلوقات العلیم کثیر المعلومات + مد +

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○

سوا اسکے نہین کہ حکم خدا کا جب چاہے پیدا کرنا کسی چیز کا یہ ہی کہ کہے اوسکو ہو پس ہو جاتی ہی + **فتح** + اوسکا حکم یہی ہی جب چاہے کسی چیز کو کہ کہے اوسکو ہو وہ ہو جاوے + **تفسیر** + ہو جاتی ہی یعنی پس موجود ہو جاتی ہی بالضرور حاصل یہ کہ تمام مخلوقات بسبب پیدا کرنے اوسکے کے ہی ولیکن تعبیر کیا اوسکے پیدا کرنے کو ساتھ کلمہ کن کے بغیر اسکے کہ صادر ہوا اوس سے کاف اور نون سوائے اسکے نہین کہ یہ بیان ہی جلدی پیدا کرنے کا گویا کہ وہ کہتا ہی یعنی کلمہ کن حاصل یہ کہ جیسے تم پر ثقیل ہوتا ہی کہنا کن کا پس ایسیہی نہین بھاری ہی اللہ پر پہلے پیدا کرنا اور دوبارہ پیدا کرنا + مد +

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

پس پاک ہی وہ کہ اوسکے ہاتھ مین بادشاہی ہی ہر چیز کی اور طرف اوسکے پھیرے جاؤگے + **فتح** + سو پاک ہی وہ ذات جسکے ہاتھ ہی حکومت ہر چیز کی اور اوسی کی طرف پھر جاؤگے + **تفسیر** + یعنی بعد موت کے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر چیز کیلیے دل ہی اور تحقیق دل قرآن کا یٰس ہی جسنے پڑھی یٰس چاہتا ہو بسبب اوسکے خشنودی اللہ کی بخشتے اللہ نے گناہ اوسکے اور دیا گیا ثواب سے گویا کہ پڑھا قرآن بائیس بار اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی سورہ یٰس آگے حاجت اپنی کے حاجت روائی کیجاویگی اوسکی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی یٰس اگر ہو بھوکا سیر کریگا اوسکو اللہ اگر ہو پیاسا سیراب کریگا اوسکو اللہ اور اگر ہو ننگا پہناویگا اوسکو اللہ اور اگر ہو ڈرتا یعنی کسی چیز سے نڈر کرے اوسکو اللہ اور اگر ہو وحشت رکھتا مانوس کرے اوسکو اللہ اور اگر ہو فقیر غنی کرے اوسکو اللہ اور اگر ہو قید خانے مین نکالے اوسکو اللہ اور اگر ہو بندی مین پکڑا گیا خلاص کرے اوسکو اللہ اور اگر ہو راہ بھولا راہ دکھاوے اوسکو اللہ اور اگر ہو قرضدار ادا کرے اللہ دین اوسکا اپنے خزانے سے اور نام رکھا گیا ہی اسکا دافعہ اور قاضیہ دفع کرتی ہی اپنے پڑھنے والے سے ہر برائی کو اور روا کرتی ہی اوسکی ہر حاجت + مد +
حضرت شیخ عبدالعزیز شکر بار علیہ الرحمۃ کی وفات اسی آیت شریفہ پر ہوئی ہی فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَانِ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسَةُ رُكُوْعَاتٍ

اس سورت کا نام سورہ صافات ہی اسلیے کہ سرے ہی پر اسکے لفظ والصافات مذکور ہی کہ مراد اس سے ملائکہ ہین مخلوق نورانی

یہ روایتیں اگرچہ ابتدا سورت مین مذکور ہو چکین تھین لیکن ان مین بعضے مضامین زیادہ ہین اسلیے پھر نقل کی گئین منہ مد ظلہ

ع ۵ ختم سورہ یٰس

اور مقرب ربانی اور یہ سورت مکی ہے آیتین اسمین ایک سو بیاسی ہین اور کلمے آٹھ سو ساٹھ اور حروف تین ہزار آٹھ سو چھبیس اور
رکوع پانچ اور نزول اسکا بعد سورۂ انعام کے ہے اور یہ سورۂ یٰس کے بعد اسلیے لکھی گئی کہ یٰس مین ہے اَلَمْ یَرَوْا کَمْ اَهْلَکْنَا قَبْلَهُمْ
مِّنَ الْقُرُوْنِ یعنی کیا نہ دیکھا اونھون نے کہ کتنی سنگتین انکے پہلے ہمنے ہلاک کین اور اس سورت مین تفصیل ہے احوال سنگتون کی
پس اسمین تفصیل ہے اوسکی جیسے کہ سورۂ اعراف مین ہے بعد سورۂ انعام کے اور شعرا مین بعد فرقان کے ابن عباس رضی سے منقول ہے
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی سورۂ یٰس اور صافات روز جمعہ کے پھر مانگا اللہ تعالی سے کچھ دیگا اللہ مانگا ہوا اوسکا

+ تناسق الدرر فی تناسب السور + در منثور وغیرہ +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ اِنَّ اِلٰهَکُمْ لَوَاحِدٌ ۭ

قسم ہے اون فرشتون کی کہ صف باندھتے ہین یعنی نزدیک پروردگار اپنے کے صف باندھنے کی پھر قسم ہے اوس جماعت کی کہ ہانکتے
ہین یعنی شیطانون کو واللہ اعلم ہانکنے کی پھر قسم ہے اوس جماعت کی کہ تلاوت کرتے ہین کتاب الٰہی کو تلاوت کرنے کی تحقیق معبود
تمھارا ایک ہی ہے + فت + قسم صف باندھنے والون کی قطار ہو کر پھر ڈانٹنے والون کی جھڑک کر پھر پڑھنے والون کی یاد کو
بیشک حاکم تمھارا ایک ہے + تفسیر + فرشتے کھڑے ہوتے ہین قطار سننے کو حکم اللہ کا پھر جھڑکتے ہین شیطانون کو جو سننے کو
جا لگتے ہین پھر جب اوترچکا اوسکو پڑھتے ہین ایک دوسرے کے بتانے کو + مو + حدیث مین آیا ہے کہ ملائکہ آسمان مین
صفین باندھے کھڑے ہین اپنے پروردگار کے سامنے مانند صفون خلق کے دنیا مین نماز کے لیے اونکی قسم اللہ جل شانہ
نے کھائی چنانچہ جابر بن سمرہ روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا نہین صف باندھتے ہو تم
جیسے کہ صف باندھتے ہین فرشتے اپنے پروردگار کے سامنے عرض کیا ہمنے کہ کیونکر صف باندھتے ہین فرشتے اپنے رب کے سامنے
فرمایا کہ تمام کرتے ہین اگلی صفون کو اور آپسمین گھچے ہوئے کھڑے رہتے ہین صفون مین اور بعضون نے کہا کہ مراد صافات سے
وہ ملائکہ ہین کہ صفین باندھے کھڑے ہین ہوا مین تو جو کچھ کہ حکم ہو بجا لاوین یا مراد صفین غازیون کی ہین جہاد مین یا صفین نمازیون کی
جماعت مین یا علمائے عاملین کہ تہجد مین اور اور تمام نمازون مین قدم برابر جما کر کھڑے ہوتے ہین مثل صف کے اور بیچ صف کے فائدہ رسانی
کے ساتھ صف غیر رسانی کے قائم ہوتے ہین اور مراد زاجرات سے ملائکہ ہانکنے والے شیاطین کے ہین کہ جو حکم الٰہی کے سننے کو
آسمان پر جا لگتے ہین یا زواجرات قرآن کہ برائی سے منع کرتے ہین یا غازی ڈانٹنے والے گھوڑون یا دشمنون کے یا وہ مومن مراد
ہین کہ اپنے نفسون کو گناہون سے باز رکھتے ہین اور یا وہ علما مراد ہین کہ لوگون کو گناہون سے منع کرین اور یا جانور پرندے ہین
کہ ہوا مین صف باندھے ہوئے شہوات کو زجر کرتے ہین یعنی روکتے ہین اور طرح بطرح کے ذکر الٰہی مین مشغول ہین اور یا فرشتے
ہانکنے والے ابر کے مراد ہین یا فرشتے روکنے والے لوگون کے معاصی سے بسبب الہام کے اور مراد تالیات سے ملائکہ ہین کہ ہمیشہ
تسبیح اور تحمید الٰہی کرتے ہین اور یا غازی کہ ہمیشہ ذکر الٰہی مین رہتے ہین اور جہاد مین بھی اوس سے باز نہین رہتے اور یا مومن
نماز مین پڑھنے والے قرآن کے مراد ہین اور یا علما پڑھنے والے احکام شریعت کے خلق پر ہین اور بہر تقدیر چونکہ اہل مکہ کہتے تھے
اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا یعنی کیا کر ڈالا محمد ؐ نے سب معبودون کو ایک معبود خدا تعالی نے یہ قسمین کھا کر فرمایا کہ معبود
تمھارا ایک ہی ہے + مد + معا + بح + تنبیہ + اس سے بڑی فضیلت معلوم ہوئی ملائکہ اور علمائے عاملین اور
مجاہدین اور ذاکرین وغیر ذلک کی کہ جو اوپر مذکور ہوئے اسلیے کہ پاک پروردگار نے قسم انکی کھائی اور قسم اونھین کی کھائی جاتی ہے

ط زواجرات وہ آیتین ہین کہ جنمین نہی و تنبیہ ہو برائی سے ۱۲

کہ جو ذی قدر اور عزیز ہوتے ہین قسم کہانے والے کے نزدیک +

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○

وہ پروردگار آسمانون کا اور زمین کا ہی اور اوس چیز کا کہ درمیان انکے ہی اور وہ پروردگار مشرقون کا ہی یعنی اور مغربون کا بہی + **فتح** رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہی اور رب مشرقون کا + **تفسیر** + شمال سے جنوب تک ایک طرف مشرقین ہین سورج کو ہر روز جدا اور دوسری طرف اوتنی ہی مغربین + **مو** + مشارق یعنی مطالع آفتاب کے کہ تین سو ساٹھ ہین اور ایسے ہی مغرب تین سو ساٹھ ہین اسلیے کہ ہر روز ایک مشرق سے نکلتا ہی اور ایک مغرب مین جاتا ہی اور بعضون نے کہا جو جگہہ کہ نکلتے ہوئے پڑتی ہی اوسپر روشنی آفتاب کی وہ ایک مشرق ہی اور جو جگہہ کہ غروب ہوتے مین روشنی آفتاب کی اوسپر پہونچتی ہی وہ ایک مغرب ہی پس گویا کہ ارادہ کین ساتھہ اسکے تمام وہ جگہین کہ دہوپ پہونچتی ہی اونپر اول روز مین اور آخر روز مین اور جہان کہ مشرقین اور مغربین فرمایا ہی جیسے کہ سورہ رحمٰن مین ہی رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مراد مشرق و مغرب جاڑے اور گرمی کے ہین اور جہان رب المشرق و المغرب فرمایا ہی جیسے کہ سورہ مزمل مین ہی رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○ پس مراد جہت ہی کہ مشرق ایک جہت ہی اور مغرب ایک جہت ع اور ایک روایت طویل ابن عباس رض سے منقول ہی مختصر اوسکا یہ ہی کہ ملوک حضر موت کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور اونھون نے کتنی ایک باتین پوچھہ کر عرض کیا کہ ہم کیونکر جانین کہ تم رسول ہو خدا کے پس آنحضرت ص نے ایک مٹھی سنگریزون کی بہر لی اور فرمایا کہ یہ گواہی دینگے کہ مین رسول ہون خدا کا پس تسبیح کی سنگریزون نے آنحضرت ص کے دست مبارک مین اون بادشاہون نے کہا کہ گواہی دیتے ہین ہم کہ بلا شبہہ آپ رسول ہین خدا کے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلا شبہہ اللہ نے بہیجا ہی مجکو ساتھہ حق کے اور اوتاری مجہپر کتاب نہین آتا ہی باطل آگے اوسکے سے اور نہ پیچہے اوسکے سے وہ میزان مین بہت بہاری ہی بڑے پہاڑ سے اور اندہیری رات مین مانند روشنی شعلے کے ہی اونھون نے عرض کیا کہ پس سنا دیجیے ہمکو اوسمین سے کچہہ پس پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا یہان تک کہ پہونچے وَرَبُّ الْمَشَارِقِ تک پہر ٹھہر گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ٹھہر گئی روح آپ کی یعنی اس مضمون کی لذت سے ایک سکتے کی سی حالت پیدا ہوئی پس نہین حرکت کرتا تہا حضرت کے اعضا مین سے کچہہ اور اشک مبارک آنحضرت کے بہتے تہے آپ کی داڑہی شریف پر پس کہا اونھون نے کہ ہم دیکھتے ہین آپکو روتے کیا اوسکے ڈر سے روتے ہو کہ جسنے بہیجا ہی تمکو فرمایا آنحضرت ص نے کہ اوسی کے ڈر نے رولایا مجکو بہیجا ہی اوسنے مجکو صراط مستقیم پر کہ سیدھی ہی مانند تلوار کے اگر کجی کرون مین اوس سے ہلاک ہو جاؤن پہر پڑھی یہ آیت وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ آخر آیت تک + **مل** + **معا** + **در منثور** + **تنبیہ** + سبحان اللہ کیا شان و عظمت رب جلیل کی اس آیت سے معلوم ہوتی ہی اوسکی ربوبیت یعنی پرورش ہی کا ظہور ہی کہ اتنا بڑا آسمان بے ستون کہڑا ہی اور چرخے کی طرح پہر رہا ہی اور ستارے اوسکے اپنے اپنے منازل مین سیر کر رہے ہین اور فرشتے عجیب عجیب طرح کے اوسکی بندگی مین لگ رہے ہین اور اوسکے حکم سے تمام امور مخلوق کے سرانجام کر رہے ہین اور وہان سے مینہہ برستا ہی کہ مدار وہی سبب معاش مخلوقات کا پہر آگے زمین مین دیکھیے کہ کیا کیا ظہور اوسکی ربوبیت کا ہی کہ لوگ کہیتیان کرتے ہین باغات لگاتے ہین اونکو اوسنے کہایا بہرہ مند کرتا ہی پہر کہین نہرین جاری ہین کہین گل بوٹا کہل رہا ہی کہین پڑھنا پڑھانا علوم دینیہ کا کہین چرچا احکام شرعیہ کا کہین ذکر اللہ ہو رہا ہی یہ باغ اور ہی طرح کا

کھل رہا ہی کہ اسکے آگے ان باغات کی کچھ ہی حقیقت نہین اوسی کی پرورش و قدرت سے ہر کوئی ان چیزون پر قادر ہوتا ہی
اور کہین تجارت ہو رہی ہی کہین طرح طرح کی عجیب چیزین بن رہی ہین کہین کارخانہ محبت اللہ فی اللہ کا بارہی ہی کہ کوئی اوستاد
سے محبت رکھتا ہی کوئی مرشد سے کوئی بیوی بچون سے بلحاظ اتباع سنت کے اور عکس انکا بھی ایسا ہی پھر دریا مین دیکھیے تو
وہان اور ہی طرح کا ظہور ربوبیت ہی کہ اوسمین طرح طرح کے جانور پرورش پا رہے ہین لوگ کشتیون مین سوار ہوکر ہزارون
کوس پر جاکر اپنے مقصد حاصل کرتے ہین غرض کہ زمین اور آسمان مین اور درمیان مین انکے عجیب عجیب کارخانے اوسکی
ربوبیت اور قدرت کے نمایان ہین مصرع ہر ذرے مین چمکے ہی جلوہ تری قدرت کا ٭ اور جتنا جسکو قرب الٰہی حاصل ہوتا ہی وتنا ہی
اوسکی نظر مین دکھاؤ ان چیزون کا زیادہ حاصل ہوتا ہی اور جتنا اوس سے دور ہوتا ہی وتنا ہی ان چیزون کے دیکھنے سے
بے نصیب چونکہ آنحضرت اکمل الکاملین اور اعرف العارفین تھے آپ کو شان ربوبیت کی اور عظمت و کبریائی اور خشیت الٰہی
اکثر اوقات تو نمایان رہتی تھی کہ اور کسیکو وہ حاصل نہین لیکن چونکہ یہ آیت پڑھی اسوقت لذت و یاد اوسکی زیادہ ہوئی اور
عظمت و خشیت الٰہی دل مین بہت سمائی اس سے یہ حالت درپیش آئی اور حضرت کے قلب مبارک مین جو ہر وقت عظمت و خشیت
الٰہی رہتی تھی کہ بیان اوسکا حدیث مین یون آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مین دیکھتا ہون وہ چیز کہ نہین دیکھتے
تم اور سنتا ہون مین وہ چیز کہ نہین سنتے ہو تم یعنی ہول قیامت کی اور شدت عذاب کی آواز کرتا ہی آسمان یعنی چرچر بولتا ہی مانند
زین چڑے کے مارے عظمت الٰہی کے اور لائق ہی اوسکو یہ کہ آواز کرے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہین ہی
آسمان مین جگہہ چار انگشت کی مگر کہ فرشتہ رکھے ہوئے ہی پیشانی اپنی حال یہ کہ سجدہ کرنے والا ہی واسطے اللہ کے قسم ہی خدا کی اگر جانو
تم جو کچھ کہ جانتا ہون مین تو البتہ ہنسو تم تھوڑا اور رو تم بہت اور نہ لذت اوٹھاؤ تم ساتھ عورتون کے بچھونون پر اور نکلو تم طرف
راہون کے فریاد کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے کہا ابو ذر نے جو روایت کرتے ہین اس حدیث کو ای کاشکے مین ہوتا درخت کہ کاٹا جاتا
یعنی گناہون مین نہ آلودہ ہوتا اور روایت مین آیا ہی کہ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ تو بڈھے ہوگئے فرمایا آپ نے کہ بوڑھا
کردیا مجکو سورۂ ہود نے اور بہنون اوسکی نے یعنی جن سورتون مین احوال قیامت کا ہی مثل سورۂ واقعہ اور والمرسلات اور
عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت کے انتہی اور کہان تک بیان کیجیے عظمت و خشیت الٰہی کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
دل مین سما رہی تھی اب غور تو کرو بھائیون کہ حال اپنے پیشوا اور فخر الاولین و الآخرین کا کہ جنکے سب گناہ اگلے پچھلے بخشدیے تھے
اللہ تعالیٰ نے یہ ہو اور ہم امتی اونکے ایسے غافل ہون شان ربوبیت سے کہ شب و روز تابع خواہش نفسانی کے ہوکر فسق و فجور
و نافرمانی مین گرفتار ہون اگر یہ عظمت اوسکی پوری پوری دل مین ہو کہ وہ رب ہی آسمانون اور زمین کا اور اون چیزون کا کہ درمیان
مین ہین انکے اور رب ہی مشارق و مغارب کا تو کاہیکو اوسکے حکمونکو پس پشت ڈالین یہ جانین کہ جب اوسکی ایسی شان ہی
کہ وہ رب العٰلمین ہی تو اوسکے فرمانے کو سب پر مقدم رکھے ہاے افسوس صد افسوس اپنے بڑون کے برابر بھی تو اوسکی عظمت و خشیت
دل مین نہین رکھتے باپ بلکہ بھائی کے سامنے مثلاً رنڈی سے کلام نکرین چہ جاے زنا اور اللہ جل شانہ کے دیکھنے کی کچھ بھی پروا نہین
اور اسی طرح اور گناہون کا حال سمجھنا چاہیے رونا چاہیے اپنے حال پر اور توبہ و استغفار کرنی اور رجوع کرنی اوسکی طرف کہ وہ بڑا ہی
غفور رحیم ہی جب غلام بھاگا ہوا اوسکے در کا اوسی کے در پر آکر التجا اور استغفار و زاری کرتا ہی تو ظہور شان غفوری اور
ربوبیت کا زیادہ از حد ہوتا ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ توبہ کرنے والا گناہ سے مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین گناہ
اوسکے لیے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی لازم کرے استغفار کو گردانتا ہی اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے ہر تنگی سے

راہ نکلنے کی اور ہر غم سے خلاصی اور روزی دیتا ہی اوسکو یعنی حلال طیب اوس جاگہہ سے کہ گمان نہین کرتا اور فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی کوئی بندہ مومن کہ نکلے آنکھون اوسکی سے آنسو اگرچہ ہو مانند سر مکھی کے خوف اللہ تعالی سے کہ سے
پھر پونہچے کسی چیز کو بہتر جگہہ چہرے اوسکے سے مگر کہ حرام کرتا ہی اوسکو اللہ دوزخ پر انتہی سبحان اللہ کیا عنایت و پرورش ہی اوسکی
شان ربوبیت کی حیطۂ تحریر و تقریر سے باہر ہی کہان تک لکھیے لیکن بھائیون کان لگا کر ایک حدیث قدسی سنیے اور اوسپر عمل کیجیے
کہ معلوم کرنے شان ربوبیت رب مین اور ادا ے شکر اوسکے مین کافی و وافی ہی روایت ہی ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے بیچ جملے اون حدیثون کے کہ روایت کرتے تھے اللہ تبارک و تعالی سے یعنی حدیث قدسی ہی یہ کہ فرمایا اللہ تعالی نے
ای میرے بندون تحقیق مینے حرام کیا ظلم اپنے اوپر یعنی پاک ہون مین ظلم سے پس وہ میرے حق مین ایسا ہی جیسا لوگون کے
حق مین حرام اور کیا مینے اوسکو درمیان تمھارے حرام پس نہ ظلم کرو آپس مین ای بندون میرے سب تم گمراہ ہو مگر مین جسکو ہدایت
کرون پس ہدایت چاہو مجھسے ہدایت کرونگا مین تمکو ای بندون میرے تم سب بھوکے ہو یعنی محتاج ہو طرف کھانے کے مگر جسکو کھلاون
مین یعنی اور فراخ کرون اوسپر رزق اور بے پروا کرون اوسکو پس مانگو کھانا مجھسے کھلاؤنگا مین تمکو اور ایک اور روایت مین
بدلے اس مضمون کے یون ہی کہ سب تم محتاج ہو یعنی ظاہر و باطن مین مگر جسکو دولتمند کیا مینے پس مانگو مجھسے روزی دونگا مین تمکو
یعنی حلال و طیب انتہی ای بندون میرے سب تم ننگے ہو یعنی محتاج ہو ستر عورت اور لباس کے مگر جسکو پہننے کو دیا مینے پس مانگو
مجھسے لباس پہناؤنگا مین تمکو ای بندون میرے تحقیق تم یعنی اکثر تمھارے خطا کرتے ہو رات و دن اور مین گناہ بخشتا ہون سب
یعنی توبہ و استغفار سے یا مراد یہ ہی کہ سوا ے شرک کے اور گناہ بخشدیتا ہون اگر چاہتا ہون پس بخشش مانگو مجھسے بخشونگا مین تمکو
ای بندون میرے تحقیق تم ہرگز نہ پونہچوگے میرے ضرر کو تاکہ ضرر پونہچا سکو مجکو اور ہرگز نہ پونہچوگے نفع میرے کو تاکہ نفع پونہچا سکو
مجکو یعنی تمھارے گناہ کرنے سے درگاہ صمدیت مین کچھ نقصان نہین اور طاعت کرنے سے فائدہ نہین بلکہ نقصان و فائدہ تمھارے
ہی لیے ہی چنانچہ آگے تفصیل سے فرمایا اسکو ای بندون میرے اگر تحقیق اگلے تمھارے اور پچھلے تمھارے اور آدمی تمھارے اور
جن تمھارے سب ملکر ہون اوپر بہت پرہیزگار دل ایک شخص کے تم مین سے تو نہ زیادہ کرے میرے ملک مین کچھ یعنی اگر تم نہایت
پرہیزگار ہوجاؤ کہ تم مین جو نہایت پرہیزگار ہو یعنی جیسے آنحضرت ہین ویسے ہوجاؤ تو ہمارے ملک مین یعنی بادشاہی مین کچھ زیادتی
نہین ہوتی ای بندون میرے اگر تحقیق اگلے تمھارے اور پچھلے تمھارے اور آدمی تمھارے اور جن تمھارے یعنی سب ملکر ہون
اوپر بدترین دل ایک شخص کے تم مین سے یعنی مانند شیطان کے ہوجاؤ تو نہ ناقص کرے میرے ملک مین سے کسی چیز کو اور
اور روایت مین آیا ہی دونون جانے کسی چیز کے بدلے برابر پشہ کے ای بندون میرے اگر اگلے تمھارے اور پچھلے تمھارے
اور آدمی تمھارے اور جن تمھارے کھڑے ہون ایک مقام مین پھر مانگین مجھسے پس دون مین ہر آدمی کو موافق مانگنے اوسکے یعنی
ایک ہی وقت اور ایک ہی مکان مین نہ گھٹا ے وہ دینا اوسچیز سے کہ نزدیک میرے ہی مگر جیسے گھٹاتی ہی سوئی یعنی پانی کو جسوقت
کہ ڈالی جاوے دریاے شور مین ای بندون میرے سوا اسکے نہین کہ اعمال تمھارے یاد رکھتا ہون اور لکھتا ہون تمپر پھر پورا دونگا
مین تمکو بدلا انکا پس جو شخص کہ پاوے بھلائی یعنی توفیق نیک پروردگار کی طرف سے پاوے اور عمل خیر کرے پس چاہیے کہ تعریف
کرے اللہ تعالی کی اور جو پاوے سواے بھلائی کے یعنی برائی پس نہ ملامت کرے مگر نفس اپنے کو یعنی اسلیے کہ یہ فساد ہوئی اوسکے
نفس سے تمام ہوئی حدیث پس بھائیون ان مضامین مین غور کرکر کفر اور شرک اور بدعتون اور اور گناہون سے اپنے تئین
بچاؤ اور اپنے مولی سے ہر امر مین دھن لگاؤ اور اتباع سنت کو دستور العمل اپنا ٹھہراؤ تا مستحق اوسکی پرورش و عنایت کے ہوؤ

اور معلوم ہو کہ تمنے اوسکو رب آسمانون اور زمین کا اور اون چیزون کا کہ انکے درمیان مین ہین اور رب مشارق و مغارب کا سمجھا والا یہ دوہا کہا ہوا کسی بزرگ کا ہی صادق آویگا دوہا کہتے ہین کرتے نہین مونہہ کے بڑے لبار + مونہہ بڑے کالے ہوئینگے سائین کے دربار + تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے + کس لیے آئے تھے کیا ہم کر چلے + مشکوۃ وغیرہ +

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۤءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِالْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝

تحقیق ہمنے آرایش دی آسمان دنیا کو ساتھ زینت کے یعنی ساتھ ستارون کے اور نگاہ رکھا ہمنے ہر شیطان سرکش سے + فتح + ہمنے رونق دی ورلے آسمان کو ایک رونق جو تارے ہین اور بچاؤ بنایا ہر شیطان سرکش سے + تفسیر + معلوم ہوتا ہی تارے سب ورلے آسمان مین ہین اگرچہ بعضا ہر ایک کا اوپر ہو یا نیچے ہو اور انھین تارون کی روشنی سے آگ نکلتی ہی جس سے شیطانون کو مار پڑتی ہی جیسے سورج سے آتشی شیشے سے + مو + لفظ الکواکب بدل ہی بزینۃ سے اور معنی یہ ہین کہ ہمنے زینت دی ورلے آسمان کو ساتھ ستارون کے + مل +

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝

مقصد یہ کہ کان نرکھین شیاطین طرف بڑے فرشتون بلند کے اور پھینکے جاتے ہین طرف اونکے شعلے ہر جانب سے واسطے ہانکنے کے اور واسطے اونکے ہی عذاب دائم مگر جو کوئی اُچک لے گیا یعنی کوئی کلمہ کلمات ملائکہ سے ایک بار اچک لیجانا پس پیچھے لگتا ہی اوسکے شعلہ چمکتا + فتح + سن نہین سکتے اوپر کی مجلس تک اور پھینکے جاتے ہین ہر طرف سے ہانکے گئے اور اونکو مار ہی ہمیشہ مگر جو اُچک لایا جھپٹ سے پھر پیچھے لگا اوسکو انگارا چمکتا + تفسیر + ملأ اعلی سے مراد فرشتے ہین اسلیے کہ وہ رہتے ہین آسمانون مین اور انس و جن ملأ اسفل ہین اسلیے کہ وہ رہنے والے زمین کے ہین ہر جانب سے یعنی تمام آسمان کی جانبون سے کہ جس طرف سے چڑھتے ہین چوری سے سننے کے لیے ودھر ہی سے شعلے مارے جاتے ہین اور واصب کے معنی ہین دائم مشتق وصوب سے یعنی دنیا مین اونپر شعلے مارے جاتے ہین اور آخرت مین عذاب دائم غیر منقطع طیار ہی اونکے لیے ابن عباس سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ کے کہا کہ شیاطین قتل نہین کیے جاتے ہین بسبب شعلون کے اور نہ مرتے ہین لیکن وہ اونکے بازون کو جلا کر خراب اور زخمی کر دیتے ہین بغیر قتل کے اور ابراہیم سے منقول ہی اسی کی تفسیر مین کہ جو شیطان جاتا ہی چوری سے سننے کو پس جب کچھ سنتا ہی چوری سے اور شعلہ لگتا ہی تو کہتا ہی اوس شیطان سے جو قریب اوسکے ہوتا ہی تھا ایسا اور ایسا یعنی فلانی فلانی بات کا مذکور تھا + مس + در منثور + مراد ملأ اعلی سے ملائکہ ہین یعنی زینت دی ہمنے آسمان کو ساتھ ستارون کے اور ساتھ حفاظت اوسکی کے چوری کے سننے سے کہ بعد اوسکے شیاطین اوسپر قدرت نرکھین اور اگر کوئی شیطان قریب آسمان کے ہو کر کوئی بات فرشتون کی باتون مین سے اُچک لے بھاگے تو اوسی وقت اوسپر شعلہ جاری ہو کر ہانکا جاوے اور روایت کیا گیا ہی کہ پہلے بعثت رسول علیہ السلام ہمارے کے سے شیاطین قریب آسمان کے جا کر کلام ملائکہ کا سنتے تھے اور وہان سے آنکر کلمات باطلہ اپنے ساتھ اون کلمات کے ملا کر لوگون کو پونہچاتے تھے بسبب برکت بعثت آنحضرت کے اس کام سے باز رکھے گئے اب اگر طمع کر کر جاتے ہین تو شعلے مارے جاتے ہین + بحر + باقی رہا یہ کہ یہان پر ایک سوال ہی کہ جسکا جواب ضروری ہی وہ یہ ہی کہ پہلی آیت مین پروردگار نے اپنی ذات کو غائب کے صیغے سے یاد فرمایا کہ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ

فرمایا اور اس آیت مین غائب سے متکلم کی طرف التفات فرمایا اور یون ارشاد ہوا کہ ہمنے ایسا اور ایسا کیا یعنی زینت غیرہ
آسمان دنیا کو دی ستارون سے تو اب اس عبارت کے اسلوب و تغیر اور پھیرنے مین کیا نکتہ ہی اسکا جواب یہ ہی کہ اوس آیت
مین وہ وصف بیان فرمایا تھا کہ جنکا ظاہر ہونا مخلوقات سے کسی طور متصور نہین ہی جیسے پیدا کرنا آسمانون کا اور زمین کا اور مشارق
کا اور مغارب کا وہان پر متکلم کے صیغے سے بیان کرنیکی کچھ حاجت نہین تھی اسواسطے کہ سب دانا اور عقلمند اسبات کو جانتے
ہین کہ یہ کام سوا اوس ذات پاک کے کوئی نہین کرسکتا اور اس آیت مین ایسے کام ذکر کیے ہین کہ جنمین آدمی کو بھی دخل ہی
اور وہ کام آدمی بھی ظاہر مین کرسکتا ہی جیسے قندیلون اور چراغون سے مکان کو آراستہ کرنا اور دشمنون کو سنگسار کرنا اور دشمنون
کی خرابی کا اسباب موجود رکھنا کہ یہ سب کام آدمی بھی کرتے ہین تو یہان پر متکلم ذکر کرنا ضرور ہوا تا کسی طرح
کا شبہہ باقی نرہے + **تفسیر عزیزی** + اپنی قدرتین بیان فرماکر اب بیان فرماتے ہین کہ عجب حال ہی ان مشرکون کا
کہ باوجود دیکھنے ایسی قدرتون کاملہ ہماری کے انکار بعث وحشر کا کرتے ہین بھلا پوچھ تو انسے کہ جب ہمنے بڑی بڑی چیزین مثل
ملائکہ اور جنات اور آسمان زمین وغیرہ کے پیدا کین تو انکا دوبارہ پیدا کرنا کہ نہایت ضعیف الخلقت ہین مٹی سے بنے ہین
ہمارے نزدیک کیا حقیقت رکھتا ہی +

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ○

پس استفسار کر انسے یعنی کفار مکہ سے آیا یہ سخت تر ہین پیدایش مین یا جو کہ پیدا کیے ہمنے یعنی ملائکہ اور جن اور آسمان
وغیرہ تحقیق ہمنے پیدا کیا ہی انکو مٹی چپکتی سے + **فتح** + اب پوچھ انسے یہ مشکل ہین بنانے یا جتنی خلق ہمنے بنائی ہم ہی نے
انکو بنایا ہی ایک گارے چپکتے سے + **تفسیر** + جو کہ پیدا کیے مراد ہین وہ چیزین کہ ذکر کی گئین اوسکی مخلوق ہین سے
یعنی ملائکہ اور آسمان اور زمین اور جو کچھ کہ انکے درمیان مین ہی اور یہ استفہام بمعنی تقریر کے ہی یعنی یہ چیزین بہت سخت ہین
پیدایش مین پس جب انکو پیدا کیا ہمنے درصورتیکہ کچھ بھی وجود نتھا انکا تو بعث اور اعادہ ان اموات کا کہ نہایت ضعیف الخلقت
ہین مٹی کے بنے ہوئے ہمپر کیا مشکل ہوگا کہ یہ اوسمین شک رکھتے ہین اور بحسب ایک قول کے مراد اوسمین گذشتہ ہین یعنی اونکو باوجود
اوس شدت و قوت کے بسبب گناہون کے ہلاک کیا ہمنے ہلاک کرنا ان ضعیفون کا کیا مشکل ہوگا کیون عبرت نہین پکڑتے ہین + **مل بحر** +

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ○

بلکہ تعجب کیا تونے یعنی کافرون کے حال سے اور وہ ٹھٹھا کرتے ہین + **فتح** + بلکہ تو رہتا ہی اچنبے مین اور وہ کرتے ہین ٹھٹھے + **تفسیر** +
یعنی تجکو انسے تعجب آتا ہی کہ ایمان کیون نہین لاتے اور اونکو تجسے ٹھٹھا + **مو** + بلکہ تعجب کیا تونے یعنی اونکے جھٹلانے سے
تجکو آتا ہی کہ رسول علیہ السلام کو گمان یہ تھا کہ جو کوئی قرآن کو سنے گا ایمان لاویگا اور جب مشرکون نے اوسکو سنا تو ایمان
نہ لائے بلکہ تمسخر کیا پیغمبر خدا متعجب ہوئے یہ آیت آئی کہ یہ جو تجکو جھٹلاتے ہین تو تعجب کرتا ہی اور حال یہ ہی کہ یہ تیرے تعجب سے
تمسخر کرتے ہین یا مراد یہ ہی کہ تعجب کیا تونے انکے انکار کرنے سے بعث کا اور وہ ٹھٹھا کرتے ہین امر بعث سے اور حمزہ اور
کسائی نے عَجِبْتُ ت کے پیش سے پڑھا ہی اور یہ قرأت ابن مسعود اور ابن عباس رض کی ہی اس صورت مین معنی یہ ہونگے
کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ ہمنے تعجب کیا انکے انکار و تکذیب سے اور یہ تمسخر کرتے ہین + **مل بحر** +

وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ○ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○

اور جب نصیحت دی جاتی ہے انکو نہین نصیحت پکڑتے ہین اور جب دیکھین کوئی نشانی ٹھٹھا کرتے ہین اور کہتے ہین نہین یہ مگر

جادو ہی ظاہر + **فتح** + اور جب سمجھایئے نہین سوچتے اور جب دیکھین کچھ نشانی ہنسی مین ڈال دیتے ہین اور کہتے ہین اور کچھ نہین یہ جادو ہی کھلا + **تفسیر** + اور داب انکا یہ ہی کہ جب نصیحت کیے جاتے ہین ساتھ قرآن کے تو نہین نصیحت مانتے اور جب دیکھین کوئی نشانی مانند دو ٹکڑے ہونے چاند کے اور مانند اسکے کے تو ٹھٹا کرتے ہین ساتھ اوسکے + **مد**

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ۝ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ۝

اور کہا کفار مکہ نے اس حال مین کہ انکار کرنے والے بعث کے تھے کیا جب مر جاوینگے ہم اور ہو جاوینگے ہم مٹی اور چند ہڈیان کیا ہم اوٹھائے جاوینگے آیا باپ پہلے ہمارے اوٹھائے جاوینگے + **فتح** + کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیان کیا ہمکو پھر اوٹھانا ہی کیا اور ہمارے باپ دادون کو اگلے + **مو** +

قُلۡ نَعَمۡ وَاَنۡتُمۡ دَاخِرُوۡنَ ۝ فَاِنَّمَا هِىَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ ۝

کہہ ہان اوٹھائے جاؤگے اور تم خوار ہوؤگے بس سوا اسکے نہین کہ وہ اوٹھنا ایک نعرہ تند ہوگا بس ناگہان وہ دیکھین گے + **فتح** + تو کہہ ہان اور تم ذلیل ہوؤگے سو وہ تو یہی ہی ایک جھڑکی پھر تبھی یہ لگین گے دیکھنے + **تفسیر** + اور تم خوار ہوؤگے یعنی اوٹھائے جاؤگے اس حال مین کہ خوار ہوؤگے بس سوا اسکے نہین الخ یعنی بعث یعنی اوٹھنا بعد مرنے کے سوائے ایک نفخہ کے نہین ہی جون ہی ایک نفخہ ہوگا سب زندہ ہونگے اور یہ نفخہ دوسرا ہوگا بس ناگہان وہ یعنی خلائق کہ زندہ ہونگے دیکھین گے اوس چیز کو کہ کیجاویگی ساتھ اونکے یا دیکھین گے طرف اعمال بد اپنے کے یا منتظر ہونگے اوس چیز کے کہ اوترے گی اونپر + **جلالین** + **مد**

وَقَالُوۡا يٰوَيۡلَنَا هٰذَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ ۝ هٰذَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ۝

اور کہین گے کفار ای ولے ہمپر یہ ہی دن جزا کا کہا جائیگا یہ ہی روز فیصل کرنے قضا یا کا کہ اوسکو جھٹلاتے تھے تم + **فتح** + اور کہین گے ای خرابی ہماری یہ آیا دن جزا کا یہ ہی دن فیصلے کا جسکو تم جھٹلاتے تھے + **تفسیر** + لفظ ویل ایک کلمہ ہی کہ کہا جاتا ہی وقت ہلاک ہونے کے اور معنی ویلنا کے ہلاکنا ہین اور یا حرف تنبیہ کا ہی یہ ہی دن جزا کا یعنی یہ ایسا دن ہی کہ بدلا دیا جاویگا ہمکو ہمارے اعمال کا اور یوم الفصل کے معنی یہ ہین کہ دن ہی حکم کرنے اور فرق کرنے کا درمیان فرقون ہدایت وضلالت کے پھر احتمال ہی کہ ہووے هٰذَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ سے تُكَذِّبُوۡنَ تک کلام کافرون کا کہ بعضے کافر بعضون سے یون کہین گے اور یہ بھی احتمال ہی کہ کلام ملائکہ کا ہو کہ وہ کافرون سے یون کہین گے اور یہ بھی احتمال ہی کہ يٰوَيۡلَنَا هٰذَا يَوۡمُ الدِّيۡنِ کلام کافرون کا ہو اور هٰذَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ کلام ملائکہ کا ہو کہ وہ کفار کے جواب مین یون کہین گے + **مد** +

تنبیہ + اسدن کا ذکر سورۂ نبا مین بھی فرمایا ہی ان آیتون مین اِنَّ يَوۡمَ الۡفَصۡلِ كَانَ مِيۡقَاتًا ۝ يَّوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ فَتَاۡتُوۡنَ اَفۡوَاجًا ۝ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتۡ اَبۡوَابًا ۝ وَّسُيِّرَتِ الۡجِبَالُ فَكَانَتۡ سَرَابًا ۝ یعنی بیشک دن فیصلے کا ہی ایک وقت ٹھہر رہا جسدن پھونکین نرسنگا پھر چلے آؤ جوٹ جوٹ اور کھولا جاوے آسمان تو ہو جاوے دروازے اور چلاسے جاوین پہاڑ تو ہو جاوین ریتا انتہی اور جا بجا پروردگار نے اس دن کا ذکر فرمایا ہی اپنے کلام مجید مین اور انبیا علیہم الصلوۃ والسلام نے اور علمائے ربانیین نے طرح بطرح خلائق کو سمجھایا لیکن چونکہ خواب غفلت مین مین چھپ رہیا نہین سوتے اور اوسکے لیے سامان نہین کرتے اوسدن پردے غفلت کے اوٹھ جائین گے جیسے کہ پاک پروردگار خبر دیتا ہی انکی غفلت کی اور اوسدن کے ہوشیار ہونے کی اس آیت کریمہ مین لَقَدۡ كُنۡتَ فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ۝ یعنی اوس دن فرماویگا کہ تو بے خبر رہا اسدن سے اب کھول دیئے تجھسے پردہ

ربع ع ۲۱ ۵

بسکون الواو عطفا باو وبفتحہا والہمزۃ للاستفہام والعطف بالواو والمعطوف علیہ محل ان واسمہا او الضمیر فی لمبعوثون والفاصل ہمزۃ الاستفہام ۱۲ جلالین

۵۲ قولہ فانما ہی جواب شرط مقدر تقدیرہ اذا کان ذلک فانما ہی الخ ۱۲

۵۳ قولہ ویلنا

تیرا اب آج تیری نگاہ تیز ہی اور انبیا اور علما علیہم الصلوۃ والسلام کا سمجھانا توئی ہی جسپن مین پر بستی ہو یہ ہر روز پکار رہی ہی
کہ حاصل اوسکا یہ ہی کہ موت کہ قیامت صغری ہی سر پر کھڑی ہی ہوشیار ہوؤ اور وہان کا سامان کرو اور گناہون سے باز آؤ
اور اپنے مولی کی طرف رجوع کرو چنانچہ انس بن مالک روایت کرتے ہین کہ زمین پکارتی ہی ہر روز دس باتین کہتی ہی ای ابن آدم چلتا ہی
تو میری پیٹھ پر اور رجوع تیری طرف پیٹ میرے کے ہی اور گناہ کرتا ہی تو میری پیٹھ پر اور عذاب کیا جاویگا تو میرے پیٹ مین
اور ہنستا ہی تو میری پیٹھ پر اور روویگا تو میرے پیٹ مین اور خوش ہوتا ہی تو میری پیٹھ پر اور غمگین ہوویگا تو میرے پیٹ مین
اور جمع کرتا ہی تو مال میری پیٹھ پر اور ڈالا جاویگا تو میرے پیٹ مین اور کھاتا ہی تو حرام میری پیٹھ پر اور تجکو کھاوینگے کیڑے میرے
پیٹ مین اور اتراتا اور اکڑتا پھرتا ہی تو میری پیٹھ پر اور ذلیل ہوویگا تو میرے پیٹ مین اور چلتا پھرتا ہی تو خوش میری پیٹھ پر
اور پڑیگا تو غمگین میرے پیٹ مین اور چلتا ہی تو روشنی مین میری پیٹھ پر اور پڑیگا تو اندھیریون مین میرے پیٹ مین اور چلتا ہی
تو مجمعون مین میری پیٹھ پر اور پڑیگا تو تنہا میرے پیٹ مین انتہی پس بھائیون سوچو ان مضامین مین اور جاگ کر خواب غفلت سے اپنے
مولی کی طرف رجوع کرو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی سیدھی راہ سے تا وہ جو دن فیصلے کا ہوگا اوسدن تم اپنے رسول کے طفیل سے
جناب عالیات مین چین کروگے والا خدا جانے گمراہ فرقون کے ساتھ کس دوزخ کے گڑھے مین پڑے ہوؤگے اللہ بچاوے
اوس سے ✢ **منبہات** ✢

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝

کہا جاویگا یعنی اللہ تعالی فرماویگا اکٹھا کرو ظالمون کو اونکے ہمراہیون کے ساتھ یعنی ساتھ شیاطین کے واللہ اعلم اور ساتھ اوس
چیز کے کہ پوجتے تھے سوا خدا کے پس رہنمائی کرو اونکو طرف راہ دوزخ کے ✢ **فتح** ✢ جمع کرو گنہگارون کو اور اونکے جوڑون کو
اور جو کچھ پوجتے تھے اللہ کے سوا پھر چلاؤ اونکو راہ پر دوزخ کے ✢ **تفسیر** ✢ یہ حکم ہوا فرشتون کو اونکی جوڑے
یا تو جوڑ دون کو کہا یا ایک ایک قسم کے گنہگار جو اکٹھے ہین اونکو کہا ✢ **مو** ✢ یعنی ملائکہ کو اللہ تعالی فرماویگا کہ جمع کرو کفار کو طرف
موقف کے حساب وجزا کے لیے یا فرشتے کہین گے دوزخ کے نگہبانون سے کہ جمع کرو اونکو دوزخ مین ڈالنے کے لیے اور ازواج
سے مراد ہین وہ لوگ کہ مشابہ اور مانند اونکے ہین اور تابعدار اونکے کہا قتادہ اور کلبی نے جو کہ عمل کرین اونکے سے پس بت پرست
بت پرستون کے ساتھ ہونگے اور ستارہ پرست ستارہ پرستون کے ساتھ اور شراب خوار شراب خوارون کے ساتھ ہونگے اور
زناکار زناکارون کے ساتھ اور پیاز خور پیاز خورون کے ساتھ یا مراد ہین مصاحب اونکے قسم شیاطین سے کہ ہر کافر اپنے
شیطان کے ساتھ ہوگا زنجیر مین یا مراد مین کافر بیبیان اونکی اور مراد ما یعبدون سے بت اور شیاطین ہین اور بعضے مشرکون نے
جو حضرت عیسی اور عزیر اور ملائکہ کو معبود ٹھہرایا ہی ما یعبدون سے مستثنی ہین ساتھ آیت اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا
الْحُسْنٰٓى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ✢ **مل بحر معالم در منثور** ✢
تنبیہ ✢ ان مفسرون نے چند مشرکون کا ذکر بطور مثال کے کیا ہی کہ اسی پر سمجھنے والا سمجھ لیگا کہ سب مشرکون کا یہی حال
ہوگا یعنی تعزیہ پرست تعزیہ پرستون کے ساتھ جمع ہونگے اور مینھدی پرست مینھدی پرستون کے ساتھ اور قبر پرست
قبر پرستون کے ساتھ اور چھڑی پرست چھڑی پرستون کے ساتھ اور تھان پرست تھان پرستون کے ساتھ اور سیتلا پرست سیتلا
پرستون کے ساتھ غرض کہ تمام مشرک اپنے ہمجنسون کے ساتھ جمع کیے جاوینگے میدان محشر مین احکم الحاکمین کے
سامنے حساب وجزا کے لیے ✢

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ۝

ترجمہ اور روکو انکو تحقیق یہ سوال کیے جاوینگے کیا ہی تمکو کہ نہین مدد کرتے تم ایک دوسرے کی بلکہ وہ آج کے دن گردن جھکانے والے ہین ✣ **تفسیر** اور کھڑا رکھو اونکو اونسے پوچھنا ہی کیا ہوا تمکو ایک دوسرے کی مدد نہین کرتے کوئی نہین وہ آج آپکو پکڑواتے ہین ✣ **موضح** جب دوزخ کو روانہ ہونگے اور پل صراط کے پاس پونہچین گے تو حکم ہوگا کہ انکو کھڑا رکھو حکم کے بعد ٹھہرا کر لڑوا دینگے آپسمین اور انکے عقائد اور اقوال و افعال سے سوال کرو واسطے زیادتی سرزنش کے یہ قول ابن عباس کا ہی اور روایت کیا گیا ہی اونسے یہ بھی کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سے پوچھا جاویگا اور حدیث مین آیا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہین ہٹنے کے قدم ابن آدم کے دن قیامت کے یہان تک کہ پوچھا جاویگا چار چیزون سے جوانی اوسکی سے کہ کاہے مین پرانا کیا اوسکو اور عمر اوسکی سے کہ کاہے مین فنا کیا اوسکو اور مال اوسکے سے کہ کہان سے کمایا اوسکو اور کاہے مین خرچ کیا اوسکو اور علم اوسکے سے کہ کیا عمل کیا اوسپر انتہی اور کہا جاویگا اونکو یعنی نگہبان دوزخ کے اونسے کہینگے تو بیخ کہ کیون آپسمین ایک دوسرے کی مدد نہین کرتے جیسے دنیا مین کرتے تھے اور یہ جواب ہی ابوجہل کے قول کا کہ اوسنے روز بدر کے کہا تھا نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ یعنی ہم سب کا میل ہی بدلا لینے والے پھر فرماویگا اللہ تعالی اونکی طرف سے بلکہ یہ آج کے دن فرمان بردار ذلیل ہین ✣ **معانی** ✣ **تنبیہ** ✣ وہ دن نہایت سخت ہوگا جسنے یہان اوسکی فکر رکھی وہان جواب کچھ نہ بنے گا اسی لیے اکابر دین رح نے محاسبہ بتایا ہی جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین حَاسِبُوْا قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا پس چاہیے کہ ہر شب اپنے عمل اچھے برون مین دھیان کیا کرے یہ جانے کہ مین غلام ہون ایک بڑے شہنشاہ کا اوسنے مجھے بھیجا ہی سوداگری کو اگر اچھی سوداگری کرونگا سرخرو ہونگا انعام پاؤنگا بری سوداگری کرونگا خراب ہونگا جوتیان کھاونگا اسلیے کہ وہ مالک ایسا ہی کہ اوسکی خلاف مرضی کوئی بول نہ سکیگا اوس دن اوس شان قہاری کے آگے لوگ لرزان ترسان ہونگے کون بدون اوسکی مرضی کے بولے پس ہر شخص کو چاہیے کہ سوچے اپنے اعمال مین اگر اچھے عمل پاوے شکر کرے اور زیادہ توفیق ہوگی بھلائی کی بموجب وعدہ الٰہی کے لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ اور اگر برے عمل پاوے توبہ و استغفار اور رجوع الی اللہ کرے اور دعا مانگے کہ یا اللہ مجھے اس بلا کو چھڑا اور اوس آفت سے بچے روایت ہی ابی ذر سے کہ کہا کہا مینے یا رسول اللہ کیا تھا حضرت ابراہیم ع کے صحیفون مین فرمایا تھین تمام مثالین کہ ای بادشاہ مسلط گرفتار و فریب خوردہ دنیا مین تحقیق مینے نہین بھیجا تجکو تا کہ جمع کرے دنیا بہت سی ولیکن بھیجا مینے تجکو تا کہ بچے تو بد دعا مظلوم کی سے اسلیے کہ مین نہین رد کرتا دعا مظلوم کی اگرچہ کافر ہو اور لازم ہی عاقل کو جب تک اوسمین عقل ہی یہ کہ ہون اوسکے لیے چار اوقات ایک وقت ہو کہ مناجات کرے اوسمین اپنے رب سے اور ایک وقت ہو کہ محاسبہ کرے اوسمین اپنے نفس سے اور ایک وقت ہو کہ تفکر کرے اوسمین بیچ صنعت خدا کے اور ایک وقت رکھے اپنی حاجت یعنی کھانے پینے وغیرہ کے لیے اور لازم ہی عاقل کو یہ کہ نہو طمع کرنے والا مگر واسطے تین چیزون کے واسطے توشہ طیار کرنے معاد کے یا درست کرنے معاش یا لذت اوٹھانے کے غیر حرام سے اور لازم ہی عاقل کو یہ کہ زمانے کا حال دیکھتا رہے متوجہ رہے اپنے حال پر محافظت کرتا رہے اپنی زبان کی اور جسنے محاسبہ کیا کلام اپنے کا اپنے اعمال مین سے کم ہوگا کلام کرنا اوسکا نہین کلام کریگا مگر ضروری عرض کیا مینے پس کیا ہی حضرت موسی ع کے صحیفون مین فرمایا ہین عبرتین تمام یعنی ڈرانے کی باتین کہ تعجب کرتا ہون مین واسطے اوسکے کہ یقین کرتا ہی موت کا پھر وہ خوش ہوتا ہی اور تعجب کرتا ہون مین واسطے اوسکے کہ یقین رکھے آگ دوزخ کا اور پھر ہنسے بھی اور تعجب کرتا ہون مین واسطے اوسکے کہ یقین کرے ساتھ تقدیر کے اور پھر وہ رنج اوٹھاوے یعنی معاش کے طلب کرنے مین اور تعجب کرتا ہون مین واسطے اوسکے کہ دیکھے دنیا کو اور اوسکے انقلاب کو اور پھر اطمینان کرے

اسواسطے تعجب کرتا ہون مین اسواسطے اوسکے کہ یقین کرے کل کے دن کے حساب کا اور پھر عمل نکرے انتہی اور وہان کی فکر موت کی یادسے خوب ہوتی ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت یاد کرو تم موت کو اسلیے کہ وہ روکتی ہی گناہون سے و بے رغبت کرتی ہی دنیا مین پس اگر یاد کیا تمنے اوسکو وقت غنا کے ڈھاویگی اوسکی لذتون کو اور اگر یاد کیا تمنے اوسکو وقت فقر کے راضی کردیگی تمکو تمہاری گذران پر اور آیا ہی کہ گذرے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک مجلس پر کہ لوگ آواز سے ہنس رہے تھے پس فرمایا کہ ملاؤ تم اپنی مجلس مین لذتون کی مکدر کرنے والی کو عرض کیا صحابہ نے کہ کیا ہی مکدر کرنے والی لذتون کی فرمایا موت اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کافی ہی موت واعظ ہونے مین اور لوگون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا شہدا کے ساتھ بھی کسیکا حشر ہوگا فرمایا ہان جو یاد کرے موت کو شب و روز مین بیس بار اور کہا سدی نے بیچ تفسیر آیت خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا کے یہ کہ پیدا کیا اللہ تعالی نے موت اور حیات کو تاکہ آزماوے تمکو کہ کون تم مین بہت یاد کرتا ہی موت کو اور کون خوب مستعد رہتا ہی اوسکے لیے اور کون بہت ڈرتا ہی اور حذر کرتا ہی انتہی غرض کہ موت کی یاد سے وہان کی فکر خوب ہوتی ہی کہ ایسا کام نکرون کہ وہان اوسکی پرسش کے وقت جواب نبنے اور رسوا ہونے لگے **مرقاۃ شرح الصدور**

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ۝

اور متوجہ ہونگے بعضے اونکے اوپر بعضون کے ایک دوسرے سے پوچھتے ہوئے کہینگے تحقیق تم آتے تھے ہمارے پاس داہنی طرف سے یعنی اور بائین طرف سے بھی واسطے گمراہ کرنے کے واللہ اعلم **فتح** اور مونہہ کیا بعضون نے بعضون کی طرف لگے پوچھنے بولے تم ہی تھے کہ آتے تھے ہمپر داہنے سے **تفسیر** یعنی ہمپر چڑھے آتے تھے بہکانے کو زور سے اور رعب سے داہنا ہاتھ زور کا ہی **موضح** یعنی اتباع متبوع پر متوجہ ہونگے پوچھتے ہوئے یعنی جھگڑتے ہوئے اور ملامت کرتے ہوئے کہینگے یعنی اتباع متبوع سے کہ تم آتے تھے ہمپر داہنے سے یعنی قوت و جبر سے اسلیے کہ دایان ہاتھ قوی ہوتا ہی اور اوسی سے واقع ہوتی ہی گرفت یعنی تم باعث ہوتے تھے ہمکو گمراہی کی اور ٹھہراتے تھے ہمکو اوسپر یا یہ معنی ہین کہ داہنے بائین سے ہمارے آتے تھے اور گمراہ کرتے تھے ہمکو اور یا قسم کھاتے تھے کہ یہ دین ہمارا حق ہی پس سچا جانا ہمنے تمکو اور اتباع کیا ہمنے تمہارا پس معنی یہ ہوئے کہ تمنے گمراہ کیا ہمکو یا مراد یمین سے دین ہی یعنی دین کی جانب سے آتے تھے تم ہمارے پاس پس گمراہ کرتے تھے ہمکو اوس سے **معالم** **مد**

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ۝

کہینگے متبوع بلکہ نتھے تم مسلمان اور نتھا ہمکو تمپر کچھہ غلبہ بلکہ تم تھے ایک گروہ حد سے گذرے ہوئے **فتح** وہ بولے کوئی نہین پر تم ہی نتھے یقین لانے والے اور ہمارا تمپر کچھہ زور بھی نتھا پر تم ہی تھے لوگ بیحد چلنے والے **تفسیر** بلکہ نتھے تم مسلمان یعنی ہماری طرف سے گمراہ کرنا تو جب صادق آتا کہ تم مومن ہوتے پھر پھر جاتے تم ایمان سے طرف ہماری تم تو سرے سے ایمان ہی نرکھتے تھے ہم کیا گمراہ کرتے اور نتھا ہمکو تمپر غلبہ یعنی قوت و قدرت کہ زبردستی کرتے تمکو اپنی متابعت پر بلکہ تھے تم قوم گمراہ مثل ہمارے **جلالین**

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ۝

پس لازم ہوئی ہمپر بات پروردگار ہمارے کی تحقیق ہم البتہ چکھنے والے ہین عذاب **فتح** سو ثابت ہوئی ہمپر بات ہمارے رب کی ہمکو مزہ چکھنا **تفسیر** لازم ہوئی ہمپر یعنی سب پر بات پروردگار ہمارے کی ساتھ عذاب کے یعنی فرمانا اوسکا لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ یعنی البتہ بھرینگے ہم دوزخ کو شیاطین سے اور لوگون سے سب سے تحقیق ہم یعنی گمراہ اور گمراہ کرنے والے سب البتہ چکھنے والے ہین عذاب اوس فرمانے کے اور سرزد ہوا اسی سے قول اونکا **جلالین** **معا**

۵۱ اتباع جمع تابع کی یعنی تابعدار اور متبوع وہ کہ جسکی تابعداری کیجیے **مستنظر**

۵۲ یعنی صاحب جلالین نے لکھے ہین ۱۲

۵۳ فذقوا ای القول بالعذاب ... بل کنتم قوما طاغین ... **جلالین**

فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ○

پس گمراہ کیا ہمنے تمکو کہ تحقیق ہم گمراہ تھے + فتح + پھر ہمنے تمکو گمراہ کیا ہم تھے آپ گمراہ + موضح + تفسیر + یعنی چونکہ ہم گمراہ تھے ہماری دیکھا دیکھی تم بھی گمراہ ہوئے آیت قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ کی تفسیر سے لیکر یہان تک تفسیر جلالین سے لکھا گیا اور مدارک مین وہان سے لیکر یہان تک جو لکھا ہے وہ یہہ ہے بلکہ نہ تھے تم مسلمان یعنی بلکہ انکار کیا تمنے ایمان کا اور روگردانی کی اوس سے باوجودیکہ قدرت رکھتے تھے تم ایمان پر اختیار کر سکتے تھے ایمان کو کفر پر بے اضطرار کے اور نتھا ہمکو تم پر کچھہ غلبہ کہ دور کرتے بسبب اوسکے تمسے قدرت و اختیار تمہارا بلکہ تھے تم قوم اختیار کرنے والے سرکشی کے پس لازم ہوئی ہم سبکو بات پروردگار ہمارے کی الخ یعنی وعید اللہ تعالی کا ساتھہ اسکے کہ ہم چکھنے والے ہین عذاب وسکا بالضرور بسبب جاننے اوسکے حال ہمارے کو پس گمراہ کیا ہمنے تمکو یعنی پس بلایا ہمنے تمکو طرف گمراہی کے تحقیق ہم تھے گمراہ پس چاہا ہمنے گمراہ کرنا تمہارا تاکہ ہو تم مانند ہمارے + مدارک +

فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ○ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ○

فرمایا اللہ تعالی نے پس تحقیق وہ سب یعنی اتباع اور متبوع اوس روز یعنی قیامت کو بیچ عذاب کے آپسمین شریک ہونگے یعنی جیسے کہ تھے شریک گمراہی مین تحقیق ہم اسی طرح کرتے ہین ساتھہ گنہگارون کے + فتح + سو وہ اوس دن تکلیف مین شریک ہین ہم ایسا کرتے ہین گنہگارون کے حق مین + تفسیر + اسی طرح یعنی جیسے کہ کرینگے انسے کرینگے اور گنہگارون سے کہ غیر انکے ہین یعنی عذاب کرینگے ہم تابع اور متبوع کو + جلالین +

اِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ○

تحقیق یہہ بھی جب کہا جاتا واسطے اونکے نہین کوئی معبود مگر اللہ تکبر کرتے اور کہتے تھے کیا ہم چھوڑ دینے والے ہین معبودون اپنے کو واسطے کہنے ایک شاعر دیوانے کے + فتح + وہ تھے کہ جب اون سے کوئی کہتا کسیکی بندگی نہین سوائے اللہ کے تو غرور کرتے اور کہتے کیا ہم چھوڑ دینگے اپنے ٹھاکرون کو کہنے سے ایک شاعر دیوانے کے + تفسیر + یعنی جب مشرک سنتے تھے کلمہ توحید کا تو تکبر کرتے تھے اوس سے یعنی نہین مانتے تھے اوسکو اور شرک ہی اختیار کرتے تھے اور شاعر مجنون سے مراد رکھتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنی کہتے تھے مشرک کہ اونکے کہنے سے ہم اپنے معبودونکو نہین چھوڑینگے اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حکم کیا گیا ہون مین کہ لڑون مین لوگون سے یعنی کفار پر جہاد کرون یہان تک کہ گواہی دین وہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی اور قائم کرین نماز اور دین زکوٰۃ پس جب کرین یہہ بچاوینگے مجھسے خون اپنے اور مال اپنے مگر بحق اسلام کے یعنی مثلا کسیکو قتل کریگا ناحق اوسکے بدلے قتل کیا جاویگا یا زنا کریگا سنگسار کیا جاویگا اور حساب اوسکا اللہ پر ہے یعنی ظاہر کے کہنے کرنے سے مجھسے تو بچا لیکن دل مین اگر اعتقاد اسکا رکھتا ہوگا تو خدا سمجھہ لیگا اور اوتاری اللہ نے اپنی کتاب مین یعنی تصدیق اسکی اور ذکر کیا ایک قوم کا کہ تکبر کیا اونھون نے اس کلمے کے ماننے سے پس فرمایا اِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ○ اور فرمایا اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا یعنی جب رکھی منکرون نے اپنے دل مین کد نادانی کی ضد پس اوتارا اللہ نے اپنی طرف کا چین اپنے رسول پر اور مسلمانون پر اور لگے رکھا اونکو ادب کی بات پر اور یہی تھے اسکے لائق اور اس کام کے اور وہ ادب کی بات لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہی تکبر کیا اوس سے مشرکون نے دن حدیبیہ کے اوس روز کہ نوشت خواند کی اونسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر قضیے مدت کے اور روایت ہے وہب بن منبہ رضی سے کہ اونسے کہا کسینے کہ کیا نہین ہے لَا اِلٰهَ

[illegible] ولو قیل کما قیل وھو [illegible] … نفعل [illegible] … مدارک [illegible]

الا اللہ کنجی جنت کی کہا اونھون نے ہان ہی ولیکن نہین ہوتی ہی کنجی مگر کہ اوسکے دندانے ہوتے ہین یعنی غیر نافع ہی جبکہ نہون اوسمین دندانے اور مراد دندانون سے چارون رکن اسلام کے ہین یعنی نماز روزہ حج زکوۃ پس اگر لائے تو کنجی کہ اوسکے لیے دندانے ہون کھولا جاویگا قفل جنت کا تیرے لیے ورنا نہین کھولا جاویگا تیرے لیے **فصل در مسنون تنبیہ** حدیث شریف مین آیا ہی کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ افضل الذکر ہی پس ضرور ہی بندے کو کہ مشغول ہو ساتھ اوس ذکر کے تاکہ مطمئن ہو دل اوسکا بموجب فرمانے اللہ تعالی کے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ اور مستعد ہو اللہ تعالی کی معرفت کے لیے لیکن پہلے مشغول ہونے کے اوسمین واجب ہی اوسپر یہ کہ حاصل کرے کچھ علم عقائد کا کہ جس سے درست ہو اعتقاد بموجب مذہب اہل سنت وجماعت کے اور بچے اوسکے سبب سے مشابہت بدعتیون کی سے اسلیے کہ قلب جبتک کہ مکدر ہوتا ہی ساتھ ظلمت بدعت اعتقادیہ کے نہین منور ہوتا ہی ساتھ انوار اذکار کے اور واجب ہی اوسپر یہ بھی کہ حاصل کرے پہلے اوسکے علم فقہ سے اوسقدر کہ درست ہون بسبب اوسکے اعمال اوسکے موافق شریعت مطہرہ کے ورنا سبقت کرنی عالی امور کی طرف پہلے مضبوط کرنے اصول اوسکے کے اور ضبط کرنے طریقون اوسکے کے عجلت شیطانیہ ہی اور شہوت نفسانیہ کہ باعث ہوتی ہی فضیحت کی دنیا اور آخرت مین اسلیے کہ کبھی فریب کہاتا ہی اونکا کرنے والا بسبب خیالات نفسانیہ کے اور مکرون شیطانیہ کے اور گمان کرتا ہی اونکو کرامات اور وہ حقیقت مین استدراج[ل] ہوتے ہین اور سبب زیادتی طرح بطرح کی گمراہیون کا اسلیے کہ جو کوئی مشغول ہوا ساتھ ذکر وریاضت کے پہلے حاصل کرنے اسقدر علم عقائد کے کہ جس سے درست ہو اعتقاد بموجب مذہب اہل سنت وجماعت کے اور بچے بسبب اوسکے مشابہت بدعتیون کی سے اور پہلے حاصل کرنے اسقدر علم فقہ کے کہ جس سے درست ہون اعمال اوسکے موافق شریعت مطہرہ کے نہین بعید ہی کہ یہ کہ واقع ہو اوسکے لیے کشف حسی واسطے بعضی چیزون کے یا کوئی امر خارق خوارق عادات سے بمقتضای ریاضت کے یا دکہانے شیطان کے جیسے کہ منقول ہین بہت سی ایسی چیزین بعضے کافرون ریاضت کے کرنے والون سے پس گمان کرے کہ یہ ولایت وکرامت ہین حالانکہ وہ حقیقت مین ہون مکر واستدراج نہ کرامت وولایت پس بنابر اسکے واجب ہی بندے ذکر کرنے والے پر یہ کہ عقائد وفقہ سیکھ کر کرے اپنے تمام اعمال اپنے کو موافق احکام شرع کے جبتک کہ زندہ اور عاقل ہی اور نہین جائز ہی اوسکے لیے یہ کہ کرے کوئی عمل مخالف احکام شرع کے کسی وقت اور احکام شرع کے دو قسم پر ہین ایک قسم تو متعلق ہی ساتھ ظاہر کے کہ وہ بدن ہی اور ایک قسم متعلق ہی ساتھ باطن کے کہ وہ دل ہی اور ہر ایک دونون قسمون مین سے دو نوع پر ہی ایک تو اون دونون مین سے وہ ہی کہ واجب ہی کرنا اوسکا اور دوسری وہ ہی کہ واجب ہی ترک کرنا اوسکا پس تمام احکام شرع کے چار ہوئے پس اوس قسم سے کہ متعلق ہی ساتھ ظاہر کے اور واجب ہی کرنا اوسکا پڑہنا دونون کلمون شہادت کا ہی یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور برپا کرنا نماز کا اور دینا زکوۃ کا اور روزے رکھنے رمضان کے اور حج کرنا بیت اللہ کا اور جہاد کرنا اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا وغیر ذلک فرائض وواجبات اور اوس قسم سے کہ متعلق ہی ساتھ ظاہر کے اور واجب ہی ترک کرنا اوسکا قتل ہی اور زنا اور اغلام کرنا اور چوری کرنی اور شراب پینی اور غیبت کرنی اور چغل خوری اور جھوٹ بولنا اور نظر کرنی طرف اوس چیز کے کہ حرام ہی دیکھنا اوسکا اور سننا اوس چیز کا کہ حرام ہی سننا اوسکا وغیر ذلک محرمات ومکروہات اور اوس قسم سے کہ متعلق ہی ساتھ باطن کے اور واجب ہی کرنا اوسکا توبہ ہی اور اخلاص اور توکل اور صبر اور شکر اور خوف اور امید رکھنی وغیر ذلک اخلاق حمیدہ اور خصال جمیلہ اور اوس قسم سے کہ متعلق ہی ساتھ باطن کے اور واجب ہی ترک کرنا اوسکا کبر ہی اور عجب اور ریا اور حسد وغیر ذلک اخلاق ذمیمہ اور خصال شنیعہ پس جسنے خلاف کیا ایک حکم کا ان چارون احکام مین سے اوسنے نافرمانی کی اللہ تعالی کی اور مستحق ہوا اوسکے عذاب کا پس نہین ہوگا وہ اہل ولایت اور کرامت سے یہ مجالس الابرار کی پہلی مجلس مین سے بطریق خلاصے کے لکہا گیا ہی مناسب اس آیت واحادیث کے جو کوئی مفصل دیکھا چاہے اوسمین سے دیکھ لے سبحان اللہ

ل استدراج اوسکو کہتے ہین کہ ایک چیز خرق عادت کے ظاہر ہو کافر سے ۱۲

ف اقسام احکام شرع

نیے خوب لکھا ہی اسمقام کو غفر اللہ لی و لمؤلفہ و افاض علینا من کا تب آگے رو فرمایا اللہ تعالی نے اون دیوانون کے قول کے
جواب مین رسول عقل العقلا کو دیوانہ اور شاعر کہتے تھے عیاذا باللہ من ذلک +

بَلْ جَاۤءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ○

بلکہ لایا ہی پیغمبر بات درست اور باور رکھا تمام پیغمبرون کو + فتح + کوئی نہین لایا ہی سچا دین اور سچ مانتا ہی رسولون کو + تفسیر
باور رکھا تمام پیغمبرون کو یعنی جو کہ اگلے رسول لیکر آئے تھے یعنی کلمۂ توحید و دین حق وہی یہ لیکر آئے ہین مضمون اسکا مانند مضمون
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ کے ہی + جلالین + مد

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ○ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ○

تحقیق تم البتہ چکھنے والے عذاب درد دینے والے کے ہو گے اور نہ بدلا دیے جاؤ گے مگر بحسب اوس چیز کے کہ تھے تم کرتے یعنی دنیا مین قسم شرک
سے لیکن بندے خالص کیے ہوئے خدا کے یعنی وہ کہ پاک کیے گئے شرک و معاصی سے + فتح + بیشک تمکو چکھنی دکھ والی مار
اور وہی بدلا پاؤ گے جو کچھ تم کرتے تھے مگر جو بندے اللہ کے ہین چنے ہوئے یعنی انکے گناہ انکا بدلا نہین معاف ہوا ۵

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ○ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ○ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ○

یہ لوگ واسطے انکے روزی ہی مقرر طرح طرح کے میوے اور وہ نوازے ہوئے ہین بیچ بہشتون نعمت کے اوپر تختون کے آمنے سامنے + فتح
وہ جو ہین اونکو روزی ہی مقرر میوے اور اونکی عزت ہی باغون مین نعمت کے تختون پر ایک دوسرے کے سامنے + تفسیر + یہ لوگ واسطے
انکے یعنی جنت مین روزی ہی مقرر پھر تفسیر بیان فرمائی روزی مقرر کی کہ وہ فواکہ ہین اور فواکہ اون چیزون کو کہتے ہین کہ کھائی جاوے
مزے کے لیے نہ از راہ قوت کے واسطے حفظ صحت کے یعنی اونکا تمام رزق فواکہ ہونگے اسلیے کہ بے پروا ہونگے حفظ صحت سے ساتھ
اقوات کے اسلیے کہ جسم انکے محکم ہونگے پیدا کیے گئے ہمیشہ کے لیے پس جو کچھ کہ کھاوینگے لذت کے لیے کھاوینگے اور بعضون نے کہا
کہ رزق معلوم سے مراد ہی معلوم الوقت یعنی صبح و شام جیسے کہ فرمایا وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا یعنی جنتیون کے لیے
رزق انکے ہونگے صبح و شام پس اس آیت کے یہ معنی ہونگے کہ اونکے لیے رزق صبح و شام میوے ہونگے اور دل اس تقریر پر خوب
ٹھہرتا ہی اور جنتی تختون پر آمنے سامنے بیٹھینگے کہ تا ایک دوسرے کی پیٹھ نہ دیکھے اس طرح کے بیٹھنے مین کمال سرور و انس
حاصل ہوتا ہی آپسمین + مد +

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ○ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ○ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ○

پھر آیا جاویگا اونپر پیالہ شراب جاری سے سفید رنگ لذت دینے والی پینے والون کو نہ اوس شراب مین تباہ کاری اور نہ پینے والے
اوس شراب سے مست ہونگے + فتح + لوگ لیے پھرتے ہین انکے پاس پیالہ شراب ستھری کا سفید رنگ مزہ دیتی پینے والون کو نہ اوس
سر پھرتا ہی اور نہ اوس سے بکتے ہین + تفسیر + لفظ کاس اکثرون کے نزدیک ساتھ ہمزہ کے ہی معنی شیشے کے پیالے کے
جسمین شراب ہو اور بس خمر کو بھی کاس کہتے ہین چنانچہ اخفش سے منقول ہی کہ جو لفظ کاس قرآن مین آیا ہی پس وہ بمعنی خمر یعنی
شراب ہی کے ہی اور اسی طرح ابن عباس کی تفسیر مین ہی اور من معین کے معنی یہ ہین شراب سے کہ جاری ہی جنت کی روے زمین پر
مانند پانی کی نہرون کے حاصل یہ کہ شراب کی نہرون جاری سے پلائے جاوینگے بیضا یعنی دودھ سے زیادہ سفید ہوگی لذۃ یعنی
لذیذ ہوگی پینے والون کے لیے بخلاف دنیا کی شراب کے کہ وہ بدمزہ ہوتی ہی وقت پینے کے اور لَا فِيْهَا غَوْلٌ کے معنی یہی تھکے
کہ نہین جاتی رہینگے کبھی اوس سے عقلین اونکی اور کلبی نے کہا نہین گناہ اوسمین اور قتادہ نے کہا غول کے معنی ہین پیٹ کے درد کے

اور حسن نے کہا درد سر کے اور اہل معانی نے کہا غول کہتے ہین فساد کو کہ لاحق ہو پوشیدگی مین غرض کہ دنیا کی شراب مین طرح بطرح کی خرابیان ہوتی ہین اوس سے نشہ بھی ہوتا ہی عقل بھی جاتی رہتی ہی گنا بھی ہوتا ہی پیٹ بھی درد مین دکھتا ہی اور قی بھی آتی ہی اور بول بھی بہت آتا ہی اور جنت کی شراب مین ایسے کوئی چیز بھی نہین اور ینزفون کے معنی ہین یسکرون یعنی اوس سے مست بھی نہین ہونگے بخلاف شراب دنیا کے + مل + معا + جلالین +

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ۝ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝

اور بہشتیون کے پاس بیٹھی ہونگی عورتین نیچی نظرین رکھنے والیان بڑی آنکھون والیان گویا وہ انڈے ہین شتر مرغ کے چھپائے ہوئے + فتح + اور اونکے پاس ہین عورتین نیچی نگاہ رکھنیان بڑی آنکھون والیان گویا وہ انڈے ہین چھپے دھرے + تفسیر + بعضے کہتے ہین مراد ہین شتر مرغ کے انڈے بہت خوشرنگ ہوتے ہین + مو + قاصرات الطرف وہ عورتین کہ روکے ہونگی آنکھین اپنے اپنے خاوندون پر نہین دیکھین گی کسیکو سوائے اونکے بسبب اچھا معلوم ہونے حسن اونکے کے اونکے نزدیک اور عین جمع عیناء کی ہی معنی بڑی اور خوبصورت آنکھون والی کے اور بیض جمع بیضۃ کی ہی معنی انڈے شتر مرغ کے مکنون چھپے ہوئے پرون مین کہ نہ پہونچے اونپر غبار اور شتر مرغ کے انڈے کا رنگ سفید مائل بزردی ہوتا ہی اور یہی رنگ عورتون کے لیے بھی اچھا ہوتا ہی پس تشبیہ دی ان کی عورتون کو شتر مرغ کے اوس انڈے کے ساتھ کہ پرون مین چھپا ہو محفوظ ہو غبار کے پہونچنے سے صفائی اور خوبصورتی مین اور تشبیہ دینی سب مجاورہ عرب ہی کہ وہ عورتون کو مشابہت دیا کرتے ہین انڈون کو رہ کے ساتھ اور کہتے ہین اونکو بیضات الخدور + مل + جلالین + معا +

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝

پس مونہہ کرینگے بعض اہل بہشت کے اوپر بعض کے آپسمین استفسار کرتے ہوئے + فتح + پھر مونہہ کیا ایک دوسرے کی طرف لگے پوچھنے + تفسیر + معنی یہ ہین کہ شراب پیتے جاوینگے اور آپسمین باتین کرتے جاوینگے پیتے مین مانند عادت شراب پینے والون کے پس متوجہ ہونگے بعضے بہشتی بعضون پر پوچھین گے آپسمین اوس حال سے کہ گذرا اونپر دنیا مین + مل + تنبیہ + یعنی بد دینون سے جو دنیا مین تکلیفین اوٹھائی تھین اور فقر و فاقہ کھینچے تھے اوسکو یاد کرینگے اور آپسمین پوچھین گے کہ کیون بھی کیا کیا تکلیفین ہمنے اوٹھائی تھین دنیا مین اوسکے بدلے اللہ جل شانہ نے یہ کچھ انعام و احسان ہمپر فرمایا آسمین تسلی ہی دینداروں تکلیف والون کو کہ یہان کی تکلیف کی کچھ حقیقت نجانین ایک وقت انپر ایسا آنے والا ہی کہ چین کرینگے اور اس حال کو ذکر کرینگے آپسمین +

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝

کہا ایک کہنے والے نے اونمین سے کہ تحقیق تھا واسطے میرے ایک ہمنشین دنیا مین کہ از راہ انکار کے کہتا تھا کیا تو باور رکھنے والون سے ہوا ہی یعنی حشر کو کیا جب مر جاوینگے ہم اور ہو جاوینگے ہم مٹی اور چند ہڈیان کیا ہم جزا دیے جاوینگے + فتح + بولا ایک بولنے والا اونمین مجکو تھا ایک ساتھی کہتا کیا تو یقین کرتا ہی کہ کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیان کیا ہمکو بدلا ملنا ہی + تفسیر + کہا مجاہد نے کہ مراد ہمنشین سے شیطان ہی اور اوروں نے کہا کہ تھا ہمنشین انسان پھر کہا مقاتل نے کہ تھے وہ دونون بھائی اور باقیون نے کہا کہ تھے وہ دونون شریک ایک تو اونمین کا تھا اوسکا نام فرطوس تھا اور دوسرا مومن تھا اوسکا نام یہوذا تھا اور یہی دونون ہین کہ جنکا قصہ سورۂ کہف مین بیان فرمایا ہی بیچ آیت واضرب لهم مثلا رجلین کے + معا + سورۂ کہف مین وہ قصہ یون مذکور ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے اور بتا اونکو کہاوت دو مردون کی بنا دیے ہمنے ایک کو دو باغ انگور کے اور گرد اونکے کھجورین اور رکھی دونون کے بیچمین کھیتی دونون باغ لاتے اپنا میوہ اور نہ گھٹاتے اوسمین سے کچھ اور بہائی ہمنے

اون دونون کے بیچ مین نہر اور اوسکو پھل ملا پھر بولا اپنے دوسرے سے یعنی بھائی مومن سے جب باتین کرنے لگا اوس سے مجھہ پاس
زیادہ ہی تجھسے مال اور آبرو کے لوگ اور گیا اپنے باغ مین یعنی اوس دوسرے مومن کے ساتھہ تاکہ دکھاوے اوسکو باغ اور میوے
اوسکے اور وہ برا کر رہا تھا اپنی جان پر یعنی بسبب کفر کے بولا مجکو نہین آتا خیال کہ خراب ہو یہ باغ کبھی اور مجکو خیال مین نہین آتا کہ
قیامت ہونی ہی اور اگر کبھی پہونچایا گیا مجکو میرے رب کے پاس یعنی آخرت مین موجب گمان تیرے کے تو پاونگا بہتر اس سے اوس طرف
پہونچکر کہا اوسکو دوسرے نے یعنی مومن نے جب بات کرنے لگا یعنی جواب دیا اوسکو کیا تو منکر ہو گیا اوس شخص سے جسنے بنایا تجکو
مٹی سے یعنی اسلیے کہ آدم مٹی سے بنے پھر بوند منی سے پھر پورا کر دیا تجکو مرد پر مین تو کہون وہی اللہ ہی میرا رب اور نہ مانون ساجھی
اپنے رب کا کسیکو اور کیون نہ جب تو آیا تھا اپنے باغ مین کہا ہوتا یعنی جبکہ خوش ہوا اوسکو دیکھکر جو چاہا اللہ نے ہونے والا ہی کچھہ زور نہین
یعنی نہین قدرت رکھتا مین اپنے مال کی محافظت پر اور برائی کے دفع کرنے پر اوس سے مگر اللہ کی مدد سے اگر تو دیکھتا ہی مجکو کہ مین
کم ہون تجھسے مال اور اولاد مین تو امید ہی کہ میرا رب دیوے مجکو تیرے باغ سے بہتر اور بھیجدے اسپر یعنی تیرے باغ پر بجلی آسمان سے
پھر صبح کو رہجاوے میدان چٹپر یا صبح کو ہو رہے اوسکا پانی خشک پھر نہ سکے تو کہ اوسکو ڈھونڈ لاوے اور سمیٹ لیا اوسکا سارا پھل
یعنی ہلاک کر دیا اوسکو اللہ نے پھر صبح کو رہگیا ہاتھہ ملتا یعنی از راہ حسرت و ندامت کے اوس مال پر جو اوسمین لگایا تھا یعنی اپنے باغ کی
عمارت مین اور وہ ڈھیا پڑا تھا اپنی چھتریون پر یعنی انگور کی ٹٹیون پر اور کہنے لگا کیا خوب تھا اگر مین ساجھی نہ بناتا اپنے رب کا کسیکو
اور نہ ہوئی اوسکی جماعت کہ مدد کرین اوسکو اللہ کے سوا اور نہوا وہ کہ بدلا لے سکے وہان سب اختیار ہی اللہ سچے کا اوسی کا انعام بہتر
ہی اور اوسی کا دیا بدلا انتہی اور تفسیر در منثور مین اس آیت کی تفسیر مین یون منقول ہی کہ روایت کیا عبد الرزاق اور ابن منذر نے عطاء
خراسانی سے کہ کہا تھے دو شخص شریک اور اون دونون کی ملک مین تھین آٹھہ ہزار دینار پس بانٹ لین دونون نے وہ دینار پس
خریدی ایک نے اون دونون مین سے ہزار دینار کو ایک زمین پس کہا دوسرے نے یا اللہ فلانے نے خریدی ہزار دینار کو زمین اور مین
خریدتا ہون تجھسے ہزار دینار کو زمین جنت مین پس صدقہ دین ہزار دینار پھر بنایا اوسکے یار نے ایک مکان ہزار دینار کا پس کہا اوسنے
یا اللہ فلانے نے بنایا گھر ہزار دینار کا اور مین خریدتا ہون تجھسے جنت مین مکان ہزار دینار کو پس صدقہ دین اوسنے ہزار دینار پھر نکاح کیا
اوسنے ایک عورت سے پس خرچ کین اوسپر ہزار دینار پس کہا اسنے یا اللہ فلانے نے نکاح کیا ایک عورت سے پس خرچ کین اوسپر ہزار دینار
اور مین منگنی کرتا ہون طرف تیرے جنت کی عورت سے بدلے ہزار دینار کے پس صدقہ دین ہزار دینار پھر خریدے اوسنے غلام و اسباب
گھر کا ہزار دینار کو پس کہا اسنے یا اللہ فلانے نے خریدے غلام و اسباب ہزار دینار کو اور مین خریدتا ہون تجھسے غلام و اسباب
جنت مین ہزار دینار کو پس صدقہ دین ہزار دینار پھر پہونچی اسکو حاجت سخت پس کہا اسنے کاش کے جاؤن مین اوس یار پاس شاید کہ پہونچے
مجکو اوس سے بھلائی یعنی مال پس بیٹھا یہ اوسکی راہ پر یہان تک کہ گذرا وہ اسپر اپنی حشمت و اہل سمیت پس اوٹھا یہ اوسکی طرف پس پہچانا
اوسنے اسکو اور کہا کہ تو فلانا ہی پھر کہا کہ کیا حال ہی تیرا کہا اسنے کہ پہونچی مجکو بعد جدا ہونے کے تجھسے حاجت پس آیا ہون مین تیرے پاس تو کہ
پہونچے مجکو بھلائی پس کہا اوسنے کہ کیا ہوا ایک ہی مال مین سے تو ہمنے بانٹا تھا آدھا تو نے لیا تھا اور آدھا مینے پس کہا اسنے
کہ خریدا تو نے مکان ہزار دینار کو پس کیا مینے ایسا یعنی جنت کا مکان لیا اور کیا تو نے ایسا اور کیا مینے یہ پس سارا قصہ بیان کیا
اوسنے کہا اوس سے کہ تو سچ ماننے والون مین سے ہی اسکو یعنی سچ جانتا ہی اسکو کہ قیامت ہوئیگی اور تجکو وہان ملیگا ایسا اور ایسا
چلا جا قسم خدا کی نہین دونگا مین تجکو کچھہ پس پھیر دیا اسکو پس حکم ہوا اون دونون کی وفات کا پس نازل ہوئی اون دونون کے حق مین
یہ آیت فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ یہان تک کہ پہونچا اوسی ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ تک اور ایک اور روایت مین

ف ۱ [illegible]

ف ۲ [illegible]

ف ۳ [illegible]

ف ۴ [illegible]

یعنی گھر بار مین آ کر جو کچھ نظر آوے اہل و مال کہ ہوسکے تو یہی لفظ کہے ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ نہین دیکھیگا اوسمین خرابی ۱۲

ف ۵ آخر اوسکے باغ پر وہی ہوا جو اوس نیک کی زبان سے نکلا رات کو آگ لگ گئی آسمان سے سب جلکر ڈھیر ہو گیا مال خرچ کیا یعنی دکھانے کو وہ اصل بھی گیا [illegible]

مانا اس قصے کے نقل کیا ہے لیکن اوسمین ذکر حاجت کے پہونچنے کا نہین ہی فقط اوسکے خرید نے اور اسکے دینارون کے دینے کا ذکر کر کے کہا کہ پھر آیا فرشتہ یعنی ملک الموت پس روح قبض کی اون دونون کی پھر لے گیا فرشتہ اس صدقہ دینے والے کو پس داخل کیا اسکو ایک مکان مین کہ خوش لگا اسکو اور وہان ایک عورت نہایت حسین تھی پھر داخل کیا اسکو دو باغون مین اور دکھائین وہان کی نعمتین کہ اللہ ہی اونکو جانتا ہی پس کہا اسنے اوسوقت کہ بہت مشابہ ہین یہ باغ وغیرہ اوس شخص کے باغ وغیرہ کے کہ تھا امر اوسکا ایسا اور ایسا کہا فرشتے نے کہ جاتا رہا وہ اور تیرے لیے یہ مکان اور دو باغ ہین اور عورت پس کہا اسنے اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ کہا گیا اسکو کہ وہ دوزخ مین ہی کہا فرشتے نے اوس سے یعنی اللہ تعالی کی طرف سے یا اوسی شخص نے کہا اور جنتیون سے هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ پس کہا اسنے اوسوقت تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ الخ انتہی

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝

پھر کہا کیا تم جھانکتے ہو یعنی دوزخیون کو پس جھانکا پس دیکھا اوس ہمنشین اپنے کو درمیان دوزخ کے + فتح + کہنے لگا بھلا تم جھانک کر دیکھو گے یعنی وہ ساتھی پڑا ہی دوزخ مین + مو + اوسکو جھانک کر دیکھین کس حال مین پڑا ہی پھر جھانکا تو اوسکو دیکھا بیچون بیچ دوزخ کے + تفسیر + پھر کہیگا یعنی وہی کہنے والا اپنے جنتی بھائیون سے کہ کیا تم جھانکتے ہو دوزخ کی طرف تاکہ دیکھین ہم کہ کیا حال ہی میرے ہمنشین کا پس کہینگے بہشتی کہ تو ہی خوب پہچانتا ہی اوسکو بہ نسبت ہمارے پس تو ہی جھانک پس جھانکیگا وہ کہنے والا مومن یا اللہ تعالی فرماویگا بہشتیون کو کہ کیا تم جھانکتے ہو دوزخ کی طرف تو کہ جانو تم کہ کیسا رتبہ ہی تمہارا بہ نسبت دوزخیون کے اور ابن عباس کہتے ہین کہ جنت مین روشندان ہین کہ دیکھینگے جنتی اونمین سے دوزخیون کو + معا + مل +

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ۝ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝

کہا قسم ہی خدا کی تحقیق نزدیک تھا تو کہ ہلاک کر ڈالے مجکو اور اگر نہوتی بخشایش پروردگار میرے کی یعنی بچانا کفر و شرک سے اور توفیق دینی اسلام کی تو البتہ ہوتا مین حاضر کیے گیون سے عذاب مین یعنی مانند تیرے اور اور دوزخیون کے + فتح + بولا قسم اللہ کی تو تو لگا تھا کہ مجکو گڑھے مین ڈالے اور اگر نہوتا میرے رب کا فضل تو مین بھی ہوتا اونمین جو پکڑے آئے + مو +

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝

البتہ نہین ہین ہم مرنے والے مگر موت پہلی اپنی اور نہین ہم عذاب کیے گئے + فتح + کیا اب ہمکو نہین مرنا مگر جو پہلی بار مر چلے اور ہمکو تکلیف نہین پہونچنی + مو + تفسیر + یہ کہنے لگا اپنی خوشی سے معنی یہ ہین کہ یہ حال مومنون کا ہی کہ نہین چکھتے موت مگر ایکبار دنیا مین بخلاف کفار کے کہ وہ توقع رہینگے دوزخ مین موت کے ہر ساعت اور یہ بڑی مصیبت ہی چنانچہ ایک حکیم سے کسی نے پوچھا کہ موت سے بڑی چیز کون سی ہی اوسنے کہا وہ حال کہ متوقع ہوا اوسمین مرنے کا مصرع جان بلب نمی آید این چہ سخت جانی ہاست + اور یہ بات کہیگا مومن واسطے اٹھانے نعمت خدا کے روبرو ہمنشین کافر اپنے کے تاکہ ہو سرزنش اور سبب زیادتی عذاب کی اوسکے لیے پھر کہیگا اپنے ہمنشین کے سنانے کے لیے ان ہذا الخ اور بعضون نے کہا کہ کہینگے جنتی فرشتون کے لیے جسوقت کہ ذبح کیجاویگی موت یہ کلمات اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ الخ پس کہینگے اونسے ملائکہ لا پس کہینگے وہ اِنَّ هٰذَا الخ + مل + معا +

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝

تحقیق یہی جس حال مین کہ ہم ہین مراد پانا بڑا ہی واسطے ایسی نعمت کے چاہیے کہ عمل کرین عمل کرنے والے + فتح + بیشک یہی ہے

بڑی مراد ملنی ایسی چیزون کے واسطے چاہیے محنت کرین محنت کرنے والے ہوسٔ **تفسیر** واسطے ایسی نعمت کے کہ جونکو ہوئی آیت أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ سے لیکر یہان تک چاہیے کہ عمل کرین عمل کرنے والے یہ قول اللہ تعالی کا ہی اور بعضون نے کہا کہ یہ اوسی جنتی کے کلام سے ہی ابن عباس رض سے منقول ہی کہا اونھون نے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے کہ فرماویگا اہل جنت کو كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ کہ ہنیئًا سے یہ مراد ہی کہ مرنے کے نہین اوسمین پس وقت سننے اس کلام پاک کے کہینگے أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ کہا ابن عباس نے کہ یہ قول اہل جنت کا ہی پھر فرماویگا اللہ تعالی لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ اور براء ابن عازب سے روایت ہی کہا چلا جاتا تھا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس حال مین کہ دست مبارک آپ کا میرے ہاتھ مین تھا پس دیکھا آپ نے ایک جنازہ پس جلدی جلدی چلنے لگے آپ یعنی اوسکے ساتھ ہونے کے لیے یہان تک کہ پونہچے قبر پر پھر دو زانو بیٹھے اور رونے لگے یہان تک کہ تر ہوئی زمین پھر فرمایا لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ اور انس رض روایت کرتے ہین کہ کہا داخل ہوا مین ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک بیمار پر اور اوسکا دم بہت چل رہا تھا یعنی جیسا جان بلب کا چلتا ہی پس فرمایا آنحضرت م نے لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ **معا** **ملدرمنثور** **تنبیہ** ان دونون روایتون سے معلوم ہوا کہ مثل ہذا سے ایسے وقت بھی مراد ہو سکتے ہین کہ جسمین عمل کیا ہوا کام آوے یہ تفسیر ہی اور ہوئی کہ گویا آنحضرت م نے فرمایا کہ اللہ جل شانہ نے اوس محل مین تو فرمایا ہی ہی یہ بھی اسکا محل ہو سکتا ہی کہ ایسے وقت کے لیے کرین جو کچھ کرنا ہی چنانچہ اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پڑھو قرآن کو اور طلب کرو عجیب و غریب باتین اوسکی ایک آیت سے چند مضمون نکلتے ہین **مصرع** نکتہا ہست بسی محرم اسرار کجاست اور رونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اوسکی اوسوقت کی بیکسی پر تھا کہ دیکھیے کیا گذرے کہ بندہ تقصیروار شہنشاہ کے سامنے چلا ہی اسی لیے حضرت م نے فرمایا کہ ایسے وقت کے لیے چاہیے عمل کرین عمل کرنے والے ان دونون روایتون مین بھی عجیب تنبیہ ہی عاقل کے لیے اور بحسب پہلی روایتون کے اور ہی طرح کی تنبیہ ہی کہ خیال تو کرے بندہ کہ مالک حقیقی بعد بیان فرمانے نعمتون جنت کے کس عنایت سے فرماتا ہی کہ ایسی نعمت کے لیے چاہیے عمل کرین عمل کرنے والے مالک اگر اپنے غلام سے بغیر دینے انعام کے کام کرواوے تو کون دم مار سکتا ہی یہان مالک غلامون سے سارا کام کرواتے ہین روٹی کپڑا دیکر بلکہ بعضے سوداگری وغیرہ اونسے کرواتے ہین کہ کما کر آپ بھی کھا اور ہمکو بھی دیا کر سبحان اللہ اوس مالکون کے مالک کی شان جوادی یہ ظہور کر رہی ہی کہ ہم جیسے نافرمان بذات غلامون کی یہان بھی پرورش کرے اور وہان کے انعام کا اس طرح متوقع کرے کہ چاہیے عمل کرین اسکے لیے عمل کرنے والے اگر یونہی ہمسے عمل کرواتا فقط یہین کے روٹی کپڑے دینے پر اور طرح بطرح کی پرورش کرنے پر یا فقط عذاب کے بچانے کے لیے تو کیا کسی کا دعوی پہونچتا تھا نہ یہان کی پرورش کا تو کچھ وجود ہی نہ سمجھا اپنی شان جوادی کے آگے وہان کی ایسی ایسی نعمتون کا متوقع کر کر عمل کرنے کو فرمایا کہ ایسی نعمت کے لیے عمل کرین اب خیال تو کرو بھائیو کہ اوسکے تو کیسے کیسے احسان اور ہمسے کیسے کیسے عصیان یہان کے مالک اپنے غلام لونڈی کی جان و حاجت روائیون کے مالک نہین اور پھر کس کس طرح ایذا دیتے ہین اور وہ مالک الملک مالک جان کا بھی ہی اور نان کا بھی اور طرح بطرح سے پرورش فرماتا ہی اور حاجت روائیان کرتا ہی اور جیسے آرام سے رکھتا ہی باوجود نافرمانی کرنے اوسکی کے پس حیف صد حیف ہمارے حال پر کہ پھر ایسے مالک کی بندگی کی طرف نہ جھکین اور رات دن خواب و خور مین اور غفلت اور عصیان و نسیان مین کاٹین ہمکو جو سزا دے بجا ہی لیکن اوسکی شان غفور رحیمی سے امیدوار مغفرت کے ہین اور سوا اقرار کرنے اپنی تقصیر کے کچھ نہین بنتی **قطعہ** بندہ ہمان بہ کہ ز تقصیر خویش ❊ عذر بدرگاہ خدا آورد ❊ ورنہ سزاوار خداوندیش ❊ کس نتواند کہ بجا آورد ❊ اور اس آیت سے یہ بات بھی معلوم ہوئی

الرزاق ذو القوۃ المتین ❊

کہ یہ جو بعضے کہتے ہین کہ بتوقع ملنے جنت اور نعمتون اوسکی کے عبادت کرنی نہ چاہیے اونکے قول کو صریح رد کرتی ہی یہ آیت کریمہ کیونکہ اللہ تعالی تو حکم فرماتا ہی اسکا اس آیت مین لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ○ اور یہ منع کرتے ہین اوس سے ہان یہ بات صحیح ہی کہ جنت کو رضاے مولی کے لیے طلب کرے اور آگ سے پناہ مانگے اسواسطے کہ محل غضب آلہی ہی نہ واسطے طلب خواہش نفس کے اور یہ مذہب انبیا اولیا کا ہی **شعر** گر طمع خواہد زمن سلطان دین + خاک بر فرق قناعت بعد ازین +

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ○ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ○

آیا جو کچھہ مذکور ہوا بہتر ہی مہمانی یا درخت زقوم تحقیق کیا ہمنے زقوم کو ایک عذاب واسطے ظالمون کے + **فتح** + بھلا یہ بہتر مہمانی یا درخت سینڈہ کا ہمنے اوسکو رکھا ہی خراب کرنا ظالمون کا + **مو** + یعنی آخرت مین اوسکو کھاوینگے اور گلے مین پھسے گا ایک عذاب یہ بھی ہوگا یا خراب کرنا دنیا مین کہ سنکر گمراہ ہوتے ہین کہ سبز درخت دوزخ مین کیونکر اوگا + **تفسیر** + درخت زقوم کہ اوسکو یہان سینڈہ کہتے ہین نہایت تلخ و بدمزہ ہوتا ہی اوسکو اللہ تعالی دوزخ مین اوگاویگا دوزخیون کے کھلانے کے لیے پس فرمایا کہ کیا نعمتین جنت کی اور جو کچھہ اوسمین ہی قسم لذتون اور طعام و شراب سے بہتر ہین مہمانی یا درخت زقوم پھر فرمایا کہ ہمنے اوسکو محنت وعذاب کیا ہی کفار مکہ کے لیے آخرت مین کہ اوسکو کھاوینگے اور وہ حلق مین پھسے گا نہایت رنج اوٹھاوینگے اور یا اوسکے بیان کرنے مین آزمایش ہی اونکی دنیا مین اور وہ یہ ہی کہ جب اونھون نے سُنا کہ زقوم ایک درخت ہی دوزخ مین تو کہنے لگے کہ کیونکر ہو آگ مین درخت آگ تو جلادیتی ہی درخت کو پس جھٹلایا اونھون نے اسکو اور یہ نہ سمجھے وہ نادان کہ خدا سب چیز پر قادر ہی اور آیا ہی کہ ابن الزبعری نے قریش کے سردارون کو کہا کہ محمد ﷺ ہمکو زقوم سے ڈراتا ہی اور وہ لغت بربر مین مسکہ اور خرما کو کہتے ہین ابو جہل اوٹھا اور سردارون کو اپنے گھر مین لایا اور اپنی لونڈی کو کہا زقمینا یعنی زقوم دے ہمکو وہ لونڈی مسکہ اور کھجورین لے آئی ابو جہل نے کہا کہ کھاؤ یہ زقوم ہی کہ محمد ﷺ ہمکو اوس سے ڈراتا ہی پس فرمایا اللہ تعالی نے انہا شجرۃ الخ + **مدل معا** +

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ○ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ○

تحقیق وہ ایک درخت ہی کہ نکلتا ہی بیچ گہراو دوزخ کے خوشہ اوسکا مانند سرون شیطانون کے ہی + **فتح** + وہ ایک درخت ہی کہ نکلتا ہی دوزخ کی جڑ مین اوسکا خوشہ جیسے سر شیطانون کے + **مو** + یعنی بدنما یا شیطان کہا سانپون کو + **تفسیر** + کہا حسن نے کہ جڑ زقوم کی دوزخ کے گہراؤ مین ہی اور ٹہنیان اوسکی پہونچتی ہین دوزخ کے درجون تک اور طلع اصل مین کہتے ہین خوشہ خرما کو اور یہان مراد ہی پھل زقوم کا اور مشابہت دیا گیا شیطان کے سرون سے اسلیے کہ دلالت کرے اوسکے نہایت برے اور بدشکل ہونے پر اسلیے کہ شیطان برا اور قبیح ہی لوگون کی طبیعتون مین بسبب اعتقاد رکھنے اونکے کہ وہ شر محض ہی اسلیے عرب کے نزدیک ضرب المثل ہی کہ بہت قبیح چیز کو شیطان کے سر کے ساتھہ مشابہت دیا کرتے ہین اور بعضون کے نزدیک مراد شیاطین سے سانپ ہین کہ عرب سانپ بدشکل کو شیطان کہا کرتے ہین + **مدل معا** +

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ○ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ○

پس تحقیق دوزخی کھاوینگے اوس درخت سے یعنی اوسکے پھل سے باوجود برا ہونے اوسکے کے بسبب شدت بھوک کے پس بھرینگے اوس سے پیٹ پھر تحقیق واسطے اونکے اوپر کھانے اوسکے کے ملونی ہوگی گرم پانی سے پھر تحقیق پھر جانا اونکا طرف دوزخ کے ہوگا بعد کھانے اور پینے کے اونکو دوزخ مین پھر لیجاوینگے + **فتح** + **تفسیر** + لفظ ثم عربی مین ڈھیل کے لیے آتا ہی پس بیچ آیت

ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا الخ کے جو ثم لائے تو معنی اوسکے یہ ہوئے کہ وہ پیٹ بھرینگے درخت زقوم سے اور وہ گرم ہوگا کہ جلادیگا اونکے پیٹون کو اور پیاس لگا دیگا اونکو پس پانی نہین ملنے کا مگر بعد پیٹ بھرنے کے واسطے عذاب دینے کے ساتھہ اوس پیاس کے پھر پانی جو ملیگا تو وہ نہایت ہی گرم ہوگا کہ بھون ڈالیگا اونکے مونہون کو اور کاٹ ڈالیگا اونکی آنتون کو پس وہ ملیگا انکے پیٹون مین زقوم کے ساتھہ پس اسلیے اوسکو ملونی فرمایا اور آیا ہی کہ جب وہ زقوم کھاوینگے اور اوسپر گرم پانی پیوینگے اور وہ گرم پانی اونکے پیٹون مین زقوم کے ساتھہ ملیگا تو کانٹے بن جاوینگے پھر تحقیق پھر جانا اونکا الخ یعنی گرم پانی باہر دوزخ کے ہوگا پس او سیر وارد کیے جاوینگے اوسکے پینے کے لیے جیسے اونٹون کو لیجاتے ہین پانی پلانے کو پھر پھیرے جاوینگے دوزخ کیطرف چنانچہ دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝ یعنی پھرینگے دوزخی درمیان دوزخ کے اور درمیان پانی نہایت گرم کے اور یہان جو ثم لائے معنی ڈھیل کے اسمین ظاہر ہین اور ابن مسعود کی قراءت مین ہی ثُمَّ اِنَّ مَقِيلَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيمِ + مل + معا یعنی بہت بھوکے ہونگے تو یہ کھانا پانی پلاکر پھر آگ مین ڈالینگے + مو +

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَاۗءَهُمْ ضَاۗلِّيْنَ ۝ فَهُمْ عَلٰٓي اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ۝

تحقیق انھون نے گمراہ پایا اپنے باپون کو پس یہ اوپر قدمون باپون اپنے کے جلد ہانکے جاتے ہین + فتح + انھون نے پائے اپنے باپ دادے بہکے ہوئے سو وہ اونھین کے قدمون پر دوڑتے ہین + مو + تفسیر + اسمین بیان فرمایا سبب مستحق ہونے اونکا ان شدائد کو کہ مستحق ان شدائد کے ہونگے بسبب تقلید باپ دادون اپنے کے دین مین اور اتباع کرنے انکے کے اونکا گمراہی مین اور ترک کرنے اتباع رہنما کے + مل + تنبیہ + غور کرنی چاہیے کہ باپ دادا کی پیروی کرنے سے اور راہ اللہ و رسول کی راہ چھوڑنے سے کیا کچھ خرابیان بھگتینگے الامان الامان جاگو بھائیون خواب غفلت سے اور چھوڑو سبکی راہ اور اختیار کرو اللہ و رسول کی راہ بھلا سوچو تو سہی کہ اس وقت مین جو بعضے لوگ اپنے بڑون کی رسمون کو حکم خدا اور رسول پر ترجیح دیتے ہین اور کھلم کھلا کہتے ہین کہ صاحب دین سے دنیا سنبھالنی مشکل ہی اور کہین ہاتھون کی لکیرین بھی مٹی ہین ہمارے بڑون نے کبھی یہ نکیا تو ہم کیونکر کرین بلکہ بعضے جاہل شرع شریف کے مقابلے مین یون بکنے لگتے ہین کہ خدا مارے یا چھوڑے ہمسے تو کبھی یہ بات نہوگی پس انمین اور اون کفار مین کہ جنکے حق مین یہ کچھ وعید فرمائی کیا فرق ہی اور ایسی باتین ایسی جا اکثر کہا کرتے ہین کہ جسکی کسی عورت کا خاوند مر گیا ہوا ور دوسرے نکاح کو کوئی کہے کہ اللہ و رسول کا حکم بھی ہی کہ اسکا نکاح کسی سے کردو تو اسکو ناک کٹائی جانکر ایسا کچھ بکنے لگتے ہین یا کسیکے مرنے کے بعد جو عورتین چالیس روز تک نوحہ کرنے کے لیے صف بچھاکر بیٹھتی ہین یا در شادی غمی کی رسمون بد کو کوئی منع کرے تو ایسا ہی کچھ بکنے لگتی ہین پس یہ اور وہ کافر ایک سے ہین مسلمان کے معنی یہ ہین کہ جو حکم اللہ و رسول کا ہو سر آنکھون پر رکھے اور انکے آگے بڑون کی رسمون کو طاق پر رکھے والا دین و دنیا مین تباہی ہی + شعر + خلاف پیمبر کسی رہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝

اور تحقیق گمراہ ہوئے تھے پہلے انسے اکثر پہلے لوگون سے اور تحقیق بھیجے ہین ہمنے درمیان اونکے ڈرانے والے + فتح + اور بہک چکے ہین انسے آگے بہت لوگ پہلے + مو + تفسیر + پہلے انسے یعنی پہلے تیری قوم قریش کے اگلی امتون کے لوگ بہت گمراہ ہو چکے ہین بسبب تقلید باپ دادون کے اور نہ تامل کرنے کے حق بات مین اور ڈرانے والے یعنی انبیا کہ ڈراتے تھے انجام بد سے + مل +

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ ع

پس دیکھہ کیسا ہوا انجام ڈرائے گیون کا مگر بندے اللہ کے خالص کیے گئے + فتح + تفسیر + یعنی کافر ہلاک ہوئے اور مومن

کہ جنکو اللہ نے چن لیا تھا اپنی عبادت کے لیے انھون نے نجات پائی ہلاک و عذاب سے حاصل یہ کہ انبیا ذکر سبھی کو سناتے ہین نیک بختے ہین اور بد بختے ہین
اور جونکہ ذکر فرمایا تھا رسولون کے بھیجنے کا اگلی امتون مین اور انجام بد ہونے امتون کا اوسکے بعد ذکر کیا نوح علیہ السلام کا اور اونکے پکارنے کا اوسکو وقت تنگ
ہونے کے قوم اپنی سے اسلیے کہ یاد و نمین سے آدم ثانی ہین سو اسطے کہ بعد طوفان کے اب بنی آدم اونھین کی اولاد ہین پس فرمایا + مل

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝

اور تحقیق پکارا ہمکو نوح نے پس اچھے قبول کرنے والے دعا کے ہین ہم + فتح + سو کیا خوب پہونچنے والے ہین پکار پر + مو + تفسیر
پکارا ہمکو الخ یعنی دعا کی ہمسے تو کہ نجات دین ہم اوسکو غرق سے یا یہ مراد ہی کہ بد دعا کی اپنی قوم پر پس کہا فدعا ربہ انی مغلوب
فانتصر ۝ پس خوب قبول کی ہمنے دعا اوسکی کہ مدد کی اوسکی او سکو بچایا اور قوم کو ڈبویا + مبل +

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝

اور چھڑایا ہمنے اوسکو اور اوسکے لوگون کو بڑے غمسے اور کیا ہمنے اوسکی اولاد کو اونھین کو فقط باقی رہا ہوا + فتح + اور بچا دیا اوسکو
اور اوسکے گھر کو بڑی گھبراہٹ سے اور رکھی اوسکی اولاد وہی رہ جانے والی + مو + تفسیر + اوسکے لوگون کو یعنی جو ایمان
لائے تھے اونپر اور اولاد اونکی بڑے غم سے یعنی غرق سے باقی رہا ہوا یعنی اونکی اولاد کے سوا سب مر گئے فقط اولاد اونھی کی باقی
رہی چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ جب نکلے نوح علیہ السلام کشتی سے تو مر گئے وہ لوگ کہ ساتھ اونکے تھے مرد و عورت مگر جو کہ اونکے
ساتھ اونکی اولاد مین سے تھے اور بیویان اونکی وہ باقی رہے پس سب آدمی حضرت نوح علیہ السلام کی نسل سے ہین اور بیٹے اونکے تین تھے
سام اور وہ باپ ہین عرب کے اور فارس و روم کے اور حام اور وہ باپ ہین سودان کے مشرق سے لیکر مغرب تک یعنی حبش اور زنگ
اور بربر اور ہند کے اور یافث اور وہ باپ ہین ترک اور خزر اور یاجوج و ماجوج کے اور انکے کہ جو وہان ہین انتہی اور یہان سے یہ
معلوم ہوتا ہی کہ طوفان نوح علیہ السلام کا تمام زمین پر تھا اور بعضون نے کہا کہ زمین ہند مین نہ تھا اور بعضون نے کہا کہ اونکی قوم کی
زمین کے سوا نہ تھا + معالم + بحر + کشتی مین اسی یا تراسی آدمی بچے تھے اونکی اولاد نہین چلی ان ہی تینون بیٹون سے چلی
سام بسا بیچ زمین کے عرب اور توران اور ایران پیدا ہوے یافث بسا شمال کو ترک اور یاجوج و ماجوج پیدا ہوے حام بسا جنوب کو ہند اور حبش پیدا ہوے + مو

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور چھوڑی ہمنے اوسپر ثنا نیک پچھلون مین سلام ہوجیو نوح پر عالمون مین + فتح + تفسیر + چھوڑی ہمنے یعنی باقی رکھی اوسکے لیے
ثنائے نیک اور ذکر اچھا پچھلون مین یعنی جتنے انبیا اور امتین اونکی بعد اونکے ہین دن قیامت تک سلام ہوجیو یعنی ہماری طرف سے اوسپر
عالم کے لوگون مین اور بعضون نے کہا کہ چھوڑا ہمنے اوسپر پچھلون مین یہ کہ درود بھیجین اوسپر روز قیامت تک + جلالین + معالم + اور
صاحب مدارک نے یہ معنی لکھے ہین کہ چھوڑا ہمنے نوح پر پچھلی امتون مین یہ کلمہ سلام علی نوح یعنی سلام بھیجا کرین اوسپر اور دعا کیا
کرین اوسپر عالمون مین یعنی ثابت ہوا یہ تحیۃ یعنی سلام و دعا اون سب مین پس نہین خالی ہوگا کوئی اونمین سے اس تحیۃ سے گویا کہا گیا
کہ ثابت کیا اللہ نے سلام بھیجنا نوح پر اور مدام کو جاری کیا اسکو ملائکہ مین اور جن و انس مین کہ سلام بھیجا کرین اوسپر پہلے انتہی اسپر حضرت
شاہ ولی اللہ نے ترجمہ آیت کا بحسب پہلی تفسیر کے لکھا ہی اور شاہ عبد القادر صاحب نے بحسب تفسیر مدارک کے لکھا ہی
کہ اور باقی رکھا ہمنے اوسپر پچھلی خلق مین کہ سلام ہی نوح پر سارے جہان والون مین یعنی ہمیشہ اوسپر سلام بھیجتا ہی سارا جہان

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

تحقیق ہم اسی طرح یعنی جیسے کہ جزا دی ہمنے نوح کو جزا دیتے ہین نیک کارون کو تحقیق نوح ہمارے ایمان دار بندون مین سے ہی + فتح

تفسیر + تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہین الخ حضرت نوح کو جو یہ جزا خوب ملی اوسکا سبب بیان فرمایا کہ یہ اس سبب سے تھا کہ وہ نیک کار تھے کہا مقاتل نے کہ جزا دی اونکو اللہ نے بسبب نیک کاری اونکی کے یہ کہ ثنائے نیک چھوڑی اونکے لیے عالمین میں پھر سبب بیان فرمایا اونکے نیک کار ہونے کا کہ وہ نیک کار اس سبب سے تھا کہ وہ بندہ مومن تھا تاکہ معلوم ہو لوگون کو بزرگی محل ایمان کی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ایمان صفات مدح اور تعظیم سے ہے + مل + معا +

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝

پھر ڈبا دیا ہمنے اورون کو یعنی کافرون کو + فتح + پھر ڈبا دیا ہمنے دوسرون کو + مو +

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝

اور تحقیق نوح ؑ کے تابعدارون مین سے تھا ابراہیم جب آیا روبرو پروردگار اپنے کے ساتھ دل پاک کے عیب سے + فتح +

تفسیر + تابعدارون مین سے یعنی جنھون نے متابعت کی نوح ؑ کی اصول دین مین یا متابعت کی ہی مضبوط رہنے مین اللہ کے دین پر اونمین سے ابراہیم بھی تھے اور حضرت نوح اور ابراہیم ؑ کے درمیان مین فرق دو ہزار اور چھہ سو چالیس برس کا ہی اور ان دونون کے درمیان مین دو نبی گذرے ہین حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام ساتھ دل پاک کے الخ یعنی پاک تھا شرک سے یا دل کی آفتون سے یعنی بغض و حسد وغیرہ سے اور معنی آنے کے ساتھ دل پاک کے روبرو رب کے یہ ہین کہ اونھون نے خالص کیا اللہ کے لیے دل اپنا اور جانا اللہ نے یہ حال اونکا پس بیان کیا گیا آنا بطور مثال کے واسطے اسکے + مل + تنبیہ + روز قیامت کے نہ مال نفع دیگا کسیکو اور نہ اولاد لیکن جو آویگا اللہ تعالی کے پاس ساتھ قلب سلیم کے کہ پاک ہو شرک و نفاق وغیرہ عیوب قلب سے البتہ نفع پاویگا اور مراد کو پہونچیگا جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ پس بھائیون جہان تک بنے کوشش اسمین کرو کہ قلب پاک سے اوس جناب اقدس مین حاضر ہو کہ نہ اوسمین کچھ شرک و نفاق ہو اور نہ بغض و کینہ اور نہ حسد و عداوت وغیر ذلک آفات دل فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق نجات پائی اوسنے کہ خالص کیا اللہ تعالی نے دل اوسکا ایمان کے لیے اور کیا دل اوسکا سلیم یعنی سالم بری باتون سے مثل حسد کینہ وغیرہ کے اور کی اوسکی زبان سچی اور نفس اوسکا خاطر جمع والا اور طبیعت اوسکی سیدھی اور کیا کان اوسکے کو سننے والا حق کا اور آنکھ اوسکی کو دیکھنے والی صانع کی دلیلون کی پس لیکن کان پس قیف ہی یعنی جیسے قیف سے عرق وغیرہ شیشے مین پہونچتا ہی ایسے ہی کان سے بات دل مین پہونچتی ہی اور لیکن آنکھ پس ٹھہرانے والی ہی واسطے اوس چیز کے کہ نگاہ رکھتا ہی دل یعنی آنکھ کی راہ سے بھی کئی چیزین دل مین جاتی ہین اور ثابت رہتی ہین جیسے کان کی راہ سے + مشکوۃ +

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ۝ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ۝

جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ کو اور اپنی قوم کو کہ کس چیز کو پوجتے ہو تم آیا ساتھ لے فاسد کے معبودون کو سوائے خدا کے ڈھونڈھتے ہو + فتح + جب کہا اپنے باپ کو اور اوسکی قوم کو تم کیا پوجتے ہو کیون جھوٹ بنائے حاکمون کو اللہ کے سوائے چاہتے ہو + مو +

فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پس کیا ہی گمان تمھارا ساتھ پروردگار عالمون کے + فتح + تفسیر + یعنی کیا ہی گمان تمھارا ساتھ اوسکا اس حال مین کہ پوجتے تم اوسکے غیر کو یا کیا ہی گمان تمھارا ساتھ اوسکے کہ کیا کریگا ساتھ تمھارے اور کیسا عذاب کریگا تمکو اس حال مین کہ پوجا تمنے اوسکے غیر کو باوجودیکہ جانتے تھے تم کہ منعم حقیقی وہی ہی پس لائق عبادت کے وہی تھا اور کوئی یا کیا ہی گمان تمھارا جب ملوگے اوس سے اس حال مین کہ پوجا تمنے

اوسکے غیر کو کہ کیا معاملہ کریگا تمسے یا کیا ہی گمان تمہارا ساتھہ اوسکے جبکہ پوجا تمنے اوسکے غیر کو وہ چھوڑدیگا تمکو بغیر عذاب کے؟ ﴿م ل﴾ معا جلد

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ○ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ○

پس دیکھا ابراہیم نے ایکبار دیکھنا ستارون میں پس کہا تحقیق مین بیمار ہونگا ✤ **فتح تفسیر** ✤ آیا ہی کہ جب ابراہیم عم نے قوم کو بتون کے پوجنے پر ملامت کی تو اونھون نے کہا کہ کل عید ہماری ہی اور جنگل کو جاوینگے آج کہانے پکاتے ہین ہم اور گرد بتون کے چھوڑ جاتے ہین تا تبرک ہوا اور کل جب ہم جنگل سے پھر آوینگے اور بتخانے مین آوینگے تو تبرک تقسیم کرینگے تو بھی ہمراہ ہمارے چل تا مجمع ہمارا اور زیب اور زینت بتونکا دیکھے تو ہم جانتے ہین کہ بعد دیکھنے اوسکے کے ہماری ملامت سے باز رہیگا تو اور بتون کے پوجنے مین ہمکو معذور رکھیگا ابراہیم عم نے کچھہ جواب نہ دیا دوسرے دن جب ابراہیم عم کو کہا کہ ہمارے ساتھہ باہر چل ابراہیم عم نے ستارون کی گردش مین یا نجوم کی کتاب مین دیکھکر کہا کہ مین طاعون مین گرفتار ہونگا اور چونکہ قوم اونکی عمل نجوم پر کرتی تھی انھون نے بھی اونسے کلام ساتھہ نجوم کے کیا تا اونپر حجت لازم ہو اور انکار نکرین انکی بات پر ✤ **معا لم** ✤ یعنی دیکھا ستارون مین اس حال مین کہ دیکھتے تھے آسمان کو اپنے دل مین سوچتے ہوئے کہ کیا حیلہ کرین یعنی جیسے فکرمند آسمان کو دیکھنے لگا کرتا ہی تدبیر سوچنے کے لیے ویسے ہی انھون نے آسمان کو دیکھا اور ستارے نظر پڑے یا دکھایا قوم کو کہ وہ نظر کرتے ہین ستارون مین بسبب معتقد ہونے اونکے کے علم نجوم کے پس وہم دلایا اونکو کہ انھون نے دلیل پکڑی ساتھہ علامت کے اسپر کہ بیمار ہونگے پس کہا ابراہیم عم نے کہ مین بیمار ہون یعنی قریب ہی کہ بیمار ہونگا ساتھہ مرض طاعون کے اور یہ بیماری اونمین اکثر ہوا کرتی تھی اور وہ ڈرتے تھے عدوی سے یعنی بیماری کے لگ جانے سے پس یہ کہا اونھون نے اسلیے کہ تا لوگ الگ ہوجاوین انسے پس بھاگے لوگ انکے پاس سے اپنی عید کی طرف اور چھوڑا انکو بتخانے مین تنہا پس کیا انھون نے بتون کے ساتھہ جو کچھہ کہ کیا چنانچہ آگے آویگا بیان اوسکا اور کہا ہی علما نے کہ علم نجوم کا حق تھا پھر منسوخ کیا گیا مشغول ہونا ساتھہ معرفت اوسکی کے اور جھوٹ بولنا حرام ہی مگر جبکہ تعریض کرے یعنی اشارہ ہو اوسمین اور بات کی طرف پس جو کچھہ کہ ابراہیم عم نے کہا تعریض تھی اوسمین یعنی اِنِّي سَقِيمٌ سے مراد تھی اِنِّي سَاسْقَمُ یعنی قریب ہی کہ مین بیمار ہونگا یا جسکی گردن مین موت ہی وہ بیمار ہی اور اسی جہت سے مثل مشہور ہی کَفٰی بِالسَّلَامَةِ دَاءً یعنی کفایت کرتی ہی سلامتی دکھہ ہونے مین اور مرا ایک شخص ناگہان پس کہا لوگون نے کہ مر گیا اس حال مین کہ بھلا چنگا تھا پس کہا ایک اعرابی نے کہ کیا تندرست ہی وہ شخص کہ موت اوسکی گردن مین ہی یا مراد ابراہیم کی یہ تھی کہ مین سقیم النفس ہون بسبب کفر تمہارے کے جیسے کہ کہا جاتا ہی کہ مین مریض القلب ہون اسبات سے ✤ **م ل تنبیہ** ✤ معالم وغیرہ مین جو لکھا ہی کہ وہ کفار بتون کے آگے کھانا تبرک ہونے کے لیے رکھہ جاتے تھے اور پھر اوسکو تبرک کا تقسیم کرتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ یہ جو اسوقت مین لوگ تعزیے کے آگے کونڈے حلوے وغیرہ کے رکھتے ہین اور بعضے مہندی کے آگے مالیدہ وغیرہ اور بعضے قبرون پر لیدہ یا ریوڑیان پھول پان چادر وغیرہ چڑھاتے ہین اور دودھہ و شربت وغیرہ سے سکورے اور کونڈے بھرتے ہین اور بعضے طاقون وغیرہ مین روشنی کرکر مالیدہ وغیرہ رکھکر نیاز دیتے ہین اور ان سب چیزون کو تبرک کا تقسیم کرتے ہین یہ مشابہت بت پرستون کے ساتھہ پیدا کرتے ہین ان سب افعال مین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما ہی دیا ہی مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ یعنی جو کوئی مشابہت کرتا ہی کسی قوم کے ساتھہ پس وہ اونھین مین سے ہوتا ہی پس مسلمانون کو بچنا چاہیے ایسے افعال سے کہ یہ طریقہ اہل اسلام کا نہین ہی اگر ایسی باتین اچھی ہوتین تو کہین صحابہ یا تابعین یا تبع تابعین یا ائمہ مجتہدین سے بھی تو منقول ہوتین جب اونسے نہ ثابت ہوئین تو باطل اور بری ہین ✤

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ○ فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ○

پس پھر گئے ابراہیم سے پیٹھہ پھیر کر پس پوشیدہ متوجہ ہوا ابراہیم طرف معبودون اونکے کے پس کہا یعنی از راہ تمسخر کے کیا کچھہ

ف ۱ وہ لوگ نجومی تھے اونکے دکھانے کو تارون کی طرف دیکھا کہا یا نجوم کی کتاب مین دیکھکر کہا مین بیمار ہون یعنی بیمار ہوا چاہتا ہون وہ شہر سے باہر نکلتے تھے ایک عید کو اور بت خانے کو انکے چھوڑ کر جاتے تھے یہ بہانہ کر کر جھوٹھہ بڑے کسی کی راہ مین عذاب نہین ثواب ہی ۱۲ مو

ف ۲ … [illegible]

ف بیان تعزیہ وغیرہ

کھاتے نہین تم یعنی کھانا کہ تمھارے آگے رکھا ہی + فتح + پھر او نکے گئے اوس پیچھے دیکر چھپا گھسا ابراہیمؑ اونکے بتون مین پھر بولا تم کیون نہین کھاتے + موضح

مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُونَ ○ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ○

کیا ہی تمکو کہ نہین بولتے پھر متوجہ ہوا ابراہیم اونپر مارتا ہوا ساتھ قوت کے + فتح + تفسیر + یمین کے معنی یہان شدید و قوی کے ہین اسلیے کہ یمین یعنی دایان ہاتھ قوی تر ہوتا ہی بنسبت دوسرے کے یا یہ معنی ہین کہ بسبب قسم کے کہ پہلے کھائی تھی اور وہ یہ تھی تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ یعنی قسم ہے خدا کی البتہ مکر کرونگا تمھارے بتون سے + مل

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ○

پس متوجہ ہوئے لوگ طرف ابراہیمؑ کے دوڑتے ہوئے + فتح + تفسیر + حضرت ابراہیمؑ بت توڑ رہے تھے کہ بعضے کافرون نے دیکھا اور بعضون نے نہ دیکھا پس دیکھنے والے آئے جلدی سے ابراہیمؑ کے پاس پھر آئے وہ کہ جنھون نے نہین دیکھا تھا پس کہا نہ دیکھنے والون نے اونسے کہ جنھون نے دیکھا تھا کسنے کیا یہ کام ہمارے بتون سے بالشبہہ وہ ظالمون مین سے ہی پس جواب دیا دیکھنے والون نے بطریق تعریض کے کہ ہمنے سنا تھا ایک جوان کو انکا عیب بیان کرتے کہا جاتا ہی اوسکو ابراہیم پھر کہا سبھون نے کہ تئے ہم پوجتے ہین انکو اور تو توڑتا ہی انکو پس جواب دیا ابراہیمؑ نے اونکو اَتَعْبُدُوْنَ الخ + مل

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ○

کہا ابراہیم نے کیا پوجتے ہو اوس چیز کو کہ آپ تراشتے ہو اور خدا نے پیدا کیا تمکو اور اوس چیز کو کہ کرتے ہو تم + فتح + تفسیر + یعنی تمکو بھی اوسی نے پیدا کیا ہی اور اوس چیز کو بھی کہ تم اپنے ہاتھون سے بناتے ہو یعنی بت یا مَا مصدریہ ہی یعنی اور پیدا کیا تمھارے اعمال کو اور اسمین دلیل ہی ہمارے لیے اسپر کہ افعال بندون کے پیدا کیے ہوئے اللہ تعالی کے ہین پس حاصل اسکا یہ ہوا کہ اللہ خالق تمھارا بھی ہی اور تمھارے اعمال کا بھی پس کیون پوجتے ہو تم اوسکے غیر کو + مل معا + تنبیہ + لفظ مَا تَنْحِتُوْنَ سے تعزیہ اور مینہدی اور چھڑی وغیرہ کا بھی معلوم ہوتا ہی اسلیے کہ تفسیر جلالین مین اسکے معنی یہ لکھے ہین کہ جو چیز تم تراشتے ہو پتھر وغیرہ سے پس وغیرہ مین یہ بھی داخل ہین کہ کھپاچ وغیرہ کے تراش کر بناتے ہین اور اونکو پوجتے ہین پھر پوجنا ہر ایک کا مختلف ہی چھڑی کو کھڑا کرکر اوسکے آگے مالیدہ وغیرہ رکھتے ہین مثل بتون کے یا مدار یا سالار یا خواجہ پکارتے ہین مینہدی کے ساتھ والے اکثر حاجتی کہلاتے ہین شام کو ڈفالی پچاری اوسکے آگے کھڑے ہو کر چھپہ گا بجا کر سجدے کرتے ہین اونکے ساتھ بعضے حاجتی جاہل بھی سجدے کرتے ہین ایسے ہی مینہدی کو موجب برکت کا جانتے ہین مالیدہ وغیرہ اوسکے آگے بھی رکھتے ہین دعائین کرتے ہین یا پیر مدد کر دو فلانا کام ہمارا ہو جاوے اور بعضے جاہل اوسکو سجدہ کرتے ہین تعزیہ اوسکو بھی باعث برکت و سلامتی کا سمجھتے ہین اور کوئی سجدے کرتا ہی اوسکو کوئی بیٹا چڑھاتا ہی کاغذ کا کوئی روٹی کاغذ کی یہ کہکر کہ یا امام اگر ہمارے ہان بیٹا ہوگا یا روٹی رزق ملیگا تو چاندی کا بیٹا یا روٹی چڑھاوینگے اور اللہ کی عنایت سے کچھ ملجاتا ہی تو چاندی کا بچہ یا روٹی چڑھاتے ہین جیسے وہ بتون کو فی الجملہ کارخانہ خدائی مین متصرف جانتے ہین سجدے وغیرہ کرتے ہین ویسے ہی یہ بھی سمجھتے ہین اور کرتے ہین اگر کوئی کہے کہ صاحب یہ ویسے کیونکر ہوئے یہ اونکو خدا تھوڑا ہی جانتے ہین تو اسکا جواب یہ ہی کہ کلام اللہ مین غور کرنی چاہیے اوسوقت کے مشرک بھی بتون کو بعینہ خدا نجانتے تھے بلکہ کہتے تھے مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى یعنی ہم انکو اسلیے پوجتے ہین کہ اللہ کے نزدیک کردینگے ہمکو سو یہی ان چیزون کے پوجنے والے کہتے ہین کہ اللہ کے پیارے بندے جانکر ہم اونسے ایسے معاملے کرتے ہین تو اللہ سے ہماری عرض داشت کرین اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اونکو حاضر ناظر عالم الغیب بھی جانتے ہین یہ شان اللہ ہی کی ہی صریح آیات قرآنی اسپر دلالت کرتی ہین کہ فرمایا لَا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ اور اور جا ہے قول حضرت نوحؑ کا نقل کیا کہ انہوں نے اپنی امت سے کہا وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ الخ اور فرمایا اپنے نبی پیارے اشرف المخلوقات کو کہ تو لوگون سے یون کہدے لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ٻ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ڔ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ یعنی نہین مالک ہون مین اپنے نفس کے لیے نفع حاصل کرنے کا اور نہ ضرر کے دفع کرنے کا مگر جو چاہے اللہ اور اگر جانتا مین غیب کو یعنی اوس چیز کو کہ غائب ہے مجھسے تو بہت خوبیان لیتا اور مجھکو برائی کبھی نہ پہونچتی مین تو یہی ہون ڈر اور خوشی سنانے والا ماننے لوگون کو انتہی بھلا جب ان حضرات کو علم غیب نہوا تو اور کی کیا حقیقت ہے اب ان آیات کو دیکھکر خیال کرنا چاہیے کہ جسنے اسوقت دعوی غیب دانی کا بنسبت آن سرور صلی اللہ علیہ وسلم کے کرکر کچھ اشعار اس مضمون کے لکھے ہین قول اوسکا سراسر باطل ہے آیات مین تامل کرنا چاہیے نہ اوس گمراہ کے قول مین کہ قول ہیچ اوسکا سراسر مخالف ہے قرآن اور حدیث اور فقہ کے اور ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر مین اسکو کفر لکھا ہے عبارت اونکی یہ ہے ثُمَّ اعْلَمْ اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْمُغَيَّبَاتِ مِنَ الْاَشْيَاءِ اِلَّا مَا اَعْلَمَهُمُ اللّٰهُ اَحْيَانًا وَذَكَرَ الْحَنَفِيَّةُ تَصْرِيْحًا بِالتَّكْفِيْرِ بِاعْتِقَادِ اَنَّ النَّبِيَّ يَعْلَمُ الْغَيْبَ لِمُعَارَضَةِ قَوْلِهٖ تَعَالٰى قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ انتہی اور بزازیہ وغیرہ فتاوون مین لکھا ہے مَنْ قَالَ اِنَّ اَرْوَاحَ الْمَشَائِخِ حَاضِرَةٌ تَعْلَمُ يَكْفُرُ اور بحر الرائق مین لکھا ہے جو کوئی نکاح کرے اور کہے کہ گواہ کیا مینے خدا رسول کو تو نکاح منعقد نہین ہوتا اور وہ شخص کافر ہو جاتا ہے اسواسطے کہ دعوی کیا اوسنے کہ نبی کو علم غیب کا ہے اور اوسی مین لکھا ہے مَنْ ظَنَّ اَنَّ الْمَيِّتَ يَتَصَرَّفُ فِي الْاُمُوْرِ دُوْنَ اللّٰهِ وَاعْتَقَدَ بِهٖ ذٰلِكَ كَفَرَ انتہی باز آمدم بر اصل مطلب تعزیہ وغیرہ پرستش کی چیزون کا رد اس آیت سے بھی نکلتا ہے اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اسلیے کہ ملا علی قاری نے مرقاۃ مین لکھا ہے کہ كُلُّ مَا نُصِبَ وَاعْتُقِدَ تَعْظِيْمُهٗ مِنَ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ فَهُوَ النُّصُبُ انتہی اور صاحب مجالس نے لکھا ہے وَالْاَنْصَابُ جَمْعُ نُصُبٍ وَهُوَ كُلُّ مَا نُصِبَ وَعُبِدَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ شَجَرٍ اَوْ حَجَرٍ اَوْ قَبْرٍ اَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ وَالْوَاجِبُ هَدْمُ ذٰلِكَ كُلِّهٖ وَمَحْوُ اَثَرِهٖ انتہی اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَجَنِّبْنَا عَنْ طُرُقِ الْاٰثَامِ ✣

قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ۝

کہا اونہون نے آپسمین کہ بناؤ ابراہیم کے لیے عمارت یعنی ہان آگ بہت سی جمع کرو واللہ اعلم پس ڈالو اوسکو بہت سی آگ مین ✣ **فی تفسیر** ✣ عمارت یعنی ایک گھیر سا پتھرون کا چنوا اوسمین لکڑیان بھر دو اور دہکاؤ اوسمین آگ پس جب دہکنے لگے تو ڈالدو اسکو آگ دہکتی مین پس اونہون نے ایک چار دیواری پتھرون کی تیس گز کی اونچی اور بیس گز کی چوڑی بناکر لکڑیون سے بھری اور جب دہکنے اور بھڑکنے لگی آگ تو ابراہیمؑ کو اوسمین ڈالدیا حق تعالی نے اوسکو اوسپر گلزار کردیا چنانچہ سورۂ انبیا مین بیان اسکا گذرا ✣ **ص بحر** ✣ کہا سدی نے پس قید کیا کفار نے ابراہیم کو ایک گھر مین اور جمع کین اونکے لیے لکڑیان یہان تک کہ اگر عورت بیمار ہوتی تھی تو کہتی تھی اگر عافیت دیگا مجکو اللہ تو جمع کرونگی مین لکڑیان ابراہیمؑ کے جلانے کے لیے پس جب جمع کین اونکے لیے لکڑیان بہت سی اور خوب دہکائی آگ یہان تک کہ اگر جانور گذرتا تھا اوسپر تو جل جاتا تھا شدت لپٹ اوسکی سے اور زیادتی حرارت اوسکی سے پس قصد کیا اونکے ڈالنے کا پس اوٹھا کر رکھا اونکو عمارت کے سر پر یعنی بلندی پر پس اوٹھایا ابراہیمؑ نے سر اپنا طرف آسمان کے پس کہا آسمان اور زمین اور پہاڑون اور فرشتون نے اے رب ہمارے ابراہیمؑ جلایا جاتا ہے تیری راہ مین پس فرمایا اللہ تعالی نے کہ مین خوب جانتا ہون حال اوسکا اور اگر وہ تمکو پکاریگا تو پس مدد دیجیو اوسکی ہم

اوسکو اور کہا ابراہیم ؑ نے جسوقت کہ اوٹھایا سر اپنا طرف آسمان کے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ فِی السَّمَاءِ وَاَنَا الْوَاحِدُ فِی الْاَرْضِ لَیْسَ فِی الْاَرْضِ اَحَدٌ یَّعْبُدُكَ غَیْرِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ یعنی یا آلہی تو ایک ہی آسمان مین اور مین ایک ہون زمین مین یعنی تیری بندگی کرنے مین نہین ہی زمین مین کوئی کہ عبادت کرے تجکو غیر میرے بس ہی مجکو اللہ اور اچھا ہی کارساز وہ پس حکم فرمایا اللہ تعالی نے آگ کو یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ یعنی ای آگ ہوجا تو ٹھنڈی اور سلامتی ابراہیم پر **درمنثور**

فَاَرَادُوْا بِهٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَسْفَلِیْنَ ○

پس قصد کیا کفار نے ساتھ اوسکے بدخواہی کا پس کیا ہمنے اونکو زیر تر **فتح** پھر چاہنے لگے اوسپر داؤ پھر ہمنے ڈالا اونہی کو نیچے **مو تفسیر** یعنی بدخواہی کی تھی ابراہیم ؑ کی کہ ڈالا اونکو آگ مین جو کہ ہلاک ہوجاوین پس اللہ تعالی نے اونکو مقہور و ذلیل کیا کہ نکلے ابراہیم آگ سے صحیح سلامت **مل**

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاھِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ ○

اور کہا ابراہیم ؑ نے کہ تحقیق مین جانیوالا ہون طرف پروردگار اپنے کے راہ دکھاویگا مجکو یعنی اوس جگہہ کی کہ رضا پروردگار ہمارے کی ہو **فتح** اور بولا مین جاتا ہون اپنے رب کی طرف وہ مجکو راہ دیگا **مو تفسیر** جانے والا ہون یعنی ہجرت کرنے والا ہون اپنے رب کی طرف اور معنی یہ ہین کہ مین ہجرت کرتا ہون دار الکفر سے اور جاتا ہون اپنے رب کی مرضی کی جگہہ کہا یہ جب کہ نکلے آگ سے اور باپ نے انکو گھر سے نکال دیا یا بادشاہ کی خاطر سے جیسے کہا اِنِّیْ مُھَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیْ راہ دکھاویگا مجکو یعنی اوس جگہہ کی کہ مجکو وہان کے جانے کا حکم کیا اور وہ شہر شام تھا پس جب اپنے وطن سے نکل کر متوجہ شام کی طرف ہوئے تو درمیان راہ مین ہاجرہ ہاتھ لگین حضرت سارہ کے کہ بیوی ابراہیم ؑ کی تھین اور سارہ نے ہاجرہ کو ابراہیم ؑ کے تئین بخشا ابراہیم ؑ نے دعا کی فرزند ہونے کی پس کہا **معالم**

رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ○ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ ○

ای پروردگار عطا کر مجکو یعنی فرزند صالحون سے پس بشارت دی ہمنے اوسکو ساتھ ایک لڑکے بردبار کے **فتح** ای رب بخش مجکو کوئی نیک بیٹا پھر خوشخبری دی ہمنے اوسکو ایک لڑکے کی جو ہوگا تحمل والا **مو تفسیر** بشارت متضمن ہی تین باتون کو ایک تو یہ کہ فرزند مرد ہوگا دوسرے یہ کہ وہ پہونچیگا عمر حلم کو اسلیے کہ لڑکا نہین موصوف کیا جاتا ہی ساتھ حلم کے اور تیسرے یہ کہ وہ حلیم یعنی بردبار ہوگا اور اونکے حلم سے کونسا حلم بڑا ہوگا کہ جب اونکے باپ نے اونکے ذبح کرنے کا ذکر کیا اونکے آگے تو کہا اونھون نے سَتَجِدُنِیْ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ○ یعنی پاویگا تو مجکو اگر چاہا ہی خدا نے صبر کرنے والون مین پھر مستعد ہوئے اپنے ذبح کرانیکے لیئے **مل**

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ○

پس جب پہونچا وہ لڑکا اوس سن کو کہ سعی کر سکے ہمراہ والد اپنے ابراہیم ؑ کے کہا ابراہیم ؑ نے ای چھوٹے بیٹے میرے تحقیق مین دیکھتا ہون خواب مین کہ مین ذبح کرتا ہون تجکو پس دیکھہ تو کیا چیز تیری خاطر مین پہونچتی ہی کہا ای باپ میرے کر ڈال جو کچھہ حکم کیا جاتا ہی تجکو پاویگا تو مجکو اگر چاہا ہی اللہ نے صبر کرنے والون سے **فتح** پھر جب پہونچا اوسکے ساتھہ دوڑنے کو کہا ای بیٹے مین دیکھتا ہون خواب مین کہ تجکو ذبح کرتا ہون پھر دیکھہ تو تو کیا دیکھتا ہی بولا ای باپ کر ڈال جو تجکو حکم ہوتا ہی تو مجکو پاویگا اگر اللہ نے چاہا سہارنے والا **مو تفسیر** سعی کر سکنے سن سعی کا وہ عمر ہی کہ اوسوقت مین کام مردون کا سا کر سکے اور عمر اسمعیل ؑ کی اسوقت مین تیرہ برس کی تھی اور موجب ایک قول کے معنی سعی کے چلنے کے ہین یعنی چلنا ہمراہ باپ اپنے کے منا وغیرہ تک ہی اور یہ مساعدت کرتا ہی اوس

تو اوسکو سات برس کا کہا ہی اور بحسب ایک قول کے معنی سعی کے عمل و عبادت لله ہی اور وہ حد بلوغ ہی آور تیری رائی سے ہی یعنی رائے تیری کیا تقاضا کرتی ہی بطور مشاورت کے یہ پوچھا نہ رویت مین سے اور مشورہ اونسے اسلیے نہین کیا کہ اونکے مشورے اور رائے پر عمل کرین ولیکن اسلیے پوچھا کہ تا معلوم ہو کہ آیا جزع کرتے ہین یا صبر + بحر + مد + شعر چون خلیل الله قربان کرد ولد جان خود را نیز با صد جد و کد +

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

پس جب مطیع ہوئے دونون حکم الٰہی کے اور باپ نے پچھاڑا فرزند کو پیشانی کے بل آواز دی ہمنے ابراہیم کو کہ ای ابراہیم تحقیق سچ کر دکھایا تونے خواب کو تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہین نیک کارون کو + فتح + پھر جب دونون نے حکم مانا اور پچھاڑا اوسکو ماتھے کے بل اور ہمنے اوسکو پکارا یون کہ ای ابراہیم تونے سچ کر دکھایا خواب ہم یون دیتے ہین بدلا نیکی کرنے والون کو + مو + تفسیر یعنی جیسے در گذر کیا ہمنے ذبح ہونے فرزند تیرے سے ایسے ہی بدلہ دیتے ہین ہم اونکو کہ خوب اطاعت کرتے ہین ہماری کہا مقاتل نے کہ بدلہ دیا الله نے ابراہیم کو بسبب خوب اطاعت کرنے اوسکی کے یہ کہ در گذر کیا ذبح ہونے فرزند اوسکے سے + معا + پیشانی کے بل تا موہنہ سامنے نظر نہ آوے بیٹے کا کہ محبت جوش کرے کہتے ہین یہ بات بیٹے نے سکھائی آگے الله نے نہین فرمایا کہ کیا گذرا یعنی کہنے مین نہین آتا جو حال گذرا اوسکے دل پر اور فرشتون پر ہم اسی طرح جزا دیتے ہین نیک کارون کو یعنی ایسے مشکل حکم کر کر آزماتے ہین پھر وہ انکو تھام رکھتے ہین تب درجے بلند دیتے ہین + مو +

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝

تحقیق یہ ماجرا امتحان ظاہر ہی اور عوض اوسکے دیا ہمنے ایک دنبہ مہیا واسطے ذبح کے بڑے جثے کا + فتح + بیشک یہی ہی صریح جانچنا اور اوسکا بدلہ دیا ہمنے ایک جانور ذبح کو بڑا + مو + تفسیر + وہ دنبہ ابلق و سینگدار تھا اور جاننا چاہیے کہ دونون اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کا اتفاق ہی اسپر کہ جس لڑکے کے ذبح کرنے کا حکم ہوا تھا ابراہیم کو وہ اسحٰق تھے اور علماے مسلمین نے اختلاف کیا ہی اسمین پس کہا ایک جماعت نے کہ وہ اسحٰق ع تھے اور قصہ شام مین تھا کہ جب ابراہیم ع نے رَبِّ هَبْ لِيْ دعا کی اور خوشخبری فرزند کی پائی کہا هُوَ اِذًا لِلّٰهِ ذَبِيْحٌ یعنی چونکہ وہ فرزند پیدا ہوگا الله کے نام پر ذبح کیا جاویگا پھر جب اسحٰق ع پیدا ہوئے اور حد سعی یعنی کاربار کی عمر کو پہونچے تو خواب مین سنا اَوْفِ بِنَذْرِكَ یعنی پوری کر اپنی نذر پس اس سبب سے حکم خدا کا ابراہیم کو بیٹے کے ذبح کرنیکا ہوا تھا اور بعد اس خواب کے ابراہیم ع نے اسحٰق کو کہا آؤ تا کہ لله قربانی کرین ہم اور رسی اور چھری لیکر دونون روانہ ہوئے جب کہ پہاڑون کے درمیان مین پہونچے تو بیٹے نے پوچھا کہ ای باپ میرے قربانی تیری کہان ہی کہا ابراہیم ع نے اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ الخ اور دوسری جماعت مفسرین کی اسپر ہین کہ ذبیح اسمٰعیل ہین اور دونون قول رسول علیہ السلام سے بھی روایت کیے گئے ہین اور دلیل فرقہ اول کی یہ ہی کہ ذبیح وہی مبشر ہی یعنی جسکے پیدا ہونے کی بشارت دی تھی اوسی کو ذبح کرنے کو لے گئے تھے جیسے کہ اوپر کی آیتون سے سمجھا گیا اور بشارت اسحٰق ع ہی کے حق مین ہوئی ہی جیسے کہ فرمایا فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ یعنی خوشخبری دی ہمنے سارہ کو اسحٰق ع کے پیدا ہونے کی اور دلیل دوسرے فرقے کی یہ ہی کہ بشارت اسحٰق کے پیدا ہونے کی بعد قصہ مذبوح کے ہی جیسے کہ فرمایا الله تعالیٰ نے وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا یعنی خوشخبری دی ہمنے ابراہیم ع کو اسحٰق کے پیدا ہونے کی کہ پیدا ہوگا اسحال مین کہ مقدر ہی نبی ہونا اوسکا چنانچہ یہ جملہ ان آیات کے مابعد مین آویگا پس دلالت کیا اسپر کہ مبشر غیر مذبوح کے ہی اور بھی سورۂ ہود مین فرمایا فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ یعنی پس بشارت دی ہمنے

سارہ کو اسحق کے پیدا ہونے کی اور پیچھے اسحق کے یعقوب کی اور یہ بشارت بیٹے اور پوتے کے پیدا ہونے کی ہی پس حسن سے
کہ فرزند ہونے والا تھا کیونکر اوسکے ذبح کا حکم ہوتا اور یہ بھی دلیل ہی کہ دونون سینگ دنبے ذبح کیے گئے کے بیت اللہ کے دروازے پر ٹنگے تھے
عبد اللہ بن زبیر اور حجاج کے زمانے مین جلے اور وہ اولاد اسمعیل کے تصرف مین تھے اور یہ بھی منقول ہی کہ عمر بن عبد العزیز نے ایک شخص سے
کہ یہود کے علما مین سے تھا اور اسلام لایا تھا اور نیک بخت تھا پوچھا کہ کونسا بیٹا ابراہیم کا مذبوح تھا کہا اسمعیل تھا اور یہود بھی جانتے ہین
لیکن بسبب حسد کرنے کے عرب پر ظاہر نہین کرتے اور محمد بن اسحق وغیرہ کہتے ہین کہ ابراہیم نے ہاجر کو مکے مین چھوڑا تھا اور اسمعیل
وہین نشو و نما پاتے تھے اور ابراہیم جب چاہتے کہ ہاجر اور اسمعیل کو دیکھین تو شہر شام سے براق پر سوار ہوتے اور صبح کا کھانا مکے مین کھاتے
اور ملاقات انکی کرکر پھر شہر شام کو رجوع کرتے اور رات کو اپنے اہل کے پاس شام مین آرہتے اور زمین انکے براق کے قدمون مین سمٹی جاتی تھی یہان تک
کہ اسمعیل سن سعی کو پہونچے شب ترویہ مین کہ آٹھوین ذیحجہ کو کہتے ہین ابراہیم نے خواب مین دیکھا کہ کوئی کہتا ہی کہ خدا تعالی تجکو تیرے بیٹے کے
ذبح کرنے کا حکم کرتا ہی اور جب صبح ہوئی تو تمام روز فکر مین رہے کہ یہ خواب اللہ کی طرف سے ہی یا شیطان کی طرف سے اسلیے اوس دن کو ترویہ
کہتے ہین اور جب نوین شب ہوئی تو پھر وہی خواب دیکھا نوین کی صبح کو جو اوٹھے تو پہچانا کہ امر الہی ہی اسلیے روز عرفہ نام ہوا اوسکا پھر دیکھا
مثل اسی کے تیسری رات مین پس قصد کیا اسمعیل کے نحر یعنی ذبح کرنے کا پس نام رکھا گیا اوس دن کا یوم النحر بہر تقدیر جب یقین ہوا ابراہیم کو
اسمعیل سے یہ ماجرا ظاہر کیا اونھون نے بھی تسلیم کیا روز نحر کے یعنی دسوین ذیحجہ کو ابراہیم رسی اور چھری اور اسمعیل کو ہمراہ لیکر منا کو گئے
اور اونکو زمین پر لٹایا اسمعیل نے کہا اے باپ میرے مجکو مضبوط باندھو تا تڑپون نہین اور کپڑے اپنے مجھسے الگ کر لو تا میرے خون کی چھینٹ
اونپر نہ پڑے اور میرے ثواب کو ناقص نکرے اور میری مان اوسکو دیکھکر غم مین نہ پڑے اور چھری کو خوب تیز کر لو تو جلدی میرے حلق پر چلانا
تا موت آسان ہو اور جب میری مان پاس جاؤ تو میری طرف سے سلام پہونچانا اور اگر مناسب جانو تو میرا کرتہ میری مان کو دینا تا اوسکو
تسلی اوس سے ہوتی رہے ابراہیم نے ایسا ہی کیا اور دونون صاحب روتے جاتے تھے پھر ابراہیم نے چھری اونکے حلق پر پھیری کچھ کام نہ
دیا تین بار چھری کو تیز کرتے تھے پتھر پر اور حلق پر پھیرتے تھے چھری سے کچھ نہ کٹتا تھا بسبب مانع کے قدرت الہی سے کہ گردن مثل تختے تانبے
کے ہو گئی تھی اسمعیل نے کہا اے باپ میرے موںہہ میرا زمین کی طرف کر کہ تو میرا موںہہ دیکھکر رحم کرتا ہی مبادا وہ رحم درمیان میرے اور درمیان امر خدا
کے حائل ہو اور مین بھی چھری کو دیکھکر جزع فزع نکرون ابراہیم نے ایسا ہی کیا کہ اسمعیل کو پیشانی کے بل لٹا کر چھری اونکی گدّی پر پھیری
چھری اولٹ گئی اور حق تعالی کی طرف سے ندا آئی يَآ اِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا اور بعضون نے کہا ہی کہ خواب مین بھی یہی
معاملے دیکھے تھے بہانا خون کا بیٹے سے نہ دیکھا تھا اور اوس سب کو بجا لائے تصدیق خواب کی حاصل ہوئی اور سوا اسکے اپنی طرف سے
انھون نے سعی کوشش کی ذبح کرنے مین جیسے کہ ذبح کرنے والا کرتا ہی ولیکن اللہ تعالی نے بچایا اونکو جس طرح کہ بچایا اور یہ قدح نہین کرتا ہی
فعل ابراہیم مین اور بعد سننے اوس آواز کے دیکھا کہ جبرئیل ایک دنبہ لائے اور کہا یہ فدا یعنی بدلہ بیٹے تیرے کا ہی اسکو ذبح کر اور بیٹے کو
چھوڑ دے اور وہ دنبہ عظیم الجثہ اور فربہ تھا اور یہی سنت ہی قربانیون مین اور روایت کیا گیا ہی کہ حضرت ابراہیم نے جب ذبح کیا اوسکو کہا
جبرئیل نے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ پھر مذبوح نے یعنی حضرت اسمعیل نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پھر کہا ابراہیم نے اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ
الْحَمْدُ پس باقی رہی یہ سنت جانور کے ذبح کرنے مین اور دلیل پکڑی ہی ابو حنیفہ نے ساتھ اس آیت کے اوس شخص کے حق مین کہ
نذر کرے ساتھ ذبح کرنے فرزند اپنے کے یہ کہ لازم آتا ہی اوسکو ذبح کرنا بکری کا اور ابن عباس سے منقول ہی کہ یہ دنبہ وہ تھا کہ تقرب الی اللہ کے لیے
اوسکو ہابیل نے کہ جو بیٹے تھے حضرت آدم کے پس قبول کیا گیا اون سے اور وہ جنت مین چرتا تھا یہان تک کہ حضرت اسمعیل کے بدلے مین دیا گیا اور اگر
اسمعیل ذبح کیے جاتے تو ہوتا بیٹے کا ذبح کرنا سنت اور ذبح کیا کرتے لوگ اپنے بیٹون کو انتہی پس اوس بچے کو منحر مین لا کر ذبح کیا اور منقول

اکثر مفسرون کے چالیس برس وہ دنبہ جنت مین چرا تھا اور بزرگ جثہ تھا اسلیے اوسکو عظیم کہا گیا اس سبب سے عظیم کہا کہ خدا کے پاس سے آیا تھا یا اس سبب سے کہا کہ ثواب عظیم ملا اوسکے ذبح کرنے سے اور یہ بھی روایت کیا گیا ہی کہ جب ابراہیم عم نے وہ خواب دیکھا تو شیطان نے بصورت مرد کے حضرت اسمعیل عم کی مان کے پاس آکر کہا جانتی ہی تو کہ تیرے بیٹے کو کہان لیے جاتا ہی ابراہیم اونکی مان نے کہا کہ لکڑیون کے لانے کے لیے لیے جاتا ہی شیطان نے کہا قسم خدا کی ذبح کرنے کے لیے لیے جاتا ہی اونکی مان نے کہا کہ ابراہیم اوسکو دوست رکھتا ہی ایسا کام نہ کریگا شیطان نے کہا ابراہیم گمان رکھتا ہی کہ یہ حکم خدا کا ہی اونکی مان نے کہا اگر حکم خدا کا ہی تو اطاعت اوسکی بہت ہی خوب ہی شیطان اوس سے مایوس ہوکر باہر آیا اور اسمعیل عم کے پاس آکر کہا کہ جانتا ہی تو کہ باپ تیرا تجکو کہان لیے جاتا ہی اسمعیل عم نے کہا لکڑیون کے لانے کے لیے جاتا ہون مین شیطان نے کہا نہ قسم خدا کی ذبح کرنے کے لیے لیے جاتا ہی ابراہیم جب اسمعیل عم نے کہا کیا سبب ہی شیطان نے کہا کہ ابراہیم یہ گمان رکھتا ہی کہ خدا نے اسکا حکم کیا ہی اسمعیل عم نے کہا اگر اسی طرح ہی سمع وطاعت ہی یعنی جی جان سے مانا مینے حکم اوسکا شیطان اونسے بھی مایوس ہوکر ابراہیم کے پاس آیا اور کہا ای شیخ کہان جاتا ہی تو ابراہیم عم نے کہا کہ ایک کام کے لیے جاتا ہون مین شیطان نے کہا کہ جانتا ہون مین کہ شیطان نے خواب مین تجکو حکم کیا ہی کہ اپنے بیٹے کو ذبح کرے تو ابراہیم عم نے کہا دور ہو ای دشمن خدا کے کہ یہ حکم خدا سے باز نہین رہنے کے شیطان سب سے مایوس ہوکر نا امید و ذلیل ہوکر پھرا اور آل ابراہیم عم کو حق تعالی نے محفوظ رکھا اور ایک روایت مین آیا ہی کہ شیطان اول بار جمرہ عقبہ کے پاس ابراہیم پر ظاہر ہوا اوسکو سات سنگریزے مارکر ہانکا پھر جمرہ وسطی کے پاس پیش آیا پھر سات سنگریزون سے مارکر ہانکا پھر جمرہ کبری کے پاس پیش آیا پھر سات سنگریزون سے مارکر ہانکا اور وہی سنت قیامت تک جاری ہی کہ حاجی تینون جمرون پر سنگریزے مارتے ہین **مدؔ معا بحر** اور ظاہر تر یہ ہی کہ ذبیح اسمعیل علیہ السلام تھے اور یہ قول ابی بکر اور ابن عباس اور ابن عمر اور ایک جماعت کا تابعین مین سے ہی رضی اللہ عنہم اس سبب فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اَنَا ابْنُ الذَّبِیْحَیْنِ یعنی مین بیٹا دو ذبیحون کا ہون پس ایک تو اونمین سے جد آنحضرت کے اسمعیل تھے اور دوسرے باپ آنحضرت کے عبداللہ اور یہ ذبیح یون کہلائے کہ عبدالمطلب نے نذر مانی تھی کہ اگر میرے ہان دس بیٹے ہونگے تو ذبح کرونگا آخری بیٹے کو تقرنا اور ہوئے عبداللہ آخری اپس اونکے فدیے مین سو اونٹ دیے اور اصمعی سے ہی کہ اونھون نے کہا پوچھا مینے ابو عمرو بن العلا سے حال ذبیح کا اس نے کہا ای اصمعی کہان گئی ہی عقل تیری اسحق کہان تھے مکے مین نہین تھے مکے مین مگر اسمعیل اور انھون ہی نے بنایا خانہ کعبہ اپنے باپ کے ساتھ اور منحر یعنی جگہ ذبح کی مکے مین ہی چنانچہ منقول ہی کہ انکو جو ذبح کرتے کو لٹایا تھا وہ جگہہ نزدیک صخرہ کے تھی کہ جو منا مین ہی اور علی اور ابن مسعود اور عباس اور ایک جماعت تابعین سے ہی رضی اللہ عنہم کہ ذبیح اسحق تھے اور دلالت کرتا ہی اسپر خط یعقوب علیہ السلام کا کہ یوسف کو لکھا تھا اسطرح مِنْ یَعْقُوْبَ اِسْرَآئِیْلَ اللّٰهِ بْنِ اِسْحٰقَ ذَبِیْحِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِ اللّٰهِ **مدؔ** جنکے ذبح کا حکم ہوا تھا وہ اسمعیل عم تھے یا اسحق دونون قول آئے ہین **جلالؔ**

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور چھوڑی سنت ابراہیم پر ثنا نیک پچھلون مین سلام ہو جیو ابراہیم پر اسی طرح یعنی جیسے دی ہمنے ابراہیم کو جزا دیتے ہین ہم نیک کارون کو **فتحؔ**

اور باقی رکھا ہمنے اوسپر پچھلی خلق مین کہ سلام ہی ابراہیم پر ہم یون دیتے ہین بدلا نیکی کرنے والون کو **موؔ**

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

تحقیق ابراہیم بندون ہمارون ایمان والون سے تھا **فتحؔ** وہ ہی ہمارے بندون ایماندار مین **موؔ تنبیہ** سبحان اللہ کے اچھے بندے ایسے ہوتے ہین کہ اوسکے حکم سے جان تک دینے کو حاضر ہوتے ہین ہزاران ہزار آفرین اوس باپ پر اور بیٹے پر اور اوسکی مان پر کہ باپ نے تو وہ کام کیا کہ بہت ہی مشکل ہی ہر کسی سے ہونا اوسکا کہ لخت جگر کو اوسکی راہ مین نثار کرنا ٹھہرایا کون اپنے بیٹے کو اپنے

تنبیہ نافعہ

ہاتھ سے ذبح کرتا ہی پھر بیٹے کا صبر و سعادتمندی دیکھیے کہ کس طرح اونہوں نے اپنا مانا پھر ان کو دیکھیے کہ وہ بھی راضی برضاء حق ہین
پس معنی ایمان کے یہی ہین کہ اللہ کی محبت و حکم کے آگے سبکو ہیچ جانے اور اوسکی راہ مین جان و مال نثار کرے نہ اپنی خواہش کا تابع ہونا اولاد کی
خواہش کا فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پورا مومن نہین ہوتا کوئی تم مین سے یہان تک کہ ہو خواہش نفسانی اوسکی تابع اوس چیز کے
کہ لایا ہون مین اوسکو کہ وہ دین و شریعت ہی اب دیکھا چاہیے کہ ایک تو ایسے بندے تھے کہ ایسا ضرر اپنا قبول رکھا کہ جان تک دینے مین
دریغ نکیا اور ایک ہم نالائق ہین کہ سراسر ہمارے دارین فائدے کی بات ارشاد ہوتی ہی اور ہمین عمل مین لانے مثلاً فرمایا ہی اللہ تعالیٰ نے اِنَّ
الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ یعنی بیشک اسراف کرنے والے بھائی شیطانون کے ہین پس خیال کیا چاہیے کہ شادی
غمی وغیرہ مین اسراف کرکر شیطان کے بھائی بننا قبول اور اسکو ترک کرکر فائدہ دارین حاصل کرنا نہین منظور کیا اولٹی سمجھ ہی ویسے ہی نرا
بھی ہوتے ہین جو ذرہ بھی ذہن لگاویگا اس بات کو سمجھ لیگا **شعر** ہوشیار کو اک حرف نصیحت ہی کفایت ✤ نادان کو کافی نہین دفتر نہ رسالا ✤
پس عاقل کو چاہیے کہ ہر نوع رضاء مولی کو مقدم رکھے اور یہ بات جبھی ہوتی ہی کہ اپنے نفس کو مار کر نال کر دے پھر سب کچھ بن پاتا ہی
اور اپنے مولی کے ہان بڑا رتبہ پاتا ہی **شعر** خاکساری سے کبھی تو در پہ تدبیر ہون ✤ گشتہ ہو کر خاک ہو جاون تو پھر اکسیر ہون ✤

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اور خوشخبری دی ہمنے ابراہیم کو اسحق کی جو نبی ہوگا نیکبختون مین ✤ **فتح** اور خوشخبری دی ہمنے اوسکو اسحق کی جو نبی ہوگا نیکبختون مین ✤ **مو**
تفسیر ✤ معلوم ہوا وہ پہلی خوشخبری اسمٰعیل کی تھی اور سارا قصہ ذبح کا اوسمین پر تھا یہود کہتے ہین ذبح کیا اسحق کو لیکن خلاف ہی
اسحق کی خوشخبری کے ساتھ خبر ہی یعقوب کی یہ پوتا ہوئیگا اور خبر نبی ہونے کی پس اگر حضرت ابراہیم نہ پوچھتے کہ ابھی دونون
باتین ظہور مین نہین آئین ذبح کیونکر ہوگا ✤ **فائدۂ مو** ✤ پس جنھون نے ٹھہرایا ذبیح اسمٰعیل کو اونھون نے یہ معنی کیے کہ بشارت دی ہمنے بعد اس
قصے کے اسحق نبی کے پیدا ہونے کی طاعت کے بدلے اور جنھون نے ذبیح ٹھہرایا ہی اسحق کو کہا اونھون نے کہ بشارت دی ہمنے ابراہیم کو اسحق کی
نبوت کی روایت کی یہ عکرمہ نے ابن عباس سے کہا بشارت دی اسحق کی دوبار ایک تو جب پیدا ہوئے اور ایک جب نبی کیے گئے ✤ **معا** ✤

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ○

اور برکت بھیجی ہمنے ابراہیم پر اور اسحق پر اور اون دونون کی اولاد مین سے بعضے نیک کار ہین اور بعضے ستم کرنے والے آشکارا
ہین اپنے پر ✤ **فتح** اور برکت دی ہمنے اوسپر اور اسحق پر اور دونون کی اولاد مین نیکی والے ہین اور بدکاری ہین اپنے حق مین صریح ✤ **مو**
تفسیر ✤ اور برکت بھیجی الخ یعنی ان دونون پر اوتارین ہمنے برکتین دین دنیا کی اور بعضون نے کہا کہ یہ مراد ہی کہ برکت اوتاری ہمنے
ابراہیم پر اوسکی اولاد مین اور اسحق پر یہ کہ نکالے ہمنے اوسکی پشت سے ہزار نبی اول اونکے یعقوب ہوئے اور آخر اونکے عیسیٰ علیہما السلام
اور نیک کار ہین یعنی مومن اور ستم کرنے والے ہین یعنی کافر ہین یا احسان کرنے والے ہین لوگون پر اور ظالم ہین اپنے نفس پر بسبب
بڑھ جانے کے حدود شرع سے اور اسمین تنبیہ ہی اسپر کہ اچھے اور برون کے افعال اونمین جاری ہوتے ہین بعلاقہ نطفہ اور قرابت کے
پس کبھی جنتے ہین نیک بدون کو اور بدنیکون کو اور تنبیہ ہی اسپر کہ برائی ہونی پچھلون مین نہ گنے گئے عیب نقصان اگلون کے بلکہ آدمی
عیب کیا جاتا ہی بسبب فعل اپنی کے اور عذاب کیا جاتا ہی اوس چیز پر کہ صادر ہوئی اوس سے نہ اوس چیز پر کہ پائی جاوے اصل یا فرع
اوسکی سے ✤ **صل** ✤ یہ دونون کہا دونون بیٹون کو دونون سے بہت اولاد پھیلی اسحق کی اولاد مین نبی گذرے بنی اسرائیل اور اسمعیل کی
اولاد مین عرب جنمین ہمارے پیغمبر ہوئے ✤ **مو** ✤ اوپر فرمایا تھا کہ ہمنے لوگون مین ڈرانے والے یعنی انبیا بھیجے پس دیکھ کہ کیسا انجام ہوا ڈرایے ہوؤن کا
اوسکے بعد حضرت نوح وغیرہ علیہم السلام کا کہ ڈرانے والے تھے اور اونکی امت کا کہ کچھ ڈرائے گئے تھے حال بیان فرمایا اوسی کا تتمہ یہ آگے بیان ہوتا ہی

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝

اور البتہ تحقیق ہمنے احسان کیا موسی اور ہارون پر یعنی بسبب نبوت دینے کے اور نجات دی ہمنے اونکو اور اونکی قوم کو یعنی بنی اسرائیل کو غم بڑے سے ✣ **فتح** ✣ اور ہمنے احسان کیا موسی اور ہارون پر اور بچا دیا اونکو اور اونکی قوم کو اس بڑی گھبراہٹ سے ✣ **مو** ✣ **تفسیر** ✣ کہ غم تھا ڈوب جانے کا یا فرعون اور اوسکی قوم کی ایذا رسانی کا جو غم تھا اوس سے چھڑایا ✣ **مل** ✣

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝

اور مدد دی ہمنے اونکو یعنی موسی اور ہارون اور اونکی قوم کو پس تھے وہ غالب یعنی فرعون پر اور اوسکی قوم پر اور دی ہمنے موسی اور ہارون کو کتاب واضح یعنی توریت کہ اوسمین خوب بیان واضح تھا احکام الٰہی کا ✣ **فتح** ✣ اور اونکی مدد کی تو رہے وہی زبر اور دی اونکو کتاب واضح ✣ **مو** ✣

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

اور دکھلائی ہمنے اونکو راہ سیدھی ✣ **فتح** ✣ اور سوجھائی اونکو سیدھی راہ ✣ **مو** ✣ **تفسیر** ✣ یعنی راہ اہل اسلام کی اور وہ راہ اون لوگون کی ہی کہ انعام کیا اللہ نے اونپر نہ اونکی کہ غضب کیا گیا ہی اونپر اور نہ گمراہون کی ✣ **مل** ✣

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝

اور باقی چھوڑی ہمنے اونپر ثنا نیک پچھلون مین سلام ہو جیو موسی اور ہارون پر ✣ **فتح** ✣ اور باقی رکھا اونپر پچھلی خلق مین کہ سلام ہی موسی اور ہارون پر ✣ **مو** ✣

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

تحقیق ہم ایسے ہی بدلہ دیتے ہین نیک کارون کو تحقیق وہ دونون مومن بندون ہمارے سے ہین ✣ **فتح** ✣ ہم یون دیتے ہین بدلہ نیکی کرنے والون کو وہ دونون ہین ہمارے بندون ایماندار مین ✣ **مو** ✣

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

اور تحقیق الیاس بھیجے ہوؤن مین سے تھا ✣ **فتح** ✣ اور تحقیق الیاس ہی رسولون مین ✣ **مو** ✣ **تفسیر** ✣ بعضون کے نزدیک الیاس وہی ادریس نبی ہین چنانچہ پڑھا ہی ابن مسعودؓ نے وَاِنَّ اِدْرِيْسَ جگہ الیاس کے اور اکثرون کے نزدیک الیاس بیٹے بشیر کے بیٹے فنحاس کے بیٹے عیزار بیٹے ہارون بیٹے عمران کے ہین اور وہ پیغمبر تھے انبیاے بنی اسرائیل مین سے کہ بعد مرنے حزقیل نبی کے اور فساد بنی اسرائیل کے ساتھہ گناہ اور بت پرستی کے خداے تعالی نے الیاس کو بنی اسرائیل پر نبی کرکر بھیجا اور انبیاء بنی اسرائیل مین سے بھیجے جاتے تھے بعد موسی کے تاکہ یاد دلاوین احکام توریت کو کہ بھول گئے تھے بنی اسرائیل اور بنی اسرائیل ہا متے تھے متفرق اور سبب اسکا یہ تھا کہ جب یوشع بن نون نے بعد موسی علیہما السلام کے ولایت شام کو فتح کیا تو اوس ولایت کو بنی اسرائیل پر تقسیم کیا اور ہر سبط کو ایک ایک جگہ بسایا ایک سبط کو اونمین سے شہر بعلبک اور نواحی اوسکے مین اوتارا الیاس اونھین مین سے تھے پس نبی کیا اللہ تعالی نے الیاس کو طرف اونکے اور اون ایام مین بادشاہ اوس گروہ کا اجب نام تھا کہ بت بعل نام کو پوجتا تھا اور اپنی قوم سے جبرا عبادت اوسکی کرواکر اونکو گمراہ کیا تھا اور طول بعل کا بیس گز کا تھا اور چار مونہہ تھے اوسکے اور جب الیاس مبعوث ہوئے تو اونکو خداے تعالی کی عبادت کی طرف بلاتے تھے اور وہ قبول نکرتے تھے مگر بادشاہ کہ ایمان الیاسؑ پر لایا تھا اور الیاسؑ رہنمائی اوسکو کرتے تھے اور اجب جسوقت سفر کو جاتا تو اپنی بیوی مسماۃ ازبیل کو اپنی رعیت پر خلیفہ کرجاتا اور وہ سامنے ہوتی لوگون کے اور اونپر حکمرانی کرتی اور وہ عورت منکر انبیا کی اور کشندہ اونکی تھی یحیی علیہ السلام کو بھی اوسی نے مارا تھا اور اوس عورت کا کاتب تھا ایک مومن حکیم کہ لپیٹے ایمان کو

پوشیدہ رکھتا تھا اوسنے خلاصی دلوائی تھی اوسکے ہاتھ سے تین سو نبیون کو کہ چاہتی تھی وہ قتل کرنا اون ہر ایک کا جب وہ نبی ہوئے تھے
سوا سے اونکے کہ جنکو قتل کیا اور تھی وہ عورت بدکار اور اوسنے سات بادشاہ بنی اسرائیل سے نکاح کرکر ازراہ مکر کے قتل کیا تھا اور تھی وہ
بڑی عمر کی کہتے ہین کہ ستر بچے جنے تھے اور اجب بادشاہ کے ہمسایہ مین ایک مرد صالح مزدکی نام رہتا تھا اور وہ ایک باغیچہ بادشاہ
محل کیطرف رکھتا تھا کہ وہی اوسکی وجہ معاش تھا اوسکی آبادی اور تعمیر اور ترمیم مین مصروف رہتا تھا پس بادشاہ اور بیوی اوسکی اپنے
محل مین بیٹھکر اوپر سے سیر اوس باغچے کی کرتے اور کھاتے اور پیتے اور قیلولہ کرتے دونون اوسمین اور بادشاہ ساتھ اوس مرد سایہ مزدکی
نام کے احسان و مہربانی کرتا اور عورت بادشاہ کی ازبیل نام حسد کرتی تھی اوسپر بسبب اوس باغچے کے اور چاہتی تھی کہ اوسکو مار ڈالے اور
اوسکے باغیچے کو ازراہ غصب کے لے لے اسلیے کہ سنتی تھی لوگون کو کہ بہت کرتے مین ذکر اوسکا اور تعجب کرتے ہین اوسکی آراستگی
وخوبی سے اور بادشاہ اوس ارادے سے اوسکو منع کرتا رہتا تھا اپنے نہین پڑ سکتا تھا اوسپر ہاتھ اوسکا تا آنکہ اتفاق ایک بار بادشاہ کو سفر
دور و دراز درپیش آیا اپنی عورت کو موجب عادت اپنی کے خلیفہ رعیت پر کیا اور آپ سفر کو نکلا بادشاہ کی بیوی نے بادشاہ کے سفر دراز کو غنیمت
جانکر کتنے ایک آدمیون کو مقرر کیا کہ جھوٹی گواہی دین اس بات کی کہ مزدکی نے بادشاہ کو برا کہا ہے اور حکم اوسوقت مین یہ تھا کہ جو کوئی بادشاہ کو
برا کہے اور گواہون سے ثبوت اوسکا ہو تو اوسکو قتل کرتے تھے پس سامنے بلایا اوس عورت نے مزدکی کو اور کہا کہ مجھے خبر پہونچی ہے کہ تو بادشاہ کو
برا کہتا ہے پس انکار کیا مزدکی نے اسکا پس بلائے اوسنے گواہ اور گواہی دی اونھون نے اسپر جھوٹی پس حکم کیا اوسنے اوسکے قتل کا اور
لے لیا باغچہ اوسکا اور جب بادشاہ سفر سے پھر آیا تو اوسکی بیوی نے مزدکی کے قتل کرنے کی خبر دی بادشاہ نے کہا کہ خوب نکیا تو نے فلاح نہین
پاوینگے ہم اپنے مین بسبب حق ہمسائگی کے اوسکے ساتھہ احسان کرتا تھا اور تو نے ایسا معاملہ کیا اوسکی بیوی نے غصے مین آکر کہا کہ بیٹے جب
حکم تیرے کے حکم کیا اور تیرے لیے بدلہ لیا اور تو یہ کہتا ہے اوسنے کہا کہ حق ہمسائگی کا نگاہ رکھا تو نے عورت نے کہا خیر اب تو ہوا جو
کچھہ کہ ہوا حاصل یہ کہ غضب الٰہی بسبب قتل کرنے اوس مظلوم کے جوش مین آیا اور حضرت الیاس کو وحی بھیجی کہ بادشاہ کو اور اوسکی بیوی کو غضب
الٰہی کی خبر بسبب قتل کرنے اوسکے ولی کے پہونچاوین کہ اگر توبہ نکرینگے اور باغچہ مزدکی کا اوسکے وارثون کو نہ پہونچاوینگے تو اجب اور
اوسکی بیوی کو اللہ تعالیٰ مار ڈالیگا اور مردے اونکے اوس باغیچے مین پڑے رہینگے تا آنکہ بدبودار ہوجاوینگے اور گوشت اونکی ہڈیون سے جدا ہوجاوے
اور جب الیاس نے یہ خبر بادشاہ کو پہونچائی تو بادشاہ الیاس پر غصے ہوا پھر کہا ای الیاس قسم خدا کی نہین دیکھتا ہون مین تجکو راہ حق پر تو نہین
بلاتا ہے ہمکو مگر باطل بات پر اور نہین دیکھتا ہون مین فلانے اور فلانے کو نام لیا کتنے بادشاہون کا کہ پوجتے تھے بتون کو مگر کہ ہمارے ہی سے حال پر ہین
پھلتے رہین اور چین کرتے ہین ملک رکھتے ہین نہین ناقص کرتے ہین کچھہ اونکی دنیا مین سے کام اونکے کہ جنکو تو باطل کہتا ہے اور لینے مین ہم کوئی
بزرگی دیکھتے نہین ہین یعنی ہم اونسے بھی زیادہ بزرگ ہین کہ ہم اونکے سے کام چھوڑ دین کہی یہ بات بادشاہ نے اور قصد کیا الیاس کے عذاب
کرنے اور قتل کرنے کا الیاس اوس سے آگاہ ہوکر وہان سے باہر نکل کر بڑے بڑے پہاڑون مین جا چھپے اور بادشاہ بہ بت بعل کو پوجنے لگا
اور الیاس کے تجسس مین پڑا اور الیاس سات برس تک پہاڑون کی گھاٹیون اور غارون مین اوسکے ڈر سے چھپے رہے اور زمین کی
روئیدگیون اور درختون کے پھلون سے قوت بسری کرتے تھے اور بعد سات برس کے امر الٰہی الیاس کے ظاہر ہونے کا پہونچا پس اجب کے
ایک بیٹے کو کہ بہت پیارا تھا اوسکے نزدیک ساری اولاد مین بیمار کیا اسطرح کا کہ اوسکی زندگی سے ناامید ہوئے اور رجوع بعل کے سدنہ یعنی خادمون
کیطرف کی تا شفا اوس لڑکے کی بعل سے چاہین ہر چند اونھون نے دعا و زاری کی کچھہ جواب نپایا اور پہلے لکھے داب و حکایہ تھا کہ چارسو سدنہ
بعل پر مقرر کیے تھے اور اونکو انبیا کہتے تھے اور حق تعالیٰ نے شیطان کو قدرت دی تھی کہ بعل کے اندر داخل ہوکر بولتا تھا اور وہ چارسو سدنہ
اوسکے کلام پر کان رکھکر شیطان کے وسوسون کو سنکر لوگون کو پہونچاتے تھے اور گمراہ کرتے تھے اور اسوقت مین کہ بادشاہ کے بیٹے کی شفا کی

اسی حال کی حق تعالی نے شیطان سے قدرت داخل ہونے کی اندر بعل کے سلب کی کچھ آواز بعل کے اندر سے نہ آئی لوگون نے بادشاہ سے کہا کہ بعل
تیرے غصے ہی کہ جواب نہین دیتا نواح شام مین اور معبود ہین انبیا کو وہان بھیج تو شاید وہ شفاعت کرین بادشاہ نے پوچھا کہ سبب بعل کے
غصے ہونے کا مجہر کیا ہی باوجودیکہ مین اوسکو پوجتا ہون اونھون نے کہا اس سبب سے غصے ہی کہ تو نے الیاس کو قتل نکیا اور قصور کیا اوسکے بات مین
کہ سالم چلا گیا حالانکہ وہ منکر تھا تیرے معبود کا بادشاہ نے کہا کہ مین کیونکر اوسکو قتل کرون کہ مکان اوسکا معلوم نہین اور ہاتھ نہین آتا
اور مین اپنی بیٹے کی بیماری مین مشغول ہون اگر اسکو شفا ہو تو الیاس کو تلاش کرکر مارون مین اور بعل کو راضی کرون پھر بادشاہ نے چار سو انبیا
کو شام کے بتون کی طرف بھیجا تا سوال کرین اونسے یہ کہ شفاعت کرین وہ بادشاہ کی بت سے کہ شفا دے وہ اوسکے بیٹے کو پس گئے وہ یہان تک
کہ جب وہ قریب مکان الیاس کے پونہچے تو اونکو وحی آئی کہ انپر ظاہر ہو کر معارضہ کر اور ڈر نہین کہ مین رعب تیرا اونکے دل مین ڈالونگا اور اونکے شر تجھسے
دفع کرونگا پس الیاس پہاڑ سے اوترے اور اون انبیا سے ملے اور کہا کہ اللہ عزوجل نے بھیجا ہی مجکو تمہاری طرف اور اونکی طرف کہ جو پیچھے تمہارے
ہین پس سنو اے قوم رسالت اپنے رب کی تاکہ پونہچاو تم اپنے صاحب کو پس پھر جاو اوسکی طرف اور کہو کہ خدا فرماتا ہی تمکو اے اجب نہین جانتا تو کہ
معبود حق مین ہون اور میرے سوا کوئی معبود نہین اور مین معبود بنی اسرائیل کا ہون اور خالق اور رازق اور مارنے والا اور جلانے والا اونکا مین ہی ہون
پس جہل اور کم عقلی تمکو بات شرک کی ہوئی ہی اور شفا اپنے بیٹے کی غیر سے میرے ڈھونڈتا ہی تو ایسون سے کہ اپنے نفسون کے لیے بھی مالک کسی چیز کے
نہین مگر جو کچھ چاہون مین وہی ہوتا ہی اور پتھر ہین قسم اپنے نام کی مین تجکو غصے مین لانے والا ہون بیچ مقدمے بیٹے تیرے کے اور مار ڈالونگا اسکو بھی
تاکہ جانے تو کہ کوئی نہین مالک ہی اوسکے سبب کسی چیز کا سوا میرے پس جب انہون نے یہ کلام الیاس کا سنا تو مجال جواب دینے کی اپنے مین نپائی
اور خوفناک ہوکر بادشاہ کے پاس پھر آئے اور کہا اوس سے کہ الیاس اوترا ہی پہاڑ سے اور وہ شخص دبلا اور لنبا ہی اور بال اوسکے بڑھے ہوئے ہین
اور جلد اوسکی پر بال کھڑے ہین اور اوسپر جبہ ہی بالونکا اور کملی اپنے سینے پر ڈالے ہوئے ہی پس جب ملے ہم اوس سے پڑی ہمارے دلون مین ہیبت
اور رعب اوسکا اور بند ہوگئین بانین ہماری اور ہم باوجود اس عدد کثرت کے اوس سے کلام نکر سکے اور جواب نہ دے سکے یہانتک کہ آئے ہم تیرے پاس
پس اجب اپنی زندگی سے بیزار ہوا اور پچاس مکار آدمیون کو مقرر کیا تا مکر و فریب سے الیاس کو اوسکے پاس لاوین اونھون نے پہاڑون مین جاکر
آواز بلند سے کہا کہ اے الیاس ہمپر ظاہر ہو خدا پر اور تجھپر ایمان لائے ہین ہم اور اجب نے اور تمام بنی اسرائیل نے تصدیق تیری کرکر تجکو سلام کہا ہی
اور التجا کی ہی کہ ہمپر صدق کلام تیرا ظاہر ہوا ہمارے درمیان مین آکر ہمکو رہنمائی کرو تو تابعدار تمہارے ہووین اور تمہارے فرمانے پر عمل کرین اور باز رہین
اوس چیز سے کہ منع کرو تم ہمکو اور تمکو یہ لائق نہین ہی کہ ہمارے پاس آنے سے باز رہو باوجود ایمان لانے اور فرمان برداری کرنے ہمارے بیچ
پس آئیے ہمارے پاس اور یہ باتین سب مکر و فریب کی تھین پس جب سنین الیاس نے باتین اونکی تو اونکے دل مین آیا کہ ظاہر ہون اور طمع کی اونکے
ایمان لانے کی اور خوف کیا اللہ کا نہ ظاہر ہونے مین پس الہام کیا الیاس کو اللہ نے کہ توقف کر اور دعا کر تا صدق و کذب اونکا ظاہر ہو پس دعا کی
الیاس نے کہ یا الہی اگر یہ سچے ہین اس کہنے مین تو حکم فرما مجکو ظاہر ہونے کا طرف اونکے اور اگر جھوٹے ہین تو کفایت کر تو مجکو انکے شر سے
اور بھیج اونپر آگ کہ جلاوے اونکو پس ابھی دعا اونکی تمام نہوئی تھی کہ آگ برسی اونکے اوپر اور سے جل گئے وہ سب پس یہ خبر اجب کو اور اوسکی قوم کو پہونچی
پھر بھی باز نہ آیا اپنے ارادہ بد سے اور حیلہ کیا دوبارہ الیاس کے مقدمے مین پس مقرر کی اونکے لیے ایک اور جماعت مانند گنتی پہلون کے اور قوی تر
اونسے اور بڑی حیلہ باز پس آئے وہ یہان تک کہ چڑھے اون پہاڑون کی چوٹیون پر متفرق ہوکر اور آواز دی کہ اے نبی اللہ ہم پناہ مانگتے
ہین ساتھ اللہ کے اور ساتھ تیرے خدا کے غضب و قہر سے بلاشبہ ہم نہین ہین مانند اون لوگون کے کہ آئے تھے تمہارے پاس پہلے ہمارے وہ
منافق تھے اور آئے تھے تمہارے پاس تاکہ مکر کرین ساتھ تیرے بغیر رائے ہماری کے اور اگر جانتے ہم آنا اونکا تو قتل کرتے ہم اونکو اور رد
کرتے تمہاری طرف پس کفایت کی تمکو رب تمہارے نے فریب اونکے سے اور ہلاک کیا اونکو اور بدلہ لیا ہمارا اور تمہارا اونسے پس جب سنی الیاس نے

گفتگو اونکی تو پھر دعا کی پہلی سی پس برسائی اللہ نے اونپر آگ پس جل گئے وہ بھی آخر کو اور تمام اس حالت مین بادشاہ کا بیٹا بلاے
شدید مین تھا اپنی بیماری سے پس جب سنا بادشاہ نے ہلاک ہونا اپنے لوگون کا دوبارہ بہت غضبناک ہوا اور چاہا کہ آپ الیاس کی طلب مین نکلے
لیکن بسبب بیماری بیٹے اپنے کے توقف کیا اور اپنی بیوی کے کاتب کو کہ مومن تھا الیاس کیطرف بھیجا بامید اسکے کہ مانوس ہی اوس سے
الیاس پس اوتر آویگا اوسکے ساتھ اور ظاہر کیا کاتب سے کہ مین ارادہ برا نہین رکھتا ہون الیاس کے ساتھ اور اوس سے اسلیے ظاہر کیا
کہ اطلاع رکھتا تھا اوسکے ایمان کی اور اوسکے ایمان لانے کے سبب سے بادشاہ اوس سے بھی خفا تھا غرضکہ راز اپنا کاتب سے مخفی رکھا بلکہ
اوسپر ایمان لانا اپنا الیاس پر ظاہر کیا اور ایک جماعت رازدانون اپنے کو ہمراہ اوسکے کر دیا تا وہ بوقت ظاہر ہونے الیاس کے اوس مومن کو
زبردستی پکڑ کر لے آوین اور اگر اپنی خوشی سے آوے تو متعرض نہون اور کاتب سے کہا کہ تو جانتا ہی کہ یہ تمام آفتین یعنی بیٹے کا بیمار ہونا
اور تابعین کا جلنا وغیر ذلک بسبب جھٹلانے ہمارے کے اوسکو اور بسبب دعاے بد اوسکی کے پونہچی ہین اگر اور بددعا کریگا تو یہ بچے ہوے
بھی باقی نہین رہنے کے پس جا الیاس کے پاس اور خبر دے اوسکو کہ ہمنے توبہ کی ہی پس آ تو ہمارے پاس کہ ہمکو اچھا نہین معلوم ہوتا ہی
توبہ مین اور رضاے رب کی طلب مین اور بتون کے چھوڑنے مین مگر یہ کہ ہو الیاس ہمارے درمیان مین کہ امر کرے ہمکو اور منع کرے ہمکو اور
خبر دے ہمکو اوس چیز کی کہ راضی ہی اوس سے رب ہمارا اور آپ اور قوم اوسکی بت پرستی سے باز رہے تا کہ کاتب بت پرستی کے ترک کرنے کی خبر
الیاس م کو پونہچاوے اور کاتب سے کہا کہ الیاس کو خبر کر کہ ہمنے چھوڑ دیا ہی اپنے بتون کو کہ جنکو پوجتے تھے اور منتظر ہین کہ تم آکر اپنے ہاتھ سے
بتون کو جلاؤ اور تباہ کرو اور تھا یہ مکر بادشاہ کا پس گیا کاتب اور جماعت ہمراہی یہان تک کہ پونہچے اوس پہاڑ مین کہ جسمین الیاس تھے
پھر پکارا اوسنے الیاس کو پس پہچانی الیاس نے آواز اوسکی اور بیقرار ہوے وہ اوسکے ملنے کے لیے کہ مشتاق رہتے تھے اوسکے ملنے کے
پس وحی بھیجی اللہ نے الیاس کو کہ نکل اپنے بھائی نیکبخت کی طرف اور مل اوس سے اور از سر نو عہد و پیمان لے اوس سے پس نکلے الیاس اوسکی طرف
اور سلام علیک کی اوس سے اور مصافحہ کیا اوس سے اور کہا کہ کیا خبر ہی پس کہا اوس مومن نے الیاس سے کہ بھیجا ہی مجکو تیرے پاس اوس جبار
سرکش نے اور اوسکی قوم نے پھر بیان کیا الیاس سے جو کچھ کہ کہا تھا اونھونے پھر کہا کہ مین ڈرتا ہون اگر تو ہمراہ میرے نچلے گا تو مجکو مار ڈالینگے
وہ اب جو کچھ فرماؤ بجالاؤن مین اگر فرماؤ تو تمھارے ہی پاس رہون اور اگر فرماؤ تو جہاد کرون اونپر اور اگر فرماؤ تو تمھارا پیغام اونکو پونہچاؤن
اور اگر چاہو تو دعا کرو اللہ تعالی سے یہ کہ نجات دے ہمکو اس غم سے حق تعالی نے الیاس کو وحی بھیجی کہ یہ سب مکر اون جھوٹون کا ہی تو تجکو
گرفتار کرین لیکن اگر یہ مرد بغیر تیرے اونکے پاس جاویگا تو اسکو متہم کر کر مار ڈالینگے کہینگے کہ تو اوس سے ملا اور ساتھ نہ لایا معلوم ہوتا ہی
کہ تو ملا ہوا ہی اوس سے پس تو اسکے ساتھ وہان جا ہم اونکے شر سے تجکو بچاوینگے اس طرح کہ اجب کے بیٹے کو اور زیادہ بیمار کرینگے اور لوگونکو
تمھاری خبر بھی نہین رہنے کی اور جب اوسکے بیٹے کو مین مار ڈالونگا تو تو وہان سے نکلیو تا پس الیاس ہمراہ کاتب کے شہر مین آئے اور اوسی وقت مرض
بادشاہ کے بیٹے کا شدید ہوا اور اجب اور لوگ اوسکے اوس لڑکے کے حال مین مشغول ہوے یہان تک کہ اوسکا بیٹا مر گیا اور الیاس اونکے شر سے
محفوظ رہکر پھر پہاڑون کی طرف گئے اور جب اجب اور قوم اوسکی اوس لڑکے کے مرنے کے غم و فکر سے فارغ ہوے اور ہوش مین آئے تو
کاتب سے پوچھا کہ الیاس کہان ہی اوسنے کہا کہ مین نہین جانتا مین تیرے بیٹے کے مرنے مین مشغول رہا اور یہ گمان مجکو تھا ہی کہ تو قید مین اوسکو
رکھیگا بادشاہ چپ ہو رہا اور کاتب سے متعرض نہوا بعد ازان جب ایک مدت گذری الیاس کو پہاڑون مین تو مشتاق لوگون کے دیکھنے کے ہوے
اور پہاڑون سے اوتر کر آئے ایک عورت کے پاس کہ بنی اسرائیل مین کی تھی اور وہ مان تھی یونس بن متی ذی النون کی او چھ مہینے تک اوسکے پاس
چھپے رہے اور یونس اون ایام مین شیرخوار تھے پس وہ عورت الیاس کی بہت خدمتگری تھی لیکن چونکہ الیاس م سیع پہاڑون مین رہ چکے تھے
تنگی مکان اس عورت کے سے بتنگ آکر بعد چھ مہینے کے پھر پہاڑون ہی مین چلے گئے یونس کی ماں الیاس کے فراق مین غمگین رہتی تھی اور تھوڑے

انون نے کہا یونس بیٹا اوسکا مرگیا جسوقت کہ دودھ چھوٹا یا اوسکا پس بڑی مصیبت پڑی اوسپر وہ مصیبت زدہ پہاڑون مین الیاس
کی تلاش کے لیے گئی اور بہت تلاش سے الیاس سے ملاقات کی اور کہا کہ تمہارے بعد بسبب مرنے بیٹے کے بڑی مصیبت مین گرفتار ہوئی مین
اور اوس بیٹا کچھتی نہین ہون سوا ے اوسکے پس رحم کر مجہپر اور دعا کر اپنے رب جل جلالہ سے کہ زندہ کر دے بیٹے میرے کو کہ مینے اب تک اوسکو
دفن نہین کیا ہی چادر اوڑھا کر یونہی چھوڑ آئی ہون پوشیدہ لوگون سے پس کہا اوس سے الیاس نے کہ مجکو اسکا حکم نہین ہی مین تو نہین ہون مگر بندہ
مامور کرتا ہون جو کچھ حکم کرتا ہی مجکو رب میرا پس بہت گریہ وزاری کی اوس نے پس مہربان کیا اللہ نے الیاس کے دل کو اوسپر پس کہا اونھون نے
اوس سے کہ کب مرا ہی بیٹا تیرا اوسنے کہا کہ سات دن ہوئے ہین پس چلے الیاس اوسکے ساتھ اسمین سات دن اور گذر گئے یہان تک کہ پونہچے
اوس عورت کے مکان پر پس پایا اوسکے بیٹے کو مرا ہوا چودان دن کا پس وضو کیا الیاس نے اور نماز پڑھی اور دعا کی پس زندہ کر دیا اللہ تعالی نے
یونس بن متی کو پس جب وہ زندہ ہوکر اوٹھہ بیٹھا تو جلدی سے الیاس اوٹھ کھڑے رہے اوسکو چھوڑکر اور اپنے رہنے کی جگہہ چلے گئے پس جب بہت ہوئی
نافرمانی اونکی قوم کی تو بہت تنگ دل اور غمگین رہتے الیاس بسبب اسکے بعد سات برس کے اللہ تعالی نے وحی بھیجی الیاس کو اسحال مین کہ وہ خوف
مشقت مین بیٹھے کہا اے الیاس تو کیون ایسا غمگین رہتا ہی کیا نہین ہی تو امین میرا وحی پر اور حجت میری زمین میری مین اور برگزیدہ میرا مخلوق میری مین سے
پس مانگ مجسے کچھ دونگا مین تجکو کہ مین صاحب رحمت والا اور بڑے ہی فضل والا ہون کہا الیاس نے کہ امیدوار ہون اسکا کہ مارے تو مجکو اور
ملادے مجکو میرے باپ دادون سے کہ مین ملول ہون بنی اسرائیل سے بہت تنگ کیا ہی اونھون نے مجکو پس وحی بھیجی اللہ تعالی نے الیاس کو کہ یہ دن
ایسا نہین ہی کہ خالی کرون مین تجہسے اور تیرے اہل سے زمین کو آبادی اور آراستگی زمین کی تو بسبب تیرے اور ہم متلون تیرے ہی کے ہی اگرچہ
تم کم ہو پس اور کچھ مانگ دونگا مین تجکو کہا الیاس نے کہ اگر نہین مارتا ہی تو مجکو تو دے مجکو قدرت کہ بدلہ لون بنی اسرائیل سے کہا اللہ عز وجل نے
کہ کیا چاہتا ہی تو کہ دون مین تجکو عرض کیا الیاس نے کہ قدرت دے مجکو آسمان کے خزانون پر سات برس تک کہ نہ ابر آوے اونپر مگر میری دعا سے
اور نہ برسے اونپر ایک بوند مگر میری شفاعت سے کہ وہ تابعدار نہین ہونگے بدون اسکے فرمایا اللہ تعالی نے کہ مین بڑا ہی رحم کرنے والا ہون اپنی
خلق پر ایسی بات کرنے سے اگرچہ ظالم ہون انھون نے چھہ ہی برس کی اجازت چاہی فرمایا کہ مین بہت ہی رحم کرنے والا ہون اپنی خلق پر ایسی
بات کرنے سے پھر کہا چار ہی برس کی اجازت ہو فرمایا کہ مین بڑا ہی رحم کرنے والا ہون اپنی خلق پر ایسی بات کرنے سے ولیکن دیتا ہون مین تجکو
لے تو بمقام تین برس تک گرداننا ہو مین خزانے مینہہ کے تیرے ہاتھہ مین کہا الیاس نے کہ مین کیونکر جیونگا فرمایا کہ مسخر کرونگا تیرے لیے ایک جنس
پرندے کے جانورون مین سے کہ لے آیا کرینگے تیرے لیے کھانا پانی اور زمین سے کہ جہان قحط نہوگا کہا الیاس نے کہ راضی ہوا مین پس روکا اللہ تعالی نے
مینہہ یہان تک کہ ہلاک ہو گئے مواشی اور جانور سواری کے اور درندے اور درخت اور لوگ بڑی ہی مشقت مین پڑے اور الیاس اپنی حالت
اصلی پر خوش باخوش رہتے تھے چھپے ہوئے اپنی قوم سے رزق ملتا تھا انکو جہان ہوتے تھے اور اونکی قوم کو یہ معلوم ہوگیا تھا پس جب بو روٹی کی
کسیکے گھر مین آتی تھی تو کہتے تھے کہ داخل ہوئے ہین الیاس اس مکان مین پس تلاش کرتے تھے الیاس کو پس پہونچتی تھی اوس گھر والون کو اونسے
برائی کہا ابن عباس نے کہ تین برس تک بنی اسرائیل قحط مین گرفتار رہے پس گذرے الیاس ایک بڑھیا پر پس کہا اوسکو کہ کیا تیرے پاس
طعام ہی اوسنے کہا کہ ہان کچھ آٹا ہی اور تھوڑا سا زیت پس دعا کی الیاس نے اوسکے لیے اور دعا کی اوسمین برکت ہونے کی اور ہاتھہ پھیرا اوسپر
یہان تک کہ بھر گئی تھیلی اوسکی آٹے سے اور بھر گئی مشک اوسکی زیت سے پس جب دیکھا لوگون نے یہ تو پوچھا کہ کہان سے آیا تیرے پاس یہ اوس
بڑھیا نے کہا کہ گذرا تھا مجپر ایک شخص کہ حال اوسکا ایسا ایسا تھا پس بیان کیا اوس عورت نے حال اونکا کہ اونکی دعا کی برکت سے یہ ہوا پس پہچانا
لوگون نے اوسکو اور کہا کہ یہ الیاس تھا پس تلاش کیا الیاس کو اور پایا اونکو پس بھاگے اونسے پھر آئے ایک عورت کے گھر مین کہ بنی اسرائیل
مین کی تھی اور بیٹا اوسکا الیسع بن خطوب بیمار تھا انھون نے اوسکے لیے دعا کی اور اوسنے صحت پائی اور تابع الیاس کا ہوا پس ایمان لایا اونپر

اور تصدیق کی انکی اور ساتھ ہولئے انکے اور الیاس بڈہے تھے اور الیسع جوان پھر اللہ تعالی نے وحی بھیجی الیاس کو کہ تونے بہت مخلوق
بےگناہ میری قسم چارپایون اور پرندون سے بسبب نہ برسنے مینہہ کے ہلاک کی پس لوگ کہتے ہین قسم خدا کی کہ الیاس نے کہا ای رب میرے چھوڑ مجکو کہ
مین ہی دعا کرون اونکے لیے اور آگاہ کرون مین اونکو کہ تم جو بلا مین پڑرہے تھے اوس سے نجات ہوئی تمکو شاید کہ وہ باز آوین بت پرستی سے
پس حکم ہوا کہ ہان اچھا پس آئے الیاس بنی اسرائیل کے پاس اور کہا کہ تم ہلاک ہوئے مارے بھوک و مشقت کے اور ہلاک ہوئے چارپائے اور
پرندے اور درندے اور درخت بسبب خطاؤن تمہاری کے اور تم باطل پر ہو اگر چاہو کہ حقیقت اسکی معلوم کرو تو لیجاؤ اپنے بتون کو باہر نکالو اور
اونسے مینہہ مانگو اگر برسا دین تو تم حق پر ہو اور اگر نہ جانو کہ باطل پر ہو اوس سے باز آؤ اور مین خدا سے دعا کرون کہ بلا تمہاری دور کرے
اونھون نے کہا کہ انصاف کی بات کہی تو نے پس نکلے اونھون نے بت اپنے اور دعا مانگی اونسے پس نہ دور ہوئی اونسے وہ بلا کہ جسمین
گرفتار تھے پھر کہا اونھون نے الیاس سے کہ ہم ہلاک ہوئے پس دعا کرو اللہ سے ہمارے لیے پس دعا مانگی اونکے لیے الیاس نے اور لوگ بیٹھے خوش خوش
پس آیا ایک ابر مانند سپر کے پشت دریا پر اور وہ دیکھتے تھے پس آیا ابر اونکی جانب اور گھیر لیا آسمان کے کنارون کو پھر برسایا اونپر اللہ نے
مینہہ اور سرسبز و آباد ہوئے شہر اونکے پس جب دور کی اللہ نے اونسے وہ بلا تو توڑا اونھون نے عہد اور نہ چھوڑا کفر اور اوس سے بھی بدتر
حال پر ہوئے پس جب دیکھا یہ الیاس نے تو دعا کی اپنے رب عز و جل سے کہ اونکے غم سے فارغ کر وحی آئی کہ فلانے دن فلانی جگہہ باہر نکل اور جو کچھہ
سامنے آوے تیرے اوسپر سوار ہونا اور ڈرنا نہین اوس سے پس روز موعود مین ہو الیاس اور الیسع جگہہ وعدے کی مین گئے تو اونکے سامنے سے آیا
ایک گھوڑا آگ کا اور بعضون نے کہا کہ رنگ اوسکا مانند رنگ آگ کے تھا یہان تک کہ ٹھہر آگئے اونکے پس پھلانگ مارکر چڑھے اوسپر الیاس اور
وہ گھوڑا الیاس کو لیکر روانہ ہوا الیسع نے آواز دی کہ ای الیاس مجکو کیا فرماتا ہی پس پھینکی الیاس نے الیسع کی طرف چادر یا کملی اپنے اوپر کی
جانب سے پس ہوئی یہ علامت خلیفہ کرنے اونکے کی بنی اسرائیل پر پس اخیر ملاقات انکی یہ تھی اور اوٹھا یا اللہ تعالی نے الیاس کو اونمین سے اور
قطع کی اونسے لذت کھانے اور پینے کی اور پہنایا اونکو لباس اچھا زینت کا پس ہوئے الیاس انسان فرشتہ صفت زمین کے رہنے والے کہ
آسمان والون مین ملے اور مسلط کیا اللہ نے اجب بادشاہ پر اور اوسکی قوم پر دشمن اونکا پس قصد کیا اونکے قتل کا اس طرح کہ نہ خبر ہوئی
اونکو یہان تک کہ گھیر ا اونکو پس اجب بادشاہ اور اوسکی بیوی ازبیل کو قتل کیا مزدکی کے باغچے مین اور مردے مردار اونکے وہان
پڑے رہے یہان تک کہ سڑگل گئے گوشت اونکے اور پوسیدہ ہوگئین ہڈیان اونکی بحسب وعدہ الٰہی کے پھر حق تعالی نے الیسع کو پیغمبر اوس قوم کا
کر کے بھیجا اور وحی بھیجی اونکو اور تائید اونکی کی اور بنی اسرائیل اونپر ایمان لائے اور تعظیم اور اتباع اونکا کرتے تھے اور حکم خدا اونمین
جاری تھا یہان تک کہ الگ ہوئے اونسے الیسع اور روایت کیا گیا ہی کہ الیاس اور خضر روزے رمضان کے بیت المقدس مین رکھتے ہین اور
ہر سال موسم حج مین آتے ہین اور بعضون نے کہا کہ الیاس متعین ہین جنگلون پر اور خضر دریاؤن پر + **معا** +

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ○ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ○

جب کہا الیاس نے اپنی قوم کو کہ آیا پرہیزگاری نہین کرتے ہو تم کیا پوجتے ہو بعل کو اور بعل نام ایک بت کا ہی اور چھوڑ دیتے ہو بہترین پیدا
کرنے والون کو + **فتح** + جب کہا اپنی قوم کو کیا تمکو ڈر نہین کیا تم پکارتے ہو بعل کو اور چھوڑتے ہو بہترین بنانے والے کو + **موضح** +
تفسیر + بعل نام بت کا ہی کہ سونے کا تھا کہا قتادہ نے کہ بعل لغت یمن مین رب کو کہتے ہین اور اونکے شہر کا نام تھا بک پھر مرکب
کیا گیا اور ہوا بعلبک نام شہر کا اور وہ شام کے شہرون مین سے ہی اور کہا گیا ہی کہ الیاس متعین ہین جنگلون پر جیسے کہ متعین ہین خضر
دریاؤن پر اور حسن بصری کہتے ہین کہ وفات پائی الیاس اور خضر نے اور ہم نہین کہتے ہین جو کچھہ کہ کہتے ہین لوگ بلکہ وہ دونون
زندہ ہین آور چھوڑ دیتے ہو الخ یعنی ترک کرتے ہو عبادت اوس اللہ کی کہ وہ بہتر ہی سب اندازہ کرنے والون سے + **مد** + **معلم** +

اَللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ○ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ○ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ○

ترک کرتے ہو خدا کو کہ پروردگار تمہارا ہی اور پروردگار باپون پہلے تمہارے کا پس جھٹلایا اوسکو پس تحقیق وہ جماعت حاضر کی جاوینگی یعنی دوزخ مین مگر بندے اللہ کے خالص کیے گئے یعنی اونکی قوم سے + **فتح** + جو اللہ ہی رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادونکا پھر اوسکو جھٹلایا سو وہ پکڑے آتے ہین۔ مگر جو بندے ہین اللہ کے چنے + **مو** +

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ○ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور چھوڑی ہمنے الیاس پر ثنا نیک پچھلون مین سلام ہوجیو الیاس پر تحقیق اسی طرح جزا دیتے ہین نیکی کرنے والون کو تحقیق وہ تھا بندون ہمارے ایمان والون سے + **فتح** + اور باقی رکھا اوسپر پچھلی خلق مین کہ سلام ہی الیاس پر + **مو** + **تفسیر** + الیاسین یعنی الیاس اور قوم اوسکی مؤمن یہ ہی مانند قول اونکے کے الخبیبون یعنی آیا حبیب عبد اللہ بن زبیر اور قوم اوسکی اور شامی اور نافع نے آلِ یاسین بھی پڑھا ہی اسلیے کہ یاسین حضرت الیاس کے باپ کا نام ہی پس اضافت کیا گیا طرف اوسکے لفظ آل کا + **صل** +

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ○ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ○

اور تحقیق لوط البتہ پیغمبرون سے تھا یاد کر جسوقت نجات دی ہمنے اوسکو اور اہل خانہ اوسکے کو سبکو مگر ایک بوڑھیا کہ تھی پیچھے رہنے والون سے + **فتح** + اور تحقیق لوط ہی رسولون مین جب بچا دیا ہمنے اوسکو اور اوسکے گھر والونکو سارے مگر ایک بوڑھیا رہ گئی رہنے والون مین + **مو** +

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ○ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ○ وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

پھر ہلاک کیا ہمنے اورون کو اور تحقیق تم یعنی ای اہل مکہ گذرتے ہو اوپر مکانون اوس قوم کے صبح کیوقت اور رات کو بھی کیا پس نہین سمجھتے تم + **فتح** + پھر اوکھاڑ مارا ہمنے دوسرون کو اور تم گذرتے ہو اونپر صبح کیوقت اور رات کو پھر کیا نہین بوجھتے + **مو** + **تفسیر** + قوم لوط کی بستیان اولٹی ہوئی نظر آتی تھین شام کی راہ مین سو فرماتے ہین کہ تم جو تجارت کو شام کی طرف جاتے ہو اور راہ مین قوم لوط کے مکانون پر گذرتے ہو تم مین اتنی سمجھ نہین کہ اونکو دیکھکر عبرت پکڑو کہ اللہ و رسول کی نافرمانی نے یہ درجہ اونکا پہونچایا مبادا اس نافرمانی سے ہمارا بھی یہی حال ہو اور نہ ختم کیا قصۂ لوط اور یونس علیہما السلام کو ساتھ سلام کے جیسے کہ ختم کیا ان دونون کے پہلے انبیا کے قصون کو اسلیے کہ اللہ تعالی نے سلام بھیجا سب رسولون پر آخر سورت مین کہ فرمایا وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ پس اکتفا کیا ساتھ اوسکے ذکر کرنے ہر ایک کے سے علحدہ ساتھ سلام کے + **مو** + **صل** + **تنبیہ** + مقصود ان قصون کے بیان کرنے سے یہ ہی کہ غور کرین لوگ اس مین کہ اللہ اور رسول کی نافرمانی سے دنیا مین یہ کچھ تباہی پڑتی ہی اور آخرت کی خرابی کا جو کچھ وعدہ ہی بلاشبہہ وہ بھی ہونے والا ہی پس بہر نوع اللہ و رسول کی فرمان برداری ملحوظ رکھین تا دین و دنیا مین چین کرین اور درجے عالی پاوین اور یہ بھی ان قصون سے خصوصا صاحب بادشاہ کے قصے سے معلوم ہوا کہ نفسانیت اور حب جاہ اور حب دنیا باعث نافرمانی کی ہوتی تھی اسی لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَعْدٰى عَدُوِّكَ بَيْنَ جَنْبَيْكَ یعنی تیرا بڑے دشمنون کا دشمن تیرے دونون پہلوون کے درمیان مین ہی یعنی نفس اور فرمایا حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ یعنی محبت دنیا کی سرہی تمام گناہونکا اور یہ بھی فرمایا حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ یعنی دوست رکھنا تیرا ایک چیز کو اندھا اور بہرا کر دیتا ہی پس اس نفس کو مارے اور حب دنیا اور حب جاہ دل سے نکالے تو فرمان برداری اللہ و رسول کی بنیاد ہے والا اس دنیا کی محبت مین اندھا بہرا ہو گیا نہ حق بات دیکھیگا اور نہ سنیگا + **بیت** + جسکو دنیا کے علائق مین پھنسا دیکھتا ہی + خواہ مخواہ اوسکو زمین بیچ دھنسا دیکھتا ہی +

ف قولہ اللہ ربکم بنصب الکل عن غیر ابی بکر والکسائی وقرا ... ابن الحسن وغیرہم بالرفع علی الابتداء ۱۲ ف الیاس کو الیاسین بھی کہتے ہین جیسے طور سینا اور طور سینین ۱۲ **مو**

[illegible]

وَاِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ○ اِذْ اَبَقَ اِلَی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ ○ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِیْمٌ ○

اور تحقیق یونس تھا رسولون سے جب بھاگا طرف کشتی بھری ہوئی کے پس قرعہ ڈالا ساتھ اہل کشتی کے پس ہوا مغلوبون سے یعنی بسبب قرعے کے پس نگل گئی اوسکو مچھلی اور وہ کرنے والا تھا ایک کام کہ موجب ملامت کا ہو ❊ **فتح** ❊ اور تحقیق یونس ہی رسولون مین جب بھاگ کر پونہچا اوس بھری کشتی پر پھر قرعہ ڈلوایا تو ہوگیا الزام کھایا پھر لقمہ کیا اوسکو مچھلی نے اور وہ اولاہنا کھایا تھا ❊ **موضح** ❊ **تفسیر** ❊ وہ کام موجب ملامت کا یہ ہوا کہ سے گئے دریا کی طرف اور بیٹھے کشتی مین بغیر اذن رب اپنے کے اور یا یہ معنی ہین وهو ملیم کہ وہ ملامت کرنے والا تھا اپنے نفس کو کہ کیون بھاگا مین قصہ مفصل انکا تو سورۂ یونس مین مذکور ہی اور مجمل یہ ہی کہ حق تعالی نے حضرت یونس کو موصل سے نینوا کو بھیجا ابلاغ رسالت کے لیے اونکی قوم نے جھٹلایا اونکو پس اللہ تعالی نے وحی بھیجی اونکو کہ مین عذاب بھیجنے والا ہون اونپر فلانے فلانے دن پس نکل تو انکے بیچ مین سے پس آگاہ کیا یونس نے اپنی قوم کو ساتھ آنے عذاب کے اونپر بحسب وعدہ الٰہی کے پس کہا اونھون نے یعنی آپس مین کہ دیکھتے رہو یونس کو پس اگر وہ نکلا تم مین سے تو قسم خدا کی ہونے والا ہوگا جو کچھ کہ وعدہ کیا ہی تمسے پس جب ہوئی وہ رات کہ وعدہ عذاب کا کیا تھا اوسکی صبح مین تو پچھلی رات سے یونس اپنی قوم مین سے پوشیدہ نکل کھڑے رہے اور قوم نے کچھ آثار عذاب کے دیکھے پس ڈرے اور نکلے چھوٹے بڑے اپنی بستی سے جنگل کی طرف اور جدا کیے جانور اونکے بچون سے اور عورتون کو بھی جدا کیا اونکے بچون سے اور نالہ و زاری کی اللہ تعالی سے اور ایمان لائے پس دور گذر کیا اللہ تعالی نے اون سے اور منتظر رہے یونس الگ جنگل مین گانون اور گانون والون کی خبر کے لیے یہان تک کہ ایک شخص گانون والون مین سے گذرا پس پوچھا یونس نے حال گانون والونکا اوسنے سلا ماجرا کہا پس کہا یونس نے نہین جاتی نہین جاتا اونکے پاس لیکن تنہا اونسے وہ چلکو اور متوجہ دریا کی طرف ہوئے کشتی پر کہ لوگون سے بھری ہوئی تھی سوار ہوئے پس کشتی دریا مین ٹھہر گئی اور چکر کھانے لگی ملاحون نے کہا کہ ہماری کشتی مین کوئی غلام ہی مالک سے بھاگا ہوا کہ کشتی روانہ نہین ہوتی ہی اور اونکے گمان مین یہ بات ٹھہری تھی کہ کشتی مین جو غلام بھاگا ہوا ہوتا ہی تو کشتی نہین چلتی ہی پس یونس نے کہا کہ غلام بھاگا ہوا اپنے مالک سے مین ہون اونھون نے کہا حاشا کہ تو غلام ہو نشانی صلاحیت اور آزادگی کی تیری پیشانی مین ظاہر ہی حضرت یونس نے تکرار کی آخر کو قرعہ ڈالا ٹھہرا تین بار ہر ایک کے نام کا قرعہ ڈالا تینون بار مین یونس ہی کا نام نکلا اور معمول اونکا یہ تھا کہ بھاگے ہوئے غلام کو دریا مین ڈالدیتے تھے پس چاہا کہ یونس ع کو دریا مین ڈالین حق تعالی نے ایک مچھلی کو حکم کیا کہ مونہہ کھولکر کشتی کے سامنے جا اوسی وقت وہ آن موجود ہوئی ملاح دوسری طرف ونکو لے گئے وہ مچھلی بھی وہین جا موجود ہوئی یونس علیہ السلام نے کملی سر پر کھینچکر اپنے تئین مچھلی کے پیٹ مین ڈالدیا مچھلی اونکو نگل گئی پھر مچھلی کو حکم الٰہی پونہچا کہ یونس کو ہمنے تیری خوراک نہین کیا ہی تیرا پیٹ فقط قیدخانہ اسکا ہی چاہیے کہ کچھ ایذا اسکو نہ پونہچے مچھلی نے انکو اپنے پیٹ مین اس طرح محفوظ رکھا جیسے ماں بچے کو رکھتی ہی اور سر پانی سے باہر کر کر چلتی تھی تا یونس کا دم نہ رکے چالیس روز تک اوس کے پیٹ مین رہے اور مچھلی ساتون دریاؤن مین پھرتی تھی اور یونس دریا کے عجائب غرائب دیکھتے تھے اور ذکر الٰہی مین مشغول تھے اور حق تعالی نے مچھلی کے گوشت و پوست کو مانند آئینے کے کردیا تھا کہ مانع کسی چیز کے دیکھنے سے نہون اور انکے قصے مین یہ بھی روایت کیا گیا کہ جب یہ دریا کے پاس پونہچے تو انکے ساتھ انکی بیوی اور دو بیٹے بھی تھے پس آئی ایک کشتی اور چاہا انھون نے سوار ہونا اوسمین پس پہلے اپنی بیوی کو بٹھایا تو آپ بعد اونکے سوار ہون کہ حائل ہوئی موج درمیان مین انکے اور کشتی کے اور کشتی چل کھڑی رہی پھر ایک اور موج آئی وہ انکے بڑے بیٹے کو لے گئی اور بھیڑیا آیا وہ چھوٹے بیٹے کو لے گیا پس تنہا رہ گئے پھر آئی ایک اور کشتی اوسپر سوار ہوکر الگ قوم سے بیٹھے پس کشتی ٹھہر گئی اور ہوا جو کچھ کہ ہوا ❊ **معالم** ❊ **بحر** ❊ **مدارک** ❊ **درمنثور** ❊

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝

پس اگر نہ ہوتی یہ بات کہ ہوا وہ تسبیح کرنے والون سے تو البتہ رہتا وہ بیچ پیٹ مچھلی کے اوس وقت تک کہ اوٹھلائے جاوینگے مردے + فتح پھر اگر نہوتا کہ وہ تھا یاد کرتا پاک ذات کو تو رہتا اوسکے پیٹ مین جسدن تک مردے جیوین + موضح تفسیر + تسبیح کرنے والون سے یعنی یاد کرنے والون سے اللہ کو بہت ساتھ تسبیح کے یا کہنے والون سے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کو مچھلی کے پیٹ مین یا شکر کرنے والون سے یا عبادت کرنے والون سے یا نماز پڑھنے والون سے پہلے اسکے ابن عباس سے منقول ہی کہ ہر تسبیح قرآن مین بمعنی صلوٰۃ یعنی نماز کے ہی اور کہتے ہین کہ بلاشبہ عمل صالح اوٹھاتا ہی اپنے صاحب کو یعنی کرنے والے کو جبکہ گرتا ہی البتہ رہتا الخ ظاہر یہ ہی کہ رہتے زندہ مچھلی کے پیٹ مین قیامت تک اور قتادہ سے ہی کہ ہوتا پیٹ مچھلی کا قبر اونکے لیے روز قیامت تک اور رہے یونس مچھلی کے پیٹ مین تین دن یا سات دن یا بیس دن یا چالیس دن اور شعبی سے ہی کہ نگلا اونکو مچھلی نے اول روز مین اور اوگلا اونکو اخیر روز مین + مدارک معالم +

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ۝ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۝

پس ڈالدیا ہمنے اوسکو زمین بن گھانس والی مین اور وہ بیمار تھا اور اوگایا ہمنے اوسپر ایک درخت کدو کی قسم سے + فتح + پھر ڈالدیا ہمنے اوسکو چٹیل میدان مین اور وہ بیمار تھا اور اوگایا ہمنے اوسپر ایک درخت بیل کا + موضح تفسیر + عراء کہتے ہین اوس زمین کو کہ نہ جسمین درخت ہو اور نہ مکان اور نہ گھانس اور وہ بیمار تھا یعنی بسبب صدمے کے کہ پہنچا مچھلی کے نگلنے سے آیا ہی کہ بدن اونکا ایسا ہوگیا تھا جیسا کہ بچے کا ہوتا ہی وقت پیدا ہونے کے اور بعضون نے کہا مانند پرند جانور کے بچے کے کہ بوٹی سا ہوتا ہی بن پر کا اور یقطین کے معنون مین اختلاف ہی حسن بصری اور مقاتل نے کہا کہ بیلدار درخت کو کہتے ہین مانند درخت کدو اور کھیرے اور خربزہ اور تربوز کے اور جمہور مفسرین کے نزدیک یہ ہی کہ یقطین کدو کو کہتے ہین اور وہ کدو کا درخت چھانون کے لیے پیدا ہوا کہ اوسکے سایے مین وہ آرام پاوین اور تھا وہ تنہ دار برخلاف یہان کے کدو کی بیل کے اور یہ معجزہ ہوا اونکے لیے اور فائدہ اوس سے یہ تھا کہ مکھی اوسکے پاس نہین جمع ہوتی اور جلدی اوگتا ہی اور بڑھتا ہی اور کسی نے آنحضرت صلعم سے عرض کیا کہ آپ دوست رکھتے ہین قرع یعنی کدو کو فرمایا ہان یہ درخت ہی میرے بھائی یونس کا غرضکہ یہ کنارۂ دریا پر چٹیل میدان مین پڑے پھر اللہ تعالی نے اپنی عنایت سے کدو کے درخت کا سایہ کیا اور پہاڑ کی بکری صبح و شام انکو دودھ پلا جاتی تھی یہان تک کہ سخت ہوا گوشت انکا اور جمے بال اور قوی ہوئے یہ پس ایک روز جو یہ سوکر اوٹھے تو دیکھا کہ وہ درخت خشک ہوگیا تھا پس بہت غم ہوا انکو اور دھوپ سے تکلیف پونہچی پس یہ رونے لگے پس بھیجا اللہ تعالی نے جبرئیل کو اور کہا کہ غمگین ہوتا ہی تو ایک درخت کے خشک ہونے پر اور نہین غم کرتا لاکھ آدمیون پر اپنی امت سے حالانکہ وہ مسلمان ہوئے اور توبہ کی اور بعضی روایت مین یون ہی کہ روتا ہی تو ایک درخت کے ہلاک ہونے پر اور نہین روتا لاکھ آدمیون کے ہلاک ہونے پر ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب چاہا اللہ تعالی نے قید کرنا یونس کا مچھلی کے پیٹ مین تو حکم بھیجا اللہ تعالی نے مچھلی کو کہ لے انکو اور نہ چھیلنا تو گوشت اسکا اور نہ توڑنا تو اسکی ہڈی پس مچھلی نے لیا انکو پھر قصد کیا ساتھ انکے طرف رہنے کی جگہہ اپنی کے پس جبکہ پونہچی دریا کی تہ مین تو سنی یونس نے ایک آہٹ پس کہا انھون نے اپنے جی مین کہ کیا ہی یہ پس وحی بھیجی اللہ تعالی نے انکو مچھلی کے پیٹ مین کہ یہ تسبیح زمین کے جانورون کی ہی پس تسبیح کرنے لگے یہ بھی مچھلی کے پیٹ مین اور اور روایت مین ابن مسعود سے آیا ہی کہ انھون نے دریا کی تہ پر پہونچ کر سنی تسبیح سنگریزون کی پس پکارے تاریکیون مین یہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کہا ابن مسعود نے کہ ایک تاریکی مچھلی کے پیٹ کی تھی اور ایک تاریکی دریا کی اور ایک تاریکی رات کی انتہی پھر تقدیر ملائکہ نے تسبیح انکی سنکر عرض کیا کہ ای رب ہمارے ہم سنتے ہین ایک آواز ضعیف زمین غربت یعنی مسافرت مین فرمایا کہ یہ بندہ میرا یونس ہی

نافرمانی کی ہیری پس قید کیا یعنے اسکو مچھلی کے پیٹ مین بیچ دریا کے عرض کیا ملائکہ نے کہ وہ بندہ ایسا صالح ہی کہ چڑھتے تھے
تیرے ہر روز اسکے عمل صالح پس سفارش کی ملائکہ نے انکی اوسوقت پس حکم ہوا مچھلی کو انکے اُگلنے کا پس اُگل دیا انکو کنارۂ دریا پر اور ضحاک
بن قیس سے روایت ہی کہ کہا یاد کرو اللہ کو نرمی و فراغت مین یاد رکھیگا تمکو اللہ شدت مین اسلیے کہ یونس تھے بندے صالح یاد کرنے والے
اللہ کے پس جب پڑے مچھلی کے پیٹ مین تو فرمایا اللہ تعالی نے فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى
يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ اور فرعون تھا بندہ سرکش بھولنے والا اللہ کی یاد کا پس جب وہ ڈوبنے لگا تو کہا اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَاۗءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ پس کہا گیا اوسکو آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ
مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ حاصل یہ کہ عین اوسوقت کا یاد کرنا اور ایمان لانا اوسکا کچھ مفید نہوا بسبب غفلت و بدذاتی پہلی کے اور
حضرت یونس ع جو حالت چین مین بھی اللہ تعالی کو یاد رکھتے تھے اونکا سختی کے وقت بھی بیڑا پار ہوا بسبب یاد و اطاعت پہلی کے
اور ابن ابی حاتم اور حاکم نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین نقل کیا حسن بصری سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ
مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ کہا یونس ع بہت نماز پڑھا کرتے تھے حالت نرمی مین پس جبکہ مچھلی کے پیٹ مین پڑے تو گمان کیا انھون نے
کہ موت ہی پس ہلائے دونون پانون اپنے پس وہ ہلنے لگے پس سجدہ کیا اور کہا ای رب ٹھہرائی مینے تیرے لیے جگہہ سجدے کی
ایسی جگہہ مین کہ نہین سجدہ کیا کسینے اوسمین ٭ **معالم ٭ در منثور ٭ تنبیہ** ٭ مجالس الابرار کی اکتالیسوین مجلس مین کہ
سب بلاؤن کے اوترنے کی اور سبب اونکے دفع کی قسم توبہ اور دعاؤن سے جو لکھی ہین ازانجملہ یہ بھی لکھا ہی کہ ایسیہی تسبیح روکتی ہی بلا کے واقع
ہونے کو اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی کعب احبار سے کہ اونھون نے کہا سبحان اللہ کہنا روکتا ہی عذاب کو اور دلالت کرتا ہی اوسپر قول اللہ تعالی کا
یونس نبی علیہ السلام کے حق مین فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ اور تھی تسبیح اونکی
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ جیسے کہ بیان فرمایا اللہ تعالی نے فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ
اِلَّآ اَنْتَ الخ پھر اللہ تعالی نے اوسکے بعد فرمایا فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـــجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ یعنی جب آپ
اس تسبیح کے ساتھ توجہ کی ہماری طرف اور عجز و زاری اور دعا کی تو قبول کی ہمنے دعا اوسکی اور نجات دی ہمنے اوسکو غم سے اور اسی طرح
نجات دیتے ہین ہم مومنون کو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی کوئی غمگین کہ دعا کرے ساتھ اس دعا کے مگر کہ قبول کیجاتی ہی
دعا اوسکی لیے آور اور روایت مین آیا ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھ ایک چیز کے کہ جب اوترے تمھارے کسی پر سختی
یا بلا اور دعا کرے ساتھ اوسکے تو دور کرے اللہ تعالی اوس سے بلا و سختی عرض کیا صحابہ نے کہ ہان یا رسول اللہ فرمائیے فرمایا دعا ذی النون کی
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اور ذکر کیا گیا ہی بعض صالحین سے کہ بہت بڑی چیز دفع بلا کے لیے
بہت درود بھیجنا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اس سے بچتا ہی خوف کی چیزون سے اور بڑے درجون کو پہونچتا ہی چنانچہ دلالت کرتی ہی اسپر
حدیث ابی بن کعب کی کہ ایک شخص نے التزام اسکا کیا کہ اپنے تمام وقت دعا کو حضرت کے درود مین صرف کرونگا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے اب تیرے سب غم و فکرون کو یعنی دین و دنیا کے اللہ تعالی کفایت کریگا اور بخشے گا گناہ تیرے اور حاصل یہ ہی کہ جب بلا متوجہ ہووے
تو شروع یہ ہی کہ مشغول ہو ساتھ توبہ اور استغفار کے اور ایسے کامون کے کرنے سے کہ دفع کیجاتے اونسے بلا کہ وہ اعمال نیک ہین اور
تقوی موجب فرمانے اللہ تعالی کے وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ پس اللہ تعالی نے
بیان فرمایا اس آیت مین کہ جو اللہ تعالی سے ڈرتا ہی پرہیز کرنے نہ کرنے کی چیزون مین تو گردانتا ہی اللہ تعالی اوسکے لیے جگہہ نکلنے کی اوپر خلاصی
کی غمون دنیا اور آخرت کے سے اور روایت کیا گیا ہی کہ فرمایا آنحضرت نے کہ مین البتہ جانتا ہون ایک آیت کہ اگر عمل کرین لوگ [illegible] کفایت

اونکو وہ یہ ہی وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ الخ پس بار بار حضرتؐ اسکو پڑھتے تھے اور منقول ہی کہ جب عوف بن مالک اشجعی کے بیٹے کو کہ سالم اوسکا
نام تھا کفار نے قید کیا تو عوفؓ نے حضرتؐ کی خدمت بابرکت مین حاضر ہو کر یہ ماجرا عرض کیا اور شکوہ کیا اپنے فقر و فاقہ کا پس فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِتَّقِ اللّٰہَ وَاَکْثِرْ قَوْلَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ یعنی ڈر اللہ سے اور
بچ گناہون سے اور بہت کہتا رہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ پس کیا اونھون نے ایسا ہی پس وہ اپنے
گھر مین بیٹھے تھے کہ ناگہان گھس آیا اوسکا بیٹا دروازہ اور اوسکے ساتھ سو اونٹ تھے دشمن اوس سے غافل ہو گئے تھے
یہ ہانک کر لے آئے پس جانا گیا اس سبب سے کہ بڑی چیز دفع بلا کے لیے ہر بھلائی اور طاعت ہی اور مشغول ہونا گناہون اور ممنوع چیزون مین
سبب ہی اوترنے بلا کا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا نہین ہوتی ہی بندیکو سختی و مصیبت تھوڑی اور نہ بہت مگر بسبب گناہ کے اور جو کچھ کہ عفو کرتا ہی
اللہ تعالیٰ اوس سے بہت ہی پھر پڑھی یہ آیت وَمَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ ۝ یعنی جو کچھ
پہونچتی ہی تمکو مصیبت پس تمھارے ہاتھہ کا کیا ہی اور درگذر کرتا ہی بہت سے گناہون سے پس آنحضرتؐ نے بیان کیا اس حدیث مین کہ بندے کو
نہین پہونچتی ہی مشقت دنیا مین مگر بسبب گناہ کے کہ صادر ہوتا ہی اوس سے اور ہوتی ہی مصیبت کہ لاحق ہوئی ہی اوسکو دنیا مین کفارہ اوسکے
گناہ کی اور جو گناہ کہ اللہ تعالیٰ عفو کرتا ہی بغیر بدلہ دینے کے دنیا مین اور آخرت مین وہ بہت ہین اس سے اور کہا علی کرم اللہ وجہہ نے کہ مومن
کے لیے اللہ کے نزدیک پانچ طرح کے عذاب ہین اول تو مرض ہی پھر مصیبتین پس اگر گناہ اوسکے زیادہ ہوئے اس سے تو عذاب کیا جاویگا قبر مین
پھر اگر اوس سے بھی زیادہ ہوئے تو روکا جاویگا پل صراط پر پھر اگر اس سے بھی زیادہ ہوئے تو عذاب کیا جاویگا جہنم مین بقدر گناہون اپنے کے پھر نکالا جاویگا اوس سے
بسبب توحید کے اگر توحید اوسکی صحیح ہوگی اور اگر توحید اوسکی صحیح نہین ہوگی تو نہین نکالا جاویگا اوس سے بلکہ باقی رہیگا اوسمین ابد الآباد کو عیاذاً باللہ منہ

وَاَرْسَلْنٰہُ اِلٰی مِائَۃِ اَلْفٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ ۝ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰھُمْ اِلٰی حِیْنٍ ۝

اور بھیجا ہمنے اوسکو طرف لاکھہ کے یا زیادہ ہون اس سے پس ایمان لائے پس بہرہ مند کیا ہمنے اونکو ایک وقت تک ✝ **فتح** ✝ اور بھیجا اوسکو
لاکھہ آدمیون پر یا زیادہ پھر وہ یقین لائے پھر ہمنے اونکو برتنے دیا ایک وقت تک ✝ **مو** ✝ **تفسین** ✝ یعنی اگر عاقل بالغ گنتے تو لاکھہ تھے
اور اگر سبکو شامل گنتے تو زیادہ تھے یہ اللہ کو شک نہین ✝ **مو** ✝ اور بھیجا ہمنے اوسکو طرف لاکھہ کے مراد اس سے قوم اونکی ہی کہ جنکی طرف
مبعوث ہوئے تھے پہلے مچھلی کے نگلنے کے یا زیادہ ہون یعنی دیکھنے والے کی نظر مین یعنی جب دیکھتا اونکو کوئی دیکھنے والا تو کہتا کہ وہ لاکھہ ہین
یا زیادہ اور کہا زجاج نے کہ کہا اکثرون نے کہ او بمعنی بل کے ہی یعنی لاکھہ سے بلکہ زیادہ یعنی بیس یا تیس یا ستر ہزار پس ایمان لائے یونسؑ
پر اور اوس چیز پر کہ بھیجے گئے ساتھہ اوسکے وہی قوم جن سے بھاگے تھے انپر ایمان لا رہی تھی ڈھونڈھتی تھی کہ پہونچا اونکو بڑی خوشی
ہوئی پس بہرہ مند کیا ہمنے یعنی باقی رکھا ہمنے اونکو اسحال مین کہ فائدہ اوٹھاتے تھے اپنے مال و منال اور آل و اولاد سے ایک وقت تک یعنی وقت
موت تک ✝ **مل** ✝ **مو** ✝ یہ بھیجنا یونسؑ کا اہل نینوی کی طرف زمین موصل سے پہلے جانے سے مچھلی کے پیٹ مین ہی اور بعضے بعد
اوسکے اور بعضے یہ بھیجنا اور قوم کی طرف ہی پس ایمان لائے یعنی وہ کہ جنکی طرف بھیجے گئے تھے یونس ایمان لائے بعد دیکھنے
عذاب کے اور جب اونکو خبر یونسؑ کے آنے کی پہونچی تو بادشاہ تمام قوم کے ساتھہ اونکے استقبال کے لیے نکلا ✝ **بحر** ✝ **معا** ✝

فَاسْتَفْتِھِمْ اَلِرَبِّکَ الْبَنٰتُ وَلَھُمُ الْبَنُوْنَ ۝ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِکَۃَ اِنَاثًا وَّھُمْ شٰھِدُوْنَ ۝

پس استفسار کر مشرکون سے کیا واسطے رب تیرے کے بیٹیان ہین اور واسطے اونکے بیٹے کیا پیدا کیا ہی ہمنے فرشتون کو اور وہ
حاضر تھے ✝ **فتح** ✝ اب انسے پوچھہ کیا تیرے رب کے ہان بیٹیان اور انکے ہان بیٹے یا ہمنے بنایا فرشتون کو عورت اور یہ دیکھتے تھے ✝ **مو** ✝
تفسین ✝ یہ عطف کیا گیا ہی اوپر مثل اپنے کے اول سورت مین یعنی اوپر فاستفتھم اھم اشد خلقا کے اگرچہ بہت ہی فاصلہ درمیان معطوف

معطوف علیہ کے حکم کیا اپنے رسول کو کہ پہلے پوچھین قریش سے وجہ انکار کرنے بعث کی پھر جاری کیا کلام بعض بعض سے لگا ہوا پھر حکم فرمایا کہ پوچھین اونسے وجہ اس تقسیم بری کی کہ اپنے لیے تو بیٹے ٹھہرا رکھے ہین خوش ہوتے ہین اونکے ہونے سے اور اللہ کے لیے بیٹیان ٹھہرا رکھی ہین کہتے ہین ملائکہ بیٹیان اللہ کی ہین باوجودیکہ اپنے لیے بیٹیون کے ہونے کو نہایت برا جانتے ہین اور بیزار ہوتے ہین اونکے ذکر کرنے سے اور وہ حاضر تھے وقت پیدا کرنے ہمارے کے کہ یہ کہتے ہین معنی اسکے یہ ہین کہ یہ کہتے ہین یہ بات خاطر جمعی سے بسبب نہایت جہل اپنے کے گویا کہ یہ حاضر تھے وقت پیدا کرنے اونکے کے + مل +

أَلَا إِنَّهُم مِّنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ۝ وَلَدَ اللّٰهُ وَإِنَّهُمْ لَكٰذِبُونَ ۝

آگاہ ہو تحقیق یہ اپنی دروغ گوئی سے کہتے ہین کہ جنا ہی اللہ نے اور بلاشبہہ یہ جھوٹے ہین یعنی اس کہنے مین + فتح + سنتا ہی یہ اپنا جھوٹھ بنایا کہتے ہین کہ اللہ کے اولاد ہوئی اور یہ بیشک جھوٹے ہین + مو +

أَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى الْبَنِينَ ۝ مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝

کیا اختیار کیا بیٹیون کو بیٹون پر کیا ہی تمکو کیونکر حکم کرتے ہو یعنی یہ حکم فاسد کیا اندیشہ نہین کرتے تم یعنی وہ پاک ہی فرزند سے + فتح + کیا پسند کین بیٹیان بیٹون سے کیا ہوا ہی تمکو کیسا انصاف کرتے ہو کیا تم دھیان نہین کرتے + مو +

أَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِينٌ ۝ فَأْتُوا بِكِتٰبِكُمْ إِن كُنتُمْ صٰدِقِينَ ۝

کیا تمھارے لیے کوئی دلیل ہی ظاہر پس لاؤ تم کتاب اپنی اگر ہو تم سچے + فتح + یا تم پاس کوئی سند ہی کھلی تو لاؤ اپنی کتاب اگر ہو تم سچے + مو + تفسین + یعنی اگر تمپر کوئی دلیل اوتری ہی آسمان سے اس بات کی کہ فرشتے اللہ کی بیٹیان ہین تو لاؤ تو سہی اپنی کتاب جو اوتری ہی تمپر اگر تم سچے ہو اپنے اس دعوے مین + مل +

وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ۝ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِينَ ۝

اور مقرر کیا کافرونے درمیان خدا تعالی کے اور درمیان جنون کے ناتا اور تحقیق جانتے ہین جن کہ وہ البتہ حاضر کیے جاوینگے یعنی حساب و عذاب کے لیے پاکی ہی خدا کو اوس چیز سے کہ بیان کرتے ہین مگر بندے خالص کیے ہوئے خدا کے یعنی بیان مخلصون کا موافق واقع کے ہی + فتح + اور ٹھہرایا ہی اومین اور جنون مین ناتا اور جنون کو معلوم ہی کہ وہ پکڑے آتے ہین اللہ نرالا ہی ان باتون سے جو بتاتے ہین مگر جو بندے ہین اللہ کے چنے + مو + تفسین + مراد جنون سے ملائکہ ہین بسبب اجتنان یعنی پوشیدہ ہونے اونکے کے لوگون کی نظرون سے ناتا کہ کہتے ہین ملائکہ بیٹیان اللہ کی ہین اور کہتے تھے وہ کہ اللہ تعالی نے نکاح کیا جنیہ سے پس پیدا ہوئے اوسکے ملائکہ اور مجوس کہتے تھے کہ خدا تعالی اور شیاطین بھائی ہین حق تعالی نے یہ آیتین اوتار کر اونکے قولون کو رد فرمایا اور جانتے ہین جن یعنی ملائکہ کہ جنھونے کہی ہی یہ بات وہ البتہ حاضر کیے جاوینگے دوزخ مین پاکی ہی خدا کو الخ پاکی بیان کی اپنی ذات پاک کی اولاد وجورو سے اور الا عباد اللہ المخلصین کے دو معنی ہین ایک تو یہ مخلصین نجات پاوینگے آگ جہنم سے اور دوسرے معنی یہ ہین کہ یہ کفار تو اوسکے حق مین ایسا کچھ بیان کرتے ہین ولیکن مخلص بیزار ہین ایسی بات کے بیان کرنے سے + جلا + مل + بحر +

فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ۝ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِينَ ۝ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ۝

پس تحقیق تم اے کافرون اور جو کچھ کہ پوجتے ہو یعنی بت نہین ہو تم سب گمراہ کرنے والے واسطے عبادت اوس معبود باطل کے مگر اوس شخص کو کہ وہ جلنے والا دوزخ کا ہی علم الہی مین + فتح + سو تم اور جنکو تم پوجتے ہو اوسکے ہاتھ سے بہکا نہین لے سکتے مگر اوسی کو

جو بیٹھنا ہی آگ مین + مو تفسین یعنی تم انسان اور تمہارے جن شیطان بے مرضی اللہ کے گمراہ نہین کر سکتے مگر وہی ہوگا جسکو اوسنے دوزخی لکھ دیا ہی + مو بس تحقیق تم ای اہل مکہ اور معبود تمہارے نہین تم اور وہ سب اللہ پر گمراہ کرنے والے مگر اونکو کہ جانے والے ہین دوزخ مین یعنی نہین گمراہ کر سکتے تم کسیکو مگر اون دوزخیون کو کہ سبقت ہو چکی ہی علم آلہی مین کہ وہ بسبب اعمال بد اپنے کے لائق داخل ہونے دوزخ کے ہونگے آور کہا حسن نے کہ بس تم ای کہنے والون اصحاب کے اور وہ بت کہ پوجتے ہو تم اونکو نہین ہو تم اوپر عبادت بتون کے گمراہ کرنے والے کسیکو مگر اونکو کہ مقدر ہی اونکے لیے کہ داخل ہونگے دوزخ مین آور بعضون نے کہا کہ نہین تم گمراہ کرنے والے مگر اوسکو کہ واجب کی گئی ہی اوسپر گمراہی تقدیر آلہی مین + مل

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ○ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ○ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ○

فرشتون نے کہا اور نہین ہر کوئی ہم مین سے مگر اوسکے لیے جا ہی معین اور تحقیق ہم صف باندھنے والے ہین اور تحقیق ہم تسبیح کہنے والے ہین + فتح + اور ہم مین جو ہی اوسکو ایک ٹھکانا ہی مقرر اور ہم جو ہین ہم ہی ہین قطار باندھنے والے اور ہم جو ہین ہم ہی ہین پاکی بولنے والے + مو تفسین یہان سے اللہ تعالی نے فرشتون کی زبان سے فرمایا جیسے دعائین فرمائی ہین آدمیون کی زبان سے ٹھکانا مقرر یعنی اپنی حد ہی اوس سے آگے بڑھنا نہین یہ اسپر فرمایا کہ کافر کہتے فرشتے اللہ کی بیٹیان ہین جنون کی عورتون سے پیدا ہوئیان سو جنون کو اپنا حال معلوم ہی اور فرشتے یون کہتے ہین + مو جا ہی معین ہی یعنی عبادت مین نہین تجاوز کرتا اوس سے اور صف باندھنے والے ہین یعنی قدم برابر برابر کرکر کھڑے ہوتے ہین ہم نماز مین یا صف باندھ کر کھڑے رہتے ہین ہم گرد عرش کے دعا کرتے ہوئے مومنون کے لیے آور ہم تسبیح کہنے والے ہین یعنی پاکی سے یاد کرتے ہین اوسکو یا نماز پڑھنے والے ہین آور وجہ یعنی اولی یہ ہی کہ ہو یہ اور ما قبل اسکا یعنی آیت سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوْنَ سے کلام ملائکہ کا تاکہ متصل ہو ساتھ ذکر اونکے کے بیچ قول اللہ تعالی کے وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ گویا کہ کہا گیا کہ تحقیق جانا ملائکہ نے اور گواہی دی اونھون نے کہ مشرکون نے افترا کیا ہمپر بیچ نسبت کرنے کے طرف رب العزت کے اور کہا اونھون نے سبحان اللہ یس پاکی بیان کی اللہ کی اس سے اور استثنا کیا اللہ کے مخلص بندون کو اور مبرا کیا اونکو شرک کے کرنے سے اور کہا اونھون نے واسطے کافرون کے کہ تم اور معبود تمہارے نہین قدرت رکھتے ہو یہ کہ فتنے مین ڈالو اللہ پر کسیکو اوسکی مخلوق مین سے اور گمراہ کرو اوسکو مگر جو پہلا دوزخ سے اور کیونکر نسبت ہو ہمکو رب العزت کے ساتھ ہم تو نہین ہین مگر غلام ذلیل اوسکے آگے واسطے ہر ایک کے ہم مین سے مقام معلوم ہی طاعت کے لیے نہین ٹل سکتا ہی اوس سے مارے عظمت اوسکی کے اور عاجزی اپنی کے اور ہم برابر جمائے ہوئے ہین قدم اپنے اوسکی عبادت کے لیے تسبیح کرتے ہین اوسکی بزرگی بیان کرتے ہین اوسکی جیسے کہ واجب ہی بندون پر واسطے رب اونکے کے آور بعضون نے کہا کہ یہ قول ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا یعنی اور نہین ہی مسلمانون مین سے کوئی مگر کہ اوسکے لیے مقام معلوم ہوگا دن قیامت کے بقدر عمل اوسکے استنباط کی یہ بات اللہ تعالی کے اس قول سے عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○ پھر ذکر کیے اعمال اونکے کہ وہ ایستے ہین کہ صفین باندھکر کھڑے رہتے ہین نماز مین اور پاکی بیان کرتے ہین اللہ کی نامناسب چیزون سے + مل جبرئیل کہتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہین ہی کوئی ہم مین سے یعنی گروہ ملائکہ سے مگر کہ اوسکے لیے مقام معلوم ہی آسمانون مین عبادت کرتا ہی اللہ کی اوسمین کہا ابن عباس رضی نے کہ نہین ہی آسمانون مین جگہہ ایک بالشت کی مگر کہ اوسمین ہی فرشتہ نماز پڑھتا اور تسبیح کرتا آور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چرچر بولتا ہی آسمان اور لائق ہی اوسکو یہ کہ چرچر بولے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے قبضہ قدرت مین ہی نہین ہی آسمان مین جگہہ چار انگشت کی مگر کہ فرشتہ رکھے ہوئے ہی پیشانی اپنی سجدہ کر رہا ہی اللہ کو کہا سدی نے مگر کہ اوسکے لیے مقام معلوم ہی کہ عبادت کرتا ہی اللہ کی اوسپر مانند خوف اور حیا اور محبت اور رضا کے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک روز اپنے ہمنشینون سے کہ آواز کرتا ہی آسمان یعنی چرچر بولتا ہی جیسے

زمین نے چرچرکیا بولتا ہی سوار کے بوجھ سے اور لائق ہی اوسکے لیے یہ کہ آواز کرے نہیں اوسمین جگہہ ایک قدم کی مگر گرا ہی ہو فرشتہ
رکوع کرتا یا سجدہ کرتا پھر پڑھی آنحضرتؐ نے یہ آیت وَاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ قتادہ سے روایت ہی
کہ کہا نماز پڑھتے تھے مرد اور عورت اکھٹے یہانتک کہ نازل ہوئی یہ آیت وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ پس آگے رہنے لگے
مرد اور پیچھے رہنے لگین عورتین زید بن مالک سے روایت ہی کہ کہا نماز پڑھتے تھے لوگ متفرق پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَاِنَّا
لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ پس حکم کیا اونکو یہ کہ صف باندھا کرین حضرت عمر بن الخطاب کا معمول تھا کہ جب قائم کی جاتی تھی نماز فرماتے برابر ہو
آگے بڑھ اے فلانے تو پیچھے ہٹ اے فلانے سیدھی کرو صفین اپنی چاہتا ہی اللہ کہ تم ملائکہ کا طریق برتو پھر پڑھتے حضرت عمر وَاِنَّا لَنَحْنُ
الصَّآفُّوْنَ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ○ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا نہین صف باندھتے ہو تم جیسے کہ صف باندھتے ہین فرشتے نزدیک
پروردگار اپنے کے عرض کیا ہم نے کیونکر صف باندھتے ہین فرشتے اپنے پروردگار کے نزدیک فرمایا کہ تمام کرتے ہین اگلی صفین اور جھکر کھڑے رہتے ہین صفون مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فضیلت دیے گئے ہین ہم لوگون پر یعنی اگلی امتون پر تین باتون مین مقرر کی گئین صفین ہماری مانند صفون ملائکہ کے یعنی فضیلت و ثواب مین
اور مقرر کی گئی ہمارے لیے زمین مسجد اور ٹھہرائی گئی خاک اوسکی ہمارے لیے پاک کرنے والی جبکہ نہ پاوین ہم پانی انس سے روایت ہی کہ کہا فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے برابری کرو تم اپنی صفون مین اور جھکر کھڑے رہو پس مین دیکھتا ہون تمکو اپنے پیچھے سے بھی کہا انس نے
کہ تحقیق دیکھا مینے ایک اپنے کو کہ ملائے رکھتا تھا مونڈھا اپنا ساتھ مونڈھے یار اپنے کے اور قدم اپنا ساتھ قدم اوسکے کے کہا نعمان
بن بشیر نے کہ دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سیدھا کرتے تھے صفون کو جیسے کہ سیدھے ہوتے ہین تیر پس دیکھا ایکدن مینے ایک شخص کا
نکلا ہوا صف سے پس فرمایا کہ سیدھا کرو اپنی صفون کو والا مخالفت ڈالیگا اللہ درمیان ذاتون تمہاری کے کہا ابن مسعودؓ نے کہ چھوتے تھے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم مونڈھے ہمارے نماز مین یعنی جب نماز کو کھڑے ہوتے اور فرماتے برابر کھڑے رہو اور آگے پیچھے نکھڑے رہو پس مختلف ہونگے
دل تمہارے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سیدھا کرو اپنی صفون کو اسلیے کہ تحقیق نماز کی خوبی سے ہی سیدھا کرنا صف کا اور فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے بند کیا فرجہ صف مین بلند کریگا اللہ تعالیٰ بسبب اوسکے درجہ اوسکا اور بناویگا اوسکے لیے گھر جنت مین
اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خوش ہوتا ہی اللہ تعالیٰ تین طرح کے لوگون کو دیکھکر ایک تو اوس قوم کو دیکھکر کہ صف باندھتے ہین نماز مین
اور دوسرے اوس شخص کو دیکھکر کہ لڑتا ہی پیچھے یارون اپنے کے یعنی جہاد مین اور لوگ تو بھاگ گئے اور یہ اونکے پیچھے کفار سے لڑتا رہا اور تیسرے
اوس شخص کو دیکھکر کہ کھڑا ہوتا ہی تاریکی رات کی مین یعنی تہجد پڑھنے کو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ برابر کرو اپنی صفون کو اور لمبے کرو
رکوع و سجود اپنے ابی صالح سے روایت ہی کہ کہا جب اوتری یہ آیت اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ تا قول
اوسکے کے عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ کہا جبرئیلؑ نے کہ کیا دشوار ہوا یعنی بہت قیام کرنا رات کا تمپر فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ہان کہا جبرئیل نے
وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ + **معا+ در منثور** +

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ○ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ○ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ○
فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ○

اور تحقیق کافر عرب کے کہتے تھے کہ اگر ہوتا ہمارے پاس ذکر اگلوں کا البتہ ہوتے ہم بندے خالص کیے ہوئے خدا کے پھر کافر ہوئے ساتھ اوس
قرآن کے پس جان لینگے انجام کار کو + **فتح** + اور یہ تو کہتے تھے اگر ہم پاس احوال ہوتا پہلے لوگون کا تو ہم ہوتے بندے اللہ کے چنے سو اوس
منکر ہوگئے اب آگے جان لینگے + **مو+ تفسیر** + یعنی مشرکین قریش پہلے مبعوث ہونے آنحضرت علیہ السلام کے کہتے تھے کہ اگر ہمارے
پاس ہوتی کوئی کتاب امتون گذشتہ کی کتابون مین سے تو البتہ خالص کرتے ہم عبادت اللہ کی اور نہ جھٹلاتے ہم جیسے کہ اونہون نے جھٹلایا اور نہ خلاف کرتے ہم

جیسے کہ اونھون نے خلاف کیا پھر جب آیا اون پاس قرآن کہ وہ سردار اور معجز ہی سب کتابون مین تو نمانا اوسکو سو جان لینگے سزا اسکی + مل +

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ۝ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ۝ وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ۝

اور تحقیق پہلے صادر ہوا وعدہ ہمارا واسطے بندون ہمارے پیغمبرون کے کہ تحقیق پیغمبر ہمارے وہی ہین مدد دیے گئے اور تحقیق لشکر ہمارے وہی ہین غالب + فتح + اور پہلے ہو چکا ہمارا حکم اپنے بندون کے حق مین جو رسول ہین بیشک وہین کو مدد ہونی ہی اور ہمارا لشکر جو ہی بیشک وہی زبر ہی + مو + تفسیر + یعنی وعدہ ہو چکا ہی ہمارا کہ رسولون کا بول بالا ہوگا اور غلبہ ہوگا اونکا اونکے دشمنون پر گفتگو مین اور لڑائی مین بیچ دنیا کے اور بڑا رتبہ ہوگا اونکا آخرت مین اور حسن بصری رض سے ہی کہ نہین مغلوب ہوا کوئی نبی لڑائی مین اور ابن عباس رض سے ہی کہ اگر نمدد دیے گئے دنیا مین تو مدد کیے جاوینگے عقبی مین اور حاصل یہ کہ قاعدہ انکے امر کا اور اصل اوسکی اور غالبًا اللہ کی طرف سے یہی ہی کہ مدد انکی ہوتی ہی اگرچہ واقع ہو زوائد امور مین کچھ آزمایش و محنت اور اعتبار غالب ہی کا ہی + مل + پہلے صادر ہوا وعدہ ہمارا ساتھ مدد کرنے کے واسطے بندون ہمارے پیغمبرون کے اور وہ وعدہ یہ ہی لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي یعنی البتہ غالب ہوویگا دین میرا اور رسول میرے اور یا وعدہ یہ ہی إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ اور لشکر ہمارے یعنی مومن وہی غالب ہونگے کفار پر ساتھ دلیل کے اور نصرت کے اونپر دنیا مین اور اگر نہ مدد ہوئی بعضون کی اونمین سے دنیا مین تو آخرت مین ہوگی + جلا +

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ۝ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ۝

پس مونہہ پھیرلے کفار مکہ سے ایک مدت تک اور دیکھہ اونکو پس وہ بھی دیکھینگے + فتح + سو تو انسے پھر یا ایک وقت تک اور انکو دیکھتا رہ کہ آگے دیکھہ لینگے + مو + تفسیر + ایک مدت تک یعنی تھوڑی سی مدت تک اور وہ مدت ہی کہ مہلت دیے گئے اوسمین یا روز بدر تک یا فتح مکہ تک اور دیکھہ اونکو یعنی دیکھتا رہ اوس چیز کو کہ پونہچے اونکو اوسدن پس وہ بھی دیکھینگے اوسکو یا دیکھہ طرف اونکے جسوقت کہ عذاب کیے جاوین پس وہ بھی دیکھینگے اوس چیز کو کہ منکر ہین اوسکے یعنی عذاب یا معلوم کر وا اونکو پس قریب ہی کہ جانینگے + مل + اور دیکھہ تو ای محمد اوترنا عذاب کا انپر پس قریب ہی کہ وہ بھی دیکھینگے اوترنا عذاب کا اپنے پر اور مراد مدت سے موت ہی یا روز بدر یا حکم اونکے قتل کرنے کا اور بعضون کے نزدیک یہ حکم اعراض کا ساتھ آیت قتال کے منسوخ ہی اور کفار نے اس آیت کو سنکر از راہ تمسخر کے کہا کہ یہ عذاب کب ہوگا یہ آیت آگے کی اوتری از راہ تہدید کے + بحر + جلا +

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ۝ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ۝

کیا یہ کافر ہمارے عذاب کو جلدی طلب کرتے ہین پس جب اوتریگا عذاب اونکے میدان مین برا ہوگا روز اون ڈرائے گیون کا + فتح + کیا ہماری آفت شتاب مانگتے ہین پھر جب اوترے گی انکے میدان مین تو بری صبح ہوگی ڈرائے گیون کی + مو + تفسیر + جلدی طلب کرتے ہین یعنی پہلے وقت اوسکے کے اونکے میدان مین کہا فرّا نے کہ عرب اکتفا کرتے ہین ساتھ ذکر کرنے ساحت کے یعنی میدان کے قوم سے یعنی ساحت ذکر کرتے ہین اور قوم مراد ہوتی ہی برا ہوگا روز اون ڈرائے گیون کا یعنی برا ہوگا روز اون کافرون کا کہ ڈرائے گئے ساتھ عذاب کے کہا بعضون نے کہ یہ ہوا روز فتح مکہ کے اور کہا ہی مفسرون نے کہ اکثر عرب مین جو دشمن اپنے دشمن پر دوڑ لاتے تھے تو تمام شب راہ چلکر بوقت صبح کے اونکو غفلت تام مین پاکر قتل و غارت کرتے تھے بسبب کثرت اس کار کے غارت کو صباح کہتے تھے اگرچہ اور وقت مین بھی واقع ہوتی اسلیے حق تعالی نے اس آیت مین تشبیہ دی عذاب کو ساتھ لشکر کے کہ یکایک و سیر ہجوم کرے اور غارت اونکی واقع ہوا انس سے روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ نکلے طرف خیبر کے آئے اوسمین رات کو اور تھے آنحضرت جب آتے کسی قوم پر رات کو تو نہ لڑتے

یہان تک کہ صبح کرتے پس جب صبح ہوئی تو نکلے یہود اپنے بیلچے اور ٹوکرے لیکر پس جب دیکھا اونھون نے آنحضرت کو تو کہا اونھون نے کہ محمد ہین قسم خدا کی اور لشکر اوسکا پس کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَللّٰہُ اَکْبَرُ خَرِبَتْ خَیْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَۃِ قَوْمٍ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ ○ اللہ بہت بڑا ہی خراب ہوا خیبر بلا شبہہ ہم جب اوترتے ہین کسی قوم کے میدان مین تو بُری ہوتی ہی صبح ڈرائے گیون کی ○ **مع** ○ **بحث**

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ○

اور مونہہ پھیرے اونسے ایک مدت تک اور دیکھ پس وہ بھی دیکھ لینگے ○ **فتح** ○ اور پھیر اونسے ایک وقت تک اور دیکھتا رہ اب آگے دیکھ لینگے ○ **مو** ○ **تفسیر** ○ مکرر فرمائی یہ آیت تاکیدًا واسطے تہدید کفار کے اور تسلی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ○ **مجلد** ○

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ ○ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

پاکی ہی تیرے پروردگار صاحب غلبے کو اوس چیز سے کہ یہ جماعت بیان کرتے ہین اور سلام ہو جیو اوپر بھیجے ہوؤن خدا کے اور سب تعریف ہی واسطے خدا پروردگار عالمون کے ○ **فتح** ○ پاک ذات ہی تیرے رب کی عزت کا صاحب پاک ہی ان باتون سے جو کرتے ہین اور سلام ہی رسولون پر اور سب خوبی اللہ کو ہی جو رب سارے جہان کا ○ **مو** ○ **تفسیر** ○ اضافت کیا گیا رب طرف عزت کے واسطے اختصاص اوسکے ساتھ عزت کے گویا کہ کہا گیا ذو العزۃ یعنی صاحب غلبے کا جیسے کہ کہا جاتا ہی صاحب صدق واسطے اختصاص اوسکے ساتھ صدق کے اور جائز ہی کہ یہ مراد ہو کہ نہین ہی کوئی عزت کسیکے لیے مگر کہ وہ رب اوسکا اور مالک اوسکا ہی جیسے کہ فرمایا تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ اوس چیز سے کہ بیان کرتے ہین یعنی اولاد اور بیوی اور شریک اوسکے لیے ثابت کرتے ہین اونسے وہ پاک ہی اور سب رسولون پر سلام بھیجا بعد اسکے کہ بعضون پر علی الخصوص بھیجا اس سورت مین اسلیے کہ بہر خاص کر کر سلام بھیجنے مین دراز گی ہوتی اور تعریف واسطے خدا پروردگار عالمون کے یعنی اوپر ہلاک ہونے دشمنون کے اور مدد ہونے انبیا کے اس سورت مین ذکر ہی اون چیزون کا کہ کہین مشرکون نے اللہ کے حق مین اور نسبت کین اونھون نے طرف اللہ کے وہ چیزین کہ وہ پاک ہی اونسے اور ذکر ہی اون چیزون کا کہ دیکھین رسولون نے کافرون کی جانب سے اور ذکر ہی اسکا کہ دیے گئے انجام کار مین انبیا مدد کفار پر پس ختم کیا اسکو ساتھ ایسی آیتون کے کہ جامع ہین سب مضمونون کے جواب مین کہ پاکی بیان کی اپنی ذات کی اوس چیز سے کہ مشرک بیان کرتے تھے اور سلام بھیجا رسولون پر سبب تکلیف اوٹھانے اونکے کے کفار سے تا اونکی عزت بڑھے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہا اسپر کہ انجام بخیر ہوا انبیا کے لیے ○ **شعر** ○ شکر ایزد کہ بمرادیم رسیدیم بدوست ○ آفرین باد برین ہمت مردانۂ ما ○ اور مراد سکھانا ہی مومنون کو کہ یہ کہا کرین اور خالی نہون اس سے اور غافل نہون اون مضمونون سے کہ قرآن مجید مین سپرد کیے گئے ہین اور حضرت علی رض سے روایت ہی کہ جسکو خوش لگے یہ کہ ماپ لے پیمانہ پورے مین ثواب دن قیامت پس چاہیے کہ ہو آخر کلام اوسکا جسوقت کہ اوٹھے مجلس اپنی سے سُبْحٰنَ رَبِّكَ آخر سورت تک اور روایت کی ابن مردویہ نے طریق ابی العوام سے اونھون نے قتادہ سے اونھون نے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سلام بھیجو مجھپر پس سلام بھیجو رسولون پر اسلیے کہ نہین ہون مین مگر رسولون مین سے کہا ابو العوام نے کہ قتادہ ذکر کرتے تھے اس حدیث کو جسوقت کہ پڑھتے تھے یہ آیتین سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اور روایت کی طبرانی نے ابن عباس رض سے کہ کہا ہین پہچانتے تھے ہم فارغ ہونا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز سے ساتھ کہنے سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ الخ کے ابو سعید روایت کرتے ہین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ جب ارادہ کرتے تھے سلام پھیرنے کا نماز اپنی سے تو کہتے تھے سُبْحٰنَ رَبِّكَ الخ اور یہ بھی ابو سعید سے روایت ہی کہ کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے بعد سلام پھیرنے کے سُبْحٰنَ رَبِّكَ الخ اور زید بن ارقم سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہا پیچھے ہر نماز کے سُبْحٰنَ رَبِّكَ الخ پس تحقیق ماپ لیا پیمانہ پورا ثواب سے اور روایت کی ابن ابی حاتم نے

ع ۵ ۹

۵ یعنی بعد سلام پھیرنے اور فارغ ہونے نماز سے ۱۲

شعبی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے یہ کہ ناپے پیمانہ پورا ثواب سے دن قیامت کے پس چاہیے کہ کہے آخر مجلس اپنی مین جسوقت کہ چاہے اوٹھنا سُبْحٰنَ رَبِّكَ الخ ✚ حل ✚ معاد ✚ منثور ✚ بحر ✚ **تنبیہ** ✚ خلاصہ ساری سورت مبارکہ کا یہ معلوم ہوا کہ جو اللہ و رسول کی فرمانبرداری کرتے ہین دنیا اور آخرت مین نفع اوٹھاتے ہین اور چین و آرام مین رہتے ہین اور طرح بطرح کے انعام و اکرام پاتے ہین اور جو منکر اور نافرمان ہین اللہ و رسول کے دنیا اور آخرت مین تباہ و خراب ہوتے ہین اور یہی مضمون حدیثون سے معلوم ہوتا ہی اونمین سے ایک یہ حدیث ہی کہ عایشہ رض رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہین کہ فرمایا جب ارادہ کریگا اللہ تعالی یہ کہ داخل کرے اہل جنت کو جنت مین تو بھیجے گا اللہ تعالی طرف انکے ایک فرشتے کو اس حال مین کہ اوسکے ساتھ ہدیہ یعنی تحفہ ہوگا اور لباس جنت سے پس جب چاہینگے جنتی داخل ہونا جنت مین تو کہیگا اونسے فرشتہ کہ ٹھہر جاؤ اسلیے کہ میرے پاس ایک ہدیہ ہی رب العلمین کی طرف سے وہ کہینگے کہ کیا ہی وہ ہدیہ فرشتہ کہیگا کہ وہ دس مہری کاغذ ہین لکھا ہوا ہی ایک مین تو سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ یعنی سلام ہی تمپر خوش حال ہوئے تم پس داخل ہو جنت مین ہمیشہ رہو گے اور دوسرے مین لکھا ہوا ہی اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ یعنی داخل ہو اوسمین سلامتی سے با امن اور تیسرے مین لکھا ہوا ہی وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ یعنی اور یہ وہ جنت ہی کہ دی گئی تمکو بسبب اون چیزون کے کہ تھے تم کرتے اور چوتھے مین لکھا ہوا ہی سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ یعنی سلام ہی تمپر یہ ثواب بسبب صبر کرنے تمہارے کے ہی دنیا مین پس اچھا ہی دار آخرت تمہارا اور پانچوین مین ہی اَلْبَسْنٰكُمُ الْحُلَلَ وَالْحُلِيَّ یعنی پہناوینگے ہم تمکو لباس و زیور اور چھٹے مین ہی وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ یعنی نکاح مین دیوینگے ہم اونکے حورین بڑی آنکھون والیان اور ساتوین مین ہی اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا یعنی بات بہشت بدلہ دیا اونکو آج بسبب صبر کرنے کے اور آٹھوین مین ہی صِرْتُمْ شَبَابًا لَا تَهْرَمُوْنَ اَبَدًا یعنی ہوئے تم جوان نہین بڈھے ہونے کے کبھی اور نوین مین لکھا ہی رُفَقَآءُ الْاَنْبِيَآءِ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ یعنی رفیق ہوئے تم انبیا اور شہدا اور صالحین کے اور دسوین مین لکھا ہی كُنْتُمْ فِيْ جِوَارِ الرَّحْمٰنِ ذِي الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ یعنی ہوئے تم بیچ ہمسائگی رحمن صاحب عرش بزرگ کا ہی پھر کہیگا فرشتہ کہ داخل ہو جنت مین پس داخل ہونگے جنت مین اور کہینگے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ یعنی شکر ہی اوس خدا کا کہ لے گیا ہم سے غم بلاشبہہ رب ہمارا البتہ بخشنے والا قدردان ہی تعریف ہی اوس خدا کو کہ سچ کر دکھایا ہمکو وعدہ اپنا اور وارث کیا ہمکو زمین جنت کا رہتے ہین ہم جنت مین جہان چاہتے ہین پس اچھا ہی اجر عمل کرنے والونکا اور جب چاہیگا اللہ تعالی داخل کرنا دوزخیون کو دوزخ مین تو بھیجیگا اللہ تعالی طرف اونکے ایک فرشتے کو کہ اوسکے ساتھ دس کاغذ ہونگے مہری ایک مین تو لکھا ہوگا اُدْخُلُوْا فِيْ جَهَنَّمَ لَا تَمُوْتُوْنَ فِيْهَآ اَبَدًا وَّلَا تَحْيَوْنَ وَلَا تَفْرَحُوْنَ یعنی داخل ہو تم دوزخ مین نہین مروگے تم اسمین اور نہ جیو گے اور نہ خوش ہوؤگے اور دوسرے مین لکھا ہوگا خُوْضُوْا فِي الْعَذَابِ لَا رَاحَةَ لَكُمْ یعنی پیٹھو عذاب مین نہین چین ہی تمہارے لیے اور تیسرے مین لکھا ہوگا يَئِسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ یعنی ناامید ہوئے رحمت خدا سے اور چوتھے مین لکھا ہوگا اُدْخُلُوْا فِي الْغَمِّ وَالْهَمِّ وَالْحُزْنِ اَبَدًا یعنی داخل ہو بیچ غم اور فکر و اندوہ کے ہمیشہ کو اور پانچوین مین لکھا ہوگا لِبَاسُكُمُ النَّارُ وَدِثَارُكُمُ النَّارُ وَطَعَامُكُمْ وَشَرَابُكُمُ النَّارُ وَغَوَاشِيْكُمُ النَّارُ یعنی لباس تمہارا آگ ہی اور بچھونا تمہارا آگ اور کھانا اور پینا تمہارا آگ ہی اور اوڑھنا تمہارا آگ ہی اور چھٹے مین ہوگا هٰذَا جَزَآؤُكُمُ الْيَوْمَ بِمَا فَعَلْتُمْ مِّنَ الْمَعْصِيَةِ یعنی یہ بدلہ تمہارا ہی آجکے دن بسبب کرنے تمہارے کے گناہ کو

اور ساتوین مین لکھا ہوگا سَخِطَ عَلَیْکُمْ فِی النَّارِ اَبَدًا یعنی غضب ہیر تمپر آگ مین ہمیشہ کو ہوگا اور آٹھوین مین ہوگا عَلَیْکُمْ لَعْنَتِیْ بِمَا تَعَمَّدْتُمْ مِنَ الذُّنُوْبِ الْکَبَائِرِ وَلَمْ تَتُوْبُوْا وَلَمْ تَنْدَمُوْا یعنی تمپر لعنت میری ہی بسبب اسکے کہ کیے تمنے بڑے گناہ اور نہ توبہ کی تمنے اور نہ نادم ہوئے تم اور نوین مین لکھا ہوگا قُرَنَاؤُکُمُ الشَّیَاطِیْنُ فِی النَّارِ اَبَدًا یعنی ساتھی تمھارے شیاطین ہونگے دوزخ مین ہمیشہ کو اور دسوین مین لکھا ہوگا اِتَّبَعْتُمُ الشَّیْطَانَ وَاٰثَرْتُمُ الدُّنْیَا وَتَرَکْتُمُ الْاٰخِرَۃَ فَھٰذَا جَزَاؤُکُمْ یعنی پیروی کی تمنے شیطان کی اور اختیار کیا تمنے دنیا کو اور چھوڑ دیا تمنے آخرت کو بس یہی ہی سزا تمھاری منبہات

سورۃ ص مکیۃ وھی ثمان وثمانون ایۃ وخمسۃ رکوعات

اس سورت کا نام سورۂ ص ہی اسلیے کہ سر اسکا ص سے شروع ہوا ہی اور یہ سورت مکی ہی آیتین اسمین اٹھاسی ٨٨ ہین اور کلمات پانسو تینتیس ۵۳۳ اور حرف تین ہزار انہتر ۳۰۶۹ اور رکوع پانچ ۵ اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورت قمر کے اور لکھی گئی بعد والصّٰفّٰت کے اسلیے کہ گویا یہ تتمہ ہی اوسکا کیونکہ حق سبحانہ نے ذکر کیا والصّٰفّٰت مین نوح اور ابراہیم اور موسی اور ہارون اور لوط اور الیاس اور یونس علیہم السلام کا اور اسمین ذکر ہی داؤد اور سلیمان اور ایوب علیہم السلام کا اور اشارہ کیا طرف بقیہ اونکے کہ ذکر کیے گئے پس یہ بعد والصّٰفّٰت کے تتمہ ہونے مین ایسی ہی جیسے طٰسم بعد شعراء کے اور طٰہٰ اور انبیاء بعد مریم کے اور یوسف بعد ہود کے ۞

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

صٓ قف وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ○ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّۃٍ وَّشِقَاقٍ ○

قسم ہی قرآن نصیحت والے کی کہ جس چیز کی طرف بلاتا ہی تو سچ ہی بلکہ کافر بیچ سرکشی اور مخالفت کے ہین ۞ فتح ۞ قسم ہی قرآن سمجھانے والے کی بلکہ جو لوگ منکر ہین غرور مین ہین اور مقابلے مین ۞ مو تفسیر ۞ ذکر کرنا حرف ص کا بطریق تنبیہ کے ہی بنا بر عاجز کرنے کے کہ عرب کے بڑے بڑے شاعر فصیح بلیغ حیران رہ جاتے تھے کہ اسکے کیا معنی ہین اور اکثر مفسر تو یہی کہتے ہین اللہ ہی جانتا ہی کہ مراد اس سے کیا ہی اور بعضون نے کہا کہ صاد قسم ہی اور بعضون نے کہا کہ نام سورت کا ہی اور بعضون نے کہا کہ اشارہ ہی اسم صمد کی طرف اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے ہین صَدَقَ اللّٰهُ اور ابن عباس سے ہی صَدَقَ مُحَمَّدٌ پھر اسکے بعد لائے قسم یعنی والقرآن کہ جواب اسکا محذوف ہی اِنَّہٗ کَلَامٌ مُّعْجِزٌ یا مَا الْاَمْرُ کَمَا قَالَ کُفَّارُ مَکَّۃَ مِنْ تَعَدُّدِ الْاٰلِہَۃِ یعنی قسم ہی قرآن صاحب ذکر یعنی بیان یا شرف کی کہ یہ کلام عاجز کرنے والا ہی یا قسم ہی اسکی کہ نہین امر جیسے کہ کہا کفار مکہ نے کہ کئی معبود ہین اور جس صورت مین کہ ص نام سورت کا ہو تو خبر ہوگا مبتدا محذوف کی گویا کہ کہا ھٰذِہٖ ص یعنی یہ ایسی سورت ہی کہ عاجز کر دیا اسنے عرب کو قسم قرآن نصیحت والے کی یہ ایسا ہی جیسے کہتے ہین ھٰذَا حَاتِمٌ وَاللّٰهِ مراد یہ ہوتی ہی کہ یہ وہی حاتم ہی کہ جو مشہور ہی سخاوت مین قسم خدا کی اور عزت کے معنی ہین تکبر کے یعنی اسکے قبول کرنے سے اور حق کے اقرار کرنے سے تکبر مین ہین اور شقاق کے اصل مین معنی ہین خلاف کے اور یہان خلاف خدا اور رسول کا مراد ہی اور بعضون نے فِیْ غِرَّۃٍ یعنی غین بانقط اور را بے نقط پڑھا ہی یعنی غفلت مین ہین اوس چیز سے کہ واجب ہی اوسپر نظر کرنے اور اتباع حق سے ۞ مد معا جلا ۞

کَمْ اَھْلَکْنَا مِنْ قَبْلِھِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ○

بہت ہلاک کین ہمنے پہلے انسے سنگتین پس فریاد کرنے لگین اور نہ تھا وہ وقت خلاص کا ۞ فتح ۞ بہت کھپا دین ہمنے انسے پہلے سنگتین پھر لگے پکارنے اور وقت نر ہا تھا خلاصی کا ۞ مو تفسیر ۞ پہلے انسے یعنی تیری قوم سے سنگتین یعنی اگلی امتین

فریاد کرنے لگین جسوقت کہ دیکھا اونھون نے عذاب حال انکہ نہین تھا وہ وقت بھاگنے کا اور نہین تھی اونکے لیے جگہہ بھاگنے اور نجات کی
پس یہ حال اگلون پر گذر چکا ہی اور پھر عبرت نہین پکڑتے ساتھہ اونکے کفار مکہ کے اور ابن عباسؓ نے کہا کہ عادت کفار مکہ کی یہ تھی کہ جب
جنگ مین مضطرب ہوتے تو بعضے بعضون کو کہتے مناص یعنی بھاگو اور بچاؤ لیئے کو پس جب اونپر اوترا عذاب روز بدر کے اور کہا اونھون نے
مناص تو اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت کہ اب وقت مناص کہنے کا نہین ہی + جلا + معا +

وَعَجِبُوٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝

اور تعجب کیا کفار نے اس سے کہ آیا اونکے پاس ڈرانے والا اونہین کی قوم مین سے اور کہا ان کافرون نے یہ شخص جادوگر ہی جھوٹا کیا کر دیا اسنے
خداؤن متعدد کو ایک خدا تحقیق یہ ایک چیز ہی بہت تعجب کی + فتح + اور اچنبھا کرنے لگے اسپر کہ آیا اونکو ایک ڈر سنانے والا اونھی مین سے
اور لگے کہنے منکر یہ جادوگر ہی جھوٹھا کیا اسنے کر دی اتنون کی بندگی کے بدل ایک ہی کی بندگی یہ بھی ہی بڑے تعجب کی بات + موضح +
تفسیر یعنی اچنبھا کرنے لگے کفار اسپر کہ رسول اونہین مین سے ہوا یعنی بعید جانا کہ نبی بشر مین سے ہو اور لوگون کو ڈراوے اللہ کے
عذاب سے کیا کر دیا اسنے خداؤن متعدد کو ایک خدا کہ کہتا ہی ہمسے کہ کہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یعنی یہ کیونکر ہو کہ ایک خدا ساری مخلوق کی
سنے یہ بات اچنبھے کی ہی اور یہان جو فرمایا وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ اور نہ فرمایا وَقَالُوْا تو یہ اپنا غضب ظاہر کرنے کو اونپر فرمایا اور تاکہ
دلالت کرے اسپر کہ ایسی بات پر جرات نہین کرتے ہین مگر کافر اشد کہ ڈوبے ہوتے ہین گمراہی مین اسلیے کہ اس کفر سے کونسا کفر زیادہ ہوگا
کہ جسکی اللہ تصدیق کرے اوسکو یہ ساحر جھوٹھا کہین اور تعجب کرین توحید سے کہ حق بلاشک ہی اور نہ تعجب کرین شرک سے کہ جہالت بے اصل محض ہی
روایت کیا گیا ہی کہ جب عمر رضی اللہ تعالی عنہ مسلمان ہوئے تو مومن تو خوش ہوئے اس سے اور قریش پر یہ بات شاق ہوئی پس جمع ہوئے مجلس آدمی
قریش کے سردارون مین سے اور گئے ابوطالب کے پاس اور کہا تم بڑے بوڑھے ہمارے ہو اور جانتے ہو کہ یہ نادان کیا کرتے ہین مراد رکھتے تھے
نادانون سے وہ لوگ کہ مسلمان ہوئے تھے آئے ہین ہم تمھارے پاس تو کہ درمیان ہمارے اور درمیان بھتیجے اپنے کے یعنی آنحضرتؐ کے حکم کرو تم پس
ابوطالب نے رسول علیہ السلام کو اپنے پاس بلا کر کہا ای بھتیجے میرے یہ قوم تیری ہین رکھتے ہین تجھسے ایک سوال پس ایکبارگی انسے انحراف نکر
پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا سوال رکھتے ہو مجھسے اونھون نے کہا کہ چھوڑ دے تو ہمکو اور چھوڑ دے ذکر معبودون ہمارے کا
اور متعرض ہمارے دین کا نہو ہم بھی متعرض تیرے اور معبود تیرے کے نہین ہونے کے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ایک کلمہ تمسے چاہتا ہون اگر دو تم مجکو تو
مالک ہو جاؤ بسبب اوسکے عرب کے اور عجم بھی بسبب اوسکے مسخر تمھارے ہو جاوین کہا اونھون نے نعم وعشرا یعنی دینگے ہم تجکو وہ
ایک کلمہ اور دس کلمے ساتھہ اوسکے پس فرمایا آنحضرتؐ نے کہ کہو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پس سب ایکبارگی اوٹھ کھڑے ہوئے اور متفرق ہوئے
اور کہا اونھون نے اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝ اور ایک روایت مین آیا ہی کہ اونھون نے آپسمین
کہا کہ کیا گنجایش رکھتا ہی کہ ایک الہ کار سب خلائق کا کرے ہم تین سو ساٹھہ بت رکھتے ہین اور کام ایک شہر مکہ کا نہین درست
کر سکتے ہین وہ + مد + بحر + معا +

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝

اور چلے اشراف قوم کے اونمین سے آپسمین کہتے ہوئے کہ چلو اور صبر کرو اوپر عبادت خداؤن اپنے کے تحقیق یہ دین نیا فتنہ ہی کہ
ارادہ کیا گیا ہی + فتح + اور چل کھڑے ہوئے کتنے پنچ اونمین کہ چلو اور مضبوط رہو اپنے ٹھاکرون پر بیشک اس بات مین کچھہ

غرض ہی + مو + تفسین + یعنی چلے اشراف قریش کے ابوطالب کی مجلس سے بعد اسکے کہ عاجز کیا اونکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب مین کہتے ہوئے آپسمین کہ چلو اور صبر کرو یعنی ثابت رہو اپنے معبودون کی عبادت پر تحقیق یہ امر یعنی توحید جو فرکور ہوئی البتہ ایک چیز ہی ارادہ کی گئی یعنی ارادہ رکھتا ہی اوسکا اللہ اور حکم کریگا اوسکے جاری کرنے کا پس نہین پھر سکتی ہی وہ اور نہین نفع دیتا ہی اوسمین مگر صبر کرنا یا یہ کہ یہ امر البتہ ایک چیز ہی حوادث زمانہ سے کہ ارادہ کیجاتی ہی ساتھ ہمارے پس نہین ہی چھٹکارا ہمکو اوس سے + مل + عمرؓ جو مسلمان ہوئے اور مسلمانون کو قوت ہوئی اونکے سبب سے تو کفار نے کہا کہ یہ جو دیکھتے مین ہم زیادتی اصحاب محمدؐ کی یہ ایک چیز ہی ارادہ کی گئی ساتھ ہمارے یعنی عذاب ہوگا ہمکو اور جبر ہیرے اوکھڑے جاوینگے اور ہمارا دین ہلاک ہوگا بسبب غلبہ محمدؐ کے اور اصحاب اونکے کے شعر باطل نہ کیونکہ جلے یہان حق موجود ہی + وہ حق کہ جسے سلام درود شد معا + بحر

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝

نہین سنی ہمنے یہ بات یعنی توحید بیچ دین پچھلے کے یعنی قرن آخر مین کہ ہمنے اوسکو پایا واللہ اعلم نہین ہی یہ مگر افترا + فتح + یہ نہین سنا ہمنے اس پچھلے دین مین اور کچھ نہین یہ بنائی بات ہی + مو + تفسین + دین پچھلے سے یا تو ملت عیسیٰ کی مراد ہی کہ جو آخر تھی سب ملتون مین اسلیے کہ نصاری تین خدا کے قائل تھے موحد نتھے یا ملت قریش مراد ہی کہ جسپر پایا اونھون نے باپ دادون اپنے کو مگر افترا کہ بنالیا ہی اوسکو محمدؐ نے اپنے جی سے + مل + پچھلا دین کہتے تھے اپنے باپ دادون کو یعنی آگے تو سنتے ہین کہ اگلے لوگ ایسی باتین کہتے تھے پر ہمارے بزرگ تو یون نہین کہہ گئے فائدہ + مو +

ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝

کیا اوتارا گیا اس شخص پر قرآن ہمارے درمیان مین سے بلکہ یہ کافر بیچ شک کے ہین میری نصیحت سے بلکہ ہنوز نہین چکھا ہی اونھون نے عذاب میرا + فتح + کیا اسی پر اوتری سمجھوتی ہم سب مین سے کوئی نہین اونکو دھوکھا ہی میری نصیحت مین کوئی نہین ابھی چکھی نہین میری مار + مو + تفسین + کیا اوتارا گیا الخ ناگوار ہوا اونکو از راہ حسد کے کہ ہمارے اشرافون مین سے محمدؐ ہی کو شرف کہان سے ملا کہ کتاب ونیر اوتاری گئی بلکہ یہ کافر بیچ شک کے ہین میری نصیحت سے یعنی قرآن سے کہ جھٹلایا اونھون نے اوسکے لانے والے کو بلکہ نہین چکھا اونھون نے اب تک عذاب میرا پس جب چکھینگے عذاب میرا تو جاتا رہیگا انسے جو کچھ کہ اب شک و حسد رکھتے ہین یعنی وہ تصدیق نہین کرتے ہین محمدؐ کو مگر جب کہ میرا عذاب اونکو پہنچیگا تب تصدیق کرینگے اوسکو + مد +

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝

کیا اونکے پاس ہین خزانے رحمت پروردگار تیرے غالب بخشنے والے کے + فتح + کیا انکے پاس ہین خزانے تیرے رب کی مہر کے جو زبردست ہی بخشنے والا + مو + تفسین + یعنی نہین ہین وہ مالک رحمت کے خزانون کے تاکہ پہنچاوین اوسکو جسکو چاہین اور پھیرین اوسکو جس سے چاہین اور اختیار کرین نبوت کے لیے بعضے اپنے سردارون کو اور اوٹھالیوین اوسکو محمدؐ سے مالک رحمت کا اور اوسکے خزانون کا نہین ہی مگر وہی غالب اپنی مخلوق پر بہت دینے والا کہ پہنچاتا ہی اوسکو بمحل اوسکے اور تقسیم کرتا ہی اوسکو جہان کہ مقتضی ہی حکمت اوسکی پھر بیان کیے یہی معنی اپنے فرمایا + مد +

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝

کیا انکے لیے ہی بادشاہی آسمانون کی اور زمین کی اور اوس چیز کی کہ درمیان انکے ہی پس چاہیے کہ اوپر چڑھ جاوین لٹک کر رسیون مین یعنی رسیون مین لٹک کربھی آسمان پر نہین چڑھ سکتے ہین پس بادشاہی کیسی واللہ اعلم + فتح + یا اونکی حکومت ہی

آسمانون مین اور زمین مین اور جو انکے بیچ ہی تو چاہیے چڑھ جاوین رسیان تان کر + **مو تفسیر** کیا انکے لیے بادشاہی الخ یعنی کیا انکو بادشاہی ہی ان چیزون کی تاکہ کلام کرین امور ربانیہ مین اور تدبیرون الٰہیہ مین کہ جو مختص ہین ساتھ رب العزۃ والکبریا کے پھر سرزنش کی اونکو نہایت درجے کی پس فرمایا کہ اگر یہ صلاحیت رکھتے ہین تدبیر خلائق کی اور تصرف کرنے کی بیچ تقسیم رحمت کے تو چاہیے کہ چڑھ جاوین بیچ اسباب کے یعنی سیڑھیون مین اور راہون مین کہ جنسے پہونچتے ہین طرف آسمان کے تاکہ تدبیر کرین امر عالم کی اور بادشاہی خدا کی اور اوتارین وحی او سپر کہ چاہین + **مد تنبیہ** + چونکہ وہ لوگ مؤدب بآداب شرع کے اور خدا کا ڈر نہ رکھتے تھے حسد اونکو باعث ان بے ادبیون کا ہوتا تھا اسی سے مستحق غضب الٰہی کے ہوتے تھے ادب و تقوی عجب چیز ہی جسکو وہ حاصل ہوتے ہین اوسکے کام دونون جہان کے بنیاتے ہین چنانچہ حضرت علی فرماتے ہین کہ علم بہترین میراث ہی اور ادب بہترین حرفہ ہی اور تقوی بہترین توشہ ہی یعنی راہ آخرت کا اور عبادت بہترین پونجی ہی اور عمل صالح بہترین قائد ہی یعنی یہ جنت کو پہونچا دیگا اور حسن خلق بہترین مصاحب ہی اور حلم بہترین وزیر ہی اور قناعت بہترین غنا ہی اور توفیق بہترین مددہی اور موت بہترین ادب دینے والی ہی انتہی مولوی روم فرماتے ہین مثنوی از خدا خواہیم توفیق ادب + بے ادب محروم گشت از لطف رب + بے ادب تنہا نہ خود برداشت بد + بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد + اور خوف خدا اونکو کیونکر ہوتا جو اونمین عالم تھے وہ مارے طمع اور حب دنیا کے راہ حق کہ خلاف اونکی مرضی کے تھی بتاتے نتھے کسی بزرگ کا قول ہی کہ بیمار جاتا ہی طبیب پاس جب طبیب ہی بیمار ہو تو کیا علاج کرے اور یہ طمع مال اور حب دنیا بڑی ہی آفتین ہین خصوصًا اہل علم کے لیے چنانچہ بعضے حکما یعنی دانایان دین سے منقول ہی کہ اونھون نے کہا دس خصلتین ہین کہ دشمن رکھتا ہی اونکو اللہ تعالی دس شخصون سے بخل کو اغنیا سے اور طمع کو علما سے اور قلت حیا کو عورتون سے اور محبت دنیا کو بڈھون سے اور کسل کو جوانون سے اور ظلم کو بادشاہ سے اور تکبر کو فقرا سے اور بزدلی کو غازیون سے اور عجب کو زاہدون سے اور ریا کو عابدون سے + **منتخبات** + پھر رب تعالی نے یہ غصہ فرماکر وعدہ کیا اپنے نبی سے نصرت کا اور کفار پر غلبہ کا فرمایا +

جُندٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ۝

ایک لشکر ہی یہان شکست دیا گیا جملہ گروہون سے یعنی جنس گروہون کے ساتھ انبیا کے مخالفت کی + **فتح** + ایک لشکر یہ ہی وہان تباہ ہوا اون سب لشکرون مین **ف** یعنی اگلی قومین برباد ہوئین اگر چڑھ جاوین تو اونمین بھی ایک یہ بادہون + **مو تفسیر** یعنی یہ لوگ جو کہ کہتے ہین یہ بات یعنی جو کہ اوپر مذکور ہوئی ایک لشکر ہین حقیر اس جگہہ مغلوب و شکست دیے گئے اگلے لشکرون کی جنس سے مراد اس لشکر سے قریش ہین کہا قتادہ نے کہ خبر دی اللہ تعالی نے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال مین کہ وہ مکے مین تھے یہ کہ شکست پاویگا لشکر مشرکون کا جیسے کہ اور جگہہ فرمایا سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ پس آئی تاویل اسکی یعنی ظہور ہوا اس وعدے کا روز بدر کے پس ہنالک اشارہ ہی طرف بدر کے اور مصارع کفار کے اور سلف کے لشکرون سے مراد اگلی امتین ہین یعنی کفار مکہ اونھین اگلے کفار کی جنس سے ہین کہ جو جمع ہو کر انبیا پر چڑھیاتے تھے اور اونسے لڑتے تھے اور پھر شکست پاتے تھے اور ہلاک ہوتے تھے جھٹ پٹ پس تعبیر واکثر انکے واہیات بکنے کی یہی حال انکا ہونا ہی جو اگلون کا ہوا + **معا** + **مد تجلی** +

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ۝ وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ أُولَٰئِكَ الْأَحْزَابُ ۝ إِن كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝

جھٹلایا پہلے انسے یعنی اہل مکہ سے قوم نوح نے یعنی نوح کو اور عاد نے یعنی ہود کو اور فرعون میخون والے نے یعنی چار میخون سے باندھکر عذاب کرتا تھا اور ثمود نے یعنی قوم صالح نے صالح کو اور قوم لوط نے یعنی لوط کو اور بن کے رہنے والون نے یعنی شعیب کو جھٹلایا اہل عون نے

نہین ہی کوئی اونمین سے مگر کہ جھٹلایا پیغمبرون کو پس وجود مین آیا عذاب میرا ✚ **فتح** ✚ جھٹلا چکے ہین انسے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور فرعون میخون والا اور ثمود اور لوط کی قوم اور ایکہ کے لوگ وہ فوجین یہ جتنے تھے سب نے یہی جھٹلایا رسولون کو پھر ثابت ہوئی میری طرف سے سزا ✚ **موضح تفسیر** ✚ فرعون میخون والے نے جھٹلایا حضرت موسیٰ کو اور اوسکو میخون والا اسلیے فرمایا کہ جسپر وہ غصہ ہوتا تھا اوسکو عذاب کرتا تھا جو مینا کرکے یعنی چار میخین چار طرف زمین مین گاڑکر آدمی کو چت لٹا کر چارون ہاتھ پانون اوسکے اون میخون سے باندھ دیتا اور سانپ اور بچھو اوسپر چھوڑ دیتا تا کہ مر جاوے اور بعضون نے کہا کہ اسی طرح ہوا مین باندھکر چھوڑ دیتا یہان تک کہ وہ مر جاتا اور بعضون نے کہا کہ اوسکے لشکر کے گھوڑون کی میخین سونے روپے کی تھین اسلیے یہ نام اوسکا ہوا اور بعضون نے کہا کہ میخون والے سے مراد ہی صاحب مکانون محکم کا کہ اوسکے مکانون مین میخین بہت سی بڑی تھین مضبوطی کے لیے اور بعضون نے کہا صاحب قوت و بطش کا یعنی جیسے میخ سے ایک چیز مضبوط ہوتی ہی ایسی ہی اوس سے مضبوطی تھی ملک کو اور قوی تھا اوسپر اور بعضون نے کہا صاحب لشکرون اور جماعتون کثیرہ کا اور لشکر کو اوتاد اسلیے کہتے ہین کہ خیمے اور گھوڑون کی میخین اوسمین بہت سی ہوتی ہین اور اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ جو فرمایا ارادہ اس اشارے سے آگاہ کرنا ساتھ اس بات کے کہ جو گروہ مکہ مین سے یہ لشکر شکست دیا گیا ٹھہرا وہ یہ ہین اور آگاہ کرنا ہی ساتھ اسکے کہ وہ ہین کہ پائی گئی انسے تکذیب ✚ **مدمعا** ✚

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ○ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ○

اور نہین انتظار کرتے کفار اس عصر کے مگر ایک نعرۂ تند کا یعنی نفخۂ قیامت کا کہ نہو اوسکو کچھ توقف اور کہا اونھون نے بطریق ٹھٹھے کے ای پروردگار ہمارے جلدی دے ہمکو سرنوشت ہماری عذاب سے پہلے روز حساب کے ✚ **فتح** ✚ اور راہ نہین دیکھتے یہ لوگ مگر یہی ایک چنگھاڑ کی جو بیچ مین دم نہ لیگی اور کہتے ہین ای رب شتابی دے ہمکو چٹھی ہماری پہلے حساب کے دن سے ✚ **موضح تفسیر** ✚ نعرۂ تند سے مراد ہی نفخہ پہلا کہ جسکو فزع اکبر کہتے ہین اور فواق بیچ دو دوہنے کے درمیان مین کچھ ٹھہر جاتے ہین تا دودھ اوتر آوے اور وہ بہت تھوڑی مدت ہوتی ہی پس معنی یہ ہین کہ جب آویگا وقت اوسکا نہین توقف ہوگا اوسکو اتنی دیر بھی کہ جتنی دیر دودھ دوہتے مین ٹھہر جاتے ہین اور ابن عباس سے یہ معنی اسکے منقول ہین کہ نہین ہوگا واسطے اوسکے پھر آنا اور کہتے ہین یہ کہ وہ نفخہ ایک ہی ہوگا دوبارہ نہین ہونے کا اور قِطَّنَا کے معنی ہین حصہ ہمارا جنت سے اسلیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ذکر کیا کہ اللہ نے وعدہ کیا ہی مومنون سے جنت کا پس کہا کفار نے از راہ ٹھٹھے کے کہ جلدی دے ہمکو حصہ ہمارا جنت سے یا یہ معنی ہین کہ حصہ ہمارا عذاب سے جو وعدہ کرتا ہی تو جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ یعنی جلدی چاہتے ہین کفار تجھسے عذاب اور بعضون نے کہا کہ یہ ابوجہل کے حق مین نازل ہوئی کہ وہ کہتا تھا یا اللہ اگر حق ہو جو کچھ کہ کہتا ہی محمد تو برسا ہمپر پتھر آسمان سے یا بھیج ہمپر عذاب دردناک اور ابن عباس سے قِطَّنَا کے معنی منقول کتابنا ہین یعنی کتاب اعمال ہماری کی کہا کلبی نے کہ جب اوتریں یہ آیتین سورۂ حاقہ کی فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ الخ و اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ الخ تو کہا کافرون نے از راہ ٹھٹھے کے کہ جلدی سے دیدے ہمکو کتاب ہماری دنیا مین پہلے روز حساب کے اور اونکے ایسے واہی کلامون سے جو آنحضرت ملول ہوتے تھے حق تعالیٰ نے آنحضرت کی تسلی کے لیے آگے کی آیت بھیجی ✚ **مدمعا** ✚ **جمع در منثور** ✚

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ○

صبر کر اوس چیز پر کہ کہتے ہین کافر اور یاد کر ہمارے بندے داؤد صاحب قوت کو تحقیق وہ رجوع کرنے والا تھا یعنی خدا کی طرف ✚ **فتح** ✚
تفسیر ✚ صبر کر اوس چیز پر کہ کہتے ہین کافر یعنی تیرے حق مین اور بچا اپنے نفس کو اس سے کہ لغزش ہو جاوے اوسکو اوس چیز مین کہ

تکلیف دیا گیا کہ وہ صبر کرتا ہی اونکی باتون پر اور تحمل کرتا ہی اونکی ایذا پر اور یاد کر ہمارے بندے داؤد کو اور اوسکی بزرگی کو کہ اللہ کے نزدیک کیسا گرامی قدر تھا اور پھر کیا ذرہ سی لغزش مین کیا کچھہ عتاب الٰہی اوسپر ہوا صاحب قوت کا یعنی دین مین اور جو کچھہ دلالت کرتا ہی اسپر کہ اید سے مراد قوت بیچ دین کے ہی قول اللہ تعالی کا ہی اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ یعنی بہت رجوع رکھنے والا تھا وہ طرف رضامندی اللہ تعالی کی کے کہا ابن عباس نے صاحب قوت کا عبادت مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق محبوب ترین روزون کے طرف اللہ کے روزے داؤد کے ہین اور محبوب ترین نماز کی طرف اللہ کے نماز داؤد کی ہی روزہ رکھتے تھے ایکدن اور افطار کرتے تھے ایکدن اور سوتے تھے آدھی رات اور قیام کرتے تھے یعنی مشغول عبادت مین ہوتے تھے تہائی رات اور سوتے چھٹے حصہ رات کے مین اور بعضی روایت مین ہی کہ آدھی رات قیام کرتے تھے کہا ابو درداء نے کہ آنحضرت جب ذکر کرتے داؤد کا اور حال بیان کرتے اونکا فرماتے کہ تھا وہ اعبد البشر یعنی بڑے عابد تھے آدمیون مین اور کہا سعید بن ہلال نے کہ تھے داؤد علیہ الصلوۃ والسلام جبکہ اوٹھتے رات کو پڑھتے اَللّٰهُمَّ نَامَتِ الْعُيُوْنُ وَغَارَتِ النُّجُوْمُ وَاَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الَّذِيْ لَا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ انتہی اور بعضون نے کہا کہ ذی الاید کے معنی ہین صاحب قوت کے لڑائی اور ملکداری مین اور اواب کے معنی بعضون نے کہے ہین بہت رجوع کرنے والے طرف اللہ تعالی کے ساتھہ توبہ کے ہر اوس چیز سے کہ برا جانتا ہی اوسکو اللہ تعالی اور کہا ابن عباس نے معنی اواب کے ہین مطیع اور سعید بن جبیر نے کہا تسبیح کرنے والا لغت حبش مین اور ابن عباس سے اواب کے معنی یقین کرنے والے کے بھی آئے ہین **معالم** **در منثور** اسجاگہہ داؤد کو یاد دلوایا کہ اونھون نے بھی طالوت کی حکومت مین بہت صبر کیا آخر حکومت اونکو ملی اور مخالفون کو جہاد سے زیر کیا یہی قصہ ہوا ہمارے پیغمبر کا ہاتھہ کے بل والا یعنی قوت سلطنت یا لوہا نرم ہوتا یا ہاتھہ کا بل یہ کہ سلطنت کا مال نکھاتے تھے اپنے ہاتھہ کے کسب سے کھاتے **موضح**

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝

تحقیق تابعدار کیا ہمنے ہمراہ اوسکے پہاڑون کو تسبیح کہتے تھے بوقت شام و صباح اور تابعدار کیا ہمنے جانورونکو اکھٹے کیے ہوے ہر ایک واسطے اوسکے فرمان بردار تھا **فتح** **تفسیر** تابعدار کرنا پہاڑون کا یہ تھا کہ چلتے تھے وہ ساتھہ داؤد کے جسوقت کہ چاہتے تھے داؤد چلنا اونکا اوس جگہہ کہ ارادہ کرتے اور عشی اور اشراق سے مراد ہین دونون طرفین دنکی اور اصل مین عشی کہتے ہین وقت عصر کو رات تک اور اشراق وقت اشراق کا اور وہ وہ وقت ہی کہ روشن ہوتا ہی آفتاب اور وہی وقت ضحی کا ہی ابن عباس سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ کہا تھا مین گذرتا اس آیت پر پس نہین جانتا تھا مین کہ کیا مراد ہی اس سے یہان تک کہ حدیث بیان کی مجھسے ام ہانی بنت ابی طالب نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم آئے اونکے پاس دن فتح مکہ کے پس مانگا پانی وضو کا پس وضو کیا پھر نماز پڑھی ضحی یعنی چاشت کی پھر فرمایا ای ام ہانی یہ ہی صلوٰۃ الاشراق اور یہ بھی ابن عباس سے ہی کہ اونکو پہونچی یہ بات کہ ام ہانی بنت ابی طالب نے ذکر کیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی دن فتح مکہ کے ضحی کی آٹھہ رکعتین پس کہا ابن عباس نے کہ گمان کیا مینے کہ اس ساعت کے لیے نماز ہی بموجب قول اللہ تعالی کے يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ اور یہ بھی ابن عباس سے ہی کہ کہا ڈھونڈی مینے صلوۃ ضحی قرآن مین پس پایا مینے اوسکو اس جگہہ بالعشی والاشراق اور ابو ہریرہ سے ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین محافظت کرتا نماز ضحی پر مگر اواب یعنی رجوع رکھنے والا خدا کی طرف اور فرمایا کہ یہ صلوۃ الاوابین ہی اور یہ بھی ابی ہریرہ سے ہی کہ کہا وصیت کی مجکو خلیل میرے صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نماز پڑھون مین ضحی کی اسلیے کہ وہ صلوۃ اوابین کی ہی اور مانند اسی کے انس سے منقول ہی اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے نماز پڑھی ضحی کی

باران رکعتین بناتا ہی اللہ تعالی اوسکے لیے محل سونے کا جنت مین اور فرمایا آنحضرت صلعم نے انس کو کہ پڑھ نماز ضحی اسلیے کہ وہ نماز ابرار یعنی نیکون کی ہی اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے نماز پڑھی فجر کی پھر بیٹھا رہا اپنی نماز کی جگہہ مین یاد کرتا اللہ کو یہان تک کہ نکلا آفتاب پھر نماز پڑھی ضحی سے دو رکعتین حرام کریگا اوسکو اللہ آگ پر یہ کہ بھونے اوسکو یا چڑھیاوے اوسپر اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے نماز پڑھی فجر کی جماعت مین پھر بیٹھا ذکر کرتا رہا یہان تک کہ نکلے آفتاب پھر پڑھی دو رکعت نماز ضحی یعنی نماز اشراق کی ہوگا اوسکے لیے ثواب مانند ثواب حج اور عمرے کے پورے حج اور پورے عمرے کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو ٹھہرا رہا اپنی نماز کی جگہہ مین اوس وقت سے کہ فارغ ہوا نماز صبح سے یہان تک کہ پڑھین دو رکعتین ضحی یعنی اشراق کی نہین بولا مگر بھلی بات بخشے جائینگے اوسکے لیے گناہ اوسکے اگرچہ ہون دریا کے جھاگون سے زیادہ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی نماز ضحی کی دو رکعت نہین لکھا گیا غافلین سے اور جسنے پڑھین چار رکعت لکھا گیا عابدین سے اور جسنے پڑھین چھ رکعتین کفایت کیا گیا اوس دن یعنی اللہ سب مہمات اوسکے سرانجام کریگا اور جسنے آٹھ رکعتین پڑھین لکھا گیا قانتین سے اور جسنے باران رکعتین پڑھین بناویگا اللہ اوسکے لیے گھر بڑا جنت مین اور کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرمایا اللہ تعالی نے ای ابن آدم پڑھ میرے لیے چار رکعت اول روز مین کفایت کرونگا مین تجکو آخر اوس روز تک یعنی کفایت کرونگا مین تیری شغلون اور حوائج کو اور دفع کرونگا مین تجسے اوس چیز کو کہ مکروہ رکھے تو اوسکو بعد نماز تیری کے آخر روز تک اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انسان مین تین سو ساٹھ مفصل یعنی جوڑ ہین پس اوسپر لازم ہی یہ کہ دیوے عوض ہر جوڑ اپنے کے صدقہ عرض کیا صحابہ نے کہ کون طاقت رکھتا ہی اسکی یا نبی اللہ فرمایا کہ رینٹھ جو مسجد مین پڑا ہوا اوسکو دفن کر دینا صدقہ ہی اور کچھ چیز یعنی ایذا دینے والی کہ ایکطرف کر دے تو اوسکو راہ سے صدقہ ہی پس اگر نپاوے تو یعنی کوئی چیز مذکور پس دو رکعتین ضحی کی کفایت کرتین ہین تجکو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت و لازم ہوتا ہی اوپر تمام جوڑون ایک تمہارے کے صدقہ پس ہر تسبیح صدقہ ہی اور ہر تحمید صدقہ ہی اور ہر تہلیل صدقہ ہی اور ہر تکبیر صدقہ ہی اور امر بالمعروف صدقہ ہی اور نہی عن المنکر صدقہ ہی اور کفایت کرتی ہین اس سے دو رکعتین کہ پڑھے اونکو ضحی سے اور تابعدار کیا ہمنے جانورون کو اکٹھے کیے ہوئے ہر طرف سے ابن عباس سے منقول ہی کہ داؤد جب تسبیح کرتے تو جواب دیتے اونکو پہاڑ ساتھ تسبیح کے یعنی وہ بھی انکے ساتھ تسبیح کرتے اور جمع ہوتے اونکے پاس جانور اور تسبیح کرتے پس یہ ہی جمع ہونا اونکا اور ہر ایک یعنی پہاڑ اور جانور بسبب تسبیح داؤد کے تسبیح کرنیوالے تھے اسلیے کہ وہ سب تسبیح کرتے تھے ساتھ تسبیح اونکی کے اور بعضون نے کہا کہ ضمیر لہ کی اللہ کی طرف پھرتی ہی یعنی ہر ایک داؤد اور پہاڑ اور جانورون سے واسطے اللہ کے اواب تھے یعنی تسبیح کرنے والے ✢ ملا ✢ در منثور ✢ مشکوۃ

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۝

اور محکم کی ہمنے بادشاہی اوسکی اور دی ہمنے اوسکو حکمت اور سخن واضح ✢ فتح ✢ تفسیر ✢ محکمی داؤد کی بادشاہی کی ایسی تھی کہ نگہبانی کرتے تھے اونکی محراب کی ہر شب تینتیس ۳۳ ہزار آدمی اور بعضون نے اسکی تفسیر یون کی ہی کہ مراد شددنا ملکہ سے تقویت اونکی ساتھ لشکرون اور نگہبانون کے ہی کہ ہر شب چھتیس ہزار آدمی اونکی محراب کی چوکی دیتے تھے یا ساتھ وزیرون خیرخواہ کے یا بسبب پہونچنے ہاتھ ظالمون کے رعیت پر اور ابن عباس سے منقول ہی کہ ایک شخص نے بنی اسرائیل مین سے اپنے ایک سردار پر دعوی غصب کرنیگا مین کا کیا نزدیک داؤد کے اور وہ منکر ہوا اور مدعی کے پاس گواہ نتھے داؤد نے کہا توقف کرو تم دونون یہان تک کہ کچھ واضح ہو خواب مین وحی آئی کہ مدعا علیہ کو مار ڈال داؤد نے توقف کیا کہ خواب پر جلدی نکرون دوسرے دن پھر ویسا ہی خواب دیکھا پھر اوسپر عمل نکیا پس وحی بھیجی اللہ تعالی نے طرف اوسکے تیسری بار کہ قتل کر اسکو یا آویگا اسپر عذاب اوس روز داؤد نے اوسکو بلا کر کہا کہ خدا تعالی

نے مجکو وحی بھیجی ہی کہ تجکو مار ڈالونمین اوسنے کہا کہ بے گواہون کے مارتا ہی داؤدعؑ نے کہا کہ حکم خدا کے خلاف نہین کرنے کا مین جب اوس شخص نے
یقین کیا کہ یہ مجکو چہوڑنے کے نہین تو اوسنے کہا کہ جلدی نکر یہانتک کہ خبردون مین تجکو اس ماجرے کی قسم خدا کی کہ مین بسبب اس گناہ کے
ماخوذ نہین ہوا ہون لیکن اسکے بیٹے کو مینے قتل کیا ہی پس داؤدعؑ نے اوسکو قتل کیا پس ہیبت داؤدعؑ کی بنی اسرائیل پر بہت ہوئی پس
شددنا ملکہ یہ ہی اور بعضون نے کہا کہ حق تعالی نے آسمان سے ایک زنجیر بھیجی تھی کہ حضرت داؤد کے سر پر بندھی رہتی تھی مدعی
مدعی علیہ مین سے جو کوئی سچا ہوتا ہاتھ اوسکا اوس پر پہونچتا اور ہاتھ جہوٹے کا اوس زنجیر پر نہ پہونچتا استحکام داؤد کی بادشاہی کا یہ تھا
اور حکمت سے مراد ہی زبور اور علم شرائع اور بعضون نے کہا کہ جو کلام موافق حق کے ہو پس وہ حکمت ہی اور فصل خطاب سے مراد ہی علم قضا اور فیصلہ
کرنے خصومات کا اور فرق کرنا درمیان حق اور باطل کے اور بعضون نے کہا کلام واضح کہ مخاطب مقصود کو بے شبہہ معلوم کرلے اور بقول علیؓ کے
فصل خطاب حکم کرنا ہی ساتھ گواہون کے مدعی پر اور ساتھ یمین کے مدعی علیہ پر اور شعبی سے ہی کہ فصل خطاب کہنا داؤد کا ہی اما بعد کہ اول
یہ کلمہ انہون ہی نے کہا ہی پس جو کوئی بیان کرے ایک امر ذی شان تو پہلے ذکر کرے اللہ کا اور حمد کرے اوسکی پھر ساتھ لفظ اما بعد کے فصل کر کر
مطلب شروع کرے + **مدعا** + مترجم کہتا ہی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ کہ داؤد علیہ السلام ننانوے بیبیان رکھتے تھے باوجود اسکے ایک اور عورت
کہ ایک شخص کی منگیتر تھی یا اوسکے نکاح مین تھی درخواست کی خداے تعالی نے فرشتون کو واسطے تنبیہ داؤد کے بشکل جھگڑنے والون کے
بناکر بھیجا اشارہ اس قصے کی طرف ہی ان آیتون مین واللہ اعلم ++

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا
لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ۝

کیا آئی ہی تیرے پاس ای محمد خبر آپسمین جھگڑنے والون کی جب دیوار سے کود کر چلے آئے مسجد مین جسوقت کہ داخل ہوئے داؤد پر
پس ڈرا داؤد اون سے کہا اونہون نے کہ مت ڈر ہم دو جھگڑنے والے ہین ستم کیا ہی بعض ہمارے نے بعض پر پس حکم کر درمیان ہمارے ساتھ
حق کے اور ظلم مت کر اور راہ دکھا طرف سیدھی راہ کے + **فتح** + **تفسیر** + لفظ تسوروا کے معنی ہین چڑھے وہ داؤد کی دیوار پر
اور اوترے طرف اونکے اور سور کہتے ہین دیوار بلند کو اور محراب کہتے ہین غرفہ یعنی بالاخانہ کو یا مسجد کو یا صدر مسجد کو یعنی اسی محراب مشہور کو
کہ جہان امام کھڑا رہتا ہی اور داخل ہوئے داؤدعؑ پر الخ روایت کیا گیا ہی کہ اللہ تعالی نے بھیجا طرف داؤد کے دو فرشتون کو بصورت انسان کے
بعضون نے کہا کہ وہ جبرئیل اور اسرافیل تھے آئے دونون بیچ صورت دو جھگڑنے والون کے کہ واقع ہوا اونمین جھگڑا کہ جو آگے مذکور ہوگا بطریق
فرض کے تاکہ متنبہ ہون داؤد علیہ السلام اوس چیز پر کہ واقع ہوئی اونسے کہ وہ یہ ہی کہ تھین اونکے لیے ننانوے بیبیان اور طلب کی اونہون نے
بیوی ایک شخص کی کہ نہین تھی اوسکی اور بیوی سواے اسکے اور نکاح کیا اوس سے اور خلوت کی اوس سے چنانچہ آگے تفصیل اسکی آویگی
پس وہ فرشتے آئے اور چاہا اونہون نے داخل ہونا داؤدعؑ کے پاس اور اونکا معمول یہ تھا کہ ایک روز عبادت کے لیے مقرر رکھا تھا اور ایک روز
حکمرانی کے لیے اور ایک روز واسطے بیویون اور اشتغال خانگی کے پس جسدن کہ وہ فرشتے آئے وہ دن داؤدعؑ کی عبادت کا تھا پس منع کیا
اونکو دربانون نے اندر کے جانے سے پس وہ دیوار پر سے چڑھکر اونکے پاس محراب مین چلے آئے اسطرح کہ داؤدعؑ کو خبر بھی نہوئی یکایک دیکھا کہ وہ
اونکے آگے بیٹھے مین پس ڈرے داؤدعؑ اونسے اسلیے کہ وہ چلے آئے اونکے پاس بیچ غیر روز حکمرانی کے اور اسلیے کہ وہ اوتر آئے اون پاس
دیوار پر سے خلوت کے روز باوجودیکہ نگہبان گرد محراب کے کثرت سے تھے اور کسیکو اون پاس آنے نہ دیتے تھے اور راہ دکھا ہمکو طرف سیدھی راہ کے
یعنی محض حق کے منقول ہی کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے کے لوگون کی عادت تھی کہ آپسمین سلوک اور احسان اور خبرگیری ایک دوسرے
کی کیا کرتے تھے حتی کہ اگر کسی کی بیوی کسیکو پسند آتی تھی تو وہ سوال کرتا تھا کہ اسکو اپنے سے جدا کر کر میرا نکاح اس سے کردے اور وہ ایسا ہی کرتا تھا

بحسب عادت سلوک و احسان کے غرضکہ نہایت خبر گیران تھے آپسمین جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین انصار کا حال تھا
مہاجرین کی خبر گیری مین پس اتفاق ایسا ہوا کہ نظر داؤد علیہ السلام کی ایک شخص اُوریا نام کی بیوی پر جا پڑی اور وہ پسند آئی انکو پس
داؤد ع نے بموجب عادت اونکی کے اوریا سے سوال کیا کہ اپنی بیوی کو اپنے سے جدا کر کر میرا نکاح اوس سے کر دے پس حیا آئی اوریا کو کہ
مین انکا سوال کیونکر رد کرون پس اوسنے اوسکو جدا کیا اپنے سے اور انھون نے اوس سے نکاح کر لیا اور حضرت سلیمان اوسی سے پیدا ہوئے
پس یہ فرشتے آئے انکے پاس اس بات کے جتانے کو اللہ تعالی کی طرف سے کہ تمکو باوجود اس عالی رتبہ ہونے کے اور کثرت بیویون کے
نہین لائق تھا کہ سوال کرو بیوی ایسے شخص سے کہ نہین ہی اوسکے پاس سوائے ایک بیوی کے بلکہ تھا واجب تمپر مارنا اپنی خواہش کا اور
جبر کرنا اپنے نفس پر اور صبر کرنا اوس چیز پر کہ امتحان کیئے گئے تم ساتھ اوسکے اور بعضون نے کہا کہ خطبہ یعنی پیغام نکاح کیا تھا اوس
عورت سے اُوریا نے پھر پیغام نکاح کیا اوس سے داؤد نے پس پسند کیا داؤد کو اوس عورت کے اہل نے پس یہی تھی لغزش داؤد کی کہ پیغام نکاح
کیا انھون نے اوپر پیغام نکاح اپنے بھائی مسلمان کے باوجود کثرت بیویون اپنی کے اور یہ جو نقل کیا جاتا ہی کہ داؤد ع نے بھیجا کئی بار
اُوریا کو طرف جہاد بلقا کے کہ نام ایک موضع کا ہی اور چاہا یہ کہ قتل کیا جاوے اُوریا تاکہ نکاح کر لین اوسکی بیوی سے پس نہین لائق ہی
یہ عوام مسلمین کے صالحین سے چہ جائیکہ بعض انبیا کے مشہور ہی یہ ایسی بات ہو اور کہا علی رضی اللہ عنہ نے کہ جو کوئی نقل کرے تم سے قصہ داؤد کا
جیسے کہ نقل کرتے ہین اوسکو قصاص یعنی واعظ رطب و یابس بیان کرنے والے درے لگاؤن اوسکو ایک سو ساٹھ اور یہ حد بہتان
کرنے کی ہی انبیا پر اور منقول ہی کہ نقل کیا گیا قصہ داؤد ع کا عمر بن عبد العزیز کے سامنے اور اونکے پاس ایک شخص تھا اہل حق سے پس جھٹلایا
اوس شخص نے اوس قصہ نقل کرنے والے کو اور کہا کہ اگر قصہ بیان کیا جاوے بموجب اوس چیز کے کہ کتاب اللہ مین ہی تو نہین لائق ہی
یہ کہ طلب کیا جاوے خلاف اوسکے اور بھاری جان اسکو کہ کہا جاوے غیر اوسکے اور اگر ہو قصہ بموجب اوس چیز کے کہ ذکر کیا تو نے اور پردہ کیا
اللہ نے اوسکے بیان کرنے مین اپنے نبی سے تو نہین لائق ہی اظہار اوسکا پس کہا عمر نے البتہ سننا میرا اس کلام کو محبوب تر ہی
طرف میرے اوس چیز سے کہ نکلا اوسپر آفتاب کہ وہ دنیا اور دنیا کی چیزین ہین اور وہ چیز کہ دلالت کرتی ہی اوسپر مثل کہ بیان کیا اوسکو
اللہ نے واسطے قصہ داؤد علیہ السلام کے نہین ہی مگر طلب کرنا داؤد کا اوس عورت کے خاوند سے یہ کہ جدا ہو اوس سے اونکے لیے فقط اور سوا
اسکے نہین کہ آیا ہی قصہ بطریق تمثیل اور کنایہ کے نہ تصریح کے واسطے ہونے اوسکے کے ابلغ توبیخ مین ۱۲ ف تنبیہ ہیچ قصہ
داؤد اور نکاح کرنے اونکے کے عورت معلومہ سے اختلاف بہت ہی اور بعضے مفسرون نے قصے کو اس طرح نقل کیا ہی کہ شرع اور عقل اوسکو
نہین قبول کرتے ہین اور جو کچھ قریب تر ساتھ صواب کے معلوم ہوتا ہی یہ ہی کہ اُوریا نے ایک عورت سے پیغام نکاح کا کیا تھا اور قریب تھا کہ
اوس سے نکاح کرین اوس عورت کے ولیون کو اُوریا کی طرف سے کچھ خدشہ پڑا اور اوسکو ندی اور حضرت داؤد ع نے پیغام نکاح کا اوس سے کیا اور داؤد
کی ننانوین بیویان تھین باوجود اسکے اوس سے بھی نکاح کیا زاد المسیر مین لایا ہی کہ عتاب الہی داؤد پر اسلیے تھا کہ بعد از خطبہ اوریا کے
اوس سے خطبہ کیا ۱۲ مرشدنا مولانا اسحق صاحب نے یہ مضمون اس عاجز مؤلف اس کتاب کو لکھوا دیا تھا اور ظن غالب یون ہی کہ یہ تقریر شاہ ولی اللہ صاحب
کی ہی کہ شاید اونکے مؤلفات مین سے لکھوائی تھی واللہ اعلم بالصواب ✝

اِنَّ هٰذَاۤ اَخِيْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ۵

یہ بھائی میرا ہی اسکے پاس ہین ننانوین دنبیان اور میرے پاس ہی ایک دنبی پس کہا اس شخص نے کہ سونپ مجکو یہ ایک دنبی اور سختی کی
ساتھ میرے کلام کرنے مین ✝ فتح التفسیر ✝ وہ جو دو فرشتے جھگڑتے ہوئے آئے تھے اونمین سے ایک کا یہ مقولہ ہی بعد اسکے کہ داؤد
نے سبب اونکے آنے کا پوچھا یہ بھائی میرا ہی مراد بھائی چارہ دین کا ہی یا بھائی چارہ محبت و الفت کا یا بھائی چارہ شرکت و خلطہ کا

قولہ اکفلنیہا ملکنیہا وحقیقتہ اجعلنی اکفلہا کما اکفل ما تحت یدی وعن ابن عباس اجعلہا کفلی ای نصیبی ۱۲ منہ

اور دنبی کنایہ ہی بیوی سے پس یہ کلام کنایہ اور تمثیل ہی ساتھ امر داؤد اور اوریا کے کہ داؤد ننانوین بیویاں رکھتے تھے اور اوریا ایک بیوی اور چونکہ یہ تصویر مسئلے کی اور فرضی بات تھی نہ ممنوع ہوا یہ کہ فرض کرین ملائک کچھ اپنے جی مین جیسے کہ کہے تو کہ میرے لیے چالیس بکریاں ہین اور تیرے لیے چالیس پس ملا یا ہمنے اونکو حالانکہ نہوں تم دونون کے لیے چالیس مین سے چار اور نہ ایک جیسے کہتے ہین ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا اور اِشْتَرٰی بَکْرٌ دَارًا حالانکہ وہان نہ مارنا ہوتا ہی اور نہ خریدنا اور عَزَّنِیْ کے معنی ہین غالب ہوا مجھپر اور بعضون نے کہا زبردستی کی مجھپر غرضکہ یہ سب تمثیل ہی واسطے امر داؤد کے ساتھ اوریا کے اور وہ فرشتے بطور دادخواہی کے حضرت داؤد کے پاس یہ قصہ لائے تاکہ حکم کرین ساتھ اوس چیز کے کہ حکم کیا ساتھ قول اپنے کے لَقَدْ ظَلَمَکَ الخ تاکہ مغلوب و قائل ہون اپنے ہی حکم سے

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ ۗ وَظَنَّ دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعًا وَأَنَابَ ۩

کہا داؤد نے تحقیق ظلم کیا اوسنے تجھپر ساتھ مانگنے دنبی تیری کے تا ملاوے طرف دنبیون اپنی کے اور تحقیق بہت شریکون سے ظلم کرتے ہین بعض اونکے بعض پر مگر وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام اچھے کیے اور کم ہین وہ اور پہچانا داؤد نے کہ ہمنے آزمایا ہی اوسکو پس بخشش مانگی پروردگار اپنے سے اور گر پڑا سجدہ کرتا ہوا اور رجوع بحق کی **فائدہ** بعد اوسکے انصاف کرتا ہی تجھپر کہ مانگتا ہی تیری دنبی ملاکر اپنی دنبیون میں اور اکثر شریک زیادتی کرتے ہین ایک دوسرے پر مگر جو یقین لائے ہین اور نیک کام کیے اچھے اور تھوڑے لوگ ہین ایسے اور خیال مین آیا داؤد کے کہ ہمنے اوسکو جانچا پھر گناہ بخشوانے لگا اپنے رب سے اور گر اجھک کر اور رجوع ہوا **موضح تفسیر** اگر کوئی کہے کہ حضرت داؤد نے کیونکر کہا مدعی علیہ کے حق مین کہ ظلم کیا اوسنے حالانکہ نہین سنا انھون نے قول اوسکا تو جواب اسکا یہ ہی کہ معنی اسکے یہ ہین کہ اگر بات اسی طرح ہی جیسے کہ تو کہتا ہی تو البتہ ظلم کیا اوسنے تجھپر اور یا یہ کہ بعد اوسکے اقرار کرنے کے یہ بات کہی لیکن اقرار کرنا اوسکا قرآن مین نہین نقل کیا گیا اسلیے کہ معلوم ہوتا ہی قرینے سے اور روایت کیا گیا ہی کہ اوسنے کہا کہ مین چاہتا ہون یہ کہ لون مین دنبی اس سے اور پوری کرون مین دنبیاں اپنی سو پس کہا داؤد نے اگر قصد کریگا تو اسکا تو مار دونگا مین تیرے اسکو اور اسکو اور اشارہ کیا طرف کنارہ ناک اور پیشانی کے پس کہا اوسنے اے داؤد تو احق ہی اسکا کہ مارا جاوے تیرے یہان اور یہان اور تونے کیا ایسا اور ایسا پھر کہا دونون فرشتون نے چڑھتے ہوئے طرف آسمان کے بصورت مد قَضَى الرَّجُلُ عَلٰى نَفْسِهٖ یعنی تحقیق حکم کیا اس شخص نے اپنے نفس پر پس متنبہ ہوئے داؤد جیسے فرمایا اللہ تعالی نے وَظَنَّ دَاوٗدُ الخ اور فَتَنّٰهُ کے معنی یہ ہین کہ ڈالا ہمنے اوسکو فتنے مین یعنی بلا مین بسبب محبت اوس عورت کے اور خَرَّ رَاكِعًا کے معنی ہین یہ کہ گر پڑے اپنے مونہہ کے بل سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور رجوع بحق کی یعنی ساتھ توبہ کے اور روایت کیا گیا ہی کہ داؤد رہے سجدے مین چالیس رات دن نہین اوٹھاتے تھے سر اپنا مگر واسطے نماز فرض کے یا حاجت ضروری کے اور نہین تھمتا تھا آنسو اونکا یہان تک کہ اوگی گھاس اونکے آنسوؤن سے اور نہین پیتے تھے پانی مگر اس حال سے کہ دو ثلث اوسکے آنسو ہوتے تھے اور روایت ہی ابن عباس اور کعب بن احبار اور وہب بن منبہ سے کہ کہا ان سب نے کہ جب داخل ہوئے داؤد پر دونون فرشتے اور حکم کیا داؤد نے اپنے نفس پر پس دونون اپنی صورت اصلی پر ہو گئے اور چڑھے آسمان پر کہتے ہوئے قَضَى الرَّجُلُ عَلٰى نَفْسِهٖ اور جانا داؤد نے کہ رجل سے مجکو مراد رکھا پس گرے سجدے مین چالیس روز تک سجدے ہی مین رہے نہین اوٹھاتے تھے سر اپنا مگر حاجت ضروری کے لیے اور وقت نماز فرض کے پھر سجدے مین جاتے تھے پورے چالیس دن تک یہی حال رہا نہ کھاتے تھے اور نہ پیتے تھے اور روتے تھے یہان تک کہ اوگی گھاس گرد سر اونکے کے اور وہ پکارتے تھے اپنے رب عزوجل کو اور مانگتے تھے اوس سے قبولیت توبہ کی اور تھا اونکی دعا مین سے اونکے سجدے مین یہ مضمون

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْاَعْظَمِ يَبْتَلِي الْخَلْقَ بِمَا يَشَاءُ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ سُبْحَانَ الْقَائِلِ بَيْنَ الْقُلُوْبِ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي خَلَّيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ عَدُوِّي اِبْلِيْسَ فَلَمْ اَقُمْ لِفِتْنَتِهِ اِذْ نَزَلَتْ بِي سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي الْوَيْلُ لِدَاوُدَ اِذَا كُشِفَ عَنْهُ الْغِطَاءُ فَيُقَالُ هٰذَا دَاوُدُ الْخَاطِي سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي بِاَيِّ عَيْنٍ اَنْظُرُ اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاِنَّمَا يَنْظُرُ الظَّالِمُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ اِلٰهِي بِاَيِّ قَدَمٍ اَقُوْمُ اَمَامَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَوْمَ تَزِلُّ اَقْدَامُ الْخَاطِئِيْنَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي اَنَا الَّذِي لَا اُطِيْقُ حَرَّ شَمْسِكَ فَكَيْفَ اُطِيْقُ حَرَّ نَارِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي اَنَا الَّذِي لَا اُطِيْقُ صَوْتَ رَعْدِكَ فَكَيْفَ اُطِيْقُ صَوْتَ جَهَنَّمَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي الْوَيْلُ لِدَاوُدَ مِنَ الذَّنْبِ الْعَظِيْمِ الَّذِي اَصَابَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي اَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّي وَعَلَانِيَتِي فَاقْبَلْ عُذْرِي سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي بِرَحْمَتِكَ اغْفِرْ لِي ذُنُوْبِي وَلَا تُبَاعِدْنِي رَحْمَتَكَ لِهَوَايَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ مِنْ ذُنُوْبِي الَّذِي اَوْبَقَتْنِي سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اِلٰهِي فَرَرْتُ مِنْ ذُنُوْبِي وَاعْتَرَفْتُ بِخَطِيْئَتِي فَلَا تَجْعَلْنِي مِنَ الْقَانِطِيْنَ وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ الدِّيْنِ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ اور روایت ہی علقمہ بن مرثد سے کہ کہا اگر جمع کیے جاوین آنسوسب زمین کے رہنے والون کے تو نہ برابر ہون داؤد علیہ السلام کے آنسوون کے جسوقت کہ پونہچے وہ خطا کو اور اگر آنسو زمین رہنے والون کے اور آنسو داؤد علیہ السلام کے جمع کیے جاوین تو نہ برابر ہون آدم علیہ الصلوۃ والسلام کے آنسوون کے جسوقت کہ اوتارے گئے جنت سے اور ابن بریدہ سے روایت ہی کہ کہا اگر برابر کیا جاوے رونا زمین کے رہنے والون کا ساتھ رونے داؤد کے تو نہ برابر ہو اوسکے اور اگر برابر کیا جاوے رونا داؤد کا اور رونا زمین کے رہنے والونکا حضرت آدمؑ کے رونے کے ساتھ تو نہ برابر ہو اوسکے اور روایت کیا احمد نے اسماعیل بن عبد اللہ بن ابی المہاجر سے کہ داؤد علیہ السلام پر خفا ہوتے تھے لوگ بسبب کثرت رونے کے بس کہتے تھے داؤد چھوڑ و مجکو تا روؤن میں پہلے رونے کے دن کے اور پہلے جلنے ہڈیون کے اور شعلہ مارنے ڈاڑھیون کے اور پہلے اسکے کہ حکم کیا جاوے میرے لیے ملائکہ کو کہ جنکی صفت ہی عَلٰی غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَا اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ اور روایت کیا احمد نے عثمان بن ابی العاتکہ سے کہ کہا تھے داؤد علیہ السلام کی دعا مین یہ جملے سُبْحَانَكَ اِلٰهِي اِنِّي اِذَا ذَكَرْتُ خَطِيْئَتِي ضَاقَتْ عَلَيَّ الْاَرْضُ بِرَحْبِهَا وَاِذَا ذَكَرْتُ رَحْمَتَكَ ارْتَدَّتْ اِلَيَّ رُوْحِي سُبْحَانَكَ اِلٰهِي اَتَيْتُ اَطِبَّاءَ عِبَادِكَ لِيُدَاوُوْا لِي خَطِيْئَتِي وَكُلُّهُمْ عَلَيْكَ يَدُلُّنِي اور عطاے خراسانی سے روایت ہی کہ داؤد علیہ السلام نے نقش کر رکہا تھا اپنی خطا کو اپنی ہتیلی مین تاکہ نہ بہول جاوین اوسکو اور جب دیکھتے تھے اوسکو کانپ جاتے تھے دونون ہاتھ اونکے اور روایت ہی وہب بن منبہ سے کہ کہا اونھون نے داؤد علیہ السلام جبکہ پونہچے گناہ کو نہین کہانا کہایا کبھی مگر کہ ملے ہوتے تھے اوسمین آنسو اونکی آنکھون کے اور نہین پیا پانی مگر کہ ملے ہوتے تھے اوسمین آنسو اونکی آنکھون کے اور عبد الرحمن بن جبیر سے روایت ہی کہ داؤد علیہ السلام کہتے تھے بعد آزمایش کے اَللّٰهُمَّ مَا كَتَبْتَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ مِنْ مُصِيْبَةٍ فَخَلِّصْنِي تین بار وَمَا اَنْزَلْتَ فِي هٰذَا الْيَوْمِ مِنْ خَيْرٍ فَاٰتِنِي مِنْهُ نَصِيْبًا تین بار اور جب شام ہوتی کہتے مانند اسکے پس نہین دیکھی داؤد نے بعد اسکے کوئی چیز مکروہ اور سعید بن ہلال سے روایت ہی کہ داؤد نبی علیہ السلام کی عیادت کیا کرتے تھے لوگ گمان کرتے تھے کہ وہ بیمار ہین حال آنکہ نہین تھی اونکو کچھ بیماری مگر بسبب شدت خوف الٰہی کے یہ حال تھا اور روایت کی حاکم نے اور تصحیح کی اوسکی اور روایت کی بیہقی نے کتاب شعب الایمان مین ابن عباسؓ سے کہ کہا نہین پونہچا

داؤد کو جو کچھ کہ پہونچا اونکو بعد تقدیر الٰہی کے مگر بسبب عجب کے کہ اچھا جانا اپنے تئین اور وہ یہ تھا کہ اونہون نے کہا اے رب میرے نہین ہی کوئی ساعت راتسے اور نہ دن سے مگر کہ حال یہ ہی کہ کوئی عبادت کرنے والا آل داؤد سے عبادت کرتا ہی تیری نماز پڑھتا ہی تیرے لیے تسبیح کرتا ہی یا تکبیر کہتا ہی اور ذکر کین داؤد علیہ السلام نے اور کتنی ہی چیزین پس مکروہ رکھا اسکو اللہ تعالیٰ نے اور فرمایا اے داؤد بلاشبہ یہ نہین تھا مگر بسبب مدد میری کے پس اگر نہوتی مدد میری تو نہ قوت پاتا تو اوسپر قسم ہی اپنے جلال کی البتہ سونپونگا مین تجکو طرف نفس تیرے کے ایک دن پس کہا داؤد نے اے رب میرے تو خبر دینا مجکو پس پہونچا اونکو فتنہ اسدن۔ من معالم۔ جلالین۔ در منثور۔ شعر نیاورد م از خانہ چیزی نخست۔ تو دادی ہمہ چیز من چیز تست

فَغَفَرْنَا لَهُ ذَٰلِكَ ۖ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ۝

پس بخشی ہمنے اوسکے لیے وہ لغزش اوسکی اور بلاشبہ اوسکے لیے نزدیک ہمارے قربت ہی اور اچھی بازگشت ہی۔ فتح

تفسیر۔ یعنی جنت پس جب کہ خدا تعالیٰ نے درگذر کیا اونکی زلت سے وہ مغفور اور مبرور اور مقرب حق کے ہوئے اور روایت کیا گیا ہی کہ بعد قبول ہونے اس توبہ کے بھی داؤد تیس برس تک شب و روز روتے رہتے تھے اور مثل نشان جاری ہونے پانی کے زمین مین نشان اونکے آنسوؤن کا اونکے رخسارے پر پیدا ہوا تھا اور کچھ چیز کھاتے اور پیتے نتھے مگر آنسو اونکے اوسمین ملجاتے تھے اور بعد قبول ہونے اس توبہ کے ایک روز واسطے فیصلہ کرنے قضیون بنی اسرائیل کے بیٹھتے تھے اور ایک روز اپنی بیویون کے لیے مقرر رکھا تھا اور ایک روز جنگلون مین اور پہاڑون مین اور دریاؤن کے کنارے پھرتے تھے اور ایک روز خلوت مین بیٹھتے اور وہان چار ہزار محرابین تھین سب راہب یعنی عابد و درویش وہان جمع کر داؤد کے ساتھ نوحہ کرتے اور بخشش چاہتے اور جس روز کہ باہر جاتے اور خوش آوازی سے ذکر الٰہی کرتے اور روتے تمام پہاڑ اور جانور اور ریت اور درخت اونکے ساتھ روتے حتی کہ نہرین اونکے آنسوؤن سے جاری ہوتین اور جب کنارے دریا پر آتے روتے اور اونکے ساتھ روتین مچھلیان اور جانور دریا کے اور پرند جانور پانی کے اور درندے پھر جب شام ہوتی پھر آتے گھر مین پس جب ہوتا دن اونکے نوحہ کرنے کا اپنے نفس پر پکارتا پکارنے والا اونکا کہ آج دن ہی داؤد کے نوحہ کرنے کا اپنے نفس پر پس چاہیے کہ حاضر ہو وہ شخص کہ مساعدت کرے اونکی پس داخل ہوتے داؤد اوس مکان مین کہ جہان محرابین تھین پس اور بچھائے جاتے اونکے لیے تین بچھونے ٹاٹ کے کہ اندر اونکے لیف یعنی گابھا کھجور کا بھرا ہوتا اوس پر بیٹھتے اور آتے چار ہزار راہب بارانیان اوڑھے ہوئے اور اونکے ہاتھ مین عصے ہوتے پس بیٹھتے وہ اون محرابون مین پھر داؤد بلند آواز سے روتے اور نوحہ کرتے اپنے نفس پر اور راہب بلند کرتے اونکے ساتھ آوازین اپنی پس روتے رہتے یہان تک کہ غرق ہوجاتے بچھونے اونکے آنسوؤن سے اور پڑے رہتے داؤد اوسمین مانند جانور کے بچے کے یعنی نہایت ضعیف اور لوٹتے پس آتے بیٹے اونکے سلیمان اور اوٹھا لیتے اونکو پس لیتے داؤد وہ آنسو اپنی ہتیلی مین پھر ملتے اوسکو اپنے مونہہ پر اور کہتے یَا رَبِّ اغْفِرْ مَا تَرٰى اور کہا وہب نے جب توبہ قبول کی اللہ نے داؤد کی کہا داؤد نے یَا رَبِّ غَفَرْتَ لِيْ فَكَيْفَ لِيْ أَنْ أَنْسٰى خَطِيْئَتِيْ فَأَسْتَغْفِرُ مِنْهَا وَلِلْخَاطِئِيْنَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اور داؤد پہلے خطا کرنے کے قیام کرتے تھے آدھی رات اور روزے رکھتے تھے آدھے دہر یعنی ایام پس جب کہ خطا ہوئی اونسے جو کچھ کہ ہوئی روزے رکھتے تھے ہمیشہ اور قیام کرتے ساری رات اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا سورۂ ص مین اور فرمایا کہ سجدہ کیا اس کا داؤد نے شکریہ مین یعنی بیچ قضیے کے کہ سورۂ ص مین اونسے مذکور ہی واسطے توبہ کے اور کرتے ہین ہم وہ سجدہ واسطے شکرگذاری قبول توبہ اونکی کے اور یہ بھی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ کہا آیا ایک شخص یعنی ابو سعید خدری پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا یا رسول اللہ دیکھا مینے اپنے تئین آجکی رات اوس حال مین کہ مین سوتا تھا گویا کہ مین نماز پڑھتا ہون پیچھے ایک درخت کے پھر سجدہ کیا مینے یعنی تلاوت کا پھر سجدہ کیا درخت نے وقت سجدے میرے کے پس سنا مینے اوس درخت کو کہ کہتا ہی اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے

ف۱ اے رب کریم بخش بیچوکچہ کیا ہی تو
ف۲ اے رب کریم بخشا تو نے میرے لیے پس کیونکر ہو میرے لیے یہ کہ بھولون مین خطا اپنی بخشش مانگتا ہون مین اپنے گناہ سے اور روز قیامت تک کے گنہگارون کے لیے ۱۲
ف۳ یا اللہ لکھ میرے لیے بسبب اس

پس پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدے کی یعنی اوسی مجلس مین بقصد پڑھنے اس دعا کے یا اور وقت اور پھر سجدہ کیا پس سنا یعنے اونکو کہ وہ کہتے تھے مانند اوس چیز کے کہ خبر دی تھی اونکو اوس شخص نے کہنے درخت کے سے ظاہر تر یہ ہی کہ اوسنے آیت سجدے کی جو سورۂ ص مین ہی پڑھی ہوگی اور حضرت نے بھی وہی آیت پڑھی یا سورۂ سجدہ پڑھی ہو اور حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ کہا تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے بیچ سجدۂ قرآن کے رات کو سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ یعنی سجدہ کیا مونہہ میرے نے واسطے اوس ذات پاک کے کہ پیدا کیا اوسکو اور بنائے کان اوسکے اور آنکھین اوسکی ساتھ قدرت اور قوت اپنی کے انتہی ق ع ح رات کی اتفاقی ہی کہ حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے یہ دعا آنحضرت صلعم سے رات کو سنی تھی وہی بیان کیا اور پڑھنا اس دعا کا آنحضرت سے مطلق سجدۂ تلاوت مین بلا قید رات یا دن کے بھی آیا ہی اور یہ دعا بھی سجدے مین پڑھنی روایت کی گئی ہی رَبِّ اِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي یعنی ای رب میرے ظلم کیا مینے اپنے نفس پر پس بخش میرے لیے اور ظاہر مذہب حنفیہ کا یہ ہی کہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھنا سجدۂ تلاوت مین کفایت کرتا ہی لیکن ہمین شبہہ نہین کہ جو دعائین حدیث سے ثابت ہوئی ہین پڑھنا اونکا اولی ہی + معاً + مشکوۃ + **تنبیہ** + سجدۂ تلاوت کا واجب ہی امام اعظم رح کے نزدیک پڑھنے والے اور سننے والے پر اگرچہ قصداً نہ سنا اور اور اماموں کے نزدیک سنت ہی اور وہ ایک سجدہ ہی درمیان دو تکبیروں مسنون کے اور شرط ہی اوسمین وہ چیز کہ شرط ہی نماز مین یعنی طہارت وغیرہ اور بدون رفع یدین اور تشہد و سلام کے ہی اور امام اعظم رح کے نزدیک سجدے تلاوت کے چودہ ہین سورۂ اعراف مین اخیر سورت پر اور رعد مین بعد اٰصَالِ کے اور نحل مین بعد يُؤْمَرُوْنَ کے اور بعضوں نے کہا بعد يَسْتَكْبِرُوْنَ کے لیکن یہ قول رد کیا گیا ہی اور سُبْحَانَ الَّذِي مین بعد خُشُوْعًا کے اور مریم مین بعد بُكِيًّا کے اور حج مین پہلا سجدہ کہ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ پر ہی اور فرقان مین بعد نُفُوْرًا کے اور نمل مین بعد الْعَظِيْمِ کے اور بعضوں نے کہا بعد يُعْلِنُوْنَ کے اور الم تنزیل السجدہ مین بعد يَسْتَكْبِرُوْنَ کے اور ص مین بعد مَاٰبٍ کے اور فصلت مین بعد يَسْـَٔمُوْنَ کے اور بعضوں نے کہا يَعْبُدُوْنَ پر اور نجم مین فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا پر اور اذا السماء انشقت مین وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ پر اور اقرا مین وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ پر پس امام اعظم رح کے نزدیک تو یہ ہی اور امام احمد کے نزدیک پندرہ سجدے ہین کہ حج کے اخیر مین بھی ہی اور باقی بدستور اور امام شافعی کے نزدیک بھی چودہ ہین لیکن اسطرح کہ حج مین دو ہین اور ص مین نہین اور باقی بدستور اور امام مالک کے نزدیک گیارہ ہین ساقط کیا ہی اونھون نے سجدہ ص کو اور تینوں سجدوں مفصل کے کو یعنی نجم اور انشقت اور اقرا کے کو اور قول قدیم شافعی کا بھی یہی ہی + ع + ح + مسائل سجدۂ تلاوت کے بموجب مذہب حنفی کے یہ ہین ایک شخص نے پڑھی آیت سجدے کی نہین لازم آنے کا اوسپر سجدہ فقط ہونٹوں کے ہلانے سے بلکہ جب واجب ہوگا کہ تصحیح ہو حروف کی اور حاصل ہو آواز کہ سنے وہ یا غیر اوسکا جب کہ قریب ہو کان اوسکا طرف مونہہ اوسکے کے اگر پڑھی آیت سجدے کی سوائے اوس حرف کے کہ اوسکے آخر مین ہو نہ سجدہ کرے اور اگر پڑھے زیادہ حرف کہ سجدہ کیا جاتا ہی اوسمین نہ سجدہ کرے مگر یہ کہ پڑھے اکثر آیت سجدے کی ساتھ حرف سجدے کے + اور بیچ مختصر بحر کے ہی کہ اگر پڑھے لفظ وَاسْجُدْ اور چپکا ہو رہے اور نہ کہے یعنی کلمہ وَاقْتَرِبْ تو لازم آتا ہی اوسکو سجدہ کذا فی التبیین + ایک شخص نے سنی آیت سجدے کی ایک قوم سے ہر شخص سے اونمین سے ایک ایک حرف نہین ہی اوسپر کہ سجدہ کرے اسلیے کہ نہین سنی اوسنے وہ آیت پڑھنے والے سے اور اصل بیچ واجب ہونے سجدے کی یہ ہی کہ جو شخص ہو اہل وجوب صلوۃ سے اداءً یا قضاءً ہوگا اہل واسطے واجب ہونے سجدۂ تلاوت کے اور جو ایسا نہو پس نہین ہوگا اہل واسطے واجب ہونے سجدے کے یہان تک کہ اگر ہو پڑھنے والا کافر یا دیوانہ یا لڑکا یا حائض یا نفسا یا سنے حائض بعد طہر کے وری دس دن کے اور نفسا بعد طہر کے

وے چالیس ان کے نہین لازم ہوگا اونکو اور ایسے ہی سننے والا کافر وغیرہ ہوگا تو اوسپر بھی نہین واجب ہوگا اور اگر سنے ن
ذکر کیے گیون سے مسلمان عاقل بالغ واجب ہوگا اوسپر سجدہ بسبب سننے اوسکے کے اور اگر پڑھا محدث نے یا جنبی نے یا سنا
ان دونون نے واجب ہوگا سجدہ ان دونون پر اور ایسے ہی بیمار کا حکم ہی ✣ اور نہین واجب ہوگا سجدہ جب کہ سنے اوسکو جانور سے مختار
یہی ہی اور سوتے سے سنے تو صحیح یہ ہی کہ واجب ہوگا سجدہ ✣ اور اگر سنا سجدہ آواز گنبد یا پہاڑ کی سے نہین واجب ہوگا اوسپر ✣
سونے والا جب کہ خبر دیا جاوے کہ اوسنے پڑھی ہی آیت سجدے کی سوتے مین تو واجب ہوگا سجدہ اوسپر ✣ اور اگر پڑھا سجدہ نشے والے نے
واجب ہوگا سجدہ اوسپر اور اوپر اوسکے کہ سنے اوسکو ✣ عورت نے جسوقت کہ پڑھی آیت سجدے کی نماز مین اور نہین سجدہ کیا اوسکے لیے
یہان تک کہ حائض ہوگئی ساقط ہوگیا اوس سے سجدہ ✣ نفل نماز پڑھنے والے نے جب کہ پڑھی آیت سجدے کی اور سجدہ کیا اوسکے لیے پھر
فاسد ہوگئی نماز اوسکی اور واجب ہی اوسپر قضا اوسکی نہین لازم ہوگا اوسکو اعادہ اوس سجدہ کا ✣ اور ایسے ہی مسلمان جب کہ پڑھے
آیت سجدے کی پھر مرتد ہوجاوے وعیاذاً باللہ منہ پھر مسلمان ہو نہین واجب ہوگا اوسپر وہ سجدہ ✣ نہین واجب ہوتا سجدہ بسبب لکھنے
قرآن کے ✣ جب کہ پڑھے آیت سجدے کی فارسی مین پس واجب اور اوس شخص پر کہ سنے اوسکو سجدہ ہی سمجھے سننے والا یا نہ سمجھے جب کہ
خبر دیا جاوے سننے والا کہ اوسنے پڑھی ہی آیت سجدے کی ✣ اور صاحبین کے نزدیک اگر سننے والا جانے گا کہ وہ پڑھتا ہی قرآن تو لازم ہوگا اوسکو
سجدہ اور نہین تو نہین کذا فی الخلاصۃ ✣ اور بعضون نے کہا کہ واجب ہوگا سجدہ بالاجماع اور صحیح یہی ہی کذا فی محیط السرخسی اگر پڑھی آیت
سجدے کی عربی مین لازم آویگا سجدہ اوسپر مطلق لیکن معذور ہوگا ساتھ تاخیر کے جب تک کہ نہ جانے ✣ اور اگر پڑھا سجدہ اس حال مین کہ وہ بہائی
پیش سنا واجب ہوگا اوسپر سجدہ ✣ جب کہ پڑھی آیت سجدے کی ساتھ ہجاکے یعنی ہجے کرنے کے نہین واجب ہوتا ہی سجدہ ✣ اور جب کہ پڑھے
امام آیت سجدے کی سجدہ کرے وہ اور سجدہ کرین مقتدی ساتھ اوسکے برابر ہی کہ سنین اوسکو امام سے یا نہ سنین اور برابر ہی کہ ہو نماز جہری مین یا سری
مین مگر یہ کہ مستحب ہی کہ نہ پڑھے آیت سجدے کی نماز سری مین ✣ اور اگر سنا سجدہ امام سے اجنبی نے کہ نہین ہی ساتھ اونکے نماز مین اور نہ داخل ہوا
ساتھ اونکے نماز مین لازم ہوگا اوسکو سجدہ کرنا ✣ سنا ایک شخص نے سجدہ امام سے پھر داخل ہوا ساتھ امام کے پہلے سجدہ کرنے اوسکے کے سجدہ کرے
ساتھ اوسکے اور اگر داخل ہو امام کی نماز مین بعد سجدہ کرنے اوسکے کے نہ سجدہ کرے اور یہ جب ہی کہ پاوے امام کو اوسی رکعت کے اخیر مین اور اگر
پاوے اوسکو اور رکعت مین تو سجدہ کرے اوسکا بعد فراغ کے ✣ اگر پڑھے آیت سجدہ مقتدی نہین لازم ہوگا سجدہ امام پر اور نہ مقتدی پر
نہ نماز مین اور نہ بعد فراغ نماز کے ✣ اگر سنے نماز پڑھنے والا اجنبی سے سجدہ کرے بعد فراغ کے اور اگر سجدہ کرے نماز مین نہین کفایت
کرتا ہی اوسکو اور نہین فاسد ہوتی ہی نماز اوسکی ✣ یہ جب ہی کہ نہ پڑھا مصلی سننے والے نے غیر مقتدی سے پس اگر پڑھا اوسکو اول پھر سنا
اوسکو پس سجدہ کیا اوسکا نہ اعادہ کرے اوسکو ظاہر روایت مین اور اگر سنا اوسکو پہلے پھر پڑھا اوسکو پس اسمین دو روایتین ہین اور
جزم کیا ہی سراج مین کہ نہ اعادہ کرے اوسکو ✣ اور اگر پڑھی آیت سجدے کی نماز مین پس اگر ہی آیت وسط سورت مین تو افضل یہ ہی کہ
سجدہ کرے پھر کھڑا ہو اور ختم کرے سورت اور رکوع کرے اور اگر سجدہ نکیا اور رکوع کیا اور نیت کی سجدے کی کفایت کریگا اوسکو اور
اسی پر فتوی ہی اور اگر نہ رکوع کیا اور نہ سجدہ کیا اور تمام کی سورت پھر رکوع کیا اور نیت کی سجدے کی نہین کفایت کریگا اوسکو اور نہ ساقط
ہوگا اوس سے سجدہ بسبب رکوع کے اور اوسپر قضا اوسکی لازم ہی ساتھ سجدہ کرنے کے جب تک کہ نماز مین ہی ✣ اور ذکر کیا خواہر زادہ نے
کہ اوسنے جب پڑھین بعد آیت سجدے کے تین آیتین تو منقطع ہوگا فور اور نہین قائم ہوگا رکوع مقام سجدے کے اور کہا شمس ائمہ حلوائی نے
کہ نہین منقطع ہوتا فور جب تک کہ نہ پڑھے زیادہ تین آیتون سے ✣ اور اگر سجدہ ہو ختم سورت مین تو افضل یہ ہی کہ رکوع کرے واسطے اوسکے
اور اگر سجدہ کیا اور نہ رکوع کیا تو ضرور ہی یہ کہ پڑھے کچھ اور سورت مین سے بعد اوٹھانے سر کے سجدے سے ✣ اور اگر اوٹھایا سر اور نہ پڑھا کچھ اور رکوع کرو یا

جائز ہی اور اگر نہ رکوع کیا اور نہ سجدہ کیا اور تجاوز کیا اور موضع کی طرف یعنی اور کچھ پڑھنا شروع کر دیا پس نہین جائز ہی اوسکے لیے
یہ کہ رکوع کرے واسطے اوسکے اور اوسپر لازم ہی یہ کہ سجدہ کرے جبتک کہ نماز مین ہی اور اگر ہو سجدہ آخر سورت مین اور بعد اوسکے دو
آیتین ہین یا تین تو وہ مختار ہی اگر چاہے رکوع کرے واسطے اوسکے اور اگر چاہے سجدہ کرے پس جب چاہے یہ کہ رکوع کرے واسطے اوسکے
تو جائز ہی اوسکو یہ کہ ختم کرے سورت اور رکوع کرے اور اگر سجدہ کرے واسطے اوسکے پھر کھڑا ہو تو ختم کرے سورت اور رکوع کرے
پس اگر ملا لے ساتھ اوسکے کچھ اور دوسری سورت سے تو وہ افضل ہی ٭ اور جب سجدہ کرے اور رکوع کرے نماز کے لیے علیحدہ فی الفور
تو عود کرے طرف قیام کے اور مستحب ہی یہ کہ قیام سے پیچھے ہی رکوع نکرے بلکہ پڑھے دو آیتین یا تین آیتین پھر رکوع کرے ٭
اور اگر پڑھے آیت سجدے کی نماز مین پس ارادہ کرے یہ کہ رکوع کرے واسطے اوسکے احتیاج ہوگی نیت کی نزدیک رکوع کے پس اگر نہ پائی
اوس سے نیت نزدیک رکوع کے نہین کفایت کریگا اوسکو سجدے سے اور اگر نیت کی رکوع مین اختلاف کیا ہی مشائخ نے کہا بعضون نے کہ
کفایت کریگا اوسکو اور بعضون نے کہا نہین کفایت کریگا اوسکو کذا فی المضمرات ٭ اور ظاہر تر یہ ہی کہ نہین جائز یہ کذا فی شرح ابی المکارم
اور اگر نیت کی بعد اوٹھانے سر کے رکوع سے نہین کفایت کریگا اوسکو بالاجماع ٭ اور اگر نیت کی سجدے کی امام نے رکوع مین کیا پیچھے تلاوت
کے اور نیت کی اوسکی مقتدی نے نہین قائم مقام ہوگا رکوع سجدے کے اوس سے یعنی مقتدی سے پس باقی رہیگا سجدہ دین اوسکے ذمے پس سجدہ
کرے جب سلام پھیرے امام اوسکا اور اعادہ کرے قعدے کو اور اگر چھوڑ دیگا قعدے کو فاسد ہو جاویگی نماز اوسکی ٭ اتفاق ہی علما کا اوپر کہ سجدہ
تلاوت کا ادا ہو جاتا ہی ساتھ سجدہ نماز کے کہ فی الفور کرے اگرچہ نیت نہ کرے واسطے تلاوت کے ٭ نمازی جبکہ بھول جاوے سجدہ تلاوت کا
اوسکی جگہہ مین پھر یاد آوے اوسکو رکوع مین یا سجدے مین یا قعدے مین تو وہ سجدے مین گر پڑے پھر عود کرے طرف اوس چیز کے کہ تھا اوس مین
اور اعادہ کرے اوسکو از راہ استحسان کے اور اگر اعادہ نکریگا جائز ہو جاویگی نماز اوسکی ٭ جب کہ پڑھی امام نے آیت سجدے کی اور بعضے لوگ تھے
صحن مین پس تکبیر کہی امام نے سجدے کے لیے اور گمان کیا اون لوگون نے کہ صحن مین تھے یہ کہ تکبیر کہی امام نے رکوع کے لیے پس رکوع کیا اونھون نے پھر اوٹھا امام سجدے سے
اور تکبیر کہی پس گمان کیا لوگون نے کہ امام نے اوٹھایا سر اپنا رکوع سے پس تکبیر کہی لوگون نے اور اوٹھائے سر اپنے اگر نہ زیادہ کیا اونھون نے اسپر نہین فاسد ہوگی
نماز اونکی ٭ نمازی نے جب کہ سنی آیت سجدے کی غیر اپنے سے اور سجدہ کیا ساتھ پڑھنے والے کے اگر قصد کیا ساتھ اوسکے اتباع پڑھنے والے کا
تو فاسد ہو جاویگی نماز اوسکی ٭ اور مستحب ہی غیر نماز مین یہ کہ سجدہ کرے سننے والا ساتھ پڑھنے والے کے اور نہ اوٹھاوے سر اپنا پہلے اوسکے
اور مستحب ہی یہ کہ آگے بڑھے پڑھنے والا اور صف باندھین قوم پیچھے اوسکے ٭ اور ذکر کیا ہی ابو بکر نے کہ عورت صلاحیت رکھتی ہی امام
ہونے کی واسطے مرد کے اس سجدے مین کذا فی البحر الرائق ٭ اور حکم اس سجدے کا تداخل ہی یہان تک کہ کفایت کریگا پڑھنے والے کے حق مین ایک
سجدہ اگرچہ جمع ہون اوسکے حق مین تلاوت اور سننا یعنی اگر ایک شخص پڑھیگا یہی آیت سجدے کی اور سننے کا بھی اوسی کو تو ایک سجدہ
کفایت کر جاویگا ٭ اور شرط تداخل کی اتحاد آیت اور اتحاد مجلس ہی یہان تک کہ اگر مختلف ہو مجلس اور متحد ہو آیت یا متحد ہو مجلس
اور مختلف ہو آیت نہین متداخل ہوگا سجدہ کذا فی المحیط ٭ اور اگر متبدل ہو مجلس سننے والے کی نہ پڑھنے والے کی مکرر ہوگا وجوب سننے
والے پر ٭ اور اگر متبدل ہو مجلس پڑھنے والے کی نہ سننے والے کی مکرر ہوگا وجوب پڑھنے والے پر [illegible] سننے والے پر بموجب قول اکثر مشائخ کے
اور اسی پر عمل ہی ٭ اور مجلس ایک ہی ہی اگرچہ طویل ہو یا کھاوے ایک لقمہ یا پیوے ایک گھونٹ یا کھڑا ہو جاوے یا چلے ایک قدم یا دو قدم
یا انتقال کرے گھر کے کونے سے یا مسجد کے کونے سے طرف دوسرے کونے کے مگر جب کہ ہو گھر بڑا مانند گھر سلطان کے ٭ اور اگر انتقال کرے مسجد جامع
مین ایک کونے سے طرف دوسرے کونے کے تو نہین مکرر ہوگا وجوب ٭ اور چلنا کشتی کا نہین قطع کرتا ہی مجلس کو یعنی کشتی کتنی ہی چلے
اور اوس مین ایک آیت سجدے کو کئی بار پڑھیگا تو ایک ہی سجدہ آویگا کہ مجلس متحد ہی بخلاف چلنے جانور کے جسوقت کہ نہ ہو سوار اوسکا نماز مین

یعنی جانور کے چلنے مین مکرر سجدے لازم ہونگے سوار پر اگر نماز نفل نہ پڑھتا ہوگا اور نماز نفل پڑھتا ہوگا تو ایک ہی سجدہ آویگا کہ وہ ایک ہی مجلس کے
حکم مین ہے + اور اگر مشغول ہو ساتھ تسبیح اور تہلیل کے یا قرارت کے نہین منقطع ہوگا حکم مجلس کا اور اگر پڑھی آیت سجدے کی پھر سوار ہوا
جانور پر پھر اوترا پہلے چلنے کے تو بھی نہین منقطع ہوگی مجلس اور اگر پڑھی آیت سجدے کی پس سجدہ کیا پھر پڑھا قرآن بعد اسکے تو پل
پھر عود کیا اوس سجدے کو نہین واجب ہے کا سجدہ اوسپر دوسرا اور اگر پڑھی آیت سجدہ ایک مکان مین پھر اوٹھا پس سوار ہوا جانور پر پھر
پڑھا اوسکو دوسری بار پہلے چلنے جانور کے پس اوسپر ایک ہی سجدہ آویگا کہ سجدہ کرے زمین پر + اور اگر چلا جانور پھر پڑھا اوسکو
لازم آوینگے اوسپر دو سجدے + اور اسی طرح جسوقت کہ پڑھی آیت سجدے کی سوار ہوکر پھر اوترے پہلے چلنے جانور کے پس پڑھے اوسکو پس اوسپر ایک سجدہ
آویگا کہ سجدہ کرے زمین پر + اور اعتبار کیا جاویگا تبدل مجلس کا نہ اعراض کا یعنی انکار کرنے کا یہانتک کہ اگر کہا نہین پڑھونگا مین دوسری بار
پھر پڑھا اوسی مجلس مین کفایت کریگا اوسکو ایک سجدہ + اور مکرر لازم ہونگے سجدے کپڑے کے تانا تننے مین اور اناج کے گاہنے مین اور
ہل چلانے مین اور انتقال کرنے مین ایک ٹہنی سے طرف دوسری ٹہنی کے بیچ صحیح تر اقوال کے + اور اگر پڑھے آیت سجدہ اس حال مین کہ وہ پیادہ پا
چلتا ہے لازم ہوگا اوسپر ہر بار پڑھنے مین ایک سجدہ اور اسی طرح اگر تیرتا ہے پانی مین بیچ دریا کے یا بڑی نہر کے تو ہر بار مین سجدہ آویگا +
اور جسوقت کہ تیرتا ہو حوض مین یا تالاب مین کہ اوسکے لیے حد معلوم ہے پس صحیح یہ ہے کہ سجدے مکرر لازم ہوتے ہین اور اسی طرح اگر پڑھے
اوسکو گرد چکی کے اس مین پس صحیح یہ ہے کہ سجدے مکرر لازم ہوتے ہین + اور اگر عمل کثیر کرے کہ کھاوے بہت یا سووے چت یا نیچے یا مانند انکے کے
کچھ کرے تو واجب ہوگا سجدہ استحساناً اسلیے کہ مجلس بدل جاتی ہے ان اعمال سے از روے نام کے پس ہوتی ہے مضاف طرف ان اعمال کے
عرف مین + اور جو سجدہ کہ واجب ہوا نماز مین نہین ادا ہوتا ہے خارج نماز کے اور ہوتا ہے گنہگار اوسکے ترک کرنے سے ہکذا فی البحر الرائق +
یہ جب ہے کہ نہین فاسد کی نماز پہلے سجدے کے پس اگر فاسد کردیا اوسکو ادا کرے سجدے کو خارج نماز کے اور اگر فاسد کی نماز بعد سجدہ کرنے
کے تو نہ اعادہ کرے اوسکو کذا فی القنیہ + اور اگر پڑھا قرآن رکوع مین یا سجود مین نہین لازم ہوگا اوسکو سجدہ تلاوت کا + اگر پڑھی آیت
سجدے کی پس سجدہ کیا پھر شروع کی نماز اوسی جگہہ پھر پڑھا اوسکو دوبارہ پس اوسپر سجدہ دوسرا لازم ہوگا اور اگر نہین سجدہ کیا پہلے
کے لیے اوسپر ایک ہی سجدہ آویگا یہانتک کہ اگر نہ ادا کیا اوسکو ساقط ہوجائیگا اور اگر پڑھا اوسکو ایک رکعت مین پس سجدہ کیا
اوسکا پھر اعادہ کیا اوسکو اوسی رکعت مین نہین واجب ہوگا دوبارہ + نماز پڑھنے والے نے جب کہ پڑھی آیت سجدے کی پہلی رکعت مین پھر
اعادہ کیا اوسکو دوسری رکعت مین اور تیسری مین اور سجدہ کیا پہلے کے لیے نہین ہے اوسپر لازم یہ کہ سجدہ کرے اون دونون کا صحیح یہی ہے
اگر پڑھی آیت سجدے کی نماز مین اور سجدہ کیا پھر پڑھا اوسکو بعد سلام کے اوسی جگہہ دوسری بار سجدہ کرے دوبارہ ظاہر روایت مین +
پڑھی آیت سجدہ ایک رکعت مین پھر حدث ہوا پس پھرا اور وضو کیا پھر عود کیا اور سنا اوسکو اپنے غیر سے اوسپر دو سجدے آوینگے + اگر پڑھی
آیت سجدے کی نماز مین یا سنا اوسکو غیر اپنے سے پس سجدہ کیا اوسکے لیے پھر حدث ہوا پس وضو کیا اور بنا کی نماز پھر سنا آیت سجدے کو
اوس سے واجب ہوگا اوسپر سجدہ دوسرا اور سجدہ کرے جب کہ فارغ ہو نماز سے بخلاف اسکے کہ جب پڑھے آیت سجدے کی نماز مین پھر حدث ہو
پس وضو کرے اور بنا کرے پھر پڑھے وہی آیت نہین واجب ہوگا اوسپر سجدہ دوسرا + اور اگر پڑھے آیت سجدے کی وقت مباح مین پس سجدہ کرے اوسکا
اوقات مکروہہ مین نہین کفایت کریگا اور اگر پڑھے اوسکو اوقات مکروہہ مین پھر سجدہ کرے اونھین اوقات مین جائز ہوگا + اور اگر
پڑھا اوسکو سواری سے اوترے ہوئے پھر پونہچا اوسکو خوف پس سوار ہوا اور سجدہ کیا کفایت کریگا اوسکو حالت خوف مین اور نہین کفایت کریگا
اوسکو حالت امن مین + اور شرائط اس سجدے کے شرائط نماز کے سے ہین سواے تحریمہ کے + اور رکن اس سجدے کا رکھنا پیشانی کا ہے زمین پر
یا وہ چیز کہ قائم مقام اوسکے ہو کہ وہ رکوع ہے یا اشارہ کرنا بسبب مرض کے یا سوار ہونے کے جانور پر سفر مین + اور جو سجدہ کہ واجب ہوگا زمین پر

نہین جائز ہونے کا سواری پر اور جو سجدہ واجب ہوگا سواری پر جائز ہوگا زمین پر + اور فاسد کرتی ہی اس سجدے کو وہ چیز کہ فاسد
کرتی ہی نماز کو مانند حدث کہونے کے قصدًا اور کلام کرنے کے اور قہقہہ مارنے کے اور او سپر اعادہ اوس سجدے کا لازم ہی جیسے اگر پانی جاوین
یہ چیزین نماز کے سجدے مین تو اعادہ اوسکا کرنا آتا ہی مگر یہ کہ نہین وضو کرنا آتا قہقہے مین + اور ایسے ہی محاذات یعنی برابر ہونا عورت کا نہین
فاسد کرتا ہی اوسکو اور اگر سو جاوے اوسمین تو نہین ٹوٹتی ہی طہارت اوسکی بموجب روایت صحیح کے + اور سنت اوسکی تکبیر ہی ابتدا اور انتہا
مین یس جب ارادہ کرے سجدے کا تکبیر کہے اور نہ اوٹھاوے دونون ہاتھ اپنے اور سجدہ کرے پھر تکبیر کہے اور اوٹھاوے سر اپنا اور نہ تشہد ہی
اوسکے بعد یعنی اَلتَّحِیَّات اور نہ سلام اور کہے سجدے مین سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی تین بار اور نہ کم کرے تین بار سے جیسے کہ فرض مین ہی
اور تکبیر بلند آواز سے کہے + اور مستحب ہی یہ کہ جب ارادہ کرے سجدۂ تلاوت کا کھڑا ہووے پھر سجدہ کرے اور جب اوٹھاوے سر اپنا سجدے سے
کھڑا ہو جاوے پھر بیٹھے + پھر جب ارادہ کرے سجدہ کرنے کا نیت کرے اوسکی اپنے دل سے اور ادا اوسکا فی الفور نہین ہی یہان تک کہ اگر
ادا کرے اوسکو جسوقت مین کہ ہو ہوگا ادا کرنے والا نہ قضا کہنے والا + یہ حکم بیچ غیر سجدۂ نماز کے ہی اور سجدۂ نماز کا جب تاخیر کرے
اوسکو یہان تک کہ دراز ہو قرات ہوگا وہ قضا اور گنہگار ہوگا تاخیر کرنے سے + قرآن کے پڑھنے والے کے پاس جب لوگ مستعد ہون
سجدہ کرنے کے لیے اور وہ جانتا ہو کہ نہین دشوار ہوگا اونپر ادا کرنا سجدے کا تو لائق ہی یہ کہ پڑھے آیت سجدے کی پکار کر اور اگر ہون لوگ بے وضو
یا گمان کرتا ہو پڑھنے والا کہ لوگ سُنینگے اور سجدہ نہین کرنے کے یا دشوار ہوگا اونپر ادا کرنا سجدے کا تو لائق ہی یہ کہ پڑھے چپکے سے
برابر ہی کہ ہو نماز مین یا خارج نماز کے کذا فی الخلاصۃ + اور مکروہ ہی یہ کہ پڑھے سورت اور چھوڑ دے آیت سجدے کی اور اگر پڑھے نری آیت
سجدے کی غیر نماز مین نہین مکروہ ہی + اور مستحب ہی یہ کہ پڑھے ساتھ اوسکے ایک آیت یا دو آیتین اور اگر نہ پڑھے اوسکے ساتھ کچھ تو کچھ
ضرر بھی نہین + **عالمگیری + مسائل** متعلقہ سجدۂ تلاوت کے + کتاب کافی مین لکھا ہی کہ کہا بعضون نے جو شخص پڑھے
تمام آیتین سجدے کی کہ چودہ ہین ایک مجلس مین اور سجدہ کرے ہر ایک کے لیے کفایت کریگا اوسکو اللہ تعالی اوس چیز سے کہ غم و فکر مین
ڈالے اوسکو اور ظاہر قول اوسکے کا یہ ہی کہ جو شخص ارادہ کرے انکے پڑھنے کا واسطے کفایت مہمات کے تو پڑھے اون چودہ آیتون کو
پے در پے پھر سجدے کرے اور احتمال یہ بھی ہی کہ سجدہ کرے ہر آیت کے لیے بعد پڑھنے انکے کے + اور سجدہ شکر کا کرنا مستحب ہی بموجب روایت
مفتی بہ کے اسلیے کہ اکثر روایتون مین آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت حصول النعمت اور دفع بلا کے سجدہ شکر کا کیا ہی لیکن سجدہ کرنا
خواہ شکر کا ہو یا تضرع اور استغاثہ کا بعد نماز کے مکروہ ہی اسلیے کہ جاہل اعتقاد کرینگے اوسکو سنت یا واجب یعنی اور وہ ایسا ہی نہین
بلکہ وہ مکروہ ہی بموجب قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ یعنی جو
کوئی نئی بات نکالے ہمارے اس دین مین وہ بات کہ نہین ہی دین سے پس وہ بات یا وہ شخص مردود ہی اور نہین نقل کیا گیا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے اور نہ اور کسی سے خلفاے راشدین مین سے کہ اونھون نے ملازمت کی ہو سجدہ کرنے کی بعد نماز کے اور جو مباح کہ ہو وے معروف
طرف اوسکے یعنی طرف اوس چیز کے کہ ذکر کی گئی اعتقاد سنیت سے یا وجوب سے پس وہ مکروہ ہی کہا سید احمد نے ظاہر یہ ہی کہ کراہت تحریمی ہی
اسلیے کہ وہ داخل کرتا ہی دین مین وہ چیز کہ نہین ہی دین سے انتہی اور مکروہ ہی امام کے لیے آیت سجدے کی پڑھنے جمعے اور عیدین مین اور
کہا شمس الائمہ نے کہ کہا مشائخ ہمارے نے کہ سبیل ہمارے زمانے مین جسوقت کہ پڑھے آیت سجدے کی امام جمعے مین یا عیدین مین یہ ہی
کہ نہ سجدہ کرے اوسکے لیے بسبب درازی صفوف کے اور کثرت لوگون کے اسلیے کہ مکبر جب تکبیر کہیگا اوسکے لیے تو لوگ گمان کرینگے کہ اونے
تکبیر کہی ہی رکوع کے لیے پس وہ رکوع کرینگے اور اسمین فتنہ ظاہر ہی + اور پڑھنا الٓمّٓ تَنْزِیْلُ السَّجْدَۃَ کا اور هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ
کا روز جمعہ کے فجر کی نماز مین مسنون ہی کہ کبھی کبھی پڑھ لیا کرے بدون مواظبت کے جیسے کہ نہ مواظبت کرے اوسکے ترک پر + اور درد

بھیجنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پس ایسا ہی ہی یعنی نہین مکرر ہوتا ہی وجوب درود کا وقت تکرار اسم مبارک اون علیہ السلام
کے مجلس واحد مین نزدیک متقدمین کے بقیاس آیت سجدے کے اور پوچھے گئے عمر حافظ کہ پڑھی ایک شخص نے آیت سجدے کی کئی بار ایک مجلس مین
آیا افضل اوسکے حق مین یہ ہی کہ سجدہ کرے واسطے ہر تلاوت کے یا نکرے اونھون نے فرمایا کہا کہ وہ مانند اوس شخص کے ہی کہ ذکر کیا نام نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کا کئی بار نہین لازم آتا ہی اوسپر درود بھیجنا مگر ایکبار لیکن ان دونون مین فرق ہی اور وہ یہ ہی کہ مستحب ہی تکرار
درود کی نہ سجدہ تلاوت کی اور متاخرین نے کہا کہ مکرر ہوتا ہی وجوب درود بھیجنے کا نبی علیہ السلام پر جبتک کہ ذکر کیے جاوین ایک مجلس مین
یا کئی مجلسون مین اسلیے کہ درود بھیجنا حقوق خلق سے ہی اور نہین متداخل ہوتا حقوق العباد مین اور ترک اوسکا جفا ہی اور بخل اور بددعا
کی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خاک آلودہ ہو ناک اوس شخص کی کہ ذکر کیا گیا مین نزدیک اوسکے پس نہ درود بھیجا مجھپر اور اسی لیے
کہا ہی امام طحاوی نے کہ درود واجب ہوتا ہی جسوقت ذکر کیے جاوین آنحضرت اور یہی صحیح تر ہی پس لازم کر اپنے پر ساتھ منفق ہون اقوال علما
کے یا مختلف ہون اور ساری عمر مین ایک بار درود بھیجنا فرض ہی اور نہین خلاف ہی بیچ واجب ہونے تعظیم اللہ تعالی کے جب ذکر کیا جاوے
لیکن ثنا اللہ عز وجل پر متداخل ہوتی ہی کما نقلہ الحموی فی حاشیۃ الاشباہ + اور چھینکین جو تین سے زیادہ ہون
تو نہ جواب دے صحیح یہی ہی اسلیے کہ حدیثون سے ایسا ہی ثابت ہوتا ہی + در المختار + طوالع +

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝

کہا ہمنے اے داود تحقیق کیا ہمنے تجکو بادشاہ زمین مین پس حکم کر درمیان لوگون کے ساتھ حق کے اور پیروی نکر خواہش نفس کی
کہ وہ گمراہ کر دیگی تجکو تحقیق جو لوگ کہ گمراہ ہوتے ہین راہ خدا سے اونکے لیے ہی عذاب سخت بسبب اسکے کہ فراموش کیا روز حساب کو + فتح +

تفسیر + معنی اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ کے یہ ہین کہ خلیفہ بنایا ہمنے تجکو ملک پر زمین مین یا کیا ہمنے تجکو
خلیفہ اونکا کہ تھے پہلے تیرے یعنی انبیا کا کہ قائم تھے حق پر اور اسمین دلیل ہی اسپر کہ حال داود کا بعد توبہ کے باقی رہا اوسی وضع پر کہ تھا پہلے
نہ متغیر نہین ہوا ساتھ حق کے یعنی ساتھ حکم خدا کے جبکہ ہووے تو خلیفہ یا ساتھ عدل کے اور پیروی نکر خواہش نفس کی یعنی حکم کرنے مین
فراموش کیا روز حساب کو یعنی اسطرح کہ ترک کیا اونھون نے ایمان لانا روز حساب پر کہا زجاج نے بسبب ترک اونکے عمل کو واسطے
اس دن کے اور آیا ہی کہ حضرت عمر نے سوال کیا طلحہ اور زبیر اور کعب و سلمان سے کہ کیا فرق ہی خلیفہ اور بادشاہ مین پس کہا طلحہ و زبیر نے
کہ ہم نہین جانتے پس کہا سلمان نے کہ خلیفہ وہ ہی کہ عدل کرے رعیت مین اور تقسیم کرے درمیان اونکے برابر اور شفقت کرے اونپر جیسے کوئی
شفقت کرتا ہی اپنے اہل پر اور حکم کرے ساتھ کتاب اللہ کے پس کہا کعب نے کہ نہین گمان کرتا تھا مین کہ مجلس مین کوئی پہچانتا ہوگا فرق خلیفہ اور
بادشاہ کا سوا میرے اور اور روایت مین آیا ہی کہ عمر نے سلمان سے پوچھا کہ آیا مین بادشاہ ہون یا خلیفہ پس کہا اونسے سلمان نے کہ اگر تم حاصل
کرتے ہو مسلمانون کی زمین سے ایک درہم یا کم یا زیادہ پھر رکھتے ہو اوسکو غیر حق مین تو بادشاہ ہو نہ خلیفہ اور روایت مین آیا ہی کہ ایک شخص نے
حضرت عمر سے فرق خلیفہ اور بادشاہ کا یہ بیان کیا کہ خلیفہ نہین لیتا ہی مگر حق اور نہین رکھتا ہی اوسکو مگر حق مین اور تم شکر اللہ کا ایسے ہی ہو
اور بادشاہ ظلم کرتا ہی پس لیتا ہی کسی سے اور دیتا ہی اوسکو پس چپ ہوئے حضرت عمر اور بعض صحابہ سے آیا ہی کہ جب وہ منبر پر بیٹھے تو کہا اے لوگون
خلافت نہین ہی ساتھ جمع کرنے مال کے اور نہ بانٹ دینے اوسکے ولیکن خلافت عمل کرنا ہی ساتھ حق کے اور حکم کرنا ساتھ عدل کے اور
پکڑنا لوگونکا ساتھ امر خدا کے اور مالک بن دینار سے روایت ہی کہ کہا دعا کی داود نے الٰهي اجعل حبك احب الي من نفسي وسمعي
وبصري واهلي ومن الماء البارد + اور یہ بھی دعا اونکی تھی اللهم لا تفقرني فانسى ولا تغنني فاطغى اور

آیا ہی کہ حضرت داؤد ؑ نے سوال کیا رب العزت سے کہ آلٰہی کیا ہی جزا اوس شخص کی کہ تسلی دے غمگین مصیبت زدہ کو واسطے طلب رضامندی تیری کے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ جزا اوسکی یہ ہی کہ اوڑہاؤنگا مین اوسکو ایک چادر ایمان کی چادرون مین سے ڈھانکونگا مین اوسکو ساتھ اوسکے آگ دوزخ سے اور داخل کرونگا مین اوسکو جنت مین کہا داؤد ؑ نے کہ آلٰہی پس کیا جزا ہی اوس شخص کی کہ ساتھ چلے جنازے کے واسطے طلب رضامندی تیری کے فرمایا جزا اوسکی یہ ہی کہ ساتھ چلین گے اوسکے ملائکہ اوس دن کہ وہ مریگا اوسکی قبر تک اور یہ ہی کہ رحمت بھیجونگا مین اوسکی روح پر ارواح مین کہا داؤد ؑ نے کہ پس کیا ہی جزا اوس شخص کی کہ پرورش کرے یتیم کو اور بیوہ کو واسطے طلب رضامندی تیری کے فرمایا جزا اوسکی یہ ہی کہ سائے مین کرونگا مین اوسکو بیچ سایہ عرش اپنے کے اوس دن کہ نہین سایہ ہوئیگا سوائے سائے میرے کے کہا داؤد ؑ نے کہ پس کیا ہی جزا اوس شخص کی کہ روئے تیرے ڈر سے یہان تک کہ بہین آنسو اوسکے اوسکے چہرے پر فرمایا جزا اوسکی یہ ہی کہ حرام کرونگا مین اوسکے چہرے کو آگ کی بھاپ پر اور یہ کہ امن دونگا اوسکو گھبراہٹ سے کے دن سے یعنی روز قیامت سے اور مجاہد سے روایت ہی کہ کہا کہا داؤد ؑ نے ای رب میرے طویل ہوئی عمر میری اور بڑا ہوا سن میرا اور ضعیف ہوئے اعضا میرے پس وحی بھیجی اللہ تعالیٰ نے طرف اوسکے کہ ای داؤد خوشحالی ہی اوسکے لیے کہ دراز ہوئی عمر اوسکی اور اچھے ہوئے عمل اوسکے ✣ **ملّا معالم درمنثور تنبیہ** سوچنا چاہیے کہ خواہش نفسانی کیا بُری چیز ہی کہ جس سے اللہ کی راہ سے بھٹکتا ہی اور پھر عذاب شدید پاتا ہی جہان تک ہوسکے اس سے بچنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے خواہش نفسانی کے متبع کو بت پرست فرمایا ہی اس آیت مین اَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰهُ یعنی کیا پس دیکھا تو نے اوس شخص کو کہ پکڑا ہی معبود اپنا خواہش نفسانی اپنی کو ✣

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ؁

اور نہین پیدا کیا ہی ہمنے آسمان اور زمین کو اور اوس چیز کو کہ درمیان انکے ہی یعنی خلقت بیہودہ اور یہ گمان کافرونکا ہی پس وائے کافرونکو عذاب آگ سے ✣ **فتح ✣ تفسیر** ✣ باطل کے معنی ابن عباس نے کہے ہین کہ نہ ثواب کے لیے ہوا اور نہ عذاب کے لیے اور اورون نے یہ کہے ہین کہ نہو واسطے غرض صحیح اور حکمت بالغہ کے یا باطل کے معنی ہین بطلین عابثین مانند قول اللہ تعالیٰ کے وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ یعنی اور نہین پیدا کیا ہمنے آسمان و زمین کو اور اوس چیز کو کہ درمیان انکے ہی اس حال مین کہ کھیلنے والے ہون اور نہین پیدا کیا ہمنے اونکو مگر ساتھ حق کے اور تقدیر اسکی یہ ہی ذَوِیْ بَاطِلٍ وَعَبَثٍ پس رکھا گیا لفظ باطل جگہ عبثا کے یعنی نہین پیدا کیا ہی ہمنے اونکو واسطے کھیل کود کے ولیکن واسطے حق ظاہر کے اور وہ یہ ہی کہ پیدا کیا ہمنے نفسون کو امانت رکھی ہمنے اونمین عقل اور اختیار رکھی ہمنے واسطے اونکے عاقبت وجزا موافق عملون کے اور ذلک اشارہ ہی طرف باطل پیدا کرنے اونکے کے اور ظن معنی مظنون کے ہی یعنی پیدا کرنا اونکا واسطے عبث کے نہ واسطے حکمت کے مظنون کافرونکا ہی اگر کوئی کہے کہ جب اونھون نے اقرار کیا اسکا کہ اللہ نے پیدا کیا آسمانون کو اور زمین کو اور اون چیزون کو کہ انکے درمیان مین ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ تو کیون ٹھہرائے گئے گمان کرنے والے اسکے کہ اوسنے پیدا کیا ہی انکو عبث نہ حکمت کے لیے تو جواب اسکا یہ ہی کہ جب ہوا انکار کرنا اونکا بعث اور حساب اور ثواب و عذاب کو تو پہنچانے والا طرف اسکے کہ بنانا انکا عبث و باطل ہی ٹھہرائے گئے گویا کہ وہ گمان رکھتے ہین اسکا اور کہتے ہین یہ ✣ ۵ ✣

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ۝

کیا کرینگے ہم اون لوگون کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے مانند مفسدون کے بیچ زمین کے کیا کرینگے ہم پرہیزگارون کو مانند بدکارون کے ✣ **فتح ✣ تفسیر** ✣ یعنی ایسا نہین ہوئیگا اور مراد یہ ہی کہ اگر باطل ہو جزا جیسے کہ کہتے ہین کافر تو البتہ برابر ہوجاے احوال سوانے والون اور

بگاڑنے والون اور پرہیزگارون اور بدکارون کا اور جو کوئی برابری کرے درمیان انکے ہوگا نادان اور نہین ہوگا حکیم ابو ذر سے روایت ہی کہ کہا فرمایا ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جیسے کہ نہین چُنے جاتے درخت خاردار سے انگور یعنی کوئی درخت خاردار سے انگور کا میوہ نہین پاتا ایسے ہی نہین پاتے بدکار منازل نیکون کے آیا ہی کہ کفار قریش نے کہا مومنون سے کہ ہمکو آخرت مین برابر تمھارے بلکہ زیادہ تمسے نعمتین ملینگی یہ آیت آئی کہ کافر ساتھ مومن کے برابر نہین ہونے کے کافر دوزخ مین جائینگے اور مومن بہشت مین ✣ **مل ✣ درمنثور ✣ بحر ✣**

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ○

یہ قرآن ایک کتاب ہی بابرکت کہ اوتارا ہمنے اوسکو طرف تیرے تو کہ لوگ تامل کرین اوسکی آیتون مین اور تو کہ نصیحت پکڑین عقلمند ✣ **فتح تفسیر** ✣ بابرکت ہی یعنی بہت ہی خیر و نفع اوسکا اور تامل کرین یعنی دیکھین اونکے معانی مین پھر ایمان لاوین حسن بصری سے منقول ہی کہ کہا اونھون نے کہ پڑھا اس قرآن کو غلامون اور لڑکون نے اس حال مین کہ نہین جانتے ہین وہ تاویل اوسکی یاد کرلیے ہین حروف اوسکے اور ضائع کیے ہین حدود اوسکے یہان تک کہ بعضے اونمین سے کہتے ہین کہ قسم خدا کی البتہ پڑھ لیا ہمنے قرآن پس نہین چھوڑا ہمنے اوسمین سے ایک حرف حالانکہ بلاشبہہ قسم خدا کی سارے قرآن کو چھوڑا اونھون نے نہین دیکھا جاتا اونپر قرآن کا اثر خلق مین اور نہ عمل مین واللہ کیا ہی یہ کہ یاد کرتے ہین حرف اوسکے اور ضائع کرتے ہین حدین اوسکی واللہ نہین ہین یہ حکما پرہیزگار بہت پیدا کیے ہین اللہ نے لوگون مین ایسے لوگ یا اللہ کر ہمکو علماے متدبرین اور بچا ہمکو قاریون متکبرین سے اور یہ بھی حسن بصری رح سے منقول ہی کہ تدبر آیتون قرآن کا اتباع کرنا اوسکا ہی ساتھ عمل کرنے اوسکے کے انتہی آنحضرت صلعم نے فرمایا مجکو سورۂ ہود نے بوڑھا کیا اور اسی طرح سورۂ مرسلات اور واقعہ کے حق مین فرمایا ہی ہم لوگ اگر سارا قرآن پڑھین تو خبر بھی نہو اور آیا ہی کہ عبد اللہ بن عمر رض لوگون کے ساتھ کم بیٹھتے تھے اور اکثر گورستان مین پھرتے رہتے اور ہر گھڑی مصحف کے اوپر پڑھنے اوسکے کے رہتے لوگون نے کہا کہ ای ابن عمر کیون یہ تین چیزین اختیار کین ہین تمنے کہا اسلیے کہ کوئی واعظ گور سے زیادہ نصیحت کرنے والا نہین اور جب گور کو دیکھتا ہون نہین جانتا ہون کہ یہان رہنا ہوگا اور کوئی امام نہین ہی بہتر کتاب خدا تعالی سے اور کوئی مونس نہین ہی بہتر تنہائی سے کہ جو مونس ہوگا جو ہے حجاب مرد کا ہوگا پس تنہائی بہتر ہی اوس سے ✣ **معا ✣ جلا ✣ مل ✣ درمنثور ✣ منزهة النواظر ✣** شعر ہر چہ آورد ست برمن دوستی آورد پیش ✣ کاش با بیگانگی آشنا بودی مرا ✣

مسئلہ دعوون اور بینات کی مناسبت ساتھ قصۂ داود ع کے ہی اسلیے یہان لکھا جاتا ہی پس جاننا چاہیے کہ اگر کوئی شخص کسی پر دعوی کرے اور وہ مدعی علیہ دوسرے شہر مین ہو اور اوس شہر مین بھی کوئی حاکم ہو تو دعوی مدعی کا مسموع نہین ہونے کا اور اگر اوس شہر مدعی علیہ کے مین کوئی حاکم نہو تو حاکم پر حاضر کروانا مدعی علیہ کا اوس شہر سے بے حاکم اوسکے کے اپنے شہر مین لازم نہین ہی مگر یہ کہ وہ شہر اوسکا ایسی مسافت پر ہو کہ ایک روز مین مدعی اپنے شہر سے وہان جاکر پھر آوے ✣ اور سننا دعوی حاضر کا اور گواہ کا غائب پر اوپر حاکم کے لازم ہی لیکن حکم کرنا غائب پر بحسب گواہی گواہ کے جائز نہین ✣ اور جب ایک حق کسی پر دو گواہون عدل کی گواہی سے حاکم کے نزدیک ثابت ہوا اور وہ شخص حاضر ہو تو اوسپر حکم کرے ✣ اور مدعی کو باوجود دو گواہون کے قسم نہین آتی ہی ✣ اور اگر دو شخص ایک دیوار مین تنازع کرین اور وہ دیوار دونون کے مکان یعنی دالان وغیرہ سے ملی ہوئی ہو تو آدھی ایک کو دی جاوے اور آدھی دوسرے کو اور اگر کڑیان ایک کی اوسپر رکھی ہون تو اوسی کو دین ✣ اور اگر ایک غلام بالغ ایک شخص کے قبضے مین ہو اور وہ دعوی اوسکے غلام ہونے کا کرے اور غلام اوسکو جھٹلاوے تو قول غلام کا ساتھ قسم کے مقبول ہوگا اور وہ آزاد ہوگا اور اگر غلام صغیر بے تمیز ہو تو قول صاحب ید یعنی قابض کا معتبر ہوگا ✣ اور اگر کوئی دعوی اوسکے نسب کا کرے تو بغیر گواہ کے مقبول نہین ہونے کا ✣ اور گواہ مدعی پر ہین اور قسم منکر پر ✣ اگر کوئی کہے کہ میرے پاس گواہ نہین ہین یا سب گواہ میرے دروغگو ہین بعد اوسکے گواہ گذرانے تو مقبول ہونگے ✣ گواہ خارج کے اولی ہین نسبت

ف بیان تدبر قرآن ...

مسئلہ دعوی و بینات کا بیان

گواہ قابض کے ٭ اگر دو گواہ آپسمین متعارض ہون تو ترجیح کسیکو نہین ہی ٭ اگر ایک مرد دعوی نکاح ہونیکا ایک عورت کا اپنے سے کرے تو دعوی اوسکا بے ذکر کرنے شرطون صحت نکاح کے سنا جاویگا یعنی مثلا یہ ضرور نہین کہ وہ کہے کہ مینے اوس سے نکاح کیا دو گواہون کے سامنے یا باجازت ولی رشید کے اگر چھوٹی ہی ٭ مدعی علیہ اگر قسم سے انکار کرے تو مدعی علیہ پر حکم کرے اور قسم دینی نہین آتی کی مدعی کو بعد انکار کرنے مدعی علیہ کے قسم سے اگر کسیکا کسی پر دین ہو اور مدیون یعنی قرضدار منکر ہوا اور وہ شخص مال مدیون پر قدرت پاوے تو دین دینے والیکو روا ہی کہ بمقدار دین اپنے کے بے اذن اوسکے جنس مال اپنے سے لیوے اور امام شافعی کے نزدیک مطلق مال مین سے لے لینا درست ہی خواہ جنس مال اپنے سے ہو یا اور طرح کا ٭ اگر دو عدل گواہی دین اسپر کہ فلانے شخص نے اپنے بعدے کو آزاد کیا ہی اور مالک منکر ہو آزاد کرنے کا تو گواہی صحیح نہین ہوگی ٭ **بحر** ٭ **نکتہ** ٭ ایک محقق کہتا ہی کہ آیت اِصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاذْکُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَیْدِ سے یہان تک اشارہ ہی اسپر کہ سالک کو لازم ہی کہ صبر کرے اوپر شدائد ہر طرح کے کہ اوسکو پونہچے اور چاہیے کہ کسی حال مین اللہ کی طرف متوجہ ہونیسے سستی نکرے اور اوسکے غیر کی طرف کچھ بھی التفات نکرے اور سوچے کہ انبیا کو باوجود اوس برگزیدگی کے بسبب تھوڑے سے التفات کرنے کے غیر اللہ کیطرف کے سے آزمایشین ہوئین ٭ **بحر** ٭ **شعر** چون با توشوم مجاز من جملہ نماز ٭ چون بیتو شوم نماز من جملہ مجاز ٭

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝

اور دیا ہمنے داؤد کو سلیمان بہت خوب بندہ وہ ہی رجوع رہنے والا ٭ **مو**

اور عطا کیا ہمنے داؤد کو ایک فرزند سلیمان نام اچھا بندہ تھا سلیمان تحقیق وہ بہت رجوع کرنے والا تھا خدا کی طرف ٭ **فتح** ٭ **تفسیر** ٭ آیا ہی کہ جب بخشا اللہ تعالی نے داؤد کو سلیمان تو کہا اونھون نے سلیمان سے کہ اے بیٹے میرے کیا ہی بہت اچھی چیز کہا اونھون نے سکینت اللہ کی اور ایمان کہا پس کیا ہی بہت بری چیز کہا اونھون نے کفر بعد ایمان کے کہا داؤد نے پس کیا ہی بہت شیرین چیز کہا رحمت اللہ کی درمیان بندون اوسکے کے کہا داؤد نے پس کیا ہی بہت ٹھنڈی چیز کہا عفو کرنا اللہ کا لوگون سے اور عفو کرنا لوگونکا آپسمین کہ ایک دوسرے سے درگذر کرے کہا داؤد نے پس تو ہی بیٹا میرا اور آیا ہی کہ جب ارادہ کیا داؤد نے یہ کہ خلیفہ کرین اپنے بیٹے سلیمان کو تو کہا اونسے سلیمان نے کہ آیا بسبب محبت فرزندی کی کرتا ہی تو یہ یا اللہ تعالی کے حکم سے کہا داؤد نے کہ بسبب محبت فرزندی کے کرتا ہون پس انکار کیا سلیمان نے اوسکے قبول کرنے سے یہان تک کہ حکم کرے اونکو اللہ اسکا اور ابن عباس سے منقول ہی کہ کہا وحی بھیجی اللہ تبارک و تعالی نے طرف داؤد کے کہ مین پوچھنے والا ہون یعنی تیری زبانی تیرے بیٹے سلیمان سے سات باتین پس اگر خبر دے تجکو پس وارث کر تو اوسکو علم و نبوت کا پس کہا سلیمان سے داؤد نے کہ اللہ نے وحی بھیجی ہی مجکو کہ پوچھون مین تجسے سات باتین پس اگر خبر دے تو مجکو وارث کرون مین تجکو علم و نبوت کا کہا سلیمان نے کہ پوچھو جو کچھ چاہو کہا داؤد نے کہ خبر دے مجکو کہ کونسی چیز شہد سے زیادہ میٹھی ہی اور کونسی چیز برف سے زیادہ ٹھنڈی ہی اور کونسی چیز نرم زیادہ ہی ریشمی کپڑے سے ہاتھ لگانے مین اور کیا چیز ہی کہ نہین دکھائی دیتا نشان اوسکا صاف چیز مین اور کیا چیز ہی کہ نہین معلوم ہوتا اثر اوسکا پانی مین اور کیا چیز ہی کہ نہین دکھائی دیتا اثر اوسکا آسمان مین اور کون فربہ رہتا ہی ارزانی و قحط مین کہا سلیمان نے کہ اے پدر شہد سے زیادہ میٹھی چیز تو اسمائے اللہ کی ہی واسطے محبت رکھنے والون کے آپسمین اور ٹھنڈی چیز زیادہ برف سے پس وہ کلام ہی کہ وارد ہوا اولیا اللہ کے دلون پر یعنی الہام و واردات الہی اور نرم زیادہ ریشمی کپڑے سے پس حکمت اللہ کی ہی جسوقت کہ پھیلاوین اوسکو اولیاء اللہ آپسمین اور جسکا نہ معلوم ہو نشان پانی مین پس آسمان ہی کہ چلتا ہی اور نہین معلوم ہوتا اثر اوسکے چلنے کا اور جسکا کہ نہین معلوم ہوتا نشان صاف چیز مین

پس چیونٹی ہی کہ گذرتی ہی پتھر پر اور نہین معلوم ہوتا نشان اوسکا اور جیسکا کہ نہین معلوم ہوتا نشان آسمان مین پس جانور ہی کہ اوڑتا ہی
اور نہین معلوم ہوتا نشان اوسکا اور جو کہ فربہ رہتا ہی ارزانی اور قحط مین پس وہ مومن ہی کہ جب دیتا ہی اوسکو اللہ شکر کرتا ہی
اور جب مبتلا کرتا ہی اوسکو صبر کرتا ہی پس دل اوسکا بڑا سخی اور نہایت روشن رہتا ہی **درمنثور**

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ○ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ
جب دکھانے کو آئے اوسکے سامنے شام کو گھوڑے خاصے تو بولا مینے چاہی محبت مال کی ملنے رب کی
رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ○
یاد سے یہان تک کہ چھپ گیا اوٹ مین **موضح**

یاد کر جسوقت کہ روبرو لائے گئے سلیمان کے بعد ظہر کے گھوڑے تیز رو پس کہا تحقیق مینے دوست رکھا ان گھوڑون کو قبیل غبت کرنے سے
ساتھ مال کے اعراض کرتے ہوئے ذکر پروردگار اپنے سے یعنی نماز عصر سے یہان تک کہ پوشیدہ ہوا آفتاب پردے مین یعنی نماز عصر کی
فوت ہوئی **فتح** **تفسیر** حضرت سلیمان نے سنا کہ سمندر کے کنارے دریائی گھوڑے نکلتے ہین خاصی گھوڑیان وہان باندھین
وہ اونسے جفت ہوئے بچے ہوئے تھے اونکا قدم جیسے تیر تا وہ طیار ہو کر آئے دیکھنے مین بیخبر ہو گئے وظیفے کا وقت جاتا رہا عصر کا سورج
اوٹ مین آگیا پھر غصے ہوئے اون گھوڑون پر پھر منگا کر کاٹ ڈالا یہ اللہ کی محبت کا جوش تھا اونکی تعریف فرمائی **موضح** صافنات
جمع صافنہ کی ہی صافنہ اوس گھوڑے کو کہتے ہین کہ جسکے تین پانون زمین پر لگے ہون کھڑے رہنے مین اور ایک پانون کے سُم کا
ایک کونا لگا ہوا اور باقی اوٹھا ہوا ہو کہ یہ گھوڑے کے اوصاف محمودہ سے ہی اور جیاد جمع جواد کی ہی یعنی تیز رو کے اور بعضون نے کہا کہ یہ
جیاد لمبی گردنون کے گھوڑون کو کہتے ہین مشتق جید سے کہ بمعنی گردن کے ہی اور معنی یہ ہین کہ وہ گھوڑے ایسے تھے کہ اگر ٹھہرائے جاتے
اوسیوقت ٹھہر جاتے اور اگر چلائے جاتے وہ تیز رو سبک رفتار تھے کہ جیسے چاہیے اور لکھا ہی مفسرون نے کہ حضرت سلیمان نے دمشق اور
نصیبین کے کفار پر جہاد کیا اور ہزار گھوڑے وہان سے ہاتھ لگے اور بعضون نے کہا کہ داؤد علیہ السلام کو عمالقہ سے ہاتھ لگے تھے اور اونسے
میراث مین آنکو ملے اور بعضون نے کہا کہ گھوڑے دریائی پردار تھے کہ سلیمانؑ کے لیے دیوون نے دریا مین سے نکالے تھے بہر تقدیر سلیمانؑ
بعد نماز ظہر کے کرسی پر بیٹھے اون گھوڑون کے دیکھنے کے لیے اور منظور تھا جہاد کرنا کہین کے کفار پر پس نوسو گھوڑے اونکو دکھائے
گئے اونکے دیکھنے مین نماز عصر سے غافل رہے اور تھی نماز عصر کی فرض اونپر اور بعد دیکھ چکنے نوسو کے آگاہ ہوئے دیکھا کہ آفتاب
غروب ہو گیا نہایت ہی غمگین ہوئے اور کہا کہ ان گھوڑون کو پھر میرے سامنے لاؤ اور جب لائے اوٹھے اور تلوار سے اونکی گردنین اور
کونچین کاٹین تا قربِ الٰہی اور رضامندی اوسکی حاصل ہو اور کفارہ اوس تقصیر کا ہو اور اسطرح مارنا گھوڑون کا اونکے لیے مباح تھا اگرچہ
حرام ہی ہمپر جیسے کہ مباح ہی ہمارے لیے ذبح کرلینا اونکا اور باقی رہے سو پس جتنے گھوڑے لوگون کے پاس ہین اونھین کی نسل سے ہین بعد ازان اسکے
بدلے حق تعالی نے اونکو بہتر گھوڑے سے عطا کیا کہ ہوا کو مسخر اونکا کیا جہان چاہتے تھے اونکو لشکر سمیت لیجاتی تھی جیسے کہ سورۂ سبا مین گذرا **معالم**

رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ○
پھیر لاؤ اونکو میرے پاس پھر لگا جھاڑنے پنڈلیان اور گردنین **موضح**

پھیر لاؤ ان گھوڑون کو مجھپر پس شروع کیا ہاتھ پونچھنا پنڈلیون پر اور گردنون پر یعنی ذبح کیا اون گھوڑون کو اور کونچین اونکی کاٹین
بسبب فوت ہونے ذکر خدا تعالی کے واللہ اعلم **فتح** **تفسیر** پھیر لاؤ الخ یعنی حضرت سلیمان نے یا تو فرشتون کو کہا کہ پھیر لاؤ آفتاب کو
مجھپر تا کہ نماز پڑھون عصر کی پس پھیر آگیا آفتاب اور نماز پڑھی سلیمان نے عصر کی اور یا حضرت سلیمانؑ نے اپنے خادمون سے کہا کہ پھیر لاؤ گھوڑون کو

اور شروع کیا الخ یعنی پھیرنے لگے اونکی پنڈلیون اور گردنون پر یعنی کاٹنے لگے پانؤن اور گردنین اونکی اسلیے کہ باز رکھا اونھون نے نماز سے اور بعضون نے کہا کہ کیا یہ سلیمان عم نے نماز کے فوت ہونے کے غصّے مین یا از راہ ادائے شکر پھر پائے آفتاب کے اور گھوڑے اونکی شریعت مین کھائے جاتے تھے پس نہو آتلف کرنا اونکا اور بعضونے کہا کہ اپنے ہاتھ سے پوچھتے تھے اون گھوڑونکو از راہ توقیر اونکی کے ✢ ملـ✢ یعنی ذبح کیا اون گھوڑونکو اور پانؤن اونکے کاٹکر گوشت اونکا واسطے خدا کے فقرا کو دیا اور اسطرح ذبح کرنا اونکی شریعت مین مباح تھا اور بعضون کے نزدیک مراد مسح بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ سے داغ صدقے کا کرنا اوپر پانؤن اور گردنون اونکی کے ہی کہ داغ کر کر راہ خدا مین تصدق کیا اور علی مرتضی رض سے منقول ہی کہ سلیمان عم نے ملائکہ کو کہ آفتاب پر متعین ہین بموجب امر الٰہی کے حکم کیا کہ آفتاب کو پھیر لاؤ پھیر اور وہ پھیر لائے اور سلیمان عم نے نماز عصر اوسکے وقت مین ادا کی اور یہ دیکھنا گھوڑونکا واسطے طیاری جہاد کے تھا پس جنھون نے کہا ہی کہ مراد مسح سے دور کرنا غبار کا پانؤن اور گردنون گھوڑونکے سے بسبب شفقت اور رافت کے گھوڑون پر تھا اس قول کے مناسب ہوگا اور پھر پانا آفتاب کا واسطے نماز عصر کے حضرت علی رض کے لیے ہمارے رسول علیہ السلام کی دعا سے مشہور ہی اور صحت حدیث اوسکی کے خیبر مین محدثون کو اتفاق ہی ✢ **بحر** ✢ **تنبیہ** ✢ سبحان اللہ جو لوگ کہ طالب مولی ہوتے ہین وہ اسطرح بیزار ہوتے ہین اون چیزون سے کہ مانع ہوتی ہین اللہ کے ذکر کی اسلیے کہ وہ جانتے ہین کہ دنیا اور دنیا کی چیزین فانی ہین اور آخرت باقی چنانچہ کسی بزرگ سے منقول ہی کہ کہا اونھون نے کہ انجام دنیا کا زوال ہی اور انجام آخرت کا بقا ہی اور انجام حیات موت ہی اور انجام طعام مزابل ہی یعنی پیٹ مین نجاست ہوکر آخر کو کوڑیون پر جاکر پڑتا ہی اور انجام جمع کرنے مال کا حساب ہی اور انجام عمارتونکا خراب ہونا ہی اور انجام ظلم کا عذاب ہی اور انجام پریشانی خاطر کا عیب دار ہونا ہی اور انجام تائب کا غفران ہی اور انجام گنہگار کا رسوائی و خواری ہی اور انجام زہد کا رضوان کہ اللہ تعالی راضی ہوتا ہی انتہی کذا فی المنبہات پس چونکہ عظمت الٰہی اور بقا عقبی اور فنا دنیا اونکے دلون مین جمی ہوتی ہین وہ ذکر اللہ کے حارج سے بیزار ہوتے ہین اور جنکے دل مین دنیا کی محبت جم رہی ہی وہ ذکر اللہ حارج دنیا کا جانکر اوس سے باز رہتے ہین جو کوئی اہل اللہ اور اہل دنیا کے حال مین غور کرے حقیقت اسکی اوسپر کھل جائیگی اور اونکے قصے سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ اچھے بندون کو دولت دنیا اللہ سے غافل نہین کردیتی بخلاف ناقصون کے کہ ذرہ سی فراغت مین اللہ بھول جاتے ہین پس اگر کوئی دنیا کے دھندے کا عذر کرے تو ہیچ ہی اور خیال کرے کہ انسے زیادہ کیا جاہ و حشم اور فراغت ہوگی باینہمہ یون اللہ کی بندگی مین مصروف تھے چنانچہ بعضی روایت مین آیا ہی کہ روز قیامت کے اللہ سبحانہ وتعالی دلیل لاویگا ساتھ چار شخصون کے چار طرح کے لوگون پر اغنیا پر ساتھ سلیمان عم کے کہ دیکھو باوجود اس مال و منال کے ہماری طاعت سے غافل نہوا اور دلیل لاویگا فقرا پر ساتھ عیسی عم کے کہ دیکھو کیسے محتاج تھے اور پھر ہماری بندگی مین کیسے مصروف رہے اور دلیل لاویگا غلامون پر ساتھ یوسف عم کے اور بیمارون پر ساتھ ایوب عم کے یہ روایت منبہات مین مذکور ہی ✢

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ○

اور ہمنے جانچا سلیمان کو اور ڈال دیا اوسکے تخت پر ایک دھڑ پھر وہ رجوع ہوا ✢ **ہمو** ✢

اور تحقیق آزمایا ہمنے سلیمان عم کو اور ڈالا ہمنے اوسکے تخت پر ایک بدن پھر رجوع کی بحق مترجم کہتا ہی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ رح کہ سلیمان عم اپنے امرا سے منغص ہوئے اور خاطر مین لائے کہ آجکی رات سو بیویون سے صحبت کرونگا اور ہر بیوی ایک ایک بچا جنیگی اور ہر ایک شہسوار ہوگا جہاد کرنے والا اور مجھکو احتیاج امرا کے تملق کی نہین پڑنے کی فرشتے نے کہا انشاء اللہ تعالی کہہ حضرت سلیمان بھول گئے پس کوئی عورت حاملہ نہوئی مگر ایک عورت نے لڑکا ناقص الخلقت جنا اور اوس لڑکے کو سلیمان عم کے تخت پر ڈالدیا سلیمان عم متنبہ ہوئے

اور رجوع رب العزت کی طرف کی واللہ اعلم ✣ **تفسین** ✣ اسکی تفسیر مین ظاہر تر قولون کا یہ ہی کہ جو حدیث مرفوع سے نقل کیا
کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہا سلیمان علیہ السلام نے کہ آجکی رات صحبت کرونگا مین ستر بیویون سے ہر ایک جنیگی شہسوار کہ جہاد کریگا
اللہ کی راہ مین اور نہ کہا انشاء اللہ تعالی پھر صحبت کی اونسے پس نہ حاملہ ہوئی مگر ایک عورت جنی لڑکا ناقص الخلقت پس ڈالا گیا وہ
اونکے تخت پر پس رکھا اوسکو گود مین پس قسم ہی اوس ذات کی کہ نفس محمد کا اوسکے ہاتھہ مین ہی اگر کہتا وہ انشاء اللہ تعالی البتہ جہاد کرتے
وہ بچے سب اللہ کی راہ مین گھوڑے پر سوار ہوکر اور بعضون نے کہا کہ آزمائے گئے سلیمان بعد بیس برس کے بادشاہت کے اور بعد آزمایش
کے بیس برس پھر بادشاہت کی اور آزمانا اونکا یہ تھا کہ اونکے ہان ایک بیٹا پیدا ہوا پس کہا شیطانون نے کہ اگر یہ جیتا رہا تو
نہین چھوٹینگے ہم اسکی تابعداری سے پس قصد کیا شیاطین نے اوسکے قتل کرنے کا پس یہ خبر حضرت سلیمان علیہ السلام کو پہنچی پس پرورش
کرنے لگے اوسکو ابر مین بخوف ضرر پہونچانے شیاطین کے پس ڈالا گیا بچہ اونکا مردہ اونکے تخت پر پس متنبہ ہوئے سلیمان اپنی لغزش پر
کہ توکل نکیا اللہ پر اوسکے مقدمے مین اور یہ جو روایت کیجاتی ہی حدیث خاتم اور شیطان کی اور بت پرستی کی سلیمان کے گھر مین نہین مانا ہی
اوسکو علمائے کاملین محققین نے اور کہا کہ یہ یہود کی باطل باتون مین سے ہی یہ تفسیر مدارک اور بیضاوی مین لکھا ہی اور حدیث خاتم وغیرہ کی
تفسیر بحر العلوم مین معالم وغیرہ سے بتفصیل مذکور ہی اور موضح قرآن اور جلالین مین بالاجمال واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ✣

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّنۢ بَعْدِيٓ ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ○

بولا ای رب میرے معاف کر مجکو اور بخش مجکو وہ بادشاہی کہ نچاہیے کسیکو میرے پیچھے بیشک توہی سب بخشنے والا ✣ **مو**

کہا سلیمان نے ای پروردگار میرے بخش مجکو اور عطا کر مجکو وہ بادشاہی کہ راست نہ آوے کسیکو سوا میرے تحقیق تو ہی ہی بخشنے والا ✣ **فتح**
تفسین ✣ پہلے بخشش مانگی پھر بادشاہی مانگی بحسب عادت انبیا علیہم السلام اور صالحین کے کہ سوال سے پہلے استغفار کیا کرتے ہین
اور اسطرح کا سوال کیا اسلیے کہ تا ہو معجزہ اونکے لیے نہ از راہ حسد کے توضیح اسکی یہ ہی کہ سلیمان علیہ السلام پیدا ہوئے تھے خاندان بادشاہت
ونبوت مین اور وارث ہوئے تھے اون دونون کے پس چاہا کہ طلب کرین اپنے رب سے ایک معجزہ پس طلب کیا بحسب حال اپنے کے ملک زائد
خارق عادت کے تا کہ ہو وہ دلیل نبوت کی اور امت خواہ مخواہ مانین اور معجزہ نہین ہوتا ہی یہان تک کہ ہو خارق واسطے عادت کے پس یہ ہین
معنی قول اللہ تعالی کے لَا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّنۢ بَعْدِيٓ اور پہلے اسکے نہین مسخر تھے اونکے ہوا اور شیطان پس جب دعا کی اسطرح
تو مسخر ہوئے اونکے ہوا اور شیاطین اور سلمۃ بن الاکوع سے روایت ہی کہ کہا نہین سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کرتے مگر کہ شروع
کرتے تھے اوسکو ساتھہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى الْوَهَّابِ کے اور بخاری مسلم وغیرہما مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ ایک سرکش جنون مین سے ناگہان آیا آجکی رات تا کہ قطع کرے نماز میری اور اللہ نے مجکو قادر کیا اوسپر پس تحقیق قصد کیا مینے یہ کہ باندھ دون
اوسکو ایک ستون سے مسجد کے ستونون مین سے تا کہ صبح کو دیکھو تم سب اوسکو پس یاد آئی مجکو دعا اپنے بھائی سلیمان کی رَبِّ اغْفِرْ لِي
وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّنۢ بَعْدِيٓ پس چھوڑ دیا مینے اوسکو اسحال مین کہ ذلیل تھا ✣ **مدارک کشاف**
درمنثور ✣ **شعر** ✣ خوبی وشکل وشمائل حرکات وسکنات ✣ آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ✣ لکھا ہی مفسرون نے
کہ مراد یہ ہی کہ دے مجکو ایسی بادشاہی کہ اخیر عمر میری مین مجھسے چھین کر اور کو ندیو تو اور اکثر مفسر یہ کہتے ہین کہ دے مجکو ایسی بادشاہی
کہ اور کو نہو اور یہ سوال اسلیے تھا کہ علم ادیر قبول ہونے توبہ اونکی کے اور معجزہ رسالت کا ہو اور بعضون کے نزدیک مراد اس سے تسخیر
ہواؤن کی اور جانورون کی اور شیاطین کی ہی کہ بعد اونکے کسیکے لیے نہین ہوئی ہی اور امام قشیری نے فرمایا کہ سلیمان علیہ السلام نے جان لیا تھا کہ
محمد غیر خدا کی طرف کچھہ بھی التفات نہین کرنے کے اور دنیا اور دنیا کی چیزون کو پر پشہ کے برابر بھی نہین سمجھنے کے اسلیے اس دعا کی جرأت کی

اور فتوحات مین لکھا ہی کہ مراد سلیمانؑ کی ظاہر مین ہی والا ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم باطن مین یہ سب کچھ اور زیادہ اس سے رکھتے تھے مسخر ہونا جن اور شیاطین وغیرہ کا اونکے لیے اونکے احوال مین بہت مذکور ہی + **بحر** + فقرے کا ہوا یہ غلغلہ + تخت سلیمان پہ پڑا زلزلہ +

فَسَخَّرۡنَا لَهُ الرِّيۡحَ تَجۡرِيۡ بِاَمۡرِهٖ رُخَآءً حَيۡثُ اَصَابَ ○ وَالشَّيٰطِيۡنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ○

پھر ہمنے تابع کی اوسکے باو چلتی اوسکے حکم سے نرم نرم جہان پونہچا چاہتا اور تابع کیے شیطان سارے عمارت کرنے والے اور غوطے لگانے والے

وَّاٰخَرِيۡنَ مُقَرَّنِيۡنَ فِى الۡاَصۡفَادِ ○

اور کتنے اور بندھے ہوئے بیڑیون مین

پس مسخر کیا ہمنے ہوا کو چلتی تھی اوسکے حکم سے ملائم جہان چاہتا اور مسخر اوسکا کیا ہمنے دیوون کو ہر عمارت بنانے والے کو اور ہر غوطہ مارنے والے کو دریا مین اور مسخر اوسکا کیا ہمنے اور دیوون کو ہاتھ و پانون جکڑے ہوئے زنجیرون مین + **فتح** + **تفسین** + ساری دنیا مین جہان معلوم کرتے کہ کوئی جن ستاتا ہی آدمیون کو اوسکو قید کر لیتے یا دریا مین بند کر کر ڈال دیا یا زمین مین گاڑ دیا بعضے ابتک بند ہین + **موضح** + ملائم یعنی نرم و خوش آیندہ ہوا ایسی تیز نہ چلتی تھی کہ ناگوار ہو اور بلا مارے بس تخت پر بیٹھتے اور گرد اونکے اور لوگ کرسیون پر بیٹھتے آپسمین باتین کرتے جاتے اور جہان جانا منظور ہوتا وہان ہوا بسہولت وبے تکان جلد پونہچا دیتی اور ہر عمارت بنانے والے کو کہ بناتے تھے اونکے لیے جو کچھ چاہتے بنواتے عمارتین عجیبہ اور ہر غوطہ مارنے والے کو کہ غوطہ مارتے تھے دریا مین واسطے نکالنے موتیون کے اور اول موتی دریا مین سے اونھون ہی نے نکلوائے ہین اور معنی یہ ہوے کہ مسخر کیا ہمنے اونکے لیے ہر بنانے والے اور غوطہ مارنے والے کو شیاطین مین سے اور مقرنین الخ کی تفسیر یہ ہی کہ حضرت سلیمان بعضے سرکش شیطانون کو آپسمین زنجیرون اور بیڑیون مین باندھتے تھے واسطے ادب دینے اور باز رکھنے کے فساد سے + **مل** + **در منثور** +

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامۡنُنۡ اَوۡ اَمۡسِكۡ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ○ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ○

یہ ہی بخشش ہماری اب تو احسان کر یا رکھ چھوڑ کچھ نہین حساب اور اوسکو ہمارے پاس مرتبہ ہی اور اچھا ٹھکانا

کہا ہمنے یہ ہی بخشش ہماری پس عطا کر یا نگاہ رکھ بغیر اسکے کہ ساتھ تیرے حساب کیا جاوے اور تحقیق سلیمان کے لیے نزدیک ہمارے نزدیکی ہی اور اچھی بازگشت + **فتح** + **تفسین** + یہ ہی بخشش الخ یعنی یہ جو دیا ہمنے تجکو ملک و قدرت بخشش ہماری ہی بلا حساب یعنی بکثرت نہین کوئی گن سکتا اور گھیر سکتا اوسکو پس دے تو اوس سے جو کچھ چاہے تو یا نہ دے سپرد ہی تیری طرف تصرف کرنا اسمین پس جملہ بلا حساب متعلق ہی عطاؤنا کے جیسے کہ ترجمہ اوسکا کیا گیا یا متعلق ہی فَامۡنُنۡ اَوۡ اَمۡسِكۡ کے یعنی دے تو یا نہ دے تو نہین حساب تجپر اسمین اور آیا ہی کہ حضرت سلیمانؑ جب دیتے ثواب پاتے اور اگر نہ دیتے تو کچھ نقصان اونکے لیے نتھا بخلاف اوروں کے کہ اونکے لیے نہ دینے مین نقصان ہی یا معنی آیت کے یہ ہین کہ یہ مسخر کرنا شیاطین وغیرہ کا عطا ہماری ہی پس احسان رکھ جسپر چاہے تو شیاطین مین سے ساتھ چھوڑ دینے کے یا بند رکھ جسکو چاہے تو اونمین سے زنجیر و بیڑیون مین بغیر حساب کے یعنی نہین حساب تجپر اسمین + **مل** + **کشاف** + حضرت داود اور سلیمان علیہما السلام کے قصے اپنی قدرت نمائیون کے بیان فرما کر اور انبیا علیہم السلام کے قصے مذکور ہوتے ہین کہ ہماری ایسی شاہی ان کہ ایسے بزرگ بندے یون ہماری طرف رجوع تھے اور ذرہ سی لغزش مین یون پایۂ عتاب مین آجاتے تھے پس اونکے حال سنکر جاگو خواب غفلت سے اور بچو ہماری نافرمانی سے اور رجوع کرو ہماری ہی طرف نہ اور کی طرف اور رسول کی فرمانبرداری ہر ساعت ملحوظ رکھو +

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ○

اور یاد کر ہمارے بندے ایوب کو جب پکارا اپنے رب کو کہ مجکو لگا دی شیطان نے ایذا اور تکلیف

اور یاد کر بندے ہمارے ایوب کو جب پکارا اوسنے اپنے پروردگار کو کہ ہاتھ لگایا ہی مجکو شیطان نے ساتھ ایذا ور درد کے + فتح +
تفسین + یعنی بیماری اور جو کچھ کہ اوسمین رنج اوٹھانے طرح بطرح کے اگر کوئی کہے کہ کیون نسبت کیا ایوب نے ایذا او تکلیف کے
پہونچنے کو شیطان کی طرف باوجودیکہ پونہچائی تکلیف اللہ تعالی نے تو جواب اسکا یہ ہی کہ چونکہ وسوسہ شیطان کا اور فرمانبرداری
اوسکے وسوسے کی بات مین سبب ہوئی تھی اللہ کے رنج و دکھ پونہچانے کی اونکو نسبت کیا اوسکی طرف اور برعایت ادب کے نہ منسوب کیا
اوسکو اللہ تعالی کی طرف اپنی دعا مین باوجودیکہ وہی بیمار کرنے والا تھا اور کسیکو قدرت نہین اوسپر سوائے اوسکے اور بعضون نے کہا کہ مراد
وہ وسوسے کہ اونکے دل مین ڈالتا تھا شیطان اونکی بیماری مین اور وہ یہ تھے کہ بلا جو اونپر اوتری تھی بڑی بھاری معلوم کرواتا اور برانگیختہ کرتا
اونکو بلا کے مکروہ جاننے پر اور جزع فزع کرنے پر پس التجا کی اللہ تعالی سے بیچ اسباب کے کہ کفایت کرے اوسکو ساتھ دور کرنے
بلا کے یا ساتھ توفیق دینے کے بیچ دفع کرنے وسوسے کے اور رد کرنے اوسکے کے ساتھ صبر جمیل کے اور روایت کیا گیا ہی کہ
عیادت کیا کرتے تھے ایوب کی تین شخص مومنون مین سے پس مرتد ہو گیا ایک اونمین سے پس پوچھا حال اوسکا کہا گیا کہ ڈالا شیطان نے اوسکے
دل مین یہ کہ اللہ نہین مبتلا کرتا ہی انبیا اور صالحین کو اور ذکر کیا گیا ہی بیچ سبب بلا اونکی کے کہ ایک شخص نے استغاثہ کیا اونسے ایک ظالم
پس فریادرسی کی اونھون نے اوسکی اور بعضون نے کہا کہ اونھون نے ذبح کی تھی ایک بکری پس کھایا اوسکو اور ہمسایہ اونکا بھوکا تھا
یا دیکھا کچھ منکر یعنی خلاف شرع پس سکوت کیا اوس سے یا مبتلا کیا اوسکو اللہ نے واسطے رفع درجات کے بغیر زلت یعنی لغزش کے کہ ہوئی
اون سے + مدارک + کشاف + یعنی سرزنش کرتا ہی شیطان کہ کیا کیا تو نے اے ایوب کہ حق تعالی نے نعمتین اپنی تجہسے سلب کین اور یا
اونکی قوم کے دل مین وسوسہ ڈالتا تھا اسکا کہ مرض ایوب کا تمکو لگ جاویگا حتی کہ اونکو اپنے گھرون سے باہر ڈالدیا چنانچہ مفصل قصہ انکا
سورۂ انبیا مین گذرا ہی اور حاصل کلام یہ کہ جب ایام انکی آزمایش کے تمام ہوئے اور دعا اونکی قبول ہوئی اونکو وحی آئی کہ ارکض الخ + بحر +

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ ۖ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ○ وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ

لات مار اپنے پانون سے یہ چشمہ نکلا نہانے کو ٹھنڈھا اور پینے کو اور دیے ہمنے اوسکو اوسکے گھر والے اور اونکے برابر اونکے ساتھ

رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ○

اپنی طرف کی مہر سے اور یاد رہنے کو عقل والون کے

کہا ہمنے مار زمین کو ساتھ پانون اپنے کے ناگہان وہ چشمہ ہوگا مہیا واسطے غسل کے سرد ہوگا اور پینے کے لائق ہوگا اور دیے ہمنے اوسکو
اوسکے گھر والے اور مانند اونکے ہمراہ اونکے بخشایش نزدیک اپنے سے اور نصیحت واسطے عقلمندون کے + فتح + تفسین + مار زمین کو الخ
یہ بیان ہی ایوب کی دعا قبول ہونے کا یعنی بھیجا ہمنے طرف ایوب کے جبرئیل علیہ السلام کو پس کہا جبرئیل نے اونکو کہ لات مار زمین پر
وہ زمین جابیہ کی تھی پس ماری لات اوسپر پس جاری ہوا چشمہ پانی کا پس کہا گیا هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ یعنی یہ
پانی ہی کہ غسل کرے تو ساتھ اوسکے اور پیوے تو اوس سے پس اچھا ہو جاویگا باطن و ظاہر تیرا اور کہا بعضون نے کہ جاری ہوئے اونکے لیے دو چشمے
پس غسل کیا ایک سے اور پیا دوسرے سے پس جاتا رہا دکھ اونکے باطن و ظاہر سے بحکم خدا کے اور کہا بعضون نے کہ ماری اونھون نے دائین لات پس
نکلا چشمہ گرم پس غسل کیا اوس سے پھر بائین لات ماری پس نکلا چشمہ ٹھنڈا پس پیا اوس سے اور دیے ہمنے اوسکو اوسکے گھر والے یعنی زندہ کیا
اونکو اللہ تعالی نے جو نکے تھے اور اونکے برابر اور دیے اور رحمۃ اور ذکری دونون مفعول لہ ہین یعنی دینا اونکا تھا واسطے رحمت کے

اور واسطے نصیحت عقلمندون کے اسلیے کہ جب وہ سنینگے ہماری بخشش کا ادسکے سبب صبر اوسکے کے تو رغبت کرینگے صبر کرنے مین بلا پر ❊ مد کشاف ❊ جب اللہ نے چاہا کہ اونکو اچھا کرے ایک چشمہ نکالا اونکے لات مارنے سے اوسی سے نہایا کرتے اور پیتے پس انکی شفا ہوئی اور لڑکے اونکے بیٹے بیٹیان چھت کے نیچے دبے تھے اونکو جلایا اور اوتنی اولاد اور دی ❊ موق

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ؕ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ

اور پکڑ اپنے ہاتھ مین سینکون کا مٹھا پھر اوس سے مارے اور قسم مت جھوٹا ہو ہمنے اوسکو پایا سہارنے والا بہت خوب بندہ وہ ہی رجوع رہنے والا اور کہا ہمنے لے اپنے ہاتھ مین مٹھا سینکون کا پس مار ساتھ اوسکے یعنی اپنی بیوی کو اور خلاف قسم کا نکر تحقیق ہمنے پایا اوسے صبر کرنے والا نیک بندہ تھا ایوب تحقیق وہ رجوع کرنے والا خدا کی طرف تھا ❊ فتح ❊ تفسیر ❊ ضغث کہتے ہین چھوٹے مٹھے کو تنکون کا ہو یا پھولون کا یا اور کسی چیز کا اور سبب اس حکم کا یہ تھا کہ قسم کھائی تھی ایوب نے اپنی بیماری مین کہ مارونگا مین اپنی بیوی کو سو لکڑیان یا درّے جب تندرست ہونگا پس پوری کروائی اللہ تعالیٰ نے قسم اونکی ساتھ ایسی چیز کے کہ آسان ہوا اوپر اور اونکی بیوی پر بسبب خوب خدمت کرنے اونکی کے ایوب کی اور بسبب راضی ہونے کے اوس بیوی سے اور یہ رخصت اب بھی باقی ہی اور آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا ایک شخص ناقص الخلقت کہ اوسنے زنا کیا تھا ایک اونٹنی سے پس فرمایا آنحضرت نے کہ لو ایک بڑی ٹہنی کھجور کی کہ اوسمین سو ٹہنیان چھوٹی چھوٹی ہون پس مارو اوسکو ساتھ اوسکے ایکبار اتنی اور واجب ہی یہ کہ لگین اوسکو کہ جسکو مارا جاوے ہر ایک تنکا سو مین سے یا تو لگین اوسکی لگین کھڑی یا چوڑا اوسکا پھیلا ہوا باوجود صورت ضرب کے اور سبب اس قسم کھانے ایوب کا یہ تھا کہ اونکی بیوی نے دیر لگائی تھی آنے مین ایک روز بسبب در پیش آنے کسی کام کے پس غصے مین آنکر یہ قسم کھائی اونھون نے اور ابن عباس رضی سے منقول ہی کہ اونھین دنون مین بیٹھا ابلیس راہ پر ایک صندوقچہ دوا کا لیکر لوگون کے علاج کرنے کو پس کہا ایوب کی بیوی نے کہ یہان ایک بیمار ہی کہ اوسکا ایسا ایسا حال ہی پس آیا اوسکا بھی علاج کریگا تو کہا ابلیس نے ہان کرونگا بشرط اسکے کہ اگر مین اوسکو اچھا کردون تو وہ کہے کہ تونے شفا دی مجھکو نہین چاہتا مین اوس سے اجرت سواے اسکے پس آئی بیوی ایوب ع کی اونکے پاس اور ذکر کیا یہ اونسے کہا ایوب نے وائے تجکو یہ شیطان ہی لازم کی مینے نذر واسطے اللہ کے اپنے پر کہ اگر شفا دیگا مجکو اللہ تو مارونگا مین تجکو سو درّے پس جب شفا دی اونکو اللہ نے حکم کیا یہ کہ لین مٹھا تنکون کا اور مارین اوسکو اوس سے پس لی اونھون نے ایک بڑی ٹہنی کہ اوسمین سو ٹہنیان چھوٹی تھین اور ماری اوسے ایکبار اور بعضون نے کہا کہ کہا اونکی بیوی سے شیطان نے کہ سجدہ کر مجکو ایکبار پس پھیر دونگا مین تیرا مال اور اولاد تیری تھا پس قصد کیا اونھون نے اسکا لیکن بچایا اللہ نے پھر ذکر کیا یہ ایوب سے اونھون نے یہ قسم مذکور کھائی اور بعضون نے کہا کہ وسوسہ ڈالا شیطان نے اونکی بیوی کے دل مین کہ ایوب جب شراب پیویگا تو اچھا ہو جائیگا یہ بیان کیا اونھون نے ایوب سے اوسپر یہ قسم کھائی اور وجدناہ بمعنی علمناہ کے ہی یعنی جانا ہمنے اوسکو صبر کرنے والا اگر کوئی کہے کہ صابر اونکو کیونکر پایا اونھون نے تو شکوہ کیا اللہ سے بلا کا اور طلب رحم کی کی اوس سے تو جواب اسکا یہ ہی کہ اللہ عزوجل سے شکوہ کرنے کو جزع نہین کہتے ہین جیسے کہ کہا یعقوب نے اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اور اسی طرح شکوہ کرنا بیمار کا طبیب سے جزع نہین کہلاتا اور اور بات یہ ہی کہ اگر صبر کرتے ہین لوگ بلا پر تو نہین خالی ہوتے آرزو کرنے عافیت کے سے اور طلب کرنے اوسکے سے پس جب صحیح ہوا یہ کہ صابر کہلایا جاتا ہی باوجود آرزو کرنے عافیت کے اور طلب کرنے شفا کے تو کہلایا جاویگا صابر باوجود التجا کرنے کے طرف اللہ تعالیٰ کے اور دعا کرنے کے واسطے جاتے رہنے بلا کے اور باوجود علاج کرنے اور مشاورت اطبا کے علاوہ اسکے کہ ایوب علیہ السلام طلب کرتے تھے شفا بسبب ڈر کے فتنے سے اپنی قوم پر کہ شیطان وسوسہ ڈالتا تھا اونکے دل مین کہ اگر یہ نبی ہوتا تو نہ مبتلا ہوتا ایسی بلا مین اور طلب کرتے تھے شفا بارادے قوت حاصل ہونے کے طاعت پر

کہ حال اونکا اس درجے کو پونہچا تھا کہ نہین باقی رہا تھا اونکے بدن سے مگر دل اور زبان اور روایت کیا گیا ہی کہ ایوب نے کہا اپنی مناجات مین الٰہی تو جانتا ہی یہ کہ نہین مخالف ہوئی زبان میری دل میرے کی اور نہین تابع ہوا دل میرا آنکھ میری کے اور نہین ڈرے مجھسے لونڈی غلام میرے اور نہین کھایا مینے مگر اسحال مین کہ میرے ساتھ یتیم ہوتا تھا اور نہین رات گذاری مینے پیٹ بھر اور نہ کپڑے پہنے اسحال مین کہ میرے ساتھ کوئی بھوکا یا ننگا ہو پس دور کی اللہ نے بلا اوس سے ابن مسعود سے روایت ہی کہ کہا ایوب سردار ہونگے صبر کرنے والون کے روز قیامت کے اور آیا ہی کہ کہا گیا ایوب کو یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہ ای ایوب نہ عُجب مین ڈالے تجکو صبر کرنا تیرا اسلیے کہ اگر نہ دیتا مین جگہہ ہر بال تیرے کی صبر تو نہ صبر کرسکتا تو اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ ایوب کی بیوی نے کہا ای ایوب بلاشبہہ تو مرد مستجاب الدعوۃ ہی پس دعا کر اللہ سے یہ کہ شفا دے تجکو پس کہا ایوب نے وا ہے تجکو رہے ہم نعمتون مین ستر برس پس چھوڑ ہمکو کہ رہین ہم بلا مین ستّر برس پس رہے بلا مین سات برس اور کہا حسن بصری نے کہ تھے ایوب جب پہونچتی اونکو مصیبت کہتے یا اللہ تو نے لی نعمت اور تو ہی نے دی تھی جب تک باقی ہی جان میری حمد کرونگا مین اوپر اچھی نعمتون تیری کے اور کہا وہب بن منبہ نے کہ ایوب کی بیوی کا نام تھا رحمت بنت میشا ابن یوسف بن یعقوب علیہم السلام + **درمنثور + کشاف + تنبیہ** + اس قصے سے ثابت ہوا کہ آدمی ہرگز بلا کی طاقت نہین رکھتا حتی الوسع اللہ تعالیٰ سے عافیت طلب کرے چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ اللہ تعالیٰ کو عافیت طلب کرنی بہت پسند ہی اور اکثر دعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ حضرت سمنون محب کذاب ولی نے یہ بیت پڑھی **شعر** لَيْسَ فِيْ قَلْبِيْ سِوَاكَ حَظٌّ + فَكَيْفَ مَا شِئْتَ فَاخْتَبِرْنِيْ + یعنی دل مین میرے سوا تیرے حصہ نہین جیسے مجھے چاہے آزمالے اونکا حبس بول امتحان کے لیے ہوگیا بڑا کرب پونہچا اور وہ صبر کرتے تھے حتی کہ اونکے بعض یارون نے خواب مین دیکھا کہ سمنون دعا کرتے ہین معلوم ہوا کہ مرضی الٰہی ایسے صبر مین نہین آخر دعا کی اور لڑکون سے بازار کے کہتے پھرتے تھے اُدْعُوْا لِعَمِّكُمُ الْكَذَّابِ پس ملقب ہوئے ساتھ اس لقب کے اور یہ بھی ثابت ہوا اس قصے سے کہ حیلہ کرنا وقت ضرورت کے جائز ہی چنانچہ بعضے فقہانے بھی بعض محل پر عدم وقوع طلاق وغیرہ مین حیلے تجویز کیے ہین ۱۲

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝

اور یاد کر ہمارے بندون کو ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب ہاتھون والے اور آنکھون والے

اور یاد کر ہمارے بندون ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو ہاتون والے اور آنکھون والے یعنی علم و عمل دونون کامل رکھتے تھے واللہ اعلم **فتح + تفسیر** + یعنی ہاتون سے بندگی کرتے اور آنکھون سے قدرتین دیکھکر یقین زیادہ کرتے **موضح** + چونکہ اکثر کام ہاتھ سے کیے جاتے ہین تغلیباً یون فرمایا پس کہا جاتا ہی ہر کام مین هٰذَا مِمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْهِمْ یعنی یہ اون کامون مین سے ہی کہ کیا ہاتون اونکے نے اگرچہ وہ کام ہاتون سے نہوتا ہو یا کرنے والے ہاتھ کٹے ہون اور بنا براسی کے وارد ہوا قول اللہ تعالیٰ کا اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ یعنی صاحبان اعمال اور فکر کے گویا کہ جو لوگ نہین کرتے ہین اعمال آخرت کے اور نہین کوشش کرتے ہین اللہ کی راہ مین اور نہین تفکر کرتے ہین دینداروں کا سا وہ بیچ حکم جاماندون کے ہین کہ جو ہاتھ پانون سے کچھ کام نہین کرسکتے اور مسلوب العقلون کے حکم مین ہین کہ جو سوجھ باطن کی نہین رکھتے اور اسمین تعریض ہی ہر اوس شخص کو کہ نہین ہی عمل کرنے والا اللہ کے لیے اور نہ سوجھ باطن کی رکھتا ہی اللہ کے دین مین اور توبیخ ہی اوپر ترک کرنے اونکے کے مجاہدے کو اور سوچنے کو اللہ کے دین مین باوجود قادر ہونے کے ان دونون پر **شعر** بہرچہ از یار درمانی چہ کفر آن حرف چہ ایمان + بہرچہ از دوست دور افتی چہ زشت آن نقش چہ زیبا + **کشاف + مل**

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝

ہمنے امتیاز دیا اونکو ایک چنی بات کا وہ یاد اوس گھر کی اور وہ سب ہمارے پاس ہین سے چنے نیک لوگون مین

تحقیق ہمنے پاک رو کیا اونکو واسطے ایک خصلت پاک کے کہ یاد کرنا آخرت کا ہی اور تحقیق وہ نزدیک ہمارے چنے ہوئے بہتر لوگون سے تھے + **فتح + تفسیر** + اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ یعنی کیا ہمنے اونکو اپنے لیے خالص بِخَالِصَةٍ یعنی ساتھ خصلت خالصہ کے کہ نہین آمیزش اوسمین بھر تفسیر کیا اوسکو ساتھ ذِكْرَى الدَّارِ کے اور معنی یہ ہین کہ ہمنے خالص کیا اونکو ساتھ ذکر کرنے دار آخرت کے یعنی گردانا ہمنے اونکو اپنے لیے خالص اس طرح کہ کیا ہمنے اونکو ایسا کہ یاد دلاتے تھے لوگون کو دار آخرت اور بے رغبت کرتے تھے اونکو دنیا سے جیسے کہ عادت انبیا علیہم السلام کی ہی یا معنی اسکے یہ ہین کہ وہ بہت کرتے تھے ذکر آخرت کا اور عمل کرتے تھے اوسکے لیے اور بہت رجوع رکھتے تھے اللہ کی طرف اور بھول گئے تھے ذکر دنیا کا اور بعضون نے کہا ذِكْرَى الدَّارِ ثنا جمیل ہی دنیا مین اور یہ بات بھی خالص انھین کے لیے ہی پس نہین ذکر کیے جاتے غیر انکے دنیا مین جیسے یہ ذکر کیے جاتے ہین اور مؤید ہی اسکو قول اللہ تعالی کا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا کہا مالک بن دینار نے معنی اسکے یہ ہین کہ کھینچ لی ہمنے اونکے دلون سے محبت دنیا کی اور ذکر کرنا اوسکا اور خالص کیا ہمنے اونکو ساتھ محبت آخرت کے اور ذکر اوسکے کے کہا مجاہد نے کہ خالص کیا ہمنے اونکو ذکر آخرت کے لیے نہین ہی اونکو کچھ فکر و ذکر سوا اوسکے + **معا + کشاف + درمنثور + تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے طالب و مخلص بندے دنیا سے بیزار رہتے ہین اور آخرت کو یاد رکھتے ہین ہر وقت ایسے کامون مین لگے رہتے ہین کہ اللہ تعالی راضی رہے اونسے چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ علامتین عارفون کی آٹھ ہین دل اونکا ساتھ خوف و رجا کے ہوتا ہی اور زبان اونکی ساتھ حمد و ثنا کے اور آنکھ اونکی ساتھ حیا و بکا کے اور ارادہ اونکا ساتھ ترک و رضا کے یعنی ترک کرنا دنیا کا اور طلب کرنا رضا مولی اپنے کا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جسنے جمع کین چھ خصلتین خوب طلب کیا جنت کو اور خوب بھاگا دوزخ سے وہ خصلتین یہ ہین کہ پہچانا اللہ کو پس اطاعت کی اوسکی اور پہچانا شیطان کو پس نافرمانی کی اوسکی اور پہچانا آخرت کو پس طلب کیا اوسکو اور پہچانا دنیا کو پس ترک کیا اوسکو اور پہچانا حق کو پس اتباع کیا اوسکا اور پہچانا باطل کو پس بچا اوس سے + **منبہات** +

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ۝

اور یاد کر اسمعیل کو اور الیسع کو اور ذو الکفل کو اور ہر ایک تھا خوبی والا

اور یاد کر اسمعیل اور الیسع اور ذو الکفل کو اور ہر ایک نیکون سے تھا + **فتح + تفسیر** + الیسع بھی نبی ہین خلیفہ الیاس کے اور لام اسمین زائد ہی یعنی لفظ یسع ہی اور ذو الکفل چچا کے بیٹے یسع کے ہین اور اختلاف کیا گیا ہی اونکی نبوت مین کہا بعضون نے کہ متکفل ہوئے تھے وہ سو نبیون کے کہ بھاگ کر آئے تھے وہ طرف انکے قتل سے + **مل** +

هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝

یہ ایک مذکور ہو چکا اور تحقیق ڈر والون کو ہی اچھا ٹھکانا باغ ہین بسنے کے کھول رکھے انکے واسطے دروازے

یہ قرآن ایک نصیحت ہی اور تحقیق واسطے پرہیزگارون کے اچھی جاگہ ہی پھر جانے کی بہشتین ہین ہمیشہ رہنے کی کھلے ہونگے واسطے انکے دروازے + **فتح + تفسیر** + جب بہشت مین داخل ہونگے ہر کوئی بن بتائے اپنے گھر مین چلا جاویگا + **مو** + ہذا ذکر یعنی یہ ایک قسم ہی ذکر سے اور وہ قرآن ہی جب کہ جاری ہوا ذکر انبیا کا اور تمام کیا اوسکو اور وہ ایک بات ہی ابواب تنزیل سے اور ایک قسم ہی اقسام اوسکے سے اور ارادہ کیا یہ کہ ذکر کرین اوسکے پیچھے اور باب کہ وہ ذکر جنت اور اہل اوسکے کا ہی کہا ہذا ذکر

پھر کہا واسطے پرہیزگاروں کے جیسے کہ کہتا ہی حافظ کہ نام ہر عالم کا ہی اپنی کتابوں مین فہذا باب پھر شروع کرتا ہی اور باب اور ابن عباس سے یہ معنی قول مین ہذا ذکر کے کہ یہ ذکر ہی انبیاء گذشتہ کا اور بعضوں نے یہ معنی اسکے کہے ہین کہ یہ شرف ہی اور ذکر جمیل کہ ذکر کیے جاوینگے انبیا ساتھ اسکے ہمیشہ اور انکے لیے باوجود اسکے اچھا مرجع ہی یعنی ذکر کیے جاتے ہین دنیا مین اچھی طرح اور پھیر ے جاوینگے آخرت مین طرف مغفرت اللہ تعالیٰ کے پھر بیان کی کیفیت خوبی اوس مرجع کی کہ فرمایا جنات عدن کشاف ٭ تھہ ٭

مُتَّكِـِٔينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ۝ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ

تکیہ لگائے بیٹھے اونمین منگواتے ہین اونمین میوے بہت اور شراب اور اونکے پاس عورتین ہین نیچی نگاہ والیان ایک عمر کی

تکیہ لگائے رہینگے اوسمین منگواوینگے اوسمین میوے بہت اور شراب اور نزدیک اونکے ہونگی عورتین نیچی نگاہ والیان ہمعمر آپسمین ٭ فتح ٭ تفسیر ٭ اور شراب یعنی اور شراب بہت اور قاصرات الطرف کے ایک معنی یہ ہین کہ اپنے خاوندون ہی کو دیکھتی ہونگی نہ اوروں کو ہمعمر آپسمین یعنی عمرین اونکی ایکسی ہونگی تینتیس تینتیس برس کی یا یہ معنی ہین کہ عمرین اونکی مانند عمرون خاوندون اونکے کے ہونگی بسن مذکور ٭ جلا ٭ مدا ٭

هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝

یہ ہی جو تمکو وعدہ ملتا ہی دن حساب کے

یہ ہی جو کچھ کہ وعدہ دیا جاتا ہی تمکو بیچ روز حساب کے ٭ فتح ٭ تفسیر ٭ الیوم الحساب یعنی واسطے دن حساب کے جیسے کہ کہے تو یہ وہ چیز ہی کہ ذخیرہ کرتے ہو تم واسطے دن حساب کے یعنی واسطے اوس دن کے کہ بدلا دیا جاویگا ہر نفس اوس چیز کا کہ کی ہی ٭ کشاف ٭ مدا ٭

إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ ۝ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا

پر یہ ہی روزی ہماری دی اوسکو نہین نبڑنا یہ سن چکے اور تحقیق شریروں کے واسطے ہی بُرا ٹھکانا دوزخ ہی جسمین پیٹھینگے

فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

سو کیا بُری ملیاری

تحقیق یہ رزق ہمارا ہی نہین ہوگا اوسکو کچھ زوال یہ ہی جزا اور تحقیق حد سے گذرے ہوؤن کے لیے بری جاگہ ہی پھر جانے کی کہ دوزخ ہی داخل ہونگے اوسمین پس بری آرام کی جگہہ ہی وہ ٭ فتح ٭ تفسیر ٭ مشابہت دی اوس آگ کو کہ اونکے نیچے ہوگی ساتھ بچھونے کے کہ بچھاتا ہی اوسکو سونے والا جیسے کہ اور جگہ فرمایا لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ یعنی کفار کے لیے آگ جہنم کا بچھونا ہوگا اور اوپر سے اونکے بالاپوش ہوگا اوسی کا ٭ کشاف ٭

هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝ وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ۝

یہ ہی اب اسکو چکھین گرم پانی اور پیپ اور کچھ اور اسی شکل کا طرح طرح کی چیزین

یہ عذاب پانی گرم ہی اور پیپ ہی پس چاہیے کہ چکھین اوسکو اور اور عذاب ہین مانند اسکے طرح طرح کے ٭ فتح ٭ تفسیر ٭ غساق ساتھ تشدید اور تخفیف کے پیپ اور زرداب کہ نکلیگا دوزخیون کی جلدون اور گوشت مین سے اور زناکارون کے ستر مین سے اور کہا ابن عباسؓ نے کہ غساق زمہریر ہی جلاویگا دوزخیون کو ساتھ ٹھنڈک اپنی کے جیسے کہ جلاویگی آگ ساتھ گرمی اپنی کے اور بعضوں نے کہا کہ غساق بمعنی سنتن یعنی سڑانے والے کے ہی لغت ترکی مین ابو سعید سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ایک ڈول غساق سے ڈالا جاوے دنیا مین تو سڑا دیوے اہل دنیا کو انتہی اور بعضوں نے کہا کہ غساق ایسا بدبودار ہوگا کہ اگر ٹپک پڑے اوس سے ایک قطرہ

مشرق مین تو سڑادیوے اہل مغرب کو اور اگر ٹپکے اوس سے ایک قطرہ مغرب مین تو سڑادیوے اہل مشرق کو اور حسن بصری سے منقول ہی کہ غساق ایک عذاب ہی کہ نہین جانتا اوسکو کوئی سوا اللہ کے جو لوگ کہ طاعت کرتے ہین اللہ کی پوشیدہ پس پوشیدہ رکھا اونکے لیے ثواب جیسے کہ فرمایا اس آیت مین فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم یعنی پس نہین جانتا کوئی شخص اوس چیز کو کہ پوشیدہ رکھی گئی اونکے لیے یعنی تہجد گذارون کے لیے اور جو لوگ پوشیدہ گناہ کرتے ہین پس چھپایا گیا اونکے لیے عذاب اور مانند اسکے یعنی مانند عذاب کو کے شدت اور خرابی مین اور عذاب ہونگے طرح بطرح کے ❊ مد ❊ معا ❊ در منثور ❊ کشاف ❊ شعر ❊

عذاب ہجر تیرا کیا ہی تھوڑا ❊ جو اوسیر تازیانے بھی پڑے ہین ❊

هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ صَالُو النَّارِ ۝ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًا

ایک فوج دھنسی آتی ہی تمھارے ساتھ جگہہ نہ ملیو انکو یہ ہین پیٹھتے آگ مین وہ بولے بلکہ تم ہی ہو کہ جگہہ نہ ملیو

بِكُمْ ۖ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا

تمکو تم ہی پیش لائے ہمارے یہ بلا سو کیا برا ٹھہراؤ ہی وہ بولے ای رب ہمارے جو کوئی ہمارے پیش لایا یہ سو بڑھتی دے اوسکو مار

ضِعْفًا فِي النَّارِ ۝

دونی آگ مین بڑھتے

جب تابعین جاوینگے کہ دوزخ مین پیٹھین تو متبوعون کو کہا جاویگا یہ قوم ہی پیٹھنے والی آگ مین ہمراہ تمھارے متبوع کہینگے نہ خوشی ہوجیو انکو تحقیق یہ داخل ہونے والے ہین آگ مین تابع کہینگے بلکہ نہ خوشی ہوجیو تمکو تمنے رسم قدیم بنایا کفر کو واسطے ہمارے پس بری جاگہہ ہی رہنے کی دوزخ کہینگے تابعین ای پروردگار جسنے آئین قدیم بنایا ہو واسطے ہمارے کفر پس زیادہ کر اوسکے حق مین عذاب دوگنا بیچ آگ کے ❊ فتح ❊ تفسیر ❊ ہذا فوج الخ یہ بیان ہی کلام ملا غین کا یعنی کفار کے سرداران سرکشون کا کہ بعضے بعضون سے یہ کہینگے اور مراد فوج سے تابعین اونکے ہین کہ جو بیٹھے تھے ساتھ اونکے گمراہی مین پس پیٹھین ساتھ اونکے عذاب مین اور لا مرحبا بہم بد دعا ہی کہ متبوع اپنے تابعین پر کرینگے اور بعضون نے کہا کہ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ کلام خزنہ کا ہی یعنی دوزخ کے دربانون کا کہ کہینگے واسطے سردارون کفار کے اونکے تابعین کے حق مین وقت داخل ہونے اونکے کے دوزخ مین ساتھ تابعین اپنے کے اور لا مرحبا بہم الخ کلام ہی سردارون کا اور بعضون نے کہا کہ یہ سب کلام خزنہ کا ہی بلکہ نہ خوشی ہوجیو تمکو یعنی تمنے جو بد دعا کی ہمپر تم احق ہو اوسکے اور کہا ابن مسعود نے کہ عذاب ضعف بڑے بڑے سانپ اور بچھو اور چھوٹے چھوٹے سانپ ہین ❊ کشاف ❊ معا ❊ جلا ❊

وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ ۝ أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ

اور کہینگے کیا ہوا کہ ہم نہین دیکھتے کتنے مردونکو کہ ہم اونکو گنتے تھے برے لوگون مین کیا ہمنے اونکو ٹھٹھے مین پکڑا یا چوک گئین

عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ۝

اون سے آنکھین

اور کہینگے کیا ہی ہمکو کہ نہین دیکھتے ہین ہم اون مردون کو کہ گنتے تھے ہم اونکو بدون سے یعنی فقرائے مسلمین کیا مسخرہ پکڑتے تھے ہم اونکو یا پھر گئین ہین اونسے آنکھین ❊ فتح ❊ تفسیر ❊ اور کہینگے یعنی سردار کفار قریش کے دوزخ مین کہ کیا ہی ہمکو کہ نہین دیکھتے ہین اونکو کہ گنتے تھے ہم اونکو دنیا مین بدون سے یعنی اراذل سے کہ نہین ہی خیر اونمین اور اسلیے بھی برا جانتے تھے اونکو کہ خلاف تھے اونکے دین کے پس وہ برے تھے اونکے نزدیک اور مراد ان فقرائے مسلمین سے عمار اور بلال اور صہیب اور خباب اور سلمان وغیرہم

شعر حسن ز بصرہ بلال از حبش صہیب از روم * ز خاک مکہ ابو جہل این چہ بو العجبی ست * شعر ای گدایان خرابات خدا یار شماست
چشم انعام مدارید ز انعامی چند * آور اتخذناہم مین استفہام انکاری ہی کہ انکار کرینگے اپنے نفسون پر مسخر کرنے مین یعنی ہمنے کیون مسخر
کیا تھا ہمنے اونسے کیا ہی برا کیا اور ام زاغت متصل ہی ساتھ لفظ مالنا کے یعنی کیا ہی ہمکو کہ نہین دیکھتے اونکو دوزخ مین یعنی کیا وہ اسمین
ہی ہی نہین یا پھر گئین ہین اونسے آنکھین ہماری کہ نہین دیکھتے ہم اونکو حالانکہ وہ اسمین ہین تقسیم کیا اونھون نے اونکے امر کو درمیان اسکے کہ ہوون اہل جنت
سے اور درمیان اسکے کہ ہون اہل نار سے مگر یہ کہ پوشیدہ ہوا اونپر مکان اونکا * مق یعنی جب کفار دوزخ مین داخل ہونگے اور فقرا صحابہ کو وہان نہ دیکھین گے
کہین گے کیا ہی ہمکو کہ نہین دیکھتے یہان اونکو کہ ساتھ اونکے تمسخر کرتے تھے کیا ہمراہ ہمارے یہان داخل ہی نہین ہوئے ہین یا داخل ہوئے ہین
اور پھر گئی ہین اونسے بینائیان ہماری اور چھپ گئے ہین ہمسے کہ ہم اونکو نہین دیکھتے ہین پس حق تعالی اون فقرا صحابہ کو حکم کریگا کہ بہشت
کے بالاخانون پر چڑھو اور اپنے تئین کفار کو دکھاؤ تا کفار کو حسرت زیادہ ہو * معا * بحر * وہان دیکھینگے سب پہچانین لوگ
ادنی اعلی دوزخ کے واسطے جمع ہوئے ہین اور مسلمانون کو پہچانتے تھے اور سب برا جانتے تھے وہ نظر نہین آتے تو حیران ہوکر کہینگے کہ ہمنے اونکو
غلط پکڑا تھا ٹھٹے مین وہ اس قابل نتھے کہ آج دوزخ کے نزدیک نہین یا اسی جگہہ ہین پر ہماری آنکھین چوک گئین ہمارے دیکھنے مین نہین آتے * مو

اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ۝ع

یہ بات ٹھیک ہوتی ہی جھگڑا آپسمین دوزخیون کا

تحقیق یہ حق ہی یعنی واجب ہی وقوع اسکا مراد اس سے جھگڑنا دوزخیونکا ہی * فتح * تفسیر * یعنی یہ جو بیان کیا ہمنے حال اونکا
البتہ سچ ہی ہونے والا ہی خواہ مخواہ بالضرور ہی یہ کہ کلام کرینگے یہ پھر بیان کیا کہ کیا ہوگا وہ پس فرمایا کہ وہ جھگڑنا ہوگا اہل نار کا آپسمین
جیسا کہ اوپر گذرا اور ہر گاہ کہ مشابہ ہی گفتگو اونکی آپسمین اور جو کچھ کہ واقع ہوگا درمیان اونکے قسم سوال و جواب سے ساتھ اوس چیز کے
کہ جاری ہوتی ہی درمیان جھگڑنے والون کے نام رکھا اسکا تخاصم یعنی جھگڑنا آپسمین اور اس لیے بھی یہ نام رکھا اسکا کہ قول رؤسا کا
لَا مَرْحَبًا بِهِمْ اور قول اتباع اونکے کا بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ قبیل خصومت سے ہی پس نام رکھا تمام گفتگو کا تخاصم
واسطے مشتمل ہونے اوسکے کے اسپر * مد

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تو کہہ مین تو یہی ہون ڈر سنانے والا اور حاکم کوئی نہین مگر اللہ اکیلا دباؤ والا رب آسمانون کا اور زمین کا

وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝

اور جو انکے بیچ ہی زبردست گناہ بخشنے والا

کہہ سوا اسکے نہین کہ مین ڈرانے والا ہون اور نہین ہی کوئی معبود مگر خدا یگانہ با قوت پروردگار آسمانون کا اور زمین کا اور
اوس چیز کا کہ درمیان انکے ہی غالب بخشنے والا * فتح * تفسیر * یعنی کہہ ای محمد مشرکین مکہ سے کہ نہین ہون مین مگر رسول ڈرانے والا
کہ ڈراتا ہون مین تمکو اللہ کے عذاب سے اور کہتا ہون مین واسطے تمہارے یہ کہ دین حق توحید اللہ کی ہی اور یہ کہ اعتقاد کیا جاوے یہ کہ نہین ہی کوئی
معبود مگر اللہ اکیلا بلا ند و بلا شریک زبردست ہر چیز پر اوسی کے لیے بادشاہت و ربوبیت ہی تمام عالم مین اور غالب ایسا ہی کہ
اوسپر کوئی غالب نہین آسکتا جب عذاب کرے گنہگارونکو اور مع ذلک بخشنے والا ہی اونکے گناہون کو کہ التجا کرین طرف اوسکے * مد

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۝ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ۝ مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍۢ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ

تو کہہ یہ ایک بڑی خبر ہی کہ تم اوسکو دھیان مین نہین لاتے مجکو کچھ خبر نتھی اوپر کی مجلس کی جب آپسمین تکرار کرتے ہین

اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○

مجکو تو یہی حکم آتا ہی کہ اور نہین مین مگر سنانے والا ہون کھول کر

کہہ یہ خبر بزرگ ہی تم اوس سے مونہہ پھیرنے والے ہو نہین ہی مجکو کچھہ علم ساتھہ حال جماعت بلند قدر کے فرشتون سے جب آپسمین جھگڑا آپ سوال کرتے ہین وحی نہین بھیجی جاتی ہی طرف میرے مگر یہ کہ مین ڈرانے والا آشکارا ہون + **فتح** + **تفسیر** + کہہ یہ خبر بزرگ ہی یعنی یہ جو خبر دی مینے تمکو کہ مین سوا ڈرانے والا ہون اور اللہ ایک ہی نہین کوئی شریک اوسکا خبر بڑی ہی نہین اعراض کرنا ایسی خبر سے مگر غافل بڑی ہی غفلت والا پھر تم اوس سے مونہہ پھیرنے والے ہو یعنی غافل ہو تم نہین ہی مجکو کچھہ علم الخ یہ دلیل بیان کی صحت نبوت آنحضرتؐ کی کہ یہ جو خبر بیان کرتے ہین فرشتون کی اور اونکے جھگڑنے کی آپسمین ایک امر حق کہ نہین تھا اونکو اوسکا علم کبھی پھر جانا اوسکو حال انکہ نہین چلے اوس راہ کہ چلتے ہین لوگ بیچ حاصل کرنے علم اوس چیز کے کہ نہین جانتے ہین اور وہ سیکھنا اہل علم سے ہی اور پڑھنا کتابون کا پس جانا گیا کہ یہ نہین حاصل ہوا ہی اونکو مگر بسبب وحی بھیجنے اللہ تعالے کے اور اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ کی تقدیر ہی اِلَّا لِاَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ اور معنی اسکے یہ ہین کہ نہین وحی بھیجی جاتی طرف میرے مگر واسطے انذار یعنی ڈرانے کے اور بعضون نے کہا کہ نبا عظیم قصے آدم کے ہین اور خبر دینی اونکی بغیر سننے کے کسی سے اور ابن عباس سے ہی کہ نبا عظیم قرآن ہی اور حسن بصری سے ہی کہ وہ دن قیامت کا ہی جیسے کہ اور جا فرمایا عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ○ اور مراد ملأ اعلی سے اصحاب قصے کے ہین یعنی فرشتے اور آدم اور ابلیس اسلیے کہ وہ تھے آسمان مین اور تھی گفتگو درمیان اونکے آپسمین اور وہ گفتگو یہ تھی کہ فرمایا اللہ تعالی نے اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً یعنی مین کرنے والا ہون زمین مین نائب کہا فرشتون نے اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا یعنی کیا کریگا تو نائب زمین مین اوسکو کہ فساد کریگا اوسمین اگر کوئی کہے کہ گفتگو تو اللہ مین اور فرشتون مین ہوئی تھی فرشتون مین آپسمین کہان ہوئی تھی تو جواب اسکا یہ ہی کہ اللہ تعالی کی گفتگو بواسطہ فرشتے کے ہوئی تھی پس وہ گفتگو کرنے والا حقیقت مین ہی فرشتہ متوسط پس صحیح ہوا یہ کہ گفتگو تھی درمیان فرشتون اور آدم اور ابلیس کے اور وہ ملأ اعلی ہین اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھا مینے یعنی خواب مین اپنے رب عزوجل کو اچھی صورت مین یعنی صفت مین فرمایا اللہ تعالی نے فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰى یعنی کس چیز مین گفتگو کرتے ہین فرشتے یعنی کونسے عمل ہین کہ فرشتے اونکی فضیلت مین بحث و گفتگو کرتے ہین یا اونکے لیجانے مین بیچ جگہہ قبولیت کے جھگڑتے ہین آپسمین وہ کہتا ہی مین پہلے لیجاؤن وہ کہتا ہی مین پہلے لیجاؤن عرض کیا مینے کہ تو ہی خوب جانتا ہی کہا آنحضرتؐ نے پس رکھی اللہ تعالی نے ہتھیلی بیچ درمیان دونون مونڈھون میرے کے یعنی خصوصیت دی اونکو ساتھہ زیادتی فضل اور پہونچایا فیض اپنے کے طرف اونکے جیسے کہ بادشاہ کسی خادم پر مہربان ہوتے ہین تو ہاتھہ اوسکی پیٹھہ پر رکھتے ہین اور گردن مین ہاتھہ ڈالتے ہین پس پائی مینے ٹھنڈک اوسکی درمیان سینے اپنے کی یعنی فیض الٰہی پہونچا میرے دل مین اور علوم ربانی پڑنے لگے اوسمین پس جانا مینے جو کچھہ کہ آسمانون اور زمین مین ہی اور پڑھی آنحضرتؐ نے یہ آیت وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ○ یعنی جیسے کہ دکھائی ہمنے تجکو ای محمد ربوبیت و الوہیت آسمانون اور زمین کی اسی طرح دکھائی ہمنے ابراہیم کو ربوبیت اور الوہیت آسمانون اور زمین کی تاکہ دلیل پکڑے بسبب اوسکے ابراہیم اور تاکہ ہووے یقین کرنے والون سے فرمایا اللہ تعالی نے یعنی بعد پہونچانے علوم کے دوبارہ پوچھا کہ ای محمد کیا جانتا ہی تو کہ کس چیز مین گفتگو اور تنازع کرتے ہین ملائکہ عرض کیا مینے ہان جانتا ہون کفارات مین نزاع کرتے ہین اور کفارات یہ ہین ٹھہرنا مسجدون مین بعد نمازون کے اور پیادہ پا چلنا طرف جماعتون کے اور کامل کرنا وضو کا وقت مکارہ پس جسنے کیا یہ زندہ رہیگا ساتھہ خیر کے اور مریگا ساتھہ خیر کے اور گناہون سے ایسا پاک ہوا کہ جیسا پاک تھا اوس دن کہ جنا تھا اوسکو مان

اوس نے اور فرمایا اللہ تعالی نے ای محمد جب نماز پڑھ چکے تو تو کہہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ
وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ فَاِذَا اَرَدْتَ بِعِبَادِکَ فِتْنَۃً فَاقْبِضْنِیْ اِلَیْکَ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ یعنی یا الٰہی تحقیق مین سوال کرتا ہون
تجھسے کرنا نیکیون کا اور چھوڑنا برائیون کا اور دوستی مسکینون کی یعنی مین اونکو دوست رکھون یا وہ مجھے دوست رکھین اور جسوقت
ارادہ کرے تو ساتھ بندون اپنے کے فتنے کا یعنی گمراہی کا یا سزا پہنچانے کا پس اوٹھا لے مجکو طرف اپنے بغیر فتنے کے یعنی غیر گمراہ
فرمایا اللہ تعالی نے یعنی واسطے زیادتی تعلیم پیغمبر اپنے کے بعد اسکے کہ بیان کیے اونھون نے کفارات یا کہا حضرت نے واسطے زیادتی
بیان کے امتکو بسبب حاصل ہونے علم کے جانب حق سے اور درجات یعنی وہ عمل کہ جنسے مرتبہ بندے کا درگاہ حق مین بلند ہوتا ہی
یہ ہین پھیلانا سلام کا یعنی ہر مسلمان کے سلام علیک کرنی آشنا ہو یا غیر آشنا اور کھلانا کھانے کا اور نماز پڑھنی رات کو
اوس وقت کہ لوگ سوتے ہون اخیر حدیث مین اشارہ اسپر ہی کہ آدمی کو چاہیے کہ جمع کرے اپنے مین صفت تواضع اور بخشش اور
عبادت کی **شعر** شرف مرد بجود ست و کرامت بسجود ٭ ہر کہ این ہر دو ندارد عدمش بہ ز وجود ٭ اور روایت ہی معاذ
بن جبل سے کہ کہا دیر کی ہمسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز صبح کی نماز سے یعنی وقت عادت کے نہ آئے یہان تک کہ
نزدیک تھے ہم کہ دیکھین قرص آفتاب کو پس نکلے جلدی پس تکبیر کہی گئی ساتھ نماز کے پس نماز پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اور تخفیف کی نماز اپنی مین پس جب سلام پھیرا پکارا ساتھ آواز اپنی کے پس فرمایا واسطے ہمارے کہ بیٹھے رہو اپنی صفون پر جیسے کہ ہو تم بیٹھے
پھر مڑے طرف ہماری پھر فرمایا آگاہ ہو تم تحقیق مین خبر دونگا تمکو اوس چیز سے کہ روکا مجکو تمسے آج کی صبح وہ یہ ہی کہ تحقیق مین اٹھا
رات کو یعنی تہجد کے لیے پس وضو کیا مینے اور نماز پڑھی جو کچھ مقدر تھی واسطے میرے پس اونگا مین بیچ نماز اپنی کے یہان تک کہ بھاری ہوا
یعنی نیند غالب ہوئی پس ناگہان دیکھا مینے پروردگار اپنے بابرکت اور بلند قدر کو اچھی صورت یعنی اچھی صفت مین کہا ای محمد کہا مینے حاضر ہون مین
ای رب میرے فرمایا پروردگار نے کس چیز مین گفتگو کرتے ہین فرشتے مقربین کہا مینے نہین جانتا مین فرمایا اللہ تعالی نے یہ کلمہ تین بار یعنی تین بار
یہی بات پوچھی اور مینے یہی جواب دیا ہر بار کہا حضرت نے پس دیکھا مینے اللہ کو کہ رکھا ہاتھ اپنا درمیان دونون مونڈھون میرے کے یہان تک کہ
پائی مینے سردی اللہ تعالی کی اونگلیون کی درمیان چھاتی اپنی کے پس ظاہر ہوئی واسطے میرے ہر چیز اور پہچان لیا مینے سب کو پس فرمایا
ای محمد کہا مینے حاضر ہون مین ای رب میرے فرمایا کس چیز مین جھگڑتے ہین فرشتے مقربین کہا مینے کفارات مین فرمایا اللہ تعالی نے کیا ہین وہ
کہا مینے چلنا ساتھ قدمون کے طرف جماعتون کے اور بیٹھنا مسجدون مین پیچھے نمازون کے اور پورا کرنا وضو کا وقت کراہتون کے یعنی جب ناخوش
لگے طبیعت کو استعمال پانی کا مثل سردی و بیماری کے فرمایا پھر کس چیز مین گفتگو کرتے ہین کہا مینے بیچ درجون کے فرمایا اللہ تعالی نے اور کیا ہین
وہ کہا حضرت نے کہا مینے کھلانا کھانے کا اور نرمی کرنی بات مین اور نماز پڑھنی رات مین اوس حال مین کہ لوگ سوتے ہون کہا اللہ تعالی نے
دعا کر اپنے لیے جو چاہے کہا حضرت نے دعا کی مینے یہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ
الْمَسَاکِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَّ فِتْنَۃً فِیْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْئَلُکَ
حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ یعنی یا الٰہی تحقیق مین سوال کرتا ہون تجھسے کرنے نیکیون کا اور چھوڑنے
برائیون کا اور دوستی مسکینون کی اور یہ کہ بخشے واسطے میرے اور رحم کرے مجھپر اور جسوقت ارادہ کرے تو فتنہ پہنچانے کا ایک قوم مین پس مار مجکو
غیر فتنے مین اور مانگتا ہون مین تجھسے محبت تیری یعنی تجھے دوست رکھون یا تو مجھے دوست رکھے اور مانگتا ہون محبت اوس شخص کی کہ محبت رکھے
تجھسے یعنی مین اوسے دوست رکھون یا وہ مجھے دوست رکھے اور مانگتا ہون محبت اوس عمل کی کہ نزدیک کرے مجکو طرف محبت تیری کے پس فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہ خواب حق ہی پس یاد رکھو اسکو پھر سکھلاؤ اوسکو لوگون کو ٭ ملا ٭ کشاف ٭ معا ٭ درمنثور ٭

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِیْنٍ ○ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَ نَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ○

جب کہا تیرے رب نے فرشتون کو مین بناتا ہون ایک انسان مٹی کا پھر جب ٹھیک بنا چکون اور پھونکون اوسمین ایک اپنی جان تو گر پڑو اوسکے آگے سجدے مین ✢ مو ✢

یاد کر جب کہا پروردگار تیرے نے فرشتون سے تحقیق مین پیدا کرنے والا ہون ایک آدمی کو مٹی سے پس جب درست کرون اوسکو اور پھونکون مین اوسمین روح اپنی پس گر پڑو واسطے اوسکے سجدہ کرتے ہوئے ✢ فتح ✢ تفسین ✢ پیدا کرنے والا ہون ایک آدمی کو مٹی سے یعنی آدم کو اور فرمایا اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا اگر کوئی کہے کہ کیونکر صحیح ہوا یہ کہنا اونکو کہ مین پیدا کرنے والا ہون ایک آدمی کو حال انکہ وہ تو جانتے ہی نہتے کہ آدمی کیا چیز ہی تو جواب اسکا یہ ہی کہ وجہ اسکی یہ ہو کہ کہا ہو اللہ تعالی نے واسطے اونکے کہ مین پیدا کرنے والا ہون ایک مخلوق کہ صفت اوسکی ایسی اور ایسی ہو گی ولیکن جسوقت کہ حکایت کیا اوسکو اقتصار کیا اسم پر اور روح اپنی کہ پیدا کیا ہی مینے اوسکو اور اضافت کیا اوسکو طرف اپنے تخصیص کے لیے مانند بیت اللہ اور ناقۃ اللہ کے اور معنی یہ ہین کہ زندہ کرون مین اوسکو اور گردانون اوسکو حساس جاندار اور گر پڑو زمین پر اور معنی یہ ہین کہ سجدہ کرو کہا بعضون نے کہ تہا انحنا یعنی جھکنا کہ دلالت کرے تواضع پر اور بعضون نے کہا کہ تہا سجدہ واسطے اللہ تعالی کے یا تھا سجدہ تحیت کا یعنی بجاے سلام ✢ صلا ✢

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ○ اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ○

پھر سجدہ کیا فرشتون نے سارے اکھٹے مگر ابلیس نے غرور کیا اور تھا وہ منکرون مین ✢ مو ✢

پس سجدہ کیا سارے فرشتون نے یکجا مگر شیطان نے سرکشی کی اور ہوا کافرون سے ✢ فتح ✢ تفسین ✢ لفظ کل احاطے کے لیے ہی اور اجمعون اجتماع کے لیے پس فائدہ دیا یہ کہ اونہون نے سجدہ کیا سبنے ایک ہی وقت مین نہ متفرق اوقات مختلفہ مین سرکشی کی یعنی سجدہ نکیا اور ہوا کافرون سے بسبب نہ ماننے امر کے اور ابلیس کو استثنا کیا ملائکہ سے حال انکہ وہ جن تھا اسلیے کہ وہ ملائکہ ہی مین رہتا تھا اور بسبب کثرت عبادت کے مثل ملائکہ کے ہو گیا تھا بلکہ معلم تھا فرشتون کا ✢ صد ✢ کشاف ✢ تنبیہ ✢ جاننا چاہیے کہ سجدہ عبادت کا سواے اللہ تعالی کے کسیکو کسی وقت مین درست نہین ہوا ہی البتہ سجدہ تحیت کا یعنی بجاے سلام کے تھا جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو ملائکہ نے کیا اور ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت مین سجدہ تحیت کا بھی منسوخ ہوا اب کسیکو سواے اللہ تعالی کے کسیطرح کا سجدہ کرنا درست نہین ہی چنانچہ مولانا اسحق صاحب رحمہ اللہ نے مائۃ المسائل مین اس مسئلے کو خوب واضح لکھا ہی واسطے ہدایت بھائی مسلمانون کے ترجمہ اوسکا مع روایتون کے لکھا جاتا ہی سجدہ کرنا غیر خدا کو قبر ہو یا غیر قبر حرام اور کبیرہ ہی اور اگر عبادت کی راہ سے غیر خدا کو سجدہ کرین تو موجب کفر و شرک کا ہی اور اگر غیر خدا کو قبر ہو یا غیر قبر سجدہ بدون حضور نیت کے کرے وہ بھی موجب کفر کا ہی جیسا کہ کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہی اور سجدہ تحیت کا کہ اگلے زمانے مین تھا شریعت محمدیہ علیہ الصلوۃ والسلام مین منسوخ ہوا چنانچہ کتابین تفسیر اور حدیث اور فقہ کی دلالت کرتی ہین اب نصاب الاحتساب مین ہی اِذَا سَجَدَ لِغَیْرِ اللّٰهِ یَكْفُرُ لِاَنَّ وَضْعَ الْجَبْهَةِ عَلَی الْاَرْضِ لَا یَجُوْزُ اِلَّا لِلّٰهِ تَعَالٰی لِمَا رُوِیَ اَنَّ اَعْرَابِیًّا جَآءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ النَّاسَ قَدْ اٰمَنُوْا بِكَ وَ اَمَّا اَنَا فَلَا اُوْمِنُ بِكَ حَتّٰی تُرِیَنِیْ بُرْهَانًا خَالِصًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْهَبْ اِلٰی تِلْكَ الشَّجَرَةِ وَ قُلْ لَهَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْعُوْكِ فَذَهَبَ الْاَعْرَابِیُّ اِلٰی تِلْكَ الشَّجَرَةِ وَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْعُوْكِ فَتَمَایَلَتِ الشَّجَرَةُ مِنْ

اطرافها الاربعة حتى تقلعت عن الارض وجاءت معه الى رسول الله صلى الله عليه وسلم
فقال لها عودي الى مكانك فعادت الى مكانها وقام كل عرق منها الى موضعه كما
كان فقال الاعرابي اشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله ثم قال يا رسول الله كما اني
سالت منك برهانا خالصا فاذن لي حتى اصلي لك الصلوات الخمس واسجد لك فقال النبي
صلى الله عليه وسلم لو جازت السجدة لغير الله لامرت المرأة ان تسجد لزوجها والمعنى في
ذلك هو ان هذه عبادة خالصة لله تعالى فمن اتاها بغير الله يكفر لانه شرك انتهى یعنی جب کہ
سجدہ کرے غیر اللہ کو کافر ہو جاتا ہی اسلیے کہ رکھنا پیشانی کا جائز نہین ہی سوا اللہ تعالی کے کیونکہ روایت کیا گیا ہی کہ ایک اعرابی
آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ بلاشبہہ لوگ ایمان لائے آپ پر اور مین تم پر ایمان نہین لائونگا یہانتک
کہ دکھاؤ مجکو دلیل خالص اپنی نبوت کی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جا طرف اس درخت کے اور کہہ اوس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم بلاتے ہین تجکو پس گیا اعرابی اوس درخت پاس اور کہا کہ رسول خدا بلاتے ہین تجکو پس جھکا درخت چارون طرف سے یہانتک
کہ اوکھڑا زمین سے اور آیا وہ اعرابی کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا آنحضرت نے اوسکو کہ پھر جا اپنی جگہہ پس
چلا گیا وہ اپنی جگہہ اور جم گئی ہر رگ اوسکی اپنی اپنی جگہہ پر جیسے کہ تھین پس کہا اعرابی نے کہ گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود سوائے
اللہ تعالی کے اور بلاشبہہ تم رسول خدا کے ہو پھر کہا یا رسول اللہ جیسے کہ مانگی مینے تمسے دلیل خالص پس حکم کرو مجکو تاکہ پڑھون مین تمہارے لیے
پانچون نمازین اور سجدہ کرون مین تمہارے لیے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر جائز ہوتا سجدہ غیر خدا کے لیے تو حکم کرتا مین عورت کو
یہ کہ سجدہ کرے اپنے خاوند کو اور سبب اسمین یہ ہی کہ یہ سجدہ عبادت خالص اللہ ہی کے لیے ہی پس جو کوئی کرے سجدہ غیر اللہ کو کافر ہوگا اسلیے
کہ یہ شرک ہی تمام ہوئی عبارت نصلب کی اور فتاوی حمادیہ مین ہی ما يفعله كثير من الجهلة من السجود بين يدي المشائخ فان
ذلك حرام قطعا بكل حال سواء كانت الى القبلة او الى غيرها وسواء قصد السجود لله تعالى او غفل
عنه یعنی بہت سے جاہل جو سجدہ کرتے ہین آگے مشائخ کے پس بلاشبہہ یہ حرام ہی یقینا بہرحال برابر ہی کہ ہو طرف قبلے کے یا غیر اوسکے اور برابر ہی
کہ قصد کرے سجدہ کرنا اللہ تعالی کے لیے یا غافل ہو اوس سے اور تفسیر درمنثور مین ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے ولا يتخذ بعضنا بعضا
اربابا من دون الله کہا عکرمہ نے هو سجود بعضهم لبعض اور یہ بھی حمادیہ مین ہی اذا سجد لغير الله يكفر لان
وضع الجبهة على الارض لا يجوز الا لله تعالى اور روضۃ العلما مین ہی ان السجدة لا تحل الا لله تعالى
یعنی بلاشبہہ سجدہ حلال نہین ہی سوائے اللہ تعالی کے اور یہ بھی حمادیہ مین ہی التواضع لغير الله حرام واذا سجد لغير الله
معتقدا حقيته كفر قال الفقيه ابو جعفر من قبل الارض بين يدي سلطان او امير او سجد له
فان كان على وجه التحية لا يكفر ولكن يصير مرتكبا الكبيرة واما اذا سجد لهؤلاء الجبابرة
فهو كبيرة من الكبائر وهل يكفر مطلقا قال بعضهم هذا على وجوه ان اراد به العبادة كفر
وان اراد به التحية لم يكفر ويحرم عليه ذلك وان لم يكن له نية كفر عند اكثر اهل العلم
فاما تقبيل الارض فهو قريب من السجود انتهى یعنی تواضع غیر خدا کے لیے حرام ہی اور جب سجدہ کرے غیر خدا کو
باعتقاد حقیت اوسکی کے کافر ہوتا ہی کہا فقیہ ابو جعفر نے کہ جسنے چومی زمین آگے بادشاہ کے یا کسی امیر کے یا سجدہ کیا اوسکو پس اگر ہو
بطور تحیت کے نہین کافر ہوتا ہی ولیکن مرتکب ہوتا ہی کبیرہ کا اور ایسے جبکہ سجدہ کرے واسطے ان ظالمین کے پس وہ کبیرہ ہی کبائر سے اور آیا

کافر ہوتا ہی مطلقا یا نہین کہا بعضون نے کہ یہ کئی وجہون پر ہی اگر ارادہ کرے ساتھ اوسکے عبادت کا کافر ہوتا ہی اور اگر ارادہ کرے
ساتھ اوسکے تحیت کا نہین کافر ہوتا ہی اور حرام ہی اوسپر یہ اور اگر نہو اوسکو کچھ نیت کافر ہوتا ہی اکثر اہل علم کے نزدیک پس اسپر چومنا
زمین کا پس وہ قریب ہی سجدہ کرنے کے تمام ہوا مضمون حمادیہ کا اور ملا علی قاری نے شرح مناسک مین لکھا ہی بیچ ذکر زیارت
قبور کے ولا ینحني ولا یقبل الارض فانه بدعة اي غير مستحسنة فتكون مكروهة واما
السجدة فلا شك انها محرمة فلا يغتر الزائر بما يرى من فعل الجاهلين بل يتبع العلماء
العاملين انتهى یعنی اور نہ جھکے قبر پر اور نہ چومے زمین کو اسلیے کہ یہ بدعت قبیحہ ہی پس ہوگا مکروہ اور اسپر سجدہ پس بلا شک وہ حرام ہی
پس نہ فریب کھاوے زیارت کرنے والا ساتھ اوس چیز کے کہ دیکھتا ہی فعل جاہلین سے بلکہ اتباع کرے علمائے عاملین کا تمام ہوا مضمون شرح مناسک کا
اور مشکوۃ مین ہی قیس بن سعد سے کہ کہا اتیت الحيرة فرأيتهم يسجدون لمرزبان لهم فقلت لرسول الله
صلى الله عليه وسلم احق ان يسجد له فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت اتيت
الحيرة فرأيتهم يسجدون لمرزبان لهم فانت احق بان نسجد لك فقال لي ارايت لو مررت
بقبري اكنت تسجد له فقلت لا فقال لا تفعلوا لو كنت امر احدا ان يسجد لاحد لامرت
النساء ان يسجدن لازواجهن لما جعل الله لهم عليهن من حق رواه ابو داود وروى احمد عن معاذ بن جبل انتهى
یعنی آیا مین حیرہ مین کہ نام ایک شہر کا ہی پس دیکھا مینے وہان کے لوگون کو سجدہ کرتے واسطے سردار اپنے کے پس کہا مینے کہ البتہ رسول
صلی اللہ علیہ وسلم لائق تر ہین اسکے کہ سجدہ کیا جاے اونکو پس آیا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا مینے کہ مین آیا شہر حیرہ
مین پس دیکھا مینے اونکو سجدہ کرتے اپنے سردار کو پس تم لائق تر ہو ساتھ اسکے کہ سجدہ کرین ہم تمکو پس فرمایا مجکو کہ خبر دے تو کہ اگر
گذرے تو میری قبر پر کیا سجدہ کریگا تو اوسکو پس کہا مینے نہین پس فرمایا کہ تم مجکو بھی سجدہ نکرو اگر مین حکم کرتا کسیکو یہ کہ سجدہ کرے
کسیکو تو البتہ حکم کرتا مین عورتون کو یہ کہ سجدہ کرین اپنے خاوندونکو واسطے اوس حق کے کہ گردانا ہی اللہ نے واسطے اونکے بیویون پر
نقل کی یہ ابو داود نے اور نقل کی احمد نے معاذ بن جبل سے تمام ہوا مضمون مشکوۃ کی حدیث کا اور کہا سید نے حاشیے مین کہ مشکوۃ پر ہی
وفيه ارشاد واشارة الى ان المملوك ليس مستحقا للسجود والعبادة لتغيره وزواله بل
المستحق للمعبودية والمسجودية هو الله الواحد القديم الذي لا يحوم حوله جناية
التغير والفناء والزوال انتهى یعنی اسمین ارشاد اور اشارہ ہی طرف اسکے کہ مخلوق نہین ہی مستحق سجود اور عبادت کے لیے
واسطے متغیر ہونے اوسکے کے اور زوال اوسکے کے بلکہ مستحق معبودیت اور مسجودیت کے لیے وہی اللہ واحد قدیم ہی کہ نہین پھرتا ہی گرد
اوسکے قصور تغیر اور فنا اور زوال کا تمام ہوا مضمون سید کا اور یہ حدیث یعنی لو كنت امر احدا ان يسجد لغير الله
لامرت المرأة ان تسجد لزوجها حدیث مشہور ہی روایت کیا ہی اسکو کتنے صحابہ نے جیسے کہ روایت کیا ہی اسکو احمد اور
ابن ماجہ اور ابن حبان نے اور بیہقی نے عبد اللہ بن ابی اوفی سے اور روایت کیا اسکو طبرانی نے زید بن ارقم سے اور روایت کیا اسکو
ابو داود اور طبرانی اور حاکم اور بیہقی نے قیس بن سعد سے اور ترمذی نے ابی ہریرہ سے اور دارمی اور حاکم نے بریدہ سے اور احمد نے معاذ سے اور طبرانی نے
سراقہ بن مالک اور صہیب اور عصمہ بن مالک اور غیلان بن مسلم سے اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے عائشہ رض سے اور بیہقی نے بھی
ابی ہریرہ سے اسیطرح لکھا ہی جمع الجواہر مین سیوطی نے اور تفسیر مدارک مین ہی واذ قلنا للملائكة اسجدوا لادم اي
اخضعوا له واقروا بالفضل له عن ابي بن كعب وعن ابن عباس كان ذلك انحناء ولم يكن خرورا

عَلَی الذَّقَنِ وَالْجُمْهُوْرُ عَلٰی اَنَّ الْمَامُوْرَبِهٖ وَضْعُ الْوَجْهِ عَلَی الْاَرْضِ وَکَانَ السُّجُوْدُ تَحِیَّةً لِاٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَهُوَ الصَّحِیْحُ اِذْ لَوْ کَانَ لِلّٰهِ تَعَالٰی لَمَا امْتَنَعَ عَنْهُ اِبْلِیْسُ وَکَانَ سُجُوْدُ التَّحِیَّةِ جَائِزًا فِیْمَا مَضٰی ثُمَّ نُسِخَ لِقَوْلِهٖ عَلَیْهِ السَّلَامُ لِسَلْمَانَ حِیْنَ اَرَادَ اَنْ یَّسْجُدَ لَهٗ لَا یَنْبَغِیْ لِمَخْلُوْقٍ اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلّٰهِ تَعَالٰی اِنْتَهٰی یعنی وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ کی تفسیر یہ ہی کہ جھکو آدم کے لیے اور اقرار کرو اوسکی فضیلت کا اُبی بن کعب و ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ تھا یہ جھکنا اور نہین تھا گر پڑنا ٹھوڑی پر اور جمہور اسپر ہین کہ حکم ملائکہ کو مونھہ ہی رکھنے کا تھا زمین پر اور تھا سجدہ کرنا تحیۃ واسطے آدم علیہ السلام کے اور یہی صحیح ہی اسلیے کہ اگر ہوتا سجدہ اللہ تعالی کے لیے تو نہ انکار کرتا اوس سے ابلیس اور تھا سجدہ تحیت کا جائز زمانۂ گذشتہ مین پھر منسوخ کیا گیا بسبب فرمانے آنحضرت علیہ السلام کے سلمان کو جب ارادہ کیا اونھون نے سجدہ کرنیکا آنحضرتؐ کو کہ نہین لائق ہی کسی مخلوق کو کہ سجدہ کرے کسیکو سوا اللہ تعالی کے تمام ہوا مضمون مدارک کا او رمأۃ المسائل کا ۱۲

قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَکَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ ؕ اَسْتَکْبَرْتَ اَمْ کُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ ۝

فرمایا ای ابلیس تجکو کیا اٹکاؤ ہوا کہ سجدہ کرے اس چیز کو جو مینے بنائی اپنے دونون ہاتھہ سے تینے غرور کیا یا تو بڑا تھا درجے مین + مو

کہا اللہ تعالی نے ای شیطان کس چیز نے باز رکھا تجکو اس سے کہ سجدہ کرے تو اوس چیز کو کہ پیدا کیا مینے اوسکو اپنے دونون ہاتون سے کیا تکبر کیا تونے یا حقیقت مین ہی تو بلند قدرون سے + فتح + تفسیر + پیدا کیا مینے اپنے دونون ہاتون سے یعنی خود متولی ہوا مین اوسکی پیدایش کا بلا واسطہ ملائکہ کے پس ایسے کو باوجود امتثال حکم میرے کے کیون نہ سجدہ کیا تونے اور اوپر گذر ہی چکا ہی کہ دو ہاتون والا اکثر اعمال ہاتون سے کرتا ہی پس غالب کیا گیا عمل دونون ہاتون کا تمام اون اعمال پر کہ کیے جاتے ہین ساتھہ غیر ہاتھون کے یہان تک کہ کہا جاتا ہی عمل قلب مین کہ یہ اون کامون مین سے ہی کہ کیا ہاتون تیرے نے اور یہان تک کہ کہا جاتا ہی بن ہاتون والے کو کہ تونے اپنے ہاتون کیا جو کچھ کیا پس اسی قبیل سے یہ ہی لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ اور عبد اللہ بن حارث سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پیدا کین اللہ تعالی نے تین چیزین اپنے ہاتھہ سے پیدا کیا آدم کو اپنے ہاتھہ سے اور لکھی توریت اپنے ہاتھہ سے اور درخت لگائے فردوس مین اپنے ہاتھہ سے پھر فرمایا قسم ہی اپنی عزت کی نہین رہیگا اسمین دائم الخمر اور نہ دیوث عرض کیا صحابہؓ نے کہ یا رسول اللہ جانا ہمنے دائم الخمر کو پس کیا ہی دیوث فرمایا دیوث وہ ہی کہ سہل جانے اپنے اہل کے لیے برائی کو اور اَسْتَکْبَرْتَ الخ کے ایک تو وہی معنی ہین جو مترجم نے لکھے اور ایک معنی یہ ہین کہ تو ہی نے اب تکبر کیا یہان تک کہ انکار کیا سجدے سے یا ہمیشہ سے تھا تو اوس قوم سے کہ تکبر کرتے ہین پس تکبر کیا تونے سجدے سے بسبب ہونے تیرے کے اونسے اور یہ استفہام توبیخ و انکار کے لیے ہی + ملـ + در منثور + معا + جلا + دونون ہاتون سے یعنی بدن کو ظاہر کے ہاتھہ سے اور روح کو غیب کے ہاتھہ سے اللہ غیب کی چیزین بناتا ہی ایک طرح کی قدرت سے اور ظاہر کی چیزین ایک طرح کی قدرت سے اس انسان مین دونون طرح کی قدرتین خرچ کین + مو

قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ ۝

بولا مین بہتر ہون اوس سے مجکو بنایا تونے آگ سے اور اوسکو بنایا مٹی سے + مو

کہا شیطان نے مین بہتر ہون اوس سے پیدا کیا تونے مجکو آگ سے اور پیدا کیا تونے اوسکو مٹی سے + فتح + تفسیر + یعنی اگر وہ پیدا کیا جاتا آگ سے تو نہ سجدہ کرتا مین اوسکو اسلیے کہ وہ پیدا کیا جاتا مثل میرے پس کیونکر سجدہ کرون مین اوسکو کم رتبہ ہی مجسے اسلیے کہ وہ مٹی سے پیدا ہوا اور آگ غالب ہوتی ہی مٹی پر کہ جلا دیتی ہی اوسکو + صا + آگ گرم ہی پر جوش اور مٹی سرد اور خاموش اوسنے اوسکو خوب سمجھا اللہ نے اسکو پسند کیا + مو + شعر + خاک شو خاک تا بروید گل + کہ بجز خاک نیست مظہر گل

ف ای تو بہت غنۃ ... فان کل عن ... تولی اللہ ... ۱۲ جلا

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ○ وَّإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيٓ إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ○

فرمایا کہ تو نکل یہان سے کہ تو مردود ہوا اور تجھپر میری پھٹکار ہی اوس جزا کے دن تک + مو

فرمایا اللہ تعالی نے پس باہر نکل بہشت سے تحقیق تو راندہ گیا اور تحقیق تجھپر لعنت میری ہو جیو روز جزا تک + فتح + تفسین + یعنی جبتک پھٹکار پڑتی جاویگی تیرے اعمال سے یہان سے نکل یعنی بہشت مین فرشتون کی صحبت مین جاتا تھا اب نکالا گیا + مو + بہشت سے یا آسمانون سے یا اوس خلقت سے کہ تھا تو اوسمین اسلیے کہ وہ فخر کرتا تھا اپنی خلقت پر پس بدل ڈالا اللہ تعالی نے اوسکی خلقت کو کہ کالا کر دیا اوسکو بعد اسکے کہ تھا گورا اور بدشکل کر دیا بعد اسکے کہ تھا خوبصورت اور تاریک کر دیا بعد اسکے کہ تھا نورانی رآندہ گیا تکبر کیا ابلیس نے سجدہ کرنے سے اوسکو کہ پیدا کیا گیا مٹی سے اور یہ خیال نکیا کہ اللہ تعالی نے حکم کیا سجدہ کرنے کا ملائکہ کو اور اونھون نے اتباع کیا اوسکا از راہ بزرگ جاننے خطاب اوسکے کے اور تعظیم کرنیکے امر اوسکے کو پس ہوا وہ مردود آور لعنت میری یعنی دور کرنا میرا تمام بھلائیون سے روز جزا تک اس سے یہ گمان نکرے کوئی کہ اوسکی لعنت کی انتہا روز جزا تک ہی پھر موقوف ہو جائیگی اسلیے کہ معنی اسکے یہ ہین کہ دنیا مین نری لعنت ہی رہیگی اوسپر اور جب روز قیامت کا ہوگا تو اوس لعنت کے ساتھ عذاب بھی ہوگا یا جب کہ لعنت رہی اوسپر اوقات رحمت مین غیر اوقات رحمت مین بطریق اولی رہیگی اور لعنت وہان منقطع کیونکر ہوگی اسحال مین کہ اللہ تعالی فرماتا ہی فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَن لَّعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ○ یعنی پس ندا کرنے والا یعنی فرشتہ ندا کریگا درمیان اونکے کہ لعنت اللہ کی ہی ظالمون پر + مل +

قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِيٓ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ○ قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ○ إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ ○

بولا تو ای رب مجکو ڈھیل دے جس دن تک مرکے جیوین فرمایا تو تجکو ڈھیل ہی اوسی وقت کے دن تک جو معلوم ہی

کہا شیطان نے ای پروردگار میرے پس مہلت دے مجکو اوس روز تک کہ اوٹھائے جاوینگے لوگ فرمایا اللہ تعالی نے تحقیق تو مہلت دیے گیون سے ہی دن اوس وقت معلوم تک + فتح + تفسین + وقت معلوم وہ وقت ہی کہ واقع ہوگا اوسمین نفخہ پہلا اور دن اوسکا وہ دن ہی کہ وقت نفخے کا ایک جز وہی اجزا اوسکے سے آور معنی معلوم کے یہ ہین کہ وہ معلوم ہی نزدیک اللہ کے معین ہی کہ نہ آگے بڑھیگا اور نہ پیچھے ہٹیگا + مل +

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ○ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ○

بولا تو قسم ہی تیری عزت کی مین گمراہ کرونگا ان سبکو مگر جو بندے ہین اونمین تیرے چنے

کہا شیطان نے قسم تیری عزت کی البتہ گمراہ کرونگا مین اونکو سبکو الا بندے خالص کیے ہوئے تیرے اونمین سے + فتح +

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ○ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكَ وَمِمَّن تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ○

فرمایا تو ٹھیک بات یہ ہی اور مین ٹھیک ہی کہتا ہون مجکو بھرنا دوزخ تجھسے اور جو انمین تیری راہ چلے اون سب سارے

فرمایا اللہ تعالی نے پس سچ بات ہی یہ اور سچ بات کہتا ہون مین البتہ بھرونگا مین دوزخ کو تجھسے اور اونسے کہ پیروی تیری کرین اونمین سے اکٹھے + فتح + تفسین + سچ بات کہتا ہون مین یعنی نہین کہتا ہون مین مگر حق اور مراد حق سے یا تو اسم اوس عز وجل کا ہی کہ جو وارد ہوا ہی اوسکے اس قول مین إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ یا مراد حق سے وہ حق ہی کہ جو نقیض ہی باطل کی عظمت یاد دلائی اوسکو اللہ نے ساتھ قسمون اپنی کے ساتھ اسکے تجھسے یعنی تیری جنس سے کہ وہ ذریت اوسکی ہی اور شیاطین اونمین سے یعنی آدم کی ذریت مین سے اکٹھے یعنی دوزخ کو بھرونگا متبوعون اور تابعون سے کہ سب وہان ہونگے نہین چھوڑونگا مین اونمین سے کسیکو + مل + تنبیہ + یہ قصہ اللہ جل شانہ نے اسلیے بیان فرمایا کہ تا لوگ معلوم کرین کہ اسکی نافرمانی ایسی بری چیز ہی کہ شیطان باوجودیکہ معلم تھا فرشتون کا اور ایسی عبادت کی تھی کہ کوئی جگہ زمین پر باقی نچھوڑی تھی کہ جہان سجدہ نکیا ہو پھر ذرہ سی نافرمانی مین کیسا مردود ہوا اور باعث اس نافرمانی کا تکبر ہوا یہ تکبر بری ہی بلا ہی کہ

مضر اہل ایمان میں ہی اگر غالب ہو اور محروم کرنے والا ہی معرفت حق سے اور علم آیتون اوسکی سے اور موجب غصہ اور بغض خدا کا اور ذلیل و خوار کرنے والا بندے کا اور منجر طرف عذاب جہنم کے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ یعنی نہ مانا شیطان نے حکم خدا کا اور تکبر کیا اور رہا کافرون سے اور فرمایا سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ یَتَکَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ یعنی قریب ہی کہ پھیرونگا مین اپنی آیتون سے اون لوگون کو کہ تکبر کرتے ہین زمین مین بغیر حق کے اور فرمایا اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ یعنی بلاشبہ اللہ نہین دوست رکھتا ہی تکبر کرنے والون کو اور فرمایا اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًی لِّلْمُتَکَبِّرِیْنَ یعنی کیا نہین ہی جہنم مین ٹھکانا تکبر کرنے والونکا اور مانند انکے بہت آیتین ہین تکبر کی برائی مین اور حدیث مین آیا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین داخل ہوگا بہشت مین وہ شخص کہ ہو اوسکے دل مین برابر ذرے کے تکبر پس کہا ایک شخص نے کہ تحقیق ایک آدمی دوست رکھتا ہی یہ کہ ہون کپڑے اوسکے اچھے اور جوتی اوسکی اچھی فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ تحقیق اللہ زینت والا ہی دوست رکھتا ہی زینت کو تکبر باطل کرنا حق کا ہی یعنی توحید و عبادت کا اور سرکشی ساتھ حق کے اور قبول نکرنا اوسکو اور حقیر جاننا لوگونکا اور فرمایا آنحضرت صلعم نے تین شخص ہین کہ نہین کلام کریگا اونسے اللہ قیامت کو اور نہ پاک کریگا اونکو اور ایک روایت مین ہی اور نہ دیکھیگا اللہ طرف اونکے اور اونکے لیے عذاب دردناک ہی بڈھا زناکار اور بادشاہ جھوٹا اور فقیر متکبر اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالی کبریا یعنی بزرگی ذاتی چادر میری ہی اور عظمت یعنی بزرگی صفاتی ازار میری ہی پس جسنے چھینی مجھسے ایک انمین سے داخل کرونگا اوسکو آگ مین اور فرمایا آنحضرت صلعم نے ہمیشہ آدمی دور کھینچتا ہی نفس اپنے کو یہان تک کہ لکھا جاتا ہی متکبرون مین پس پہونچتی ہی اوسکو وہ چیز کہ پہونچی اونکو یعنی آفات دنیا و آخرت مین اور فرمایا آنحضرت صلعم نے اوٹھائے جاوینگے متکبر مانند سرخ چیونٹیون کے دن قیامت کے آدمیون کی صورتون مین ڈھانکیگی اونکو خواری ہر جگہہ سے ہانکے جاوینگے طرف قیدخانے کے کہ دوزخ مین ہی نام ہی اوسکا بولس غالب ہوگی اونپر آگ آگون کی پلائے جاوینگے عصارۂ دوزخیون کے سے کہ تل چھٹ دوزخیون کے پیپ لہو کا ہی ✣ کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اوسحال مین کہ وہ منبر پر تھے ای لوگون تواضع کرو اسلیے کہ تحقیق مینے سنا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کوئی تواضع کرے لوگون سے اللہ کے لیے بلند کرتا ہی اللہ مرتبہ اوسکا پس وہ اپنے دل مین حقیر ہی اور لوگون کی آنکھون مین بڑا ہی اور جو کوئی تکبر کرے پست کرتا ہی قدر اوسکی اللہ پس وہ لوگون کی آنکھون مین حقیر ہی اور اپنے دل مین بڑا ہی یہان تک کہ البتہ وہ خوار رہتا ہی لوگون کے نزدیک کتے سے زیادہ یا فرمایا سور سے زیادہ ✣ اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ تین چیزین نجات دینے والی ہین عذاب سے اور تین چیزین ہلاک کرنے والی ہین آخرت مین پس اب نجات دینے والی چیزین تقوی اللہ کا ہی باطن و ظاہر مین یعنی سامنے لوگون کے اور غائبانہ یا باطن و ظاہر ہر شخص کا مراد ہی اور سچ بات خوشی و ناخوشی مین اور میانہ روی تونگری اور محتاجگی مین اور اب ہلاک کرنے والی چیزین پس خواہش نفسانی پیروی کی گئی ہی اور بخل اطاعت کیا گیا اور خوش ہونا آدمی کا ساتھ نفس اپنے کے یعنی اپنے کو اچھا جانے اور صفتین اپنی خوش رکھے پس اس سے تکبر پیدا ہوتا ہی اور یہ خصلت بہت بری ہی تینون خصلتون مین ✣ اور تکبر یہ ہی کہ اپنے تئین سب سے بالا اور زیادہ اور بہتر جانے اور اوس سے خوشی مین ہو اور اورون کو اپنے سے کم جانے اور نظر حقارت سے دیکھے اور تقدیم اپنی تمام کامون مین سبون پر ڈھونڈھے اور اوس سے نصیحت سیکھی اور بات نیک سیکھی اوسکے دل مین نہ سماوے اور جو کچھ کہے سختی سے کہے اور تھوڑی سی بات مین غضبناک ہو جاوے اور تکبر اس حد کو پہونچا دیتا ہی کہ متکبر لوگون کو لائق اپنی خدمت کے بھی نہین جانتا ہی جیسے کہ اکثر اہل دنیا ہر کسی سے بات نہین کرتے ہین اور خدمت نہین لیتے ہین اور یہ بدترین صفات اور حجاب اعظم درمیان خدا اور بندے کے ہی اور بندے کو سب نیکیون سے اور اچھے اخلاق سے باز رکھتا ہی اور ساتھ بدی کے متخلق کرتا ہی اور تکبر کے کتنے ہی درجے مین ایک تو تکبر خدا پر ہی کہ جیسے فرعون و نمرود نے کیا کہ بندگی سے عار رکھکر دعوی خدائی کا کیا اور دوسرے تکبر رسول پر ہی کہ جیسے کفار قریش نے

متابعت اور تصدیق اونکی سے تکبر کر کر منکر رہے اور تیسرے تکبر بندون پر ہی اور یہ اگرچہ درجے مین اول دونون سے کم ہی لیکن وبال اسکا بھی بڑا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہشت مین نہین جانے کا وہ کہ جسکے دل مین برابر ایک دانے کے تکبر ہوگا اور اسباب تکبر کے متعدد ہین ایک تو علم ہی کہ عالم بے عمل خود بین ہوکر سبون کو مانند چارپایون کے جانتا ہی اور سبسے اپنی تعظیم و خدمت کی امید رکھتا ہی اور اپنے افعال و اقوال سے سب پر احسان رکھتا ہی اور یہ اس سبب سے ہوتا ہی کہ علم دینی نہین سیکھتا ہی یا حقیقت کا راہ سیر کھلے اور سبب تواضع کا ہو اور ریا واسطے حاصل کرنے دنیا اور مال و جاہ کے سیکھا ہی کہ اوس سبب سے وہ علم بھی اوسکے حق مین برعکس ہوا اور اوسکو ہلاکتِ دینی مین ڈالا ہی ایسے عالم اور صحبت اوسکی سے حذر کر کر ساتھ علمائے عاملین کے صحبت رکھنی چاہیے اور عالم کو تا ہلاکت سے بچانے مین اسقدر کافی ہی کہ جانے اس بات کو کہ عالم کو اوسکی تقصیر پر جاہل سے زیادہ عذاب ہوگا کہ حدیث مین آیا ہی اَلْجَاهِلُ يُعَذَّبُ مَرَّةً وَّالْعَالِمُ سَبْعَ مَرَّاتٍ یعنی جاہل عذاب کیا جاویگا ایک بار اور عالم سات بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کون عالم تھا پھر کیسے آپ تواضع تھے اور دوسرا سبب کبر کا زہد و عبادت ہی کہ زاہد اور پارسا اور عابد کبر سے کم خالی ہوتے ہین اور یہ اوسکی جہل دیندار سے ہی کہ اپنے پندار سے اپنے تئین نجات پایا ہوا اور بہترین خلق جانتا ہی اور اورونکو ہلاکت مین اور اگر اوسکے رنج دینے والے کو کچھ آفت پہونچتی ہی تو کہتا ہی کہ میرے سبب سے اوسپر یہ آفت آئی اور احمق یہ نہین جانتا ہی کہ کفار کو بسبب ایذائے رسول کے آفت نہین پہونچتی تھی مین کون ہون کہ میری ایذا سے کسیکو آفت پہونچے اور عبادت کرنے والے کتنے ہی طرح کے ہین بعضے تو ایسے مین اگرچہ کبر سے پاک نہین ہین لیکن ساتھ مجاہدے اور تکلف کے تواضع کرتے ہین اور اورونکو ساتھ زبان اور معاملے کے بہتر جانتے ہین اور بعضے زبان سے کہتے ہین اور معاملے مین افعال کبر کے ظاہر کرتے ہین مانند تقدیم اپنی کے مجلس وغیرہ مین اور بعضے ساتھ زبان کے بھی اور افعال کے بھی کبر اپنا ظاہر کرتے ہین اور کہتے ہین کہ ہم ایسی عبادت اور ایسا کام کرتے ہین کون ہی کہ ہمارے برابر ہو اور علاج کبر کا یہ ہی کہ حدیثون وعید کے تامل کرے اور تواضع کو پیشہ پکڑے اور جانے کہ جو کچھ خلق پر آفت و رنج پہونچتا ہی بسبب شومی میری کے ہی اور جانے کہ تھوڑے سے تکبر سے اعمال میرے نابود ہو جائینگے اور اور سبب تکبر کا نسب ہی کہ صاحب نسب عالی اور اولیازادے ایسے فخر مین رہتے ہین کہ سب کو مثل خادم کے بلکہ غلام اپنا جانتے ہین اور یہ نہین جانتے کہ رسول علیہ السلام نے فاطمہ زہرا کو کہ نہایت پیاری اونکی تھین فرمایا کہ تکیہ اسپر نکر کہ مین بیٹی رسول کی ہون عمل کر اور خدا تعالی نے فرمایا فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَاۤ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝ اور فرمایا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ یعنی بہت بزرگ تمھارا نزدیک اللہ کے بہت متقی تمھارا ہی **مصرع** بندگی باید پیغمبرزادگی درکار نیست ۔ اور اور سبب کبر کا جمال ہی اور مال اور قوت اور تابعدار اور چاکر اور غلام اور مرید اور قرابت اور مانند اسکے چیزین کہ آدمی اونکو اپنے نزدیک نعمت جانتا ہی کہ طرب مخنث اور ڈومنی بھی اپنے کسب پہ تکبر اور تفاخر کرتے ہین اور علاج تکبر کے دفع کرنے کا یہ ہی کہ تامل کرے اسمین کہ جگہ متکبرکی دوزخ ہی اور سوچے کہ اصل آدمی کی قطرہ منی کا ہی اور دنیا مین محتاج بہت سی چیزون کا ہی اگر ایک دن بھی اوسکو نہ پونہچے تو ہلاک ہو جا اور اگر ایک کانٹا چبھے تو باوجود اس ذلیل دل کے عاجز ہو جاوے اور رنج مین پڑے اور باوجود اسکے موت و فنا سر پر کھڑی ہی ایسے کو تکبر کیا لائق ہی اور یہ بھی ہی کہ جو کچھ تکبر حکم کرے خلاف اوسکے عمل مین لاوے اور مال اور حشم اور جاہ اور جمال اور تمام اسباب کبر دنیاوی کو فانی جانے اور فانی پر تکبر کرنا نہایت حمق ہی اور عمدہ علاج تکبر کا یہ ہی کہ تواضع اختیار کرے کہ وہ صفات انبیا اور اولیا کے سے ہی رسول نے فرمایا کرم تقوی مین ہی اور شرف تواضع مین اور تونگری یقین مین اور تواضع یہ ہی کہ حق کو قبول کرے اگرچہ لڑکے اور جاہل سے ہو اور اپنے تئین سب سے کمتر جانے مگر یہ کہ

اہل دنیا کی اپنی نظرمین قدر نہ رکھے اور باقی بیان تواضع کا انشاء اللہ تعالی برمحل اوسکے ہوگا اور غرض اس تقریر طویل سے یہ ہی کہ
بندے کو ہر حال اپنے مولی کا تابعدار رہنا چاہیے اور اوسکے حکمون کو جی جان سے قبول کرے اور اگر شامت نفس سے کچھ گناہ ہو بھی جاوے
تو مہابت جلد اپنے مالک کی طرف رجوع کرکر توبہ و استغفار کرے اور اپنے نفس کو نہایت ملامت کرے غرضکہ بعد گناہ کرنے کے بھی عاجزی و ندامت
پسند ہی اور غفلت و بے پروائی نہایت ہی بُری ہی چنانچہ منقول ہی محمد رازی سے کہ شقی ہوا ابلیس بسبب پانچ چیزون کے اقرار نکیا گناہ کا اور نادم نہوا
اوسپر اور ملامت نکی اپنے نفس کو اور قصد نکیا توبہ کا اور ناامید ہوا اللہ تعالی کی رحمت سے اور سعید ہوئے آدم بسبب پانچ چیزون کے اقرار کیا
اپنے گناہ کا اور نادم ہوئے اوسپر اور ملامت کی اپنے نفس کو اور جلدی کی توبہ مین اور ناامید نہوئے اللہ تعالی کی رحمت سے ✣ **مشکوٰۃ**

مغنی الطالب ✣ منہات ✣

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَ

تو کہہ مین مانگتا نہین تمسے اسپر کچھ نیگ اور مین نہین آپ کو بنانے والا یہ تو ایک سمجھوتی ہی سارے جہان والون کو اور

لَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝

معلوم کروگے اسکا احوال تھوڑی دیر کے پیچھے ✣ **موضح** ✣

کہہ سوال نہین کرتا ہون مین تمسے اوپر پونہچانے قرآن کے کچھ مزدوری اور نہین ہون مین تکلف کرنے والون سے یعنی دعوی وحی کا
کرون بغیر تحقیق کے نہین ہی قرآن مگر نصیحت عالمون کے لیے اور البتہ جان لوگے صدق اوسکا بعد ایک زمانے کے ✣ **فتح تفسیر** ✣
اور نہین ہون مین تکلف کرنے والون سے یعنی تم جانتے ہی ہو کہ مینے کبھی کسی پر اپنی طرف سے جھوٹ بات نہین بنائی ہی اور نہ مین عادی اون
اوس چیز کا کہ نہو میرے پاس تا کہ دعوی نبوت کا جھوٹ کرون اور قرآن کو اپنے دل سے بنا لون حاصل یہ کہ مین دعوی نبوت کا جھوٹ نہین
کرتا ہون اور نہ قرآن مینے اپنی طرف سے بنا لیا ہی بلکہ بلا شک و بلا تکلف مین اوسکا نبی ہون اور قرآن کلام پاک اوسکا ہی اسمین ہرگز مین
کچھ تکلف نہین کرتا اور عبد اللہ بن مسعود نے کہا اے لوگون جو کوئی جانے کچھ پس چاہیے کہ کہے اوسکو اور جو کوئی نہ جانے پس چاہیے کہ کہے اللہ اعلم
یعنی وہی خوب جانتا ہی پس بلا شبہہ علم سے ہی یہ بات کہ کہے عالم واسطے اوس چیز کے کہ نہین جانتا ہی واللہ اعلم فرمایا اللہ تعالی نے اپنے
نبی کو قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ اور زبیر رض سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
آگاہ ہو و مین بری ہون تکلف سے اور صالحین امت میری بھی بری ہین اور حضرت عمر رض سے روایت ہی کہ کہا ہم منع کیے گئے ہین تکلف سے
اور کہا شقیق نے کہ داخل ہوا مین اور ایک یار میرا سلمان کے پاس پس ہمارے پاس لائے وہ روٹی اور نمک پھر کہا اگر نہ منع کیا ہوتا ہمکو رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے تکلف سے تو البتہ تکلف کرتے ہم تمہارے لیے پس کہا یار میرے نے اگر ہوتا ہمارے نمک کے ساتھ گندنا تو خوب ہوتا
پس بھیجا سلمان نے بدہنا اپنی طہارت کا یعنی آفتابہ یا چھاگل کنجڑے کے پاس پس گرو کیا اوسکو اور لائے گندنا پس جب ہم کھا چکے
تو میرے یار نے کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ قَنَّعَنَا بِمَا رَزَقَنَا پس کہا سلمان نے کہ اگر قناعت کرتا تو نہوتا بدہنا میرا گرو کنجڑے
کے پاس اور سلمان سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ تکلف کرے کوئی مہمان کے لیے اوس چیز کا کہ نہین قدرت رکھتا ہی
اوسپر اور سلمان سے یہ بھی روایت ہی کہ کہا حکم کیا ہمکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نہ تکلف کرین ہم واسطے مہمان کے اوس چیز کا کہ نہو
ہمارے پاس اور یہ کہ سامنے لاوین ہم جو کچھ کہ حاضر ہو اور روایت ہی ابی برزہ سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا نہ خبر دون مین تمکو بیشیون
کی لوگون مین عرض کیا ہمنے یا رسول اللہ ہان خبر دیجیے فرمایا مہربانی کرنے والے آپسمین پھر فرمایا کہ کیا نہ خبر دون مین تمکو دشمنون کی عرض کیا ہمنے
ہان دیجیے فرمایا وہ ناامید مین اللہ کی رحمت سے جھوٹے تکلف کرنے والے اور روایت ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تکلف کرنے والے کی

ع ۵ ۲۴ ۱۴

تین علامتین ہین جھگڑا کرے اوس شخص سے کہ بالا ہی اوس سے رتبے مین اور ارادہ لینے کا کرے اوس چیز کا کہ نہین پہونچ سکتا ہی اوس تک
اور کہے وہ چیز کہ نہین جانتا ہی ابو موسی اشعری سے روایت ہی کہا جسکو سکھاوے اللہ علم پس تعلیم کرے اوسکو اور نکہو اور نکہے وہ چیز کہ نہین
اوسکو اوسکا علم اگر کہیگا تو ہوگا تکلف کرنے والو نمین سے اور نکل جاویگا دین سے یعنی کمال دین سے مگر نصیحت اسکی طرف سے عالمون کے لیے
یعنی عالم کے لوگون کے لیے یعنی جن و انس کے لیے نہ ملائکہ کے لیے وحی بھیجی گئی ہی طرف میرے پس مین پہونچاتا ہون اوسکو اور البتہ جان لوگے
تم ای کفار مکہ خبر صدق قرآن کی یعنی جو کچھ کہ اوسمین بیان ہی وعدہ اور وعید اور ذکر بعث و نشور کا بعد ایک زمانے کے یعنی بعد موت کے
یا روز بدر کے یا روز قیامت کے ختم کیا سورت کو ساتھ ذکر کے کہ فرمایا اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ جیسے کہ شروع کیا اوسکو ساتھ
ذکر کے کہ فرمایا صٓ وَالۡقُرۡاٰنِ ذِی الذِّكۡرِ + مد درمنثور تنبیه + غور کرنا چاہیے کہ صحابہ ضیافت مین کہ سنت ہی
تکلف کرنے سے پرہیز کرتے تھے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور اب لوگ عرسون بے اصل مین اور شادیون مین کیسے کیسے تکلف کرتے ہین صحیح
صاحب تقریب مقروض ہوتا ہی اور جہان سے بنتا ہی شیرینی وغیرہ کا سرانجام کرتا ہی اور لوگون کو رقعے بھیج بھیج کر بلواتا ہی یہ تکلف نہین ہی
تو کیا ہی شرع مین اگر قیمت مثل سے زیادہ پانی ہاتھ لگتا ہو تو حکم تیمم کر لینے کا ہی زاد و راحلہ نہو تو حج فرض نہین ہوتا ہی یہ کونسی ضرورت ہی
کہ اسکے لیے یہ کچھ تکلفات ہوتے ہین اگر انصاف کر کر سوچین تو صورت ریا کی پائی جاتی ہی یہ دل مین بھی بات ہوتی ہی کہ اگر عرس و شادی تو ہین
کچھ نکرینگے تو شیخی کرکری ہوگی جب یہ منظر ہوا تو ثواب کہان کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہی ریا کے عمل مین ثواب نہین ملتا بلکہ فرمایا ہی اِنَّ
يَسِيۡرًا مِّنَ الرِّيَآءِ شِرۡكٌ یعنی تھوڑا سا ریا بھی شرک ہی اور ان روایتون مذکورہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اہل علم کو چاہیے کہ جو کچھ
کوئی پوچھے اگر یہ جانتا ہو تو بتادے والا کہدے مجھے معلوم نہین اب بعضے اہل علم کو جو کچھ معلوم نہین ہوتا ہی تو اوٹپٹانگ بتا دیتے ہین
اونکو بھی یہی مقصود ہوتا ہی کہ اگر نہ بتاوینگے تو لوگون کے نزدیک بات ہیٹی ہوگی یہ بھی متکلفین ریاکارون مین داخل ہین عیاذا باللہ منہ

سُوۡرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمۡسٌ وَسَبۡعُوۡنَ اٰيَةً وَثَمٰنِيَةُ رُكُوۡعَاتٍ

اس سورت کا نام سورۂ زمر ہی یہ نام اسکا اسلیے ہوا کہ زمر کے معنی ہین جماعتون کے اور اسمین ذکر ہی دوزخیون اور جنتیون کی جماعتون کا ان
آیتون مین وَسِيۡقَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا الخ وَسِيۡقَ الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا رَبَّهُمۡ اِلَى الۡجَـنَّةِ زُمَرًا الخ
اور یہ سورت مکی ہی سوا آیت قُلۡ يٰعِبَادِىَ الَّذِيۡنَ اَسۡرَفُوۡا کے تَشۡعُرُوۡنَ تک کہ یہ مدنی ہی اور نزول بعد سورۂ سبا کے ہی اور
یہ بعد سورۂ ص کے اسلیے لکھی گئی کہ اوسکے آخر مین ہی اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ اور اسکے اول مین ہی تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ
مِنَ اللّٰهِ پس گویا کہ کہا گیا هٰذَا الذِّكۡرُ تَنۡزِيۡلٌ اور یہ نہایت اتصال و مناسبت ہی آپسمین اس جہت سے کہ اگر ساقط کیجاوے
بسم اللہ تو دونون کلام ملکر مانند ایک آیت کے ہو جائین پھر اللہ تعالی نے ذکر کیا ص کے آخر مین حضرت آدم کا اور اسکی ابتدا مین
ذکر کیا اونکی سوہری پیدا ہونے کا اونسے اور تمام لوگون کے پیدا ہونے کا اونسے اور ذکر کیا لوگون کا پیدا ہونا اونکی ماؤن کی پیٹون
مین پیدا ہونے کے بعد پیدایش کے پھر ذکر کیا کہ وہ مرینگے پھر ذکر کیا وفات نوم اور موت کا بیچ قول اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الۡاَنۡفُسَ حِيۡنَ مَوۡتِهَا کے پھر ذکر کیا قیامت کا
اور حساب کا اور جزا کا اور دوزخ کا اور جنت کا اور حکم کرنے کا درمیان اونکے ساتھ حق کے اور کہا گیا اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ اور اسی پر سورت تمام ہوئی پس ذکر کیا احوال خلق کا ابتدا سے آخر معاد تک متصل پیدایش آدم کے کہ مذکور تھی
پہلی سورت مین اور آیتین اسمین پچھتر ہین اور کلمات ایک ہزار ایک سو ستر اور حروف چار ہزار اٹھتر اور رکوع آٹھ +

تناسق الدرر + مد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ○

اوتارا ہی کتاب کا الله سے جو زبردست ہی حکمتون والا موضح

بھیجنا اس کتاب کا جانب خدای غالب باحکمت کے سے ہی فتح

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰہَ مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ ○

ہمنے اوتاری ہی تیری طرف کتاب ٹھیک سو بندگی کر الله کی نری کرکر اوسکے واسطے بندگی موضح

تحقیق ہمنے بھیجی ہی طرف تیرے کتاب ساتھ حق کے پس عبادت کر خدا کو خالص کر کر واسطے اوسکے عبادت کو فتح تفسیر ہمنے بھیجی ہی الخ یہ تکرار نہین اسلیے کہ اول مانند عنوان کے ہی واسطے کتاب کے اور دوسرا واسطے بیان اوس چیز کے ہی کہ کتاب مین ہی خالص کر واسطے اوسکے عبادت کو شرک اور ریا سے مل

اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُہُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَآ اِلَی اللّٰہِ زُلْفٰی ؕ اِنَّ اللّٰہَ یَحْکُمُ بَیْنَہُمْ فِیْ مَا ہُمْ فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ ؕ۬ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَہْدِیْ مَنْ ہُوَ کٰذِبٌ کَفَّارٌ ○

سنتا ہی الله کو ہی بندگی نری اور جنھون نے پکڑے ہین اوس سے ورے حمایتی کہ ہم انکو پوجتے ہین اسواسطے کہ ہمکو پہنچاوین الله کی طرف پاس کے درجے بیشک الله چکاویگا اون مین جس چیز مین جھگڑ رہے ہین البتہ الله راہ نہین دیتا اوسکو جو ہو جھوٹا حق نہ ماننے والا موضح

آگاہ ہو خدا کے لیے ہی یعنی مقبول نزدیک اوسکے ہی پرستش کرنی خالص یعنی بغیر شرک کے اور اونھون نے کہ دوست پکڑے سوا خدا کے کہا اونھون نے عبادت نہین کرتے ہین ہم انکی مگر اسلیے کہ نزدیک کردین ہمکو طرف خدا کے بیچ مرتبے قرب کے تحقیق خدا حکم کریگا درمیان اونکے بیچ اوس چیز کے کہ وہ بیچ اوسکے اختلاف رکھتے ہین تحقیق خدا راہ نہین دکھاتا ہی اوس شخص کو کہ جھوٹا ناشکر ہی فتح

تفسیر خدا کے لیے ہی الخ یعنی وہ ایسا ہی کہ واجب ہی اختصاص اوسکا ساتھ اسکے کہ خالص کیجاوے اوسکے لیے طاعت ہر آمیزش کدورت سے کیونکہ وہ مطلع ہی غیوب و اسرار پر حاصل یہ کہ نہین مستحق ہی عبادت خالص کا مگر الله یزید رقاشی سے روایت ہی کہ ایک شخص نے کہا یا رسول الله ہم دیتے ہین مال اپنے واسطے طلب ذکر کے کہ لوگون مین مذکور ہو کہ فلانے نے مال دیا پس آیا ہمکو اسمین کچھ ثواب ہوتا ہی پس فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے نہین ہوتا کہا اوسنے یا رسول الله ہم دیوین واسطے طلب اجر اور ذکر کے پس کیا ہمکو ثواب ہوگا پس فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے کہ الله نہین قبول کرتا ہی مگر وہ عمل کہ خالص اوسی کے لیے ہو پھر پڑھی آنحضرت صلعم نے یہ آیت اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ معالم اور قتادہ سے منقول ہی کہ دین خالص گواہی دینی ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی ہی اور حسن بصری سے ہی کہ دین خالص اسلام ہی اور اون لوگون نے کہ دوست پکڑے سوای خدا کے یعنی پوجتے ہین وہ بتون کو کہتے ہین نہین پوجتے ہم مگر الخ اور تحقیق الله حکم کریگا درمیان انکے یعنی درمیان مسلمانون اور مشرکون کے بیچ اوس چیز کے کہ اختلاف کرتے ہین کہتے ہین کہ جب مسلمان مشرکون کو کہتے کہ کسنے پیدا کیے ہین آسمان و زمین تو کہتے مشرک کہ الله نے پیدا کیے ہین پھر جب کہتے مشرکون کو مسلمان کہ کیا ہوا ہی تمکو کہ پوجتے ہو بتون کو تو کہتے مشرک کہ نہین پوجتے ہین ہم بتون کو مگر اسلیے کہ نزدیک کردین وہ ہمکو طرف الله کے مرتبۂ قرب مین اور معنی یہ ہین کہ الله حکم کریگا روز قیامت کے درمیان جھگڑنے والون فریقین کے پس داخل کریگا مومنون کو جنت مین اور کافرون کو دوزخ مین اور خدا راہ نہین دکھاتا ہی الخ یعنی راہ نہین دکھاتا ہی اوس شخص کو کہ وہ اوسکے علم مین ایسا ہی کہ اختیار کریگا کفر کو یعنی نہین توفیق دیتا ہی اوسکو ہدایت کی اور نہین مدد کرتا ہی اوسکی وقت اختیار کرنے اوسکے کفر کو اور جھوٹ بولنا اونکا یہ تھا کہ جنکو اونھون نے دوست ٹھہرایا تھا

وقف لازم

قولہ تنزیل الکتاب ای القرآن مبتدا خبرہ من الله او تنزیل من عند الله العزیز الغالب فی ملکہ الحکیم فی صنعہ ۱۲ جلالین

قولہ بالحق متعلق بانزلنا ۱۲ جلالین

قولہ والذین الخ خبرہ محذوف الخبر یقتضیہ والذین عبدوا الاصنام یقولون ما نعبدہم الخ ۱۲ جلالین

قولہ زلفی مصدر ای تقریبا ۱۲ جلالین

سوا اللہ کے اور نہین سے بعضون کو اللہ کی بیٹیان کہتے تھے یعنی فرشتون کو چنانچہ اسی لیے اونکے قائل کرنے کے لیے اسکے بعد فرمایا لو اراد اللہ الخ ✤ **مدارک** ✤ **تنبیہ** ✤ اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی عبادت خالص ہو شرک و ریا سے اور سارے اچھے بندونکا اتفاق اسپر رہا ہی کہ عمل خالص کرنا چاہیے دکھانے سنانے کے لیے جو عمل ہو وہ ہرگز مقبول نہین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب جمع کریگا اللہ لوگون کو اوس دن کے لیے کہ نہین شک اوسمین پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ اللہ تعالی کی طرف سے جو کوئی ہو کہ شریک کیا ہو کسیکو بیچ عمل کے کہ کیا تھا اوسکو اللہ کے لیے پس چاہیے کہ مانگے ثواب اوسکا نزدیک غیر خدا کے سے پس بلاشبہہ اللہ بہت بے پروا شریکون کا ہی شرک سے اور فرمایا آنحضرت نے جو کوئی سناوے لوگون کو عمل اپنا سناویگا اللہ اوسکو کانون خلق اپنی کو یعنی برائی اور رسوائی اوسکی سناویگا اور حقیر کریگا اور ذلیل کریگا اوسکو اور فرمایا آنحضرت نے جو کوئی کہ ہووے نیت اوسکی طلب آخرت کی کرتا ہی اللہ تعالی بے پروائی اوسکی اوسکے دل مین یعنی دل اوسکا غنی کردیتا ہی بسبب اسکے کہ قانع کرتا ہی اوسکو ساتھ رزق ضروری کے اور جمع کرتا ہی اوسکے لیے پریشانی اوسکی یعنی خاطر جمع ہوتی ہی اس سبب سے کہ اسباب آسایش مہیا ہوتا ہی اوس جگہہ سے کہ نہین جانتا ہی اور آتی ہی اوسکو دنیا اسحال مین کہ وہ ذلیل ہوتی ہی کہ نہین محتاج ہوتا اوسکی طلب مین طرف سعی بہت کے اور جو کوئی کہ ہووے نیت اوسکی طلب دنیا کی کرتا ہی اللہ تعالی محتاجگی روبرو اوسکے اور پریشان کرتا ہی اوسپر امر اوسکا اور نہین آتا اوسکو دنیا سے مگر جو کچھ کہ مقدر ہی اوسکے لیے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکلین گے اخیر زمانے مین ایک لوگ کہ طلب کرینگے دنیا کو ساتھ عمل آخرت کے پہنینگے لوگون کے رجوع ہونے کے لیے چمڑے بھیڑ کے بسبب ظاہر کرنے نرمی اور تواضع کے زبانین اونکی بہت میٹھی ہونگی شکر سے اور دل اونکے بھیڑیون کے سے ہونگے فرماتا ہی اللہ تعالی کہ کیا بسبب مہلت دینے میری کے مغرور ہوئے ہین بلکہ مجھپر جرأت کرتے ہین پس اپنی قسم کہاتا ہون مین کہ البتہ بھیجونگا اونپر اونمین سے فتنہ کہ چھوڑیگا دانا کو اونمین حیران یعنی وہ متحیر ہوگا اوسکے دفع کرنے کا کچھ علاج نہین جانےگا اور فرمایا آنحضرت نے کہ کفایت ہی آدمی کو برائی سے یہ کہ اشارہ کیا جاوے طرف اوسکے ساتھ اونگلیون کے دین کی باتون مین یا دنیا کی باتون مین مگر جسکو بچاوے اللہ تعالی کہا ابو تمیمہ نے حاضر ہوا مین صفوان اور یارون اوسکے کے پاس اور جندب نصیحت کر رہے تھے اونکو پس کہا اونہون نے کہ کیا سنا ہی تو نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کہا جندب نے کہ سنا ہی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی سناوے یعنی عمل نیک اپنے لوگون کو سناویگا اوسکو اللہ تعالی دن قیامت کے یعنی سناویگا لوگونکو ریاکاری اوسکی اور رسوا کریگا اوسکو اور جو کوئی مشقت ڈالے یعنی لوگون پر یا اپنے نفس پر زیادہ طاقت سے مشقت ڈالیگا اللہ تعالی اوسپر دن قیامت کے کہا اونہون نے جندب سے کہ نصیحت کر ہمکو پس کہا جندب نے کہ بلاشبہہ اول اوس چیز کا کہ سڑتا ہی آدمی سے پیٹ ہی جو کوئی کرسکے یہ کہ کہاوے مگر حلال پس چاہیے کہ کرے اور جو کوئی کر سکے یہ کہ نہ حائل ہو درمیان اوسکے اور درمیان جنت کے چلو بھر خون کہ گراوے اوسکو پس چاہیے کہ کرے تحقیق حضرت عمر نکلے ایک دن طرف مسجد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پایا معاذ بن جبل کو بیٹھے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس روتے پس کہا عمر نے کس چیز نے رولایا تجکو کہا معاذ نے رولایا مجکو ایک چیز نے کہ سنا مینے اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق تھوڑا سا ریا بھی شرک ہی اور جسنے دشمنی کی ولی خدا سے پس تحقیق نکلا اللہ تعالی کے روبرو واسطے لڑائی کے تحقیق اللہ تعالی دوست رکھتا ہی نیکون پرہیزگارون پوشیدہ حالون کو وہ جو جب غائب ہوتے ہین نہین ڈھونڈھے جاتے اور اگر حاضر ہوتے ہین نہین بلائے جاتے اور نہین نزدیک کیے جاتے دل اونکے چراغ ہدایت کے ہین نکلتے ہین ہر زمین تاریک سے فرمایا آنحضرت نے تحقیق بندہ جب نماز پڑھتا ہی ظاہر مین پس اچھی طرح پڑھتا ہی اور نماز پڑھتا ہی پوشیدگی مین پس اچھی طرح پڑھتا ہی فرماتا ہی اللہ تعالی یہ بندہ میرا حق ہی فرمایا آنحضرت نے ہونگی اخیر زمانے مین کتنی ایک قومین بھائی ظاہر مین دشمن پوشیدہ مین پس کہا گیا یا رسول اللہ اور کیونکر ہوگا یہ فرمایا یہ ہوگا

بسبب غیبت کرنے بعض انکے کے طرف بعض کے اور بسبب ڈرنے بعض اونکے کے بعض سے اور فرمایا آنحضرت صلعم نے جو کوئی نماز پڑھے دکھانے کو پس تحقیق شرک کیا اور جو کوئی روزہ رکھے دکھانے کو پس تحقیق شرک کیا اور جو کوئی تصدق کرے دکھانے کو پس تحقیق شرک کیا فرمایا آنحضرت صلعم نے ڈرتا ہون مین اپنی امت پر شرک سے اور خواہش پوشیدہ سے کہا شداد نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ کیا شرک کریگی امت آپکی پیچھے آپکے فرمایا ہان آگاہ ہو تحقیق وہ نہین پوجینگے آفتاب کو اور نہ چاند کو اور نہ پتھر کو اور نہ بت کو ولیکن دکھاوینگے اعمال اپنے اور شہوت پوشیدہ یہ کہ صبح کریگا ایک اونمین کا روزے سے پس پیش آویگی اوسکے لیے خواہش خواہشون اوسکے سے پس چھوڑ دیگا روزہ اپنا کہا ابو سعید نے کہ برامد ہوئے ہمپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ ہم ذکر کر رہے تھے آپسمین کانے دجال کا پس فرمایا کیا نہ خبر دون تمکو ساتھ اوس چیز کے کہ وہ بہت خوفناک ہی میرے نزدیک تمپر کانے دجال سے پس عرض کیا ہمنے ہان یا رسول اللہ خبر دیجیے فرمایا وہ شرک خفی ہی یہ کہ کھڑا ہووے آدمی پس نماز پڑھے پس زیادہ کرے نماز اپنی واسطے دیکھنے نظر ایک شخص کے یعنی کسیکو دیکھا دیکھتے ہوئے اپنی طرف اوسکے دکھانے کو لمبے لمبے سجدے وغیرہ کرنے لگا فرمایا آنحضرت صلعم نے اگر بلا شبہ ایک آدمی کرے ایک عمل غار مین کہ نہ دروازہ ہو اوسکے لیے اور نہ سوراخ نکلیگا عمل اوسکا طرف لوگون کے جو کچھ کہ ہو گا ✤ فرمایا آنحضرت صلعم نے جو شخص کہ ہووے اوسکے لیے چھپی خصلت اچھی یا بری ظاہر کرتا ہی اللہ تعالی اوسپر ایک علامت کہ پہچانا جاتا ہی بسبب اوسکے ✤ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالی تحقیق نہین ہون مین کہ تمام کلام دانا کے قبول کرون ولیکن مین قبول کرتا ہون قصد و خواہش اوسکی پس اگر ہو قصد و خواہش اوسکی میری طاعت مین کرتا ہون مین خاموشی اوسکی حمد اپنے لیے اور وقار اور اگرچہ نہ کلام کرے ✤ تمام ہوئے مضمون حدیثون کے اور کسی بزرگ رحمہ اللہ سے منقول ہی کہ زہد موقوف پانچ چیزون پر ہی اعتماد کرنا اللہ تعالی پر اور بیزار ہونا خلق سے اور اخلاص عمل مین اور اوٹھانا ظلم کا اور قناعت کرنی ساتھ اوس چیز کے کہ ہاتھ مین ہو انتہی پس آدمی کو چاہیے کہ ان آیات و احادیث کے مضمونون مین غور کر کر خالص اوسکی رضامندی کے لیے عبادت کرے ہرگز کسیکے دکھانے سنانے سے غرض نرکھے اور آیت مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى سے رد تعزیہ پرستون اور چھڑی پرستون اور گور پرستون وغیرہم کا بھی ہوا کہ ان بھلے آدمیون کو بھی جب کوئی سجدہ کرنے اور منت لغیر اللہ کے ماننے سے منع کرتا ہی تو یہ بھی یہی کہنے لگتے ہین کہ صاحب ہم انکو اللہ کے پیارے بندے جانکر ایسے کام کرتے ہین تو اللہ کے ہان ہماری عرض داشت کرین پس اونکو سوچنا چاہیے اس آیت کے مضمون مین کہ یہی تو کفار قریش بھی کہتے تھے جو تم کہتے ہو اور سبحانہ نے اونکی مذمت کی اور بعینہ یہ کہنا تفسیر در منثور مین قتادہ سے منقول ہی مانعبدہم الا کی تفسیر مین ای مَا نَعْبُدُ هٰذِهِ الْاٰلِهَةَ اِلَّا لِيَشْفَعُوْا لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ یعنی ہم نہین پوجتے ہین ان بتون کو مگر اسلیے کہ وہ سفارش کرین ہماری اللہ سے غرضکہ پوجنا سوا اللہ کے ہر کسیکے لیے منع ہی خواہ پیغمبر ہون یا فرشتے یا پیر اونکو بزرگ اور پیشوا اور اللہ کے پیارے بندے جانو اور اونکی محبت ظاہر و باطن مین رکھو اور ظہور محبت اونکی تابعداری ہی مین ہوتا ہی جیسے کہ صریح اس آیت کریمہ سے سمجھا جاتا ہی قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ نہ یہ کہ نام محبت کا جھوٹھ موٹھ لیکر تعزیے بنانے لگے اور طوق اطاعت کا گلے سے نکال الگ ہوئے یہ دعوی محبت کا محض جھوٹا ہی تمام انبیا اور اولیا اللہ اور علمائے ربانیین ہی کہتے چلے آئے ہین چاہیے اونکی کتابون مین دیکھے اور کسی نے ہرگز نہین لکھا ہی کہ پیر پیغمبرون کو خدا کے مرتبے مین پہنچاؤ اور یہ علامت محبت کسی کو جاننا مین نہو معاملہ خدا سے رکھتے ہین وہی بزرگون سے رکھے تو تو محب ہی والا بے ادب اور یہ محض غلط ہی بھائیون خدا تعالی کو خدا اور پیغمبرون کو پیغمبر اور بزرگون کو بزرگ ایک کو دوسرے کے ساتھ ہرگز شریک نکرو کہ یہ خلاف ہی عقیدہ اہل سنت کے آگے تم جانو تمہارا کام **شعر** ہمارا کام کہدینا تھا یارو ✤ اب آگے چاہو تم مانو نہ مانو **مشکوۃ** ✤ **منبہات وغیرہما** ✤

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

اگر اللہ چاہتا کہ اولاد کرلے تو چن لیتا اپنی خلق مین جو چاہتا وہ پاک ہے وہی ہے اللہ اکیلا دباؤ والا ﴿ع﴾

اگر چاہتا خدا کہ فرزند پکڑے تو البتہ چن لیتا اوس مین سے کہ پیدا کیا ہی اوس چیز کو کہ چاہتا پاکی ہے اوسکو وہی ہے خدا یگانہ باقوت ✢ **فتح ✢ تفسیر** ✢ یعنی اگر جائز ہوتا اللہ کو لینا فرزند کا جیسا کہ تم گمان کرتے ہو اور کہتے ہو اِتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا تو اختیار کرتا اللہ اپنی مخلوق مین سے جسکو چاہتا اور اوسکو فرزند ٹھہراتا نہ اونکو کہ تم کہتے ہو کہ ملائکہ بیٹیان اللہ کی ہین اور عزیر و مسیح بیٹے اوسکے پاکی ہے اوسکو پاکی بیان کی اپنی ذات کی اس سے کہ ہو اوسکے لیے کوئی جو کچھ کہ منسوب کرتے ہین طرف اوسکے قسم شرکا اور اولاد سے اور رہنمائی کی اسپر ساتھ قول اپنے کے هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ یعنی وہ ایک ہے بری ہے شریکون اور اولاد سے قہار ہے یعنی بڑا ہی غالب ہے ہر چیز پر اور چیزون مین سے معبود بھی اونکے ہین پس کہان سے ہونگے وہ اولیا شرکا پھر رہنمائی کی ساتھ بیان کرنے پیدا کرنے آسمانون اور زمین کے اور لپیٹنے رات دن ایک کو دوسرے پر اور مسخر کرنے سورج و چاند کے اور جاری ہونے اونکے سے ایک وقت معین تک اور پیدا کرنے خلائق کثیر کے نفس واحد سے اور پیدا کرنے چار پایون کے اوپر اسکے کہ وہ واحد لاشریک ہے قہار ہے کہ کوئی اوسپر غالب نہین ساتھ قول اپنے کے خَلَقَ السَّمٰوٰتِ الخ ✢ م ل ✢

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝

بنائے آسمان اور زمین ٹھیک لپیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر اور کام لگائے سورج اور چاند ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہری مدت پر سنتا ہے وہی ہے زبردست گناہ بخشنے والا ﴿ع﴾

پیدا کیا آسمانون اور زمین کو ساتھ تدبیر درست کے لپیٹتا ہے رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر اور تابع کیا آفتاب اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے ایک وقت مقرر مین آگاہ ہو وہ ہی غالب بخشنے والا ✢ **فتح ✢ تفسیر** ✢ لپیٹتا ہے الخ معنی یہ ہین کہ ہر ایک اون دونون مین سے غائب کر دیتا ہے دوسرے کو جب آجاتا ہے ایک دوسرے پر یعنی جب دن نکلتا ہے رات کو غائب کر دیتا ہے اور جب رات آتی ہے دن کو غائب کر دیتی ہے جیسے کہ اور جگہ فرمایا يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ اور بعضون نے کہا کہ داخل کرتا ہے رات کو دن پر پس بڑھ جاتا ہے دن اور داخل کرتا ہے دن کو رات پر پس بڑھ جاتی ہے رات جیسے کہ اور جگہ فرمایا يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ پس جو کچھ کہ ناقص ہوتا ہے رات سے داخل ہوتا ہے دن مین اور جو کچھ کہ ناقص ہوتا ہے دن سے داخل ہوتا ہے رات مین اور منتہی نقصان کا نو ساعتین ہین اور منتہی زیادتی کا پندران ساعتین ہین اور وقت مقرر سے مراد دن قیامت کا ہے غالب قادر ہے اوپر عذاب کرنے اوس شخص کے کہ نہ عبرت پکڑے ساتھ مسخر کرنے سورج و چاند کے پھر نہ ایمان لاوے انکے مسخر کرنے والے پر بخشنے والا ہے واسطے اوس شخص کے کہ سوچا اور عبرت پکڑے پس ایمان لاوے چاند سورج کے مدبر پر ✢ م ل ✢ معا ✢

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

بنایا تمکو ایک جی سے پھر بنایا اوس سے اوسکا جوڑا اور اوتارے تمہارے واسطے چوپایون سے آٹھ نر مادہ بناتا ہے تمکو ماکے پیٹ مین طرح پر طرح بناناتین اندھیرون کے بیچ وہ اللہ ہے رب تمہارا اوسیکا راج ہے کسیکی بندگی نہین سوا اوسکے پھر کہان سے پھیرے جاتے ہو

پیدا کیا تمکو ایک شخص سے پھر پیدا کیا اوس شخص سے اوسکی بیوی کو اور اوتارین تمہارے لیے چار پایون سے آٹھ قسمین یعنی نر و مادہ اونٹ اور گائین

اور دنبے اور بکری سے واللہ اعلم پیدا کرتا ہی تمکو بیچ پیٹون ماؤن تمہاری کے ایک پیدائش پیچھے دوسری پیدائش کے بیچ اندھیرون تین کے یعنی مشیمہ اور رحم اور پیٹ واللہ اعلم یہ ہی خدا پروردگار تمہارا اوسی کے لیے ہی بادشاہی نہین ہی کوئی معبود مگر وہ پس کہان سے پھیرے جاتے ہو ✢ فتح ✢ تفسیر ✢ ایک شخص سے یعنی آدم سے اور اوسکی بیوی کو یعنی حوا کو کہا گیا ہی کہ نکالا اللہ تعالی نے حضرت آدم کی ذریت کو اونکی پیٹھ سے مانند چیونٹیون کے پھر پیدا کیا بعد اوسکے حوا کو اونکی پسلی سے اور اوتارین یعنی اوتارنیکے یہان پیدا کرنے کے ہین مانند قول اللہ تعالی کے وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ یعنی پیدا کیا تمہارے لیے لباس کو ڈھانکے ستر تمہارے یا پیدا کیا اونکو جنت مین ساتھ آدم ؑ کے پھر اوتارا اونکو یا انزل اسلیے فرمایا کہ چارپائے نہین جیتے ہین مگر بسبب روییدگی کے اور روییدگی نہین ہوتی ہی مگر بسبب پانی کے اور پانی اوتارتا ہی اللہ تعالی پس گویا کہ اوتارا اون چارپایون کو اور بعضون نے کہا کہ معنی اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ کے یہ ہین جَعَلَهَا لَكُمْ نُزُلًا وَّرِزْقًا یعنی کیا اونکو تمہارے لیے مہمانی و رزق ایک پیدائش پیچھے دوسری پیدائش کے یعنی پہلے نطفہ تھا پھر لوتھڑا خون کا ہوا پھر لوتھڑا پھر ہڈیان اور گوشت بن کر بدن بنتا ہی اور روح پھونکی جاتی ہو جیسے کہ اوسنے فرمایا اللہ تعالی نے وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا یہ ہی خدا یعنی جسکے یہ مصنوعات ہین وہ ہی خدا پروردگار تمہارا ہی پس کہان سے پھیرے جاتے ہو یعنی پس کیونکر پھیرے جاتے ہو راہ حق سے بعد سننے اس بیان کے اور دیکھنے دلیلون واضحہ کے پھر آگے بیان فرمایا کہ مین بے پرواہ ہون تمسے ساتھ قول اپنے کے اِنْ تَكْفُرُوْا الخ ✢ معا ✢

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۟ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

اگر تم منکر ہوگے تو اللہ پروا نہین رکھتا تمہاری اور پسند نہین کرتا اپنے بندون کی منکری اور اگر حق مانوگے تو وہ پسند کریگا تمہارا اور نہ اوٹھاویگا کوئی بوجھ دوسرے کا پھر اپنے رب کی طرف تمکو پھر جانا ہی تو وہ جتا دیگا تمکو جو کرتے تھے مقرر اوسکو خبر ہی جیون کے بات کی

اگر ناشکری کرو تم پس تحقیق خدا بے پرواہی تمسے اور نہین پسند کرتا اپنے بندون کے حق مین ناشکری کو اور اگر شکر کرو تم پسند کریگا اوسکو واسطے تمہارے اور نہ اوٹھاویگا کوئی بوجھ اوٹھانے والا بوجھ دوسرے کا پھر طرف رب تمہارے کے ہی پھر جانا تمہارا پس خبر دیگا تمکو ساتھ اوس چیز کے کہ تھے کرتے تم تحقیق وہ جاننے والا ہی سینے والی باتون کو ✢ فتح ✢ تفسیر ✢ خدا بے پرواہی تمسے یعنی تمہارے ایمان سے اور تم محتاج ہو اوسکی طرف بسبب ضرر پانے تمہارے کے ساتھ کفر کے اور نفع پانے کے ساتھ ایمان کے اور ناشکری کو یعنی کفر کو نہین پسند کرتا اسلیے کہ کفر نہین ہی ساتھ رضا خدا کے اگرچہ ہی بارادہ اوسکے کے اور اگر شکر کرو تم یعنی ایمان لاؤ اور اطاعت کرو اوسکی پسند کریگا اوسکو تمہارے لیے اسلیے کہ وہ سبب مطلب پانے تمہاری کا ہی پس اوسکے عوض مین تمکو جنت دیگا اور نہ اوٹھاویگا الخ یعنی نہین ماخوذ ہوگا کوئی بسبب گناہ دوسرے کے یعنی جو کرنیگا وہی پکڑا جاویگا یہ نہین ہونے کا کہ کسیکا بوجھ کوئی اور اوٹھالے اور وہ اوسکے بدلے مین عذاب کیا جاوے اپنی اپنی کرنی اپنی اپنی بھرنی ہی اور وہ جو حدیث شریف مین وارد ہی مَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَلَهٗ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا اوسکے یہ معنی ہین کہ سبکے گناہ سبب بلانے اوسکے گمراہی کی طرف اوسپر ڈالے جاوینگے اور یہ بلانا بڑا گناہ ہی اسواسطے اسکی سزا بھی بڑی ہی اور پھر طرف رب تمہارے کے یعنی جزا رب تمہارے کی رجوع تمہاری ہی پس خبر دیگا تمکو تمہارے اعمال کی اور بدلا دیگا تمکو اونپر ✢ معالم ✢ کہا ابن عباس اور سدی نے کہ معنی لَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ کے یہ ہین کہ نہین پسند کرتا اللہ اپنے مومن بندون کے لیے کفر کو اور وہ وہ لوگ ہین کہ جنکے حق مین اللہ تعالی نے فرمایا اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ یعنی تحقیق میرے جو بندے ہین اونپر تجکو تسلط و تصرف نہین ہی پس لفظ عبادی عام ہی لفظ مین اور خاص ہی معنون مین مانند قول اللہ تعالی کے

عَنْكُمْ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ عِبَادُ اللّٰهِ کہ مراد عباد اللہ سے بعضے نزدیک سب ہین اور بعضون نے عام بندے مراد لیے ہین یعنی نہین پسند کرتا کسیکے لیے اپنے بندونمین سے کفر کو کہ کفر کرین وہ ساتھہ اوسکے یہ معنی روایت کیے گئے ہین قتادہ سے اور یہی قول سلف کا ہی کہا اونھون نے کفر کافر کا ناپسند ہی اللہ کو راضی نہین وہ اوس سے اگرچہ اوسکے ارادے سے ہی + معا +

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْٓا
اور جب لگے انسان کو سختی پکارے اپنے رب کو رجوع ہوکر اوسکی طرف پھر جب بخشے اوسکو نعمت اپنی طرف سے بھول جاوے جو پکارتا تھا
اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ○
اوس کام کو پہلے سے اور ٹھہراوے اللہ کے برابر اورون کو بہکاوے اوسکی راہ سے تو کہہ برت لے ساتھہ اپنی منکری کے تھوڑے دنون تو ہی آگ والون مین + مو +

اور جب پہونچتا ہی آدمی کو کچھہ رنج دعا کرتا ہی جناب پروردگار اپنے سے رجوع کر کر طرف اوسکے پھر جب دیتا ہی اوسکو کوئی نعمت اپنے پاس سے بھول جاتا ہی جو کچھہ کہ دعا کرتا تھا بسبب اوسکے پہلے اس سے اور مقرر کرتا ہی واسطے اللہ کے شریکون کو تاکہ گمراہ کرے خدا کی راہ سے کہہ فائدہ اوٹھا تارہ ساتھہ کفر اپنے کے تھوڑے روز تحقیق تو دوزخیون سے ہی + فتح + تفسین + آدمی سے مراد ابو جہل ہی یا تمام کافر اور ضر سے مراد بلا و سختی ہی رجوع کر کر طرف اللہ کے ساتھہ دعا کے نہین دعا کرتا غیر اوسکے سے اور نَسِيَ مَا كَانَ الخ کے معنی یہ ہین کہ بھول جاتا ہی اپنے اوس پروردگار کو کہ تضرع کرتا تھا طرف اوسکے یا یہ معنی ہین کہ بھول جاتا ہی اوس ضر کو کہ تھا پکارتا اللہ تعالی کو طرف دور کرنے اوسکے کے یعنی اوسکے دور کرنے کے لیے اور تاکہ گمراہ کرے یعنی اللہ کے جو اوسنے شریک مقرر کیے ہین نتیجہ اوسکا یہ ہی کہ گمراہ کرے اورون کو اللہ کی راہ سے یعنی دین اسلام سے کہہ اے محمد اس کافر کو کہ فائدہ اوٹھا تارہ یہ امر تہدید و تنبیہ کے لیے ہی تھوڑے روز یعنی دنیا مین یہ قبیل خذلان اور چھوڑ دینے کے سے ہی گویا کہ کہا گیا اوسکو کہ جب نہ قبول کیا تونے اوس چیز کو کہ حکم کیا گیا تھا تو ساتھہ اوسکے کہ وہ ایمان و طاعت ہی تو تو لائق اسکے ہی کہ نہ حکم کیجیے تجکو ساتھہ اوسکے بعد اسکے اور حکم کیا جاوے تو ساتھہ ترک کرنے اوسکے کے مبالغۃً اور مانند اسکے ہی معنون مین قول اللہ تعالی کا مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ یعنی یہ بہرہ مندی چند روزہ ہی پھر ٹھکانا انکا دوزخ ہی + عل + کشاف + تنبیہ + مراد بھول جانے سے یہ ہی کہ اوسکے امر و نہی کا خیال نہین رکھتا جہان فراغت ہوئی پھر کہان نماز کہان روزہ اور کہان شرک و کفر اور فسق و فجور سے بچنا اگر کوئی سمجھاتا بھی ہی تو کہتا ہی کہ جیتے جی ہی کچھہ کیا چاہیے کبھی کہتا ہی کہ میان اپنے فراغت دی ہی ابھی چین کرین تو لب کرینگے کبھی کہتا ہی کہ بھائی دین سے دنیا سنبھالنی مشکل ہی کیا کرین کچھہ نہین بنتی غرض کہ مصیبت مین تو وہ تضرع و زاری اللہ سے ہوتی ہی اور جب ہائی اوس مصیبت سے ہوتی ہی اور فراغت حاصل ہوتی ہی تو خدا کو بالکل بھول جاتا ہی گویا سانپ نکل ہی جو جاتا سو کرنے لگا بس اس آیت شریفہ سے معلوم ہوا کہ سختی مین اللہ کو یاد کرنا اور فراغت مین بھول جانا اوسکو یہ بہت بری بات ہی اور کافرون کی صفت ہی بندے مومن کو چاہیے کہ ہر حال اپنے مولی کو بھولے نہین اور یہ کام قابو جیون کا ہی کہ جب حاجت درپیش آئی تو ہاتھہ پھیلا پھیلا کر دعا کرنے لگے اور جب حاجت روا ہوگئی اور چین میسر ہوا بالکل غافل ہو گئے اوسکی طرف سے اس صفت کی مذمت اللہ تعالی نے اور جاے بھی بیان فرمائی ہی اس آیت مین وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ○ یعنی اور جب ہم نعمت بھیجین انسان پر ٹلا جاوے اور موڑ لے اپنی کروٹ اور جب لگے اوسکو برائی تو دعائین کرے چوڑی + شعر +

ہر کہ فریاد رسی روز مصیبت خواہد + گو در ایام سلامت بجوانمردی کوش +

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ
بھلا ایک جو بندگی مین لگا ہی گھڑیون رات کی سجدے کرتا اور کھڑا خطرہ رکھتا ہی آخرت کا اور امید رکھتا ہی اپنے رب کی مہر کی تو کہہ کوئی

يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝

برابر ہوتے ہین سمجھ والے اور بے سمجھ وہی سوچتے ہین جنکو عقل ہی ۹۹

کیا وہ ناشکر مشرک بہتر ہی یا وہ شخص کہ عبادت کرنے والا ہی بیچ ساعتون رات کے سجدہ کرتا ہوا اور کھڑے ڈرتا ہی آخرت سے اور امید رکھتا ہی رحمت پروردگار اپنے کی کہہ کیا برابر ہوتے ہین وہ لوگ کہ جانتے ہین اور وہ کہ نہین جانتے سوا اسکے نہین کہ نصیحت مانتے ہین عقلمند

فتح + تفسیر بعضون نے أمّن ہو قانت کے معنی یہ لکھے ہین کیا وہ شخص کہ قانت ہی مانند غیر اپنے کے ہی یعنی جو کہ مطیع ہی کیا وہ مانند نافرمان کے ہی یعنی نہین ہین دونون برابر کہا ابن عباسؓ نے کہ نازل ہوئی یہ آیت ابوبکر صدیقؓ کے حق مین اور ضحاک نے کہا کہ نازل ہوئی ابوبکرؓ اور عمرؓ کے حق مین اور ابن عمرؓ سے ہی کہ نازل ہوئی یہ حضرت عثمانؓ کے حق مین اور کلبی سے ہی کہ یہ نازل ہوئی ابن مسعود اور عمار اور سلمان کے حق مین اور قانت کے معنی ہین مطیع اسکا اور ابن عمر نے کہا کہ قنوت پڑھنا قرآن کا اور طول قیام اور سجدہ کرتا ہوا اور کھڑا یعنی نماز مین ڈرتا ہی آخرت سے یعنی عذاب آخرت سے اور امید رکھتا ہی رحمت پروردگار اپنے کی یعنی جنت کی اور دلالت کرتی ہی یہ آیت اسپر کہ مومن کو واجب ہی یہ کہ ہو درمیان خوف اور رجا کے امید رکھے اسکی رحمت کی نہ اپنے عمل کی اور ڈرتا رہے اوسکے عذاب سے بسبب قصور کرنے کے اپنے عمل مین پھر رجا یعنی امید جب بڑھجاوے اپنی حد سے تو ہوتی ہی امن اور خوف جب بڑھجاوے اپنی حد سے تو ہوتا ہی یاس یعنی ناامیدی اور اللہ تعالی نے فرمایا ہی فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ یعنی پس نہین امن مین ہوتے ہین اللہ کے مکر سے مگر قوم زیانکار اور فرمایا إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ یعنی نہین ناامید ہوتے اللہ کی رحمت سے مگر قوم کافر پس معلوم ہوا کہ امن یعنی نڈر ہو بیٹھنا اللہ کے عذاب سے اور ناامید ہونا بالکل اوسکی رحمت سے دونون چیزین بری ہین پس واجب ہی کہ خوف و رجا کی حدون سے بڑھے نہین ڈرتا بھی رہے اوسکے عذاب سے اور امید بھی رکھے اوسکی رحمت کی اسی لیے کہا گیا ہی اَلْإِيمَانُ بَيْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ یعنی ایمان بیچ بیچ مین ہی خوف و رجا کے حاصل یہ کہ نہ تو بالکل نڈر ہو بیٹھے کہ نماز روزہ وغیرہ اوامر و نواہی چھوڑدے اور کہے کیا ڈر ہی اللہ تو غفور و رحیم ہی اور نہ بالکل ناامید ہو جاے اوسکی رحمت سے بلکہ اوسکی طاعت مین مصروف رہے اور پھر ڈرتا بھی رہے اوس سے اور امیدوار اوسکے فضل و کرم کا رہے چنانچہ منقول ہی حضرت عمرؓ سے کہ کہا اگر پکارا جاویگا یعنی بالفرض قیامت مین یہ کہ داخل ہوگا جنت مین ایک شخص تو امید رکھونگا کہ وہ مین ہون اور اسی طرح اگر پکارا جاویگا کہ ایک شخص دوزخ مین جاویگا تو گمان کرونگا کہ وہ مین ہون اور حضرت حسن بصریؒ سے منقول ہی کہ اونسے پوچھا گیا حال ایک شخص کا کہ معاصی مین جو رہتا ہی اور امید رکھتا ہی اونھون نے کہا هٰذَا تَمَنٍّ یعنی یہ آرزوے باطل ہی اور رجا نہین ہی مگر قول اللہ تعالی کا پھر پڑھی یہی آیت أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ الخ اور روایت کیا ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے انسؓ سے کہ کہا داخل ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کے پاس اس حال مین کہ وہ قریب الرگ تھا پس فرمایا اوسکو کہ کیسا پاتا ہی تو اپنے کو یعنی کیا حال ہی تیرا رسول کا اوسنے عرض کیا کہ امید رکھتا ہون اور ڈرتا ہون پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین جمع ہوتی ہین یہ دونون چیزین کسی بندے کے دل مین ایسی جگہہ مین یعنی ایسے وقت مین مگر کہ دیتا ہی اوسکو اللہ وہ چیز کہ امید رکھتا ہی اور امن دیتا ہی اوسکو اوس چیز سے کہ ڈرتا ہی انتہی اور وہ لوگ کہ جانتے ہین مراد جاننے والون سے علماء دیندار عمل کرنے والے ہین تقدیر کلام یون ہی يَعْلَمُونَ وَيَعْمَلُونَ گویا کہ ٹھہرایا اللہ تعالی نے اون علما کو کہ عمل نہین کرتے ہین غیر عالم اور اسمین بڑی تنبیہ ہی اون لوگون کو کہ جمع کرتے ہین علوم پھر فرمانبرداری نہین کرتے ہین اللہ کی اور کلام علمی بہت سے کرتے ہین پھر دنیا مین مفتون ہو رہے ہین پس وہ اللہ کے نزدیک جاہل ہی ہین اسلیے کہ قانتین ہی کو علما ٹھہرایا اور جائز ہی کہ مراد ہو اس سے تشبیہ یعنی جیسے کہ نہین برابر ہوتے ہین عالم و جاہل اسیطرح نہین برابر ہین مطیع و عاصی **مل + کشاف + درمنثور + مرقاۃ +**

اور عتاب و فہمایش مشرکین کو فرما کر اب نصیحت فرماتے ہین مومنون کو از راہ مہربانی کے +

قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَاَرْضُ

تو کہہ ای بندون میرے جو یقین لائے ہو ڈرو اپنے رب سے جنھون نے نیکی کی اس دنیا مین اونکو ہی بھلائی اور زمین

اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۭ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اللہ کی کشادہ ہی ٹھہرنے والون ہی کو ملتا ہی اونکا نیگ ان گنت موق +

کہہ ای محمد میری طرف سے ای بندون میرے کہ ایمان لائے ہو ڈرو اپنے پروردگار سے اون لوگون کے لیے کہ نیکی کی اس دنیا مین حالت نیک ہوگی اور زمین خدا کی کشادہ ہی سوا اسکے نہین کہ پورا دیا جاویگا صبر کرنے والون کو ثواب اونکا بیشمار اس آیت مین تعریض ہی ساتھ ہجرت حبشہ کے + **فتح تفسیر** + ڈرو یعنی ساتھ بجا لانے حکمون اوسکے کے اور بچنے کے منہیات اوسکے سے نیکی کی یعنی ایمان لائے اور اطاعت کی اللہ کی دنیا مین اور لفظ فی متعلق ہی احسنوا کے نہ لفظ حسنۃ کے معنی اسکے یہ ہین کہ جنھون نے نیکی کی اس دنیا مین پس اونکے لیے ایسی حسنہ یعنی بھلائی ہی آخرت مین کہ بیان نہین ہو سکتی اور وہ داخل ہونا جنت کا ہی اور سدی مفسر نے متعلق کیا ہی لفظ فی کو ساتھ حسنۃ کے اور تفسیر کیا ہی حسنہ کو ساتھ صحت و عافیت کے اور زمین خدا کی کشادہ ہی یعنی کچھ عذر نہین ہی بہت نیکی کرنے والون کو ہرگز یہان تک کہ اگر بہانہ کرین وہ یہ کہ ہم اپنے وطنون مین بہت نیکی نہین کر سکتے ہین تو کہا گیا اونکو کہ اللہ کی زمین کشادہ ہی اور شہر اوسکے بہت سے ہین پس چلے جائین اور شہرون کی طرف اور پیروی کرین انبیا اور صالحین کی اونکی ہجرت کرنے مین طرف غیر شہرون اپنے کے تاکہ زیادہ کرین بھلائی ہجرت کے ساتھ اور بھلائیون اپنی کے اور طاعت یعنی پیروی انبیا وغیرہ کے ساتھ اور طاعتون اپنی کے اور کہا ابن عباس نے اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ کی تفسیر مین یعنی کوچ کرو مکے سے اور اسمین رغبت دلانی ہی ہجرت کرنے پر اوس شہر سے کہ ظاہر ہون اوسمین گناہ اور بعضون نے کہا کہ نازل ہوئی ہی یہ بیچ حق مہاجرین حبشہ کے اور کہا سعید بن جبیر نے اسکی تفسیر مین کہ جو کوئی حکم کیا جاوے ساتھ معاصی کے پس چاہیے کہ بھاگے اور مجاہد نے کہا اسکی تفسیر مین کہ زمین میری فراخ ہی پس ہجرت کرو اور الگ ہو و بتون سے اور صبر کرنے والون کو یعنی جنھون نے کہ صبر کیا اپنے وطنون کے چھوڑنے پر اور کنبے کے چھوڑنے پر اور بلاؤن کے اوٹھانے پر اللہ کی طاعت مین اور خیر کے زیادہ کرنے مین اور صبر کیا اپنے دین پر کہ نہ چھوڑا اوسکو بسبب اونکے اونکو ثواب بحساب ملیگا کہا ابن عباس نے کہ حساب کرنے والون کے حساب مین بھی نہین آسکنے کا یعنی بہت ثواب ملیگا اور روایت کیا ابن مردویہ نے انس بن مالک سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلا اشتباہ اللہ جب دوست رکھتا ہی ایک بندے کو یا چاہتا ہی یہ کہ دوستی کرے اوس سے تو ڈالتا ہی بلا اوپر اور لپ بھر کر ڈالتا ہی بلا اوپر ڈالنے کے یعنی بکثرت پھر جب دعا کرتا ہی بندہ کہتے ہین فرشتے پسندیدہ آواز ہی یہ کہتے ہین جبرئیل کہ ای رب میرے یہ فلانا بندہ ہی تیرا روا کر حاجت اسکی پس فرماتا ہی اللہ تعالی کہ چھوڑ دے اسکو یعنی دعا کرنے دے کچھ نہ کہہ اسلیے کہ مین دوست رکھتا ہون یہ کہ سنون مین آواز اوسکی پھر جب کہتا ہی وہ یا رب فرماتا ہی اللہ جل شانہ لَبَّيْكَ عَبْدِيْ وَسَعْدَيْكَ یعنی حاضر ہون مین ای بندے میرے اور مدد کرونگا تیری قسم ہی اپنی عزت کی نہین دعا کرنے کا تو مجھسے کچھ مگر کہ قبول کرونگا تیرے لیے اور نہین سوال کریگا تو مجھسے کچھ مگر کہ دونگا تجکو یا تو جلدی دونگا تجکو جو کچھ کہ سوال کیا تو نے اور یا ذخیرہ کرونگا تیرے لیے اپنے پاس فضل اوس سے اور یا دفع کرونگا بلا بہت بڑی اوس سے پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور کھڑی کیجاوینگی ترازوین روز قیامت کے پھر لایا جاویگا اہل صلوۃ کو پس پورے دیے جاوینگے ثواب اونکے ساتھ ترازوون کے اور لایا جاویگا اہل صدقہ کو پس پورے دیے جاوینگے ثواب اونکے ساتھ ترازوون کے اور لایا جاویگا اہل حج کو پس پورے دیے جاوینگے ثواب اونکے ساتھ ترازوون کے اور لایا جاویگا اہل بلا کو پس نہین

ف ۵۱ یعنی اور شہر مین چلا جاوے کہ اللہ کی زمین فراخ ہے ۱۲ ف ۵۲ تو لو بغیر حساب حال ای موضح ۱۲

کھڑی کیجاویگی لوگونکے لیے ترازو اور نہین پھیلایا جاویگا اونکے لیے دیوان یعنی نامۂ اعمال اور ڈالا جاویگا اونپر ثواب ڈالے جانے کر بیشمار یہانتک کہ اہل عافیت آرزو کرینگے کہ کاش کہ کاٹے جاتے بدن اونکے اور ایک روایت مین ہی چمڑے اونکے قینچیون سے بسبب لیجانے اہل بلا کے فضل کو اور یہ سمجھا جاتا ہی اس قول اللہ تعالی کے سے اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ من معا+ در منثور+ **تنبیہ**+ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ ایسے شہرون سے جہان غلبہ کفر و فسق کا ہو وہان سے ہجرت کرنی لازم ہی اسلیے کہ بُری صحبت کی بُری تاثیر ہوتی ہی کہ بسبب اختلاط کے گناہ کی برائی دل سے نکل جاتی ہی اور جب ایسا حال ہوتا ہی تو خوف زوال ایمان کا ہی عیاذا باللہ منہ اسلیے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَنَا بَرِیْءٌ مِّنْ کُلِّ مُسْلِمٍ مُّقِیْمٍ بَیْنَ اَظْهُرِ الْمُشْرِکِیْنَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ قَالَ لَا یَتَرَاأٰی نَارَاهُمَا رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤدَ یعنی مین بیزار ہون ہر اوس مسلمان سے کہ رہتا ہی مشرکون مین صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیون فرمایا اسلیے کہ اقتضا ایمان یہ ہی کہ مشرک اور مسلمان آپسمین ایک دوسرے کی آگ نہ دیکھین یعنی کافر سے ایسی جدائی اور دوری چاہیے کہ اونکی آگ نہ نظر پڑے چہ جاے اونمین رہنا کہ ساتھ رہنے سے سُستی اسلام مین آجاتی ہی بسبب دیکھنے رسمون اونکی کے پس بھائیون ہم لوگون کو اپنے حال پر رونا چاہیے کہ ہمسے رسول اللہ بیزار ہین اس کفرستان کے رہنے سے لیکن جو کہ استطاعت نہین رکھتے امید ہی کہ وہ معذور ہون اور جب رسول اللہ ہی بیزار ہوئے تو کیا ٹھکانا ہی ہمارا جسکو اللہ تعالی استطاعت دے ارادہ ہجرت کا کرے کہ یہان بُری ہی آگ لگ رہی ہی کہ حق کہین تو گلے گھونٹے جاتے ہین اور نہ مانین تو نقصان ایمان ہی **شعر** اِلٰهِیْ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ + بِجَاهِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ + وَهَبْ لِیْ فِیْ مَدِیْنَتِهٖ قَرَارًا + بِاِیْمَانٍ وَّدَفْنٍ بِالْبَقِیْعِ + اور اس آیت شریفہ سے تاکید اور خوبی اور فضیلت تقوی اور نیک کامون اور صبر کی بھی معلوم ہوئی سبحان اللہ یہ چیزین بڑی ہی نعمت ہین اور کلام اللہ مین جابجا ان چیزون کے کرنے کا حکم ہی اور فائدے انکے بیان فرمائے ہین ازانجملہ اس آیت مین یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ یعنی ای ایمان والو ڈرو اللہ سے اور چاہیے کہ دیکھے ہر شخص اوس چیز کو کہ آگے بھیجی ہی کل کے لیے اور ڈرو اللہ سے بلاشبہہ اللہ خبردار ہی ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم اور فرمایا وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط یعنی اور جو شخص ڈرے اللہ سے کرتا ہی اوسکے لیے نکلنا ہر رنج سے اور رزق دیتا ہی اوسکو ایسی جا سے کہ گمان نہین رکھتا ہی اور فرمایا لِلَّذِیْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ یعنی تقوی رکھنے والون کے لیے اونکے رب کے پاس جنتین ہین کہ جاری ہین اونکے نیچے سے نہرین ہمیشہ رہینگے اونمین اور بیویان ہین پاکیزہ اور رضامندی اللہ کی طرف سے اور اللہ بینا ہی بندون کے حال کا اور اسی طرح بہت آیتین ہین تقوی کی تاکید و فضیلت کی چنانچہ اوپر بھی کچھ اسکا بیان ہوچکا ہی اور آگے بھی ہوگا انشاء اللہ تعالی اور صبر وغیرہ کا بھی اور حضرت عمر فرماتے ہین کہ دیکھا مینے تمام دوستون کو پس نہین دیکھا مینے کوئی دوست افضل محافظت زبان سے اور دیکھے مینے تمام لباس پس نہین دیکھا مینے کوئی لباس افضل ورع یعنی پرہیزگاری سے اور دیکھین مینے تمام نیکیان پس نہین دیکھی مینے کوئی نیکی افضل حرمت سے اور دیکھے مینے تمام مال پس نہین دیکھا مینے کوئی مال افضل قناعت سے اور چکھے مینے سارے کھانے پس نہین دیکھا مینے کوئی کھانا لذیذ صبر سے اور تقوی بغیر کئی باتون کے میسر نہین ہوتا چنانچہ کسی بزرگ سے منقول ہی کہ آگے تقوی کے پانچ گھاٹیان ہین جو کوئی اون گھاٹیون سے گذرے تو تقوی کو پہونچے اختیار کرنا سختی کا نعمت پر اور اختیار کرنا مشقت کا راحت پر اور اختیار کرنا ذلت کا عزت پر اور اختیار کرنا قوت کا فضول پر یعنی حاجت سے زائد پر اور اختیار کرنا موت کا حیات پر اور کہا وہب بن منبہ نے کہ لکھا ہوا ہی

توریت مین جو کوئی توشہ آخرت کا طیار کرے دنیا مین ہوگا روز قیامت کے حبیب اللہ تعالی کا اور جو کوئی ترک کرے غصے کو ہوگا اللہ کی
پناہ مین اور جو کوئی ترک کرے محبت عیش کی دنیا مین ہوگا روز قیامت کے امن مین آئے عذاب سے اور جو کوئی ترک کرے حسد کو ہوگا
روز قیامت کے تعریف کیا گیا روبرو خلائق کے اور جو کوئی ترک کرے حب ریاست کو ہوگا روز قیامت کے عزیز نزدیک ملک جبار کے
اور جو کوئی ترک کرے فضول کو دنیا مین ہوگا روز قیامت کے چین مین ہمیشہ کو اور جو کوئی ترک کرے جھگڑے کو دنیا مین ہوگا روز
قیامت کے مطلب پاؤنے والا ہے اور جو کوئی ترک کرے بخل کو دنیا مین ہوگا روز قیامت کے ذکر کیا گیا سامنے خلائق کے اور جو کوئی
ترک کرے راحت کو دنیا مین ہوگا روز قیامت کے مسرور اور جو کوئی ترک کرے حرام کو دنیا مین ہوگا روز قیامت کے انبیا کے ہمسایہ مین
اور جو کوئی ترک کرے نظر حرام کو دنیا مین ٹھنڈی کریگا اللہ آنکھین اوسکی روز قیامت کے ساتھ اولین کے اور جو کوئی ترک کرے غنا کو
دنیا مین اور اختیار کرے فقر کو بھیجیگا اوسکو اللہ تعالی روز قیامت طرف جنت کے ساتھ اولین کے اور جو کوئی کھڑا ہو واسطے حاجت
روائی اپنے بھائی مسلمان کے دنیا مین پورا کریگا اللہ واسطے اوسکے حاجتین دنیا اور آخرت کی اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو اوسکی قبر مین
کوئی مونس پس چاہیے کہ کھڑا ہو تاریکی رات مین اور نماز پڑھے یعنی تہجد کی اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو عرش رحمن کے سایے مین پس چاہیے کہ
ہو زاہد اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو حساب اوسکا آسان پس چاہیے کہ ہو خیر خواہ اپنے نفس کا اور اپنے بھائی مسلمانون کا اور جو کوئی چاہے
یہ کہ ہو جنت مین پس چاہیے کہ ہو اللہ کا ذکر کرنے والا رات و دن مین اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہون اوسکے لیے فرشتے زیارت کرنے والے
پس چاہیے کہ ہو پرہیزگار اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو اون لوگون مین سے کہ داخل ہونگے جنت مین بغیر حساب کے پس چاہیے کہ توبہ کرے اللہ سے
توبہ نصوح اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو غنی پس چاہیے کہ ہو راضی اللہ کی قسمت پر اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو فقیہ پس چاہیے کہ ہو خاشع یعنی
دل سے عاجزی کرنے والا واسطے اللہ تعالی کے اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو حکیم پس چاہیے کہ ہو عالم اور جو کوئی چاہے سلامتی لوگون سے
پس نہ ذکر کرے کسیکو مگر ساتھ بھلائی کے اور جو کوئی چاہے سلامتی بہت کھڑے رہنے سے آگے اللہ تعالی کے پس لازم کرے اپنے
چپ رہنا مگر ساتھ خیر کے یعنی کلام کرے تو اچھا کلام کرے اور جو کوئی چاہے سلامتی تکبر اور خیانت سے پس چاہیے کہ یاد کرے اپنے
نفس کو اور پہچانے اوسکو کہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہی اور کیون پیدا کیا گیا ہی اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو شریف دنیا اور آخرت مین پس
چاہیے کہ اختیار کرے آخرت کو دنیا پر اور جو کوئی چاہے فردوس اور نعمتین غیر فانی نہ ضائع کرے اپنی عمر کو بیچ دنیا کے اور جو کوئی چاہے
حاجت روائی دنیا اور آخرت مین پس اوسپر لازم ہی بہت دعا کرنی اور جو کوئی چاہے یہ کہ ہو عزیز دنیا اور آخرت مین پس لازم کرے
اپنے پر سخاوت اسلیے کہ سخی قریب ہی اللہ تعالی سے اور قریب ہی جنت سے اور بعید ہی دوزخ سے اور جو کوئی چاہے یہ کہ روشن کرے اللہ تعالی
دل اوسکا ساتھ پورے نور کے پس لازم کرے اپنے پر فکر کرنی اور عبرت پکڑنی اور جو کوئی چاہے بدن صابر اور زبان ذاکر اور قلب خاشع پس
لازم ہی اوسکو کہ استغفار بہت کیا کرے اور مدد مانگے واسطے مومن مردون اور مومن عورتون کے یعنی اللہ تعالی سے اونکے لیے
بھی دعا کرے

مشکوۃ منہات

قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

تو کہہ مجکو حکم ہی کہ بندگی کرون اللہ کو نری کرکر اوسکی بندگی اور حکم ہی کہ مین ہون سب سے پہلے حکم بردار

قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

تو کہہ مین ڈرتا ہون اگر حکم نہ مانون اپنے رب کا ایک بڑے دن کی مار سے + مو +

کہہ تحقیق فرمایا گیا مجکو کہ عبادت کرون مین خدا کو خالص کرکر واسطے اوسکے پرستش[1] اور حکم کیا گیا مجکو کہ ہون مین اول مسلمان

[1] یعنی توحید کو ترک نہ کرون مین ساتھ اوسکے ۱۲ معا

کہہ تحقیق مین ڈرتا ہون اگر نافرمانی پروردگار اپنے کی کرون مین عذاب دن بڑے کے سے + فتح + تفسیر کہہ یعنی اوس شخص سے کہ باعث ہو تجکو رجوع ہونے کا طرف دین باپ دادا تیرے کے اور حکم کیا گیا مجکو یعنی خالص بندگی کرنے کا واسطے اسکے کہ ہوؤن مین اول مسلمین کا یعنی مقدم اون کا اور سابق اونکا دنیا اور آخرت مین اور معنی یہ ہین کہ اخلاص کو سبقت ہی دین مین پس جسنے خلاص کیا ہوا سبقت لیجانے والا پس اول حکم ہی عبادت کرنے کا ساتھ اخلاص کے اور دوسرا سبقت لیجانے کا اور سبب اسکے اوترنے کا یہ تھا کہ کفار مکہ نے کہا کہ ای محمد تجکو کیا چیز باعث ہوئی اسپر کہ خلاف باپ دادا اپنے کا کر کر مخالف ہمارے دین کا ہوتا ہی چاہیے کہ موافق اپنی قوم کے عبادت لات و عزیٰ کی کرے تو اور آسودہ رہے تو یہ آیتین آئین اونکے رد مین کہ کہہ مین حکم کیا گیا ہون ساتھ توحید و اسلام اور عذاب قیامت سے ڈرتا ہون + مدبحث +

قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ۝ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ ۱۵

توکہہ مین تو اللہ کو پوجتا ہون نری کر کر اپنی بندگی اوسکے واسطے اب تم پوجو جسکو چاہو اوسکے سوائے توکہہ بڑے ہارے وہ جو

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝ ۱۶

ہار بیٹھے اپنی جان اور اپنا گھر قیامت کے دن سنتا ہی یہی ہی صریح ٹوٹا + موضح +

کہہ خدا کو عبادت کرتا ہون خالص کر کر واسطے اوسکے عبادت اپنی کو یعنی شرک سے پس عبادت کرو تم جسکو چاہو سوائے خدا کے کہہ بٹا ٹوٹا پانے والے وہ لوگ ہین کہ جنھون نے ٹوٹا دیا اپنے تئین اور اپنے اہل کو روز قیامت کے یعنی ہلاک کیا اپنے تئین اور اپنے گھر والون کو بسبب گمراہ ہونے کے اور گمراہ کرنے کے آگاہ رہ یہ مقدمہ وہی ہی زیان ظاہر + فتح + تفسیر کہہ خدا کو عبادت کرتا ہون الخ اس آیت مین خبر دینی ہی ساتھ اسکے کہ آنحضرت خاص اللہ وحدہ ہی کو عبادت کرتے ہین خالص کر کر واسطے اوسکے عبادت اپنی کو نہ غیر اوسکے کو اور پہلی آیت مین خبر دینی ساتھ اسکے تھی کہ وہ حکم کیے گئے ہین ساتھ عبادت و اخلاص کے پس عبادت کرو تم الخ یہ امر توبیخ و تہدید کا ہی مانند قول اوسکے کے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ یعنی کرو تم جو کچھ چاہو اور قریش نے کہا آنحضرت سے کہ اگر مخالفت کریگا تو اپنے باپ دادا کی تو ٹوٹے مین پڑیگا تو پس اوتری یہ آیت قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الخ یعنی کامل ٹوٹے مین وہ ہین کہ ٹوٹے مین ڈالا اپنے تئین بسبب ہمیشہ رہنے کے دوزخ مین اور ٹوٹے مین ڈالا اپنے اہل کو بھی یعنی بیویون اور خادمون کو روز قیامت کے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا اونکو پس وہ بھی دوزخ مین پڑے اور کہا ابن عباس نے ٹوٹے والے کفار ہین کہ جنکو پیدا کیا اللہ نے دوزخ کے لیے پس گئی اونسے دنیا اور حرام ہوئی اونپر جنت اور یہ بھی کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ وہ ٹوٹے مین پڑنا یہ ہی کہ اللہ تعالی نے مقرر کیا ہی واسطے ہر انسان کے مکان جنت مین اور اہل پس جسنے کی طاعت اللہ کی ہوگا وہ مکان اور اہل اوسکے لیے اور جسنے کی معصیت اللہ کی داخل ہوگا وہ دوزخ مین اور ہوگا وہ مکان اور اہل واسطے غیر اوسکے کے کہ جسنے کی ہوگی طاعت اللہ کی + مدمعا +

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۱۶

اونکو اوپر سے بادل ہین آگ کے اور نیچے سے بادل اس چیز سے ڈراتا ہی اللہ اپنے بندون کو ای بندو مجسے ڈرو

واسطے اونکے اوپر اونکے سائبان ہونگے آگ سے اور نیچے اونکے سے بھی مانند سائبانون کے یہ عذاب ہی کہ ڈراتا ہی اللہ ساتھ اوسکے اپنے بندون کو ای بندو میرے پس ڈرو مجسے + فتح + تفسیر مراد سائبانون سے طبقے دوزخ کے ہین اوپر بھی اونکے ہونگے اور نیچے بھی اور نیچے کے طبقے مانند سائبانون کے ہونگے اونسے نیچے والون کے لیے یعنی آگ گھیرے ہوئے ہوگی اونکو اور ڈراتا ہی الخ تا کہ ایمان لاوین اوسپر اور بچین منہیات اوسکے سے + مدمعا + اوپر کے سائبانون سے مراد طبقے دوزخ کے اور دھوان اوسکا ہی اور نیچے کے سائبانون سے مراد بچھونے ہین آگ سے یہان تک کہ پہنچینگے

گہراؤ دوزخ تک اور سائبان اونکو اسلیے فرمایا کہ وہ سائبان ہونگے اونسے نیچے والون کے لیے نظیر اسکی قول اللہ تعالی کا ہی لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ یعنی اونکے لیے دوزخ کی آگ سے بچھونے ہونگے اور اوپر اونکے بالاپوش آگ جہنم کے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے سوید بن ابی غفلہ سے کہ کہا جب چاہیگا اللہ تعالی یہ کہ بھول جاوے دوزخیون کو یعنی معاملہ بھولنے والون کا سا کرے بناویگا واسطے ہر شخص کے اونمین سے ایک صندوق آگ کا بقدر اوسکے پھر مقفل کریگا اوسکو آگ کے قفلون سے پس نہین قریب ہوگی اوس سے کوئی رگ مگر کہ اومین میخ ہوگی پھر رکھا جاویگا وہ صندوق ایک اور صندوق آگ کے مین پھر مقفل کیا جاویگا وہ آگ کے قفلون سے پھر ڈالی جاویگی درمیان اون دونون صندوقون کے آگ پس نہین دیکھیگا کوئی اونمین سے یہ کہ آگ مین ہی کوئی سوا اوسکے پس یہی قول اللہ تعالی کا لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ اور قول اوسکا لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ + معالم + درمنثور +

وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِينَ
اور جو لوگ بچے شیطانون سے کہ اونکو پوجین اور رجوع ہوئے اللہ کیطرف اونکو ہی خوشخبری سو تو خوشی سنادے میرے بندونکو جو

يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝
سنتے ہین بات پھر چلتے ہین اوسکے نیک پر وہی ہین جنکو راہ دی اللہ نے اور وہی ہین عقل والے +

اور جن لوگون نے کہ پرہیز کیا بت سے اس سے کہ پوجین اوسکو اور رجوع کی طرف خدا کے واسطے اونکے ہی خوش خبری پس خوش خبری دے میرے اون بندون کو کہ سنتے ہین بات پھر پیروی کرتے ہین بہتر اوسکے کی یہ لوگ ہین کہ جنکو ہدایت کیا اللہ نے اور وہی لوگ ہین صاحب عقل کے + فتح +

تفسیر + معالم اور جلالین مین معنی طاغوت کے بت لکھے ہین اور مدارک مین شیاطین ہے اور واسطے اونکے خوش خبری ہی یعنی خوش خبری ثواب کی ہی جیسے کہ اور جگہہ فرمایا اللہ تعالی نے لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ یعنی واسطے اونکے بشارت ہی زندگانی دنیا مین اور آخرت مین اللہ عزوجل خوش خبری دیتا ہی اونکو ثواب کی اپنی وحی مین اپنے رسولون کی زبانی اور ملتے ہین اونسے فرشتے وقت آنے موت کے بشارت دیتے ہوئے اور جبکہ اوٹھائے جاوینگے قبرون سے فرماتا ہی اللہ تعالی يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ یعنی جسدن تو دیکھے مومن مردون اور مومن عورتون کو دوڑتی چلتی ہی اونکی روشنی آگے اونکے اور دائین اونکے اور کہا جاویگا اونکو خوش خبری ہی تمکو آجکے دن باغ ہین نیچے بہتین جنکے نہرین سدا رہین اونمین یہ جو ہی یہی ہی بڑی مراد ملنی پس خوش خبری دے میرے بندونکو الخ یہ وہی لوگ ہین کہ جنھون نے پرہیز کیا اور رجوع کی اور مراد اسطرح بیان فرمانے سے یہ ہی کہ ہین وہ باوجود اجتناب اور رجوع کے اس صفت پر یعنی نقاد ہین دین مین تمیز کرتے ہین درمیان حسن اور احسن کے اور فاضل اور افضل کے پس جب پیش آتے ہین اونکو دو امر واجب اور مستحب تو اختیار کرتے ہین واجب کو اور اسیطرح مباح اور مستحب جمع ہون تو حرص کرتے ہین اوس چیز پر کہ اقرب ہو نزدیک اللہ کے اور بہت ہو ثواب مین یعنی مستحب اور بعضون نے کہا کہ مراد اس سے یہ ہی کہ سنتے ہین قرآن اور اور کچھ بھی پھر پیروی کرتے ہین قرآن ہی کی اور بعضون نے کہا کہ سنتے ہین اوامر اللہ تعالی کے پس پیروی کرتے ہین اونکے احسن کی مثلا حکم ہی قصاص لینے اور عفو کرنے اور بدلا لینے اور چشم پوشی کرنے اور ظاہر کر کر دینے اور پوشیدہ دینے کا احسن پر عمل کرتے ہین کہ اپنے تقصیر دار کا قصور معاف کر دیتے ہین اور دیتے ہین خفیہ بموجب فرمانے اللہ تعالی کے وَأَن تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ یعنی اور یہ کہ معاف کرو تو قریب تر ہی واسطے تقوی کے اور فرمایا وَإِن تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

یعنی اور اگر پوشیدہ دو صدقہ فقرا کو تو یہ بہتر ہی تمہارے لیے اور ابن عباس رضی سے ہی کہ وہ وہ شخص ہین کہ بیٹھے ہین ساتھ ایک قوم کے پس سنتے
ہین اوسمین باتین اچھی اور بُری پھر بیان کرتے ہین اور لوگون مین جا کر باتین اچھی سنی ہوئی اور باز رہتے ہین سوائے اونکے سے یعنی
بری باتین نہین ذکر کرتے کہ ہم کیون اپنی زبانین اور اوقات و نفس خراب کرین اور وبال لین اپنے پر اور ابن عباس رضی سے آیا ہی کہ کہا جب
حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو عثمان او طلحہ او زبیر او سعد بن ابی وقاص او سعید بن زید او عبد الرحمن بن عوف
نے اونکے پاس آکر حقیت اسلام کی خبر پوچھی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے حقیت اوسکی ظاہر کی پس ایمان لائے وہ سب پس نازل ہوئی
یہ آیت اونکے حق مین فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ط اور ساری باتین اسلام کی
حسن یعنی اچھی ہین اور ابن عمر رضی سے ہی کہ کہا تھے سعید بن زید اور ابوذر غفاری او سلمان اتباع کرتے تھے جاہلیت مین اَحْسَنُ الْقَوْلِ
وَالْكَلَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا یعنی توحید کے قائل تھے اور بت پرستی سے بچتے تھے پس نازل کی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر يَسْتَمِعُوْنَ
الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ط اخیر آیت تک اور جابر بن عبد اللہ رضی سے ہی کہ کہا جب اوتری آیت لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ الخ یعنی دوزخ
کے سات دروازے ہین تو آیا ایک شخص انصار مین سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے ملک مین سات بردے ہین پس
مینے آزاد کیا ہر دروازہ دوزخ کے لیے ایک ایک بردہ پس نازل ہوئی اوسکے حق مین یہ آیت فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ الخ اور ابو سعید سے
روایت ہی کہ جب اوتری آیت فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ الخ تو بھیجا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پکارنے والے کو پس پکارا وہ کہ جو کوئی مرے
اس حال مین کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے کسی چیز کو داخل ہوگا بہشت مین پس سامنے سے ملے عمر رضی رسول نبی کو یعنی اوس پکارنے والے کو
کہ ابو ہریرہ تھے اور پھیر دیا اوسکو پھر عرض کیا عمر رضی نے آنحضرت سے کہ یا رسول اللہ ڈرتا ہون مین کہ اگر بھروسا کرینگے لوگ یعنی اس کلمہ پر
تو عمل نہین کرینگے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر جانین لوگ مقدار رحمت اللہ کی تو البتہ بھروسا کرینگے اور اگر جانین مقدار غضب
الٰہی کی اور اوسکے عذاب کی تو البتہ حقیر جانینگے اپنے اعمال کو اور وہ عقلمند ہین یعنی نفع او ٹھانے والے ہین اپنی عقلون سے + ملا + در منثور + کشاف +

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ط اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝

بھلا جسپر ٹھیک ہو چکا عذاب کا حکم بھلا تو خلاص کریگا آگ مین پڑے کو + مو +

کیا جو کوئی کہ ثابت ہوا اوسپر وعدہ عذاب کا کیا تو خلاص کر سکتا ہی اوس دوزخی کو + فتح + تفسیر + اصل کلام یون ہی کہ کیا وہ شخص کہ
واجب ہوا ہی اوسپر وعدہ عذاب کا کیا پس تو خلاص کر سکتا ہی اوسکو یا معنی اسکے یہ ہین کہ کیا وہ شخص کہ واجب ہوا ہی اوسپر وعدہ عذاب کا نجات
پا سکتا ہی اوس سے کیا پس تو چھوٹا سکتا ہی اوسکو یعنی نہین چھوٹا سکتا ہی کوئی اوس شخص کو کہ گمراہ کیا اوسکو اللہ تعالیٰ نے اور سبقت
لے گیا ہی اوسکے علم مین کہ وہ دوزخیون سے ہی کہا ابن عباس رضی نے کہ مراد کلمہ عذاب سے یہ ہی کہ یعنی جو کوئی سبقت لے گیا ہی علم الٰہی مین کہ وہ دوزخ
مین ہوگا اور بعضون نے کہا کلمہ عذاب کا یہ قول اللہ تعالیٰ کا ہی لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ اور بعضون نے
کہا یہ قول اوسکا هٰؤُلَاۤءِ فِي النَّارِ وَلَآ اُبَالِيْ + مد + معا +

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڟ

لیکن جو ڈرتے رہے اپنے رب سے اونکو ہین جھروکے اونپر اور جھروکے چنے ہوئے اونکے نیچے چلتی ہین ندیان

وَعْدَ اللّٰهِ ط لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ۝

وعدہ ہوا اللہ کا اللہ نہین خلاف کرتا وعدہ + مو +

ولیکن جو کہ ڈرے اپنے پروردگار سے اونکے لیے ہین محل بلند اونکے اوپر اور محل ہین بنائے ہوئے چلتی ہین اونکے نیچے نہرین وعدہ کیا ہی

خدا اپنے خلاف نہین کرتا ہی نہ اوسکے ✦ **فتح ✦ تفسیر** ✦ یعنی اونکے لیے محل بلند ہین اور اونپر اور بالاخانہ بہت بلند ہونگے
بنسبت نیچے کے محلون کے جیسے کفار کے لیے سائبان ہونگے آگ کے کہ مومنون کے لیے محل ایسے ہونگے اور نیچے تہ بتہ ہونگے واللہ اعلم زمین
کا اوپر کے محل بھی مانند نیچے کے محلون کے ہونگے کہ اونکے نیچے بھی نہرین ایسی ہی جاری ہونگی جیسے نیچے کے مکانون کے نیچے کچھ تفاوت
نہین ہوگا اوپر نیچے کے مکانون مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اہل جنت دیکھینگے بالاخانے والون کو اپنے اوپر جیسا کہ
دیکھتے ہو تم ستارے روشن کو باقی رہا ہوا بیچ کنارہ آسمان کے مشرق کی طرف یا مغرب کی طرف اور یہ بلندی بالاخانون کی بسبب
اور تفاوت مراتب کے ہی کہ درمیان بہشتیون کے ہوگا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ یہ بالاخانے اور محل بلند منازل پیغمبرون کے ہونگے کہ نہین پہنچینگے
اون منازل و مراتب کو غیر پیغمبرون کے فرمایا کہ ہان پہنچینگے اون منازل و مراتب کو غیر پیغمبرون کے بھی یعنی اولیا بسبب متابعت و صحبت اونکی کے
قسم ہی خدا کی پہنچینگے اونکو وہ مرد کہ ایمان لائے ہین اور سچا جانا پیغمبرون کو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ جنت مین
بالاخانے ہین کہ معلوم ہوتا ہی ظاہر اونکا باطن اونکے سے اور باطن اونکا ظاہر اونکے سے طیار رکھے ہین وہ اللہ نے اونکے لیے کہ نرم کرتے ہین
کلام اور کھلاتے ہین کھانا اور پیاپی یعنی اکثر رکھتے ہین روزے اور نماز پڑھتے ہین راتکو اس حال مین کہ لوگ سوتے ہین ✦ **کشاف**

من ✦ معا ✦ مشکوۃ ✦

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِى الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا
تونے نہین دیکھا کہ اللہ نے اوتارا آسمان سے پانی پھر چلایا وہ پانی چشمون مین زمین کے پھر نکالتا ہی اوس سے کھیتی کئی کئی
اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ○
رنگ بدلتی اوسپر پھر آتی طیاری تو تو دیکھے اوسکا رنگ زرد پھر کر ڈالتا ہی اوسکو چورا بیشک اسمین نصیحت ہی عقلمندون کو ع

کیا نہ دیکھا تونے کہ خدا نے بھیجا آسمان سے پانی پس داخل کیا اوسکو بیچ چشمون کے زمین مین پھر نکالتا ہی بسبب اوسکے کھیتی کو طرح طرح شنا
اقسام اوسکے پھر خشک ہوتی ہی پس دیکھتا ہی تو اوسکو زرد ہوئی وے پھر کرتا ہی اوسکو ریزہ ریزہ تحقیق اس مقدمے مین نصیحت ہی واسطے
صاحب عقل کے ✦ **فتح ✦ تفسیر** ✦ پانی یعنی مینہہ اور بعضون نے کہا جو پانی کہ زمین مین ہی پس وہ آسمان ہی سے ہی اوترتا ہی اوسسے
طرف صخرہ کے پھر تقسیم کرتا ہی اوسکو اللہ تعالی پس داخل کیا اوسکو یعنی چشمون اور نہرون اور جگہون جاری ہونے کی مین مانند رگون کے
بدنون مین اور الوان سے مراد ہیئتین کھیتی کی ہین قسم سبز اور سرخ اور زرد اور سفید وغیرہ سے اور یا الوان سے اقسام اوسکے مراد ہین
یعنی گیہون اور جو اور تل وغیر ذلک اور اس مقدمے مین یعنی پانی کے اوتارنے مین اور کھیتی کے نکالنے مین نصیحت اور تنبیہ ہی اس بات پر
کہ ضرور اسکا کوئی بنانے والا حکیم ہی اور یہ ہوا ہی بنانے اور تدبیر سے نہ معطل اور مہمل چھوڑنے سے **شعر** ابر و باد و مہ و خورشید و
فلک درکاراند ✦ تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری ✦ اور جائز ہی یہ کہ ہو یہ مثل واسطے دنیا کے جیسے کہ سورۂ کہف مین فرمایا
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ
هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ○ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ○ یعنی اور بتا اونکو کہاوت دنیا کی زندگی کی جیسے
پانی اوتارا ہمنے آسمان سے پھر رَل مل کر نکلا اوس سے زمین کا سبزہ پھر کل کو ہو رہا چورا باؤ مین اوڑتا اور اللہ کو ہی ہر چیز پر قدرت یعنی جب
چاہے پھر بنا دے مال اور بیٹے رونق ہین دنیا کی جیتے اور رہنے والی نیکیون پر بہتر ہی تیرے رب کے ہان بدلا اور بہتر ہی توقع **ف**
رہنے والی نیکیان یہ کہ علم سکھا جاوے جو جاری رہے یا نیک رسم و یا مسجد کنوان سرائے باغ کھیت وقف کر جاوے یا اولاد کو تربیت کر کر صالح

جھڑ جاتے ہین اور بعضون نے کہا باقیات صالحات سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہین اور زیادہ کیا بعضون نے وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ بھی + **مل + کشاف + مو + جلا** + اوپر کفار اور مومنون کا ذکر کر کر اب فرماتے ہین کہ یہ دونون برابر نہین ہو سکتے +

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَۃِ قُلُوْبُھُمْ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ

بھلا جسکا سینہ کھول دیا اللہ نے مسلمانی پر سو وہ اوجالے مین ہی اپنے رب کیطرف سے سو خرابی ہے جنکے دل سخت ہین اللہ کی یاد سے

اُولٰٓئِکَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○

وہ پڑے پھرتے ہین بہکے صریح + **مو** +

کیا جو شخص کہ کھولا ہی خدا نے سینہ اوسکا واسطے دین اسلام کے پس وہ اوپر روشنی کے ہو جانب پروردگار اپنے کے سے مانند سخت دلونکے ہی پس وائے اونکو کہ سخت ہی دل اونکا یاد کرنے خدا کے سے یہ ہین بیچ گمراہی ظاہر کے + **فتح + تفسین** + یعنی کیا پس جسکو پہچانا اللہ نے کہ یہ مہربانی کے لائق ہی پس مہربانی کی اوسپر یہانتک کہ کھل گیا سینہ اوسکا واسطے اسلام کے اور رغبت کی اسلام مین اور قبول کیا اوسکو مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین مہربانی کی اوسپر پس وہ تنگ سینہ سنگدل ہی یعنی دونون برابر نہین ہو سکتے اور نور اللہ کا لطف یعنی مہربانی اوسکی ہی حاصل یہ کہ کیا جسکا سینہ کھولدیا اللہ نے اسلام کے لیے پس ہدایت پائی اوسنے وہ مانند اوس شخص کے ہی کہ مہر کردی اللہ نے اوسکے دل پر پس سخت ہو گیا دل اوسکا یعنی دونون برابر نہین ہین اور پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پس عرض کیا صحابہ نے کہ یا رسول اللہ کیونکر ہوتا ہی کھلنا سینے کا فرمایا جسوقت کہ داخل ہوتا ہی نور دل مین کھلجاتا ہی دل اور فراخ ہو جاتا ہی پھر عرض کیا صحابہ نے کہ یا رسول اللہ کیا علامت ہی اسکی فرمایا اَلْاِنَابَۃُ اِلٰی دَارِ الْخُلُوْدِ وَالتَّجَافِیْ عَنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالتَّاَھُّبُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِ الْمَوْتِ یعنی رجوع کرنی ہمیشگی کے گھر یعنی آخرت کی طرف اور الگ ہونا دار غرور یعنی دنیا سے اور سامان درست کرنا موت کے لیے پہلے آنے موت کے اور روایت مین آیا ہی کہ پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ یعنی پس جسکو چاہے اللہ یہ کہ راہ دکھاوے اوسکو کھولتا ہی سینہ اوسکا اسلام کے لیے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق نور جب داخل ہوتا ہی سینے مین کھلجاتا ہی وہ پس عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ آیا واسطے اس حالت کے علامت ہی کہ پہچانی جاوے ساتھ اوسکے فرمایا ہان دور ہونا گھر غرور کے سے اور رجوع کرنا طرف گھر ہمیشگی کے اور مستعد ہونا موت کے لیے پہلے اوترنے اوسکے سے اور سخت ہی دل اونکا یاد کرنے خدا کے سے یعنی ترک کرنے ذکر خدا سے یا بسبب ذکر خدا کے یعنی جب ذکر کیا جاتا ہی اللہ کا اونکے پاس یا اوسکی آیتین ذکر کیجاتی ہین تو پریشان دل ہوتے ہین اور سنگدلی زیادہ ہوتی ہی اونکو مانند قول اللہ تعالیٰ کے فَزَادَتْھُمْ رِجْسًا اِلٰی رِجْسِھِمْ یعنی پس زیادہ کرتی ہین آیتین قرآنی پلیدی کو طرف پلیدی اونکی کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مت کرو بہت کلام بغیر ذکر اللہ کے اسلیے کہ بلاشبہ کثرت کلام کی بغیر ذکر اللہ کے سبب ہی سنگدلی کی اور بلاشبہ بہت دور لوگون کا اللہ سے سنگدل ہی اور فرمایا تمام کلام ابن آدم کے مضر ہین اوسپر مفید نہین مگر حکم کرنا اچھی باتون کا اور منع کرنا بری باتون سے یا ذکر اللہ اور آیا ہی کہ عیسیٰ نے وصیت کی حواریین کو یعنی اپنے مصاحبون کو کہ بہت کلام نکیا کرو بغیر ذکر اللہ عزوجل کے اسلیے کہ سخت ہو جاوینگے دل تمھارے اور بلاشبہ سخت دل بعید ہی اللہ سے ولیکن جانتا نہین اور حضرت علیؓ روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت کہنا بندون کا اور بہت سونا اونکا سبب ہی سنگدلی کا اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہضم کرو تم اپنے طعام کو ساتھ ذکر خدا اور نماز کے اور سو نہ جاؤ اوسپر اسلیے کہ سخت ہو جاوینگے دل تمھارے اور یہ بھی حضرت عائشہؓ سے

روایت ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسوت قلب یعنی سنگدلی باعث ہوتی ہی تین خصلتون کی حب طعام کی اور حب نوم کی اور حب راحت کی اور کہا مالک دینار نے کہ نہین مارا گیا بندہ ساتھہ عذاب کے اعظم قسوت قلب سے یعنی سنگدلی بہت بڑا عذاب ہی اور نہین غضب ہوا اللہ کسی قوم پر مگر کہ چھین لیتا ہی اوس سے رحمت یعنی رحم دلی + **کشاف + ص + معا + در منثور + مشکوٰۃ + تنبیہ** + علامت شرح صدر کی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی اس سے معلوم ہوا کہ مولوی ہو یا کوئی یا دنیا دار جسکو رجوع دار آخرت کی طرف نہو اور طالب ہو دنیا کا اور بیزار نہو اوس سے اور مستعد مابعد موت کے لیے نہو یعنی نیک کام کرنے اور بری باتون سے بچنے نہین اوسکو شرح صدر اور ہدایت خدا حاصل نہین پس جو مولوی شاگرد بہت سے کرے یا وعظ کہے بنیت نام و نمود کے جیسے یہان بیان شہادت وغیرہ مین کسیکو یہ نیت ہو کہ لوگ بڑا صاحب جانینگے جو رولاؤن بناؤنگا یا درویش نام و نمود کے لیے مرید کرے اور آخرت کے امور کی پروا نرکھے اوسکو سوچنا چاہیے اپنے حال مین کہ اللہ و رسول ہمارے حق مین کیا کچھ فرماتے ہین یا اللہ سب بھائی مسلمانون کو راہ حق ہدایت فرما اور ہمارے نفسون کی شرارتون سے بچا اور یہ جو آنحضرت نے فرمایا کہ قسوت قلب بہت کلام کرنے سے سوائے ذکر اللہ کے پیدا ہوتی ہی پس اسمین سوچنا چاہیے کہ مطلق کثرت کلام کا یہ حال ہی جہ جائیکہ برے کلام گالی گلوز غیبت جھوٹ چغل خوری وغیر ذلک چنانچہ بیان اونکے قبائح کا برمحل اونکے ہوگا اب ایک حدیث جامع سن لو کہ اسمین مضامین مناسب اس مقام کے بہت سے ہین وہ یہ ہی کہ معاذ کہتے ہین کہ کہا مینے یا رسول اللہ خبر دیجیے مجکو ایسے عمل کی کہ داخل کرے مجکو جنت مین اور دور کرے مجکو دوزخ سے فرمایا آنحضرت نے کہ البتہ تحقیق پوچھا تونے بڑا کام اور بلاشبہ وہ البتہ آسان ہی اوسپر کہ آسان کرے اللہ تعالی اوسکو اوسپر وہ یہ ہی کہ عبادت کرے تو اللہ تعالی کو اور نہ شریک کرے تو ساتھہ اوسکے کسیکو اور قائم کرے تو نماز اور دے تو زکوٰۃ اور روزے رکھے تو رمضان کے اور حج کرے تو بیت اللہ کا پھر فرمایا کہ کیا نہ بتاؤن مین تجکو راہین خیر کی وہ یہ ہین کہ روزہ سپر ہی یعنی آگ جہنم سے اور صدقہ دور کرتا ہی گناہون کو جیسے کہ بجھاتا ہی پانی آگ کو اور نماز آدمی کی درمیان رات کے یعنی اسیطرح یہ بھی خطاؤنکو دور کرتی ہی پھر پڑھی آپنے یہ آیت تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یہان تک کہ پہنچے يَعْمَلُونَ تک پھر فرمایا کیا نہ بتاؤن مین تجکو سردار دین کا اور ستون اوسکا اور چوٹی کوہان اوسکے کی یعنی اعلی چیز کہا مینے ہان یا رسول اللہ بتائیے فرمایا سردار دین کا کلمۂ شہادت کا ہی اور ستون اوسکا نماز ہی اور چوٹی کوہان اوسکے کی جہاد ہی پھر فرمایا کیا نہ خبر دون مین تجکو اس سب کے جڑ کی کہا مینے ہان ای نبی اللہ خبر دیجیے پس پکڑی آنحضرت نے زبان مبارک اپنی اور فرمایا کہ بند کر اپنے پر اسکو پس عرض کیا مینے ای نبی اللہ کے اور تحقیق ہم کیا البتہ پکڑے جاوینگے بسبب اوس چیز کے کہ کلام کرتے ہین ہم ساتھہ اوسکے فرمایا گم کرے تجکو مان تیری ای معاذ اور نہین ڈالینگی لوگون کو آگ مین مونہون کے بل اونکے یا فرمایا ناکون کے بل اونکے مگر باتین زبانون اونکے کی انتہی پس آدمی کو چاہیے کہ غور کرے اس حدیث کے مضمون مین کہ اسمین چیزین دار آخرت کے ملنے کی اور دنیا کی بے رغبتی کی اور سامان مابعد موت کے اور سبب بچنے کے قساوت قلبی سے مذکور ہین انپر عمل کرنا چاہیے تا نعمتین جاودانی ہاتھہ لگین اور نفس اور شیطان اور دنیا کی چال سے کہ دشمن ہی ہین بچے فرماتے ہین حضرت ابو بکر رض کہ ابلیس آگے تیرے ہی اور نفس داہنی تیرے اور ہوائی بائین تیرے اور دنیا پیچھے تیرے اور اعضا گرد تیرے اور جبار اوپر تیرے پس ابلیس بلاتا ہی تجکو طرف ترک کرنے دین کے اور نفس بلاتا ہی تجکو طرف معصیت یعنی چھوٹے گناہون کے اور ہوائی بلاتی ہی تجکو طرف شہوات کے اور دنیا بلاتی ہی تجکو طرف اختیار کرنے اوسکے ترجیح دینے اوسکے کے آخرت پر اور اعضا بلاتے ہین تجکو طرف گناہون بڑے کے اور جبار یعنی اللہ تعالی بلاتا ہی تجکو طرف جنت اور مغفرت کے فرمایا اللہ تعالی نے أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ ۖ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ یعنی کفار بلاتے ہین دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہی طرف جنت و مغفرت کے پس جسنے کہا مانا ابلیس کا

گیا اوس سے دین اور جسنے کہا مانا نفس کا گئی اوس سے روح اور جسنے کہا مانا ہوی کا گئی اوس سے عقل اور جسنے کہا مانا دنیا کا گئی اوس سے آخرت اور جسنے کہا مانا عصا کا گئی اوس سے جنت اور جسنے کہا مانا اللہ کا گئین اوس سے سب برائیان اور رہ نہا سب بھلائیون کو اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا اِلٰی مَرْضَاتِکَ وَاجْنِبْنَا عَنْ مُوْجِبَاتِ سَخَطِکَ اٰمِیْنَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ + **مشکوٰۃ + منبہات** + شعرگوی توفیق وسعادت درمیان فگندہ اند + کس میدان درنمی آید سواران را چہ شد + اپکے سنگدلون کے مقابلے مین نرم دلون کا مذکور ہوتا ہی

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ

اللہ نے اوتاری بہتر بات کتاب کی آپس مین ملتی دوہرائی ہوئی بال کھڑے ہوتے ہین اوس سے کھال پر اون لوگون کے جو ڈرتے ہین اپنے رب سے پھر

تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

نرم ہوتی ہین اونکی کھالین اور اونکے دل اللہ کی یاد پر یہ ہی راہ دینا اللہ کا اسطرح راہ دیتا ہی جسکو چاہے اور جسکو راہ بھلا دے اللہ

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○

اوسکو کوئی نہین سمجھانے والا + **مو** +

خدا نے اوتاری بہتر بات ایک کتاب کہ بعض اوسکا مانند دوسرے کے ہی آیتین دوہری یعنی وعدہ ساتھ وعید کے اور ڈرانا ساتھ بشارت کے بال کھڑے ہوتے ہین اوسکے سننے سے کھال پر اون لوگون کے کہ ڈرتے ہین اپنے پروردگار سے بعد ازان نرم ہوتے ہین پوست اونکے اور دل اونکے نزدیک ذکر خدا کے یہ ہی ہدایت خدا کی راہ دکھاتا ہی ساتھ اوسکے جسکو چاہے اور جسکو گمراہ کرے اللہ پس نہین واسطے اوسکے کوئی راہ دکھانے والا + **فتح** + **تفسیر** + ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ اصحابہ نے کہا یا رسول اللہ کاش کہ کچھ حدیث بیان فرمائیے ہمسے پس اوتری یہ آیت اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ الخ متشابہا کے یہ معنی ہین کہ مشابہ ہی بعض اوسکا بعض سے صدق مین اور بیان مین اور نصیحت ہونے مین اور حکمت مین اور اعجاز وغیر ذلک مین اور لفظ مثانی صفت ہی کتابا کی بمعنی مکرر کے اسلیے کہ کئی کئی بار آئے ہین اسمین وعد اور وعید اور قصے اور خبرین اور احکام اور اوامر اور نواہی اور نصیحتین اور بعضون نے کہا کہ مثانی اسکو اسلیے کہا کہ بار بار پڑھی جاتی ہی اور تقشعر کے یہ معنی ہین کہ کانپنے لگتین ہین جلدین اونکی کہ ڈرتے ہین اپنے رب سے اور معنی یہ ہین کہ جب سنتے ہین وہ قرآن اور آیتین وعید اوسکی کی خوف الٰہی طاری ہوتا ہی اونپر اور کانپنے لگتی ہین جلدین اونکی بعد ازان نرم ہوتے ہین الخ یعنی پھر جب یاد کرتے ہین وہ اللہ کو اور اوسکی رحمت کو اور کمال مغفرت کو نرم ہو جاتی ہین جلدین اونکی اور دل اونکے اور رہا رہتا ہی اونسے خوف و انکسار ہت اور بعضون نے یون تقریر کی ہی اسکی کہ جب ذکر کی جاتی ہین آیتین رحمت کی نرم ہو جاتے ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ یعنی آگاہ ہو ساتھ ذکر خدا کے تسکین پاتا ہین دل حاصل یہ کہ وقت خوف کے کانپ جاتے ہین دل اونکے اور نرم ہو جاتے ہین اور چین مین آجاتے ہین وقت امید کے اور ذلک اشارہ ہی کتاب کی طرف اور راہ دکھاتا ہی جسکو چاہے الخ وہ وہ شخص ہی کہ جان لیا ہی اللہ نے اوس سے اختیار اپنا ہدایت کا اور جسکو گمراہ کرے یعنی پیدا کرے گمراہی اوسمین پس اوسکو کوئی راہ بتلانے والا حق کی طرف نہین ہی اور حدیث مین آیا ہی کہ جب کانپتی ہی جلد مومن کی خوف الٰہی سے تو جھڑ جاتے ہین اوس سے گناہ اوسکے جیسے کہ جھڑتے ہین خشک درخت سے پتے اوسکے اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب کانپتی ہی جلد بندے کی خوف الٰہی سے تو حرام کرتا ہی اوسکو اللہ آگ دوزخ پر اور قتادہ سے منقول ہی تفسیر تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ کے کہا یہ صفت اولیاء اللہ کی ہی صفت بیان کی اونکی یہ کہ کانپنے لگتین ہین جلدین اونکی اور رونے لگتین ہین آنکھین اونکی اور تسکین پا جاتے ہین دل اونکے ساتھ ذکر خدا کے اور نہین صفت بیان کی اونکی ساتھ جاتے رہنے عقلون اونکی کے اور غش آجانے کے سوا اسکے نہین کہ یہ بات اہل بدع یعنی بدعتیون مین ہی اور نہین ہی

یہ بات مگر شیطان سے ہے اور عبداللہ بن عروۃ ابن الزبیر سے روایت ہے کہ کہا اونہون نے کہ کہا مینے اپنی دادی بنت ابی بکرؓ سے کہ کیا کرتے تھے اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جب پڑھا جاتا تھا اوپر قرآن کہا اونہون نے کہ ہوتے تھے وہ جیسے کہ صفت بیان کی اونکی اللہ نے روتین تھین آنکھین اونکی اور کانپنے لگتین تھین جلدین اونکی کہا عبداللہ نے کہ پس کہا مینے اسما سے کہ اب تو لوگون کا یہ حال ہی کہ جب پڑھا جاتا ہی اوپر قرآن تو گر پڑتے ہین غش کھا کر کہا اسما نے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم یعنی یہ شیطان کی جانب سے ہی اور آیا ہی کہ گذرے ابن عمر ایک شخص پر اہل قرآن سے کہ گرا ہوا پڑا تھا پس پوچھا ابن عمرؓ نے کہ کیا حال ہی اسکا کہا لوگون نے کہ جب پڑھا جاتا ہی اسپر قرآن یا سنتا ہی یہ ذکر اللہ کا تو گر پڑتا ہی پس کہا ابن عمرؓ نے کہ ہم البتہ ڈرتے ہین اللہ سے اور گرتے نہین اور کہا ابن عمرؓ نے بلا شبہ شیطان داخل ہوتا ہی بیچ جوف ایک انکے کے نہین تھا یہ کام اصحاب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور ذکر کیا ابن عمر سے ابن سیرین نے کہ جو لوگ بیہوش ہو کر گر پڑتے ہین جب کہ پڑھا جاتا ہی اوپر قرآن درمیان ہمارے اور درمیان اونکے فیصلہ اسپر ہی کہ بیٹھے ایک اونکا گھر کی چھت پر دونون پانون لٹکا کر پھر پڑھا جاوے اوسپر قرآن اول سے آخر تک پس اگر گر پڑے وہ تو وہ صادق ہی اور روایت ہی عامر بن عبداللہ بن زبیر سے کہ کہا آیا مین اپنی مان کے پاس پس کہا مینے کہ پایا مینے ایک قوم کو کہ نہین دیکھی مینے بہتر اون سے کبھی وہ یاد کرتے ہین اللہ کو پس کانپتا ہی ایک اونکا یہان تک کہ بیہوش ہو جاتا ہی خوف الٰہی سے پس کہا اونہون نے کہ مت بیٹھ ساتھ اونکے پھر کہا کہ دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن پڑھتا اور دیکھا مینے ابو بکرؓ اور عمرؓ کو قرآن پڑھتے پس نہین ہوتا تھا یہ حال اونکا خوف الٰہی سے کیا پس جانتا ہی تو اونکو ابو بکرؓ اور عمرؓ سے زیادہ ڈرنے والا اللہ سے اور قیس بن جبیرؓ سے ہی کہ کہا صعقہ یعنی بیہوش ہو جانا شیطان سے ہی + **درمنثور ملمعا + تنبیہ** + انصاف سے غور کرنا چاہیے ان روایتون مین کہ صحابہ بیہوش ہونے والون کو قرآن اور ذکر اللہ سنکر یہ کچھ ملامت کرتے تھے وائے اون لوگون کے حال پر کہ راگ و ڈھولکی کے سننے پر اظہار شوق اور وجد کرین اور چیخیان ماریں یہ محض اغوائے شیطانی ہی چنانچہ کتاب ردالمحتار مین شرح وہبانیہ سے لکھا ہی **بیت** ومن یستحل الرقص قالوا بکفرہ + لاسیما بالدف یلھو و یزمر + یعنی اور جو شخص کہ حلال جانے وجد کو قائل ہوئے ہین علما اوسکے کفر کے خصوصا کہ ساتھ دف کے لہو کرے اور باجے بجاوے ❊

ا فمن یتقی بوجہہ سوء العذاب یوم القیمۃ و قیل للظلمین ذوقوا ما کنتم تکسبون

بھلا ایک جو وہ روکتا ہے اپنے مونہہ پر برا عذاب دن قیامت کے اور کہیے بے انصافون کو چکھو جو تم کماتے تھے + **مو**

کیا وہ شخص کہ بچاتا ہی ساتھ مونہہ اپنے کے سختی عذاب سے روز قیامت کے یعنی سوا مونہہ کے کچھ نپاوے کہ عذاب کو ساتھ اوسکے بچاوے مانند اہل نجات کے ہو اور کہا جاوے گا ظالمون کو کہ چکھو وبال اوس چیز کا کہ کرتے تھے تم + **فتح + تفسیر** + معنی اسکے یہ ہین کہ انسان جب دیکھتا ہی کوئی ڈر کی چیز تو ہاتھ مونہہ کے سامنے روکتا ہی اور چاہتا ہی کہ ہاتھ سے مونہہ کو بچاوے اسلیے کہ سب اعضا مین مونہہ نہایت عزیز ہوتا ہی اور جو شخص کہ ڈالا جاویگا دوزخ مین ڈالا جاویگا اس حال مین کہ طوق کیے جاوینگے ہاتھ اوسکے ساتھ گردن اوسکی کے پس نہین میسر ہوگا اوسکو یہ کہ بچاوے آگ کو مگر ساتھ اوس مونہہ اپنے کے کہ بچاتا تھا ڈر کی چیز ہر ساتھ غیر اوسکے کہ اوسکی محافظت کیلیے اور کہا جاویگا ظالمون کو یعنی کہینگے ظالمون سے داروغان دوزخ کے ذوقوا الخ + **حل + کشاف** + مراد یتقی بوجہہ سے یہ ہی کہ کھینچا جاویگا وہ مونہہ کے بل دوزخ مین اور یہ مانند اس قول اللہ تعالی کے ہی + افمن یلقی فی النار خیر ام من یاتی امنا یوم القیمۃ + یعنی کیا پس وہ شخص کہ ڈالا جاویگا دوزخ مین بہتر ہی یا وہ شخص کہ آویگا امن روز قیامت کے اور یہ معنی ہین کہ اوندھا ڈالا جاویگا دوزخ مین اور اول جو آگ کو پہونچیگا مونہہ اوسکا ہوگا اور کہا مقاتل نے کہ وہ کافر ہی کہ ڈالا جاویگا دوزخ مین

اس حال مین کہ طوق کیے ہونگے ہاتھ اوسکے ساتھ گردن اوسکی کے اور اوسکے ہاتھ مین بڑا انگرا ہوگا گندک کا پس بھڑکیگی آگ اوسمین اس حال مین کہ وہ لٹکتا ہوگا ساتھ گردن کے پس گرمی دوزخ کی اور لپٹ اوسکی اوسکے مونھہ پر پہونچتی ہوگی نہین دفع کرسکیگا اوسکو بسبب طوق کے کہ اوسکے ہاتھ اور گردن مین ہوگا اور بعضون نے کہا کہ مراد اس سے ابوجہل ہی کہ ہاتھ اوسکے گردن مین باندھکر دوزخ مین لیجاوینگے اور وہ ساتھ مونھہ اپنے کے آگ دوزخ سے پرہیز کریگا + معا + بحر + در منثور +

كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ○ فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ

جھٹلا چکے ہین انسے اگلے پھر پہونچا اونپر عذاب جہان سے خبر نہ رکھتے تھے پھر چکھائی اونکو اللہ نے رسوائی

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ○

دنیا کے جیتے اور عذاب آخرت کا تو اور بڑا ہی اگر یہ سمجھ رکھتے + مو

جھٹلایا تھا یعنی رسولون کو اون لوگون نے کہ پہلے انسے تھے یعنی قریش سے پس آیا اونکو عذاب اوس جگہہ سے کہ نہین جانتے تھے پس چکھائی اونکو خدا تعالی نے خواری بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا سخت ہی اگر جانتے + فتح + تفسیر + اوس جگہہ سے کہ نہین جانتے تھے یعنی اوس جہت سے کہ نہین گمان کرتے تھے اور نہین خطرہ گذرتا تھا اونکے دل مین کہ شر پہونچیگی اونکو اوس جہت سے اوس وقت کہ وہ امن مین تھے غافل تھے عذاب سے ناگہان گرفتار عذاب مین ہوئے امن کی جگہہ اپنی سے اور خواری یعنی مسخ اور خسف اور جلاوطن ہونا اور مارے جانے کے عذاب خدا سے سخت ہی یعنی دنیا کے عذاب سے اگر جانتے البتہ امن مین رہتے یا یہ معنی ہین کہ اگر جانتے وہ آخرت کے عذاب کو تو نہ جھٹلاتے

+ مد + کشاف + معا + جلا +

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○ قُرْآنًا عَرَبِيًّا

اور ہمنے بیان کی لوگون کو اس قرآن مین سب چیز کی کہاوت کہ شاید وہ سوچین قرآن ہی عربی زبان کا

غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○

جسمین کجی نہین کہ شاید وہ بچ چلین + مو

اور البتہ تحقیق بیان کی ہمنے واسطے آدمیون کے اس قرآن مین ہر نوع سے مثال ہووے کہ نصیحت پکڑین اوتارا ہمنے قرآن عربی بے عیب ہووے کہ یہ پرہیزگاری کرین + فتح + تفسیر + غیر ذی عوج کے معنی یہ ہین کہ مستقیم و پاک ہی تناقض و اختلاف سے اور بعضون نے کہا کہ مراد عوج سے شک ہی یعنی شک والا نہین کہ کچھ شک ہو اللہ کے کلام ہونے مین اور انس سے ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہین بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ کہ فرمایا غیر مخلوق یعنی یہ قرآن اللہ کا کلام ہی قدیم مخلوق نہین پرہیزگاری کرین یعنی کفر سے بچین + مد + در منثور

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا

اللہ نے بتائی ایک کہاوت ایک مرد ہی کہ اوسمین کئی شریک ضدی اور ایک مرد ہی پورا ایک شخص کا کوئی برابر ہوتی ہی انکی کہاوت

الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○

سب خوبی اللہ کو ہی پر وہ بہت لوگ سمجھ نہین رکھتے + مو

بیان کی خدا نے ایک مثال ایک غلام ہی کہ اوسمین شریک مختلف ہین اور ایک غلام ہی مسلم واسطے ایک شخص کے کیا برابر ہین صفت مین تعریف خدا کے لیے ہی بلکہ اکثر اونکے نہین جانتے یعنی جس غلام کے کہ کتنے ہی مالک ہوتے ہین ضائع ہوتا ہی ایسے ہی جو شخص کہ بہت معبود ون کو

پوچھتا ہی ضائع ہی اور جو غلام کہ خالص ایک شخص کا ہی وہ شخص کارساز سب امور اوسکے کا ہوتا ہی ایسے ہی جو کہ موحد و مخلص ہو
خدا کارساز اوسکا ہی واللہ اعلم + فتح + تفسیر + متشاکسون کے معنی ہین جھگڑنے والے اور اختلاف کرنے والے بد خلق اور سلما مصدر ہی
سلم کا اور معنی ہین اسکے سلامتی ہو الا کہ کسیکو اوسمین تنازع نہو واسطے ایک شخص کے یعنی خالص ہو اوسکے لیے شرکت سے کیا برابر مین صفتین
یعنی کیا برابر ہین صفتین انکی اور حال انکے یہ استفہام انکاری ہی یعنی نہین برابر انکی صفتین اور حال تعریف خدا کے لیے کہ ایک ہی وہ ایسا کہ
نہین شریک کوئی اوسکا نہ اور معبودون کے لیے سوائے اوسکے یعنی واجب ہی یہ کہ حمد و عبادت متوجہ ہو طرف اوس وحدہ کے پس تحقیق ثابت ہوا
کہ نہین ہی کوئی معبود سوائے اوسکے بلکہ اکثر انکے نہین جانتے ہین یعنی اوس عذاب کو کہ رجوع کرینگے اوسکی طرف پس شریک کرتے ہین
ساتھ اوسکے غیر اوسکے کو تمثیل دی کافر کو اور اوسکے معبودونکو ساتھ غلام کے کہ شریک ہون وے مین کئی شرکا کرا اونمین آپسمین تنازع
اور اختلاف ہو ہر ایک اونمین سے دعوی کرتا ہو کہ یہ غلام میرا ہی پس وے آپسمین کھینچا کھانچی کرتے ہون اوسکو اور لگاتے ہون اوسکو
خدمتون مختلف مین اور وہ غلام متحیر ہی نہین جانتا کہ کونسا راضی ہی اوسکی خدمت سے اور کس پر اونمین سے بھروسا کرے اپنی حاجتون
مین اور کس سے طلب کرے رزق اپنا اور کس سے ڈھونڈھے رفاقت اپنی پس فکر اوسکی متفرق ہی اور دل اوسکا پریشان اور تمثیل دی
مؤمن کو ساتھ غلام کے کہ اوسکا ایک آقا ہو پس فکر اوسکی ایک ہی اور دل اوسکا مجتمع + کشاف + جلا + مد
یعنی نہین برابر ہی غلام جماعت کا اور غلام ایک کا اسلیے کہ اول سے جب طلب کرے ہر ایک اوسکے مالکون مین سے خدمت اپنی
ایک وقت مین تو وہ متحیر ہوتا ہی کہ کسکی خدمت کرون انمین سے اور یہ مثال مشرک کی ہی اور دوسری مثال موحد کی ہی + جلا + ایک غلام
جو کئی کا ہو کوئی اوسکو اپنا نسمجھے تو اوسکی پوری خبر نلے اور ایک غلام جو سارا ایک کا ہو وہ اوسکو اپنا سمجھے اور پوری خبر لے یہ مثال
ہی جو ایک رب کے بندے ہین اور جو کئی رب کے بندے + مو + یعنی جو غلام کہ کئی آقا رکھتا ہو اور وہ اوس سے خدمت لینے مین تنازع کرتے ہون
برابر نہین ہی ساتھ اوس غلام کے کہ سوا ایک آقا کے نرکھتا ہو اور بے تنازع ہو اسیطرح کافر پوجنے والا معبودون متعددہ باطلہ کا نہین
ہوتا ساتھ مسلمان پوجنے والے خدا یگانہ معبود بحق کے برابر نہو + بحر + تنبیہ + حاصل آیت یہ ہوا کہ اللہ تعالی کا شریک کسیکو
نکرے اوسی کو مالک اور کارساز اور رازق اپنا سمجھے اور عبادت اوسیکو کرے پس بزرگون کو سر کا تاج اور آنکھون کی تیلی سمجھے لیکن
کارخانۂ خدائی مین کسیکو دخیل نجانے اور جو بندگی کہ خاص اللہ ہی کی سزاوار ہی جیسے سجدہ کرنا طواف کرنا اور پکارنا وقت حاجات کے اور
منتون کا ماننا اور نام رکھنے مین نسبت عبودیت کی کرنی اوسکی طرف اور مانند انکے اوسکے غیر کے لیے نکرے تفصیل اخیر کی بات کی یہ ہی
کہ نام رکھنا عبد فلان اور غلام فلان بھی ایک قسم ہی شرک کی اس سے بھی بچے چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ علیہ الرحمہ بیچ تفسیر آیت فلما
آتٰهُمَا صَالِحًا الخ کے لکھتے ہین کہ یہ تصویر ہی حال آدمی کی کہ وقت ثقل حمل کے نیت درست رکھتا ہی اور جب فرزند وجود مین آوے
تو اوسکو فراموش کر دیتا ہی اور یہان سے جانا گیا کہ شرک نام رکھنے مین ایک قسم ہی شرک سے جیسے کہ اہل زمانہ ہمارے غلام فلان اور عبد فلان
نام رکھتے ہین انتہی پس آدمی کو چاہیے کہ ایک ہی کا غلام ہو رہے ہر ایک کا غلام نہ بنتا پھرے اور اوسیکو حاجت روا اور کارساز اپنا سمجھے
نہ اور کسیکو والا جنکو نام رکھا ہی اللہ تعالی نے اس آیت مین بھی اونھین مین داخل ہوگا اور خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ ہوگا حضرت
شیخ عبد الحق دہلوی نے مدارج النبوۃ مین بیچ ذکر وفود کے لکھا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نام عبد عوف کا عبد اللہ رکھا جیسے
وفد بنی البکا مین عبد عمر کا نام عبد الرحمن رکھا اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ جس نام مین اضافت عبد کی غیر خدا کی طرف ہو وہ نام رکھنا
خوب نہین انتہی **مسئلہ** شرکت دو قسم پر ہی شرکت ملک اور شرکت عقد شرکت ملک تو یہ ہی کہ مالک ہون دو شخص عین کے یعنی ایک
چیز کے از راہ ارث کے یا خریدنے کے یا کوئی ہبہ کرے اون دونون کو کچھ یا غالب ہون دو شخص چیز مباح پر مثلا شکار کرین دو شخص وغیر ذلک

یا مل جاوے مال دو شخصونکا اس طرح کہ نہ تمیز ہو سکے یعنی ایک جنس کا مال دونون پاس تھا وہ مل گیا جیسے دودھ ایک کا دوسرے کے دودھ مین مل جاوے یا دونون قصداً اوس مال کو ملا دین پس اس شرکت کا حکم یہ ہی کہ ہر ایک دوسرے کے حصے مین اجنبی ہی اور جائز ہی بیچنا اپنے حصے کا اپنے شریک کے ہاتھ اور غیر شریک کے ہاتھ بھی بیچنا اپنے حصے کا جائز ہی بغیر اذن شریک کے سوائے دونون قسمون اخیر کے یعنی دونون نے مال ملا دیا ہو یا آپسے مل گیا ہو تو اوسکا بیچنا بغیر اذن شریک کے درست نہین اور شرکت عقد یہ ہی کہ کہے ایک دوسرے کو شریک کیا مینے تجکو فلانی چیز مین اور دوسرا قبول کرے اور رکن شرکت کا ایجاب و قبول ہی اور شرط اسکی یہ ہی کہ نہو اسمین کوئی چیز ایسی کہ قطع کرے شرکت کو مانند شرط کرنے معین روپیون کے فائدے مین سے واسطے ایک کے اون دونون مین سے یعنی اگر دو شریکون مین سے یہ شرط کرلے کہ جو فائدہ ہوگا اوسمین سے پانچ روپی مین لونگا مثلاً پس ایسی شرط شرکت کو قطع کر دیتی ہی نہ ہونا اسکا شرط ہی اس شرکت کی اور یہ شرکت عقد چار قسم پر ہی شرکت مفاوضہ اور شرکت عنان اور شرکت صنائع والتقبل اور شرکت وجوہ شرکت مفاوضہ تو یہ ہی کہ شریک ہون دو شخص کہ برابر ہون دونون تصرف اور دین مین اور مال مین پس نہین جائز ہی یہ شرکت درمیان مسلمان اور کافر کے اسلیے کہ دین مین مساوی نہین اور نہ درمیان غلام اور آزاد کے اور نہ درمیان بالغ اور لڑکے کے اسلیے کہ تصرف مین برابر نہین اور مراد مساوات سے مال مین مساوات اوس مال کی مراد ہی کہ صحیح ہو اوسمین شرکت اور نہین مضایقہ ہی ساتھ زیادتی اوس مال کے کہ نہ جاری ہو اوسمین شرکت مانند عروض یعنی اسباب اور زمین وغیرہ کے اور متضمن ہوتی ہی یہ شرکت وکالت اور کفالت کو یعنی ایک دوسرے کا وکیل اور کفیل ہوتا ہی معاملے مین پس جب خریدے ایک دونون مین سے کچھہ تو بیچنے والے کو مطالبہ ثمن کا یعنی مول کا شریک دوسرے سے پہونچتا ہی اور ضرور ہی اسمین لفظ مفاوضہ کا یا بیان کرنا تمام مقتضیات اوسکے کا اور نہین شرط ہی اسمین دینا مال کا وقت عقد کے اور جو کوئی اون دونون مین سے کچھہ مول لے سوائے طعام و لباس اہل اپنے کے پس وہ دونون کا ہوگا اور جو دین کہ لازم ہو ایک پر اون دونون مین سے بسبب اوس چیز کے کہ صحیح ہو اوسمین شرکت مانند خریدنے اور بیچنے اور اجارہ لینے کے یا بسبب کفالت کے ساتھ امر کے ضامن ہوگا اوسکا دوسرا اور بغیر امر کے ضامن نہین ہونے کا صحیح یہی ہی یعنی جبکہ لازم آئے ایک پر اون دونون مین سے دین بسبب کفالت کے بغیر امر مکفول عنہ کے پس صحیح یہ ہی کہ اس دین کا نہین ضامن ہوگا شریک دوسرا اور اسی طرح اگر لازم ہوگا دین بسبب غصب کے ایک پر ضامن ہوگا اوسکا دوسرا اور نہین صحیح ہی شرکت مفاوضہ اور عنان مگر ساتھ روپی یا اشرفی یا پیسون کے کہ جنکا چلن ہو نزدیک امام محمد کے اور ساتھ ڈلے سونے اور چاندی کے اگر معاملہ کرتے ہون لوگ ساتھ اونکے اور اگر ایک دونون شریکون مین سے مالک ہو اسباب رتھنے کے یا اوتوامت کرایسے مال کا کہ جسمین شرکت مفاوضہ درست ہو سکتی ہی مانند روپی اشرفی کے تو شرکت مفاوضہ جاتی رہی اور شرکت عنان ہوگئی اور اگر وارث ہوگا ایک دو شریکون مین سے ایسی چیز کا کہ جسمین شرکت مفاوضہ نہین ہو سکتی مانند اسباب اور دکانون کے بس نہ ہوئی تو باقی رہی شرکت مفاوضہ اور شرکت عنان یہ ہی کہ شریک ہون دو شخص کہ برابر ہون چیزون ذکر کی گئی نہین یعنی تصرف وغیرہ مین یا نہ برابر ہون پس اگر مال دونون کے برابر ہون یا کم زیادہ ہون صحیح ہی اور صحیح ہی یہ شرکت اسطرح بھی کہ شرط کیجاوے یہ کہ ہو مال مساوی اور نہو ربح مساوی یعنی ایک کو کم نفع اور دوسرا زیادہ باوجود مساوات مال کے تو بھی درست ہی اور یہ تینون امامون کے نزدیک سوائے امام شافعی کے ایک نوع ہونا دونون کے مالون کا اور مخلوط کرنا دونون مالونکا اور برابر ہونا دونون کے مالون کا اور ربح کا شرط نہین ہی مثلاً کہ ہو اور جو کچھہ شرط کرین جائز ہی اور ربح اور تلف اور ضمان ابتدا دونون مالون کے ہونگے پس اگر ایک درہم ہون اور ایک کے دینار تو بھی جائز ہی اور یہ شرکت متضمن ہوتی ہی وکالت کو نہ کفالت کو اور شرکت صنائع والتقبل یہ ہی کہ شریک ہون دو حرفے والے اگرچہ پیشے مختلف رکھتے ہون مثلاً دو درزی ہون یا ایک رنگریز ہو اور دوسرا درزی ہو اس شرط پر کہ قبول کرین کام دونون اور ہو کسب درمیان دونون کے یعنی دونون ملکر کسب کرین اور اگر شرط کرین دونون کام کرنے مین آدھون آدھ کی اور نفع مین یہ شرط کرین

کہ دو تہائی ایک لے اور ایک تہائی ایک تو جائز ہی اور جو کام کہ ایک لیگا دونوں سے لازم ہوگا دونوں پر کرنا اوسکا پس ہر ایک
طلب کرنا کام کا پہونچتا ہی اور ہر ایک کو مزدوری مانگنی پہونچتی ہی اور بری ہو جاویگا دینے والا مزدوری کا ساتھ دینے کے ایک کو اون
دونوں میں سے اور کمائی درمیان دونوں کے ہوگی اگرچہ کام کرے ایک اون دونوں میں سے فقط اور شرکت وجوہ یہ ہی کہ دو شخص کہ اون پاس
مال ہو نہیں شریک ہوں اس طرح کہ اپنی وجاہت و روبت سے اسباب مول لا کر بیچین اور نفع درمیان دونوں کے ہو جسقدر شرط کرین
پس اگر شرط کرین دونوں اوسمین بطور شرکت مفاوضہ کے تو صحیح ہی اور اگر مطلق کہین تو بطور شرکت عنان کے ہوگی اور متضمن ہی یہ شرکت
وکالت کو بیچ اور سونپنے کے مول لین یعنی ایک دوسرے کا وکیل ہوتا ہی پس اگر شرط کرین دونوں آدھوں آدھ ہونا چیز خرید کی گئی کا آپسمین
یا تہائی ایک کے لیے اور دو تہائی ایک کے لیے تو نفع بھی اسیطرح ہوگا اور شرط زیادتی کی باطل ہی اور نہیں جائز ہی شرکت اوس چیز میں
کہ نہیں صحیح ہی وکالت اوسمین مانند کاٹنے لکڑیوں کے اور گھانس کے اور شکار کرنے کے اور پانی لانے کے اور جو کچھ کہ حاصل ہوگا ہر ایک کے لیے
پس وہ اوسی کے لیے ہوگا اور جو کچھ لیوین دونوں معًا پس واسطے دونوں کے آدھوں آدھ ہوگا اور جو کچھ کہ حاصل ہوگا ایک کے لیے دوسرے کی
مدد سے پس وہ اوسی کے لیے ہوگا مثلاً ایک اکھیڑے اور دوسرا جمع کرے تو ہوگا وہ اکھیڑنے والے کے لیے اور واسطے دوسرے کے اجر
مثل ہوگا امام محمد کے نزدیک تو جسقدر نوبت پہونچے اوسکی اور امام ابو یوسف کے نزدیک نہ زیادہ کیا جاوے نصف ثمن اوسکے پر اور نہیں صحیح
ہی شرکت پانی لانے میں اس طرح کہ ایک کا بیل ہو اور دوسرے کی پکھال پھر لاوے ایک اون دونوں میں سے پس کسب لانے والے کے لیے ہوگا
اور اوسپر اجر مثل یعنی کرایہ موافق رواج کے لازم آویگا اوس چیز کا یعنی پکھال وغیرہ کا کہ دوسرے کی ہی اور نفع شرکت فاسدہ میں بقدر مال کے
ہوگا جیسے کہ شرط کین شرکت میں درہمین معین نفع میں سے ایک کے لیے پس فاسد ہوئی شرکت پس ہوگا نفع بقدر ملک کے یہانتک کہ
اگر ہو مال آدھوں آدھ اور شرط کیا تھا بیچ اثلاث یعنی دو تہائی ایک کے لیے اور ایک تہائی ایک کے لیے تو یہ شرط باطل ہی اور رہوگا
بیچ آدھوں آدھ اور باطل ہو جاتی ہی شرکت بسبب مرنے ایک کے دو شریکوں میں سے اور بسبب چلے جانے ایک کے دار الحرب میں مرتد ہو کر اگر حکم کیا جاوے
ساتھ اوسکے اور نہیں جائز ہی کہ زکوۃ دیوے ایک اونمین سے دوسرے کے مال کی بغیر اذن اوسکے + **ملتقی** + **شرح وقایہ مختصرا**

ع ١٠ ١٤

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ۝

بیشک تو بھی مرتا ہی اور وہ بھی مرتے ہین پھر مقرر تم دن قیامت کے اپنے رب کے آگے جھگڑوگے + **مو** +

ای محمد تحقیق تو مریگا اور تحقیق یہ مرینگے پھر البتہ تم روز قیامت کے نزدیک پروردگار اپنے کے آپسمین جھگڑوگے + **فتح** + **تفسیر** +
تو مریگا الخ کافر منتظر رہتے تھے آنحضرت کی وفات کے کہ یہ مرین تو ہمارا پیچھا چھوٹے پس خبر دی اللہ تعالی نے کہ موت سبکو آنے والی ہی
پس اسکا انتظار کرنا اور شماتت باقی کے ساتھ فانی کی کیا معنی اور قتادہ سے ہی کہ اللہ تعالی نے خبر موت کی سنائی اپنے نبی کو اوسکے
نفس کی اور تمکو خبر موت کی دی تمہارے نفسوں کی یعنی تو اور وہ بیچ شمار موتی کے ہین اسلیے کہ جو چیز ہونے والی ہی پس گویا کہ ہو چکی
ابو درداء سے روایت ہی کہ ایک شخص نے دیکھا ایک جنازہ پس کہا کہ کون ہی یہ کہا ابو درداء نے کہ یہ تو ہی فرماتا ہی اللہ تعالی اِنَّكَ مَيِّتٌ
وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ یعنی جونکہ تجھ پر دن آنے والا ہی پس گویا کہ تو مردہ ہی ہی پھر البتہ تم یعنی تو اور وہ جھگڑوگے اپنے رب کے پاس لاویگا اونکو
یعنے احکام الہی پہونچا دیے تھے پس جھٹلایا انھون نے مجکو اور کوشش کی بیچ اسلام کی طرف بلانے کے [illegible] یہ سنا دیوین اور
عذر کرینگے وہ واہیات کہ تابعین کہینگے تابعداری کی ہمنے اپنے سرداروں اور بڑوں کی اور کہینگے سردار کہ بہکایا ہمکو شیاطین اور
اگلے باپون ہمارے نے اور بعضوں نے حمل کیا ہی اسکو سب کے جھگڑے پر پس کافر آپسمین جھگڑینگے یہانتک کہ کہا جاویگا اونکو لا تختصموا لدی
یعنی اللہ تعالی فرماویگا کہ نہ جھگڑو آپسمین میرے پاس اور مومن کافروں پر سرزنش کرینگے ساتھ دلیلوں کے اور اہل قبلہ بھی آپسمین جھگڑینگے یعنی بعضے

چنانچہ ابن عمرؓ کہتے ہین کہ ایک مدت ہم بھی جانتے تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی ہے ہمارے حق مین اور اہل کتاب کے حق مین کہ مومن کافر مین جھگڑا ہوگا جیسا کہ ذکر کیا گیا اور ہم کہتے تھے کہ ہم آپسمین کیونکر جھگڑینگے حالانکہ نبی ہمارا ایک ہے اور دین ہمارا ایک ہے اور کتاب ہماری ایک ہے یہانتک کہ دیکھا ہمنے اپنے بعضون کو کہ مارتے ہین بعضون کو تلوار سے پس جانا ہمنے کہ یہ نازل ہوئی ہے ہم مومنون کے حق مین اور ابراہیم نخعی سے ہے کہا صحابہ نے کہ کیا ہوگی خصومت ہماری یعنی قیامت کو حالانکہ ہم تو بھائی ہین آپسمین پس جب قتل کیے گئے عثمانؓ تو کہا صحابہ نے کہ یہ خصومت ہماری ہے یعنی درباب قتل اونکے کہ آپسمین جھگڑا ہوئیگا روز قیامت کے اور کہا ابو العالیہ نے کہ اترا ہوئی یہ آیت اہل قبلہ کے حق مین اور یہ جھگڑنا درباب خونون اور حقوق آپسکے ہوگا اور وجہ اول ہی ہے یعنی یہ ہے اور حق بات اول ہی کی ہے یعنی آنحضرتؐ اور کفار جھگڑینگے جیسے کہ سمجھا جاتا ہے اس قول اللہ تعالی کے سے فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ الخ اور اس قول اوس تعالی کے سے وَالَّذِيْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ کہ یہ بیان اور تفسیر ہے اون لوگون کی کہ اونمین جھگڑا ہوگا آپسمین اب مناسب قول انہیکے کچھ روایتین سننی چاہیین ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسپر ہووے کچھ حق بھائی اوسکے کا قسم آبروریزی اوسکی سے یا اور کچھ پس معاف کروا دے اوسکو اوس سے آجکے دن پہلے اسکے کہ نہونگے دینار اور نہ درہم یعنی قیامت مین اگر ہونگے ظالم کے نیک عمل اچھے لیے جاوینگے اوس سے بقدر حق مظلوم کے اور اگر نہونگی ظالم کے لیے نیکیان لیجاوینگی برائیان حق والے کی پس رکھی جاوینگی ظالم پر اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے کہ کیا جانتے ہو تم کہ کیا معنی ہین مفلس کے عرض کیا صحابہ نے کہ مفلس ہم مین وہ شخص ہے کہ نہ درہم ہو اوسکے پاس اور نہ اسباب پس فرمایا آنحضرتؐ نے کہ تحقیق مفلس میری امت سے وہ شخص ہے کہ آویگا دن قیامت کے ساتھ نماز اور روزہ اور زکوۃ کے اور آویگا ساتھ اس حالت کے کہ تحقیق برا کہا ہوگا کسیکو اور بہتان زنا کا لگایا ہوگا کسیکو اور کھا گیا ہوگا مال کسیکا اور کیا ہوگا خون کسیکا اور مارا ہوگا کسیکو پس دیا جاویگا ایک کو نیکیون اوسکے سے اور اور کو نیکیون اوسکی سے پس اگر تمام ہوئین نیکیان اوسکی پہلے اسکے کہ حکم کیا جاوے ساتھ سزا گناہ کے کہ اوسپر ہے تو لیجاوینگی خطائین مظلومون کی پس ڈالی جاوینگی ظالم پر پھر ڈالا جاویگا وہ آگ جہنم مین اور روایت ہے زبیر بن العوام سے کہ کہا جب نازل ہوئی یہ آیت اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ○ عرض کیا ہمنے کہ یا رسول اللہ کیا مواخذہ کیا جاویگا ہمپر اوس چیز کا کہ ہے درمیان ہمارے دنیا مین ساتھ خواص ذنوب کے یعنی زنا وغیرہ کا تو مواخذہ ہووےہی گا آپسکے حقوق کا بھی مواخذہ ہوگا فرمایا ہان البتہ مواخذہ کیا جاویگا تمپر اسکا یہانتک کہ ادا کیا جاویگا ہر حقدار کو حق اوسکا کہا زبیرؓ نے قسم خدا کی بالشبہ امر دشوار ہے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ جھگڑے کی روز قیامت کے ہر چیز یہانتک کہ دو بکریان بھی آپسمین جھگڑینگی در صورتیکہ لڑینگے آپسمین سینگون سے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اول جو آپسمین جھگڑینگے روز قیامت کے مرد اور بیوی اوسکی ہوگی قسم خدا کی نہین بولیگی زبان اوسکی ولیکن دونون ہاتھ اوسکے اور پانون اوسکے گواہی دینگے اوسپر اوس چیز کی کہ عائب کرتی تھی اپنے خاوند سے اور گواہی دینگے دونون ہاتھ مرد کے اور پانون اوسکے اوس چیز کی کہ خبرگیری کرتا تھا وہ بیوی کی یعنی اوسمین جو کچھ قصور کیا ہو اوسکی گواہی دینگے پھر بلایا جاویگا مرد اور خادم اوسکا ساتھ مثل اسکے یعنی اونکے بھی اعضا اسی طرح گواہی دینگے پھر بلائے جاوینگے بازاری یعنی اونھون نے جو کسیکی حق تلفی کی ہوگی اونکے اعضا بھی گواہی دینگے اور نہین پائے جاوینگے وہان دانق اور قیراط ولیکن نیکیان ظالم کی دیجاوینگی مظلوم کو اور برائیان مظلوم کی ظالم پر رکھی جاوینگی پھر لایا جاویگا جبارون یعنی ظالمون کو لوہے کے گرزون سے پس کہا جاویگا کہ اونکو دوزخ مین پس قسم خدا کی مین نہین جانتا کہ داخل ہونگے آگ مین یا جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا یعنی نہین ہے تم مین سے مگر کہ وارد ہوگا دوزخ پر یعنی گذریگا اوسپر سے کہ پل صراط اوسپر ہوگا یعنی مجھکو شک ہے کہ داخل ہونگے دوزخ مین یا فقط ورود ہی ہوگا اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اول دو جھگڑنے والونکے آپسمین دو ہمسائے ہونگے کہین فرمایا

میان بیوی اول جھگڑینگے اور کہین ہمسایون کو فرمایا اور دونون محل پر اول اضافی مراد ہو یعنی بہ نسبت بعض حقوق کے یہ اول ہین اور بہ نسبت بعض کے وہ شاید گھروالون مین پہلے اونکا جھگڑا ہوا اور باہروالون مین ہمسایون کا اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لایا جاویگا یعنی محشر مین امیر ظالم کو پس جھگڑے گی اوس سے رعیت پھر فتح یاوینگے وہ اوسپر پس کہا جاویگا اوس امیر کے لیے کہ باندھا جاوے وایک ستون سے دوزخ کے ستونون مین سے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا جھگڑینگے لوگ آپسمین روز قیامت کے یہان تک جھگڑے گی روح ساتھ بدن کے پس کہے گی روح واسطے بدن کے کہ تو نے کیا یعنی جو کچھ کیا اور کہے گا بدن واسطے روح کے کہ تو نے حکم کیا اور تو نے فریب دیا پس بھیجیگا اللہ تعالی ایک فرشتے کو پس حکم کریگا وہ درمیان اون دونون کے پس کہیگا فرشتہ واسطے اون دونون کے کہ مثل تم دونون کی ایسی ہے جیسے ایک شخص جو بانده بینا ہو اور دوسرا اندھا ہو داخل ہوئے دونون ایک باغ مین پس کہا جاماندہ واسطے اندھے کے کہ مین دیکھتا ہون یہان میوے ولیکن نہین پہونچ سکتا مین طرف اونکے پس کہا واسطے اوسکے نابینا نے کہ سوار ہو تو مجپر اور توڑ میوے پس سوار ہوا جاماندہ اوسپر اور توڑے میوے پس کون سا اون دونون مین سے زیادتی کرنے والا ہوا کہینگے روح وجسد کہ دونو ہوئے زیادتی کرنے والے پس کہے گا واسطے اون دونون کے فرشتہ کہ تم دونون نے حکم کیا اپنے نفس پر یعنی بدن واسطے روح کے مانند سواری کے ہی اور روح سوار ہونے والی ہی اوسپر اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ کہا کہ جھگڑیگا سچا جھوٹے سے اور مظلوم ظالم سے اور ہدایت یافتہ گمراہ سے اور ضعیف متکبر سے ✦ **تنبیہ** ✦ ان روایتون سے معلوم ہوا کہ بندون کے حقوق نہایت دشوار ہین چنانچہ صریح بھی حدیث شریف مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اعمال نامے تین ہین ایک اعمال نامہ ہی کہ نہین بخشتا اللہ جو کچھ اوسمین ہی وہ شرک کرنا ہی ساتھ اللہ کے فرماتا ہی اللہ عزوجل اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ یعنی بلاشبہہ اللہ نہین بخشتا ہی یہ کہ شرک کیا جاوے ساتھ اوسکے اور دوسرا اعمال نامہ ہی کہ نہین عفو کرتا اوسکو اللہ وہ ظلم کرنا ہی بندون کا آپسمین یہان تک کہ بدلا لیگا بعض اونکا بعض سے اور تیسرا اعمال نامہ ہی کہ نہین پروا کرتا اللہ اوسکی وہ ظلم کرنا بندون کا ہی درمیان اپنے اور درمیان اللہ کے یعنی حقوق اللہ تعالی کے فوت کیے پس یہ سپرد ہی طرف اللہ کے اگر چاہے عتاب کرے اوسکو اور اگر چاہے درگذر کرے اوس سے اور فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ بچا اپنے کو بددعا مظلوم کی سے پس سوا اسکے نہین کہ وہ مانگتا ہی اللہ سے حق اپنا اور بلاشبہہ اللہ نہین روکتا ہی حق والے کو حق اوسکے سے انتہی یہ دونون روایتین مشکوۃ مین ہین اور یہ جو اوپر روایت مین آیا کہ ظالم کی نیکیان مظلوم کو ملین گی اوسکے حق کے بدلے مین مقدار اوسکی کیا ہی کتنی نیکیان کتنے حق کے بدلے مین ملین گی تو اسکی تفصیل درالمختار مین یہ لکھی ہی کہ آیا ہی کہ لیا جاویگا ایک دانق کے عوض مین کہ قریب دو پیسے کے ہوتی ہی ثواب سات سو نماز باجماعت کا انتہی **نکتہ** اسکے اوپر کے رکوع مین جو آیت گذری فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ الخ اوسمین قول سے مراد صوفیہ کرام رحمہم اللہ کے نزدیک قسمین خطرون کی ہین اور وہ چھ ہین ایک تو خطرہ نفس کا ہی اور اوسمین کچھ خیر نہین ہی اور وہ باعث شہوتون اور لذتون اور امور دنیوی اور جسمانی کا ہی کہ کچھ ثبات نہین رکھتے ہین اور اوسمین سوائے خوشی نفس ایک ساعت کی اور کچھ نہین ہی اور وہ باز رکھنے والا اللہ سے اور قساوت اور غفلت لانے والا ہی وَكُلُّ مَا شَغَلَكَ عَنِ اللّٰهِ فَهُوَ صَنَمُكَ واقع ہی یعنی جو چیز باز رکھے تجکو اللہ سے پس وہ بت تیرا ہی اور اوسمین منہمک رہنے کے لیے کچھ حد نہین ہی اور دوسرا خطرہ شیطانی ہی کہ واسطے گمراہ کرنے اور کفر اور شرک اور تہمت کرنے اور شکوہ کرنے خدا کے اور واسطے کروانے تمام گناہون اور تاخیر توبہ اور مانند انکے کے وارد ہوتا ہی اور کبھی واسطے مکر اور استدراج کے ساتھ امر خیر کے بھی وارد ہوتا ہی اور بحسب ایک قول کے خطرہ نفسانی بھی کبھی ساتھ خیر کے آتا ہی لیکن ان دونون کے ساتھ مین شر ہی ہوتی ہی اور خطرہ نفسانی کو ہواجس نفسانی اور شیطانی کو وساوس شیطانی کہتے ہین اور اکثر حرکات

اور سکنات عوام کے بحسب انھین دونون خطرون کے ہوتے ہین اور دونون مذموم ہین اور اسی لیے عوام حب دنیا اور معاصی مین مستغرق ہین تیسرا خطرۂ ملکی اور روحی چوتھا خطرۂ قلبی ہی اور یہ دونون محمود ہین اور یہ دونون باعث ہوتے ہین طاعت اور عبادت اور ذکر الٰہی اور متوجہ ہونے کے طرف اللہ اور آخرت اور راستی کے اور اون چیزون کے کہ جس سے خیر آدمی کی اور سلامتی اوسکی دارین مین ہو اور اعمال خواص کے بحسب انکے ظہور پاتے ہین پانچوین خطرۂ عقلی ہی کہ کبھی بر حسب خطرۂ ملکی اور روحی کے اور کبھی بر حسب خطرۂ نفس اور شیطان کے وارد ہوتا ہی چھٹا خطرۂ الٰہی ہی کہ بے واسطہ بندے کے دل پر وارد ہوتا ہی اور اکثر اوسکا خیر ہی اور کبھی واسطے امتحان اور ابتلاء کے ساتھ برائی کے بھی وارد ہوتا ہی اور اسکو الہام ربانی کہتے ہین اعمال عارفون کے بحسب انکے ہوتے ہین لیکن تمیز اسکا اور خطرون سے اور اسیطرح تمیز اور خطرون کا ایک کا دوسرے سے نہایت ہی مشکل ہی اور جگہہ بڑی ہی لغزش کی ہی جسکو خدائے تعالیٰ چاہے اور اوسکے دل کو منور کرے اوسی کو یہ میسر ہوتی ہی اور حاصل کار یہ کہ جب بندہ شرک اور معاصی سے باز رہا اتباع خطرۂ شیطانی سے امن مین ہوا اور جب ترک لذات اور شہوات مباحہ اور اعتراض اور غصہ کرنے سے حق پر باز رہا اور توبہ اور استغفار عادت اپنی کی اور افعال خیر ساتھ شرائط اونکی کے خالصۃً لوجہ اللہ کرنے اختیار کیے امید ہی کہ مکر نفس سے محفوظ رہیگا اور مداومت کرنے والا اونپر مغفور اور جنتی بھی ہوگا اور جب ورع اور تقویٰ اور زہد اور ریاضت اور راہ نا اطلبی کی کہ اکثر یہ چیزین واردات ملکی اور روحی اور عقلی سے ہوتی ہین اختیار کرے امید ہی کہ حق تعالیٰ اوسکو معرفت اپنی عطا فرماوے اور ساتھ نور ربانی کے منور کرے پس اوسپر شناخت اور تمیز خطرون کی اور معرفت حقائق اشیا کی کماحقہ آسان ہو اور تا حاصل ہونے اس مرتبے کے علاج پہچاننے خطرون کا یہ ہی کہ جو خطرہ موافق شرع کے نہو نفس یا شیطان سے ہوگا اور جس چیز مین تردد ہو اوسکو بھی ترک کرے اور طالب حق کو موافقت احوال اولیا سے بھی بھلائی خطرے کی واضح ہوتی ہی اور خطرۂ خیر کہ ہمیشہ اور ساتھ جزم و قوت کے ہو الہام ہی اور اگر متردد ہو فرشتے سے ہی اور اسیطرح خطرہ برائی کا کہ ہمیشہ ہو نفس سے ہی اور کبھی حق سے یعنی امتحان کے لیے اور اگر متردد ہو شیطان سے ہی ✤ **بحث** ✤ تفصیل اسکی جو دیکھے تو فتوح الغیب مین حضرت غوث اعظم نے لکھی ہی ✤

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

پھر اوس سے ظالم کون جس نے جھوٹ بولا اللہ پر اور جھٹلایا سچی بات کو جب پہنچی اوس پاس کیا نہین دوزخ مین ٹھہراؤ منکرون کا ✤ **مو** ✤

پس کون شخص زیادہ ظالم ہی اوس سے کہ جھوٹھ باندھا خدا پر اور جھٹلایا دین سچے کو جسوقت کہ آیا اوسکے پاس کیا نہین ہی دوزخ مین جگہہ کافرون کی ✤ **فتح** ✤ **تفسین** ✤ یعنی اگر نبی نے جھوٹ خدا کا نام لیا تو اوس سے برا کون اور اگر وہ سچا تھا اور تمنے جھٹلایا تو تم سے برا کون ✤ **مو** ✤ اوپر کی آیت مین جو جھگڑنا آپس کا مذکور ہوا اس آیت مین اور آیت وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ مین بیان ہی اون لوگون کا کہ ہوویگا درمیان اونکے جھگڑا اور جھوٹ باندھا خدائے تعالیٰ پر یعنی افترا کیا اوسپر ساتھ نسبت کرنے شریک اور فرزند کے طرف اوسکے اور صدق سے مراد ہی دین جو حضرت لیکر آئے یا قرآن اور کافرون کے یعنی اون لوگون کے لیے کہ افترا کیا اللہ پر اور جھٹلایا دین سچے کو ✤ **مل** ✤ **معا** ✤

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝

اور جو لایا سچی بات اور سچ مانا اوسکو وہی لوگ ہین ڈر والے ✤ **مو** ✤

اور وہ شخص کہ لایا دین سچے کو اور وہ لوگ کہ مان لیا اوسکو یہ جماعت وہ ہین پرہیزگار ✤ **فتح** ✤ **تفسین** ✤ وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ لائے حق کو اور ایمان لائے اوسپر اور مراد ہین اس سے آنحضرت صلعم اور متبعین اونکے

الجزء الرابع والعشرون

جیسے کہ مراد ہین ساتھ موسی کے وہ اور قوم اونکی بیچ قول اللہ تعالی کے وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ لَعَلَّھُمْ یَھْتَدُوْنَ یعنی اور البتہ تحقیق دی ہمنے موسی کو کتاب تاکہ وہ ہدایت پاوین بس اسلیے فرمایا اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ اور کہا زجاج نے کہ روایت کیا گیا ہی علی رض سے کہ اونھون نے کہا وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین وَالَّذِیْ صَدَّقَ بِہٖ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور روایت کیا گیا ہی یہ کہ اَلَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین وَالَّذِیْ صَدَّقَ بِہٖ مومن ہین اور یہ سب صحیح ہی اور کہا ابن عباس رض نے وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ الخ سے مراد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ لائے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور تصدیق بھی کیا اوسکو دریونھچایا خلق کو اور سدی نے کہا کہ وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ جبرئیل ع ہین کہ لائے قرآن کو اور صَدَّقَ بِہٖ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ قبول کیا اوسکو اور عطا نے کہا وَالَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ انبیاء ع ہین اور صَدَّقَ بِہٖ تابعدار اونکے ✤ **مل معا** ✤ **تنبیہ** ✤ اس آیت کے اخیر مین جو فرمایا اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ یعنی یہی لوگ ہین کہ ڈرتے رہتے ہین اپنے پروردگار سے اور گناہون سے بچتے ہین حضرت عثمان رض سے منقول ہی کہ مومن کو چھ قسم کا ڈر رہتا ہی ایک تو یہ کہ ایسا نہو کہ اللہ تعالی بغیر ایمان کے ناگہان اوٹھائے دنیا سے اور ایک نسخے مین ہی ساتھ گناہون کے اوٹھا اور دوسرے ڈر رہتا ہی حفظہ یعنی ملائکہ اعمال لکھنے والون کی طرف سے یہ کہ لکھین اوسپر وہ اعمال کہ فضیحت ہو بسبب اونکے روز قیامت کے اور تیسرے ڈر رہتا ہی شیطان کی طرف سے اسکا کہ باطل کروا دے عمل اوسکا اور چوتھے ملک الموت کی طرف سے ڈر رہتا ہی یہ کہ روح قبض کرلے ناگہان غفلت مین اور پانچوین دنیا کی طرف سے ڈر رہتا ہی یہ کہ فریفتہ ہو ساتھ اوسکے پس غافل کردے اوسکو آخرت سے اور چھٹے اہل و عیال کی طرف سے ڈر رہتا ہی یہ کہ مشغول ہو ساتھ اونکے پس غافل کردین وہ اللہ کی یاد سے ✤ **منہات** ✤

لَھُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّھِمْ ذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِیْنَ ۝ لِیُکَفِّرَ اللّٰہُ عَنْھُمْ اَسْوَاَ الَّذِیْ عَمِلُوْا

اونکو ہی جو چاہین اپنے رب کے پاس یہ ہی بدلا نیکی والون کا تا اوتارے اللہ اون سے برے کام جو کیے تھے

وَیَجْزِیَھُمْ اَجْرَھُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝

اور بدلے مین دے اونکا نیگ بہتر کامون کا جو کرتے تھے ✤ **مو** ✤

واسطے اونکے ہی جو کچھ چاہین نزدیک پروردگار اونکے کے یہ ہی جزا نیک کارون کی تو کہ دور کرے خدا اونسے بدترین اوس چیز کا کہ کیا اور دیوے اونکو مزدوری اونکی بحسب نیکوترین اوس چیز کے کہ کرتے تھے ✤

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ؕ وَیُخَوِّفُوْنَکَ بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِہٖ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ ۝ وَمَنْ

کیا اللہ بس نہین اپنے بندے کو اور تجکو ڈراتے ہین اونسے جو اوسکے سوا ہین اور جسکو راہ بھلاوے اللہ تو کوئی نہین اوسکو راہ دینے والا اور جسکو

یَّھْدِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِعَزِیْزٍ ذِی انْتِقَامٍ ۝

راہ سجھاوے اللہ اوسکو کوئی نہین بھلانے والا کیا نہین ہی اللہ زبردست بدلا لینے والا ✤ **صو** ✤

کیا نہین ہی خدا کارساز بندے اپنے کا اور ڈراتے ہین تجکو ساتھ اون لوگون کے کہ غیر خدا کے ہین اور جسکو گمراہ کرے خدا پس نہین ہی اوسکے لیے کوئی راہ دکھلانے والا اور جسکو راہ دکھاوے خدا نہین ہی اوسکو کوئی گمراہ کرنے والا کیا نہین ہی خدا غالب بدلا لینے والا ✤ **فتح** ✤

تفسیر ✤ کیا نہین ہی خدا کارساز اپنے بندے کا یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا یعنی ہی اور حمزہ اور علی نے عبادہ پڑھا ہی بجا عبدہ کے یعنی انبیا اور مومن اور مضمون اسکا مانند مضمون آیت اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَھْزِءِیْنَ کے ہی اور ڈراتے ہین تجکو ساتھ اون لوگون کے کہ غیر خدا کے ہین یعنی ساتھ بتون کے کہ جنکو پکڑ رکھا ہی مشرکون نے معبود سوا خدا کے اور ڈرانا اونکا یہ تھا کہ قریش نے کہا آنحضرت کو

کہ ہم ڈرتے ہین اس سے کہ دیوانہ کردین تجکو معبود ہمارے اور پھٹکار اونکی پڑے تجپر بسبب عیب کرنے تیرے کے اونکو بدلا لینے والا کہ بدلا لیتا ہی اپنے دشمنون سے اور اسمین وعید یعنی ڈر کا ہی واسطے قریش کے اور وعدہ ہی واسطے مؤمنون کے کہ بدلا لیویگا واسطے مؤمنون کے کافرون سے اور مدد کریگا اونکی اونپر پھر معلوم کروایا اللہ تعالی نے کہ کفار باوجود بت پوجنے کے مقر ہین اسکے کہ اللہ پیدا کرنے والا آسمان و زمین کا ہی ساتھ قول اپنے کے ✤ مل ✤

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلْ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُوْنَ مِنْ

اور جو تو اونسے پوچھے کسنے بنایا آسمان اور زمین تو کہین اللہ نے تو کہہ بھلا دیکھو تو جنکو پوجتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ أَوْ أَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ

اللہ سوای اگر چاہے اللہ مجپر کچہ تکلیف تو وہ ہین کہ کھول دین تکلیف اوسکی ڈالی یا وہ چاہے مجپر مہر وہ ہین کہ روک دین

رَحْمَتِهٖ ۚ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

اوسکی مہر تو کہہ مجکو بس ہی اللہ اوسی پر بھروسا رکھتے ہین بھروسا رکھنے والے ✤ مو

اور اگر پوچھے تو اونسے کہ کسنے پیدا کیے ہین آسمان و زمین تو البتہ کہین خدا نے پیدا کیے ہین کہہ دیکھا تمنے اوسکو کہ پوجتے ہو سوای خدا کے اگر چاہے میرے حق مین خدا تعالی سختی کو کیا یہ بت دفع کرنے والے سختی اوسکی کے ہین مجسے یا اگر چاہے میرے حق مین بخشایش کیا یہ بت باز رکھنے والے بخشایش اوسکی کے ہین کہہ بس ہی مجکو خدا اوسیپر توکل کرتے ہین توکل کرنے والے ✤ فتح ✤ تفسیر ✤ سختی یعنی مرض یا فقر یا سوای انکے بخشایش یعنی صحت یا غنا یا مانند انکے کے اور یون جو فرمایا کہ اگر پوچھے تو اونسے الخ یہ اسلیے فرمایا کہ اونھون نے ڈرایا تھا آنحضرت صلعم کو بتون کی پھٹکار اور دیوانہ کر دینے سے پس حکم کیے گئے آنحضرت صلعم ساتھ اسبات کے کہ اقرار کروا دین اونسے پہلے اسبات کا کہ خالق عالم کا وہی اللہ جل جلالہ لاشریک ہی پھر کہین اونسے بعد اقرار کروانے کے کہ بس اگر چاہے میرے حق مین خالق عالم کا کہ جسکا اقرار کیا تمنے ضرر پونہچانا یا رحمت پونہچانی کیا قادر ہونگے وہ اوپر خلاف اسکے کے پس جب ساکت و قائل کیا اونکو فرمایا اللہ تعالی نے کہ کہہ کافی ہی مجکو اللہ ضرر پونہچانے بتون اونکے سے روایت کیا گیا ہی کہ آنحضرت صلعم نے پوچھا اونسے یعنی جو کہ حکم ہوا تھا پس ساکت رہے وہ پس اوتری یہ آیت قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ✤ معل تنبیہ ✤ جاننا چاہیے کہ کلمہ حَسْبِيَ اللّٰهُ کی بہت فضیلت آئی ہی حدیث شریف مین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسپر اوترے غم یا سختی یا کوئی امر دشوار تو چاہیے کہ کہے حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اور بعضی روایت مین ہی حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ یہ دونون روایتین حصن حصین مین بخاری سے منقول ہین پھر حصن حصین کے شارح مولوی فخر الدین رح نے اسکی شرح مین لکھا ہی کہ روایت کی ابن عباس رض نے کہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو جب آگ مین ڈالا تو یہی کلمہ پڑھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسکو پڑھا جب کہ کہا لوگون نے اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ یعنی کفار تمسے لڑنے کے لیے جمع ہوئے ہین ڈرو اونسے اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب حضرت ابراہیم کو آگ مین ڈالنے لگے تو آخری قول اونکا حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تھا انتہی اور انیس المنقطعین مین ہی کہ روایت کی عبد اللہ بن بریدہ رض نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جو کوئی پڑھے دس کلمے پیچھے نماز صبح کے پائیگا اللہ تعالی کو نزدیک اونکے کفایت کرنے والا اونمین پانچ دنیا کے لیے ہین اور پانچ آخرت کے لیے وہ یہ ہین حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَآ أَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْحَوْضِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيْبُ یعنی بس ہی مجکو اللہ

واسطے دین میرے کے بس ہی مجکو اللہ واسطے اوس چیز کے کہ فکر مین ڈالے مجکو بس ہی مجکو اللہ واسطے اوس شخص کے کہ سرکشی کرے مجپر بس ہی مجکو اللہ واسطے اوسکے کہ حسد کرے مجسے بس ہی مجکو اللہ واسطے اوسکے کہ مکر بد کرے مجسے بس ہی مجکو اللہ نزدیک موت کے بس ہی مجکو اللہ وقت سوال کرنے منکر نکیر کے قبر مین بس ہی مجکو اللہ نزدیک میزان کے بس ہی مجکو اللہ نزدیک گذرنے کے پل صراط پر سے بس ہی مجکو اللہ نزدیک حوض کوثر کے بس ہی مجکو اللہ نہین کوئی معبود مگر وہ اوسی پر بھروسا کیا مینے اور اوسی طرف رجوع کرتا ہون مین انتہی اور ملا علی قاری نے بھی حزب الاعظم مین اس دعا کو نقل کیا ہی اور اوسکے کسی شارح نے یہی فائدہ اسکا نقل کیا ہی لیکن حزب الاعظم مین بعد لفظ توکلت کے بجاے والیہ انیب کے وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ہی اور حصن حصین مین ابو داؤد وغیرہ سے یہ بھی لایا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسپر غالب آوے کوئی کام یعنی ایسا امر کہ علاج اوسکا نہین جانتا ہی تو چاہئے کہ کہے حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ
تو کہہ اے قوم کام کیے جاؤ اپنی جگہہ مین بی کام کرتا ہون اب آگے جان لوگے کس پر آتی ہی آفت کہ اوسکو رسوا

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝
اور اوترتی ہی اوسپر مار سدا کی + مق

کہہ اے قوم میری عمل کرو تم اپنی وضع پر تحقیق مین بھی عمل کرنے والا ہون اپنی وضع پر پس جانوگے تم اوس شخص کو کہ آویگا اوسکو عذاب کہ رسوا کریگا اوسکو اور اوس شخص کو کہ اوتریگا اوسپر عذاب دائم + فتح + تفسیر علی مکانتکم کے معنی ہین اوپر حال اپنے کے کہ جسپر تم ہو اور اوپر جہت اپنی کے عداوت سے کہ جسپر ہو اوسپر پس جانوگے تم الخ کیسی تہدید کی کافرون کو ساتھ ہونے آنحضرت کے فتحیاب اور غالب اونپر دنیا اور آخرت مین اسلیے کہ جب آئے کفار پر رسوائی اور عذاب پس یہ عزت اور غلبہ آنحضرت کا ہی اسلیے کہ غلبہ پورا ہوگا آنحضرت صلعم کے لیے بسبب عزت پانے عزیز کے دوستون اونکے سے اور بسبب ذلت پانے ذلیل کے دشمنون اونکے سے اور لفظ یخزیہ صفت ہی عذاب کی جیسے لفظ مقیم صفت ہی یعنی عذاب کہ رسوا کرنے والا ہو اوسکو اور وہ دن بدر کے رسوا اور عذاب دائم عذاب دوزخ کا ہی + مل

اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ
ہمنے اوتاری ہی تجھپر کتاب لوگون کے واسطے سچے دین کے ساتھ پھر جو کوئی راہ پر آیا سو اپنے بھلے کو اور جو کوئی بھکا سو یہی کہ بھکا اپنے

عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝
برے کو اور تجھپر اونکا ذمہ نہین + مو

تحقیق ہمنے اوتاری تجپر کتاب واسطے لوگون کے ساتھ حق کے پس جسنے راہ پائی پس نفع اوسی کے لیے ہی اور جو گمراہ ہوا سوا اسکے نہین ہی کہ گمراہ ہوتا ہی واسطے ضرر اپنے کے نہین ہی تو اونپر نگہبان + فتح + تفسیر واسطے لوگون کے اور واسطے حاجت اونکی کے طرف اوسکے تاکہ بشارت دیوین اور ڈراوین پس قوی ہون بواعث اونکے طرف اختیار کرنے طاعت کے معصیت اور جسنے راہ پائی یعنی اختیار کیا ہدایت کو پس اپنے نفس کو نفع پوہنچایا اور جسنے اختیار کی گمراہی پس تحقیق ضرر پوہنچایا اپنے نفس کو نہین ہی تو اونپر نگہبان تا گمراہی مین نہ پڑنے دیوے تو اور یا نگہبان نہین ہی تو اونکا بیچ اختیار کرنے ہدایت و ضلالت اونکی کے تو تجپر مواخذہ ہووے + مل + بحر + مسئلہ + وکالت عقود جائزہ سے ہی چارون اماموں کے نزدیک اور بیچ تمام اون چیزون کے کہ مباشرت بنفس خود جائز ہی وکالت بھی جائز ہی مانند بیع اور شرا اور خصومت اور ادا دیون اور طلاق اور نکاح اور مانند انکے کے اور اقرار وکیل کا اپنے موکل پر

غیر مجلس حکم مین کسی حال مین مقبول نہین چارون امامون کے نزدیک اور مجلس حکم مین فقط امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک صحیح ہی مگر یہ کہ موکل نے شرط عدم اقرار کی اپنے پہلی ہو تو نہین صحیح اور اقرار وکیل کا اپنے موکل پر ساتھ حدود اور قصاص کے غیر مقبول ہی بالاتفاق مجلس حکم مین بھی اور غیر مجلس حکم مین بھی اور جہان کہین ہو اور قول وکیل کا مقبول ہی تلف مال مین ساتھ یمین اوسکی کے اور وکیل کو جائز نہین کہ خرید کرے ساتھ مول زیادہ کے مول مثل سے اور ایسے ہی خریدنا ساتھ شرط تاجیل مول کے روا نہین ہی اور وکالت حاضر کی روا نہین ہی سوا رضا خصم یعنی مدعی علیہ کے مگر کہ موکل مریض یا اوپر مسافت تین دن کے راہ کے ہو تو بہر نوع جائز ہی اور اگر کوئی شخص کسیکو وکیل کرے لینے حقوق وصول کرنے کے لیے ایک شخص معین سے اور سامنے حاکم کے ہو تو اوسکے ثبوت وکالت کے لیے احتیاج گواہون کی نہین ہی اور حضور مدعی علیہ کا بھی شرط نہین ہی اور اگر بیچ غیر مجلس حاکم کے ہو تو دو گواہون سے نزدیک حاکم کے ثابت ہوتی ہی مگر نزدیک ابی حنیفہ رح کے کہ اگر مدعی علیہ ایک ہو تو حضور اوسکا اور اگر کئی ہون تو حضور ایک کا اون مین سے واسطے صحیح ہونے ثبوت وکالت کے شرط ہی اور وکیل کو معزول کرنا بنا سوا رد برو موکل کے جائز نہین ہی اور اگر موکل وکیل کو معزول کرے تو بعد جاننے وکیل کے ساتھ عزل کے معزول ہوتا ہی اور گواہ سننے وکالت پر سوا حضور خصم کے روا نہین اور وکیل کرنا لڑکے تمیزدار قریب بلوغ کا صحیح ہی ✦ **مسئلہ** مضاربت قریب وکالت کے ہی اور اوسکو قراض بھی کہتے ہین اور وہ یہ ہی کہ کوئی شخص مال کسیکو دیوے تا تجارت کرے اور منفعت اوسکی مشترک دونون مین ہو پس جائز ہی اور اگر کچھ اسباب اوسکو دیوے اور کہے کہ اسکے مول کی مضاربت کر تو صحیح ہی اور عامل جب لیوے مال مضاربت کا ساتھ گواہون کے تو بری ہوتا ہی وقت انکار کے ساتھ قسم کھانے کے اس قول اوسکا ساتھ یمین کے مقبول ہی اور ایسے ہی قول اوسکا ساتھ پھیر دینے مال کے اوسکے مالک کو ساتھ یمین کے مقبول ہی اور جب عامل کچھ اسباب ساتھ مال مضاربت کے خرید کرے اور وہ مال پہلے دینے کے بائع کو ہلاک ہو جاوے تو مضارب پر کچھ نہین آتا ہی اور وہ اسباب عامل کا ہوتا ہی اور مول اوسکا اوسپر ہوگا مگر نزدیک ابی حنیفہ رح کے کہ رجوع کرے ساتھ مول اوسکے کے صاحب مال پر اور جائز ہی مضاربت ایک مدت معین تک کہ پہلے اوسکے فسخ نکرے یا یہ کہ جب وہ مدت تمام ہو جاوے عامل بیع و شرا سے منع کیا جاوے پس اس شرط سے جائز ہی اور اگر مالک مال شرط کرے عامل پر کہ سوا فلانے شخص کے خرید یا فروخت نکرے تو اس شرط پر مضاربت صحیح ہی اور جب عامل ساتھ مال مضاربت کے مسافری کرے تو نفقہ عامل کا مال قراض مین ہوگا اور عامل مالک ربح یعنی نفع کا ساتھ ظہور ربح کے ہوتا ہی اور مالک یعنی امام مالک رح اور شافعی رح کے نزدیک تقسیم کرنے سے اور خریدنا مالک مال کا کسی چیز کو مال مضاربت مین سے صحیح ہی اور اگر مضارب دعویٰ کرے کہ مالک مال نے مجکو اذن بیع اور شرا کا ساتھ نقد اور نسیہ کے دیا ہی اور مالک مال کہے کہ سوا نقد کے اذن نہین دیا ہی یہ تو قول مضارب کا ساتھ یمین کے مقبول ہوگا اور مضارب اگر ساتھ دوسرے کے اوس مال سے مضاربت کرے اور دوسرے کو نفع حاصل ہو تو اوس نفع کو مضارب اول کے تئین دیدے ۵

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ

اللہ کھینچ لیتا ہی جانین جب وقت ہوا اونکے مرنے کا اور جو نہین مرین اونکی نیند مین پھر رکھ چھوڑتا ہی جن پر مرنا ٹھہرایا

وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

اور بھیجتا ہی دوسرون کو ایک ٹھہرے وعدے تک البتہ اسمین پتے ہین اون لوگون کو جو دھیان کرین ۝

خدا تعالیٰ ارواحون کو قبض کرتا ہی نزدیک مرنے اونکے کے اور وہ روح کہ نہین مری ہی اوسکا قبض کرتا ہی نزدیک سونے اوسکے کے پس نگاہ رکھتا ہی اوسکو کہ حکم موت کا کیا ہی اوسپر اور چھوڑ دیتا ہی اوس دوسرے کو ایک وقت معین تک تحقیق اس مقدمے مین نشانیان ہین واسطے اون قوم کے کہ تامل کرتے ہین ✦ **فتح** ✦ **تفسین** ✦ یعنی نیند مین روز جان کھینچتا ہی پھر بھیجتا ہی یہی نشان ہی آخرت کا معلوم ہوا

نیند مین بھی جان کھنچتی ہی جیسے موت مین اگر نیند مین کھنچکر رہی وہی موت ہی مگر یہ جان وہ ہی جسکو ہوش ہی اور ایک جان ہی جس سے دم چلتا ہی
اور نبضین اوچھلتی ہین اور کھانا ہضم ہوتا ہی وہ دوسری ہی وہ پہلے موت کے نہین کھنچتی ۞ ع ۞ یہ جو فرمایا اللہ تعالی نے یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ
مراد یہ ہی کہ سب نفسون کو وفات دیتا ہی وقت موت کے بالکل اور وفات دینا مار ڈالنا اونکا ہی اور مار ڈالنا یہ ہی کہ سلب کی جاتی ہی وہ چیز کہ
نفس بسبب اوسکے زندہ ہی حس و ادراک رکھنے والا ہی یعنی صحت و سلامتی اجزا اوسکے کی اسلیے کہ وقت سلب صحت کے گویا کہ ذات اوسکی
سلب کی گئی اور یہ جو فرمایا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِہَا اس سے مراد یہ ہی کہ وفات دیتا ہی اون نفسون کو کہ نہین مرے اونکے سونے مین
یعنی وفات دیتا ہی اونکو جسوقت کہ سوتے ہین یہ فرمایا مشابہت دینے کے واسطے سونے والون کے ساتھ موتی کے اور اسی قبیل سے ہی قول اللہ تعالی کا
وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ یعنی وہ اللہ ایسا ہی کہ مار ڈالتا ہی تمکو رات کو اس حیثیت سے کہ تمیز رکھتے ہین اور نہ تصرف کرتے
ہین مانند موتی کے فَیُمْسِکُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا الْمَوْتَ یعنی پس بند کر رکھتا ہی اون نفسون کو کہ حکم کیا اونپر موت حقیقی کا یعنی نہین
پھیرتا ہی اونکو بیچ وقتون اونکے کے اس حال مین کہ زندہ ہون اور چھوڑ دیتا ہی دوسرے نفسون سونے والون کو ایک وقت مقرر تک کہ وقت
تمام ہونے عمر کا ہی اور بعضون نے کہا کہ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ کے معنی یہ ہین یستوفیها و یقبضها یعنی بالکل مار ڈالتا ہی اور لے لیتا ہی
اونکو اور یہ وہ نفس ہین کہ جنکے ساتھ حیات و حرکت ہی اور وفات دیتا ہی اون نفسون کو کہ نہین مرے اونکی نیند مین اور یہ نفس تمیز کے ہین
کہا ہی مفسرون نے کہ بیچ جو نفس وفات دیے جاتے ہین بیچ سونے کے وہ نفس تمیز کے ہین نہ نفس حیات کے اسلیے کہ نفس حیات کے جب زائل ہوتے ہین
جاتا رہتا ہی ساتھ اونکے دم اور سونے والا دم لیتا ہی اور واسطے ہر انسان کے دو نفس ہین ایک تو نفس حیات ہی اور وہ وہ ہی کہ جدا ہوتا ہی
وقت موت کے اور دوسرا نفس تمیز کا ہی اور وہ وہ ہی کہ جدا ہوتا ہی انسان سے جب کہ سوتا ہی اور روایت کیا ہی مفسرون نے ابن عباس
سے کہ ابن آدم مین نفس ہی اور روح ہی درمیان ان دونون کے مانند شعاع آفتاب کے ہی پس نفس تو وہ ہی کہ بسبب اوسکے عقل و تمیز ہی
اور روح وہ ہی کہ بسبب اوسکے سانس لیتا ہی اور حرکت کرتا ہی پس جبکہ سوتا ہی بندہ قبض کرتا ہی اللہ تعالی نفس اوسکا اور نہین قبض کرتا
روح اوسکی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا نکلجاتی ہی روح اور باقی رہتی ہی شعاع اوسکی بدن مین پس ساتھ اسکے دیکھتا ہی خواب پس
جب جاگنے لگتا ہی نیند سے پھر آتی ہی روح اوسکے بدن کی طرف جلد تر پلک مارنے سے اور یہ بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ جو کچھ کہ دیکھتا ہی
نفس سونے والے کا آسمان مین پس وہ رویا صادقہ ہی یعنی جلد اوسکا ظہور ہوتا ہی اور جو کچھ کہ دیکھتا ہی بعد چھوٹنے کے پس سکھاتا ہی اوسکو
شیطان پس وہ رویا کاذبہ ہی اور سعید بن جبیر سے ہی کہ ارواح زندون اور مردون کی آپسمین ملتی ہین سونے مین پس پہچانتی ہین اونمین سے
جو کچھ چاہتا ہی اللہ یہ کہ پہچانے اور بعضی روایت مین ہی کہ پوچھتی ہین آپسمین جو کچھ چاہتا ہی اللہ پھر روک رکھتا ہی اللہ ارواح اموات کی اور
چھوڑ دیتا ہی ارواح زندون کی طرف بدنون اونکے کے ایک وقت مقرر تک اور روایت کیا گیا ہی کہ ارواح مومنون کی چڑھتی ہین وقت سونے
کے آسمان مین پس جو کہ ہوتی ہی اونمین سے پاک حکم کیا جاتا ہی اوسکے لیے سجدہ کرنے کا اور جو کہ نہین ہوتی ہی اونمین سے پاک نہین حکم کیا جاتا ہی
واسطے اوسکے سجدہ کرنیکا اور کہا فرقدنے کہ نہین ہی کوئی رات راتون دنیا کی سے مگر کہ رب تبارک و تعالی قبض کرتا ہی ساری ارواح کو
کو مومنون کی بھی اور کافرون کی بھی پھر پوچھتا ہی ہر روح سے جو کچھ کہ کرتا ہی صاحب اوسکا دن میں حالانکہ وہ سب سے زیادہ جانتا ہی پھر بلاتا ہی
ملک الموت کو اور فرماتا ہی قبض کر اسکو اور قبض کر اسکو یعنی جسکی موت کا حکم ہوتا ہی اور چھوڑتا ہی اورون کو ایک وقت مقرر تک آلی ابو ایوب سے روایت
ہی کہ اونھون نے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اوس وقت کہ آنحضرت اونکے گھر مین اوترے ہوئے تھے وقت ارادہ کرنے سونے کے کہا ایک
کلام کہ نہین سمجھے ہم اوسکو کہا ابو ایوب نے کہ پوچھا مینے آنحضرت سے وہ کلام پس پڑھی یہ دعا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ
مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا فَتُمْسِكُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا الْمَوْتَ وَتُرْسِلُ الْاُخْرٰی اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی

اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنْتَ تَتَوَفَّانِيْ فَاِنْ اَنْتَ تَوَفَّيْتَنِيْ فَاغْفِرْ لِيْ وَاِنْ اَنْتَ اَحْيَيْتَنِيْ فَاحْفَظْنِيْ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ بچھونے پر سے ایک تمہارا طرف بچھونے اپنے کے پس چاہیے کہ جھاڑے اوسکو اپنے تہبند کے اندر کونے سے کیونکہ نہین جانتا ہی کہ کیا اسکے پیچھے پڑا ہوا وسپر یعنی جانور و مٹی وغیرہ پھر چاہیے کہ کہے بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِاسْمِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ الصَّالِحِيْنَ اور ایک شب مین جو آنحضرت صلعم سفر مین اخیر رات مین اوترے تو سو گئے اور اور لوگ بھی سو گئے پس نہ جاگے مگر آفتاب کی گرمی سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای لوگون بیشک روحین عاریت ہین بندون کے بدنون مین پس قبض کر لیتا ہی اونکو جب چاہتا ہی اور چھوڑ دیتا ہی اونکو جب چاہتا ہی انتہی تحقیق اس مقدمے مین یعنی جو کچھ کہ مذکور ہوا البتہ نشانیان ہین اوپر قدرت اور علم اللہ تعالی کے واسطے اوس قوم کے کہ دوڑاتے ہین فکر اپنی پس جانتے ہین کہ جو قادر ہی اسپر ہی وہ قادر ہی بعث پر بھی اور قریش نہین فکر کرتے ہین ۰ مد کشاف ۰ در منثور ۰ جلا ۰ ایک وقت معین تک کہ وقت تمام ہونے عمر کا ہی کہ جب وہ وقت پونہچیگا قبض کر کر عالم ارواح مین لیجاویگا اور پھر بدن کی طرف نہین بھیجیگا اور جسکا وقت مرگ کا نہین پونہچا ہی اوسکو سوتے مین قبض کرتا ہی اور پھر بدن کی طرف بھیجتا ہی اور بندہ بیدار ہوتا ہی اور معنی قول رسول صلعم کے اَلنَّوْمُ اَخُ الْمَوْتِ یہی ہین اور مراد موت سے موت جسد اوسکے کی ہی اسلیے کہ روح جس وقت سے کہ مخلوق ہوئی ہی فنا پذیر نہوگی متعلق بدن کے ساتھ رہتی ہی یا برزخ مین یا بہشت و دوزخ مین ہمیشہ رہیگی قرآن اور حدیثین تمام اس مضمون پر ناطق ہین اعتقاد کرنا خلاف اسکے عقائد باطلہ سے ہی اور لازم آتا ہی انکار جینے یا عذاب قبر اور بعث اور حساب اور دوام بہشت و دوزخ کا ساتھ اہل اونکے کے اور اسی جگہ سے ہی کہ امام غزالی رحمہ اللہ نے کہا ہم اگرچہ ازلی نہین ہین لیکن ابدی ہین اور تفسیر نیشاپوری مین کہا ہی کہ ان آیتون مین تسلی پیغمبر خدا کی ہی باین وجہ کہ ہدایت و ضلالت تمام خدا کی طرف سے ہی اور ہدایت مثل حیات اور بیدار ہونے کے ہی اور ضلالت مثل موت اور سونے کے ہی پس جیسے کہ موت اور حیات اور جاگنا اور سونا بسبب پیدا کرنے خدا کے ہین ہدایت و ضلالت بھی اوسی کی پیدا کی ہوئی ہین جسنے اسکو پہچانا مصیبتین اوسپر آسان ہونگی اور کسی سبب سے غمگین نہین ہونے کا اور یہ بھی اوسی مین ہی کہ کہا حکماے اسلامیہ نے کہ نفس انسانیہ جوہر روشن نورانی ہی جب متعلق ہو ساتھ بدن کے حاصل ہوتی ہی روشنی اوسکی تمام اعضا ظاہری اور باطنی مین اور وہ زندگانی اور بیداری ہی اور وقت سونے کے نہین واقع ہوتی ہی روشنی اوسکی مگر باطن بدن پر اور منقطع ہوتی ہی ظاہر بدن سے پس باقی رہتا ہی نفس حیات کہ جسکے سبب سے سانس آتا ہی اور عمل کرتے ہین قوائے بدنیہ باطن مین اور فنا ہو جاتا ہی وہ نفس کہ جس سے تمیز و عقل ہی اور جب منقطع ہو جاتی ہی یہ روشنی بالکل بدن سے پس وہ موت ہی اور ایسی تدبیر عجیب کا صادر ہونا نہین ممکن ہی مگر بڑے ہی قادر خبیر سے کہ نہین شریک ہی کوئی اوسکا اوسکی بادشاہت مین اور نہ نظیر اوسکا پس اسی سے لیے ملائی گئی آیت ساتھ اس قول قادر مطلق کے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ مسئلہ سونے کا لکھا ہی علماے کہ جب آدمی کچھ کھاتا ہی اور غذا معدے مین جاتی ہی تو بخار اوس سے اوٹھکر دماغ کو جاتے ہین اور خالی معدے مین بھی بسبب کاواک ہونے معدے کے بخار اوٹھکر دماغ کو جلتے ہین اور بہر صورت دماغ کی حس پر غالب آکر اوسکو معطل کر دیتے ہین اور کچھ حس و حرکت سواے دم آنے کے باقی نہین رہتی ہی اور آیت مین گذر ہی چکا ہی کہ فاعل اور خالق سب چیزون کا خداے تعالی ہی ہی اور غرض اس تمہید سے یہ ہی کہ سونا جملہ نقصانون ممکنات کے سے ہی اور غافل کرنے والا ذکر خدا سے اور بھلائیون سے پس آدمی کو بتکلف سونا نچاہیے خصوصا طالب خدا کو جب تک کہ نیند خوب غلبہ نکرے نسووے کہ منجملہ آداب سونے کے سے یہ ہی کہ جب تک نیند خوب غلبہ نکرے سووے نہین اور ساتھ عبادت اور یاد خدا اور مراقبے کے مشغول رہے اور جب نیند خوب غلبہ کرے ذکر اللہ کرتا ہوا سووے

اور پہلے سونے کے بسم اللہ کہکر دروازہ بند کرے اور چراغ بجھاوے اور آگ بجھانے یا دباوے اور رباسن پانی وغیرہ کے ڈھانکے
اور کلّی یا وضو پورا کرے اور بِسْمِ اللّٰہِ اور سورتین از مُسبّحات اور دعائین کہ سونے کے وقت کی حدیث شریف مین آئین پڑھکر
دائین کروٹ رو بقبلہ لیٹے اور اگر خواب ڈرانا اور بُرا دیکھے تو کسی سے کہے نہین اور اچھا اور مبہم اپنے دوست کہ عالم ہو ظاہر کر
اور تعبیر اوس سے پوچھے اور اگر دہشت خواب بد سے اوسی وقت بیدار ہو تو پناہ خدا سے مانگے اور تین بار بائین طرف تھتکار سے اور
اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ خَیْرَ رُؤْیَایَ وَاکْفِنِیْ شَرَّھَا اور آیۃ الکرسی اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھے اور اگر نہانے کی حاجت ہو تو قرآن نہ پڑھے اور جسوقت کہ غلبہ نیند کا جاتا رہے اور
جاگے جلدی اوٹھ بیٹھے اور دعائین جاگنے کی جو حدیث مین آئی ہین اور کلمہ طیب اور بسم اللہ وغیرہ ذکر خدا کا زبان پر جاری کرے
تو کاہلی اور شیطان کو دفع کرے والا شیطان فریب سے کر پھر غافل کر کے سلا دیتا ہی بعد اسکے اوٹھکر وضو اور نماز با جماعت
ادا کر کر ذکر و اوراد مین مشغول ہو اور اگر وقت ہو اور خداے تعالی توفیق دے تو نماز تہجد پڑھے اور دوپہر قیلولہ کرے یعنی دو پہر کو
سونا بموجب فرمانے آنحضرت علیہ السلام کے قِیْلُوْا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَقِیْلُ اور مکروہ ہی سونا اول روز مین اور مغرب
اور عشا کے درمیان مین اور حضرت علیؓ عشا کے بعد کے سونے کو بہت دوست رکھتے تھے اور دائین ہتیلی رخسار کے نیچے رکھکر
سووے اور یاد کرے کہ عنقریب لیٹونگا قبر مین اسی طرح تن تنہا کہ کوئی میرے ساتھ نہین ہونے کا سواے اعمال کے اور کہا جاتا ہی
کہ لیٹنا دائین کروٹ مومن کا لیٹنا ہی اور بائین کروٹ لیٹنا بادشاہون کا اور آسمان کی طرف مونہہ کر کے لیٹنا انبیا علیہم السلام کا اور
مونہہ کے بل لیٹنا کفار کا اور اگر درد و دہو پیٹ مین اور تکیہ پیٹ کے نیچے رکھکر اوسپر سووے تو مضایقہ نہین اور سوتے وقت تہلیل
اور تحمید اور تسبیح کرے یہان تک کہ پڑھتے پڑھتے سو جاوے اسلیے کہ سونے والا اوٹھایا جاتا ہی اوس حالت پر کہ رات گذارے اوسپر اور
میت اوٹھایا جاویگا اوس حالت پر کہ مرا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ کو تعلیم کیا کہ سوتے وقت تینتیس بار سبحان اللہ
اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر کہین جب کہ آپ سے خادم طلب کیا کہ چکی پیستے پیستے گھٹے پڑ گئے تھے آپ نے فرمایا
کہ یہ پڑھلیا کر سوتے وقت تیرے حق مین خادم سے بہتر ہی اور جلدی جاگے پہلے صبح کے اسلیے کہ زمین شکوہ کرتی ہی اللہ تعالی سے زنا کے نہانے
سے اور خونریزی حرام یعنی ناحق سے اور سونے سے بعد صبح کے اور بیدار ہوا اللہ کو یاد کرتا ہوا اور قصد رکھنے والا تقوی کا اوس چیز کہ حرام
کی ہی اللہ نے اوسپر اور نیت رکھنے والا اسکا کہ ظلم نہین کریگا مین کسی پر اللہ کے بندون مین سے + بحر + عالمگیریہ +

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا یَمْلِكُوْنَ شَیْـًٔا وَّلَا یَعْقِلُوْنَ ○

کیا انھون نے پکڑے ہین اللہ کے سوا کوئی سفارش والے تو کہہ اگر جو اونکو اختیار نہو کسی چیز کا نہ سمجھ تو بھی + موضح

کیا شفاعت کرنے والے پکڑے ہین سوا خدا کے کہہ اونکو پکڑے تنے اگرچہ نہ کر سکتے ہون کچھہ کام اور نہ جانتے ہون + فتح

تفسیر ۹ اَمِ اتَّخَذُوا الخ یعنی بلکہ کیا پکڑے ہین قریش نے بدون اذن خدا کے سفارش کرنے والے جسوقت کہا انھون نے یہ
سفارش کرنے والے ہین ہمارے نزدیک خدا کے حال انکہ نہین سفارش کریگا نزدیک اوسکے کوئی مگر ساتھہ اذن اوسکے کے کیا سفارش کرینگے
وہ اگرچہ نہ اختیار رکھتے ہون کسی چیز کا اور نہ عقل ہو اونکو + مدارک

قُلْ لِّلّٰہِ الشَّفَاعَةُ جَمِیْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

تو کہہ اللہ کے اختیار ہی سفارش ساری اوسی کا راج ہی آسمان و زمین مین پھر اوسی کی طرف پھیرے جاوگے + موضح

کہہ پیچھے اختیار خدا کے ہی سفارش ساری اوسی کے لیے ہی بادشاہی آسمانون کی اور زمین کی پھر طرف اوسکے پھیرے جاوگے + فتح

تفسیر لله الشفاعۃ یعنی وہی مالک ہی شفاعت کا پس نہین طاقت رکھتا ہی کوئی شفاعت کی مگر ساتھ اذن اوسکے کے یہ مدارک نے لکھا ہی اور صاحب کشاف نے لکھا ہی کہ پس نہین طاقت رکھتا ہی کوئی شفاعت کی مگر ساتھ دو شرطون کے ایک تو یہ کہ جسکی شفاعت کرین اوس سے الله راضی ہو اور دوسری یہ کہ شفاعت کرنے والے کو اذن ہو شفاعت کا اور یہان دونون شرطین مفقود ہین اوسی کے لیے بادشاہی ہی یہ تقریر ہی لله الشفاعۃ جمیعا کی اسلیے کہ جب ہوئی اوسی کے لیے بادشاہی ساری اور شفاعت بھی بادشاہت سے ہی ہوگا وہ مالک شفاعت کا بھی پھیر طرف اوسکے الخ یہ متصل ہو اپنے قریب کے معنی اسکے یہ ہین کہ اوسی کے لیے ہی بادشاہت آسمانون اور زمین کی آج کے دن پھر طرف اوسکے پھیرے جاؤگے روز قیامت کے پس نہین ہوگی بادشاہت اوس دن مگر اوسی کے لیے پس اوسی کے لیے ہی بادشاہی دنیا اور آخرت کی انتہی ۱۲ یعنی الله کے روبرو سفارش ہی پر الله کے حکم سے نہ کسی کے کہے سے جب موت آوے کسیکے کہے سے عزرائیل نہین چھوڑتا + **موضح تنبیہ** + ان آیتون سے بھی رد ہوتا ہی قول اونکا کہ جو کہتے ہین کہ آنحضرت صلی الله علیہ وسلم کو شفاعت کرنے مین حاجت اذن کی نہین ہووے گی +

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ج وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ○

اور جب نام لیجیے الله کا نرا رک جاوین دل اونکے جو یقین نہین رکھتے پچھلے گھر کا اور جب نام لیجیے اوسکے سوائے اور ونکا تبھی وہ لگین خوشیان کرنے + **موضح**

اور جب یاد کیا جاتا ہی خدا اکیلا نفرت کرتے ہین دل اون لوگون کے کہ ایمان نہین لاتے ہین ساتھ آخرت کے اور جسوقت کہ یاد کیے جاتے ہین وہ کہ سوائے اوسکے ہین ناگہان وے خوش ہو جاتے ہین + **فتح** + **تفسیر** اکیلا یعنی جب الله ہی کا فقط ذکر ہوتا ہی اور اوسکے ساتھ اونکے معبودون کا ذکر نہین ہوتا ہی تو رک جاتے ہین اور جب یاد کیے جاتے ہین معبود اونکے یعنی لات اور عزی وغیرہ خواہ الله کا ذکر ہووے اونکے ساتھ یا نہووے تو خوش ہو جاتے ہین بسبب مفتون ہونے اونکے کے ساتھ معبودون اپنے کے یا یہ مراد ہی کہ جب کہا جاتا ہی لا اله الا الله وحده لا شریك له تو متنفر اور منقبض ہو جاتے ہین اسلیے کہ اسمین نفی ہی اونکے معبودون کی اور کہا بعضون نے کہ یہ خوش ہونا کفار کا اوس وقت تھا کہ آنحضرت ص نے سورۂ والنجم پڑھی کعبے کے دروازے کے پاس اور شیطان نے آنحضرت ص کی آواز کے ساتھ اپنی آواز کو مشابہ کر کر پڑھا تلك الغرانیق العلی + وان شفاعتهن لترتجی + یعنی یہ بت مثل ہین لنبی گردنون کی اور انکی شفاعت کی امید ہی پس اسکو سنکر کفار خوش ہوگئے کہ انھون نے ہمارے بتون کی تعریف کی اور کہا ابن عباس رض نے کہ الذین لا یؤمنون بالآخرۃ سے مراد ہین یہ چار کافر ابوجہل بن ہشام اور ولید بن عقبہ اور صفوان اور ابی بن خلف + **ملا در منثور** + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ یہ جو بعضے بدعتی غالی توحید کے بیان اور اتباع سنت سنیہ کی تاکید کرنے سے چڑ جاتے ہین اور خفا ہوتے ہین اونمین بھی نمونہ ان مشرکون کا پایا جاتا ہی کہ جیسے وہ فقط الله تعالی کا ذکر سنکر متنفر ہوتے تھے اور اپنے بتون کا ذکر سنکر خوش ہوتے ایسے ہی انکا حال ہی کہ توحید و سنت کے بیان سے ناخوش ہون اور جن بزرگون کو مشکل کشائی کے لیے پکارتے ہین اونکے ذکر سے خوش ہون عیاذا بالله مؤمن کو یون چاہیے کہ بہت خوش ہوں الله و رسول کے ذکر سے اور بزرگان دین کو اپنا پیشوا جانین اور محبت رکھین اونسے یہ جانکر کہ یہ الله کے پیارے بندے ہین نہ اونکے ذکر و اتباع کو الله و رسول کے ذکر و اتباع پر ترجیح دین اگر کوئی کہے کہ مؤمنون مین ایسی بات جو تمنے کہی کہان ہوتی ہی اونکا جواب یہ ہی کہ جو لوگ موحد کامل اور متبعین سنت کے بدرجۂ اتم اور زاہد عن الدنیا راغب فی العقبی تھے اور یہی کہتے تھے کہ الله کے برابر کسیکو نہ سمجھو

ط والعقد علیکم الاستبشار والاشمئزاز کلوا احد منهما غایة فی بابه فالاستبشار ان یمتلئ قلبه سرورا حتی ینبسط له بشرة وجهه ویتهلل والاشمئزاز ان یمتلئ غما وغیظا حتی یظهر الانقباض فی ادیم وجهه والعامل فی اذا ذکر هو العامل فی اذا المفاجاة تقدیره وقت ذکر الذین من دونه فاجؤا وقت الاستبشار ١٢ مد

اور آنحضرتؐ ہی کا اتباع کرو نہ باپ دادا وغیرہ کا اوسنسے کیون یہ لوگ بغض رکھتے ہین اور سب سے برا جانتے ہین اونکو اوجہ کو کہ ملے و ہے سکے بدعتی تھے ڈھولکی تعزیہ وغیرہ کو جائز بتاتے تھے اونکو کیون سر کا تاج بنا رکھا تھا حیف ہی کہ اونسے تو بغض ہوا اور ہو تو ایسون سے کہ جنھون نے گھر بار جان مال آبرو اللہ و رسول کی راہ مین نثار کر دی ایسی معاملہ صریح دلالت کرتا ہی انکے دل مین

جو رہو نے پر اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ وَجَنِّبْنَا عَنْ سَبِیْلِ الضَّلَالَۃِ

قُلِ اللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ
تو کہہ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمان و زمین کے جاننے والے چھپے اور کھلے کے تو ہی فیصلہ کرے اپنے بندون مین

فِیْ مَا کَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ۝
جس چیز مین وہ جھگڑتے تھے موضح

کہہ اے بار خدایا اے پیدا کرنے والے آسمانون اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ او ظاہر کے تو حکم کریگا درمیان بندون اپنے کے بیچ اوس چیز کے کہ وہ اوسمین اختلاف کرتے تھے + **فتح تفسیر** + یعنی ہدایت و گمراہی مین آیا ہی کہ جب نہایت تنگ آگئے آنحضرتؐ کفار کے ہاتھ سے او بسبب نہایت سرکشی اونکی کے کفر و عناد مین تو کہا گیا آنحضرتؐ کو کہ دعا کر تو اللہ سے ساتھ نامون بزرگ اوسکے اور کہہ کہ تو ہی قادر ہی حکم کرنے پر درمیان میرے اور درمیان اونکے اور اسمین بیان ہی اونکے حال کا اور وعید ہی اونکے لیے اور تسلی ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ابن مسیب سے منقول ہی کہ کہا نہین جانتا مین کوئی آیت کہ پڑھی جاوے پھر دعا کی جاوے نزدیک اوسکے مگر قبول کیجاوے سوائے اس آیت کے اور ربیع بن خثیم سے منقول ہی اور وہ کلام کم کیا کرتے تھے یہ کہ اونکو خبر دی گئی حسینؓ کے قتل ہونے کی پس غصے ہوئے وہ لوگ کے قاتل پر اور لوگ منتظر ہوئے اسکے کہ اب کلام کرینگے پس نہ زیادہ کیا اسپر کہ کہا آہ کیا ایسی حرکت کی اور پڑھی یہ آیت اور یہ بھی روایت کیا گیا ہی کہ اونھون نے اسکے پیچھے کہا کہ قتل کیا گیا وہ شخص کہ جسکو آنحضرتؐ اپنی گود مین بٹھاتے تھے اور رکھتے تھے منہ اپنا اونکے مونہہ پر اور حضرت عائشہؓ روایت کرتے ہین کہ جب آنحضرتؐ اوٹھتے تھے رات کو شروع کرتے تھے نماز اپنی ساتھ اس دعا کے یعنی بجائے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ کے اسکو پڑھتے تھے یا وہ بھی اسکے ساتھ پڑھتے ہون اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ + مدارک کشاف + در منثور +

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ یَوْمَ
اور اگر گنہگارون کے پاس ہو جتنا کچھ کہ زمین مین ہی سارا اور اتنا ہی اور اوسکے ساتھ سب دے ڈالین اپنے بچاؤ مین بری طرح کی مار سے دن

الْقِیٰمَةِ وَبَدَا لَھُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ یَکُوْنُوْا یَحْتَسِبُوْنَ ۝
قیامت کے اور نظر آیا اونکو اللہ کی طرف سے جو خیال نہ رکھتے تھے + موضح

اور اگر ہو اون لوگون کے لیے کہ ظلم کیا جو کچھ کہ زمین مین ہی سب اور مانند اوسکے ہمراہ اوسکے تو البتہ عوض دین اپنے دین اوسکو بسبب سختی عذاب کے روز قیامت مین اور ظاہر ہو جاویگا اونکے لیے خدا کی طرف سے جو کچھ گمان نہین رکھتے تھے + **فتح** + **تفسیر** + یہ آیت وعید کی مانند اس آیت وعدے کے ہی فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَھُمْ یعنی پس نہین جانتا کوئی نفس اوس چیز کو کہ پوشیدہ رکھی گئی ہی اونکے لیے اور معنی یہان کی آیت کے یہ ہین کہ ظاہر ہوگا اونکے لیے غضب الٰہی اور عذاب اوسکے سے وہ کچھ کہ

نہین تھا کبھی اونکے حساب مین اور نہین خطرہ گذرتا تھا اوسکا اونکے دلون مین اور بعضون نے کہا کہ کیے تھے کچھ اعمال یعنی نیکیان جانتے تھے اونکو حسنات پس ناگہان وہ ہونگے سیئات اور سفیان ثوری سے ہے کہ اونھون نے پڑھی یہ آیت پھر کہا وَیۡلٌ لِّاَھۡلِ الرِّیَآءِ وَیۡلٌ لِّاَھۡلِ الرِّیَآءِ یعنی وائے ہی اہل ریا کے لیے دو بار کہا اسکو یعنی ریا کی راہ سے عمل کر کے اچھا جانتے تھے اونکو وہ نکلین گے برے کہ باعث وبال کے ہونگے اور جزع فزع کیا محمد بن منکدر نے اپنے مرنے کے قریب پس لوگون نے سبب اسکا پوچھا کہا کہ ڈرتا ہون مین کتاب اللہ کی ایک آیت سے اور پڑھی یہی آیت پس مین ڈرتا ہون اسکی طرف سے یہ کہ ظاہر ہو میرے لیے اللہ کی طرف سے وہ چیز کہ نہین گمان رکھتا مین یعنی عذاب و غضب الٰہی کہا مقاتل نے اس آیت کی تفسیر مین کہ ظاہر ہوگا اونکے لیے جب کہ اوٹھائے جاوینگے قبرون سے وہ کچھ یعنی عذاب کہ نہین گمان رکھتے تھے دنیا مین کہ وہ اوتریگا ہم پر آخرت مین اور کہا سُدّی نے کہ گمان کرتے تھے کہ ہم اچھا کرتے ہین پس ظاہر ہوگا اونکے لیے برا یعنی قرب الٰہی ڈھونڈتے تھے بتون کے پوجنے مین پس جب عذاب کیے جاوینگے اوسپر ظاہر ہوگا اونکے لیے اللہ کی طرف سے وہ کچھ کہ نہین گمان کرتے تھے + مد + معا + کشاف +

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّـَٔاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

اور نظر آئے اونکو برے کام اپنے جو کمائے تھے اور اولٹ پڑا اونپر جس چیز پر ٹھٹھا کرتے تھے + مع +

اور ظاہر ہوگی اونکے لیے جزا بد اوس چیز کی کہ کی اور گھیرلے گی اونکو وہ چیز کہ ساتھ اوسکے ٹھٹھا کیا کرتے تھے + فتح + تفسیر + سَيِّـَٔاتُ مَا كَسَبُوا کے معنی ہین برائیان اعمال اونکے کی کہ جو کیے تھے یا برائیان کار بد کرنے اونکے کی یعنی شرک اور ظلم جو دوستان خدا پر کیے تھے وہ ظاہر ہونگی جسوقت کہ پیش کیے جاوینگے اعمالنامے اونکے اور پہلے تھین پوشیدہ اونپر جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے اَحۡصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوۡهُ یعنی یاد رکھا ہی اوسکو اللہ نے اور وہ بھول گئے ہین یا مراد یہ ہی کہ عذاب برائیون کے ظاہر ہونگے اور حاق الخ کے معنی ہین اوتریگا اور گھیرلیگا اونکو عذاب کہ ساتھ اوسکے ٹھٹھا کرتے تھے + مد + جلا + کشاف +

فَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ اِذَا خَوَّلۡنٰهُ نِعۡمَةً مِّنَّا قَالَ اِنَّمَاۤ اُوۡتِيۡتُهٗ عَلٰى عِلۡمٍ ؕ بَلۡ

سو جب لگے آدمی کو کچھ تکلیف ہمکو پکارے پھر جب ہم بخشین اوسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت کہے یہ تو مجکو ملی کہ آگے سے معلوم تھی کوئی نہین

هِيَ فِتۡنَةٌ وَّلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝

یہ جانچ ہے پر وہ بہت لوگ نہین سمجھتے + مو +

پس جب پہنچتی ہے آدمی کو سختی پکارتا ہے ہمکو پھر جب دیتے ہین ہم اوسکو کوئی نعمت اپنی طرف سے کہتا ہے سوائے اسکے نہین کہ دی گئی ہے یہ نعمت مجکو بنا بر دانش کے کہ مجھ مین ہے بلکہ یہ نعمت ایک آزمایش ہے ولیکن اکثر اونکے نہین جانتے + فتح + تفسیر + علی علم کے معنی یا تو یہ ہین عَلٰى عِلۡمٍ مِّنِّيۡ بِاَنِّيۡ سَاُعۡطَاهُ یعنی مین جانتا تھا کہ مجکو یہ کچھ ملیگا اسلیے کہ مجھمین فضل و استحقاق تھا اسکا اور یا یہ معنی ہین عَلٰى عِلۡمٍ مِّنَ اللّٰهِ بِيۡ وَبِاسۡتِحۡقَاقِيۡ یعنی اللہ مجکو جانتا تھا اور میرے مستحق ہونے کو اوسپر مجکو یہ کچھ دیا اور یا یہ معنی ہین عَلٰى عِلۡمٍ مِّنِّيۡ بِوُجُوۡهِ الۡكَسۡبِ یعنی سمجھ بوجھ جو طرح طرح کے کسبون کی مجھمین تھی اوس سبب سے مجکو ملا جیسے کہ کہا قارون نے عَلٰى عِلۡمٍ عِنۡدِيۡ بلکہ یہ آزمایش ہے یہ انکار ہے اوسکے لیے گویا کہ فرمایا کہ نہین ہے جو ہمنے تجکو نعمت اسلیے کہ جو تو کہتا ہے بلکہ آزمایش امتحان ہے تیرے لیے کہ دیکھین آیا تو شکر کرتا ہے یا ناشکری اور نہین جانتے ہین کہ یہ آزمایش ہے + تنبیہ + اس سے معلوم ہوا کہ بندے کو جو نعمت پہونچے اللہ کی طرف سے اوسکا شکر ادا کرے زبان سے بھی اور اعضا سے بھی اور ناشکری نکرے نہ زبان سے نہ اعضا سے فرماتا ہے اللہ تعالی لَئِنۡ شَكَرۡتُمۡ لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ وَلَئِنۡ كَفَرۡتُمۡ اِنَّ عَذَابِيۡ لَشَدِيۡدٌ ۝ یعنی جو اگر شکر کیا تمنے

البتہ زیادہ دونگا تمکو نعمت اپنی اور اگر ناشکری کی تمنے بلاشبہہ عذاب میرا سخت ہی پس جسکو اللہ تعالی دولت دیوے اچھی راہ مین صرف کرے بیجا صرف نکرے مصرع گر بدولت برسی مست نگردی مردی +

قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَى عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

کہہ چکے ہین یہ بات اونسے اگلے پھر کچھ کام نآیا اونکو جو کماتے تھے + موضح

تحقیق کہی تھی یہی بات اون لوگون نے کہ پہلے انسے تھے پس دفع نکیا اونکے سر سے بلا کو اوس چیز نے کہ کماتے تھے + فتح

تفسیر یہی بات یعنی اِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَى عِلْمٍ اون لوگون نے کہ پہلے انسے تھے یعنی قارون نے اور اوسکی قوم نے کہ کہا قارون نے إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَى عِلْمٍ عِنْدِي اور قوم اوسکی راضی تھی ساتھ اس بات کے پس گویا کہی اونھون نے بھی یہ بات اور جائز ہی کہ اگلی امتون مین سے اور لوگ ہون کہ اونھون نے کہا ہو مثل اسکے کماتے تھے یعنی متاع دنیا اور جمع کرتے تھے اوس سے + ملـ

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا

پھر پڑین اونپر برائیان جو کمائی تھین اور جو گنہگار ہین انمین سے اونپر بھی اب پڑتی ہین برائیان جو کمائی ہین

وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ۝

اور وہ نہین تھکا دینے والے + موضح

پس پونہچے اونکو عذاب اوس چیز کے کہ کیی اور اون لوگون نے کہ ظلم کیا اس جماعت مین سے پونہچیگا اونکو عذاب اوس چیز کا کہ کیا ہی اور نہین ہین یہ عاجز کرنے والے + فتح + تفسیر سیئات ما کسبوا یعنی جزا بد کردار اونکی اور ظلم کیا یعنی کفر کیا اور اس جماعت مین سے یعنی تیری قوم کے مشرکون مین سے پونہچیگا الخ یعنی قریب ہی کہ پونہچیگا اونکو مانند اوس چیز کے کہ پونہچی اگلون کو پس قتل کیے گئے سردار انکے بدر مین اور روکا گیا اونسے رزق پس قحط زدہ رہے سات برس تک اور نہین ہین یہ عاجز کرنے والے یعنی ہمارے عذاب سے نکل نہین سکتے پھر فراخی کی گئی اونکے لیے پس مینہہ برسائے گئے سات برس مین کہا گیا اونکے لیے اولم یعلموا الخ + ملـ

أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ ع

اور کیا نہین جان چکے کہ اللہ پھیلاتا ہی روزی جسکو چاہے اور ماپ کر دیتا ہی البتہ اسمین پتے ہین اون لوگون کو جو مانتے ہین + موضح

کیا نہین جانا ہی کفار نے کہ خدا کشادہ کرتا ہی رزق کو واسطے جسکے چاہے اور تنگ کرتا ہی واسطے جسکے چاہے تحقیق اسکا مین البتہ نشانیان ہین واسطے اوس قوم کے کہ ایمان لاتے ہین + فتح + تفسیر یعنی عقل دوڑانے مین تدبیر کرنے مین کوئی تنگی نہین کرتا پھر ایک کو روزی کشادہ ہی ایک کو تنگ جان لو کہ عقل کا کام نہین + موضح یقدر کے ایک معنی تو مذکور ہوئے اور بعضون نے کہا کرتا ہی اوسکو بقدر قوت کے اور بعضون نے کہا ماپ کر دیتا ہی ایمان لاتے ہین یعنی ساتھ اسکے کہ نہین ہی کوئی تنگ کرنے والا اور نہ فراخ کرنے والا سوائے اللہ عز و جل کے + ملـ

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ

کہہ دے اے بندو میرے جنھون نے زیادتی کی اپنی جان پر نہ آس توڑو اللہ کی مہر سے بیشک اللہ بخشتا ہی سب

جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝

گناہ وہ جو ہی وہی ہی معاف کرنے والا مہربان + موضح

کہہ میری طرف سے اے بندون میرے کہ تجاوز حد سے کی اوپر اپنے ناامید مت ہو خدا کی رحمت سے تحقیق خدا بخشتا ہی گناہون کو ساتھ تحقیق وہ ہی

بخشنے والا مہربان ✤ **فتح ✤ تفسیر** ✤ تجاوز حد سے کی یعنی گناہ بہت سے کیے ہین بخشتا ہی الخ یعنی سوا شرک کے اور بعضون
نے کہا کہ بیچ قرارت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور فاطمہ رضؓ کے ہی یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا وَّلَا یُبَالِیْ اور غفور کے معنی یہ ہین کہ
کہ ڈھانکتا ہی بڑے بڑے گناہ رحیم ہی کہ دور کرتا ہی بڑی بڑی سختیان اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین دوست رکھتا
مین یہ کہ میرے لیے دنیا اور دنیا کی چیزین ہون بدلے اس آیت کے پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ اور جو شخص شرک کرے پس چپ رہے
حضرتؐ ایک ساعت پھر فرمایا اَلَا وَمَنْ اَشْرَكَ یعنی آگاہ رہو اور جو شرک کرے اوسکے لیے بھی یہی حکم ہی یعنی بخشتا ہی شرک کو
بھی لیکن بعد توبہ کے اور اور گناہون کو بغیر توبہ کے بھی چاہے تو بخشدے کَمَا قَالَ الشَّیْخُ رحمہ اللہ فِیْ تَرْجَمَۃِ الْمِشْکٰوۃِ اور روایت
کیا گیا ہی کہ کتنے ایک لوگ اہل شرک مین سے کہ کفر و کبائر یعنی قتل و زنا اور اور بہت سے گناہون کے مرتکب تھے اونھون نے آنحضرت صلعم کے پاس
حاضر ہوکر عرض کیا کہ جس دین کی طرف تم بلاتے ہو ہی تو اچھا لیکن ہم اس شرط سے قبول کرتے ہین کہ خبر دو تم ہمکو اسکی کہ گناہ ہمارے
بخشے جاوینگے یہ آیت نازل ہوئی کہ اے محمدؐ میری طرف سے میرے بندون سے کہدو کہ تم نا امید نہو خدا سب گناہ بخشدیگا یعنی جب تم
اسلام لاؤگے اور بعضون نے کہا کہ یہ نازل ہوئی بیچ حق وحشی قاتل حضرت امیر حمزہؓ کے اور وہ مسلمان ہوا بعد اسکے پس کہا مسلمانون نے
یا رسول اللہ یہ حکم خاص اوسی کے لیے ہی یا عام ہی سب مسلمانون کے لیے فرمایا بلکہ سب مسلمانون کے لیے ہی ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا کسیکو طرف وحشی بیٹے حرب کے کہ جو قاتل تھا امیر حمزہ کا تاکہ بلاوے اوسکو طرف اسلام کے پس کہلا بھیجا اوسنے
خدمت بابرکت مین کہ اے محمدؐ کیونکر بلاتے ہو تم مجکو اسلام کی طرف اس حال مین کہ تم کہتے ہو کہ جسنے قتل کیا یا شرک کیا یا زنا کیا سزا پاویگا
دوچند کیا جاویگا اوسکے لیے عذاب اور ہمیشہ رہیگا اوسمین ذلیل اور مینے کیا ہی یہ سب کچھ پس آیا پاتے ہو تم میرے لیے رخصت پس
اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا یعنی مگر جسنے توبہ کی اور ایمان لایا اور کیا عمل صالح پس یہ جماعت ہی کہ بدل دیگا اللہ اونکی برائیون کو
حسنات سے اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان پس کہا وحشی نے یہ شرط شدید ہی اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا
پس شاید کہ مین نہ قادر ہون اوپر یعنی تینون باتون پر پس اوتاری اللہ تعالی نے اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَیَغْفِرُ
مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ یعنی بلاشبہ اللہ نہین بخشیگا شرک کو اور بخشدیگا اوس چیز کو کہ سوا اسکے ہی جسکے لیے چاہیگا پس
کہا وحشی نے یہ دیکھتا ہون بعد مشیت اوسکی کے یعنی مغفرت کو موقوف اپنے چاہنے پر رکھا پس نہین جانتا مین کہ بخشیگا مجکو یا نہین آیا
اسکے سوا کچھ اور بھی ہی پس اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ ساری آیت پس کہا
وحشی نے ہان یہ میرے ڈھب کی ہی پھر مسلمان ہوا پس کہا لوگون نے بلاشبہ ہمنے بھی کیا ہی جو کچھ کیا وحشی نے فرمایا کہ یہ سب مسلمانون کے
لیے ہی اور منقول ہی ابن عمرؓ سے کہ کہا نازل ہوئی یہ آیت بیچ حق عیاش بن ابی ربیعہ اور ولید بن ولید اور ایک جماعت کے مسلمانون مین
سے کہ اسلام لائے تھے پھر مرتد ہوگئے بسبب مار پیٹ کے پس ہم کہتے تھے کہ نہین قبول کرنے کا اللہ انسے فرض اور نہ نفل کبھی اسلیے کہ یہ مسلمان
ہوئے تھے پھر چھوڑ دیا انھون نے دین اپنا بسبب عذاب دیے جانے کے پس اوتارین اللہ تعالی نے یہ آیتین پس لکھا اونکو عمر بن الخطابؓ نے اپنے
ہاتھ سے پھر بھیجا اونکو طرف عیاش بن ربیعہ اور ولید وغیرہما کے پس اسلام لائے وہ اور ہجرت کی اور یہ بھی ابن عمرؓ سے روایت ہی کہ
کہا تھے ہم گروہ اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گمان کرتے اور کہتے کہ نہین ہی کوئی چیز حسنات ہماری سے مگر کہ وہ مقبول ہی یہانتک کہ
نازل ہوئی یہ آیت اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ یعنی فرمان برداری کرو اسکی اور فرمان برداری
کرو رسول کی اور نہ باطل کرو تم اعمال اپنے پس جب کہ اوتری یہ آیت کہا ہمنے کیا ہی یہ ایسی چیز کہ باطل کریگی ہمارے اعمال کو پھر کہا ہمنے

که وه کبائر اور فواحش هین کها ابن عمر رضنے پس تھے هم جب دیکھتے اوس شخص کو که کیا اون گناهون مین سے کچھ پس کهتے هم که تحقیق
هلاک هوا یه پس نازل هوئی یه آیت یعنی قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا پس باز رهے هم اس کهنے سے پس تھے هم جب دیکھتے
کسیکو که کیا هی انمین سے خوف کرتے هم اوسپر یعنی عذاب کا اور اگر نکیا انمین سے کچھ امید رکھتے هم واسطے اوسکے یعنی مغفرت کی
اور مراد اسراف سے ارتکاب کبائر کا هی اور ابو هریره رض روایت کرتے هین که نکلے نبی صلی الله علیه وسلم اوپر ایک جماعت کے اصحاب اپنے سے
که هنس رهے تھے اور باتین کر رهے تھے پس فرمایا آنحضرت صلعم نے قسم هی اوس ذات کی که جان میری اوسکی هاتھه مین هی اگر جانو تم
اوس چیز کو که جانتا هون مین البته هنسو تم تھوڑا اور روؤ تم بهت پھر پھرے حضرت صلعم اور رونے لگے لوگ پس وحی بھیجی الله تعالی نے طرف
آنحضرت صلعم کے که ای محمد صلعم کیون ناامید کرتا هی تو میرے بندون کو پس پھرے نبی صلی الله علیه وسلم اور فرمایا خوش رهو تم اور اپنے اعمال
مستقیم کرو راه حق پر اور نزدیکی ڈھونڈھو تم الله تعالی کے ساتھه بجا لانے طاعتون کے اور ابن مسعود رض سے منقول هی که وه داخل هوئے
مسجد مین پس ناگهان دیکھا ایک واعظ کو که وه ڈرا رها تھا آگ دوزخ سے پس کها ای ڈرانے والے آگ سے کیون ناامید کرتا لوگون کو کیا نهی
پڑھی یه آیت یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اور کها حضرت علی رض نے که
کون سی آیت وسیع تر هی پس شروع کیا لوگون نے ذکر کرنا آیتون کا قرآن مین سے مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَهٗ الآیه اور مانند
اسکے پس کها حضرت علی رض نے که نهین هی قرآن مین کوئی آیت وسیع تر قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا الخ سے اور ابن عباس
سے هی بیچ تفسیر آیت یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا الخ کے که کها بلایا الله تعالی نے اپنی مغفرت کی طرف اون لوگون کو که کهتے
تھے مسیح وهی الله هی اور اونکو که کهتے تھے مسیح بیٹا الله کا هی اور اونکو که کهتے تھے عزیر بیٹا الله کا هی اور اونکو که کهتے تھے الله
فقیر هی اور اونکو که کهتے تھے هاتھه الله کا بند کیا گیا هی یعنی عیاذا بالله ممسک هی که دیتا نهین اور اونکو که کهتے تھے الله تیسرا
تین مین کا هی فرماتا هی الله تعالی ان سبکو که آیا توبه نهین کرتے تم طرف الله کے اور بخشش نهین مانگتے تم اوس سے حال آنکه الله غفور رحیم هی
پھر بلایا طرف توبه کے اوسکو که جسنے بهت بڑی بات کهی که کها اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰی یعنی یه فرعون تھا که کها مین رب اعلی
تمھارا هون اور کها مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرِیْ یعنی یه بھی فرعون نے کها که نهین جانتا مین تمھارے لیے کوئی معبود
سوا اپنے کها ابن عباس رض نے که جسنے ناامید کیا بندون کو توبه سے بعد اسکے پس تحقیق انکار کیا اوسنے کتاب الله کا ولیکن نهین
قادر هوتا بنده توبه کرنے پر یهان تک که توفیق دے توبه کی الله اوسکو اور عبید بن عمیر سے روایت هی که کها ابلیس نے کها ای رب
میرے تو نے نکالا مجکو جنت سے بسبب آدم کے اور مین نهین طاقت رکھتا هون اوسپر یعنی اونکے بهکانے وغیره پر مگر ساتھه حکومت
وقدرت تیری کے فرمایا الله تعالی نے پس تو مسلط هی اوسپر کها ابلیس نے ای رب میرے زیاده دے مجکو کچھه اور فرمایا نهین پیدا کیا جاویگا
اوسکے لیے کوئی فرزند مگر که پیدا کیا جاویگا تیرے لیے مثل اوسکے کها ابلیس نے ای رب میرے زیاده دے مجکو فرمایا سینے اونکے رهنے کی
جگهین هین تمھارے لیے اور جاری هوگے تم اونکے خون کے جاری هونے کی جگهه کها ابلیس نے ای رب میرے زیاده دے مجکو فرمایا پکار لا اونپر اپنے
سوار اور پیادے اور ساجھا کر اونسے مال اور اولاد مین اور وعدے دے اونکو اور کچھه نهین وعده دیتا اونکو شیطان مگر دغابازی کها آدم
علیه الصلوة والسلام نے که ای رب میرے تحقیق مسلط کیا تو نے اوسکو مجپر اور مین نهین بچ سکتا هون اوس سے مگر ساتھه مدد تیری کے فرمایا که
نهین پیدا کیا جاویگا تیرے لیے کوئی فرزند مگر که متعین کرونگا مین اوسپر اوسکو که محفوظ رکھیگا اوسکو همنشین سے یعنی فرشته متعین
کرونگا که شیطان سے بچاویگا اوسکو کها حضرت آدم ع نے ای رب میرے زیاده دے مجکو فرمایا که ایک نیکی برابر دس کے یا زیاده اور برائی ایک کی ایک
یا مٹادونگا اوسکو کها ای رب میرے زیاده دے مجکو فرمایا دروازه توبه کا کھلا هوا هی جب تک که روح بدن مین هی کها ای رب میرے اور زیاده دے

مجکو فرمایا یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ شیطان نے عرض کیا پروردگار سے
قسم ہی تیری عزت کی ای رب میرے ہمیشہ گمراہ کرتا رہونگا تیرے بندون کو جبتک کہ ارواح اونکی اونکے بدنون مین ہونگی پس فرمایا پروردگا
عزوجل نے قسم ہی اپنی عزت اور بزرگی کی اور بلندی مرتبے اپنے کی کہ ہمیشہ بخشتا رہونگا مین اونکو جبتک کہ بخشش مانگتے رہین گے مجھسے اور فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ اللہ تعالی پھیلاتا ہی ہاتھ اپنا رات کو تو کہ توبہ کرے گنہ کرنے والا دن کا اور پھیلاتا ہی ہاتھ
اپنا دن کو تو کہ توبہ کرے گناہ کرنے والا رات کا یہانتک کہ نکلے آفتاب مغرب کی طرف سے **شعر** اوسنے خود ہمکو کیا ہی شاد شاد +
کہکے واللہ رؤف بالعباد + **ف** پھیلانا ہاتھ کا کنایہ ہی طلب کرنے سے اسلیے کہ عادت ہی لوگون کی کہ جب کسی سے کچھ مانگتے
ہین تو ہاتھ پھیلاتے ہین اوسکے آگے پس معنی یہ ہین کہ بلاتا ہی گنہگارون کو توبہ کی طرف اور بعضون نے کہا کہ یہ کنایہ ہی وسعت مغفرت
ورحمت سے اور یہانتک کہ نکلے آفتاب الخ یعنی جب طلوع ہوگا آفتاب مغرب کی طرف سے تو دروازہ توبہ کا بند ہوجاویگا پھر کسیکی توبہ نہین قبول
ہونے کی **ع** + چنانچہ فرماتا ہی یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیٰتِ رَبِّكَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ
اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وحی بھیجی اللہ تعالی نے طرف داؤد ع کے کہ ای داؤد تحقیق ایک بندہ میرے بندون مین سے
البتہ لاویگا میرے پاس ایک نیکی پس حکم کرونگا مین اوسکو جنت کے داخل کرنے کا کہا داؤد ع نے کہ کیا نیکی ہوگی وہ فرمایا ایک سختی
دور کی ہوگی مومن سے عرض کیا داؤد ع نے کہ بار خدایا سزاوار ہی اوس شخص کو کہ پہچانے تجکو حق پہچاننے تیرے کا یہ کہ ناامید نہو تجھسے
نظم یارب دل من بتوبہ رو میخواہد + عذری بتو از روی سیہ میخواہد + در معصیتی نکردہ ام تقصیری + چون عفو تو بسیار گنہ میخواہد +
زاہد مکند گنہ کہ قہاری تو + ما غرق گناہیم کہ غفاری تو + او قہارت خواند من غفارت + آیا بکدام نام خوشداری تو + ہی خوف
اگر مجکو تو ہی تیرے غضب سے + اومید مجکو بھروسا ہی تو ہی تیرے کرم کا + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہا مجھسے جبرئیل علیہ الصلوۃ
والسلام نے ای محمد بلاشبہہ اللہ خطاب کریگا مجھسے روز قیامت کے پس فرماویگا ای جبرئیل کیا ہی مجکو کہ دیکھتا ہون فلانے بیٹے فلانے کو
دوزخیون کی صفون مین پس کہونگا مین رب میرے بلاشبہہ ہم نہین پاتے اوسکے لیے کوئی نیکی کہ پونہچے اوسکو خیر اوسکی آج کے دن پس فرماویگا
اللہ تعالی کہ بلاشبہہ مینے سنا تھا اوسکو دار دنیا مین کہ کہتا تھا یا حَنَّانُ یا مَنَّانُ پس جا تو اوسکے پاس اور پوچھ اوس سے کہ کیا مراد
رکھتا تھا یا حَنَّانُ یا مَنَّانُ کے کہنے سے پس آؤنگا مین اور پوچھونگا اوس سے پس کہے گا وہ کیا حنان و منان اور بھی کوئی ہی اللہ کے
سوائے پس پکڑونگا مین ہاتھ اوسکا یعنی موجب حکم الہی کے دوزخیون کی صفون سے پھر داخل کرونگا مین اوسکو جنتیون کی صفون مین اور
حضرت علی بن ابی طالب رض سے ہی کہ کہا جوان پاک صاف وہ ہی کہ نہ ناامید کرے لوگون کو اللہ کی رحمت سے اور نہ رخصت دے اونکو اللہ کے
گناہ کرنے کی اور نہ نڈر کرے اونکو عذاب خدا سے اور نہ چھوڑدے قرآن کو اعراض کرکر اوس سے درحالیکہ رجوع کرنے والا ہو طرف غیر اوسکے کے
بلاشبہہ نہین بھلائی ہی اوس عبادت مین کہ نہو علم اوسمین اور نہ خیر اوس علم مین ہی کہ نہ سمجھ ہو اوسمین اور نہ وہ قراءت بہتر ہی کہ جسمین
تدبر نہو یعنی سوچ سمجھ نہو زید بن اسلم سے منقول ہی کہ کہا ایک شخص تھا اگلی امتون مین کہ مشقت کرتا تھا عبادت مین اور سختی ڈالتا تھا اپنے
نفس پر اور ناامید کرتا تھا یعنی لوگون کو اللہ کی رحمت سے پھر مرا وہ پس کہا ای رب میرے کیا ہی میرے لیے تیرے پاس فرمایا آگ جہنم کی
کہا اوسنے کہ پس کہان گئی عبادت میری اور مشقت میری پس کہا گیا اوسکے لیے کہ تو ناامید کرتا تھا لوگون کو میری رحمت سے اور مین
ناامید کرونگا تجکو آج اپنی رحمت سے **فرد** بر من مسکین ای قہرت مکن + ہرچہ خواہی کن ولیکن این مکن + عکرمہ بن عمار روایت
کرتے ہین کہ داخل ہوا مین مدینے کی مسجد مین پس پکارا مجکو ایک بڑے بوڑھے نے پس کہا ای یمانی اور مین پہچانتا تھا اوسکو پس کہا

نکہ تو کسی شخص کو کہ نہین بخشیگا تجکو اللہ کبھی اور نہین داخل کریگا تجکو بہشت مین کہا مینے کون ہو تم اللہ رحمت کرے تیرے کہا ا‌و‌سنے
مین ابوہریرہ ہون پس کہا مینے کہ یہ کلمہ کہتا ہی ایک ہم مین کا اپنے بعضے گھر والون کو جب کہ غصے ہوتا ہی یا کہتا ہی اپنی بیوی کو
یا اپنے خادم کو کہا ابوہریرہ رضنے پس بلاشبہ سُنا ہی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے دو شخص تھے بنی اسرائیل مین
آپسمین دوست ایک اونمین سے بہت محنت کھینچتا تھا بندگی کرنے مین اور دوسرا کہتا تھا کہ مین گنہگار ہون یعنی اقرار کرتا تھا
اپنے گناہ کا پس شروع کیا عبادت کرنے والے نے کہ کہتا تھا گنہگار کو باز آ اوس چیز سے کہ تو اوسمین ہی یعنی گناہ سے پس کہتا
گنہگار کہ چھوڑ مجکو ساتھہ پروردگار میرے کے یعنی اسلیے کہ وہ غفور رحیم ہی یہان تک کہ پایا اوس عابد نے اوسکو ایکدن ایک گناہ پر
کہ بڑا جانا اوسکو پس کہا باز آ پس کہا گنہگار نے چھوڑ دے مجکو ساتھہ پروردگار میرے کے کیا بھیجا گیا ہی تو مجپر دارو غہ پس کہا
عبادت کرنے والے نے قسم ہی خدا کی نہین بخشیگا اللہ تجکو کبھی اور نہ داخل کریگا تجکو بہشت مین پس بھیجا اللہ تعالی نے طرف
اون دونون کے فرشتہ پس قبض کین روحین اون دونون کی پس اکٹھے ہوئے دونون یعنی ارواحین اونکی نزدیک اللہ تعالی کے یعنی برزخ
یا عرش کے نیچے پس فرمایا گنہگار کو داخل ہو بہشت مین بسبب رحمت میری کے اور فرمایا دوسرے کو کہ کیا طاقت رکھتا ہی تو یہ کہ
محروم کرے بندے میرے کو میری رحمت سے پس کہا اوسنے کہ نہین طاقت رکھتا مین اے پروردگار میرے فرمایا پروردگار نے فرشتون کو
یعنی جو کہ دوزخ پر متعین ہین کہ لیجاؤ اسکو طرف دوزخ کے **ف** اوس شخص نے جو عُجب اختیار کیا اپنے عمل پر اور حقیر جانا اوس
گنہگار کو اور کہا کہ اللہ تعالی نہین بخشنے کا تجکو مستحق عذاب کا ہوا اسی لیے کہا ہی کسی بزرگ نے جو گناہ کہ باعث ہو ذلیل و حقیر
جاننے کا اپنے تئین وہ بہتر ہی اوس طاعت سے کہ لازم کرے عُجب و تکبر کو ✤ **ع** ✤ **در منثور من معالم** ✤
مشکوۃ ✤ تنبیہ ✤ ان روایتون مین جو بیان کمال وسعت رحمت باری تعالی کا اور تاکید نا امید ہونے کی اللہ تعالی کی
رحمت سے مذکور ہوئی اس سے کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ بس جب وہ غفور رحیم ہوا تو بندگی کرنی اوسکی کیا ضرور ہی اسلیے کہ یہ عقیدہ
ٹھہرا ہوا ہی اہل سنت کا اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ یعنی ایمان درمیان مین ہی خوف و امید کے ڈرتا بھی رہے
اوسکے عذاب سے اور امیدوار بھی رہے اوسکے کرم کا اور حضرت علی فرماتے ہین **قطعہ** اَیَا صَاحِبَ الذَّنْبِ لَا تَقْنَطَنْ ✤
فَاِنَّ الْاِلٰہَ رَؤُفٌ رَؤُفٌ ✤ وَلَا تَرْحَلَنَّ بِلَا عُدَّۃٍ ✤ فَاِنَّ الطَّرِیْقَ مَخُوْفٌ مَخُوْفٌ ✤ یعنی اے گنہگار
نا امید نہو اسلیے کہ اللہ بڑا مہربان ہی بڑا مہربان ہی اور نہ کوچ کر بغیر سامان کے اسلیے کہ راہ دہشتناک ہی دہشتناک ہی اور یہی مضمون
ان فارسی کے شعرون مین ہی **قطعہ** غافل مرو کہ مرکب مردان مرد را ✤ در سنگلاخ بادیہ پیہا بریدہ اند ✤ نومید ہم مباش کہ رندان
بادہ نوش ✤ ناگہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند ✤ رابعہ شامیہ زوجہ حضرت احمد بن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہما حالت خوف مین اکثر
یہ رباعی پڑھتی تھین **رباعی** زَادِیْ قَلِیْلٌ لَا اَرَاہُ مُبَلِّغِیْ ✤ فَلِلزَّادِ اَبْکِیْ اَمْ لِطُوْلِ مَسَافَتِیْ ✤ اَتُحْرِقُنِیْ
بِالنَّارِ یَا غَایَۃَ الْمُنٰی ✤ فَاَیْنَ رَجَائِیْ مِنْکَ وَاَیْنَ مَخَافَتِیْ ✤ **قطعہ** توشہ تھوڑا ہی میرا اے یارو ✤ مین منزل تک
وصول کہان ✤ توشے پر روؤن یا مسافت پر ✤ دوستو تم بتاؤ جاؤن کہان ✤ کیا میرے رب مجھے جلاویگا ✤ خوف میرا کہان رجا ہی کہان ✤

وَاَنِیْبُوْٓا اِلٰی رَبِّکُمْ وَاَسْلِمُوْا لَہٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ○

اور رجوع ہو اپنے رب کی طرف اور اوسکی حکم برداری کرو پہلے اس سے کہ آوے تمپر عذاب پھر کوئی تمہاری مدد نہ آویگا ✤ **مو**

اور رجوع کرو طرف پروردگار اپنے کے اور تابعدار ہو اوسکے پہلے اسکے کہ آوے تمکو عذاب پھر مدد نہ کیے جاؤگے ✤ **فتح** ✤

تفسیر ✤ جب اللہ تعالی نے اسلام غالب کیا جو کافر دشمنی مین لگے تھے سمجھے کہ حق اس طرف اللہ ہی اور پچھتانے لیکن

شرمندگی سے مسلمان نہوے کہ اب ہماری مسلمانی کیا قبول ہوگی دشمنی کی لڑائی لڑے جانین مارین تب اللہ نے یہ فرمایا کہ ایسا گناہ کوئی نہین جسکی توبہ اللہ نہ قبول کرے نا امید مت ہو توبہ کرو اور رجوع ہو بخشے جاؤگے مگر جب سر پر عذاب آیا یا موت نظر آنے لگی تب کی توبہ قبول نہین ہے ✣ موضح ✣ بیت بردر آمد بندہ بگریختہ ✣ آبروی خود بعصیان ریختہ ✣ وانیبوا یعنی اور توبہ کرو طرف اوسکے واسلموا یعنی اور خالص کرو اوسکے لیے عمل پھر مدد نہ کیے جاؤگے اگر توبہ نہ کی تمنے پہلے اونے عذاب کے ✣ مد ✣

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝

اور چلو بہتر بات پر جو اوتری تمکو تمہارے رب سے پہلے اس سے کہ پونہچے تمپر عذاب اچانک اور تمکو خبر نہو ✣ موضح ✣

اور پیروی کرو بہترین اوس چیز کی کہ اوتاری گئی طرف تمہارے پروردگار تمہارے کی جانب سے پہلے اسکے کہ آوے تمکو عذاب ناگہان اور تم خبردار نہوؤ ✣ فتح ✣ تفسیر ✣ اور پیروی کرو بہترین الخ یہ مانند اوس قول اللہ تعالی کے ہے جو اوپر گذرا الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ناگہان یعنی یکایک آجاوے عذاب اس حال مین کہ تم غافل ہو گویا تمکو کچھ خبر نہین ہونے کی بسبب نہ یاد کی غفلت کے ✣ مد ✣ بہترین اوس چیز کی الخ یعنی قرآن کی اور قرآن سارا حسن یعنی اچھا ہی اور معنی آیت کے یہ ہین جو حسن بصری رح نے کہے کہ لازم کرو طاعت اوسکی اور بچو نافرمانی اوسکی سے اسلیے کہ قرآن مین ذکر قبیح یعنی بُری چیزونکا ہی تاکہ بچے اونسے اور ذکر ادون یعنی حقیر چیزون کا ہی تاکہ نہ رغبت کرے اوسمین اور ذکر احسن یعنی بہت اچھی چیزونکا ہی تاکہ اختیار کرے اونکو ✣ معا ✣ خبردار نہو یعنی جانتے نہو اوسکے آنے کے پہلے اوسکے وقت کو اور مراد احسن سے عزیمت اور حکم خدا کا ہی ساتھ لازم کرنے طاعت کے اور بچنے کے گناہون سے والا تمام قرآن حسن ہی اس جہت سے کہ کلام الہی ہی اگرچہ اوسمین کلام قبیح کفار کا وغیر ذلک مذکور ہی ✣ بحر ✣ جلا ✣

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۝

کہین کہنے لگے کوئی جی ای افسوس جس سے مینے کمی کی اللہ کی طرف سے اور مین تو ہنستا ہی رہا

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ

یا کہنے لگے اگر اللہ مجکو راہ دیتا تو مین ہوتا ڈروالون مین یا کہنے لگے جب دیکھے عذاب کسی طرح

اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

مجکو پھر جانا بنے تو مین ہون نیکی والون مین ✣ موضح ✣

رجوع خدا کی طرف کرو اور اتباع قرآن کا کرو بجہت خوف اسکے کہ کہے کوئی شخص ای افسوس اوپر اسکے کہ تقصیر کی مینے بیچ حق خدا کے اور تحقیق مین تھا ٹھٹھا کرنے والون سے یا کہے اگر خدا ہدایت کرتا مجکو البتہ ہوتا مین پرہیزگارون سے یا کہے جسوقت کہ دیکھے عذاب کو کاشکے ہو مجکو پھر جانا یعنی دنیا مین تو کہ ہوؤن مین نیکی کرنے والون سے ✣ فتح ✣ تفسیر ✣ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ یعنی بیچ حکم خدا کے یا بیچ طاعت خدا کے یا بیچ ذات خدا کے یا بیچ طریق خدا کے اور وہ توحید اوسکی ہی اور اقرار کرنا ساتھ نبوت نبی اوسکے کے یعنی محمد علیہ السلام کے یا بیچ حق خدا کے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین بیٹھی کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کیا اللہ کو اوسمین مگر کہ ہوگی وہ مجالس اونپر حسرت دن قیامت کے اگرچہ ہون اہل بہشت سے عرض کیا صحابہ نے کہ کیون ہوگی حسرت فرمایا دیکھینگے ثواب مجالس کا کہ یاد کیا تھا اوس مجلس والون نے اللہ کو اوسمین اور نہین دیکھینگے ثواب اس مجلس کا کہ جسمین ذکر نہین ہوا تھا پس ہوگی حسرت اونپر اور قتادہ سے ہی بیچ تفسیر اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ

لَمِنَ السّٰخِرِیْنَ ○ سے کہ کہنا کفایت کیا اوسکو یہ کہ ضائع کرے طاعت اللہ کی یہانتک کہ ٹھٹا کیا اہل طاعت کیساتھ اور یہ قول ایک قسم کا ہوگا اونمین سے اور اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰہَ ھَدٰىنِیْ لَکُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ○ قول اور ایک قسم کا ہوگا اونمین سے اور اَوْ تَقُوْلَ حِیْنَ الخ اور قسم کا ہوگا اونمین سے فرماویگا اللہ تعالیٰ ازراہ رد کرنے قول اونکے اور جھٹلانے اونکے بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ الخ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر دوزخی کو دکھائی جاویگی جگہہ اوسکی جنت مین پس کہیگا لَوْ اَنَّ اللّٰہَ ھَدٰىنِیْ پس ہوویگا یہ کہنا اوسکا ازراہ حسرت کے اور ہر اہل جنت کو دکھائی جاویگی جگہہ اوسکی دوزخ مین پس کہیگا لَوْلَآ اَنْ ھَدٰىنَا اللّٰہُ پس ہوویگا یہ کہنا اوسکا ازراہ شکر کے پھر پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ یّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰہِ اور ہدایت کرتا مجکو یعنی دیتا مجکو ہدایت اور ہوتا مین پرہیزگارون سے یعنی اون لوگون مین سے کہ بچتے ہین شرک سے کہا شیخ امام ابو منصور نے کہ یہ کافر زیادہ پہچانتا ہی اللہ کی ہدایت کو معتزلہ سے اور ایسے ہی یاد دیہانتے ہین وہ کافر کہ جو کہینگے اپنے تابعدارون سے لَوْ ھَدٰىنَا اللّٰہُ لَھَدَیْنٰکُمْ یعنی اگر توفیق دیتا ہمکو اللہ ہدایت کی اور دیتا ہمکو ہدایت البتہ بلاتے ہم تمکو طرف اوسکے ولیکن جانا ہمنے اختیار کرنا گمراہی کا پس نہ مدد کی ہماری اور نہ توفیق دی ہمکو اور معتزلہ کہتے ہین بلکہ ہدایت کیا اونکو اور دی اونکو توفیق لیکن اونھون نے ہدایت نپائی اور حاصل یہ کہ اللہ کے پاس لطف یعنی مہربانی ہی جسکو دی وہ راہ پائی اور وہ لطف توفیق اور عصمت یعنی بچاؤ گناہ سے ہی اور جسکو نہ دی وہ گمراہ ہوا اور ہوا مستحق ہونا اوسکا عذابکو اور ضائع کرنا اوسکا حق کو بعد اسکے کہ قدرت دی اللہ نے اوسکو حاصل کرنے ہدایت کی اور نیکی کرنے والون سے یعنی موحدون سے ✣ **مل درمنثور**

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ○

کیون نہین پہونچ چکے تھے تجکو میرے حکم پھر تو نے اونکو جھٹلایا اور غرور کیا اور تو تھا منکرون مین ✣ **مو**

اوسوقت خدا فرماویگا ہان آئین تھین تیرے پاس آیتین میری پس جھٹلایا تو نے اونکو اور تکبر کیا تو نے اور ہوا تو کافرون سے ✣ **فتح**

تفسیر ✣ لفظ بلیٰ رد ہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اوسپر گویا کہ وہ فرماتا ہی ہان آئین تھین تیرے پاس آیتین میری یعنی قرآن اور وہ سبب ہدایت کا ہی کیا اوسمین بیان کردی تھی مینے تیرے لیے ہدایت جدا کرکر گمراہی سے اور راہ حق جدا کرکر باطل سے اور قدرت دی تھی مینے تجکو بیچ اختیار کرنے ہدایت کے گمراہی پر اور بیچ اختیار کرنے حق کے باطل پر لیکن چھوڑ دیا تو نے اوسکو اور ضائع کیا تو نے اور تکبر کیا تو نے اوسکے قبول کرنے سے اور اختیار کیا تو نے گمراہی کو ہدایت پر اور مشغول ہوا تو خلاف مین اوس چیز کے کہ حکم کیا گیا تھا پس واسطے اسکے نہین کہ آیا ضائع کرنا تیری جانب سے پس نہین ہی کچھ عذر تیرے لیے اور بلیٰ جواب ہی نفی تقدیری کا اسلیے کہ معنی لَوْ اَنَّ اللّٰہَ ھَدٰىنِیْ کے ہین مَا ھُدِیْتُ یعنی نہ ہدایت کیا گیا مین ✣ **مل**

وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَى الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِیْنَ ○

اور قیامت کے دن تو دیکھے اونکو جو جھوٹھ بولتے ہین اللہ پر اونکے مونہہ سیاہ کیا نہین دوزخ مین ٹھکانا غرور والون کو ✣ **مو**

اور روز قیامت کے دیکھیگا تو اون لوگون کو کہ جھوٹھ باندھا خدا پر مونہہ اونکے سیاہ ہو گئے ہین کیا نہین ہی دوزخ مین جاے متکبرون کے لیے ✣ **فتح** ✣ **تفسیر** ✣ جھوٹ باندھا یعنی ساتھ نسبت کرنے شریک اور اولاد کے طرف اوسکے اور نفی کرنے صفات اوسکے جگہہ متکبرون کے لیے یہ اشارہ ہی طرف قول اللہ تعالیٰ کے وَاسْتَكْبَرْتَ ✣ **مل** ✣ حدیثین تکبر کی برائی کی اور مسئلہ اوسکا تفصیل سے

مل — بیوی کا... یعنی ہان ہدایت کیا تھا تجکو اور آئین تھین آیتین میری
مل — وزد وجوھھم ... والمسودۃ ... علی الحال ان کان ترٰی من رؤیۃ البصر وان کان من رؤیۃ القلب فمفعول ثان ✣ مل ✣

سورۂ ص کے اخیر مین بیچ ضمن تفسیر آیت قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ کے گذر چکا ہی جو چاہے وہان سے دیکھ لے اور
مسئلے غرور اور عجب کے کہ وہ بھی اقسام تکبر سے ہین یہان مذکور ہوتے ہین گوش ہوش سے سُننے چاہیین ✝ **مسئلہ**

مسئلۂ غرور

غرور پندار بھی آدمی کے لیے بلائے عظیم ہی اور نابود کرنے والا عمل کا اور کھینچنے والا طرف عذاب کے ہی اور مغرور اوسکو کہتے ہین
کہ ساتھ ذات اور صفات اور اعمال اپنے کے گمان کمال اور بھلائی کا لیجاوے اور بدلے اپنے عمل کے سبب سے حق خدا پر اپنے لیے لازم
جانے اور آفت اور ردّ اعمال اپنے سے غافل ہو اور خاتمہ بد سے اور مواخذے سے نڈر ہو اور سبب اسکا نہ جاننا فعالی اور جباری
خدا کا اور بے پروائی اوسکی کا ہی اگرچہ صاحب غرور ظاہر مین علم وعمل رکھتا ہو اور اکثر علما اور فقرا اور زہاد سے اس بلا مین مبتلا
ہین گروہ علما سے بعضے ایسے ہین کہ بسبب حاصل کرنے علم کے مغرور ہوکر جانتے ہین کہ ہم ماخوذ نہین ہونگے بلکہ بہت ہماری
شفاعت سے نجات پاوینگے اور یہ فرق نہین جانتا ہی کہ مقصود علم سے عمل ہی اور نجات وعدہ کی گئی عمل پر ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے
اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ یعنی جنتیون کو فرماویگا کہ داخل ہو تم جنت مین بسبب اوس چیز کے کہ عمل کرتے
تھے تم اور عالم بے عمل کے حق مین آیا ہی مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ
اَسْفَارًا یعنی مثال اون لوگون کی کہ علم توریت دیے گئے ہین پھر عمل نہین کرتے ہین اوسپر مانند مثال گدھے کے ہی کہ اوٹھائے
پھرتا ہی بوجھ کتابون کا یعنی جیسے گدھے کو اپنے اوپر لدی کتابون سے کچھ فائدہ نہین ویسے ہی اسکو علم نے کچھ فائدہ نہ دیا مثل مشہور ہی
عالم بے عمل کو کہا کرتے ہین کہ گدھے پر کتابین لادین اور رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ کسیکو قیامت مین عذاب زیادہ تر اوس عالم
سے نہین ہونے کا کہ جسنے اپنے علم پر عمل نکیا اور ایک اور گروہ علما کے عمل بھی رکھتے ہین لیکن باطن کو حسد اور کینے اور ریا اور عجب
سے پاک نہین کرتے اور رسولؐ کی خبر سے غافل ہین کہ فرمایا جسکے دل مین ایک ذرہ کبر ہو جنت مین نہین جانے کا اور حسد ایمان کو
تباہ کرتا ہی اور تھوڑا سا ریا شرک ہی اور ایک گروہ اسکو بھی جانتے ہین اور پھر پندار مین ہین کہ ہم اس سے پاک ہین اور حقیقت مین
پاک نہین ہوتے اور ایک گروہ اصل علم مین غرور رکھتے ہین اور فریب مین ہین یعنی جو علم کہ دینی ہی اوسکو ترک کرکر علم مناظرہ اور کلام اور
مانند انکے کے مین مشغول ہین اور جانتے ہین کہ علم یہی ہی اور یہ نہین جانتے کہ یہ علوم باز رکھنے والے خدا اور عبادت اور آخرت سے ہین اور
ایک گروہ اہل غرور سے عابد ہین کہ بعضے اونمین سے نوافل مین تو مستغرق ہین اور فرائض سے خبر نہین رکھتے اور اگر فرائض ادا بھی
کرتے ہین تو بے طور نہ جماعت سے غرض ہی نہ ادائے احکام وارکان وغیرہ کا دھیان وظیفے کے سبب سے اوس جماعت کو ترک کرین کہ صحابہ
جسکے حق مین کہتے تھے کہ جماعت ہم مین نہین ترک کرتا تھا مگر معلوم النفاق اور جو صحابی بیمار ہوتے تھے تو دو آدمی بغلون مین ہاتھ دیکر
پانون گھسیٹتے لاتے تھے اور بعضے بسبب وسوسون کے طہارت مین نماز کو وقت سے بے وقت کر دیتے ہین اور احتیاطین نامشروع تو کرتے ہین
اور وقت لین دین کے کچھ تفتیش حلال وحرام کی نہین کرتے ہین بلکہ سب کو حلال جانتے ہین اور نہین جانتے کہ اصل سب چیز کی لقمہ ہی اور
لقمۂ حلال نورانیت دل مین پیدا کرتا ہی اور حرام ظلمت اور بعضے کلام اللہ پڑھتے وقت فقط حروف ہی کے ادا کرنے مین رہتے ہین اور معانی
اوسکے تفکر نہین کرتے ہین اور نہین جانتے کہ مقصود حضور دل ہی اور بعضے ہر روز ختم قرآن کرتے ہین اور بہت عمل کو دوست رکھتے ہین اور
نہین جانتے کہ مقصود اوس سے تدبر وتفکر ہی اور وہ سوائے آہستگی اور قرات کے ہاتھ نہین آتا اور بہت عمل بغیر حضور اور اخلاص کے کام نہین آتا
اور ایک گروہ اہل غرور سے فقرا ہین کہ ساتھ صورت اور کلام تصوف کے مغرور ہین اور نہین جانتے کہ اصل تصوف کی تصفیہ دل کا اور
تزکیہ نفس کا اور حاصل کرنا قرب ومعرفت الہی کا ہی اور بعضے اپنے بسبب دیکھنے بعضی غیب کی چیزون کے کہ بسبب ریاضت کے اونپر
منکشف ہوتی ہین مغرور ہوتے ہین اور جانتے ہین کہ غایت کار تصوف کی یہی ہی اور بعضے بسبب وسوسون شیطانی کے گرفتار ہوکر ترک

اوامر کا کرتے ہین اور منہیات کے مرتکب ہوتے ہین اور کہتے ہین کہ دل ہمارا ساتھ خدا کے ہی احتیاج عمل ظاہر کی کیا ہی اور نہین جانتے
کہ انبیا اور اولیا نے باوجود نہایت قرب کے عمل ظاہر کو نہین ترک کیا ہی اور ترک کرنا اوسکا موجب دوری اور غضب الٰہی کا ہی اور
خلاف سیرت صالحون اور عاشقان الٰہی کا ہی پس دل کو ان سب وسوسون اور برائیون سے پاک کرنا چاہیے اور ایک گروہ اہل غرور سے
مالدار ہین کہ مال حرام کو خیرات مین صرف کرکر امیدوار ثواب کے ہوتے ہین اور اپنے اس کام پر مغرور ہوتے ہین اور نہین جانتے کہ پھیر دینا
مال حرام کا اوسکے مالک کو فرض ہی اور بسبب تصرف کرنے کے اوسمین مستحق عذاب کے ہوتے ہین اور بعضے مال حلال کو بھی خرچ کرتے
ہین تو واسطے ریا یعنی دکھلانے اور نام و نمود کے خرچ کرتے ہین اور نہین جانتے کہ ریا حبط کرنے والا عملون کا ہی اور اگر ریا بھی نہو
تو غیر مشروع مین خرچ کرتے ہین اور ایک وہ لوگ ہین کہ زکوۃ تو ندین اور اور جگہہ خرچ کرین اور بعضے زکوۃ دین لیکن اللہ کے لیے ندین
اور ایسون کو دین کہ خدمت یا تعریف یا اور غرض کی اونسے امید رکھین اور یہ فرقے اور مانند انکے کو ان تمام برائیون اور غرور و پندار
سے پاک ہوکر تمام اعمال اپنے کو موافق شریعت اور طریقت اور سیرت صلحا کے کرنا چاہیے اور کبر اور عجب سے دور ہونا چاہیے تا عبادت خیرات
لیاقت قبولیت کی اللہ کے نزدیک رکھین والا رنج بے فائدہ ہی ✣ **مسئلہ** عجب اور خود بینی بھی مفسد عمل کے اور محروم
کرنے والے توفیق الٰہی سے اور باعث رسوائی کے ہین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزین ہلاک کرنے والی ہین بخل
اطاعت کیا گیا اور خواہش نفسانی تابعداری کی گئی اور خوش ہونا آدمی کا ساتھ نفس کے پس دور رہنا اس خصلت سے واجب ہی اور
عجب اسکو کہتے ہین کہ اپنے عمل کو کار بزرگ جانے اور گمان کرے کہ مین ایسا کار خیر کرتا ہون اور بسبب اوسکے خوش ہو اور اوسکو اپنی صفت سے
جانکر توفیق الٰہی سے غافل ہو اوسکے جاتے رہنے اور حبط ہو جانے سے ڈرے نہین اور رہو کہ شدہ شدہ عمل سے بھی باز رہے بسبب شومی
عجب کے اور علاج دفع عجب کا یاد کرنا احسان اور توفیق الٰہی کا اور جاننا اسکا ہی کہ حق تعالی نے اوسکو آلات عمل کے عنایت فرمائے اور
قادر اوسپر کر کر وعدہ ثواب کا اوسپر دیا پس احسان اوسکا اپنے پر جاننا چاہیے اور شکر اوسکی توفیق کا بجالانا چاہیے اور یہ یاد کرنا احسان
خدا کا بیچ وقت بواعث عجب کے فرض ہی اور سب وقتون مین مستحب اسلیے کہ عجب ایک بلاے عظیم اور پیدا کرنے والا کبر اور نسیان اور
معاصی کا ہی اور باز رکھنے والا تدارک معاصی سے اور مشقت کرنے سے عبادت مین اور مانع شکر اور تزکیہ نفس سے اور محروم رکھنے والا
بہت سی بھلائیون سے اور مانع قبول کرنے نصیحت کی بات کا اور حق کا اور پیدا کرنے والا کبر کا ہی ✣ **بحر تنبیہ** ✣ اوپر کے
مسئلے مین جو تین طرح کے لوگون کا ذکر کیا یعنی عالم عابد مالدار کا کہ اکثر ان لوگون مین غرور و پندار ہوتا ہی سچ ہی اسی سبب سے مجلس وعظ
مین بہت ہی کم جاتے ہین سبحان اللہ مجلس وعظ مین کہ مسنون ہی اور کیا کچھ فضیلت رکھتی ہی حاضر نہون اور عرسون اور میلون کی
محفلون مین جا موجود ہون خصوصا یہ پیرزادے خلاف شرع اور دنیا دار تابع نفس امارہ کے جاوین تو ڈھولکی کی محفل مین اور ناچ کی
محفل مین اور میلے تماشون مین اور نجاوین تو وعظ کی محفل مین اگر کہین کہ فرصت نہین ہی تو اون محفلون خلاف شرع کے لیے کیونکر
فرصت نکل آتی ہی اگر کہین کہ افراط و تفریط ہوتی ہی بیان مین تو امر بالمعروف کرنا چاہیے بشرطیکہ علم سے بہرہ رکھتے ہون اور اگر
علم سے بہرہ نرکھتے ہونگے تو صحیح باطل مین کیونکر تمیز کرینگے اور علم آوے کیونکر نہ علم پڑھین نہ سنین جو باتین کی کہ خلاف اپنی خواہش نفسانی
کے سنی اوسکو بدینی کی بات بتانے لگا اور جو باتین اپنے ذہنون مین جم رہی ہین کیسی ہی خلاف کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی ہون اونکو حق جانتے ہین اور اونکے
خلاف کو باطل غرضکہ غرور و پندار نے اکثرون کو تباہ کر رکھا ہی ضلوا واضلوا آپ بھی ڈوبے اور اپنے تابعین کو بھی ڈبویا اللہ بچاوے اسکی آفت سے ✣

وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

اور بچاویگا اللہ اونکو جنھون نے ڈر رکھا اونکے بچاو کی جگہہ نہ لگے اونکو برائی اور نہ وہ غم کھاوین ✣ مو

اور نجات دیگا خدا اون لوگون کو کہ پرہیزگاری کرتے تھے ساتھ کامیابی اونکی کے نہین پونہچیگی اونکو سختی اور نہ وہ غمگین ہونگے
+ **فتح + تفسین** + پرہیزگاری کرتے تھے یعنی شرک سے بمفازتہم یعنی ساتھ فلاح اونکی کے یعنی کامیابی اونکی کے اور تفسیر مفازۃ کی یہ ہی لا یمسّہم السّوٓء الخ یعنی نہین لگیگی اونکو آگ اور نہ وہ غمگین ہونگے گویا کہ کہا گیا کہ کیا ہی مفازۃ یعنی کامیابی اونکی پس کہا گیا کہ نہین پونہچیگی اونکو سو یعنی نجات دیگا اونکو ساتھ دور کرنے سو اور غم کے اونسے یعنی نہین پونہچیگی اونکے بدنونکو ایذا اور نہ اونکے دلونکو غم یا مفازتہم معنی مین ہیچ مکان مطلب یابی اونکے کے جنت سے یعنی داخل کیے جاوینگے جنت مین یا یہ معنی ہین کہ نجات دیگا اونکو ساتھ رستگاری اونکی کے آگ سے یا بسبب اعمال نیک اونکے کے + **مل جلا + معا + تنبیہ** + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ تقوی سبب نجات کا اور باعث داخل ہونے جنت کا ہی اسلیے جا بجا تاکید اسکی ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رض سے کہ آیا تم جانتے ہو کہ اکثر کیا چیز داخل کریگی لوگون کو جنت مین وہ تقوی اللہ کا ہی اور نیک خلقی آیا جانتے ہو کہ اکثر کیا چیز داخل کرے گی لوگون کو دوزخ مین آگاہ ہو وہ دو کاواک یعنی سوراخ ہین مونہہ اور ستر آتھی غرضکہ آدمی کو چاہیے کہ بہر حال اپنے مولی سے ڈرتا رہے اور لوگون سے خوش اخلاقی سے گذران کرے اور ستر و زبان کو محفوظ رکھے یعنی ستر کو بدکاری سے اور زبان کو بدگوئی سے کسی بھائی مسلمان کے دل کو ناحق رنجیدہ نکرے تا بعد مرنے کے اپنی مراد کو پونہچے اور لوگ یاد کرین کیا خوب کہا ہی کسینے **قطعہ** یادداری کہ وقت زادن تو + ہمہ خندان بودند و تو گریان + آنچنان زی کہ وقت مردن تو +
ہمہ گریان بوند و تو خندان +

اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیۡءٍ ۫ وَّ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ وَّکِیۡلٌ ۝ لَہٗ مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ
اللہ بنانے والا ہی ہر چیز کا اور وہ ہر چیز کا ذمہ لیتا ہی اوسیکے پاس ہین کنجیان آسمانون کی اور زمین کی

وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ اللّٰہِ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ۝
اور جو منکر ہوئے ہین اللہ کی باتون سے وہ جو ہین وہی ہین ٹوٹے مین پڑے + **موٓ**

اللہ پیدا کرنے والا ہر چیز کا ہی اور وہ ہر چیز پر حافظ و متصرف ہی اوسی کے لیے ہین کنجیان آسمانون اور زمین کی یعنی مختار و متصرف وہی ہی واللہ اعلم اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہین ساتھ آیتون خدا کے یہ لوگ وہی ہین ٹوٹا پانے والے + **فتح + تفسین** + اوسی کے لیے ہین کنجیان الخ یعنی وہ مالک ہی امر آسمانون اور زمین کا اور حافظ ہی انکا اور یہ قبیل کنا یہ سے ہی اسلیے کہ حافظ خزانونکا اور مدبر امر اونکے کا وہی ہوتا ہی کہ جو مالک اونکی کنجیونکا ہوتا ہی اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہین الخ یہ لگتا ہی ساتھ اس قول اللہ تعالی کے وینجی اللہ الذین اتقوا یعنی نجات دیگا اللہ تعالی پرہیزگارون کو ساتھ کامیابی اونکی کے اور جو لوگ کافر ہوئے وہ زیانکار ہین اور بیچ مین ان دونون کے جملہ معترضہ آیا کہ وہ خالق ہر چیز کا ہی اور وہ نگہبان ہی و سپس نہین پوشیدہ ہی او سپر کوئی چیز اعمال مکلفین سے کہ منجملہ چیزون پیدا کی گئی مین سے ہین اور جو کچھ کہ بدلا دیے جاوینگے اون اعمال پر یا یہ جملہ لگتا ہی ساتھ اوس جملے کے کہ قریب اوسکے ہی بنا بر اسکے کہ جو چیز آسمانون اور زمین مین ہی پس اللہ خالق اور حافظ اور متصرف اوسکا ہی اور جنھون نے کفر کیا اور انکار کیا اسکا وہی لوگ زیانکار ہین اور بعضون نے کہا کہ پوچھی حضرت عثمان رض نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے تفسیر قول اللہ تعالی کی لہ مقالید السّمٰوٰت والارض پس فرمایا اے عثمان نہین پوچھا مجھسے کسینے پہلے تیرے تفسیر اسکی یہ کلمے ہین لآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ وَسُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ وَاَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ہُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاہِرُ وَالۡبَاطِنُ بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ یُحۡیِیۡ وَیُمِیۡتُ وَہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ اور تاویل اسکی بموجب اس قول کے یہ ہی کہ اللہ کے لیے یہ کلمے ہین توحید و تمجید بیان ہیجاتی ہی اوسکی ساتھ ان کلمون کے اور یہ کلمے کنجیان خیر آسمانون اور زمین کی ہین جسنے پڑہا انکو پہونچا

پونہچا اوس خیر کو اور جنھون نے کفر کیا ساتھ آیتون اللہ کے اور کلمات توحید اور تمجید اوسکے وہ لوگ زیان کار ہین ف
یہ کلمے کہ صاحب مدارک نے نقل کیے درمنثور مین بروایت ابن عمرؓ کے نقل کیے ہین کہ وہ کہتے ہین کہ عثمانؓ نے آنحضرت صلعم سے یہ پوچھا لیکن
اوسمین لاحول مین بعد اِلَّا بِاللّٰہِ کے الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بھی ہی اور یہ بھی اوسمین منقول ہی کہ روایت کی ابویعلی نے اور قاضی یوسف
نے سنن اپنی مین اور ابوالحسن قطان نے مطولات مین اور ابن سنی نے کتاب عمل الیوم واللیلہ مین اور ابن منذر نے اور ابن ابی حاتم
اور ابن مردویہ نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے کہ کہا اونھون نے کہ پوچھی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد اس قول اللہ تعالی کی
لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ الخ پس فرمایا مجکو اے عثمانؓ البتہ پوچھا تو نے مجھسے کچھ پوچھنا کہ نہین پوچھا مجھسے اوسکو کسی نے پہلے تیرے
مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یہ ہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ یعنی جیسے کنجی سے خزانہ کھلتا ہی اور تصرف مین آتا ہی ویسے ہی اسکے کہنے سے برکتین آسمان
و زمین کی اسکے پڑھنے والے کو حاصل ہوتی ہین اور معنی اسکے یہ ہین کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہی اور پاک ہی اللہ اور سب
تعریف ہی اللہ کے لیے اور بخشش مانگتا ہون اللہ سے وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ کہ اول ہی اور آخر ہی اور ظاہر ہی اور باطن ہی جلاتا ہی
اور مارتا ہی اور وہ زندہ ہی کہ نہ مریگا اوسی کے ہاتھ مین بھلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی اے عثمانؓ جو کوئی پڑھے اسکو ہر دن مین سو بار
تو دیا جاتا ہی بسبب اسکے دس چیزین اول تو یہ کہ بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے جو پہلے کیے ہین اور دوسرے لکھی جاتی ہی اوسکے لیے نجات
آگ سے اور تیسرے متعین ہوتے ہین ساتھ اوسکے دو فرشتے کہ محافظت کرتے ہین اوسکی رات دن مین آفتون اور بلاؤن سے اور چوتھے
دیا جاتا ہی قنطار یعنی بہت ثواب اور پانچوین اوسکے لیے ہوتا ہی ثواب اوس شخص کا سا کہ آزاد کرے دس گردنین آزاد اولاد حضرت اسمعیل
کے سے اور ساتوین بنایا جاتا ہی اوسکے لیے گھر بہشت مین اور آٹھوین حور عین سے بیاہ کیا جاویگا اور نوین رکھا جاویگا اوسکے سر پر
تاج وقار کا اور دسوین شفاعت قبول کی جاویگی اوسکی بیچ حق ستر آدمیون کے اوسکے گھر والون مین سے اے عثمانؓ اگر کرسکے تو بیش ناغہ ہو
یہ کوئی دن پڑھنے سے مراد پائیگا تو بسبب اسکے ساتھ مراد پانے والون کے اور سبقت لیجائیگا تو بسبب اسکے اولین و آخرین پر اور
ابن مردویہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہی کہ حضرت عثمانؓ آنحضرت صلعم کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی کہ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کی مجھے خبر دیجیے پس فرمایا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ جو کوئی پڑھے اسکو صبح کو دس بار اور شام کو دس بار اے عثمانؓ دیتا ہی اوسکو اللہ تعالی چھ چیزین اول تو یہ کہ محفوظ
رہتا ہی ابلیس سے اور اوسکے لشکر سے اور دوسرے دیا جائیگا قنطار یعنی بہت ثواب بہشت مین اور تیسرے نکاح کیا جاویگا حور بڑی آنکھون
والی سے اور چوتھے بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے اور پانچوین ہوگا حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے ساتھ بیچ قبے اونکے اور چھٹے حاضر
ہوتے ہین بارہ فرشتے نزدیک مرنے اوسکے کے خوشخبری دیتے ہین اوسکو ساتھ جنت کے یعنی ثواب جنت اور بناؤکر لیجاتے ہین اوسکو
اوسکی قبر سے طرف موقف کے پس اگر پہونچے گی اوسکو کوئی چیز ہولون قیامت کے سے تو کہینگے فرشتے کہ نہ ڈر تو امن والون مین سے ہی پھر حساب
کریگا اللہ تعالی اوس سے حساب آسان پھر حکم کیا جاویگا اوسکو طرف جنت کے کہ بناؤکر لیجائینگے اوسکو طرف جنت کے موقف سے
جیسے کہ لیجاتے ہین دلھن کو یہان تلک کہ داخل کرینگے اوسکو بہشت مین ساتھ حکم اللہ تعالی کے اوس حال مین کہ لوگ شدت حساب
مین ہونگے انتہی ما فی الدر المنثور

قُلْ أَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَأْمُرُوٓنِّيٓ أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ○

تو کہہ اب اللہ کے سوائے کسیکو بتاتے ہو کہ پوجون ای نادانون + موٖ

کہہ کیا حکم کرتے ہو مجکو کہ پرستش کرون مین غیر خدا کو ای نادانون + فتح + تفسین کہہ یعنی اونکو کہ بلاتے ہین تجکو طرف دین باپ دادون تیرے کے کہ کیا غیر خدا کو پوجون مین تمھارے کہنے سے بعد اس بیان کے ای نادانون ساتھہ توحید خدا کے نزول اس آیت کا یہی جواب کفار قریش کے ہے کہ آنحضرت کو باپ دادا کے دین کی طرف بلاتے تھے ۞

وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

اور حکم ہو چکا ہی تجکو اور تجسے اگلون کو اگر تونے شریک مانا اکارت جاوینگے تیرے کیے اور تو ہوگا ٹوٹے مین آیا + موٖ

اور تحقیق وحی بھیجی گئی ای محمد طرف تیرے اور طرف اون لوگون کے کہ پہلے تجسے تھے یعنی اور انبیاء کہ اگر شریک خدا کا مقرر کرے تو البتہ نابود ہوئین عمل تیرے اور البتہ ہووے تو ٹوٹا پانیوالون سے + فتح + تفسین باوجودیکہ اللہ تعالی جانتا تھا کہ اوسکے رسول شرک نہین کرنیکے اور پھر جو یون فرمایا اسلیے کہ خطاب آنحضرت کو ہی اور مراد اس سے غیر اونکے ہین اور یا یہ کہ یہ بطریق فرض کے فرمایا یعنی بالفرض والتقدیر اگر شرک کرو یون ہو جائے ۞

بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ○

نہ بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والون مین + موٖ

بلکہ خدا ہی کو عبادت کر اور ہو شکر کرنیوالون سے + فتح + تفسین کفار جو حضرت کو اپنے بتون کے پوجنے کے لیے کہتے تھے یہ رد اونکا ہی گویا کہ فرمایا نہ عبادت کر اوس چیز کو کہ یہ کفار اوسکی عبادت کرنے کو کہتے ہین بلکہ اگر عبادت کرے تو تو اللہ ہی کو عبادت کر اور ہو شکر کرنیوالون سے اوس چیز پر کہ انعام کیا ساتھہ اوسکے اللہ تعالی نے تجپر کہ کیا تجکو سردار اولاد آدم کا + مل + تنبیہ + اوپر کی آیت مین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈرا دیا شرک کرنے پر اور مقصود سنانا اونکی امت کو ہی اس طرح کے بیان فرمانے مین اہتمام منع کا بہت ہوتا ہی جیسے بلا تشبیہ بادشاہ اپنے وزیر کو ایک بات سے منع کرے اور مقصود منع کرنا رعایا کا ہو تو رعایا کو ڈر زیادہ ہوتا ہی کہ جب بادشاہ نے اپنے وزیر کو اس طرح منع کیا تو ہماری کیا حقیقت ہی ہمکو بالضرور اس بات سے بچنا چاہیے پس ایسی ہی یہان سمجھنا چاہیے کہ جب اپنے بندۂ خاص اور حبیب کو شرک سے اس طرح منع فرمایا تو اونکی امت کو بہت بچنا چاہیے شرک سے والا کیا کرایا سب برباد ہوگا پھر آنحضرت کو اس طرح منع فرماکر مشرکون کی نصیحت پر اور اوپر بیان کرنے ناقدردانی اونکی کے اور بیان فرمانے قدرت کاملہ اپنی کے متوجہ ہوئے کہ یہ جو تجکو بلاتے ہین اپنے بتون کی طرف یہ تیرے رب کی قدر ہی نہین جانتے ۞ کہ فرمایا وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ الخ

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

اور نہین سمجھے اللہ کو جتنا کچھ وہ ہی اور زمین ساری ایک مٹھی ہی اوسکی دن قیامت کے اور آسمان لپٹے ہین اوسکے داہنے ہاتھہ مین وہ پاک ہی اور بہت اوپر ہی اس سے کہ شریک بتاتے ہین موٖ

اور نہ پہچانا خدا کو حق پہچاننے اوسکے کا اور زمین ساری اوسکی مٹھی مین ہوگی روز قیامت کے اور آسمان لپٹے ہوئے ہونگے اوسکے داہنے

ہاتھ مین باکی ہی اوسکے لیے اور برتر ہی اوس چیز سے کہ شریک اوسکا مقرر کرتے ہین + فتح + تفسیر + اللہ کے فرمانے موافق
اللہ کا ندا ہنا ہاتھ ہے اور بانوان نہ کہیے + موضح + ایک تو مَا قَدَرُوا اللّٰہَ انکے معنی یہی ہین جو بندکو رہوے کہ نہ پہچانا اوسکو
حق پہچاننے اوسکے کا اور دوسرے معنی یہ ہین کہ نہ تعظیم کی اوسکی حق عظمت اوسکی کا جب کہ بلایا تجکو طرف عبادت غیر اوسکی کے پہر
آگاہ کیا اونکو اوپر عظمت وجلالت شان اپنی کے پس فرمایا وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا الخ اور مراد اس کلام سارے سے صورت بیان کرنی
اپنی عظمت کی اور واقف کرنا اوپر کنہ جلال اپنی کے ہی اور مراد زمین سے ساتون زمینین ہین دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالیٰ کا جَمِیْعًا
اور قول اوسکا وَالسَّمٰوٰتُ اور معنی یہ ہین کہ زمینین قبض کی گئی ہونگی اوسکے لیے یعنی اوسکے ملک وتصرف مین ہونگی اور لفظ
مطویات طی سے ہی کہ جو ضد نشر یعنی پھیلانے کی ہی جیسے کہ فرمایا یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ یعنی اوس
دن کہ لپیٹینگے ہم آسمان کو مانند لپیٹنے سجل کے کتابون کو یعنی بندون کے اعمال نامون کو پس معنی مطویات کے یہ ہونگے کہ لپیٹے ہوئے
ہونگے اور عادت لپیٹنے والے کاغذ کی یہ ہوتی ہی کہ لپیٹتا ہی اوسکو اپنے دائین ہاتھ سے پس اسلیے بیمینہ فرمایا اور بعضون نے کہا کہ
معنی بِیَمِیْنِہٖ کے بِقُدْرَتِہٖ ہین یعنی آسمان لپیٹے جاوینگے اوسکی قدرت سے اور حاجی غلام مصطفی نے لکھا ہی کہ علما ایسی آیتون
کو متشابہات سے کہتے ہین اور بعضے قدرت مراد لکھتے ہین اور محقق اسپر ہین کہ ایمان اسپر لانا چاہیے اور اسکی کیفیت کو سپرد خدا کرین
انتہی اور ابن مسعود سے روایت ہی کہ آیا ایک عالم یہود کے علما مین سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یا محمد ہم پاتے ہین
یعنی اپنی کتاب مین کہ بلاشبہہ اللہ تعالیٰ اوٹھاویگا آسمان کو روز قیامت کے ایک اونگلی پر اور زمینون کو ایک اونگلی پر اور درختون کو
ایک اونگلی پر اور پانی اور تری یعنی خاک نمناک کو ایک اونگلی پر اور تمام خلق کو ایک اونگلی پر پہر فرماویگا اَنَا الْمَلِکُ یعنی مین بادشاہ ہون پس ہنسے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم یہان تک کہ ظاہر ہوئین کچلیان آپ کی واسطے تصدیق قول اوس عالم کے پہر پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وَمَا
قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اور بعضی روایت مین آیا ہی کہ جب اوسنے پوچھا تو اوسوقت
یہ آیت اوتاری اللہ تعالیٰ نے اور ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ مٹھی مین لیویگا اللہ تعالیٰ زمین کو
اور لپیٹیگا آسمان کو اپنے دائین ہاتھ مین پہر فرماویگا کہ مین بادشاہ ہون کہان ہین بادشاہ زمین کے اور ابن عمر سے روایت ہی کہ
فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہوگا دن قیامت کا جمع کریگا اللہ تعالیٰ ساتون آسمانون اور ساتون زمینون کو اپنی مٹھی
مین پہر فرماویگا اَنَا اللّٰہُ یعنی مین اللہ ہون مین رحمٰن ہون مین بادشاہ ہون مین قدوس یعنی نہایت پاک ہون مین سلام ہون یعنی
سالم ہون سب عیبون اور نقصانون سے اور سب کی سلامتی مجھہی سے ہی مین مومن یعنی امن دینے والا ہون مین نگہبان ہون مین عزیز
یعنی غالب ہون مین جبار ہون یعنی زبردست مین متکبر ہون یعنی بزرگ سب سے مین ہون وہ ذات پاک کہ پیدا کیا مینے دنیا کو اسحال مین
کہ تھی کچھہ مین ہون وہ کہ اعادہ کرونگا اوسکو یعنی زمین و آسمان بعد فنا کے پہر پیدا کرونگا کہان ہین بادشاہ اور کہان ہین ظالم زبردست
اور روایت کی طبرانی نے ساتھہ سند ضعیف کے جریر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ایک جماعت کے اصحاب اپنے سے
کہ مین پڑھتا ہون تمپر آیتین آخر زمر سے پس جو کوئی روویگا تم مین سے واجب ہوئیگی اوسکے لیے جنت پس پڑھا اوسکو وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ
سے آخر سورت تک پس بعض ہم مین سے وہ تھا کہ رویا اور بعض ہم سے وہ تھا کہ نہ رویا پس کہا نہ رونے والون نے یارسول اللہ کوشش کی ہمنے
یہ کہ رووین ہم پس نہ رونا آیا ہمکو پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ مین پھر پڑھونگا اوسکو تمپر پس جسکو نہ رونا آوے پس چاہیے کہ بتکلف رووے
یعنی صورت رونے کی بناوے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی کہ تین چیزین پوشیدہ رکھین ہین مینے اپنے
بندون سے اگر دیکھتا اونکو کوئی تو نہ عمل کرتا برا کبھی ایک تو اپنے تئین پوشیدہ رکھا ہی اگر کھولتا مین پردہ اپنا پس دیکھتا مجکو یہان تک

کہ یقین کرتا اور جانتا کہ کیسا معاملہ کرونگا مین ساتھ خلق اپنی کے جب کہ اوٹھاونگا اونکو قبرون سے اور اکھٹا کرونگا آسمانون کو اپنے ہاتھ
مین جیسے سمیٹون کاغذ سینون کو پھر کہونگا مین کہ مین ہون بادشاہ کون ہی وہ کہ اوسکے لیے بادشاہت ہو سواے میرے دوسرے جنت کو پوشیدہ
رکھا ہی مینے اگر دکھاتا مین اونکو جنت اور جو کچھ کہ بھلائیان طیار کین ہین مینے اونکے لیے اوسمین البتہ یقین کرتے اوسکا اور تیسرے
دوزخ کو پوشیدہ رکھا ہی مینے اگر دکھاتا مین اونکو دوزخ اور جو کچھ برائیان طیار کین ہین مینے اونکے لیے اوسمین البتہ یقین کرتے اوسکا
ولیکن قصدًا پوشیدہ رکھا ہی مینے ان چیزون کو اوسنے تا کہ جانون مین کہ کیسے عمل کرتے ہین اور تحقیق بیان کردیا مینے اونکو اونکے لیے
اور ابوذر سے روایت ہی کہ کہا فرمایا واسطے میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا تو جانتا ہی کہ کسقدر ہی کرسی پس کہا مینے
نہین فرمایا نہین ہین آسمان اور زمین اور جو کچھ کہ اونمین ہی مقابلے مین کرسی کے مگر مانند ایک کڑے کے کہ ڈالے اوسکو کوئی ڈالنے والا
بیچ ہموار زمین چٹیل کے اور نہین ہی کرسی مقابلے مین عرش کے مگر مانند ایک کڑے کے کہ ڈالے اوسکو کوئی ڈالنے والا بیچ زمین ہموار
چٹیل کے اور نہین ہی عرش مقابلے مین پانی کے مگر مانند ایک کڑے کے کہ ڈالے اوسکو کوئی ڈالنے والا بیچ زمین ہموار چٹیل کے
اور نہین ہی پانی مقابلے مین ہوا کے مگر مانند ایک کڑے کے کہ ڈالے اوسکو کوئی ڈالنے والا بیچ زمین ہموار چٹیل کے اور نہین ہین یہ سب
اللہ عز وجل کی مٹھی مین مگر مانند ایک دانے کے یا دانے سے بھی زیادہ چھوٹے کہ ہو دانہ بیچ ہتیلی ایک تمھارے کے اور یہی ہی تفسیر قول
اللہ تعالی کی وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اور حضرت عایشہؓ سے روایت ہی کہ کہا پوچھی مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے تفسیر قول اللہ تعالی کی وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ کہ کہان ہونگے لوگ اوسدن فرمایا پل صراط پر ہونگے
اور پاکی ہی اوسکے لیے الخ یعنی بہت ہی بعید ہی اس شرک سے قدرت اوسکی اور عظمت اوسکی اور بہت ہی برتر ہی وہ اس سے کہ نسبت
کیے جاوین طرف اوسکے شرکا + مل + جلا + درمنثور + بحر + تنبیہ + قطعہ گرسی وصفا وزمن پرسد +
بی زبان بی نشان چہ گویدباز + عاشقان کشتگان معشوق اند + برنیاید زکشتگان آواز + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ جو لوگ
اللہ کے حکم پر اور رسول کے حکمون کو مقدم رکھتے ہین یا شعائر اسلام اور مسنون چیزون پر اورون کی رسمون کو ترجیح دیتے ہین یا اللہ
کے نام پر اسیکو دین تو تعظیمی سے دین اور جیسا میسا دیدین اور کسی بزرگ کے نام کا کرین تو اوسمین بڑے بڑے تکلفات کرین
وہ اللہ کی قدر و عظمت کو نہین پہچانتے ہین اور من وجہ اس آیت کے مصداق ہین مومن کی شان یہ ہی کہ اللہ اور رسول کے حکمون
اور رسمون کو سب پر مقدم رکھین اور اونکی قدر و عظمت کے برابر کسیکی قدر و عظمت نہ سمجھین

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ
اور پھونکا گیا نرسنگا پھر بیہوش ہوگرا جو کوئی ہی آسمانون مین اور زمین مین مگر جسکو اللہ نے چاہا پھر پھونکا گیا
اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ ۝
دوسری بار پھر تبھی وہ کھڑے ہو گئے دیکھتے + مو +

اور پھونکا جاویگا صور مین پس مرجاویگا جو کہ آسمانون مین ہی اور جو کہ زمین مین ہی مگر وہ کہ خدا نے چاہا ہی پھر پھونکا جاویگا صور مین
دوسری بار پس ناگہان وہ کھڑے ہونگے دیکھتے + فتح + تفسیر + ایک بار نفخ صور ہی عالم کی فنا کا دوسرا ہی زندہ ہونے کا
یہ تیسرا ہی بیہوشی کا بعد حشر کے جو تھا ہی خبردار ہونے کا اسکے بعد اللہ کے سامنے ہوجاوینگے + مو + نُفِخَ فِی الصُّوْرِ سے
پہلا نفخہ مراد ہی کہ اوسمین سب مرجائینگے اور ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ اُخْرٰی سے نفخہ دوسرا جلانے کے لیے مگر وہ کہ خدا نے چاہا ہی یعنی
جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور ملک الموت اور بعضون نے کہا کہ وہ اوٹھانے والے عرش کے ہین یا رضوان کہ نام جنت کے داروغہ کا ہی

اور حورین اور مالک کہ نام دوزخ کے داروغہ کا ہی اور زبانیہ کہ دوزخ کے نگہبانون کو کہتے ہین یعنی یہ اس نفخے مین نہین مرینگے پھر مرینگے آخر کو اور ینظرون کے یہ معنی ہین کہ ادھر اودھر دیکھتے ہونگے جیسے بہوت دیکھتا ہی جب کہ ناگہان کوئی امر عظیم درپیش آجاتا ہی اوسکو اور یا ینظرون کے معنی ہین منتظرون یعنی منتظر ہونگے حکم الٰہی کے کہ دیکھیے کیا حکم ہوتا ہی ہمارے حق مین اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ نفخے دو ہونگے پہلا موت کے لیے اور دوسرا بعث یعنی جی اوٹھنے کے لیے اور جمہور اسپر ہین کہ نفخے تین ہونگے پہلا فزع یعنی گھبراہٹ کے لیے جیسے کہ فرمایا وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَفَزِعَ اور دوسرا موت کے لیے اور تیسرا اعادے کے لیے اور ابوہریرہ رضی سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مابین دونون نفخون کے چالیس ہونگے لوگون نے کہا چالیس دن ہونگے کہا ابوہریرہ رضی نے نہین کہہ سکتا مین کہا لوگون نے چالیس مہینے کہا نہین کہہ سکتا مین کہا لوگون نے چالیس برس کہا نہین کہہ سکتا مین فرمایا حضرت نے پھر اوتاریگا اللہ آسمان سے پانی پس اگینگے لوگ جیسے کہ اوگتا ہی سبزہ زمین ہی انسان سے کوئی چیز مگر کہ بوسیدہ ہوجاتی ہی لیکن ایک ہڈی اور وہ عجب الذنب ہی کہ ریڑھ کی ہڈی کو کہتے ہین اور اوسی سے ترکیب دی جاویگی خلق روز قیامت کے اور روایت ہی ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا کہا ایک شخص نے یہود مین سے مدینے کے بازار مین قسم ہی اوس ذات کی کہ برگزیدہ کیا موسیٰ کو بشر پر پس اوٹھایا ایک شخص نے انصار مین سے ہاتھ اپنا پھر طمانچہ مارا اوسکو اور کہا کہتا ہی تو یہ اس حال مین کہ ہم مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہین پس ذکر کیا مینے یہ واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنظُرُونَ ترجمہ اسکا اوپر مذکور ہوچکا ہی حاصل یہ کہ دوسرے نفخے مین سب بیہوش ہوجائینگے مگر جسکو اللہ چاہیگا وہ نہین بیہوش ہوگا پس سب سے پہلے مین سر اوٹھاؤنگا پس ناگہان دیکھونگا مین موسیٰ کو پکڑے ہوئے ایک پایہ عرش کے پایون مین سے پس نہین جانتا مین کہ آیا اوٹھایا ہوگا موسیٰ نے سر اپنا پہلے میرے یا ہونگے اون لوگون مین سے کہ استثنا کیا اللہ تعالیٰ نے اور سعید بن جبیر سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ فرمایا وہ شہدا مین بیچ اپنی گردنون مین ڈالے ہوئے تلوارین کھڑے ہین گرد عرش کے ملینگے اونسے فرشتے روز قیامت کے حشر مین ساتھ اونٹنیون یاقوت کے کہ مہارین اونکی موتیون کی کجاوے اونکے اطلس اور ریشم کے بال اونکے نرم زیادہ ریشم سے قدم اونکے وہان پہونچینگے کہ جہان تک نظرین آدمیون کی پہونچین سیر کرینگے جنت مین کہینگے وقت بہت سیر کرنے کے لیچلو ہمکو طرف رب ہمارے کی دیکھین کہ کیونکر فیصلہ کرتا ہی مخلوق اپنی کے جب وہ آوینگے تو ہنسیگا اونکی طرف دیکھکر معبود میرا اور جب کہ وہ ہنسے کا کسی بندے کی طرف دیکھکر اوس پر نہین حساب ہی اوسپر اور انس سے روایت ہی کہ پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ کہا صحابہ نے کہ کون ہین یا رسول اللہ یہ لوگ کہ استثنا کیا اونکو اللہ تعالیٰ نے یعنی اپنے کلام پاک إِلَّا مَن شَاءَ اللَّهُ مین فرمایا یہ جبرئیل اور میکائیل اور ملک الموت اور اسرافیل اور اوٹھانے والے عرش کے ہین پس جب کہ قبض کریگا اللہ ارواح خلائق کی فرماویگا ملک الموت کو کہ کون باقی رہا ہی حالانکہ وہ سب سے زیادہ جانتا ہی پس کہے گا ملک الموت سُبْحَانَكَ رَبِّي وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ یعنی پاکی ہی تجکو ای رب میرے اور برتر ہی تو ای صاحب بزرگی اور بخشش کے باقی ہین جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور ملک الموت پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ قبض کر جان اسرافیل کی پس قبض کریگا ملک الموت جان اسرافیل کی پھر فرماویگا کہ ای ملک الموت کون باقی رہا ہی پس عرض کریگا وہ سُبْحَانَكَ رَبِّي وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ باقی رہا ہی جبرئیل اور میکائیل اور ملک الموت پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ قبض کر جان میکائیل کی پس قبض کریگا وہ جان میکائیل کی پس گریگا وہ مانند پہاڑ بڑے کے پھر فرماویگا ای ملک الموت کون باقی رہا پس کہے گا وہ سُبْحَانَكَ رَبِّي يَا ذَا الْجَلَالِ

وَالاِکْرَامِ باقی رہا ہی جبرئیل اور ملک الموت پس فرماویگا مرجا تو ای ملک الموت پس مرجاویگا وہ پھر فرماویگا ای جبرئیل کون
باقی رہا ہی پس کہیگا وہ سُبْحَانَکَ رَبِّیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالاِکْرَامِ باقی رہا ہی جبرئیل اور جبرئیل کو اللہ کے ہان بڑا مرتبہ
ہوگا جیسا کہ ہی لائق اونکے لیے پس فرماویگا ای جبرئیل ضرور ہی تجکو بھی مرنا پس گر پڑینگے جبرئیل سجدے مین ہلاوینگے دونون بازو اپنے
یعنی جیسے جانور وقت مرنے کے پر ہلاتا ہی اور تڑپتا ہی کہیگا جبرئیل سُبْحَانَکَ رَبِّیْ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ یَاذَا الْجَلَالِ
وَالاِکْرَامِ اَنْتَ الْبَاقِیْ وَجِبْرَئِیْلُ الْمَیِّتُ الْفَانِیْ اور قبض کریگا اللہ روح اوسکی بیچ اوس خلقت کے کہ پیدا کیا گیا ہی
اوسمین پس جبرئیل کا یہ حال ہی کہ فضیلت خلقت اوسکے کی اوپر خلقت میکائیل کے مانند فضیلت بڑے پہاڑ کے ہی ایک ٹیلے پر ٹیلوں مین
سے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ فضیلت جبرئیل کی خلقت کی اوپر خلقت میکائیل کے مانند پہاڑ کے ہی
اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکلیگا میری امت مین دجال پس ٹھہریگا اونمین چالیس دن یا چالیس برس یا چالیس
مہینے یا چالیس رات پھر بھیجیگا اللہ عیسی بیٹے مریم کو گویا کہ وہ عروۃ بن مسعود ثقفی ہین یعنی اونکی صورت ہوگی پس ڈھونڈینگے
وہ دجال کو پھر ہلاک کریگا اوسکو اللہ یعنی اونکے ہاتھہ سے پھر ٹھہرینگے عیسی لوگون مین بعد اسکے سات برس اس حال مین کہ نہین
ہونے کی درمیان دو شخصون کے عداوت پھر بھیجیگا اللہ ہوا ٹھنڈی شام کی طرف سے پس نہین باقی رہیگا وہ کوئی کہ اوسکے دل مین
برابر ذرے کے ایمان ہو مگر کہ ہلاک کریگی اوسکو ہوا یہان تک کہ اگر کوئی پہاڑ کے اندر ہوگا تو داخل ہوگی وہ ہوا اوسپر یعنی اور
ہلاک کریگی اوسکو اور باقی رہینگے برے لوگ بیچ خفت طیر کے اور احلام سباع کے یعنی سبک ہونگے مانند پرندے کے یہان سے وہان جا بیٹھا اور ہا بیٹھنے
وہان اور درندون کی سی خو رکھتے ہونگے نہین اچھا جانینگے شرعی بات کو اور نہین برا جانینگے خلاف شرع کو پھر صورت بنکر آویگا شیطان
اور کہیگا کیا نہین کہنا مانتے کے تم میرا پھر حکم کریگا لوگون کو بت پرستی کا پس پوجینگے وہ بت اور وہ اوسوقت فراخی رزق کی رکھتے ہونگے
اور عیش خوش پھر پھونکا جاویگا صور پس نہین سنیگا اوسکو کوئی مگر کہ کان لگاویگا اوسکی طرف اور اول جو اوسکو سنیگا وہ شخص ہوگا کہ
درست کرتا ہوگا اپنے حوض کو پس مرجاویگا وہ پھر نہین باقی رہیگا کوئی مگر کہ مرجاویگا پھر بھیجیگا اللہ ایک مینہہ گویا کہ وہ شبنم ہوگا یعنی ہلکی
پھوار پڑیگی پس اوگینگے اوس سے بدن لوگون کے پھر پھونکا جاویگا صور دوسری بار پس ناگہان وہ اوٹھ کھڑے ہونگے دیکھتے ہوئے پھر
کہا جاویگا لوگون کو کہ آؤ اپنے رب کی طرف اور کہا جاویگا فرشتون کو کہ کھڑا رکھو انکو یہ سوال کیے جاوینگے پھر کہا جاویگا کہ نکالو دوزخ کی جماعت کو
پس عرض کرینگے فرشتے کہ کتنون مین سے کتنے نکالین پس کہا جاویگا کہ ہر ہزار مین سے نوسو ننانوے یعنی ایک کم ہزار دوزخ کے لیے اور ایک
بہشت کے لیے پس یہ وہ دن ہوگا کہ کر دیگا لڑکون کو بڈھا اور یہ وہ دن ہوگا کہ کھولا جاویگا پنڈلی سے یعنی امر دشوار ہوگا روز قیامت کے
بسبب حساب و جزا کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیونکر چین کرون مین اس حال مین کہ موئنہ رکھے ہوئے ہی صور پھونکنے والا یعنی
اسرافیل صور پر اور جھکائے ہوئے ہی پیشانی اپنی یعنی جیسے عادت ہی نرسنگا بجانے والون کی کہ جب ارادہ کرتے ہین اوسکے بجانے کا تو سر
جھکا لیتے ہین اور لگا رہا ہی کان اپنا منتظر ہی اسکا کہ حکم کیا جاوے صور پھونکنے کا پس پھونکے کہا مسلمانون نے یا رسول اللہ جب حال
یہی تو کیا فرماتے ہین آپ ہمکو یعنی پڑھنے کے لیے اب اور اوسوقت یا مطلق وقت سختیون کے فرمایا کہو حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی
اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین پلک جھپکاتا صور پھونکنے والا جب سے کہ متعین ہوا ہی صور پھونکنے پر
مستعد ہی دیکھ رہا ہی عرش کی طرف بخوف اسکے کہ حکم کیا جاوے پھونکنے کا پہلے اسکے کہ پھرے طرف اوسکے نظر اوسکی گویا کہ دونون
آنکھین اوسکی دو ستارے ہین روشن ٭ کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے اس حال مین کہ اونکے پاس ایک جماعت
صحابہ کی بیٹھی تھی یہ کہ اللہ تبارک و تعالی جب فارغ ہوا پیدا کرنے آسمان اور زمین کے سے پیدا کیا صور کو پھر دیا وہ اسرافیل کو پس وہ رکھے ہوئے ہی

اوسکو اپنے مونھہ پر تکتکی باندھے ہوئے ہی طرف آسمان کے منتظر ہی کہ کب حکم کیا جاوے پس پھونکے اوسمین کہا مینے یا رسول اللہ اور کیا ہی
صور فرمایا ایک سینگ ہی اور کیسا بڑا ہی وہ قسم ہی اوس ذات کی کہ بھیجا مجکو ساتھہ حق کے بلا شبہہ بڑائی اوسکے دور کی مانند عرض آسمانون
اور زمین کے ہی پس پھونکا جاویگا اوسمین پھونکنا پہلا پس مر جاوینگے وہ کہ آسمانون مین ہین اور وہ کہ زمین مین ہین پھر پھونکا جاویگا
اوسمین دوسری بار پس ناگہان وہ اوٹھہ کھڑے رہینگے دیکھتے ہوئے طرف رب العلمین کے اور حکم کریگا اللہ اسرافیل کو پہلے نفخے مین یہ کہ دیر تک
پھونکے صور پس تھکے گا نہین وہ اوسکے پھونکنے مین اور یہ ذکر فرمایا اللہ نے اس آیت مین وَمَا يَنظُرُ هٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً
مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ ○ یعنی اور نہین منتظر ہین یہ کافر مگر ایک آواز کے کہ نہین ہی واسطے اوسکے افاقت پس چلاویگا اللہ پہاڑون کو پس
ہو جاوینگے وہ غبار اور تھرتھراوے گی زمین ساتھہ رہنے والون اپنے کے پس ہوگی مانند کشتی بندھی ہوئی کے دریا مین کہ لگتی ہین اوسکو موجین
ہلے گی زمین ساتھہ رہنے والون اپنے کے مانند قندیل لٹکی ہوئی کے عرش مین کہ ہلاتی ہین ہوائین اور اوسکا ذکر فرمایا اللہ تعالی نے اس آیت مین
يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ○ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ○ قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ ○ أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ○ یعنی اوٹھائے جاوگے
تم قبرون سے ای کفار کہ اوسدن کہ ہلا دیگا ہلانے والا یعنی نفخہ پہلا کہ بسبب اوسکے تھرتھراوے گی ہر چیز پیچھے آویگا دوسرا نفخہ اوسدن ڈرتے ہوئے
اور قلق مین ہونگے دل یعنی بعث کے منکرون کے بینائیان اونکی ذلیل ہونگی یعنی بسبب دیکھنے ہول کے پس جب کہ ہونگے لوگ اپنی پشتون پر اور
بھول جاوین گی دودھ والیان اپنے بچون کو اور گر پڑینگے حمل حمل والیون کے اور بڈھے ہو جاوینگے لڑکے اور اوڑتے پھرینگے شیطان بھاگتے
ہوئے مارے خوف کے یہان تک کہ پہونچینگے زمین کے کنارون پر پس ملینگے اونسے فرشتے اور مارینگے اونکے مونھون پر پس پھرینگے وہ
اور پھرینگے لوگ پیٹھہ دیکر پکارتے ہوئے بعضے بعضون کو اور یہ مذکور ہی اس آیت مین يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللّٰهِ
مِنْ عَاصِمٍ یعنی اوسدن کہ پھروگے پیٹھہ دیکر نہین ہوگا تمھارے لیے اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا اور مذکور ہی اس قول اللہ تعالی
کے مین يَوْمَ التَّنَادِ یعنی اوسدن کہ پکاریگا بعض بعض کو پس اوسوقت کہ لوگ اس حال مین ہونگے ناگہان پھٹیگی زمین ایک کنارے سے
دوسرے کنارے تک پس دیکھینگے لوگ ایک امر عظیم کہ نہین دیکھا ہوگا مثل اوسکے اور پہونچیگا اونکو بسبب اسکے کرب و ہول جسقدر کہ اوسکو اللہ ہی
جانتا ہی پھر نظر کرینگے طرف آسمان کے پس ناگہان وہ مانند تانبے پگلے ہوئے کے ہوگا پھر پھٹیگا آسمان اور جھڑ جاوینگے ستارے اوسکے اور
گہن لگے گا چاند و سورج کو پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اموات نہین جانینگے کچھہ اسمین سے پس عرض کیا مینے کہ یا رسول اللہ
پس کنکو مستثنی کیا ہی اللہ نے اوسوقت کہ فرمایا فَفَزِعَ مَن فِي السَّمٰوٰتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاءَ اللّٰهُ یعنی
پس ڈرینگے وہ کہ آسمانون مین ہین اور وہ کہ زمین مین ہین مگر جنکو اللہ چاہیگا وہ نہین ڈرینگے فرمایا وہ شہدا ہین اور نہین پہونچیگا ڈر
مگر زندون کو اور شہدا زندہ ہین اپنے پروردگار کے پاس رزق دیے جاتے ہین اور بچاویگا اونکو اللہ اوسدن کے ڈر سے اور امن دیگا
اونکو اوس سے اور یہ مذکور ہی اس آیت مین يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ○ يَوْمَ
تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى
وَمَا هُم بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيدٌ ○ یعنی ای لوگون ڈرو اپنے رب سے بلا شبہہ زلزلہ قیامت کا ایک چیز ہی
بڑی اوسدن کہ دیکھوگے تم اوسکو بھول جاویگی بسبب اوسکے ہر دودھ پلانے والی اوسکو کہ دودھ پلاتی ہی اور گر پڑیگا حمل ہر حمل والی کا
اور دیکھیگا تو لوگون کو نشے والے حال انکا یہ نہین ہونگے وہ نشے مین یعنی شراب وغیرہ کے ولیکن عذاب خدا سخت ہی یعنی پس اوسکے ڈر سے
یہ حال ہوگا پس پھونکا جاویگا نفخہ صعق یعنی موت کا پس مر جاوینگے آسمان و زمین والے مگر جسکو اللہ نے چاہا ہی وہ نہین مریگا یعنی آخر وقت
پس اوسوقت کہ وہ مرے پڑے ہونگے آویگا ملک الموت جبار کے پاس اور عرض کریگا ای رب میرے مر گئے آسمان والے اور زمین والے

اوسدن بھاگ اوٹھیگا
کہا ای قوم میری
بلا شبہہ ڈرتا
ہون مین تمپر
دن قیامت
سے کہ بہت ہوگا
اوسمین پکارنا
جنتیون کا دوزخیون
کو اور عکس اوسکے
وغیر ذلک

اگر جسکو تو نے چاہا وہ نہین مرا پس فرماویگا اللہ تعالی حالانکہ وہ سب سے زیادہ جانتا ہی کہ کون باقی رہا عرض کریگا ملک الموت کہ ای رب
میرے باقی ہی تو کہ تو زندہ ہی جو نہین مرنے کا اور باقی ہے اوٹھانے والے تیرے عرش کے اور باقی ہے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل
اور مین باقی رہا ہون پس فرماویگا اللہ تعالی چاہیے کہ مرجاوے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور گویا کریگا اللہ عرش کو پس کہیگا وہ
کہ ای رب میرے مارتا ہی تو جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کو پس فرماویگا اللہ اوسکو کہ چپ رہ سینے لکھی ہی موت اونپر کہ نیچے عرش میرے
کے ہین پس مرجاوینگے وہ پھر آویگا ملک الموت جبار کے پاس اور کہیگا ای رب میرے تحقیق مر گئے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل پس فرماویگا
اللہ عزوجل حالانکہ وہ سب سے زیادہ جانتا ہی پس کون باقی رہا پس کہیگا ملک الموت کہ ای رب میرے رہا تو کہ تو زندہ ہی کہ جو نہین مرنے کا اور باقی رہے تیرے
عرش کے اوٹھانے والے اور باقی رہا مین پس فرماویگا اللہ اوسکو چاہیے کہ مرجاوین میرے عرش کے اوٹھانے والے پس مرجاوینگے وہ اور حکم
کریگا اللہ عرش کو کہ لے لیوے صور پھر آویگا ملک الموت رب کے پاس اور عرض کریگا کہ ای رب میرے مر گئے تیرے عرش کے اوٹھانے والے پس فرماویگا اللہ حالانکہ وہ سب سے زیادہ جانتا ہی
پس کون باقی رہا پس عرض کریگا ملک الموت کہ ای رب میرے باقی رہا تو کہ زندہ ہی جو نہین مرنے کا اور باقی رہا مین پس فرماویگا اللہ اوسکو کہ تو ایک
مخلوق ہی میری مخلوق مین سے پیدا کیا تھا مینے تجکو واسطے اوس چیز کے کہ دیکھی تو نے یعنی مرنے کے لیے پس مرجا تو پس مرجاویگا ملک الموت
پس جب کہ نہین باقی رہیگا کوئی سوا اللہ واحد قہار کے کہ جو بے پرواہی جسنے نہ جنا اور نہ جنا گیا ہوگا آخر جیسا کہ تھا اول لپیٹیگا
اللہ آسمانون کو اور زمین کو مانند لپیٹنے سجل کے کہ نام فرشتے کا ہی اعمال ناموں کو پھر پھاویگا آسمان و زمین کو یعنی اونکے ٹکڑون کو پھر فرماویگا
اَنَا الْجَبَّارُ تین بار پھر پکاریگا اپنی آواز سے لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ یعنی کسکے لیے ہی بادشاہت آج دو بار
فرماویگا پس نہین جواب دیگا اوسکو کوئی پھر فرماویگا آپ ہی لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ یعنی اللہ واحد قہار ہی کے لیے بادشاہت ہی آج
اور پھر کے بننا آسمان و زمین کا معلوم ہوتا ہی اس آیت سے يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ یعنی اوس دن کہ
بدلے جاوینگی زمین غیر زمین سا ہو کے اور آسمان بھی پس پھیلاویگا اللہ زمین کو اور ہموار کریگا اوسکو پھر پھیلاویگا اوسکو مانند پھیلانے چمڑے
عکاظی کے کہ نام ایک بازار کا ہی نہین دیکھیگا تو اوسمین نیچا اور نہ اونچا پھر ڈانٹے گا اللہ خلق کو ایکبار ڈانٹنا پس ناگہان وہ اس تبدیلی زمین
مین اسی حال پر ہونگے کہ جو ہوگا بیچ پیٹ زمین کے ہوگا اوسکے پیٹ مین اور جو کہ ہوگا اوسکی پیٹھ پر رہیگا اوسکی پیٹھ پر یعنی جہان کے تہان مرے
پڑے ہونگے پھر اوتاریگا اللہ تیرا پانی عرش کے نیچے سے پس حکم فرماویگا اللہ آسمان کو برسنے کا پس برسیگا آسمان چالیس دن یہان تک کہ
ہوجاویگا پانی اونپر بارہ ہاتھ پھر حکم فرماویگا اللہ بدنون کو اُگنے کا پس اوگینگے اُگنا تروتازہ اور اُگینگے مانند اُگنے سبزے کے یہان تک کہ جب کامل ہوچکینگے
جسم اونکے اور ہوجاوینگے جیسے کہ تھے فرماویگا اللہ کہ زندہ ہووین اوٹھانے والے عرش کے پس زندہ ہونگے وہ اور حکم کریگا اللہ اسرافیل کو
یعنی صور لینے کا پس لیگا وہ صور کو اور رکھیگا اوسکو اپنے مونھ پر پھر فرماویگا اللہ کہ زندہ ہون جبرئیل اور میکائیل پس زندہ ہوجاوینگے وہ دونون
پھر بلاویگا اللہ روحون کو پس لائی جاوینگی وہ روشن ہونگی ارواح مومنون کی نور سے اور اور ارواحین یعنی کفار کی تاریک ہونگی
پھر لیویگا اللہ اون سبکو پھر ڈالیگا اونکو صور مین پھر حکم کریگا اسرافیل کو یہ کہ پھونکے نفخۂ بعث کا یعنی جی اوٹھنے کا پس نکلینگی
ارواحین گویا کہ وہ شہد کی مکھیان ہین بھرجاوینگی آسمان و زمین کے درمیان مین پھر فرماویگا اللہ قسم ہی میری عزت و جلال کی البتہ
رجوع کرے ہر روح طرف بدن اپنے کے پس داخل ہونگی روحین زمین مین طرف بدنون کے پس داخل ہونگی نتھنون مین پھر چلینگی بدنون مین جیسے کہ چلتا ہی زہر
اوسکے بدن مین کہ جسکو زہریلا جانور کاٹے پھر پھٹیگی زمین اور تم نکلوگے اوسمین سے اور اول میں ہی اوسمین سے نکلونگا بعد پھٹنے کے پس نکلوگے تم
زمین سے جلدی کرتے ہوئے طرف رب اپنے کے سبقت کرتے تیز چلوگے بلانے والے کی طرف کہینگے کافر کہ یہ دن سخت ہی اوٹھینگے
تم دوسے ننگے پانون ننگے بدن بدون ختنہ کیے پس اوس وقت کہ ہم کھڑے ہونگے ناگہان سنینگے ہم آسمان کی طرف سے ایک آہٹ شدید

ف — معلوم ہوتا ہے کہ حدیث میں جبرئیل کا مرنا سب کے بعد مذکور ہوا اور یہان ملک الموت کا مرنا سب کے بعد شاید کسی راوی کو وہم ہوا ہو واللہ اعلم ۱۲ منہ مد ظلہ

پس اوترینگے آسمان سے دنیا کے رہنے والے دو برابر اونکے کہ زمین مین ہین جنات وانسان یہان تک کہ جب قریب پونہچینگے وہ زمین کے
روشن ہوجاویگی زمین اونکے نور سے اور صفین باندھینگے پھر اوترینگے دوسرے آسمان کے رہنے والے دو برابر اون فرشتون کے کہ اوترے
پہلے آسمان سے اور دو برابر اونکے کہ زمین مین ہین جن وانس یہان تک کہ جب قریب پونہچینگے وہ زمین روشن ہوگی زمین اونکے نور سے
اور صفین باندھینگے وہ پھر اوترینگے تیسرے آسمان کے رہنے والے دو برابر اون فرشتون کے کہ اوترے ہونگے اور دو برابر اونکے کہ زمین مین ہین
جن وانس یہان تک کہ جب قریب پونہچینگے زمین کے روشن ہوگی زمین اونکے نور سے اور صفین باندھینگے وہ پھر اوترینگے اور فرشتے اسی
اسیقدر زیادہ ساتون آسمانون کے پھر اوتریگا جبار بیچ سائبان ابر کے اور آٹھ فرشتے اوٹھائے ہوئے ہونگے عرش اوسکا اوسدن اور
اسبار فرشتے اوٹھائے ہوئے ہین قدم اونکے نیچے کی ہین کے تہ پر ہین اور زمینین اور آسمان اونکی کمر تک ہین اور عرش اونکے مونڈھون
پر ہے واسطے اونکے شغل ہی ساتھ تسبیح کے پس کہ رہے ہین سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ
وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ سُبْحَانَ الَّذِي يُمِيتُ الْخَلَائِقَ وَلَا يَمُوتُ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ
قُدُّوسٌ قُدُّوسٌ سُبْحَانَ رَبِّنَا الْأَعْلَى رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ سُبْحَانَ رَبِّنَا الْأَعْلَى الَّذِي يُمِيتُ
الْخَلَائِقَ وَلَا يَمُوتُ پس رکھیگا اللہ عرش اپنا جہان چاہیگا زمین مین پھر پکاریگا ساتھ آواز اپنی کے پس کہیگا اے گروہ
جن وانس کے بلاشبہہ مین چپ رہا تمہارے لیے ابتدا اوسدن سے کہ پیدا کیا مینے تمکو اسدن تمہارے تک سنین مینے باتین تمہاری
اور دیکھے مینے اعمال تمہارے پس چپ ہو تم میرے پاس پس یہ اعمال تمہارے ہین اور اعمال نامے تمہارے پڑھے جاتے ہین تمپر پس جو کوئی پاوے
خیر پس چاہیے کہ حمد کرے اللہ کی اور جو کوئی پاوے غیر اسکے پس نہ ملامت کرے مگر اپنے نفس کو پھر حکم کریگا اللہ جہنم کو پس نکلے گی اوسمین سے ایک گردن
بلند تاریک پھر فرماویگا اللہ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَنْ لَا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ
یعنی کیا نہ حکم کیا تھا مینے تمکو یعنی رسولون کی زبانی کر اے بیٹون آدم کے نہ فرمان برداری کرنا تم شیطان کی بلاشبہہ وہ تمہارا دشمن ظاہر ہے
اور فرماویگا اللہ تعالی وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ۝ یعنی اور جدے ہوجاؤ آج کے دن اے کافرو دن یعنی
مومنون سے پس جدائی ہوجاویگی درمیان لوگون کے یعنی مومن الگ ہوجائینگے کافر الگ زانوون کے بل گرپڑینگی امتین یعنی مارے ڈر کے
جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَتَرَى كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً یعنی اور دیکھے گا تو سب امتون کو زانوون کے بل گرے اور بلائی جاوینگی
اپنے اعمالنامون کی طرف اور کھڑی کی جاوینگی ایک موقف یعنی کھڑے رہنے کی جگہہ مین مقدار ستر برس کے نہین حکم کیا جاویگا کچھ درمیان
اونکے پس رووینگے یہان تک کہ منقطع ہوجائینگے آنسو اور بجاے آنسوون کے خون نکلے گا اور گراوینگے پسینا یہان تک کہ پونہچے گا
پسینا اس حد کو کہ موندھ اور ٹھوڑیون تک آجائیگا اونکے اور چلاوینگے اور کہینگے کون شفاعت کرے ہمارے لیے ہمارے رب سے تا حکم کرے
درمیان ہمارے پس کہینگے یعنی آپسمین کہ کون لائق تر ہے ساتھ اسکے تمہارے باپ سے کہ آدم ہین پیدا کیا اونکو اللہ نے اپنے ہاتھ سے
اور پھونکی اونمین روح اپنی اور کلام کیا اون سے روبرو پس آوینگے آدم کے پاس اور طلب کرینگے شفاعت اون سے پس انکار کرینگے
وہ اور کہینگے کہ نہین ہون مین لائق اسکے پھر شفاعت طلب کرینگے نبیون سے یعنی ہر ہر نبی سے اور جس نبی کے پاس جاوینگے وہ انکار کریگا
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہان تک کہ آوینگے وہ میرے پاس پس چلونگا مین یہان تک کہ آؤنگا مین فحص پس گرونگا مین
سجدے مین کہا ابو ہریرہ رضی نے یا رسول اللہ فحص کیا چیز ہے فرمایا آگا عرش کا یہان تک کہ بھیجے گا اللہ طرف میری ایک فرشتے کو پس پکڑیگا وہ بازو میرا
اور اوٹھاویگا مجکو پھر فرماویگا مجسے اللہ تعالی کہ اے محمد پس کہونگا مین ارشاد اے رب میرے پس فرماویگا کیا مطلب ہے تیرا حالانکہ وہ خوب
جانتا ہوگا میرے مطلب کو پس عرض کرونگا مین کہ اے رب میرے وعدہ کیا تھا تونے مجسے شفاعت کا پس شفاعت قبول کر میری اپنی خلق کے

٥ وان اعبدونی ہذا صراط مستقیم
یعنی اور وہ کہ عبادت کرو میری
یہ راہ سیدھی ہے

حق مین پس حکم کر درمیان اونکے فرماویگا اللہ تعالی شفاعت قبول کی مینے تیری اور حکم کرونگا مین درمیان اونکے فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ پس پھرونگا مین اور کھڑا رہونگا ساتھ لوگون کے پس حکم کریگا اللہ درمیان خلائق کے پس اول حکم کیا جاویگا درباب
خونون کے اور آویگا ہر شہید کہ قتل کیا گیا تھا اللہ کی راہ مین اور حکم کرونگا اللہ کہ اوسکا سر اوٹھا کر لایا جاوے اور اوسکی گردن کی رگون
مین سے خون جاری ہوگا پس کہینگے شہید کہ ای رب ہمارے قتل کیا ہمکو فلانے فلانے شخصون نے پس فرماویگا اللہ حال انکہ وہ خوب جانتا ہوگا
کیون قتل کیے گئے تم پس کہینگے ای رب ہمارے قتل کیے گئے ہم تاکہ ہو غلبہ تیرے لیے یعنی لڑے تھے تو اسلام غالب ہو مارے گئے پس
فرماویگا اللہ تعالی کہ سچ کہا تمنے پس کردیگا اللہ اونکے مونہون کے لیے روشنی مانند روشنی آفتاب کے پھر ساتھ ساتھ چلینگے اونکے
فرشتے جنت تک اور آوینگے وہ کہ قتل کیے گئے ہین غیر راہ خدا مین اوٹھا کر لائے جاوینگے سر اونکے اور اونکی گردنون کی رگون مین سے خون
جاری ہوگا پس کہینگے وہ ای رب ہمارے قتل کیا ہمکو فلانے فلانے شخصون نے پس فرماویگا اللہ تعالی کیون حال انکہ وہ خوب جانتا ہوگا پس کہینگے
تاکہ ہو عزت ہمارے لیے یعنی اپنے غالب ہونے کے لیے لڑے تھے مارے گئے پس فرماویگا اللہ تعالی ہلاک ہوجیو تو پھر نہین باقی رہیگا
کوئی شخص کہ قتل کیا کسیکو مگر کہ قتل کیا جاویگا بدلے اوسکے اور نہ حق تلفی کی ہوگی کسینے کسیکی مگر کہ ماخوذ ہوگا بدلے اوسکے اور ہوگا اللہ کی
مشیت مین اگر چاہے عذاب کرے اوسپر اور چاہے رحم کرے اوسپر پھر حکم کریگا اللہ درمیان باقی مخلوق اپنی کے یہانتک کہ نہین باقی رہیگا
حق کسیکا نزدیک کسیکے مگر کہ لیویگا اوسکو اللہ واسطے مظلوم کے ظالم سے یہانتک کہ تکلیف دیا جاویگا اوسدن دودھ مین پانی ملاکر
بیچنے والا یہ کہ الگ کرے پانی کو دودھ سے پھر جب فارغ ہوگا اللہ اس سے پکاریگا پکارنا کہ سناویگا ساری خلائق کو آگاہ ہو چاہیے کہ مل جاوے
ہر قوم ساتھ معبودون اپنے کے یعنی بتون کے اور ساتھ اون چیزون کے کہ تھے پوجتے سوے اللہ کے پس نہین باقی رہیگا کوئی کہ پوجتا ہو سوے
اللہ کے کسی چیز کو مگر کہ صورت بنا کر لائے جاوینگے اوسکے لیے معبود اوسکے سامنے اوسکے اور بنایا جاویگا ایک فرشتہ فرشتون مین سے
بصورت عزیر کے اور بنایا جاویگا ایک فرشتہ فرشتون مین سے بصورت عیسیؑ کے پس ساتھ ہوجاوینگے اول کے یہود اور ساتھ ہوجاوینگے
دوسرے کے نصاری پھر کھینچ کر لیجاوینگے اونکو معبود اونکے یعنی بت اور مانند اونکے کے طرف دوزخ کے پس یہ مذکور ہی اس آیت مین کہ فرمائی
اللہ تعالی نے لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ یعنی اگر ہوتے بت معبود تو نہ داخل ہوتے دوزخ
مین اور سب دوزخ مین ہمیشہ رہینگے پس جب کہ نہین باقی رہینگے مگر مومن اور اونھین مین منافق بھی ہونگے تو کہا جاویگا اونکے لیے کہ
ای لوگون گئے اور لوگ پس تم بھی مل جاؤ ساتھ معبودون اپنے کے اور اون چیزون کے کہ پوجتے تھے تم اونکو پس کہینگے وہ قسم خدا کی
نہین تھے ہم پوجتے کسی معبود کو سوے اللہ کے پھر کہا جاویگا اونسے اسیطرح کہ مل جاؤ تم اپنے معبودون کے ساتھ اور اون چیزون کے ساتھ
کہ تھے تم پوجتے پس کہینگے وہ قسم خدا کی نہین ہی ہمارے لیے کوئی معبود سوے اللہ کے اور نہین پوجتے تھے ہم اوسکے غیر کو پھر کہا جاویگا یہی
اونسے تیسری بار پس کہینگے وہ مانند اسی کے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ مین رب تمھارا ہون پس آیا ہی درمیان تمھارے اور درمیان رب
تمھارے کے کوئی نشانی کہ پہچانو تم اوسکو اوس نشانی سے پس کہینگے ہان پھر کھولیگا اللہ تعالی پنڈلی اور دکھاویگا اونکو کچھ نشانی
پس پہچانینگے کہ یہ رب ہمارا ہی پس گرینگے لوگ اپنے مونہون کے بل سجدہ کرتے ہوئے اور گریگا ہر منافق اپنی پیٹھ کے بل کردیگا اللہ
پیٹھیان اونکی ہڈیون کی گاؤن کے سینگون کے مانند پھر حکم کریگا اللہ واسطے اونکے سر اوٹھانے کا پس سر اوٹھاوینگے اپنے اور رکھا جاویگا
پل صراط پشت دوزخ پر مانند بال کے باریک اور مانند دھار تلوار کے تیز اوسپر آنکڑے ہونگے اور سیخچے کہ جنکے سرے مڑے ہون اور تیز اوسکا
نوک کے مانند کانٹون سعدان کے کہ نام ایک گھانس کا ہی اور اوسکے پل ہوگا پھسلنا کہ جسپر قدم نہ جمے پس گذرینگے اوسپر سے بعضے مانند
پلک مارنے کے اور بعضے مانند چمکنے بجلی کے اور بعضے مانند چلنے ہوا کے اور بعضے مانند گھوڑون تیزرو کے اور بعضے مانند تیزرو اور سوارون

ف ۱۵ مثلاً کوئی شخص آفتاب کو پوجتا ہے کوئی ... کوئی ... کو کوئی ... سورج کو ... ۱۲ منہ عفی عنہ

ف ۱۶ یعنی ... ۱۲ منہ عفی عنہ

یعنی مانند خچر وغیرہ کے اور بعضے مانند تیز رو پیادہ پا چلنے والون کے پس بعضے نجات پانے والے صحیح سالم ہونگے اور بعضے اس طرح
نجات پاوینگے کہ زخمی ہونگے اور کھرونچین لگین گی اونکے اور بعضے اونمین سے منہ کے بل جہنم مین پس جب کہ پہونچینگے اہل جنت طرف جنت کے پس داخل ہونگے
اوسمین پس قسم ہے اوس ذات کی کہ بھیجا مجکو ساتھ حق کے نہین ہو تم دنیا مین زیادہ پہچاننے والے اپنی بیویون اور مکانون کو اہل جنت سے
اپنی بیویون اور مکانون کو جب کہ داخل ہونگے وہ جنت مین یعنی جیسے یہان اپنی بیویون اور مکانون کو لوگ پہچانتے ہین اس سے زیادہ
جنت مین جنتی اپنے مکانون اور بیویون کو کہ اونکے لیے طیار ہین پہچان لینگے کہ یہ ہمارے ہی مکان ہین اور یہ ہماری ہی بیویان ہین پس
داخل ہوگا ایک شخص اونمین سے بہتر بیویون پر اون بیویون مین سے کہ جو پیدا کین ہین اللہ نے جنت مین اور دو بیویان آدمی زاد ہونگی اور فضیلت
ہوگی وہان کی بیویون پر بسبب عبادت کرنے کے دنیا مین پس داخل ہوگا وہ پہلی بیوی پر اونمین سے کہ بیٹھی ہوگی بیچ بالاخانے یاقوت کے اور تخت
سونے کے کہ جڑاو ہوگا ساتھ موتیون کے اور اوسپر ستر جوڑے ہونگے لاہی اور اطلس کے پھر یہ رکھیگا ہاتھ اپنا درمیان دونون مونڈھون اوسکے کے
پس دیکھیگا ہاتھ اپنا اوسکے سینے مین سے اوسکے کپڑون اور جلد اور گوشت کے پیچھے سے اور وہ جنتی دیکھیگا طرف گودے پنڈلی اوسکی کے
جیسے کہ دیکھتا ہے ایک تمھارا طرف ڈورے کے کہ ہوتا ہے یاقوت مین پرویا ہوا جگر اوس عورت کا آئینہ ہوگا اوس مرد کا اور جگر مرد کا اوس
عورت کے لیے آئینہ ہوگا یعنی آپسمین ایک دوسرے کے جگر مین صورت اپنی دیکھیگا مانند آئینے کے پس اوسوقت کہ وہ مرد اوس عورت
کے پاس ہوگا نہین ملول کریگا یہ مرد اوس عورت کو اور نہ وہ عورت اس مرد کو یعنی خوش باخوش آپسمین ہونگے اور ایک کی سیری دوسرے
سے نہین ہوگی اور جب صحبت کریگا جنتی اوس سے پاویگا اوسکو باکرہ اور نہین سست ہونگے دونون اور نہ رنج اوٹھاوینگے پس
اوسوقت کہ وہ جنتی اس حالت مین ہوگا کہ ناگہان پکارا جاویگا اوسکو پس کہا جاویگا اوسکو کہ ہم جانتے ہین کہ تو نہین ملول ہے اور نہ وہ
ملول ہے لیکن بلا شبہ تیرے لیے اور بیویان بھی ہین سواے اسکے پس نکلے گا پھر وہ جاویگا اور بیویون کے پاس ایک ایک پاس جب جاویگا
اونمین سے ایک کے پاس کہیگی اوسکو قسم خدا کی نہین دیکھی مینے جنت مین کوئی چیز بہتر تجھسے اور نہین پیدا ہوئی جنت مین کوئی چیز محبوب تر
طرف میری تجھسے فرمایا آنحضرت صلعم نے اور جب کہ پڑینگے دوزخی یعنی کافر دوزخ مین پڑیگی ایک خلق مخلوق خدا سے کہ ڈالینگے اونکو اعمال اونکے
یعنی ہونگے مومن لیکن اعمال بد کے سبب سے پڑینگے پس بعضے اونمین سے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو آگ جہنم کی دونون ٹخنون تک اور
بعضے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو آگ کمر تک اور بعضے وہ ہونگے کہ لگیگی اونکے آگ سارے بدن مین سواے موںھ کے حرام کریگا اللہ اونکی صورتونکو
آگ پر پس جب نکالے گئے رہینگے آپسمین بیچ دوزخ کے کہینگے کون شفاعت کرے ہمارے لیے طرف رب ہمارے کے یہانتک کہ نکالے ہمکو آگ سے
پس کہینگے تم یعنی بعضے کہ کون لائق تر ہے ساتھ شفاعت کرنے کے تمھارے باوا آدم ع سے پس جاوینگے مومن طرف آدم ع کے او کہینگے پیدا کیا
تجکو اللہ نے اپنے ہاتھ سے اور پھونکی تجھمین روح اپنی اور کلام کیا تجھسے سامنے پس ذکر کرینگے آدم ع گناہ اپنا اور کہینگے مین نہین لائق اسکے
ولیکن لازم ہے تمکو کہ نوح ع کے پاس جاؤ اسلیے کہ وہ اول ہین اللہ کے سب رسولون مین پس جاوینگے وہ لوگ نوح ع کے پاس اور طلب کرینگے
شفاعت اونسے پس ذکر کرینگے وہ گناہ اور کہینگے کہ نہین ہون مین لائق اسکے ولیکن لازم ہے تمکو جانا ابراہیم ع کے پاس کہ اللہ نے کیا تھا
اوسکو خلیل پس آوینگے ابراہیم ع کے پاس اور طلب کرینگے شفاعت اونسے پس ذکر کرینگے وہ گناہ اپنا اور کہینگے وہ کہ نہین ہون مین لائق اسکے
ولیکن لازم ہے تمکو جانا موسی ع کے پاس کہ اللہ نے مقرب کیا تھا اوسکو درحالیکہ سرگوشی کی اوس سے اور کلام کیا اوس سے اور اوتاری اوسپر
توریت پس آوینگے وہ موسی ع کے پاس اور طلب کرینگے شفاعت اونسے پس ذکر کرینگے وہ بھی گناہ اپنا اور کہینگے کہ نہین ہون لائق اسکے
ولیکن لازم ہے تمکو جانا پاس روح اللہ ع کے اور کلمہ اوسکے کے کہ عیسی بیٹے مریم کے ہین پس آوینگے وہ عیسی بیٹے مریم کے پاس اور طلب کرینگے
شفاعت پس کہینگے وہ کہ نہین ہون مین لائق اسکے ولیکن لازم ہے تمکو جانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

پس آوینگے وہ میرے پاس اور میرے لیے نزدیک رب میرے کے تین شفاعتین ہین کہ وعدہ کیا ہی اوسنے مجھسے اونکا پس چلونگا مین یہانتک
کہ جاونگا مین جنت کے دروازے پر پس پکڑونگا مین حلقہ دروازیکا اور کہلواؤنگا مین دروازہ پس کھولا جاویگا دروازہ میرے لیے پس داخل ہونگا
مین اور گرونگا مین سجدے مین پس الہام کریگا اللہ مجکو اپنی حمد و تمجید اس طرح کی کہ نہین الہام کی وہ کسیکو اپنی مخلوق مین سے پھر فرماویگا
اللہ تعالی کہ اوٹھا سر اپنا ای محمد شفاعت کیے قبول کیجاویگی شفاعت تیری اور مانگ دیا جاویگا تو پس اوٹھاؤنگا مین سر اپنا پھر گرونگا مین
سجدے مین پس الہام کریگا اللہ مجکو اپنی حمد و تمجید اس طرح کی کہ نہین الہام کی وہ کسیکو اپنی مخلوق مین سے پھر فرماویگا اوٹھا سر اپنا ای محمد شفاعت کر شفاعت
تیری قبول کیجاویگی اور مانگ دیا جاویگا تو پس جب کہ اوٹھاؤنگا مین سر اپنا فرماویگا اللہ مجکو حالانکہ وہ خوب جانتا ہوگا کیا ہی مطلب تیرا پس
کہونگا مین کہ ای رب میرے وعدہ کیا تھا تونے مجھسے شفاعت کا پس شفاعت قبول کر میری پس کہونگا مین ای رب میرے جو لوگ کہ پڑے ہین
آگ مین میری امت مین سے اونکو حکم نکلنے کا دے پس فرماویگا اللہ کہ نکالو تم اونکو کہ جنکی صورت پہچانتے ہو تم پس نکالینگے ہم اونکو یہانتک کہ نہین
باقی رہیگا اون جان پہچانون مین سے کوئی پھر حکم فرماویگا اللہ شفاعت کرنے کا پس نہین باقی رہیگا کوئی نبی اور نہ شہید مگر کہ شفاعت کریگا پس
فرماویگا اللہ تعالی کہ نکالو تم اونکو کہ جنکے دل مین پاؤ تم برابر دینار کے خیر[۹۱] پس نکالینگے وہ یہانتک کہ نہین باقی رہیگا اونمین سے کوئی پھر حکم فرماویگا
اللہ کہ نکالو تم اونکو کہ پاؤ تم اونکے دلون مین برابر تہائی دینار کے یعنی خیر پھر فرماویگا آدھے دینار برابر پھر فرماویگا تہائی دینار کے برابر پھر فرماویگا
چوتھائی دینار کے برابر پھر فرماویگا ایک قیراط[۹۲] کے برابر پھر فرماویگا برابر دانے کے یعنی رائی کے دانے برابر پس نکالے جاوینگے وہ یہانتک کہ نہین
باقی رہیگا اونمین سے کوئی اور یہانتک کہ نہین باقی رہیگا دوزخ مین وہ کہ عمل خیر کیا ہو اللہ کے لیے کبھی اور نہین باقی رہیگا وہ کوئی
کہ اوسکے لیے شفاعت ہو مگر کہ شفاعت کیا جاویگا یہانتک کہ ابلیس جو اللہ کی رحمت دیکھیگا وہ بھی امید رکھیگا کہ میرے لیے شفاعت
کیجاوے **بیت** اگر در دہد یک صلائے کرم ✤ عزازیل گوید نصیبی برم ✤ پھر فرماویگا اللہ کہ باقی رہا مین اور مین ارحم الراحمین ہون پس بھریگا
ایک مٹھی اور نکالیگا دوزخ سے اسقدر کہ نہین شمار کرسکتا اونکو کوئی سوا اللہ کے پس ہوویگا یعنی صحیح و سالم کریگا اونکو نہر پر کہ کہا جاتا ہی
اوسکو نہر الحیوان پس اوگینگے وہ مین یعنی بھلے چنگے ہو جاوینگے جیسے کہ اوگتے ہی دوب نالے کی کوڑے کرکٹ پر پس جو دوب کہ اونکو آفتاب سے ہوتی ہی
سبز ہوتی ہی اور جو سایے مین ہوتی ہی زرد ہوتی ہی پس اگینگے یعنی صحیح سالم ہوجاوینگے خوشنما مانند موتی کے لکھا جاویگا اونکی گردنون مین اَلْجَہَنَّمِیُّوْنَ
عُتَقَاءُ الرَّحْمٰنِ یعنی یہ دوزخی ہین آزاد کیے ہوے رحمن کے نہین کیا انھون نے عمل خیر کبھی ساتھ توحید کے پس ٹھہرینگے وہ جنت مین جسقدر
چاہیگا اللہ اور وہ لکھا ہوا اونکی گردنون مین کا پھر عرض کرینگے وہ کہ ای رب ہمارے مٹادے ہمسے یہ لکھا ہوا پس مٹا دیگا اللہ وہ اونسے ✤ **ملّ ✤ در منثور** ✤

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ
اور چمکی زمین اپنے رب کے نور سے اور لا دھرا دفتر اور حاضر آئے پیغمبر اور گواہ اور فیصلہ ہوا اونمین
بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝
انصاف سے اور اونپر ظلم نہوگا ✤ **موق** ✤

اور روشن ہوگی زمین ساتھ نور پروردگار اپنے کے اور رکھے جاوینگے عمل نامے اور لایا جاویگا پیغمبرون کو اور گواہون کو اور حکم کیا جاویگا
درمیان آدمیون کے ساتھ حق کے یعنی عدل کے اور وہ ظلم نہین کیے جاوینگے ✤ **فتح** ✤ **تفسیر** ✤ گواہ ہر وقت کے نیک لوگ احوال
بتانیگے بندون کی برائی اور بھلائی کے جو دیکھتے تھے ✤ **موق** نور رب سے مراد عدل اوسکا ہی بطریق استعارے کے جیسا کہ کہا
جاتا ہی بادشاہ عادل کے لیے اَشْرَقَتِ الْاٰفَاقُ بِعَدْلِكَ وَاَضَاءَتِ الدُّنْيَا بِقِسْطِكَ اور آنحضرت علیہ السلام نے
فرمایا اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اور اضافت رب کی زمین کی طرف اسلیے ہی کہ وہ مزین کریگا اوسکو بسبب پھیلانے

عدل اپنے کے اوسمین اور کھڑی کریگا زمین مین ترازو یعنی اپنے عدل کی اور حکم کریگا ساتھ حق کے درمیان رہنے والون اوسکے اوجہان کہ عدل ہوتا ہی اوس جگہہ کے برابر کوئی جگہہ مزین اور آباد نہین ہوتی اور کہا امام ابو منصور رحمہ اللہ نے کہ جائز ہی یہ کہ پیدا کرے اللہ ایک نور پس روشن کرے ربا اوسکا زمین موقف کو اور اضافت نور کی رب کی طرف تخصیص کے لیے ہی جیسے کہ بیت اللہ اور ناقۃ اللہ مین ہی یہ مدارک مین ہی اور معالم مین ہی کہ نور سے ربہا کے معنی ہین ساتھ نور خالق اپنے کے اور یہ مذکور اوسوقت کا ہی کہ تجلی فرماویگا رب تعالی فیصلہ خلائق کے لیے قیامت کو اوسدن اوسکے نور پاک کی نہایت روشنی ہوگی جیسے آفتاب کی ہوتی ہی اور زمین سے مراد میدان محشر ہی انتہی اور کتاب سے مراد اعمال نامے ہین یا لوح محفوظ اور لایا جاویگا پیغمبرون کو یعنی تو کہ پوچھے اونسے رب اونکا کہ رسالت پہونچائی تھی اور قوم نے کیا جواب دیا اور گواہون سے مراد فرشتے عمل لکھنے والے ہین دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا کُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَّشَهِيْدٌ ۝ اور بعضون نے کہا کہ وہ نیک لوگ ہر زمانے کے ہین کہ گواہی دینگے اوس زمانے والون کی بھلائی برائی کی اور بعضون نے کہا کہ وہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی کہ گواہی دیگی رسولون کی رسالت کے پہونچانے کی اور امت کے جھٹلانے کی اونکو اور ختم کیا آیت کو ساتھ نفی ظلم کے جیسے کہ شروع کیا اوسکو ساتھ اثبات عدل کے + معا + مد + در منثور +

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝

اور پورا ملا ہر جی کو جو کیا اور اوسکو خوب خبر ہی جو کرتے ہین + موضح

اور پوری دی جاوے گی ہر شخص کو جزا اوس چیز کی کہ کی ہی اور خدا خوب جانتا ہی جو کچھ کرتے ہین + فتح + تفسیر یعنی بغیر عمل نامے اور گواہ کے اور بعضون نے کہا کہ یہ آیت تفسیر ہی اس قول اللہ تعالی کی وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ یعنی پوری دی جاویگی ہر شخص کو جزا اوس چیز کی کہ کرتا ہی قسم بھلائی برائی سے اور نہین زیادتی کیجائیگی برائی مین اور نہ کمی کیجاویگی خیر مین سے + مد +

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا حَتّٰى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا اَلَمْ يَاْتِكُمْ

اور ہانکے گئے جو منکر تھے دوزخ کو جتھے جتھے یہانتک کہ جب پونہچے اوسپر کھولے گئے اوسکے دروازے اور کہنے لگے اونکو دارونغہ اوسکے کیا نہ پہنچے تھے

رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ

رسول تم مین کے پڑھتے تمپر باتین تمھارے رب کی اور ڈراتے تمکو اس تمھارے دن کی ملاقات سے بولے کیون نہین پر ثابت ہوا

كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

حکم عذاب کا منکرون پر + موضح

اور ہانکا جاویگا کافرون کو طرف دوزخ کے گروہ گروہ یہانتک کہ جب آوینگے دوزخ کے پاس کھولے جاوینگے دروازے اوسکے اور کہینگے اونکو نگہبان دوزخ کے کیا نہین آئے تھے تمھارے پاس پیغمبر تمھاری جنس سے پڑھتے تھے تمپر آیتین تمھارے پروردگار کی اور ڈراتے تھے تمکو ملاقات اس دن تمھارے کے سے کہینگے ہان آئے تھے اور پڑھین تھین آیتین ہمپر ولیکن ثابت ہوا حکم عذاب کا کافرون پر + فتح + تفسیر ہانکا جاویگا یعنی سختی سے جیسے کہ قیدیون کو ہانک کرلیجاتے ہین قیدخانے مین یا قتل کرنے کے لیے دروازے اوسکے کہ سات ہین نگہبان دوزخ کے وہ فرشتے ہین کہ متعین ہین واسطے عذاب کرنے دوزخیون کے اس دن یعنی اسوقت تمھارے سے اور وہ وقت داخل ہونے اونکے کا ہی دوزخ مین نہ دن قیامت کا وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ کے معنی یہ ہین ولیکن واجب ہوا ہمپر کلمہ اللہ کا لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ بسبب اعمال بد ہمارے کے جیسے کہ کہا اونھون نے غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ پس ذکر کیا اونھون نے عمل اپنا جو موجب ہی کلمہ

ع ۷ / ۱۴

۵ البتہ بھر دونگا مین دوزخ کو

عذاب کا اور وہ کفر و ضلال ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دوزخ کی طرف جب دوزخی ہانکے جاوینگے تو ملیگی اونسے ایک گردن دوزخ مین سے نکلکر اور جلا دیویگی اونکو اس طرح کا جلانا کہ نہین چھوڑیگی گوشت ہڈی پر مگر کہ ڈالدیگی اوسکو ایڑیون پر + مل + درمنثور +

قِيلَ ادْخُلُوٓا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى ٱلْمُتَكَبِّرِينَ ○

حکم ہوا پیٹھو دروازون مین دوزخ کے سدا رہنے کو اوسمین سو کیا بری جگہہ رہنے کی غرور والون کو + مو +

کہا جاویگا داخل ہو دوزخ کے دروازون مین ہمیشہ رہنے والے بیچ اوسکے پس بری جگہہ سنکرون کی ہی دوزخ + ف + ع +

وَسِيقَ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوْا۟ رَبَّهُمْ إِلَى ٱلْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَٰبُهَا وَقَالَ لَهُمْ

اور ہانکے گئے جو ڈرتے رہے تھے اپنے رب سے بہشت کو جتھے جتھے یہان تک کہ جب پہونچے اوس پر اور کھولے گئے اوسکے دروازے اور کہنے لگے اونکو

خَزَنَتُهَا سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَٱدْخُلُوهَا خَٰلِدِينَ ○

داروغہ اوسکے سلام پہونچے تمپر تم لوگ پاکیزہ ہو سو پیٹھو اسمین سدا رہنے کو + مو +

اور ہانکے جاوینگے وہ لوگ کہ ڈرتے تھے پروردگار اپنے سے طرف بہشت کے گروہ گروہ یہان تک کہ جب آوینگے نزدیک بہشت کے اور کھولے جاوینگے دروازے اوسکے اور کہینگے واسطے اونکے نگہبان بہشت کے سلام تمپر ہو جیو خوشحال ہوئے تم پس داخل ہو و بہشت مین ہمیشہ رہنے والے + **تفسیر** + مراد یہان اہل جنت کے ہانکنے سے ہانکنا اونکی سواریون کا ہی اسلیے کہ نہین لیجایا جاویگا اونکو مگر سوار کرکر طرف بہشت کے جیسے کہ کیا جاتا ہی ساتھ اونکے کہ اکرام کیا جاتا ہی اونکا قسم ایلچیون سے کہ آتے ہین بعضے بادشاہون کے پاس یہان تک کہ جب آوینگے الخ معنی یہ ہین کہ یہان تک کہ جب آوینگے نزدیک بہشت کے واقع ہوگا آنا اونکا ساتھ کھلنے دروازون اوسکے اور بعضون نے کہا ہی کہ دروازے جہنم کے نہین کھولے جاتے ہین مگر نزدیک داخل ہونے دوزخیون کے اوسمین اور دروازے جنت کے پہلے سے کھلے ہونگے بموجب قول اللہ تعالی کے جَنَّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ ٱلْأَبْوَٰبُ پس لائے گئے یہان واو گویا کہ فرمایا یہان تک کہ جب آوینگے نزدیک بہشت کے اور کھلے ہونگے دروازے اوسکے اور طبتم کے معنی یہ ہین کہ پاک ہوئے تم میل معاصی سے اور پاک ہوئے تم نجاست خطاؤن سے اور کہا زجاج نے کہ مراد طبتم سے یہ ہی کہ تھے تم پاکیزہ دنیا مین اور نہین تھے تم خبیث یعنی نہین تھے تم اصحاب خباثت سے اور مراد یہ ہی کہ نگہبان جنت کے سلام کرینگے اونکو اور کہینگے طبتم کہا ابن عباسؓ نے بیچ تفسیر طبتم کے اچھا ہوا تمھارے لیے مقام کہا قتادہ نے یہ وہ لوگ ہین کہ جب قطع کرینگے آگ دوزخ کی تھمینگے ایک پل پر کہ درمیان دوزخ و بہشت کے ہوگا پس بدلا لیوینگے بعض اونکے بعض سے یہان تک کہ جب پاک و صاف ہونگے داخل ہونگے جنت مین پس کہیگا واسطے اونکے رضوان کہ نام بہشت کے داروغہ کا ہی اور نگہبان بہشت کے سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَٱدْخُلُوهَا خَٰلِدِينَ ○ اور منقول ہی علیؓ سے کہ کہا ہانکے جاوینگے جنتی طرف جنت کے پس جب پہونچینگے طرف جنت کے پاوینگے نزدیک دروازے بہشت کے ایک درخت کہ نکلینگے اوسکی جڑ مین سے دو چشمے پس نہاوینگے ایک مین پس پاک ہونگے ظاہر اونکے اور پیوینگے دوسرے چشمے سے پس پاک ہوگا باطن اونکا اور ملینگے اونسے فرشتے جنت کے دروازون پر کہینگے سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَٱدْخُلُوهَا خَٰلِدِينَ ○ اب کچھ روایتین پہلے مضمون کے متعلق سُنّی چاہیین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آؤنگا مین جنت کے دروازے پر روز قیامت کے اور کھلواؤنگا مین دروازہ اوسکا پس کہے گا نگہبان جنت کا کہ کون ہی تو پس کہونگا مین کہ مین محمد ہون پس کہیگا وہ کہ تیرے ہی سبب سے حکم کیا گیا تھا مین یہ کہ نہ کھولون دروازہ بہشت کا کسیکے لیے پہلے تیرے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اول گروہ کہ داخل ہوگا بہشت مین صورتین اونکی بصورت چودھوین رات کے چاند کی ہونگی نہ تھوکینگے اوسمین اور نہ ناک سنکینگے باسن اونکے اور کنگھیان اونکی سونے اور چاندی کی ہونگے اور اونکی انگیٹھیون مین اگر جلایا جاویگا اور پسینا اونکا مشک کا

یعنی مشک کی سی خوشبو آتی ہوگی اوسمین سے اور واسطے ہر ایک جنتی کے دو دو بیبیان ہونگی دکھائی دیگا گودا اونکی پنڈلیون کا گوشت کے پیچھے سے بسبب حسن کے نہین اختلاف ہوگا درمیان اونکے اور بغض آپسمین یکدل ہونگے آپسمین تسبیح کرینگے اسکی صبح و شام اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اول جماعت داخل ہوگی جنت مین بصورت چودھوین رات کے چاند کے اور جو کہ بعد اونکے داخل ہونگے اونکے چہرون کی روشنی ایسی ہوگی جیسے بہت روشنی ستارے کی آسمان مین اور حضرت علی بن ابی طالب رضی سے روایت ہی کہ ہانکے جاوینگے وہ لوگ کہ ڈرتے ہین اپنے رب سے طرف جنت کے گروہ گروہ یہان تک کہ جب پہنچینگے طرف ایک دروازے کے جنت کے دروازون مین سے پاوینگے نزدیک اوسکے ایک درخت کہ نکلینگے اوسکی جڑ مین سے دو چشمے جاری ہین قصد کرینگے طرف ایک کے اون دونون مین سے پس پیوینگے اوسمین سے پس جاتا رہیگا جو کچھ کہ اونکے پیٹون مین ہوگا قسم موذی چیز سے یا نجاست سے یا خوف کی چیز سے پھر قصد کرینگے طرف دوسرے چشمے کے پس طہارت ظاہری حاصل کرینگے اوس سے پس ظاہر ہوگی اونپر تازگی چین کی پس ہرگز نہین متغیر ہونگی جلدین اونکی بعد اوسکے کبھی اور نہین پریشان ہونگے بال اونکے اور بال اونکے ایسے معلوم ہونگے گویا تیل لگایا ہی اونھون نے پھر پہنچینگے جنت کے نگہبانون کی طرف پس کہینگے وہ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ پھر آگے دوڑ کر ملینگے اونسے ولدان یعنی لڑکے کہ جنت مین خادم ہونگے بار بار آوینگے وہ انکے پاس جیسے کہ بار بار آتے ہین دنیا والے اوس دوست کے پاس کہ سفر سے آتا ہی پس کہینگے وہ خوش خبری ہو تمکو ساتھ اوس چیز کے کہ طیار کر رکھی ہی اللہ نے تمھارے لیے یعنی اکرام کی چیزین پھر جاویگا ایک لڑکا اون مین سے طرف بعضی بیوی اوسکی کے حور عین سے اور کہیگا کہ فلانا شخص آیا ہی یعنی دنیا کا نام لیکر کہیگا پس کہیگی وہ کہ تونے دیکھا ہی اوسکو پس کہیگا وہ کہ ہان مینے دیکھا ہی اوسکو پس دوڑیگی وہ مارے خوشی کے یہان تک کہ آ کھڑی رہیگی وہ جنت کے دروازے کی چوکھٹ پر یعنی اوسکے دیکھنے کے لیے پس جب کہ پہنچیگا جنتی طرف مکان اپنے کے دیکھیگا طرف بعضے مکانون اپنے کے پس ناگہان دیکھیگا کہ گنبد موتی کا کہ اوپر محل سبز اور زرد اور سرخ اور ہر رنگ کے ہین پھر اوٹھائیگا سر اپنا اوسکی چھت کی طرف پس ناگہان وہ مانند بجلی کے روشن ہوگی اگر نہ قدرت دیتا اللہ اوسکو اوسکے دیکھنے کی تو روشنی اوسکی لیجاتی بینائی اوسکی پھر جھکاویگا سر اپنا پس دیکھیگا طرف بیویون اپنی کے اور آبخورون کے کہ رکھے ہونگے نہرون کے کنارون پر اور طرف تکیون قطار بستہ اور قالینون بچھے ہوؤن کے پس دیکھیگا طرف اس نعمت کے پھر تکیہ لگا کر بیٹھیگا ایک تخت پر اپنے تختون مین سے اور کہیگا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۗ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ الخ یعنی شکر ہی اوس اللہ کا کہ راہ بتائی ہمکو اسکی اور نہ راہ پاتے ہم اگر نہ راہ دکھاتا ہمکو اللہ ساری آیت پڑھینگے پھر پکاریگا ایک پکارنے والا یعنی فرشتہ جیتے رہوگے تم پس نہین مروگے تم کبھی اور اسمین قیام کروگے تم پس نہین نکلوگے کبھی اور تندرست رہوگے پس نہین بیمار ہوگے کبھی + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت مین آٹھ دروازے ہین اونمین سے ایک دروازہ ہی کہ اوسکا نام ریان ہی یعنی تر و تازہ کے نہین داخل ہونگے اوسمین سے مگر روزہ دار اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی خرچ کرے دو ہری چیز کو چیزون مین سے اسکی راہ مین یعنی اوسکی خوشی کی جگہہ بلایا جاویگا بہشت کے دروازون سے اور بہشت کے کتنے ہی دروازے ہین یعنی آٹھ پس جو ہووے اہل نماز سے یعنی بہت نفل پڑھتا ہو یا اچھی طرح نماز پڑھتا ہو بلایا جاویگا نماز کے دروازے سے یعنی جو کہ خاص اہل نماز ہی کے لیے ہی کہا جاویگا کہ اے بندے داخل ہو اس دروازے سے اور جو کوئی ہو اہل جہاد سے یعنی جہاد بہت کیا ہوگا بلایا جاویگا جہاد کے دروازے سے اور جو ہوگا اہل صدقہ سے یعنی للہ بہت دیتا ہوگا بلایا جاویگا دروازے صدقے کے سے اور جو کہ ہو اہل روزہ سے یعنی روزے بہت رکھتا ہو بلایا جاویگا دروازے ریان سے یعنی باب الصیام سے کہ نام ہوسکا ریان ہی پس کہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہ نہین ضرورت ہی اوس شخص پر کہ بلایا جاوے ایک دروازے سے ان سب دروازون مین سے

یہ کہ بلایا جاوے سب دروازون سے یعنی کچھ ضرورت تو ہی نہین کہ کوئی سب ہی دروازون سے بلایا جاوے اگر ایک ہی دروازے سے
بلایا جاویگا مراد کہ داخل ہونا بہشت مین ہی حاصل ہی لیکن باوجود اس جاننے کے پوچھتا ہون کہ کیا بلایا جاویگا کوئی ان سب دروازون سے
بھی فرمایا کہ ہان اور امید رکھتا ہون مین کہ ہوویگا تو اونمین سے نقل کی یہ حدیث بخاری مسلم نے **ف** دوہری چیز سے مراد ہی
مثلا دو درہم یا دو روپے یا دو غلام یا دو گھوڑے یا دو کپڑے وغیر ذالک اور بلایا جاویگا دروازون بہشت کے سے یعنی بلاوینگے نگہبان
جنت کے سب دروازون سے اس سے معلوم ہوا کہ یہ ایک عمل برابر اون اعمال کے ہی کہ جنکے سبب سے مستحق داخل ہونے کا سب دروازون مین سے
ہوتا ہی اور ریّان کے معنی ہین سیراب کہا گیا ہی کہ وہ دروازہ ایسا ہی کہ بلایا جاتا ہی روزہ دار اوسمین شراب طہور پہلے پہونچنے سے کے
درمیان جنت کے تاکہ جاتی رہے پیاس روزے مین جو یہان پیاسا رہا تھا اوسکے عوض اس دروازے سے داخل ہوگا سیراب ہوکر اور
ایک روایت مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت کا ایک دروازہ ہی کہ کہا جاتا ہی اوسکو باب الضحی پس جب ہوگا دن قیامت
کا پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ کہ کہان ہین وہ لوگ کہ مداومت کرتے تھے نماز ضحی پر یعنی اشراق یا چاشت پر یہ دروازہ تمھارا ہی پس
داخل ہو اسمین سے ساتھ رحمت خدا کے اور ایک حدیث مین آیا ہی باب التوبہ کہ توبہ والے اوسمین سے داخل ہونگے اور ایک دروازہ ہی کہ غصہ
پینے والے اور عفو کرنے والے گناہ لوگون کے اوسمین داخل ہونگے اور ایک دروازہ ہی کہ راضی برضاے مولی اوسمین داخل ہونگے اور ہوویگا تو
اونمین سے یعنی اسلیے کہ حضرت ابو بکر رض مین یہ سب باتین پائی جاتی تھین **۱۲ع** آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہشت کے
آٹھ دروازے مین سات بند ہین اور ایک کھلا ہوا ہی توبہ کے لیے یہان تک کہ طلوع ہو آفتاب مغرب سے اور ابن عباس رض سے منقول ہی
کہ کہا جنت کے آٹھ دروازے ہین ایک دروازہ نمازیون کے لیے اور ایک دروازہ روزہ دارون کے لیے اور ایک دروازہ حاجیون کے لیے
اور ایک دروازہ عمرہ کرنے والون کے لیے اور ایک دروازہ جہاد کرنے والون کے لیے اور ایک دروازہ ذاکرون کے لیے اور ایک دروازہ
شکر کرنے والون کے لیے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ واسطے ہر عمل والے کے ایک دروازہ ہی جنت کے دروازون مین سے
کہ پکارے جاوینگے اوس سے بسبب اوس عمل کے آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جنت کی چوکھٹ کے دونون بازوؤن
مین مسافت چالیس برس کی ہی اور البتہ آویگا اوسپر یعنی اوسکے دروازے پر ایک دن کہ وہ بھرا ہوگا یعنی بسبب ازدحام خلائق کے
اور کہا ابو حرب بن ابی الاسود دؤلی نے کہ آدمی بیٹھا رہیگا جنت کے دروازے پر بسبب ایک گناہ کے کہ کیا ہوگا سو برس اس حال مین
کہ وہ دیکھتا ہوگا اپنی بیویون اور خادمون کو آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کنجیان جنت کی گواہی دینی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
کی ہی آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کنجیان جنت کی نماز ہی آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی تم مین سے
کوئی کہ وضو کرے پس پورا کرے وضو پھر کہے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ مگر کہ کھولے جاوینگے اوسکے لیے آٹھون دروازے جنت کے کہ داخل ہو جس دروازے سے چاہے
آور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی کوئی بندہ کہ پڑھے پانچون نمازین اور روزے رکھے رمضان کے اور نکالے زکوٰۃ اور بچے
ساتون گناہ کبیرہ سے مگر کہ کھولے جاوینگے اوسکے لیے آٹھون دروازے بہشت کے روز قیامت کے **ف** ساتون گناہ کبیرہ سے ظاہرا یہ مراد
ہین کہ جو حدیث شریف مین آئے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو سات گناہون ہلاک کرنے والون سے عرض کیا صحابہ نے
کہ یا رسول اللہ وہ کیا ہی فرمایا شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور سحر کرنا اور قتل کرنا اوس نفس کا کہ حرام کیا ہی اللہ نے مگر ساتھ حق کے اور کھانا
بیاز کا اور کھا جانا یتیم کے مال کا اور بھاگنا جہاد مین سے اور بہتان کرنا عورتون پاکدامن مومنات غافلات کو یعنی جو کہ پاک و بیخبر ہون
فاحشات سے یہ حدیث بخاری مسلم مین ہی اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی کوئی بندہ کہ مر جاوین اوسکے تین فرزند

۵۲ اصل نسخہ مین بھی سات مذکور ہین بیان ایک دروازے کا رہ گیا شاید غفلت کاتب سے رہا ہو اور اغلب ہی کہ آٹھوان دروازہ قصد دینے والون کے لیے ہو واللہ اعلم ۱۲

۵۳ [illegible]

۵۴ [illegible]

نابالغ مگر کہ استقبال کرینگے اوسکا جنت کے آٹھون دروازون سے اور لینے کو آوینگے اوسکے کہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو
اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسکی دو بیٹیان ہون یا دو بہنین ہون یا دو پھپھیان ہون یا دو خالائین ہون اور یہ پرورش
اونکی کرتا ہو کھولے جائینگے اوسکے لیے آٹھون دروازے جنت کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عورت کہ ڈرے اپنے رب سے
اور حفاظت کرے اپنے ستر کی یعنی بدکاری سے اور فرمان برداری کرے اپنے خاوند کی کھولے جاوینگے اوسکے لیے آٹھون دروازے بہشت کے
اور کہا جاویگا اوسکو کہ داخل ہو جس دروازے سے چاہے انتہی اسی طرح اور بہت روایتین اور اقوال آئے ہین نامحرم کے نظر کرنے کی برائی
مین پس دیکھنے والا اور دکھلانے والے دونون گنہگار ہوتے ہین اور اسی طرح جو کوئی بے پردگی اپنے گھر والون مین روا رکھے وہ بھی سخت
گنہگار ہوتا ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین شخصون پر اللہ تعالی نے حرام کی ہی جنت ایک تو دائم الخمر پر اور دوسرے
مان باپ کے نافرمان پر اور تیسرے دیوث پر جو کہ دیکھے اپنے گھر والون مین برائی یعنی زناکاری و بے پردگی وغیرہ اور نہ غیرت کرے اور نہ
اور نہ منع کرے اونکو پس یہ جو یہان رسم ہی کہ عورتین بھیجی خالہ وغیرہ کے بیٹون کے سامنے کہ نامحرم ہین ہوتی ہین اور خلا ملا رکھتی ہین
اونکے ساتھ اور مرد لوگ اونکے اوس سے منع نہین کرتے اور روا رکھتے ہین ان بغیرتی کو وہ دیوث ہین اور داخل وعید مذکور مین چنانچہ
بیان مفصل اسکا بر محل اسکے ہوگا انشاء اللہ تعالی اللہ جل شانہ اس آفت سے سب مسلمانون کو بچاوے کہ بڑی ہی آگ لگ رہی ہی
گھر گھر مین مگر جسکو اللہ بچاوے وہی بچا ہی اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی یاد کرے میری امت کے لیے چالیس
حدیثین کہ نفع دے اونکو اللہ بسبب اونکے کہا جاویگا اوسکو کہ داخل ہو جس دروازے بہشت کے سے کہ چاہے تو + مل + در منثور +

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ

اور وہ بولے شکر اللہ کا جسنے سچ کیا ہمسے اپنا وعدہ اور وارث کیا ہمکو اس زمین کا گھر پکڑلین بہشت مین سے جہان

نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝

چاہین سو کیا خوب نیگ ہی محنت کرنے والون کا + مو +

اور کہینگے بہشتی کہ سب تعریف واسطے اوس خدا کے کہ جسنے سچا کیا وعدہ اپنا اور عطا کی ہمکو زمین جگہہ پکڑتے ہین ہم بہشت سے
جس جگہہ کہ چاہتے ہین ہم فرمایا اللہ تعالی نے پس اچھی مزدوری کام کرنے والون کی ہی بہشت + فتح + تفسین + اونکو حکم ہی
کہ جہان چاہین رہین لیکن ہر کوئی وہی جگہہ چاہیگا جو اوسکے واسطے رکھی ہی + مو + سچا کیا الخ یعنی پورا کیا جو کچھہ کہ وعدہ کیا تھا
ہمسے دنیا مین عقبی کی نعمتون کا اور زمین یعنی زمین جنت کی روایت ہی عکرمہ سے کہ زمین جنت کی سفید ہی چاندی کی جس جگہہ کہ
چاہتے ہین ہم یعنی ہوویگی ہر ایک کے لیے اوس مین سے جنت کہ نہین بیان ہو سکتی وسعت اوسکی اور زیادہ ہونا اوسکا حاجت پر
پس ہی اوس جنت مین جہان چاہیگا قرار پکڑیگا کام کرنے والونکی یعنی جو عمل خیر کرتے ہین دنیا مین + مد + در منثور +

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ

اور تو دیکھے فرشتے گھر رہے ہین عرش کے گرد پاکی بولتے ہین ساتھ اپنے رب کی خوبیان اور فیصلہ ہوا ہی اون مین انصاف کا

وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور یہی بات ہوئی کہ سب خوبی ہی اللہ کو جو صاحب ہی سارے جہان کا + مو +

اور دیکھیگا تو فرشتون کو گرداگرد ہو رہے ہونگے گرد عرش کے تسبیح کرتے ہین ہمراہ تعریف پروردگار اپنے کے اور حکم کیا جاویگا درمیان
اونکے ساتھہ راستی کے یعنی بیچ ختم تمام ملا اعلی کے اور کہا جاویگا سب تعریف خدا کے لیے ہی کہ پروردگار ہی عالمون کا + فتح +

ع + وزد حافین من الملائکۃ من حول العرش ای محدقین من حولہ ومن لابتداء الغایۃ ای ابتداء حفوفہم من حول العرش الی حیث شاء اللہ یسبحون حال من الضمیر فی حافین ۱۲ مد

ف + فرشتون مین فیصلہ ہی ہر ایک کے ایک قاعدے پر ایک تقدیر پر ہو رہا ہی جو اللہ تعالی ایک کو جاری کرتا ہی

ربع + ع ۵ + وہی حکم کے موافق پہلا ہی اب بھی ہی اور قیامت مین بھی + مو +

تفسیر + تسبیح کرتے ہین الخ یعنی کہتے ہین سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ یا سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ یا سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ اور یہ واسطے تلذذ کے ہی نہ تعبد کے اسلیے کہ وہ مکلف نہین ہین اور حکم کیا جاویگا درمیان اونکے یعنی درمیان انبیا اور امتون کے یا درمیان اہل جنت و نار کے ساتھ راستی کے یعنی عدل کے پس داخل ہونگے مومن جنت مین اور کافر دوزخ مین اور کہا جاویگا یعنی کہینگے اہل جنت ازراہ شکر کے جسوقت کہ داخل ہونگے بہشت مین اور پورا ہوگا وعدہ اللہ کا اونکے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ یعنی آخر قول اونکا یہ ہوگا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ منقول ہی قتادہ سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ کہا کہ شروع کی اللہ تعالی نے اول پیدایش ساتھ حمد کے اور ختم بھی کی ساتھ حمد کے یعنی شروع کی ساتھ قول اپنے کے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اور ختم کی ساتھ قول اپنے کے وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وہب سے منقول ہی کہ جو کوئی چاہے یہ کہ پہچانے حکم کرنا اللہ کا اوسکی خلق مین تو چاہیے کہ پڑھے آخر سورۂ زمر کا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا گیا ہی کہ جسنے پڑھی سورۂ زمر نہین منقطع کریگا اللہ امید اوسکی روز قیامت کے اور دیگا اوسکو ثواب ڈرنے والونکا کہ جو ڈرتے ہین اللہ تعالی سے اور پڑھتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہر شب سورۂ بنی اسرائیل اور سورۂ زمر + مل + در منثور + کشاف + تنبیہ + ان آیات کریمہ سے برائی کفر و بدکاری کی اور خوبی ایمان و پرہیزگاری کی معلوم ہوئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کفر و بدکاری سے کیا کچھ خرابیان بھگتے گا اور ایمان و پرہیزگاری سے کیا کچھ نعمتین اور چین آخرت کے پاویگا پس اقتضا عقل یہ ہی کہ ایسی باتین نکرے کہ آخرت مین خراب ہو بلکہ ایسی باتین کرے کہ وہان چین سے رہے یہان کے چین کی فکر کرنی عاقل کا کام نہین ہی کیا خوب کہا ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ حق ہی عاقل پر اختیار کرے سات چیزین سات چیزون پر اختیار کرے فقر کو غنا پر اور ذلت کو عزت پر اور تواضع کو کبر پر اور بھوک کو سیری پر اور غم کو خوشی پر اور کم رتبے کو بلند مرتبے پر اور موت کو حیات پر + منبہات +

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

اس سورۃ کا نام سورۂ مومن ہی اسلیے کہ امن دیتی ہی آگ دوزخ سے اور ان حامیمون کو لباب القران اور عرائس القران بھی کہتے ہین اور سورۂ غافر بھی کہتے ہین اسلیے کہ اول ہی سورت مین غَافِرِ الذَّنْبِ مذکور ہی اور یہ سورت مکی ہی مگر اِلَّا الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ دو آیتون تک کہ یہ مدنی ہین اور کہا حسن نے سوا آیت وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ کے کہ یہ مدنی ہی اور ابن عباس سے منقول ہی کہ حامیمین سب مکی ہین اور آیتین اسمین پچاسی ہین اور کلمات ایک ہزار ایک سو ننانوین ہین اور حروف چار ہزار نوسو ساٹھ اور رکوع نو اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورۂ زمر کے اسی لیے بعد اوسکے لکھی گئی اور اسلیے بھی بعد اسکے لکھی گئی کہ ابتدا زمر کا اور اسکا قریب ہم ہی کہ زمر کا سرا ہی تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اور اسکا سرا ہی حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ اور زمر کے اخیر مین ملائکی تسبیح و تحمید کا ذکر ہی کہ فرمایا وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ اور اسکی ابتدا مین اونکی تسبیح و تحمید کا ذکر ہی کہ فرمایا اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ الخ اور بہت مضمون آپسمین ایک دوسرے کے مناسب ہین اور ان حامیمون کی بہت فضیلت آئی ہی حدیث شریف مین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ اللہ نے دین مجکو سات سورتین یعنی بڑی بڑی اول کی کہ انفال تک ہی بعوض تورات کے ہین

جگہہ توریت کے اور دین مجکو آل رآت طواسین تک جگہہ انجیل کے اور دین مجکو مابین طواسین کے حامیمون تک جگہہ زبور کے
اور فیضلت دی مجکو ساتھہ حامیمون اور مفصل کے نہین پڑھا اونکو کسی نبی نے پہلے میرے اور ابن عباس رضی سے ہی کہ ہر چیز کے لیے لباب
یعنی خلاصہ ہی اور لباب قرآن کا حامیمین ہین اور ابن مسعود رض سے بطریق مرفوع کے ہی یعنی منقول آنحضرت صلعم سے کہ حامیمین باغ ہین
باغون جنت کے سے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حامیمین سات ہین اور دروازے جہنم کے بھی سات ہین آٹھہ ہر کی
ہر حٰم اونمین سے ایک ایک دروازے پر اون دروازون مین سے کہیگی یا اللہ نہ داخل کر تو اس دروازے سے اوس شخص کو کہ ایمان رکھتا تھا
مجہپر اور پڑھتا تھا مجکو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر درخت کے لیے پھل ہی اور پھل قرآن کے حامیمین ہین وہ
باغ ہین ارزانی کرنے والے سیر کرنے والے گھن کے پس جو کوئی دوست رکھے یہ کہ میوہ خوری کرے جنت کے باغون مین پس چاہیے
کہ پڑھے حامیمین اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی پڑھے حٰم کو اوسکو سورۂ مومن کہتے ہین الیہ المصیر
تک اور آیت الکرسی وقت صبح کے محفوظ رہتا ہی بسبب برکت انکی کے یعنی سب آفات وبلیات ظاہر و باطن کے سے شام تک
اور جو پڑھے انکو وقت شام کے محفوظ رہتا ہی بسبب برکت انکی کے صبح تک **در منثور + جلا + کشاف**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہون مین ساتھہ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ

اوتارا کتاب کا اللہ سے ہی جو زبردست ہی خبردار گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرتا سخت

الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ○

ماردیتا مقدور کا صاحب کسیکی بندگی نہین سوائے اوسکے اوسی کی طرف پھر جانا ہی + موضح

اوتارنا کتاب کا جانب خدا غالب دانا کے سے ہی بخشنے والا گناہ کا قبول کرنے والا توبہ کا سخت کرنے والا عذاب کا صاحب تونگری کا
نہین ہی کوئی معبود مگر وہ اوسی کی طرف ہی پھر جانا + **فتح + تفسیر** حٰم ان حروف مقطعات کے معنی اللہ ہی جانتا ہی
کچھہ معلوم نہین کہ کیا مراد ہی انسے اور ابن عباس رض سے منقول ہی کہ یہ اسم اعظم ہی اور بعضون نے کہا کہ ہر حرف اشارہ ہی خدا تعالی کے
نام کی طرف مانند حکیم اور مجید اور مانند انکے کے اور بعضون نے کہا کہ یہ حروف قسم کے ہین اور بعضون نے کہا کہ نام سورۃ کا ہی اور
آیا ہی کہ جنگ حنین مین آنحضرت صلعم نے کنکریان ہاتھہ مین لین اور کفار کے مونہون پر پھینکتے تھے اور کہتے تھے شَاهَتِ الْوُجُوْهُ حٰمٓ
لَا يُنْصَرُوْنَ یعنی ذلیل ہوئے مونہہ ببرکت حٰم کے نہین مدد کیے جاوینگے اور اور روایت مین آیا ہی کہ پس شکست پائی کافرون نے
حالانکہ تیر و نیزہ ادھر سے نہین چلا اَلْعَلِيْمِ جاننے والا ہی اوسکو کہ تصدیق کی اوسکی اور تکذیب کی پس یہ تہدید ہی مشرکون کے لیے
اور بشارت ہی مومنون کے لیے غَافِرِ الذَّنْبِ ڈھانکنے والا ہی گناہ گنہگارون کے وَقَابِلِ التَّوْبِ قبول کرنے والا ہی توبہ
رجوع کرنے والون کی شَدِيْدِ الْعِقَابِ یعنی سخت عذاب کرنے والا ہی مخالفین پر ذِي الطَّوْلِ صاحب فضل کا ہی عارفین پر
یا صاحب غنی کا ہی یعنی بے پرواہ سے اور ابن عباس رض سے ہی کہ غافر الذنب اور قبول کرنے والا توبہ کا واسطے اوسکے ہی کہ کہا
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور شَدِيْدِ الْعِقَابِ اوسکے لیے ہی کہ نہین کہتا ہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور حسن بصری رح سے منقول ہی
بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ کہ کہا بخشنے والا ہی گناہون کا اوسکے لیے کہ نہ توبہ کی اور
قبول کرنے والا توبہ کا ہی اوسکے لیے کہ توبہ کی اور منقول ہی کہ ایک شخص اہل شام مین سے کہ حضرت عمر رض کے لشکر مین تھا اکثر آتا جاتا تھا

وہ ایک دفعہ کہین غائب ہو گیا اوسکو حضرت عمرؓ نے تلاش کیا اور لوگون سے پوچھا کہ وہ کہان ہی لوگون نے کہا کہ وہ شراب خواری مین
گرفتار ہی حضرت عمرؓ نے اپنے کاتب کو کہا کہ لکھ مِنْ عُمَرَ اِلٰی فُلَانٍ سَلٰمٌ عَلَیْكَ وَاَنَا اَحْمَدُ اِلَیْكَ اللّٰهَ الَّذِیْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حٰمٓ اِلٰی قَوْلِهٖ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ یعنی عمر کی طرف سے فلانے کو معلوم
کہ سلام ہو تجھپر اور مین تعریف بیان کرتا ہون آگے تیرے اوس اللہ کی کہ نہین کوئی معبود سوائے اوسکے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حٰمٓ ساری آیت لکھوائی اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک اور مہر کی اوس نامے پر اور کہا اپنے رسول کو یعنی قاصد کو کہ نہ دینا تو یہ اوسکو
جب تک کہ نہ پاوے تو اوسکو ہوشیار نشے سے پھر دعا کی اوسکے لیے اور حکم کیا اون لوگون کو کہ پاس بیٹھے تھے اونکے کہ دعا کرو اوسکے
لیے کہ توبہ نصیب ہو اوسکو پس دعا کی لوگون نے اوسکے لیے پس جب پونہچا اوسکے پاس وہ نامہ تو شروع کیا اوسنے پڑھنا اوسکو اور
کہتا تھا کہ تحقیق اللہ نے وعدہ کیا مجھسے بخشنے کا مجھکو اور ڈرایا مجھکو اپنے عذاب سے پس بار بار پڑھتا تھا اوسکو یہان تک کہ رویا
پھر باز آیا شراب خواری سے توبہ احسن اور خوب کامل ہوئی توبہ اوسکی پس جبکہ پونہچی یہ خبر اوسکی حضرت عمرؓ کو تو فرمایا کہ اسطرح کیا کرو
جب دیکھو تم اپنے بھائی مسلمان کو کہ پھسلا ہی راہ حق سے تو رہنمائی کرو اوسکو اور آگاہ کرو اوسکو حق بات پر اور دعا کرو اللہ سے
اوسکے لیے یہ کہ توبہ نصیب ہو اوسکے لیے اور نہ ہو تم مددگار واسطے شیاطین کے اوسپر یعنی دعا بد اوسکے اور زیادہ خراب ہونیکے لیے
نکرو کیونکہ یہ باتین ہوا سے شیطان ہوتا ہی پس تم بددعا کرو گے تو مددگار اوسکے ٹھہرو گے اور کہا قتادہ نے کہ تھا ایک جوان مدینے مین صاحب عبادت
اور حضرت عمرؓ خوش ہوتے تھے اوسکا حال دیکھکر پس گیا وہ مصر کیطرف اور بگڑ گیا وہ جاکر پس باز نہین آتا تھا برائیون سے پس آیا حضرت
عمر کے پاس کوئی شخص اوسکے قرابتیون مین سے پس پوچھا حال اوسکا پھر پوچھا حال اوسکا اوس جوان کا پس کہا اوسنے کہ نہ پوچھ مجھسے حال
اوسکا کہا حضرت عمرؓ نے کیون اوسنے کہا کہ وہ بگڑ گیا اور الگ ہو گیا یعنی خیر سے پس لکھا طرف اوسکے حضرت عمرؓ نے کہ فلانے شخص کو
معلوم ہو جیو حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ
الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝ پس پڑھنے لگا وہ اوسکو اپنے نفس پر پس متوجہ ہوا
خیر پر اور آیا ہی کہ ایک شخص آیا حضرت عمر بن الخطاب کے پاس اور کہا ای امیر المؤمنین مینے قتل کیا ہی کسیکو پس آیا میرے لیے بھی توبہ ہی
پس پڑھی حضرت عمرؓ نے اوسکے آگے یہ آیت حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ
قَابِلِ التَّوْبِ اور کہا کہ عمل کر اور ناامید نہو اور ثابت بنانی سے منقول ہی کہ کہا تھا مین مصعب بن زبیر کے ساتھ بیچ نواح کوفے
کے پس داخل ہوا مین ایک باغ مین اور پڑھنے لگا مین دو رکعت نماز کی پس شروع کی مینے حٰمٓ المؤمن یہان تک کہ پونہچا مین
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک پس ناگہان ایک شخص آیا پیچھے میرے سوار ایک خچر سفید پر اوڑھے ہوئے چادر یمنی کی
اور کہا کہ جب کہے تو غَافِرِ الذَّنْۢبِ تو کہہ یَا غَافِرَ الذَّنْۢبِ اغْفِرْ ذَنْۢبِیْ اور جب کہے تو قَابِلِ التَّوْبِ تو کہہ یا
قَابِلَ التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتِیْ اور جب کہے تو شَدِیْدِ الْعِقَابِ پس کہہ یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ لَا تُعَاقِبْنِیْ
اور جب کہے تو ذِی الطَّوْلِ کہہ یَا ذَا الطَّوْلِ طُلْ عَلَیَّ بِخَیْرٍ کہتا ثابت ہے کہ پس کہا مینے اسکو پھر التفات کیا مینے
پس نہ دیکھا مینے کسیکو پس نکلا مین طرف دروازے کے پس کہا مینے یعنی دروازے والون سے کہ کیا گذرا ہی تمپر کوئی شخص کہ اوسپر
چادر تھی یمن کی کہا لوگون نے کہ نہین دیکھا ہمنے کسیکو پس تھے لوگ گمان کرتے کہ وہ الیاس تھے + مل درمنثور جلد ۵
تنبیہ :: اس آیت مین یہ صفت پاک پروردگار کی مذکور ہوئی کہ وہ گناہ بخشتا ہی اور توبہ قبول کرتا ہی اور عذاب شدید بھی
کرتا ہی پس بندے کو چاہیے کہ صفت اوسکی رحیمی اور قہاری کی ملحوظ رکھے اور توبہ پوری کرے ایک بزرگ نے کیا خوب کہا ہی

کہ لائق ہی عاقل کو کہ جب توبہ کرے تو دس چیزیں عمل میں لاوے استغفار زبان سے کرے اور نادم ہو دل میں اور دور کرے بدن سے گناہ کی چیز اور عزم کرے اسپر کہ پھر گناہ کبھی نہین کرنے کا اور محبت رکھے آخرت کی اور بغض رکھے دنیا سے اور کلام کم کرے اور کم کھاوے اور کم سووے تاکہ فارغ ہو علم کی تحصیل کے لیے اور کہ روے کہ متقیون کی صفات مین آیا ہی کلام مجید مین وَكَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ یعنی تھے وہ اس صفت پر کہ رات کو تھوڑا سا سوتے تھے یعنی اور نماز پڑھتے رہتے اکثر رات مین اور سحرون کو وہ بخشش مانگتے تھے یعنی کہتے تھے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا + منبہات +

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝

وہی جھگڑتے ہین اللہ کی باتون مین جو منکر ہین سو تو نہ بہک اسپر کہ چلتے پھرتے ہین شہرون مین + مو +

نہین جھگڑتے بیچ آیتون خدا کے مگر کافر بس نہ فریب مین ڈالے تجکو آمد و رفت اونکی بیچ شہرون کے + فتح + تفسیر + نہین جھگڑتے الخ یعنی نہین جھگڑتے اونمین ساتھ جھٹلانے اور انکار کرنے اونکے کے مگر کافر چنانچہ دلالت کرتا ہی اسپر یہ قول اللہ تعالی کا وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ اور اسی پر محمول ہی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اِنَّ جِدَالًا فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ اور یہ قول حضرت کا وَاِيَّاكُمْ وَالْمِرَاءَ فِيهِ فَاِنَّ الْمِرَاءَ كُفْرٌ یعنی بچو تم جھگڑنے سے قرآن مین اسلیے کہ جھگڑنا اسمین کفر ہی بس یہان بھی جھگڑنے سے یہی مراد ہی کہ ایک آیت سے دوسری کو جھٹلا دے اور تکذیب و انکار کرے اوسکا پس جھگڑنا آیتون مین واسطے واضح کرنے شبہون اونکے سے اور حل مشکلات اونکے کے اور استنباط معانی اونکی کے اور رد کرنے کجروون کے ساتھ اونکے جہاد اعظم ہی راہ خدا مین آمد و رفت اونکی شہرون مین یعنی واسطے تجارتون نفع دینے والیون اور کسبون فائدہ مندون کے کہ صحیح سالم پھرتے ہین یہ حال قریش کا ہی کہ شام اور یمن کے شہرون مین اسی طرح آمد و رفت رکھتے تھے اور اپنے مال کی تجارت کرتے تھے اور نفع اوٹھاتے تھے پس فرمایا کہ جب اللہ نے اونکے کفر کی گواہی دی تو واجب ہوا اوسپر کہ کچھ حقیقت اونکی نہ سمجھے اور یہ حال اونکا فریب مین نہ ڈالے اسلیے کہ انجام کار اونکا راجع طرف زوال کے ہی اور بعد اوسکے شقاوت ابدی حاصل ہی کہ ہمیشہ عذاب مین رہینگے پھر بیان فرمایا کہ اسی طرح اگلون نے رسولون کو جھٹلایا تھا اور جدال باطل کرتے تھے دیکھو کیا انجام کار اور عاقبت بد اونکی ہوئی ایسا ہی انکا حال ہوتا ہی پس فرمایا كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ الخ + در منثور + کشاف +

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَ

جھٹلا چکی ہین انسے پہلے قوم نوح کی اور وہ فرقے انکے پیچھے اور ارادہ کیا ہر امت نے اپنے رسول پر کہ اوسکو پکڑلین اور

جَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝

لانے لگے جھوٹے جھگڑے کہ اوس سے ڈگاوین سچا دین پھر مینے اونکو پکڑا تو کیسی ہوئی میری سزا دینی + مو +

جھٹلایا تھا پہلے انسے قوم نوح نے یعنی نوح کو اور جماعتون نے بعد قوم نوح کے اور قصد کیا ہر ایک امت نے ساتھ پیغمبر اپنے کے تو کہ پکڑلیوین اوسکو اور مکابرہ کیا ساتھ شبہات بیہودہ کے تو کہ ناچیز کرین ساتھ اوسکے سخن درست کو پس پکڑ لیا اونکو پس کیونکر تھا عذاب میرا + فتح + تفسیر + اور جماعتون سے یعنی اون لوگون نے کہ جمع ہوکر چڑھیائے رسولون پر اور مقابلہ کیا اونکا اور وہ عاد اور ثمود اور قوم لوط وغیرہم تھے اور قصد کیا ہر امت نے یعنی ان امتون مین سے کہ وہ قوم نوح اور احزاب تھی تو کہ پکڑلین اوسکو پھر قتل کرین اوسکو اور باطل سے مراد کفر ہی اور حق سے ایمان پس معنی لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ کے یہ ہین تو کہ باطل کرین ساتھ کفر کے ایمان کو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مدد کرے باطل کی تو کہ نابود کرے

ساتھ باطل کے حق کو پس تحقیق بری ہوا اوس سے ذمہ اللہ کا اور ذمہ اوسکے رسول کا پس پکڑ لیا مینے اونکو یعنی اونھون نے قصد کیا اپنے رسول کے پکڑنے کا پس گردانی مینے جزا اونکی اوپر ارادے پکڑنے رسولون کے یہ کہ پکڑ لیا مینے اونکو پس سزا دی مینے اونکو پس کیونکر تھا عذاب میرا یعنی تم گذرتے ہو اونکے شہرون پر پس دیکھتے ہو اثر اسکا + معہ + در منثور +

وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ۝

اور ویسی ہی ٹھیک ہوچکی بات تیرے رب کی منکرون پر کہ یہ ہین دوزخ والے + مو +

اور اسی طرح ثابت ہوا حکم پروردگار تیرے کا کافرون پر کہ وہ رہنے والے دوزخ کے ہین + فتح + تفسیر + انھم اصحاب النار بیچ محل رفع کے ہی بدل کلمۃ ربک سے یعنی مثل اس وجوب کے واجب ہوا کافرون پر ہونا اونکا اصحاب نار سے اور معنی اسکے یہ ہین کہ جیسے کہ واجب ہوا ہلاک کرنا اونکا دنیا مین ساتھ عذاب جڑ پیڑ سے اوکھیڑنے والے کے ایسے ہی واجب ہوا ہلاک کرنا اونکا ساتھ عذاب دوزخ کے آخرت مین + ۵۳ + اب آگے تعریض ہی کافرون کو کہ دیکھو عظمت ہماری ایسی ہی اور پھر تم ہمارا شریک اور ٹھہراتے ہو اور ہمارا اور ہمارے رسول کا کہنا نہین مانتے + ۵ +

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ

جو لوگ اوٹھا رہے ہین عرش اور جو اوسکے گرد ہین پاکی بولتے ہین اپنے رب کی خوبیان اور اوسپر یقین رکھتے ہین اور گناہ بخشواتے ہین

لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ

ایمان والون کے اے رب ہمارے ہر چیز سما رہی ہی تیری مہر اور خبر مین سو معاف کر اونکو جو توبہ کرین اور چلین تیری راہ

وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝

اور بچا اونکو آگ کی مار سے + مو +

وہ جو اوٹھا رہے ہین عرش کو اور جو گرداگرد عرش کے ہین پاکی بیان کرتے ہین ہمراہ تعریف پروردگار اپنے کے اور ایمان لاتے ہین ساتھ اوسکے اور بخشش چاہتے ہین واسطے مومنون کے کہتے ہین اے پروردگار ہمارے گھیر لیا ہی تو نے سب چیزون کو از روے رحمت علم کے پس بخش اونکو کہ توبہ کی اور پیروی کی تیری راہ کی اور نگاہ رکھ اونکو عذاب دوزخ سے + فتح + تفسیر + وہ جو اوٹھا رہے ہین عرش کو یعنی اوٹھانے والے عرش کے اور گرداگرد عرش کے کروبی ہین اور یہ سب سردار فرشتون کے ہین اور روایت کیا گیا ہی کہ عرش کے اوٹھانے والون کے پانون نیچے کی زمین مین ہین اور سر نیچے عرش کے اور جھکے ہوئے ہین نہین اوٹھاتے نظر اپنی اور وہ بہ نسبت ساتوین آسمان کے فرشتون کے نہایت خوف الہی رکھتے ہین اور ساتوین آسمان کے فرشتے زیادہ خوف رکھتے ہین بہ نسبت اوس آسمان والون کے کہ نیچے اوسکے ہی اور اوس آسمان والے زیادہ خوف رکھتے ہین بہ نسبت اوس آسمان والون کے کہ نیچے اوسکے ہی اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عرش کے اوٹھانے والون کے کانون کی لو سے اونکے مونڈھون تک مسافت سات سو برس کی راہ کی ہی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ مابین ٹخنے ایک کے حاملین عرش سے اوسکے قدم کے نیچے تک مسافت پانسو برس کی راہ کی ہی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ اللہ تعالے نے حکم کر رکھا ہی تمام فرشتون کو یہ کہ صبح اور شام کو سلام کیا کرین عرش کے اوٹھانے والون کو بسبب بزرگی دینے کے واسطے اونکے تمام فرشتون پر اور بعضون نے کہا کہ گرد عرش کے ستر ہزار صفین فرشتون کی ہین کہ طواف کرتے ہین عرش کا لا الہ الا اللہ کہتے ہوئے اللہ اکبر کہتے ہوئے اور پرے اونکے ستر ہزار صفین ہین کھڑی ہوئی کہ لا الہ الا اللہ کہتے ہین اور اللہ اکبر کہتے ہین اور پرے اونکے لاکھ صفین ہین داہنے ہاتھ رکھے ہوئے بائین ہاتھ پر یعنی جیسے نماز مین کھڑے رہتے ہین

١٥ وکذلک کلمۃ ربک حقت کلمۃ العذاب علی الامم المکذبۃ حقت علی الذین کفروا من قومک انھم ای لانھم او بانھم اصحاب النار

٥٢ او فی محل النصب بحذف لام التعلیل

نہین ہی اونمین سے کوئی مگر کہ وہ تسبیح کر رہا ہی ساتھ اوس مضمون کے کہ نہین تسبیح کرتا ہی ساتھ اوسکے دوسرا یعنی ہر ایک نئے نئے مضمون سے تسبیح کر رہا ہی اور بقول مجاہد کے درمیان اوٹھانے والون عرش کے اور عرش کے ستر پردے نور کے ہین اور امام جعفر رضی سے منقول ہی کہ ہر دو دو پایون عرش کے درمیان مین اسقدر مسافت ہی کہ پرندجانور سریع التیر تیس ہزار برس مین ایک پایے سے دوسرے پایے تک پونہچے اور عرش کے آٹھ پایے ہین اور عرش ہر روز ساتھ ستر ہزار رنگون نورانی کے منور ہوتا ہی کسی چیز کو مخلوق مین سے طاقت نظر کرنے کی طرف اوسکے نہین ہی اور تمام چیزین عرش کے آگے مانند ایک کڑے کے ہی جنگل مین اور کہا ہی علما نے کہ ہر ایک عرش کے اوٹھانے والون مین سے اور اونمین سے گرد عرش کے ہین چار چار مونہہ رکھتا ہی ایک مونہہ بیل کا سا اور ایک مونہہ شیر کا سا اور ایک مونہہ کرگس کا سا اور ایک مونہہ انسان کا سا اور ہر ایک اونمین سے چار چار بازو رکھتا ہی دو دو بازو مونہہ پر ڈھکے ہین تو عرش کو دیکھکے بیہوش نہوون اور دو بازو ون سے اوڑتا ہی اور کلام اونکا سوا تسبیح اور تہلیل اور تحمید اور تمجید اور تکبیر کے اور کچھ نہین ہی آگی بیان کرتے ہین الخ شہر بن حوشب سے روایت ہی کہ اوٹھانے والے عرش کے آٹھ ہین چار اونمین سے کہتے ہین سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ اور چار کہتے ہین سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ اور یہ قول اونکا بسبب دیکھنے گناہون بنی آدم کے ہی اور وہب رضی سے روایت ہی کہ عرش کے اوٹھانے والے اب تو چار ہین پھر جب ہوگا روز قیامت کا تو مؤید ہونگے اونکے چار فرشتے اور ایک فرشتہ اونمین سے بصورت انسان کے ہی تو کہ سفارش کرے بنی آدم کی درباب رزقون اونکے کے اور ایک فرشتہ بصورت شیر کے ہی تو کہ سفارش کرے درندونکی درباب رزقون اونکے کے پس جب اوٹھایا اونھون نے عرش کو تو گر پڑے زانوؤن کے بل عظمت خدا سے پس تلقین کیے گئے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پس سیدھے اوٹھ کھڑے ہوئے اپنے پانون پر اور روایت کیا گیا ہی کہ قدم عرش کے اوٹھانے والون کے زمینون کی تہ مین ہین اور زمینین اور آسمان اونکی کمرون تک ہین اور وہ کہتے ہین سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور ایمان لاتے ہین ساتھ اوسکے یعنی تصدیق کرتے ہین اسکی کہ وہ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ ہی اور فائدہ اس بیان فرمانے کا باوجود جاننے ہمارے کے اس بات کو کہ اوٹھانے والے عرش کے اور وہ فرشتے کہ گرد اوسکے ہین جو کہ تسبیح و تحمید کرتے ہین مؤمن ہین ظاہر کرنا شرف و فضل ایمان کا ہی اور رغبت دلانی اوسمین جیسے کہ وصف بیان فرمایا انبیا کا اکثر جگہہ ساتھ صلاح کے اسی لیے اور جیسے کہ اعمال خیر کے بعد بیان فرمایا یعنی سورۂ بلد مین ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا پس ظاہر کیا ساتھ اسکے فضل ایمان کا اور رعایت کیا گیا تناسب بیچ قول اوسکے وَیُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا گویا کہ کہا گیا کہ وہ ایمان لاتے ہین ساتھ اوسکے اور استغفار کرتے ہین اونکے لیے کہ ہم مثل حال اونکے ہین اور اسمین دلیل ہی اسپر کہ بسبب اشتراک کے ایمان مین واجب ہوتا ہی یہ کہ آپسمین ایک دوسرے کی خیرخواہی کرے اور شفقت کرے ایک دوسرے پر اگرچہ بعید ہون مکان کہا مطرف نے کہ بڑے خیرخواہ اللہ کے مومن بندون کے فرشتے ہین کہ کیسی کیسی دعائین کرتے ہین اور بڑے بدخواہ مؤمنون کے شیاطین ہین کہ طرح بطرح سے بہکاتے ہین اور جملہ وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ الخ کا مطلب یہ ہی کہ رحمت تیری چھا رہی ہی سب چیزون پر اور علم تیرا محیط ہی سب چیزون کو کہ کوئی چیز تیرے علم سے باہر نہین پس بخش اونکو کہ توبہ کی یعنی جانا تو نے اونسے توبہ کرنا اور پیروی کی تیری راہ کی یعنی راہ حق کی کہ جسکی طرف بلایا تو نے اونکو ۵۵

+معا+درمنثور+

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ۣالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

اے رب ہمارے اور داخل کرا اونکو بسنے کے باغون مین جنکا وعدہ دیا تونے اونکو اور جو کوئی نیک ہو اونکے باپون مین اور عورتون مین اور اولاد مین

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

بیشک توہی ہی زبردست حکمت والا + مو +

ای پرودگار ہمارے اور داخل کرا اونکو بہشتون ہمیش رہنے کی مین وہ جو وعدہ کیا ہی تونے ساتھ اونکے اور داخل کرا اونکو بھی کہ جو شایستہ کار ہون باپون اونکے سے اور بیبیون اونکی سے اور فرزندون لڑکون اونکے سے تحقیق توہی غالب باحکمت + تفسیر + یعنی اگرچہ بہشت ملتی ہی اپنے عمل سے جورو بیٹا اور ماں باپ نہین کام آتے لیکن تیری حکمتین ایسی بھی ہین کہ ایک کے سبب کتنون کو اعلی درجے مین پونہچاوے اپنے عمل سے زیادہ اور بدلا ہو اپنے بھی عمل کا وہ عمل یہ کہ آرزو رکھتے ہون کہ ہم بھی اوسی کی چال چلین یہ نیت قبول پڑ جاوے + مو + کہا سعید بن جبیر نے کہ داخل ہوگا مومن جنت مین پس کہیگا کہان ہی باپ میرا کہان ہی ماں میری کہان ہی فرزند میرا کہان ہی بیوی میری پس کہینگے فرشتے کہ اونھون نے عمل نہین کیا مانند عمل تیرے کے پس کہیگا مومن کہ مینے عمل کیا تھا اپنے لیے بھی اور اونکے لیے بھی پس فرماویگا اللہ تعالی کہ داخل کرو اونکو بھی جنت مین تو ہی غالب باحکمت یعنی تو ایسا بادشاہ ہی کہ تو سب پر غالب ہی تجپر کوئی غالب نہین آسکتا اور تو باوجود بادشاہت و عزت اپنی کے نہین کرتا ہی ایسی کہ خالی ہو حکمت سے اور موجب حکمت تیری کا یہ ہی کہ وفا کرے تو اپنے وعدے کو + مدل + معا +

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

اور بچا اونکو برائیون سے اور جسکو تو بچاوے برائیون سے اوس دن اوسپر مہر کی تونے اور یہ جو ہی یہی ہی بڑی مراد پانی + مو +

اور نگاہ رکھ اونکو عذابون سے اور جسکو نگاہ رکھے تو عذابون سے اوسدن پس تحقیق مہربانی کی تونے اوسپر اور یہ مقدمہ نگاہ رکھنے کا وہی ہی مطلب پانی بڑی + تفسیر + یعنی تیری مہر سے ہو کہ برائیون سے بچے اپنے عمل سے کوئی نہین بچ سکتا تھوڑی بہت برائی سے کون خالی ہی + مو + وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ کے معنی یہ ہین کہ بچا تو اونکو جزا سیات سے اور وہ عذاب دوزخ کا ہی اور یہ یعنی دفع کرنا عذاب کا + مدل + تنبیہ + ان آیات کریمہ سے معلوم ہوا کہ دولت ایمان اور پیروی راہ حق کی ایسی چیز ہین کہ جنکے سبب سے فرشتے بخشش مانگتے ہین اونکے حاصل کرنے والون کے لیے بلکہ اونکے متعلقون کے لیے بھی اور کیون نہو کہ اللہ تعالی اوس سے راضی ہوتا ہی اور جس سے وہ راضی ہوا اوسکے سب خیر خواہ ہوا چاہین مصرع دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست + حضرت عمر سے منقول ہی کہ اللہ تعالی نے سات چیزون کو سات چیزون مین پوشیدہ رکھا ہی رضا کو پوشیدہ رکھا ہی طاعت مین اور غضب کو پوشیدہ رکھا ہی معصیت مین اور اسم اعظم کو پوشیدہ رکھا ہی قرآن مین اور لیلۃ القدر کو پوشیدہ رکھا ہی رمضان کے مہینے مین اور صلوۃ وسطی کو پوشیدہ رکھا ہی پانچون نمازون مین اور اولیا کو پوشیدہ رکھا ہی خلق مین اور موت کو پوشیدہ رکھا ہی عمر مین + منبہات +

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ

جو لوگ منکر ہین اونکو پکار کہینگے اللہ بیزار ہوتا تھا زیادہ اس سے جو تم بیزار ہوئے ہو اپنے جی سے جس وقت کہ بلاتے تھے یقین لانے کو پھر تم منکر ہوتے تھے

تحقیق جو لوگ کہ کافر ہین آواز دیا جاویگا اونکو کہ تحقیق دشمن رکھنا خدا کا تمکو جس وقت کہ بلائے جاتے تھے تم دنیا مین طرف ایمان کے پس کافر ہوتے تھے تم زیادہ تر ہی دشمن رکھنے تمھارے سے اپنے تئین یعنی دوزخ مین اپنے اوپر بددعا کرینگے

ن نصب عطف علی ہم فی وادخلہم او فی وعدتہم ... من صلح من ابائہم ۱۲ مدل

ع ۹

اور کہینگے کاش کے معدوم ہوں اور یہ دشمن رکھنا ہی اپنے تئین واللہ اعلم اور ممکن ہی کہ معنی یون ہون کہ تحقیق دشمن رکھنا خدا کا تمکو سخت تر ہی دشمن رکھنے تمہارے سے اپنے تئین جسوقت کہ بلائے جاتے تھے تم طرف ایمان کے پس کافر ہوتے تھے تم یعنی قبول نکرنا ایمان عداوت نفس اپنے کی ہی اگرچہ اسکو نہین جانتے تھے پس جزا اس عداوت نفس اپنے کی عداوت خدا کی ہوئی انکے لیے لیکن شدت اور عذاب اور ضرر پہنچا یہان ظاہر ہوا واللہ اعلم + **فتح + تفسیر** یعنی روز قیامت کے جب داخل ہونگے کافر دوزخ مین اور دشمن رکھینگے اپنے نفسون کو تو پکارینگے اونکو نگہبان دوزخ کے کہ البتہ دشمن رکھنا اللہ کا تمہارے نفسون کو بہت بڑا ہی دشمن رکھنے تمہارے سے اپنے نفسون کو اور معنی یہ ہین کہ کہا جاویگا اونکو روز قیامت کے کہ دشمن رکھتا تھا اللہ تمہارے نفسون کو کہ حکم کرنے والے تھے ساتھ برائی اور کفر کے جسوقت کہ انبیا بلاتے تھے تمکو طرف ایمان کے اور تم نہین قبول کرتے تھے ایمان کو اور اختیار کرتے تھے اوسپر کفر کو اشد اوس چیز سے کہ دشمن رکھتے ہو تم اونکو آج اس حال مین کہ تم دوزخ مین ہو جسوقت کہ ڈالا نفسون نے تمکو دوزخ مین بسبب اتباع تمہارے کے اونکی خواہشون کے اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین کہ البتہ دشمن رکھنا اللہ کا تمکو اب بہت بڑا ہی دشمن رکھنے بعض تمہارے سے بعض کو مانند قول اللہ تعالی کے وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا یعنی روز قیامت کے انکار کریگا بعض تمہارا بعض سے اور لعنت کریگا بعض تمہارا بعض کو کافر ہوتے تھے تم یعنی منکر تھے کفر + **مل**

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝

بولے اے رب ہمارے تو موت دے چکا ہمکو دو بار اور زندگی دے چکا دو بار اب ہم قائل ہوئے اپنے گناہون کے پھر اب بھی ہے نکلنے کو کوئی راہ + **مو** +

کہینگے اے پروردگار ہمارے مارا تونے ہمکو دو بار اور زندہ کیا ہمکو تونے دو بار پس اقرار کیا ہمنے ساتھ گناہون اپنے کے پس کیا ہی طرف نکلنے کے کوئی راہ یعنی حیلہ ہی مترجم کہتا ہی نطفے تھے خدا تعالی نے جان دی بعد ازان قبض روح کی پھر زندہ کیا واللہ اعلم + **فتح + تفسیر** پہلے مٹی تھے یا نطفہ تو مردے ہی تھے پھر جان پڑی تو جی پایا پھر مرے پھر جئے یہ ہوئی دو موتین اور دو حیاتین **مو** + یہ بات کافر اسی لیے کہینگے کہ وہ منکر تھے دنیا مین زندہ ہونیکے بعد موت کے پس اقرار کرینگے روز قیامت کے دو موتون کا اور دو حیاتون کا دو موتین اور دو حیاتین یہ کہ تھے وہ مردہ اپنے باپون کی پشتون مین پھر زندہ کیا اونکو اللہ نے دنیا مین پھر جب اجل آئی مرے پھر زندہ کیا اونکو بعث کے لیے روز قیامت کے پس یہ دو موتین اور دو حیاتین ہوئین اور دلالت کرتا ہی اسپر یہ قول اللہ تعالی کا وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ یعنی اور تھے تم مردہ پس زندہ کیا تمکو اللہ نے پھر ماریگا تمکو پھر زندہ کریگا تمکو اور بعضون نے کہا کہ موت پہلی دنیا مین اور دوسری قبر مین بعد زندہ کرنیکے سوال کے لیے اور زندہ کرنا پہلا زندہ کرنا اوسکا ہی قبر مین بعد مرنیکے سوال کے لیے اور دوسرا بعث کے لیے پس اقرار کیا ہمنے جب کہ دیکھینگے کہ مارنا اور جلانا مکرر ہوا تو جانینگے کہ اللہ قادر ہی اعادے پر جیسے کہ وہ قادر ہی پہلے بار پیدا کرنے پر پس اقرار کرینگے اپنے گناہون کا یعنی انکار بعث وغیرہ کا پس کیا ہی طرف نکلنے کے یعنی آگ سے کوئی راہ بھی یا نا امیدی واقع ہی کہ نہ نکلینگے اور نہ راہ ہوگی طرف اوسکے اور یہ کلام اون شخصون کا ہی غالب ہوگی اونپر یاس نہین کہینگے مگر از راہ تحیر اور اسی لیے آیا جواب بحسب اسکے اور وہ یہ قول اللہ تعالی کا ہی ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗ الخ + **معا + مل** +

ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ۝

یہ تمپر اسواسطے کہ جب کسینے پکارا اللہ کو اکیلا تو تم منکر ہوئے اور جب اوسکے ساتھ شریک پکارے تو تم یقین لانے لگے اب حکم وہی جو کرے اللہ سب سے اوپر بڑا + **مو** +

قولہ فہل الی خروج من النار ای کاسے نوع من الخروج سریع او بطی التخلص ۱۲ **مل** +

یہ عذاب بسبب اسکے ہی کہ جب یاد کیا جاتا تھا خدا اکیلا تو انکار کرتے تھے تم اور اگر شریک اوسکا مقرر کیا جاتا تھا باور رکھتے تھے تم پس حکم واسطے اللہ بلند قدر بڑے کے ہی + فتح + تفسیر + یعنی اس عذاب مین جو تم گرفتار ہوا اور تمکو راہ نکلنے کی جو کبھی نہین ہونے کی بسبب انکار تمھارے کے ہی توحید الٰہی سے اور بسبب باور کرنے تمھارے کے شرک کو پس حکم واسطے اللہ کے اس حیثیت سے کہ حکم کیا تمپر ساتھ عذاب ہمیشہ کے بلند قدر یعنی بلند ہی شان اوسکی پس نہین رو کی جاتی قضا اوسکی بڑے کی یعنی بڑی ہی بادشاہت اوسکی پس نہین ہی جزا اوسکی اور کہا گیا ہی کہ تھے حروریہ کہ ایک فرقہ تھا خوارج کا نکالا تھا اونھون نے اسی سے لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰہِ یعنی کسیکا حکم نہین ہی سوا خدا کے اور کہا قتادہ نے کہ جب نکلے اہل حرورا کہا علی رضی نے کہ کون ہین یہ کہا لوگون نے کہ یہ محکم ہین یعنی کہتے ہین لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰہِ پس کہا علی رضی نے کہ یہ کلمہ حق ہی کہ ارادہ کیا گیا ہی ساتھ اسکے باطل یعنی حکم تو اللہ ہی کا ہی مگر یہ اس سے نہین مراد ہی کہ سوا اللہ کے نہ حکم رسول کا ہی اور نہ خلیفہ کا پس وہ جو یہ اس سے مراد رکھتے ہین یہ باطل ہی + مدارک + جواب آیت سابق کا محذوف ہی کہ چھوڑ دیا جاتا اوسکی تھی بسبب دلالت کرنے ظاہر کے اوسپر یعنی جواب اسکا یہ ہی کہ نہین ہی راہ نکلنے کی اور یہ عذاب ہمیشہ رہنا دوزخ مین بسبب اسکے ہی کہ جب کہا جاتا تھا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ انکار کرتے تھے تم اور کہتے تھے اَجَعَلَ الْاٰلِہَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا یعنی کیا کر دیا سب معبودون کو ایک معبود اور اگر اللہ کے ساتھ کسیکو شریک کرتے تھے تو تم تصدیق کرتے تھے اوس شرک کی + معالم + پھر بیان کرتا ہی اپنی قدرتون کا فرماتے ہین کہ ایسی ذات قادر کے ساتھ محض عاجزون کو کیونکر شریک کرتے ہو

هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ۝

وہی ہی تمکو دکھاتا ہی اپنی نشانیان اور اوتارتا تمھارے واسطے آسمان سے روزی اور سوچ وہی کرے جو رجوع رہتا ہو + موا +

وہ ہی جو کہ دکھلاتا ہی تمکو نشانیان اپنی اور اوتارتا ہی واسطے تمھارے آسمان سے رزق اور نہین نصیحت پکڑتا مگر وہ شخص کہ رجوع کرتا ہی طرف خدا کے + فتح + تفسیر + نشانیان یعنی ہوا اور ابر گرجنا کڑکنا اور بجلی اور مانند انکے کے رزق یعنی مینہ اسلیے کہ وہ سبب رزق کا ہی اور نہین نصیحت پکڑتا اور نہین عبرت پکڑتا ساتھ نشانیون اللہ کے مگر وہ شخص کہ توبہ کرتا ہی شرک سے اور رجوع کرتا ہی طرف اللہ کے اسلیے کہ معاند نصیحت نہین پکڑتا ہی پھر فرمایا مومنون کے لیے فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ + مدارک +

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝

سو پکارو اللہ کو نری کر کر اوسکے واسطے بندگی اور پڑے برا مانین منکر + مو +

پس یاد کرو خدا کو خالص کر کر واسطے اوسکے عبادت کو یعنی شرک سے اگرچہ ناخوش کھین کافر + تفسیر + روایت کیا مسلم اور ابو داؤد اور نسائی نے عبداللہ بن زبیر سے کہ کہتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے پیچھے نماز کے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ لَہُ النِّعْمَۃُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ + در منثور +

رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ۝

صاحب اونچے درجون کا مالک تخت کا اوتارتا ہی بھید کی بات اپنے حکم سے جسپر چاہے اپنے بندون مین کہ وہ ڈراوے ملاقات کے دن سے

يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝

جس دن وہ لوگ نکل کھڑے ہونگے چھپی نہ رہیگی اللہ پر اونکی کوئی چیز کسکا راج ہی اوس دن اللہ کا ہی جو اکیلا ہی دباؤ والا + مو +

وہ ہی بلند کرنے والا مرتبون کا صاحب عرش کا ڈالتا ہی وحی کو اپنے حکم سے اوپر جسکے چاہتا ہی اپنے بندون مین سے تو کہ ڈراوے

اوس بندے کو روز ملاقات سے یعنی ساتھ خدا کے اور فرشتون کے اوس روز کہ وہ باہر نکلینگے قبرون سے نہ پوشیدہ ہوگا اللہ پر اونسے کچھ خدا فرماویگا کسکے لیے ہی بادشاہی آج کے دن پھر آپ ہی جواب دیگا واسطے اللہ اکیلے غالب کے ✤ تفسیر ✤ معنی رفیع الدرجات کے ہین بلند کرنے والا آسمانون کا بعض اونکے کا بعض پر یا بلند کرنے والا درجات بندون اپنے کا دنیا مین ساتھ رتبے کے یا بلند کرنے والا مومنون کے درجون کا جنت مین اور ذو العرش کے معنی ہین مالک عرش اپنے کا جو اوپر ہی سب آسمانون کے پیدا کیا اوسکو واسطے طواف کرنے ملائکہ اپنے کے اور واسطے ظاہر کرنے عظمت اپنی کے باوجود بے پروائی اپنی کے سلطنت اپنی اور روح جبرئیل ہین یا وحی کہ جس سے زندہ کرتا ہی دلون کو جیسے کہ زندہ کرتا ہی بدنون کو ساتھ ارواح کے مِنْ اَمْرِہٖ یعنی بسبب امر اپنے کے یا ساتھ امر اپنے کے اور کہا ابن عباسؓ نے مِنْ قَضَآئِہٖ یعنی حکم اپنے سے اور بعضون نے کہا مِنْ قَوْلِہٖ یعنی وحی بھیجتا ہی قول اپنے سے لِیُنْذِرَ تو کہ ڈراوے یعنی اللہ مَا یُلْقٰی عَلَیْہِ یعنی جسپر وحی بھیجی کہ وہ نبی ہی وہ ڈراوے بندون کو اور دلالت کرتی ہی اسپر قرات یعقوب کی لِتُنْذِرَ اور یوم التلاق سے مراد دن قیامت کا ہی اسلیے کہ ملینگے اوس مین آسمان والے اور زمین والے اور اولین و آخرین اور کہا قتادہ اور مقاتل نے کہ ملینگے اوسمین خلق اور خالق اور میمون بن مہران نے کہا کہ ملینگے اوسمین ظالم و مظلوم اور بعضون نے کہا کہ ملینگے اوسمین عابد معبود اور بعضون نے کہا کہ ملیگا اوسمین آدمی ساتھ عمل اپنے کے اور بقولے ملین گی ارواح ساتھ بدنون کے اور بارزون کے معنی ہین نکلینگے قبرون سے اور ظاہر ہونگے کہ نہین چھپائیگی اونکو کوئی قسم پہاڑ و مکانات وغیرہ سے اور نہ پوشیدہ ہوگا اللہ پر اون سے یعنی اعمال و احوال اونکے سے کچھ اور فرماویگا اللہ تعالی اوسدن بعد فنا خلق کے اوسوقت کہ کوئی جواب دینے والا نہوگا کسکے لیے ہی بادشاہت آج پھر جب کوئی جواب نہ دیگا تو آپ ہی فرماویگا کہ واسطے اللہ واحد قہار کے ہی یعنی وہ ایسا ہی کہ قہر کیا خلق پر ساتھ موت کے اور بعضون نے کہا کہ پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ کہیگا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ پس جواب دینگے اوسکو اہل محشر لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اور ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ پکاریگا پکارنے والا آگے قیامت کے یٰاَیُّهَا النَّاسُ اَتَتْکُمُ السَّاعَةُ یعنی ای لوگون آئی تمپر قیامت پس سناویگا ان کلمات کو زندون کو اور مردون کو اور اوتریگا اللہ طرف آسمان دنیا کے پھر پکاریگا پکارنے والا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ ✤ اور ابن جریج سے ہی بیچ تفسیر اس آیت کے کہ کہا جبار یعنی سرکش آگ کے صندوقون مین بند کیے جاوینگے پھر کہا جاویگا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ پھر کہا جاویگا لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ✤ مد ۵۴ ✤ معا ✤ بحر ✤ در منثور ✤

اَلْیَوْمَ تُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا کَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْیَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ۝

آج بدلا پاویگا ہر جی جیسا کمایا ظلم نہین آج بیشک اللہ شتاب لینے والا ہی حساب ✤ مو ✤

آج کے دن بدلا دیا جاویگا ہر شخص بحسب اوس چیز کے کہ کی ہی کچھ ظلم نہین ہی آج تحقیق خدا جلد حساب کرنے والا ہی ✤ تفسیر ✤ جب کہ ثابت ہوئی یہ بات کہ اوسدن بادشاہت اللہ وحدہ ہی کے لیے ہوگی تو بیان فرمائے نتیجے اسکے اور وہ یہ ہین کہ ہر نفس بدلا دیا جاویگا ساتھ اوس چیز کے کہ کی ہی دنیا مین قسم بھلائی اور برائی سے اور ظلم سے امن ہوگا اسلیے کہ وہ ظلم کرنے والا نہین ہی بندون پر اور حساب مین دیر نہین لگنے کی اسلیے کہ نہین باز رکھیگا اوسکو ایک کا حساب لینا دوسرے کے حساب لینے سے پس تمام خلق سے حساب لیگا وقت واحد مین کہ وہ اسرع الحاسبین ہی جابر سے روایت ہی کہ کہا پونہچی مجکو ایک حدیث ایک شخص سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب مین سے درباب قصاص کے پس خریدا مینے ایک اونٹ اور باندھا مینے اوسپر کجاوا پھر چلا مین طرف اوسکے ایک مہینے بھر یہان تک کہ آیا مین مصر مین پس آیا مین عبد اللہ بن انیس کے پاس اور کہا مینے اوس سے کہ ایک حدیث پونہچی ہی مجکو

تمسے درباب قصاص کے یعنی پس بیان کرو اوسکو بالمشافہ پس کہا عبد اللہ نے کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ اوٹھاویگا اللہ قبرون سے بندون کو ننگے بغیر ختنہ کیے بہم کہا ہمنے کیا ہی بہم فرمایا وہ یہ ہی کہ نہین ہوگی ساتھ اونکے کوئی چیز پھر پکاریگا اونکو ساتھ آواز کے کہ سنینگے اوسکو وہ کہ دور ہونگے جیسے کہ سنینگے اوسکو وہ کہ قریب ہونگے اَنَا الْمَلِكُ اَنَا الدَّيَّانُ یعنی مین بادشاہ ہون مین جزا دینے والا ہون نہین لائق واسطے کسیکے اہل جنت مین سے یہ کہ داخل ہو جنت مین اور نہ واسطے کسیکے اہل دوزخ مین سے یہ کہ داخل ہو دوزخ مین اس حال مین کہ اوسکے پاس ہو حق کسیکا یہان تک کہ بدلا لون مین اوسکا اوس سے یہان تک کہ طمانچہ مارا ہوگا کسیکو اوسکا بھی بدلا لیا جاویگا کہا ہمنے کیونکر ہوگا یہ اوس حال مین کہ ہم آوینگے اللہ کے پاس بے ختنہ کیے بہم فرمایا ساتھ حسنات اور سیئات کے یعنی نیکیان ظالم کی مظلوم کو ملینگی اور نیکیان ہونگی یا ہو ملینگی پہلے بدلا اور برائیان مظلوم کی ظالم کو دیجاوینگی اور پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ اور ابن عباس سے روایت ہی کہ کہا گناہ تین طرح کے ہین پس ایک تو گناہ اس طرح کے ہین کہ بخشے جاتے ہین اور ایک گناہ اس طرح کے ہین کہ نہین بخشے جاوینگے اور ایک گناہ اس طرح کے ہین کہ نہین چھوڑا جاویگا اونمین سے کچھ پس وہ گناہ کہ بخشا جاتا ہی یہ ہی کہ بندہ گناہ کرتا ہی پھر بخشش مانگتا ہی اللہ سے پس بخشا جاتا ہی اوسکے لیے اور وہ گناہ کہ نہین بخشا جاویگا شرک ہی اور وہ گناہ کہ نہین چھوڑا جاویگا اونمین سے کچھ پس حق کسیکا ہی پھر پڑھی ابن عباس نے یہ آیت اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○ بدلا لیا جاویگا واسطے بکری منڈی کے سینگ والی بکری سے کہ سینگ مارا ہوگا اوسکو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسپر ہو کچھ حق مسلمان بھائی اوسکے کا آبرو اوسکی سے یا اور کچھ پس معاف کرا لے اوس سے اوسکو آج پہلے اسکے کہ نہونگے دینار اور نہ درہم اگر ہونگے ظالم کے لیے عمل اچھے لیے جاوینگے اوس سے بقدر حق اوسکے کے اور اگر نہونگی اوسکے لیے نیکیان لیجاوینگی برائیان حق والے کی پس رکھی جاوینگی ظالم پر اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جانتے ہو تم ای اصحاب کیا معنی ہین مفلس کے عرض کیا صحابہ نے مفلس ہم مین وہ شخص ہی کہ نہ درہم ہی اوسکے پاس اور نہ اسباب پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مفلس امت میری سے وہ شخص ہی کہ آویگا دن قیامت کے ساتھ نماز اور روزہ اور زکوۃ کے اور آویگا ساتھ حالات کے کہ تحقیق برا کہا ہوگا کسیکو اور بہتان زنا کا کیا ہوگا کسیکو اور کھایا ہوگا مال کسیکا اور کیا ہوگا خون کسیکا اور مارا ہوگا کسیکو پس دیا جاویگا ایک نیکیون اوسکی سے اور اور نیکیون اوسکی سے پس اگر تمام ہوئین نیکیان اوسکی پہلے اسکے کہ حکم کیا جاوے ساتھ سزا گناہ کے اوسپر ہی تو لیجاوینگی خطائین ظلوم کی پھر ڈالی جاوینگی ظالم پر پھر ڈالا جاویگا وہ آگ مین اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ ادا کیے جاوینگے حقوق طرف حق والون کے دن قیامت کے یہان تک کہ بدلا لیا جاویگا بکری منڈی کے لیے سینگ والی سے

مد + در منثور + مشکوۃ +

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۚ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ

اور خبر سنا دے اونکو اوس نزدیک والے دن کی جسوقت دل بوجھ بھرے گلون کو دبارہے ہونگے کوئی نہین گنہگارون کا دوست

وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ○ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ○

اور نہ کوئی سفارشی جسکی بات مانی جاوے اور جانتا ہی چوری کی نگاہ اور جو چھپا ہی سینون مین + معا +

اور ڈرا اونکو روز قیامت سے اوس وقت کہ دل نزدیک چنبر گردن کے ہونگے بھرے ہوئے غم سے نہین ہی واسطے ظالمون کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنے والا کہ بات اوسکی قبول کیجاوے جانتا ہی خدا خیانت آنکھون کی اور جو کچھ پوشیدہ رکھتے ہین سینے + تفسیر +

دل نزدیک حنجرکے ہونگے یعنی اونچے ہونگے دل اونکے اپنے ٹھکانے کی جگہ سے اور جا لگینگے اونکے گلون مین پس تو وہ نکل سکینگے کہ مر جاوین اور نہ اپنی جگہون پر پھر جاوینگے تو آرام پاوین واسطے ظالمون کے یعنی کافرون کے اور خیانت آنکھون سے مراد ہی چوری کی نگاہ سے دیکھنا اوس چیز کو کہ نہین درست دیکھنا اوسکا یا اشارہ کرنا آنکھ سے لوگون کے عیب کی طرف اور جو کچھ پوشیدہ رکھتے ہین سینے قسم امانت یا خیانت سے اور بعضون نے کہا کہ وہ یہ ہی کہ دیکھے طرف اجنبی عورت کے ساتھ شہوت کے چوری کی نظر سے پھر فکر کرے ساتھ قلب اپنے کے بیچ جمال اوسکے کے اس حال مین کہ نہ جانے اوسکی نظر و فکر کو وہ کہ روبرو اوسکے ہو اور اللہ اس سبکو جانتا ہی منقول ہی ابن عباس سے بیچ تفسیر يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ کے کہ کہا ایک شخص ہوتا ہے قوم مین پس گذرتی ہی اوپر عورت پس اونکے سامنے وہ نظر نیچی کر لیتا ہی اور جب غافل ہوتے ہین لوگ کنکھیون سے دیکھتا ہی اوسکو پھر جب وہ دیکھتے ہین تو نظر نیچی کر لیتا ہی اوسکی طرف نہین دیکھتا اور اللہ مطلع ہی اوسکے دل پر کہ وہ چاہتا ہی دیکھنا اوسکا اور آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دعا پڑھتے تھے اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِي مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِي مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِي مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِي مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ ‌‌+ مل + در منثور + تنبیہ + اس سے معلوم ہوا کہ اجنبی عورت وغیرہ کو ہرگز نہ تکے اسلیے کہ اس نظر سے بڑی بڑی آفتین پیدا ہوتی ہین اسی لیے کلام اللہ و حدیث مین بابجا ممانعت آئی ہی اس سے فرمایا اللہ تعالی نے قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ○ وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا یعنی کہہ اے محمد مومن مردون کو کہ ڈھانکین نظرین اپنی یعنی نامحرمون کے دیکھنے سے اور حفاظت کرین اپنے ستروں کو یہ امر سبب پاکیزگی کا ہی انکے لیے بلاشبہ اللہ آگاہ ہی ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہین اور کہہ مومن عورتون کو کہ ڈھانکین نظرین اپنی اور حفاظت رکھین ستر اپنے اور نظاہر کرین محل زینت اپنی کے مگر اوسقدر کہ ظاہر ہی اوس سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلنَّظَرُ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ یعنی نظر تیر ہی ابلیس کے تیرون سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے لکھا ہی فرزند آدم پر حصہ اوسکا زنا سے پاویگا اوسکو بیشک پس زنا آنکھ کا دیکھنا ہی نامحرم کو اور زنا زبان کا کلام بیہودہ کرنا اور نفس آرزو کرتا ہی اور خواہش کرتا ہی اور ستر سچ کرتا ہی اوسکو یا جھٹلاتا ہی اوسکو یعنی اگر فعل بد کیا سچ کیا اوسکو اور اگر باز رہا جھٹلایا اوسکو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لعنت کی خدا تعالی نے دیکھنے والے اور دکھلانے والے پر اور آیا ہی کہ ایک شخص نے یحیی علیہ السلام سے پوچھا کہ کونسی چیز ہی ابتدا زنا فرمایا نظر اور آرزو کرنی اور ہدایہ مین اور اوسکی شرح کفایہ مین حدیث نقل کی ہی کہ جو کوئی نظر کرے طرف محاسن یعنی جمال عورت اجنبیہ کے شہوت سے ڈالا جاویگا اوسکی آنکھون مین سیسا روز قیامت کے اور جو کوئی چھوے ہتیلی عورت کی کہ نہو اوس سے راہ یعنی محرم نہو اور نہ بیوی ہو تو رکھا جاویگا اوسکی ہتیلی پر انگارا روز قیامت کے اور فرمایا حضرت امام ربانی نے کہ نہین تمام ہوتا ہی ورع یہان تک کہ جانے دس چیزون کو فرض اپنے نفس پر ایک تو محافظت زبان کی غیبت سے اور دوسرے اجتناب بدگمانی سے اور تیسرے اجتناب مسخراپن سے اور چوتھے پست کرنا نظر کا محارم سے یعنی اون چیزون سے کہ حرام ہی دیکھنا اونکا مانند عورت اجنبیہ و امرد وغیرہما کے اور پانچوین سچی زبان اور چھٹے یہ کہ جانے احسان اللہ تعالی کا اپنے پر تا کہ عجب نہ پیدا ہو اور ساتوین یہ کہ خرچ کرے مال اپنا حق مین اور نہ خرچ کرے اوسکو باطل مین اور آٹھوین یہ کہ نہ چاہے واسطے نفس اپنے کے بلند مرتبے اور تکبر اور نوین محافظت نمازون پر اور دسوین استقامت سنت و جماعت پر

وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝

اور اسد چکاتا ہی انصاف اور جنکو پکارتے ہین اوسکے سوا نہین چکاتے ہین کچھ بیشک اسد جو ہی وہی ہی سنتا دیکھتا + مو

اور خدا حکم کرتا ہی ساتھ حق کے اور جنکو کافر پوجتے ہین سوا خدا کے نہین حکم کرتے ساتھ کسی چیز کے تحقیق خدا وہ ہی سننے والا دیکھنے والا + تفسیر + اور خدا حکم کرتا ہی یعنی وہ ذات پاک کہ جسکی یہ صفتین ہین نہین حکم کرتا مگر ساتھ عدل کے اور معبود اونکے نہین حکم کرتے کچھ وہ ہی سننے والا الخ یہ تقریر اسد تعالی کے اس قول کی یَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ اور وعید ہی کافرون کے لیے کہ وہ سنتا ہی اوس چیز کو کہ وہ کہتے ہین اور دیکھتا ہی اوس چیز کو کہ کرتے ہین لوگ اور وہ سزا دیگا اونکو اوسپر اور تعریض ہی اونکے لیے کہ جنکو پوجتے ہین سوا خدا کے کہ وہ نہین سنتے اور نہین دیکھتے + مد

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝

کیا پھرے نہین ملک مین کہ دیکھتے آخر کیسا ہوا اونکا جو تھے انسے پہلے وہ تھے انسے سخت زور مین اور جو نشان چھوڑ گئے زمین مین پھر اونکو پکڑا اسد نے اونکے گناہون پر اور نہ ہوا اونکو اسد سے کوئی بچانے والا + مو

کیا نہین سیر کی ہی انھون نے زمین مین تو دیکھین کہ کیونکر ہوا آخر کام اون لوگون کا کہ تھے پہلے انسے تھے وہ زیادہ تر انسے قوت مین اور نشانیون مین بیچ زمین کے یعنی محل اور قلعے بہت سے بناکر چھوڑ گئے پس گرفتار کیا یعنی سزا اونکو دی خدا نے بسبب گناہون اونکے کے اور نتھا واسطے اونکے خدا سے یعنی اوسکے عذاب سے کوئی پناہ دینے والا + تفسیر + آخر کام اون لوگون کا کہ تھے پہلے انسے یعنی اسوقت کے کفار سے پہلے جنھون نے رسولون کو جھٹلایا اونکا انجام کار کیا او نھون نے نہین دیکھا + مد

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

یہ اسپر کہ اون پاس آتے تھے اونکے رسول کھلے نشان لیکر پھر منکر ہوئے پھر اونکو پکڑا اسد نے بیشک وہ زور آور ہی سخت مار دینے والا + مو +

یہ عذاب بسبب اسکے تھا کہ آتے تھے اونکے پاس پیغمبر اونکے ساتھ دلیلون ظاہر کے پس کفر کیا او نھون نے پس گرفتار کیا اونکو خدا نے تحقیق خدا زور آور ہی یعنی قادر ہی ہر چیز پر سخت عذاب کرنے والا یعنی جب عذاب کرے ۞

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝

اور ہمنے بھیجا موسی کو اپنی نشانیان دیکر اور کھلی سند فرعون اور ہامان اور قارون پاس پھر کہنے لگے یہ جادوگر ہی جھوٹا + مو +

اور تحقیق بھیجا ہمنے موسی کو ساتھ نشانیون اپنی کے اور ساتھ حجت ظاہر کے طرف فرعون اور ہامان اور قارون کے پس کہا انھون نے وہ جادوگر ہی جھوٹا + تفسیر + نشانیون سے مراد ہین نو معجزے اونکے جیسے کہ اور جگہہ فرمایا وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ اور وہ یہ ہین عصا اور طوفان اور ٹدی اور چچڑیان اور ید بیضا اور کثرت مینڈکون کی اور خون کہ تمام پانی خون ہی خون ہوگیا تھا اور قحط اور نقصان پھلون کا اور فرعون بادشاہ مصر کا اور مدعی ربوبیت کا تھا اور ہامان وزیر اوسکا

اور قارون مقرب اور ندیم فرعون کا تھا موسی علیہ السلام ساتھ نو معجزون کے اور دعوت باحجت کے اونپر مبعوث ہوا اور انھون نے تکذیب و انکار اونکا کیا اور دلیلون ظاہر کو سحر و کذب بتایا + مد بحث + قارون تھا قوم بنی اسرائیل مین لیکن مرضی مین موافق فرعون والون کے اور اونھین کی دولت سے کمایا تھا مال + مو +

فَلَمَّا جَاۤءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْۤا اَبْنَاۤءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَاۤءَهُمْ

پھر جب پہونچا اون پاس ٹھیک سچی بات ہمارے پاس سے بولے مارو بیٹے اونکے جو یقین لائے ہین اوسکے ساتھ اور جیتی رکھو اونکی عورتین

وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ○

اور جو داؤ ہے منکرون کا سو غلطی مین + مو +

پس جب آیا موسی اونکے پاس ساتھ پیغام سچ کے یعنی نبوت کے ہمارے پاس سے کہا اونھون نے مار ڈالو بیٹے اون لوگون کے کہ ایمان لائے ساتھ اوسکے اور جیتا رکھو بیٹیون اونکی کو اور نہین ہے مکر کافرون کا مگر تباہی مین + تفسیر + فرعون پیش پہلے پیدا موسی ع کے بنی اسرائیل کی اولاد کو مار ڈالتے تھے تو موسی باقی رہے اور جب کہ موسی علیہ السلام کو خدا نے محفوظ رکھا قتل سے باز رہے اور پھر جب موسی علیہ السلام نے نبوت اپنی ظاہر کی فرعون کے امیرون نے کہا کہ بنی اسرائیل کے بیٹون کو قتل کرنا چاہیے تا مدد موسی کی نکرین پھر قتل اختیار کیا اور بیٹیون کو واسطے خدمت قبطیون کی عورتون کے جیتا چھوڑتے تھے + بحر + معا + مد +

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْۤ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ

اور بولا فرعون مجکو چھوڑو کہ مار ڈالون موسی کو اور پکارے اپنے رب کو مین ڈرتا ہون کہ بگاڑے تمھاری راہ یا

اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ○

نکالے ملک مین خرابی + مو +

اور کہا فرعون نے ای یارون چھوڑو مجکو تو مارون مین موسی کو اور چاہیے کہ دعا کرے اپنے پروردگار کی جناب مین یعنی تو کہ اوسکو میرے قتل سے بچاوے تحقیق مین ڈرتا ہون اس سے کہ بدل ڈالے دین تمھارے کو یا یہ کہ ظاہر کرے بیچ زمین کے فساد کو + تفسیر + جب فرعون ارادہ حضرت موسی ع کے قتل کا کرتا تھا تو تابعین کہتے تھے کہ مت مار اسکو کہ یہ وہ نہین ہے کہ جس سے تو ڈرتا ہے یہ اوسکے درجے کو نہین پہونچتا ہے نہین ہے مگر ساحر اور جب کہ تو اسکو مار ڈالیگا تو لوگ شبہے مین پڑینگے جانینگے کہ تو عاجز آیا اوسکے مقابلہ کرنے سے ساتھ دلیل کے اور ظاہر یہ ہے کہ فرعون یقینا جانتا تھا کہ یہ نبی ہین اور جو کچھ یہ لائے ہین معجزے ہین سحر نہین ہین لیکن نفس اوسکا ایسا مفسد و خونی تھا کہ ذرا ذرا سی بات مین آدمی کو مار ڈالتا تھا پس کیونکر نہ قتل کرتا اوسکو کہ جانتا تھا کہ میری سلطنت کو تباہ کریگا لیکن وہ ڈرتا تھا کہ ایسا نہو اگر مین ارادہ اونکے قتل کا کرون تو ہلاک ہو جاؤن چنانچہ جملہ وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ شاہد صدق ہے اوپر نہایت ڈرنے اوسکے کے موسی ع سے اور اونکی دعا کرنے سے اپنے رب سے اور یہ کہنا اوسکا کہ چھوڑو مجکو تو مار ڈالون موسی کو واسطے فریب دینے قوم اپنی کے تھا کہ تمھین روکتے ہو ورنہ مین تو مارنے کو مستعد ہون اور درواقع مین مارے ڈر کے نہین مار سکتا تھا تحقیق مین ڈرتا ہون یعنی اگر نہ قتل کرون اوسکو یہ کہ تغیر کرے تمھارے دین کو کہ تم جس پر ہو اور تھے وہ پوجتے فرعون کو اور بتون کو اور فساد سے مراد ہے کشت و خون آپس مین کہ جس سے امن زمین کا جاتا رہے اور معطل رہین کھیتیان اور کسب و معایش گویا اوسنے کہا کہ مین ڈرتا ہون اس سے کہ خراب کر دے وہ دین تمھارا بسبب بلانے تمھارے کے اپنے دین کی طرف یا خراب کرے دنیا تمھاری بسبب اوسکے کہ ظاہر ہون فتنے بسبب اوسکے + مد +

وَقَالَ مُوسٰى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝

اور کہا موسی نے مین پناہ لیچکاہون اپنے اور تمہارے رب کی ہر غرور والے سے جو یقین نکرے حساب کا دن ہوا۔

اور کہا موسی ع نے تحقیق مینے پناہ پکڑی ساتھ پروردگار اپنے کے اور پروردگار تمھارے کے شر متکبرون کے سے کہ باور نہین رکھتا ہے روز حساب کو ✽ **تفسیر** ✽ جب سُنا حضرت موسی نے کہ فرعون میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہی تو اپنی قوم سے کلام مذکور کہا اور یہ جو کہا وَرَبِّكُمْ اس کہنے مین رغبت دلائی اونکو اسپر کہ اقتدا کرین اونکا یس پناہ مانگین ساتھ اللہ کے جیسے اونھون نے مانگی اور توکل کرین اللہ پر جیسے اونھون نے کیا اور مِنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ کہا تھا کہ شامل ہو پناہ مانگنے کو فرعون سے اور اور زبردستون سے اور تکبر سے مراد ہی تکبر کرنا حق کے قبول کرنے سے اور یہ سب تکبرون مین بدترین تکبر ہی اور لَا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ اسی لیے کہا کہ جب آدمی مین جمع ہوتے ہین تکبر اور تکذیب جزا کی اور بے پروائی عاقبت کی تو اسباب سنگدلی اور جرأت کرنیکے اللہ پر اور اوسکے بندون کے کامل بہم پہونچتے ہین اور نہین چھوڑتا بڑے سے بڑا گناہ ✽ **تنبیہ** ✽ روز حساب سے مراد ہی دن قیامت کا کہ اوسمین پوچھا جاویگا بندہ ہر چیز سے حتی کہ اوسکی سماعت اور بصارت سے سوال کیا جاویگا جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝ یعنی کان اور آنکھ اور دل ان سبکی اوس سے پوچھ ہی پس واجب ہی اوسپر کہ حساب لے اپنے نفس سے پہلے اسکے کہ مناقشہ کیا جاوے حساب مین اسلیے کہ یہ بندہ تاجر ہی راہ آخرت مین اور پونجی اسکی عمر اسکی ہی اور نفع اسکا صرف کرنا عمر اپنی کا ہی طاعتون اور عبادتون مین اور ٹوٹا اسکا صرف کرنا عمر کا ہی معاصی و برائیون مین اور نفس اسکا شریک ہی اس تجارت مین اور وہ اگرچہ صلاحیت خیر و شر کی رکھتا ہی لیکن گناہون کی طرف بہت متوجہ ہوتا ہی اور شہوات کی طرف نہایت مائل ہوتا ہی پس ضروری ہی اسکو مراقبہ اور محاسبہ کرنا اوس سے اسلیے کہ اگر مہمل چھوڑیگا نفس کو ایک لحظہ تو خیانت کرنے لگیگا اور اگر بہت مہمل چھوڑیگا تو بہت خیانت کریگا یہان تک کہ جاتا رہیگا اصل مال سارا اور جسنے مہمل نہ چھوڑا اوسکو بلکہ نگہبانی کی اوسکی اور حساب لیتا رہا اوس سے ظاہر ہوگا اوسکے لیے نفع اور ٹوٹا اور زیادتی اور نقصان اور دلیل واجب ہونیکی محاسبہ نفس کی یہ قول اللہ تعالی کا ہی يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ط پس اس آیت مین اشارہ ہی طرف لازم ہونے محاسبہ نفس کے اوپر عملون گذشتہ کے پس گویا کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ چاہیے کہ دیکھے ایک تمھارا اون اعمال کو کہ آگے پہونچتے ہین روز قیامت کے لیے کہ آیا وہ عمل اچھے ہین کہ جو نجات دینگے اسکو یا برے ہین کہ جو ہلاک کرینگے اسکو پس بلاشبہہ حساب روز قیامت کے ہلکا ہوگا اوسپر کہ حساب لیتا رہے اپنے نفس سے دنیا مین اور دشوار ہوگا حساب اوسپر کہ مہمل چھوڑے نفس کو اور نہ حساب لے اوس سے پس بلاشبہہ جو کوئی محاسبہ لے اپنے نفس سے حالت نرمی مین پہلے حساب شدید کے عود کریگا امر اوسکا طرف رحمت کے اور غبطہ کے یعنی اللہ تعالی اوس سے راضی ہوگا اور مآل اوسکا انجام نیک ہوگا اور جو کوئی مہمل چھوڑے اوسکو اور حساب نلے اوس سے عود کریگا امر اوسکا طرف ندامت و حسرت کے پس انسان جب مریگا تو کھلجاویگا اوسکے لیے مرتے ہی جو کچھ کہ نہین تھا کھلا اوسکی زندگانی مین جیسے کہ کھلتا ہی بیدار ہونے والے کے لیے جو کچھ کہ نہین تھا اوسکے لیے کھلا اوسکے سوتے مین اور لوگ اب سوتے ہین پھر جب مرینگے تو جاگ اوٹھینگے پس کھلیگا اوسکے لیے اول جو کچھ کہ نفع دیگا اوسکو قسم نیکیون اوسکی سے اور جو کچھ کہ ضرر پہونچاویگا اوسکو قسم برائیون اوسکی سے پس نہین دیکھیگا اپنی برائیون کی طرف مگر کہ حسرت کریگا اور ایسی حسرت کہ اختیار کریگا بیٹھنا شدت آگ مین واسطے خلاصی پانے کے حسرت سے پس آدمی جبتک کہ دنیا مین ہی باز رکھتے ہین اوسکو شغلے دنیا کے مطلع ہونے سے اعمال بد پر پس بسبب موت کے منقطع ہوجائینگے اوس سے شغلے اور معلوم ہونے لگینگے اوسکے لیے تمام اعمال اوسکے نزدیک انقطاع نفس کے پہلے دفن ہونے کے اور روشن ہوگی اوس حال مین آگ فرقت کی لذائذ دنیا فانیہ کے سے اور یہ ایک طرح کا عذاب ہی کہ ہجوم کریگا اوسپر پہلے دفن کے اور بعد دفن کے

پھیری جاویگی روح اوسکی طرف بدن اوسکے کے ایک اور طرح کے عذاب کے لیے اور ہوگا حال اوسکا مانند حال اوس شخص کے کہ جو کرے
ایک مدت تبتلک بیچ گھر ایک بادشاہ کے بادشاہون مین سے غائبانہ اوسکے باعتماد اسکے کہ بادشاہ تنگ گیری نہین کرنیکا اوسکے امر مین
یا نہین جانیگا افعال بد اوسکے پس پکڑ لیا اوسکو بادشاہ نے ایک دن ناگہان اور پیش کیا اوسپر ایک کاغذ کہ جمع کیے گئے تھے
اوسمین تمام فواحش و قصور اوسکے ذرہ ذرہ اور بادشاہ قاہر غیرتناک ہی اور پر حرام اپنے کے بدلا لینے والا ہی اونسے کہ قصور کرتے ہین
اوسکے ملک مین التفات نہین کرتا ہی اوسکی طرف کہ سفارش کرے اوس سے کسی گنہگار کی پس سوچنا چاہیے اوس شخص کے امر مین
کہ کیا حال ہوگا اوسکا پہلے واقع ہونے عذاب بادشاہ کے اوسپر قسم خوف اور خجالت اور الم اور ندامت سے پس ایسا ہی ہوگا حال میت کا
کہ فریفتہ ہی دنیا کی لذتون مین پہلے اوترنے عذاب قبر کے بلکہ نزدیک موت اوسکی کے اور جو کہ احتراز کرتا ہی دنیا کی خواہش کی چیزون سے
او مشغول ہوتا ہی طاعتون مین اور نہین عبث ہی اوسکو انس غیر ذکر خدا سے تو ہوتا ہی حال اوسکا مانند حال اوس شخص کے کہ ہو قیدی بیچ مکان تنگ
تاریک کے پھر کھولا جاوے اوسکے لیے دروازہ پس نکلے اوس سے طرف باغ وسیع بے انتہا کے اور اوس مین طرح طرح کے درخت اور
شگوفے او جانور اور میوے اور حوض اور نہرین ہون پس بنابر اسکے لائق ہی عاقل کو یہ کہ متوجہ ہو اپنے نفس پر او رکہے اوسکو اے نفس
کیا نہین جانتا تو کہ آگے تیرے جنت اور دوزخ ہی اور تو جانیوالا ہی طرف ایک کے اونمین سے عنقریب پس کیا ہی تجھکو کہ نہین مستعد ہوتا
تو موت کے لیے حالانکہ وہ بہت ہی نزدیک ہی طرف تیرے ہر قریب چیز سے پس تو اگرچہ جانتا ہی اوسکو دور لیکن اللہ تعالی جانتا ہی اوسکو قریب
جیسا کہ فرمایا ہی اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِیْكُمْ اور شاید کہ وہ اچک لیجاوے تجھکو آج یا کل پس یقینا بلا شبہہ
جب وہ آویگی تو آجاویگی اچانچک بغیر آگے بھیجنے رسول یعنی قاصد کے اس سبب سے کہ نہین ہی اوسکے آنیکے لیے سن معین اور نہ وقت
معلوم نہ گرمی مین ہی اور نہ جاڑے مین اور نہ رات مین اور نہ دن مین اور نہ لڑکپنے مین اور نہ جوانی مین بلکہ ہر دم تیرے دمون سے
لائق ہی اسکے کہ آجاوے موت اوسمین ناگہان اور اگر نہ آوے موت اوسمین ناگہان تو مرض آجاوے ناگہان اور وہ پہونچا دیوے طرف
موت کے پس کیا عجیب غفلت ہی تیری اوس سے کیا نہین تامل کرتا تو اللہ تعالی کے قول مین اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ
فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ اور کیا عجیب ہی حال تیرا کہ تو دعوی کرتا ہی ایمان کا اپنی زبان سے اور اثر نفاق کا ظاہر ہی تجھپر کیونکہ بلا شبہہ اللہ
تیرا او مولی تیرا متکفل ہوا ہی تیرے لیے بیچ امر دنیا کے کہ فرمایا ہی وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا اور تو
جھٹلاتا ہی اوسکو ساتھ افعال اپنے کے اور جنگ کرتا ہی تو اوس سے مانند جنگ کرنے مدہوش شیفتہ شراب کے اور سپرد کیا ہی امر آخرت کا طرف
سعی تیری کے کہ فرمایا ہی وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی اور تو مونہہ موڑتا ہی اوس سے مانند مونہہ موڑنے مغرور حقیر جاننے والے کے
حالانکہ نہین ہی یہ ایمان کی علامتون مین سے پس اگر کفایت کرتا ایمان زبانی تو کیون ہوتے منافق دوزخ کے نیچے کے طبقے مین پس کیا
جرأت ہی تیری اللہ تعالی کی معصیت پر اگر ہی وہ ساتھ اعتقاد تیرے کے اس بات پر کہ اللہ تعالی نہین دیکھتا ہی تجھکو تو کیا برا ہی کفر تیرا اور اگر ہی
وہ ساتھ جاننے تیرے کے اس بات کو کہ اللہ تعالی دیکھتا ہی تجھکو تو کیا بدترین برائی تیری ہی اور کیا اشد حماقت تیری ہی پس کس لیے ہی تو
مستحق ہوتا ہی تو اوسکے قہر و غضب کا اور عذاب شدید کا کیا تجھکو یہ گمان ہی کہ تو متحمل اوسکے عذاب و عقاب کا ہوگا افسوس صد افسوس
گویا کہ تو ایمان نہین رکھتا ہی روز حساب پر کیونکہ اگر ڈاکٹر خبر دے تجھکو ایک نہایت کھانے لذیذ کھانے کے حق مین کہ یہ کھانا ضرر کریگا
تجھکو تیری بیماری مین تو صبر کریگا تو اوس سے اور چھوڑدیگا اوسکو پس کیا ہی قول اللہ تعالی کا کہ جو اوسکی اوتاری ہوئی کتابون مین ہی
اور قول انبیا کا کہ جنکی تایید کی گئی ہی معجزون سے کمتر نزدیک تیرے تاثیر مین اوس ڈاکٹر کے قول سے کہ خبر دیتا ہی ظن و تخمین سے
باوجود نقصان عقل و دین کے بلکہ اگر خبر دے تجھکو ایک لڑکا لڑکون مین سے کہ تیرے کپڑے مین بچھو ہی تو پھینکدیگا تو اوسکو فی الحال بلا توقف

وہن پوچھے پس کیا ہی قول انبیا اور علما کا کمتر نزدیک تیرے ایک لڑکے کے قول سے با ہم آگ جہنم اور طوق اور سانپ اور بچھو
اوسکے حقیر تر نزدیک تیرے اوس بچھو سے کہ نہین پاتا ہی دکھہ اوسکا مگر ایک دن بلکہ کمتر اوس سے پس اگر جانتا ہی تو ان سبکو اور ایمان رکھتا ہی
تو انپر تو کیا حال ہی تیرا کہ مشغول ہوتا ہی ساتھہ شہوات کے اور تاخیر کرتا ہی عمل نیک مین حالانکہ موت گھات مین لگ رہی ہی تیری پس شاید کہ وہ
اُچک لیجاوے تجکو بدون مہلت دینے کے پس سبب سے امن مین ہی تو اوسکے جلد آجانے سے پس کتنون ہین نے صبح کی ہی اور دن
پورا نہین ہونے پایا ہی کہ مر گئے ہین اور کتنون ہین نے آرزو کی ہی کہ یہ کلام کل کرینگے اور کل تک نہین پہنچے ہین کہ مر گئے ہین اور بر تقدیر یکہ
وعدہ دیا گیا ہی تو مہلت دینے کا سو برس تک اور تاخیر کی تونے عمل کرنے مین اوسکے آخر تک پس کیا گمان ہی تجکو کہ جو نہ چڑا سکے
جانور کو مگر بیچ بستی گھاٹی کے کیا وہ قادر ہوگا اوپر قطع کرنے گھاٹی کے ساتھہ اوسکے اور جو کہ سبقت نہین کرتا طاعات پر اور تاخیر کرتا ہی
عمل مین اوسکو کوئی سبب نہین ہی سوائے عاجز ہونے کے مخالفت ہوا سے اسلیے کہ اوسمین تعب و مشقت ہی پس کیا پاویگا کوئی دن کہ آوے
اس حال مین کہ نہ دشوار ہو اوسمین مخالفت ہوا کے یعنی خواہش نفسانی کی ایسا دن پیدا ہی نہین کیا اللہ نے اور نہ پیدا کریگا اوسکو مگر جنت مین
اور جنت ڈھکی ہوئی ہی ساتھہ مکارہ یعنی مشقت کی چیزون کے اور مکارہ نہین ہوتے ہین خفیف نفسون پر کبھی اسکا وجود محال ہی پس
اگر نہین سمجھتا ہی تو یہ امور ظاہر اور میل کرتا ہی تو طرف تاخیر عمل کے تو کونسی حماقت زیادہ کریگا اس حماقت پر یعنی بڑا ہی احمق ہی تو کہ
تجسے زیادہ کوئی احمق نہین اور اگر بھروسا کرتا ہی تو اللہ کے کرم و فضل پر تو کیا حال ہی تیرا کہ نہین بھروسا کرتا ہی تو اوسکے کرم و فضل پر
بیچ امور دنیا اپنی کے کیا نہین سامان درست کرتا ہی تو جاڑے کے لیے بقدر درازگی مدت اوسکی کے پس جمع کرتا ہی تو اوسکے لیے
لکڑیان اور لباس سرمائی وغیرہ لوازمات اوسکے سے اور بھروسا نہین کرتا اللہ تعالی کے کرم و فضل پر تو کہ دفع کرے تجسے سردی جاڑے کی
بغیر جُبّہ اور مانند اوسکے کے کیونکہ بلاشبہہ وہ قادر ہی اسپر کیا پس گمان کرتا ہی تو کہ سردی طبقہ زمہریر جہنم کی خفیف تر ہی سردی مین لو کمتر ہی
مدت مین سردی شدت جاڑے کی سے کیا گمان کرتا ہی تو کہ تو نجات پاویگا اوس سے بغیر سعی کے یہ نہایت ہی بعید ہی پس تحقیق سردی جاڑے
کی جیسے کہ نہین دور ہوتی ہی تجسے مگر بسبب جبہ اور لکڑیون اور تمام لوازمات جاڑے کے ایسے ہی نہین دفع ہوگی تجسے گرمی آگ جہنم کی اور سردی
طبقہ زمہریر اوسکے کی مگر بسبب بچاؤ کرنے کے ساتھہ قلعے طاعتون اور عبادتون کے اور ساتھہ ترک کرنے منکرات کے اور نہین ہی کرم و فضل اللہ تعالی کا
مگر اس بات مین کہ معلوم کروادے تجکو راہ بچاؤ کی نہ اس بات مین کہ دفع کرے تجسے عذاب بدون بچاؤ کے پس تحقیق کرم اللہ تعالی کا اور فضل
اوسکا بیچ دفع کرنے سردی جاڑے کے تجسے یہ ہی کہ پیدا کر دی تیرے لیے آگ اور بتادی تجکو راہ اوسکے نکال لینے کی پتھر اور لوہے مین سے تو کہ دفع
کرے تیرے نفس سے سردی جاڑے کی پس جیسے کہ خریدنا جُبّے کا اور لکڑیون کا اور تمام لوازمات دفع سرما کا تیری سردی کو دفع کرتا ہی
اور یار تیرا ہی اور خریدتا ہی تو اوسکو اپنے نفس کے لیے کیونکہ کیا ہی اوسکو اللہ نے سبب تیری استراحت کا اسی طرح طاعت تیری اور مجاہدہ
تیرا تیرا یار رہیگا بحکم پروردگار تعالی کے اور نہین ہین یہ چیزین مگر راہین تیری نجات کی عذاب الیم سے اور سبب تیرے پہونچنے کی طرف جنت ہمیشہ کے
پس جب بھلائی کی اپنے لیے کی اور جسنے برائی کی وبال اوسپر ہی اور اللہ بے پرواہی سارے جہان سے اور شاید کہ تو کہے کہ نہین باز رکھتی مجکو متقات
سے مگر حرص میری اوپر لذت شہوات کے اور کم طاقتی میری تحمل رنجون اور مشقتون پر پس اگر سچا ہی تو اسمین تو کیا سخت حماقت ہی تیری اور کیا
قبیح ہی عذر تیرا اسلیے کہ شہوات دنیا کے فانی ہین سریع الزوال نہین خالی ہین مکدرات سے کسی حال مین پس کیا حال ہی تیرا کہ نہین طلب کرتا ہی تو
داخل ہونے کو بہشت مین واسطے حاصل کرنے کے اوسمین ساتھہ شہوات باقیۂ دائمہ کے کہ صاف ہین مکدرات سے تمام احوال مین کیونکہ آخرت ہمیشہ
و باقی ہی پس متعدد آخرت کے لیے بقدر باقی رہنے اپنے کے اوسمین پس بلاشبہہ تمام کو پونجے ایام عمر تیری کے اور تو ضائع کرچکا ہی
اکثر اونکے کو اور نہین باقی رہے ہین اونسے مگر ایام چند پس اگر تجارت کریگا تو ما بقی مین فائدہ اوٹھائیگا تو اور اگر ضائع کریگا تو باقی کو اور رہیگا

عادت قدیمہ پر تو ٹوٹا پاویگا تو ٹوٹا نکا ہر پس جاگ نیند غفلت سے اس لیے کہ موت وعدہ گاہ تیری ہی اور قبر گھر تیرا اور مٹی بچھونا تیرا
اور ہول قیامت آگے تیرے اور لشکر موتی کا باہر شہر کے منتظر ہی اور یہ سب کھا رہے ہین قسمین مغالطا اسکی کہ نہین ٹلنے کے اپنی
جگہہ سے یہان تک کہ لیوینگے تجکو اور ملاوینگے تجکو ساتھہ اپنے کیا نہین جانتا ہی تو کہ اموات آرزو رکھتے ہین پھر آنے کی طرف دنیا کے
ایک دن کو تاکہ مشغول ہوان اوسمین ساتھہ تدارک اوس چیز کے کہ رہ گئی ہی اونسے اور تو ضائع کرتا ہی اپنے دنون کو اور گمان کرتا ہی کہ وہ بلائے
ہین طرف آخرت کے اور تو ہمیشہ رہنے والا ہی یعنی دنیا مین افسوس صد افسوس تو اپنی عمر کے ڈھانے مین لگ رہا ہی جیسے کہ نکلا ہی اپنی
مان کے پیٹ سے بناتا ہی تو پشت زمین پر محل اپنا اور عنقریب ہوگا پیٹ زمین کا قبر تیری خوش ہوتا ہی تو ہر روز ساتھہ زیادتی مال اپنے کے
اور نہین غمگین ہوتا ساتھہ نقصان عمر اپنی کے مونہہ موڑتا ہی تو آخرت سے اور وہ متوجہ ہی تجپر اور متوجہ ہوتا ہی تو دنیا پر اور وہ مونہہ موڑنے
والی ہی تجسے پس کیا عجیب ہی حال تیرا کہ تو باوجود گرفتار ہونے کے طرح طرح کے گناہون مین نہین کوشش کرتا ہی اپنی آخرت کے بنانے کی
بلکہ مشغول ہی تو دنیا کے بنانے مین گویا کہ تو کوچ ہی نہین کرنے کا اوس سے پس ڈر اے مسکین اوس دن سے کہ حاضر ہویگا تو اوسمین اللہ کی بارگاہ
مین اور وہ نہین چھوڑیگا کسی بندے کو کہ حکم کیا تھا اوسکو دنیا مین اور منع کیا تھا اوسکو اوسمین یہان تک کہ پوچھیگا اوس سے اوسکے
عمل سے خواہ قلیل ہو یا کثیر چھوٹا ہو یا بڑا ہو پوشیدہ ہو یا ظاہر پس سوچ اے غافل کہ کس دل سے کھڑا ہویگا تو سامنے اللہ کے اور کس
زبان سے جواب دیگا تو اوسکے سوال کا اور طیار کر واسطے سوال کے جواب اور واسطے جواب کے صواب و صرف کر باقی عمر اپنی عمل صالح مین بیچ
چھوٹے دنون کے واسطے ایام دراز کے بیچ دار فنا کے واسطے دار بقا کے پس اگر کہے تو کہ نفس میرا متابعت میری نہین کرتا مجاہدہ
اور طاعتون کی مواظبت پر پس کیا ہی علاج اسکا تو جان لے کہ نافع ترین اسباب علاج اوسکے کا وہ ہی کہ جو ذکر کیا ہی امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
نے احیا مین کہ اختیار کر تو صحبت ایسے بندے کی کہ کوشش کرتا ہی طاعت خدا مین اور ملاحظہ کر احوال اوسکا اور پیروی کر اوسکی لیکن یہ علاج
متعذر ہی اس زمانے مین واسطے مفقود ہونے اوس شخص کے کہ کوشش کرے عبادت مین اگلون کی سی پس نہین ہی کوئی علاج نافع تر تیرے لیے
اس زمانے مین سننے احوال اونکے سے اور مطالعہ کرنے خبرون اور احوال اونکے سے کہ کیا کیا کوششین اور ریاضتین اور زہد کیے ہین
اونھون نے اور رنج اونکا موقوف ہوا اور ثواب باقی رہا اور چین اونکا ابد الآباد کو نہین منقطع ہوگا اور کیا اشد حسرت ہی اوسپر کہ نہ پیروی
کرے اونکی پس بہرہ مند کرے اپنے نفس کو ایام قلیل مین ساتھہ شہوات مکدرہ کے پھر آجاوے اوسکو موت اور حائل ہو درمیان اوسکے
اور درمیان اوس چیز کے کہ نفس چاہتا ہی اوسکو پس لازم ہی تجکو یہ کہ مطالعہ کرے تو احوال صحابہ اور تابعین کا اور اون مجاہدہ کرنیوالون کا
کہ بعد اونکے گذرے ہین اور بسبب واقف ہونے کے اوپر احوال اونکے کے ظاہر ہویگا تجکو بعد تیرا اور بعد اہل عصر تیرے کا اہل دین سے پھر اگر کہے
نفس تیرا تجسے کہ خیر آسان ہوتی تھی اوس زمانے مین بسبب کثرت مددگارون کے اور اس زمانے مین اگر مخالفت کریگا تو اہل زمانہ اپنے زمانے والون کی
تو تمسخر کرینگے تجسے اور کہینگے کہ یہ دیوانہ ہی پس موافقت کر تو اونکی بیچ اوس حال کے کہ وہ اوسمین ہین پس نہین جاری ہوگی تجپر مگر وہ چیز کہ
جاری ہوگی اونپر اور بلا جب کہ عام ہوتی ہی گوارا ہوتی ہی تو بچا تو اپنے تئین حیل فریب نفس اپنے کے سے اور کہہ اوس سے کہ بھلا بتا تو اگر آوے
زور نالے کی ڈوبا جاویگا جو کہ سامنے آویگا اوسکے اور ٹھہرے رہے شہر والے اپنی جگہہ اور نہ بچایا اونھون نے اپنے تئین اور تو قادر ہی اسپر کہ الگ ہووے
اونسے اور سوار ہووے کشتی پر اور نجات پاوے تو بسبب اوسکے غرق سے پس آیا خلجان ہوگا تیرے دل مین یہ کہ مصیبت جب عام ہوتی ہی گوارا
ہوتی ہی یا چھوڑدیگا تو موافقت اونکی اور نسبت جہل کی کریگا تو اونکی طرف اونکے اسکام کرنے مین اور بچا دیگا تو اپنے تئین اوس چیز سے
کہ پیش آویگی تجکو پس جب کہ نہین موافقت کرتا ہی تو اونکی بخوف غرق کے حال انکہ عذاب غرق کا دراز نہین ہوتا سوائے ایک ساعت رات یا دن سے
تو کیونکر نہین بھاگتا ہی تو عذاب ہمیشہ سے اور تو بیشک ہی اوسکے لیے ہر حال مین اور کہان گوارا ہوتی ہی مصیبت جب کہ عام ہوتی ہی پس بابت عذاب کفار

دیں ہلاک ہوتے مگر بسبب موافقت اہل زمانہ اپنے کے اس حیثیت سے کہ کہا اونھون نے اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ○ یعنی ہمنے پایا اپنے باپ دادا کو ایک طریق پر اور ہم اونکے قدم بقدم چلنے والے ہین پس بچا تو اپنے تئین پھر بچا اپنے تئین اسسے کہ دیکھے تو طرف اہل عصر اپنے کے اور طرف اونکے کہ گذرے ہین پہلے تیرے یعنی بددین اسلیے کہ تو اگر اطاعت کریگا اکثر زمین والونکی تو گمراہ کردینگے تجکو اللہ کی راہ سے یا اللہ بچا ہمکو گمراہی سے اور آسان کر حساب یوم الحساب کا ✢ مجالس الابرار

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ

اور بولا ایک مرد ایمان دار فرعون کے لوگون مین جو چھپاتا تھا اپنا ایمان کیا مارے ڈالتے ہو ایک مرد کو اسپر کہ کہتا ہی میرا رب اللہ ہی اور

جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ

لایا ہی تمپاس کھلی نشانیان تمھارے رب کی اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اوسپر پڑیگا اوسکا جھوٹھ اور اگر وہ سچا ہوگا تو تم پر پڑیگا کوئی

الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ○

وعدہ جو دیتا ہی بیشک اللہ راہ نہین دیتا اوسکو جو ہو بے لحاظ جھوٹھا ✢ موضح

اور کہا ایک مرد مسلمان نے فرعون کے ناتے دارون مین سے کہ پوشیدہ رکھتا تھا ایمان اپنے کو کیا مار ڈالوگے تم ایک مرد کو بسبب اسکے کہ کہتا ہی پروردگار میرا خدا ہی اور تحقیق لایا ہی آگے تمھارے دلیلین ظاہر تمھارے پروردگار کی طرف سے اور اگر بالفرض ہی یہ جھوٹا تو اوسپر ہی وبال اوسکے جھوٹ کا اور اگر ہی یہ سچا تو البتہ پہنچیگا تمکو بعض اوس چیز کا کہ وعدہ دیتا ہی تمکو تحقیق خدا راہ نہین دکھاتا ہی اوسکو کہ ہو حد سے گذرنے والا جھوٹا ✢ تفسیر یعنی اگر جھوٹا ہی تو اسپر جھوٹ بولتا ہی وہی سزا دے رہیگا اور شاید سچا ہو تو اپنا فکر کرو ✢ موضح

مراد اس مرد سے ایک قبطی ہی فرعون کے چچا کا بیٹا کہ وہ موسی علیہ السلام پر ایمان لایا تھا خفیہ اور بعضو نے کہا کہ وہ بنی اسرائیل مین سے تھا اور نام اوسکا سمعان ہی یا حبیب یا حزبیل یا خربیل یا حزقیل اور ظاہر اول ہی ہی یعنی وہ قبطی تھا فرعون کا چچازاد بھائی کہ جسکا ذکر اللہ تعالی نے سورۂ یس مین فرمایا ہی اس آیت مین وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى کیا مار ڈالوگے تم الخ یہ اظہار نہایت برا جاننے کا ہی اوسکی جانب سے گویا کہ کہا اوسنے کہ کیا کروگے تم ایسا فعل شنیع کہ وہ قتل کرنا نفس محترمہ کا ہی اور نہین ہی تمھارے لیے کوئی سبب اونکے قتل کرنے کا مگر کہنا اوسکا کلمۂ حق کو کہ وہ ربی اللہ ہی حال آنکہ وہ رب تمھارا بھی ہی نہ رب صرف اوسیکا ہی اور تحقیق لایا ہی آگے تمھارے الخ یعنی نہین لایا ہی واسطے صحیح کرنے قول اپنے کے ایک دلیل بلکہ لایا ہی کتنی ہی دلیلین تمھارے پروردگار کی طرف سے تو کہ تم راہ سمجھو اور حق پاؤ اور اگر بالفرض ہی یہ جھوٹا الخ دلیل لایا وہ شخص اوپر طریق تقسیم کے کہ موسی علیہ السلام خالی نہین ہی اس سے کہ ہو جھوٹا پس اوسپر ہو وبال اوسکے جھوٹ کا اور پر اور اگر ہو وہ سچا اور حق لایا ہی تمنے اوسکو تو پہنچیگا تمکو بعض اوس چیز کا کہ وعدہ دیتا ہی تمکو یعنی عذاب اگر کوئی کہے کہ کیون کہا بعض اوس چیز کا کہ وعدہ دیتا ہی تمکو حال آنکہ وہ نبی صادق تھے ضرور تھا کہ جو وعدہ دیتے تھے سب ہی ظہور مین آتا نہ بعض جواب یہ ہی کہ یہ اوسنے کہا از راہ مدارات انکی کے اونکی تسلی کے لیے کہ پریشان خاطر نہون اور سنین اور اسمین نفی کل وعدے کے ظہور کی نہین ہی پس گویا کہ اونھون نے کہا اونکو کہ اقل اوس چیز کا کہ ہو بیچ صدق موسی کے یہ کہ پونہچے تمکو بعض اوس چیز کا کہ وعدہ دیتا ہی تمکو اور وہ عذاب عاجل یعنی دنیا کا ہی اور اسمین ہلاک تمھارا ہی اور تھے موسی وعدہ دیتے اونکو عذاب دنیا اور آخرت کا ✢ جھوٹا یعنی اپنے دعوے مین اور معنی یہ ہین کہ اگر وہ مسرف کذاب ہی تو تباہ و ہلاک کریگا اوسکو اللہ اور خلاصی پاؤگے تم اوس سے یا یہ معنی ہین کہ اگر ہوتا وہ مسرف جھوٹا تو کاہیکو راہ بتاتا اوسکو اللہ نبوت کی اور کاہیکو اوسکی تائید کے لیے معجزے عطا فرماتا اور بعضو نے کہا کہ وہم دلایا لوگون کو کہ وہ شخص مومن مراد مسرف سے موسی کو رکھتے ہین اور واقع مین وہ مراد رکھتے تھے اوس سے فرعون کو اور کہا بعضو نے کہ جو کچھ خدمت گذاری اور خیرخواہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کی وہ زیادہ تھی اس سے آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز طواف کیا خانہ کعبہ کا پس ملے
کفار حضرت سے جب کہ فارغ ہوئے آپ طواف سے اور پکڑی اونھون نے چادر آپکی جمع ہونے کی جگہہ سے یعنی گلے کے پاس سے اور کہا اونھون نے
آپ سے کہ تو وہ شخص ہی کہ منع کرتا ہی ہمکو بتون کے پوجنے سے کہ جنکو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
مین وہی ہون پس اوٹھے ابوبکرؓ اور آنحضرت سے پیچھے چمٹ گئے پشت کی طرف سے اور کہا کفار سے اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ
رَبِّیَ اللّٰہُ وَقَدْ جَآءَکُمْ بِالْبَیِّنٰتِ مِنْ رَّبِّکُمْ بلند آواز سے اسکو کہتے تھے اور آنکھون سے اونکی آنسو جاری تھے یہانتک کہ
چھوڑا اونھون نے آنحضرتؐ کو اور کہا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے کہ مؤمن آل فرعون کے نے کہا خفیہ اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے
کہا ظاہر اور عروہ بن مسعود سے منقول ہی کہ کہا کہا مینے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہ خبر دے مجکو اشد اوس چیز کی کہ کیا اوسکو مشرکون نے
ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا عبداللہ نے اوس وقت کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے صحن کعبہ مین ناگہان متوجہ ہوا
عقبہ بن ابی معیط پس پکڑا مونڈھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اور لپیٹا کپڑا اوسکا بیچ گردن اونکی کے اور گھونٹا اوسکو گھونٹنا سخت پس
متوجہ ہوئے ابوبکرؓ اور پکڑے مونڈھے اوسکے اور دفع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پھر کہا اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰہُ
وَقَدْ جَآءَکُمْ بِالْبَیِّنٰتِ مِنْ رَّبِّکُمْ اور اور روایت مین آیا ہی انس بن مالک سے کہ کہا مارا مشرکون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو
یہانتک کہ بیہوش ہو گئے حضرت پس کھڑے ہوئے ابوبکر اور شروع کیا پکارنا وَیْلَکُمْ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰہُ کہا
بعضون نے اونمین سے کون ہی یہ کہا بعضون نے یہ بیٹا ابوقحافہ کا ہی اور حضرت علیؓ سے روایت ہی کہ اونھون نے کہا اے لوگو خبر دو مجکو کہ
آدمیون مین بڑا شجاع کون ہی کہا لوگون نے کہ نہین جانتے ہم کہ کون ہی کہا علی رضی اللہ عنہ نے کہ ابوبکر مین البتہ تحقیق دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کو اس حال مین کہ پکڑا اونکو قریش نے پس کوئی چڑھا آتا تھا آنحضرت پر اور کوئی ہلاتا تھا آپکو اور وہ کہتے تھے تو وہی ہی کہ کر دیا
تونے سب معبودون کو ایک معبود کہا علی رضی اللہ عنہ نے پس قسم خدا کی نہین نزدیک ہوا ہم مین سے کوئی مگر حضرت کے سوا ابوبکرؓ کے مارتے تھے
وہ کسیکو اور گردن گھونٹتے تھے کسیکی اور ہلاتے تھے کسیکو اور کہتے تھے وَیْلَکُمْ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ یَّقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰہُ پھر اوٹھایا
یعنی مونھہ پر رکھنے کے لیے علی رضی اللہ عنہ نے چادر کو اور روتے ہوئے تھے اور روئے یہانتک کہ تر ہو گئی ڈاڑھی اونکی پھر کہا قسم دیتا ہون مین
تمکو آیا مؤمن آل فرعون کا بہتر ہی یا ابوبکرؓ پس سکوت کیا لوگون نے پس کہا علی رضی اللہ عنہ نے جواب نہین دیتے تم مجکو پس قسم خدا کی البتہ ایک
ساعت ابی بکرؓ کی بہتر ہی قصہ مؤمن آل فرعون کے سے وہ ایک شخص تھا کہ چھپاتا تھا ایمان اپنا اور یہ یعنی ابوبکرؓ ایک شخص ہی کہ ظاہر کیا
ایمان اپنا + مدؔ کشاف + درمنثور + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے خاص بندے دین کے مقدمے مین کسی سے
ڈرتے نہین اور اس باب مین تکلیفین اوٹھاتے ہین اور صبر کرتے ہین چنانچہ پاک پروردگار نے ایسے بندون کی تعریف فرمائی ہی کہ لَا یَخَافُوْنَ
فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَآئِمٍ یعنی ڈرتے نہین ہین وہ اللہ کے دین کے مقدمے مین ملامت کرنے والے کے سے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
بھی اس صفت حاصل کرنے کا حکم فرمایا جیسے کہ ابوذرؓ روایت کرتے ہین کہ مینے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے نصیحت کیجیے مجکو فرمایا نصیحت کرتا
ہون مین تجکو خدا سے ڈرنے کی اسلیے کہ اس سے نہایت زینت تیرے سارے امور کی ہی عرض کیا مینے کچھ اور نصیحت کیجیے فرمایا لازم کر اپنے پر
تلاوت قرآن کی اور ذکر اللہ تعالیٰ کا پس تحقیق وہ باعث ذکر کا ہی تیرے لیے آسمان مین اور نور ہی تیرے لیے زمین مین یعنی نور معرفت و یقین
تجھے زیادہ ہوگا کہا مینے اور نصیحت کیجیے فرمایا لازم کر اپنے پر بہت چپ رہنا کہ یہ باعث ہانکنے شیطان کا ہی اور مدد ہی تیرے لیے اوپر امر دین
تیرے کے عرض کیا مینے کچھ اور نصیحت کیجیے فرمایا بچا تو اپنے تئین بہت ہنسنے سے اسلیے کہ یہ مار ڈالتا ہی دل کو اور لیجاتا ہی نور مونھہ کا عرض کیا
مینے کچھ اور زیادہ کیجیے فرمایا کہہ حق اگرچہ تلخ ہو عرض کیا مینے کچھ اور زیادہ کیجیے فرمایا نہ ڈر اللہ کے دین کے مقدمے مین ملامت کرنے والے سے

غرض کیا سینے کچھ اور زیادہ کیجیے فرمایا چاہیے کہ باز رکھے نماز لوگون کی عیب گیری سے وہ عیب کہ جانتا ہی نفس اوس اپنے مین انتہی + اور اکثر اہل حق کا یہی حال رہا ہی کہ اظہار حق مین کسیکی ملامت سے نہ ڈرتے تھے اور ان روایتون سے فضیلت حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کی بھی معلوم ہونی تامل کرنا چاہیے کہ آنحضرت کے خیرخواہ اور مددگار رہے ہین اسی سبب سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیسی بزرگی انکی بیان کی ہی جو اشقیا انکو برا کہتے ہین کیا نادان ہین اللہ بچاوے اس عقیدۂ بد سے +

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؗ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ

اى قوم میری تمھارا راج ہی آج چڑھ رہے ہو ملک مین پھر کون مدد کریگا ہماری اللہ کی آفت سے اگر آگئی ہمپر بولا

فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝

فرعون مین وہی سمجھاتا ہون تمکو جو سوجھا مجکو اور وہی راہ بتاتا ہون جسمین بھلائی ہی + مع

اى قوم میری واسطے تمھارے ہی بادشاہی آج غالب ہو زمین مین پس کون مدد دیگا ہمکو عذاب خدا کے سے اگر آجاوے ہمپر کہا فرعون نے مصلحت نہین دیتا ہون مین تمکو مگر جو کچھ کہ ادراک کرتا ہون مین اور نہین بتاتا مین تمکو مگر راہ بھلائی کی + **تفسیر** + زمین مین یعنی زمین مصر مین پس کون مدد دیگا الخ یعنی تمھارے لیے ملک مصر ہی اور تم غالب آئے ہو لوگون پر اور جبر کیا ہی تمنے اونپر پس نہ بگاڑو اپنے امور کو ضرر پاؤگے اور نہ مستحق ہو عذاب خدا کے اسلیے کہ نہین طاقت ہی تمکو اوسکی اگر آن پڑے تمپر اور نہین بچا سکیگا تمکو اوس سے کوئی اور مصلحت نہین دیتا ہون مین الخ یعنی مشورہ نہین دیتا ہون مین تمکو مگر جو کہ مناسب جانتا ہون کہ وہ قتل کرنا موسی علیہ السلام کا ہی یعنی نہین مناسب جانتا مین مگر قتل کرنا اوسکا اور یہ جو تم کہتے ہو اچھا نہین اور نہین بتاتا مین تمکو الخ یعنی یہ بات مگر راہ صواب و صلاح کی یا نہین تعلیم کرتا مین تمکو مگر جو کچھ کہ مین ثواب جانتا ہون اور نہین باقی رکھتا مین اوس سے کچھ اور نہین پوشیدہ رکھتا مین تمسے خلاف اوس چیز کے کہ ظاہر کرتا ہون یعنی زبان و دل میرے موافق ہین اوس چیز پر کہ کہتا ہون اور یہ جھوٹ کہا اوسنے اسلیے کہ وہ تدبیر پوچھا کرتا تھا اپنے لوگون سے موسی علیہ السلام کے ڈر کے مارے ولیکن ظاہر جوانمردی جھوٹ موٹ کرتا تھا اگر ایسا نہوتا تو کاہیکو کسیسے مشورہ کرتا اور نہ یہ قول کہتا یہ مشورے پر + مل

وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ۝ مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّ

اور کہا اوس ایماندار نے اى قوم میری مین ڈرتا ہون کہ آوے تمپر دن اون فرقون کا سا جیسے رسم پڑی قوم نوح اور عاد اور

ثَمُوْدَ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ۝

ثمود کی اور جو اونکے پیچھے ہوئے اور اللہ بے انصافی نہین چاہتا بندون پر + مو

اور کہا اوس شخص نے کہ ایمان لایا تھا اى قوم میری تحقیق مین ڈرتا ہون تمپر مانند روز جماعتون اگلے کے سے مانند صورت حال قوم نوح اور عاد اور ثمود کے اور اونکے کہ بعد انکے تھے اور خدا ارادہ ستم کا نہین کرتا بندونپر + **تفسیر** + مانند روز الخ یعنی مانند دنون اونکے کے مانند صورت حال الخ یعنی جیسے اونکی عادت تھی کفر اور تکذیب اور تمام گناہ کرنے کی کہ ہمیشہ اسی طور پر رہے یہان تک کہ آیا اونپر عذاب ایسی ہی تمھاری عادت ہی ڈرتا ہون مین کہ مبادا او نھین کا سا حال تمھارا بھی ہو اور خدا ارادہ ستم کا نہین کرتا الخ یعنی نہین چاہتا اللہ کہ ظلم کرے اپنے بندون پر پس عذاب کرے اونپر بغیر گناہ کے یا زیادہ عذاب کرے اوس قدر عذاب پر کہ مستحق ہین اوسکے یعنی ہلاک کرنا اونکا عدل تھا اسلیے کہ وہ مستحق تھے اوسکے بسبب اعمال اپنے کے اور ڈراتا تھا ساتھ عذاب دنیا کے پھر ڈرایا اونکو عذاب آخرت سے ساتھ قول اپنے کے ویقوم الخ + مل

وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۝ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ

اور اى قوم میری مین ڈرتا ہون کہ تمپر آوے دن ہانک پکار کا جسدن بھاگوگے پیٹھ دے کر کوئی نہین تمکو اللہ سے بچانے والا

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○

اور جسکو غلطی مین ڈالے اللہ تو کوئی نہین اوسکو سمجھانے والا + مو

اور ای قوم میری ڈرتا ہون مین تپر دن پکارنے کے سے بایکدیگر کو اوسدن کہ مونہہ پھیروگے تم پیٹھ دیکر نہین ہوگا تمھارے لیے خدا سے کوئی نگاہ رکھنے والا اور جسکو گمراہ کرے خدا پس نہین ہی اوسکے لیے کوئی راہ دکھانے والا + **تفسیر** دن پکارنے کے سے مراد دن قیامت کا ہی کہ پکارا جاویگا ہر شخص ساتھ پیشوا اپنے کے اور پکارینگے بعضے بعضون کو پس پکارینگے جنتی دوزخیون کو اور دوزخی جنتیون کو اور بعضون نے کہا کہ پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ اَلَا اِنَّ فُلَانًا سَعِدَ سَعَادَةً لَا يَشْقٰى بَعْدَهَا اَبَدًا اَلَا اِنَّ فُلَانًا شَقِيَ شَقَاوَةً لَا يَسْعَدُ بَعْدَهَا اَبَدًا + یعنی آگاہ ہو کہ بلاشبہہ فلان نیکبخت ہوا نیکبخت ہونے کر کہ نہین بدبخت ہونے کا بعد اسکے کبھی آگاہ ہو تحقیق فلان بدبخت ہوا بدبخت ہونے کر کہ نہین نیکبخت ہونے کا بعد اسکے کبھی اور پکارا جاویگا جسوقت کہ ذبح کی جاویگی موت ای اہل جنت ہمیشگی ہی یعنی تمکو پس نہین ہی موت اور ای اہل دوزخ ہمیشگی ہی یعنی تمکو پس نہین ہی موت قتادہ سے منقول ہی بیچ تفسیر وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ کے کہ کہا اوسدن پکارینگے جنتی دوزخیون کو قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا یعنی تحقیق سچ پایا ہمنے جو کچھہ وعدہ کیا تھا ہمسے ہمارے رب نے پس آیا پایا سچ تمنے جو کچھہ کہ وعدہ کیا تھا یعنی تمسے تمھارے رب نے کہا قتادہ نے اور پکارینگے دوزخی جنتیون کو اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ یعنی بہاؤ ہمکو پانی یا جو کچھہ کہ دیا ہی تمکو اللہ نے اور پڑھا ہی ابن عباس نے یوم التناد ساتھ تشدید دال کے بمعنی بھاگنے کے یہ نام اسلیے کہا گیا کہ ضحاک سے منقول ہی کہ جب ہوگا دن قیامت کا تو حکم کریگا اللہ تعالی آسمان دنیا کو پھٹنے کا پس پھٹیگا ساتھ اہل اپنے کے پس ہوجاینگے فرشتے اوپر کنارے اوسکے کے یہان تک کہ حکم کریگا انکو پروردگار اوترنے کا پس اوترینگے اور گھیر لینگے زمین کو اور زمین والون کو پھر حکم فرماویگا پھٹنے کا دوسرے آسمان کو پھر تیسرے کو پھر چوتھے کو پھر پانچوین کو پھر چھٹے کو پھر ساتوین کو پھر صفین باندھکر کھڑے ہونگے آگے پیچھے پھر اوترینگا ملک اعلی یعنی اللہ جل شانہ اس حال مین کہ بائین طرف اوسکے جہنم ہوگی پس جب دیکھینگے اوسکو زمین والے تو بھاگینگے پس نہین جاوینگے کسی کنارے پر زمین کے کنارون مین سے مگر کہ پاوینگے سات صفین فرشتون کی پس پھر آوینگے طرف اوس مکان کے کہ تھے اوسمین پس یہ ہی تفسیر قول اللہ تعالی کی اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ یعنی ساتھ تشدید دال کے يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ اور یہی مراد ہی اس قول اللہ تعالی کی وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۢ بِجَهَنَّمَ اور یہی مطلب ہی اس قول اللہ تعالی کا يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○ یعنی ای گروہ جن و انس کے اگر قدرت رکھتے ہو تم یہ کہ نکلو کنارون آسمانون اور زمین کے سے بھاگ کر میری قضا سے پس نکلو تم نہین نکل سکنے کے تم مگر ساتھ قوت کے اور وہ قوت کہان ہوگی تمکو اور یہی مراد ہی اس قول اللہ تعالی کی وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ○ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا یعنی اور پھٹیگا آسمان پس وہ اوسدن ضعیف ہوگا اور فرشتے اوسدن اوپر کنارون آسمان کے ہونگے یعنی آسمان جو پھٹیگا فرشتے اوسوقت آسمان کے کنارون پر ہوجائینگے بسبب اسکے کہ وہ نہین پھٹنے کے پس اوسوقت مین کہ لوگ اس حالت مین ہونگے ناگہان سنینگے ایک آواز یعنی فرشتے کی پس آوینگے لوگ طرف حساب کے انتہی + اوسدن کہ مونہہ پھیروگے الخ یعنی پھروگے موقف حساب سے طرف دوزخ کے نہین ہوگا تمھارے لیے عذاب خدا سے کوئی بچانے والا + صل

معا + در منثور + **تنبیہ** + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ اللہ کے اچھے بندون کو روز قیامت کا بڑا ہی ڈر رہتا ہی کہ دیکھے اوسدن کیا گذرے پس ہر شخص کو چاہیے کہ اس دار فانی اور دار العمل مین اوسدن کی ضرور فکر رکھے تا اوسدن مین عذاب سے نجات پاوے

اور جنت کے چین آرام کو او نہیچے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حال مین کہ آپ ایک شخص کو نصیحت کرتے تھے کہ غنیمت جان پانچ
چیزون کو پہلے پانچ چیزون کے اپنی جوانی کو پہلے بڑھاپے اپنے کے اور اپنی صحت کو پہلے بیماری اپنی کے اور اپنی تونگری کو پہلے محتاجی اپنی کے
اور اپنی فراغت کو پہلے شغل اپنے کے اور اپنی حیات کو پہلے موت اپنی کے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہمین کہ انسان جوانی
کی حالت مین قادر ہوتا ہی ایسے اعمال پر کہ نہین قادر ہوتا اونپر بڑھاپے مین پس ضرور ہی اسکو کہ غنیمت جانے فرصت کو اور مشغول ہو طاعتون مین
جوانی کی حالت مین پہلے بڑھاپے کے اسلیے کہ جوانی کی حالت مین اگر ترک کریگا عمل کو اور پیروی کریگا خواہش نفسانی کی اور عادت ڈالیگا گناہ
کی تو نہین ترک کر سکیگا اوسکو بڑھاپے مین پس لائق ہی اسکو یہ کہ چھوڑے گناہ جوانی مین اور عادت ڈالے اپنے نفس کو اعمال خیر کی کہ سہل ہوون اوسکو
بڑھاپے مین اور یہ بھی بیان فرمایا ہمین کہ بندہ حالت صحت مین قادر ہوتا ہی بھلائیون کے کرنے پر ساتھ مال و بدن اپنے کے پس لائق ہی اسکو کہ
غنیمت جانے صحت کو اور کوشش کرے بھلائیون کے کرنے مین اپنے مال و بدن سے اسلیے کہ جب بیمار ہوتا ہی تو ضعیف ہوجاتا ہی بدن
پس نہین قادر ہوتا ہی طاعتون پر ساتھ بدن اپنے کے اور قاصر ہوتا ہی ہاتھ اسکا مال سے تہائی سے زیادہ مین پس نہین تصرف
کر سکتا ہی اپنے مال مین مگر بیچ مقدار تہائی کے اور یہ بھی بیان فرمایا کہ انسان حالت تونگری مین اور حالت فراغت مین قادر ہوتا ہی طاعتون پر
بلا مانع پس جب بدل جاتی ہی تونگری ساتھ محتاجگی کے اور فراغت ساتھ شغل کے تو ظاہر ہوتے ہین موانع پس نہین قادر ہوتا طاعتون پر بلکہ مشغول
ہوتا ہی امر معاش مین پس لائق ہی اسکو کہ غنیمت جانے تونگری و فراغت کو نیکیون کے حاصل کرنے کے لیے اسلیے کہ تونگری کے پیچھے فقر آجایا کرتا ہی
اور فراغت کے پیچھے شغل اور یہ بھی بیان فرمایا کہ انسان حالت حیات مین قادر ہوتا ہی عمل پر پس جب مرجاتا ہی تو باز رہتا ہی عمل سے پس لائق ہی
اسکو کہ غنیمت جانے اپنی حیات کو اور نہ ضائع کرے اپنی عمر کو لایعنی مین اسلیے کہ ہر دم عمر کے دمون مین سے جواہر نفیس ہی کہ جسکی کچھ قیمت ہی نہین
اسلیے کہ خرید سکتا ہی ساتھ اوسکے خزانہ اوس جنت کے خزانون مین سے کہ جسکی نعمتون کی کچھ انتہا ہی نہین ابد الآباد کو رہینگے پس ضائع کرنا
ان دمون کا اور خریدنا ساتھ انکے اون چیزونکو کہ سبب اسکی ہلاکت کی ہین ساتھ اتباع خواہش نفسانی کے نہایت ہی ٹوٹا ہی پس بلاشبہ
جو کوئی پیروی کرتا ہی اپنی خواہش کی کرتا ہی وہ کام کہ ضرر کرتے ہین اسکو یا ہلاک کرتے ہین اسکو بالفعل یا آیندہ کو حالانکہ وہ نہین جانتا
یا جانتا ہی لیکن بسبب خفت عقل کے ترجیح دیتا ہی لذت موجود بے بقا کو اوپر عذابون آخرت کے کہ جنکی کچھ انتہا ہی نہین اور گمان کرتا ہی
بسبب اپنے اندھے ہونے کے اور نہایت حماقت کے کہ مین مطلب یاب ہوا کچھ لذت سے اور یہ نہین جانتا وہ احمق کہ مین دنیا سے نکلونگا
اس حال مین کہ جانتا ہونگا کہ ساتھ کسی لذت کے مطلب یاب نہین ہوا اصلا نہ تو دنیا کی لذتون سے اسلیے کہ وہ اوس سے جاتی رہین گی
اور نہ آخرت کی لذتون سے اسلیے کہ اون تک پہونچنے کا نہین پس باقی رہیگا حسرت و ندامت بن اوس وقت کہ نہین نفع دیگی اوسکو ندامت
روایت کی گئی ہی آنحضرت علیہ السلام سے کہ فرمایا نہین کوئی مریگا مگر کہ نادم ہوگا صحابہ نے عرض کیا کہ کیا ہوگی ندامت اوسکی یا رسول اللہ
فرمایا اگر نیک کار ہوگا تو نادم ہوگا یہ کہ نیکی مینے زیادہ کیون نہ کی اور اگر بدکار ہوگا تو نادم ہوگا کہ ہاے کیون نہ باز آیا مین بدی سے پس
ای غافل نہ ضائع کر عمر اپنی غفلت مین اور کوشش کر بیچ حاصل کرنے اسباب آخرت کے پہلے اسکے کہ آوے دن قیامت کا نہین حاصل کر سکیگا
اوسکو اوس دن پس تو عنقریب دیکھیگا اوس دن کو پس نادم ہوئیگا تو اوس عمر اپنی پر کہ فوت ہوئی بیچ غیر طاعت رب تیرے کے اور نہین
نفع دیگی تجکو ندامت پس بندہ جبکہ ہو بیچ کسی شغل کے اشغال دنیا سے اور شغل اوسکا مانع ہو عمل سے اور موقوف رکھے اوس عمل کو
فراغت پر کہ جب فارغ ہونگا تو کرونگا پس یہ اوسکی حماقت سے ہی دو وجہ کر ایک تو یہ کہ ترجیح دی اوسنے دنیا کو آخرت پر اور
نہین ہی یہ شان عاقل کی فرمایا اللہ تعالی نے بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی ۝ یعنی بلکہ ترجیح
دیتے ہو تم زندگانی دنیا کو اور آخرت بہتر و پاینده تر ہی اور دوسرے عمل کی تاخیر کرنے مین وقت فراغت لینے تک یہ ضرر ہی کہ کبھی

ف الفاظ حدیث یہ ہین اغتنم خمسا قبل خمس شبابک قبل ہرمک وصحتک قبل سقمک وغناک قبل فقرک وفراغک قبل شغلک وحیاتک قبل موتک ١٢ مصابیح

نہین پاتا ہی مہلت بلکہ اوچک لیجاتی ہی اوسکو موت پہلے فارغ ہونے اوسکے سے کہ یا زیادہ ہوجاتا ہی شغل اوسکا اسلیے کہ اشغال دنیا کے
مستلزم ہین بعض اونکے بعض کو پس باقی رہیگا بدون توشہ روز آخرت کے پس واجب ہی بندہ پر یہ کہ سبقت کرے طرف اعمال نیک کے جس
حال پر کہ ہو پہلے پہونچنے موت کے بموجب قول اللہ تعالی کے وَسَارِعُوٓا اِلٰی مَغۡفِرَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا السَّمٰوٰتُ
وَالۡاَرۡضُ اُعِدَّتۡ لِلۡمُتَّقِيۡنَ ○ یعنی اور جلدی کرو طرف مغفرت پروردگار اپنے کے اور طرف جنت کے کہ چوڑان اوسکا بقدر آسمانون
اور زمین کے ہی طیار کی گئی ہی وہ پرہیزگارون کے لیے پس جسکا دل متعلق ہوا دنیا مین اور لیا اوس سے زائد اپنی حاجت سے قسم کہانے اور پینے
اور لباس سے متنعم رہیگا اوسکو مگر یہ کہ مدد کرے طاعت خدا تعالی پر اسلیے کہ جس چیز کو دوست رکھتا ہی انسان اور وہ ہاتھ لگتی ہی اوسکو
ضرور ہی کہ مفارقت کریگا اوس سے پس اگر دوست رکھتا تھا اوسکو واسطے غیر خدا کے معذب ہوگا بسبب فوت ہونے اوسکے یعنی حاصل ہوگا
رنج بقدر اوسکے کہ متعلق ہوگا ساتھ اوسکے دل اوسکا اور اسی لیے کہا بعضے اگلے بزرگون نے کہ جو کوئی دوست رکھے دنیا کو پس چاہیے
کہ دل مین پہلے تحمل کرنا مصیبتون پر اسلیے کہ محب دنیا کا نہین خالی ہوتا ہی تین مصیبتون سے فکر لازم اور رنج دائم اور حسرت بے انتہا پس
اگر نہو دنیا کی محبت کے لیے عذاب عاجل یعنی دنیا کا مگر یہ تو کافی ہی اوسکے لیے سبب ہونے مین پس کیا حال ہوگا جسوقت کہ چھٹین گی اوس سے
محبوب و لذت کی چیزین بسبب موت کے اور ہوگا معذب ساتھ نفس اوس چیز کے کہ لذت اوٹھاتا تھا ساتھ اوسکے بقدر لذت اپنی کے کہ
باز رکھا تھا اوسنے اوسکو سعی کرنے سے بیچ طلب کرنے توشہ روز معاد کے اسلیے کہ اگر ہونگی کسیکے لیے ہزار چیزین محبوب تو او تڑینگی
بسبب اونکے نزدیک موت کے ایک وقت مین ہزار مصیبتین اسلیے کہ وہ دوست رکھتا تھا اون سبکو اور سلب کیجاتی ہین اوس سے ایک
لحظے مین وہ سب اور باقی رہتا ہی حسرت و ندامت مین بعد مرنے کے اور یہ اول رنج ہی کہ پہونچتا ہی اوسکو بعد مرنے اوسکے کے سوا اوس
عذاب آخرت کے کہ طیار رکہا ہی اللہ تعالی نے واسطے اون لوگون کے کہ دوست رکہتے ہین زندگانی دنیا کو اور راضی ہین ساتھ اوسکے حاصل یہ کہ
جسنے دوست رکھا کسی چیز کو سوا اللہ تعالی کے اور نہین تھی محبت اوسکی اوس سے واسطے اللہ تعالی کے اور نہ واسطے ہونے اوسکے کے
مددگار طاعت خدا پر حاصل ہوگا اوسکو بسبب اوسکے ضرر برابر ہی کہ ملی وہ چیز اوسکو یا نہ ملی اسلیے کہ اگر نہ ملی اوسکو تو زندگانی بسر کریگا رنج
کھینچنے مین اور نہین راحت پانے کا رنج سے اور اگر ملی تھی وہ اوسکو تو ہوگا رنج جو حاصل ہوا تھا اوسکو پہلے حصول اوسکے کے اور حسرت جو ہوگی اوسکو
بعد فوت ہونے اوسکے کے کئی حصے زائد اوس لذت سے کہ حاصل ہوئی تھی اوسکو اور اگر پوچھے بندہ ہر حظ کو حظوظ دنیا سے اور ہر لذت کو
لذتون دنیا کے سے اور گذر گئی عمر اوسکی اوسی حالت پر اور نہ سعی کی بیچ حاصل کرنے سعادت اخروی کے ہوگا نزدیک موت کے
اس حالت پر کہ گویا نہین پایا کچھ حظ و لذت حظوظ لذتون دنیا سے اور ہوجائین گے یہ حظوظ و لذتین عذاب اوسکے لیے اور ہوئیگا معذب
ساتھ نفس اوس چیز کے کہ تھا چین مین بسبب اوسکے دو جہت سے ایک تو بسبب فوت ہونے اوسکے کے باوجود شدت تعلق قلب اوسکے کے
ساتھ اوسکے اور دوسرے بسبب نہ حاصل ہونے اوس چیز کے کہ وہ بہت نافع اور ہمیش کو رہینگے یعنی ثواب آخرت پس محبوب حاصل
فوت ہوجائیگا اوس سے اور محبوب اعظم حاصل نہین ہونے کا اوسکو اور یہ اول عذاب ہی جو لاحق ہوگا اوسکو پہلے عذاب دوزخ کے اسلیے
کہ علما نے کہا ہی کہ نہین ہی موت عدم محض اور نہ فنا صرف بلکہ وہ انقطاع تعلق روح کا ہی ساتھ بدن کے اور مفارقت اوسکی اوس سے اور تبدل
ایک حال سے طرف دوسرے حال کے اور انتقال ایک دار سے طرف دوسرے دار کے اور وہ بڑی ہی مصیبت ہی کہ اللہ تعالی نے اوسکا نام رکھا ہی
مصیبت کہ فرمایا فَاَصَابَتۡكُمۡ مُّصِيۡبَةُ الۡمَوۡتِ یعنی پس پہونچی تمکو مصیبت موت کی پس موت بڑی ہی مصیبت ہی اور اوس سے بڑھکر
مصیبت غفلت کرنی ہی اوس سے اور نہ ذکر کرنا اوسکا اور کم فکر کرنا اوسمین اور ترک کرنا عمل کا اوسکے لیے اور اتباع ہوی اسلیے کہ اتباع ہوی
زہر ہی دین کے زہرون مین سے کہ باعث ہوتی ہی ہلاکت کی روز جزا کے اسلیے کہ مومن نے ساتھ نفس ایمان کے عہد کیا ہی اللہ تعالی سے یہ کہ

نہین نافرمانی کرنیکا مین اوسکی اور یہ اسلیے کہ ایمان کے معنی ہین قبول کرنا اور لازم کرنا یعنی جو کوئی کہتا ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ ہوتا ہی
گویا کہ وہ کہتا ہی کہ بلاشبہہ مینے جانا اور اعتقاد کیا کہ اللہ تعالی ایک ہی اپنی ذات اور صفات اور افعال مین اور نہین ظاہر ہوتی عالم مین کوئی
چیز مگر ساتھ علم اور ارادے اور خلق اوسکے کے اور نہین ہی کوئی مستحق عبادت کا مگر وہی اور مینے لازم کی عبادت اوسکی اور نہین عبادت کرنیکا
مین مگر اوسی کو پس بعد اس عہد کرنیکے حرام ہی اوسپر نافرمانی کرنی اوسکی کسی چیز مین قسم اوامر و نواہی اوسکے سے یہانتک کہ جب بلاوے
اوسکو نفس اوسکا طرف توڑنے عہد مولی اوسکے کے تو لازم ہی اوسکو یہ کہ کہے اوسکو جیسے کہ کہا یوسف نبی علیہ السلام نے عزیز کی بیوی سے
جسوقت کہ بلایا اوسنے اونکو طرف نفس اپنے کے مَعَاذَ اللہِ اِنَّہٗ رَبِّیۡۤ اَحۡسَنَ مَثۡوَایَ ؕ اِنَّہٗ لَا یُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ۝ یعنی پناہ
مانگتا ہون مین ساتھ اللہ کے اس فعل بد سے بلاشبہہ جسنے خریدا ہی مجکو یعنی عزیز مالک میرا ہی اچھی طرح رکھا اوسنے مجکو یعنی پس نہین خیانت کرونگا
مین اوسکے اہل مین بلاشبہہ نہین مطلب یاب ہوتے ظالم یعنی زناکار ✽ پس جسکا نفس بہت راغب ہوا اوس چیز کی طرف کہ خواہش کرتا ہی اوسکی
مثلا زنا وغیر ذلک اور پھر ترک کیا اوسکو باوجود قدرت رکھنے کی اوسپر اوس جگہہ مین کہ نہین مطلع ہی اوسپر کوئی مگر اللہ تعالی ہوگا یہ فعل دلیل اوپر
صحت عہد کرنے اوسکے کے ساتھ رب اپنے کے بیچ ایمان اپنے کے اسلیے کہ مومن نے جب جانا کہ رضا میرے مولی کی ہوی کے ترک مین ہی تو مقدم
رکھے رضا اپنے مولی کی اپنی ہوی پر اور ہووے لذت و محبت اوسکی بیچ اوس چیز کے کہ پسند رکھے مولی اوسکا اگرچہ مخالف ہوا اپنی ہوی کی اور ہووے
رنج وجفا اوسکا بیچ اوس چیز کے کہ نہ پسند رکھے اوسکو مولی اوسکا اگرچہ ہو موافق ہوی اوسکی کے بلکہ ہووے لذت اوسکی بیچ ترک کرنے شہوات اپنے کے
واسطے اللہ تعالی کے بہت زیادہ اوسکی لذت سے بیچ کرنے اوسکے کے بلکہ ہووے نزدیک اوسکے کراہت اوسکے کرنیکی خلوت مین سخت تر
مکروہ جاننے اوسکے سے جھوٹ و حبس کے دکھ کو کیا نہین جانتا تو کہ جسوقت کہا عزیز کی بیوی نے یوسف علیہ السلام کے حق مین وَلَئِنۡ لَّمۡ یَفۡعَلۡ
مَاۤ اٰمُرُہٗ لَیُسۡجَنَنَّ وَلَیَکُوۡنًا مِّنَ الصّٰغِرِیۡنَ ۝ یعنی اور اگر نہ کریگا یوسف جو کچھہ کہتی ہون مین اوسکو تو البتہ قید کیا جاویگا وہ اور البتہ
ہوویگا وہ ذلیلون سے ✽ پس کہا عورتون نے اطاعت کر اپنے مالک کی ✽ کیونکر کہا یوسف علیہ السلام نے رَبِّ السِّجۡنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا
یَدۡعُوۡنَنِیۡۤ اِلَیۡہِ ✽ یعنی اے رب میرے قیدخانہ محبوب تر ہی طرف میرے اوس چیز سے کہ بلاتی ہین عورتین مجکو طرف اوسکے پس عزیز کی بیوی کا
دل چونکہ خالی تھا ایمان سے مائل ہوئی طرف برائی اور بیحیائی کے باوجود ہونے اوسکے کے خاوندوالی اور یوسف علیہ السلام کے دل مین چونکہ ایمان غالب تھا
اعراض کیا اونھون نے اوس چیز سے کہ ارادہ کیا اوسنے اونسے باوجود ہونے اونکے کے جوان و بن بیوی تنہا پس جو کوئی عمل کرتا ہی بمقتضاے ایمان کے
آتی ہی لذت اوسکو بیچ باز رہنے کے اوس چیز سے کہ مائل ہوتا ہی طرف اوسکے نفس اوسکا جب کہ ہوا و سمین غضب اللہ تعالی کا اور مقید ہوتا ہی ساتھ
محاسبۂ نفس اپنے کے تو کہ ہو حساب اوسپر آسان کل کو اور طریق محاسبے کا یہ ہی کہ دیکھے اپنے احوال مین کہ آیا کچھ اللہ تعالی کے حقوق مین سے
اور لوگون کے حقوق مین سے کچھہ ہی یا نہین پس تدارک کرے اللہ تعالی کے فرائض کا کہ جو فوت ہوئے ہون اوس سے یعنی قضا بھرے اونکی اور پہچانے
حقوق لوگون کے ایک ایک دانہ اور جنکو ہاتھہ و زبان سے ستایا ہوا اونسے بخشواوے اور خوش کرے دل اونکے ساتھ احسان کرنے کے اونپر
یہانتک کہ جب مرے تو نہ باقی رہے اوسپر کوئی فرض خداے تعالی کا اور نہ حق کسیکا اور داخل ہو جنت مین بلاحساب اسلیے کہ اگر مریگا پہلے
ادا کرنے حقوق کے تو گھیر رینگے اوسکو مدعی اوسکے اور گریبان گیر ہونگے پس کوئی کہیگا مارا تھا تو نے مجکو اور کوئی کہیگا کہ برا کہا تھا تو نے مجکو
اور کوئی کہیگا کہ جھگڑتا تھا تو مجسے اور کوئی کہیگا کہ لیا تھا تو نے مال میرا اور کوئی کہیگا کہ پایا تھا تو نے مجکو مظلوم اور تو قادر تھا ظلم کے
دفع کرنے پر اور پھر نہ دفع کیا تو نے مجسے ظلم کو اور کوئی کہیگا کہ دیکھا تھا تو نے مجکو خلاف شرع بات پر پس نہ منع کیا تو نے مجکو اوس سے
پس اوسوقت کہ وہ اسیطرح مبہوت و متحیر ہوگا بسبب کثرت مدعیون کے اور عاجز ہوگا اونکی جواب دہی سے اور امید رکھتا ہوگا مولی
غفار سے کہ شاید وہ چھڑاوے اونکے ہاتھون سے ناگہان سنیگا آواز جبار کی کہ فرماویگا اَلۡیَوۡمَ تُجۡزٰی کُلُّ نَفۡسٍۭ بِمَا کَسَبَتۡ ؕ

لَاظُلْمَ الْيَوْمَ یعنی آج کے دن بدلا دیا جاویگا ہر نفس ساتھ اوس چیز کے کہ کی ہی نہین ہی ظلم آج کے دن پس اوسوقت بیقرار ہوگا دل اوسکا اور یقین کریگا اپنے نفس کے ہلاک ہونے کا پس سوچ ای غافل اوس مضمون کو کہ ساتھ اوسکے ڈرایا ہی اللہ تعالی نے اپنی کتاب مین کہ فرمایا وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ○ یعنی اور نہ گمان کر تو اللہ کو غافل اوس چیز سے کہ کرتے ہین ظالم اور پرہیز کر تو شیطان کے وسوسے کی اسلیے کہ وہ دشمن ہی بنی آدم کا چاہتا ہی گمراہ کرنا اونکا تو کہ کھینچ لیجاوے اونکو اپنے ساتھ طرف دوزخ کے پس واجب ہی مومن پر یہ کہ دفع کرے اوسکے وسوسے کو اور ٹھہراوے اوسکو دشمن جیسے کہ فرمایا ہی اللہ تعالی نے اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا یعنی بلاشبہ شیطان تمہارے لیے دشمن ہی پس ٹھہراؤ اوسکو دشمن اور ذکر کیا ہی فقیہ ابو اللیث نے کتاب تنبیہ مین کہ بلاشبہ تیرے لیے چار دشمن ہین کہ محتاج ہی تو یہ کہ جہاد کرے تو ساتھ ہر ایک کے اونمین سے ایک تو اونمین سے دنیا ہی اور وہ غدار و مکار ہی پس اسی لیے فرمایا اللہ تعالی نے فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا یعنی پس نہ فریب دے تمکو زندگانی دنیا کی اور دوسرا دشمن نفس تیرا ہی اور وہ بدترین دشمنون کا ہی دشمن اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی ابن عباس رض سے کہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا اَعْدٰى عَدُوِّكَ نَفْسُكَ الَّتِيْ بَيْنَ جَنْبَيْكَ یعنی بڑے دشمنون کا دشمن تیرا نفس تیرا ہی جو درمیان دونون پہلوؤن تیرے کے ہی اور اللہ تعالی نے خبر دی ہی کہ وہ نفس بڑا حکم کرنے والا برائی کا ہی کہ فرمایا اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْٓءِ اور حکم کرنا ساتھ برائی کے داب و عادت اوسکی ہی اس لیے کہ پیدا کیا گیا وہ ظالم و جاہل اور علم و عدل طاری ہوئے ہین اوسپر اور اگر نباقی اوسکو رحمت اللہ تعالی کی اور فضل اوسکا تو باقی رہتا وہ اپنے ظلم و جہل پر اور ہوتا جماعت شیطان کے سے اور کھینچتا ہی وہ اوس شخص کو کہ اطاعت کرے اوسکی طرف عصیان اور مخالفت رحمن کے اسلیے کہ وہ دوڑتا ہی بالطبع بیچ میدان مخالفت کے اور بندہ ساتھ مشقت کے روکتا ہی اوسکو برائی سے پس جسنے چھوڑی باگ اوسکی پس وہ شریک اوسکا ہی بیچ فساد اوسکے کے اور تیسرا دشمن شیطان جن ہی پس پناہ مانگ ساتھ اللہ تعالی کے اوس سے اور چوتھا دشمن شیطان الانس ہی پس حذر کر اوس سے اسلیے کہ وہ شدید تر ہی شیطان الجن سے اسلیے کہ شیطان الجن کا بہکانا ساتھ وسوسے کے ہوتا ہی اور شیطان الانس رفیق ہی تیرا اوسکا بہکانا ہوتا ہی روبرو سامنے آنکھون کے ہمیشہ چاہتا ہی کہ بہکاوے تجکو راہ حق سے جیسے کہ کہا ہی بعضے اگلے بزرگون نے کہ تو پناہ مانگتا ہی ساتھ اللہ تعالی کے شیطان جن سے پس بھاگ جاتا ہی وہ اور شیطان انس پس نہین ٹلتا ہی یہان تک کہ ڈالے تجکو گناہ مین اور اسی لیے فرمایا نبی علیہ السلام نے لَا تَصْحَبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَاْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ یعنی نہ مصاحبت کھہ مگر مومن سے اور نکھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار پس آنحضرت علیہ السلام نے حکم بچنے کا کیا صحبت و مخالطت غیر متقی کے سے اسلیے کہ صحبت و مخالطت پیدا کرتی ہی محبت و الفت دل مین پس لازم ہی یہ کہ ہووے جیسا کہ فرمایا ہی نبی علیہ السلام نے يُحْشَرُ الْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُّخَالِلُ یعنی اوٹھایا جاویگا قبر سے آدمی اوپر دین دوست اپنے کے پس چاہیے کہ دیکھے ایک تمہارا اوس شخص کو کہ دوستی کرتا ہی اوس سے اور فرمایا اللہ تعالی نے اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ○ یعنی دوستدار اوسدن یعنی روز قیامت کے بعضے بعضے کے دشمن ہونگے سوا پرہیزگارون کے پس ہر ایک دوستون مین سے سوا پرہیزگارون کے کہینگے روز قیامت کے يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ○ یعنی ای خرابی میری کاش نہ پکڑا ہوتا مینے فلانے کو دوست اور کہیگا يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ یعنی کسی طرح مجمین اور تجمین فرق ہو مشرق مغرب کا سا پس دوست انسان کا اور محب اوسکا وہ ہی کہ سعی کرے بیچ سنوارنے آخرت اوسکی کے اگرچہ اوسمین ضرر ہو اوسکی دنیا کا اور دشمن اوسکا وہ ہی کہ سعی کرے بیچ بگاڑنے آخرت اوسکی کے اگرچہ اوسمین نفع ہو اوسکی دنیا کا پس بنابر اسکے لائق ہی مومن کو یہ کہ نہ ٹھہراوے دوست مگر اوس شخص کو کہ اعتماد ہو اوسکے دین و امانت پر اور جانے صلاح و تقوی اوسکا اسلیے کہ آدمی ہوگا روز قیامت کے ساتھ اوس شخص کے

ف یعنی دعوت نکر فاسق کی اور طعام تیرا تجھ شربجوکی تو دنیا درست نہی کرے گا ول تزل الحدیث ۱۲ منہ رحمہ

کہ دوست رکھتا تھا اوسکو بسبب اس حدیث کے کہ روایت کی گئی ہی کہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ یعنی
اوس شخص کے ساتھ ہوگا کہ دوست رکھتا تھا اوسکو کہا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے کہ نہ فریب مین ڈالے تمکو ظاہر قول علیہ السلام کا
اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ اسلیے کہ تم نہین لاحق ہونے کے ساتھ نیکون کے مگر بسبب اعمال اپنے کے اسلیے کہ یہود و نصاریٰ دوست
رکھتے ہین اپنے انبیا کو اور نہین ہونگے ساتھ اونکے روز قیامت کے اور یہ قول حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا دلالت کرتا ہی اسپر کہ نری محبت
بغیر موافقت کرنیکے عمل مین نہین نفع دیگی اسلیے کہ تعظیم انبیا اور علما اور صلحا کی اور محبت اونکی نہین ہوتی ہی مگر ساتھ اتباع اونکی
کے بیچ اوس چیز کے کہ بلاتے ہین وہ طرف اوسکے قسم علم نافع اور عمل صالح اور پیروی کرنے اور چلنے سے اونکی راہ پر اسلیے کہ جسنے اتباع کیا
اونکا اور قدم بقدم چلا اونکے ہوگا سبب زیادہ ملنے ثواب اونکے کا بموجب فرمانے علیہ السلام کے مَنْ دَعٰی اِلٰی هُدًی کَانَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ
مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا یعنی جسنے بلایا طرف ہدایت کے ہوگا اوسکے لیے ثواب مانند
ثوابون اون لوگون کے کہ پیروی کی اوسکی نہین ناقص کرنیکا یہ ثواب کا ملنا اسکو پیروی کرنے والون کے ثواب مین سے کچھ اور جسنے نہ پیروی کی
اونکی اور نہ چلا قدم بقدم اونکے بلکہ مخالفت کی اونکی عمل مین اور مشغول ہوا ساتھ چومنے ہاتھون اونکے کے اور جھاڑ کر رکھنے جوتیون اونکی کے
اور چاپلوسی کرنے کے آگے اونکے اور اوٹھ کھڑے ہونے کے وقت دیکھنے اونکے کے پس نہین ہی کچھ بھی تعظیم و محبت اونکی اسلیے کہ اسنے
کیا اونکو اپنے ساتھ محروم ثواب سے پس کون سی ہی تعظیم و محبت ہی اسمین **مجالس الابرار** الغرض جسکے عمل کم اور حقیر ہون
اور مع ذلک محبت رکھے نیکون سے تو اوسکے حق مین یہ حدیث صادق ہی کہ ایک اعرابی نے عرض کیا یا رسول اللہ نہ میرے پاس بہت نماز ہی
نہ روزہ ہی مگر مین دوست رکھتا ہون خدا اور رسول کو آپنے فرمایا تو اونھین کے ساتھ ہی جنکو دوست رکھتا ہی اور عرض کی صحابہ نے کہ
ہم آپکو جنت مین کہان دیکھینگے آپ بلند منازل مین ہونگے تو نازل ہوئی یہ آیت وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝
پس نیکون کے ساتھ ہونے کا مدار اطاعت خدا اور رسول کی ٹھہرائی اور جو مخالفت کرے اونکی اور پھر دعوی کرے محبت کا تو وہ روافض
کی طرح محب علی ہی اور وعید لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ مین داخل ہی مصرع قول تو چون مصطفی فعلت مثل بولہب

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ
اور تم پاس آچکا ہی یوسف اس سے پہلے کھلی باتین لیکر پھر تم رہے دھوکے ہی مین اون چیزون سے جو وہ لایا یہان تک کہ جب مر گیا
قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۝ ۨالَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ
کہنے لگے ہرگز نہ بھیجیگا اللہ اوسکے بعد کوئی رسول اسی طرح بہکاتا ہی اللہ اوسکو جو ہو زیادتی والا شک کرتا وہ جو جھگڑتے ہین
فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى
اللہ کی باتون مین بغیر کچھ سند کے جو پہنچی ہو اونکو بڑی بیزاری ہی اللہ کے ہان اور ایمان دارون کے ہان اسی طرح مُہر کرتا ہی اللہ ہر
كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝
دل پر غرور والے سرکش کے

اور تحقیق آیا تھا پہلے اس سے تمھارے پاس یوسف ساتھ نشانیون کے پس ہمیشہ شک مین تھے تم اوس چیز سے کہ لایا تھا تمھارے پاس اوسکو
تو اوسوقت تک کہ مرا کہا تمنے نہین بھیجیگا خدا بعد اوسکے کوئی پیغمبر اسی طرح گمراہ کرتا ہی خدا اوسکو کہ وہ ہی حد سے گذرنے والا شک لانے والا
گمراہ کرتا ہی اونکو کہ مکابرہ کرتے ہین خدا کی آیتون مین بغیر حجت کے کہ آئی ہو آگے اونکے سخت ناپسند ہوا یہ مکابرہ اونکا نزدیک خدا کے اور نزدیک اونکے کہ

ایمان لائے ہین اسی طرح مُہر رکھتا ہی خدا اوپر ہر دل متکبر سرکش کے + **تفسیر** + حضرت یوسفؑ کی زندگی مین قائل نہوئے بعد اونکی موت کے جب سلطنت مصر کا بندوبست بگڑ گیا تو کہنے لگے یوسفؑ کا قدم اس شہر پر کیا مبارک تھا ایسا نبی کوئی نہوگا یا وہ انکار یا یہ اقرار بہی زیادہ گوئی ہی + **موضح** + یوسف سے مراد یوسف بن یعقوب علیہما السلام ہین اور بعضون نے کہا یوسف بن ابراہیم بن یوسف بن یعقوب کے رہے وہ نبی ہوکر اونمین بیس برس اور کہا گیا ہی کہ فرعون موسی بھی فرعون یوسف تھا کہ جیتا رہا موسی علیہ السلام کے زمانے تک اور بعضون نے کہا کہ یہ فرعون اور تھا بھر تقدیر توبیخ کی اونکو یہ کہ یوسف علیہ السلام آئے تمہارے پاس پہلے موسی سے ساتھ معجزات کے تو اوسوقت تک کہ مرا لعنی قائم رہے تم اپنے کفر پر اور گمان کیا تمنے کہ انکے بعد کوئی رسول ساتھ معجزون کے نہین آنے کا اسی طرح یعنی مانند اس گمراہ کرنے کے گمراہ کرتا ہی اللہ ہر حد سے بڑھجانے والے کو بیچ نافرمانی اوسکی کے اور شک کرنے والے کو اونکے دین مین خدا کی آیتون مین یعنی اونکے باطل کرنے مین + **مدارک** + مراد یوسف بن یعقوب علیہما السلام ہین اور بینات سے قول اونکا ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ یعنی کیا رب متفرق بہتر ہین یا اللہ واحد قہار یا بینات سے مراد زندہ کرنا ایک گھوڑے کا اور گواہی شیرخوارہ کی اوپر برات اونکی کے کہ سورۂ یوسف مین مذکور ہی اور کہا ہی علمانے کہ فرعون زمانۂ موسی علیہ السلام کا وہی فرعون زمانۂ یوسف علیہ السلام کا ہی یوسف کا ایک گھوڑا قیمتی تھا وہ مرگیا اور اپنی دعا سے اوسکو زندہ کیا فرعون حضرت یوسفؑ پر ایمان لایا اور بعد وفات یوسفؑ کے پھر مرتد ہوگیا اور حضرت موسیؑ کے زمانے تک زندہ رہا مومن آل فرعون نے اون چیزون سے تنبیہ فرعونیون کی کی اور بحسب ایک قول کے فرعون موسی اولاد فرعون یوسف سے ہی اور مراد یوسف سے آیت مین یوسف بن ابراہیم بن یوسف بن یعقوب ہین کہ حق تعالی نے اونکو فرعون موسی پر بھیجا بیس برس تک قبطیون مین رہے معجزے دکھاتے تھے وہ ایمان نہ لائے یہ قصہ مومن نے فرعونیون کو یاد دلایا + **بحر** +

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى

اور بولا فرعون کہ ای ہامان بنا میرے واسطے ایک محل شاید مین پونہچون رستون مین رستون مین آسمانون کے پھر جھانک دیکھون

اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ۭ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا

موسی کے معبود کو اور میری اٹکل مین تو وہ جھوٹھا ہی اور اسی طرح بھلے دکھائے تھے فرعون کو اوسکے برے کام اور روکا گیا راہ سے اور جو

كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ۝

داؤ تھا فرعون کا سو کھپنے کے واسطے + **موضح** +

اور کہا فرعون نے ای ہامان بنا میرے لیے ایک محل تو کہ جا پونہچون مین بسبب اوسکے رستون کو آسمانون کے رستون کو تو کہ جھانکون مین طرف پروردگار موسی کے اور تحقیق مین جھوٹا گمان کرتا ہون اوسکو اور اسی طرح آراستہ ہوئے فرعون کی نظر مین عمل بد اوسکے اور باز رکھا گیا راہ صواب سے اور نہین تھی حیلہ سازی فرعون کی مگر تباہی و ہلاکت مین + **تفسیر** + اور کہا فرعون نے یعنی از راہ فریب دینے قوم اپنی کے یا از راہ جہل و حماقت کے اپنے وزیر سے کہ نام اوسکا ہامان تھا کہ بنا میرے لیے ایک صرح یعنی محل اور بعضون نے کہا کہ صرح کہتے ہین ایک عمارت ظاہر کو کہ دیکھنے والے پر پوشیدہ نہو اگرچہ دور سے دیکھے یعنی نہایت اونچی عمارت مانند منارہ وغیرہ کے اور آیا ہی کہ جب حکم کیا فرعون نے ہامان کو محل بنوانے کا تو اوسنے پچاس ہزار بنانے والے سوا مزدورون کے جمع کیے اور بڑی اونچی عمارت بنائی کہ اوسکے برابر کوئی عمارت نتھی پس جب بنا چکے تو فرعون چڑھا اوسپر اور تیر پھینکا آسمان کی طرف وہان سے وہ تیر لہو کا بھرا ہوا پھرا اوسکی زیادتی گمراہی کے لیے پس کہا اوسنے کہ قتل کیا مینے الہ موسی کو عیاذا باللہ منہ کیا ہی احمق تھا اور آیا ہی کہ جب وہ محل بنا تو موسی علیہ السلام نے مناجات کی وحی آئی کہ غم مت کہا دیکھ کہ مین اوسکے ساتھ کیا معاملہ کرتا ہون چنانچہ جب وہ پلید چڑھ چکا تو جبرئیل کو حکم ہوا اونھون نے آنکر ایک پر مارا اسی تین ٹکڑے ہوئے اور

ایک ٹکڑا اوسمین سے فرعون کے لشکر پر گرا پس مرے اونمین سے دس لاکھ آدمی اور ایک ٹکڑا دریا مین پڑا اور ایک ٹکڑا مغرب مین اور نہ باقی رہا بنانے والون مین سے کوئی چنانچہ مفصل قصہ اسکا سورۂ قصص مین مذکور ہے *جھوٹا گمان کرتا ہون یعنی اس قول اوسکے مین کہ الٰہ غیری یعنی اوسکے لیے کوئی معبود سوا میرے ہے اور اسی طرح یعنی مثل اس تزین کے اور اس صد یعنی رکھنے کی زینت دیا گیا واسطے فرعون کے عمل اوسکا اور روکا گیا راہ مستقیم سے اور زینت دینے والا شیطان ہے ساتھ وسوسے کے مانند قول اللہ تعالیٰ کے وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ یا زینت دینے والا اللہ تعالیٰ ہے جیسے کہ فرمایا وَزَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ یعنی اور زینت دی ہمنے اونکے لیے اعمال اونکے پس وہ سرگردان ہین *

ف ل معاملہ تنبیہ * یہ قصہ اللہ جل شانہ نے سُنایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو کہ جیسے فرعون کفر و شرک اور اعمال بد سے اور نافرمانی سے تباہ و ہلاک ہوا ایسے ہی ای امت محمدی تم اگر شرک و کفر کرو گے اور اعمال بد و نافرمانی رسول کی کرو گے تو خراب و ذلیل اور ہلاک ہو گے پس آدمی کو چاہیے کہ ہر چیز مین اتباع رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا کرے تو روز قیامت کے حساب آسان ہو اور مناقشہ حساب مین نہو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُسْئَلَ عَنْ اَرْبَعِ خِصَالٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ جَسَدِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَعَنْ عِلْمِهٖ مَا عَمِلَ فِيْهِ *یعنی نہین ٹلنے کے قدم بندے کے روز قیامت کے یہان تک کہ سوال کیا جاویگا چار چیزون سے اوسکی عمر سے کہ کاہے مین فنا کیا اوسکو اور اوسکے بدن سے کہ کاہے مین پرانا کیا اوسکو اور اوسکے مال سے کہ کہان سے کمایا اوسکو اور کاہے مین خرچ کیا اوسکو اور اوسکے علم سے کہ کیا عمل کیا اوسمین روایت کی یہ حدیث ابن مسعود رضی نے پس ضرور ہے اوس شخص کو کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے یہ کہ جانے کہ وہ سوال کیا جاویگا روز قیامت کے اور مناقشہ کیا جاویگا حساب مین اور مطالبہ کیا جاویگا ذرہ ذرہ برابر برائیون کا اور متحقق ہے یہ بات کہ نہین نجات دیگا اوسکو اون برائیون کی جزا سے مگر لازم کرنا محاسبہ نفس کا بیچ تجارت کرنے اوسکی کے آخرت کے لیے اور لازم کرنا مطالبہ اوسکے کا بیچ دمون اور ساعتون اور حرکات و سکنات اوسکی کے پس بلاشبہہ جسنے حساب لیا اپنے نفس سے پہلے اسکے کہ حساب لیا جاویگا اوس سے ہلکا ہوگا اوسپر روز قیامت کے حساب اوسکا اور حاضر ہوگا وقت سوال کے جواب اوسکو اور اچھا ہوگا ٹھکانا اور انجام کار اوسکا اور جو کہ نہ حساب لیگا نفس سے ہمیشہ رہیگی حسرت اوسکو اور میدان قیامت مین بہت کھڑا رہنا پڑیگا اوسکو اور برائیان اوسکی باعث خرابی اور غضب الٰہی کی ہونگی پس اس صورت مین ضرور ہے مومن کو یہ کہ نہ غافل ہو اپنی آخرت کی تجارت مین مراقبہ نفس اپنے کے سے حرکات و سکنات و خطرات اوسکی مین اسلیے کہ اس تجارت کا نفع فردوس اعلیٰ اور پہونچنا سدرۃ المنتہیٰ کو ہے ساتھ نبیون اور صدیقون اور شہدا کے پس خوب حساب کرنا اس تجارت مین پر ضرور ہے خوب حساب کرنے سے بیچ تجارت دنیا کے اسلیے کہ نفعے تجارت دنیا کے بہ نسبت نعمتون عقبیٰ کے کہ ہمیشہ رہین گے قلیل ہین اور سریع الزوال اور نہین بہتری ہے اوس خیر مین کہ ہمیشہ نرہے بلکہ جو شر کہ ہمیشہ نرہے بہتر ہے اوس خیر سے کہ ہمیشہ نرہے اسلیے کہ جو شر کہ ہمیشہ نرہے جب جاتی رہیگی باقی رہیگی خوشی ہمیشہ کو اور جو خیر کہ ہمیشہ نرہے جب جاتی رہے گی باقی رہیگا تاسف ہمیشہ کو پس بنا بر اسکے لائق ہے مومن کو کہ جب صبح ہو اور فارغ ہو صبح کے فرض سے یہ کہ فارغ کرے اپنے دل کو ایک ساعت اور کہے اپنے نفس سے کہ ای نفس نہین ہے تیرے لیے بضاعت یعنی اسباب تجارت مگر عمر میری پس جب کہ فنا ہوگی فنا ہوگا اصل مال اور واقع ہوگی ناامیدی تجارت سے اور طلب نفع سے اور یہ دن نیا دن ہے کہ مہلت دی ہے اللہ تعالیٰ نے مجکو اوس مین اور تاخیر دی ہے میری اجل مین اور اگر مار ڈالتا مجکو تو البتہ آرزو کرتا مین یہ کہ پھیرے مجکو طرف دنیا کے ایک دن کو تو کہ عمل کرون مین اوسمین اچھے پس گمان کرتا ہون مین ای نفس کہ تو مر گیا تھا پھر پھیر آگیا تو طرف دنیا کے پس بچا اپنے کو پھر بچا اپنے کو اس سے کہ ضائع کرے تو اس دن کو پس بلاشبہہ ہر ساعت عمر کی ساعتون مین سے بلکہ ہر دم اوسکے دمون مین سے

جواہر نفیس ہی بے بدل کہ خرید سکتا ہی اوس سے خزانہ جنت کے خزانون مین سے کہ بے انتہا ہین نعمتین اوسکی اور ابدالآباد رہین گی پس ہو چکنا ان
دمون کا اس حال مین کہ بیکار رہے یا گناہون مین مصروف رہے نہایت ہی ٹوٹا اور بے نصیبی ہی اسلیے کہ عمر انسان کی ایک وقت ہی واسطے اعمال
نیک اوسکے کہ جو نزدیک کر دیتے ہین اوسکو طرف اللہ تعالی کے اور لازم کرنے والے ہین اوسکے لیے ثواب بہت کو روز حساب کے اور یہی سعادت ہی
کہ لائق ہی انسان کو یہ کہ سعی کرے اوسکے حاصل کرنے مین تو روز قیامت کے پھل اوسکا پاوے کہ پاک پروردگار فرماتا ہی وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ
اِلَّا مَا سَعٰى یعنی نہین مفید ہی انسان کے لیے مگر جو کچھ کہ سعی کرے سعادت کے حاصل کرنے مین پس جو جزو کہ فوت ہو عمر سے اس حال مین کہ
خالی ہو عمل صالح سے فوت ہوگا سعادت آخرت سے بقدر اوسکے اور اسی لیے بہت رعایت کرتے تھے اگلے بزرگ اپنے دمون کی اور لحظون کی
اور سبقت کرتے تھے طرف غنیمت جاننے ساعتون اور وقتون اپنے کے اور نہین ضائع کرتے تھے اپنی عمرون کو بیچ چیزون باطل و تقصیرات کے
کہا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے کہ پایا مین نے ایک قوم کو کہ تھی وہ اپنی ساعتون پر شفیق تر تم سے اپنے دینارون اور درہمون پر پس بلاشبہہ
ایک تم مین کا جیسے کہ نہین دوست رکھتا ہی یہ کہ خرچ ہو اوسکے پاس سے ایک درم مگر اوس چیز مین کہ عود کرے طرف اوسکے نفع اوسکا اسیطرح وہ
نہین دوست رکھتے تھے یہ کہ خرچ ہو اونکی عمرون مین سے ایک ساعت مگر بیچ اوس چیز کے کہ عود کرے طرف اونکے نفع اوسکا پس رات دن کی چوبیس
ساعتین ہین اور وارد ہوا ہی خبر مین جیسے کہ ذکر کیا ہی اوسکو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیا مین کہ بندے پر پیش کیے جاوینگے روز قیامت کے
واسطے ہر دن اور رات کے چوبیس خزانے صف بصف پس کھولا جاویگا واسطے اوسکے اونمین سے ایک خزانہ پس دیکھے گا اوسکو بھرا ہوا نور سے
بسبب نیکیون اپنی کے کہ کین تھین اوس ساعت مین پس پونہچے گا اوسکو فرح اور سرور اسقدر کہ اگر تقسیم کیا جاوے دوزخیون پر تو مدہوش
کر دے اونکو وہ فرح و سرور معلوم کرنے دکھ آگ کے سے اور کھولا جاویگا واسطے اوسکے ایک اور خزانہ پس دیکھے گا اوسکو سیاہ تاریک پھیلے گی بدبو اوسکی
اور ڈھانک لیگی اوسکو تاریکی اوسکی اور وہ اوس ساعت کا ہوگا کہ نافرمانی کی تھی اللہ تعالی کی اوسمین پس پونہچیگا اوسکو حزن و غم اسقدر کہ اگر
تقسیم کیا جاوے جنتیون پر تو منغص کر دے اونپر چین جنت کا اور کھولا جاویگا اوسکے لیے ایک اور خزانہ پس دیکھیگا اوسکو خالی نہین ہوگی اوسمین چیز
کہ خوش کرے اوسکو اور نہ وہ چیز کہ غمگین کرے اوسکو اور وہ اوس ساعت کا ہوگا کہ سو رہا تھا اوسمین یا مشغول ہوا تھا ساتھ کسی چیز کے مباحات دنیا
سے پس حسرت کریگا اوسکے خالی ہونے پر اور پونہچیگا اوسکو الم اسقدر کہ پہونچتا ہی اوس شخص کو کہ قادر ہوا تھا بہت سے فائدے پر اور بادشاہت بڑی
اور مہمل چھوڑ دیا اوسکو اور تساہل کیا اوسمین یہان تک کہ جاتی رہی وہ اوس سے اور اسی طرح پیش کیے جاوینگے اوسپر خزانے اوقات اوسکی کے
درازگی عمر اوسکی مین پس لائق ہی اوسکو یہ کہ کوشش کرے اونکے معمور کرنے مین اور نہ چھوڑے اونکو خالی اول سے کہ وہ اسباب سعادت
اور بادشاہت اوسکی کے ہین اور سعی کرے بیچ محافظت سات اعضا اپنے کے کہ وہ آنکھہ ہی اور کان اور زبان اور پیٹ اور ستر اور ہاتھہ اور پانون
اسلیے کہ اسنے اگر کیا ساتھہ ایک کے انمین سے گناہ تو ہوگا ناشکری کرنے والا واسطے نعمت اللہ تعالی کے بیچ تمام اسباب کے کہ ضرور ہین اوسکو
عمل کرنے مین اسلیے کہ مقصود دنیا کے پیدا کرنے سے اور اوس چیز کے پیدا کرنے سے کہ دنیا مین ہی یہ ہی کہ مدد چاہے انسان اوپر پہونچنے کے طرف
طاعت اللہ تعالی کے اور نہین ممکن ہی پہونچنا طرف طاعت اللہ تعالی کے مگر بسبب ہمیشہ رہنے بدن کے اور نہین باقی ہی بدن مگر بسبب غذا کے
اور نہین حاصل ہوتی غذا مگر بسبب پانی اور ہوا کے اور نہین تمام ہوتا یہ مگر بسبب پیدا ہونے زمین و آسمان کے پس جسنے استعمال کیا کسی عضو کو اپنے
اعضا مین سے بیچ غیر طاعت اللہ تعالی کے ہوگا ناشکر واسطے نعمت اللہ تعالی کے ان سب مین پس ضرور ہی محافظت اعضا کی اسلیے کہ محافظت اونکی
وہی اصل مال ہی اور نفع بعد اسکے ہی پس جسکے لیے نہو اصل مال کیونکر حاصل ہوگا اوسکے لیے نفع اور یہ ساتون اعضا آلہ ہین واسطے
ہلاک و نجات کے پس جو شخص ہلاک ہوگا ہلاک ہوگا بسبب مہمل چھوڑنے انکے کے اور نہ محافظت کرنے انکے کے اور جو کوئی نجات
پاویگا نجات پاویگا بسبب محافظت انکی کے اور نہ مہمل چھوڑنے انکے کے پس محافظت انکی بنیاد ہر خیر کی ہی اور مہمل چھوڑنا انکا بنیاد ہر شر کی

اور جہنم کے سات دروازے ہین اور نہین متعین ہوئے ہین یہ دروازے مگر اوسکے لیے کہ نافرمانی کی اللہ تعالی کی ساتھ ان اعضا سات کے پس لازم ہے محافظت انکی گناہون انکے سے کہ آنکھ کو محفوظ رکھے دیکھنے سے طرف اوس چیز کے کہ حرام ہی دیکھنا اوسکا بلکہ ہر فضول سے کہ نہین ہی حاجت اوسکی اس لیے کہ اللہ تعالی سوال کریگا بندے سے فضول نظر سے جیسے کہ سوال کریگا اوس سے فضول کلام سے اور جسوقت کہ محفوظ رکھا اوسکو فضول نظر سے نہ اکتفا کرے اوسپر بلکہ صرف کرے اوسکو طرف اوس چیز کے کہ پیدا کی گئی ہی اوسکے لیے کہ وہ نظر کرنی ہی طرف عجائب صنعت اللہ تعالی کے تو کہ دلیل پکڑے ساتھ اوسکے اوپر وجود اوسکے کے اور قدم اوسکے کے اور وحدت و قدرت اوسکی کے اور ارادہ اور علم اوسکے کے اور حیات اوسکی کے اور نظر کرنی ہی بیچ کتاب اوسکی کے اور سنت رسول اوسکے کے اور تمام کتابون دین کے کہ سیکھے اور دین اپنے کے اور نصیحت پکڑے اور اسی طرح کرے ہر عضو مین خصوصاً اوس عضو مین کہ وہ راس الاعضا ہی یعنی دل کہ لازم ہی پاک کرنا اوسکا اخلاق برے اور مزین کرنا اوسکا ساتھ اخلاق حمیدہ اور کامل کرنا اوسکا ساتھ علم باعمل کے اسلیے کہ جو کوئی سیکھے ایک مسئلہ مسائل دین سے لائق ہی اوسکو یہ ہو کہ عمل کرنے والا اوسپر ہو اسلیے کہ پوچھا جاویگا روز قیامت کے اوس سے دلالت کرتا ہی اسپر قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وَعَنْ عِلْمِهِ مَا عَمِلَ فِيْهِ لیس یعنی اور پوچھا جاویگا علم سے کہ آنحضرت نے نہین فرمایا وَعَنْ عِلْمِهِ مَا قَالَ یعنی پوچھا جاویگا علم سے کہ کیا عمل کیا اوسپر اور یہ نہین فرمایا کہ پوچھا جاویگا علم سے کہ کیا کہا اور نہین پس چاہیے کہ دیکھے عالم مین کہ آیا عمل کیا اوسپر اور ہوا مصداق قید کے کہ جنکی تعریف کی اللہ تعالی نے ساتھ قول اپنے کے اولٰئک الذین صدقوا یا خلاف علم کے کام کیے اور داخل ہوا بیچ قول علیہ السلام کے اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَالِمٌ لَمْ یَنْفَعْهُ اللّٰهُ بِعِلْمِهٖ یعنی سخت ترین لوگون کا عذاب مین روز قیامت کے وہ عالم ہی کہ نفع دیا اوسکو اللہ نے ساتھ علم اوسکے کے اور روایت کیا ہی ابن مسعود نے کہ اونھون نے کہا کہ نہین ہی تم مین کوئی مگر یہ کہ تنہائی مین دیکھیگا اللہ تعالی کو جیسے کہ تنہائی مین دیکھتا ہی ایک تم مین اپنا چاند چودھوین رات مین پھر فرماویگا مَا غَرَّكَ بِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ یعنی کس چیز نے مغرور کیا تجکو مجہپر ای ابن آدم کیا عمل کیا تو نے اوس علم پر کہ جانتا تھا ای ابن آدم کیا جواب دیا تو نے رسولون کو ای ابن آدم آیا نہین تھا مین نگہبان تیری آنکھون پر حالانکہ تو دیکھتا تھا طرف اوس چیز کے کہ نہین درست تھا تجکو دیکھنا آیا نہین تھا مین نگہبان تیرے کانون پر اور اسی طرح تمام اعضا پر پس ہوجاوینگے مسکین بیچ بڑی خجالت اپنی کے جسوقت کہ یاد دلاویگا تجکو اللہ تعالی گناہ تیرے بالمشافہ جسوقت کہ فرماویگا تجکو اے بندے میرے آیا نہ حیا کی تو نے مجھسے پس ظاہر کی تو نے میرے آگے برائی اور حیا کی تو نے میری مخلوق سے اور ظاہر کی تو نے اونکے لیے بھلائی کیا تھا مین خوار تر تجپر تمام بندون اپنے سے سبک جانا تو نے نظر کرنا میرا طرف تیرے اور نہ پروا کی تو نے اوسکی اور بڑی جانی تو نے نظر غیر میرے کی پس کیا ہوگا حال تیرا اور خجالت تیری جسوقت کہ شمار کریگا اللہ تعالی تجپر نعمتین اپنی اور گناہ تیرے اور انعام اپنے اور برائیان تیری پس اگر انکار کریگا تو کسی چیز کا تو گواہی دینگے تجپر اعضا تیرے پس فضیحت ہوویگا تو خلائق کے سامنے بسبب گواہی دینے اعضا کے مگر یہ کہ اللہ تعالی نے وعدہ کیا ہی مؤمن سے یہ کہ ڈھانکیگا اوسپر گناہ اوسکے اور نہین مطلع کریگا اوسپر غیر اوسکے کو جیسے کہ روایت کیا گیا ہی ابو ہریرہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نزدیک کریگا اللہ ایک بندے کو اپنے سے روز قیامت کے اور رکھیگا اوسپر اپنا دست عنایت اور ڈھانکیگا اوسکو تمام خلائق سے اور دیگا اوسکو اعمال نامہ اوسکا اوس پوشیدگی مین اور فرماویگا اوسکو کہ پڑھ اعمال نامہ اپنا پس دیکھیگا نیکیان پس روشن ہو جائیگا بسبب اوسکے چہرہ اوسکا اور دیکھیگا برائیان پس سیاہ ہو جائیگا بسبب اوسکے مونہہ اوسکا پس فرماویگا اللہ تعالی واسطے اوسکے کہ آیا پہچانتا ہی تو اونکو ای بندے میرے پس عرض کریگا وہ ہان ای رب میرے پہچانتا ہون پس فرماویگا کہ بلاشبہہ مین زیادہ جانتا ہون انکو تجسے تحقیق بخشا مین نے انکو تیرے لیے پس ہمیشہ رہیگا کہ گذریگا نیکی مقبول پر پس سجدہ کریگا یعنی شکر کا اور گذریگا برائی بخشی گئی پر پس سجدہ کریگا یعنی شکر کا پس نہین دیکھینگے خلائق اوس سے مگر یہ یعنی سجدات شکر کے کرنے یہان تک کہ پکارینگے خلائق بعض اونکے بعض کو خوش حالی ہے

فضول یعنی لا یعنی کام ۵۸

۵۹ یعنی کلام اللہ

۶۰ یعنی حدیث

۶۱ [illegible]

واسطے اس سبب کے کہ نہین نافرمانی کی اسنے کبھی اور نہین جانتے ہین وہ اوس چیز کو کہ گذری درمیان اوسکے اور درمیان اللہ تعالیٰ کے حق
اوس چیز کے کہ واقف کیا اوسکو اوسپر اور خبرین اس معنی کی بہت وارد ہوئی ہین اور یہ فضل ہوگا اللہ کی جانب سے کہ وہ خطاب کریگا اوس سے
خطاب مہربانی کا کہ فرماویگا اوسکو کہ آیا جانتا ہی تو ایسی بندے پس کہیگا جانتا ہون مین اے رب میرے اور فرماویگا اللہ تعالیٰ ازراہ شفقت
اوسپر اور ظاہر کرنے فضل اپنے کے کہ مینے ڈھانکا اونکو تجھپر دنیا مین اور نہین فضیحت کیا مینے تجھکو بسبب اونکے اور مینے بخشا اونکو تیرے لیے
آج کے دن کہا گیا ہی کہ یہ وہ گناہ ہون گے کہ توبہ کی ہوگی اوسنے جیسے کہ ذکر کیا ابو نعیم نے اوزاعی سے کہ اوسنے نقل کیا بلال بن سعد سے
کہ اللہ تعالیٰ بخشتا ہی گناہون کو لیکن نہین مٹاتا اونکو نامۂ اعمال سے یہان تک کہ واقف کریگا اوسکو اوسپر روز قیامت کے اگرچہ توبہ کی ہو
اوسنے کہا قرطبی نے اپنے تذکرہ مین نقل کرنے کے اپنے شیخ سے کہ نہین جاری ہوتی ہی یہ حدیث اوس موقع مین کہ کلام اللہ اور حدیث مین ہی
کہ سیئات بدل کیے جاتے ہین بسبب توبہ کے حسنات سے پس شاید کہ یہ بعد واقف کرنے اسکے کے ہو اون گناہون پر اور دلالت کرتی ہی اسپر
وہ روایت کہ نقل کی گئی ہی ابن مسعودؓ سے کہ اونھون نے کہا کہ نظر کریگا انسان روز قیامت کے اپنے اعمالنامہ مین پس دیکھیگا اوسکے اول
مین گناہ اور اوسکے آخر مین نیکیان پس جب کہ پھر کر دیکھیگا اوسکے اول مین دیکھیگا تمام نیکیان ہین نیکیان ہین اور روایت کیا گیا ہی
ابن عباسؓ سے کہ اونھون نے کہا کہ جب توبہ کرتا ہی بندہ قبول کرتا ہی اللہ توبہ اوسکی اور بھلا دیتا ہی فرشتون عمل کے لکھنے والون کو برائیان اوسکی
کہ جانتے تھے اور بھلا دیتا ہی اوسکے اعضا کو جو کچھ کہ جانتے ہین وہ خطائین اوسکی اور بھلا دیتا ہی اوسکے ٹھہرنے کی جگہ کو زمین اور اوسکے
دروازہ کو آسمان سے یعنی زمین پر جسپر گناہ کرتا تھا اور آسمان کے دروازے سے جو گناہ چڑھتے تھے اونکو بھلا دیتا ہی گناہ اوسکے تاکہ آوے
روز قیامت کے اس حال مین کہ نہو کوئی چیز مخلوقات مین سے کہ گواہی دے اوسپر کہا گیا ہی کہ یہ حال اون گناہون کا ہی کہ اللہ کے گناہ کیے ہونگے اور
جو کہ بندون کے گناہ ہونگے پس نہ رہی اونمین بدلا ہونا ساتھ نیکیون کے جیسے کہ روایت کیا گیا ہی ابو ہریرہؓ سے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا جسپر ہو حق بھائی
مسلمان کا قسم آبرو یا کسی چیز سے یا مال سے پس چاہیے کہ بخشوالے اوس سے آج پہلے اسکے کہ مواخذہ ہوگا اوس سے اوس دن کہ نہوئیگا اشرفی اور
نہ درہم اگر ہووین گے اوسکے لیے عمل نیک تو لیے جاوینگے اوس سے بقدر حق اوسکے کے اور اگر نہین ہونگی اوسکی نیکیان تو لیجاوینگی برائیان مظلوم
کی اور رکھی جاوینگی ظالم پر اور روایت کی گئی ہی ابو ہریرہؓ سے کہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا جانتے ہو تم کہ کون ہی مفلس کہا صحابہ نے
مفلس ہم مین وہ شخص ہی کہ نہ درہم ہو اوسکے پاس اور نہ متاع فرمایا کہ بلاشبہہ مفلس میری امت مین سے وہ ہی کہ آویگا روز قیامت کے ساتھ نماز
اور زکوۃ کے اور آویگا اس حال مین کہ برا کہا تھا کسیکو اور بہتان زنا لگایا تھا کسیکو اور مارا تھا کسیکو اور کھا گیا تھا مال کسیکا پس
دی جاوینگی کسیکو کچھ نیکیان اوسکی اور کسیکو کچھ نیکیان اوسکی پس اگر ہو چکینگی نیکیان اوسکی پہلے اسکے کہ حکم کیا جاویگا ساتھ سزا
گناہ کے کہ اوسپر ہی یعنی بدلا اون حقوق کا کہ اوسپر ہین تمام ہوا کچھ باقی رہ گیا تو لیے جاوینگے کچھ گناہ مظلوم کے اور ڈالے جاوینگے اوسپر پھر
ڈالا جاویگا وہ دوزخ مین پس جب ثابت ہوا یہ تو واجب ہی ہر مسلمان پر جلدی کرنی طرف تدارک حال اپنے کے پس دیکھے کہ آیا اوسپر ہین حقوق
اللہ تعالیٰ کے سے اور حقوق لوگون کے سے کچھ یا نہین پس تدارک کرے اللہ تعالیٰ کے فرائض کا کہ فوت ہوئے ہین اوس سے پس قضا بجا لاوے
اونکی اور پھیرے حقوق لوگون کے ایک ایک دانا اور بخشوالے اوس شخص سے کہ ستایا ہی اوسکو اپنے ہاتھ سے اور زبان سے اور تمام اعضا اپنے سے
اور خوش کرے دل اونکے یہان تک کہ مرے اس حال مین کہ نہ باقی ہو اوسپر کوئی فرض خدا کا اور نہ حق کسیکا اور داخل ہو جنت مین بغیر حساب
کے اسلیے کہ یہ اگر مریگا پہلے ادا کرنے حقوق کے تو گھیر لینگے اوسکو مدعی اوسکے اور گریبان گیر ہونگے اوسکے پس کوئی کہیگا کہ مارا تھا تونے
مجکو اور کوئی کہیگا خیانت کی تھی تونے میری اور کوئی کہیگا کہ برا کہا تھا تونے مجکو اور کوئی کہیگا کہ ٹھٹھا کیا تھا تونے مجھسے اور کوئی کہیگا
غیبت کی تھی تونے میری اور کوئی کہیگا لیلیا تھا تونے مال میرا اور کوئی کہیگا بیچی تھی تونے میرے ہاتھ کوئی چیز اور چھپایا تھا عیب اپنی چیز کا

اور کوئی کہیگا جھوٹ بولا تھا تو مجھسے اپنی چیز کے بھاؤ بتانے مین اور کوئی کہیگا کہ پایا تھا تونے مجکو مظلوم اور تو قادر تھا ظلم کے دفع
کرنے پر پس نہ دفع کیا تونے مجھسے ظلم کو اور کوئی کہیگا کہ دیکھا تھا تونے مجکو خلاف شرع کرتے اور نہ منع کیا تونے مجکو اوس سے پس اوسوقت کہ
وہ اسی طرح بہوت و متحیر ہوگا بسبب کثرت مدعیون کے اسلیے کہ نہین باقی رہا تھا اسکی عمر مین کوئی شخص اون شخصون مین سے کہ معاملہ کیا تھا
اوس سے ساتھ درہم کے یا بیٹھا تھا اوسکے ساتھ مجلس مین مگر کہ اسپر کچھ حق اوسکا آتا ہوگا کہ غیبت کی تھی اوسکی یا ٹھٹھا کیا تھا اوس سے
یا خیانت کی تھی یا نظر حقارت سے دیکھا تھا اوسکو اور عاجز ہوگا اونکی جواب دہی سے اور امیدوار ہوگا مولی غفار سے کہ شاید وہ چھڑاوے
اوسکو اونکے ہاتھو نسے کہ ناگہان سنیگا آواز جبار کی کہ فرماویگا اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ یعنی آج کے دن
بدلا دیا جاویگا ہر شخص اوسکا کہ کیا تھا نہین ہی ظلم آج کے دن پس اوسوقت نکلنے لگیگا دل اوسکا اور یقین کریگا اپنی ہلاکت کا پس
سوچ ای غافل اوس مضمون کو کہ ڈرایا تجکو اللہ نے ساتھ اوسکے اپنی کتاب مین کہ فرمایا وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ
یعنی اور نہ گمان کر اللہ کو غافل اوس چیز سے کہ کرتے ہین ظالم پس کیا بہت خوش ہوتا ہی تو آج کے دن ساتھ آبرو ریزی لوگون کے
اور لے لینے اموال اونکے کے اور کیا سخت حسرت ہوگی تجکو اوسدن جسوقت کہ کھڑا ہوویگا تو بساط عدل پر اور بالمشافہ کیا جاویگا
تجسے خطاب سیاست کا اس حال مین کہ تو مفلس فقیر عاجز ہوگا نہین قادر ہوگا تو اسپر کہ ادا کرے کسیکا حق یا ظاہر کرے تو عذر پس
اوسوقت لیا جاویگا تیرے حسنات سے کہ جنمین صرف کی تھی تونے عمر اپنی اور دی جاوینگی تیرے مدعیون کو عوض حقوق اونکے کے جیسے کہ
وارد ہوا ہی حدیثون مین پس دیکھ طرف مصیبت اپنی کے ایسے دن مین اسلیے کہ بہت ہی کم پائی جاوینگی تیرے لیے نیکیان کہ خالص ہون
ریا سے اور شیطان کے مکرون سے اور اگر خالص بھی ہوگی کوئی ایک آدھ نیکی مدت دراز مین تو دوڑینگے اوسکی طرف مدعی تیرے اور لیوینگے
اوسکو اور کہا گیا ہی کہ اگر ہوگا کسی شخص کے لیے ثواب ستر نبیون کا اور ایک مدعی ہوگا اوسکا بسبب آدھے دانق کے کہ مقدار ایک ٹکے کی ہی
تو نہین داخل ہوگا بہشت مین یہان تک کہ راضی کرے اپنے مدعی کو اور بعضون نے کہا ہی کہ لیجاوینگی بعوض ایک دانق کے سات سو نمازین مقبول
اور دی جاوینگی مدعی کو ذکر کیا اسکو قشیری نے بحر مین اور کہا امام غزالیؒ نے احیا مین کہ شاید کہ اگر تو محاسبہ لیتا اپنے نفس سے اس حال مین
کہ تو مواظبت کرتا ہوتا قیام اللیل اور صیام النہار پر تو البتہ جانتا تو کہ نہین گذرا تجپر کوئی دن مگر اس حال مین کہ جاری ہوئی تیری زبان تیری غیبت
مسلمان کی کہ جو لے لیویگی تمام نیکیون تیری کو پس کیا حال ہوگا باقی سیآت کا کہ وہ کھانا حرام کا ہی اور شبہات کا اور تقصیر کرنی عبادتون
مین اور کیونکر خلاصی ہوگی حقوق سے اوسدن کہ بدلا لیا جاویگا اوسمین واسطے بکری منڈی کے سینگ والی بکری سے اور کہیگا کافر يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ
تُرٰبًا یعنی ای کاش کہ ہوجاتا مین مٹی پس ڈر اللہ سے ای مسکین بندون کے حقوق مین اسلیے کہ جو اللہ کے حقوق مین خاص کر پس مغفرت اونکی سہل
اور جو کہ تجپر حقوق بندون کے ہین پس ضرور ہی بخشوانا اونکا اونسے کہ جنکے حق ہین پس جسپر دشوار ہو بخشوانا تو لازم ہی اوسکو یہ کہ بہت کرے اعمال صالح اور
بخشش چاہے اکثر اوقات اوسکے لیے کہ ظلم کیا ہی اوسپر خواہ مومن مرد ہو خواہ مومن عورت پس بلا شبہہ وہ جب کہ کریگا یہ امید ہی اللہ تعالی کے فضل و
کرم سے یہ کہ راضی کردیگا اوسکے مدعی کو روز قیامت کے بموجب اوس روایت کے کہ روایت کی گئی ہی ابی ہریرہؓ سے کہ آنحضرت علیہ السلام اوسوقت کہ
بیٹھے ہوئے تھے ناگہان ہنسے یہان تک کہ ظاہر ہوئے سامنے کے دندان مبارک آپکے پس عرض کیا گیا اونسے کہ کیون ہنستے ہین آپ یا رسول اللہ
پس فرمایا کہ دو شخص میری امت مین سے دو زانو بیٹھینگے آگے رب العزت کے پس کہیگا ایک اون دونون مین سے یعنی مظلوم کہ ای رب میرے لے تو حق میرا
اس بھائی سے یعنی ظالم سے پس فرماویگا اللہ تعالی یعنی ظالم کو کہ دے تو اپنے بھائی مسلمان کو یعنی مظلوم کو حق اوسکا پس کہیگا ظالم ای رب میرے
نہین باقی رہا میرے حسنات مین سے کچھ پس فرماویگا اللہ تعالی یعنی مظلوم کو کہ کیا کریگا تو ساتھ بھائی اپنے کے اس حال مین کہ نہین باقی رہا اوسکے حسنات
سے کچھ پس کہیگا مظلوم ای رب میرے پس چاہیے کہ لادے جاوین بوجھ گناہ میرے کے اوسپر پس جاری ہوئین دونون آنکھین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

بعنی اور ریا... بجھن جاوین کی ... مظلمہ

یعنی آپ روئے پھر فرمایا کہ بلاشبہ وہ دن ایسا دن ہوگا کہ محتاج ہونگے لوگ اوسمین یہ کہ اوٹھائے جاوین اونسے بوجھ گناہون اونکے پھر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پس فرماویگا اللہ تعالی واسطے طالب حق اپنے کے کہ اوٹھا نظر اپنی طرف جنتیون کے پس اوٹھاویگا نظر اپنی پس دیکھیگا ایسی چیز نعمتین کہ خوش کردینگی اوسکو پس کہیگا کہ کسکے لیے ہین یہ ای رب میرے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ یہ واسطے اوسکے ہین کہ دیوے مجکو مول اسکا پس کہیگا کہ کون قدرت رکھتا ہی اسکے مول کی ای رب میرے پس فرماویگا کہ تو رکھتا ہی پس کہیگا کہ ساتھ کسچیز کے قدرت رکھتا ہون ای رب میرے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ ساتھ عفو کرنے کے اپنے بھائی سے پس کہیگا وہ کہ تحقیق عفو کیا مینے اوس سے ای رب میرے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ پکڑ ہاتھ اپنے بھائی کا اور داخل ہو بہشت مین پھر فرمایا رسول خدا علیہ السلام نے کہ پس ڈرو اللہ سے اور صلح کراؤ آپسمین اسلیے کہ تحقیق اللہ تعالی صلح کراویگا درمیان مومنون کے روز قیامت کے کہا قرطبی نے اپنے تذکرے مین نقل کرنے کر اپنے شیخ سے کہ یہ بعضے لوگون کے لیے ہوگا کہ جسکو چاہیگا اللہ یہ کہ نہ عذاب کرے اوسکو بلکہ چاہیگا یہ کہ عفو کرے اوس سے اور بخشے اوسکے گناہ اور راضی کرے اوسکے مدعی کو اور اسی طرح اور روایت نقل کی گئی ہی آنحضرت علیہ السلام سے کہ ایک منادی پکاریگا عرش کے نیچے سے روز قیامت کے کہ ای امت محمد جو کچھ کہ میرا حق تھا تمھاری طرف پس تحقیق بخشا مینے اوسکو تمھارے لیے لیکن باقی رہے حقوق لوگون کے پس بخشواؤ آپسمین اور داخل ہو جنت مین میری رحمت سے پس بلاشبہ یہ بھی بعضے ہی لوگون کے لیے ہوگا نہ ہر ایک کے لیے اسلیے کہ اگر ہو یہ ہر ایک کے لیے تو نہ داخل ہو کوئی دوزخ مین حالانکہ صحیح حدیثون مین آیا ہی اور ضروری ہی ایمان لانا اوس پر کہ مومن نہین باقی رہیگا دوزخ مین بسبب کرنے گناہون کے بلکہ نکلیگا اوس سے اور نکلنا اوس سے نہین ہونے کا مگر بعد داخل ہونے کے اوسمین کہا قرطبی نے اپنے تذکرے مین کہ گمان کیا ہی بعضے علمانے کہ روزے کو خصوصیت ہی روزہ دار کے ساتھ کہ بہت ہوگا اوسکے لیے ثواب اوسکا اور نہین لیا جاویگا اوس سے کچھ واسطے حق کسیکے دلیل پکڑی ہی اونھونے ساتھ اوس مضمون کے کہ فرمایا ہی اللہ تعالی نے حدیث قدسی مین کہ روزہ خاص میرے لیے ہی اور مین ہی بدلا دونگا اوسکا یعنی دینا ثواب کا کسی اور پر نہین موقوف رکھونگا بلکہ بذات خود اوسکو دونگا لیکن حدیثین قصاص کی یعنی بدلا دینے کی رد کرتی ہین اس گمان کو پس بلاشبہ حقوق کے بدلے مین تمام اعمال لیے جاوینگے روزہ ہو یا اور کچھ ہو کذا فی مجالس الابرار

وَقَالَ الَّذِيٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۝

اور کہا اوس ایماندار نے ای قوم میری راہ چلو پونہچادون تمکو نیکی کی راہ پر ✢ صق

اور کہا اوس شخص نے کہ ایمان لایا تھا ای قوم میری پیروی میری کرو تو کہ دکھلاؤن مین تمکو راہ بھلائی کی ✢ تفسیر ✢ آئین تعریض مانند تصریح کے ہی اس بات پر کہ جس راہ پر فرعون اور قوم اوسکی ہی وہ راہ گمراہی کی ہی مجملاً بیان کیا اسکو پہلے پھر کھولکر بیان کیا پس شروع کی مذمت و حقارت دنیا کی ساتھ قول اپنے کے یاقوم الخ ✢ مل

يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝

ای قوم یہ جو زندگی ہی دنیا کی سو برت لینا ہی اور وہ گھر جو پچھلا ہی وہی ہی ٹھہراؤ کا گھر ✢ صق

ای قوم میری سوائے اسکے نہین کہ یہ زندگانی دنیا تھوڑا سا فائدہ ہی اور تحقیق آخرت وہی ہی گھر ہمیشہ رہنے کا ✢ تفسیر ✢ تھوڑا سا فائدہ ہی کہ منتفع ہوتے ہین ساتھ اوسکے ایک مدت تک پھر منقطع ہوگا پس اوسکی طرف رغبت کرنی جڑ ہی سب برائیون کی اور منبع ہی سب فتنون کا پھر تعریف و بڑائی بیان کی آخرت کی اور بیان کیا کہ وطن اور ٹھہرنے کی جگہ آخرت ہی ہی ساتھ قول اپنے کے وان الاخرۃ الخ پھر ذکر کیے اعمال برے اور اچھے اور انجام ہر ایک کا اون دونون مین سے ساتھ قول اپنے کے مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً الخ تو کہ متنفر ہون برے اعمال سے اور رغبت کرین اچھے اعمال کی طرف ✢ مل ✢ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ زندگانی دنیا متاع یعنی بہرہ مندی ہی

سلا
تو دار رشاد بمعنی الامع
مد

اور نہین ہی اوسکی متاع مین سے کوئی چیز فضل اوس عورت صالحہ سے کہ جب دیکھے تو طرف اوسکے خوش کرے تجکو اور جب غائب ہووے تو اوس سے حفظ آبرو تیری کرے اپنے نفس و مال مین اور کہا قتادہ نے بیچ تفسیر وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ کے کہ جنتی جنت مین ہمیشہ رہینگے اور دوزخی دوزخ مین ہمیشہ رہینگے ✤ درمنثور ✤ تنبیہ ✤ اس دنیا کی مذمت جابجا اللہ تعالی نے بھی بیان فرمائی ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی تو کہ لوگ اسمین رغبت نکرین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم خدا کی نہین محتاجگی کا ڈر رکھتا ہون مین تمپر ولیکن ڈرتا ہون مین تمپر یہ کہ فراخ کیجاوے تمپر دنیا جیسے کہ فراخ کی گئی اونپر کہ تھے پہلے تمہارے پس رغبت کرو تم اوسمین جیسے کہ رغبت کی اونھون نے اوسکی اور ہلاک کرے وہ تمکو جیسے کہ ہلاک کیا اونکو اور فرمایا آگاہ ہو تحقیق دنیا لعنت کی گئی ہی اور لعنت کی گئی وہ چیز کہ اوسمین ہی مگر ذکر اللہ کا اور وہ چیز کہ نزدیک کرے ذکر اللہ کے اور عالم یا طالب علم اور فرمایا اگر ہوتی دنیا نزدیک اللہ تعالی کے برابر پر پشہ کے تو نہ پلاتا کافر کو اوس سے ایک گھونٹ اور فرمایا جسنے دوست رکھا اپنی دنیا کو ضرر پونہچایا اپنی آخرت کو اور جسنے دوست رکھا اپنی آخرت کو ضرر پونہچایا اپنی دنیا کو پس اختیار کرو اوس چیز کو کہ باقی ہی یعنی آخرت کو اوپر فانی کے یعنی دنیا کے اور فرمایا لعنت کیا گیا ہی بندہ دینار کا اور لعنت کیا گیا ہی بندہ درہم کا آیا ایک شخص پس عرض کیا یا رسول اللہ بتاؤ مجکو ایسا کام کہ جب کرون مین اوسکو دوست رکھے مجکو اللہ اور دوست رکھین مجکو لوگ فرمایا بے رغبتی کر دنیا مین دوست رکھیگا تجکو اللہ اور بے رغبتی کر اوس چیز مین کہ نزدیک لوگون کے ہی یعنی مال دوست رکھینگے تجکو لوگ سوئے آنحضرت صلعم بوریے پر پس اوٹھے اس حال مین کہ تحقیق نشان پڑ گئے تھے آپکے بدن مبارک مین پس کہا ابن مسعودؓ نے یا رسول اللہ کاشکے آپ حکم کرتے ہمکو یہ کہ بچھاتے ہم آپکے لیے یعنی بچھونا اور کرتے پس فرمایا کیا ہی مجکو ساتھ دنیا کے اور نہین مین ساتھ دنیا کے مگر مانند سوار کے کہ سایہ پکڑا نیچے درخت کے پھر چلا گیا اور چھوڑ گیا اوسکو اور فرمایا آنحضرت صلعم نے لائق رشک کے دوستون میرے سے نزدیک میرے البتہ مومن ہی سبکبار صاحب بڑے حصے کا نماز سے اچھی کی عبادت رب اپنے کی اور فرمان برداری کی اوسکی پوشیدگی مین اور تھا غیر مشہور لوگون مین نہین اشارہ کیا جاتا طرف اوسکے ساتھ اونگلیون کے اور تھا رزق اوسکا بقدر احتیاج کے پس صبر کیا اوسپر پھر بقدر کیا آنحضرت صلعم نے ساتھ ہاتھ اپنے کے پس فرمایا جلدی کی گئی موت اوسکی کم ہوئین رونے والیان اوسکی کم رہی میراث اوسکی اور فرمایا آنحضرت صلعم نے ظاہر کیا مجپر رب میرے نے کہ سونا کر دے میرے لیے نالے مکے کا کہ اوسمین سنگریزے بھرے ہین پس عرض کیا مینے نہ کر اے رب میرے ولیکن سیر ہوؤن مین ایکدن اور بھوکا رہون مین ایکدن پس جب بھوکا ہوؤن مین گڑگڑاؤن طرف تیرے اور یاد کرون تجکو اور جب سیر ہوؤن حمد کرون تیری اور شکر کرون تیرا اور فرمایا آنحضرت صلعم نے نہین بے رغبتی کرتا بندہ دنیا مین مگر کہ پیدا کرتا ہی اللہ تعالی دانائی اوسکے دل مین اور بلواتا ہی ساتھ دانائی کے اوسکی زبان کو اور دکھاتا ہی اوسکو عیب دنیا کے اور بیماری اوسکی اور دوا اوسکی اور نکالتا ہی اوسکو اوس سے سالم طرف دار السلام کے یعنی بہشت کے کہا ام درداء نے کہ کہا مینے ابی درداء سے کیا ہی تجکو کہ نہین مانگتا تو حضرت سے یعنی مال جیسے کہ مانگتا ہی فلانا پس کہا اونہنے کہ اسلیے نہین مانگتا مین کہ سنا ہی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ تحقیق آگے تمہارے گھاٹی سخت ہی نہین گذرینگے اوس سے بوجھل لوگ پس دوست رکھتا ہون مین یہ کہ ہلکا ہوؤن مین اوس گھاٹی کے لیے فرمایا آنحضرت صلعم نے کیا ہی کوئی کہ چلے پانی پر بغیر تر ہونے قدمون اپنے کے عرض کیا صحابہ نے نہین یا رسول اللہ فرمایا ایسے ہی دنیادار نہین سالم رہتا گناہون سے اور فرمایا جسنے طلب کی دنیا حلال وجہ سے بچنے کے لیے سوال سے اور خبر گیری کرنے کے لیے اپنے اہل کی اور مہربانی کرنے کے لیے ہمسایہ اپنے پر ملیگا اللہ تعالی سے روز قیامت کے اس حال مین کہ مونہہ اوسکا مانند چاند چودھوین رات کے ہوگا اور جسنے طلب کی دنیا حلال وجہ سے حال یہ کہ جمع کرنے والا ہی مال فخر کرنے والا ہی ریاکار ہی تو ملیگا اللہ تعالی سے اس حال مین کہ وہ اوسپر غصے ہوگا اور فرمایا دنیا گھر اوسکا ہی کہ نہین گھر اوسکے لیے آخرت مین اور مال اوسکا ہی کہ نہین مال اوسکے لیے آخرت مین اور اوسکے لیے جمع کرتا ہی وہ شخص کہ نہین عقل اوسکو

ف ۱ کیونکہ جب دنیا کی محبت کریگا دو بار ہوگا اور اسکے حصول کرنے کی فکر مین پس نہین فرصت پاویگا آخرت کی فکر کی ۱۲ ق

ف ۲ یعنی وہ چیز کہ باعث راحت و لذت کی ہوتی یعنی دنیا کے چین کی چیزین ۱۲

ف ۳ یعنی کم مال و عیال ۱۲ سید

ف ۴ یعنی انگوٹھا او شہادت کی انگلی ملا کر بقصد تعجب اور تقلیل کے جیسے روپیہ پر کھنے والے زمین پر مارتے ہین ۱۲

ف ۵ یعنی حسد کرنے والا

ف ۶ یعنی ... [illegible]

ف ۷ [illegible]

ف ۸ یعنی ... [illegible]

اور فرمایا شراب جامع ہی سب گناہون کی ہی اور عورتین جال شیطان کی ہین اور محبت دنیا کی سر تمام گناہون کا ہی کہا راوی نے اور سنا مینے حضرت کو کہ فرماتے تھے پیچھے ڈالو عورتون کو اسلیے کہ پیچھے ڈالا اونکو اللہ تعالی نے اور فرمایا تحقیق بہت خوفناک اوس چیز کی کہ ڈرتا ہون مین است اپنی پر خواہش نفسانی اور درازگی آرزو کی ہی یعنی حیات ہی پس ایپر خواہش نفسانی پس روکتی ہی حق سے اور ایپر درازگی آرزو کی پس بھلا دیتی ہی آخرت کو اور یہ دنیا کوچ کرنے والی جانے والی ہی اور یہ آخرت کوچ کرنے والی آنے والی ہی اور واسطے ہر ایک کے ان دونون مین سے تابعدار ہین پس اگر سکو تم یہ کہ نہو تم تابعدارون دنیا کے سے پس ہو واسلیے کہ تحقیق تم آج بیچ گھر عمل کے ہو اور نہین حساب اور تم کل کو بیچ گھر آخرت کے ہووگے اور نہین عمل اور فرمایا آگاہ ہو تحقیق دنیا اسباب موجود ہی کھاتے ہین اوسمے نیک و بد آگاہ ہو اور تحقیق آخرت وقت سچا ہی اور حکم کریگا اوسمین بادشاہ قادر آگاہ ہو اور تحقیق تمام بھلائیان الکھٹی بہشت مین ہین اور تحقیق تمام برائیان اکھٹی دوزخ مین ہین آگاہ ہو پس عمل کرو اور تم اللہ تعالی کی طرف سے اوپر خوف کے ہو اور جانو کہ تحقیق تم پیش کیے جاوینگے عمل تمہارے پس جو کوئی کرے برابر ذرے کے بھلائی دیکھیگا اوسکو اور جو کوئی کرے برابر ذرے کے برائی دیکھیگا اوسکو اور فرمایا نہین نکلتا آفتاب مگر اوسکے دونون طرف فرشتے ہوتے ہین پکارتے ہین سناتے ہین خلائق کو سوا جن و انس کے ای لوگو آؤ طرف رب اپنے کے جو مال کہ کم ہو اور کفایت کرے بہتر ہی اوس مال سے کہ بہت ہو اور غافل کرے اللہ کی یاد سے آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا نصیحت کرو مجکو اور مختصر کرو پس فرمایا جب کھڑا ہووے تو اپنی نماز مین پس پڑھ نماز رخصت کرنے والے کی سی اور نہ بول وہ بات کہ عذر کرے تو اوس سے کل کو اور فرمایا جب کہ دیکھو تم بندے کو کہ دیا گیا ہی بے رغبتی دنیا مین اور کم گویائی پس نزدیک ہو اوس سے اسلیے کہ تحقیق وہ سکھایا جاتا ہی حکمت **مشکوۃ** + فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہوتا ہی بندہ آسمان مین اور نہ زمین مین مومن یہان تک کہ یقین رکھنے والا ہو اور نہین ہوتا ہی یقین رکھنے والا یہان تک کہ ہووے اہل حق اور نہین ہوتا ہی واصل بحق یہان تک کہ ہو مسلمان اور نہین ہوتا ہی مسلمان یہان تک کہ سالم رہین لوگ اوسکے ہاتھ اور زبان سے اور نہین ہوتا ہی سالم رکھنے والا ہاتھ و زبان سے یہان تک کہ ہو عالم اور نہین ہوتا ہی عالم یہان تک کہ ہو علم پر عمل کرنے والا اور نہین ہوتا ہی علم پر عمل کرنے والا یہان تک کہ ہو زاہد یعنی بے رغبت دنیا سے اور نہین ہوتا ہی زاہد یہان تک کہ ہو ورع یعنی بڑا پرہیزگار اور نہین ہوتا ہی ورع یہان تک کہ ہو متواضع اور نہین ہوتا ہی متواضع یہان تک کہ ہو پہچاننے والا اپنے نفس کا کہ کاہے سے پیدا کیا گیا اور نہین ہوتا ہی پہچاننے والا نفس کا یہان تک کہ ہو ضابط ساتھ کتاب و سنت کے اور نہین ہوتا ہی ضابط یہان تک کہ ہو عاقل + **منبہات**

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ

جسنے کی ہی برائی تو وہی بدلا پاویگا اوسکے برابر اور جسنے کی ہی بھلائی مرد ہو یا عورت اور وہ یقین رکھتا ہو

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

سو وہ لوگ جاوینگے بہشت مین روزی پاوینگے وہان بیشمار + **موا**

جسنے کی برائی پس جزا نہین دیا جاویگا مگر مانند اوسکے اور جسنے کیا اچھا کام مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو پس وہ جماعت داخل ہوینگے بہشت مین رزق دیا جاویگا اونکو وہان بیشمار + **تفسیر** + کہا قتادہ نے کہ نہین ہی وہان میانہ اور نہ میزان یعنی بن ماپ تول کے وہان کی نعمتین ملینگی بیشمار پھر تو ارشہ کیا اوس ایماندار نے درمیان دعوتین کے یعنی ایک تو اپنے بلانے کی طرف دین اللہ کے کہ جسکا ثمرہ نجات ہی اور دوسرے اونکے بلانے کی طرف مقرر کرنے شریک کے کہ جسکا انجام دوزخ ہی ساتھ قول اپنے کے **وَيٰقَوْمِ** الخ + **مل**

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ○ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ

اور ای قوم مجکو کیا ہوا ہی بلاتا ہون تمکو بچاو کی طرف اور تم بلاتے ہو مجکو آگ کی طرف تم بلاتے ہو مجکو کہ منکر ہون اللہ سے اور شریک ٹھہراؤن

مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ○

جسکی مجکو خبر نہیین اور مین بُلاتا ہون تمکو اوس زبردست گناہ بخشنے والے کی طرف + موٓ

اور اے قوم میری کیا ہی مجکو کہ بُلاتا ہون مین تمکو طرف نجات کے یعنی جنت کے اور تم بلاتے ہو مجکو طرف دوزخ کے بلاتے ہو مجکو طرف اسکے کہ کافر ہوؤن مین ساتھ خدا کے اور شریک اوسکا مقرر کرون اوس چیز کو کہ نہیین ہی مجکو اوسکی حقیقت کا علم اور مین بُلاتا ہون تمکو طرف خدا غالب بخشنے والے کے + **تفسیر** + مالیس لی بہ علم یعنی مجکو اوسکی ربوبیت کا علم نہیین ہی اور مراد نفی علم سے نفی معلوم کی ہی گویا کہ اوسنے کہا بلاتے ہو مجکو کہ کافر ہوؤن ساتھ خدا کے اور شریک مقرر کرون اوس چیز کو کہ نہیین ہی معبود اور جو چیز کہ نہیین ہی معبود کیونکر صحیح ہو یہ کہ جانا جاوے اوسکو معبود اور ایکبار کہا ادعوکم الی النجاۃ اور پھر مکرر کہا وانا ادعوکم الی العزیز الغفار واسطے زیادتی تنبیہ کے اور ہوشیار کرنے کے قوم غفلت سے اور پہلے جملے مین اشارہ تھا اسکی طرف بھی کہ جنکو پکارتا ہی وہ قوم اوسکی ہی اور یہ محل آل فرعون ۵۲ سے ہی + مدؔ

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ

آپ ہی ہوا کہ جسکی طرف مجکو بلاتے ہو اوسکا بلاوا کہین نہیین دنیا مین نہ آخرت مین اور یہ کہ ہمکو پھر جانا ہی اللہ کے پاس

وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ○

اور یہ کہ زیادتی والے وہی ہین دوزخ کے لوگ + موٓ

بے شبہہ جو چیز ۵۳ کہ تم بلاتے ہو مجکو طرف اوسکے نہیین ہی اوس چیز کو قبول کرنا دعا کا نہ دنیا مین اور نہ آخرت مین اور بے شبہہ بازگشت ہماری طرف خدا کے ہی اور بے شبہہ حد سے نکلنے والے وہی ہین رہنے والے آگ کے + **تفسیر** + معنی اسکے یہ ہین کہ جس چیز کی طرف تم مجکو بلاتے ہو یعنی بتون کی طرف نہیین ہی واسطے اوسکے بلانا طرف نفس اپنے کے کبھی یعنی حق معبود برحق سے یہ ہی کہ بلاتا ہی بندون کو طرف طاعت اپنی کے اور جس چیز کی طرف تم بلاتے ہو اور راہ اوسکی عبادت کی طرف نہیین بلاتی وہ طرف اسکے اور نہیین دعوی کرتے ربوبیت کا یا معنی اسکے یہ ہین کہ نہیین ہی اوسکے لیے قبول کرنا دعا کا دنیا اور آخرت مین یا نہیین ہی دعا مستجاب ۵۵ اور مسرفین کے معنی قتادہ سے منقول ہین مشرکین اور مجاہد سے ناحق خونریزی کرنے والے اور بعضونے کہا جنکی شر غالب ہو خیر پر وہ مسرف ہین + مدؔ

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ○

سو آگے یاد کروگے جو مین کہتا ہون تمکو اور مین سونپتا ہون اپنا کام اللہ کو بیشک اسکی نگاہ مین ہین سب بندے + موٓ

پس یاد کروگے تم جو کچھ کہ کہتا ہون مین تمکو اور سونپتا ہون مین مقدمہ اپنا خدا کو تحقیق خدا بینا ہی ساتھ احوال بندون کے + **تفسیر** + یعنی مین جو تمکو نصیحت کرتا ہون اور تم نہیین مانتے جب عذاب اوتریگا تب یاد کروگے میری نصیحت کو اور اوسوقت کا یاد کرنا کچھ فائدہ دینے کا نہیین اور وہ جو ڈراتے تھے حزقیل کو بسبب مخالفت دین کے اوسپر اونھونے کہا کہ مین اپنا امر سپرد بخدا کرتا ہون وہ تمھاری شر سے مجکو بچاویگا + مدؔ

مسئلہ + جاننا چاہیے کہ مقام تفویض اعلی مقامات سے ہی اور تشویشین دل اور نفس کی قسم اندیشہ انجام امور سے سوا سپرد کرنے امور کے طرف اللہ کے اور سکون دل کے ساتھ اوسکے زائل نہیین ہوتی ہین چنانچہ اسی لیے تفویض جملہ واجبات سے ہی اور چونکہ بھلائی اور برائی امور آئندہ کی بندے پر پوشیدہ ہی اکثر ہوتا ہی کہ ایک چیز کو اچھا جان کر درپے اوسکے ہوتا ہی اور آخر کار مین وہ چیز مہلکات دین سے نکلتی ہی اور جب بندے نے تمام امور خدا کو سپرد کیے خاطر جمعی ہوئی اور تشویش سے چھوٹا اور خداے تعالی کہ حکیم مطلق اور جاننے والا انجام امور کا ہی جو کچھ کہ بندے کے لیے مناسب ہوگا ظہور مین لاویگا لیکن یہ بات ضرور سمجھنی چاہیے کہ جگہہ تفویض کی اوس امر مین ہی کہ قطعا صلاح و فساد اوسکا معلوم نہو اور متیقن الفساد مین مانند کفر اور معاصی کے اور متیقن الصلاح مین مانند ایمان و طاعت کے تفویض نکرنی چاہیے یعنی کفر و گناہ کرے اور پھر سپرد بخدا کرے کہ جو ہوگا ہوگا

سو کیا کیا ایمان نہ لاوے اور طاعت بجا نہ لاوے اور سپرد بخدا کرسکے جو وہ چاہیگا سو کریگا یہ نکرے بلکہ اول مین یعنی کفر و معاصی مین کہ ممنوع ہین کوشش کرنی بیچ نہ بچنے کے اونسے واجب ہی اور ثانی مین یعنی ایمان و طاعت مین کہ مامور بہ ہین کوشش کرنی اونکے بجالانے مین واجب ہی اور علاج حاصل کرنے مقام تفویض کا یہ ہی کہ یاد کرے اندیشہ انجام امور کا اور امکان ہلاک و فساد لوگونکے کا اور یاد کرے عاجز ہونا اپنا نہ پڑنے سے اندیشون مین اور یاد کرے پہونچنا اور نہ پہونچنا اون تک اور نہ یقین کرے بیچ فساد و صلاح اونکی کے جب یہ اندیشے بندہ پر غالب آوینگے تو ناچار تفویض یعنی سپرد بخدا کریگا اور سب چیزون کی طلب سے باز رہیگا مگر بشرط خیر و صلاح کے یعنی جسمین خیر و صلاح ہوگا البتہ اوسکا طالب رہیگا اور حق کے کیے پر راضی و صابر رہیگا اور اوسکو عین حکمت و مصلحت جانیگا اگرچہ موافق طبیعت کے نہو اور ضد تفویض کی طمع ہی اور وہ دو قسم پر ہی ایک تو محمود اور وہ بمعنی رجا کے ہی اور وہ طلب کرنا ایک چیز کا ہی کہ اوسمین اندیشہ نہو اور یا طلب ساتھ استثنا کے کرے چنانچہ قول اللہ تعالی کے مین اَطۡمَعُ اَنۡ یَّغۡفِرَ لِیۡ خَطِیۡٓئَتِیۡ کہ مقولہ ابراہیم علیہ السلام کا ہی یہی مراد ہی یعنی اسمین طمع بمعنی رجا کے ہی یعنی امیدوار ہون یہ کہ بخشے اللہ میرے لیے خطا میری اور دوسری مذموم ہی کہ وہ سکون دل کا ایک منفعت یا شی پر کہ شک ہو بیچ خیریت اور حصول اوسکے کے اور طلب کرنا ایک چیز کا بطریق قطع کے ہی چنانچہ رسول علیہ السلام کے قول مین کہ پرہیز کرو طمع سے کہ وہ فقر حاضر ہی یہی مراد ہی + **بحث** +

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوۡا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرۡعَوۡنَ سُوۡٓءُ الۡعَذَابِ ۝

پھر بچالیا موسی کو اللہ نے برے داؤون سے جو کرتے تھے اور اولٹ پڑا فرعون والون پر بری طرح کا عذاب + **صق**

پس بچالیا اوسکو خدا نے سختیون بدخواہی اونکی سے اور گھیر لیا فرعون کے لوگون کو عذاب سخت نے + **تفسیر** + سختیون الخ یعنی فرعونیون نے جو ارادہ کیا تھا کہ طرح بطرح کی تکلیفین اور عذاب اوس ایماندار کو پہونچاوین اونکے اس ارادہ بد اور شدائد مکر سے اللہ نے اوسکو بچایا اور اونکو خراب کیا کہ غرق ہوئے دنیا مین اور دوزخی ہوئے آخرت مین جیسے کہ آگے فرمایا اَلنَّارُ یُعۡرَضُوۡنَ عَلَیۡهَا الخ اور کہا بعضون نے کہ وہ مومن نکلا اونکے پاس سے بھاگ کر طرف ایک پہاڑ کے پس بھیجے فرعون نے قریب ہزار آدمیون کے اوسکی طلب مین پس بعضون کو تو درندے کھا گئے اور جو کہ پھر کر آئے اونمین سے اونکو فرعون نے سولی دی + **صل** + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ جو کوئی اپنے امور خدائے تعالی کے سپرد کرتا ہی تو وہ اوسکو دین و دنیا کی تکلیفات سے بچاتا ہی اور اوسکے دشمنون کو تباہ و خراب کرتا ہی **شعر** سپردم بتو مایۂ خویش را + تو دانی حساب کم و بیش را + **شعر** کار خود را بخدا باز گذار + کہ تنی بینیم ازین بہتر کار + **بیت** فکر ما در کار ما آزار ما + کارسازِ ما بسازد کار ما + اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ اچھی بات نصیحت کی نہ ماننی بہت بری بات ہی اور انجام اوسکا نہایت بد ہی حضرت عثمان رضی اللہ تعالی نے کہا کہ ضائع ترین چیزون کی دس چیزین ہین علم کہ نہ سوال کیا جاوے اوس سے اور علم کہ نہ عمل کیا جاوے اوسپر اور راے صواب کہ نہ قبول کیجاوے اور ہتیار کہ نہ استعمال کیا جاوے اور مسجد کہ نہ نماز پڑھی جاوے اوسمین اور مصحف کہ نہ پڑھا جاوے اوسمین اور مال کہ نہ خرچ کیا جاوے اوس سے اور گھوڑا کہ نہ سوار ہو کوئی اوسپر اور علم زہد اوس شخص کے پیٹ مین کہ ارادہ کرے دنیا کا اور عمر طویل کہ نہ توشہ طیار کیا جاوے اوسمین سفر آخرت کے لیے + **ہکذا فی السبع سنابل** اور فقیہ ابو اللیث نے بستان مین نقل کیا ہی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ اونھون نے کہا تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ جو مبتلا ہو چار مصیبتون مین وہ کیونکر غافل ہوتا ہی چار چیزون سے تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ مبتلا ہو غم مین پس کیون نہین کہتا ہی لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ۝ یعنی نہین کوئی معبود مگر تو پاک ہی تو بلاشبہ مین ظالمون سے ہون بعد اس لیے کہ اللہ تعالی اپنی کتاب پاک مین فرماتا ہی فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ وَنَجَّیۡنٰهُ مِنَ الۡغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُـنۡجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝ یعنی یونس علیہ السلام نے یہ آیت پڑھی پس قبول کی ہمنے دعا اوسکی اور نجات دی ہمنے اوسکو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہین ہم مومنون کو یعنی جب فریاد و دعا کرتے ہین غم سے نجات دیتے ہم اور تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ ڈرتا ہو کسی چیز سے کیون نہین کہتا حَسۡبِیَ اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ

یعنی بس ہی مجکو اللہ اور اچھا کارساز ہی + کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ فَانْقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ + یعنی کہا صحابہ نے کافی ہی ہمکو اللہ اور اچھا ہی کارساز پس پھرے بدر سے ساتھ نعمت خدا کی طرف سے اور ساتھ فضل کے یعنی ساتھ سلامتی اور فائدہ تجارت کے اور نہ پہنچی اونکو برائی یعنی زخم وغیرہ اور تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ ڈرتا ہو مکر وایذا رسانی لوگون کے سے کیون نہین کہتا وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا + یعنی فرعون کے چچا کا بیٹا بھائی سمعان یا حزقیل نام ایمان پوشیدہ رکھتا تھا جب اوسکی قوم نے تنبیہ کی تو اوسنے کہا وافوض آخر تک یعنی سونپتا ہون مین امر اپنا طرف اللہ تعالی کے تحقیق اللہ بینا ہی ساتھ حال بندون کے پس بچایا اوسکو اللہ تعالی نے سختیون مکر اونکے سے اور تعجب کرتا ہون اوس سے کہ غبت کرتا ہی جنت مین کیون نہین کہتا مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ یعنی ایک مومن نے کافر سے کہا اور کیون نہ جب آیا تو باغ اپنے مین کہا ہوتا جو اللہ نے چاہا سو ہونے والا ہی نہین قوت مجکو اپنے مال کے محافظت کی مگر ساتھ مدد خدا کے اگر دیکھتا ہی تو مجکو کہ مین کم ہون تجسے مال اور اولاد مین تو امید ہی کہ رب میرا دیوے مجکو بہتر باغ تیرے سے یہ قصہ سورۂ کہف مین مفصل مذکور ہی اوسکی تفسیر مین جو چاہے دیکھ لے +

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝

آگ ہی کہ دکھا دیتے ہین اونکو صبح اور شام اور جسدن اوٹھے گی قیامت داخل کرو فرعون والون کو سخت سے سخت عذاب مین

گھیر لیا اونکو آگ نے حاضر کیے جاتے ہین آگ پر صبح اور شام اور جسدن قائم ہوگی قیامت کہینگے ہم داخل کرو فرعون کے لوگون کو سخت ترین عذاب مین + **تفسیر** + یہ عالم قبر کا حال ہی کافر کو اوسکا ٹھکانا دکھایا جاتا ہی اور قیامت کو اوسمین بیٹھے گا اور مومن کو بہشت حاضر کیے جاتے ہین الخ یعنی جلائے جاتے ہین ساتھ آگ کے صبح وشام یعنی ان دونون وقتون مین عذاب کیے جاتے ہین ساتھ آگ کے اور یا بین ان وقتون کے یا تو اور طرح سے عذاب کیے جاتے ہین یا دو کیا جاتا ہی عذاب اونسے اور جائز ہی یہ کہ ہو صبح وشام عبارت دوام سے یہ عذاب تو دنیا مین ہی اور روز قیامت کے کہا جاویگا دوزخ کے نگہبانون کو کہ داخل کرو فرعون کے لوگون کو اشد عذاب مین کہ وہ عذاب جہنم ہی اور یہ آیت دلیل ہی عذاب قبر کی + ف + کہا ابن مسعود نے کہ ارواح فرعون کے لوگون کی سیاہ جانورون کے بدنون مین ہین اور ہر صبح وشام دوزخ پر حاضر کی جاتی ہین اور ملائک کہتے ہین کہ ای آل فرعون یہ مقام تمہارے ہین یہانتک کہ قائم ہو قیامت اور کہا قتادہ اور مقاتل اور کلبی اور سدی نے کہ حاضر کیجاتی ہی روح کافر کی دوزخ پر صبح وشام جبتک کہ دنیا ہی اور عبد اللہ بن عمر رض سے منقول ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک تم مین کا جب مرتا ہی تو دکھائی جاتی ہی جگہہ اوسکی صبح وشام اگر ہی جنتی تو جنت مین جگہہ دکھائی جاتی ہی اور اگر دوزخی ہی تو دوزخ مین جگہہ دکھائی جاتی ہی کہا جاتا ہی اوسکو کہ یہ جگہ تیری ہی کہ قیامت کو ملے گی + مع + ضحاک سے پوچھا گیا حال شہدا کی ارواح کا کہا اونھون نے کہ رکھی جاتی ہین ارواح اونکی سبز جانورون کے بدنون مین میوہ خوری کرتی پھرتی ہین جنت مین اور جگہہ پکڑتی ہین رات کو سونے کی قندیلون مین کہ لٹک رہی ہین عرش مین پھر پوچھا کہ کفار کی ارواح کا کیا حال ہی کہا رکھی جاتی ہین ارواحین اونکی سیاہ جانورون کے بدنون مین صبح وشام کو حاضر کی جاتی ہین آگ پر پھر پڑھی یہ آیت اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا اور ایک روایت مین ابن مسعود سے آیا ہی کہ مومنون کے لڑکون کی ارواحین چڑیون کے بدنون مین ہوتی ہین چرتی چگتی پھرتی ہین جنت مین جہان چاہتی ہین + ابو ہریرہ رض سے منقول ہی کہ وہ ہر روز صبح وشام مین دو آوازین کرتے تھے یعنی نعرہ مارتے ساتھ آہ سرد کے کہتے اول روز مین ذَهَبَ اللَّيْلُ وَجَاءَ النَّهَارُ

وَعُرِضَ آلُ فِرْعَوْنَ عَلَى النَّارِ یعنی گئی رات اور آیا دن اور حاضر کیے گئے فرعون کے لوگ دوزخ پر پس نہین سنتا کوئی اونکی آواز کو مگر کہ پناہ مانگتا ساتھ اللہ کے آگ سے + اور روایت ہی ابن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین نیکی کرتا کوئی نیکی کرنے والا مسلمان ہو یا کافر مگر کہ ثواب یعنی بدلا دیتا ہی اوسکو اللہ تعالیٰ کہا ہمنے یا رسول اللہ کیا ہی ثواب دنیا کا فر کو فرمایا مال اور اولاد اور صحت مانند انکے سے عرض کیا ہمنے اور کیا ہی ثواب دینا آخرت مین فرمایا عذاب کم ہے عذاب سے یعنی اور کفار کی نسبت تخفیف ہوتی ہی اوسکے لیے عذاب مین + در منثور +

وَاِذْ یَتَحَآجُّوْنَ فِی النَّارِ فَیَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْٓا اِنَّا کُنَّا لَکُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

اور جب آپس مین جھگڑینگے آگ مین پھر کہینگے کمزور غرور کرنے والون کو ہم تھے تمہارے پیچھے پھر کچھ تم ہم سے اوٹھا

عَنَّا نَصِیْبًا مِّنَ النَّارِ ۝

لوگے حصہ آگ کا + مو +

اور یاد کر جسوقت کہ آپسمین جھگڑینگے دوزخی بیچ دوزخ کے پس کہینگے ناتوان سرکشون کو یعنی سردارون سے تحقیق ہم تابع تھے تمہارے پس کیا ہو تم دفع کرنے والے ہمسے ایک حصہ عذاب دوزخ سے + ط +

قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْٓا اِنَّا کُلٌّ فِیْهَآ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَکَمَ بَیْنَ الْعِبَادِ ۝

کہینگے جو غرور کرتے تھے ہم سب پڑے ہین اسمین اللہ فیصلہ کر چکا بندون مین + مو +

کہینگے سرکش تحقیق ہم سب آگ مین ہین تحقیق خدا نے مقدمہ فیصل کیا ہی درمیان بندون کے + تفسیر + یعنی اب کچھ نہین ہی کہ کوئی کسیکے کام آئے + مو + ہم سب اوس مین یعنی ہم سب دوزخ مین ہین نہین دفع کر سکتا کوئی کسی سے عذاب مقدمہ فیصل کیا اس طرح کہ داخل کیا اہل جنت کو جنت مین اور اہل نار کو دوزخ مین + مد +

وَقَالَ الَّذِیْنَ فِی النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّکُمْ یُخَفِّفْ عَنَّا یَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ۝

اور کہینگے جو لوگ پڑے ہین آگ مین دوزخ کے دارونون کو مانگو اپنے رب سے کہ ہمپر ہلکا کرے ایک دن تھوڑا عذاب + مو +

اور کہینگے وہ لوگ کہ دوزخ مین ہونگے دوزخ کے نگہبانون سے کہ دعا کرو جناب پروردگار اپنے سے تو سبک کرے ہمسے ایک دن عذاب سے + تفسیر + کہینگے یعنی جسوقت کہ سخت ہوگا اونپر عذاب اور نہ کہا لخزنتہا اور کہا لخزنۃ جہنم اسلیے کہ بیچ ذکر کرنے جہنم کے ہول دلانا اور ڈرانا منظور ہی اور احتمال ہی کہ جہنم نسبت اور دوزخون کے بہت گہری ہی اور جہنم مین بڑے سرکش و بدذات کافر ہونگے پس داخل ہونگے شاید کہ جو ملائکہ متعین ہونگے اونکے عذاب پر اونکی دعا بہت قبول ہوتی ہوگی بسبب زیادتی قرب اونکے کے اللہ تعالیٰ سے پس اس لیے دوزخی طلب دعا کی کرینگے اونسے ایک دن یعنی بقدر ایکدن دنیا کے + مد +

قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَکُ تَاْتِیْکُمْ رُسُلُکُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا بَلٰى قَالُوْا فَادْعُوْا وَمَا دُعٰٓؤُا الْکٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ ۝

وہ بولے کیا نہ آتے تھے تم پاس تمہارے رسول لیکر نشانیان کہینگے کیون نہین بولے پھر پکارو اور کچھ نہین کافرون کا پکارنا بھٹکنا + مو +

کہینگے نگہبان کیا نہین آتے تھے تمہارے پاس پیغمبر تمہارے ساتھ معجزون کے کہینگے دوزخی ہان آتے تھے نگہبان کہینگے پس دعا کرو اور نہین ہی دعا کافرون کی مگر تباہی مین + تفسیر + دوزخ کے فرشتے کہینگے سفارش کرنی ہمارا کام نہین ہم تو عذاب پر مقرر ہین سفارش کام ہی رسولون کا سو رسولون سے تو برخلاف ہی تھے + مو + کہینگے یعنی از راہ توبیخ کے بعد مدت دراز کے کیا نہین آتے تھے الخ پھر کہینگے نگہبان کہ پس تو تمہین اپنے رب سے دعا کرو ہم نہین مالک تمہارے لیے اسلیے کہ وہ جانتے ہونگے کہ نہین سبک کیا جاویگا اونسے عذاب اور ضلال کے معنی ہین بطلان یعنی دعا اونکی باطل ہوگی اور نہین نفع دیگی اونکو اور جملہ وما دعاء الکافرین اللہ عزوجل کے قول سے ہی اور احتمال

یہ لیکن باوجود کلام سے ✤ **ف** ✤ **معا** ✤ اول قصہ فرعون کا سنایا کفار قریش کو تو عبرت پکڑین پھر سب کفار کا حال سنایا کہ دنیا مین بعضے کافر بعضون کے دوست ہین اور وہان ایک دوسرے سے بیزار ہونگے پھر دوزخیون کے اور وہان کے نگہبانون کے کلام ذکر فرمائے پھر اونکے سنانے کو رسولون کی مددگاری کا حال بیان فرمایا ✤

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

ہم مدد کرتے ہین اپنے رسولون کی اور ایمان والون کی دنیا کے جیتے اور جب کھڑے ہونگے گواہ جسدن کام نہ آوین منکرون کو

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝

اونکے بہانے اور اونکو پھٹکار ہے اور اونکو برا گھر ✤ **صو** ✤

تحقیق ہم مدد دیتے ہین اپنے پیغمبرون کو اور اون لوگون کو کہ ایمان لائے بیچ زندگانی دنیا کے اور اوس روز بھی کہ قائم ہونگے گواہ یعنی فرشتے گواہی دینگے اوسدن کہ فائدہ ندیگا ظالمون کو عذر کرنا اونکا اور اونکے لیے ہی لعنت اور اونکے لیے ہی عذاب اوس گھر کا ✤ **تفسیر** ✤ بیچ زندگانی دنیا کے اور اوس روز بھی کہ قائم ہونگے گواہ یعنی دنیا اور آخرت مین یعنی اللہ تعالی غالب کرتا ہی اونکو دارین مین ساتھ حجت کے اور فتحیابی کے اونکے مخالفون پر اگرچہ مغلوب ہون دنیا مین بعض اوقات مین بازراہ امتحان ہونے کے اللہ کی طرف سے اور عاقبت بخیر اونھین کے لیے ہی اور بدلا لیتا ہی اللہ تعالی اونکے دشمنون سے اگرچہ بعد ایک مدت کے ہو اور اشہاد جمع شاہد کی ہی جیسے صاحب اور اصحاب مراد ہین اس سے انبیا اور فرشتے عمل لکھنے والے پس انبیا گواہی دینگے نزدیک رب العزت کے کافرون پر کہ وہ جھٹلاتے تھے اور فرشتے مذکور گواہی دینگے بنی آدم پر اونکے عملون کی اوسدن کہ نہ فائدہ دیگا یعنی نہین مقبول ہوگا عذر اونکا اور لعنت کے معنی ہین دوری اللہ کی رحمت سے اوس گھر کا یعنی دار آخرت کا ✤ **ف** ✤ کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیچ تفسیر انا لننصر کے کہ ہم مدد دیتے ہین ساتھ غلبے اور قہر کے ✤ اور کہا ضحاک نے ساتھ حجت کے آخرت مین ✤ اور بعضون نے کہا ساتھ بدلا لینے کے دشمنون سے دنیا اور آخرت مین اور تمام یہ ہی انبیا اور مومنون کے لیے پس وہ مدد دیے گئے ہین ساتھ حجت کے اوپر مخالفون اپنے کے اور مدد کی ہی اللہ نے اونکے ساتھ غالب کرنے کے اوپر کہ دشمنی کی اوپر مخالفون اپنے کے اور مدد کی ہی اللہ نے اونکی ساتھ غالب کرنے کے اوپر کہ دشمنی کی اونکی اور ساتھ ہلاک کرنے دشمنون اونکے کے اور مدد کرنے اونکے کے بعد مارے جانے اونکے کے ساتھ بدلا لینے کے اونکے دشمنون سے جیسے کہ مدد کی یحیی بیٹے زکریا کی جب کہ قتل کیے عوض اونکے ستر ہزار آدمی پس وہ مدد دیے گئے ہین ساتھ ایک وجہ کے ان وجوہ سے اور یَوْمَ یَقُوْمُ الْاَشْهَادُ سے مراد دن قیامت کا ہی کہ گواہی دینگے فرشتے عمل لکھنے والے واسطے رسولون کے ساتھ پہونچا دینے رسالت کے اور کفار پر ساتھ جھٹلانے کے اوسدن کہ فائدہ ندیگا ظالمون کو عذر کرنا اونکا یعنی اگر عذر کرینگے اپنے کفر کرنے سے تو نہین قبول کیا جاویگا اونسے اور اگر توبہ کرینگے تو نہین نفع دیگی اونکو توبہ ✤ **معا** ✤ ابو درداء سے روایت ہی کہ کہا جس شخص نے رد کیا بھائی مسلمان کی آبروریزی سے یعنی کوئی اوسکی آبروریزی کرتا تھا اوسنے مدد کی اوسکی اور بچایا اوسکو رد کریگا اللہ اوسکے مونھہ سے آگ جہنم کی روز قیامت کے پھر پڑھی آنحضرت صلعم نے یہ آیت **اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا** آخر آیت تک اور روایت ہی زید بن اسلم سے کہ کہا اشہاد یعنی گواہ چار ہین ایک تو فرشتے ہین کہ جو لکھتے ہین اچھا عمل ہمارے اور برے اعمال ہمارے اور پڑھی یہ آیت **وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ** ✤ یعنی اور آویگا ہر شخص یعنی طرف محشر کے ہمراہ اوسکے ہانکنے والا ہوگا یعنی فرشتہ کہ ہانک کر لاویگا اوسکو طرف محشر کے اور گواہ ہوگا یعنی فرشتہ عمل لکھنے والا کہ گواہی دیگا اوسکے اعمال کی ✤ اور دوسرے گواہ نبی ہین کہ گواہی دینگے اپنی امتون پر اور پڑھی زید نے یہ آیت **فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ** ✤ یعنی پس کیا حال ہوگا جب لاوینگے ہم ہر امت سے گواہ یعنی نبی ✤ اور تیسرے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہ ہین کہ گواہی دینگے امتون پر اور پڑھی زید نے یہ آیت **لِتَكُوْنُوْا**

قولہ یوم نصب معمول ... المجرور کی تقول ... ۵۳ قولہ یوم لا ینفع ... بدل من یوم یقوم ... ۵۳ ... شہید ...

شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ ٭ یعنی ہمنے امت وسط کیا ہی تمکو توکہ ہوؤ گواہ لوگون پر ٭ اور جو تمہے بدن اور چمڑے گواہ ہین وہ پڑھی یہ آیت
وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدْتُمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنْطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ ٭ یعنی اور کہینگے مجرم واسطے جلدون
اپنی کے کیون گواہی دی تمنے ہمارے ضرر پر کہینگے گویا کیا ہمکو اوس خدا نے کہ گویا کیا ہر چیز کو یعنی ہم اوسکے دست قدرت مین ہین جیسا حکم ہوا
ویسا بجا لائے ٭ **درمنثور** ٭ **تنبیہ** ٭ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ الله جل شانہ مددگار ہی اپنے رسولون کا اور مومنون کا
بھلا بھائیون سوچو تو سہی کہ جب الله جل شانہ خود تمہارا مددگار ہی تو بھلا تمکو اوسکی مدد مانگنی کی کیا حاجت ہی ایسے قادر کی مدد خیال مین لاؤ
اور عاجز بندون سے مدد مانگتے پھرو عیث ہی تمہاری سمجھہ پر بس تمہاری مثال ایسی ہی کہ جیسے ایک بادشاہ زبردست کسیکا متکفل ہو اور
اوس سے کہدے کہ تو مجھی سے علاقہ رکھنا جو تجکو مطلب درپیش ہو مجسے عرض کرنا مین تیری حاجت روائی کرتا رہونگا میرے سوا کسی سے غرض رکھنا
اب وہ شخص اوسکے ارکان دولت کے آگے ذلیل ہو اور اونسے اپنی حاجت روائی چاہے اوسکو نادان کہینگے یا نہین پھر سورہ فاتحہ مین دیکھو کہ جو کلام الله
سب کی سورت ہی اور ہر نماز مین بار بار پڑھتے ہو اوسمین تمکو حکم فرمایا کہ یون کہو وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ تمام مفسر صاحب بیضاوی وغیرہ نے
اسکے یہ معنی لکھے ہین کہ ہم خاص تجہی سے مدد مانگتے ہین اور کسی سے ہرگز نہین مانگتے بھلا مالک تمہارا تو تمسے یون کہوائے اور تم مردون سے مدد مانگتے
پھرو کہین کہو یا علی مدد کہین کہو یا مدار مدد کہین کہو یا سالار مدد کہین اور اور کسی سے مدد مانگو یہ تمکو ہرگز مناسب نہین خیال کرو ان آیتون کے مضمونون مین
اور اوسیکو مددگار جانو اور اوسی سے مدد مانگو اوسیکو ہرگز مددگار نہ سمجھو اور نہ کسی سے مدد مانگو یہ کلام بطریق اختصار کے بخوف درازی کتاب کے
لکھا گیا ہی جسکو تفصیل دیکھنی منظور ہو وہ تفسیرون مین وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ کی تفسیر مین دیکھ لے اور اس آیت سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ جب تمہارا
مالک مددگار ہوا رسولون اور مومنون کا تو تمکو بھی بموجب تَخَلَّقُوا بِأَخْلَاقِ اللَّهِ کے الله تعالیٰ کے خلق حاصل کرو اور اوسکے رسول
مقبول کی شریعت کا مددگار رہنا چاہیے اور آپسمین ایک دوسرے کا مددگار رہے فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے کہ پاوے تو مومنونکو آپسمین
رحم کرنے مین اور محبت کرنے مین اور مہربانی کرنے مین مانند مثال بدن کے کہ جب دُکھے ایک عضو شریک ہو اوسکے لیے تمام بدن ساتھ بیداری اور تپ کے
انتہی حاصل حدیث کا یہ ہی کہ مومن کو مومن کی راحت و مشقت مین شریک و مددگار ہونا چاہیے مثل اعضا بدن کے کہ ایک کا دکھ باعث سب دکھ کا
ہوتا ہی یہی مضمون شیخ سعدی نے لکھا ہی **نظم** بنی آدم اعضای یکدیگر اند ٭ کہ در آفرینش ز یک گوہر اند ٭ چو عضوی بدرد آورد روزگار ٭
دگر عضوہا را نماند قرار ٭ اور فرمایا آنحضرت صلی الله علیہ وسلم نے مومن مومن کے لیے مانند مکان کے ہی کہ تقویت دیتا ہی بعض اوسکا بعض کو پھر
ڈالین انگلیان انگلیون مین یعنی تنبیہ کے لیے کہ یون ملا رہنا اور مددگار رہنا چاہیے اور آیا ہی کہ تھے آنحضرت صلی الله علیہ وسلم جب آتا
اونکے پاس مانگنے والا یا حاجتمند تو فرماتے صحابہ کو کہ سفارش کرو مجسے اوسکی پس ثواب دیے جاؤگے اور جاری کریگا الله اپنے رسول
کی زبان پر جو چاہیگا اور فرمایا مدد کر اپنے بھائی مسلمان کی ظالم ہو یا مظلوم پس عرض کیا ایک شخص نے یا رسول الله مدد کرونگا مین اوسکی
حالت مظلومی مین پس کیونکر مدد کرون اوسکی اوس حال مین کہ ظالم ہو فرمایا منع کرے تو اوسکو ظلم سے پس یہ ہی مدد کرنی تیری اوسکو اور
فرمایا مسلمان بھائی مسلمان کا ہی نہ ظلم کرے اوسپر اور نہ ہلاکت مین ڈالے اوسکو اور جو کوئی ہو اپنے بھائی مسلمان کی حاجت روائی مین
ہوتا ہی الله تعالیٰ اوسکی حاجت روائی مین اور جو کوئی دور کرے مسلمان سے سختی دور کریگا الله اوسے سختی کو روز قیامت کی سختیون
مین سے اور جو کوئی پردہ پوشی کرے مسلمان کی یا ستر ڈھانکے اوسکا پردہ پوشی کریگا الله اوسکی روز قیامت کے اور فرمایا اچھا گھر بیچ مسلمانون
کے وہ گھر ہی کہ اوسمین یتیم ہو کہ احسان کیا جاوے طرف اوسکے اور برا گھر مسلمانون مین وہ گھر ہی کہ اوسمین یتیم ہو کہ ایذا پہنچائی جاوے
طرف اوسکے ٭ اور فرمایا جو کوئی ہاتھ پھیرے یتیم کے سر پر نہ پھیرے اوسپر مگر الله کی خوشی کے سبب سے تو ہوتی ہین اوسکے لیے نیکیان بدلے
ہر بال کے کہ پھرتا ہی اوسپر ہاتھ اوسکا اور جو کوئی احسان کرے طرف یتیم لڑکے کے یا یتیم لڑکی کے کہ نزدیک اوسکے ہی تو ہونگا مین اور وہ جنت مین

ف ١ اور یون نہ سمجھو کہ ہماری سفارش حضرت قبول کرتے ہین یا نہین مطلب نفع ثواب پانے والے سے ہے ماننا نہ ماننا سپرد حکم الٰہی پر موقوف ہے جیسا کہ فرمایا اور جاری کریگا الله الخ ۱۲ سعید

مانند ان دوکے اور ملا دیئن دو او نگلیان اپنی اور فرمایا جو کوئی بٹھاوے یتیم کو طرف کھانے اپنے کے اور پانی اپنے کے واجب کرتا ہی اللہ واسطے اوسکے لیے جنت مگر یہ کہ کرے وہ گناہ کہ نہ بخشا جاوے یعنی شرک اور جو کوئی پرورش کرے تین بیٹیان یا تین بہنین پس ادب سکھاوے اونکو اور رحم کرے اونپر یہانتک کہ بے پروا کرے اونکو اللہ تو واجب کرتا ہی اللہ اوسکے لیے جنت پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ یا دو کو پرورش کرے فرمایا یا دو کو یہانتک کہ اگر کہتے وہ یا ایک کو تو البتہ فرماتے یا ایک کو اور جسکی کہو دین اللہ نے دو عزیز چیزین تو واجب ہوگی اوسکے لیے بہشت کہا لوگون نے یا رسول اللہ اور کیا ہین دو عزیز چیزین اوسکی فرمایا دونون آنکھین اوسکی اور فرمایا البتہ ادب دینا آدمی کا اپنے بیٹے کو بہتر ہی اوسکے لیے تصدق کرنے ایک صاع کے سے کہ جسمین قریب ساڑھے تین سیر کے غلہ آتا ہی اور فرمایا نہ بخشا باپ نے اپنے بیٹے کو کوئی بخشنا افضل ادب نیک سے اور فرمایا جسکے پاس غیبت کیا جاوے مسلمان بھائی اوسکا اور وہ قادر ہی اوسکی مدد کرنے پر یعنی اوسکی غیبت سے اوسکو منع کرسکتا ہی پس مدد کی اوسکی تو مدد کرتا ہی اوسکی اللہ دنیا اور آخرت مین پس اگر نہ مدد کی اوسکی اس حال مین کہ وہ قادر ہی اوسکے مدد کرنے پر تو مواخذہ کریگا اللہ بسبب اوسکے دنیا اور آخرت مین اور فرمایا جو کوئی دفع کرے اپنے بھائی مسلمان کے گوشت سے پس پشت اوسکے **ف ۱** تو ہوتا ہی اللہ پر حق یہ کہ آزاد کرے اوسکو آگ سے اور فرمایا نہین کوئی مسلمان کہ منع کرے آبروریزی بھائی مسلمان اپنے کی سے مگر کہ ہوتا ہی حق اللہ پر یہ کہ دور کرے اوس سے آگ دوزخ کی دن قیامت کے پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ یعنی اور ہی حق ہمپر مدد کرنی مومنون کی اور فرمایا نہین کوئی آدمی مسلمان کہ چھوڑے مدد کرنی آدمی مسلمان کی بیچ اوس جگہ کے کہ اوسکی ہتک حرمت کیجاتی ہی اوسمین اور ناقص کیجاتی ہی اوسمین آبرو اوسکی **ف ۲** مگر کہ چھوڑیگا مدد کرنی اوسکی اللہ تعالی اوس جگہ مین کہ دوست رکھتا ہی اوسمین مدد کرنی اوسکی یعنی آخرت مین اور نہین کوئی آدمی مسلمان کہ مدد کرے مسلمان کی اوس جگہہ مین کہ ناقص کیجاتی ہی آبرو اوسکی اور اوسکی ہتک حرمت کیجاتی ہی اوسمین مگر کہ مدد کریگا اوسکی اللہ اوس جگہہ مین کہ دوست رکھتا ہی مدد کرنی اوسکی اور فرمایا جسنے دیکھا عیب کسیکا پھر ڈھانپ دیا اوسکو ہوگا ثواب اوسکو مانند اوسکے کہ زندہ کیا موؤدہ کو **ف ۳** اور فرمایا بلاشبہہ ایک تم مین کا آئینہ ہی مسلمان بھائی اپنے کا پس اگر دیکھے اوسمین برائی پس چاہیے کہ دور کردے اوس سے **ف ۴** اور فرمایا جو کوئی بچاوے مومن کو منافق کے شر سے بھیجیگا اللہ فرشتے کو کہ بچاوے گا گوشت اوسکا دن قیامت کے دوزخ کی آگ سے اور جو کوئی تہمت کرے مسلمان کو ساتھ ایک چیز کے کہ چاہتا ہی ساتھ اوسکے عیب اوسکا تو روکیگا اوسکو اللہ تعالی جہنم کے پل پر یہانتک کہ نکلے عہدے اوس چیز کے سے کہ کہا **ف ۵** اور فرمایا جسنے حاجت روائی کی کسیکے لیے میری امت مین سے چاہتا ہو یہ کہ خوش کرے اوسکو بسبب اوسکے پس تحقیق خوش کیا اوسنے مجکو اور جسنے خوش کیا مجکو پس تحقیق خوش کیا اللہ کو اور جسنے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا اوسکو اللہ تعالی جنت مین اور فرمایا جسنے فریادرسی کی غمگین کی لکھتا ہی اللہ اوسکے لیے تہتر بخششین ایک مین درستی سب کامون اوسکے کی ہوتی ہی یعنی دنیا اور آخرت مین اور بہتر اوسکے لیے باعث درجاتکی ہوتی ہین روز قیامت کے اور فرمایا خلق عیال اللہ کی ہی پس محبوب ترین خلق کا طرف اللہ کے وہ شخص ہی کہ سلوک کرے طرف عیال اوسکی کے **ف ۶** تحقیق ایک شخص نے شکوہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی سنگدلی کا فرمایا ہاتھ پھیر یتیم کے سر پر اور کھانا کھلا مسکین کو اور فرمایا آنحضرت نے کیا نہ خبر دون مین افضل صدقے کی وہ صدقہ تیری بیٹی پر ہی کہ طلاق دی ہو اوسکے خاوند نے اور آپڑی ہو وہ تیرے گھر نہو اوسکے لیے کمانے والا کوئی سوائے تیرے **مشکوۃ** اوپر رسولون اور مومنون کی مددگاری کا ذکر فرمایا تھا اور رسولون مین سے حضرت موسی علیہ السلام بھی بڑے مرتبے کے رسول ہین کہ یہود اوس زمانے کے اونکو مانتے تھے اور اونکے تابع بنی اسرائیل تھے اونکی مددگاری کا ذکر فرمایا کہ اونکو ہمنے ہدایت یعنی معجزات وغیرہ دیے اور طرح بطرح سے ہم مددگار اونکے رہے اور یہ بھی اسمین اشارہ ہی کہ موسی اور بنی اسرائیل کہ تمھارے نزدیک بہی فی وقار ہین وہ بھی اس نبی آخر الزمان کی خبر دے گئے ہین حیف ہی کہ یہ بات اونکی بھی تم نہین مانتے باوجودیکہ وہ ایسے تھے + ۱۲ +

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ۝ هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝

اور ہمنے دی موسی کو راہ کی سوجھ اور وارث کیا بنی اسرائیل کو کتاب کا سُجھاتی اور سمجھاتی عقلمندون کو + مو +

اور تحقیق دی ہمنے موسی کو ہدایت اور وارث کتاب کا کیا ہمنے بنی اسرائیل کو واسطے راہ دکھانے اور نصیحت دینے کے عقلمندون کو +

تفسیر + مراد ہدایت سے تمام وہ چیزین ہین کہ جو موسیٰ ایکر آئے دربار دین کے قسم معجزات اور توریت اور شرائع سے اور کتاب سے مراد توریت اور انجیل اور زبور ہین + مل + پھر خطاب آنحضرتؐ کو فرمایا کہ ان نابکارون کی ایذا پر صبر کرو ہم تمھاری مدد کرینگے ہمارا وعدہ سچا ہی اور استغفار مین اور تسبیح اور تحمید مین صبح و شام مشغول رہو +

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

سو تو ٹھہرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی اور بخشوا اپنا گناہ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیان شام کو اور صبح کو + مو +

پس صبر کر بلاشبہ خدا کا وعدہ سچا ہی اور بخشش طلب کر اپنے گناہ کے لیے اور پاکی بیان کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے شام و صبح +

تفسیر + حضرت رسولؐ دن مین سو سو بار استغفار کرتے گناہ سے ہر بندہ سے قصور ہی اوسکے موافق ہر کسیکو ضروری استغفار + مو + پس صبر کر یعنی اپنی قوم کی ایذا پر وعدہ اللہ کا یعنی تیرے مدد کرنے کا اور تیرے بول بالے کا اور تیرے دشمنون کے ہلاک کرنے کا سچا ہی کہا کلبی نے کہ منسوخ کیا آیت قتال نے اس آیت صبر کو بخشش مانگ یہ حکم فرمایا بخشش مانگنے کا تو کہ زیادہ ہو بسبب اوسکے درجہ اور قرب حضرتؐ کا اور سنت ہو امت کے لیے اور بعضون نے کہا مراد یہ ہی کہ بخشش مانگ اپنی امت کے گناہون کے لیے اور آیا ہی کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میرے دل پر ایک پردہ سا آجاتا ہی پس بخشش مانگتا ہون مین اللہ سے ہر دن ستر بار پس اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ استغفار حضرتؐ کے واسطے زیادتی قرب کی تھی والا لیغفر لک اللّٰہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر اونکے حق مین وارد ہی اور پاکی بیان کر الخ یعنی مداومت کر اپنے رب کی عبادت و ثنا بیان کرنے پر اور بعضون نے کہا کہ مراد صبح و شام کی پاکی و تعریف کے بیان کرنے سے نماز فجر اور عصر کی ہین اور ابن عباسؓ نے کہا پانچون نمازین یعنی مراد ہین اور بعضون نے کہا یہ مراد ہی کہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ + معل + بحر + معا + تنبیہ + جاننا چاہیے کہ استغفار کے معنی ہین طلب بخشش کی کرنی اور وہ کبھی متضمن توبہ کو ہوتی ہی اور کبھی نہین اسی لیے کہا جاتا ہی کہ استغفار و توبہ کر گویا استغفار زبان سے ہوتی ہی اور توبہ دل سے اور توبہ کے معنی ہین پھرنا گناہون سے طرف طاعت کے اور غفلت سے طرف ذکر کے اور غیبت سے طرف حضور کے اور بخشش اللہ کی بندے کے لیے یہ ہی کہ ڈھانکے گناہ اوسکے دنیا مین کہ نہ مطلع کرے کسیکو اوسپر اور ڈھانکے آخرت مین کہ نہ عذاب کرے اوسکو گناہ پر اور سید الطائفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ توبہ کیا ہی فرمایا فراموش کرنا گناہ کا یعنی بعد توبہ کرنے کے ایسی حلاوت گناہ کی دل سے نکل جاوے کہ گویا گناہ کو پہچانتا ہی نہین اور سہیل تستری سے پوچھا کہ توبہ کیا ہی فرمایا کہ نہ بھولے تو گناہ کو یعنی بسبب خوف عذاب کے انتہی + اور توبہ و استغفار کرنین موجب امر وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا + کے ہر بندے پر واجب ہین اسلیے کہ ہر ایک بحسب حال و مرتبہ اپنے کے گناہ یا چوک سے خالی نہین پس ہر ایک کو لازم ہی کہ تمام گناہون گذشتہ سے توبہ کرے اور بخشش چاہے اور آیندہ کو تمام گناہ ترک کرے اور صبح و شام توبہ و استغفار کو ورد کرے تو کہ کفارہ ہوتا رہے تمام گناہون کبیرہ اور صغیرہ کا کہ قصداً کیے ہون یا خطأً یا سہواً اور بسبب شومی گناہون کے توفیق طاعت سے محروم نرہے اور ظلمت اصرار کی گناہون پر دل کو بالکل نگھیرلے اور کفر و دوزخ کو نہ پونہچاوے اور شرطین توبہ کی چار ہین ایک توبہ کہ محض خوف عذاب الٰہی سے اور بسبب تعظیم امر اوسکے کے توبہ کرے اور کوئی غرض درمیان مین نہو مانند تعریف کرنے لوگون کے اور ضعف اور فقر اور مانند انکے کے دوسری یہ کہ گذشتہ گناہون سے شرمندہ ہو تیسری یہ کہ آیندہ ترک کرنا گناہون ظاہر و باطن کا کرے چوتھی یہ کہ عزم بالجزم کرے کہ آیندہ کوئی گناہ ہرگز نہین کرونگا اور کیفیت توبہ اور صحت اس عزم کی یہ ہی کہ ابتداے بلوغ اپنے سے وقت توبہ تک تلاش کرے کہ کیا کیا گناہ ہوئے ہین

تو تدارک ہر ایک کا کرے پس اگر نماز و روزہ اور حج و زکوٰۃ اور او فرائض ترک ہوئے ہوں تو اونکی قضا کرے اور سستی نکرے اونکے ادا کرنے مین
ساتھ صرف کرنے وقت کے نوافل مین اور فرض کفایہ مین کہ نہ تعین یعنی نہ موقوف ہو اوسپر اور جو خلاف شرع منع چیزین کی ہین مانند پینے
شراب و پہننے لباس حریر وغیرہ کے اونسے درگاہ خدائے تعالی مین توبہ و استغفار کرے اور بہت عمل خیر کرے اور بندہ کے تو توبہ اوسکی مقبول ہو
اور بخشا جاوے چنانچہ وعدہ کیا ہے اللہ تعالی نے هُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ +
یعنی وہ ایسا ہے کہ قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندون سے اور معاف کرتا ہے برائیان اور یہ توبہ اللہ تعالی سے کرنی اون گناہون سے ہے کہ محض گناہ
خدا کے ہین اور جو گناہ کہ بسبب تلف ہونے حقوق بندون کے ہون تو اللہ تعالی سے بھی بخشش چاہے اسلیے کہ نافرمانی ہوسکی کی ہے اور اونسے بھی
تدارک اوسکا کرے کہ اگر حق قسم مال سے ہو تو ادا کرے یا بخشوا لوے اگر مقدور ادا کا نہین رکھتا ہے اور اگر حق سوائے مال کے ہے مانند غیبت وغیرہ کے
تو اوس سے بخشوا دے اگر فتنہ نہ برپا ہو تو نام لے اوس قصور کا ورنہ نہین تو بغیر لینے نام کے مطلق گناہ معاف کروا دے اور اگر اسمین بھی خوف
فتنے کا ہو تو رجوع خدائے تعالی کی طرف کرے اور تضرع و زاری اور اعمال خیر کرے اور بندہ کے تو اللہ تعالی اوس سے راضی ہو اور اپنے فضل سے اوسکے
دشمنون کو ساتھ دینے اجر کے اپنے پاس سے راضی کرے اور اگر صاحب حق مردہ ہو تو وارث اوسکے قائم مقام اوسکے ہین پس اگر قرض ہے
یا اور حقوق مالیہ تو ادا کرے اوسکے وارثون کو اگر مقدور رکھتا ہے و الا اونسے بخشوا دے اور سلوک کرے اونسے اور مردے کے لیے بھی کچھ بعد دے
اور توبہ و استغفار مین دیر نکرے اور بسبب وسوسہ کے النے نفس و شیطان کے یہ نسمجھے کہ مین توبہ پر ثابت نہین رہنے کا توبہ کیونکر کرون اسلیے کہ جب
بندہ توبہ کرتا ہے تو گناہ اگلے اوسکے بخشے جاتے ہین اگر آیندہ پھر بسبب بشریت کے گناہ ہو جاوے تو پھر توبہ کرے اگرچہ دن مین کئی بار ہو
بشرطیکہ وقت توبہ کے اوسکے دل مین یہ نہو کہ پھر گناہ کرونگا اور توبہ کرلونگا بلکہ خیال کرے کہ شاید پہلے گناہ کرنے کے مرجاؤن اور جب
توبہ کرے تو نہا کر پاک کپڑے پہن کر دو رکعت پڑھے حضور دل سے اور سجدے مین جاوے اور بہت تضرع و زاری اور ملامت اپنے نفس کو
کرے اور گناہون گذشتہ کو یاد کرکر عذاب الٰہی سے ڈر کر نادم ہو اور توبہ و استغفار کرے بعدہ ہاتھ اوٹھا کر کہے یا الٰہی غلام بھاگا ہوا
گنہگار تیرا تیرے دروازے پر حاضر ہوا ہے اور عذر کرتا ہے گناہ میرے بخشدے اور اپنے فضل سے عذر میرا قبول کر اور ساتھ نظر رحمت کے
میری طرف دیکھ اور میرے گناہ گذشتہ بخش اور مرتے دم تک مجکو اپنے گناہون سے نگاہ رکھ کہ خیر تیرے ہی دست قدرت مین ہے اور تو ہی بخشنے والا
ہے بعدہ درود پڑھے اور مسلمانون کے لیے بھی بخشش چاہے یہ توبہ عوام کی ہے کہ صاحب اوسکا مستحق بشارت اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ
وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ کا ہوتا ہے یعنی بلاشبہہ اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والون کو اور دوست رکھتا ہے طہارت کرنے والون کو +
اور توبہ خواص کی یہ ہے کہ برے اخلاق سے کہ واجب ہے پاک کرنا دل کا اونسے توبہ کرین اور توبہ محبون کی غفلت خدا سے اور مشغول ہونے
ماسوی اللہ سے ہوتی ہے اور جاننا چاہیے کہ گناہ کبیرہ ایمان سے تو خارج نہین کرتا لیکن فاسق و عاصی کر دیتا ہے اور گناہ کبیرہ اور صغیرہ کا بیان
مظاہر حق مین بیچ باب الکبائر و علامات النفاق کے تفصیل سے کیا گیا ہے جو چاہے وہان سے دیکھ لے اور صغیرہ گناہ بے انتہا ہین
اور پرہیز کرنا بھی اونسے دشوار ہے اور بحسب مذہب مختار کے تقوی مین بھی خلل نہین لاتے ہین بشرطیکہ اصرار نہو اور نیز اسلیے کہ صغیرہ
بسبب اصرار کے کبیرہ ہو جاتا ہے پس مومن کو واجب ہے کہ کبائر سے بلکہ حتی المقدور صغائر سے بھی پرہیز کرے اور جانے کہ گناہ اگرچہ
ایمان سے خارج نہین کر دیتے لیکن خوف اسکا ہے کہ رفتہ رفتہ انجام کار کو کفر و دوزخ کو نہ پہونچا دین اور سہل تر علاج گناہون سے بچنے کا یہ ہے
کہ ہر چیز مین حد ضرورت پر ٹھیرے اور وہ یہ ہے لقمہ دفع کرنے والا بھوک کو اور کپڑا ڈھانکنے والا ستر کا اور مکان بچانے والا گرمی سردی سے
اور بہت ضروری اور ایک بیوی اگر ضرورت ہو اور جاننا چاہیے کہ بسبب تجاوز کرنے کے حد ضرورت سے اور وسعت کرنے کے مباح مین پڑتا ہے
شبہات اور مکروہات مین اور بسبب پڑنے کے مکروہات مین مرتکب حرام چیزونکا ہوتا ہے اور یہان سرحد اسلام کی تمام ہوتی ہے اور من بعد اسکے

پھر کفر و آگ کا ہی نعوذ باللہ منہ ع ۲ ح ۱۰ بحر ۱۳ اور جاننا چاہیے کہ فائدے استغفار کے حدیث شریف مین بہت آئے ہین انجملہ
بڑا فائدہ جامعہ یہ ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ لَزِمَ الاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰہُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا
وَّمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ یعنی جو کوئی لازم پکڑے استغفار کو کر دیتا ہی اللہ واسطے اوسکے ہر تنگی
سے راہ نکلنے کی اور ہر غم سے خلاصی اور روزی دیتا ہی اوسکو یعنی حلال و طیب اوس جاگہ سے کہ گمان نہین کرتا ف لازم پکڑنے یعنی
وقت صادر ہونے گناہ کے اور ظاہر ہونے بلا کے پڑھا کرے یا معنی یہ ہین کہ مداومت کرے اوسپر اسلیے کہ ہر دم مین محتاج ہی اوسکا اور اسی لیے
فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طُوْبٰى لِمَنْ وَّجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا یعنی خوشحالی ہی اوسکے لیے کہ پائے
اپنے اعمال نامے مین استغفار بہت اور فضیلت مذکور اسلیے ہی کہ جو کوئی لازم کرتا ہی استغفار کو تو تعلق دل کا اور اعتماد اللہ تعالی پر ہوتا ہی
اور بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے پس حکم متقی اور متوکل کے ہوتا ہی اور اونکی شان مین یہ آیت وارد ہوئی ہی وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ
لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ یعنی اور جو کوئی ڈرتا ہی اللہ سے
کر دیتا ہی اوسکے لیے راہ نکلنے کی اور رزق دیتا ہی اوسکو اوس جاگہ سے کہ نہین گمان کرتا اور جو کوئی اعتماد کرتا ہی اللہ پر پس وہ کافی ہی
اوسکو پس یہ حدیث اس آیت سے نکالی گئی ہی اور فضیلت استغفار کی اور فائدہ مند ہونا اوسکا اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہی فَقُلْتُ
اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ
لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا یعنی کہا حضرت نوح علیہ السلام نے کہ پس کہا مین نے بخشش مانگو اپنے رب سے تحقیق وہ ہی
بہت بخشنے والا بھیجیگا مینہہ تم پر بکثرت اور دیگا تمکو مال اور اولاد اور بناویگا تمہارے لیے باغ اور جاری کریگا تمہارے لیے نہرین +
منقول ہی حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے کہ ایک شخص نے شکوہ کیا اونسے قحط سالی کا پس کہا استغفار کر اللہ سے پھر شکوہ کیا ایک اور شخص نے
محتاجگی کا پھر ایک اور نے کمی اولاد کا پھر ایک اور نے کمی پیداواری کا زمین اپنی مین پس سبھونکو حکم کیا استغفار کا پس کہا گیا اونسے
کہ شکوہ کیا لوگون نے تمسے کئی چیزون کا اور حکم کیا تمنے اون سبھونکو استغفار ہی کرنے کا پس پڑھی اونھون نے یہی آیت فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا الخ
یعنی جتنے جواب مینے دیے ہین سب اس آیت سے ثابت ہین ع ۴ + سوچنا چاہیے کہ استغفار اور تقوی اور توکل کے کیا کیا فائدے ہین پر
افسوس ہی کہ اور اعمال لوگ ڈھونڈتے پھرتے ہین اور ان اعمال مجربہ کی طرف کچھ بھی خیال نہین کرتے اور اس استغفار کے ترک کرنے سے
بندہ بڑی خرابی مین گرفتار ہوتا ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ مؤمن جب گناہ کرتا ہی تو ہو جاتا ہی ایک نکتہ سیاہ اوسکے
دل مین پھر اگر توبہ کرتا ہی اور طلب بخشش کی کرتا ہی تو صاف کیا جاتا ہی دل اوسکا اور اگر زیادہ کیا گناہ زیادہ ہو جاتا ہی وہ نکتہ یہانتک کہ چھا جاتا ہی
اوسکے دل پر پس یہی ہی ران یعنی زنگ کہ ذکر کیا اللہ تعالی نے اس آیت مین كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ
یعنی ہرگز نہین یون بلکہ زنگ لگایا ہی اونکے دلون پر اون چیزنے کہ تھے کرتے یعنی گناہ یہانتک کہ نہین باقی رہی اونمین خیر ہرگز ف
چھا جاتا ہی یعنی ڈھانپ لیتا ہی نور دل کو پس اندھا ہوتا ہی دل کی بینائی سے پس نہین دیکھتا کوئی چیز علمون نفع دینے والون سے اور
حکمتون فائدہ مند سے اور جاتی رہتی ہی شفقت و رحمت کہ نہ اپنے پر رحم کرتا ہی نہ اورونپر اور ثابت ہوتے ہین اوسکے دل مین آثار ظلم و فتنون کے
اور جرأت کرتا ہی گناہ پر ع ۴ + اور بڑا فائدہ استغفار کا یہ ہی کہ شیطان کی برعکسی ہوتی ہی اور وہ نہایت رنجیدہ ہوتا ہی بندے کے استغفار سے
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ شیطان نے عرض کیا پروردگار سے کہ قسم ہی تیری عزت کی اے رب میرے ہمیشہ گمراہ کرتا رہونگا
مین تیرے بندونکو جب تک کہ ارواح اونکی اونکے بدنون مین ہوونگی پس فرمایا پروردگار عز و جل نے قسم ہی اپنی عزت اور بزرگی کی
اور بلندی مرتبے اپنے کی کہ ہمیشہ بخشتا رہونگا مین اونکو جب تک کہ بخشش مانگتے رہینگے وہ مجھسے + اور بڑا فائدہ استغفار کا یہ ہی کہ آنحضرت

کی سنت ادا ہوتی ہی کہ آنحضرت مجلس مین استغفار کثیر کرتے تھے چنانچہ ابن عمرؓ روایت کرتے ہین کہ تحقیق تھے ہم البتہ گنتے واسطے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مجلس مین کہ کہتے تھے سو بار رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ + یعنی اے
پروردگار میرے بخش واسطے میرے گناہ اور قبول کر توبہ میری بلاشبہہ توہی ہی توبہ قبول کرنے والا بخشنے والا اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ جو شخص کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ + بخشش کیجاتی ہی واسطے
اوسکے اگرچہ بھاگا ہو کفار کی لڑائی سے کہ کبیرہ گناہ ہی ف مگر چاہیے کہ وقت استغفار کے حضور دل بھی ہو حضرت رابعہ کا قول ہی کہ
استغفار ہمارا محتاج ہی بہت سے استغفار کا مصرع معصیت را خندہ می آید ز استغفار ما + خدا سے ڈرے اور استغفار کو ٹھٹھا مسخر نہ ٹھہرائے اور منافقون
مین داخل نہو ظاہر کچھ اور باطن کچھ پس جب استغفار پڑھے تو صدق دل سے پڑھے چنانچہ آیا ہی کہ استغفار کرنے والا گناہ سے اوس حال مین کہ مقیم ہو
گناہ پر مانند ٹھٹھا کرنے والے کے ہی ساتھ رب اپنے کے عیاذا باللہ منہ + ع + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ اللہ عزوجل البتہ
بلند کرتا ہی درجہ واسطے بندے نیکبخت کے بہشت مین پس کہتا ہی بندہ اے پروردگار میرے کہان سے حاصل ہوا مجکو یہ درجہ فرماتا ہی اللہ تعالی کہ حاصل ہوا یہ درجہ
بسبب استغفار فرزند تیرے کے تیرے لیے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہوتا ہی مردہ قبر مین مگر مانند ڈوبنے والے فریاد کرنے والے کے کہ
کوئی ہاتھ اوسکا پکڑے منتظر رہتا ہی دعا کا کہ پہونچے اوسکو باپ کی طرف سے یا مان کی طرف سے یا بھائی کی طرف سے یا دوست کی طرف سے پس جسوقت کہ پہونچتی
ہی دعا اوسکو ہوتا ہی پہونچنا دعا کا بہت پیارا طرف اوسکے دنیا سے اور دنیا کی چیزون سے اور تحقیق اللہ تعالی البتہ پونہچاتا ہی قبر والون کو بسبب دعا
زمین والون کے مانند پہاڑون کے یعنی ثواب بڑا اور رحمت و بخشش اور بلاشبہہ تحفہ زندون کا طرف مردون کے استغفار کرنا ہی اونکے لیے اور
روایت کی بزار نے انس سے بطریق مرفوع کے کہ نہین دونون فرشتے اعمال لکھنے والے اوٹھالیجاتے ہین اعمال نامہ بندے کا ہر دن پھر دیکھتا ہی
اللہ تعالی اول اعمال نامے مین اور اخیر مین استغفار مگر کہ فرماتا ہی اللہ تبارک و تعالی بخشے مینے واسطے بندے اپنے کے وہ گناہ کہ درمیان
دونون طرفون اعمال نامے کے ہین حاصل یہ کہ صبح و شام کے استغفار سے یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہی اور روایت ہی عایشہؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم تھے کہتے یا الٰہی کر مجکو اون لوگون مین سے کہ جب نیکی کرین خوش ہوین اور جب برائی کرین استغفار کرین اور روایت ہی حارث بن سوید سے
کہ کہا بیان کین مجسے عبداللہ بن مسعودؓ نے دو حدیثین ایک تو اونمین سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری نقل کی اپنی طرف سے کہ وہ یہ ہی کہا کہ
تحقیق مومن دیکھتا ہی اپنے گناہون کو گویا کہ بیٹھا ہوا ہی نیچے پہاڑ کے ڈرتا ہی اس سے کہ گر پڑے پہاڑ اوس پر اور تحقیق فاجر دیکھتا ہی اپنے گناہونکو
مانند مکھی کے کہ اوڑی اوسکی ناک پر پس اشارہ کیا ساتھ اوس مکھی کے اس طرح سے یعنی اپنے ہاتھ سے پس اوڑا دیا اوسکو اپنی ناک سے یعنی
مومن گناہ سے بہت ڈرتا ہی اور خوف کرتا ہی اسکا کہ پکڑا نجاؤن اور فاجر کو اپنے گناہ کرنے کی پروا نہین ہوتی پھر کہا عبداللہ نے یعنی حدیث
جو حضرت سے سنی تھی وہ بیان کی کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے البتہ اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہی بسبب توبہ کرنے اپنے
بندے مومن کے بہ نسبت اوس شخص کے کہ اوترا ایک میدان مین کہ خالی ہی درخت اور گھانس سے جگہہ ہی ہلاکت کی ساتھ اوسکے تھی سواری اوسکی اوسپر
تھا کھانا اوسکا اور پانی اوسکا پس رکھا سر اپنا یعنی استراحت کے لیے زمین پر اور سو رہا کچھ سونا پھر جاگا اوس حال مین کہ تحقیق جاتی رہی تھی سواری
اوسکی پھر تلاش کیا اوسکو یہان تک کہ جسوقت سخت ہوئی اوسپر گرمی اور پیاس اور جو چاہا اللہ تعالی نے یعنی رنج و بلا سواے گرمی اور پیاس کے
کہا پھر جاؤن مین طرف مکان اپنے کے کہ تھا مین اوسمین پس سو رہون یہان تک کہ مرجاؤن پس رکھا اوسنے سر اپنا اپنے بازو پر تو کہ مر رہے
پھر جاگا پس ناگہان سواری اوسکی اوسکے پاس حاضر ہی اوسپر ہی توشۂ راہ اوسکا اور پانی اوسکا پس اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہی بسبب توبہ کرنے
بندۂ مومن کے اوس شخص سے ساتھ سواری اپنی کے اور توشۂ راہ اپنے کے یعنی جیسے یہ شخص اپنی سواری اور توشۂ راہ کے ملنے سے خوش ہوتا ہی
اوس سے زیادہ اللہ تعالی خوش ہوتا ہی بندے کی توبہ کرنے سے اور اور فائدہ استغفار کا یہ ہی کہ جو کوئی بدزبان ہو اور لازم کرے استغفار کو تو یہ

خصلت بد اوس سے دفع ہوجاتی ہی چنانچہ حذیفہ صحابی نقل کرتے ہین کہ شکوہ کیا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے تیز زبانی یعنی بدزبانی اپنی کا پس فرمایا آپنے کہان ہی تو استغفار سے یعنی استغفار کیون نہین پڑہتا کہ اوس سے بلیات ظاہر و باطن کی دفع ہوتی ہین تحقیق مین استغفار کرتا ہون اللہ سے ہر دن مین سو بار نقل کی یہ حدیث حصن حصین مین نسائی ابن ماجہ حاکم ابن ابی شیبہ ابن سینی سے آور اور فائدہ استغفار کا یہ ہی کہ جس مجلس مین لغو و گناہ کی باتین صادر ہون اور پھر استغفار پڑہے تو معاف ہوجاتی ہین وہ چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کسی مجلس مین بیٹھا اور لغو کلام اوس سے بہت صادر ہوئے پھر اوٹھنے کے پہلے یہ دعا پڑھی تو بخشے جاتے ہین وہ کلام بد کہ اوس مجلس مین اوس سے واقع ہوے تھے اور وہ دعا یہ ہی سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑہتے یا کسی مجلس مین بیٹھتے تو پڑھا کرتے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ حضرت عایشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے فائدہ اسکا پوچھا فرمایا کہ اگر کوئی اچھا کلام کرتا ہی تو ہوتا ہی پڑھنا اسکا مُہر اوس پر یعنی اسکے پڑھنے سے ثواب اچھے کلام کا ثابت رہتا ہی ضائع نہین ہوتا کسی گناہ سے اور اگر برے کلام کے بعد پڑھتا ہی تو اوس کلام کا گناہ بخشا جاتا ہی تمام ہوا علاقہ استغفار کا مشکوۃ وغیرہ سے اب کچھ فضائل صبح و شام کی تسبیح و تحمید وغیرہ کے سنا چاہیے حدیث شریف مین آیا ہی کہ جسنے صبح و شام کو سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سو سو بار پڑھا تو نہین لانے کا کوئی قیامت کو عمل بہتر اوس عمل سے کہ لادیگا یہ اوسکو لیکن وہ شخص کہ مثل اسکے پڑھے یعنی وہ برابر اسکے ہوگا یا زیادہ اس سے پڑھے یعنی پس وہ افضل اس سے ہوگا اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی صبح و شام کو سو سو بار سبحان اللہ پڑھے ہوگا اوسے ثواب مانند سو حج کرنے والے کے اور جو صبح شام کو سو سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھے ہوگا مانند ثواب اوس شخص کے کہ سو گھوڑے جہاد کے لیے دیے یا فرمایا اس مضمون کی جگہہ یہ کہ سو جہاد کیے اور جو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ صبح و شام کو سو سو بار پڑھے ہوگا ثواب مانند سو غلام آزاد کرنے والے کے کہ وہ غلام حضرت اسمعیل علیہ السلام کی اولاد سے ہون اور جو اَللّٰهُ اَكْبَرُ سو سو بار صبح و شام کو پڑھے نہین ہوگا کوئی بہتر عمل مین اوس دن اس شخص سے لیکن وہ شخص کہ مثل اسکے پڑھے یعنی وہ برابر اسکے ہوگا یا زیادہ اس سے پڑھے یعنی وہ افضل اس سے ہوگا اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ جسنے یہ دعا صبح کو پڑھی شام تک محفوظ رہا اور جسنے شام کو پڑھی صبح تک محفوظ رہا سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَاْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا یعنی پاک ہی اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون ساتھ تعریف اوسکی کے نہین ہی قوت بندے کو حرکت و سکون کی مگر ساتھ قوت دینے اللہ کے جو چاہا اللہ نے ہوا اور جو نچاہا نہوا جانتا ہون مین کہ بلاشبہہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی اور بلاشبہہ اللہ ہر چیز کو جانتا ہی یہ حصن حصین مین ہی پھر اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم صبر وغیرہ کا فرما کر معاندین کی برائی بیان فرماتے ہین +

اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ

جو لوگ جھگڑتے ہین اللہ کی باتون مین بغیر کچھ سند کے جو پہونچی ہو انکو اور کچھ نہین اونکے جی مین غرور ہی کہ کبھی نپہونچینگے اوس تک

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

سو تو پناہ مانگ اللہ کی بیشک وہ ہی سنتا دیکھتا + مو +

بلاشبہہ وہ لوگ کہ جھگڑا کرتے ہین خدا کی آیتون مین بغیر دلیل کے کہ آئی ہو اونکے پاس نہین ہی اونکے سینون مین مگر ارادہ غلبے کا کہ نہین ہین وہ پہونچنے والے اوسکو پس پناہ طلب کر خدا سے تحقیق خدا وہی ہی سننے والا دیکھنے والا + **تفسیر** کبر کے معنی ہین برائی ڈھونڈھنی اور اور وہ چاہنا ہی تقدم اور ریاست کا اور یہ کہ نہو کوئی بالاتر اونسے پس اسلیے عداوت رکھتے ہین وہ تجہسے اور دفع کرتے ہین تیری

آیتون کو بجون اسکے کہ بڑھ جاوے تو اونسے اور رہوین وہ زیر دست تیرے اور تابع تیرے امر و نہی کے اسلیے کہ نبوت کے زیر حکم تمام ملک و ریاست ہوتی ہی یا چاہنا اسکا ہی کہ ہو اونکے لیے نبوت نہ تجکو آزراہ حسد و سرکشی کے اور دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ یا مراد دفع کرنا آیات کا ہی ساتھ جدال کے نہین ہین وہ پہونچنے والے اوسکو یعنی موجب کبر او مقتضی اوسکے کو پس پناہ مانگ یعنی اونکے مکر سے کہ حسد کرین تجپر اور سرکشی کرین تجسے سننے والا ہی یعنی اون باتون کو کہ تو کہتا ہی او وہ کہتے ہین دیکھنے والا ہی یعنی اون اعمال کو کہ کرتا ہی تو اور کرتے ہین وہ پس وہ مدد کریگا تیری اونپر اور بچاویگا تجکو اونکے شر سے ✢ ف۱ نہین ہی اونکے سینون مین یعنی اونکے دلون مین اور مراد کبر سے عظمت اور سرداری یا غلبہ محمد پر ہی کہا ابن عباس نے نہین باعث ہوتی ہی اونکو تیری تکذیب پر مگر وہ چیز کہ اونکے سینون مین ہی قسم کبر و عظمت سے نہین ہین وہ پہونچنے والے اوسکو یعنی مقتضی اس تکبر کے کو اسلیے کہ اللہ تعالی نے ذلیل کیا ہی اونکو اور کہا اہل تفسیر نے کہ نزول اس آیت کا یہود کی شان مین ہی کہ رسول علیہ السلام سے اونھون نے کہا کہ صاحب ہمارا مسیح یعنی دجال اخیر زمانے مین خروج کریگا اور سلطنت اوسکی بر و بحر مین پہونچے گی اور بادشاہی ہماری طرف رجوع کریگی خدائے تعالی نے ساتھ اوتارنے اس آیت کے خبر دی کہ یہ اپنی مراد کو نہین پہونچین گے پس پناہ مانگ تو ساتھ اللہ کے فتنے دجال کے سے اور بعضون نے کہا کہ کفار کہتے تھے کہ قرآن کلام خدا کا نہین ہی اور بعث محال ہی اوسپر یہ آیت آئی ✢ معا بحر ✢

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

البتہ پیدا کرنا آسمانون کا اور زمین کا بڑا ہی لوگون کے بنانے سے لیکن بہت لوگ نہین سمجھتے ✢ مو ✢

البتہ پیدا کرنا آسمانون اور زمین کا بہت بڑا ہی پیدا کرنے آدمیون کے سے یعنی اعادہ اونکے سے واللہ اعلم ولیکن اکثر لوگ نہین جانتے ہین **تفسیر** ✢ یعنی دوسری بار پیدا ہونا محال جانتے ہین ✢ مو ہر گاہ کہ تھا جھگڑنا اونکا اللہ کی آیتون مین مشتمل اوپر انکار بعث کے بلکہ اصل جھگڑنا یہی تھا دلیل لائے گئے ساتھ پیدا کرنے آسمانون اور زمین کے اسلیے کہ وہ اسکے مقر تھے کہ اللہ پیدا کرنے والا آسمان و زمین کا ہی پس فرمایا کہ جو قادر آسمان و زمین کے پیدا کرنے پر ہی باوجود اس بڑاپے انکے کے وہ انسان کے پیدا کرنے پر کہ نہایت کم ہی اونسے قادر تر ہی ولیکن اکثر لوگ نہین جانتے اسلیے کہ نہین تامل کرتے ہین بسبب غلبے غفلت کے ✢ ف۱ مراد خلق الناس سے اعادہ بعد موت کے یعنی جلا اوٹھانا روز حشر کے ہی مراد یہ کہ جو اوپر پیدا کرنے آسمان و زمین کے باوجود اس عظمت انکی کے قادر ہی باوجودیکہ اول کچھ نتھا وہ اوپر پیدا کرنے اور جلا اوٹھانے مردون کے بوجہ احسن و سہل تر قادر ہوگا اکثر لوگ اسکو نہین جانتے ہین اور بعضون کے نزدیک مراد الناس اول سے دجال ہی اور الناس دوسرے سے یہود کہ درباب دجال کے جھگڑتے تھے اور اوسکو آیت اللہ اور عظیم الجثہ کہتے تھے یہ آیت آئی کہ وہ ایک ادنی معلومات خدائے تعالی کے سے ہی جو کہ خالق آسمانون اور زمین کا ہی اور جاننا چاہیے کہ دجال ایک بشر ہی بلند قد عظیم الجثہ دائین آنکھ سے کانا اور ظہور اوسکا ایک علامات قیامت سے ہی اور حدیث مین آیا ہی کہ دجال کے نکلنے سے تین برس پہلے لوگ قحط مین مبتلا ہونگے پہلے سال تہائی حصہ مینہ اور روئیدگی کم ہوگی اور دوسرے سال دو تہائی کم ہوگی اور تیسرے سال کچھ بھی مینہ نہین برسے گا اور کچھ بھی روئیدگی نہین اوگے گی اور تمام حیوانات و چارپائے ہلاک ہو جائینگے اوسوقت مین دجال ظاہر ہوگا اور سحر و تمویہ یعنی دھوکے کی چیزین اوسکے ساتھ ہونگی اور شیاطین اوسکے حکم مین ہونگے حتی کہ جب ایک شخص کو کہیگا کہ اگر تو چاہے تو تیرے ماں باپ کو مین زندہ کر دون اوسوقت مجبور ہو جائیگا تو اور اوسی وقت شیاطین اوسکے ماں باپ کی صورت بن جاوینگے اور اوسکو کہینگے ای فرزند تیرے متابعت اسکی کر کہ یہ پیدا کرنے والا تیرا ہی اس سبب سے بہت خلق متابعت اوسکی کر کر کافر ہو جائینگے مگر جنکو کہ اللہ بچاوے اور کہتے ہین بعضے علما کہ رہنے والے مسجدون کے اوسکے شر سے امن مین رہینگے اور تمام شہرون مین پھریگا مگر مکہ اور مدینہ کے کہ ملائکہ نگہبانی اونکی کرینگے

ف۱ قوله کبر ای تعظم و ہو متعلق بارادتهم من الریاسة او النبوة او دفع الآیات ۱۲ مل

ف۲ والمصدر موضع تعلیل یعنی عن التدبر لقرب الجوار ۱۲ معا

ف۳ یعنی بعد موت [illegible]

اوقاف

اور دجال کو وہان دخل نہین دینے دینگے اور اوسکے ساتھ ایک بہشت اور ایک دوزخ یا ایک پانی اور ایک آگ ہوگی جسکو وہ بہشت یا پانی لوگونکو دکھاویگا وہ حقیقت مین دوزخ یا آگ ہوگی اور جسکو وہ دوزخ یا آگ دکھاویگا وہ بہشت یا پانی شیرین ہوگا اگر کوئی مومن گرفتار اوسکا ہوگا تو جانیگا کہ وہ کافر ہے خدا نہین ہی اسلیے کہ خدا البشر کا سا جسم نہین رکھتا اور کانا نہین اور چاہیے کہ مومن آگ اوسکی اختیار کرے کہ وہ پانی شیرین ہوگا اور یہ بھی حدیث مین آیا ہی کہ دجال مشرق کی طرف سے خروج کر کر مدینے کی طرف متوجہ ہوگا اور کوہ اُحُد کے پیچھے اوترے گا ملائکہ اوسکو شام کی طرف متوجہ کر دینگے اور شام مین ہلاک ہوگا اور جب مومن تنگ ہونگے تو عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نزدیک منارہ بیضا کے جانب شرقی دمشق کے اوترینگے اور وہ کپڑے رنگین پہنے ہونگے اور دونون ہاتھ اپنے دو فرشتون کے اوپر رکھے ہونگے دم اونکا جس کافر کو پہونچیگا وہ مر جاویگا اور جسطرف کہ نظر اونکی پڑیگی جسکو دیکھینگے وہ مر جاویگا پھر دجال کی طلب مین روانہ ہونگے بیچ باب لد کے کہ ایک موضع ہی ولایت شام مین دجال کے پاس پہونچینگے اور اوسکو مارینگے اور لشکر دجال کا کہ اوسمین اکثر یہودی ہونگے تباہ ہوگا حدیث مین آیا ہی کہ دجال کے ساتھ ہونگے میری امت مین سے ستر ہزار کہ اونپر تاج ہونگے اور ایک روایت مین ہی کہ دجال کے ساتھ اوس روز ستر ہزار یہودی ہونگے سب صاحب تاج اور تلوار مُحلّٰی کے اور بعد قتل دجال کے یاجوج و ماجوج باہر نکلینگے اور عیسیٰ علیہ السلام مومنون کو کوہ طور پر لیجاوینگے اور وہان بچاؤ کرینگے اور رسول علیہ السلام نے فرمایا ہی ٹھہرنا دجال کا زمین مین چالیس برس ہوگا کہ برس مانند مہینے کے ہوگا اور مہینہ مانند جمعے یعنی ہفتے کے اور جمعہ مانند دن کے اور دن مانند پھر کنے ٹہنی کھجور کے آگ مین اور آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ اور فرمایا کہ جب تشہد یعنی التحیات پڑھے ایک تم میں تو چاہیے کہ پناہ مانگے شر فتنے مسیح دجال کے سے + **معالم** + **درمنثور** +

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص پڑھے دس آیتین آخر سورہ کہف سے یعنی وعرضنا جہنم سے آخر تک پس نکلے دجال تو نہ مسلط کیا جاویگا اوسپر اور فرمایا کہ جو کوئی یاد کرے دس آیتین اول سورہ کہف سے یعنی مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا تک بچایا جاویگا دجال کے فتنے سے اور فرمایا جو کوئی پڑھے تین آیتین اول کہف کی بچایا جاویگا فتنۂ دجال کے سے اور فرمایا کہ جو کوئی پاوے دجال کو پس چاہیے کہ پڑھے اوسپر اول آیتین سورہ کہف کی یعنی تین یا دس اسلیے کہ وہ آیتین نگہبان ہین تمہاری دجال کے فتنے سے + **مشکوۃ** +

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝

اور برابر نہین اندھا اور دیکھتا اور نہ ایماندار جو بھلے کام کرتے ہین اور نہ بدکار تم تھوڑا سوچ کرتے ہو + **موضح** +

اور برابر نہین ہین نابینا اور آنکھون والے اور برابر نہین ہین وہ لوگ کہ ایمان لائے ہین اور کام کیے ہین اچھے اور بدکار تھوڑی نصیحت پکڑتے ہو + **تفسیر** + نابینا اور بینا کو مثل لائے واسطے بدکار اور نیک کار کے + **کشاف** +

اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

تحقیق وہ گھڑی آتی ہی اوسمین دھوکا نہین لیکن بہت لوگ نہین مانتے + **موضح** +

بلاشبہہ قیامت آتی ہی نہین شک اوسمین ولیکن اکثر لوگ باور نہین رکھتے + **تفسیر** + یعنی ضرور ہی آنا قیامت کا کچھ شک نہین اوسمین اسلیے کہ ضرور ہی بدلا ملنا اعمال کا تاکہ نہو پیدا کرنا خلق کا واسطے فنا کے خاص کر + **مدارک** + اوپر ذکر تھا قیامت کے آنے کا

اب آگے ایسی چیز بیان فرماتے ہین کہ جو قیامت مین مفید ہو وہ توحید و عبادت رب کی ہی +

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝

اور کہتا ہی تمہارا رب مجکو پکارو کہ پہونچون تمہاری پکار کو بیشک جو لوگ بڑائی کرتے ہین میری بندگی سے اب پیٹھینگے دوزخ مین ذلیل ہوکر + **موضح** +

اور کہا پروردگار تمہارے نے دعا کرو میری جناب مین تو قبول کرون مین دعا تمہاری بلاشبہہ جو لوگ کہ تکبر کرتے ہین میری عبادت سے

داخل ہونگے دوزخ مین خوار ہوکر ✦ **تفسیر** ✦ بندگی کی شرط ہی اپنے رب سے مانگنا نہ مانگنا غرور ہی اگر دنیا نہ مانگے مغفرت ہی مانگے اور اس سے معلوم ہوا کہ اللہ پکار کو پہونچتا ہی یہ برحق بات ہی مگر یہ نہین کہ ہر بندے کی ہر دعا قبول کرے اوسکی مرضی موافق مالک ہی اپنی خوشی کرتا ہی ✦ **موضح** ✦ اُدْعُوْنِیْ کے معنی ہین اعبدونی یعنی عبادت کرو میری اور اَسْتَجِبْ لَکُمْ کے معنی ہین اثبکم یعنی بدلا دونگا تمکو اور دعا بمعنی عبادت کے بہت آئی ہی قرآن مین اور دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ اور حسن بصری سے منقول ہی اس حال مین کہ پوچھے گئے اونسے معنی اس آیت کے کہ عمل کرو اور خوشوقت ہو واسلیے کہ حق ہی اللہ پر یہ کہ قبول کرے واسطے ان لوگون کے کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے اور زیادہ دیگا اونکو فضل اپنے سے اور ثوری سے منقول ہی کہ اونسے کسینے کہا دعا کر اللہ سے پس کہا اونھون نے کہ ترک کرنا گناہون کا ہی دعا ہی اور حدیث مین آیا ہی اِذَا شَغَلَ عَبْدِیْ طَاعَتِیْ عَنِ الدُّعَاءِ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِیَ السَّآئِلِیْنَ ✦ یعنی جب باز رکھے میرے بندے کو طاعت میری دعا سے دیتا ہون مین اوسکو افضل اوس چیز سے کہ دیتا ہون مین مانگنے والونکو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّعَآءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ یعنی دعا وہی عبادت ہی اور پڑھی یہی آیت یعنی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اور جائز ہی یہ کہ ہو دعا اور استجابت اپنے ظاہر معنی پر یعنی مانگو مجھسے قبول کرونگا مین دعا تمھاری اور مراد ہو عبادتی سے یعنی اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ مِنْ دُعَآئِیْ یعنی جو لوگ کہ تکبر کرتے ہین میری دعا سے داخل ہونگے دوزخ مین ذلیل ہوکر اسلیے کہ دعا ایک قسم ہی عبادت کی بلکہ افضل اقسام اوسکے سے ہی تصدیق کرتا ہی اسکو قول ابن عباسؓ کا اَفْضَلُ الْعِبَادَۃِ الدُّعَآءُ یعنی افضل اقسام عبادت کی دعا ہی اور کعبؓ سے منقول ہی کہ دین اللہ نے اس امت کو تین چیزین کہ نہین دین وہ چیزین مگر نبی مرسل کو فرماتا تھا اللہ تعالی ہر نبی کو اَنْتَ شَاھِدِیْ عَلٰی خَلْقِیْ یعنی تو گواہ میرا ہی میری مخلوق پر اور فرمایا اس امت کے لیے لِتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ یعنی تو کہ ہو تم گواہ لوگون پر ✦ اور فرماتا تھا نبی کو مَا عَلَیْکَ مِنْ حَرَجٍ یعنی نہین ہی تجھپر تنگی اور فرمایا ہمارے لیے مَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیَجْعَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ حَرَجٍ یعنی نہین چاہتا اللہ تو کہ کرے تمپر کچھہ بھی تنگی اور فرماتا تھا نبی کو اُدْعُنِیْ اَسْتَجِبْ لَکَ یعنی دعا کر مجھسے قبول کرونگا تیرے لیے اور فرمایا ہمارے لیے اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ یعنی دعا کرو مجھسے تو کہ قبول کرون مین تمھارے لیے اور ابن عباسؓ سے منقول ہی معنی اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ کے وَحِّدُوْنِیْ اَغْفِرْ لَکُمْ یعنی قائل ہو میری توحید کے تو کہ بخشون مین تمکو ✦ **کشاف** ✦ **معالم** ✦ نعمان بن بشیر سے روایت ہی کہ کہا وعظ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے مین پس فرمایا کہ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دَاخِرِیْنَ ۝ آیا جانتے ہو تم کہ کیا ہی عبادت اسکی کہا ہمنے اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین فرمایا ھُوَ الْاِخْلَاصُ لِلّٰہِ مِمَّا سِوَاہُ یعنی وہ خالص کرنا اللہ کا ہی اوس چیز سے کہ سوا اوسکے ہی یعنی اوسکی عبادت مین کسیکو شریک نکرے اور جیسا اوسکو جانے ویسا کسیکو نہ جانے اور فرمایا آنحضرت نے کہ بلاشبہ اللہ دوست رکھتا ہی الحاح کرنے والون کو یعنی گڑگڑانے والونکو دعا مین اور انس بن مالکؓ سے ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالی ای بیٹے آدم کے تحقیق تو جب تک کہ مانگیگا مجھسے یعنی بخشش گناہون کی اور امید رکھیگا تو مجھسے بخشونگا مین تجکو کسی عمل پر ہو تو اور نہین پروا رکھتا مین یعنی تیرا بخشنا کچھہ بڑی چیز نہین میرے نزدیک اگرچہ بڑا گنہگار ہو تو ای بیٹے آدم کے اگر پہونچین گناہ تیرے بلندی آسمان تک پھر بخشش مانگے تو مجھسے بخشون مین تجکو اور نہین پروا رکھتا مین ای بیٹے آدم کے تحقیق تو اگر ملے مجھسے ساتھہ بھری زمین کے خطاؤن سے پھر ملے مجھسے کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھہ میرے کسیکو البتہ آؤن مین تیرے پاس ساتھہ بھری ہوئی زمین کی ازروے بخشش کے اور پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ کونسی عبادت افضل ہی فرمایا دعا کرنی آدمی کی واسطے نفس اپنے کے اور روایت کی حکیم ترمذی نے نوادر الاصول مین کعبؓ سے کہ کہا فرمایا اللہ تعالی نے واسطے موسیٰ کے کہ کہہ مومنون سے کہ نہ جلدی کرین مجھسے یعنی مطلب ملنے مین جبکہ

دعا کرین مجھسے اور بخیل نہ جانین مجکو یعنی مطلب دینے مین کیا نہین جانتے ہین یہ کہ مین دشمن رکھتا ہون بخیل کو پس کیونکر ہونگا مین بخیل
ای موسی نہ ڈر رکھ مجھسے بخل کا اسمین کہ مانگے تو مجھسے بڑی چیز اور نہ دیاکر تو اسمین کہ مانگے تو مجھسے چھوٹی چیز مانگ مجھسے چاندی اور مانگ تو مجھسے
گھانس اپنی بکری کے لیے ای موسی کیا نہین جانتا ہی تو کہ میشنے پیدا کی ہر رائی او جو کچھ کہ زیادہ ہی اوس سے اور میشنے نہین پیدا کی کوئی
چیز مگر حال اونکہ جانتا ہون مین کہ خلق محتاج ہین طرف اوسکے پس جسنے مانگی مجھسے کوئی دعا حال اونکہ وہ جانتا ہی کہ مین قادر ہون دیتا ہون مین
اوسکو اور نہین بھی دیتا ہون اسکو دیتا نہین اسکو سوال ہوکا ساتھہ مغفرت کے پس اگر حمد کی میری جسوقت کہ دیتا ہون مین اور جسوقت کہ نہین دیتا ہون
اوسکو رکھونگا مین اوسکو تعریف کرنے والون کے گھر مین یعنی جنت مین جو اونکے لیے طیار رکھا ہی اور جس بندے نے کہ نہ مانگی مجھسے ایک چیز
پھر دی مینے اوسکو ہوگی دشواری اوسپر نزدیک حساب کے پھر جسوقت کہ دی مینے اوسکو اور نہ شکر کیا میرا عذاب کرونگا اوسکو وقت
حساب کے اور عروہ بیٹے زبیر کے کہتے ہین کہ بلاشبہ مین البتہ مانگتا ہون اللہ سے حاجتین اپنی نماز اپنی مین یہانتک کہ مانگتا ہون مین
اوس سے نمک اپنے اہل کے لیے محمد بن منکدر دعا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ قَوِّ ذَكَرِي فَإِنَّ فِيهِ مَنْفَعَةً لِأَهْلِي یعنی یا اللہ قوی کر ذکر میرا
کہ خوب قوت سے تجکو یاد کرتا رہون اسلیے کہ اسمین منفعت ہی میرے اہل کے لیے کہ وہ بھی میری دیکھا دیکھی تجکو یاد کرینگے ثابت بنانی سے
منقول ہی کہ کہا عبادت کی ایک شخص نے ستر برس پس کہتا تھا اپنی دعا مین رَبِّ اجْزِنِي بِعَمَلِي یعنی ای رب میرے جزا دے مجکو بدلے عمل
میرے کے پس مر او پھر داخل کیا گیا بہشت مین پس ٹھہرا اوسمین ستر برس پس جب پورے ہوئے ستر برس کہا گیا اوسکو کہ نکل تو پس تحقیق
بھرپور پائی تونے جزا اپنے عمل کی پس سوچا کہ کس چیز پر بہت اعتماد کرتا تھا مین بیچ دنیا کے اپنے دل مین پس نہ پائی کوئی چیز مضبوط تر اپنے
دل مین اللہ کی دعا سے اور رغبت کرنے سے اوسکی طرف پس متوجہ ہوکر کہنے لگا اپنی دعا مین کہ ای رب میرے سنا تھا مینے تجکو اس حال مین کہ
مین دنیا مین تھا کہ تو درگذر کرتا ہی تقصیرون سے پس درگذر فرما آج کے دن میری تقصیر سے پس چھوڑ گیا جنت مین + درمنثور +
فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہ کھولا جاوے واسطے اوسکے دروازہ بیچ دعا کے تم مین سے کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے
قبولیت کے یعنی توفیق دعا کی علامت قبولیت کی ہی اور اور روایت مین آیا ہی کہ کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے بہشت کے +
ف اس روایت مین ہی دروازے قبولیت کے دروازے بہشت کے لکھے ہین اور ذکر کرنے روایتون مختلف مین اشارہ لطیف اسپر ہی کہ
دعا بہر حال خالی فائدے سے نہین یا سبب قبولیت کی ہوتی ہی مراد بر آتی ہی یا اگر بمصلحت وقت حصول مقصود مین توقف ہوتا ہی تو جزا اوسکے
ہاتھ سے نہین جاتی بلکہ سبب کھلنے دروازون جنت کی ہوتی ہی کہ آخرت مین ذخیرہ رہتی ہی اور آخرت بہتر ہی دنیا سے کہ آیا ہی وَالْآخِرَةُ
خَيْرٌ وَّأَبْقٰى اسی لیے آیا ہی کہ بعضے آدمی کہ جنکی دعا تاخیر کی ہی دنیا مین جب دیکھینگے اوس نعمت کو کہ ذخیرہ کی گئی ہی کہینگے کاشکے
کوئی دعا ہماری دنیا مین نہ قبول ہوتی تو آخرت مین پورا ذخیرہ ثواب کا پاتے + ۶ + اور اور روایت مین ہی کہ کھولے جاتے ہین اوسکے
لیے دروازے رحمت کے اور نہین مانگی جاتی اللہ تعالی سے کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکے اس سے کہ مانگی جاوے عافیت +
ف مراد عافیت سے یہ ہی کہ سلامتی ہو سب آفتون اور بیماریون اور بلاؤن ظاہری اور باطنی کے سے بیچ دنیا مین + فخر +
اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین پھیرتی تقدیر معلق کو کوئی چیز مگر دعا اور نہین زیادتی کرتی عمر مین کوئی چیز مگر بر یعنی نیکی +
ف مراد تقدیر سے یہان بری چیز ہی کہ جسکے اوترنے کو آدمی برا جانتا ہی پس جب توفیق دیا گیا دعا کی تو اللہ تعالی دور کر دیتا ہی
اوسکو یا آسان کر دیتا ہی پس بمنزلہ دور ہونے کے ہوتی ہی اور بر سے مراد طاعت ہی کہ سب عبادتون کو شامل ہی اور معنی حدیث دو مین ایک یہ
تو یہ کہ جب نیکی کی عمر اوسکی ضائع نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسرے یہ کہ زیادتی عمر مین حقیقۃ ہوتی ہی فرمایا اللہ تعالی نے
يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ یعنی مٹاتا ہی اور ثابت کرتا ہی اللہ تعالی رزق و اجل سے جو کچھ چاہتا ہی اور صورت کمی زیادتی کی

علی الخصوص رکوع ہوسکے دل مین یاد کرے شخص منتظر نماز مین ہی گویا وہ نماز ہی مین ہی جیسے کہ حدیث مین وارد ہی یا بعد سلام نماز یا بعد سلام کے دعا مانگی ہوسکے ۱۲ منہ عفی عنہ

کشاف مین یہ لکھی ہی کہ لوح محفوظ مین لکھا جاتا ہی کہ فلانا شخص اگر حج کریگا تو عمر اوسکی چالیس برس کی ہوگی اور اگر جہاد بھی کریگا تو ساٹھ برس کی پس اگر دونون کیے عمر ساٹھ برس کی ہوئی یہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا چالیس برس کی ہوئی یہ کمی ہوئی + ع + اور فرمایا آنحضرت صلعم نے نہین فائدہ کرتا ڈرنا تقدیر سے یعنی ڈرنا اوترنے بلا کو کہ مقدر ہی دفع نہین کرتا اور دعا نفع کرتی ہی اوس بلا سے کہ اوتری یعنی دفع ہوجاتی ہی یا صبر آجاتا ہی اور اوس بلا سے کہ نہین اوتری یعنی ارادہ اوترنے کا رکھتی ہی اوسکو بھی دعا رد کرتی ہی یا آسان کردیتی ہی اور تحقیق بلا البتہ ارادہ اوترنے کا کرتی ہی ملتی ہی اوس سے دعا پس لڑتی ہین دونون دن قیامت تلک یعنی کشتی کرتی ہین یعنی دعا بلا کو نہین اوترنے دیتی پس دعا سبب رد بلا کی ہوتی ہی اور بچاتی ہی جیسے سپر تیر کو روکتی ہی اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی کوئی چیز بزرگ قدر نزدیک اللہ تعالی کے دعا سے یعنی عبادتون قولی مین پس نماز و روزہ افضل ہا اسیٰ اور فرمایا جو کوئی نہ مانگے اللہ تعالی سے یعنی ساتھ زبان حال کے یا قال کے از راہ بے پروائی کے تو غصے ہوتا ہی اللہ اوسپر یعنی غصے اسلیے ہوتا ہی کہ دعا محبوب چیز ہی اللہ تعالی کی پس جسنے دعا نکی از راہ تکبر کے متکبرون مین گنا گیا ۱۲ اور اور روایت مین آیا ہی کہ جو کوئی نہ دعا کرے اللہ تعالی سے غصے ہوتا ہی وہ اوسپر ۱۲ اور فرمایا نہ تھکو یعنی کاہلی اور قصور نکرو دعا مین اسلیے کہ تحقیق ہرگز نہین ہلاک ہوتا ساتھ دعا کے کوئی ۱۲ اور فرمایا جسکو خوش لگے یہ کہ قبول کرے اللہ تعالی دعا اوسکی وقت سختیون اور غمون کے پس چاہیے کہ بہت کرے دعا فراخی دھین کی حالت مین **ف** اسلیے کہ مومن کی شان سے یہ ہی کہ اللہ تعالی سے التجا کرے پہلے اضطراب کے بخلاف کفار فجار کے کہ جب اونکو سختی اور غم پہونچتا ہی تو دعا کرتے ہین اور فراخی مین اسراف کرتے ہین اور دعا چھوڑ دیتے ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝ یعنی جب انعام کرتے ہین ہم آدمی پر مونہہ پھیر لیتا ہی اور دور کرلیتا ہی گردن اپنی اور جب پہونچتی ہی اوسکو برائی پس صاحب دعا چوڑی کا ہوتا ہی یعنی بہت دعا کرتا ہی ۱۲ ع + اور فرمایا دعا ہتیار مومن کا ہی یعنی دور کرتا ہی اوس سے بلا اپنے سے اور غیر سے اور ستون دین کا ہی اور روشنی آسمانون کی اور زمین کی یعنی اوس سے تاریکیان ظاہر و باطن آسمان زمین والون کی جاتی ہین ۱۲ اور گذرے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم پر کہ گرفتار تھی کسی بلا مین پس فرمایا کیا نہین تھے یہ یعنی حالت چین مین کہ مانگتے خدا سے عافیت دائم + **ف** + اسمین اشارہ ہی اسپر کہ جسنے لازم کیا دعا کو چین مین محفوظ رہا بلا سے اور جسنے ترک کی دعا اور غافل ہوا تضرع رب العالمین کے سے ہوتی ہی بلا سزا اوسکی ۱۲ ع + **فرد** ہر کہ فریاد رس روز مصیبت خواہد + گو در ایام سلامت بجوانمردی کوش ۱۲ اور فرمایا نہین کوئی مسلمان کہ قائم کرے مونہہ اپنا واسطے خدا تعالی کے دعا مین مگر دیتا ہی اوسکو مدعا سوال اوسکا یا یہ کہ جلدی دیتا ہی سوال اوسکو یعنی دنیا مین اور یا یہ کہ ذخیرہ کرتا ہی اوسکو اوسکے لیے + **ف** یعنی آخرت مین بہت سا ثواب دیگا یا بخشیگا کچھ گناہ اوسکے غرض کہ اللہ تعالی ضائع نہین کرتا اجر نیکوکار کا پس تاخیر کی صورت مین طالب کو دعا کا چھوڑنا نچاہیے اسلیے کہ کلام اللہ مین آیا ہی عَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ یعنی بعضی چیز تم مکروہ رکھتے ہو اور واقع مین وہ تمہارے لیے بہتر ہوتی ہی اور بعضی چیز تم دوست رکھتے ہو اور وہ بری ہوتی ہی تمہارے لیے اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتے پس آدمی بھلائی برائی اپنی نہین جانتا سوا اللہ تعالی کے پس لازم ہی بندے کو کہ قائم ہووے حق بندگی مین اور سونپے اوسکو امر ربوبیت کا یہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ دعا بندے کی قبول ہی ہوتی ہی چنانچہ حاکم نے روایت کی ہی ایک حدیث کہ بلاویگا اللہ تعالی ایک مومن کو قیامت مین اور سامنے کھڑا کرکے پوچھیگا ای بندے میرے حکم کیا تھا مینے تجھکو کہ دعا کرے تو مجھسے اور مینے وعدہ کیا تھا کہ قبول کرونگا پس آیا تو نے دعا کی تھی کہیگا ہان ای رب میرے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ تحقیق نہین کی تو نے کوئی دعا مگر کہ قبول کی مینے تیرے لیے کیا فلانے دن نہین دعا کی تھی تو نے کہ دور کردون غم تیرا کہ اوترا تھا

پس دیر کر دیا مین نے تجھسے پس عرض کریگا سچ ہی رب میرے پس فرماویگا وہ تو جلدی قبول کی مین نے دعا تیری دنیا مین اسی طرح فلانے فلانے
روز پھر دعا کی تھی تو نے غم سے اور تر نے یہ کہ دور کرون اوسکو پس نہ دیکھا تو نے دور ہونا اوس غم کا عرض کریگا ہان ای رب میرے پس فرماویگا
ذخیرہ رکھین ہین مین نے تیرے لیے جنت مین بدلے اوسکے ایسی ایسی چیزین اسی طرح اور حاجت کو پوچھ کر فرماویگا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے پس مومن نے نہین کی ہوگی کوئی دعا مگر کہ اللہ تعالی بیان فرماویگا تعجیل اوسکی یا ذخیرہ کرنا اوسکا پس کہیگا مومن اوس وقت کاش کے کوئی دعا
میری دنیا مین تعجیل کرتی یہ اختصار ہی حدیث بڑی کا ذکر کی یہ ملا علی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح حصن حصین مین اور شیخ فخر الدین رحمۃ اللہ علیہ نے
لکھا ہی کہ دعا بندے مسلمان کی البتہ مقبول ہی دنیا مین نزدیک پروردگار کے لیکن بنا بر مصلحت کے کبھی دیتا ہی دنیا مین اور کبھی ذخیرہ کرتا ہی آخرت کے
لیے حاصل یہ کہ دعا بندگی ہی کہ وقت اوترنے بلا کے یا نزدیک خوف اوترنے اوسکے سے کہ بندہ ساتھ اوسکے حکم کیا گیا ہی جیسے کہ ساتھ نماز و روزے کے
حکم کیا گیا ہی جب آوے وقت ✚ نظم ✚ ما ز دعا نبود مراد عاشقان ✚ جز سخن گفتن بآن شیرین دہان ✚ ای اخی دست از دعا کردن مدار
با قبول و با رد او ترا چہ کار ✚ گر اجابت کرد شان فہو المراد ✚ ورنہ باو دیدار نقد آید شاد ✚ ورکند رد لذت آن بیشتر ✚ پھر تقریب سخن
بار دیگر ✚ تمام ہوئے فضائل دعا کے اب کچھ آداب دعا کے سننے چاہییں ✚ بعضے آداب رکن ہین اور بعضے شرط اور بعضے سواے ان دونون قسمون کے
ہین قسم مامورات یعنی مستحبات اور چیزون منع کی گئین سے یعنی مکروہات اور سواے انکے یعنی اوس قسم سے کہ کرنا اوسکا بہتر ہو ترک اوسکے سے
پس آداب دعا کے یہ ہین بچنا حرام سے کھانے پینے مین اور لباس مین اور کسب کرنے مین یہ آداب شرائط دعا کے ہین کہ بغیر انکے دعا نہین
قبول ہوتی چنانچہ حدیث مین آیا ہی کہ پرہیز کرو حرام سے پس جس پیٹ مین کہ لقمہ حرام کا ہوگا قبول نہین ہوگی دعا اوسکی چالیس دن تک اور
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا بیچ ضمن حدیث طویل کے کہ پھر ذکر کیا آنحضرت صلعم نے ایک شخص کا یعنی ایک حاجی کا کہ طویل کرتا ہی سفر اس حال مین کہ
پراگندہ بال غبار آلودہ ہی پھیلاتا ہی دونون ہاتھ اپنے طرف آسمان کے کہتا ہوا یا رب یا رب حال انکہ کھانا اوسکا کسب حرام سے ہی اور پینا
اوسکا کسب حرام سے ہی اور پہننا اوسکا کسب حرام سے ہی اور اول پرورش پائی ہی ساتھ حرام کے پس کہان سے قبول کیجاوے دعا واسطے ایسے شخص کے اور ادب
دعا کا ہی خالص کر کر دعا کرنی واسطے اللہ تعالی کے یعنی اور کسیکو دعا کرنے مین اسکا شریک نکرے اور ریا نکرے یہ رکن دعا کا ہی فرمایا
اللہ تعالی نے فَاِذَا رَکِبُوْا فِی الْفُلْکِ دَعَوُا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ یعنی جب سوار ہوتے ہین کشتی مین دعا کرتے ہین
اللہ تعالی سے در حالیکہ خالص کرنے والے ہوتے ہین اسکے لیے دین کو یعنی دعا کو اور اور آداب قسم مستحبات وغیرہ سے یہ ہین پہلے کرنا عمل
اچھے کا یعنی دعا کے پہلے کچھ نیک کام کرے مثل نماز و صدقہ وغیرہ کے اور یاد کرنا عمل اچھے کا نزدیک سختی کے یعنی کچھ نیکی اپنی یاد کر کر دعا کرے
جیسے کہ قصہ غار والون کا مشہور ہی اور وضو کرنا اور منہ کرنا قبلے کی طرف اور نماز پڑھنی یعنی مابعد نماز کے کرے کہ نماز پہلے پڑھنی تعجیل تقدیم
عمل صالح کے سے ہی اور دو زانو بیٹھنا اور تعریف کرنی خدا تعالی کی اول اور آخر دعا کے اور درود بھیجنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اول و آخر دعا کے
اور کھولنا دونون ہاتون کا یعنی دعا کرنے مین ہاتھ بند نرکھے اور اوٹھانا دونون ہاتون کا طرف آسمان کے اور یہ کہ ہووے اوٹھانا ہاتون کا
برابر مونڈھون کے اور اوٹھانا ہاتون کا برابر سینے کے بھی حضرت سے ثابت ہوا ہی اور مستحب ہی کہ مبالغہ کرے ہاتھ اوٹھانے مین جہان مشکل پیش آوے اور مطلق ہاتھ اوٹھانا مستحب نہین
ہی اسلیے کہ نہین مستحب ہی مگر بیچ اون چیزون کے کہ وارد ہوئی ہی ساتھ اوسکے سنت پیغمبر کی پس نہین مستحب ہی اوٹھانا ہاتون کا بیچ مثل حالت طواف کے اور کھولنا دونون
ہاتون کا یعنی آستین وغیرہ سے اور آداب پکڑنا یعنی اچھے اخلاق پیدا کرے مانند سچ بولنے کے اور امانت و سخاوت کے اور سواے انکے ظاہر و باطن قولا و فعلا با ادب
کرے اگرچہ بتکلف ہو اور خشوع یعنی فروتنی کرنی دل سے مراد خشوع سے سکون باطن کا ہی کہ وہ لازم کرتا ہی سکون ظاہر کو اور ظاہر کرنا مسکینی اور ذلت کا ساتھ
فروتنی تمام اعضا کے اور نہ اوٹھاوے دعا کرنے والا آنکھ اپنی آسمان کی طرف اور یہ کہ دعا کرے اللہ تعالی سے ساتھ وسیلے نامون اوسکے کے
اور صفتون اوسکی کے اور یہ کہ پرہیز کرے قافیہ بندی سے اور تکلف کرنے اوسکے سے یعنی تکلف کر کر قافیہ بندی کرنی منع ہی کہ حضور قلب سے

بازرکھتی ہی اور اگر از خود بمقتضاے طبیعت شگفتہ کے قافیہ سجع ظاہر ہو تو مضایقہ نہین بلکہ خوب ہی جیسے دعاے سرور عالم مین اللّٰھم انی
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لَّا یُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ اور یہ کہ نہ تکلف کرے گانے کا ساتھ
خوش آوازی کے یعنی بطور موسیقی کے اور یہ کہ وسیلہ پکڑے طرف اللہ تعالی کے ساتھ نبیون علیہ السلام کے اور وسیلہ پکڑے ساتھ نیکون کے
یعنی سوائے انبیا کے صدیقون کا اور علما کا اور شہدا کا اور پست کرنا آواز کا یہ کمال ادب ہی کہ مولی کے آگے آہستہ کلام کرے وہ جانتا ہی
جیسکی پکار کی بات کو آیت اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً اسی مضمون پر دلالت کرتی ہی یعنی دعا کرو اپنے رب سے گڑگڑا کر اور چپکے اور بعضے
سلف سے منقول ہی کہ چپکے دعا کرنی ستر درجہ فضیلت رکھتی ہی پکار کر دعا کرنے پر اور اقرار کرنا ساتھ گناہ کے اور اختیار کرنا دعاؤن صحیحہ کا کہ جو نقل کی گئی ہین
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس لیے کہ نہین چھوڑی ہی اونھون نے حاجت اپنی غیر کی طرف یعنی اولی یہ ہی کہ وہ دعائین پڑھے جو سرور عالم
سے ثابت ہوئی ہین ہر حال مین اور اختیار کرنا جامع دعاؤن کا یعنی وہ دعائین اختیار کرے کہ جامع ہون یعنی لفظ تھوڑے ہون اور معنی بہت
شامل ہون مطالب دین و دنیا کو مثل ربنا اتنا آخر آیت تک کے اور یہ کہ شروع کرے ساتھ نفس اپنے کے یعنی اول اپنے لیے دعا کرے پھر جسکے لیے چاہے
کرے اور یہ کہ دعا کرے واسطے مان باپ اپنے کے اور اپنے مومن بھائیون کے لیے اور یہ کہ نہ خاص کرے نفس اپنے کو ساتھ دعا کے اگر ہووے
امام یہ ادب منہیات کی قسم سے ہی اور معنی یہ ہین کہ اگر امام ہو لوگون کا دعا مین مثل قنوت وغیرہا کے کہ امام دعا کرے اور مقتدی آمین
کہتے رہین جیسے کہ مذہب شافعی مین ہی تو اس صورت مین اگر خاص اپنے ہی لیے دعا کرے تو خیانت ہی لیکن جب سجدے مین یا تشہد وغیرہ مین امام
اپنے لیے دعا کرے تو خیانت نہین ہی اسلیے کہ ثابت ہوئی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اگر امام نے اپنے لیے بھی دعا کی اور پیچھے
مقتدیون کو بھی شریک کر لیا تو خاص کرنا اپنے نفس کا نہو گا لیکن اگر نری اپنے ہی لیے دعا کرتا رہے اتنے دعا مین تو البتہ تخصیص ہوئی
یہ منع ہی اور ادب یہ ہی کہ سوال کرے ساتھ قصد کے یعنی مثلا کہے اِغْفِرْ لِیْ وَاَعْطِنِیْ كَذَا اور یہ نہ کہے کہ اگر چاہے تو دے اور
چاہے نہ دے اور یہ کہ دعا کرے ساتھ رغبت کے یعنی نہایت خواہش سے کرے نہ بے پروائی سے اور یہ کہ نکالے دعا اپنے دل سے ساتھ کوشش
اور کوشش کے اور یہ کہ حاضر کرے اپنے دل کو اور اچھی رکھے امید اپنی **ف** لفظ حدیث کے جس سے یہ مطلب نکالا ہی یہ ہین اُدْعُوا اللّٰهَ
وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَجِیْبُ دُعَاءً مِّنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ یعنی دعا کرو اللہ سے یقین کر کے ساتھ
قبولیت کے اسلیے کہ اللہ تعالی نہین قبول کرتا دعا کو دل غافل کھیلنے والے سے اور قبولیت دعا مین نظر اپنے گناہون پر نکرے بلکہ نظر کرے
اوپر کرم و رحمت پروردگار اپنے کے شیطان نے زندگی اپنی قیامت تک مانگی قبول فرمائی ہمکو کیونکر محروم کریگا ۶ اور یہ کہ مکرر کرے
دعا کو یعنی ایک مجلس مین یا کئی مجلسون مین اور ادنی تکرار کا تین بار کہنا ہی چنانچہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
دوست رکھتے تھے کہ اقل دعا کا تین بار ہو اور اوسط پانچ بار اور اکمل سات بار اور یہ کہ مبالغہ کرے دعا مین یعنی مداومت کرے
اوسپر اور ایک دو بار پر اکتفا نکرے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُلِحِّیْنَ فِی الدُّعَاءِ یعنی اللہ تعالی
دوست رکھتا ہی مبالغہ کرنے والون کو دعا مین اور یہ کہ نہ دعا کرے ساتھ گناہ کے یعنی ساتھ ایسی چیز کے کہ اوسکے سبب سے گناہ مین پڑے
جیسے کہ دعا کرے یا اللہ مجھے روپیے دے کہ ناچ رنگ مین خرچ کرون اور مانند اسکے ایسی دعا کرے کہ کمال بے ادبی ہی اور یہ کہ نہ دعا
کرے ساتھ کاٹنے ناتے کے کہ فلانے ناتے دار سے مجھسے جدائی ہو جاوے اور مین سلوک نکرون اوس سے اور یہ کہ نہ دعا کرے ساتھ اوس کام کے
کہ فراغت کی گئی اوس سے یعنی مثلا لنبے قد والا دعا کرے کہ ٹھگنا ہو جاؤن اور سوا اسکے بہت چیزین ہین اور یہ کہ نہ تجاوز کرے حد سے دعا مین
ساتھ اسطرح کے کہ دعا کرے ساتھ محال کے یعنی مانند طلب نبوت کے یا ساتھ اوس چیز کے کہ بیچ معنی محال کے ہو یعنی مثلا نہ دعا کرے
آسمان کے اوتر پڑنے کی اور زمین پر چڑھ جانے کی اور حیات ابدی مانگنے اور جوانی پھر آنے کی دعا کرنی بھی قبیل محال اور مانع ہونا کے سے ہی

اسلیے کہ تغیر ہونا ہر امر مقدر کا محال ہی اور یہ کہ نہ تنگ کرے رحمت خدا کو یعنی یون نہ کہے اے اللہ مجکو بخش میرے سوا کسیکو نہ بخش اس کہنے مین اللہ کی رحمت مین تنگی کرنی ہوتی ہی اور یہ کہ مانگے خدا سے سب حاجتین اپنی حدیث شریف مین آیا ہی کہ مانگے ایک تم مین سے اپنے پروردگار سے تمام حاجتین اپنی یہان تک کہ مانگے اوس سے تسمہ جوتی اپنی کا جو ٹوٹ جاوے اور نمک ہانڈی کا جو احتیاج ہووے اوسکی اور آمین کہنی دعا کرنے والے کی اور سننے والے کی یعنی پیچھے فارغ ہونے کے چنانچہ حدیث روایت کی گئی ہی کہ نہین جمع ہوتی ایک جماعت کہ بعضے دعا کرین اور بعضے آمین کہین مگر کہ قبول کرتا ہی اللہ تعالی دعا اونکی اور ملنا مونہہ اپنے کا ساتھ دونون ہاتھون اپنے کے یعنی نہ ساتھ ایک ہاتھ کے مانند متکبرون کے پیچھے فراغت پانے کے دعا سے اور یہ کہ نہ جلدی کرے ساتھ اس طرح کے کہ دیر جانے قبولیت کو یا نہ کہے کہ دعا کی مینے پس نہ قبول کی گئی میرے لیے یہ تمام مضامین حصن حصین اور شروح اوسکے سے اور مشکوۃ سے لکھے گئے اب ایک **فائدۂ نافعہ** متعلق دعا کے اور سنا چاہیے روئی غفلت کی کانون سے نکال کر کہ ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ سے لوگون نے پوچھا کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اور ہم اوس سے دعا کرتے ہین اور دعا ہماری نہین قبول کیجاتی ہی کہا اونھون نے کہ اسلیے نہین قبول ہوتی کہ تمھارے دل مرگئے ہین دس چیزون سے۔ اول تو یہ کہ پہچانا تمنے اللہ کو پھر نہین ادا کرتے ہو تم حق اوسکا اور پڑھی تمنے کتاب اللہ کی اور نہین عمل کرتے تم اوسپر اور دعوی کرتے ہو تم شیطان کی دشمنی کا اور محبت رکھتے ہو تم اوس سے اور دعوی کرتے ہو تم آگ سے ڈرنے کا اور نہین باز رہتے تم گناہون سے اور دعوی کرتے ہو تم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا اور چھوڑ دیا ہی تمنے اونکی سنت کی پیروی کو اور دعوی کرتے ہو تم بہشت کی محبت کا اور نہین عمل کرتے تم اوسکے لیے اور دعوی کرتے ہو تم یہ کہ موت حق ہی اور نہین سامان طیار کرتے تم اوسکے لیے اور مشغول ہو تم غیرون کی عیب گیری مین اور چھوڑ دیا ہی تمنے لحاظ کرنا اپنے نفسون کے عیبون کا اور کھاتے ہو تم رزق اللہ کا اور نہین شکر کرتے تم اللہ کا اور دفن کرتے ہو اپنے مُردون کو اور عبرت نہین پکڑتے اوسمین۔ **منبہات**۔ اوپر بیان تھا عبادت اور توحید دعا کا اب آگے اپنی صفتین بیان کرنی شروع کین تو استحقاق عبادت وغیرہ کا خوب واضح ہو۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ

اللہ ہی جسنے بنادی تمکو رات کہ اوسمین چین پکڑو اور دن دیا دکھاتا اللہ تو فضل رکھتا ہی لوگون پر لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝

بہت لوگ حق نہین مانتے۔ ع

خدا وہ ہی کہ پیدا کیا تمھارے لیے رات کو تو آرام پکڑو اوسمین اور پیدا کیا روز کو ایسی طرح کہ اوسمین دیکھنا ایک کا دوسرے کو ہو تحقیق خدا صاحب فضل کا ہی اوپر لوگون کے ولیکن اکثر لوگ نہین شکر کرتے۔ **تفسیر**۔ روایت کی ابن مردویہ نے عبداللہ بن مُغفّل سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ عیسی بیٹے مریم علیہما الصلوۃ والسلام کے نے کہا اے جماعت حوّارین کی اَلصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ یعنی نماز جمع کرنے والی ہی یعنی نماز کے لیے چلو پس نکلے وہ بیچ ہیئت عبادت کے دُبلے تھے پیٹ اونکے اور دھنس رہی تھین آنکھین اور زرد ہو رہے تھے رنگ پس چلے ساتھ اونکے عیسی طرف جنگل کے پس کھڑے ہوئے ایک ٹیلے پر پھر حمد وثنا کی اللہ تعالی کی پھر پڑھنی شروع کین آیتین اللہ کی اور حکمت اوسکی پھر کہا اے جماعت حوارین کی سنو جو کچھ کہ کہتا ہون مین تمھارے سے بلاشبہہ مین پاتا ہون اللہ تعالی کی اوتاری کتاب مین کہ جسکو اوتارا ہی اللہ نے انجیل مین کتنی چیزین علاوہ پس عمل کرو تم اونپر کہا حواریون نے کہ اے روح اللہ وہ چیزین کیا ہین کہا عیسی نے وہ یہ ہین کہ پیدا کی گئی رات واسطے تین چیزون کے اور پیدا کیا گیا دن واسطے سات چیزون کے پس جو گذرے رات و دن اس حال مین کہ وہ بیچ غیر اون چیزون کے ہی تو جھگڑینگے اوس سے رات و دن روز قیامت کے پھر جھگڑینگے وہ اوس سے پیدا کی گئی رات اسلیے کہ آرام دیوے تو اوسمین رگون تھکی ہوئی کو

کہ جنکو شفقت مین بڑا الاہی تو نے دن کو اور بخشش مانگے تو واسطے گناہ اپنے کے کہ جو کیا ہی دن کو پھر نہ عود کرے تو اوسمین اور عبادت کرے تو اوسمین جیسا بردن کی ہی پس تہائی رات سووے تو اور تہائی رات کھڑا ہووے تو یعنی اللہ کی بندگی کے لیے اور تہائی رات تضرع وزاری کرے تو طرف رب اپنے کے پس یہ بیان ہی اون چیزون کا کہ پیدا کی گئی اونکے لیے رات اور پیدا کیا گیا ہی دن اسلیے کہ ادا کرے تو اوسمین نماز فرض کہ جس سے پوچھا جاویگا تو اور جسکا حساب لیا جاویگا تجسے اور سلوک و احسان کرے تو اپنے ماں باپ سے اور چلے تو زمین مین طلب معیشت کے لیے کہ کملاوے تو معاش اپنے دن کی اور یہ کہ عبادت کرو تم اوسمین ولی خدا کی تو کہ ڈھانکے تمکو اللہ اپنی رحمت مین اور یہ کہ چلو تم اوسمین ساتھ جنازے کے تو کہ پھر و تم اسحال مین کہ بخشش کیجاوے تمھارے لیے اور یہ کہ حکم کرو تم اچھی باتون کا اور منع کرو تم بری باتون سے پس یہ چوٹی ایمان کی ہی اور سبب تھانبنے دین کا اور یہ کہ جہاد کرو تم اسکی راہ مین تو کہ ساتھ رہو تم ابراہیم خلیل الرحمن کے اونکے قبے مین یعنی جنت مین اور جسپر گذرے رات و دن اسحال مین کہ وہ بیچ غیر ان چیزون کے ہی جھگڑینگے اوس سے رات و دن روز قیامت کے یعنی جھگڑینگے اوس سے نزدیک بادشاہ قدرت والے کے ہمارا حق اسنے نہ ادا کیا + درمنثور

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝

وہ اللہ ہی رب تمھارا ہر چیز بنانے والا کسیکی بندگی نہین اوسکے سوا پھر کہان سے پھرے جاتے ہو اسی طرح پھیرے جاتے ہین جو لوگ تھے اللہ کی باتون سے منکر ہوتے + موضح

یہی خدا پروردگار تمھارا پیدا کرنے والا ہر چیز کا نہین ہی کوئی معبود سوا اوسکے پس کہان سے پھرے جاتے ہو اسی طرح پھیرے جاتے تھے وہ لوگ کہ ساتھ نشانیون خدا کے انکار کرتے تھے + تفسیر + یہ ہی یعنی جسنے پیدا کیے تمھارے لیے رات دن خدا الخ یہ خبرین ہین متراد فہ یعنی ایک بعد دوسری کے یعنی وہ جامع ہی واسطے ان وصفون کے کہ الہیت بھی رکھتا ہی اور ربوبیت بھی اور پیدا کرنا ہر چیز کا بھی اور وحدانیت بھی کوئی اوسکا ثانی نہین پس کہان سے یعنی کیونکر اور کسوجہ سے پھرے جاتے ہو اوسکی عبادت سے طرف عبادت بتون کی پھر ذکر فرمایا کہ جنھون نے انکار کیا ہی اللہ کی آیتون کا اور نہین تامل کیا اونمین اور نہین ہوئی اونکو ہمت طلب حق کی اور خوف عاقبت کا وہ اسی طرح پھیرے گئے ہین اللہ تعالیٰ کی عبادت سے جیسے یہ پھیرے گئے + کشاف + مد

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اللہ ہی جسنے بنا دی تمکو زمین ٹھہراو اور آسمان عمارت اور تمکو صورت بنائی پھر اچھی بنائین صورتین تمھاری اور روزی دی تمکو ستھری چیزون سے وہ اللہ ہی رب تمھارا سو بڑی برکت ہی اللہ کی جو رب ہی سارے جہان کا + موضح

خدا وہ ہی کہ بنایا واسطے تمھارے زمین کو جگہہ ٹھہرنے کی اور آسمان کو چھت اور صورت بنائی تمھاری پس اچھی بنائین صورتین تمھاری اور روزی دی تمکو پاکیزہ چیزون سے یہ ہی خدا پروردگار تمھارا پس بہت برکت والا ہی خدا پروردگار عالمون کا + تفسیر + اچھی بنائین الخ یعنی سب جانورون سے انسان کی صورت اچھی بنائی انسان کے برابر اچھا کسی حیوان کو نہین بنایا اور بعضون نے کہا کہ یہ اچھا یون ہوا کہ اوندھا نہین پیدا ہوا مانند چارپایون کے اور کہا ابن عباس نے کہ پیدا کیا ابن آدم کو سیدھا متناسب الاعضا کھاتا ہی اور لیتا ہی ہر چیز کو ساتھ ہاتھ اپنے کے اور سوا ابن آدم کے اور جانور موتھہ سے کھاتے ہین اور پاکیزہ یعنی لذت کی چیزین کہ ایسی چیزین جانورون کو نصیب نہین ہوتین + معا + مد

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

وہی زندہ ہی کسیکی بندگی نہین اوسکے سوا سو اوسکو پکارو نری کرکر اوسکی بندگی سب خوبی اللہ کو جو رب ہی سارے جہان کا + موؔ

وہ ہی زندہ نہین کوئی معبود مگر وہ پس عبادت کرو اوسکی ایک جہت کرکر واسطے اوسکے عبادت کو سب تعریف واسطے اللہ کے ہی جو پروردگار ہی سارے جہان کا + **تفسیر** + دین سے مراد طاعت ہی یعنی پس عبادت کرو اوسکو خالص کرکر اوسکے لیے طاعت کو شرک وریا سے کہتے ہوئے الحمد للہ رب العالمین اور ابن عباسؓ سے ہی کہ کہا جو کوئی کہے لا الٰہ الا اللہ پس چاہیے کہ کہے پیچھے اوسکے الحمد للہ رب العالمین پس یہی تفسیر اللہ کے اس قول کی فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور سعید بن جبیر سے بھی ہی کہ وہ دوست رکھتے تھے اسکو کہ جب کہے لا الٰہ الا اللہ تو پیچھے کہے اسکے الحمد للہ رب العلمین پھر پڑھتے سعید یہ آیت هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اور جب کہا کافرون نے آنحضرتؐ سے پوجنا بتون کا تو آگے کی آیت نازل ہوئی + موؔ + **تنبیہ** + جاننا چاہیے کہ بغیر اخلاص کے کوئی طاعت قبول نہین ہوتی آیا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوذر غفاری کو کہ نئی بنا کشتی اسلیے کہ دریا گہرا ہی یعنی ایمان کو تازہ اور کامل کر کہ دریا آخرت کا گہرا ہی بغیر اچھی کشتی ایمان کے بیڑا پار نہین ہوگا اور لے توشہ کامل یعنی اعمال نیک خوب کر اسلیے کہ سفر دور دراز ہی اور ہلکا کر بوجھ یعنی گناہون کا اسلیے کہ گھاٹی سخت دشوار ہی اور خالص کر عمل صالح کو اسلیے کہ پرکھنے والا یعنی اللہ تعالیٰ بینا ہی + **منبہات** + ایک بزرگ کا قول ہی اَلدُّنْيَا بَحْرٌ وَّنَحْنُ مُسَافِرُوْنَ وَالْاٰخِرَةُ سَاحِلٌ وَّالسَّفِيْنَةُ التَّقْوٰى دنیا دریا ہی اور ہم مسافر اور آخرت کنارہ ہی اور کشتی تقویٰ **شعر**

شب تاریک و بیم موج گردابے چنین حائل + کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا +

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَاُمِرْتُ

تو کہہ مجھکو منع ہوا کہ پوجون انکو تم پکارتے ہو سوائے اللہ کے جب پہونچ چکین مجھکو کھلی نشانیان میرے رب سے اور حکم ہوا

اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

کہ تابع رہون جہان کے صاحب کا + موؔ

کہہ بلاشبہ منع کیا گیا مجھکو اس سے کہ عبادت کرون مین اونکو کہ تم پوجتے ہو سوائے خدا کے جسوقت کہ آئین میرے پاس دلیلین ظاہر میرے پروردگار کی طرف سے اور فرمایا گیا مجھکو کہ تابع رہون پروردگار جہان کا + **تفسیر** + دلیلون ظاہر سے مراد قرآن ہی اور بعضون نے کہا عقل اور وحی + **قال** + ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ کہا ولید بن مغیرہ اور شیبہ بن ربیعہ نے کہ اے محمدؐ رجوع کر اوس چیز سے کہ کہتا ہی تو اور لازم کر لے اپنے اوپر دین باپ دادا اپنے کا پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے آیت قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ الخ + **درمنثور** +

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ

وہی ہی جسنے بنایا تمکو خاک سے پھر پانی کی بوند سے پھر لہو کی پھٹکی سے پھر تمکو نکالتا ہی لڑکا پھر جب تک پہونچو اپنے زور کو

ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○

پھر جب تک ہو جاؤ بوڑھے اور کوئی ہی تم مین کہ بھر لیا پہلے اس سے اور جب تک پہنچو لکھے وعدے کو اور شاید تم بوجھو + موؔ

وہ ایسا ہی جسنے کہ پیدا کیا تمکو یعنی تمہاری اصل کو کہ وہ آدمؑ ہی مٹی سے پھر نطفہ منی سے پھر خون بستہ سے پھر نکالتا ہی تمکو لڑکے پھر باقی چھوڑتا تمکو تو کہ پہونچو نہایت قوت اپنی کو یعنی جوانی کو پھر باقی رکھتا ہی تو کہ ہو جاؤ بوڑھے اور کوئی تم مین سے مرجاتا ہی پہلے اس سے اور باقی چھوڑتا ہی تو کہ پہونچو تم یعنی سب وقت مقرر کو اور تو کہ سمجھو تم + **تفسیر** + پہلے اس سے یعنی پہلے پہونچنے کے جوانی کو یا پہلے بڑھاپے کے آنے تو کہ پہونچو

وقت مقرر کو معنی اسکے یہ ہین اور کرتا ہی یہ تو کہ پونہچو وقت مقرر کو کہ وہ وقت موت کا ہی اور تو کہ سمجھو تم توحید رب اپنے کی اور قدرت اوسکی اور یہ کہ بعد مرنے کے جلاویگا تمکو + مؤ معا در منثور +

هُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ فَإِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ○

وہ ہی جو جلاتا ہی اور مارتا ہی پھر جب حکم کرے کسی کام کو تو یہی کہے اوسکو کہ ہو وہ ہوجاتا ہی + مو +

وہ ہی جو جلاتا ہی اور مارتا ہی اور جب مقرر کرتا ہی کچھ کام پس سوا اسکے نہین کہ کہتا ہی اوسکو ہو پس ہوجاتا ہی یعنی جلدی ہوجاتا ہی بلا کلفت +

تنبیہ + اللہ تعالی کو غرض ان اپنی صفتون کے بیان کرنے سے یہ ہی کہ جب مین ایسا ہوا تو تم مجھی کو عبادت کرو اور میری عبادت مین کسیکو شریک نکرو اور میری اور میرے رسول کی محبت رکھو لیکن پوری حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہی کہ اونھون نے کہا کہ جو کوئی دعوی کرے چار چیزون کا بغیر چار چیزون کے پس دعوی اوسکا جھوٹا ہی جو کوئی دعوی کرے محبت خدائے تعالی کا اور نہ باز رہے خدا کی حرام کی ہوئی چیزون سے پس دعوی اوسکا جھوٹا ہی اور جو کوئی دعوی کرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا اور کراہت رکھے فقرا اور مساکین سے پس دعوی اوسکا جھوٹا ہی اور جو کوئی دعوی کرے جنت کی محبت کا اور تصدق نکرے پس دعوی اوسکا جھوٹا ہی اور جو کوئی دعوی کرے خوف دوزخ کا اور نہ باز رہے گناہون سے پس دعوی اوسکا جھوٹا ہی + **منبہات** +

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ أَنَّىٰ يُصْرَفُونَ ○ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا

تو نے نہ دیکھے جو جھگڑتے ہین اللہ کی باتون مین کہان سے پھرے جاتے ہین جنھون نے جھٹلائی یہ کتاب اور جو بھیجا ہمنے

بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ○ إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ ○ فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ

اپنے رسولون کے ساتھ سو آخر جان لینگے جب طوق پڑے ہین اونکی گردنون مین اور زنجیرین گھسیٹے جاتے ہین جلتے پانی مین پھر

فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ ○

آگ مین اونکو جھونکتے ہین + مو +

کیا نہ دیکھا تو نے طرف اون لوگون کے کہ جھگڑتے ہین خدا کی آیتون مین کہان سے پھیرے جاتے ہین وہ لوگ کہ جھٹلاتے ہین کتاب کو اور اوس چیز کو کہ بھیجا ہمنے ساتھ اوسکے اپنے پیغمبرون کو پس جانینگے حقیقت حال جس وقت کہ طوق ہونگے بیچ گردنون اونکی کے اور زنجیرین بھی گھسیٹے جاوینگے بیچ پانی گرم کے پھر آگ مین جھونکے جاوینگے + **تفسیر** + جھگڑتے ہین خدا کی آیتون مین یعنی قرآن مین کہتے ہین کہ نہین آیا ہی اللہ کے پاس سے کہان سے پھیرے گئے یعنی کیونکر پھیرے گئے دین حق سے مشرک اور ذکر جھگڑنے کا اس سورت مین تین جگہہ ہی پس جائز ہی یہ کہ ہو جھگڑنا تین قومون مین یا تین قسمون پر یا تاکید کے لیے مکرر فرمایا اور کتاب سے مراد قرآن ہی اور مراد اوس چیز سے کہ بھیجا ساتھ اوسکے رسولون کو اور کتابین ہین جھونکے جاوینگے معنی اسکے یہ ہین کہ وہ آگ مین ہونگے پس آگ گھیرے ہوئے ہوگی اونکو اور وہ جھونکے ہوئے ہونگے آگ مین بھرتی ہونگے ساتھ آگ کے پیٹ اونکے اور اسی قسم سے ہی قول اللہ تعالی کا نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ یعنی آگ اللہ کی بھڑکتی وہ جو چڑھ جاویگی دلون پر اَللّٰهُمَّ أَجِرْنَا مِنْ نَارِكَ إِنَّا عَائِذُونَ بِجِوَارِكَ + مل + معا + **کشاف** + کہا عبد اللہ بن عمرو نے کہ پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ لفظ یسجرون تک پھر فرمایا اگر مگر را شیشے کا مانند اسکے یعنی اشارہ کیا طرف ایک چیز محسوس معین کے جیسے کہ اشارہ کیا طرف اوسکے راوی نے ساتھ قول اپنے کے اور اشارہ کیا آنحضرت نے واسطے بیان کرنے اشارہ ہذہ کے کہ حدیث مین ہی طرف مانند کھوپری سر کے **ف** ۳ یعنی اگر شیشہ گول مقدار کھوپری سر کے کہ وزنی اور گران ہی اور گول اور یہ دونون صفتین سبب سرعت حرکت اور نہایت جلدی گرنے کی ہین **ت** چھوڑا جاوے

ع ۱۵

فیہ اذا الاغلال اذ ظرف زمان ماض والمراد بہ الاستقبال ہنا لان الامور المستقبلۃ لما کانت فی اخبار اللہ تعالی متیقنۃ مقطوعا بہا عبر عنہا بلفظ ما کان ووجد والمعنی علی الاستقبال + مدارک +

قولہ والسلاسل یسحبون ای الاغلال والسلاسل فی اعناقہم والمعنی اذ الاغلال والسلاسل یسحبون + مدارک +

یسجرون ای یشعلون ای یوقدون بہم النار + مدارک +

بیان حمیم + قاموس

اور ڈالا جاوے آسمان سے طرف زمین کے حالانکہ مسافت درمیان آسمان و زمین کے مسافت سیر پانسو برس کی ہی البتہ پہونچے وہ شیشہ زمین کو پہلے رات
کے یعنی تھوڑی ہی رات میں اور اگر وہ شیشہ چھوڑا جاوے سر زنجیر سے تو البتہ چلے چالیس برس رات و دن پہلے اسکے کہ پہونچے زنجیر کی جڑ کو یعنی اوسکی انتہا کو یا فرمایا تہ
اوسکی تھا کو **ف** یہ شک راوی ہی کہ حدیث میں لفظ اصلہا فرمایا یا قعرہا اور مراد زنجیر سے زنجیر دوزخیون کے باندھنے کی ہی کہ جو مذکور ہی
اس آیت میں اور بیچ آیت ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ کے اور بعضی روایت میں آیا ہی کہ یہ زنجیر
کافر کی مقعد میں ڈالی جاویگی اور نتھنے میں سے نکالی جاویگی اور اس حدیث پر یہ اشکال لازم آتا ہی کہ جب ستر گز کی ہوئی تو اسقدر مسافت اوسمین
کہان سے ہوئی جواب اسکا یہ ہی کہ مراد ستر گز سے عدد مخصوص نہین ہی بلکہ کثرت و مبالغہ مراد ہی یا یہ کہ کہا جاوے کہ اوس جہان کے گز کو اس جہان کے
گز پر قیاس نکرنا چاہیے جیسے کہ آیا ہی کہ قیراط مثل احد کے ہی چنانچہ حسن بصری رحمہ اللہ نے کہا کہ اللہ ہی جانتا ہی کہ وہ کونسا گز ہوگا اور حاصل
حدیث کا یہ ہوا کہ اگر گولہ شیشے کا آسمان سے چھوڑا جاوے تو باوجود بعد مسافت پانسو برس کے تھوڑی ہی دیر میں زمین پر پہونچ جاوے
بسبب اسکے کہ گول و بھاری چیز اوپر سے نیچے کو بہت جلدی گرتی ہی اور وہ زنجیر اتنی بڑی ہوگی کہ اگر گولہ شیشے کا باوجود اس صفت سرعت
زنجیر کے اس سرے سے چھوڑا جاوے تو دوسرے سرے تک چالیس برس میں بھی نہ پہونچے اللہ اکبر دیکھا چاہیے کہ کیا کچھ اوسکی درازگی ہوگی
عیاذا باللہ منہا انتہی ۔ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پیدا کریگا اللہ تعالی ایک ابر دوزخیون کے لیے سیاہ اندھیری کرنے والا اور کہا جاویگا
دوزخیون کو کہ کیا چیز طلب کرتے ہو تم پس یاد کرینگے وہ اوسکو دیکھکر ابر دنیا کا پس کہینگے ای رب ہمارے مانگتے ہین ہم پانی پس برساویگا
وہ ابر اونپر اغلال یعنی طوق کہ زیادتی ہوگی بیچ طوقون انکے کے اور برساویگا زنجیرین کہ زیادتی ہوگی بیچ زنجیرون اونکی کے اور برساویگا
انگارے کہ شعلہ مارینگے اونپر اور سعید بن عبید طائی سے ہی کہ کہا اونھون نے سنا مینے سعید بن جبیر سے اس حال میں کہ وہ نماز پڑھتے تھے
ماہ رمضان میں کہ بار بار پڑھتے تھے اس آیت کو فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ ۝
فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ ۝ انتہی ۔ اور جاننا چاہیے کہ دوزخی گرم پانی مین گھسیٹ کر لیے بھی جاوینگے اور کبھی گرم پانی
اونکے سرون پر بھی ڈالا جاویگا اور پلایا جاویگا اونکو زرداب دوزخیون کا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلا شبہہ البتہ گرم پانی ڈالا
جاویگا دوزخیون کے سرون پر پس پیٹھیگا گرم پانی یہان تک کہ پہونچیگا دوزخی کے پیٹ تک پس کاٹ ڈالیگا اوس چیز کو کہ اوسکے
پیٹ مین ہی یعنی آنتین وغیرہ یہ ہی صہر **ف** ساتھ زبر صاد مہملہ اور جزم ہ کے معنی گلنے کے کہ مذکور ہی قرآن مین يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ
رُءُوسِهِمُ الْحَمِيمُ يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ یعنی ڈالا جاویگا اونکے سرون پر گرم پانی گلائی جاویگی بسبب اوسکے
وہ چیز کہ انکے پیٹون مین ہی اور گلائے جاوینگے پوست انکے یعنی تاثیر کریگا گرم پانی کثرت حرارت سے اونکے ظاہر و باطن مین **ت** پھر اوسی
طرح کیا جاویگا جیسا کہ تھا **ف** یعنی بحال خود آجاویگا پوست اور آنتین اور ڈالا جاویگا گرم پانی اور بہیگا پیٹ مین اور گلایا جاویگا
جو کچھ کہ پیٹ مین ہی جیسا کہ فرمایا قرآن مجید مین بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا ۔ اور ابو امامہ روایت کرتے ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے يُسْقَى مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ يَتَجَرَّعُهُ یعنی پلایا جاویگا دوزخی پانی سے کہ زرداب دوزخیون کا ہوگا حالانکہ
پیویگا اوسکو گھونٹ گھونٹ یعنی بتکلف بسبب حرارت و تلخی اوسکی کے فرمایا آنحضرت نے نزدیک لایا جاویگا زرداب طرف اوسکے پس
ناخوش جانیگا اوسکو پس جب ملایا جاویگا اوسکے دہانے سے بھون ڈالیگا اوسکے مونہہ کو اور گر پڑیگا پوست اوسکے سر کا پس جسوقت
پیویگا اوسکو ٹکڑے ٹکڑے کردیگا اوسکی آنتون کو یہان تک کہ نکل جاویگا اوسکی دبر سے فرماتا ہی اللہ تعالی وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ
یعنی اور پلائے جاوینگے دوزخی گرم پانی پس کاٹ ڈالیگا آنتین اونکی اور فرماتا ہی وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ
يَشْوِي الْوُجُوهَ بِئْسَ الشَّرَابُ یعنی اور اگر فریاد کرینگے دوزخی پیاس کی تو فریاد رسی کیے جاوینگے ساتھ پانی کے کہ مانند تیل کی

۵۲ یعنی بیچ قول اللہ تعالی کے یصب من فوق رؤسہم الحمیم ۱۲

۴۱ [illegible]

تو جھٹ پٹ کے ہوگا یا مانند پگھلے ہوئے تانبے کے یا زرداب سے کہ بھون ڈالیگا مونھوں کو بُری پینے کی چیز ہے وہ پانی ✤ اور سوائے اسکے طرح بطرح کے عذاب ہونگے چنانچہ آیا ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ دوزخ میں سانپ ہیں مانند بختی اونٹوں کے کہ بہت بڑے ہوتے ہیں کاٹیگا ایک سانپ اونمیں سے ایک بار کاٹنا پس پاویگا دوزخی شدت درد اور اثر اوسکے زہر کا چالیس برس اور بلاشبہہ دوزخ میں بچھو ہیں مانند خچرون پالان بندھون کے کاٹیگا ایک انکا ایکبار کاٹنا پس پاویگا اوسکا درد اور اثر اوسکے زہر کا چالیس برس ✤ **درمنثور** ✤ **مشکوۃ** ✤

ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تُشْرِكُونَ ۝ مِن دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُو مِن قَبْلُ

پھر اونکو کہا ہی کہ کہان گئے جنکو شریک بتاتے تھے اللہ کے سوائے بولے ہم سے چوک گئے کوئی نہین ہمتو پکارتے تھے پہلے

شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ۝

کسی چیز کو اسی طرح بچلاتا ہی اللہ منکرون کو ✤ **مو** ✤

پھر کہا جاویگا اونکو یعنی نگھبان دوزخ کے کہدینگے کہان ہین جو تھے تم شریک مقرر کرتے سوائے خدا کے یعنی بت کہ جنکو تم پوجتے تھے کہینگے گم ہوئے ہماری نظر سے بلکہ ہم ہرگز نہ پوجتے تھے ہم پہلے اس سے کسی چیز کو اسیطرح گمراہ کرتا ہی خدا کافرون کو ✤ **تفسیر** ✤ اول منکر ہو چکے تھے کہ ہمنے شریک نہین کئے تھے اب گھبرا کر مونھ سے نکل جاویگا پھر سنبھل کر انکار کرینگے تو وہ انکار اونکا اللہ نے بچلا دیا حکمت سے ✤ **مو** ✤ گم ہوئے ہماری نظر سے پس نہین دیکھتے ہین ہم اونکو اور نہ منتفع ہوتے ہین ہم ساتھ اونکے اگر کہے تو کہ کیا نہین یاد ہی تجکو بیچ تفسیر قول عزوجل کے اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ کہ وہ بند ہونگے ساتھ معبودون اپنے کے پس کیونکر صادق آویگا کہ ساتھ بھی ہون اونکے اور پھر گم ہو اونسے تو جواب اسکا یہ ہی جائز ہی یہ کہ وہ گم ہون اونسے جب کہ توبیخ کیے جاوین اور کہا جاوے کہ کہان ہین جنکو تم شریک کرتے تھے سوائے اللہ کے پس فریادرسی کرین تمھاری اور شفاعت کرین تمھاری اور یہ کہ ہووین وہ ساتھ اونکے تمام اوقات اونکی مین مگر جب کہ نہ نفع دیا اونھون نے اونکو گویا کہ وہ گم ہوئے اونسے اور بلکہ ہرگز نہ پوجتے تھے ہم پہلے اس سے یعنی ظاہر ہوا ہمارے لیے کہ وہ نہیں تھے کبھی کچھ اور نہین تھے ہم پوجتے ساتھ پوجنے اونکے کسی چیز کو یعنی محض باطل و لوچ ہی تھا اونکا پوجنا جیسے کہ کہے تو کہ گمان کرتا تھا مین کہ فلانا کچھ ہی پس دیکھا تو کچھ نہ نکلا جب کہ آزمایا مینے اوسکو نہ دیکھی مینے بہلائی پاس اوسکے اور کَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ کے معنی یہ ہین کہ مانند گم ہونے معبودون اونکے کے اونسے گم کریگا اللہ کافرون کو اونکے معبودون سے یہان تک کہ اگر طلب کرینگے وہ معبودون کو یا طلب کرینگے اونکو معبود تو نہین ملنے کے وہ اپس مین ایکدوسرے کو یا یہ معنی ہین کہ جیسا گمراہ کیا انسان بالکہ سرنے والون کو اسی طرح گمراہ کریگا تمام کافرون کو کہ جنسے چاہا ہی اللہ نے اختیار کرنا گمراہی کا دین سے ✤

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَمْرَحُونَ ۝

یہ بدلا اوسکا جو تم بہکتے پھرتے تھے زمین مین ناحق اور اوسکا جو تم اتراتے تھے ✤ **مو** ✤

یہ عذاب بسبب اسکے ہی کہ خوش ہوتے تھے تم زمین مین ناحق اور بسبب اسکے ہی کہ تھے تم اتراتے ✤ **تفسیر** ✤ یعنی یہ عذاب جو تمپر اوترا بسبب خوش ہونے اور اترانے تمھارے کے ہی ناحق اور وہ شرک کرنا اور پوجنا بتون کا ہی پھر کہا جاویگا واسطے اونکے اُدْخُلُوا ✤ **مل** ✤

ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝

پیٹھو دروازون مین دوزخ کے سدا رہنے کو اوسمین سو کیا برا ٹھکانا ہی غرور والون کا ✤ **مو** ✤

داخل ہو دروازون مین دوزخ کے ہمیشہ رہنے والے بیچ اوسکے پس بُری جگہہ متکبرون کی ہی دوزخ ✤ **تفسیر** ✤ دروازون مین یعنی سات دروازون مین کہ تقسیم کیے گئے ہین تمھارے لیے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ لِّكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ یعنی دوزخ کے لیے سات دروازے ہین واسطے ہر دروازے کے اونمین سے ایک ٹکڑا ہی تقسیم کیا گیا متکبرون کی یعنی جو کہ تکبر کرتے ہین

حق ہے + ف تنبیہ :: بلاشبہ دوزخ بری ہی جگہہ ہی اللہ ہی بچاوے اوس سے دیکھو بھائیون اللہ جل وعلا کس کس طرح کھول کھولکر بیان اوسکا فرماتاہی تو لوگ ایسے کام نکرین کہ مستحق دوزخ کے ہون وائے ہمارے حال ہمارے کہ کیسے خواب غفلت مین سوتے ہین اور فکر اوس سے بچنے کی کچھہ نہین کرتے اقتضاے ایمان یہ ہی کہ شب و روز اوس سے بچنے کی فکر رکھین اور روین خوف خدا سے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای لوگون رو ؤ یعنی خوف خدا سے پس اگر نہ قدرت رکھو تم رونے حقیقی کی یعنی اسلیے کہ نہین ہی امر اختیاری تو تکلیف کرو رونے مین اور تصور او سکے احوال کا کرو کہ رونا لاوے اور رقت بخشے پس تحقیق دوزخی یعنی کفار یا فجار بھی رووینگے دوزخ مین یہان تک کہ آنسو اونکے بہین گے اونکے مونہون پر گویا وہ آنسو نالیان ہونگی یہان تک کہ ہوچکین گے آنسو پس بہین گے خون پس زخمی ہو جاوین گی آنکھین یا زخمی کر دینگے خون آنکھون کو پس اگر کشتیان جاری کیجاوین اونکے آنسوؤن مین تو البتہ جاری ہون انتہی اور بموجب انھین مضامین کے اللہ تعالی کے نیک بندے نہایت لرزان ترسان رہتے ہین اوس سے حتی کہ کھانے پینے کی لذت اونسے جاتی رہتی ہی چنانچہ داؤد طائی رحمۃ اللہ سے منقول ہی کہ اونھون نے کہا کہ آٹھ چیزین لیگئین مین مجھسے حلاوت و لذت طعام کی ایک تو اونمین سے موت ہی اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا اَکْثِرُوْا ذِکْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتُ یعنی بہت کرو یاد لذتون کی توڑنے والی کی کہ وہ موت ہی اور وہ لذتون کی توڑنے والی اسلیے ہی کہ کہا بعض عارفین نے کہ موت اشد ہی پکنے سے ہانڈی مین اور دوسری مرنے پیرے کے کھائی اوکھی ہی نہین جانتا مین کہ کہان ہوگا ٹھکانا میرا جنت مین یا دوزخ مین اور تیسرے سوچتا ہون مین بیچ تنہائی قبر کے اسلیے کہ وہ باغ ہی جنت کے باغون مین سے یا ایک گڑھا ہی دوزخ کے گڑھون مین سے اور چوتھے فکر کرتا ہون مین بیچ سوال کرنے منکر و نکیر کے کہ آوینگے وہ اس حال مین کہ دھوان نکلتا ہوگا اونکی ناکون مین سے اور آگ نکلتی ہوگی اونکے مونہون سے پس سوچتا ہون مین کہ کیونکر جواب دونگا مین اونکو اور پانچویں سوچتا ہون بیچ وقت نکلنے کے قبر سے کہ آیا ہوگا مونہہ میرا اُجلا یا کالا اور مین دیکھونگا ملائکہ عذاب کو سر قبر پر یا ملائکہ رحمت کو اور چھٹے سوچتا ہون مین کہ دیکھیے دیا جاویگا اعمالنامہ میرا میرے داہنے ہاتھہ مین یا بائین ہاتھہ مین اور ساتوین سوچتا ہون مین کہ دیکھیے کیونکر ہوگا گذرنا میرا پل صراط پر اور آٹھوین سوچتا ہون مین کہ دیکھیے میزان میری بھاری ہوتی ہی ساتھہ بھلائیون کے یا ساتھہ برائیون کے اور آٹھوین سوچتا ہون مین کہ دیکھیے کس گھر کی طرف ہو بازگشت میری طرف جنت کے یا طرف دوزخ کے انتہی :: سبحان اللہ اللہ کے پیارے بندون کو ایسے سوچ و بچار رہتے ہین نہ یہ کہ جہان مولوی گری یا فقیری کا نام آیا اور گویا معافی کی چٹھی لے لی نہ حلال حرام کا خیال ہی نہ کرنے عبادات کا اور نہ بچنے کا بدعات سے اور نہ اتباع سنت کا حتی کہ نماز جماعت تک سے محروم رہتے ہین ہان جہان ناچ رنگ کی محفل ہو یا ڈھولک کی یا کہین عرس و میلے ہون وہان سب سے پہلے موجود ہوتے ہین لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہان وہ حال اور کہان یہ حال +

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝

سو تو ٹھہرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی پھر اگر کبھی ہم دکھاوین تجکو کوئی وعدہ جو اونکو دیتے ہین یا پھر لین تجکو پھر ہماری طرف پھر آوینگے

پس صبر کر ای محمد تحقیق وعدہ خدا کا یعنی ساتھہ ہلاک کرنے کافرون کے سچ ہی یعنی ہونے والا ہی پس اگر دکھلاوین ہم تجکو کوئی وعدہ جو اونکو دیتے ہین تو فبہا اور اگر قبض روح تیری کرین ہم پس طرف ہمارے پھیرے جاوینگے کافر + تفسیر + فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ یہ جزا متعلق ہی ساتھہ نتوفینک کے اور جزا نرینک کی محذوف ہی تقدیر اسکی یہ ہی کہ پس اگر دکھلاوین ہم تجکو تیری زندگی مین بعض وہ چیز کہ وعدہ دیتے ہین ہم اونکو قسم عذاب سے کہ وہ قتل روز بدر کا ہی تو فبہا یا اگر قبض روح تیری کرین ہم پہلے روز بدر کے تو ہماری طرف پھیرے جاوینگے روز قیامت کے پس دلاوینگے ہم اونسے اشد بدلا الینا اور مانند اسی کے ہی قول اللہ تعالی کا فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ۝ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ۝ یعنی پس اگر لیجاوین ہم تجکو یعنی قبض روح تیری کرین تو بلاشبہ

فائدہ فاما نرینک اصلہ فان نرک وما مزیدۃ لتوکید معنی الشرط ولذلک الحقت النون بالفعل ولا تلحق مع ان وحدہا الا ترا لا تقول ان تکرمنی اکرمک ولکن اما تکرمنی اکرمک ۱۲ مد

ہم اونسے بدلا لینے والے ہین یا دکھادین ہم تجھکو وہ چیز کہ وعدہ کیا ہمنے اونسے پس بلاشبہ ہم اوسپر قدرت پانے والے ہین ✝ ملا
تنبیہ ✝ تامل کرنا چاہیے آیات قرآنی مین کہ جا بجا پاک پروردگار نے صبر کرنیکو حکم فرمایا ہی کہین اپنے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم
کو اور کہین سب مومنون کو پس مسلمان کو ضرور اسکا اہتمام کرنا چاہیے اسی لیے بعضے بزرگون سے منقول ہی کہ شعائر اسلام سے چار چیزین
ہین تقوی اور جہاد اور شکر اور صبر ✝ **منہ رحمہ اللہ**

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ
اور بھیجے ہین بہت رسول تجھسے پہلے کوئی اونمین ہین کہ سنایا تجھکو اونکا احوال اور کوئی ہین کہ نہین سنایا اور
مَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ
کسی رسول کو مقدور نتھا کہ لے آتا کوئی نشانی مگر اللہ کے حکم سے پھر جب آیا حکم اللہ کا فیصلہ ہوگیا انصاف سے اور ٹوٹے مین آئے اوس جگہ جھوٹے ✝ مو

اور تحقیق بھیجے ہمنے کتنے پیغمبر پہلے تجھسے اونمین سے وہ ہین کہ قصہ اونکا بیان کیا ہمنے تجھپر یعنی قرآن مین اور بعض اونمین سے وہ ہین کہ
قصہ اونکا نہین بیان کیا ہمنے تجھپر اور نتھا مقدور کسی پیغمبر کو کہ لے آوے کوئی نشانی مگر ساتھ حکم خدا کے پس جب آیا حکم خدا کا فیصل کیا گیا
ساتھ حق کے اور زیان مین پڑے اوسوقت بیہودہ گو ✝ **تفسیر** ✝ کتنے پیغمبر کہا بعضونے کہ بھیجے اللہ تعالی نے آٹھ ہزار نبی چار ہزار
تو بنی اسرائیل مین سے اور چار ہزار اور تمام لوگون مین سے اور علی رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہی کہ اللہ تعالی نے بھیجا ایک نبی کالا ایسی وہ اونمین سے
ہی کہ نہین ذکر کیے گئے قرآن مین اور نتھا مقدور الخ یہ جواب ہی اوسکا کہ کفار فرمایش کرتے تھے آنحضرتؐ پر معجزون کی از راہ عناد کے
پس فرمایا کہ ہمنے بہت سے رسول بھیجے ہین اس حال مین کہ نہین تھا مقدور کسیکو اونمین سے یہ کہ لاوے کوئی معجزہ مگر خدا کے حکم سے حاصل یہ کہ گویا
آنحضرتؐ کو یہ جواب سمجھایا کہ تم یہ جواب دو اونکو کہ جب در رسولون کا یہ حال رہا ہی تو مجھکو کہان مقدور ہی اسکا کہ لاؤن کوئی معجزہ جو تم فرمایش کرتے ہو
اوسکی مگر یہ کہ چاہے اللہ اور حکم دے اوسکے لانے کا پس جب آیا حکم یعنی قیامت اور یہ وعید اور رد ہی تمھے فرمایش کرنے معجزون کی اور مبطلون
سے مراد ہین معاند جو فرمایش کرتے تھے معجزون کی حاصل یہ کہ جب قیامت آویگی فیصلہ ٹھیک ٹھیک کیا جاویگا اور وہان کفار ٹوٹا پاوینگے ✝

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝
اللہ ہی جسنے بنا دیے تمکو چوپائے تا سواری کرو کتنون پر اور کتنون کو کھاتے ہو ✝ مو

خدا وہ ہی جسنے پیدا کیے تمھارے لیے چارپائے تو کہ سوار ہو او پر بعض اونکے کے اور بعض اونکو کھاتے ہو ✝ ف ✝

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝
اور اونمین تمکو بہت فائدے ہین اور تا پونہچو اونپر چڑھکر کسی کام تک جو تمھارے جی مین ہو اور اونپر اور کشتی پر لدے پھرتے ہو
وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝
اور دکھاتا ہی تمکو اپنی نشانیان پھر کون کون نشانیان اپنے رب کی نمانوگے ✝ مو

اور واسطے تمھارے بیچ چارپایون کے بہت فائدے ہین یعنی اونکے دودھ اور پشم سے فائدے اوٹھاتے ہو اور تو کہ پونہچو تم سوار ہوکر
[illegible] تمھارے کے ٹھہرانے یعنی جس کام کی حاجت رکھتے ہو اونپر سوار ہوکر اوسکے لیے جاؤ اور چارپایون پر اور نیز کشتیون
[illegible] تے ہو یعنی [illegible] چارپایون ہی پر نہین سوار کیے جاتے ہو ولیکن لونیر اور کشتیون پر بر و بحر مین سوار ہوتے ہو
[illegible] نشانیان اپنی یعنی دلائل اپنی قدرت کے پس کس نشانی کا اللہ کی نشانیون مین سے انکار
کرتے ہو کہ نہین ہی وہ اللہ کے پاس سے ✝

اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ کَانُوْٓا اَکْثَرَ مِنْھُمْ وَاَشَدَّ
کیا پھرے نہین ملک مین کہ دیکھتے آخر کیسا ہوا انسے پہلون کا وہ تھے انسے زیادہ اور زور مین

قُوَّۃً وَّاٰثَارًا فِی الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰی عَنْھُمْ مَّا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ۝
سخت اور نشانیون مین جو چھوڑ گئے ہین زمین پر پھر کام نہ آیا اونکو جو کماتے تھے + موؔ

کیا سیر نکی اونھون نے زمین مین تو دیکھین کیونکر ہوا آخر کام اون لوگون کا کہ پہلے انسے تھے وہ زیادہ تر انسے یعنی گنتی مین اور زیادہ تر قوت مین یعنی بدن مین اور نشانیون مین پس دفع نکیا عذاب کو اونسے اوس چیز نے کہ تھے کماتے + **تفسین** یعنی کرتے قسم جمع کرنے مال اور بہتایت سپاہ اور تفاخر اور مانند اونکے سے اور مراد نشانیون سے محل اور قلعے ہین کہ عاد و ثمود وغیرہ رکھتے تھے کوئی چیز مانع عذاب کو نہوئی پس اہل مکہ کس چیز پر مغرور رہین + **بحؔ** +

فَلَمَّا جَآءَتْھُمْ رُسُلُھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَھُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِھِمْ مَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ ۝
پھر جب پہونچے اون پاس رسول اونکے کھلی نشانیان لیکر ریجھنے لگے اوس پر جو اونکے پاس تھی خبر اور اولٹ پڑی اونپر جس چیز پر ٹھٹھا کرتے تھے + موؔ

پس جب کہ آئے اونکے پاس پیغمبر اونکے ساتھ معجزون کے خوش ہوئے ساتھ اوس چیز کے کہ نزدیک اونکے تھی دانش سے یعنی علم معاش سے اور گھیر لیا اونکو اوس چیز نے کہ تھے ساتھ اوسکے ٹھٹھا کرتے + **تفسین** مراد علم سے علم اونکا ہی ساتھ امور دنیا کے اور معرفت اونکی ساتھ تدبیر دنیا کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے یَعْلَمُوْنَ ظَاھِرًا مِّنَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَھُمْ عَنِ الْاٰخِرَۃِ ھُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ یعنی جانتے ہین وہ ظاہر کو زندگانی دنیا سے اور وہ آخرت سے غافل ہین اور فرمایا فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی عَنْ ذِکْرِنَا وَلَمْ یُرِدْ اِلَّا الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا ذٰلِکَ مَبْلَغُھُمْ مِّنَ الْعِلْمِ یعنی پس تو دھیان نکر اوس پر جو منہ موڑے ہماری یاد سے اور کچھہ نہ چاہے مگر دنیا کا جینا یہان ہی تک پہنچی اونکی سمجھہ پس جب کہ لائے اونکے پاس رسول علوم دینی اور وہ نہایت دور تھے اونکے علمون سے اسلیئے علوم دینی تھے واسطے ترک کرنے دنیا کے اور باز رکھنے کے لذتون اور شہواتسے نہ التفات کیا اونھون نے طرف اون علوم کے اور حقیر جانا اون علوم کو اور ٹھٹھا کیا ساتھ اونکے اور اعتقاد کیا اسکا کہ نہین ہی کوئی علم بہت نافع اور بہت حاصل کرنے والا فوائد کا علم ہمارے سے پس خوش ہوئے ساتھ علم اپنے کے یا مراد ہی علم فلاسفہ کا اور دہریون کا نبی یونان سے پس وہ جب سنتے تھے وحی اللہ کی رد کرتے تھے اوسکو اور حقیر جانتے تھے علم انبیا کو بنسبت اپنے علم کے اور سقراط سے کہ نام حکیم کا ہی منقول ہی کہ اوسنے سنا مبعوث ہونا حضرت موسی علیہ السلام کا اور لوگون نے اوس سے کہا کہ اگر ہجرت کرے تو طرف اونکے تو بہتر ہی کہا اوسنے کہ ہم قوم مہذب ہین پس نہین حاجت ہمکو طرف اوس شخص کے کہ مہذب کرے ہمکو یا مراد یہ ہی کہ خوش ہونے کافر ساتھ اوس علم کے کہ رسولون کے پاس تھا از راہ ہنسی اور ٹھٹھا کرنے کے ساتھ اوس علم کے گویا کہ فرمایا اللہ تعالی نے کہ ٹھٹھا کیا اونھون نے ساتھ معجزون کے اور ساتھ علم وحی کے کہ لائے اوسکو رسول درحالیکہ خوشی کرنیوالے تھے اترانے والے تھے اور دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا وَحَاقَ بِھِمْ مَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ یا خوش ہونا رسولون کا مراد ہی یعنی رسولون نے جب دیکھا جہل اونکا اور استہزا کرنا اونکا ساتھ حق کے اور جانا انجام بد کفار کا اور یہ کہ عذاب لاحق ہوگا اونکو اونکے جہل اور استہزا پر خوش ہوئے وہ ساتھ علم کے کہ دیئے گئے تھے اور شکر کیا اللہ تعالی کا اوسپر اور گھیر لیا کافرونکو اونکی سزا جہل و استہزا نے یا مراد علم سے جاننا کفار کا ہی اس بات کو کہ ہم بعد مرنے کے جلائے نہین جائینگے اور یہ اگرچہ جہل ہی لیکن بسبب اونکے زعم کے اوسکو علم فرمایا جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ لَجَھْلًا یعنے بعض علوم عین جہل ہین + **مدؔ بحؔ** + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ امور دنیا کے علم پر مغرور ہونا ہرگز نہ چاہیئے اور اوسکی کچھہ حقیقت نہ سمجھے اور علم آخرت سیکھے کہ علم یہی ہی اور اوسپر عمل کرے اسلیئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

اسکو دانشمند فرمایا ہی اور متبع نفس کو کہ عالم امور دنیا کا ہی احمق فرمایا اس حدیث مین اَلْکَیِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَہٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَہٗ ھَوَاھَا وَتَمَنّٰی عَلَی اللّٰہِ یعنی دانشمند وہ ہی کہ تابع اور مسخر کرے اپنے نفس کو اور عمل کرے مابعد موت کے لیے اور نادان و احمق وہ ہی کہ تابع کرے اپنے نفس کو خواہش نفسانی کے اور آرزو رکھے اللہ سے کہ وہ غفور رحیم ہی صدق اللہ وصدق الرسول اور اہل دنیا کے نزدیک ابمعاملہ برعکس ہی کہ جو عالم آخرت اور عارف باللہ ہین اونکو نادان و حقیر جانتے ہین اور جو مدبر دنیا کا اور دغاباز اور بدمعاش اور منافق وضع اور مال مردم خور ہو اوسکو دانشمند جانتے ہین حال آنکہ اسمین ایک طرح کی تکذیب اللہ و رسول کی لازم آتی ہی عیاذاً باللہ منہ اور اوپر کے مضامین سے برائی علم فلسفہ کی بھی معلوم ہوئی اور واقع مین یہی ہی کہ جہان زیادہ ایسے ہی علوم کا توغل ہوا اور خدا و رسول کو بھول گیا کیسا ہی بددین و مرتکب حرام کا ہو اپنے فعل کی تاویل ہی کریگا اور عالم دیندار کو بنظر حقارت ہی دیکھیگا اکثر تو ایسا ہی دیکھا اور سُنا ہی مگر جسکو اللہ بچاوے اوسکا ذکر نہین اسیلیے کتاب در المختار مین علم فلسفہ کو حرام لکھا ہی اور لکھا ہی کہ منطق بھی فلسفہ ہی مین داخل ہی ظاہر مراد کثرت مزاولت اسکی ہی کہ باعث ہوتی ہی چھٹ جانے علوم دینی کی اور چھٹ جانا اوسکا باعث محرومی خیر دارین کا ہی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دنیا کے امور کا بہت اہتمام نکرے جیسا کہ امور آخرت کا اہتمام کرے اسیلیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آویگا ایک زمانہ میری امت پر کہ دوست رکھینگے پانچ چیزون کو اور بھول جاوینگے پانچ چیزون کو دوست رکھینگے دنیا کو اور بھول جاوینگے آخرت کو اور دوست رکھینگے زندگانی کو اور بھول جاوینگے موت کو اور دوست رکھینگے گھرون کو اور بھول جاوینگے قبرون کو اور دوست رکھینگے مال کو اور بھول جاوینگے حساب کو اور دوست رکھینگے خلق کو اور بھول جاوینگے خالق کو وہ مجھسے الگ ہین اور مین اونسے الگ ہون انتہی پس عاقل کو چاہیے کہ بقدر ضرورت کے دنیا مین مشغول ہو اور پھر فکر آخرت کی رکھے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہی کہ زبور مین لکھا ہی کہ اللہ تعالی نے وحی بھیجی طرف داؤد نبی علیہ السلام کے کہ عاقل حکیم نہین خالی ہوتا ہی چار ساعتون سے ایک ساعت مین مناجات کرتا ہی اپنے رب سے اور ایک ساعت مین محاسبہ کرتا ہی اپنے نفس سے اور ایک ساعت مین جاتا ہی طرف ایسے بھائیون اپنے کے کہ جو آگاہ کرین اوسکو اوسکے عیبون سے اور ایک ساعت مین مشغول ہوتا ہی لذت حلال مین ✢ **منبہات** ✢

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ وَکَفَرْنَا بِمَا کُنَّا بِہٖ مُشْرِکِیْنَ ۝

پھر جب دیکھی انھون نے ہماری آفت بولے ہم یقین لائے اللہ اکیلے پر اور چھوڑین جو چیزین شریک بتاتے تھے ✢ **مو** ✢

پس جب کہ دیکھا اونھون نے عذاب شدید ہمارا کہا باور رکھا ہمنے خدا کو تنہا اور منکر ہوئے ہم ساتھ اوس چیز کے کہ اوسکو شریک مقرر کرتے تھے ہم ✢

فَلَمْ یَکُ یَنْفَعُھُمْ اِیْمَانُھُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰہِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ فِیْ عِبَادِہٖ ۚ وَخَسِرَ

پھر نہوا کہ کام آئے اونکو یقین لانا اونکا جسوقت دیکھ چکے ہمارا عذاب رسم پڑی ہوئی اللہ کی جو چلی آئی ہی اوسکے بندون مین اور خراب ہوئے

ھُنَالِکَ الْکٰفِرُوْنَ ۝

اوس جگہ منکر ✢ **مو** ✢

پس نتھا کہ نفع کرے اونکو ایمان اونکا جب دیکھا اونھون نے عذاب ہمارا آئین خدا کا کہ گذرا ہی اوسکے بندون مین اور زیان پایا اوس جگہہ کافرون نے ✢ **تفسیر** ✢ گذرا ہی اوسکے بندون مین یہ کہ ایمان لانا وقت اوترنے عذاب کے نہین ہی نفع دیتا اور یہ کہ عذاب اوترا کرتا ہی رسولون کے جھٹلانے والون پر اور لفظ ھُنَالِکَ کہ بمعنی جگہہ کے ہی استعارہ کیا گیا ہی زمان کے لیے یعنی بمعنی اوسوقت کے ہی اور کافر ہر وقت زیان کار ہین لیکن جسوقت عذاب دیکھینگے اوسوقت ظاہر ہو جاویگا زیان اونکا ✢ **مل** ✢

سُورۃ حٰم السجدۃ مکیۃ وھی اربع وخمسون اٰیۃ وستۃ رکوعات

اور نام اسکا حم السجدۃ اسلیے رکھا گیا کہ اسکے سرے پر لفظ حم ہی اور آیت سجدہ بھی ہی اسمین آیتین چوّن ہین اور کلمے سات سو چھیانوے اور حروف تین ہزار تین سو پچاس اور رکوع چھہ + اور ابن عباس اور جابر بن زید سے ہی کہ نازل ہوئی یہ بعد مومن کے اور یہی مناسبت واضح ہی اسکے لکھنے کی بعد اوسکے اور اور بھی بہت وجہین مناسبت کی لکھی ہین + تناسق الدرر فی تناسب السور وغیر ذلک +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

کچھہ اوتارا ہی بڑے مہربان رحم والے سے +

یہ اوتاری ہوئی ہی بخشنے والے مہربان کی طرف سے + **تفسیر** + لفظ حٰم حروف مقطعات سے ہی اللہ تعالی ہی جانے کہ مراد اس سے کیا ہی اور بعضون نے کہا کہ حم نام سورت کا ہی روایت کی ابن ابی شیبہ اور عبید بن حمید اور ابو یعلی اور حاکم نے اور تصحیح کی اسکی اور روایت کی ابن مردویہ اور ابو نعیم اور بیہقی نے اور ابن عساکر نے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہا جمع ہوئے قریش ایکدن اور کہا یعنی بعضون نے کہ دیکھو اوسکو کہ بہت جانتا ہو تم مین سحر اور کہانت اور شعر پس چاہیے کہ جاوے اس شخص کے پاس یعنی آنحضرت کے پاس کہ جسنے تفرقہ ڈالدی ہی ہماری جماعت مین اور تتر بتر کر دیا ہی کام ہمارا اور عیب لگایا ہی ہمارے دین کو پس چاہیے کہ وہ کلام کرے اس شخص سے اور دیکھے کہ کیا جواب دیتا ہی اوسکو پس کہا بعضے قریش نے کہ نہین جانتے ہین ہم ایسا کسیکو سوائے عتبہ بن ربیعہ کے کہا اونہون نے کہ جا تو یعنی آنحضرت کے پاس اے ابو الولید کہ کنیت ہی عتبہ کی پس آیا وہ حضرت کے پاس اور کہا کہ ای محمد تو بہتر ہی یا عبد اللہ تو بہتر ہی یا عبد المطلب پس چپکے رہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پھر کہا عتبہ نے کہ اگر گمان کرتا ہی تو کہ وہ بہتر تھے تجھسے تو بلاشبہہ اونہون نے پوجا ہی اون معبودون کو کہ جنکو تو عیب لگاتا ہی اور اگر گمان کرتا ہی تو کہ تو بہتر ہی اونسے تو ویسا ہی کہہ تو کہ سنین ہم کلام تیرا آگاہ ہو قسم خدا کی نہین دیکھا ہمنے کوئی بکری کا بچہ منحوس زیادہ تیری قوم پر تجھسے کہ تفرقہ ڈالی تعنے ہماری جماعت مین اور تتر بتر کر دیا تونے کام ہمارا اور عیب لگایا تمنے ہمارے دین مین اور فضیحت کیا تونے ہمکو عرب مین یہان تک کہ مشہور ہو گیا ہی اونمین کہ قریش مین ایک ساحر کاہن ہی قسم خدا کی منتظر ہین ہم کہ شور و غوغا جیسی چلی اوٹھے یعنی اوٹھے بعض بعض کی طرف تلوار لیکر اے شخص اگر تجھکو کچھہ حاجت ہی تو جمع کرین ہم تیرے لیے مال یہان تک کہ قریش مین بڑا غنی ہووے تو کہ تیرے برابر کوئی نہو اور اگر تجھکو خواہش عورت کی ہو تو پسند کرے جونسی عورت چاہے تو قریش مین سے پس البتہ نکاح کر دینگے ہم تجھسے دس عورتون کا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہہ چکا تو جو کہنا تھا اوسنے کہا ہان پس پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ یہان تک کہ پہنچے اس مقام کو فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝ پس کہا عتبہ نے کہ بس کر نہین ہی تیرے پاس سوائے اسکے کچھہ فرمایا حضرت نے نہین پس پھرا عتبہ طرف قریش کے پس کہا اونہون نے کہ کیا حیلہ حوالہ کیا اوسنے تجھسے کہا عتبہ نے کہ نہین چھوڑی مینے کوئی بات کہ جانتا تھا مین کہ کہوگے تم اوس سے مگر کہ کہی مینے کہا قریش نے کہ پس آیا کچھہ جواب دیا اوسنے تجھکو کہا عتبہ نے قسم اوس ذات کی کہ قائم کیا گھر اپنا یعنی خانہ کعبہ نہین سمجھا مین کچھہ اوس کلام مین سے کہ کہا اوسنے سوائے اسکے اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ کہا قریش نے وائے تجھکو کہ کلام کرے تجھسے ایک شخص عربی مین اور تو نسمجھے کہ کیا کہا کہا عتبہ نے قسم خدا کی نہین سمجھا مین کچھہ اوس کلام مین سے مگر

یعنی بسبب عظمت و بلاغت کلام شریف کے مبہوت و متحیر ہوگیا ۱۲

کہا سوائے ذکر صاعقہ کے انتہی ۔ اور روایت مین آیا ہی کہ عتبہ ایک روز قریش کی مجلس مین بیٹھا تھا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
مسجد مین تنہا بیٹھے ہوئے تھے کہ عتبہ نے کہا ای جماعت قریش کی کیا نہ اوٹھون مین طرف اسکے اور کلام کرون پاس سے پس پیش کرون مین اوسکے کئی
امور شاید کہ وہ قبول کرے ہمسے کچھ اور باز رہے ہمسے کہا قریش نے بہت خوب ای ابو الولید پس اوٹھا عتبہ یہان تک کہ آکر بیٹھا پاس
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کلام مذکور کہ جو اوپر کی روایت مین گذرا اور حضرتؐ نے بعد اوسکے کہہ چکنے کے سورت مذکور پڑھی پس حضرتؐ
پڑھتے جاتے تھے اوسکو اور عتبہ نے جب سنی وہ تو چپ ہو کر سننے لگا اور ہاتھ اپنا اپنی پیٹھ کے پیچھے ٹیک کر بیٹھا سنتا رہا اوسکو یہان تک کہ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پونہچے سجدے تک پس سجدہ کیا اوسمین پھر فرمایا کہ سنی تو نے ای ابو الولید کہا اوسنے کہ سنی مینے فرمایا حضرتؐ نے
پس تو اور یہ سنے یعنی تو کیا لیاقت رکھتا ہی اسکے سننکی پس اوٹھا عتبہ اور آنے لگا اپنے یارون کے پاس پس کہا بعضے اوسکے یارون نے بعضون سے
قسم خدا کی کھا کر کہ البتہ تحقیق آتا ہی تمہارے پاس ابو الولید بغیر اوس منہ کے کہ گیا تھا ساتھ اوسکے یعنی بشاشت سے گیا تھا اور اب پھٹکارا ہوا
آتا ہی پس جب بیٹھا عتبہ پاس قریش کے تو کہا اونھون نے کہ کیا حیلہ حوالہ کیا اوسنے تجسے کہا عتبہ نے قسم خدا کی بلا شبہہ مینے سنا ہی ایسا کلام کہ
نہین سنا مینے مانند اوسکے کبھی قسم خدا کی نہین ہی وہ شعر اور نہ سحر اور نہ کہانت قسم خدا کی البتہ ہوگا بموجب قول اوسکے کے کہ سنا ہی مینے اوس سے
آخر اور روایت مین آیا ہی ابن عمرؓ سے کہ کہا جب پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبہ بن ربیعہ پر حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
تو آیا وہ اپنے یارون کے پاس اور کہا ای قوم میری اطاعت کرو تم میری اس دن مین اور نافرمانی کر لینا بعد اسکے اسلیے کہ قسم خدا کی البتہ تحقیق سنا ہی
مینے اس شخص سے ایسا کلام کہ نہین سنا میرے کانون نے کبھی ویسا کلام مانند اوسکے اور نہین سوجھا مجکو جواب اوسکا آخر اور روایت مین آیا ہی کہ بعد
کلام مذکور کے عتبہ نے کہا کہ چھوڑ دو اس شخص کو اور الگ ہو اس سے پس قسم خدا کی نہین وہ چھوڑنے والا اوس دین کو کہ وہ اوسپر ہی اور سارے عرب
کو اور اوسکو لڑنے دو آپسمین اسلیے کہ اگر وہ غالب آویگا اونپر تو ہوگا شرف اوسکا شرف تمہارا اور عزت اوسکی عزت تمہاری اور بادشاہت اوسکی
بادشاہت تمہاری اور اگر عرب غالب آوینگے اوسپر تو دفع ہو جاویگا وہ تمسے بسبب غیر تمہارے کے کہا قریش نے کیا رغبت کی تو نے اوسکی طرف
ای ابا الولید انتہی اور روایت کی حکیم ترمذی نے نوادر الاصول مین عبد الرحمن بن ابی بکرؓ سے کہ کہا آیا مین ملنے کو عایشہؓ سے اور آنحضرتؐ پر وحی
اوتر رہی تھی پھر افاقت ہوئی حضرتؐ کو اوس حالت سے کہ وقت اوترنے وحی کے ہوتی تھی پس کہا ای عایشہؓ دے مجکو چادر میری پس دی مینے
آپکو چادر پھر رونق افزا ہوئے آپ مسجد مین پس ناگہان کوئی شخص وعظ کہہ رہا تھا پس بیٹھ گئے حضرت یہان تک کہ جب وعظ کہہ چکا واعظ تو
شروع کی آپنے پڑھنی حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پس سجدہ کیا یعنی جب آیت سجدہ پر پونہچے یہان تک کہ دراز ہوا سجدہ
آپکا پھر سنا یہ مذکور اون لوگون نے کہ دروس پڑھتے اور بھر گئی اونپر مسجد یعنی لوگ جمع ہوئے سجدہ کرنے کو آپکے ساتھ پس کہلا بھیجا عایشہؓ
نے اپنے گھر یعنی اپنے گھر والون کو یہ کہ حاضر ہو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اسلیے کہ البتہ تحقیق دیکھا ہی مینے اونسے ایک امر نہین
دیکھا مینے اونسے ابتدا اوس دن سے کہ رہی مین ساتھ اونکے پس اوٹھایا حضرتؐ نے سر اپنا اور کہا کہ یہ سجدہ کیا مینے از راہ شکر رب اپنے کے عوض مین
اوس نعمت کے کہ دی مجکو میری امت کے لیے پس عرض کیا اونسے ابو بکرؓ نے کہ کیا نعمت دی تمکو تمہاری امت کے لیے فرمایا کہ دی مجکو یہ نعمت کہ ستر ہزار
میری امت مین سے داخل ہونگے بہشت مین پس کہا ابو بکرؓ نے کہ یا رسول اللہ آپکی امت مین بہت نیک ہین پس زیادہ مانگو فرمایا یعنی جیسے
کسیکی تسلی کے لیے اشارہ کرتے ہین کہ تحقیق کیا مینے پس دیے مجکو ساتھ ہر ایک کے ستر ہزار مین سے ستر ستر ہزار کہا ابو بکرؓ نے یا رسول اللہ
اور زیادتی مانگیے اپنی امت کے لیے پس اشارہ کیا ساتھ دونون ہاتھون اپنے کے یعنی جیسے کسیکی تسلی کے لیے اشارہ کرتے ہین پھر اشارہ کیا
ساتھ دونون ہاتھون اپنے کے سینے پر یعنی یہ اشارہ اسکا ہوا کہ یاد ہی مجکو حاصل دونون اشارون کا یہ ہوا کہ خاطر جمع رکھو مجھے یاد ہی
پس کہا عمرؓ نے کہ یاد دی آپکو یا رسول اللہ یعنی دعا کرنا اور بیہقی نے روایت کی شعب الایمان مین خلیل بن مرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نہین سوتے تھے یہان تک کہ پڑھتے تبارک اور تنزیل السجدہ + درمنثور

كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝

کتاب ہے کہ جدی جدی کی ہین اوسکی آیتین قرآن عربی زبان کا ایک سمجھ والے لوگون کو سناتا خوشی اور ڈر پھر دھیان مین نہ لائے وہ بہت لوگ پھر وہ نہین سنتے + موضح

یہ ایک کتاب ہے کہ واضح بیان کی گئین آیتین اوسکی درحالیکہ قرآن ہے عربی واسطے اوس قوم کے کہ جانتے ہین خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا پس روگردان ہوئے اکثر لوگ پس وہ نہین سنتے ہین + تفسیر فصلت کے معنی ہین جدا جدا کی گئین آیتین اوسکی او رگردانی گئین تفصیلین بیچ معانی مختلفہ کے قسم احکام او قصصون او نصیحتون اور وعدہ و وعید وغیر ذلک سے قرآن عربی یعنی مراد رکھتا ہون ساتھ اس کتاب مفصل کے قرآن کہ صفت اوسکی ایسی اور ایسی ہے یا یہ معنی ہین کہ جدا جدا کی گئین آیتین اوسکی بیچ حال ہونے اوسکے کے قرآن عربی واسطے اوس قوم کے الخ یعنی واسطے قوم عرب کے کہ جانتے ہین بوجھ کو کہ اوتری اور ہر قسم آیتون مفصلہ سے کہ واضح ہین اونکی زبان عربی مین خوش خبری دینے والا یعنی واسطے اولیا اوسکے اور ڈرانے والا یعنی واسطے دشمنان خدا کے نہین سنتے ہین یعنی نہین قبول کرتے ہین + مدارک + معالم

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ

اور کہتے ہین ہمارے دل غلاف مین ہین اوس بات سے جسطرف تو ہمکو بلاتا ہے اور ہمارے کانون مین بوجھ ہے اور ہمارے تیرے بیچ مین اوٹ ہے

فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝

سو تو اپنا کام کر ہم اپنا کام کرتے ہین + موضح

اور کہا کافرون نے یعنی نبی سے کہ دل ہمارے پردون مین ہین اوس چیز سے کہ بلاتا ہے تو ہمکو طرف اوسکے کہ وہ توحید ہے اور ہمارے کانون مین بوجھ ہے اور درمیان ہمارے اور درمیان تیرے ایک پردہ ہے پس عمل کر تحقیق ہم بھی عمل کرنے والے ہین + تفسیر بوجھ ہے کہ مانع ہوتا ہے تمہاری بات کے سننے سے اور یہ تمثیلین ہین واسطے دور ہونے دلون اونکے کے قبول کرنے حق کے سے اور اعتقاد رکھنے حق کے سے گویا کہ وہ غلافون اور پردون مین ہین کہ مانع ہوتے ہین وہ سمجھنے حق کے سے دلون مین اور واسطے نہ سمانے حق کے اونکے کانون مین گویا کہ وہ بہرے ہین حق کے سننے سے اور واسطے دور ہونے مذہبون اور دینون کے گویا کہ درمیان اونکے اور اوس چیز کے کہ وہ اوسپر ہین اور درمیان رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اوس چیز کے کہ وہ اوسپر ہین پردہ ڈھانکنے والا اور اوٹ بلند ہے قسم پہاڑ یا مانند اوسکے سے پس نہین ملتے آپسمین اور نہ دیکھتے ہین آپسمین ایک دوسرے کو پس عمل کر یعنی اپنے دین پر ہم عمل کرنے والے ہین اپنے دین پر یا یہ مراد ہے کہ پس عمل کر بیچ باطل کرنے امر ہمارے کے ہم عمل کرنے والے ہین بیچ باطل کرنے امر تمہارے کے + مدارک + عمر بن الخطاب سے منقول ہے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ الخ کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ آئے قریش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو کہ کونسی چیز مانع ہے تمکو اسلام سے اگر اسلام لاؤگے تو سردار ہوو گے عرب کے پس کہا قریش نے کہ اے محمد نہین سمجھتے ہین ہم اوس چیز کو کہ کہتے ہو تم اور نہ سنتے ہین ہم اوسکو اور بلاشبہ ہمارے دلون پر البتہ پردہ ہے اور لیا ابوجہل نے ایک کپڑا اور کھینچا اوسکو درمیان اپنے اور درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا اے محمد قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ پس فرمایا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ مین بلاتا ہون تمکو طرف دو چیزون کے ایک تو یہ گواہی دو تم یہ کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اور دوسری یہ کہ مین رسول اللہ کا ہون پس جب سنی اونھون نے گواہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی پھیر وہ اپنی پیٹھون پر بھاگ گئے اور کہا اونھون نے اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝ یعنی کیا کر دیا اسنے کئی معبودون کو ایک معبود بلاشبہ یہ ایک تعجب کی بات ہے اور کہا بعضون نے اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ اِنَّ هٰذَا

لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا

یعنی چلو اور تقیم رہو اپنے معبودون پہ بلا اشتبہ اس بات مین کچھ غرض ہی نہین سنی ہمنے یہ اوس پچھلے دین مین اور نہین کچھ یہ مگر بنائی بات
کیا اسی پہ اوتری نصیحت ہم سب مین سے اور اوترے جبرئیل پس کہا ای محمد بلا اشتبہ اللہ فرماتا ہی تجکو سلام اور فرماتا ہی کہ کیا نہین کہتے ہین
یہ قریش کہ انکے دلون پر پردے ہین اس سے کہ سمجھین وہ توحید کو اور انکے کانون مین بوجھ ہی کیا پس نہین سنتے ہین بات تیری تو کیونکر ہی یہ بات
کہ جب ذکر کرتا ہی تو اپنے رب کا قرآن مین اکیلا کر بھاگتے ہین وہ اپنی پشتون پر بدک کر اگر ہی جیسا کہ یہ کہتے ہین تو کیون بھاگتے ہین یعنی اگر بہرے
ہین اور سنتے نہین تو یہ کیونکر سنکر بھاگتے ہین ولیکن وہ سنتے ہین اور نہین نفع پاتے ساتھ اوسکے ازراہ مکروہ جاننے کے اوسکو پس جب کہ
ہوا کل کا دن تو آئے اونمین سے ستر شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اونھون نے کہ ای محمد ظاہر کرو ہمپر اسلام پس جب ظاہر کیا آنحضرت نے
اونپر اسلام تو مسلمان ہوئے سب پس مسکرائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا الحمد للہ کل تو تم کہتے تھے کہ ہمارے دلون پر غلاف ہین اور ہمارے
دل پردون مین ہین اوس چیز سے کہ مین بلاتا ہون تمکو طرف اوسکے اور کہتے تھے تم کہ ہمارے کانون مین بوجھ ہی اور صبح کی تمنے آج کے دن
اس حال مین کہ مسلمان ہو پس کہا اونھون نے یا رسول اللہ جھوٹ بولے ہم قسم خدا کی اگر ہوتا ایسا تو نہ ہدایت پاتے ہم کبھی ولیکن اللہ سچا ہی اور بندے
جھوٹ بناتے ہین اوسپر اور وہ غنی ہی اور ہم محتاج ہین طرف اوسکے + **در منثور** +

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ

تو کہہ مین بھی آدمی ہون جیسے تم حکم آتا ہی مجکو کہ تمپر بندگی ایک حاکم کی ہی سو سیدھے رہو اوسکی طرف اور اوس سے گناہ بخشواو

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

اور خرابی ہی شریک والون کو جو نہین دیتے زکوۃ اور وہ آخرت سے منکر ہین + صق

کہہ سوا اسکے نہین ہی کہ مین آدمی ہون مانند تمھارے وحی کیا جاتا ہی طرف میرے یہ کہ معبود تمھارا معبود اکیلا ہی پس سیدھے متوجہ ہو طرف
اوسکے اور بخشش مانگو اوس سے اور وائے واسطے اون مشرکون کے کہ نہین دیتے زکوۃ اور وہ ساتھ آخرت کے نامعتقد ہین + **تفسیر** + مین آدمی
ہون الخ یہ جواب ہی انکے اس قول کا قلوبنا فی اکنۃ اور وجہ اوسکی یہ ہی کہ آنحضرت نے کہا اونکو کہ مین نہین ہون فرشتہ اور مین آدمی ہون مانند
تمھارے اور تحقیق وحی بھیجی گئی طرف میری نہ طرف تمھارے پس صحیح ہوئی نبوت میری ساتھ آنے وحی کے طرف میرے اس حال مین کہ مین بشر ہون
اور جب صحیح ہوئی نبوت میری تو واجب ہوا تمپر اتباع میرا اوس چیز کا کہ وحی کی گئی طرف میرے یہ کہ معبود تمھارا معبود اکیلا ہی پس سیدھے چلو طرف
اوسکے ساتھ توحید کے اور خالص کرنے عبادت کے نہ جاؤ داہنے بائین اور نہ التفات کرو طرف فریب دینے شیطان کے کہ وہ بت پوجنے کو اور
بتون کے شفیع ٹھہرانے کو کہتا ہی اور بخشش مانگو اوس سے شرک سے اور لا یؤتون الزکوۃ کے یہ معنی ہین کہ نہین ایمان رکھتے ساتھ واجب ہونے
زکوۃ کے اور نہین دیتے زکوۃ یا یہ معنی ہین کہ نہین کرتے وہ چیز کہ ہون بسبب اوسکے ازکیا یعنی پاک اور وہ چیز کیا ہی ایمان لانا ساتھ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم کے اور بعث اور ثواب و عقاب کے اور ابن عباس رض نے یہ معنی کیے ہین کہ نہین کہتے وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور یہ کلمہ زکوۃ یعنی سبب
پاکیزگی نفسون کا ہی اور معنی یہ ہین کہ نہین پاک کرتے اپنے نفسون کو شرک سے بسبب توحید کے اور کہا حسن اور قتادہ نے کہ نہین اقرار کرتے
زکوۃ کا اور نہین اعتقاد کرتے اوسکے دینے کو واجب اور کہا جاتا تھا کہ زکوۃ پل اسلام کا ہی پس جسنے طی کیا اوسکو نجات پائی اور جسنے تخلف کیا اوس سے
یعنی پیچھے رہ گیا اوس سے اور نہ طی کیا اوسکو ہلاک ہوا اور کہا ضحاک و مقاتل نے کہ یہ معنی ہین نہین خرچ کرتے طاعت مین اور نہین صدقہ دیتے اور کہا مجاہد
نے نہین پاک کرتے اپنے اعمال کو یعنی ریا وغیرہ سے اور وہ ساتھ آخرت کے نامعتقد ہین نہ دینے زکوۃ کو بیان کیا نزدیک کفر بالآخرۃ کے اسلیے کہ بہت
پیاری چیز انسان کے نزدیک مال اوسکا ہی اور وہ ٹکڑا ہی اوسکی جان کا پس جب کہ خرچ کیا اوسکو اللہ کی راہ مین تو یہ قوی تر دلیل ہوئی اوپر استقامت اور صدق نیت

اور خلوص سے دل اونکے اور نہین قابو مین آئے مؤلفۃ القلوب مگر بسبب نفع دنیا کے پس قوی ہوئے اعضا اونکے اور نرم ہوئی شدت اونکی اور نہین مرتد ہوئے بنو حنیفہ مگر بسبب نہ دینے زکوۃ کے اور اسمین رغبت دلانی ہی مومنون کو اوپر ادا کرنے زکوۃ کے اور ڈرانا شدید ہی نہ دینے زکوۃ کے نسبت اس جہت سے کہ گردانا زکوۃ کے نہ دینے کو اوصاف مشرکین سے اور نزدیک کیا اوسکو ساتھ کفر بالآخرت کے ٭ **من معا تنبیہ** جاننا چاہیے کہ استقامت عجب چیز ہی سفیان بیٹے عبد اللہ ثقفی کے روایت کرتے ہین کہ مینے عرض کیا یا رسول اللہ فرمائیے میرے لیے اسلام مین یعنی حق اوس چیز کے کہ کامل کرے اسلام کو اور رعایت کیے جاوین بسبب اوسکے حقوق اسلام کے ایک قول کہ نہ سوال کرون مین اوس سے کسی سے بعد سوال کرنے آپکے یعنی ایک قول جامع فرما دیجیے کہ نہ احتیاج ہو بسبب اوسکے سوال کرنی کی کام شرع مین آپکے غیر سے فرمایا آنحضرت نے قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ یعنی کہہ ایمان لایا مین ساتھ اللہ کے یعنی ساتھ تمام اون چیزون کے کہ واجب ہی اوپر ایمان لانا پھر مستقیم رہ یعنی اوپر بجا لانے اوامر کے اور بچنے کے نواہی سے از روے قلب و قالب کے روایت کی یہ مسلم نے اور جاننا چاہیے کہ ادا کرنا زکوۃ کا بنا ہے اسلام سے ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بنا کیا گیا ہی اسلام اوپر پانچ چیزون کے اوپر گواہی دینے لا الہ کے کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے اور بلاشبہ محمد بندے اللہ کے ہین اور رسول اوسکے اور اوپر قائم کرنے نماز کے اور دینے زکوۃ کے اور ادا کرنے حج کے اور روزے رکھنے رمضان کے روایت کی یہ بخاری مسلم نے اور زکوۃ کے نہ دینے مین بڑی بڑی خرابیان لگتی جاوینگی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی سونا رکھنے والا اور نہ چاندی رکھنے والا کہ نہ ادا کرے اوس سے حق اوسکا اور زکوۃ ہی مگر جب کہ ہوگا دن قیامت کا بنائے جاوینگے واسطے اوسکے آگ کے یعنی تختے سونے چاندی کے بنینگے لیکن آگ مین ایسے گرم کیے جاوینگے کہ گویا آگ کے ہونگے جیسا کہ فرمایا پس گرم کیے جاوینگے آگ مین جہنم کی داغ دیے جاوینگے ساتھ اون تختون کے پہلو اوسکے اور پیشانی اوسکی اور پیٹھ اوسکی جب کہ جدا کیے جاوینگے یعنی بدن سے اور ڈالے جاوینگے آگ مین پھر لائے جاوینگے یعنی جب ٹھنڈے ہو جاوینگے تو آگ مین ڈالے جاوینگے گرم ہونے کے لیے اور نکال کے پھر داغ دینگے ہمیشہ یہ نہین کرتے رہینگے اوس دن مین کہ ہی مقدار اوسکی پچاس ہزار برس کی یہانتک کہ حکم کیا جاویگا درمیان بندون کے پس دیکھے راہ اپنی طرف بہشت کے یا طرف دوزخ کے ساری حدیث بیان فرمائی تمام اوسکا باقی رہا ہی چنانچہ وہ سب کتب مین مسلم سے روایت کی گئی ہی اور یہ مناسب ہی کے وارد ہوا ہی قول اللہ تعالی کا وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝ یعنی اور جو لوگ کہ جمع کرتے ہین سونا اور چاندی اور نہین خرچ کرتے اوسکو اللہ کی راہ مین پس خبر دے تو اونکو عذاب دردناک کی اوس دن مین کہ گرم کیے جاوینگے بیچ آگ دوزخ کے پھر داغ دیے جاوینگی اوس سے پیشانیان اونکی اور پہلو اونکے اور پیٹھین اونکی اور کہا جاویگا کہ یہ وہی تو ہی جو جمع کیا تھا تم نے اپنے لیے پس چکھو وبال اوسکا کہ جمع کرتے تھے اور مراد نہ ادا کرنے حق مال کے سے حدیث مین اور نہ خرچ کرنے مال کے سے راہ خدا مین بیچ آیت کے نہ دینا زکوۃ مال کا ہی پس بلاشبہ جو لوگ کہ جمع کرتے ہین اموال اور ذخیرہ کرتے ہین اونکو اور نہین دیتے زکوۃ اونکی عذاب دیے جاوینگے روز قیامت کے ساتھ طرح طرح کے عذابون کے انمین سے ایک تو یہی ہی جو ذکر کیا گیا اس حدیث مین اور آیت مین اور وجہ تخصیص ان اعضا کی ساتھ عذاب کے یہ ہی کہ صاحب مال جب یاد نہین ڈالتا ہے نفس کو زکوۃ کے دینے کی بعد واجب ہونے اوسکے کے ساتھ آنے وقت اوسکے کے تو وہ جب دیکھتا ہی فقیر طالب زکوۃ کو تو تیوری چڑھا لیتا اور جب سوال کرتا ہی وہ اوس سے تو موہنہ موڑ لیتا ہی اوس سے اور پھیر لیتا ہی اوسکی طرف سے پہلو اپنا اور جب مبالغہ کرتا ہی سوال مین تو اوٹھ کر ہٹتا ہی اپنی جگہ سے اور اوسکی طرف سے پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہی اور نہین دیتا اوسکو کچھ اوسکے حق مین سے کہ وہ زکوۃ ہی پس بدلا پاتا ہی وہ بسبب ہر ایک کے ان افعال مین سے پس عذاب کریگا اوسکو اللہ تعالی اس طرح کہ گرم کریگا اوسکے اموال کو کہ وہ دینار ہین اور درہم مین تختے آگ کے

داغ دیگا ساتھ اونکے اون اعضا کو کہ ایذا دی تھی اونسے فقیر کو اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ اونھون نے کہا نہین رکھی جاویگی دینار دینا پر اور نہ درہم درہم پر ولیکن فراخ کیجاویگی جلد اوسکی یہانتک کہ رکھی جاوے ہر دینار و ہر درہم علیحدہ علیحدہ جگہہ مین جب کہ تمام ہوجاوینگے اور نپہنچینگے داغ اونکے اول سے آخر تک اعادہ کیے جاوینگے وہ داغ طرف اول داغون اوسکے یہانتک کہ پہنچینگے اونکے آخر تک اسی طرح سے ہمیشہ رہیگا اسی قسم کا عذاب روز قیامت کے یہانتک کہ حکم کیا جاوے درمیان بندون کے پس دیکھے راہ اپنی یا تو طرف جنت کے اگر نہو اوسکے لیے کوئی گناہ سوا اوسکے یا ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے عفو کر دیا ہو اوس سے اور یا طرف دوزخ کے اگر ہو برخلاف اس حال کے اور اور حدیث مین آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو کہ دیا اللہ نے مال پس نہ ادا کی زکوۃ اوسکی بنایا جاویگا اوسکے لیے مال اوسکا دن قیامت کے سانپ گنجا واسطے اوسکے ہونگے دو نقطے سیاہ آنکھون پر بطور طوق کے ڈالا جاویگا وہ سانپ اوسکی گردن مین روز قیامت کے پھر پکڑیگا دونون باچھین اوسکی پھر کہیگا مین ہون مال تیرا مین ہون گنج تیرا پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُم بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ یعنی نہ گمان کرین وہ لوگ کہ بخل کرتے ہین ساتھ اوس چیز کے کہ دی اونکو اللہ نے فضل اپنے سے یعنی مال اپنا کہ وہ بہتر ہی اونکے لیے بلکہ برا ہی اونکے لیے قریب ہی کہ طوق ڈالے جاوینگے اوس چیز کا کہ بخل کرتے ہین ساتھ اوسکے دن قیامت کے یعنی وہ مال طوق ہوکر پڑیگا اونکی گردنون مین انتہی پس بیان کیا آنحضرت نے اس حدیث مین کہ جسکو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور ادا نکی زکوۃ اوسکی اوسکا مال روز قیامت کے ایسے سانپ کی صورت مین بنایا جاویگا کہ جسکے بال جھڑ پڑین ہون بسبب کثرت زہر اوسکی کے اور درازی عمر اوسکی کے اور اوسکی آنکھون پر دو نقطے سیاہ ہونگے کہ اس طرح کا سانپ بہت ڈراونا اور برا ہوتا ہی اور ڈالا جاویگا وہ اوسکی گردن مین مانند طوق کے پھر پکڑیگا وہ سانپ دونون باچھین اوسکی اور کاٹیگا اوسکو اور کہیگا اوسکو مین وہی تو مال ہون تیرا جسکو جمع کیا تھا تو نے اور نہین ادا کی تھی تو نے زکوۃ اوسکی پس جب کہ ہوئی ہیچ نہ دینے زکوۃ کے ایسی وعید شدید تو لازم ہوا بیان کرنا وجہ حکمت کا بیچ واجب کرنے زکوۃ کے پس وہ امتحان الٰہی ہی اسلیے کہ کلمہ شہادت کے پڑھنے مین لازم کرنا توحید کا ہی اور گواہی دینی ساتھ اکیلے ہونے معبود کے اور دعوی کرنا کمال محبت الٰہی کا پس جو کوئی کہتا ہی اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تو ہوتا ہی گویا کہ اوسنے کہا کہ بلا شبہہ مینے دیکھا اپنے دل سے اور جانا اپنی عقل سے یہ کہ نہین ہی کوئی معبود اور نہ محبوب سوائے اللہ کے اور لازم پکڑی مینے عبادت اوسکی اور محبت اوسکی اور نہین پوجونگا مین اور نہین دوست رکھونگا مگر اوسی کو پس لازم آتا ہی پورا کرنا اوس چیز کا کہ دعوی کیا ہی اوسکا قسم توحید سے بیچ محبت کے یعنی نری اوسی کے محبت رکھے اور کامل پورا کرنا اوسکا یہ ہی کہ نہ باقی رہے موحد کے لیے کوئی محبوب سوائے واحد یکتا یعنی وحدہ لاشریک کے اسلیے کہ محبت نہین قبول کرتی ہی شرکت کو یعنی پوری محبت تو ایک ہی کی ہوسکتی ہی اور توحید زبانی قلیل النفع ہی اور نہین ظاہر ہوتا ہی درجہ محبت کا مگر ساتھ مفارقت پیاری چیزون کے اور اموال پیارے ہین خلق کو اسلیے کہ وہ سبب ہین اونکے چین اور قضائے حاجات کے دنیا مین اور ان مالون ہی کے سبب سے انست رکھتے ہین اس عالم کی اور نفرت رکھتے ہین موت سے باوجودیکہ موت ملنا محبوب کا ہی پس امتحان کیے گئے لوگ اپنے صدق دعوی محبت مین ساتھ خرچ کرنے مال کے کہ وہ معشوق انکا ہی اور لوگ مال کے خرچ کرنے مین تین قسم پر ہین ایک تو اوس قسم کے ہین کہ سچے ہوئے توحید مین اور محبت کے دعوی کرنے مین اور خرچ کیے اونھون نے تمام اموال اپنے اور نہین ذخیرہ کیا اونھون نے اپنے نفس کے لیے کچھ جیسا کہ کیا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہ لے آئے سارا مال رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو کہ خرچ کرین اوسکو اللہ کی راہ مین پس فرمایا اونکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا باقی چھوڑا تو نے اپنے نفس کے لیے پس کہا اونھون نے کہ اللہ اور رسول اوسکا پس اونھون نے پورا کیا مقام صدق پس نہین باقی رہا اونکے نزدیک سوائے محبوب اونکے کے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور رسول اوسکا ہی اور یہ بات جائز ہی اوسکے لیے کہ ہو توکل اوسکو اللہ تعالیٰ پر پورا اور اسی لیے جب کہ پوچھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم افضل صدقے سے تو فرمایا جہد المقل یعنی بہت کوشش کرنی کم مال والے کی پس آنحضرت صلعم نے

بیان فرمایا اس حدیث مین یہ کہ افضل صدقہ وہ ہی کہ دیوے اوسکو فقیر باوجود احتیاج اپنی کے طرف اوسکے اور جسکو نہو توکل پورا تو ضرور ہی اوسکو یہ کہ چھوڑے قوت اپنے نفس و عیال کا پھر تصدق کرے وہ چیز کہ زائد ہو اور سے اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی ابی ہریرہ رضی سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہترین صدقہ وہ ہی کہ ہو ظہر غنا سے یعنی بے پروائی سے اور نہین مخالف ہی اس حدیث مین اور پہلی حدیث مین اسلیے کہ غنا دو قسم کا ہی غنا مال کا اور غنا نفس کا اور بہترین صدقہ وہ ہی کہ ہو باوجود ایک غنا کے دونون مین سے یا غنا نفس کا ہو یا غنا مال کا اسلیے کہ ضرور ہی تصدق کرنیوالے اور دینے مین یہ کہ بے پروا ہو اوس سے یا تو بسبب سخاوت نفس اپنے کے اور قوت عزیمت اپنی کے ہو باعتماد خدا تعالیٰ کے جیسے کہ کیا ابو بکر صدیق رضی یا بسبب مال اپنے کے ہو کہ باقی رہے اوسکے ہاتھ بعد خرچ کرنے کے اسلیے کہ نہین جائز ہی کسیکو یہ کہ خرچ کرے قوت اپنے عیال کا طرف فقیر دینے کے اور چھوڑے اونکو مگر جب کہ راضی ہوین وہ ساتھ اوسکے اور اذن دین اوسکے لیے اوسمین بلکہ نہین جائز ہی اوسکے لیے یہ کہ دے کسیکو مگر اوس چیز سے کہ فاضل ہے اوسکے نفس و عیال سے جیسے کہ آیا ہی اور حدیث مین یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا أَبْقَتْ غِنًى بہترین صدقہ وہ ہی کہ باقی چھوڑے غنا کو یعنی تصدق کرنیوالے کو ضرور ہی ہے اوس چیز کے کہ خرچ کرتا ہی اوسکو ایک بات دیا تو غنی سے یا یہ کہ بے پروا ہو اوس سے بسبب مال اپنے کے یا بے پروا ہو اوس سے بسبب حال اپنے کے اور یہ فضل دونون بسیار دن یعنی تونگریون کا ہی اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی حدیث صحیح مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْمَالِ وَاِنَّمَا الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ یعنی نہین ہی غنی کثرت مال سے اور سوا اسکے نہین کہ غنی غنی النفس کا ہی پس فقیر نے جب کہ تصدق کیا قوت اپنے دن کا کہ میسر آیا تھا اوسکو اور صبر کیا بھوک پر ہوگا صدقہ اوسکا افضل اسلیے کہ نہین شک ہی بیچ فضل ہونے صدقے کے ساتھ ایک چیز کے باوجود حاجت کے طرف اوسکے جب کہ نہ ضرر کرے یہ اوسکے بدن کو کہ ضعیف ہو جائے کھڑے ہونے سے نماز مین یا ستر کھلا رہے اور بلاشبہ تعریف کی ہی اللہ تعالیٰ نے انصار کی اس خصلت پر کہ فرمایا يُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ یعنی ترجیح دیتے ہین فقیر کو اپنے نفسون پر اگرچہ ہو اونکو حاجت اور دوسرے اس قسم کے ہین کہ نہین قدرت رکھتے اس مرتبے پر بلکہ رہنے دیتے ہین اموال اپنی حاجت کے وقتون کے لیے اور خیرات کے موسمون کے لیے اور نہین ہوتا قصد اونکا مال کے رکھنے مین تنعم اور تلذذ کا بلکہ قصد اونکا اوسمین یہ ہوتا ہی کہ خرچ کرین بقدر حاجت کے پھر صرف کرین تمام سے زائد کو امور خیر مین جہاں کہ معلوم ہو اور تیسرے اوس قسم کے ہین اقتصار کرتے ہین اوپر ادا کرنے اوس چیز کے کہ واجب ہی اور نہیں زیادہ دیتے ہین اوس سے اور نہ کمی کرتے ہین اوسمین اور یہ مرتبہ سب مرتبون مین نہایت کم ہی اور اس مرتبے پر اقتصار کیا ہی اکثر لوگون نے بسبب بخل اپنے کے ساتھ مال کے اور رغبت کرنے کے طرف مال کے اور ضعف محبت کے واسطے آخرت کے اور نہین ہی بعد اس مرتبے کے کچھ بھی محبت بلکہ جو کہ اوتر اس مرتبے سے اوترا کذب مین بیچ دعوی کرنے محبت کے اور ظاہر ہوتا ہی اوسکے نفس سے یہ کہ دعوی کرنا اوسکا محبت کا ہی تعلق زبان کے سے پس بنا بر اسکے واجب آئی اوپر اوس شخص کے کہ قادر ہو اوپر مرتبہ پہلے اور دوسرے کے یہ کہ نہ اوترے مرتبے تیسرے سے بلکہ لائق ہی اوسکو یہ کہ سبقت کرے بیچ ادا کرنے اوس چیز کے کہ واجب ہوتی ہی اوسپر فی الفور واسطے ظاہر کرنے رغبت کے بیچ فرمان برداری حکم کے اور واسطے ہو نہ جانے خوشی کے طرف فقیر بسبب تاخیر کے اور واسطے بچنے کے شبہے اختلاف کے سے اسلیے کہ بعض علما کے نزدیک واجب ہوتا زکوۃ کا فی الفور ہی یہان تک کہ گنہگار ہوتا ہی بسبب تاخیر کے اور دیکھانی ہی گواہی اوسکی اور زکوۃ واجب ہوتی ہی جب کہ تمام ہو سال نصاب پر پس جب کہ تمام ہو سال واجب ہی اوسپر کا دنا زکوۃ کا بس مہینے مین کہ ہو اور اگر جلدی کرے زکوۃ پہلے گذرنے سال کے تو جائز ہی نزدیک جمہور علما کے برابر ہی کہ ہو تعجیل بسبب داخل ہونے اشرف وقت کے کہ نہین پایا جاتا مثل اوسکے وقت تمام ہونے سال کے مانند مہینے رمضان کے اور رجب اور شعبان کے یا ہو تعجیل بسبب پانے محل افضل کے یعنی مصرف افضل کے کہ عمارت مین سے جیسے ہو کوئی متقی مشغول آخرت کی تجارت مین پس اوسکو مال زکوۃ دینے سے مددگاری ہوگی طاعت پر پس ہوگا دینے والا شریک اونکا بیچ طاعت اونکی کے بسبب مدد کرنے اوسکی کے طاعت مین یا ہو علما مین سے کہ اوسکا دینا بھی افضل ہی اسلیے کہ دینا علما کو مدد کرنی اونکی

علم پر اور علم اشرف عبادات ہی یہان تک کہ تھے بعضے سلف کہ نہین خرچ کرتے تھے زکوۃ اپنی مگر طرف اہل علم کے اور کہتے تھے کہ ہم نہین جانتے
بعد مقام نبوت کے کوئی مقام افضل مقام علما سے اور مراد اہل علم سے وہ لوگ ہین کہ طلب کرتے ہین علم کو واسطے آخرت کے نہ واسطے دنیا کے
پس جو لوگ کہ طلب کرتے ہین علم کو واسطے دنیا کے نہین لائق ہی تصدق کرنے والے کو یہ کہ مدد کرے اونکی ساتھ صدقے اپنے کی اوپر گناہ اونکے کے
تو کہ ہوشریک اونکا بیچ استحقاق عذاب کے اور افضل مصارف مین سے وہ بھی ہی کہ ہو عیالدار یا قرضدار یا بیمار یا قرابتی اسلیے کہ دینا قریب کو صدقہ
بھی ہی اور صلہ بھی اور نہین پوشیدہ ہی کسی پر جو کچھہ کہ ثواب ہی صلۂ رحم مین اور دوست اور برادر دینی مقدم ہین عارف پر یعنی نہ جاننے والے پر
جیسے کہ مقدم ہین اقارب اجنبیون پر لیکن لائق ہی بنا اسکا ضروری ہی دینے والے کو یہ کہ احتراز کرے باطل کرنے صدقے اپنے کے سے
ساتھہ احسان رکھنے اور ایذا دینے کے اسلیے کہ فرمایا ہی اللہ تعالی نے لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی ✤ یعنی نہ باطل کرو تم
اپنے صدقے ساتھہ احسان رکھنے اور ایذا کے اور حقیقت احسان رکھنے کی یہ ہی کہ جانے اپنے نفس کو احسان کرنے والا فقیر پر پس
جیسا کہ جاننا اپنے نفس کو احسان کرنے والا اوسپر نکلین گے اوس سے طرف ظاہر اوسکے کے افعال مٹانے والے ثواب کے مانند بیان کرنے اور ظاہر کرنے
اوسکے اور طلب مکافات کے اوس سے ساتھہ دعا اور ثنا اور خدمت اور توقیر اور تعظیم کے اور لازم اسکو یون تھا کہ جانتا فقیر کو احسان
کرنے والا اپنے پر اسلیے کہ کیا اوسنے اپنے ہاتھہ کو نائب اللہ تعالی کا بیچ قبض کرنے حق اوسکے کے کہ جس سے نجات اوسکی ہی دوزخ سے اسلیے
کہ روایت کیا گیا ہی ابن عباس سے کہ آنحضرت نے فرمایا صدقہ واقع ہوتا ہی اللہ تعالی کے ہاتھہ مین پہلے اسکے کہ واقع ہو سائل کے ہاتھہ مین پس
چاہیے کہ یقین کرے تصدق کرنے والا کہ مین سونپتا ہون طرف اللہ تعالی کے حق اوسکا اور فقیر لینے والا ہی اللہ تعالی سے رزق اپنا اور
اوپر ایذا پس ظاہر مین تو یہ ہی کہ توبیخ کرے اور عار دلاوے او سخت کلامی کرے اور موںہہ بناوے اور پردہ دری کرے اور طرح بطرح سے سبکی کرے
اوسکی اور باطن کی ایذا کہ جو منبع ظاہر کی ایذا کا ہی دو امر ہین ایک دونون مین سے یہ ہی کہ ناگوار ہوتا ہی نکالنا مال کا اپنے قبضے سے اور شدت
اسکی اوسکے نفس پر ہوتی ہی اور دوسرے جاننا اسکا کہ مین بہتر ہون فقیر سے اور فقیر بسبب حاجت اپنی کے نہایت ذلیل ہی محبت رتبے مین
اور منشا ہر ایک کا ان دونون مین سے جہل ہی اور مکروہ جو رکھتا ہی تسلیم مال کو یہ جہل اسلیے ہی کہ جسنے مکروہ رکھا خرچ کرنا درہم کا بیچ مقابلے
اوس چیز کے کہ برابر ہو ہزار کے پس وہ نہایت احمق ہی اسلیے کہ وہ خرچ کرتا ہی مال واسطے طلب رضا اللہ تعالی کے اور طلب ثواب کے دار آخرت مین حالانکہ
وہ بہتر ہی دنیا سے اور دنیا کی چیزون سے اور اوپر اپنے نفس کو جو بہتر جانتا ہی اوس سے یہ جہل اس لیے ہی کہ اگر پہچانتا فضیلت فقر کی غنا پر اور
پہچانتا خطر اغنیا کا آخرت مین تو نہ حقیر جانتا اوسکو بلکہ برکت حاصل کرتا ساتھہ اوسکے اور آرزو کرتا اوسکے درجے کی اسلیے کہ صلحا اغنیا کے
داخل ہونگے جنت مین پانسو برس پیچھے فقرا کے اور کیونکر حقیر جانتا ہی فقیر کو اس حال مین کہ کیا ہی اسکو اللہ تعالی نے خادم فقیر کا اسلیے کہ کماتا ہی
مال کو اپنی سعی سے اور طلب کرتا ہی کثرت مال کی اوسکے سبب سے اور کوشش کرتا ہی اوسکی محافظت مین اور تکلیف دیا گیا ہی یہ کہ سپرد کرے فقیر کو
بقدر حاجت اوسکی کے اور روکے اوس سے زائد حاجت کو کہ جو ضرر کرے اوسکو اگر سپرد کیا جاوے اوسکو پس غنی طلب خدمت کی کیا گیا ہی واسطے
سعی کرنے کے بیچ رزق فقیر کے اور محنت کش ہی اوسکے لیے ساتھہ لازم کرنے مشقتون سفر کے بیچ جنگلون اور دریاون کے اور نگہبانی
کرنے فضلات کے اقسام دراہم و دنانیر سے یہان تک کہ مرے اور کھاوین اونکو اغیار ساتھہ باقی رہنے بوجھون گناہون کے کہ کیے ہین
اونکے حاصل کرنے مین یسّر نا اللہ تعالی اعمالا موافقا لرضائہ بلطفہ وکرمہ ومنتہ ✤ **مجالس** ✤

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَھُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

ع ۸

البتہ جو　یقین لائے اور کیے بھلے کام　اونکو نیگ ملنا ہی جو بس نہو ✤ **موضح** ✤

بلاشبہ جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے واسطے اونکے ثواب ہی غیر منقطع ✤ **تفسیر** ✤ کہا ابن عباس نے کہ معنی غیر ممنون کے

غیر مقطوع ہین اور مقاتل نے غیر منقوص یعنی غیر ناقص کیا گیا اور مجاہد نے کہا غیر محسوب یعنی بلاحساب اور کہا سدی نے کہ اوترین یہ آیت بیچ حق بیمارون اور اپاہجون اور بڈھون کے جب کہ عاجز ہوجائین وہ طاعت سے لکھا جاتا ہی اونکے لیے ثواب جیسے خوب صحت کی حالت مین کرتے تھے عبد اللہ بن عمر روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہہ بندہ جب کہ ہوتا ہی راہ نیک پر کہ عبادت کرتا رہتا ہی پھر بیمار ہوتا ہی تو کہا جاتا ہی واسطے اوسکے فرشتے کے کہ متعین ہی اوسپر یعنی عمل لکھنے کے لیے لکھ تو واسطے اوسکے مانند عمل اوسکے کہ کرتا تھا تندرستی مین یہان تک کہ تندرست کرون مین اوسکو یا سمیٹون مین اوسکو اپنی طرف یعنی قبض روح کرون اوسکی + معا +

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

تو کہہ کیا تم منکر ہو اوس سے جسنے بنائی زمین دو دن مین اور برابر کرتے ہو اوسکے ساتھ اورونکو وہ ہی رب جہان کا + مو +

کہہ کیا کفر کرتے ہو تم ساتھ اوس ذات پاک کے کہ جسنے پیدا کیا زمین کو دو دن مین او مقرر کرتے ہو واسطے اوسکے شریک ہی پروردگار عالمون کا +

تفسیر + دو دن مین یعنی اتوار اور پیر مین اور دو دن مین زمین پیدا کی لوگون کی تعلیم کے لیے کہ کار سہولت سے کیا کرین و الا اگر اللہ تعالی چاہتا پیدا کرنا اوسکا ایک لحظے مین تو کرسکتا تھا یہ ہی یعنی جسنے پیدا کی زمین پروردگار عالمون کا یعنی پیدا کرنے والا تمام موجودات کا اور سردار و پرورش کرنے والا اونکا + ف +

وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝

اور رکھے اوسمین بوجھ اوپر سے اور برکت رکھی اوسکے اندر اور ٹھہرائین اوسمین خوراکین اوسکی چار دن مین پوری پوچھنے والون کو + مو +

اور پیدا کیے زمین مین پہاڑ اوپر اوسکے اور برکت رکھی زمین مین اور اندازہ کیا اوسمین قوت اوسکے رہنے والونکا بیچ تمہ چار روز پورے کے بیان واضح کیا گیا واسطے سوال کرنے والون کے + **تفسیر** + اوپر اوسکے پہاڑون کا زمین پر رکھا اسلیے کہ تو منافع پہاڑ کے ظاہر ہون واسطے منافع کے طلب کرنے والون کے اور تو کہ دیکھین لوگ کہ زمین اور پہاڑ بوجھ پر بوجھ ہین اور یہ سب محتاج ہین کسی تھامنے والے کے اور وہ اللہ عزوجل ہی اور برکت رکھی الخ یعنی ساتھ پانی اور زراعت اور درختون اور میوون کے اور قدر کے معنی ہین قسم یعنی تقسیم کی اوسمین قوت اہل زمین کی قسم آدمیون اور چارپایون وغیرہ سے اور کہا حسن اور عکرمہ نے کہ مقدر کیا قوت کو ہر شہر مین جو کہ نہین پیدا کیا دوسرے شہر مین تو کہ زندگانی بسر کرے بعض انمین کا بعض سے بسبب تجارت کے ایک شہر سے طرف دوسرے شہر کے اور فی اربعۃ ایام سے مراد ہی فی تتمۃ اربعۃ ایام یعنی بیچ تتمہ چار دن کے اور مراد تتمے سے دو دن ہین اور یہ تقدیر اسلیے ضرور ہی کہ اگر جاری کیا جاوے یہ ظاہر پر تو آٹھ دن ہوتے ہین اسلیے کہ فرمایا اللہ تعالی نے خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ پھر فرمایا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ پھر فرمایا فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ پس ہوگا یہ خلاف قول اللہ تعالی کے اور بیچ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ یعنی واقع ہوئی یہ چیزین چھہ دن مین پیدا ہوئی ہین جیسے کہ آیت فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ دلالت اسپر کرتی ہی اور اگر فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ظاہر معنی پر محمول ہو تو آٹھ دن ہو جاتے ہین کہ دو دن مین زمین ہوئی اور چار دن مین قوت اور دو دن مین ساتون آسمان اور بحسب تقدیر مذکور کے چھہ دن ہونگے دو دن مین زمین دو دن مین قوت دو دن مین آسمان پس فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ کے مطابق پڑیگا یہ حساب اور ایسا ہی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ ابن عباس روایت کرتے ہین کہ یہود آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا آپ سے حال پیدا ہونے آسمانون اور زمین کا پس فرمایا آپ نے کہ پیدا کیا اللہ تعالی نے زمین کو اتوار اور پیر کے دن مین اور پیدا کیا پہاڑون کو اور جو کچھ کہ اونمین منافع ہین منگل کے دن اور پیدا کیا بدھ کے دن درختون اور پانی اور شہرون اور آبادی اور ویرانے کو پس یہ چار دن ہوئے پس فرمایا اللہ تعالی نے قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ

مِنۡ فَوۡقِهَا وَ بٰرَكَ فِيۡهَا وَقَدَّرَ فِيۡهَاۤ اَقۡوَاتَهَا فِىۡۤ اَرۡبَعَةِ اَيَّامٍؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيۡنَ○ اور پیدا کیا پنجشنبے کے دن آسمان کو اور پیدا کیا جمعے کے دن ستارون اور آفتاب اور چاند اور ملائکہ کو تین ساعت دن باقی رہے تک پھر پیدا کیا بیچ اول ساعت کے ان تین مین سے اجلون کو کہ جسوقت مرین گے مرنے والے اور دوسری ساعت مین ڈالی آفت ہر چیز پر اون چیزون مین سے کہ منتفع ہوتے ہین ساتھ اونکے لوگ اور تیسری ساعت مین پیدا کیا آدم کو اور بسایا اونکو جنت مین اور حکم کیا ابلیس کو اونکے سجدہ کرنے کا اور نکالا اونکو جنت سے آخر ساعت مین کہا یہودیون نے پھر کیا ہوا ای محمد فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ یعنی پھر متوجہ ہوا عرش پر کہا یہودیون نے تحقیق خوب کہا آپنے اگر پورا حال بیان کرتے کہا یہودیون نے پھر استراحت کی پس نہایت غصے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پس اوتری یہ آیت وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ○ فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ یعنی اور البتہ بلاشبہ پیدا کیا ہمنے آسمانون اور زمین کو اور جو کچھ انکے درمیان مین ہی چھہ دن مین اور نہین پہونچا ہمکو تکان پس صبر کر ای محمد اوس چیز پر کہ بکتے ہین یہ انتہی اور لفظ للسائلین متعلق ہی قدّر کی یعنی مقدر کی اونمین قوتین واسطے طالبین قوتون کے کہ جو محتاج ہین اونکے اسلیے کہ ہر ایک طلب کرتا ہی قوت اور سوال کرتا ہی اوسکو یا لفظ للسائلین متعلق ہی محذوف کی گویا کہ کہا گیا هٰذَا الۡحَصۡرُ لِاَجۡلِ مَنۡ سَأَلَ كَمۡ خُلِقَتِ الۡاَرۡضُ وَمَا فِيۡهَا یعنی یہ حصر واسطے اوسکے ہی کہ سوال کرے کہ کتنے دن مین پیدا کی گئی زمین اور جو کچھ اوس مین ہی + **مدارک + درمنثور** +

ثُمَّ اسۡتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِىَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلۡاَرۡضِ ائۡتِيَا طَوۡعًا اَوۡ كَرۡهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَيۡنَا طَآئِعِيۡنَ○

پھر چڑھا آسمان کو اور وہ دھوان رہا تھا پھر کہا اوسکو اور زمین کو آؤ دونون خوشی سے یا زور سے وہ بولے ہم آئے خوشی سے + **مو** +

پھر متوجہ ہوا طرف آسمان کے اور وہ دھوین کے مانند تھا پس کہا اوسکو اور زمین کو بھی آؤ تم بخوشی یا ناخوشی یعنی تابعدار میرے حکم کے ہو واللہ اعلم کہا دونون نے آئے ہم بخوشی + **تفسیر** + ثم استوی یہ مجاز ہی اللہ تعالی کے پیدا کرنے سے آسمان کو بحسب ارادے اپنے کے عرب کہا کرتے ہین فعل فلان کذا ثم استوی الی عمل کذا مراد اس سے یہ رکھتے ہین کہ فلانے نے پورا کیا اول کام اوسکا شروع کیا دوسرا کام اور سمجھا جاتا ہی اس سے یہ کہ پیدا ہونا آسمان کا بعد زمین کے پیدا ہونے کے ہی اور یہی کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور ابن عباس سے یہ بھی منقول ہی کہ کہا اول سب سے پیدا کیا اللہ تعالی نے ایک جواہر کو اور ایک روایت مین ہی سبز جواہر کو طول و عرض اوسکا بقدر مسافت ہزار برس کے بیچ مسافت دس ہزار برس کے کہ جسکے لاکھ برس ہوئے پھر نظر ہیبت سے دیکھا اوسکی طرف پس وہ پگل گیا اور تھرتھرانے لگا پھر اوٹھا اوس مین سے دھوان بسبب مسلط کرنے آگ کے اوسپر یعنی آگ اوس پانی پر متعین ہوئی اور اوسنے اوسکو جوش دیا پس دھوان اوٹھا اوس سے اور کف آسنے پانی پر کفون کی تو زمین بنی اور دھوین کا آسمان اور آسمان و زمین کو جو حکم آنے کا کیا اور اونھون نے فرمانبرداری کی معنی اسکے یہ ہین کہ اللہ تعالی نے ارادہ کیا ان دونون کے پیدا کرنیکا پس نہ ہٹے وہ اوسکے حکم سے اور پیدا ہوگئے [illegible] وہ اس بات مین مانند مامور مطیع کے کہ جب وارد ہوا اوسپر فعل مطاع کا اور زمین کو جو آسمان کے ساتھہ ذکر کیا بیچ حکم [illegible] کے حال انکہ زمین پیدا کی گئی ہی دو دن پہلے آسمان کے اسلیے کہ جرم زمین کا پہلے پیدا کیا گیا [illegible] اوسکو بعد پیدا کرنے آسمان کے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ دَحٰٮهَا○ یعنی زمین کو [illegible] بلایا پس معنی یہ ہوئے کہ آؤ تم دونون اوس شکل و صفت پر کہ لائق ہی آنا اوسپر آ تو ای زمین پھیلی ہوئی بطور بچھونے کے [illegible] آ تو ای آسمان گنبد نما چھت اونکے لیے اور معنی آنیکے کہ ائتیا کا مصدر ہی حصول و وقوع کے ہین جیسے کہ [illegible] عملہ مرضیا یعنی واقع ہوا عمل اوسکا پسندیدہ اور قول اللہ تعالی کا طوعا او کرہا واسطے بیان تاثیر قدرت اوسکی کے ہی آسمان و زمین مین

ف کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالی نے ایک دن پیدا کیا پھر نام رکھا اوسکا احد پھر پیدا کیا دوسرا دن اوسکا نام رکھا اثنین پھر پیدا کیا تیسرا دن اوسکا نام رکھا ثلثا اور اسی طرح سب [illegible]

اور واسطے بیان اسکے کہ نہ قبول کرنا اونکا تاثیر قدرت اوسکی کو محال ہی جیسے کہ کہے تو واسطے اوس شخص کے کہ تیرے قبضے مین ہی لتفعلن هذا اشئت او ابیت ولتفعلنہ طوعا او کرہا یعنی البتہ کریگا تو یہ خواہ چاہے تو یا نچاہے اور البتہ کریگا تو یہ بخوشی یا ناخوشی + مد + ایتیا کے معنی آؤ تم جو کچھ کہ حکم کرون مین تم دونون کو یعنی کرو اوسکو جیسے کہ کہا جاتا ہی ائت بما هو الاحسن + یعنی کر اوس چیز کو کہ جو بہت خوب ہی اور ابن عباس رض سے معنی اتینا طائعین کے یہ ہین اطعنا یعنی فرمان برداری کی ہمنے اور بعضو نے کہا کہ معنی ایتیا کے یہ ہین کہ نکالو تم دونون وہ چیز کہ پیدا کی ہی مینے تم مین قسم منافع بندون کے سے گویا اللہ تعالی نے فرمایا کہ ای آسمان نکال سورج اپنا اور چاند اپنا اور ستارے اپنے اور ای زمین جاری کر نہرین اپنی اور نکال میوے اپنے اور اُگتی چیزین اور فرمایا اون دونون کو کہ کرو بخوشی جو کچھ کہ حکم کرو نمین تمکو والا مضطر کرونگا مین تمکو طرف اسکے یہان تک کہ کروگے تم اوسکو بناخوشی پس قبول کیا اونھون نے حکم خدا کا بخوشی اور کہا اتینا طائعین یعنی کرینگے ہم بخوشی + معا +

فقضهن سبع سموات في يومين واوحى في كل سماء امرها وزينا السماء الدنيا
پھر ٹھہرائے وہ سات آسمان دو دن مین اور اوتارا ہر آسمان مین حکم اوسکا اور رونق دی ہمنے ورلے آسمان کو

بمصابيح وحفظا ذلك تقدير العزيز العليم ○
چراغون سے اور نگہبانی یہ سادھا ہی زبردست خبردار کا + موضح +

پس بنائے سات آسمان دو روز اور مین اور رونجی بھیجی ہر آسمان مین اوسکی تدبیر کی اور زینت دی ہمنے آسمان دنیا کو ساتھ چراغون کے یعنی ستارون کے اور نگاہ رکھا ہمنے یعنی شیاطین سے یہ ہی تدبیر خدا غالب دانا کی + **تفسیر** + فقضهن کے معنی ہین پس حکم کیا خلقت آسمانون کا دو روز اور مین یعنی پنجشنبہ اور جمعے مین اور وحی بھیجی الخ یعنی اوس چیز کی کہ حکم کیا اوسمین اور تدبیر کی قسم پیدا کرنے ملائکہ وغیرہ سے + مد + دو دن مین زمین بنائی اور دو دن مین پہاڑ اور درخت سبزہ جو خلق کی خوراک ہی پھر آسمان سارا ایک تھا دھوان سا اوسکو بانٹ کر سات کیے اور ہر ایک کا کارخانہ جدا ٹھہرایا پھر آسمان زمین کو بلایا خوشی سے آؤ یا زور سے یعنی ارادہ کیا کہ ان دونون کے ملاپ سے دنیا بساوے اپنی طبیعت سے ملین تو اور زور سے ملین تو وہ دونون آملے طبیعت سے آسمان کی شعاع سے گرمی پڑی تو بادین اوٹھین اونسے گرد اور بھاپ اوپر چڑھی پانی ہوکر برسی چار عنصر زمین پر جمع ہوئے مخلوقات پیدا ہوئی اور پہلے زمین مین رکھین تھین خوراکین یعنی اوسمین قابلیت تھی ان چیزون کے نکلنے کی اور ہر آسمان کا حکم جدا یہ رب کو معلوم ہی کہ وہان کون خلق بستے ہین اونکا کیا اسلوب ہی اپنی زمین مین ہزاران ہزار کارخانے ہین اوس قدر آسمان کے خالی پڑے ہونگے + موضح + **تنبیہ** + ان آیتون مین اللہ عزوجل نے اپنی قدرتین بیان فرمائین تو لوگ اوسکے برابر کسیکو نہ سمجھین اور اوسکے حکم کو سب کے حکمون پر مقدم رکھین سوچین کہ زمین آسمان کیسے فرمان بردار ہین باوجود لایعقل ہونے کے اور ہم باوجود اس عقل و تمیز کے اوس سے اور اوسکے حکمون اور عظمت اور کبریائی سے کیسے غافل ہین اور حقیقت مین جسنے کچھ مرتبہ پایا ہی اوسکی طرف رجوع ہونے سے اور اوسی کی فرمان برداری سے پایا ہی آیا ہی حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کسینے پوچھا کہ تمکو اللہ نے کس چیز سے خلیل ٹھہرایا اونھون نے کہا کہ سبب تین چیزون کے ایک تو یہ کہ غالب رکھا مینے اللہ تعالی کے حکم کو اوسکے غیر کے حکم پر اور دوسری یہ کہ نہین اہتمام یعنی سعی کی مینے ساتھ اوس چیز کے کہ کفیل ہوا ہی میرے لیے کہ وہ رزق ہی اور تیسری یہ کہ نہین کھایا مینے کھانا صبح کا اور نہ شام کا مگر ساتھ مہمان کے انتہی اور آیا ہی کہ اگلے بزرگوار رحمہم اللہ مین باتون پر مواظبت کرتے تھے اور آپسمین ایک دوسرے کو بطور نصیحت کے انکو لکھا کرتے تھے ایک تو یہ کہ جسنے عمل کیا آخرت کے لیے کفایت کریگا اوسکو اللہ امر دنیا اوسکے کو اور دوسری یہ کہ جسنے نیک کیا باطن اپنا اچھا کریگا اللہ ظاہر اوسکا اور تیسری یہ کہ جسنے درست کیے وہ معاملے کہ درمیان اسکے اور درمیان خدائے تعالی کے ہین درست کریگا اللہ تعالی اون معاملات کو کہ درمیان اسکے اور درمیان [illegible] مین یعنی اوسکی طاعت

فرمان برداری سے سب کام دنیا کے درست ہو جاتے ہیں انتہی اور اوسکی طرف رجوع اور فرمان برداری اوسکی اور اوسکا راضی ہونا نہیں حاصل ہوتا ہی مگر ساتھ ترک کرنے خواہش نفسانی اور دنیا کے چنانچہ بعض حکما یعنی دانایان دین سے منقول ہی کہ نہیں پائی جاتی ہیں چار چیزیں مگر چار چیزوں کے ترک کرنے سے نہیں پایا جاتا ہی دار باقی یعنی آخرت مگر ترک کرنے فانی یعنی دنیا کے سے اور اوس گھر کا باقی ہونا اور اسکا فانی ہونا مذکور ہی قرآن مجید مین کہ فرمایا مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ یعنی تمھارے پاس جو کچھ ہی ہو چکنے والا ہی اور اللہ کے پاس جو کچھ ہی باقی ہی اور نہیں پائی جاتی ہی رضا مولی کی مگر ترک کرنے ہوا یعنی خواہش نفسانی کے سے کہ فرمایا ہی اللہ تعالی نے وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝ یعنی جو ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑے رہنے سے اور روکا نفس کو خواہش نفسانی سے پس بلاشبہہ جنت اوسکا ٹھکانا ہی اور نہیں پایا جاتا ہی درجہ عقبی کا مگر ترک کرنے راحت کے سے دنیا مین کہ فرماتا ہی اللہ تعالی تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ یعنی یہ دار آخرت مقرر کرتے ہین ہم اون لوگون کے لیے کہ نہین چاہتے برائی زمین مین اور فساد اور بھلائیان عاقبت کی پرہیزگارون کے لیے ہین اور نہین پائی جاتی جنت مگر مشقت سے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ یعنی اور جو لوگ کوشش کرتے ہین ہماری طاعت مین البتہ دکھاتے ہین ہم اونکو راہین اپنی اور بلاشبہہ اللہ البتہ نیکوکارون کے ساتھ ہی یعنی محافظت اور مدد کرتا ہی اونکی اور جانتا ہی حال اونکا انتہی اور یہ باتین حاصل ہوتی ہین تلاوت قرآن اور اوسپر عمل کرنے سے اور صالحین کی صحبت اور اونکی پیروی سے اسی لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ چار چیزین ہین کہ ظاہر اونکا فضیلت ہی اور باطن اونکا فرض مخالطت صالحین کی فضیلت یعنی اولی ہی اور پیروی اونکی فرض اور تلاوت قرآن کی فضیلت ہی اور عمل کرنا اوسپر فرض اور زیارت قبور کی فضیلت ہی اور مستعد رہنا اونکے لیے فرض اور عیادت مریض کی فضیلت ہی اور اوسکو دیکھکر نصیحت حاصل کرنی اور راضی کرنا خصما یعنی مدعیون کا فرض ہی انتہی غرضکہ جسکو اپنا بھلا منظور ہو وہ اوسکی طاعت و فرمان داری مین جلدی کرے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جو مشتاق ہو جنت کا جلدی کرے بھلائیون کی طرف اور جو ڈرے دوزخ سے باز رہے خواہشون نفسانی سے اور جو ڈرا موت سے حرام ہوئین اوسپر لذتین اور جسنے پہچانا دنیا کو کہ فانی ہی سہل ہوئین اوسپر مصیبتین ۞

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ۝ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ
پھر اگر وہ ٹلا دین تو تو کہہ مینے خبر سنادی تمکو ایک کڑاکے کی جیسے کڑاکا آیا عاد اور ثمود پر جب آئے اونکے پاس رسول آگے
اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ قَالُوْا لَوْ شَاۗءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ
سے اور پیچھے سے کہ نہ پوجو کسیکو سوائے اللہ کے کہنے لگے اگر ہمارا رب چاہتا تو اوتارتا فرشتے سو ہم تمہارے ہاتھ بھیجا
بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝
نہیں مانتے ۞ ف ۞ مو ۞

پس اگر مونہہ موڑین یعنی ایمان سے بعد اس بیان کے پس کہہ ڈرایا مینے تمکو ایک عذاب سے مانند عذاب عاد و ثمود کے جس وقت کہ آئے اونکے پاس پیغمبر اونکے مونہہ کے سامنے سے اور اونکی پیٹھ کے پیچھے سے ساتھ اس بات کے کہ عبادت نکرو مگر خدا کی کہا اونھون نے اگر چاہتا پروردگار ہمارا بھیجنا رسولون کا تو بھیجتا فرشتون کو پس تحقیق ہم ساتھ اوس چیز کے کہ بھیجے گئے تم ہمراہ اوسکے نامعتقد ہین ۞ تفسیر ۞ صاعقہ سے مراد ہی عذاب سخت واقع ہونا گویا کہ وہ صاعقہ تھا اور اصل صاعقے کی رعد یعنی گرجنا ہی کہ اوسکے ساتھ آگ ہو مانند عذاب عاد و ثمود کے کہ عاد جھکڑ کی ہوا سے ہلاک ہوئے اور ثمود جبرئیل کی ایک چیخ سے کہ سبون کے کلیجے نکل پڑے اوس سے اور خاص انھین دونون قومون کا ذکر اسلیے کیا کہ کفار قریش

ف [illegible] معا

تجارت کے سفرون مین انکی بستیون پر گذرتے تھے اور آثار اونکے ہلاک کے دیکھتے تھے مونہہ کے سامنے سے الخ یعنی آئے اونکے پاس رسول
ہر جانب سے اور کوشش کی اونکے سمجھانے مین اور ہر طرح کے حیلے کیے اونکے حق مین پس نہ کہی رسولون نے اونسے مگر سرکشی اور مونہہ کا موڑنا
بلاشبہہ یہ محاورہ ایسا ہی جیسا کہ بیان فرمایا اللہ تعالی نے مقولہ شیطان کا لَاٰتِیَنَّهُمْ مِّنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
یعنی آونگا مین اونکے پاس ہر جہت سے اور کرونگا مین اونکے باب مین ہر طرح کے حیلے اور حسن بصری رحمہ اللہ تعالی عنہ نے کہا کہ اسکے یہ معنی ہین
کہ ڈرایا رسولون نے اونکو اللہ تعالی کے وقائع سے کہ اونسے پہلے کی امتون مین گذرے تھے اور ڈرایا اونکو عذاب آخرت سے اسلیے کہ رسولون نے
جب ڈرایا اونکو اس سے تو آئے اونکے پاس ساتھ وعظ کے طرف زمانہ ماضی سے اور جو کچھ گذرا اوسمین کفار پر اور طرف مستقبل سے اور جو کچھ گذریگا
اونپر اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین کہ جب آئے اونکے پاس رسول اونکے پہلے اور اونکے پیچھے پس تحقیق ہم ساتھ اوس چیز کے الخ معنی اسکے یہ ہین
کہ پس جب تم بشر ہو اور ملائکہ نہین تو ہم نہین ایمان لاتے تمپر اور اوس چیز پر کہ آئے تم ساتھ اوسکے یعنی دین توحید و کتابہاے آسمانی اور قول اونکا اُرْسِلْتُمْ بِهٖ
نہین ہی اقرار ساتھ ارسال یعنی بھیجنے کے بلکہ یہ موجب کلام رسولون کے کہا اور اسمین ایک طرح کا تمسخر اور حقارت ہی جیسے کہ کہا فرعون
نے اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْۤ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ۝ یعنی بلاشبہہ رسول تمہارا جو کہ بھیجا گیا ہی طرف تمہارے البتہ دیوانہ ہی اور
قول اونکا فَاِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ خطاب ہی اونکی جانب سے واسطے ہود اور صالح اور تمام انبیا کے کہ جنھون نے بلایا طرف
ایمان لانے کے ساتھ اپنے اور روایت کیا گیا ہی کہ عتبہ بن ربیعہ خوب گویا تھا قریش مین اونھون نے بھیجا اوسکو آنحضرت کے پاس تو کہ کلام کرے
اونسے اور دیکھے کہ کیا جواب دیتے ہین پس آیا وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال مین کہ آپ حطیم مین تھے پس نہین پوچھا آپ سے
کچھ مگر کہ جواب دیا اوسکا پھر پڑھی آنحضرت نے یہی سورت قول مثل صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ تک پس قسم دی عتبہ نے آنحضرت کو رحم کی اور ہاتھ
رکھدیا آنحضرت کے مونہہ پر اور رہنے کر اوٹھ کھڑا رہا بخوف اسکے کہ پونہچے قریش کو عذاب پھر خبر دی عتبہ نے قریش کو اسکی اور کہا تحقیق مین
پہچانتا ہون سحر اور شعر کو پس قسم خدا کی نہین ہی وہ سحر اور نہ شعر پس کہا اونھون نے اپنے دین سے پھر گیا تو کیا نہین سمجھا تو اوس سے کوئی کلمہ پس کہا
عتبہ نے نہین اور نہین آیا مجھکو جواب اوسکا پس کہا عثمان بن مظعون نے کہ جان لو تم قسم خدا کی یہ رب العلمین ہی کی طرف سے ہی پھر کھول کر
بیان کیا اللہ تعالی نے عذاب عاد و ثمود کا پس فرمایا فاما عاد الخ + مد + کشاف + بحر

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ
سو وہ جو عاد تھے غرور کرنے لگے ملک مین ناحق کا اور کہنے لگے کون ہی ہمسے زیادہ زور مین کیا نہین دیکھتے نہین کہ اللہ جسنے
خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ۝
اونکو بنایا وہ زیادہ ہی اونسے زور مین اور تھے ہماری نشانیون سے منکر + مو

پس ہر قوم عاد نے پس تکبر کیا زمین مین ناحق اور کہا کون ہی زیادہ تر ہمسے قوت مین کیا نہ دیکھا اونھون نے یہ کہ اللہ جسنے پیدا کیا اونکو وہ
زیادہ تر ہی اونسے قوت مین اور تھے وہ ساتھ آیتون ہماری کے انکار کرتے + تفسیر + اونکے جسم بڑے بڑے ہوتے تھے بدن کی قوت پر
غرور آیا غرور کا دم مارنا اللہ کے ہان وبال لاتا ہی + مو + تکبر کیا یعنی اظہار بڑائی کا کیا زمین مین اہل زمین پر بسبب اوس چیز کے کہ نہین مستحق
تھے بڑائی کے اور وہ قوت تھی اور بڑائی اعضا کی یا غالب ہوئے زمین پر بغیر مستحق ہونے کے واسطے حکومت کے اور کہا کون زیادہ تر ہی ہمسے
قوت مین یعنی پس ہم اپنی قوت سے عذاب کو دفع کر دینگے جب حضرت ہود علیہ السلام نے اونکو اللہ تعالی کے عذاب سے ڈرایا تو اونھون نے جواب مین یہ
بات کہی اور وہ بڑے جسیم اور طویل تھے اور پتھر کو پہاڑ مین سے ہاتھ مار کر اوکھیڑ لیتے تھے اور کیا نہ دیکھا یعنی کیا نہ جانا ایسا جاننا کہ قائم مقام
دیکھنے کے ہو وہ زیادہ تر ہی اونسے قوت مین یعنی وسیع تر ہی اونسے قدرت مین اسلیے کہ وہ قادر ہی ہر چیز پر اور وہ قادر ہین بعضی ہی چیزون پر جب

قدرتون اپنی کے اور تھے وہ الخ یعنی جانتے تھے وہ کہ یہ آیتین حق ہین ولیکن اونھون نے انکار کیا اون آیتون کا جیسے کہ انکار کرتا ہی امانت دار امانت سے + مل + معا +

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

پھر بھیجی ہمنے اونپر باد ٹھنڈی زور کی کئی دن مصیبت کے کہ چکھادین اونکو رسوائی کی مار دنیا کے جیتے

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝

اور آخرت کی مار مین تو پوری رسوائی ہی اور اونکو کہین مدد نہین + مو +

پس بھیجی ہمنے اونپر ایک ہوا سے تند بیچ دنون نحس کے تو کہ چکھاوین ہم اونکو عذاب رسوائی کا بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا بہت رسوا کرنے والا ہی اور وہ نہ مدد دیے جاوینگے + تفسیر + صرصر کہتے ہین جھکڑ کی ہوا کو کہ جسمین وقت چلنے کے آواز بہت ہو اور بعضون نے کہا ٹھنڈی ہوا کو کہتے ہین کہ جو کھیتی کو جلادیوے بسبب شدت سردی کے کہا گیا ہی کہ وہ ہوا اچھوا تھی اور نحس نقیض سعد کی ہی یعنی وہ دن منحوس اونپر تھے اور وہ ہوا نحس بدھ کی صبح سے دوسرے بدھ کے آخر تک بیچ اخیر دہہ شوال کے اونپر چلی اور سکو جڑ پیڑ سے اوکھیڑ ڈالا اور نہین بند ہوئی یہانتک کہ مر گئی ہی کوئی قوم مگر بدھ کے دن اور کہا ضحاک نے کہ روکا اللہ تعالی نے اونسے مینہہ کو تین برس تک اور چلتی رہی ہوا اونپر بغیر مینہہ کے اور نہ مدد دیے جاوینگے یعنی بتون کو جو پوجتے تھے مدد کرنے کی امید وہ مدد اونکی نہین کرینگے + مل + معا + اونکا زور توڑنے کو کہ زور خلوق سے اونکو تباہ کروادیا کہتے ہین لوگ مہینے مین آخر کے آٹھ دن تھے جن مین وہ باد آئی + مو + تنبیہ + آیا ہی کہ ہوا قوم عاد پر ایسی تند چلی تھی کہ مارے ڈر کے زمین مین گڑھے کھود کھود کر چھپتے تھے اور اوسپر وہ ہوا گڑھون مین سے اوکھاڑ نکالتی تھی اور اوسکو اونچا لیجا کر زمین پر سر کے بل دے پٹختی تھی اور گردنین اونکی ٹوٹ جاتین تھین اور سر دھڑ سے جدا ہو جاتا تھا جیسا کہ جلالین مین مذکور ہی بیچ تفسیر اس آیت کے

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝ یعنی بھیجی ہمنے قوم عاد پر ہوا تند بیچ دن نحس سخت کے کہ وہ بدھ کا دن تھا کہ اونپر سخت تھا نکال لاتی تھی لوگون کو یعنی گڑھون مین سے اور دے پٹختی تھی سر کے بل گویا کہ وہ تھے جڑین کھجور کی جڑ سے اوکھڑی پڑی ہوئین زمین پر پس کیسا ہوا عذاب میرا اور ڈرانا میرا یعنی اونکو ساتھ عذاب کے جو اسمین ذکر نحس کا آیا کوئی اس سے کسی دن کا نحس ہونا سبکے حق مین نہ سمجھ لے بلکہ وہ دن خاص اونھین کے حق مین نحس تھے اسلیے کہ وہ آٹھ دن تھے اگر سبکے حق مین نحس ہوتے تو کوئی دن مبارک ہی نہو پس یہ جو عوام مین مشہور ہی کہ فلانا دن نحس ہی اور فلانا مبارک یہ عقیدہ کچھ نہین اَلْيَوْمُ يَوْمُ اللّٰهِ سب دن اللہ ہی کے ہین ہان نحوست و مبارکی باعتبار افعال بد اور اچھون کے ہین جسدن مین جو کوئی گناہ کرے وہ اوسکے حق مین نحس ہی اور جسدن مین طاعت اللہ تعالی کی کرے وہ مبارک ہی اور عوام اس بات کا وجود ہی نہین سمجھتے بلکہ اولٹا سمجھتے ہین کہ جن دنون مین ناچ ورنگ ہین ہین اونکو مبارک سمجھتے ہین اور جن دنون مین فقر و فاقے کے ساتھ طاعت مین مصروف ہین اونکو منحوس جانتے ہین حال انکہ بحکم شرع یہ دن کہ باعث اکتساب اجر آخروی کے ہین نہایت مبارک ہین اور گناہ کرنے کے دن منحوس ہین بیان مفصل اسکا مجالس سے اوپر گذر چکا ہی اور تفسیر بحر العلوم مین لکھا ہی کہ یہ جو بعضون نے کہا ہی کہ بدھ روز نحس مستمر اور شوم ہی اور روز پنجشنبہ روز قضائے حوائج اور داخل ہونے کا سلاطین کے پاس اور جمعہ روز خطبہ اور نکاح کا اور روز ہفتہ روز مکر و خدیعت کا اور اتوار دن درخت لگانے اور عمارت کا اور پیر روز سفر اور تجارت کا اور منگل روز خون نکلوانے کا یہ سب روایتین ضعیف ہین حقیقت مین تمام ایام کو خدا کی طرف جاننا چاہیے اور ساتھ کسی چیز کے کہ عوام مین مشہور ہی مقید نہونا چاہیے کچھ ان چیزون مین سے حدیث صحیح سے ثابت نہین ہوا مگر افضلیت روز جمعے کی مطلقا البتہ حدیث مین مذکور ہی +

قولہ صرصر ای الصوت ... الصوت ۱۲ معا +

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا

اور وہ جو ثمود تھے سو ہمنے اونکو راہ بتائی پھر اونکو خوش لگا اندھے رہنا سوجھنے سے پھر پکڑا اونکو کڑاکے نے ذلت کی مار کے بدلا

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ ع

اوسکا جو کماتے تھے اور بچا دیے ہمنے جو یقین لائے تھے اور بچ چلتے تھے + مو

اور ایپر ثمود پس راہ دکھائی ہمنے اونکو پس اختیار کیا اونھون نے نابینائی کو راہ یابی پر پس پکڑا اونکو عقوبت سخت عذاب خواری کے نے بسبب اوس چیز کے کہ کرتے تھے اور نجات دی ہمنے اون لوگون کو کہ ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے تھے + **تفسیر** راہ دکھائی ہمنے یعنی بیان کی اونکے لیے راہ ہدایت کی اور اختیار کیا نابینائی کو الخ یعنی اختیار کیا کفر کو ایمان پر اور کہا شیخ ابو منصور رحمہ اللہ نے یہ جو فرمایا راہ دکھائی ہمنے احتمال ہی کہ مراد اس سے بیان کرنا ہدایت کا ہو اور یہ بھی احتمال ہی کہ پیدا کی ہدایت یعنی راہ یابی اونمین پس ہوئے وہ راہ پانے والے پھر کافر ہوئے بعد اسکے اور کو نجین کاٹین اوٹنی کی اسلیے کہ ہدایت جو مضاف طرف خالق کے ہوتی ہی تو ہوتی ہی بمعنی بیان اور توفیق اور پیدا کرنے فعل راہ یابی کے اور ہدایت جو مضاف خلق کی طرف ہوتی ہی تو ہوتی ہی بمعنی بیان کرنے راہ ہدایت کے ناور کچھ پھر پکڑا اونکو الخ یعنی زلزلہ آیا ساتھ ایک آواز تند کے اوس آواز سے جگر پھٹ گئے بسبب اوس چیز کے کہ کرتے تھے یعنی شرک گناہ ایمان لائے یعنی جنھون نے اونمین سے اختیار کیا راہ یابی کو نابینائی پر اونکو نجات دی ہمنے اوس عذاب سے اور پرہیزگاری کرتے تھے یعنی بچتے تھے نابینائی کے اختیار کرنے سے ہدایت پر یا یتقون کے یہ معنی ہین کہ ڈرتے تھے خدا تعالی سے + **مد مو جلا + تنبیہ** + یہ قصے بھی اللہ جل و علا نے اسی لیے سنائے کہ دیکھو نافرمانی ہماری بہت ہی بری چیز ہی کہ اوس سے مستحق عذاب دارین کا ہوتا ہی اور خوف اور پرہیزگاری سبب نجات کی ہی پس عاقل کو چاہیے کہ پرہیز کرے گناہ سے خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا کہتے ہین کہ اللہ تعالی نے وحی بھیجی حضرت عزیر علیہ السلام کو کہ جب گناہ کرے تو پس نہ نظر کر اوسکے چھٹاپے پر اور نظر کر طرف اوس ذات پاک کے کہ گناہ کیا تونے اوسکا اور جب پہونچے تجکو تھوڑی سی خیر تو نہ نظر کر اوسکے چھٹاپے کی طرف اور نظر کر طرف اوس ذات باصفات کے کہ جسنے دی تجکو وہ خیر اور جب پہونچے تجکو کوئی بلا تو نہ شکوہ کر میرا طرف خلق میری کے جیسے کہ نہین شکوہ کرتا ہون مین تیرا اپنے فرشتون سے جسوقت کہ چڑھتی ہین طرف میرے برائیان تیری + **ملبہ**

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝

اور جسدن جمع ہونگے دشمن اللہ کے دوزخ پر پھر اونکی مسلین بٹین گی + مو

اور اوس دن کہ اوٹھائے جاوین دشمنان خدا روانہ کیے ہوئے طرف آگ کے پس وہ ساتھ اس صفت کے ہونگے کہ بعضون کو بعضون کے ہونچنے تک کھڑا کیا جاویگا + **تفسیر** یعنی روکے جاوینگے اول لشکر آخر دن کے لیے یعنی ٹھہرائے جاوینگے اگلے آئے ہوئے یہانتک کہ ملین ساتھ اونکے پچھلے اور یہ عبارت ہی کثرت دوزخیون سے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یوزعون کے معنی ہین یدفعون یعنی دھکیلے جاوینگے اور بعضون نے یوزعون کے معنی لکھے ہین ہانکے جاوینگے کہ فرشتے ہانک کر لیجاوینگے دوزخ مین + **مد معا** +

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

یہانتک کہ جب پہونچے اوسپر بتاوینگے اونکو اونکے کان اور اونکی آنکھین اور اونکے چمڑے جو کچھ وہ کرتے تھے + مو

تا وقتیکہ آوین نزدیک دوزخ کے گواہی دینگے اوسپر کان اونکے اور آنکھین اونکی اور چمڑے اونکے ساتھ اوس چیز کے کہ تھے کرتے + **تفسیر** گواہی چمڑون کی ساتھ چھونے حرام وجہ کے ہوگی پھر اگر کہے تو کہ کیونکر گواہی دینگے اوسپر اعضا اوسکے اور کیونکر بولینگے تو جواب اسکا یہ ہی کہ اللہ عز و جل گویا کریگا اونکو اسی طرح کہ پیدا کریگا اونمین کلام کو اور کہا سدی اور ایک جماعت نے کہ مراد جلود یعنی چمڑون سے

قرینے اونکی ہین اور کہا مقاتل نے کہ بولینگے ہاتھ پانون اونکے ساتھ اون اعمال کے کہ کیا دین کی زبانین اونکی جیسے کہ پاک پروردگار فرماتا ہی اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ یعنی آج کے دن مہر کر دینگے ہم اونکے مونہون پر اور بولینگے ہمسے ہاتھ اونکے اور گواہی دینگے پانون اونکے ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے تھے + معالم

وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ

اور وہ کہینگے اپنے چمڑون کو تمنے کیون بتایا ہمکو وہ بولے ہمکو بلوایا اللہ نے جسنے بلوایا ہی ہر چیز کو اور اوسی نے بنایا تمکو

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

پہلی بار اور اوسی کی طرف پھر جاتے ہو + موضح

اور کہینگے یعنی وہ کفار کہ جمع کیے جاوینگے طرف دوزخ کے اپنے چمڑون کو کیون گواہی دی تمنے ہمپر کہینگے کہ گویا کیا ہمکو اوس خدانے کہ گویا کیا ہی ہر چیز کو اور اوسنے پیدا کیا تمکو اول بار اور اوسی کی طرف پھیرے جاؤگے + تفسیر کافر کے اعمال جب فرشتے لاوینگے لکھے ہوئے وہ منکر ہونگے کہ یہ ہمارے دشمن ہین دشمنی سے ہمپر جھوٹ لکھ دیا تب آسمان و زمین سے گواہی دلواویگا کہیگا یہ بھی دشمن ہین یارب تیرے ہان تملم نہین کوئی ہمارا دوست گواہی دے تو سند ہی تب اونکے ہاتھ پانون بولینگے + موضح کہینگے یعنی جب کہ گران اور ناگوار گذریگی گواہی اونکی ہر چیز کو یعنی حیوان ہین سے اور معنی یہ ہین کہ بولنا ہمارا عجب نہین ہی اوس خدا کی قدرت سے کہ جو قادر ہی اوپر گویا کرنے ہر حیوان کے + مدارک گویا کیا ہر چیز کو یعنی اوس چیز کو کہ ارادہ کیا اوسکے بولنے کا اور اوسنے پیدا کیا تمکو الخ بعضون نے کہا کہ یہہ بھی کلام چمڑون ہین کا ہی اور بعضون نے کہا کہ یہ اللہ تعالی کا کلام ہی مانند کلام مابعد اسکے کے کہ وہ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ الخ ہی اور یہ تقریب اپنے ماقبل کی ہی اسطرح کہ جو قادر ہی تمہارے پیدا کرنے پر پہلی بار اور تمہارے پھر پیدا کرنے پر بعد موت کے وہ قادر ہی اوپر گویا کرنے چمڑون تمہارے کے اور عقاب تمہارے کے + جلالین ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ اونھون نے کہا ابن ارزق کو کہ روز قیامت کے آویگا لوگون پر اوس سے ایک وقت کہ نہین بولینگے اور نہین عذر کرینگے اور نہین کلام کرینگے یہان تک کہ اذن دیا جاویگا اونکو پس جھگڑینگے آپسمین پھر انکار کریگا انکار کرنے والا شرک کرنے کا ساتھ اللہ کے پس قسم کھاوینگے اللہ تعالی سے جیسے کہ قسم کھاتے ہین تمسے پس اوٹھاویگا اللہ تعالی اونپر گواہ جسوقت کہ انکار کرینگے ذکر کے نفسون سے اونکی جلدون کو اور آنکھون کو اور ہاتون کو اور پانون کو اور مہر کر دیگا اونکے مونہون پر پھر کھولے جاوینگے اونکے لیے مونہہ پس جھگڑینگے اعضا سے پس کہینگے اعضا کہ گویا کیا ہمکو اوس اللہ نے کہ گویا کیا ہر چیز کو اور اوسنے پیدا کیا تمکو پہلی بار اور اوسکی طرف پھیرے جاؤگے پس اقرار کرینگی زبانین بعد انکار کرنے کے + درمنثور

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ

اور تم پردہ نکرتے تھے اس سے کہ تمکو بتاوینگے تمہارے کان نہ تمہاری آنکھین نہ تمہارے چمڑے پر تمکو یہ خیال تھا کہ

اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

اللہ نہین جانتا بہت چیزین جو کرتے ہو + موضح

اور پردے مین نہین چھپتے تھے تم یعنی دنیا مین اسکے ڈر سے کہ گواہی دینگے تیرکان تمہارے اور آنکھین تمہاری اور چمڑے تمہارے ولیکن گمان کرتے تھے تم کہ خدا نہین جانتا بہت اوس چیز سے کہ کرتے ہو تم + تفسیر یعنی غیر سے چھپ کر گناہ کرتے تھے یہ خبر نتھی کہ ہاتھ پانون بتاوینگے آگے اس سے بھی پردہ کرین + موضح اور پردے مین نہین چھپتے تھے تم الخ یعنی تم چھپتے تھے ساتھ دیوارون اور پردون کے وقت کرنے فواحش کے اور نہین تھا یہ پردہ کرنا تمہارا بخوف اسکے کہ گواہی دینگے تیر اعضا تمہارے اسلیے کہ نہین جانتے تھے تم انکی

گواہی دینے کو تمپر بلکہ تم منکر تھے بعث وجزا کے بالکل ولیکن گمان کرتے تھے تم الخ یعنی ولیکن تم مین چھپتے تھے مگر بگمان اسکے کہ اللہ نہین جانتا بہت چیزین جو کرتے ہو اور وہ اعمال پوشیدہ تمہارے ہین + معالم زاد المسیر مین لکھا ہے کہ کفار کہتے تھے کہ جو کچھ کہ ہم ظاہر مین کرتے ہین خدا جانتا ہے اور اعمال پوشیدہ ہمارے کو نہین جانتا یہ آیت آئی اور رد اوسکا کیا اور بعضون کے نزدیک معنی وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ کے ہین اور نہین ڈرتے تھے تم اور بعضون کے نزدیک ہین نہین گمان کرتے تھے تم + بحر کہا ابن مسعود نے کہ مین چھپا ہوا تھا کعبے کے پردے مین پس آئے تین شخص ایک تو قریشی تھا اور دو ثقفی یا ایک ثقفی اور دو قریشی پیٹ اونکے بڑے بڑے تھے اور دل اونکے کم سمجھ تھے پس کہا اونھون نے ایسا کلام کہ نہین سنا تھا مینے پس کہا ایک نے اونمین سے کہ کیا جانتے ہو تم اللہ کو کہ سنتا ہے کلام ہمارا یہ پھر کہا دوسرے نے کہ ہم جب بلند کرتے ہین آوازین اپنی تو سنتا ہے اوسکو اور جب کہ نہین بلند کرتے ہین ہم آواز نہین سنتا اوسکو پھر کہا تیسرے نے کہ اگر سنتا ہے اوس کلام مین سے کچھ تو سنتا ہے کل کو کہا ابن مسعود نے پس ذکر کیا مینے یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس اوتاری اللہ نے یہ آیت وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ قول اپنے مِنَ الْخَاسِرِينَ تک اور معاویہ بن حیدہ سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ روز محشر کے جمع کیے جاؤگے تم اس جگہہ اور اشارہ کیا آپ نے اپنے دست مبارک سے طرف شام کے پیادہ پا اور سوار اور اپنے چہرون پر اور سامنے لائے جاؤگے اللہ تعالی کے اس حال مین کہ تمہارے مونہون پر مہرین ہوینگی اور اول جو بولے گی تمہارے اعضا مین سے ران ہوگی اور ہتیلی اور پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ + در منثور

وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○

اور یہ وہی تمہارا خیال ہے جو رکھتے تھے اپنے رب کے حق مین اوسی نے تمکو کھپایا پھر آج رہ گئے ٹوٹے مین + موضح

اور اس گمان تمہارے نے کہ ساتھہ غلط اندیشے کے کیا تمنے بیچ حق پروردگار اپنے کے ہلاک کیا تمکو پس ہوئے تم زیانکار + تفسیر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ مرے کوئی تم مین سے مگر اس حال مین کہ اچھا رکھتا ہو گمان ساتھہ اللہ تعالی کے اسلیے کہ ایک قوم کو ہلاک کیا گمان بد رکھنے اونکے نے ساتھہ اللہ کے پس فرمایا اللہ عز وجل نے وَذَٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الخ انتہی + اور اسمین تنبیہ ہے اسپر کہ حق ہے مومن پر یہ کہ نہ نکلے اوسکے ذہن سے یہ کہ بحیر اللہ تعالی کے جاسوس پوشیدہ متعین ہین یعنی یہی ہاتھہ پانون وغیرہ بمنزلہ جاسوس کے ہین خبر دریافت کر رہے ہین روز قیامت کے مالک حقیقی کے آگے سب حال اسکا کھولینگے اوسوقت کچھہ عذر و حیلہ پیش نہ چلے گا پس اس بات کو ذہن مین حاضر رکھے یہان تک کہ خلوتون کے وقتون مین بھی نہایت دہشت رکھے اپنے رب کی جانب کہ وہ تو بہر حال دیکھتا ہے جاسوس بھی لگا رکھے ہین کہ یہ کھلم کھلا عرض حال کرینگے اس خلوتا مین مجھے یون نہ سمجھنا چاہیے کہ یہ خلوت ہے کون دیکھتا ہے بلکہ بہت ڈرے اور بہت بچاوے اپنے کو بہ نسبت جلوت کے اور بدگمانی نہ رکھے اپنے دل مین تو کہ مشابہت اون بدگمانون کے ساتھہ نہ لازم آوے + در منثور کشاف

فَإِنْ يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَهُمْ وَإِنْ يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُمْ مِنَ الْمُعْتَبِينَ ○

پھر اگر وہ صبر کرین تو آگ اونکا گھر ہے اور اگر وہ منایا چاہین تو اونکو کوئی نہین مناتا + موضح

پس اگر صبر کرین کیا امکان آگ جگہہ رہنے اونکے کی ہے اور اگر عفو طلب کرین پس نہین ہین وہ عفو کیے گئے + تفسیر یعنی دنیا مین بعضی بلا صبر سے آسان ہوتی ہے وہان صبر کرین یا نکرین دوزخ گھر ہو چکا اور بعضی بلا ٹلتی ہے منت کرنے سے وہان ہتیرا چاہین کہ منت کرین کوئی قبول نہین کرتا + موضح پس اگر صبر کرین الخ یعنی پس اگر صبر کرین نہین نفع دیگا اونکو صبر اور نہین چھوٹینگے اور وَإِنْ يَسْتَعْتِبُوا الخ کے معنی یہ ہین کہ اگر طلب کرین رضا حق پس نہین ہونگے وہ راضی کیے گیون سے کہ اللہ راضی ہوا اور یا یہ معنی ہین کہ اگر توبہ کرین پس نہین ہین توبہ قبول کیے جاونگے + معالم

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُمْ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ

اور لگا دیئے ہمنے اونپر تعیناتی پھر اونھون نے بھلا دکھایا انکو جو انکے آگے اور جو انکے پیچھے اور ٹھیک پڑی اونپر بات ملکر سب فرقون مین

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ ۝

جو ہو چکے ہین انسے آگے جنون کے اور آدمیون کے وہ تھے ٹوٹے والے + موضح

ع ۳ ۱۷

اور متعین کیے ہین ہمنے واسطے اونکے ہمنشین یعنی شیاطین مین سے واللہ اعلم + پس آراستہ کیا اون ہمنشینون نے واسطے اونکے جو کچھ کہ آگے مونہہ اونکے کے ہی اور جو کچھ کہ اونکی پیٹھ کے پیچھے ہی یعنی وسوسہ ڈالا کہ دنیا قابل رغبت کے ہی اور آخرت قابل رغبت کے نہین واللہ اعلم اور ثابت ہوا واسطے اونکے وعدہ عذاب کا داخل ہوئے بیچ امتون کے کہ پہلے انسے یعنی اہل مکہ سے گذرے جن و انس سے تحقیق وہ زیانکار تھے + تفسیر قرنا جمع قرین کی ہی یعنی دوست پوشیدہ شیاطین سے مانند قول اللہ تعالیٰ کے وَمَنْ يَعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ ۝ یعنی اور جو کوئی مونہہ موڑے رحمن کے ذکر سے متعین کرتے ہین ہم اوسکے لیے شیطان کو پس وہ اوسکے لیے ہمنشین ہی اور مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ سے مراد ہین وہ اعمال اونکے کہ جو پہلے کر چکے اور مَا خَلْفَهُمْ وہ اعمال کہ قصد رکھتے ہین اونکا یا مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ امر دنیا اور اتباع شہوات اور مَا خَلْفَهُمْ امر آخرت کہ کہتے ہین لَا بَعْثَ وَلَا حِسَابَ یعنی نہ اوٹھنا ہی اور نہ حساب وعدہ عذاب کا کہ فرمایا لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ الخ یعنی البتہ بھرونگا مین دوزخ کو جن و انس سے اور إِنَّهُمْ مین ضمیر پھرتی ہی اہل مکہ کی طرف اور اگلی امتون کی طرف + ف تنبیہ + اس آیت شریف سے معلوم ہوا کہ کفار و فجار کی نظر مین شیاطین دنیا کو اور دنیا کے امور کو اور گناہ و شہوات کو آراستہ کر کر دکھلاتے ہین اور آخرت سے بے رغبت کرتے ہین اور اہل اللہ کا حال خلاف اسکے ہوتا ہی یعنی دنیا اونکی نظر مین ہیچ معلوم ہوتی ہی اور زہد و تقوی اختیار کرتے ہین اور آخرت کا بہت اہتمام ہوتا ہی اونکو حضرت سرور عالم علیہ الف الف صلوات کا حال سنو کہ آپ کیسے بے رغبت تھے دنیا مین اور آخرت ہی کا اہتمام رکھتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ داخل ہوا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ناگہان وہ لیٹے ہوئے تھے چارپائی پر کہ نہین تھا درمیان حضرت کے اور درمیان اوسکے بچھونا تحقیق نشان ڈال دیئے تھے چارپائی نے آپکے پہلو مین تکیہ لگائے ہوئے تھے تکیہ چمڑے کا بھرا اوسکا پوست خرما تھا عرض کیا مینے ای رسول خدا دعا کیجیے اللہ سے کہ فراخی کرے آپکی امت پر پس تحقیق فارس و روم پر فراخی کی گئی ہی حال انکہ وہ نہین عبادت کرتے اسکی پس فرمایا آنحضرت نے کیا اسی فکر مین ہی تو ای ابن خطاب یہ قوم ہین کہ جلدی دیگئی ہین اونکے لیے لذتین اونکی زندگانی دنیا مین اور ایک روایت مین آیا ہی کہ کیا نہین راضی ہی تو یہ کہ ہووے اونکے لیے دنیا اور ہمارے لیے آخرت + اور ایسا ہی حال حضرت کی امت کے صالحین کا تھا چنانچہ آیا ہی کہ کسی نے حضرت ابراہیم بن ادہم رحمہ اللہ سے پوچھا کہ کس سبب سے زہد اختیار کیا تمنے کہا بسبب تین چیزون کے دیکھا مینے قبر کو متوحش اور میرے ساتھ کوئی مونس ہونے کا نہین اور دیکھی مینے راہ آخرت کی دراز اور توشہ میرے ساتھ ہی نہین اور دیکھا مینے جبار کو قاضی یعنی حاکم اور میرے پاس کچھ حجت ہی نہین اور ہمارا ہی کہ زہد کسکو کہتے مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ زہد مین تین حرف ہین ز اور ہ اور د اور ز سے تو زاد المعاد مراد ہی اور ہ سے ہدایت دین کی اور د ال سے دوام طاعت خدا پر اور ابوبکر وراق رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ز سے ترک زینت مراد ہی اور ہ سے ترک ہوی اور دال سے ترک دنیا + مشکوۃ + و منہیات +

یعنی اپنے شیطان تعینات کیے انکو اوسکے کام بھلے دکھلائے جسسے کیے اور آگے کرنے ۱۲ + مو +

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ ۝

اور کہنے لگے منکر نہ کان دھرو اس قرآن کے سننے کو اور بک بک کرو اسکے پڑھنے مین شاید تم غالب ہو + موضح

اور کہا کافرون نے نہ سنو تم اس قرآن کو اور کلام بیہودہ کہو تم بیچ اثنا پڑھنے اوسکے کے ہووے کہ تم غالب ہوؤ + تفسیر

آنحضرتؐ جب مکے مین قرآن پڑھتے تو بلند آواز سے پڑھتے پس مشرک ہٹاتے لوگون کو اونکے پاس سے اور بعضے مشرک بعضون کو کہتے کہ جب محمد قرآن پڑھے تو نہ سنو تم قرآن اور وقت پڑھنے اوسکے کے شور و شغب کیا کرو ساتھ خرافات و ہذیان کے اور سیٹیان اور تالیان بجاؤ تو کہ وہ مشوش ہو اور قرآن مین متشابہ لگین پھر چپکا ہو جائے بسبب غل کے اور غالب آؤ تم اوسکے پڑھنے پر + مدارک + معالم +

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَابًا شَدِيدًا وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

سو ہمکو ضرور چکھانی منکرون کو سخت مار اور اونکو بدلا دینا ہے برے سے برے کامون کا جو کرتے تھے + موضح

پس البتہ چکھاوینگے ہم کافرون کو عذاب سخت اور سزا دیوینگے ہم بحسب بدترین اوس چیز کے کہ کرتے تھے + تفسیر + جائز ہے کہ مراد کافرون سے یہان وہی بکبک کرنے والے اور غل کرنے والے اونکو بکبک کرنے کا ہوں بالخصوص اور جائز یہ بھی ہے کہ عام کافر ذکر کیے گئے تاکہ وہ بھی اونکے ذکر کے تحت داخل ہو جائین اور اخیر جملے کا حاصل یہ ہے کہ بہت بڑا عذاب کرینگے ہم اوپر بدترین اعمال اونکے کے اور وہ کفر ہے + مدارک +

ذَٰلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ ۖ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ ۝

یہ سزا ہے اللہ کے دشمنون کی آگ اونکو اوسمین گھر ہے سدا کو بدلا اوسکا جو ہماری باتون سے انکار کرتے تھے + موضح

یہی جزا دشمنان خدا کی کہ آگ ہے اونکے لیے دوزخ مین گھر ہمیش رہنے کا بدلا دیا جاوینگے بسبب اوسکے کہ ہماری آیتون کا یعنی قرآن کا انکار کرتے تھے + تفسیر + دوزخ مین گھر ہے ہمیشہ رہنے کا یعنی دوزخ فی نفسہا گھر ہے ہمیش رہنے کا جیسے کہ کہے تو لَكَ فِي هَٰذِهِ الدَّارِ دَارُ السُّرُورِ یعنی تیرے لیے اس گھر مین گھر خوشی کا اور تو مراد رکھتا ہے دار کو بعینہا یعنی مراد یہی ہے کہ وہ گھر سرور کا ہے + مدارک

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا

اور کہینگے جو لوگ منکر ہین اے رب ہمارے ہمکو دکھا وہ دونو جنہون نے ہمکو بہکایا جن اور آدمی [illegible] ڈالین ہم اونکو اپنے پاؤن کے نیچے

لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ ۝

کہ وہ رہین سب سے نیچے + موضح

اور کہینگے کافر یعنی دوزخ مین اے پروردگار ہمارے دکھا [illegible] وہ دونو شخص [illegible] ہمکو جنس جن اور جنس انسان سے تو کہ ڈالوین ہم دونون کو نیچے قدمون اپنے [illegible] نیچے [illegible] + تفسیر + دو شخص یعنی دو شیطان کہ جنہون نے گمراہ کیا ہمکو جنس جن اور انس سے [illegible] شیطان دو قسم پر ہے جن مین کا اور انسان مین کا فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِينَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ یعنی [illegible] شیاطین انس اور جن کے یا مراد ان دونون سے ابلیس و قابیل [illegible] کہ ان دونون نے کفر و قتل [illegible] قدمون [illegible] آگ مین بہت نیچے رہو [illegible] عذاب مین [illegible] + مدارک + معالم

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا

تحقیق جنہون نے کہا رب ہمارا اللہ پھر اسی پر ٹھہرے رہے اونپر اوترتے ہین فرشتے کہ تم نہ ڈرو نہ غم کھاؤ

وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۝

اور خوشی سنو اوس بہشت کی جسکا تمکو وعدہ تھا + موضح

تحقیق اون لوگون نے کہ کہا پروردگار ہمارا اللہ ہے یعنی لائے توحید پھر قائم رہے اوترتے ہین اونپر فرشتے یعنی نزدیک موت کے کہ مت ڈرو

اور غم نہ کھاؤ اور خوش حال ہو ؤ ساتھ بہشت کے کہ تمکو وعدہ دیا جاتا تھا + **تفسیر** ٭ پھر قائم رہے یعنی ثابت رہے اقرار پر اور اوسکے مقتضیات یعنی لوازمات پر اور حضرت صدیق سے منقول ہی کہ مستقیم رہے از روی فعل کے جیسے کہ مستقیم ہوئے از روی قول کے یعنی جیسے اقرار اوسکی ربوبیت کا زبان سے کیا ویسے ہی فعل مین بھی استقامت کی یعنی شرک نکیا اور نماز روزہ وغیرہ فرائض و واجبات پر مستقیم رہے اور یہ بھی حضرت ابو بکر رض سے منقول ہی کہ اونھون نے یہ آیت پڑھی پھر کہا یعنی لوگون سے کیا کہتے ہو تم اسکے معنی کہا لوگون نے یعنی بیچ بیان معنی ثُمَّ اسْتَقَامُوا کے کہ پھر گناہ نکیا کہا حضرت صدیق رض نے کہ حمل کیا تمنے امر دین کو بڑی دشواری پر کہا لوگون نے پھر تم کیا کہتے ہو کہا صدیق رض نے کہ یہ مراد ہی کہ نہ رجوع کی طرف بت پرستی کے یعنی شرک نکیا بعد اقرار توحید کے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے معنی استقاموا کے یہ منقول ہین کہ مستقیم رہے امر و نہی پر اور نہ فریب کیا مانند فریب کرنے لومڑی[٥١] کے یعنی منافق نہوئے اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ سے ہی کہ خالص کیا عمل کو اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے ہی کہ ادا کیے اونھون نے فرائض اور ابن عباس رض نے کہا کہ مستقیم رہے اوا امر و فرائض پر اور کہا سفیان بن عبد اللہ ثقفی نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ بتائیے مجھکو ایک امر کہ چنگل مارون اوسپر فرمایا قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ یعنی کہہ رب میرا اللہ ہی پھر استقامت کر یعنی جن باتون سے منع فرمایا ہی اونسے بچ اور جن باتون کے کرنے کو کہا ہی اونکو بجا لا کہا سفیان نے پھر کہا مینے کیا بہت ڈر کی چیز ہی کہ ڈرتے ہین آپ مجھپر اوس سے پس پکڑی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے زبان اپنی پھر فرمایا یہ یعنی اسکا بڑا ڈر ہی کہ اس سے کلمات کفر وغیرہ گناہ کی باتین سرزد ہوتی ہین اور کہا حسن بصری رض نے کہ مستقیم رہے اللہ کے امر پر کہ کرتا رہے طاعت اوسکی اور بچے نافرمانی اوسکی سے اور فضیل سے ہی کہ بے رغبتی کی دنیا فانیہ سے اور رغبت کی باقیہ یعنی آخرت کی اور کہا بعضون نے کہ حقیقت استقامت کی اَلْقَرَارُ لَا الْفِرَارُ بَعْدَ الْاِقْرَارِ یعنی ٹھہرے رہنا اقرار توحید وغیرہ ضروریات دین پر پھر نہ بھاگنا بعد اقرار کرنے کے اوتر ینگے اونپر فرشتے نزدیک موت کے ساتھ خوشخبری کے اور بعضون نے کہا کہ خوشخبری دینی تین جگہہ ہوگی نزدیک موت کے اور قبر مین اور جبکہ اوٹھینگے اپنی قبرون سے اور حرف اَنْ لَا تَخَافُوا مین معنی اَیْ کے ہی یا مخففہ ہی ثقیلہ سے اور اصل اسکی بانہ[٥٢] لا تخافوا ہی اور ابن مسعود کی قرات مین لا تخافوا ہی یعنی بغیر ان کے یعنی یَقُوْلُوْنَ لَا تَخَافُوْا یعنی اوترینگے فرشتے کہتے ہوئے مت ڈرو یعنی نہ ڈرو اوس چیز سے کہ پیش آنی ہی یعنی موت اور امر آخرت اور نہ غم کھاؤ اوس چیز پر کہ چھوڑتے ہو امر دنیا اپنے سے یعنی اہل اور اولاد یا دین پس ہم کارساز ہین تمہارے ان سب مین کَذَا قَالَ الْمُجَاهِدُ فِي تَفْسِيْرِ الْاٰيَةِ پس خوف اوس غم کو کہتے ہین کہ لاحق ہو بسبب توقع مکروہ یعنی ناگوار چیز کے اور حزن وہ غم ہی کہ لاحق ہو بسبب واقع ہونے مکروہ کے یعنی فوت ہونے چیز نافع کے یا حاصل ہونے ضرر دینے والی چیز کے اور معنی یہ ہین کہ اللہ نے لکھدیا ہی تمہارے لیے امن ہر غم سے پس نہین چکھو گے اوسکو کبھی اور وعدہ دیا جاتا تھا یعنی دنیا مین اور کہا محمد بن علی ترمذی نے کہ اوترینگے اونپر فرشتے نزدیک مفارقت ارواح کے بدنون سے ساتھ اس بات کے کہ نہ ڈرو سلب ایمان سے اور نہ غم کھاؤ گناہون کا اور خوشحال ہو ؤ ساتھ داخل ہونے اون جنتون کے کہ وعدہ دیے جاتے تھے تم زمانہ گذشتہ مین + مل ٭ **معا + کشاف** + زید بن اسلم سے روایت ہی کہ کہا آتے ہین فرشتے مومن کے پاس نزدیک موت کے اور کہتے ہین لَا تَخَفْ مِمَّا اَنْتَ قَادِمٌ عَلَيْهِ + یعنی مت ڈر اوس چیز سے کہ جانے والا ہی تو اوسپر پس جاتا رہتا ہی خوف اوسکا اور کہتے ہین فرشتے لَا تَحْزَنْ عَلَى الدُّنْيَا وَلَا عَلٰى اَهْلِهَا وَاَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ + یعنی نہ غم کھا دنیا پر اور نہ اہل دنیا پر اور خوشی سن جنت کی پس مرتا ہی اس حال مین کہ ٹھنڈی کی ہی اللہ نے آنکھ اوسکی یعنی شادان فرحان مرتا ہی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا حرام ہی نفس پر یہ کہ نکلے دنیا سے یہان تک کہ جانے کہ کہان بازگشت ہی اوسکی یعنی دوزخ مین یا بہشت مین اور مجاہد سے ہی کہ کہا بلاشبہ مومن کو خوشخبری دی جاتی ہی ساتھ صلاحیت فرزند اوسکے کے بعد مرنے کے تو کہ ٹھنڈی ہو آنکھ اوسکی اور انس سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی دوست رکھتا ہی ملنا اللہ کا دوست رکھتا ہی اللہ ملنا اوسکا کہا ہمنے یا رسول اللہ ہم تو مکروہ رکھتے ہین موت کو

[٥١] یعنی ظاہر و باطن یکسان ہو نہ جیسا کہ لومڑی جیسی کہ وہ ہو دیکھائی دیتی ہی باطن میں اوسکے مکر و فریب ہوتا ہی ۱۲ منہ مد ظلہ

فرمایا نہین ہے یہ کراہیت موت کی ولیکن مومن کے پاس وقت موت کے آتا ہی بشارت دینے والا اللہ کی طرف سے ساتھ اوس چیز کے کہ وہ جانے والا ہی
طرف اوسکے پس نہین ہوتی ہی کوئی چیز محبوب تر طرف اوسکے اوس سے کہ ملے اللہ سے پس دوست رکھتا ہی اللہ ملنا اوسکا اور تحقیق فاجر یا کافر جب
آتا ہی وقت موت اوسکی کا آتا ہی اوسکے پاس فرشتہ ساتھ اوس چیز کے کہ وہ جانے والا ہی طرف اوسکے یعنی شر کے پس مکروہ رکھتا ہی وہ ملنا
اللہ کا پس مکروہ رکھتا ہی اللہ ملنا اوسکا اور ثابت سے ہی کہ اونھون نے پڑھی سورۂ سجدہ یعنی یہی سورت یہان تک کہ پونہچے اس مقام کو تَتَنَزَّلُ
عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ پس ٹھہر گئے پھر کہا کہ پونہچا ہی مجکو یہ کہ بندۂ مومن کو جب اوٹھاویگا اللہ اوسکی قبر سے تو ملینگے اوس سے وہ فرشتے اوسکے
وہ جو تھے ساتھ اوسکے دنیا مین پس کہینگے وہ واسطے اوسکے کہ مت ڈر اور نہ غم کھا اور خوشی سن اوس جنت کی کہ وعدہ دیا جاتا تھا تو پس
امن دیتا ہی اللہ اوسکے ڈر سے اور ٹھنڈی کرتا ہی آنکھ اوسکی پس نہین ہوگی کوئی بڑی چیز کہ ڈرینگے لوگ اوس سے روز قیامت مگر کہ وہ
مومن کے لیے ٹھنڈک آنکھ کی ہوگی بسبب اوس چیز کے کہ ہدایت کیا اوسکو اللہ نے اور بسبب اوس چیز کے کہ عمل کرتا تھا دنیا مین **درمنثور**

نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَكُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ فِیْهَا

ہم ہین تمھارے رفیق دنیا مین اور آخرت مین اور تمکو وہان ہی جو چاہے جی تمھارا اور تمکو وہان ہی

مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ۝

جو منگواؤ مہمانی ہی اوس بخشنے والے مہربان سے **مو**

ہم دوست تمھارے تھے زندگانی دنیا مین اور آخرت مین بھی اور تمھارے لیے ہی وہان جو کچھ چاہین دل تمھارے یعنی نعمتون مین سے
اور تمھارے لیے ہی وہان جو کچھ کہ درخواست کرو تم بطریق مہمانی کے جانب خدا بخشنے والے مہربان کے سے **تفسین** فرشتے
اوترتے ہین حشر کے دن جسدن ہر کسیکو اپنا فکر اور غم ہوگا یا مرنے کے وقت اوترتے ہین یہ کہتے ہین **مو** ہم دوست تمھارے تھے
جیسے کہ شیاطین ہمنشین اور بھائی گنہگارون کے ہونگے پس اسی طرح فرشتے دوست متقیون کے ہین دارین مین اور نزل کہتے ہین مہمان کے
رزق کو مجاہد سے منقول ہی بیچ تفسیر آیت نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُكُمْ کے کہ کہا رفیق تمھارے تھے دنیا مین نہین جدا ہونگے ہم تمسے یہان تک کہ
داخل ہووین ہم ساتھ تمھارے جنت مین اور کہا سدی نے کہ کہینگے واسطے اونکے فرشتے ہم نگہبان ہین جو کہ تھے ساتھ تمھارے دنیا مین
اور دوست تمھارے ہین آخرت مین نہین جدا ہووینگے ہم تمسے یہان تک کہ داخل ہو تو بہشت مین **مل** **درمنثور** **معا**
تنبیہ جاننا چاہیے کہ معنی استقامت کے بحسب اقوال اکثر حضرات مذکورین کے یہی معلوم ہوتے ہین کہ احکام خدا تعالی کے بجالاوے
اور جن چیزون سے منع کیا ہی اونسے باز رہے اور یہی معنی استقامت کے سید جمال الدین نے بیچ شرح حدیث قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ
کے لکھے ہین کہ کہہ ایمان لایا مین ساتھ اللہ کے یعنی ساتھ تمام اون چیزون کے کہ واجب ہی ایمان لانا اونپر پھر استقامت کر اوپر بجالانے اوامر کے
اور بچنے کے ممنوعات سے ازروے قلب و قالب کے انتہی اور ایسا ہی طیبی نے لکھا ہی بیچ شرح لفظ ثم استقم کے کہ یہ لفظ جامع ہی واسطے
بجالانے تمام اوامر کے اور بچنے کے تمام مناہی سے اسلیے کہ مومن نے اگر ترک کیا ایک امر تو نہین ہوگا مستقیم طریق مستقیم پر بلکہ عدول
کیا اوس سے یہان تک کہ رجوع کرے طرف اوسکے انتہی اب سوچنا چاہیے کہ اللہ و رسول کی اطاعت سے کیا کچھ نعمتین اور درجے حاصل
ہونگے پس آیا اطاعت کرکے نعمتین اور درجات عالیات حاصل کرنے بہتر یا نافرمانی اونکی کرکے طرح بطرح کی خرابیان بھگتنی بہتر کوئی
عاقل نہ کہے گا کہ یہان کی لذات فانیہ مین منہمک ہو کر وہان کی ایسی نعمتین کہ مذکور ہوئین ہاتھ سے دیجیے اور حقیقت مین اگر سوچے تو
دین و دنیا کی نعمتین اللہ و رسول ہی کی اطاعت سے حاصل ہوتی ہین اور نافرمانی سے یہان بھی ذلیل ہوتا ہی کہ فاسق اور بے عزت و بدکار
کہلاتا ہی اور وہان کا بھی عذاب بھگتتا ہی پس جو لوگ کہ ترک نماز و روزہ وغیرہ فرائضات کرتے ہین اور زناکاری اور قماربازی

ع ۷
۱۸

اور شراب خواری اور چوری کرنے اور غیبت کرنے اور جھوٹ بولنے اور چغل خوری کرنے اور بیاز کھانے وغیر ذلک گناہون مین مشغول رہتے ہین دنیا مین بھی فاسق اور بدکار اور بدمعاش کہلاتے ہین اور آخرت مین بھی ویسے ہی لوگون کے ساتھ اوٹھینگے اور جو نماز اور روزے اور تلاوت قرآن اور طرح بطرح کی فرمان برداری مین لگے رہتے ہین وہ یہان بھی اچھے کہلاتے ہین اور وہان بھی انبیا اور صدیقون اور شہدا اور صلحا کے زمرے مین آوینگے اور نعمتین پاوینگے کہ پاک پروردگار صریح فرماتا ہی وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ یعنی اور جو لوگ حکم پر چلین ہین اللہ کے اور رسول کے سو اونکے ساتھ ہین جنکو اللہ نے نوازا نبی اور صدیق اور شہدا اور نیکبخت اور خوب ہی اونکی رفاقت ✦

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

اور اوس سے بہتر کسکی بات جسنے بُلایا اللہ کی طرف اور کیا نیک کام اور کہا مین حکم بردار ہون ✦ **مو**

اور کون شخص بہتر ہی بات مین اوس شخص سے کہ بلایا لوگون کو طرف خدا کے اور عمل کیے اچھے اور کہا تحقیق مین مسلمانون مین سے ہون **تفسیر** یہ بُلانے والے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ بُلایا لوگون کو توحید کی طرف اور عمل کیے اچھے یعنی خالص اللہ ہی کے لیے کیے اور کہا مین مسلمانون سے ہون یعنی بازراہ فخر کرنے کے ساتھ اسلام کے اور اعتقاد کرنے کے واسطے اوسکے اور حضرت عایشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے منقول ہی کہ ہم نہین شک کرتے تھے ہم کہ یہ آیت اوتری ہی موذنون کے حق مین اور یہ عام ہی بیچ حق ہر اوس شخص کے کہ جمع ہون اوسمین تین باتین موحد ہو معتقد دین اسلام کا کرنے والا ہو اچھے کام بلانے والا ہو اللہ کی طرف اور نہین ہین یہ مگر عالم باعمل اہل عدل و توحید بلانے والے طرف دین خدا کے اور کہا عکرمہ نے کہ بلانے والا موذن ہی اور ابو امامہ باہلی نے کہا کہ مراد اچھے عمل کرنے سے دو رکعت نماز پڑھنی ہی درمیان اذان اور تکبیر کے اور فرمایا آنحضرت نے کہ نہین رد کیجاتی دعا درمیان اذان اور تکبیر کے اور عاصم سے منقول ہی کہا جب فارغ ہووے تو اپنی اذان سے تو کہہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ پھر پڑھی یہ آیت وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہاتھ سردار موذنون کا ہوگا روز قیامت کے اور نہین اتبات کرتا اوسکا یعنی اذان دینے وغیر ذلک مین مگر مومن اور موذن درازترین لوگون کے ہونگے از روے گردنون کے روز قیامت کے انتہی ✦ یہ کنایہ ہی حصول شرف اور جاہ و امتیاز سے روز قیامت کے اور فرمایا آنحضرت نے کہ موذن کے لیے بخشش کیجاتی ہی بقدر درازی آواز اوسکی کے اور تصدیق کریگا اوسکی ہر رطب و یابس یعنی تر و خشک اور ابن عمر سے ہی کہ اونھون نے کہا واسطے ایک شخص کے کیا ہی عمل تیرا اوسنے کہا اذان کہا ابن عمر نے اچھا عمل ہی تیرا عمل گواہی دیگی تیرے لیے ہر چیز کہ سنی اوسنے اذان تیری اور کہا عمر بن الخطاب نے کہ اگر طاقت پاؤن مین اذان کی ساتھ خلافت کے تو اذان دیا کرون مین اور کہا سعید نے کہ قوت پاتی میری اذان پر محبوب تر ہی طرف میرے اس سے کہ حج کرون مین اور عمرہ کرون مین اور جہاد کرون مین اور کہا کعب نے کہ جسنے اذان دی لکھی گئین اوسکے لیے ستر نیکیان اور اگر تکبیر کہے پس وہ افضل ہی اور فرمایا آنحضرت نے کہ اگر جانتے لوگ کہ کیا ثواب ہی اذان مین تو البتہ جھگڑتے آپس مین اور کہا یحیی نے کہ کہا جاتا تھا یعنی صحابہ یا تابعین کے زمانے مین کہ دو مرد و تم اذان پر اور نہ دو مرد و تم امامت پر اور حسن بصری نے کہا کہ موذن بلند اذان دینے والا اول ہوگا اون مین کہ لباس پہنائے جاوینگے روز قیامت کے ✦ **مل ✦ معا ✦ در منثور ✦ تنبیہ** ✦ سبحان اللہ اس آیت کریمہ سے کیا کچھ بزرگی معلوم ہوئی اسکی طرف بلانے اور عمل نیک کرنے کی اور توحید کی اور اسکی طرف بلانے کی کیونکر نہو یہ فضیلت کہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ جو کوئی نیک کام کی طرف بلاتا ہی کسیکو تو اوسکو بھی اوتنا ہی ثواب ہوتا ہی جتنا عمل نیک کرنے والے کو اور ایسے ہی جو برائی

کی طرف بلاتا ہی اوسکو بھی گناہ اوتنا ہی ہوتا ہی جتنا کرنے والون کو + **مشکوۃ** +

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ

اور برابر نہین نیکی نہ بدی جواب مین تو کہہ اوس سے بہتر پھر جو تو دیکھے تو جسمین تجھمین دشمنی تھی

كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ۝

جیسے دوستدار ہی ناتے والا + **مو** +

اور برابر نہین ہی نیکی اور بدی جواب دے ساتھ اوس خصلت کے کہ وہ بہتر ہی پس ناگہان وہ شخص کہ درمیان تیرے اور درمیان اوسکے دشمنی ہی پس گویا وہ ایک کارساز قرابتی ہوا ہی + **تفسیر** + برابر نہین نیکی برائی کے نہ برائی نیکی کے کوئی سخت کلام کرے یا بُرا معاملہ کرے تو اوسکے مقابل کر جو اوس سے بہتر ہو اس کرنے سے دشمن ہو جاتے ہین جیسے دوست اگرچہ دل مین نہون + **مو** + یعنی سیئہ اور حسنہ یعنی برائی اور بھلائی متفاوت ہین بڑا تفاوت پس لے تو یعنی اختیار کر اوس حسنہ یعنی بھلائی کو کہ احسن ہی یعنی بہتر ہی اپنے مثل سے یعنی حسنہ سے جب کہ پیش آوین تجکو دو حسنہ یعنی بھلائیان پس جواب دے ساتھ اوس حسنہ احسن یعنی بھلائی بہتر کے اوس برائی کا کہ وارد ہو تجپر تیرے بعض دشمن کی طرف سے جیسے اگر برائی پونہچاوے کوئی شخص طرف تیرے تو حسنہ یعنی بھلائی یہ ہی کہ عفو کرے تو اوس سے اور حسنہ احسن یعنی بھلائی بہتر یہ ہی کہ احسان کرے تو طرف اوسکے بجگہہ برائی پونہچانے اوسکی کے طرف تیرے مثلاً اگر وہ مذمت کرے تیری تو تو تعریف کر اوسکی اور اگر قتل کرے وہ تیرے فرزند کو تو تو بدلا دیکر چھڑا دے اوسکے فرزند کو اوسکے دشمن کے ہاتھ سے پس ناگہان الخ یعنی پس تو جب یہ کریگا تو ہو جاویگا دشمن مخالف تیرا مانند دوست قرابتی کے صاف تجسے + **مل** + **کشاف** + ابن عباس سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ کہا حکم کیا اللہ تعالی نے مومنون کو ساتھ صبر کرنے کے وقت غضب کے اور ساتھ حلم کے وقت جہل کرنے کسیکے اور ساتھ عفو کے نزدیک برائی پونہچانے کسیکے پس جب کرین گے یہ تو بچاویگا اونکو اللہ شیطان سے اور جھک جاویگا اونکے لیے دشمن اونکا گویا کہ وہ دوست قرابتی ہی ابن عباس سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ کہا ملاقات کر دشمن سے ساتھ سلام کے فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ۝ عکرمہ سے ہی کہا حمیم قرابتی اور ولی دوست + **درمنثور** + **تنبیہ** + حاصل مطالب صاحب مدارک اور کشاف کا یہ ہوا کہ مراد احسن سے بیچ آیت مذکورہ کے یہ ہی کہ کوئی برائی کرے تو تو اوسکے جواب کے مقابلے مین سلوک کر اوس سے اور واقع مین الفاظ آیت سے بھی یہی سمجھا جاتا ہی اور یہ بڑی عالی حوصلگی کی بات ہی اور شیخ سعدی رحمہ اللہ نے اسی مضمون کو اس بیت مین لکھا ہی + **بیت** + بدی را بدی سہل باشد جزا + اگر مردی احسن الی من اساء [ف۱] + اور ابن عباس اور صاحب معالم اور جلالین کے نزدیک معنی ادفع بالتی الخ کے یہ ہین کہ دفع کر سیئہ یعنی برائی کو ساتھ اوس خصلت کے کہ وہ بہتر ہی جیسے کہ غضب کو دفع کر ساتھ صبر کے اور جہل کو ساتھ حلم کے اور برائی پونہچانے کو ساتھ عفو کرنے کے اور صاحب مدارک اور کشاف نے بھی یہ اقوال بعد تحقیق اپنی کے لکھے ہین سبحان اللہ یہ بھی عجیب خصلتین ہین اور بڑا فائدہ صبر اور تحمل اور درگذر کرنے کا یہ ہی کہ اللہ تعالی مددگار اوسکا ہوتا ہی والا شیطان درمیان مین آجاتا ہی چنانچہ آیا ہی کہ ایک شخص حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو برا کہہ رہا تھا اور آنحضرت بیٹھے ہوئے تعجب کرتے تھے اور مسکراتے تھے پس جب بہت برا کہا اوسنے تو جواب دیا ابو بکرؓ نے اوسکی بعضی بات کا پس غصے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اوٹھ کھڑے رہے پس پونہچے اونکے پاس ابو بکرؓ اور کہا ای رسول خدا ﷺ کے برا کہتا تھا وہ مجکو اور آپ بیٹھے تھے پس جب کہ جواب دیا مینے اوسکو اوسکی بعضی بات کا تو غصے ہوئے آپ اور اوٹھ کھڑے رہے فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ تھا تیرے ساتھ فرشتہ کہ جواب دیتا تھا اوسکو پس جب جواب دیا تو نے اوسکو تو آپڑا شیطان پھر فرمایا ای ابو بکر تین چیزین ہین کہ وہ سب حق ہین نہین کوئی بندہ کہ ظلم کرے اوسپر کوئی

ف۱ یعنی بدی کا بدلا بدی سہل ہی یعنی آسان ہی بڑی بات یہ ہی کہ اگر مرد ہی تو احسان کر اوسپر کہ بدی کرے تجسے ۱۲

پس عفو کرے وہ اوس سے واسطے اللہ عزوجل کے مگر کہ قوی کرتا ہی اللہ بسبب ظلم کے مدد اوسکی اور نہین کھولتا کوئی شخص دروازہ بخشش کا کہ چاہتا ہی ساتھ اوسکے سلوک کرنا اقربا سے مگر کہ زیادہ کرتا ہی اللہ بسبب اوسکے کثرت مال کی اور نہین کھولتا کوئی شخص دروازہ سوال کا کہ چاہتا ہو ساتھ اوسکے کثرت مال کی مگر کہ زیادہ کرتا ہی اللہ بسبب اوسکے کمی مال کی انتہی اور حدیث مین آیا ہی کہ عرض کیا موسی بن عمران علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے کہ اے رب میرے کون بہت عزیز ہی تیرے بندون مین تیرے نزدیک فرمایا وہ شخص کہ جب قادر ہو بدلا لینے پر ظالم سے اور بخشدے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی محفوظ رکھے اپنی زبان کو یعنی لوگون کی عیب گیری سے ڈھلنپے گا اللہ تعالی عیب اوسکا اور جو کوئی روکے غصہ اپنا روکے گا اللہ تعالی اوس سے عذاب اپنا دن قیامت کے اور جو کوئی عذر کرے طرف اللہ کے قبول کرتا ہی اللہ تعالی عذر اوسکا انتہی اور بعض دانایان دین سے منقول ہی کہ زہد پانچ چیزون پر موقوف ہی اعتماد کرنا اللہ تعالی پر اور بیزار ہونا خلق سے اور اخلاص عمل مین اور اوٹھانا ظلم کا اور قناعت کرنی اوس چیز پر کہ اوسکے ہاتھ مین ہی **مشکوۃ منبہات**

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝

اور یہ بات ملتی ہی اونھین کو جو سہار رکھتے ہین اور یہ بات ملتی ہی اوسکو جسکی بڑی قسمت ہی **مو**

اور نہین نزدیک کیے جاتے ہین ساتھ اس خصلت کے مگر وہ لوگ کہ صبر کیا اونھون نے اور نہین نزدیک کیا جاتا ساتھ اس خصلت کے مگر بڑے نصیب والا **تفسیر** یعنی حوصلہ کشادہ چاہیے کہ بری بات سہار کر سامنے سے بھلی کہے یہ اقبال مندون کو ملتا ہی **مو** نہین نزدیک کیے جاتے الخ یعنی نہین دیے جاتے یہ خصلت یعنی احسان کرنا مقابلے مین برائی کرنے کے مگر صبر والے اور نہین دیا جاتا یہ خصلت مگر وہ شخص کہ بہت نیک ہو اور توفیق دیا جاوے بڑے حصے کی خیر سے اور ابن عباس نے تفسیر کی حظ کی ساتھ ثواب کے اور حسن بصری سے ہی کہ کہا قسم خدا کی نہین بڑا ہی کوئی حصہ سوائے جنت کے اور بقول مقاتل کے نزول اس آیت کا بیچ شان ابوسفیان بن حرب کے ہی کہ پہلے اسلام کے دشمن ایذا دہندہ تھا آنحضرت کا پھر جب بیٹی اوسکی یعنی ام حبیبہ آنحضرت کے نکاح مین آئی تو وہ مسلمانون سے بنرمی ملنے لگا پھر جب اسلام لایا تو ولی یعنی دوست بسبب اسلام کے اور حمیم یعنی قرابتی بسبب قرابت کے ہوا **مد بحر**

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اور کبھی چوک لگے تجکو شیطان کے چوکنے سے تو پناہ پکڑ اللہ کی بیشک وہی ہی سنتا جانتا **مو**

اور اگر پھیر دے تجکو وسوسہ پھیرنے والا آیا ہوا شیطان کی جانب سے پس پناہ طلب کر ساتھ خدا کے تحقیق خدا وہی ہی سننے والا جاننے والا **تفسیر** معنی اسکے یہ ہین کہ اور اگر پھیرے تجکو شیطان اوس چیز سے کہ وصیت کی میننے اوسکی کہ وہ دفع کرنا ساتھ خصلت احسن کے ہی تو پناہ مانگ اللہ سے اوسکی شر سے اور جاری ہو اپنے حلم پر اور نہ اطاعت کر شیطان کی وہ سننے والا ہی تیرے پناہ مانگنے کو جاننے والا ہی شیطان کے شر سے کو سلیمان بن صرد سے منقول ہی کہ کہا بکا کیا دو شخصون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس زیادہ ہوا غصہ ایک کا اون دونون مین سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ مین جانتا ہون ایک کلمہ اگر کہے یہ اوسکو تو البتہ جاتا رہے اوس سے غصہ وہ یہ ہی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۝ پس کہا اوس شخص نے کہ کیا مجنون جانتا ہی تو مجکو پھر پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیچ غضب سے اسلیے کہ وہ ایک انگارا ہی کہ روشن کیا جاتا ہی ابن آدم کے دل مین کیا نہین دیکھتا تو اوسکی رگون کے پھولنے کو اور اوسکی آنکھون کی سرخی کو پس جو کوئی پاوے جنس غصے سے کچھ تو چاہیے کہ چمٹ جاوے ساتھ زمین کے اور آیا ہی کہ کہا جاتا تھا یعنی صحابہ کے زمانے مین کہ شیطان کہتا ہی کیونکر غالب آویگا مجپر ابن آدم جب راضی ہوگا تو آ ونگا مین یہان تک

اکہ ہونگا میں اوسکے دل میں اور جب غصہ ہوگا تو اٹھونگا میں یہان تک کہ ہونگا اوسکے سر پر + مل + در منثور + اپنے نبی پیارے کو کچھ طریقہ تحمل و صبر کا تعلیم فرما کر پھر مشرکون کو سمجھانا شروع کیا اپنی قدرت کی نشانیان بیان کر کر

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ

اور اوسکی قدرت کے نمونے ہین رات اور دن اور سورج اور چاند سجدہ نکرو سورج کو نہ چاند کو اور سجدہ کرو اللہ کو

الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝

جسنے وہ بنائے اگر تم اوسی کو پوجتے ہو + موضح

اور اوسکی نشانیون مین سے ہی شب روز اور آفتاب و چاند سجدہ نکرو سورج اور چاند کو اور سجدہ کرو اوس خدا کو کہ پیدا کیا ان چیزون کو اگر اوسی کی فقط عبادت کرتے ہو + تفسیر + اور اوسکی نشانیون مین سے کہ دلالت کرتی ہین اوسکی قدرت و وحدانیت پر رات و دن ہین کہ دیکھو کیسے ایک دوسرے کے پیچھے آتے ہین ایک اندازہ معلوم پر اور سورج و چاند بھی نشانیان اوسکی قدرت و وحدانیت کی ہین کہ دیکھو کیسے روشن ہین اور سیر مقدر ہی اونکے لیے سجدہ نکرو سورج و چاند کو اسلیے کہ وہ بھی پیدا کیے ہوئے اللہ کے ہین اگرچہ بہت ہین منافع اونکے اور شاید کہ کتنے ایک لوگ اون مشرکون مین سے سجدہ کرتے تھے سورج و چاند کو جیسے کہ صابی پوجتے تھے ستارون کو اور کہتے تھے وہ کہ ہم قصد کرتے ہین چاند و سورج کے سجدہ کرنے سے سجدہ کرنا اللہ کو پس منع کیے گئے اس واسطے کے ٹھہرانے سے اور حکم کیے گئے یہ کہ قصد کرین اپنے سجدہ کرنے سے رضامندی اللہ تعالیٰ ہی کی فقط اگر ہین اوسکو عبادت کرتے اور یہ [illegible] ساتھ کسی اور کو ٹھہرانا کر وہ عبادت کرنے والا اللہ کا اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ برا کہو تم [illegible] اور نہ سورج [illegible] ہواؤن کو اس لیے کہ ہوا مین چھوڑی جاتی ہین واسطے رحمت ایک قوم کے اور واسطے عذاب ایک قوم کے + مل + در منثور +

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْــَٔـمُوْنَ ۝

پھر اگر غرور کرین تو جو لوگ تیرے رب کے پاس ہین پاکی بولتے ہین اوسکی رات اور دن اور وہ نہین تھکتے + موضح

پھر اگر تکبر کرین کافر تو پاک یاد کرتے ہین جو لوگ کہ نزدیک پروردگار تیرے کے [illegible] ساتھ پاکی کے یاد کرتے ہین اوسکو شب و روز اور وہ نہین تھکتے + تفسیر + معنی اسکے یہ ہین کہ پھر اگر کافر تکبر کرین [illegible] اور جسکو کہ حکم کیے گئے ہین ساتھ اوسکے اور واسطے بچنے ٹھہرانے کے تو چھوڑیے اونکو حال خود اسلیے کہ اللہ تعالیٰ کے ہان کمی نہین ہے عبادت کرنے والون اور سجدہ کرنے والون کی اوسکے بہتیرے بندے مقرب ایسے ہین کہ پاکی سے یاد کرتے ہین اوسکو رات و دن کہ وہ پاک ہی شریکون سے اور تمام عیوب و نقصانون سے اور نزدیک پروردگار اپنے کے یہ عبادت ہی قرب و مرتبہ اور بزرگی سے اور جگہہ سجدے کی ہمارے نزدیک لفظ یسئمون پر ہی اور یہ منقول ہی ابن عباس اور ابن عمر اور سعید بن مسیب سے اور احتیاط بھی اسمین خوب ہی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہی لفظ تعبدون پر + کشاف + مل +

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا

اور ایک اوسکی نشانی یہ ہی کہ تو دیکھتا ہی زمین کو دبی پڑی پھر جب اوتارا ہمنے اوسپر پانی تازی ہوئی اور ابھری بیشک جسنے اوسکو جلایا

لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

وہ جلاویگا مردے وہ سب چیز کر سکتا ہی + موضح

اور اوسکی قدرت کی نشانیون مین سے یہ ہی کہ دیکھتا ہی تو زمین کو خشک ریتیلی پھر جب اوتارا ہمنے اوسپر پانی یعنی مینہ لہلہانے لگی اور مینہ سے پھولی تحقیق جسنے زندہ کیا اوسکو البتہ زندہ کرنے والا ہی مردون کا ہی تحقیق وہ سب چیز پر قادر ہی + تفسیر + اہتزت کے معنی ہین حرکت کرنے لگی

سجدة ۱۱

یعنی پیغمبر [illegible] غرور کیا مجھ سو

ساتھہ رویدگی کے یعنی لہلہانے لگی اور ربت ہی ربو سے یعنی پھولی اور مزین ہوئی ساتھہ رویدگی کے گویا کہ وہ سبزے اترانے والے کے ہی کہ وہ پھولتا اور اتراتا ہی اپنے لباس مین اور وہ پہلے اسکے مانند ذلیل کسیف برانے پھٹے کپڑون والے کے تھی ✝ **کشاف** ✝

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِى النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْۤ اٰمِنًا يَّوْمَ

جو لوگ ٹیڑھے چلتے ہین ہماری باتون مین ہمسے چھپے نہین بھلا ایک جو پڑتا ہی آگ مین بہتر یا ایک جو آویگا امن سے دن

الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

قیامت کے کرتے جاؤ جو چاہا ہو بیشک جو کرتے ہو وہ دیکھتا ہی ✝ **موضح** ✝

بلاشبہہ جو لوگ کہ کجروی کرتے ہین ہماری آیتون مین پوشیدہ نہین ہین ہمسے کیا جو کوئی کہ ڈالا جاوے آگ مین بہتر ہی یا وہ شخص کہ آوے امن سے روز قیامت کے کرلو جو چاہا ہو تم تحقیق خدا ساتھہ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہی ✝ **تفسین** ✝ کجروی کرتے ہین الخ یعنی مائل ہوتے ہین حق سے ہماری دلیلون مین پوشیدہ نہین ۔۔ وعید ہی اونکے لیے تحریف کرنے پر کیا جو کوئی ڈالا جاوے الخ یہ تمثیل ہی واسطے کافر و مومن کے کرلو الخ یہ نہایت ہی تہدید مین اور مبالغہ ہی وعید مین دیکھنے والا ہی پس جزا دیگا تمکو اوسپر ✝ **مل** ✝ ابن عباسؓ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا کہا وہ یہ ہی کہ رکھا جاوے کلام اوپر غیر موضع اوسکے کے کہا مجاہد نے يُلْحِدُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِنَا کی تفسیر مین کہ سیٹیان بجاتے ہین اور شور و شغب اور کلام بیہودہ کرتے ہین ہماری آیتون کے پڑھنے مین قتادہ نے کہا یلحدون سے یہ مراد ہی کہ جھٹلاتے ہین سدی نے کہا عناد و مخالفت کرتے ہین کیا جو کوئی ڈالا جاوے وہ ابو جہل ہی وہ شخص کہ آوے امن سے بعضون نے کہا وہ امیر حمزہ ہین بعضون نے کہا وہ ابوبکر ہین بعضون نے کہا وہ عثمان ہین بعضون نے کہا وہ عمار بن یاسر ہین اور ابن عباسؓ سے ہی بیچ تفسیر اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ کے کہا یہ خاص اہل بدر کے لیے ہی ✝ **معا** ✝ **درمنثور** ✝

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ

جو لوگ منکر ہوئے سمجھوتی سے جب اون پاس آئی اور یہ کتاب ہی نادر اسپر جھوٹھ کا دخل نہین آگے سے

يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝

نہ پیچھے سے اوتاری ہی حکمتون والے سب خوبیون سراہے کی ✝ **مو** ✝

بلاشبہہ جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھہ قرآن کے جب آیا اونکے پاس چھپے نہین ہین ہمسے اور تحقیق وہ ایک کتاب ہی گرامی قدر راہ نہین پاتا اوسکے پاس جھوٹ آگے اوسکے سے اور نہ پیچھے اوسکے سے بھیجی گئی ہی خداوند تعریف کیے گئے کی طرف سے ✝ **تفسین** ✝ مراد ذکر سے قرآن ہی اسلیے کہ اونہون نے سبب کفر کرنے کے ساتھہ اوسکے طعن کیا اوسمین اور تحریف کی یعنی بدل ڈالی اونہون نے تاویل اوسکی اور باطل مراد ہی تبدیل یا نقص آگے اوسکے سے الخ یعنی باطل نہین راہ پاتا طرف اوسکے کسی جہت سے جہات مین سے توکہ پہونچے طرف اوسکے اور متعلق ہو ساتھہ اوسکے پھر اگر کوئی کرے کہ طعن تو کیا ہی اوسمین طعن کرنے والون نے اور تاویل کی ہی اوسمین اہل باطل نے تو جواب اوسکا یہ ہی کہ ہان کیا ہی ولیکن اللہ تعالی نے بچایا ہی اوسکو تعلق باطل کے سے ساتھہ اوسکے اس طرح کہ متعین کیا ایک جماعت کو کہ مقابلہ کیا اونکا ساتھہ باطل کرنے تاویل اونکی کے اوسکے اور بگاڑ ڈالنے قولون اونکے کے حاصل یہ کہ کسیکا طعن رونق پذیر نہین ہوا بلکہ مٹ ہی گیا اور اسی کے مانند ہی قول اللہ تعالی کا اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ یعنی بلاشبہہ ہمنے اوتارا قرآن اور بلاشبہہ ہم ہی اوسکے نگہبان ہین ✝ **مل** ✝ **کشاف** ✝ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ کہا پوچھا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ کی امت فتنے مین پڑے گی بعد آپ کے پس پوچھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یا پوچھا گیا آپ سے کہ کیا چیز نکالیگی اوس فتنے سے

پس فرمایا کتاب اللہ العزیز الذی لا یأتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ تنزیل من حکیم حمید
اور عقبہ بن عامر کہتے ہین کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی یہ آیت اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِالذِّکْرِ لَمَّا جَآءَھُمْ لفظ حمید تک
پھر فرمایا کہ ہرگز نہین پھرینگے تم طرف اللہ کے ساتھ کسی چیز کے افضل اوس چیز سے کہ نکلی اوس سے یعنی قرآن اور فرمایا آنحضرت نے کہ نہین ہوے
بندے کوئی کلام کہ بہت پیارا ہو طرف اللہ کے اوسکے کلام سے اور نہین رجوع کی بندون نے طرف اللہ کے ساتھ کلام کے کہ بہت محبوب ہو طرف
اوسکے اوسکے کلام سے اور مجاہد سے ہی بیچ تفسیر باطل کے کہا اس سے شیطان مراد ہی اور یہ بھی مجاہد سے ہی بیچ تفسیر آیت لَا یَاْتِیْهِ
الْبَاطِلُ الخ کے کہ کہا نہین داخل کر سکتا اوسمین شیطان اوس چیز کو کہ نہین ہی اوس سے اور نہ کوئی اور کافر داخل کر سکتا ہی + درمنثور +
پھر تسلی دی اللہ تعالی نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کے جھٹلانے پر پس فرمایا مَا یُقَالُ الخ + معا +

مَا یُقَالُ لَکَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِکَ ؕ اِنَّ رَبَّکَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ ۝
تجھے وہی کہتے ہین جو کہہ چکا ہی سب رسولون سے تجھ سے پہلے تیرے رب کے ہان معافی بھی ہی اور سزا بھی ہی دکھ والی + مو +

ای محمد نہین کہا جاتا ہی تجکو مگر جو کچھ کہ کہا گیا تھا پیغمبرون کو پہلے تجھ سے بلاشبہہ پروردگار تیرا صاحب بخشش کا ہی اور صاحب عذاب
درد دینے والے کا + تفسیر + نہین کہا جاتا ہی الخ یعنی نہین کہتے تجکو کفار تیری قوم کے مگر جیسا کہ کہا اگلے رسولون کو اونکی قوم کے
کافرون نے یعنی کلمات ایذا دینے والے کہتے اور طرح بطرح کے طعن کرتے آسمان کی اوتری ہوئی کتابون مین پس تو صبر کر جیسا اونھون نے
صبر کیا صاحب مغفرت اور رحمت کا ہی واسطے انبیا اپنے کے اور عذاب دینے والا ہی اپنے دشمنون کو اور جائز ہی کہ یہ معنی ہون کہ نہین کہتا تجکو
اللہ مگر مثل اوس کلام کے کہ کہا رسولون کو پہلے تجھ سے اور وہ کلام یہ قول اللہ تعالی کا ہی اِنَّ رَبَّکَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ + مل +

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِیًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰیٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِیٌّ وَّ عَرَبِیٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی
اور اگر ہم اوسکو کرتے قرآن اوپری زبان کا تو کہتے اسکی باتین کیون نکھولی گئین اوپری زبان اور عرب کا آدمی تو کہہ یہ ایمان والون کو سوجھ ہی
وَّ شِفَآءٌ ؕ وَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَیْهِمْ عَمًی ؕ اُولٰٓئِکَ یُنَادَوْنَ
اور روگ کا دفع اور جو یقین نہین لاتے اونکے کانون مین بوجھ ہی اور یہ اونکو اندھا پا اونکو پکار ہوتی ہی
مِنْ مَّکَانٍۭ بَعِیْدٍ ۝
دور کی جگہ سے + مو +

اور اگر کرتے ہم اس کتاب کو قرآن زبان عجم مین البتہ کہتے کافر عرب کے کیون نہ واضح کی گئین آیتین اوسکی کیا قرآن عجمی ہی اور مخاطب
عربی کہہ قرآن مسلمانون کے لیے ہدایت اور شفا ہی اور وہ لوگ کہ ایمان نہین رکھتے اونکے کان مین گرانی ہی اور وہ قرآن اونپر اندھاپا ہی یہ
جماعت مثل مین ایسے ہین کہ آواز دیے جاتے ہین دور جگہہ سے + تفسیر + مشرک کہتے تھے از راہ سرکشی کے کہ کیون نہ اوتارا گیا
قرآن زبان عجم مین پس کہا گیا کہ اگر یون ہین ہوتا جیسا کہ یہ فرمایش کرتے ہین تو بھی نہ چھوڑتے اعتراض و سرکشی اور کہتے کیون نہ واضح
کی گئین آیتین اوسکی ایسی زبان مین کہ سمجھتے ہم اوسکو اور لفظ اعجمی ساتھ دو ہمزون کے پڑھا ہی کوفیون نے اور ہمزہ انکار کے لیے ہی یعنی
البتہ انکار کرتے اور کہتے کیا قرآن اعجمی ہی اور رسول عربی یا مرسل الیہ یعنی قوم عربی اور باقیون نے ایک ہمزہ ممدودہ مستفہمہ سے پڑھا ہی اور
اعجمی وہ ہی کہ نہ فصیح بولے اور نہ سمجھا جاوے کلام اوسکا برابر ہی کہ ہو عجم سے یا عرب سے اور عجمی منسوب ہی طرف امت یعنی جماعت عجم کے فصیح ہو
یا غیر فصیح اور معنی یہ ہین کہ آیتین قرآن کی جس طریق پر آتین اونکے پاس پلٹ جاتے اونمین سرکشی کرنے والے اسلیے کہ وہ طالب حق کے
نہین ہین بلکہ اپنی خواہشون کے پیرو ہین اور اسمین اشارہ ہی طرف اسکے کہ اگر اوتارتا اوسکو اللہ زبان عجم مین تو بھی ہوتا قرآن پس ہی

دلیل ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لیے بیچ جائز ہونے نماز کے جب کہ پڑھا جاوے قرآن فارسی مین ہدایت ہے یعنی رہنما ہی طرف حق کے اور
شفا اوس چیز کے لیے کہ سینے مین ہی یعنی شک اسلیے کہ شک مرض ہی اور اندھا پا ہی یعنی تاریکی اور شبہہ ہی کہا قتادہ نے کہ اندھے ہین
کافر قرآن سے اور بہرے ہین اوس سے پس نہین نفع باقی اوس سے یہ جماعت مثل مین ایسے ہین الخ یعنی یہ کافر بسبب نہ قبول کرنے قرآن کے
اور نہ منتفع ہونے کے اوس سے گویا کہ پکارے جاتے ہین طرف ایمان کے ساتھ قرآن کے ایسی جگہہ سے کہ نہین سنتے بسبب بعد مسافت کے
اور بعضون نے کہا کہ پکارے جاوینگے کافر قیامت مین ساتھ بدترین نامون کے کہا مقاتل نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
تشریف لیجایا کرتے تھے یسار غلام عامر بن جعفری کے پاس اور تھا وہ یہودی عجمی اور کنیت اوسکی تھی ابو فکیہ پس کہا مشرکون نے کہ
یسار محمدؐ کو تعلیم کرتا ہی عامر نے اپنے غلام کو مارا اور کہا تو تعلیم کرتا ہی محمدؐ کو یسار نے کہا کہ محمدؐ ہی مجکو سکھاتے ہین پس اوتاری اللہ تعالی
نے یہ آیت ولو جعلنٰہ قرانا اعجمیا الایۃ + ملا معا + **تنبیہ** اس سے معلوم ہوا کہ قرآن شریف سے
فائدہ اوٹھانا صفت مومن کی ہی اور اس سے فائدہ نہ اوٹھانا صفت کفار کی پس مسلمان کو چاہیے کہ سوچے اسکے معانی کو اور دل سے
متوجہ ہو اسکے پڑھنے مین جانے کہ بڑے شہنشاہ کا کلام پاک ہی پس یہ سمجھے اور عمل کرے اسپر حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ نہین ہی
خیر اوس نماز مین کہ نہین خشوع یعنی حضور قلب اوسمین اور نہین خیر ہی اوس روزے مین کہ نہ باز رہنا ہو لغو سے اوسمین اور نہین خیر ہی اوس
قرات قرآن مین کہ نہو تدبر یعنی سوچنا سمجھنا اوسمین اور نہین ہی خیر اوس علم مین کہ نہو پرہیزگاری اوسمین اور نہین خیر ہی اوس مال مین
کہ نہو سخاوت اوسمین اور نہین خیر ہی اوس دوستی مین کہ نہو حفاظت اوسمین یعنی اوسکے مال اور آبرو وغیرہ کی حفاظت
اور رعایت کرنی چاہیے اور نہین خیر ہی اوس نعمت مین کہ نہو بقا اوسکے لیے اور نہین خیر ہی اوس دعا مین کہ نہ اخلاص ہو اوسمین اور نہ تعظیم ہو
خدا تعالی کی + **منبہات**

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِیْہِ ۚ وَلَوْلَا کَلِمَۃٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّکَ لَقُضِیَ
اور ہمنے دی تھی موسی کو کتاب پھر اوسمین پھوٹ پڑی اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو پہلے نکل چکی تیرے رب سے تو اونمین
بَیْنَہُمْ ۚ وَاِنَّہُمْ لَفِیْ شَکٍّ مِّنْہُ مُرِیْبٍ ۝
فیصلہ ہوجاتا اور وہ دھوکے مین ہین اوس سے جو چین نہین دیتا + موضح

اور تحقیق دی ہمنے موسی کو کتاب پس اختلاف کیا گیا اوسمین اور اگر نہوتی ایک بات کہ پہلے گذری پروردگار تیرے سے البتہ فیصل
کیا جاتا درمیان اونکے اور تحقیق کفار البتہ شک قوی مین ہین قرآن کی طرف سے + **تفسیر** اختلاف کیا گیا اوسمین پس کہا
بعضون نے کہ یہ حق ہی اور بعضون نے کہا یہ باطل ہی جیسے کہ اختلاف کیا تیری قوم نے ای محمدؐ تیری کتاب مین ایک بات کہ پہلے گذری یعنی
ساتھ تاخیر عذاب کے فیصل کیا جاتا یعنی البتہ ہلاک کرتا اونکو کہ جڑ پیڑ سے اوکھیڑ ڈالتا اور بعضون نے کہا کلمہ سابقہ وعدہ قیامت کا ہی
اور یہ کہ فیصل کیے جاوینگے خصومات اوس دن مین اور اگر یہ نہوتا تو البتہ فیصل کیا جاتا درمیان اونکے دنیا ہی مین فرمایا اللہ تعالی نے بل الساعۃ
موعدھم ولکن یؤخرھم الی اجل مسمی یعنی بلکہ قیامت وعدہ گاہ اونکی ہی ولیکن ڈھیل دیتا ہی اونکو
ایک وقت مقرر تک + مدارک + کشاف +

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْہَا ۚ وَمَا رَبُّکَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ۝
جسنے کی بھلائی سو اپنے واسطے اور جسنے کی برائی وہی اوسکے پر اور تیرا رب ایسا نہین کہ ظلم کرے بندون پر + موضح

جو کوئی کرے کام نیک پس نفع اوسکے لیے ہی اور جو کوئی برا کام کرے پس وبال اوسپر ہی اور نہین ہی پروردگار تیرا ظلم کرنیوالا بندون پر

یعنی تو کہ عذاب کرے غیر بدکار کو ÷ **تنبیہ** ÷ اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ کسیکی برائی سے اوسکے غیر کو ضرر نہین پہونچتا جیسے
عوام مین مشہور ہے عیسیٰ بدین خود موسیٰ بدین خود دنیا مین کوئی کچھ ہی کرے ہمکو کیا یہ نہ کہنا چاہیے بلکہ حتی الامکان بدکار کو بدی سے روکے
والا یہ بھی اوسکے وبال مین گرفتار ہونگے چنانچہ آیا ہی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنا ایک شخص کو کہ کہتا ہی ظالم نہین ضرر کرتا مگر اپنی ہی
جان پر پس کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہان قسم ہی اسکی یعنی اور کو بھی ضرر کرتا ہی یہانتک کہ حباری البتہ مرتا ہی گھونسلے اپنے مین دبلے ہو سے
بسبب ظلم ظالم کے ÷ **ف** ÷ حباری ایک جانور ہی تیز پر کہ آب و دانہ کے لیے چند روز کی راہ پر جاتا ہی پس اوسپر بھی ظلم ظالم کا
کار کرتا ہی کہ اوسکی شامت اعمال سے مینہ نہین برستا اور وہ ہلاک ہو جاتا ہی بھوک سے پس جب اوسکا یہ حال ہوا تو اورون پر کیون
نہ تاثیر کرے ÷ **ح** ÷ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی شخص کہ ہووے ایک قوم مین کہ کرتا ہی اونمین گناہ درحالیکہ وہ
قادر ہین اسپر کہ منع کرین اوسکو اور نہین منع کرتے وہ اوسکو مگر کہ پونہچادیگا اونکو اللہ بسبب اوسکے عذاب پہلے مرنے اونکے کے ÷ اور فرمایا آنحضرت
نے کہ اللہ تعالیٰ نہین عذاب کرتا ہی سب کو بسبب عمل کرنے بعضون کے یہانتک کہ دیکھین وہ باتین خلاف شرع درمیان اپنے یعنی جو کہ بعضے
کرتے ہین اور یہ قادر ہوان اوسکے بگاڑنے پر اور نہ بگاڑین پس جب کرتے ہین اکثر یہ یعنی سکوت و سستی تو عذاب کرتا ہی اللہ سبکو یعنی خواص کو
بسبب کرنے گناہ کے اور عوام کو بسبب منع کرنے کے انتہی ÷ اور علما اور صلحا جو فاسقون کے ہم نوالہ و ہم پیالہ ہوتے ہین یہ نہ سمجھین کہ ہم بچ رہینگے
نہ یہ بھی اونکے ساتھہ تباہ ہونگے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبکہ پڑے بنی اسرائیل گناہون مین تو منع کیا اونکو اونکے علما نے پس باز آئے
وہ پھر ہمنشینی کی اونکے عالمون نے اونکی مجلسون مین اور شریک رہے ساتھہ اونکے کھانے اور پینے مین یعنی سستی کرنے لگے منع کرنے مین اور
اختلاط کیا آپسمین پس سیاہ کیے اللہ تعالیٰ نے دل بعض اونکے کے بسبب بعض کے ÷ **ف** ÷ یعنی جو کہ پاک تھے گناہون سے اونکو بھی سنگدل
کردیا اللہ تعالیٰ نے بسبب شومی گناہ گارون کے اور خلط ہونے کے ساتھہ اونکے پس سب سنگدل ہو گئے اور دور ہوئے قبول خیر اور رحمت سے ÷ پس لعنت
کی اللہ نے اونکو اوپر زبان داؤد اور عیسیٰ بیٹے مریم کے یہ بسبب اوس چیز کے تھا کہ نافرمانی کی اونھون نے اور تھے حد سے تجاوز کرتے کہا ابن مسعودؓ
نے پس اوٹھہ بیٹھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور تھے تکیہ لگائے ہوئے یعنی تکیے کو چھوڑکر بیٹھے واسطے اہتمام اور اظہار حد کے پس فرمایا
نہین نہین اب سے نجات پانے کے تم قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھہ مین ہی یہانتک کہ منع کرو تم اونکو گناہون سے منع کرنا انتہی ÷
اور علما کو چاہیے کہ خود بھی علم پر عمل کرین یہ نہ کرین کہ خود را فضیحت و دیگر را نصیحت فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھا مینے شب معراج
مین کتنے آدمیون کو کہ کاٹے جاتے ہین ہونٹ اونکے آگ کی قینچیون سے کہا مینے کون ہین یہ اے جبرئیل کہا یہ واعظ ہین آپکی امت کے کہ حکم کرتے تھے
لوگون کو ساتھہ نیکی کے اور بھولتے تھے اپنے تئین یعنی آپ عمل نکرتے تھے اور لوگون کو عمل کرنے کو کہتے تھے انتہی ÷ اور بری باتون سے منع کرنے مین
دل و جان سے مصروف رہے کسیکا ڈر نرکھے والا دل سے تو برا جانتا رہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بات یہ ہی پہونچینگی میری امت کو
اخیر زمانے مین اونکے بادشاہ سے بلائین سخت یعنی افعال بد دیکھینگے اور بری باتین سنینگے نہین نجات پانے کا کوئی اوسسے مگر وہ شخص کہ پہچانا اللہ کے
دین کو پس جہاد کیا اوسپر ساتھہ زبان اپنی کے اور ہاتھہ اپنے کے اور دل اپنے کے پس یہ وہ ہی کہ پہلے سے ملیار ہین اوسکے لیے سعادتین
دارین کی اور ایک وہ شخص کہ پہچانا اللہ کے دین کو پھر تصدیق کی اوسکی یعنی جہاد کیا دل اور زبان سے نہ ہاتھہ سے اور ایک وہ شخص کہ پہچانا اللہ کے
دین کو پس سکوت کیا اوسپر یعنی اور جہاد نکیا مگر ساتھہ دل کے پس اگر دیکھتا ہی اوس شخص کو کہ کرتا ہی بھلائی دوست رکھتا ہی اوسکو اوس کے لیے
اور اگر دیکھتا ہی اوسکو کہ کرتا ہی غیر حق دشمن رکھتا ہی اوسکو اوس لیے پس یہ نجات پائیگا اور پرخفیہ محبت اور بغض اپنے کے سبب کے انتہی ÷ اور
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ترک کرنے کو باوجود قدرت کے مداہنت کہتے ہین اور اسکا بڑا وبال آیا ہی چنانچہ آیا ہی کہ وحی کی اللہ عزوجل نے
طرف جبرئیل علیہ السلام کے کہ اولٹ دے شہر ایسا اور ایسے کو یعنی فلانے شہر کو کہ صفت اوسکی ایسی ایسی ہی ساتھہ رہنے والون اوسکے کے

ط قولہ شب معراج یعنی شب معراج کو

پس کہا جبرئیل علیہ السلام نے ای رب میرے تحقیق او میں فلانا بندہ تیرا ہی کہ نہیں نافرمانی کی تیری ایک پلک مارتے کہا حضرت نے پس فرمایا اللہ تعالی نے کہ اولٹ دے اوسپر اور اوپر اسلیے کہ تحقیق مونہ اوسکا نہیں متغیر ہوا میری راہ مین ایک ساعت کبھی یعنی بُری بات کا دیکھنا اوسکو ناگوار نہین تھا انتہی + اور حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب ہی اور جسنے اس واجب کو ادا کیا اور مخالف نے نہ مانا تو واجب اوسکے ذمّے سے ساقط ہوا پس اگر بشرط قدرت کے امر و نہی نکریگا گنہگار ہوگا اور فرضیت اسکی بالکفایہ ہی یعنی بعض کے کرنے سے سبکے ذمّے سے گناہ جاتا رہتا ہی لیکن اس صورت مین فرض عین ہی کہ ایک جا بُری بات ہوتی ہی اور سوا ایک کے بُرائی اوسکی کوئی نہین جانتا ہی یا یہی منع کرسکتا ہی اور کو وہان دخل نہین تو اب اوس شخص پر فرض عین ہی نہ غیر اوسکے پر انتہی + اس سے معلوم ہوا کہ جس گھر مین خلاف شرع باتین ہوتی ہون جیسے شادی غمی مین رسمین اور باتین خلاف شرع برتی جاوین یا باریک کپڑے عورتین پہنین یا اور شرک و گناہ کی باتین ہوتی ہون اور گھروالا منع نکرے تو تارک فرض کا اور سخت گنہگار ہوگا اور مقصودِ آیت سے یہ ہی کہ آدمی کو چاہیے کہ نیک عمل کرنیکا خیال رکھے شب و روز اور بُرے عملون سے بھاگے اور اس حدیث کو کہ مناسب اس مقام کے ہی مدنظر رکھے کہ فرمایا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھہ مین ہی کہ تحقیق شرعی باتین اور خلاف شرع بصورت آدمی کے پیدا ہونگی قائم کی جاوینگی لوگون کے لیے دن قیامت کے پس ایہ شرعی باتین پس خوشخبری دینگی کرنے والے اپنے کو اور وعدہ کرینگی اونسے بھلائی کا اور ایہ خلاف شرع باتین پس کہینگی دور ہو ہمسے دور ہو ہمسے اور نہین طاقت رکھینگی وہ مگر چمٹنے کی اونسے اور مفارقت نہین کرسکنے کی + مشکوٰة +

الجزء الخامس والعشرون ٢٥

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا

اوسی کی طرف حوالہ ہی خبر قیامت کی اور کوئی میوے نہین جو نکلتے ہین اپنے غلاف سے

(نافیہ ۱۲)

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا آذَنَّاكَ

اور گابھہ نہین رہتا کسی مادہ کو اور نہ وہ جنے جسکی اوسکو خبر نہین اور جس دن اونکو پکاریگا کہان ہین میرے شریک بولینگے ہمنے تجکو کہہ سنایا

مَا مِنَّا مِن شَهِيدٍ ۝

ہم مین کوئی نہین اقرار کرتا + موا +

ع

خدا کی طرف حوالہ کیجاتی ہی معرفت قیامت کی اور باہر نہین نکلتے اجناس میوے کے اپنے غلافون سے اور نہین حاملہ ہوتی کوئی عورت اور نہین جنتی مگر ساتھہ علم خدا کے اور جسدن پکاریگا اللہ اونکو کہ کہان ہین وہ کہ تم شریک میرا مقرر کرتے تھے کہینگے جتا دیا ہمنے تجکو کہ نہین ہی ہم مین سے کوئی ثابت کرنے والا شریکون کا + تفسیر + خدا کی طرف حوالہ کیجاتی الخ یعنی علم قیامت کے قائم ہونے کا اللہ ہی کی طرف پھیرا جاتا ہی یعنی واجب ہی مسئول پر یعنی جس سے پوچھے حال اوسکا یہ کہ کہے اللہ ہی جانتا ہی اوسکو اور نہین حادث ہوتی کوئی چیز قسم نکلنے پھلون کے سے اور نہ حمل حاملہ کا اور نہ جننا اوسکا مگر کہ اللہ جانتا ہی اونکو یعنی جانتا ہی گنتی ایام حمل کی اور ساعتین اوسکی اور احوال اوسکے کہ ناقص ہی یا پورا نر ہی یا مادہ اچھا ہی یا بُرا و غیر ذلک اور اضافت کیا اللہ نے شرکا کو اپنی طرف بحسب گمان مشرکین کے اور بیان اوسکا اس آیت مین ہی اَیْنَ شُرَکَآءِیَ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اور اسمین سرزنش و تنبیہ ہی اور اٰذَنّٰکَ کے معنی اعلمناک ہین یعنی معلوم کروایا ہمنے تجکو اور بعضون نے کہا اخبرناک یعنی خبر دی ہمنے اور یہ ظاہر تر ہی اسلیے کہ اللہ تعالی عالم یعنی جانتا تھا اوسکو اور معلوم کروانا عالم کا محال ہی لیکن خبر دینی واسطے جاننے والا ایک چیز کے ملحق ہوتی ہی ساتھہ اوس چیز کے کہ جانتا ہی اوسکو مگر یہ کہ ہو وین معنی یہ کہ تو جانتا ہی ہمارے دلون اور عقائد کا حال کہ ہم ایمان رکھتے ہین یعنی اب پس نہین دے سکتے ہین ہم یہ گواہی باطل اسلیے کہ جب جانا اللہ تعالی نے حال اونکے دلون کا

پس گویا کہ اونھون نے معلوم کروایا اوسکو اور نہین ہی ہم مین سے کوئی کہ گواہی دے کہ تیرے لیے شریک ہی اور نہین ہی ہم مین سے کوئی مگر کہ
توحید بیان کرتا ہی تیری یا یہ معنی ہین کہ نہین ہی ہم مین سے کوئی کہ شاہدہ کرے اونکو یعنی دیکھے اسلیے کہ وہ غائب ہونگے معبود ون سے
اور غائب ہوگئے ہون سگے اونسے معبود اونکے نہین دیکھین گے اونکو وقت توبیخ کے اور بعضون نے کہا کہ یہ کلام شرکا کا ہی یعنی
نہین گواہی دے سکتا کوئی ہم مین سے اوس چیز کی کہ نسبت کی مشرکون نے طرف ہمارے کہ وہ شرکت ہی + مدل +

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوا يَدْعُونَ مِن قَبْلُ وَظَنُّوا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ ○

اور چوک گیا اونسے جو پکارتے تھے پہلے اور اٹکلے کہ اونکو نہین کہین خلاصی + موضح +

اور گم ہوئے اونکی نظرون سے جو کچھ پوجتے تھے پہلے اس سے یعنی دنیا مین اور جانا اونھون نے کہ نہین واسطے اونکے کوئی جگہہ بھاگنے کی +

لَا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ○

نہین تھکتا آدمی مانگنے سے بھلائی اور اگر لگ جاوے اوسکو برائی تو آس توڑے ناامید ہوکر + موضح +

تھکتا نہین آدمی یعنی کافر خیر کے مانگنے سے اور اگر پہونچے اوسکو سختی پس ناامید ہی طمع کاٹنے والا + تفسیر + مراد انسان سے
یہان کافر ہی بدلیل قول اللہ تعالی کے وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً خیر کے مانگنے سے یعنی طلب کرنے فراخی کے سے مال مین
اور نعمت مین یعنی ہمیشہ مانگتا رہتا ہی اپنے رب سے مال او صحت وغیرہا سختی اور فقر ناامیدی یعنی خیر سے طمع کاٹنے والا یعنی رحمت سے او قنوط
یہ کہ ظاہر ہو اوسپر اثر یاس کا پس پژمردہ اور شکستہ خاطر ہو یعنی امید قطع کرے فضل خدا اور رحمت اوسکی سے اور یہ صفت کافر کی ہی بدلیل
قول اللہ تعالی کے إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ○ یعنی ناامید نہین ہوتے اسکی رحمت سے مگر قوم کافر + مدل جلالین +

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَٰذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن

اور اگر ہم چکھاوین اوسکو کچھ اپنی مہر پیچھے ایک تکلیف کے جو اوسکو لگی تھی تو کہنے لگے گا یہ ہی میرے لائق اور مین نہین سمجھتا کہ قیامت اوٹھنی ہی اور اگر

رُّجِعْتُ إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَىٰ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ

مین پھر گیا اپنے رب کی طرف بیشک مجکو ہی اوسکے پاس خوبی سو ہم جتاوینگے منکرون کو جو اونھون نے کیا ہی اور چکھاوینگے اونکو ایک

عَذَابٍ غَلِيظٍ ○

گاڑھی مار + موضح +

اور اگر چکھاوین ہم اوسکو رحمت اپنی طرف سے بعد سختی کے کہ پہونچی ہو اوسکو کہے کہ یہ میرے لیے ہی یعنی خاطر جمع کرے اور خوف اوسکے دل سے جاتا رہے
واللہ اعلم اور نہین گمان کرتا مین کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر بالفرض پھیر جاؤن مین طرف پروردگار اپنے کے تحقیق میرے لیے نزدیک اوسکے حالت
خوش ہوگی پس البتہ خبردار کرینگے ہم کافرون کو ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے تھے اور البتہ چکھاوینگے ہم اونکو عذاب گاڑھے سے + تفسیر +
چکھاوین ہم الخ یعنی دیوین ہم اوسکو صحت بعد مرض کے یا فراخی بعد تنگی کے کہے یہ میرے لیے ہی یعنی یہ حق میرا ہی کہ پہونچا طرف میرے
اس لیے کہ مین مستحق ہوا اوسکا بسبب اوس چیز کے کہ نزدیک میرے ہی یعنی خیر اور فضل اور اعمال اچھے یا ہذا لی کے معنی یہ ہین کہ نہین زائل ہوگی رحمت مجھسے
اور اگر پھر جاؤن مین یعنی جیسے کہ مسلمان کہتے ہین اور حسنی سے مراد جنت ہی یا حالت نیک کہ بزرگی اور نعمت ملے گی یہ کہتا ہی قیاس کر کر امر آخرت کو
امر دنیا پر اور خبردار کرینگے ہم اونکو ساتھ حقیقت اوسکی کے کہ کیے تھے اعمال واجب کرنے والے عذاب کے نمایندہ کے معنی ہین شدید کہ نہ سست ہوگا اونسے + مدل +

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ ○

اور جب ہم نعمت بھیجین انسان پر ٹلا جاوے اور موڑ لے اپنی کروٹ اور جب لگے اوسکو برائی تو دعائین کرے چوڑی + موضح +

اور جب انعام کرین ہم آدمی پر مونہہ پھیرے اور دور ہو بطرف خود رفتہ اور جب پونہچے اوسکو کوئی بلا پس صاحب دعا بہت کا ہی + تفسیر
یہ سب بیان ہی انسان کے نقصان کا نہ سختی مین صبر ہی نہ نرمی و چین مین شکر + مو + یہ دوسری مثال ہی انسان کی سرکشی و بدذاتی کی کہ جب
پونہچاتا ہی اوسکو اللہ نعمت تو تکبر مین ڈالدیتی ہی اوسکو نعمت اور ایسا ہو جاتا ہی کہ گویا کبھی محتاج و رنج رسیدہ تھا ہی نہیں بس بھول جاتا ہی منعم کو
اور مونہہ پھیرتا ہی اوسکے شکر سے اور نا بجانبہ کے معنی ہین اور دور رہتا ہی ذکر اللہ سے اور اوسکی دعا سے یا یہ معنی ہین کہ دور کھینچتا ہی اپنے نفس کو
اور تکبر کرتا ہی اور بڑا بناتا ہی اپنے کو اور شر سے مراد ہی ضرر و فقر اور عریض سے مراد ہی کثیر یعنی متوجہ ہوتا ہی اور بدوام دعا کے اور شروع کرتا ہی بیچ
تضرع و زاری اور گڑگڑانے کے اور منافات نہین ہی درمیان قول اللہ تعالی کے فَیَئُوْسٌ قَنُوْطٌ + اور درمیان قول اوسکے کے فَذُوْ دُعَآءٍ
عَرِیْضٍ + اسلیے کہ اول ایک قوم کے حق مین ہی اور دوسرا اور قوم کے حق مین یا قنوط ہی جنگل مین اور ذو دعا ہی دریا مین یا قنوط ساتھ دل کے ہی اور ذو دعا
ساتھ زبان کے یا قنوط ہی بتون سے اور ذو دعا ہی اللہ تعالی کے لیے + مد +

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ کَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ ثُمَّ کَفَرْتُمْ بِہٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ ھُوَ فِیْ شِقَاقٍۢ بَعِیْدٍ ۝

تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہ ہو اللہ کے پاس سے پھر تمنے اوسکو نمانا اوس سے بہکا کون جو دور چلا جاوے مخالف ہوکر + مو +

کہہ کیا دیکھا تمنے کہ اگر ہو قرآن خدا کی جانب سے پھر کافر ہوے تم ساتھ اوسکے کون ہی گمراہ زیادہ اوس شخص سے کہ ہو بیچ اس مخالفت دور کے
صواب سے + تفسیر + ارءیتم بمعنی اخبرونی کے ہی یعنی خبر دو مجکو اگر ہو قرآن خدا کی جانب سے جیسے کہ کہا نبی نے پھر نمانا تمنے اوسکو کہ
وہ اللہ کے پاس سے آیا ہی کون گمراہ زیادہ ہوگا تمسے + جلا + مد +

سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِھِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ الْحَقُّ اَوَلَمْ یَکْفِ بِرَبِّکَ اَنَّہٗ

اب ہم دکھاوینگے اونکو اپنے نمونے دنیا مین اور آپ اونکی جان مین جب تک کہ کھل جاوے اونپر کہ یہ ٹھیک ہی کیا تیرا رب تھوڑا ہی

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَھِیْدٌ ۝

ہر چیز پر گواہ + مو +

دکھاوینگے ہم اونکو نشانیان اپنی بیچ اطراف عالم کے اور بیچ نفسون اونکے کے ہی یہان تک کہ واضح ہو جاویگا اونپر کہ یہ بات سچ ہی آیا
بس نہین کافی ہی پروردگار تیرا کہ وہ ہر چیز پر مطلع ہی + تفسیر + بیچ اطراف عالم کے یعنی فتح ہونا شہرون کا شرقا اور غربا اور بیچ
نفسون اونکے کے یعنی فتح ہونا مکے کا اور انہ الحق مین جو ضمیر ہی پھرتی ہی قرآن یا اسلام کی طرف پس جس صورت مین قرآن کی طرف
پھرے تو معنی یہ ہونگے کہ بلاشبہہ قرآن حق ہی اوتارا گیا اللہ کی طرف سے ساتھ بعث اور حساب اور عقاب کے پس سزا دیے جاوینگے بسبب نماننے
اوسکے اور اوسکے لانے والے کے یعنی آنحضرت کے اور اگر اسلام کی طرف پھرے تو اوسکے معنی بھی ظاہر ہین اور معنی اخیر جملے کے یہ ہین کہ یہ
چیزین وعدہ کی گئین قسم ظاہر کرنے آیات خدا کے اطراف عالم مین اور اونکے نفسون مین قریب ہی کہ دیکھینگے اور مشاہدہ کرینگے پس ظاہر ہوئیگا اونکو
اوسوقت کہ قرآن اوتارا ہوا اوس عالم الغیب کا ہی کہ وہ مطلع ہی + مل + جلا + اور بعضون کے نزدیک ضمیر انہ کی رسول علیہ السلام کی طرف
پھرتی ہی اور آیات آفاق مین مکان امتون گذشتہ کے ہین یا وقایع اونکے اور یا فتح ہونا شہرون کا پیغمبر اور مسلمانون کے ہاتھ سے اور یا سورج
اور چاند اور ستارے اور نبات اور اشجار اور نہرین اور مانند انکے کے ہین اور آیات کفار کے نفسون مین بلا اور امراض اور یا واقعہ بدر کا اور
یا فتح ہونا مکے کا اور یا لطافت صنع اور بدائع حکمت کے ہین اور ابن عباس سے ہی بیچ تفسیر سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ
اَنْفُسِھِمْ کے کہ کہا سفر کرتے تھے کافر پس دیکھتے تھے نشان عاد و ثمود کے مکانون کے پس کہتے کہ واللہ سچ کہا محمد نے + اور امام ابو اللیث
نے فرمایا کہ ابو جہل نے رسول علیہ السلام سے کہا کہ کوئی نشانی اپنی نبوت کی مجکو دکھا اور آنحضرت نے چاندکو دو ٹکڑے کیا ابو جہل نے کہا

ای جماعت قریش کی تم لوگون کو اطراف مکہ مین بھیجو اور لوگون سے پوچھین کہ دو ٹکڑے ہونا چاند کا دیکھا ہی یا نہین اگر اطراف کے لوگون نے دیکھا ہوگا تو نشانی خدا کی طرف سے ہوگی ورنہ سحر محمد کا ہی قریش نے آدمی سب طرف بھیجے سب جگہ کے لوگون نے اوسکے دیکھنے کی خبر دی ابو جہل نے کہا سحر مستمر ہی کہ سب طرف پہونچا ہی یہ آیت اوتری اَوَلَمْ یعنی اور حاصل اَوَلَمْ یَکْفِ بِرَبِّکَ الخ کا یہ ہی کہ کیا یہ نہین ہی پروردگار تیرا یہ کہ وہ سب چیز پر گواہ ہی اور حاضر و مطلع یعنی اگر کفار انکار قرآن اور معجزے تیرے کا کرین تو اللہ تعالی گواہ تیری حقیت کا کافی ہی + مجاہد + درمنثور +

ع ۱۰

اَلَآ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِيْطٌ ۝

سنتا ہی وہ دھوکے مین ہین اپنے رب کی ملاقات سے سنتا ہی وہ گھیر رہا ہی ہر چیز کو + موؔ +

آگاہ ہو تحقیق کافر شبہے مین ہین اپنے پروردگار کی ملاقات کی طرف سے آگاہ ہو تحقیق خدا ہر چیز کو گھیر رہا ہی + تفسین + کافر شبہے مین ہین الخ یعنی انکار بعث و جزا کا رکھتے ہین ہر چیز کو گھیر رہا ہی یعنی جانتا ہی اجمال تمام چیزونکا اور تفصیلین اونکی اور ظواہر و باطن اونکے پس نہین چھپی ہی اوسپر کوئی چیز پوشیدہ پس سزا دیگا اونکو کفر پر اور شک کرنے پر پروردگار کی ملاقات مین + بحر + مد + تنبیہ +

جاننا چاہیے کہ خلاصہ مضمون ساری سورت کا یہ ہوا کہ جو کوئی ایمان لایا اللہ پر اور اوسکے کلام پاک پر اور اوسکے رسول پر اور قیامت وغیرہ ضروریات دین پر اور عمل اچھے کیے مانند ادا کرنے زکوۃ کے اور نماز اور روزے اور حج کے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر وغیرہ ذالک کے اوسکو ثواب بیحساب ملیگا اور وہان چین مین رہیگا ورنہ طرح بطرح کی خرابیان بھگتیگا پس آدمی کو چاہیے کہ اچھی باتون کی دھن باندھے اور بری باتون سے بچے اور ہر امر مین اتباع سنت منظر رکھے اور اللہ تعالی کی پسندیدہ چیزون کو اور حبیب رب العلمین کی پیاری چیزون کو اور اونکے صحابہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کی پیاری چیزون کو دوست رکھے اور اونکی پیاری چیزون مین سے چیزین ہین کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دوست کی گئین طرف میرے تمھاری دنیا مین سے تین چیزین خوشبو اور نساء اور ٹھنڈک میری آنکھ کی نماز مین ہی یعنی بڑا ہی چین آتا ہی مجکو اور لذت پاتا ہون اوسمین اور آنحضرت کے ساتھ اونکے اصحاب بھی تھے کہا ابو بکرؓ نے کہ سچ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دوست کی گئین ہین میرے نزدیک اور بھی تین چیزین دیکھنا طرف چہرہ مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خرچ کرنا مال کا رسول خدا پر اور ہی بیٹی میری رسول خدا کے نکاح مین + عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سچ کہا ابو بکرؓ نے اور محبوب ہین میرے نزدیک تین چیزین اور بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور کپڑا پرانا + عثمان یعنی اللہ عنہ نے کہا کہ سچ کہا عمرؓ نے اور میرے نزدیک محبوب ہین دنیا مین سے تین چیزین اور بھی سیر کرنا بھوکو کا اور تلاوت کرنی قرآن کی اور لباس پہنانا ننگون کو کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ سچ کہا عثمانؓ نے اور میرے نزدیک محبوب ہین دنیا مین سے تین چیزین اور بھی اَلْخِدْمَةُ لِلضَّيْفِ وَالصَّوْمُ فِی الصَّيْفِ وَالضَّرْبُ بِالسَّيْفِ یعنی خدمت کرنی مہمان کی اور روزہ رکھنا گرمی مین اور مارنا ساتھ تلوار کے یعنی جہاد کرنا پس اوس وقت مین کہ صحابہ اسی گفتگو مین تھے کہ ناگہان جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا کہ بھیجا ہی مجکو رب تعالی نے جب کہ سنی یہ گفتگو تمھاری اور حکم کیا ہی تمکو یہ کہ پوچھو تم مجھسے او سچ چیزسے کہ دوست رکھتا مین اگر ہوتا مین اہل دنیا سے پس فرمایا آنحضرت نے کہ کیا دوست رکھتا تو اگر ہوتا اہل دنیا سے پس کہا جبرئیل عم نے مین دوست رکھتا تمھاری دنیا مین سے تین چیزین راہ بتانی گمراہون کی اور انس کرنا غریب فرمان بردارون سے اور مددگاری عیالدار مفلسون کی پھر کہا جبرئیل علیہ السلام نے کہ دوست رکھتا ہی رب العزت جل جلالہ اپنے بندون سے تین خصلتین صرف کرنا طاقت کا اللہ تعالی کی طاعت مین اور رونا نزدیک ندامت کے گناہون پر نادم ہوکر رونے اور صبر کرنا وقت پیش آنے حادثے کے انتہی + پس خیال کرنا چاہیے کہ کیا کام کی چیزین ہین یہہ مسلمان کو دوست رکھنا چاہیے انکو اور انھین پر کیا موقوف ہی بلکہ لازم یون ہی کہ سوتے جاگتے بیٹھتے اوٹھتے بولتے چپکے چلتے پھرتے کھاتے پیتے وغیرذالک حالات مین رضا مولی کی اور اوسکے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی رضا پر غالب رکھے جب یون دوست کہلاوے گا و پائی سزا

علیہ وسلم نے کہ صدق محبت تین چیزون مین ہی اختیار کرے کلام حبیب اپنے کا اوپر کلام غیر اوسکے کے اور اختیار کرے ہمنشینی اپنے حبیب کی اوپر ہمنشینی غیر اوسکے کے اور اختیار کرے رضا اپنے حبیب کی اوپر رضا غیر اوسکے کے + **منبہات**

سُورَةُ الشُّورٰی مَکِّیَّةٌ وَهِیَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰیَةً وَّخَمْسَةُ رُکُوْعَاتٍ

اس سورت کا نام سورۂ شوری ہی یہ نام اسکا اسلیے ہوا کہ شوری کے معنی ہین مشورت کرنا اور اسمین ذکر ہی اسکا کہ فرمایا وَ اَمْرُهُمْ شُوْرٰی بَیْنَهُمْ یعنی اوپر سے فرماتے آئے ہین کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہی بہتر اور پایندہ تر ہی اون لوگون کے لیے کہ ایمان لائے اور ایسا اور ایسا کیا اور اون لوگون کے لیے ہی کہ کہا مانا اپنے رب کا اور قائم کی نماز اور کام اونکا آپسکے مشورے سے ہوتا ہی اور جو کچھ کہ ہمنے دیا اونکو اوس سے خرچ کرتے ہین یہ ساری آیت اور بیان اسکا آگے آویگا انشاء اللہ تعالی اور نزول اسکا بعد سورۂ حٰم السجدۃ کے ہی اسی لیے بعد اوسکے لکھی گئی اور یہی وجہین مناسبت کی ان دونون مین بہت سی ہین باعتبار مضامین کے اور یہ سورت مکیہ ہی سوائے قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا کے چار آیتون تک کہ یہ مکیہ نہین ہین اور آیتین اسکی ترپن ۵۳ ہین اور کلمے اسکے آٹھ سو چھیاسٹھ ۸۶۶ اور حروف اسمین تین ہزار پانسو آٹھ ۳۵۰۸ اور رکوع اسکے پانچ ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ○ كَذٰلِكَ یُوْحِیْٓ اِلَیْكَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○

اسی طرح وحی بھیجتا ہی تیری طرف اور تجھسے پہلون کی طرف اللہ زبردست حکمت والا + **موضح**

اسی طرح وحی بھیجتا ہی طرف تیرے اور طرف اون لوگون کے کہ پہلے تجھسے تھے خدا غالب با حکمت + **تفسیر** حٰمٓ عٓسٓقٓ حروف مقطعات ہین اللہ تعالی ہی جانے کہ مراد اسنے کیا ہی اور بعض نے حٰم کو حروف نکال کر فعل ٹھہرایا ہی اور کہا کہ معنی اسکے یہ ہین اَقْضِیْ مَا هُوَ كَآئِنٌ یعنی حکم کرتا ہون مین جو کچھ ہونے والا ہی اور ابن عباس نے کہا کہ ح سے مراد حلم اللہ تعالی کا ہی اور میم سے مجد اوسکا یعنی بزرگی اور عین سے علم اوسکا اور سین سے سنا یعنی نور اوسکا اور قاف سے قدرت اوسکی قسم کھائی ہی اللہ تعالی نے اپنی ان صفتون کی اور کہا شہر بن حوشب نے اور عطا بن ربل نے کہ ح سے مراد ہی کہ قریش مین حرب ہوگی کہ عزیز کریگا اللہ اوسمین ذلیل کو اور ذلیل کریگا عزیز کو اور میم سے مراد ہی ملک یعنی جنگ بادشاہت کہ پھریگی ایک قوم سے طرف دوسری قوم کے اور عین سے مراد ہی عدو واسطے قریش کے کہ قصد اونکی تباہ کرنے کا کریگا اور سین سے مراد سنا یعنی نور ہی کہ ہوگا مومنین قریش مین اور قاف سے قدرت اللہ کی کہ نافذ ہی اوسکی خلق مین اسی طرح یعنی مثل اس وحی کے یا مثل اس کتاب کے وحی بھیجتا ہی طرف تیرے اور طرف رسولون کے کہ پہلے تجھسے تھے اللہ یعنی جن معانی کو کہ متضمن ہی یہ سورت تحقیق وحی بھیجی اللہ نے طرف تیرے مثل انکے اور سورتون مین سوائے اسکے اور وحی بھیجا اونکو طرف اون لوگون کے کہ پہلے تجھسے تھے یعنی طرف رسولون اپنے کے اور معنی یہ ہین کہ اللہ تعالی کررلایا ہی یہ معانی قرآن مین اور تمام آسمانی کتابون مین اسلیے کہ اسمین تنبیہ بلیغ ہی اور لطف عظیم ہی واسطے بندون اوسکے کے اولین آخرین سے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیا کہ نہین ہی کوئی نبی صاحب کتاب مگر کہ وحی بھیجی گئی ہی اوسکی طرف حٰم عٓسٓقٓ اور عزیز کے معنی ہین غالب ساتھ قہر اپنے کے اور حکیم یعنی فعل و قول اوسکے خالی حکمت سے نہین + **حل معا** + تاویل مقطعات کی مکرر گذری ہی اور جو کچھ کہ مختص ساتھ اس جگہ کے ہی یہ ہی کہ ہر حرف اشارہ ہی ایک ایک فتنے کی طرف جیسے کہ ح اشارہ ہی حرب کی طرف اور میم مہلکہ کی طرف اور عین عذاب کی طرف اور سین مسخ کی طرف اور قاف قذف کی طرف اور بقولے ہر حرف اشارہ ہی ایک اسم کی طرف اسمائے الٰہی سے اور بقولے ہر حرف اشارہ ہی طرف عطائے حق کے رسول علیہ السلام پر جیسے کہ ح سے حوض کوثر اور میم سے ملک ممدود کہ مشرق سے مغرب تک اونکی امت کے تصرف مین آویگا اور عین سے عزت وجود اونکے کی کہ عزیز ترین اشیا کا ہی نزدیک اللہ تعالی کے

اور سین سے سنا ہے شہود اونکا کہ مرتبہ کسیکا لئک اونکے مرتبے کو نہ پونہچیگا اور قاف سے مقام محمود کہ سواے اونکے کسیکو نہین ملیگا اور بعضے
یہ حروف قسم کے ہین + بحر

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

اوسیکا ہی جو کچھ ہی آسمانون مین اور زمین مین اور وہی ہی سب سے اوپر بڑا + موضح

اوسی کے لیے ہی جو کچھ آسمانون مین ہی اور جو کچھ زمین مین ہی اور وہ بلند مرتبہ ہی بزرگ + تفسیر یعنی سب کچھ اوسی کے ملک
اور تصرف اور بادشاہت مین ہی اور بلند ہی شان اوسکی اور بزرگ ہی برہان یعنی دلیل اوسکی + مد

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ

قریب ہی کہ آسمان پہٹ پڑین اوپر سے اور فرشتے پاکی بولتے ہین خوبیان اپنے رب کی اور گناہ بخشواتے ہین

لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○

زمین والون کے سنتا ہی وہی ہی معاف کرنے والا مہربان + موضح

نزدیک ہی کہ آسمان پہٹ جاوین اپنے اوپر کی جانب سے یعنی ہیبت الٰہی سے واللہ اعلم اور فرشتے تسبیح کہتے ہین ہمراہ حمد پروردگار
اپنے کے اور بخشش مانگتے ہین اون لوگون کے لیے کہ زمین مین ہین آگاہ ہو تحقیق خدا وہ ہی بخشنے والا مہربان + تفسیر آسمان
پہٹ پڑین رب کی عظمت کے رو سے یا فرشتون کی کثرت ذکر کی تاثیر ہوا اور پہٹ پڑے حضرت نے فرمایا آسمان مین چار انگشت جاگہہ نہین جہان
کوئی فرشتہ سر نہین رکھہ رہا سجدہ مین + موضح یعنی نزدیک ہی کہ آسمان پہٹ جاوین الخ بسبب بلندی شان اللہ تعالیٰ کے اور عظمت
اوسکی کے دلالت کرتا ہی اوپر پہٹنے اونکے کے بسبب بلندی شان اور عظمت اوسکی کے آنا اسکا بعد قول اوسکے کے اَلْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ اور بعضون
نے کہا کہ پہٹ جاوین بسبب پکارنے اونکے کے اللہ تعالیٰ کے لیے اولاد جیسے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ○
لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ○ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ○ اَنْ
دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ○ یعنی اور لوگ کہتے رحمن رکہتا ہی اولاد تم آگئے ہو بہاری چیز مین یعنی بہاری گناہ ابہی آسمان پہٹ پڑین
اس بات سے اور ٹکڑے ہو زمین اور گر پڑین پہاڑ ڈہیکر اسپر کہ پکارتے ہین رحمن کے نام پر اولاد + موضح اور معنی مِنْ فَوْقِهِنَّ کے یہ ہونگے
کہ شروع ہو پہلے پہٹنا اونکے اوپر کی جانب سے اور قیاس چاہتا ہی کہ کہا جاوے کہ پہٹ جاوین اپنے نیچے سے اوس جانب سے کہ جدہر سے آوے
کلمہ کفر کا اسلیے کہ وہ کلمہ آیا ہی اون لوگون سے کہ نیچے آسمان کے ہین ولیکن مبالغہ کیا گیا اسمین پس گردانا گیا کلمہ مذکورہ تاثیر کرنے والا بیچ جانب
اوپر کے گویا کہ کہا گیا قریب ہین وہ آسمان کہ پہٹ جاوین اوس جہت سے کہ اوپر اونکے ہی چہوڑ اوس جہت کو کہ نیچے اونکے ہی اور بعضون نے
کہا کہ معنی مِنْ فَوْقِهِنَّ کے یہ ہین کہ پہٹ جاوین آسمان زمینون کے اوپر سے اور بعضون نے کہا کہ پہٹ جاوین آسمان بسبب کثرت ملائکہ کے
کہ آسمان پر ہین فرمایا آنحضرت علیہ السلام نے چر چر بولتا ہی آسمان چر چر بولنا اور لائق ہی اوسکو یہ کہ چر چر بولے نہین ہی آسمان مین
جگہہ ایک قدم کی مگر کہ اوسپر فرشتہ ہی کہڑا یا رکوع کرتا یا سجدہ کرتا اور فرشتے تسبیح کرتے ہین الخ یعنی از راہ عاجزی اور فروتنی کے بسبب
اسکے کہ دیکہتے ہین عظمت اوسکی اور بخشش مانگتے ہین الخ یعنی مومن زمین والون کے لیے جیسے کہ فرمایا سورۂ مومن مین وَيَسْتَغْفِرُوْنَ
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اور بخشش مانگنی اونکے لیے اسلیے ہی کہ ڈرتے ہین کہ ایسا نہو اونپر شان قہاری کا ظہور ہو یا معنی یہ ہین کہ توحید بیان
کرتے ہین ملائکہ اللہ تعالیٰ کی اور پاکی بیان کرتے ہین اوسکی اون صفتون سے کہ نہین روا ہین اوسکے لیے اور جاہل نسبت کرتے ہین اوسکو
طرف اوسکے دہا لیکہ حمد کرنے والے ہین اوسکے لیے اوپر الطاف اوسکے کے کہ چہاے ہین اونپر اور تعجب کرتے ہین اوس سے کہ دیکہتے ہین

لوگون کو کہ مستحق عظمت الٰہی کے ہوتے ہین اور بخشش مانگتے ہین واسطے مومنین اہل زمین کے کہ جو بیزار ہوے ہین کفر مذکور سے یا طلب کرتے ہین اپنے رب سے یہ کہ حکم کرے زمین والون سے اور نہ جلدی عذاب کرے اونپر ✤ **تنبیہ** ✤ افسوس ہی کہ آسمان کا مارے عظمت الٰہی کے یہ حال ہو اور ملائکہ ایسے لرزان ترسان ہیشان ہر انی سے ہوکر تسبیح و تحمید مین پروردگار کی اور رحمت تباہ کارون کے استغفار ذنوب کے لیے مشغول ہون اور ہم ایسے غافل کہ نہ اوسکی طاعت کا دھیان ہی اور نہ معصیت سے بچنے کا خیال یہ مقام بڑے ہی غور و سوچ کا ہی کہ آسمان لا یعقل کا وہ حال اور فرشتون بے نفس کا وہ حال اور ہم ذی عقل و ذی شعور و ذی تکلیف کا یہ حال بڑا ہی مقام حسرت و ندامت کا ہی لیکن کچھ دھیان ہمین ہان البتہ جنکو اللہ تعالیٰ علم و سمجھ و توفیق دیتا ہی انکو ودھر کی دھن لگاتا ہی اور اونکو ہر چیز کے سوچنے مین فائدہ ہوتا ہی چنانچہ جمہور علما سے منقول ہی کہ فکر پانچ وجہ پر ہی ایک تو فکر اللہ تعالیٰ کی آیتون مین یعنی اوسکی قدرت کی نشانیون مین مانند آسمان اور زمین اور شجر و حجر وغیرہ کے یا آیات قرآنی مین پس اوس فکر سے پیدا ہوتی ہی توحید و یقین اور دوسری فکر اللہ تعالیٰ کی نعمتون مین اوس سے پیدا ہوتی ہی محبت اور شکر اور تیسری فکر کرنی اللہ تعالیٰ کے وعدہ مین کہ پیدا ہوتی ہی اوس سے رغبت یعنی طاعات کی اور چوتھی فکر کرنی اللہ تعالیٰ کے وعید مین کہ پیدا ہوتا ہی اوس سے خوف الٰہی اور پانچوین فکر کرنی بیچ قصور کرنے نفس کے اللہ تعالیٰ کی طاعت سے باوجود پانے جانے احسان اللہ تعالیٰ کے پیدا ہوتی ہی اوس سے حیا انتہی ✤ پس عاقل کو چاہیے کہ ان مضامین مین غور کرکر عظمت الٰہی دل مین جماوے اور علامتین یقین کی اپنے مین پیدا کرے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہی کہ پانچ چیزین علامت یقین سے ہین اول تو یہ کہ نہ بیٹھے مگر اوسکے پاس جو سنوارے ساتھ اوسکے دین کو اور غالب ہو فرج و زبان پر اور جب پہونچے اوسکو کوئی چیز بڑی دنیا سے جانے اوسکو وبال اور جب پہونچے اوسکو کوئی چیز قلیل دنیا سے تو غنیمت جانے اوسکو اور نہ بھرے پیٹ اپنا حلال سے بخوف پڑنے کے حرام مین اور دیکھے لوگون کو کہ نجات پائی اور دیکھے اپنے نفس کو کہ ہلاک ہوا انتہی ✤ **منہیات** ✤

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ اللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ۝

اور جنہون نے پکڑے ہین اوسکے سواے رفیق اللہ کو وہ یاد ہین اور تجپر نہین اونکا ذمہ ✤ **مو** ✤

اور ان لوگون نے کہ دوست پکڑے سواے خدا کے یعنی اوسکے لیے شریک مقرر کیے اللہ نگہبان ہی اونپر یعنی نگہبان ہی اونکے احوال و اعمال کا اوس سے کوئی چیز بھاگ نہین سکتی پس جزا دیگا انکو اوپر اوسکے نہین ہی تو اے محمد اونپر داروغہ یعنی داروغہ نہیں اور نہ تیری طرف سپرد اونکا نہین ہی تو مگر ڈرانیوالا

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ

اور اسی طرح اوتارا ہمنے تجپر قرآن عربی زبان کا کہ تو ڈر سناوے بڑے گانون کو اور اوسکے آس پاس والون کو اور خبر سناوے جمع ہونے کے دن کی

لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ۝

اوسمین دھوکا نہین ایک فرقہ بہشت مین اور ایک فرقہ آگ مین ✤ **مو** ✤

اور اسی طرح وحی بھیجا ہمنے طرف تیرے قرآن عربی تو کہ ڈراوے تو اہل مکہ کو اور اونکو کہ گرداگرد اوسکے ہین اور ڈراوے تو روز قیامت سے کچھ شبہہ نہین اوسمین ایک جماعت بہشت مین ہوگی اور ایک جماعت دوزخ مین ✤ **تفسیر** ✤ اور اسی طرح الخ یہ اشارہ ہی طرف معنی آیت کے کہ جو پہلے اسکے گذری کہ اللہ نگہبان ہی اونپر نہ تو بلکہ تو ڈرانے والا ہی اسلیے کہ یہ معنی مکرر لایا ہی اللہ تعالیٰ اپنی کتاب مین اور ام القریٰ مکے کو کہتے ہین اسلیے کہ زمین پھیلائی گئی ہی اوسکے نیچے سے اور اسلیے کہ وہ اشرف ہی سب جگہون مین اور مراد اہل ام القریٰ ہین اور اونکو کہ گرد انکے ہین یعنی اور عرب اور یوم الجمع روز قیامت کو اسلیے فرمایا کہ تمام خلائق جمع کیجاویگی اوسمین ایک جماعت بہشت مین الخ یعنی بہشتیون مین سے ایک فریق ہوگا اور دوزخیون مین سے ایک فریق کہا عبداللہ بن عمر نے کہ نکلے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ اونکے دست مبارک مین

دو کتابین تھین پس فرمایا کیا جانتے ہو تم کیا ہین یہ دونون کتابین کہا ہمنے نہین ای رسول خدا کے لیکن یہ کہ خبر دو ہمکو پس فرمایا واسطے اوس کتاب کے کہ اونکے داہنے ہاتھ مین تھی یہ ہی کتاب پروردگار عالمون کی طرف سے اسمین ہین نام بہشتیون اور نام باپون اونکے کے اور قوم اونکی کے پھر جمع کر دیا گیا ہی آخر اونکے پر یعنی بطور جمع بندی کے پس نہ زیادہ کیے جاوینگے بیچ اونکے اور نہ کم کیے جاوینگے اونسے کبھی پھر فرمایا واسطے اوس کتاب کے کہ اونکے بائین ہاتھ مین تھی یہ ہی کتاب پروردگار عالمون کی طرف سے اسمین ہین نام دوزخیون کے اور نام باپون اونکے کے اور قومون اونکی کے پھر جمع کیا گیا اونکے آخر پر پس نہ زیادہ کیے جاوینگے اونمین اور نہ کم کیے جاوینگے اون مین سے کبھی پس کہا اونکے صحابیون نے پس کس واسطے ہی عمل کرنا ای رسول خدا کے اگر ہی امر کہ تحقیق فراغت کی گئی اوس سے پس فرمایا خوب مضبوط کرو یعنی عمل اپنے ساتھ طریق حق کے اور نزدیکی ڈھونڈھو یعنی خدا سے پس تحقیق بہشتی ختم کیا جاتا ہی واسطے اوسکے ساتھ کام بہشتیون کے اگرچہ کام کرے کسی طرح کے یعنی نیک ہوں یا بد مدت عمر مین اور تحقیق دوزخی ختم کیا جاتا ہی واسطے اوسکے ساتھ کام دوزخیون کے اگرچہ کام کرے کسی طرح کے پھر اشارہ کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ دونون ہاتون اپنے کے پس رکھ دیا اون کتابون کو پھر فرمایا فارغ ہوا پروردگار تمہارا بندون سے یعنی حکم کر چکا فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ یعنی ایک جماعت بہشت مین اور ایک جماعت دوزخ مین مد درمنثور

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم

اور اگر چاہتا اللہ تو سب لوگون کو کرتا ایک ہی فرقہ پر وہ داخل کرتا ہی جسکو چاہے اپنی مہر مین اور گنہگار جو ہین اونکا

مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ○

کوئی نہین رفیق نہ مددگار مو

اور اگر چاہتا خدا کرتا اونکو ایک جماعت یعنی مومن سب کو ولیکن داخل کرتا ہی جسکو چاہتا ہی اپنی رحمت مین یعنی بزرگی دیتا ہی جسکو چاہتا ہی ساتھ اسلام کے اور ظالم یعنی کافر نہین ہی اونکے لیے کوئی کارساز یعنی شفاعت کرنے والا اور نہ مددگار کرنے والا یعنی عذاب دفع کرنے والا

تنبیہ: اس آیت سے اور اوپر کی آیت سے معلوم ہوا کہ جنتی اور دوزخی اور کافر اور مسلمان ہونا سب اللہ ہی کی تقدیر و مشیت سے ہی اور یہی مذہب ہی اہل سنت کا چنانچہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فقہ اکبر مین لکھتے ہین يَهْدِي مَن يَشَاءُ فَضْلًا مِّنْهُ وَيُضِلُّ مَن يَشَاءُ عَدْلًا مِّنْهُ وَإِضْلَالُهُ خِذْلَانُهُ وَتَفْسِيرُ الْخِذْلَانِ أَنْ لَا يُوَفِّقَ الْعَبْدَ عَلَىٰ مَا يَرْضَاهُ عَنْهُ وَهُوَ عَدْلٌ مِّنْهُ وَكَذَا عُقُوبَتُهُ الْمَخْذُولَ عَلَى الْمَعْصِيَةِ یعنی اور اللہ تعالیٰ راہ بتاتا ہی جسکو چاہتا ہی اپنے فضل سے اور گمراہ کرتا ہی جسکو چاہتا ہی اپنے انصاف سے اور گمراہ کرنا اللہ کا کیا ہی خذلان اوسکا اور معنی خذلان کے توفیق نہ دینا اللہ کا بندے کو اوس چیز پر کہ جس سے راضی ہی اور یہ انصاف ہی اوسکا اور ایسے ہی عذاب کرنا توفیق نہ دیے ہوئے کا گناہ پر **ف** انصاف ہی ظلم نہین ظلم کہتے ہین غیر کے ملک مین تصرف کرنا اور اللہ اپنے ملک مین تصرف کرتا ہی نہ غیر کے اور ایسا ہی امام صاحب نے اپنی وصیتون مین لکھا ہی نُقِرُّ بِأَنَّ الْأَعْمَالَ ثَلَاثَةٌ فَرِيضَةٌ وَفَضِيلَةٌ وَمَعْصِيَةٌ الخ کہ ترجمہ اوسکا یہ ہی کہ اقرار کرتے ہین ہم اس بات کا کہ بندون کے کام تین طرح کے ہوتے ہین ایک فرض جسکا کرنا ضرور ہی دوسرے فضیلت یعنی محض ثواب کے کام کہ جسکے نکرنے مین عذاب یقینی نہین تیسرے برے کام یعنی جسکے کرنے مین یقینا عذاب ہی سو فرض تو ہوتا ہی خدا کے امر سے اور مشیت اور محبت اور رضامندی اور قضا اور تقدیر اور ارادہ اور توفیق اور پیدا کرنے اور حکم کرنے اور علم سے اور لوح کے لکھنے سے لوح محفوظ مین اور فضیلت کے کام خدا کے امر سے نہین پر اوسکی مشیت اور محبت اور رضامندی اور قضا اور تقدیر اور توفیق دینی اور پیدا کرنے اور ارادہ اور حکم اور علم اور لکھنے سے لوح محفوظ مین ہین اور گناہ کے کام خدا کے امر سے نہین پر اوسکی مشیت سے ہین محبت سے نہین قضا سے ہین رضا سے نہین تقدیر سے ہین توفیق سے نہین خذلان سے ہین یعنی ترک توفیق سے اور اوسپر سوا اسکے ہی اسواسطے کہ

خدا جانتا ہی اور اوسکی لوح محفوظ مین لکھا ہی انتہی اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی مالابد مین لکھتے ہین کہ تمام ممکنات کیا جوہر اور کیا عرض اور کیا افعال
اختیاریہ بندون کے تمام پیدا کیے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ہین اسباب شفوء اسطون کو روپوش فعل اپنے کا کیا ہی کہ اونسے فعل اسکا چھپا ہوا ہی بلکہ دلیل
اپنے فعل کے ثابت ہونے پر کیا ہی جیسے کہ عقلا حرکت جمادات جیسے ہلانے والے کی طرف سراغ لیجاتے ہین اور جانتے ہین کہ یہ حرکت لائق حال اس
جماد کے نہین بلکہ اسکے لیے کوئی اور فاعل ہی سوائے اسکے اسی طرح وہ عقلا کہ بصیرت اونکی ساتھ سرمہ شریعت کے سرمہ گین ہوئی ہی جانتے ہین کہ
ممکن اپنے مثل کو خواہ کوئی فعل ہو افعال سے یا عرض ہو اعراض سے پیدا نہین کر سکتا ہان اسقدر فرق بیچ افعال اختیاریہ بندون کے اور حرکت
جمادات کی متحقق ہی اور ایمان لانا اوسپر واجب ہی کہ حق تعالیٰ نے بندون کو صورت قدرت اور ارادے کی دی ہی اور عادت اللہ تعالیٰ کی جاری
کہ جب بندہ قصد ایک کام کا کرتا ہی تو حق تعالیٰ اوس فعل کو پیدا کر دیتا ہی یعنی بعد ارادے اوسکے اور وجود مین لاتا ہی اور بسبب اسی ارادے
اور قدرت کے بندے کو کاسب یعنی کام کرنے والا کہتے ہین اور مدح اور ذم اور ثواب و عذاب اوسپر مرتب ہی اور انکار فرق کا درمیان حرکت جماد
اور حرکت حیوان کے کفر اور برا اسیلیے کہ انکار قدرت الٰہی کا ہی کہ حیوان مین رکھی ہی خلاف شرع اور خلاف بداہت عقل ہے اور غیر خدا کو خالق کسی
چیز کا چیزون مین سے جاننا بھی کفر ہی خلق عبارت ہی پیدا کرنے ماہیتون اور حقائق اشیا کے سے اور کسب عبارت ہی اونکے لانے سے وجود مین
ساتھ اختیار اور قدرت فی الجملہ کے کہ حق تعالیٰ نے بندون کو دی ہی اور اسی لیے پیدا کرنا قبیح کا قبیح نہین ہی بلکہ حسن ہی جیسے کہ خوبی اور
بھلائی ایک چیز حسن کی اوسکی ضد سے کہ قبیح ہی معلوم ہوتی ہی پس اگر بدی نہوتی تو خوبی نیکی کی معلوم نہوتی ہان کسب قبیح کا قبیح ہوگا کما
لا یخفی ہو اسی لیے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام نے قدریہ کو مجوسی اپنی امت کا کہا ہی انتہی اور شرح فقہ اکبر مین ملا علی قاری نے اور
شرح سلم الثبوت مین مولانا عبد العلی نے جو کچھ لکھا ہی اوسکا خلاصہ یہ ہی کہ تمام افعال بندون کے قسم حرکت و سکون سے یعنی جس وجہ پر کہ ہون
کفر اور ایمان اور اطاعت اور عصیان سے کسب بندون کے نہین حقیقۃً یعنی بطریق مجاز کے نسبت کرتے ہین اور نہ بطریق اکراہ اور غلبے کے
ہین بلکہ اختیار اونکا اونکے فعل مین بسبب اختلاف ہوا اونکی کے اور میل نفسون اونکے کے ہی پس نفسون کے لیے بھلے کام کرنے مین فائدہ ہی
اور برے کام کرنے مین ضرر نہ جیسا کہ کہتے ہین معتزلہ کہ بندہ پیدا کرنے والا افعال اختیاریہ کا ہی قسم مارنے اور حرکت وغیرہ کے اور نہ
جیسا کہ کہتے ہین جبریہ کہ انسان مین نفی کسب و اختیار کے بالکل پس بیچ قول اللہ تعالیٰ کے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ رد ہی دونو
جماعتون کا اس قضیے مین اور حاصل یہ کہ فرق درمیان کسب اور خلق کے یہ ہی کہ کسب ایک امر ہی کہ نہین مستقل ہی ساتھ اوسکے کاسب اور خلق
ایک امر ہی کہ مستقل ہی ساتھ اوسکے خالق اور بعضون نے کہا کہ جو کچھ کہ واقع ہو ساتھ آلہ کے پس وہ کسب ہی اور جو کچھ کہ واقع ہو بدون آلہ
پس وہ خلق ہی پھر جو کچھ کہ پیدا کرے اللہ سبحانہ تعالیٰ بغیر اثر لینے کے قدرت اللہ تعالیٰ کی ساتھ قدرت بندے کے اور ارادے اوسکے کے ہوگی
وہ صفت اوسکی اور نہین ہوگا فعل اوسکا مانند حرکت رعشے والے کے اور جس چیز کو کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے نزدیک پیدا کرنے قدرت اور اختیار
بندے کے پس وصف کیا جاویگا بندہ ساتھ اوسکے اور ہوگی صفت اور فعل اور کسب بندے کا مانند حرکتون اختیاریہ کے پھر پیدا ہوئی چیزین مانند
الم کے مضروب مین اور ٹوٹنے کے شیشے مین ساتھ پیدا کرنے اللہ تعالیٰ کے ہی اور نزدیک معتزلہ کے ساتھ پیدا کرنے بندے کے اور اللہ تعالیٰ خالق
اونکا ہی یعنی پیدا کرنے والا افعال بندون کا موافق ارادے اونکے کے بموجب قول اللہ تعالیٰ کے اَللّٰهُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ یعنی اللہ پیدا کرنے والا ہر چیز
کا ہی یعنی ممکن کا اور فعل بندے کا بھی ایک چیز ہی پھر جاننا چاہیے کہ طاعت بحسب طاقت کے ہی فرمایا اللہ تعالیٰ نے لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا
اِلَّا وُسْعَهَا یعنی تکلیف نہین دیتا اللہ کسی نفس کو مگر بقدر قدرت اوسکی کے اور قدرت بندے کی کہ جس سے ہوتا ہی اہل واسطے تکلیف عبادات
کے وہ سلامتی آلات کی ہی قسم حواس اور اعضا سے کہ جنسے ادا کرتا ہی اوس چیز کو کہ واجب ہی بندے پر قسم معرفت اور عبادت سے پس اسی لیے
نہین تکلیف ہی واسطے لڑکے اور مجنون کے ساتھ ایمان کے اور نہین تکلیف ہی واسطے گونگے کے ساتھ اقرار کرنے کے زبان سے اور نہ واسطے مریض عاجز کے

کم ترے ہونے سے مقام خیر مین یعنی نماز وغیرہ مین جیسے کہ ثابت ہوئی ہی یہ بات دلیل و برہان سے پس تھا ابوجہل غیر مسلوب العقل پس نہین ہو سکتا تھا اوسکو یہ کہ کہے نہین قدرت رکھتا مین تصدیق و اقرار کرنے کی اور ایسے ہی مومن صحیح سالم تارک صلوۃ و زکوۃ کو مثلاً نہین لائق ہی کہ کہے نہین قدرت رکھتا مین نماز پڑھنے کی پس حاصل یہ کہ استطاعت ایک صفت ہی کہ پیدا کرتا ہی اوسکو اللہ تعالیٰ نزدیک کرنے فعل کے بعد سلامتی اسباب و آلات کے پس اگر قصد کیا بندے نے کرنے خیر کا پیدا کر دیتا ہی اللہ تعالیٰ قدرت فعل خیر کی اور اگر قصد کیا شر کے کرنے کا پیدا کر دیتا ہی اللہ قدرت کرنے شر کی پس ہوتا ہی بندہ آپ ہی ضائع کرنے والا قدرت فعل خیر کی پس مستحق ہوتا ہی ذم و عقاب کا اور اسی لیے مذمت کی اللہ تعالیٰ نے کافرون کی ساتھ اس طرح کے کہ ھُمْ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ السَّمْعَ یعنی وہ نہین طاقت رکھتے ہین سمع کی یعنی نہین قصد کرتے ہین سننے کلام رسول کے بطریق تامل کے واسطے طلب کرنے حق کے تو کر جانین حق کو بلکہ سنتے ہین بطریق انکار کے اور تحقیق مذمت کی اونکی اللہ تعالیٰ نے بسبب نہ تامل کرنے اونکے کے باوجود سلامتی اسباب کے اس آیت مین وَلَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَهُوْنَ بِهَا آخر آیت تک یعنی اونکے لیے دل ہین کہ نہین سمجھتے ساتھ اونکے پس کافر ہوا جو کوئی کہ کافر ہوا ساتھ فعل اپنے کے یعنی ساتھ اختیار اور انکار اور جحود اپنے کے بسبب خذلان اللہ تعالیٰ کے یعنی بسبب ترک کرنے مدد اوسکی کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ۝ یعنی بلا شبہہ اللہ نہین ظلم کرتا لوگون پر کچھ ولیکن وہ اپنے نفسون پر ظلم کرتے ہین اور ایمان لایا جو کوئی کہ ایمان لایا ساتھ فعل اپنے کے یعنی ساتھ اختیار اور اذعان اور اقرار اور تصدیق اپنے کے بسبب توفیق دینے اللہ تعالیٰ کے اور اوسکو بمقتضائے فضل اپنے کے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ۝ یعنی بلا شبہہ اللہ البتہ صاحب فضل کا ہی لوگون پر ولیکن اکثر آدمی نہین شکر کرتے اور کچھ شک نہین اسمین اسلیے کہ انسان کے لیے ارادے اور قوتین ہین کہ بسبب اونکے تمام ہوتا ہی اوسکے لیے حاصل ہونا مناسب چیزون کا اور اجتناب منہیات کا مگر یہ کہ ارادے اور قوتین منسوب ہوتی ہین طرف اللہ تعالیٰ کے پس گویا کہ نہین اختیار ہی بندے کو اور فرق ذکر کیا گیا درمیان دونون کے یہ ہی کہ رعشے مین ... اور مسئلہ کہ وہ خواہش ہی اور بیچ حرکت اختیاریہ کے زیادہ ہو گیا واسطے پس سمجھ ان حقائق اور اشارون کو اور مدد چاہ ساتھ انکے بیچ تمام اون چیزون کے کہ کان مین پڑین تیرے اسلیے کہ واجب ہونا فعل بندے کا بہ اختیار اوسکے نہین واجب کرتا ہی اضطراب کو واسطے ضرورت فرق ہے کے درمیان حرکت اختیار اور حرکت رعشے کے اسلیے کہ ہلانے والا یعنی ہاتھ وغیرہ کا کہ ہلاتا ہی ساتھ اختیار اور ارادے کے بسبب سلامتی حواس اور اعضا کے اور جسکے ہلتے ہین اعضا بسبب مرض رعشے کے نہین شک ہی اسمین کہ حرکت پہلی غیر ہی حرکت دوسری کی اور فرق درمیان ان دونون کے بدیہی ہی اور خلاصہ کلام جو اشارہ کیا ہی طرف اوسکے حجۃ الاسلام وغیرہ علمائے نامدار نے وہ یہ ہی کہ جب باطل ہوا جبر محض بسبب ضرورت مذکورہ کے اور ہونا بندے کا خالق اپنے افعال کا ساتھ دلیل کے واجب ہوئی میانہ روی اعتقاد مین اور وہ یہ ہی کہ افعال اندازہ کیے گئے ہین ساتھ قدرت اللہ تعالیٰ کے از روے اختراع کے اور ساتھ قدرت بندے کے اور وجہ پر تعلق سے کہ تعبیر کیا جاتا ہی اوس سے ساتھ اکتساب کے اور نہین ہی ضرورت تعلق قدرت کی سے ساتھ مقدور کے یہ کہ ہو بطور اختراع کے اسواسطے کہ قدرت اللہ تعالیٰ کی ازل مین متعلق ہی ساتھ عالم کے بغیر اختراع کے پھر متعلق ہوتی ہی ساتھ اوسکے نزدیک اختراع کے اور وجہ کر تعلق سے پس حرکت بندے کی باعتبار نسبت کرنے اوسکے کے طرف قدرت اوسکے کے کسب کہلاتی ہی اور باعتبار نسبت کرنے اوسکے کے طرف قدرت اللہ تعالیٰ کی خلق کہلاتی ہی پس وہ خلق یعنی پیدایش ہی رب کی اور وصف ہی بندے کی اور کسب ہی بندے کی اور قدرت خلق رب کی اور وصف بندے کی سب ہی بندے کے لیے اور اس مذہب پر بہت دلیلین عقلیہ اور نقلیہ اور سمعیہ ہین کہ نہین گنجایش رکھتا لکھنا اونکا اس مقام مین اسلیے کہ وہ مقتضی ہی طوالت کو انتہیٰ اور مجالس الابرار مین لکھا ہی کہ ایمان لانا تقدیر پر واجب ہی اور مراد تقدیر پر ایمان لانے سے یہ ہی کہ جانے جو کچھ عالم مین ہوتا ہی خیر اور شر اور نفع اور ضرر اور اسلام اور کفر

اور طاعت و عصیان اور نفع اور ٹوٹا اور ارادے اور خطرے اور حرکات و سکنات سب کچھ اللہ ہی کی قضا و قدر سے ہوتا ہی
کہا امام فخر الدین رازی نے سورۂ یوسف کی تفسیر مین کہ جاننا چاہیے کہ انسان حکم کیا گیا ہی ساتھ اسکے کہ رعایت کرے اسباب کی اس عالم
مین پس وہ حکم کیا گیا ہی غالبًا ساتھ اسکے کہ پرہیز کرے اشیاے مہلک اور غذاؤن مضر سے یا اینطور کہ سعی کرے بیچ حاصل کرنے منافع اور
دفع کرنے مضرتون کے بقدر امکان کے پھر باوجود اسکے لائق ہی انسان کو یہ کہ ہو یقین کرنے والا اسکا کہ نہین پہونچتا طرف اوسکے مگر جو کچھ
کہ مقدر کیا ہی اللہ نے اوسکے لیے اور نہین حاصل ہوتا اوسکے لیے مگر جو کچھ کہ ارادہ کیا اللہ تعالی نے اوسکے لیے پس قول یعقوب نبی علیہ السلام
کا اپنے بیٹون کے لیے لَا تَدۡخُلُوۡا مِنۡۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادۡخُلُوۡا مِنۡ اَبۡوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ اشارہ ہی طرف رعایت اسباب
کے کہ معتبر ہی اس عالم مین اور قول اونکا وَمَاۤ اُغۡنِیۡ عَنۡكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ شَیۡءٍ اشارہ ہی طرف توحید محض کے اور نہ التفات کرنے کے
طرف اسباب کے اور ذکر کیا امام غزالی نے ایک سوال اور وہ یہ ہی کہ اللہ تعالی نے حکم کیا ہمکو یہ کہ عمل کرین ہم اوسکے لیے والا ہم مذمت کیے جاوینگے
اور عذاب کیے جاوینگے عصیان پر باوجودیکہ سب کچھ اللہ تعالی ہی کی طرف سے ہی اور نہین ہی طرف ہمارے کچھ پس کیونکر مذمت کیے جاوین
ہم اور کیونکر عذاب کیے جاوین پھر جواب دیا ہی اس طرح کہ یہ وعید اللہ تعالی کی طرف سے سبب ہی واسطے حاصل ہونے اعتقاد کے ہم مین اور
حصول اعتقاد سبب ہی واسطے پیدا ہونے خوف کے اور پیدا ہونا خوف کا سبب ہی ترک شہوات کا اور ترک شہوات سبب ہی واسطے
پہونچنے کے اللہ تعالی کی پناہ مین اور اللہ سبحانہ تعالی مسبب الاسباب ہی اور مرتب الاسباب پس جسکے لیے سبقت لے گئی ہی سعادت
ازل مین میسر ہوتے ہین اوسکے لیے یہ اسباب یہان تک کہ کھینچ لیجاتا ہی اوسکو سلسلہ اسباب کا طرف خیر کے اور جسکے لیے نہین سبقت
کی ہوتی ہی سعادت نے ہوتا ہی وہ دور سننے کلام خدا اور کلام رسول اور کلام علما کے سے اور جب کہ نہین سنتا ہی نہین جانتا اور جب کہ نہین جانتا
نہین ڈرتا اور جب کہ نہین ڈرتا نہین چھوڑتا رغبت کرنی طرف دنیا کے اور شہوات اوسکی کے اور جب کہ نہین چھوڑتا رغبت دنیا کی
اور شہوات اوسکے ہوتا ہی شیطان کی جماعت مین سے وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوۡعِدُهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۞ تمام ہوا کلام صاحب المجالس کا اور طیبی
اور سید اور شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہم نے لکھا ہی کہ ایمان تقدیر پر لانا فرض و لازم ہی یعنی اعتقاد کرے کہ اللہ تعالی پیدا کرنے والا بندون کے
اعمال کا ہی خواہ نیک ہون خواہ بد لکھے ہین لوح محفوظ مین پہلے انکے پیدا کرنے کے سب کچھ اوسی کے حکم و ارادے سے ہوتا ہی لیکن ایمان و طاعت سے
راضی ہی اور کفر و گناہ سے ناخوش اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تقدیر ایک بھید ہی اللہ کے بھیدون مین سے نہین مطلع کیا اوسپر ملک
مقرب کو اور نہ نبی مرسل کو اور نہین جائز ہی خوض و بحث کرنا اوسمین بطریق عقل کے انتہی ۞ بلکہ واجب ہی یہ کہ اعتقاد کرے کہ اللہ تعالی نے
پیدا کی مخلوق اور انکو دو فریق پیدا کیے ایک فریق جنت و چمن کے بسبب از راہ فضل کے اور ایک فریق دوزخ کے لیے از راہ عدل کے ایک شخص نے
حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے پوچھا کہ خبر دو مجکو قدر سے اونھون نے فرمایا بڑی دور و دراز راہ ہی نہ بیٹھ اوسمین پھر اوسنے یہی سوال کیا فرمایا
گہرا دریا ہی مت داخل ہو اوسمین پھر یہی پوچھا فرمایا یہ بھید ہی اللہ کا پوشیدہ ہی تجپر نہ تفتیش کر اوسکی انتہی ۞ روایت ہی ابن مسعود سے کہ کہا حدیث
بیان کی ہمسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور وہ سچے ہین سچے کیے گئے تحقیق پیدائش ایک تمھارے کی یہ ہی کہ جمع کیا جاتا ہی اپنی ماں کے
پیٹ مین چالیس دن نطفہ یعنی بصورت نطفے کے ہوتا ہی لیکن کچھ تغیر ہوتا جاتا ہی حرارت سے پھر ہوتا ہی خون جما ہوا مانند اسی کے یعنی
چالیس دن تلک پھر ہوتا ہی ٹکڑا گوشت کا مانند اسی کے یعنی چالیس دن تلک پھر بھیجتا ہی اللہ تعالی طرف اوسکے فرشتے کو ساتھ چار باتون کے
یعنی بعد ہڈی گوشت پوست درست ہونے کے پس لکھتا ہی وہ فرشتہ عمل اوسکا اور موت اوسکی اور روزی اوسکی اور بدبخت ہونا یا نیکبخت
ہونا اوسکا پھر پھونکی جاتی ہی اوسمین روح پس قسم ہی اوس ذات کی کہ نہین کوئی معبود سوا اوسکے تحقیق ایک تمھارا البتہ کرتا ہی کام اہل
بہشت کے یہان تک کہ نہین ہوتا درمیان اوس شخص کے اور درمیان بہشت کے مگر ہاتھ بھر یعنی نزدیک ہوتی ہی پس غلبہ کرتی ہی اوسپر نوشت اوسکی

پس کرتا ہی کام دوزخیون کے سے پس داخل ہوتا ہی دوزخ مین اور تحقیق ایک تمھارا البتہ کرتا ہی کام دوزخیون کے سے یہان تک کہ نہین ہوتا
درمیان اوسکے اور درمیان دوزخ کے مگر ہاتھ بھر پس غلبہ کرتی ہی اوسپر سرنوشت اوسکی پس کرتا ہی کام بہشتیون کے سے پس داخل ہوتا ہی
بہشت مین انتہی ✤ اسکی شرح مین حضرت شیخ لکھتے ہین کہ مراد یہ ہی کہ یہ بات کبھی نادر ہوجاتی ہی ولیکن غلبہ رحمت اوسکی کا مقتضی اسکا
ہوا ہی کہ اکثر لوگ برائی سے بھلائی کی طرف پھرتے ہین اور عکس اسکا نہایت کم ہوتا ہی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ اور یہ حدیث دلالت
اسپر کرتی ہی کہ مدار خاتمے پر ہی اور اسمین رغبت دلائی ہمیشگی طاعات پر اور اسپر کہ ہر وقت گناہ سے بچتا رہے اس ڈر سے کہ مبادا یہی دم
آخر ہو اور خاتمہ بخیر ہو کیا خوب ہی یہ بات بخلاف بعضے لوگون کے کہ خبر قضا و قدر کی سنکر انکار عمل کا کرتے ہین کہتے ہین کہ نیکبختی بدبختی اور
داخل ہونا آگ کا جب سب قضا و قدر پر موقوف ہوا تو عمل کیا ضرور چنانچہ بعضے صحابہ نے بھی جو مقصد اسکا نہ سمجھا یہی کہا حضرت نے جواب دیا کہ
عمل کیے جاؤ اور ہر کوئی توفیق دیا گیا ہی واسطے اوس چیز کے کہ پیدا کیا گیا ہی یعنی توقف کرنا تمھارا عمل مین اور انکار کرنا عمل کا بعد سننے قضیے
قضا و قدر کے کچھ معنی نہین رکھتا کیونکہ امر و نہی شارع سے وارد ہوئی اور تمکو قوت سمجھنے اور خطاب کی دی اور تم مین قصد اور اختیار کہ ساتھ
اوسکے عمل کرسکو پیدا کیا پس ضرور یہان کچھ بات ہوئیگی کہ بندون کو اوسکے لیے حکم کیا اور اونسے طلب فعل کی کی اور ایک کام سے منع کیا
والا امر و نہی کا اور بھیجنے پیغمبرونکا کچھ فائدہ ہی نہوا اگرچہ کنہ اوس سرکی پوشیدہ ہی کہ نہین معلوم ہوتی اور بہت اسرار ہین کہ بندے کو اونکی
اطلاع نہین اور حقیقت مین کوئی عمل اور حقیقت موقوف معلوم کرنے پر نہین وہ مالک الملک ہی اور جو کوئی اپنے ملک مین تصرف کرتا ہی ظلم نہین
یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَرْحَمُ مَنْ یَّشَآءُ ✤ یعنی جسکو چاہے عذاب کرے اللہ اور جسپر چاہے رحم کرے انتہی ✤ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے
کہ کہا نکلے اوپر ہمارے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم بحث کر رہے تھے بیچ قدر کے پس غصے ہوئے حضرت یہان تک کہ سرخ ہوا چہرۂ مبارک
یہان تک کہ گویا نچوڑے گئے ہین بیچ رخسارۂ آنحضرت کے دانے انار کے پس فرمایا کیا ساتھ اسکے حکم کیے گئے ہو تم یا ساتھ اسکے بھیجا گیا
ہون مین طرف تمھارے سوائے اسکے نہین کہ ہلاک ہوئے وہ لوگ کہ تھے پہلے تمسے اوس وقت کہ جھگڑنے لگے اس امر مین قسم دیتا ہون مین تمکو پھر قسم دیتا ہون مین تمکو
اس بات مین کہ نہ بحث کیا کرو تم اسمین انتہی ✤ حضرت شیخ وغیرہ نے اسکی شرح یون لکھی ہی کہ وہ کہ بحث کرتے تھے ہم بیچ قدر کے مراد
یہ ہی کہ بعضے کہتے تھے کہ اگر سب اللہ کی تقدیر سے ہی تو ثواب و عذاب کیون ہی جیسے کہ معتزلہ کہتے ہین اور بعضے کہتے تھے کہ کیا حکمت ہی
اسمین کہ بعضے جنتی ہین بعضے ناری اور بعضے کہتے تھے یہ اسلیے ہی کہ انکو کچھ اختیار دیا ہی کرنے نکرنے کا اور بعضے کہتے تھے کسنے دیا
دیا اسی طرح کے کلام کر رہے تھے اور یہ جو فرمایا کیا ساتھ اسکے بھیجا گیا ہون مین الخ مراد یہ ہی کہ تمکو حکم طاعت و عبادت کا کیا اور تمکو اوسکے
پہنچانے کو بھیجا بحث کرنی اوسمین کہان آئی ہی وہ تو ایک بھید ہی اوسکا علم اوسی کو سونپو اور عمل مین مشغول ہو اور راضی ہو اوسکی
تقدیر پر انتہی ✤ حاصل یہ کہ ان روایتون سے معلوم ہوا کہ درباب قضا و قدر کے چون و چرا نکرے اور تقریرین اپنی کج فہمی کے سبب سے
نہ جھاڑے اور ہر نوع اسپر ایمان لاوے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین مومن ہوتا کوئی بندہ یہان تک کہ ایمان لاوے
ساتھ چار چیزون کے گواہی دے اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق مین بھیجا ہوا اللہ کا ہون بھیجا ہی مجھکو ساتھ حق کے اور ایمان لاوے
ساتھ حشر کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو فرقے ہین میری امت کے کہ نہین ہی واسطے اونکے اسلام مین کچھ حصہ ایک تو
مرجیہ ہی اور ایک قدریہ ✤ ف ✤ مراد مرجیہ سے فرقہ جبریہ ہی کہ قائل نہین اسباب کے کہتے ہین کہ نسبت کرنا فعل کا طرف بندے کے
ایسا ہی جیسا نسبت کرنا فعل کا طرف جمادات کے یعنی پتھر اور لکڑی اور روڑا وغیرہا یعنی جسوقت پھینکے اور لونڈھائے تو لونڈھتا چلا جاوے
اوسکو اپنے پھیکنے اور لونڈھنے مین دخل نہین اسی طرح بندے کو اپنے کام مین کچھ دخل نہین محض بے اختیار ہی اور مراد قدریہ سے وہ ہین کہ
منکر تقدیر کے ہین یعنی فعل بندون کے پیدا کیے ہوئے اونکی قدرت کے ہین اللہ کی قدرت سے نہین اس طرح کی تقدیر کے انکار کرنے والے کہ

قدریہ کہتے ہین اوسمین معتزلہ بھی داخل ہین اور رافضی بھی اور ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ دونون فرقے کافر ہین لیکن قول مختار
علما کا یہ ہی کہ کافر نہین بلکہ فاسق ہین کیونکہ یہ بھی تمسک کرتے ہین کتاب و سنت سے اور تاویل کرکر کفر سے اپنے کو بچاتے ہین لیس یہ
حدیث زجر و شدت کے لیے ہی اور بعضون نے اس حدیث کی صحت مین بھی کلام کیا ہی یہ مضمون حضرت شیخ عبد الحق رح کے ترجمے مین ہی لیکن میرے
اوستاد مولانا اسحق رحمہ اللہ نے فرمایا کہ محققین کے نزدیک حکم کفر کا ہی ان فرقون کے لیے بعد اسکے اختلاف کیا ہی کہ کفر انکا تاویلی ہی یا کفر ارتدادی
واللہ اعلم بالصواب انتہی ✤ اور ابن عمر رض سے روایت ہی کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم سے کہ فرماتے تھے ہوگا میری امت مین زمین
مین دھسن جانا اور صورت بدل جانا اور یہ ہوگا اون لوگون مین کہ جھٹلاتے ہین تقدیر کو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے کہ فرقۂ قدریہ
مجوس ہین اس امت کے اگر مریض ہون تو نہ عیادت کرو اونکی اور اگر مرین تو نہ حاضر ہو اونکے جنازے پر ✤ **ف** ✤ یعنی رعایت حقوق اسلام
کی اونکے حق مین نکرو نہ جیتے نہ مرے پس جو علما انکو کافر کہتے ہین وہ تو منع ہی کرتے ہین اور جو فاسق کہتے ہین وہ جائز رکھتے ہین اور حدیث کو
حمل کرتے ہین زجر و تغلیظ پر اور برائی بیان کرنی اعتقاد اونکے پر یہ مضمون ملا علی قاری وغیرہ نے لکھا ہی لیکن محققین کے نزدیک یہی بات
حق ہی کہ اونکی عیادت وغیرہ نکرے جتنا ہو سکے بچے اونکے خلط رہنے سے کذا قال اوستاذی مولانا محمد اسحق رحمہ اللہ اور مجوس ایک
فرقہ ہی آتش پرست ثابت کرتے ہین دو الٰہ یعنی ایک الٰہ خیر کا اور ایک الٰہ شر کا خیر کے الٰہ کو کہتے ہین یزدان اور شر کے الٰہ کو کہتے ہین اہرمن
یعنی شیطان پس جیسے مجوس قائل ہین دو الٰہ کے ایسے ہی قدریہ قائل ہین بہت سے خالقون کے یعنی جتنے فعل بندے کرتے ہین خالق اون
فعلون کے ہین ✤ **ح** ✤ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے نہ ہمنشینی کرو فرقہ قدریہ سے اور نہ فیصلے کو لیجاؤ قضیہ اپنا طرف اونکے
یا ابتدا ساتھہ سلام و کلام کے اونسے نکرو ✤ **ف** ✤ نہ ہمنشینی کرو یعنی محبت نرکھو اونسے کیونکہ بیٹھنا ہمراہ چلنا علامت محبت
کی ہی پس معنی یہ ہین کہ انس اور تعظیم سے ہمنشینی اونکی نکرو اسلیے کہ اعتقاد بد اونکے سیکھوگے اور برائی اونکے عملون کی تاثیر کریگی تمہارے دلون مین اور تمہارے
عملون مین ✤ **ح** ✤ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے چھہ طرح کے شخص ہین کہ لعنت کرتا ہون مین اونکو لعنت کی اونکو
اللہ نے اور ہر نبی مستجاب الدعوات ہی ایک تو وہ کہ زیادہ کرے بیچ کتاب اللہ کے اور دوسرا فرقہ وہ کہ جھٹلاوے تقدیر الٰہی کو اور تیسرا
وہ ہی کہ غالب ہو جاوے ساتھہ زبردستی کے کہ عزت دے جسکو ذلیل کیا اللہ نے اور ذلیل کرے جسکو عزیز کیا اللہ نے اور چوتھا وہ ہی کہ حلال کرے
بیچ حرم اللہ کے اور پانچوان وہ ہی کہ حلال جانے میری اولاد سے اوس چیز کو کہ حرام کیا اللہ نے اور چھٹا وہ شخص ہی کہ چھوڑ دیا سنت میری کو ✤
ف ✤ لعنت کی اونکو اللہ نے گویا کسینے پوچھا کہ آپ کیون لعنت کرتے ہین فرمایا اسلیے کہ لعنت کی اللہ نے اور زیادہ کرنا اللہ کی کتاب
مین یہ کہ لفظ بڑھا دے یا اس طرح سے بیان کرے کہ معنی مخالف ہون اللہ کے حکم کے اور تیسرا وہ ہی کہ غالب ہو جاوے الخ مراد اس سے بادشاہ
اور حاکم ظالم ہین کہ ساتھہ خواہش نفسانی اور غلبۂ حکومت اپنی کے کافرون اور فاسقون اور جاہلون کو عزیز رکھتے ہین اور مسلمانون اور
صالحون اور عالمون کو ذلیل کرتے ہین اور حلال کرے بیچ حرم اللہ کے یعنی مکے مین جن کامون کو منع فرمایا ہی مانند شکار کرنے کے اور کاٹنے
درخت کے اور داخل ہونے کے بغیر احرام کے یہ کام اوس جگہہ کرنے لگے اور حلال جانے اولاد میری سے الخ یعنی ایذا دینی پیغمبر خدا کی اولاد کو اور
اونکی تعظیم نکرنے کو حلال جانے او سپر بھی لعنت ہی یا مراد یہ ہی کہ میری اولاد ہو کر جس چیز کو اللہ نے حرام فرمایا ہی اوسکو کرنے لگے حلال جان کر
اسمین تنبیہ ہی سیدون کے لیے کہ حضرت کی اولاد ہو کر خدا کے گناہ نکرین یعنی اونکو اللہ کے گناہ کرنے مین زیادہ تر ڈر ہی اور چھوڑ دیا سنت میری کو
جواز راہ کسالت کے سنت کو چھوڑ دے تو وہ گنہگار ہی اور جو کوئی ہلکا جانکر سنت کو چھوڑ دے تو وہ کافر ہی اور لعنت مین دونون گنے جاتے ہین
لیکن اول زجرًا اور شدۃً اور دوسرا حقیقۃً اور اگر احیانًا سنت ترک ہو گنہگار نہین ہوتا مگر برا یہ بھی ہی کذا ذکر القاری والشیخ رحمۃ اللہ علیہ
اور سنا مینے مولانا محمد اسحق رحمۃ اللہ علیہ سے کہ یہ وعید بیچ ترک کرنے سنن ہدیٰ یعنی سنتون موکدہ کے ہی انتہی ✤ یہ حدیثین مشکوٰۃ مین

جو دین پس ہر مسلمان کو چاہیے کہ غور کرے انکے مضمونون مین اور قائل اور راضی تقدیر پر رہے اور امر و نہی سے غافل نرہے کیونکہ اور معلوم ہی ہوچکا کہ یہ علامتین سعادت و شقاوت کی ہین اور کچھ چون و چرا نکرے اور پاک پروردگار سے یہ دعا کرتا رہے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ یعنی اے پھیرنے والے دلون کے ثابت رکھ میرے دل کو اپنے دین پر چنانچہ آیا ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ فَاللّٰہُ ھُوَ الْوَلِیُّ وَھُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

کیا اونھون نے پکڑے ہین اوس سے ورے کام بنانے والے سو اللہ جو ہی وہی ہی کام بنانے والا اور وہی جلاتا ہی مردے اور وہ ہر چیز کر سکتا ہی + مو

کیا دوست پکڑے ہین کافرون نے سوائے خدا کے پس خدا وہی ہی کارساز اور وہی زندہ کرتا ہی مُردون کو اور وہ ہر چیز پر توانا ہی + تفسیر + خدا وہی ہی کارساز کہا ابن عباس نے کارساز تیرا اے محمد اور کارساز اونکا کہ پیروی کی تیری اور وہ ہر چیز پر توانا ہی وہی لائق ہی اسکے کہ پکڑا جاوے کارساز نہ وہ کہ قادر نہو کسی چیز پر + مدمعا +

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِیْہِ مِنْ شَیْءٍ فَحُکْمُہٗٓ اِلَی اللّٰہِ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ رَبِّیْ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ ○

اور جس بات مین پھوٹے ہو تم لوگ کوئی چیز ہو اوسکی چکوتی ہی اللہ پر حوالہ وہ اللہ ہی رب میرا اوسی پر مجکو بھروسا اور اوسی کی طرف میری رجوع + مو

اور جو کچھ کہ اختلاف کیا تمنے اوسمین اور جو کچھ ہو بس فیصل کرنا اوسکا حوالے خدا کے ہی یہ ہی خدا پروردگار میرا اوسپر توکل کیا مینے اور اوسی کی طرف رجوع کرتا ہون مین + تفسیر + جو کچھ کہ اختلاف کیا تمنے الخ یہ حکایت ہی قول رسول خدا کی واسطے مومنون کے یعنی آنحضرت کا قول اللہ تعالی نقل فرماتا ہی یعنی جو کچھ کہ خلاف کیا تمہارا اوسمین کفار نے یعنی اہل کتاب و مشرکین نے پس اختلاف کیا تمنے اور اونھون نے اوسمین کسی امر مین امور دین سے پس حکم اوس مختلف فیہ کا سپرد کیا گیا ہی طرف اللہ کے اور وہ ثواب دینا حق گوون کا اوسمین یعنی مومنون کا ہی اور عذاب کرنا دروغ گوون کا یہ ہی یعنی یہ حاکم درمیان تمہارے خدا ہی پروردگار میرا اوسپر بھروسا کیا مینے بیچ رد کرنے مکر دشمنان دین کے اور رجوع کرتا ہون مین یعنی بیچ کفایت کرنے شر اونکی کے اور بعضون نے کہا کہ معنی وما اختلفتم فیہ الخ کے یہ ہین کہ جو کچھ کہ واقع ہو درمیان تمہارے اختلاف اوسمین یعنی اون علوم مین کہ نہو تمکو علم اونکا پس علم اللہ ہی خوب جانتا ہی مانند معرفت روح وغیرہ کے + مد +

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا یَذْرَؤُکُمْ فِیْہِ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ○

بنا نکالنے والا آسمانون کا اور زمین کا بنا دیے تمکو تم ہی مین سے جوڑے اور چوپایون مین سے جوڑے بکھیرتا ہی تمکو اسطرح نہین اوسکی طرح کا سا کوئی اور وہی ہی سنتا دیکھتا + مو

پیدا کرنے والا آسمانون اور زمین کا پیدا کیا تمہارے لیے تمہاری جنس سے عورتون کو اور پیدا کین جنس چارپایون سے کتنی قسمین پھیلاتا ہی تمکو ساتھ اس تدبیر کے نہین ہی مانند اوسکے کوئی چیز اور وہ ہی سننے والا دیکھنے والا + تفسیر + اور ایک معنی وَمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا کے یہ ہین اور پیدا کین چارپایون کے لیے بھی اونکی جنس سے مادائین اور یَذْرَؤُکُمْ کے معنی ہین یکثرکم یعنی بڑھاتا ہی تمکو ساتھ اس تدبیر کے اور وہ یہ ہی کہ پیدا کیے لوگون کے لیے اور چارپایون کے لیے جوڑے تو کہ ہو درمیان نر اور مادہ اونکی کے توالد اور تناسل اور کلمہ تشبیہ کا یعنی کمثلہ مکرر لایا گیا یعنی کاف بھی لایا ہے کہ بمعنی مثل کے ہی اور پھر لفظ مثل لائے واسطے تاکید نفی تماثیل کے اور تقدیر اسکی یہ ہی لیس مثلہ شئ اور بعضون نے کہا کہ لفظ المثل زیادہ ہی اور تقدیر اسکی یہ ہی لیس کھو شئ یعنی نہین ہی مانند اوسکے کوئی چیز جیسے کہ زیادہ ہی اللہ تعالی کے اس قول مین فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِہٖ یعنی پس اگر ایمان لاوین ساتھ اوس چیز کے کہ ایمان لائے تم ساتھ اوسکے اور یہ اسلیے کہا کہ مراد نفی مثلیت کی ہی اور جب کہ نہ کہا جاوے کاف یا لفظ مثل زیادہ تو ہوگا اثبات مثل کا اور بعضون نے کہا کہ مراد یہ ہی کہ

نہین ہی مانند ذات اوسکی کے کوئی چیز ایسیے کہ عرب کہتے ہین مِثلُكَ لَا يَبخَلُ یعنی تجھ جیسا بخل نہین کرتا ہی اور مراد رکھتے ہین اس سے
نفی بخل کی ذات اوسکی سے اور قصد کرتے ہین مبالغہ اسمین اور وہ سننے والا ہی تمام سننے کی چیزین بغیر کان کے اور دیکھنے والا ہی
یعنی تمام دیکھنے کی چیزین بدون پتلی آنکھہ کے اور سمیع اور بصیر کو یہان اسلیے ذکر کیا کہ تو ہم نہ جاوے اس بات کا کہ اوسکے لیے کوئی
صفت بھی نہین ہی جیسے کہ نہین ہی مثل اوسکے لیے + **مدل**

لَهٗ مَقَالِيدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝
اوسی پاس ہین کنجیان آسمانون کی اور زمین کی پھیلا دیتا ہی روزی جسکو چاہے اور ماپ دیتا ہی وہ ہر چیز کی خبر رکھتا ہی + **موضح**

اوسکے لیے ہین کنجیان آسمانون کی اور زمین کی کشادہ کرتا ہی روزی جسکے لیے چاہے اور تنگ کرتا ہی جسکے لیے چاہے تحقیق وہ
ساتھہ ہر چیز کے دانا ہی + **تفسیر** + کنجیان رزق کی آسمانون اور زمین مین کہا کلبی نے مینہہ ہی اور نبات کشادہ کرتا ہی الخ
اسلیے کہ کنجیان رزق کی اوسکے ہاتھہ مین ہین + **جمع** + روایت کی عبد بن حمید اور ابن المنذر اور طبرانی اور ابو الشیخ نے کتاب عظمت
مین اور ابن مردویہ نے اور ابو نعیم نے حلیہ مین عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا بلا شبہہ تمہارے رب کے پاس نہین ہی رات اور نہ دن روشنی آسمانون کی
اوسکے مونہہ کے نور سے ہی اور بلا شبہہ مقدار ہر روز کی تمہارے دنون مین سے نزدیک اوسکے بارہ ساعتین ہین پس عرض کیے جاتے ہین
عمل تمہارے کل کے آج کے اول روز مین پس نظر کرتا ہی اونمین تین ساعت تک پس مطلع ہوتا ہی اونمین سے اوس چیز پر کہ ناگوار معلوم ہوتی ہی
اوسکو پس غصہ لاتی ہی اوسکو وہ اور اول جو جانتے ہین اوسکے غصے کو وہ فرشتے ہین کہ اوٹھائے ہوئے ہین عرش کو پاتے ہین عرش کو
بھاری اپنے پر پس تسبیح کرتے ہین اوسکی اوٹھانے والے عرش کے کہ جو اوٹھائے ہوئے ہین عرش کو اور سرادقات یعنی متعلقات عرش کو
اور فرشتے مقرب اور تمام فرشتے اور پھونکتے ہین جبرئیل یعنی تسبیح یا یہ خبر سینگ مین پس نہین باقی رہتی کوئی چیز مگر کہ سنتی ہی اوسکو
سوائے ثقلین یعنی جن و انس کے پس تسبیح کرتے ہین اوسکی تین ساعت تک یہان تک کہ بھر جاتا ہی رحمٰن رحمت مین یعنی نہایت مہربان
ہوتا ہی پس یہ چھہ ساعتین ہوئین پھر لایا جاتا ہی جو کچھہ کہ رحمون مین ہوتا ہی پس نظر کرتا ہی اونمین تین ساعت تک يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ
كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ
الذُّكُوْرَ ۝ یعنی صورتین بناتا ہی تمہاری رحمون مین جسطرح چاہتا ہی نہین کوئی معبود مگر وہ غالب دانا پیدا کرتا ہی جو کچھہ چاہتا ہی
بخشتا ہی جسکو چاہتا ہی بیٹیان اور بخشتا ہی جسکو چاہتا ہی بیٹے یہان تک کہ پونہچے ابن مسعود لفظ علیم تک پس یہ نو ساعتین ہوئین
پھر نظر کرتا ہی تمام خلق کے رزقون مین تین ساعت يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ یعنی
فراخ کرتا ہی رزق جسکے لیے چاہتا ہی اور تنگ کرتا ہی جسکے لیے چاہتا ہی بلا شبہہ وہ ہر چیز کو جاننے والا ہی پس یہ بارہ ساعتین ہوئین پھر
پڑھا ابن مسعود نے كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ + یعنی ہر وقت وہ پیدا کرتا ہی امور اور نئے کرتا ہی احوال پس شان یعنی کام ہی تمہارے رب کا
ہر روز روایت کی ابو یعلیٰ نے اور قاضی ایوب نے اپنے سنن مین اور ابو الحسن قطان نے مطولات مین اور ابن سنی نے کتاب عمل الیوم واللیلہ مین
اور ابن منذر نے اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت عثمان بن عفان سے کہ کہا اونھون نے پوچھی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد اللہ تعالیٰ کے
اس قول کی لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی اوسی کے لیے کنجیان آسمانون اور زمین کی ہین پس فرمایا مجکو اے عثمان البتہ
پوچھا تو نے مجسے کچھہ پوچھنا کہ نہین پوچھا مجسے اوسکو کسینے پہلے تیرے مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یہ ہی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ
وَالْبَاطِنُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ یعنی جیسے کنجی سے

له خیال کرنا چاہیے کہ برے کا کام کیا وبال ہی کہ ارحم الراحمین کو بھی غصہ دلاتا ہی عیاذاً باللہ منہ مدظلہ

ع یعنی پھر جسکو چاہے بخشے

خزانہ کھلتا ہی اور تصرف مین آتا ہی ویسے ہی اسکے کہنے سے برکتین آسمان و زمین کی اوسکے پڑھنے والے کو حاصل ہوتی ہین اور معنی
اسکے یہ ہین کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہی اور پاک ہی اللہ اور سب تعریفین ہی اللہ کے لیے اور بخشش مانگتا ہون مین اللہ سے
وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ اول ہی اور آخر ہی اور ظاہر ہی اور باطن جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ زندہ ہی کہ نہ مریگا اوسکے ہاتھ مین بھلائی ہی
اور وہ ہر چیز پر قادر ہی ای عثمان جو کوئی پڑھے اسکو ہر دن مین سو بار تو دیا جاتا ہی بسبب اسکے دس چیزین اول تو یہ کہ بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے
جو پہلے کیے ہین اور دوسری لکھی جاتی ہی اوسکے لیے نجات آگ سے اور تیسری متعین ہوتے ہین ساتھ اوسکے دو فرشتے کہ محافظت کرتے
ہین اوسکی رات دن مین آفتون اور بلاؤن سے اور چوتھی دیا جاتا ہی قنطار یعنی بہت ثواب اور پانچوین اوسکے لیے ہوتا ہی ثواب اوس شخص کا
سا کہ آزاد کرے دس گردنین اولاد حضرت اسمعیل کی سے اور ساتوین بنایا جاتا ہی اوسکے لیے گھر بہشت مین اور آٹھوین حور عین سے
بیاہ کیا جاویگا اور نوین رکھا جاویگا اوسکے سر پر تاج وقار کا اور دسوین شفاعت قبول کیجاویگی اوسکی بیچ حق ستر آدمیون کے اہل بیت
اوسکے سے ای عثمان اگر کرسکے تو پس نہ ناغہ ہو یہ کوئی دن پڑھنے سے مرادپائیگا تو بسبب اسکے ساتھ مراد پانے والون کے اور سبقت لیجائیگا تو
بسبب اسکے اولین و آخرین پر اور ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا
کہ مقالید السموات والارض سے مجھے خبر دیجیے پس فرمایا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَ
هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ جو کوئی پڑھے اسکو صبح کو دس بار اور شام کو دس بار ای عثمان دیتا ہی اوسکو اللہ تعالیٰ چھ چیزین اول
یہ کہ محفوظ رہتا ہی ابلیس سے اور لشکر اوسکے سے اور دوسری دیا جاتا ہی قنطار یعنی تودہ ثواب بہشت مین اور تیسری نکاح کیا جاویگا
حور بڑی آنکھون والی سے اور چوتھی بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے اور پانچوین ہوگا حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے ساتھ بیچ قبے اونکے اور
چھٹی حاضر ہوتے ہین بارہ فرشتے وقت مرنے اوسکے کے خوش خبری دیتے ہین اوسکو ساتھ جنت کے اور بناؤ کر لیجاتے ہین اوسکو قبر اوسکی سے
طرف موقف کے پس اگر پہونچیگی اوسکو کوئی چیز ہول قیامت سے تو کہینگے فرشتے کہ نہ ڈر تو امن والون مین سے ہی پھر حساب کریگا اللہ تعالیٰ
اوس سے حساب آسان پھر حکم کیا جائیگا اوسکو طرف جنت کے بناؤ کر لیجائینگے اوسکو طرف بہشت کے موقف اوسکے سے جیسے کہ لیجاتے ہین
دلہن کو یہان تک کہ داخل کرینگے اوسکو بہشت مین ساتھ حکم اللہ کے اور حال یہ کہ لوگ شدت حساب مین ہونگے + درمنثور

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى
راہ ڈالدی تمکو دین مین وہی جو کہدیا تھا نوح کو اور جو حکم بھیجا ہمنے تیری طرف اور وہ جو کہدیا ہمنے ابراہیم کو اور موسیٰ کو
وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ
اور عیسیٰ کو یہ کہ قائم رکھو دین اور پھوٹ نہ ڈالو اوسمین بھاری پڑتا ہی شریک والون کو جس طرف تو بلاتا ہی اونکو اللہ چن لیتا ہی
اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۝
اپنی طرف جسکو چاہے اور راہ دیتا ہی اپنی طرف اوسکو جو رجوع لاوے + موضح

مقرر کیا تمھارے لیے آئین سے جو کچھ کہ حکم کیا تھا ساتھ قائم کرنے اوسکے نوح کو اور جو کچھ کہ وحی بھیجی ہمنے طرف تیرے اور جو کچھ کہ
حکم کیا ہمنے ساتھ قائم کرنے اوسکے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو ساتھ اس مضمون کے کہ قائم کرو تم دین کو اور متفرق نہو تم اوسمین
دشوار آیا مشرکون پر جو کچھ کہ بلاتا ہی تو اونکو طرف اوسکے اللہ کھینچ لیتا ہی طرف اپنے جسکو چاہے اور راہ دکھاتا ہی اپنی طرف جسکو رجوع
کرے یعنی طاعت حق سکے حاصل یہ ہی کہ انبیا علیہم السلام اصول دین پر متفق ہین اور اختلاف انکا شرائع کا فروع مین ہی [illegible]

تفسیر مقرر کیا تمہارے لیے الخ یعنی مقرر کیا تمہارے لیے دین سے دین نوح کا اور محمد کا اور اون انبیا علیہم السلام کا کہ درمیان مین ان دونو کے ہین پھر تفسیر کیا دین مقرر کیے گئے کو کہ جسمین شریک ہین یہ رسول نامدار ساتھ قول اپنے کے اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ یعنی یہ کہ قائم کرو دین کو اور مراد قائم کرنا دین اسلام کا ہی کہ وہ توحید اللہ کی ہی اور طاعت اوسکی ہی اور ایمان لانا اوسکے رسولون پر اور کتابون پر اور روز جزا پر اور تمام وہ چیزین کہ ہوتا ہی آدمی اوسکے قائم کرنے سے مسلمان اور نہین مراد ہین شرائع اسلیے کہ وہ مختلف ہین جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے لِکُلٍّ جَعَلْنَا مِنْکُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا یعنی ہر ایک کے لیے مقرر کر دی ہمنے تم مین سے ایک شریعت و راہ اور متفرق نہو تم یعنی مختلف نہو دین مین کہا علی رضی اللہ تعالی عنہ نے لَا تَتَفَرَّقُوْا فَالْجَمَاعَةُ رَحْمَةٌ وَّالْفِرْقَةُ عَذَابٌ یعنی متفرق نہو تم پس جماعت سبب رحمت کی ہی اور فرقت سبب عذاب کی بلاتا ہی تو اونکو طرف اوسکے کہ وہ قائم کرنا اللہ کے دین کا ہی اور توحید کھینچ لیتا ہی طرف اپنے یعنی طرف دین کے ساتھ توفیق اور راہ حق دکھلانے کے + **ف** + مقرر کیا الخ یعنی حکم کیا ہمنے تجکو ای محمد اور تمام انبیا کو دین اللہ کا اور جو کچھ کہ وحی بھیجی ہمنے طرف تیرے یعنی قرآن اور شرائع اسلام کے اور اختلاف کیا ہی علما نے بیچ وجہ آیت کے پس کہا قتادہ نے وہ حلال کرنا حلال کا ہی اور حرام کرنا حرام کا اور کہا حکم نے حرام کرنا ماؤن کا اور بیٹیون کا اور بہنون کا اور کہا مجاہد نے کہ نہین بھیجا اللہ نے کوئی نبی مگر کہ حکم کیا اوسکو ساتھ قائم کرنے نماز کے اور دینے زکوۃ کے اور اقرار کرنے کے ساتھ اللہ کے اور ساتھ کرنے طاعت کے پس یہ دین اوسکا ہی کہ مقرر کیا تمہارے لیے اور بعضون نے کہا وہ توحید ہی اور بیزاری شرک سے اور بعضون نے کہا کہ وہ مضمون ہی کہ ذکر کیا گیا بعد اسکے یعنی اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ الخ اور نہ متفرق ہوو اوسمین کہ بھیجا اللہ نے تمام انبیا کو ساتھ قائم کرنے دین کے اور الفت کے اور جماعت کے اور ترک کرنے فرقت و مخالفت کے کھینچ لیتا ہی یعنی برگزیدہ کرتا ہی اپنے دین کے لیے اپنے بندون مین سے جسکو چاہے + **معا** +

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ

اور پھوٹ جو ڈالی سو سمجھ آچکے پیچھے آپسکی ضد سے اور اگر نہوتی ایک بات جو نکل گئی ہی تیرے رب سے ایک ٹھہرے

مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝

وعدے تک تو فیصلہ ہو جاتا اونمین اور جنکو اتھ لگی ہی کتاب اونکے پیچھے وہ دھوکے مین ہین اوسکے جو چین نہین دیتا + **مو** +

اور پراگندہ نہوئین تھین مگر بعد اسکے کہ آیا اونکے پاس علم پراگندہ ہوئے از روے حسد کے درمیان اپنے اور اگر نہوتی بات کہ پہلے صادر ہوئی تیرے پروردگار سے کہ مہلت دیے جاوین ایک زمانہ معین تک البتہ فیصل کیا جاتا درمیان اونکے اور تحقیق وہ لوگ کہ دی گئی اونکو کتاب بعد انبیا کے بیچ شبہہ قوی کے ہین اس دین سے + **تفسیر** + یعنی پہلے لوگ تو ضد سے اپنی بات ثابت کرنے کو کتاب کے معنی بدل گئے اور پیچھے والے مختلف باتین دیکھتے ہین حیران ہوتے ہین کہ معنی اوس طرح یہ اختلاف پڑے جن معنون مین خلاف نکلتا ہو اور اگر کوئی طرح معنی کرے جن مین خلاف نہین نکلتا اوسکا منع نہین + **مو** + اور پراگندہ نہوئے اہل کتاب بعد انبیا اپنے کے مگر بعد اسکے کہ جانا اونھون نے کہ فرقت گمراہی ہی اور ایسا امر ہی کہ وعید کیا گیا ہی اوسپر انبیا کی زبان پر بسبب حسد کے کہ حاصل ہوا درمیان اونکے اور اگر نہوتی بات الخ اور وہ یہ ہی بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ یعنی بلکہ قیامت وعدہ گاہ اونکی ہی البتہ فیصل کیا جاتا یعنی البتہ ہلاک کیے جاتے جس وقت کہ متفرق ہوئے تھے بسبب جرم عظیم متفرق ہونے کے حاصل یہ کہ اگر پہلے سے حکم تاخیر عذاب کا اونسے روز قیامت تک نہوا ہوتا تو فیصل کیا جاتا درمیان مومنون اور کافرون کے یعنی جھٹلانے والون پر دنیا ہی مین عذاب اوترتا اور تحقیق وہ لوگ کہ دی گئی اونکو کتاب الخ وہ اہل کتاب ہین کہ جو رسول خدا کے زمانے مین تھے البتہ بیچ شک کے ہین اپنی کتاب سے نہین ایمان رکھتے اوسپر حق ایمان رکھنے کا مریب داخل کرنیوالا ہی بیچ چیزین کہ شک مین ڈالے اور بعضون نے کہا معنی یہ ہین کہ نہین پراگندہ ہوئے اہل کتاب مگر بعد اسکے کہ آیا اونکو علم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

مبعوث ہونے کا جیسے کہ اوپر جا بجا فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنَةُ ؀ یعنی اور نہیں متفرق ہوئے وہ لوگ کہ دیے گئے کتاب مگر بعد اسکے کہ آئی اونکے پاس کھلی بات اور تحقیق وہ لوگ کہ دی گئی اونکو کتاب بعد اونکے وہ مشرک ہین کہ دیے گئے قرآن بعد اسکے کہ دیے گئے اہل کتاب توریت و انجیل + مدل + مِنْ بَعْدِهِمْ یعنی بعد انبیا اپنے کے اور بعضون نے کہا بعد امتون گذشتہ کے البتہ بیچ شک کے ہین محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے + معا +

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَ
سو تو اوسی طرف بلا اور قائم رہ جیسا فرمادیا اور نہ چل اونکی چاؤن پر اور کہہ مین یقین لایا ہر کتاب پر جو اوتاری اللہ نے اور
اُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ
مجھکو حکم ہے کہ انصاف کرون تمہارے بیچ اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا ہمکو ملتے ہین ہمارے کام اور تمکو تمہارے کام کچھ جھگڑا نہین ہم مین اور تم مین اللہ
يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ؀
اکٹھا کریگا ہم سبکو اور اوسی کی طرف پھر جانا ہے + موق +

پس واسطے اس دین کے بلا اور قائم رہ بحسب اوسکے کہ فرمایا گیا تجکو اور پیروی مت کر ان کافرون کی خواہشون کی اور کہہ ایمان لایا مین ساتھ اوس چیز کے کہ اوتاری اللہ تعالیٰ نے جو کتاب کہ ہے اور حکم کیا گیا مجکو کہ انصاف کرون مین درمیان تمہارے خدا پروردگار ہمارا ہے اور پروردگار تمہارا ہمارے لیے عمل ہمارے ہین اور تمہارے لیے عمل تمہارے گفتگو نہین ہے درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے اللہ جمع کریگا درمیان ہمارے اور درمیان تمہارے یعنی روز قیامت کے فیصلہ کرنے کے لیے اور اوسی کی طرف ہے پھر جانا + **تفسیر** پہلے کتاب والون سے اسی طرح کلام کرنے چاہیے + موق + فَلِذٰلِكَ کے معنی یہ ہین پس واسطے توحید کے بلا اے محمد لوگون کو اور یا معنی اسکے یہ ہین پس بسبب اس تفرق کے اور بسبب اسکے کہ حادث ہوا اوسکے سبب سے طرح طرح کا کفر بلا لوگون کو طرف اتفاق کرنے کے ملت حنیفہ قدیم پر اور مستقیم رہ اوسپر اور اوپر دعوت کرنے کے طرف اوسکے بحسب اوسکے کہ فرمایا گیا تجکو یعنی جیسے کہ حکم کیا تجکو اللہ نے اور نہ پیروی کر اونکی خواہشون مختلفہ باطلہ کی اور کہہ کہ ایمان لایا مین الخ یعنی ساتھ جس کتاب کے کہ صحیح ہو کہ اللہ نے اوتاری ہے اوسکو مراد ہے ایمان لانا ساتھ تمام کتابون کے جو اوتاری گئی ہیں اسلیے کہ تفرق کرنے والے ایمان لائے ساتھ بعض کے اور کافر ہوئے ساتھ بعض کے مانند قول اللہ تعالیٰ کے وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ تا قول اوسکے اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ **انصاف** کرون مین درمیان تمہارے یعنی حکم مین جسوقت کہ آپسمین جھگڑو تم پھر فیصلے کے لیے آؤ میرے پاس خدا پروردگار ہمارا ہے الخ یعنی ہم سب بندے اوسکے ہین ہمارے لیے عمل ہمارے ہین الخ یہ مانند اس قول اللہ تعالیٰ کے ہے لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ؀ یعنی تمہارے لیے دین تمہارا ہے اور میرے لیے دین میرا اور جائز ہے یہ کہ ہون معنی اسکے ہم نہین پکڑے جاوینگے بسبب اعمال تمہارے کے اور تم نہین پکڑے جاؤگے بسبب اعمال ہمارے کے پس ہر ایک جزا دیا جاویگا ساتھ عمل اپنے کے گفتگو نہین الخ یعنی کچھ جھگڑا نہین ہم مین اور تم مین اسلیے کہ حق ظاہر ہو چکا ہے اور تم مغلوب ہوئے ہو پس نہین حاجت ہے دلیل لانے کی اور نہ آپس کے جھگڑنے کی اور اوسی کی طرف ہے پھر جانا یعنی واسطے فیصلے کے پس فیصلہ کریگا درمیان ہمارے اور بدلہ لیگا ہمارے لیے تمسے + مد + وَاسْتَقِمْ کے معنی ہین ثابت رہ اوس دین پر کہ حکم کیا گیا ہے تجکو اوسکا وَقُلْ اٰمَنْتُ الخ یعنی کہہ کہ ایمان لایا مین اللہ کی ساری کتابون پر اور اُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ کی تفسیر مین ابن عباس نے کہا کہ حکم کیا گیا ہے مجکو یہ کہ نہ ظلم کرون مین تمپر اس طرح کہ جو احکام اللہ نے فرض کیے ہین اونسے زیادہ کے کرنے کو کہون مین اور بعضون نے کہا کہ حکم کیا گیا ہے مجکو کہ عدل کرون مین درمیان تمہارے بیچ تمام احوال و اشیا کے خدا پروردگار ہمارا ہے الخ یعنی معبود ہمارا ایک ہی ہے اگرچہ مختلف ہوئے اعمال ہمارے پس ہر ایک کو جزا دیگا بحسب عمل

اوسکے گفتگو نہین ہی الی نسخ کردیا اسکو آیت قتال نے اور جب کہ نہین حلم کیے گئے تھے ساتھ قتال کے اور حکم کیے گئے تھے ساتھ سبیل کے اسلام کی طرف نہین خصومت تمہی درمیان حضرت کے اور درمیان لوسکے کہ نہ اطاعت کرے + معا + روایت کی عبد بن حمید نے اور ابن جریر نے قتادہ سے بیچ تفسیر وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ کے کہ کہا قتادہ نے حکم کیا گیا نبی خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو عدل کرنے کا پس عدل کیا یہان تک کہ وفات ہوئی آپ کی پس عدل میزان اللہ کی ہی زمین مین ساتھ اوسکے لیتا ہی حق مظلوم کا ظالم سے اور حق ضعیف کا زبردست سے اور ساتھ عدل کے تجا کرتا ہی اللہ سچے کو اور جھوٹا کرتا ہی جھوٹے کو اور ساتھ عدل کے رد کرتا ہی زیادتی کرنے والے کو اور سرزنش کرتا ہی اسکو + درمنثور + تنبیہ + حاصل ان آیات کریمہ کا یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ کی توحید و دین اسلام پر قائم رہے اور شرک و کفر سے اپنے تئین بچاوے اور کافرون کی پیروی نکرے اور جتنی چیزین ضروریات دین کی ہین اونپر ایمان لاوے اور انصاف کو پیشہ کرے اسی لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو خصلتین ایسی ہین کہ کوئی چیز اونسے افضل نہین اَلْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَالنَّفْعُ لِلْمُسْلِمِيْنَ یعنی ایمان لانا اللہ تعالیٰ پر اور نفع پوہنچانا مسلمانون کے لیے اور دو خصلتین ایسی ہین کہ کوئی چیز بدتر اونسے نہین اَلشِّرْكُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَالْاِضْرَارُ لِلْمُسْلِمِيْنَ یعنی شریک کرنا اللہ تعالیٰ کا کسی چیز کو اور ضرر پوہنچانا مسلمانون کو اور ایک اور حدیث جامع انکی تفسیر ہونے مین کافی ہی وہ یہ ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے اصحاب کو اِسْتَحْيُوْا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ + یعنی حیا کرو اللہ سے حق حیا کرنے کا عرض کیا صحابہ نے کہ بلا شبہ ہم حیا کرتے ہین اللہ سے ای نبی اللہ کے شکر ہی خدا کا فرمایا نہین ہی یہ یعنی حق حیا یہ نہین ہی کہ تم کہتے ہو ہم حیا کرتے ہین ولیکن جو کوئی حیا کرے اللہ سے حق حیا کرنے کا فَلْيَحْفَظِ الرَّاْسَ وَمَا وَعٰى + یعنی پس چاہیے کہ محفوظ رکھے سر کو اور اوس چیز کو کہ جمع کیا ہی سر نے + وَلْيَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰى یعنی اور چاہیے کہ محفوظ رکھے پیٹ کو اور اوس چیز کو کہ جمع کیا ہی پیٹ نے + اور چاہیے کہ یاد کرے موت کو اور کہنگی کو قبر مین اور جو کوئی چاہے آخرت ترک کرے زینت دنیا کی پس جسنے کیا یہ پس تحقیق حیا کی اللہ سے حق حیا کرنے کا + منہبات و مشکوٰۃ +

وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ

اور جو لوگ جھگڑا ڈالتے ہین اللہ کی بات مین جب خلق اوسکو مان چکی اونکا جھگڑا ڈگ رہا ہی اونکے رب کے ہان اور اونپر غصہ

وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝

اور اونکو سخت مار ہی + معا +

اور جو لوگ کہ گفتگو کرتے ہین دین خدا مین بعد اسکے کہ قبول کیا گیا فرمان اوسکا یعنی ایک جماعت اسلام مین داخل ہوئی مکابرہ اونکا باطل ہی نزدیک پروردگار اونکے کے اور اونپر ہی غضب اور اونکے لیے ہی عذاب سخت + تفسیر + یا اون کتاب والون کو کہا جو سمجھے لوگون کو بہکاتے ہین شبہہ ڈالکر + مو + یعنی جو لوگ جھگڑتے ہین اللہ کے دین مین بعد اسکے کہ قبول کیا لوگون نے حکم اوسکا اور داخل ہوئے اسلام مین تو کہ پھیر دین اونکو طرف دین جاہلیت یعنی کفر کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا + یعنی چاہتے ہین بہت اہل کتاب مین سے کہ اگر پھیر دین تمکو بعد ایمان لانے تمہارے کے کافر کر کر اور جھگڑنے والے یہود و نصاری تھے کہ وہ کہتے تھے مومنون کو کتاب ہماری پہلے کتاب تمہاری کے ہی اور نبی ہمارا پہلے نبی تمہارے کے ہی پس ہم بہتر ہین تم سے اور اولیٰ ہین ساتھ حق کے اور بعضون نے کہا بیچ تفسیر مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ کے کہ بعد اسکے کہ قبول کی گئی بددعا محمد علیہ السلام کی مشرکون کے حق مین روز بدر کے پس فرمایا کہ جو لوگ جھگڑتے ہین اللہ کے دین مین بعد حالت مذکورہ کے حجت اونکی باطل ہی اور اسکو حجت کہا اگرچہ تھا شبہہ بحسب گمان اونکے کے کہ وہ حجت جانتے تھے اور غضب اونپر ہی

یعنی بسبب کفر اونکے کے اور اونکے لیے عذاب سخت ہی یعنی آخرت مین ؀ ملؔ

اَللّٰہُ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ وَ الۡمِیۡزَانَ ؕ وَ مَا یُدۡرِیۡکَ لَعَلَّ السَّاعَۃَ قَرِیۡبٌ ۝

الله وہ ہی جسنے اوتاری کتاب سچے دین پر اور ترازو اور تجکو کیا خبر ہی شاید وہ گھڑی پاس ہو + موؔ

خدا وہ ہی کہ اوتارا کتاب کو ساتھ حق کے اور ترازو کو بھی اور کس چیز نے مطلع کیا تجکو حقیقت امر پر شاید کہ آنا قیامت کا نزدیک ہو + **تفسیر** ؀ ترازو فرمایا دین حق کو جسمین بات پوری ہی نہ کم نہ زیادہ + ملؔ مراد کتاب سے جنس کتاب ہی یعنی سب کتابین کہ انبیا بھیجین گئین ساتھ حق کے یعنی ساتھ صدق کے اور ترازو سے مراد عدل ہی اور یعنی اوتارنے عدل کے یہ کہ اوسنے اوتارا عدل کو اپنی کتابون اوتاری گئی مین اور بعضون نے کہا وہ عین ترازو ہی کہ اوتاری گئی حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے مین آنا قیامت کا نزدیک ہو یعنی تجسے اور تو نجانتا ہو اور وجہ مناسبت قریب ہونے قیامت کی ساتھ اوتارنے کتابون اور میزان کے یہ ہی کہ قیامت دن حساب کا اور رکھنے ترازو دن عدل کا ہوگا پس گویا کہ کہا گیا کہ حکم کیا تمکو اللہ نے عدل کرنے کا اور عمل کرنے کا ساتھ شرائع کے پس عمل کرو تم ساتھ کتاب اور عدل کے پہلے اسکے کہ یکایک آجاوے تمپر دن حساب تمھارے کا اور وزن اعمال تمھارے کا + ملؔ عدل کو میزان فرمایا اسلیے کہ میزان آلہ انصاف اور تسویہ کی ہی کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ حکم کیا اللہ نے ساتھ پورا تولنے کے اور منع فرمایا کم تولنے سے + **صاؔ** مراد میزان سے یہی ترازو ہی کہ اوتاری تا بسبب تولنے چیزون کے ستم بیچ خرید و فروخت لوگون کے جاری نہو اور بعضون کے نزدیک میزان ذات محمدی کی ہی کہ قانون عدل بسبب اونکے مضبوط و آراستہ ہوا + **بحرؔ** روایت کی حاکم نے اور تصحیح کی اوسکی ابن عمر سے کہ وہ کھڑے تھے عرفات مین پس نظر کی طرف آفتاب کے جسوقت کہ قریب غروب کے ہوا اور ہوا مانند سپر کے پھر روئے شدت سے اور پڑھا قول اللہ تعالیٰ کا اَللّٰہُ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ وَ الۡمِیۡزَانَ تا لفظ قَرِیۡبٌ تک پس لوگون نے اسکا سبب پوچھا اونسے پس کہا اونھون نے کہ یاد آئے مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ وہ کھڑے ہوئے تھے جگہہ میری مین کہ یہ ہی پس فرمایا ای لوگو نہین باقی رہا اس دنیا تمھاری سے نسبت زمانہ گذشتہ کے مگر جیسا کہ باقی رہا اس دن تمھارے سے نسبت اوس وقت کے کہ گذر گیا اوس سے اور روایت کی ابن مردویہ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تحقیق ہم مین سے ایک شخص داخل ہوتا تھا پاخانے مین پس طیار رکھتا تھا چھاگل پانی کی پھر جبکہ نکلتا تھا وضو کر لیتا تھا بخوف اسکے کہ قائم ہو قیامت اور ہوگا نزدیک اوسکے بقیہ طعام سے پس کہیگا البتہ کھاؤنگا اوسکو یہان تک کہ برپا ہوگی قیامت اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا گیا مین اور قیامت مانند ان دونون کے یعنی سمجھانے کے لیے اونگلی شہادت کی اور بیچ کی کھڑی کر کر کلام مذکور فرمایا کہ جیسے ایک اونگلی دوسری اونگلی سے تھوڑی سی بڑھی ہوئی ہی ایسے ہی مین قیامت سے کچھ پہلے آیا ہون اور وہ قریب آنے والی ہی + **درمنثورؔ** +

یَسۡتَعۡجِلُ بِہَا الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِہَا ۚ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مُشۡفِقُوۡنَ مِنۡہَا ۙ وَ یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّہَا الۡحَقُّ ؕ

شتابی کرتے ہین اوسکی جو یقین نہین رکھتے اوسپر اور جو یقین رکھتے ہین اونکو اوسکا ڈر ہی اور جانتے ہین کہ وہ ٹھیک ہی

اَلَاۤ اِنَّ الَّذِیۡنَ یُمَارُوۡنَ فِی السَّاعَۃِ لَفِیۡ ضَلٰلٍۭ بَعِیۡدٍ ۝

سنتا ہی جو لوگ جھگڑتے ہین اوس گھڑی کے آنے مین وہ بہکے ہین دور + موؔ

جلدی طلب کرتے ہین قیامت کو وہ لوگ کہ ایمان نہین رکھتے ساتھ اوسکے اور جنھون نے باور رکھا ہی ڈرتے ہین اوس سے اور جانتے ہین کہ وہ سچ ہی آگاہ ہو تحقیق جو لوگ کہ جھگڑتے ہین قیامت کے آنے مین البتہ گمراہی دور مین ہین + **تفسیر** ؀ جلدی طلب کرتے ہین یعنی از راہ استہزا کے ڈرتے ہین اور دل اونکے کانپتے ہین اوس سے بسبب ہول اوسکے کے سچ ہی یعنی ہونے والی ہی بالضرور گمراہی دور مین مینا

۵۱ یعنی جب تھوڑا سا ہوتا ہی آفتاب اور روشنی اوسکی ہو وہ کیا آفتاب کی معلوم ہوتی ہی ... منہ

یعنی حق سے اسلیے کہ قائم ہونا قیامت کا بعید نہین ہی اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اور دلالت کرتی ہی کتاب و سنت اوپر واقع ہونے اوسکے
اور عقلین گواہی دیتی ہین اوپر کہ ضرور ہی دار الجزا کہا مقاتل نے کہ ذکر کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کا اس حال مین کہ آپکے پاس
ایک جماعت مشرکون کی بیٹھی تھی پس کہا اونہون نے کہ جھوٹ بولتا ہی تو کب ہوگی قیامت پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت **معالم**
مسئلہ جاننا چاہیے کہ اہل ضلال دو قسم ہین ایک قسم تو وہ ہین کہ ساتھ عقائد باطلہ اور کفر کے مبتلا ہین اور وہ بہتر فرقے ہین
کہ جو مذکور ہین اس حدیث مین سَتَفْتَرِقُ اُمَّتِيْ عَلٰى ثَلٰثَةٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهَا فِي النَّارِ اِلَّا وَاحِدَةً الخ
یعنی میری امت متفرق ہوگی بہتر فرقون پر وہ سب دوزخ مین ہونگے سوا ایک کے صحابہ نے عرض کیا کہ وہ ایک کون ہین فرمایا جو کہ ہوا اوس
راہ پر کہ جسپر مین ہون اور اصحاب میرے اور تعداد ان فرقون کے نامون کی بحسب کہنے حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے
غنیۃ الطالبین مین یہ ہین خوارج کہ جنھون نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر خروج کیا پندرہ ان فرقے ہین نجدات تمیم ازارقہ فدکیہ عطویہ
عجاردہ حازمیہ مجہولیہ صلتیہ اخنسیہ ظفریہ اباضیہ بیہسیہ ثم اخنیہ بدعیہ اور شیعہ اور رفضہ کہ جنھون نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو سب صحابہ پر
فضیلت دی تین قسم ہین ایک قسم تو غالیہ کہ بارہ ان فرقے ہین بنانیہ طیاریہ حربیہ مغیریہ خطابیہ معمریہ بزیعیہ مفضلیہ شیتانیہ سریعیہ
سبائیہ مفوضیہ قسم دوسری زیدیہ کہ چھ فرقے ہین جارودیہ سلیمانیہ تبریہ نعیمیہ یعقوبیہ اور ایک اور ہی تیسری قسم رفضہ کہ جو ان فرقے
ہین قطعیہ کیسانیہ کربیبیہ مغیریہ غنیہ ناوسیہ اسماعیلیہ قرامطیہ مبارکیہ شمطیہ عماریہ ممطوریہ موسویہ امامیہ اور مرجیہ کہ رجا کو غالب
رکھتے ہین اور کلمہ گو کے لیے داخل ہونا آگ کا نہین تجویز کرتے ہین بارہ ان فرقے ہین ہندلیہ جہمیہ صالحیہ شمریہ یونسیہ یونانیہ نجاریہ
غیلانیہ شبیبیہ معاذیہ مریسیہ کرامیہ حنفیہ یعنی جو کہ اپنے تئین نسبت حنفیہ کی طرف کرتے ہین اور لوگ اونکے اصل عقائد پر نہین ہین چنانچہ ذکر
اونکا شرح مواقف وغیرہ مین لکھا ہی اور معتزلہ قدریہ چھ فرقے ہین ہذلیہ نظامیہ معمریہ جبائیہ کعبیہ بہشمیہ اور یہ نفی حق تعالیٰ کی صفتونکی
کرتے ہین اور مشبہ تین فرقے ہین ہشامیہ مقاتلیہ واصمیہ اور یہ خدا کے لیے جسم ثابت کرتے ہین اور ایک فرقہ جہمیہ ہی اور ایک ضراریہ اور
ایک نجاریہ اور ایک کلابیہ اور عقائد باطلہ تمام ان فرقون کے مع رد اونکے غنیہ مین مذکور ہین جو چاہے اوسمین سے دیکھ لے اور بطلان اور
کفر اونکا اونکے عقائد سے ظاہر ہی اور فرقہ ناجیہ کہ حدیث مین ذکر ہوا اہل حق کے نزدیک فرقہ اہل سنت و جماعت کا ہی کہ مذہب حنفی اور شافعی
اور حنبلی اور مالکی رکھتے ہین اور یہ مسئلہ زیادہ اس سے سورۂ مومنون مین بھی گذرا ہی قسم دوسری اہل ضلال سے ہین منکر حساب اور عذاب اور ثواب
کے اور متحیر انکے واقع ہونے مین اور مقدم رکھنے والے دنیا کو آخرت پر اور مغرور بسبب نعیم دنیاوی اپنی کے اور مغرور رحمت الٰہی پر ہین سب
مسلمانون کو ان تمام عقائد باطلہ سے بچنا واجب ہی تو بیچ بُعد اور حجاب اور غضب خدا کے نہ پڑین اور ایمان و اعمال نابود نہون نعوذ باللہ **بحر**

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

اللہ نرمی رکھتا ہی اپنے بندون پر روزی دیتا ہی جسکو چاہے اور وہ ہی زور آور زبردست **موضح**

خدا مہربان ہی اپنے بندون پر روزی دیتا ہی جسکو چاہے اور وہ ہی توانا غالب **تفسیر** مہربان ہی بیچ پہنچانے نفعون کے
اور پھیرنے بلاؤن کے ایسی وجہ پر کہ دشوار ہی معلوم کرنا اوسکا یا بڑا ہی احسان کرنے والا ہی اپنے بندون پر کہ اوسکا احسان سبکو پہونچتا ہی
اور بعضون نے کہا لطیف وہ ہی کہ غوامض امور کو ساتھ علم کے جانے اور جرائم جمہور کے ساتھ حلم کے معاف کرے اور بعضون نے کہا
لطیف بمعنی پوشیدہ کار کے ہی کہ کوئی اوسکے سر قضا و قدر کی طرف راہ نپاوے اور اوسکے کار مین چون و چرا دخل نرکھے اور بعضون
نے کہا لطیف بمعنی رفیق کے ہی یعنی نرمی کرنے والا ہی اپنے بندون پر اور بعضون نے کہا لطیف وہ ہی کہ پھیلاوے مناقب لوگون کے
اور چھپاوے عیوب اونکے یا لطیف وہ ہی کہ عفو کرے گنہگار سے یا لطیف وہ ہی کہ دیوے بندے کو زیادہ قدر کفایت سے اور تکلیف دے

ف خوارج ۱۵ روافض ۱۲ زیدیہ ۶ رفضہ ... معتزلہ ۶ مشبہ ۳ جہمیہ ۱ ضراریہ ۱ نجاریہ ۱ کلابیہ ۱ — ۷۲

ع ۲ / ۱۰

اوسکو طاعت کی کم طاقت ہے اور جنید سے ہی کہ لطف باولیاءہ فعرفوہ ولو لطف باعدائہ ما جحدوہ یعنی مہربانی کی اوسنے اپنے دوستون پر پس پہچانا اونھون نے اوسکو اور اگر مہربانی کرتا اپنے دشمنون پر نہ انکار کرتے اوسکا کہا مقاتل نے لطیف ہی یعنی مہربان نیک کار و بدکار پر اس سبب سے کہ نہین ہلاک کیا اونکو بھوک سے بسبب گناہون اونکے کے روزی دیتا ہی الخ یعنی فراخ کرتا ہی رزق اوسکا کہ چاہتا ہی جب چاہتا ہی مصلحت اوسکی اوسمین حدیث شریف مین ہی کہ بلاشبہہ بعضے میرے بندے مومنون سے وہ ہین کہ نہین سنوارتا ہی اونکے ایمان کو مگر غنی یعنی تونگری اگر محتاج کرون مین اونکو تو تباہ کر دے اونکے ایمان کو محتاجگی اور بلاشبہہ بعضے میرے بندے مومنون سے وہ ہین کہ نہین سنوارتا ہی اونکے ایمان کو مگر فقر یعنی محتاجگی اگر غنی کرون مین اونکو تو البتہ تباہ کر دے اونکے ایمان کو غنی یعنی تونگری اور قوی کے یہ معنی ہین کہ وہ بڑی ہی قدرت رکھتا ہی اور غالب ہی ہر چیز پر اور عزیز وہ غالب ہی کہ کبھی مغلوب ہی نہو یا قوی العزیز کے معنی یہ ہین کہ قوی ہی اپنی مراد پر اور غالب ہی اپنے امر پر ✝ مل ✝ معا ✝ جلا ✝

مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِي حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا

جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی بڑھاوین ہم اوسکو اوسکی کھیتی اور جو کوئی ہو چاہتا دنیا کی کھیتی اوسکو دین ہم کچھ اوسمین سے

وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيبٍ ۝

اور اوسکو نہین آخرت مین کچھ حصہ ✝ ۵ ✝ ق

جو کوئی چاہتا ہو کھیتی آخرت کی بڑھادین ہم اوسکے لیے بیچ کھیتی اوسکی کے اور جو کوئی چاہتا ہو کھیتی دنیا کی دین ہم اوسکو کچھ دنیا اور نہین ہی اوسکے لیے آخرت مین کچھ حصہ ✝ تفسیر ✝ دنیا کے واسطے جو محنت کرے موافق قسمت کے ملے پھر اوسکو محنت کا فائدہ آخرت مین نہین ✝ مل ✝ حرث لغت مین کہتے ہین کسب یعنی کمائی کو یعنی جو کوئی چاہے ساتھ عمل اپنے کے کمائی آخرت کی کہ وہ ثواب ہی بڑھادین ہم اوسکی کھیتی مین یعنی ساتھ توفیق دینے کے عمل اوسکے مین یا تضعیف کے اوسکے حسنات مین کہ ایک نیکی کا دہ چند اور زیادہ ثواب دین جتنا چاہین یا بڑھانا یہ ہی کہ دنیا اور آخرت دونون ملین اور جو کوئی چاہتا ہو کھیتی دنیا کی یعنی جو شخص کہ ہو عمل اوسکا دنیا کے لیے اور نہ ایمان لایا ساتھ آخرت کے دین ہم اوسکو کچھ دنیا سے اور وہ رزق اوسکا ہی کہ جو مقدر ہی اوسکے لیے نہ جو کچھ کہ چاہتا ہی اور ڈھونڈتا ہی اور نہین ہی اوسکے لیے آخرت مین کچھ حصہ یعنی نہین ہی اوسکے لیے حصہ ہرگز آخرت مین اور نہ ذکر کیا عامل آخرت کے حق مین وَلَهٗ فِي الدُّنْيَا نَصِيبٌ ✝ باوجودیکہ رزق مقسوم اوسکا پہونچتا ہی طرف اوسکے واسطے حقیر جاننے اوسکے کے مقابلے مین اوس چیز کے کہ وہ دی اوسکے ہی کہ وہ پاک کرنا عمل اپنے کا ہی اور مطلب یاب ہونا دار آخرت مین ابن عباسؓ سے روایت ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ الخ کہ جو کوئی چاہے عیش آخرت کا زیادہ کرین ہم بیچ کھیتی اوسکی کے اور کہا بیچ تفسیر وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا الخ کے کہ جو کوئی ترجیح دے اپنی دنیا کو آخرت پر نہین مقرر رکھا ہی اللہ نے اوسکے لیے حصہ آخرت مین مگر آگ اور نہین زیادہ کرتا ہی بسبب اوسکے دنیا سے کچھ مگر رزق کہ فراغت کی گئی اوس سے اور قسمت مین کیا گیا اوسکے لیے اور اسی کے مانند روایت ہی قتادہ سے اور انس سے کہ کہا وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيبٍ نازل ہوئی یہود کے حق مین اور روایت کی احمد اور حاکم نے اور تصحیح کی اوسکی حاکم نے اور روایت کی ابن مردویہ اور ابن حبان نے ابیّ بن کعب سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بَشِّرْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ بِالسَّنَاءِ وَالرِّفْعَةِ وَالنَّصْرِ وَالتَّمْكِينِ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ يَطْلُبُوا الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْاٰخِرَةِ الخ یعنی خوشخبری دے اس امت کو ساتھ نور اور رفعت درجات کے اور مدد کے اور قدرت پانے کے زمین مین جب تک کہ نہ طلب کرین دنیا ساتھ عمل آخرت کے پس جو کوئی کرے اونمین سے عمل آخرت کا واسطے دنیا کے نہین ہوگا اوسکے لیے آخرت مین کچھ حصہ اور روایت کی حاکم نے اور تصحیح کی اوسکی اور بیہقی نے شعب الایمان مین ابی ہریرہؓ سے کہ کہا پڑھی رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ الخ پھر فرمایا کہ فرماتا ہی اللہ تعالی ابن آدم تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِي أَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى وَأَسُدَّ فَقْرَكَ وَإِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَكَ یعنی اے بیٹے آدم کے فارغ ہو میری عبادت کے لیے بھردونگا مین سینہ تیرا بے پروائی سے اور بند کرونگا محتاجگی تیری اور اگر نہ کریگا تو مین نہ فارغ ہو ویگا بھردونگا ہاتھ تیرا شغل سے اور نہ بند کرونگا محتاجگی تیری کہا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ اگر تحقیق عالم محفوظ رکھتے علم کو اور رکھتے اوسکو نزدیک اہل اوسکے یعنی دین اور دیانت کہ جو قدر علم کی جانتے ہین البتہ سردار ہوئے سبب اوسکے اپنے وقت کے لوگون پر ولیکن خرچ کیا اونھون نے اوسکو دنیادارون کے لیے تو کہ پاوین سبب اوسکے کچھ دنیا اوس کی سے پس ذلیل ہوئے اونکے نزدیک سنا ہی مین نے تمھارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے مَنْ جَعَلَ الْهُمُومَ هَمًّا وَاحِدًا هَمَّ آخِرَتِهِ كَفَاهُ اللهُ هَمَّ دُنْيَاهُ وَمَنْ تَشَعَّبَتْ بِهِ الْهُمُومُ أَحْوَالَ الدُّنْيَا لَمْ يُبَالِ اللهُ فِي أَيِّ أَوْدِيَتِهَا هَلَكَ یعنی جو کوئی ایسے سب قصدون کو ایک قصد قصد آخرت اپنی کا کہ سوا آخرت کے کچھ مقصود نہ رکھے کافی ہوگا اوسکو اللہ مقصود دنیائی اوسکے اور جسکو پریشان کرین قصد کہ پریشانیان دنیا کی ہین تو نہین پروا کرتا ہی اللہ کہ بیچ کس حالات دنیا کے ہلاک ہوا اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے ہی کہ کہا کھیتی دو کھیتیان ہین پس کھیتی دنیا کی مال ہی اور اولاد اور کھیتی آخرت کی باقیات صالحات ہین یعنی نیکیان باقی رہنے والی جیسے تسبیحات وغیرہ کہ ثواب انکا ہمیشہ کو رہیگا کہا مترجم نے کہ ذکر کی گئی نزدیک عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ایک قوم کہ قتل کی گئی جہاد مین پس کہا عبد اللہ بن مسعود نے کہ نہین ہی جیسے کہ تمھارے گمان مین ہی کہ جہاد وہ ہی کہ ملین دو جماعتین بلکہ حقیقت یہ ہی کہ اوترتے ہین فرشتے پس لکھے جاتے ہین لوگ اپنے اپنے مراتب پر کہ فلانا لڑتا ہی دنیا کے لیے اور فلانا لڑتا ہی ملک کے لیے اور فلانا لڑتا ہی نام و نمود کے لیے اور مانند انکے کے اور فلانا لڑتا ہی اس حال مین کہ چاہتا ہی رضامندی اللہ تعالی کی پس یہ جنتی ہی کہا زر بن حبیش نے کہ پڑھا مین نے قرآن اول سے آخر تک علی بن ابی طالب پر پس جب پونہچا مین حامیمون پر کہا علی رضی اللہ تعالی عنہ نے میرے لیے کہ تحقیق پونہچا تو عرائس قرآن پر یعنی بمنزلہ دولھنون کے ہین قرآن مین سبب خوش نمونی و فصاحت و بلاغت کے پس جب پونہچا مین بائیسوین آیت پر حٰمٓ عسٓقٓ مین سے رونے حضرت علی رضی اللہ عنہ پھر دعا کی اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِخْبَاتَ الْمُخْبِتِينَ وَإِخْلَاصَ الْمُوقِنِينَ وَمُرَافَقَةَ الْأَبْرَارِ وَاسْتِحْقَاقَ حَقَائِقِ الْإِيمَانِ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ وَوُجُوبَ رَحْمَتِكَ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ؏ پھر کہا اے زر جب ختم کرے تو یعنی قرآن بعد دعا کر ساتھ ان الفاظ کے اسلیے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا مجکو یہ کہ دعا کرون مین ساتھ ان الفاظ کے وقت ختم کرنے قرآن کے **ملا در منثور**

أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۗ

کیا انکے اور شریک ہین جو راہ ڈالی ہی اونھون نے انکے واسطے دین کی جسکا حکم نہین دیا اللہ نے اور اگر نہوتی بات فیصلہ کی تو فیصلہ ہو جاتا انکو

وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

اور بیشک جو گنہگار ہین اونکو دکھ کی مار ہی **مق**

کیا کافرون کے لیے وہ شریک ہین کہ مقرر کیا ہی اونھون نے انکے لیے دین سے جو کچھ کہ نہین فرمایا ہی اوسکو خدا نے اور اگر نہوتا وعدہ فیصل کرنیکا تو البتہ فیصل کیا جاتا درمیان انکے اور تحقیق ظالم انکے لیے ہی عذاب درد دینے والا **تفسیر** کہا بعضون نے کہ ام منقطعہ ہی اور تقدیر اوسکی یہ ہی بل الہم شرکاء یعنی بلکہ کیا کفار مکہ کے لیے شریک ہین وہ شیاطین انکے کہ مقرر کیا اونھون نے واسطے انکے دین فاسد سے جو کچھ کہ نہین فرمایا ہی اوسکو خدا نے مانند شرک کے اور انکار بعث کے وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ یعنی اگر نہوتی قضا سابق ساتھ تاخیر جزا کے یا اور اگر نہوتا وعدہ اسکا کہ ہوگا فیصلہ روز قیامت کے تو البتہ فیصلہ کیا جاتا درمیان کافرون اور مومنون کے یا جلدی کیا جاتا عذاب کافرون کے لیے

دنیا مین اور تحقیق ظالم یعنی مشرک انکے لیے عذاب دردناک ہوگا آخرت مین اگرچہ تاخیر دیا گیا ہی اونسے وار دنیا مین ❊ **حل جلال** ❊
مسئلہ ❊ جو کوئی منکر شریعت کا اور تارک عمل کا اوسپر ہو کافر ہی اگرچہ ظاہر مین دعوی اسلام کا بھی رکھے جیسے کہ ملحد ہوتے ہین
عذاب کرنا اونکو دنیا اور آخرت مین لازم ہی اس زمانے ہمارے مین ایسے لوگ بہت ہین کہ ظاہر مین صورت درویشی کی رکھتے ہین اور
تارک شرع کے بلکہ منکر اوسکے ہین اب عوام کالانعام کو کیا کہنا چاہیے پس وہ کہتے ہین کہ ہم ساتھ اعمال قلبی اور مشاہدے کے مستغرق ہین
احتیاج اعمال ظاہری کی نہین رکھتے یہ تمام فریب نفسانی اور بہکاوہ شیطانی ہی یہ بدبخت قطع نظر فہم اور سننے دلائل عقلی اور نقلی اور احوال
باطنی کے اسقدر بھی نہین سمجھتے ہین کہ اتنے انبیا اور اولیا اور مومن گذرے ہین باوجود اس قرب خدا اور کشف و کرامات کے کوئی قید
تکلیف شرعی سے باہر نہین ہوا ہی اور مرتے دم تک اوسپر ثابت رہے ہین خصوصا پیغمبر ہمارے صلی اللہ علیہ وسلم کہ سبب پیدا ہونے مخلوقات
کے ہین اور مامون العاقبۃ ہین بموجب خبر دینے خدا تعالی کے وقت انتقال تک عبادات سے باز نرہے اور عبادت ہی کا حکم رہا آپ کو کہ
فرمایا اللہ تعالی نے وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ یعنی عبادت کرتا رہ اپنے رب کو یہان تک کہ آوے تجکو موت پس جبکہ
یہ مقرب بالتحقیق ایسے رہے ہون تو اورون کو کیا مجال دم زدن ہی پس کسی سے جب تک کہ دنیا مین ہی تکلیفین شرعی ساقط نہین ہوتین
اور نہ ہووین جو کوئی معتقد سقوط تکالیف شرعی کا ہو کافر ہی اور ترک کرنا عمل کا بسبب سبک و سہل جاننے شرع کے بھی کفر ہی مگر جو کہ
مجذوب و مسلوب العقل ہین البتہ وہ معذور شرعی ہین پس سبھون کو خصوصا سالک کو چاہیے کہ کسی وقت اتباع شریعت کو ہاتھ سے نہ دے
کہ اصل و بنیاد تمام چیزون کی ہی اور راہ مستقیم اللہ کے پاس پہونچنے کی یہی شریعت ہی اور طریقت و معرفت اور حقیقت تمام نتائج اور ثمرات
شریعت کے ہین کسی طرح انمین جدائی نہین اگرچہ کج بینون کی سمجھ مین نہ آوے اسلیے کہ شریعت اقوال اور احکام الہی اور نبوی ہین اور
معانی حقائق الہی ہین اور اسی لیے اتفاق سب محققین اولیا کا اسپر ہی کہ جو حقیقت کہ خلاف شرع ہو مردود ہی اور حقانی نہین ہی بلکہ
تخیلات نفسانی اور وساوس شیطانی ہین اگرچہ اونکے اہل سے خوارق بھی ظاہر ہون قاعدہ کلیہ سب بزرگوارون رحمہم اللہ نے یہی
بیان کیا ہی كُلُّ حَقِيْقَةٍ لَا يَشْهَدُ لَهَا الشَّرِيْعَةُ فَهِيَ زَنْدَقَةٌ یعنی جو حقیقت کہ نہ گواہی دے اوسکی شریعت پس وہ زندقہ
یعنی بیدینی کفر ہی اور اجماع ہی اسپر کہ وصل بخدا ہونا اور پہونچنا تمام کمالات ظاہری و باطنی کو سوا راہ شریعت کے میسر نہین آتا اور شریعت
صورت حقیقت کی اور حقیقت باطن شریعت کا ہی جب تک کہ بندہ عالم صورت مین ہی اوسکو تلبس سے ساتھ صورت حقیقت کے چارہ نہین ❊
بیت خلاف پیمبر کسی رہ گزید ❊ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید ❊ فرمایا اللہ تعالی نے قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى
بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ کہ یہ راہ میری ہی اور تفسیر کیا اوسکو ساتھ قول اپنے کے کہ بلاتا ہون مین طرف دین اللہ کے اوپر حجت واضح
کے مین اور جو کہ ایمان لائے ساتھ میرے اور فرمایا قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ اور کہہ اگر ہو تم دوست رکھتے
اللہ کو پس پیروی کرو میری دوست رکھے گا تمکو اللہ ❊ اور حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فتوح الغیب مین فرمایا
فَتَكُوْنُ كُلِّيَّتُكَ قُدْرَةً تَسْمَعُ بِاللّٰهِ وَتُبْصِرُ بِاللّٰهِ وَتَنْطِقُ بِاللّٰهِ وَتَبْطِشُ بِاللّٰهِ وَتَعْقِلُ بِاللّٰهِ وَتَطْمَئِنُّ وَتَسْكُنُ بِاللّٰهِ فَتَعْمٰى
عَمَّا سِوَاهُ وَتَصَمُّ عَنْهُ فَلَا تَرٰى لِغَيْرِهٖ وُجُوْدًا مَعَ حِفْظِ الْحُدُوْدِ وَلُزُوْمِ الْاَمْرِ وَالنَّوَاهِيْ فَاِنِ
انْخَرَمَ فِيْكَ شَيْءٌ مِّنَ الْحُدُوْدِ فَاعْلَمْ اَنَّكَ مَفْتُوْنٌ مُتَلَاعِبَةٌ بِكَ الشَّيَاطِيْنُ فَارْجِعْ اِلٰى حُكْمِ الشَّرْعِ
وَالْزَمْهُ وَدَعْ عَنْكَ الْهَوٰى كُلُّ حَقِيْقَةٍ لَا يَشْهَدُ لَهَا الشَّرْعُ فَهِيَ زَنْدَقَةٌ یعنی پس ہوگا سارا وجود تیرا
قدرت خدا کی سنے گا تو خدا ہی کی قدرت سے اور دیکھے گا تو خدا ہی کی قدرت سے اور بولیگا تو خدا ہی کی قدرت سے اور پکڑیگا تو کسی چیز کو
خدا ہی کی قدرت سے اور سمجھیگا تو خدا ہی کی قدرت سے اور چین و تسکین پاویگا تو ساتھ اللہ کے پس اندھا ہو جائیگا تو اون چیزون سے کہ سوا اوسکے ہین

اور بہا ہو جائیگا غیر اللہ سے پس نہین دیکھنے کا تو اوسکے غیر کے لیے وجود ساتھ محافظت حدود کے اور لازم کرنے اوامر و نواہی کے پس اگر نقصان آجاوے تمہین کچھ درباب حدود کے پس جان لے کہ تو فتنے مین ڈالا گیا کھیلتے ہین یعنی مسخر بناتے ہین تجکو شیاطین پس رجوع کر طرف حکم شرع کے اور لازم کر اوسکو اور چھوڑ اپنے سے ہوس کو جو حقیقت کہ نہ گواہی دے اوسکے لیے شرع پس وہ زندقہ ہی آور احکام شرعی سب ظاہر ہین آور حدیث و فقہ کی کتابون مین مذکور ہین اور ضرور ہی اس کتاب مین بھی ہین پس اول اونپر عمل کرنا چاہیے اور مضبوط و مستقیم ہونا چاہیے کہ یہ اصل ہین جب اصل مضبوط ہوئے گی تو خواہ مخواہ پھل اوسکا ظہور کریگا اور وہ ایک نور اور ذوق ہی ساتھ محبت کے کہ بندے کے دل مین پیدا ہوتا ہی اور ارادہ مشاہدہ محبوب کو حرکت دیتا ہی اور بے اختیار بیچ چلنے راہ وصول کے کہ ریاضت اور مجاہدہ اور تزکیہ نفس کا ہی چست و سرگرم کرتا ہی اور بموجب مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ ذِكْرَهٗ کے ہمیشہ ذکر و فکر مین مستغرق ہوگا اور اسکو اور اخلاق حمیدہ کے حاصل کرنے کو اور اخلاق ذمیمہ کے دفع کرنے کو طریقت کہتے ہین جیسا کہ بجا لانے اوامر کو اور بچنے کو ممنوعات سے شریعت کہتے ہین اور جب طریقت مین مضبوط ہوگا تو بالضرور نور معرفت کا ظہور کریگا کہ وہ پہچاننا اپنا اور خدا کا اور حقائق اشیا کا ہی پس دیکھیگا کہ ظاہر و باطن مین سوائے ایک وجود واجب الوجود کے فاعل و مؤثر نہین ہی اور جو کچھ کہ ہی نشانیان اوسکی قدرت کی ہین جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا یعنی جنھون نے مشقت کی ہماری راہ مین البتہ دکھاوینگے ہم اونکو راہین اپنی اور حضور مع اللہ بدون مجاہدے کے محال ہی اور جب سالک نے اس مرتبے مین استقرار پایا اور یہ حالت غالب آئی تو فنا فی اللہ اور بقا باللہ حاصل ہوتا ہی اور اسی کو حقیقت کہتے ہین شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ بیچ رسالہ مرج البحرین کے فرماتے ہین تصوف ساتھ فقہ کے محتاج ہی اور فقہ تصوف سے مستغنی ہی اگرچہ تصوف اعلی اور ارفع ہی فقہ سے مرتبے مین ولیکن فقہ اعم اور اسلم ہی مصلحت دین پس اول تمسک ساتھ عروۂ وثقی شریعت اور فقاہت کے کرے بعد اوسکے بالاخانہ حقیقت اور تصوف پر چڑھے فقاہت مرتبہ اسلام ہی اور کلام یعنی علم عقائد درجہ ایمان اور تصوف مقام احسان ہی چنانچہ یہ تینون چیزین حدیث جبرئیل مین بیان کی گئی ہین امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا مَنْ تَصَوَّفَ وَلَمْ يَتَفَقَّهْ فَقَدْ تَزَنْدَقَ وَمَنْ تَفَقَّهَ وَلَمْ يَتَصَوَّفْ فَقَدْ تَفَسَّقَ وَمَنْ جَمَعَ بَيْنَهُمَا فَقَدْ تَحَقَّقَ یعنی جو صوفی بنا اور فقیہ نہوا ایسی تحقیق زندیق ہوا اور جو فقیہ ہوا اور صوفی نہوا ایسی تحقیق پھیکا پھاکا ہوا اور جسنے دونون چیزین حاصل کین پس تحقیق محقق ہوا اور اسی لیے کہا ہی علما نے کہ اگرچہ تصوف اعلی درجہ اور علت غائی وضع شریعت کی ہی لیکن اگر کوئی اوس سے عاری ہو اور محض ظاہر شرع پر مستقیم رہے دائرۂ دین اور حصول مغفرت اور دخول جنت سے باہر نہین نکلنے کا بخلاف اوسکے کہ تارک شرع کا ہو کہ اوسکو تصوف وغیرہ کچھ کام نہین آنے کے نعوذ باللہ منہ بحر

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ

تو دیکھے گنہگار ڈرتے ہونگے اپنی کمائی سے اور وہ پڑتا ہی اونپر اور جو یقین لائے اور بھلے کام کیے باغون مین ہین

الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝

بہشت کے اونکو ہی جو چاہین اپنے رب کے پاس یہی ہی بڑی بزرگی موضح

دیکھیگا تو ظالمون کو ڈرتے ہوئے سزا اوس چیز کی سے کہ عمل مین لائے ہین اور وہ البتہ پہونچنے والی ہی اونکو اور جو لوگ کہ ایمان لائے ہین اور کام کیے اچھے بیچ سبزہ زار بہشتون کے ہونگے اونکے لیے ہوگا جو کچھ چاہین گے نزدیک پروردگار اپنے کے یہی ہی فضل بڑا تفسیر ظالمون کو یعنی مشرکون کو روز قیامت کے سزا اوس چیز کی سے الخ یعنی دنیا مین جو برائیان اور کفر کرتے تھے اوسکی سزا کا ڈر ہوگا اور وہ یعنی سزا پہونچیگی اونکو خواہ مخواہ ڈرین یا نہ ڈرین فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ کے معنی ہین ہونگے بیچ پاکیزہ ترین بہشتون کے بنسبت اونکے کہ سوائے اونکے ہین فضل بڑا اول قلیل پر اور ابن جریر نے ابی طیبہ سے روایت کیا بیچ تفسیر لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ کے کہ کھانا پینا اہل جنت کا

یعنی جو کوئی دوست رکھتا ہے کسی چیز کو بہت کرتا ہی یاد اوسکا ۵

۴۳

۴۴

یعنی کبھی یہ ہوگا کہ سایہ کریگا اونپر ابر پس کہیگا کیا برساؤن تمپر کہا ابو طیبہ نے پس نہین چاہیگا کوئی چاہنے والا قوم سے کچھ مگر کہ وہی برساویگا اونپر یہان تک کہ ایک کہنے والا اونمین سے کہیگا کہ برسا ہمپر عورتین نوجوان چھاتیان اوٹھی ہوئی پس وہی برساویگا ✣ **مل**

درمنثور ✣ جلالین ✣ تنبیہ ✣ اس آیت کریمہ سے بُرائی کفر و شرک کی اور خوبی اسلام و طاعات کی معلوم ہوئی اور جابجا کلام مجید مین بُرائی کفر و شرک کی اور خوبی ایمان و طاعات کی مذکور ہی منجملہ اوسکے یہ آیت ہی اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغۡفِرُ اَنۡ یُّشۡرَكَ بِهٖ وَیَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَمَنۡ یُّشۡرِكۡ بِاللّٰهِ فَقَدِ افۡتَرٰۤی اِثۡمًا عَظِیۡمًا یعنی بلاشبہ اللہ نہین بخشتا ہی یہ کہ اوسکا شریک پکڑے اور بخشتا ہی اس سے نیچے جسکو چاہے اور جسنے شریک ٹھہرایا اللہ کا اوسنے بڑا طوفان باندھا اور اور جگہ فرمایا اِنَّ الشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِیۡمٌ ۝ یعنی بلاشبہ شرک بڑا ہی ظلم ہی اور فرمایا وَالۡعَصۡرِ ۝ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۝ اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ۝ یعنی قسم ہی عصر کی بلاشبہ انسان البتہ ٹوٹے مین ہی مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے اور آپسمین تقید کی سچے دین کی اور آپسمین تقید کی صبر کی اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہین کہ بلاشبہ دنیا کی نعمتون مین سے کفایت کرتا ہی تجکو اسلام نعمت ہونے مین اور بلاشبہ شغلون مین سے کفایت کرتی ہی تجکو طاعت شغل ہونے مین اور بلاشبہ عبرتون مین سے کفایت کرتی ہی تجکو موت عبرت ہونے مین اور فرمایا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ جو کوئی ہو بسبب طاعت کے نزدیک اللہ کے قریب ہوگا درمیان لوگون کے عزیز اور فرمایا حَرَكَةُ الطَّاعَةِ دَلِیۡلُ الۡمَعۡرِفَةِ کَمَا اَنَّ حَرَكَةَ الۡجِسۡمِ دَلِیۡلُ الۡحَیٰوةِ یعنی حرکت طاعت کی دلیل معرفت کی ہی جیسے کہ حرکت جسم کی دلیل ہی زندگانی کی اور حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا غِنَی الدُّنۡیَا بِالۡمَالِ وَغِنَی الۡاٰخِرَةِ بِالۡاَعۡمَالِ الصَّالِحَةِ یعنی تونگری دنیا کی ساتھ مال کے ہی اور تونگری آخرت کی ساتھ اعمال صالحہ کے اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہین هَمُّ الدُّنۡیَا ظُلۡمَةٌ فِی الۡقَلۡبِ وَهَمُّ الۡاٰخِرَةِ نُوۡرٌ فِی الۡقَلۡبِ یعنی فکر دنیا کی سبب تاریکی کی ہی دل مین اور فکر آخرت کی سبب نور کی ہی دل مین ✣ **منبہات** ✣

ذٰلِكَ الَّذِیۡ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَیۡهِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّةَ

یہ خوش خبری دیتا ہی اللہ اپنے ایمان دار بندون کو جو کرتے ہین بھلے کام تو کہہ مین مانگتا نہین تمسے اسپر کچھ نیگ مگر دوستی چاہیے

فِی الۡقُرۡبٰی ؕ وَمَنۡ یَّقۡتَرِفۡ حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهٗ فِیۡهَا حُسۡنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ۝

ناتے مین اور جو کوئی کماویگا نیکی ہم اوسکو بڑھاوین اوسکی خوبی بیشک اللہ معاف کرتا ہی حق ماننا ✣ **موضح** ✣

یہ وہ ثواب ہی کہ بشارت دیتا ہی خدا اون اپنے بندون کو کہ ایمان لائے ہین اور کام کیے اچھے کہہ نہین مانگتا مین تمسے قرآن کے پہنچانے پر کچھ مزدوری لیکن چاہیے کہ لازم پکڑو دوستی درمیان اپنون کے یعنی ساتھ میرے صلہ رحم کرو اور ایذا نہ پہنچاؤ اور جو کوئی کرے نیکی بڑھاوین ہم واسطے اوسکے اوس نیکی مین خوبی کو بلاشبہ خدا بخشنے والا قدر شناس ہی ✣ **تفسیر** ✣ جائز ہی یہ کہ ہو استثنا متصل یعنی نہین مانگتا مین تمسے مزدوری مگر یہ کہ دوست رکھو تم میرے قرابتیون کو اور جائز یہ بھی ہی کہ ہو یہ استثنا منقطع یعنی نہین مانگتا مین تمسے مزدوری ہرگز و لیکن مانگتا ہون مین تمسے یہ کہ دوست رکھو تم میرے اون قرابتیون کو کہ وہ قرابتی تمھارے بھی ہین اور نہ ایذا دو تم اونکو اور روایت کیا گیا ہی کہ یہ آیت جب اوتری تو صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کون ہین یہ قرابتی آپکے کہ جنکی واجب ہوئی ہمپر محبت فرمایا آنحضرت نے وہ علی ہین اور فاطمہ اور دونون بیٹے اونکے یعنی حسن و حسین رضی اللہ تعالی عنہم اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین کہ نہین مانگتا مین تمسے اوسپر مزدوری مگر یہ کہ دوست رکھو مجکو سبب قرابت میری کے کہ تم مین ہی اور نہ ایذا دو مجکو اور نہ ورغلاؤ اور کافرون کو میری ایذا پر اسلیے کہ نہین تھا کوئی قبیلہ قریش کے قبیلون مین سے مگر کہ درمیان رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور درمیان اونکے قرابت تھی اور بعضون نے

کہا کہ قربیٰ یعنی تقرب الی اللہ کے ہی یعنی مگر یہ کہ دوست رکھو اللہ کو اور اوسکے رسول کو بیچ نزدیکی ڈھونڈنے اپنی کے طرف اوسکے ساتھ طاعت
اور عمل صالح کے اور جو کوئی کرے بھلائی سُدّی سے منقول ہی کہ مراد بھلائی سے محبت رکھنی ہی آل رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے نازل
ہوئی یہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کے حق مین کہ وہ محبت رکھتے تھے آل رسول سے اونکے لیے یہ ثواب فرمایا اور ظاہر یہ ہی کہ عام ہی ہر نیکی کے حق مین
جو جسے نیکی کہ ہو مگر یہ کہ وہ نیکی شامل ہی اونکی محبت کو بھی واسطے ذکر ہونے اس نیکی کے پیچھے ذکر ہونے اونکی محبت کے بڑھاوینگے ہم اوسکو یعنی دہ چند
وغیرہ کرینگے ہم اوسکو جیسے کہ اور جگہ فرمایا مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً یعنی
کون ہی وہ جو قرض دے اللہ کو قرض حسن یعنی عمل نیک کرے پس بڑھا دے اللہ اوسکو اوسکے لیے کئی حصہ بہت بخشنے والا ہی یعنی اوسکے لیے
گناہ کو اگر کرے قدر شناس ہی اوسکے لیے کہ اطاعت کرے ساتھ فضل اپنے کے اور بعضوں نے کہا شکور کے معنی ہین توبہ قبول کرنے والے کے
اور باعث ہونے کے توبہ پر اور بعضوں نے کہا شکور بیچ صفت اللہ تعالی کے عبارت ہی اس سے کہ معتبر رکھتا ہی طاعت کو اور بہت دیتا ہی ثواب
اوسکا اور تفضل کرتا ہی اوسپر کہ ثواب دیتا ہی اوسکو قُلْ یعنی قریش کو چاہیے کہ مجکو دوست رکھین بسبب اسکے کہ افتخار اونکا اوپر عمل صلہ رحم
اپنے کے بہت ہی اور کوئی بطن قریش سے نہین ہی کہ مجکو اوسکے ساتھ قرابت نہو پس لازم ہی کہ حق صلہ رحم کا ساتھ میرے بجا لاوین اور میرے ساتھ
دشمنی نکرین اور میری مدد کرین دشمنوں کے مقابلے مین امام ثعلبی نے نقل کیا کہ مشرکون نے جمع ہو کر آپسمین کہا کہ کچھہ دریافت کیا تمنے کہ غرض محمد کی
اس رسالت سے بموجب گمان اپنے کے یہ ہی کہ کچھہ مزدوری چاہتا ہی پس یہ آیت نازل ہوئی اور تبیان مین ابن عباس رض سے منقول ہی کہ جب پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم ہجرت کر کر مدینے مین آئے تو اکابر انصار نے کہا کہ آپ ہماری بہن کے بیٹے ہین اور راہ دین مین ہمارے رہبر ہین مداخل آپکا قلیل ہی اور
مخارج بہت اگر فرماؤ تو کچھہ اپنے اموال مین سے جمع کر کر آپکے سامنے لاوین ہم تو آپکی خاطر مبارک کو فراغت معیشت کی طرف سے حاصل ہو یہ آیت اتری
اور تفسیر ثعلبی مین ہی کہ قرابتی آنحضرت کے بنو ہاشم اور بنو مطلب ہین کہ جنپر خمس تقسیم کرنی چاہیے اور بقولے آل علی اور آل عقیل اور آل جعفر
اور آل عباس مراد ہین قربیٰ سے اور بعضوں کے نزدیک مراد قربیٰ سے تقرب ہی ساتھ خدا تعالی کے یعنی دوست رکھو یہ کہ تقرب حاصل کرو ساتھ
خدا کے بسبب اعمال صالحہ کے اور بقولے معنی آیت کے یہ ہین کہ دوست رکھو میری قرابت و عترت کو اور نگاہ رکھو میری حرمت کو بیچ حرمت و محبت
اونکی کے اور وہ علی اور حسن اور حسین ہین اور حدیث مین آیا ہی کہ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابُ اللّٰهِ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ
اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ یعنی مین چھوڑنے والا ہون تم مین دو بھاری و بزرگ چیزین کتاب اللہ اور اہل بیت اپنے ڈراتا ہون مین تمکو اللہ سے
بیچ حق اہل بیت اپنے کے اور حضرت حسنین رض کے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ
مَنْ اَحَبَّهُمَا یعنی یا اللہ مین ان دونون کو دوست رکھتا ہون پس تو بھی دوست رکھ انکو اور دوست رکھ اوسکو کہ دوست رکھا
انھون نے انکو اور یہ بھی فرمایا کہ حسن و حسین سردار ہین نوجوانان بہشت کے اور باپ ان دونون کا بہتر ہی انسے اور حضرت عایشہ رض نے فرمایا کہ
محبوب ترین لوگون کی یعنی عورتون مین سے طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فاطمہ رضی اللہ عنہا ہین اور مردون مین سے خاوند اونکا اور بہت
حدیثین انکی محبت و فضائل مین آئی ہین اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا عَلٰى مَحَبَّةِ نَبِيِّكَ وَاٰلِ نَبِيِّكَ وَاَمِتْنَا عَلَيْهَا وَاحْشُرْنَا
عَلَيْهَا اٰمِيْنَ اور لازم ہونا انکی محبت کا مومنون پر کتنے ہی نصوص سے ظاہر ہی اور محبت اونکی ساتھ دعا پیغمبر خدا کے کہ مستجاب الدعوات
ہین ہمارے محبوب ہون اور نجات پانے والون سے ہین جیسا کہ اوپر کی حدیث سے معلوم ہوا لیکن مراد ان اہل بیت محبوب سے وہ ہین کہ جسکے ساتھ
آنحضرت کے صحابہ مین سے بغض نرکھتے ہون اور بے ادبی نکرتے ہون خصوصًا اصحاب کبار سے کہ قول رسول علیہ السلام کا حُبُّ اَبِيْ بَكْرٍ
وَعُمَرَ مِنَ الْاِيْمَانِ یعنی محبت ابی بکر کی اور عمر کی ایمان سے ہی اور مانند اسکے اونکی شان مین وارد ہین والا کیمہ مفید نہین اسلیے کہ
اہل بیت بھی مبغضان صحابہ سے بیزار ہین چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خود فرمایا ہی کہ ساقی حوض کوثر کا مین ہونگا جسکے دل مین حب صدیق کی

نہوگی ایک قطرہ اوسکو نہیں دینے کامین آور یہ بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے رسول علیہ السلام سے روایت کی کہ اَنَا وَ اَبُوْ بَکْرٍ وَّ عُمَرُ وَ عُثْمَانُ فِی الْجَنَّۃِ یعنی مین اور ابوبکر اور عمر اور عثمان جنت مین ہونگے آور اور دلیلین ان مطالب کی بہت ہین بخوف درازی کے اسی پر اکتفا کیا وَاللّٰہُ الْھَادِیْ اِلَی الصَّوَابِ + غرض کہ محبت اہل بیت کی حلوا بے دود ہی اگر کوئی خار بغض کسیکا سقربان خدا اور رسول مقبول سے اوسمین نہ ملاوے + **بحر مختصر + در منثور** + اول مومن اور نیک کار بندون کو بشارت دیکر اپنے نبی کو خطاب فرمایا کہ تم ان کفار سے کہدو کہ ہم تمہارے ہی بھلے کو کہتے ہین ہمکو کچھ طمع نہین ہی تمہارے سمجھانے مین مگر فقط یہ چاہتا ہون کہ تم رعایت قرابت کی کرکر مجکو یا میرے قرابتیون کو ایذا نہ دو بلکہ محبت رکھو اور اسمین بھی تمھارا ہی بھلا ہی کہ ایک نیکی کروگے دہ چند بلکہ زیادہ ثواب پاوٴگے پس نیکی کی دشمن باندھو اور بری باتون سے باز آوٴ کہ بلا شبہہ اللہ بخشنے والا قدرشناس ہی پھر از راہ توبیخ و سرزنش کے کفار کے حق مین فرماتے ہین کہ کیا نادانی کی باتین سکتے ہین +

اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ اللّٰہُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِکَ ؕ وَ یَمْحُ اللّٰہُ الْبَاطِلَ وَ یُحِقُّ الْحَقَّ

کیا کہتے ہین اسنے باندھا اللہ پر جھوٹھ سواگر اللہ چاہے مُہر کردے تیرے دل پر اور مٹاتا اللہ جھوٹھ کو اور ثابت کرتا ہی سچ

بِکَلِمٰتِہٖ ؕ اِنَّہٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

اپنی باتون سے اوسکو معلوم ہی جو دلون مین ہی + **مو**

کیا کہتے ہین کافر کہ افترا کیا ہی پیغامبر نے خدا پر جھوٹ پس اگر چاہے خدا مُہر رکھے تیرے دل پر اور نابود کرتا ہی خدا بیہودہ کو اور ثابت کرتا ہی دین درست کو ساتھ باتون اپنی کے تحقیق خدا دانا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ سینون مین ہی + **تفسیر** + یعنی اللہ اپنے اوپر کیون جھوٹ بولنے دے دل کو بند کردے مضمون نہ آوے جسکو باندھے اور یونہی چاہیے تو کفر کو مٹادے بن پیغام بھیجے مگر وہ اپنی باتون سے دین ثابت کرتا ہی اسواسطے نبی پر کلام بھیجتا ہی + **مو** + کیا کہتے ہین انکو ملکھا گیا کیا ایسی جرأت کرتے ہین کفار مکے کے کہ نسبت کرتے ہین ایسے رسول کی طرف افترا کی پھر افترا بھی ایسا بڑا کہ اللہ پر افترا کرین جھوٹ کہ دعوی رسالت کا اور قرآن کے اوتہنے کا جھوٹ موٹ بنالین یہ کبھی نہین ہوسکتا اوس جیسے شخص سے پس اگر چاہے اللہ مُہر رکھدے تیرے دل پر یعنی مضبوط کردے دل کو ساتھ صبر کے اونکے ایذا دینے پر ساتھ اثبات وغیرہ کے تو کہ نہ داخل ہو اوسمین رنج بسبب جھٹلانے اونکے کے اور کیا اللہ نے ایسا ہی اور مٹاتا ہی اللہ بیہودہ کو یعنی شرک کو اور ثابت کرتا ہی دین درست کو یعنی ظاہر کرتا ہی اسلام کو اور ثابت کرتا ہی اوسکو ساتھ باتون اپنی کے یعنی ساتھ اوس کتاب اپنی کے کہ اوتاری اپنے نبی کی زبان پر آور موجب صاحب مدارک کے ترجمہ یَمْحُ اللّٰہُ اور یُحِقُّ الْحَقَّ کا یون چاہیے اور مٹاویگا اللہ باطل کو اور ظاہر و ثابت کریگا اسلام کو اسلیے کہ ایک تو جملہ بل ہو وعدہ مطلق سے کہ حاشیے مین لکھا ہی یہ بات سمجھی جاتی ہی اور دوسرے بعد تفسیر یحق الحق کے لکھا ہی وَقَدْ فَعَلَ ذٰلِکَ فَمَحَا بَاطِلَھُمْ وَ اَظْھَرَ الْاِسْلَامَ یعنی اور تحقیق کیا اللہ نے یہ پس مٹایا اونکے باطل کو اور ظاہر کیا اسلام کو حاصل یہ کہ انھون نے معنی استقبال کے لیے ہین آور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب اور مولوی رفیع الدین صاحب وغیرہما نے معنی حال کے لیے ہین جیسا کہ انکے ترجمون سے سمجھا گیا آور خدا دانا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ سینون مین ہی یعنی جانتا ہی جو کچھ تیرے سینے مین ہی اور انکے سینون مین ہی پس موافق اوسکے جزا سزا دیگا + **مل** + اور تفسیر کشاف سے معلوم ہوتا ہی کہ یَمْحُ اللّٰہُ الْبَاطِلَ الخ کے دونون معنی صحیح ہین یعنی حال کے بھی اور استقبال کے بھی کہ لکھا ہی پھر فرمایا اور اسکی عادت سے یہ ہی کہ مٹاتا ہی باطل کو اور ثابت کرتا حق کو ساتھ کلمات اپنے کے یعنی ساتھ وحی اپنی کے اور ساتھ حکم اپنے کے مانند قول اللہ تعالی کے بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُہٗ یعنی بلکہ ڈالینگے ہم یعنی لاوینگے اور غالب کرینگے ہم حق کو یعنی ایمان کو باطل پر یعنی کفر پر پس سر کچلے گا

حق باطل کا یعنی دفع کریگا اوسکو پس حاصل معنی آیت یمحُ اللہ الخ کے یہ ہین کہ اگر ہوگا محمد مفتری جیسا کہ یہ گمان کرتے ہین تو البتہ کھولدیگا اللہ اوسکے افترا کو اور نابود کریگا اوسکو اور غالب کریگا حق کو اوسکے باطل پر پس دفع کریگا حق باطل کو اور جائز ہی یہ کہ ہو وعدہ واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ مٹا دیگا اللہ اوس باطل کو کہ کفار اوسپر ہین یعنی بہتان اور تکذیب کو اور ثابت کریگا اوس حق کو کہ تو اوسپر ہی ساتھ قرآن کے اور حکم اپنے کے کہ نہین مل سکتا یعنی مدد کریگا میری اوپر اور قتادہ سے یختِمْ علیٰ قلبِکَ کے معنی یہ منقول ہین کہ بھلا دیگا اللہ قرآن کو اور منقطع کریگا تجسے وحی یعنی اگر افترا کریگا اللہ پر جھوٹ تو کیا جاویگا ساتھ اوسکے یہ اور مراد کلمات سے وحی ہی یا حکم قضا یا کلمہ قضا یا کلمۂ اسلام کہ اوسکو بلند کیا اور بیہودہ مطلبون کو نابود کیا اور معالم وغیرہ مین ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ جب آیت قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی نازل ہوئی تو ایک جماعت کے دلون مین خطرہ آیا کہ پیغمبر ہمکو اپنے اقربا کی دوستی کی رغبت دلاتے ہین تو بعد اونکے محکوم علیؓ وغیرہ کے ہون جبرئیلؑ نے اونکے اتہام سے آنحضرتؐ کو خبر دی ساتھ اوتارنے آیت اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ کے اور آنحضرتؐ نے اوس جماعت کو خبر دی اونھون نے کہا یا رسول اللہ گواہی دیتے ہین ہم کہ تم راست گو ہو ہمنے اس اندیشے سے توبہ کی آیت وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ اوتری ✝ بحر

وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

اور وہی ہی جو قبول کرتا ہی توبہ اپنے بندون سے اور معاف کرتا ہی برائیان اور جانتا ہی جو کرتے ہو ✝ موؔ

اور وہ ہی وہ جو قبول کرتا ہی توبہ کو اپنے بندون سے اور درگذر کرتا ہی برائیون سے اور جانتا ہی جو کچھ کرتے ہو تم ✝ **تفسیر** یعنی نبی پیغام پونہچاتا ہی اور بندون کو سب معاملت اپنے رب سے ہی ✝ موؔ توبہ یہ ہی کہ رجوع کرے گناہ سے اور ترک واجب سے زمانہ حال مین اور نادم ہو اوسپر بنسبت زمانۂ ماضی کے اور قصد کرے کہ آیندہ کو پھر کبھی نہین کرنے کا اور اگر بندے کا حق ہو تو بغیر اوسکی رضا کے چھٹکارا نہین اور روایت کی جابرؓ نے کہ ایک اعرابی داخل ہوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد مین اور کہا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ اور تکبیر کہی یعنی نماز کی پس جب فارغ ہوا اوہی نماز سے تو کہا حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ ای شخص جلدی چلانی زبان ساتھ استغفار کے توبہ کذابین کی ہی اور توبہ تیری محتاج ہی اور توبہ کی پس کہا اوسنے ای امیر المؤمنین پھر توبہ کیا ہی کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ وہ اسم ہی کہ واقع ہوتا ہی چھہ معانی پر یعنی چھہ باتین ہون جب توبہ کہلائیگی زمانہ گذشتہ مین جو گناہ کیے ہین اونپر ندامت ہو اور دوسرے فرائض جو ضائع ہوئے ہون اونکی قضا کرے اور تیسرے حقوق لوگون کے واپس کرے اور چوتھے گھلاوے نفس کو طاعت مین جیسا کہ پرورش کیا ہی اور فربہ کیا ہی تو نے اوسکو معصیت مین اور پانچویں چکھاوے نفس کو تلخی طاعت کی جیسے کہ چکھایا ہی اوسکو مزہ گناہ کا اور چھٹے رووے بدلے ہر ہنسنے کے اور سری سقطی سے ہی کہ توبہ کہتے ہین صدق عزیمت کو ترک گناہون پر اور رجوع کرنے کو طرف علام الغیوب کے اور غیر سری سے منقول ہی کہ توبہ یہ ہی کہ نہ پاوے حلاوت گناہ کی دل مین وقت یاد کرنے اوسکے کے اور سہیل سے ہی کہ توبہ انتقال کرنا ہی احوال بد سے طرف احوال نیک کے اور جنید بغدادی رحمہ اللہ سے ہی کہ توبہ یہ ہی کہ مونہہ پھیرے ماسوی اللہ سے اور کہا بعضے اولیاء اللہ نے کہ لائق ہی عاقل کو کہ جب توبہ کرے تو دس چیزین بجا لاوے اول استغفار کرے زبان سے اور دوسرے ندامت ہو دل مین اور تیسرے دور کرے گناہ کو بدن سے اور چوتھے قصد کرے اسپر کہ نہین کریگا مین گناہ کبھی اور پانچویں حب آخرت ہو اور چھٹے بغض دنیا اور ساتویں قلت کلام اور آٹھویں قلت کھانے کی اور نویں قلت پینے کی تو کہ فارغ ہو علم حاصل کرنے کے لیے اور دسویں قلت سونے کی کہ متقیون کی صفت مین اللہ تعالی فرماتا ہی کَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ اللَّیْلِ مَا یَھْجَعُوْنَ وَبِالْاَسْحَارِ ھُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ یعنی تھے وہ ساتھ اس صفت کے کہ سوتے تھے تھوڑی سی دیر رات سے اور نماز پڑھتے تھے اکثر رات اور وقت سحرون کے وہ استغفار کرتے تھے یعنی کہتے تھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا یعنی یا اللہ بخشدے ہمارے لیے گناہ اور زہری سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَھُوَ الَّذِیْ

يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ عُبادہ سے کہ ابوہریرہؓ نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہے ساتھ توبہ بندہ اپنے کے ایک تمہارے سے کہ پاوے سواری گم ہوئی اپنی اوس جنگل میں کہ ڈرتا ہے اس سے کہ ہلاک کرے اوسکو اوسمین پیاس انتہی + اور درگذر کرتا ہی برائیون سے یعنی سوا شرک کے معاف کرتا ہی جسکے لیے چاہتا ہی بدون توبہ کے بھی اور جانتا ہی جو کچھ کہ کرتے ہو یعنی قسم توبہ اور معصیت سے اور لفظ مَا تَفْعَلُوْنَ پر وقف نہین ہی یعنی آیت الہی واسطے عطف کے اور اتصال معنی کے + مدارک کشاف + در منثور

+ منہیات +

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ

اور دعا سنتا ہی ایمان والون کی جو بھلے کام کرتے ہین اور بڑھتی دیتا ہی اونکو اپنے فضل سے اور جو منکر ہین اونکو سخت مار ہی +

اور قبول کرتا ہی دعا اون لوگون کی کہ ایمان لائے ہین اور کام کیے ہین اچھے اور زیادہ دیتا ہی اونکو اپنے فضل سے اور کافر اونکے لیے ہی عذاب سخت + تفسیر + یعنی جب دعا کرتے ہین وہ اوس سے قبول کرتا ہی دعا اونکی اور دیتا ہی اونکو جو کچھ طلب کرتے ہین اور زیادہ دیتا ہی اونکو مطلوب سے از راہ تفضل کے اور بعضون نے کہا معنی اسکے یہ ہین وَيَسْتَجِيْبُ لِلَّذِيْنَ پس حذف کیا گیا لام احسان پر کہا اللہ نے اور نیز قبول کرتا ہی توبہ اونکی جب توبہ کرتے ہین اور معاف کرتا ہی گناہ اونکے اور قبول کرتا ہی دعا اونکے لیے جب دعا کرتے ہین اوس سے اور زیادہ دیتا ہی اونکو اوس چیز سے کہ مانگتے ہین اور ابراہیم بن ادہم سے منقول ہی کہ کہا لوگون نے اونسے کہ کیا حال ہی ہمارا کہ دعا کرتے ہین ہم اللہ سے پس نہین قبول کیجاتی کہا ابراہیم نے اسلیے کہ اوسنے پکارا تمکو پس نہ جواب دیا تمنے اوسکو یعنی اوسنے اچھے کامون کے کرنے کو اور بری باتون سے باز رہنے کو کہا پس نہ کہا مانا تمنے اوسکا پھر پڑھی یہ آیت وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا + یعنی اور اللہ بلاتا ہی تمکو طرف دار السلام کے یعنی بہشت کے کامون کی اور قبول کرتا ہی اللہ دعا اون لوگون کی کہ ایمان لائے یعنی پہلی آیت سے اللہ کا پکارنا ثابت ہوا اور دوسری آیت سے قبول کرنا اللہ کا دعا اونکی کہ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے حاصل دونون آیتون سے یہ ہوا کہ اللہ بہشت کے کامون کی طرف بلاتا ہی جو اوسکا کہا مانتا ہی اوسکی دعا قبول کرتا ہی اور جو اوسکا کہا نہ مانے کیا توقع رکھے قبولیت دعا کی سلمۃ بن سبرہ سے روایت ہی کہ کہا معاذؓ نے ہمارے آگے وعظ کہا پس کہا تم مومن ہو اور تم اہل جنت ہو واللہ بلاشبہ مین امید رکھتا ہون کہ ہووینگے بہشت مین تمام وہ لوگ کہ اچھے کام کرتے ہین فارس و روم مین اسلیے کہ ایک اونکا کرتا ہی عمل خیر پس کہتا ہی دوسرا اَحْسَنْتَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ اَحْسَنْتَ رَحِمَكَ اللّٰهُ یعنی اچھا کام کیا تونے برکت دے اللہ تجھمین اچھا کام کیا تمنے رحم کرے تجھپر اللہ اور اللہ تعالی فرماتا ہی وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ + اور ابراہیم نخعیؒ سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ کہ کہا شفاعت قبول کیجاویگی اونکی اونکے بھائیون کے بھائیون کے حق مین یعنی اونکے بھائیون کے جو بھائی رشتے کے یا دودھ شریک ہون اونکے حق مین بھی شفاعت اونکی قبول کیجاویگی پس یہ مراد ہی وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ سے عذاب سخت ہی یعنی آخرت مین + مدارک کشاف + در منثور کافر اور مومنون کی بھلائی برائی وغیرہ بیان کر کر اب ایک اور مطلب بیان کرتے ہین مومنون کی تسلی کے لیے کہ یہ کفار کی فراغت دیکھکر طمع نکرین اللہ کا فعل خالی حکمت سے نہین +

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ

اور اگر پھیلادے اللہ روزی اپنے بندون کو تو دھوم اوٹھاوین ملک مین پر اوتارتا ہی ماپ کر جتنی چاہتا ہی بیشک وہ اپنے بندون کی خبر رکھتا دیکھتا ہی

اور اگر فراخ کرتا خدا روزی اپنے بندون پر تو البتہ فساد کرتے زمین مین لیکن اوتارتا ہی موافق اندازے کے جو کچھ چاہے تحقیق خدا اپنے بندون کے حال کا دانا بینا ہی + تفسیر + اگر فراخ کرتا الخ یعنی اگر غنی کرتا سب بندون کو اور لَبَغَوْا البغی سے ہی بمعنی ظلم کے یعنی

ظلم کرنے آپسمین ایک دوسرے پر اسلیے کہ غنا سبب سرکشی یا ظلم کا ہی اور کفایت کرتا ہی حال فرعون یا قارون کا عبرت ہونے مین اور
اسی لیے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَخوَفُ مَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِی زَھرَۃُ الدُّنیَا وَکَثرَتُھَا یعنی بڑے ڈر کی
چیز کہ جس سے ڈرتا ہون مین اپنی امت کے حق مین زینت و تازگی دنیا کی ہی اور کثرت اوسکی یا لَبَغَوا بغی سے ہی بمعنی تکبر کے یعنی البتہ تکبر کرتے
زمین مین اور کرتے وہ کام کہ تکبر سے پیدا ہوتے ہین یعنی فساد کرتے اور نام و نمود و عالی قدری کے طالب ہوتے کہا ابن عباس نے کہ بغی لوگونکی
طلب کرنا مکان کا ہی بعد مکان کے اور طلب کرنا سواری کا بعد سواری کے اور لباس کا بعد لباس کے اور کہا بعضون نے کہ اوتری یہ آیت
اہل صفہ کے حق مین آرزو کی تہی اونھون نے وسعت رزق اور تونگری کی کہا خباب بن ارت نے کہ ہمارے حق مین نازل ہوئی یہ آیت اور سبب
اسکا یہ ہوا کہ ہمنے نظر کی طرف اموال بنی قریظہ اور بنی نضیر اور بنی قینقاع کے پس آرزو کی ہمنے اونکی پس اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت
دانا بینا ہی یعنی جانتا ہی احوال اونکا پس موافق اندازے کے دیتا ہی اونکو جسقدر مقتضی ہوتی ہی حکمت اوسکی پس محتاج بھی کرتا ہی اور
غنی بھی کرتا ہی اور باز رکھتا ہی روزی اور دیتا بھی ہی اور تنگی رزق کی کرتا ہی اور فراخی بھی کرتا ہی غرض کہ جو مناسب اونکے حال کے اوسکی
حکمت ربانیہ کے نزدیک ہوتا ہی اوسقدر دیتا ہی اور اگر سب کو غنی کرتا تو ظلم اور فساد اور گناہ کرتے اور اگر محتاج کرتا تو ہلاک ہو جاتے پھر اگر
کوئی کہے کہ ہم دیکھتے ہین بعضے لوگون کو کہ فراخ رزق ہوتے ہین باوجود بغی کے اور بعضون کو دیکھتے ہین کہ بغی رکھتے ہین بدون فراخی کے
پس شرط مذکور کیون لگائی تو جواب اسکا یہ ہی کہ یہ بات کم ہوتی ہی اور اسمین کچھ شک نہین کہ بغی ساتھ فقر کے بہت ہی کم ہوتی ہی اور ساتھ فراخی
کے اکثر واغلب ہوتی ہی غرضکہ یہ فرمایا بنا بر اکثر واغلب کے اور قلیل کا کچھ اعتبار نہین ؞ مل کشاف ؞ معا ؞ فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے پس قسم ہی اللہ کی نہین محتاجگی کا ڈر رکھتا ہون مین تمپر ولیکن ڈرتا ہون مین تمپر یہ کہ فراخ کیجاوے تمپر دنیا جیسے کہ
فراخ کی گئی اونپر کہ تھے پہلے تمھارے پس رغبت کرو تم اوسمین جیسے کہ رغبت کی اونھون نے اوسکی اور ہلاک کرے وہ تمکو جیسے کہ ہلاک کیا
اونکو ؞ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منجملہ اون چیزون کے ہی کہ ڈرتا ہون مین تمپر اے صحابہ یا اے امت پیچھے وفات اپنی کے وہ چیز ہی
کہ کھولی جاویگی تمپر تازگی اور خوبی دنیا کی اور زینت اوسکی پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ کیا لاویگی بھلائی برائی کو یعنی حاصل ہونا
غنیمت کا اور اموال کا بھلائی ہی پس کیونکر وسیلہ اور سبب برائی اور ترک طاعت کا ہو پس چپ رہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یعنی
بانتظار وحی کے دیر تک یہان تک کہ گمان کیا ہمنے کہ تحقیق اوتاری جاتی ہی وحی حضرت پر کہا ابو سعید راوی نے پس پونچھا آنحضرت صلعم
نے اپنے چہرۂ مبارک سے پسینا کہ وقت اوترنے وحی کے آتا تھا اور فرمایا کہان ہی وہ شخص پوچھنے والا اور گویا کہ آنحضرت نے تعریف کی اوسکی
یعنی اور اچھا جانا اوسکو اوس سوال مین اسلیے کہ لوگون کو اوس سے فائدہ ہوگا پس فرمایا تحقیق شان یہ ہی کہ نہین لاتی بھلائی برائی کو یعنی رزق
اگرچہ بہت ہو جملہ بھلائی سے ہی اور اوس سے برائی پیش نہین آتی مگر بعارض بخل و اسراف کے اور تجاوز کرنے کے حد اعتدال سے مانند بہار کے کہ نہین
اوگاتی مگر جو کچھ کہ خیر ہی نفع اور ہلاک اور ضرر بسبب زیادہ کھانے کے ہوتا ہی جیسے کہ بیان فرمایا بقول خود اور تحقیق جنس اوس چیز سے کہ اوگاتی
بہار قسم گھانس سے وہ چیز ہی کہ مار ڈالتی ہی جانور کو پیٹ پھلا کر یا قریب ہلاک کے ہو جاتا ہی یعنی اگر مرا نہین قریب مرنے کے پہونچتا ہی مگر کھانے والا
جانور گھانس سبز کا اس طرح کہ کھائے گھانس یہان تک کہ تن گئین کوکین اوسکی بیٹھا سامنے ٹکیۂ آفتاب کے یعنی عادت ہی جانور کی کہ جب بہت کھاتا ہی
پیٹ اوسکا پھول جاتا ہی تو آفتاب کے سامنے بیٹھتا ہی جب گرم ہوتا ہی پیٹ نرم ہوتا ہی اور جو کچھ اوسکے پیٹ مین ہوتا ہی نکل جاتا ہی جیسے کہ فرمایا پس
پتلا گوبر کیا اور پیشاب کیا یعنی پس اپھارا پیٹ کا جاتا رہا پھر پھرا طرف چراگاہ کے پس کھایا اور تحقیق یہ مال دنیا کا سبز اور تر و تازہ اور
نرم و رنگین ہی کہ آنکھ مین اچھا معلوم ہوتا ہی اور لذیذ اور خوش مزہ ہی کہ لینا اوسکا دل مین لذت زیادہ کرتا ہی پس جسکو کوئی کہ لیوے مال کو
ساتھ حق اوسکے کے یعنی بقدر احتیاج کے وجہ حلال سے اور رکھے اوسکو بیچ حق یعنی مصرف اوسکے کے کہ واجب ہی یا مستحب پس اچھا

مدد کرنے والا ہی وہ مال یعنی دین پر اور جو کوئی کہ لیوے اوسکو بغیر حق اوسکے ہوتا ہی مانند اوس شخص کے کہ کھاتا ہی اور سیر نہین ہوتا اور ہوگا وہ مال گواہ اور دلیل اوسپر یعنی اوسکے اسراف اور حرص پر دن قیامت کے نقل کی ہی یہ دونون حدیثین بخاری مسلم نے + ف + تازگی اور خوبی اور زینت دنیا کی جو کہی اشارہ ہی اسپر کہ ابتدا اوسکی شیرین اور سبز ہی اور پھر جلدی فنا ہو جاتی ہی اور معنی یہ ہین کہ مین [illegible] تا ہون تمپر اس سے کہ کثرت تمہارے اموال کی وقت فتح ہونے شہرون کے باز رکھیگی تمکو اچھے اعمال سے اور علوم نافعہ سے اور پیدا ہونگے تم مین اخلاق بد مانند تکبر اور عجب اور غرور اور محبت مال و جاہ کے اور اون چیزون کے کہ متعلق ہین ساتھ ان دونو کے لوازم امور دنیویہ سے اور مانند درگذرانی کے سامان طیار کرنے موت کے سے آور پھر بعید الخ یعنی کھاتا ہی اور بدہضمی ہوتی ہی اوسکے سبب سے نکالتا ہی اور پھر کھاتا ہی یہ تمثیل ہی حال اوس شخص کی کہ بعض اوقات مین [illegible] اور حد سے تجاوز کرتا ہی اور قریب ہلاکت کے پہنچتا ہی بسبب غلبہ شہوت اور حرص کے کہ مرکوز ہی آدمی زاد کی طبیعت مین لیکن جلدی اوس سے رجوع کرتا ہی اور ہمیشہ گناہ پر مقیم نہین رہتا اور بسبب روشنی آفتاب ہدایت کے توبہ اور انابت کرتا ہی اور واسطے پاک کرنے نفس کے گناہون سے علاج اپنے نفس کا کرتا ہی اور قسم دوسری یہ کہ کبھی وہ چیز ہی کہ [illegible] اشارہ ہی طرف حال اوس شخص کے کہ گناہ اور شہوات پر اصرار کیا اور اوس سے ہلاک ہوا اور توفیق توبہ کی اور رجوع اور استغفار کی نپائی اور ساتھ قیاس اون دونون قسمون ذکر کی گئین ہین کے ایک اور قسم بھی معلوم ہوتی ہی کہ ایک وہ ہی کہ اصلا ہاتھ گناہ پر نہ مارا اور گرفتار شہوت نفس کا نہوا اور دنیا سے بے رغبتی کی اول ظالم ہی اور دوسرا مقتصد یعنی میانہ رو اور تیسرا سابق یعنی سبقت پونہچانے والا بھلائیون کے کرنے مین ایک نے یعنی سابق نے ہاتھ دنیا مین آلودہ کیا اور دوسرے نے یعنی مقتصد نے آلودہ کیا ولیکن دہو ڈالا اور تیسرا یعنی ظالم ہاتھ آلودہ ہی دنیا سے گیا نعوذ باللہ من ذلک پھر اشارہ کیا طرف تفاوت احوال آدمیون کی بیچ محبت مال اور صرف کرنے اوسکے کے پس فرمایا تحقیق یہ مال سبز الخ اور بغیر حق اوسکے کے یعنی بغیر احتیاج کے طرف اوسکے اور جمع کیا اوسکو حرام سے اور نہ خرچ کیا اپنے رب کی رضامندی مین اور مانند اوس شخص کے کہ کھاتا ہی اور سیر نہین ہوتا یعنی بسبب غلبے حرص کے مانند اوس شخص کے ہی کہ اوسکو جوع البقر ہوئی اور مانند اوس بیمار کے ہی کہ اوسکو استسقا ہو کہ سیراب نہین ہوتا جون جون پانی پیتا ہی زیادہ بھڑک ہوتی ہی پیاس کی اور پیٹ بہت پھول جاتا ہی کہا خواجہ عبید اللہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ دنیا مانند سانپ کے ہی پس جو شخص کہ جانے منتر اوسکا جائز ہی اوسکو لینا اوسکا اور والا نہین جائز پس لوگون نے کہا کہ منتر اوسکا کیا ہی کہا اونہون نے وہ یہ ہی کہ معلوم کرے کہ کہان سے لیتا ہی اوسکو اور کہان خرچ کرتا ہی اوسکو + ح + ع + روایت ہی انس سے کہ انہون نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اونہون نے جبرئیل سے اونہون نے اللہ تعالی سے کہا جبرئیل نے کہ فرماتا ہی اللہ عز وجل کہ جسنے اہانت کی میرے ولی کی پس تحقیق نکلا وہ مجھسے لڑنے کو اور بلاشبہ مین غصے ہوتا ہون لیے اپنے اولیا کے جیسے کہ غصے ہوتا ہی شیر کتے کے بچے پر اور نہین تقرب ڈھونڈھا طرف میری میرے بندے مومن نے مانند ادا کرنے اوس چیز کے کہ فرض کیا مینے اوسپر اور ہمیشہ میرا بندہ مومن تقرب ڈھونڈھتا ہی طرف میرے ساتھ نوافل کے یہان تک کہ دوست رکھتا ہون مین اوسکو پس جب کہ دوست رکھتا ہون مین اوسکو ہوتا ہون مین اوسکے لیے سماعت اور بصارت اور ہاتھ اور تائید کرنے والا اگر دعا کرتا ہی مجھسے قبول کرتا ہون مین دعا اوسکی اور اگر سوال کرتا ہی مجھسے کچھ دیتا ہون مین اوسکو اور نہین تردد کرتا مین اپنے بندے کے لیے کسی چیز مین کہ مین کرنے والا ہون اوسکو مانند تردد کرنے اپنے کے بیچ قبض کرنے اپنے بندے مومن کی روح کے مگر وہ مکروہ رکھتا ہی وہ موت کو اور مجھکو ناگوار ہوتا ہی آزردہ ہونا اوسکا اور مرنے سے چارہ ہی نہین اوسکو اور بلاشبہ بعضے میرے مومن بندون مین سے البتہ وہ ہی کہ مانگتا ہی مجھسے ایک قسم عبادت سے پس باز رکھتا ہون مین اوسکو اوس سے اس سبب سے کہ نہ داخل ہو اوسکے دل مین عجب پس خراب کر دے اوسکو اور بعضے میرے مومن بندون مین سے البتہ وہ ہی کہ نہین سنوارتا اوسکے ایمان کو مگر غنا اور اگر محتاج کرون مین اوسکو تو البتہ بگاڑ ڈالے اوسکے ایمان کو یہ اور تحقیق بعضے میرے مومن بندون مین سے وہ ہی کہ نہین سنوارتا اوسکے ایمان کو مگر فقر اور اگر غنی کرون مین اوسکو

توالبتہ بگاڑ ڈالے اوسکے ایمان کو یہ اور بلاشبہہ بعضے میرے مومن بندون مین سے وہ ہی کہ نہین سنوارتی اوسکے ایمان کو مگر صحت اور اگر بیمار کردون اوسکو توخراب کردے اوسکے ایمان کو یہ اور بلاشبہہ بعضے میرے مومن بندون مین سے وہ ہی کہ نہین سنوارتی ہو اوسکے ایمان کو مگر بیماری اور اگر تندرست کردون مین اوسکو توالبتہ خراب کردے اوسکے ایمان کو یہ بلاشبہہ مین ہی تدبیر کرتا ہون اپنے بندون کے امر کی بسبب جاننے اپنے اونکے دلون کے حال کو بلاشبہہ مین علیم وخبیر ہون + **درمنثور** + **تنبیہ** + صدق اللہ وصدق الرسول فراخی رزق مین ثابت قدم رہنا بڑے مردون کا کام ہی اکثر تو یہی ہوتا ہی کہ خدا اور رسول کو بھی بھول جاتے ہین بس بقدر حاجت ہی کے ملے تو تو رجوع رہتا ہی خدا کی طرف والا کہ یا ٹھکانا ہی اسی لیے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین نکلتا آفتاب مگر کہ اوسکے دونون طرف فرشتے ہوتے ہین پکارتے ہین سناتے ہین خلائق کو سوا جن وانس کے یَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ مَا قَلَّ وَكَفَىٰ خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهَىٰ یعنی ای لوگون آؤ طرف رب اپنے کے جو مال کہ کم ہو اور کفایت کرے بہتر ہی اوس مال سے کہ بہت ہو اور غافل کردے یاد الٰہی سے + اور فرمایا کیا ہی کوئی کہ چلے پانی پر بغیر تر ہونے قدمون اپنے کے عرض کیا صحابہ نے نہین یا رسول اللہ فرمایا ایسے ہی دنیادار نہین سالم رہتا گناہون سے اور فرمایا جب دوست رکھتا ہی اللہ ایک بندے کو تو روکتا ہی اوسکو دنیا سے جیسے کہ ہوتا ہی ایک تم مین کا کہ روکتا ہی بیمار اپنے کو یعنی استسقا والے کو پانی سے + اور فرمایا دو چیزین ہین کہ برا جانتا ہی اونکو ابن آدم برا جانتا ہی موت کو اور موت بہتر ہی مومن کے لیے فتنے سے اور برا جانتا ہی کمی مال کو اور کمی مال کی باعث کمی حساب کی ہی + اور فرمایا جو کوئی راضی ہوا اللہ سے ساتھ تھوڑے رزق کے راضی ہوتا ہی اللہ تعالی اوس سے ساتھ تھوڑے عمل کے + **مشکوٰۃ** + مومنون کو تسلی دے کر اب گویا فرماتے ہین کہ موافق اندازے کے دینا یہ تمھارے ہی بھلے کے لیے ہی والا ہمارے کارخانہ قدرت مین کچھ کمی نہین ہماری رحمت عامہ اور قدرت کاملہ کا بیان سنو +

وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهُ ۚ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ ○

اور وہی ہی جو اوتارتا ہی مینہہ پیچھے اس سے کہ آس توڑ چکے اور پھیلاتا ہی اپنی مہر اور وہی ہی کام بنانے والا خوبیون سراہا + **موضح**

اور وہ ایسا ہی کہ اوتارتا ہی مینہہ بعد اسکے کہ ناامید ہوئے اور پھیلاتا ہی رحمت اپنی اور وہ ہی کارساز ستودہ کار + **تفسیر** + بعد اسکے کہ ناامید ہوئے لوگ اوس سے اور یہ بہت باعث ہی اونکے لیے کہا مقاتل نے کہ روکا اللہ تعالی نے مینہہ اہل مکہ سے سات برس یہان تک کہ ناامید ہوئے پھر اوتارا اللہ تعالی نے مینہہ پس یاد دلائی اونکو نعمت اپنی اور پھیلاتا ہی رحمت اپنی یعنی برکتین مینہہ کی اور منافع اوسکے اور وہ چیز کہ حاصل ہوئی ہی بسبب اوسکے قسم ارزانی وغیرہ سے اور کہا لوگون نے عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے کہ سخت ہوا قحط اور ناامید ہوئے لوگ پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ برسائے گئے اب یعنی عنقریب ہی کہ برستا ہی بموجب اسی آیت کے یہ فرمایا اور اور روایت مین آیا ہی کہ ایک شخص نے کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یا امیر المومنین روکا گیا مینہہ اور ناامید ہوئے لوگ پس کہا حضرت عمر رض نے برسائے گئے تم اب پھر پڑھی یہی آیت وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوا + جائز ہی یہ کہ مراد ہو رحمت اوسکی سے رحمت اوسکی ہر چیز مین گویا کہ فرمایا کہ اوتارتا ہی اللہ رحمت کہ وہ مینہہ ہی اور پھیلاتا ہی سوا اوسکے اور رحمت واسعہ اپنی حمید یعنی تعریف کیا گیا ہی اوسپر تعریف کرتے ہین اوسکی اہل طاعت اوسکے + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دو دعائین نہین رد کیجاتی ہین ایک تو دعا نزدیک اذان کے اور دوسری دعا نیچے مینہہ کے + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کھولے جاتے ہین دروازے آسمان کے اور قبول کیجاتی ہی دعا چار جگہہ نزدیک ملنے صفون کے اللہ کی راہ مین اور وقت اوترنے مینہہ کے اور نزدیک اقامت صلوۃ کے اور نزدیک دیکھنے کعبے کے + **درمنثور** +

ربع ع ۳ ۱۰ ۴

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِنْ دَابَّةٍ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيرٌ

اور ایک اوسکی نشانی ہی بنانا آسمانون کا اور زمین کا اور جتنے بکھیرے ہین اونمین جانور اور وہ جب چاہے ان سب کو اکٹھا کرسکتا ہی + **موضح**

اور نشانیوں قدرت اوسکی سے پیدا کرنا آسمانوں اور زمین کا ہی اور پیدا کرنا اوس چیز کا کہ پھیلائی ہی درمیان ان دونوں کے قسم جانوروں سے اور وہ اوپر جمع کرنے اونکے کے جسوقت کہ چاہیگا یعنی روز قیامت کے توانا ہی + تفسیر + دابہ کہتے ہین اوس چیز کو کہ چلے زمین پر قسم انسان و غیرہ سے اور مجاہد سے ہی بیچ تفسیر وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِن دَابَّةٍ کے کہا دابہ سے مراد آدمی اور فرشتے ہین + جلا + در منثور +

وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۝

اور جو پڑے تمپر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمھارے ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہی بہت + موضح +

اور جو کچھ کہ پونہچے تمکو قسم مصیبتوں سے پس بسبب اوس گناہ کے ہی کہ عمل مین لائے ہاتھ تمھارے اور درگذر کرتا ہی اللہ بہت سے + تفسیر + یہ خطاب عاقل بالغ لوگوں کو ہی گنہگار ہون یا نیک مگر نبی داخل نہین اور لڑکے اونکو اور کچھ واسطہ ہوگا اور سختی دنیا بھی آگئی اور قبر کی اور آخرت کی + موضح + مصیبت سے مراد غم اور الم اور ناگوار چیزین ہین اور خطاب وَمَا أَصَابَكُم مین مومنون کو ہی بسبب اوس گناہ کے ہی یعنی بسبب تقصیر و گناہوں کے ہی کہ کیے تمنے اور نسبت کیا اونکو ہاتھوں کی طرف اسلیے کہ اکثر افعال ہاتھوں ہی سے ہوتے ہین اور جو لوگ کہ اس آیت کے پیچھے جو کہ قائل ہین تناسخ یعنی آواگون کے پس وہ کہتے ہین کہ اگر نہوتی اطفال کے لیے ایک حالت کہ تھے اوسپر پہلے اس حالت کے تو ثواب و رنج نہ اوٹھاتے اور ہم کہتے ہین کہ یہ آیت مخصوص ہی ساتھ مکلفین کے ساتھ سیاق و سباق کے اور وہ یہ ہی وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ + اور درگذر کرتا ہی بہت سے یعنی بہت سے گناہوں سے پس نہین عذاب کرتا اوپر یا بہت سے لوگوں سے پس نہین سزا دیتا اونکو جلدی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی کہ نہین ہی پھڑکنا رگ کا اور نہ کھڑنچ لکڑی کی اور نہ زخم پتھر کا مگر بسبب گناہ کے اور البتہ وہ گناہ کہ درگذر کرتا ہی اللہ اونسے بہت ہین اور کہا ابن عطا نے کہ جسنے نہ جانا یہ کہ جو کچھ پونہچے اوسکو فتنے اور مصیبتین بسبب کرتوت اوسکے کے ہین اور جو کچھ کہ عفو کر دیا اوس سے اوسکے مولا نے بہت ہی ہو اوہ کم نظر کرنے والا ہی بیچ احسان رب اپنے کے طرف اپنے اور کہا محمد بن حامد نے کہ بندہ ملازم ہی واسطے تقصیرات کے ہر وقت یعنی ہر حال و ہر وقت قصور بند ہی اور تقصیرات اوسکی طاعات اوسکی مین بہت ہین بہ نسبت تقصیرات اوسکی کے وقت گناہوں اوسکے مین اسلیے کہ تقصیر معصیت مین ایک دم کی ہی اور تقصیر طاعت مین کئی وجہوں کی ہی مانند ریا اور عجب اور مکر و فریب وغیرہ کے اور اللہ تعالی پاک کرتا ہی اپنے بندے کو اوسکی تقصیرات سے ساتھ طرح طرح کی مصیبتوں کے تو کہ ہلکا کرے اوس سے بوجھ گناہوں اوسکے کا قیامت مین اور اگر نہوتا عفو و رحمت اوسکی البتہ تو ہلاک ہو جاتا اول قدم مین اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہی کہ اونھوں نے نقل کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جس سے عفو کیا گیا گناہ دنیا مین عفو کیا گیا اوس سے آخرت مین اور جو کوئی عذاب کیا گیا دنیا مین نہین دوبارہ کیا جاویگا اوسپر عذاب آخرت مین اور یہ بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ یہ آیت قرآن مین بڑی ہی امید کی ہی مومنون کے لیے اسلیے کہ کریم نے جب سزا دی ایکبار نہین سزا دیگا دوبارہ اور جب عفو کیا نہین پھیر پاویگا وہ گناہ + مل + معا + جلا + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہی نہین کھڑنچ لکڑی کی اور نہ پھسلنا قدم کا اور نہ پھڑکنا رگ کا مگر بسبب گناہ کے اور جو کچھ درگذر کرتا ہی اللہ اوس سے بہت ہی کہا علی ابن ابی طالب نے کیا نہ خبر دون مین تمکو افضل آیت کی اللہ عز و جل کی کتاب سے کہ بیان کیا ہمسے اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ یہ ہی وَمَا أَصَابَكُم الخ + فرمایا آنحضرت نے اور تفسیر کرتا ہون مین اسکی تیرے لیے اے علی جو کچھ کہ پہونچتا ہی تمکو مرض یا عذاب یا بلا دنیا مین پس بسبب گناہوں کے ہی کہ کیے ہاتھوں تمھارے نے اور اللہ عز و جل اکرم ہی اس سے کہ دوبارہ کرے اوپر عذاب آخرت مین اور جو کچھ کہ عفو کیا اللہ نے اوس سے دنیا مین پس اللہ بڑا بردبار ہی اس سے کہ عذاب کرے بعد عفو اوسکے کے اور ابی موسی سے ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین پہونچتی کسی بندے کو سختی زیادہ یا کم مگر بسبب گناہ کے اور جو کچھ کہ عفو کرتا ہی اللہ اوس سے بہت ہی اور پڑھی یہ آیت وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۝ اور عمران بن حصین سے روایت ہی کہ داخل ہوئے اونکے پاس

کوئی یار اونکے اس حال مین کہ مبتلا کیے گئے تھے وہ بدنی بیماری مین پس کہا ہم غمگین ہین تمہارے لیے بسبب دیکھنے بیماری کے کیا پس غمگین ہون اسلیے کہ دیکھتے ہین ہم گناہ اور جو کچھ کہ عفو کرتا ہی اللہ اوس سے بہت ہی پھر پڑھی آیت وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۝ اور ضحاک سے ہی کہ کہا نہ سیکھا کسینے قرآن پھر بھول گیا اوسکو مگر بسبب کرنے گناہ کے پھر پڑھی آیت وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ + اور کہا اور کونسی مصیبت بہت بڑی ہی قرآن کے بھولنے سے اور حضرت ابوبکر کی بیٹی اسما نام سے منقول ہی کہ اونکے سر مین درد تھا پس رکھتین تھین ہاتھ اپنا اپنے سر پر اور کہتی تھین یہ درد بسبب گناہ میرے کے ہی اور جو کچھ کہ بخشتا ہی اللہ ... ہی + در منثور + اوپر بیان ہوا تھا کہ بہت سے گناہون سے اللہ درگذر کرتا ہی اب بیان فرماتے ہین کہ یہ درگذر کرنا کچھ از راہ عاجزی کے نہین ہی ... نہایت پروردگار ہی ہمارے اگر ہم گرفت ہر بات پر کرین تو کون تمہاری کارسازی اور مددگاری کر سکتا ہی + * +

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

اور تم تھکا سکنے والے نہین بھاگ کر زمین مین اور کوئی نہین تمکو اللہ کے سوا کام بنانے والا نہ مددگار + موضح

اور نہین ہو تم عاجز کرنے والے زمین مین اور نہین ہی تمہارے لیے سوائے خدا کے کوئی کارساز اور نہ مددگار + تفسیر + عاجز کرنے والے یعنی جو کچھ ہمنے مصیبت ... مقدر کین مین چاہیے تم اونسے بھاگ سکو اور ہمکو تھکا دو سو ممکن نہین اور نہ مددگار کہ دفع کرے تمسے عذاب جبکہ اوترے ... + موضح + بیچ مین ایک جملہ معترضہ بیان فرما کر پھر اپنی قدرتین بیان فرمانی شروع کین +

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ

اور ایک اوسکی نشانی ہی چلتے جہاز دریا مین جیسے پہاڑ اگر چاہے تھام دے باو پھر رہ جاوین سارے دن ٹھہرے اوسکی پیٹھ پر مقرر

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

اسمین پتے ہین ہر ٹھہرنے والے کو جو حق مانے + موضح

اور نشانیون قدرت اوسکی سے جہاز ہین چلنے والے دریا مین مانند پہاڑون کے اگر چاہے تھنبا رکھے باو کو پس ٹھہر جاوین جہاز ٹھہرے ہوئے دریا کی پیٹھ پر تحقیق اس مقدمے مین البتہ نشانیان ہین واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے + تفسیر + ہر صبر کرنے والے اوسکی بلا پر اور شکر کرنے والے کے نعمتون پر مراد اس سے مومن مخلص ہی کہ صبر کرتا ہی سختی پر اور شکر کرتا ہی نرمی مین پس ایمان کے دو ٹکڑے ہین ایک ٹکڑا شکر ہی اور ایک ٹکڑا صبر کہا شعبی نے کہ شکر آدھا ٹکڑا ہی ایمان کا اور صبر آدھا ٹکڑا ہی ایمان کا اور یقین سارا ایمان ہی اور پڑھا شعبی نے یہ جملہ آیت کا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ + اور یہ جملہ اور آیت کا وَاٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ یعنی اور نشانیان ہین یقین کرنے والون کے لیے یا صبار اوسکی طاعت پر اور شکور اوسکی نعمت کے + تیجان + مل + در منثور +

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ۝

یا تباہ کر دے اونکو لوگون کی کمائی سے اور معاف بھی کرے بہتون کو + موضح

یا اگر چاہے ہلاک کر دے اہل جہازون کو بسبب اوس چیز کے کہ کیا اور درگذر کرتا ہی تقصیرات بہت سے + تفسیر + اَوْ يُوْبِقْهُنَّ کا عطف ہی يُسْكِنْ پر اور معنی یہ ہین کہ اگر چاہے تھانبے رکھے ہوا کو پس ٹھہر جاوین جہاز یا چلاوے ہوا تیز پس غرق ہو جاوین جہاز بسبب جھکڑ ہونے کے بسبب اوس چیز کے کہ کیا یعنی گناہون سے اور درگذر کرتا ہی بہت سے گناہون سے پس نہ سزا دے اونپر + مل +

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝

اور جان لیوین جو جھگڑتے ہین ہماری قدرتون مین کہ نہین اونکو بھاگنے کی جگہ + موضح

تو مرے اونسے اور تو جان لیوین وہ لوگ کہ جھگڑتے ہین ہماری آیتون مین کہ نہین ہی انکے لیے کوئی جگہ خلاصی کی + **تفسیر**
جو لوگ ہر چیز اپنی تدبیر سے سمجھتے ہین اوسوقت عاجز ہوجاوینگے + **موضح** ہماری آیتون مین یعنی اونکے باطل کرنے مین محیص یعنی جگہ بھاگنے
کی اونکے عذاب سے + **مدارک** یعنی تو کہ جان لیوین وہ لوگ کہ جھٹلاتے ہین قرآن کو جسوقت کہ جاوین طرف اوسکے بعد بعث کے یہ کہ نہین ہی جگہ بھاگنے کی
اونکے لیے اوسکے عذاب سے + **معالم** جب اللہ تعالی اپنی صفتین بیان فرما چکا تو مقصود اصلی کی طرف رجوع فرمائی کہ ہماری صفتین جب معلوم کر چکے تو اس
دنیا غدارہ مکارہ فانیہ کی طرف نہ رجوع رکھو بلکہ ہماری طرف رجوع کر کر طالب ثواب کے ہو کہ وہ بہتر اور ہمیشہ رہنے والا ہی + ظ +

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ

سو جو ملا ہی تمکو کچھ چیز ہو سو برتنا ہی دنیا کے جیتے اور جو اللہ کے ہان ہی بہتر ہی اور رہنے والا واسطے ایمان والون کے جو اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہین + **موضح**

پس جو کچھ کہ دیا گیا تمکو ہر چیز سے کہ ہو تھوڑا سا ایک حصہ ہی زندگانی دنیا سے اور جو کچھ کہ نزدیک خدا کے ہی بہتر اور بہت باقی رہنے والا ہی واسطے انکے کہ ایمان لائے
ہین اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہین + **تفسیر** شیء سے مراد ہی مال و متاع دنیا کا ایک حصہ ہی زندگانی دنیا کے نہ توشہ آخرت کا ہی اور
جو کچھ اللہ کے پاس یعنی ثواب اسمین بیان ہی اسکا کہ مومن اور کافر دونون برابر ہین اس بات مین کہ دنیا فائدہ اوٹھانے کی چیز ہی دونون کے لیے کہ فائدہ اوٹھاتے ہین
اوس سے پس جب پھرینگے طرف آخرت کے تو جو کچھ کہ اللہ کے پاس بھلائی ہی سو مومنون ہی کے لیے ہی اور کفار اوس سے بالکل محروم ہونگے + **معالم**
ایک دفعہ حضرت ابو بکر رض نے سارا مال اپنا اللہ کو دے دیا اوسپر ملامت کی لوگون نے اونکو پس نازل ہوئی اونکے حق مین یہ آیت + **معالم**

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۚ

اور جو بچتے ہین بڑے گناہون سے اور بیحیائی سے اور جب غصہ آوے وہ معاف کرتے ہین + **موضح**

اور واسطے انکے کہ پرہیز کرتے ہین گناہون کبیرہ سے اور بیحیائیون سے اور جب کہ غصے مین آتے ہین بخشدیتے ہین + **تفسیر** ابن عباس رض سے
منقول ہی کہ کبائر الاثم شرک ہی اور جس چیز مین برائی بہت ہو پس وہ فاحشہ ہی مانند زنا کے اور کہا اللہ تعالی نے وہ گناہ کہ لازم کرے حد کو اور جب کہ
غصے مین آتے ہین یعنی اسباب امور دنیا کے وہ بخشدیتے ہین یعنی وہ خاص ہین ساتھ نہ غصہ ہونے کے حالت غضب مین + **مدارک** **معالم**

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۚ

اور جنھون نے حکم مانا اپنے رب کا اور کھڑی کی نماز اور اونکا کام ہی مشورے سے آپس کے اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہین + **موضح**

اور واسطے انکے کہ قبول کیا فرمان پروردگار اپنے کا اور برپا رکھا نماز کو اور کام اونکا آپسکی مشورے سے ہوتا ہی اور اوس میں سے کہ دی ہے اونکو
خرچ کرتے ہین + **تفسیر** نازل ہوئی یہ آیت انصار کے حق مین کہ بلایا اونکو اللہ عزوجل نے واسطے ایمان لانے کے اپنے پر اور واسطے
طاعت اپنی کے پس مانا اونھون نے حکم اوسکا یہان تک کہ ایمان لائے اوسپر اور اطاعت کی اوسکی اور برپا رکھا نماز کو یعنی ہمیشہ پڑھتے رہے
پانچون نمازین [illegible] کسی کام کا انکے دل مین ارادہ ہوتا ہی اوسمین نری اپنی ہی عقل کو دخل نہین دیتے اور جلدی
نہین کر بیٹھتے اوسمین بلکہ جمع ہو کر مشورہ کرتے ہین جو کچھ مشورے مین مناسب ہوتا ہی وہ کرتے ہین حسن بصری سے منقول ہی کہ نہین مشورہ کیا
کسی قوم نے کبھی مگر کہ راہ دکھائی گئی وہ واسطے اچھے اور مناسب امر اپنے کے + اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہی کہا عرض کیا
یا رسول اللہ امور نازل ہونگے یعنی حادثے درپیش آتے رہینگے ہمپر یعنی ایسے کہ نہین نازل ہوا اوسمین قرآن اور نہین سنا گیا آپ سے اوسمین کچھ فرمایا جمع کر تم
اونکے لیے عابدون کو میری امت سے اور کر تم اونکو آپس کی مشورت سے اور نافرمائی نگر تم اوسمین ساتھ ایک رائے کے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ظ مرفوع

۵۷
نزول شوری الی وزن فعلی والشوری مصدر بمعنی التشاور ۱۲

اِسْتَرْشِدُوا الْعَاقِلَ تَرْشُدُوْا وَلَا تَعْصُوْهُ فَتَنْدَمُوْا يعني مشوره پوچهو عاقل سے راه دکهائے جاؤگے اور نافرمانی کرو اوسکی پس ندامت اوٹهاؤگے اور فرمايا آنحضرت نے کہ جسنے اراده کيا ايک امر کا پس مشوره کيا اوسمين اور جاری کيا وه کام راه دکهايا جاويگا واسطے مناسب امور کے ✤ کہا سليمان بن داؤد نے اپنے بيٹے سے کہ اي بيٹے ميرے لازم کر اپنے پر خوف خدا کو اسليے کہ اوسپر مدار ہی ہر چيز کا اي بيٹے ميرے نہ کر کچهہ کوئی کام يہان تک کہ مشوره کيو تو دانا سے پس جب تو کريگا يہ تو غمگين نہين ہوئےگا او سپرای بيٹے ميرے لازم کر اپنے پر حبيب اول کو اسليے کہ حبيب اخير نہين برابر ہوئيگا اوسکے يعني قديمی دوست سے جو کام کلتا ہی وه نئے سے نہين نکلتا ✤ خرچ کرتے ہين يعني الله کی طاعت مين ✤ مدارک ✤ درمنثور ✤

وَالَّذِيْنَ اِذَاۤ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ○ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ

اور وه لوگ کہ جب اونپر ہووے چڑهائی تو وه بدلا ليتے ہين اور برائی کا بدلا برائی ويسی ہی پهر جو کوئی معاف کرے اور سنوارے

فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○

سو اوسکا ثواب ہی الله کے ذمے بيشک اوسکو خوش نہين آتے گنہگار ✤ موضح ✤

اور واسطے اون لوگون کے کہ جب پہونچے اونکو تعدی بدلا ليتے ہين يعني اگر ايک ضعيف پر ظالم تعدی کرے تو بزرگ قبيلے کے متفق ہون اور بدلا لين والله اعلم اور سزا بدی کی بدی ہی مانند اوسکے پس جو کوئی معاف کرے اور قضيے کو رد کرکے صلاح لاوے پس مزدوری اوسکی خدا پر ہی تحقيق خدا دوست نہين رکهتا ہی ظالمون کو ✤ تفسير ✤ بدلا لينے کے معنی ہين ظلم پر بدلا ليتے ہين يعني اونسے کہ ظلم کيا اونپر يعني قصاص کرتے ہين بدلا لينے مين اوس چيز پر کہ ٹهہرا دی ہی الله نے اونکے ليے اور زيادتی نہين کرتے اور تهے صحابہ کہ مکروه جانتے تهے اسکو کہ ذليل کرين اپنے نفسونکو اور جرأت کرين اونپر فاسق اور تعريف کی گئی بدلا لينے پر اسليے کہ جسنے بدلا ليا اور اپنا حق ليا اور نہ تجاوز کيا اسمين الله کی حد سے پس نہ زيادتی کی قتل مين اگر تها ولی دم يعني وارث مقتول کا کہ جسکو حق خون لينے کا پہونچتا ہی پس وه مطيع ہی الله کا اور جو مطيع ہی وه تعريف کيا گيا ہی پهر بيان کی حد بدلا لينے کی پس فرمايا وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ الخ پس پہلی سيئہ تو حقيقت مين سيئہ ہی اور دوسری سيئہ نہين اور اوسکو سيئہ فرمايا اسليے کہ بدلا ہی برائی کی يا اسليے کہ مشابہ ہی پہلی کے صورت مين يا اسليے کہ بدل کرتی ہی اوسکو کہ جسکو پہونچتی ہی يا اسليے کہ اگر نہوتی پہلی تو دوسری سيئہ ہوتی اسليے کہ اسمين ضرر پہونچانا ہوتا ہی اور دوسری کے سيئہ کہنے مين اشاره ہی طرف اسکے کہ معاف کرنا مستحب ہی اور معنی جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ الخ کے يہ ہين کہ واجب ہی کہ جب برائی کا بدلا پہونچايا جاوے تو مثل اوسکے ہو زياده نہو اور اَصْلَحَ کے معنی يہ ہين کہ سنوارے حال کو کہ جو درميان اوسکے اور درميان دشمن اوسکے کے ہی ساتهہ عفو کرنے کے اور چشم پوشی کرنے کے پس اجر اوسکا الله پر ہی يہ وعده مبہم ہی کہ بڑائی اوسکی قياس ہی مين نہين آسکتی اور ظالمون کو يعني وه لوگ کہ ابتدا کرتے ہين يا وه لوگ کہ تجاوز کرتے ہين حد بدلا لينے کی سے حديث مين آيا ہی کہ پکاريگا پکارنے والا يعني فرشتہ روز قيامت کے کہ جسکے ليے اجر ہو الله پر پس چاہيے کہ اوٹهے پس نہين اوٹهيگا مگر وه شخص کہ عفو کيا يعني ظالم سے ✤ مدارک ✤ اور ايک روايت مين ہی کہ عفو کيا دنيا مين اور يہ ہی قول الله تعالی کا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ✤ درمنثور ✤ کہا ابن زيد نے کہ گردانا الله تعالی نے مومنون کو دو قسم ايک قسم تو وه ہين کہ عفو کرتے ہين اپنے ظلم کرنے والے سے پس اول اونکو ذکر کيا کہ فرمايا وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ اور دوسری قسم وه ہين کہ بدلا ليتے ہين اپنے ظلم کرنے والون سے اور وه وه ہين کہ ذکر کيے گئے اس آيت مين کہا ابراہيم نے کہ صحابہ مکروه رکهتے تهے اسکو کہ ذليل ہون يعنی کفار کے ہاتهہ سے اور جب قادر ہوتے تهے يعني ظالم کے بدلا لينے پر تو معاف کر ديتے کہا عطا نے کہ وه مومن ہين کہ جنکو نکال ديا تها کافرون نے مکے سے اور ظلم کيا اونپر پهر قدرت دی اونکو الله نے زمين مين يہان تک کہ بدلا ليا اونهون نے اور لوگون سے کہ ظلم کيا اونپر پهر ذکر کيا الله نے بدلا لينے کو پس فرمايا وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا نام رکها جزا کا سيئہ اگرچہ نہو سيئہ واسطے تشابہ اونکے کے صورت مين کہا مقاتل نے مراد ہی

اس سے قصاص یعنی بدلا لینا جراحات مین اور خون کرنے مین + کہا مجاہد اور سدی نے کہ وہ جواب دینا قبیح کا ہی جب کہے کوئی اخزاک اللہ کہے اوسکے جواب مین اخزاک اللہ اور جب کہ شتم یعنی بد کہے تجکو پس شتم کہہ یعنی بد کہہ تو اوسکو مانند اوسکے بغیر اسکے کہ تعدی کرے تو کہا سفیان بن عیینہ نے کہ کہا مینے واسطے سفیان ثوری کے کہ کیا مراد ہی اللہ تعالیٰ کے اس قول سے وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا فرمایا اگر برا کہے تجکو ایک شخص پس برا کہہ تو اوسکو یا اگر کرے ساتھ تیرے کچھ پس کر تو بھی وہی پس پایا مینے نزدیک اوسکے کچھ یعنی علم معنی اسکا پس پوچھے مینے ہشام بن حجیرہ سے معنی اس آیت کے پس کہا وہ زخمی کرنے والا ہی جب زخمی بدلا لیا جاوے اوس سے اور نہین ہی وہ یہ کہ اگر برا کہے تجکو پس برا کہے تو اوسکو پھر ذکر کیا عفو کا پس فرمایا فَمَنْ عَفَا + صعا + کہا حضرت عایشہ رضہ نے کہ میرے کمان زینب آئین اور میرے پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے پس متوجہ ہوئین زینب مجپر پس برا کہا مجکو پس ڈانٹا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس نہ باز آئین وہ پھر فرمایا مجکو کہ برا کہہ تو اسکو یعنی جیسا کہ اسنے برا کہا ہی پس برا کہا مینے زینب کو یہان تک کہ خشک ہوگیا تھوک اوسکا اوسکے مونہہ مین اور چہرہ مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا چمکتا تھا مارے خوشی کے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شخص برا کہنے والے جو کچھ کہتے ہین پس گناہ شروع کرنے والے پر ہوتا ہی جب تک کہ نہ تعدی کرے مظلوم یعنی جب مظلوم حد سے بڑھجاتا ہی گناہ دونون پر ہوتا ہی پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب کھڑے ہونگے بندے حساب کے لیے تو پکاریگا پکارنے والا چاہیے کہ اوٹھے وہ شخص کہ ہو اجر اوسکا اللہ پر پس چاہیے کہ داخل ہو بہشت مین پھر پکاریگا دوسری بار چاہیے کہ اوٹھے وہ شخص کہ ہو اجر اوسکا اللہ پر کہین گے بندے کہ کون ہی ایسا کہ اجر اوسکا ہو اللہ پر کہیگا وہی فرشتہ پکارنے والا کہ وہ عفو کرنے والے ہین لوگون سے پس اوٹھین گے ایسے اور ایسے ہزار آدمی پس داخل ہونگے جنت مین بغیر حساب کے + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہا موسیٰ بن عمران نے اے رب میرے کون بہت عزیز ہی تیرے بندون مین سے نزدیک تیرے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وہ شخص کہ جب قدرت رکھے یعنی بدلا لینے پر بخشدے + تحقیق ایک شخص برا کہتا تھا ابوبکر رض کو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تعجب کرتے تھے اور مسکراتے تھے پس جب بہت برا کہا اوسنے جواب دیا ابوبکر رض نے بعضی بات اوسکی کا پس غصے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اوٹھ کھڑے رہے پس پہونچے اونکے پاس ابوبکر اور عرض کیا اے رسول خدا برا کہتا تھا وہ مجکو اور آپ بیٹھے تھے پس جب جواب دیا مینے اوسکو بعضی بات اوسکی کا غصے ہوئے آپ اور اوٹھ کھڑے رہے فرمایا آنحضرت نے کہ تھا تیرے ساتھ فرشتہ کہ جواب دیتا تھا اوسکو پس جب جواب دیا تونے اوسکو آپڑا شیطان پھر فرمایا اے ابوبکر تین چیزین ہین کہ وہ سب حق ہین نہین کوئی بندہ کہ ظلم کرے اوسپر کوئی پس عفو کرے وہ اوس سے واسطے اللہ عزوجل کے مگر کہ قوی کرتا ہی اللہ بسبب ظلم کے مدد اوسکی اور نہین کھولتا ہی کوئی شخص دروازہ بخشش کا کہ چاہتا ہی ساتھ اوسکے سلوک کرنا اقربا سے مگر کہ زیادہ کرتا ہی اللہ بسبب اوسکے کثرت مال کی اور نہین کھولتا کوئی شخص دروازہ سوال کا کہ چاہتا ہو ساتھ اوسکے کثرت مال کی مگر کہ زیادہ کرتا ہی اللہ بسبب اوسکے کمی مال کی + درمنثور +

وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝

اور جو کوئی بدلا لے اپنے ظلم پر سو اونپر کچھ نہین اولاہنا + موضح +

اور البتہ وہ شخص کہ بدلا لے بعد مظلوم ہونے اپنے کے پس وہ جماعت نہین ہی اونپر کچھ راہ ملامت کی + تفسیر + بدلا لے یعنی لیوے حق اپنا بعد ظلم کیے جانے کے کچھ راہ ملامت کی یعنی عذاب کرنے والے کے لیے اور نہ عتاب کرنے والے کے لیے اور عیب کرنے والے کے لیے قتادہ سے منقول ہی بیچ تفسیر وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ کے کہ کیا یہ بیچ زخمون کے ہی کہ آپسمین ایک دوسرے کو زخمی کرے تو وہ بدلا لے اوس سے پس اپیر اگر ظلم کرے تجپر کوئی شخص پس نہ ظلم کر تو اوسپر اور اگر ٹھٹھا کرے تجسے تو نہ ٹھٹھا کر تو ساتھ اوسکے اور اگر خیانت کرے تیری تو نہ خیانت کر تو اوسکی اسلیے کہ مومن عہد پورا کرنے والا ادا کرنے والا امانت کا ہی

اور فاجر خیانت کرے تو عہد شکن ہوتا ہی + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے بد دعا کی اوسپر کہ ظلم کیا اوسنے اوسپر پس تحقیق لیا حضرت عایشہ سے ہی کہ اونکا کچھہ چرایا چور نے پس بد دعا کی اونھون نے اوسکو پس فرمایا آنحضرت نے لَا تُسَبِّخِي عَنْهُ بِدُعَائِكِ عَلَيْهِ یعنی اوسسے گناہ سبک نکر بسبب بد دعا کرنیکے اوسپر + ص + در منثور + تنبیہ + کہا ایک شخص کو کسینے اے خبیث یا مانند اسکے پس جائز ہی اوسکو ردمیں ہرگالی کے کہ نہ واجب کرے حد کو مگر ترک کرنا اوسکا افضل ہی اور حد واجب آتی ہی یا زانی یا مانند اسکے کہنے سے یہ مسئلہ در المختار کی کتاب الکراہیۃ میں ہی بیچ آخر فصل بیع وغیرہ کے +

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

اور راہ ہی تو اوپر جو ظلم کرتے ہین لوگون پر اور دھوم اوٹھاتے ہین ملک مین ناحق اون لوگون کو ہی ایک دکھہ کی مار + مو +

سوائے اسکے نہین ہی کہ راہ ملامت کی اوس جماعت پر ہی کہ ظلم کرتے ہین لوگون پر اور فساد طلب کرتے ہین زمین مین ناحق وہ جماعت اونکے لیے ہی عذاب درد دینے والا + تفسیر + ظلم کرتے ہین الخ یعنی ابتدا کرتے ہین اونپر ساتھ ظلم کے اور یبغون کے معنی ہین تکبر کرتے ہین اور بلندی ڈھونڈھتے ہین اور فساد کرتے ہین اور تفسیر کی گئی ہی سبیل ساتھ قتل کرنے اور ضمان لینے اور حبس کے یعنی جو کوئی قتل کرے کسیکو اوسکو قتل کرنا پہونچتا ہی اور اگر کچھہ نقصان کرے ضمان یعنی تاوان لینا پہونچتا ہی اوس سے اور اگر جھگڑے وہ تو یہ بھی دلیل اپنی حقیت کی قائم کرے + ص +

وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ

اور البتہ جسنے سہا اور معاف کیا بیشک یہ کام ہمت کے ہین + مو +

اور جو کوئی صبر کرے اور بخشدے تحقیق یہ صفت کار ہاے مقصود سے ہی + تفسیر + صبر کرے ایذا اور ظلم پر اور بخشدے اور بدلا نہ لے تحقیق یہ صبر اور بخشدینا اوس سے اون کامون مین سے ہی کہ رغبت دلائی گئی ہی طرف اونکے یا اون کامون مین سے ہی کہ لائق ہی یہ کہ واجب کرے اونکو عاقل اپنے نفس پر اور سہولت نکرے اونکے ترک کرنے مین + اور کہا ابو سعید قرشی نے کہ صبر کرنا مکارہ پر یعنی ناگوار چیزون پر انبیا کی علامتون مین سے ہی پس جسنے صبر کیا ناگوار چیز پر اور جزع فزع نکیا نصیب کرتا ہی اوسکو اللہ تعالی حال رضا کا یعنی راضی برضاے مولی ہوتا ہی اور وہ بزرگتر احوال سے ہی اور جسنے جزع فزع کیا مصیبتون سے اور شکوہ کیا سونپتا ہی اوسکو اللہ تعالی طرف نفس اوسکے کے پھر نہین نفع دیتا اوسکو شکوہ کرنا اوسکا + ص + اور صاحب بحر نے ترجمہ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ کا یہ کیا ہی کہ یہ کام بہترین کامون مین سے ہی + مسئلہ سالک کو لازم ہی کہ بیچ تمام احوال ظاہری اور باطنی اپنے کے عزیمت کو اختیار کرے اور رخصت کو ترک کرے حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ستین المجالس مین فرماتے ہین کہ عزیمت مردون کے لیے ہی اور رخصت عورتون کے لیے اور عزیمت اوسکو کہتے ہین کہ ہر امر اور فعل مین وہ کام اختیار کرے کہ کسیکو علماے ظاہر اور باطن اور شریعت اور طریقت کے سے اوسپر انکار اور اعتراض نہ پہنچے اور بیچ افعال کے بیچ اولویت اور حقیت اوس فعل کے کچھہ شبہہ نہو اور اوسکے ظاہر کرنے مین خوف اور حیا اوسکو لاحق نہو اور رخصت اوسکو کہتے ہین کہ جواز کرنا اوسکے کا شرع سے معلوم ہو اور فاعل اوسکا معاتب اور مواخذ نہو لیکن ضد اوسکی اولی اور ارجح اور اکثر ثواب مین ہو جیسے جھوٹا بلی کا کہ کھانا اوسکا رخصت ہی اور نکھانا اوسکا عزیمت اور لینا ایک چیز کا اوس شخص سے کہ حلت اور حرمت اوسکے مال کی معلوم نہو رخصت ہی اور ترک کرنا اوسکا جب تک کہ حلت مال اوسکے کی تحقیق نہو عزیمت ہی اور یہی معنی ہین اسکے کہ مشہور ہی اَلصُّوفِيُّ لَا مَذْهَبَ لَهُ یعنی صوفی صادق مقید ایک حکم کا نہین ہر کام مین اصح اور احوط اور اورع کو اختیار کرتا ہی نہ یہ کہ جو بعضے کج فہم سمجھتے ہین کہ صوفی قید شرع اور مذاہب اربعہ کی نہین رکھتا ہی نعوذ باللہ منہ جو کوئی ایسا ہو صوفی کیا بلکہ مسلمان بھی نہین رہتا ہی حاصل یہ کہ عزیمت کار انبیا اور

اولیا کا ہی طالب جب تک کہ اختیار عزیمت کو نکرے واصل بخدا نہین ہوتا اور رخصت کو اختیار کرنا خطرہ رکھتا ہی ایک تو یہ کہ اگر توفیق الٰہی
اوس سے گم ہو تو حرام اور شبہے مین پڑ جاویگا اور قید شرع سے نکل جاویگا بخلاف عزیمت کے کہ اگر اوس سے الگ ہو تو رخصت مین رہیگا اور خارج
شرع سے نہین ہوگا پس عزیمت مانند ایک قلعے کے ہی کہ کوئی چور اور رہزن اوس تک نہین پہنچتا ہی **بحث تنبیہ** جاننا چاہیے
کہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ حق تعالی دوست رکھتا ہی یہ کہ عمل کیا جاوے رخصتون اوسکی پر جیسا کہ دوست رکھتا ہی یہ کہ عمل کیا جاوے عزیمتون پر
اور موجب اسی حدیث کے عبد اللہ بن مسعود نے کہا کہ نہ مقرر کرے ایک تمہارا واسطے شیطان کے حصہ نماز اپنی مین سے اعتقاد کرے
یہ کہ لازم ہی اوس پر یہ کہ نہ پھرے مگر دائین اپنے سے یعنی بعد نماز کے تحقیق دیکھا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اکثر یہ کہ پھرتے تھے
بائین طرف اپنی سے **ف** حاصل یہ کہ حضرت بعد سلام پھیرنے کے کبھی تو پھرتے تھے دائین طرف سے اور بیٹھتے بائین طرف اور اکثر اوقات
ایسا ہوتا تھا کہ سلام پھیرتے اور دعا مانگتے اور جانب حجرہ شریف کے کہ بائین طرف ہی تشریف لیجاتے اور کبھی برعکس اسکے کرتے کہ بائین
طرف سے پھرتے اور دائین طرف بیٹھتے اول کو عزیمت یعنی اولویت پر حمل کیا ہی کہ اوسمین [illegible] شرف [illegible] ہوتا ہی اور فعل آنحضرت
کا اکثر اسی طرح تھا لیکن ابن مسعود کہتے ہین کہ دوسری صورت یعنی بائین طرف سے پھرنا اگرچہ رخصت یعنی جائز ہی اور کبھی ایک سنت مین اعتقاد
واجب ہونے کا نکرے یعنی پہلی صورت کو واجب نجانے اور رخصت شارع کی سے کہ دوسری صورت ہی اعراض نکرے اور حصہ شیطان کا اسمین
اسلیے کہا کہ جب ایک چیز غیر لازم کو اپنے پر لازم اعتقاد کیا تو تابع شیطان کا ہوا پس جاتا رہا کمال [illegible] اوسکی کا [illegible] کہ طیبی نے کہا کہ اسمین دلیل ہی
اسپر کہ جسنے اصرار کیا ایک امر مستحب پر اور کیا اوسکو لازم اور نہ عمل کیا رخصت پر تو بلا شبہ اوسپر پہنچا شیطان گمراہ کرنے کو یس کیا حال ہی
اوسکا کہ اصرار کرے بدعت اور خلاف شرع پر یہ حضرت شیخ اور ملا علی قاری اور سید رحمہم اللہ نے لکھا ہی غرض اس تقریر طویل سے یہ ہی کہ ظاہرا
مسئلہ صاحب بحر کا کہ حضرت سید عبد القادر سے نقل کیا خلاف اس حدیث وغیرہ کے معلوم ہوتا ہی اور حقیقت مین خلاف نہین اسلیے کہ مراد اون حضرات کی
یہ ہی کہ اکثر عزیمت پر عمل کیا کرے بغیر اعتقاد وجوب و لزوم کے اور حدیث وغیرہ مین یہ مراد ہی کہ اگر اعتقاد وجوب کا کرے اور اوسکو لازم کرے
اور رخصت کو بالکل ترک کر دے تو برا ہی واللہ اعلم بالصواب مومنون کے انعام اور احسان اور خوبیون کو بیان فرما کر اب انکے مقابل
مین کفار فجار کا بیان ہوتا ہی

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ

اور جسکو راہ نہ دے اللہ تو کوئی نہین اوسکا کام بنانے والا اسکے سوا اور تو دیکھے گنہگارون کو جسوقت دیکھین گے عذاب کہین گے

هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۚ

کسی طرح پھر جانے کی بھی ہوگی کوئی راہ **مو**

اور جسکو گمراہ کرے اللہ پس نہین ہی اوسکے لیے کوئی کارساز بعد اوسکے اور دیکھیگا تو ظالمون کو جسوقت دیکھین گے عذاب کو کہین گے کیا ہی
طرف پھر جانے کے کوئی راہ **تفسیر** کوئی کارساز یعنی کوئی اوسکو ہدایت نہین کر سکتا بعد گمراہ کرنے اللہ کے اوسکو اور کوئی اوسکو
اللہ عذاب سے بچا نہین سکتا اور دیکھے گا تو یعنی روز قیامت کے کہین گے الخ یعنی سوال کرین گے اپنے رب سے پھر آنا طرف دنیا کے تو کہ ایمان لاوین اوسپر **صل**

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور تو دیکھے اونکو سامنے لائے گئے ہین آگ کے دبے آنکھین ذلت سے دیکھتے ہین چھپی نگاہ سے اور کہتے ہین جو ایمان لائے تھے

اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ

مقرر ٹوٹے والے وہی ہین جنھون نے گنوائی اپنی جان اور اپنا گھر قیامت کے دن سنتا ہی گنہگار پڑے ہین سدا کی مار مین **مو**

اور دیکھیگا تو اونکو کہ پیش لایا جاویگا نزدیک دوزخ کے عاجزی کرتے ہوئے ذلت سے دیکھتے ہونگے یعنی دوزخ کی طرف گوشہ چشم نیم کشادہ سے + اور کہا اہل ایمان نے تحقیق زیان پانے والے وہ لوگ ہین کہ ٹوٹے مین ڈالا اپنے تئین اور اپنے قرابتیون کو روز قیامت کے آگاہ ہو تحقیق ظالم بیچ عذاب ہمیشگی کے ہونگے + **تفسین** + خٰشِعِيْنَ الخ ڈرتے ہوئے تواضع کرتے ہوئے نظرین جھکائے ہوئے بسبب ذلت وخواری لاحق ہونیکے مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ضعیف اور چوری کی نظر سے جیسا کہ دیکھتا ہی قیدی واجب القتل طرف تلوار کے اور اسی طرح دیکھتا ہی دیکھنے والا طرف ناگوار چیزون کے نہین کھول سکتا پلکین اپنی اوپر اور کہا بعضون نے کہ اوٹھائے جاوینگے کافر اندھے پس نہین دیکھینگے مگر اپنے دلون سے اور یہ نظر کرنی ہی طرف خفی سے اور لفظ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ یا تو متعلق ہی ساتھ خسروا کے اور اس صورت مین ہوگا قول مومنون کا واقع دنیا مین اور یا متعلق ہی قال کے یعنی کہینگے مومن روز قیامت کے جب کہ دیکھینگے کفار کو ٹوٹے مین اور ٹوٹا اونکا یہ ہی کہ وہ ہمیشہ کو دوزخ مین رہے اور یہ پہنچے طرف جنت کے اور جنت کی حورون وغیرہ کے کہ طیار تھین انکے لیے جنت مین اگر ایمان لاتے اور ظالم یعنی کافر اور اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ الخ مقولہ اللہ تعالی کا ہی + **مل + معا + جلا + تنبیہ** + یہ جو فرمایا کہ کہا اہل ایمان نے کلام مذکور یعنی دنیا مین جو اونہو دیکھا کہ نافرمان اللہ تعالی کے ہین آپ بھی اور اونکے اہل بھی کہ نہ آپ برائیون سے بچے اور نہ اپنے اہل کو بچایا باوجودیکہ اللہ تعالی نے فرمایا تھا + يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ یعنی ای ایمان والون بچاؤ اپنے نفسون کو اور اپنے گھر والون کو اوس آگ سے کہ ایندھن اوسکا آدمی او پتھر ہونگے متعین ہین اوس پر فرشتے سخت خو درشت کو نہین ٹالتے اللہ کا کہا اور کرتے ہین جو کچھ حکم کیے جاتے ہین پس اونکی اور اونکے اہل کی نافرمانیان طرح بطرح کی دیکھکر یا تو دنیا مین کلام مذکور کہا یا روز قیامت کے کہینگے جب طرح بطرح کی دار و گیر مین دیکھینگے اونکو بھی اور اونکے اہل کو بھی بسبب نافرمانی یہان کی کے پس بڑی تنبیہ ہی اس آیت مین ہر شخص کو سوچنا چاہیے سوچے اور آپ بھی بچے برائیون سے اور اپنے اہل کو بھی بچاوے برائیون سے اور تعلیم کرے طریقہ سنت کا تو یہ مستحق اس گنہ کا نہوگا +

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ۝

اور کوئی نہوئے اونکے حمایتی جو مدد کرتے اونکی اللہ کے سوائے اور جسکو بہکادے اللہ اوسکو کہین نہین راہ + **صو** +

اور نہین ہونگے اونکے لیے کارساز کہ مدد کرین اونکی سوائے خدا کے اور جسکو گمراہ کرے خدا نہین ہی اوسکے لیے کوئی راہ + **تفسیر** + مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ یعنی غیر خدا کے کہ دفع کرسکے اوسکے عذاب کو اونسے کوئی راہ یعنی طرف حق کے دنیا مین اور طرف نجات کے یا جنت کے آخرت مین + **جلا** +

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ۝

مانو اپنے رب کا حکم اوس سے پہلے کہ آوے ایک دن جو پھرنا نہین اللہ کے ہان سے نہ ملیگا تمکو بچاؤ اوس دن اور نہ ملیگا الوپ ہو جانا + **صو** +

حکم قبول کرو اپنے پروردگار کا پہلے اسکے کہ آوے وہ روز کہ پھرنا نہین ہی اوسکو خدا کی طرف سے نہین ہی تمہارے لیے کوئی پناہ اوس روز اور نہین ہی تمہارے لیے کچھ انکار + **تفسیر** + حکم مانو یعنی توحید وعبادت وغیرہ کا وہ روز یعنی دن قیامت کا اور لفظ مِنَ اللّٰهِ مین متصل ہی ساتھ لَا مَرَدَّ کے یعنی نہین پھیریگا اوسکو اللہ بعد اسکے کہ حکم کرچکا اوسکے آنے کا یا مِن متصل ہی ساتھ يَاْتِيَ کے یعنی فرمان برداری کرو اللہ تعالی کی پہلے اسکے کہ آوے اللہ کی جانب سے ایسا دن کہ نہ پھیر سکے کوئی اوسکو اور نَّكِيْرٍ بمعنی انکار کے ہی یعنی نہین ہوگی تمہارے لیے خلاصی یا جگہہ خلاصی کی عذاب سے اور نہین انکار کرسکو گے تم کسی چیز کا اون اعمال مین سے کہ کرچکے ہو اسلیے کہ تمہارے نامۂ اعمال مین جمع ہین اور نامۂ اعمال تمہارے اور اعضا تمہارے تمہارے فعل پر گواہ ہونگے انکار کیونکر کرسکوگے

+ **مل + جلا** +

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ

پھر اگر وہ ٹلا دین تو تجکو نہین بھیجا ہمنے اونپر نگہبان تیرا ذمہ یہی ہی پونہچا دینا اور ہم جب چکھاتے ہین آدمی کو

مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ ○

اپنی طرف سے مہر اوس پر بکھساہی اور اگر پہونچتی ہی اونکو کچھہ برائی بدلا اپنی کمائی کا تو انسان بڑا ناشکری ہی + ع +

پس اگر مونہہ پھیر لیوین پس نہین بھیجا ہمنے تجکو اونپر نگہبان نہین ہی تجپر مگر پیغام پونہچانا اور تحقیق ہم جسوقت چکھاوین آدمی کو اپنی جانب سے رحمت خوش ہووے ساتھہ اوسکے اور اگر پہونچے آدمیون کو مصیبت بسبب اوسکے کہ آگے بھیجا ہی ہاتھون اونکے نے پس آدمی ناشکر گذار ہی + **تفسیر** + مونہہ پھیرین یعنی فرمان برداری سے نگہبان کہ نگہبانی کرے تو اونکے اعمال کی کہ موافق مطلوب ہی کے کرین مگر پیغام پونہچانا سو تو پونہچا ہی چکا ہی اور یہ پہلے حکم ہونے جہاد کے تھا اور انسان سے مراد جمع ہی رحمت یعنی نعمت مانند وسعت اور امن اور صحت کے خوش ہووے یعنی اترانے لگے بسبب ملنے نعمت کے مصیبت یعنی بلا مانند مرض اور قحط اور فقر اور مانند انکے کہ آگے بھیجا ہی ہاتھون اونکے نے یعنی بسبب گناہون اونکے کے اور کفور کے معنی ہین بڑے ناشکر کے اور معنی اسکے یہ ہین کہ وہ یاد کرتا ہی بلا کو اور بھول جاتا ہی نعمتون کو اور حقیر جانتا ہی اونکو کہا بعضون نے کہ مراد ہی اس سے کفران نعمت اور بعضون نے کہا کہ مراد ہی اس سے کفر باللہ تعالی + **جل** + **مل** +

لِّلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ ○

اللہ کا راج ہی آسمانون مین اور زمین مین پیدا کرتا ہی جو چاہے بخشتا ہی جسکو چاہے بیٹیان اور بخشتا ہی جسکو چاہے بیٹے

أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا ۖ وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيمًا ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ○

یا اونکو دیتا ہی جوڑے بیٹے اور بیٹیان اور کرتا ہی جسکو چاہے بانجھہ وہ ہی سب جانتا کرسکتا + ع +

خدا کے لیے ہی بادشاہی آسمانون اور زمین کی پیدا کرے جو کچھہ چاہے دیتا ہی بیٹیان جسکو چاہے اور دیتا ہی بیٹے جسکو چاہے یا ملا دیتا ہی اولاد کو بیٹے اور بیٹیان اور کردیتا ہی جسکو چاہے بانجھہ تحقیق وہی جاننے والا قادر + **تفسیر** + بادشاہی یعنی اوسی کا تصرف ہی آسمان و زمین مین جو چاہتا ہی سو کرتا ہی دیتا ہی بیٹیان الخ یعنی نہین ہوتا اوسکے ہان بیٹا کہا بعضون نے کہ عورت کی برکت ہی بیٹے سے پہلے جننا بیٹی کا اسلیے کہ اللہ تعالی نے بھی پہلے بیٹی کو ذکر کیا اور جب کہ ذکر کیا چکھانا انسان کے تئین رحمت کو اور پونہچانا اوسکے تئین مصیبت کو اوسکے بعد ذکر فرمایا کہ اللہ کے لیے بادشاہی ہی اور وہ تقسیم کرتا ہی نعمت اور بلا کو جس طرح چاہتا ہی اور بخشتا ہی اپنے بندون کو اولاد سے جو کچھہ کہ مقتضی ہوتی ہی اوسکو مشیت اوسکی پس بعضون کو بیٹیان ہی دیتا ہی اور بعضون کو بیٹے ہی اور بعضون کو بیٹے بھی اور بیٹیان بھی ملوان جلوان اور بعضون کو بانجھہ ہی کرتا ہی کہ نہین دیتا اونکو اولاد کچھہ بھی اور عقیم اوس عورت کو بھی کہتے ہین کہ جو نہین جنتی اور اوس مرد کو بھی عقیم کہتے ہین کہ جسکے ہان اولاد نہین ہوتی پھر اگر کوئی کہے کہ کیون پہلے ذکر کیا بیٹیون کو پھر بیٹون کو باوجود دیکہ مرد مقدم ہین عورتون پر تو جواب اسکا یہ ہی کہ اللہ تعالی نے ذکر کیا تھا بلا کا پہلی آیت کے آخر مین اور انسان کی ناشکری کا ساتھہ بھول جانے رحمت سابقہ کے پھر اوسکے بعد ذکر کیا اپنی بادشاہت اور مشیت کا اور تقسیم کرنے اولاد کا پس پہلے ذکر کیا بیٹیون کو اسلیے کہ سیاق کلام یہ تھا کہ وہ کرنے والا ہی اوس چیز کو کہ وہ چاہتا ہی نہ جو کچھہ کہ چاہتا ہی انسان پس ہوا ذکر کرنا بیٹیون کا کہ جو جملہ اوس چیز سے ہین کہ نہین چاہتا ہی اوسکو انسان اہم اور اہم واجب التقدیم ہی اور بعضون نے کہا کہ پہلے ذکر کیا بیٹیون کو لڑکیون کے باپ کے دل خوش کرنے کے لیے اور بعضون نے کہا کہ نازل ہوئی یہ آیت انبیا صلوات اللہ علیہم کے حق مین اس جہت سے کہ دین حضرت شعیب اور لوط علیہما السلام کو بیٹیان اور ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹے اور بیٹیان اور کیا یحیی اور عیسی علیہما السلام کو بانجھہ اور یہ بنا بر تمثیل کے ہی اور آیت عام ہی

تمام لوگون کے حق مین + کشاف + مل معا + حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی کہ بلاشبہ برکت عورت کی ہی کہ پہلے بیٹی جنا اوسکا بیٹی کو کیا نہین سنا تونے اللہ تعالی سے فرماتے یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ پس پہلے ذکر کیا عورت کا نقل کی یہ ابن مردویہ اور ابن عساکر نے واثلہ بن اسقع سے + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اولاد تمھاری ہبہ اللہ کی ہی تمھارے لیے بخشتا ہی عورت جسکے لیے چاہتا ہی اور بخشتا ہی مرد جسکے لیے چاہتا ہی + در منثور +

مسئلہ + ذکر ہبہ کا لفظ یہب مناسبت رکھتا ہی جاننا چاہیے کہ ہبہ صحیح ہوتا ہی ساتھ ایجاب و قبول کے اور پورا ہوتا ہی ساتھ قبض کامل کے یعنی جب واہب کہے کہ یہ چیز بطور ہبہ کی دینے اور موہوب لہ کہے قبول کی مینے اور اپنے قبضے مین لاوے ہبہ صحیح و تمام ہوا اور بغیر قبض کے پوری اور معتبر نہین اور بغیر اذن واہب کے بھی قبضہ موہوب لہ کا صحیح ہوتا ہی اور ہبہ مشاع اوس چیز کا کہ بٹ سکے جیسے زمین وغیرہ جائز نہین ہی اور جو بٹ نہ سکے مانند غلام اور جواہر اور کنوین وغیرہ کے جائز ہی اور ہبہ مشاع اسکو کہتے ہین کہ ایک چیز کئی کو دے بن بانٹے اور باپکو مستحب ہی کہ اپنی اولاد مین ہبہ کرنے مین برابری کرے کہ بیٹی کو بھی بیٹے کے برابر دے اور خاص ایک ہی کو دینا یا زیادہ دینا بعض کو بنسبت بعض کے مکروہ ہی چارون اماموں کے نزدیک اور باقی مسائل اسکے فقہ کی کتابون مین مذکور ہین + بحر +

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ

اور کسی آدمی کی حد نہین کہ اوس سے باتین کرے اللہ مگر اشارے سے یا پردے کے پیچھے سے یا بھیجے کوئی پیغام لانے والا پھر پہونچاوے اوسکے حکم سے

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝

جو چاہے وہ سب سے اوپر ہی حکمتون والا + مو +

یعنی ممکن نہین ہی کسی آدمی کو کہ بات کرے اوس سے خدا مگر ساتھ اشارے کے یا پردے کے پیچھے سے یا بھیجے فرشتے کو پس نازل کرے ساتھ حکم خدا کے جو کچھ کہ خدا نے چاہا ہی تحقیق خدا بلند مرتبہ با حکمت ہی مترجم کہتا ہی اشارت عبارت ہی خواب کے دیکھنے سے اور علم کے ڈالنے سے بیچ خاطر کے بطریق الہام کے اور پردے کے پیچھے سے عبارت ہی اس سے کہ آواز سنے اور کسیکو نہ دیکھے اور تیسری قسم یہ ہی کہ فرشتہ بصورت آدمی کے بن کر آوے اور بات کرے واللہ اعلم + **تفسیر** + اِلَّا وَحْيًا سے الہام مراد ہی جیسے کہ روایت کیا گیا ہی نُفِثَ فِیْ رُوْعِیْ یعنی پھونکا اور ڈالا میرے جی مین یا خواب مراد ہی بموجب فرمانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رُؤْیَا الْاَنْبِیَآءِ وَحْیٌ یعنی خواب انبیا کا وحی ہی جیسے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دیکھا فرزند کو ذبح کرتے یا پردے کے پیچھے سے یعنی سننے کلام اللہ تعالی سے بغیر اسکے کہ دیکھے سننے والا اوسکو کہ کلام کرے اوس سے جیسے کہ سنا موسی علیہ السلام نے اور مراد اس سے پردے مین ہونا اللہ تعالی کا نہین ہی اسلیے کہ اللہ تعالی کے حق مین نہین جائز ہی جو کچھ کہ جائز ہی اجسام کے حق مین کہ پردے مین ہوتا ہی ولیکن مراد اس سے یہ ہی کہ سننے والا پردے مین ہی دیکھنے سے دنیا مین فرشتے کو جیسے جبریل آتے تھے وحی لیکر + آیا ہی کہ یہود نے آنحضرت سے کہا کہ کس واسطے تیرا خدا تجھسے بالمواجہہ کلام نہین کرتا اگر تو پیغمبر ہی تو جیسا کہ موسی علیہ السلام کے ساتھ کلام کرتا تھا رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ موسی کے ساتھ بھی بالمواجہہ نہ تھا پیچھے حجاب نور کے تھا اور واسطے تصدیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ آیت اوتری کہ کسی بشر کے ساتھ کلام بالمواجہہ نہین ہوا + مل معا +

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ

اور اسی طرح بھیجا ہمنے تیری طرف ایک فرشتہ اپنے حکم سے تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہی کتاب نہ ایمان پر ہمنے رکھی ہی

نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

یہ روشنی اس سے راہ دیتے ہین جسکو چاہین اپنے بندون مین اور تو البتہ سجھاتا ہی سیدھی راہ + مو +

اور اسی طرح وحی بھیجا ہمنے طرف تیرے قرآن کو کلام اپنے سے نہین جانتا تھا تو کہ کیا ہی کتاب اور نہین جانتا تھا تو کہ کیا ہی ایمان ولیکن کیا ہمنے وحی کو روشنی راہ دکھاتے ہین ہم ساتھ اوسکے جسکو چاہتے ہین ہم اپنے بندون مین سے اور تحقیق تو ہدایت کرتا ہی طرف راہ سیدھی کے

تفسیر† اور اسی طرح یعنی جیسے کہ وحی بھیجی ہمنے طرف رسولون کے تجھ سے پہلے تھے ایسے ہی وحی بھیجا ہمنے طرف تیرے قرآن کو قرآن کو یہان روح اسلیے فرمایا کہ اس سے خلق زندہ ہوتے ہین اپنے دین مین جیسا کہ زندہ ہوتا ہی بدن بسبب روح کے اور کتاب سے مراد قرآن ہی اور ایمان سے مراد شرائع ایمان کے ہین یا یہ مراد ہی کہ نہین جانتا تھا تو ایمان لانا ساتھ کتاب کے اسلیے کہ آنحضرتؐ جب نہین جانتے تھے کہ نازل ہوگی کتاب مجبر نہین تھے جاننے والے اوس کتاب کو پس نہوئے جاننے والے ایمان کو کتاب پر بالضرور ہدایت کرتا ہو یعنی بلاتا ہی ساتھ یوحی الیک کے یعنی قرآن کی طرف راہ سیدھی کے یعنی دین اسلام کے **مد**†

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝

راہ اسکی جسکا ہی جو کچھ ہی آسمانون مین اور زمین مین سنتا ہی اللہ ہی تک پہونچتی ہی کامون کی **مو**†

راہ خدا کی جسکے لیے ہی جو کچھ ہی آسمانون مین اور جو کچھ ہی زمین مین ہی خبردار ہو طرف خدا کے پھیرے جاتے ہین کار † **تفسیر**† جسکے لیے ہی یعنی یہ سب اوسی کے ملک اور مخلوق اور لونڈی غلام ہین اور آخر آیت مین وعید یعنی ڈر کا ہی دوزخ کا اور وعدہ ہی چین و آرام جنت کا چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی کہ فرمایا جسنے پڑھی حم عسق ہووا اون لوگون مین سے کہ شاباشین کرتے ہین اوپر فرشتے اور بخشش مانگتے ہین اونکے لیے اور رحمت طلب کرتے ہین اونکے لیئے **مد بیضاوی**† **تنبیہ**† خدا تعالی کی اس راہ سیدھی کی مثال حدیث شریف بیچ ان آئی ہی کہ عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہی کہ کہا خط کھینچا ہمارے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خط یعنی سیدھا پھر فرمایا یہ راہ اسکی ہی پھر کھینچے کئی خط داہنے اوسکے اور بائین اوسکے یعنی سات خط چھوٹے ٹیڑھے داہنی طرف اور اسی طرح بائین طرف اور فرمایا یہ راہین ہین اوپر ہر راہ کے انمین سے شیطان ہی پکارتا ہی طرف اوس راہ کے اور پڑھی یہ آیت وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ † یعنی اور تحقیق یہ راہ میری ہی سیدھی پس پیروی کرو اسکی اور نہ پیروی کرو اور راہون کی تا نہ پریشان کردین راہین تمکو راہ اوسکی سے † اور روایت ہی ابن مسعودؓ سے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیان کی اللہ نے ایک مثل راہ سیدھی اور دونو طرف راہ کے دو دیوارین ہین اور بیچ دیوارون کے دروازے کھلے ہوئے اور اوپر دروازون کے پردے پڑے ہوئے ہین اور راستے کے سرے پر پکارنے والا پکارتا ہی کہ سیدھے رہو راہ پر اور ٹیڑھے مت چلو اور اوپر اوس پکارنے والے کے ایک پکارنے والا اور ہی جب کہ قصد کرتا ہی بندہ یہ کہ کھولے کچھ اون دروازون مین سے کہتا ہی پکارنے والا وائے ہی تجکو مت کھول اسکو اسلیے کہ تحقیق تو اگر کھولیگا اسکو داخل ہو جاویگا اسمین یعنی پھر وہان پر دکھ پاویگا پھر تفسیر کی یعنی کھولا حضرتؐ نے اس مثال کو پس بیان کیا کہ مراد راہ سے اسلام ہی یعنی اوس سے جنت کو پہونچتے ہین اور مراد دروازون کھلے ہوؤن سے چیزین حرام کی ہوئین اللہ کی یعنی اونکے کرنے سے کمال اسلام سے باہر نکلتا ہی اور مراد پردے پڑے ہوؤن سے حدین اللہ کی اور مراد پکارنے والے سے کہ رستے کے سرے پر ہی قرآن ہی اور مراد پکارنے والے سے کہ اوپر اوسکے ہی وہ نصیحت دینے والا ہی اللہ کی طرف سے ہر مومن کے دل مین یعنی فرشتہ ملہم خیر اور مثال آنحضرتؐ کے بلانے کی طرف دین اسلام کے یون آئی ہی روایت ہی ربیعہ جرشی سے کہ کہا دکھلائے گئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم یعنی خواب مین فرشتے پس کہا گیا اونکو چاہیے کہ سووین آنکھین تمھاری یعنی نہ دیکھیں اپنی آنکھوں سے کچھ اور سنین کان تمھارے یعنی کان نہ رکھیں کسیکی بات پر اور سمجھے دل تمھارا یعنی دل مین کچھ خیال نہ لاوے حاصل یہ کہ غور و حضور دل سے اس مثال کو سن تو خوب سمجھے پس حضرتؐ نے جواب دیا کہ سوئین آنکھین میری اور سنا کانون میرے نے اور سمجھا دل میرے نے پس فرمایا کہا گیا واسطے میرے یعنی فرشتون نے بطریق تمثیل کے کہا کہ ایک سردار نے بنایا گھر اور طیار کیا کھانا

اور بھیجا بلانے والے کو پس جسنے کہا مانا بلانے والے کا داخل ہوا گھر مین اور کھایا کھانے مین سے اور راضی ہوا اوس سے سردار اور جسنے نہ کہا مانا بلانے والے کا نہ داخل ہوا گھر مین اور نہ کھایا کھانے مین سے اور خفا ہوا اوس پر سردار فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس اللہ سردار ہی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم بلانے والے اور گھر اسلام اور کھانا بہشت + **مشکوۃ** +

سورۃ الزخرف مکیۃ وھی تسع وثمانون ایۃ وسبع رکوعات

اس سورت کا نام سورۂ زخرف ہی زخرف کہتے ہین تجمل کو یعنی آرایش کو اور بعضون نے کہا سونے کو چنانچہ تحقیق اسکی آگے آویگی انشاء اللہ تعالی پس ذکر زخرف کا اس سورت مین آیا ہی کہ فرمایا وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا ط حاصل اس آیت کا یہ ہی کہ اگر لحاظ اسکا نہوتا کہ سب لوگ ایک دین پر یعنی کفر پر ہوجائینگے تو ہم کفار کے گھرون کی چھتون کو اور سیڑھیون کو اور دروازون اور تختون کو کہ اونپر تکیے لگا کر بیٹھتے ہین چاندی سونے کا کر دیتے یعنی یہ دنیا کا مال و منال اللہ تعالی کے نزدیک ایسا برا اور ناپسند ہی کہ اگر لحاظ مسلمانون کے بگڑ جانے کا مارے حسد و حسرت کے نہوتا تو ایسا مالدار کر دیتا اپنے دشمنون کو چنانچہ بیان مفصل اسکا آگے آویگا غرض کہ اس سورت مین جو ذکر زخرف کا آیا ہی اور بیان اوسکا مہتم بالشان ہی اوسپر نام اوسکا رکھا گیا + اور نزول اسکا بعد سورۂ شوری کے ہی اسی لیے بعد اوسکے لکھی گئی اور سوا اسکے بھی بہت وجہین مناسبت کی ہین درمیان ان دونون سورتون کے اور یہ سورت مکی ہی آیتین اسمین نواسی [۸۹] اور کلمے آٹھ سو تینتیس [۸۳۳] اور حروف تین ہزار چار سو [۳۴۰۰] اور رکوع سات [۷] + * +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

قسم ہی اس کتاب واضح کی ہمنے رکھا اسکو قرآن عربی زبان کا شاید تم بوجھو + **ع**

قسم کتاب واضح کی کہ تحقیق ہمنے کیا ہی اس کتاب کو کلام عربی تو کہ تم سمجھو + **تفسیر** + حروف مقطعات کے معنی مین صحیح قول تو یہی ہی کہ اللہ ہی جانے کہ مراد انسے کیا ہی کفار کے عاجز کرنے کے لیے اوترے تھے + اور بعضون کے نزدیک ہر حرف اشارہ ہی طرف عطاے حق کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جیسے ح سے حوض کوثر اور میم سے ملک ممدود چنانچہ بیان مفصل اسکا اوپر کی سورت مین ہو چکا ہی اور مبین کے معنی ہین یہ کہ واضح کر دیتی ہی اوس مضمون کو کہ اوتارا گیا ہی اوسپر اسلیے کہ اونکی لغت اور اسلوب پر ہی یا یہ معنی ہین کہ واضح ہی تدبر کرنیوالون کے لیے یا یہ معنی ہین کہ یہ ایسی ہی کہ واضح اور جدا کر دین ہین اسنے راہین ہدایت کی گمراہی کی راہون سے اور واضح کر دیا اسنے تمام اون چیزون کو کہ محتاج ہی اونکی امت در باب دین کے اور یہ جو فرمایا اِنَّا جَعَلْنٰهُ معنی اسکے یہ ہین کہ گردانی ہمنے قراءت اس کتاب کی عربی + اور بعضون نے کہا بیان کیا ہمنے اوسکو + اور بعضون نے کہا نام رکھا ہمنے اوسکا + اور بعضون نے کہا وصف کیا ہمنے اوسکا کہا جاتا ہی جَعَلَ فُلَانٌ زَيْدًا اَعْلَمَ النَّاسِ یعنی وصف کیا زید کا ساتھ بہت علم کے اور یہ ایسا ہی جیسے فرمایا اللہ تعالی نے وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا وَجَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ۝ اور فرمایا اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ + پس یہ سب معنی وصف اور نام رکھنے کے ہین + اور روایت کی ابن مردویہ نے طاؤس سے کہ کہا آیا شخص ابن عباس کے پاس حضرموت سے اور کہا اوسنے ای ابن عباس خبر دے مجکو قرآن کے حال سے کہ آیا کلام ہی اللہ تعالی کے کلامون مین سے یا مخلوق ہی اللہ کی مخلوقون مین سے انھون نے کہا بلکہ کلام ہی اللہ کے کلامون مین سے کیا نہین سنا تونے اللہ تعالی سے فرماتے وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ

اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ + یعنی اگر کوئی مشرکون مین سے پناہ مانگے تجسے تو پناہ دے اوسکو یہان تک کہ سنے کلام اللہ کا
پس کہا ابن عباسؓ سے اوس شخص نے کہ کیا دیکھا ہی تونے قول اللہ تعالی کا اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا یعنی ہمنے گردانا او پیدا کیا اوسکو قرآن
عربی گویا لفظ جَعَلْنَا سے پیدا ہونا قرآن کا نکالنے لگا + کہا ابن عباسؓ نے مراد یہ ہی کہ لکھا اوسکو اللہ تعالی نے لوح محفوظ مین زبان عربی مین
کیا نہین سنا تو نے اللہ تعالی کو فرماتے بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ + مجید کے ہی معنی تو ہین کہ وہ عزیز ہی نزدیک لکھنے والون
اللہ کے لوح محفوظ مین + کہا مقاتل بن حبان نے کہ کلام آسمان والون کا عربی ہی پھر پڑھی یہ آیت حٰمٓ ۞ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞ اِنَّا
جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا آخر دو آیتون تک تو کہ تم یعنی اہل مکہ سنجھو یعنی معانی اوسکے + **مل + در منثور + معا +**

وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۞

اور یہ بڑی کتاب مین ہم پاس ہی اونچا محکم + **مو +**

اور تحقیق یہ کتاب ثبت ہی لوح محفوظ مین نزدیک ہمارے تحقیق یہ کتاب بلند قدر باحکمت ہی مترجم کہتا ہی قسم کھانی ساتھ ایک چیز کے
واسطے ثابت کرنے اوسی چیز کے یا لازم اوس چیز کے کنایہ ہی ساتھ اسکے کہ وہ چیز آپ دلیل اپنی ہی جیسے کہ کہتے ہین قسم لب سگون تو
و زلف شبگون تو کہ تو معشوق دلربائی واللہ اعلم + **تفسیر +** یہ کتاب یعنی قرآن ثابت کیا گیا ہی نزدیک اللہ کے لوح محفوظ مین
دلیل اسکی قول اللہ تعالی کا ہی بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۞ یعنی وہ قرآن عزیز لوح محفوظ مین لکھا گیا ہی +
اور ام الکتاب کہا اسلیے کہ وہ اصل ہی کہ اوسمین سب کتابین لکھی ہوئی ہین اوس سے نقل کی جاتی ہین اور لکھی جاتی ہین + کہا ابن عباسؓ نے
اول جو پیدا کیا اللہ تعالی نے قلم تھا پس حکم کیا اوسکو یہ کہ لکھے جو کچھ کہ چاہتا تھا پیدا کرنا پس کتاب اوسکے پاس ہی پھر پڑھی یہ آیت
وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ بلند قدر ہی یعنی سب کتابون سے مرتبہ اسکا زیادہ ہی باحکمت ہی یعنی صاحب حکمت بالغہ کی ہی خبر دیتا ہی اللہ تعالی
اوسکے شرف و مرتبہ کی یعنی تم جھٹلاتے ہو اوسکو ای اہل مکہ اور وہ ہمارے نزدیک بلند قدر اور شریف اور محکم ہی باطل سے + **مل + معا +**

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۞

کیا پھیر دینگے ہم تمہاری طرف سے یہ سمجھوتی موڑکر اس سے کہ تم ہو لوگ جو حد پر نہین رہتے + **مو +**

کیا باز رکھین گے ہم تمسے پند کو اعراض کرکر واسطے اسکے کہ ہو تم ایک جماعت حد سے نکلنے والے + **تفسیر +** یعنی اس سبب سے کہ تم نہین مانتے
کیا بھیجنا موقوف کرینگے حکم کا + **مو +** یعنی تم قوم مسرف ہو یعنی نہایت جہالت رکھتے ہو اور گمراہی مین حد سے بڑھ گئے ہو کیا اس سبب سے
باز رکھینگے ہم تمسے اوتارنا ذکر یعنی قرآن کا اور لازم کرنا حجت کا ساتھ اوسکے واسطے اعراض کرنے کے تمسے یہ کبھی نہین ہونیکا حاصل
یہ کہ بسبب کفر و شرک تمہارے کے کیا قرآن کا اوتارنا اور امر و نہی کرنا چھوڑ دینگے ہم یہ استفہام انکاری ہی یعنی یہ کبھی نہین ہونیکا + کہا قتادہ نے
قسم خدا کی اگر اوٹھایا جاتا یہ قرآن جسوقت کہ رد کیا تھا اسکو اس امت کے پہلے لوگون نے تو البتہ ہلاک ہو جاتے ولیکن اللہ بحسب عادت و رحمت اپنی کے
بار بار اوتارتا رہا اوسے قرآن بیس برس تک یا کچھ اوپر بیس برس تک + **مل + معا +**

وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۞ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞

اور بہت بھیجے ہین ہمنے نبی پہلون مین اور نہین آتا لوگون کو کوئی پیغام لانیوالا جس سے ٹھٹھا نہین کرتے + **مو +**

اور بہت بھیجے ہمنے پیغمبر بیچ پہلون کے یعنی تمسے پہلے لوگون مین اور نہ آتا تھا اونکے پاس کوئی نبی مگر ساتھ اوسکے ٹھٹھا کرتے تھے + **تفسیر +**
یعنی تھے اسی عادت بد پر اور اوسمین تسلی ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تمہاری قوم جو تمسے ٹھٹھا کرتی ہی اور ایذا دیتی ہی کچھ دلگیر نہو
کہ قدیم سے گمراہون کا یہی معاملہ رہا ہی اگلے انبیا علی نبینا وعلیہم الصلوات والسلام کے ساتھ + **مل + تنبیہ +** اور ایسے ہی آنحضرت

۵۱

صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے اونکی امت کے اہل حق کے لیے بھی آخرت میں تسلی ہے کہ اگر کوئی گمراہ و بدبختی تم سے ٹھٹھا کرے اور ایذا دے تو بد دل اور غمگین مت ہو بلکہ خوش ہو کہ ان رنج غیب ہمارے زہے طالع کہ انبیا علیہم الصلوات والسلام کی میراث ہاتھ لگے +

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ○

پھر کھپا دیے ہمنے ان سے سخت زور والے اور چلی آئی حقیقت پہلون کی + موضح

پس ہلاک کیا ہمنے سخت تر کو قریش سے یعنی عاد و ثمود کو کہ قریش سے قوی تر تھے باعتبار دست درازی کے اور مذکور ہو چکے قصے پہلون کے + تفسیر یعنی قرآن مین بہت جگہہ کو ہو چکے قصے اور حال اونکی ہلاکت اور تباہی کے سبب جھٹلانے رسولون کے یعنی انجام تیری قوم کے کفار کا بھی ایسا ہی ہوتا ہے پس یہ مین وعدہ ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور وعید ہے مشرکون کے لیے + مدارک

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ○ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ

اور اگر تو اونسے پوچھے کسنے بنائے آسمان و زمین تو کہین بنائے اونکو زبردست خبردار نے وہی ہے جسنے بنا دی تمکو

الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

زمین بچھونا اور رکھدین تمکو اسمین راہین شاید تم راہ پاؤ +

اور اگر پوچھے تو مشرکون سے کہ کسنے پیدا کیے ہیں آسمان و زمین البتہ کہینگے پیدا کیا انکو خدا غالب دانا نے وہ ایسا ہی کہ کیا تمھارے لیے زمین کو بچھونا یعنی جگہہ قرار کی اور کین اسکے تمھارے زمین مین راہین تو کہ تم راہ پاؤ + تفسیر یعنی طرف مقاصد اپنے کے اپنے سفرون مین اقرار کیا مشرکون نے اسکا کہ اللہ خالق آسمانون اور زمین کا ہے اور اقرار کیا اوسکی عزت و علم کا پھر عبادت کی اوسکے غیر کی اور انکار کیا اوسکی قدرت کا بعث پر بسبب زیادتی جہل اپنے کے پس العزیز العلیم تک تمام ہوئی خبر دینی اونکی طرف سے پھر بیان فرمانا شروع کیا اللہ تعالی نے صفتین اپنی بذات پاک خود پس فرمایا الذی جعل لکم الارض الخ + معالم

وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○

اور جسنے اوتارا آسمان سے پانی ماپ کر پھر اوٹھا کھڑا کیا ہمنے اوس سے ایک دیس مردہ اسی طرح تمکو نکالینگے + موضح

اور وہ ایسا ہی کہ اوتارا آسمان سے پانی ساتھ اندازے کے پس زندہ کیا ہمنے ساتھ اوسکے شہر مردہ کو اسی طرح نکالے جاؤگے تم یعنی قبرون سے زندہ کرکے + تفسیر ساتھ اندازے کے کہ ہمیں بندے سالم رہین اور حاجت ہو اوسکی شہرون کو اور لفظ علیم پر وقف نہین ہے اسیلیے کہ الذی صفت اوسکی ہے اور ابو حاتم نے وقف کیا ہے بنا بر تقدیر ھو الذی کے اسلیے کہ یہ اوصاف کفار کے بقول سے نہین اسلیے کہ وہ منکر تھے نکالنے کے قبرون سے پس کیونکر کہتے کذالک تخرجون بلکہ آیت حجت ہے اونپر بیچ انکار بعث کے + مدارک

وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ○

اور جسنے بنائے سب چیز کے جوڑے اور بنا دیے تمکو کشتی اور چوپائے جسپر سوار ہوتے ہو + موضح

اور وہ ایسا ہی کہ پیدا کیے طرح طرح کے حیوانات سارے اور کیا واسطے تمھارے کشتیون اور چارپایون سے اوس چیز کو کہ اوسپر سوار ہوتے ہو +

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ

تا چڑھ بیٹھو اوسکی پیٹھ پر پھر یاد کرو اپنے رب کا احسان جب بیٹھ چکو اوسپر اور کہو پاک ذات ہے وہ جسنے

سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ○ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ○

بس مین کیا ہمارے یہ اور ہم نہ تھے اوسکے مقابل ہونے والے اور ہمکو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے + موضح

تو کر سیدھے بیٹھو تم اوپر پیٹھ سواری کے پھر یاد کرو تم اپنے پروردگار کی نعمت کو جسوقت کہ سیدھے بیٹھو تم اوسپر اور کہو پاکی خدا کو کہ جسنے سخر کیا ہمارے لیے اس سواری کو اور ہرگز نہ تھے ہم اسکی طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف پروردگار اپنے کے رجوع کرینگے ॥ **تفسیر** اس سفر سے آخرت کا سفر یاد کرو حضرت سوار ہوتے تو یہی تسبیح کہتے ॥ **مو** ॥ عَلٰى ظُهُوْرِهٖ کے معنی ہین اوپر پیٹھون اوس چیز کے کہ سوار ہوتے ہو اور وہ کشتی اور چارپائے ہین ॥ پھر یاد کرو تم یعنی ساتھ دلون اپنے کے اور کہو تم یعنی ساتھ زبانون اپنی کے طرف پروردگار اپنے کے رجوع کرینگے کہا بعضون نے یاد کرتے ہین نیک بندے وقت سوار ہونے اپنے کے دنیا کی سواری پر آخری سواری اپنی کو دنیا سے کہ وہ جنازہ ہی اور منقول ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ جب رکھتے پانون اپنا رکاب مین کہتے بِسْمِ اللهِ پھر جب بیٹھتے سواری پر کہتے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا الخ لَمُنْقَلِبُوْنَ تک ॥ اور تکبیر کہتے تین بار اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتے تین بار ॥ اور کہا صحابہ نے جب سوار ہوتے آنحضرت کشتی پر کہتے بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ॥ یعنی ساتھ نام اللہ کے چلنا کشتی کا ہی اور ٹھہرنا اوسکا بلاشبہ رب میرا البتہ بخشنے والا مہربان ہی اور منقول ہی کہ کتنے ایک لوگ سوار ہوئے اور کہا اونھون نے سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا آخر آیت تک اور اونمین ایک شخص سوار تھا ایک اونٹنی پر کہ نہین جنبش کرتی تھی وہ مارے دبلاپے کے پس کہا اوسنے بلاشبہ مین طاقت پانے والا ہون اسپر پس کودنے لگی وہ اونٹنی اور وہ گر پڑا اوس سے اور ٹوٹ گئی گردن اوسکی پس اس سے یہ معلوم ہوا کہ سواری کیسی ہی ضعیف ہو اللہ ہی کی مدد سے اوسپر قادر ہوتا ہی ॥ اور لائق ہی یہ کہ نہو سوار ہونا عاقل کا واسطے اترانے اور لذت اوٹھانے کے بلکہ واسطے عبرت حاصل کرنے کے کہ اوس سے سواری جنازے کی یاد کرے کہ اسی طرح ایک روز اوسپر سوار ہونا ہی اور تامل کرے اوسوقت کہ مین مرنے والا ہون بالضرور اور جانے والا ہون طرف اللہ تعالی کے نہین بازگشت اوسکی قضا سے ॥ **مل** ॥ روایت ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ حاضر کیا گیا انکے پاس جانور تو کہ سوار ہون اوسپر پس جب کہ رکھا پانون اپنا رکاب مین یعنی ارادہ کیا پانون رکھنے کا کہا بِسْمِ اللّٰهِ پس جب کہ چڑھے اوسکی پیٹھ پر کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ یعنی شکر ہی اوپر نعمتون سوار ہونے کے اور سوائے اسکے کے پھر کہا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا الخ مُنْقَلِبُوْنَ تک ॥ پھر کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تین بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ تین بار سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ یعنی پاک ہے تو بلاشبہ ظلم کیا مینے اپنی جان پر پس بخش میرے لیے گناہ میرے پس تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی سوا تیرے پھر ہنسے حضرت علی پس کہا گیا کس واسطے ہنسے تم اے امیر المومنین کہا حضرت علی نے کہ دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کیا جیسا کیا مینے پھر ہنسے پس کہا مینے کس چیز سے ہنسے آپ یا رسول اللہ فرمایا تحقیق پروردگار تیرا البتہ راضی ہوتا ہی اپنے بندے سے جب کہتا ہی رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ یعنی اے رب میرے بخش میرے لیے گناہ میرے فرماتا ہی اللہ تعالی کہ جانتا ہی یہ بندہ کہ نہین بخشتا گناہون کو کوئی سوا میرے ॥ **مشکوۃ** ॥ **معا** ॥ **ف** ॥ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے راضی ہونے سے ہنسے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بسبب پیروی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہنسے ॥ **ح** ॥ اور جملہ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ کو پہلی عبارت سے یہ لگاؤ ہی کہ سوار ہونے مین انتقال ایک جگہہ سے طرف دوسری جگہہ کے ہی اور بڑا انتقال پروردگار جل شانہ کی طرف جانا ہی اور سواری جگہہ خطر اور ہلاکت کی بھی ہی پس گویا اشارہ ہی اسپر کہ سوار کو چاہیے کہ اوس سے غافل نہو اور مستعد خدا تعالی کے ملنے کے لیے ہو کر ہشیار اور باگ کھینچ کر چلے کہ آخرکار سواری چوبی یعنی جنازے پر اس جہان فانی سے جاویگا اوسوقت کو نہ بھولے اور جانے کہ اسی طرح ایک روز اوس سواری پر جانا ہی ایسا کام نکرے کہ اوس روز روسیاہی ہو پس مین اشارہ ہی اسپر کہ ہر حال مین موت کو نہ بھولا کرے یاد کرنا موت کا بڑی سی نعمت ہی اور بڑا ثواب پاتا ہی یاد کرنے والا اوسکا ॥ **فخ** ॥

وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ۞

اور ٹھہرائی ہی انھون نے اوسکو اولاد اوسکے بندون سے ۔ تحقیق انسان ۔ بڑا ناشکرا ہی ۔ صریح ॥ **مو** ॥

اور مقرر کیا اونہون نے واسطے خدا کے اوسکے بندون مین سے اولاد کو تحقیق آدمی البتہ ناشکر ظاہر ہی ✤ **تفسیر** ✤ یہ آیت متصل ہی ساتھ اس قول اللہ تعالی کے وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ الخ یعنی اور اگر تو پوچھے تو اون سے کسنے پیدا کیے ہین آسمان و زمین تو اقرار کرینگے کہ اللہ نے پیدا کیے ہین حال انکہ مقرر رکھے ہین اونھون نے اوسکے لیے باوجود اس اقرار کے اوسکے بندون مین سے اولاد یعنی کہتے ہین فرشتے اللہ کی بیٹیان ہین یس مقرر کیا اونھون نے فرشتون کو جز یعنی ٹکڑا اوسکا جیسے کہ ہوتا ہی فرزند جز اپنے باپ کا آدمی یعنی کہنے والا کلام مذکور کا ناشکر ظاہر ہی اس سبب سے کہ نسبت فرزندی کی اوسکی طرف کرنی کفر ہی اور کفر اصل و پوری ناشکری ہی ✤ مد ✤ **تنبیہ** ✤ اس سے معلوم ہوا کہ شرک کفر بڑی ہی بات اسی لیے جابجا کلام اللہ مین برائی اور ممانعت اسکی آئی ہی اور طرح بطرح کے عذاب کا ذکر کیا ہی اور حدیث شریف مین بھی بہت منع آیا ہی کہا معاذ نے کہ نصیحت کی مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتون کی فرمایا کہ نہ شریک کر تو ساتھ اللہ کے کچھ اگرچہ مار ڈالا جاوے تو اور جلایا جاوے تو اور نہ نافرمانی کر ماں باپ کی اگرچہ حکم کرین تجکو یہ کہ نکلے تو اپنے اہل سے اور مال سے اور نہ چھوڑ تو نماز فرض قصدًا تحقیق جسنے چھوڑی نماز فرض قصدًا پس تحقیق بری ہوا اوس سے عہد اللہ کا اور مت پی شراب اسلیے کہ تحقیق وہ سر ہر برائی کا ہی اور بچا اپنے تئین گناہ سے اسلیے کہ تحقیق بسبب گناہ کے اوترتا ہی غضب اللہ کا اور بچا اپنے تئین کفار کی لڑائی کے بھاگنے سے اور اگرچہ ہلاک ہو وین لوگ ✤ اور جب پہنچے لوگون کو موت یعنی وبا وقحط اور تو اون مین ہووے پس ثابت رہ اور خرچ کر اپنی اولاد پر مال اپنا اور مت اوٹھا اونسے لاٹھی اپنی ادب کے لیے یعنی ادب کے لیے کچھ مارا کر اور ڈرا اونکو اللہ کی نافرمانی سے ✤ **مشکوۃ** ✤

> ف یہ بات اولی ہی اور جائز بھی ہی کہ جب کوئی نصیحت ... زیادہ ... علی

اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ۝

کیا رکھ لین اپنی پیدائش مین سے بیٹیان اور تمکو دیے چنکر بیٹے ✤ **مو** ✤

کیا پکڑا خدا نے اپنی مخلوقات سے بیٹیون کو اور برگزیدہ کیا تمکو ساتھ بیٹون کے ✤ **تفسیر** ✤ ام بمعنی ہمزہ انکار کے ہی اور قول مقدر ہی یعنی تقدیر اسکی یہ ہی اَتَقُوْلُوْنَ اتَّخَذَ الخ یعنی کیا کہتے ہو تم کہ پکڑا خدا نے الخ یعنی کیا بات ہو کہین یہ بھی سکتا ہی کہ تمکو افضل اولاد دیوے اور اپنے لیے ناقص اختیار کرے ہرگز یہ بات متصور ہی نہین ہو سکتی باوجودیکہ خدا خالق تمام چیزون کا ہی اور کسیکے ساتھ جنسیت نہین رکھتا اور اولاد کو باپ کے ساتھ ہم جنس ہونا شرط ہی پس جھوٹ کفار کا کہنے اور اقرار کرنے اونکے سے ساتھ خالقیت کے ظاہر ہی ✤ **جلا** ✤ **بحر** ✤

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۝

اور جب اون مین کسیکو خوشخبری ملے اوس چیز کی جو رحمن پر نام دھرا ہی اون نے سارے دن رہے اوسکا مونہہ سیاہ اور وہ دل مین گھٹ رہا ✤ **مو** ✤

اور جب خبر دیا جاوے ایک اونمین سے ساتھ تولد اوس چیز کے کہ مثل کی ہی واسطے خدا کے یعنی اگر کوئی بیٹی کے پیدا ہونے کی خبر دے کہ تیرے ہان بیٹی پیدا ہوئی واللہ اعلم تو ہو جاتا ہی مونہہ اوسکا کالا اور وہ غم سے بھرا ہوتا ہی ✤ **تفسیر** ✤ یعنی جب کسیکو خبر دی جاوے اوس جنس کے پیدا ہونے کی کہ کیا ہی اوسکو واسطے اللہ کے مثل یعنی مشابہ اور مشابہ کرنا اسلیے ہوا کہ جب کیا ملائکہ کو جز واللہ کا تو کیا اونکو اوسکی جنس سے اور مشابہ اوسکے اسلیے کہ فرزند نہین ہوتا ہی مگر جنس والد سے اور مشابہ اوسکے تو ہو جاتا ہی مونہہ اوسکا سیاہ الخ یعنی ان کفار نے نسبت کیا طرف اللہ کے اس جنس کو یعنی بیٹیون کو اور انکا حال یہ ہی کہ جب کہا جاوے کسیکو انمین سے کہ تیرے ہان بیٹی ہوئی ہی تو غمگین ہوتا ہی اور مونہہ اوسکا کالا ہو جاتا ہی مارے غصے اور ناخوشی کے اور بھر جاتا ہی رنج سے یعنی نہایت ہی رنجیدہ اور غمگین ہوتا ہی جاہل یہ کہ کیونکر نسبت کیا اونہون نے بیٹیان طرف اللہ تعالی کے ✤ **مد** ✤

اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ۝

اور ایسا شخص جو پلتا ہے گہنے مین اور جھگڑے مین بات نہ کہہ سکے ✤ **مو** ✤

کیا اوسکو کہ پالی جاتی ہی بیچ زیور کے اور وہ بیچ صفت جھگڑے کے ظاہر نہین ہوتی واسطے خدا کے ثابت کیا ہی ✤ **تفسیر** ✤ یعنی عورتین ایسی ناقص بری ہوتی ہین کہ زینت و نعمت مین پرورش پاتی ہین اور جب جھگڑنے لگتی ہین تو بسبب کم عقلی کے خوب طرح جواب نہین دے سکتین اور دلیل عقلی

نہیں ہاں تین کہا عاقل نے کہ نہیں کلام کرتی عورت مگر کہ لاتی ہی دلیل اپنے ضرر پر یعنی اولٹی ہی دلیل لاتی ہی پس فرماتے ہین کہ جو ایسی ہی صفتین رکھتی ہون اونکو اللہ تعالی کی طرف منسوب کرتے ہین بڑے ہی احمق ہین اور جمع کیے اونھون نے اپنے کفر مین تین کفر ایک تو یہ کہ نسبت کی طرف اوسکے فرزند کو حالانکہ وہ پاک و بے پرواہ ہی اولاد سے اور دوسرے یہ کہ نسبت کی طرف اوسکے خسیس تر کو دو قسمون مین سے یعنی بیٹا اور بیٹی دو مین سے اونسے بیٹی کو اور اوسکو منسوب کیا اللہ تعالی کی طرف کہ کہتے ہین ملائکہ بیٹیان ہین اللہ کی اور تیسرے یہ کہ گردانا فرشتون کو ملائکہ کو جو بندے ہین رحمن کے بیٹیان اور اس آیت مین اشارہ ہی اسپر کہ اللہ تعالی نے گردانا پرورش پانے کو زینت مین عیبون سے پس لازم ہی مرد کو کہ پرہیز کرے اس سے اور زینت حاصل کرے ساتھ لباس تقوی کے اور مجاہد سے ہی کہ کہا اونھون نے رخصت دی اللہ تعالی نے عورتون کو حریر اور سونا پہننے کی اور پڑھی یہ آیت اَوَمَنۡ یُّنَشَّؤُا فِی الۡحِلۡیَۃِ + مل + درمنثور +

وَجَعَلُوا الۡمَلٰٓئِکَۃَ الَّذِیۡنَ ہُمۡ عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَہِدُوۡا خَلۡقَہُمۡ ؕ سَتُکۡتَبُ شَہَادَتُہُمۡ وَ یُسۡـَٔلُوۡنَ ۝

اور ٹھہرایا فرشتون کو جو بندے ہین رحمن کے عورت کیا دیکھتے تھے اونکا بنانا اب لکھ رکھینگے اونکی گواہی اور اونسے پوچھ ہوگی + موضح +

اور بیٹیان مقرر کیا ہی مشرکون نے فرشتون کو کہ وہ سب بندے خدا کے ہین کیا حاضر تھے وہ نزدیک پیدا ہونے اونکے کے لکھی جاویگی یہ گواہی اونکی اور پوچھے جاوینگے وہ + **تفسیر** + یہ جو فرمایا کہ بندے رحمن کے ہین یعنی بیٹیان نہین اور معلوم ہوا کہ فرشتے اگرچہ مرد نہ عورت پر بول مردانی بولیے + موضح +

عباد جمع عبد کی ہی معنی بندے کے یعنی فرشتے بندے خدا کے ہین اور مشرک اونکو خدا کی بیٹیان کہتے ہین اور بندے ہونے مین اور اولاد ہونے مین منافات کلی ہی پس اہل عناد کے الزام دینے کے لیے بڑی دلیل ہی کہ تم ایسے احمق ہو کہ بندون کو بیٹیان بناتے ہو اور مکی اور مدنی اور شامیون نے عباد الرحمن کی جگہہ عبد الرحمن پڑھا ہی یعنی نزدیک رحمن کے ہین منزلت و مرتبے مین نہ منزل و مکان مین کیا حاضر تھے الخ یہ زجر و توبیخ ہی اونکے لیے یعنی وہ کہتے ہین یہ بات بغیر علم رکھنے اسکے کے کیونکہ اونکو خبر نہ پہونچی ہی اسکی کہ وہ سبب علم کی ہو اور نہ حاضر تھے وقت پیدا ہونے اونکے کے تو کہ خبر دین مشاہدے سے یہ گواہی اونکی کہ کہتے ہین ملائکہ بیٹیان ہین جھوٹی ہی اور پوچھے جاوینگے اس گواہی سے آخرت مین پس مترتب ہوگا اوسپر عذاب اور یہ وعید ہی اونکے لیے + **سل** + **جلا** +

وَقَالُوۡا لَوۡ شَآءَ الرَّحۡمٰنُ مَا عَبَدۡنٰہُمۡ ؕ مَا لَہُمۡ بِذٰلِکَ مِنۡ عِلۡمٍ ٭ اِنۡ ہُمۡ اِلَّا یَخۡرُصُوۡنَ ۝

اور کہتے ہین اگر چاہتا رحمن ہم نہ پوجتے اونکو کچھ خبر نہین انکو اسکی یہ سب اٹکلین دوڑاتے ہین + موضح +

اور کہا کافرون نے اگر چاہتا خدا نہ پوجتے ہم ان فرشتون کو نہین ہی اونکو ساتھ اس مقدمے کے علم نہین ہین وے مگر دروغگوی + **تفسیر** + خبر نہین یعنی یہ تو سچ کہ بن چاہے خدا کے کوئی چیز نہین پر اوسکا بہتر ہونا نہین نکلتا اوسنے جھوٹ بھی پیدا کیا اور زہر بھی زہر کون کھاتا ہی + موضح + اگر چاہتا خدا الخ جھٹے ہین معتزلہ ساتھ ظاہر اس آیت کے اس بات مین کہ اللہ تعالی نے نہین چاہا کافر سے کفر اور نہین چاہا ہی اوس سے مگر ایمان اسلیے کہ کفار نے دعوی کیا اسکا کہ اللہ تعالی نے چاہا اونسے کفر اور نہین چاہا اونسے ترک کرنا عبادت بتون کا اس جہت سے کہ کہا اونھون نے لَوۡ شَآءَ الرَّحۡمٰنُ مَا عَبَدۡنٰہُمۡ یعنی اگر چاہتا ہمسے یہ کہ ترک کرین ہم عبادت بتون کی تو البتہ باز رکھتا ہمکو اونکی عبادت سے ولیکن چاہا ہمسے پوجنا بتون کا اور اللہ تعالی نے رد کیا اونکے قول کو اور اونکے اعتقاد کو ساتھ قول اپنے کے مَا لَہُمۡ بِذٰلِکَ مِنۡ عِلۡمٍ یعنی نہین ہی اونکو ساتھ اس بات کے علم سے نہین ہین وہ مگر جھوٹے پس اس سے معتزلہ نے یہ نکالا کہ کفر اللہ کا چاہا نہین ہی ورنہ اونکے قول کو کاہیکو رد کرتا اور معنی آیت کے ہمارے نزدیک یہ ہین کہ اونھون نے ارادہ کیا ساتھ مشیت کے رضی اور کہا اگر راضی ہوتا اللہ ساتھ اسکے تو البتہ جلدی کرتا ہمکو عذاب یا باز رکھتا ہمکو اونکی عبادت سے زبردستی اور خواہ مخواہ اور جب نکیا اوسنے یہ تو بلا شبہہ راضی ہوا ساتھ اسکے پس رد کیا اللہ تعالی نے اونکے قول کو ساتھ قول اپنے کے مَا لَہُمۡ بِذٰلِکَ مِنۡ عِلۡمٍ الخ یا کہا کفار نے یہ قول از راہ استہزا کے نہ قصد و اعتقاد کے

پس جھٹلایا اونکو اللہ تعالی نے اسمین اور نسبت جہل کی کی اونکی طرف اس جہت سے کہ نہین کہا اونھون نے اعتقاد سے جیسے کہ کہا از راہ خبر دینے کے اونکی طرف سے اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗ ✤ یعنی کیا کھلاوین ہم اوسکو کہ اگر چاہتا خدا کھلاتا اوسکو اور یہ بات حق ہی اصل مین لیکن جب کہا اونھون نے از راہ استہزا کے تو جھٹلایا اونکو اللہ تعالی نے ساتھ قول اپنے کے اور جگہہ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ یعنی نہین ہو تم مگر گمراہی مین اور اسی طرح فرمایا اللہ تعالی نے قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ✤ یعنی کہا منافقون نے گواہی دیتے ہین ہم کہ بلا شبہہ تو البتہ رسول اللہ کا ہی پھر فرمایا وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ✤ یعنی اور اللہ جانتا ہی کہ بلا شبہہ منافق البتہ جھوٹے ہین اسلیے کہ نہین کہا اونھون نے یہ اعتقاد سے یا کہا اونھون نے مشیت کو حجت اپنے لیے بیچ اوس چیز کے کہ کی اپنے اختیار سے اور گمان کیا اونھون نے کہ اللہ نہین عذاب کرنے کا اونکو ایسی چیز پر کہ کی اوسکی مشیت سے اور ٹھہرایا اونھون نے اپنے نفس کو معذور اسکے کرنے مین پس رد فرمایا اللہ تعالی نے اونکے قول کو ✤ **مد** ✤ اگر چاہتا خدا نہ پوجتے ہم فرشتون کو پس پوجنا ہمارا اونکو اللہ تعالی کی مشیت سے ہی پس وہ راضی ہی ساتھ اسکے فرمایا اللہ تعالی نے نہین ہی اونکو علم ساتھ اس بات کے کہ وہ راضی ہی اونکے پوجنے سے نہین ہین مگر جھوٹے اسمین پس عذاب کیے جاوینگے بسبب اسکے ✤ **جلا** ✤

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ۝

کیا ہمنے کوئی کتاب دی ہی اونکو اس سے پہلے سو وہ اوسپر مضبوط ہین ✤ **مو** ✤

کیا دی ہی ہمنے اونکو کوئی کتاب پہلے قرآن سے پس انھون نے ساتھ اوسکے چنگل مارا ہی ✤ **تفسین** ✤ پہلے قرآن سے یا پہلے اونکے اس قول سے چنگل مارا ہی یعنی عمل کیا ہی اور بعضون نے کہا اسمین تقدیم و تاخیر ہی تقدیر اوسکی یہ ہی اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فِيْهِ اِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثٌ ✤ یعنی کیا حاضر تھے یہ وقت پیدا ہونے فرشتون کے اور یا دی ہی ہمنے انکو کتاب کہ اوسمین لکھا ہی کہ فرشتے بیٹیان ہین ✤ **مد** ✤ کیا دی ہی ہمنے انکو کتاب پہلے قرآن سے کہ اوسمین ہو یہ کہ عبادت کرین غیر اللہ کی یعنی نہین واقع ہوا یہ ✤ **جلا** ✤

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

بلکہ کہتے ہین ہمنے پائے اپنے باپ دادے ایک راہ پر اور ہم اونھین کے قدمون پر ہین راہ پاتے ✤ **مو** ✤

بلکہ کہا اونھون نے تحقیق ہمنے پایا اپنے باپون کو ایک دین پر اور تحقیق ہم چلنے والے ہین اونکے قدمون پر راہ پانے والے ہین بسبب اونکے ✤ **تفسیر** ✤ ایک دین پر پس پیروی کی ہمنے اونکی اور لفظ امت مشتق ہی ام سے بمعنی قصد کے فالامۃ الطریقۃ التی تؤم یعنی پس امت ایک طریقہ ہی کہ قصد کیا جاوے اور ظرف یعنی عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ صلہ ہی واسطے مُّهْتَدُوْنَ کے یعنی ہم اونکے قدمون پر راہ پانے والے ہین یا دونون یعنی عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ اور مُّهْتَدُوْنَ خبرین ہین اِنَّا کی اس صورت مین معنی وہی ہونگے جو اوپر ضمن ترجمے مین لکھے گئے ✤ **مد** ✤ راہ پانے والے ہین بسبب اونکے اور وہ پوجتے تھے غیر اللہ کو پس ٹھہرایا اونھون نے اپنے تئین راہ پانے والا بسبب اتباع باپون اپنے کے کہ مشرک تھے ✤ **جلا معا** ✤

وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى

اور اسی طرح جو بھیجا ہمنے تجھسے پہلے ڈر سنانے والا کسی گانوں مین سو کہنے لگے وہان کے آسودہ لوگ ہمنے پائے اپنے باپ دادے ایک

اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝

راہ پر اور ہم اونھین کے قدمون پر چلتے ہین ✤ **مو** ✤

اور اسی طرح نہین بھیجا ہمنے پہلے تجھسے کسی گانوں مین ڈرانے والے کو مگر کہا اوس گانوں کے چین والون نے یعنی مانند قول قوم تیری کے کہ تحقیق ہمنے پایا اپنے باپون کو ایک دین پر اور تحقیق ہم اونکے قدمون پر متابعت کرنے والے ہین ✤ **تفسین** ✤ ڈرانے والے کو یعنی نبی کو چین والون نے اور وہ وہ لوگ ہین کہ تکبر مین ڈالا اونکو نعمت نے پس نہین دوست رکھتے مگر شہوات کو اور آلات لہو کو یعنی ستار طبلے وغیرہ کو اور نفرت کرتے ہین

دین کی مشقتون اور تکلیفون سے اور اسمین تسلی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اور بیان ہی اسکا کہ تقلید باپ دادون کی قدیم کی بیماری ہی + مدٰ

قٰلَ اَوَلَوۡ جِئۡتُكُمۡ بِاَهۡدٰى مِمَّا وَجَدۡتُّمۡ عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ۝

وہ بولا اور جو مین لادون تمکو اوس سے زیادہ سوجھ کی راہ جسپر تمنے پائے اپنے باپ دادے تو وہ کہنے لگے ہمکو تمہارے ہاتھ بھیجا نہ ماننا + مو

کہا اوس پیغمبر نے کیا اپنے باپون ہی کی متابعت پر اڑے رہو گے اگرچہ لایا ہون مین تمہارے پاس دین کہ زیادہ تر راہ دکھانے والا ہو اوس چیز سے کہ اوسپر پایا تمنے اپنے باپون کو کہا انہون نے بلاشبہہ ہم ساتھ اوس چیز کے کہ بھیجا گیا تمکو ہمراہ اوسکے نامعتقد ہین + تفسیر یعنی ہم اپنے باپ دادون ہی کے دین پر ثابت رہینگے اگرچہ لایا ہو تو ہمارے پاس دین زیادہ تر راہ دکھانے والا اور اچھا + مل

ع ۸

فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُكَذِّبِيۡنَ ۝

پھر ہمنے اون سے بدلا لیا سو دیکھ آخر کیسا ہوا جھٹلانے والون کا + مو

پس بدلا لیا ہمنے اونسے پس دیکھ کیونکر ہوا انجام کار جھٹلانے والون کا + تفسیر یہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے کفار کے ڈرانے کے لیے کہ ای محمد تمہارے پہلے جنہون نے رسولون کو جھٹلایا ہمنے اونسے بدلا لیا پس دیکھو کہ کیا انجام کار اونکا ہوا کہ بعضے زمین مین دھسائے گئے بعضے سور بندر وغیرہ بنائے گئے بعضون پہ پتھر برسائے گئے وغیر ذلک پس جو تمکو جھٹلاتے ہین اونکو بھی ڈرنا چاہیے کہ مبادا ایسا ہی حال اونکا بھی ہو + مل تنبیہ + ان آیتون سے معلوم ہوا کہ جو باپ دادا اخلاف اللہ رسول کے ہون اونکی راہ کبھی نہ اختیار کیجیے کہ موجب خرابی دارین کی ہی پس کیا بری بات ہی جو بعضے شادی غمی مین طریقہ مسنون چھوڑکر باپ دادون کی پیروی کرتے ہین کہ کوئی شادی مین کنگنا باندھتا ہی کہ رسوم مجوس و ہنود سے اور اونکے بیاہ کے شعائر سے ہی چنانچہ عند التحقیق بعضے پنڈتون سے معلوم ہوا کہ کنگنا باندھنا بحکم شاستر ہی مانند بیاہ کے اسی لیے حضرت سید آدم بنوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب علم الہدیٰ سے لکھا ہی کہ کنگنا باندھنا کفر ہی انتہی + اور کوئی منڈھا اور بندھن وار باندھتا ہی اور گھر مین چھاپے مینہدی وغیرہ کے دیتا ہی او ناچ وگانا وغیرہ کرواتا ہی اور اسی طرح کفار کی رسمین شادی مین برتتا ہی باتباع باپ دادون کے اور علی ہذا القیاس غمی مین کہین نوحہ ہی او کہین تیجا اور دسوان وغیرہ یہ اکثر رسوم کفار ہی سے انکے باپ دادون نے اخذ کین ہین اونکی پیروی ہین یہ بھی ڈوبے مومن کو چاہیے کہ تمام واہیات ومزخرفات سے پرہیز کرے شادی غمی مین اور وہی باتین اختیار کرے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام اور اہل بیت عظام سے ثابت ہون ورنہ مستحق اونہین خرابیون کا ہوگا جو مذکور ہوئین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منجملہ اَبۡغَضُ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ کے گنا ہی اوسکو کہ جو اسلام مین ڈھونڈھے طریقہ جاہلیت کا نعوذ باللہ من ذلک +

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖۤ اِنَّنِىۡ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعۡبُدُوۡنَ ۝ اِلَّا الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ فَاِنَّهٗ سَيَهۡدِيۡنِ ۝

اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ کو اور اوسکی قوم کو مین الگ ہون اون چیزون سے جسکو پوجتے ہو مگر جسنے مجھکو بنایا سو وہ مجھکو راہ دیگا + مو

اور یاد کر جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ کو اور اپنی قوم کو تحقیق مین بے تعلق و بیزار ہون اوس چیز سے کہ تم پوجتے ہو مگر وہ ذات پاک کہ پیدا کیا مجھکو پس بلاشبہہ وہ ہدایت کریگا مجھکو + تفسیر بیان یہ قصہ اسپر کیا کہ تمہارے پیشوانے باپ کی راہ غلط دیکھکر چھوڑی تم بھی ہی کرو + مو اس آیتکو اوپر کی آیتون سے یہ ربط ہی کہ جو اپنے باپ دادون کی تقلید کرتے ہین اونکو قصہ سناو کہ تمہارے جد اعلیٰ تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام دیکھو اونہون نے کیسی بیزاری اختیار کی باپ دادا کی تقلید سے اور تمسک کیا ساتھ دلیل کے تمکو بھی ایسا ہی کرنا چاہیے یا اونکو اسلیے یہ قصہ سنایا کہ اگر تمکو تقلید ہی کرنی ہی تو حضرت ابراہیم کی کرو کہ وہ تمہارے سارے باپ دادون مین شریف ہین دیکھو کیسے بیزار ہوئے اپنے باپ اور قوم مشرکین سے تم بھی ایسے ہی بیزار ہو وہ ہدایت کریگا یعنی ثابت رکھیگا مجھکو ہدایت پر + بیضاوی + مل

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ○

اور یہی بات پیچھے چھوڑ گیا اپنی اولاد مین شاید وہ رجوع رہین + مو

اور کیا خدا تعالی نے کلمۂ توحید کو بات باقی رہی ہوئی بیچ فرزندون اوسکے کے تو ہوویگے کہ کافر رجوع کرین یعنی انبیا اور اولیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد مین پیدا ہوئے + **تفسیر** بیضاوی مین لکھا ہی اور کیا ابراہیم نے یا خدا تعالی نے انتہی + اور کیا ابراہیم علیہ السلام نے کلمۂ توحید کو کہ جو اوپر مذکور ہوا اِنَّنِي بَرَاءٌ سے لیکر سَيَهْدِينِ تک بات باقی رہی ہوئی اپنی اولاد مین پس ہمیشہ رہتا ہی کوئی نہ کوئی اونمین ایسا کہ توحید بیان کرتا ہی اللہ تعالی کی اور بلاتا ہی لوگون کو اوسکی توحید کی طرف تو کہ جو مشرک ہوگئے ہین اونمین سے رجوع کرین بسبب بلانے موحد کے اونمین سے اور یا ضمیر لَعَلَّهُمْ اور يَرْجِعُونَ کی پھرتی ہی اہل مکہ کی طرف کہ وہ پھرین کفر و شرک سے طرف دین باپ اپنے ابراہیم کے اور مراد کلمۂ توحید سے یا تو یہی کلمہ ہی جو اونھونے کہا یا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہی کہ جو سمجھا جاتا ہی اونکے قول اِنَّنِي بَرَاءٌ الخ سے + مل

بَلْ مَتَّعْتُ هٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتّٰى جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُبِينٌ ○ وَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا

کوئی نہین پر برتنے دیا انکو اور انکے باپ دادون کو یہان تک کہ پونہچا اونکو دین سچا اور رسول کھول سنانے والا اور جب پونہچا اونکو سچا دین کہنے لگے

هٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ ○

یہ جادو ہی اور ہم اوسکو نہ مانینگے + ع

بلکہ بہرہ مند کیا مینے اونکو اور اونکے باپون کو تا وقتیکہ آیا اونکے پاس دین سچا اور پیغامبر ظاہر اور جب کہ آیا اونکے پاس دین سچا اور پیغامبر ظاہر کہا اونھونے یہ جادو ہی اور ہم ساتھ اوسکے نامعتقد ہین + **تفسیر** بہرہ مند کیا مینے اونکو اور اونکے باپون کو یعنی مکے کے مشرکون کو اور یہی وہ ہین کہ جنکو باقی چھوڑا ابراہیم علیہ السلام نے پس اونکو بہرہ مند کیا ساتھ درازگی عمر کے اور نعمت کے اور نہ جلدی گرفتار کیا مینے اونکو عذاب مین پس مغرور ہوئے بسبب مہلت دینے کے اور مشغول ہوئے چین مین اور اتباع شہوات مین اور طاعت شیطان مین اور باز رہے کلمۂ توحید سے اور حق سے مراد دونون جا قرآن ہی اور پیغامبر یعنی محمد علیہ السلام ظاہر یعنی کھلی رسالت لیکر آئے کہ حق ہونا اوسکا ظاہر ہی ساتھ آیتون واضح کے کہ اپنے ساتھ رکھتے ہین + مل

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْآنُ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ ○

اور کہتے ہین کیون نہ اوترا یہ قرآن کسی بڑے مرد پر ان دو بستیون کے + مو

اور کہا مشرکون نے کیون نہ بھیجا گیا یہ قرآن اوپر ایک مرد بزرگ کے ان دو گانون والون مین سے یعنی مکے اور طائف کے رہنے والون مین سے کسی پر اوترتا + **تفسیر** اور کہا یعنی از راہ حکومت باطل کے اور هٰذَا الْقُرْآنُ کہتے ہین حقارت قرآن کی منظور تھی کفار کو اور عَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ کی تقدیر یہ ہی عَلٰى رَجُلٍ عَظِيمٍ مِنْ اِحْدَى الْقَرْيَتَيْنِ یعنی ان دونون گانون مین سے ایک گانون کے سردار و رئیس پر کیون نہ اوترا قرآن اور یہ ایسا ہی جیسے فرمایا يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ یعنی ایک دریا سے حالانکہ دونون دریاؤن مین سے اوسمین سے نکلتے ہین موتی اور دونون گانون سے مراد مکہ اور طائف ہین اور مراد عظیم مکہ سے ولید بن مغیرہ اور عظیم طائف سے عروۃ بن مسعود ثقفی اور مراد عظیم سے صاحب مال و جاہ کا ہی یہ فہم ناقص اونکا تھا عظیم حقیقت مین وہ ہی کہ اللہ کے نزدیک عظیم یعنی بڑا ہو + مل

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا

کیا وہ بانٹتے ہین تیرے رب کی مہر ہمنے بانٹی ہی ان مین روزی انکی دنیا کے جیتے اور اونچے کیے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○

درجے ایک کے ایک سے کہ ٹھہراتا ہی ایک دوسرے کو کمیرا اور تیرے رب کی مہر بہتر ہی ان چیزون سے جو سمیٹتے ہین

کہا یہ بانٹتے ہین تیرے پروردگار کی رحمت کو ہمنے بانٹا ہی درمیان انکے گذران انکی بیچ زندگانی دنیا کے اور بلند مرتبہ کیا ہمنے بعض کو بعض پر توکہ مسخرہ پکڑے بعض انکا بعض کو یعنی چشم حقارت سے دیکھے واللہ اعلم اور رحمت پروردگار تیرے کی بہتر ہی اوس چیز سے کہ جمع کرتے ہین

تفسیر اللہ نے روزی دنیا کی تو انکی تجویز پر نہین بانٹی پیغمبری کیونکر دے انکی تجویز پر **مو** اول رحمت سے مراد نبوت ہی کہا مقاتل نے کیا انکے ہاتھ مین کنجیان رسالت کی ہین کہ رکھین اوسکو جہان چاہین اور معیشت کہتے ہین اوس چیز کو کہ جیتے ہین لوگ بسبب اوسکے یعنی رزق اونکے ہمنے بانٹا ہی الخ یعنی نہین سپرد کیا ہی ہمنے انکی ادنی چیز کی قسمت کو کہ وہ رزق ہی پس کیونکر سپرد ہو انکے نبوت کہ جسکو چاہین اوسکو دے یا یہ معنی ہین کہ جیسے فضیلت دی ہی مینے بعض کو بعض پر رزق مین پس ایسے ہی خاص کرتا ہون مین ساتھ نبوت کے جسکو چاہتا ہون اور بلند مرتبہ کیا ہمنے الخ یعنی بعضون کو قوی کیا ہی اور غنی اور آقا اور بعضون کو ضعیف و فقیر اور خادم اور لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا کے دو معنی ہین ایک تو یہ کہ پکڑے بعض اونکا یعنی غنی بعض کو یعنی فقیر کو خادم ساتھ دینے اجرت کے کہ اجرت دیکر کام کرواوے اوس سے اور دوسرے معنی یہ ہین کہ بعض بعض کو مسخر و تابعدار کرے غنی اپنے مال سے فقیر کو مسخر کرے کہ اجرت دیکر کام کرواوے اور فقیر اپنے عمل یعنی کام سے اغنیا کو مسخر و تابعدار کرے کہ اغنیا محتاج کام کے ہوتے ہین فقرا سے پس ہی بعض اونکا سبب زندگانی بعض کا اور انتظام دنیا ایک مدت تک باقی رہے اور اگر ایسا نہوتا تو کوئی کار و خدمت کسیکی نکرتا اور مال نخرچتا اور انتظام دنیا نرہتا اور رحمت رب تیرے کی یعنی نبوت یا دین اللہ کا اور جو کچھ کہ تابع ہی اوسکے یعنی ملنا جنت وغیرہ کا بہتر اوس چیز سے کہ جمع کرتے ہین یعنی دنیا مین مال و متاع دنیا کے **مِن معا جلا** **مسئلہ** قسمت یعنی بانٹنا ہر چیز کا کہ قابل قسمت کے ہو جائز ہی چارون اماموں کے نزدیک اسلیئے کہ شرکا کو شرکت مین کبھی ضرر بھی پہونچتا ہی اور قسمت نزدیک حنفیہ کے معنی بیع کے ہی اوس چیز مین جو متفاوت ہو مانند زمین اور کپڑے کے پس بیع مرابحہ حصہ اپنے کی کسیکو جائز نہین اور جو کچھ کہ متفاوت نہو مانند مکیلات اور موزونات اور معدودات کے کہ غیر متفاوت ہو مانند جوز کے پس قسمت اوسمین بمعنی افراز اور تمیز حق کے ہی حتی کہ ہر ایک کو بیع مرابحہ حصے اپنے کی پہونچتی ہی اور اگر کوئی شریکون مین سے طلب قسمت کی کرے اور دوسرا مانع ہو اور اوس قسمت مین کچھ ضرر ہو پس اگر ضرر پانے والا ساتھ قسمت کے وہی طالب ہی تو قسمت نکرین الا مانع پر جبر اور قسمت کرین اور اجرت قاسم کی ابو حنیفہ اور مالک رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک اوپر عدد روس شرکا کے ہی اور امام شافعی وغیرہ کے نزدیک بقدر حصون کے **بحر** **تنبیہ** آٹھ مسئلے جامع احیاء العلوم مین خوب سے آئے ہین کہ منجملہ انکے ایک مسئلہ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ کے متعلق ہی چونکہ وہ بہت مفید ہین بتقریب آیت مذکورہ کے واسطے نفع بھائی مسلمانون کے نقل ہوتے ہین آیا ہی کہ حاتم رحمہ اللہ کہ بڑے اولیاء اللہ مین تھے انکے اوستاد شقیق بلخی نے اونسے پوچھا کہ تو کتنی مدت سے میرے پاس رہتا ہی حاتم نے کہا تینتیس برس سے شقیق نے فرمایا کہ کتنا علم سیکھا تونے اس مدت مین حاتم نے کہا آٹھ مسئلے مینے سیکھے ہین شقیق نے کہا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ میری عمر تیرے ساتھ صرف ہوئی اور تونے آٹھ ہی مسئلے سیکھے حاتم نے کہا ای اوستاد جھوٹھ بولنا تو مجھے اچھا لگتا نہین سچی بات تو یہی ہی کہ نہین سیکھے مینے سوا آٹھ مسئلون کے کہا شقیق نے کہ بیان کرو ان آٹھ مسئلون کو تا سنون مین کہا حاتم نے کہ ایک تو یہ ہی کہ مینے جو نگاہ کی اس مخلوق کی طرف تو دیکھا مینے کہ ہر ایک دوست رکھتا ہی اپنے محبوب کو یعنی اپنی پیاری چیز کو مثلا کوئی مکان کو دوست رکھتا ہی کوئی عورت کو کوئی لباس کو کوئی باغ کو کوئی بچون کو کوئی کسی چیز کو کوئی کسی چیز کو لیکن وہ محبوب اوسکا تا دم زیست ہی اوسکے پاس ہی بعد مرنے کے قبر مین کچھ ساتھ نہین جاتا

جب قبر مین جاتا ہی تو وہ محبوب جدا ہو جاتا ہی اوس سے پس مینے خیال کیا کہ اس فانی کو کیا محبوب رکھون پس نیکیون کو مینے اپنا محبوب کیا کہ جب مین قبر مین جاؤنگا تو میرا محبوب بھی میرے ساتھ جائیگا پس کہا شقیق نے کہ خوب سیکھا تو نے یعنی واقعی تہی نیکیان یعنی نماز روزہ حج زکوۃ صدقہ دینا علم دین پڑھنا پڑھانا وغیرہ ذلک ساتھ جائینگی اور جو روپئے مال منال تا دم زیست ہی محبوب ہین مرے پر کون کسیکے کام آتا ہی پھر کہا شقیق نے کہ دوسرا مسئلہ کیا ہی کہا حاتم نے کہ نظر کی مینے اللہ تعالی کے اس قول مین وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝ یعنی اور جو کوئی ڈرا اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے اور باز رکھا نفس کو خواہش نفسانی سے پس بلاشبہ اوسکا ٹھکانا جنت ہی پس کہا مینے اپنے دل مین کہ قول حق سبحانہ وتعالی کا حق ہی کچھ شبہہ نہین آمین پس کوشش کی مینے اپنے نفس پر بیچ دفع کرنے خواہش نفسانی کے یہان تک کہ خوب مضبوط ومستقل ہو گیا مین طاعت الٰہی پر سبحان اللہ کیا اچھی سمجھ حاصل ہوئی کہ خواہش نفسانی کو دفع کرونگا تو اوسکے عوض مین جنت پاؤنگا اور واقع مین بات یہی ہی کہ جو کوئی خاوند حقیقی کے سامنے کھڑے رہنے سے ڈریگا اور خواہش نفسانی کو دفع کریگا خواہ مخواہ اچھی باتون کے کرنے پر مستعد ہوگا اور بری باتون سے بچیگا اور مستحق جنت کا ہوگا حیف ہی کہ ایسی دولت بے زوال کو ہاتھ سے دے اور اوسکے حاصل کرنے کی فکر نکرے پھر کہا حاتم نے کہ تیسرا مسئلہ یہ ہی کہ مینے جو نظر کی خلق کی طرف تو دیکھا کہ جس شخص کے پاس کوئی چیز قیمتی اور ذی قدر ہوتی ہی تو اوسکو بہت عزیز رکھتا ہی اور محافظت کرتا ہی اوسکی پھر نظر کی مینے اللہ تعالی کے اس قول مین مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۔ یعنی جو کچھ تمھارے پاس ہی فانی ہی اور جو کچھ اللہ تعالی کے پاس ہی باقی ہی پس جب کچھ قیمتی اور ذی قدر چیز میرے ہاتھ لگی اوسکو اللہ صرف کیا مینے تو کہ باقی رہے میرے لیے اوسکے پاس حاصل یہ کہ لوگ جو کسی چیز کو عزیز رکھتے ہین اور محافظت کرتے ہین اوسکی یہ محض بیجا ہی کہ فانی کو کیا عزیز رکھنا چاہیے جو کچھ ہو اوسکے نام پر دیجیے تو کہ اوسکے خزانہ غیب مین رہے اور بعد مرنے کے اسکے کام آوے ابد الآباد کو کیا خوب کہا ہی کسی نے **شعر** ۔ ہرچہ داری صرف کن در راہ او ۔ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا ۔ چوتھا مسئلہ یہ ہی کہ مینے جو دیکھا اس خلق کی طرف تو دیکھا کہ ہر ایک رجوع کرتا ہی مال کی طرف اور حسب اور شرف نسب کی طرف پس مینے جو خیال کیا تو جانا کہ یہ سب ہیچ ہی پھر نظر کی مینے اللہ تعالی کے اس قول کی طرف کہ فرماتا ہی اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ یعنی بہت بزرگ وعزیز تم مین اللہ کے نزدیک بہت پرہیزگار تم مین کا ہی پس کوشش کی مینے تقوے کے حاصل کرنے مین تو کہ ہوؤن مین اللہ کے نزدیک بزرگ وعزیز حاصل یہ کہ مال وجاہ وغیرہ کی کچھ حقیقت نہین اس سے اللہ تعالی کے نزدیک عزیز وذی قدر نہین ہوتا بلکہ جتنا تقوی زیادہ ہوگا اوتنا ہی اللہ کا پیارا ہوگا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ بَطَّاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ ۔ یعنی جسکے عمل نے تاخیر کی اوسکا نسب کچھ کام نہین آتا اسی مضمون کا کسی نے ہندی مین شعر کہا ہی **شعر** ذات بھات پوچھے نہین کوے ۔ ہر کو بھجے سو ہر کا ہوے ۔ پانچوان مسئلہ یہ ہی کہ دیکھا مینے خلق کو کہ بعضے بعضون پر لعن طعن کرتے ہین اور اصل اس سب کی حسد ہی پھر نظر کی مینے طرف قول اللہ تعالی کے نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۔ یعنی ہمنے تقسیم کی ہی درمیان اونکے معیشت اونکی زندگانی دنیا مین پس چھوڑ دیا مینے حسد اور دوست رکھتا ہون خلق کو اور جانتا ہون کہ بلاشبہہ قسمت اللہ تعالی کی جانب سے ہی کہ ہر ایک کے لیے جو کچھ مقدر ہی وہ پہونچتا ہی پھر حسد کرکر کیون کسیکو لعن وطعن کیجیے اور چھٹا مسئلہ یہ ہی کہ مینے دیکھا خلق کو کہ ظلم وزیادتی کرتے ہین بعضے اونکے بعض پر اور جنگ وجدال کرتے ہین بعضے بعضون سے پس رجوع کی مینے اللہ تعالی کے اس قول کی طرف اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ۔ یعنی بلاشبہہ شیطان تمھارے لیے دشمن ہی پس پکڑو اوسکو دشمن پس فقط اوسی سے دشمنی باندھی مینے اور کوشش کرتا ہون مین اوس سے بچنے مین اسلیے کہ اللہ تعالی نے گواہی دی ہی کہ وہ دشمن میرا ہی پس ترک کی مینے

تفسیر اور نہین ہی سب یہ مگر تھوڑی سی بہرہ مندی زندگانی دنیا کی اور آخرت نزدیک پروردگار تیرے کے پرہیزگارون کے لیے ہی
آخرت یعنی ثواب آخرت پرہیزگارون کے لیے ہی یعنی جو کہ بچتے ہین شرک سے ✢ **ف** مراد آخرت سے بہشت ہی اور جو عین اوسکا کہ پرہیز
کرنے والون کو شرک اور گناہون اور طلب دنیا سے پونہچیگا اس لیے کہ اونھون نے سرعت زوال متاع حیات دنیا کی اور بیوفائی دنیا کی اور
اوسکو دوست رکہنے والا خدا سے انجان کرا اور الدُّنۡیَا جِیۡفَۃٌ وَّطَالِبُوۡہَا کِلَابٌ کو سنکر اوس سے بیزار ہوئے ہین اور صحیح حدیث مین آیا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اگر قدر ہوتی دنیا کی نزدیک اللہ کے برابر پر پشہ کے تو نہ پلاتا کسی کافر کو اوس سے ایک قطرہ پانی کا اور یہ بھی آیا ہی کہ کہار اوسنے تھا مین اون لوگون مین کہ کہڑے رہے ساتھ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بکری کے بچے مردار پر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا دیکھتے ہو تم اس بکری کے بچے کو کہ ذلیل و خوار ہوا
اپنے مالک کے نزدیک جس وقت کہ ڈالدیا اوسنے اسکو پس کہا اونھون نے کہ اسکے ذلیل و خوار ہونے سے تو ڈالدیا ہی اسکو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
پس دنیا خوارتر ہی اللہ کے نزدیک اس بکری کے بچے سے اپنے مالک کے نزدیک ✢ روایت کین یہ دونون حدیثین معالم مین مع اسناد کے ✢ اور کچھ احوال دنیا کا
اور مسئلہ اوسکا سورۂ نساء مین مذکور ہی اور حاصل یہ کہ اہل دنیا کو سلامتی گناہون سے ممکن نہین مگر جسکو محفوظ رکھے اللہ تعالی اور یہ بہت نادر ہی کیونکہ
حُبُّ الدُّنۡیَا رَأۡسُ کُلِّ خَطِیۡئَۃٍ قول مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی اور طالب حق کو خود محال ہی کہ باوجود حب دنیا کے وصل یا کراہت سے خیر کو پونہچے
پس اجتناب اوس سے ضرور ہی رسول علیہ السلام ساتھ اوس کمال و قوت کے دعا فرماتے تھے اَللّٰہُمَّ اجۡعَلۡ رِزۡقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَفَافًا
یعنی یا اللہ کر رزق آل محمد کا اسقدر کہ جس سے جان بچ رہے اور کسیکی کیا حقیقت ہی اور یہ غرور شیطان اور نفس کا ہی کہ لوگ بلکہ اکثر
فقرا دنیا کو مذموم نہین جانتے اور اوسکو مخل راہ حق کا نہین سمجھتے اور اسی لیے کمال حقیقی سے بے بہرہ رہتے ہین ✢ **نکتہ** ✢ ایک محقق
فرماتے ہین کہ آیت وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰہِیۡمُ سے یہان تک اشارہ ہی طرف اسکے کہ طریقہ مقربون کا ترک کرنا شرک ظاہری اور باطنی
اور بے غیرتی کا ہی تو راہ خدا کی پاوین اور آیت وَقَالُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الۡقَرۡیَتَیۡنِ عَظِیۡمٍ ۝
سے معلوم ہوا کہ عظیم وہ ہی کہ خدا تعالی کے نزدیک عظیم یعنی بزرگ ہو جیسے کہ اور جگہ فرمایا اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَ اللّٰہِ اَتۡقٰکُمۡ
یعنی بہت بزرگ و عزیز تم مین نزدیک اللہ کے وہ ہی کہ جو بہت پرہیزگار ہو تم مین اگرچہ ظاہر مین ضعیف اور ذلیل اور محتاج ہو اور اَہُمۡ
یَقۡسِمُوۡنَ الخ سے معلوم ہوا کہ تقسیم رحمت قرب اور کمال اور وصال کی اور معیشت ظاہری اور باطنی کی قسم توکل اور قناعت
اور رضا اور رفع درجات عالیہ اور مانند انکے سب من جانب اللہ اور فضل اوسکے سے ہی جسکو مستحق جس چیز کا جانتا ہی عطا فرماتا ہی
اور رحمت اور قرب بہتر تمام فضائل و کمالات سے ہین اور آیت لَوۡلَاۤ اَنۡ یَّکُوۡنَ النَّاسُ الخ سے صریح معلوم ہوا کہ پہونچنا تمام
کمالات کو مشروط ہی ساتھ ترک کرنے حب دنیا اور اختیار کرنے تقوی کے ماسوی اللہ سے کیا خوب کہا جس کسینے کہا **نظم** ہر کس کہ
نخ از متاع فانی بر تافت ✢ واندر طلب دولت باقی بشتافت ✢ آنجا کہ کمال ہمتش بود رسید ✢ وان چیز کہ مقصود دلش بود دریافت ✢ **بحث** ✢
ابن مسعود سے آیت یَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّکَ الخ کی تفسیر مین منقول ہی کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اللہ تعالی نے
تقسیم کیا درمیان تمہارے اخلاق تمہارے کو جیسا کہ تقسیم کیا درمیان تمہارے رزقون تمہارے کو اور بلا شبہہ اللہ تعالی دیتا ہی
دنیا اوسکو کہ دوست رکھتا ہی اور اوسکو کہ نہین دوست رکھتا ہی اور نہین دیتا ہی دین مگر اوسی کو کہ دوست رکھتا ہی اوسکو پس جسکو دیا اللہ نے
دین پس تحقیق دوست رکھا اوسکو ✢ **درمنثور** ✢ دنیا کا فانی ہونا اور برائی اوسکی اور ثواب آخرت کا ملنا متقیون کے لیے بیان کر کے
اب گویا فرماتے ہین کہ اس فانی کو چھوڑو اور ذکر اللہ کو کہ اوسکا ثمرہ ابد الآباد حاصل رہیگا اور آخرت مین اوسکے سبب سے چین کروگے اختیار کرو ✢

وَمَنۡ یَّعۡشُ عَنۡ ذِکۡرِ الرَّحۡمٰنِ نُقَیِّضۡ لَہٗ شَیۡطٰنًا فَہُوَ لَہٗ قَرِیۡنٌ ۝

[illegible] رحمن کی یاد سے ہم اوسپر تعین کرین ایک شیطان پھر وہ رہے اوسکا ساتھی ✢ **مو**

اور جو کوئی غافل ہو یاد خدا سے تعین کرتے ہین ہم اوسکے لیے ایک شیطان پس وہ شیطان اوسکے ہمنشین ہوتا ہی + تفسیر +
یعنی مَنۡ یَّعۡشُ کے یہ ہین کہ دیدہ و دانستہ اندھا بنتا ہی ذکر خدا سے کہ قرآن ہی یعنی جانتا ہی کہ وہ حق ہی اور پھر تجاہل کرتا ہی جیسا فرمایا
اللہ تعالیٰ نے وَجَحَدُوۡا بِہَا وَاسۡتَیۡقَنَتۡہَاۤ اَنۡفُسُہُمۡ یعنی انکار کیا اوسکا حالانکہ یقین تھا انکو اوسکا [illegible]
حاصل یہ کہ جو کوئی قرآن سے اور اوس چیز سے کہ اوسمین ہی قسم حلال اور حرام اور احکام سے منہ موڑتا ہی اور [illegible]
اوسکی رحمت کا امیدوار نہین ہوتا ایک شیطان ساتھی اوسکا ہمیشہ کو رہتا ہی اور اوسکو بہکاتا رہتا ہی تو [illegible]
کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یعنی بیچ تفسیر نُقَیِّضۡ کے کہ مسلط کرتے ہین ہم اوسپر شیطان کو پس وہ اوسکے ساتھ رہتا [illegible]
اور آخرت مین باعث ہوتا ہی اوسکو گناہون پر اور اسمین اشارہ ہی اسپر کہ جو مداومت کرتا ہی قرآن پر نہین پاس آتا اوسکے اور نہین ہوتا
ہوتا اوسکا شیطان اور روایت ہی محمد بن عثمان مخزومی سے کہ قریش نے کہا یعنی آپسمین کہ تعین کرو واسطے ہر شخص کے ہم اصحاب محمد سے
ایک شخص کو کہ پکڑے اوسکو پس تعین کیا اونھون نے واسطے ابی بکر کے طلحہ بن عبید اللہ کو پس آیا وہ ابو بکر کے پاس [illegible]
کہا ابو بکر نے طرف کس چیز کے بلاتا ہی تو مجھکو کہا طلحہ نے کہ بلاتا ہون مین تجھکو طرف عبادت لات و عزی کے کہ نام ہین بتون کا کہا ابو بکر نے کون ہی
لات کہا طلحہ نے کہ وہ رب ہمارا ہی کہا ابو بکر نے اور کون ہی عُزّٰی کہا بیٹیان اللہ کی کہا ابو بکر نے پس کون انکی مان [illegible] طلحہ اور
نہ جواب دیا ابو بکر کو پھر کہا طلحہ نے اپنے یارون سے کہ جواب دو اس شخص کو پس سکوت کیا قوم نے پس کہا طلحہ نے اوٹھ ابو بکر اَشۡہَدُ اَنۡ
لَّاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوۡلُ اللّٰہِ پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَمَنۡ یَّعۡشُ عَنۡ ذِکۡرِ الرَّحۡمٰنِ
نُقَیِّضۡ لَہٗ شَیۡطٰنًا الخ یعنی مصداق آیت کے ابو بکر کا فرشتہ کہ اونھین حق سے دیدہ و دانستہ اعراض کیا اونپر
شیطان مسلط تھے کہ وہ راہ حق پر نہین آنے دیتے تھے اونکو + ملخص معالم + در منثور +

وَاِنَّہُمۡ لَیَصُدُّوۡنَہُمۡ عَنِ السَّبِیۡلِ وَیَحۡسَبُوۡنَ اَنَّہُمۡ مُّہۡتَدُوۡنَ ۝

اور وہ انکو روکتے ہین راہ سے اور سمجھتے ہین کہ ہم راہ پر ہین + موضح +

اور تحقیق شیاطین باز رکھتے ہین آدمیون کو راہ خدا سے اور آدمی جانتے ہین کہ وہ راہ پانے والے ہین + لباب

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَنَا قَالَ یٰلَیۡتَ بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَکَ بُعۡدَ الۡمَشۡرِقَیۡنِ فَبِئۡسَ الۡقَرِیۡنُ ۝

یہان تک کہ جب آوے ہم پاس کہے کسی طرح مجھمین اور تجھمین فرق ہو مشرق مغرب کا سا کہ کیا برا ساتھی ہی + موضح

اوس وقت تک کہ آدمی آوے یعنی روز قیامت کے آگے ہمارے کہیگا ساتھ شیطان اپنے کے ای کاشکے درمیان میرے اور درمیان تیرے مسافت مشرق
اور مغرب کی ہوتی پس برا ہمنشین ہی تو + تفسیر + یعنی دنیا مین شیطان کے مشورے پر چلنا ہوا اور وہان اوسکی صحبت سے
پچھتاویگا اس طرح کا ساتھی شیطان کسیکو جن ملتا ہی کسیکو آدمی + موضح + سعید جریری سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے
نُقَیِّضۡ لَہٗ شَیۡطٰنًا کہ کہا یونہی ہمکو کہ کافر جب اوٹھایا جاویگا اپنی قبر سے ہاتھ مین ہاتھ ہوویگا اوسکے شیطان کا اور نہین
جدا ہوویگا اوس سے یہان تک کہ لیجاویگا اون دونون کو اللہ تعالیٰ طرف دوزخ کے پس وہ وقت ہوگا کہ کہیگا یٰلَیۡتَ بَیۡنِیۡ وَ
بَیۡنَکَ بُعۡدَ الۡمَشۡرِقَیۡنِ فَبِئۡسَ الۡقَرِیۡنُ + کہا راوی نے اور لیکن مومن پس تعین ہوگا اوسپر فرشتہ یہان تک کہ [illegible]
درمیان لوگون کے اور لیجایا جاوے طرف جنت کے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی تم مین سے کوئی مگر اوسکے ساتھ
شیطان ہی کہا اصحاب نے اور آپکے ساتھ بھی ہی یا رسول اللہ فرمایا اور میرے ساتھ بھی ہی لیکن اللہ تعالیٰ نے مدد کی ہی میری اوس پر
پس سلامت رہتا ہون مین یا مسلمان ہوگیا ہی وہ اور اور روایت مین آیا ہی پس نہین حکم کرتا مجھکو مگر خیر کا + اور وہب بن منبہ سے منقول ہی

کہا نہیں ہی آدمیون مین سے کوئی مگر کہ اوسکے ساتھ شیطان ہی کہ متعین ہی اوسپر اپیر کا فر پس کہتا ہی شیطان ساتھ اوسکے کہ اوسکے
ساتھ رہتا ہی ساتھ اوسکے بائی اوسکے سے اور سوتا ہی ساتھ اوسکے اور اوسکے بچھونے پر اور ایپر مومن پس الگ رہتا ہی اوس سے شیطان منتظر
رہتا ہی کہ کب غافل ہو یا قریب مین آوے پس جھپٹ کرتا ہی اوسپر اور بہت محبوب آدمیون مین سے طرف شیطان کے بہت کھانے والا بڑا
بخیل ہی + در منثور +

وَلَنْ يَنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ○

اور کچھ فائدہ نہین ہوگا تمکو آج کے دن جب تم ظالم ٹھہرے اس سے کہ تم مار مین شامل ہو + مو +

اور کہدیتے ہم ہر گز نفع کریگا تمکو آج از بسکہ ستم کیا ہی تمنے یہ کہ عذاب مین باہم شریک ہو + **تفسیر** یعنی کافر کہینگے کہ خوب ہوا
کہ انہون نے ہمکو عذاب مین ڈلوایا یہ بھی نہ بچے لیکن اوسکو کیا فائدہ اگر دوسرا بھی پکڑا گیا + مو + اِذْ ظَّلَمْتُمْ کے معنی یہ ہین کہ
جب صحیح ہوا ظلم یعنی کفر تمھارا اور ظاہر ہوگیا اور نہ باقی رہا تمھارے لیے اور نہ کسیکے لیے شبہہ اس بات مین کہ تم ظالم تھے اور اَنَّكُمْ
فِي الْعَذَابِ الخ کے معنی یہ ہین کہ نہین نفع دیگا تمکو اشتراک تمھارا عذاب مین یا ہونا تمھارا مشترک عذاب مین جیسا کہ تھا عموم بلا کی خوشی کرنا
دل کو دنیا مین اور بعضون نے یہ معنی اسکے کہے ہین کہ ہرگز نہین نفع دیگی تمکو یہ آرزو یا عذر و ندامت کرنی اسلیے کہ تم عذاب مین مشترک ہو
بسبب شریک ہونے تمھارے کے اوسکے سبب مین کہ وہ کفر ہی + مد +

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِي ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

سو کیا تو سنا دیگا بہرونکو یا سمجھا دیگا اندھونکو اور صریح غلطی مین بھٹکونکو + مو +

ای محمد کیا تو سنا سکتا ہی بہرون کو یا راہ دکھا سکتا ہی اندھون کو اور اوسکو کہ بیچ گمراہی ظاہر کے ہی + **تفسیر** بہرون کو
یعنی جو کہ سماع قبول نہین رکھتے اور اندھون کو یعنی جو کہ سینے کے اندھے ہین اور اونکو کہ بیچ گمراہی ظاہر کے ہین یعنی جو کہ اللہ کے علم مین
ایسے ہین کہ مرینگے گمراہی پر یعنی پس یہ نہین ایمان لاوینگے + مو +

فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ○ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ○

پھر اگر کبھی ہم تجکو لے گئے تو ہمکو اون سے بدلا لینا یا تجکو دکھا دین جو اونکو وعدہ دیا ہی تو وے ہمارے بس مین ہین + مو +

پس اگر اس عالم سے لیجاوین ہم تجکو پس البتہ ہم اس جماعت سے بدلا لینے والے ہین یا یہ کہ دکھا دین ہم تجکو جو کچھ کہ وعدہ کیا ہمنے ساتھ انکے پس
تحقیق ہم اونپر قادر ہین + **تفسیر** یعنی اگر وفات دینگے ہم تمکو پہلے اسکے کہ مدد دین ہم تمھاری اونپر اور ٹھنڈک ڈالین سینون مومنون کے
سینون مین اونکی جانب سے تو ہم اونسے سخت بدلا لینگے آخرت مین یا دکھا دین الخ یعنی پہلے وفات دینے تمھارے کے سو ہوا روز بدر کے
اور بیان اونکے شدت کفر اور گمراہی کا کیا ساتھ قول اپنے کے اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ الخ پھر ڈرادیا دنیا اور آخرت کے عذاب کا ساتھ
قول پاک اپنے کے فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ آخر دس آیتون تک + مد + یعنی اگر وفات دین ہم تمکو پہلے اسکے کہ عذاب کرین ہم اونکو پس ہم اونسے
بدلا لینگے ساتھ قتل کرنے کے بعد تمھارے یا دکھا دین ہم تمھارے حیات مین عذاب جو وعدہ کیا ہی ہمنے اونسے پس ہم قادر ہین جب چاہین
عذاب کرین اونپر اور مراد ہین انسے مشرکین مگر بدلا لیا اللہ تعالی نے اونسے روز بدر کے اور یہ تو قول اکثر مفسرون کا ہی اور حسن اور قتادہ نے
کہا کہ مراد اوس سے اہل اسلام ہین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے کہ ہوا بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت عتاب الٰہی اونکی امت مین پس اکرام کیا
اپنے نبی کا ایسے کہ لیگیا اونکو اس عالم سے اور نہین دکھائی اونکی امت مین مگر وہ چیز کہ ٹھنڈی کرے اونکی آنکھ کو اور بچایا عتاب سے بعد
اسکے کہا انس نے کہ گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی رہی نقمت یعنی عتاب الٰہی یعنی پس نہین دکھائی اللہ تعالی نے اپنے نبی کو اونکی

امت مین کوئی چیز کہ ناگوار معلوم ہوا اونکو یہانتک کہ وفات پائی اور نہین تھا کوئی نبی کبھی مگر کہ دیکھا عذاب اپنی امت مین مگر نبی تمہارے صلی اللہ علیہ وسلم اور روایت کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم دکھاے گئے او سچیز کو کہ پہونچیگی امت اونکی و بعد اونکے پس نہین دیکھے گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہنستے خوشی کرتے یہانتک کہ وفات ہوئی اونکی **معا + در منثور**

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

سو تو مضبوط رہ اوس پر جو تجکو حکم آیا ہے تو ہے بے شک سیدھی راہ پر + موضح

پس محکم پکڑ اوس چیز کو کہ وحی بھیجی گئی طرف تیرے یعنی تمسک کر قرآن پر اور عمل کر اوسپر تحقیق تو اوپر راہ راست کے ہے یعنی اوس دین پر ہے کہ نہین کجی اوسمین

وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ○

اور یہ مذکور رہیگا تیرا اور تیری قوم کا اور آگے تم سے پوچھ ہوگی + موضح

اور تحقیق قرآن نصیحت ہے تیرے لیے اور تیری قوم کے لیے اور تم پوچھے جاؤگے + **تفسیر** + یا یہ معنی ہین لذکر کے کہ یہ موجب شرف کا ہے تیرے لیے اور تیری قوم کے لیے اسلیے کہ اوترا اونکی لغت مین اور پوچھے جاؤگے قیامت کو پوچھا جاویگا کہ تمنے اسکا حق کیسا ادا کیا اور کیسی تعظیم کی تمنے اسکی اور کیسا شکر ادا کیا اس نعمت کا کہا عدی بن حاتم نے کہ تھا مین بیٹھا ہوا نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا آگاہ ہو بلاشبہ اللہ نے جانا جو کچھ کہ میرے دل مین ہے یعنی محبت اپنی قوم کی پس ستائش کیا مجکو اونکے حق مین پس فرمایا وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ + پس کیا ذکر و شرف میری قوم کے لیے اپنی کتاب مین پھر فرمایا وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ○ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ یعنی ڈرا کنبے اپنے کو کہ بہت قریب ہین اور پست کر بازو اپنے کو واسطے اونکے کہ اتباع کرین تیرا مومنون مین سے مراد ہے قوم میری پس شکر ہے اللہ کا کہ نکالا صدیق میری قوم سے اور امام میری قوم سے بلاشبہ اللہ نے اولٹ پلٹ کیا بندون کو پیٹھ کے بل اور پیٹ کے بل یعنی خوب غور سے انکو ملاحظہ فرمایا پس ہوئے بہترین عرب قریش اور وہ درخت مبارک ہین جسکا ذکر کیا اللہ نے اپنی کتاب مین وَمَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ + یعنی اور مثال کلمہ طیب کی مانند درخت طیب کے ہے مراد اس سے قریش ہین اَصْلُهَا ثَابِتٌ یعنی جڑ اوسکی ثابت ہے یعنی فرماتا ہے کہ جڑ اوسکی کرم ہے کہ وہ ثابت ہے وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ یعنی اور شاخین اوسکی آسمان مین ہین یعنی فرماتا ہے وہ شرف ہے کہ مشرف کیا اونکو اللہ نے بسبب اوس اسلام کے کہ ہدایت کیا اونکو واسطے اوسکے اور گردانا اونکو اہل اوسکا پھر اوتاری اونکے حق مین ایک سورت کتاب اللہ سے مکے مین کہ وہ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ہے آخر تک کہا عدی بن حاتم نے کہ نہین دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ ذکر کیے گئے ہون اونکے سامنے قریش ساتھ خیر کے کبھی مگر کہ خوش کر دیا انکے ذکر نے حضرت کو یہانتک کہ ظاہر ہوتی تھی وہ خوشی سب لوگون کے لیے سامنے حضرت کے اور تھے حضرت اکثر اوقات پڑھتے یہ آیت وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ○ **ملا + در منثور**

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ○

اور پوچھ دیکھ جو رسول بھیجے ہمنے تجھسے پہلے کبھی ہمنے رکھے ہین رحمن کے سوا اور حاکم کہ پوجے جاوین + موضح

اور پوچھ احوال اونکے کہ بھیجے تھے ہمنے پہلے تجھسے پیغامبر اپنے کیا مقرر کیے تھے ہمنے سواے خدا معبود کہ پرستش کیے جاوین + **تفسیر** + یعنی کسی دین مین شرک نہین روا رکھا اور پوچھ دیکھ یعنی جستجو کر اونکی ارواح سے ملاقات ہو یا اونکے احوال کی کتابون سے تحقیق کر + موضح + نہین ہے مراد پیغمبرون کے سوال کرنے سے حقیقت سوال کرنے کی لیکن یہ مجاز ہے نظر کرنے سے اونکے ادیان مین اور دریافت کرنے سے اونکے

یعنی کا عظم ... ۵ ... ع ۱۰

دینی اوسکا کہ آیا عبادت بتون کی کبھی کسی ملت مین ملتون انبیا کے سے ہوئی بھی ہر اور حضرت کو کفایت کیا نظر کرنے اور تفحص کرنے سے نظر کرنا کتاب اللہ مین کہ معجز اور مصداق ہر اگلی کتابون کی اور کافی ہوئی حضرت کو خبر دینی اللہ تعالی کی اس بات مین ساتھ اس آیت کے وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا یعنی اور عبادت کرتے ہین سوا اللہ کے اوس چیز کو کہ نہین اوتاری ساتھ اوسکے دلیل اور خود یہ آیت کافی ہی حاجت اور آیت کی نہین اور ابن عباس سے ہی کہ جب آنحضرت کو معراج ہوئی تو بھیجا اللہ تعالی نے آنحضرت کے لیے آدم کو اور رسولون کو کہ اونکی اولاد مین مین پھر اذان دی جبریل نے پھر تکبیر کہی اور کہا ای محمد آگے بڑہو اور نماز پڑھاؤ اونکو پس نماز پڑھائی آنحضرت نے اونکو پھر جب فارغ ہوئے نماز سے تو کہا اونسے جبریل نے سَلْ يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَا الخ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین پوچھتا مین کفایت کرتا ہی مجکو یعنی فرمانا اللہ تعالی کا اور یہی قول زہری اور سعید بن جبیر اور ابن زید کا ہی کہ کہا اونہون نے جمع کیے گئے حضرت کے لیے رسول شب معراج مین اور حکم کیا سوال کرنے کا اونسے پس نہین شک کیا حضرت نے اور نہین پوچھا اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین سَلْ اُمَمَ مَنْ اَرْسَلْنَا یعنی رسولون کی امتون سے کہ وہ یہود و نصاری ہین پوچھ کر اونسے پوچھنا گویا انبیا سے پوچھنا ہی کہ وہ رسولون کی کتابون سے خبر دینگے اور معنی اس سوال کے ثابت کرنا اس بات کا ہی بت پرستون کے لیے کہ وہ باطل پر ہین ✤ **خلاصہ معنا تنبیہ** ✤ مقصود تمام رکوع کا یہ ہی کہ آدمی کو چاہیے کہ اللہ کے ذکر اور قرآن پر عمل کرنے کو چھوڑ دے یکتا موحد اور متبع سنت کا ہو رات دن اپنی اوقات ایسی باتون مین مصروف رکھے کہ جنکے کرنے سے خاوند حقیقی راضی ہے اور ہر دم و ہر ساعت لرزان ترسان اور امیدوار اوسکی رحمت کا رہے اور اوسکی یاد مین مشغول اور شیطان سے بیزار اور اوسکو دشمن سمجھتا اور موت کو یاد کرتا رہے والا شیطان مسلط ہوگا ✤ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماویگا اللہ جل ذکرہ نکالو دوزخ سے اوسکو کہ یاد کیا مجکو ایک وقت یعنی اخلاص و توحید سے یا ڈرا مجسے کسی جگہہ مین یعنی باز رکھا نفس کو گناہ کرنے سے کہا عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے کہ پوچھے مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے معنی اس آیت کے وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ الخ یعنی اور وہ لوگ کہ دیتے ہین اور دل اونکے ڈرتے ہین کیا یہ وہ لوگ ہین کہ پیتے ہین شراب اور چراتے ہین فرمایا نہین ای بیٹی صدیق کی ولیکن یہ وہ لوگ ہین کہ روزہ رکھتے ہین اور نماز پڑھتے ہین اور خیرات کرتے ہین اور وہ ڈرتے ہین یہ کہ نہ قبول کیا جاوے اونسے یہ وہ لوگ ہین کہ جلدی کرتے ہین بھلائیون مین اور آیا ہی کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتی دو تہائی رات کھڑے ہوتے پس کہتے يَا اَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ یعنی ای لوگون یاد کرو اللہ کو یاد کرو اللہ کو آیا پہلا نفخہ پیچھے آویگا اوسکے نفخہ دوسرا آئی موت ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی آئی موت ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی اور آیا ہی کہ نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لیے پس دیکھا لوگون کو کہ وہ ہنس رہے ہین فرمایا آگاہ ہو تحقیق تم اگر بہت کرتے یاد لذتون کی توڑنے والی کی کہ وہ موت ہی تو البتہ باز رکہتی تمکو اوس چیز سے کہ دیکھتا ہون مین یعنی ہنسنا چھوڑ دیتے پس بہت کرو یاد لذتون کی توڑنے والی کی کہ موت ہی پس تحقیق نہین گذرتا قبر پر کوئی دن مگر کہ بولتی ہی پس کہتی ہی مین گھر غریبی کا ہون اور مین گھر تنہائی کا ہون اور مین گھر مٹی کا ہون اور مین گھر کیڑون کا ہون اور جب دفن کیا جاتا ہی بندۂ مومن تو کہتی ہی اوسکے لیے قبر مَرْحَبًا وَّاَهْلًا یعنی فراغت کی جگہہ آیا تو اور اپنے اہل مین آیا آگاہ ہو بلاشبہہ تو تھا بہت محبوب میرے نزدیک اونمین سے کہ چلتے ہین مجپر پس جب حاکم ہوئی مین تجپر آج اور آیا تو طرف میرے پس قریب ہی کہ دیکھیگا تو سلوک میرا ساتھ اپنے فرمایا پس فراخ ہوتی ہی قبر اوسکے لیے بقدر پہونچنے نظر اوسکی کے اور کھولا جاتا ہی اوسکے لیے دروازہ طرف جنت کے اور جب دفن کیا جاتا ہی بندۂ بدکار یا کافر کہتی ہی اوسکے لیے قبر لَا مَرْحَبًا وَّلَا اَهْلًا یعنی نہ فراغت ہی تیرے لیے اور نہ اپنے اہل مین آیا تو آگاہ ہو تحقیق تھا تو میرے نزدیک بہت دشمن اونمین کہ چلتے ہین مجپر پس جب حاکم ہوئی مین آج تجپر اور آیا تو طرف میرے

پس قریب ہی کہ دیکھیگا تو کام میرا ساتھہ اپنے فرمایا حضرت نے پس ملتی ہی قبر اوسپر یہان تک کہ ادھر کی ادھر نکل جاتی ہین پسلیان اوسکی
کہا راوی نے اور اشارہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھہ انگلیون اپنی کے پس داخل کیا بعض انگلی کو اندر بعض کے فرمایا آنحضرت
نے اور متعین ہوتے ہین اوسکے لیے ستر ہزار اژدہے اگر تحقیق ایک اونمین سے پھونکار مارے زمین پر تو نہ اُگاوے زمین کچھہ جب تک باقی
رہے دنیا پس کاٹتے ہین اوسکو اور ڈستے ہین اوسکو یہان تک کہ لایا جاوے اوسکو طرف حساب کے کہا راوی نے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ یعنی سوا اسکے نہین کہ قبر ایک باغ ہی
جنت کے باغون مین سے یا ایک گڑھا ہی دوزخ کے گڑھون مین سے کہا انس نے کہ تحقیق تم البتہ کرتے ہو عمل کہ وہ تمہاری آنکھون مین بال سے
زیادہ باریک ہین گنتے تھے ہم اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین موبقات سے یعنی ہلاک کرنے والے یعنی صغیرہ گناہون کو تم
اور چھوٹا جانتے ہو اور ہم اونکو مہلکات سے گنتے تھے فرمایا آنحضرت نے اے عایشہ بچا تو اپنے تئین صغیرہ گناہون سے اسلیے کہ واسطے اونکے اللہ
کی طرف سے طالبہ کرنے والا ہی یعنی ملائکہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حکم کیا مجکو میرے رب نے ساتھہ نو باتون کے ساتھہ خوف خدا کے پوشیدہ
اور ظاہر مین اور ساتھہ بات عدل کے غصہ اور خوشی مین اور ساتھہ میانہ روی کے فقر اور غنا مین اور ساتھہ اس بات کے کہ ملاوے رحم کرون مین
اوس سے کہ کاٹے مجسے اور دون مین اوسکو کہ محروم رکھے مجکو اور عفو کرون مین اوس سے کہ ظلم کرے مجپر اور ساتھہ اسکے کہ ہووے خاموشی میری فکر
اور گویائی میری ذکر خدا اور نظر میری عبرت اور حکم کرون مین ساتھہ اچھی باتون کے + **مشکوۃ** + **تنبیہ** + اب کچھہ دعائین نہایت
مفید بتقریب ذکر اللہ کے کہ اس رکوع مین اوسکے اعراض پر تنبیہ فرمائی لکھی جاتی ہین تو بھائی مسلمانون کو فائدہ دین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو کوئی کہے وقت شام اور صبح کے تین تین بار رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا
رَّسُوْلًا ہوتا ہی حق اللہ پر یہ کہ راضی کر دے اوسکو یعنی روز قیامت کے + اور روایت کی طبرانی نے ساتھہ سند حسن منذری سے
کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہے وقت صبح کے رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا
پس مین ضامن ہون کہ البتہ پکڑونگا مین ہاتھہ اوسکا یہان تک کہ داخل کرونگا مین اوسکو جنت مین اور ابن ابی شیبہ نے روایت کی عطا
بن یسار سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے کہا وقت شام کے رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ
بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا پس تحقیق پہونچا حقیقت ایمان کو + اور روایت کی مستغفری نے علی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ جسوقت کہ صبح کرے تو تین بار اور جسوقت کہ شام کرے تو تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پس بلاشبہہ یہ کلمہ شفا ہی ننانوین بیماریون سے اور ادنی اونکا غم یعنی فکر ہی + اور روایت کی
طبرانی نے اوسط مین اور مستغفری نے ساتھہ سند حسن کے سمرہ بن جندب سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جسنے کہا وقت
صبح کے اور شام کے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنْتَ تُقَدِّمُنِيْ وَاَنْتَ تُطْعِمُنِيْ وَاَنْتَ تَسْقِيْنِيْ وَاَنْتَ تُمِيْتُنِيْ
وَاَنْتَ تُحْيِيْنِيْ + نہین مانگے اللہ تعالی سے کوئی چیز مگر کہ دیتا ہی وہ اوسکو پس ملا مین عبد اللہ بن سلام سے پس بیان کی مینے اونسے
یہ حدیث پس کہا اونھون نے کہ یہ کلمے دیے تھے اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کو دعا کرتے تھے ساتھہ انکے ہر روز سات بار پس نہین مانگتے تھے
اللہ سے کچھہ مگر کہ دیتا تھا اونکو وہ + داعی الفلاح فی اذکار المساء والصباح للسیوطی رحمۃ اللہ علیہ
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی صبح و شام کو تین بار یہ دعا پڑھتا ہی تو اوسدن رات مین ناگہانی بلا نہین پہونچتی اوسکو
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور روایت
ہی معقل بن یسار صحابی سے کہ جسنے یہ اعوذ پڑھی تعین ہوتے ہین اوسپر ستر ہزار فرشتے کہ دعا بخشش کی کرتے ہین اوسکے لیے

اور اگر مر جاتا تو شہید مرتا ہی اور ترمذی ... ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آج کی رات ایک بچھو کے کاٹنے سے کیا ایذا اوٹھائی ہمنے
فرمایا اگر کہتا تو جس وقت کہ شام کرتا اعوذ آخر تک تو ضرر نہ پہونچاتا تجکو اور جو کوئی منزل پر اوترکر یہ پڑھے تو ضرر نہین کرتی کوئی چیز جب تک کہ کوچ کرے وہ اعوذ
یہ ہی أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اور تین تین بار پڑھے صبح و شام أَعُوذُ بِاللَّهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ پھر پڑھے یہ آیتین هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَٰنُ
الرَّحِيمُ آخر سورۂ حشر تک تو اسکی فضیلت یہ آئی ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص اعوذ مذکور مع تین آیتون اخیر
سورۂ حشر کے پڑھتا ہی صبح کو تو متعین کرتا ہی اللہ تعالی اوسپر ستر ہزار فرشتے کہ دعا بخشش کی کرتے ہین اوسکے لیے شام تلک اور اگر اوس
دن مین مرتا ہی شہید مرتا ہی اور جو شام کو پڑھے یہی درجہ پاتا ہی اور فرمایا کہ قُلْ هُوَ اللَّهُ اور قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوذُ
بِرَبِّ النَّاسِ کا صبح و شام مین تین تین بار پڑھنا کفایت کرتا ہی ہر چیز سے یعنی دفع کرتا ہی ہر برائی کو اور فرمایا کہ جو کوئی یہ دونون آیتین یعنی آیت الکرسی
اور آیت ابتدا سورۂ غافر کی صبح کو پڑھتا ہی محفوظ رہتا ہی یعنی سب بلیات سے اور شیطانون سے بسبب برکت انکی کے شام تک اور جو شام کو پڑھتا ہی صبح تلک
محفوظ رہتا ہی بسبب برکت انکی کے آیت الکرسی تو مشہور ہی اور آیت ابتدا غافر کی یہ ہی حٰمٓ ○ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ○ غَافِرِ
الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ○ اور فرمایا کہ جو کوئی
صبح و شام یہ آیت سات سات بار پڑھے تو کفایت کرتا ہی اللہ تعالی غم دنیا اور آخرت اوسکے کو وہ یہ ہی حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ○ یہ سب روایتین مشکوۃ اور حصن حصین وغیرہ حدیث کی کتابون مین ہین اور جسکو
زیادہ شوق ذکر اللہ کا ہو وہ ظفر جلیل اور وظیفہ مسنونہ مین سے دیکھکر ورد مقرر کرے رد مشرکون کا کرکر اب آگے قصہ حضرت موسی علیہ السلام کا
بیان ہوتا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لیے اور اوسوقت کے یہود وغیرہ کے قائل کرنے کے لیے کہ تم جیسے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو نہین مانتے ہو باوجود جاننے حقیقت اونکی کے اور دیکھنے معجزات اونکے کے ایسے ہی حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھ معاملہ کرتے تھے اوسوقت
کے کفار باوجود دیکھنے معجزات اونکے کے لیکن اونکے نہ ماننے سے تباہ وخراب اور معذب ہوئے ایسے ہی تمھارا حال بھی ہو تو کیا عجب ہی

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○

اور ہمنے بھیجا موسی اپنی نشانیان دیکر فرعون اور اوسکے سردارون پاس تو کہا مین بھیجا ہون جہان کے صاحب کا + مو +

اور تحقیق بھیجا ہمنے موسی کو ساتھ نشانیون اپنی کے طرف فرعون کے اور اشراف قوم اوسکی کے پس کہا موسی نے تحقیق مین پیغمبر ہون پروردگار عالمون کا + **تفسیر** + نشانیون سے مراد ید بیضا اور عصا وغیرہ معجزات موسی علیہ السلام کے ہین اور **ملائہ** سے قبط + اور حضرت موسی علیہ السلام نے جب کلام مذکور کہا نہ مانا اونھون نے اونکو یہ محذوف ہی دلالت کرتا ہی اسپر قول اللہ تعالی کا + **مل** +

فَلَمَّا جَاءَهُمْ بِآيَاتِنَا إِذَا هُمْ مِنْهَا يَضْحَكُونَ ○

پھر جب لایا اون پاس ہماری نشانیان وہ تو لگے اوپر ہنسنے + مو +

پس جب کہ آیا موسی اونکے پاس ساتھ نشانیون ہماری کے ناگہان وہ اون نشانیون سے ہنستے تھے + **تفسیر** + یعنی مسخر کرتے تھے ساتھ اونکے اور کہتے تھے اونکو سحر + **مل** +

وَمَا نُرِيهِمْ مِنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا وَأَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ○

اور جو دکھلاتے گئے ہم اونکو نشانی سو دوسری سے بڑی اور پکڑا ہمنے اونکو تکلیف مین شاید وہ باز آوین + مو +

اور نہین دکھلاتے تھے ہم اونکو کوئی نشانی مگر وہ بزرگ تر تھی قرین اپنے سے اور گرفتار کیا ہمنے اونکو ساتھ عذاب کے تاکہ وہ پھر آوین + **تفسیر**

قرین یعنی ساتھی لہنت سے کہ ہوتی تھی پہلے اوسکے اور بزرگتر یعنی بہت بڑی ہوتی تھی بیچ نقض عادت کے اور ظاہر نظم دلالت کرتا ہی اسپر کہ لاحقہ بزرگتر ہوتی تھی سابقہ سے لیکن یہ مراد نہین ہی بلکہ مراد یہ ہی اس کلام سے کہ وہ موصوف تھین ساتھ بڑائی کے متفاوت نہین تھین بڑائی مین یعنی سب بڑی ہی تھین اور اسپر محمول ہی کلام لوگونکا کہ کہا جاتا ہی ہُمَا اَخَوَانِ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَکْرَمُ مِنَ الْاٰخَرِ یعنی وہ دو بھائی ہین کہ ہر ایک اون دونون مین سے بزرگتر ہی دوسرے سے ساتھ عذاب کے وہ طوفان ہی اور ٹڈیان اور چچڑیان اور مینڈک اور خون یا پانی کا اور نقصان میوون کا اور قحط پس تھین یہ چیزین نشانیان واسطے موسیٰ کے اور عذاب کفار کے لیے اور تھین یہ ہر ایک بزرگتر دوسری سے

اور تو کہ رجوع کرین یعنی کفر سے طرف ایمان کے + معا +

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ○

اور کہنے لگے ای جادوگر پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا سکھا رکھا ہی تجھکو ہم مقرر راہ پر آوینگے + مو +

اور کہا اونھون نے ای جادوگر دعا کر ہمارے لیے اپنے پروردگار کی جناب مین ساتھ اون ناموں کے کہ وحی کی ہی نزدیک تیرے تحقیق ہم راہ پر آوینگے یعنی مسلمان ہو وینگے + تفسیر + ای جادوگر کہتے تھے وہ عالم ماہر کو جادوگر اسلیے کہ وہ بڑا جانتے تھے علم جادو کو اور اونکی بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ کے یہ ہین ساتھ عہد اوسکے کے نزدیک تیرے کہ عہد کیا ہی تجھسے کہ دعا تیری مستجاب ہی یا یہ معنی ہین ساتھ عہد اوسکے کے نزدیک تیرے اور وہ نبوت ہی یا یہ معنی ہین ساتھ اوس چیز کے کہ عہد کیا نزدیک تیرے کہ وہ دور کرنا عذاب کا ہی اوس شخص سے کہ ہدایت پاوے + مل +

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ○

پھر جب اوٹھالی ہمنے اونسے تکلیف تبھی وہ وعدہ توڑ ڈالتے + مو +

پھر جب دور کیا ہمنے اونسے عذاب کو یعنی موسیٰ کی دعا سے ناگہان وہ عہد توڑ ڈالتے یعنی ایمان لانے کا جو عہد کرتے وفا کرتے اوسکو +

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ

اور پکارا فرعون اپنی قوم مین بولا ای قوم میری بھلا مجکو نہین حکومت مصر کی اور یہ نہرین چلتی ہین

تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ○

میرے نیچے کیا تم نہین دیکھتے + مو +

اور پکارا فرعون اپنی قوم مین کہا ای قوم میری کیا نہین ہی میرے ہاتھ مین بادشاہی مصر کی اور یہ نہرین چلتی ہین میرے محل کے نیچے کیا نہین دیکھتے تم + تفسیر + اوس گرد پیش کے ملکون مین مصر کا حاکم بڑا ہوتا تھا اور نہرین اوسنے بنائین تھین دریاے نیل کا پانی اپنے باغ مین لایا تھا کاٹ کر + مو + پکارا یعنی فرعون نے آپ پکار اقرباے کے سردارون کو از راہ افتخار کے یا حکم کیا منادی کو اوسنے پکارا اور ہارون رشید سے منقول ہی کہ اوسنے جب پڑھی یہ آیت کہا حاکم کرونگا مین مصر کا خسیس تر کو اپنے غلامون مین سے پس حاکم کیا اوسکا خصیب نام کو کہ وہ وضو کروایا کرتا تھا اوسکو اور عبداللہ بن طاہر سے منقول ہی کہ ہارون رشید مالک ہوا مصر کا پس نکلا طرف اوسکے پس جب قریب پہونچا اوسکے تو کہا آیا یہ وہی شہر ہی کہ افتخار کیا ساتھ اوسکے فرعون نے یہان تک کہ کہا اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ واللہ کہ یہ میرے نزدیک حقیر تر ہی اس سے کہ داخل ہوؤن مین اسمین پس پھیری اوسنے باگ اپنی انتہی + کہا نہین دیکھتے تم یعنی قوت میری اور ضعف موسیٰ کا اور غنا میری اور فقر اوسکا + مل +

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۥ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ○

بھلا مین ہون بہتر اس شخص سے جسکو عزت نہین اور صاف نہین بول سکتا + مو +

یا کہ مین مراد ہیں اس شخص سے کہ وہ خوار ہی اپنی ہوس اور نزدیک نہیں ہو کہ بات واضح کرے یعنی حضرت موسی علیہ السلام کی زبان مین لکنت تھی سبب انگارا ڈال لینے کے مونہہ مین لڑکپنے مین واللہ اعلم + ۵ +

فَلَوْلَآ اُلْقِیَ عَلَیْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِیْنَ ○

پھر کیون نہ آ پڑے اوسپر کنگن سونے کے یا آتے اوسکے ساتھ فرشتے پرا باندھکر + مو +

پس کیون نہ اوتارے گئے اس شخص پر کنگن سونے کے یا کیون نہ آئے ہمراہ اوسکے فرشتے مجتمع ہوکر + تفسیر + فرعون آپ کنگن پہنتا تھا جواہر کے تکلف اور جس امیر پر مہربان ہوتا سونے کے کنگن پہناتا اور اوسکے سامنے فوج کھڑی ہوتی پرا باندھ کر + ۵ + مراد رکھا فرعون نے ساتھ اوتارنے کنگنون کے موسی پر اوتارنا ملک کی کنجیون کا طرف اونکے اسلیے کہ وہ جب چاہتے تھے سردار کرنا کسی شخص کو تو کنگن اور ہار سونے کے پہناتے تھے اوسکو تو کہ دلالت کرے اوسکی سرداری پر پس کہا فرعون نے کیون نہ اوتارے رب موسی نے اوسپر کنگن سونے کے اگر تھا سردار واجب الاطاعت اور مقترنین کے معنی ہین چلتے فرشتے ساتھ اوسکے پرا باندھکر تو کہ مددگار اوسکے ہوتے اور گواہی دیتے اوسکے صدق پر + مد + معا +

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِیْنَ ○

پھر عقل کھودی اپنی قوم کی پھر اوسی کا کہا مانا مقرر وہ تھے لوگ بیحکم + مو +

پس بے عقل کیا فرعون نے اپنی قوم کو پس قبول کیا انھونے حکم اوسکا تحقیق وہ تھے قوم فاسق + تفسیر + یا معنی اسکے یہ ہین کہ بہلا دیا فرعون نے اپنی قوم قبط کو یہ بات کہکر اور تاثیر کیا اونمین اوسکے کلام نے اور حکم مانا اوسکا یعنی جھٹلانا موسی کا جو چاہتا تھا فاسق یعنی خارج دین حد سے + ۵ + جلا +

فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِیْنَ ○ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِیْنَ ○

پھر جب ہمکو جھنجھلا لائی تو ہمنے اون سے بدلا لیا پھر ڈبا دیا اون سب کو پھر کر ڈالا اونکو گئے گذرے اور کہاوت پچھلون کے واسطے + مو +

پس جب غصے مین لائے وہ ہمکو بدلا لیا ہمنے اونسے پس ڈبو دیا ہمنے اون سبکو پس کیا ہمنے اونکو پیش رو اور کہانی واسطے پچھلون کے + تفسیر + معنی اسکے یہ ہین کہ اونھونے جب افراط کی گناہون مین مستحق ہوئے اسکے کہ جلدی اوتارین ہم اونپر عذاب اپنا اور بدلا لینا اپنا اور نہ درگذر کرین ہم اونسے اور مثلا کے معنی ہین بات عجیب الشان کہ بطور کہاوت و ضرب المثل کے کہا جاتا ہی کہ کہاوت تمھاری ایسی ہی جیسے قوم فرعون کی اور آخرین سے مراد ہین جو کہ آوینگے بعد اونکے اور معنی اسکے یہ ہین کہ پس کیا ہمنے اونکو پیشوا پچھلے کافرون کے لیے کہ پیروی کرین اونکی بیچ مستحق ہونے عذاب کے مانند اونکے اور اوترنے عذاب کے اونپر بسبب کرنے ایسے افعال کے کہ جیسے اونھونے کیے اور کیا ہمنے اونکے قصے کو کہاوت + مد + اور یا جعلنٰہم سلفا کے یہ معنی ہین کہ ہمنے اونکو پیش رو کیا تو کہ نصیحت پکڑین ساتھ اونکے پچھلے لوگ اور مثلا الخ کے معنی یہ ہین عبرت و نصیحت + معا + عقبہ بن عامر سے روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب دیکھے تو اللہ کو کہ دیتا ہی بندے کو جو کچھ چاہے اس حال مین کہ وہ مقیم ہی گناہون پر پس سوا اسکے نہین کہ استدراج ہی اوسکی طرف سے واسطے اوسکے پھر پڑھی آیت فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِیْنَ + کہا طارق بن شہاب نے کہ تھا مین نزدیک عبداللہ بن مسعود کے پس ذکر کیا گیا نزدیک اونکے ناگہانی موت کا پس کہا اونھونے کہ وہ تخفیف ہی مومن پر اور حسرت ہی کافر پر پھر فرمایا اللہ تعالی فلما اسفونا انتقمنا منہم + در منثور + مترجم کہتا ہی یعنی شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلے پر کہ کوئی سوا خدا تعالی کے معبود نہین ہی مشرکون نے اعتراض کیا کہ نصاری عیسی کو پوجتے ہین اگر وہ بھی معبود نہ تھے راضی ہوئے ہم کہ معبود ہمارے ساتھ عیسی کے ہوان پر گمان کیا کہ ساتھ دلیل غالب آئے خدا تعالی نے کشف شبہے کا فرمایا

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ یَصِدُّوْنَ ○

اور جب کہاوت آئی مریم کے بیٹے کی تبھی تیرے لوگ اوس سے چلانے لگتے ہین + مو +

اور جب کہاوت بیان کی گئی ساتھ بیٹے مریم کے ناگہان قوم تیری اوس کہاوت سے ساتھ خوشوقتی کے آواز بلند کرتے ہین + **تفسیر** + یعنی قرآن مین اونکا ذکر آوے تو اعتراض کرتے ہین کہ اونکو بھی خلق پوجتے ہین اونھین کیون خوبی سے یاد کرتے ہو اور ہمارے پوجون کو برا کہتے ہو **موضح** + اور جب کہاوت بیان کی گئی الخ جب پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے آگے یہ آیت + اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ + یعنی تم اور جنکو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا ایندھن جہنم کے ہین غصے ہوئے مشرک پس کہا ابن الزبعری نے کہ اے محمد کیا یہ خاص ہے ہمارے ہی لیے اور ہمارے معبودون کے لیے یا سب امتون کے لیے پس فرمایا علیہ السلام نے کہ یہ تمہارے لیے اور تمہارے معبودون کے لیے ہے اور سب امتون کے لیے پس کہا عبد اللہ ابن الزبعری نے کہ کیا نہین کہتے تھے تم کہ عیسی نبی ہین اور تعریف کرتے تھے تم اونکی اور اونکی مان کی اور تم جانتے ہی ہو کہ نصاری اون دونون کو پوجتے ہین اور عزیر اور فرشتے بھی پوجے جاتے ہین پس اگر یہ دوزخ مین گئے تو راضی ہین ہم اس پر کہ ہون ہم اور ہمارے معبود بھی ساتھ اونکے پس خوش ہوئے وہ اور ہنسے کہ ہنسنے قائل کر دیا اور سکوت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس اوتاری اللہ تعالی نے یہ آیت اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝ یعنی بلاشبہ جو لوگ کہ سبقت لے گئی واسطے اونکے ہماری جانب سے جنت وہ لوگ دوزخ سے دور کیے گئے ہین اور اوتری یہ آیت وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا الخ اور معنی اسکے یہ ہین اور جب بیان کی ابن زبعری نے کہاوت ساتھ عیسی بیٹے مریم کے واسطے معبودون اپنے کے اور جدال کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پوجنے نصاری کے عیسی علیہ السلام کو ناگہان قوم تیری یعنی قریش اس کہاوت سے آواز بلند کرتے ہین از راہ خوشی اور ہنسنے کے بسبب اوس چیز کے کہ سنی اونھون نے ابن زبعری سے کہ جیسکر دیا حضرت کو ساتھ جدال باطل اپنے کے + **صل** +

وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ۝

اور کہتے ہین ہمارے ٹھاکر بہتر ہین یا وہ یہ نام جو دھرتے ہین تجھپر سب جھگڑنے کو بلکہ یہ لوگ ہین جھگڑالو + **موضح**

اور کہا مشرکون نے کیا معبود ہمارے بہتر ہین یا عیسی نہین بیان کی واسطے تیرے یہ کہاوت مگر جھگڑنے کو بلکہ وہ قوم ہین جھگڑالو + **تفسیر** + اور کہا الخ مراد رکھتے تھے وہ یہ کہ معبود ہمارے تمہارے نزدیک بہتر نہین ہین عیسی سے پس جب ہوئے عیسی ایندھن دوزخ کے تو ہمارے معبودون کا امر تو سہل ہے مگر جھگڑنے کو یعنی واسطے جھگڑنے اور غالب ہونے کے بات مین نہ واسطے طلب تمیز کے درمیان حق اور باطل کے جھگڑالو یعنی عادت ہی اونکی یہی کہ بہت جھگڑتے ہین اور حریص ہیکے ہوئے ہین اور یہ اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالی نے جو فرمایا اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ تو نہین مراد رکھی اس سے مگر بت ہی اسلیے کہ ما غیر عقلا کے لیے آتا ہے لیکن ابن زبعری نے جو دیکھا کہ لفظ کلام اللہ کا یعنی وَمَا تَعْبُدُوْنَ احتمال رکھتا ہے وجہ عموم کو باوجود جاننے اوسکے کے اس بات کو کہ مراد اس سے بت ہی ہین لڑنے اور کچھ پانی جیسے کے لیے گنجایش پائی بیچ ظاہر لفظ وَمَا تَعْبُدُوْنَ کو طرف شمول اور احاطے کے واسطے ہر معبود غیر اللہ کے بطریق جھگڑنے اور چاہنے اس بات کے کہ غالب آوین ہم پس از راہ وقاحت کے آنحضرت نے سکوت فرمایا یہان تک کہ جواب یاد دلایا اونکی طرف سے اوتنے رب نے + **صل** + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین گمراہ ہوئے کوئی قوم بعد ہدایت کے کہ تھے اوسپر مگر کہ دیے گئے جدال یعنی جھگڑنا پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نکلے لوگون پر اور وہ جھگڑ رہے تھے قرآن مین پس نہایت غصے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہان تک کہ گویا ڈالا گیا حضرت کے چہرہ مبارک پر سرکہ یعنی نہایت سرخ ہوئے پھر فرمایا نہ مارو تم کتاب اللہ کو بعض اوسکے کو بعض پر یعنی ایک آیت سے دوسری آیت کی تکذیب نکرو اور آپس مین آیتون کو معارض نجانو اس لیے کہ نہین گمراہ ہوئے کوئی قوم کبھی مگر کہ دیے گئے ہین جھگڑنا پھر پڑھی یہ آیت مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کذب ایک باب ہے یعنی قسم ہے ابواب یعنی اقسام نفاق سے اور بلاشبہ نشانی نفاق کی یہ ہے کہ ہو آدمی جھگڑالو دشمنی رکھنے والا + **در منثور** +

إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلًا لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ ○

وہ کیا ہے ایک بندہ ہے کہ ہمنے اوسپر فضل کیا اور کھڑا کیا بنی اسرائیل کے واسطے ✠ مو

✠ تفسیر ✠ نہین ہے عیسی مگر بندہ کہ انعام کیا ہمنے اوسپر یعنی ساتھ دینے نبوت کے اور کیا ہمنے اوسکو نمونہ قدرت آلہی کا واسطے بنی اسرائیل کے یعنی بغیر باپ کے جو ہمنے اوسکو پیدا کیا تو مانند کہاوت کے کیا بسبب عجیب وغریب ہونے معاملے اونکے کے تو دلیل پکڑی جاوے اللہ کی قدرت پر کہ بلاشبہہ وہ قادر ہے اوس چیز پر کہ چاہے ✠ مل جلا ✠ منقول ہے ابن عباسؓ سے کہ مشرک آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اونہونے کہ خبر دو کہ جو پوجے جاتے ہین سوا اللہ کے کہان ہونگے وہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دوزخ مین کہا اونہونے اور سورج اور چاند کہان ہونگے فرمایا سورج اور چاند بھی دوزخ مین ہونگے کہا اونہونے پس عیسی بیٹے مریم کے کہان ہونگے پس اوتاری اللہ نے یہ آیت إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ الخ

✠ در منثور ✠

وَلَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَائِكَةً فِي الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ○

اور اگر ہم چاہین نکالین تم مین سے فرشتے رہین زمین مین تمہاری جگہہ ✠ موق

اور اگر چاہتے ہم البتہ کرتے ہم کہ بدلے تمہارے فرشتے زمین مین خلیفہ ہون ✠ تفسیر ✠ یعنی عیسی مین آثار فرشتون کے سے تھے اس سے معبود نہین ہوتا اگر چاہین تمہاری نسل سے ایسے لوگ پیدا کرین ✠ مو ✠ لَجَعَلْنَا مِنكُم کی تقدیر یون ہے لَجَعَلْنَا بَدَلًا مِّنكُم یعنی کرتے ہم بدل تمسے فرشتونکو یا تقدیر یون ہے لَجَعَلْنَا بَدَلَكُمْ اور من معنی بدل کے ہے یعنی کرتے ہم بدلے تمہارے فرشتون کو اور بعضونے کہا یہ معنی ہین کہ اگر چاہتے ہم بسبب قادر ہونے اپنے کے عجائب امور پر پیدا کرتے ہم تمسے اے مردون فرشتون کو کہ جانشین ہوتے وہ تمہارے زمین مین جیسے کہ جانشین کرتے ہین ہم تمہاری اولاد کو اور یہ ایسا ہوتا جیسے عیسی کو عورت سے پیدا کیا بغیر مرد تو کہ جانتے تم قدرت ظاہرہ ہماری اور جانتے تم کہ ملائکہ اجسام ہین کہ نہین پیدا ہوتے مگر اجسام سے اور اللہ تعالی منزہ ہے اس سے ✠ مل ✠

وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ○

اور وہ نشان ہے اوس گھڑی کا سو اوسمین مت دھوکہا کرو اور میرا کہا مانو یہ ایک سیدھی راہ ہے ✠ موق

اور تحقیق عیسی نشانی ہے قیامت کی پس شبہہ نکرو قیامت مین اور کہہ اے محمد پیروی میری کرو یہ ہے راہ سیدھی ✠ تفسیر ✠ عیسی یعنی اوترنا اونکا نشانیون قیامت سے ہے کہ جانا جاویگا بسبب اوسکے قرب قیامت کا اور پیروی میری کرو یعنی میری ہدایت اور شرع کی یا میرے رسول کی اس صورت مین وَاتَّبِعُونِ مقولہ اللہ تعالی کا ہے یا یہ امر ہے رسول اللہ کے لیے کہ کہہ وَاتَّبِعُونِ یعنی جو کچھ کہ حکم کرتا ہون مین تمکو راہ سیدھی ہے ✠ مل ✠ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس خدا کی کہ بقا جان میری کا اوسکے ہاتھ مین ہے تحقیق اوترینگے آسمان سے تمہارے اہل دین مین عیسی بیٹے مریم علیہما السلام کے درحالیکہ حاکم عادل ہونگے پھر توڑینگے صلیب کو یعنی باطل کر دینگے دین نصرانیت کو اور حکم کرینگے ملت حنفیہ پر اور قتل کرینگے سور کو یعنی حرام کرینگے اوسکے کھانے اور پالنے کو اور مباح کرینگے اوسکے قتل کو اور رکھدینگے جزیہ یعنی اہل ذمہ سے اور حکم کرینگے اونکو اسلام کا اور نہین قبول کیا جاویگا اونسے سوائے دین حق کے مقصود باطل کرنا نصرانیت کا اور مٹانا احکام اور آثار اوسکے کا اور حکم کرنا ساتھ شرائع دین اسلام کے ہے اور بہت ہوگا مال یعنی حضرت عیسیٰ کے زمانے مین یہان تک کہ نہین قبول کریگا اوسکو کوئی یہان تک کہ ہوگا ایک سجدہ بہتر دنیا سے اور ہر چیز سے کہ دنیا مین ہے پھر کہتے تھے ابو ہریرہ پس اگر شک و تردد رکھتے ہو اس چیز مین تو پڑھو اگر چاہو یہ آیت اور یہ آیت وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ الخ یعنی نہین ہے کوئی اہل کتاب سے یعنی یہود و نصاری سے مگر کہ ایمان لائیگا عیسی علیہ السلام پر پہلے مرنے اونکے کے یہ حدیث بخاری و مسلم مین ہے ✠ مشکوۃ ✠

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○

اور نہ روکے تمکو شیطان وہ تمہارا دشمن ہی صریح + موضح

اور نہ روکے تمکو شیطان تحقیق وہ تمہارے حق مین دشمن ظاہر ہے + تفسیر + نہ روکے یعنی قیامت پر ایمان لانے سے یا اللہ و رسول کی پیروی کرنے سے دشمن ظاہر ہے یعنی اوسکی دشمنی تمسے ظاہر ہے اسلیے کہ نکالا تمہارے باپ آدم کو جنت سے اور اوتروایا اونسے لباس اونکا + مدارک

وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ

اور جب آیا عیسی نشانیان لیکر بولا مین لایا ہون تمہارے پاس پکی باتین اور بتانے کو بعضی چیز جسمین تم جھگڑتے تھے

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ○ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○

سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بیشک اللہ جو ہی ہے رب میرا اور رب تمہارا اوسکی بندگی کرو یہ ایک سیدھی راہ ہے + موضح

اور جب کہ آئے عیسی علیہ السلام ساتھ معجزون کے کہا لایا ہون مین تمہارے واسطے حکمت کو اور آیا ہون مین تو بیان کرون مین واسطے تمہارے بعض وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہو تم بیچ اوسکے پس ڈرو اللہ سے اور کہا مانو میرا تحقیق خدا وہی ہے پروردگار میرا اور پروردگار تمہارا پس عبادت کرو اوسکو یہ ہے راہ سیدھی + تفسیر + بینٰت سے مراد معجزے ہین یا آیتین انجیل کی اور شرائع اور حکمت سے مراد انجیل اور شرائع بعض وہ چیز الخ وہ امر دین کا ہے نہ امر دنیا کا اور اخیر آیت تک کلام حضرت عیسی علیہ السلام کا ہے + مدارک

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ○

پھر پھٹ گئے فرقے اونکے بیچ سے سو خرابی ہے گنہگارون کو آفت سے دکھ والے دن کی + موضح

پس اختلاف کیا جماعتون نے درمیان اپنے پس وائے اونکو کہ ستم کیا عذاب دن درد دینے والے کے سے + تفسیر + یہود اونکے منکر ہوئے اور نصاری قائل ہوئے پھر نصاری بھی کئی فرقے ہوئے کوئی خدا کا بیٹا بتاوے کوئی خدا کو تین جگہہ کرے اور کچھہ کہین + موضح
جماعتون نے یعنی فرقون نے بعد عیسی کے اور وہ یعقوبیہ ہین اور نسطوریہ اور ملکائیہ اور شمعونیہ پس ان فرقون نے نصاری کی بیچ سے اختلاف کیا عیسی کے حق مین کہ آیا وہ اللہ ہے یا ابن اللہ یا ثالث ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ یعنی تیسرا تین مین کا ستم کیا یعنی کفر کیا بسبب اوس چیز کے کہ کہی عیسی کے حق مین اور دن درد دینے والا دن قیامت کا ہے + مدارک جلالین

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○

اب یہی راہ دیکھتے ہین اوس گھڑی کی کہ آکھڑی ہو اونپر اچانک اور اونکو خبر نہو + موضح

انتظار نہین کرتے ہین مگر قیامت کا یہ کہ آوے اونکے پاس ناگہان اور وے بیخبر ہون + تفسیر + هَلْ يَنْظُرُوْنَ مین ضمیر ہے واسطے قوم عیسی کے یا کفار کے اور یہ بیخبر ہون یعنی یا وے غافل ہون بسبب مشغول ہونے اونکے کے امور دنیا اپنی مین جیسے کہ اور جگہہ فرمایا تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ + یعنی پکڑے گی اونکو قیامت اس حال مین کہ وہ جھگڑتے ہونگے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم ہوگی قیامت اس حال مین کہ دو شخص دوہتے ہونگے اونٹنی کو اور دو شخص لپیٹتے ہونگے کپڑے کو پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ + مدارک درمنثور

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ○

جتنے دوست ہین اوسدن دشمن ہونگے مگر جو ہین ڈر والے + موضح

دوست اوسدن بعض اونکے واسطے بعض کے دشمن ہونگے مگر پرہیزگار + تفسیر + اوسدن دوستی جو دوست بہاگیگا کہ اسکے سبب

ع ۱۱ ۱۳

مین نہ پکڑا جاؤن + موٹ ا لاَخِلّاءُ جمع خلیل کی ہی معنی دوست کے اوس دن یعنی روز قیامت کے مگر پرہیزگار کہ آپسمین لہ محبت رکھتے
ہین یعنی منقطع ہوجائینگی اوسدن تمام محبتین کہ درمیان دو دوستون کے ہی بیچ غیر ذات اللہ کے اور بدل جاویگی وہ محبت ساتھ عداوت او غضب کے
مگر محبت اون دو شخصون کی کہ للہ محبت رکھتے ہین اونکی وہ محبت باقی رہیگی + ف فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہوگا دن قیامت کا
منقطع ہوجائینگے ناتے اور گم ہوجاینگے اسباب اور جاتی رہیگی اُخُوّت یعنی بھائی چارہ مگر اُخُوّت اسکی راہ کی باقی رہیگی اور یہ بموجب فرمانے
اللہ تعالی کے ہی اَلْاَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ مجاہد سے ہی بیچ تفسیر اَلْاَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ کے کہا جو کہ دوست اللہ کے گناہ پر تھے دنیا میں وہ آپسمین دشمن ہونگے + نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوست
چار ہین دو مومن اور دو کافر پس مرتا ہی ایک شخص دو مومنون میں سے پس پوچھا جاتا ہی اوس سے اوسکے دوست کا حال پس کہتا ہی بار خدایا نہین دیکھا
مینے کسی دوست کو کہ بہت حکم کرنے والا ہو ساتھ اچھی باتون کے اور بہت منع کرنے والا ہو بری باتون سے اوس سے بار خدایا ہدایت کر اوسکو
جیسا کہ ہدایت کیا تونے مجکو اور مار تو اوسکو اوس راہ پر کہ مارا تونے مجکو اوسپر اور مرتا ہی ایک شخص دو کافرون میں سے پس پوچھا جاتا ہی اوس سے
اوسکے دوست کا حال پس کہتا ہی نہین دیکھا مینے کوئی دوست کہ بہت حکم کرتے والا ہو بری باتون کا اوس سے اور نہین دیکھا مینے کسی دوست
کو بہت منع کرنے والا اچھی باتون سے اوس سے بار خدایا گمراہ کر تو اوسکو جیسا کہ گمراہ کیا تونے مجکو اور مار تو اوسکو اوس راہ پر کہ مارا تونے مجکو
اوسپر فرمایا حضرت نے پھر اوٹھائے جاوینگے وہ روز قیامت کے پس فرماویگا اللہ تعالی چاہیے کہ ثنا کرے بعض تمھارا بعض پر پس اوپر دونون
مومن ثنا کریگا ہر ایک اون دونون میں سے اپنے یار کی بہت اچھی طرح اور اوپر دونون کافر پس ثنا کریگا ہر ایک اون دونون مین سے اپنے یار کی
نہایت بری طرح + کعب سے منقول ہی کہ کہا لایا جاویگا یعنی محشر مین رئیس فی الخیر یعنی مانند علما باعمل اور مرشد برحق کے روز قیامت کے پس
کہا جاویگا فرمان برداری کر اپنے رب کی چلنے مین پس لایا جاویگا اوسکو طرف رب اوسکے کے پس نہین پردہ مین ہوگا اللہ تعالی سے پھر حکم کیا جاویگا
اوسکو جنت کے لیجانے کا پس دیکھیگا مکان اپنا اور مکان اپنے یارون کا کہ جمع ہوتے تھے اوسکے ساتھ خیر پر اور مدد کرتے تھے اوسکی خیر پر پس
کہا جاویگا یہ مکان فلانے کا ہی اور یہ مکان فلانے کا پس دیکھیگا جو کچھ کہ طیار رکھا ہی اللہ نے جنت مین قسم بزرگی کی چیزون سے اور دیکھیگا مکان
اپنا افضل اونکے مکانون سے اور پہنائے جائینگے اوسکو کپڑے جنت کے اور رکھا جاویگا اوسکے سر پر تاج اور پہونچیگی اوسکو ہوا جنت کی
اور چمکنے لگیگا چہرہ اوسکا یہان تک کہ ہوجائیگا جیسے چودھوین رات کا چاند پھر نکلیگا وہ پس نہین دیکھینگے اوسکو کسی جماعت کے لوگ مگر کہ
کہینگے وہ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ یعنی یا اللہ کر اسکو جنتیون مین سے یہان تک کہ آویگا اپنے اون یارون کے پاس کہ جمع ہوتے تھے ساتھ
اوسکے خیر پر اور مدد کرتے تھے اوسکی خیر پر پس کہیگا خوش ہو اے فلانے پس تحقیق اللہ نے طیار رکھا ہی تیرے لیے جنت مین ایسا اور ایسا
پس خبر دیتا رہیگا اونکو اوس چیز کی کہ طیار رکھی ہی اللہ تعالی نے اونکے لیے جنت مین قسم بزرگی کی چیزون سے یہان تک کہ چڑھیاویگی اونکے
چہرون پر سفیدی جیسے اوسکے چہرے پر آگئی تھی پس پہچانینگے اونکو لوگ اونکے چہرون کی سفیدی سے پس کہینگے یہ اہل جنت ہین اور لایا جاویگا
رئیس فی الشر کو یعنی مانند گرو اور پنڈتون اور تعزیہ وغیرہ بنانے والون کے پس کہا جاویگا قبول کر حکم رب کا پس لایا جاویگا اوسکو طرف رب
اوسکے کے پس پردہ مین کیا جاویگا اوس سے اور حکم کیا جاویگا اوسکو دوزخ کیجانیکا پس دیکھیگا مکان اپنا اور یہ مکان اپنے یارون کا پھر کہا جاویگا یہ مکان فلانے
کا ہی اور یہ مکان فلانے کا پس دیکھیگا جو کچھ طیار رکھا ہی اللہ نے اوسکے لیے قسم خواری سے اور دیکھیگا مکان اپنا برا اونکے مکانون سے پس
سیاہ ہوجائیگا چہرہ اوسکا اور کرنجی ہوجائینگی آنکھین اوسکی اور رکھی جاویگی اوسکے سر پر ٹوپی آگ کی پھر نکلیگا پس نہین دیکھینگے اوسکو
کسی جماعت کے لوگ مگر کہ پناہ مانگینگے ساتھ اللہ کے اوس سے پھر آویگا اپنے اون یارون کے پاس کہ جمع ہوتے تھے اوسکے ساتھ شر پر اور
مدد کرتے تھے اوسکی اوسپر پس کہینگے وہ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ پس کہیگا کس سبب سے پناہ مانگی تمنے ساتھ اللہ کے مجھسے کیا نہین یاد رکھتا تو

ف یعنی دوست کے برابر کوئی نعمت نہین دیکھی مینے ۱۲ منہ عفی عنہ

ای فلانے ایسا اور ایسا پس یاد دلاتا رہیگا اونکو وہ شر کہ جمع ہوتے تھے وہ اوسکے ساتھ اوسپر اور مدد کرتے تھے اوسکی اوسپر پس خبر دیتا رہیگا اونکو اوس چیز کی کہ طیار رکھی ہی اللہ نے اونکے لیے دوزخ مین یہان تک کہ چڑھیا ویگی اونکے موہنون پر سیاہی جیسے اوسکے چہرے پر چڑھی تھی پس پہچانینگے اونکو لوگ اونکے موہنون کی سیاہی سے پس کہینگے یہ دوزخی ہین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ + کہ دو دوست مومن ہوتے ہین اور دو دوست کافر حال مومنون کا یہ ہی کہ جب مرتا ہی ایک شخص دونون مین سے تو خوشخبری دیجاتی ہی اوسکو جنت کی پھر یاد کرتا ہی اپنے دوست کو پس کہتا ہی بارخدایا تحقیق دوست میرا فلانا حکم کرتا تھا مجکو تیری طاعت کا اور تیرے رسول کی اطاعت کا اور حکم کرتا تھا مجکو بھلائی کا اور منع کرتا تھا مجکو برائی سے اور خبر دیتا تھا مجکو کہ مین تجھسے ملونگا بارخدایا پس نہ گمراہ کر اوسکو بعد میرے یہان تک کہ دکھاوے تو اوسکو مانند اوس چیز کے کہ دکھایا تو نے مجکو اور راضی ہووے تو اوس سے جیسے کہ راضی ہوا تو مجسے پس کہا جاویگا اوسکو کہ جا اگر جانتا تو وہ چیز کہ اوسکے لیے ہی نزدیک میرے تو البتہ ہنستا تو بہت اور روتا تو تھوڑا پھر مرتا ہی دوسرا پس جمع کیجاتی ہین روحین دونون کی پھر کہا جاتا ہی چاہیے کہ ثنا کرے ہر ایک تم مین سے اپنے یار کی پس کہتا ہی ہر ایک اون دونون مین سے واسطے یار اپنے کے نِعْمَ الْاَخُ وَنِعْمَ الصَّاحِبُ یعنی اچھا بھائی ہی تو اور اچھا دوست ہی اور جب مرتا ہی ایک شخص دونون کافرون مین سے تو خبر دیجاتی ہی اوسکو دوزخ کی پھر یاد کرتا ہی اپنے یار کو پس کہتا ہی بارخدایا بلاشبہ دوست میرا فلانا حکم کرتا تھا مجکو تیری نافرمانی کرنے کا اور تیرے رسول کی نافرمانی کرنیکا اور حکم کرتا تھا مجکو برائی کرنے کا اور منع کرتا تھا مجکو بھلائی سے اور خبر دیتا تھا مجکو کہ مین نہین ملونگا تجھسے بارخدایا پس نہ ہدایت کر تو اوسکو بعد میرے یہان تک کہ دکھاوے تو اوسکو مانند اوس چیز کے کہ دکھائی تو نے مجکو اور خفا ہووے تو اوسپر جیسا کہ خفا ہوا تو مجپر پھر مرتا ہی دوسرا پس جمع کیجاتی ہین روحین دونون کی پس کہا جاتا ہی چاہیے کہ ثنا کرے ہر ایک تم دونون مین سے اپنے یار کی پس کہتا ہی ہر ایک اون دونون مین سے اپنے یار کو بِئْسَ الْاَخُ وَبِئْسَ الصَّاحِبُ وَبِئْسَ الْخَلِيْلُ یعنی تو برا بھائی ہی اور برا یار ہی اور برا دوست ہی + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ اللہ تعالی فرماویگا روز قیامت کے کہان ہین آپسمین محبت رکھنے والے بسبب بزرگی میری کے آج کرونگا مین اونکو اپنے سایہ مین کہ آج نہین ہی سایہ مگر سایہ عرش میرے کا اور فرمایا کہ تحقیق ایک شخص نے ملاقات کا ارادہ کیا اپنے بھائی کی کہ تھا وہ اور گانون مین پس متعین کیا اللہ نے اوسکے لیے اوپر راہ اوسکی کے ایک فرشتہ کہا فرشتے نے کہان کا ارادہ رکھتا ہی تو کہا اوسنے ارادہ رکھتا ہون اپنے بھائی کی ملاقات کا کہ اوس گانون مین ہی کہا فرشتے نے کیا ہی تیرے لیے اوسپر کوئی نعمت کہ مالک ہوویگا تو اوسکا یعنی کچھ نعمت اوسکو دی ہی کہ اوسکا بدلا لینے کو جاتا ہی کہا اوسنے نہ لیکن بلاشبہ دوست رکھتا ہون مین اوسکو اللہ کہا فرشتے نے پس تحقیق مین بھیجا ہوا اللہ کا ہون طرف تیرے تا خبر دون تجکو یہ کہ تحقیق اللہ نے دوست رکھا تجکو جیسے کہ دوست رکھا تو نے اوسکو اللہ کے لیے تحقیق ایک شخص نے عرض کہا یا رسول اللہ کب ہی قیامت فرمایا وای تجکو اور کیا طیار کیا تو نے اوسکے لیے کہا اوسنے کچھ نہین طیار کیا مینے اوسکے لیے مگر یہ کہ تحقیق مین دوست رکھتا ہون اللہ اور رسول اوسکے کو فرمایا تو ساتھ اونکے ہوویگا کہ دوست رکھا تو نے اونکو کہا انس نے پس نہین دیکھا مینے مسلمانون کو کہ خوش ہوئے ہون ساتھ کسی چیز کے بعد اسلام کے مانند خوش ہونے اونکے کے ساتھ اس کلمے کے اور فرمایا مثال ہمنشین نیک کی اور برے کی مانند اوٹھانے والے مشک اور پھونکنے والے دھونکنی کے ہی پس اوٹھانے والا مشک کا یا یہ کہ دیگا تجکو مشک مفت اور یا یہ کہ مول لیگا تو اوس سے اور یا یہ کہ پاویگا تو اوس سے خوشبو اور پھونکنے والا دھونکنی کا یا یہ کہ جلاویگا کپڑے تیرے اور یا یہ کہ پاویگا تو اوس سے ہوا بری فرمایا اللہ تعالی نے واجب ہوئی محبت میری واسطے محبت رکھنے والون کے بسبب محبت میری کے اور واسطے بیٹھنے والون کے آپسمین بسبب خوشی میری کے اور واسطے ملاقات کرنیوالون کے آپسمین میری رضا کے لیے اور واسطے خرچ کرنے والون مال کے میرے لیے اور ایک روایت مین یون ہی کہ کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہی

اللہ تعالی آپسمین محبت رکھنے والے سبب بزرگی میری کے واسطے اونکے منبر ہونگے نور کے رشک کرینگے اونپر انبیا اور شہدا + فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے ای ابوذر کون سی دستگی ایمان کی محکم ہی کہا ابوذر نے اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین فرمایا وہ موالات ہی واسطے اللہ کے اور دوستی واسطے
اللہ کے اور بغض واسطے اللہ کے اور فرمایا کہ جب عیادت کرتا ہی مسلمان بھائی اپنے کی یا ملاقات کرتا ہی اوسکی فرماتا ہی اللہ تعالی خوب ہوئی زندگانی تیری
دنیا اور آخرت مین اور اچھا ہوا چلنا تیرا اور جگہہ پکڑی تو نے جنت کے مکان مین + اور فرمایا جب دوست رکھے کوئی بھائی اپنے کو پس چاہیے کہ خبر دے
اوسکو اپنی دوستی کی + اور فرمایا لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَّلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ + یعنی نہ یارانہ کر مگر مومن صالح سے اور نہ کھاوے
کھانا تیرا اگر پرہیزگار + اور فرمایا آدمی اوپر دین یار اپنے کے ہوتا ہی پس چاہیے کہ دیکھے ایک تم مین کا اوسکو کہ دوست رکھتا ہی + اور فرمایا جب بھائی چارہ
کرے کوئی کسی سے پس پوچھے اوس سے نام اوسکا اور نام باپ اوسکے کا اور ہی وہ کس قبیلے مین سے اسلیے کہ تحقیق یہ بہت بڑھاتا ہی محبت کو + اور فرمایا
اگر تحقیق دو بندے محبت رکھین اللہ عز وجل کی راہ مین ایک شرق مین ہو اور دوسرا مغرب مین تو البتہ جمع کریگا اللہ اون دونون کو روز قیامت کے فرماویگا
یہ وہ شخص ہی کہ تھا تو دوست رکھتا اسکو میری راہ مین + اور فرمایا کیا نہ بتاؤن تجکو ای ابو رزین مدار اس کام کا یعنی دین کا وہ جو پہونچے تو بسبب
اوسکے دنیا اور آخرت کی بھلائی کو لازم کر اپنے پر مجلسین ذکر والون کی یعنی ذکر کے لیے اور جب تنہا ہووے تو پس ہلا زبان اپنی کو جسقدر طاقت رکھے تو
ساتھ ذکر اللہ کے اور دوستی کر اللہ کی راہ مین اور دشمنی کر اللہ کی راہ مین ای ابو رزین کیا جانا تو نے کہ تحقیق مرد جب نکلتا ہی اپنے گھر سے اپنے بھائی
مسلمان کی ملاقات کے لیے تو پیچھے پیچھے چلتے ہین اوسکے ستر ہزار فرشتے وہ سب دعا بخشش کی کرتے ہین اوسپر اور کہتے ہین ای رب ہمارے تحقیق یہ ملتا ہی
تیری راہ مین پس ملا اسکو اپنی رحمت سے پس اگر طاقت رکھے تو یہ کہ مشقت مین ڈالے اپنے بدن کو اسمین تو کر + اور فرمایا تحقیق بہشت مین البتہ ستون ہین
یاقوت کے اوپر بالاخانے ہین زمرد کے اونکے دروازے کھلے ہوے ہین چمکتے ہین جیسے چمکتا ہی ستارہ روشن پس عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کون رہیگا
اونمین فرمایا محبت رکھنے والے آپسمین اللہ اور بیٹھنے والے آپسمین اللہ اور ملنے والے آپسمین اللہ + **درمنثور مشکوة** + کہا ہی علمانے
کہ محبت چار قسم پر ہی ایک تو روحانی کہ مستند ساتھ تعارف اور تناسب ارواح کے ہو اور حدیث اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ فَمَنْ تَعَارَفَ
مِنْهَا ائْتَلَفَ مخبر اوس سے ہی اور اسیکو محبت ذاتی اور خلقی کہتے ہین اور آدمی کو اس جگہہ اختیار نہین ہوتا مثلا کسیکے دل مین پانچ چھہ برس
کی عمر مین دوستی فقرا کی اور محبت حج کی اور تحصیل علم کی رہ جاتی ہی اور خطرہ آتا ہی کہ اگر بڑا ہوونگا تو مکے اور مدینے جاونگا اور علم حاصل کرونگا اور حالانکہ
اوسوقت مین سوا نام علم کے اور مکے اور مدینے کے کچھہ ان چیزون کی حقیقت اور شرف نہین جانتا اور نام اونکا بھی بعض سبب سننے کے اور دن
جانتا تھا محبت انبیا و اولیا کی ساتھ خدا کے اور بعضون سے آپسمین اسی قبیل کی ہی دوسری محبت قلبی ہی کہ استناد اوسکا ساتھ تناسب اخلاق
حمیدہ اور صفات کاملہ کے ہوتا ہی یعنی صاحب اچھے وصف کا اپنے مثل کو دوست رکھتا ہی اور محبت مریدونکی ساتھ مشائخ کے اور امتون صالحہ کی
ساتھ انبیا کے اور محبت کاملون کی آپسمین اسی قبیل کی ہی اور یہ دونون قسمین محبت کی دارین مین ہمیشہ اور مفید ہین اور کبھی زائل نہین ہوتین
مگر دوسری قسم کہ کبھی بسبب زوال بعضے صفات محب کے یا محبوب کے بعضی جگہہ مین زائل بھی ہو جاتی ہی اور تیسری قسم محبت عقلی ہی کہ استناد اوسکا بسبب
حاصل کرنے فوائد دنیویہ اور اسباب معیشت کے ہی جیسے محبت حاجت والون کی ساتھ اغنیا کے اور خادمون کی ساتھ مخدومون کے اور چوتھی قسم
محبت نفسانی ہی کہ نفس آدمی کا خواہشون کی چیزون کو اور لذتون دنیاوی کو دوست رکھتا ہی اور یہ دونون قسمین سریع الزوال ہین بسبب
اسکے کہ جسوقت سبب محبت کا زائل ہوا محبت بھی زائل ہوئی خصوصا تیسری قسم کہ سواے اوسکے واسطے ضعیف کے نہین ہی اور اکثر ہوتا ہی کہ بسبب تعصب کسی
چیز کے بغض آپسمین واقع ہو جاتا ہی اور دوست رکھنا نفس کا خواہش کی چیزون کو کہ جسکو ہواے نفس کہتے ہین جب تک کہ آدمی زندہ ہی زائل نہین ہوتا
اگرچہ خواہش کی چیزین میسر نہ آوین اور سبب حاصل کرنے اونکے کے رنج اور بلائین آدمی کو پہونچتی ہین لیکن جب کہ آدمی مریگا اور حقیقت کار کی
اوسپر کھلیگی کہ وہی خواہش کی چیزین اوسکی موجب حساب اور عذاب کی ہونگی اونکو دشمن رکھیگا لیکن جسکو اللہ تعالی نے توفیق دی ہی وہ اس جگہہ بھی

آنکھیں اور تم وہان ہمیشہ رہوگے ❊ **تفسیر** لذت اونکھا وین الخ یہ حصر ہے واسطے انواع نعمتون کے اسلیے کہ وہ یا تو ایسے ہوتے ہین
کہ دلون مین خواہش ہوتی ہی اونکی یا لذت پائی جاتی ہی اونکی آنکھون مین اور روایت کی ابن مبارک نے اور ابن ابی الدنیا نے بیچ صفت جنت کے
اور طبرانی نے اوسط مین ساتھ سند کے کہ راوی اوسکے ثقہ ہین انس سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ تحقیق کمترین
تمام اہل جنت کا درجے مین البتہ وہ ہوگا کہ کھڑے ہونگے اوسکے سر پر دس ہزار خادم کہ ہر ایک کے ہاتھ مین دو دو طباق ہونگے ایک سونے کا
اور دوسرا چاندی کا ہر ایک مین ایک ایک رنگ کا کھانا ہوگا کہ نہین ہوگا دوسرے مین مثل اوسکے کھاویگا اونکے آخر مین سے مانند اوس چیز کے کہ کھاتو
اونکے اول مین سے یعنی جب فراغت سے سب مین سے کھاویگا یہ نہین کہ ایک ہی سے سیر ہوجاوے اور باقی فاضل رہجائین پاویگا اونکے آخر مین خوشبو
اور لذت مانند اوس چیز کے کہ پاویگا اونکے اول مین سے پھر ہوگا یہ خوشبو مشک تیز کی یعنی وہ طعام ہضم ہوکر ڈکار کی راہ مانند بوے مشک کے نکلیگا
نہ پیشاب کرینگے جنتی اور نہ پاخانہ پھرینگے اور نہ سنکینگے مانند بھائیون کے تختون پر آمنے سامنے بیٹھے ہونگے روایت کی احمد نے ابی ہریرہ سے
کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہ ادنی اہل جنت کا مرتبے مین وہ ہوگا کہ اوسکے لیے سات درجے ہونگے اور وہ چھٹے
پر ہوگا اور اوپر اوسکے ساتوان ہوگا یعنی چھت اور بلاشبہ اوسکے لیے تین سو خادم ہونگے اور صبح وشام لائے جاوینگے اوسکے سامنے
تین سو طباق سونے کے ہر طباق مین ایک ایک طرح کا کھانا ہوگا کہ نہین ہوگا ویسا دوسرے مین اور وہ لذت پاویگا اونکے آخر سے جیسے کہ
لذت پاویگا اونکے اول سے اور وہ البتہ کہیگا اے رب میرے اگر اذن دیتا تو مجھکو تو البتہ کھلاتا مین اہل جنت کو اور پلاتا مین اونکو نہ کم ہوتا مالون
چیز سے کہ نزدیک میرے ہی اور بلاشبہ اوسکے لیے حور عین سے بہتر بیویان ہونگی سوائے دنیا کی بیویون کے اور تحقیق ایک اونمین سے البتہ
لیویگی جگہ اپنی دس کوس زمین سے اور روایت کی عبد بن حمید نے عکرمہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق سہل ترین
دوزخیون کا از روے عذاب کے ایک شخص ہوگا کہ پانون رکھیگا اوپر انگارے کے جوش مار یگا اوس سے دماغ اوسکا کہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اور
کیا ہوگا جرم اوسکا یا رسول اللہ فرمایا تھے اوسکے لیے مواشی کہ چھپاتا تھا اوس سے کھیتی کو اور ایذا دیتا تھا اوسکو یعنی لوگون کی کھیتیان پامال
کروا دیتا تھا اونسے حالانکہ حرام کیا ہی اللہ نے کھیتی کو یعنی اوسکے روندنے کو اور اوسکے گردیکو بقدر سنگ انداز کے پس کرو یہ کہ زندہ رکھنا چاہو
اپنے مالون کو یعنی مواشی کو دنیا مین اور ہلاک کرو اپنے نفسون کو آخرت مین یعنی بسبب چرانے اور خراب کرنے کھیتی کے سبکے مستحق عذاب کا نکرو
اپنے نفسون کو اور فرمایا کہ تحقیق ادنی اہل جنت کا مرتبے مین اور اسفل اونکا درجے مین البتہ وہ شخص ہوگا کہ نہین داخل ہوگا بعد اوسکے کوئی فراخی کیجاویگی
اوسکے لیے سامنے اوسکے بقدر مسافت ایک سال کے ہوگا وہ سونے کے محلون مین اور موتیون کے خیمون مین نہین ہوگی اونمین جگہ ایک بالشت کی مگر آباد ہوگی
صبح اور شام لائے جاوینگے اوسکے سامنے ستر ہزار طباق سونے کے نہین ہوگا اونمین سے کوئی طباق مگر کہ ہوگا اوسمین ایک رنگ کا کھانا کہ نہین ہوگا
دوسرے مین مانند اوسکے خواہش اوسکی اونکے آخر مین مانند خواہش اوسکی کے ہوگی بیچ اول اونکے کے اگر اوترین اوسپر تمام اہل زمین البتہ کفایت کریگا
اونکو جو کچھ کہ دیا گیا نہ ناقص کرے یہ کچھ اوس چیز مین سے کہ دیا گیا ابو امامہ سے منقول ہی کہا ایک شخص اہل جنت مین سے خواہش کریگا اور پرندے
جانور کے کھانے کی پس گر پڑیگا وہ پختہ پکایا اوسکے ہاتھ مین پس کھاویگا اوس سے جبتک کہ چاہیگا دل اوسکا پھر اوڑجاویگا اور دل چاہیگا اوسکا
پانی کے پینے کو پس آجاویگی چھاگل اوسکے ہاتھ مین پس پیویگا اوس سے جسقدر چاہیگا پھر چلی جاویگی وہ طرف اپنی جگہہ کے ابو امامہ سے روایت ہی
یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث بیان کی صحابہ سے جنت کے ذکر کی پس فرمایا قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی
البتہ لیویگا ایک تمہارا لقمہ پس رکھیگا اوسکو اپنے مونہہ مین پھر خطرہ آویگا اوسکے دل مین اور کھانا کھانیکا پس بدل جاویگا وہ طعام کہ اوسکے مونہہ
مین ہوگا یعنی وہ طعام وہی طعام ہوجاویگا کہ جسکو دل چاہیگا پھر خطرہ آویگا اوسکے دل مین اور طعام کا پس بدل جاویگا وہ طعام کہ اوسکے مونہہ مین
ہوگا اوس کھانے کے مزے پر کہ چاہتا تھا پھر پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ

ف یہ بیان ہی کمال لذت کا کہ ... ہر ... اونکی ... خواہش ... پاویگا ... اول ... پاویگا

وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ ابن عباس سے منقول ہی کہ کہا انار جنت کے اناروں میں سے ایسا ہوگا کہ جمع ہونگے اوسپر بہت سے لوگ کھاوینگے اوس سے پھر اگر یاد آویگا کسیکو کچھ یعنی اور کھانا تو پاویگا اوسکو اپنے ہاتھ کی جگہ جہان سے کھاتا ہوگا ابن مسعود سے ہی کہ کہا فرمایا مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ تو البتہ دیکھیگا طرف ایک جانور پرندکے جنت میں پس خواہش کریگا تو اوسکی پس گر پڑیگا وہ آگے تیرے بھنا ہوا انہیں سے ہی کہ بلاشبہہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی البتہ خواہش کریگا ایک جانور پرندکی جنت میں پس آویگا وہ مانند اونٹ بختی کے یہان تک کہ گر پڑیگا اوسکے خوان پر ذبح کیا ہوگا اوسکو دھوان اور نہ لگی ہوگی اوسکو آگ یعنی قدرت الہی سے پکا ہوگا بغیر آگ کے پس کھاویگا اوس سے یہانتک کہ سیر ہوگا پھر اڑ جاویگا ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ کہا ہمنے یا رسول اللہ تحقیق فرزند جملہ ٹھنڈک آنکھ اور تمام سرور سے ہی پس آیا پیدا کیا جاویگا اہل جنت کے لیے فرزند پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مومن جب چاہیگا فرزند جنت میں تو ہوگا حمل اوسکا اور جننا اوسکا اور سن تمیز کو پہونچنا اوسکا ایک ساعت میں جیسا چاہیگا + عرض کیا ایک شخص نے کہ یا رسول اللہ کیا جنت میں گھوڑا ہوگا کہ میں دوست رکھتا ہوں گھوڑے کو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر داخل کریگا تجکو اللہ جنت میں پس نہیں چاہیگا تو سوار ہونا گھوڑے پر کیا تو سرخ کا ہوا اوڑاکر لیجاوے تجکو جس جنت میں چاہے تو جانا مگر کہ کیا جاویگا تیرے لیے پھر کہا ایک اعرابی نے کہ کیا جنت میں اونٹ ہی کہ میں دوست رکھتا ہوں اونٹ کو پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے اعرابی اگر داخل کریگا تجکو اللہ جنت میں تو پہونچیگا تو اوسمیں جس چیز کو کہ چاہیگا دل تیرا اور لذت پاویگی آنکھ تیری کثیر بن مرہ حضرمی سے ہی کہ کہا تحقیق ابر البتہ گذریگا اہل جنت پر پس کہیگا کیا برساؤں میں تمپر یعنی کھو بانی کھو جو بن وغیر ذلک نعمتیں وہان کی ابن سابط سے ہی کہ رسول یعنی فرشتہ خدا تعالی کی طرف سے آویگا طرف ایک درخت کے جنت کے درختوں میں سے پھر کہیگا کہ بلاشبہہ رب میرا حکم کرتا ہی مجکو یہ کہ دیوے تو اسکے لیے جو کچھ چاہے پھر رسول آویگا طرف ایک شخص کے اہل جنت میں سے پس پھیلا دیگا اوسکے آگے جوڑا لباس کا پس کہیگا جنتی کہ تحقیق دیکھے ہین مینے جوڑے بہت لیکن نہین دیکھا مینے مانند اسکے اور آیا ہی کہ جس میوے کو چاہیگا اوسکی ٹہنی جھک کر موہنہ سے آ لگیگی + **هكذا في الدر المنثور** + اور وہان کی نعمتین ایسی ہین کہ نہ کسی آنکھوں نے دیکھی ہین اور نہ کسی کانوں نے سنی ہین اور نہ کسی دل میں خطرہ اوسکا گذرا ہی طیار کر رکھی ہیں اللہ تعالی نے اون بندون کے لیے کہ عمل نیک کرتے ہین جیسا کہ فرماتا ہی پاک پروردگار فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ یعنی پس نہین جانتا کوئی شخص اوس چیز کو کہ چھپا رکھی گئی ہی جنتیوں کے لیے قسم ٹھنڈک آنکھ کی سے بدلے اوس چیز کے کہ کرتے تھے یعنی دنیا میں جو طاعات بجا لاتے تھے + اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ مَّرْضِيَّاتِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ اٰمِيْنَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

اور یہ وہی بہشت ہی جو میراث پائی تمنے بدلے اون کاموں کے جو کرتے تھے + ع

اور یہ وہ بہشت ہی کہ عطا کی گئی ہی تمکو بسبب اوس چیز کے کہ عمل کرتے تھے تم + **تفسیر** تِلْكَ اشارہ ہی طرف جنت مذکور کے اور مشابہت دی گئی جنت اپنے باقی رہنے میں اپنے اہل پر ساتھ میراث کے کہ باقی رہتی ہی وارثوں پر ابو ہریرہ سے منقول ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہی کوئی مگر کہ اوسکے لیے ایک مکان ہی جنت میں اور ایک مکان ہی دوزخ میں پس کافر وارث ہوگا مومن کے مکان کا کہ دوزخ میں ہی اور مومن وارث ہوگا کافر کے مکان کا جنت میں اور یہی مراد ہی اللہ تعالی کے اس قول سے وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ ابن مسعود سے ہی کہ کہا گذروگے تم پل صراط پر سے بسبب عفو اللہ تعالی کے اور داخل ہوگے جنت میں بسبب رحمت اللہ تعالی کے اور تقسیم کروگے منازل بسبب اعمال اپنے کے + **من الدر المنثور** + **تنبیہ** + یہ آیت کہ

معلوم ہوا کہ عمل نیک کیا جب بیز کی جست ایسی نعمت ہاتھ لگی اور اسی لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر غفاری کو فرمایا
جَدِّدِ السَّفِينَةَ فَإِنَّ الْبَحْرَ عَمِيقٌ وَخُذِ الزَّادَ كَامِلًا فَإِنَّ السَّفَرَ بَعِيدٌ وَخَفِّفِ الْحِمْلَ فَإِنَّ الْعَقَبَةَ
كَئُودٌ وَاخْلِصِ الْعَمَلَ الصَّالِحَ فَإِنَّ النَّاقِدَ بَصِيرٌ + یعنی نیا کر کشتی کو یعنی ایمان صحیح حاصل کر اسلیے کہ دریا آخرت کا
گہرا ہی اور پورے توشہ راہ آخرت کا لو یعنی عمل خوب کر اسلیے کہ سفر دور و دراز ہی اور ہلکا کر بوجھ کو یعنی گناہوں کے بوجھ کو یا علائق دنیوی
کے بوجھ کو اسلیے کہ گھاٹی یعنی آخرت کی دشوار و سخت ہی اور خالص کر عمل صالح کو اسلیے کہ پرکھنے والا بینا ہی + منبہات

لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا تَأْكُلُونَ ○

تمکو اون میں میوے ہیں بہت اونمیں سے کھاتے ہو + موضح

تمھارے لیے بہشت میں میوہ بہت کہ اوس سے کھاتے ہو + تفسیر مِنْهَا مین مِن تبعیض کے لیے ہی یعنی نہین کھاتے ہو مگر
بعض اوسکا اور درختون مین جو میوے باقی رہینگے اونسے زینت ہوگی درختون کو اور حدیث مین آیا ہی کہ نہین توڑیگا کوئی شخص جنت
کے اوسکے میوون مین سے مگر کہ پیدا ہوگا جگہہ اوسکے دوچند اوسکا + ملا در منثور + مومن اور متقی کو جو جنت اور نعمتین
اوسکی ملینگی اونکا بیان فرما کر اونکے مقابلہ مین کفار کا حال بیان ہوتا ہی +

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ○ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ○

البتہ جو گنہگار ہین دوزخ کی مار مین ہین ہمیشہ رہنے والے نہ ہلکی ہوتی ہی اونپر اور اوسی مین پڑے ہین نا امید + موضح

تحقیق گنہگار دوزخ مین ہمیشہ رہنے والے ہین سست نہین کیا جاویگا اونسے عذاب اور وہ اوس عذاب مین نا امید ہوکر خاموش ہونگے
تفسیر سست نہین کیا جاویگا یعنی عذاب ہلکا اور ناقص نہین ہونیکا اور مُبْلِسُونَ کے معنی ہین نا امید ہونگے رفع عذاب سے اور متحیر ہونگے + ملا

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ ○

اور ہمنے اونپر ظلم نہین کیا لیکن تھے وہی بے انصاف + موضح

اور ظلم نہین کیا ہمنے اونپر یعنی ساتھ عذاب کرنے کے ولیکن وے تھے ظالم یعنی بسبب کرنے کفر و شرک کے +

وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ ○ لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ

اور پکارینگے اے مالک کہیں ہمکو فیصل کر چکے تیرا رب وہ کہیگا تمکو رہنا ہی ہم لائے ہین تمھارے پاس سچا دین پر تم بہتلو

لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ○

سچی بات سے برا مانتے ہو + موضح

اور پکارینگے کہ اے مالک چاہیے کہ مرنے کا حکم کرے ہمپر پروردگار تیرا مالک کہیگا تحقیق تم ہمیشہ رہنے والے ہو تحقیق ہم لائے ہین تمھارے پاس
بات سچی ولیکن اکثر تمھارے سچی بات کو ناخوش رکھنے والے ہین + تفسیر مالک نام ہی فرشتے کا جو دوزخ کا داروغہ ہی کہتے ہین
ہزار برس چلاوینگے تب وہ ایک جواب دیگا نا امیدی کا + موضح پکارینگے الخ جب نا امید ہونگے تخفیف عذاب سے تو پکارینگے یا مالک
اور معنی لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ کے یہ ہین کہ سوال کر اپنے رب سے کہ مار ڈالے ہمکو تو کہ عذاب سے چھوٹین ہمیشہ رہنے والے ہو یعنی
عذاب مین نہین چھٹکارا پانے کے اوس سے بسبب نمرنے کے اور نہ تخفیف عذاب کی + اور قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ مین جو قَالَ ہی اوسمین
ضمیر مالک کی طرف پھرتی ہی اور لَقَدْ جِئْنَاكُم کلام اللہ تعالی کا ہی اور ہو سکتا ہی کہ قَالَ کی ضمیر بھی اللہ کی طرف پھرے کہ جب
سوال کرینگے مالک سے یہ سوال کرے اللہ سے اونکے موت کا تو اللہ تعالی اونکو جواب دیگا کہ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ اور بعضون نے کہا کہ

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ متصل ہے ساتھ کلام مالک کے اور مراد ساتھ قول ہمارے کے جِئْنٰكُمْ ملائکہ ہین اسلیے کہ وہ رسول اللہ کے ہین کہ انبیا کے پاس وحی لاتے ہین اور مالک بھی ملائکہ مین سے ہین آور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ ڈالی جاویگی دوزخیون پر بھوک یہان تک کہ برابر ہوگی بھوک اوس عذاب کے کہ وہ اوسمین ہونگے پس کہینگے اُدْعُوْا مَالِكًا یعنی پکارو مالک کو پس پکارینگے يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ وہ کہیگا اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ اور روایت کیا گیا ہے کہ بعد اس جواب مالک کے کافر خدا کی طرف رجوع کرینگے اور کہینگے رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۝ یعنی اے رب ہمارے غالب آئی ہمپر بدبختی ہماری اور تھے ہم قوم گمراہ اے رب ہمارے نکال ہمکو دوزخ سے پس اگر عود کرین ہم کفر مین تو بلاشبہ ہم ظالم ہین اور بقدر دو برابر مدت دنیا کے کچھ جواب نہین سنینگے بعد اسکے فرمان الٰہی آویگا اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ یعنی دور ہو اور پڑے رہو دوزخ مین اور نکلام کرو مجھسے بعد ازان کچھ کلام نہین کرینگے مگر یہ کہ مانند زفیر و شہیق کے آواز کرینگے یعنی جیسے گدھا پہلے چھوٹی آواز کرتا ہے پھر بڑی انتہی + اور سچ بات کو ناخوش رکھنے والے ہین یعنی حق کو نہین قبول کرتے اور نفرت کرتے ہین اوس سے اسلیے کہ باطل سے الفت ہوتی ہے اور حق سے رنج + مل بحر

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝

کیا اونہون نے ٹھہرائی ہے ایکبات تو ہم بھی کچھ ٹھہراوینگے + مو

کیا عزم کیا ہے انہون نے مصمم ایک کام پر پس تحقیق ہم بھی عزم مصمم کرنے والے ہین + تفسیر کافرون نے مکہ کے مشورہ کیا کہ تمھارے تغافل سے اس نبی کی بات بڑھی اب جو اس دین مین آوے اور سکے ناتے والا اوسکو مار مار کر اولٹا پھیرین اور جو شہر مین اوپری آوے اوسکو سنادو کہ اس شخص کے پاس نہ بیٹھے سوا اللہ نے ٹھہرایا اونکا خراب کرنا + مو + اَمْ اَبْرَمُوْٓا کے معنی ہین کیا محکم کیا مشرکین مکہ نے ایک امر کو کہ وہ کید و مکر کرنا اونکا ہے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ پس ہم محکم کرنے والے ہین کید اپنا یعنی ہلاک کرنا انکے اور تھے کافر مجلس جماکے پھر سرگوشی کرتے بیچ امر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دار الندوہ مین + مل

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝

کیا خیال رکھتے ہین کہ ہم نہین سنتے انکا بھید اور مشورہ کیون نہین اور ہمارے بھیجے انکے پاس ہین لکھتے + مو

کیا گمان کرتے ہین یہ کہ ہم نہین سنتے ہین بات پوشیدہ انکی کو اور سرگوشی انکی کو ہان سنتے ہین ہم اور فرشتے ہمارے نزدیک انکے لکھتے ہین + تفسیر ہر آدمی کے ساتھ فرشتے رہتے ہین ہر کام اوسکا لکھتے ہین + مو + سِرَّهُمْ کے معنی ہین باتین نفسون انکے کی اور نَجْوٰىهُمْ کے معنی وہ باتین کہ کرتے ہین آپسمین اور چھپاتے ہین اونکو اپنے غیر سے اور فرشتے ہمارے یعنی نیکی بدی لکھنے والے نزدیک انکے لکھتے ہین اسکو اور یحییٰ بن معاذ سے منقول ہے کہ جسنے چھپایا اپنے گناہون کو لوگون سے اور ظاہر کیا اونکو اوسکے لیے کہ نہین پوشیدہ ہے اوس سے کوئی چیز یعنی اللہ تعالیٰ سے تحقیق ٹھہرایا اوسنے اوسکو حقیر تر دیکھنے والون کا نزدیک اپنے اور نفاق کی علامتون مین سے ہے + مل

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖۗ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝

تو کہہ اگر ہو رحمٰن کو اولاد تو مین سب سے پہلے پوجون + مو

کہہ اگر بالفرض ہو خدا کے لیے کوئی فرزند پس مین پہلا عبادت کرنے والا ہون مین + تفسیر یعنی مین اول لائق ہوون کہ جو تعظیم کرین اوس فرزند کی اور تمسے پہلے اوسکی اطاعت و فرمان برداری کرون جیسا کہ تعظیم کرتا ہے آدمی بادشاہ کے فرزند کی بسبب تعظیم باپ اوسکے کے اور یہ کلام وارد ہوا ہے بطریق بالفرض التقدیر کے اور مراد نفی فرزند کی ہے اور یہ اس سبب سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے معلق کیا عبادت کو ساتھ ہونے فرزند کے اور ہونا فرزند کا محال ہے فی نفسہ پس ہوگا معلق بہا یعنی عبادت بھی محال مانند اوسکے اور بعضون نے کہا کہ یہ معنی ہین کہ اگر ہو رحمن کے لیے

فرزند تمہارے گمان مین ہے مین اول عابدین کا ہون یعنی توحید کرنیوالون کا واسطے اللہ کے جھٹلانے والا تمہارے قول کو ساتھ اثبات فرزند کے اوسکے + اور بعضون نے کہا کہ اگر ہے رحمٰن کے لیے فرزند تمہارے گمان مین پس مین اول انفین یعنی انکار کرنے والون کا ہون اس سے کہ ہو اوسکے لیے فرزند اور بعضون نے کہا کہ اِن نافیہ ہے یعنی نہین ہے رحمٰن کے لیے فرزند پس مین اول اونکا ہون کہ کہا یہ اور عبادت اور توحید کی پھر پاکی بیان کی اللہ تعالی نے اپنی ذات کی فرزند کے پکڑنے سے فرمایا سبحان الخ + مل

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

پاک ذات ہے وہ رب آسمانون کا اور زمین کا صاحب تخت کا ان باتون سے جو بتاتے ہین + موضح

پاک ہے پروردگار آسمانون کا اور زمین کا صاحب عرش کا اوس چیز سے کہ بیان کرتے ہین + تفسیر + یعنی وہ رب آسمانون اور زمین اور عرش کا ہے پس نہین ہے جسم اسلیے کہ اگر ہوتا جسم نہ ہوتا قادر ہوتا ان چیزون کے پیدا کرنے پر اور جب کہ نہوا جسم نہین ہوگا اوسکے لیے فرزند اسلیے کہ تولد صفت اجسام سے ہے + مدارک

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○

چھوڑ دے انکو بک بک کرین اور کھیلین جب تک ملین اپنے اوس دن سے جسکا انکو وعدہ ہے + موضح

پس چھوڑ اونکو تو باطل مین بحث کرین اور کھیلین یہان تک کہ ملین اپنے اوس دن سے کہ وعدہ دیا جاتا ہے اونکو + تفسیر + کھیلین یعنی دنیا اپنی مین اوس دن سے کہ وہ دن قیامت کا ہے اور یہ دلیل ہے اسپر کہ جو کچھ کہتے ہین کافر قبیل جہل اور خوض و لعب سے ہے + تفسیر زاہدی مین آیا ہے کہ ایک روز نضر بن حارث بہت سے قریش کے سردارون کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا سردارون نے ایک آیت مین بطریق استہزا کے بحث کرنی شروع کی ولید بن مغیرہ نے کہ ان ایام مین کچھ میل اسلام کی طرف رکھتا تھا کہا اے نضر استہزا قرآن کے ساتھ کرتا ہے تو واللہ کہ محمد سوائے حق کے نہین کہتا ہے نضر نے کہا مین بھی حق کہتا ہون محمد کہتا ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مین بھی کہتا ہون لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور زیادہ کرتا ہون کہ ملائک بنات اللہ ہین یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچی آپ غمگین ہوئے جبرئیل آیت قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ لائے نضر نے یہ آیت ولید کے آگے پڑھی اور کہا خدائے تعالی اور محمد نے میری تصدیق کی ولید نے کہا اے احمق تکذیب تیری کی ہے اِن کَانَ بمعنی مَا کَانَ کے ہے یعنی نہین ہے رحمٰن کے لیے فرزند + مل + بحر

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ○

اور وہی ہے جسکی بندگی ہے آسمان مین اور اوسکی بندگی ہے زمین مین اور وہی ہے حکمت والا سب جانتا + موضح

اور وہی ہے وہ کہ آسمان مین فرمانروا ہے اور زمین مین فرمانروا ہے اور وہ ہے باحکمت دانا + تفسیر + کہا قتادہ نے کہ معنی اسکے یہ ہین کہ پوجا جاتا ہے آسمان و زمین مین لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ باحکمت یعنی باحکمت اپنے اقوال و افعال مین اور تدبیر خلق مین دانا یعنی جاننے والا مخلوق کے مصالح کو یا جاننے والا اوس چیز کو کہ ہوئی اور اوس چیز کو کہ ہوگی + جلالین + مل

وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

اور بڑی برکت ہے اوسکی جسکا راج ہے آسمانون مین اور زمین مین اور جو انکے بیچ ہے اور اوسی پاس ہے خبر قیامت کی اور اوسی تک پھر جاؤگے + موضح

اور بہت برکت والا ہے وہ کہ اوسکے لیے ہے بادشاہی آسمانون اور زمین کی اور اوس چیز کی کہ درمیان دونون کے ہے اور نزدیک اوسکے ہے علم قیامت کا یعنی قائم ہونے اوسکے کا اور طرف اوسکے پھیرے جاؤگے + ک +

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○

اور اختیار نہین رکھتے جنکو یہ پکارتے ہین سفارش کا مگر جسنے گواہی دی سچی اور انکو خبر تھی + موضح

اور نہین شفاعت کر سکتے وہ کہ کفار پوجتے ہین اونکو سوائے خدا کے ولیکن وہ لوگ کہ گواہی سچ دی ہی اور وہ جانتے ہین توحید کو شفاعت کرین **تفسیر** یعنی آپنی سفارش کر سکتے ہین کہ جسنے کلمۂ اسلام کہا اونکی خبر میں اوسکی گواہی دیتے ہین بغیر کلمۂ اسلام سب کے حق مین نہین کہہ سکتے سوا اپنی سفارش بھی نیک کرینگے + **مو** یعنی مشرکون کے معبود کہ جنکو وہ پوجتے ہین سوائے الله کے شفاعت نہین کر سکینگے جیسا اگمان کرتے ہین یہ مشرک کہ وہ شفاعت کرینگے ہماری الله کے نزدیک ولیکن جنھون نے گواہی دی ہی یعنی اقرار کیا کلمۂ توحید کا اور وہ جانتے ہین کہ الله رب ہمارا ہی بلا شبہہ اور اعتقاد رکھتے ہین اسکا وہ البتہ سفارش کرینگے + **مل** یعنی روز قیامت کے معبود کفار کے بت وغیرہ شفاعت کسیکی نہین کر سکینگے مگر وہ معبود کہ جنھون نے گواہی توحید کی دی ہی یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا اور وہ جانتے ہین اپنے دلون سے او سچیز کو کہ جسکی گواہی دی زبانون سے اور وہ عیسی اور عزیر اور ملائکہ ہین پس وہ شفاعت مومنون کی کرینگے اور اپنے پوجنے والون سے کہ باطل پر تھے وہ بھی بیزار ہونگے + **بحر جلد**

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَهُمۡ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ ۝

اور اگر تو اونسے پوچھے کہ اونکو کسنے بنایا تو کہیںگے الله نے پھر کہان سے اولٹ جاتے ہین + **مو**

اور اگر پوچھے تو مشرکون سے کہ کسنے پیدا کیا اونکو البتہ کہیںگے خدا نے پیدا کیا ہی پس کہان سے پھرے جاتے ہین + **تفسیر** خدا نے نہ بتون اور فرشتون نے اور فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ کے معنی ہین پس کیونکر یا کہان سے پھرے جاتے ہین توحید سے باوجود اس اقرار کے + **مل**

وَقِيۡلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝

قسم ہی رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب یہ لوگ ہین کہ یقین نہین لاتے + **مو**

اور بہت ہی وہ پیغامبر کی اے پروردگار میرے تحقیق یہ ایک گروہ ہین کہ ایمان نہین لاتے + **تفسیر** ترجمہ قِيۡلِهٖ کا یون کیا جاوے کہ نزدیک الله کے ہی علم قیامت کا اور علم محمد کے کہنے کا یٰرَبِّ الخ + **مل**

فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَقُلۡ سَلٰمٌ ؕ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ۝

سو تو منہ پھیر اونکی طرف سے اور کہہ سلام ہی اب آخر کو معلوم کر لینگے + **مو**

پس مونہہ پھیر اونسے اور کہہ سلام وداع ہی پس عنقریب جان لینگے + **تفسیر** منہہ پھیر یعنی اعراض کر اونکے بلانے سے طرف اسلام کے اور نا امید ہو اونکے ایمان لانے سے اور رخصت کر اور چھوڑ اونکو + اور قُلۡ سَلٰمٌ کے یہ معنی ہین کہ سلامتی ڈھونڈھنی ہی تمسے اور ترک ملاقات کرتے ہین آپسمین مانند قول الله تعالی کے سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ لَا نَبۡتَغِى الۡجٰهِلِيۡنَ ۝ اور حکم اس اعراض کرنیکا آیت سیف سے منسوخ ہوا اور جان لینگے یہ وعید ہی الله کی طرف سے مشرکون کے لیے اور تسلی ہی رسول خدا صلی الله علیہ وسلم کے لیے اور رسول خدا صلی الله علیہ وسلم سے منقول ہی کہ جسنے پڑھی سورۂ زخرف ہوا وہ اون لوگون مین سے کہ کہا جاویگا اونکو روز قیامت کے یٰعِبَادِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمُ الۡيَوۡمَ وَلَآ اَنۡتُمۡ تَحۡزَنُوۡنَ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّةَ بِغَيۡرِ حِسَابٍ + **مل** **کشاف** + **تنبیہ** + کچھ بیان نہین ناسخ میں اس سورۃ کے معنی چاہیین فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے کہ بلاشبہہ الله دوست رکھتا ہی بیتاب متقی غنی گوشہ نشین کو + تحقیق ایک شخص کہا اے رسول خدا کے کونسا آدمی بہتر ہی فرمایا وہ شخص کہ دراز ہو عمر اوسکی اور اچھے ہون عمل اوسکے کہا اوس شخص نے پس کونسا آدمی برا ہی فرمایا وہ دراز ہو عمر اوسکی اور برے ہون عمل اوسکے + اور فرماتے تھے حضرت تین باتین ہین کہ قسم کھاتا ہون مین اونکے اوپر اور بیان کرتا ہون تمسے ایک حدیث پس یاد رکھو اوسکو پس وہ باتین کہ قسم کھاتا ہون مین اونکے حق ہونے پر یہ ہین پس تحقیق نہین کم ہوتا ہی مال بندے کا صدقہ دینے سے + **ف** یعنی نہین ناقص ہوتی ہی برکت مال کی بسبب صدقہ دینے کے یا نہین ناقص ہوتا ہی ثواب اوسکا بلکہ مضاعف ہوگا دن قیامت کے سات سو حصے تک بلکہ زیادہ اور احتمال ہی کہ یہ مراد ہو کہ نہین باقی رہتا نقصان بندے کے مال کا صدقہ دینے سے بلکہ صدقہ دینا سبب زیادتی مال کا ہوتا ہی + **حو** اور نہین ظلم کیا جاتا

بندہ کسی طرح کا ظلم کہ صبر کرتا ہی اوسپر مگر کہ زیادہ کرتا ہی اوسکو اللہ تعالی سبب اوسکے عزت اور نہین کھولتا بندہ دروازہ سوال کا مگر کہ کھولتا ہی اللہ تعالی اوسپر دروازہ محتاجگی کا اور وہ جو حدیث بیان کرتا ہون مین تمسے پس یاد رکھو اوسکو پھر فرمایا کہ نہین ہی دنیا مگر چار آدمیون کے لیے ایک تو اوس بندے کے لیے کہ دیا اوسکو اللہ نے مال اور علم یعنی سمجھ اچھی طرح خرچ کرنے کی پس وہ ڈرتا ہی اوسمین رب اپنے سے اور اپنے ناتے دارون سے سلوک کرتا ہی اور عمل کرتا ہی اللہ تعالی کے لیے اوسمین ساتھ حق اوسکے کے پس یہ افضل مرتبے کا ہی اور دوسرے اوس بندے کے لیے کہ دیا اوسکو اللہ تعالی نے علم اور نہ دیا اوسکو مال پس وہ سچی نیت کا ہی کہتا ہی اگر تحقیق میرے لیے مال ہوتا تو البتہ کرتا مین کام فلانے کا سا پس ثواب دونون کا برابر ہی اور تیسرے اوس بندے کے لیے کہ دیا اوسکو اللہ نے مال اور نہ دیا اوسکو علم پس وہ تصرف کرتا ہی اپنے مال مین جا بیجا بغیر علم کے یعنی بھلی بُری بات کا خیال نہین رکھتا نہین ڈرتا ہی اوسمین اپنے رب سے اور نہ سلوک کرتا ہی اپنے ناتے دارون سے اور نہ عمل کرتا ہی اوسمین موافق حق کے پس یہ بُرے مرتبے کا ہی اور چوتھے اوس بندے کے لیے کہ نہ دیا اوسکو اللہ تعالی نے مال اور نہ علم پس وہ کہتا ہی اگر تحقیق میرے لیے مال ہوتا تو البتہ کرتا مین اوسمین کام فلانے کا سا یعنی جو کہ بُری طرح مال خرچ کرتا ہی اوسکی سی آرزو یہ بھی کرتا ہی پس وہ بدنیت ہی اور گناہ دونونکا برابر ہی ✤ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی جب چاہتا ہی ساتھ بندے کے بھلائی کام مین لاتا ہی اوسکو پس کہا گیا کہ کیونکر کام مین لاتا ہی اوسکو یا رسول اللہ فرمایا کہ توفیق دیتا ہی اوسکو اچھے کام کی پہلے موت کے ✤ اور فرمایا دانا وہ ہی کہ حساب لیتا رہا نفس اپنے سے اور عمل کیا واسطے ثواب بعد موت کے اور احمق وہ ہی کہ تابع کیا اپنے نفس کو اوسکی خواہش کا اور آرزو رکھی اللہ پر ✤ **ف** ✤ یعنی گناہ کرتا رہا اور تمنا جنت کی رکھی کہا معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ طلب کرنا جنت کا بغیر عمل کے ایک گناہ ہی گناہون سے اور امید رکھنی شفاعت کی بلا سبب ایک قسم ہی غرور سے اور امید رکھنی رحمت کی اوسکو کہ نہ طاعت کرے جہل و حمق ہی اور لکھا عمر بن منصور نے طرف بعضے بھائیون اپنے کے صبح کی تم نے کہ آرزو رکھتا ہی ساتھ درازگی عمر اپنی کے اور آرزو رکھتا ہی اللہ سے آرزوئین ساتھ بدفعلی اپنی کے سوا اسکے نہین کہ ٹھنڈا لوہا کوٹتا ہی تو ✤ **حق** ✤ اور فرمایا پکاریگا پکارنے والا یعنی فرشتہ روز قیامت کے کہان ہین ساٹھ برس کی عمر والے اور وہ ایسی عمر ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ✤ کیا نہ عمر دی تھی ہمنے تمکو اوس قدر کہ نصیحت قبول کر سکتا اوسمین وہ شخص کہ نصیحت پکڑتا اور آیا تمکو ڈرانے والا ✤ کہا محمد بن ابی عمیرہ صحابی نے کہ تحقیق بندہ اگر گرے اپنے مونہہ کے بل جسدن پیدا کیا گیا ہی یہان تک کہ مرے بڑھاپے سے اللہ تعالی کی طاعت مین تو البتہ کم جانے گا اسکو اوسدن ✤ اور البتہ دوست رکھیگا کہ تحقیق وہ پھیرا جائے طرف دنیا کے تو کہ زیادہ حاصل کرے اجر و ثواب ✤ **مشکوۃ** ✤

سُوْرَۃُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

اس سورت کا نام سورۂ دخان ہی دخان کہتے ہین دھوین کو چونکہ اسمین ذکر اوس دھوین کا ہی کہ آثار قیامت سے ہی چنانچہ بیان مفصل اسکا آگے آتا ہی اسلیے اسکا نام سورۂ دخان کہا گیا اور یہ سورت مکی ہی آیتین اسمین انسٹھ ۵۹ ہین اور کلمے تین سو چھیالیس ۳۴۶ اور حروف ایک ہزار چار سو اکیس ۱۴۲۱ اور رکوع تین ۳ اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورۂ زخرف کے اسلیے بعد اوسکے لکھی گئی ہی اور اس سورت کے فضائل حدیث شریف مین بہت آئے ہین ابو ہریرہ کہتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی حم الدخان کسی رات مین صبح کرتا ہی اس حال مین کہ بخشش مانگتے ہین اوسکے لیے ستر ہزار فرشتے ✤ اور یہ بھی ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی حم الدخان شب جمعہ مین صبح کرتا ہی اس حال مین کہ بخشے گئے ہوتے ہین گناہ اوسکے ✤ اور ابو امامہ سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے پڑھی حم الدخان شب جمعہ مین بناتا ہی اللہ اوسکے لیے ایک مکان بڑا جنت مین ✤ اور حسن سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے پڑھی حم الدخان

کسی رات میں بخشے جاتے ہیں اگلے گناہ اوسکے ۱۳ اور ابو رافع سے روایت ہے کہ کہا جسنے پڑھی دخان کسی رات میں صبح کرتا ہے اس حال میں بخشے جا
ہیں گناہ اوسکے اور نکاح کیا جاویگا اوسکا حور عین سے ۱۴ اور ابن مسعود سے ہے کہ کہا جانتا ہوں میں نظائر کو کہ پڑھتے تھے اونکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
یعنی ہمجنس کی دس رکعتوں میں والذاریات والطور والنجم اقتربت الساعة الرحمن والواقعة ن الحاقة المزمل لا اقسم
بیوم القیمة هل اتی علی الانسان اذا الشمس کورت دخان + ابن مسعود سے منقول ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے پڑھی مغرب میں حم کہ جسمین دخان ذکر کیا گیا ہے ۱۵ درمنثور وغیرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حم ۝ والکتب المبین ۝ انا انزلنه فی لیلة مبرکة انا کنا منذرین ۝ فیها یفرق کل امر حکیم ۝ امرا من عندنا انا کنا مرسلین ۝

قسم ہے اس کتاب واضح کی بیشک ہمنے اوسکو اوتارا ایک برکت کی رات میں ہم ہیں کہ سنانے والے اوس میں جدا ہوتا ہے ہر کام جانچا ہوا حکم ہوکر ہمارے پاس سے ہم ہیں بھیجنے والے ۱۶ مع

قسم کتاب واضح کی کہ تحقیق ہمنے اوتارا ہے اس کتاب کو شب برکت والی میں یعنی لیلة القدر میں بتحقیق ہم تھے ڈرانے والے اوس شب بابرکت میں
فیصل کیا جاتا ہے ہر کام سچا اوتارتے ہمنے اوسکو ساتھ وحی کے نزدیک اپنے سے تحقیق ہم تھے بھیجنے والے پیغمبروں کو ۱۷ تفسیر
کتاب واضح سے مراد قرآن ہے اور واو بیچ والکتب کے واو قسم کی ہے اگر حم ایسے تو حم کو شمار کرنا واسطے حروف یا نام سورة کا
اور واو عطف کی ہوگی اگر ہو حم قسم ہے یعنی قسم کھائی گئی ساتھ اوسکے اور جواب قسم کا انا انزلنه ہے اور شب برکت والی سے مراد
لیلة القدر ہے یا پندرھوین شب شعبان کی کہ اوسکو شب برات کہتے ہیں ۱۸ اور ہوگا اول ہی قول یعنی مراد لیلة القدر ہے سبب فرمانے اللہ تعالی کے
انا انزلنه فی لیلة القدر یعنی بلا شبہ ہمنے اوتارا قرآن کو شب قدر میں اور دوسری جگہ فرمایا شهر رمضان الذی انزل
فیه القرآن یعنی مہینا رمضان کا ایسا ہے کہ اوتارا گیا اوسمین قرآن اور شب قدر بموجب اکثر قولون کے رمضان ہی کے مہینے میں ہے اور کہا
بعضون نے کہ اوتارا اوسکو اللہ تعالی نے لوح محفوظ سے طرف آسمان دنیا کے پھر لاتے رہے جبرئیل اوسمین سے وقت در پیش آنے حاجت طرف نبی
اوسکے محمد علیہ السلام کے اور بعضون نے کہا کہ شروع ہوا اوترنا اوسکا لیلة القدر میں اور مبرکة کے معنی ہیں کثیرة الخیر یعنی بہت
بابرکت اسلیے کہ اوترتی ہے اوسمین خیر اور برکت اور قبول کیجاتی ہے دعا اور اگر چہ اوسمین نہ پایا جاتا سوائے اوترنے قرآن کے فقط تو وہ کافی تھا برکت ہونیکو
اور انا کنا منذرین اور دونون جملے علیحدہ ہیں تفسیر کی ساتھ انکے جواب قسم کی گویا کہ کہا گیا کہ ہمنے اوتارا قرآن اسلیے کہ ہماری شان ہے
ڈرانا ہی عذاب سے اور تھا اوتارنا ہمارا اوسکو اس رات میں خاص کر اسلیے کہ اوتارنا قرآن کا امور حکیمیہ سے ہے اور یہ رات جسمین فیصل ہوتے ہیں ہر امر حکیم
کی ہے اور معنی یفرق کے یہ ہیں کہ فیصل کیا جاتا ہے ہر امر قسم ارزاق بندون سے اور اجلون اونکی سے اور تمام امر انکے اس شب سے دوسری
شب قدر تک کہ اوسکی سال آئندہ میں حکیم صاحب حکمت کا یعنی کیا جاتا ہے ہر امر بموجب اوسکے کہ مقتضی ہوتی ہے اوسکو حکمت اور امرا من عندنا
کے معنی یہ ہیں کہ امر کرتا ہوں ساتھ امر کے امر کہ حاصل ہوا ہمارے پاس سے جیسا کہ مقتضی ہوا اوسکو علم ہمارا اور تدبیر ہماری تحقیق ہم تھے بھیجنے والے
یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور انبیا کو پہلے انکے ۱۹ حل کہ قتادہ نے اور ابن زید نے کہ رات بابرکت سے مراد لیلة القدر ہے اور اوتارا اللہ نے
قرآن لیلة القدر میں لوح محفوظ سے طرف آسمان دنیا کے پھر لاتے رہے اوسکو جبرئیل علیہ السلام نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تھوڑا تھوڑا بیس برس میں
اور کہا اوروں نے کہ مراد اوس سے پندرھوین رات شعبان کی ہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اوترتا ہے اللہ جل شانہ یعنی رحمت خاص
اوسکی اوترتی ہے رات نصف شعبان کے طرف آسمان دنیا کے بس بخشش کیجاتی ہے واسطے ہر نفس کے مگر نہیں بخشا جاتا ہے وہ انسان کہ اوسکے دل میں

بندہ نہ تھا کسیکی طرف یا شریک کرنے والا ہوتا ہی ساتھ اللہ کے اور کہا ابن عباس نے کہ لکھا جاتا ہی ام الکتاب سے یعنی لوح محفوظ سے شب قدر
مین جو کچھ کہ ہوگا سال مین یعنی سال آیندہ مین قسم خیر و شر سے اور رزق اور اجلون سے یہان تک کہ حج کرنے والے کہ کہا جاتا ہی حج کریگا فلانا اور
حج کریگا فلانا اور کہا حسن اور قتادہ اور مجاہد نے کہ حکم قطعی کیا جاتا ہی لیلۃ القدر مین بیچ مہینے رمضان کے ہر اجل اور عمل اور پیدایش اور رزق کا
اور اوس چیز کا کہ ہوگی اوس سال مین اور کہا عکرمہ نے کہ وہ رات نصف شعبان کی ہی حکم قطعی کیا جاتا ہی اوسمین سال بھر کے امر کا اور لکھے جاتے ہین
زندے مردون مین پس نہ زیادہ کیا جاتا ہی اونمین کوئی اور نہ ناقص کیا جاتا ہی اونمین سے کوئی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ منقطع
ہوتی ہین اجلین شعبان سے شعبان تک یہان تک کہ ایک شخص نکاح کرتا ہی اور پیدا ہوتا ہی اوسکے ہان بچہ حالانکہ نکالا گیا ہوتا ہی نام اوسکا موتی
مین یعنی زندون مین سے اوسکا نام نکال کر موتی مین لکھا جاتا ہی ابن عباس سے منقول ہی کہ اللہ تعالی حکم فرماتا ہی مقدمات کا بیچ رات نصف کے
شعبان سے اور سونپتا ہی اونکو طرف کرنے والون اونکے کے لیلۃ القدر مین اور روایت کی عبد بن حمید نے ابی الجلد سے کہ اوترے صحیفے ابراہیم علیہ السلام کے بیچ اول شب
رمضان کے اور اوتری توریت چھٹی شب رمضان کی مین اور اوتری زبور بارھوین شب رمضان کی مین اور اوتری انجیل اٹھارہوین شب رمضان کی مین اور اوترا
فرقان چوبیسوین شب مین + ابن عمر سے ہی بیچ تفسیر فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ کے کہ لکھا جاتا ہی کام ہر دن کا برس دن تک
مگر شقاوت اور سعادت کہ وہ کتاب الہی مین ہین کہ نہ متبدل ہوتے ہین اور نہ متغیر اور روایت کی ابن جریر نے عمر سے کہ غلام آزاد عفرہ کا ہی
کہ کہا کہتے ہین کہ لکھے جاتے ہین ملک الموت کے لیے وہ کہ مرینگے اس لیلۃ القدر سے لیکر دوسری لیلۃ القدر تک اور یہ اسلیے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی
إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ پڑھی یہ آیت فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ تک پس پاتا ہی تو ایک شخص کو کہ نکاح کرتا ہی
عورت سے اور سوار ہوتا ہی گھوڑے پر اور نام اوسکا موتی مین ہوتا ہی ہلال بن یساف سے منقول ہی کہ کہا تھا کہا جاتا یعنی اگلے زمانے مین
اچھے لوگ کہتے تھے کہ انتظار کرو قضا کا رمضان کے مہینے مین + **معا + درمنثور** + رات برکت والی لیلۃ القدر ہی اور بعضون نے
کہا پندرہوین شب شعبان کی اور اوسکے چار نام ہین لیلۃ المبارک لیلۃ البرات لیلۃ الصک لیلۃ الرحمۃ اور بعضون نے کہا کہ وہ مختص ہی
ساتھ پانچ چیزون کے ایک تو یہ کہ اسمین تفریق ہر امر حکیم کی ہی دوسری یہ کہ اسمین عبادت کرنی فضیلت رکھتی ہی اور تیسری یہ کہ رحمت
نازل ہوتی ہی اسمین فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ اللہ رحمت بھیجتا ہی میری امت پر اس رات مین بقدر گنتی بالون بھیڑ و بکریون بنی کلب
کے کہ نام ایک قبیلے کا ہی کہ اونکے ہان بکریان وغیرہ بہت تھین اور چوتھی حاصل ہونا مغفرت کا فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
اللہ تعالی بخشتا ہی سب مسلمانون کو اس رات مین مگر کاہن کو یا ساحر کو یا دشمنی رکھنے والے کو مسلمانون سے یا دائم الخمر کو یا مان باپ کے نافرمان
کو یا اصرار کرنے والے کو زنا پر اور پانچوین یہ کہ دیے گئے اوسمین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پوری شفاعت اور یہ یون ہوا کہ آنحضرت نے سوال کی
شفاعت تیرھوین رات شعبان کی اپنی امت کے حق مین پس دیے گئے تہائی حصہ شفاعت سے پھر سوال کی چودھوین رات پس دیے گئے دو تہائی
پھر سوال کی پندرھوین رات پس دیے گئے پوری شفاعت یعنی سب مومنون کے حق مین قبول ہوگی مگر جو بھاگا اللہ سے مانند بھاگنے اونٹ کے
یعنی کافر اور عادت اللہ سے اس رات مین یہ ہی کہ زیادہ ہو جاتا ہی اسمین پانی زمزم کا حضرت علی سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے جب کہ ہو رات نصف شعبان کی یعنی پندرھوین رات پس قیام کرو اوسکی رات مین اور روزہ رکھو اوسکے دن مین اسلیے کہ اللہ تعالی
نزول فرماتا ہی اوسمین وقت غروب ہونے آفتاب کے طرف آسمان دنیا کے پس فرماتا ہی کیا نہین ہی کوئی بخشش مانگنے والا پس بخشون مین اوسکو کیا نہین ہی
کوئی رزق مانگنے والا پس رزق دون مین اوسکو کیا نہین ہی کوئی مبتلا سبلا پس عافیت دون مین اوسکو کیا نہین ہی ایسا کیا نہین ہی ایسا فرماتا
رہتا ہی یہ یہان تک کہ طلوع کرے فجر روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور معنی يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ کے یہ ہین کہ فیصل کیے جاتے ہین اور لکھے جاتے ہین
تمام امر محکم قسم رزقون بندون کے سے اور اجلون اونکی سے اور تمام امور اونکے اوس شب قدر سے لیکر سال آیندہ کی شب قدر تک اور بعضون نے کہا کہ

شروع کیا جاتا ہی انکا لکھنا لوح محفوظ سے شب برات میں اور واقع ہوتا ہی فراغ لیلۃ القدر میں پس دیا جاتا ہی نسخہ رزقونکا میکائیل کو اور نسخہ لڑائیونکا جبرئیل کو اور اسی طرح نامہ زلزلون اور صاعقون یعنی بجلی کے گرنیکا اور زمین میں دھس جانیکا بھی جبرئیل کو دیا جاتا ہی اور نسخہ اعمال کا اسرافیل کو دیا جاتا ہی کہ صاحب آسمان دنیا کے ہین اور وہ بڑا فرشتہ ہی اور نسخہ مصیبتون کا ملک الموت کو دیا جاتا ہی اور بعضے علما سے منقول ہی کہ دی جاتی ہین برات عامل کو برکتین اوسکے اعمال کی پس ڈالی جاتی ہی خلق کی زبان پر مدح اوسکی اور اونکے دلون پر ہیبت اوسکی کشاف + مشکوۃ

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

مہر سے تیرے رب کی وہی ہی سنتا جانتا + موضح

اوتارا ہمنے اوسکو بسبب بخشایش کے تیرے پروردگار کے نزدیک سے تحقیق وہ ہی سننے والا جاننے والا + تفسیر رحمۃ الخ کے معنی یہ ہین کہ ہمنے اوتارا قرآن کو اسلیے کہ ہماری شان سے ہی بھیجنا رسولون کو ساتھ کتابون کے طرف بندون اپنے کے بسبب رحمت کے وہ ہی سننے والا یعنی اونکی باتون کا دانا یعنی جاننے والا اونکے احوال کو + ص

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِينَ ۝

رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہی اگر تمکو یقین ہی + موضح

پروردگار آسمانون کا اور زمین کا اور جو کچھ درمیان ان دونون کے ہی اگر یقین کرنے والے ہو تم + تفسیر معنی شرط کے یہ ہین کہ کافر اقرار کرتے تھے اسکا کہ آسمان و زمین کے لیے ایک رب و خالق ہی پس کہا گیا اونکے لیے کہ بھیجنا رسولونکا اور اوتارنا کتابونکا رحمت ہی رب کی طرف سے پھر کہا گیا کہ یہ رب سننے والا جاننے والا ہی جسکا تم اقرار کرتے ہو اور معترف ہو اسکے کہ وہ رب آسمانون و زمین کا اور اون چیزونکا کہ درمیان آسمان و زمین کے ہی اگر ہی اقرار تمہارا علم و یقین سے پیدا ایسا ہی جیسے کہے تو کہ یہ انعام اوس زید کا ہی کہ سنا ہی لوگون نے کرم اوسکا اگر پہنچی ہی تمکو بات اوسکی اور بیان کیا گیا ہی تجسے قصہ اوسکا + ص اِنْ کُنْتُمْ یعنی اگر ہو تم اہل یقین کرنیوالے اسکے کہ اللہ تعالی رب آسمانون اور زمین کا ہی تو پس یقین کرو اسکا کہ محمد رسول اللہ کا ہی + جلا

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ ۝

کسیکی بندگی نہین سوا اوسکے جلاتا ہی اور مارتا ہی رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادون کا کوئی نہین وہ دہوکے مین ہین کھیلتے + موضح

نہین ہی کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہی اور مارتا ہی وہ پروردگار تمہارا ہی اور پروردگار باپون تمہارے پہلونکا بلکہ کافر شبہ مین ہین کھیلتے ہین + تفسیر یعنی اقرار انکو ابکا نہین صادر ہوتا علم و یقین سے بلکہ ایک بات ہی ملی ہوئی ساتھ شک و کھیل کے کہ از راہ استہزا کے تجسے یہ کہتے ہین + ص

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝ يَغْشَى النَّاسَ ۖ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝

سو تو راہ دیکھ جس دن لاوے آسمان دھوان صریح جو گھیرے لوگون کو یہ ہی دکھ کی مار اے رب کھولدے ہمسے یہ آفت ہم یقین لاتے ہین + موضح

پس منتظر رہ اوس روز کا کہ لاوے آسمان ایک دھوان ظاہر ڈھانک لیگا لوگون کو یہ عذاب درد دینے والا ہی کہینگے اے پروردگار ہمارے دور کر ہمسے عذاب تحقیق ہم مسلمان ہونیگے + تفسیر لاوے آسمان ایک دھوان ظاہر یعنی آویگا آسمان کی طرف سے ایک دھوان کہ ظاہر ہوگا حال اوسکا نہین شک کریگا کوئی اوسکے دھوان ہونے مین اور اختلاف کیا گیا ہی اس دھوین مین پس منقول ہی علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ سے اور یہی مانا ہی حسن بصری رضی اللہ عنہ نے کہ یہ دھوان آویگا آسمان کی طرف سے پہلے روز قیامت کے داخل ہوگا کافر اور منافق کے کانون مین

یہان تک کہ ہوجاویگا سر ایک شخص کا اونمین سے مانند سری بھنی ہوئی کے اور مومن کا اوس سے ایسا حال ہوگا جیسے زکام مین ہوتا ہی
اور ہوجاویگی زمین ساری مانند ایک مکان کے کہ جلائی گئی ہوا وسمین آگ اور نہو اوس مکان مین سوراخ کہ جس سے دھوان نکل جاوے
یعنی گھٹ رہا ہوگا دھوان اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی کہ اول نشانیان قیامت کی یہ ہونگی دھوان اور اوترنا عیسی بیٹے
مریم کا اور آگ کہ نکلے گی درمیان عدن ابین سے ہانکے گی لوگون کو طرف محشر کے عرض کیا حذیفہ نے کہ یا رسول اللہ کیا ہی دھوان پس پڑھی رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت یعنی فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝ فرمایا یہ دھوان بھر جاویگا مابین مشرق اور مغرب کے
ٹھہرا رہیگا چالیس دن اور رات اور مومن کا حال ایسا ہوگا جیسے زکام سے ہوتا ہی اور کافر مانند نشا پینے والے کے ہوگا نکلیگا دھوان اوسکے
دونون نتھنون سے اور کانون سے اور دُبر سے اور ابن مسعود کے نزدیک اس دھوین سے مراد ہی کہ قحط سالی مین بسبب بھوک کے بہیئت دھوین کے
آسمان و زمین کے درمیان مین معلوم ہوگا چنانچہ روایت کیا گیا ہی مسروق سے کہ کہا اوسوقت کہ وعظ کہہ رہا تھا ایک شخص شہر کندہ مین کہا اوسنے کہ
یہ وہ دھوان ہی کہ آویگا روز قیامت کے پس بھر جاویگا منافقون کے کانون اور آنکھون مین اور مومنون کی ایسی حالت ہوگی جیسے زکام مین
ہوتی ہی پس ڈرے ہم اور آئے ابن مسعود کے پاس اور تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے تھے پس غصے ہوئے اور اوٹھ بیٹھے پھر کہا جو کوئی جانے پس چاہیے کہ کہے
جو کوئی نجانے پس چاہیے کہ کہے اللہ ہی خوب جانتا ہی اسلیے کہ بعض علم سے ہی یہ کہ کہے اوس چیز کو کہ نہین جانتا ہی اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین اسلیے کہ
اللہ تعالی نے فرمایا اپنے نبی کو قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝ یعنی نہین مانگتا مین اس سات
کے پونہچانے پر اجرت اور نہین مین تکلف کرنے والون مین سے پھر کہا ابن مسعود نے آگاہ ہو بیان کرتا ہون مین تمسے یہ کہ قریش نے جب
دیر کی اسلام لانے مین تو بد دعا کی اونپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہا یا اللہ مدد کر میری اونپر ساتھ قحط سالی کے مانند قحط سالی
زمانے یوسف کی کے پس پونہچی اونکو مشقت یعنی بسبب قحط سالی کے یہان تلک کہ ہلاک ہوئے بعضے اونمین اور کھایا مردار اور ہڈیان اور دیکھتا تھا
آدمی درمیان آسمان اور زمین کے دھوان اور آدمی بات کرتا تھا تو سنی جاتی تھی بات اوسکی اور نہین دیکھتا تھا اوسکو کوئی بسبب دھوین کے
پس آیا ابو سفیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور فریاد کی آپ سے اور قسم دی قریش نے آنحضرت کو اللہ کی اور ناتے کی اور وعدہ کیا
سبھون نے آنحضرت سے کہ اگر دعا کروگے اللہ سے اور دور کیا جاویگا ہمسے عذاب تو ایمان لاوینگے ہم پس جب دور کیا گیا اونسے عذاب یعنی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی دعا سے تو رجوع کی اونھون نے طرف شرک اپنے کے اور اور روایت مین مانند قصۂ مذکورہ کے نقل کر کر قول ابن مسعود کا یون
نقل کیا ہی کہ کہا ابن مسعود نے بیان کرتا ہون مین تمسے حال دخان کا کہ قریش نے جب نافرمانی کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دیر کی اسلام
لانے مین تو کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ای بارخدایا مدد کر میری قریش پر ساتھ قحط کے مانند قحط یوسف علیہ السلام کے پس پونہچا اونکو قحط اور
مشقت یہان تک کہ کھائین اونھون نے ہڈیان پس ہوا آدمی کہ دیکھتا تھا طرف آسمان کے پس دیکھتا تھا درمیان اپنے اور درمیان آسمان کے بہیئت دھوین بسبب بھوک کے
پس اوتاری اللہ نے یہ آیت فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ۝ يَغْشَى النَّاسَ هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ پس آئے بعض
قریش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ مینہہ مانگ اللہ سے واسطے قبیلے مضر کے پس دعا مینہہ کی کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے لیے
پس مینہہ برسائے گئے پس اوتاری اللہ نے یہ آیت إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ۝ یعنی بلاشبہہ ہم دور کرنے والے ہین عذاب
تھوڑا سا تم عود کرنے والے ہو کہا ابن مسعود نے کیا دور کیا جاویگا اونسے عذاب روز قیامت کے پس جب پونہچی اونکو رفاہیت تو عود کیا اونھون نے طرف حال
اول اپنے کے یعنی کفر کے پس اوتاری اللہ نے یہ آیت يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ إِنَّا مُنتَقِمُونَ ۝ یعنی اوسدن کہ دار و گیر کرینگے
ہم دار و گیر بڑی ہم بدلہ لینے والے ہین پس بدلہ لیا اللہ نے اونسے روز بدر کے پس تحقیق گذر چکی بطشة یعنی دار و گیر اور دخان اور لزام یعنی قحط لازم
قریش کے لیے اور یہ بھی منقول ہی عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا دھوان بھوک ہی کہ پونہچی قریش کو یہان تک کہ ہوا ایک اونکا کہ نہین دیکھتا تھا آسمان کو بسبب

بھوک کے اور کہا ابن مسعود نے کہ تمام وہ چیزین کہ وعدہ کین ہمسے اللہ نے اور اوسکے رسول نے پس تحقیق دیکھ لین ہمنے سوائے چار چیزون کے طلوع ہونا آفتاب کا اپنے مغرب سے اور نکلنا دجال کا اور دابۃ الارض اور یاجوج و ماجوج کا اور اپر دخان پس تحقیق گذر گیا اور ہوا قحط مانند قحط یوسف علیہ السلام کے لوگون کے اوپر اوپر جانا پس دو ٹکڑے ہوا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین اور اوپر بَطْشَةَ الْكُبْرٰى یعنی دار و گیر بڑی پس دن بدر کے ہوئی اور یہ بھی ابن مسعود سے منقول ہے کہ جب دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون سے ادبار یعنی پیٹھ پھیرنا اسلام سے دعا کی کہ یا اللہ قحط ڈال مانند قحط یوسف کے پس پکڑا اونکو قحط نے یہان تک کہ کھائے اونہون نے مردار اور چمڑے اور ہڈیان پس آیا آنحضرت کے پاس ابو سفیان اور کتنے ایک لوگ اہل مکہ سے اور کہا اونہون نے ای محمد تم کہتے ہو کہ مین بھیجا گیا ہون رحمت سب کے لیے اور قوم تمہاری ہلاک ہوئی پس دعا کرو اللہ سے اونکے لیے پس دعا کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس برسائے گئے مینہ پس گھر رہا اونپر مینہ سات دن تک پھر شکوہ کیا لوگون نے کثرت مینہ کا پس دعا کی آنحضرت نے کہ یا اللہ گرد ہمارے برسا اور ہمارے اوپر نہ برسا پس ہٹ گیا مینہ حضرت کے سر پر سے اور برستا رہا مینہ لوگون کے گرد کہا ابن مسعود نے پس تحقیق گذر گیا مضمون آیت دخان کا اور وہ بھوک تھی کہ پہنچی اونکو یعنی اسی قحط مین اور یہی مضمون ہے اس قول مین اللہ تعالی کے اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ؀ کہ وہ عذاب بھوک کا اونسے دفع ہوگیا چند روزہ دنیا مین اور گذر گیا مضمون آیت روم کا بھی یعنی غلبہ ہونا روم پر اور بطشۂ کبری اور ٹکڑے ہونا چاند کا اور وہ سب یعنی ہوئی بطشۂ کبری روز بدر کے تم مسلمان ہونگے یعنی قریب ہے کہ ہم ایمان لاوینگے اگر دور کیا جاوے ہمسے عذاب + **مد**

معا + کشاف + در منثور + اس دھوین مین اقوال بہت ہین بقولے مراد وہ غبار ہے کہ روز فتح مکہ کے اوٹھا تھا اور بقولے مراد وہ غبار ہے کہ کافرون کی آنکھون کے آگے بسبب بھوک کے قحط مین کہ پیغمبر کی دعا سے واقع ہوا تھا معلوم ہوتا تھا اور بقولے یہ دخان علامات قیامت سے ہے کہ پہلے نکلنے دجال کے ایک دھوان مشرق سے مغرب تک پیدا ہوگا اور چالیس روز رہیگا اور مومنون کو ایک حالت مانند زکام کے اور کافرون کو بیہوشی پیدا کریگا اور صحیح حدیث اشراط قیامت مین ذکر اس دخان کا وارد ہے + **بحر** +

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ؀ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ؀

کہان سے اونکو سمجھنا اور آچکا اون پاس رسول کھول سنانے والا پھر اوس سے پیٹھ پھیری اور کہنے لگے سکھلایا گیا ہے باولا + **مو** +

کیونکر ہوا اونکو نصیحت پکڑنی اور تحقیق آیا تھا اونکے پاس پیغمبر ظاہر پھر پھر گئے اوس سے اور کہنے لگے یہ شخص سکھلایا گیا ہے دیوانہ ہے + **تفسیر** + اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دھوین کا مذکور ہے کہ اوس وقت سمجھنا کام نہین آتا قیامت مین یہ دھوان گھیریگا نیک آدمیون کو زکام سا ہوگا اور بد کو سر مین چڑھیگا بیہوش ہوکر پڑ رہیگا + **مو** + یعنی کیونکر نصیحت پکڑینگے اور پورا کرینگے وعدہ ایمان لانے کا وقت دور ہونے عذاب کے اس حال مین کہ آچکی انکے پاس عذاب کے دور ہونے سے بڑی چیز کہ جسکو بہت دخل تھا نصیحت ماننے کے واجب ہونے مین نسبت اسکے اور بڑی چیز کیا تھی آنا رسول کا کہ آیتین واضح لائے اور طرح بطرح کے معجزے دکھائے پس ہرگز نہ مانا اونکو اور مونہہ موڑا اونسے اور بہتان رکھا اونپر کہ عداس عجمی غلام کسی شخص کا ثقیف مین سے آنکر انکو قرآن سکھا جاتا ہے اور منسوب کیا آنحضرت کو جنون کی طرف **ماحاصل** یہ کہ جب ایسے رسول کے آنے پر نیند نہ ہوئے اور بہتان مذکور لگایا تو ہمن عذاب کے دور ہونے سے کہ بنسبت اونکے آنے کے ادنی چیز ہے کاہیکو پند پذیر ہونگے اور ایمان لاوینگے + **مد** +

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ؀

ہم کھولتے ہین عذاب تھوڑے دنون تم پھر وہی کرتے ہو + **مو** +

تحقیق ہم کھولنے والے ہین عذاب تھوڑا سا تحقیق تم پھر کفر کرنے والے ہو + **تفسیر** + قَلِيْلًا کے معنی ہین زمان قلیل یا دور کرنا قلیل یعنی تھوڑے دنون یا تھوڑا سا اور عَآئِدُوْنَ کے معنی ہین پھرنے والا طرف کفر کے کہ تھے تم اوسمین یا طرف عذاب کے + **مد** + بموجب اوس قول کے کہ دھوان بسبب قحط کے تھا کہتے ہین کہ ابو سفیان ایک جماعت کے قریش مین سے مدینے مین آیا اور کہا ای محمد تو صلۂ رحم کا حکم کرتا ہے

اور بعضون نے کہا ہے مجنون ویسا ہے

قوم تیری قحط سے ہلاک ہوئی خدا تعالی سے چاہ کہ اوس عذاب کو دفع کرے آنحضرت نے دعا کی حق تعالی نے قحط کو دفع کیا کافر اوسیطرح کفر پر رہے اس آیت نے اوس سے خبر دی آور موجب اوس قول کے کہ دخان علامت قیامت سے ہی معنی یہ ہین کہ جب لوگ دعا و زاری کرینگے تو بعد چالیس روز کے وہ دخان مرتفع ہوگا پھر کفار اپنے کفر پر رہین سگے + بحر +

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝

جسدن پکڑینگے ہم بڑے گہر ہم بدلا لینے والے ہین + مو +

جسدن پکڑینگے ہم پکڑنا بڑا تحقیق ہم بدلا لینے والے ہین + **تفسیر** + مترجم کہتا ہی یہ وعدہ متحقق ہوا اور خدا تعالی نے قریش میں قحط ڈالا یہان تک کہ شدت بھوک سے یا کثرت ابخرہ جو سے ایک دھوان محسوس ہوتا تھا اور اونھون نے خدا تعالی کی طرف رجوع کی خدا تعالی نے قحط کو دور کیا پھر کفر پر اصرار کیا حق تعالی نے روز بدر کے اونسے بدلا لیا کہ ستر آدمیون کو اونکے سردارون میں سے مار الا اور ستر آدمیون کو قید کیا واللہ اعلم + **فتح** +
یہ دن قیامت کا ہی یا دن بدر کا بدلا لینے والے ہین یعنی بدلا لینگے ہم اونسے اوسدن مین + **ملا تنبیہ** + ان آیتون کریمہ سے معلوم ہوا کہ تقوی کرے کفر و شرک وغیرہ سے والا بڑی خرابی مین دنیا کی مین گرفتار ہوگا ابوذر کہتے ہین کہ عرض کیا مینے ای رسول خدا نصیحت کرو مجکو فرمایا نصیحت کرتا ہون مین تمکو ساتھ تقوی اللہ کے اسلیے کہ تحقیق وہ بہت آرایش دینے والا ہی واسطے سب کامون تیرے کے کہا مینے زیادہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کر اپنے پر تلاوت قرآن کی اور ذکر اللہ عز وجل کا اسلیے کہ تحقیق وہ سبب ذکر کا ہی تیرے لیے آسمان مین اور نور ہی تیرے لیے زمین مین یعنی نور معرفت و یقین تجھے زیادہ ہوگا کہا مینے زیادہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کر اپنے پر بہت چپ رہنا اسلیے کہ تحقیق وہ سبب ہانکنے کا ہی واسطے شیطان کے اور مدد ہی تیرے لیے امر دین تیرے پر کہا مینے نصیحت زیادہ کرو مجکو فرمایا بچا اپنے کو بہت ہنسنے سے اسلیے کہ تحقیق وہ مار دیتا ہی دل کو یعنی سنگدلی ہوتی ہی اور دل غافل ہوتا ہی یاد مولی سے اور لیجاتا ہی نور مونہہ کا کہا مینے زیادہ کرو نصیحت مجکو فرمایا کہہ حق اگرچہ ہو کڑوا کہا مینے نصیحت زیادہ کرو مجکو فرمایا مت ڈر بیچ اظہار دین خدا کے ملامت کرنے والے کے سے کہا مینے نصیحت زیادہ کرو مجکو فرمایا کہ باز رکھے تجکو عیب گیری لوگون کی سے وہ چیز کہ جانتا ہی عیب نفس اپنے کا **ف** یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کر لیکن لوگون کے عیب مت ڈھونڈ اور غیبت اونکی نکر اور دل مین اپنے تئین خوار و ناقص جان + **حق مشکوۃ** +

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۖ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝

اور جانچ چکے ہین ہم انسے پہلے فرعون کی قوم کو اور آیا اون پاس رسول عزت والا کہ حوالے کرو میرے بندے خدا کے مین تم پاس آیا ہون بھیجا معتبر اور یہ کہ چڑھے نجاو اللہ کے مقابل مین لاتا ہون تم پاس ایک سند کھلی + مو +

اور تحقیق ہمنے امتحان کیا پہلے انسے قوم فرعون کو اور آیا تھا اونکے پاس پیغمبر گرامی قدر کہ حوالے کرو مجکو خدا کے بندون کو یعنی بنی اسرائیل کو میرے حوالے کرو اور بندی مت پکڑو ساتھ اس بات کے کہ تحقیق مین تمھارے لیے پیغمبر با امانت ہون اور یہ کہ سرکشی نکرو خدا پر تحقیق مین لاونگا تمھارے آگے حجت ظاہر + **تفسیر** + پیغمبر یعنی حضرت موسی علیہ السلام امتحان کیا الخ یعنی ان مشرکون کے پہلے قوم فرعون کے ساتھ ایسا معاملہ کیا ہمنے جیسا آزمانے والا کرتا ہی تو کہ ظاہر ہو اونکے باطن کا حال گرامیقدر یعنی اللہ کے نزدیک اور اوسکے مومن بندون کے نزدیک یا کریم تھے وہ فی نفسہ کہ حسب و نسب خوب رکھتے تھے اسلیے کہ اللہ تعالی نے نہین بھیجا ہی کوئی نبی مگر کہ اوسکی قوم کے سردارون اور بزرگون مین سے ہوتا تھا با امانت یعنی اپنی رسالت مین کہ احکام الہی جو نکے تون پونہچاتا ہون آور یہ کہ سرکشی نکرو یعنی تکبر نکرو اللہ پر ساتھ حقیر جاننے کے اوسکے رسولون اور وحی کو اور ساتھ ترک کرنے طاعت اوسکی کے یا یہ معنی ہین کہ تکبر نکرو اللہ کے نبی پر حجت ظاہر یعنی معجزہ کہ دلالت کرے میرے نبی ہونے پر اور

ملا [illegible] آسمان زمین کا [illegible]

صدق قول میرے پس جب موسی علیہ السلام نے یہ کہا تو اونھون نے ڈرایا موسی کو ساتھ قتل کرنے کے پس کہا موسی نے وَاِنِّیْ عُذْتُ الخ + ملن معا +

وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَرَبِّکُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ۝

اور مین پناہ لے چکا ہون اپنے اور تمہارے رب کی اس سے کہ مجکو سنگسار کرو + مو

اور تحقیق مین نے پناہ پکڑی ساتھ پروردگار اپنے کے اور پروردگار تمہارے کے اس سے کہ سنگسار کرو مجکو + تفسیر یعنی مین اپنے رب سے پناہ مانگتا ہون اور اوسیپر بھروسا کرتا ہون کہ وہ مجکو بچاویگا تمسے اور تمہارے مکر سے غرضکہ اونھون نے کچھ خیال نکیا اور اپنے رب ہی پر اعتماد کیا اور بعضون نے تَرْجُمُوْنِ کے معنی یہ کہے ہین کہ مار ڈالو اور بدکہا کرو کہ ساحر وغیرہ کہتے تھے + ملن معا +

وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝

اور اگر تم نہین یقین کرتے مجپر تو مجسے پرے ہو جاؤ + مو

اور اگر یقین نہین لاتے ہو مجپر تو ایک طرف ہو و مجسے + تفسیر یعنی اگر نہین یقین لاتے ہو تم مجپر تو نہین موافقت ہے درمیان میرے اور درمیان اوسکے کہ نہین یقین لاتا پس الگ ہو و مجسے یا پس چھوڑ دو مجکو جون کا تون نہ مجکو فائدہ پونہچاؤ نہ ضرر اور نہ پیش آؤ مجسے ساتھ برائی اور ایذا اپنی کے پس جب نہ چھوڑا اونھون نے اونکو اور ایذا پونہچانی شروع کی + ملن +

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۝

پھر پکارا اپنے رب کو یہ لوگ گنہگار ہین + مو

پس دعا کی جناب پروردگار اپنے سے کہ یہ قوم گنہگار ہین + تفسیر دعا کی اس حال مین کہ شکوہ کرنے والے تھے اپنی قوم کا یا یہ کہ یہ قوم گنہگار ہین + بعضون نے کہا دعا اونکی یہ تھی اَللّٰهُمَّ عَجِّلْ لَهُمْ مَا يَسْتَحِقُّوْنَهٗ بِاِجْرَامِهِمْ + یعنی یا اللہ جلدی بھیج اونکے لیے وہ چیز یعنی عذاب کہ مستحق ہین اوسکے بسبب گناہون اپنے کے اور بعضون نے کہا یہ تھی دعا اونکی رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ یعنی اے رب ہمارے نہ کر ہمکو فتنہ واسطے قوم ظالمین کے پس فرمایا اللہ تعالی نے فَاَسْرِ الخ + ملن +

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّکُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ۝

پھر لے نکل راتون میرے بندون کو البتہ تمہارا پیچھا کرینگے اور چھوڑ جا دریا کو تھم رہا البتہ وہ لشکر ڈوبنے والے ہین + مو

پس لیجا ہمارے بندون کو وقت رات کے تحقیق تمہارا پیچھا کیا جاویگا اور چھوڑ دریا کو ٹھہرا ہوا تحقیق وہ جماعت ہے کہ غرق کیے جاوینگے + تفسیر ہمارے بندون کو یعنی بنی اسرائیل کو پیچھا کیا جاویگا یعنی یہی تدبیر کی ہے اللہ تعالی نے کہ تم آگے بڑھوگے اور پیچھا کریگا تمہارا فرعون اور لشکر اوسکا پھر نجات دیگا اگلون کو اور ڈبو دیگا پیچھا کرنے والون کو اور رہو گا دریا نہین ٹھہرا ہوا جب حضرت موسی علیہ السلام دریا سے گذر گئے تو چاہا کہ دریا پر عصا مارین تو کہ مل جاوے پس حکم ہوا کہ یونہین ٹھہرا ہوا رہنے دے اپنی حالت پر یعنی پانی دریا کا جو جابجا ٹھہر کر بیچمین سے خشک ہو کر راہین بن گئین ہین اونپر عصا مار کر متغیر نکر تو کہ داخل ہون اون مین قبطی پس جب وہ دریا مین آجاوینگے تو اللہ اوپر دریا کو ملا دیگا اور بعضون نے کہا رَهْوًا کے معنی ہین راہ واسع یعنی چھوڑ دے دریا کو اپنے حال پر کھلا ہوا اور چوڑی چوڑی راہین بنا ہوا غرق کیے جاوینگے یعنی بعد نکلنے تیرے کے دریا سے + ملن + یعنی جب لب دریا پر تو پونہچے تو اپنے عصا سے دریا کو مار راہین دریا مین ظاہر ہونگی تو بنی اسرائیل کے ساتھ عبور کر اور اوسی طرح دریا کو چھوڑ دے تو فرعون اور لشکر اوسکے اوسمین داخل ہون اور فرمان الہی سے دریا اونکو پکڑے اور غرق کرے اور بعضے علما نے کہا ہے کہ جب موسی ع نے اوس طرف دریا کے عبور کیا تو چاہا کہ دوسری بار عصا دریا پر ماریں تو راہین بند ہو جاوین یہ حکم ہوا کہ اسی طرح

چھوڑ دے + بحر

ثلثۃ ارباع

ع
دریا مین سے نکلے بارہ راہ ہین ... بنی اسرائیل ... ۲۵ ... فرعون ...

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ وَ

کتنے چھوڑ گئے باغ اور چشمے اور کھیتیاں اور گھر خاصے اور آرام جسمین تھے باتین بناتے اسی طرح اور

اَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝

وہ سب ہاتھ لگایا ہمنے ایک اور قوم کو + موضح

بہت چھوڑ گئے باغ اور چشمے اور کھیتیاں اور گھر خاصے اور گذران بافراغت کہ اوسمین محفوظ تھے اسی طرح ہوا اور عطا کین ہمنے یہ چیزین اور قوم کو

تفسیر + کذلک یعنی امر اسی طرح ہوا اور قوم کو کہ نہین تھا ادنکو اوس سے کچھ علاقہ باعتبار قرابت اور نہ دین کے اور نہ محبت کے اور وہ بنی اسرائیل تھے + معالم

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ۝

پھر نہ رویا اونپر آسمان اور زمین اور نہ ملی اونکو ڈھیل + موضح

پس نہ روئے قوم فرعون پر آسمان و زمین اور نہوئے مہلت دیے گئے + تفسیر نہ روئے اسلیے کہ مرے وہ کفر پر اور مومن جب مرتا ہی تو روتے ہین اوسپر آسمان و زمین پس روتی ہی زمین جسپر مومن پڑھتا اوسکی نماز کی اور آسمان سے جگہ چڑھنے عمل اوسکے کی اور حسن بصری سے اسکی تفسیر یہ ہی کہ نہ روئے اونپر اہل آسمان اور اہل زمین اور نہ مہلت دیے گئے یعنی وقت دوسرے تک + معالم فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی کوئی بندہ مگر کہ اوسکے لیے آسمان میں دو دروازے ہین ایک دروازہ ہی کہ چڑھتے ہین اوس سے عمل اوسکے اور ایک دروازہ ہی کہ اوترتا ہی اوس سے رزق اوسکا پس جب مرجاتا ہی تو نہین پاتے ہین دونون اوسکو اور روتے ہین دونون اوسپر اور پڑھی آنحضرت نے یہ آیت فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ + اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہی کہ اونسے کسی نے پوچھے معنی اللہ تعالی کے اس قول کے فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ کہ کیا روتے ہین آسمان و زمین کسی پر کہا ہان نہین ہی کوئی خلق مین سے مگر اوسکے لیے ایک دروازہ ہی آسمان مین اوس سے اوترتا ہی رزق اوسکا اور اوسمین چڑھتے ہین عمل اوسکے پس جب مرجاتا ہی مومن تو بند کیا جاتا ہی دروازہ اوسکا بسبب نہونے اوسکے کے یعنی دنیا مین پس روتا ہی وہ اوسپر اور جب نہین پاتی اوسکو جگہہ اوسکی نماز کی زمین سے کہ تھا نماز پڑھتا اوسمین اور یاد کرتا اللہ کو اوسمین روتی ہی وہ اوسپر اور قوم فرعون کے لیے نہین تھے زمین مین آثار صالحہ اور نہ تھے چڑھتی تھی طرف اللہ کے اونسے خیر پس نہین روئے اونپر آسمان و زمین + مجاہد سے ہی بیچ تفسیر فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ کے کہا نہین مرتا مومن مگر کہ روتے ہین اوسپر آسمان و زمین صبح کو پس کہا کسی نے مجاہد سے کہ کیا روتے ہین یہ کہا مجاہد نے کیا تعجب کرتا ہی تو کیا ہی زمین کو کہ نہ روئے اوس بندے پر کہ تھا آباد رکھتا اوسکو ساتھ رکوع و سجود کے اور کیا ہی آسمان کو کہ نہ روئے اوس بندے پر کہ تھی اوسکی تسبیح و تکبیر کے لیے اوسمین آواز مانند آواز شہد کی مکھی کے + اور یہ بھی مجاہد سے منقول ہی کہ جب عالم مرتا ہی تو روتے ہین اوسپر آسمان و زمین چالیس صباح اور روئے ہی کہ کہا زمین البتہ روتی ہی بندے صالح پر چالیس صباح + روایت ہی مولی ہذیل سے کہا نہین ہی کوئی بندہ کہ رکھتا ہی پیشانی اپنی کسی جگہہ مین زمین سے اس حال مین کہ سجدہ کرنے والا ہوتا ہی واسطے اللہ عزوجل کے مگر گواہی دیگی وہ جگہہ اوسکے لیے بسبب اوس سجدے کے روز قیامت کے اور روتی ہی وہ اوسپر اوسدن کہ مرتا ہی + درمنثور + تنبیہ + سبحان اللہ نماز پڑھنے سے اور اللہ کی بندگی کرنے سے مومن کیا درجہ پاتا ہی حیف ہی اون لوگون کے حال پر کہ اس نماز اور اللہ کی بندگی کی کچھ قدر نہین جانتے جہان ذرا بیمار ہوئے یا کچھ کام درپیش آیا نماز پڑھنی اور اللہ کی بندگی کرنی چھوڑ دی کیا اولٹی عقل ہی بیماری کہ اسباب موت سے ہی اوسمین تو زیادہ اہتمام کرنا چاہیے نماز اور اللہ کی بندگی کا نہ یہ کہ ایسے وقت مین اوسکو بھول جاوے اور کام درپیش آنے کے وقت جو نماز وغیرہ چھوڑیگا مصداق اس آیت کا ہوگا بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى یعنی بلکہ اختیار کرتے ہو تم زندگانی دنیا کو اور آخرت بہتر اور پایندہ تر ہی اور ایسے ہی جو عورتین خاوندون کے ساتھ سوتی ہین اور مارے شرم کے یا از راہ کسل کے صبح کو نہا کر نماز نہین پڑھتین وہ بھی مصداق اس آیت مذکورہ کی ہوتی ہین پس ہر مسلمان مرد و عورت کو چاہیے کہ غور کرین ان مضامین

ع ۲۱
۱۴

اور نماز اور بعد کی بندگی کسی حال مین نچھوڑین تو بعد مرنے کے سب لوگ انکے لیے روتے ہون اور یہ شادان اور فرحان ہون کیا خوب کہا ہی کسیے قطعہ
یاد داری کہ وقت زادن تو + ہمہ خندان بودند و تو گریان + آنچنان زی کہ وقت مردن تو + ہمہ گریان بوند و تو خندان +

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ۝ مِن فِرْعَوْنَ ۚ إِنَّهُۥ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ۝

اور ہمنے بچا نکالا بنی اسرائیل کو ذلت کی مار سے جو فرعون سے تھی بیشک وہ تھا چڑھ رہا حد سے بڑھنے والا + مو

اور تحقیق ہمنے خلاص کیا بنی اسرائیل کو عذاب خوار کرنے والے سے کہ فرعون کی جانب سے تھا تحقیق فرعون تھا سرکش حد سے نکلجانے والا + تفسیر
عذاب خوار کرنے والے سے یعنی طرح بطرح کے جو کام لیتا تھا فرعون بنی اسرائیل سے اور بندی مین پکڑ رکھا تھا اونکو اور اونکی اولاد کو یعنی
بیٹون کو مار ڈالتا تھا اوس سے اور اور آفتون سے چھٹایا ہمنے اونکو + مل +

وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

اور اونکو ہمنے پسند کیا جان بوجھکر جہان کے لوگون سے + مو

اور تحقیق پسند کرلیا ہمنے بنی اسرائیل کو اونکا حال جانکر عالمون پر + تفسیر یعنی پسند و مقبول کیا ہمنے مومنین بنی اسرائیل کو اس حال مین
کہ جانتے تھے ہم انکے حال سے کہ وہ لائق پسند و مقبول کرنے کے ہین عالمون پر یعنی اونکے زمانے کے عالمون اور عقلا پر + مل + یعنی فضیلت
دی ہمنے اونکو اوپر کہ اونکے وقت مین تھے + درمنثور

وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَآءٌ مُّبِينٌ ۝

اور دین اونکو نشانیان جنمین مدد تھی صریح + مو

اور دی ہمنے اونکو قسم معجزات سے وہ چیز کہ اوسمین امتحان ظاہر تھا + تفسیر معجزات سے جیسے چیرنا دریا کا اور سایہ کرنا ابر کا
اور اوتارنا من و سلوی کا وغیر ذلک اور بَلَآءٌ مُّبِينٌ کے معنی ہین نعمت ظاہرہ یا امتحان ظاہر تو کہ دیکھین ہم کہ کیسے عمل کرتے ہین + مل

إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ لَيَقُولُونَ ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ ۝

یہ لوگ کہتے ہین اور کچھ نہین ہمارا یہی مرنا ہی پہلا اور ہمکو پھر اوٹھنا نہین + مو

تحقیق یہ لوگ کہتے ہین کہ نہین ہی عاقبت کار مگر یہی موت پہلی اور نہین ہم پھر جلائے گئے + تفسیر یہ لوگ یعنی کفار قریش کہتے ہین
نہین ہی موت مگر موت ہماری پہلی یہان اشکال یہ وارد ہوتا ہی کہ انکا کلام واقع ہیچ حیات دوسری کے نہیچ موت کے ہی کیونکہ کہا گیا ان ہی
إِلَّا حَيَاتُنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ + جیسے کہ کہا گیا ہی إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ + یعنی
نہین ہی حیات مگر حیات ہماری دنیا کی اور نہین ہم اوٹھائے جاینگے اور کیا معنی ہین ذکر کرنے اولی کے اس سے یہ سمجھا جاتا ہی کہ گویا دعوی کیے گئے ہین
وہ موت اخری یعنی دوسری یہان تک کہ انکار کیا اونھون نے اوسکا اور ثابت کی موت پہلی اور جواب اسکا یہ ہی کہ کہا گیا اونکے لیے کہ تم مروگے
مرکر پیچھے آویگی اوسکے حیات جیسے کہ پہلے تمکو موت لاحق تھی کہ اوسکے پیچھے حیات آئی یعنی جب نطفہ تھا مردہ تھا پھر جب جان پڑی اور پیدا ہوا
حیات آئی جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَكُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ + یعنی تھے تم مردہ پس زندہ کیا تمکو پھر مار یگا
تمکو پھر زندہ کریگا تمکو پس کہا اونھون نے کہ نہین ہی موت مگر موت ہماری پہلی مراد اونکی یہ ہی کہ نہین ہی ایسی موت کہ اوسکی شان سے یہ ہو کہ پیچھے آوے اوسکے حیات مگر موت پہلی
پس اسمین اور تسمین نہین فرق ہی بیچ معنے کے درمیان اس قول کے اور درمیان قول اوسکے کہ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا اور نہین ہم جلائے جاینگے یعنی موت دوسری کے بعد + مدارک + تفسیر

فَأْتُوا بِآبَآئِنَآ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

بھلا لے آؤ ہمارے باپ دادون کو اگر تم سچے ہو + مو

پس لاؤ ہمارے باپون کو اگر ہو تم راست گو ✚ **تفسیر** پس لاؤ یہ خطاب کیا مشرکون نے آنحضرت صلعم کو اور مومنون کو کہ جو وعدہ کرتے تھے اونسے جینے کا بعد مرنیکے اگر ہو تم راستگو یعنی اگر تم سچے ہو اس بات مین کہ ہم زندہ ہونگے بعد مرنے کے تو بھلا جلدی جلواد و ہمارے باپ دادون کو کہ مر گئے ہین سوال کر کر اپنے رب سے تو کہ ہو دلیل اسپر کہ جو کچھہ وعدہ کرتے ہو تم قائم ہونے قیامت کا اور جی اوٹھنے موتی کا حق ہی فرمایا اللہ تعالی نے اہم الخ **مدٰ جلالہ**

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ○

اب یہ بہتر ہین یا تبع کی قوم اور جو اونسے پہلے تھے ہمنے اونکو کھپا دیا وہ تھے گنہگار ✚ **موٖ**

کیا یہ لوگ بہتر ہین یا قوم تبع حمیری یا اور وہ لوگ کہ پہلے انسے تھے ہلاک کیا ہمنے اونکو بلا شبہہ وہ گنہگار تھے ✚ **تفسیر** یعنی قوم تبع اور عاد و ثمود وغیرہ کہ قوت اور شوکت اور مال اور اتباع مین بہتر قریش سے تھے اونکو بسبب کفر اور انکار رسولون کے ہلاک کیا ہمنے انکا ہلاک کرنا کیا دشوار ہی پس چاہیے کہ عبرت پکڑین اور ایمان لاوین کہا قتادہ نے کہ وہ تبع حمیری تھا ملوک یمن سے نام رکھا گیا اوسکا تبع بسبب کثرت اتباع اوسکے کے اور تھا وہ پہلے اس سے پوجتا آگ کو پھر اسلام لایا اور بلایا اپنی قوم کو کہ وہ حمیر تھی طرف اسلام کے پس جھٹلایا اونھون نے اوسکو اور آثار مین ہی کہ تبع ایک بادشاہ تھا قوم حمیر سے کنیت اوسکی ابو کرب اور نام اوسکا سعد بن ملکا کرب حشم اور اتباع بہت رکھتا تھا اور بعضون نے اوسکو پیغمبر کہا ہی لیکن حدیث شریف مین آیا ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین جانتا مین پیغمبر تھا یا نتھا اور عایشہ رضی اللہ عنہا سے آیا ہی کہ برا نکہو تبع کو کہ مسلمان تھا اور اسلیے قرآن مین مذمت اوسکی قوم کی مذکور ہی نہ مذمت اوسکی اور روایت کیا گیا ہی کہ وہ سات سو برس پہلے ہمارے پیغمبر کی بعثت کے اور بقولے ایک ہزار و ترپن برس ۱۰۵۳ پہلے ہجرت سے ہمارے پیغمبر کی وہ ایمان لایا ہی اور کہتے ہین کہ اوسنے نامہ اپنی طرف سے ہمارے پیغمبر کو لکھکر شامول نام یہودی کے سپرد کیا تھا اور کہا کہ اگر تو آنحضرت صلعم کو پاوے تو پہونچا دینا والا اپنی اولاد کو وصیت کرنا کہ وہ پہونچا دین اور شامول نے ایسا ہی کیا یہانتک کہ ابو ایوب انصاری کو کہ اکیسوان فرزند نسل شامول سے ہی وہ نامہ پہونچا اور اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت مین پہونچایا آنحضرت نے فرمایا مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ یعنی شاباش ہی بھائی صالح کو اور کہتے ہین کہ تبع تمام روے زمین پر پھرا اور شہر حیرہ اور سمرقند اوسکے بنائے ہوے ہین اور معالم التنزیل مین ہی کہ جب تبع مشرق کی طرف سے پھرا اور مدینہ راہ مین پڑا اور پہلے اس سے اپنے بیٹے کو مدینے مین چھوڑ گیا تھا اوسکے پیچھے اوسکا بیٹا مدینے مین مارا گیا اوسنے وقت پھرنے کے بقصد خراب کرنے مدینے کے لشکر جمع کیا کعب اور اسد کہ بنی قریظہ کے عالمون مین سے تھے یہ سنکر تبع کے پاس گئے اور کہا اس قصد سے باز آ کہ مدینہ نبی آخر الزمان کی ہجرت کی جگہہ ہی حرمت اوسکی نگاہ رکھنی چاہیے تبع اوصاف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سنکر اسلام لایا اور اہل مدینہ کے لوٹنے سے باز رہا اور ساتھ ایک جماعت کے اہل کتاب سے متوجہ یمن کا ہوا کتنے ایک آدمیون نے قبیلۂ ہذیل سے اوسکے پاس آکر کہا کہ تجکو بتلاتے ہین ہم ایک گھر کہ اوسمین خزانے ہین تبع نے پوچھا کہان ہی وہ اونھون نے کہا مکے مین ہی اور غرض اونکی یہ تھی کہ تبع قصد خانہ کعبہ کا کرے اور ہلاک ہو تبع نے وہ قصہ دونون عالمون سے کہا اونھون نے کہا کہ زنہار ایسا قصد نکرنا کہ وہ گھر تمام روے زمین کی جگہون مین اشرف ہی جسنے قصد اوسکا کیا ہی ہلاک ہوا ہی تجکو چاہیے کہ تعظیم اوس گھر کی بجا لاوے تو اور قربانیان کرے تو تبع نے ایسا ہی کیا کہ چھہ ہزار اونٹ قربانی کے وہان ذبح کیے اور خانہ کعبہ پر غلاف چڑھایا اور حرمت بہت کی اور اون ہذیلیون کے ہاتھہ پانون کاٹکر اونکو سولی پر کھینچا اور وہان سے متوجہ یمن کو ہوا اوسکی قوم حمیر نے مخالفت اوسکی شروع کی اور کہا کہ تو ہمارے دین سے نکل گیا تبع نے ہر چند دلیلین توحید کی اونکے آگے بیان کین کچھہ نہوا عناد بڑھتا ہی گیا حمیر نے کہا آؤ تو ہم اپنی آگ سے تیرا سچ آزماوین اور وہ ایک آگ تھی ایک پہاڑ کے دامن مین یمن کے پہاڑون مین سے جب درمیان دو آدمیون کے اختلاف ہوتا تو دونون اوس آگ مین بیٹھتے اہل باطل جل جاتا اور اہل حق سلامت باہر نکلتا تا تبع نے کہا انصاف کیا تمنے مجکو بھی قبول ہی پس وہ ساتھہ بتون اور قربانیون اپنی کے نکلے اور وہ دونون عالم بھی اپنے مصحف گردنون مین ڈالکر نکلے اور دونون اوپر جگہہ نکلنے اوس آگ کے گئے آگ تمام حمیر پر لپٹی اور اونکے بتون اور قربانیون کو جلا دیا اور وہ

دونون عالم ساتھ مصحفون اپنے کے سلامت باہر نکلے اوسوقت تمام لوگون حمیر کے نے اسلام اور دین توریت بسبب تعلیم اون دونون عالمون کے اختیار کیا + بحر + معا + تبع بادشاہ تہا یمن کا قوم اوسکی بت پرست اوسکو یقین توریت پر اپنی قوم کے سامنے آزمایا کہ سچا دین کونسا ہے بڑی آگ لگائی دو حبر یہودی کے توریت بغل مین لیکر اوسمین گھس گئے نہ جلے وہ بت پرست بتکو بغل مین لیکر پیٹے جلنے لگے اولٹے بھاگے اوسکی قوم اوسکی دشمن ہوئی آخر خراب ہوئی + مو

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ○

اور ہمنے جو بنایا آسمان زمین اور جو انکے بیچ ہے کھیل نہین بنایا + مو

اور نہین پیدا کیا ہمنے آسمانون اور زمین کو اور اوس چیز کو کہ درمیان دونون کے ہے کھیلتے ہوئے + تفسین + اور اگر نہوتا بعث اور نہ حساب اور نہ ثواب ہوتا پیدا کرنا خلق کا فنا کے لیے خاص کرکے بس ہوتا کھیل + مل +

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

انکو تو بنایا ہمنے ٹھیک کام پر پر بہت لوگ نہین سمجھتے + مو

نہین پیدا کیا ہمنے ان دونون کو مگر ساتھ تدبیر درست کے ولیکن اکثر کفار مکے کے نہین جانتے + تفسین + کہا بعضون نے کہ مراد بِالْحَقِّ سے لِلْحَقِّ ہے یعنی واسطے حق کے اور وہ ثواب ہے طاعت پر اور عذاب ہے گناہ پر + معا +

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ اِلَّا

تحقیق فیصلے کا دن وعدہ ہے اون سب کا جسدن کام نہ آوے کوئی رفیق کسی رفیق کے کچھ اور نہ اونکو مدد پہونچے مگر

مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○ ع

جسپر مہر کرے اللہ بیشک وہی ہے زبردست رحم والا + مو

تحقیق روز قیامت وعدہ ہے اون کا سبکا جسدن کہ دفع نکرے کوئی دوست دوست دوسرے سے کسی چیز کو اور نہ اونکو مدد دی جاوے مگر وہ کہ رحم کرے اوسپر خدا تحقیق خدا غالب مہربان ہے + تفسین + يَوْمَ الْفَصْلِ روز قیامت کو اسلیے کہا کہ فیصلہ کریگا رحمن اوس مین درمیان بندون کے مِيْقَاتُهُمْ یعنی وقت ہے اونکے وعدے کا واسطے عذاب دائم کے کسی چیز کو یعنی عذاب سے اور نہ اونکو مدد دی جاوے یعنی کوئی اللہ کے عذاب کو اونسے نہین روکیگا مگر وہ کہ رحم کرے اللہ اور وہ مومن ہین پس شفاعت کرینگے بعض اونکے بعض کی ساتھ اذن خدا کے غالب ہے اپنے دشمنون پر مہربان ہے یعنی اپنے دوستون کے لیے + مل + معا + جلا + تنبیہ + حضرت عایشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ انھون نے ایک دن یاد کیا آگ دوزخ کو اور روئین پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کس چیز نے رولایا تجکو کہا حضرت عایشہ نے کہ یاد کیا مینے آگ دوزخ کو پس روئی مین پس کیا یاد کروگے تم اپنے اہل کو دن قیامت کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تین جگہہ کوئی کسیکو نہین یاد کریگا ایک تو نزدیک میزان کے یہان تک کہ جانے کہ آیا ہلکی ہوئی میزان اوسکی یا بھاری اور دوسرے وقت ملنے نامۂ اعمال کے یہان تک کہ جانے کہ آیا داہنے ہاتھ مین ملتا ہے نامۂ اعمال یا بائین ہاتھ مین پیٹھ کے پیچھے سے اور تیسرے وقت گذرنے کے پل صراط پر سے جسوقت کہ رکھا جاویگا پشت دوزخ پر یہ حدیث مشکوۃ مین ابوداود سے نقل کی ہے پس بھائیون مضمون آیت يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى کا اور اس حدیث کا دل مین جما کر شب و روز فکر اپنا ایمان کی رکھوا کام یا ایسی بات کہ جس سے ایمان جاتا رہے کہ اوس صورت مین کوئی اللہ تعالی کے عذاب کو نہین دفع کرسکیگا اور گناہون سے بچتے رہو اور عمل صالح کے کرنے مین چست و چالاک رہو تو ایمان کامل ہو اور مستحق شفاعت کے بوجہ احسن ہووے + وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ وَاِلَيْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَاٰبُ +

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ○ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ○ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ○ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ○

مقرر درخت سیہنڈ کا کھانا ہے گنہگار کا جیسے پگھلا تانبا کھولتا ہے پیٹون مین جیسے کھولتا پانی + مو

تحقیق درخت زقوم یعنی سینڈہ کا کھانا ہی گنہگار کا مانند تانبے پگلے ہوئے کے کھولیگا پیٹون مین یعنی کفار کے مانند کھولنے گرم پانی کے + **تفسیر** اور کاٹ ڈالیگا آنتین اونکی اور وہ درخت بصورت درخت دنیا کے ہوگا لیکن وہ آگ کا ہوگا اور زقوم پھل اوسکا ہوگا اثیم بدکار بڑا گنہگار آور ابو درداسے آیا ہی کہ وہ پڑہاتے تھے ایک شخص کو پس وہ کہتا تھا طعام الیتیم پس کہا ابو درداء نے کہہ طعام الفاجر اے شخص یعنی اگر تیری زبان سے الاثیم نہین نکلتا تو اوسکے بدلے الفاجر پڑہ اور یہ دلیل ہے اسپر کہ بدل کرنا ایک کلمے کا جگہہ ایک کلمے کے جائز ہی جبکہ ادا ہوتے ہون اس کلمے مین معنی اوسکے اور اسی سے جائز رکھی ہی امام ابو حنیفہ اور صاحبین نے قرات ساتھہ فارسی کے درصورت عاجز ہونے کے عربی سے بشرط اسکے کہ قاری فارسی مین معنی عربی کے پورے ادا کرے اور **مُہل** کے معنی ہین تل چھٹ کا تیل کی پھر کہا جاویگا زبانیہ کو خذوہ **معا** + زقوم نہایت برا اور کڑوا درخت ہوتا ہی مکے سے ایک جانب مین اگاویگا اوسکو اللہ تعالی دوزخ مین **اثیم** ابو جہل اور یار اوسکے بڑے گنہگار **معا** + عبداللہ بن عباس سے روایت ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ای لوگون ڈرو اللہ سے حق ڈرنے اوسکے کا پس اگر ایک قطرہ زقوم سے ٹپکے زمین پر تو البتہ تلخ کر دے اہل دنیا پر معیشت اونکی کو پس کیا حال ہوا اوس شخص کا کہ ہو وہ طعام اوسکا اور نہین ہوگا دوزخیون کے لیے طعام غیر اوسکے + ابی مالک سے ہی کہ کہا تحقیق ابو جہل تھا لاتا کھجور اور مسکا پھر کہتا تسنّنوا یعنی یہ کھاؤ پس یہ زقوم کہ جسکا وعدہ کرتا ہی تمسے محمد پس اوتری یہ آیت اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِیْمِ + **معا** + **در منثور**

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ○

پکڑ دا اوسکو اور دھکیل لیجاؤ بیچون بیچ دوزخ کے **موضح**

کہینگے ہم ای فرشتون پکڑو اس گنہگار کو سختی سے کھینچو اسکو طرف بیچون بیچ دوزخ کے +

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِیْمِ ○ ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْكَرِیْمُ ○

پھر ڈالو اسکے سر پر جلتے پانی کا عذاب چکھہ تو ہی ہی بڑا عزت والا سردار + **موضح**

پھر ڈالو اوپر سر اوسکے کے پانی گرم سے کہ عذاب ہی کہینگے ہم چکھہ یہ عذاب تحقیق تو ہی اپنے گمان مین عزت والا گرامی قدر **تفسیر** ذالوا لخ کہا مقاتل نے کہ داروغہ دوزخ کا ماریگا اوسکے سر پر پس ساف ہو جائیگا اوسکے سر مین دماغ کی جگہہ سے پھر ڈالیگا اوسمین نہایت گرم پانی عزت الا لخ یعنی نزدیک قوم اپنی کے اپنے گمان مین اور کہا جاویگا یہ بطریق تمسخر اور حقارت کے اور بعضون نے کہا کہ ابو جہل کہتا تھا انا اعز اہل الوادی واکرمہم یعنی مین عزیز تر اہل وادی کا اور بزرگ تر اونکا ہون لیکن کہینگے اسکو یہ نگہبان دوزخ کے بطریق حقارت و توبیخ کے **معا** **مدا** اور کسائی نے لفظ انک کو زبر الف سے پڑھا ہی اوس صورت مین معنی یہ ہونگے کہ چکھہ اس عذاب کو بسبب اوسکے کہ تو کہتا تھا کہ مین عزیز تر بڑا کا ہون کوئی شخص مجسے زیادہ عزیز و گرامی قدر نہین ہی اور یہ مقولہ ابو جہل کا دنیا مین تھا بطریق توبیخ کے اوسکو یاد دلایا جاویگا + **بحر** + قتادہ سے منقول ہی کہ کہا ابو جہل نے کہ تم مجکو ڈراتے ہو ای محمد اور مین عزیز تر اور کریم تر ہون کہ چلتے ہین درمیان دونون پہاڑون مکے کے پس نازل ہوئی یہ آیت ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْكَرِیْمُ + **در منثور** +

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ○

یہ وہی ہی جسمین تم دہوکا رکھتے تھے + **موضح**

تحقیق یہ یعنی عذاب یا یہ امر وہی ہی جو کچھہ تھے تم اوسمین شبہہ کرتے + **مد** +

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ ○ فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ○ یَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ○

بیشک ڈر والے گھر مین ہین چین کے باغون مین اور چشمون مین پہنتے ہین پوشاک ریشمی پتلی اور گاڑھی ایک دوسرے کے سامنے

تحقیق پرہیزگار بیچ مقام با امن کے ہونگے بیچ باغون اور چشمون کے پہنینگے ریشمی نازک اور گاڑھے سے ایک دوسرے کے سامنے **تفسیر** مقام با امن یعنی ایسی

مجلس میں ہونگے گرم نہوگا اونمین حجت سے ریشمی نازک جیسے لاہی غیرہ اور گاڑھا جیسے اطلس اور تافتہ وغیرہ اور متقبلین حال ہی یعنی آمنے سامنے اپنی مجلسون میں بیٹھے ہونگے نہین دیکھیگا ایک دوسرے کی پشت دوسرے کی بسبب دائرہ ہونے تختون کے + مجاہد ابن جریج سے منقول ہی بیچ تفسیر ان المتقین فی مقام امین کے کہ امن مین ہونگے وقت موت کے اور عذاب سے اور ضحاک سے ہی کہ امن میں ہونگے موت سے اگر مرینگے اور امن مین ہونگے بڑھاپے سے اگر بوڑھے ہونگے یعنی انکے صدمون سے بچینگے اور نہ بھوکے ہونگے اور ننگے ہونگے اور قتادہ سے ہی کہ امن مین ہونگے شیطان سے اور رنجون سے اور فکرون سے + در منثور +

كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝

اسی طرح اور بیاہ دین ہمنے اونکو گوریان بڑی آنکھون والیان + موضح +

اسی طرح ہوگا حال اور بیاہ دینگے ہم اونکو ساتھ حورون کشادہ چشم کے + تفسیر + حور عورتین پاکیزہ گوری کہا مجاہد نے کہ حور وہ عورتین کہ متحیر ہو اونمین نظر معلوم ہوتا ہوگا گودا اونکی ہڈیون کا اونکے کپڑون کے نیچے سے اور دیکھیگا دیکھنے والا اپنا چہرہ جگر ایک اونکے کے مانند آئینے کے بسبب باریکی جلد اور صفائی رنگ کے اور ابو عبیدہ نے کہا کہ حور وہ عورتین کہ جنکی آنکھون کی سفیدی نہایت سفید ہو اور سیاہی بھی نہایت سیاہ ہو اور عین جمع عیناء کی ہی معنی عورت کشادہ چشم کے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے پیدا کی گئین حور عین زعفران سے + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر حور تھوکے بیچ دریائے شور کے تو البتہ شیرین ہو جاوے وہ دریا بسبب شیرینی تھوک اوسکے کے کہا ابن عباس نے اگر ایک حور نکالے ہتھیلی اپنی درمیان آسمان و زمین کے تو البتہ مفتون ہون خلائق بسبب حسن اونکے کے اور اگر نکالے اوڑھنی اپنی تو البتہ ہو جاوے آفتاب نزدیک حسن اوسکے کے مانند بتی کے آگے آفتاب کے کہ نہ روشنی ہو اوسکے لیے اور اگر نکالے وہ منہ اپنا تو البتہ روشن کر دے حسن اوسکا ہر چیز کو کہ درمیان آسمان و زمین کے ہی + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حور عین پیدا کی گئین ہین فرشتون کی تسبیح سے + اور مجاہد سے ہی کہ کہا البتہ پائی جاتی ہی خوشبو عورت کی یعنی حور عین کی پانسو برس کی مسافت سے + معا + در منثور +

يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ

منگوالتے ہین وہان ہر میوے خاطر جمع سے نہ چکھینگے وہان مرنا مگر جو پہلے مر چکے اور بچایا اونکو

عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝

دوزخ کی مار سے فضل سے تیرے رب کے یہی ہی بڑی مراد ملنی + موضح +

طلب کرینگے جنت مین ہر ایک میوہ ساتھ امن کے نہ چکھینگے وہان موت سوائے موت پہلی کے جو چکھ چکے یعنی دنیا مین اور بچایا اونکو خدا نے عذاب دوزخ کے سے بسبب فضل کے جانب پروردگار تیرے سے یہ ہی یعنی بچنا عذاب سے اور داخل ہونا جنت مین مراد ملنی بڑی + تفسیر + ساتھ امن کے کہ امن ہوگا زوال اور انقطاع سے اور پیدا ہونے ضرر کے سے بسبب بہت کھانے کے اور کہا قتادہ نے کہ امن مین ہونگے موت اور رنجون اور شیاطین سے نہ چکھینگے وہان موت الخ کہا قتادہ نے کہ ابن مسعود کی قراءت مین ہی لَا يَذُوقُونَ فِيهَا طَعْمَ الْمَوْتِ اور انس سے روایت ہی کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لایا جاویگا موت کو روز قیامت کے بیچ صورت دنبے ابلق کے پس کھڑا کیا جاویگا اوسکو درمیان جنت اور دوزخ کے پس پہچانے گی موت جنتیون اور دوزخیون کو اور پہچانینگے اوسکو وہ پس کہینگے دوزخی اَللّٰهُمَّ سَلِّطْهُ عَلَيْنَا یعنی یا اللہ مسلط کر اسکو ہمپر اور کہینگے جنتی اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ قَضَيْتَ أَنْ لَا نَذُوقَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ یعنی یا اللہ تونے حکم کیا تھا کہ نہ چکھینگے ہم اوسمین سوائے موت پہلی کے پس ذبح کیا جاویگا وہ دنبہ درمیان جنت و دوزخ کے پس نا امید ہونگے دوزخی موت سے اور امن مین ہونگے اہل جنت موت سے اور کہا جابر بن عبد اللہ نے عرض کیا گیا کیا رسول اللہ کیا سووینگے اہل جنت کہا نہیں نیند بہن موت کی ہی اور اہل جنت نہ مرینگے اور نہ سووینگے + ط + معا + در منثور +

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝ فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ۝

سو یہ قرآن آسان کیا ہمنے تیری بولی مین شاید وہ یاد رکھین اب تو راہ دیکھ وہ بھی راہ تکتے ہین + موضح +

ع ۳

سوا اسکے نہین کہ آسان کیا ہمنے قرآن کو تیری زبان پر تو کہ وہ نصیحت پکڑین پس منتظر رہ یعنی اوترنے عذاب کا کفار کے تحقیق وہ بھی منتظر ہین + تفسیر + یعنی اوترنے حادثون کے تجھپر اور یہ حکم ہوا پہلے اوترنے حکم کے واسطے جہاد کرنے کے اونپر + مد + جلا + تنبیہ + دیکھو بھائیون پرہیزگارون کے لیے کیا کیا نعمتین بیان فرمائین منعم حقیقی نے یہ عنایت بدلے مین ہوگی اسکے کہ بچتے تھے حرام چیزون سے مثلا ریشمی کپڑون کے پہننے سے بچتے تھے یہ سمجھکر کہ ہمارے رسول مقبول نے فرمادیا ہی کہ جو کوئی پہنے گا ریشمی کپڑا دنیا مین تو آخرت مین نہین پہنیگا اوسکو پس لوگ اس مضمون کو سنکر ہاے اس دنیا چند روزہ کی زینت کے سبب وہان کے لباس ریشمی سے محروم رہین گے نہ پہنیے اسکو اوسکے بدلے مین لباس ریشمی جو ذکر کیے گئے ملینگے اسیطرح حرام کاری سے بچتے تھے اوسکے بدلے مین حورین مذکورہ ملینگین حرام چیزون کے کھانے پینے سے بچتے تھے اوسکے عوض مین میوے اور اچھی اچھی پینے کی چیزین مانند دودھ اور شہد وغیرہ کے ملینگین بری جگہون کے جانے سے اور میلون کے سیر تماشے سے بچتے تھے اوسکے بدلے مین وہ مجلسین یا امن ملینگین یہان اپنے نفسون کو مارے رکھتے تھے اور فنا تھے اسکی راہ مین اوسکے بدلے مین حیات ابدی وہان کی پاوینگے پس غرض اس بیان فرمانے سے یہ ہی کہ لوگ ان نعمتون کو معلوم کر کر ایسے کام کرین کہ وہ ہاتھ لگین سو ہر شخص کو سعی کرنی چاہیے اونکے حاصل کرنے مین کہ پاک پروردگار فرماتا ہی + ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ +

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعَةُ رُكُوْعَاتٍ

اس سورت کا نام سورۂ جاثیہ ہی یہ نام اسکا اسلیے رکھا گیا کہ اسمین مذکور ہی وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً + یعنی تو دیکھیگا ہر گروہ کو دوزانو گرے ہوئے یعنی روز قیامت کے بسبب ہیبت حکم الٰہی کے چونکہ یہ امر مہتم بالشان ہی اسی لیے اس سورت کا یہ نام ٹھہرا اور یہ سورت مکی ہی سوا ے آیت قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا الخ کے کہ وہ مدنی ہی اور یہ سورت بعد سورۂ دخان کے اوتری ہی اسلیے بعد اوسکے لکھی گئی اور اسمین سینتیس ۳۷ آیتین ہین اور کلمے چار سو اٹھاسی ۴۸۸ اور حروف دو ہزار ایک سو اکیانوین ۲۱۹۱ اور رکوع چار ۴ ہین +

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○

اوتارا کتاب کا ہی اللہ سے جو زبردست ہی حکمت والا + مو +

اوتارنا اس کتاب کا جانب خدا ے غالب باحکمت کے سے ہی + تفسیر + اللہ ہی خوب جانتا ہی کہ مراد حٰم سے کیا ہی اور بعضون نے کہا نام سورت کا ہی اور بعضون نے کہا کہ شمار کرنا حرفون کا ہی غالب ہی اپنے بدلا لینے مین باحکمت ہی اپنی تدبیر مین + جلا + مد +

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○

آسمانون مین اور زمین مین بہت پتے ہین ایمان والون کو + مو +

تحقیق آسمانون مین اور زمین مین نشانیان ہین باور رکھنے والون کے لیے + تفسیر + یعنی دلالتین ہین اللہ تعالی کی قدرت و وحدانیت پر اور جائز ہی یہ کہ ہون یعنی یہ کہ بیچ پیدا کرنے آسمانون اور زمین کے البتہ دلالتین ہین الخ + مد +

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○

اور تمھارے بنانے مین اور جتنے بکھیرتا ہی جانور پتے ہین ایک لوگون کو جو یقین رکھتے ہین + مو +

اور بیچ پیدایش تمھاری کے اور بیچ پیدایش اوس چیز کے کہ پراگندہ کرتا ہی قسم جانورون سے نشانیان ہین اوس قوم کے لیے کہ یقین کرتے ہین + تفسیر + بیچ پیدایش تمھاری کے یعنی بیچ پیدایش ہر ایک کے تم مین سے کہ اول نطفہ ہوتا ہی پھر خون بستہ پھر لوتھڑا گوشت کا یہان تک ہو جاتا ہی انسان اور دابہ کہتے ہین اوس چیز کو کہ چلتی ہی زمین پر قسم آدمیون وغیرہم سے نشانیان ہین یعنی اجت پکہ اسی طرح بعد مرنے کے جی اوٹھینگے + جلا +

وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ رِزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ○

اور بدلنے مین رات دن کے اور وہ جو اوتاری الله نے آسمان سے روزی پھر جلایا اوس سے زمین کو مرگئے پیچھے اور پھیرنے مین باؤن کے نشانیان ہین ایک لوگون کو جو بوجھتے ہین + مو +

اور بیچ آنے جانے رات اور دن کے اور بیچ اوسکے کہ اوتارا ہی خدا نے آسمان سے روزی کو یعنی مینہہ کو پس زندہ کیا بسبب مینہہ کے زمین کو پیچھے مردہ ہونے اوسکے کے اور بیچ پھیرنے ہواؤن کے نشانیان ہین واسطے اوس قوم کے کہ سمجھتے ہین + تفسیر + مینہہ کو رزق اسلیے فرمایا کہ وہ سبب رزق کا ہی اور بیچ پھیرنے ہواؤن کے کہ کبھی جنوب کی ہوجاتی ہی اور کبھی شمال کی اور کبھی پروا اور کبھی پچھوا اور کبھی ٹھنڈی اور کبھی گرم اور پہلے جو لَآيَاتٍ لِلْمُؤْمِنِينَ فرمایا پھر آيَاتٌ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ اور پھر آيَاتٌ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ اسکا سبب یہہ کہ منصف بندے جب دیکھتے ہین آسمانون مین اور زمین مین نظر صحیح سے تو جانتے ہین کہ یہ بنائے گئے ہین اور انکا کوئی بنانے والا ضرور ہی پس ایمان لاتے ہین بعد اسکے پھر جب دیکھتے ہین بیچ پیدایش نفسون اپنے کے اور بدلنے اونکے کے ایک حال سے طرف دوسرے حال کے اور بیچ پیدایش اون چیزون کے کہ ظاہر ہوتی ہین زمین پر اقسام حیوان سے ایمان اونکا بڑھتا ہی اور یقین حاصل ہوتا ہی اونکو جب دیکھتے ہین تمام چیزون نئی پیدا ہونے والیون کو ہر وقت مین مانند اختلاف رات اور دن کے اور اوترنے مینہہ کے اور تر و تازہ ہونے زمین کے بسبب مینہہ کے بعد خشک ہوجانے اوسکے کے اور پھیرنے ہواؤن کے جانب جنوب اور شمال اور پورب اور پچھم کے سمجھتے ہین اور مستحکم ہوتا ہی علم اونکا اور خالص ہوتا ہی یقین اونکا + م ل +

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۖ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ ○

یہ باتین ہین الله کی ہم سناتے ہین تجھکو ٹھیک پھر کون سی بات کو الله اور اوسکی باتین چھوڑ کر مانینگے + مو +

یہ نشانیان ہین خدا کی پڑھتے ہین ہم اونکو اوپر تیرے ساتھ حق کے پس ساتھ کس بات کے بعد سخن خدا کے اور آیتون اوسکی کے ایمان لاوینگے +

وَيْلٌ لِكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ○ يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ

خرابی ہی ہر جھوٹے گنہگار کی کہ سنے باتین الله کی اوس پاس پڑھی جاوین پھر ضد کرے غرور سے جیسے وہ سنی نہین سو خوشی سنا اوسکو ایک دکھ کی مار کی +

وائے ہر دروغگو گنہگار کو کہ سنتا ہی آیتین خدا کی کہ پڑھی جاتی ہین اوسپر پھر لازم پکڑتا ہی کفر کو تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہین سنتا ہی اونکو پس خوشخبری دے اوسکو ساتھ عذاب دردینے والے کے + تفسیر + تکبر کرتا ہوا ایمان لانے سے آیتون پر اور قبول کرنے سے حق کو کہ بولتی ہین آیتین ساتھ اوسکے درحالیکہ حقیر جانتا ہی اونکو اور خوش ہوتا ہی اوس چیز سے کہ نزدیک اوسکے ہی یعنی قصے کہانیان کہا ہی مفسرون نے کہ اوتری ہی یہ آیت بیچ حق نضر بن حارث کے اور قصون عجم کے کہ مول لیتا تھا اونکو اور باز رکھتا تھا بسبب اونکے لوگون کو قرآن کے سننے سے اور آیت عام ہی بیچ حق ہر اوس شخص کے کہ ضرر پہنچانے والا ہو الله کے دین مین + م ل +

وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ○

اور جب خبر پاوے ہماری باتون مین کسی چیز کی اوسکو ٹھہراوے ٹھٹھا ایسون کو ذلت کی مار ہی + مو +

اور جب جانا کچھ آیتون ہماری سے تمسخر کیا اونکو یہ لوگ اونکے لیے ہی عذاب خوار کرنے والا + تفسیر + یعنی جب پہونچا اوسکو کچھ ہماری آیتون مین سے اور جانا کہ یہ اون آیتون مین سے ہی پکڑا اون آیتون کو ٹھٹھا + م ل +

مِنْ وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُمْ مَا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ

پرے اونکے دوزخ ہی اور کام نہ آویگا اونکو جو کمایا تھا کچھ اور نہ وہ جو پکڑے تھے الله کے سوائے رفیق اور اونکو بڑی مار ہی + مو +

آسکے اونکے دوزخ ہی اور دفع نکریگا اونسے جو کمایا ہی اونھون نے کسی چیز کو اور دفع نکرینگے وہ کہ دوست پکڑے ہین سوا خدا کے اور لئے اونکے لیے ہی عذاب بڑا + **تفسیر** جو کمایا ہی یعنی مال کسی چیز کو عذاب خدا سے سوا خدا کے یعنی بت عذاب بڑا دوزخ مین + **مل**

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ۝

یہ سمجھا دیا اور جو منکر ہین اپنے رب کی باتون سے اونکو مار ہی ایک بلا کی دکھ والی **موق**

یہ قرآن ہدایت ہی اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہین ساتھ آیتون پروردگار اپنے کے اونکے لیے ہی عذاب درد دینے والا جنس عقوبت سخت سے + **تنبیہ** + ابتدا رکوع مین جو بیان فرمایا ہی اپنی قدرتون کا ایسا ہی مضمون کئی جگہ مذکور ہی از انجملہ سورۂ والذاریات مین وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ ۝ وَفِي أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ۝ یعنی اور زمین مین قسم قسم پہاڑون اور دریاؤن اور درختون اور میوون اور گھانس و زراعت وغیرہ سے دلالتین ہین اوپر قدرت و وحدانیت اللہ تعالی کے یقین کرنے والون کے لیے اور تمہارے نفسون مین بھی دلالتین ہین ابتدا سے پیدایش تمہاری سے انتہا تک اور ترکیب خلقت تمہاری مین جو جو عجائب ہین کیا کچھ اوسکی قدرت و وحدانیت پر دلالت کرتے ہین کیا تم دیکھتے نہین پس تو کہ دلیل پکڑو ساتھ اونکے اوپر صانع اور قدرت اوسکی کے غرض کہ آدمی کو ان چیزون مین تامل کرنا چاہیے اور غفلت کو شعار اپنا نکرے اور آدمی اگر عاقل ہو تو اوسکو فقط یہی کافی ہی کہ اپنے مین قدرتین اوسکی دیکھے کیا خوب کہا ہی کسی نے **بیت** یک نکتہ بس است گر شعور است + ورنہ چہ چراغ پیش کور است + پس سن ای عزیز اگر ساتھ ذات و صفات پروردگار اپنے کے ایمان راسخ لایا تو اور اپنے تئین وظیفہ خوار سفرۂ عام اوسکے کا جانا تو نے اور کیا ارشاد چاہتا ہی تو اور مرشد کیون ڈھونڈھتا ہی تو + **قطعہ** + دی شب بچمن بخواب غفلت بودم + تا آنکہ سحر شدہ نگشتم بیدار + ناگاہ خروش بلبلان سحری + رفت چو بگوش من رسید از گلزار + بر خاستم و بخود ملامت کردم + صد حیف کہ من بخواب و مرغان بیدار + زین دست شکستہ بر نیاید کاری + یاران چہ توان شدن مرا آخر کار + پس اگر پیر طریقت سے کمال معرفت ڈھونڈھے تو زیادہ شناخت الوہیت اوسکی سے اور عبودیت اپنی کے سے بندے کو کیا درکار ہی اور اگر راہ مواصلت کی ڈھونڈھے تو بندۂ خدمتگار کو ساتھ مصاحبت کے کیا کام **بیت** + بی دم یادش نباشی یک نفس + بندۂ خدمتگذارش باش و بس + پس تمہارے اوسکی قدرت کے دیکھکر یاد رکھ اوسکو اور اوسکی یاد سے اپنا دل روشن کر کیا خوب کہا ہی کسی بزرگ رحمہ اللہ نے کہ آدمی بڈھا اوس وقت ہوتا ہی کہ سیاہی اوسکے دل سے جاتی رہے نہ سیاہی بالون کی دا اوس شخص کے حال پر کہ بال اوسکے سفید ہون اور سیاہی اوسکے دل کی برقرار رہے + **رباعی** + بشنو ای پیر دکار آگاہ + باید کن بحال خویش نگاہ + مو اگر شد ترا چو باز سفید + چہ شد ار دل بود چو زاغ سیاہ + اور روشنی دل کی حاصل ہوتی ہی خوف الہی سے بھی ظاہر و باطن مین اور ترک کرنے خواہش نفسانی سے بھی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین نجات دینے والی ہین اور تین چیزین ہلاک کرنے والی ہین اور تین چیزین باعث درجات کی ہین + نجات دینے والی چیزین پس خوف الہی ہی باطن و ظاہر مین اور عدل کرنا رضا و غضب مین اور میانہ روی کرنی فقر و غنی مین + اور ہلاک کرنے والی چیزین پس بخل شدید ہی اور خواہش اتباع کی گئی اور اچھا جاننا آدمی کا اپنے نفس کو اور باعث درجات کی پس افشائے اسلام ہی اور کھلانا کھانے کا اور نماز پڑھنی رات کو اس حال مین کہ لوگ سوتے ہون + یہ روایت منبہات مین ابو ہریرہ سے منقول ہی +

اَللّٰهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

اللہ وہ ہی جسنے بس مین دیا تمہارے دریا کہ چلین اوسمین جہاز اوسکے حکم سے اور تلاش کرو اوسکے فضل سے اور شاید تم حق مانو **موق**

خدا وہ ہی کہ مسخر کیا تمہارے لیے دریا کو تو جاری ہووین کشتیان اوسمین اوسکے حکم سے اور تو طلب معیشت کرو اوسکے فضل سے اور ہووے کہ تم شکرگذاری کرو + **تفسیر** + طلب معیشت کرو الخ یعنی ساتھ تجارت کے یا غوطہ لگانے کے موتی مونگا نکالنے کے لیے اور ساتھ نکالنے گوشت وغیرہ مچھلی کے + **مس** + شکرگذاری کرو یعنی شکر اوسکا ادا کرو اوسکی نعمتون پر اور مسخر کرنا دریا کا یہ ہی کہ کشتی کو چلنے سے

اور آدمی کو غوطہ لگانے اور شکار کرنے سے مانع نہین ہے اور مراد اوسکے فضل سے تجارت دریا کی اور غوطہ لگانا واسطے نکالنے جواہر اور شکار دریا کے ہے کہ اسباب معیشت کے ہین + بحر +

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

اور کام لگائے تمھارے جو کچھ ہے آسمانون مین اور زمین مین سب اوسکی طرف سے اسمین بیتے ہین ایک لوگون کو جو دھیان کرتے ہین + موضح

اور مسخر کیا اللہ نے تمھارے لیے جو کچھ کہ آسمانون مین ہے اور جو کچھ کہ زمین مین ہے سارا درحالیکہ پیدا کیا اونکو اپنی جانب سے تحقیق اس قدرت مین نشانیان ہین واسطے گروہ کے جو تفکر کرتے ہین + تفسیر + جو کچھ کہ آسمانون مین ہے یعنی چاند اور سورج اور پانی وغیرہ اور جو کچھ کہ زمین مین ہے یعنی زمین پر چلنے والے اور درخت اور نہرین وغیرہ اور معنی ان چیزون کی تسخیر کے یہ ہین کہ اوسنے پیدا کیا انکو ہمارے منافع کے لیے پس اونکو مسخر کیا ہے ہمارے لیے اس جہت سے کہ ہم نفع اوٹھاتے ہین تمام چیزون سے اوسکی جانب سے ہین یہ گردانو اوسکے لیے امداد + کہا ابن عباس نے جَمِيْعًا مِّنْهُ کی تفسیر مین کہ تمام یہ چیزین رحمت ہین اوسکی طرف سے کہا زجاج نے کہ تمام یہ چیزین تفضل ہین اوسکی جانب سے اور احسان + جلالین + معالم +

قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

کہہ دے ایمان والون کو معاف کرین انکو جو امید نہین رکھتے اللہ کے دنون کی کہ وہ سزا دے ان لوگون کو بدلا اوسکا جو کماتے تھے + موضح

کہہ مسلمانون کو کہ درگذر کرین اوس جماعت سے کہ توقع خدا کے دنون کی نہین رکھتے ہین کہ حوادث جزا اونکے اعمال کی ہون تو سزا دیوے خدا ایک گروہ کو اونمین سے بسبب اوس چیز کے کہ کرتے تھے + تفسیر + لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ کے معنی ہین نہین توقع رکھتے اللہ کے وقائع کی ساتھ دشمنون اوسکے کے + اور بعضون نے اسکے یہ معنی کیے ہین کہ نہین امید رکھتے وہ اون اوقات کی کہ مقرر کیا ہے اونکو اللہ نے واسطے ثواب دینے مومنون کے اور وعدہ کیا ہے اونسے مطلب یاب ہونے کا اون اوقات مین + کہا ابن عباس و مقاتل نے کہ اوتری ہے یہ آیت عمر رضی اللہ عنہ کے حق مین جسوقت کہ برا کہا اونکو ایک مشرک نے بنی غفار مین سے اور ارادہ کیا عمر رضی اللہ عنہ نے بدلا لینے کا اوس سے پس آیت اوتری اور عمر رضی اللہ عنہ نے اوس سے درگذر کیا + اور بعضون نے کہا کہ بعضے صحابی مکے مین ایذا شدید اوٹھاتے تھے کفار سے اور اوسوقت تک حکم لڑنے کا ہوا نتھا وہ شکوہ اپنے حال کا آنحضرت کے روبرو لائے یہ آیت نازل ہوئی بعد اوسکے یہ حکم آیت سیف سے منسوخ ہوا اور لِيَجْزِيَ تعلیل ہے واسطے امر ساتھ مغفرت کے یعنی ہمین حکم کیے گئے وہ درگذر کرنے کا مگر تو کر پورا اللہ اونکو بدلا اونکے درگذر کرنے کا روز قیامت کے اور بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ کے معنی یہ ہین بسبب اوس چیز کے کہ تھے کرتے یعنی احسان + مدارک + معالم + روایت کیا ابن عساکر نے ابی مسلم خولانی سے کہ اونھون نے کہا اپنی لونڈی سے کہ اگر نہ فرمایا ہوتا اللہ تعالیٰ نے قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ + تو البتہ مارتا مین تجکو پس لونڈی نے کہا قسم خدا کی بلاشبہ مین اونمین سے ہون کہ توقع رکھتے ہین ایام اللہ کی یعنی اوسکے حوادث کی پس کیا ہے تجکو کہ نہین مارتا تو مجکو پس کہا ابو مسلم خولانی نے کہ بلاشبہ اللہ علم کرتا ہے مجکو درگذر کرنے کا اون لوگون سے کہ نہین توقع رکھتے اللہ کے ایام یعنی حوادث کی پس جو کہ توقع رکھتے ہون حوادث اوسکے کی بطریق اولی لائق درگذر کرنے کے ہین جا پس تو آزاد ہے + در منثور +

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۡ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝

جسنے بھلا کیا تو اپنے واسطے اور جسنے برا کیا تو اپنے حق مین پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاؤگے + موضح

جو کوئی کچھ کام شائستہ کرے نفع یعنی ثواب اوسکے لیے ہے اور جو کوئی بدکاری کرے پس وبال یعنی عذاب اوسی پر ہے پھر طرف پروردگار اپنے کے رجوع کیے جاؤگے یعنی طرف جزا اوسکی کے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور ہمنے دی ہے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور پیغمبری اور کھانے کو دین ستھری چیزین اور بزرگی دی انکو جہان پر + موضح

اور تحقیق دی ہمنے بنی اسرائیل کو کتاب اور دانشمندی اور نبوت اور روزی دی ہمنے اونکو نعمتوں پاکیزہ سے اور فضیلت دی ہمنے اونکو عالمون پر + تفسیر + کتاب یعنی توریت اور حکم سے مراد ہی حکمت اور فقہ یا فیصلہ خصومات کا درمیان لوگون کے اسلیے کہ بادشاہت بھی اونمین ہوئی ہی اور نبوت کو خاص ذکر کیا اسلیے کہ انبیا اونمین بہت تھے اور طیبٰت سے مراد حلال و پاکیزہ رزق ہی یعنی من وسلوی عالمون یعنی اونکے زمانے کے عالمون پر جیسا کہ کہا ابن عباس نے کہ نہین تھا کوئی عالم کے لوگون مین سے اونکے زمانے مین بزرگ و محبوب زیادہ اللہ کے نزدیک اونسے + مل +

وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ

اور دین اونکو کھلی باتین دین کی پھر پھوٹ جو ڈالی تو سمجھ آچکے پیچھے آپسکی ضد سے

رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○

تیرا رب چکوتی کریگا اونمین قیامت کے دن جس بات مین جھگڑتے تھے + مو +

اور دین ہمنے اونکو نشانیان واضح بیچ باب دین کے پس اختلاف نکیا مگر بعد اسکے کہ آیا اونکے پاس علم از روے تعدی باہمدگر کے تحقیق پروردگار تیرا فیصلہ کریگا درمیان اونکے روز قیامت کے بیچ اوسکے کہ اختلاف کرتے تھے اوسمین + تفسیر + بَيِّنٰتٍ سے مراد ہین آیات معجزات مِّنَ الْاَمْرِ یعنی امر دین سے پس اختلاف نکیا الخ یعنی نہ واقع ہوا اختلاف درمیان اونکے دین مین مگر بعد اوس چیز کے کہ آئی اونکے پاس وہ چیز کہ موجب ازالہ خلاف کی تھی اور وہ علم ہی اور نہین اختلاف کیا اونھون نے مگر بسبب سرکشی کے کہ پیدا ہوئی درمیان اونکے یعنی بسبب عداوت و حسد کے اختلاف کرتے تھے اوسمین کہا بعضون نے مراد اختلاف کرنا اونکا ہی اللہ تعالی کے اوامر و نواہی مین بیچ توریت کے از راہ حسد اور طلب ریاست کے نہ بسبب جہل کے کہ ہوتا ہی انسان بسبب اوسکے معذور ۵۱ + مل +

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

پھر تجکو رکھا ہمنے ایک رستے پر اس کام کے سو تو اوسی پر چل اور نہ چل چاؤن پر نادانون کی + مو +

پھر کیا ہمنے تجکو اوپر ظاہر رہ دین کے پس پیروی کر اوسکی اور پیروی نکر اونکی خواہش کی کہ نہین جانتے + تفسیر + پھر کیا ہمنے تجکو الخ یعنی بعد اختلاف اہل کتاب کے مِّنَ الْاَمْرِ یعنی امر دین سے پس پیروی کر اوسکی یعنی اپنی شریعت کی کہ ثابت ہی ساتھ حجتون اور دلیلون کے اور نہ پیروی کر اوس چیز کی کہ نہین حجت ہی اوسپر یعنی جاہلون کی خواہشون کی اور اونکے دین کی کہ بنا اوسکی ہی خواہش نفسانی اور بدعت پر اور وہ سردار قریش کے ہین جس وقت کہ کہا اونھون نے رجوع کر تو طرف دین باپ دادون اپنے کے اسلیے کہ وہ تجسے افضل تھے + مل معا + کہا قتادہ نے بیچ تفسیر ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰي شَرِيْعَةٍ کے کہ مراد شریعت سے فرائض و حدود اور امر و نہی ہین + در منثور +

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَـيْــــًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ○

وہ کام نہ آوینگے تیرے اللہ کے سامنے کچھہ اور بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہین اور اللہ رفیق ہی ڈر والون کا + مو +

تحقیق وہ یعنی کافر دفع نکرینگے تجسے کچھہ عذاب خدا کا یعنی اگر تو نا بنشائی کرے اور تحقیق ظالم یعنی کافر بعض اونکے کارساز بعضون کے ہین اور خدا کارساز متقیون کا ہی + تفسیر + اور متقی کا کارساز یعنی خیرخواہ خدا ہی اور ان دونون کارسازون مین کیا کچھہ فرق ہی + مل +

هٰذَا بَصَاۗىِٕرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○

یہ سوجھ کی باتین ہین لوگون کے واسطے اور راہ کی اور مہر اون لوگون کو جو یقین لاتے ہین + مو +

یہ قرآن دلیلین واضح ہی لوگون کے لیے اور ہدایت ہی اور رحمت ہی واسطے اوس قوم کے کہ یقین کرتے ہین + تفسیر + قرآن مین جو عمدہ چیزین دین کی ہین اور احکام ٹھہرایا اونکو بمنزلہ بصیرتون یعنی دلیلون کے جیسے کہ کیا روح حیات کو بصائر اور ہدایت ہی یعنی گمراہی سے اور رحمت ہی یعنی عذاب

یعنی بعضی صورتین میں ۱۲ منہ ۵۱

+ مرزا مظہر +

واسطے اوس قوم کے کہ ایمان لائے اور یقین کیا بعث کا +مل

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ

کیا خیال رکھتے ہین جنھون نے کمائی ہین برائیان کہ ہم کردینگے اونکو برابر اونکے جو یقین لائے اور کیے بھلے کام ایک سا اونکا جینا

وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ۝

اور مرنا برے دعوے ہین جو کرتے ہین +مو

ع ۲ ۱۰ ۱۸

کیا گمان کیا اون لوگون نے کہ کین برائیان یہ کہ کرینگے ہم اونکو مانند اون لوگون کے کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے برابر ہو زندگی اونکی اور مرنا اونکا برا حکم اونکا ہی یہ حکم +تفسیر کین برائیان یعنی گناہ و کفر برابر ہوا یعنی انکار ہی اسکا کہ برابر ہون بدکار و نیک کار زندگی اور مرنے مین کیونکہ احوال انکے جدا جدا ہین زندگی مین بھی اور مرنے مین بھی زندگی مین تو یون جدا ہین کہ زندگی بسر کرتے ہین مومن اللہ کی طاعت کرنے مین اور کافر برائیان کرنے مین اور مرنے مین یون جدا ہین کہ مومن مرتے ہین اس حال مین کہ خوشخبری دی جاتی ہی اونکو رحمت و کرامت کی اور کافر مرتے ہین ناامید ہو کر اللہ کی رحمت سے اور ساتھ ندامت کے اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے انکار کرنا اسکا ہی کہ برابر ہون کافر مومنون کے مرنے مین جیسے کہ برابر ہوئے حیات مین بیچ رزق و صحت کے یہان تک مضمون تفسیر مدارک کا ہی اور تفسیر جلالین مین یہ معنی اسکے لکھے ہین کہ کیا یہ گمان کرتے ہین کہ ہم کرینگے انکو آخرت مین بیچ خیر و خوبی کے مانند مومنون کے یعنی ہین مین برابر عیش اونکے سے دنیا مین کہ کہتے تھے مومنون سے اگر اوٹھائے گئے ہم بعد مرنے کے تو دیے جاوینگے ہم خیر و خوبی مانند اوس چیز کے کہ دیے جاوگے تم فرمایا اللہ تعالی نے موافق انکار اونکے کے ساتھ ہمزہ کے سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ یعنی نہین برابر اس طرح پس وہ آخرت مین بیچ عذاب کے ہونگے برخلاف عیش اونکے کے دنیا مین اور مومن آخرت مین بیچ ثواب کے ہونگے بسبب نیک اعمال اپنے کے دنیا مین قسم نماز اور زکوۃ اور قیام وغیرہ کے انتہی ہم تفسیر مدارک مین لکھا ہی کہ تمیم داری سے منقول ہی کہ وہ نماز پڑھتے تھے ایک رات نزدیک مقام کے یعنی مقام ابراہیم کے پس جو پہنچے اس آیت کو پس رونے لگے اور بار بار پڑھتے تھے صبح تک اور فضیل سے منقول ہی کہ وہ جو پہنچے اس آیت پر پس شروع کیا بار بار پڑھنا اسکا اور روتے تھے اور کہتے تھے یَا فُضَیْلُ لَیْتَ شِعْرِیْ مِنْ اَیِّ الْفَرِیْقَیْنِ اَنْتَ یعنی اے فضیل کاش کہ جانتا مین اپنے تئین کہ کس فریق سے ہی تو دونون فریقون سے +

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝

اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہیین اور تا بدلا پاوے ہر کوئی اپنی کمائی کا اور اونپر ظلم نہوگا +مو

اور پیدا کیے خدا نے آسمان و زمین ساتھ تدبیر درست کے اور تو آخرکار بدلا دیا جاوے ہر شخص بحسب اسکے کہ عمل کیا ہی اور اونپر ظلم نکیا جاویگا +تفسیر بعد لفظ بِالْحَقِّ کے اتنا جز محذوف ہی لِیَدُلَّ عَلٰی قُدْرَتِهٖ یعنی اللہ نے آسمان و زمین پیدا کیے ساتھ تدبیر درست کے تو کہ دلیل ہون اوسکی قدرت پر اور تو کہ بدلا دیا جاوے ہر شخص بحسب اسکے کہ عمل کیا ہی یعنی گناہ اور طاعت پس نہین برابر ہو سکتا کافر مومن کے +مل

اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى

بھلا دیکھ تو جسنے ٹھہرایا اپنا حاکم اپنی چاو کو اور راہ سے کھویا اوسکو اللہ نے جانتا بوجھتا اور مہر کی اوسکے کان پر اور دل پر اور ڈالی اوسکی

بَصَرِهٖ غِشٰوَةً فَمَنْ یَّهْدِیْهِ مِنْۭ بَعْدِ اللّٰهِ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝

آنکھ پر اندھیری پھر کون راہ پر لاوے اوسکو اللہ کے سوائے کیا تم سوچ نہین کرتے +مو

کیا دیکھا تو نے اوس شخص کو کہ پکڑا ہی معبود اپنا اپنی خواہش کو اور گمراہ کیا اوسکو اللہ نے باوجود جاننے کے اور مہر رکھی اوپر کان اوسکے اور دل اوسکے کے اور پیدا کیا اوسکی آنکھ پر پردہ پس کون ہی کہ راہ دکھاوے اوسکو پیچھے اللہ کے کیا پس نہین نصیحت پکڑتے تم +تفسیر

پکڑا ہی معبود اپنا الخ یعنی نہایت فرمان برداری خواہش نفس کا اتباع کرتا ہی اوس چیز کی کہ بلاتی ہی خواہش نفس طرف اوسکے پس گویا کہ وہ پوجتا ہی اوسکو جیسا کہ پوجتا ہی آدمی اپنے معبود کو اور باوجود جاننے کے یعنی پہلے اوسکے پیدا کرنے کے اللہ تعالی جانتا تھا کہ یہ اختیار کریگا گمراہی کو اور مہر کر دی اوسکے کان پر پس نہین قبول کرتا نصیحت اور اوسکے دل پر پس نہین اعتقاد رکھتا حق بات کا اور اوسکی آنکھ پر پردہ پس نہین دیکھتا عبرت کی چیزین پیچھے اللہ کے یعنی ایسے شخص کو کون راہ دکھاوے پیچھے گمراہ کرنے اللہ کے اوسکو یعنی نہین راہ پاویگا پس اصل شر متابعت خواہش نفسانی کی ہی اور تمام بھلائیان اوسکی مخالفت مین ہین پس کیا خوب کہا ہی کسی نے **نظم** اِذَا طَلَبَتْكَ النَّفْسُ يَوْمًا بِشَهْوَةٍ + وَكَانَ إِلَيْهَا لِلْخِلَافِ طَرِيقُ + فَدَعْهَا وَخَالِفْ مَا هَوِيتَ فَإِنَّمَا + هَوَاكَ عَدُوٌّ وَالْخِلَافُ صَدِيقُ + یعنی جب کہ بلاوے تجکو نفس کسی دن طرف خواہش نفس کے اور ہو طرف خواہش نفس کے واسطے خلاف کے راہ پس چھوڑ دے تو اوس خواہش کو اور مخالفت کر اوس چیز کی کہ خواہش کرے تو پس سوا اسکے نہین کہ خواہش تیری دشمن ہی اور خلاف یار ہی + **ف** یعنی در پی امر ہوی کے جاتا ہی اور فرمان برداری اوسکی مانند فرمان برداری معبود کے کرتا ہی کہا قتادہ نے بیچ تفسیر اَفَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ + کے کہ نہین خواہش کرتا کسی چیز کی مگر کہ مرتکب ہوتا ہی اوسکا نہین ڈرتا اللہ عز و جل سے اور بعضون کے نزدیک یہ معنی ہین کہ اپنے معبود کو ساتھ آرزو نفس اپنے کے پکڑتا ہی جیسے کہ عرب ایک بت یا پتھر کو پوجتے تھے اور جب اچھا بت اوس سے اونکو نظر آتا تو اوسکو معبود ٹھہراتے اور اول کو چھوڑ دیتے اور مراد عَلٰی عِلْمٍ سے یہ ہی کہ خدا نے گمراہ کیا اوسکو بحسب علم ازلی اپنے کے اور انجام کار اوس شخص کے اور جواب اَفَرَاَيْتَ کا محذوف ہی یعنی جو کہ ایسی صفت ہو ہدایت کو کیونکر دیکھے اور درپیش پڑے + **بحر + در منثور + تنبیہ** + غور کرو بھائیون اس آیت کریمہ مین کہ خواہش نفسانی کی پیروی کرنے پر کیا کچھ عتاب فرمایا اللہ تعالی نے پس جو لوگ کہ خواہش نفسانی کی پیروی کر کر گناہون مین گرفتار ہوتے ہین وہ مصداق اس آیت کریمہ کے ہوتے ہین یعنی بعضے بسبب خواہش نفسانی کے میلے تماشون مین جاتے ہین اور بعضے زناکاری اور بعضے قماربازی اور بعضے شراب خواری کرتے ہین اور بعضے ناچ رنگ مین مشغول ہوتے ہین وغیر ذلک سب مصداق اس آیت کے ہوتے ہین اور یہ خواہش نفسانی بری ہی بلا ہی سارے گناہ اسی سے سرزد ہوتے ہین اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہین کہ دریا چار ہین ایک تو ہوی یعنی خواہش نفسانی کہ دریا ہی گناہون کا اور دوسرا نفس کہ دریا ہی شہوات کا اور تیسری موت کہ دریا ہی اعمال کا اور چوتھی قبر کہ دریا ہی ندامتون کا انتہی + اور کسی بزرگ سے منقول ہی کہ نہین پائی جاتی رضا مولی کی مگر بسبب ترک کرنے ہوی کے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى + یعنی اور جو ڈرا پروردگار کے سامنے کھڑے رہنے سے اور باز رکھا نفس کو ہوی سے پس بلاشبہہ جنت اوسکا ٹھکانا ہی اور حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہین فتوح الغیب مین کہ خواہش نفسانی کی پیروی کرنی ایسا شرک ہی کہ اس سے بہت لوگ غافل ہین چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہی اَفَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ انتہی + اور کلام اللہ اور حدیث شریف مین جابجا اسکی مذمت آئی ہی پس مومن عاقل کو چاہیے کہ خواہش کی پیروی کو چھوڑے اور اوسکو تابع آنحضرت کی شریعت کے کرے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پورا مومن نہین ہوتا یہان تک کہ ہو خواہش نفسانی اوسکی تابع اوس چیز کے کہ لایا ہون مین اوسکو یعنی شریعت +

+ منبہات + و مشکوۃ +

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ

اور کہتے ہین اور نہین یہی ہی ہمارا جینا دنیا کا ہم مرتے ہین اور جیتے ہین اور مرتے ہین ہم سو زمانے سے اور اونکو کچھ خبر نہین

مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝

اسکی نری اٹکلین دوڑاتے ہین + **مو**

اور کہا منکرین بعث نے کہ نہین ہی زندگانی مگر یہی زندگانی اس جہان کی ہم مرتے ہین اور جیتے ہین اور ہلاک نہین کرتا ہمکو مگر زمانہ اور نہین ہی انکو ساتھ اس بات کے کچھ علم نہین ہین یہ مگر گمان کرتے ✤ **تفسیر** یعنی زمانہ نام ہی دہر کا وہ کچھ کام کرنے والا نہین مگر کسی اور چیز کو کہتے ہین جو معلوم نہین ہی اور دنیا مین تصرف اوسکا چلتا ہی پھر اللہ ہی کو کیون نہین کہتے یعنی پر حدیث مین آیا کہ دہر اللہ ہی اوسکو برا نہ کہیے ✤ **مو** نہین ہی زندگانی الخ یعنی کفار وعدہ دیے جاتے تھے حیات دوسری کا بعد مرنے کے پس اوسکا انکار کیا مگر یہی زندگانی اس جہان کی کہ جسمین ہم ہین ہم مرتے ہین اور جیتے ہین یعنی مرتے ہین ہم اور جیتی ہی اولاد ہماری یا مرتا ہی بعضا اور جیتا ہی بعضا یا ہوتے ہین ہم مردہ در حالت نطفے ہوتے ہین اصلاب مین اور جیتے ہین ہم بعد اسکے یا یہہ سمجھتے ہین ہمکو دوام موت اور حیات یعنی دنیا مین جیتے رہتے ہین پھر مر جاتے ہین اور نہین ہی بعد اوسکے حیات اور بعضون نے کہا کہ یہ کلام اونکا ہی کہ قائل ہین تناسخ کے یعنی مرتا ہی ایک شخص پھر ڈالی جاتی ہی روح اوسکی ایک مردے مین پس زندہ کیا جاتا ہی وہ بسبب اسکے اور ہلاک نہین کرتا ہمکو مگر زمانہ گمان کرتے تھے وہ کہ گذرنا دنون اور راتون کا بھی موثر ہی بیچ ہلاک ہونے نفسون کے اور منکر تھے ملک الموت کے اور قبض کرنے اوسکے ارواحون کو ساتھ حکم اللہ کے اور نسبت کرتے تھے ہر حادثے کو کہ پیدا ہوتا ہی طرف دہر یعنی زمانے کے اور دیکھے جاتے ہین اشعار اونکے متضمن زمانے کے شکوے کے اور اسی سبب سے فرمایا آنحضرت علیہ السلام نے لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ یعنی برا نکہو زمانے کو اسلیے کہ اللہ ہی زمانہ ہی یعنی اللہ ہی لاتا ہی حادثے نہ زمانہ نہین ہین مگر گمان کرتے یعنی نہین کہتے ہین یہ علم و یقین سے لیکن کہتے ہین بطریق تخمین سے **مل** یعنی نہین جانتے ہین کہ خالق سبکا اور پھیرنے والا تمام امور کا خدا ہی اور زندہ کرنا اور مارنا اوسکے امر و قدرت سے ہی دہر کو کسی کام مین اختیار نہین ہی آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ نکہے ابن آدم یَا خَيْبَةَ الدَّهْرِ یعنی ای خرابی زمانے کی اسلیے کہ مین دہر ہون بھیجتا ہون رات اور دن کو اور یہ بھی فرمایا کہ نہ برا کہے ایک تمہارا انگور کو اسلیے کہ اللہ وہی زمانہ ہی اور نکہے عنب کو کرم اسلیے کہ کرم مرد مسلمان ہی نقل کین یہ دونون حدیثین عالم مین اور معنی حدیث کے یہ ہین کہ جب عرب پر حادثے زمانے کے واقع ہوتے اور جو کچھ قسم مصائب و مکارہ سے اونکو پہونچتے اونکو نسبت دہر کی طرف کر کر برا کہتے دہر کو اور چونکہ فاعل سب چیز کا حقیقت مین خدا تعالی ہی اوسی کی طرف برائی عود کرتی اسلیے حق تعالی نے اونکو برا کہنے دہر کے سے منع کیا ✤ **بح**

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

اور جب سنائیے اونکو ہماری آیتین کھلی اور جھگڑا نہین اونکو مگر یہی کہ کہتے ہین لے آؤ ہمارے باپ دادون کو اگر تم سچے ہو ✤ **مو**

اور جب پڑھی جاتی ہین اونپر آیتین ہماری واضح نہین ہی شبہہ اونکا مگر یہ کہ کہتے ہین لے آؤ ہمارے باپون کو اگر ہو تم راست گو ✤ **تفسیر** آیتین ہماری یعنی وہ آیتین قرآن کی کہ جسمین ذکر بعث یعنی جی اوٹھنے کا ہی بعد مرنے کے لے آؤ یعنی جلادو اگر ہو تم سچے بیچ دعوی کرنے بعث کے ✤ **مل**

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

تو کہہ اللہ جلاتا ہی تمکو پھر مار یگا تمکو پھر اکٹھا کریگا تمکو قیامت کے دن تک اسمین کچھ شک نہین پر بہت لوگ نہین سمجھتے ✤ **مو**

کہہ خدا زندہ کرتا ہی تمکو پھر مارتا ہی تمکو پھر جمع کریگا تمکو روز قیامت کے کچھ شبہہ نہین اسمین و لیکن اکثر لوگ نہین جانتے ✤ **تفسیر** زندہ کرتا ہی تمکو یعنی دنیا مین پھر مارتا ہی تمکو وقت پورا ہونے مدت عمر تمہاری کے پھر جمع کریگا تمکو الخ یعنی جلا اوٹھاویگا تمکو روز قیامت کے سبکو اور جو کہ ہو قادر اسپر ہوگا قادر اوپر لانے باپ دادون تمہارے کے خواہ مخواہ کچھ شبہہ نہین اسمین یعنی جمع کرنے مین و لیکن اکثر لوگ نہین جانتے قدرت اللہ تعالی کی جلا اوٹھانے پر بسبب سوچنے کے دلیلون کے ✤ **مل**

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ۝

اور اللہ کا راج ہی آسمانون مین اور زمین مین اور جس دن اوٹھیگی قیامت اوس دن خراب ہونگے جھوٹے ✤ **مو**

اور خدا کے لیے ہی بادشاہی آسمانون اور زمین کی اور جسروز کہ قائم ہوگی قیامت اوس روز زیان پاوینگے جھوٹے + تفسیر
یعنی کافر یعنی ظاہر ہوگا ٹوٹا اونکا باین نہج کہ پھرینگے طرف دوزخ کے + جلا +

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۫ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

اور تو دیکھے ہر فرقہ زانو پر بیٹھے ہیں ہر فرقہ بلایا جاتا ہے اپنے اپنے دفتر پر آج بدلا پاؤگے جیسا تم کرتے تھے + مو +

اور دیکھیگا تو ہر گروہ کو زانو پر بیٹھے ہوئے یعنی سوال وجواب کے لیے طیار ہوکے ہر گروہ کو بلایا جاویگا طرف نامۂ اعمال اوسکے کہین گے ہم جزا دی جاویگی تمکو بحسب اوس چیز کے کہ کرتے تھے تم + تفسیر + یعنی دنیا مین زانو پر بیٹھے ہوئے اور یہ بیٹھک خواہ کی ہی آگے حاکم کے بس اسطرح بیٹھینگے بانتظار حکم کے کہا سلمان فارسی نے کہ بلاشبہہ قیامت مین ایک ساعت ہوگی دس برس کی بیٹھینگے لوگ اوسمین دوزانو یہان تک کہ ابراہیم پکارینگے لیے رب کو لَآ اَسْئَلُكَ اِلَّا نَفْسِيْ یعنی نہین مانگتا مین تجھسے مگر نفس اپنا + مد + معا +

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

یہ ہمارا دفتر ہے بولتا ہے تمہارے کام ٹھیک ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے + مو +

کہین گے ہم یہ نامہ ہمارا ہی کہ اظہار حقیقت کرتا ہی تمپر سچ سچ تحقیق ہم لکھتے تھے جو کچھ کہ تم عمل کرتے تھے + تفسیر يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ الخ کے یہ معنی ہین کہ گواہی دیتا ہی تمپر یہ نامہ تمہارے عملون کی ساتھ حق کے یعنی بغیر زیادتی ونقصان کے اور نَسْتَنْسِخُ کے معنی یہ ہین کہ حکم کرتے تھے ہم فرشتون کو تمہارے اعمال لکھنے کا اور اونکے ثابت کرنے کا تمپر اور بعضون نے کہا کہ استنساخ لوح محفوظ سے ہوتا ہی کہ لکھتے ہین فرشتے ہر سال جو کچھ کہ ہوتے ہین اعمال بنی آدم سے اور ضحاک نے کہا کہ نَسْتَنْسِخُ کے معنی ہین نثبت یعنی ثابت رکھتے ہین ہم اور کہا سدی نے نکتب یعنی لکھتے ہین ہم اور حسن نے کہا نحفظ یعنی یاد رکھتے ہین ہم اور اِلٰى كِتٰبِهَا مین اضافت کی گئی کتاب طرف امت کے اسلیے کہ اعمال اونکے ثابت کیے گئے ہونگے اوسمین اور هٰذَا كِتٰبُنَا مین اضافت کی گئی کتاب طرف اللہ تعالی کے اسلیے کہ وہ مالک ہی اوسکا اور حکم کرنے والا اپنے فرشتون کو کہ لکھین اوسمین اعمال اوسکے بندون کے + مد + معا + تنبیہ + غور کرو بھائیون ان آیتون وغیرہا کے مضامین مین کہ جب حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا اور اور انبیا اور صلحا کا یہ حال ہو تو ہم عوام کالانعام کس قطار شمار مین ہین ہر مسلمان کو چاہیے کہ اپنے مولی کی طرف ہر وقت رجوع رہے اور اوس دن کی فکر رکھے اور ذکر اعمالنامے کا حدیث شریف مین یون آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اعمالنامے تین ہین ایک اعمالنامہ وہ ہی کہ نہین بخشتا اللہ تعالی جو کچھ کہ اوسمین ہی وہ شرک کرنا ہی ساتھ اللہ کے فرماتا ہی اللہ عز وجل اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ یعنی بلاشبہہ اللہ نہین بخشتا ہی کہ شرک کیا جاوے ساتھ اوسکے اور دوسرا اعمالنامہ وہ ہی کہ نہین چھوڑیگا اوسکو اللہ وہ ظلم کرنا بندون کا آپسمین یہان تک کہ بدلا لیگا بعض اونکا بعض سے اور تیسرا اعمالنامہ ہی کہ نہین پروا کرتا اللہ ساتھ اوسکے وہ ظلم کرنا بندون کا ہی درمیان اپنے اور درمیان اللہ کے پس یہ سپرد ہی طرف اللہ کے اگر چاہے عذاب کرے اوسکو اور اگر چاہے درگذر کرے اوس سے + مشکوۃ +

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝

سو جو یقین لائے ہین اور بھلے کام کیے سو اونکو داخل کریگا اونکا رب اپنی مہر مین یہ جو ہے یہی ہی صریح مراد ملنی + مو +

پس یہ جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس داخل کریگا اونکو پروردگار اونکا اپنی رحمت مین یعنی جنت مین یہی ہی مراد ملنی ظاہر + ع +

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝

اور جو منکر ہوئے کیا تمکو سنائی نہ جاتی تھین باتین میری پھر تمنے غرور کیا اور ہو رہے تم لوگ گنہگار + مو +

اور رہے وہ لوگ کہ کافر ہوئے اونکو کہینگے کہ ہمکیا نہین پڑھی جاتین تمپر آیتین میری پس تکبر کیا تمنے اور تم قوم گنہگار تھے یعنی کافر + تفسیر کیا نہین پڑھی جاتین تمپر الخ یعنی کیا نہین آئے تھے تمہارے پاس رسول میرے پس نہین پڑھی جاتین تمپر آیتین میری پس تکبر کیا تمنے یعنی ایمان لانے سے اوپر + مد +

وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا

اور جب کہیے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور اوس گھڑی مین دھوکا نہین تمکہتے ہمنہین سمجھتے کیا ہے وہ گھڑی ہمکو آتا ہے تو

ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ○

ایک خیال سا اور ہمکو یقین نہین ہوتا + مو +

اور جب کہا جاتا کہ وعدہ خدا کا سچا ہے اور قیامت کچھ شبہہ نہین ہے بیچ اوسکے کہتے تھے تم نہین جانتے ہم کیا چیز ہے قیامت تصور نہین کرتے ہم اوسکو مگر ساتھ احتمال ضعیف کے اور نہین ہم یقین کرنے والے + تفسیر + اور جب کہا جاتا یعنی تمکو اے کافرون کہ وعدہ اللہ کا یعنی بعث و جزا کے ہونیکا سچا ہے اور لفظ ساعت کو پیش سے بھی پڑھا ہے اور زبر سے بھی اور اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا کی اصل ہے نَظُنُّ ظَنًّا اور نہین ہم یقین کرنے والے کہ قیامت ہونے والی ہے + مد +

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○

اور کھلین اونپر برائیان اون کامون کی جو کرتے تھے اور الٹ پڑی اونپر جس چیز سے ٹھٹھا کرتے تھے + مو +

اور ظاہر ہوئین اونکو سزائین اون چیزون کی کہ ساتھ اونکے عمل کیا تھا اور گھیر لیا اونکو اوس چیز نے کہ تھے ساتھ اوسکے ٹھٹھا کرتے + تفسیر + ظاہر ہوئین اونکو یعنی ان کافرون کے لیے یعنی آخرت مین برائیان اعمال اونکے کی یا سزائین برے عملون اونکے کی کہ دنیا مین کرتے تھے اور حاق الخ کے معنی ہین اور اوترین اونپر سزائین ٹھٹھا کرنے اوسکے کی + مد + معا +

وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○

اور حکم ہوا کہ آج ہم تمکو بھلا دینگے جیسے تمنے بھلا دیا اپنے اس دن کا ملنا اور گھر تمہارا دوزخ ہے اور کوئی نہین تمہارا مددگار + مو +

اور کہا جاویگا آج فراموش کرینگے ہم تمکو جیسا کہ فراموش کیا تمنے اس دن اپنے کی ملاقات کو اور جائے رہنے تمہاری دوزخ ہے اور نہین ہے واسطے تمہارے کوئی مدد دینے والا + تفسیر + فراموش کرینگے ہم الخ یعنی چھوڑ دینگے ہم تمکو عذاب مین جیسا کہ چھوڑ دیا تمنے ایمان کو اور عمل کو اس دن کے ملنے کے لیے کہا ابن عباسؓ نے اسکی تفسیر مین کہ جیسا کہ چھوڑا تمنے ذکر میرا اور طاعت میری ایسے ہی چھوڑونگا مین تمکو دوزخ مین + معا + درمنثور + تنبیہ + سوچنا چاہیے کہ اللہ کے ذکر و طاعت چھوڑنے کا کیا کچھ وبال ہے افسوس ہے کہ بعضے صاحب اللہ تعالیٰ کے احکام کو پس پشت ڈالتے ہین اور اپنی خواہش نفس کی چیزون کو ترجیح دیتے ہین یہ محض اقتضائے غفلت ہے +

ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا

یہ تمپر اسواسطے کہ تمنے پکڑا اسکی باتون کو ٹھٹھا اور بہکے دنیا کے جینے پر سو آج نہ اونکو نکالنا ہے وہان سے

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ○

اور نہ اونسے چاہین توبہ + مو +

یہ عذاب بسبب اوسکے ہے کہ پکڑا تھا تمنے اللہ کی آیتون کو ٹھٹھا اور فریفتہ کیا تمکو زندگانی دنیا نے پس آج نہ نکالے جاوینگے دوزخ سے اور نہ اونسے رضامند کرنا خدا کا طلب کیا جاویگا + تفسیر + فریفتہ کیا تمکو الخ یہان تک کہ کہا تمنے نہ مرنے کے بعد جینا ہے اور نہ حساب اور نہ اوسکے

رضامند کرنا الخ یعنی سیاتھ توبہ اور طاعت کے اسلیے کہ یہ نہین نفع دیگا اوسدن + جلالین +

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

سو اللہ کو ہی سب خوبی جو رب ہی آسمانون کا اور رب ہی زمین کا اور رب سارے جہان کا + موضح

پس واسطے خدا کے ہی سب تعریف پروردگار آسمانون کا اور پروردگار زمین کا پروردگار عالمون کا + تفسیر یعنی پس تعریف کرو اللہ کی جو رب ہی تمہارا اور رب ہر چیز کا قسم آسمانون اور زمین اور عالمین سے اسلیے کہ یہی ربوبیت عامہ واجب کرتی ہی حمد اور ثنا کو ہر مربوب پر یعنی جنکو پرورش کرتا ہی + مدارک

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور اوسیکو بڑائی ہی آسمانون مین اور زمین مین اور وہی ہی زبردست حکمت والا + موضح

اور اوسکے لیے ہی بزرگی آسمانون مین اور زمین مین اور وہ ہی غالب حکمت والا + تفسیر اوسکے لیے ہی بزرگی یعنی بڑائی ہی اسلیے کہ اوسکی اسلیے کہ ظاہر ہی کبریا اور عظمت اوسکی آسمانون مین اور زمین مین غالب ہی اپنے بدلا لینے مین حکمت والا ہی اپنے احکام مین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہی اللہ عزوجل اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ اِزَارِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا اَدْخَلْتُهُ النَّارَ یعنی بزرگی ذاتی چادر میری ہی اور بزرگی صفاتی ازار میری ہی یعنی یہ دونون صفتین خاص میری ہین پس جسنے چھینی مجھسے ایک ان دونون مین سے یعنی متصف ہوا ساتھ ایک صفت کے ان دونون مین سے داخل کرونگا مین اوسکو دوزخ مین اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین بیٹھی کوئی قوم کہ یاد کرین اللہ کو مگر کہ بیٹھتے ہین ساتھ اونکے بقدر شمار اونکے کے فرشتے پس اگر حمد کی اللہ کی قوم نے حمد کرتے ہین فرشتے بھی اوسکی اور اگر تسبیح کرتے ہین قوم اللہ کی تسبیح کرتے ہین فرشتے بھی اوسکی اور اگر تکبیر کرتے ہین قوم اللہ کی تکبیر کرتے ہین فرشتے بھی اوسکی اور اگر بخشش مانگتے ہین قوم اللہ سے آمین کہتے ہین فرشتے پھر چڑھتے ہین فرشتے طرف رب اپنے کے پس پوچھتا ہی اللہ اونسے یعنی حال اونکے جاننے کا پس کہتے ہین وہ ای رب ہمارے بندے تیرے اہل زمین سے یاد کرتے تھے تجکو پس یاد کیا ہمنے بھی تجکو فرماتا ہی اللہ کہ کیا کہتے ہین وہ کہتے ہین فرشتے ای رب ہمارے حمد کرتے تھے تیری پس فرماتا ہی اللہ تعالی کہ مین اول اونکا ہون کہ عبادت کیے جاتے ہین اور آخر اونکا ہون کہ تعریف کیے جاتے ہین یعنی سب سے پہلے میری ہی بندگی کی ہی مخلوق نے اور تعریف جس چیز کی کوئی کرتا ہی انتہا مجھی پر ہوتی ہی عرض کرتے ہین فرشتے کہ تسبیح بھی کرتے تھے وہ تیری فرماتا ہی اللہ تعالی کہ مدح میری نہین لائق ہی کسیکے لیے سوا میرے یعنی تعریف پاکی کے سزاوار مین ہی ہون اور کوئی لیاقت اسکی نہین رکھتا عرض کرتے ہین فرشتے کہ ای رب ہمارے ساتھ بزرگی کے یاد کرتے تھے تجکو فرماتا ہی اللہ تعالی کہ میرے ہی لیے ہی کبریا یعنی بزرگی آسمانون مین اور زمین مین اور مین عزیز حکیم ہون عرض کرتے ہین فرشتے کہ ای رب ہمارے بخشش مانگتے تھے تجسے فرماتا ہی اللہ تعالی اِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ یعنی بلا شبہہ مین گواہ کرتا ہون تمکو کہ بخشا مینے اونکو اور ابوہریرہ رضی نے بطریق مرفوع کے روایت کی آنحضرت سے کہ اللہ کے لیے تین کپڑے ہین یعنی صفتین خاص ہین تہبند باندھا عزت کا اور کرتا پہنا رحمت کا اور چادر اوڑھی کبریا کی پس جسنے عزت حاصل کی ساتھ غیر اوس چیز کے کہ عزت دی اللہ نے اوسکو وہ ایسا شخص ہی کہ کہا جاویگا اوسکو ذُقْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ + یعنی چکھ عذاب تو تو عزت والا بزرگ تھا یعنی دنیا مین اپنے گمان مین اور جسنے رحم کیا لوگون پر رحم کریگا اوسپر اللہ پس ایسا ہی کہ پہنا کرتا اپنا جو لائق تھا اوسکو جسنے کبر کیا تحقیق جھگڑا اللہ سے چادر اوسکی کہ لائق اوسکے تھی پس بلا شبہہ اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہی نہین لائق ہی واسطے اوس شخص کے کہ جھگڑے مجھ سے کہ داخل کرون مین اوسکو جنت مین + درمنثور تنبیہ + مناسب آیت وَغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا کے ایک بزرگ نے کہ اللہ رحمت کرے اونپر کیا خوب مضمون لکھا ہی کہ یہ ایک بڑا نصیحت نامہ ہی اونکے حق مین جو آخرت سے غافل ہو رہے ہین ... خواہش مین اٹک رہے ہین اونکے دلونکو دنیا کی محبت نے اسیر کر رکھا ہی آخرت کو بالکل بھول گئے ہین اور یہان کی نکمی چیزون پر

تم تفسیر الجاثیہ الحمد للہ الموصوف بالجمیل و الصلوۃ ... بالکذا ... + جلالین +

ع ۴ ۱۱ ۲۰

بھول رہے ہین سو ان باتون کا اثر اونکے کامون مین خوب پایا جاتا ہی اور اونکے کاروبار سے بخوبی معلوم ہوتا ہی کہ شرعی حکمون کو دنیا کے فائدے کیلیے
چھوڑ دیتے ہین اور جسمین رضامندی اوس خالق کی ایک طرف اور دنیا کا نفع دوسری طرف اونکے آگے آتا ہی تو دنیا کے نفع کو خالق کی رضامندی پر
غالب کرتے ہین اور جو لوگ اس دنیاے ناپایدار کی محبت مین پھنسے نہین وہ خارج ہین اس بحث سے اور یہ کلام اونکی جانب مائل نہین اب جانو کہ
سب آدمی اپنی عقل کی رو سے سمجھتے ہین کہ دنیا ایک گھر ہی بے ثبات و بے بنیاد نہ لائق آرام کے اور نہ قابل اعتماد کے اللہ تعالی فرماتا ہی سورۂ
نسا مین قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ + یعنی کہدے ای پیغمبر دنیا کی خواہش مین سرگردان ہونے والون کو کہ بہرہ مندی دنیا کی آخرت کے
مقابلے مین بہت تھوڑی ہی فرمایا حق سبحانہ تعالی نے سورۂ یونس مین إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ
فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا
وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَنْ
لَمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ○ یعنی کہاوت دنیا کی زندگی کی جلد تمام ہوجانے مین
اور جھٹ پٹ امیر سے فقیر بن جانے مین مثل پانی کے ہی کہ برسایا ہمنے اوسے آسمان سے پھر ملکر نکلا اوس پانی سے سبزہ زمین کا جس سے آدمی اور
چارپائے کھاتے ہین یہان تک کہ جب زمین نے پکڑی رونق اور سنگار پر آئی اور گمان کیا زمین والون نے کہ اب وہ اوسپر قادر ہین جا پہنچا ہمارا حکم
یعنی پہنچا اوسپر ہمارا عذاب خراب کرنے کے واسطے رات کو یا دن کو پھر کر ڈالا اوسکو کٹے ہوئے کھیت کے مانند گویا کہین نام و نشان آبادی کا نتھا
کل اسی طرح بیان کرتے ہین ہم مثالون سے دلیلین اپنی قدرت کی اون لوگون کے لیے جو سوچتے ہین اونمین اور نفع اوٹھاتے ہین یہ ایک آدمی کی
جگہہ مثال مزدور کی ہی کہ مزدوری کو سبکے گھر آتا ہی آسایش بھی اونکی مانند آسایش مزدور کے ہی کہ گارا دیتے ہوے گھڑی بھر ایک نے رہ بیٹھا دم لے لیتا ہی
پھر محنت مین لگجاتا ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَالِي وَلِلدُّنْيَا مَا أَنَا وَالدُّنْيَا إِلَّا كَرَاكِبٍ اسْتَظَلَّ تَحْتَ
شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا + یعنی کیا ہی میرا حال اور دنیا کا مین اور دنیا مانند ایک سوار کے ہین کہ چھاؤن مین ٹھہرا سوا درخت کی
پھر چل کھڑا ہوا اور اوسے چھوڑ گیا سچ جانو تم یہ مکان آدمی کے کمال حاصل کرنے کا ہی نہ کھانے اور سونے کا اور یہ جگہہ تخت او کمائی کی ہی
نہ کھیلنے کودنے بیٹھہ رہنے کی نہ یہان کی عمارت کو اعتبار ہی نہ امارت کو نہ سلطنت کو پایداری ہی نہ دن رات کو چنانچہ اسی جہان کی بادشاہت
نے فرعون او شداد کو غضب الہی مین ڈالا دنیا اور آخرت مین ذلیل و رسوا بنایا لعنت کا طوق لوگون کی طرف سے اونکے گردنون پر پہنایا
اور اسی دنیا کی دولت نے قارون علیہ اللعن کو زمین مین دھسایا اور ہزارون کو یونہین نیست و نابود کیا ہلاکت کو پہنچایا فرمایا اللہ تعالی نے
سورۂ مرسلات مین أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِينَ ○ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِينَ كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ یعنی کیا ہلاک
نہین کیا ہمنے اگلون کو جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود کو پھر اونکے پیچھے پہنچاوینگے ہم پچھلون کو جو اونکا طریق رکھتے ہین اور ایسا ہی سلوک کیے ہین
ہم سب گنہگارون سے یارون اس دنیا کا نام و نشان طلب کرنا محض دھوکا ہی بے منفعت فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ کہف مین قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ
بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ○ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ○
یعنی کہدے ای محمد کیا نہ بتاؤن مین تمکو کنکے عمل اکارت گئے جنکی سعی کچھہ کام نہ آئی بگڑ گئی دنیا کی زندگی مین اور وہ جانتے ہین کہ ہم اچھے کام کرتے ہین یعنی
جیسے قوم یہود اور نصاری کی کنیش اور رہبان کہ اکثر اپنی عبادتگاہ مین نماز و روزہ کرتے ہین اور اونکے تمام عمل بے ایمانی کے سبب سے باطل ہوے یعنی
اور اونکے ثواب سے وہ باز رہتے ہین اور علما نے کہا ہی کہ مراد ایسے گروہ سے اس آیت مین وہ لوگ ہین کہ جنھون نے عقائد اپنے ٹھیک نہین کیے کفر اور
بدعت مین لگے پڑے رہے جیسے خوارج اور روافض یا وہ لوگ جو وظیفہ طول طویل پڑھتے ہین اور نماز و روزے مین خوب مشغول ہین مگر نیت مین
اونکی دنیا کی عزت اور دولت کی آرزو ہی دکھلانے کو سب کچھہ نیک کرتے ہین پر بسبب بے اعتقادی اور ریا کے اونکا عمل کچھہ حساب مین نہ آئے

بالکل برباد ہوگئے سو جو کوئی دنیا سے نزدیکی ڈھونڈتا ہی مقرر وہ اللہ تعالی کی رحمت سے دور پڑتا ہی اور جسنے اوسکی دوستی کا بیج اپنے دل مین بویا تمام عمر کی کمائی کو ساتھ حسرت اور ندامت کے کھویا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْھَا اِلَّا ذِکْرُ اللّٰہِ وَمَا وَالَاہُ یعنی دنیا راندی گئی ہی اللہ کے دربار سے اور راندی گئی ہی جو چیز اوسمین ہی مگر اللہ کا ذکر اور جو اوس سے علاقہ رکھتا ہی + تنبیہ الغافلین سید احمد صاحب رحمہ اللہ +

سورۃ الاحقاف مکیۃ وھی خمس وثلثون اٰیۃ واربعۃ رکوعات

اس سورت کا نام سورۂ احقاف ہی احقاف نام ہی ایک ریگستان کا ولایت یمن مین کہ حضرت ہود علیہ السلام کی امت وہان رہتی تھی چنانچہ بیان مفصل اسکا آگے آویگا چونکہ ذکر اوسکا اسمین ہی اور ہی وہ قصہ عجیبہ اسلیے یہ نام اسکا ٹھہرا اور یہ سورت مکی ہی سوا ے آیت قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ کَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ آخر آیت تک کے اور آیت فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ آخر آیت تک کے اور آیت وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ سے تین آیتون تک کے کہ یہ مدنی ہین اور آیتین اسمین ۳۵ پینتیس ہین اور کلمے چھ سو چوالیس ۶۴۴ اور حروف دو ہزار چھ سو ۲۶۰۰ اور رکوع چار ۴ اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورۂ جاثیہ کے اسی لیے بعد اوسکے لکھی گئی اور سوا ے اسکے اور مضامین بھی آپسمین مناسب ایک دوسرے کے ہین +

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

حٰمٓ ○ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ○

اوتارنا کتاب کا ہی اللہ سے جو زبردست ہی حکمت والا + موضح +

بھیجنا کتاب کا یعنی قرآن کا جانب خدا ے غالب باحکمت کے سے ہی +

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّی وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ○

ہمنے جو بنائے آسمان اور زمین اور جو انکے بیچ ہی سو ایک کام پر اور ایک ٹھہرے وعدے پر اور جو منکر ہین ڈر سنایا نہین دھیان کرتے + موضح +

نہین پیدا کیے ہمنے آسمان اور زمین اور جو کچھ کہ درمیان دونون کے ہی مگر ساتھ تدبیر درست کے اور ساتھ ایک وقت مقرر کے اور جو کہ کافر ہوے اوس چیز سے کہ ڈرایا گیا اونکو مونھہ پھیرنے والے ہین + تفسیر + ساتھ تدبیر درست کے تو کہ دلالت کرے اوپر قدرت اور وحدانیت ہماری کے ساتھ ایک وقت مقرر کے یعنی روز قیامت کے اور وہ ایسا وقت ہی کہ پہونچینگے اوس تک آسمان و زمین یعنی جب تک باقی رہینگے پھر فنا ہو جائینگے پس یہ اشارہ ہی طرف فنا ہونے اونکے سے اوس چیز سے کہ ڈرایا گیا اونکو کہ وہ ہول اوسدن کا ہی کہ بالضرور ہر مخلوق کو پہونچنا ہی طرف اوسکے یا مراد بعث و حساب ہی کہ ڈرایا گیا ساتھ اوسکے قرآن مین مونھہ پھیرنے والے ہین یعنی نہین ایمان لاتے اوسپر اور نہ اہتمام کرتے ہین اوسکے لیے سامان طیار کرنے کا + معالم +

قُلْ اَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَھُمْ شِرْکٌ فِی السَّمٰوٰتِ اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ ھٰذَآ اَوْ اَثٰرَۃٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○

تو کہہ بھلا دیکھو تو جنکو پکارتے ہو اللہ کے سوا ے دکھاؤ تو مجکو اونھون نے کیا بنایا زمین مین یا کچھ اونکا ساجھا ہی آسمانون مین لاؤ میرے پاس کوئی کتاب اس سے پہلے کی یا چلا آتا کوئی علم اگر ہو تم سچے + موضح +

کہہ کیا دیکھا تمنے اوس چیز کو کہ پوجتے ہو تم سواے خدا کے دکھا دو مجکو کیا پیدا کیا ہی زمین سے یا واسطے اونکے کچھ ساجھا ہی آسمانون مین لے آؤ میرے پاس کوئی کتاب کہ آئی ہو پہلے اس سے یا بقیہ علم سے اگر ہو تم سچے ✚ **تفسیر** ✚ اَرَاَیْتُمْ کے معنی ہین خبر دو مجکو اور سواے خدا سے مراد بت ہین اور اَرُوْنِی کے معنی بھی خبر دو مجکو ہین یہ تاکید ہی اَرَاَیْتُمْ کی کیا پیدا کیا ہی الخ یعنی کون سی چیز پیدا کی ہی اونھون نے اون چیزون میں سے کہ زمین مین ہین اگر ہین وہ معبود یا واسطے اونکے ساجھا ہی الخ یعنی یا ساجھا ہی اونکو ساتھ اللہ کے آسمانون کے پیدا کرنے مین پہلے اس سے یعنی پہلے اس کتاب سے کہ وہ قرآن ہی یعنی یہ کتاب ناطق ہی ساتھ توحید کے اور باطل کرنے شرک کے اور نہین اوتاری گئی کوئی کتاب اللہ کی اس سے پہلے مگر وہ ناطق ہی ساتھ مثل اسکے پس لے آؤ بھلا ایک تو کتاب اوتری ہوئی پہلے اس سے کہ گواہی دیتی ہو ساتھ صحت اوس چیز کے کہ تم اوس پر ہو یعنی پوجنا غیر اللہ کا یا بقیہ علم سے کہ باقی رہا ہی تمپر علوم اولین سے اگر ہو تم سچے یعنی اس بات مین کہ اللہ نے حکم کیا ہی تمکو بتون کے پوجنے کا ✚ **ف ل** ✚

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝

اور اوس سے بہکا کون جو پکارے اللہ کے سوا سے ایسے کو کہ نہ پہنچے اوسکی پکار کو دن قیامت تک اور اونکو خبر نہین انکے پکارنے کی ✚ **مو** ✚

اور کون ہی گمراہ زیادہ اوس شخص سے کہ پکارتا ہی سواے خدا کے اوس چیز کو کہ قبول نکرے پکارنا اوسکا روز قیامت تک اور یہ معبود باطل انکے پکارنے سے غافل ہین یعنی ہمیشہ کیونکہ ✚ **ط** ✚

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝

اور جب لوگ جمع ہونگے وہ ہونگے انکے دشمن اور ہونگے انکے پوجنے سے منکر ✚ **مو** ✚

اور جب جمع کیے جاوینگے لوگ ہونگے یہ معبود اونکے دشمن اور ہونگے یعنی معبود اونکی عبادت کے انکار کرنے والے ✚ **تفسیر** ✚ یعنی کہین گے معبود اونکے کہ نہین بلایا ہمنے اونکو اپنی عبادت کی طرف اور معنی استفہام کے بیچ مَنْ اَضَلُّ کے انکار کے ہین یعنی ان بت پرستون سے زیادہ کون گمراہ ہوگا کہ چھوڑ دیا ہی اونھون نے ایسے خداے تعالی کو کہ وہ شاہنشاہ ہی سنتا ہی اور قبول کرتا ہی دعا اور قادر ہی ہر چیز پر اور پکارتے ہین اوسکے غیرون کو کہ جو جماد ہین نہ قبول کرتے ہین پکار کو اور نہ قدرت رکھتے ہین کسیکے جواب دینے پر جب تک کہ دنیا قائم ہی اور رہیگا یہان تک کہ قائم ہو قیامت اور جب قائم ہوگی قیامت اور جمع کیے جاوینگے لوگ تو ہونگے معبود اونکے دشمن اونکے اور ہونگے مخالف انکے اور انکی عبادت کا انکار کرینگے غرضکہ وہ ہر صورت باعث انکی حسرت و خرابی کے ہین دارین مین ✚ **ف ل** ✚ **تنبیہ** ✚ آیت وَمَنْ اَضَلُّ الخ سے یہ سمجھا گیا کہ پکارنا بزرگون کو وقت پیش آنے حاجتون وغیرہ کے ہر جگہہ اور ہر مکان سے بہت برا ہی بلکہ شرک بعضے کم فہم یہان پر دو طرح مغالطے مین پڑے ہین اور اورون کو بھی مغالطہ دیتے ہین ایک تو یہ کہ یہ آیت اور مانند اسکے بتون کے پکارنے والون کے حق مین اوتری ہین نہ بزرگون کے پکارنے والون کے حق مین اور دوسرے یہ کہ بعض مفسرین نے یہان یَدْعُوْا کو ساتھ یَعْبُدُ کے تفسیر کیا ہی نہ بمعنی پکارنے اور ندا کرنے کے **جواب** شبہہ اول کا یہ ہی کہ قاعدہ اصول کا ہی اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا لِخُصُوْصِ السَّبَبِ ✚ یعنی اعتبار عموم لفظ کا ہی نہ خصوص سبب کا پس بموجب اس قاعدے کے جیسا پکارنا بتون کا برا ہی ایسا ہی بزرگون کا اور درصورتیکہ لفظ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ صریح اس آیت مین اور اور آیتون مین کہ آگے آتی ہین واقع ہو کیا مجال دم زدن ہی اور **جواب** دوسرے شبہے کا یہ ہی کہ اصلی معنی دعا پکارنے اور مانگنے ہی کے ہین اور مجازی عبادت کے چنانچہ امام راغب نے مفردات قرآن مین لکھا ہی اَلدُّعَآءُ وَالنِّدَآءُ وَاحِدٌ الخ یعنی دعا اور ندا ایک ہین اور عبد الحکیم نے حاشیہ بیضاوی مین لکھا ہی اَلدُّعَآءُ وَالنِّدَآءُ بِمَعْنًى وَاحِدٍ وَقِيْلَ الدُّعَآءُ لِلْقَرِيْبِ وَالنِّدَآءُ لِلْبَعِيْدِ انتہی یعنی دعا اور ندا بمعنی واحد کے ہی اور بعضون نے کہا کہ دعا قریب کے لیے ہی اور ندا بعید کے لیے اور امام راغب نے کو نے اور جگہہ مفردات قرآن مین دعا کو بمعنی سوال اور استغاثہ کے لیا ہی اور کتنی آیتین قرآن مجید کی اپنے مدعا پر سند لائے ہین پس کہا دَعَوْتُهٗ اِذَا سَاَلْتُهٗ وَاسْتَغَثْتُهٗ

یعنی عرب میں بولتے ہیں دَعَوتُہٗ جب کہ سوال کرے تو اوس سے اور استغاثہ کرے تو اوس سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اُدْعُ لَنَا رَبَّكَ اَیْ سَلْہُ
یعنی دعا کر ہمارے لیے اپنے رب سے یعنی سوال کر اوس سے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ
اللّٰهِ تَدْعُوْنَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ + یعنی اگر آوے تمکو عذاب اللہ کا یا آوے تمہارے پاس قیامت
کیا غیر اللہ سے سوال کرنے لگے یعنی امان اوس سے اگر ہو تم سچے نہ بلکہ اوسی سے سوال کروگے آگاہ کیا ہمکو کہ تمکو جب پہونچتی ہے شدت تو نہیں التجا کرتے تم
مگر طرف اوسی کے اور اوسے پکارتے ہو فرمایا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا یعنی مانگو اوس سے از راہ خوف و طمع کے اور اور جا فرمایا وَادْعُوْا
شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ یعنی اور پکارو اپنے شہدا کو سوائے اللہ کے اگر ہو تم سچے اور فرمایا وَاِذَا مَسَّ
الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ یعنی اور جب پہونچتا ہے انسان کو ضرر دعا کرتا ہے اپنے رب سے رجوع کر کر طرف اوسکے
اور فرمایا وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖ یعنی اور جب پہونچتا ہے انسان کو ضرر دعا کرتا ہے ہمسے اپنے پہلو پر
پڑا ہوا اور فرمایا وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ + یعنی اور نہ پکار سوائے اللہ کے اوس چیز کو کہ نفع
پہونچاوے تجھکو اور نہ ضرر اور فرمایا لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا + یعنی نہ پکارو آج کے دن
ایک حسرت اور پکارو بہت سی حسرتیں اور یہ جو آتا ہے دَعَا عَلَى الشَّيْءِ یا اِلَى الشَّيْءِ اوسکے معنی یہ ہوتے ہیں کہ رغبت دلائی اوسکے قصد
کرنے پر جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ یعنی اے رب میرے قید خانہ بہت پیارا ہے میرے
نزدیک اوس چیز سے کہ رغبت دلاتی ہیں عورتیں مجکو اوسکے قصد کرنے پر اور فرمایا وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ یعنی اور اللہ رغبت
دلاتا ہے طرف قصد کرنے اعمال دار السلام یعنی جنت کے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے بمقولہ حزبیل مومن آل فرعون کا کہ کہا اونھوں نے يٰقَوْمِ
مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ یعنی کیا ہے مجکو کہ رغبت دلاتا ہوں تمکو طرف قصد کرنے نجات کے کاموں
کے اور رغبت دلاتے ہو تم مجکو طرف قصد کرنے اعمال دوزخ کے تمام ہوا قول امام راغب کا + اور تفسیر نیشاپوری میں تحت آیت کریمہ
اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ الخ کے لکھا ہے کہ جاننا چاہیے کہ دعا مصدر دَعَوْتُ اَدْعُوْ کا ہے اور کبھی ہوتا ہے اسم کہ کہتا ہے تو سَمِعْتُ
دُعَآءً جیسے کہتا ہے تو سَمِعْتُ صَوْتًا اور حقیقت دعا کی ہے استدعا کرنی بندے کی اپنے رب جل جلالہ سے عنایت اور مدد کو کہا جمہور
عقلا نے کہ دعا اعظم مقامات عبودیت سے ہے اور وہ شعار صالحین ہے اور آداب انبیا اور رسولوں کے سے انتہی اور تفسیر جلالین میں
لکھا ہے وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ عِبَادَتُهُمُ الْاَصْنَامَ اَوْ حَقِيْقَةُ الدُّعَآءِ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ + یعنی نہیں ہے دعا کافروں
کی یعنی پوجنا اونکا بتوں کو یا حقیقت دعا کی یعنی پکارنا کافروں کا مگر بیچ گمراہی کے اور مانند ان مضامین کے تفسیر کبیر اور مدارک اور بیضاوی
وغیرہ میں بھی ہیں غرض اس سے ثابت ہوا کہ حقیقی معنی دعا کے ندا اور استدعا کے ہیں اور معنی عبادت کے لازم اور مجازی ہیں اور قاعدہ اصول
فقہ کا ہے کہ لَا يُصَارُ اِلَى الْمَجَازِ اِلَّا عِنْدَ تَعَذُّرِ الْحَقِيْقَةِ یعنی نہیں پھیرا جاتا ہے کلام طرف مجاز کے مگر وقت نہ بنے حقیقت کے اور
جہاں معنی حقیقی بنتے ہوں تو کیا ضرورت ہے کہ رجوع کریں ہم طرف معنی مجازی کے اور بعضے مفسرین نے جو یَدْعُوْ کو یَعْبُدُ کر تفسیر کیا ہے تو اوسکی وجہ
یہ ہے کہ ندا اوسے وقت حاجت کے کرنی اور دعا مانگنی بھی عبادت ہے اسیواسطے حدیث شریف میں آیا ہے اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ یعنی دعا
مانگنی بڑا جز عبادت کا ہے اور اس شبہہ کو مفسرین متاخرین نے بخوبی دفع کر دیا ہے ساتھ ترجمہ کرنے الفاظ مذکورہ کے چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب
اور حضرت مولانا عبد العزیز اور مولانا عبد القادر اور مولانا رفیع الدین علیہم الرحمۃ نے ترجمہ یدعو اور مانند اوسکے کا میخواند اور پکارتا ہے
وغیرہ ذلک کیا ہے بنظر قاعدہ مذکورہ اصول فقہ کے اور اسی لیے قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ نے بیچ ترجمہ ارشاد الطالبین کے لکھا ہے کہ جو کہ
کہتے ہیں یَا شَيْخ عَبْدَ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ شَيْئًا لِلّٰهِ یا خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی یہ کہنا جائز نہیں ہے اور اگر کہے یا الٰہی بحرمت

خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی کے مضایقہ نہیں لکھتا ہی حق تعالی فرماتا ہی وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ یعنی جنسے کہ تم دعا چاہتے ہو سواے خدا کے وہ بندے مانند تمہارے ہین انکو کیا قدرت ہی کہ حاجت کسیکی بر لاوین اگر کوئی کہے کہ یہ آیت حق کفار کے ہی کہ بتون کو یاد کرتے تھے تو کہا جاوے کہ لفظ عام ہی اور عموم لفظ معتبر ہی نہ خصوص محل اور جو کچھ حدیث مین آیا ہی کہ ذِكْرُ الْاَنْبِيَاءِ مِنَ الْعِبَادَةِ وَذِكْرُ الصَّالِحِيْنَ كَفَّارَةٌ وَذِكْرُ الْمَوْتِ صَدَقَةٌ وَذِكْرُ الْقَبْرِ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ رَوَاهُ صَاحِبُ مُسْنَدِ الْفِرْدَوْسِ بِسَنَدٍ ضَعِيْفٍ عَنْ مُعَاذٍ وَذِكْرُ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ رَوَاهُ صَاحِبُ مُسْنَدِ الْفِرْدَوْسِ عَنْ عَائِشَةَ بِسَنَدٍ ضَعِيْفٍ یعنی ذکر کرنا انبیا کا عبادت سے ہی اور ذکر کرنا صالحین کا کفارہ ہی اور ذکر کرنا موت کا صدقہ اور ذکر کرنا قبر کا قریب کرتا ہی تمکو جنت سے نقل کی صاحب مسند فردوس نے ساتھ سند ضعیف کے معاذ سے اور ذکر کرنا حضرت علی کا عبادت ہی نقل کی صاحب مسند فردوس نے عائشہؓ سے ساتھ سند ضعیف کے مراد اس ذکر سے ذکر کرنا بلندی مرتبہ اور شان کا ہی اور ذکر کرنا احوال اور اخلاق اور سیرت اونکی کا ہی تو پیروی کرین لوگ اونکی اور مخالفت امضاء اونکی سے پرہیز کرین مگر یہ کہ ذکر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ ذکر خدا تعالی کے اذان مین اور تکبیر مین اور تشہد مین اور مانند اونکی کے مین عبادت ہی بموجب قول اللہ تعالی کے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۔ پس اگر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے اور بڑہاوے اوسکے ساتھ علی ولی اللہ یا ابو بکر ولی اللہ تعزیر دیا جاوے اور ذکر محمد رسول اللہ کا بھی اوس طرح پر کہ شرع مین وارد نہین ہوا ہی جیسے کہ کوئی بطور وظیفہ کے یا محمد یا محمد کہتا ہو جائز نہین ہوگا تمام ہوا کلام قاضی ثنا ء اللہ کا جون کا تون ۔ اور مطابق اس مضمون کے مولانا اسحٰق صاحب علیہ الرحمہ نے مائۃ المسائل مین لکھا ہی کہ بیچ ندا کرنے غائب کے درمیان نبی اور غیر نبی کے فرق ہی اگر نبی کو ندا کریگا واسطے پوہنچانے ثواب درود و سلام کے ظاہرا جائز ہوگا دو سبب سے ایک تو یہ حدیث شریف مین وارد ہوا ہی کہ ملائکہ حق تعالی کی طرف سے مقرر ہین جو کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوۃ یا سلام بھیجتا ہی تو ملائکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو پوہنچاتے ہین دوسرے یہ کہ اَلتَّحِيَّاتُ مین خطاب واسطے پوہنچانے سلام کے وارد ہوا ہی پس بنا بر اوسکے اگر کوئی یا رسول اللہ کہے واسطے پوہنچانے درود و سلام کے جائز ہی اور بیچ حق اور شخصون کے سواے نبی کے اس طرح وارد نہین ہوا ہی پس ندا بیچ حق غیر نبی کے ممنوع ہوگی بدلیل عموم آیات قرآنی کے کہ بیان کیجاوینگی اور اگر غیر خدا کو ساتھ اس اعتقاد کے ندا کرتا ہی کہ جسوقت مین ندا کرتا ہون وہ سن لیتا ہی یا قدرت مستقل بیچ حاجت بر لانے کے رکھتا ہی یا عالم مین متصرف ہی یا شرکت تدبیر کی بیچ کارخانجات الٰہی کے رکھتا ہی تو اس صورت مین شریک کرتا ہی ساتھ خدا کے واسطے دفع کرنے اس امر کے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوے کسیکو بیچ علم غیب کے اور قدرت مطلقہ کے اور تصرف کرنے کے بیچ امور عالم کے شریک ساتھ خدا تعالی کے نکرنا چاہیے پس اس طرح ندا کرنا غیر خدا کو موجب کفر و شرک کا ہی چنانچہ آیتین قرآن کی اور حدیثین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اور روایتین فقہ کی اسپر دلالت کرتی ہین فرمایا اللہ تعالی نے قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ○ یعنی نہین جانتے ہین جو کہ آسمان و زمین مین ہین غیب کو سواے اللہ کے اور نہین جانتے وہ کہ کب اوٹھائے جاوینگے بعد مرنے کے اور یہ بھی فرمایا اللہ تعالی نے وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا الخ یعنی یہی آیت کہ جسکی تفسیر مین یہ بیان ہو رہا ہی اور فرمایا اللہ تعالی نے وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ اسکا ترجمہ بھی لکھا جاتا ہی لفظ وَلَا يَضُرُّكَ تک اور اوسکے بعد کا یہ ہی پس اگر کیا تونے یہ پس بلا شبہ تو اوسوقت ظالمون مین سے ہوگا اور فرمایا اللہ تعالی نے قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ○ یعنی کہا ہی محمد مشرکون سے کہ پکارو اون لوگون کو کہ گمان کرتے ہو تم معبود اپنے سواے اللہ کے نہین مالک وہ

برابر ہے کے آسمانون مین اور نہ زمین مین اور نہین ہی اونکے لیے اونمین کچھ بھی شرکت اور نہین ہی واسطے اونکے کوئی مددگار اور آیتین بہت ہین اوسپر حدیثین پس ایک تو اونمین سے یہ ہی قَالَتْ اِحْدٰىهُنَّ وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَالَ دَعِيْ هٰذِهٖ وَقُوْلِيْ بِالَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ یعنی کہا ایک نے عورتون مین سے اور ہم مین نبی ہی کہ جانتا ہی جو کچھ کل ہوگا پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دے یہ کہنا اور کہہ جو کچھ کہتی تھی تو اور یہ بھی حدیث شریف مین عایشہ رضی اللہ عنہا سے آیا ہی کہ کہا اونھون نے جو کوئی خبر دے تجکو کہ محمد جانتے ہین پانچ چیزین جو فرمائین ہین اللہ تعالی نے اس آیت مین اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ الخ پس تحقیق بڑا بہتان بنایا یہ روایت مسلم مین ہی اور یہ بھی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وَاللّٰهِ لَا اَدْرِيْ وَاللّٰهِ لَا اَدْرِيْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ یعنی قسم خدا کی نہین جانتا مین قسم خدا کی نہین جانتا مین حالانکہ مین رسول خدا کا ہون کہ کیا کیا جاویگا ساتھ میرے اور ساتھ تمھارے یہ حدیث مشکوۃ مین ہی اور اور حدیثین بہت ہین یہ بطریق نمونے کے ذکر کی گئین اسپر روایتین فقہ کی پس ایک تو یہ ثُمَّ اعْلَمْ اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ لَمْ يَعْلَمُوا الْمُغَيَّبَاتِ مِنَ الْاَشْيَاءِ اِلَّا مَا عَلَّمَهُمُ اللّٰهُ اَحْيَانًا الخ یعنی پھر جان تو کہ انبیا نہین جانتے ہین غیب کی چیزین مگر جو کچھ کہ معلوم کرا دیا اونکو اللہ نے کبھی ذکر کیا ہی حنفیہ نے صریحا کہ کافر ہوتا ہی اس اعتقاد سے کہ نبی جانتے ہین غیب کو بسبب معارضہ قول اللہ تعالی کے قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ترجمہ اسکا ابھی اوپر لکھا جا چکا ہی یہ مضمون شرح فقہ اکبر ملا علی قاری کی مین ہی اور کہا بزازیہ وغیرہ فتاوون مین کہ مَنْ قَالَ اِنَّ اَرْوَاحَ الْمَشَائِخِ حَاضِرَةٌ تَعْلَمُ يَكْفُرُ یعنی جو کوئی کہے کہ ارواح مشائخ کی حاضر ہین جانتی ہین یعنی جو کچھ ہوتا ہی کافر ہوتا ہی اسی طرح کہا شیخ فخر الدین ابو سعید عثمان جیانی بیٹے سلیمان حنفی کے نے اپنے رسالے مین اور بحر الرائق مین ہی وَمَنْ ظَنَّ اَنَّ الْمَيِّتَ يَتَصَرَّفُ فِي الْاُمُوْرِ دُوْنَ اللّٰهِ وَاعْتَقَدَ بِهٖ ذٰلِكَ كَفَرَ + اور جسنے گمان کیا کہ مردہ تصرف کرتا ہی امور مین سوائے اللہ کے اور اعتقاد کیا یہ کافر ہوا تمام ہوا کلام مولانا رحمہ اللہ کا اب منصف کو چاہیے کہ غور کرے اگلون کے کلام مین اور مولانا صاحب کی تحقیق مین کہ حاصل مطلب سبکا ایک ہی ہی کوئی از راہ بغض وحسد کے آپ کی تحقیق مین جرح قدح کرے تو برا کیا کرے اِلَيْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَآبُ اور غرض اس عاجز کی اس تقریر طول وطویل کے لانے سے یہ ہی کہ تو مسلمان بھائی اسکو دیکھکر متنبہ ہون او رجانین کہ جو یا علی یا پیر یا مدار یا سالار یا بھیک وغیر ذلک پکارتے ہین سراسر گمراہی وغلطی مین پڑے ہین

اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

اور جب سنائیے اونکو ہماری باتین کھلی کہتے ہین منکر سچی بات کو جب اون تک پہنچی یہ جادو ہی صریح + مو

اور جب پڑھی جاتی ہین اہل مکہ پر آیتین ہماری ظاہر یعنی قرآن کہتے ہین یہ کافر یعنی اہل مکہ مین سے بات درست کو جب آیا اونکے پاس یہ سحر ظاہر ہی + **تفسیر** بَيِّنٰتٍ جمع بینہ کی ہی بمعنی حجت اور شاہد کے اور مراد حق سے آیتین ہین اور الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے وہ کہ جنپر پڑھی جاتی ہین آیتین جب آیا اونکے پاس یعنی سنتے ہی انکار کرنے لگے بلا تامل بغیر تدبر وتفکر کے سحر ظاہر ہی یعنی ظاہر ہی امر اوسکا بطلان مین نہین شبہہ ہی اوسمین + مد

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ

کیا کہتے ہین یہ بنا لیا تو کہہ اگر مین بنا لایا ہون تو تم میرا بھلا نہین کر سکتے اللہ کے سامنے کچھ اوسکو خوب خبر ہی جن باتون مین لگے ہو

كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

وہ بس ہی حق بتانے والا میرے تمہارے بیچ اور وہی ہی گناہ بخشتا مہربان + مو

بلکہ کہتے ہین باندھ لیا ہی اسکو پیغمبر نے کہہ اگر باندھ لیا ہی مینے اسکو پس نہین تم مالک واسطے میرے اللہ سے کسی چیز کے خدا خوب جانتا ہی تمھاری

گفتگو کو قرآن مین بس ہی خدا اظہار حق کرنے والا درمیان میرے اور درمیان تمہارے اور وہ ہی بخشنے والا مہربان **تفسیر** باندھ لیا ہی یعنی اپنی طرف بنا لیا ہی اور نسبت کیا ہی اوسکو اللہ کی طرف جھوٹ سے اور ضمیر افتراہ کی حق کی طرف پھرتی ہی اور مراد حق سے آیتین ہین اگر باندھ لیا ہی میتنے الخ یعنی اگر بنا لیا ہی مینے اسکو اپنی طرف سے بالفرض والتقدیر تو اللہ جلدی بھیجیگا مجھپر عذاب اور آ پکڑیگا اور میرے پھیر باز نہین رکھ سکنے کے تم اوسکو میرے اوپر عذاب جلدی کرنے سے اور نہین طاقت رکھتے تم دفع کرنے کی اوسکے عذاب سے کچھ پس کیونکر افترا کرون مین اوپر اور مستحق ہون اوسکے عذاب کا اور شَہِیۡدًا کے معنی یہ ہین کہ وہ گواہ ہی میرے سچ پر اور رسالت کے پہونچانے پر اور گواہ ہی تمہارے انکار پر اور یہ جو فرمایا کہ وہ خوب جانتا ہی اور گواہ ہی مراد اس سے وعید ہی کہ ونکی گفتگو کرنے پر سزا دیگا اور یہ جو فرمایا کہ وہ بخشنے والا مہربان ہی یہ وعدہ ہی مغفرت اور رحمت کا اگر باز آوین کفر سے اور ایمان لاوین **ف** نہین تم مالک یعنی نہین دور کر سکتے تم مجھسے عذاب اوسکا اگر عذاب کرے مجکو افترا پر پس کیونکر افترا کرونگا اللہ پر تمہارے سبب سے **معا تنبیہ** بھائیون خیال تو کرو اس غفلت پر کہ وہ کافر آنحضرت کو پہلے ظاہر ہونے نبوت کے سچا جانتے تھے لیکن اس دنیا کی اور ریاست کی محبت نے یہ نوبت پہونچائی تھی کہ ایسے نبی سچے پر بہتان افترا کا لگایا ایسے ایک بزرگ رحمۃ اللہ علیہ نے اس دنیا کی برائی مین یہ مضمون کیا خوب لکھا ہی کہ اس دنیا کی تمنا مین اوقات کا کھونا محض شرمندگی اور رسوائی حاصل کرنی ہی فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ شوریٰ مین مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا وَمَا لَہٗ فِی الۡاٰخِرَۃِ مِنۡ نَّصِیۡبٍ یعنی جو کوئی اپنے لیے دنیا چاہتا ہی دیتے ہین ہم اوسکو اوسمین سے اور نہین ہی اوسکو آخرت مین کچھ حصہ جیسے بے دینون کو یہان بڑی فراغت ہوتی ہی چین اور آرام سے گذرتی ہی جو انکی تقدیر مین لکھا ہی یہان ملتا ہی مگر وہ لوگ وہان کی نعمتون سے محروم ہین اور جو کوئی آخرت کی بھلائی چاہتا ہی اپنا حصہ دنیا مین یہان پاتا ہی پھر زیادہ اس سے وہان فیض اوٹھاتا ہی اور پہلون کو نہ مال و اولاد کچھ کام آوے نہ عزت اور حشمت یہا کی وہان کے دکھ سے چھڑاوے دنیا چند روزہ ہی ہر طرح سے گذر جاویگی آخر اللہ ہی سے کام پڑیگا دنیا کے مزے چھوڑنے پڑینگے یہان کے نام و نشان کام نہ آوینگے گھر بار زن و فرزند کو اگر تم خود نچھوڑوگے چھڑاوینگے موت کی گھڑی جب آ پہونچیگی ایک دم کی فرصت نہ دینگے فرماتا ہی اللہ تعالی سورۂ یٰسٓ مین فَلَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ تَوۡصِیَۃً وَّلَاۤ اِلٰۤی اَہۡلِہِمۡ یَرۡجِعُوۡنَ یعنی جب آ گھڑی ہوگی موت کی یا قیامت کی نہ فرصت ملیگی اونکو اپنے لوگون کو وصیت کرین اور نہ طاقت پاوینگے کہ اونکی طرف پھرین جہان کے تہان رہ جاوینگے کھیت مین ہون یا بازار مین ہین مر جاوینگے اچھے عالم اچھے عاقل بڑے سے بڑے طبیب کامل ہزارون طرح کی دوائین موجود اور ہر طرح کا اسباب تندرستی اور خوشی کا مہیا رہتا ہی اور وہ بیچارہ مرد والا قابض الارواح کے تنجے مین گرفتار سیکڑون دوست آشنا اپنے بیگانے گرد و پیش حاضر اور وہ عزیز سکرات موت کی کشاکش مین مجبور و لاچار اگر تمام روے زمین کے حکیم حاذق جمع ہون ایک ذرہ بھر اوسکو جنبش نہ دے سکینگے ایک سر مو اوسکی بہتری نکر سکینگے فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ واقعہ مین فَلَوۡلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الۡحُلۡقُوۡمَ ۙ وَ اَنۡتُمۡ حِیۡنَئِذٍ تَنۡظُرُوۡنَ ۙ وَ نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡہِ مِنۡکُمۡ وَ لٰکِنۡ لَّا تُبۡصِرُوۡنَ ۙ فَلَوۡلَاۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ غَیۡرَ مَدِیۡنِیۡنَ ۙ تَرۡجِعُوۡنَہَاۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ۙ یعنی پھر کیون نہین جب جان اونچے گلے تک مرنے کے وقت اور تم دیکھتے ہو مرنے والے کو اور ہم بہت نزدیک ہین اوس مرنے والے کے تمسے ولیکن تم نہین دیکھتے پس اگر تم نہین ہو کسی کے حکم مین یعنی قیامت کے دن نہین پھیر لیتے جان کو بدن کیطرف یعنی بعد پہونچنے جان کے گلے تک اگر تم سچے ہو کافرون کے لیے یہ دنیا آرام کی جگہ ہی خوشی سے گذرتی ہی اور مومنون کو دکھ اور انتظار لگا رہتا ہی پھر اوسمین رنج اور تکلیف ہی رہتی ہی اسی پر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلدُّنۡیَا سِجۡنُ الۡمُؤۡمِنِ وَجَنَّۃُ الۡکَافِرِ یعنی دنیا قید خانہ ہی مومن کے حق مین اور باغ و بہار ہی کافرون کے حق مین تمام جہان پچھم سے پورب اور اتر سے دکھن اور ابتدا سے انتہا تک سب کا سب اگر کسیکے ہاتھ آوے پھر وہی نجس و ناپاک ہے حقیقت ہی اللہ جل شانہ کے دربار مین کچھہ نہین ہو سکی

تدرون نزلت جیسا فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ آل عمران مین لَنْ یُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ
قبول کیا جاویگا کسی اون نافرمانون مین سے زمین بھر سونا کہ اپنے بدلے دے کر عذاب سے چھوٹ جاوے یا اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور خوشی
کے مقابل مین یہ دنیا ایک کوڑی بھر کی عزت نہین رکھتی بلکہ اوس سے بھی کمتر گنی جاتی ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَوْ كَانَتِ
الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَّا سَقٰى كَافِرًا مِّنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ + اگر دنیا اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے
برابر ہوتی تو نہ پلاتا وہ کسی کافر کو اوسمین سے ایک گھونٹ پانی کا

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا
تو کہہ مین کچھ نیا رسول نہین آیا اور مجھکو معلوم نہین کیا ہونا ہی مجھسے اور نہ تمسے مین اوسی پر چلتا ہون جو حکم آتا ہی مجھکو اور میرا کام یہی ہی
اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝
ڈر سنا دینا کھول کر + موق

کہ نہین ہون مین نیا آیا ہوا پیغامبر خدا سے اور نہین جانتا ہون مین کہ کیا جاویگا ساتھ میرے اور ساتھ تمھارے یعنی دنیا مین اور پیروی
نہین کرتا ہون مین مگر اوس چیز کی کہ وحی کیجاتی ہی طرف میرے اور نہین ہون مین مگر ڈرانے والا آشکارا + تفسیر مین نیا آیا ہوا یعنی
نہین ہون مین اول مرسل کہ انکار کرو تم نبوت میری کا پہلے گذر چکے ہین مانند میرے بہت سے رسول پس کیونکر جھٹلاتے ہو تم مجھکو کیا جاویگا یعنی
کیا کریگا اللہ ساتھ میرے اور ساتھ تمھارے زمانہ آیندہ مین اور کلبی سے ہی کہ تنگ ہوئے صحابہ مشرکون کی ایذا سے پس عرض کیا اونھون نے
آنحضرت سے کہ کب تک رہینگے ہم اس حال پر پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ یعنی مین نہین جانتا
کہ کیا کیا جاویگا ساتھ میرے اور ساتھ تمھارے آیا مکے ہی مین چھوڑا جاونگا یا حکم کیا جاویگا مجھکو نکلنے کا طرف اوس زمین کے کہ دکھائی گئی مجھکو
یعنی خواب مین ایک زمین دکھائی گئی کہ اوسمین درخت کھجور کے ہین اور اوسطرح بطرح کے درخت ہین + ملق آیا کیا جاویگا الخ یعنی دنیا مین آیا
نکالا جاونگا مین اپنے شہر سے یا قتل کیا جاونگا جیسا کیا گیا ساتھ اون نبیون کے کہ پہلے مجھسے تھے اور آیا مارے جاوینگے تمکو پتھر یا دھسایا جاویگا
تمکو مانند جھٹلانے والون کے کہ پہلے تمسے تھے مگر اوس چیز کی کہ وحی کیجاتی ہی الخ یعنی قرآن کی اور نہین کہتا مین اپنی طرف سے کچھ بجلال
جب نازل ہوئی یہ آیت یعنی قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ الخ تو خوش ہوئے مشرک اور کہا قسم ہی لات و عزی کی امر ہمارا اور امر محمد کا
اللہ کے نزدیک ایک ہی سا ہی اور اونکو ہمپر کچھ فضیلت نہین جیسے کہ ہم انجام کار اپنا نہین جانتے وہ بھی انجام کار اپنا نہین جانتے اگر پیغمبر خدا
کے ہوتے تو چاہیے تھا کہ اپنے حال سے خبر رکھتے پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے آیت اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ
مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ یعنی بلاشبہ ہمنے حکم کیا تیرے لیے فتح ظاہر کا یعنی مکہ وغیرہ کے فتح ہونے کا زمانہ آیندہ مین زبردستی بسبب
جہاد تیرے کے انجام فتح کا یہ ہی کہ بخشے تجکو خدا جو کچھ کہ سابق گذرا ہی اور جو کچھ کہ پیچھے رہا گناہ سے یعنی اگلے پچھلے گناہ واسطے رغبت دلانے
امت تیری کے جہاد مین صحابہ نے کہا یا رسول اللہ مبارک ہو تمکو جاننے جو کچھ کہ خدا تمھارے ساتھ کریگا لیکن نہین جانتے ہم کہ ہمارے ساتھ
کیا کیا جاویگا پس اوتاری اللہ تعالیٰ نے آیت لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
یعنی تاکہ داخل کرے اللہ مومن مرد اور عورتون کو باغون مین کہ جاری ہین نیچے اونکے نہرین اور اوتری آیت وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا + یعنی اور خوشخبری دے مومنون کو اسکی کہ اونکے لیے اللہ کی جانب سے فضل ہی بڑا پس بیان
کیا اللہ نے جو کچھ کہ کیا جاویگا ساتھ آنحضرت کے اور مومنون کے اور یہ قول انس اور قتادہ اور حسن اور عکرمہ کا ہی کہا اونھون نے کہ آیت
قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ فرمائی اللہ تعالیٰ نے پہلے اسکے کہ خبر دی ساتھ بخشش گناہون اونکے کے اور خبر دی بخشش

ملق قول بعضا کی بریدہ ہمت یعنی المغیث ۱۲ منہ

گناہون اونکے کی سال مدینہ مین پہر نسخ کیا اسنے اوسکو اور روایت کی احمد اور بخاری اور نسائی اور ابن مردویہ نے ام العلا سے اور انہون نے بیعت کی تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اونھون نے کہا جب مرے عثمان بن مظعون رحمت ہی اللہ کی تجپر ای ابو سائب گواہی دیتی ہون مین تجپر کہ بلا شبہہ اکرام کیا اللہ نے تیرا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کس چیز نے معلوم کروایا تجکو کہ اللہ نے اکرام کیا اوسکا لیکن اوسکا یہ حال تھا کہ وہ ایمان لایا تھا اپنے رب پر اور مین امید رکھتا ہون اوسکے لیے بھلائی کی قسم اللہ کی نہین جانتا مین حال انکہ مین رسول اللہ کا ہون کہ کیا کیا جاویگا ساتھ میرے اور ساتھ تمہارے کہا ام العلا نے پس قسم خدا کی نہین تعریف کرونگی مین بعد اسکے کسیکی اور ایک اور روایت مین ابن عباس سے ہی کہ کہا اونھون نے جب مرے عثمان بن مظعون کہا اونکی بیوی نے یا اور کسی بیوی نے هَنِيئًا لَكَ ابْنَ مَظْعُونٍ الْجَنَّةُ + یعنی گوارا اور مبارک ہو جیو تجکو جنت ای ابن مظعون پس دیکھا طرف اوسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر غضب سے اور فرمایا کس چیز نے معلوم کروایا تجکو قسم خدا کی مین رسول خدا کا ہون اور نہین جانتا مین کہ کیا کریگا اللہ ساتھ میرے کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور یہ معاملہ ہوا پہلے اوترنے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ کے پس کہا اوس عورت نے یا رسول اللہ وہ تھا یار آپکا اور سوار آپکا اور آپ ہی خوب حال جانتے ہین پس فرمایا آنحضرت نے کہ امید رکھتا ہون مین اوسکے لیے رحمت رب اوسکے کی اور ڈرتا ہون مین اوپر اوسکے گناہ سے + **معا + تنبیہ** + اور بعد اسکے صاحب معالم نے بھی مانند مضمون مذکور کے نقل کیا ہی کہ ایک جماعت کے نزدیک قول اللہ تعالیٰ کا مَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ + بیچ دنیا کے ہی اور آخرت کا حال معلوم ہو چکا کہ وہ جنت مین ہونگے اور جھٹلانے والے اونکے دوزخ مین پھر بعد مضمون مذکور کے مفصل بیان کیا ہی اور ام العلا وغیرہ کا جزماً اچھا کہنا میت مذکور کو جو حضرت کو ناگوار گذرا کلام مذکور فرمایا ایسی ہی ایک روایت اور ترمذی مین آئی ہی کہ ایک شخص کا صحابہ مین سے انتقال ہوا پس کہا ایک شخص نے اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ یعنی خوش ہو تو ای میت ساتھ جنت کے یعنی بسبب برکت تشریف لانے آنحضرت کے پس فرمایا آنحضرت نے یہ کہتا ہی تو اور نہین جانتا تو یعنی حقیقت حال کی پس شاید کہ اوسنے کلام کیا ہو لا یعنی یعنی بیفائدہ یا بخل کیا ہو ساتھ اوس چیز کے کہ نہین کم کرتا ہی اوسکو اور اوسکے سوال و حساب مین گرفتار رہا ہوا تھا + پس بموجب ایسی ہی روایتون کے اہل عقائد لکھتے ہین کہ کسیکو یقینی جنتی یا دوزخی نہ کہے جب تک کہ نص سے جنتی یا دوزخی ہونا اوسکا ثابت نہو ہان باعتبار ظن غالب کے کہنا چاہیے کہ گمان غالب ہی فلانے شخص کے جنتی ہونے کا یا دوزخی ہونے کا +

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيٓ إِسْرَآئِيلَ عَلٰى مِثْلِهٖ

تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہ ہو اللہ کے ہان سے اور تمنے اسکو نہین مانا اور گواہی دے چکا ایک گواہ بنی اسرائیل کا ایک ایسی کتاب کی

فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ع

پھر وہ یقین لایا اور تمنے غرور کیا بیشک اللہ راہ نہین دیتا بے انصاف لوگون کو + **مو** +

کہہ آیا دیکھا تمنے اگر ہو قرآن نزدیک خدا کے سے اور منکر ہوئے تم ساتھ اوسکے اور گواہی دی ایک گواہ نے بنی اسرائیل سے قرآن پر پس وہ ایمان لایا اور سرکشی کی تمنے البتہ ظالم ہوؤ گے تم تحقیق خدا راہ نہین دکھاتا ہی گروہ ستمگارون کو + **تفسیر** اَرَأَيْتُمْ معنی مین اَخْبِرُوْنِي اَيْ مَاذَا تَقُوْلُوْنَ یا مَاذَا حَالُكُمْ یعنی خبر دو مجکو کیا کہتے ہو تم یا کیا حال تمہارا ہو اور منکر ہوئے تم یعنی ای مشرکون اور شاہد یعنی گواہ سے مراد عبد اللہ بن سلام ہین جمہور کے نزدیک اور اسی لیے کہا گیا ہی کہ یہ آیت مدنی ہی اسلیے کہ اسلام لائے ہین عبد اللہ مدینے مین روایت کیا گیا ہی کہ عبد اللہ جب آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینے مین یعنی ایک مدت کے بعد اونکے مدینے مین آنحضرت کا تشریف لانا سنکر دیکھا طرف چہرۂ مبارک آپکے کے پس جانا کہ یہ چہرہ جھوٹا نہین ہی اور کہا آنحضرت سے کہ مین پوچھتا ہون تین چیز ان کا حال کہ نہین جانتا اونکو مگر نبی ایک تو یہ پوچھتا ہون کہ پہلی نشانی قیامت کی نشانیون سے کیا ہی اور دوسری یہ کہ اول انعام کہ کہاوینگے اوسکو

اہل جنت کیا ہی اور تیسری یہ کہ کیا حال ہی فرزند کا کہ مشابہ ہوتا ہی اپنے باپ کے یا ماں کے پس فرمایا آنحضرت علیہ السلام نے کہ اول علامات قیامت کی پس آگ ہی کہ جمع کریگی اور ہانک کر لیجاویگی اونکو مشرق سے طرف مغرب کے اور اہیر پہلا کھانا کہ کھاوینگے اوسکو اہل جنت پس مچھلی کا جگر گوشہ ہی کہ نہایت لذیذ ہوتا ہی اور اہیر فرزند پس جب سبقت کرتا ہی پانی یعنی نطفہ مرد کا مشابہ ہوتا ہی فرزند اوسکے اور اگر سبقت کرے پانی عورت کا تو مشابہ اوسکے ہوتا ہی پس کہا عبداللہ بن سلام نے اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا یعنی بلا شبہ تو رسول اللہ کا برحق ہی اور ایک روایت میں ہی کہ کہا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ پھر کہا کہ یا رسول اللہ یہ یہود بڑے بہتانی قوم ہین اور وہ اگر جانینگے اسلام میرا پہلے اس سے کہ پوچھین آپ اونسے یعنی احوال میرا تو بہتان لگاوینگے مجکو یعنی بعد پوچھنے کے پھر آئے یہود پس فرمایا آنحضرت نے کہ کیسا شخص ہی عبداللہ بن سلام تم مین کہا اونھون نے خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا یعنی نیک ہی ہم مین اور بیٹا نیک ہمارے کا ہی اور سردار ہی ہمارا اور بیٹا سردار ہمار یکا فرمایا آنحضرت نے کہ خبر دو تم اگر اسلام لاوے عبداللہ بن سلام تو کیسا کہا اونھون نے اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ یعنی نگاہ رکھے اوسکو خدا اسلام سے پس نکلے عبداللہ بن سلام یعنی حجرے سے اور کہا اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پس کہا یہودیون نے شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا یعنی یہ برا ہی ہم مین اور بیٹا برے ہمارے کا پس نقصان بیان کرنے لگے اونکا کہا عبداللہ نے کہ یہ وہی چیز ہی کہ ڈرتا تھا مین یا رسول اللہ اور بعضے کہتے ہین کہ یہ آیت بیچ مقدمے جھگڑنے قریش کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نازل ہوئی ہی اور مراد شاہد سے موسی علیہ السلام ہین ✤ اور عَلٰی مِثْلِهٖ مین ضمیر قرآن کی طرف پھرتی ہی یعنی مثل اوسکے معنی مین اور وہ مضمون توریت کا ہی کہ مضمون اوسکا مطابق ہی مضمون قرآن کے قسم توحید اور وعید وغیر ذلک سے اور بعضون نے کہا کہ لفظ مثل کا زائد ہی یعنی عَلَيْهِ یعنی اوپر قرآن کے کہ وہ اللہ کے پاس سے ہی اور سرکشی کی تمنے یعنی ایمان لانے سے اوسپر اور جواب شرط کا محذوف ہی تقدیر اوسکی یہ ہی کہ اگر ہو قرآن اللہ کے نزدیک سے اور منکر ہوئے تم اوسکے کیا نہین ہو تم ظالم اور دلالت کرتا ہی اس محذوف پر جملہ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الخ ✤ مع ✤

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۗ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ

اور کہنے لگے منکر ایمان والون کو اگر یہ کچھ بہتر ہوتا تو یہ نہ دوڑتے اسپر ہم سے پہلے اور جب راہ پر نہین آئے اسکے بتانے سے تو یاب کہینگے

هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝

یہ جھوٹھ ہی مدت کا ✤ مو ✤

اور کہا کافرون نے بیچ حق مومنون کے اگر یہ دین بہتر ہوتا سبقت نکرتے مومن ہمپر طرف اوسکے اور جب راہ نپائی ساتھ اوسکے کہینگے یہ قرآن ایک جھوٹ ہی قدیم ✤ تفسیر ✤ یعنی لوگ ہمیشہ ایسی باتین کہا کرتے ہین ✤ مو ✤ اگر یہ دین بہتر ہوتا الخ یہ کلام کفار مکہ کا ہی کہ کہا اونھون نے اکثر اتباع کرنے والے محمد کے حقیر ذلیل فقیر ہین یعنی جیسے عمار اور صہیب اور ابن مسعود اور عامل بیچ اِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا کے محذوف ہی واسطے دلالت کرنے کلام کے اوسپر تقدیر اوسکی یہ ہی وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ ظَهَرَ عِنَادُهُمْ یعنی جب راہ نپائی ساتھ قرآن کے ظاہر ہوا عناد اونکا جھوٹ ہی قدیم یعنی پرانا جیسے کہا کرتے تھے اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ یعنی اگلون کی کہانیان ہین ✤ عل ✤ آیا ہی کہ جب قبیلہ جُہَینہ اور مُزَینہ اور اسلم اور غفار ایمان لائے تو بنو عامر اور غطفان اور اسد اور اشجع نے مومنون پر طعن شروع کیا اور یہ بات جو آیت مین مذکور ہی کہی اور یہی سبب نزول اس آیت کا ہی اور بعضون کے نزدیک مراد کفار سے یہود ہین اور مومنون سے عبداللہ بن سلام وغیرہ اور بقول بعض کے نزول اس آیت کا مکے کے مشرکون کے حق مین ہی کہ مسلمانون کو کہا کہ فلانا اور فلانا ہمپر قبول اسلام مین سبقت نکرتا اگر اسلام ہمارے نزدیک بہتر ہوتا اسلیے کہ ہم بہتر اور اشراف سب سے ہین ریاست اور سبقت ہماری سب امور مین مقدم ہی ✤ بحر ✤

ل ویجوز ان یکون المعنی ان کان من عند اللہ وکفرتم بہ وشہد شاہد ... ع

عل ... فسیقولون ... الخ ... سبب عندہ ...

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ

اور اس سے پہلے کتاب موسی کی ہی راہ ڈالتی اور مہر اور یہ ایک کتاب ہی اوسکو سچا کرتی عربی زبان مین کہ ڈر سناوے

ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۞ ع

گنہگارون کو اور خوش خبری نیکی والون کو ✝ موضح

اور پہلے قرآن سے کتاب موسی کی تھی پیشوا اور بخشایش اور یہ کتاب ہی باور رکھنے والی زبان عربی مین آئی ہوئی توکہ ڈراوے یعنی کتاب ظالمون کو اور واسطے خوش خبری دینے کے نیک کارون کو ✝ **تفسیر** ✝ کتاب موسی کی یعنی توریت پیشوا ہی کہ پیروی کیجاتی ہی اوسکی اللہ کے دین مین اور شرائع مین جیسے کہ پیروی کیجاتی ہی امام کی یا اور بخشایش ہی یعنی اوسکے لیے کہ ایمان لایا اوسپر اور پیروی کی اوسکی اور عمل کیا اوس چیز پر کہ اوسمین ہی اور یہ کتاب یعنی قرآن باور رکھنے والی یعنی سچا کرنے والی کتاب موسی کی یا سب کتابون کی کہ جو پہلے اسکے گذرین ہین ظالمون کو یعنی کافرون کو نیک کارون کو یعنی واسطے مومنون مطیعون کے ✝ مل ✝

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞

مقرر جنھون نے کہا رب ہمارا اللہ ہی پھر ثابت رہے تو نہ ڈر ہی اونپر نہ وہ غم کھاوینگے ✝ موضح

تحقیق اون لوگون نے کہ کہا پروردگار ہمارا اللہ ہی پھر قائم رہے پس کچھ ڈر نہین ہی اونپر اور نہ وہ غم کھاوینگے ✝ **تفسیر** ✝ قائم رہے یعنی اللہ کی توحید پر اور اوسکے نبی کی شریعت پر کچھ ڈر نہین ہی یعنی قیامت میں اور نہ وہ غم کھاوینگے یعنی وقت موت کے ✝ مل ✝

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞

وہ ہین بہشت کے لوگ سدا رہینگے اوسمین بدلا اوسکا جو کرتے تھے ✝ موضح

یہ لوگ اہل بہشت کے ہین ہمیشہ رہینگے اوسمین بدلا دیے جاوینگے بسبب اوس چیز کے کہ کرتے تھے ✝ **تنبیہ** ✝ ابتدائے رکوع سے یہان تک کے مناسب کچھ مضمون لکھا جاتا ہی گوش ہوش سے سُننا چاہیے کہ اس دنیا کا مال و دولت ایسا مغرور کر دیتا ہی کہ آدمی دولتمند کسیکو خیال مین نہین لاتا دھیان کرو ابتدا رکوع مین کہ کافرون نے مومنون کو بنظر حقارت کیا کچھ کہا پس اسی لیے یہ دنیا مبغوض خدا اور رسول کی ٹھہری سو دنیا کی زینت کافرون کو چاہیے نہ مومنون کو فرمایا اللہ صاحب نے سورہ زخرف مین وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۞ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ۞ وَزُخْرُفًا ۚ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ✝ یعنی اگر یہ لحاظ نہوتا کہ ہو جاوینگے لوگ ایک ہی دین پر تو ہم کر دیتے اونکے لیے کہ منکر ہین رحمن سے اونکے گھرون کی چھت روپے کی اور سیڑھیان جن پر وہ چڑھین اور اونکے گھرون کے دروازے اور تخت جن پر تکیہ لگا بیٹھین اور سونے کے اور یہ سب کچھ نہین مگر برتنا دنیا کے جیتے اور پچھلا گھر تیرے رب کے ہان ڈر والون کے لیے ہی یہی دنیا کا مال ہی کہ بڑائی کرنے والون کو اپنے ذلیل کریگا اور یہی نقد روپیا پیسا ہی کہ اپنے چاہنے والون کے حق مین عذاب کا سامان بنیگا فرمایا اللہ تعالی نے سورہ توبہ مین يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۞ یعنی جس دن دہکاوینگے آگ اوسپر یعنی سونے روپے پر جو جمع رکھا ہی جہنم مین پھر داغینگے اوس سے اونکی پیشانیون کو اور اونکے پہلوون کو اور اونکی پیٹھون کو یعنی جنھون نے نہین ادا کیا مال زکوۃ کا اور کہینگے فرشتے یہ وہ ہی جو ڈھیر کر رکھا تھا تمنے اپنے واسطے سو چکھو مزا اوس ڈھیر کر رکھنے کا یعنی سونا روپیا ہمیشہ کہ اب اوسکے اپنی عزت نہین جانتا تھا وہ آخرت مین کالا سانپ بڑا زہر دار ہوکر قیامت کے میدان مین سبکے سامنے اوسکے گلے مین

طوق ہوکر کاٹیگا سزا دیگا بسبب نہ دینے زکوۃ کے اور یہی اپنے عزیز اور پیارے ہین کہ جنکی خوشی کو اللہ تعالی کی رضامندی چھوڑکر دو دھوپ
کرتا تھا اونکی راحت کے لیے اپنے اوپر دکھ اور رنج اوٹھاتا تھا وہان اونکی محبت سب قطع ہوجائیگی بلکہ اونہین سے مونہہ چھپاویگا فرمایا اللہ تعالی نے
سورہ عبس مین يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ یعنی اوسدن بھاگیگا
مرد اپنے بھائی سے اور ماں سے اور باپ سے اور جورو سے اور بیٹے سے بلکہ جب دنیا کو عاقبت پر غالب رکھیگا سزا پانے لگیگا اور غضب الہی
اوسپر آپڑیگا جہنم مین ڈالا جائیگا تو اپنی مخلصی ان سب عزیزون کی گرفتاری مین خیال کریگا کیا اچھا ہوتا جو وہ سب میرے عوض
پکڑے جاتے اور مین اس عذاب سے چھوٹ جاتا فرمایا اللہ تعالی نے سورہ معارج مین يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ
يَوْمِئِذٍ بِبَنِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۝ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُؤْوِيْهِ ۝ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ
يُنْجِيْهِ ۝ یعنی چاہیگا گنہگار کہ اپنے بدلے مین دیوے کسی طرح اوسدن کے عذاب سے اپنے بیٹے اور جورو کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے گھر کے لوگونکو
جنمین رہتا تھا اور جتنے زمین پر ہین سبکو پھر بچاوے یہ بدلا دینا اوسکو یہی دوست آشنا ہین کہ جنسے بدکاری بدطواری کی مجلس روشن ہی
اور وہ بڑی دوستی کا دم مارتے ہین اپنی جان تک دینے کو حاضر ہوتے ہین لو اوسدن دشمنی ہی پر کمر باندھینگے تجھے چھوڑکر اوس عذاب مین
سب الگ ہوجاوینگے فرمایا اللہ صاحب نے سورہ زخرف مین اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝
یعنی جتنے دوست ہین اوسدن ایک دوسرے کے دشمن ہونگے مگر جو متقی ہین یعنی جو دنیا کی دوستی رکھتے تھے کام نہ آوینگے بلکہ ایک دوسرے کو
اولاہنا دیگا طعن کریگا اور جو للہ محبت رکھتے ہین آپسمین لیے دوستی پر قائم رہینگے ایک دوسرے کا مددگار ہوگا بلکہ سفارش کریگا عذاب سے
چھڑاویگا یہ دل لگی اور خوشی برسون کی ایک دم کی آسایش کے برابر معلوم ہوگی بیقدری اوسکی اونکی نظرون مین چھا دیگی فرمایا اللہ صاحب نے
سورہ احقاف مین كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ۭ یعنی جسدن جمع کریگا اللہ اون منکرون کو سمجھینگے
وہ گویا نرہتے تھے دنیا مین مگر کوئی گھڑی دن سے یعنی وہان کا عذاب دیکھکر یہان کی مدتون کا آرام وعیش سب بھول جاوینگے کہ ہماری قسمت
مین کچھ سکھ نتھا ایکدم کے آرام کے بدلے بڑا دکھ اوٹھانا پڑا غرض برائی اس دار ناپائدار کی جب یہان سے جاکر اپنے اقربا سے کہ پیشتر گذر گئے
ملینگے معلوم کرینگے اور جو خوبی اللہ کی رضامندی کے کامون مین پیش آتی ہی وہ بھی جان لینگے جیسا کہ آیت اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا
رَبُّنَا اللّٰهُ الخ سے سمجھا جاتا ہی ربط آیتونکا معلوم کرنا چاہیے کہ پہلے کافرون کا ذکر فرمایا پھر مومنونکا فرمایا اور انکے حق مین فرمایا کہ
جنتی ہین اور ہمیشہ رہینگے جنت مین بسبب عمل نیک کرنے کے اب عمدہ نیکیون مین سے ایک نیکی بیان فرماتے ہین تو اوسپر مستقیم ہوکر
مستحق جنت کے ہون پس فرمایا +

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ
اور ہمنے تقید کیا ہی انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلائی پیٹ مین رکھا اوسکو اوسکی ماں نے تکلیف سے اور جنا اوسکو تکلیف سے اور حمل مین رہنا اوسکا اور دودھ
ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ
تیس مہینے مین ہی یہانتک کہ جب پہونچا اپنی قوت کو اور پہونچا چالیس برس کو کہنے لگا اے رب میرے میری قسمت مین کر کہ شکر کرون احسان تیرے کا
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّىْ تُبْتُ
جو مجھپر کیے اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کرون نیک کام جس سے تو راضی ہو اور نیک دے مجکو اولاد میری مینے توبہ کی
اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝
تیری طرف اور مین ہون حکم بردار ہو +

اور حکم کیا ہمنے آدمی کو بیچ حق باپ ماں اپنے اوسکے کے بھلائی کرنے کا پیٹ مین اوٹھایا ہی اوسکو ماں اوسکی نے دشواری سے اور جنا ہی اوسکو دشواری سے اور مدت حمل اوسکے کی اور دودھ چھوڑنے اوسکے کی تیس مہینے ہین یونہین رہنا ہے یہانتک کہ پونہچا کمال قوت اپنی کو اور پونہچا چالیس برس کو کہا ای پروردگار میرے الہام کر مجکو یہ کہ شکر کرون مین نعمت تیری کا کہ انعام کی ہی تونے مجپر اور میرے باپ ماں پر اور یہ کہ کام نیک کرون مین کہ خوش ہووے تو اوس سے اور صلاح پیدا کر میرے لیے بیچ فرزندون میرے کے تحقیق رجوع کی مینے طرف تیرے اور تحقیق مین مسلمانون سے ہون + **تفسین** + پیٹ مین رہنا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے مین لڑکا اگر قوی ہو تو اکیس مہینے مین دودھ چھڑانا ہی اور نو مہینے ہین حمل کے یہ آیت کسیکے حال کا بیان نہین حضرت نے فلان باپ کے حق مین دعا نہین کی صدیق اکبر چالیس برس کی عمر مین مسلمان ہوئے اور اونکے ماں باپ بھی مسلمان ہوئے یہ بات اور کسی صحابی کو نہین میسر ہوئی لیکن باپ اوسوقت نہین مسلمان ہوا تو یہ احوال فرضی ہی یعنی سعادتمند لوگ ایسے ہی ہوتے ہین + **مو** + کمتر مدت حمل اوسکے کی اور اسمین دلیل ہی اسپر کہ کمتر مدت حمل کی چھ مہینے ہین اسلیے کہ مدت دودھ پلانے کی جب کہ ہوئی دو سال بسبب قول اللہ تعالی کے حولین کاملین باقی رہے حمل کے لیے چھ مہینے اور یہی کہا ابو یوسف و محمد رحمہما اللہ نے + اور کہا ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے کہ مراد حمل سے یہان اوٹھانے کے ہی اوسکا ہاتھون مین اور لفظ اشد جمع ہی کہ نہین واحد ہی اوسکے لیے لفظ مین اور معنی اوسکے ہین کمال قوت و عقل کے اور اول اشد کے تینتیس ۳۳ برس ہین اور انتہا اوسکی چالیس برس اور مراد نعمت سے نعمت توحید اور اسلام ہی اور یہ کہ کام نیک کرون مین الخ کہا بعضون نے کہ وہ پانچون نمازین ہین رجوع کی مینے یعنی تمام گناہون سے اور مسلمین سے مراد مخلصین ہین + **مل** + کہا ای پروردگار میرے الخ نازل ہوئی یا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کے حق مین جب پہونچے وہ چالیس برس کو دو برس بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے کے ایمان لائے آنحضرت پر پھر ایمان لائے ماں باپ اونکے پھر بیٹا اونکا عبد الرحمن اور بیٹا عبد الرحمن کا ابو عتیق + **جلا** +

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ فِي أَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ

وہ لوگ ہین جن سے ہم قبول کرتے بہتر سے بہتر کام جو کیے ہین اور معاف کرتے ہین ہم برائیان اونکی جنت کے لوگون مین سچا

الصِّدْقِ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ○

وعدہ جو اونکو ملتا تھا + **مو** +

یہ لوگ وہ ہین کہ قبول کرتے ہین ہم اونسے بہتر اوس چیز کا کہ کیا اونھونے اور گذر تے ہین ہم برائیون اونکی سے بیچ اہل بہشت کے ہونگے موافق وعدے سچے کے کہ وعدہ دیے جاتے تھے + **تفسین** + وعدہ دیے جاتے تھے یعنی دنیا مین بیچ قول اللہ تعالی کے وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ + **جلا** + اکثر مفسرون کے نزدیک نزول اس آیت کا خاص ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کے حق مین ہی کہ چھ مہینے ماں کے پیٹ مین رہے اور دو برس تک دودھ پیا اور جب اٹھارہ برس کے ہوئے آنحضرت کی ملازمت مین پونہچے اور اوسوقت عمر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیس برس کی تھی اور اوسیوقت سے سفر شام مین اور ہمیشہ مصاحب آنحضرت کے رہتے تھے اور جب آنحضرت بعد چالیس برس کے مبعوث ہوئے عمر صدیق کی اڑتیس ۳۸ برس کی تھی سب سے پہلے ایمان لائے اور جب صدیق چالیس برس کے ہوئے کہا رَبِّ أَوْزِعْنِي آخر آیت تک اور قبولیت اونکی دعا کی ظاہر ہوئی چنانچہ نو بردے مومن کفار کے عذاب سے چھڑا کر آزاد کیے اور مددگار ہر خیر اور عمل صالح کے رہے اور تمام اولاد اونکی اور باپ اونکے ابو قحافہ عبد اللہ بن عثمان بن عمرو اور ماں اونکی ام الخیر بیٹی صخر بیٹے عمرو کی سب ایمان لائے اور حضرت علی وغیرہ رضی اللہ تعالی عنہم نے کہا کہ کوئی مہاجر اور انصار سے نہین ہی سوائے ابو بکر صدیق کے کہ ماں باپ اور اولاد اوسکی سب مسلمان ہو کر داخل صحابہ مین ہوئے ہون اور بعضون کے نزدیک یہ آیت سعد بن ابی وقاص کے حق مین اوتری ہی اور قصہ اوسکا سورۂ عنکبوت اور لقمان مین مذکور ہی + **مد بحر** + حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کے وقت مین ایک شخص نے نکاح کیا ایک عورت سے پس وہ چھ مہینے بعد جنی پس گیا خاوند اوسکا حضرت عثمان کے پاس

ولایحمل لاقل من ستة اشهر [illegible] + **مع** +

ف یعنی دودھ چھڑانے کے دو برس پورے ہونے کے بعد

اونھون نے حکم کیا اوسکے سنگسار کرنے کا پس پونہچی یہ خبر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پس آئے وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس اور کہا کہ
کیا کرتے ہو تم اونھون نے کہا کہ چھ مہینے کے بعد یہ جنی ہی بھلا کہین یہ بھی ہوتا ہی کہا علی رضی اللہ عنہ نے کیا نہین سنا ہی تونے اللہ کو کہ فرماتا ہی
وَحَمْلُهُ وَفِصٰلُهُ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا + اور فرمایا حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ پس نہین باقی رہتے یعنی بعد دو برس کے مگر چھ مہینے اور ابن عباس سے
روایت ہی بطریق مرفوع کے کہ جسپر آئے چالیس برس پھر نہ غالب ہوئی خیر اوسکی اوسکے شر پر پس چاہیے کہ سامان درست کرے طرف دوزخ کے +
درمنثور **تنبیہ** + جاننا چاہیے کہ ماں باپ کا بڑا حق آیا ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ عرض کیا ایک شخص نے یا رسول اللہ کون
لائق تر ہی ساتھ اچھی صحبت رکھنے میری کے یعنی سلوک اور احسان اور خدمتگزاری کے فرمایا ماں تیری کہا اوسنے پھر کون ہی فرمایا ماں تیری
کہا اوس شخص نے پھر کون ہی فرمایا ماں تیری کہا اوسنے پھر کون فرمایا باپ تیرا یعنی چوتھی بار مین فرمایا کہ باپ لائق تر ہی اور بیچ ایک روایت کے
فرمایا ماں تیری پھر ماں تیری پھر ماں تیری پھر احسان کر باپ اپنے سے پھر احسان کر قریب تر اپنے سے پھر قریب تر اپنے سے نقل کی یہ بخاری مسلم نے +
ف یعنی بعد ماں باپ کے اور قرابتیون مین ترتیب قرب کی معتبر ہی جو کہ بہت قریب ہی مقدم تر اور مستحق تر ہی ساتھ احسان کے اور اس حدیث سے
بعضون نے دلیل پکڑی ہی کہ ماں کے لیے تین حصے احسان ہی بنسبت باپ کے اسلیے کہ وہ اوٹھاتی ہی بوجھ حمل کا اور مشقت جننے اور دودھ پلانے کی
اور فقہ کی کتابون مین مذکور ہی کہ حق والدہ کا بہت بڑا ہی باپ کے حق سے اور نیکی اور احسان کرنا اوس پر واجب تر اور موکد تر ہی اور اگر جمع درمیان
رعایت حق دونون کے متعذر ہو یعنی رعایت کرنی دونون کے حق کی مشکل ہو کہ ہر ایک بسبب رعایت کرنے حق دوسرے کے آزردہ ہوتا ہو تو تعظیم و
احترام مین حق باپ کا غالب رکھے اور خدمت و انعام مین حق ماں کا اور نہ بھی ماں باپ کے حقوق مین سے ہی کہ ایسی تواضع اور تملق اور خدمت کرے
کہ راضی ہون وے اور مباح چیز مین اطاعت اونکی کرے اور بے ادبی نکرے اور تکبر سے پیش نہ آوے اگرچہ مشرک ہون وے اور آواز اپنی اونکی آواز سے
بلند نکرے اور اونکو اونکا نام لیکر نہ پکارے اور کسی کام مین اونسے پہل نکرے اور امر معروف اور نہی عن المنکر نرمی سے کرے اور ایکبار کہے
اگر قبول نکرین سکوت کرے اور دعا و استغفار مین مشغول ہو اور یہ ادب قرآن سے نکالا گیا ہی بیچ نصیحت کرنے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اپنے
باپ کو + م + اور آیا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خاک آلودہ ہو ناک اوسکی خاک آلودہ ہو ناک اوسکی خاک آلودہ ہو ناک اوسکی یعنی وہ
خوار و ذلیل ہو پوچھا گیا کون ہی وہ یا رسول اللہ کہ جسکے حق مین آپ یہ بددعا کرتے ہین فرمایا وہ شخص کہ پاوے ماں باپ اپنے کو نزدیک بڑھاپے کے
ایک کو اونمین سے یا دونون کو پھر نہ داخل ہو بہشت مین یعنی خدمت اونکی نکی اور اونکو اپنے سے راضی نرکھا کہ سبب داخل ہونے بہشت کا ہی +
کہا اسما بیٹی ابوبکر کی نے کہ آئی میرے پاس ماں میری یعنی مکے سے مدینے مین اور وہ تھی مشرکہ بیچ زمانے صلح قریش کے یعنی یہ آنا اوسکا اوس وقت مین
تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش سے عہد و صلح کی تھی کہ اونسے لڑینگے نہین اور یہ حدیبیہ مین تھی پس کہا مینے یا رسول اللہ تحقیق
ماں میری آئی ہی میرے پاس اور وہ بیزار ہی اسلام سے پس کیا سلوک کرون مین اوس سے فرمایا کہ ہاں سلوک کر اوس سے + **ف** + اس سے معلوم ہوا
کہ اگر ماں باپ کافر ہون تو بھی اونسے سلوک و احسان کرنا چاہیے اور اسی قیاس پر حکم اور اقربا کا ہی + م + فرمایا آنحضرت نے کہ داخل ہوا مین
بہشت مین پس سنی مینے اوسمین آواز پڑھنے قرآن کی پس کہا مینے کون ہی کہ قرآن پڑھتا ہی کہا فرشتون نے کہ یہ حارثہ بن نعمان ہی کہ فضلاے
صحابہ سے تھے پس گویا صحابہ کی خاطر مین آیا ہو کہ اوسنے کس عمل سے یہ بزرگی پائی کہ آنحضرت نے بہشت مین آواز اوسکی سنی پس آنحضرت نے واسطے
بیان سبب پانے اوسکے کی اس فضیلت کو فرمایا اسی طرح سے ہی فضیلت و ثواب نیکی کرنے کا ماں باپ سے اسی طرح سے ہی فضیلت و ثواب
نیکی کرنے کا ماں باپ سے اور تھا وہ بہت سلوک کرنے والا نسبت اور لوگون کے ساتھ ماں اپنی کے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رضامندی
رب کی بیچ رضامندی باپ کے ہی اور ناخوشی رب کی بیچ ناخوشی باپ کے ہی + **ف** + اور ایسا ہی حکم ماں کا ہی بلکہ وہ اولی ہی + ع +
آیا ایک شخص ابودردا کے پاس اور کہا کہ تحقیق میرے لیے ہی ایک عورت اور تحقیق ماں میری فرماتی ہی مجکو ساتھ طلاق اوسکے کے پس کہا ابودردا نے

کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے باپ بہترین دروازون بہشت کا ہی یعنی سبھون دروازون بہشت کے سے محافظت رضامندی باپ کی ہی پس جو کوئی چاہے کہ در آوے بہشت مین اس دروازے سے کہ بہترین دروازون کا ہی چاہیے کہ رضا باپ کی نگاہ رکھے پس تجکو اختیار ہی اگر چاہے تو محافظت کر اوس دروازے پر یا ضائع کر + ف + یعنی اگر طلاق دی تو نے رضا والدہ کی نگاہ رکھی تو نے تو ہم اور اگر نہ ضائع کی تو نے اور اس حدیث سے ابو درداء نے حکم ماں کا یون نکالا کہ جب باپ کے حق مین یہ فرمایا تو ماں کا بطریق اولی یہی حکم ہوگا اور یا والد سے جنس یعنی شخص جننے والا مراد رکھا یہ مناسب تر ہی کہ ماں باپ دونون کو شامل ہی + ح + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین داخل ہوگا بہشت مین احسان رکھنے والا بعد دینے کے اور نہ نافرمانی کرنے والا ماں باپ کا اور نہ شراب پینے والا + ف + یعنی جو کہ بغیر توبہ کے مرے اور دیگر احسان جتانا بہت برا ہی فرمایا اللہ تعالی نے وَلَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَى + یعنی نہ باطل کرو ثواب اپنے صدقات کا ساتھ احسان جتانے کے اور ایذا دینے کے اور مراد نہ داخل ہونے سے یہ ہی کہ نجات پانے والون کے ساتھ نہین داخل ہوگا یا بغیر عذاب کے نہین داخل ہوگا لیکن اگر اللہ تعالی چاہیگا تو بغیر عذاب کے بھی داخل کریگا بموجب وعدے اپنے کے وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ + ع + ح + ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ تحقیق مین پہنچا ہون ایک گناہ بڑے کو پس کیا ہی واسطے میرے توبہ یعنی کوئی عمل کہ سبب ہو رجوع کرنے اللہ تعالی کا میرے ساتھ رحمت کے اور وہ گناہ بخشا جاوے اوس سے فرمایا کیا ہی واسطے تیرے ماں کہا نہین فرمایا کیا ہی واسطے تیرے خالہ کہا ہان فرمایا پس سلوک کر اوس سے + ف + یعنی تو بخشا جاوے گناہ تیرا اس سے معلوم ہوا کہ صلۂ رحم سبب کفارہ گناہون کا ہی اگرچہ کبیرہ بھی ہو یا آنحضرت نے اسکو خاص اوس شخص کے حق مین وحی سے معلوم کیا ہو اور یا یہ کہ اوسکے نزدیک بسبب قوت ایمانی کے وہ گناہ بڑا معلوم ہوتا ہو اور واقع مین وہ صغیرہ ہو اور یہ بھی معلوم ہوا اس سے کہ خالہ ماں کا سا حکم رکھتی ہی + ح + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس وقت کہ تین شخص چلے جاتے تھے باہم لیا اونکو بارش مینہ نے پس گئے وہ طرف ایک غار کے کہ پہاڑ مین تھا پس گرا غار کے مونھہ پر ایک بڑا پتھر پہاڑ مین سے پس بند کر دیا اونپر دروازہ غار کا پس کہا اونھون نے آپس مین کہ دیکھو اون نیک اعمال کو کہ کیے ہین تمنے خالص اللہ ہی کے لیے یعنی نہ از راہ ریا اور غرض کے پھر دعا مانگو اللہ تعالی سے ساتھ وسیلے اون عملون کے امید ہی کہ کھولدے اللہ اس پتھر کو پس کہا ایک نے اونمین سے کہ یا الٰہی تحقیق تھے واسطے میرے ماں باپ بوڑھے بڑے اور واسطے میرے بچے بھی تھے چھوٹے چھوٹے اور تھا مین چراتا بکریان تو کہ خرچ کرون مین دودھ اونکا اونپر پس جب کہ شام کو آتا مین اون بکریون کے پاس اور دودھ دوہتا مین شروع کرتا مین ساتھ ماں باپ اپنے کے پلاتا مین اونکو پہلے اپنی اولاد سے اور تحقیق ایک دن دور لے گئے مجکو درخت یعنی ایک دن کہ درخت چراگاہ بکریون کے تھے دور پڑے پس دور گیا مین چرانے کو پس نہ آیا مین گھر مین یہان تک کہ شام ہوگئی پس پایا مینے ماں باپ کو سوتے پس دودھ دوہا مینے جیسا کہ تھا دوہتا پس لایا مین برتن دودھ کا بھرا ہوا دودھ سے پس کھڑا رہا مین ماں باپ کے سر کے پاس اس حال مین کہ مکروہ جانا مینے جگانا اونکا اور مکروہ جانا مینے یہ کہ دونمین بچون کو پہلے اونسے اور بچے روتے اور چلاتے تھے مارے بھوک کے میرے پاؤن کے پاس پس یہی حال میرا اور حال اونکا یعنی ماں باپ سوتے تھے اور بچے فریاد کرتے تھے اور مین کھڑا تھا یہان تک کہ ہوگئی فجر پس اگر جانتا ہی تو یا اللہ کہ تحقیق مینے کیا یہ محض تیری رضا کی طلب کے لیے پس تو کھولدے واسطے ہمارے اس پتھر مین سے کھولنا کہ دیکھین ہم اوس کشادگی سے آسمان کو پس کھول دیا اللہ تعالی نے واسطے اونکے یہان تک کہ دیکھا اونھون نے آسمان + ف + گویا اوس قوم کی شریعت مین حق نفقے کا ماں باپ پر مقدم تھا اولاد کے حق سے یا برابر تھا اور یہ شخص مقدم کرتا تھا ماں باپ کو + ح + کہا دوسرے شخص نے یا الٰہی تحقیق تھی میرے چچا کی بیٹی کہ چاہتا تھا مین اوسکو چاہنا مانند بہت چاہنے مردون کے عورتون کو پس طلب کیا مینے طرف اوسکے نفس اوسکے کو یعنی خواہش کی مینے اوسکی صحبت کرنے کی اور چاہا کسیکو اوسکے بلانے کے لیے پس انکار کیا اوسنے یہان تک کہ لاؤن مین اوسکے پاس

سو دینار پس کسب و کام کیا مینے یہان تک کہ بہم پونہچائے مینے سو دینار پس ملا مین اوس سے ساتھ اون دیناروں کے پس جبکہ بیٹھا مین درمیان دونون پانون اوسکے یعنی جماع کے لیے کہا اوسنے ای بندہ خدا کے ڈر اللہ سے اور نہ کھول تو مُہر امانت کو یعنی ازالۂ بکارت نکر بغیر نکاح کے پس اوٹھ کھڑا رہا مین اوس سے یعنی بسبب خوف خدا کے چھوڑ دیا مینے اوسکو یا الٰہی اگر جانتا ہی تو کہ تحقیق کیا مینے یہ واسطے طلب رضامندی تیری کے تو کھولدے ہمارے لیے اس پتھر سے پس کھولی واسطے اونکے اللہ تعالی نے اور کشادگی + اور کہا تیسرے نے یا الٰہی تحقیق مینے مزدوری کو لگا یا تھا ایک مزدور بدلے فرق چانول کے پس جبکہ چکا وہ کام اپنا کہا دے مجکو حق میرا پس پیش کیا مینے اوسپر حق اوسکا یعنی دینے لگا اوسکو حق اوسکا پس چھوڑ گیا اوسکو اور اعراض کیا اوس سے پس ہمیشہ رہا مین زراعت کرتا اون چانولون کی یہانتک جمع کیے مینے اوس سے یعنی حاصل زراعت سے بیل اور چرانے والے اونکے پس آیا میرے پاس وہ مزدور یعنی بعد ایک مدت کے اور کہا ڈر خدا سے اور نہ ظلم کر مجپر اور دے مجکو حق میرا پس کہا مینے جا تو طرف ان بیلون کے اور انکے چرانے والون کے کہ حق تیرا ہی پس کہا مزدور نے ڈر اللہ سے اور نہ ہنسی کر مجسے پس کہا مینے تحقیق مین نہین ہنسی کرتا تجسے پس لے تو ان بیلون کو اور انکے چرانے والون کو پس لیا اوسنے لونکو اور لے گیا سبکو پس اگر جانتا ہی تو یا اللہ کہ تحقیق کیا مینے یہ واسطے طلب رضا تیری کے تو کھولدے پتھر کو کہ باقی رہا ہی پس کھولدیا اللہ نے اون سے نقل کی یہ بخاری مسلم نے + ف + اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہی وسیلہ پکڑنا ساتھ اعمال نیک کے سختی و کرب کی حالت مین اسلیے کہ اللہ تعالی نے دعا اونکی قبول کی اس سے اور آنحضرت نے اوسکو اوس قوم سے بیچ معرض ثنا اور ذکر فضائل کے بیان فرمایا اور اگر استحباب نہو تو جواز تو یقینی ہی اور اسمین ہی فضیلت سلوک کرنے کی مان باپ سے اور ترجیح دینی اونکو سب اہل اولاد پر اور احتراز کرنا اونکی تکلیف و مشقت سے اور مدنظر رکھنا اونکے راحت و آرام کو اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جگانا سوتے کو مکروہ ہی خصوصاً جگہہ ادب و تعظیم کے مگر واسطے نماز کے وقت فوت ہونے فرض کے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ راحت نیند کی لذیذ اور خوش آیند زیادہ ہی کھانے سے اور معلوم ہوئی اس سے فضیلت عفت و پارسائی کی اور باز رکھنے نفس کی محرمات سے خصوصاً وقت قدرت کے اور ہونے مانع کے اور ہونے خواہش نفس کے خصوصاً بیچ شہوت ستر کے کہ زور و شور اوسکا غالب تر اور سرکش ترین شہوات ہی عقل پر اور مشکل ترین حالات ہی مرد پر اور یہ بھی معلوم ہوا کہ تصرف کرنا غیر کے مال مین بغیر اوسکے اذن کے جائز ہی اگر اجازت دے بعد اوسکے جیسے کہ مذہب حنفی ہی کہ تصرف کرنا فضولی کا جائز اور موقوف ہی مالک کی اجازت پر اور بعد اجازت اوسکی کے نافذ ہوتا ہی اور معلوم ہوا کہ امور نیک اور ادائے امانت اور خوش معاملگی بہتر اور پونہچانے والے ہین قرب و کرامت کو نزدیک حق تعالی کے اور معلوم ہوا کہ دعا بندہ نیک کی بعد از وقوع بلا کے مقبول ہی اور سبب دفع بلاکی اور کشادگی کی تنگی محنت و ابتلا سے ہی اور معلوم ہوا کہ کرامت اولیا کی حق ہی جیسے کہ مذہب اہل سنت و جماعت کا ہی + ح + آیا جاہمہ صحابی پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ ارادہ کیا مینے یہ کہ جہاد کو جاؤن مین اور تحقیق آیا ہون مین کہ مشورہ کرون آپ سے پس فرمایا کیا ہی واسطے تیرے مان کہا ہان فرمایا لازم پکڑ تو اوسکو اسلیے کہ تحقیق بہشت نزدیک پانون اوسکے کے ہی + ف + یعنی مان کے پانون پاس ہی اور خدمت اوسکی کرکہ باعث داخل ہونے بہشت کی ہی اور یہ عبارت کنایہ ہی نہایت خضوع و تذلل سے کہ حکم کیا ساتھ اوسکے اولاد کو وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ + یعنی اور پست کر اونکے لیے باز و ذلت کا بسبب رحمت کے + ح + ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کیا حق ہی مان باپ کا اوپر اولاد اونکی کے فرمایا وہ دونون جنت ہین تیری اور دوزخ ہین تیری + ف + یعنی حق مان باپ کا رضا اونکی ہی کہ سبب ہی داخل ہونے کی بہشت مین اور نکرنا نافرمانی کا کہ باعث ہی داخل ہونے کی دوزخ مین + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق بندہ کہ مرتے ہین مان باپ اوسکے یا ایک اونمین سے اس حال مین کہ تحقیق وہ بندہ مان باپ اپنے کا البتہ نافرمان ہوتا ہی پس ہمیشہ رہتا ہی دعا کرتا واسطے اونکے اور استغفار کرتا ہی واسطے اونکے یہان تک کہ لکھتا ہی اوسکو اللہ نیکوکار + ف + یعنی دعا و استغفار فرزند کی الدین کے لیے بعد از مرنے اونکے کے وہ فائدہ کرتا ہی

کہ اگر ناراض گئے ہون تو بھی حق تعالی اونکو راضی کردیگا اوس سے اور لکھیگا نام اوسکا بیچ دیوان نیکی کرنے والون کے ساتھ ماں باپ کے اور رضا جویون اونکے کے + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ صبح کرے اس حال مین کہ فرمان برداری کرنے والا ہی خدا کی بیچ حق ماں باپ اپنے کے یعنی حق اونکا ادا کرتا ہی صبح کرتا ہی اس حال مین کہ ثابت ہین اوسکے لیے دو دروازے کھلے ہوئے بہشت سے اور اگر ہو ایک ماں باپ سے یعنی اطاعت کیا گیا پس ایک دروازہ کھولا جاتا ہی اور جو شخص کہ صبح کرے اس حال مین کہ نافرمانی کرنے والا ہی خدا کی بیچ حق ماں باپ کے صبح کرتا ہی اس حال مین کہ کھلے ہین اوسکے لیے دو دروازے دوزخ سے اور اگر ہی ایک ماں باپ سے یعنی نافرمانی کیا گیا پس ایک دروازہ کھولا جاتا ہی یعنی اس سے معلوم ہوتا ہی کہ چونکہ طاعت و معصیت الدین کی بوجہ مودۃ حق کے ہی حقیقت مین طاعت و معصیت اللہ تعالی کی ہی کہا ایک شخص نے اگرچہ ماں باپ اوسکے اوسپر ظلم کرین فرمایا اگرچہ ظلم کرین اوسپر اور اگرچہ ظلم کرین اوسپر اور اگرچہ ظلم کرین اوسپر + ف + تین بار فرمایا واسطے تاکید و مبالغہ کے اور مراد ظلم کرنا امور دنیویہ مین ہی نہ دینیہ مین اسلیے کہ فرمان برداری ماں باپ کی اگر مخالف دین کے ہو تو روا نہین ہی + تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین کوئی فرزند نیکی کرنے والا ماں باپ سے کہ دیکھے طرف ماں باپ اپنے کے یعنی ایکسے لون دونون مین سے دیکھنا محبت و شفقت کا مگر کہ لکھتا ہی اللہ تعالی واسطے اوسکے بدلے ہر دیکھنے کے حج مقبول یعنی ثواب حج نفل مقبول کا عرض کیا صحابہ نے اور اگرچہ دیکھے ہر روز سو بار فرمایا ہان اللہ بہت بڑا ہی اور بہت پاکیزہ ہی یعنی اوس چیز سے کہ تمہارے گمان مین ہی کیونکر لکھا جاویگا عوض ہر نظر کے حج مقبول + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام گناہ یعنی سوائے شرک کے بخشتا ہی اللہ تعالی اونمین سے جو چاہتا ہی مگر نافرمانی ماں باپ کی پس تحقیق اللہ تعالی جلدی سزا دیتا ہی ماں باپ کی نافرمانی کرنے والے کو بیچ زندگانی دنیا کے پہلے مرنے کے + ف + یعنی بیچ زندگانی نافرمانی کرنے والے کے پہلے مرنے اوسکے کے اور ممکن ہی یہ کہ ہو تقدیر بیچ زندگانی والدین کے پہلے مرنے اونکے کے اور بہر صورت عذاب آخرت بھی باقی رہیگا پھر احتمال ہی یہ کہ ہون بیچ حکم اونکے کے تمام حقوق بندون سے اسلیے کہ مثل اس وعید کے وارد ہوا ہی بیچ حق اہل ظلم اور باغی بغیر حق کے بھی اور یہ نہایت شدید و غلیظ ہی اوپر نافرمانی ماں باپ کے + م + یہ حدیثین مشکوۃ شریف مین ہین اب بعد سننے فضائل خدمت گذاری والدین اور حقوق اونکے کے سننا چاہیے کہ اس آیت کریمہ سے بزرگی اور فضیلت حضرت ابوبکر صدیق اور اور صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین کی بھی معلوم ہوئی کہ اللہ جل شانہ نے فرمایا اونکے حق مین اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ الخ یعنی یہ لوگ وہ ہین کہ قبول کرتے ہین ہم اچھے عمل اونکے اور درگذر کرتے ہین ہم اونکی برائیون سے اور داخل کرینگے اونکو اہل بہشت مین موافق وعدے سچے کے کہ وعدہ دیے جاتے تھے انتہی + بھلا اب خیال کرنا چاہیے کہ جنکو اللہ تعالی صریح جنتی فرماوے اونکو جو اشقیا برا اور دوزخی جانین کیا حال ہوتا ہی اونکا اور اونکو کیونکر مسلمان کہیے اب آگے انکے مقابلے مین ایک کافر کا حال بیان ہوتا ہی +

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدَانِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ وَهُمَا

اور جس شخص نے کہا اپنے ماں باپ کو مین بیزار ہون تمسے کیا مجکو وعدہ دیتے ہو کہ مین نکالا جاؤنگا قبر سے اور گذر چکی ہین امتین سنگتین مجسے پہلے اور وہ دونون

يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

فریاد کرتے ہین اللہ سے کہ ہی خرابی تیری تو ایمان لا بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہی پھر کہتا ہی یہ سب نقلین ہین پہلون کی + موضح +

اور اوس شخص نے کہ کہا اپنے باپ ماں سے تنگدل آ گیا ہون مین بہ نسبت تمھارے کیا وعدہ دیتے ہو مجکو کہ نکالا جاؤنگا مین اور تحقیق گذر گئے ہین طبقے لوگون کے پہلے مجسے اور وہ دونون فریاد کرتے ہین جناب خدا مین اور کہتے ہین اوسکو وائے ہی مسلمان ہو تحقیق وعدہ اللہ کا سچ ہی پس کہتا ہی نہین ہی یہ وعدہ مگر کہانیان پہلون کی + تفسیر + مراد اس شخص سے جنس ہی یعنی جو یہ بات کہے مصداق اس مضمون کا ہوگا اور حسن بصری سے ہی کہ ایک کافر نافرمان ماں باپ کا جھٹلانے والا بعث کا تھا اوسکے حق مین یہ آیت اوتری ہی + بعضون نے

ف ۵ والذی مبتدا خبرہ اولئک الذین حق علیہم القول ۱۲ + مل +

[illegible]

کہا کہ نازل ہوئی ہے یہ آیت عبد الرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ کے حق مین پہلے اسلام لانے اونکے کے اور یہ قول باطل ہے رد کرتا ہے اسکو یہ قول اللہ تعالی کا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ الخ اسمین معلوم کر وادیا اللہ تعالی نے کہ لازم ہوا اونپر کلمہ عذاب کا اور عبد الرحمن افضل مسلمانون مین سے ہین پس نہین ہو نگے اونمین سے کہ لازم ہوا اونپر کلمہ عذاب کا اور رد کرتی ہے اسکو یہ روایت بھی + کہ مروان حاکم تھا حجاز پر کہ عامل کیا تھا اوسکو معاویہ بن ابی سفیان نے پس خطبہ پڑھا مروان نے اور شروع کیا ذکر کرنا یزید بن معاویہ کا تو کہ بیعت کرین اوس سے لوگ بعد مرنے باپ اوسکے کے پس کہا عبد الرحمن بن ابی بکر نے کچھ یعنی طعن کیا یزید کے حق مین پس کہا مروان نے کہ پکڑو اسکو پس داخل ہوئے عبد الرحمن عایشہ کے گھر مین پس نہ قادر ہوئے لوگ اونکے پکڑنے پر پس کہا مروان نے کہ یہ وہی ہے کہ جسکے حق مین اوتری ہے یہ آیت وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ + پس کہا عایشہ نے پردے کے پیچھے سے کہ نہین اوتارا اللہ نے ہمارے حق مین کچھ قرآن سے سوا اسکے کہ اللہ نے اوتارا عذر میرا اور اور روایت مین آیا ہے کہ حضرت عایشہ نے یہ سنکر کہا کہ اے مروان تو عبد الرحمن کو کہتا ہے ایسا اور ایسا جھوٹ بولتا ہے تو واللہ اسکے حق مین نہین اوتری یہ آیت ولیکن اوتری ہے فلانے بیٹے فلانے کے حق مین ایمان لا یعنی اللہ پر اور بعث پر وعدہ اللہ کا یعنی بعث کا سچا ہے + درمنثور + مد

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ

وہ لوگ ہین جن پر ثابت ہوئی بات شامل اور فرقون مین جو گذرے ہین انسے پہلے جنون کے اور آدمیون کے بیشک وہ

كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

تھے ٹوٹے مین آئے + مو

یہ جماعت وہ ہین کہ ثابت ہوا اونپر وعدہ عذاب کا جملہ امتون سے کہ گذر گئے ہین پہلے انسے جنون اور آدمیون مین سے تحقیق وہ تھے ٹوٹا پانے والے + تفسیر + وعدہ عذاب کا یعنی لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ + مد

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝

اور ہر فرقے کئی درجے ہین اپنے کیے کامون سے اور تا پورے دے اونکو کام اونکے اور اونپر ظلم نہوگا + مو

اور ہر ایک کے لیے مرتبے ہین موافق اوس چیز کے کہ عمل کیے اور تو پورا دیوے خدا اونکو بدلا عملون اونکے کا اور وہ ظلم نکیے جاوینگے + تفسیر

اور ہر ایک کے لیے دونون جنسون ذکر کی گئین سے کہ نیک اور بد ہین مرتبے مین یعنی جنت والے بھی کئی درجے ہین اور دوزخ والے بھی اسی طرح اپنے اپنے اعمال سے یا یہ معنی ہین کہ ہر ایک کے لیے جنس مومن اور کافر سے درجات ہین پس درجات مومن کے جنت مین عالی ہین اور درجات کافر کے دوزخ مین نیچے ہین + مد جلالین + مو

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ

اور جس دن لائے جاوینگے منکر آگ کے سرے پر ضائع کیے تمنے اپنے مزے اپنے دنیا کے جیتے اور اونکو برت چکے

بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

اب آج سزا پاؤگے ذلت کی مار بدلا اوسکا جو تم غرور کرتے تھے ملک مین ناحق

وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ ع

اور اوسکا جو تم بیحکمی کرتے تھے + مو

اور اوسدن کہ پیش لائے جاوینگے کافر آگ پر کہا جاویگا آیا ضائع کین تمنے نعمتین اپنی بیچ زندگانی دنیاوی اپنی کے اور بہرہ مند

ہوئے تم ساتھ اونکے پس آج بدلا دیا جاویگا تمکو عذاب خواری کا بسبب اوسکے کہ تکبر کرتے تھے تم زمین مین ناحق اور بسبب اوسکے کہ بدکاری کرتے تھے تم + **تفسیر** مترجم کہتا ہی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کہ یہ صورت بتائی ہی حال سعید اور شقی کی پس سعید حق حق تعالیٰ کا اور حق مان باپ کا بجالاتا ہی اور طرح بطرح کی نعمتون سے محظوظ ہوتا ہی اور تمام امور مین حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہی اور شقی جمع کرتا ہی درمیان کفر اور نافرمانی والدین کے اور انکار معاد کے اور صورت سعید کی منطبق ہی حضرت ابوبکر صدیق پر اور اور ونپر بھی واللہ اعلم انتہی + مراد کافرون کے پیش لانے سے آگ پر عذاب کرنا اونکا ہی ساتھ آگ کے اور بعضون نے کہا کہ مراد پیش لانا آگ کا ہی اونپر صنائع کیے تم نے یعنی نہین لکھا گیا تمھارے لیے حصہ نعمتون سے مگر جو کچھ کہ پہنچے تم اوسکو دنیا اپنی مین اور تحقیق لے گئے تم اوسکو اپنی دنیا مین اور لے لیا تم نے اوسکو پورا پس نہین باقی رہا تمھارے لیے کچھ اوسکے بعد پورا لینے سے اپنے کے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہی کہ لَوْ شِئْتُ لَكُنْتُ اَطْيَبَكُمْ طَعَامًا وَّاَحْسَنَكُمْ لِبَاسًا وَّلٰكِنِّيْ اَسْتَبْقِيْ طَيِّبَاتِيْ + یعنی اگر مین چاہتا تو بہت اچھے کھانا کھاتا بنسبت تمھارے اور بہت اچھے کپڑے پہنتا بنسبت تمھارے ولیکن مین چاہتا ہون کہ باقی رکھون نعمتین اپنی انتہی یہ نسخون سے مدارک کا ہی اور تفسیر معالم مین لکھا ہی کہ جب سرزنش کی اللہ تعالیٰ نے کافرون کو بسبب فائدہ اوٹھانے کے طیبات یعنی نعمتون سے دنیا مین اختیار کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اونکے صحابہ نے اور اچھے لوگون نے پرہیز کرنا لذتون سے دنیا مین بامید ثواب آخرت کے چنانچہ منقول ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا حاضر ہوا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال مین کہ آپ لیٹے ہوئے تھے کھری چارپائی پر تحقیق نشان ڈالدیے تھے چارپائی نے آپ کے پہلوے مبارک مین سرکے لگے ہوئے تھے تکیہ چمڑے کا کہ بھرا اوسکا پوست خرما کا تھا پس عرض کیا مینے کہ یا رسول اللہ دعا کرو واسطے اللہ کے پس فراخی کرے آپکی امت پر کیونکہ فارس اور روم تحقیق فراخی کی گئی اونپر حالانکہ وہ نہین عبادت کرتے اللہ کی پس فرمایا آنحضرت نے کیا اسی فکر مین ہی تو اے بیٹے خطاب کے یہ قوم ہین کہ جلدی دی گئین اونکے لیے لذتین اونکی زندگانی دنیا مین اور ایک روایت مین ہی کہ کیا نہین راضی ہی تو یہ کہ ہووے اونکے لیے دنیا اور ہمارے لیے آخرت اور عایشہ رضی اللہ عنہا کہا کہ نہین سیر ہوے حضرت کے گھر کے لوگ جو کی روٹی سے دو دن پے درپے یہان تلک کہ وفات پائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور یہ بھی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ تحقیق آتا تھا ہمپر مہینا کہ نہین جلاتے تھے ہم اوسمین آگ اور نہین ہوتا تھا ہمارے لیے مگر پانی اور کھجور سوائے اسکے کہ جزائے خیر دے اللہ انصار کی بیویون کو اکثر طریق تھے کہ بھیجتین تھین ہمارے لیے کچھ دودھ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کئی کئی راتین گذارتے تھے خالی پیٹ اور آپکے گھر کے لوگ نہین پاتے تھے کھانا رات کا اور تھی اکثر روٹی آپکی روٹی جو کی اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ البتہ تحقیق ڈرایا گیا مین اللہ کی راہ مین اور نہین ڈرایا گیا کوئی یعنی میرے برابر اور البتہ تحقیق ایذا دیا گیا مین اللہ کی راہ مین اور نہین ایذا دیا گیا کوئی یعنی میرے برابر اور البتہ تحقیق آئے مجھپر تیس رات و دن اس حال مین کہ نہین تھا میرے لیے اور بلال کے لیے طعام کہ کھاوے صاحب جگر کا یعنی جاندار مگر کچھ تھوڑا سا کہ ڈھانپے اوسکو بغل بلال کی اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ دیکھے مینے ستر صحابی اہل صفہ سے کہ نہین تھا اونمین سے کوئی شخص کہ اوسپر چادر ہو اور تہبند یا فقط تہبند تھا اور یا فقط کملی تحقیق باندھتے تھے گردنون اپنی مین پس بعضی اونمین سے تھی کہ پہونچتی آدھی پنڈلی تک اور بعضی اونمین سے وہ تھی کہ پہونچتی ٹخنون تلک پس اکٹھا کرتا اوسکو اپنے ہاتھ سے واسطے مکروہ جاننے اسکے کہ معلوم ہو ستر اوسکا اور آیا ہی کہ عبدالرحمن بن عوف صحابی کے آگے لایا گیا کھانا یعنی شام کو اور تھے وہ روزے سے یعنی دن کو پس کہا کہ قتل کیے گئے مصعب بن عمیر کہ وہ بھی ایک صحابی تھے اور وہ بہتر تھے مجھسے پس کفنائے گئے اپنی چادر مین کہ وہ ایسی تھی اگر ڈھانکا جاتا سر اونکا کھل جاتے پانون اونکے اور اگر ڈھانکے جاتے پانون اونکے کھل جاتا سر اونکا اور گمان کرتا ہون مین عبدالرحمن کو کہ کہا اور قتل کیے گئے حمزہ اور وہ بہتر تھے مجھسے پھر فراخی کی گئی ہمارے لیے دنیا سے جو کچھ کہ فراخی کی گئی یا کہا عبدالرحمن نے کہ دیے گئے ہم دنیا سے جو کچھ کہ دیے گئے

اور تحقیق ڈرتے ہین ہم یہ کہ ہوون نیکیان ہماری جلدی کی گئین یعنی اونکے بدلے مین یہین یہ نعمتین مل گئی ہوون پھر شروع کیا عبدالرحمن نے رونا یہان تک کہ چھوڑ دیا کھانا اور نہ چکھا اوسکو اور عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ جابر رضی اللہ عنہ گوشت مول لیکر اپنے ہاتھ مین لیے جاتے ہین پوچھا کہ یہ کیا ہی جابر نے کہا کہ دل چاہا تھا میرا گوشت کھانے کو پس خریدا مینے اوسکو پس کہا عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ کیا جب دل چاہتا ہی تیرا کسی چیز کو ای جابر خرید تا ہی تو اوسکو کیا نہین ڈرتا ہی تو اس آیت سے اَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا اور پانی مانگا ایکدن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پس حاضر کیا گیا پانی ملا ہوا شہد کا پس کہا کہ تحقیق یہ خوب ہی لیکن مینے سنا ہی اللہ عزوجل کو کہ عیب کیا اوپر ایک قوم کے خواہشون اونکی کا پس فرمایا اللہ تعالی نے اَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا یعنی لے گئے تم خواہشین اپنی بیچ زندگانی دنیا اپنی کے اور فائدہ اوٹھایا تمنے ساتھ اونکے پس ڈرتا ہون یہ کہ ہووین ثواب نیکیون ہماری کے جلدی دیے گئے واسطے ہمارے پس نہ پیاوہ **ف** یعنی جیسے کافرون کو اللہ تعالی فرماویگا کہ تم دنیا ہی مین فائدہ اوٹھا چکے ڈرتا ہون کہ ہمکو بھی عوض نیکیون کے یہ نعمتین یہان نمل جاوین اور وہان کے ثواب سے محروم رہون ✝ اور ثوبان رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہین کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ارادہ سفر کا کرتے تو سب کے بعد اپنے اہل بیت مین سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملنے کو آتے اور جب سفر سے آتے تو سب سے پہلے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملنے کو جاتے پس ناگہان آئے ایکبار جہاد سے تو آئے اونکے ہان پس ناگہان دیکھا ایک پردہ ٹاٹ کا اونکے دروازے پر اور دیکھے حسن اور حسین رضی اللہ تعالی عنہما کے ہاتھ مین دو کڑے چاندی کے پس پھر گئے حضرت اور تشریف نہ لائے اونکے گھر مین پس جب دیکھا یہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے گمان کیا کہ بلاشک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہین آئے اونکے پاس بسبب اوس چیز کے کہ دیکھی پس پھاڑ ڈالا اونھون نے پردہ اور اوتار ڈالے کڑے صاحبزادون کے ہاتھون مین سے پھر کاٹ ڈالے وہ کڑے پس رونے لگے صاحبزادے پس تقسیم کر دیے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وہ دونون کو پس گئے دونون صاحبزادے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روتے ہوئے پس لیے وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اون دونون سے اور فرمایا ای ثوبان لیجا اس زیور کو طرف بنی فلان کے یعنی نام لیا ایک شخص کا اپنے اقربا مین سے کہ مدینے مین رہتے تھے اور مول لے واسطے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ایک ہار عصب کا اور دو کڑے ہاتھی دانت کے اسلیے کہ یہ اہل بیت میرے ہین اور مین نہین دوست رکھتا یہ کہ کھاوین یعنی برتین وہ طیبات یعنی نعمتین اپنی بیچ زندگانی دنیا اپنی کے تمام ہوا مضمون معالم کا اور مشکوۃ مین ہی کہ کہا ابو طلحہ نے کہ شکوہ لائے ہم طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بھوک کا پس کھول کر دکھائے ہمنے پیٹون اپنے سے ایک ایک پتھر یعنی ہر ایک نے پیٹ کھول کر پتھر کہ بسبب بھوک کے باندھے تھے دکھائے پس کھول کر دکھائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ اپنے سے دو پتھر اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَإِنَّ عِبَادَ اللهِ لَيْسُوا بِالْمُتَنَعِّمِينَ یعنی بچا تو اپنے تئین چین سے اسلیے کہ تحقیق بندے اللہ کے نہین ہوتے ہین چین والے اور فرمایا کہ جو کوئی راضی ہوا اللہ سے ساتھ تھوڑے رزق کے راضی ہوتا ہی اللہ اوس سے ساتھ تھوڑے عمل کے اور ابو ہریرہ گذرے ایک قوم پر کہ آگے اونکے رکھی تھی ایک بکری بریان پس بلایا اونھون نے ابو ہریرہ کو پس انکار کیا اونھون نے کھانے سے اور کہا کہ نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے اس حال مین کہ نہین سیر ہوئے جو کی روٹی سے اور فرمایا رشک مت لیجا فاجر پر ساتھ نعمت کے کیونکہ تحقیق تو نہین جانتا اوس چیز کو کہ وہ ملنے والا ہی بعد مرنے اپنے کے تحقیق واسطے اوسکے اللہ کے پاس مارنے والا ہی کہ نہین مرنے کا یعنی آگ اور فرمایا کہ جب دوست رکھتا ہی اللہ ایک بندے کو روکتا ہی اوسکو دنیا سے جیسے کہ ہوتا ایک تم مین کا کہ روکتا ہی بیمار اپنے کو یعنی استسقا والے کو پانی سے اور فرمایا دو چیزین ہین کہ برا جانتا ہی اونکو ابن آدم برا جانتا ہی موت کو اور موت بہتر ہی مومن کے لیے فتنے سے اور برا جانتا ہی کمی مال کی اور کمی مال کی باعث کمی حساب کی ہی اور آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا نصیحت کرو مجکو اور مختصر کرو پس فرمایا جب کھڑا ہووے تو نماز اپنی مین پس پڑھ نماز رخصت کرنے والے کی سی یعنی

مانند نمازاوس شخص کے کہ چھوڑنے والا ہی ماسوی اللہ کو یعنی خلق کو اور نہ بولا وہ بات کہ عذر کرے تو اوس سے کل کو یعنی قیامت کو اپنے سے آگے اور قصد کرنا اسیدی کا اوس چیز سے کہ لوگون کے ہاتھ مین ہی یعنی طمع مال کی کی کہ ایک آدمی نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ یعنی پس جسکو چاہتا ہے کہ راہ دکھاوے اوسکو کھولتا ہی سینہ اوسکا اسلام کے لیے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق نور جب داخل ہوتا ہی سینے مین کھل جاتا ہی وہ یعنی نفس قبول کرتا ہی اوسکو اور صاف ہو جاتا ہی بری باتون سے پس عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ کیا واسطے اس حالت کے علامت ہی کہ پہچانی جاوے ساتھ اوسکے فرمایا ہان دور ہونا گھر غرور سے یعنی دنیا سے اور رجوع کرنا طرف گھر ہمیشگی کے اور مستعد ہونا موت کے لیے پہلے اوترنے اوسکے کے اور کہا امام دردا سنے کہ کہا بیٹے ابن درد نے کیا ہی تجکو کہ نہین مانگتا تو حضرت سے جیسا کہ مانگتا ہی فلانا پس کہا اونھون نے کہ اسلیے نہین مانگتا مین کہ سنا ہی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے تحقیق آگے تمھارے گھاٹی سخت ہی یعنی موت قبر حشر نہین گذرینگے اوس سے بوجھل پس دوست رکھتا ہون مین یہ کہ ہلکا ہون مین اوس گھاٹی کے لیے انتہی + **نکتہ** + ایک محقق کہتا ہی کہ آیت وَوَصَّيْنَا سے یہان تک اشارہ ہی اسپر کہ سالک کو متصف ہونے سے ساتھ اخلاق حمیدہ کے اور ادا کرنے حقوق شریعت کے سے چارہ نہین ہی بدون اسکے درجہ صلاح اور انابت کو نہین پہونچتا ہی اور لائق واردہونے الہام الٰہی کے نہین ہوتا ہی اور وقت تمام ہونے نعمت ولایت اور نبوت اور اکمال اوسکے کا بعد چالیس برس کے ہی اور جکوئی متصف ساتھ ان صفتون اور متوجہ الی اللہ نہوا اور منہمک بیچ لذتون اور شہوتون نفس اور دنیا کی کے ہو تو عذاب کیا جاویگا وہ آگ طرد اور حرمان مین اور اسی سبب سے ہی کہ رسول علیہ السلام اور صحابہ رضی اللہ عنہم اور اولیاء نے اجتناب لذتون دنیا کی سے اختیار کیا ہی تو قرب الٰہی کو اور درجات جنت کو پہونچے + **تنبیہ** + غور کرو بھائیو ان مضامین مین اور اختیار کرو زہد کو اور بچو ابلیس و نفس کے جال سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ ابلیس آگے تیرے ہی اور نفس داہنے تیرے اور ہوی یعنی خواہش نفسانی بائین تیرے اور دنیا پیچھے تیرے اور اعضا گرد تیرے اور جبار اوپر تیرے پس ابلیس بلاتا ہی تجکو دین کے ترک کرنے کی طرف اور نفس بلاتا ہی تجکو معصیت کی طرف اور ہوی بلاتی ہی تجکو شہوات کی طرف اور دنیا بلاتی ہی تجکو اسکی طرف کہ ترجیح دیوے تو اوسکو آخرت پر اور اعضا بلاتے ہین تجکو ذنوب کی طرف اور جبار بلاتا ہی تجکو جنت اور مغفرت کی طرف جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ یعنی یہ کفار بلاتے ہین آگ کی طرف اور اللہ تعالیٰ بلاتا ہی جنت اور مغفرت کی طرف پس جسنے کہا مانا ابلیس کا چھوٹا اوس سے خدا تعالیٰ اور جسنے کہا مانا نفس کا گئی گذری ہوئی اوس سے روح اور جسنے کہا مانا ہوی کا جاتی رہی اوس سے عقل اور جسنے کہا مانا دنیا کا جاتی رہی اوس سے آخرت اور جسنے کہا مانا اعضا کا گئی گذری اوس سے جنت اور جسنے کہا مانا اللہ تعالیٰ کا گئین اوس سے ساری برائیان اور پونہچا ساری بھلائیون کو + **مخفیہا** + بزرگون نے فرمایا ہی دنیا کی مثال دریا کی ہی اور آخرت کی مثال کنارے کی ہی اور تقوے کی مثال کشتی کی ہی جب کشتی مضبوط ہوگی تو سب باتین درست ہونگی + **بیت** + شب تاریک و بیم موج و گردابی چنین حائل + کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا + پس علق کفار کا حال بیان فرما کر اب قصہ قوم عاد کا بیان فرمایا کفار کے سمجھانے کے لیے کہ دیکھو انھون نے اپنے نبی کا کہا نہ مانا آخر کو خراب و ہلاک ہوئے ایسے ہی تم اگر اس نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا نہ مانوگے تو خراب اور ہلاک ہوگے +

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ

اور یاد کر عاد کے بھائی کو جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف مین اور گذر چکے تھے ڈرانے والے آگے سے اور پیچھے سے

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ

کہ بندگی نکرو کسیکی اللہ کے سوا مین ڈرتا ہون تمپر آفت سے ایک بڑے دن کی +

اور یاد کر قوم عاد کے بھائی کو جب ڈرایا اپنی قوم کو سرزمین احقاف مین اور تحقیق گذرے تھے ڈرانے والے آگے مونھہ اوسکے کے اور پیچھے اوسکے یعنی ہر جانب سے بایں مضمون کہ عبادت نکرو مگر خدا کو تحقیق مین ڈراتا ہون تمکو عذاب دن بڑے کے سے + **تفسیر** + عاد کے بھائی کو یعنی حضرت ہود علیہ السلام کو اور احقاف جمع حقف کی ہی بمعنی ریت کے تھل کے پس احقاف ایک ریگستان ہی ولایت یمن مین قریب حضرموت کے کہ وہان قوم عاد رہتی تھی اور ابن عباس سے منقول ہی کہ احقاف ایک جنگل ہی درمیان عمان اور مہرہ کے آگے مونھہ اوسکے کے الخ یعنی پہلے ہود سے اور بعد اوسکے آئے تھے رسول ڈرانے والے طرف قومون اپنی کے ڈراتا ہون تمکو اگر پوجوگے تم غیر اللہ کو اور معنی ساری آیت کے یہ ہین اور یاد کر ہود کے ڈرانے کو اپنی قوم کے تئین انجام کار شرک اور عذاب عظیم سے اور بلاشبہ ڈراتے رہے ہین اور رسول بھی پہلے اونسے اور پیچھے اونسے مانند اسکے یعنی تمام انبیا ساتھ اسی امر کے مبعوث اور حکم کرنے والے ہوئے ہین + **مد جلالین** +

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

بولے کیا تو آیا ہی ہم پاس کہ پھیرے ہمکو ہمارے ٹھاکرون سے سو لے آ ہمپر جو وعدہ دیتا ہی تو اگر ہی تو سچا + **مو** +

کہا قوم ہود نے کیا آیا ہی تو سامنے ہمارے تو باز رکھے تو ہمکو ہمارے معبودون کی پرستش سے پس لا جو کچھ کہ وعدہ دیتا ہی تو ہمکو اگر سچون سے ہی تو + **تفسیر** + وعدہ دیتا ہی یعنی جلدی عذاب آنے کا شرک کرنے پر سچون سے ہی یعنی اپنے وعدے مین + **مد** +

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝

کہا یہ خبر تو اللہ ہی کو ہی اور مین پہونچا دیتا ہون جو کہہ دیا میرے ہاتھ لیکن مین دیکھتا ہون تم لوگ نادانی کرتے ہو + **مو** +

کہا ہود نے کہ سوا اسکے نہین کہ علم نزدیک خدا کے ہی اور پہونچاتا ہون مین تمکو وہ چیز کہ بھیجا گیا ہون مین ساتھ اوسکے یعنی ڈرانا لیکن دیکھتا ہون مین کہ تم ایک گروہ ہو کہ نادانی کرتے ہو + **تفسیر** + علم یعنی وہی جانتا ہی کسوقت عذاب آویگا مجکو کچھ علم اوسکا نہین نادانی کرتے ہو کہ جلدی عذاب چاہتے ہو اور یہ نہین جانتے کہ رسول بھیجے گئے ہین ڈرانے والے نہ یہ کہ علم غیب رکھتے ہین اور نہ یہ کہ پوچھین اللہ تعالی سے وہ چیز کہ اذن نہین دیا ہی اوسکے پوچھنے کا + **مد** +

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ

پھر جب دیکھا اوسکو ابر سامنے آیا اونکے نالون کے بولے یہ ابر ہی ہمپر برسے گا کوئی نہین وہ ہی جسکی تم شتابی کرتے تھے باؤ ہی جسمین دکھ کی مار ہی اوکھاڑ مارے ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے پھر کل کو رہ گئے کوئی نظر نہین آتا سوائے اونکے گھرون کے

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

یون ہم سزا دیتے ہین گنہگار لوگون کو + **مو** +

پس جب دیکھا اوس عذاب کو بصورت ابر کے متوجہ اونکے میدانون پر بولے یہ ابر ہی برسنے والا ہمپر بلکہ حقیقت مین وہ ابر وہ چیز ہی کہ جلدی طلب کرتے تھے تم اوسکو ایک ہوا ہی کہ اوسمین عذاب درد دینے والا ہی تباہ کرے ہر چیز کو ساتھ فرمان پروردگار اپنے کے پس ہوئے اس حال پر کہ دیکھی نہین جاتی تھی کوئی چیز سوائے گھرون اونکے کے اسی طرح سزا دیتے ہین ہم گنہگارون کے گروہ کو + **تفسیر** + منقول ہی کہ مینہ نہ برستا تھا قحط سالی تھی پس دیکھا اونھون نے ابر سیاہ کنارہ آسمان مین کہ سامنے آیا اونکے نالون کے پس کہا اونھون نے کہ یہ ابر ہی کہ مینہ برساویگا ہمپر اور بڑی خوشیان کین اوسکو دیکھکر پس فرمایا اللہ تعالی نے بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ + یعنی یہ ابر مینہ نہین برسانے کا بلکہ یہ وہی عذاب ہی کہ جسکی جلدی کرتے تھے تم پھر تفسیر کی مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ کی کہ اوکھاڑے تباہ کرے یعنی ہلاک کرے اکثر قوم عاد کی

جانین اور اموال بس مراد کُلَّ شَیۡءٍ سے اکثر ہی تعبیر کیا اکثر کو ساتھ کل کے اسی طرح یعنی مثل اسکے سزا دیتے ہین ہم اوسکو کہ جرم کرے مانند جرم انکے اور یہ ڈرانا ہی مشرکین عرب کو + ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہی کہ گوشہ نشین ہوئے ہود اور ساتھی اونکے ایک جگہہ نہین پہونچتی تھی اونکو ہوا سوا ایسی ہوا کے کہ خوشگوار ہوا اونکی جانون کو اور قوم عاد پر اس طرح کی پہونچتی تھی کہ اوڑا لیجاتی تھی اونکو درمیان آسمان زمین کے اور دے ملتی تھی اونکو پتھرون پر + بیضاوی + وہ ہوا دبور یعنی پچھوا تھی اول کہ آئی دیکھا عاد نے کہ مواشی اور اونکے مرد ونکو کہ باہر گھرون سے تھے اوڑا کر درمیان زمین و آسمان کے لیجاتی ہی مانند پرونکے اون سبھون نے گھرون مین آکر دروازے بند کر لیے ہوا نے حکم الہی دروازے اونکے کھول کر تھل ریت کے اونپر لا ڈالے سات رات دن اوس ریت کے نیچے سے اور آہ آہ کی آواز اونکی سنائی دیتی تھی بعد ازان حق تعالی نے ہوا کو حکم کیا کہ ریت اونکے اوپر سے دور کر کر بدن اونکے دریا مین ڈال دے پس یونہین کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا نہین بھیجی اللہ تعالی نے عاد پر ہوا مگر بقدر انگوٹھے سیر کے کہ یہ ہی اور عایشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہین کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ جھکڑ چلتا ہوا کا تو فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ خَیۡرَھَا وَخَیۡرَ مَا فِیۡھَا وَخَیۡرَ مَاۤ اُرۡسِلَتۡ بِهٖ وَاَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیۡھَا وَشَرِّ مَاۤ اُرۡسِلَتۡ بِهٖ یعنی یا اللہ بلاشبہہ مین مانگتا ہون تجہسے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی اوس چیز کی کہ اسمین ہی اور بھلائی اوس چیز کی کہ بھیجی گئی ہی ساتھ اوسکے اور پناہ مانگتا ہون مین اسکی برائی سے اور برائی اوس چیز کی سے کہ اسمین ہی اور برائی اوس چیز کی کہ اسکے بھیجی گئی ہی ساتھ اوسکے پھر جب ابر آتا آسمان پر متغیر ہوتا رنگ مبارک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور باہر آتے گھر کے اور اندر جاتے اور سامنے آتے اور پیچھے پھیرتے پس جب مینہ برستا تو دور ہوتی وہ حالت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پس پوچھا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سبب اسکا پس فرمایا شاید کہ ہو یہ جیسا کہ کہا قوم عاد نے هٰذَا عَارِضٌ مُّمۡطِرُنَا + اور روایت ہی حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا نہین دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مونہہ پھاڑ کر ہنستے یہان تک کہ دیکھون مین کوا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نہین تھے آپ مگر مسکراتے اور تھے آپ جب دیکھتے ہوا یا ابر پہچانا جاتا نشان اوسکی فکر کا حضرت کے چہرۂ مبارک مین پس کہا مینے یا رسول اللہ لوگ جب دیکھتے ہین ابر کو خوش ہو جاتے ہین بامید اسکے کہ ہو اسمین مینہ اور آپ جب دیکھتے ہین اوسکو تو پہچانی جاتی ہی آپکے چہرۂ مبارک مین کراہت پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ای عایشہ کون سی چیز امن مین کرے مجکو اس سے کہ ہو اسمین عذاب بلاشبہہ عذاب کی گئی ایک قوم ساتھ ہوا کے اور بلاشبہہ دیکھا اوس قوم نے عذاب پس کہا اونھون نے هٰذَا عَارِضٌ مُّمۡطِرُنَا اخیر آیت تک + معالم + درمنثور + تنبیہ + غور کرنا چاہیے ان روایتون مین کہ انسے معلوم ہوا کہ آدمی کو غافل نہونا چاہیے ہر حال ڈرتا رہے طرح بطرح سے اسی لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ اِنَّ الۡمُؤۡمِنَ فِیۡ سِتَّةِ اَنۡوَاعٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ اَحَدُھَاۤ اَنَّهٗ تَعَالٰی یَاۡخُذُهٗ بِلَا اِیۡمَانٍ بَغۡتَةً وَالثَّانِیۡ مِنۡ قِبَلِ الۡحَفَظَةِ اَنۡ یَّكۡتُبُوۡا عَلَیۡهِ مَا یَفۡتَضِحُ بِهٖ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ وَالثَّالِثُ مِنۡ قِبَلِ الشَّیۡطٰنِ اَنۡ یُّبۡطِلَ عَمَلَهٗ وَالرَّابِعُ مِنۡ قِبَلِ مَلَكِ الۡمَوۡتِ اَنۡ یَّاۡخُذَهٗ فِیۡ غَفۡلَةٍ بَغۡتَةً وَالۡخَامِسُ مِنۡ قِبَلِ الدُّنۡیَاۤ اَنۡ یَّغُرَّهٗ بِهَا فَیَشۡتَغِلَ عَنِ الۡاٰخِرَةِ وَالسَّادِسُ مِنۡ قِبَلِ الۡاَهۡلِ وَالۡعِیَالِ اَنۡ یَّشۡتَغِلَ بِهِمۡ فَیَشۡتَغِلَ عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ + منبہات

وَلَقَدۡ مَكَّنّٰهُمۡ فِیۡمَاۤ اِنۡ مَّكَّنّٰكُمۡ فِیۡهِ وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ سَمۡعًا وَّاَبۡصَارًا وَّاَفۡـِٕدَةً ۖ فَمَاۤ اَغۡنٰی عَنۡهُمۡ سَمۡعُهُمۡ

اور ہمنے مقدور دیا تھا اونکو جو تمکو مقدور نہین دیا اور اونکو دیے تھے کان اور آنکھین اور دل پھر کام نہ آئے اونکو کان اونکے

وَلَاۤ اَبۡصَارُهُمۡ وَلَاۤ اَفۡـِٕدَتُهُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِذۡ كَانُوۡا یَجۡحَدُوۡنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمۡ مَّا كَانُوۡا بِهٖ یَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ۝

نہ آنکھین اونکی نہ دل اونکے کسی چیز مین کہ تھے اسپر منکر ہوتے اللہ کی باتون سے اور اولٹ پڑی اونپر جس بات سے ٹھٹھا کرتے تھے

وغیرہ جگہہ دی تھی ہمنے قوم عاد کو بیچ اوس چیز کے کہ جگہہ نہین دی ہی ہمنے تمکو اوسمین اور بنائے تھے ہمنے قوم عاد کے لیے کان اور آنکھین

اور دل پس دفع نکیا اونسے اونکے کانون نے اور اونکی آنکھون نے اور اونکے دلون نے کسی چیز کو اسلیے کہ انکار کرتے تھے خدا کی نشانیون کا اور گھیر لیا اونکو اوس چیز نے کہ ساتھ اوسکے ٹھٹھا کرتے تھے + اور ہمنے مقدور دیے تھے اونکو جو تمکو مقدور نہین دیے اور اونکو دیے تھے کان اور آنکھین اور دل پھر کام نہ آئے اونکو کان اونکے نہ آنکھین اونکی نہ دل اونکے کسی چیز مین اسپر کہ تھے منکر ہوتے اللہ کی باتون سے اور اولٹ پڑی اونپر جس بات سے ٹھٹھا کرتے تھے + **تفسیر** + اونکو دل اور کان اور آنکھ دیے تھے یعنی دنیا کے کام مین عقلمند تھے وہ عقل کام نہ آئی + **مو** + سمجھ دی تھی ہمنے الخ یعنی اونکو جو قوت بدن اور طول عمر اور کثرت مال دی تھی وہ تمکو نہین دی اور کان الخ یعنی آلات ادراک وفہم کے دیے تھے تا دلیلین توحید حق کی سمجھین اور کلمات اوسکے سنین اور سمجھین جونکہ نہ سمجھے ہلاک کیا ہمنے اونکو باوجود اوس قوت بدن اور طول عمر اور کثرت مال اونکی کے پس ہلاک کرنا تمہارا ای قریش کہ نسبت اونکے بہت ضعیف ہو کیا دشوار ہی پس **ف** و اور ایمان الخ اور گھیر لیا اونکو الخ یعنی سزا اونکے ٹھٹھے کی اونپر اوتری کہ معذب ہوئے اور یہ تہدید ہی کفار مکہ کے لیے پھر زیادہ کی تہدید اونکی ساتھ قول پاک اپنے وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الخ کے + **بحر** + **مد** + **معا** +

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ○

اور ہم کھپا چکے ہین جتنی تمہارے آس پاس ہین بستیان اور پھیر پھیر سنائین اونکو باتین شاید وہ پھر آوین + **مو** +

اور تحقیق ہلاک کیے ہمنے جو کچھ کہ گرد تمہارے ہین گانون سے اور طرح بطرح بیان کین ہمنے نشانیان ہووے کہ وہ پھرین + **فتح** + اور ہم کھپا چکے ہین جتنی تمہارے آس پاس ہین بستیان اور پھیر پھیر سنائین اونکو باتین شاید وہ پھرین + **مو** + **تفسیر** + گرد تمہارے ہین الخ گانون سے یعنی بستیان ثمود کی اور قوم لوط کی اور مانند انکے اور مراد بستی والے ہین اسی لیے فرمایا وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ یعنی بار بار بیان کین ہمنے اونپر دلیلین اور طرح بطرح کی عبرتین کہ پھرین کفر و سرکشی سے طرف ایمان کے پس پھرے وہ پس ہلاک کیا ہمنے اونکو + **مل** + **معالم** +

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ

پھر کیون نہ مدد پہنچی اونکو جنکو پکڑا تھا اللہ سے ورے درجہ پانے کو پوجنا کوئی نہین گم ہوئے اونسے اور یہی جھوٹ تھا اونکا

وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○

اور جو باندھتے تھے + **مو** +

پس کیون مدد نکی اونکی اونھون نے کہ معبود پکڑے تھے سوائے خدا کے قرب خدا ڈھونڈھتے ہوئے بلکہ گم ہوگئے وہ اونکی نظر سے اور یہی جھوٹھ اونکا اور جو کچھ کہ افترا کرتے تھے + **فتح** + **تفسیر** + اونھون نے الخ یعنی بتون نے کہ معبود ٹھہرایا تھا اونکو اور شفیع قرب خدا ڈھونڈھتے تھے ساتھ اونکے کہتے تھے هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ + یعنی یہ سفارشی ہمارے ہین نزدیک اللہ کے کیون نہ مدد کی اونکی گم ہوگئے یعنی غائب ہوئے اونکی مدد کرنے سے اور یہی ہی جھوٹھ یعنی نہ مدد کرنا معبودون کا اور غائب ہونا اونکا مدد دینے سے یہی ہی اثر اونکے جھوٹھ کا کہ وہ معبود پکڑنا بتون کا ہی اور ثمرہ شرک اونکے کا اور افترا اونکے کا اللہ پر جھوٹ کا + **مل** + **نکتہ** + ایک محقق کہتا ہی کہ آیت وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ سے یہان تک اشارہ ہی ساتھ اسکے کہ جو روگردانی کرین توحید سے اور حق کی عبادت سے انجام کار اونکا یہی کہ ہلاک ہون جسم اور دین اونکے اور ہر چیز قسم دنیا اور لذتون سے کہ محبوب اور خوش کرنے والی اونکی ہی وہی سبب عذاب و ہلاکت کی ہی اور الٰہہ باطلہ اونکے قسم قوی اور نفوس سے اور ہمنشین بد مدد اونکی نہین کر سکتے + **بحر** + **بیت** + اشکہا یم رفتہ رفتہ در گلو زنجیر شد + طفل دامن گیر ما آخر گریبان گیر شد + **تنبیہ** + ان آیات کریمہ سے معلوم ہوا کہ ہر شخص کو چاہیے کہ اگلون کے احوال سنکر ڈرے

خدا سے اور نصیحت پکڑے جیسا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَیْرِہٖ یعنی نیکبخت وہ ہی کہ غیر کو دیکھکر نصیحت پکڑے یعنی جسکو بُری اور عیب کی بات کرتے دیکھے آپ نکرے اور جسکو اچھی بات کرتے دیکھے آپ بھی کرنے لگے حاصل یہ کہ آدمی کو عقل یہ ہی کہ خدائے تعالی کو پہچانے اور اوسکی اطاعت کرے اور اوسکی شان قہاری سے ڈرے اور شیطان کا کہا نہ مانے اور دولت اسلام کو غنیمت جانے کیا خوب فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مَنْ جَمَعَ سِتَّةَ خِصَالٍ لَمْ يَدَعْ لِلْجَنَّةِ طَلَبًا وَّلَا لِلنَّارِ مَهْرَبًا اَوَّلُهَا مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ تَعَالٰى فَاَطَاعَهٗ وَمَنْ عَرَفَ الشَّيْطٰنَ فَعَصَاهُ وَمَنْ عَرَفَ الْاٰخِرَةَ فَطَلَبَهَا وَمَنْ عَرَفَ الدُّنْيَا فَرَفَضَهَا وَمَنْ عَرَفَ الْحَقَّ فَاتَّبَعَهٗ وَمَنْ عَرَفَ الْبَاطِلَ فَاتَّقَاهُ یعنی جسنے جمع کین چھ خصلتین خوب طلب کیا جنت کو اور بہت بھاگا دوزخ سے اول تو جسنے پہچانا اللہ تعالی کو پس فرمانبرداری کی اوسکی اور جسنے پہچانا شیطان کو پس نافرمانی کی اوسکی اور جسنے پہچانا آخرت کو پس طلب کیا اوسکو اور جسنے پہچانا دنیا کو پس ترک کیا اوسکو اور جسنے پہچانا حق کو پس پیروی کی اوسکی اور جسنے پہچانا باطل کو پس بچا اوس سے اور فرمایا حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اَلنِّعَمُ سِتَّةٌ اَلْاِسْلَامُ وَالْقُرْاٰنُ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَافِيَةُ وَالسَّتْرُ عَنِ الْعُيُوْبِ وَالْغِنٰى عَنِ النَّاسِ یعنی نعمتین چھ ہین اسلام اور قرآن اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عافیت اور پردہ پوشی عیبون سے اور بے پروائی لوگون سے **منبہات** آب آگے اور طرح سے سمجھانا شروع کیا کفار کو آنحضرت کی طرف خطاب فرماکر کہ دیکھو قرآن کو جنون نے بھی سنکر ہدایت پائی تم کفار ایسے غبی ہو کہ تمکو کچھہ معلوم نہین

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا فَلَمَّا

اور جب متوجہ کردیے ہمنے تیری طرف کتنے لوگ جنون میں سے سننے لگے قرآن پھر جب وہان پہنچے بولے چپ رہو پھر جب

قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝

تمام ہوا اولٹے گئے اپنی قوم کو ڈر سناتے **موضح**

اور یاد کر جب متوجہ کیا ہمنے طرف تیرے ایک جماعت کو جن میں سے سننے لگے قرآن پس جب حاضر ہوئے آگے پیغمبر کے آپسمین کہنے لگے خاموش رہو پس جب تمام کیا گیا پھرے طرف قوم اپنی کے ڈراتے ہوئے **فتح** اور جب متوجہ کردیے ہمنے تیری طرف کتنے لوگ جنون مین سے سننے لگے قرآن پھر جب وہان پہنچے بولے چپ ہو پھر جب تمام ہوا اولٹے گئے اپنی قوم کو ڈر سناتے **تفسیر** حضرت نکلتے تھے حج کے دنون مین شہر مکہ سے باہر نماز صبح پڑھنے لگے اپنے یارون کے ساتھ اوسوقت کتنے جن سن گئے اور مسلمان ہوئے اور اپنی قوم کو جاکر سمجھایا اس بار حضرت سے نہین ملے پھر بہت لوگ مسلمان ہوکر ایک رات مکہ سے باہر آئے حضرت اکیلے باہر گئے سب نے قرآن سیکھا اور دین قبول کیا سورہ جن مین لونکی باتین مفصل مذکور ہین اور جیسے حضرت کو وحی آئی تب سے جنون پر خبر آسمان سے بند ہوئی اونکو سبب معلوم تھا قرآن جب سنا تو جانا اوسکا نزول ہوتا ہی اس سے خبر بند کی ہی **معا** خاموش ہو سنو اور تمام کیا گیا یعنی فارغ ہوئے آنحضرت قرآن پڑھنے سے ڈراتے ہوئے یعنی اپنی قوم کو عذاب سے اگر ایمان نہ لاوین روایت کیا گیا ہی کہ جن چوری سے سنا کرتے تھے احکام الہی آسمان پر جاکر پس جب نگہبانی ہونے لگی آسمان پر اور پھینکے جانے لگے اونپر شہاب یعنی شعلے کہا اونھونے آپسمین کہ نہین ہی یہ مگر بسبب کسی امر عظیم کے کہ حادث ہوا ہی پس اوٹھے اونمین سے سات نفر یا نو نفر اشراف جن نصیبین کے سے یا نینوا کے سے کہ اونمین زوبعہ بھی تھا کہ نام ہی ابلیس کے بیٹے کا پس چلے وہ یہان تک کہ پہنچے وہ تہامہ مین پھر آئے طرف وادی نخلہ کے پس پایا اونھونے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال مین کہ آپ کھڑے ہوئے نماز پڑھتے تھے آدھی رات کو یا صبح کی نماز پڑھتے تھے پس سنی اونھونے قراءت آپ کی اور سعید

بن جبیر سے منقول ہی کہ نہین پڑھا قرآن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جنون پر اور نہ دیکھا اونکو بجز اسکے کہ پڑھ رہے تھے اپنی نماز مین
پس گذرے جن حضرتؐ پر اور ٹھہر کر سننے لگے اور حضرتؐ کو خبر نہین تھی اسکی پس خبر دی آپ کو اللہ تعالی نے اونکے سننے کی اور بعضون نے
کہا کہ حکم کیا تھا اللہ تعالی نے اپنے رسول کو یہ کہ ڈراوین جنون کو اور پڑھین اونپر قرآن پھر متوجہ کیا اللہ تعالی نے طرف حضرتؐ کے ایک جماعت
کو اونمین سے پس فرمایا آپ نے یعنی صحابہ سے کہ مین حکم کیا گیا ہون یہ کہ پڑھون مین یعنی قرآن جنون پر آج کی رات پس کون ساتھ چلتا ہی میرے فرمایا
یہ تین بار پس چپ رہے سب سوائے عبداللہ بن مسعودؓ کے کہا عبداللہ بن مسعودؓ نے کہ نہین حاضر ہوا حضرتؐ کے ساتھ شب جن مین کوئی سوائے میرے
پس چلے ہم یہان تک کہ جب پونہچے ہم جانب اعلی مکہ کے بیچ درون حجونؐ کے پس کھینچا آپ نے میرے لیے ایک خط یعنی کنڈل اور فرمایا کہ
نہ نکلنا تو اس سے یہان تک کہ پھرون مین طرف تیرے پھر شروع کیا حضرتؐ نے قرآن پڑھنا اور سنا مینے شور و غوغا بہت پس فرمایا مجھسے رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی بعد پھرنے کے کہ آیا دیکھا تو نے کچھ عرض کیا مینے کہ ہان کالے کالے شخص دیکھے مینے پس فرمایا یہ جن نصیبین کے تھے
اور تھے وہ باران ہزار اور سورت جو پڑھی تھی اونپر اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ تھی اور ابو جعفر رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ آئے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جن ربیع الاول مین بیچ سن گیاراں کے نبوت کے ✣ **من ✣ درمنثور ✣ جلالین ✣**
منقول ہی کہ رسول خدا علیہ السلام بعد مرنے ابو طالب کے تنہا طرف طائف کے گئے تا وہان کے لوگون کو اسلام و نصرت کی طرف دعوت کرین
جب وہان پونہچے تو ملے ساتھ تین شخصون کے اشراف ثقیف سے اور اونکو بلایا اسلام کی طرف اونھون نے انکار کیا اور اپنے بیوقوفون کو
ورغلایا وہ آپکے درپے ہوئے گالی گلوج دینے لگے اور شور و غوغا مچایا یہان تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پھر کر عتبہ اور شیبہ ربیعہ کے
بیٹون کے باغ مین پونہچے اوس وقت وہ بیوقوف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سے پھرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انگور
کے درختون کے سائے مین بیٹھے اور حق تعالی سے دعا کی مدد کرنے کی ربیعہ کے بیٹون نے یہ تمام حال دیکھا ہی تھا بسبب صلۂ رحمی اپنے کے
تھوڑے سے انگور ایک طباق مین رکھکر اپنے غلام کے ہاتھ کہ عداس نام نصرانی تھا آنحضرتؐ کے لیے بھیجے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
بسم اللہ کہکر وہ انگور تناول فرمائے عداس نے چہرۂ مبارک پر نظر کر کے کہا واللہ یہ کلام اہل مکہ کے کلامون مین سے نہین ہی آنحضرتؐ نے اوس سے
پوچھا کہ تو کس شہر کا ہی اور دین تیرا کیا ہی عداس نے کہا کہ مین مرد نصرانی نینوا والون مین سے ہون آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مرد صالح یونس
بن متی کی بستی مین سے ہی تو عداس نے کہا کہ تم یونس کو کیا جانو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ وہ بھائی میرا پیغمبر ہی اور مین بھی پیغمبر ہون عداس آپکے
پائے مبارک پر پڑا اور بوسہ دیا اور عداس جب مسلمان ہو کر اپنے مالکون کے پاس آیا کہ ربیعہ کے بیٹے تھے تو ربیعہ کے بیٹون نے کہا ای عداس
کیون اس شخص کے پانون پر پڑا تو اور بوسہ دیا تو نے عداس نے کہا ای سردار میرے روئے زمین پر کوئی شخص بہتر اس مرد سے نہین خبر دی مجکو
اوس نے خبر کی کہ سوائے پیغمبر کے نجانے کہا اونھون نے وائے تجپر ای عداس نچاہیے کہ تجکو تیرے دین سے پھیر دے تیرا دین بہتر ہی اوسکے دین سے
بعد ازان حضرتؐ مکے کی طرف متوجہ ہوئے اور رات کو ایک نخلستان مین رہے جب تہجد کے لیے اوٹھے تو ایک گروہ کا جن نصیبین مین سے یا نینوا
مین سے کہ یمن کو جاتے تھے آنحضرتؐ پر گذر پڑا قرات آنحضرتؐ کی سنکر اپنے تئین آنحضرت پر ظاہر کیا اور وہ سات شخص تھے شاصر ناصر
دس مس ازد ایناب احصم ✣ اور بقول بعض کے نو تھے زوبعہ بیٹا ابلیس کا بھی اونمین تھا اور بقول بعض کے دس باران تھے اور بقول
بعض کے ستر تھے اور بعد فارغ ہونے آنحضرتؐ کے نماز سے اونھون نے کچھ کچھ آنحضرت سے پوچھا اور آپ پر ایمان للائے اور رسول علیہ السلام
نے اونکو فرمایا کہ اپنی قوم مین جاکر دعوت اسلام کی طرف کرو اونھون نے اپنی قوم مین جاکر قرآن سنایا اور اسلام کی طرف دعوت کی ایک
جماعت اونکی قوم مین سے مسلمان ہو کر ہمراہ اونکے جناب آنحضرتؐ مین حاضر ہوئی جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرتؐ کو اونکے آنے کی خبر کی آنحضرتؐ
نے رات کو عبداللہ بن مسعود کے تئین ساتھ لے کر درہ پہاڑ حجون کے مین کہ بیچ اعلائے مکہ کے ہی گئے اور ایک خط کھینچکر عبداللہ کو اوسمین بٹھایا

۵۱ قوله جنون نفس نہ صاحی مسلم مقدم بر بجم گوہی بگا ۱۲ صراح

اور فرمایا کہ اس دائرے سے باہر نہ نکلنا پھر آپنے دیرے مین جا کر قرآن پڑھنا شروع کیا عبد اللہ بن مسعود اوس دائرے مین بیٹھے ہوئے
ہجوم و بھیڑ لوگون کی دیکھتے تھے اور الفاظ سخت سنتے تھے یہان تک کہ فجر ہوئی اور رسول علیہ السلام عبد اللہ کے پاس آئے اور پوچھا کہ سورہا تھا
عبد اللہ نے کہا سویا نہین ہو نہین بلکہ ہجوم کرنے اونکے سے ایذ خوف کرتا تھا مین اور بار ہا چاہتا تھا کہ لوگونکو آواز دون مین جسوقت کہ آپ اونکو
اپنے عصا سے مارتے تھے اور فرماتے تھے بیٹھ آنحضرت صلعم نے فرمایا اگر تو اس خط سے باہر آتا تو وہ تجکو اچک لیجاتے پھر فرمایا آپنے کہ ای عبد اللہ کچھ دیکھا
تو نے کہا عبد اللہ نے کہ مرد سیاہ سفید کپڑے پہنے دیکھے مینے فرمایا کہ یہ جماعت نصیبین کے جنون کی تھی مجھسے متاع و توشہ طلب کیا مینے ہڈیان اور گوبر
اور مینگنیان متاع و توشہ اونکا اور اونکے جانورون کا مقرر کیا اور اوسی وقت سے منع کیا رسول علیہ السلام نے مومنون کو استنجا کرنے سے
ساتھ ہڈی اور گوبر کے آخر اک جنون کی گمنا و نی ہوا ور پھر عبد اللہ نے اونکے الفاظ سخت کا حال پوچھا فرمایا کہ وہ آپسمین بیچ قتل ایک مقتول
کے نزاع رکھتے تھے اونکے درمیان مین حکم حق کیا مینے پھر آنحضرت نے حاجت انسانی قضا کی اور عبد اللہ کے پاس آکر پانی طہارت کے لیے
طلب کیا عبد اللہ نے کہا پانی میرے پاس نہین ہی چھاگل مین کچھ نبیذ ہی فرمایا پانی پاک اور کھجور پاک ہی پس عبد اللہ نے نبیذ آپکے دست مبارک پر
ڈالی اور وضو کر وایا ان آیتون مین اور سورہ جن مین بیان اس قصے کا ہی + **بحر من المعالم مختصراً**

قَالُوا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ
بولے ای قوم ہماری ہمنے سنی ایک کتاب جو اوتری ہی موسی کے بعد سچا کرتی سب اگلیون کو سمجھاتی

اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
سچا دین اور ایک راہ سیدھی + **موضح** +

کہا جنون نے ای قوم ہماری تحقیق ہمنے سنی ہی ایک کتاب یعنی قرآن کہ اوتاری گئی بعد موسی کے باور رکھنے والی اوس چیز کی کہ پہلے
اوس سے تھی یعنی توریت وغیرہ راہ دکھاتی ہی طرف دین راست کے اور طرف راہ درست کے + **فتح** + بولے ای قوم ہماری ہمنے
سنی ایک کتاب جو اوتری ہی موسی کے بعد سچی کرتی ہی سب اگلیون کو سمجھاتی سچا دین اور ایک راہ سیدھی + **تفسیر**
حضرت سلیمان کے وقت سے توریت اونمین مشہور تھی + **موضح** + کہا بعد موسی کے اسلیے کہ وہ تھے ماننے یہودیہ پر اور ابن عباس سے منقول ہی
کہ جنون نے نہین سنا تھا امر عیسی کا یعنی پیدا ہونا اونکا اسلیے اس طرح کہا + **معالم**

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝
ای قوم ہماری مانو اللہ کے بلانے والے کو اور اوسپر یقین لاؤ کہ بخشے تمکو کچھ تمہارے گناہ اور بچاوے تمکو ایک دکھ کی مار سے + **موضح**

ای قوم ہماری قبول کرو تم بات بلانے والے کی طرف حق کے اور ایمان لاؤ اوسپر تو بخشے خدا تمہارے لیے بعض گناہ تمہارے
اور پناہ دیوے تمکو عذاب درد دینے والے سے + **تفسیر** بات بلانے والے کی یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور بعض گناہ یہ اسلیے
فرمایا کہ حقوق لوگون کے نہین بخشے جاوینگے بدون رضا حق والون کے کہا ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے نہین ثواب ہی جنون کے لیے سوائے
نجات کے آگ سے بسبب اس آیت کے اور کہا مالک اور ابن ابی لیلی اور ابو یوسف اور محمد رحمہم اللہ نے کہ اونکے لیے ثواب اور عذاب
اور ضحاک سے ہی کہ وہ داخل ہونگے جنت مین اور کھاوینگے اور پیوینگے بسبب قول اللہ تعالی کے لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ
وَلَا جَآنٌّ + **معالم** + کہا ابن عباس نے پس کہا مانا اونکا اونکی قوم مین سے قریب ستر شخصون نے پس پھرے وہ طرف رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے اور ملے حضرت سے بطحا مین پس پڑھا حضرت نے اونپر قرآن اور امر و نہی کی اونکو اور اسمین دلیل ہی اوسپر کہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم رسول ہو کر آئے تھے تمام جن و انس کے لیے کہا مقاتل نے کہ نہین مبعوث ہوا کوئی نبی پہلے حضرت کے طرف تمام جن و انس کے

اور اختلاف کیا ہے علما نے مومن جنوں کے حق مین کہا لیث نے کہ جنون کا ثواب یہ ہوگا کہ بچائے جاوینگے آگ سے پھر کہا جاویگا انکو کہ ہو جاؤ مٹی مانند جانوروں کے اور ابو زناد نے کہا کہ جب حکم کیا جاویگا درمیان انس و جن کے تو کہا جاویگا مومن جنون کو کہ ہو جاؤ مٹی پس ہو جاوینگے مٹی پس اوسوقت کہیگا کافر یٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا اور کہا ضمرہ بن حبیب نے کہ جن کے لیے ثواب ہوگا اور پڑھی آیت لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ کہا ضمرہ نے پس انسان عورتین انسان کے لیے ہونگی اور جنیات جن کے لیے اور کہا عمر بن عبد العزیز نے کہ مومن جن گرد جنت کے ہونگے نہ اندر اوسکے **معالم** اور روایت کیا ابن عساکر نے ابی سعید سے بطریق مرفوع کے کہ پیدا کی گئی کھجور اور انار اور انگور حضرت آدم کی باقی رہی ہوئی مٹی سے اور روایت کیا طبرانی نے ابی امامہ سے بطریق مرفوع کے کہ پیدا کی گئی حورعین زعفران سے اور ابی الدردا سے ہی بطریق مرفوع کے کہ پیدا کیا اللہ عز و جل نے جن کو تین قسم پر ایک قسم تو سانپ اور بچھو اور زمین کے کیڑے ہین اور ایک قسم مانند ہوا کے اور ایک قسم ہے کہ اوپر حساب و عذاب ہے اور پیدا کیا اللہ نے انسان کو تین قسم پر ایک قسم مانند چارپایون کے اور ایک قسم ہین کہ بدن تو اونکے آدمیون کے سے ہین اور روحین اونکی شیطانون کی سی اور ایک قسم اللہ کے سایہ مین ہین جس دن کہ نہین سایہ ہوگا مگر اوسی کا اور یہ جو فرمایا کہ ایک قسم ہونگے کہ اوپر حساب و عذاب ہوئیگا اسمین اشارہ ہے طرف قول امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے اور توقف کرنے اونکے کے جنون کے حق مین بیچ ملنے ثواب کے واللہ اعلم بالصواب **مرقات**

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور جو کوئی نہ مانیگا اللہ کے بلانے والے کو تو وہ نہ تھکا سکیگا بھاگ کر زمین مین اور کوئی نہین اوسکا اوسکے سوائے مددگار وہ لوگ

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

بھٹکتے ہین صریح **موضح**

اور جو کوئی کہا نمانے خدا کی طرف بلانے والے کا پس نہین ہے عاجز کرنے والا زمین مین اور نہین ہین اوسکے لیے سوائے خدا کے دوست وہ جماعت بیچ گمراہی ظاہر کے ہین **فتح** اور جو کوئی نہ مانیگا اللہ کے بلانے والے کو تو وہ نہ تھکا سکیگا بھاگ کر زمین مین اور کوئی نہین اوسکے سوا مددگار وہ لوگ بھٹکتے ہین صریح **تفسیر** بھاگ کر زمین مین لوے یہ فرشتے مارتے ہین تو زمین ہی کو گھیر لاتے ہین **موضح** نہین ہے عاجز کرنے والا الخ یعنی نہین عاجز کریگا اللہ کو کہ بھاگ کر اوس سے کہین نکل جاوے دوست یعنی مددگار کہ دفع کرین اوس سے عذاب **جلالین** **تنبیہ** جاننا ضرور ہے کہ یہ قرآن ایسا عظیم الشان ہے کہ اثر اسکا جنات کے دلون مین بھی ہوا اور آدمیون اور آدم زاد پر کہ اسکی قدر نجانین اور اسکے پڑھنے اور عمل کرنے پر متوجہ نہون سو آیت ہے حارث اعور یعنی کا نے سے کہ کہا گذرا مین مسجد مین یعنی کوفہ کے لوگون پر کہ بیٹھے تھے پس ناگہان لوگ مشغول تھے بیفائدہ باتون مین یعنی قصون وغیرہ مین اور چھوڑدی تھی تلاوت قرآن وغیرہ پھر گیا مین حضرت علیؓ کے پاس اور خبر دی مینے اونکو اسکی پس فرمایا حضرت علیؓ نے کیا تحقیق کی اونھون نے یہ بات یعنی چھوڑ دیا اونھون نے قرآن اور مشغول ہوئے بیفائدہ باتون مین کہا مینے کہ ہان فرمایا حضرت علی رضؓ نے خبردار ہو تحقیق سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے خبردار ہو تحقیق ہوگا فتنہ یعنی اختلاف واقع ہوگا لوگون مین اور بُرے مذاہب نکلینگے کہا مینے کس طرح خلاصی ہوگی اوس سے یا رسول اللہ فرمایا کتاب اللہ یعنی طور خلاصی کا اوس سے عمل کرنا ہے کتاب اللہ کا اوسمین خبر ہے پہلون تمھارے کی یعنی اگلی امتون کی خبرین اور خبر ہے اوس چیز کی کہ پیچھے تمھارے ہے یعنی علامتین قیامت کی اور احوال قیامت کے اور اوسمین حکم ہے اوس چیز کا کہ واقع ہو درمیان تمھارے یعنی کفر اور ایمان اور اطاعت و گناہ اور حلال و حرام اور تمام شرائع اسلام اور معاملات آپس کے وہ فرق کرنے والا ہے درمیان حق و باطل کے نہین ہے بیہودہ جس متکبر نے چھوڑا قرآن کو ہلاک کریگا اوسکو اللہ اور جسنے ڈھونڈی

ہدایت اوسکے غیر ین یعنی کتابون مین اور علمون مین کہ نہین نکالے گئے قرآن سے اور نہ موافق ہین ساتھ اوسکے گمراہ کریگا اوسکو اللہ اور وہ رستہ اللہ کی ہی استوار یعنی ہو سیدھا قوی ہی معرفت اور قرب الٰہی کا اور وہ ہی مذکور با حکمت اور وہ راہ سیدھی ہی وہ ایسا ہی کہ نہین کج ہوتین بسبب اتباع اوسکی کے خواہشین حق سے طرف باطل کے اور نہین ملتین ساتھ اوسکے زبانین نہین سیر ہوتے اوس سے علما اور نہین پرانا ہوتا بسبب کثرت مزاولت کے اور نہین تمام ہوتے عجائب اوسکے اور وہ ایسا ہی کہ نہ توقف کیا جنون نے اوسوقت کہ سُنا اوسکو یہانتک کہا تحقیق سنا قرآن عجب راہ بتاتا ہی طرف ہدایت کے پس ایمان لائے ہم ساتھ اوسکے جسنے کہا موافق اوسکے اوسنے سچ کہا اور جسنے عمل کیا اوسپر ثواب دیا گیا اور جسنے حکم کیا ساتھ اوسکے یعنی درمیان لوگون کے انصاف کیا اور جسنے بلایا یعنی خلق کو طرف اوسکے یعنی طرف ایمان لانے اور عمل کرنے کے اوسپر راہ دکھایا گیا طرف سیدھی راہ کے + **مشکوۃ** + **ف** + جس شخص نے چھوڑا قرآن کو یعنی ایمان نہ لایا اوسپر اور نہ عمل کیا اوسپر کہا طیبی نے کہ جسنے ترک کیا عمل کرنا قرآن کی ایک آیت پر بلکہ ایک کلمے پر ایسی آیت و کلمہ کہ واجب ہی عمل کرنا اوسپر یا ترک کی قرات اوسکی از راہ تکبر کے کافر ہو جاتا ہی اور جسنے چھوڑا پڑھنا قرآن کا بسبب عجز کے یا کسل و ضعف کے باوجود اعتقاد و تعظیم اوسکے پس وہ ہی گنہگار اور لیکن وہ محروم ہی ثواب سے اور نہین کج ہوتین بسبب اتباع اوسکی کے خواہشین یعنی جو کوئی اتباع کرے اوسکا محفوظ رہتا ہی گمراہی سے اور اگر کوئی کہے کہ اہل بدعت یعنی روافض و خوارج وغیرہما بھی تو دلیل پکڑتے ہین کلام اللہ سے وہ کہان محفوظ ہین بلکہ گمراہ ہین **جواب** یہ کہ سبب اونکی گمراہی کا یہ ہی کہ وہ کامل دلیل نہین پکڑتے ہین اسلیے کہ چھوڑ دین اونھون نے حدیثین حضرت کی کہ جنسے مقصد کلام اللہ کا معلوم ہوتا ہی اور تقلید کی اونھون نے اونکی کہ جو کامل تھے کلام اللہ کے سمجھنے مین یعنی صحابہ وغیرہم رضی اللہ عنہم سے نہ پہچانا اونھون نے قرآن کو حق پہچاننے کا اسواسطے بزرگون نے فرمایا ہی + **بیت** + زانکس کہ بقرآن و خبر زو نرہی + این ست جوابش کہ جوابش ندہی + اور اسی لیے کہا ہی جنید رحمۃ اللہ علیہ نے کہ جو کوئی نہ یاد کرے قرآن اور نہ لکھے حدیث نہ پیروی کیجاوے اوسکی اور جو کوئی داخل ہو ہمارے طریقے مین بغیر علم کے اور ہمیشہ قناعت کی اپنے جہل پر پس وہ مسخرہ ہی شیطان کا اسلیے کہ علم ہمارا مقید ہی ساتھ کتاب و سنت کے اور نہین ملتین ساتھ اوسکے زبانین یعنی الفاظ و عبارت اوسکی مانند نہین ہوسکتی بسبب نہایت فصاحت اوسکی کے اور نہین سیر ہوتے اوس سے علما یعنی نہین احاطہ کرسکتے اسکی کنہ کو علما اسقدر کہ ٹھہر رہین اوسکی طلب سے مانند ٹھہر رہنے اوس شخص کے کہ سیر ہوتا ہی کھانے سے بلکہ جب مطلع ہوتے ہین ایک چیز پر حقائق اوسکے سے مشتاق ہوتے ہین اور چیز کے زیادہ اول سے اور نہین پرانا ہوتا یعنی نہین جاتی لذت قرات اوسکے کی اور سننے اخبار و اذکار اوسکے کی بار بار پڑھنے سے بلکہ جب پڑھتا ہی بندہ یا سنتا ہی اوسکو زیادہ ہوتا ہی حلاوت بہ نسبت پہلی بار کے اگرچہ نہ سمجھے معنی اوسکے + **ع** + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سِتَّةُ اَشْيَاءَ هُنَّ غَرِيبَةٌ فِي سِتَّةِ مَوَاطِنَ اَلْمَسْجِدُ غَرِيبٌ فِيمَا بَيْنَ قَوْمٍ لَا يُصَلُّونَ فِيهِ وَالْمُصْحَفُ غَرِيبٌ فِي مَنْزِلٍ لَا يَقْرَؤُنَ فِيهِ وَالْقُرْاٰنُ غَرِيبٌ فِي جَوْفِ فَاسِقٍ وَالْمَرْاَةُ الْمُسْلِمَةُ الصَّالِحَةُ غَرِيبَةٌ فِي يَدِ رَجُلٍ ظَالِمٍ سَيِّئِ الْخُلُقِ وَالرَّجُلُ الصَّالِحُ غَرِيبٌ فِي يَدِ امْرَاَةٍ سَيِّئَةٍ وَالْعَالِمُ غَرِيبٌ فِيمَا بَيْنَ قَوْمٍ لَا يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ مِنْهُ + **منبہات** + یعنی چھ چیزین غریب ہین چھ جگھون مین مسجد غریب ہی اوس قوم مین کہ نہین نماز پڑھتے اوسمین اور مصحف غریب ہی اوس گھر مین کہ نہین پڑھتے اوسمین اور قرآن غریب ہی فاسق کے دل مین اور عورت مسلمان صالحہ غریب ہی بیچ ہاتھ مرد ظالم بدخلق کے اور مرد صالح غریب ہی عورت بد کے ہاتھ مین اور عالم غریب ہی اوس قوم کے درمیان مین کہ نہین سنتی بات اوسکی + اب آگے مشرکون کو کہ جو منکر قیامت و حشر کے تھے سمجھانا شروع کیا +

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

کیا نہین دیکھتے کہ وہ اللہ جسنے بنائے آسمان اور زمین اور نہ تھکا اونکے بنانے مین وہ سکتا ہی کہ جلاوے مردے کیون نہین وہ ہر چیز کر سکتا ہی + مو

کیا نہین یقین کیا مشرکون نے یہ کہ جس خدا نے پیدا کیے ہین آسمان و زمین اور نہین تھکا اونکے پیدا کرنے مین توانا ہی اسپر کہ زندہ کرے مردون کو ہان یونہین ہی تحقیق وہ ہر چیز پر قادر ہی + فتح + کیا نہین دیکھتے کہ وہ اللہ جسنے بنائے آسمان اور زمین اور نہ تھکا اونکے بنانے مین وہ کر سکتا ہی کہ جلاوے مردے کیون نہین وہ ہر چیز کر سکتا ہی + مو

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ○

اور جسدن سامنے لائے منکرون کو آگ کے اب یہ ٹھیک نہین کہین گے کیون نہین قسم ہی ہمارے رب کی کہا تو چکھو مار بدلا اوسکا جو تم منکر ہوتے تھے + مو

اور جسدن کہ پیش لائے جاوینگے کافر آگ پر کہا جاویگا کیا نہین ہی یہ وعدہ درست کہینگے کافر ہان قسم پروردگار ہمارے کی درست ہی کہیگا خدا پس چکھو عذاب بسبب اسکے کہ کافر تھے تم + فتح + اور جسدن سامنے لائیے منکرون کو آگ کے اب یہ ٹھیک نہین کہینگے کیون نہین قسم ہی ہمارے رب کی کہا تو چکھو مار بدلے اوسکے جو تم منکر ہوئے تھے + مو + پاک پروردگار کفار کو سمجھا کر اب متوجہ ہوا اپنے حبیب کیطرف کہ ای نبی اگر یہ کافر نہین سمجھتے ہین اور تیری ایذا رسانی سے باز نہین آتے تو تو صبر کر جیسا کہ فرمایا +

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَهُمْ ۚ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ ۚ بَلَاغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ○

سو تو ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہین ہمت والے رسول اور شتابی نکر انکے واسطے یہ لوگ جسدن دیکھینگے جس چیز کا انسے وعدہ ہی جیسے ڈھیل نپائی تھی مگر ایک گھڑی دن یونہچادیا اب وہی کھپینگے جو لوگ بیحکم ہین + مو

پس صبر کر جیسا کہ صبر کیا تھا عالی ہمت والون نے پیغمبرون مین سے اور شتاب نکر عذاب کو واسطے اونکے جسدن کہ دیکھینگے اوس چیز کو کہ وعدہ دیا جاتا ہی اونکو ایسے ہونگے کہ وہ نہین رہے تھے مگر ایک ساعت دن سے یہ پیغام پونہچانا ہی پس ہلاک نہین کیے جاوینگے مگر قوم بدکار + فتح + سو ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہین ہمت والے رسول او شتابی نکر انکے واسطے یہ لوگ جسدن دیکھینگے جس چیز کا انسے وعدہ ہی جیسے ڈھیل نپائی تھی مگر ایک گھڑی دن یونہچادیا اب وہی کھپینگے جو لوگ بیحکم ہین + تفسیر + ڈھیل نپائی تھی دنیا مین یعنی اب تو دیر سمجھتے ہین کہ عذاب کیون نہین آتا اوسدن جانینگے کہ بہت شتاب آیا دنیا مین ہم ایک ہی گھڑی رہے یا عالم قبر کا رہنا ایک گھڑی معلوم ہوگا دم سو گذری مدت تھوڑی معلوم ہوتی ہی + مو + اب جانا چاہیے کہ من الرسل مین من تبعیض کے لیے ہی اور مراد اولو العزم سے وہ رسول ہین کہ ذکر کیے گئے احزاب مین وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ + اور جب لیا ہمنے نبیون سے عہد اونکا اور تجھسے اور نوح سے اور ابراہیم اور موسی اور عیسی بیٹے مریم سے + اور یونس نہین ہین اونمین سے بسبب قول اللہ تعالی کے وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوتِ یعنی او نہو تو مانند مچھلی والے کے یعنی یونس کے اور ایسے ہی آدم علیہ السلام نہین ہین اولو العزم سے بسبب قول اللہ تعالی کے وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا + اور نہین پائی ہمنے

واسطے اوسکے عالی ہمتی یا من بیان کے لیے ہی پس ہوگا اولوالعزم صفت سارے رسولون کی شتاب طلب نکر الخ یعنی کفار قریش کے لیے
عذاب یعنی دعا نکر اونکے لیے جلد آنے عذاب کی کیونکہ وہ اوترنے والا ہی اونپر خواہ مخواہ اگرچہ ڈھیل سے آوے ایک ساعت دن سے یعنی
کفار اوسوقت کم جانینگے مدت ٹھہرنے اپنے کی دنیا مین یہانتک کہ گمان کرینگے اوسکو ایک ساعت دن سے اور لفظ بلٰغ کی تقدیر یہ
ھٰذا ابلٰغ یعنی یہ جو وعظ کیے گئے تم کفایت ہی نصیحت مین یا یہ تقدیر ہی ھٰذَا التَّبْلِیْغُ مِّنَ الرُّسُلِ یعنی یہ پونہچانا ہی رسولون آور
ہلاک نہین کیے جاوینگے یعنی ساتھ عذاب خدا کے مگر قوم بدکار یعنی مشرک کہ خارج ہین نصیحت قبول کرنے سے اور عمل کرنے سے بموجب اوسکے ف ل شتاب طلب نکر
واسطے اونکے یعنی اپنی قوم کے لیے اوترنا عذاب کا اونپر گویا حضرت تنگ ہوئے اونسے پس چاہا اوترنا عذاب کا اونپر پس حکم کیے گئے آنحضرت ساتھ صبر کرنے کے اور ترک کرنے
جلدی چاہنے عذاب کے کیونکہ وہ اوترنے والا ہی خواہ مخواہ جسدن کہ دیکھینگے اوس چیز کو کہ وعدہ دیے جاتے ہین یعنی عذاب جو آخرت مین دیکھینگے
باوجود مدت دراز تک رہنے کے یعنی دنیا مین یہ سمجھینگے اپنے گمان مین کہ نہین ٹھہرے دنیا مین مگر ایک ساعت دن سے بَلٰغٌ یعنی یہ قرآن
تبلیغ یعنی پونہچانا ہی اللہ کی جانب سے طرف تمہارے پس نہین ہلاک ہونگے وقت دیکھنے عذاب کے مگر قوم کافر ج اور بعضون نے کہا کہ
اولوالعزم چھ ہین نوحؑ اور ہودؑ اور صالحؑ اور لوطؑ اور شعیبؑ اور موسیٰؑ جو مذکور ہین سورۂ اعراف اور شعرا مین آور کہا مقاتل نے کہ وہ چھ
ہین نوحؑ کہ صبر کیا اونھون نے اپنی قوم کی ایذا پر اور ابراہیمؑ کہ صبر کیا اونھون نے آگ پر اور اسحٰقؑ کہ صبر کیا ذبح پر اور یعقوبؑ کہ صبر کیا حضرت
یوسفؑ کے گم ہونے پر اور اپنی بینائی کے جاتے رہنے پر اور یوسفؑ کہ صبر کیا اونھون نے کنوین مین اور قید خانے مین اور ایوبؑ کہ صبر کیا
بیماری مین آور بعضون نے کہا کہ وہ اٹھارہ تن ہین جو کہ مذکور ہین سورۂ انعام مین یعنی چھ تو یہی جو ابھی مذکور ہوئے اور باران یہ داؤدؑ
اور سلیمانؑ اور موسیٰؑ اور ہارونؑ اور زکریاؑ اور یحییٰؑ اور عیسیٰؑ اور الیاسؑ اور یوشعؑ اور یونسؑ اور لوطؑ اور اسمٰعیلؑ + کلبی نے کہا کہ وہ وہ ہین
کہ حکم کیے گئے ساتھ جہاد کے اور لڑے وہ دشمنان دین سے مگر ایک ساعت دن سے یعنی جب دیکھینگے کفار عذاب کو ہوگا دیر تک ٹھہرنا اونکا دنیا مین
اور برزخ مین مانند ٹھہرنے ایک ساعت کے دنیا سے اسلیے کہ جو کچھ گذر گیا اگرچہ تھا طویل ہوگا کالعدم یعنی بسبب دیکھنے سختی عذاب کے
نہین ہلاک کیے جاوینگے یعنی ساتھ عذاب کے جب کہ اوتریگا مگر قوم بدکار خارج امر اللہ تعالیٰ کے سے کہا زجاج نے تاویل اسکی یہ ہی کہ نہین
ہلاک ہونگے ساتھ رحمت خدا کے اور فضل اوسکے کے مگر قوم بدکار اور اسی لیے کہا ہی ایک قوم نے کہ نہین ہی بیچ امید واری رحمت خدا کے
کوئی آیت قوی تر اس آیت سے + معا + روایت ہی حضرت عایشہؓ سے کہ کہا روزہ رکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر رہے خالی
پیٹ پھر روزہ رکھا پھر رہے خالی پیٹ پھر روزہ رکھا اور فرمایا آپ نے اِنَّ الدُّنْیَا لَا تَنْبَغِیْ لِمُحَمَّدٍ وَّلَا لِاٰلِ مُحَمَّدٍ یَا عَایِشَۃُ
اِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَرْضَ مِنْ اُولِی الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ اِلَّا بِالصَّبْرِ عَلٰی مَکْرُوْھِھَا وَالصَّبْرِ عَنْ مَّحْبُوْبِھَا ثُمَّ لَمْ یَرْضَ
مِنِّیْ اِلَّا اَنْ یُّکَلِّفَنِیْ مَا کَلَّفَھُمْ فَقَالَ فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَاِنِّیْ وَاللّٰہِ لَاَصْبِرَنَّ
کَمَا صَبَرُوْا وَلَاَجْھَدَنَّ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ + یعنی بلاشبہہ دنیا نہین لائق ہی محمد
کے لیے اور نہ آل محمد کے لیے ای عایشہؓ بلاشک اللہ نہین راضی ہوا عالی ہمت رسولون سے مگر ساتھ
صبر کرنے کے اوپر مکروہات دنیا کے اور ساتھ صبر کرنے کے اچھی چیزون دنیا کی سے پھر نہ راضی ہوا مجھسے بدون اسکے کہ تکلیف دے مجکو
اوس چیز کی کہ تکلیف دی اور انبیا کو پس فرمایا فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ الخ اور بلاشبہہ قسم اللہ کی مین البتہ صبر کرونگا جیسا کہ صبر کیا اور انبیا نے
اور البتہ مشقت کرونگا مین یعنی طاعت مین اور نہین ہی پھرنا گناہ سے اور نہ قوت طاعت پر مگر اللہ کی مدد سے + اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے
منقول ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب طلب کرے توحاجت اور دوست رکھے تو یہ کہ روا کیجاوے حاجت اسکی کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ف در معالم مین یون ہی کہ دو الی قوۃ لا بدل من طاعۃ واللہ الا عون والصابرین کی صبر و...

فائدہ [illegible]

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ + **در منثور + تنبیہ** + جاننا چاہیے کہ

صبر لغت مین بمعنی حبس اور منع کرنے اور باز رکھنے نفس کے ہی ایک چیز سے کہ اوسکو فارسی مین شکیبائی کہتے ہین اور شرع مین غالب لانا داعیہ حق کا اوپر باعث نفس کے وقت مقابلے کے اور شیخ نجم الدین کبریٰ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صبر باہر آنا حظوظ نفس سے ہی ساتھ مجاہدے کے اور ثابت رہنا اوپر باز رکھنے نفس کے محبوبات اوسکے سے اور عوارف مین لکھا ہی کہ فضل اقسام صبر کا صبر کرنا ہی خدا تعالیٰ پر ساتھ صدق توجہ اور دوام مراقبہ اور قطع کرنے خواہشون اور خطرون کے اور فرمایا کہ صبر فرض ہی اور نفل فرض جیسے کہ صبر کرنا ادائے فرائض پر اور ترک محرمات پر اور جگہ ہم نفل سے صبر کرنا ہی فقر وشدائد پر اور صبر کرنا وقت صدمے پہلے کے اور چھپانا مصیبتون کا اور ترک کرنا شکایت کا اور چھپانا احوال وکرامات کا اور اقسام صبر فرض ونفل کے بہت ہین اور بہت لوگ ہین کہ تمام اقسام صبر پر ثابت نہین رہ سکتے انتہی + اور صبر بھی باوجود کثرت اقسام کے استعمال مین مخصوص ہی ساتھ صبر کرنے کے بلاؤن اور مصیبتون اور مکروہات پر جیسے کہ شکر کا استعمال رزق مین ہی + صبر کرنا واجب ہی تا ایمان اسکا سلامت رہے اور عبادت مین مشغول ہو سکے کہ ساتھ جزع فزع اور تاسف کے عبادت نہین میسر ہو سکتی اور خیر دنیا اور آخرت کی بھی وعدہ کی گئی ہی صبر کرنے پر ایک تو فتح پانا ہے دشمنون پر ہی جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاصْبِرْ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ + پس صبر کر بلاشبہ انجام بخیر ہی متقیون کے لیے اور دوسرے مراد کو پہونچنا ہی صبر کے سبب سے جیسا کہ فرمایا وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ بِمَا صَبَرُوْا + اور تیسرے مقدم وامام ہونا ہی جیسا کہ فرمایا وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا + اور چوتھے تعریف کرنا حق کا ہی جیسا کہ فرمایا اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ اور پانچوین بشارت ہی وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ اور خوش خبری دے صبر کرنے والون کو + اور چھٹے محبت خدائے تعالیٰ کی ہی کہ فرمایا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ + بلاشبہ اللہ دوست رکھتا ہی صبر کرنے والون کو اور ساتوین پانا درجات بلند کا ہی کہ فرمایا اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا یہ لوگ جزا دیے جاوینگے بالاخانے بسبب صبر کرنے کے اور آٹھوین بزرگی اور سلام پہونچنا ہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہ فرمایا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ سلام ہی تمپر بسبب صبر کرنے تمھارے کے اور نوین پانا ثواب بے نہایت کا ہی کہ فرمایا اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ سوائے اسکے نہین کہ پورے دیے جاوینگے صابر ثواب بیحساب + پس کوشش کرے ایسی خصلت بزرگ کے حاصل کرنے مین اور اوسکے حاصل کرنے کو اہم مہمات اور غنیمت جاننا چاہیے اور مراد صبر سے منع کرنا نفس کا ہی جزع سے اور جزع ذکر کرنا عجز اپنے کا ہی سختی سے اور ارادہ کرنا خلاصی کا ہی سختی سے بطریق قطع اور حکم کے پس صبر ترک کرنا اس بات کا ہی اور علاج حاصل کرنے صبر کا یہ ہی کہ تامل کرے اسمین کہ جو کچھ مقدر ہی جزع فزع سے متغیر نہین ہوتا اور نہ کم وبیش اور نہ مقدم ومؤخر اور ثواب صبر کا مفت تلف ہوتا ہی پھر جاننا چاہیے کہ صبر چار قسم پر ہی ایک تو صبر یعنی روکنا نفس کا استقامت طاعت پر ہی دوسرے صبر کرنا گناہون کے کرنے سے تیسرے صبر کرنا فضول دنیا سے یعنی زائد حاجت سے اور چوتھے صبر کرنا اوپر شدائد اور مصیبتون دینی اور دنیوی کے پس جو کوئی یہ سب بجالاوے عبادت مین مستقیم ہوگا اور گناہون سے امن مین رہیگا اور دنیا کی بلاؤن سے اور آخرت کے عذاب سے چھٹکارا پاویگا اور بہت سے ثواب کا وارث ہوگا اور جو کوئی جزع فزع کریگا سب نعمتون سے محروم رہیگا اور عبادت

نہین کر سکیگا خاطر جمع سے اور اگر کچھ کریگا بھی تو بسبب نہ صبر کرنیکے نابود ہو جائیگا + **بحر** کہا بعض دانونے کہ صبر تین قسم پر ہی ایک تو صبر عوام کا اور وہ روکنا نفس کا ہی جزع فزع سے ناگوار چیز پر اور دوسرا صبر خواص کا اور وہ یہ ہی کہ تلخی و سختی کو پی جاوے بغیر تیوری چڑھانے کے اور تیسرا صبر اخص الخواص کا اور وہ یہ ہی کہ لذت پاوے ساتھ بلا کے اور اسی سے پہونچتا ہی مرتبہ شکر اور نہایت رضا بالقضا کو اور وارد ہوا ہی کہ عبادت کر اللہ کی رضا پر پس اگر نہو سکے تجسے تو صبر کرنا اوس چیز پر کہ مکروہ جانتا ہی اوسکو خیر کثیر ہی فرمایا اللہ تعالی نے عَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ۖ وَعَسَىٰ أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ یعنی بسا اوقات یہ ہی کہ مکروہ رکھتے ہو تم ایک چیز کو حالانکہ وہ بہتر ہوتی ہی تمہارے لیے اور بسا اوقات یہ ہی کہ دوست رکھتے ہو تم ایک چیز کو حالانکہ وہ بُری ہوتی ہی تمہارے لیے اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتے اب جاننا چاہیے کہ اسی کو مقام رضا کا اونچے مقام سلوک کا ہی جیسے تو بہ اولی مقام سلوک کا ہی اور حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی فوق مقام رضا کے قدمگاہ نہین ہی مگر خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کو اور تلخی ظاہر کی منافی حلاوت باطن کے نہین اگر کسیکا معشوق اوسکو مارے تو [illegible] لیکن ضَرْبُ الْحَبِيبِ زَبِيبٌ اوسکو راحت ایسی پہونچتی ہی کہ اوسیکا دل جانتا ہی نفحات مین لکھا ہی کہ ایک بزرگ کی عیادتکو گئے دوسرے بزرگ کی دیکھا تو تمام رانین اونکی سوج رہی ہین اور اون مین چیرے دیے ہین اور پیپ لہو جاری ہی پوچھا کیا حال ہی بولے دیکھ لو جو حال ہی لیکن ابتک رَبِّ إِنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ نہین کہا ۱۲ +

نام کتاب ۱۲

سورۃ محمد مدنیۃ وھی ثمان او تسع وثلثون اٰیۃ الا و کاین من قریۃ الاٰیۃ واربعۃ رکوعات

صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲

اس سورت کا نام سورۂ محمد ہی اسلیے کہ ابتدا ہی مین اسکے حضرت کا اسم مبارک ہی صلی اللہ علیہ الف الف صلوات ابدا ابدا وسلم اور اسکا نام سورۂ قتال بھی ہی اسلیے کہ اسمین قتل و قتال کا بہت مذکور ہی اور یہ سورت مدنی ہی سوا آیت وَكَأَيِّنْ مِنْ قَرْيَةٍ الخ کے یا مکی ہی اور اوتری ہی یہ بعد سورۂ حدید کے اور آیتین اسمین اڑتیس ۳۸ ہین یا انتالیس ۳۹ اور کلمات اسمین پانسو اٹھاون ۵۵۸ ہین اور حروف اسمین دو ہزار چارسو پچھتر ۲۴۷۵ اور رکوع چار اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورۂ حدید کے اور مناسبت اس سورت کو اوپر کی سورت کے ساتھ یہ ہی کہ اوسکے اخیر مین تنبیہ کفار کی مذکور ہی اور اسکے اول مین اور طرح بطرح سے مضمون انکے آپسمین مناسب ایک دوسرے کے ہین

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝

جو لوگ منکر ہوئے اور روکا اللہ کی راہ سے کھو دیے اوسنے اونکے کیے **مو**

وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور باز رکھا لوگون کو راہ خدا سے نابود کیے خدا نے اعمال انکے + **فتح** + وہ لوگ جو منکر ہوئے اور روکا اللہ کی راہ سے کھو دیے اوسنے اونکے کیے + **مو** + كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ کے معنی ہین اعراض کیا اور باز رہے داخل ہونے سے اسلام مین یا باز رکھا اور وںکو اسلام سے اور وہ کھانا کھلانے والے ہین روز بدر کے یا مراد ہین اہل کتاب یا عام ہی تخصیص حق مین ہر کہ جو کفر کرے اور روکے اسلام سے نابود کیے یعنی باطل کیے اعمال اونکے اور نہ قبول کیے اور اعمال سے مراد وہ کام ہین کہ کیے حالت کفر مین قسم صلۂ رحم سے اور کھانا کھلانے سے اور بنانے اور آباد کرنے مسجد حرام کے سے یا اعمال سے مراد بدخواہی اور مکر کرنا ہی رسول خدا سے اور روکنا اللہ کی راہ سے + **مدا** + مراد انسے سردار قریش کے ہین مانند ابو جہل اور نضر وغیرہ کے کہ صفت کھانا کھلانے کی اور صلۂ رحم کی اور چھڑانے قیدیون کی اور محافظت حقوق ہمسایہ کی اور اچھی طرح کرنے ضیافت کی رکھتے تھے سب یہ اعمال خیر اونکے

بسبب نہ ایمان لانے کے نابود ہوئے اور بعضون کے نزدیک مراد مکر وکید کرنا کفار کا ہی ساتھ رسول خدا کے اوسکو باطل کیا اللہ تعالی نے بلکہ اولٹے وہی اوسکے وبال مین گرفتار ہوئے + **بحر من المعالم وغیرہ** +

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ

اور جو یقین لائے اور کیے بھلے کام اور مانا جو اوترا محمد پر اور وہی ہی سچا دین اونکے رب کی طرف سے

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ○

اوتارین اونکی برائیان اور سنوارا اونکا حال + **مو** +

اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کیے کام اچھے اور معتقد ہوئے اوس چیز کے کہ اوتاری گئی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور وہ سچی ہی آئی اونکے پروردگار سے دور کین اوسنے برائیان اونکی اور سنوارا حال اونکا + **فتح** + اور جو یقین لائے اور کیے بھلے کام اور مانا جو اوترا محمد پر اور وہی ہی سچا دین اونکے رب کی طرف سے اوسنے اوتارین برائیان اونکی اور سنوارا انکا حال + **تفسیر** + پہلے زمانے مین سب خلق کو تکلیف نہ تھی ایک شرع کی اسوقت سب جہان کو ایک حکم ہی اب سچا دین یہی ہی اور کام بھلے برے مسلمان بھی کرتے ہین اور کافر بھی لیکن سچا دین ماننے کو یہ قبولیت ہی کہ نیکی ثابت اور برائی معاف اور نہ ماننے کی یہ سزا ہی کہ نیکی برباد اور گناہ لازم + **مو** + وہ لوگ کہ ایمان لائے یعنے ایک لوگ ہین قریش سے یا انصار سے یا اہل کتاب سے یا عام معتقد ہوئے اوس چیز کے الخ کہ وہ قرآن ہی اور بعضون نے کہا کہ دین محمد کا وہی حق ہی اسلیے کہ نہین منسوخ ہوگا اور وہ ناسخ ہی اور دینون کا دور کین بسبب ایمان اور عمل صالح اونکے برائیان جو کہ تھین قسم کفر اور معاصی سے بسبب رجوع کرنے اونکے کے اوسنے اور بسبب توبہ کرنے اونکے کے اور سنوارا احوال اونکا ساتھ توفیق دینے کے امور دین مین اور ساتھ مسلط کرنے کے دنیا پر بسبب کرنے مدد و تائید کے + **مدا** +

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ

یہ اسپر کہ جو منکر ہین وہ چلے جھوٹھی بات پر اور جو یقین لائے اونہون نے مانی سچی بات اپنے رب کی طرف سے یون بتاتا ہی

اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ○

اللہ لوگون کو اونکے احوال + **مو** +

یہ بسبب اسکے ہی کہ کافرون نے پیروی کی جھوٹی بات کی اور مومنون نے پیروی کی دین سچے کی کہ جانب پروردگار اونکے سے ہی اسی طرح بیان کرتا ہی خدا واسطے لوگون کے مثالین اونکی + **فتح** + یہ اسپر کہ جو منکر ہین وہ چلے جھوٹی بات پر اور جو یقین لائے اونہون نے مانی سچی بات اپنے رب کی طرف سے یون بتاتا ہی اللہ لوگون کو اونکے احوال + **مو** + **تفسیر** + ذٰلك مبتدا ہی اور مابعد اوسکا خبر اوسکی یعنی یہ امر کہ وہ نابود کرنا اعمال ایک فریق کا ہی دونون فریق مین سے اور دور کرنا برائیون دوسرے فریق کا ہی تو بسبب اتباع کافرون کے باطل کا کہ وہ شیطان ہی اور بسبب اتباع مومنون کے حق کا کہ وہ قرآن ہی اسی طرح یعنی مثل اس بیان کے بیان کرتا ہی اللہ لوگون کے لیے مثالین اونکی یعنی احوال اونکے کہ کافرون کے عمل نابود کیے جاوینگے اور مومنون کے گناہ بخشے جاوینگے + **مدا** + **ج** + **تنبیہ** + ان آیتون سے معلوم ہوا کہ کفر کرنا اور اللہ کی راہ سے روکنا سبب ہین نابود ہونے اعمال کے اور ایمان لانا اور اچھے عمل کرنے سبب ہین دور ہونے برائیون کے اور سنورنے حال کے پس جب تک کہ خوف الٰہی اور مجاہدہ نفس کا نہ اختیار کریگا نہ بچیگا کفر اور نابود ہونے عمل کے سے اور نہ ایمان حاصل ہوگا اور نہ اعمال نیک کریگا کہ جنسے برائیان دور ہون پس اقتضائے عقل یہ ہی کہ خوف الٰہی اپنے مین پیدا کرے اور مجاہدہ نفس کا اختیار کرے تا دین و دنیا کی بلائین دفع ہون اور نعمتین دارین کی ہاتھ لگین چنانچہ بعضے بزرگون سے منقول ہی کہ مَنْ لَمْ يَخْشَ اللّٰهَ لَمْ يَنْجُ مِنْ ذَلَّةِ اللِّسَانِ وَمَنْ لَمْ يَخْشَ قَدُوْمَهٗ عَلَى اللّٰهِ

لَمْ يَنْجُ قَلْبُهٗ مِنَ الْحَرَامِ وَالشُّبْهَةِ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ عَنِ الْخَلْقِ آيِسًا لَّمْ يَنْجُ مِنَ الطَّمَعِ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ حَافِظًا عَمَلَهٗ لَمْ يَنْجُ مِنَ الرِّيَاءِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَلٰى اخْتِرَاسِ قَلْبِهٖ لَمْ يَنْجُ مِنَ الْحَسَدِ وَمَنْ لَّمْ يَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْضَلُ مِنْهُ عِلْمًا وَّعَمَلًا لَمْ يَنْجُ مِنَ الْعُجْبِ وَمَنْ لَّمْ يُجَاهِدْ نَفْسَهٗ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ لَمْ يَنْجُ مِنْ اِبْطَالِ الْعَمَلِ +

منبہات+ یعنی جو نہ ڈرا خدا سے نہ نجات پائی لغزش زبان سے اور جو ڈرا اللہ کے سامنے کھڑے رہنے سے نہ نجات پائی اوسکے دل نے حرام وشبہے سے اور جو نا امید نہوا خلق سے نہ نجات پائی طمع سے اور جسنے نہ محافظت کی اپنے عمل کی نہ نجات پائی ریا سے اور جسنے مدد نمانگی ساتھ اللہ کے اوپر نگہبانی دل اپنے کے نہ نجات پائی حسد سے اور جسنے نہ دیکھا طرف اوسکے کہ وہ افضل ہے اوس سے علم اور عمل مین نجات پائی عجب سے اور جسنے مشقت مین نہ ڈالا اپنے نفس کو اللہ کی اطاعت مین نہ نجات پائی نابود کرنے عمل سے +

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا

سو جب تم بھڑو منکروں سے تو گردنین ہین مارنی یہان تک کہ جب کتا و ڈال چکے اونمین تو مضبوط باندھو قید پھر

مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ۟ ۚ ذٰلِكَ ؕ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ

یا احسان کرو پیچھے اور یا چھڑوائی لیجیو جب تک کہ رکھدے لڑائی اپنا راجھ یہ سن چکے اور اگر چاہے اللہ تو بدلا لے اونسے

وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝

پر جانچنے کو تمہارے ایک سے دوسرے کو اور جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ مین تو نہ کھوویگا وہ اونکے کیے **موضح**+

پس جب صف جنگ باندھو تم ساتھ کافرون کے مارو تم گردنین تا وقتیکہ خونریزی بہت کی تمنے اونمین پس محکم کرو تم قیدکو یا چھوڑ ازراہ احسان کے خلاص بعد اسکے یا کچھ مال بعوض لینا یہان تک کہ رکھے جنگ ہتیار اپنے یعنی جنگ موقوف ہوا اور احتیاج ہتیار کی نرہے واللہ اعلم یہی حکم اور اگر چاہتا خدا آپ بدلا لیتا اونسے ولیکن چاہتا ہی کہ امتحان کرے بعض تمہارے کو ساتھ بعض کے اور وہ لوگ کہ قتل کیے گئے راہ خدا مین پس نابود نہین کریگا خدا عمل اونکے + **فتح**+ سو جب بھڑو تم منکروں سے تو گردنین ہین مارنی یہان تک کہ جب کتا و ڈال چکے اونمین تو مضبوط باندھو قید پھر یا احسان کرو پیچھے اور یا چھڑوائی لیجیو جب تک کہ رکھدے لڑائی اپنا راجھ یہ سن چکے اور اگر چاہے اللہ تو بدلا لے اونسے پر جانچنے کو تمہارے ایک سے دوسرے کو اور جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ مین تو نہ کھوویگا وہ اونکے کیے + **موضح**+ مارو تم گردنین گردنون کے مارنے سے مراد ہی قتل کرنا نہ یہ کہ واجب ہوا نا گردنون کا خاص کر سوائے اوسکے اور اعضا کا چونکہ قتل کرنا انسان کا اکثر ہوتا ہی ساتھ مارنے گردن اوسکی کے پس ہو امراد اس سے قتل کرنا اگرچہ مارا جاوے غیر گردن اوسکی کا پس محکم کرو تم قید کو یعنی بندھن وغیرہ قیدیون کے تا کہ بھاگ نجاوین تمہارے پاس سے یا ازراہ احسان کے خلاص بعد اسکے الخ یعنی بعد قید کرنے تمہارے کے اونکو اور معنی یہ ہین کہ اختیار ہی بعد قید کرنے کے چاہے احسان کی راہ سے چھوڑ دے اونکو اور چاہے کچھ مال عوض مین لیکر چھوڑ دے اور حکم مشرکین قیدیون کا ہمارے نزدیک قتل ہی اور بندی مین پکڑ لینا اور ازراہ احسان کے چھوڑنا اور عوض لیکر چھوڑنا جو مذکور ہین اس آیت مین منسوخ ہین ساتھ قول اللہ تعالی کے اُقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ اسلیے کہ سورۂ براءت اخیر مین نازل ہوئی ہی اور مجاہد سے ہی کہ نہین اب منّ اور نہ فداء یعنی ازراہ احسان کے چھوڑنا اور عوض لیکر چھوڑنا یا مراد ساتھ منّ کے یہ ہی کہ منت رکھی جاوے اونپر ساتھ ترک کرنے قتل کے اور بندی مین پکڑ رکھنے سے یا منت رکھی جاوے اونپر اس طرح کہ چھوڑ دیے جاوین بسبب قبول کرنے اونکے کے جزیے کو اور مراد فداء سے یہ ہی کہ مومن جو قید مین مشرکون کی پھنس گئے ہون اونکے عوض مین قیدی مشرکین کے چھوڑے جاوین جیسا کہ طحاوی نے مذہب امام ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا نقل کیا

اور یہی قول صاحبین کا ہی اور مشہور یہ ہی کہ امام ابو حنیفہ نہین قائل ہین فداء کے نہ ساتھ مال کے اور نہ ساتھ غیر اوسکے کے
تاکہ پھر نہ چڑھیاوین وہ ہمپر لڑنے کو اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اختیار ہی امام کو ایک امر کا چار امرون مین سے قتل اور غلامی مین
رکھنا اور عوض ساتھ قیدیون مسلمین کے اور منّ اور یہان تک کہ رکھے جنگ ہتیار اپنے اور بعضون نے کہا اوزار ھا کے معنی ہین آثامہا
یعنی یہان تک کہ ترک کرین اہل حرب کہ وہ مشرک ہین شرک اپنا یعنی مسلمان ہو جاوین اور لفظ حتّیٰ نہین خالی ہی اس سے کہ متعلق ہو ساتھ ضرب
وشد کے یا ساتھ من وفدا کے پس معنی برتقدیر دونون متعلقون کے نزدیک شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے یہ ہین کہ وہ ہمیشہ اسی حکم پر رہین یہانتک
کہ نہو حرب ساتھ مشرکون کے اور یہ بات کب ہوگی کہ جب نہ باقی رہے اونکے لیے شوکت اور بعضون نے کہا جب اوترین عیسیٰ علیہ السلام اور نزدیک
ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے جب کہ متعلق کیا جاوے حتی ساتھ ضرب وشد کے پس معنی یہ ہین کہ وہ قتل کیے جاوین اور قید کیے جاوین یہان تک
کہ رکھے جنس حرب اوزار یعنی ہتیار وغیرہ اور یہ اوسوقت ہی کہ نہ باقی رہے شوکت واسطے مشرکون کے اور جسوقت کہ متعلق کیا جاوے حتی
ساتھ من اور فداء کے پس معنی یہ ہین کہ منت کی جاوے اونپر اور عوض دیے جاوین یہان تک کہ رکھدے جنگ ہتیار اپنے مگر یہ کہ
تاویل کیے جاوین من اور فدا ساتھ اوس تاویل کے کہ ذکر کی ہمنے غدا آپ بدلا لیتا اونسے یعنی بغیر قتال کے ساتھ بعض اسباب ہلاک کے
مانند خسف یا زلزلہ وغیرہ کے ولیکن حکم کیا تمکو ساتھ قتال کے تاکہ امتحان کرے بعض تمھارے کو ساتھ بعض کے یعنی کفار کے قتال مین پس جو
قتل کیا جاوے تم مین سے اوسکو جنتی کرے اور جو قتل کیا جاوے اونمین سے اوسکو دوزخی کرے اور آیت وَالَّذِينَ قُتِلُوا الخ نازل ہوئی
روز احد کے اس حال مین کہ بہت مسلمان قتل کیے گئے اور زخمی ہوئے + مل + ج + ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی
کے فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً کہ کہا یہ منسوخ ہی نسخ کیا اسکو اس آیت نے فَإِذَا انْسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا
الْمُشْرِكِينَ اخیر آیت تک + بعد اسکے بعینہ یہی مضمون قتادہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہی + اور ضحاک اور مجاہد سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے
فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً کہا کہ نسخ کیا اسکو اس آیت نے اُقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ + اور روایت مین ہی
مجاہد سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے صغیر اور عورت اور شیخ فانی کے سے + درمنثور + یہان تک کہ رکھے
جنگ ہتیار اپنے یہی حکم یعنی نگاہ رکھو اسکو یہان تک کہ جنگ موقوف ہو اور اسلام سب جگہ پہونچے یا غالب آوے + اور حدیث شریف
مین ہی کہ آخر قتال امت میری کا ساتھ دجال کے ہی اور حکم من اور فداء کا منسوخ ہی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک آیت سیف سے یا مخصوص
ہی ساتھ جنگ بدر کے اور اب سوا قتل یا استرقاق کے اور کچھ جائز نہین ہی یعنی بعد اونکے قیدی ہونے کے ازراہ احسان کے بلا عوض چھوڑ دینا
یا کچھ لیکر چھوڑ دینا جائز نہین ہی اور نزدیک شافعی اور احمد اور مالک رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے یہ آیت محکمہ ہی اور امام مختار ہی بیچ حق اسیرون کفار
کے درمیان اسیر رکھنے یا چھوڑ دینے کے بے عوض یا بعوض مال کے یا بعوض بندی مسلمانون کے جو کچھ کہ مصلحت دیکھے سو عمل مین لاوے اور
اسیر عقد ذمہ بھی ساتھ اسکے اونکے نزدیک امام احمد اور امام شافعی رحمہما اللہ کے روا نہین ہی اور نزدیک ابی حنیفہ اور مالک رحمۃ اللہ علیہما کے جائز ہی اور وہ آزاد
ہو جاتے ہین بعد عقد کے + بحر + اٰمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ کی تفسیر مین کہا سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے یعنی نہ مخالفت کی
اونھون نے قرآن کی کسی چیز مین اور سنوار احوال اونکا کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بچایا اونکو ایام حیات اونکے مین یعنی یہ اصلاح عود کرتی ہی
طرف اصلاح اعمال اونکے کے یہان تک کہ نہ نافرمانی کرین حَتّٰى إِذَا أَثْخَنْتُمُوهُمْ کے معنی ہین مبالغہ کیا تمنے قتل مین اور غالب آئے تم
اونپر پس محکم کرو تم قید کو تاکہ نہ بھاگ جاوین وہ تمھارے پاس سے اور قید کرنا ہو بعد مبالغہ کرنے کے قتل مین جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے مَا كَانَ
لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ + نہین لائق ہی نبی کو یہ کہ ہوون اوسکے لیے قیدی یہان تک کہ بہت خونریزی
کیجاوے زمین مین + پھر ازراہ احسان کے منًّا بعد اسکے یعنی بعد قید کرنے کے چھوڑ دینا یونہین بلا عوض اور یا کچھ مال لیکر چھوڑنا اور اختلاف کیا ہی

علما نے بیچ حکم اس آیت کے پس کہا ایک قوم نے کہ یہ منسوخ ہی ساتھ قول اللہ تعالی کے اُقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ
اور طرف اس قول کے گئے ہین قتادہ اور ضحاک اور سدی اور ابن جریج اور یہی قول اوزاعی اور اصحاب رای کا ہی کہ کہا اونھون نے
نہین جائز ہی من اوپر اسیر کہ واقع ہو قید مین کفار سے اور نہ فدا اور گئے ہین اور علما طرف اسکے کہ یہ آیت محکمہ ہی اور امام اختیار رکھتا ہی
بیچ حق مردون عاقلین کے کفار سے جبکہ پڑین وہ قید مین درمیان قتل کرنے یا استرقاق یا مَنّ یا فدا کے اور گئے ہین طرف اسکے
ابن عمر اور یہی کہا حسن اور عطا نے اور اکثر صحابہ اور علما نے اور یہی قول ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحق کا ہی کہا ابن عباس
نے جبکہ بہت ہوئے مسلمان اور خوب با غلبہ ہوا اونکا نازل کی اللہ عزوجل نے بیچ حق قیدیون کے فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً اور
یہی صحیح تر ہی اور مختار ہے اسپر عمل کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور خلفا نے رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
سے کہ کہا بھیجا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر طرف نجد کے پس پکڑ لائے لشکر کے لوگ ایک شخص کو بنی حنیفہ مین سے کہ نام ایک قبیلے
کا ہی کہا جاتا تھا اوسکو ثمامہ بیٹا اثال کا سردار اہل یمامہ کا کہ نام ہی ایک شہر کا پس باندھ دیا اوسکو لشکریون نے ایک ستون سے ستونون مسجد نبوی سے
پس نکلے طرف اوسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کیا ہی نزدیک تیرے اے ثمامہ یعنی کیا ہی حال تیرا خبر دے یا کیا ہی گمان تیرا مجھ کو کہ کیا معاملہ
کرونگا ساتھ تیرے پس کہا نزدیک میرے اے محمد خیر و خوبی ہی یا نزدیک میرے بہت مال ہی اگر قتل کروگے تم یعنی مجھکو قتل کروگے خون والے کو یعنی ایسے کو کہ
مستحق قتل ہی پس اسمین اقرار ہی اپنی تقصیر کا یا مراد یہ ہی کہ اوسکو مار ڈالوگے خون اوسکا ساقط نہین بلکہ قوم میری بدلا لیگی پس اسمین دعوی ہی اپنی
ریاست و شرافت کا اور اگر انعام کروگے انعام کروگے قدردان پر یعنی سلوک اور اوسکا بدلا میری طرف سے ہوگا اور اگر ہو تم چاہتے مال پس مانگو دیا جائیگا
مال سے جسقدر چاہو پس چھوڑ دیا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی اوسی حال پر یہانتک کہ ہوا اگلا دن پس فرمایا اوسکو حضرت نے کیا ہی
نزدیک تیرے اے ثمامہ پس کہا اوسنے کہ نزدیک میرے وہی چیز ہی کہ کہی مینے واسطے آپ کے اگر بخشش کروگے بخشش کروگے قدردان پر اور اگر قتل
کروگے قتل کروگے خون والے کو اور اگر چاہتے ہو مال پس مانگو دیے جاوگے مال جسقدر چاہو پس چھوڑ دیا اوسکو اوسی حالت پر رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے یہانتک کہ ہوا اگلے سے اگلا دن یعنی تیسرا دن پس فرمایا اوسکو کیا ہی نزدیک تیرے اے ثمامہ پس کہا نزدیک میرے وہی چیز ہی کہ کہی مینے
واسطے آپکے اگر بخشش کروگے بخشش کروگے قدردان پر اور اگر قتل کروگے قتل کروگے خون والے کو اور اگر چاہتے ہو مال پس مانگو دیے جاوگے
مال سے جسقدر چاہو پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چھوڑ دو ثمامہ کو پس گیا ثمامہ بیچ درختون کی طرف کہ نزدیک تھے مسجد کے
پس نہایا پھر آیا مسجد مین اور کہا اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اے محمد
قسم خدا کی تھا روے زمین پر کوئی مونھ یعنی ذات کہ نہایت مبغوض ہو طرف میرے مونھ آپکے سے پھر بلا شبہ ہو گیا یعنی اب مونھ تمہارا
محبوب تر سارے مونھون سے طرف میرے قسم ہی خدا کی نتھا کوئی دین مبغوض تر طرف میرے دین آپکے سے پس ہو گیا دین آپ کا محبوب تر سارے
دینون کا طرف میرے قسم ہی اللہ کی نتھا کوئی شہر مبغوض تر طرف میرے شہر آپکے سے پس ہو گیا شہر آپکا محبوب ترین سارے شہرون کا طرف
میرے اور تحقیق آپکے لشکر نے پکڑ لیا مجھکو اس حال مین کہ مین ارادہ رکھتا تھا عمرے کا پس کیا حکم فرماتے ہو پس بشارت دی اوسکو رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی اسکی کہ تجھکو شرافت بسبب اسلام کے حاصل ہوئی اور سارے گناہ پہلے تیرے بخشے گئے اور فرمایا اوسکو عمرہ کرنے کو
پس جب آیا ثمامہ مکے مین کہا اوسکو کہنے والے نے بے دین ہو گیا تو پس کہا ثمامہ نے نہین ولیکن مین اسلام لایا ساتھ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے اور بد دین نہین ہوا مین قسم ہی اللہ کی نہین پہونچیگا تمکو شہر یمامہ سے ایک دانہ گیہون کا یہانتک کہ اذن دین پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم نقل کی یہ مسلم نے اور مختصر بیان کی بخاری نے + اور اَوْزَارَهَا کے معنی ہین اثقالہا و احمالہا یعنی یہانتک کہ رکھین اہل حرب
ہتیار پس باز رہین لڑائی سے اور اصل وزر کی وہ چیز ہی کہ اوٹھاوے اوسکو انسان پس ہتیارون کو اوزار اسلیے کہا کہ وہ اوٹھائے جاتے ہین

اور بعضون نے کہا اوزار سے مراد گناہ ہین یعنی یہان تک کہ رکھین لڑنے والے گناہ اپنے یا یہ کہ توبہ کرین کفر سے اور ایمان لاوین اللہ اور رسول پر اور بعضون نے کہا یہان تک کہ رکھے یعنی دور کردے لڑائی اور قتل کرنا تمہارا بوجہ مشرکون کا اور برے اعمال اونکے یا یہ کہ مسلمان ہوجائین او معنی آیت کے یہ ہین کہ خوب قتل کرو مشرکون کو یہان تک کہ داخل ہون سارے دین والے اسلام مین اور ہو تمام دین اللہ ہی کے لیے پس نہو بعد اوسکے جہاد اور نہ قتال اور یہ وقت اوترنے عیسی بیٹے مریم کے ہوگا اور حدیث مین آیا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جہاد جاری ہی اوس وقت سے کہ مبعوث کیا مجکو اللہ نے یہان تک کہ قتال کرینگے اخیر امت میری دجال سے + معا

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝

اونکو راہ دیگا اور سنواریگا اونکا حال اور داخل کریگا بہشت مین معلوم کروا دی ہی وہ اونکو + موق

راہ دکھاویگا خدا اونکو اور نیک کریگا حال اونکا اور داخل کریگا اونکو بہشت مین کہ شناسا کیا ہی اونکو ساتھ اوسکے + فتح + اونکو راہ دیگا اور سنواریگا اونکا حال اور داخل کریگا بہشت مین معلوم کروا دی ہی وہ اونکو + تفسیر + جب تک کافرون کا زور نہین ٹوٹا تب تک قتل ہی چاہیے اور جب زور ٹوٹ چکا قید بھی کفایت ہی تا ڈر کر مسلمان ہون یا احسان کرکر چھوڑ دیجیے تو ہمیشہ احسان مانین اور دین کی محبت آوے یا چھڑوائی لیکر چھوڑے تو دو فائدے اب اختلاف ہی کہ کافر قید مین آوے تو پھر اوسکو اپنے گھر جانے دیجیے یا نہین اگر چھوڑے تو اس طرح کہ رعیت ہوکر رہے + موق + راہ دکھاویگا یعنی جنت کی یا طرف ثواب کے بیچ جواب منکر و نکیر کے اور نیک کریگا حال اونکا یعنی راضی کریگا اونکے خصما یعنی مدعیون کو اور قبول کریگا اعمال اونکے شناسا کیا ہی مجاہد سے ہی کہ معلوم کروا دیگا اونکو مکان اونکے جنت مین تاکہ نہ محتاج ہون پوچھنے کے یا خوشبودار کیا ہی بہشت کو اونکے لیئے + مد + راہ دکھاویگا یعنی دنیا مین ہدایت دیگا اعمال نیک کی اور آخرت مین راہ دکھاویگا درجات کی شناسا کیا ہی الخ یعنی تعریف کی ہی اونکے لیے بہشت کی تا مشتاق ہوکر اعمال واجب کرنے والے اوسکے کرین اور یا پہلے داخل ہونے سے بہشت مین منازل اونکے اونکو دکھاویگا تو مانند گھرون دنیا اپنے کے وہان داخل ہون + معا وبحر + تنبیہ + ان آیتون سے معلوم ہوا کہ جہاد اور اللہ کی راہ مین شہید ہونا عجب عمدہ چیز ہی روایت ہی معاذ سے کہ کہا کہا مینے یا رسول اللہ خبر دو مجکو ایسے عمل کی کہ داخل کرے مجکو بہشت مین اور دور رکھے مجکو آگ سے فرمایا تحقیق پوچھا تو نے ایک بڑے کام سے اور تحقیق یہ البتہ آسان ہی جسپر آسان کرے اللہ اوپر اوسکے وہ یہ ہی بندگی کر اللہ کو اور نہ شریک کر ساتھ اوسکے کسیکو اور سیدھا کر نماز کو اور دے زکوۃ اور روزے رکھ رمضان کے اور حج کر خانہ خدا کا پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤن مین تجکو دروازے خیر کے یعنی نوافل کہ جنکے سبب سے بھلائی کو پہونچتا ہی روزہ ڈھال ہی یعنی اوسکے سبب سے گناہ اور آگ دوزخ سے بچتا ہی اور صدقہ دینا بجھا دیتا ہی یعنی مٹا دیتا ہی گناہ کو جیسا بجھاتا ہی پانی آگ کو اور نماز شخص کی درمیان رات کے یعنی اسی طرح وہ گناہون کو دور کرتی ہی پھر پڑھی یہ آیت تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یہان تک کہ پونہچے يَعْمَلُونَ تک پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤن مین تجکو سر کام کا یعنی اصل اور سرا مور دین کا کہ دین بغیر اوسکے وجود نہین پکڑتا جیسے کہ بدن بغیر سر کے وجود نہین پکڑتا اور ستون اوسکا کہ دین اوس سے ٹھہرے اور قوت پکڑے جیسے ستون سے چھت اور بلندی کوہان اوسکے کی کہ دین اوس سے بلند ہووے کہا مینے ہان بتلائیے یا رسول اللہ فرمایا سر کام کا اسلام ہی یعنی شہادتین کہ ثابت ہوتی ہی اوس سے اصل دین کی اور ستون اوسکا نماز ہی اور بلندی کوہان اوسکے کی جہاد ہی پھر فرمایا کیا نہ خبردار کرون مین تجکو ساتھ اوس چیز کے کہ مالک اور جڑ ہی ان سبکی کہا مینے بتلائیے یا نبی اللہ پس پکڑی حضرت نے زبان مبارک اپنی اور فرمایا بند کر تو اوپر اپنے اسکو پس کہا مینے ای نبی خدا کے اور کیا تحقیق ہم پکڑے جاوینگے بسبب اوس چیز کے کہ ہم بولتے ہین ساتھ اوسکے فرمایا گم کرے تجکو مان تیری ای معاذ اور نہین گرا دین گی لوگون کو یعنی اکثر بیچ آگ کے اوپر مونہہ اونکے کے یا فرمایا اوپر ناکون اونکی کے مگر باتین زبانون اونکے کی روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے +

اور روایت ہی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور رسول اوسکے
یعنی اور ساتھ اوس چیز کے کہ آئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے یعنی شریعت اور برپا کی نماز اور روزے رکھے رمضان کے ہی لازم
اللہ پر یعنی از راہ فضل کے بحسب وعدے کے کہ داخل کرے اوسکو بہشت مین یعنی پہلے ہی ساتھ نجات پانے ہودن کے والّا آخر ایمان کافی ہی
مطلق دخول کے لیے جہاد کرے اللہ کی راہ مین یا بیٹھا رہے اپنے وطن مین کہ پیدا کیا گیا اوسمین یعنی نہ جہاد کرے اور نہ ہجرت کرے
کہا صحابہ نے کیا نہ خوشخبری دین ہم لوگون کو فرمایا تحقیق بہشت مین سو درجے ہین طیار کیا اونکو اللہ نے واسطے جہاد کرنے والون کے اللہ کی راہ
مین درمیان دو درجون کے ایسا فرق ہی جیسا آسمان و زمین کے درمیان مین پس جسوقت کہ مانگو تم اللہ سے یعنی جہاد پر درجۂ عالی تو مانگو اوس سے
فردوس اسلیے کہ تحقیق فردوس اوسط بہشت ہی یعنی افضل اور فراخ تر بہشتون کی ہی اور بلند تر بہشتون کی اور اوپر اوسکے عرش
رحمن کا ہی یعنی پس وہ چھت بہشت کی ہی اور فردوس سے بہتی ہین نہرین یعنی اصول چار نہرون کی کہ پانی اور دودھ اور شراب و شہد کی
ہین نقل کی یہ بخاری نے ✦ ف ✦ اسمین ذکر نماز و روزے کا کیا اور حج و زکوٰۃ کا نہ کیا اسمین تنبیہ ہی اوپر اسکے کہ ان دونون کی شان بہت
بڑی ہی اور بسبب واجب ہونے اونکے کے سب مسلمانون پر بخلاف حج و زکوٰۃ کے کہ سب پر واجب نہین مگر اوسپر کہ صاحب مال ہو اور استطاعت
رکھتا ہو اور بیٹھا رہے الخ یہ دلالت کرتا ہی اسپر کہ یہ حدیث فرمائی حضرت نے دن فتح مکہ کے اسلیے کہ ہجرت پہلے اسکے فرض تھی ہر مومن کے لیے ✦
عہ ✦ اور فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِآيَاتِ
اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَّلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ✦ اور فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِي سَبِيلِهٖ لَا يُخْرِجُهٗ اِلَّا اِيْمَانٌ بِيْ وَتَصْدِيْقٌ بِرُسُلِيْ اَنْ
اُرْجِعَهٗ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ اَوْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ✦ یعنی ضامن ہوا اللہ واسطے اوس شخص کے کہ نکلا
اسکی راہ مین جہاد کے لیے نہین نکالا اوسکو مگر ایمان لانے نے ساتھ میرے اور تصدیق کرنے نے میرے رسولون کو یعنی واسطے خدا اور طلب رضا
اوسکی کے نکلا نہ واسطے طلب دنیا اور دکھانے اور سنانے کے یہ کہ پھیرونگا اوسکو ساتھ اوس چیز کے کہ پایا ہی ثواب آخرت سے فقط یعنی بغیر غنیمت
کے یا غنیمت سے یعنی ساتھ ثواب کے یا داخل کرونگا اوسکو بہشت مین یعنی سابقین کے ساتھ بغیر حساب و عذاب کے یا داخل کرونگا بعد موت کے
پہلے روز قیامت کے یعنی جیسے کہ فرمایا ہی اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ ✦ اور فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی خدا کی اگر نہ ہوتا
ڈر اور لحاظ اسکا کہ کتنے ایک آدمی مسلمانون سے یعنی فقرا خوش نہین ہونگے نفس اونکے کہ پیچھے رہین اور جدا ہون مجھسے اور نہین پاتا
ہون مین سواری کہ سوار کرون مین اونکو اوسپر نہ پیچھے رہتا مین کسی لشکر سے کہ جہاد کرتا ہی راہ خدا مین قسم ہی خدا کی البتہ دوست رکھتا ہون مین
یہ کہ مارا جاؤن مین راہ خدا مین پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر مارا جاؤن مین پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر مارا جاؤن مین پھر زندہ کیا جاؤن مین پھر
مارا جاؤن مین یعنی دوست رکھتا ہون کہ ہر بار زندہ کیا جاؤن اور مارا جاؤن تا ہر بار ثواب جدا پاؤن ✦ ف ✦ یعنی
مین جو ہمراہ ہر لشکر و ہر فوج کے جہاد مین نہین جاتا موجب اسکا یہ ہی کہ اگر ہمراہ ہر فوج کے جنگ کو جاتا تو خواہ مخواہ بعضے مسلمان پیچھے رہجاتے
اور جدا ہوتے مجھسے بسبب بے سواری اور بے سامانی کے اور مین اسقدر سواریان رکھتا نہین کہ اونکو اونپر سوار کرکے ہمراہ لے جاؤن اور مسلمان
بسبب پیچھے رہنے کے جنگ سے اور جدا ہونے کے مجھسے خوش نہین ہوتے ہین اور حسرت کھاتے ہین اوسپر اور شکستہ دل ہوتے ہین ورنہ محبت
جہاد کی مجکو اسقدر ہی کہ دوست رکھتا ہون مین کہ مکرر مارا جاؤن اور جیون ✦ عہ ✦ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رِبَاطُ يَوْمٍ
فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ✦ یعنی چوکیداری کرنی ایکدن کی راہ خدا مین بہتر ہی دنیا سے
اور اوس چیز سے کہ دنیا پر ہی یعنی چوکیداری مذکور بہتر ہی اوس مال سے کہ خرچ کیا جاوے راہ خدا مین یا جزا اوسکی بہتر ہی دنیا سے اور اوس چیز سے

کہ دنیا مین ہی + اور فرمایا لَغَدْوَۃٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْ رَوْحَۃٌ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْہَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ + یعنی ایک صبح کو جانا راہ خدا مین یا ایک شام کو جانا بہتر ہی دنیا سے اور اوس چیز سے کہ دنیا مین ہی یعنی اسکی فضیلت اور ثواب بہتر ہی تمام نعمتون دنیا کی سے اسلیے کہ نعمتین دنیا کی فانی ہین اور نعمتین آخرت کی باقی + اور فرمایا چوکیداری کرنی ایک دن اور رات کی جہاد مین بہتر ہی ایک مہینے کے روزون سے اور شب بیداری لوسکی سے اور اگر مرجاوے وہ چوکیدار جاری رہتا ہی اوسپر ثواب اور عمل اوسکے کا کہ تھا کرتا یعنی ہمیشہ پہونچا رہتا ہی ثواب اوسکے عمل کا کہ کرتا تھا زندگی مین اور جاری کیا جاتا ہی اوسپر رزق اوسکا یعنی طعام و شراب بہشت کے سے اور امن مین رہتا ہی فتنے مین ڈالنے والے سے کہ فرشتہ عذاب قبر کا ہی یا دجال یا شیطان + اور فرمایا بہترین زندگانی لوگون کی واسطے اونکے زندگانی اوس شخص کی ہی کہ پکڑنے والا ہی باگ گھوڑے اپنے کی راہ خدا مین دھر جھپٹتا ہی اوپر پشت گھوڑے کے جب سنتا ہی آواز ڈر کی یا فریاد رسی چاہنے دوڑتا ہی سوار ہو کر گھوڑے پر یعنی طرف اوس آواز و فریاد رسی کی ڈھونڈھتا پھرتا ہی مارے جانا اور مرنا جگہہ گمان موت کی یعنی ڈرتا نہین ہی مرنے سے اور بھاگتا نہین اوس سے بلکہ ڈھونڈھتا پھرتا ہی اوسکو یا زندگانی اوس شخص کی کہ تھوڑی ایک بکریون مین رہتا ہی بیچ چوٹی پہاڑ کے ان پہاڑون مین سے یا رہتا ہی بیچ ایک نالے کے ان نالون مین سے قائم رکھتا ہی نماز کو اور دیتا ہی زکوۃ یعنی اگر وہ بکریان حد نصاب کو پہونچتی ہین اور بندگی کرتا ہی پروردگار اپنے کی یہان تک کہ آوے اوسکو موت نہین ہی لوگون سے مگر بیچ بھلائی کے نقل کی یہ مسلم نے + ف + مگر بیچ بھلائی کے کہ نگاہ رکھتا ہی اونکو اپنی شر سے اور نگاہ رکھتا ہی اپنے تئین اونسے اور ساتھ اونکے خیر مین شریک ہی نہ برائی مین حاصل معنی اس حدیث کے رغبت دلانا ہی اوپر جہاد کرنے دشمنان دین کے اور مجاہدہ نفس و شیطان کے اور اعراض کے استیفا لذات و شہوات سے اور تنبیہ ہی اسپر کہ اگر مخالطت رکھے لوگون سے بیچ تائید دین اور تقویت شریعت کے تو رکھے ورنہ گوشہ گزینی اختیار کرے اور کہا نووی نے کہ اس حدیث مین دلیل ہی اونکے لیے کہ فضیلت دیتے ہین گوشہ گزینی کو مخالطت پر اور اسمین اختلاف مشہور ہی کہ شافعی اور اکثر علما تو کہتے ہین کہ اختلاط افضل ہی بشرط امید سلامتی کے فتنون سے اور مذہب ایک جماعت کا زہاد سے یہ ہی کہ گوشہ گزینی افضل ہی اور دلیل پکڑی ہی اونھون نے ساتھ اس حدیث کے اور جواب دیا ہی جمہور نے کہ یہ محمول ہی اوپر زمانے فتنون کے یا اوس شخص کے حق مین ہی کہ نہ سلامت رہین لوگ اوس سے اور نہ صبر کرے وہ لوگون کی ایذا پر اور تھے انبیا صلوات اللہ علیہم اور اکثر صحابہ اور تابعین اور علما اور زہاد اختلاط رکھنے والے اور حاصل کرتے تھے منافع اختلاط کے مثل نماز جمعہ اور جماعت اور نماز جنازے اور عیادت مریض اور مانند انکے کے + ح + ع + اور فرمایا ہمیشہ رہیگا یہ دین قائم لڑتی رہے گی اس دین پر ایک جماعت مسلمانون میں سے یعنی خالی نہین رہیگا روے زمین جہاد سے کہین کہین ہوتا رہیگا یہان تک کہ قائم ہو قیامت نقل کی یہ مسلم نے + اور فرمایا نہین زخمی کیا جاتا کوئی شخص خدا کی راہ مین اور اللہ خوب جانتا ہی اوسکو کہ زخمی کیا جاتا ہی اوسکی راہ مین مگر کہ آویگا وہ دن قیامت کے اس حال مین کہ اوسکے زخم سے بہتا ہوگا خون رنگ خون کا ہوگا اور بو مشک کی سی نقل کی یہ بخاری مسلم نے + اور فرمایا نہین کوئی کہ داخل ہو بہشت مین دوست رکھے پھر آنا طرف دنیا کے اور سوا اوسکے لیے وہ چیز کہ زمین مین ہی کچھ مگر شہید آرزو کرتا ہی کہ پھر آوے دنیا مین اور مارا جاوے دس بار یعنی بسبب اوس چیز کے کہ دیکھتا ہی بزرگی اور ثواب شہادت سے نقل کی یہ بخاری مسلم نے + اور روایت ہی مسروق سے کہ کہا پوچھے ہمنے عبداللہ بن مسعود سے معنی اس آیت کے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّہِمْ یُرْزَقُوْنَ الآیۃ + اور نہ گمان کر تو ان لوگونکو کہ مارے گئے اسکی راہ مین مردہ بلکہ وہ زندہ ہین نزدیک پروردگار اپنے کے روزی دیے جاتے ہین آخر آیت تک کہا ابن مسعود نے کہ تحقیق پوچھے ہمنے معنی اسکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا ارواح اونکی بیچ شکم جانورون پرندہ سبز رنگ کے ہین واسطے اونکے

قندیلین ہین لٹکائی گئین نیچے عرش کے کہ مبز رنگ گھونسلون کے ہین میوہ کھاتے ہین بہشت مین سے جہان چاہتے ہین پھر ٹھکانا پکڑتے ہین طرف اون قندیلون کے پس جھانکتا ہی طرف اونکے پروردگار اونکا جھانکنا اور فرماتا ہی کیا چاہتے ہو تم کچھہ عرض کرتے ہین شہدا کس چیز کو چاہین ہم اس حال مین کہ ہم میوے کھاتے ہین بہشت مین سے جہانسے چاہتے ہین پس کرتا ہی اللہ تعالی یہ ساتھہ اونکے یعنی پوچھنا تین بار پس جب کہ دیکھتے ہین نہین چھوڑے جاتے پوچھنے سے یعنی جب جانتے ہین کہ مراد پروردگار تعالی کی یہ ہی کہ کچھہ چاہین عرض کرتے ہین ای پروردگار ہمارے چاہتے ہین ہم یہ کہ پھیرے تو جانین ہماری بیچ بدنون ہمارے کے یعنی اور دنیا مین بھیجے تو تاکہ مارے جاوین ہم تیری راہ مین پس جب کہ دیکھا اللہ تعالی نے کہ نہین اونکو کچھہ حاجت یعنی حاجت معین اسلیے کہ مانگی اونھون نے وہ چیز کہ خلاف ارادہ اللہ کے ہی چھوڑے جاتے ہین نقل کی یہ مسلم نے +

ف + نہین انکو کچھہ حاجت بسبب حاصل ہونے ثواب عظیم کے پہلی بار مین اور دوبارہ ہوگا تو مثل اسیکے ہوگا اور اسکی حاجت ہی نہین اسلیے کہ ثواب شہید کا ایک ہی ہی سو وہ حاصل ہی چھوڑ کے جاتے ہین یعنی اللہ تعالی پوچھنا چھوڑ دیتا ہی **اگر کہا جاوے** کہ اگر دوسری بار بھی مثل پہلے ہی ثواب کے ہو تو کیا فائدہ ہی سوال کرنا اونکا اعادۂ ارواح کو بدنون مین تا مارے جاوین خدا کی راہ مین دوبارہ **جواب** اسکا علمانے یہ دیا ہی کہ مراد و مقصود اونکا اس کلام سے قائم ہونا ہی ساتھہ موجب شکر کے بیچ مقابلے نعمت کے کہ انعام کی ہی اللہ تعالی نے اونکو نہ حقیقت سوال اعادۂ ارواح کی یا شاید کہ اونکے خیال مین آتا ہو کہ دوسری بار بہتر و کامل تر جزا ملیگی پہلی بار سے بسبب قوت و استعداد و مناسبت کے ولیکن حق تعالی نے جانا بجریان عادت کے کہ مثل اوسیکے ہوگی پس جانا کہ حاجت اسکی نہین ہی پس چھوڑ دیا پوچھنا اونسے **تنبیہ** + لکھا ہی علمانے کہ رکھنا ارواح شہدا کا جانورون کے بدنون مین مانند رکھنے جواہر کے ہی صندوقون مین بسبب اکرام و بزرگی اور بقصد داخل کرنے اونکے کے بہشت مین ساتھہ اس صورت کے نہ متعلق ساتھہ ان بدنون کے اور ساتھہ رکھنے ارواح کے جانورون کے بدنون مین جگہہ پکڑتے ہین بہشت مین اور پاتے ہین خوشبوئیان اور ہوائین وہان کی اور دیکھتے ہین انوار وہان کے اور لذت پاتے ہین اور خوشحال ہوتے ہین ساتھہ اسکے اور ساتھہ قرب حضرت رحمٰن کے اور جوار ملائکہ مقربین کے اور یہی مراد ہی اللہ تعالی کی اس آیت مین یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ + اور اس سے اثبات تناسخ کا نہین ہوتا اسلیے کہ جو تناسخ کے قائل ہین اونکے نزدیک تناسخ اسکو کہتے ہین کہ رجوع کرین ارواح بدنون مین اس عالم مین نہ آخرت مین اسلیے کہ وہ منکر ہین آخرت کے اور جنت و دوزخ کے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جنت مخلوق و موجود ہی جیسا کہ مذہب اہل سنت کا ہی + ح + ۶ + اور فرمایا اَلْقَتْلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرُ کُلَّ شَیْءٍ اِلَّا الدَّیْنَ + مارے جانا راہ خدا مین جھاڑتا ہی ہر گناہ کو سوا دین کے + **ف** + یعنی سوا حقوق آدمیون کے اور سیوطی نے لکھا ہی کہ مگر شہدا دریا کے کہ اونکے دین بھی جھاڑے جاتے ہین + م + اور فرمایا مَنْ سَاَلَ اللّٰہَ الشَّھَادَۃَ بِصِدْقٍ بَلَّغَہُ اللّٰہُ مَنَازِلَ الشُّھَدَآءِ وَاِنْ مَّاتَ عَلٰی فِرَاشِہٖ رَوَاہُ مُسْلِمٌ + جو مانگتا ہی اللہ تعالی سے شہادت صدق دل سے پہونچا دیتا ہی اللہ اونکو شہدا کے مرتبے کو اگرچہ مرے اپنے بچھونے پر یعنی بسبب صدق نیت کے ثواب شہیدون کا سا پاتا ہی + اور چلے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابی آپکے یعنی مدینے سے غزوۂ بدر کیلیے یہان تک کہ سبقت کی مشرکون پر طرف بدر کے یعنی پہونچے بدر مین پہلے کفار کے اور آئے مشرک یعنی بعد پہونچنے مسلمانون کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اٹھو طرف بہشت کے چوڑا اوسکا مانند چوڑا و آسمان و زمین کے ہی کہا عمیر بن حمام انصاری نے بخ بخ یعنی خوب خوب پس فرمایا حضرت نے کیا باعث ہوا تجکو اوپر کہنے تیرے کے بخ بخ کہا عمیر نے قسم ہی اللہ کی یا رسول اللہ نہین کہا مینے یہ مگر باُمید اسکے کہ ہون مین اہل بہشت سے فرمایا حضرت نے پس تحقیق تو اہل بہشت سے ہی کہا راوی نے پس نکالین عمیر نے کتنی ایک کھجورین اپنے ترکش مین سے اور شروع کیا کھانا اونمین سے پھر کہا اگر زندہ رہا مین یہان تک کہ کھاؤن مین اپنی کھجورین یعنی سب تو تحقیق یہ زندگی دراز ہی پس پھینکین کھجورین کہ تھین ساتھہ اوسکے پھر قتال کیا کافرون سے یہان تک کہ شہید ہوئے نقل کی یہ مسلم نے +

ف
ام المؤمنین کا یہ دوران [illegible] ہوئی تھی ۱۲ منہ مد ظلہ

ف + کھڑے ہوؤ طرف بہشت کے یعنی طرف عمل کے کہ سبب ہی بہشت کے داخل ہونیکا کہ وہ جہاد ہی آور چوڑاؤ الخ مراد بیان کرنا بہشت
کی فراخی کا ہی مشابہت دی ایسی چیز کے ساتھہ کہ خلق کے فہم مین کوئی چیز وسیع زیادہ اوس سے نہین اور تخصیص چوڑاؤ کی کی نہ طول کی
تاکہ معلوم ہو کہ جب چوڑاؤ ایسا ہوا تو طول کا کیا حال ہوگا اور کیا باعث ہوا تجکو الخ گویا خیال کیا حضرت نے کہ یہ کلام صادر ہوا ہی عمیر سے
بدون نیت اور فکر و تامل کے مشابہ اوس شخص کے قول کے کہ ہزل و مزاح سے کہتا ہی یا بخوف قتل کے کہا پس نفی کیا عمیر نے اوسکو
اپنے سے کہ کہا قسم ہی الخ اور زندگی دراز ہی یعنی اگر سب کھجورونکے کھانے کا انتظار کرون اور جب تک جیتا رہون تو بڑی زندگی ہوئے
حاصل یہ کہ بسبب شوق حاصل ہونے شہادت کے زندگانی کو اور تاخیر قتال کو وبال جانا + ح + ع اور فرمایا مَنْ مَّاتَ وَلَمْ يَغْزُ
وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ + یعنی جو شخص مرا اور جہاد نکیا اور نہ گذرا
اوسکے دل مین خیال جہاد کا مرا اوپر ایک قسم کے نفاق سے + ف + نہ گذرا الخ یعنی قصد جہاد کا نکیا اور نہ کہا کاش کے ہوتا مین جہاد
کرنے والا پس یہ شخص مشابہ ہوا منافقون کے کہ جہاد سے رہجاتے ہین بموجب اس حدیث کے مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ +
پس واجب ہی ہر مومن پر کہ نیت جہاد کی رکھے اور کہا نووی نے شرح مسلم مین کہ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ جو کوئی نیت کرے ایک عبادت کے
کرنے کی پھر مرجاوے پہلے کرنے اوسکے کے تو نہین متوجہ ہوتی اوسپر برائی اسقدر کہ متوجہ ہوتی ہی اوسپر کہ مرجاوے بغیر نیت کرنے اوسکی
اور اختلاف کیا ہی ہمارے علما یعنی شافعیہ نے اوس شخص کے حق مین کہ قادر ہو نماز پر اول وقت مین پھر تاخیر کرے اوسکو بہ نیت پڑھنے اوسکے کے اور مرجاوے یا تاخیر کرے
حج کو اسیطرح پس کہا بعضون نے کہ گنہگار ہوتا ہی دونون صورتون مین اور بعضون نے کہا کہ نہین گنہگار ہوتا دونون صورتون مین اور بعضون نے کہا کہ گنہگار
ہوتا ہی حج مین نہ نماز مین انتہی اور اخیر قول موافق مذہب ہمارے کے ہی + ع + اور فرمایا جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ
وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ + یعنی جہاد کرو مشرکون سے ساتھہ مالون اپنے کے
اور جانون اپنی کے اور زبانون اپنی کے + ف + زبان کا جہاد یہ ہی کہ مذمت کرے اونکے بتون کی اور دین باطل کی اور بددعا کرے
اوپر کہ وہ ذلیل ہوان اور شکست پاوین اور ڈراوے اونکو ساتھہ قتل و قید کرنے کے اور مانند انکے کے اور دعا کرے مسلمانون کی فتح
کی اور غنیمت ہاتھہ لگنے کی اور رغبت دلاوے لوگون کو جہاد کی + ح + اور فرمایا اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ
وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ + فاش کرو سلام یعنی سلام علیک کرو آشنا و ناآشنا سے اور
کھانا کھلاؤ اور مارو کھوپری کفار کی یعنی جہاد کرو وارث کیے جاؤگے بہشتون کے یعنی بہشتین ملینگی + اور فرمایا ہر میت ختم کیا جاتا ہی اوپر
عمل اپنے کے یعنی اعمال اوسکا زندگی تک ہی بعد مرنے کے نہین رہتا یعنی اوسکے لیے ثواب جدید نہین لکھا جاتا مگر وہ شخص کہ مرا در حالت پہرا دینے کے
اللہ کی راہ مین پس تحقیق بڑھایا جاتا ہی واسطے اوسکے عمل اوسکا قیامت تک اور امن مین رہتا ہی قبر کے فتنے سے نقل کی ترمذی
ابوداؤد دارمی نے + ف + بڑھایا جاتا ہی عمل اوسکا یعنی پہونچتا ہی اوسکو ہر لحظہ ثواب جدید اسلیے کہ اوسنے فدا کی جان اپنی اور
چیز یہ کہ جو دکرتا ہی نفع اوسکا طرف مسلمانون کے کہ وہ زندہ کرنا دین کا ہی ساتھہ دفع کرنے دشمنون اونکے کے کہ وہ کفار ہین + خ +
اور فرمایا عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ + دو آنکھین ہین کہ نہین لگے گی اونکو آگ جہنم کی ایک وہ آنکھہ کہ روئی خوف خدا سے اور دوسری وہ آنکھہ کہ رات
گذارے نگہبانی کرتے ہوئے راہ خدا مین یعنی رات کو نگہبانی کرتی رہین کفار سے + کہا ابوہریرہ نے کہ گذرا ایک شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کے اصحاب مین سے بیچ درے ایک پہاڑ کے کہ اوسمین تھا ایک چشمہ چھوٹا سا شیرین پانی کا پس خوش لگا وہ اوسکو اور کہا کاش کے الگ ہو جاؤن مین
لوگون سے اور رہون اس پہاڑ کے درے مین پھر ذکر کی گئی یہ بات روبرو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا نہ کر تو یہ اسلیے کہ تحقیق

ٹھہرنا ایک تمھارے کا اسکی راہ مین بہتر ہی نماز اوسکی سے گھر مین ستر برس کیا نہین دوست رکھتے ہو تم کہ بخشے اللہ تمھارے لیے یعنی پورا بخشنا اور داخل کرے تمکو بہشت مین یعنی اول ہی جہاد کرو تم اسکی راہ مین جو کوئی لڑے اللہ کی راہ مین بقدر ٹھہر جانے کے دودھ دوہنے مین اونٹنی کے واجب ہوئی اوسکے لیے بہشت + ف + ستر برس سے مراد کثرت ہی نہ تحدید پس نہین منافی ہی اس روایت کے کہ فرمایا حضرت نے مَقَامُ الرَّجُلِ فِي الصَّفِّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ عِبَادَةِ الرَّجُلِ سِتِّينَ سَنَةً اور ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ بسبب گوشہ گزینی کے لوگون سے اور بسبب عبادت کے کوہستان مین مغفرت نہین حاصل ہوئی اور جواب اسکا یہ دیتے ہین علما کہ جہاد اوس زمانے مین واجب تھا اور ترک کرنا واجب کا ساتھ نفل کے گناہ ہی کذا قال الطیبی اور ممکن ہی کہ حمل کیا جاوے اوپر مغفرت کامل اور داخل ہونے بہشت کے ہمراہ اون لوگون کے پہلے داخل ہونگے اور یہ حدیث دلیل ہی اوپر افضلیت صحبت کے گوشہ گزینی پر جہاد بیچ زمان سعادت نشان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کبھی گوشہ گزینی افضل ہوتی ہی یعنی بعد زمانہ حضرت کے وقت خوف فتنے کے + اور فرمایا عُرِضَ عَلَيَّ أَوَّلُ ثَلٰثَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ شَهِيدٌ وَعَفِيفٌ مُتَعَفِّفٌ وَعَبْدٌ أَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ وَنَصَحَ لِمَوَالِيهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ + روبرو لائے گئے میرے اول تین شخصون کے کہ داخل ہونگے بہشت مین ایک تو شہید اور دوسرا بچنے والا حرام سے اور [illegible] یعنی بچنے والا فسق و فجور سے اور سوال کرنے سے اور تیسرا غلام کہ اچھی کی بندگی اسکی اور خیرخواہی کی اپنے مالکون کی + ف + [illegible] ان تین شخصون کے یعنی تین تین شخص جنت مین داخل ہونگے اونمین سے یہ تین پہلے داخل ہونگے لیکن بعد انبیا کے مراد ہین کہ وہ سب پر مقدم ہونگے اور مراد تین تین شخصون سے تین تین جماعتین ہین + آورد + اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا عمل عملون مین سے یعنی نماز کے عملون مین افضل ہی فرمایا طول القیام کہا گیا کونسا صدقہ افضل ہی فرمایا کوشش کرنا فقیر کا یعنی صدقہ کرے فقیر ساتھ کوشش تنگدستی کے دے باوجود فقر و احتیاج کے کہا گیا کونسی ہجرت بہتر ہی فرمایا ہجرت اوس شخص کی کہ ہجرت کرے یعنی چھوڑ دے اوس چیز کو کہ حرام کی اللہ نے اوسپر یعنی ہجرت اگرچہ یعنی نکلنے کی دار الکفر سے طرف دار الایمان کے ہی لیکن چھوڑنا حرام چیزون کا افضل ہی اوس سے کہا گیا پھر کونسا جہاد بہتر ہی فرمایا جہاد اوس شخص کا جو جہاد کرے مشرکون سے ساتھ مال اپنے کے اور جان اپنی کے کہا گیا پس کونسی موت یعنی جہاد مین بزرگتر ہی فرمایا موت اوس شخص کی کہ گرایا جاوے خون اوسکا اور [illegible] گھوڑا اوسکا یعنی آپ بھی مارا جاوے اور گھوڑا بھی قتل کیا جاوے نقل کیا ابو داود نے + اور نسائی کی روایت مین ہی کہ [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا عمل عملون مین سے افضل ہی فرمایا ایمان ہی کہ نہو شک اوسمین اور جہاد کہ نہو خیانت اوسمین اور حج مقبول کہا گیا پس کونسی چیز نماز مین افضل ہی فرمایا درازی قیام کی [illegible] نسائی اور ابو داود کی حدیث مین + ف + ساتھ مال و جان اپنی کے مال اپنے غازیون کے سامان جہاد مین خرچ کرے اور زخمی ہو اور مارا جاوے اور جان اپنی [illegible] اور تعیین افضل اعمال کا ساتھ اعمال مختلف کے آیا ہی اور حاصل جمع یعنی تطبیق کا درمیان حدیثون کے اس طرح ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر مقام مین جواب ہر شخص کو مناسب حال سائل کے کچھ جواب دیا پس جس مین کہ نشان تکبر اور سختی کا دیکھا جواب دیا کہ افضل اعمال [illegible] خوئی ہی مانند افشاے سلام اور نرم کرنے کلام کے اور اگر نشان بخل اور خست کا پایا فرمایا کہ افضل اعمال سخاوت ہی مانند کھانا کھلانے کے اور اگر کاہل عبادت مین دیکھا تو جواب دیا کہ افضل اعمال نماز تہجد کی ہی پس مراد افضل اعمال سائل کے حق مین ہی مقصود [illegible] افضل اعمال سے ہی + آورد + اور فرمایا واسطے شہید کے نزدیک خدا کے چھ چیزین ہین بخشش کیجاتی ہی اول دفعہ مین یعنی اول قطرہ خون مین گرتے اوسکے اور دکھلایا جاتا ہی ٹھکانا اوسکا بہشت مین سے یعنی جان نکلنے کے وقت اور محفوظ رہتا ہی عذاب قبر سے اور امن مین ہو گا گھبراہٹ بڑی سے یعنی عذاب آگ کے سے اور رکھا جاویگا اوسکے سر پر تاج وقار کا کہ یاقوت اوسمین کا بہتر ہو گا دنیا سے اور اون چیزون سے کہ دنیا مین ہی اور نکاح مین دی جاوینگی بہتر بیبیان حور عین سے اور شفاعت اوسکی قبول کیجاویگی ستر آدمیون کے حق مین اوسکے قرابتیون مین

نقل کی یہ ترمذی نے + اور فرمایا مَنْ لَقِيَ اللهَ بِغَيْرِ اَثَرٍ مِّنْ جِهَادٍ لَقِيَ اللهَ وَفِيْهِ ثُلْمَةٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه
یعنی جو شخص کہ ملیگا اللہ تعالی سے بن اثر کے جہاد سے ملیگا اللہ تعالی سے اس حال مین کہ اوسکے دین مین نقصان ہوگا نقل کی یہ ترمذی
اور ابن ماجہ نے + ف * مراد اثر سے علامت ہی یعنی جو کوئی مرگا بغیر علامت کے علامات جہاد سے کہ زخم ہی یا غبار راہ یا رنج بدن یا خرچ کرنا
مال کا یا طیار کر دینا اسباب مجاہدون کا وہ مرگا اس حال مین کہ اوسکے دین مین رخنہ ہوگا اور ادنی درجہ یہ ہی کہ دل مین تو نیت ضرور ہو اور قطع
کہ آیا ہی نیت کرنی بہتر ہی اوسکے عمل سے اور ہوسکتا ہی کہ یہ حدیث محمول ہو اوس شخص پر کہ فرض ہوا جہاد اوسپر اور نہ کیا ارادہ طیاری
اسباب اوسکے کا اور کہا طیبی نے کہ جہاد شامل ہی جہاد کفار کو اور جہاد نفس و شیطان کو اور مؤید ہی اسکی حدیث ابی امامہ کی کہ آگے آتی ہی +
۷ ع + اور فرمایا اَلشَّهِيْدُ لَا يَجِدُ اَلَمَ الْقَتْلِ اِلَّا كَمَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ اَلَمَ الْقَرْصَةِ + یعنی شہید نہین پاتا دکھ
قتل کا مگر جیسے کہ پاتا ہی ایک تمھارا دکھ کاٹنے چیونٹی کا + ف + یہ وہ شہید ہی کہ لذت پاتا ہی ساتھ دینے جان کے راہ خدا مین اور خوش ہوتا ہی
نفس اوسکا ساتھ اوسکے + ع + اور روایت ہی ابی امامہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہین ہی کوئی چیز بہت پیاری طرف اللہ کے
دو قطرون سے اور دو نشانون سے ایک قطرہ آنسو ونکا بسبب خوف خدا کے اور دوسرا قطرہ خون کا کہ گرایا جاوے اللہ کی راہ مین اور اسپر دو نشان
پس ایک نشان اللہ کی راہ مین اور دوسرا نشان بیچ فرض کے فرائض خدا سے نقل کی یہ ترمذی نے + ف + ایک نشان الخ مانند قدم کھنے
یا غبار یا زخم کے جہاد مین یا سیاہی دوات کی طلب علم مین اور نشان بیچ فرض کے الخ مانند پھٹ جانے ہاتھ اور پاؤن کے بسبب وضو کے جاڑے
مین اور گھسنے پیشانی کے بسبب سجدون نماز کے اور جلنے پیشانی کے گرمی مین اور روزہ دار کے مونھ کی بو اور غبار آلودہ ہونے قدمون کے
حج مین + ع + اور فرمایا اَلْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ الْقَيْءُ لَهُ اَجْرُ شَهِيْدٍ وَالْغَرِيْقُ لَهُ اَجْرُ شَهِيْدَيْنِ
رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ + سر پھرنے والا دریا مین کہ پہونچے اوسکو قے واسطے اوسکے ثواب شہید کا ہی اور ڈوبنے والا دریا مین اوسکے لیے ثواب دو شہیدونکا ہی ف
ان دونون شخصون کو ثواب شہید کا اوس صورت مین ہی کہ کشتی مین بیٹھا ہو جہاد کے لیے یا طلب علم یا حج یا مانند انکے کے لیے اور تجارت اگر ہو واسطے حاصل کرنے قوت
نفس اور نفقہ عیال کے اور بغیر بیٹھنے کشتی کے حاصل نہو یہی حکم رکھتی ہی + ع + کہا ابو امامہ نے کہ نکلے ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
بیچ ایک لشکر کے پس گذرا ایک شخص ایک غار پر کہ اوسمین تھا کچھ پانی اور ترکاری اور سبزہ پس کہا اوسنے اپنے دل مین کہ ٹھہرے اوسمین
اور الگ ہو دنیا سے پس اذن مانگا پیغمبر خدا سے اسمین پس فرمایا تحقیق مین نہین بھیجا گیا ہون ساتھ دین یہودیت کے اور نہ ساتھ دین
نصرانیت کے کہ رہبانیت و مشقت کرین اور ترک کرین اختلاط و لذت مطلقا ولیکن بھیجا گیا ہو مین ساتھ دین حنفیت کے کہ آسان ہی یعنی
نہین اوسمین حرج اور مشقت زائد قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہی البتہ جانا اول روز مین یا آخر روز مین بیچ راہ خدا
کے بہتر ہی دنیا سے اور اوس چیز سے کہ دنیا مین ہی البتہ کھڑا ہونا ایک تمھارا بیچ صف کے یعنی صف قتال مین یا صف جماعت مین بہتر ہی
ساٹھ برس کی نماز اوسکی سے یعنی تنہا نماز سے نقل کی یہ احمد نے + کہا ابو موسی نے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دروازے
بہشت کے نیچے سایۂ تلوارون کے ہین پس کھڑا ہوا ایک شخص خستہ حال اور کہا ای ابو موسی تمنے سنا ہی پیغمبر خدا کو فرماتے یہ یعنی سنا تمھارا بطریق
جزم و یقین کے ہی کہا کہ ہان پس پھرا وہ شخص طرف یارون اپنے کے اور کہا پڑھتا ہون مین تمپر سلام یعنی سلام رخصت کا پھر توڑا میان اپنی
تلوار کا اور پھینکدیا اوسکو یعنی بارادہ اسکے کہ اب پھر کر نہین آنے کا پھر گیا ساتھ تلوار اپنی کے طرف دشمن کے اور مارا ساتھ اوسکے یہان تک
کہ شہید کیا گیا نقل کی یہ مسلم نے + قطعہ + بیا بیا کہ دل و جان من بعہد آر تو باد + سری کہ بر تن من ہست خاک پای تو باد + اگرچہ حافظ بیچارہ
در ہوای تو مرد + برای مردن او عمر منعم بقای تو باد + ف + دروازے بہشت کے الخ یعنی ہونا مجاہد کا لڑائی مین اس طرح کہ اوپر اوسکے
تلوارین کفار کی اوٹھی ہوئین ہون سبب ہی داخل ہونے بہشت کا یہان تک کہ گویا دروازے بہشت کے موجود ہین ساتھ اوسکے + ع + اور

بہت سی حدیثین جہاد کی فضیلت مین اور جہاد مین خرچ کرنے کی فضیلت مین آئی ہین جو چاہے مشکوۃ اور اوسکے ترجمے مظاہر حق مین سے دیکھے اور شہیدونکا ثواب بیان فرماکر اب مومنون کو حکم فرمایا دین کی مددگاری کا جہاد وغیرہ کرکے +

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ ○

ای ایمان والو اگر تم مدد کروگے اسکی تو وہ تمہاری مدد کریگا اور جماویگا تمہارے پانون + مو

ای مسلمانون اگر مدد کرو دین خدا کی مدد کریگا خدا تمہاری اور ثابت کریگا قدم تمہارے + فتح + ای ایمان والو اگر تم مدد کروگے اللہ کی تو وہ تمہاری مدد کریگا اور جماویگا تمہارے پانون + تفسیر + اللہ چاہے تو آپ ہی کافرون کو مسلمان کر ڈالے پر یہی منظور نہین بلکہ یہ منظور ہے سو بندے کی طرف سے کمر باندھنی اور اسکی طرف سے کام بنانا + مو + اگر مدد کرو دین خدا کی اور اوسکے رسول کی مدد کریگا خدا تمہاری تمہارے دشمنون پر اور ثابت کریگا قدم تمہارے یعنی لڑائی مین ساتھ کفار کے تاکہ بھاگو نہین یا ثابت قدم رکھیگا راہ اسلام پر + مل +

وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ○

اور جو لوگ منکر ہوئے اونکو لگی ٹھوکر اور کھو دیے اونکے کیے + مو

اور جو لوگ کہ کافر ہوئے ہلاکت ہو جیو اونکو اور نابود کیے خدا نے عمل اونکے + فتح + اور جو لوگ منکر ہوئے اونکو لگی ٹھوکر اور کھو دیے اونکے کیے + مو + تفسیر + یعنی تعس کے بقول بعض کے بُعد اور بقول بعض کے سقوط اور بقول بعض کے خرابی اور بقول بعض کے شقاوت اور نگونساری ہین اور ابن عباس سے ہی کہ مراد تعس سے دنیا مین قتل ہی اور آخرت مین بڑنا دوزخ مین اور کہا قتادہ نے کہ حق ہی اللہ پر یہ کہ دیوے اوسکو کہ سوال کرے اوس سے اور مدد کرے اوسکی کہ مدد کرے اوسکے دین کی + معالم + مل + در منثور + تنبیہ + بعد ذکر سوا دین کے مجاہدین اور علمائے باعمل اور صوفیۂ کرام متشرع رحمہم اللہ کہ مددگار دین کے ہین بسبب ظاہر و باطن آراستہ کرنے خلائق کے کہا حضرت حسین بصری رحمۃ اللہ علیہ نے لَوْلَا الْأَبْدَالُ لَخُسِفَتِ الْأَرْضُ بِمَنْ عَلَيْهَا وَلَوْلَا الصَّالِحُونَ لَهَلَكَ الطَّالِحُونَ وَلَوْلَا الْعُلَمَاءُ لَبَقِيَ النَّاسُ مِثْلَ الْبَهَائِمِ وَلَوْلَا السَّلَاطِينُ لَأَكَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَلَوْلَا الْحَمْقَاءُ لَخَرِبَتِ الدُّنْيَا وَلَوْلَا الرِّيحُ لَأَنْتَنَ الدُّنْيَا + یعنی اگر نہوتے ابدال تو البتہ دھنس جاتی زمین ساتھ اون لوگون کے کہ اوسپر ہین اور اگر نہوتے نیک کار تو البتہ ہلاک ہو جاتے بدکار اور اگر نہوتے علما تو رہ جاتے لوگ مانند چارپایون کے اور اگر نہوتے بادشاہ تو البتہ کھا جاتے لوگ بعض اونکے بعض کو اور اگر نہوتے احمق تو البتہ خراب ہو جاتی دنیا اور اگر نہوتی ہوا تو البتہ سڑ جاتی دنیا + منبہات

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ○

یہ اسپر کہ انہون نے پسند نرکھا جو اوتارا اللہ نے پھر اکارت کر دیے اونکے کیے + مو

یہ بسبب اسکے ہی کہ اونھون نے ناپسند کیا اوس چیز کو کہ اوتاری ہی خدا نے پس نابود کیے عمل اونکے + فتح + یہ اسپر کہ اونھون نے پسند نرکھا جو اوتارا اللہ نے پھر اکارت کر دیے اونکے کیے + مو + تفسیر + یعنی ہلاکت اور نابود ہونا اونکے عملون کا اوتاری خدا نے یعنی قرآن کہا قتادہ نے کہ آیت وَالَّذِينَ كَفَرُوا الخ نازل ہوئی اون کفار کے حق مین کہ مارے گئے روز بدر کے اور یا یہ آیت تمام کفار کے حق مین اوتری پھر ڈرایا اللہ تعالی نے کفار کو پس فرمایا أَفَلَمْ يَسِيرُوا الخ

+ مل + در منثور +

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ

کیا پھرے نہین ملک مین کہ دیکھین آخر کیسا ہوا اونکا جو پہلے تھے انسے اوکھاڑ مارا اللہ نے اونکو

وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ○

اور منکرون کو ملتی ہین ایسی چیزین + مو

کیا سیر نہین کی کفار نے زمین مین تو دیکھین کیونکر تھا انجام کار اونکا کہ پہلے انسے تھے برہم مارا خدا نے اونکو اور کافرون کے لیے ہونا ہی مانند اس عذاب کے + فتح + کیا پھرے نہین ملک مین کہ دیکھین آخر کیسا ہوا اونکا جو پہلے تھے انسے اوکھاڑ مارا اللہ نے اونکو اور منکرون کو ملتی ہین ایسی چیزین + مو + تفسین + کفار نے یعنی تیری امت کے کفار نے برہم مارا یعنی ہلاک کیا اونکو اور جڑ پیڑ سے اوکھیڑ مارا اور کافرون کے لیے یعنی مشرکین قریش کے لیے مانند اوس ہلاکت کے ہی + مل + پہلے انسے تھے مانند عاد و ثمود کے اور اور کافرون کے لیے یعنی اہل مکہ کو بھی ویساہی عذاب پونہچیگا اگر ایمان نہ لاوینگے + بحر +

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ○

یہ اسپر کہ اللہ رفیق ہی اونکا جو یقین لائے اور یہ کہ جو منکر ہین اونکا رفیق نہین کوئی + مو

یہ بسبب اوسکے ہی کہ خدا کارساز مسلمانون کا ہی اور بسبب اوسکے ہی کہ کافرون کی کارساز نہین ہی اونکے لیے + فتح + یہ اسپر کہ اللہ رفیق ہی اونکا جو یقین لائے اور یہ کہ جو منکر ہین اونکا رفیق نہین کوئی + مو + تفسین + یہ یعنی مدد کرنی مومنون کی اور انجام بد کافرون کا اس سبب سے ہی کہ اللہ کارساز اور مددگار مومنون کا ہی اور کافرون کا کوئی مددگار نہین + پھر ذکر کیا انجام کار دونون فریق کا + مل + معا +

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مقرر اللہ داخل کریگا اونکو جو یقین لائے اور کیے بھلے کام باغون مین نیچے بہتی اونکے ندیان اور جو منکر ہین

يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ○

برتتے ہین اور کھاتے ہین جیسے کھاوین ڈھور اور آگ ہی گھر اونکا + مو

تحقیق خدا داخل کریگا اونکو کہ ایمان لائے ہین اور کام اچھے کیے ہین باغون مین کہ چلتی ہین نیچے اونکے نہرین اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے فائدہ لیتے ہین اور کھاتے ہین جیسے کہ کھاتے ہین چارپائے اور آگ جگہہ اونکی ہی + فتح + مقرر اللہ داخل کریگا اونکو جو یقین لائے اور کیے بھلے کام باغون مین نیچے اونکے بہتی ندیان اور جو منکر ہین برتتے ہین اور کھاتے ہین جیسے کھاوین ڈھور اور آگ ہی گھر اونکا + تفسین + جانور کا سا کھانا یعنی حرص سے اور مسلمان کھاوین بقدر حاجت کو + مو + فائدہ لیتے ہین ساتھ متاع حیات دنیا کی چند روز اور کھاتے ہین غافل بے فکر عاقبت سے جیسے کہ کھاتے ہین چارپائے اپنے چرنے کی جگہہ غافل اوس چیز سے کہ پیش آنے والی ہی اونکو قسم نحر اور ذبح سے + مل + فائدہ لیتے ہین دنیا مین اور نہین ہی اونکے لیے ہمت سوائے پیٹون اور سترون اونکے کے اور وہ غافل بے خبر ہین اوس چیز سے کہ کل پیش آنے والی ہی کہا کسی بزرگ نے اَلْمُؤْمِنُ يَتَزَوَّدُ وَالْمُنَافِقُ يَتَزَيَّنُ وَالْكَافِرُ يَتَمَتَّعُ + یعنی مومن توشہ طیار کرتا ہی راہ آخرت کا اور منافق بناؤ سنگھار کرتا ہی اور کافر فائدہ اوٹھاتا ہی + معا + تنبیہ + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ کھاوے تو شکر منعم کا بجالاوے اور چست و چالاک رہے طاعات مین نہ غافل کیا خوب کہا ہی کسی نے + بیت + خوردن برائی زیستن و ذکر کردن ست + تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن ست + سعدی فرماتے ہین + قطعہ + ابر و باد و مہ و خورشید و فلک درکار اند + تا تو نانی بکف آری و بغفلت نخوری + ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار + شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری + ایک بزرگ نے فرمایا ہی کہ کھانا کھا نہ یہ کہ کھانا تجکو کھاوے اور حضرت خواجہ نقشبند رضی اللہ تعالی عنہ ہرگز وہ کھانا نہ کھاتے جسکو کسی نے غضب کے وقت کھایا ہو فرماتے تھے ایسے لقمے کی بری تاثیر ہی یعنی باخلاق رندون کے کھانے والون مین پیدا ہوتی ہی اور شیخ علاء الدولہ سمنانی

فرماتے ہین کہ بے ذکر الٰہی کے غفلت مین بندہ کھانا کھاوے کہ وہ کھانا غفلت ہی مین رہیگا پس بڑی تاثیر انسان مین لقمے کی ہوتی ہے +

وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ○

اور کتنی تھین بستیان جو زیادہ تھین زور مین اس تیری بستی سے جسنے تجکو نکالا ہمنے اونکو کھپا دیا پھر کوئی نہین اونکا مددگار +

اور بہت گانون کہ قوی تر تھے تیرے گانون سے کہ جلا وطن کیا تجکو ہلاک کیا ہمنے اونکو پس نہین کوئی مدد کرنے والا اونکا + **فتح** + اور کتنی تھین بستیان جو زیادہ تھین زور مین اس تیری بستی سے جسنے تجکو نکالا ہمنے اونکو کھپا دیا پھر کوئی نہین اونکا مددگار + **مو** + **تفسین** + مراد گانون سے گانون والے ہین اسی لیے فرمایا اَهْلَكْنَاهُمْ یعنی کتنی ہی قومین کہ وہ بہت قوی تھین تیری قوم سے کہ جنھون نے نکالدیا تجکو یعنی سبب تیرے نکلنے کے ہوئے ہلاک کیا ہمنے اونکو پس نہین ہوا کوئی مددگار اونکا اور نہ دفع کرنے والا عذاب کا اونسے کہا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہ جب نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مکے سے طرف غار کے التفات کیا طرف مکے کے اور فرمایا اَنْتِ اَحَبُّ بِلَادِ اللّٰهِ اِلَيَّ وَلَوْ اَنَّ الْمُشْرِكِيْنَ لَمْ يُخْرِجُوْنِيْ لَمْ اَخْرُجْ مِنْكِ + یعنی تو محبوب تر ہے طرف میرے اللہ کے سب شہرون مین سے اور اگر مشرک نکالتے مجکو تو نہ نکلتا مین تجسے پس نازل کی اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَكَأَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ الخ + **مل** + **معا**

أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُم ○

بھلا ایک جو چلتا ہی سوجھی راہ پر اپنے رب کی برابر اوسکے جسکو بھلا دکھایا اوسکا برا کام اور چلتے ہین اپنی چاؤن پر + **مو** +

کیا جو کوئی ہووے اوپر طریقہ روشن کے پروردگار اپنے سے مانند اوس شخص کے ہی کہ آراستہ کی گئی اوسکی نظر مین بدکاری اوسکی اور مانند اونکے کہ پیروی کی خواہشون اپنی کی + **فتح** + بھلا ایک جو چلتا ہی سوجھی راہ پر اپنے رب کے برابر اوسکے کہ جسکو بھلا دکھایا اوسکا برا کام اور چلتے ہین اپنی چاہون پر + **مو** + **تفسین** + بَيِّنَةٍ سے مراد ہی دلیل و برہان اور وہ قرآن اور تمام معجزے ہین اور شخص اول سے مراد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور مومن کہ اونکے پاس دلیل مذکور موجود ہی پروردگار کی طرف سے اور شخص دوسرے سے مراد کفار مکہ کے ہین کہ آراستہ کر رکھا تھا اونکے لیے شیطان نے شرک کو اور خدا اور رسول کی عداوت کو پس وہ جانتے ہین اونکو اچھا اور پیروی کی خواہشون اپنی کی بتون کے پوجنے مین حاصل یہ کہ یہ دونون برابر نہین ہوسکتے + **مل** + **معا** + **تنبیہ** + اس سے معلوم ہوا کہ برے کامون کو اچھا ماننا کام کفار کا ہی مومن کو چاہیے کہ برے کام سے بہت آزردہ اور غمگین ہو اسی لیے حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا ہی علامت ایمان صحیح کی آپنے فرمایا اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ + جب خوش کرے تجکو بھلائی تیری یعنی بامید ملنے ثواب کے اور بدل غمگین کرے تجکو برائی تیری پس تو مومن صحیح یعنی پورا ہی + اور یہ بھی اس سے معلوم ہوا کہ پیروی کرنی خواہش نفس کی بہت بری چیز ہی چنانچہ دوسری جگہہ پاک پروردگار نے ایسے پر اطلاق مشرک ہونے کا کیا ہی کہ فرمایا اَفَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوَاهُ + یعنی کیا دیکھا تونے اوس شخص کو کہ پکڑا اوسنے اپنی خواہش کو معبود اپنا پس مومن کو چاہیے کہ پیروی اپنی خواہش کی چھوڑے اور پیروی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اختیار کرے کہ حضرت نے فرمایا ہی لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ بِهٖ + پورا مومن نہین ہوتا یہانتک کہ ہو خواہش اوسکی تابع اوس چیز کے کہ لایا مین اوسکو یعنی دین اسلام و شریعت + اور اس سے برائی شرک کی بھی معلوم ہوئی جابجا وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ نے شرک کے کرنے سے بہت ہی منع فرمایا ہی اس لیے کہ مدار کار شرک سے بچنے ہی پر ہی + معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ نصیحت کی مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتون کی فرمایا نہ شریک کر ساتھ اللہ کے کسی چیز کو اگرچہ قتل کیا جاوے تو اور جلایا جاوے تو اور نافرمانی مت کر اپنے ماں باپ کی اگرچہ حکم کرین تجکو نکلجانے کا تیرے اہل و مال سے اور مت چھوڑ نماز فرض قصدًا اسلیے کہ جو کوئی چھوڑ دیتا ہی

نماز فرض قصدا تو الگ ہوجاتا ہی اوس سے عہد وامان اللہ کا اور مست پی شراب اسلیے کہ وہ سر ہی ہر برائی کی اور بچا اپنے کو گناہ سے اسلیے کہ گناہ سے اوترتا ہی غضب اللہ کا اور بچا اپنے تئین جہاد کے بھاگنے سے اگرچہ ہلاک ہون لوگ اور جب پہونچے لوگون کو موت یعنی وبا یا قحط سے پس ٹہرا رہ اور خرچ کر اپنے عیال پر مال اپنے سے اور مت اوٹھا اونسے لاٹھی اپنی واسطے ادب دینے کے یعنی دھمکاتا رہ اونکو واسطے ادب سکھلانے کے بالکل ڈھیلی ڈوری نہ چھوڑ دے اور ڈراتا رہ اونکو اللہ کے امر و نہی کی مخالفت مین ✣ **مشکوۃ** ✣ مومن اور کفار کا فرق بیان فرما کر اب انکی جزا اور سزا کا ذکر کرنا شروع کیا ✣

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ

احوال اوس بہشت کا جو وعدہ ہوا ڈر والون کو اوسمین نہرین ہین پانی کی جو بو نہین گرگیا اور نہرین ہین دودھ کی جسکا مزہ نہین پھرا

وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۖ وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ

اور نہرین ہین شراب کی جسمین مزہ ہی پینے والون کو اور نہرین ہین شہد کی جھاگ اوتارا ہوا اور اونکو وہان سب طرح کے میوے اور معافی ہی

مِّن رَّبِّهِمْ ۖ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ ۝

اونکے رب سے برابر اوسکے جو سدا رہتا ہی آگ مین اور پلایا ہی اونکو کھولتا پانی تو کاٹ نکالا اونکی آنتین ✣

صفت اوس بہشت کی کہ وعدہ دیے گئے ہین متقی یہ ہی کہ اوس بہشت مین نہرین ہین پانی سے کہ بسبب دیر رہنے کے متغیر نہین ہوا اور نہرین ہین دودھ سے کہ مزہ اوسکا پھرا نہین اور نہرین ہین شراب سے لذت دینے والی پینے والون کو اور نہرین ہین شہد صاف کیے ہوئے سے اور اونکے لیے وہان ہر جنس کے میوے ہین اور اونکے لیے ہی بخشش اونکے پروردگار سے کیا یہ جماعت مانند اونکے ہین کہ ہمیشہ رہنے والے ہین آگ مین اور پلائے جاوینگے پانی نہایت گرم پس پارہ پارہ کر ڈالیگا اونکی آنتون کو ✣ **فتح** ✣ احوال اوس بہشت کا جو وعدہ ہی ڈر والون کو اوسمین نہرین ہین پانی کی جو بو نہین گرگیا اور نہرین ہین دودھ کی جسکا مزہ نہین پھرا اور نہرین ہین شراب کی جسمین مزہ ہی پینے والون کو اور نہرین ہین شہد کی جھاگ اوتارا ہوا اور اونکو وہان سب طرح کے میوے اور معافی ہی اونکے رب سے برابر اوسکے جو سدا رہتا ہی آگ مین اور پلایا ہی اونکو کھولتا پانی تو کاٹ نکالا اونکی آنتین ✣ **تفسین** ✣ وہان کی شراب بامزہ ہی نہ جیسے یہان کی ہی مزہ بہشت مین ہر ایک کے گھر مین چار نہرین مقرر ہین اور بعضون کو زیادہ ✣ **مو** ✣ **تفسیر** ✣ متقی یعنی بچنے والا شرک سے غَيْرِ آسِنٍ وہ پانی کہ نہ جسکا رنگ بدلا ہوا اور نہ مزہ اور وہان کے دودھ کا مزہ نہ پھرا ہوگا جیسا کہ دنیا کے دودھ کا مزہ پھر جاتا ہی کہ کھٹا وغیرہ ہوجاتا ہی اور شراب لذیذ و خالص ہوگی کہ اوسکے پینے سے عقل نہین جاتی رہیگی اور نہ خمار ہوگا اوس سے اور نہ درد سر اور نہ کوئی اور آفت شراب کی آفتون مین سے اور شہد صاف ہوگا نہین نکلا ہوا ہوگا مکھیون سے کہ ملا ہوا اوسمین موم وغیرہ ✣ **معل** ✣ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جیحان اور سیحان اور فرات اور نیل سب جنت کی نہرون سے ہین اور کہا کعب احبار نے کہ نہر دجلہ اہل جنت کے پانی کی نہر سے ہی اور نہر فرات اونکے دودھ کی نہر سے اور نہر مصر اونکی شراب کی نہر سے اور نہر سیحان اونکے شہد کی نہر سے ہی اور یہ چارون نہرین نکلین ہین نہر کوثر سے پانی نہایت گرم بھڑکائی جاتی ہی دوزخ جیسے کہ پیدا کی گئی ہی اور پانی اوسمین کھول رہا ہی جب قریب لایا جاویگا اونکے مونہون کے بھون ڈالیگا اونکے مونہون کو اور گر پڑیگا پوست اونکے سرونکا پھر جب پہونچینگے تو آنتون کو کاٹتا ہوا مقعد کی راہ سے نکل جاویگا ✣ **معا** ✣ **تنبیہ** ✣ مقصود جناب باری تعالی کو اس بیان سے یہ ہی کہ لوگ رغبت کرین ایسے کامون کی کہ جنسے جنت مین داخل ہون اور بچین ایسے کامون سے کہ جنسے دوزخ مین داخل ہون پس اصل اس سبکی اطاعت خدا اور رسول کی ہی کہ ہر کام بموجب شرع شریف کے کرتا رہے اور مضمون احوال جنت و نار کا پیش نظر رکھے کہ عقائد کی کتابون مین لکھا ہی اَلْإِيمَانُ بَيْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ ✣ یعنی ایمان درمیان خوف اور امید کے ہی کہ اللہ کی رحمت و بخشش کا امیدوار بھی رہے

اور دوزخ و قہر الٰہی سے ڈرتا بھی رہے نہ اپنے کو قطعی دوزخی جانے اور نہ معصوم و پاک و پاکیزہ و ولی خدا اسپید کہ ہیچ ما دیگرے نیست
چنانچہ مشہور ہی کہ ہر مین سگ کے گلے کو چھری بلکہ یہ سمجھے کہ مین نہایت برا ہون مگر ہان اوسکی رحمت کا امیدوار ہون کیا خوب کسی بزرگ نے
کہا ہی + **قطعہ** گہ رشک برد فرشتہ بر پاکی ما + گہ عار کند سگ ز ناپاکی ما + ایمان چو سلامت بلب گور بریم + معلوم شود پاکی و ناپاکی ما +
سچ کہا جسنے یہ کہا اور حقیقت مین یہ ترجمہ ہی اس حدیث شریف کا اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِیْمِ + حافظ فرماتے ہین **بیت** عیب رندان مکن
ای شیخ گزین کہنہ رباط + کس ندانست کہ رحلت بچسان خواہد بود + پس عاقل کو چاہیے کہ اسکو بھی مد نظر رکھے اور دیکھے اور غور کرے ان
حدیثون کے مضمونون مین کہ لکھی جاتی ہین جنت و دوزخ کے احوال کی تا چست و چالاک ہو طاعات مین اور بچے بُرے کامون سے
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصّٰلِحِیْنَ مَا لَا عَیْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ
وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ متفق علیہ
طیار کی ہین مینے اپنے نیک بندون کے لیے وہ چیزین کہ نہ کسی آنکھ نے اونکی ذات کو دیکھا اور نہ کسی کان نے اونکے صفات کو سُنا اور نہ گذری ماہیت
اونکی کسی آدمی کے دل پر پس پڑھو اگر چاہو تم یعنی تحقیق و تصدیق اوسکی یہ آیت کو نہین جانتا کوئی نفس اوس چیز کو کہ پوشیدہ کی گئی
اور رکھی گئی ہی واسطے شب بیدارون اور مال خرچ کرنے والون کے قسم اوس چیز سے کہ سبب جنکی ٹھنڈی آنکھ اونکی کی ہی + اور فرمایا جگہہ ایک
کوڑے کی بہشت مین یعنی تھوڑی سی جگہہ اور ادنی مکان اوسمین بہتر ہی دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہی + **ف** اس لیے کہ جنت
اور نعمتین اوسکی باقی ہین اور دنیا اور اوسکی چیزین فانی ہین اور ذکر کوڑے کا بحسب عادت کے ہی کہ سوار جب ایک جگہہ اوترنے کا ارادہ کرتا ہی
تو کوڑا اپنا ڈالدیتا ہی تا علامت ہو اوسپر اور وہان کوئی اوترے نہین + **ح** + اور فرمایا ایکبار اول روز مین جانا راہ خدا مین یا ایکبار
آخر روز مین جانا اوسمین بہتر ہی یعنی جزا اور ثواب اور مآل مین دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہی اور اگر ایک عورت بہشتیون کی عورتون مین
سے جھانکے طرف زمین کے تو البتہ روشن کر دے اوس چیز کو کہ درمیان جنت اور زمین کے ہی اور البتہ بھر دے وہ عورت اوس چیز کو کہ درمیان
اون دونون کے ہی خوشبو سے اور البتہ اوڑھنی اوسکے سر کی بہتر ہی دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہی + **ف** + اول روز مین الخ تخصیص
ان دونون وقتون کی بطریق عادت کے ہی اور مراد مطلق وقت اور ساعت ہی اگرچہ اول و آخر وقت مین نہو اور راہ خدا جہاد ہی اور
ہجرت اور حج اور طلب علم اور جو کچھ کہ اوسمین تقرب الٰہی ہو اور واسطے خدا کے ہو یہان تک کہ سفر کرنا بتلاش رزق حلال کے نفقہ عیال
کے لیے اور حاصل کرنے خاطر جمعی اور حضور کے لیے عبادت مین راہ خدا ہی اور جب ذکر کی فضیلت جانے کی راہ خدا مین تو معلوم ہوا کہ ثواب
اوسکا بہشت ہی اس تقریب سے کچھ خوبیان بہشت کی بیان کین کہ فرمایا اور اگر ایک عورت الخ + **ح** + اور فرمایا بلاشبہہ بہشت مین
ایک درخت ہی یعنی طوبی کہ چلے سوار اوسکے سایہ کے نیچے سو برس ہنوز قطع نکرے اوسکی مسافت کو اور البتہ جگہہ مقدار کمان
ایک تمہارے کی بہشت مین بہتر ہی اوس چیز سے کہ نکلا اوسپر آفتاب اور غروب ہوتا ہی یعنی دنیا اور دنیا کی چیزین + اور فرمایا
بلاشبہہ مومن کے لیے بہشت مین البتہ خیمہ ہوگا ایک موتی کا خالی درمیان سے چکلائی اوسکی یعنی ویسی ہی لنبان جیسا کہ اور روایت مین ہی
ساٹھہ کوس کی ہی اور ہر کونے مین اوس خیمے کے اہل خانہ ہونگے یعنی مومن کی بیبیان وغیرہ نہ دیکھینگی یعنی ایک کونے والی اور گھر والون کو
اور کونون مین ہون گی پھرا کریگا اون سب گھر والون پر مسلمان اور دو بہشتین ہین یعنی مسلمان کے لیے چاندی کے ہین باسن اونکے اور
جو کچھ کہ اوسمین ہی یعنی قصور اور اسباب خانگی مانند تخت اور درخت وغیر ذالک کے اور دو بہشتین ہین کہ سونے کے ہین باسن اونکے
اور جو کچھ کہ اوسمین ہی اور نہین مانع درمیان بہشتیون کے اور درمیان نظر کرنے اونکے کے طرف پروردگار اپنے کے مگر چادر بزرگی اور
عظمت کی اوپر ذات پروردگار کے جنت عدن مین نقل کی یہ بخاری مسلم نے + **ف** + ظاہر اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ دو جنتین

فقط چاندی ہی کی ہونگی اور دو سونے کی اور ایک حدیث مین جنت کی عمارت کے وصف مین آیا ہی کہ ایک اینٹ سونے کی ہی اور ایک چاندی کی
پس تطبیق ان دونون حدیثون مین یہ ہی کہ اوس حدیث مین بیان ہی اون چیزون کا کہ جنت مین ہین یعنی باسن وغیرہ اور دوسری مین صفت
جنت کی دیوارون کی اور کہا بیہقی نے کہ دلالت کرتی ہی کتاب و سنت اسپر کہ جنتین چار ہین کیونکہ اللہ تعالی نے سورۂ الرحمن مین فرمایا
وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ اور وصف بیان کیا انکا پھر فرمایا وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ اور وصف بیان کیا انکا اور ابی موسی سے منقول
ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جَنَّتَانِ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا مِنْ ذَهَبٍ وَجَنَّتَانِ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا مِنْ فِضَّةٍ انتہی +
اور موید ہی اسکی یہ روایت جَنَّتَانِ مِنَ الذَّهَبِ لِلسَّابِقِيْنَ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ لِاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ اور بعید نہین
کہ مراد جنتان سے آیت مین دو قسمین ہون جنت سے کہ ایک اون دونون کی سونے کی اور دوسری چاندی کی اور کبھی ہونگی کاملین کے لیے
دو جنتین سونے کی اور دو جنتین چاندی کی دائین بائین طرف اونکے محلون کے زینت کے لیے نہ بسبب مفقود ہونے سونے کے اور یہ مراد
جنتان سے بنا براسکے ہی کہ کبھی مراد تثنیہ سے کثرت ہوتی ہی اور موید ہی اسکو یہ کہ دروازے جنت کے اور طبقے اوسکے آٹھ ہین جنت عدن
جنت الفردوس جنت الخلد جنت النعیم جنت الماوی دار السلام دار القرار دار المقام اور نہین مانع الخ یعنی جب بہشتی بہشت مین داخل
ہونگے تو حجاب جسمانی اور کدورتین طبعی کہ درمیان بندے کے اور درمیان رویت رب کے مانع ہین اوٹھ جاوینگی مگر پردے جلال اور کبریائی و
عظمت ذات مقدس کے باقی ہونگے سو وہ بھی ازراہ مہربانی و تفضل رب کے اوٹھ جاوینگے اور اوسکو عیانا دیکھین گے +۷+ اور فرمایا بہشت مین
سو درجے ہین درمیان ہر دو درجون کے اتنا فرق ہی جیسا کہ درمیان آسمان اور زمین کے اور فردوس یعنی جنت کا اوسکا نام فردوس کرکے گیا ہی قرآن مین
قد افلح المؤمنون کے اول مین اُولٰئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ سب سے بلند تر ہی از روے
درجے کے یعنی درجات کے بلند ترین درجات کے ہین صورۃ و معنی جنت الفردوس سے روان کیجاتی ہین چارون نہرین بہشت کی اور اوپر
فردوس کے عرش ہی پس جب مانگو اللہ سے بہشت تو مانگو اوس سے فردوس کہ سب سے بلند تر اور بالاتر ہی نقل کی یہ ترمذی نے + ف +
سو درجے ہین ممکن ہی یہ کہ مراد سو سے کثرت ہو اسلیے کہ وارد ہوا ہی بیہقی کی روایت مین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے بطریق مرفوع کے
عَدَدُ دَرَجِ الْجَنَّةِ عَدَدُ اٰيِ الْقُرْاٰنِ فَمَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ مِنْ اَهْلِ الْقُرْاٰنِ فَلَيْسَ فَوْقَهٗ دَرَجَةٌ + یعنی شمار
جنت کے درجون کا بقدر شمار قرآن کی آیتون کے ہی پس جو کوئی داخل ہوگا جنت مین اہل قرآن سے پس نہین ہوگا اوپر اوسکے درجہ اور
ممکن ہی کہ سو درجے ایسے ہون کہ جو وصف اونکا ذکر ہوا اور اور درجے خلاف اونکے ہون یعنی کم یا زیادہ اور بعضی روایت مین آیا ہی کہ جنت
مین ایک درجہ ہی کہ نہین پہنچیگے اوسکو مگر متفکر +۶+ اور فرمایا کہ تحقیق بہشت مین ایک بازار ہی یعنی مجمع ہی کہ اوسمین صورتین خواہش
کی گئین مین جمع ہونگے اوسمین بہشتی ہر جمعے مین پس چلے گی ہوا شمال کی پس ڈالے گی وہ ہوا یعنی مشک اور طرح بطرح کی خوشبو مین اونکے مونہون
یعنی بدنون پر اور کپڑون پر پس زیادہ ہوگا بہشتی کہ اوس مجمع مین حاضر ہونگے حسن و جمال مین پس پھرینگے یعنی بازار سے طرف گھر والون اپنے
کے اس حال مین کہ زیادہ ہوئے ہونگے خوب صورتی اور جمال مین پس کہینگے اونسے گھر والے اونکے قسم خدا کی تحقیق زیادہ کیا تمنے بعد جدا ہونے
ہمسے حسن و جمال کو پس کہینگے بہشتی گھر والون سے اور تمنے بھی قسم اللہ کی زیادہ کیا بعد ہمارے حسن و جمال کو نقل کی یہ مسلم نے + اور فرمایا تحقیق
اول جماعت کہ داخل ہونگے بہشت مین یعنی انبیا بصورت چودھوین رات کے چاند کے ہونگے پھر وہ لوگ کہ قریب اس جماعت کے ہونگے یعنی مرتبے
مین قسم اولیا اور علما اور شہدا اور صلحا سے داخل ہونگے مانند نہایت روشن تارے کے بیچ آسمان کے روشنی مین یعنی جو تارہ سواے چاند و آفتاب کے
اور تارون سے روشن ترین ہی اوسکے مانند ہر ایک روشن و چمکتا ہوگا دل بہشتیون کے ایک شخص کے دل پر ہونگے یعنی متفق اور یکدل و یکجان اور دوست
آپس مین جیسے کہ تفسیر کی اسکی یہ کہ نہین ہوگا کچھ اختلاف اونمین اور نہ دشمنی اور کینہ آپسمین ہر شخص کے لیے بہشتیون مین سے دو بیبیان ہونگی

حور عین سے اور معلوم ہوتا ہی گودا اونکی پنڈلیون کی ہڈیون کا ہڈی اور گوشت کے پیچھے سے بسبب نہایت حسن اور صفائی اور لطافت کے ساتھ پاکی کے یاد کرینگے بہشتی اللہ تعالی کو صبح و شام یعنی ہمیشہ نہ بیمار ہونگے بہشتی اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پاخانہ پھر نہ تھوکینگے اور نہ رینٹھ سنکینگے پاس اونکے سونے اور چاندی کے ہونگے اور کنگھیان اونکی سونے کی اور ایندھن اونکی انگیٹھیون کا اگر ہو اور پسینا اونکا مشک ہوگا یعنی خوشبو اوسکی مشک کی سی ہوگی ایک ہی خلقت اور سیرت ایک مرد کے ہونگے یعنی سب خوش خلق اور متفق اور اخلاص رکھنے والے آپس میں ہونگے اور صورت و شکل باپ اپنے کے کہ آدم ہین ساٹھ گز کے جانب آسمان یعنی دراز ہوگی قد مین نقل کی یہ بخاری مسلم نے + اور فرمایا مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ وَلَا يَبْأَسُ وَلَا يَبْلٰى ثِيَابُهٗ وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهٗ رواہ مسلم + یعنی بہشت مین داخل ہوگا چین مین رہیگا اور محتاج نہوگا اور نہ فکرمند اور نہ پرانے ہونگے کپڑے اوسکے اور نہ تمام ہوگی جوانی اوسکی یعنی ہمیشہ الشباب والثبات ہی تغییر اور تبدیل اور خرابی اوسمین نہین + اور فرمایا تحقیق بہشتی دیکھینگے بالاخانے والون کو اپنے اوپر جیسا کہ دیکھتے ہو تم ستارہ روشن باقی رہا ہوا بیچ کنارہ آسمان کے جانب مشرق یا مغرب مین یعنی باقی رہا ہوا افق مین بعد پھیلنے روشنی فجر کے کہ اوسوقت چمکتا ہی ستارہ روشن اور یہ بلندی بالاخانون کی بسبب بزرگی اور تفاوت مراتب کے ہی کہ درمیان بہشتیون کے ہوگا کہ مرتبہ بعضون کا بلند اور مرتبہ بعضون کا پست عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ یہ بالاخانے اور محل بلند منازل پیغمبرون کے ہونگے کہ نہین پہنچینگے اون منازل و مراتب کو غیر پیغمبر فرمایا کہ ہان پہنچینگے اون منازل و مراتب کو غیر پیغمبرون کے بھی یعنی اولیا بسبب متابعت و محبت اونکی کے قسم ہی خدا کی پہچانے اونکو وہ مرد کہ ایمان لائے ہین اور سچا جانا پیغمبرون کو نقل کی یہ بخاری مسلم نے + اور فرمایا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَقْوَامٌ اَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ اَفْئِدَةِ الطَّيْرِ رواہ مسلم + داخل ہونگی بہشت مین کتنی قومین کہ دل اونکے مانند دلون پرندون کے ہین یعنی نرمی اور صفائی اور خالی ہونے مین حسد و بغض وغیرہ سے اور بعضون نے کہا خوف و ہیبت مین کہ پرند بہت ڈرتا ہی بہ نسبت اور جانورون کے + اور فرمایا تحقیق اللہ تعالی فرمادیگا بہشتیون کو اور پکاریگا کہ ای بہشتیو پس کہینگے اور جواب دینگے بہشتی اللہ تعالی کو کہ حاضر ہین ہم رب ہمارے اور موجود ہین تیری خدمت مین اور بھلائی تیرے ہی قبضۂ قدرت و اختیار مین ہی جسکو چاہے دیوے تو پس فرمادیگا اللہ تعالی کہ آیا راضی ہوئے تم یعنی مجھسے کہ داخل کیا مینے تمکو بہشت مین پس کہینگے اور کیا ہی ہمکو کہ نہ راضی ہووین ہم ای پروردگار ہمارے حال انکہ تحقیق عنایت فرمائی تونے ہمکو وہ چیز کہ نہین عنایت فرمائی کسیکو مخلوقات اپنی سے پس فرمادیگا اللہ تعالی کہ کیا نہ دون مین تمکو بہتر اوس چیز سے کہ دی مینے پس کہینگے ای پروردگار ہمارے کون سی چیز بہتر ہی اس سے پس فرمادیگا اللہ تعالی کہ عنایت فرماؤنگا مین تمپر خوشنودی اپنی پس نہ خفا ہونگا مین تمپر بعد اسکے کبھی نقل کی یہ بخاری مسلم نے + **ف** + جب مولی بندے سے راضی ہوا تو تمام نعمتین اور سعادتین حاصل ہوئین اور دولت دیدار بھی اثر اسیکا ہی اول پوچھا اوسنے کہ آیا راضی ہو مجھسے جب رضا اونکی اوسکی جناب سے حاصل ہوئی تو رضا اپنی اونسے اوسپر مترتب کی تا معلوم ہو کہ دلیل اور علامت رضا مولی تعالی کی بندے سے رضا بندے کی ہی مولی سے پس اپنے حال مین نگاہ کرے اگر اپنے تئین راضی پاتا ہی اپنے پروردگار سے تو جانے کہ وہ بھی تجھسے راضی ہی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین بحث و تفتیش کرتے تھے کہ کیونکر پہچانین ہم کہ حق تعالی ہمسے راضی ہی آخر اتفاق کیا اسپر کہ اگر ہم اوس سے راضی ہین تو یقین ہی کہ وہ بھی ہمسے راضی ہی بعد ازان بشارت دی رضا اوسکی اونسے دائم و ہمیشہ ہی بالاتر اس سے کونسی نعمت ہوگی تھوڑی سی رضا اللہ تعالی کی بزرگتر ہی بہشت سے اور اوس چیز سے کہ اوسمین ہی جیسے فرمایا وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ + یعنی تھوڑی سی رضامندی اللہ کی بہت بڑی چیز ہی چہ جائیکہ ہمیشہ اور مستمر ہو اَللّٰهُمَّ ارْضَ عَنَّا وَاَرْضِنَا عَنْكَ + **ح** + اور روایت ہی عتبہ بن غزوان سے کہ کہا ذکر کیا گیا واسطے ہمارے یعنی روایت کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پتھر ڈالا جاوے دوزخ کے کنارے پر سے پس گرتا چلا جاوے اوسمین ستر برس نہ پہنچے اوسکی تھاہ تک

قسم خدا کی البتہ بھری جاویگی دوزخ یعنی کفار سے باوجود اس گہراؤ اور فراخی کے اور البتہ تحقیق ذکر کیا گیا ہمارے لیے کہ درمیان دو بازو دون
دروازے کے جنت کے دروازے سے مسافت مقدار چالیس برس کے ہی اور البتہ آویگا اوسپر ایک دن کہ وہ بھری ہوگی بسبب اژدحام کے نقل
کی یہ مسلم نے + اور کہا ابوہریرہ رضی نے کہ عرض کیا مینے یا رسول اللہ کس چیز سے پیدا کی گئی مخلوقات فرمایا پانی سے عرض کی ہمنے آنحضرت سے کہ بہشت
کس چیز سے ہی عمارت اوسکی یعنی پتھر کی ہی یا مٹی کی یا لکڑی وغیرہ کی فرمایا ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی اور گارا اوسکا مشک خالص
تیز بو کا اور کنکریاں اوسکی موتی اور یاقوت کی یعنی مثل اونکے رنگ و صفائی مین اور خاک اوسکی مثل زعفران کے زرد و خوشبودار جو کوئی کہ داخل ہوگا
اوسمین مین رہیگا اور رنج و مشقت نہین دیکھیگا او ہمیشہ جیویگا اور مرنے کا نہین اور نہ پرانے ہونگے کپڑے اوسکے اور نہ فنا ہوگی جوانی
اوسکی نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور دارمی نے + اور فرمایا مَا فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ اِلَّا وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ + یعنی نہین ہی جنت مین
کوئی درخت مگر کہ جڑ اوسکی سونے کی ہی + ف + اور ٹہنیان اونکی مختلف ہین کسیکی سونے کی اور کسیکی چاندی کی یا یاقوت کی یا زمرد کی یا موتی
کی یا مرصع مزین ساتھ طرح طرح کے شگوفون کے اور اوسپر طرح طرح کے میوے لگے ہوئے اور نیچے اونکے نہرین جاری + ع + اور فرمایا بہشت
مین سو درجے ایسے ہین کہ اگر تحقیق تمام عالم جمع ہون ایک درجے مین اون درجون مین سے تو البتہ کفایت کرے اونکو اور فرمایا بیچ تفسیر قول اللہ تعالی
وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ + کہ بلندی اونکی جیسے کہ مسافت ہی درمیان آسمان و زمین کے پانسو برس کی راہ یعنی جنت کے درجون کے بچھونے ایسے
بلند ہونگے + اور فرمایا دیا جاویگا مومن بہشت مین قوت اتنی اور اتنی جماع کی یعنی یہ کنایہ ہی جماع کرنے سے کتنی ہی عورتون سے مثلا دس سے
عرض کیا گیا کہ آیا طاقت رکھیگا مرد جماع کرنے کی اتنی عورتون سے فرمایا کہ دیا جاویگا وہ قوت سو مردون کی یعنی پس کیون نہ طاقت رکھیگا
اتنی عورتون سے جماع کرنے کی + اور فرمایا اگر اوسقدر کہ اوٹھاوے اوسکو ناخن اون چیزون مین سے کہ بہشت مین ہین یعنی قسم زینت اور
آلات اوسکے سے ظاہر ہو یعنی دنیا مین تو البتہ زینت والی ہو جاوے بسبب اوسکے وہ چیز کہ درمیان جوانب و اطراف آسمان و زمین کے ہی اور اگر
تحقیق ایک شخص بہشتیون مین سے جھانکے یعنی دنیا مین پس ظاہر ہون کڑے اوسکے تو البتہ مٹادیوے روشنی اوسکی سورج کی روشنی کو جیسا کہ
مٹادیتا ہی سورج ستارون کی روشنی کو + اور فرمایا بہشتی ہونگے بن بال کے امرد آنکھین اونکی سرمگین نہ فنا ہوگی جوانی اونکی اور
نہ پرانے ہونگے کپڑے اونکے + اور فرمایا داخل ہونگے بہشتی بہشت مین اس حال مین کہ صاف ہونگے بدن بالون سے بے ریش سرمگین آنکھین
تیس برس کے یا فرمایا تینتیس برس کے یعنی جیسے کہ دنیا مین اس عمر کے ہوتے ہین اسلیے کہ کمال جوانی اور قوت مرد کی اس وقت مین ہی اور کہا اسمانے
کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حال مین کہ ذکر کیا گیا اونکے لیے سدرۃ المنتہی کا فرمایا آنحضرت نے چلے سوار یعنی تیز رو بیچ سایے
شاخون اوس درخت کے سو برس یا پناہ پکڑین اوسکے سایے مین سو سوار شک کیا ہی راوی نے کہ وہ فرمایا یا یہ اوس درخت پر ٹڈے ہین
سونے کے گویا کہ میوے اوسکے مانند مٹکون کے ہین + ف + سدرۃ المنتہی نام ایک درخت کا ہی جنت مین اور یہ نام اسلیے ہوا کہ انتہا
بہشت مین ہی کہ منتہی ہوتا ہی اوس تک علم اولین و آخرین کا اور کوئی مخلوقات مین سے نہین جانتا کہ پرے اوسکے کیا ہی اور نہین گذرا
کوئی اوس سے سوائے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور وہ مقام جبریل کا ہی کہ وہان سے آگے نہین بڑھتے اور وہ ایک روایت مین چھٹے
آسمان پر ہی اور مشہور یہ ہی کہ ساتوین آسمان پر ہی اور وجہ تطبیق کی ان دونون روایتون مین یہ ہی کہ جڑ اوسکی چھٹے آسمان مین ہو اور شاخین
ساتوین مین واللہ اعلم + ح + اور پوچھے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ کیا ہی کوثر فرمایا کہ وہ نہر ہی کہ دی مجھکو خدا تعالی نے وہ نہر
یعنی بہشت مین نہایت سفید ہی پانی اوسکا دودھ سے زیادہ اور نہایت شیرین ہی شہد سے زیادہ اوس نہر مین یعنی اوسکے کنارون مین
پرندے جانور ہین دراز گردن کہ گردنین اونکی مانند گردنون اونٹون کے ہین یعنی وہ طیار رہین ذبح کے لیے تاکہ کھاوین اونسے اوس نہر والے
کہا عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہ تحقیق وہ پرندے متنعم اور فربہ و خوش حال ہونگے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کھانے والے اونکے بہشتی ہین

متنعم تر اور مترفہ تر ہونگے اونسے اور ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کیا بہشت مین گھوڑے بھی ہونگے فرمایا اگر اللہ تعالی داخل کریگا تجکو بہشت مین پس نہ چاہیگا تو کہ سوار کیا جاوے بہشت مین یاقوت سرخ کے گھوڑے پر کہ اوڑا وے وہ گھوڑا تجکو بہشت مین یعنی دو ڑے اور جلد پہنچاوے تجکو جہان چاہے تو مگر کریگا تو یعنی مطلب یاب ہوئیگا تو حاصل یہ کہ بہشت مین ہر کوئی جو کچھ چاہیگا پاویگا اور سوال کیا آنحضرت سے ایک اور شخص نے پس کہا یا رسول اللہ آیا بہشت مین اونٹ بھی ہوگا کہا بریدہ نے پس نہ جواب دیا آنحضرت نے اوس شخص کو جو کہ جواب دیا تھا اوسکے یار کو یعنی جیسا کہ پہلے شخص کو جواب دیا تھا ویسا اسکو نہ دیا کہ اگر داخل کریگا خدا تجکو بہشت مین اور چاہیگا تو کہ سوار کرے تجکو یاقوت کے اونٹ پر الخ بلکہ فرمایا بطریق کلیہ کے کہ اگر داخل کریگا تجکو اللہ بہشت مین تو ہوگا تیرے لیے بہشت مین جو کچھ چاہے دل تیرا اور لذت پاوے آنکھ تیری اور فرمایا اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَاَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ بہشتی ایک سو بیس صف ہونگے اسی صفین اونمین سے اس امت کی ہونگی اور چالیس اور امتون سے

ف + اس سے معلوم ہوا کہ بہشتی اس امت مین سے دو چند ہونگے نسبت اور امتون کے اگر کہا جاوے کہ باب شفاعت مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امیدوار ہون مین کہ ہوؤ گے تم نصف اہل جنت کے اور یہان فرماتے ہین دو چند جواب یہ کہ ہوسکتا ہی کہ امیدواری آنحضرت کی اللہ تعالی سے وہ ہو بعد ازان زیادتی دی گئی اور بشارت دی گئی ساتھ زیادہ کے اوس سے کہ امید رکھتے تھے اور یہ زیادتی فضل و کرم اوسکا ہی بیچ حق حبیب اپنے کے اور امت اونکی کے وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ + ٧ + اور فرمایا تحقیق بہشت مین ایک بازار یعنی جگہہ اجتماع کی ہی نہین اوسمین خرید و فروخت یعنی تجارت مگر صورتین مرد و عورت کی پس جب چاہیگا مرد یعنی اور اسی طرح عورت کسی صورت کو داخل ہوگا اوسمین اور متصف ہوگا ساتھ اوس صورت کے اور آیا ہی کہ سعید بن مسیب تابعی نے ملاقات کی ابو ہریرہ سے یعنی مدینے کے بازار مین پس کہا ابو ہریرہ نے کہ دعا کرتا ہون مین اللہ تعالی سے کہ جمع کرے مجکو اور تجکو بازار بہشت مین یعنی جیسے کہ جمع کیا ہمکو مدینے کے بازار مین پس کہا سعید نے کہ کیا بہشت مین بازار ہی یعنی حالانکہ وہ موضوع ہی تجارت کے لیے کہا ابو ہریرہ نے کہ ہان بہشت مین بازار ہی خبر دی مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ بہشتی جسوقت کہ داخل ہونگے بہشت مین اوترینگے اوسمین یعنی اوسکے منازل و درجات مین بقدر زیادتی عملون اپنے کے یعنی جسکا عمل زیادہ اور بہتر ہوگا منزل اوسکا بہتر اور بلند تر ہوگا پھر اذن دیا جائیگا اونکو بیچ مقدار آنے روز جمعہ کے دنون دنیا کے سے یعنی جسوقت کہ دنیا مین روز جمعہ کا ہوتا تھا حکم پروردگار تعالی کا ہوگا کہ نکلین جیسے کہ دنیا مین حکم تھا کہ روز جمعہ کے نکلین پس نکلینگے اور زیارت کرینگے اپنے پروردگار کی اوس وقت مین اور ظاہر کریگا اللہ تعالی اونکے لیے عرش اپنا اور ظاہر ہوگا اللہ تعالی بہشتیون کے لیے ایک بڑے باغ مین بہشت کے باغون مین سے پس رکھے جاوینگے اونکے لیے منبر نور کے اور منبر موتیون کے اور منبر یاقوت کے اور منبر زمرد کے اور منبر سونے کے اور منبر چاندی کے یعنی موافق تفاوت مراتب و درجات اور اعمال و افعال کے اور بیٹھیگا ادنی یعنی کمترین اونکا مرتبے و منزلت مین اور نہین ہی اونمین خسیس و کمینہ یعنی ادنی کہ کہا مینے بمعنی اقل و کمتر کے مرتبے مین نسبت اعلی اور اکثر کے مراد کہا مینے متصف ساتھ دناءت و خساست کے فی نفسہ کہ وجود اوسکا بہشت مین نہین ہوگا بیٹھیگا یہ ادنی مرتبے کا مشک و کافور کے ٹیلون پر گمان نہین لیجاوینگے یہ قوم ٹیلون پر بیٹھنے والی کہ کرسی اور منبر پر بیٹھنے والے افضل ہین اونسے از روے مجلس کے کہا ابو ہریرہ نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ کیا دیکھینگے ہم اپنے پروردگار کو اوس دن فرمایا آنحضرت نے کہ ہان دیکھینگے کیا شک و شبہہ رکھتے ہو تم بیچ دیکھنے آفتاب کے یعنی ہمیشہ اور بیچ دیکھنے چاند کے چودھوین شب مین کہا ہمنے نہین شک کرتے ہم فرمایا اسی طرح شک نہین کروگے تم اپنے پروردگار کے دیکھنے مین اور نہین باقی رہیگا اوس مجلس مین کوئی شخص مگر کہ کلام کریگا اوس سے اللہ تعالی بیواسطہ اور اوٹھا دیگا

پردہ یہان تک کہ فرماویگا خداے تعالی ایک شخص سے اونمین سے کہ ای فلانے بیٹے فلانے کے کیا یاد رکھتا ہی تو اوسدن کو کہ کیا تھا تونے ایسا
اور ایسا یعنی اون چیزون مین سے کہ نہین جائز شرع مین پس گویا کہ توقف کریگا وہ شخص تو سمین اور تامل کریگا اون گناہون مین کہ کیے ہونگے
پس یاد دلاویگا اللہ تعالی اوسکو بعضی عہد شکنیان اوسکی کہ کین تھین دنیا مین اور اس سے مراد ہین وہ گناہ کہ اونکے ارتکاب مین توڑنا عہد ربوبیت
کاہی پس کہیگا وہ شخص ای پروردگار میرے کیا نہ بخشے تونے میرے لیے وہ گناہ یعنی داخل کیا تونے مجکو جنت مین پس کیا نہین بخشے
تونے میرے لیے وہ گناہ کہ صادر ہوئے تھے مجسے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ ہان بخشے مینے تیرے لیے پس بسبب فراخی بخشش میری کے پہونچا تو
اس مرتبے کو پس اوسوقت مین کہ بہشتی اس حال و مقام مین ہونگے کہ ڈھانکیگا اونکو ایک ابر اونکے اوپر سے پھر برساویگا وہ ابر اونپر خوشبو کہ
کو کہ نہ پایا ہوگا مانند بو اوسکی کے کسی چیز کو کبھی اور فرماویگا پروردگار ہمارا کہ اٹھو اور آؤ طرف اوس چیز کے کہ طیار کی ہی مینے
تمہارے لیے قسم بزرگی سے پس لو جو چاہو تم پس آوینگے ہم اوس بازار مین کہ گھیرا ہوگا اوسکو فرشتون نے اوسمین اور آوینگے ہم اور
پاوینگے اوس چیز کو کہ نہین دیکھا ہی آنکھون نے مانند اوسکے اور نہ سنا ہی کانون نے مانند اوسکے اور نہ گذرا ہی خطرہ دلون پر مانند اوسکے
پس اوٹھائے جاوینگے اور دی جاوینگی ہمارے لیے اوس بازار مین سے وہ چیزین کہ رغبت کرینگے ہم حال آنکہ نہ بیچی جاوینگی اوس بازار مین
اور نہ خریدی جاوینگی وہ چیزین اور اوس بازار مین ملاقات کرینگے بہشتی آپسمین ایک دوسرے سے فرمایا آنحضرت نے پس آویگا اور متوجہ ہوگا
ایک شخص صاحب مرتبہ بلند کا پس ملاقات کریگا اوس شخص سے کہ وہ کمتر ہوگا اوس سے یعنی مرتبے مین اور نہین ہوگا بہشتیون مین دنی و خسیس اور
سب فی نفسہ رفیع و عالی ہونگے اگرچہ بنسبت بعضون کے کم ہون پس خوش لگیگی اوسکو وہ چیز کہ دیکھیگا اوپر قسم لباس سے پس نہ تمام ہوگا آخر
کلام اوس شخص کا یعنی کم رتبے کا کہ اپنے نفس سے کرتا تھا یا اوس شخص سے کہ ملا تھا یہان تک کہ ظاہر و متصور ہوگا اوس کم رتبے پر لباس کہ
بہتر ہوگا اوسکے لباس سے کہ تھا اوسپر اور یہ ظہور لباس بہتر کا اس سبب سے ہوگا کہ نہین لائق کسیکو کہ غمگین ہووے بہشت مین پھر پھرینگے
ہم طرف مکانون اپنے کے پس ملاقات کرینگی ہمسے بیویان ہماری یعنی دنیا کی اور حورین پس کہینگی ہمکو کہ مرحبا و اہلا یعنی خوش آئے
اور اپنے گھر مین آئے اور کہینگی ہر ایک اپنے مرد کو کہ تحقیق آیا تو اس حال مین کہ تجپر جمال بہتر ہی اوس جمال سے کہ جدا ہوا تھا تو ہمسے اوسپر پس
کہینگے ہم اپنی بیویون سے کہ تحقیق ہمنے ہمنشینی کی آج اپنے پروردگار سے کہ اچھا کرنے والا حالون کا ہی اور درست کرنے والا شکستگیون کا
ہی اور لائق ہی او رپہونچتا ہی ہمکو کہ پھرین ہم مانند اوس چیز کے کہ پھرے ہم اور فرمایا ادنی اور کمترین بہشتیون کا مرتبے مین وہ شخص
ہوگا کہ اوسکے لیے اسی ہزار خادم ہونگے اور بہتر بیویان یعنی دو دنیا کی اور ستر حور عین سے اور کھڑا کیا جاویگا اوسکے لیے خیمہ موتی اور
زبرجد اور یاقوت سے یعنی بنایا جاویگا انسے یا مرصع اور آراستہ ہوگا ساتھہ انکے مسافت اور فراخی اوس خیمے کی یعنی طول و عرض مین
ایسی ہوگی جیسے کہ مسافت ہی جابیہ کی صنعا تک اور فرمایا جو لوگ کہ مرین دنیا مین بہشتیون مین سے چھوٹے یا بڑے ہو جاوینگے بہشت مین
تیس برس کی ہی عمر کے زیادہ نہونگے اس عمر سے کبھی اور اسی طرح دوزخی اور فرمایا کہ بہشتیون کے سرون پر تاج ہونگے ایسے کہ ادنی موتی
اونکا البتہ روشن کردے اوس چیز کو کہ درمیان مشرق و مغرب کے ہی اور فرمایا کہ مسلمان جب چاہیگا اولاد بہشت مین یعنی بالفرض و التقدیر
ہوگا حمل فرزند کا اور پیدا ہونا اوسکا اور سن اوسکا یعنی کمال سن اوسکا کہ تینتیس برس ہین ایک ساعت مین اور فرمایا تحقیق بہشت مین
البتہ ایک مجمع ہوگا واسطے حور عین کے بلند کرینگی آوازین یعنی ساتھہ کانون کے کہ نہین سنین مخلوقات نے مانند اون آوازون کے کہینگی ہم
ہمیشہ زندہ رہینگے پس ہلاک نہین ہونے کے اور ہم ہین چین کرنے والے پس نہین دیکھینگے شدت و احتیاج اور ہم ہین راضی یعنی اپنے رب سے
یا خاوندون سے پس نہین ناخوش ہونے کے خوشی و مبارکی ہو اوسکے لیے کہ ہی ہمارے لیے اور ہین ہم اوسکے لیے یعنی جنات عالیات مین
اور فرمایا تحقیق جو مرد کہ بہشت مین ہوگا البتہ لگ کر بیٹھیگا بہشت مین ستر تکیون پر پہلے اسکے کہ پھرے یعنی ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف

نہین پھرینے کا کہ طرح بطرح کے سر تکیے لگا دیگا پھر آویگی اوس مرد کے پاس ایک عورت بہشت کی عورتون مین سے پس مار یگی وہ عورت یعنی ہاتھ اوس مرد کے کندھے پر یعنی بطریق غنج و دلال کے اور آگاہ کرینگے واسطے دکھلانے جمال کے پس دیکھیگا وہ مرد مونہہ اپنا اوس عورت کے رخسارے مین درحالیکہ رخسارہ اوسکا روشن تر ہوگا آیینے سے اور تحقیق ادنی موتی کہ اوس عورت پر ہوگا روشن کردے مابین مشرق و مغرب کے یعنی اگر ہو دنیا مین پس سلام کریگی وہ عورت اوس مرد کو پھر جواب دیگا وہ اوسکے سلام کا اور پوچھیگا اوس عورت سے کہ کون ہی تو پس کہیگی وہ کہ اَنَا مِنَ الْمَزِیْدِ ف یعنی مین جملہ زیادتی سے ہون کہ وعدہ کیا تھا حق تعالی نے نیک کارون سے کہ فرمایا لَهُمْ مَا یَشَآءُوْنَ فِیْهَا وَلَدَیْنَا مَزِیْدٌ یعنی بہشتیون کے لیے ہی جو کچھ کہ چاہینگے اور ہمارے پاس ہی زیادتی اوس چیز پر کہ چاہینگے اور فرمایا لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَةٌ یعنی نیک کارون کے لیے جنت ہی اور زیادتی اور تفسیر زیادت کی رویت خدا تعالی کی بھی کی ہی اور زیادہ اسکو اسلیے فرمایا کہ حسنی تو جنت ہی کہ جسکا وعدہ کیا ہی اللہ تعالی نے اپنے فضل سے جزاے اعمال مین مکلفین کے لیے اور زیادتی مذکورہ فضل پر فضل ہی درج ہوا اور تحقیق البتہ ہونگے اوس عورت پر ستر کپڑے یعنی رنگ برنگ کے پس پہنچیگی اون کپڑون مین نظر اوس مرد کی یعنی پاویگی اوس عورت کے بدن کی لطافت کو یہان تک کہ دیکھیگا وہ مرد اوس عورت کی پنڈلی کے گودے کو اوس لباس کے پیچھے سے یعنی بسبب نہایت صفائی کے کوئی چیز مانع اوسکی نظر کو نہین ہونے کی اور بلاشبہہ اوس عورت کے سر پر تاج ہونگے کہ ادنی موتی اون تاجون سے روشن کردے اوس چیز کو کہ درمیان مشرق و مغرب کے ہی ✣ تمام ہوئین حدیثین جنت کے بیان کی مشکوۃ سے ✣ اب شروع ہوتی ہین حدیثین دوزخ کے بیان کی مشکوۃ ہی سے ✣ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گرمی تمہاری آگ کی یعنی دنیا کی ایک ٹکڑا ہی ستر ٹکڑون آگ دوزخ کی مین سے یعنی آگ دوزخ کی اونہتر درجے گرم زیادہ ہی اس آگ سے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ تحقیق تھی یہ آگ دنیا کی کفایت کرنے والی یعنی عذاب و سزا دینے مین پس کیا حاجت تھی بیچ پیدا کرنے آگ سخت کے اس سے فرمایا زیادتی دی گئی آگ دوزخ کی ان آگون پر اونہتر جزو ہر ایک ان اونہتر جزو نمین سے مانند گرمی اس آگ تمہاری کے ہی اور فرمایا لائی جاویگی دوزخ یعنی اوس مکان سے کہ پیدا کیا ہی اللہ تعالی نے اوسمین آوسدن یعنی روز قیامت کے اس حال سے کہ اوس دوزخ کے لیے ستر ہزار باگین ہونگی کہ ہر باگ کے ساتھ ستر ستر ہزار فرشتے ہونگے کھینچینگے اوسکو اور فرمایا تحقیق کم سے کم دوزخیون کا عذاب مین وہ شخص ہوگا کہ ہونگی اوسکے لیے دو پاپوشین یعنی نیچے قدم کے اور دو تسمے یعنی اوپر قدم کے آگ کے جوش ماریگا اون دونون چیزون سے دماغ اوسکا جیسے کہ جوش مارتی ہی دیگ سی نہین گمان کریگا وہ شخص کہ کوئی سخت تر ہو اوس سے عذاب مین یعنی بسبب الگ ہونے اور عدم اطلاع اوسکے حال غیر اپنے پر حالانکہ تحقیق وہ شخص سبکترین دوزخیونکا ہوگا عذاب مین اور فرمایا لایا جاویگا بڑا نعمت والا یعنی اور بڑا ظالم اہل دنیا کا دوزخیون مین سے دن قیامت کے پس غوطہ دیا جاویگا دوزخ مین ایک غوطہ یعنی ڈالا جاویگا دوزخ مین جیسے کہ کپڑے کو مٹکے مین رنگنے کے لیے ڈالتے ہین پھر کہا جاویگا ای فرزند آدم کے کیا دیکھی تھی تونے بھلائی کبھی کیا گذری تھی تجھ پر نعمت و راحت کبھی دنیا مین پس کہیگا وہ دوزخی کہ نہین قسم خدا کی ای پروردگار میرے یعنی درہ سے دوزخ کے جانے مین تمام ناز نعمت و آسایش دنیا کی فراموش کی گویا ہرگز رکھتا ہی تھا اور لایا جاویگا سخت ترین آدمیون کا از روی محنت و غم کے دنیا مین بہشتیون مین سے پس ایک غوطہ دیا جاویگا بہشت مین پھر کہا جاویگا ای فرزند آدم کے کیا دیکھی تھی تونے محنت کبھی اور کیا گذری تھی تجھ پر سختی کبھی پس کہیگا وہ نہ قسم خدا کی ای پروردگار میرے نہین گذری مجھ پر محنت کبھی یعنی دنیا مین اور نہ دیکھی مینے سختی کبھی اور فرمایا جھگڑین آپسمین جنت و دوزخ پس کہا دوزخ نے کہ اختیار کی گئی مین واسطے متکبرون اور گردنکشون کے کہا بہشت نے پس کیا ہوا مجکو کہ نہین داخل ہونگے مجھمین مگر ضعیف لوگون مین سے یعنی بدن مین اور مال مین اور حقیر و گمنام و کم اعتبار اور لوگون کی نظرون سے گرے ہوئے یعنی اکثر لوگون کے نزدیک وہ ایسے ہی ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ اور اللہ کے نزدیک اونکی

بڑی قدر ہی اور ایسے ہی اونکے نزدیک جو پہچانتے ہین اونکو قسم علما اور صلحا سے اور مراد حصر سے اکثر و اغلب ہی یعنی اکثر و اغلب ایسے ہی
ہونگے والا انبیا اور رسول اور بادشاہ بھی اوسمین داخل ہونگے بامراد کھین ضعفا سے فروتنی کرنے والے واسطے اللہ کے اور تواضع کرنے
والے واسطے خلق کے اور خوار رکھنے والے نفس کو اور گرے ہوئے نظر اعتبار سے اپنے نزدیک اور نہین داخل ہونگے مجھمین مگر بھولے فریب
کھاجانے والے فرمایا اللہ تعالی نے بہشت کو کہ نہین ہی تو مگر مظہر اور محل رحمت میری کی کہ رحمت کرتا ہون تیرے ساتھ جسکو چاہتا
ہون اپنے بندون سے اور فرمایا اللہ تعالی نے آگ دوزخ کو کہ نہین ہی تو مگر سبب عذاب میرے کی عذاب کرتا ہون تیرے ساتھ جسکو چاہتا ہون
اپنے بندونمین سے حاصل یہ کہ جنت و دوزخ اور مومن و کافر مظاہر ہین جمال و جلال کے اوپر وصف کمال کے اور ظاہر نہین ہوتی کسیکو وجہ
تخصیص ہرایک کی ساتھ ہرایک کے مقام فضل مین باوجود علم اس بات کے کہ ایک اون دونون مین سے قبیل عدل سے ہی اور دوسری
طریق فضل سے لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُونَ اور ہرایک کے لیے تم مین سے بُری اوسکی ہی یعنی ہرایک کو بھردونگا لوگو
سے پس اوپر دوزخ پس نہین بھرنے کی یہان تک کہ رکھیگا اللہ تعالی اوسمین پاؤن اپنا کہیگی دوزخ بس بس بس اطلاق پانون کا حضرت
حق سبحانہ پر متشابہات سے ہی جیسے کہ ید او عین اور وجہ اور حکم متشابہات کا کہ قرآن اور حدیث مین آئے ہین یہ ہی کہ اعتقاد کرے
کہ جو کچھ مراد ہی اوسسے حق ہی اور درپی دریافت کرنے کیفیت اونکی کے نہو مذہب اسلم یہی ہی اور سلف نے یہی اختیار کیا ہی اور بعضے متاخرین
تاویل کرنے والے کہتے ہین کہ مراد قدم سے قدم بعض مخلوقات اوسکی کا ہی اور بعضون نے اور اور کچھ تاویل کی ہی ساتھ اوس چیز کے کہ
مناسب ذات اقدس اوسکی کے ہی تا وہم تشبہ کا نہ لاوے پس اوسوقت بھر جاویگی دوزخ اللہ تعالی کی قدرت سے اور جمع کیے جاوینگے
بعض اجزا اوسکے طرف بعض کے یعنی تنگ کی جاویگی اور سمٹ جاویگی پس ظلم نہین کرنے کا اللہ تعالی اپنی مخلوق مین سے کسی پر اور
اوپر بہشت پس تحقیق اللہ تعالی پیدا کریگا اوسکے لیے ایک خلق جدید کہ بے سابقہ عمل کے اونکو بہشت مین داخل کریگا فضل و رحمت اوسکی
ہی کہ بے گناہ دوزخ مین نہ ڈالے اور بے طاعت بہشت مین داخل کرے + اور فرمایا کہ فرماویگا اللہ تعالی واسطے سہل ترین دوزخیون کے
عذاب مین دن قیامت کے کہ اگر ہو واسطے تیرے وہ چیز کہ زمین مین ہی اشیاء دنیا سے کیا ہوتا تو کہ بدلا دیتا ساتھ اوسکے یعنی دیتا تو اوسکو اور اپنے تئین عذاب
دوزخ سے چھٹاتا اگرچہ تھوڑا عذاب ہوتا پس کہیگا وہ دوزخی ہان پس فرماویگا اللہ سبحانہ چاہا تھا مینے تجھسے اور حکم کیا تھا مینے تجھکو ایک چیز
آسان تر اور کمتر کا اس فدیہ دینے سے حالانکہ تو پشت آدم مین تھا اور وہ چیز یہ ہی کہ شریک نہ کر تو ساتھ میرے کسی چیز کو پس توڑا تونے عہد اور
فرمانبرداری نکی تونے میرے امر و نہی کی اور باز نرہا تو مگر کہ شریک ہی کیا میرا یعنی بتون وغیرہ کو پس اب قبول نہین کرینگا اگرچہ لاوے ساری
چیزین زمین کی اور فرمایا کہ بعضے دوزخیون مین سے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو آگ دونون ٹخنون تک اور بعضے اونمین سے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو
آگ دونون زانوون تک اور بعضے اونمین سے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو آگ کمر تک اور بعضے اونمین سے وہ ہونگے کہ پکڑیگی اونکو آگ چنبر گردن تک
اور فرمایا درمیان دونون مونڈھون کافر کے دوزخ مین مسافت سیر تین دن کی ہوگی واسطے سوار تیز رو کے اور ایک روایت مین ہی کہ دانت
کافر کے مانند کوہ اُحد کے ہونگے اور موٹاپا اوسکے چمڑے کا مقدار مسافت سیر تین رات کے ہوگا یہ پھیلاؤ واسطے زیادتی عذاب کے ہوگا
اور اور روایت مین آیا ہی کہ متکبرین حشر کیے جاوینگے روز قیامت کے مانند چیونٹیون کے بیچ صورت مردون کے پھر ہانکے جاوینگے طرف قیدخانے
کے جہنم مین انتہی ظاہر ان دونون حدیثون کی تطبیق مین یہ ہی کہ مراد متکبرین سے گنہگار مومنین ہین اور ظاہر تر یہ ہی کہ موقف مین مانند چیونٹیو
ہونگے کہ روندے جاوینگے اوسمین پھر بڑے ہو جاوینگے اوسمین بدن اونکے اور داخل ہونگے دوزخ مین اور وہان ایسے ہونگے جیسا اور فرمایا
جلائی گئی آگ دوزخ کی ہزار برس یہان تک کہ سرخ ہوئی پھر جلائی گئی ہزار برس یہان تک کہ سفید ہوئی پھر جلائی گئی ہزار برس یہان تک کہ
سیاہ ہوئی پس آگ دوزخ کی سیاہ تاریک ہی کہ اصلا روشنی نہین رکھتی اور فرمایا دانت کافر کے روز قیامت کے مانند اُحد کے ہونگے اور ران اوسکی

مانند صعودا کے کہ نام ہی ایک پہاڑ کا اور جگہ بیٹھنے اوسکے کی دوزخ مین بقدر تین دن کے مانند بیٹھنے کے اور فرمایا تحقیق کافر البتہ کھینچیگا زبان اپنی تین کوس اور چہ کوس روندین گے اوسکو لوگ یعنی قدمون سے اور چلینگے اوسپر اور فرمایا صعود کہ قرآن مین واقع ہی سارھقہ صعودا ایک پہاڑ ہی آگ سے چڑھایا جاویگا اوسپر کافر ستر برس اور گرایا جاویگا اوس سے ایسے ہی یعنی ستر برس دوزخ مین ہمیشہ چڑھنے اور اوتر مین رہیگا اور فرمایا بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِيْمِ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ یعنی درخت زقوم کا خوراک گنہگارون کی ہی مانند مہل کے جوش ماریگا پیٹون مین مانند جوش مارنے گرم پانی کے پس آنحضرت نے بیچ بیان معنی مہل کے فرمایا مانند تلچھٹ زیت کے ہس جب نزدیک کیا جاویگا مہل طرف مونہ دوزخی کے تو گر پڑیگا پوست اوسکے مونہ کا اوسمین یعنی مارے گرمی کے اور فرمایا تحقیق گرم پانی البتہ ڈالا جاویگا دوزخیون کے سرون پر پس پہنچیگا گرم پانی یہان تک کہ پہنچیگا دوزخی کے پیٹ تک پس کاٹ ڈالیگا اون چیزکو کہ اوسکے پیٹ مین ہی یعنی آنتین وغیرہ یہان تک کہ نکلجاویگا اوسکے دونون قدمون مین سے اور یہی صہر ساتھ زبر صاد مہملہ اور جزم ہ کے بمعنی گلنے کے کہ مذکور ہی قرآن مین يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ یعنی ڈالا جاویگا اونکے سرونپر گرم پانی گلائی جاویگی اوس سے وہ چیز کہ اونکے پیٹون مین ہی اور جلائے جاوینگے پوست اونکے یعنی تاثیر کریگا گرم پانی زیادتی حرارت سے اونکے ظاہر و باطن مین پہر اوسی طرح کیا جاویگا جیسا کہ تہا اور روایت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے يُسْقٰى مِنْ مَّاۤءٍ صَدِيْدٍ يَّتَجَرَّعُهٗ یعنی پلایا جاویگا دوزخی پانی کہ زرد آب دوزخیون کا ہوگا درحالیکہ پیویگا اوسکو گھونٹ گھونٹ یعنی بتکلف بسبب حرارت و تلخی اوسکی کے فرمایا آنحضرت نے نزدیک لایا جاویگا زرد آب طرف مونہ اوسکے کے پس ناخوش جانیگا اوسکو پس جب ملایا جاویگا اوسکے دہانے سے بہون ڈالیگا اوسکے مونہ کو اور گر پڑیگا پوست اوسکے سر کا پس جسوقت کہ پیویگا اوسکو ٹکڑے ٹکڑے کردیگا اوسکی آنتون کو یہان تک کہ نکلجاویگا اوسکی دبر سے فرماتا ہی اللہ تعالی وَسُقُوْا مَاۤءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۤءَهُمْ اور پلائے جاوینگے دوزخی گرم پانی پس ٹکڑے ٹکڑے کرڈالیگا اونکی آنتون کو اور فرمایا ہی وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۤءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ یعنی اور اگر فریاد کرینگے وہ پیاس کی فریادرسی کیے جاوینگے ساتھ پانی کے کہ مانند تیل کی تلچھٹ کے ہوگا یا مانند گلے ہوئے تانبے کے یا زرد آب کے بہون ڈالیگا مونہون کو بری پینے کی چیز ہی وہ پانی اور فرمایا لِسُرَادِقِ النَّارِ اَرْبَعَةُ جُدُرٍ كُثُفُ كُلِّ جِدَارٍ مَسِيْرَةُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً یعنی واسطے احاطہ دوزخ کے چار دیوارین ہونگی موٹا ہر دیوار کا مسافت سیر چالیس برس کا ہوگا اور فرمایا اگر تحقیق ایک ڈول زرد آب سے کہ دوزخیون کے زخمون سے بہیگا ڈالا جاوے دنیا مین تو البتہ سڑجاوین اہل دنیا اور تحقیق آنحضرت نے پڑھی یہ آیت اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ یعنی ڈرو خدا سے حق ڈرنے اوسکے کا یعنی جیسا کہ لائق ہی یعنی واجبات بجا لاؤ اور پرہیز کرو برائیون سے اور ابن مسعود نے تفسیر کی ہی اسکی ساتھ قول اپنے کے هُوَ اَنْ يُّطَاعَ فَلَا يُعْصٰى وَيُشْكَرَ فَلَا يُكْفَرَ وَيُذْكَرَ فَلَا يُنْسٰى وہ یہ ہی کہ اطاعت کیا جاوے اللہ پس نہ نافرمانی کیا جاوے اور شکر کیا جاوے پس نہ کفران نعمت کیا جاوے اور یاد کیا جاوے پس نہ بہلایا جاوے اور روایت کیا ہی اسکو حاکم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اسی طرح ابن مردویہ نے اور ابن ابی حاتم نے اور تصحیح کیا ہی اسکو محدثون نے پس یا تو تفسیر ہی کمال تقوے کی پس اسمین کچہ اشکال ہی نہین اور یا تفسیر ہی اصل تقوی کی پس ہوگی یہ آیت منسوخ ساتھ قول اللہ تعالی کے فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ جیسا کہ ذکر کیا ہی اسکو بعضے مفسرون نے اور نہ مرو تم مگر حالت اسلام مین یعنی مسلمان رہو مرتے دم تک اور چونکہ تقوی سبب سلامتی کا ہی عذاب دوزخ سے اور ترک کرنا اوسکا سبب گرفتاری عذاب کا ذکر کیا آنحضرت نے اس تقریب سے بعضا عذاب دوزخ کا اور ذکر کیا اوسکو راوی نے کہ فرمایا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر تحقیق ایک قطرہ درخت سینہنڈ کے سے ٹپکے دنیا کے گھر مین تو البتہ تباہ کر دے دنیا والون پر اونکے
اسباب زندگانی کو پس کیا حال ہوگا اوسکا کہ ہوسینہنڈ خوراک اوسکی + اور فرمایا دوزخی دوزخ مین تیوری چڑھے اور دانت کھلے ہونگے
فرمایا آنحضرت نے اور بھون دیگی کافر کے مونہہ کو آگ دوزخ کی پس سمٹ جاویگا اور اوپر کا اوٹھ جاویگا ہونٹ اوپر کا اوسکا یہان تک
کہ پہنچیگا درمیان سر اوسکے تک اور لٹک جاویگا ہونٹ نیچا اوسکا یہان تک کہ پہنچیگا اوسکی ناف تک اور فرمایا ای لوگون روؤ یعنی
خوف خدا سے پس اگر نہ رکھو تم قدرت رونے حقیقی کی تو تکلف کرو رونے مین اور تصور احوال کا کرو کہ رونا لاوے اور رقت بخشے پس تحقیق
دوزخی روینگے دوزخ مین یہان تک کہ بہینگے آنسو اونکے خون ہوکر گویا کہ وہ آنسو نالیان ہونگے یہان تک کہ ہوچکینگے آنسو پھر
بہینگے خون پس زخمی ہوجاوینگی آنکھین پس اگر کشتیان جاری کیجاوین اونکے آنسو مین تو البتہ جاری ہون اور فرمایا ڈالی جاویگی یعنی مسلط
ہوگی دوزخیون پر بھوک شدید پس برابر ہوگا عذاب بھوک کا اوس حالت کے کہ گرفتار ہونگے عذاب دوزخ مین پس فریاد کرینگے الم بھوک
کے سے پس فریادرسی کیے جاوینگے ساتھ کھانے کے ضریع سے نہ فربہ کریگا اور نہ بے پروا کریگا بھوک سے پھر دوبارہ فریاد کرینگے
کھانے کے لیے یعنی بسبب نہ نفع پانے کے کھانے پہلے سے پس فریادرسی کیے جاوینگے ساتھ کھانے گلوگیر کے پس یاد آویگا اونکو
کہ وہ اوتارتے تھے کھانے حلق مین اٹکے ہوئے ساتھ پینے کی چیز کے پس فریاد کرینگے واسطے پینے کی چیز کے یعنی اون کھانون کے
اوتارنے کے لیے پس اوٹھایا جاویگا طرف اونکے اور دیا جاویگا گرم پانی ساتھ زنبورون کے یعنی جن باسنون مین گرم پانی ہونگے وہ زنبورون سے
اوٹھا کر دیے جاوینگے یعنی ملائکہ کے ہاتھ یا دست قدرت سے بلاواسطہ پس جب نزدیک ہونگے باسن گرم پانی کے اونکے مونہون سے بھون
ڈالینگے اونکے مونہون کو پس جب داخل ہونگے یعنی اقسام اون چیزون کے کہ اونکے ظروف مین ہونگے قسم زرداب اور پیپ وغیرہ سے اونکے
پیٹون مین ٹکڑے ٹکڑے کرڈالینگے اوس چیز کو کہ اونکے پیٹون مین ہوگی یعنی آنتین وغیرہ پس کہینگے دوزخی دعا کرو ای نگہبانون دوزخ کے
اللہ تعالی سے کہ سبک کرے ہمسے عذاب ایک دن پس کہینگے نگہبان دوزخ کے کہ کیا نہین آئے تھے تمہارے پاس رسول ساتھ معجزون اور
دلیلون واضحہ کے کہینگے دوزخی کہ ہان آئے تھے ولیکن ہم گمراہ ہوئے اور ایمان نہ لائے کہینگے نگہبان دوزخ کے پس دعا کرو تم یعنی جو کچھ چاہو
ہم نہین شفاعت کرتے کافرون کی اور نہین ہوگی دعا کافرون کی مگر بیچ زیانکاری اور بیفائدگی کے یعنی اسلیے کہ نہین نفع دینے کی دعا اونکو
اوسوقت نہ اونکی دعا اور نہ اور کسیکی اور یہ نہین دلالت کرتا ہی اسپر کہ نہین قبول کیجاتی دعا کرنی اونکی دنیا مین جیسے کہ سمجھا ہی اس سے بعضے
علما نے حال انکہ قبول کی گئی دعا شیطان کی مہلت چاہنے مین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کہینگے دوزخی آپسمین کہ پکارو
مالک کو کہ نام ہی داروغہ دوزخ کا یعنی جب مایوس ہونگے دوزخی دعا و شفاعت کرنے نگہبانون دوزخ کے سے اونکے لیے تو یقین کرینگے کہ
اب ہمکو خلاصی نہین ہی اللہ کے عذاب سے خیر موت ہی طلب کرو یا معنی یہ ہین کہ ملائکہ اونسے کہینگے کہ پکارو مالک کو بہر نوع پس کہینگے دوزخی
ای مالک دعا کر اپنے رب سے تا حکم کرے ہمارے مرنے کا رب تیرا یعنی تاکہ آرام پاوین ہم فرمایا آنحضرت نے پس جواب دیگا اونکو مالک یعنی اپنی طرف
سے یا اپنے رب کی طرف سے کہ تم ہمیشہ اسیمین رہوگے کہا اعمش نے کہ ایک راوی اس حدیث کا ہی کہ خبر دیا گیا ہون مین یعنی بعضے صحابہ سے
موقوفا یا مرفوعا یہ کہ درمیان پکارنے اونکے کے مالک کو اور جواب دینے مالک کے اونکو ہزار برس ہونگے یعنی اس مدت تک بانتظار جواب کے
عذاب پاتے رہینگے فرمایا آنحضرت نے پس کہینگے دوزخی آپسمین کہ پکارو اپنے پروردگار کو اور چاہو نجات اوس سے اپنی اسلیے کہ نہین ہی
کوئی بہتر تمہارے لیے تمہارے پروردگار سے یعنی رحمت و قدرت و مغفرت مین پس کہینگے ای پروردگار ہمارے غالب ہوئی ہمپر بدبختی ہماری
یعنی سبقت لیگئی ہمپر کتاب ہماری کہ مقدر تھی ساتھ خاتمہ بد کے اور تھے ہم قوم گمراہ یعنی راہ توحید سے ای پروردگار ہمارے نکال ہمکو آگ سے
پس اگر پھر پھرین ہم طرف کفر کے تو ظلم کرنے والے ہون اپنے نفس پر پھر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس جواب دیگا پروردگار اونکو

اِخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ + یعنی دور ہوؤ اور پھر جاؤ دوزخ مین ذلیل وخوار مانند کتون کے اور نہ کلام کرو مجھسے یعنی دفع عذاب مین کہ وہ
ہرگز دور نہین ہونیکا فرمایا آنحضرت نے پس اوسوقت ناامید ہونگے ہر بھلائی سے دوزخ کے نگہبانون کو پکارا کچھ سود مند نہوا مالک سے چاہا
کہ مارے اونکو پروردگار تعالی فائدہ نہ دیا درگاہ حق مین عاجزی وزاری کی قبول نہین کی اور کہان جائین اور کسکے سامنے فریاد کرین اور نزدیک
اسکے شروع کرینگے نالہ وفریاد مین اور حسرت کھانے مین اور آہ اور واویلا کرنے مین ۔ اور کہا نعمان بن بشیر نے کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم سے فرماتے اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ یعنی ڈرایا مینے تمکو آگ دوزخ کی سے ڈرایا مینے تمکو آگ دوزخ کی سے
یعنی خبر دی مینے تمکو اوسکے ہونے کی اور اوسکی شدت کی اور ڈرایا مینے تمکو اوسکے طرح بطرح کے عذابون سے کہ بچو اوس سے یہان تک کہا مینے
اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ یعنی بچو آگ سے اگرچہ ٹکڑا کھجور ہی کا دیکر سہی پس متصل و مکرر کہتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کلمۂ
مذکورہ کو اور آواز بلند سے کہتے تھے اسکو اور ہلتے جاتے تھے یہان تک کہ اگر ہوتے آنحضرت اس جگہہ مین کہ مین ہون سنتے آواز اونکی
بازار والے یعنی بسبب نہایت بلند کرنے آواز کے اور یہان تک کہ گر پڑی کملی کالی خطدار کہ تھی حضرت کے کندھون پر حضرت کے پانون کے
پاس یعنی بسبب ہلنے کے جذبۂ الٰہیہ سے ۔ اور فرمایا اگر ٹکڑا شیشے کا مانند اسکے یعنی اشارہ کیا طرف ایک چیز محسوس معین کے جیسے کہ اشارہ
کیا طرف اوسکے راوی نے ساتھ قول اپنے کے اور اشارہ کیا آنحضرت نے واسطے بیان کرنے اشارۂ هٰذِهٖ کے طرف مانند کھوپری سر کے
چھوڑا جاوے اور ڈالا جاوے آسمان سے طرف زمین حالانکہ درمیان آسمان و زمین کے مسافت سیر پانسو برس کی ہی البتہ پونہچے وہ شیشہ زمین کو
پہلے رات کے یعنی تھوڑی سی مدت مین اور اگر وہ شیشہ چھوڑا جاوے سر زنجیر سے تو البتہ چلے چالیس برس رات دن پہلے اسکے کہ پونہچے زنجیر کی
جڑ کو یعنی اوسکی انتہا کو یا فرمایا اوسکی تہ کو یہ شک راوی ہی اور زنجیر سے مراد وہ زنجیر ہی کہ جو کلام اللہ مین مذکور ہے اس آیت مین ثُمَّ فِي
سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوهُ + پھر باندھو کافر کو زنجیر مین کہ طول اوسکا ستر گز کا ہی اور یہ زنجیر کافر کی مقعد مین
ڈالی جاویگی اور نتھنے مین سے نکالی جاویگی اور حدیث پر یہ اشکال آتا ہی کہ جب زنجیر ستر گز کی ہوئی تو اسقدر مسافت اوسمین کہان سے ہوئی جواب
اسکا یہ ہی کہ مراد ستر گز سے عدد مخصوص نہین ہی بلکہ مراد کثرت و مبالغہ ہی مگر یہ کہا جاوے کہ اوس جہان کے گز کو اس جہان کے گز پر قیاس کرنا
نچاہیے جیسے کہ آیا ہی کہ قیراط مثل احد کے ہی اور کہا نوف بکالی نے کہ ہر گز ستر دو ہتھون کا ہوگا اور ہر دو ہتا بعید تر ہوگا اوس مسافت سے
کہ درمیان تیرے اور درمیان مکے کے ہی اور تھے نوف بکالی کوفے کے چھوٹے مین اور حسن بصری نے کہا کہ اللہ ہی جانتا ہی کہ وہ کون گز ہوگا
اور حاصل حدیث کا یہ ہوا کہ اگر گولہ شیشے کا آسمان سے چھوڑا جاوے تو باوجود بعد مسافت پانسو برس کے تھوڑی سی دیر مین زمین پر پونہچ جاوے
بسبب اسکے کہ گول بھاری چیز اوپر سے نیچے کو بہت جلدی گرتی ہی اور وہ زنجیر اتنی بڑی ہوگی کہ اگر گولہ شیشے کا باوجود اس صفت سرعت کے
زنجیر کے اس سرے سے چھوڑا جاوے تو دوسرے سرے تک چالیس برس مین بھی نہ پونہچے اللہ اکبر دیکھا چاہیے کیا کچھ درازی ہوگی اوسکی عیاذا باللہ منہ
اور فرمایا اِنَّ فِي جَهَنَّمَ لَوَادِيًا يُقَالُ لَهٗ هَبْهَبُ يَسْكُنُهٗ كُلُّ جَبَّارٍ بلاشبہہ دوزخ مین ایک نالہ ہی کہ کہا جاتا نام اوسکو ہبہب
رہیگا اوسمین ہر متکبر سرکش جو ہے دور خلق پر شدید اور فرمایا بلاشبہہ دوزخ مین سانپ ہین مانند بختی اونٹون کے کہ بہت بڑے ہوتے ہین
کاٹیگا ایک سانپ اونمین سے ایکبار کا ٹنا پس پاویگا دوزخی سختی درد واثر زہر اوسکے کا چالیس برس اور تحقیق دوزخ مین بچھو ہین مانند
خچرون پالان بندھون کے کاٹیگا ایک اونکا کاٹنا پس پاویگا الم واثر اوسکے زہر کا چالیس برس اور روایت ہی حسن بصری سے کہ کہا
حدیث کی ہمسے ابو ہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آفتاب اور چاند دو ٹکڑے ہونگے لپیٹے گئے اور ڈالے گئے آگ دوزخ مین روز قیامت کے
پس کہا حسن بصری نے اور کیا گناہ ہی آفتاب و چاند کا پس کہا ابو ہریرہ نے کہ خبر دیتا ہون مین تجکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس چپ ہورہے حسن
یعنی حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کہ حکمت انکے داخل کرنے کی بیان کرو ابو ہریرہ نے جواب مین کہا کہ مینے حدیث جو حضرت سے سنی تھی بیان کردی

اسسے زیادہ مجکو علم نہین ہو بعضے علمانے لکھا ہی کہ سبب اونکے ڈالے جانیکا دوزخمین یہہ ہی کہ دوزخیون کو اونکی گرمی سے عذاب زیادہ ہو اسلیے کہ وارد ہوا ہی ابن عمر سے ساتھہ روایت دیلمی کے مسند فردوس مین مرفوعا کہ آفتاب اور چاندکے مونہہ عرش کی طرف ہین اور پشت دنیا کی طرف پس اس سے معلوم ہوا کہ اگر مونہہ اونکے دنیا کی طرف ہوتے تو اہل دنیا مین سے کوئی متحمل اونکی حرارت کا نہوتا اور بعضون نے کہا کہ اسلیے ڈالے جاوینگے کہ کافر اونکو پوجتے تھے اونکے جلانے کے لیے ڈالینگے کہ دیکھو تم جنکو پوجتے تھے اونکا یہ حال ہوا اور فرمایا کہ نہین داخل ہوگا دوزخمین مگر بدبخت پوچھا گیا یا رسول اللہ اور کون ہی بدبخت فرمایا جو شخص کہ نہ کرے خدا کی رضامندی کے لیے طاعت یعنی واجب اور نچھوڑے خدا کے لیے یعنی اوسکے ڈر سے گناہ اور فرمایا کہ جب پیدا کیا اللہ تعالی نے بہشت کو تو فرمایا جبرئیل کو کہ جا اور دیکھہ طرف بہشت کے کہ کیسا اچھی اور لطیف پیدا کی ہی میننے وہ پس گئے جبرئیل اور نظر کی طرف بہشت کے اور طرف اوس چیز کے کہ طیار رکھی ہی اللہ تعالی نے بہشتیون کے لیے بہشت مین یعنی ایسی چیزین اچھے بندون کے لیے طیار کر رکھین ہین کہ نکسی آنکھہ نے دیکھین ہین اور نکسی کان نے سنین ہین اور نکسی دل مین خطرہ اونکا گذرا ہی پھر آئے جبرئیل حضور حق مین اور عرض کیا کہ ای پروردگار میرے قسم تیری عزت کی نہین سنیگا صفتین بہشت کی کوئی مگر کہ داخل ہوگا اوسمین یعنی طمع کریگا اوسمین داخل ہونیکی اور کوشش کریگا اوسکے حاصل کرنے مین بسبب خوبی اور سرور اوسکے کے مقصود دبیان کرنا کمال خوبی اور لطافت بہشت کا ہی کہ ایسی ہی کہ ہر کوئی چاہیگا کہ اوسمین داخل ہو پھر گھیرا اوسکو ساتھہ مکروہات طبیعت کے مراد ہین ان سے تکالیف شرعیہ قسم اوامر ونواہی سے کہ نفس پر دشوار ہی کرنا اونکا پس اونکو گرد بہشت کے گھیرا کہ جب تک کوئی اونمین نہ پڑے بہشت کو نہ پونہچے پھر فرمایا اللہ تعالی نے کہ ای جبرئیل جا پس نگاہ کر طرف بہشت کے یعنی دوبارہ اسلیے کہ اب اوسمین زیادتی اور کچھہ ہوئی ہی باعتبار حوالی اوسکے کے پس گئے جبرئیل اور نگاہ کی اوسکی طرف یعنی اور دیکھا جو کچھہ گرد اوسکے گھرا ہی پھر آئے جبرئیل اور کہا ای پروردگار میرے قسم تیری عزت کی البتہ تحقیق ڈرا مین یہ کہ نہ داخل ہو بہشت مین کوئی یعنی بسبب وجود مکارہ کے کہ تکالیف شاقہ اور مخالفت نفس اور کسر شہوات ہین یعنی بسبب انکے دشوار ہی بہشت کو پہونچنا فرمایا آنحضرت نے پس جب پیدا کیا اللہ تعالی نے آگ دوزخ کو فرمایا ای جبرئیل جا اور دیکھہ طرف اسکے کہ کیا ڈراتی اور بری چیز پیدا کی میننے فرمایا آنحضرت نے پس گئے جبرئیل اور نظر کی طرف دوزخ کے پھر آئے جبرئیل اور عرض کیا کہ ای پروردگار میرے قسم تیری عزت وجلال کی نہین سنیگا وصف آگ دوزخ کا کوئی مگر کہ ڈریگا اوس سے اور احتراز کریگا پس نہین داخل ہونیکا اوسمین پھر گھیرا اوسکو اللہ تعالی نے ساتھہ شہوات نفس اور خواہشون طبیعت اور گناہون کے پھر فرمایا کہ جا ای جبرئیل اور نظر کر طرف دوزخ کے فرمایا آنحضرت نے پس گئے جبرئیل اور نظر کی طرف دوزخ کے پس عرض کیا جبرئیل نے کہ ای رب میرے قسم ہی تیری عزت کی تحقیق ڈرا مین اس سے کہ باقی نہین رہیگا کوئی مگر کہ داخل ہوگا دوزخ مین یعنی یہ شہوات و معاصی ایسے شیرین ہین کہ کوئی اہل نفس وطبیعت مین سے باقی نہین رہیگا کہ میل اوسکی طرف نکرے اور بسبب اوسکے دوزخ مین داخل نہو اور یہ حدیث تفسیر ہو حدیث صحیح کی کہ کتاب الرقاق مین اوپر گذری ہی حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ یعنی ڈھانکی گئی اور گھیری گئی جنت ساتھہ ایسی چیزون کے کہ نفس کو ناگوار ہین اور ڈھانکی گئی دوزخ ساتھہ خواہشون نفس کے + تمام ہوئین حدیثین جنت اور دوزخ کے احوال کی مشکوۃ شریف سے + اب پاک پروردگار بعد ذکر کرنے احوال مومنین اور کافرین کے منافقین کا ذکر فرماتا ہی

وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا

اور بعضے وہ ہین کہ کان رکھتے ہین تیری طرف یہان تک کہ جب نکلین تیرے پاس سے کہتے ہین اونکو جنکو ملی علم کیا کہا تھا اس شخص نے

أُولَئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ ۝

یہ وہی ہین جنکے دل پر مہر رکھی اللہ نے اور چلے ہین اپنی چاؤن پر + مو

اور بعضے لوگون مین سے وہ لوگ ہین کہ کان رکھتے ہین طرف تیرے جب باہر جاتے ہین تیرے پاس سے کہتے ہین ساتھ لون لوگون کے کہ دیا گیا اونکو علم کیا چیز کہی تھی اس نے اب یہ لوگ وہ ہین کہ مہر رکھدی ہی خدا نے اونکے دلون پر اور پیروی کی خواہش نفس اپنے کی + **فتح** اور بعضے اونمین ہین کہ کان رکھتے ہین تیری طرف یہان تک کہ جب نکلین تیرے پاس سے کہتے ہین اونکو جنکو علم ملا کیا کہا تھا اس شخص نے ابھی یہی ہین جنکے دل پر مہر رکھی اللہ نے اور چلے ہین اپنی چاؤ پر + **تفسیر** یعنی کند ذہن جنکو سمجھ نہ یا + **موضح** حال منافقون کا ہی کہ حاضر رہتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس مین اور سنتے تھے کلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور یاد نہین رکھتے تھے اوسکو اور دل اوسکی طرف متوجہ نہین کرتے تھے سہل سبک جانکر پھر جب نکلتے کہتے صحابیون علم والون سے از راہ استہزا کے کہ کیا کہا آنحضرت نے ابھی + **مل** کہا مقاتل نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے اور سرزنش کرتے منافقون کو پس جب نکلتے منافق مسجد سے تو پوچھتے عبد اللہ بن مسعود سے از راہ تمسخر کے کہ کیا کہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور کہا ابن عباس نے کہ پوچھا گیا مین اون لوگون مین کہ پوچھے گئے یعنی جیسے اور صحابہ سے پوچھتے تھے منافق اسی طرح مجھسے بھی پوچھتے تھے مہر کردی اللہ نے یعنی ایمان لائے اور پیروی کی خواہش نفس اپنے کی یعنی کفر اور نفاق مین + **معا** + پھر انکے مقابل کا ذکر فرمایا +

وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ ۝

اور جو لوگ راہ پر آئے ہین اونکو اور بڑھی اوس سوجھ اور اونکو اوس سے ملا بچکر چلنا + **مو**

اور وہ لوگ کہ راہ یاب ہوئے زیادہ کی خدا نے اونکو ہدایت اور دیا اونکو تقوی اونکا + **فتح** + اور جو لوگ راہ پر آئے ہین اونکو اور بڑھی اوس سوجھ اور اونکو اوس سے ملا بچکر چلنا + **تفسیر** یعنی حضرت کے کلام سے اثر پایا اور گناہون سے بچ چلنے لگے + **مو** راہ یاب ہوئے ساتھ ایمان اور سننے قرآن کے ہدایت یعنی علم و بصیرت یا کھولدیا سینہ اونکا اور دیا اونکو الخ یعنی مدد کی اونکی تقوے پر یا دی اونکو جزا اونکے تقوے کی یا بیان کر دین واسطے اونکے وہ چیزین کہ بچین اونسے + **مل** وہ لوگ کہ راہ یاب ہوئے یعنی مومن زیادہ کی اونکو اوس چیز نے کہ کہی رسول نے دیا اونکو تقوی اونکا یعنی توفیق دی اونکو اوس چیز کے کرنیکی کہ حکم کیا اوسکا اور یہ تقوی ہی کہا سعید بن جبیر نے اور دیا اونکو ثواب اونکے تقوے کا + **معا** +

فَهَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَنْ تَأْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۖ فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا ۚ فَأَنَّىٰ لَهُمْ إِذَا جَاءَتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ ۝

پس منتظر نہین ہین مگر قیامت کے کہ آوے اونکو ناگہان پس تحقیق آئی ہین علامتین قیامت کی پس کہان سے ہو واسطے اونکے نصیحت پکڑنی اونکی جس وقت کہ آوے قیامت اونکو + **فتح** + اب یہی راہ دیکھتے ہین اوس گھڑی کی کہ آ کھڑی ہو اونپر اچانک کیونکہ آچکی ہین اوسکی نشانیان سو کہان ملیگی انکو جب وہ آپونہچی سمجھ پکڑنی + **تفسیر** بڑی نشانی قیامت کی ہمارے نبی کا پیدا ہونا سب نبی راہ دیکھتے تھے خاتم النبیین کی جب وہ آچکے اب قیامت ہی رہی باقی + **مو** + علامتین الخ وہ بھیجنا محمد علیہ السلام کا اور پھٹ جانا چاندکا اور آنا دھوین کا اور بعضون نے کہا قطع ارحام اور کمی اچھے لوگون کی اور کثرت بدون کی + **مل** مگر قیامت کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مَا يَنْتَظِرُ أَحَدُكُمْ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا غِنًى مُطْغِيًا أَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا أَوْ مَرَضًا مُفْسِدًا أَوْ هَرَمًا مُفَنِّدًا أَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا أَوِ الدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ أَوِ السَّاعَةَ وَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ + **معا** + یعنی نہین انتظار کرتا ایک تمھارا دنیا سے مگر تونگری گمراہ کرنے والی کا یا محتاجگی بھلانے والی کا کہ طاعت حق کی بسبب بھوک کے بھلا دے یا بیماری فساد کرنے والی کا یا بڑھاپے سخت کا یا موت ناگہان آنے والی کا یا دجال کا پس دجال برا غائب ہی کہ انتظار کیا جاتا ہی یا انتظار کرتا قیامت کا اور قیامت بہت سخت ہی اور تلخ + **حاصل** یہ کہ آدمی فراغت اور فرصت کو غنیمت نہین گنتا گویا ان آفات اور مکروہات کا انتظار کرتا ہی یعنی حالت فقر مین کہ آسایش اور سلامت حال کو غنیمت نہین گنتا اور فقر پر صبر نہین کرتا مگر غنا چاہتا ہی کہ طغیان لاوے اور گمراہ کرے اسیطرح

حالت غنا مین کہ شکر نہین کرتا اور نعمت خدا کی نہین پہچانتا اور عبادت حق کی نہین کرتا مگر فقر چاہتا ہے کہ سبب عبادتین اور بھلائیاں بھلائے ایسے ہی حال اور باقی چیزون کا سمجھنا چاہیے انتہی + تفسیر درمنثور و مشکوۃ + اور کہا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا کہ تھا وجود باجود محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا علامتون قیامت کے سے + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ یعنی بھیجا گیا مین اور قیامت مانندان دونون کے اور اشارہ کیا بیچ کی اونگلی اور شہادت کی اونگلی سے + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین قائم ہونے کی قیامت یہان تک کہ فخر کرینگے لوگ مسجدون مین یعنی مسجدین بنوا دینے کے لیے بنا لینگے + اور فرمایا کہ بلاشبہ اللہ نہین دوست رکھتا فحش گو کو اور نہ بتکلف فحش بکنے والے کو اور قسم ہے اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہے نہین قائم ہوگی قیامت یہان تک کہ ظاہر ہو فحش اور بتکلف فحش گوئی اور برائی پہونچانی ہمسائے کی اور انقطاع ناتون کا اور یہان تک کہ خیانت کرے امین اور امین پکڑا جاے خائن + اور روایت کی ابو نعیم نے کتاب حلیہ مین حذیفہ بن الیمان سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے علامتون قرب قیامت کے سے بہتر چیزین ہین جب دیکھو تم لوگون کو کہ فوت کرین نماز کو اور ضائع کرین امانت کو اور کھاوین بیاج اور حلال جانین جھوٹ کو اور سہل جانین خونریزی کو اور اونچے اونچے مکان بناوین اور بیچین دین کو ساتھ دنیا کے اور کاٹے جاوین ناتے اور ہو بردباری ناتوانی اور جھوٹھ سچ اور حریر لباس اور ظاہر ہو ظلم اور بہت ہون طلاقین اور موت ناگہانی اور امانت دار کیا جاے خائن اور خائن امانت دار ٹھہرایا جاوے اور سچا کیا جاوے جھوٹا اور جھوٹا کیا جاوے سچا اور بہت ہو بہتان زنا کا اور مینہ سبب گرمی کا اور فرزند سبب غصے کا یعنی بسبب افعال بد کے اور بہت ہون بدلوگ اور جاتے رہین بخشش کرنے والے اور ہون امیر اور وزیر جھوٹے اور امانت دار خائن اور چودھری ظالم اور قاری فاسق جسوقت پہنین پوستین دنبے کی دل اونکے سڑے ہوئے زیادہ ہونگے مردار سے اور تلخ زیادہ ہونگے ایلوے سے ڈھانک دیگا اونکو اللہ تعالی فتنے مین متحیر ہونگے اوسمین جیسے کہ متحیر ہوئے یہود اور ظالم ظاہر کرینگے صفرا یعنی دینار اور طلب کرینگے بیضا یعنی درہم اور بہت ہون گناہ اور کم ہو امر بالمعروف اور سنہری کیے جاوین مصحف اور تصویرین کاڑھی جاوین مسجدون مین اور لنبے بنائے جاوین منارے اور خراب ہون دل اور پی جاوین شرابین اور معطل کیے جاوین حدین اور جنے لونڈی مالک اپنے کو یعنی لونڈی بچے ہونگے اور دیکھے تو ننگے پانون ننگے بدنون کو کہ ہوگئے ہین بادشاہ اور شرکت کرے عورت اپنے خاوند سے سوداگری مین اور مشابہت کرین مرد عورتون کی اور مشابہت کرین عورتین مردونکی اور قسم کھاوین غیر خدا کی اور گواہی دے مومن بغیر اسکے کہ طلب کیجاوے گواہی اور سلام کیا جاوے معرفت کے لیے یعنی نہ اتباع سنت کے لیے بلکہ فقط نفع دنیوی کے لیے اور فقہ حاصل کیجاوے واسطے غیر دین خدا کے یعنی دنیا کے سبب اور طلب کیجاوے دنیا ساتھ عمل آخرت کے اور پکڑی جاوے غنیمت دولت اور امانت غنیمت اور زکوۃ چٹی اور ہووے سردار قوم کا کمینہ اونکا اور نافرمانی کرے مرد اپنے باپ کی اور بد کرے اپنی مان کو اور نیکی کرے اپنے یار سے اور اطاعت کرے اپنی بیوی کی اور بلند ہووین آوازین فاسقونکی مسجدون مین اور مقرر کیجاوین گانیوالیان اور رواج ہو باجون کا اور پی جاوین شرابین ابہو مین اور ٹھہرایا جاوے ظلم فخر اور بیچا جاوے حکم یعنی جسنے رشوت دی اوسکی مرضی کے موافق حکم دیدیا اور بہت ہون پیادے ظالمون کے اور ٹھہرایا جاوے قرآن مزامیر یعنی راگ کے لحن پر پڑھین اور پہنین پوستین درندون کے چمڑون کے اور لعنت کرین اخیر اس امت کے اول اوسکے کو یعنی صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم کو مصداق اسکے روافض اور خوارج ہین پس چاہیے کہ منتظر ہون لوگ نزدیک اسکے ہوا سرخ اور خسف کے اور قذف کے اور اور نشانیون کے + اور آیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے پوچھا لوگون نے کہ کب آویگی قیامت حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا کہ پوچھا تمنے مجھسے ایسا امر کہ نہین جانتے اوسکو جبرئیل اور نہ میکائیل ولیکن اگر چاہو تم تو خبر دون مین تمکو کتنی ایک چیزون کی کہ جب وہ ہونگی تو قیامت کے آنے مین بہت عرصہ نہین ہوسکیگا وہ یہ ہین کہ ہونگی زبانین نرم اور دل سخت اور رغبت کرینگے لوگ دنیا مین اور ظاہر ہونگے

مکان روے زمین پر بنی بڑے بڑے مکان بناویںگے اور اختلاف کرینگے دو بھائی پس ہوگی عورتین دونون کی بری اور بیچا جاویگا حکم خدا کا یعنی رشوتین لیکر حکم خلاف حق کرینگے یا مراد بیچنے حکم خدا کے سے یہ ہو کہ مفتی اور قاضی حکم کرینگے قوانین کفار پر بسبب طمع نوکری کے واللہ اعلم ✤ اور سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول ہی کہ علامتون قرب قیامت کے سے یہ ہی کہ ظاہر ہونگے مکان مدور زمین پر اور کاٹے جاوینگے ناتے اور ایذا دیگا ہمسایہ اپنے ہمسایہ کو ✤ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق نشانیون قیامت کی سے یہ ہی کہ اوٹھایا جاویگا علم یعنی بسبب ورثہ جانے علم کے یا بسبب کم رتبہ ہونے اونکے کے نزدیک امرا کے اور بہت ہوگا جہل یعنی بسبب غلبے نادانون کے اور بہت ہوگا زنا یعنی بسبب کمی حیا کے اور بہت ہوگا پینا شراب کا اور کم ہوجاوینگے مرد کہ جنسے انتظام عالم اور دبدبہ ہوگی عورتین یہان تک کہ ہوگا واسطے بچاس عورتون کے ایک مرد خبرگیری کرنے والا ✤ کہا ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ نے اوسوقت کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم باتین کرتے تھے یعنی کسی امر مین صحابہ سے کہ ناگہان آیا ایک گنوار اور کہا کہ کب ہوگی قیامت فرمایا جسوقت کہ ضائع کیجاویگی امانت پس منتظر رہ قیامت کا مراد امانت سے یا تو تکلیفین شرع کی اور احکام دین کے ہین جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا عرضنا الامانۃ الآیۃ یا حق لوگون کے اور امانتین اونکی اور مراد یہ ہی کہ تعین اوسکے وقت کا سواے عالم الغیوب کے کوئی نہین جانتا اور کسیکو اوسکی راہ نہین بتائی لیکن علامتین کہ پہلے اوسکے وجود مین آوینگی اور نشانیان اوسکے قرب کی مقرر کین ہین از انجملہ ایک علامت اوسکی ضائع کرنا امانت کا ہی کہ امانتون مین لوگ خیانت کرینگے کہا اعرابی نے کہ کس طرح ہوگا ضائع کرنا امانت کا اور کسوقت مین ہوگا فرمایا جسوقت کہ سونپا جاوے کام یعنی کام سلطنت یا امارت یا حکومت کا طرف نااہل کے پس منتظر رہ قیامت کا مراد نااہل سے وہ کہ جنمین نہین پائی جاتی ہین شرطین استحقاق کی مانند عورتون اور لڑکون اور جاہلون اور فاسقون اور بخیلون اور نامردون کے اور اوسکے کہ نہو قریشی اگرچہ بنسل سلاطین سے ہو اور یہ ہی خلیفہ کے حق مین اور قیاس کر اسپر تمام صاحبان امرا و رشان اور ارباب مناصب کو قسم تدریس اور تقوی اور امانت اور خطابت اور مانند انکے سے پس جب کام دین و دنیا کا نااہل کے ہاتھ پڑیگا بالضرور درستی امور کی جاتی رہیگی اور فساد پیدا ہوگا اور حقوق ضائع ہونگے ✤ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین قائم ہوگی قیامت یہان تک کہ کثرت سے ہوگا مال اور بہت ہوگا یہان تک کہ نکالے گا شخص زکوۃ اپنے مال کی پس نہ پاویگا کسیکو کہ قبول کرے اوسکو اوس سے یعنی بسبب کثرت مال کے اور کم ہونے رغبت کے اوسکی طرف بسبب تشویش حال کے اور یہان تک کہ ہوجاوے زمین عرب کی سبز اور باغ بہار اور نہرون والی نقل کی یہ مسلم نے اور صحیح اور روایت مسلم کے یون ہی کہ فرمایا پہونچیگی عمارت و آبادی اہاب یا یہاب تک ✤ اور فرمایا کہ علامتون قیامت کی سے ہی نزدیکی ... پو عجائی ہمسایون کو اور کٹنا ناتون کا اور معطل ہونا تلوار کا جہاد سے اور یہ کہ طلب کیجاوے دنیا ساتھ دین کے ✤ اور فرمایا ہوگا اخیر امت کے خلیفہ یعنی سلطان برحق کہا بعضون نے کہ مراد اوس سے امام مہدی ہین تقسیم کریگا مال یعنی مستحقون کو خوب دیگا اور جمع نہین کریگا اور نہ گنے گا اوسکو یعنی بہت دیگا بیشمار ✤ اور فرمایا قریب ہی کہ فرات کھلجاوے کی گنج سونے کے سے یعنی پانی فرات کا خشک ہوجاویگا اور اوسکے نیچے سے گنج سونے کا نکلیگا اور فرات کوفے کی نہر کا نام ہی پس جو کوئی کہ حاضر ہو وہان چاہیے کہ نہ لیوے اوس سے کچھ اسلیے کہ لینا اوسکا باعث تنازع اور تقاتل کا ہی جیسا کہ حدیث شریف مین آگے آتا ہی ✤ اور فرمایا نہین قائم ہوگی قیامت یہان تک کہ کھلجاویگی فرات پہاڑ سونے کے سے ظاہر یہ ہی کہ قضیہ متحد ہی اور روایتین متعدد ہین پس معنی یہ ہونگے کہ کھلجاویگی فرات گنج عظیم سے کہ بمقدار پہاڑ کے ہوگا اور احتمال ہی کہ ہو یہ غیر اول کے اور ہو پہاڑ کان سونے کی لڑینگے لوگ اوسپر یعنی اوسکے حاصل کرنے اور لینے پر پس مارے جاوینگے ہر سو مین ننانوین اور کہیگا ہر شخص اونمین سے کہ شاید مین ہون وہ شخص کہ نجات پاؤن یعنی ہر شخص امید کریگا کہ مین نجات پاؤن گا اور مال لونگا اس توقع پر لڑینگے اور مارے جاوینگے ✤ اور فرمایا باہر ڈالدیگی زمین ٹکڑے جگر اپنے کے یعنی گنج مدفون مانند ستونون کے سونے اور روپے سے پس آویگا وہ شخص

کیا مار ڈالا ہوگا اوسنے لوگون کو واسطے مال کے پس کہیگا یہی طلب کرنے اوسکے کے قتل کیا مینے لوگون کو اور آویگا کاٹنے والا ناتے کا
یعنی باز رکھنے والا اسلوک و احسان کا اپنون سے پس کہیگا وہ واسطے اسی مال کے کاٹا مینے حق اپنے ناتے دارون کا اور آویگا چور پس کہیگا بیچ مانند
اسکے کاٹا گیا ہاتھ میرا پھر چھوڑ دینگے اوس مال کو کہ زمین سے نکلا ہوگا پس نہین لینگے اوس سے کچھ۔ اور فرمایا قسم اوس ذات کی کہ جان
میری اوسکے ہاتھ مین ہے نہین جاویگی اور نہین فانی ہوگی دنیا یہان تک کہ گذریگا مرد قبر پر پس لوٹیگا اوسپر اور کہیگا اے کاشکے ہوتا مین جگہ
اس قبر والے کے اور نہین اوسکو آرزو ہوگی یہ سبب دین کے مگر بلا اس عبارت کے دو معنی کہے ہین علما نے ایک تو یہ کہ مراد دین سے عادت ہے اور
دین بمعنی عادت کے بھی آیا ہے پس معنی یہ ہونگے کہ لوٹیگا وہ مرد اور آرزو کریگا قبر پر اور نہین ہے لوٹنا اور آرزو کرنی اوسکی عادت اور
نہین ہوگی باعث اوسکو لوٹنے پر مگر بلا اور فتنہ کہ گرفتار اوسمین ہوگا اور دوسرے یہ کہ دین بمعنی مشہور کے ہے اور معنی اوسکے یہ کہ نہین ہوگا وہ
لوٹنا اور آرزو کرنی بسبب کسی امر اور فتنے کے کہ پہنچا ہو اوسکو دین مین بلکہ بسبب بلا اور مشقت کے کہ دنیا کے سبب سے پہنچی ہوگی اور فرمایا
نہین قائم ہوگی قیامت یہان تک کہ نکلیگی آگ زمین حجاز سے روشن کردیگی گردنین اونٹون کی بصرے مین بصرہ ساتھ پیش ب اور جزم صاد
کے ایک شہر ہے شام کے شہرون مین سے اوسمین اور دمشق مین مسافت قریب تین منزل کے ہے اور حجاز نام ہے مکے اور مدینے اور گرد نواح اونکے کا
اور اخبار بیچ ظہور اس آگ کے حد تواتر کو پہنچے ہین اور غالب ظہور اوسکا مدینہ منورہ مین تھا اور پروردگار تعالیٰ نے برکت حضرت
سید کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ و اکمل التحیات کی سے اوس شہر والون کو اوسکی آفت سے بچایا اور ہوا ظہور اوسکا سنہ چھ سو پچاس مین
روز جمعہ تیسری جمادی الآخری کے سے روز اتوار ستائیسوین رجب تک ہوا کہ سب باون روز ہوئے اور پہونچنا اوسکا جانب حجاز سے تھا
مانند ایک شہر بڑے کے کہ اوسکے اندر قلعہ ہو یا برج اور کنگورے گویا کہ ایک جماعت ہے آدمیون کی کہ اوسکو کھینچتے ہین جس پہاڑ پر کہ پہونچتی
خاک کردیتی تھی اور مانند شیشے کے پگلا دیتی تھی اور مانند رعد کے فریاد کرتی تھی اور مانند دریا کے جوش مارتی تھی اور گویا اوسکے اندر سے
ندیان سرخ اور نیلی نکلتی تھین اور قریب مدینہ مطہرہ کے پہنچی اور باوجود اسکے ہوا ٹھنڈی اوس طرف سے مدینے کے آتی تھی اور لکھا ہے علما نے
کہ اوس آگ کی روشنی اطراف جنگلون مین پھیل گئی تھی اور حرم نبوی اور تمام گھرون مدینے کے مین مانند روشنی آفتاب کے تھی اور لوگ راتون کو
اوسکی روشنی مین کام کرتے تھے اور روشنی آفتاب و چاند کی اون ایام مین معطل اور مدھم ہوگئی تھی اور بعضے اہل مکہ معظمہ نے روشنی اوس آگ کی
یمامہ اور بصرے مین دیکھی اور عجائب احوال اوس آگ کے سے یہ تھا کہ پتھرون کو جلاتی تھی اور درختون کو اوس سے کچھ اثر و آسیب نہ پہونچتا تھا اور
کہتے ہین کہ جنگل مین ایک پتھر پڑا تھا کہ آدھا اوسکا داخل حرم مدینے مین تھا اور آدھا خارج خارج کو آگ نے جلا دیا تھا اور جب نصف داخل پر پہونچی
تو بجھ گئی پس مدینہ مقدسہ والون نے عاجزی و زاری کرنی شروع کی اور حقوق حقداروں کے ادا کیے اور صدقہ دینا اور آزاد کرنا بردون کا شروع کیا اور
شب جمعہ مین تمام اہل مدینہ حتی کہ عورتین اور لڑکے بھی حرم شریف مین ہلت کھڑے رہے اور گرد حجرۂ شریف کے ننگے سر عاجزی و زاری کی پروردگار تعالیٰ
نے مونہہ آگ کا جانب شمال کے پھیر کر اوس شہر عظیم کو اوس آفت سے نجات دی اور اوسی سال مین وقائع عجیبہ اطراف عالم مین حادث ہوئے اور بیچ اول
سال دوسرے کے بعد اوسکے بیچ بغداد اور اطراف عالم کے آگ لڑائی اور فتنے کی بھڑکی ۔ اور فرمایا علامتون قیامت کی سے برائی ہمسائگی
کی ہے اور کٹنا ناتون کا اور یہ کہ معطل کیجاوے تلوار جہاد سے اور یہ کہ کمائی جاوے دنیا ساتھ دین کے ۔ اور فرمایا علامتون قیامت کی سے آگ ہوگی
کہ ہانکیگی لوگون کو مشرق سے طرف مغرب کے ۔ مراد یہ ہے کہ جو علامتین متصل قیامت کی ہین اونمین اول یہ ہوگی سوا اوس آگ حجاز کی کہ بیان اوسکا گذرا پہلے
اس آگ سے تھی ۔ اور فرمایا جسوقت کہ ٹھہرائی جاوینگی غنیمتین دولت یعنی اغنیا اور اہل مناصب غنیمتون کو کہ بحکم شرع کے مشترک ہین تمام
غازیون مین لینگے اور اپنے تصرف مین لاوینگے اور اپنے درمیان مین بانٹینگے اور فقیرون اور ضعیفون کو اوسسے محروم کرینگے اور جب ٹھہرائی جاوے
امانت غنیمت یعنی امانت مین کہ لوگون کے پاس رکھی جاویگی خیانت کرینگے اور اوسکو حکم غنیمت مین رکھینگے کہ گویا کافرون سے لی ہے اور حق اونکا ہے

اور ٹھہرائی جاویگی زکوۃ تاوان یعنی دینا زکوۃ کا لوگون پر ایسا شاق ہوگا کہ گویا از راہ ظلم اور جبر کے اونسے مال لیتے ہین اور جسوقت کہ
سیکھا جاویگا علم واسطے غیر دین اور غیر ترویج شریعت کے اور بغیر قصد کرنے عمل کے اور غیر تقرب حق کے بلکہ واسطے حاصل کرنے دنیا اور جاہ و
عزت اور تقرب بادشاہون کے اور فرمان برداری کریگا مرد اپنی بیوی کی یعنی اوس چیز مین کہ حکم کریگی وہ اوسکو اور خواہش کریگی اوسکی مخالف امر خدا
اور ہدایت اوسکی کے اور خلاف کریگا اپنی مان کا اور رنج دیگا اوسکو اور اپنے نزدیک کریگا یار دوست اپنے کو یعنی واسطے موانست اور ہمنشینی
کے اور دور رکھیگا اپنے باپ کو اور موانست و محبت نہین رکھیگا اوس سے اور پیدا ہونگی یعنی بلند ہونگی آوازین اور باتین مسجدون مین
اور سردار ہوگا قوم کا وہ کہ فاسق ہی اونمین اور ہوگا متکفل امور قوم کا اور رئیس اونکا ارذل اور بڑا کمینہ اونکا اور تعظیم کیا جاویگا مرد واسطے
ڈر برائی اوسکی کے جیسے کہ فاسق یا ظالم حاکم اور غالب ہوتا ہی تو لوگون کو چارہ نہین ہوتا اوسکی تعظیم اور تکریم و اطاعت سے اور ظاہر ہونگی
درمیان لوگون کے اور اختلاط کرینگی ساتھ اونکے گانے والیان یعنی کنچنیان اور ڈومنیان اور گانیوالیان وغیرہ اور ظاہر ہونگے باجے یعنی ساز
گانے کے کہ جنکو مزامیر کہتے ہین مانند عود اور تنبورہ اور رباب وغیرہ کے اور پی جاوینگی شرابین یعنی انواع خمر اور مسکرات ظاہر پی جاوینگی اور
لعنت کرینگے اور برا کہینگے پچھلے اس امت کے اگلون کو انمین اشارہ ہی اسکی طرف کہ یہ خصلت بد اسی امت کے خصوصیات سے ہی اگلی امتون مین
نتھی اور یہ علامت نابکار رافضیون مین ظاہر ہی کہ اگلون کو برا کہتے ہین کہ جنکے حق مین اللہ تعالی فرماتا ہی وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ
مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ + یعنی اور سبقت لیجانے والے اول مہاجرون
اور انصار سے اور وہ لوگ کہ پیروی کی اونھون نے اونکی ساتھ بھلائی کے راضی ہوا اللہ اونسے + اور فرمایا لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ
الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ + یعنی البتہ تحقیق راضی ہوا اللہ مومنون سے جسوقت کہ بیعت کی اونھون نے
تجھسے نیچے درخت کے + بھلا خیال تو کرو جنسے اللہ تعالی راضی ہووے جو اونسے ناراض ہو کیا شقی ہی اور سواے اسکے کتاب و سنت بھری ہوئی
مین انکے مناقب اور فضائل مین اور وہ ایسے ہین کہ مدد کی اپنے نبی کی اور کوششین کین اللہ کی راہ مین جیسے کہ چاہیین اور فتح کیے شہر
اور یاد کیے احکام اور تمام علوم سید الانام سے اور تعلیم کیا اللہ تعالی نے اپنی کتاب مین یہ کہ کہین اونکے حق مین رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ
لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ + یعنی ای رب ہمارے بخش ہمکو اور ہمارے بھائیون کو کہ جو سبقت لے گئے ہین ہم
ساتھ ایمان کے + اور یہ جماعت لاعنہ ملعونہ یا تو کافر ہین یا دیوانے ہین کہ نہین اکتفا کی ہی لعن و طعن ہی پر اونکے حق مین بلکہ نسبت
کی ہی اونکو کفر کی طرف بمجرد اوہام فاسدہ اور افہام کاسدہ اپنے کے کہ ابوبکر اور عمر اور عثمان نے ناحق لے لی خلافت اور وہ حق علی کا تھا
حالانکہ یہ باطل ہی ساتھ اجماع اگلے پچھلون کے اور کونسی دلیل ہی اونکے لیے کتاب و سنت سے کہ ہو نص اوپر خلافت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے
پھر جنکے مخالفت کی حضرت علی کی بعضے صحابہ مین سے ایام خلافت اونکے مین بنا بر اختلاف اجتہاد کے پس نہین ہی وہ مستحق لعن و طعن کا
نہایت یہ کہ وہ مخطی تھا اور بالفرض اگر وہ بدکار بھی تھا تو شاید مرا ہو توبہ کر کر یا باقی تحت مشیت کے ساتھ غالب امید مغفرت اور شفاعت کے
ببرکت اگلی خدمت کے چنانچہ روایت کی ہی ابن عساکر نے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث مرفوع کہ ہوگی لغزش میرے اصحاب کے لیے زلّت یعنی
لغزش بخشدیگا اوسکو اللہ اونکے لیے بسبب اونکے ساتھ میرے انتہی تبین ہم باوجود کثرت گناہون اپنے کے قسم صغائر و کبائر سے
جب کہ ہوئے امیدوار رحمت رب اپنی کے اور شفاعت نبی اپنے صلی اللہ علیہ وسلم کے تو کیون نہون اکابر اس امت کے پس کیا خوب ہین وہ
لوگ کہ باز رکھین اونکو عیب اونکے لوگون کے عیبون سے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ ذکر کرو موتے اپنے کو مگر ساتھ خیر کے اور
فرمایا آنحضرت نے جب کہ ذکر کیے جاوین اصحاب میرے پس روکو تم زبانین اپنی اور فرمایا محبت ابو بکر و عمر کی ایمان سے ہی اور بغض رکھنا
ان دونون سے کفر ہی اور حب انصار کا ایمان سے ہی اور بغض اونکا کفر اور حب عرب کا ایمان سے ہی اور بغض اونکا کفر اور جسنے برا کہا میرے صحابہ

اوسپر لعنت ہی اللہ کی اور جسنے محافظت کی میرے حکم کی اونکے حق مین بس مین محافظت کرونگا اوسکی دن قیامت کے پس منتظر رہو نزدیک ہونے ان چیزون کے گرگئی گئی سکے ایک ہوا سرخ کے یعنی شدت کی ہوا ہوگی اور زلزلے بڑے کے اور زمین مین دھس جانے کے اور صورت بدل جانے کے اور پتھر برسنے کا اور منتظر رہو اور نشانیون قرب قیامت کے کہ پے درپے پہونچین گی مانند لڑی جواہر وغیرہ کے کہ ٹوٹ جاوے ڈورہ اوسکا پس گرنے لگین پیہم دانے اوسکے + یہان تک بعینہ مضمون حدیثون کے تفسیر درمنثور اور مشکوۃ سے مع شرح کے لکھے گئے اب بخوف درازگی کے تفسیر مذکور سے کچھہ مضمون منتخب حدیثون علامات قیامت کی کے بحذف مکرر لکھے جاتے ہین ۶ یہ ہین اور بہت ہووے سوداگری اور نوکر رکھے جاوین جہادمین اور رکڑے مرد ساتھہ امانت کے جیسا رگڑتا ہی اونٹ ساتھہ درخت کے اور فخر کرین لوگ مسجدون کے بنانے مین اور سنہری کیجاوین مسجدین اور محرابین اور اوٹھہ جانا علم کا اور ظہور جہل کا یہان تک کہ اوٹھاوے مرد اپنی ماں پر تلوار اور بہت ہونا زنا کا اور بہت ہونا اولاد حرام کا اور ظاہر ہونا بیحیائیون کا اور کلام کر کر بیحیائیون کا اور کفایت کرنا مردون کا ساتھہ مردون کے اور عورتون کا ساتھہ عورتون کے اور یہ کہ جھگڑا کیا جاوے اوپر لڑکون کے جیسے جھگڑا کیا جاتا ہی اوپر عورت جوان کے اور یہ کہ برسے مینہہ لوگون پر برسنا عام اور نہ اگاوے زمین کچھہ اور نکلنا قریب تیس کے ہر ایک ان مین کا کہیگا کہ مین نبی ہون اونمین مین ہی صاحب یعنی حاکم یمامہ کا یعنی مسیلمہ کذاب اور صاحب صنعاء کا یعنی اسود عنسی اور صاحب حمیر کا اور بنائی جاوین حدیثین پیغمبر خدا کی اور موجود ہونا چہتر بلانے والون کا کہ جو بلاوینگے لوگون کو طرف آگ دوزخ کے اور ویران ہونا آبادی کا اور آباد ہونا ویرانی کا اور بہت ہونا بدگویون کا اور عیب لگانے والون کا اور بہت ہونا قتل کا اور بہت ہونا بھونچالون کا اور پاس پاس ہونا بازارونکا اور جلد جلد آنا زمانونکا یہان تک کہ ہوگا برس مانند مہینے کے اور یہ کہ ظاہر کیے جاوین قول اور بند کیے جاوین عمل اور پڑھنا دینون باطل کی کتابون کا اور پکار رہونا چاندونکا یہان تک کہ دیکھا جاویگا چاند پہلی تاریخ کا سامنے پس کہا جاویگا دورات کا ہی اور ہوجاوے علم جہل اور جہل علم مثلاً منطقی لوگ اہل فقہ وحدیث کو جاہل سمجھین اور اپنے آپکو عالم اور ظلم کرنا حاکمون کا اور جھٹلانا تقدیر کا اور سچ ماننا نجوم کا اور بہت اختیار کرنا بیحیائی کا اور پکڑنا مسجدونکا راہین یعنی مسجد کو نمین راہین آنے جانے کی ٹھہرانی اور کھوٹا ہونا سوداگرونکا اور تعظیم کرنا مالداروں کا اور یہ کہ گفتگو کرے ناچیز اور حج کرنا بادشاہونکا واسطے سیر کے اور دولتمندونکا واسطے سوداگری کے اور مسکینون کا واسطے سوال کرنے کے اور قاریون کا واسطے دکھلانے اور سنانے کے اور ظاہر ہونا ستارے دم دار کا اور آنا لوگونکا مشرق و مغرب سے بدن اونکے بدن آدمیون کے سے ہونگے اور دل اونکے دل شیطانون کے سے نہ رحم کرینگے چھوٹون پر اور نہ توقیر کرینگے بڑون کی اور یہ کہ آپسمین دفع کرینگے لوگ امامت کو پس نہ پاوینگے امام کو کہ پڑھاوے نماز واسطے اونکے اور نکلنا قوم ترک کا اور قوم تاتار کا اور یہ کہ جماع کرین لوگ راہو نمین مانند جفتی کرنے گدھون کی اور بہت ہونا لکھنے کا اور ظاہر ہونا جھوٹی گواہی کا اور چھپانا گواہی سچ کا اور یہ کہ ہووے بوڑھا قاصد واسطے لڑکے کے اور سوار ہونا مردونکا اوپر غاشیون سرخ کے اور پیدا ہونا ایسی عورتونکا کہ کپڑے پہنینگی ایسے کہ گویا ننگی ہین یعنی باریک سر اونکے مانند کوہان اونٹ کے ہونگے جھکے ہوئے یعنی جوڑے باندھینگی جیسے بانکی عورتین یہان باندھتی ہین اور پیدا ہونا اوس قوم کا کہ اونکے ہاتھون مین کوڑے ہونگے مانند بیلونکی دُم کے عذاب کرینگے اونسے لوگون کو اور سوار ہونا عورتونکا زینون پر اور بہت ہونا گانیون کا اور پہننا مسلمانون کا سونےکو اور کہانا چاندی کے باسنون مین اور یہ کہ ہووے سلام علیک درمیان یارون کے ساتھہ لعنت کے اور وفات پانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اور فتح ہونا بیت المقدس کا اور ہونا طاعون عمواس کا اور بہت ہونا مال کا بیچ زمانہ عثمان کے راضی ہوا اللہ اونسے پھر ایسا فتنہ ہوگا کہ داخل ہوگی گرمی اوسکی یعنی فساد اوسکا ہر گھر بیچ عرب کے اور وہ آفت شہید ہونے عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کی ہی اور چلی گئی حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے شہید ہونے تک

اور عجائب سکے نزول نے تک آور نہیں قائم ہونے کی قیامت مگر اوپر بد لوگون کے اور نہین قائم ہونے کی قیامت یہان تک کہ ہلینگے چوتڑ قبیلہ دوس
کی عورتون کے اوپر ذی الخلیفہ کے کہ نام بت کا ہی یعنی وہان جا وینگی پوجنے کو انتہی + کفار کو آنے قیامت کے سے ڈرا کر اب اعراض کیا اودھر سے
اور خطاب فرمایا اپنے رسول مقبول کو تا کہ شاید اس طرح سے متنبہ ہون کفار +

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ

سو تو جان رکھ کہ کسیکی بندگی نہیں سوائے اللہ کے اور معافی مانگ اپنے گناہ کو اور ایمان دار مردون کو اور عورتون کو اور اللہ کو معلوم ہی گشت تمہارا

وَمَثْوٰىكُمْ ۝

اور گھر تمہارا + مو

پس یقین کر کہ نہیں ہی معبود مگر خدا اور بخشش طلب کر واسطے گناہون اپنے کے اور بیچ حق مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کے بھی اور خدا جانتا ہی جگہہ آمد و رفت تمہارے کی اور جگہہ رہنے تمہارے کی + **فتح** + سو تو جان رکھ کہ کسیکی بندگی نہیں سوائے اللہ کے اور معافی مانگ اپنے گناہ کو اور ایماندار مردونکو اور عورتونکو اور اللہ کو معلوم ہی گشت تمہاری اور گھر تمہارا + **تفسیر** + یعنی جتنے شہرون پھر وگے پھر بہشت یا دوزخ مین پہونچوگے اپنے گھر مین + **مو** + حاصل ان آیتون کا برائی بیان کرنی اوس شخص کی ہی کہ علم کی مجلس مین آوے اور اوسکی حقیقت کے فہم کو نہ پہونچے بسبب ہجوم ہوائے نفس کے اوسکے دلپر اور محتاج استغفار اور دکھا ہو وے اور ڈراتا ہی ساتھ قیامت کے مثل اس شخص کو واللہ اعلم + **فتح** + اور معنی یہ ہین کہ پس ثابت رہ اوس چیز پر کہ تو اوسپر ہی یعنی وحدانیت خدا کے علم پر اور تواضع کے اور کسر نفسی کے ساتھ بخشش مانگنے گناہ اپنے کے اور گناہون اوسکے کہ تیرے دین پر ہین اور مراد گناہ سے انبیا کے حق مین ترک کرنا افضل کا ہی نہ کرنا برائی کا اور گناہ ہمارے کرنا برائیون کا ہی خواہ صغیرہ ہون خواہ کبیرہ جگہہ آمد و رفت الخ یعنی وجہ معاش و تجارتون کی جگہون مین جو آمد و رفت کرتے ہو اوسکو جانتا ہی اللہ تعالی جگہہ رہنے تمہارے کی یعنی مکان یا جگہہ آمد و رفت تمہارے کی حالت زندگی مین اور جگہہ رہنے تمہارے کی قبرون مین یا جگہہ آمد و رفت تمہارے کی اپنے کامون مین اور جگہہ رہنے تمہارے کی جنت اور دوزخ مین پس ایسا شخص لائق ہی اسلئے کہ ڈرے اللہ سے اور بچے گناہون سے اور بخشش مانگے اپنے گناہونکی اور پوچھی کسیئے ابن عیینہ سے فضیلت علم کی پس کہا کیا نہیں سنا تونے قول اللہ تعالی کا فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ + کہ حکم کیا ساتھ عمل کے بعد علم کے + **مو** + **نکتہ** + ایک محقق کہتا ہی کہ آیت اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ سے یہان تک اشارہ ہی اسکی طرف کہ بہرہ مند ہونا ساتھ دنیا کے اور اختیار کرنا لذات و شہوات نفسانیہ کا اور منہمک ہونا بیچ اتباع نفس و ہوی کے منجملہ صفات کفار سے اور دور کرنے والے خدا سے اور موجب ہلاکت کے ہین طالب حق کو پرہیز کرنا ان سب سے لازم ہی تو قرب حق سے جنت مین پہونچے + **بحر** + فَاعْلَمْ الخ یعنی ہمیشہ رہ اے محمد اپنے اس علم توحید پر کہ نفع دیگا قیامت مین اور حضرت کو حکم ہوا اپنے گناہون کی بخشش مانگنے کا باوجود معصوم ہونے اونکے کے اسلیے کہ تا پیروی کرین اونکی امت اونکی اور حضرت نے اسپر عمل کیا کہ فرمایا اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِّائَةَ مَرَّةٍ یعنی بلاشبہ مین البتہ بخشش مانگتا ہون اللہ سے ہر دن مین سو بار + اور مومنین و مومنات کی جو مغفرت مانگنے کا حکم فرمایا اسمین بزرگی معلوم ہوئی اونکی کہ وہ ایسے ہین کہ جنکے استغفار کے لیے حکم فرمایا اونکے نبی کو اور مُتَقَلَّب سے مراد ہی پھرنا تمہارا کامون کے لیے دن کو اور مَثْوٰی سے مراد ہی ٹھکانا پکڑنا تمہارا بستر ونکی طرف رات کو یعنی وہ جانتا ہی تمہارے سارے احوال کو اوسپر کچھ پوشیدہ نہیں پس ڈرو اوس سے اور خطاب مومنون کو اور غیر اونکے کو ہی + **ج** + فَاعْلَمْ الخ کہا بعضون نے کہ خطاب ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور مراد ہین اس سے غیر اونکے اور بعضون نے کہا پس زیادہ کر علم کو اوپر علم اپنے کے اور بعضون نے کہا کہ یہ لگتا ہی ماقبل سے معنی اسکے یہ ہین کہ جب آوے اونکو قیامت

پس جان رکھ کہ نہین ہی جگہ پناہ کی اور جگہ بھاگنے کی وقت قائم ہونے اوسکے مگر اللہ ہی کی طرف اور بعضون نے کہا معنی اسکے یہ ہین
کہ پس جان رکھ اسکو کہ سب بادشاہتین باطل ہوجاوینگی وقت قائم ہونے قیامت کے پس نہین ہوگی بادشاہت و حکومت مگر اللہ ہی کے لئے
معا + فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَفْضَلُ الدُّعَآءِ الْاِسْتِغْفَارُ + یعنی بہتر ذکر
لا الٰہ الا اللہ ہی اور بہترین دعا استغفار ہی + پھر پڑھی یہ آیت فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ + اور فرمایا عَلَیْکُمْ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَالْاِسْتِغْفَارِ فَاَکْثِرُوْا مِنْھُمَا فَاِنَّ اِبْلِیْسَ قَالَ اَھْلَکْتُ
النَّاسَ بِالذُّنُوْبِ وَاَھْلَکُوْنِیْ بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَالْاِسْتِغْفَارِ فَلَمَّا رَاَیْتُ ذٰلِكَ اَھْلَکْتُھُمْ بِالْاَھْوَآءِ
وَھُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّھُمْ مُّھْتَدُوْنَ + اور فرمایا نہین مرتا کوئی بندہ گواہی دیتا ہوا اس بات کی کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ
رَسُوْلُ اللّٰہِ درحالیکہ رجوع رکھتا ہی وہ یقین دل سے مگر کہ داخل ہوتا ہی جنت مین اور ایک روایت مین ہی مگر کہ بخشتا ہی اللہ اوسکو +
اور فرمایا مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ شَھَادَۃُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ + یعنی کنجی جنت کی گواہی دینی اس بات کی ہی کہ لا الٰہ الا اللہ + اور فرمایا
نہین ہی کوئی چیز مگر کہ درمیان اوسکے اور درمیان اللہ کے حجاب ہی سوائے کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اور دعا باپ کی یعنی فرزند کے لیے
پس جلد قبول ہوتی ہین یہ دونون چیزین + اور فرمایا نہین کہتا بندہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اخلاص سے مگر کہ کھولے جاتے ہین اوسکے لیے
دروازے آسمان کے یہان تک کہ پونہچایا جاتا ہی یہ کلمہ طرف عرش کے + اور فرمایا واسطے معاذ بن جبل کے کہ جان تو کہ جو کوئی مرے گواہی
دیتا ہوا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی داخل ہوگا جنت مین + اور فرمایا جو کوئی گواہی دے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی اور اسکی کہ مین رسول اللہ کا ہون پس
ہرگز نہین کھاویگی اوسکو آگ + اور کہا سہیل بن بیضا نے کہ جسوقت کہ ہم سفر مین تھے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مین
حضرت کے ساتھ سوار تھا ایک سواری پر پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای سہیل بن بیضا اور بلند کی آواز اپنی پس جمع ہوئے
لوگ پھر فرمایا جو کوئی گواہی دے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی حرام کریگا اوسکو اللہ آگ پر اور واجب کریگا اوسکے لیے جنت کو اور روایت کی بیہقی نے
بیچ کتاب اسماء و صفات کے یحیی بیٹے طلحہ بیٹے عبید اللہ کے سے کہ کہا دیکھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے طلحہ رضی اللہ عنہ کو غمگین پس کہا
عمر نے طلحہ کو کہ کیا ہوا تجکو یعنی غمگین کیون ہی کہا طلحہ نے کہ مینے سنا تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے کہ مین جانتا ہون ایک کلمہ
کہ نہین کہتا ہی کوئی بندہ اوسکو وقت مرنے اپنے کے مگر کہ دور کرتا ہی اللہ اوس سے سختی کو اور روشن کرتا ہی رنگ اوسکا اور دیکھتا ہی وہ چیز
کہ خوش کرتی ہی اوسکو یعنی کفن و غیرہ جنت سے اور نہین مانع ہوئی مجکو اس سے کہ سوال کرون مین اوس سے اوس کلمے کو مگر قدرت اوپر یہان تک
کہ وفات پائی آپ نے پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ مین جانتا ہون وہ کلمہ کہا طلحہ نے پس کیا ہی وہ کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نہین جانتا
مین کسی کلمے کو کہ وہ بہت بڑا ہو اوس کلمے سے کہ حکم کیا آنحضرت نے اوسکے پڑھنے کا اپنے چچا کو یعنی ابو طالب کو کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
ہی کہا طلحہ نے پس وہ کلمہ قسم خدا کی یہی کلمہ ہی اور فرمایا جو کوئی مرے اور وہ جانتا ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ داخل ہوگا جنت مین اور
فرمایا جو کوئی ہو آخر کلام اوسکا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ داخل ہوگا جنت مین اور فرمایا جو کوئی گواہی دیتا ہو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی حرام کریگا اللہ اوسپر آگ کو اور فرمایا مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ طَلَسَتْ مَا فِیْ صَحِیْفَتِہٖ مِنَ السَّیِّاٰتِ
حَتّٰی یَعُوْدَ اِلٰی مِثْلِھَا + یعنی جسنے کہا لا الٰہ الا اللہ پاک کر دیتا ہی یہ کلمہ اون برائیون کو کہ اوسکے نامۂ اعمال میں ہوتی ہین یہان تک
کہ پھر ویسی ہی برائیان کرے روایت کی یہ بیہقی نے اور فرمایا جسکا خاتمہ ہو شہادت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر کہ صدق دل سے اسکی گواہی
دیتا ہوا مرا داخل ہوگا بہشت مین اور جسکا خاتمہ ہو ساتھ روزے ایکدن کے کہ چاہتا ہو اوس سے رضا اللہ کی داخل ہوگا بہشت مین اور
جسکا خاتمہ ہو نزدیک مرنے کے ساتھ کھلانے مسکین کے کہ چاہتا ہو اوس سے رضا اللہ کی داخل ہوگا بہشت مین [illegible] تفسیر قول اللہ تعالی کا

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ + کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین استغفار کرتا ہون اللہ سے
دن مین ستر بار + اور کہا عبد اللہ بن سرجس نے کہ آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کھایا مینے ساتھ حضرت کے طعام پھر کہا مینے غَفَرَ اللّٰهُ
لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ یعنی بخشے اللہ آپکو یا رسول اللہ فرمایا آنحضرت نے وَلَكَ یعنی اور تجکو بھی اللہ بخشے پس کہا کسی نے کہ تیرے لیے
بخشش مانگی رسول خدا نے کہا عبد اللہ نے اور تیرے لیے بھی پھر کہا اوسنے یا اور لوگون نے کہ تیرے لیے بخشش مانگی رسول خدا نے کہا عبد اللہ نے
کہ ہان اور تمہارے لیے بھی بخشش مانگی اور پڑھی یہ آیت وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ + اور روایت ہی عبید اللہ
بن مغیرہ سے کہ کہا سنا مینے حذیفہ سے کہ پڑھی یہ آیت فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ + کہا حذیفہ نے کہ تھا مین تیز زبان
یعنی بدزبان اپنے اہل پر پس کہا مینے یا رسول اللہ بلا شبہہ مین ڈرتا ہون اس سے کہ داخل کرے مجکو زبان میری دوزخ مین پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فَاَيْنَ اَنْتَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ اِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مِّائَةَ مَرَّةٍ + یعنی پس کہان ہی تو استغفار سے یعنی
استغفار مین کیون نہین مشغول ہوتا کہ اس سے بلیات ظاہر و باطن کی دفع ہوتی ہین بلا شبہہ مین استغفار کرتا ہون اللہ سے ہر دن مین سو بار + اور فرمایا
ای لوگون بخشش مانگو اللہ سے اور توبہ کرو طرف اوسکے پس تحقیق مین استغفار کرتا ہون اللہ سے اور توبہ کرتا ہون طرف اوسکے ہر روز مین سو بار +
کہا ابن عمر نے کہ تھے ہم گنتے واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک مجلس مین کہ کہتے سو بار رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ
اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ + اور ایک روایت مین الْغَفُوْرُ ہی بدلے الرحیم کے + درمنثور + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم نے جو کوئی بخشش مانگے مومن مردون اور مومن عورتون کے لیے لکھتا ہی اللہ تعالیٰ بدلے ہر مومن مرد اور مومن عورت کے ایک ایک نیکی +
اور فرمایا جو کوئی بخشش چاہے مومن مردون کے لیے اور مومن عورتون کے لیے ہر دن مین ستائیس بار یا پچیس بار فرمایا ایک دو عدد دونکا ہوتا ہی
اون لوگون مین سے کہ قبول کیجاتی ہی دعا اونکی اور رزق دیے جاتے ہین بسبب برکت اونکی کے زمین والے یعنی اولیا اور برگزیدون مین سے ہوتا ہی +
حصن حصین عن الطبرانی + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ وَاِنِّيْ
لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ + یعنی بلا شبہہ البتہ پردہ کیا جاتا ہی میرے دل پر اور تحقیق مین استغفار کرتا ہون
اللہ تعالیٰ سے بیچ دن کے سو بار + اور فرمایا يَاۤ اَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ فَاِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ
رَوَاهُ مُسْلِمٌ + یعنی ای لوگون توبہ کرو طرف اللہ کے پس تحقیق مین توبہ کرتا ہون طرف اوسکے دن مین سو بار + یعنی پس تمھین طریق اولی چاہیے
کہ توبہ کرو ایک ساعت مین ہزار بار + اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ اون حدیثون کے کہ روایت کرتے تھے اللہ برکت والے اور بلند
قدر سے یعنی حدیث قدسی ہی یہ کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ای میرے بندون تحقیق مینے حرام کیا ظلم اپنے اوپر یعنی پاک ہون مین ظلم سے پس وہ
میرے حق مین ایسا ہی جیسا لوگون کے حق مین حرام اور کیا مینے اوسکو درمیان تمہارے حرام پس نہ ظلم کرو آپسمین ای میرے بندون سب تم
گمراہ ہو مگر مین جسکو ہدایت کرون پس ہدایت چاہو مجسے ہدایت کرونگا مین تمکو ای بندون میرے سب تم بھوکے ہو یعنی محتاج ہو طرف کھانیکے
مگر جسکو کھلاؤن مین یعنی اور فراخ کرون اوسپر رزق اور بے پروا کرون اوسکو پس مانگو کھانا مجسے کھلاؤنگا مین تمکو ای بندون میرے
سب تم ننگے ہو یعنی محتاج ہو ستر عورت اور لباس کے مگر جسکو پہننے کو دیا مینے پس مانگو مجسے لباس پہناؤنگا مین تمکو ای بندون میرے تحقیق
تم یعنی اکثر تمہارے خطا کرتے ہو رات اور دن اور مین بخشتا ہون گناہ سب پس بخشش مانگو مجسے بخشونگا مین تمکو ای بندون میرے تحقیق تم ہرگز
نہ پہنچوگے میرے ضرر کو تا ضرر پہنچا سکو مجکو اور ہرگز نہ پہنچوگے نفع میرے کو تاکہ نفع پہنچا سکو مجکو یعنی گناہ کرنے سے درگاہ صمدیت مین
کچھ نقصان نہین اور طاعت کرنے سے کچھ فائدہ نہین بلکہ نقصان و فائدہ تمہارے ہی لیے ہی چنانچہ آگے تفصیل سے فرمایا اسکو ای
بندون میرے اگر تحقیق اگلے تمہارے اور پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے اور جن تمہارے سب ملکر ہون اوپر بہت پرہیزگار دل ایک شخص کے تم مین سے

نہ زیادہ کرے میرے ملک مین کچھ یعنی اگر تم نہایت پرہیزگار ہوکہ تم مین جو نہایت پرہیزگار ہو یعنی جیسے حضرت ہین ویسے ہوجاؤ تو ہمارے
ملک مین کچھ زیادتی نہین ہوتی ای بندون میرے اگر تحقیق اگلے تمہارے اور پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے اور جن تمہارے سب یعنی ملکر ہون
اوپر بدترین دل ایک شخص کے تم مین سے یعنی مانند شیطان کے ہوجاؤ تو نہ ناقص کرے میرے ملک مین سے کسی چیز کو ای بندون میرے اگر اگلے
تمہارے اور پچھلے تمہارے اور آدمی تمہارے اور جن تمہارے کھڑے ہون ایک مقام مین پھر مانگین مجھسے پس دون مین ہر آدمی کو موافق
مانگنے اوسکے کے یعنی ایک ہی وقت اور ایکہی مکان مین نہ گھٹا دے وہ دینا اوس چیز سے کہ نزدیک میرے ہی مگر جیسے گھٹاتی ہی سوئی
یعنی بلکی کو جسوقت کہ ڈالی جاوے دریاے شور مین ای بندون میرے سوا اسکے نہین کہ اعمال تمہارے یاد رکھتا ہون اور لکھتا ہون تمہ
پھر پورا دونگا مین تمکو بدلا اوسکا پس جو شخص کہ پاوے بھلائی یعنی توفیق نیک پروردگار کی طرف سے پاوے اور عمل خیر کرے پس چاہیے کہ
تعریف کرے اللہ کی اور جو پاوے سواے بھلائی کے یعنی برائی تو نہ ملامت کرے مگر نفس اپنے کو یعنی اسلیے کہ صادر ہوئی اوسکے نفس سے +
ف + سب تم گمراہ ہو یعنی ہر کمال اور سعادت دینیہ اور دنیویہ سے مگر جسکو مین ہدایت کرون مراد یہ ہی کہ اگر چھوڑے جاوین لوگ اوس حالت پر کہ
اونکی طبیعت مین ہی گمراہ ہون لیکن مین ہدایت کرتا ہون جسکو چاہتا ہون اور یہی معنی ہین اس قول صلی اللہ علیہ وسلم کے اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ
الْخَلْقَ فِیْ ظُلْمَۃٍ ثُمَّ رَشَّ عَلَیْہِمْ مِّنْ نُّوْرِہٖ + یعنی اللہ نے پیدا کیا خلق کو اندھیرے مین پھر چھڑکا اوپر نور اپنا اور یہ منافی نہین ہی
ساتھ اس حدیث کے کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُّوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَۃِ + یعنی ہر بچہ پیدا کیا جاتا ہی استعداد اسلام پر اسلیے کہ مراد فطرت سے توحید ہی
اور مراد ضلالت سے نہ جاننا ہی تفصیل احکام ایمان کی کو اور حدود اسلام کی کو اور بخشتا ہون گناہ سب یعنی ساتھ توبہ و استغفار کے یا مراد یہ ہی
کہ سواے شرک کے بخش دیتا ہون اگر چاہتا ہون اور مگر جیسے گھٹاتی ہی سوئی کہا طیبی نے کہ گھٹانا سوئی کا محسوس اور قابل اعتماد کے نہین
عقل کے نزدیک بلکہ وہ کالعدم ہی اسلیے اوسکے ساتھ مشابہت دی واللہ کے خزانے مین کمی کا کیا بانٹیے + اور کہا ابن ملک نے کہ یا کہا جاوے
کہ یہ قبیل بالفرض والتقدیر کے سے ہی یعنی اگر فرض کرین نقصان اللہ کے خزانے مین تو اسقدر ہو + ع + اور فرمایا اِنَّ اللّٰہَ یَبْسُطُ یَدَہٗ
بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْٓءُ النَّہَارِ وَیَبْسُطُ یَدَہٗ بِالنَّہَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْٓءُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ
مَغْرِبِہَا رواہ مسلم + تحقیق اللہ تعالی پھیلاتا ہی ہاتھ اپنا رات کو کہ توبہ کرے گناہ کرنے والا دن کا اور پھیلاتا ہی ہاتھ اپنا
دن کو کہ توبہ کرے گناہ کرنے والا رات کا یہان تک کہ نکلے آفتاب مغرب کی طرف سے + ف + پھیلانا ہاتھ کا کنایہ ہی طلب کرنے سے
اسلیے کہ عادت ہی لوگون کی کہ جب کسی سے کچھ مانگتے ہین تو ہاتھ پھیلاتے ہین اوسکے آگے پس معنی یہ ہین کہ بلاتا ہی گنہگارون کو توبہ کی طرف
اور بعضون نے کہا کہ یہ کنایہ ہی وسعت مغفرت و رحمت سے اور یہان تک کہ نکلے آفتاب الخ یعنی جب طلوع ہوگا آفتاب مغرب کی طرف سے تو دروازہ
توبہ کا بند ہوجاویگا پھر کسیکی توبہ نہین قبول ہونے کی + ع + اور فرمایا اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیْہِ
مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ + تحقیق بندہ جب اقرار کرتا ہی یعنی اپنے گناہ کا پھر توبہ کرتا ہی قبول کرتا ہی اللہ تعالی توبہ اوسکی اور فرمایا کہ تحقیق ایک بندے نے
یعنی اس امت مین سے یا اگلی امتون مین سے کیا گناہ پھر کہا ای پروردگار میرے گناہ کیا مینے پس بخش اس گناہ کو پس فرمایا پروردگار اوسکے نے
یعنی فرشتون سے کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق اوسکے لیے پروردگار ہی بخشتا گناہونکو یعنی جب چاہتا ہی جسکے لیے چاہتا ہی اور پکڑتا ہی
ساتھ گناہون کے یعنی جب چاہتا ہی جسکے لیے چاہتا ہی بخشا مینے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا وہ یعنی گناہ کرنے سے ایک مدت تک کہ چاہا اللہ نے
پھر کیا گناہ اور کہا ای پروردگار میرے کیا مینے گناہ پس بخش اوسکو پس فرمایا اللہ تعالی نے کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق اوسکے لیے
پروردگار ہی بخشتا ہی گناہ اور پکڑتا ہی ساتھ اوسکے بخشا مینے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا بندہ اوس مدت تک کہ چاہا اللہ نے پھر کیا گناہ کہا
ای پروردگار میرے کیا مینے گناہ اور پس بخش اوسکو واسطے میرے پس فرمایا کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق واسطے اوسکے پروردگار ہی

بخشتا ہی گناہ اور پکڑتا ہی ساتھ اوسکے بخشنا ہی سببے اپنے کو پس چاہیے کہ کرے جو چاہے + ف + کرے جو چاہے یعنی جب تک
استغفار کرتا رہیگا بخشونگا گناہ اوسکے مقصود بیان کرنا فضیلت استغفار کا ہی اور تاثیر اوسکی کا بخشش گناہونمین نامر ساتھ
گناہ کے + ع + م + اور بیان فرمائی حدیث رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک شخص نے یعنی اس امت مین سے یا اگلی امتون مین سے
کہا قسم ہی خدا کی نہین بخشنے کا اللہ فلانے کو اور حدیث بیان فرمائی حضرت صلعم نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے فرمایا کون شخص ہی کہ قسم کہاتا ہی
مجھپر کہ نہ بخشونگا فلانے کو پس تحقیق مینے بخشا فلانے کو اور ناپید کیا عمل تیرا یا کہا مانند اسکے + ف + کوئی شخص گناہ
بہت کرتا تھا اوسکو کسینے کہا کہ فلانے کو اللہ نہین بخشنے کا کہی یہ بات ازراہ تکبر کے کہ اوسکو بہت گنہگار جانا اور اپنے کو اچھا جانا
جیسے کہ صادر ہوتی ہی بعضے جاہل صوفیون سے اور ناپید کیا عمل تیرا یعنی باطل اور جھوٹی کی مینے قسم تیری حاصل یہ کہ قسم کہانیوالے نے
جو یقین کیا تھا اوسکے نہ بخشے جانیکا اوسپر عتاب ہوا اور وہ بخشا گیا پس جائز نہین ہی کسیکو قطعی دوزخی یا جنتی کہنا مگر جنکے حق مین
نص وارد ہوئی ہی مضایقہ نہین اونکو کہنا + ع + اور فرمایا سید الاستغفار یعنی افضل استغفار یہ ہی کہ کہے تو اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ
شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ +
یا الٰہی تو ہی ہی پروردگار میرا نہین کوئی معبود مگر تو پیدا کیا تونے مجکو اور مین بندہ تیرا ہون اور مین تیرے عہد پر ہون یعنی مستقیم
ہون اوپر وفا کرنے عہد میثاق کے اور تیرے وعدے پر ہون یعنی یقین کرنے والا ہون ساتھ وعدے تیرے کے کہ حشر کے ہونے کا اور ثواب
اسکے کا جو کیا ہی بقدر طاقت اپنی کے پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے برائی اوس چیز کی سے کہ کی مینے اقرار کرتا ہون مین واسطے
تیرے ساتھ نعمتون تیری کے کہ مجھپر ہین اور اقرار کرتا ہون مین ساتھ گناہون اپنے کے پس بخش مجکو پس تحقیق نہین بخشتا گناہون کو
مگر تو + فرمایا حضرت صلعم نے جو شخص کہ پڑھے ان لفظون کو یعنی سید الاستغفار کو دن مین یقین کرکے انکے معنون پر پھر مرا اوسدن پہلے
شام ہونے کے پس وہ بہشتیون مین سے ہی اور جو کوئی پڑھے یہ الفاظ رات کو اور وہ یقین کرنے والا ہو ساتھ معنون انکے کے پھر مرے
پہلے صبح سے پس وہ بہشتیون مین سے ہی + اور فرمایا کہتا ہی اللہ تعالی اے بیٹے آدم کے تحقیق تو جب تک کہ مانگے گا مجھسے یعنی بخشش گناہونکی
اور امید رکھیگا مجھسے بخشونگا مین تجکو کسی عمل پر ہو تو اور نہین پروا رکھتا مین یعنی تیرا بخشنا کچھ بڑی چیز نہین ہی میرے نزدیک اگرچہ بڑا گنہگار ہو تو
اے بیٹے آدم کے اگر پہنچین گناہ تیرے بلندی آسمان تک پھر بخشش مانگے مجھسے بخشونمین تجکو اور نہین پروا رکھتا مین اے بیٹے آدم کے تحقیق
تو اگر ملے مجھسے ساتھ بھری زمین کے خطاؤن سے پھر ملے مجھسے اس حال مین کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ میرے کسیکو البتہ آؤنمین تیرے پاس ساتھ
بھری ہوئی زمین کے برابر بخشش کے + اور کہا آنحضرت صلعم نے کہ فرمایا اللہ تعالی نے مَنْ عَلِمَ اَنِّیْ ذُوْقُدْرَۃٍ عَلٰی مَغْفِرَۃِ الذُّنُوْبِ
غَفَرْتُ لَہٗ وَلَآ اُبَالِیْ مَالَمْ یُشْرِکْ بِیْ شَیْئًا + یعنی جس شخص نے جانا کہ مین صاحب قدرت کا ہون اوپر بخشنے گناہون کے
بخشتا ہون مین واسطے اوسکے اور نہین پروا کرتا مین جب تک کہ نہ شریک کرے ساتھ میرے کسیکو + ف + دلالت کرتی ہی یہ حدیث اوپر
کہ جاننا بندہ کا اسکو کہ اللہ قادر ہی مغفرت گناہون پر سبب ہی مغفرت کا اسلیے کہ جو کوئی جانتا ہی کہ اللہ تعالی قادر ہی گناہون کے بخشنے پر
امید رکھتا ہی اوس سے اور جو کوئی امید رکھتا ہی کریم سے وہ محروم نہین کرتا اوسکو پس یہ حدیث مانند اس حدیث کے ہی اَنَا عِنْدَ ظَنِّ
عَبْدِیْ بِیْ + یعنی مین نزدیک گمان بندے اپنے کے ہون کہ رکھتا ہی ساتھ میرے + اور منقول ہی حماد بن سلمہ سے کہ عیادت کی سفیان ثوری
کی پس کہا سفیان نے حماد سے کہ آیا گمان کرتا ہی تو کہ بخشے گا اللہ مجھ جیسے کو کہا حماد نے اگر اختیار دیا جاؤن مین درمیان حساب لینے اللہ کے
مجھسے اور درمیان حساب لینے ماں باپ اپنے کے تو البتہ اللہ ہی کو مین اختیار کرون اسلیے کہ اللہ ماں باپ سے زیادہ رحم کرتا ہی مجھپر حاصل یہ کہ تم امیدوار مغفرت کے ہو

وہ ارحم الراحمین ہی + ع + ح + اور فرمایا مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا وَّمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا
وَّرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ + یعنی جو کوئی لازم کرے استغفار کو گردانتا ہی اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے ہر تنگی سے راہ نکلنے کی
اور ہر غم سے خلاصی اور روزی دیتا ہی اوسکو یعنی حلال طیب اوس جگہ سے کہ نہین گمان کرتا + ف + لازم کرے یعنی وقت صادر ہونے
گناہ کے اور ظاہر ہونے بلا کے پڑھا کرے یا معنی یہ ہین کہ مداومت کرے اوسپر اسلیے کہ ہر دم مین محتاج ہی اوسکا اور اسی لیے فرمایا ہی پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے طُوْبٰى لِمَنْ وَّجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا + خوشی ہی اوسکے لیے کہ پاوے اپنے نامۂ اعمال مین استغفار بہت اور
فضیلت مذکورہ اسلیے ہی کہ جو کوئی لازم کرتا ہی استغفار کو تو تعلق دل کا اور اعتماد اللہ پر ہوتا ہی اور بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے پس وہ بیچ
حکم متقی اور متوکل کے ہوتا ہی اور اونکی شان مین آیت وارد ہوئی ہی وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ
لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ + اور جو کوئی ڈرتا ہی اللہ سے گردانتا ہی اوسکے لیے راہ نکلنے کی اور روزی
دیتا ہی اوسکو اوس جگہہ سے کہ نہین گمان کرتا اور جو کوئی اعتماد کرتا ہی اللہ پر پس وہ کافی ہی اوسکو + پس یہ حدیث اس آیت سے نکالی گئی ہی اور فضیلت
استغفار کی اور فائدہ مند ہونا اوسکا اس آیت سے بھی ثابت ہوتا ہی فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ
عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا + یعنی پس کہا مین نے بخشش
مانگو رب اپنے سے تحقیق وہ ہی بہت بخشنے والا بھیجیگا مینہہ تمپر بکثرت اور دیگا تمکو مال اور اولاد اور بناویگا تمھارے لیے باغ اور جاری کریگا
تمھارے لیے نہرین + منقول ہی حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے کہ ایک شخص نے شکوہ کیا اونسے قحط سالی کا پس کہا اونھون نے کہ
استغفار کر اللہ سے پھر شکوہ کیا ایک اور شخص نے محتاجگی کا پھر ایک اور نے کمی اولاد کا پھر ایک اور نے کمی پیدایش کا زمین اپنی مین پس ان سبھونکو
حکم کیا استغفار کا پس کہا گیا اونسے کہ شکوہ کیا لوگون نے تمسے کئی چیزونکا اور حکم کیا تمنے اون سبھونکو استغفار کرنے کا پس پڑھی اونھون نے
آیت فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا الخ یعنی جتنے جواب دیے ہین سب اس آیت سے ثابت ہین ع + اور فرمایا مَآ اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ
وَاِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً + نہین اصرار کیا گناہ پر اوس شخص نے کہ استغفار کی اگرچہ عود کرے دن مین ستر بار یعنی بار بار
وہی گناہ کرے + ف + اصرار یعنی دوام کرنا گناہ پر برا ہی کہ اصرار صغیرہ کا کبیرہ ہوتا ہی اور اصرار کبیرہ پر کفر کو پہونچاتا ہی پس فرمایا کہ جو کوئی
استغفار کرتا ہی اور شرمندہ ہوتا ہی گناہ سے صغیرہ ہو یا کبیرہ خارج ہوتا ہی حد اصرار سے کہ مُصِر وہ ہی جو استغفار نہ کرے اور نادم نہو + ف + ح +
اور فرمایا كُلُّ بَنِيْ اٰدَمَ خَطَّآءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّآئِيْنَ التَّوَّابُوْنَ + سب بنی آدم خطاکار ہین یعنی سوائے انبیا علیہم السلام کے
اسلیے کہ وہ معصوم ہین خطا سے اور بہترین خطا کرنے والون کے توبہ کرنے والے ہین + اور فرمایا تحقیق مومن جب گناہ کرتا ہی ہوتا ہی ایک نقطہ سیاہ دل مین
پھر اگر توبہ کرتا ہی اور طلب بخشش کی کرتا ہی صاف کیا جاتا ہی دل اوسکا اور اگر زیادہ کیا گناہ زیادہ ہوتا ہی وہ نقطہ یہان تک کہ چھا جاتا ہی اوسکے
دل پر پس یہ ہی ران یعنی زنگ کہ ذکر کیا اللہ تعالیٰ نے اس آیت مین كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ +
یعنی ہرگز نہین یون بلکہ زنگ باندھا ہی اونکے دلون پر اوس چیز نے کہ تھے کرتے یعنی گناہ یہان تک کہ نہین باقی رہی اونمین خیر ہرگز +
ف + چھا جاتا ہی یعنی ڈھانپ لیتا ہی نور دل کو پس اندھا ہوتا ہی بینائی دل کی سے پس نہین دیکھتا کوئی چیز علمون نفع دینے
والی سے اور حکمتون فائدہ مندی سے اور جاتی رہتی ہی شفقت و رحمت کہ نہ اپنے پر رحم کرتا ہی نہ اورون پر اور ثابت ہوتے ہین اوسکے دل مین آثار ظلم
و فتنے کے اور جرات کرتا ہی گناہ پر + ع + اور فرمایا اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ يُغَرْغِرْ + تحقیق اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہی توبہ
بندے کی جب تک کہ نہین غرغرہ لگتا ہی + ف + یعنی جب تک کہ یقین نہین ہوتا موت کا تب تک توبہ مقبول ہی اور جب یقین ہو موت کا تو توبہ
نہین مقبول اور ظاہر اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ مطلق توبہ وقت مرنے کے نہین درست خواہ توبہ کفر سے کرے خواہ گناہ سے اور ظاہر آیت لَيْسَتِ التَّوْ

ح رواہ احمد وابو داود وابن ماجہ ۱۲

رواہ الترمذی وابو داود ۱۲

ح رواہ الترمذی وابن ماجہ والدارمی

ع رواہ الترمذی وابن ماجہ ۱۲

سے بھی یہی معلوم ہوتا ہی + اور بعضون نے کہا ہی کہ توبہ گناہون سے صحیح ہی کفر سے پس اونکے نزدیک ایمان یاس کا غیر مقبول ہی اور توبہ یاس کی مقبول اور کہا طیبی نے کہ یہ حکم گناہون سے توبہ کرنے کا ہی اور اگر کسی سے حق دوسرے کا بخشوا دے ایسی حالت مین تو صحیح ہی ۴ + ح + اور فرمایا کہ تحقیق شیطان نے عرض کیا پروردگار سے قسم ہی تیری عزت کی ای رب میرے ہمیشہ گمراہ کرتا رہون گا تیرے بندون کو جب تک کہ ارواح اونکے بدنون مین ہونگی پس فرمایا پروردگار عزوجل نے قسم ہی اپنی عزت و بزرگی کی اور بلندی مرتبے اپنے کی کہ ہمیشہ بخشتا رہونگا مین اونکو جب تک کہ بخشش مانگتے رہین مجھسے + اور فرمایا تحقیق دو شخص تھے بنی اسرائیل مین آپسمین دوست ایک اونمین سے بہت محنت کھینچتا تھا بندگی کرنے مین اور دوسرا کہتا تھا کہ مین گنہگار ہون یعنی اقرار کرتا تھا اپنے گناہ کا پس شروع کیا عبادت کرنے والے نے کہ کہتا تھا گنہگار کو باز آ اوس چیز سے کہ تو اوسمین ہی یعنی گناہ سے پس کہتا گناہگار کہ خَلِّنِي وَرَبِّي یعنی چھوڑ مجھکو ساتھ پروردگار میرے کے یعنی اسلیے کہ وہ غفور رحیم ہی یہان تک کہ پایا اوس عابد نے اوسکا ایک گناہ بڑا کہ بڑا جانا اوسکو پس کہا باز آ پس کہا گنہگار نے چھوڑ دے مجھکو ساتھ پروردگار میرے کے اَبُعِثْتَ عَلَيَّ رَقِيبًا یعنی کیا بھیجا گیا ہی تو میرا داروغہ پس کہا عبادت کرنے والے نے قسم ہی خدا کی نہین بخشیگا اللہ تجکو کبھی اور نہ داخل کریگا تجکو بہشت مین پس بھیجا اللہ تعالی نے طرف اون دونون کے فرشتہ بہر قبض کی ارواح اون دونون کی پس اکھٹی ہوئین دونون یعنی ارواحین اونکی نزدیک اللہ تعالی کے یعنی برزخ مین یا عرش کے نیچے پس فرمایا گنہگار کو داخل ہو بہشت مین بسبب رحمت میری کے اور فرمایا دوسرے کو کہ کیا طاقت رکھتا ہی تو یہ کہ محروم کرے بندے کو رحمت میری سے پس کہا اوسنے کہ نہین طاقت رکھتا مین ای پروردگار میرے فرمایا پروردگار نے فرشتونکو یعنی جو کہ دوزخ پر متعین ہین لیجاؤ اسکو طرف دوزخ کے + ف + اس شخص نے جو عجب و اعتماد کیا اپنے عمل پر اور حقیر جانا اوس گنہگار کو اور کہا کہ اللہ تعالی نہین بخشیگا تجکو مستحق عذاب کا ہوا اسی لیے کہا ہی کسی بزرگ نے جو گناہ کہ باعث ہو ذلیل و حقیر جاننے کا اپنے تئین وہ بہتر ہی اوس طاعت سے کہ لازم کرے عجب و تکبر کو + ع + **تنبیہ** + اسیواسطے فقہا ہمارے لکھتے ہین کہ مایوس ہونا رحمت الہی سے کفر ہی کیا خوب کسینے کہا ہی رباعی

زاہد نکند گنہہ کہ قہاری تو + ما غرق گناہیم کہ غفاری تو + او قہارت خواند و ما غفارت + آیا بکدام نام خوشداری تو + انتہی

اور آیا ہی کہ پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ + یعنی وہی صاحب ہی تقوی کا اور بخشش کا اور فرمایا آنحضرت نے بیچ تفسیر اسی آیت کے کہ فرمایا رب تمہارے نے کہ مین لائق اسکے ہون کہ لوگ پرہیز کرین شریک کرنے سے ساتھ میرے پس جو کوئی پرہیز کرتا ہی شریک کرنے سے ساتھ میرے پس مین ہون لائق اسکے کہ بخشون اوسکو + ف + مضمون اس آیت کا مانند مضمون اس آیت کے ہی اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ + ع + یعنی بلاشبہہ اللہ تعالی نہین بخشتا ہی اسکو کہ شریک کیا جاوے ساتھ اوسکے اور بخشتا ہی سوا اسکے جسکے لیے کہ چاہتا ہی + اور فرمایا جو کوئی کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ + یعنی بخشش مانگتا ہون اوس خدا سے کہ نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ خبرگیری کرنے والا اور توبہ کرتا ہون اوسکی طرف + بخشش کیجاتی ہی واسطے اوسکے اگرچہ بھاگا ہو کفار کی لڑائی سے کہ کبیرہ گناہ ہی + ف + جب استغفار پڑھے تو صدق دل سے پڑھے چنانچہ آیا ہی کہ استغفار کرنے والا گناہ سے اس حال مین کہ قائم ہو اوس گناہ پر مانند ٹھٹھا کرنے والے کے ہی ساتھ رب اپنے کے عیاذا باللہ منہ + ع + اور فرمایا بلاشبہہ اللہ عزوجل البتہ بلند کرتا ہی درجہ بندے نیکبخت کے لیے بہشت مین پس کہتا ہی بندہ ای پروردگار میرے کہان سے حاصل ہوا مجکو یہ درجہ فرماتا ہی اللہ تعالی کہ حاصل ہوا یہ درجہ بسبب استغفار فرزند تیرے کے واسطے تیرے + اور فرمایا نہین ہوتا ہی مردہ قبر مین مگر مانند ڈوبنے والے فریاد کرنے والے کے کہ کوئی ہاتھ اوسکا پکڑے منتظر ہوتا ہی دعا کا کہ پہونچے اوسکو باپ کی طرف سے یا مان کی طرف سے یا بھائی کی طرف سے یا دوست کی طرف سے پس جسوقت کہ پہونچتی ہی دعا اوسکو ہوتا ہی پہونچنا دعا کا

بہت پیارا طرف اوسکے دنیا سے اور دنیا کی چیزون سے اور تحقیق اللہ تعالی البتہ پونہچاتا ہی قبر والون کو بسبب دعا زمین والون کے مانند پہاڑون کے یعنی ثواب بڑا اور رحمت و بخشش او تحقیق تحفہ زندون کا طرف مردون کے استغفار کرنا ہی اونکے لیے + اور فرمایا طُوبٰی لِمَنْ وَجَدَ فِیْ صَحِیْفَتِهٖ اسْتِغْفَارًا کَثِیْرًا + خوشحالی ہی واسطے اوس شخص کے کہ پائے اپنے اعمال نامے مین استغفار بہت + ف یعنی استغفار مقبول روایت کی بزار نے انس سے بطریق مرفوع کے کہ نہین دونون فرشتے اعمال لکھنے والے اوٹھالیجاتے ہین اعمال نامہ بندے کا ہر دن پھر دیکھتا ہی اللہ تعالی اول اعمال نامے مین اور اخیر مین استغفار مگر کہ فرماتا ہی تبارک و تعالی بخشے مینے واسطے بندے اپنے کے وہ گناہ کہ درمیان دونون طرفون اعمال نامے کے ہین حاصل یہ کہ صبح و شام کے استغفار سے یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہی + ع + اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَا اَحْسَنُوْا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَا اَسَاۤءُوْا اسْتَغْفَرُوْا + یا الٰہی کر مجکو اون لوگون مین سے کہ جب نیکی کرین خوش ہون اور جب برائی کرین استغفار کرین + اور روایت ہی حارث بن سوید سے کہ کہا بیان کین مجسے عبد اللہ بن مسعود نے دو حدیثین ایک اونمین سے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری نقل کی اپنی طرف سے کہ وہ یہ ہی کہ کہا تحقیق مؤمن دیکھتا ہی اپنے گناہون کو گویا کہ بیٹھا ہوا ہی نیچے پہاڑ کے ڈرتا ہی اس سے کہ گر پڑے پہاڑ اوسپر اور تحقیق فاجر دیکھتا ہی اپنے گناہون کو مانند مکھی کے کہ اوڑے اوسکی ناک پر سے پھر اشارہ کیا ساتھ اوس مکھی کے اس طرح سے یعنی اپنے ہاتھ سے اوڑا یا اوسکو اپنی ناک سے یعنی مؤمن گناہ سے بہت ڈرتا ہی اور خوف کرتا ہی اسکا کہ پکڑا جاؤن اور فاجر کو اپنے گناہ کرنے کی پروا نہین ہوتی پھر کہا عبد اللہ نے یعنی حدیث جو حضرت سے سنی تھی وہ بیان کی کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے البتہ اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہی بسبب توبہ کرنے اپنے بندے مؤمن کے بہ نسبت اوس شخص کے کہ اوترا ایک میدان مین کہ خالی ہی درخت اور گھانس سے جگہہ ہی ہلاکت کی ساتھ اوسکے تھی سواری اوسکی اوسپر تھا کھانا اوسکا اور پینا اوسکا پس کھا سر اپنا یعنی استراحت کے لیے زمین پر اور سو رہا کچھہ سونا پھر جاگا اس حال مین کہ تحقیق جاتی رہی سواری اوسکی پھر تلاش کیا اوسکو یہان تک کہ جسوقت سخت ہوئی اوسپر گرمی اور پیاس اور جو چاہا اللہ نے یعنی رنج و بلا سوا گرمی و پیاس کے کہا پھر جاؤن مین طرف مکان اپنے کے کہ تھا مین اوسمین پس سو رہون یہان تک کہ مر جاؤن پس رکھا سر اپنا اپنے بازو پر تاکہ مر رہے پھر جاگا پس ناگہان سواری اوسکی اوسکے پاس حاضر ہی اوسپر ہی توشہ اوسکا اور پانی اوسکا پس اللہ تعالی بہت خوش ہوتا ہی بسبب توبہ کرنے بندے مؤمن کے اس شخص سے ساتھ سواری اپنی کے اور توشے اپنے کے یعنی جیسے یہ شخص خوش ہوتا ہی اپنی سواری اور توشے کے ملنے سے اس سے زیادہ اللہ تعالی خوش ہوتا ہی بندے کے توبہ کرنے سے + ف اس حدیث مین اشارہ ہی اس آیت کی طرف اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ + کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ منقول ہی بڑے عالم باعمل استاد ابی اسحق اسفرائنی رحمۃ اللہ علیہ سے کہ اونھون نے کہا دعا کی مینے اللہ سبحانہ و تعالی سے تیس برس تک یہ کہ نصیب کرے مجکو توبۂ نصوح پس نہ قبول کی گئی دعا میری پھر تعجب کیا مینے اپنے دل مین اور کہا مینے سبحان اللہ ایک حاجت کے لیے دعا کی مینے تیس برس تک اور نہ روا ہوئی اب تک پس دیکھا مینے خواب مین کہ کوئی کہتا ہی مجکو آیا تعجب کیا تو نے اس سے یہ بھی جانتا ہی کہ کیا مانگتا ہی تو اللہ تعالی سے یہ کہ دوست رکھے تجکو کیا نہین سنا تو نے اللہ تعالی سے کہ فرماتا ہی اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ + ع + اور فرمایا اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْمُفَتَّنَ التَّوَّابَ + بلاشبہ اللہ دوست رکھتا ہی اوس بندے مؤمن کو کہ مبتلا ہوتا ہی گناہ مین اور بہت توبہ کرتا ہی + ف + مثنوی مین مولوی رومی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہی کہ حضرت معویہ کو ابلیس نے ایکبار نماز صبح کو جگایا آپنے پوچھا ای ملعون تجکو اس بات سے کیا علاقہ کہا تمھاری نماز قضا نہو اسواسطے تمکو اوٹھایا فرمایا تجکو کبھی یقین نہین آویگا کہ تجسے خیر ہو خدایا ک جھوٹا نہین غرض بعد رد و کد کے اقرار کیا کہ اگر نماز تمھاری جاتی تو تم روتے اللہ کی نظر رحمت تمپر ہوتی میں اسواسطے رنج مین پڑتا فرمایا سچ کہا تو نے اب + اور فرمایا نہین دوست رکھتا مین کہ تحقیق میرے لیے دنیا ہو بدلے

اس آیت کے قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا
اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ یعنی اے ایسے بندون میرے کہ زیادتی کی اپنی جانون پر یعنی بسبب کرنے گناہون کے نہ ناامید ہو اللہ کی
رحمت سے بلا شبہ اللہ بخشتا ہی گناہ سب تحقیق وہ بخشنے والا مہربان ہی پس کہا ایک شخص نے پھر جسنے شرک کیا یعنی وہ بھی داخل ہی اس
آیت کے حکم مین یا نہین یعنی بخشا جاویگا یا نہین پس خاموش ہو رہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی بانتظار حکم الٰہی کے یا واسطے تفکر و تامل کے
اوسکے جواب مین پھر فرمایا یعنی بموجب وحی کے یا اپنے اجتہاد سے کہ خبردار ہو اور جسنے شرک کیا یعنی اور توبہ کی اپنی زندگی مین تو بہ اوسکی
قبول ہوتی ہی پس وہ بھی داخل ہی اس آیت کے حکم مین تین بار فرمایا یہ کلمہ ✠ ف ✠ نہین دوست رکھتا مین الخ یعنی نہین دوست رکھتا مین
کہ اس آیت کے بدلے تمام دنیا کی چیزین ہاتھ لگین اور اونکو صدقہ دون اور لذت اوٹھاؤن اوسکی لذت کی چیزون سے اسلیے کہ اسمین
خوشخبری ہی مغفرت گناہون کی اور یہی مضمون حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا ان شعرون مین باندھا ہی ✠ قطعہ ✠
اَیَا صَاحِبَ الذَّنْبِ لَا تَقْنَطَنْ ✠ فَاِنَّ الْاِلٰهَ رَؤُفٌ رَّؤُفٌ ✠ وَلَا تَرْحَلَنَّ بِلَا عُدَّةٍ ✠ فَاِنَّ الطَّرِیْقَ
مَخُوْفٌ مَخُوْفٌ ✠ اور یہی مضمون ان فارسی کے شعرون مین ہی ✠ قطعہ ✠ غافل مرو کہ مرکب مردان مرد را ✠ در سنگلاخ بادیہ پیہا
بریدہ اند ✠ نومید ہم مباش کہ رندان بادہ نوش ✠ ناگہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند ✠ ع ✠ وغیرہ ✠ اور فرمایا تحقیق اللہ تعالی
بخشتا ہی واسطے بندے اپنے کے یعنی جو کچھ چاہتا ہی قسم گناہون سے اور ایک روایت مین ہی اگرچہ ہون گناہ برابر پہاڑ کے جب تک نہو
پردہ درمیان بندے کے اور رحمت حق کے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا ہی پردہ فرمایا یہ کہ مرے آدمی اس حال مین کہ ہو شرک کرنیوالا ✠
اور فرمایا اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ یعنی توبہ کرنے والا گناہون سے یعنی توبہ صحیح مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین گناہ
واسطے اوسکے اور شرح السنہ مین روایت کی بغوی نے عبداللہ بن مسعود سے بطریق موقوف کے کہا عبداللہ بن مسعود نے اَلنَّدَمُ التَّوْبَةُ
وَالتَّائِبُ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ ✠ پشیمانی توبہ ہی یعنی پشیمانی بڑا رکن ہی توبہ کا اور توبہ کرنے والا مانند اوس شخص کے ہی کہ نہین گناہ
واسطے اوسکے ✠ مشکوة ✠ ف ✠ جاننا چاہیے کہ توبہ جب ہوتی ہی ساتھ شرطون معتبر کے تو نہین شک اوسکے قبول ہونے مین
اور ہوتی ہی اوس سے مغفرت بموجب عدہ الٰہی کے وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ ✠ اور وہ ایسا ہی کہ قبول کرتا ہی
توبہ اپنے بندون سے ✠ اور استغفار از راہ محتاجگی اور کسر نفسی کے بدون توبہ کے کبھی ہوتی ہی مٹانے والی گناہون کی اور کبھی نہین ہوتی
لیکن ثواب پاتا ہی اوسپر البتہ حاصل کہ موقوف ہی مشیت ایزدی پر کہ چاہتا ہی استغفار سے گناہ دور کرتا ہی اور چاہتا ہی نہین دور کرتا ✠ ع ✠
تنبیہ ✠ استغفار کے معنی ہین طلب بخشش کی کرنی اور وہ کبھی متضمن توبہ کو ہوتی ہی اور کبھی نہین اور توبہ کے معنی ہین رجوع کرنا
گناہون سے طرف طاعت کے اور غفلت سے طرف ذکر کے اور غیبت سے طرف حضور کے اور بخشش اللہ تعالی کی بندے کے لیے یہہ کہ ڈھانکے
گناہ اوسکے دنیا مین نہ مطلع کرے کسیکو اوسپر اور ڈھانکے آخرت مین کہ نہ عذاب کرے اوسکو گناہ پر اور سید الطائفہ جنید بغدادی سے
پوچھا کہ توبہ کیا ہی فرمایا فراموش کرنا گناہ کا یعنی بعد توبہ کرنے کے ایسی حلاوت گناہ کی دل سے نکل جاوے کہ گویا پہچانتا ہی نہین گناہ کو اور
سہیل تستری سے پوچھا کہ توبہ کیا ہی فرمایا کہ نہ بھولے تو گناہ کو یعنی بسبب خوف عذاب کے انتہی اور توبہ و استغفار کرنی بموجب اس وَتُوْبُوْٓا
اِلَی اللّٰهِ جَمِیْعًا کے ✠ یعنی اور توبہ کرو طرف اللہ کے سب ✠ ہر بندے پر واجب ہی اسلیے کہ ہر ایک بحسب حال و مرتبے اپنے کے گناہ یا بھول سے خالی نہین
پس ہر ایک کو لازم ہی کہ تمام گناہون گذشتہ سے توبہ کرے اور بخشش چاہے اور آیندہ تمام گناہ ترک کرے اور صبح و شام توبہ و استغفار کو
ورد کرے تا کہ کفارہ ہوتا رہے تمام گناہون کبیرہ اور صغیرہ کا کہ قصد کیے ہون یا خطا یا سہوًا اور بسبب شومی گناہون کے توفیق طاعت سے
محروم نرہے اور ظلمت اصرار کی گناہون پر دل کو بالکل گھیر نلے اور کفر و دوزخ کو نہ پہنچاوے اور شرطین توبہ کی چار ہین ایک توبہ کہ محض خوف عذاب الٰہی

س رواہ ابن ماجہ والبیہقی فی شعب الایمان وقال تفرد بہ النہرانی وہو مجہول ۱۲

اور بسبب تعظیم امرا وسکے کے توبہ کرے اور کوئی غرض درمیان مین نہو مانند تعریف کرنے لوگون کے اور ضعف اور قہر اوپا نہ انکے کے دوسری
یہ کہ گناہون گذرے ہوؤن سے شرمندہ ہو تیسری یہ کہ آیندہ گناہ ظاہر و باطن کے ترک کرے چوتھی یہ کہ عزم بالجزم کرے کہ آیندہ کبھی گناہ
ہرگز نہین کرونگا اور کیفیت توبہ اور صحت اس عزم کی یہ ہی کہ ابتداے بلوغ اپنے سے وقت توبہ تک تلاش کرے کہ کیا کیا گناہ ہوئے ہین تا تدارک
ہر ایک کا کرے پس اگر نماز و روزہ اور حج اور زکوٰۃ اور اور فرائض ترک ہوئے ہون تو قضا اونکی کرے اور سستی نکرے اونکے ادا کرنے
مین ساتھ صرف کرنے وقت کے نفل مین اور فرض کفایہ مین کہ نہ متعین یعنی نہ موقوف ہوا وسپر اور جو منع چیزین کین مانند پینے شراب وغیرہ کے
اونسے درگاہ خداے تعالی مین توبہ و استغفار کرے اور عمل خیر بہت کرے اور صدقہ دے تا توبہ اوسکی مقبول ہو اور بخشا جاوے چنانچہ وعدہ
کیا ہی اللہ تعالی نے هُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ + وہ ایسا ہی کہ قبول کرتا ہی توبہ اپنے
بندون سے اور عفو کرتا ہی برائیان + اور یہ توبہ کرنی اللہ تعالی سے اون گناہون سے ہی کہ محض گناہ خدا کے ہین اور جو گناہ کہ بسبب تلف ہونے
حقوق بندون کے ہون تو اللہ تعالی سے بھی بخشش چاہے اسلیے کہ نافرمانی اوسکی کی اور اونسے بھی تدارک اونکا کرے کہ اگر حق قسم مال سے ہو
تو ادا کرے یا بخشواوے اور اگر سواے مال کے ہو مانند غیبت وغیرہ کے تو اوس سے بخشواوے اگر فتنہ نہ برپا ہو تو نام لے اوس قصور کا اور نہین تو بغیر
ذکر کرنے نام کے مطلق گناہ معاف کرواوے اور اگر اسمین بھی خوف فتنے کا ہو تو رجوع خداے تعالی سے کرے اور تضرع و زاری اور اعمال
خیر کرے اور تصدق کرے تا اللہ تعالی اوس سے راضی ہو اور اپنے فضل سے اوسکے دشمنون کو ساتھ دینے اجر کے اپنے پاس سے راضی کرے اور اگر
صاحب حق مردہ ہو تو وارث اوسکے قائم مقام اوسکے ہین اونسے بخشواوے اور سلوک کرے اونسے اور مردے کے لیے بھی کچھ صدقہ دے اور توبہ و استغفار مین
دیر نکرے اور ساتھ وسوسہ ڈالنے نفس و شیطان کے یہ نکہے کہ مین توبہ پر ثابت نہین رہنے کا توبہ کیونکر کرون اسلیے کہ جب بندہ توبہ کرتا ہی تو گناہ
اگلے اوسکے بخشے جاتے ہین اگر آیندہ پھر بسبب بشریت کے گناہ ہوجاوے تو پھر توبہ کرے اگرچہ دن مین کئی بار ہو بشرطیکہ وقت توبہ کے اوسکے دل مین
نہو کہ پھر گناہ کرونگا اور توبہ کرلونگا بلکہ یہ خیال کرے کہ شاید پہلے گناہ کرنے کے مرجاؤن اور جب توبہ کرے تو نہا کر پاک کپڑے پہنکر دو رکعت
پڑھے حضور دل سے اور سجدے مین جاوے اور بہت تضرع و زاری اور ملامت اپنے نفس کو کرے اور گناہ گذرے ہوؤنکو یاد کر کر عذاب الہی سے
ڈر کر نادم ہو اور توبہ و استغفار کرے بعدہ ہاتھ اوٹھا کر کہے یا الہی غلام بھاگا ہوا گنہگار تیرا تیرے دروازے پر حاضر ہوا ہی اور عذر کرتا ہی گناہ میرے
بخشدے اور اپنے فضل سے عذر میرا قبول کر اور نظر رحمت سے میری طرف دیکھ اور میرے گناہ گذشتہ بخش اور مرتے دم تک مجکو اپنے گناہ سے نگاہ رکھ
کہ خیر تیرے ہی دست قدرت مین ہی اور توہی بخشنے والا ہی بعدہ درود پڑھے اور مسلمانون کے لیے بھی بخشش چاہے یہ توبہ تو عوام کی ہی کہ صاحب اوسکا
مستحق بشارت اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ کا ہوتا ہی اور توبہ خواص کی یہ ہی کہ برے اخلاق سے کہ
واجب ہی پاک کرنا دل کا اونسے توبہ کرین اور توبہ محبون کی غفلت خدا سے اور مشغول ہونے ماسوی اللہ سے ہوتی ہی چنانچہ شیخ ابن فارض رحمۃ اللہ علیہ
فرماتے ہین وَلَوْ خَطَرَتْ بِيْ سِوَاكَ اِرَادَةٌ عَلٰى قَلْبِيْ حَكَمْتُ بِرِدَّتِيْ یعنی اگر میرے دل پر سواے تیرے اور خطرہ گذرے
تو حکم کرون مین ساتھ ارتداد اپنے کے + اور جاننا چاہیے کہ گناہ کبیرہ ایمان سے تو خارج نہین کرتا لیکن فاسق و عاصی کر دیتا ہی اور گناہ کبیرہ
و صغیرہ کا بیان آگے ہوتا ہی تامل کرنا اوسمین پر ضرور ہی اور صغیرہ گناہ بے انتہا ہین اور پرہیز کرنا بھی اونسے دشوار ہی اور بسبب مذہب
مختار کے تقوے مین بھی خلل نہین لاتے ہین بشرطیکہ اصرار نہو صغیرہ پر اسلیے کہ صغیرہ بسبب اصرار کے کبیرہ ہو جاتا ہی پس مومن کو واجب ہی کہ
کبائر سے بلکہ حتی المقدور صغائر سے بھی پرہیز کرے اور جانے کہ گناہ اگرچہ ایمان سے خارج نہین کرتے لیکن خوف اسکا ہی کہ رفتہ رفتہ انجام کار
کو کفر و دوزخ کو نہ پہونچاوین اور سہل تر علاج گناہون سے بچنے کا یہ ہی کہ ہر چیز مین حد ضرورت پر ٹھیرے اور وہ یہ ہی لقمہ دفع کرنے والا بھوک کو
اور کپڑا ڈھانکنے والا ستر کا اور مکان بچانے والا گرمی و سردی سے اور باسن ضروری اور ایک بیوی اگر ضرور ہو اور جاننا چاہیے کہ بسبب تجاوز کرنے کے

حضور رہے اور ساتھ وسعت کرنے کی مباح مین پڑتا ہی شبہات و مکروہات مین اور بسبب پڑنے کے مکروہات مین مرتکب حرام چیزون کا ہوتا ہی اور یہان سے ہدا اسلام کی تمام ہوتی ہی اور مین بعد اسکے گھر کفر و آگ کا ہی نعوذ باللہ منہ + ع ب ح بو **تفسیر بحر العلوم** +

ف + گناہ کبیرہ وہ ہی کہ شرع مین اوسکے کرنے پر حد آئی ہو یا وعید عذاب کا آیا ہو اوسکے کرنے پر قرآن اور حدیث مین یا اطلاق شرع مین اوسپر کفر کا آیا ہو جیسے اس حدیث مین مَنْ تَرَكَ الصَّلٰوةَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ كَفَرَ + یا فساد اوسکا مثل فساد گناہ کبیرہ کے یا زیادہ اوس سے ہو یا منع آیا ہو اوس سے ساتھ دلیل قطعی کے اور موجب ہتک حرمت دین کا ہو لیکن جسمین یہ بات نہو وہ صغیرہ ہی اور مراتب کبیرہ کے متفاوت ہین بعضے بہت بڑے اور بڑے ہین بعض سے + اور مولانا جلال الدین دوانی وغیرہ نے کبیرہ نقل کیے ہین کہ شریک کرنا ساتھ اللہ کے خواہ اوسکی ذات مین کسیکو شریک کرے یا عبادت مین یا استعانت مین یا علم مین یا قدرت مین یا تصرف مین یا پیدا کرنے مین یا پکارنے مین یا سر کہنے مین یا نام رکھنے مین یا ذبح کرنے مین یا نذر ماننے مین یا لوگون کے امور سونپنے مین یعنی جیسے اللہ کو سبکے کام سپرد ہین ویسا اورون کو بھی جانے اور نیت اصرار کی گناہ پر رکھنی اور ناحق خون کرنا اور زنا اور اغلام اور چوری کرنی اور سحر کرنا اور سیکھنا سکھانا سحر کا اور شراب پینی اور اور نشے کی چیز پینی اور نکاح کرنا اپنے محارم سے اور جوا کھیلنا اور ترک کرنا ہجرت کا کفار کے ملک سے اور دوستی کرنی کفار سے اور ترک کرنا جہاد کا باوجود مقدرت کے اور غلبہ کفار کے اور بیاج کھانا اور گوشت مردار کا اور سور کا کھانا اور نجومی اور کاہن کی تصدیق کرنی اور کسی کا مال ظلم سے لے لینا اور مرد یا عورت پاکدامن کو تہمت زنا کی کرنی اور جھوٹی گواہی دینی اور روزہ رمضان کا قصداً بے عذر توڑنا اور قسم جھوٹی کھانی اور ناتا کاٹنا اور مان باپ مسلمانون کو ناحق ستانا اور اونکی نافرمانی کرنی اور کافرون کی لڑائی سے بھاگنا اور مال یتیمون کا ناحق کھانا اور مال غنیمت مین خیانت کرنی اور نماز کو آگے پیچھے وقت سے پڑھنی اور مسلمانون سے ناحق لڑنا اور جھوٹ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر باندھ لینا اور برا کہنا رسول کو اور قرآن کو اور فرشتون کو اور الحاد کرنا انکا اور ٹھٹھا کرنا ساتھ انکے اور انکار کرنا ضروریات دین کا اور ترک کرنا نماز کا اور روزہ رمضان کا اور زکوٰۃ اور حج کا اور حضرت کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو برا کہنا اور گواہی بے عذر چھپانی اور رشوت لینی اور خاوند جورو مین لڑائی ڈلوانی اور چغل خوری بادشاہ وغیرہ سے کرنی اور غیبت کرنی لوگون کی اور اسراف کرنا اور قزاقی کرنی اور فساد کرنا زمین مین بیچ مال اور دین کے اور ہمیشہ صغیرہ گناہ کرنے اور مدد کرنی گناہون مین اور رغبت دلانی گناہ پر اور راگ گانا ساتھ مزامیر کے اور ستر کھولنا حمام مین لوگون کے روبرو اور بخل کرنا ادائے واجب سے اور قتل کرنا نفس اپنے کو اور تلف کرنا کسی عضو کا اعضا اپنے سے یہ گناہ مین زیادہ ہی اوس سے کہ غیر اپنے کو مارے اور پاکی نکرنی پیشاب وغیرہ سے اور ایذا دینی ساتھ احسان دینے کے اور جھٹلانا تقدیر کو اور اپنے امیر سے عہد شکنی کرنی اور طعن کرنا نسبون مین اور پیچھے پانچ کرنے ازار کے تکبر سے اور گمراہی کی طرف بلانا لوگونکو اور نوحہ کرنا اور برا طریقہ نکالنا اور اشارہ کرنا مسلمان بھائی کی طرف ساتھ تیز چیز کے اور خوجہ کرنا کسیکو اور قطع کرنا کسی چیز کا عضو اپنے سے یعنی مثلاً داڑھی مونڈوا دے یا تھوڑے سے ناک کان وغیرہ کاٹ ڈالے اور ناشکری کرنی اپنے محسن کی اور کجروی کرنی حرم مین اور جاسوسی کرنی اور کھیلنا ساتھ نرد کے اور جتنے کھیل کہ بالاتفاق حرام ہین کھیلنے اور کہنا مسلمان کا مسلمان کو ای کافر او دشمن خدا اور عدل نکرنا درمیان بیبیون کے نوبت مین اور زلق کرنا اور صحبت کرنی حائضہ سے اور گرانی غلے سے خوش ہونا اور جانور سے فعل بد کرنا اور عالم کو اپنے علم پر عمل نکرنا اور محبت دنیا کی کرنی اور نظر کرنا امرد خوبصورت کو اور کسیکے گھر مین جھانکنا اور کسیکے گھر مین بغیر اوسکے اذن کے جانا اور دیوثی اور قرمساقی کرنی اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نزدیک قدرت کے ترک کرنی اور قرآن بعد سیکھنے کے بھلانا اور حیوانات کو جلانا اور عورت کو نافرمانی کرنی خاوند کی بلا سبب اور رحمت خدا سے ناامید ہونا اور اوسکے عذاب سے نڈر ہونا اور حقارت عالمون اور حافظون کی کرنی اور بیوی سے ظہار کرنا اسقدر مذکور ہوئے سوائے انکے اور بھی ہین یہ مشکوۃ شریف کے ترجمے مین حضرت شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی + اور کتاب ابن نجیم مصنف بحر الرائق کی مین لکھتے ہین ایسی یہ اعمال ظاہر ہوئین اور بہت چیزین تعلق ہین باطن سے جسکو شوق ہو او اللہ تعالیٰ [illegible]

تو حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب مین دیکھلے اور یہان بسبب طول ہونے کتاب کے نہین لکھی گئین حلاوۃ آیت فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ کا تمام ہوا + اب جاننا چاہیے کہ چونکہ اوسمین حکم ہوا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو استغفار کا مؤمنین مؤمنات کے لیے اوس نظر سے کچھ خوبی مؤمنین کی اور برائی اونکے مخالفون کی مذکور ہوتی ہے کہ فرمایا +

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ ۖ فَإِذَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ مُحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلَىٰ لَهُمْ ۝

اور کہتے ہین مسلمان کیون نہ بھیجی گئی ایک سورت پس جب بھیجی جاتی ہی ایک سورت واضح المعنی اور ذکر کیا جاتا ہی اوسمین لڑائی کا دیکھے تو اون لوگون کو کہ اونکے دلون مین بیماری ہی دیکھتے ہین طرف تیرے مانند دیکھنے اوس شخص کے کہ اوسکو بیہوشی پونہچی ہو بسبب حاضر ہونے موت کے پس واے اونکو + **فتح** + اور کہتے ہین ایمان والے کیون نہ اوتری ایک سورت پھر جب اوتری ایک سورت جانچی ہوئی اور ذکر ہوا اوسمین لڑائی کا تو تو دیکھتا ہی جنکے دلمین روگ ہی تکتے ہین تیری طرف جیسے تکتا ہی کوئی بیہوش پڑا مرنے کے وقت سو خرابی ہی اونکی **تفسین** + مسلمان سورت مانگتے تھے یعنی کافرون کی ایذا سے عاجز ہوکر آرزو کرتے کہ اللہ حکم دے جہاد کا تو جو ہوسکے کر گذرین جب حکم آیا جہاد کا تو کچے لوگون پر بھاری پڑا مردے کی طرح بے رونق آنکھون سے دیکھتے ہین کہ ہمکو کاشکے اس حکم سے معاف رکھیں بیحد خوف مین آنکھ کی رونق نہین رہتی جیسے مرتے وقت ہوجاتی ہی + **موٓ** ایک سورت کہ اوسمین حکم ہو جہاد کا واضح المعنی غیر متشابہ کہ اوسمین نہین احتمال ہو کسی معنی کا سواے واجب ہونے قتال کے اور قتادہ سے ہی کہ جس سورت مین ذکر قتال کا ہی سو محکمہ ہی اسلیے کہ پہلے اس سے درگذر کرنا تھا پھر قتال نے اوسکو نسخ کیا اور یہ منسوخ نہین ہونے کا روز قیامت تک ذکر کیا جاتا ہی اوسمین لڑائی کا یعنی حکم ہوتا ہی اوسمین جہاد کا دلون مین بیماری ہی یعنی نفاق ہی یعنی دیکھے تو منافقون کو کہ آپسمین تنگدل ہوتے ہین اور سے دیکھتے ہین الخ یعنی پتھرا جاتی ہین آنکھین اونکی بازراہ نامردی اور گھبراہٹ کے جیسے کہ دیکھتا ہی وہ شخص کہ پہونچتی ہی اوسکو بیہوشی وقت موت کے حاصل یہ کہ ڈرتے ہین لڑنے سے اور مکروہ جانتے ہین اوسکو + **ملح** +

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ۝

حال اونکا بحسب ظاہر کے فرمان برداری ہی اور بات اچھی کہنی پس جب مصمم ہوا کام پس اگر وعدہ اپنا سچا کرتے ساتھ خدا کے بہتر ہوتا اونکے لیے **فتح** + حکم ماننا ہی اور بھلی بات کہنی پھر جب تاکید ہو کام کی تو اگر سچے رہین اللہ سے تو اونکا بھلا ہی + **تفسین** + یعنی حکم شرع کا نہ ماننے سے کافر ہو ہر طرح ماننا ہی چاہیے پھر رسول بی جانتا ہی کہ نامردونکو کیون لڑوائیے اور جو بہت ہی تاکید آپڑے اوسیوقت ضرور ہو گا لڑنا نہین تو لڑنے والے بہتر ہین + **موٓ** یہ کلام الگ ہی پہلے کلام سے اور بعضونے طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ کا ترجمہ یہ کیا ہی کہ ہمسے طاعت اور بات اچھی ہی یعنی منافق پہلے حکم ہونے قتال کے سے کہتے تھے امرنا طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ یعنی کام ہمارا فرمانبرداری ہی اور بھلی بات کہنی اور جب حکم جہاد کا آیا متحیر ہوئے اور بقول بعض کے معنی آیت کے یہ ہین کہ طاعت خدا ورسول کی انکے لیے بہتر ہی اگر کرتے اور بقول بعض کے یہ آیت متصل ہی ماقبل سے یعنی فَأَوْلَىٰ لَهُمْ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَعْرُوفٌ اس صورت مین اولی لہم پر وقف نہین رکھینگے اور اولی کے معنی بہتر کے ہونگے یعنی پس لائق و بہتر ہی انکے لیے طاعت خدا ورسول کی اور بات اچھی فرمانبرداری کی اگر کرین پس جب مصمم ہوا الخ یعنی فرض و لازم ہوا قتال اور مومنون نے قصد کیا اوسکا ان منافقون نے خلاف کیا پس اگر وعدہ اپنا سچا کرتے یعنی ایمان طاعت مین بہتر ہوتا مکروہ جاننے جہاد کے سے + **بحر** +

+ **مد** +

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ○

پس ای ضعیف ایمانون اگر کارپرداز لوگون کے کام ہوگئے ہو تم تو البتہ نزدیک ہو تم اسکے کہ تباہ کاری کرو زمین مین اور قبیلہ داری کو قطع کرو + فتح + پھر تم سے یہی توقع ہی اگر تمکو حکومت ہو کہ خرابی ڈالو ملک مین اور توڑ دالو اپنے ناتے + تفسیر یعنی آرزو کرتے ہو جہاد کی جائے تنگ ہو کر اور اگر اللہ تم ہی کو غالب کرے تو فساد نکرو + موضح اور صاحب تفسیر جلالین نے معنی آیت کے یہ لکھے مین کہ شاید اگر اعراض کرو رسول خدا کے دین سے اور اونکی سنت سے رجوع کر وگے تم طرف اوس چیز کے کہ تھے تم اوسپر جاہلیت مین کہ فساد کرنا ہی زمین مین ساتھ لوٹنے مارنے اور کاٹنے ناتون کے ساتھ قتل کرنے بعض اتاربکے بعض کو اور گاڑ دینے جیتی بیٹیان کے انتہی اور صاحب معالم نے اول ہی معنی لکھے ہین اور پھر وہ جو کہ شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ اور شاہ عبد القادر علیہ الرحمۃ نے لکھے ہین بدلکھا ہی تفسیر فَهَلْ عَسَيْتُمْ الخ کے کہ کیسا دیکھا تمنے ایک قوم کو جسوقت روگردانی کی اونھون نے کتاب اللہ سے کیا نہین گرائے اونھون نے خون حرام اور کاٹے ناتے اور نافرمانی کی رحمٰن کی + اور عبد اللہ مزنی سے ہی بیچ تفسیر فَهَلْ عَسَيْتُمْ الخ کے کہ کہا نہین جانتا مین اس آیت کو کہ اوتری ہی مگر حروریہ کے حق مین + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پس جب پیدا کر چکا اونکو کھڑا ہوا رحم یعنی قرابت پس پکڑی کمر اللہ تعالیٰ کی پس فرمایا کیا کہتی ہی کہا اوسنے یہ جگہ کھڑے ہونے پناہ مانگنے والے کی ہی ساتھ تیرے قرابت کے کاٹنے سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اَلَا تَرْضَيْنَ أَنْ أَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَأَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ + یعنی کیا نہین راضی ہوتی ہی تو اسپر کہ ملاؤن مین اپنی رحمت سے اوسکو کہ ملاوے تجکو اور توڑون مین اوس سے کہ توڑے تجکو کہا اوسنے ہان ای رب مین راضی ہون فرمایا پس یہی ہی تیرے لیے پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو تم اگر چاہو فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ○ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَىٰ أَبْصَارَهُمْ ○ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا ○ اور فرمایا نہین ہی ملانے والا بدلہ دینے والا ولیکن ملانے والا وہ ہی کہ جبکہ کاٹا جاوے ناتا اوسکا ملاوے اوسکو + ف + یعنی سلوک کرنے والا ناتے دارون سے عوض مین اونکے سلوک کے سلوک کرنے والا نہین ہی سلوک کرنے والا وہ ہی کہ ناتے دار اوس سے انقطاع کرتے جاوین اور وہ سلوک کرے + حق + اور آیا ہی کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ ای رسول اللہ کے تحقیق میرے لیے ناتے دار ہین کہ سلوک کرتا ہون مین اونسے اور وہ انقطاع کرتے ہین مجھسے اور نیکی کرتا ہون مین اونسے اور وہ برائی کرتے ہین مجھسے اور مین دانائی خرچ کرتا ہون اونسے اور وہ جہالت کرتے ہین مجھپر پس فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ اگر ایسا ہی تو جیسا کہ کہتا ہی تو پس تو گویا کہ ڈالتا ہی تو اونکے مونہون مین خاک گرم اور ہمیشہ ہو گا تیرے ساتھ اللہ کی طرف سے فرشتہ مددگار اونپر جب تک کہ تو اس خصلت پر ہی + اور فرمایا لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلَىٰ قَوْمٍ فِيهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ + یعنی نہین اوترتی ہی رحمت اوس قوم پر کہ لوگون مین ناتا کاٹنے والا ہوتا ہی + اور فرمایا نہین کوئی گناہ کہ لائق تر ہو ساتھ اسکے کہ جلدی دے اللہ کرنے والے اسکے کو عذاب دنیا مین ساتھ اوس چیز کے کہ ذخیرہ کرے اوسکے لیے عذاب آخرت میں اطاعت نکرنے حاکم کے سے اور ناتے کے کاٹنے سے + ف + یعنی ان گناہون کے کرنے سے دنیا اور آخرت مین گرفتار عذاب کا ہوتا ہی + سید + اور فرمایا جو کوئی دوست رکھے یہ کہ فراخی کیجاوے اوسکے لیے اوسکے رزق مین اور تاخیر کیجاوے اوسکے لیے اوسکی اجل مین پس چاہیے کہ سلوک کرے اپنے قرابتیون سے + اور فرمایا سیکھو تم نسب اپنے اوسقدر کہ سلوک کرو تم ساتھ اوسکے اپنے اقربا سے اسلیے کہ سلوک کرنا اقربا سے سبب محبت کا ہی اقربا مین سبب زیادتی کا ہی مال مین تاخیر کا ہی اجل مین + اور فرمایا کہ ناتا لٹکایا گیا ہی ساتھ عرش کے کہتا ہی یعنی بطریق خبر یا دعا مَنْ وَصَلَنِي وَصَلَهُ اللَّهُ وَمَنْ قَطَعَنِي قَطَعَهُ اللَّهُ + یعنی جو شخص کہ ملاوے مجکو ملاویگا اوسکو اللہ یعنی اپنی رحمت سے اور جو کاٹے مجکو کاٹیگا اوسکو اللہ یعنی اپنی رحمت سے + اور فرمایا اَفْشُوا السَّلَامَ

وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ + یعنی جیسے کرو سلام کا
اور کھلاؤ کھانا اور ملاؤ ناتون کو اور نماز پڑھو رات کو اس حال مین کہ لوگ سوتے ہون داخل ہو تم جنت مین ساتھ سلامتی کے اور فرمایا تین چیزین لٹک رہین ہین عرش مین ایک تو
ناتا کہتا ہی یا اللہ مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے پس کاٹا جاؤن مین اور امانت کہتی ہی یا اللہ مین پناہ مانگتی ہون ساتھ تیرے پس خیانت
کیجاؤن مین اور نعمت کہتی ہی یا اللہ مین پناہ مانگتی ہون ساتھ تیرے پس ناشکری کیجاؤن مین + اور فرمایا لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ + یعنی
نہین داخل ہوگا بہشت مین کاٹنے والا ناتے کا + ف + یعنی جو کوئی کاٹے ناتے کو حلال جانکر بغیر سبب بغیر شبہے کے باوجود علم کے ساتھ
تحریم اوسکی کے وہ بہشت مین نہین داخل ہونیکا اور یا یہ مراد ہی کہ ساتھ نجات پائے ہوؤنکے اور سابقین کے نہین داخل ہوگا + ع + اور
فرمایا اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الخ + یعنی لفظ رحم اشتقاق کیا گیا ہی لفظ رحمن سے پس فرمایا اللہ تعالی نے یعنی رحم کو کہ جو شخص ملاوے
تجکو یعنی رعایت تیرے حق کی کرے ملاؤنگا مین اوسکو یعنی ساتھ رحمت کے اور جو شخص کہ کاٹے تجکو کاٹونگا مین اوسکو یعنی اپنی رحمت سے محروم
رکھونگا + اور فرمایا کہ بلاشبہ رحم کے لیے زبان ہوگی روز قیامت کے عرش کے نیچے پس کہیگا ای رب میرے کاٹا گیا مین ای رب میرے ظلم کیا گیا مین
ای رب میرے برائی پونہچائی گئی طرف میرے پس جواب دیگا اوسکو رب اوسکا کیا نہین راضی ہوتا ہی تو اسپر کہ ملاؤن مین اپنی رحمت سے اوسکو کہ ملاوے
تجکو اور کاٹون مین اپنی رحمت سے اوسکو کہ کاٹے تجکو + اور فرمایا اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا اَهْلَ الْاَرْضِ
يَرْحَمْكُمْ اَهْلُ السَّمَآءِ اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَمَنْ وَّصَلَهَا وَصَلَهٗ وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعَهٗ + یعنی رحم کرنے والون پر
رحم کرتا ہی خدا رحمن رحم کرو زمین والون پر رحم کریگا تمپر آسمان والا یعنی خدا تعالی رحم مشتق ہی رحمن سے پس جو کوئی وصل کرے اوسکو وصل کریگا
اوسکو اللہ یعنی اپنی رحمت سے اور جو کوئی قطع کریگا اوسکو قطع کریگا اللہ اپنی رحمت سے اوسکو + کہا ابن عباس نے کہ عرض کیا مینے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ نصیحت کیجیے مجکو کچھ فرمایا کہ برپا کر نماز اور ادا کر زکوۃ اور روزے رکھ رمضان کے اور حج کر بیت اللہ کا اور عمرہ ادا کر اور سلوک
و احسان کر اپنے مان باپ سے اور سلوک کر ناتے دارون سے اور ضیافت کر مہمان کی اور حکم کر اچھی باتونکا اور منع کر بری باتون سے اور جا
ساتھ حق کے جہان جاوے + کہا ابو ہریرہ نے کہ عرض کیا مینے یا رسول اللہ جب دیکھتا ہون مین آپ کو تو خوش ہوجاتا ہی جی میرا اور ٹھنڈی
ہوجاتی ہین آنکھین میری یعنی کمال راحت حاصل ہوتی ہی پس خبر دیجیے مجکو ہر چیز کی پیدائش سے فرمایا ہر چیز پیدا کی گئی ہی پانی سے
عرض کیا مینے کہ خبر دیجیے مجکو ایسے کام سے کہ جب کرون مین اوسکو داخل ہون مین بہشت مین فرمایا پھیلا سلام کو اور کھلا کھانا اور
سلوک کر ناتے دارون سے اور قیام کر رات کو اس حال مین کہ لوگ سوتے ہون پھر داخل ہو تو بہشت مین سلامتی سے + اور فرمایا تین چیزین نیچے
عرش کے ہین قرآن اوسکے لیے ظہر اور بطن ہی جھگڑیگا بندون سے اور رحم ندا کریگا کہ ملا اپنی رحمت سے اوسکو کہ ملایا مجکو اور قطع کر اوس سے
کہ قطع کیا مجکو اور امانت یعنی وہ بھی ایسا ہی کچھ کہیگی کہ جسنے میری رعایت کی تو بھی اوسپر نظر عنایت کر اور جسنے میری رعایت نکی
یعنی خیانت کی تو بھی اوسپر عنایت نکر + اور کہا ابن عباس نے کہ رحم لٹک رہا ہی ساتھ عرش کے پس جب آتا ہی اوس پاس سلوک کرنے والا
ناتے دارون سے خوش ہوتا ہی بسبب اوسکے اور کلام کرتا ہی اوس سے اور جب آتا ہی اوسکے پاس ناتا کاٹنے والا جھگڑتا ہی اوس سے اور فرمایا
نہین داخل ہوگا جنت مین دائم الخمر اور نہ نافرمان مان باپ کا اور نہ منان یعنی کاٹنے والا ناتے کا + کہا ابن عباس نے کہ شروع ہوا یہ مومنون پر کہ
کرتے ہین گناہ یہان تک کہ پایا مینے یہ کتاب اللہ مین سورۂ قتال مین فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ
وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ + اور فرمایا اللہ تعالی نے لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى + اور فرمایا اللہ تعالی نے
اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ آخر آیت تک + مشکوۃ و در منثور

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ۝ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا

اسمین سوچ و فکر کرنا اور اسکی تلاوت نکرنی بڑی بے نصیبی ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ نعمتین چھہ ہین الاسلام و القرآن و محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و العافیۃ و الستر عن العیوب و الغنی عن الناس یعنی اسلام اور قرآن اور محمد رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور عافیت اور پردہ پوشی عیبون سے اور بے پروائی لوگون سے **منبہات وغیرہ**

اِنَّ الَّذِیْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّیْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَ اَمْلٰى لَهُمْ ○

تحقیق جو لوگ پھر گئے یعنی ساتھہ نفاق کے اپنے پیٹون کی طرف پیچھے اس سے کہ ظاہر ہوئی اونکے لیے راہ ہدایت کی شیطان نے آراستہ کیا اونکے لیے اور مہلت دی ہی اونکو + **فتح** + بیشک جو لوگ اولٹے پھر گئے اپنی پیٹھہ پر پیچھے اس سے کہ کھل چکی اونپر راہ شیطان نے بات بنائی اونکے دلمین اور دیر کے وعدے دیے + **تفسین** + یعنی منافق قرآن کو نہین سمجھتے کہ جہاد مین کتنے فائدے ہین اور قرار ایمان سے پھرے جاتے ہین کہ لڑائی مین جا دینگے تو دیر تک جیوینگے + **مو** + جو لوگ الخ یعنی منافق پھر گئے کفر کی طرف پوشیدہ بعد واضح ہونے حق کے اونکے لیے اور اَمْلٰى لَهُمْ کے معنی ہین مَدَّ لَهُمْ فِی الْاٰمَالِ وَ الْاَمَانِیِّ یعنی مہلت دی اونکو زندگی کی آرزوؤنمین اور امیدونمین اور ابو عمرو رضی نے اُمْلِیَ لَهُمْ پڑھا ہی یعنی مہلت دی گئی اور عمر دراز کی گئی + **مل** + مہلت دی یعنی شیطان نے اونکو تا درازی آرزوؤنمین اور اوسکی تسویلات یعنی فریبون کے اتباع مین ہین اور بصرے کی قرات کا ترجمہ یہ ہی کہ مہلت دی گئی اونکو خدا کی طرف سے اور عذاب مین جلدی نہوئی اور بقول بعض کے ضمیر اَمْلٰى کی خدا تعالی کی طرف پھرتی ہی یعنی مہلت دی خدا نے اونکو اور عذاب مین جلدی نکی اور کہا ہی مفسرین نے کہ مراد انسے کفار اہل کتاب کے ہین کہ بعد پہچاننے محمد علیہ السلام کی حقیقت کے اپنی کتابون سے آپ پر ایمان لانے سے پھر گئے اور بعض کے نزدیک مراد انسے منافق ہین کہ اسلام یعنی ظاہری اسلام لا کر پھر پھر گئے یعنی پوشیدہ اور مراد ھُدٰی سے آنحضرت صلعم کے معجزے ہین اور بموجب قول اول کے توریت و انجیل مین تبیان مین لکھا ہی کہ یہود پہلے بعثت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نعت آنحضرت کی توریت سے معلوم کرکر ایمان آپ پر رکھتے تھے اور اوسکو اظہار کرتے تھے اور لوگون کو اونکے ظہور سے خبر دیتے تھے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور ہجرت کرکر مدینے کو آئے اونسے اور اونپر ایمان لانے سے ارتداد اختیار کیا حق تعالی نے ساتھہ اوتارنے اس آیت کے اونکے حال سے خبر دی + **بحر العلوم** + **معا** +

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِیْعُكُمْ فِیْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ○

یہ سبب اسکے ہی کہ اونھون نے کہا ساتھہ اون لوگون کے کہ ناپسند کیا ہی اوس چیز کو کہ خدا نے بھیجی ہی یعنی منافق یہود سے کہتے تھے کہ فرمان برداری تمھاری کرینگے بعضے کامون مین اور خدا جانتا ہی اونکی پوشیدہ بات کہنے کو + **فتح** + یہ اسواسطے کہ اونھون نے کہا اونسے جو بیزار ہین اللہ کے اوتارے سے ہم تمھاری بات بھی مانینگے بعضے کام مین اور اللہ جانتا ہی مشورہ کرنا + **تفسین** + منافقون نے کافرون سے کہا کہ ہم مسلمان ہوئے ہین لیکن تمسے نہ لڑینگے + **مو** + بعضے کامون مین یعنی محمد کی عداوت مین اور بیٹھہ رہنے مین اونکی مدد کرنے سے اور لوگون کے باز رکھنے مین جہاد کرنے سے اونکے ساتھہ فرمان برداری تمھاری کرینگے پس کہا اونھون نے یہ پوشیدہ پر ظاہر کر دیا اوسکو اللہ تعالی نے + **مل** + **ح** +

فَكَیْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ○

پس کیا ہوگا حال جسوقت کہ اونکی روح قبض کرینگے فرشتے مارینگے اونکے مونھون کو اور اونکے پیٹون کو + **فتح** + پھر جب کیا ہوگا فرشتے جان نکالینگے اونکی مارتے جاتے ہین اونکے مونہہ پر اور پیٹھہ پر + **تفسین** + یعنی تب موت سے کیونکر بچینگے اور تب نفاق کا مزہ چکھینگے + **مو** + کیا ہوگا الخ یعنی پس کیا کرینگے اور کیا حیلہ ہوگا اونکا اوسوقت ابن عباس سے منقول ہی کہ نہین مرتا ہی کوئی گناہ پر مگر کہ مارتا ہی ایک فرشتہ فرشتون مین سے اوسکے مونہہ اور پیٹھہ پر مجاہد سے منقول ہی کہ کہا مارتے ہین فرشتے اونکے مونھون پر اور اونکی مقعدون پر لیکن

اللہ کریم ہی کہ اسطرح کہنا یہ کہ اپنی بیٹھوں پر بار بار فرمایا + مدد منثور +

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝

یہ عذاب بسبب اسکے ہی کہ اونھون نے پیروی کی اوس چیز کی کہ غصے مین لاوے خدا کو اور ناپسند کیا اوسکی خوشی کو پس خدا نے نابود کیا اونکے اعمال کو + **فتح** + یہ اسیر کی وجہ اوس راہ جس سے اللہ بیزار ہی اور ناپسند کی اوسکی خوشی پھر اوسنے اکارت کر دیے اونکے کیے + **موضح** +

تفسیر + یہ عذاب یعنی قبض روح کرنا بطور مذکور کے اور مراد اوس چیز سے کہ غصے مین لاوے چھپانا امر رسول کا ہی اور مدد کرنی کافرون کی اور اوسکی خوشی کی چیز سے مراد ہی ظاہر کرنا نعت پیغمبر کا اور اطاعت کرنی اونکی اور مدد کرنی مومنون کی + **ملا بحر** +

تنبیہ + اس سے معلوم ہوا کہ ایسے کامون سے بچے کہ جن سے پروردگار تعالی غصے ہو اور ایسے کام کرے کہ جن سے وہ راضی ہو اور غصے ہوتا ہی گناہون کے کرنے سے جیسے کہ حدیث شریف مین آیا ہی وَاِیَّاكَ وَالْمَعْصِیَةَ فَاِنَّ بِالْمَعْصِیَةِ حَلَّ سَخَطُ اللّٰهِ + یعنی بچا تو اپنے تئین گناہون سے اسلیے کہ گناہ سے اوترتا ہی غضب خدا کا یہ ٹکڑا ہی بڑی حدیث کا کہ مشکوۃ مین ہی اور راضی ہوتا ہی اللہ تعالی ایمان لانے سے اور عمل نیک کے کرنے سے اور خوف خدا کے رکھنے سے جیسا کہ سورۂ لم یکن کے اخیر مین فرمایا اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّهٗ + یعنی بلا شبہہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے وہ بہترین مخلوق کے ہین جزا اونکی جنتین ہمیشہ رہنے کی ہین جاری ہین نیچے اونکے نہرین ہمیشہ ہمیش کو رہینگے اونمین راضی ہوا اللہ اونسے یعنی بسبب طاعت اپنی کے اور راضی ہوے وہ اللہ سے یعنی بسبب ثواب اوسکے کہ یہ اوسکے لیے ہی کہ ڈرا اپنے رب سے یعنی اوسکے عذاب سے پھر باز رہا اوسکی نافرمانی سے اور راضی ہوتا ہی وہ خواہش نفسانی کے ترک کرنے سے اور اوس کے ڈر سے کھڑے رہنے سے سامنے اوسکے چنانچہ ایک بزرگ سے منقول ہی کہ چار چیزین نہین پائی جاتی ہین مگر بسبب چار چیزون کے نہین پائی جاتی ہی باقی یعنی آخرت کی نعمتین مگر بسبب ترک کرنے فانی کے یعنی دنیا کے فرماتا ہی اللہ تعالی مَا عِنْدَكُمْ یَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ + یعنی جو کچھ تمھارے پاس ہی فانی ہی اور جو کچھ اللہ کے پاس ہی باقی ہی اور فرمایا بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ وَّاَبْقٰی + یعنی بلکہ اختیار کرتے ہو تم اور ترجیح دیتے ہو دنیا کی زندگانی کو حالانکہ آخرت بہتر ہی اور پایندہ تر ہی اور نہین پائی جاتی ہی رضا یعنی خوشی اللہ تعالی کی مگر بسبب ڈرنے کے کھڑے رہنے سے سامنے اوسکے اور بسبب ترک کرنے خواہش نفسانی کے فرماتا ہی اللہ تعالی وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰی ۝ یعنی اور جو ڈرا کھڑے رہنے سے سامنے رب اپنے کے اور باز رکھا نفس کو خواہش سے پس بلا شبہہ ٹھکانا اوسکا بہشت ہی اور نہین پایا جاتا ہی درجہ عقبی کا مگر بسبب ترک کرنے کے راحت کو دنیا مین فرماتا ہی اللہ تعالی تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۝ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۝ یعنی یہ گھر آخرت کا مقرر کرتے ہین ہم اونکے لیے کہ نہین چاہتے ہین برائی زمین مین اور نہ فساد اور خوبیان آخرت کی پرہیزگارون کے لیے ہین اور نہین پائی جاتی ہی جنت مگر بسبب مشقت کے فرماتا ہی اللہ تعالی وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۝ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ یعنی جو لوگ مشقت کرتے ہین ہماری راہ مین البتہ دکھلاتے ہین ہم اونکو راہین اپنی اور بلاشبہ اللہ البتہ محسنین کے ساتھ ہی انتہی اور خوب سمجھنا چاہیے اسکو کہ اللہ تعالی کی رضامندی کے برابر کوئی چیز بھلی نہین اور اوسکے غضب کے برابر کوئی چیز بری نہین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چار چیزین جنت مین بہتر ہین نفس جنت سے خلود یعنی ہمیشہ رہنا جنت مین بہتر ہی جنت سے اور رضا اللہ تعالی کی جنت مین بہتر ہی جنت سے اور خدمت ملائکہ کی یعنی توقیر کرنا اونکا جنتیون کو جنت مین بہتر ہی جنت سے اور ہمسائگی انبیاء اللہ کی جنت مین بہتر ہی جنت سے اور چار چیزین

دوزخ مین بری ہین دوزخ سے فلو دوزخ مین برا ہی دوزخ سے اور بسا لگی شیطان کی دوزخ مین بری ہی دوزخ سے اور بسر لش
ملائک کی دوزخ مین بری ہی دوزخ سے اور غضب رب کا دوزخ مین برا ہی دوزخ سے **منہیات**

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ۝

کیا گمان کیا ہی اون لوگون نے کہ انکے دل مین بیماری ہی کہ ظاہر نکریگا خدا کینے انکے + **فتح** + کیا خیال رکھتے ہین جنکے دل مین روگ ہی کہ اللہ نکھولیگا
انکے بیرون کو + **موضح** + **تفسیر** + یعنی کیا منافقون نے یہ گمان کیا ہی کہ اللہ تعالی نہین ظاہر کریگا بغض و عداوت اونکی کہ نبی علیہ السلام سے
اور مومنون سے رکھتے ہین + **مل** +

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝

اور اگر چاہتے ہم البتہ دکھا دیتے ہم اونکو تیرے تئین پس پہچانتا تو اونکو اونکے قیافے سے یعنی ظلمت نفاق کی اونکے مونہوں پر ظاہر ہوتی واللہ اعلم
اور البتہ پہچانیگا تو اونکو اسلوب کلام مین اور خدا جانتا ہی عمل تمہارے + **فتح** + اور اگر ہم چاہین تجکو دکھا دین سو پہچان تو چکا ہی تو اونکے چہرون
سے اور آگے پہچان لیگا بات کے ڈھب سے اور اللہ کو معلوم ہین تمہارے کام + **موضح** + **تفسیر** + دکھا دیتے یعنی پہچنوا دیتے ہم تجکو اونکو کہ اونکی
اور رہنمائی کرتے تجکو اونپر قیافے سے یعنی اونکی علامت سے اور وہ یہ ہی کہ کچھ اونکی نشانی بتا دیتا اللہ تعالی کہ جس سے وہ معلوم ہوتے اور انسے کچھ نہین
پوشیدہ رہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر بعد اوترنے اس آیت کے کوئی منافقون مین سے پہچان لیتے تھے آپ اونکو اونکی نشانیون سے پہچانیگا تو اونکو
اسلوب کلام مین اسلیے کہ نہین قادر ہوتے ہین اوپر چھپانے اوس چیز کے کہ اونکے جیون مین ہی + **مل** + اسلوب کلام مین کہ جس سے حقارت حضرت کی
اور مومنون کی نکلے اور ٹھٹھا کرنا اونسے اور رعین المعانی مین انس سے روایت کیا ہی کہ ایک جہاد مین منافق جب سوتے سے اوٹھے تو اونکی پیشانیون
پر لکھا ہوا تھا ھذا منافق اور تفسیر معالم مین ہی کہ بعد اوترنے اس آیت کے کوئی منافق رسول علیہ السلام سے کلام نہین کرتا تھا مگر کہ آپ
اوسکو پہچان لیتے تھے + **بحر** + پھر بتا دیا اللہ تعالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بعد اوترنے اس آیت کے منافقون کے تئین پس تھے حضرت پکارتے
نام لیکر ایک شخص کا منافقون مین سے اور ابن مسعود سے ہی کہ کہا نہین پہچانتے تھے ہم منافقون کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین
مگر بسبب بغض رکھنے اونکے کے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے + **در منثور** +

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ۝

اور البتہ امتحان کرینگے ہم تمکو تا پہچانین ہم مجاہدون کو تمسے اور صابرون کو اور آزماوین ہم احوال تمہارے + **فتح** + اور البتہ ہم تمکو
جانچینگے تا معلوم کرین جو تم مین لڑائی والے ہین اور ٹھہرنے والے اور تحقیق کرین تمہاری خبرین + **موضح** + **تفسیر** + یعنی حکم کرتا ہون مین تمکو
جہاد و صبر کا تا خلق پر ظاہر ہو کہ مجاہد اور صابر کون ہی اور مخالف کون ہی + **بحر** + امتحان کرینگے ہم الخ یعنی ساتھ قتال کے از راہ اعلام
نہ استعلام کے یعنی تا خلق پر ظاہر ہو جائے حال تمہارا نہ یہ کہ ہم معلوم کرین ہم عالم الغیوب ہین ہمکو کیا حاجت ہی معلوم کرنے کی یا معاملہ کرین
ہم تمسے امتحان کرنے والون کا سا تاکہ خوب اظہار عدل ہو جائے اور صابرون کو یعنی صبر کرنے والون کو جہاد پر اور اخبار سے مراد ہی اسرار
اور فضیل سے منقول ہی کہ جب وہ پڑھتے تھے یہ آیت روتے تھے اور کہتے تھے اَللّٰهُمَّ لَا تَبْلُنَا فَاِنَّكَ اِنْ بَلَوْتَنَا فَضَحْتَنَا
وَهَتَكْتَ اَسْتَارَنَا وَعَذَّبْتَنَا + یعنی یا اللہ نہ امتحان کر تو ہمکو اسلیے کہ تو اگر امتحان کریگا ہمکو فضیحت کریگا تو ہمکو اور پھاڑیگا
پردے ہمارے اور عذاب کریگا تو ہمکو + **مل** + مجاہد سے منقول ہی کہ اونھون نے پڑھی یہی آیت پھر کہا اَللّٰهُمَّ عَافِنَا وَاسْتُرْنَا وَلَا تَبْلُ
اَخْبَارَنَا + یعنی یا اللہ عافیت دے تو ہمکو اور پردہ پوشی کر ہماری اور مت آزما احوال ہمارے + **در منثور** +

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَاۗقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ○

تحقیق وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور باز رکھا خدا کی راہ سے اور مخالفت کی پیغمبر کی بعد اسکے کہ ظاہر ہو چکی واسطے انکے راہ ہدایت کی کچھ زیان نہین پونہچا سکینگے خدا کو اور نابود کریگا خدا اعمال انکے + فتح + جو لوگ منکر ہوئے اور روکا اللہ کی راہ سے اور خلاف ہوئے رسول سے بعد اسکے کہ کھل چکی انپر راہ نہ بگاڑ سکینگے اللہ کا کچھ اور اکارت کردیگا اللہ اونکے کیے + موضح القرآن + تفسیر عمل اونکے یعنی جو کرتے تھے رسول کی مخالفت یعنی باطل کر دیگا اونکو پس نہین پہونچینگے اوسسے طرف غرضون اپنی کے + معالم + نابود کریگا انکو پس نہین دیکھینگے ثواب آخرت مین اور مراد اسسے یہود ہین کہ از راہ ظلم کے حقیت پیغمبر کی توریت سے جانکر منکر ہوئے اور لوگون کو اوپر ایمان لانے سے باز رکھا اور بعض کے نزدیک مراد وہ لوگ ہین کہ جو کفار لشکر کے تھے اونکو اوسکے بہلے مین کھلاتے تھے اور تقویت اونکی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائی پر کرتے تھے + موضح + بحر + اور بعضون نے کہا کہ مراد اعمال سے کید و مکر اونکے ہین کہ نبی علیہ السلام اور مومنون کے حق مین کرتے تھے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اصحاب فیل کے حق مین اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ + تفسیر ابن الہادی + کفار و منافقین پر غصہ فرما کر اب اونکے مقابل مین مومنون کو خطاب ہوتا ہی +

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ○

اے مسلمانون فرمان برداری کرو اللہ کی اور فرمان برداری کرو پیغمبر کی اور باطل نکرو عمل اپنے یعنی بسبب ارتداد کے یا ریا اور سمعت کے + فتح + اے ایمان والون حکم پر چلو اللہ کے اور حکم پر چلو رسول کے اور ضائع مت کرو اپنے کیے + تفسیر + یعنی جہاد کرنا کچھ محنت کرنی اللہ کی راہ مین جب قبول ہو کہ موافق حکم کے ہو اپنی چاہ پر نکرو + موضح + باطل نکرو اعمال یعنی بسبب کرنے گناہون کے مثلاً + ج + بسبب نفاق یا ریا کے + معالم + کہا عطاء نے بسبب شک و نفاق کے کہا کلبی نے بسبب ریا و سمعت کے اور کہا حضرت حسن بصری نے بسبب معاصی اور کبائر کے + معالم + قتادہ نے کہا کہ تفسیر اس آیت کے کہ جو کوئی طاقت رکھے تم مین یہ کہ نہ باطل کرے عمل صالح کو بسبب کرنے عمل بد کے تو چاہیے کہ کرے وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ + پس بلا شبہہ خیر دور کرتی ہی شر کو اور مدار اعمال کا خاتمے پر ہی + کہا ابو العالیہ نے کہ تھے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گمان کرتے یہ کہ نہین ضرر کرتا ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے کوئی گناہ جیسا کہ نہین نفع دیتا ساتھ شرک کے کوئی عمل یعنی نیک یہانتک کہ اوتری یہ آیت اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ○ پس ڈرے اس سے کہ باطل کرے گناہ عمل کو اور بعض روایت مین ہی کہ پس ڈرے کبائر سے یہ کہ باطل کردین اونکے اعمال کو + کہا ابن عمر نے کہ تھے ہم جماعت اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم جانتے یہ کہ نہین ہی نیکیون سے کچھ مگر کہ قبول ہی کی جاتی ہی یہانتک کہ نازل ہوئی یہ آیت اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ○ پس جب نازل ہوئی یہ آیت تو کہا ہمنے کہ کیا ہی وہ ایسی چیز کہ باطل کرتی ہی ہمارے اعمال کو پھر کہا ہمنے کہ یہ کبائر ہین جو لازم کرتے ہین عذاب کو اور باتین بیحیائی کی ہین پس تھے ہم جب دیکھتے اوس شخص کو کہ کرتا ہی انمین سے کچھ تو کہتے تھے ہم کہ بلا شبہہ یہ ہلاک ہوا یہانتک کہ اوتری یہ آیت اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ + یعنی بلا شبہہ نہین بخشتا اللہ شرک کو اور بخشدیتا ہی سوائے اسکے کو جسکے لیے چاہتا ہی + پس جب اوتری یہ آیت تو باز رہے ہم کلام کرنے سے انمین اور تھے ہم جب دیکھتے کسیکو کہ کرتا ہی انمین سے کچھ تو ڈرتے تھے ہم اوسکے حق مین اور اگر نکیا انمین سے کچھ تو امید رکھتے تھے ہم اوسکے لیے یعنی مغفرت + در منثور + تنبیہ + بھائیون غور کرو ان مضامین پر اور اللہ و رسول کی اطاعت پر دامن باندھو اور بچو شک نفاق و گناہون سے اور عجب سمعت و ریا سے تو امید ہی اوسکی رحمت و مغفرت کے + اب کچھ آیتین اور حدیثین آنحضرت کی اطاعت کی فضیلت کی سنو اور تامل کرو انمین فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا + یعنی اور جسنے اطاعت کی

اللہ کی اور اوسکے رسول کی پس تحقیق بڑی ہی مراد کو پونہچا اور فرمایا قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ + یعنی کہو
ای محمد اگر دوست رکھتے ہو تم اللہ کو تو پیروی کرو میری تو کہ دوست رکھے تمکو اللہ اور فرمایا وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ
مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ یعنی لوگ جو کہ فرمان برداری
کرتے ہین اللہ و رسول کی پس وہ لوگ ساتھ اونکے ہونگے کہ انعام کیا ہی اللہ نے اونپر کہ وہ نبی ہین اور صدیق اور شہدا اور صالحین اور فرمایا
مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ + یعنی جسنے اطاعت کی رسول کی پس بلاشبہہ اطاعت کی اللہ کی اور فرمایا یَوْمَئِذٍ یَّوَدُّ الَّذِیْنَ
كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰی بِهِمُ الْاَرْضُ + یعنی دن قیامت کے دوست رکھینگے وہ لوگ کہ کفر کیا ہی اور نافرمانی کی ہی رسول
کی یہ کہ برابر کیجاوے ساتھ اونکے زمین یعنی ہوجاوین مٹی مانند زمین کے بسبب شدت ہول اوس دن کے اور فرمایا قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ + یعنی کہہ فرمان برداری کرو اسکی اور رسول کی پھر اگر پھر جاؤ پس تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا کافرونکو
اور فرمایا وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا + یعنی اور جو کچھ دیوے تمکو رسول پس لے لو اوسکو اور جس
چیز سے منع کرے تمکو وہ پس باز رہو اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے كُلُّ اُمَّتِیْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰی الخ یعنی ساری
امت میری داخل ہوگی بہشت مین مگر جسنے کہ کہا نہ مانا اور سرکشی کی کہا گیا کہ کسنے نہ کہا مانا اور سرکشی کی فرمایا جسنے اطاعت کی میری داخل ہوا بہشت مین
اور جسنے نافرمانی کی میری پس تحقیق کہا نہ مانا + ف + کہا گیا کسنے کہا نہ مانا الخ یعنی نافرمان و سرکش سے کون مراد ہی پس حضرت نے جواب مین
سرکش اور غیر سرکش بیان کیے خوب واضح ہونیکے لیے ۱۲ + کہا جابر رضی اللہ عنہ نے کہ آئے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ
سوتے تھے پس کہا فرشتون نے آپسمین کہ تحقیق واسطے اس صاحب تمہارے کے یعنی آنحضرت کے ایک کہاوت ہی پس بیان کرو واسطے اسکے
کہاوت کو کہا بعضے فرشتون نے کہ تحقیق وہ سوتا ہی یعنی بیان کرنا کہاوت کا کیا فائدہ اور کہا بعضے فرشتون نے کہ بلاشبہہ آنکھ اوسکی سوتی ہی
اور دل جاگتا ہی پھر کہا فرشتون نے کہ کہاوت اسکی مانند کہاوت ایک شخص کے ہی کہ بنایا اوسنے گھر اور ٹھہرایا اوسمین کھانا کھلانا اور بھیجا بلانیوالے
کو پس جسنے کہ کہا مانا بلانے والے کا داخل ہوا گھر مین اور کھایا کھانا اور جسنے نہ کہا مانا بلانے والے کا نہ داخل ہوا گھر مین اور نہ کھانا کھایا
پھر کہا فرشتون نے آپسمین کہ کھول کر بیان کرو اس کہاوت کو اسکے لیے تاکہ یہ سمجھے اسکو کہا بعضے فرشتون نے کہ تحقیق یہ سوتا ہی اور کہا بعضون
نے کہ تحقیق آنکھ سوتی ہی اور دل جاگتا ہی پھر کہا فرشتون نے کہ مراد گھر سے بہشت ہی اور بلانے والے سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پس جسنے
فرمان برداری کی محمد کی پس فرمان برداری کی اوسنے اللہ کی اور جسنے نافرمانی کی محمد کی پس تحقیق نافرمانی کی اللہ کی اور محمد فرق کرنے
والے ہین درمیان لوگون کے + ف + کہ فرق کردیا کافر اور مومن مین اور حق و باطل مین اور صالح اور فاسق مین اور کھانا جو
طیار کیا ہی مراد اوس سے نعمتین بہشت کی ہین اور مراد شخص سے پاک پروردگار ہی یہ دونون بسبب اسکے کہ ظاہر ہین بیان نہین کیے
۱۲ + اور فرمایا علیہ السلام نے سوا اسکے نہین کہ مثل میری اور مثل اوس چیز کی کہ بھیجا مجکو اللہ تعالی نے ساتھ اوسکے یعنی دین و شریعت کے مانند مثل
ایک شخص کے ہی کہ آیا ایک قوم کے پاس پس کہا اوسنے ای قوم میری تحقیق دیکھا مینے لشکر اپنی آنکھون سے اور بلاشبہہ مین ڈرانیوالا ہون
ننگا یعنی بیغرض پس ڈھونڈھو تم نجات کو نجات کو پس فرمان برداری کی اوسکی ایک جماعت نے قوم اوسکی سے پس چلے راتون رات
پس چلے اوپر آہستگی کے پس نجات پائی اور جھٹلایا ایک جماعت نے اوسمین سے پس صبح کی اپنے مکان مین پس داخل ہوا اونپر لشکر دشمن کا
پس ہلاک کیا اونکو اور جڑسے اوکھاڑ دیا اونکو پس یہ ہی مثال اوسکی کہ فرمان برداری کی میری پس پیروی کی اوس چیز کی کہ لایا مین اور اسکو
اور مثال اوسکی کہ نافرمانی کی میری اور جھٹلایا اوس چیز کو کہ لایا ہون مین اور اسکو حق سے یعنی دین ۱۲ + ف + ڈرانے والا ہون ننگا اصل اسکی
یہ ہی کہ عرب مین جب کوئی شخص دشمن کو آتے دیکھتا اپنی قوم پر تو کپڑے اوتار کر سر پر رکھتا اور چلاتا تا خبردار ہو جاوے قوم بعد اوسکے مثل ہو گئی ہی

ف فرد عن جابر رواہ البخاری ۱۲

ع بنا ... شخص ... ۱۲

ہر امر ناگہانی دہشتناک کے پیش آنے مین پس یہ بات حضرت پر کمال صادق تھی کہ سچے تھے خبر دینے عذاب کے مین ح + مسلم
اور فرمایا کہ مثل میری مثال اوس شخص کی ہی کہ جلائی آگ پس جب کہ روشن کیا آس پاس گرد اپنا آگ مین گرنا شروع کیا پروانون نے اور ان جانورون
نے کہ گرتے ہین آگ مین اور شروع کیا آگ جلانے والے نے کہ روکتا ہی اونکو اور وہ غالب آتے ہین اوسپر پس داخل ہوتے ہین آگ مین یعنی
اسکے منع کرنے سے باز نہین رہتے آگ مین گرنے سے پس مین پکڑتا ہون کمرین تمھاری کہ بچاؤن آگ سے اور تم گھسے جاتے ہو اوسمین یہ ہی
روایت بخاری کی اور واسطے مسلم کے مانند اسی کے اور کہا مسلم نے بیچ آخر اس روایت کے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس مثل
میری اور مثل تمھاری ہی کہ مین پکڑنے ہون کمرین تمھاری بچانے کو آگ سے اور یہ کہتا ہون کہ آؤ میری طرف بچو آگ سے آؤ میری طرف
بچو آگ سے پس تم غالب آتے جیسے گھسے جاتے ہو اوسمین روایت کی یہ بخاری مسلم نے + ف + یعنی ہیئتے حرام اور منع چیزین واضح
بیان کین ہین جیسے کوئی آگ روشن کرے اور تم گرتے ہو اوسمین یعنی کرتے ہو وہی برے کام اور مین منع کرتا ہون ح + اور فرمایا مثال
اوس چیز کی کہ بھیجا مجکو اللہ نے ساتھ اوسکے یعنی ساتھ ہدایت اور علم کے مانند مثال مینہ بہت کے ہی کہ پہونچا زمین کو پس تھا اوس زمین
مین سے ایک ٹکڑا اچھا قبول کیا اوسنے پانی کو یعنی اپنے اندر جذب کیا پھر اگائی خشک گھانس اور تر بہت اور تھا ایک ٹکڑا اوسمین سے
سخت کہ ٹھہرا رکھا پانی کو پس نفع دیا اللہ نے بسبب اوسکے لوگون کو پس پیا اور پلایا اور کھیتی کی اور پہونچا اوس زمین سے ایک ٹکڑے
اور کو نہ تھا وہ مگر چٹیل میدان نہ تھانبا پانی کو اور نہ جمایا گھانس کو پس یہ یعنی جو سب مذکور ہوئین مثل ہی اوس شخص کی کہ سمجھا بیچ دین
خدا کے اور نفع دیا اوسکو اوس چیز نے کہ بھیجا مجکو اللہ نے ساتھ اوسکے پس جانا یعنی سیکھا اوسنے اور سکھایا اور مثل اوسکی کہ نہ اوٹھایا ساتھ
اوسکے سر کو بسبب تکبر کے اور نہ قبول کی اوسنے ہدایت اللہ کی کہ بھیجا گیا ہون مین ساتھ اوسکے + ف + اسمین دو طرح کے آدمی
مذکور ہوئے ایک تو فائدہ اوٹھانے والے دین سے اور دوسرے نہ فائدہ اوٹھانے والے اوس سے اور زمین بھی دو طرح کی مذکور ہوئی ایک وہ کہ
فائدہ مند ہوتی ہی پانی سے اور دوسری وہ کہ نہین فائدہ مند ہوتی پھر آگے فائدہ مند کی دو قسمین ہین اوگنے والی اور نہ اوگنے والی اسیطرح
فائدہ مند دین سے دو قسم پر ہین ایک عالم عابد فقیہ معلم پس یہ مثل اوس زمین پاک کے ہین کہ پانی جذب کیا اور آپ بھی فائدہ مند ہوئی اور گھانس
اوگائی اور اورون کو بھی فائدہ مند کیا اسیطرح اونھون نے خود بھی فائدہ علم سے اوٹھایا اور اورونکو بھی فائدہ دیا اور دوسرا عالم معلم غیر عامل
ایسا کہ نوافل وغیرہ کے مشغول نہوا اور علم جو حاصل کیا اوسمین تفقہ یعنی سمجھ نہ پیدا کی پس یہ مثل اوس زمین کے ہی کہ پانی اوسمین ٹھہرا اور لوگ
منتفع ہوئے یا جس زمین نے پانی جذب کیا اور گھانس اوگائی وہ مثال ہی مجتہدین کی کہ علم حاصل کیا اور پھر اوس سے بہت مسائل استنباط کیے آپ بھی
فائدہ مند ہوئے اور اور لوگ بھی اور جس زمین نے پانی ٹھہرایا وہ مثال ہی محدثین کی کہ علم حدیث حاصل کیا اور بعینہ لوگونکو پہونچا کر فائدہ مند کیا اور
جسنے کہ سر نہ اوٹھایا اور توجہ اور التفات علم کی طرف نکی اور ہرگز نہ سنا اور نہ عمل کیا اوسپر اور نہ تعلیم کی خواہ دین مین آیا یا نہ آیا کافر ہوا یہ مثل اوس
زمین شور کے ہی کہ پانی نہ قبول کیا اور نہ ٹھہرایا اور نہ کچھ اوگایا ح + اور فرمایا لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِّمَا جِئْتُ
بِهٖ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ + یعنی نہین پورا مومن ہوتا ایک تمھارا یہانتک کہ ہو خواہش اوسکی تابع اوس چیز کے کہ لایا ہون مین اوسکو
یعنی دین و شریعت + ف + یعنی تابع ہوا شریعت کا اعتقاد مین اور عمل مین اور عادات مین و عبادات مین کمال خوشی سے یہ بات جب حاصل ہوتی ہی کہ
جاتی رہے آدمی سے کدورت نفسانی پس وہ روشن ہوتا ہی ساتھ صفات نورانیہ کے اور یہ حالت نہین پائی جاتی ہی مگر اولیاء اللہ مین + سید +
پس جب نفس کو تہذیب ہوئی تو اطاعت خدا اور رسول کی اوسکی غذا ہو جاتی ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہی اگر مجکو اختیار دین بہشت
اور مسجد مین تو اختیار کرون مسجد کو اسواسطے کہ بہشت حصہ میرا ہی اوسکے نزدیک اور مسجد مین حکم اوسکا ہی میرے نزدیک شعر + دوزخم باشد اگر جنت
ہوس باشد مرا + یک وجب جا از در کوی تو لبس باشد مرا + ہان جنت محل رضائے مولی ہی اسلیے اولیا اوسکی طرف رغبت کرتے ہین + اسیطرے خواہش نفس کے

اور فرمایا یعنی انس کو یَا بُنَیَّ اِنْ قَدَرْتَ الخ رواہ الترمذی یعنی اے چہوٹے سے بیٹے میرے اگر قدرت رکھتا ہی تو اسکی کہ صبح کرے اور شام کرے اور نہو تیرے دل مین کینہ واسطے کسیکے پس کر تو پہر فرمایا اے بیٹے میرے اور یہی سنت میری اور جسنے دوست رکھا میری سنت کو پس تحقیق دوست رکھا مجکو اور جسنے دوست رکھا مجکو ہوگا ساتھ میرے بہشت مین ** **ف** + اس حدیث مین اشارہ ہی اسپر کہ دوست رکھنا حضرت کی سنت کا سبب ہی آنحضرت کی محبت اور رفاقت کا جیسا عمل کرنا اوسپر ای بہائیو خیال تو کرو کیا درجہ ہی حضرت کی سنت کی محبت رکھنے والون کا سب نعمتین ایک طرف ہین یہ ایک طرف اللہ تعالیٰ نصیب کرے ہم سبکو آمین آمین آمین ** **ح** + اور فرمایا مَنْ اَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِي سُنَّةٍ وَاَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ الخ رواہ الترمذی + یعنی جسنے کہایا حلال اور عمل کیا سنت کے طریقے پر اور امن مین رہے لوگ زیادتی اوسکی سے داخل ہوگا بہشت مین پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ تحقیق یہ آجکے دن البتہ بہت ہین لوگون مین فرمایا اور رہونگے بعد زمانے میرے کے بہی + **ف** + اگر ایک مال کماوے ایسی وجہ سے کہ گناہ لازم آتا ہی پہلے اوسکے کمانے کے یا عین کمانے کے وقت یا بعد اوسکے تو وہ طیب نہین ہوتا جبتک گناہ سے تینون حالتون مین نہ بچے تو وہ طیب ہوتا ہی مثال طیب نہونیکی یہ ہی کہ مثلاً کسینے بیع کرنیکا ارادہ کیا پہلے عقد کے ارادہ دغا فریب کا کیا اگرچہ وقت عقد کے ایجاب قبول موجب شرع کے ہوا یا عین وقت عقد کے کوئی شرط فاسد بیع مین لگادے یا بعد ہونے عقد کے کوئی شرط فاسد لگادے مثلاً کہا کہ بیع ہوئی مگر شرط یہ ہی کہ ایک تل شراب کی مجہے دیا کر یا اس جیسے کہ تینون وقتون مین خلاف شرع سے بچے اسی پر قیاس کرے حالت نوکری کو اور عمل کرے طریقہ سنت پر یعنی جو فعل کرے یا جو بات کہے موافق شرع کے ہو یعنی چنگل مارے ہر عمل مین ساتھ سنت کے یعنی حدیث کے کہ وارد ہوئی ہو اوس عمل مین یہان تک کہ پائخانہ جانا اور دور کرنا ایک چیز کا راہ سے بموجب حدیث کے بجا لاوے البتہ بہت ہین آج لوگون کے یعنی ایسے آدمی ہمارے زمانے مین تو بہت ہین بعد ہمارے دیکہا چاہیے کیا حال ہوگا یہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کی آگے حال حضرت کے ارشاد کا یہ ہی کہ خیر میری امت سے منقطع نہین ہونے کی اگرچہ فرق کمی زیادتی کا ہوا اخیر زمانے مین بہی ایک جماعت ہوگی کہ طریقہ سنت و تقوی پر مستقیم ہونگے + **ح** + **ح** + اور فرمایا تَرَكْتُ فِيكُمْ اَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللهِ وَسُنَّةَ رَسُولِهِ رواہ فی الموطا + یعنی چہوڑین ہین مینے تم مین دو چیزین ہرگز گمراہ نہوؤگے تم جب تک پکڑے رہوگے اون دونون کو یعنی کتاب اللہ اور سنت اوسکے رسول کی یعنی حدیث + اور فرمایا مَا اَحْدَثَ قَوْمٌ بِدْعَةً اِلَّا رُفِعَ مِثْلُهَا مِنَ السُّنَّةِ فَتَمَسُّكٌ بِسُنَّةٍ خَيْرٌ مِنْ اِحْدَاثِ بِدْعَةٍ رواہ احمد + یعنی نہین نکالی کسی قوم نے بدعت یعنی جو بدعت کہ مزاحم سنت کی ہو مگر کہ اوٹھائی جاتی ہی مانند اوسکے سنت سے پس چنگل مارنا ساتھ سنت کے بہتر ہی نکالنے بدعت کے سے + **ف** + یعنی چنگل مارنا ساتھ سنت کے اگرچہ تہوڑی ہو بہتر ہی نکالنے بدعت کے سے اگرچہ حسنہ ہو اسلیے کہ اتباع سنت سے پیدا ہوتا ہی نور اور ساتھ گرفتاری بدعت کے آتی ہی تاریکی مثلاً پائخانے جانا بموجب آداب شرع کے بہتر ہی بنانے سرا اور مدرسے کے سے اسلیے کہ رعایت کرنے والا آداب سنت کا ترقی کرتا ہی طرف مقام قرب کے اور اوسکے ترک کرنے سے تنزل کرتا ہی اوس سے اور یہ باعث ہوتا ہی اوس افضل کے ترک کا یعنی کہ قساوت قلبی کے مرتبے کو پہونچتا ہی کہ جسکو رین اور طبع کہتے ہین کذا ذکر الشیخ رحمۃ اللہ علیہ اور اسی طرح سید جمال الدین رحمۃ اللہ علیہ نے لکہا ہی اور لکہا ہی کہ آمین سمجہ یہ ہی کہ جسنے مثلاً رعایت پائخانے کے آداب کی کی تو اللہ تعالیٰ اوسکو توفیق دیگا ترقی کی طرف اوس چیز کے کہ اعلیٰ اوس سے ہی اور جو اوسکو ترک کریگا تو باعث ہوگا اوسکا ترک کرنا اور افضل چیزون کے ترک کرنے کا یہان تک کہ پہونچیگا رین و طبع کے مقام کو انتہی + اور مثل اسی کے ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے لکہا لکہا ہی کہ کیا نہین دیکہتا تو کہ کسل کی راہ سے ترک کرنا سنت کا باعث ملامت و عتاب کا ہی اور سبک جاننا کر ترک کرنے سے عصیان و عقاب ثابت ہوتا ہی اور انکار اوسکا بے شبہہ بدعتی کر دیتا ہی اور بدعت کے ترک کرنے مین اگرچہ حسنہ ہو ایک بات بہی اون مین سے لازم نہین آتی اور جابر روایت کرتے ہین کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ لائے

بہ مے سجادہ رنگین کن گرت پیر مغان گوید
کہ سالک بیخبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

تمام شد

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نسخہ توریت کا بس جب سے حضرت پھر شروع کیا حضرت عمرؓ نے پڑھنا اور مکا اور چہرہ مبارک رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کا متغیر ہوتا تھا پس کہا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو گم کیجیو تمکو گم کرنے والیاں کیا نہیں دیکھتے تو اوس چیز کو کہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک میں ہی پس دیکھا حضرت عمرؓ نے آنحضرت کے چہرۂ مبارک کی طرف پھر کہا پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ اللہ کے اللہ کے
غضب سے اور اوسکے رسول کے غضب سے راضی ہوئے ہم ساتھ اللہ کے رب ہونے پر اور ساتھ اسلام کے دین ہونے پر اور ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے
نبی ہونے پر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی اوس ذات کی کہ محمدؐ کی جان اوسکے ہاتھ میں ہی اگر ظاہر ہوتے واسطے تمہارے موسیٰ تو پیروی
کرتے تم اونکی اور چھوڑ دیتے تم مجکو البتہ گمراہ ہوتے تم سیدھی راہ سے اور اگر ہوتا موسیٰ زندہ اور پاتا نبوت میری تو البتہ پیروی کرتا میری ف*
گم کیجیو تمکو گم کرنے والیاں یہ بددعا ہی موت کے لیے لیکن عرب اپنے محاورے میں اصل معنی اسکے مراد نہیں رکھتے بلکہ مقام تعجب میں بولتے ہیں کہ
عجب ہی کہ تو یہ بات نہیں سمجھا اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کتاب و سنت کو چھوڑ کر انکے غیر کی طرف رجوع نکرے مانند کتابوں یہود اور
نصاریٰ اور حکما اور فلاسفہ کی کے + اے بھائیوں جب تمنے یہ حدیثیں حضرت کے اتباع کی سنیں تو یہ بھی خوب دل کے کانوں سے سنو کہ جیسا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع افعال میں لازم ہی ویسا ہی حضرت کے اقوال و اخلاق کا بھی اتباع لازم ہی یہ نہیں کہ جبہ و دستار تو سنت کی طرح کا
پہن لیا اور پھر جو ملے سو منہ سے بکتے رہے اور دل میں نجاستیں بغض اور حسد اور کینہ اور ریا اور بداعتقادی وغیر ذلک کی بھر رکھیں نہ زبان
کو لگام دی جس طرح حکم ہی خدا اور رسول کا اوس طرح بولے اور دل کو منور کرے اخلاق محمدی سے صلی اللہ علیہ وسلم ابدًا ابدًا کیا خوب فرمایا ہی
حضرت ابو سعید مخزومی نے + رباعی + خواہی کہ شود دل تو چون آئینہ + دہ چیز برون کن از درون سینہ + حرص و امل و غضب دروغ و غیبت
بخل و حسد و ریا و کبر و کینہ + اور فرمایا + رباعی + خواہی کہ شوی بمنزل قرب مقیم + نہ چیز بنفس خویش فرما تعلیم + صبر و شکر و قناعت و علم و یقین
تفویض و توکل و رضا و تسلیم + صاحب مجالس الابرار فرماتے ہیں کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں* وَاتَّبِعُوهُ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ + یعنی پیروی کرو محمدؐ کی تو کہ تم راہ پاؤ + اور جانا گیا ہی صحابہؓ کے طریقے سے کہ وہ اتباع کرتے تھے آنحضرت کا تمام
افعال و اقوال و اخلاق اونکے میں بلا توقف و بلا تردد مگر جو حکم کہ مخصوص تھے حضرت کے لیے اونمیں معذور تھے پس اونھوں نے اوتار ڈالیں جوتیاں
اپنی جسوقت کہ اوتار ڈالی حضرت نے جوتی اپنی یعنی نماز میں اور اوتار ڈالیں اونھوں نے انگوٹھیاں اپنی جسوقت کہ اوتار ڈالی حضرت نے انگوٹھی
اپنی اور تھے صحابہ بہت اکر کرتے تھے حضرت کے بیٹھنے اور سونے اور کیفیت کھانے اور پینے وغیر ذلک کا اگر پیروی کریں آپ کی اور صحابہ نے ارادہ کیا
تبتل اور انقطاع کا عبادت کے لیے شب و روز فرمایا آنحضرت نے اونکو کہ میں کھاتا بھی ہوں اور پیتا بھی ہوں اور سوتا بھی ہوں اور نکاح بھی کرتا ہوں
عورتوں سے پس جو کوئی اعراض کرے میری سنت سے پس نہیں ہی میری جماعت سے پس دیکھ کہ کیونکر پھیرا اونکو ساتھ فعل اپنے کے اوس چیز سے کہ قصد
کی تھی اونھوں نے باوجودیکہ بیدے تامل کے معلوم ہوتا تھا کہ قصد اونکا اکبر طاعات اور افضل عبادات سے تھا اور اسی لیے ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ
دین ہمارا اسبی ہی منقول پر بنا اور پر مناسبات معقول کے لکور کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ہیچ اصول دین کے کہ تجاہلہ تیرین امر سے کہ تصرف کرے تو
ساتھ عقل اپنی کے اور کہے تو کہ جو چیز اچھی اور نافع ہی پس وہ جسقدر زیادہ ہوگی بہت نفع دیگی اسلیے کہ عقل تیری نہیں راہ پاتی ہی طرف بھیدوں
امور الٰہیہ کے نہیں سمجھتی ہی اونکو مگر عقل نبی علیہ السلام کی پس لازم کر تو اپنے پر اونھیں کا اتباع اسلیے کہ بلا شبہ خاصیتیں امور کی نہیں معلوم
ہوتی ہیں قیاس سے کیا نہیں دیکھتا ہی تو کہ کیونکر اذن دیا گیا تمکو نماز کا اور منع کیا گیا تمکو نماز سے تمام دن میں یعنی حکم کیا گیا تو اوسکے ترک کرنے کا
بعد صبح اور بعد عصر اور وقت طلوع اور غروب اور زوال کے اور یہ ہونچتا ہی تہائی دن کی قدر کو کیونکر تیری سمجھ میں آئے اس حال میں کہ
اثر فساد کا ظاہر ہی تیرے قیاس میں پس یہ ایسا ہی کہ جیسے کہے تو کہ دوا نافع ہی مریض کے لیے پس جسقدر زیادہ ہوگی ہوگی بہت نافع اور
یہ بات معلوم ہی ہم کہ کثرت دوا کی بعض اوقات ہلاک کر دیتی ہی اور کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں جاننا چاہیے کہ طبیب حاذق

ف تبتل کاٹنا علاقہ سب سے اور جوڑنا اللہ سے ۱۲

جیسا مطلع ہوتا ہی علاج کرنے مین اسرار مرض پر سال انکو بعید جانتے ہین اوسکو جو کہ نہین پہچانتے ہین اونکو ایسے ہی انبیا طبیب دلون کے ہین
اور عالم اسباب حیات اخروی کے پس حکم کر تو اونکی سنت پر اپنی عقل سے کہ ہلاک ہو جائیگا تو بعض اوقات جو کسی شخص کی اونگلی مین کچھ خلل
آجاتا ہی تو اوسکی عقل تقاضا کرتی ہی کہ ... اوسکو یہان تک آگاہ کرتا ہی اوسکو طبیب حاذق کہ علاج اسکا یہ ہی کہ ملا جاوے مونڈھا بدن
کی دوسری جانب کا پس عیب جانتا ہی وہ اوسکو اس سبب سے کہ وہ نہین جانتا ہی پٹھون کے نسا جال کی کیفیت کو ایسا ہی معاملہ ہی طریق
آخرت مین اور انبیا کی سنت کے دقائق مین کہ عقل اونکو احاطہ نہین کر سکتی جیسے کہ پتھرون کی خاصیتین ہم نہین جانتے ہمکو کیا معلوم ہی
کہ کس سبب سے کھینچتا ہی مقناطیس لوہے کو اور عجائب عقائد و اعمال مین زیادہ تر ہین بنسبت اوسکے کہ دواؤن مین ہین پس جیسے کہ عقلین
قاصر ہین دواؤن کے منافع کے معلوم کرنے سے باوجود لگنے کہ تجربہ راہ ہی اونکے معلوم کرنے کی پس ایسی ہی عقلین قاصر ہین معلوم کرنے
اوس چیز کے سے کہ نفع دے حیات آخرت مین معہذا تجربہ بھی رہنما نہین ہو سکتا تجربہ جب اسمین رہنما ہو سکتا تھا کہ اموات پھر آتے ہماری
طرف اور وہ خبر دیتے ہمکو کہ ان عقائد و اعمال سے قرب الٰہی حاصل ہوتا ہی اور انسے دوری سو یہ محال ہی پس کیونکر حاصل ہو تجربہ پس عقل کی
منفعت سے یہی کافی ہی کہ رہنمائی کرے تجکو نبی علیہ السلام کی تصدیق کی طرف اور سمجھاوے تجکو موارد اونکے اشارات کے پس اعراض کر تصرف کرنے سے
اور لازم کر اتباع کو کیونکہ تو سالم نہین ہی آفت سے کہا بعض علمانے کہ عقل پونہچا دیتی ہی تجکو نبی علیہ السلام کے صدق کی طرف پھر چھوڑ دے تو
اوسکو اور پیروی کر تو نبی علیہ السلام کی اونکے افعال مین اور ترک کرنے مین یعنی جو اعمال کہ ترک کیے ہین آپ نے جیسے کہ گھوڑا تیرے سفر ظاہر مین کہ وہ
پونہچا دیتا ہی تجکو دریا کی طرف پھر چھوڑ دیتا ہی تو اوسکو اور سوار ہوتا ہی کشتی مین اور تابعدار ہوتا ہی ملاح کی کشتی کے چلنے مین اور
ٹھہرنے مین اور کہا شیخ کلاباذی نے کہ اللہ تعالی نے نہین موقوف رکھے ہین امور دین کے ... عقلون پر اگر عقلون ہی پر موقوف ہوتے تو اکثر
شرائع کہ حکمتین اونکی سمجھ مین نہین آتی ہین دشوار ہوتے اونکی عقلون پر نزدیک ... اللہ تعالی نے ... سبب کیا غسل بسبب نکلنے منی کے کہ جو
طاہر ہی بعضے صحابہ اور اکثر فقہا امت کے نزدیک اور واجب کیا دھونا اطراف کا یعنی ہاتھ منہ پاؤن کا بسبب نکلنے پاخانے کے کہ
نہین اختلاف ہی اوسکی نجاست مین پس عقل کیا جانے ... احکام شرع کا ... جیسے مردہ غسل دینے والے کے
ہاتھ مین انتہی + اور مولوی روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین **مثنوی** علم ... علم قیاسات + علم نامعقول علم انبیاست + پای استدلالیان
پا چوبین بود + پای چوبین سخت بی تمکین بود + گر باستدلال کار دین بدی + فخر رازی رازدار دین بدی + اور حضرت عبد الاحد یعنی حضرت مجدد
رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے نے اپنے رسالے مین لکھا ہی کہ حضرت نجم الدین کبری قدس اللہ سرہ بیٹھے ہوئے وضو کر رہے تھے کہ آپ کو غنودگی ہوئی دیر تک
جب افاقہ ہوا تو خادم نے وجہ غنودگی کی پوچھی فرمایا اسوقت امام فخر الدین رازی کا وقت نزع کا تھا کہ ابلیس نے آکے گھیرا اور پوچھا کہ خدا کو
کس دلیل سے پہچانا امام نے دلیلین لانی شروع کین اور وہ قریب ہزار دلیل کے وحدانیت باری پر لائے کتابون مین لکھتے ہین کہ جو دلیل
لاتے تھے وہ ملعون رد کر دیتا تھا آخر ایک یا دو دلیل باقی رہگئی تھین جو مین پونہچا اور کہا جواب دو اس ملعون کو کہ مینے خدا کو بے دلیل پہچانا ہی
تو بارے ابلیس اوسکے کہنے سے بھاگا اور وہ ایمان سلامت لیگئے لوگون نے شمار رکھا وہی تاریخ اونکی وفات کی تھی جو شیخ کو غنودگی حاصل ہوئی تھی
اکثر فلاسفہ کا حال متغیر ہو جاتا ہی وقت موت کے اسواسطے منقول ہی عَلَیْکُمْ بِدِیْنِ الْعَجَائِزِ + یعنی بوڑھیا عورتون کا دین اختیار کرو +
تمام ہوا بیان اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ کا والسلام + آب سنو کچھ بیان وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَکُمْ کا + یعنی باطل کرو اپنے
عملون کو بسبب ارتداد کے یا ریا و سمعہ کے یا گناہون کے پس برائی ارتداد کی تو ظاہر ہی قرآن و حدیث مین بہت جا برائی اوسکی مذکور ہی لیکن
گناہ اور ریا و سمعہ کا بیان ضرور ہی کہ یہ آفت پوشیدہ ہی کہ آدمی آگاہ نہین ہوتا اوس سے چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ منہاج السالکین مین
لکھتے ہین کہ ریا و عجب آفت عظیم ہین ایک لحظے مین آجاتے ہین اور اکثر ہوتا ہی کہ نوے برس کی عبادت باطل کر دیتے ہین منقول ہی کہ ایک شخص نے

سفیان ثوری اور انکے یارون کی دعوت کی اوسنے اپنے اہل کو کہا کہ وہ طبق کہ جسے مین لایا ہون لانا بلکہ وہ طباق لانا کہ دوسری ...
لایا ہون جب اوسنے یہ کہا تو سفیان ثوری نے اوسکی طرف دیکھا اور کہا کہ اے مسکین دو حج ساتھ دو کلمون کے باطل کیے تونے اور ایک شخص سے منقول
ہے کہ کہا کہ ایک رات وقت سحر کے کوٹھے کے اوپر کہ سرراہ تھا سورہ طٰہٰ پڑھ رہا تھا مین جب سورت تمام کی مینے تو سو رہا ایک شخص کو مینے
خواب مین دیکھا کہ آسمان سے اوترا اس حال مین کہ اوسکے ہاتھ مین ایک کاغذ ہے میرے سامنے اوسکو کھولا دیکھا مینے تو کہ سورہ طٰہٰ لکھی ہوئی ہے اور
ہر کلمہ یعنی ہر حرف کے نیچے دس دس نیکیان لکھی ہین سوا ایک کلمے کے نیچے کہا مینے کہ واللہ اس کلمے کو بھی پڑھا ہی مینے کسلیے اس کلمے
کے نیچے ثواب نہین ہی اوس شخص نے کہا کہ سچ کہتا ہی تو پڑھا ہی تونے اور ہمنے بھی ثواب اوسکا لکھا تھا ولیکن منادی نے ندا کی عرش کے نیچے
سے کہ اسکو مٹا ڈالو پس اوسکو مٹا ڈالا مینے وہ شخص کہتا ہی کہ خواب ہی مین رویا مین اور کہا مینے کہ ایسا کیون کیا تمنے اسکا سبب اس کلمے
کو پوچھا تو تو ایک شخص راہ مین گذرتا تھا اوسکے سبب سے تونے آواز اپنی ساتھ اس کلمے کے بلند کی ثواب اس کلمے کا برباد کیا تونے اور
رابعہ بصری نے کہا کہ جو کچھ کہ میرے عملون مین سے ظاہر ہوتا ہی نہین گنتی ہون مین اوسکو کچھ اور کہا اور ایک بزرگ نے کہ نیکیان اپنی ایسی پوشیدہ رکھ
کہ جیسے اپنی برائیون کو پوشیدہ رکھتا ہی تو اور ایک بزرگ نے کہا کہ اگر کچھ بھلائی چھپائے تو تو کر یعنی اچھی بات ہی یہ انتہی + غرض ریا بری
بلا ہی اوسکی برائی قرآن شریف مین اور بہت حدیثون مین وارد ہوئی ہی انشاء اللہ تعالی اپنے محل مین تفصیل سے مذکور ہوگا اسکا اقسام اوسکے
کے + اب یہان بمناسبت وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ کے کچھ حدیثین متضمن ریا وغیرہ گناہون کی مذکور ہوتی ہین + فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ + یعنی بلا شبہ اللہ نہین دیکھتا ہی تمہاری
صورتون اور مالون کی طرف ولیکن دیکھتا ہی تمہارے دلون اور عملون کی طرف + اور فرمایا مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ يُّرَائِيْ يُرَائِي
اللّٰهُ بِهٖ + یعنی جو کوئی سناوے سناویگا اللہ اوسکو اور جو کوئی دکھاوے دکھاویگا اللہ اوسکو یعنی جو کوئی عبادت سنانے دکھانے کو کرے
اللہ تعالی قیامت کو فضیحت و رسوا کریگا اوسکو + اور فرمایا جب جمع کریگا اللہ لوگون کو روز قیامت کے اوس دن کے لیے کہ نہین شک اوسمین پس
پکاریگا پکارنے والا جو کوئی ہو کہ شریک کیا ہو کسیکو اوس عمل مین کہ کیا تھا اوسکو اللہ کے لیے پس چاہیے کہ مانگے ثواب اوسکا نزدیک غیر خدا
کے سے اسلیے کہ اللہ بہت بے پرواہ شریکون کا ہی شرک سے + اور فرمایا جو کوئی کہ ہو نیت اوسکی طلب آخرت کی کرتا ہی اللہ تعالی بے پرواہی اوسکی
بیچ دل اوسکے کے یعنی دل اوسکا غنی کر دیگا بسبب اسکے کہ قانع کریگا اوسکو ساتھ رزق ضروری کے اور جمع کرتا ہی اوسکے لیے پریشانی اوسکی
یعنی خاطر جمع ہوتی ہی بسبب اسکے کہ اسباب مہیا ہوتا ہی اوس جگہہ سے کہ نہین جانتا ہی اور آتی ہی اوسکو دنیا اس حال مین کہ وہ ذلیل ہوتی ہی
کہ نہین محتاج ہوتا اوسکی طلب مین بہت سعی کا اور جو کوئی کہ ہووے نیت اوسکی طلب دنیا کی کرتا ہی اللہ تعالی محتاجگی روبرو اوسکے اور پریشان کرتا ہی
اوسپر امر اوسکا اور نہین آتا اوسکو دنیا سے مگر جو کچھ کہ مقدر ہی اوسکے لیے + اور کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ اوس وقت کہ مین اپنے گھر مین تھا
اپنے مصلے پر کہ ناگہان داخل ہوا مجپر ایک شخص پس خوش لگا مجکو وہ حال کہ دیکھا اوسنے مجکو اوسپر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رحم کرے
مجکو اللہ ای ابوہریرہ تیرے لیے دو اجر ہین اجر پوشیدگی کا اور اجر ظاہر کا + ف + اگر عمل اس نیت سے ظاہر کرے کہ لوگ دیکھکر میری
پیروی کرینگے تو اوسمین بھی ثواب پاویگا چنانچہ ابوہریرہ ظاہرا اسی نیت سے خوش ہوتے تھے کہ اس قلب کی بشارت دیے گیے + ح +
اور فرمایا نکلینگے اخیر زمانے مین ایک لوگ کہ طلب کرینگے دنیا کو آخرت کے عمل سے پہنینگے لوگون کے رجوع ہونے کے لیے چمڑے بھیڑ کے یعنی پوستین
وغیرہ واسطے ظاہر کرنے نرمی و تواضع کے زبانین اونکی شکر سے زیادہ میٹھی ہونگی اور دل اونکے دل بھیڑیون کے سے ہونگے فرماتا ہی اللہ تعالی
کیا میری مہلت دینے سے مغرور ہوتے ہین بلکہ مجپر جرأت کرتے ہین پس اپنی قسم کھاتا ہون مین کہ البتہ بھیجونگا اونپر فتنہ کہ چھوڑیگا دانا کو اونمین
حیران یعنی وہ اوسکے دفع کا علاج نہین جاننے کا + اور فرمایا ہر چیز کے لیے زیادتی ہی اور ہر زیادتی کے لیے سستی ہی پس اگر صاحب اوسکے نے

میانہ روی اور استقامت کی پس امید رکھو اوسکے فلاح کی اور اگر اشارہ کیا جاوے طرف اوسکے ساتھ انگلیوں کے پس گنا اوسکو اہل فلاح سے
اور بڑا یا کفایت ہی آدمی کو برائی سے یہ کہ اشارہ کیا جاوے طرف اوسکے ساتھ انگلیوں کے دین کے امور مین یا دنیا کے امور مین مگر جسکو بچاوے
اللہ تعالی + کہا ابو تمیمہ نے کہ حاضر تھا مین صفوان اور اونکے یارون کے پاس اور جندب نصیحت کرتے تھے اونکو پس کہا اونھون نے کیا سنا ہی
تونے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کہا جندب نے کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کوئی سناوے سناویگا
اللہ تعالی اوسکو دن قیامت کے اور جو کوئی مشقت ڈالتا ہی یعنی لوگون پر یا اپنے نفس پر زیادہ طاقت سے مشقت ڈالیگا اللہ تعالی اوسپر
روز قیامت کے کہا اونھون نے نصیحت کر ہمکو پس کہا جندب نے تحقیق اول اوس چیز کا کہ سڑتا ہی آدمی سے پیٹ ہی اوسکا پس جو کوئی کر سکے
یہ کہ نہ کھاوے مگر حلال پس چاہیے کہ کرے اور جو کوئی کر سکے یہ کہ نہ حائل ہو درمیان اوسکے اور درمیان جنت کے چلو بھر خون کہ گرایا اوسکو
پس چاہیے کہ کرے + آیا ہی کہ نکلے حضرت عمر ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کی طرف پس پایا معاذ بن جبل کو بیٹھے ہوئے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی قبر کے پاس روتے پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ کس چیز نے رلایا تجکو کہا معاذ نے کہ رلایا مجکو ایک چیز نے کہ سنی تھی مینے وہ رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے کہ بلاشبہ تھوڑا سا ریا شرک ہی اور جسنے دشمنی کی ولی خدا سے پس تحقیق نکلا
اللہ تعالی کے روبرو واسطے لڑائی کے بلاشبہ اللہ تعالی دوست رکھتا ہی نیکون پرہیزگارون پوشیدہ حالون کو وہ جو جب غائب ہون نہین
ڈھونڈھے جاتے اور اگر حاضر ہوتے ہین نہین بلائے جاتے اور نہین نزدیک کیے جاتے یعنی لوگون کے دل اونکے چراغ ہین ہدایت کے نکلتے ہین ہر زمین تاریک سے
ف + یعنی گھر اونکے بسبب افلاس کے اندھیرے رہتے ہین اسقدر میسر نہین آتا کہ چراغ جلاوین + سید + اور فرمایا کہ بلاشبہ بندہ جب نماز
پڑھتا ہی ظاہر مین پس اچھی طرح پڑھتا ہی اور نماز پڑھتا ہی پوشیدگی مین پس اچھی طرح پڑھتا ہی فرماتا ہی اللہ تعالی کہ یہ بندہ میرا سچا ہی + اور
فرمایا ہوونگی اخیر زمانے مین قومین بھائی ظاہر مین دشمن پوشیدہ مین پس کہا گیا یا رسول اللہ اور کیونکر ہوگا یہ فرمایا یہ ہوگا بسبب رغبت
بعض اونکے کے طرف بعض کے اور ڈرنے بعض اونکے کے بعض سے + اور فرمایا جو کوئی نماز پڑھے دکھلانے کو پس تحقیق شرک کیا اور جو کوئی روزہ
رکھے دکھلانے کو پس تحقیق شرک کیا اور جو کوئی تصدق کرے دکھلانے کو پس تحقیق شرک کیا + اور فرمایا پناہ مانگو اللہ سے جب الحزن سے
یعنی غم کے کنوین سے عرض کیا صحابہ نے کیا رسول اللہ کیا ہی جب الحزن فرمایا نالہ ہی دوزخ مین کہ پناہ مانگتی ہی اوس سے دوزخ ہر روز سو بار
کہا گیا یا رسول اللہ کون داخل ہوگا اوسمین فرمایا اَلْقُرَّآءُ الْمُرَآؤُنَ بِاَعْمَالِهِمْ یعنی پڑھے ہوئے جو نمود کرنے والے ہین ساتھ
عملون اپنے کے + اور فرمایا ڈرتا ہون مین اپنی امت پر شرک سے اور شہوت یعنی خواہش پوشیدہ سے کہا شداد صحابی رضی اللہ عنہ نے
کہ کہا مینے یا رسول اللہ کیا شرک کریگی آپکی امت بعد آپ کے فرمایا ہان آگاہ ہو تحقیق وہ نہین پوجینگے آفتاب کو اور نہ چاند کو اور
نہ پتھر کو اور نہ بت کو ولیکن دکھاوینگے اپنے اعمال کو اور شہوت پوشیدہ یہ کہ صبح کریگا ایک اونکا روزے سے پس پیش آویگی اوسکے لیے
خواہش خواہشون اوسکی سے پس چھوڑ دیگا روزہ + کہا ابو سعید صحابی نے کہ برامد ہوئے ہمپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین
کہ ہم ذکر کرتے تھے کانے دجال کا پس فرمایا کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھ اوس چیز کے کہ بہت خوفناک ہی تمپر نزدیک میرے کانے دجال سے
پس عرض کیا ہمنے ہان یا رسول اللہ فرمایا وہ شرک خفی ہی یہ کہ کھڑا ہووے آدمی پس نماز پڑھے پھر زیادہ کرے نماز اپنی واسطے دیکھنے نظر
آدمیون کے + اور فرمایا اگر تحقیق ایک آدمی کرے ایک عمل غار مین کہ نہو دروازہ اوسکے لیے اور نہ سوراخ نکلیگا عمل اوسکا طرف لوگون کے
جو کچھ کہ ہوگا + ف + پس حاجت اظہار کی کیا ہی کہ ظاہر کر کر ناحق ریاکار ہووے + سید + اور فرمایا جو شخص کہ ہووے اوسکے لیے اچھی خصلت
اچھی یا بری ظاہر کریگا اللہ تعالی اوس سے ایک علامت کہ پہچانا جاتا ہی بسبب اوسکے + ف + پس حاجت اظہار کی نہین ہی کہ ظاہر کر کر گناہ
ریا مین گرفتار ہووے + اور فرمایا اللہ تعالی نے کہ تحقیق نہین ہوتا مین کہ تمام کلام دانا کے قبول کروں مین ولیکن مین قبول کرتا ہون قصد و خواہش اوسکی

پس اگر ہو قصد و خواہش اوسکی میری طاعت مین کرتا ہون مین خاموشی اوسکی حمد اپنے لیے او وقار اگرچہ نکلام کرے + ف + اس لیے کہ
اوسکے دل مین محبت و حمد میری تھی ہوئی ہی پس مدار نیت پر ہی + حق + کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ پوچھے مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
معنی اس آیت کے وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ + کیا یہ وہ لوگ ہین کہ پیتے ہین شراب اور چوری کرتے ہین فرمایا نہیں اے بیٹی
صدیق کی ولیکن یہ وہ ہین کہ روزہ رکھتے ہین اور نماز پڑھتے ہین اور خیرات کرتے ہین اور وہ ڈرتے ہین یہ کہ قبول کیا جاوے اونسے یہ وہ
لوگ ہین کہ جلدی کرتے ہین بھلائیون مین + اور فرمایا يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ عَلَيْهِ + یعنی اوٹھایا جاویگا ہر بندہ اوپر
اوس چیز کے کہ مرا ہی اوسپر یعنی کفر یا ایمان + اور فرمایا مَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا +
یعنی نہیں دیکھی مینے کوئی چیز سختی مین مثل دوزخ کے کہ سووے بھاگنے والا اوسکا اور نہ مثل بہشت کے بھلائی مین کہ سووے طلب کرنے والا
اوسکا + ف + یعنی جبکوئی دشمن قوی کی شر سے بھاگتا ہی تو سوتا نہیں پس ایسی چیز سے بھاگنے والے کو بھی چاہیے کہ سووے نہیں
اور کوشش کرے بھاگنے مین یعنی لازم کرے طاعت کو اور چھوڑے گناہون کو اور اسی طرح طالب جنت کو چاہیے کہ سعی کرے
اوسکے حاصل کرنے مین اور غافل نہووے + حق + اور فرمایا بلاشبہہ مین دیکھتا ہون وہ چیز کہ نہین دیکھتے تم اور سنتا ہون مین وہ چیز کہ
نہین سنتے تم یعنی ہول قیامت کے اور شدت عذاب کی چرچر بولتا ہی آسمان اور لائق ہی اوسکو یہ کہ چرچر بولے قسم ہی اوس ذات کی کہ
جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہین ہی اوسمین جگہہ چار انگشت کی مگر کہ فرشتہ رکھے ہوئے ہی پیشانی اپنی اس حال مین کہ سجدہ کرنے والا ہی
واسطے اللہ کے قسم ہی خدا کی اگر جانو تم جو کچھ کہ جانتا ہون مین تو البتہ ہنسو تم تھوڑا اور روؤ تم بہت اور نہ لذت اوٹھاؤ تم ساتھ عورتون
کے بچھونون پر اور البتہ نکلو تم طرف راہون کے فریاد کرتے ہوئے طرف اللہ تعالی کے کہا ابوذر رضی اللہ عنہ نے ای کاشکے مین ہوتا درخت کہ کاٹا جاتا
یعنی تاکہ نہوتا مین آلودہ ہوتا + فرماویگا اللہ کہ بزرگ ہی ذکر اوسکا یعنی فرشتون کو اَخْرِجُوْا مَنْ ذَكَرَنِيْ يَوْمًا اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ +
یعنی نکالو دوزخ سے اوسکو کہ یاد کیا مجھکو ایک دن یعنی ساتھ اخلاص توحید کے یا ڈرا مجھسے کسی جگہہ مین یعنی باز رکھا نفس کو گناہون سے
تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتی دو تہائی رات اوٹھتے اور فرماتے يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اذْكُرُوا اللّٰهَ جَآءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا
الرَّادِفَةُ جَآءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ جَآءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ + یعنی ای لوگون یاد کرو اللہ کو یاد کرو اللہ کو آیا پہلا نفخہ پیچھے
آویگا اوسکے نفخہ دوسرا آئی موت ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی آئی موت ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی یعنی عذاب ثواب + نکلے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لیے پس دیکھا لوگون کو کہ وہ ہنستے ہین فرمایا آگاہ ہو بلاشبہہ تم اگر بہت کرتے یاد توڑنے والی لذتون کی
یعنی موت کی تو البتہ باز رکھتی تمکو اوس چیز سے کہ دیکھتا ہون مین یعنی ہنسنا چھوڑ دیتے فَاَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ
پس بہت کرو یاد لذتون کی توڑنے والی کی کہ موت ہی اسلیے کہ نہین گذرتا قبر پر کوئی دن مگر کہ بولتی ہی پس کہتی ہی اَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ وَ
اَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ + یعنی مین گھر غریبی کا ہون اور مین گھر تنہائی کا ہون اور مین گھر
مٹی کا ہون اور مین گھر کیڑون کا ہون اور جب دفن کیا جاتا ہی بندۂ مومن تو کہتی ہی اوسکے لیے قبر مَرْحَبًا وَّاَهْلًا یعنی فراغت کی جگہہ
آیا تو اور اپنے اہل مین آیا آگاہ ہو تحقیق تھا تو البتہ بہت محبوب طرف میرے اون مین کہ چلتے ہین مجھپر پس جب حاکم ہوئی مین تجھپر آج اور آیا تو طرف میرے
تو قریب ہی کہ دیکھیگا تو سلوک میرا ساتھ اپنے فرمایا حضرت نے پھر فراخ ہوتی ہی قبر اوسکے لیے بقدر پہونچنے نظر اوسکی کے اور کھولا جاتا ہی
اوسکے لیے دروازہ طرف جنت کے اور جب دفن کیا جاتا ہی بندۂ فاجر یا فرمایا کافر تو کہتی ہی اوسکے لیے قبر لَا مَرْحَبًا وَّلَا اَهْلًا
نہ فراغت ہی تیرے لیے اور نہ اپنے اہل مین آیا آگاہ ہو بلاشبہہ تھا تو البتہ بہت برا طرف میرے اون مین کہ چلتے ہین مجھپر پس جب حاکم ہوئی مین
آج تجھپر اور آیا تو طرف میرے تو قریب ہی کہ دیکھیگا تو معاملہ میرا ساتھ اپنے فرمایا حضرت نے پس ملتی ہی قبر اوسپر یہان تک کہ ادھر سے ادھر نکلجاتی ہین

پس ملیان اوسکی کہا راوی نے اور اشارہ کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ اونگلیون اپنی کے پس داخل کیا بعض اونکی کو اندر بعض کے فرمایا حضرت نے اور متعین ہوتے ہین اوسکے لیے ستر اژدہے اگر بلاشبہ ایک اونمین سے پھنکار مارے زمین مین تو نہ اوگاوے زمین کچھ جب تک کہ باقی رہے دنیا پس کاٹتے ہین وے اوسکو اور ڈستے ہین اوسکو یہان تک کہ لایا جاوے اوسکو طرف حساب کے کہا راوی نے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ + یعنی سوائے اسکے نہین کہ قبر ایک باغ ہے جنت کے باغون مین سے یا ایک گڑھا ہے دوزخ کے گڑھون مین سے + عرض کیا صحابہ نے کہ یا رسول اللہ بلاشبہ آپ تو بوڑھے ہو گئے فرمایا شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَاَخَوَاتُهَا + یعنی بوڑھا کر دیا مجکو سورۂ ہود نے اور اوسکی بہنون نے + ف + یعنی جن سورتون مین احوال قیامت کا ہے مثل سورۂ واقعہ اور والمرسلات اور عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت کے + سید + کہا انس رضی اللہ عنہ نے بلاشبہ تم البتہ کرتے ہو عمل یعنی گناہ صغیرہ کہ وہ بال سے زیادہ باریک ہین تمہاری آنکھون مین یعنی سہل وحقیر جانتے ہو اونکو گنتے تھے ہم اونکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین موبقات یعنی مہلکات سے + فرمایا ای عائشہ اِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا یعنی بچا تو اپنے تئین صغیرہ گناہون سے اسلیے کہ تحقیق اونکے لیے اللہ کی طرف سے مطالبہ کرنے والا ہے یعنی ملائکہ + اور فرمایا حکم کیا مجکو میرے رب نے نو باتون کا ڈرنے کا خوف خدا سے پوشیدہ اور ظاہر مین اور بات عدل کی کہنے کا غصے اور خوشی مین اور میانہ روی کرنے کا فقر وغنا مین اور یہ کہ صلہ رحم کرون مین اونسے کہ کاٹین مجسے اور دون مین اونکو کہ محروم رکھین مجکو اور عفو کرون مین اوس سے کہ ظلم کرے مجپر اور یہ کہ خاموشی میری فکر اور گویائی میری ذکر خدا اور نظر میری عبرت اور حکم کرون مین ساتھ اچھی باتون کے + ف + پہلے نو فرمائین اور ذکر کین دس گویا امر بالمعروف اجمال تفصیل کی کیونکہ مشتمل ہے سب بھلائیون کو + سید + اور فرمایا کہ نہین ہے کوئی بندہ مومن کہ نکلین اوسکی آنکھون سے آنسو اگرچہ ہو مکھی کے سر کے برابر خوف خدا سے پھر پہنچے کسی چیز کو بہتر جگہہ چہرے اوسکے سے مگر کہ حرام کرتا ہے اوسکو اللہ دوزخ پر + ف + مظہر قدس اللہ سرہ فرماتے ہین + بیت + شفیعم روز حشر این دیدۂ نمناک خواہد شد + ازین آب روان آخر حسابم پاک خواہد شد + اور فرمایا کہ نہین ظاہر ہوتی خیانت کسی قوم مین مگر کہ بہت ہوتی ہے اونمین موت اور نہین کم کرتی کوئی قوم پیمانے اور ترازو کو مگر کہ بے برکت ہوتا ہے اونسے رزق اور نہین حکم کرتی کوئی قوم ناحق مگر کہ پھیلتی ہے اونمین خونریزی اور نہین توڑتی کوئی قوم عہد کو مگر کہ مسلط ہوتا ہے اونپر دشمن + اور آیا ہے کہ جب اتری آیت وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِينَ + یعنی اور ڈرا کنبے اپنے کو کہ بہت نزدیک ہین + پکارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو پس جمع ہوئے پس عام پکارا اور خاص پکارا یعنی نام بنام مثلا ای بنی کعب بن لوی چھڑاؤ اپنے نفسون کو آگ سے یہان تک کہ فرمایا یا فاطمہ اَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ + پس بلاشبہ نہین مالک ہون مین واسطے تمہارے اللہ کے عذاب سے کچھ سوائے اسکے کہ تحقیق تمہارے لیے قرابت ہے سلوک واحسان کرونگا بسبب قرابت کے پس آدمی کو چاہیے کہ غور کرے ان مضامین مین اور گناہون سے اپنے کو بچا کر طاعت الٰہی مین ہمہ تن مشغول رہے کہ عافیت دارین اسیمین ہے پھر جاننا چاہیے کہ پاک پروردگار نے مومنون کو تعلیم کر کر پھر کفار کی برائی بیان کرنی شروع کی پھر فرمایا

اِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ○

بلاشبہ وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور باز رکھا راہ خدا سے پھر مرے اس حال مین کہ وہ کافر تھے پس ہرگز نہ بخشیگا خدا اونکو + فتح + جو لوگ منکر ہوئے اور روکا اسکی راہ سے پھر مر گئے اور وہ منکر ہی رہے تو ہرگز نہ بخشیگا اونکو اللہ + موضح + تفسیر + راہ خدا سے یعنی ہدایت سے اور کہا بعضون نے کہ اوتری یہ آیت اون کفار کے حق مین کہ بدر کے کنوین مین مار کر ڈالے گئے تھے اور حکم اسکا عام ہے یعنی سب کفار کے حق مین + مدارک + معالم + بحر + پھر خطاب مومنون کو فرمایا بطور تسلی کے +

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا اِلَى السَّلْمِ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ○

پس سستی کرو اور طرف صلح کے نہ بلاؤ اور تم ہو غالب اور خدا ساتھ تمہارے ہی اور ضائع نہین کریگا عمل تمہارے + فتح + سو تم بودے ہوئے جاؤ
اور نہ پکارنے لگو صلح اور تمہین رہوگے اوپر اور اللہ تمہارے ساتھ ہی اور نقصان نہ دیگا تمکو تمہارے کامون مین + تفسیر + محنت سے بھاگکر صلح
نہ چاہیے اور اگر صلح نظر آوے تو درست ہی آگے آویگا بیان اسکا سورۂ فتح مین + موضح + پس نہ ہو تم ضعیف اور نہ ذلیل ہو دشمنون کے
لیے اور لفظ سلم کو حمزہ اور ابوبکر نے سین کے زیر سے پڑھا ہی اور سَلم اور سِلم کے معنی ہین صلح کے یعنی نہ بلاؤ کافرون کو طرف صلح کے اور اللہ تمہارے
ساتھ ہی یعنی ساتھ مدد کرنے کے یعنی مددگار تمہارا ہی وَلَن یَّتِرَکُم کے معنی ہین ہرگز نہین ناقص دیگا تمکو اجر تمہارے عملون کا + مد +
ای مومنون ضعیف ہوکے جاؤ اور کافرون سے صلح نچاہو اور انکو صلح کی طرف نہ بلاؤ صلح چاہنی اوسوقت چاہیے کہ تمکو کچھ ضعف ہو تم تو غالب ہو
اور پیر کہا کلبی نے کہ آخر الامر غلبہ تمہین کو ہی اگرچہ کسی وقت وہ غالب ہین اور یہ اس سبب سے ہی کہ خدا مددگار تمہارا ہی اور یہ وعدہ نصرت کا اس دنیا
مین ہی دار آخرت مین تمہارے عملون کا ثواب تمہین ناقص نکریگا پھر رغبت دلائی طلب آخرت کی پس فرمایا اِنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا الخ + معا + زاہدی

اِنَّمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا یُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا یَسْــَٔـلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ○

سوا اسکے نہین کہ زندگانی دنیا کی کھیل ہی اور بیہودگی اور اگر ایمان لاؤ تم اور پرہیزگاری کرو تم دیگا خدا انکو مزدوری تمہاری اور نہ مانگیگا تمسے
مال تمہارے یعنی سب مال + فتح + یہ دنیا کا جینا تو کھیل ہی اور تماشا اور اگر تم یقین لاؤگے اور بچ چلوگے دیگا تمکو تمہارے نیگ اور نہ مانگیگا تمسے
مال تمہارے + تفسیر + حق تعالی نے ملک فتح کرکے دیے مسلمانونکو زر خرچ کرنا تھوڑے ہی دنون پڑا سو جتنا خرچ کیا تھا اوس سے سو سو ہاتھ
ہاتھ لگا اسیواسطے فرمایا ہی کہ اللہ کو قرض دو + موضح + زندگانی دنیا کی الخ یعنی مشغول ہونا دنیا مین کھیل و تماشا ہی یعنی منقطع ہو جائیگی دنیا تھوڑی سی
مدت مین اور اگر ایمان لاؤ تم یعنی اللہ و رسول پر اور پرہیزگاری کرو یعنی شرک سے مزدوری تمہاری یعنی ثواب تمہارے ایمان و تقوے کا اور نہ مانگیگا
یعنی اللہ یا رسول صلعم سب مال تمہارے بلکہ چالیسواں حصہ یعنی زکوۃ + مد + لعب اور لہو سے مراد ہی باطل و غرور اور پرہیزگاری کرو تم یعنی خواہش
سے مزدوری تمہاری یعنی جزا تمہارے اعمال کی آخرت مین اور نہ مانگیگا رب تمہارا مال تمہارے واسطے دینے اجر کے بلکہ حکم کرتا ہی تمکو ساتھ ایمان
و طاعت کے تو کہ دیوے تمکو جنت جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے مَآ اُرِیْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِیْدُ اَنْ یُّطْعِمُوْنِ ○ یعنی نہین چاہتا
مین اونسے رزق اور نہین چاہتا مین یہ کہ کھلاوین وہ مجکو ہاور بعضون نے کہا نہین مانگتا تمسے محمد مال تمہارے جیسے کہ اوسنے فرمایا قُلْ
مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ یعنی کہہ نہین مانگتا مین تمسے ابلاغ رسالت پر مزدوری + اور بعضون نے کہا معنی آیت کے یہ ہین کہ
نہین مانگتا تمسے اللہ اور رسول اوسکا سارا مال تمہارا صدقات مین بلکہ مانگتا ہی تھوڑا سا مال یعنی چالیسواں حصہ فرض کیا ہی تا خوشی سے
ادا کرو دلالت کرتا ہی اس معنی پر سیاق آیت کا + معا + اوپر کا مضمون بیان فرماکر حرص دلائی مومنون کو لڑنے پر اور مال خرچ کرنے پر
گویا فرماتا ہی کہ ہمیشہ تمکو اس دنیا مین رہنا نہین ہی کہ زندگانی دنیا کی ایک کھیل ہی اور مشغولی اوسمین ایک آرایش ہی مانند آرایش عورتون کے
اور کھیل لڑکون کے کہ ایک چشم زدن مین گذر جاتا ہی پس ساتھ طاعت کے گذارو اور اگر تم ایمان و تقوی پر ثابت قدم رہوگے ثواب دیگا تمکو اور بعضون نے
کہا کہ تَتَّقُوْا کے معنی یہ ہین کہ اگر خداوند عزوجل سے ڈروگے اور پرہیز کروگے گناہون سے اور بدخلقیون سے تو دیگا تمکو ثواب تمہارے اعمال کا
چندرچند کہ کبھی فنا و منقطع ہی نہین ہونے کا اور باوجود ان عددون کے تمکو نہین فرمایا ہی مینے کہ خرچ کرو سب مال راہ خدا مین جیسا کہ اگلون کو
فرمایا تھا + زاہدی + تنبیہ + اس سے معلوم ہوا کہ دنیا کے چین و آرام کی طرف التفات نکرے کہ فنا ہونے والے اور کھیل و
تماشا ہی تبھی تو صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کے دل مین یہ دنیا ہیچ تھی کہ مال و منال اور چین و آرام دنیا کا چھوڑکر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی خدمت بابرکت مین حاضر رہنے کو سعادت دارین جانتے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد مین پس آئے ہمپر مصعب بن عمیر صحابی باین حال کہ نہین تھی اونپر مگر ایک چادر پیوندکی ہوئی ساتھ ٹکڑے پوستین کے

پس جب دیکھا اونکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو روئے آپ بسبب اوس نعمت کے کہ تھے مصعب اوسمین پہلے اور بسبب اوس حال کے کہ اب دیکھا پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی صحابہ کو کہ کیا حال ہوگا تمہارا جب صبح کریگا ایک تمہارا ایک لباس مین اور شام کریگا اور لباس مین اور رکھی جاویگی رکھے اوسکے ایک رکابی اور اوٹھائی جاویگی دوسری اور چھت گیریان اور دیوار گیریان لگاؤگے تم اپنے گھرون مین جیسا کہ ڈھکا جاتا ہی کعبہ پس عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ ہم اوسدن بہتر ہونگے آج کے دن سے فارغ ہوینگے ہم عبادت کے لیے اور باز رہینگے ہم محنت سے فرمایا نہ تم آج بہتر ہو اوس دن سے + حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہین عَلَامَاتُ الْعَارِفِيْنَ ثَمَانِيَةٌ قَلْبُهُ مَعَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ وَلِسَانُهُ مَعَ الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ وَعَيْنَاهُ مَعَ الْحَيَاءِ وَالْبُكَاءِ وَإِرَادَتُهُ مَعَ التَّرْكِ وَالرِّضٰى + مشکوۃ منہیات

إِنْ يَّسْئَلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ ۞

اگر طلب کرے خدا تمسے مال تمہارے یعنی سارے مال پس مبالغہ کرے سوال مین اوسوقت بخل کروگے تم اور بر روے کار لاوے وہ بخل کینے تمہارے + فتح + اگر مانگے تمسے وہ مال پھر تنگ کرے تو بخیل ہو جاؤ اور کھولدے تمہارے دل کی خفگیان + مو + تفسیر + بر روے کار لاوے اللہ یا بخل کینے تمہارے وقت نہ دینے یا وقت مانگنے سارے مال کے اسلیے کہ وقت مانگنے مال کے ظاہر ہوتی ہی عداوت و کینہ + مل + اور بعضون نے کہا کہ معنی یہ ہین کہ نہین مانگتے تمسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مال تمہارے اپنے لیے بلکہ مانگتے ہین تمسے فقرا کے لیے اور راہ دین کے قائم کرنے کے لیے اس حال مین کہ تنگ نہین کرتے تمکو اور نہ بہت مانگتے ہین تمسے + زاہدی

هٰٓأَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَأَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا أَمْثَالَكُمْ ۞

آگاہ ہو تم ای جماعت کہ بلایا جاتا ہی تمکو تو کہ خرچ کرو راہ خدا مین پس تم مین سے وہ شخص ہی کہ بخل کرتا ہی اور جو کوئی بخل کرتا ہی سوا اسکے نہین ہی کہ بخل کرتا ہی اپنے سے یعنی منفعت خرچ کرنے کی اپنے سے باز رکھتا ہی اور خدا تونگر ہی اور تم محتاج ہو اور اگر مونہہ موڑو بدل لاوے اللہ ایک جماعت اور کو سوا تمہارے پھر نہووین وہ جماعت مانند تمہارے + فتح + سنتے ہو تم لوگ تمکو بلاتے ہین کہ خرچ کرو اللہ کی راہ مین پھر تم مین کوئی ہی کہ نہین دیتا اور جو کوئی نہ دیگا سو نہ دیگا آپ کو اور اللہ بے نیاز ہی اور تم محتاج اور اگر تم پھر جاؤ بدل لیگا کوئی لوگ سوا تمہارے پھر وہ نہونگے تمہاری طرح کے + تفسیر + تاکید جو سنتے ہو مال خرچ کرنے کی نہ جانو کہ اللہ مانگتا ہی یا رسول یہ تمہارے بھلے کو فرماتا ہی پھر ایک کے ہزار ہزار پاؤگے اور اللہ کو کیا پروا ہی اور اوسکے رسول کو + مو + لفظ ھا تنبیہ کے لیے ہی اور ھٰٓؤُلَآءِ موصول ہی بمعنی اَلَّذِيْنَ کے صلہ اوسکا تُدْعَوْنَ یعنی تم وہ ہو کہ بلائے جاتے ہو تو کہ خرچ کرو راہ خدا مین اور وہ خرچ کرنا ہی جہاد مین یا زکوۃ مین گویا کہا گیا کہ دلیل اس بات پر کہ اگر مبالغہ کرے تمسے طلب مین تو بخل کرو او یکروہ جانو دینے کو یہ ہی کہ تم بلائے جاتے ہو طرف ادا کرنے چالیسوین حصے کے پس بعضے تم مین وہ ہین کہ بخل کرتے ہین ساتھ مال کے اور جو بخل کرتے ہین ساتھ صدقے کے اور ادائے فریضہ کے پس سوا اسکے نہین کہ بخل کرتے ہین داعی نفس اپنے کے سے نہ داعی رب اپنے کے سے اور بعضون نے کہا بخل کرتا ہی اوپر ضرر نفس اپنے کے یعنی وبال بخل کا اوسپر پڑیگا اور خدا تونگر ہی یعنی وہ نہین حکم کرتا ہی دینے کا اپنی حاجت کے لیے کہ وہ محتاج ہو اوسکا اسلیے کہ وہ بے پرواہی حاجتون سے ولیکن فرماتا ہی محض تمہارے ہی فائدے کے لیے کہ محتاج ہو اوسکے ثواب کے اور اگر مونہہ موڑو ای عرب اللہ کی طاعت سے اور اوسکے رسول کی اطاعت سے اور خرچ کرنے سے اوسکی راہ مین بدل لاوے یعنی پیدا کرے اللہ ایک قوم کو کہ بہتر ہون تمسے اور نہایت فرمانبردار اللہ و رسول کے بنسبت تمہارے اور وہ فارس ہین چنانچہ آیا ہی کہ پوچھا کسی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ قوم کون ہین اور سلمان فارسی آپ کے پہلو مین بیٹھے تھے پس مارا آپ نے ہاتھ اونکی ران پر اور فرمایا کہ وہ یہ ہی اور قوم اسکی وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ كَانَ الْإِيْمَانُ مَنُوْطًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهٗ رِجَالٌ مِّنْ فَارِسَ + یعنی قسم ذات کی

کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی اگر ہو ایمان متعلق ساتھ ثریا ستارے کے تو البتہ حاصل کرین اوسے لین اوسکو کتنے ایک شخص فارس سے + پھر نہون وہ طاعت مین برابر تمھارے بلکہ نہایت طاعت کرنے والے اور گناہون سے بچنے والے ہون بہ نسبت تمھارے + ملا **تنبیہ** + اگر انصاف سے دیکھے آدمی تو اکثر فقہا اور محدثین اور قرا اور صوفیہ تابع فارس کے ہین فقہا مین امام ابوحنیفہ ابو یوسف محمد زفر سفیان ثوری سفیان بن عیینہ وکیع بن الجراح احمد بن حنبل وغیرہم محدثین مین بخاری مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم وغیرہم قرا مین عاصم حفص ابوبکر کسائی حمزہ وغیرہم صوفیہ مین ابراہیم بن ادہم ابوبکر غراق شقیق سری سقطی معروف کرخی جنید شبلی جریری فلاج حکیم ترمذی وغیرہم نام اگر سب لکھیے تو دفتر ہو جاوے اور اس سے معلوم ہوا کہ اللہ جل شانہ کی رضامندی کے لیے مال خرچنا بہت ہی خوب چیز ہی اور بخل کرنا مال کے خرچ کرنے مین بہت ہی بری بات ہی + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ اُحُدٍ ذَهَبًا لَسَرَّنِي اَنْ لَا يَمُرَّ عَلَيَّ ثَلٰثُ لَيَالٍ وَعِنْدِي مِنْهُ شَيْءٌ اِلَّا شَيْءٌ اُرْصِدُهٗ لِدَيْنٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ + یعنی اگر ہوتا میرے لیے مانند پہاڑ احد کے سونا تو البتہ خوش کرتا مجکو یہ کہ نہ گذرین مجھپر تین راتین اور ہووے میرے پاس اوس مین سے کچھ مگر وہ چیز کہ رکھون مین ادا ے دین کے لیے + **ف** + یعنی اگر کوہ احد کے برابر میرے پاس سونا ہوتا تو خوش لگتا مجکو کہ تین رات کے اندر ہی اندر بانٹ دیتا کچھ اوسمین سے نہ رکھتا مگر کچھ ادا ے دین کے لیے رکھ لیتا اسلیے کہ ادا ے دین مقدم ہی صدقے پر اور اب اکثر عوام خیرات کرتے ہین اور عمارتین بناتے ہین اور اونپر حقوق لوگون کے چڑھے ہوے ہین اونکی طرف التفات بھی نہین کرتے اور اسمین بیان حضرت کی سخاوت کا ہی اور ترغیب ہی امت کو اوسپر + ع + آور فرمایا نہین کوئی دن کہ صبح کرتے ہین بندے اوسمین مگر کہ دو فرشتے اوترتے ہین پس کہتا ہی ایک اونکا اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ + یعنی یا اللہ دے خرچ کرنے والے کو بدل یعنی جو کہ مال جا بجا خرچ کرتا ہی اوسکو بہت سا بدلا دے یعنی دنیا مین مال دے یا آخرت مین ثواب اور کہتا ہی دوسرا یا الٰہی دے بخیل کو تلف یعنی جو کہ مال جمع کرتا ہی یا بیمحل خرچتا ہی اوسکا مال تلف ہو + **ف** + اس سے معلوم ہوا کہ مال خرچ کرے تو برمحل خرچ کرے بیمحل نہ خرچ کرے + آور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ٹلنے کے جگہ سے قدم ابن آدم کے روز قیامت کے یہان تک کہ پوچھا جائیگا پانچ چیزون سے عمر اوسکی سے کہ کس چیز مین فنا کیا اوسکو اور جوانی اوسکی سے کہ کس چیز مین صرف کیا اوسکو اور مال اوسکے سے کہ کہان سے کمایا اوسکو اور کس چیز مین خرچ کیا اوسکو اور کیا عمل کیا موافق جاننے کے + اور کہا بعضے اللہ والے علما نے کہ نہین تمام ہوتا ورع یہان تک کہ دیکھے دس چیزین فرض اپنے نفس پر اول نگاہ رکھنا زبان کا غیبت سے دوسرے پرہیز کرنا بدگمانی سے اور تیسرے پرہیز کرنا ٹھٹھے بازی سے اور چوتھے باز رکھنا نظر کا محارم سے یعنی جن چیزون کا دیکھنا حرام ہی مانند اجنبیات و سیر و تماشے خلاف شرع کے اور پانچوین راست زبانی اور چھٹے یہ کہ پہچانے احسان اللہ کا اپنے پر تاکہ نہ عجب کرے نفس اوسکا اور ساتوین یہ کہ خرچ کرے مال اپنا حق مین اور نہ خرچ کرے اوسکو باطل مین اور آٹھوین یہ کہ نہ طلب کرے اپنے نفس کے لیے نام نمود و تکبر اور نوین محافظت نماز و نیز اور دسوین استقامت سنت و جماعت پر + **مشکوٰۃ و مکتوبات امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہما**

اور فرمایا خرچ کر یعنی جس خرچنے سے اللہ راضی ہو اور نہ شمار کر کہ کتنا دون اور کیا دون پس شمار کریگا اللہ تجپر یعنی کم کریگا رزق تیرا بسبب قطع کرنے برکت کے اور کر دیگا اوسکو مانند ایک چیز معدود کے یا محاسبہ لیگا تجسے اوسپر آخرت مین اور نہ روک رکھ فضل سے مال جو زیادہ ہو حاجت سے پس روکیگا اللہ تجسے زیادتی اپنی اِرْضَخِيْ مَا اسْتَطَعْتِ + یعنی دے جو ہو سکے یعنی اگرچہ کم ہو اور نہ جان اوسکو حقیر اسلیے کہ وہ اللہ کے نزدیک اور میزان اعمال مین بہت ہی + آور فرمایا حضرت نے کہ فرماتا ہی اللہ تعالیٰ اَنْفِقْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْفِقْ عَلَيْكَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالْمُسْلِمُ + یعنی خرچ کر اے بیٹے آدم کے خرچ کرونگا مین تجپر + **ف** + معنی یہ ہین کہ خرچ کر اموال فانیہ دنیا مین تاکہ پاوے اموال عالیہ عقبیٰ مین اور بعضون نے یہ معنی کہے ہین اسکے کہ دے لوگون کو جو کچھ کہ مینے دیا ہی تجکو تاکہ دونون مین تجکو دنیا اور عقبیٰ مین اشارہ ہی طرف اس آیت کے

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ یُخْلِفُهٗ + یعنی جو کچھ کہ خرچ کرتے ہو تم کسی چیز سے پس اللہ عوض دیتا ہے اوسکا + ع + اور فرمایا اے بیٹے
آدم کے خرچ کرنا تیرا مال کو کہ زیادہ ہو حاجت سے بہتر ہے تیرے لیے یعنی دنیا اور آخرت مین اور بند رکھنا تیرا اوسکو برا ہے تیرے لیے یعنی اللہ کے
نزدیک اور لوگون کے نزدیک اور نہین ملامت کیا جاویگا تو قدر کفایت پر اور شروع کر یعنی اوس مال کے خرچ کرنے مین کہ زائد ہو حاجت تیری
سے ساتھ عیال اپنے کے + ف + قدر کفایت پر یعنی مضایقہ نہین ہے اگر رہنے دے مال بقدر قوت کے کہ باز رکھے بھوک اور سوال سے
اور یہ مختلف ہوتا ہے ساتھ اختلاف اشخاص اور زمانون اور احوال کے یعنی بعضون کا قوت کم ہوتا ہے اور بعضون کا زیادہ اور اسی طرح بعضے
دنون مین کچھ ہوتا ہے اور بعضون مین کچھ اور بعضی حالت مین کچھ ہوتا ہے اور بعضی مین کچھ اور عیال اپنی کے یعنی جنکا نفقہ تجھپر لازم ہے پہلے دینے مین
اونھین سے کر جب اونسے بچے تب بیگانون کو دے یہ نہ کر کہ وہ محتاج رہین اور اورونکو دیوے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ بھی حدیث قدسی ہے اگرچہ صریح لفظ
اوسکے نہین ہین اور احتمال یہ بھی ہے کہ شاید حضرت نے اسطرح فرمایا ہو واللہ اعلم + ح + ع + اور فرمایا اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَاِنَّ الظُّلْمَ
ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاتَّقُوا الشُّحَّ الحدیث رَوَاهُ مُسْلِمٌ + یعنی بچو ظلم سے اسلیے کہ ظلم اندھیرے ہونگے روز قیامت کے اور بچو بخیلی
سے اسلیے کہ بخیلی نے ہلاک کیا ہے اون لوگون کو کہ تھے پہلے تمسے باعث ہوا اونکو بخل اسپر کہ خونریزی کی اور حلال جانا حرام کو + ف +
معنی ظلم کے ہین رکھنا ایک چیز کو بیچ غیر جگہہ اوسکی کے پس شامل ہے سب گناہون کو یعنی جو گناہ ہے وہ ظلم ہے اور ظلم اندھیرے ہونگے کہا طیبی نے
کہ یہ محمول ہے ظاہر پر کہ ہوگا ظلم بہت سی اندھیریان ظالم پر نہین راہ پانے کا بسبب اونکے جیسے کہ مومن راہ پاوینگے کہ دوڑتا ہوگا نور اونکا آگے
اونکے یا مراد اندھیرون سے شدائد اور ہول قیامت کے ہین یعنی ایک ظلم سبب ہوگا بہت سی سختیون اور ہولون قیامت کا اور بچو بخل سے کہ وہ بھی
ایک نوع ہے ظلم کی اسکو جدا اسلیے بیان کیا کہ بڑی نوع ظلم کی ہے اور بخل باعث خونریزی اور حلال جاننے حرام کا اسلیے ہوتا ہے کہ خرچ کرنا مال کا
اور خبرگیری مسلمان بھائیون کی سبب ہے آپس کی محبت و ملاپ کا اور بخل کرنا سبب ہے ترک ملاقات اور انقطاع کا اور یہ باعث ہین
لڑائی اور دشمنی کے اور جب دشمنی ہوئی تو خونریزی بھی ہوتی ہے اور مباح کرنا حرام کا بھی ہوتا ہے کہ دشمن کی عورتون اور مال کو اور آبروریزی
وغیرہ کو آدمی حلال جانتا ہے + ع + اور فرمایا اللہ دو اسلیے کہ آویگا تمپر ایک زمانہ کہ لیجاویگا آدمی صدقہ اپنا پس نپاویگا اوس شخص کو کہ
قبول کرے اوسکو کہیگا ایک آدمی اگر لاتا تو اسکو کل تو البتہ قبول کرتا مین اسکو پس آج کے دن نہین حاجت مجھکو اسکی + ف + اللہ دو یعنی
غنیمت جانو اب اللہ دینے کو کہ قبول کرنے والے بہت ہین دیکر ثواب پاتے ہو ایک زمانہ ایسا آویگا کہ کوئی قبول نہین کریگا بسبب اسکے کہ
سب مالدار ہونگے یا دل غنی ہوگا بسبب اسکے کہ بے رغبت ہونگے دنیا سے اور راغب ہونگے آخرت کے یہ بات آخیر زمانے مین حضرت امام مہدی کے
زمانے مین ہوگی + ع + کہا ابوہریرہ نے کہ کہا ایک شخص نے یارسول اللہ کونسا صدقہ بڑا ہے ازروے ثواب کے فرمایا یہ کہ تصدق کرے تو اوسوقت کہ تو
تندرست ہو حرص رکھتا ہو مال کے جمع کرنے کی ڈرتا ہو فقر سے اور امید رکھتا ہو دولت کی اور ڈھیل نکر یہان تک کہ جسوقت پہونچے
جان حلق مین کہے تو فلانے کے لیے اتنا اور فلانے کے لیے اتنا اور حال یہ کہ تحقیق ہوا وہ واسطے فلانے کے + ف + یعنی اسے دے
تندرستی کی حالت مین کہ اوس وقت بسبب امید درازگی عمر کی حرص ہوتی ہے مال کے جمع کرنے کی اور بخل کرتا ہے اور ڈرتا ہے محتاجگی
سے کہ اگر اللہ دونگا تو محتاج ہو جاؤنگا اور آرزو رکھتا ہے تونگری کی پس ایسے وقت مین دینا بڑا کام رکھتا ہے اور دینے مین ڈھیل نکر یہان تک
کہ جب حلق مین جان آوے تو کہنے لگے کہ فلانے کو اتنا دینا اور فلانے کو اتنا اور اوسوقت مال ہوگیا ہے فلانے کا یعنی وارثون کا حق متعلق
ہوگیا ہے حاصل یہ کہ تندرستی مین دینا بہت ثواب ہے اور جب وقت مرنے کا آجاوے اوسوقت وصیت کرے یا اللہ دے تو بہت ثواب نہین + ح +
کہا ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ پہونچا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال مین کہ وہ بیٹھے ہوئے تھے کعبہ کے سایے مین پس جبکہ دیکھا مجھکو
فرمایا وہ نہایت ٹوٹے مین ہین قسم ہے کعبہ کے پروردگار کی پس کہا مینے قربان ہون تمہارے باپ مان میرے وہ کون ہین فرمایا کہ وہ بہت جمع کرنے والے

م رواہ مسلم

ع رواہ البخاری ومسلم

ح رواہ البخاری ومسلم

مال سکے الا من قال ھٰکذا وھٰکذا وھٰکذا + یعنی مگر جسنے کہ خرچ کیا ادھر اور ادھر اور ادھر یعنی ہر طرف اپنے جیسا کہ بیان کیا گیا آگے اپنے اور پیچھے اپنے اور داہنے اپنے اور بائین اپنے اور کم ہین وہ + اور فرمایا سخی نزدیک ہے اللہ کی رحمت سے نزدیک ہے بہشت سے نزدیک ہے لوگون سے یعنی سب دوست رکھتے ہین اوسکو دور ہے آگ سے اور بخیل یعنی جو کہ نہ ادا کرے جو کچھ کہ واجب ہے اوسپر دور ہے اللہ سے دور ہے بہشت سے دور ہے لوگون سے نزدیک ہے آگ سے وَلَجَاھِلٌ سَخِیٌّ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ مِنْ عَابِدٍ بَخِیْلٍ + یعنی اور البتہ جاہل سخی بہت پیارا ہے طرف اللہ کے عابد بخیل سے اور فرمایا البتہ صدقہ دینا آدمی کا بیچ تندرستی اپنی کے ایک درہم بہتر ہے اوسکے لیے صدقہ دینے سو درہم کے سے نزدیک مرنے اپنے کے یعنی تندرستی مین تھوڑا سا دینا زیادہ ثواب رکھتا ہے بہت دینے سے مرتے وقت + اور فرمایا دو خصلتین نہین جمع ہوتین مومن مین ایک بخل اور دوسری بدخلقی

ف + یعنی لائق نہین ہے کہ مومن کامل مین یہ خصلتین جمع ہون یا مراد یہ ہے کہ اوسمین نہین پائی جاتین یہ خصلتین نہایت درجے کی کہ اوس سے جدا ہی نہون اور وہ راضی ہو اونسے اور اگر کبھی بمقتضائے طبیعت بشری کے بدخلقی یا بخل کرے اور بعد ازان پشیمان ہو اور نفس کو ملامت کرے تو منافی کمال ایمان کے نہین اور مراد بدخلقی سے یہ ہے کہ خلاف شرع باتین کرے نہ یہ کہ جو لوگون مین مشہور ہے جھکنا اور سہولت کرنی اور مین اسلیے کہ بعض بعد ایمان کی شاخون مین سے ہے + ع + ت + اور فرمایا نہ داخل ہوگا بہشت مین مکار اور نہ بخیل اور نہ صدقہ دیکر احسان جتانے والا

ف + نہ داخل ہوگا یعنی اول ہی نہین داخل ہوگا بغیر عذاب کے بلکہ بعد عذاب کے داخل ہوگا اور بخیل سے وہ مراد ہے کہ حق واجب مال مین سے نہ ادا کرے + ت + اور فرمایا شَرُّ مَا فِی الرَّجُلِ شُحٌّ ھَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ + یعنی بدترین خصلتون کی کہ آدمی مین ہوتی ہین دو خصلتین ہین ایک نہایت بخل اور دوسری نہایت نامردی + اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہا ایک شخص نے یعنی بنی اسرائیل مین سے اپنے دل مین یا اپنے کسی یار سے کہ البتہ دونگا مین کچھ صدقہ یعنی آجکی رات مین نکالی خیرات اپنی یعنی جسکی نیت کی تھی تاکہ دے کسی مستحق اوسکے کو پس دیا اوسکو چور کے ہاتھ یعنی بغیر جاننے اسکے کہ وہ چور ہے مستحق اوسکا نہین پس صبح کی لوگون نے اس حال مین کہ باتین کرتے تھے یعنی بطریق تعجب کے بسبب الہام الٰہی کے یا بسبب سننے کے چور سے کہ صدقہ دیا گیا آجکی رات چور کو پس کہا اوس شخص نے اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی سَارِقٍ + یعنی یا اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے اوپر دینے چور کے البتہ دونگا مین کچھ صدقہ یعنی اور صدقہ دونگا تاکہ وہ مستحق کو پہونچے پس نکالی اوسنے خیرات اپنی پس دیا اوسکو ایک زناکار عورت کے ہاتھ مین پس صبح کی لوگون نے باتین کرتے تھے کہ خیرات دی گئی آجکی رات زناکار عورت پس کہا یا الٰہی تیرے ہی لیے ہے تعریف اوپر دینے کے زنا کرنے والی کو البتہ خیرات کرونگا مین اور خیرات پس نکالی خیرات اپنی اور دی خیرات غنی کے ہاتھ مین پس صبح کی لوگون نے کہ باتین کرتے تھے کہ خیرات دی گئی آجکی رات دولتمند کو کہا یا الٰہی تیرے ہی لیے تعریف ہے اوپر خیرات کرنے کے چور کو اور زنا کرنے والی کو اور دولتمند کو پس لایا گیا وہ خواب مین پس کہا گیا واسطے اوسکے کہ صدقے تیرے سب مقبول ہوئے اوپر خیرات کرنی چور پر بیفائدہ اور خالی ثواب سے نہین پس شاید کہ وہ باز رہے چوری سے یعنی بالکل باز رہے یا جب تک کہ وہ مال اکتفا کرے اور اوپر زنا کرنے والی پس شاید کہ باز رہے زنا اپنے سے اور اوپر دولتمند پس شاید کہ وہ نصیحت پکڑے اور خرچ کرے اوس مین سے کہ دیا اوسکو اللہ نے + ف + حمد کرنی یا تو بطریق شکر کے تھی کہ شکر ہے اللہ کا جو دیا اگرچہ غیر مستحق کو دیا یا بطریق تعجب کے یا تسلی خاطر کے حمد کی اور غرض اس حدیث کے فرمانے سے یہ ہے کہ صدقہ دینا ہر نوع بہتر ہے جسکو دیگا ثواب پائیگا + ح + اور فرمایا اوسوقت کہ ایک شخص کھڑا تھا بیچ جنگل کے زمین مین سے پس سنی ایک آواز ابر مین کہ کہتا ہے کوئی پانی دے فلانے شخص کے باغ کو پھر چلا ابر ایک طرف کو پس ڈالا پانی اپنا پتھرون کی زمین مین پس ناگہان ایک نالی نے اون نالیون مین سے یعنی جو کہ اوس زمین مین تھین تحقیق جمع کیا وہ پانی سارا پس پیچھے چلا وہ شخص پانی کے یعنی نالی مین پانی بہنے لگا اوسکے ساتھ وہ شخص بھی چلا تا معلوم کرے کہ جسکے باغ مین پانی پہونچا ہے وہ کون ہے پس ناگہان ایک شخص تھا کھڑا ہوا اپنے باغ مین پھیرتا تھا پانی کو ساتھ بیلچے اپنے کے پس کہا اوس شخص نے واسطے اوسکے اے بندے خدا کے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا فلانا ہے وہ نام لیا کہ سنا تھا

ابر مین پس کہا باغ والے نے پوچھنے والے کو ای بندے خدا کے کیون پوچھتا ہی مجھسے نام میرا پس کہا اسواسطے کہ سنی تھی مینے آواز اوس
ابر مین کہ یہ پانی اوسکا ہی پس کہتی تھی وہ آواز یعنی جسکی وہ آواز تھی وہ کہتا تھا اوس ابر کو اِسْقِ حَدِیْقَةَ فُلَانٍ یعنی پانی دے فلانے
کے باغ کو واسطے نام تیرے کے پس کیا کرتا ہی تو یعنی اپنے باغ مین کہ جسکے سبب لائق اس بزرگی کا ہوا کہا اوسنے اپر اسوقت کہ کہا
اور پوچھا تونے یہ تو کہتا ہون مین تجھسے کہ پس تحقیق مین دیکھتا ہون طرف اوس چیز کے کہ حاصل ہوتی ہی باغ مین سے پس بند دیتا ہون تہائی
اوسکا اور کھاتا ہون مین اور کنبہ میرا تہائی اور لگاتا ہون مین اوس باغ مین تہائی + ف + پانی دے فلانے شخص کے باغ کو لفظ
فلان کنایہ کیا حضرت نے باغ والے کے نام سے جیسے کہ آگے آیا صریحا یعنی ابر مین نام اوسکا لیا گیا تھا حضرت نے اسطرح فرمایا اور واسطے
نام تیرے کے یعنی کہتا ہو مین فلانا واسطے نام مخصوص تیرے کے اور بدلے اوسکے حاصل یہ کہ ہاتف نے نام لیا تھا اور سامع نے کنایہ کیا یعنی فلانا
کہا اوسکو بیان کردیا کہ مینے تیرا نام سنا تھا اوسکو لفظ فلان کر تعبیر کیا + ع + اور فرمایا کہ بلاشک تین شخص تھے بنی اسرائیل مین سے ایک کوڑھی
اور دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا پس چاہا الله تعالی نے یہ کہ آزماوے اونکو کہ شکر نعمت کا ادا کرتے ہین یا نہین پس بھیجا اونکے پاس ایک فرشتہ
یعنی بصورت مسکین کے پس آیا وہ کوڑھی کے پاس اور کہا اوسنے کونسی چیز بہت پیاری ہی تیرے نزدیک کہا کوڑھی نے کہ رنگ اچھا
اور پوست بدن کا اچھا اور جاتی رہے مجھسے وہ چیز کہ گھنیاتے ہین مجھسے لوگ یعنی کوڑھ جاتی رہے فرمایا حضرت نے پس ہاتھ پھیرا فرشتے
نے اوسپر پس دور ہوئی اوس سے گھن اوسکی یعنی کوڑھ اور دیا گیا رنگ اچھا اور پوست اچھا کہا فرشتے نے پس کونسا مال بہت پیارا ہی تیرے نزدیک
کہا اونٹ یا کہا گائین شک کیا اسحق نے کہ راوی حدیث کا ہی مگر یہ کہ کوڑھی نے یا گنجے نے کہا ایک نے اونمین سے اونٹ اور کہا دوسرے نے
گائین یعنی شک فقط تعین مین ہی کہ اوسنے کیا کہا اور راوی نے کیا کہا فرمایا حضرت نے پس دیا گیا وہ اونٹنیان گابھن پھر کہا فرشتے نے برکت دے الله تعالی تیرے لیے
اوس مین فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ گنجے کے پاس اور کہا کیا چیز بہت پیاری ہی تیرے نزدیک کہا بال اچھے اور جاتی رہے مجھسے یہ چیز کہ گھن کھاتے
ہین مجھسے لوگ فرمایا حضرت نے پس ہاتھ پھیرا فرشتے نے اوسکے سر پر پس جاتا رہا اوس سے گنج فرمایا حضرت نے اور دیا گیا وہ بال اچھے کہا فرشتے نے
پس کونسا مال بہت پیارا ہی تیرے نزدیک کہا گائین پس دیا گیا گائین گابھن کہا فرشتے نے برکت دے الله تجھکو اوسمین فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ اندھے کے پاس
اور کہا کونسی چیز بہت پیاری ہی تیرے نزدیک کہا یہ کہ دے الله مجھکو بینائی میری پس دیکھون مین اوس سے لوگون کو فرمایا حضرت نے پس پھیرا فرشتے نے
اوسپر ہاتھ پس عنایت کی الله نے اوسکو بینائی اوسکی کہا فرشتے نے پس کونسا مال بہت پیارا ہی تیرے نزدیک کہا بکریان پس دیا گیا بکریان بہت بچے
دینے والیان پس بچے لیے کوڑھی نے اور گنجے نے اونٹون کے اور گایون کے اور بچے لیے اندھے نے بکریون کے پس ہوا کوڑھی کے لیے ایک جنگل
اونٹونکا اور گنجے کے لیے ایک جنگل گایون کا اور اندھے کے لیے ایک جنگل بکریون کا فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ کوڑھی کے پاس بیچ صورت اپنی کے اور ہیئت اپنی کے
یعنی جس صورت و ہیئت مین پہلے اوس پاس آیا تھا اوسی طرح پھر آیا پس کہا اوس فرشتے نے کہ مین مرد مسکین ہون جاتا رہا مجھسے اسباب سفر میرے مین
پس نہین پہونچنا ہو سکتا آج یعنی منزل مقصود کو مگر ساتھ عنایت الله کے پھر بسبب تیرے مانگتا ہو مین تجھسے بواسطے اوس ذات کے کہ دیا تجھکو رنگ
اچھا اور جلد اچھی اور مال ایک اونٹ یعنی مانگتا ہون ایک اونٹ کہ پہونچون مین بسبب اوسکے بیچ سفر اپنے کے مقصود اپنے کو پس کہا
کوڑھی نے حق بہت ہین یعنی حقدار بہت ہین تجھے ایک اونٹ نہین پہونچ سکتا اوسنے یہ بات جھوٹ کہی اوسکے ٹالنے کے لیے پس کہا
فرشتے نے تحقیق گویا کہ مین پہچانتا ہون تجھکو کیا نہ تھا تو کوڑھی کہ گھنیاتے تھے تجھسے لوگ اور محتاج تھا پس دی تجھکو الله نے نعمت و
مال پس کہا کوڑھی نے سوائے اسکے نہین کہ وارث کر دیا گیا ہون مین اس مال کا باپ دادا سے پس کہا اوس فرشتے نے اگر ہی تو جھوٹا تو پھیر دے
تجھکو الله طرف اوس حالت کے کہ تھا تو یعنی کوڑھی محتاج فرمایا حضرت نے کہ آیا فرشتہ گنجے کے پاس پہلی صورت اپنی مین پس کہا اوسکو مانند
اوس چیز کے کہ کہا تھا کوڑھی کو اور جواب دیا گنجے نے جیسا جواب دیا تھا کوڑھی نے پھر کہا فرشتے نے اگر ہی تو جھوٹا تو کر دے تجھکو الله

ف رواہ البخاری ومسلم ١٢

ف یعنی جو [illegible] حاجت اپنی [illegible] الله تعالی سے [illegible] درست نہین [illegible] الله تعالی سے اور [illegible] ١٢

جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ اندھے کے پاس بیچ صورت اور شکل اپنی پہلی کے پھر کہا کہ مین مرد مسکین ہون اور مسافر جاتا رہا
میرے پاس سے اسباب بیچ سفر میرے کے پس نہین پہونچنا ہو سکتا مجھسے اب مگر ساتھ عنایت اللہ کے پھر بسبب تیرے مانگتا ہون تجھسے واسطے اوس
ذات کے کہ دی تجھکو بینائی تیری بکری یعنی مانگتا ہون ایک بکری کہ پہونچون مین بسبب اوسکے سفر اپنے مین پس کہا اندھے نے کہ بلا شبہ تھا مین
اندھا پھر پھیری اللہ نے طرف میرے بینائی میری پس لے جو چاہے تو اور چھوڑ جو چاہے پس قسم ہے اللہ کی نہین تکلیف دونگا تجھکو آج واسطے پھیر لے
اوس چیز کے کہ لے تو واسطے اللہ کے پھر کہا فرشتے نے کہ رکھ تو مال اپنا یعنی اپنے پاس پس سوا اسکے نہین کہ آزمائش کئے گئے تم یعنی امتحان کیا
اللہ نے کہ آیا تمکو اپنا حال یاد ہے یا نہین اور شکر کرتے ہو یا نہین پس تحقیق راضی ہوا اللہ تجھسے اور غصے ہوا اوپر دونوں یاروں تیرے کے
یعنی کوڑھی اور گنجے کے بسبب ناشکری کرنے اونکے کے + اور کہا ام بجید نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ تحقیق مسکین البتہ کھڑا ہوتا ہے میرے
دروازے پر یعنی مانگتا ہے مجھسے یہان تک کہ مین حیا کرتی ہون پس نہین پاتی مین اپنے گھر مین وہ چیز کہ دون مین اوسکے ہاتھ مین پس فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اِدْفَعِيْ فِيْ يَدِهٖ وَلَوْ ظِلْفًا مُّحْرَقًا + یعنی دے اوسکے ہاتھ مین اگرچہ ہو کھر جلا ہوا + آیا ہے کہ کسی نے
حضرت ام سلمہ کو ایک ٹکڑا گوشت کا یعنی پکا ہوا بطریق تحفے کے بھیجا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت بھاتا تھا پس کہا حضرت ام سلمہ
نے لونڈی کو کہ رکھدے اس گوشت کو گھر مین شاید کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نوش کرین اسکو پس رکھدیا اوسکو لونڈی نے گھر کے طاقچے مین اور آیا
مانگنے والا پس کھڑا ہوا دروازے پر اور کہا اے گھر والون صدقہ دو برکت دے اللہ تمکو پس کہا گھر والون نے برکت دے اللہ تجھکو یعنی جیسا دستور ہے سائل کو
جیسے یہان کہتے ہین سائل کو برکت ہے شاہ جی پس چلا گیا مانگنے والا پھر تشریف لائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پس کہا اے ام سلمہ تمہارے پاس
کچھ چیز ہے کہ کھاؤن مین اوسکو پس کہا ام سلمہ رضی نے کہ ہان کہا لونڈی کو جا پس لا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وہ گوشت پس
گئی لونڈی پس نہ پایا طاقچے مین مگر ایک ٹکڑا سفید پتھر کا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ گوشت ہو گیا پتھر سفید بسبب نہ دینے تمہارے
کے سائل کو + اور فرمایا کیا خبر دون مین تمکو اوسکی کہ بہت بدہے آدمیون مین از روے مرتبے کے نزدیک خدا کے عرض کیا صحابہ نے کہ ہان خبر دیجیے فرمایا
اَلَّذِيْ يُسْأَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِيْ بِهٖ + یعنی وہ شخص کہ سوال کیا جاوے ساتھ نام خدا کے اور نہ دیوے ساتھ اوس سوال کے + ف
یعنی سائل نے کہا دے مجکو واسطے اللہ کے اور باوجود اسکے نہ دیا اوسنے تو وہ سب لوگون مین برا ہے مرتبے مین اللہ کے نزدیک مگر جس صورت مین سائل
مستحق نہوگا یا جس سے مانگا اوس پاس مال زیادہ اپنی حاجت سے اور اپنی عیال کی حاجت سے نہوگا تو گنہگار نہوگا غرض نہ دینے والا گنہگار ہوگا اگر
سائل مستحق اوس مال کا ہوا اور مال اوس پاس زیادہ حاجت سے ہو + ح + کہا عقبہ بن حارث نے کہ پڑھی مینے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
مدینے مین نماز عصر کی پس سلام پھیرا حضرت نے پھر کھڑے ہوئے جلدی سے پھر پھلانگتے ہوئے گردنین لوگون کی گئے طرف بعضے حجرون بیویون
اپنی کے پس گھبرائے لوگ حضرت کی جلدی کرنے سے پھر نکلے حضرت اونپر پس دیکھا کہ صحابہ نے تعجب کیا اونکی جلدی کرنے سے فرمایا کہ یاد آیا مجکو
ایک ٹکڑا سونے کا کہ میرے پاس تھا پس مکروہ جانا مینے یہ کہ روکے مجکو یعنی قرب الٰہی سے پس حکم کیا مینے یعنی اہل بیت کو اوسکے بانٹ دینے کا
اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا حضرت نے تھا مین چھوڑ آیا گھر مین ایک ٹکڑا سونے کا زکوۃ مین سے پس مکروہ جانا مینے یہ کہ رات کو رکھون مین
اوسکو + کہا حضرت عایشہ رضی نے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے میرے پاس اونکی بیماری مین چھ دینار یا سات پس حکم کیا مجکو
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ بانٹ دون مین اونکو پھر باز رکھا مجکو یعنی بانٹنے اونکے سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری نے یعنی
فرصت نہ پائی اونکے بانٹنے کی حضرت کی بیماری کے سبب سے پھر پوچھا مجھسے حضرت نے حال اونکا کہ کیا ہوئین وہ چھ دینار یا سات کہا حضرت عایشہ نے
کہ نہین بانٹا مینے قسم خدا کی تحقیق باز رکھا مجکو یعنی اونکے بانٹنے سے آپ کی بیماری نے پس منگوایا حضرت نے اون دیناروں کو پھر رکھا اونکو
اپنے ہاتھ مین پھر فرمایا کیا ہے گمان نبی خدا کا اگر ملاقات کرے اللہ عز وجل سے اور ہون یہ دینار اوسکے پاس یعنی ہونا انکا نبی کے پاس

سنا فی ہی مقام نبوت کے + اور آیا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے بلال رضی اللہ عنہ کے پاس اس حال مین کہ بلال کے پاس ایک تودہ تھا کھجور کا
پس فرمایا حضرت نے کیا ہی یہ اے بلال کہا ایک چیز ہی کہ ذخیرہ کیا مین نے اسکو کل کے لیے یعنی اپنی حاجت کے لیے کہ زمانہ آیندہ مین پیش آوے
فرمایا کیا نہین ڈرتا تو یہ کہ دیکھے تو اسکے لیے کل کو بخار آگ دوزخ مین روز قیامت کے خرچ کر تو اے بلال اور نہ ڈر رکھ صاحب عرش سے
نفر کا + ف + کل کو یعنی روز قیامت کے پس لفظ روز قیامت تاکید ہی اسکی اور بخار یعنی اثر کہ پونہچیگا طرف تیرے پس یہ
کنایہ ہی قریب ہونے دوزخ کے سے حاصل یہ کہ اسکے سبب سے قریب دوزخ کے ہوگا اور اخیر حدیث کا حاصل یہ ہی کہ خرچ کر اور محتاجگی
نہ ڈر کہ جس قادر نے عرش عظیم کو پیدا کیا ہی روزی پونہچاویگا اور حضرت نے یہ حکم فرمایا بلال کو واسطے حاصل کرنے مقام کمال کے
یعنی توکل اور اعتماد حق پر حاصل ہو والا جائز ہی ذخیرہ کرنا برس روز کے قوت کا عیال کے لیے + ع + اور فرمایا سخاوت درخت ہی بہشت
مین پس جو شخص ہوگا سخی پکڑیگا ٹہنی اوسمین سے پس نہین چھوڑیگی اوسکو ٹہنی یہان تک کہ داخل کریگی اوسکو بہشت مین یعنی اگرچہ
اخیر مین ہو اور بخیلی درخت ہی دوزخ مین پس جو شخص کہ ہو بخیل پکڑیگا ٹہنی کو اوسمین سے پس نہ چھوڑیگی اوسکو ٹہنی یہان تک کہ داخل کریگی
اوسکو دوزخ مین + ف + درخت ہی یعنی سخاوت مانند درخت کے ہی مشابہت دی اوسکو درخت کے ساتھ اسلیے کہ جیسے درخت
بڑا ہوتا ہی اور ٹہنیان اوسکی بہت ہوتی ہین ایسے ہی سخاوت بھی ایک چیز بڑی ہی اور قسمین اوسکی بہت ہین اور پکڑیگا ٹہنی یعنی
ایک قسم قسمون سخاوت کی سے + ع + اور فرمایا بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَا يَتَخَطَّاهَا یعنی جلدی کرو ساتھ
صدقہ دینے کے یعنی موت یا بیماری سے پہلے صدقہ دو اسلیے کہ بلاشک بلا نہین بڑہتی صدقے سے یعنی صدقہ دینے سے بلا دفع ہوتی ہی اور فرمایا
مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ تَمْرَةٍ مِّنْ كَسْبٍ طَيِّبٍ الخ یعنی جو شخص کہ خیرات کرے برابر کھجور کے یعنی برابر صورت مین یا قیمت مین
کمائی حلال سے اور نہین قبول کرتا اللہ مگر حلال کو پس تحقیق اللہ قبول کرتا ہی اوسکو ساتھ داہنے ہاتھ اپنے کے پھر پالتا ہی اوسکو
واسطے خیرات والے کے جیسا کہ پالتا ہی ایک تمہارا بچھیرے اپنے کو یہان تک کہ ہوتا ہی صدقہ یا ثواب اوسکا مانند پہاڑ کے + ف +
کسب کے معنی ہین جمع کرنا اور یہان کسب طیب سے مراد ہی وہ مال کہ جمع کیا ہو اوسکو وجہ حلال سے یعنی بوجہ شرعی کچھ صنعت کی یا تجارت کی
یا زراعت کی یا ارث مین ہاتھ لگا یا ہبہ کیا کسی نے اور نہین قبول کرتا اللہ مگر حلال اسمین اشارہ ہی طرف اسکے کہ غیر حلال نہین قبول ہوتا
اور حلال اچھی جا صرف ہوتا ہی چنانچہ شیخ علی متقی عارف باللہ رحمہ اللہ تعالی نے نقل کی ایک شخص صالحین مین سے کماتا تھا اور پھر صدقہ دیتا تھا
تہائی اور تہائی اپنے خرچ مین لاتا اور تہائی خرچ کرتا کمائی کی جگہہ مین پس آیا اونکے پاس ایک دنیادار اور کہا اے شیخ چاہتا ہون مین کہ
کچھ صدقہ دون پس بتا مجکو مستحق کہا اونھون نے حاصل کر مال حلال پھر دے تو وہ پونہچیگا مستحق کو پس مبالغہ کیا اوسنے اس بات مین غنی
نے کہا اونھون نے نکل جب ملے تو اوس شخص سے کہ رحم کرے اوسپر دل تیرا تو دے اوسکو پس نکلا وہ دیکھا ایک اندھا بوڑھا دیا اوسکو پھر دوسرے دن اوسپر
گذرا اوسنا کہ وہ کہتا ہی ایک شخص سے کہ اوسکے پاس تھا کہ گذرا مجپر ایک شخص کل اور دیا مجکو اتنا اتنا مال پس خوش ہوا مین اور صرف کیا مینے اوسکو
شراب خواری مین فلانے بدکار کے ساتھ یہ سنکر آیا وہ غنی شیخ کے پاس اور بیان کیا یہ واقعہ پھر دی اوسکو شیخ نے ایک درہم اپنی کمائی کی
اور کہا اوسکو کہ جب نکلے تو گھر سے اور اول جس پر تیری نظر پڑے اوسکو یہ درہم دینا پس نکلا وہ دیکھا ایک رویت دار کو کہ ظاہر مین غنی معلوم
ہوتا تھا پس ڈرا اوسکے دینے سے لیکن بموجب حکم شیخ کے ناچار اوسی کو دی درہم پس جب لی اوسنے درہم پھرا وہ راہ اپنی سے اور سامنے
چلا اوسکے غنی دینے والا یہان تک کہ دیکھا اوسکو کہ داخل ہوا ایک کھنڈر مین اور نکلا دوسری راہ سے اور چلا شہر کی طرف پھر داخل ہوا وہ
غنی پیچھے اوسکے کھنڈر مین پس نہ دیکھا اوسمین مگر کبوتر مرا ہوا پھر پیچھے پیچھے گیا اوسکے غنی اور قسم دی اوسکو یہ کہ خبر دے مجکو اپنے
حال کی پس ذکر کیا اوسنے یہ کہ میرے ساتھ اولاد ہی چھوٹی اور تھے وہ نہایت بھوکے پس مین بیقرار ہوا اور نکلا سرگردان پھرتا تھا

رواہ البیہقی ۱۲

رواہ البیہقی ۱۲

رواہ رزین ۱۲

متفق علیہ ۱۲

مینے یہ کبوتر مرا ہوا لے لیا مینے اوسکو اونکے لیے پھر جب یہ فتوح مجھے ہاتھ لگی تو پھینک دیا مینے یہ کبوتر جہان سے لیا تھا پس سمجھا وہ غنی کلام شیخ کا کہ واقعی حلال مال اچھی جگہ خرچ ہوتا ہی اور حرام بُری جگہ اکثر تجربہ کیا ہی کہ جو شخص مال خبیث چھوڑتا ہی مثل سود خوار وغیرہ کے تو وہ رقص و سرود و شراب خمر مین پیچھے اوسکے صرف ہوتا ہی اور وارث اوسکے جلدی محتاج ہو جاتے ہین بخلاف حلال کے ایسے معاملے بہت دیکھنے مین آئے ہین اور قبول کرتا ہی اوسکو ساتھ داہنے ہاتھ اپنے کے یعنی خوب قبول کرتا ہی اور راضی ہوتا ہی اوس سے اور اوسکو داہنے ہاتھ مین لینا اسلیے کہا کہ عادت ہی کہ پسندیدہ چیز کو آدمی داہنے ہاتھ مین لیتا ہی اور بڑھاتا ہی یعنی بڑھاتا جاتا ہی اوسکو تاکہ بھاری ہو میزان اعمال مین ع + م + اور فرمایا مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِّنْ مَّالٍ وَّمَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا وَّمَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ + یعنی نہین کم کرتا صدقہ دینا مال کو اور نہین زیادہ کرتا اللہ بندے کو بسبب معاف کرنے کسیکی تقصیر کے مگر عزت اور نہین تواضع کرتا کوئی خدا کے واسطے مگر بلند کرتا ہی اللہ تعالی مرتبہ اوسکا + ف + یعنی اگرچہ ظاہر مین صدقہ دینا سبب نقصان مال کا ہی لیکن حقیقت مین سبب زیادتی کا ہی کہ برکت زیادہ ہوتی ہی اور آفتین دفع ہوتی ہین اور ثواب ملتا ہی یا یہ کہ دنیا مین بھی بدلا اوسکا ملتا ہی لوجو کوئی قصور کسی کا بخشدیتا ہی باوجود قدرت رکھنے کے بدلا لینے پر اوسکے اللہ تعالی عزت زیادہ کرتا ہی دنیا اور آخرت مین ایک بزرگ سے منقول ہی کہ کوئی انتقام برابر عفو کے نہین ہی اور جو کوئی تواضع یعنی عاجزی کرتا ہی واسطے امید قربت الٰہی کے نہ اوسکی غرض کے تو اللہ تعالی اوسکی قدر بلند کرتا ہی دنیا اور آخرت مین + م +

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعَةُ رُكُوْعَاتٍ

یہ سورت مدنی ہی آیتین اسمین ۲۹ ہین اور کلمات ۵۶۰ اور حروف ۲۴۳۸ اور رکوع ۴ اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورہ جمعہ کے اور ربط اس سورت مین اور سورۂ محمد مین یہ ہی کہ سورۂ محمد مین اکثر ذکر مشرکین کا اور بیان احوال مومنین کا اور بیان لڑائی کا ہی اور سورۂ فتح مین اکثر بیان ذکر مشرکین کا اور بیان احوال مومنین کا اور منافقین کا اور بیان صلح کا ہی اور یہ نام اسکا اسلیے رکھا گیا کہ ابتدا ہی مین ذکر فتح کا ہی کہ تفصیل اوسکی آگے آتی ہی + ابی بن کعب سے منقول ہی کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے پڑھی سورۂ فتح پس گویا کہ ہوا اون لوگون کے ساتھ کہ بیعت کی اونھون نے نیچے درخت کے + زاهدی + آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب مین دیکھا کہ گویا آپ صحابہ کے ساتھ مکے مین داخل ہوئے اور خاطر جمعی سے حلق و تقصیر مین مشغول ہین پس اوس سال عمرے کے قصد سے متوجہ کعبے کی طرف ہوئے اور جب حدیبیہ مین کہ نام ایک جگہ کا قریب مکے کے ہی پہونچے تو کفار قریش کعبے کے آنے سے مانع آئے اور بہت سی تشویشین بعد کفار سے صلح کر کر بغیر پہونچنے کے کعبے مین پھر خدا تعالی نے اوس عمل کو اونکے قبول فرمایا اور اوس بیعت سے کہ اثنا تشویش مین واسطے تاکید عزم کے آنحضرت سے کی تھی راضی ہوا اور اوس عمل کے ثواب مین بہت سی فتوحین اونکو نصیب کین خصوصا فتح خیبر کہ بعد اس سفر سے جلد واقع ہوئی اور غنیمتین خیبر کی خاص حاضران بیعت کے لیے مقرر کین اور غیر اونکے کو اوس غزوے سے منع کیا اور مضمون خواب کا سال آیندہ ظاہر ہوا پس بیچ باب وعدہ فتوح اور سرزنش منافقون کے بسبب تعویق مضمون خواب کے اور بیان حکمت تعویق کے اور تہدید متخلفون کے سفر حدیبیہ سے اور بیچ بیان خوشنودی اپنی کے بیعت کرنے والون سے یہ سورت نازل فرمائی واللہ اعلم + فتح + ہجرت سے چھ برس بعد حضرت نے خواب دیکھا کہ مکے مین گئے ہین عمرے کو فراغت سے حلق کرتے ہین ارادہ کیا عمرے کا اگرچہ قریش سے دشمنی تھی لیکن دستور تھا کہ دشمن کو بھی حج اور عمرے سے مانع نہوتے تھے اور حرم مین بیر نہ لیتے پندرہ سو آدمی کے ساتھ چلے قریش نے لوگ جمع کیے شہر سے باہر چڑھے لڑنے کو جب حضرت پہونچے قریب جہان سے مکہ نظر آیا سواری کی اونٹنی بیٹھ گئی ہرگز نہ اوٹھی تب حضرت نے قسم کھائی کہ مین ادب کعبے کا رکھونگا اگرچہ یہ لوگ چڑھ چڑھ بولین تب اوٹھی حضرت نے مقابلہ چھوڑ کر حدیبیہ کے میدان مین اوترے پیغام دیا کہ اگر چاہو مجھسے صلح کرو ایک مدت

دم لو اتنے ہم اور ون کو مسلمان کرین پھر جا ہوگے مسلمان ہو جاوے اور جا ہوگے لڑیو آخر کو صلح ہوئی لیکن اوس برس میں عمرہ منع کرنے دیا اگلے سال قضا کیا اوس صلح کے بعد یہ سورت اتری + **مو**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ○ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ○ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ○

بلاشبہ ہمنے حکم کیا تیرے لیے فتح ظاہر کا انجام کار فتح کا یہ ہی کہ بخشے تیرے لیے خدا جو کچھ کہ گذرا تیرے گناہ سے اور جو کچھ کہ پیچھے رہے اور تمام کرے نعمت اپنی تجہپر اور تو پہلے دکھاوے تجکو راہ سیدھی اور تو مدد دیوے تجکو خدا مدد قوی + **فتح** + ہمنے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تا معاف کرے تجکو اللہ جو آگے ہوئے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے اور پورا کرے تجہپر اپنا احسان اور چلاوے تجکو سیدھی راہ اور مدد کرے تجکو اللہ زبردست مدد + **تفسیر** + یعنی تجکو اس تحمل سے درجے بڑھے اور یہ بات اللہ نے کسی بندے کو نہین فرمائی کہ اگلے پچھلے گناہ بخشے اگرچہ بہت بندے ہین بخشے اسمین نڈر کر دینا ہی + **مو** + کہا بعضونے کہ مراد اس فتح سے فتح مکے کی ہی نازل ہوئی یہ سورت آنحضرت کے پھرنے کے وقت مکے سے سال حدیبیہ مین از راہ وعدے کے آنحضرت سے مکے کے فتح ہونے پر اور بعضونے کہا کہ وہ فتح حدیبیہ ہی اور نہین ہوا اوسمین قتال شدید ولیکن ہوئی آپسمین پھینکا پھانکی پتھرون اور تیرون کی پس تیر مارے مسلمانونے مشرکون کو یہان تک کہ بھگا دیا اونکو شہر مین اور چاہی اونھونے صلح پس ہوئی فتح ظاہر اور کہا زجاج نے کہ واقع ہوا فتح حدیبیہ مین معجزہ بڑا کہ پانی کنوین مین ہو چکا ایک قطرہ باقی نرہا پس کلی ڈالی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کنوین مین پس جوش مارا پانی نے یہان تک کہ پیاسے لوگون نے اور بعضونے کہا کہ مراد اس فتح سے فتح خیبر کی ہی اور بعضونے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین کہ قَضَيْنَا لَكَ قَضَآءً بَيِّنًا یعنی حکم کیا ہمنے تیرے لیے حکم ظاہر اہل مکہ پر یہ کہ داخل ہوگے تم اور اصحاب تمھارے مکے مین سال آیندہ خانہ کعبہ کے طواف کرنے کے لیے + **مل** + بموجب قول اکثر مفسرون کے مراد فتح سے صلح حدیبیہ کی ہی کہ حقیقت مین مقدمہ فتوح کثیرہ کی تھی اور سبب فتح مکہ کی بھی یہی ہوئی اور صلح کو فتح اسلیے کہا کہ اوسوقت مین واقع ہونا صلح کا مشرکون سے دشوار تھا مدد و فتح خدا تعالی کی طرف سے آنحضرت کو پہنچی تب مشرک صلح پر راضی ہوئے اور بعضون کے نزدیک مراد اس سے فتح مکے کی ہی اور بعض کے نزدیک فتح خیبر اور فدک کی ہی کہ عنقریب اس صلح سے واقع ہوئی اور زہری کہتے ہین کہ کوئی فتح صلح حدیبیہ سے بڑی نتھی اسلیے کہ اوسوقت مین مشرک مسلمانون کے ساتھ مختلط ہوئے اور قرآن اور کلام مسلمانون کا سنا اور اکثرونکے دلون مین اسلام نے جگہہ پکڑی اور اوس تین برس مین بہت خلق مسلمان ہوئی اور اسلام کے پھیلنے مین بہتا ئت ہوئی اور تفسیر حسینی وغیرہ مین لکھا ہی کہ چھٹے برس ہجری مین رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب مین دیکھا کہ اپنے بعضے صحاب کے ساتھ مکے مین گئے ہین اور عمرہ ادا کیا اصحاب نے جانا کہ اسی سال یہ ظہور مین آویگا اور تہیہ سفر کا کیا اور پہلی تاریخ ذیقعدہ کے اوسی سال آنحضرت چودہ سو اصحاب کے ساتھ مدینے سے باہر نکلے احرام عمرہ کا باندھ کر متوجہ مکے کے ہوے جب یہ خبر مشرکون کو پہنچی تو وہ بقصد روکنے آنحضرت کے مکے کے داخل ہونے سے مجتمع ہو کر مکے سے باہر نکلے آنحضرت نے اونکے اس قصد سے آگاہ ہو کر حدیبیہ مین منزل کی اور حدیبیہ نام ایک کنوین کا ہی کہ پانی اوسکا بسبب صرف لشکر مبارک کے ایک قطرہ نرہا تھا جب آنحضرت اوس کنوین کے کنارے پر پہنچے تو وضو کیا اور پانی اپنے وضو کا اوس کنوین مین ڈالا بہت سے پانی نے اوس کنوین مین سے جوش مارا اور تمام لشکر کو کفایت کیا بیس روز تک کہ وہان رہے القصہ عروہ بن مسعود ثقفی کفار کی طرف سے حدیبیہ مین آنحضرت کے پاس آیا اور آنے کا سبب پوچھا معلوم کیا کہ عمرے کے ارادے سے آئے ہین لڑنے کا ارادہ نہین یہ کہتے کفار یہ خبر سنکر بھی اپنی ہٹ سے آنحضرت کے آنے کے منع مین ہیں آنحضرت نے اپنی طرف سے عثمان رضی اللہ عنہ کو مشرکون کے پاس بھیجا تا اونکو منع کرنے سے باز رکھین مشرکون نے

اونکو پکڑ لیا بسبب دیر رہنے اونکے کے مشہور ہوگیا قتل کا لشکر مین پس رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ نہین جانیکا مین جب تک کہ کفار کو سزا نہ دونگا اور اصحاب کو طلب کیا لڑائی پر ثابت رہنے کی بیعت کے لیے اور اسی سبب بیعت الرضوان واقع ہوئی چنانچہ یہ آیت لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ کے مذکور اسکا ہی پس کفار نے بیعت کی خبر سنکر سشویش ہوکر سہل بن عمرو کو آنحضرتؐ کی خدمت بابرکت مین بھیجا اور صلح کی اس شرط پر کہ اس سال مین پھر جاوین اور سال آئندہ مین آکر عمرہ کی قضا ادا کرین آنحضرتؐ نے وہین حلق کیا اور ستر اونٹ منجملہ ستر اونٹون کے کہ ہدی کے لیے ہمراہ لائے تھے ذبح کیا اور باقی ناجیہ اسلمی کے ہاتھ مکے کو بھیجے تا مروہ مین ذبح کرکر فقرا کو تقسیم کردین اور صحابہ بھی حلق و ذبح کرکر احرام سے نکل آئے اور ساتھ غم و ملال کے وہان سے مدینے کو پھرے اور ایک رات مین راہ کی ان ایام مراجعت مین یہ سورت نازل ہوئی صبح کو یہ سورت اصحاب پر پڑھی بعد اسکے کہ فرمایا آج کی رات مجھپر ایک سورت اوتری ہی کہ بہت دوست رکھتا ہون مین اسکو دنیا سے اور دنیا کی ساری چیزون سے اور جب اصحاب نے سنا آپسمین مبارکبادیان دین اور خوش ہوئے اور ایک روایت مین آیا ہی کہ فرمایا آج کی رات مجھپر ایک آیت اوتری ہی کہ میرے نزدیک پیاری زیادہ ہی دنیا سے اور دنیا کی ساری چیزون سے اور آیت اِنَّا فَتَحْنَا الخ پڑھی بعض صحابہ نے کہا هَنِيْئًا مَّرِيْئًا لَّكَ یعنی مبارک و میمون ہو آپکے لیے یا رسول اللہ حق تعالی نے خبر دی آپ کو اوس چیز کی کہ کرے ساتھ آپکے واللہ اعلم ہمارے ساتھ کیا کریگا آیت لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ الخ نازل ہوئی انتہی پھر بیچ باب وعدہ فتوح کے اور رد شبہہ منافقون کے بسبب تعویق مضمون رویا کے اور بیان حکمت تعویق اور تہدید پیچھے رہے ہوون کے سفر حدیبیہ سے اور بیان خوشنودی حق کے اہل بیعت رضوان سے تمام یہ سورت اوتری اور بیچ لام لِيَغْفِرَ کے اقوال بہت ہین بعضون کے نزدیک لام معنی کی کے ہی یعنی فتح دی ہمنے تجکو تا مجتمع ہوون تیرے لیے تمام نعمتین ساتھ مغفرت کے اور بعضون کے نزدیک فَاسْتَغْفِرْ مقدر ہی یعنی فتح دی ہمنے تجکو پس مغفرت طلب کر تا بخشے خدا تجکو اور بعض کے نزدیک لام عاقبت کے لیے ہی یعنی فتح دی ہمنے تمکو اور عاقبت یعنی انجام فتح کا یہ ہی کہ بخشے تمکو خدا اور بعض کے نزدیک لِيَغْفِرَ راجع ہی اللہ تعالی کے قول کی طرف وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ کہ اوپر کی سورت مین ہی اور مراد مَا تَقَدَّمَ سے وہ ایام مین کہ بعثت سے پہلے گذرے اور مَا تَاَخَّرَ سے بعد بعثت کے وقت نزول اس آیت تک ہین اور یہ اون علما کے قول کے بموجب ہی کہ صغائر انبیا کے لیے جائز رکھتے ہین اور یا یہ کہ مراد حَسَنٰتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئٰتُ الْمُقَرَّبِيْنَ سے ہو اور بقول ماتقدم گناہ آدم و حوا علیہما السلام کے اور ماتاخر گناہ امت کے ہین اور مراد نعمت سے نبوت و حکمت یا فتح ہونا شہرونکا اور بول بالا ہونا دین کا یا قبول شفاعت ہی اور چلاوے تجکو سیدھی راہ یعنی ثابت رکھے تجکو دین پسندیدہ پر۔ **بحرمعا** ۔ یہ قصہ حدیبیہ کا مشکوۃ مین یون مذکور ہی کہ نکلے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سال حدیبیہ کے بیچ دس اور کئی سو کے اصحاب اپنے سے پس جب آئے ذوالحلیفہ پر کہ نام ایک جگہ کا ہی قریب مدینے کے قلادہ یعنی گنڈا باندھا ہدی کے یعنی علامت کے لیے اور اشعار کیا یعنی نیزہ اونٹ کے کوہان مین مار کے خون بہایا اور بیان مفصل اسکا کتاب الحج مین ہی اور احرام باندھا ذوالحلیفہ سے عمرے کے لیے اور چلے یہان تک کہ جب پہونچے ثنیہ پر کہ نام ایک پہاڑی کا ہی کہ وہان سے راہ مکے کو جاتی ہی بیٹھ گئی اونٹنی حضرتؐ کی لوگون نے کہا حل حل کہ اونٹ کے اوٹھانے کے لیے یہ کلمہ بولتے ہین اڑ گئی قصوا کہ نام حضرتؐ کی اونٹنی کا تھا پس فرمایا حضرتؐ نے نہین اڑی قصوا اور نہین عادت اسکو اڑنے کی ولیکن روکا اسکو روکنے والے ہاتھی کے نے یعنی اللہ تعالی نے کہ ہاتھی ابرہہ کے کو کہ واسطے ڈھانے کعبہ معظمہ کے لایا تھا روکا تھا اسی طرح قصوا کو روکا تا واقع نہو لڑائی اور خونریزی حرم مین پہلے وقت اوسکے سے پھر فرمایا قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہ طلب کرینگے قریش مجھسے کوئی بات کہ اوسمین ہو تعظیم اللہ تعالی کے حرم کی مگر دونگا اونکو یعنی اس صلح مین جو کچھ قریش مجھسے وہان تعظیم کی بات طلب کرینگے تو قبول کرونگا پھر اوٹھایا اونٹنی کو پس اوٹھی وہ پھر کیسو ہوئے آنحضرت اہل مکہ کی راہ سے اور متوجہ ہوئے اور طرف یہان تک کہ اوترے

حدیبیہ کے ایک کنارے مین ایک جگہہ پر کہ تھوڑا سا تھا پانی اوسمین یعنی ایک گڑھے مین تھوڑا پانی تھا اوسپر اوترے لیتے تھے پانی کو
آدمی تھوڑا تھوڑا پس نہ دیر کی لوگون نے یہان تک کہ کھینچ ڈالا اوس پانی کو یعنی تھوڑی سی دیر مین سب پانی کھینچ ڈالا اور شکایت
لائے طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پیاس کی پس نکالا حضرت نے ایک تیر اپنے ترکش مین سے پھر فرمایا صحابہ کو یہ کہ رکھدین تیر کو پانی مین
پس قسم ہی خدا کی ہمیشہ جوش مارتا رہا پانی واسطے اونکے ساتھ سیرابی کے یعنی ساتھ اکثر پانی کے کہ سیراب کرے اونکو یہان تک کہ
پھرے پانی سے یعنی پھرے اور ہنوز پانی باقی تھا پس اوسوقت مین کہ صحابہ اسی طرح تھے کہ ناگہان آیا یعنی صلح کے لیے بدیل بن ورقا خزاعی
بیچ ایک جماعت کے خزاعہ سے پھر آیا حضرت کے پاس عروۃ بن مسعود اور بیان کی بخاری نے حدیث یہان تک کہ کہا ناگہان آیا سہیل بن عمرو کہ
وکیل تھا مکیون کا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی حضرت علی کو لکھ تو یہ وہ چیز ہی کہ صلح کی محمد رسول اللہ نے پس کہا سہیل نے قسم ہی
خدا کی اگر جانتے ہم کہ تم رسول اللہ کے ہو تو نہ منع کرتے ہم تمکو خانہ کعبہ کے آنے سے اور نہ لڑتے ہم تمسے ولیکن لکھ محمد بن عبد اللہ پس فرمایا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہی خدا کی تحقیق مین البتہ رسول اللہ کا ہون اور اگر جھوٹا جانتے ہو تم مجکو لکھ ای علی محمد بن عبد اللہ اور اور
روایت مین ہی کہ اوس صلحنامے مین لکھا تھا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اوسپر قریش نے کلام مذکور کیا پھر حضرت نے حضرت علی کو
اوسکے مٹانے کا حکم کیا اوسپر حضرت علی نے عذر کیا کہ قسم خدا کی مین آپکا نام نہین مٹانے کا پس حضرت نے نامہ لیکر وہ عبارت مٹائی
اور لکھا یعنی ازراہ معجزے کے هٰذَا مَا قَاضٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ انتہی پس کہا سہیل نے اور اس شرط پر کہ نہ آوے تمہارے پاس ہم مین سے
کوئی شخص اگرچہ ہو تمہارے دین پر مگر پھیردو اوسکو ہمپر یعنی پس قبول کیا یہ حضرت نے اور یہان بھی حدیث مین اختصار رہا ہی پایہ اور
روایت ہی بخاری سے کہ اوسمین اسی قدر مذکور ہی پس جب کہ فارغ ہوئے آنحضرت یا حضرت علی صلحنامے کے لکھنے سے فرمایا پیغمبر خدا نے
اپنے صحابیون کو کھڑے ہوؤ اور ذبح کرو یعنی جانور ہدی کے پھر سر منڈاؤ پھر آئین کتنی ایک عورتین مسلمان ہو کر پس نازل کی اللہ تعالی نے
یہ آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ الخ یعنی ای مومنون جسوقت کہ آوین تمہارے پاس عورتین
مسلمان ہجرت کر کر آخر آیت تک پس منع کیا مسلمانون کو اللہ تعالی نے یہ کہ پھیر دین اونکو اور حکم کیا مسلمانون کو یہ کہ پھیر دیوین مہر پھر
پھرے حضرت طرف مدینے کے پس آئے حضرت کے پاس ابو بصیر کہ ایک شخص قریش مین سے تھے اور وہ تھے مسلمان پس بھیجے کفار قریش نے
اونکی تلاش مین دو شخص پس حوالہ کیا حضرت نے ابو بصیر کو اون شخصون کے یعنی بموجب عہد کے پس نکلے وہ ابو بصیر کو لیکر یہان تک کہ جب
پونہچے وہ ذو الحلیفہ مین اوترے وہ اس حال مین کہ کھاتے تھے کھجورین اپنی پس کہا ابو بصیر نے واسطے ایک شخص کے اون دونون مین سے قسم خدا
کی تحقیق مین گمان کرتا ہون یہ تلوار تیری اچھی ہی ای فلانے دکھلا تو مجکو تا دیکھون مین اسکو پس قدرت دی اوس شخص نے ابو بصیر کو تلوار کے
دیکھنے پر پس مارا ابو بصیر نے اوسکو یہان تک کہ ٹھنڈا ہو گیا وہ یعنی مر گیا اور بھاگ گیا دوسرا شخص یہان تک کہ آیا مدینے مین اور داخل ہوا
مسجد مین دوڑتا ہوا یعنی بخوف قتل کے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق دیکھا اسنے خوف پس کہا اوس شخص نے کہ مارا گیا
قسم خدا کی ساتھی میرا اور تحقیق مین بھی مارا جاتا ہون یعنی ڈرتا ہون قتل سے یا قریب ہوا مین اسکے کہ قتل کرے وہ مجکو پھر آیا ابو بصیر پس
فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وائے ہی مان اسکی کو یہ ابو بصیر گرم کرنے والا لڑائی کا ہی اگر ہوتا کوئی اسکے لیے مددگار تو مدد کرتا اسکی
پس جب سنا ابو بصیر نے یہ کلام تو معلوم کیا کہ آنحضرت پھیر دینگے اوسکو طرف کافرون کے پس نکلا ابو بصیر مدینے سے یہان تک کہ آیا کنارے دریا کے
کھارا وسی نے اور بھاگ آیا ابو جندل بن سہیل کافرون کے پاس سے اور ملا ابو بصیر کے ساتھ پس ہوا یہ حال کہ نکلتا تھا قریش مین سے کوئی شخص مسلمان مگر
کہ ملتا تھا ساتھ ابو بصیر کے یہان تک کہ جمع ہوئی قریش سے ایک جماعت کثیر پس قسم ہی خدا کی نہ سنتے تھے وہ کسی قافلے کو قریش کے کہ نکلا طرف شام کے
مگر کہ پیچھا کرتے اوسکا اور قتل کرتے اوسکو اور لے لیتے مال اوسکا پس بھیجا قریش نے کسی کو طرف پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حال مین کہ قسم دیتے تھے

حضرتؐ کو اسکی اور حق قرابت کی کہ اونمین اور حضرت مین تھی کہ نکرین کچھ مگر یہ کہ بھیجین کسیکو طرف ابو بصیر کے اور یارون اوسکے کے کہ آوین مدینے
مین اور تعرض نکرین ہمارے قافلے سے پھر جب کہلا بھیجین حضرتؐ اونکو یہ اور وہ چلے آوین آپکے پاس تو جو کوئی آوے حضرتؐ کے پاس مکے سے ہم مین سے
مسلمان ہوکر تو وہ امن مین ہی اور نہ پھیرین اوسکو ہماری طرف یعنی پشیمان ہوئے قریش اوس شرط سے اور کہا کہ ابو بصیر کو منع کرین ہم اس شرط سے
باز آئے پس بھیجا پیغمبر خداؐ نے کسیکو طرف ابو بصیر کے اور یارون اوسکے کے یعنی اونمنع کیا تعرض کرنے سے اور اپنے پاس بلا بھیجا نقل کی یہ
حدیث بخاری نے ✤ ف ✤ اگر ہوتا واسطے اوسکے الخ اسکے ایک معنی تو وہ ہین جو مذکور ہوئے اور دوسرے معنی یہ ہین کہ کاشکے کوئی ہوتا اور
معلوم کرداتا اوسکو کہ نہ آوے میرے پاس تا پھیر ندون اور سونپ ندون اوسکو اونکے تئین اور یہ معنی انسب ہین ساتھ سیاق حدیث کے
اور ابو جندل بیٹا سہیل کا ہی کہ جو صلح کے لیے آیا تھا حدیبیہ مین اور ابو جندل اسلام لایا تھا مکے مین اور رکھا تھا اوسکو اوسکے باپ نے
قید مین پس اول تو وہ بھاگ کر حدیبیہ ہی مین آیا تھا اوسکو حضرتؐ نے پھیر دیا تھا بہت سی تکرار کے بعد اور تسلی دی تھی اوسکو پھر دوبارہ وہ
بھاگ کر ابو بصیر کے ساتھ آملا ✤ ع ✤ م ✤ اور روایت مین آیا ہی کہ صلح کی تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکون سے روز حدیبیہ کے تین
باتون پر ایک تو یہ کہ جو آوے مشرکون مین سے مسلمانون کی طرف پھیر دین اوسکو مشرکون کو اور جو آوے مشرکون کے پاس مسلمانون مین سے تو نہ پھیر دین
اوسکو اور دوسری یہ کہ داخل ہون حضرت مکے مین سال آیندہ اور ٹھیرین اوسمین تین دن اور تیسری یہ کہ نہ داخل ہون مکے مین مگر اس حال مین
کہ ہتیار سیانون وغیرہ مین ہون ننگے کہلے کر بصورت قہر و غلبہ اور مستعد لڑائی کے نہ آوین پھر آیا حدیبیہ ہی مین ابو جندل اس حال مین
کہ چلتا تھا بیڑیون مین پس پھیر دیا حضرتؐ نے اوسکو طرف مشرکون کے اور ابو جندل بیٹا سہیل کا اسلام لایا تھا مکے ہی مین اوسکو مشرکون نے
قید کر رکھا تھا جس ایام مین کہ صلح حدیبیہ ہوئی وہ حضرتؐ کے پاس بھاگ کر آیا حضرتؐ نے بموجب عہد کے اونکو حوالے مشرکین کے کر دیا یہ فرما کر صبر کر
ای ابو جندل اور امیدوار ثواب کا ہو اللہ تعالی تیرے لیے اور ضعیفون کے لیے خوشی اور خلاصی دیگا اور لکھا ہی علما نے کہ قبول کرنا حضرتؐ کا ان
شرطون کو تھا بسبب ضعف حال مسلمانون کے اور عاجز ہونے اونکے کے کفار کے مقابلے سے یا بسبب احرام اور حرمت حرم اور بہت سی مصلحتون کے
تھا اور انجام کار کو فائدے اوسکے بہت سے ظاہر ہوئے کہ مکہ فتح ہوا اور وہان کے لوگ مسلمان ہوئے اور ظاہر ہوا دین حق اور حقیقت مین یہ فرمانبرداری
امر رب کی اور اظہار کمال عبودیت کا ہی ✤ **مشکوٰۃ و شروحہا** ✤ اور کہا سمرہ بن جندب نے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
جب نماز پڑھ چکتے یعنی صبح کی تو متوجہ ہوتے ہمپر ساتھ چہرہ مبارک اپنے کے اور فرماتے کس شخص نے دیکھا ہی آجکی رات خواب کہا سمرہ نے پس اگر
دیکھا ہوتا کسی نے خواب تو بیان کرتا اوسکو پس فرماتے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تعبیر جو کہ الہام فرماتا اللہ تعالی پس پوچھا حضرتؐ نے ایکدن ہمسے
کیا کسی نے تم مین سے دیکھا ہی خواب عرض کیا ہمنے کہ نہین فرمایا لیکن مینے دیکھا ہی آجکی رات دو شخصون کو کہ آئے میرے پاس پس پکڑے دونو
ہاتھ میرے اور نکالا مجکو طرف زمین پاک کے یعنی شام کے پس ناگہان ایک شخص بیٹھا ہوا تھا اور ایک شخص کھڑا ہی اوسکے ہاتھ مین ایک آنکڑا ہی
لوہے کا داخل کرتا ہی اوسکو بیٹھے ہوئے کے کلے مین اور چیرتا ہی اوسکو یہان تک کہ پہونچتا ہی چیرنا اوسکی گدی تک پھر کرتا ہی ساتھ کلے
دوسرے اوسکے کے مانند اسی کے یعنی آنکڑے سے گدی تک چیرتا ہی اور ملجاتا ہی کلا اوسکا یہ پھر عود کرتا ہی پس کرتا ہی مانند اسکے یعنی ہر بار
کلے چیرتا ہی اور جب ملجاتے ہین پھر چیرتا ہی ہر بار یونہی کرتا ہی آنحضرتؐ فرماتے ہین کہ کہا مینے اون دو شخصون سے کہ کیا ہی یہ کہا اون دونون
شخصون نے چلو یعنی پوچھو مت چلے چلو کہ اور عجائب دیکھنے ہین تعبیر اوسکی معلوم ہو جائیگی پس چلے ہم یہان تک کہ آئے ہم ایک شخص پر
کہ لیٹا ہوا تھا چت اور ایک شخص کھڑا تھا اوسکے سر پر ایسا پتھر لیے ہوئے کہ جس سے ہاتھ بھر جاوے یا فرمایا بڑا پتھر لیے ہوئے کچلتا ہی ساتھ
اوسکے سر اوسکا پس جس وقت مارتا ہی اوسکو ڈھلک جاتا ہی پتھر پس جاتا ہی وہ اوس پتھر کی طرف تا کہ لاوے اوسکو یعنی مارنے کے لیے
پس نہین پھرتا طرف اوسکے یہان تک کہ مل جاتا ہی سر اوسکا اور ہو جاتا ہی سر اوسکا جیسا کہ تھا پھر عود کرتا ہی طرف اوسکے اور مارتا ہی اوسکو

پس کہا مینے کیا ہی کہا اون دونون شخصون نے چلے چلو پس چلے ہم یہان تک کہ آئے ہم طرف ایک گڑھے کے کہ تھا مانند تنور کے مونہہ اوسکا
تنگ تھا اور نیچے سے کشادہ جلتی تھی نیچے اوسکے آگ پس جسوقت کہ اوپر اوٹھتی آگ اوپر اوٹھتے آدمی کہ تھے آگ مین یہان تک کہ قریب تھا
یکبارگی نکل پڑین اوس سے پھر جسوقت کہ پست ہوتا تھا شعلہ آگ کا پھر گر پڑتے اوسمین اور لوس آگ مین تھے کتنے ایک مرد اور کتنی ایک عورتین
ننگی پس کہا مینے کیا ہی یہ کہا اون دونون شخصون نے کہ چلے چلو پس چلے ہم یہان تک کہ آئے ہم ایک نہر پر کہ بھری ہوئی تھی خون سے اوسمین
ایک شخص تھا کھڑا بیچون بیچ نہر کے اور نہر کے کنارے پر ایک شخص تھا کہ آگے اوسکے پتھر رکھے تھے پس آگے آیا وہ شخص کہ تھا بیچ مین نہر کے
پس جسوقت ارادہ کرتا ہی وہ یہ کہ نکلے پھینکتا ہی وہ شخص کہ کنارے پر تھا پتھر بیچ مونہہ اوسکے کے پس پھیر دیتا ہی اوسکو جس جگہہ تھا پس جب آتا ہی وہ تاکہ نکلے پھینکتا ہی
کنارے والا بیچ مونہہ اوسکے کے پتھر پس پھرتا ہی اوسی جگہہ جیسا کہ تھا پس کہا مینے کیا ہی یہ کہا اون دونون نے چلے چلو پس چلے ہم یہانتک کہ پونہچے ہم طرف
ایک باغ سبز کے اوسمین تھا ایک درخت بڑا اور اوسکی جڑ مین ایک بوڑھا ہی اور لڑکے لوگ ناگہان وہان ایک شخص ہی نزدیک درخت کے آگے اوسکے آگ ہی کہ جلاتا ہی
اوسکو پس لے چڑھے مجکو دونون شخص درخت پر اور داخل کیا مجکو اوس گھر مین کہ تھا بیچون بیچ درخت کے نہین دیکھا مینے کبھی بہتر اوس گھر سے اوسمین کتنے ایک
مرد ہین بڈھے اور جوان اور عورتین اور لڑکے پھر نکالا اون دونون نے مجکو اوس گھر سے اور لے چڑھے مجکو اوپر درخت کے پھر داخل کیا
مجکو ایک گھر مین کہ وہ بہت بھلا اور افضل تھا پہلے گھر سے اوسمین تھے بڈھے اور جوان پس کہا مینے واسطے اون دونون شخصون کے کہ تحقیق
تمنے بہت پھرایا مجکو آجکی رات پس خبر دو مجکو اوس چیز سے کہ دیکھی مینے کہا اون دونون نے کہ ہان خبر دیتے ہین ہم اپر وہ شخص کہ دیکھا تمنے
اوسکو کہ چیرے جاتے ہین کلّے اوسکے پس وہ شخص جھوٹا ہی بولتا ہی جھوٹ پس نقل کی جاتی ہین جھوٹی باتین اوس سے یہان تک کہ پہونچتی ہین
اطراف زمین مین پس کیا جاتا ہی ساتھ اوسکے جو کچھہ کہ دیکھا تمنے قیامت تک اور وہ شخص کہ دیکھا تمنے اوسکو کہ کچلا جاتا ہی سر اوسکا پس وہ شخص ہی
کہ سکھلایا اوسکو اللہ تعالی نے قرآن یعنی توفیق دی اوسکے سیکھنے کی پس سو رہا اوس سے غافل ہو کر رات کو اور نہ عمل کیا دن کو موافق
چیز کے کہ قرآن مین ہی کی جاتی ہی ساتھ اوسکے وہ چیز کہ دیکھی تمنے قیامت تک اور وہ کہ دیکھے تمنے تنور مین پس وہ زناکار ہین اور وہ
شخص کہ دیکھا تمنے اوسکو نہر مین وہ سود خور ہی اور وہ بوڑھا کہ دیکھا تمنے اوسکو بیچ جڑ درخت کے ابراہیم علیہ السلام ہین اور لڑکے گرد اونکے
پس اولاد ہی آدمیون کی اور وہ شخص کہ جلاتا ہی آگ مالک ہی داروغہ دوزخ کا اور گھر پہلا کہ داخل ہوئے تم اوسمین گھر ہی عام مومنین کا
یعنی وہ بہشت ہی کہ جسمین عام مومنین ہونگے اور اپر یہ گھر پس گھر ہی شہیدونکا اور مین جبرئیل ہون اور یہ میکائیل ہین اور اوٹھاؤ تم
سر اپنا پس اوٹھایا مینے سر اپنا پس ناگہان اوپر میرے مانند ابر کے تھا یعنی نہایت بلندی مین اور ایک روایت مین مانند ابر توبر تو سپید کے
کہا اون دونون شخصون نے کہ ہی یہ مکان آپ کا کہا مینے چھوڑ دو مجکو کہ داخل ہون مین اپنے مکان مین کہا اون دونون شخصون نے کہ تحقیق
باقی رہی ہی عمر تمہاری نہین پورا کیا تمنے اوسکو پس اگر پورا کروگے تم اوسکو تو داخل ہوگے اپنے مکان مین نقل کی یہ بخاری نے اور تفسیر المنثور
مین ہی یہ روایت ابن عساکر سے ساتھ تقدیم و تاخیر اور کمی زیادتی بعض عبارات کے نقل کی ہی چنانچہ اوسکے اخیر مین ہی کہ فرمایا حضرت نے
پھر پکارا گیا مین اپنے اوپر کی جانب سے یَا مُحَمَّدُ سَلْ تُعْطَهْ کہا حضرت نے کہ کہا مینے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُثَبِّتَ شَفَاعَتِیْ
وَاَنْ تُلْحِقَ بِیْ اَهْلَ بَیْتِیْ وَاَنْ اَلْقَاكَ وَلَا ذَنْبَ لِیْ یعنی یا اللہ مین مانگتا ہون تجسے یہ کہ ثابت رکھہ شفاعت میری اور یہ کہ ملا
مجسے میرے اہل بیت کو اور یہ کہ ملون مین تجسے اس حال مین کہ نہ گناہ ہو میرے لیے فرمایا حضرت نے پھر اوتارا گیا مجکو اور اوتری مجپر یہ آیت اِنَّا
فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا الخ لفظ مُسْتَقِیْمًا تک پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پس جیسے کہ دی گئی مجکو یہ آیت یعنی مضمون
اسکا ایسے ہی دیگا مجکو اللہ شفاعت انشاء اللہ تعالی اور اس روایت مین مضمون تنور کی جگہہ کہ اول حدیث مین مذکور ہوا یون ہی کہ مینے دیکھا
ایک بیت یعنی گھر کہ اسفل اوسکا تنگ ہی اعلی اوسکے سے اوسمین ایک قوم ہی ننگی کہ جلائی جاتی ہی اونکے نیچے سے آگ بند کرلی مینے ناک اپنی

سبب ہوگئے کہ پانی پینے اوسمین سے کہا مینے کون ہین یہ کہا اون دونون شخصون نے کہ چلے چلو پھر مینے دیکھا ایک ٹیلہ سیاہ کہ اوسپر
کتنے ایک لوگ ہین دیوانے سے پھونکی جاتی ہی آگ اونکی مقعدون مین پھر نکلیاتی ہی اونکے مونہون اور نتھنون اور کانون اور آنکھون سے کہا مینے
کون ہین یہ کہا اونہون نے چلے چلو پھر دیکھی مینے ایک آگ بندکی گئی کہ ستمین ہی اوسپر فرشتہ نہین نکلتا ہی اوس سے کچھ مگر کہ چھاکر تا ہی وہ فرشتہ اوسکا
یہانتک کہ پھیر دیتا ہی اوسکو آگ مین اور اسکی تعبیر مین کہا کہ وہ گھر جو تمنے دیکھا کہ اسفل اوسکا تنگ ہی اور اوسکے اعلی سے اور اوسمین کتنا ایک
لوگ ننگے ہین اور جلائی جاتی ہی اونکے نیچے سے آگ اور اونکی بدبو سے ناک تمنے پکڑ لی ہی وہ زناکار ہین اور وہ بدبو اونکے سترون کی ہی عذاب
کیے جاتے ہین یہانتک کہ جاوینگے آگ دوزخ مین اور سیاہ ٹیلے پر جو دیکھے وہ وہ ہین کہ کرتے تھے فعل بد قوم لوط کا سا فاعل و مفعول
اس عذاب مین گرفتار ہین یہانتک کہ جاوین دوزخ مین اور وہ آگ بندکی گئی جو دیکھی وہ دوزخ ہی ✤ **ف** ✤ سو رہا اوس سے
غافل ہوکر رات کو الخ یعنی نہ پڑھا قرآن رات کو اور دن کو اوسپر عمل نکیا عمل قرآن پر رات و دن ہی اور تلاوت قرآن کی رات کو بھی عمل کرنا
قرآن پر ہی ولیکن چونکہ معمول شب مین عمل کرنا ساتھ تلاوت اوسکی کے ہی مخصوص کیا ساتھ اوسکے اور عمل کرنا ساتھ اوامر و نواہی قرآن
کے متعلق ساتھ روز کے رکھا باعتبار غالب کے انتہی تقریر الشیخ رحمۃ اللہ علیہ اور ملا علی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی باوجودیکہ بڑی نعمت ملی تھی
یعنی علم قرآن پس اسکی تلاوت سے غافل ہوکر سو رہا اور یہ بعض اوقات باعث بھولجانے کا ہوتا ہی اور وہ گناہ کبیرہ ہی اور تمایل کرنے والا
قرآن کے اوامر و نواہی پر باوجودیکہ مراد نزول قرآن سے عمل ہی چنانچہ اسی لیے وارد ہوا ہی کہ جسنے عمل کیا قرآن پر پس گویا کہ ہمیشہ پڑھتا ہی
قرآن اگرچہ نہ پڑھے اور جسنے پڑھا قرآن ہمیشہ اور نہ عمل کیا اوس چیز پر کہ اوسمین ہی پس گویا کہ نہ پڑھا کبھی اور کہا طیبی نے سو رہا اوس سے
یعنی اعراض کیا اوس سے اور جوکہ سوئے بغیر اعراض کے اوس سے بسبب تقصیر کے یا عجز کے پس وہ خارج ہی اس وعید سے انتہی ✤ اور شہیدون کا
یعنی خاص مومنین کا کہ وہ انبیا اور اولیا اور علما اور شہدا ہین اسلیے کہ وارد ہوا ہی کہ سیاہی علما کی غالب ہوگی شہدا کے خونون پر اور کہا
نووی نے کہ اسمین تنبیہ ہی اسپر کہ مستحب ہی متوجہ ہونا امام کا بعد سلام کے مقتدیون پر اور پوچھنا خواب کا اور اوسپر مبادرت تعبیر
کرنے والے کی طرف تعبیر خواب کے اول روز مین تاکہ ذہن پریشان نہو بسبب فکر معاش کے ✤ ٦٧ ✤ روایت کی سلفی نے طیوریات مین
یزید بن ہارون کے طریق سے کہا سنا مینے مسعودی سے کہ کہتا تھا پہونچا مجکو یہ کہ جسنے پڑھی رمضان کی اول شب مین اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ
فَتْحًا مُّبِيْنًا نفل مین محفوظ رہا اوس سال مین یعنی سب بلیات سے ✤ روایت کی ابن منذر نے عامر اور ابی جعفر سے بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے
لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ کہا مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ سے مراد ہین لغزشین جو جاہلیت مین ہوئین اور مَا تَاَخَّرَ
سے جو اسلام مین ہوئین ✤ اور روایت کی عبد بن حمید نے سفیان سے کہ کہا پہونچا مجکو بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ
مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ کہ کہا مَا تَقَدَّمَ جو کچھ کہ ہوا جاہلیت مین اور مَا تَاَخَّرَ جو کچھ کہ ہوا اسلام مین اور جو کچھ کہ نہین کیا اب تک ✤
روایت کی ابن منذر اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا جب اوتری رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ
فَتْحًا مُّبِيْنًا آخر آیت تک مشقت کرنی شروع کی آپنے عبادت مین پس عرض کیا صحابہ نے کہ یا رسول اللہ یہ مشقت کرنی کیسی ہی آپکے تو اللہ تعالی
نے اگلے پچھلے گناہ بخشدیے ہین فرمایا اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا یعنی کیا پس نہوؤن مین بندہ شکر گذار ✤ اور روایت کی ابن مردویہ
اور بیہقی نے اسماء و صفات مین کہ نام اونکی کتاب کا ہی اور روایت کی ابن عساکر نے ابی ہریرہ سے کہ جب نازل ہوئی اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا
لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ ✤ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے رکھنے شروع کیے اور نماز پڑھی یہانتک
کہ پھول گئے آپکے دونون قدم مبارک اور عبادت کی یہانتک کہ ہوگئے مانند پرانی مشک کے یعنی بسبب مشقت عبادت کے دبلے ہوگئے
اور خشک ہوگیا بدن آپکا پس عرض کیا لوگون نے کیا کرتے ہین آپ یہ اپنے دل سے اور اللہ نے تو بخشدیے ہین آپکے اگلے پچھلے گناہ فرمایا

اَفَلَا اَکُوْنُ عَبْدًا شَکُوْرًا + **درمنثور** + اور بعضون نے کہا کہ مراد فتح سے فتح ہونا شہرون کا ہی آنحضرتؐ کی امت کے ہاتھ پر کہ سب سے شہر فتح ہوئے اور آفتاب سعادت کا اطراف روے زمین پر چمکا اور بعضون نے کہا کہ مراد کشایش دل کی ہی کہ ابواب معرفت کے آپکے دل پر کھلے اور مشکل باتین حل ہوئین + اور بعضون نے کہا کہ مراد فتح سے وہ فتح پانی ہی کہ پیغمبر علیہ السلام نے فتح پائی اپنے نفس پر اور عقل و تدبیر سے دین کی درستی کی اور اپنے دیو ہمزاد کو تابعدار کیا حتی کہ کہا اَسْلَمَ شَیْطَانِیْ فِیْ یَدِیْ یعنی مسلمان ہوگیا شیطان میرا میرے ہاتھ پر قولہ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ الخ یعنی قبول کرنے صلح کے سے جو تیرے دل پر اور مومنون کے دل پر رنج تھا بسبب اس تابعداری تیری کے عوض اوس رنج کے ایک اور رنج تجھسے اوٹھا لیا اور وہ غم زلت یعنی لغزش قدم کا ہی کہ تجکو فکر تھی کہ بسبب اوس زلت کے کیا کرینگے ہم اب غم اوس زلت کا تیرے دل سے اوٹھا لیا ہمنے ساتھ بیان کرنے اس آیت کے لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ یعنی تیری زلت گذشتہ و ناگذشتہ سب بخشدین اور عوض اوس رنج کے امن مین کر دیا تجکو قولہ وَیُتِمَّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ یعنی اور تو کہ تمام کرے نعمت اپنی تجپر ساتھ آشکارا اور غالب کرنے دین تیرے کے تمام دینون پر جیسا کہ فرمایا عزوجل نے ھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ یعنی وہ وہ ذات پاک ہی کہ بھیجا رسول اپنا ساتھ ہدایت اور دین حق کے تاکہ غالب کرے دین حق کو سارے دینون پر + اور یہ وعدہ وفا کیا کہ فرمایا اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ یعنی آج کے دن پورا کیا مینے تمہارے لیے دین تمہارا اور تمام کی مینے تمپر نعمت اپنی + قولہ وَیَھْدِیَکَ یعنی اور تو کہ ثابت رکھے تجکو راہ مستقیم پر جیسا کہ فرمایا اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یعنی ثابت رکھ ہمکو راہ مستقیم پر قولہ وَیَنْصُرَکَ اللّٰہُ الخ اور تا مدد کرے خدا تیری یعنی یہ کار ہونہین نہین رہنے کا مین تیری اور مومنون کی مدد کرونگا ایسی مدد کہ تم غالب آؤگے کفار پر + **زاہدی** +

هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِھِمْ وَلِلّٰہِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا ۝

وہ ہی وہ کہ اوتارا اطمینان مسلمانون کے دلون پر تا زیادہ ہو ایمان اونکا ساتھ ایمان پہلے اونکے کے اور خدا کے لیے ہین لشکر آسمانون اور زمین کے اور ہی خدا دانا با حکمت + **فتح** + وہی ہی جسنے اوتارا چین دل مین ایمان والون کے کہ اور بڑھے اونکو ایمان اپنے ایمان کے ساتھ اور اللہ کے ہین لشکر آسمانون کے اور زمین کے اور اللہ ہی خبردار حکمت والا + **تفسیر** یعنی چین سے رسول کے حکم پر رہے ضدیون کے ساتھ ضد نہ کرنے لگے اسمین اونکو ایمان کا درجہ بڑھا + **مو** یعنی اوتارا اللہ نے مومنون کے دلون مین سکون اور خاطر جمعی بسبب صلح کے تاکہ زیادہ کرین یقین طرف یقین اپنے کے اور بعضون نے کہا سکینہ بمعنی صبر کے ہی امر خدا پر اور اعتماد کے اللہ کے وعدے پر اور تعظیم کے واسطے امر خدا کے اور خدا کے لیے ہین لشکر الخ کہ مسلط کرتا ہی بعض کو بعض پر بموجب اقتضا علم و حکمت اپنے کے + **مل** کہا ابن عباسؓ نے کہ بھیجا اللہ تعالی نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اور جب لوگون نے تصدیق اونکی کی اس امر مین نماز کو اونپر زیادہ کیا پھر زکوۃ کو پھر روزے کو پھر حج کو پھر جہاد کو یہان تک کہ کامل کیا اونکے لیے دین اونکا پس جو جو ن حکم کیے گئے کسی چیز کا اور تصدیق کی اوسکی زیادہ کی تصدیق ساتھ تصدیق اپنی کے اور خدا کے لیے ہین لشکر آسمانون اور زمین کے الخ پس اپنے لشکرون کو کہ مومن ہین نصرت دیگا + **معالم بحر** + یہ بیان فرماتا ہی اللہ تعالی اپنی منت کا مومنون پر کہ دیکھو توفیق دی ہمنے تمکو کہ حمیت جاہلیت پر کافر مایا مقابلہ ترک کیا اور ہمارا حکم مانا کہ صلح کر لی حاصل یہ کہ ہمنے سکینہ اوتاری تمہارے دلون پر کہ رسول نے کہا مینے صلح کی ہی حکم خدا سے تمنے گردن رکھدی زیر حکم اوسکے کے اور آنحضرتؐ و مومنون کے دلون پر یہ بھی سکینہ اوتاری کہ مکے والون نے جو کچھ کہا قبول کیا اور تحمل کیا اونھون نے کہا ہم نہین جانتے رحمن مگر مسیلمہ کو تحمل کیا اونھون نے کہا نہین اقرار کرتے ہم تیری رسالت کا تو بھی تحمل کیا اونھون نے کہا جو کوئی تم مین سے ہمارے پاس آوے نہ پھیرینگے ہم اوسکو اور جو ہم مین سے تمہارے

پاس جاوے پھیر دینا یہ سب کچھ سنا اور تحمل کیا حسنا کافر جہالت مین بڑھتے بہلتے تھے آنحضرت اور یار اونکے آرام دل اور علم بن ہتھے بانٹ تھے آور یہ جو فرمایا وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یہ وعدہ مدد کا ہی مومنون کے لیے یعنی تمہاری مدد کرونگا کہ بادشاہی آسمان و زمین کی میرے ہی یہ خبر دیتی ہی اپنے کمال قدرت کی اور نافذ ہونے تصرف مشیت کی **عزاهدی** + اور ابن عباس سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے **هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ** الخ کہا سکینہ کے معنی رحمت کے ہین اور بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ کہا ابن عباس نے کہ اللہ تعالی نے بھیجا اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ شہادت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے پس جب تصدیق کی اوسکی مومنون نے زیادہ کی اونکو نماز پس جب تصدیق کی اوسکی زیادہ کیا اونکے لیے روزہ پس جب تصدیق کی اوسکی زیادہ کی اونکے لیے زکوۃ پھر جب کہ تصدیق کی اوسکی زیادہ کیا اونکے لیے حج پھر جب کہ تصدیق کی اوسکی زیادہ کیا اونکو جہاد پھر کامل کیا اونکے لیے دین اونکا پس فرمایا اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا کہا ابن عباس نے پس بہت مضبوط ایمان آسمان والون کا اور زمین والون کا اور بہت صادق ایمان اور بہت کامل ایمان بسبب گواہی دینے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ہی ۵۴ + **در منثور** +

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ ۵

انجام کار اوترنے سکینہ کا یہ ہی کہ داخل کرے مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کو باغون مین کہ چلتی ہین نیچے اونکے نہرین ہمیشہ رہین گے وہان اور دور کریگا اونسے جرم اونکے اور ہی یہ مقدمہ نزدیک خدا کے مطلب پانی بڑی + **فتح** + تا پونہچاوے ایمان والے مردون کو اور عورتون کو باغون مین نیچے بہتین اونکے نہرین سدا رہین اونمین اور اوتارے اونسے اونکی برائیان اور یہ اللہ کے ہان بڑی مراد ملنی + **تفسیر** + جو لوگ کہتے ہین جنت کی طلب نقصان ہی یہان سے معلوم ہوا کہ اللہ کے ہان یہی بڑا کمال ہی + **مو** + ذکر کیا گیا ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ جب نازل ہوئی لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ کہا صحابہ نے هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا یعنی مبارک و میمون ہو پس کیا کیا جاویگا ساتھ ہمارے پس اوتری آیت لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ + **معا** + یعنی اوتاری سکینہ تاکہ زیادہ کرین وہ ایمان کو اور تاکہ داخل کرے اللہ بسبب اس زیادہ کرنے کے مومن مردون اور عورتون کو جنتون مین حاصل یہ کہ صلح کروائی تمنے اور سکینہ بھیجی ہمنے اور نصرت کا وعدہ کیا ہمنے اور اگر تمکو بسبب اس صبر کرنے کے رنج پونہچا تو بہشت کا وعدہ کیا ہمنے کہ کہا لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ الخ اور ہی یہ یعنی جو کچھ کہ ذکر کیا یعنی وعدہ کرنا نصرت کا اور داخل کرنا جنت مین اور دور کرنا برائیون کا اللہ کے نزدیک فوز عظیم ہی اور فوز کے معنی ہین پہونچنا مراد کو ساتھ نجات پانے کے اوس چیز سے کہ ڈرتا ہی + **زاهدی** +

وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۝

اور تا عذاب کرے منافق مردون کو اور منافق عورتون کو اور شرک کرنے والے مردون کو اور شرک کرنے والی عورتون کو کہ گمان کرنے والے ہین خدا پر گمان بد اوپر ہو جیو مصیبت بد اور غصے ہوا خدا اوپر اور لعنت کی اونکو اور طیار کی اونکے لیے دوزخ اور بری جگہ ہی دوزخ + **فتح** + اور تا عذاب کرے دغاباز مردون کو اور عورتون کو اور شرک والے مردون کو اور عورتون کو جو اٹکلتے ہین اللہ پر بری اٹکلین انھین پر ہے پھیر مصیبت کا اور غصے ہوا اللہ اوپر اور اونکو پھٹکارا اور رکھی اونکے واسطے دوزخ اور بری جگہ پونہچے + **تفسیر** + بری اٹکلین یہ کہ مدینے سے چلتے وقت منافق بہلنے کر کر بیٹھ رہے جانا کہ یہ لڑائی مین تباہ ہونگے وطن سے دور ہین اور فوج کم اور دشمن کا دیس اور کافرون نے جانا کہ عمرے کے نام سے آئے ہین چاہتے ہین دغا سے شہر مکہ لے لین + **مو** + یعنی تسکین دی مومنون کے دلون کو ساتھ صلح

جانتے تھے اور وعدہ کیا اونسے فتح کا اور یہ اسلیے کیا کہ تا جانین مومن نعمت اللہ کی صلح ہونے مین اور شکر کرین اوس نعمت کا یہی تو اسکے اونکو اور عذاب کرے کافرون اور منافقون کو اسلیے کہ غصے ہوا اونسے بسبب اس صلح کے اور مراد اونکے گمان بد سے یہ ہے کہ اللہ نہین مدد کریگا رسول کی اور مومنون کی اور پھر نہین لائیگا اونکو طرف مکے کے کہ یہان آوین اور فتحیاب ہوین ازراہ قہر و غلبہ کے اور عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ کے یہ معنی ہین یہ جو کچھ کہ گمان کرتے ہین کافر اور منتظر ہین مومنون کے حق مین پس وہ اونھین کے آگے آنے والا ہے اور وہی ہو ئین گرفتار ہونگے + مد ذکر مومنون کا وعدہ نیک بیان فرما کر مذمت اور وعید کافرونکی یاد کی منافقون نے قبول نکیا اوس صلح کو اور رد کیا حکم آنحضرت کا اوسپر فرمایا اور تا عذاب کرے منافق مردون کو اور منافق عورتون کو اور مشرک مردون کو اور مشرک عورتونکو اور گمان بد کیوجہ سے آپ ہی گرفتار ہونگے + زاہدی

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○

اور خدا ہی کے لیے ہی لشکر آسمانون کا اور زمین کا اور خدا ہی غالب با حکمت + فتح + اور اللہ کے ہین لشکر آسمانون کے اور زمین کے اور ہی اللہ زبردست حکمت والا + موضح تفسین + پس دفع کریگا مکر اون لوگون کا کہ دشمنی کی اوسکے نبی سے اور مومنون سے ساتھ جس لشکر کے کہ اونمین سے چاہیگا ہی اللہ زبردست پس نہین پھیر سکتا کوئی عذاب اوسکا حکمت والا یعنی اون کامون مین کہ تدبیر کی + مد یعنی جو کچھ کہ آسمان و زمین مین ہی مملوک و مسخر خدائے تعالی کا ہی جیسے کہ لشکری اپنے امیر کے تابعدار ہوتے ہین پس مومنونکو فتحیاب اور کافرونکو مغلوب کریگا جیسا کہ وعدہ کیا ہی + بحر + مکرر بیان فرمایا اس آیت کو پہلے تو بعد ذکر کرنے مشرکین مکے کے بیان فرمایا اور پھر بعد ذکر کرنے منافقون کے بیان فرمایا کہ مین قادر ہون ہلاک پر + زاہدی

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ○

تحقیق ہمنے بھیجا تجکو اظہار حق کرنے والا اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا تا ایمان لاؤ تم ای مسلمانون ساتھ خدا کے اور رسول اوسکے کے اور تا مدد دو دین خدا کو اور ساتھ بزرگی کے اعتقاد کرو اوسکو اور ساتھ پاکی کے یاد کرو اوسکو صبح اور شام + فتح + ہمنے تجکو بھیجا احوال بتانے والا اور خوشی اور ڈر سنا تا تا تم لوگ یقین لاؤ اللہ پر اور اوسکے رسول پر اور اوسکی مدد کرو اور اوسکا ادب رکھو اور اوسکی پاکی بولو صبح اور شام + موضح تفسین + شاہد یعنی گواہ کہ گواہی دیگا تو اپنی امت پر روز قیامت کے بشارت دینے والا یعنی مومنون کو جنت کی ڈرانے والا یعنی کافرون کو دوزخ سے اور لِتُؤْمِنُوْا مین خطاب ہی رسول خدا علیہ السلام کو اور اونکی امت کو اور تُعَزِّرُوْهُ کے معنی ہین قوت دو اوسکو ساتھ مدد کرنے کے اور تینون ضمیرین یعنی تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ مین جو ہین اللہ عزوجل ہی کی طرف پھرتی ہین اور مراد اللہ کی قوت دینے سے قوت دینی اوسکے دین کی اور رسول کی ہی اور جسنے تفریق کی ہی ضمیرون مین کہ پہلی دونون ضمیرین نبی علیہ السلام کی طرف پھیرین ہین وہ دور ہی عقل سے اور تسبیح صبح سے مراد نماز فجر کی ہی اور شام سے چارون نمازین + مد گواہ کہ گواہی دیگا تو اپنی امت کے افعال پر جیسا کہ فرمایا عزوجل نے وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ○ یعنی اور لاوین گے ہم تجکو امت پر گواہ اور چونکہ اوپر ذکر ہو چکے لوگونکا تمام مومنونکا اور منافق و مشرکونکا فرمایا مُبَشِّرًا یعنی خوشخبری دینے والا مومنونکو اور نَذِيْرًا یعنی ڈرانے والا کافرونکو + زاہدی کما قال دیلمی کہ آنحضرت گواہ ہونگے اپنی امت پر اور سب نبیون علیہم السلام پر کہ اونھون نے احکام الہی پونہچا دیے تھے اور بشارت دینے والے جنت کی اونکو کہ فرمانبرداری کرتے ہین اللہ کی اور ڈرانے والے آگ سے اونکو کہ نافرمانی کرتے ہین اللہ کی + درمنثور تنبیہ + اسمین اشارہ ہی اسپر کہ آدمی کو چاہیے کہ ایسے کام کرے کہ مستحق حضرت کی بشارت کا ہو اور ایسے کام نکرے کہ سزاوار آپکے ڈرانے کا ہو حضرت صدیق اکبر

نصف

ع

رضی اللہ عنہ فرماتے ہین صَنَائِعُ الْمَعْرُوْفِ تَقِيْ مَصَارِعَ السُّوْءِ + یعنی آدمی کو افعال گزیدہ اور اعمال پسندیدہ کے
تلاوتکی برکت سے ڈر اور ہلاکت کی جگہون سے بچے + بیت ہر کہ فریاد رسے روز مصیبت خواہد + گو در ایام سلامت بجوانمردی کوش +

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ
وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

بلاشبہہ جو لوگ کہ بیعت کرتے ہین ساتھ تیرے سوا اسکے نہین ہی کہ بیعت کرتے ہین ساتھ خدا کے ہاتھ خدا کا ہی اوپر ہاتھ اونکے کے پس
جو کہ عہد توڑے پس سوا اسکے نہین ہی کہ توڑتا ہی اپنے نفس کے ضرر پر اور جو کہ تمام کرے اوس چیز کو کہ اوس پر ساتھ خدا کے عہد کیا ہی دیگا
اوسکو مزدوری بڑی + فتح + جو لوگ ہاتھ ملاتے ہین تجسے وہ ہاتھ ملاتے ہین اللہ سے اللہ کا ہاتھ ہی اوپر اونکے ہاتھ کے پھر
جو کوئی قول توڑے سو توڑتا ہی اپنے بُرے کو اور جو کوئی پورا کرے جسپر قرار کیا اللہ سے وہ دیگا اوسکو نیگ بڑا + تفسیرین + ہاتھ ملانے
وقت قول کے وقت اول مسلمانی کا قول ہوتا تھا پھر جس بات کا تقید منظور ہوا الڑائیو مین قول مرتے دم تک نہ بھاگنے کا + مو + بیعت
کرتے ہین یعنی بیعة الرضوان ہاتھ خدا کا ہی اوپر الخ مراد یہ ہی کہ ہاتھ رسول خدا کا جو بیعت کرنے والون کے ہاتون کے اوپر ہوا وہ ہاتھ اللہ
کا ہی اور اللہ پاک ہی جوارح یعنی عضا سے اور صفتون جسم سے اور مراد ثابت کرنا اس بات کا ہی کہ عہد میثاق یعنی بیعت و عہد
ساتھ رسول کے مانند عہد میثاق کے ہی ساتھ اللہ کے کچھ تفاوت نہین اون دونون مین یہ ایسا ہی جیسے فرمایا مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ
فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ یعنی جو اطاعت کرے رسول کی پس تحقیق اطاعت کی اوسنے اللہ کی حاصل یہ کہ یہان بھی یہی مراد ہی کہ جسنے بیعت کی
رسول سے اوسنے بیعت کی اللہ سے پس جو کہ عہد توڑے الخ اور پورا نکرے بیعت پس نہین عود کرتا ہی ضرر اوسکے توڑنے کا مگر اوسپر کہا جابر بن
عبداللہ نے کہ بیعت کی ہمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے درخت کے نیچے اوپر مرنے کے اور اسپر کہ نہین بھاگینگے ہم پس نہین توڑی کسی ہم مین سے
کسینے بیعت مگر جد بن قیس نے کہ ایک منافق تھا جا چھپا اپنے اونٹ کی بغل کے نیچے اور نہین گیا ساتھ قوم کے مزدوری بڑی یعنی جنت + حل +
بیعت کرتے ہین تجسے یعنی حدیبیہ مین جو بیعت الرضوان ہوئی اور بیعت نہ بھاگنے پر اور موت پر کی تھی کہ ہمیشہ لڑینگے ہم آگے آپ کے
جب تک کہ قتل کیے جاوینگے ہم بیعت کرتے ہین اللہ سے اسلیے کہ بیچا اونھون نے نفس اپنے اللہ کے ہاتھ بدلے جنت کے ہاتھ اللہ کا ہی اوپر ہاتون
اونکے کے کہا ابن عباس نے کہ ہاتھ اللہ کا ساتھ پورا کرنے خیر کے کہ وعدہ کی ہی اوسنے اوپر ہی ہاتون اونکے کے اور کہا سُدی نے کہ
پکڑتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ اور بیعت کرتے تھے اوسے اور ہاتھ اللہ کا اوپر ہاتھ اونکے کے تھا بیعت کرنے مین اور کہا
کلبی نے کہ نعمت اللہ کی اونپر ہدایت مین فوق تھی اوس بیعت سے کہ کی + معا + یہ تعریف اون بیعت کرنے والون کی ہی یعنی بیعت
تمہاری بہت پسندیدہ ہی جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ
البتہ تحقیق راضی ہوا اللہ مومنون سے جب کہ بیعت کی تجسے درخت کے نیچے + پس زہے نصیب اون لوگون کے کہ خبر دی اللہ تعالی نے
اپنی رضا کی اونسے دنیا مین پس ہوئی دنیا اونکے لیے مانند جنت کے اور اونھون نے جو بیعت حضرت سے کی اور اوسکو جناب باری نے
اپنی طرف منسوب کیا اسمین کمال بزرگی بیعت کی اور شرف رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا اور مقبولیت بیعت کرنے والون کی ثابت
ہوئی + بیت خاکساران جہان را بحقارت منگر + تو چہ دانی کہ دران گرد سواری باشد + اور یہ جو فرمایا کہ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ
مراد ید سے تصرف قوی ہی جیسے کہ کہا جاتا ہی فلان چیرہ ترست یعنی فلانا قوی تر ہی پس معنی اسکے یہ ہین کہ خدا غالب و قاہر ہی تمہارے دشمنون
اور قفال مفسر کہتے ہین کہ ید بولتے ہین اور مراد اوس سے احسان لیتے ہین جیسے کہ کہا جاتا ہی کہ فلانے کے لیے مجپر ید ہی یعنی احسان ہی
پس معنی آیت کے یہ ہین کہ آنحضرت صلعم کے صحابہ نے جب آنحضرت سے بیعت کرنے مین ہاتھ رکھا حضرت کے ہاتھ پر ساتھ فدا کرنے تن او جان

اور مال کے آگے آنحضرتؐ کے رضامندی کے لیے فرمایا یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ یعنی جو کچھ کہ مینے وعدہ کیا ہی اونسے ثواب کا دنیا او
آخرت مین وہ زیادہ ہی اوس سے کہ اونھون نے فدا کیا اونھون نے فانی اور دیا ہوا میرا فدا کیا اور مینے باقی دیے زوال عطا کیا فَمَنْ نَّكَثَ
یعنی جو کوئی توڑے اس عہد کو وبال اوس عہد توڑنے کا اوسپر ہی خدا عزوجل کو کچھ نقصان نہین اور جو کوئی پورا کریگا اوس عہد کو کہ
خدا کے ساتھ کیا ہی یا رسول خدا کے ساتھ کیا ہی پس دیگا اللہ اوسکو اجر عظیم کہ وہ جنت ہی + زاهدی + تنبیہ + اس
آیت کریمہ مین بھی رد ہی اون شقیا کا کہ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دوزخی بتلاتے ہین عیاذاً باللہ سبحان اللہ پاک پروردگار تو فرماوے
فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا یعنی پس قریب ہی کہ دیگا اللہ اونکو اجر عظیم یعنی جنت اور یہ وہ جھک مارین گویا معاذاللہ اللہ صاحب کو
جھٹلاتے ہین کمال ہی احمق ہین اور پھر اپنی سمجھ اور عقیدے کی تعریفین کرتے ہین کاشکے گونگے ہوتے تو یہ حماقت انکی تو ظاہر نہو تی
صدق اللہ وصدق الرسول کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین اَلْبَلَاءُ مُوَكَّلٌ بِالْمَنْطِقِ یعنی ساری بلائین گویائی ہی کے ساتھ
لگ رہی ہین کیا یہ حدیث جامع ہی کہ ہر طرح کا شخص اسمین غور کر کر اپنے لیے نصیحت حاصل کرے سکتا ہی اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین
اِنَّ ذَا اَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ یعنی اس زبان نے بہت سی ہلاکت کی جگھون مین پونہچایا مجکو اللہ بچاوے سبکو خواہش نفسانی کی اتباع سے کہ جس سے
ایسی ایسی بلائین پیدا ہوتی ہین حضرت صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہین اِيَّاكَ وَاتِّبَاعَ الْهَوٰى فَقَدْ اَفْلَحَ مَنْ عُصِمَ مِنْهُ وَمِنَ
الطَّمَعِ وَالْغَضَبِ + یعنی بچا اپنے کو خواہش نفسانی کی پیروی سے پس تحقیق مراد کو پونہچا وہ شخص کہ بچا اوس سے اور طمع اور غضب سے +

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

کہین گے تجسے پیچھے چھوڑے ہوئے اعراب سے یعنی جنھون نے کہ سفر حدیبیہ مین موافقت نہین کی واللہ اعلم وہ کہین گے مشغول کیا ہمکو ہمارے
مالون نے اور فرزندون نے پس بخشش طلب کر ہمارے لیے کہتے ہین اپنی زبانون سے جو کچھ کہ نہین ہی اونکے دلون مین تو کہہ کون کر سکتا ہی تمھارے لیے
خدا سے کچھ جو چاہے خدا نقصان پونہچانا تمکو یا چاہے تمھارے حق مین فائدہ پونہچانا بلکہ ہی خدا خبردار ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم +
فتح + آپ کہین گے تجکو پیچھے رہنے والے گنوار ہم لگے رہ گئے اپنے مالون مین اور گھرون مین سو ہمارا گناہ بخشوا کہتے ہین اپنی زبان سے جو نہین اونکے دل مین
تو کہہ کسیکا کچھ چلتا ہی اللہ سے تمھارے واسطے اگر وہ چاہے تمپر تکلیف یا چاہے تمکو فائدہ بلکہ اللہ ہی تمھارے کام سے خبردار + تفسیر +
آیا ہی کہ جب آنحضرتؐ عمرے کے قصد سے متوجہ مکے کے ہوئے سال حدیبیہ مین تو اعراب بنی غفار اور مزینہ اور جہینہ اور اسلم اور اشجع اور دیل
کو طلب فرمایا تا رکاب سعادت مین حاضر رہین وہ قریش کی لڑائی سے ڈر کر بہانہ مشغولی اہل و مال کا کر کر پیچھے رہ گئے حق تعالی نے یہ آیت
اوتار کر اپنے پیغمبر کو خبر دی کہ جب حدیبیہ کے سفر سے پھر دگے تو یہ پیچھے رہنے والے عذر مذکور ظاہر کرینگے کہتے ہین اپنی زبانون سے الخ یعنی یہ عذر
اور بخشش چاہنی فقط زبانی ہی دل مین کچھ اثر اسکا نہین اسلیے کہ دل مین انکی کچھ پروا نہین کہ عذر قبول کرے تو اور استغفار کرے تو
یا نہ کرے تو + بحر + بہانہ کیا کہ ہم اہل و مال کی خبرگیری مین مشغول ہین کوئی خبرگیران ہمارے ہان نہین بخشش طلب کر ہمارے لیے تا کہ بخشے اللہ
ہمسے گناہ پیچھے رہ جانیکا تمھارے ساتھ سے پس اسکو جھٹلایا اللہ صاحب نے کہ پیچھے رہنا انکا اس سبب سے نہین ہی کہ جو کہتے ہین بلکہ بسبب
شک و نفاق کے ہی اور طلب کرنا اونکا استغفار کو بھی نہین صادر ہی حقیقۃ کون کر سکتا ہی الخ یعنی کون بچا سکتا ہی تمکو اللہ کی مشیت و قضا سے
اگر چاہے ضرر پونہچانا تمھارا قسم قتل و شکست سے یا چاہے تمکو نفع پونہچانا قسم ملنے غنیمت و فتحیابی سے پس پیچھے رہنا تمھارا بسبب خوف
ضرر کے محض سستی ایمان تمھارے کی ہی بلکہ ہی خدا خبردار الخ کہ تم یہ عذر نہین رکھتے تھے + مدارک + یعنی اونھون نے گمان کیا کہ پیچھے رہنا

ربع
قرا ابو حمزہ و الکسائی ضرا بالضم ۱۲ مدارک

ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دفع کریگا ہمسے ضرر کو اور حاصل کریگا نفع کو کہ سلامت رہینگے جانون اور مالون ہمارے پس خبر دی اللہ تعالیٰ نے اونکو کہ اگر اللہ کچھ ضرر پہنچانا چاہے تو کوئی قادر نہیں ہی اوسکے دفع پر + **معالم** + یہ معجزہ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ خبر غیب کی دیے گئے اللہ عزوجل کی طرف سے کہ وہ یون کہینگے قُلْ فَمَنْ يَمْلِكُ لَكُمْ الخ یعنی وہ کہینگے کہ ہم اسلیے نہ گئے کہ تا مال و اہل ہمارا ضائع نہوون و پیغمبر کو حکم ہوا حضرت کو کہ تم کہو کہ اللہ کے ضرر و نفع کو کون دفع کر سکتا ہی مالک نفع و ضرر کا وہی ہی + تم بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا یعنی مالک نفع و ضرر کا کوئی نہیں ہی سوا اللہ کے پس تم جو عذر بیجا کرتے ہو یہ سب بہانے یا زبانی ہین کچھ اصل نہیں اسکی بلکہ اللہ تعالیٰ خبر رکھتا ہی اوس سب کی کہ جس سے پیچھے رہے تم کہ وہ بدگمانی تمھاری ہی ساتھ اللہ کے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے بَلْ ظَنَنْتُمْ الخ **زاهدی** +

تنبیہ + اس آیت کریمہ سے یہ سمجھا جاتا ہی کہ جو مال و اولاد کے سبب سے اسکی طاعت سے باز رہے وہ مصداق اس آیت کا اور محل عتاب الٰہی کا ہو سکتا ہی اسی لیے فرمایا اللہ جل شانہ نے کہ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ اور فرمایا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ یعنی ای مسلمانون نہ باز رکھین تمکو تمھارے مال و اولاد تمھارے اللہ کی یاد سے اور جو کوئی کرے یہ پس وہی ہوٹا پانے والے ہین اور یہ بھی اس آیت شریف سے معلوم ہوا کہ جب مالک نفع و ضرر کا سوا خدا عزوجل کے کوئی نہیں ہی تو آدمی کو چاہیے کہ جب کچھ بلا و مصیبت درپیش آوے تو اوسکی طرف رجوع کرے اور کسی سے کچھ غرض نہ رکھے اور فرمانبرداری اوسکی بوجہ احسن کرے تا نجات پاوے تکلیف سے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ اور حضرت فریدالدین عطار رحمہ اللہ فرماتے ہین **مثنوی**

در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس
ہیچ یاری بیشتر از حق مرو
ہر کجا ہمت بود آنجا مرو
در فسق و ہوا مرکب مستاز
ای پسر اندیشہ از افلال کن
آتشی درپیش داری ای فقیر
یارب آن ساعت کہ جان بر لب رسد

زانکہ نبود جز خدا فریادرس
پند ناصح را بگوش جان شنو
در رہ حق ہمچو نابینا مرو
خویشتن را مسخرہ شیطان مساز
نفس خود را از لگد پامال کن
فہم کن خوف ست از نار سعیر
جسم تر پژمردہ بتاب تب رسد
چون ندارم در دو عالم جز تو کس

جای گریست این جہان دون بنہ
نفس خود را با گنہ یاری مدہ
دشمنی داری از وایمن مباش
چون سفر درپیش داری زاد گیر
چون کسان آہست برزخ گذر
عقبہ در رہ ہست و بارت بس گران
شربت شہد شہادت نوشیم
ہم تو میباشی مرا فریادرس

چشم عبرت برگشا و لب ببند
عمر بربادا زنبہ کاری مدہ
زیر سقف بی ستون ساکن مباش (یعنی آسمان)
عمر خود را سر بسر برباد گیر
جای غفلت نیست با چندین خطر
نگذرد بارت ز سعی دیگران
خلعت راہ سعادت پوشیم

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ○

بلکہ گمان کیا تمنے کہ پھر نہین پھرینگے پیغمبر اور مسلمان اپنے گھر والون کی طرف ہرگز اور آراستہ کیا گیا یہ گمان تمھارے دلون مین اور گمان کیا تمنے گمان بد اور ہوئے تم قوم ہلاک ہونے والے + **فتح** + کوئی نہین تمنے خیال کیا کہ پھر کر نہ آویگا رسول اور مسلمان اپنے گھر کبھی اور بھلا نظر آیا تمھارے دل مین یہ اور اٹکل کی تمنے بری اٹکلین اور تم لوگ تھے کھپنے والے + **موضح تفسیر** + آراستہ کیا گیا یعنی آراستہ کیا اس گمان کو شیطان نے اور گمان کیا تمنے گمان بد کہ کافر غالب ہونگے اور مسلمان مارے جاوینگے اور اسلام باطل ہوگا اور فساد ظاہر ہوگا وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا کے معنی یا تو یہ ہین کہ اور ہوئے تم قوم فساد کرنے والے اپنے نفسون مین اور دلون مین اور نیتون مین نہین ہی خیر تم مین یا یہ معنی ہین کہ ہوئے تم قوم ہلاک ہونے والے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مستحق اوسکے غضب و عذاب کے بسبب گمان کے **بحر** +

تنبیہ + اس سے معلوم ہوا کہ جناب باری تعالیٰ سے بندہ گمان نیک رکھے اور بدگمانی سے بچے جیسا کہ حدیث قدسی مین آیا ہی اَنَا عِندَ ظَنِّ عَبدِی بِی یعنی مین ہون نزدیک گمان بندے اپنے کے کہ رکھتا ہی مجھسے یعنی اگر گمان نیک مجھسے رکھتا ہی بندہ تو اچھا معاملہ کرتا ہون اوس سے اور اگر گمان بد رکھتا ہی ویسا ہی معاملہ بد کرتا ہون اوس سے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بُری باتین شیطان آدمی کے نفس مین اچھی کر کر دکھاتا ہی یہی سبب ہی کہ ناچ و رنگ و غیرہ خرافات کی طرف بہت رغبت ہوتی ہی آدمی کو جب ایسی بلا مین گرفتار ہو تو اعوذ و لاحول پڑھے جانے کہ یہ شیطان نے جال پھیلایا ہی +

وَمَن لَّم يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا ۝

اور جو کہ ایمان نہ لایا ساتھ خدا کے اور پیغمبر اوسکے کے پس تحقیق ہمنے طیار کیا ہی واسطے ان کافرون کے آگ کو + **فتح** اور جو کوئی یقین نہ لاوے اللہ پر اور اوسکے رسول پر تو ہمنے رکھی ہی منکرون کے واسطے دہکتی آگ + **مو**

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝

اور خدا ہی کے لیے ہی بادشاہی آسمانون کی اور زمین کی بخشتا ہی جسکو چاہتا ہی اور عذاب کرتا ہی جسکو چاہتا ہی اور ہی خدا بخشنے والا مہربان + **فتح** + اور اللہ کا ہی راج آسمانونکا اور زمین کا بخشے جسکو چاہے اور مارے جسکو چاہے اور ہی اللہ بخشنے والا مہربان + **مو** + **تفسیر** + خدا کے لیے ہی بادشاہی الخ یعنی تدبیر کرتا ہی آسمان و زمین مین موافق قدرت و حکمت کاملہ اپنی کے بخشتا ہی جسکو چاہتا ہی الخ یعنی بخشتا ہی اور عذاب کرتا ہی اپنی مشیت و حکمت سے بخشنا اوسکا مومنون کو فضل اوسکا ہی اور عذاب کرنا کافرون کو عدل اوسکا ہی بخشنے والا مہربان سبقت لے گئی ہی رحمت اوسکی غضب اوسکے پر + **ملذا ھکیے** +

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُل لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن قَبْلُ ۖ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ۝

کہینگے تجسے پیچھے چھوڑے ہوئے جسوقت کہ روانہ ہووگے تم طرف غنیمتون کے یعنی خیبر کی غنیمتون کے تا لو تم اونکو چھوڑ دو ہمکو تو پیچھے چلین ہم چاہتے ہین کہ خلاف کرین خدا کے وعدے کو کہہ ہمارے پیچھے نہین چلنے کے تم ایسا ہی فرمایا ہی خدا نے پہلے اس سے پس کہینگے نہ بلکہ حسد کرتے ہو تم ہمپر بلکہ ہمیشہ سمجھتے نہین تھے مگر تھوڑا + **فتح** + اب کہینگے پیچھے رہگئے جب چلوگے غنیمتین لینے کو چھوڑو ہم چلین تمہارے ساتھ چاہتے ہین کہ بدلین اللہ کا کہا تو کہہ ہمارے ساتھ نہ چلوگے یونہین کہہ دیا اللہ نے پہلے سے پھر اب کہینگے نہین تم جلتے ہو ہمارے بھلے سے کوئی نہین پر وہ سمجھتے نہین ہے مگر تھوڑا + **تفسیر** + جب مکے سے پھرے وہان سے حکم ہوا کہ خیبر پر چلو اور اون لوگون کے سوا کوئی ساتھ نہ چلے مدینے مین تین دن رہکر ارادہ کیا جو لوگ پہلے سفر مین ڈر کر رہ گئے تھے اس سفر مین لالچ کو طیار ہوئے اونکو اللہ کا منع سنادیا خیبر مین جو یہود تھے جو جنگ احزاب مین قومون کو چڑھا لائے تھے + **مو** + پیچھے چھوڑے ہوئے یعنی جو کہ پیچھے رہ گئے تھے حدیبیہ سے چاہتے ہین الخ یعنی چاہتے ہین یہ کہ تغیر کرین اس وعدے کو کہ جو حدیبیہ والون سے کیا تھا اور وہ یہ ہی کہ وعدہ کیا تھا اللہ تعالیٰ نے اونکے لیے کی غنیمتون کے عوض مین تمکو خیبر کی غنیمتین دینگے جب کہ پھر گئے مکے والون سے صلح کر کر سوائے تمہارے اور کسی کو وہان کی غنیمت نہین ملنے کی ہمارے پیچھے نہین چلنے کے تم یعنی طرف خیبر کے اور پیغمبر دی اللہ تعالیٰ نے اونکے ساتھ نجانے کی اور اللہ کی بات بدلی جاتی نہین پہلے اس سے یعنی پہلے پھرنے اونکے سے طرف مدینے کے فرمادیا تھا کہ غنیمت خیبر کی اونھین کو ملے گی کہ جو حدیبیہ مین حاضر تھے نہ اور کو پس کہینگے نہ الخ یعنی اللہ نے یہ حکم نہین کیا بلکہ تم حسد کرتے ہو ہمپر یعنی ناگوار معلوم ہوتا ہی تمکو کہ شریک ہووین ہم تمہاری غنیمت مین سمجھتے نہین تھے الخ

یعنی کلام خدا سے مگر تھوڑا یعنی کچھ تھوڑا سا یعنی نرا قول + ۵۱ آیا ہی کہ رسول علیہ السلام ذی الحجہ کے مہینے مین چھٹے سال حدیبیہ سے پھر کر مدینے مین آئے اور ماہ محرم مین ساتوین سال غزوۂ خیبر کو متوجہ ہوئے اور حکم الٰہی آیا کہ سوائے حاضران حدیبیہ کے اس غزوے مین کوئی تمہارے ساتھ باہر نہ نکلے تا غنیمتین مکے کی غنیمتون کے عوض مین تمام انھین کو ملین اور جب عزم بالجزم ہوا تخلفون نے کہا کہ چھوڑ دو ہمکو تا ہمراہ تمھارے چلین ہم حکم الٰہی آیا قُل لَّن تَتَّبِعُونَا الخ پہلے اس سے یعنی پہلے تیہ کرنے تمہارے یا پہلے آنے ہمارے کے سے مدینے مین بَلْ كَانُوا الخ یعنی بلکہ ہین کہ نہین جانتے کہ امر دین مین کیا چیز مفید ہی اور کیا مضر مگر تھوڑے اونسے کہ تصدیق کرنے والے خدا اور رسول کے ہین اور یا یہ معنی ہین کہ نہین پاتے مگر کچھ احکام الٰہی سے + معا + بحر +

قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا

کہدے ای محمد پیچھے چھوڑے ہوؤنکو اعراب سے کہ تم بلائے جاؤگے طرف لڑائی ایک قوم سخت لڑائی والون کے کہ لڑو تم اونسے یا یہ کہ مسلمان ہون وے پس اگر فرمانبرداری کروگے دیگا خدا تمکو مزدوری اچھی اور اگر موہنہ موڑو تم جیسے کہ موہنہ موڑا تھا تمنے پہلے اس سے عذاب کریگا تمکو خدا عذاب درد دینے والا + فتح + کہدے پیچھے رہ گئے گنوار ونکو آگے تمکو بلاوینگے ایک لوگون پر بڑے سخت لڑنے والے تم اونسے لڑوگے یا وہ مسلمان ہونگے پھر اگر حکم مانو دیگا تمکو الله نیگ اچھا اور اگر پلٹ جاؤگے جیسے پلٹ گئے پہلی بار مار دیگا تمکو ایک دکھ کی مار + تفسین + بڑے لڑنے حق تعالی فرماتا ہی فارس کے لوگونکو انکی سلطنت ہمیشہ زبردست رہی تھی حضرت عمر اور حضرت عثمان کے وقت فارس کا ملک فتح ہوا اور کتنے مسلمان انسے بہت لڑے وہان غنیمتین بہت ہاتھ لگین + مو + مراد مخلفین سے یہان بھی وہی ہین کہ جو پیچھے رہ گئے تھے حدیبیہ سے اور مراد قوم سخت لڑائی والون سے بنی حنیفہ قوم مسیلمہ کے ہین اور مرتد کہ جنسے لڑے ابو بکر رضی الله عنہ اسلیے کہ مشرکین عرب اور مرتدین ہی ایسے ہین کہ نہین قبول کیا جاتا ہی اونسے مگر اسلام سیف اور بعضون نے کہا کہ مراد سخت لڑائی والون سے فارس ہین کہ بلایا اعراب کو حضرت عمر رضی الله عنہ نے اونسے لڑنے کے لیے لڑو تم اونسے یا یہ کہ ہون مسلمان یعنی ہوے ایک دونون امر تمکا یا مقاتلہ یا اسلام اور ہونگے معنی یُسْلِمُونَ کے اس تاویل پر ينقادو کے معنی یعنی تابعدار ہون اسلیے کہ فارس مجوس ہین قبول کیا جاتا ہی اونسے جزیہ اور اس آیت مین دلالت ہی اوپر صحت خلافت شیخین کے اسلیے کہ وعدہ کیا اونسے ثواب کا اوپر فرمانبرداری داعی یعنی بلانے والے کے وقت بلانے اوسکے کے اپنے قول میں فَإِن تُطِيعُوا الخ یعنی پس اگر فرمانبرداری کروگے اوسکی کہ بلاوے تمکو قتال کی طرف دیگا تمکو الله اجر نیک یعنی جنت پس واجب ہوا یہ کہ ہو داعی مفترض الطاعة یعنی اوسکی فرمانبرداری فرض ہو حاصل یہ کہ بموجب اسکے شیخین کی طاعت فرض ہوئی پس اس سے حقیت اونکی خلافت کی معلوم ہوئی جیسے کہ موہنہ موڑا تھا پہلے اس سے یعنی حدیبیہ مین عذاب درد دینے والا یعنی آگ کا آخرت مین + ۵۲ + مراد سخت لڑنے والون سے تابعان مسیلمہ کذاب کے ہین یا مرتد عرب کے یا فارس یا روم یا ہوازن و غطفان کہ جنھون نے وادی حنین مین آنحضرت سے جنگ کی کہا رافع بن خدیج نے کہ ہم پڑھتے تھے اس آیت کو اور نہین جانتے تھے ہم کہ وہ کون ہین یہان تک کہ بلایا ابو بکر نے طرف قتال بنی حنیفہ کے پس جانا ہمنے کہ وہ یہی ہین اور کہا ابن جریج نے کہ بلایا اونکو عمر نے طرف قتال فارس کے اور جب اتری یہ آیت تو کہا معذوروں نے کہ ہمارا کیا حال ہوگا یا رسول الله پس اوتاری الله تعالی نے آگے کی آیت لَّيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ الخ + معا +

لَّيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا

نہین نابینا پر کچھ گناہ اور نہ لنگڑے پر کچھ گناہ اور نہ بیمار پر کچھ گناہ اور جو کوئی فرمانبرداری کرے

ع نصف

خداکی اور اوسکے رسول کی داخل کریگا خدا اوسکو باغون مین کہ چلتی ہین اونکے نیچے نہرین اور جو کہ مونہہ موڑے عذاب کرے اوسکو عذاب درد دینے والا ✤ **فتح** ✤ اندھے پر کلیف نہین اور نہ لنگڑے پر کلیف اور نہ بیمار پر کلیف اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا اور اوسکے رسول کا اوسکو داخل کریگا باغون مین جنکے نیچے بہنیان ندیان اور جو کوئی پلٹ جاوے اوسکو مارے دکھ کی مار ✤ **تفسیر** ✤ یعنی جہاد ان معذور لوگون پر فرض نہین ✤ **مو** ✤ فرمانبرداری کرے یعنی جہاد وغیرہ مین اور مونہہ موڑے یعنی طاعت سے آیا ہی کہ جب پہلی آیت اوتری تو ضعیف اور عاجز مسلمانون نے اندیشہ کیا کہ ہم بسبب عجز کے جہاد سے پیچھے رہتے ہین دیکھیے ہمارا کیا حال ہو یہ آیت اوتری کہ معذور معافی مین ہین ✤ **مل بحر** ✤ اوس وقت کے لوگ تین طرح کے تھے ایک تو وہ تھے کہ حدیبیہ کو گئے حضرت کے ساتھ رغبت سے اور دوسرے وہ تھے کہ نہین گئے بسبب عذر کے اور تیسرے وہ تھے کہ نہین گئے قصداً بلا عذر پس رغبت سے جانے والون کے حق مین تو فرمایا لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ آخر آیت تک اور فرمایا لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ آخر آیت تک اور جو کہ قصداً بلا عذر نگئے تھے اونکے حق مین فرمایا ازراہ وعید وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِينَ وَالْمُنٰفِقٰتِ آخر آیت تک اور جو کہ بعذر نگئے تھے اونکے حق مین یہ آیت اوتاری لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ آخر آیت تک ✤ **زاہدی تنبیہ** ✤ جاننا چاہیے کہ بڑی فرمانبرداری خدا اور رسول کی یہ ہی کہ اپنے کو گناہ سے بچاوے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین اَطْوَعُ النَّاسِ لِلّٰهِ اَشَدُّهُمْ بُغْضًا لِلْمَعْصِيَةِ ✤ یعنی بڑا فرمانبردار اللہ کا لوگون مین وہ ہی کہ اللہ کے گناہ کو نہایت برا جانے اور دشمن رکھے اوسکو پس اللہ تعالی کو ہر وقت حاضر ناظر جانے اپنے احوال کا کسی بزرگ نے اپنے یار کو وصیت کی جب اوسنے عرض کی کہ مجکو وصیت کیجیے کہ گناہ خدا وہان جا کے کیجیو جہان خدا نہ دیکھے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین اِنَّ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ عُيُوْنًا تَرَاكَ ✤ یعنی اپنے حال کو ہر وقت درست رکھ موافق شرع کے اور سیدھی راہ شریعت کی نچھوڑ اسلیے کہ خدائے عز وجل کے لیے آنکھین ہین یعنی علم و قدرت کی کہ ظاہر و باطن تیرے کو اون آنکھون سے دیکھتا ہی اور تیرے حرکات و سکنات کو مشاہدہ فرماتا ہی حضرت فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین ✤ **نظم**

ای پسر مگذار راہ شرع را	اصل یابی گر نگیری فرع را	از شریعت گر نہی بیرون قدم	در ضلالت اوفتی از رنج و غم
ہر کہ در راہ ضلالت میرود	از جہالت در بطالت میرود	حق طلب وز کار باطل دور باش	در سخا و مردمی مشہور باش
ہر کہ بگریزد ز راہ مستقیم ✤	در عذاب آخرت ماند مقیم	در رہ شیطان مزن گام ای اخی	تا نگردی خوار و بدنام ای اخی
ہر کہ در راہ حقیقت شاکر ست	روز و شب خائف ز قہر قاہر ست	بر خلاف نفس کن کار ای پسر	تا نیفتی خوار در نار ای پسر
بر مراد نفس رفتن ابلہی ست	نفس را تابع شدن از گمرہی ست	کار نفس بد ہمہ شور و شر ست	جنگ با نفست جہاد اکبر ست
نفس را گر باز داری از ہوا	دین و دنیا حاجت گردد روا	جای آنکس را کند حق در بہشت	کو ہوای نفس شومش را بہشت

نکتہ ✤ ایک محقق کہتے ہین کہ آیت سیقول سے یہان تک اشارہ ہی بو الہوسون کے احوال کی طرف کہ احوال و مقامات عاشقین عارفین کا بسبب طمع خام اوس مقصد کے حاصل کرنے مین کرتے ہین اور جب ضرورت مجاہدہ نفس کی اور ترک غیر اللہ کی پیش آتی ہی تو حیلہ و بہانہ وجود اہل و عیال کا پیش لاکر ترک دنیا اور دنیا کی چیزون کو ٹال دیتے ہین اور اور شیطانی فریبون کے ساتھ مغرور ہو کر بیچ عذاب سعیر بعد و حرمان کے مبتلا رہتے ہین کہہ ای عارف کامل کہ بغیر تابعدار ہونے نفس و ہوی کے ساتھ مجاہدہ اور ریاضت کے داخل ہونا قرب و مشاہدہ کے جنت مین ممکن نہین مگر کہ معذور ہو اوستاد رضی اللہ عنہ نے فرمایا مَنْ كَانَ لَهٗ عُذْرٌ فِي الْمُجَاهَدَةِ مَعَ النَّفْسِ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّؤْتٰى رُخْصَتُهٗ كَمَا يُحِبُّ اَنْ يُّؤْتٰى عَزَائِمُهٗ ✤ **بحر** ✤ یعنی جسکو عذر ہو مجاہدے مین ساتھ نفس کے پس اللہ دوست رکھتا ہی رخصت پر عمل کرنے کو جیسے کہ دوست رکھتا ہی عزیمتون پر عمل کرنے کو ✤

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

تحقیق خوش ہوا اللہ مسلمانون سے جسوقت کہ بیعت کرتے تھے تجھسے درخت کے نیچے پس جانا جو کچھ کہ اونکے دل مین ہی پس اوتاری خاطر جمعی اونپر اور بدلہ دی اونکو ایک فتح نزدیک اور غنیمتین بہت کہ لیوین اونکو یعنی غنیمتین خیبر کی اور ہی خدا غالب باحکمت ✝ فتح اللہ خوش ہوا ایمان والون سے جب ہاتھ ملانے لگے تجھسے اوس درخت کے نیچے پھر جانا جو اونکے جیمین تھا پھر اوتارا اونپر چین اور انعام دی اونکو ایک فتح نزدیک اور بہت غنیمتین جو اونکو لینگے اور ہی اللہ زبردست حکمت والا ✝ تفسیر ✝ جب صلح کا سوال جواب تھا حضرت نے بھیجا مکے مین حضرت عثمانؓ کو یہان خبر جھوٹی اوڑی کہ اونکو مارڈالا حضرت نے کہا اب مجکو لڑنا ملال ہوا کہ پہل اونھون نے کی اور وہ خبر جھوٹ تھی اور یہ بی کہ اسی آدمی مکے کے لشکر کے گرد آئے کہ اکیلے دوکیلے کو مارین وہ سب جیتے پکڑ لیے پس حضرت نے ارادہ کیا لڑنے کا تو ایک کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھے اور کہا مجھسے قول کرو کہ مرتے تک کوتاہی نکرو سب نے قول دیا ایک منافق تھا جُدّ بن قیس اوسکے سوا کوئی نہین رہا وہ بیعت اللہ کے ہان قبول پڑی اللہ نے جانا جو اونکے دل مین یعنی ظاہر کا اندیشہ اور دل کا توکل اور انعام دی یہ فتح خیبر اس سے مسلمان آسودہ ہوئے اور حضرت نے فرمایا اس بیعت والا کوئی نجاویگا دوزخ مین ✝ مو ✝ پس جانا جو کچھ کہ اونکے دل مین ہی یعنی اخلاص اور صدق دل اوس چیز مین کہ بیعت کی اوسپر اوتاری خاطر جمعی اور امن بسبب صلح کے اونکے دلونپر اور فتح قریب سے مراد فتح خیبر ہی کہ جسکا ذکر اوپر ہو چکا اور بہت سی غنیمتون سے بھی مراد غنیمتین خیبر کی ہین کہ وہان سے زمین زرعی اور مال بہت ہاتھ لگا آنحضرت نے اوسکو اہل حدیبیہ پر تقسیم فرمایا اور اس بیعت کو بیعت الرضوان کہتے ہین اور یہ نام اوسکا اسی آیت کے سبب سے رکھا گیا اور یہ بیعت کیکر کے درخت کے نیچے واقع ہوئی تھی آیا ہی کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ گذرے اوس کا پر بعد اسکے کہ جاتا رہا درخت پس فرمانے لگے کہ کہان تھا وہ درخت پس بعضے کہنے لگے یہان تھا اور بعضے کہنے لگے یہان تھا پس جب کہ بہت ہوا اختلاف اونکا تو کہا چلو جاتا رہا درخت اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل حدیبیہ کو اَنْتُمْ خَيْرُ الْاَرْضِ یعنی تم بہترین روے زمین والون کے ہو اور سبب اس بیعت کا یہ ہوا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ مین اوترے تو حراس بن امیہ خزاعی کو بھیجا قریش اور ابوسفیان کے پاس مکے کو ایلچی کر کر اور سوار کیا اونکو اپنی اونٹنی پر کہ نام اوسکا ثعلب تھا تو کہ پونہچاوے اشراف قریش کو آپ کی طرف سے پیغام کہ عمرہ کے لیے آئے ہین پس کونچین کاٹ ڈالین اونھون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی اور ارادہ کیا حراس کے قتل کرنے کا پس بچایا اوسکو بعضے مکے والون نے اور چھوڑ دیا اوسکو یہانتک کہ آیا وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس بُلایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر بن الخطاب کو تو کہ بھیجین اونکو طرف مکے کے پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ یا رسول اللہ مین ڈرتا ہون قریش سے اپنی جان پر اور نہین ہین مکے مین عدی بن کعب کی اولاد مین سے کوئی کہ بچاوے مجکو اور قریش جانتے ہین میری سختی اور دشمنی کو کہ جو اون سے رکھتا ہون ولیکن بتادیتا ہون مین ایک شخص کو کہ وہ مجھسے زیادہ عزت رکھتا ہی اونمین وہ عثمان بن عفان ہین پس بلایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمانؓ کو اور بھیجا اونکو ابوسفیان اور اشراف قریش کے پاس کہ اونکو خبر دین کہ آنحضرت نہین آئے ہین لڑنے کے لیے بلکہ آئے ہین اس بیت کی زیارت اور تعظیم و حرمت کے بجا لانے کے لیے پس نکلے عثمانؓ طرف مکے کے پس ملا اونسے ابان بن سعید بن ابی العاص جسوقت کہ داخل ہوئے عثمان مکے مین یا پہلے داخل ہونے اونکے کے اوسمین پس اوترا ابان اپنی سواری سے اور سوار کیا اونکو ملکہ گیا اپنے پھر پیچھے بیٹھا اونکے آپ اور پناہ دی اونکو یہانتک کہ پونہچایا پیغام رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پس کہا ابوسفیان نے اور قریش کے اور سرداران نے عثمان سے جسوقت کہ فارغ ہوئے وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام پونہچانے سے

کہ اگر طواف کیا چاہتا ہی تو بیت اللہ کا طواف کر لے کہا عثمان نے کہ نہین طواف کرونگا مین یہان تک کہ طواف کرین اوسکا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس روکا عثمان کو قریش نے اس قصے کے وقت پس خبر پونہچی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اور مسلمانون کو یہ کہ عثمان قتل کیے گئے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ٹلنے کے ہم یہان تک کہ لڑین ہم قوم قریش سے اور بلایا لوگون کو طرف بیعت کے پس بیعت کی اونھون نے حضرت سے ایک کیکر کے درخت کے نیچے اسپر کہ لڑینگے قریش سے اور بھاگنے کے نہین اور بیعت کرنے والے چودہ سو تھے + **مل معا + تنبیہ** + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ وہ بیعت باعث اللہ کی رضامندی اور سبب انعام کی ہوتی ہی کہ خلوص دل سے کرے نہ لوگون کے دکھاوے کو اور بحسب رسم کے یعنی خلوص دل سے تو بہ ہو نہ یہ کہ ادھر بیعت کی اور ادھر گناہون پر مستعد ہوگئے کہ پیر کے جھنڈے کے نیچے قیامت مین جا کھڑے ہونگے اب تو جو چاہین سو کرین یہ بیعت فقط نمود کے لیے ہی باعث تباہی دین کی حدیث شریف مین آیا ہی اَلرِّیَآءُ یُوْرِثُ الْفَقْرَ یعنی ریا باعث ہوتا ہی محتاجگی کا پس مردہون تو اونکو لحاظ اسکا چاہیے کہ ایک بزرگ کو گواہ کرکر خدا تعالی سے ہمنے توبہ کی ہی اس عہد کو پورا کرین اور عورتین ہون تو اسکی رعایت کرین یہ نہین کہ پیر کو باپ سمجھ کر ملا ہون اور اس بلکہ پانون تک باوین اور خاوند بیچارہ اگر منع کرے تو کہین کہ صاحب وہ ہمارا باپ ہی اوسکی خدمتگذاری سے منع کرتے ہو حالانکہ اسکو اطاعت خاوند کی کرنی چاہیے کہ حدیث شریف مین آیا ہی جِهَادُ الْمَرْأَةِ حُسْنُ التَّبَعُّلِ یعنی جہاد عورتون کا یہ ہی کہ اپنے خاوند سے معاملہ نیک رکھین یعنی تابعدار و فرمانبردار ہونا اپنے خاوند کا اور اپنے نفس پر مشقت اوٹھانی عورتون کا یہی جہاد ہی + اور جو پیر ایسی باتون کو روا رکھین وہ آپ بھی ڈوبے اور مرید کو بھی ڈبویا +

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝

وعدہ کین خدا نے تمسے غنیمتین بہت کہ لو تم اونکو پس جلدی عطا کین یہ غنیمتین یعنی غنیمتین خیبر کی اور باز رکھے ہاتھ لوگون کے تمسے یعنی خندیبیہ مین اور تو کہ ہووے یہ مقدمہ نشانی مسلمانون کے لیے اور تو کہ دکھاوے خدا تمکو راہ سیدھی مترجم کہتا ہی کہ کفار قریش جمع ہوئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تشویش پونہچاوین خدا تعالی نے اونکے ہاتون کو قتال سے باز رکھا اور جہد کا انجام بصلح ہوا + **فتح** + وعدہ دیا ہی تمکو اللہ نے بہت غنیمتون کا تم لوگے اونکو سو شتاب ملا دیگا تمکو یہ اور روکے لوگون کے ہاتھ تمسے اور تا ایک نمونہ ہو قدرت کا مسلمانون کے واسطے اور چلاوے تمکو سیدھی راہ + **تفسیر** + یہ بھی انعام مین داخل ہی روکے لوگون کے ہاتھ یعنی لڑائی نہونے دی + **موضح** + غنیمتین بہت یعنی جو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحابہ کے ہاتھ لگین اور بعد آپکے قیامت تک جو ملینگے اور باز رکھے ہاتھ لوگون کے یعنی خیبر والون کے اور اونکے ہم قسمون کے کہ بنی اسد اور غطفان تھے کہ جب آئے وہ خیبر والون کی مدد کو ڈالا اللہ نے اونکے دلون مین رعب پس پھر گئے اور بعضون نے کہا کہ باز رکھے ہاتھ مکے والون کے بسبب صلح کے کہ سلامتی سے پھر کر آئے مدینے کو اور تو کہ ہووے یعنی یہ باز رکھنا نشانی و عبرت مومنون کے لیے کہ پہچانین وہ بسبب اوسکے کہ ہمارے لیے اللہ کے نزدیک رتبہ ہی اور وہ ضامن ہی ہماری مدد کرنے پر اور فتح دینے پر کیا یہ اور تو کہ دکھاوے تمکو الخ یعنی زیادہ کرے تمکو بصیرت اور یقین اور اعتماد اللہ کے فضل پر + **مل** + باز رکھے ہاتھ لوگون کے تمسے تمہارے عیال مین جب کہ نکلے تم اور قصد کیا تمہارے عیال کے تباہ کرنے کا یہود نے پس ڈالا اللہ نے رعب اونکے دلومین وَلِتَكُوْنَ عطف ہی مقدر پر یعنی تو کہ شکر کرو تم اوسکا اور تو کہ ہو یہ عجلہ نشانی الخ اور تو کہ دکھاوے تمکو الخ یعنی راہ توکل کی اللہ پر اور تفویض امر کی طرف اوسکے + **ج** +

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝

اور وعدہ کین خدا نے اور غنیمتین بھی کہ اب تک قدرت نہین پائی ہی تمنے اونپر جانا ہی خدا نے اونکو اور ہی خدا ہر چیز پر توانا + **فتح** +

اور ایک فتح اور جو تمہارے بس مین نہ آئی وہ اللہ کے قابو مین ہی اور ہی اللہ ہر چیز کر سکتا + تفسیر یعنی اس بیعت کے انعام مین
خیبر دی اور فتح مکہ جو اسوقت ہاتھ نہ لگی وہ بھی مل ہی چکی ہی موضح لفظ اُخریٰ کا عطف ہی لفظ ھذہ پر یعنی جلدی دین تمکو
غنیمتین خیبر کی اور اور غنیمتین اور وہ غنیمتین ہوازن کی ہین کہ غزوہ حنین مین ہاتھ لگین مل اور غنیمتین فارس و روم کی دین جا ہا
خدا نے کہ وہ تمکو ملین گی اگرچہ اب تک تم قادر نہین ہوئے ہو اونکے لینے پر جب معنی یہ ہی وَعَدَكُمْ غَنِيمَةً أُخْرَىٰ اور جائز ہی کہ تقدیر یہ ہو
یا اَوْ قَرْيَةً أُخْرَىٰ اور بعضون نے کہا وہ مکہ ہی یعنی اور بھی وعدہ کیا مینے تم سے فتح ہونا اور شہر کا کہ تم ہنوز قادر نہین ہوئے ہو اوسپر
اور تم نہین جانتے ہو کہ وہ شہر کونسا ہی اور خدا عز وجل جانتا ہی قَدْ أَحَاطَ اللَّهُ بِهَا أَيْ عَلِمَ اللَّهُ بِهَا اور بعضون نے کہا أَعَدَّهَا
لَكُمْ وَحَبَسَهَا عَلَيْكُمْ كَالشَّيْءِ الْمُحَاطِ لَا يَفُوتُ عَنْكُمْ اور خداوند عز وجل قادر ہی اوپر وفا کرنے ان عہدون کے اور اوپر
فتح کرنے ان شہرون کے اور قبیلون کے تمہارے ہاتھون پر زاهدي وَأُخْرَىٰ الخ یعنی وعدہ کیا تمسے اللہ نے فتح ہونا اور
شہر کا کہ نہین قادر ہوئے تم اوسپر قَدْ أَحَاطَ اللَّهُ بِهَا حَتَّىٰ يَفْتَحَهَا لَكُمْ كَأَنَّهُ حَفِظَهَا لَكُمْ وَمَنَعَهَا مِنْ غَيْرِكُمْ حَتَّىٰ
تَأْخُذُوهَا یعنی تحقیق گھیر رکھا ہی اللہ نے اوسکو یہان تک کہ فتح کریگا اوسکو تمہارے لیے گویا کہ اوسنے نگاہ رکھا ہی اوسکو تمہارے لیے
اور باز رکھا ہی اوسکو غیر تمہارے سے تاکہ لو تم اوسکو کہا ابن عباسؓ نے معنی اسکے یہ ہین کہ جانا ہی اللہ نے کہ وہ فتح کریگا اوسکو تمہارے لیے
اور اختلاف کیا ہی علما نے اوس شہر مین کہ وہ کونسا شہر ہی کہا حسن اور ابن عباس اور مقاتل نے کہ وہ فارس و روم ہین اور نہین قادر
تھے عرب اوپر قتال فارس و روم کے بلکہ عاجز تھے اوسسے یہان تک کہ قادر ہوے اوسپر بسبب اسلام کے اور کہا ضحاک و ابن زید نے کہ
وہ خیبر ہی وعدہ کیا اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اسکے کہ پہونچین اوسکو اور نہین امید رکھتے تھے اوسکی اور کہا قتادہ نے
کہ وہ مکہ ہی اور کہا عکرمہ نے حنین ہی اور کہا مجاہد نے وہ وہ شہر ہین کہ فتح ہوئے اب تک معا آیا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ
سے پھرے تو چند روز بعد ماہ محرم مین ساتوین سال غزوہ خیبر کے لیے چودہ سو آدمیون کے ساتھ باہر نکلے اور عامر یہ رجز یعنی عبارت
مقفی پڑھتے تھے رجز تَاللَّهِ لَوْلَا اللَّهُ مَا اهْتَدَيْنَا + وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا + وَنَحْنُ مِنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا
فَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا + وَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا + یعنی قسم خدا کی اگر نہوتا اللہ یعنی مدد اللہ کی نہ راہ پاتے ہم اور نہ
دیتے ہم اور نہ نماز پڑھتے ہم اور ہم تیرے فضل سے نہین بے پروا ہین پس ثابت رکھ قدم اگر ملین ہم دشمنون سے اور اوتار خاطر جمعی ہمپر
اور سحر کے وقت خیبریون کے قلعون مین پہونچے اور وہ بیخبر تھے بحسب عادت اپنی کے اسباب زراعت کا لے کر زراعت کی طرف چلے
ناگہان لشکر رسول علیہ السلام کا دیکھا اور پھر کر اپنے قلعے مین پناہ پکڑی آنحضرت نے فرمایا اللَّهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا
بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ یعنی اللہ بہت بڑا ہی خراب ہوا خیبر بلاشبہ ہم جب اوترتے ہین کسی قوم کے میدان مین
تو بری ہوتی ہی صبح ڈرائے گیون کی یعنی ہمارا پہونچنا موجب اونکی بربادی کا ہوتا ہی اللہ کی مدد سے پس اول اہل نطارہ کے ساتھ کہ نام
قلعے کا ہی جنگ شروع ہوئی اور مسلمانون نے وہ ... لے لیا بعد اوسکے قلعہ شق فتح ہوا اور محمد اسحٰق کی حدیث مین آیا ہی کہ اول قلعہ
ناعم بعد اوسکے نطارہ اور شق فتح ہوئے بعد اوسکے قلعہ صعب بہت سی لڑائی سے ہاتھ لگا اور غنیمتین بہت ہاتھ لگین بعد اوسکے
قلعہ قموص کو گھیرا اور اوسوقت آنحضرت علیہ السلام کے سر مبارک مین درد تھا آپ سوار نہین ہوئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نیزہ لے کر نکلے اور خوب
لڑے اور جب پھر کر آئے عمر رضی اللہ عنہ نیزہ لے کر نکلے اور خوب لڑے جب وہ پھر کر آئے تو آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ کل نیزہ ایک شخص کو
دونگا کہ دوست رکھتا ہی وہ خدا و رسول کو اور دوست رکھتے ہین خدا و رسول اوسکو اور یہ قلعہ اوسکے ہاتھ پر فتح ہوگا اور اوسکے کل کے
حضرت علیؓ کو اپنے پاس بلایا اور اونکی آنکھین دکھتی تھین رسول علیہ السلام نے لعاب دہن مبارک کا اونکی آنکھ پر ڈالا دکھ اونکا جاتا رہا بلکہ

تفسیر معالم مین نطارہ کی تفصیل مسلم ... تفسیر مین مذکور ہین ... مدقق

آنحضرت صلعم نے نیزہ اونکے ہاتھ مین دیا اور فرمایا جا اور پھر نا نہین جب تک کہ یہ قلعہ فتح نہو پس علی رضی اللہ عنہ متوجہ لڑنے کے ہوئے مرحب خیبری
کہ سردار وہان کا تھا اونکے مقابلے کے لیے نکلا اور علی رضی اللہ عنہ نے اوسکو مارا اور وہ قلعہ حضرت علی کے ہاتھ پر فتح ہوا اور اوسی جگہہ
حضرت علی رضی نے دروازۂ آہنی خیبر کا اولٹ کر سپر اپنی بنائی تھی اور بعد اوسکے سب یہود نے پناہ چاہی اور گنج ابی الحقیق اور غنیمتین بیشمار
مسلمانون کے ہاتھ آئین اور صفیہ بیٹی حُیَی بن خطب کی منجملہ بندیون خیبر کی سے تھین آنحضرت صلعم اونکو آزاد کر کر اپنے نکاح مین لائے
اور مہر اونکا آزادی اونکی کی اور ام المومنین ہوئین اور صفیہ نے خواب مین دیکھا تھا اس حال مین کہ وہ دلہن تھی کنانہ بن الربیع بن ابی الحقیق کی
کہ چاند آ پڑا اوسکی گود مین اوسنے اپنے خاوند سے یہ خواب بیان کیا اوسنے کہا کہ نہین ہی یہ مگر کہ تو آرزو رکھتی ہی بادشاہ حجاز کی کہ محمد ہین پھر
طمانچہ مارا صفیہ کے مونہہ پر کہ نیلی ہو گئین آنکھین اوسکی اوس سے پھر لائی گئین صفیہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال مین کہ اونکے
مونہہ پر نشان تھا طمانچے کا پس پوچھا آنحضرت صلعم نے اونسے کہ کیا ہی یہ پس بیان کیا اونھون نے یہ ماجرا پھر لایا گیا آنحضرت کے پاس خاوند اونکا
کنانہ بن الربیع اور اوسکے پاس خزانہ تھا بنی نضیر کا پس پوچھا آنحضرت صلعم نے اوس سے اوسنے انکار کیا کہ مین نہین جانتا جگہہ اوسکی پھر حضرت کے
پاس لایا گیا ایک شخص یہود مین سے اوسنے کہا آپ سے کہ مینے دیکھا ہی کنانہ کو کہ پھر اکرتا ہی اس کھنڈر مین ہر روز صبح کو پس فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے کنانہ کو کہ بیان کر اگر پاوین ہم خزانہ تیرے پاس تو آیا قتل کرین ہم تجکو اوسنے کہا ہان پس حکم کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کھنڈر کے کھودنے کا پس نکالا گیا اوسمین سے کچھ خزانہ اونکا پھر مانگا اوس سے ما بقی خزانہ پس نہ ادا کیا اوسنے پس حکم کیا آنحضرت صلعم نے اوسکے
قتل کا محمد بن مسلمہ نے گردن ماری اوسکی اور آیا ہی کہ اول دحیہ صحابی آنحضرت سے صفیہ کو بندی مین مانگ کرلے گئے تھے پھر ایک شخص نے آنکر عرض کیا
کہ یا رسول اللہ آپنے دحیہ کے تئین صفیہ بنت حُیَی کو کہ سیدہ قریظہ اور نضیر کی ہی دیدی اور وہ تھی آپ کے لائق پھر آنحضرت صلعم نے اونکو دحیہ سے لے لیا
اور اونکے بدلے اور لونڈی دیدی اور اونکو آزاد کیا آنحضرت صلعم نے اور نکاح کیا اونسے اور آزادی ہی مہر ٹھہرا یہانتک کہ جب راہ مین پہنچے تو
ام سلیم نے سامان صفیہ کا درست کر کر رات کو حضرت کے پاس بھیجا صبح کو حضرت صلعم نے فرمایا کہ جسکے پاس کچھ ہوے لے آوے اوسکو اور بچھایا دسترخوان پس شروع کیا
لوگون نے کہ کوئی لاتا تھا کھجورین اور کوئی گھی اور کوئی ستو پس بنایا حیس یعنی مثل ملیدے کے پس ہوا ولیمہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اور اسی
غزوے مین گوشت گدھے کا حرام ہوا اور جب خبر اس فتح کی فدک والون کو پہنچی تو اپنے نصف مال پر صلح کر کر امان چاہی اور آنحضرت صلعم نے اونکو
امان دی بغیر اسکے کہ لشکر چڑھے اونپر پس مال و خراج خیبر کا سب مسلمانون کے لیے ہوا اور مال خراج فدک کا خاص رسول خدا کے لیے ہوا اوسی جگہہ
زینب بیٹی حارث کی نے کہ یہودیہ تھی بکری کے دست مین زہر بہت سا ملا کر آنحضرت کو دیا اور آنحضرت صلعم نے ایک لقمہ تناول فرمایا تھا کہ گوشت
بولا کہا کہ مین زہر آلودہ ہون مجھمین سے نکھایئے آنحضرت صلعم نے وہ لقمہ ڈالدیا اور اکثر اوقات اثر اوس زہر کا آنحضرت پر ظاہر ہوتا تھا حتی کہ وقت
رحلت کے بھی اوسی زہر کے اثر سے شہادت پائی آپنے صلی اللہ علیہ وسلم تا جامع نبوت و شہادت کے ہون اور آیا ہی کہ اوس یہودیہ کو
آنحضرت صلعم نے بلا کر پوچھا پس اقرار کیا اوسنے حضرت صلعم نے سبب اوسکا پوچھا اوسنے کہا کہ مینے امتحان کیا تھا کہ اگر بادشاہ ہونگے تو مر جاوینگے
ہم آرام پاوینگے اور اگر نبی ہونگے تو معلوم کر لینگے پس درگذر کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس سے اور اوسی گوشت مین سے
بشر بن براء بن معرور نے بھی کھایا تھا وہ مر گئے اور منقول ہی کہ اہل خیبر سے صلح آدھے مال پر ہوئی تھی کہ جو پیدا ہوگا آدھا ہم لینگے
اور آدھا آپکو دینگے حضرت عمر رض کے زمانے تک یہود خیبر اوسی صلح پر رہے حضرت عمر رض نے اونکو جلا وطن کیا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
نے بھی اسی شرط پر مصالحت کی تھی کہ جبتک ہم چاہینگے تمکو یہان رہنے دینگے اور آدھا مال لیا کرینگے + **بحر معا تنبیہ**
ان آیات کریمہ سے معلوم ہوا کہ جو کوئی رضامندی اپنے مالک حقیقی کی ملحوظ رکھتا ہی اور راضی برضائے مولی ہوتا ہی تو اللہ تعالی بھی اوس سے
راضی ہوتا ہی اور دین و دنیا کے فائدون کو پہونچتا ہی اور لوگون کے ضرر سے بھی محفوظ رہتا ہی جیسا کہ حدیث شریف مین آیا ہی من التمس

رضی اللّٰہ بسخط الناس کفاہ اللّٰہ مؤنۃ الناس ومن التمس رضی الناس بسخط اللّٰہ وکلہ اللّٰہ الی الناس

یہ مشکوۃ مین ہی یعنی جو کوئی ڈھونڈھے رضامندی اللہ کی لوگون کے غصے مین باز رکھتا ہی اوسکو اللہ لوگون کے رنج پونہچانے سے + اور جو کوئی ڈھونڈھے لوگون کی رضامندی ساتھ اللہ کے غصے مین سپرد کرتا ہی اوسکو اللہ طرف لوگون کے کہ اونھین مین خوار و ذلیل رہتا ہی اور رجا نا چاہیے کہ تیر قضا کے لیے کوئی سپر لائق تر رضا سے نہین ہی جسنے کہ سر آستانہ رضا و تسلیم پر رکھا جلد مسند سرداری او سرفرازی پر بیٹھا جیسا کہ قرآن مجید مین آیا ہی رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ یہ مؤید اس حال کا ہی اور مضمون الرضاء بالقضاء باب اللہ الاعظم مؤکد اس مقال کا ہی + بیت تقدیر چو سابق ست تعلیم چہ سود + جز بندگی و رضا و تسلیم چہ سود + آیا ہی کہ ایک نبی علیہ السلام نے اپنی مناجات مین کہا کہ الٰہی مجکو راہ دکھا ایسے عمل کی کہ سبب تیری خوشنودی کا ہو خطاب آیا کہ خوشنودی میری تجسے موقوف ہی تیری خوشنودی پر قضا میری سے جب راضی ہوگا تو مجسے تو مین بھی تجسے راضی ہونگا + بیت ہر کہ راضی شد از قضائے خدا بہرہ می یابد از رضائے خدا + جو دل کہ نور ریاضت سے روشن ہوا وہ مقدرات الٰہی سے مونہہ نہ پھیریگا او مقتضیات قضا کے ساتھ الفت پکڑیگا اور جو کچھ کہ قضائے قدر سے اوسکو پونہچیگا خوشدلی اور رغبت تمام سے قبول کریگا اوسکو اور اوس سبب سے غم گرد خاطر اوسکی کے نپھریگا اور ہمیشہ خوشدلی سے گذران کریگا + نظم + ہر عزیزے کہ بار ضا خو کرد + فرح و عیش رو باو کرد + خوش در آمیز از صفائے ضمیر + با قضا و قدر چو شکر شیر + اخلاق محسنی + رباعی حافظ + خواہی بوصال شادمان دار مرا + خواہی بفراق در فغان دار مرا + من با تو نگویم کہ چسان دار مرا + ہر نوع کہ خواہی تو چنان دار مرا + ۱۲ +

وَلَوۡ قٰتَلَكُمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوَلَّوُا الۡاَدۡبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوۡنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيۡرًا ۝

اور اگر لڑتے تمسے کافر البتہ طرف تمہارے پھیرتے پیٹھین پھر نہ پاتے کوئی کارساز اور نہ مدد دینے والا + فتح + اور اگر لڑتے تمسے کافر تو پھیرتے پیٹھ پھر نہ پاوینگے کوئی حمایتی نہ مددگار + موضح + تفسیر + لڑتے تمسے کافر یعنی مکے کے او صلح نکرتے یا کافرون سے مراد ہم قسم خیبر والون کے ہین پھیرتے پیٹھ یعنی مغلوب ہوتے یا بھاگ جاتے + مل + ساتھ آیت پہلی کے خوش خبری سنائی مومنون کو فتح مکہ کی او ساتھ اس آیت کے ذکر کیا اونکو + زاہدی +

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيۡ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلُ ۖۚ وَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ۝

مانند آیین خدا کے کہ گذرا ہی پہلے اس سے اور نہ پاویگا تو آیین خدا مین تبدیلی + فتح + رسم پڑی اللہ کی جو چلی آتی ہی پہلے سے اور تو نہ دیکھیگا اسکی رسم بدلتی + موضح + تفسیر + یعنی رسم اللہ کی ہمیشہ سے یہی ہی کہ اپنے دوستون کو غالب اور کافرون کو مغلوب کرتا ہی اوسمین تبدیلی نہ پاویگا تو + بحر + یعنی آیین بادشاہ جل جلالہ کا بیچ ہلاک اور عذاب اگلون کے یہی جاری رہا ہی کہ جب عذاب ہمارا اوترا تو کسینے مدد نہین کی ہی اونکی اور نہ کوئی عذاب اونسے دفع کر سکا ہی + زاہدی +

وَهُوَ الَّذِيۡ كَفَّ اَيۡدِيَهُمۡ عَنۡكُمۡ وَاَيۡدِيَكُمۡ عَنۡهُمۡ بِبَطۡنِ مَكَّةَ مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ اَظۡفَرَكُمۡ عَلَيۡهِمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا ۝

اور وہی ہی وہ کہ باز رکھے ہاتھ کافرون کے تمسے اور ہاتھ تمہارے کافرون سے درمیان مکے کے بعد اسکے کہ فیروزمند کیا تمکو اونپر اور ہی خدا ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم بینا + مترجم کہتا ہی یہ اشارہ ہی ساتھ اوس قصے کے کہ بعد منعقد ہونے صلح کے ستر تن نے قریش کے اوباشون مین سے چاہا کہ بیخبر صحابہ پر حملہ کرین صحابہ سبھون کو قید کرکر آنحضرت کے پاس لیائے اور آنحضرت نے عفو فرمایا واللہ اعلم + ظاہر نزدیک بندۂ ضعیف کے یہ ہی کہ یہ آیت بشارت ہی ساتھ فتح مکے کے اور لانا لفظ ماضی کا بسبب تحقق وقوع بشارت کے ہی + فتح + اور وہی ہی جسنے روک رکھے اونکے ہاتھ تمسے اور تمہارے ہاتھ اونسے بیچ شہر مکے کے پیچھے اس سے کہ تمہارے ہاتھ لگا دیے وہ اور ہی اللہ جو کرتے ہو دیکھتا + تفسیر +

یعنی اظفر کم کا ۱۲

وہ اسّی آدمی جو بڑے بیچ شہر مکے کے یعنی قریب شہر کے گویا شہر کا بیچ ہی ہی + **موضح** باز رکھے ہاتھ تمہارے کافرون سے یعنی مکے والون سے یعنی تمہارے درمیان مین اور اونمین لڑکا ڈکر دیا کہ ایک دوسرے کو تکلیف نہ پہونچاوے بعد اسکے کہ دیئے تمکو فتحیابی اونپر اور غلبہ اور یہ دن فتح مکے کے ہوا اور ساتھ اسکے دلیل پکڑی ہی ابو حنیفہ رحمۃ اللہ نے اسپر کہ مکہ فتح کیا گیا عنوۃً یعنی لڑکر نہ صلح سے اور بعضون نے کہا کہ ہوا یہ غزوہ حدیبیہ مین اسلیے کہ روایت کیا گیا ہی کہ عکرمہ بیٹا ابوجہل کا نکلا پانسو آدمیون مین پس بھیجا رسول خدا علیہ السلام نے کچھ لوگون کو کہ بھگا دیا اور داخل کیا اوسکو مکے کے باغون مین اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہی کہ غالب کیا اللہ نے مسلمانون کو اونپر ساتھ پتھراؤ کے یہان تک کہ داخل کردیا مسلمانون نے اونکو گھرون مین اور بطن مکہ سے مراد ہی مکہ یا حدیبیہ اسلیے کہ بعض اوسکا منسوب ہی طرف حرم کے اور اَظفَرَکُم کے معنی ہین کہ قادر و مسلط کیا تمکو + **مدارک** ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو یعنی جہاد خدا کی راہ مین اور عفو کرنا واسطے تعظیم خانہ کعبہ کے اسلیے کہ اس آیت کے شان نزول مین یون روایت کیا گیا ہی کہ وقت صلح حدیبیہ کے اسّی آدمی کفار قریش سے وقت صبح کے کوہ تنعیم سے اوترے اور شب خون کیا لشکر اسلام پر صحابہ رضی اللہ عنہم اون سبھون کو قید کرکر جناب نبوت مآب مین لیے آئے آنحضرتؐ نے اونکو چھوڑ دیا یہ آیت اوتری اور مراد بطن سے وادی مکہ ہی کہ حدیبیہ ہو اور صحابہ نے وہان اون اسّی آدمیون پر فتح پائی + **بحر** یہ آگاہ کرنا ہی مومنون کو ساتھ نصرت اونکی کے اور ذلیل کرنے دشمنون کے اور تحقیق و تاکید ہی سنۃ اللہ کی فرمایا وہ وہ خدا ہی کہ باز رکھے ہاتھ کیون کے لڑنے سے اور مارنے تمہارے سے اور باز رکھے ہاتھ تمہارے اونکے مارنے سے بسبب صلح کے نہ عجز و ضعف سے اور کہا قتادہ نے بطن مکہ سے وہی حدیبیہ مراد ہی اور کہا سدی نے بطن مکہ سے مراد ہی وادی مکہ مِنۡ بَعۡدِ اَنۡ اَظۡفَرَکُمۡ یعنی بعد اسکے کہ نصرت اور فتح اور غلبہ دیا ہمنے تمکو اونپر اور بیان اسکا یہ ہی کہ سعد بن جبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ جب اوترے آنحضرتؐ منا مین تو آیا اونکے پاس عتبہ اور خبر دی کہ عکرمہ بن ابی جہل نکلا ہی تمہاری طرف پانسو سوار ونمین پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید کو کہ یہ چچا کا بیٹا تیرا آیا ہی پانسو سوار ونمین پس کہا خالد نے اَنَا سَیۡفُ اللّٰہِ پس اوس روز سے آنحضرت نے اونکا نام سیف اللہ رکھا پھر کہا خالد نے کہ مین حاضر ہون بھیجو جسجگہ مجکو جہان چاہیے پس متوجہ کیا آنحضرت نے اونکو لشکر مذکور پر پس ملا عکرمہ سے پس بھگا دیا خالد اوسکو یہان تک کہ داخل کیا اوسکو مکے مین پھر آیا دوبارہ پھر بھگا دیا اوسکو اور داخل کیا اندر مکے کے اور خالد نے سبھون کو پتھراؤ کرکر بھگایا نہ ہتیار سے اسلیے کہ محرم تھے پس یہ آیت اوتری وَہُوَ الَّذِیۡ کَفَّ اَیۡدِیَہُمۡ الخ + **زاہدی**

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۚ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

یہ کفار قریش وہ ہین کہ کافر ہوئے اور باز رکھا تمکو مسجد حرام سے اور باز رکھا قربانی کو موقوف رکھے گئے اس سے کہ پہونچے اپنی جگہہ اور اگر نہوتے مرد مسلمان اور عورتین مسلمان کہ نہین جانتے ہو تم اونکو اگر نہوتا خوف اسکا کہ روند ڈالو تم اونکو پس پہونچے تمکو اونسے گناہ نادانستہ یعنی تصدیق رُدیا بالفعل متحقق ہوتی اور فتح جلدی میسر ہوتی واللہ اعلم فتح کو موخر کیا خدا نے تا داخل کرے جسکو چاہے اپنی رحمت مین اگر ایک دوسرے سے جدے ہوتے یہ دونون فریق تو البتہ عذاب کرتے ہم کافرون کو اونمین سے عذاب دردناک + **فتح** + وہی ہین جنھون نے انکار کیا اور روکا تمکو ادب والی مسجد سے اور نیاز کی قربانی کو بند پڑے نہ پہونچے اپنی جگہہ تک اور اگر نہوتے کتنے مرد ایمان والے اور کتنی عورتین ایمان والیان جو تمکو معلوم نہین یہ خطرہ کہ اونکو پیس ڈالتے پھر تمپر خرابی ڈالتے بے خبری سے کہ اللہ کو داخل کرنا ہی اپنی مہر مین جسکو چاہے اگر وہ لوگ ایکطرف ہو جاتے تو آفت ڈالتے ہم منکرون کو دکھ کی مار + **تفسیر** یعنی اس کام حرج مین ساری ضد اور بے ادبی کعبے کی اونھین سے ہوئی تم بالائے رہے اونھون نے عمرے والون کو منع کیا اور قربانی نہ پہونچی وقابل نہ تھے کہ اوسی وقت تمہارے ہاتھ سے فتح ہوتے مگر بعضے مسلمان چھپے تھے مرد و زن اور بعضے ابھی

مسلمان ہونے مقدر تھے اس روز کی فتح مین وہ پیسے جلتے آخر دو برس کی صلح مین جتنے مسلمان ہونے تھے سب ہو چکے اور نکلنے والے نکل آئے
تب اللہ نے مکہ فتح کروایا ✤ **موضح** ہدی اوس جانور کو کہتے ہین کہ قربانی کے لیے بھیجا جاے وطرف مکے کے اور آنحضرت علیہ السلام ستر اونٹ
لے گئے تھے قربانی مکے لیے اور محلہ سے مراد ہے وہ جگہہ کہ حلال ہے یعنی واجب ہے نحر اوسمین یعنی ذبح اوسکا اور یہ دلیل ہے اسپر کہ محصر کی
کی حلال ہونے کی جگہہ حرم ہے اور مراد جگہہ معہود ہے یعنی منا بغیر علم یعنی نادانستہ اور معنی یہ ہین کہ تھے مکے مین کتنے ایک لوگ مسلمان ملے ہوئے ساتھ مشرکون کے
غیر متمیز اونسے بس کہا گیا کہ اگر نہ ناگوار ہوتا ہلاک کرنا تمھارا مومن لوگون کو کہ ملے ہوئے ہین مشرکون مین اور تم پہچانتے نہین ہو اونکو پھر
پہونچتا تمکو بسبب ہلاک کرنے اونکے کے مکروہ و مشقت البتہ نہ باز رکھتا اللہ تعالی ہاتھ تمھارے اونسے لیدخل اللہ الخ یہ علت ہے محذوف
کی گویا فرمایا اللہ تعالی نے کہ ہوا باز رکھنا تمھارے ہاتھون کا اونسے اور منع کرنا عذاب سے تو کہ داخل کرے اللہ اپنی رحمت مین
یعنی اپنی توفیق مین واسطے زیادتی خیر وطاعت کے مومنین اونکے کو یا تو کہ داخل کرے اسلام مین اوسکو کہ رغبت کرے اسلام مین مشرکین
اونکے سے ✤ **حل** مطلب اس آیت کا یہ ہے کہ کفار مکہ بسبب کفر کے اور منع کرنے تمھارے کے مسجد حرام سے اور روکنے ہدی کے جگہہ
ذبح کی سے مستحق استیصال کے ہین لیکن اس سال تمکو اونکے قتل کرنے سے باز رکھتا ہون مین اسلیے کہ بعضے مومن ضعیف مکے مین ملے ہوئے
کفار کے ساتھ ہین اور بسبب اپنے ضعف کے ہجرت پر قادر نہین ہین اور تم ہر ایک کو اونمین سے پہچانتے نہین اگر قتال کرو تو وہ مومن
بھی نادانستگی مین ہمراہ مشرکون کے مارے جاوین اور تم بسبب اونکے قتل کے گنہگار ہو اور کہا ہے مفسرین نے کہ وہ بہتر مرد و زن تھے کہ مکے
مین اپنا ایمان مشرکون سے پوشیدہ رکھتے تھے اور معنی معرۃ کے ہین گناہ یا دیت یا کفارہ قتل مومن کا نادانستہ دار الحرب مین اور بقول
بعض کے معنی معرۃ کے مشقت اور غم واندوہ ہین اور بقول بعض کے عیب کرنا مشرکون کا مسلمانون کو ہے کہ کہین مسلمانون نے اپنے اہل دین کو
مار ڈالا لیدخل اللہ الخ یعنی امر تاخیر قتال کا اس سبب سے ہے کہ بعد اس صلح کے خدا جسکو چاہے کفار مکہ سے اسلام مین داخل کرے
پہلے اس سے کہ قتال کرو تم اور بقول بعض کے مراد رحمت سے بخشش و مغفرت اور توفیق زیادتی بھلائیون کی ہے کہ مسلمانون کو پہونچی بسبب
اتباع امر الٰہی اور نبوی کے ✤ **بحث**

اِذۡ جَعَلَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ الۡحَمِیَّۃَ حَمِیَّۃَ الۡجَاہِلِیَّۃِ فَاَنۡزَلَ اللّٰہُ سَکِیۡنَتَہٗ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ وَ عَلَی
الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ اَلۡزَمَہُمۡ کَلِمَۃَ التَّقۡوٰی وَ کَانُوۡۤا اَحَقَّ بِہَا وَ اَہۡلَہَا ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمًا ۟ ع

اوسوقت کہ مصمم کیا کافرون نے اپنے دلون مین غیرت کو جنس غیرت جاہلیت کی سے پس اوتاری خدا نے خاطر جمعی اپنی اپنے پیغمبر پر اور
مسلمانون پر اور ثابت کی انپر بات پرہیزگاری کی اور تھے وہ لائق تر ساتھ اوسکے اور اہل اوسکے اور ہے خدا ساتھ ہر چیز کے دانا
یعنی ایک جماعت مسلمانون کی اس صلح کو مکروہ رکھتے تھے آخر الامر خدا تعالی نے خاطر جمعی اونکے دل مین ڈالی تو آنحضرت کی مرضی پر
راضی ہوئے واللہ اعلم ✤ **فتح** ✤ جب رکھی منکرون نے اپنے دل مین آنچ کہ نادانی کی ضد ہے پھر اوتارا اللہ نے اپنی طرف کا چین اپنے رسول پر
اور مسلمانون پر اور لگے رکھا اونکو ادب کی بات پر اور یہی تھے اسکے لائق اور اس کام کے اور ہے اللہ ہر چیز سے خبردار ✤ **تفسین** ✤ ایک
یہ کہ اب کی برس عمرہ نکرنے دیا اور یہ کہ جو مسلمان ہجرت کرے پھر بھیجو اور اگلے سال عمرے کو آؤ تین دن سے زیادہ نہ رہو اور ہتیار کھلے نہ لاؤ
حضرت نے یہ سب قبول کر لیا ✤ **موضح** مراد کافرون کی حمیت سے کبر و انفت ہے اور مومنون کی سکینہ سے کہ وہ وقار ہے یہ ہے کہ روایت کیا گیا ہے
کہ رسول علیہ السلام جب اوترے حدیبیہ مین تو بھیجا قریش نے سہیل بن عمرو اور خویطب بن عبد العزی اور مکرز بن حفص کو اسلیے کہ نبی علیہ السلام
سے عرض کرین جاکر کہ اس سال مین پھر جائیے اس شرط پر کہ سال آیندہ کفار قریش تین روز تک مکہ تمھارے لیے خالی کر دینگے جیسا کہ اوپر مذکور
ہو چکا ہے یہ قصہ غرض کہ یہی کیا گیا اور آپسمین صلح نامہ لکھا گیا پس فرمایا علیہ السلام نے علی رضی اللہ عنہ کو کہ لکھو بسم اللہ الرحمن الرحیم

پس کہا سہیل نے اور اوسکے ساتھیون نے نہین جانتے ہین ہم یہ ولیکن لکھ باسمک اللّٰھمّ پھر فرمایا آنحضرت نے کہ لکھ ھٰذا ما صالح
علیہ رسول اللّٰہ اھل مکّۃ پس کہا اونھون نے کہ اگر جانتے ہم کہ تم رسول خدا کے ہو تو نہ روکتے ہم تمکو خانہ کعبہ سے اور نہ لڑتے
ہم تمسے ولیکن لکھو ھٰذا ما صالح علیہ محمّد بن عبد اللّٰہ اھل مکّۃ پس فرمایا علیہ السلام نے علی رض کو کہ لکھدے
جو کچھ یہ چاہتے ہین فانا اشھد انّی رسول اللّٰہ وانا محمّد بن عبد اللّٰہ پس ارادہ کیا مسلمانون نے کہ انکار کرین
اسکا اور باز رہین ایسی صلح سے پس اوتاری اللہ نے اپنے رسول پر سکینہ پس وقار و حلم اختیار کیا مسلمانون نے اور جمہور اسپر ہین کہ مراد کلمۂ
تقوی سے کلمۂ شہادت ہی اور بعضون نے کہا بسم اللہ الرحمن الرحیم اور تھے وہ یعنی مومن لائق تر ساتھ اسکے بہ نسبت غیر اپنے کے
اور اہل اوسکے یعنی بسبب اہل کر دینے اللہ کے اونکو اور ہی خدا الخ یعنی پس جاری کرتا ہی موافق مصلحت کے + ف ل تھے مؤمن لائق تر ساتھ
اوسکے یعنی علم الٰہی مین اور اسی سبب سے مشرف ساتھ اسلام کے اور صحبت پیغمبر علیہ السلام کے کیا اور کلمۂ تقوی کلمۂ طیب یا بسم اللہ الرحمن الرحیم
ہی اور مراد سکینت سے رضا ساتھ مرضی پیغمبر کے بیچ اختیار کرنے صلح کے ہی بعد اسکے کہ صلح کو مکروہ جانتے تھے اور حمیت جاہلیت کی یہ تھی
کہ صلح نامے مین اوپر لکھنے بسم اللہ اور محمد رسول اللہ کے راضی نہوئے اور کسی طرح پیغمبر کو اور اونکے یارون کو مکے مین داخل ہونے دیا
اور کہا کہ عرب ہمکو کہینگے کہ محمد علیہ السلام برخلاف اہل مکہ کے مکے مین آئے اس بات سے ہمکو ننگ آتا ہی اور بیچ آخر ذکر قصۂ صلح
حدیبیہ کے صاحب معالم لایا ہی کہ ابو بصیر مسلمانون مین سے بعد صلح حدیبیہ کے مدینے مین آئے اور چونکہ شرط پھیرنے کی صلح مین مقرر ہوئی تھی حسب وقت
کہ دو آدمی اہل مکہ کی طرف سے اونکی طلب کے لیے آئے رسول علیہ السلام نے ابو بصیر کو اونکے ساتھ کر دیا اخیر قصے تک ذکر کیا کہ جو اوپر تفصیل سے
مذکور ہو چکا ہی یہان تک کہ قریش نے آنحضرت سے کہلا بھیجا کہ آپ اونکو بلا بھیجیے اب جو کوئی مکے سے تمھارے پاس آویگا امن مین ہی آنحضرت نے اونکو
بلا بھیجا اپنے پاس مدینے مین اور جانین امن مین ہوئین آیت وھو الذی کفّ ایدیھم حمیّۃ الجاھلیۃ تک نازل ہوئی + بحر
کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ بھیجی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سال حدیبیہ کے اپنے ہدایا یعنی قربانیون مین اونٹنی ابو جہل کی کہ اوسکے سر مین یعنی
ناک مین تھنی تھی چاندی کی تاکہ جلین کافر اوسکو دیکھکر اور آیا ہی کہ صلح حدیبیہ کے دن ملے عمر رضی اللہ عنہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے
پاس اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا نہین ہم حق پر اور کافر باطل پر کیا نہین ہین مقتول ہمارے جنت مین اور مقتول اونکے دوزخ مین آنحضرت
نے فرمایا ہان کہا عمر رض نے پس کیون ڈالین ہم نقصان اپنے دین مین یعنی بسبب صلح کے اور پھر جاوین حالانکہ نہین حکم کیا ہی اللہ نے درمیان
ہمارے اور درمیان اونکے کچھ پس فرمایا آنحضرت نے بلاشبہ مین رسول خدا کا ہون اور ہرگز نہین ضائع کریگا مجکو اللہ کبھی پس پھرے عمر غصے کی
حالت مین پھر نہ صبر کیا یہان تک کہ آئے ابو بکر رض کے پاس اور کہا ای ابو بکر کیا نہین ہین ہم حق پر اور کافر باطل پر کہا ابو بکر رض نے ہان کہا عمر نے کیا
نہین ہین مقتول ہمارے جنت مین اور مقتول اونکے دوزخ مین کہا ہان کہا عمر رض نے پس کیون ڈالین ہم نقصان اپنے دین مین اور پھر جاوین ہم کہا
ابو بکر رض نے بلاشبہ وہ رسول خدا کے ہین اور ہرگز نہین ضائع کریگا اونکو اللہ کبھی پس اوتری سورۂ فتح پس بھیجا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت عمر کے پاس کسیکو پھر پڑھائی اونکو یہ سورت کہا عمر رض نے یا رسول اللہ کیا فتح ہی یہ فرمایا آنحضرت ص نے ہان ۱۲ اور کہا ابن عباس رض اور
مجاہد اور قتادہ اور ضحاک اور عکرمہ اور سدی اور ابن زید اور اکثر مفسرین نے کہ کلمۂ تقوی لا الٰہ الا اللّٰہ ہی اور اسی روایت کیا گیا ہی ابی
بن کعب سے بطریق مرفوع کے اور کہا علی اور ابن عمر نے کہ کلمۂ تقوی لا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر ہی اور کہا عطا بن رباح نے وہ
لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر ہی اور کہا عطا
خراسانی نے کہ وہ لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ہی اور کہا زہری نے کہ وہ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ہی کہا ابن عباس رض
نے بیچ تفسیر والزمھم کلمۃ التقوی کے کہ وہ گواہی دینی لا الٰہ الا اللّٰہ کی ہی اور وہ سر تقوی کا ہی در منثور

معا + تنبیہ + جملۂ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى سے خوبی اور تاکید تقوے کی معلوم ہوئی کیونکہ اللہ صاحب نے اپنے بندون پر احسان جتایا کہ ثابت کیا اونکو پرہیزگاری کی بات پر قرآن شریف مین اور حدیث مین جابجا تقوی کی تاکید ہی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهٗ رَاْسُ اَمْرِكَ وَعَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فَاِنَّهٗ رَهْبَانِيَّةُ اُمَّتِيْ وَلْيَرُدَّكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْرِفُ مِنْ نَفْسِكَ وَاخْزُنْ لِسَانَكَ اِلَّا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّكَ بِهٖ تَغْلِبُ الشَّيْطٰنَ + یعنی وصیت کرتا ہون مین تجھے ساتھ پرہیزگاری اللہ تعالی کے اسلیے کہ بیشک وہ سر ہی تیرے امر دین کی اور لازم کر جہاد کو کہ تحقیق وہ رہبانیت ہی میری امت کی + **ف** + رہبانیت اگلی امتون مین ایسی تھی جیسے ہندوؤن مین جوگ ہی کہ دنیا کا کاربار سب چھوڑکر اپنے پر محنت و مشقت اختیار کرتے ہین بیوی نہین کرتے اپنے تئین نامرد کر ڈالتے ہین اچھے کھانے چھوڑ دیتے ہین وغیر ذلک پس فرمایا آنحضرت نے کہ جہاد کیا کرو کہ میری امت کی رہبانیت یہی ہی + اور چاہیے کہ باز رکھے تجکو لوگون کی عیب گیری سے وہ چیز جانتا ہی تو اپنے نفس سے یعنی جو عیب تو اپنی ذات مین جانتا ہی اوس سے اورونکو کیا عیب کرتا ہی اور بند کر اپنی زبان کو مگر نیکی سے اسلیے کہ تحقیق تو اس سے غالب ہوگا شیطان پر اور اس تقوے ہی کی خوبی سے یہ فرمایا کہ اَطْعِمُوْا طَعَامَكُمُ الْاَتْقِيَاءَ وَاَوْلُوْا مَعْرُوْفَكُمُ الْمُؤْمِنِيْنَ یعنی کھلاؤ کھانا اپنا پرہیزگارون کو اور دو خیر اپنی مومنون کو + **ف** + خیر و احسان مومنون کے ساتھ کرنا واجب ہی جتنا تقوی زیادہ اوتنا ثواب احسان کا زیادہ اور بہت سی تاکید و فضیلت آئی ہی تقوے کی چنانچہ اوپر کچھ مذکور ہوچکا ہی اسکا پھر تقوی تمام اعضا کا حاصل کرے سر کا آنکھ کا ناک کا کان کا زبان کا دل کا پیٹ کا ہاتھ کا ستر کا پانون کا تمام بدن کا اور تقوی اپنے نفس کے لیے بھی حاصل کرے اور اپنے اہل و عیال کو بھی سکھلاوے جیسا کہ پاک پروردگار فرماتا ہی يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ + یعنی اے مومنون بچاؤ اپنے نفسون اور اپنے گھر والون کو آگ سے کہ ایندھن اوس آگ کے آدمی اور پتھر ہین اور اسکو جو کلمۃ التقوی فرمایا مراد یہ ہی کہ اسکے سبب بچتا ہی آدمی دنیا اور آخرت کی برائیون سے چنانچہ براء بن عازب سے کہتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْمُسْلِمُ اِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ + یعنی مسلمان جب سوال کیا جاتا ہی قبر مین گواہی دیتا ہی یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اسکے ہین پس یہی قول اللہ تعالی کا کہ ثابت رکھتا ہی اللہ تعالی اونکو جو کہ ایمان لائے ہین ساتھ بات محکم کے بیچ زندگانی دنیا کے اور بیچ آخرت کے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے + **ف** + یعنی اس آیت مین مراد قول ثابت سے یہی کلمہ شہادت کا ہی کہ مومن قبر مین پوچھا جاتا ہی کہ کون ہی پروردگار تیرا اور کون ہی پیغمبر تیرا اور کیا ہی دین تیرا پس اس شہادتین مین جواب تینون کا ہی اور آیت مین جو فرمایا کہ ثابت رکھتا ہی اللہ مومنون کو ساتھ بات محکم کے زندگانی دنیا اور آخرت مین پس ثابت رکھنا آخرت مین تو معلوم ہوا کہ اس طرح جواب دینگے اور نجات پاوینگے اور ثابت رکھنا دنیا مین یہ ہی کہ اسی اعتقاد پر قائم رکھتا ہی جب امتحان کیے جاتے ہین اگرچہ آگ مین ڈالے جاوین کچھ شبہ نہین لاتے اسمین اور اس آیت سے فضیلت صحابہ کی بھی معلوم ہوئی کہ فرمایا وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا یعنی اور یہی تھے اسکے لائق اور اس کام کے پس عیاذاً باللہ جو اشقیا صحابہ کو کافر یا بد دین جانتے ہین وہ گویا منکر ہین اللہ کے اس قول کے کہ وہ تو فرماتا ہی وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا اور یہ ایسا کچھ جھک مارتے ہین اور اسمین سے یہ بھی اشارہ نکل سکتا ہی کہ جب اللہ صاحب نے اس کلمے کو کلمۃ التقوی یعنی سبب بچاؤ کا آگ جہنم وغیرہ سے فرمایا تو کلمہ گویون کو چاہیے کہ ایسا ہی کلمہ پڑھین کہ آگ جہنم وغیرہ کی آفت سے بچین منافقون کا سا کلمہ نہ پڑھین کہ زبان سے تو اقرار کرتے تھے اور دل مین کچھ عظمت خدا اور رسول و شریعت کی نرکھتے تھے پورا کلمۃ التقوی اونکے

حق ہین جب ہو کہ بسبب اتباع شریعت کے بالکل دوزخ کی آگ سے بچین پاک پروردگار فرماتا ہی یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً یعنی ای مومنون پورے داخل ہو اسلام مین پس اس ایک حدیث پر عمل کرنا کفایت کرتا ہی اس باب مین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تُوْبُوْا اِلٰی رَبِّکُمْ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمُوْتُوْا وَبَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ الزَّاکِیَةِ قَبْلَ اَنْ تُشْغَلُوْا وَصِلُوا الَّذِیْ بَیْنَکُمْ بِکَثْرَةِ ذِکْرِکُمْ اِیَّاهُ یعنی توبہ کرو طرف رب اپنے کے پہلے مرنے سے اور سبقت کرو اچھے کامون کی طرف پہلے مشغول ہونے سے یعنی بیماری مین مشغول ہو جاؤ یا اور کسی صدمے مین گرفتار ہو جاؤ اور فرصت ہاتھ سے جاتی رہے اس سے پہلے اچھے کامون کی طرف دوڑو اور ملائے جاؤ اوس چیز کو جو درمیان تمہارے اور درمیان اوسکے ہی ساتھہ بہت یاد کرنے اپنے کے اوسکو یہ حدیث کتاب شہاب مین ہی ✤ ف ✤ یعنی تم مین اور پروردگار مین جو نسبت ہی اوسے ملائے جاؤ ذکر سے اوس پروردگار کے اگر یاد اوسکی چھوڑ دوگے تو وہ بات باقی رہیگی اور زیادہ غفلت ہوگی تو نسبت بالکل جاکر کراہت اور عداوت پیدا ہوگی نعوذ باللّٰہ من غضب اللّٰہ غفلت بہت بری چیز ہی جب غفلت جائے تو توبہ و استغفار کرے اور ذکر مین مشغول ہوے ✤ ۵ ✤

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَکُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِکَ فَتْحًا قَرِیْبًا ○

البتہ تحقیق سچ کیا خدا نے اپنے پیغمبر کو خواب مطابق واقع کے ساتھہ اس مضمون کے کہ البتہ داخل ہوؤگے تم مسجد حرام مین اگر خدا نے چاہا ہی باامن سر مونڈانے والے اپنے سرون کو اور کتروانے والے نڈر پس جانا اللہ نے جو کچھہ نہین جانا تمنے پس مقرر کی آگے اس سے ایک فتح نزدیک فتح ✤ اللہ نے سچ دکھایا اپنے رسول کو خواب تحقیق تم داخل ہو رہوگے ادب والی مسجد مین اگر اللہ نے چاہا چین سے بال مونڈتے اپنے سرون کے اور کترتے بے خطرہ پھر جانا جو تم نہین جانتے پھر ٹھہرادی اوس سے ورے ایک فتح نزدیک ✤ مو ✤ یعنی سچ کہا اللہ تعالی نے اپنے پیغمبر سے سچ خواب اونکے اور نہین جھوٹ فرمایا اونسے ۵۲ اور روایت کیا گیا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا خواب مین بیچ مدینے کے پہلے نکلنے کے طرف حدیبیہ کے کہ مین اور میرے اصحاب داخل ہوئے ہین مسجد حرام مین باامن اور سر منڈاتے ہین اور بال کترواتے ہین یعنی جیسا کہ احرام سے نکلنے کے وقت کرتے ہین بس بیان کیا خواب اپنے صحابہ کے آگے پس خوش ہوئے وہ اور جانا اونہون نے کہ داخل ہونگے مکے مین اسی برس اور کہا اونھون نے کہ خواب رسول اللہ کا حق ہی پس جب کہ نہ داخل ہوئے اوسمین اور حدیبیہ سے صلح کر کر پھرے تو کہا عبد اللہ بن ابی وغیرہ منافقون نے وَاللّٰهِ مَا حَلَقْنَا وَلَا قَصَّرْنَا وَلَا رَاَیْنَا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ یعنی قسم خدا کی نہین سر منڈایا ہمنے اور نہ کترائے بال ہمنے اور نہ دیکھا مسجد حرام کو پس اوتری یہ آیت کہ خواب اوسکا سچا ہی ولیکن بنابر حکمت کے اس سال مین تاخیر ہوئی اور سال آیندہ مین ظہور اوسکا ہوگا جیسا کہ فرمایا لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ الخ اور روایت کیا گیا ہی مجمع بن جاریۃ انصاری سے کہ کہا حاضر ہوئے ہم حدیبیہ مین ساتھہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس جب کہ پھرے ہم حدیبیہ سے ناگہان آدمی نشاط مین لاتے تھے اونٹون کو سرود سے سو کہا بعضون نے کہ کیا حال ہی لوگون کا کہا لوگون نے کہ وحی کی گئی ہی طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا مجمع نے پس نکلے ہم کانپتے ہوئے پس پایا ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے اونٹنی پر نزدیک کراع غمیم کے پس جب کہ جمع ہوئے لوگ پڑھی حضرت نے اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پس کہا عمر نے کیا یہ فتح ہی یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے ہان قسم اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھہ مین ہی پس اسمین دلیل ہی اسپر کہ مراد فتح سے صلح حدیبیہ ہی اور تعبیر خواب کی ظاہر ہوئی سال آیندہ مین پس فرمایا اللہ جل شانہ نے لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ یعنی خبر دی کہ خواب جو دکھایا اپنے رسول کو پہلے نکلنے کے طرف حدیبیہ کے کہ وہ اور اصحاب اونکے داخل ہونگے مسجد حرام مین صدق و حق ہی اور بِالْحَقِّ یعنی ساتھہ حکمت بالغہ کے اور حکمت اوسمین یہ تھی کہ منظور تھا آزمایش کرنا اور تمیز کرنا درمیان مومن مخلص کے اور درمیان اوسکے کہ اوسکے دل مین مرض ہی

یعنی شک و نفاق اور جائز ہی یہ کہ ہو بالحق قسم پھر یا تو قسم ہی اوس حق کی کہ جو نقیض ہی باطل کی یا قسم ہی اوس حق کی کہ وہ اسمائے الٰہی سے ہی پس جانا جو کچھ الخ یعنی حکمت تاخیر فتح مکہ کی سال آیندہ تک مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ یعنی ورے فتح مکے سے فتح قریب وہ فتح ہونا خیبر کا ہی تا کہ تسکین پاوین اوس سے دل مومنون کے میسر ہونے فتح موعود تک **مل + معا + بحر +** متعلق مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ الخ کے ابن عمرؓ سے منقول ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِيْنَ عرض کیا صحابہ نے وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ یعنی بال کترانے والو کے لیے بھی ایسا ہی فرمائیے فرمایا رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِيْنَ عرض کیا صحابہ نے وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فرمایا رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِيْنَ عرض کیا صحابہ نے وَالْمُقَصِّرِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فرمایا وَالْمُقَصِّرِيْنَ انتہی اس سے فضیلت سر منڈانے والون کی بوقت نکلنے کے احرام سے معلوم ہوئی کہ تین بار سر منڈانے والون کے لیے دعا کی آنحضرتؐ نے اور چوتھی بار مین کترانے والے بالون کے لیے اور بعضی روایت مین تیسری بار مین انکے لیے دعا کرنی آئی ہی + اور روایت مین آیا ہی کہ دعا کی آنحضرتؐ نے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ تین بار لوگون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وَالْمُقَصِّرِيْنَ فرمایا وَالْمُقَصِّرِيْنَ اور کہا ابن عباس نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَيْسَ عَلَى النِّسَآءِ الْحَلْقُ اِنَّمَا عَلَى النِّسَآءِ التَّقْصِيْرُ + **درمنثور +** اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بمعنی تحقیق کے ہی نہ بمعنی تعلیق کے پس اگر کہے تو کہ سب چیزین اسکی خواہش سے ہوتی ہین پس یہان انشاء اللہ کا لانا کیا معنی جواب اسکا یہ ہی کہ کافر منکر تھا اس خواب کے کہ تھے ظہور اسکا نہین ہوگا خداوند تعالی نے تاکید کے لیے مقید کیا وعدے کو ساتھ مشیت کے یعنی حکم اور مشیت میری یہ ہی اور ہر چند یہ کلمہ شرط کا ہی لیکن مراد اس سے تحقیق ہی اور لغت عرب مین یا اتساع جائز ہی جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ اور بعضون نے کہا کہ یہ بندون کے ادب سکھلانے کے لیے فرمایا کہ خبر نہ دین کسی امر کی زمانہ آئندہ مین جب تک کہ نہ ملاوین ساتھ اوسکے انشاء اللہ تعالی اور تیسرے یہ کہ استثنا راجع ہی طرف وقت دخول کے نہ طرف اصل دخول کے یعنی اِنْ شَآءَ اللّٰهُ قَدَّمَهٗ وَاِنْ شَآءَ اَخَّرَهٗ اور بعضون نے کہا کہ ان بمعنی قد کے ہی ای قَدْ شَآءَ اللّٰهُ اور ان معنی قد کے بہت آیا ہی یعنی تحقیق مسجد حرام مین داخل ہوگے اور بعضون نے یہ معنی لکھے ہین کہ مسجد حرام مین داخل ہوگے اور تحقیق خدا عز و جل نے چاہا ہی کہ داخل ہوگے مسجد حرام مین اور بعضون نے کہا کہ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ استثنا داخل ہونے سے نہین ہی و لیکن استثنا بھی وصف داخل ہونے سے یعنی لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ الخ بعضون نے کہا کہ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ خطاب ہی آنحضرتؐ کے سب یارون کو کہ تحقیق تم داخل ہوگے اور جانا ہی خدا عز و جل نے کہ ان یارون مین سے بعضے جیوینگے اوس وقت تک اور بعضے نہین جئینگے یہ استثنا اوسکے ہی کہ نہین جئینگے اور نہین رہینگے اوس وقت تک + **زاہدی +**

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝

وہی وہ کہ بھیجا اپنے پیغمبر کو ساتھ ہدایت کے اور دین راست کے تو کہ غالب کرے اوسکو سب دینون پر اور بس ہی خدا اظہار کرنے والا حق کا **فتح +** وہی ہی جسنے بھیجا اپنا رسول راہ پر اور سچے دین پر کہ اوپر رکھے اوسکو ہر دین سے اور بس ہی اللہ حق ثابت کرنے والا **تفسیر +** اس دین کو اللہ نے ظاہر مین بھی سب سے غالب کر دیا ایک مدت اور دلیل سے غالب ہی ہمیشہ + **موضح +** ہدی سے مراد ہی توحید اور دین حق سے اسلام سب دینون پر یعنی مشرکین اور اہل کتاب وغیرہما کے دینون پر اور غلبۂ دین اسلام کا متحقق کیا اللہ سبحانہ نے نہین چھوڑا تو کوئی دین مگر کہ اوسپر اسلام کو غلبہ اور عزت ہی یا غلبہ اس اعتبار سے ہی کہ یہ دین تمام دینون حق کو نسخ کرنے والا ہی اور باطل دینون کو باطل کرنے والا اور بعضون نے کہا کہ یہ غلبہ وقت اوترنے عیسی علیہ السلام کے ہوگا کہ جس وقت نہین باقی رہیگا سوا اسکے زمین پر کوئی کافر اور بعضون نے کہا کہ مراد غلبۂ دین سے ظاہر کرنا اسلام کا ہی ساتھ دلیلون کے وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا یعنی اور بس ہی اللہ

گواہی دینے والا اسپر کہ جو کچھ وعدہ کیا ہی حق ہی + **مدبحر** + یہ زیادہ وعدہ ہی مومنون کی مدد کرنیکا اور دور کرنا وحشت کا مومنون کے دلون سے کہ فرمایا وہ وہ خدا ہی کہ بھیجا اپنا رسول ساتھ دین حق کے تا راہ چلنی مومنون کو اس راہ سے آسان ہو اور اوسکے دین کو غالب و آشکارا کرے سب دینون پر + وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا یعنی رسول آیا اور دعوت کی کافر منکر ہوئے اونکی رسالت کے خدا تعالی نے گواہی دی کہ اگر کافر تجکو رسول نہین جانتے ہین دعوی نبوت مین اور گواہی نہین دیتے ہین تیری رسالت کی تو تجکو خدا تعالی گواہ بس ہی ساتھ اسکے کہ تو رسول خدا کا ہی جیسا کہ خدا فرماتا ہی مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یعنی جانو کہ محمد رسول میرا ہی اور بھیجا ہوا میرا خلق کی طرف اور رسول اللہ پر وقف ہی + **زاهدی** +

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۧ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر خدا کا ہی اور وہ لوگ کہ ہمراہ اوسکے ہین سخت ہین کافرون پر مہربان ہین درمیان اپنے دیکھتا ہی تو اونکو رکوع کرنے والا اور سجدہ کرنے والا طلب کرتے ہین فضل کو خدا سے اور خوشنودی کو نشانی صلاح اونکی کی بیچ چہرون اونکے کے ہی اثر سجدے سے یو کچھ کہ مذکور ہوا مثال اونکی ہی بیچ توریت کے اور مثال اونکی بیچ انجیل کے یہ ہی کہ وہ مانند ایک کھیتی کے ہین کہ نکالے گھانس سبز اپنی پس قوی کیا اوسکو پھر موٹی ہوئی پھر کھڑی ہوئی اپنی پنڈلیون پر یعنی جڑون پر خوش کرتی ہی زراعت کرنے والون کو مترجم کہتا ہی حاصل اس مثل کا یہ ہی کہ اسلام اول حال مین ضعیف تھا اور مسلمان کم تھے رفتہ رفتہ غالب اور بہت ہوئے واللہ اعلم عاقبت حال علیہ السلام کا یہ ہی کہ غصے مین لاوے خدا تعالی بسبب دیکھنے اونکے کے کفار کو وعدہ دیا ہی خدا نے اون لوگون کو کہ ایمان لائے ہین اور کام اچھے کیے ہین اس امت مین سے بخشش اور مزدوری بڑی کا + **فتح** + محمد رسول اللہ کا اور جو اوسکے ساتھ ہین زور آور ہین کافرون پر نرم دل ہین آپسمین تو دیکھے اونکو رکوع مین اور سجدے مین ڈھونڈھتے ہین اللہ کا فضل اور اوسکی خوشی نشان اونکا اونکے مونہہ پر ہی سجدے کے اثر سے یہ کہاوت ہی اونکی توریت مین اور کہاوت اونکی انجیل مین جیسے کھیتی نے نکالا اپنا پٹھا پھر اوسکی کمر مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کھڑا ہوا اپنے نال پر یعنی تنہ پر خوش لگتا کھیتی والونکو تا جلاوے اونسے جی کافرونکا وعدہ دیا ہی اللہ نے اونمین سے جو یقین لائے ہین اور کیے ہین بھلے کام معافی کا اور بڑے نیگ کا + **تفسیر** + جو تندی اور نرمی اپنی خو ہو وہ سب جگہہ برابر چلے اور جو ایمان سے سنور کر آوے وہ تندی اپنی جگہہ اور نرمی اپنی جگہہ اونکا بانا یعنی تہجد کی نماز سے صاف نیت سے چہرے پر اونکے نور ہی حضرت کے اصحاب لوگون مین پہچانے پڑتے چہرے کے نور سے اور کھیتی کی کہاوت یہ کہ اول ایک آدمی تھا اس دین پر پھر دو ہوئے پھر قوت پڑھتی گئی حضرت کے وقت اور خلیفون کے وقت اور یہ کہ وعدہ دیا اونکو جو ایمان لائے اور بھلے کام کرتے ہین حضرت کے اصحاب ایسے ہی تھے مگر خاتمے کا اندیشہ رکھا حق تعالی اپنے بندونکو ایسی خوش خبری نہین دیتا کہ نڈر ہو جاوین مالک سے اتنی شاباشی بھی غنیمت ہی + **موضح** + اور وہ لوگ الخ یعنی اصحاب اوسکے اور اَشِدَّآءُ جمع شدید کی ہی بمعنی سخت کے اور رُحَمَآءُ جمع رحیم کی ہی بمعنی مہربان کے اور اسی کے مانند یہ آیت ہی اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ اور سختی اونکی کافرون پر اس درجے کو پہونچی تھی کہ بچاتے تھے کپڑے اپنے اونکے کپڑون سے کہ نہین لگ جاوین اور بچاتے تھے بدن اپنے اونکے بدنون کے لگنے سے اور آپسکی مہربانی کی یہ حالت تھی کہ نہین دیکھتا تھا مومن مومن کو مگر کہ سلام علیک کرتا اور مصافحہ کرتا اور سے اثر سجدے سے یعنی اور تاثیر سے

کہ جو ہوتی ہی بسبب سجدے کے اور عطا سے منقول ہی کہ روشن تھے چہرے اونکے بسبب بہت نماز پڑھنے کے راتون کو بسبب فرمانے آنحضرت علیہ
السلام کے مَنْ كَثُرَ صَلٰوتُهٗ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهٗ بِالنَّهَارِ مثال اونکی یعنی صفت اونکی تیر ہوتا ہو یعنی پہلے پتلا تھا پھر موٹا ہو گیا
خوش لگتا ہو یعنی خوش ہوتے ہین اوسکی قوت سے اور کہا بعضون نے کہ لکھا ہوا ہی انجیل مین کہ قریب ہی کہ نکلیگی ایک قوم کہ بڑھینگے مانند بڑھنے
کھیتی کے حکم کرینگے اچھی باتون کا اور منع کرینگے بری باتون سے اور عکرمہ سے ہی کہ کالا اٹھا ساتھ ابی بکر کے پس قوی کیا ساتھ عمر کے پھر
موٹا ہوا ساتھ عثمان کے پھر کھڑا ہوا ساتھ علی کے اور یہ مثال ہی کہ بیان کی اللہ تعالیٰ نے ابتدائے امر اسلام کی اور ترقی اوسکے کی
زیادتی مین یہان تک کہ قوی و مستحکم ہوا اسلیے کہ نبی علیہ السلام اوٹھے تن تنہا پھر قوی کیا اونکو اللہ تعالیٰ نے بسبب اونکے کہ ایمان لائے
ساتھ اونکے جیسا کہ قوی ہوتا ہی پہلا پٹھا بسبب اوطار دگرد کے پٹھون کے جو پھوٹتے ہین اوسکی جڑ مین سے یہان تک کہ خوش لگتا ہی سانٹہ
پھر فرمایا کہ یہ بڑھانا اور ترقی اونکی زیادتی و قوت مین اسلیے ہوئی کہ تا کافر اونکو دیکھکر جلین اور یہ آیت رد کرتی ہی روافض کے قول کو کہ
وہ جو کہتے ہین کہ صحابہ کافر ہو گئے تھے بعد وفات نبی علیہ السلام کے اسلیے کہ وعدہ مغفرت کا اور اجر عظیم کا نہین ہوتا ہی مگر جب کہ
ثابت رہین اسلام پر حالت حیات مین ف ۵ سخت ہین یعنی مانند شیر کے بکری کے بچے پر نہین رحم کرتے کافرون پر بھی مہربان الخ
یعنی چاہتے ہین بعض اونکے بعض کو جیسے چاہتا ہی باپ بیٹے کو جیسے کہ فرمایا اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
کہا ہی علما نے کہ یہ صفت سب صحابہ کی ہی اور یہ بھی ہی کہ ہر کلمے سے اشارہ ہی شخص معین کی طرف صحابہ مین سے چنانچہ کلمہ مَعَهٗ اشارہ
ہی طرف صدیق رضی اللہ عنہ کے کہ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ دلیل اوسکی ہی اور اَشِدَّآءُ کنایہ ہی ساتھ فاروق کے کہ کوئی شخص سختی کرنے مین
کفار کے ساتھ اونکے برابر نہین تھا اور رُحَمَآءُ اشارہ ہی ساتھ ذی النورین کے کہ رحم و مہربانی اونکی مشہور ہی اور رُكَّعًا سُجَّدًا
اشارہ ہی علی مرتضیٰ کی طرف کہ اکثر اوقات نماز مین مشغول رہتے تھے اور يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا باقی عشرہ مبشرہ اور بقولے تمام اصحاب ہین
اور تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا جو فرمایا خبر دی اونکی کثرت نماز کی اور مداومت کرنے کی اوسپر طلب کرتے ہین فضل کو یعنی طالب اسکے ہین
کہ داخل کرے اللہ تعالیٰ اونکو جنت مین اور راضی ہو اونسے اور لفظ سِيْمَاهُمْ جو بمعنی نشانی اور علامت کے ہی اختلاف کیا ہی علما نے کہ
مراد اس سے کیا ہی بعضون نے تو کہا کہ وہ نور اور سفیدی ہی کہ صحابہ کے چہرون مین ہوگی روز قیامت کے کہ وہ پہچانے جاوینگے بسبب اوسکے کہ
اونھون نے سجدے کیے تھے دنیا مین یہ روایت عطیہ عوفی کی ہی ابن عباس سے اور کہا عطا بن ابی رباح اور ربیع بن انس نے کہ روشن ہونگے
چہرے اونکے کثرت نماز سے اور کہا شہر بن حوشب نے کہ ہونگی اونکے چہرون پر سجدون کی جگہہ مانند چودھوین رات کے چاند کے اور کہا
اورون نے کہ وہ علامت حسن اور خشوع اور تواضع ہی اور یہ روایت والبی کی ابن عباس سے ہی اور یہی قول مجاہد کا ہی اور معنی اسکے یہ ہین کہ
سجود کے سبب سے خشوع اور نشانی نیک پیدا ہوتی ہی کہ پہچانے جاتے ہین اوس سے اور کہا ضحاک نے کہ وہ زردی چہرے کی ہی بسبب بیداری
کے اور کہا عکرمہ اور سعید بن جبیر نے کہ وہ اثر مٹی کا ہی پیشانیون پر کہا ابو العالیہ نے کہ وہ سجدہ کرتے تھے مٹی پر نہ کپڑون پر کہا عطاء
خراسانی نے کہ داخل ہین اس آیت مین تمام وہ لوگ کہ محافظت کرین پانچون نمازون پر اور کہا حسن نے جب دیکھے تو اونکو جانے تو اونکو بیمار
حال انکہ نہین ہین وہ بیمار اور مانند کھیتی کے ہین الخ یہ مثل کھیتی کی اللہ صاحب نے بیان فرمائی آنحضرت کے اصحاب کے لیے کہ اول تھوڑے
اور ضعیف تھے رفتہ رفتہ بہت اور غالب ہو گئے كَمَثَلِ زَرْعٍ الخ کہا حسن بصری رضی اللہ عنہ نے زَرْعٍ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اَخْرَجَ
شَطْاَهٗ ابوبکر فَاٰزَرَهٗ عمر فَاسْتَغْلَظَ عثمان یعنی قوی ہوا اسلام بسبب عثمان رضی اللہ عنہ کے فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ علی بن ابی طالب
کہ مستقیم ہوا اسلام بسبب سیف علی کے يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ مومن اور یہ قوی کرنا خدائے تعالیٰ کا اونکو بسبب اسکے ہی کہ کفار اونکے سبب سے
غصے مین آوین مارے حسد کے اور امام قشیری نے فرمایا کہ موافق اس آیت کے جو کوئی اصحاب پر غصہ کرے اور اونکو دشمن رکھے داخل کفار مین ہی اوسے

قال مالک بن انس من اصبح في قلبه غيظ على اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقد اصابته الآية

امام مالک رحمہ سے بھی اثبات کفر رافضیون کا اس آیت سے روایت کیا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ
بْنُ الْخَطَّابِ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ فِي الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ
بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ اور فرمایا اَرْحَمُ اُمَّتِيْ اَبُوْ بَكْرٍ وَاَشَدُّهُمْ
فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ الخ یعنی بڑے رحیم میری امت کے ابوبکر ہین اور نہایت
سخت اونکے امر خدا مین عمر ہین اور بہت سچے اونکے حیا مین عثمان اور بڑے فرائض دان اونکے زید بن ثابت اور بڑے قاری اونکے ابی بن کعب
اور بہت علم رکھنے والے اونکے ساتھ حلال و حرام کے معاذ بن جبل اور ہر امت کا ایک امین ہے اور امین اس امت کے ابو عبیدة بن الجراح اور بڑے
قاضی اونکے علی رضی اللہ عنہ اور عمرو بن العاص سے روایت ہے کہ کہا مینے آنحضرت علیہ السلام سے کہ کونسا شخص لوگون مین بہت پیارا ہی طرف
آپکے فرمایا عایشہؓ پس کہا مینے کہ مردونمین سے کون ہی بہت پیارا فرمایا باپ اوسکا یعنی ابوبکر رضی اللہ عنہ کہا مینے پھر کون پس فرمایا عمر
بن الخطاب پھر شمار کیا اور کئی آدمیون کو اور فرمایا کہ پیروی کرو اون لوگون کی کہ بعد میرے حاکم ہونگے میرے اصحاب مین سے کہ وہ ابوبکر و عمر ہین اور
طریق اختیار کرو عمار کا اور چنگل مارو ساتھ عہد عبد اللہ بن مسعود کے اور آیا ہی کہ ایک دفعہ کوہ احد کانپا اور اوسپر تھے نبی علیہ السلام اور ابوبکر
اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُثْبُتْ اُحُدُ یعنی ٹھہرا رہ ای احد نہین ہی تجھپر مگر نبی یا صدیق یا شہید اور
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا عہد کیا طرف میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین دوست رکھتا تجکو مگر مومن اور نہین دشمن رکھتا
تجکو مگر منافق اور فرمایا جو کوئی میرے اصحاب مین سے کسی زمین مین مریگا روز قیامت کے نور اور قائد اونکا یعنی سردار ہوگا کہ محشر مین لوگون کو اپنے
ساتھ لیجاویگا اور عشرہ مبشرہ اور اور صحابہ کے حق مین بھی حدیثین بہت وارد ہین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ
اَصْحَابِيْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِيْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ
اٰذَاهُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ فَيُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهُ یعنی ڈرو اللہ سے ڈرو اللہ سے میرے
صحابہ کے مقدمے مین مت پکڑو تم اونکو نشانہ لعن و طعن کا پیچھے میرے پس جسنے دوست رکھا اونکو پس بسبب محبت میری کے دوست رکھا اونکو اور جسنے
بغض رکھا اونسے پس بسبب بغض میرے کے بغض رکھا اونسے اور جسنے ایذا دی اونکو پس تحقیق ایذا دی مجکو اور جسنے ایذا دی مجکو پس تحقیق ایذا دی
اوسنے اللہ کو اور جسنے ایذا دی اللہ کو پس قریب ہی یہ کہ ماخوذ کریگا وہ اوسکو پس جب اونکے حق مین ایسا کچھ فرمایا تو اور کیا کچھ باقی رہا اور اونکے
حق مین یہ بھی آیا ہی وَمَنْ سَبَّهُمْ فَقَدْ سَبَّنِيْ یعنی حضرت نے فرمایا کہ جسنے برا کہا صحابہ کو پس تحقیق برا کہا اوسنے مجکو پس اس سے معلوم ہوا
کہ بغض صحابہ کا بغض رسول کا اور برا کہنا صحابہ کا برا کہنا رسول کا ہی اور یہ بالیقین و بالاتفاق کفر ہی تا بعد یکہ توبہ رسول کے برا کہنے والے کی
قبول نہین ہی سوا قتل کے کچھ اور حکم ہی نہین ہی اوسکا بیچ کتاب فتح القدیر کے کہ فقہ حنفی مین ہی لکھا ہی کہ جو کوئی بغض رکھے رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم سے ہوتا ہی مرتد پس برا کہنا بطریق اولی باعث ارتداد کا ہوگا پھر قتل کیا جاوے از راہ حد کے ہمارے نزدیک پس نہ قبول کیجاوے توبہ اوسکی
بیچ اسقاط قتل کے اور تنویر شرح اشباہ مین ہی کہ نہین صحیح ہی ارتداد نشے والے کا مگر ارتداد بسبب برا کہنے نبی علیہ السلام کے پس وہ قتل کیا
جاوے اور نہ معاف کیا جاوے اوس سے کذا فی البزازیة اور یہ بھی تنویر مین ہی فی الجوھرة سَبُّ الشَّيْخَيْنِ وَلَعْنُهُمَا كُفْرٌ الخ یعنی کتاب
جوہرہ مین ہی کہ برا کہنا شیخین کا اور لعن کرنا اونکو کفر ہی اور واجب ہی قتل اوسکے مرتکب کا پھر اگر رجوع کرے اور توبہ کرے اور تجدید اسلام
کی کرے تو آیا قبول کیجاوے توبہ اوسکی یا نہین کہا صدر شہید نے کہ نہ قبول کیجاوے توبہ اوسکی اور اسپر عمل کیا امام فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے
اور ابو نصر دبوسی نے اور یہی مختار ہی کہ نہ قبول کیجاوے توبہ اوسکی اور غایة البدایہ مین بیچ کتاب امامت کے لکھا ہی وَهُوَ الْمُخْتَارُ
لِلْفَتْوٰى اور حکم برا کہنے اور بغض رسول کا مانند اوسی کے ہی چارون اماموں کے نزدیک کہ کافر ہوتا ہی اور قتل اوسکا واجب ہی اور بیچ برا کہنے

صحابہ کے بھی امام احمدؒ اور امام مالکؒ متفق ہین اوپر کفر اور قتل کرنے کے مثل مرتد کے ساتھہ روایت مشہورکے چنانچہ بیچ اقناع و تحقیق کہ ترغیب وغیرہ سے نقل کیا ہی اور ایک روایت مین امام احمد سے فاسق اور مبتدع ہین لیکن مارنا تو بھی جایز ہے اور ایک روایت مین ہی کہ تعزیر و تادیب کرے اور مذہب امام شافعیؒ کا مثل دونون مذہبون مذکورین کے ہی پس ہر مسلمان کو برا کہنے اور بغض رکھنے تمام صحابہ کے سے پرہیز کرنا واجب ہی اور ذکر اونکا سواے خیر کے نکرے والا ساکت رہے اور انکی آپسکی نزاع کو سپرد بخدا کرے اوسنے خبر دی ہی کہ روز قیامت کے انکی آپسکی نزاع کو انکے سینون سے نکالدالونگا مین اور سواے شفیق کے آپسمین نہونگے اور ضمیر منھم کی بیچ آیت وعد اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ سے صحابہ کی طرف پھرتی ہی اور بقولے مِنْھُمْ بمعنی اس امت سے اور بقولے مِنْ صلہ ہی یعنی زائد ہی پس سب اصحاب مغفور ہین۵۲ + معا + بجرانہ + حضرت عایشہ رضی اللہ عنہ روایت کرتی ہین کہ جب مرے سعد بن معاذ تو حاضر ہوے اونکے جنازے پر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکرؓ اور عمرؓ پس قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمدؐ کی اوسکے ہاتھہ مین ہی بلا شبہہ مین البتہ پہچانتی تھی رونا ابو بکرؓ کا جدا اور عمرؓ کا رونا جدا اس حال مین کہ مین اپنے حجرے مین تھی اور تھے وہ۵۳ جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ کسینے کہا پس کیونکر تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کرتے پس کہا کہ نتھی بہتی آنکھہ آنحضرتؐ کی کسی۵۴ پر ولیکن وہ جب غمگین و غصے ہوتے تو پکڑ لیتے داڑھی اپنی + اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ یعنی نہین رحم کرتا اللہ اوس شخص پر کہ نہین رحم کرتا لوگون پر + اور فرمایا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ۵۵ كَبِيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا یعنی جو کوئی نہ رحم کرے ہمارے چھوٹے پر اور نہ پہچانے حق ہمارے بڑے کا پس نہین ہی ہم مین سے یعنی ہماری راہ پر + اور فرمایا لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ یعنی نہین نکالی جاتی ہی رحمت مگر بدبخت کے دل سے + اور فرمایا اِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَآءَ یعنی نہین رحم کرتا اللہ اپنے بندون مین سے مگر رحیمون پر + اور ابن عباسؓ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے سِيْمَاهُمْ کہ کہا آگاہ ہو کہ اس سیما سے وہ نشانی نہین مراد ہی کہ جو تم گمان کرتے ہو یعنی گھٹے وغیرہ ولیکن وہ نشانی اسلام کی ہی اور اچھی خصلت وخو اور خشوع + اور ابن عباسؓ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ کہا اَلسَّمْتُ الْحَسَنُ + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلا شبہہ انبیا فخر کرینگے آپسمین کہ کون اونمین سے یار بہت رکھتا ہی اپنی امت مین سے پس امید رکھتا ہو مین یہ کہ ہوون مین اوس دن اکثر اونکا یعنی میرے یار بہت ہونگے اور سب وارد ہونگے یعنی میدان محشر مین اور ہر شخص انبیا مین سے اوس دن کھڑا ہوگا حوض پر اوسکے ہاتھہ مین عصا ہوگا بلاویگا اوسکو کہ پہچانیگا امت اپنی سے اور ہر امت کے لیے سیما یعنی نشانی ہوگی کہ پہچانیگا اونکو نبی اونکا اوس سے + سائب بن یزید کے پاس ایک شخص آیا اس حال مین کہ اوسکے مونہہ پر نشان سجود کا تھا پس کہا سائبؓ نے کہ تحقیق خراب کیا اسنے اپنے مونہہ کو آگاہ ہو قسم خدا کی نہین ہی یہ وہ سیما کہ اللہ صاحب نے بیان فرمائی اور تحقیق نماز پڑھی مینے اپنے مونہہ کے بل اسّی۵۶ برس نہین نشان پڑا سجدہ کا میری پیشانی پر + اور ابن عباسؓ آنحضرتؐ سے نقل کرتے ہین بیچ تفسیر سِيْمَاهُمْ کے کہ فرمایا کہا میرے لیے جبرئیلؑ نے کہ جب دیکھتا ہو تو مین طرف ایک شخص کے آپکی امت مین سے تو پہچانتا ہون مین کہ وہ اہل صلوٰۃ سے ہی بسبب نشانی منہ کے اور جسوقت کہ صبح کرتا ہی پہچانتا ہون مین کہ اوسنے نماز پڑھی ہی رات کو اور وہ نشانی ای محمدؐ پارسائی ہی دین مین اور حیا اور نیک خصلت + اور ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ کہا لکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف یہود خیبر کے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَاحِبِ مُوْسٰى وَاَخِيْهِ الْمُصَدِّقِ لِمَا جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى اِلَيْ یعنی محمد رسول اللہ کی طرف سے کہ جو یار ہی موسی کا اور اوسکے بھائی۵۷ کا تصدیق کرنے والا اوس چیز کی کہ لایا اوسکو موسی آگاہ ہو ای یہود بلا اللہ نے فرمایا تمکو ای گروہ اہل توریت کے اور بلا شبہہ تم البتہ پاتے ہو اسکو اپنی کتاب مین مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ اخیر سورت تک + اور ابن عباسؓ سے ہی بیچ تفسیر ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ الخ کے کہ مراد یہ کہ

لکھی گئی ہین یہ دونون مثالین توریت و انجیل مین پہلے اسکے کہ پیدا کرے اللہ آسمان و زمین + عمار مولی بنی ہاشم کے سے منقول ہی کہ کہا پوچھا مینے ابو ہریرہؓ سے حال تقدیر کا کہا ابو ہریرہؓ نے اتفاقا کر اس سے ساتھ آخر سورۂ فتح کے مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اخیر سورت تک یعنی اللہ تعالی نے صفت بیان کی اونکی پہلے پیدا کرنے اونکے کے + حضرت عایشہؓ سے ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالی کے لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حکم کیے گئے ہین استغفار کرنے کا پھر برا کہتے ہین اونکو لوگ + **درمنثور** + **تنبیہ** + اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ کافرون سے سختی کرنی چاہیے اور مومن بھائیون پر رحم اگر بدعتی و گمراہ ہو تو بھی اوسپر رحم کرنا چاہیے بموجب حدیث اَلنُّصْحُ لِكُلِّ مُسْلِمٍ کے اور اگر کوئی یہ کہے کہ بدعتی کے حق مین آیا ہی مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ فَقَدْ اَعَانَ عَلٰى هَدْمِ الْاِسْلَامِ تو جواب اسکا یہ ہی کہ توقیر اور چیز ہی اور رحم کرنا اور چیز ہی توقیر کے معنی ہین تعظیم کرنی اور رحم کرنا قبیل نصح سے ہی جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا یعنی مدد کر اپنے بھائی مسلمان کی ظالم ہو یا مظلوم عرض کیا ایک شخص نے کہ یا رسول اللہ مظلوم کی تو مدد البتہ ہو سکتی ہی ظالم کی کیونکر مدد کرین فرمایا منع کرے تو اوسکو ظلم سے بس یہی مدد کرنی تیری اوسکو پس حاصل یہ ہی کہ بدعتی و گمراہ پر رحم کرنا یہ ہی کہ حتی الوسع اوسکے سمجھانے کے درپے ہو بسہولت و خفیہ بموجب حدیث اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ کے نہ یہ کہ چھیڑے اور کوے بیچارے پر مار کر نفرت دلاوین ای بھائیون ہرگز یہ راہ حق نہین ہی تامل کرو آمین کہ اللہ صاحب فرماتا ہی اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ پس جب تک دائرۂ اسلام مین داخل ہی بموجب اسکے واجب الرحم ہی اور رحم کرنے کی فضیلت کچھ تو معلوم ہو چکی اور کچھہ اور سنو فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى یعنی پاوے تو مومنون کو آپسکے رحم کرنے مین اور محبت کرنے مین اور مہربانی کرنے مین مانند مثال بدن کے کہ جب دکھے ایک عضو شریک ہو اوسکے لیے تمام بدن ساتھہ بیداری اور تپ کے + **ف** + حاصل حدیث کا یہ ہی کہ مومن کو مومن کی راحت و مشقت مین شریک ہونا چاہیے مثل اعضاے بدن کے کہ ایک کا دکھ باعث سب کے دکھ کا ہوتا ہی یہی مضمون شیخ سعدی رحمہ اللہ نے اس بیت مین لکھا ہی + **بیت** + بنی آدم اعضاے یک دیگر اند + کہ در آفرینش زیک جوہر اند + چو عضوے بدرد آورد روزگار + دگر عضوہا را نماند قرار + اور فرمایا اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ یعنی مومن مومن کے لیے مانند مکان کے ہی کہ تقویت دیتا ہی بعض اوسکا بعض کو پھر ڈالین اونگلیان اپنی اونگلیون مین یعنی تشبیہ کے لیے کہ یون ملے رہنا چاہیے + اور آیا ہی کہ آنحضرت کے پاس جب آتا سائل یا حاجتمند فرماتے آپ صحابہ کو اِشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا یعنی سفارش کرو مجھسے اوسکی پس ثواب دیے جاوگے + **ف** + اور یون نہ سمجھو کہ دیکھیے ہماری سفارش حضرت قبول کرین یا نہ کرین تم بہر نوع ثواب پاوگے آگے قبول کرنا نہ کرنا سپرد حکم الٰہی پر موقوف ہی جیسا کہ فرمایا وَيَقْضِي اللّٰهُ آخر تک + **سبیل** + اور فرمایا اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يُسْلِمُهٗ وَمَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ اَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِّنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ یعنی مسلمان بھائی مسلمان کا ہی نہ ظلم کرے اوسپر اور نہ ہلاکت مین ڈالے اوسکو اور جو کوئی کہ ہووے بیچ حاجت روائی بھائی اپنے کے ہوتا ہی اللہ اوسکی حاجت روائی مین اور جو کوئی دور کرے مسلمان سے سختی دور کریگا اللہ اوس سے سختی کو سختیون روز قیامت کی سے اور جو کوئی پردہ پوشی کرے مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اوسکی اللہ دن قیامت کے + اور فرمایا اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ اَلتَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلٰثَ مِرَارٍ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِّنَ الشَّرِّ اَنْ يَّحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ یعنی مسلمان بھائی مسلمان کا ہی

نہ ظلم کرے اوسپر اور نہ چھوڑ دے مدد اوسکی اور نہ حقیر جانے اوسکو تقوی اس جگہہ ہی اور اشارہ فرمایا طرف سینے اپنے کے تین بار + ف +
یعنی جگہہ تقوی کی دل ہی اور وہ پوشیدہ ہی تجسے پس کیونکر حقیر جانتا ہی تو بھائی مسلمان کو باوجود یکہ احتمال تقوی کا ہر رکھتا ہی وہ اور ...
بہت بزرگ ہوتا ہی اللہ کے نزدیک + سبیل + کافی ہی آدمی کو برائی مین یہ کہ حقیر جانے اپنے بھائی مسلمان کو تمام چیزین
مسلمان کی مسلمان پر حرام ہین خون اوسکا اور مال اوسکا اور آبرو اوسکی + اور فرمایا جنتی تین ہین صاحب حکومت کا کہ عدل و احسان
کرنے والا اخلائق پر توفیق دیا گیا طاعت کی اور آدمی مہربان نرم دل ہر قرابتی اور ہر مسلمان کے لیے اور پرہیزگار حرام سے اور بچنے والا سوال
سے کنبہ دار اور دوزخی پانچ ہین ضعیف وہ جو نہین عقل ہی اوسکو جو کہ وہ تمھارے خادم ہین نہین خواہش رکھتے بیبی کی اور نہ مال کی +
ف + یعنی عقل نہین رکھتے ہین کہ بچاوے اونکو حرام سے اور بی بی اور مال کی نہین خواہش رکھتے یعنی حلال کے طلب کی پروا نہین رکھتے
بلکہ مائل حرام کی طرف ہین + حق + اور خائن وہ جو نہین پوشیدہ ہی اوسکے لیے طمع کی چیز اگرچہ کم ہو مگر خیانت کرتا ہی اوسمین + ف +
یعنی وہ ڈھونڈھ نکالتا ہی طمع کی چیز اور نہین چھوڑتا ہی کچھ اوسمین مگر کہ خیانت کرتا ہی اوسمین + سبیل + اور وہ شخص کہ نہین
صبح کرتا اور نہ شام کرتا ہی مگر حال یہ ہی کہ وہ فریب دیتا ہی تجکو اہل تیرے سے اور مال تیرے سے + ف + یعنی ظاہر کرتا ہی پارسائی اور
امانت اور رہی در پے خیانت کے اہل و مال تیرے مین + حق + اور ذکر کیا حضرت صلعم نے بخل کا یا جھوٹھ کا اور بد خلق و بدگو + اور فرمایا قسم ہی
اللہ کی نہین پورا مومن ہوتا قسم ہی اللہ کی نہین پورا مومن ہوتا قسم ہی اللہ کی نہین پورا مومن ہوتا عرض کیا لوگون نے کون ای رسول
اللہ کے فرمایا وہ کہ نہ امن مین ہو ہمسایہ اوسکا ضرر اوسکے سے + نہین داخل ہوگا جنت مین وہ شخص کہ نہ امن مین ہو ہمسایہ اوسکا ضرر اوسکے
سے + اور فرمایا جب ہو تم تین پس نہ سرگوشی کرین دو آدمی بغیر تیسرے کے یہان تک کہ ملو تم ساتھ لوگون کے اسلیے کہ غمگین کریگا یہ اوسکو
اور فرمایا اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ ثَلٰثًا قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهٖ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ
یعنی ستون دین کا خیرخواہی کرنی ہی فرمایا یہ تین بار کہا ہمنے کسکی فرمایا اللہ کی اور کتاب اوسکے کی اور رسول اوسکے کی اور مسلمانون
کے حاکمون کی اور سب مسلمانون کی + ف + خیرخواہی اللہ کی یہ ہی کہ اعتقاد صحیح رکھے اوسکی وحدانیت مین اور خالص رکھے
نیت اوسکی عبادت مین اور خیرخواہی کتاب اللہ کی یہ ہی کہ سمجھ جانے اوسکو اور عمل کرے اوسپر اور خیرخواہی رسول کی یہ ہی کہ تصدیق
کرے اونکی نبوت کی اور فرمان برداری کرے اونکی اوامر و نواہی مین اور خیرخواہی مسلمانون کے حاکمون کی یہ ہی کہ اطاعت کرے
اونکی حق باتون مین اور خروج نکرے اوپر اور خیرخواہی عوام مسلمین کی یہ ہی کہ رہنمائی کرے اونکو اچھی باتون کی طرف + نہایہ +
کہا جریر نے کہ بیعت کی مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر قائم کرنے نماز کے اور دینے زکوۃ کے اور خیرخواہی کرنے کے ہر مسلمان
کے لیے + اور فرمایا اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ + یعنی رحم کرنیوالون پر
رحم کرتا ہی رحمن رحم کرو اوپر کہ زمین مین ہین رحم کریگا تمپر وہ کہ آسمان مین ہی یعنی اللہ تعالی کہ کارخانہ اوسکی قضا و قدر کا آسمان پر ہی +
اور فرمایا لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَيَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ یعنی نہین ہی
ہمارے تابعین مین سے وہ شخص کہ نہ رحم کرے ہمارے چھوٹون پر اور نہ توقیر کرے ہمارے بڑون کی اور نہ حکم کرے اچھی باتون کا اور نہ منع کرے بری باتون سے + اور فرمایا کہ
نہ بزرگی کی کسی جوان نے ایک بڈھے کی بسبب بڑھاپے اوسکے کے مگر کہ متعین کرتا ہی اللہ اوسکے لیے نزدیک بڑھاپے اوسکے کے
اوس شخص کو کہ بزرگی کرتا ہی اوسکی + اور فرمایا کہ تحقیق بزرگی اللہ کی سے ہی بزرگی کرنی بڈھے مسلمان کی اور قرآن کے جاننے
والے کی کہ غلو نہین کرتا ہی اوسمین اور نہ الگ ہی اوس سے اور بزرگی کرنی بادشاہ عادل کی + اور فرمایا اچھا گھر بیچ مسلمانون کے
وہ گھر ہی کہ اوسمین یتیم ہو کہ احسان کیا جاوے طرف اوسکے اور برا گھر مسلمانون مین وہ گھر ہی کہ اوسمین یتیم ہو کہ ایذا پہنچائی جاوے

طرف اوسکے + اور فرمایا جو کوئی ہاتھ پھیرے یتیم کے سر پر نہ پھیرے اوسپر مگر اللہ کی خوشی کے لیے تو ہوتی ہین اوسکے لیے نیکیان بدلے ہر بال کے کہ پھرتا ہی اوسپر ہاتھ اوسکا اور جو کوئی احسان کرے طرف یتیم لڑکے کے یا یتیم لڑکی کے کہ نزدیک اوسکے ہی ہونگا مین اور وہ جنت مین مانند ان دو کی اور ملائین دو اونگلیان اپنی + آور فرمایا جو کوئی بٹھاوے یتیم کو طرف کھانے اپنے کے اور پانی اپنے واجب کرتا ہی اللہ اوسکے لیے جنت مقرر مگر یہ کہ کرے وہ گناہ کہ نہ بخشا جاوے یعنی شرک اور جو کوئی پرورش کرے تین بیٹیان یا تین بہنین پس ادب سکھاوے اونکو اور رحم کرے اونپر یہان تک کہ بے پروا کرے اونکو اللہ تو واجب کرتا ہی اللہ اوسکے لیے جنت پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ یا دو کو پرورش کرے فرمایا یا دو کو یہان تک کہ اگر کہتے وہ یا ایک کو تو البتہ فرماتے ایک کو اور جسکی کھو دین اللہ نے دو عزیز چیزین واجب ہوگی اوسکے لیے جنت کہا لوگون نے یا رسول اللہ اور کیا ہین دو عزیز چیزین اوسکی فرمایا آنکھین اوسکی + آور فرمایا البتہ ادب دینا آدمی کا بیٹے اپنے کو بہتر ہی اوسکے لیے تصدق کرنے ایک صاع[51] کے سے + آور فرمایا مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نُحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ یعنی نہ بخشا باپ نے اپنے بیٹے کو کوئی بخشنا افضل ادب نیک سے + آور فرمایا جسکے ہان ہووے بیٹی پس نہ جیتی گاڑدی اور نہ اہانت کی اوسکی اور نہ فضیلت دی فرزند اپنے کو اوسپر یعنی بیٹون کو داخل کریگا اوسکو اللہ جنت مین + آور فرمایا مَنِ اغْتِیْبَ عِنْدَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ یَقْدِرُ عَلٰی نَصْرِهٖ فَنَصَرَهٗ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ الخ یعنی جسکے پاس غیبت کیا جاوے مسلمان بھائی اوسکا اور وہ قادر ہی اوسکی مدد کرنے پر یعنی اوسکی غیبت سے اوسکو منع کرسکتا ہی پس مدد کی اوسکی مدد کرتا ہی اوسکی اللہ دنیا اور آخرت مین پھر اگر نہ مدد کی اوسکی اور وہ قادر ہی اوسکی مدد کرنے پر مواخذہ کریگا اللہ بسبب اوسکے دنیا و آخرت مین + آور فرمایا مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِیْهِ الخ یعنی جو کوئی دفع کرے اپنے بھائی مسلمان کے گوشت سے پس پشت اوسکے یعنی سینے غائبانہ کسیکی غیبت کی اور اسنے منع کیا ہوتا ہی حق اللہ پر یہ کہ آزاد کرے اوسکو آگ دوزخ سے + اور فرمایا مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَرُدُّ عَنْ عِرْضِ اَخِیْهِ الخ یعنی نہین کوئی مسلمان کہ منع کرے اپنے بھائی مسلمان کی آبروریزی سے مگر کہ ہوتا ہی حق اللہ پر یہ کہ دور کرے اوس سے آگ دوزخ کی روز قیامت کے پھر پڑھی یہ آیت وَكَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ یعنی اور ہی حق ہمپر مدد کرنی مومنون کی اور فرمایا مَا مِنِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ یَخْذُلُ امْرَاً مُسْلِمًا الخ یعنی نہین کوئی آدمی مسلمان کہ چھوڑے مدد آدمی مسلمان کی اوس جگہ مین کہ ہتک حرمت کیجاتی ہی اوسمین اوسکی اور ناقص کیجاتی ہی اوسمین آبرو اوسکی یعنی کوئی کسیکی غیبت کرتا ہی اور برا کہتا ہی اور سننے والے نے منع نکیا مگر کہ چھوڑیگا مدد اوسکی اللہ تعالی اوس جگہہ مین کہ دوست رکھتا ہی اوسمین مدد اوسکی یعنی آخرت مین اور نہین کوئی آدمی مسلمان کہ مدد کرے مسلمان کی اوس جگہہ مین کہ ناقص کیجاتی ہی آبرو اوسکی اور ہتک حرمت کیجاتی ہی اوسمین مگر کہ مدد کریگا اوسکی اللہ اوس جگہہ مین کہ دوست رکھتا ہی اوسمین مدد اوسکی + آور فرمایا مَنْ رَاٰی عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ اَحْیَا مَوْءُدَةً یعنی جسنے دیکھا عیب کسیکا پھر ڈھانپا اوسکو ہوگا ثواب اوسکو مانند ثواب اوسکے کہ زندہ کیا موؤدہ[52] کو + آور فرمایا اِنَّ اَحَدَكُمْ مِرْاٰةُ اَخِیْهِ فَاِنْ رَاٰی بِهٖ اَذًی فَلْیُمِطْ عَنْهُ یعنی تحقیق ایک تم مین کا آئینہ ہی بھائی اپنے کا پس اگر دیکھے اوسمین بری چیز پس چاہیے کہ دور کرے اوس سے + ف + یعنی جیسے آئینے مین چہرے کا عیب معلوم ہوجاتا ہی ویسے ہی آدمی آدمی کا عیب دیکھ لیتا ہی پس چاہیے کہ آگاہ کرے اوسکو تا وہ چھوڑ دے + آور فرمایا مَنْ حَمٰی مُؤْمِنًا الخ یعنی جو کوئی بچاوے مومن کو منافق کے شر سے بھیجیگا اللہ فرشتے کو کہ بچاویگا گوشت اوسکا دن قیامت کے آگ دوزخ کی سے اور جو کوئی تہمت لگاوے مسلمان کو کچھ کہ چاہتا ہی ساتھ اوسکے عیب اوسکا روکیگا اوسکو اللہ تعالی دوزخ کے پل پر یہان تک کہ نکلے عہدے اوس چیز کے سے کہ کہا یعنی وسقدر عذاب ہولیگا یا دشمن کو راضی کریگا جب نجات ہوگی + آور فرمایا خَیْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ الخ یعنی اچھے یار اللہ کے نزدیک اچھے اونکے ہین واسطے یار اپنے کے اور اچھے ہمسائے نزدیک اللہ کے ہین اچھے اونکے واسطے ہمسائے اپنے کے + عرض کیا ایک شخص نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

[51] صاع نام ہی پیمانے کا جسمین ساڑھے تین سیر غلہ آتا ہی

[52] موؤدہ وہ لڑکی ہی جسکو زمانہ جاہلیت مین زندہ گاڑ دیتے تھے

کہ اے رسول خدا کیونکر حاصل ہو مجھکو یہکہ جانون مین جب نیکی کرون مین یا جب برائی کرون مین پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنے تو ہمسایے اپنے
سے کہ کہتے ہین تحقیق نیکی کی تونے پس تحقیق نیکی کی تونے اور جب سنے تو اونکو کہ کہتے ہین تحقیق برائی کی تونے پس تحقیق برائی کی تونے + ف +
یہ حکم اوس صورت مین ہی کہ ہمسایہ اہل حق اور انصاف کے ہو دین اور زیادہ محبت و عداوت نرکھتے ہون + حق + اور فرمایا اَنْزِلُوا
النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ یعنی اوتارو لوگون کو مرتبون اونکے مین یعنی اکرام کرو ہر ایک کا موافق فضل و شرف اوسکے کے پس نہ برابری کرو
رذالے اور شرافے مین اور نہ درمیان خادم و مخدوم کے + اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ يَوْمًا فَجَعَلَ اَصْحَابُهٗ
يَتَمَسَّحُوْنَ بِوَضُوْئِهٖ الخ یعنی تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ایکدن پس شروع کیا اصحاب اونکے نے کہ مونہہ پر ملتے تھے پانی
پانی وضو اونکے کا پس فرمایا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کونسی چیز باعث ہوئی تمکو اسپر کہا اونھون نے محبت اللہ کی اور رسول اوسکے کی
پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش آوے یہ کہ دوست رکھے اللہ کو اور رسول اوسکے کو یا دوست رکھے اوسکو اللہ اور رسول اوسکا
پس چاہیے کہ سچی کہے بات جب بات کرے اور ادا کرے امانت اپنی جب امانت رکھوایا جاوے اور اچھی کرے ہمسائیگی اوس شخص کی کہ ہمسایہ
اوسکا ہی + اور فرمایا لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ یعنی نہین ہی مومن کامل وہ شخص کہ سیر ہووے
اور ہمسایہ اوسکا بھوکا ہو طرف پہلو اوسکے کے + کہا ایک شخص نے کہ اے رسول خدا تحقیق فلانی عورت ذکر کیجاتی ہی بسبب کثرت نماز اپنی
اور روزے اپنے کے اور صدقے اپنے کے یعنی لوگ کہتے ہین کہ وہ عبادت بہت کرتی ہی لیکن بلا شبہ وہ ایذا دیتی ہی اپنے ہمسایون کو ساتھ
زبان اپنی کے فرمایا وہ دوزخ مین ہی کہا اوس شخص نے اے رسول خدا پس تحقیق فلانی عورت ذکر کیجاتی ہی بسبب کمی روزون کے اور کمی
نماز کے اور کمی صدقے کے اور تحقیق وہ تصدق کرتی ہی چند ٹکڑے قروط کے کہ مثل پنیر کے ہوتا ہی اور نہین ایذا دیتی اپنی زبان سے
اپنے ہمسایون کو فرمایا وہ جنتی ہی + اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ الخ یعنی تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم آکھڑے ہوئے لوگون پر کہ بیٹھے تھے پھر فرمایا کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھ بھلے تمھارے کے برے تمھارے سے یعنی بتاؤن تمکو کہ بھلا کون ہی
اور برا کون ہی تا بھلا ممتاز ہو جاوے برے سے کہا راوی نے پس چپکے رہے صحابہ پس کہا یہ تین بار پھر کہا ایک شخص نے ہان اے رسول اللہ
خبر دیجیے ہمکو ساتھ بھلے ہمارے کے برے ہمارے سے پس فرمایا اچھا تمھارا وہ ہی کہ امید رکھی جاوے اوسکی بھلائی کی اور امن ہو اوسکی
برائی سے اور برا تم مین کا وہ ہی کہ نہ امید ہو اوسکی بھلائی کی اور نہ امن ہو اوسکی برائی سے + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
تحقیق اللہ تعالی نے بانٹے درمیان تمھارے اخلاق تمھارے جیسے کہ بانٹے درمیان تمھارے رزق تمھارے تحقیق اللہ تعالی دیتا ہی
دنیا اوسکو کہ دوست رکھتا ہی اور اوسکو کہ نہین دوست رکھتا اور نہین دیتا ہی دین مگر اوسی کو کہ دوست رکھتا ہی پس جسکو کہ دیا
اللہ نے دین پس تحقیق دوست رکھا اوسکو اور قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہین مسلمان ہوتا بندہ یہانتک
کہ مسلمان ہووے دل اوسکا اور زبان اوسکی + ف + اسلام دل کا یہ ہی کہ پاک کرے اوسکو عقائد باطلہ سے اور برے اخلاق
اور اسلام زبان کا یہ ہی کہ باز رکھے اوسکو اوس چیز سے کہ اوسمین آفات اوسکے ہین + سبیل + اور فرمایا اَلْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ
وَلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ یعنی مومن الفت والا ہی اور نہین بھلائی ہی اوس شخص مین کہ نہ الفت کرتا ہی اور نہ
الفت کیا جاتا ہی + اور فرمایا مَنْ قَضٰى لِاَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِيْ الخ یعنی جسنے روا کی کسیکے لیے امت میری سے حاجت چاہتا ہو کہ خوش کرے
اوسکو بسبب اوسکے پس تحقیق خوش کیا اوسنے مجکو اور جسنے خوش کیا مجکو پس تحقیق خوش کیا اللہ کو اور جسنے خوش کیا اللہ کو داخل کریگا
اوسکو اللہ جنت مین + اور فرمایا مَنْ اَغَاثَ مَلْهُوْفًا الخ یعنی جسنے فریاد رسی کی غمگین کی لکھتا ہی اللہ اوسکے لیے تہتر بخششین
ایک مین درستی سب کامون اوسکے کی ہوتی ہی یعنی دنیا و آخرت مین اور بہتر اوسکے لیے باعث درجات کی ہوتی ہین دن قیامت کے +

اَلْخَلْقُ عِیَالُ اللّٰہِ الخ یعنی خلق عیال اللہ کی ہی پس محبوب تر خلق کا طرف اللہ کے وہ شخص ہی کہ سلوک کرے طرف عیال اوسکی کے +
ف+ اللہ تعالی پاک ہی عیال سے مگر یہان مجازاً فرمایا کہ جیسے آدمی اہل و عیال کو پرورش کرتا ہی ویسے ہی وہ اپنی مخلوق کو + حدیث +
ایک شخص نے شکوہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنگدلی اپنی کا فرمایا ہاتھ پھیر یتیم کے سر پر اور کھلا مسکین کو + اور فرمایا اَلَا اَدُلُّکُمْ
عَلٰی اَفْضَلِ الصَّدَقَۃِ اِبْنَتُکَ مَرْدُوْدَۃٌ اِلَیْکَ لَیْسَ لَہَا کَاسِبٌ غَیْرُکَ یعنی کیا نہ خبردون مین تمکو اوپر افضل
صدقے کے وہ صدقہ بیٹی تیری پر ہی کہ طلاق دی ہو خاوند اوسکے نے اور آپڑی ہو تیرے گھر نہ ہو اوسکے لیے کمانے والا کوئی سوائے
تیرے + یہ سب روایتین مشکوۃ مین ہین + اور اخلاق محسنی مین لکھا ہی بادشاہون پر لازم ہی کہ شفقت و رحمت کرے تمام رعایا
و خلائق پر اسلیے کہ زیردست امانت حضرت کردگار کے ہین کہ اختیار و اقتدار والون کو سپرد کیے ہین تا اونکی رعایت سے حال درویشون
اور عاجزون کا ساتھ فراغت و رفاہیت کے گذرے اور دل شکستہ بسبب اہتمام رعیت پروری اور مرحمت گستری کے ہجوم بلائے
جبارون اور ظالمون کے سے فارغ اور مطمئن ہون پس بادشاہ کو چاہیے کہ ساتھ امید رحمت الٰہی کے کہ ارحم الراحمین ہی عاجزون پر بخشش
کرے + **نظم** + در شفقت ہر کہ علم بر فراخت + کار خود و جملہ خلائق بساخت + از شفقت ہر کہ سرفراز شد + دیدۂ دولت برخش
باز شد + سعادت آخرت اور سلامت دنیا ساتھ رحم اور اشفاق کے متعلق ہی آیا ہی کہ سبکتگین باپ سلطان محمود کا کہ اوائل حال
مین ظالم تھا سوائے ایک گھوڑے کے اپنے پاس نہ رکھتا تھا اور اوقات اوسکی نہایت تنگی کے ساتھ گذرتی تھی ہر روز بقصد شکار کے جنگل کو
جاتا اگر کچھ شکار ہاتھ آتا اوس سے گذران کرتا ایک روز ایک ہرنی دیکھی کہ اپنے بچے کے ساتھ جنگل مین چر رہی ہی سبکتگین نے گھوڑا دوڑایا ہرنی
بھاگ گئی بچہ اوسکا چھوٹا تھا ماں کے ساتھ سے رہگیا سبکتگین نے بچے کو پکڑ لیا اور ہاتھ اور پانون اوسکے باندھ کر زین کے آگے رکھلیا اور راہ شہر
کی پکڑی ہرنی نے کہ بچے کو گرفتار دیکھا پھری اور اوسکے پیچھے دوڑتی تھی اور فریاد و نالہ کرتی تھی سبکتگین کو اوسپر رحم آیا ہاتھ اور پانون بچے
کے کھولکر جنگل مین چھوڑ دیا اوسکی مان نے اوسکو آگے اپنے کر کر مونہہ آسمان کی طرف کیا اور اپنی زبان مین مناجات کی + **مصرع** + آنی کہ زبان بے
زبانان دانی + سبکتگین خالی ہاتھ شہر مین آیا رات کو حضرت رسالت پناہ کو خواب مین دیکھا کہ اوس سے فرماتے ہین ای سبکتگین بواسطے اوس شفقت
و رحمت کے کہ تجھسے وجود مین آئی یعنی بسبب اوس کرم و مہربانی کے کہ بیچ حق اوس بیچارہ زبان بستہ کے صرف کی تونے حضرت حق مین قرب تمام
پایا تونے اور ہم تجھسے خوش ہوئے اور حق سبحانہ نے تجکو شرف بادشاہی عطا کیا چاہیے کہ بندگان خدا پر اسی طرح شفقت و مرحمت بجا لاوے تو
اور اپنی رعیت کے معاملے مین طریقۂ مرحمت مرعی رکھے تو ایک بزرگ نے کہا کہ جب بوجہ اسطرح شفقت کے ایک حیوان پر بادشاہی اس جہان کی
ملتی ہین اگر بسبب مرحمت کے انسان پر سلطنت ملک باقی کی پاوین تو کچھ عجب نہین + **نظم** + دست برعایت زرعیت مدار + کار رعیت
برعایت سپار + مرحمتی کن کہ جگر خستہ اند + در کرم و لطف تو دل بستہ اند + حکما نے کہا ہی کہ ایک آثار شفقت سلطانی کے سے یہ ہی
کہ ایسا رعیت کو دوست رکھے کہ جیسا باپ فرزند کو دوست رکھتا ہی جو کچھ کہ اپنے اوپر نہ پسند کرے اونپر بھی نہ پسند کرے تو وہ بھی مال
و جان اپنی اوس سے دریغ نہ رکھینگے جو کچھ ہو فدا اوسپر کرینگے اور ہمیشہ ہمت اپنی اوپر درازی عمر اور زیادتی دولت اوسکی کے لگا دینگے
اور جتنا کہ اوسکو رحم و شفقت خلق پر زیادہ ہوگا حق سبحانہ کو اوسپر نظر رحمت کی زیادہ ہوگی + **نظم** + ببخشا تا ببخشایند بر تو +
دری از غیب بکشایند بر تو + اگر رحمت ز حق داری تمنا + تو ہم بر دیگران رحمے بفرما + اردشیر بابک نے اپنے بیٹے کو وصیت کی کہ ای
فرزند شفقت کرنا بسبب شفقت عام اور مرحمت لاکلام کے رعیت کو مرتبہ رعیتی سے درجہ دوستی کو پہونچاوے تو تا دل اونکے تیری طرف
سے ہون کہ اور چیزین تابع دل کی ہین اور ایک حکیم سے کسی نے پوچھا کہ بہترین شکار بادشاہون کے لیے کیا ہی فرمایا کہ شکار کرنا رعیت کے
دلون کا بہت ہی خوش شکار ہی اسلیے کہ جب اونکے دلون کو اپنی طرف راہ دیویگا سب چیزین تابع دلون کی ہوگی اور جب بادشاہ کی دوستی نے

رعیت کے دل مین جگہ کریگی کسی چیز مین دریغ نہین کرینگے ایک شفقتون مین سے یہ ہی کہ جتنا ہو سکے لوگون کو زراعت و عمارت کیطرف
رغبت دلاوے اور نہر وغیرہ بناوے اور مددگار ہووے رعایا کا ایسی چیزون کے بنانے مین آیا ہی کہ نوشیروان نے اپنے عامل کو فرمان لکھا کہ اگر
تیری ولایت مین ایک قطعہ زمین کا غیر مزروع پاؤنگا تو حکم کرونگا کہ تجکو سولی پر کھینچین اور حکمت اسمین یہ ہی کہ فائدہ بادشاہ کا خراج
سے ہوتا ہی اور خراج اوسوقت مین بہت ہوتا ہی کہ ملک آباد ہو اور آبادی نہین ہوتی ہی مگر زراعت سے اور جب تک رعیت پر نرمی اور
چشم پوشی اور شفقت نکرین زراعت میسر نہو + **بیت** مملکت معمور خواہی خلق را معمور دار + وز سر ایشان بلاے ظالمان را دور دار +
بیچ عہد سلطان ابوسعید بغداد بندہ کے امیر اوسکے رعایا کے ساتھ زیادتی کرتے تھے اور زبردستی مال اونسے لے لیتے تھے
ایک وزیر سلطان نے امیرون سے کہا کہ مین آج تک جانبداری رعیت کی کرتا تھا آج سے اس رعایت کو برطرف کیا مینے اگر تم مصلحت جانو تو آؤ
سبکو لوٹ لین ہم اور کوئی چیز انکے اسباب وغیرہ سے نچھوڑین ہم لیکن بشرطیکہ اور کچھ مجھسے روزینہ اور تنخواہ نہ مانگو اور اگر بعد اسکے کوئی
تم مین سے اسطرح کا سوال مجھسے کریگا تو اوسکو سزا دونگا امیرون نے کہا ہم بغیر روزینے وغیرہ کے کیونکر بسر کرینگے اور بغیر وجہ معین کے
کیونکر خدمت کر سکینگے بادشاہ نے کہا کہ ہمارے تمام امور کی درستی رعایا کی آبادی اور زراعت و تجارت وغیرہ اونکی سے ہی جب انکو غارت
کرین ہم تو یہ توقعین کیسے رکھین تم سوچو کہ اگر گائین اور غنم یعنی بھیڑ بکری دنبے رعیت سے لو اور غلے اونکے کہا جاؤ تو اونکو ناچار ترک
زراعت کرنا چاہیے پھر جب کہ وہ زراعت نکرین اور محصول نحاصل ہو تو تم کیا کہاؤگے امرانے جب یہ باتین سنین تو متوجہ رعیت کی رعایت
و پرورش کی طرف ہوئے + **نظم** شنیدم از بزرگان سخن سنج + کہ سلطان را رعیت بہتر از گنج + کز ان خرج ار شود آخر سر آید + وزین
ہر لحظہ دخلے نو در آید + اور جملہ شفقتون سے یہ ہی کہ ہر روز بار عام دیوے رعایا کو اور آپ ہر ایک کا حال معلوم کرتا رہے اور دادخواہ کا حال
خوب دریافت کرے اور ہر کوئی سے آپ کلام کرے دربانون اور داروغاؤن وغیرہ پر سپرد نکرے کہ بسبب طمع کے جس سے کچھ ہاتھ لگیگا
اوسکو جتا دینگے آیا ہی کہ مدینے کے اکابر نے ناصر خلیفہ کو لکھا کہ خلافت تجکو زیبا نہین ہی اور سلطنت تجکو نچاہیے کہ متعلق و تابعدار تیرے
لوگون پر ظلم کرتے ہین اور طرح بطرح کے جور و ستم اونسے صادر ہوتے ہین خلیفہ نے جواب مین لکھا کہ مجکو اسکی خبر نہین اونہون نے پھر جواب
لکھا کہ عذر تیرا بدتر ہی تیرے گناہ سے بزرگون نے لکھا ہی کہ جسکا جواب تجکو دینا پڑیگا یعنی روز قیامت کے اور کے حوالے مت کر تو نے مہمات
رعایا اپنے ذمے پر لین ہین تجکو بوقت سوال کے عہدہ جواب سے باہر آنا چاہیے بیخبری و غفلت نچاہیے اور یہ عذر تجھسے کون سنیگا
اور کون قبول کریگا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر ایک ولایت مین کہ تعلق مجھسے رکھتی ہی ایک پل ٹوٹ جاوے اور ریوڑ
بکریون کا اوسپر گذرے اور پانون کسی بکری کا ایک سوراخ مین اوتر جاوے اور اوسکے پانون کو ضرر پہنچے تو فرداے قیامت اللہ تعالی
مجھسے سوال اوسکا کریگا مجکو اوسکے عہدے سے باہر آنا چاہیے جو کوئی منصب سلطنت قبول کرے اوسکو رعایت کرنی رعیت کے حال پر اور
خبرگیری کرنی اونکی مین مشقت اپنے پر اوٹھانی اور رحم کرنا اون پر ضرور رہی + **قطعہ** بفراز تخت حکومت نشستن آسان نشست + دران
مقام بسی احتیاط باید کرد + مراد عاجز محنت رسیدہ باید داد + غم فقیر مشقت کشیدہ باید خورد + تمام ہوا مضمون اخلاق محسنی کا
اور بعد سننے مضمون ترحم کے کچھ بیان رکوع و سجود کا کہ متعلق تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا کے ہے لکھا جاتا ہی تا لوگ راغب ہون
ہمت سے رکوع و سجود کے ضمن صلوۃ مین + اور روایت کیا بخاری اور مسلم نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَقِیْمُوا
الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ فَوَاللہِ اِنِّیْ لَاَرٰکُمْ مِنْ بَعْدِیْ یعنی سیدھا کرو رکوع و سجود کو یعنی ٹھہر ٹھہر کر ادا کرو جلدی نکرو
پس قسم ہی اللہ کی تحقیق مین البتہ دیکھتا ہون تمکو پیچھے اپنے سے یعنی از راہ معجزے کے + اور روایت کیا بخاری اور مسلم نے کہ آیا ہی
کہ تھا رکوع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور سجود اونکا اور بیٹھنا درمیان دو سجدون کے اور جسوقت کہ اوٹھتے رکوع سے سو کھڑے رہنے اور

بیٹھنے کے یہ چارون چیزین ہوتی تھین قریب برابر کے + ف + یعنی قیام کہ اوسمین قرأت پڑھتے تھے البتہ دراز ہوتا تھا اور قعود کہ جسمین التحیات پڑھتے تھے وہ بھی دراز ہوتا تھا اور باقی ارکان رکوع اور قومہ اور سجدہ اور جلسہ سب آپسمین قریب برابر کے ہوتے تھے مقدار مین + م + اور روایت کیا مسلم نے کہ کہا انس نے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ کہتے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کھڑے رہتے یہانتک کہ کہتے ہم تحقیق ترک کی وہ رکعت پھر سجدہ کرتے اور بیٹھتے درمیان دونون سجدون کے یہان تک کہ کہتے ہم تحقیق ترک کیا سجدہ + ف + یعنی بعد رکوع کے دیر تک کھڑے رہتے حتی کہ ہم گمان کرتے کہ یہ رکعت کہ جسکا رکوع کیا ہی ترک کردی اور قیام از سرنو شروع کیا اسی طرح بعد سجدے کے اتنی دیر ٹھہرتے کہ ہم جانتے کہ سجدہ کیا ہوا ترک کردیا اور ظاہر یہ ہی کہ یہ درازگی نوافل مین ہوتی ہوگی یا فرضون مین ہوتی ہو کبھی کبھی واسطے بیان جواز کے + ح + اور روایت کی بخاری نے کہ کہا رفاعہ بن رافع نے کہ تھے ہم نماز پڑھتے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس جب اوٹھاتے سر اپنا رکوع سے کہتے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پس کہا ایک شخص نے کہ تھا پیچھے حضرت کے رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ پس جب فارغ ہوئے حضرت نماز سے فرمایا کون تھا بولنے والا اب یعنی ان کلمون کا پڑھنے والا کہا ایک شخص نے کہ مین تھا فرمایا کہ دیکھا مینے کتنے ایک اوپر تیس فرشتون کو کہ جلدی کرتے ہین کونسا اونمین سے لکھے ثواب ان کلمون کا پہلے + اور روایت کی ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے کہ فرمایا لَا تُجْزِئُ صَلٰوةُ الرَّجُلِ حَتّٰى يُقِيْمَ ظَهْرَهٗ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ یعنی نہین کفایت کرتی اور قبول نہین ہوتی نماز آدمی کی یہانتک کہ سیدھی کرے پیٹھ اپنی رکوع اور سجدے مین + ف + شرح منیۃ المصلی مین لکھا ہی کہ تعدیل ارکان کی یعنی رکوع و سجدون مین اتنا ٹھہرنا کہ سب اعضا اپنے ٹھکانے پر آجاوین فرض ہی نزدیک ابی یوسف رحمہ اللہ کے اور تینون امامون کے بموجب اس حدیث کے اور ادنی مقدار اوسکی بقدر ایک تسبیح کے ہی اور واجب ہی نزدیک ابی حنیفہ اور محمد رحمہما اللہ کے پھر کہا شرح منیہ مین کہ اسی طرح قومہ رکوع سے اور جلسہ دونون سجدون مین اور طمانینت سب یہ فرض ہین نزدیک ابی یوسف رح کے اور نزدیک ابی حنیفہ اور محمد رحمہما اللہ کے سنت ہین اور ابن ہمام نے کہا ہی لائق ہی کہ ہو قومہ اور جلسہ واجب + اور روایت کی بخاری نے کہ کہا شقیق نے کہ حذیفہ رض نے دیکھا ایک شخص کو کہ نہین پورا کرتا رکوع اپنا اور نہ سجدہ اپنا پس جب پڑھ چکا وہ نماز اپنی بلایا اوسکو اور کہا اوسکو حذیفہ نے مَا صَلَّيْتَ یعنی نہین نماز پڑھی تو نے یعنی پوری کہا شقیق نے اور گمان کرتا ہون مین حذیفہ کو کہ اوس شخص کو یہ بھی کہا اور اگر مرے تو یعنی بغیر توبہ کے ایسی نماز سے تو مریگا اوپر غیر فطرت کے یعنی غیر طریقے اسلام کے وہ طریقہ کہ پیدا کیا اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یعنی کافر مریگا + ف + وہ شخص رکوع اور سجود کا کوئی واجب ترک کرتا تھا اوسپر مبالغۃً اور تشدیدًا فرمایا کہ جب نماز پوری نہوئی تو گویا بالکل ہی نہوئی پس جو کوئی ترک کرتا ہی نماز قصدًا تو وہ کافر ہوتا ہی اکثر صحابہ اور تابعین کے نزدیک اور اکثرون کے نزدیک جبکہ کافر ہوتا ہی کہ حلال جانکر ترک کرے غرض کہ ہر نوع اسکے وعید مین تامل کرے اور رکوع و سجود اچھی طرح کیا کرے اسکے ترک کو سہل نجانے + ع + اور روایت کی احمد نے کہ فرمایا اَسْوَأُ النَّاسِ سَرِقَةً الَّذِيْ يَسْرِقُ مِنْ صَلَاتِهٖ یعنی بہت برا لوگون مین باعتبار چرانے کے وہ شخص ہی کہ چوری کرے نماز اپنی مین عرض کیا صحابہ نے یارسول اللہ اور کیونکر چراتا ہی نماز اپنی سے فرمایا لَا يُتِمُّ رُكُوْعَهَا وَلَا سُجُوْدَهَا یعنی نہ پورا کرے رکوع نماز کا اور نہ سجدہ اوسکا + ف + چور نماز کا مال کی چوری سے برا اسلیے ہی کہ مال کا چرانے والا دنیا مین اوس سے فائدہ اوٹھاتا ہی اور بخشوا لیتا ہی اوسکے مالک سے یا ہاتھ اوسکے کاٹے جاتے ہین پس نجات پاتا ہی عذاب سے آخرت مین بخلاف اس چور کے کہ وہ چراتا ہی حق نفس اپنے کا ثواب سے اور بدل کرتا ہی اوس سے عذاب کو اور ہاتھ کچھ لگتا نہین سوا حسرت کے + م + اور روایت کیا مسلم نے کہ فرمایا اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَاَكْثِرُوا الدُّعَاءَ یعنی بہت نزدیک ہوتا بندے کا اپنے رب سے متحقق ہی اوس حالت مین کہ وہ سجدے مین

ہوتا ہی پس بہت کرو دعا + ف + اللہ تعالی ہر حال بندے سے نزدیک ہی اور سجدہ مین سب سے زیادہ نزدیک ہوتا ہی یعنی راضی ہوتا ہی
سجدے سے اور دعا قبول کرتا ہی اسی لیے حکم دعا کا فرمایا + اور روایت کی مسلم نے کہ فرمایا اِذَا قَرَأَ ابْنُ اٰدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ اعْتَزَلَ
الشَّیْطَانُ یَبْکِیْ الخ یعنی جسوقت کہ پڑھتا ہی بیٹا آدم کا آیت سجدے کی پھر سجدہ کرتا ہی یعنی پڑھنے والا یا سننے والا ایک طرف ہو جاتا ہی شیطان
روتا ہوا کہتا ہی یَا وَیْلَتیٰ الخ یعنی ہای مصیبت مجھے حکم کیا گیا بیٹا آدم کا ساتھ سجدے کے پس سجدہ کیا پس اوسکو بہشت ہی اور حکم کیا گیا
مین ساتھ سجدے کے پس نافرمانی کی مینے پس میرے لیے آگ ہی + اور روایت کیا مسلم نے کہ کہا ربیعہ بن کعب نے کہ تھا مین رات گذارتا ساتھ
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس لاتا مین حضرت کے پاس پانی وضو کا اور حاجت اونکی یعنی مسواک و مصلی وغیرہ پس کہا مجکو سَلْ یعنی مانگ
جو چاہے بھلائی دنیا اور آخرت کی پس کہا مینے اَسْئَلُکَ مُرَافَقَتَکَ فِی الْجَنَّةِ یعنی مانگتا ہون آپ سے رفاقت آپ کی بہشت مین
فرمایا آپ نے اَوْ غَیْرَ ذٰلِکَ یعنی یا سوا اسکے یعنی سوال تیرا یہی ہی یا سوا اسکے اور یعنی یہ مرتبہ کہ تو چاہتا ہی بہت بڑا ہی کچھ اور چاہ کہا
مینے هُوَ ذَاکَ یعنی مطلب میرا وہی ہی کہ عرض کیا مینے فرمایا فَاَعِنِّیْ عَلٰی نَفْسِکَ بِکَثْرَةِ السُّجُوْدِ یعنی پس مدد کر میری اوپر ذات
اپنی کے ساتھ بہت کرنے سجدون کے + ف + فرمایا مانگ یہ بسبب خوش ہونے کے فرمایا یا یہ مقام مکافات کے یعنی بدلے مین خدمت
کے پس مدد کر میری یعنی اگر مصر ہی تو بیچ حصول اس مطلب کے تو مدد کر میری اوپر حصول مطلب اپنے کے ساتھ بہت کرنے سجدون کے
یعنی بسبب نماز پڑھنے اور دعا کرنے کے سجدون مین قابل اس مرتبے کے ہوگا یعنی مین دعا کرتا ہون لیعد حاصل ہونے شفا تیری مین
کوشش کرتا ہون بشرطیکہ جو کچھ فرماؤن تو بھی اوسپر عمل کرے کہ راہ حاصل ہونے شفا اور تدبیر کار کی یہی ہی + شعر + فتح قفل ارچہ کلید
ای عزیز + جنبش از دست تو میخواہند نیز + اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدمت بزرگون کی اور راضی کرنا اونکو موجب سعادت اور
حصول کرامت کا ہی خصوصا حضرت سید کائنات کی کہ خلاصہ موجودات کے ہین صلوات اللہ و سلامہ علیہ و آلہ و اصحابہ اور اسمین تنبیہ ہی
اسپر کہ طالب صادق کو چاہیے کہ مطلوب سوا آخرت کی نعمتون کے کہ باقی اور دائم ہین نرکھے اور دنیاے فانی کی لذتون کی طرف التفات
نکرے لیکن شرط یہ ہی کہ بندگی مین اپنی طرف سے قصور نکرے نری ہوس اور آرزو اکتفا نہین کرتی کہ بیکار بیٹھنا اور آرزو رکھنی
لوہا سرد کوٹنا ہی + شعر + کار کن کار بگذر از گفتار + کہ درین راہ کار دارد کار + ح + ع + کہا معدان بن طلحہ نے کہ ملاقات کی مینے
ثوبان سے کہ غلام آزاد تھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پس کہا مینے خبر دو مجکو ساتھ ایک عمل کے کہ کرون مین اوسکو تو داخل کرے
مجکو اللہ بسبب اوسکے بہشت مین پس چپ رہا ثوبان پھر پوچھا مینے اوسکو پس چپ رہا پھر پوچھا مینے اوس سے تیسری بار پس کہا پوچھا
تھا مینے یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا عَلَیْکَ بِکَثْرَةِ السُّجُوْدِ لِلّٰهِ فَاِنَّکَ لَا تَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً اِلَّا
رَفَعَکَ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ بِهَا عَنْکَ خَطِیْئَةً یعنی لازم کر اپنے پر بہت سجدے کرنے واسطے خدا کے پس تحقیق تو
نہین سجدہ کریگا واسطے اللہ کے کوئی سجدہ مگر کہ بلند کریگا تجکو اللہ بسبب اوسکے باعتبار درجے کے اور دور کریگا تجسے بسبب اوسکے گناہ
کہا معدان نے پھر ملاقات کی مینے ابو درداء سے پس پوچھا مینے اونسے پس کہا واسطے میرے مانند اوس چیز کے کہ کہا ثوبان نے + اور تھے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے درمیان مین دو سجدون کے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ + اور
اور روایت مین آیا ہی کہ دونون سجدون کے بیچ مین حضرت یہ لفظ فرماتے تھے رَبِّ اغْفِرْ لِیْ + اور آیا ہی کہ منع فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھونگ مارنے کوے کے سے اور بچھانے درندے کے سے اور یہ کہ جگہ مقرر کر رکھے آدمی مسجد مین جیسا کہ مقرر کرتا ہی
اونٹ + ف + ٹھونگ الخ یعنی سجدے سے سر جلدی سے اوٹھا لیا کرے جیسے کہ کوا دانہ اوٹھانے کے وقت جلدی سے چونچ زمین پر مارکر
دانہ اوٹھا لیتا ہی اور بچھانا درندے کے سے یعنی سجدے کے وقت پونہچے زمین پر نہ بچھاوے جیسے درندے جانور ہاتھ بچھا کر بیٹھتے ہین

ف یعنی یا اللہ بخش مجکو اور رحم کر مجپر اور ہدایت کر مجکو اور عافیت دے مجکو اور رزق دے مجکو ١٢

مثل گتے بھیڑیے وغیرہ کے اور یہ کہ جگہہ الخ یعنی مسجد مین نماز کے لیے ایک جگہہ نہ مقرر کرے کہ اپنے سوا کسیکو وہان نہ بیٹھنے دے جیسے اونٹ ایک جا مقرر کر لیتا ہی کہ اور اونٹ وہان نہین بیٹھتا مسجد جگہہ سب مسلمانون کی ہی اپنے لیے ایک جگہہ خاص مقرر کرنی اور اور کہ اوس سے منع کرنا مکروہ و ممنوع ہی اور حلوائی سے منقول ہی کہ ہمارے علما کے نزدیک مکروہ ہی یہ کہ بڑے مسجد مین جگہہ معین کرے اوسمین نماز پڑھے اسلیے کہ عبادت عادت ہو جاتی ہی اوسمین اور بھاری ہوتی ہی اوسکے غیر مین اور عبادت جب عادت ہو تو ترک کرے اوسکو چنانچہ اسی لیے مکروہ ہی روزہ ہمیشہ کا انتہی پس کیا حال ہی اوسکا کہ مسجد مین جگہہ مقرر کرے سوا اسکے غرض فاسد کے عینی + اور فرمایا لا ینظر اللہ عز وجل الخ یعنی نہین دیکھتا اللہ عزت و الابزرگی والا طرف نماز اوس بندے کے کہ نہین سیدھی کرتا اوسمین پیٹھ اپنی وقت رکوع کے اور سجدے کے یعنی نماز قبول نہین کرتا ہی اللہ اوسکی کہ رکوع و سجدے مین پیٹھ اپنی سیدھی اور درست نہین رکھتا + **مشکوۃ**

سورۃ الحجرات مدنیۃ وھی ثمانی عشرۃ آیۃ و ركوعان

اس سورت کا نام سورۂ حجرات ہی یہ نام اسکا اسلیے ہوا کہ اسمین مذکور ہی اسکا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے ایک آدمیون نے حجرون کے پیچھے سے پکارا تھا چنانچہ بیان مفصل اسکا آگے آویگا اور یہ سورت مدنی ہی آیتین اسمین اٹھارہ ہین اور کلمے تین سو تینتالیس اور حروف ایکہزار چار سو چھہتر اور رکوع دو اور اوتری ہی یہ سورت بعد سورۂ مجادلہ کے اور یہ بعد سورۂ فتح کے اسلیے لکھی گئی کہ سورت فتح مین بیان ہی مطیعون کے احوال و اوصاف کا اور بیان ہی منافقون کے احوال و اوصاف کا اور اونکی مذمت اور وعید کا اور اس سورت مین بیان ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کی تعظیم کا اور آگاہ کرنا ہی مومنون کو ساتھ اوس چیز کے کہ ہوتا ہی بندہ اوس سے مطیع اور تہدید ہی اونکے لیے اوس چیز سے کہ ہوتا ہی بندہ اوس سے فاسق + **زاھدی وغیرہ** + مترجم کہتا ہی کہ خدا تعالی نے یہ سورت واسطے سکھلانے آداب کے اوتاری کہ حضرت پیغامبر صلی اللہ علیہ وسلم سے امر و نہی مین پیش دستی نکرین اور آنحضرت سے ساتھ آواز بلند کے خطاب نکرین اور اگر فاسق کچھہ کہے تو بغیر دریافت کرنے حال کے اوسکی ایذا کے قصد کو جاری نکرین اور جس صورت مین کہ درمیان اونکے خانہ جنگی واقع ہو تو اصلاح اوسکی کس طرح کرین اور آپس کے ٹھٹھا کرنے اور لقب بد رکھنے اور غیبت کرنے اور ظن بد لیجانے سے اور بسبب عالی نسب ہونے کے اور ونپر فخر کرنے سے منع فرمایا اور ضعیف الایمان کو ضعف ایمان پر تنبیہ فرمائی واللہ اعلم **فتح**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

ای مسلمانون پیش دستی نکرو روبرو خدا اور رسول اوسکے کے اور ڈرو خدا سے تحقیق خدا سننے والا جاننے والا ہی + **فتح** + ای ایمان والو آگے نہ بڑھو اللہ سے اور اوسکے رسول سے اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ سنتا ہی جانتا + **تفسیر** یعنی مجلس مین کوئی کچھہ پوچھے تو حضرت کی راہ دیکھو کہ کیا فرماوین تم اپنی عقل سے آگے جواب نہ بیٹھو + **مو** یعنی پیش دستی نکرو قول و فعل مین روبرو اللہ کے اور رسول اوسکے کے یعنی بغیر اذن اونکے کے + **جلالین** یعنی پیغمبر کے حضور مین بیچ کسی قول و فعل کے سبقت اونپر نکرو یا امر و نہی مین پہلے قول اونکے کے تعجیل نکرو یا تاویل کتاب و سنت مین بغیر کہے اونکے کے شتابی نکرو اور کچھہ اپنی طرف سے نکہو کہ وہ بہت جانتا ہی تکو تمسے اور ایک روایت مین آیا ہی کہ روز نحر کے بعضے صحابہ نے پہلے ذبح کرنے رسول علیہ السلام کے سے قربانیان اپنی ذبح کین اور رسول خدا نے فرمایا کہ جو کوئی پہلے نماز کے ذبح کرے قربانی اوسکی نہین ہوتی حق تعالی نے یہ آیت اوتار کر لوگون کو پیغمبر پر سبقت کرنے سے امر و نہی مین منع فرمایا + **بحر ناقلا عن المعالم مختصرا** + اور حسن بصری رحمہ اللہ سے ہی کہ کتنے ایک لوگون نے ذبح کین قربانیان

عید اضحی کو پہلے نماز کے پس نازل ہوئی یہ آیت اور حکم کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو کہ پھر کریں اور قربانیان
اور حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ اوتری یہ آیت بیچ نہی کے صوم یوم الشک سے اور ڈرو اللہ سے اسلیے کہ اگر ڈرو گے تم اللہ سے
تو منع کرے گا تمکو ڈرنا پیشدستی ممنوع سے سننے والا ہی اوس کلام کو کہ کہتے ہو تم جاننے والا ہی اوس چیز کو کہ کرتے ہو تم اور جو ایسا ہو وہی لایق ہی
اسکے کہ ڈرے اوس سے ۔ فائدہ ۔ کہا ابن عباس نے بیچ تفسیر لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ کے کہ لَا تَقُوْلُوْا خِلَافَ الْکِتَابِ
وَالسُّنَّۃِ یعنی مکہو خلاف کتاب اللہ اور سنت رسول کے ۔ درمنثور ۔ یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ یعنی اے وہ لوگو کہ اقرار کیا ہے
اللہ تعالی کی وحدانیت کا اور رسول علیہ السلام کی نبوت کا مت بڑھو تم آگے اللہ کے اور رسول اوسکے کے یا نہ بڑھاؤ تم اقوال و افعال
اپنے آگے اقوال و افعال رسول علیہ السلام کے کہ اونکے اقوال و افعال سے بڑھانا اقوال و افعال اپنے کا گویا بڑھانا ہی اللہ پر اسی لیے
فرمایا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ حاصل یہ کہ اے مومنو سبقت نکرو گفتار و کردار میں امر رسول علیہ السلام پر بسبب شرف و بزرگی رسول
کے اول نام پاک اپنا ذکر کیا جیسے کہ اور آیت میں فرمایا قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ اور مانند اسکے بہت جا وارد ہوا ہی یعنی جو کچھ
کرو اوسکے حکم سے کرو تمکو اجتہاد اوسوقت روا ہوگا کہ رسول تم میں نہو اور جب وہ تم میں موجود ہو تو پوچھ سکتے ہو اوس سے پس نچاہیے
اجتہاد کرنا اور اپنی رائے سے کار کرنا اور نزول اس آیت کا صحابہ کے حق میں ہی کہ رسول علیہ السلام عید الفطر کو صدقہ صبح کو دیتے پہلے
جانے سے نماز عید کو اور اسکا حکم فرماتے یاروں کو جیسے کہ فرمایا علیہ السلام اَغْنُوْھُمْ عَنِ الْمَسْئَلَۃِ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْیَوْمِ
یعنی صدقہ فطر کا دے کے بے پروا کرو لوگوں کو سوال کرنے سے ایسے دن میں جب یہ حکم سنا صحابہ نے تو بجا لائے اور جب عید اضحی آئی تو بعضے
یاروں نے اجتہاد کیا اور قربانی کو صدقہ فطر پر قیاس کر کر پہلے نماز عید سے قربانی کی تا جلدی فقیروں کو پہنچاویں خدا تعالی نے یہ آیت
بھیجی لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ آخر تک بعضوں نے اور بھی کچھ اسکی شان نزول لکھی ہی واللہ اعلم ۔ زاہدی ۔
تنبیہ ۔ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ ہر کام میں اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا کرے چنانچہ امام غزالی رحمہ اللہ نے اربعین
کی اصل دوسری میں کہ بیچ اتباع سنت کے لکھی ہی لکھتے ہیں کہ جاننا چاہیے کہ کنجی سعادت کی اتباع سنت ہی اور پیروی کرنی رسول خدا صلی اللہ علیہ
وسلم کی بیچ افعال و اقوال اور حرکات و سکنات اونکے کے یہاں تک کہ بیچ ہیئت کھانے اور پینے اور سونے اور اٹھنے اور بیٹھنے اور کلام
کرنے اونکے کے اور نہیں کہتا میں کہ یہ پیروی فقط عبادات ہی میں کرے اسلیے کہ نہیں کوئی وجہ چھوڑ دینے ان سنتوں کی جو وارد ہوئی ہیں
عادات میں بلکہ پیروی کرے عادت کے کاموں میں بھی کہ اسمیں حاصل ہوتی ہی مطلق پیروی فرمایا اللہ تعالی نے قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ
فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ یعنی کہہ اگر تم چاہتے ہو اللہ کو تو پیروی میری کرو تا چاہے تمکو اللہ پس اس سے مطلق پیروی کرنی ثابت ہوئی
اور فرمایا اللہ تعالی نے وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ
یعنی جو کچھ دیوے تمکو رسول پس لے لو اوسکو اور جس چیز سے منع کرے تمکو پس چھوڑ دو اور ڈرو اللہ سے یعنی اوسکے رسول کی مخالفت میں بتحقیق
اللہ سخت عذاب کرنے والا ہی پس تمکو لازم ہی کہ پہنے تو ازار کو بیٹھکر اور پگڑی باندھے تو کھڑے ہو کر اور شروع کرے تو داہنی طرف سے
جوتی پہنے میں اور کھاوے تو داہنے ہاتھ سے اور ترشے تو ناخن اپنے اور شروع کرے تو تراشنا داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے
اور تمام کرے تو اوسکے انگوٹھے پر اور پاؤں میں شروع کرے تو تراشنا داہنے پاؤں کی چھنگلیا سے اور تمام کرے تو بائیں پاؤں کی چھنگلیا پر
اور اسی طرح تمام اپنے حرکات و سکنات میں پیروی حضرت کی کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ اَبَدًا اَبَدًا
محمد بن اسلم کہ بڑے بزرگ ہیں نہیں کھاتے تھے بطیخ یعنی تربوز اسلیے کہ نہیں نقل کی گئی تھی نزدیک اونکے کیفیت کھانے رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کی اوسکو اور ایک بزرگ نے بھول کر بایاں موزہ پہلے پہنا اوسکے کفارے میں ایک کُر گیہوں کا صدقہ دیا پس نہیں لایق ہی

تجھکو کہ سستی کرے تو ایسے کامون مین اور کہے توکہ یہ اوس قبیل سے ہین جو متعلق بعادت ہین اور اسمین پیروی کرنے کے کیا معنی سو یہ بات
بندکر دیتی ہی تجھپر ایک بڑے دروازے کو سعادت کے دروازون مین سے ✤ ف ✤ روش آنحضرت صلعم کی خواہ بسبیل عبادت کے ہو یا عادت کے
اوسکی پیروی سے حسنات وبرکات حاصل ہوتے ہین اور دروازے سعادت کے کہلتے ہین یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ عادت کی پیروی سے کیا حاصل
اسلیے کہ اس سے سعادت دارین سے محروم رہتا ہی ✤ فصل ✤ شاید کہ تجھے خواہش ہو واقف ہونے کی اوس سبب پر جو رغبت دلاتا ہی پیروی
کی ان افعال مین اور تو بعید جانتا ہی یہ کہ ہووے اوسکے نیچے کوئی امر ضروری جو مقتضی ہی اس بڑی شدت کو مخالفت کرنے مین معلوم ہو کہ
تحقیق یہ بھید ہیچ ایک کے ان سنتون مین سے دراز ہین نہین اوٹھا سکتی یہ کتاب اونکی شرح کو لیکن لائق ہی تجھکو کہ سمجھے توکہ یہ منحصر ہی تین
قسمون مین اسرار سے ✤ ف ✤ حاصل یہ ہی کہ جب ہمنے بہت تاکید کی تجھکو آنحضرت صلعم کی پیروی کرنے کی عادات مین تو شاید تجھکو اسکی فکر ہو
کہ یہ اتنی تشدید اس باب مین کسلیے ہی اور فائدہ اسمین کیا ہی سو حاصل یہ ہی کہ ہر ہر سنت کے نیچے ان سنتون مین سے بہت راز ہین کہ جنکی
شرح دراز ہی پر تیری فہمایش کے لیے بطریق مثال کے ہم تین راز بیان کرتے ہین ✤ پہلا راز یہ ہی کہ ہمنے آگاہ کر دیا ہی تجھکو بہت جگہہ
اوس علاقے پر جو درمیان مُلک اور ملکوت اور درمیان اعضا اور دل کے ہی اور اوپر کیفیت اثر قبول کرنے دل کے اعضا کے عمل سے
اور دل مثال ایک آیینے کے ہی کہ نہین ظاہر ہوتین اوسمین حقیقتین حق کی مگر اوسکے صیقل اور روشن اور درست کرنے سے سو صیقل کرنا
اوسکا ساتھ دور کرنے ناپاکی شہوتون اور کدورت بُری عادتون کے ہی اور روشن کرنا اوسکا ساتھ نورون ذکر اور معرفت کے ہی اور
مقرر ہوئین ہین اوسکے لیے عبادتین خالص جب کہ ادا کرے تو پوری حرمت سے موافق حکم سنت کے اور درست کرنا اوسکا اس طرح
پر ہی کہ جاری ہون سب حرکتین اعضا کی اوپر قاعدہ عدل کے اسلیے کہ ہاتھ نہین پہونچتا ہی دل تک کہ قصد کیا جاوے اوسکے درست کرنے کا
پس پیدا ہو جاوے اوسمین ایک صورت ٹھیک صحیح کہ نہو کجی اوسمین پس نہین تصرف ہوتا ہی دل مین مگر بواسطہ درست کرنے اعضا کے
اور حرکتون اونکی کے اور اسی لیے ہوئی دنیا جگہہ کھیتی آخرت کی اور اسی لیے بڑی ہوتی ہی حسرت اوس شخص کی جو مر گیا پہلے درست
کرنے اعضا کے بسبب بند ہو جانے راہ تعدیل یعنی عمل درست کرنے کے موت سے جب کہ منقطع ہو گئے علاقے دل کے اعضا سے پس جس وقت کہ
ہونگی حرکتین اعضا کی بلکہ حرکتین خطرون کی وزن کی گئین ساتھ ترازوے عدل کے پیدا ہو گی دل مین ایک ہیئت درست و برابر کہ مستعد ہوگی
واسطے قبول کرنے حقیقتون کے اوپر صفت صحت و استقامت کے جیسے کہ مستعد ہوتا ہی آیینہ درست و اچھا واسطے دکھانے صورتون صحیحہ کے
بغیر کجی کے اور معنی عدل کے رکھنا چیزون کا ہی اپنے محل پر اور مثال اسکی یون ہی کہ تحقیق طرفین چار ہین اور خاص کر لی گئی اونمین سے
جہت قبلے کی ساتھ بزرگی کے پس عدل یہ ہی کہ مونہہ کرے تو اوسکی طرف وقت ذکر اور عبادت اور وضو کے اور پھیرے تو مونہہ کو اوسکی
طرف سے وقت پائخانہ پھرنے اور ستر کھولنے کے واسطے ظاہر کرنے بزرگی اوس چیز کے کہ جسکی بزرگی ظاہر ہوئی اور داہنے کو فضیلت ہی
بائین پر اکثر بسبب زیادتی قوت کے پس عدل بزرگی دینا اوسکا ہی بائین پر سو استعمال کر تو داہنے کو اچھے کامون مین مثل لینے قرآن
اور کھانے کے اور چھوڑ رکھ بائین کو استنجے اور چھونے ناپاکیون کے لیے اور ترشنا ناخن کا مثلاً پاک کرنا ہی ہاتھ کا سو وہ بزرگی ہی پس
لائق ہی کہ شروع کرے تو ساتھ فضل کے اور اگر نہین ٹھکانے ہوتی عقل تیری ساتھ معلوم کر لینے ترتیب اوسکی کے اور کیفیت شروع
کرنے اوسکی کے سو پیروی کر اسمین سنت کی اور شروع کر سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے اسلیے کہ ہاتھ فضل ہی پانون سے اور داہنا
افضل ہی بائین سے اور شہادت کی انگلی کہ جس سے اشارہ کرتے ہین کلمہ توحید مین افضل ہی سب انگلیون سے پھر بعد اسکے دور کرتا ہو انگلی
شہادت کی داہنی طرف سے تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ ہتھیلی کے لیے پشت ہی اوس جہت کو جو اوسکے مقابل ہی پس جس وقت کہ کرے تو
ہتیلی کو ہاتھ کی مونہہ کی طرف تو ہوگا داہنا انگلی شہادت کا بیچ کی انگلی سے پس ٹھہرا دونون ہاتھون کو سامنے مونہہ اونکے کے

مُلک عالم دنیا — ملکوت عالم آسمان

۵ — جیسے کہ حضرت نے فرمایا ہے الدنیا مزرعۃ الآخرۃ

اور تمہرا او نگلیون کو گویا کہ وہ اشمامس ہین بس پہیر تو سفر اس کو شہادت کی اونگلی سے یہان تک کہ تمام کر داہنی ہاتھ کے انگوٹھے پر
اسی طرح کیا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکمت اسمین وہی ہی جو ہمنے ذکر کی اور جب تو عادت کریگا رعایت عدل کو اسی طرح پر
بیچ تمام باریکیون حرکات کے تو ہو جاویگی عدالت اور صحت ایک ہیئت مضبوط تیرے دل مین اور برابر ہوگی صورت اوسکی اور اوسکے
سبب سے مستعد ہوگا تو واسطے قبول کرنے صورت سعادت کے اور اسی لیے فرمایا اللہ تعالی نے فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ
رُّوْحِیْ یعنی پھر جب ٹھیک بنا چکون آدم کو اور پھونکون اوسمین ایک اپنی جان پس روح اللہ پاک کی کنجی ہی سعادت کے دروازون
اور نہوا پھونکنا اوسکا مگر پیچھے تسویہ یعنی برابر کرنیکے اور معنی تسویہ کے پھرتے ہین تعدیل کی طرف نا اور اسکے سوا ہے اور بھید کہ دراز ہی
بیان اوسکا اور ہم نہین ارادہ کرتے مگر اشارہ کرنا اوسکی اصل کی طرف پس اگر تجکو طاقت نہین اوسکی حقیقت سمجھنے کی تو تجربہ یعنی آزمایش
نفع دیگی تجکو پس خیال کر کہ جسنے عادت ڈالی سچ کی کیسا سچا ہوتا ہی خواب اوسکا اکثر اسلیے کہ سچ نے پیدا کر دی اوسکے دل مین ایک
صورت سچی کہ پا لیتی ہی جھلک غیب کی سوتے مین اچھی طرح سے اور دیکھ کہ کیونکر جھوٹا ہوتا ہی خواب جھوٹے کا یہان تک کہ خواب شاعر کا
جسنے عادت ڈالی ہی جھوٹے خیالون کی سو کج ہو گئی اس سبب سے صورت اوسکے دل کی پس اگر ہی تیرا ارادہ کہ داخل ہو تو بارگاہ قدس مین
تو چھوڑدے ظاہر گناہ اور باطن کو اور چھوڑ دے فواحش کو یعنی بیحیائی کے کامون کو مثل زنا وغیرہ کے جو کھلے ہین اور جو چھپے ہین
اور چھوڑدے جھوٹ کو یہان تک کہ دل کی باتون مین بھی اور دوسرا راز یہ ہی کہ معلوم کرے تو اسبات کو کہ وہ چیزین جو اثر کرتی ہین
تیرے بدن مین بعضون کی تاثیر تو معلوم ہو جاتی ہی ساتھ ایک قسم کی مناسبت کے طرف گرمی اور سردی اور رطوبت اور یبوست کے مانند
اسکے یہ کہ شہد ضرر کرتا ہی گرم مزاج والے کو اور نفع کرتا ہی ٹھنڈے مزاج والے کو اور بعضی چیزین ایسی ہین کہ نہین معلوم ہوتین
قیاس سے اور اوسکو خواص کہتے ہین اور یہ خواص ایسے ہین کہ نہین معلوم ہوتے قیاس سے بلکہ معلوم ہوتے ہین وحی اور الہام یا تجربہ سے
پس مقناطیس کھینچتا ہی لوہے کو اور جمال گوٹے کھینچتا ہی خلط صفرا کو رگون کے اندر سے پس یہ کچھ قیاس سے نہین معلوم ہوا بلکہ بسبب خاصیت
کے کہ وہ معلوم ہوئی یا تو بسبب الہام کے یا تجربہ کے اور اکثر خواص پہچانے گئے ہین بسبب الہام کے اور اکثر تاثیرین دواؤن وغیرہ کی
قبیل خواص سے ہین پس اسی طرح جان تو کہ تاثیرات اعمال کی دل مین منقسم ہوتی ہین طرف اوسکے جو سمجھی جاتی ہی وجہ اوسکی مناسبت کی تیرے
علم کے ساتھ اس طرح پر کہ پیروی کرنی خواہشون نفس کی مضبوط کرتی ہی اوسکے علاقے کو ساتھ اس عالم کے پس نکلتا ہی دنیا سے اوندھے
سر کیے ہوئے اپنا مونہہ طرف اس جہان کی اسلیے کہ اسمین ہی محبوب اوسکا اور جیسے جانے تو کہ مداومت ذکر اسکی لازم کرتی ہی انس
ساتھ اللہ سبحانہ وتعالی کے اور واجب کرتی ہی محبت کو یہان تک کہ بڑی لذت حاصل ہوتی ہی وقت چھوڑنے دنیا کے اور جانے کے
اللہ عزوجل کے سامنے اسلیے کہ لذت بقدر محبت کے ہوتی ہی اور محبت بقدر معرفت اور ذکر کے اور بعضے اعمال وہ ہین کہ تاثیر کرتے ہین
بیچ مستعد ہونے کے واسطے سعادت آخرت کے یا شقاوت اوسکی کے ساتھ خاصیت کے کہ نہین معلوم ہوتی قیاس سے نہین واقفیت ہوتی
اوسپر مگر نور نبوت سے پس جب دیکھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ آپنے ایک مباح کو چھوڑ کر دوسرا مباح اختیار کیا ہی اور ترجیح دی ہی ایک
کو دوسرے پر باوجود قدرت رکھنے اونکی کے دونون پر تو جان لے کہ وہ مطلع ہوئے ہین نور نبوت سے اوپر ایک خاصیت کے کہ اوسمین ہی
اور کھل گیا ہی اونپر عالم ملکوت سے بھلا ہونا اوسکا جیسے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے لوگون اللہ عزوجل نے حکم کیا ہی مجکو
یہ کہ سکھاؤن تمکو وہ چیز کہ سکھائی ہی مجکو اور ادب دون مین تمکو جو ادب دیا مجکو کلام بہت نہ کرے کوئی تم مین سے وقت صحبت کرنے کے
اسلیے کہ اس سے لڑکا گونگا پیدا ہوتا ہی اور نہ دیکھے کوئی تم مین سے اپنی بیوی کے ستر کو وقت جماع کے اسلیے کہ اس سے اندھا ہوتا ہی
اور نہ بوسہ لیوے کوئی تم مین سے بیوی اپنی کا وقت جماع کے اسلیے کہ ہوتا ہی اوس سے فرزند بہرا اور بہت نہ دیکھا کرے کوئی تم مین سے طرف

باتی کے اسلیے کہ اس سے جاتی رہتی ہی عقل یہ مثال بیان کی ہمنے تا سمجھے آدمی امور دنیا پر امور آخرت کو پس پسند کرا سکو کہ تصدیق کرے تو اطبا کے قول کو بیچ بیان کرنے خواص اشیا کے اور نہ تصدیق کرے تو تمام بشر کے سردارون کے قول کو کہ وہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین بیچ اون چیزون کے کہ خبر دی ہی اونھون نے اور تو جانتا ہی ہی اس بات کو کہ اونکو کھل رہے ہین تمام اسرار عالم اعلی سے پس تعجب ہی کہ اونکا تو اتباع نکرے اون چیزون مین کہ اونھون نے خبر دی ہی اور راہ اور ونکے کہنے کو حق جانے اور عمل کرے اوسپر ✣ ف ✣ یعنی بڑا عجب ہی کہ آدمی طبیب وغیرہ کی امور دنیا مین تصدیق کرتا ہی اور جو کچھ وہ خواص اشیا وغیرہ کی بیان کرتا ہی اوسکو سچ جانتا ہی اور معتقدہ دین مین آنحضرت صلعم سے خبر دینے والے کی تصدیق نہین کرتا اور راہ او مین شک شبہہ نکالتا ہی حال آنکہ آنحضرت صلعم تمام جن و انسان کے سردار اور اشرف مخلوقات ہین اونکی تصدیق تو سب سے پہلے چاہیے ✣ اور تیسرا راز یہ ہی کہ سعادت انسان کی اسمین ہی کہ مشابہت پیدا کرے فرشتون کے ساتھ بیچ ترک کرنے شہوات کے اور توڑنے نفس کے کہ حکم کرتا ہی برائی کا اور دور ہو مشابہت چارپایون کے سے کہ کرتے ہین جو کچھ چاہتے ہین بلا مانع کے اور جب کہ عادت ہو انسان کو اپنے تمام امور مین یہ کہ کرے جو کچھ چاہے بلا مانع کے اور الفت ہو اتباع مراد اور خواہش نفس اپنے کی اور غالب ہو اوسکے دل پر صفت بہیمی تو مصلحت اوسکے لیے یہ ہی کہ ہو اپنی تمام حرکتون مین لگام دیا گیا ساتھ ایسی لگام کے کہ روکے اوسکو غیر راہ حق سے تو کہ نہ بھولے نفس اوسکا عبودیت کو اور لازم کرے راہ مستقیم کو پس ہوگا اثر عبودیت کا ظاہر اوسپر ہر حرکت مین اسلیے کہ نہین کرےگا کچھ موافق اپنی طبیعت کے بلکہ بحسب امر کے پس نہین جدا ہونے کا تمام احوال اپنے مین ریاضت سے ساتھ ترجیح دینے بعض امور کے بعض پر اور جسنے ڈالدی باگ اپنی کسی کے ہاتھ مین مثلا یہان تک کہ نہین ممکن چلنا پھرنا اوسکا اپنے جی سے بلکہ غیر کے حکم سے پس نفس اوسکا بہت مضبوط ہی اور طرف قبول کرنے ریاضت حقیقی کے بہت قریب ہی اوس شخص کی بنسبت کہ جسنے دے رکھی اپنی باگ ہاتھ مین خواہش نفس کے چھوڑ رکھا ہی اوسکو مثل چھوڑ رکھنے جانورون کے اور اسکے نیچے ایک بڑا بھید ہی پاک کرنے نفس کا حاصل یہ کہ فائدہ اسمین ہی کہ جو شارع نے مقرر کر دیا ہی اوسپر عمل کرے مختلی بالطبع نہو کہ جو نفس چاہے وہی کرنے لگے پس کفایت کرتی ہین تجکو یہ تینون تنبیہین اوپر لازم کرنے اتباع کے تمام حرکات وسکنات مین ✣ فصل ✣ یہ مضمون جو رغبت دلانے کے ذکر کیے ہمنے تو عادات مین ہین اوپر عبادات مین پس نہین پہچانتا ہون مین بلا عذر سنت کے چھوڑنے مین مگر کفر خفی یا حمق جلی بیان اسکا یہ ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فرمایا کہ فضیلت رکھتی ہی نماز جماعت کی اکیلے کی نماز پر ستائیس ۲۷ درجے تو کیونکر دلیری کریگا نفس مومن کا اوسکے ترک پر بغیر عذر کے ہان ہو سبب اسمین یا تو حمق یا غفلت اس طرح پر کہ نہ دھیان کرے اس تفاوت عظیم مین جو شخص کہ احمق جانے اوس شخص کو کہ اختیار کرے ایک کو دو پر پھر کیونکر نہین احمق جانیگا اپنے کو جب کہ اختیار کرے ایک کو ستائیس ۲۷ خصوصا اوس چیز مین کہ وہ ستون ہی دین کا اور کنجی ہی سعادت ابدی کی اور اسپر کفر وہ یہ ہی کہ گذرے اوسکے جی مین یہ بات کہ یہ ایسا نہین ہی یعنی جماعت مین اتنا ثواب جو بیان کیا نہین ہی اور سوا اسکے نہین کہ ذکر کیا اسکو واسطے رغبت لانے کے جماعت مین اور نہین تو کیا مناسبت ہی درمیان جماعت کے اور درمیان اس عدد مخصوص کے سبب عددون مین سے اور یہ کفر ہی چھپا ہوا کبھی آجاتا ہی اوسپر جی اور اوسکو جی والا نہین جانتا اور کیا بڑا احمق ہی وہ شخص جو تصدیق کرتا ہی نجومی اور طبیب کی اون کامون مین جو بہت بعید ہین اس سے بھی اور نہین تصدیق کرتا آنحضرت صلعم کی جو کھولنے والے بھیدون ملکوت کے ہین پس اگر نجومی کہے تجسے کہ جب گذر جائینگے ستائیس دن شروع تحویل طالع تیرے سے تو پہونچےگی تجکو کچھ سختی وآزار سو بچ اس دن سے اور بیٹھا رہ اپنے گھر مین اس ہمیشہ اس مدت مین ڈرتا رہیگا تو اور چھوڑ دیگا سب کام اپنے اور اگر کہا جاوے تجکو کہ یہ واہیات ہی سچ نہ جان اسکو تو نہین جائیگا ڈر تیرے دل سے اور تو

یعنی تاثیرات و خواص اشیا جو اوسپر بیان کیے ۱۲ منہ مدظلہ

لیگا کہ اللہ کے کامون مین عجائبات ہین کہ اونکے مناسبات نہین معلوم ہوتے اور شاید کہ ایسی خاصیتین ہون جو سمجھہ مین نہین آتین اور تونے پہچان لیا ہی تجربے سے کہ تحقیق یہ اثر کرتا ہی اگرچہ نہ معلوم ہو تجھے مناسبت پھر جب پھرا یہ امر طرف بہتر نبی کے غیب سے انکار کیا تونے اسکا اور طلب کی تونے مناسبت صریح پس نہین ہی اسکے لیے کوئی سبب مگر شرک چھپا ہوا بلکہ کفر کھلا ہوا اسلیے کہ نہین کوئی محل اوسکے لیے سوا اسکے اور سبب اس سستی کا یہ ہی کہ نہین غمگین کرتا تجکو امر آخرت تیری کا یعنی تجکو کچھہ آخرت کا اندیشہ نہین ہی پس امر تیری دنیا کا ہرگاہ کہ غمگین کرتا ہی تجکو احتیاط کرتا ہی تو اوسمین نجومی کے کہنے پر اور فال لینے پر اور اون کامون پر جو نہایت بعید ہین مناسبت سے اور تو فرمانبرداری کرتا ہی گمانون بعید کی اور اگر دھیان کرے تو تو تجکو معلوم ہو جاوے کہ یہ احتیاط انہ آخرت کے لیے ہی لائق تر ہی رعایت اسکی پس اگر کہے تو کس طرح کے کامون مین لائق ہی پیروی کرنی سنت کی سو مین کہتا ہون جس چیز مین وارد ہوئی سنت اور حدیثین اس باب مین بہت ہین فرمایا آنحضرت صلعم نے جو پچھنے لیگا دن ہفتے اور چہارشنبے کے ہو جاوے اوسکو بیماری برص کی سو نہ ملامت کرے مگر اپنے جی کو اور لیے پچھنے بعضے محدثین نے دن ہفتے کے اور کہا یہ حدیث ضعیف ہی سو ہو گئی اوسکو بیماری برص کی اور مشکل پڑی اوسپر پس دیکھا آنحضرت صلعم کو خواب مین اور شکایت کی اِن بیماری کی سو فرمایا آپنے کیون پچھنے لیے تونے بولا راوی ضعیف تھا فرمایا کیا نہین نقل کی تھی ہمسے یعنی آخر یہ منع ہمین سے تو اوسنے نقل کیا تھا ہم کیا وجہ تھی اوسکے نماننے کی پس بولا وہ کہ توبہ کی مینے ای رسول اللہ پس دعا کی آنحضرت صلعم نے آرام ہو جانے کی سو صبح کی اوسنے اس حال مین کہ جاتی رہی تھی بیماری اوسکی اور فرمایا آنحضرت صلعم نے جو پچھنے لگواوے مشکل کو جو ستروین مین ہو دوا ہی ایک سال کی بیماری کی اور فرمایا جسوقت کہ ٹوٹ جاوے تسمہ تمہاری جوتی کا تو نہ چلے ایک جوتی پہن کر یہان تک کہ درست کرے اوسکے تسمے کو اور فرمایا جسوقت کہ جنے عورت پس چاہیے کہ کھاوے سب سے پہلے رطب اور پھر اگر یہ میسر نا آوے تو تمر کو اسلیے کہ تحقیق اگر کوئی چیز بہتر ہوتی اس سے تو کھلاتا اللہ تعالیٰ اوسکو حضرت مریم علیہا السلام کے تئین جسوقت کہ جنا اونھون نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اور فرمایا جسوقت کہ لاوے کوئی تم مین کا شیرینی کو تو چاہیے کہ لے لے اوسمین سے اور جسوقت کہ لاوے خوشبو کو تو چاہیے کہ سونگھے اوسمین سے اور مثل ان چیزون کے عادات بہت ہین اور نہین کوئی حدیث اونمین سے خالی کسی بھید سے یعنی ہر ایک مین کچھہ بھید ہی

خاتمہ

ہی بیان مین ترتیب وظیفون کے جو راجع ہوتے ہین دس اصل پر جان یہ کہ عبادتین کہ جنکی تفصیل بیان کی ہمنے بعضے اونمین سے وہ ہین کہ ممکن ہی جمع کرنا درمیان اونکے جیسے روزہ اور نماز اور قراءت اور بعض اونمین سے وہ ہین کہ نہین ممکن ہی جمع کرنا درمیان اونکے مثل قراءت اور ذکر کے اور مثل مستعد ہونے کے واسطے حقوق پہنچانے لوگون کے اور نماز کے پس لائق ہی یہ کہ ہووے بات ضروری کامون تیرے سے تقسیم کرنا اپنے وقتون کا طرح طرح کی بھلائیون پر صبح سے لیکر شام تک یعنی ہر ہر وقت ہر ہر نیکی کے لیے مقرر ہو اور جانے تو کہ تحقیق مقصود عبادت سے مضبوط کرنا انس کا ہی ساتھہ ذکر اللہ کے واسطے رجوع کرنے کے طرف گھر ہمیشگی کے اور الگ ہونے کے غرور کے گھر سے یعنی دنیا سے اور نہین سعید ہوتا ہمیشگی کے گھر مین یعنی آخرت مین مگر وہ شخص جو آیا اللہ کے پاس اور وہ دوست رکھتا تھا اوسکو اور نہین ہوتا دوست اللہ کا مگر وہ شخص جو پہچانتا ہی اللہ کو اور بہت کرتا ہی اوسکی یاد اور نہین حاصل ہوتی معرفت اور دوستی مگر فکر و ذکر سے جو ہمیشہ ہو اور نہین ہوتا ہمیشہ ذکر دل مین مگر ساتھہ مذاکرات کے اور یہ عبادتین ہین جنھونے گھیر لیا ہی وقتون کو نوبت بنوبت اور اونکے اقسام کے مختلف ہونے کو زیادہ تاثیر ہی ذکر مین اور نہ ہونے ملال مین اور نہ ساقط ہو جانے مین اوسکے اثر کے دل سے ساتھہ اوس ہمیشگی کے جو منتہی ہو سے عادت کی طرف ہان اگر ہو تو جانے والا اللہ کی ذات مین اور مستغرق اوسمین نہین حاجت تجکو ترتیب وظیفون کی بلکہ تیرا وظیفہ ایک ہی ہی اور وہ ہمیشہ کرنا ذکر کا ہی اور مین نہین گمان کرتا تجکو کہ ہووے تو ایسا پس تحقیق یہ باتین بہت نادرات سے ہین پس جبکہ نہو تو فریفتہ اور شیفتہ

تب لازم ہی تجکو یہ کہ ترتیب دے تو اپنے وظیفون کو بس ایک وظیفہ ہی جسوقت سے کہ جاگے تو اپنی نیند سے آفتاب کے نکلنے تک اور لائق ہی کہ جمع کرے تو اس وقت بزرگ مین بعد فراغ کے نماز سے درمیان ذکر اور دعا کے اور قرات اور فکر کے اسلیے کہ ہر ایک کو انمین سے اثر ہی دل کے روشن کرنے مین اور معلوم کر تو اسکی کیفیت اور تفصیل کتاب بدایۃ الہدایہ سے اور کتاب ترتیب الاوراد سے جو منجملہ کتب احیاء العلوم سے ہی اور اسی طرح معمور کرے تو درمیان طلوع آفتاب اور زوال کے اور درمیان زوال اور غروب کے اور درمیان مغرب اور عشا کے پس یہ بہتر اوقات سے ہین اسلیے کہ خوشی ہووے اسکے نہین کہ زیادہ ہوتی ہی ساتھ تمیز کرنے وظیفے ہر وقت کے تاکہ ہووے ہر وقت مین ایک عبادت دوسری کو منتقل ہو بعض اوسکی سے طرف بعض کے اور یہ اوسوقت ہی جب کہ ہو تو عابدون مین سے اور اگر ہی تو معلم یا متعلم یا والی تو مشغول ہونا ساتھ انکے روشنی مین دل کی افضل ہی عبادتون بدنی سے بلکہ اصل دین مین علم دینی ہی ہی کہ جس سے حاصل ہوتی ہی بڑائی اللہ کے حکم کی اور وہ نفع جو صادر ہوتا ہی مہربانی کی راہ سے خلق اللہ پر اور ایسے ہی اگر ہی تو صاحب عیال پیشے والا تو قیام کرنا ساتھ حقوق عیال کے ساتھ کسب حلال کے افضل ہی عبادت بدنی سے لیکن تجکو ان سب حالتون مین نہین لائق ہی کہ جدا ہووے تو اللہ کی یاد سے بلکہ ہو تو مانند عاشق کے ساتھ معشوق اپنے کے مشغول حسب شغل مین کہ ہو تو بنا بر ضرورت وقت کے پس وہ کام کرتا ہی بدن سے اور غائب ہی اپنے کام حاضر ہی اپنے دل سے ساتھ معشوق اپنے کے منقول ہی ابی الحسن خرقانی سے کہ وہ بنایا کرتے تھے مسحاۃ اور کہتے تھے ہم دیے گئے ہین ہاتھ اور زبان اور دل سو ہاتھ واسطے کام کے ہی اور زبان واسطے لوگون کے اور دل واسطے حق تعالی کے ✤ **ف** ✤ اعلی درجہ وظیفون مین یہ ہی کہ دل سے مشغول اللہ کر رہو اگرچہ ظاہر مین کچھ کام کاج کرتا ہو اسیلیے کہا ہی کسی بزرگ نے دل بیار و دست بکار تمام ہوا کلام امام غزالی رحمہ اللہ کا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ ○

اے مسلمانون بلند نکرو آوازین اپنی اوپر آواز پیغمبر کے اور بلند نکہو ساتھ اوسکے بات مانند بلند کہنے بعض تمہارے کے ساتھ بعض کے واسطے بچنے کے اس سے کہ نابود ہون عمل تمہارے اور تم خبردار نہو ✤ **ف** ✤ اے ایمان والون اونچی نکرو اپنی آوازین نبی کی آواز سے اوپر اور اوس سے نہ بولو کہک کر جیسے کہکتے ہو ایک دوسرے پر کہین اکارت نہو جاوین تمہارے کیے اور تمکو خبر نہو ✤ **تفسیر** ✤ اس سورت مین حق تعالی نے آداب سکہائے رسول کے اور آپس کے ایک ادب یہ ہی کہ مجلس مین شور نکرو کہ حضرت کی بات سنی نہ پڑے دوسرے یہ کہ خطاب کرو ادب سے کہک کر نہ بولو ✤ **موضح** ✤ پہلی آیت مین حکم تہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کا کہ اونکے حکم سے بڑھو نہین اور اس آیت مین حکم ہی کہ وقت کلام کرنے کے آنحضرت کی آواز سے آواز بلند نکرو پس فرمایا کہ نہ بلند کرو آوازین اپنی الخ یعنی جسوقت کہ بولے نبی اور بولو تم تو لازم کرو اپنے پر یہ کہ نہ بڑھاؤ اپنی آوازین نبی کی آواز سے بلکہ پست کرو اونکی آواز سے اس طرح کہ ہو کلام اونکا بلند تمہارے کلام اور جہر اونکا ظاہر تمہارے جہر پر یہانتک کہ ہو آواز اونکی واضح اور مرتبہ تمہارا اور بلند نکہو بات الخ یعنی جب کہ کلام کرو تم اوس سے اس حال مین کہ وہ چپکا ہو تو بچاؤ اپنے تئین تم شانئے اوس چیز کے سے کہ منع کیے گئے ہو تم کہ وہ بلند کرنا آواز کا ہی بلکہ لازم کرو اپنے پر یہ کہ نہ پہنچاؤ اوس پکارنے کو کہ معمولی ہی درمیان تمہارے اور یہ کہ قصد کرو تم اوسکے خطاب کرنے مین قول نرم کو کہ قریب ہی چپکے سے جو کہ ضد ہی جہر کا اور نہ کہو اوسکے لیے یا محمد یا احمد بلکہ خطاب کرو اوس سے یا نبی کر اور تعظیم و توقیر سے اور جب کہ اوتری یہ آیت تو نہین کلام کرتے تھے نبی علیہ السلام سے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مگر چپکے سے اور ابن عباس سے ہی کہ نازل ہوئی یہ آیت ثابت بن قیس بن شماس کے حق مین کہ انکے کان مین گرانی تھی اور آواز اونکی بڑی تھی اور جب کلام کرتے تھے تو پکار کر کرتے تھے اور بعض اوقات حضرت سے جو کلام کرتے تھے تو آپ ایذا پاتے تھے اونکی آواز سے اور کاف تشبیہ کا بیچ محل نصب کے ہی یعنی لا تجہروا لہ جہرا مثل جہر

بعضکم لبعض اور اس سے معلوم ہوا کہ نہین منع کیے گئے صحابہ مطلق پکار کر بولنے سے کہ گنجایش ہی نہو اونکو پکار کر کلام کرنیکی جب کلام کرین جیسے ہی سے کرین بلکہ منع کیے گئے پکارنے مخصوص سے یعنی اوس پکار کر بولنے سے کہ جسکی عادت رکھتے تھے آپسمین حاصل یہ کہ ایسا کلام پکار کر نکرین کہ جسمین رعایت بزرگی نبوت کی نہو + **ناھدی مل** + یعنی پیغمبر کے آگے باادب ہو اور تعظیم اوسکی بجا لاؤ اور اوسکے حضور مین باادب اور آواز نرم سے بات کرو اور اوسکو آواز بلند سے نہ پکارو اور نام و کنیت کے ساتھ اوسکو نہ پکارو بلکہ کہو یا رسول اللہ یا نبی اللہ اور اگر برخلاف اس امر کے کروگے تو عمل تمہارے نابود ہو جاوینگے عبد اللہ بن زبیر روایت کرتے ہین کہ قافلہ بنی تمیم کا پیغمبر علیہ السلام کے پاس آیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ امیر کرو قعقاع بن معبد بن زرارہ کو اور عمر رضی اللہ عنہ نے کہا نہ بلکہ امیر کرو اقرع بن حابس کو اور اس امر مین دونون نے آپسمین نزاع کی حتی کہ آوازا اونکی بلند ہوئی یہ آیت آئی اور ایک روایت مین یہ شان نزول دونون آیتون اول سورت کی مذکور ہی + **بحر** +

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

تحقیق وہ لوگ کہ پست کرتے ہین آوازین اپنی نزدیک پیغمبر خدا کے وہ جماعت وہ ہین کہ آزمایا ہی خدا نے اونکے دلون کو واسطے تقوی کے اونکے لیے بخشش ہی اور مزدوری بڑی + **فتح** + جو لوگ دبی آواز بولتے ہین رسول اللہ کے پاس وہی ہین جنکے دل جانچے ہین اللہ نے ادب کے واسطے اونکو معافی ہی اور نیگ بڑا + **موضح تفسین** + مسلم وغیرہ کی حدیث مین آیا ہی کہ جب آیت پہلی اوتری تو ثابت بن قیس اپنے گھر مین بیٹھ رہے اور کہا کہ مین اہل دوزخ سے ہوا جب کتنے ایک دن آنحضرت علیہ السلام کی خدمت مین نہ آئے تو آنحضرت نے احوال اوسکا سعد بن معاذ سے پوچھا سعد نے ثابت سے کہا کہ رسول خدا تجکو یاد فرماتے ہین ثابت نے کہا کہ آیت لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ اوتری اور تم جانتے ہو کہ مین بلند آواز ہون اور پیغمبر کے آگے آواز بلند کر کر بات کرتا ہون مین پس دوزخی ہوا مین سعد نے حال اونکا پیغمبر صاحب سے ظاہر کیا آپنے فرمایا نہ بلکہ وہ اہل جنت سے ہی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ رسول خدا علیہ السلام نے فرمایا اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَعِيْشَ حَمِيْدًا اَوْ تُقْتَلَ شَهِيْدًا وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ ثابت نے کہا رَضِيْتُ بِبُشْرَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَا اَرْفَعُ صَوْتِيْ اَبَدًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یہ آیت اوتری اور روایت کیا گیا ہی کہ ثابت مذکور بیچ جنگ مسیلمہ کذاب کے شہید ہوئے جیسے کہ رسول خدا سے بشارت پائی تھی اور ایک شخص نے بعد وفات ثابت کے ثابت کو خواب مین دیکھا کہا فلانے شخص نے زرہ میری بعد مرنے میرے کے میرے بدن سے نکال کر لے لی ہی اور لشکر کے ایک جانب مین ہی اور میری زرہ پر ہانڈی رکھی ہی خالد کے پاس کہ وہ سردار لشکر کا ہی جا اور اوس سے کہہ کہ زرہ میری اوس سے لے کر رسول خدا کے خلیفہ کے پاس کہ ابوبکر ہین پونہچاوے اور کہے کہ مجپر فلانے شخص کا کچھ قرض ہی اوسکو ادا کرین اور فلانا غلام میرا آزاد ہی پس اوس شخص نے یہ خواب خالد سے کہا اور خالد زرہ ثابت کی اوسکے لینے والے سے لایا اور ابوبکر کے آگے رکھی اور ابوبکر نے موافق وصیت ثابت کے عمل کیا اور امام مالک نے کہا کہ نہین جانتے ہین ہم کہ وصیت مرے کی جائز ہوئی ہو مگر یہ اور ایک روایت مین ہی ابوبکر اور ایک دوسری روایت مین عمر بعد اوترنے آیت لَا تَرْفَعُوْا کے ایسا کلام آہستہ پیغمبر کے سامنے کرتے تھے کہ بے استفسار کے معلوم نہین ہوتا تھا تب آیت اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ الخ نازل ہوئی + **مسئلہ** + کہا صاحب مواہب لدنیہ نے اپنی کتاب کے چھٹے مقصد مین بعد لانے اِن آیات سابقہ کے کہ بلند کرنا آواز کا اوپر آواز نبی علیہ السلام کے موجب ہی حبط ہونے اعمال کا پس کیا ہی ظن اوسپر کہ بلند کرے اپنی عقلون اور فکرون کو اونکی سنت و شریعت پر پس ادب حضرت کا مقتضی اسکو ہی کہ مشکل سمجھے نے حضرت کے قول کو

بلکہ مشکل جانے عقلون کو آگے قول حضرت کے اور مقابل نکرے اونکی نص کے قیاس کو بلکہ ستیا کرے قیاسون کو اور رہے اونکے نصوص کو
اور نہ منحرف ہو اونکے کلام سے بسبب خیال کے کوئی مخالف کہ جسکو معقولی کہتے ہین بلکہ وہ مجہول ہی اور صواب سے معزول اور نہ موقوف
رکھے اونکی شریعت کے قبول کو کسیکی موافقت پر پس یہ سب بسبب قلت ادب کے ہی بنسبت اونکے اور بڑی ہی جرأت ہی اور بڑا ادب بنسبت اونکے
یہ ہی کہ دل سے مانے اونکو اور فرمانبردار رہے اونکے حکم کا اور پڑے اونکے قول کو ساتھ قبول و تصدیق کے نہ یہ کہ معارض جانے اونکے قول کو اپنے خیال
باطل سے اور کہے اپنے کو معقولی یا نام رکھے اوس خیال کا شبہہ یا شک اور نہ یہ کہ مقدم کرے اونکے فرمانے پر لوگون کی عقلون کو اور
اونکے ذہنون کے واہمیات کو پس توحید کرے تحکیم اور تسلیم اور انقیاد اور اذعان کی جیسے کہ توحید کرتا ہی اونکے بھیجنے والے کی یعنی
اسکی عبادت اور خضوع اور انابت اور توکل کی یعنی نرا آنحضرت صلعم ہی کو حاکم اپنا جانے اور اونھین کی فرمانبرداری کرے جیسے
نری کرتا ہی عبادت اور جھکنا اور رجوع اور توکل اللہ تعالی کا پس یہ دونون توحیدین ہین کہ نہین نجات بندے کو اللہ کے عذاب سے
بدون انکے یعنی ایک توحید مرسل یعنی اللہ تعالی کی اور ایک توحید متابعت رسول کی پس نہ حکم بنائے غیر اوسکے کو اور نہ راضی ہو
ساتھ حکم غیر اوسکے کے انتہی ملخصا من مدارج السالکین اور رسول علیہ السلام نے فرمایا لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی
یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ + یعنی مومن نہین ہوگا کوئی تم مین سے یہان تک کہ ہو خواہش اوسکی تابع اوس چیز کے کہ لایا مین
اوسکو + اور حق تعالی نے بھی نفی کی ہی اوسکے ایمان کی کہ رسول کے حکم سے دل مین تنگی پاوے جیسا کہ فرمایا فَلَا وَرَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ
حَتّٰی یُحَکِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا +
یعنی قسم ہی تیرے رب کی مومن نہین ہونگے لوگ یہان تک کہ حکم بناوین تجکو آپسکے تنازع مین پھر نہ پاوین اپنے نفسون مین تنگی اوس حکم سے
کہ جاری کرے تو اور جی جان سے مان لین مان لینے کر + اور جبکہ ہوا بلند کرنا آواز کا آنحضرت کی آواز پر حبط کرنے والا اعمال کا اور پانا تنگی کا
رسول کے حکم سے بے ایمانی تقدم کرنا عقل کا اونکے قول و فعل پر بوجہ اولی مانند اوسکی کے ہوگا ہر مومن کو اجتناب اوس سے واجب ہی +

بحر العلوم + اِمْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی کے معنی یہ ہین کہ خالص کیا اللہ تعالی نے اونکے دلون کو تقوی کے لیے اور عمر رضی اللہ
تعالی عنہ سے یہ معنی منقول ہین کہ دور کردین اللہ تعالی نے شہوات اونکے دلون سے اور کہا ہی بعضون نے کہ اوتری یہ آیت شیخین رضی اللہ عنہما کے
حق مین جب کہ وہ چپکے سے بولنے لگے یعنی بعد اوترنے اوپر کی آیت کے + **ف** + کہا محمد بن ثابت بن قیس نے کہ جب اوتری یہ آیت لَا تَرْفَعُوْا
اَصْوَاتَكُمْ الخ ثابت راہ مین بیٹھکر رونے لگے پس گذرے اونپر عاصم بن عدی بن عجلان اور کہا کہ کیون روتا ہی تو اے ثابت کہا ڈرتا
ہون کہ یہ آیت میرے ہی حق مین اوتری ہو اس حال مین کہ میری آواز بڑی ہی پس گئے عاصم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی
آپ کو اسکی پس فرمایا آپ نے کہ جا اور بلا لا ثابت کو میرے پاس پھر آئے ثابت پس فرمایا حضرت نے کہ کیون روتا ہی تو اے ثابت پس کہا اونھون
نے کہ آواز میری بڑی ہی اور ڈرتا ہون مین کہ یہ آیت اوتری ہو میرے حق مین پس فرمایا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا نہین راضی ہی
تو اس سے کہ جیتا رہے تو تعریف کیا گیا یا قتل کیا جاوے تو شہید یا داخل ہووے تو جنت مین کہا اونھون نے کہ راضی ہوا مین اور نہین بلند
کرونگا آواز کبھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر پس اوتری یہ آیت اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ الخ اور روایت
مین ہی کہ ثابت بن قیس نے کہا یا رسول اللہ مین ڈرتا ہون اس سے کہ ہلاک ہون مین فرمایا کیون عرض کیا ثابت نے کہ منع فرماتا ہی اللہ آدمی کو
اس سے کہ تعریف کیا جاوے ساتھ اوس عمل کے کہ نہین کیا ہی اور مین اپنے کو پاتا ہون کہ دوست رکھتا ہون تعریف کو اور منع فرماتا ہی
اللہ تعالی خیلا یعنی اترانے سے اور پاتا ہون مین اپنے کو کہ دوست رکھتا ہون جمال کو اور منع فرماتا ہی اللہ اس سے کہ بلند کیجاوین آوازین بہ نسبت آپ کی
آواز کے اور مین بلند آواز والا ہون پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے ثابت کیا نہین راضی ہی تو اس سے کہ جیتا رہے تو

تعریف کیا گیا اور قتل کیا جاوے تو شہید یا داخل ہووے تو بہشت میں **درمنثور**

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

تحقیق وہ لوگ کہ آواز دیتے ہین تجکو حجروں کے پیچھے سے اکثر اونکے سمجھتے نہین **ف** جو لوگ پکارتے ہین تجکو دیوار کے باہر سے وہ اکثر عقل نہین رکھتے **تفسیر** بنی تمیم آئے ملنے کو حضرت گھر مین تھے باہر سے لگے پکارنے چاہیے تھا کہ آدمی کی زبانی خبر کرتے **مو** پہلی آیت تعظیم کے نفع کے بیان مین تھی اور یہ آیت تعظیم کے ترک کرنے کے ضرر کے بیان مین ہی سمجھتے نہین یعنی ادب تیرا اور بے عقل ہین اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ پیغمبر علیہ السلام نے ایک لشکر قوم بنی العنبر پر بھیجا اور عیینہ بن حصن فزاری کو اوس لشکر پر امیر کیا اوس قوم نے آنا انکا سنکر اپنے گھروں سے بھاگ گئے عیینہ نے وہان جاکر عیال و اولاد اوس قوم کی قید کرکر پیغمبر خدا کے پاس لے آئے بعد اوسکے مرد اوس قوم کے واسطے آزاد کروانے عیال و اولاد اپنی کے مدینے مین آئے وقت دوپہر کا تھا اور رسول علیہ السلام قیلولے مین تھے جب اونکی اولاد نے اپنے باپوں کو دیکھا تو رونے اور چیخنے چلانے لگے اور اونکے مردوں نے چاہا کہ جلدی آنحضرت حجرے سے باہر تشریف لاوین اور بے صبری سے آواز بلند سے پکارنے لگے کہ ای محمد ہمارے پاس آو یہان تک کہ آنحضرت کو بیدار کیا اور آپ آنکھین ملتے ہوئے اونکے پاس تشریف لائے اونھون نے کہا کہ ہمسے فدیہ لے اور ہمارے عیال کو چھوڑ دے آنحضرت صلعم نے حکم الہی سے ایک شخص کو اونمین سے درمیان اپنے اور درمیان اونکے حکم مقرر کیا اوسنے فیصلہ کیا کہ آدھے قیدیوں سے فدیہ لین اور آدھوں کو بغیر فدیے کے آزاد کرین رسول علیہ السلام نے ایسا ہی کیا یہ آیت اوتری اور نام حکم کا اعور تھا اور اور اقوال بھی اس آیت کی شان نزول مین نقل کیے گئے ہین حاصل سبھوں کا یہی منع کرنا ہی پکارنے سے ساتھ نام پیغمبر کے کہ بے ادبی ہی بلکہ مومنوں کو چاہیے کہ تعظیم اونکی ملحوظ رکھین اور ساتھ خطاب یا رسول اللہ اور مانند اسکے کے مخاطب کرین اور واسطے نکلنے کے گھر سے اونکے تحکم نکرین بلکہ منتظر رہین تاکہ وہ آپ نکلین پاس ادب اسیمین ہی جیساکہ فرمایا وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا الخ **بحر** اوتری ہی یہ سورت بنی تمیم کی جماعت کے حق مین کہ آئے وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وقت دوپہر کے اس حال مین کہ آپ آرام فرماتے تھے اور اونمین اقرع بن حابس اور عیینہ بن حصن بھی تھے اور پکارا اونھون نے نبی علیہ السلام کو اونکے حجروں کے پیچھے سے اور کہا نکل طرف ہمارے ای محمد پس تحقیق مدح کرنی ہماری زینت ہی اور مذمت کرنی ہماری شین ہی عیب پس بیدار ہوئے حضرت اور نکلے اور مراد حجروں سے آنحضرت کی بیبیوں کے حجرے ہین کہ ہر ایک بیبی کے پاس ایک ایک حجرہ تھا اور پکارنا اونکا حجروں کے پیچھے سے شاید کہ اس طرح ہو کہ وہ متفرق ہوئے ہوان حجروں کے پیچھے تلاش کرتے ہوں حضرت کو یا پکارا ہو اونھون نے حضرت کو اوس حجرے کے پیچھے سے کہ تھے حضرت اوسمین لیکن اوسکو ساتھ لفظ جمع کے یعنی حجرات کہا واسطے تعظیم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور فعل یعنی پکارنا اگرچہ منسوب ہی سبکی طرف لیکن جائز ہی یہ کہ پکارا ہو بعض اونکے نے اور ہوں باقی راضی اوسپر پس گویا کہ سبنے پکارا اور اکثر اونکے الخ احتمال ہی یہ کہ بعضے اونمین سمجھدار بھی ہوں اور احتمال یہ بھی ہی کہ مراد اکثر سے سب ہوں کہ سب ناسمجھ ہین اور اس آیت مین طرح بطرح کی بزرگیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مذکور ہوئین ایک تو یہ کہ جنھوں نے حضرت کو بے ادبی سے پکارا اونکو اللہ تعالی نے بے وقوف فرمایا اور دوسرے یہ کہ حضرت کے قیلولہ اور آرام کرنے کی جگہ کو بیبیوں کے ساتھ حجرات فرمایا از راہ تعظیم کے اور اگر تامل کرے کوئی تامل کرنے والا اول سورت سے آخر اس آیت تک تو پاویگا ایسا ہی یعنی حضرت کی بزرگیوں سے بھرا ہوا پس تامل کر کہ اول ہی سورت مین واجب کر دی یہ بات کہ جو امور منسوب ہین اللہ رسول کی طرف وہ مقدم ہوں تمام امور پر بلا قید پھر اسکے بعد منع کیا اوس چیز سے کہ وہ جنس تقدیم سے ہی یعنی بلند کرنا آواز کا اور پکارنا پھر تعریف کی پست آواز کرنے والوں کی آگے حضرت کے تاکہ دلالت کرے حضرت کی بڑائی قدر پر اللہ تعالی کے نزدیک پھر ہجو کی اونکی کہ جنھوں نے حضرت کو حجروں کے پیچھے سے پکارا جیسے پکارتے ہین ادنی آدمیونکو

تاکہ معلوم ہو جاوے لوگون کو کہ بہت بڑی بات پر اونھون نے دلیری کی اسلیے کہ جبکی اللہ نے ایسی قدر بلند کی کہ کوئی اوسکی آواز پر آواز نہ بلند کرے تو حجرون کے پیچھے سے اوسکو پکارنا بے ادبی سے بطریق اولی بہت برا ہوگا + ف روایت کی سعد نے اور بخاری نے کتاب ادب مین اور ابن ابی دنیا نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین حسن سے کہ کہا تھا مین داخل ہوتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کے گھرون مین حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خلافت مین پس چھولیتا تھا مین اونکی چھتون کو ہاتھ سے اور روایت کی داؤد بن قیس نے کہ دیکھے مینے حجرے یعنی حضرت کی بیویون کے کھجور کی ٹہنیون کے اور اونکے دروازون پر پردے تھے کالے بالون کے ٹاٹ کے اور گمان کرتا ہون عرض گھر کا حجرے کے دروازے سے گھر کے دروازے تک قریب چھ یا سات ہاتھ کے اور گھیر اگیا تھا گھر اندر سے دس ہاتھ اور روایت کی ابن سعد نے عطاے خراسانی سے کہ کہا پائے مینے حجرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کے کھجور کی ٹہنیون سے دروازون پر اونکے ٹاٹ تھے کالے بالون کے پس حاضر ہوا مین وقت آنے ولید بن عبد الملک کے حکمنامے کے پس پڑھا گیا وہ حکم تھا اوسمین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویون کے حجرون کے داخل کرنے کا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد مین پس نہین دیکھے مینے کسی دن لوگ بہت روتے اوس دن کے برابر پس سنا مینے سعید بن المسیب کو کہتے اوس دن قسم خدا کی چاہتا ہون مین کہ چھوڑین لوگ حجرون کو بحال خود پیدا ہونگے لوگ اہل مدینہ سے اور آوینگے لوگ جوانب و اطراف سے پس دیکھین وہ اوس چیز کو کہ اکتفا کیا اوسپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات مین پس ہوئے لوگ بے رغبت مال بہت جمع کرنے سے اور آپسمین فخر کرنے سے مکانات کے بنانے مین اور کہا اوس دن ابو امامہ بن سہل بن حنیف نے کاشکے حجرے بحال خود چھوڑے جاوین اور ڈھائے نجاوین تاکہ لوگ اونچے مکان نہ بناوین اور دیکھین اوس چیز کو کہ پسند کی اللہ تعالی نے اپنے نبی کے لیے حال انکہ کنجیان زمین کے خزانون کی اوسکے ہاتھ مین تھین **منہ**

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّىٰ تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○

اور اگر وہ صبر کرتے تا وقتیکہ باہر آئے تو طرف اونکے بہتر ہوتا اونکے لیے اور خدا بخشنے والا مہربان ہی + **مترجم** کہتا ہی یعنی حضرت شاہ ولی اللہ کہ یہ تعریض ہی ایک قوم کے حال پر بنی تمیم سے کہ واسطے ایک مہم کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور جب مسجد مین نپایا اور نہ جانتے تھے کہ کس حجرے مین تشریف رکھتے ہین نزدیک حجرون کے آواز بلند سے پکارنا شروع کیا واللہ اعلم + **فتح** + اور اگر وہ صبر کرتے جب تک تو نکلتا اونکی طرف تو اونکو بہتر تھا اور اللہ بخشتا ہی مہربان + **موضح** + **تفسین** + صبر کے معنی ہین روکنا نفس کا خواہش نفسانی سے فرمایا اللہ تعالی نے وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ + یعنی ٹھہرا رکھ اپنے نفس کو ان لوگون کے ساتھ کہ پکارتے ہین اپنے رب کو + اور کہا بعضون نے اَلصَّبْرُ مُرٌّ لَا يَتَجَرَّعُهُ اِلَّا حُرٌّ + یعنی صبر کڑوا ہی نہین پیتا اوسکو مگر آزاد یعنی حاصل کرنا اوسکا اچھے ہی لوگون کا کام ہی اور بہتر یہ ہوتا کہ تمام قیدیون کو بے فدیہ کے چھوڑ دیتے تم اگر بے ادبی بیچ جلدی نکلنے تمہارے کے نکرتے غفور رحیم بڑی ہی مغفرت والا اور رحمت والا ہی پس ہرگز نہین تنگ ہوگی مغفرت و رحمت اوسکی اگر توبہ و رجوع کرینگے اوسکی طرف + **ف** **تنبیہ** + غور کرنا چاہیے ان آیتون مین کہ حضرت کی سنت کو چھوڑ کر اپنے باپ دادی رسمون کو پکڑنا کہان جائز رہا اسنے تو صریح یہی نکلتا ہی کہ سبکی رسمین چھوڑے اور حضرت کی سنت کو پکڑے اور حضرت کی تعظیم ظاہر و باطن مین سبکی تعظیم پر غالب کرے خصوصا جو رسمین کفر کی شادی غمی مین برتی جاتی ہین تلاش کر کر اونکو ترک کرے تا اُدْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً یعنی داخل ہو و اسلام مین پورے پر عمل ہو اور منجملہ اَبْغَضُ النَّاسِ جو حضرت نے مُبْتَغٍ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ یعنی ڈھونڈھنے والا اسلام مین طریقہ کفار کو فرمایا ہی اوس سے بری ہو اور حضرت کے مکانون کا حال دیکھکر اکتفا کرے مکان ضروری پر چنانچہ شرح شرعة الاسلام مین لکھا ہی کہ سنت مکان کے بنانے مین یہ ہی کہ بقدر کفایت کے ہو اور وہ یہ ہی کہ چھ ہاتھ کی قدر بلند ہو

اورطول وعرض مین بقدر اپنی حاجت کے ہو پس جو کوئی اس سے زیادہ بناوے آدیگا روز قیامت کے اوٹھائے ہوئے اوسکو یعنی بلند
وباعث حساب کا ہوگا اور وقت بنانے کے نیت کرے یہکہ عبادت کرونگا اللہ تعالی کی اسمین اور بچونگا گرمی اور سردی سے اور نہ خرچ کر
مکان بنانے مین مال کثیر نہین خیر ہی اوس مال مین کہ خرچ کیا جاوے پانی اور مٹی مین یعنی تعمیر مکان مین اسلیے کہ یہ اسراف ہی مال او روکہین
کہا محمد بن سماک نے ہارون رشید سے جب کہ دیکھا مکان بلند اوسکا رَفَعْتَ الطِّيْنَ وَخَفَضْتَ الدِّيْنَ یعنی بلند کیا تونے
مٹی کو اور پست کیا تونے دین کو اگر ہی یہ بنا تیرے مال سے تو تو مسرفین سے ہی وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ یعنی اور اللہ
دوست نہین رکھتا مسرفین کو اور اگر بنا ہی یہ مال غیر تیرے کے سے تو تو ظالمین سے ہی وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ اور منقول ہی
کہ ایک بادشاہ نے بنایا ایک مکان اور ضیافت کی لوگون کی اوسمین آتے تھے لوگ اوسکے پاس جماعت جماعت اور وہ پوچھتا تھا
اونسے کہ کیون کیسا بنا ہی یہ مکان اور کیا خوب بنا ہی اور آیا اسمین کچھ عیب ہی یا نہین اور لوگ کہتے تھے کہ کچھ عیب نہین ہی اسمین
یہان تک کہ داخل ہوئے دو عابد ایک دن پس اونسے بھی بادشاہ نے یہی پوچھا اونھونے کہا کہ بڑا عیب عیبون کا یہ ہی کہ خراب ہوگا یہ
مکان اور مرجاوینگے رہنے والے اسکے یعنی فانی چیز پر کیا نازان ہوتا ہی تو پاک پروردگار فرماتا ہی مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
بَاقٍ یعنی جو کچھ کہ تمہارے پاس ہی فانی ہی اور جو کچھ کہ اللہ کے پاس ہی باقی ہی انتہی اور یہی مضمون حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان شعرون
مین فرمایا ہی **قطعہ** الا یا ساکن القصر المعلّی + ستدفن عن قریب فی التراب + له ملک ینادی
کل یوم + لدوا للموت وابنوا للخراب یعنی ای رہنے والے محل بلند کے عنقریب دفن کیا جاویگا تو مٹی مین انسان کے لیے
ایک فرشتہ ندا کرتا ہی ہر روز کہ جنو مرنے کے لیے اور بناو تم خراب ہونے کے لیے ادب نسبت حضرت کے تعلیم فرماکر ایک بات کام کی مومنون کو تعلیم فرماتے ہین

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى
مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

ای مسلمانون اگر لاوے تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر تو پس دریافت کرو تم واسطے بچنے کے اس سے کہ ضرر پہنچاؤ تم کسی قوم کو
ساتھ نادانی کے پس پشیمان ہو تم اوپر اوس چیز کے کہ کی تمنے **فتح** ای ایمان والون اگر آوے تمہارے پاس ایک گنہگار خبر لیکر تو
تحقیق کرو کہین جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے پھر کل کو لگو اپنے کیے پر پچھتانے **تفسیر** ایک شخص کو حضرت نے بھیجا
ایک قوم پر زکوۃ لینے کو وہ نکلے اسکے استقبال کو اسلام سے پہلے اوس قوم مین اور اوسکی قوم مین بیر تھا ڈرا کہ میرے مارنے کو نکلے اولٹا پھر گیا
مدینے مین آکر مشہور کردیا کہ فلانی قوم مرتد ہوئی حضرت اونپر فوج بھیجتے ہین اس سے معلوم ہوا کہ شہادت فاسق کی قبول نہین فاسق جسکے
بے شرع کام عیان ہون **موضح** مراد اس فاسق سے ولید بن عقبہ ہی کہ اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ کے لینے کے لیے
بنی مصطلق کی طرف بھیجا اور اوسمین اور قوم بنی مصطلق مین ایام جاہلیت مین بسبب ایک خون کے عداوت تھی بنی مصطلق نے
جب اونکی خبر پائی تو واسطے تعظیم امر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سردار قوم کے ولید کے استقبال کے لیے باہر نکلے ولید نے
وسوسہ شیطانی سے گمان کیا کہ یہ قتال کے لیے باہر نکلے ہین اونسے ڈرکر راہ سے پھر کر حضرت رسالت مآب کے پاس حاضر ہوا اور کہا
کہ بنی مصطلق نے انکار زکوۃ کے دینے کا کیا اور قصد میرے قتل کا کیا رسول علیہ السلام کو غصہ آیا اور قصد اونکے قتل کا کیا اور
وہان جب خبر ولید کے پھر جانے کی اوس قوم کو پہنچی تو اونھونے آنحضرت کی خدمت بابرکت مین آنکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم نے
آنے کی خبر پاکر اوسکی تعظیم و استقبال کے لیے باہر نکلے وہ راہ مین سے پھر کر چلا آیا ڈرے ہم کہ مبادا کوئی خطاب مبارک آپ کی
اوسکے پھیرنے کے لیے آیا ہو اور آپ کسی سبب سے ہمپر غصے ہوئے ہون اور ہم پناہ مانگتے ہین ساتھ اللہ کے غضب اوسکے سے اور غضب

۴۱ وان فاسق بنبإ فی [illegible] ان الفاسق [illegible]
والانبیاء [illegible] ۱۲ مد
[illegible] ۱۲ وعن [illegible]
والنبیین [illegible]
۱۳ [illegible]
[illegible] مد

رسول اوسکے سے رسول علیہ السلام نے خالد بن ولید کو مع ایک لشکر کے خفیہ اونپر بھیجا اور فرمایا کہ اونکے مقدمے مین جلدی نکرنا بلکہ تجسس کرنا اگر ایمان او صدق اونکا معلوم کرے تو تو زکوۃ اونکے مالون کی لینا والا معاملہ کفار کا سا اونکے ساتھہ کرنا خالد نے جا کر ایک آدمی اپنی طرف سے خفیہ بھیجا اوس شخص نے دیکھا کہ بانگ نماز اور نماز جماعت سے ادا کرتے ہین اور اسلام پر قائم ہین اوس شخص نے آکر خالد سے یہ احوال کہا خالد وہان گئے اور زکوۃ اونسے لیکر آنحضرت کی خدمت مین لائے اور اونکے ایمان کی خبر دی بیچ آیت نازل ہوئی * **مسئلہ** * کافی وغیرہ مین آیا ہی کہ قول ایک کافر کا حلال و حرام مین مقبول ہوگا اور قول کافر و فاسق کا معاملات مین بھی مقبول ہوگا بنا بر ضرورت کے لیکن دیانات یعنی امور دینی مین قبول نکرین پس اگر کافر کہے مثلاً کہ یہ گوشت مسلمان یا کتابی سے خریدا ہی مینے مسلمان کو کھانا اوسکا حلال ہی اور اگر کہے کہ مجوسی سے خریدا ہی مینے حرام ہوگا بخلاف اسکے کہ کافر پانی کی نجاست کی خبر دی تو نہین قبول ہوگا اور قول ایک عدل کا دیانات و شرائع مین مقبول ہی اور بیچ خبر دینے فاسق کے پانی کی نجاست مین اور مانند اوسکے مین اور بیچ خبر دینے مستور الحال کے سننے والے کو تحری یعنی سوچنا لازم ہی جو کچھہ کہ اوسکی رای پر غالب آوے اوسپر عمل کرے اور اور اماموں کے مذہب مین بعضوں کے نزدیک قول اونکا مطلق مقبول نہین ہی اور بعضون کے نزدیک بعضی جگہہ مقبول ہی اور بعضی جگہہ نہین تفصیل اسکی فقہ کی کتابون مین واضح ہی * **بحث** * ایک فتویٰ دہلی مین مثل اسی مضمون کے ہوا تھا چونکہ بہت مفید ہی نقل کیا جاتا ہی **سوال اول** ما قولہم رحمہم اللہ درصورتیکہ ایک کافر گوشت ذبیحہ کا بیچے اور بیان کرے کہ اس ذبیحے کو مسلمان نے ذبح کیا ہی اور دلیل اوپر ذبح کرنے مسلمان کے قول کافر کا ہی فقط اس صورت مین باعتماد قول کافر کے وہ ذبیحہ حلال ہی یا حرام اور بھی کسی قریے مین مثلاً عادت ہو کہ مسلمانون سے کفار ذبح کروا کر گوشت بیچتے ہین مگر خریدار کو ذبح کرنا مسلمان کا اوس ذبیحے کو سوائے قول کافر کے یا عادت کے اور وجہ سے نہین معلوم ہوتا ہی پس حکم اوسکا کیا ہی **جواب اول** حکم قرینے وغیرہ نہین کیا جاتا ہی تا وقتیکہ دلیل شرعی قائم نہو اس جہت سے حنفی حکم قیافے پر نہین کرتے ہین علی الخصوص حلت و حرمت مین کہ محل احتیاط و احتراز ہی پس صورت مرقومہ مین حکم اوپر قول کافر کے بیچ باب حلت و حرمت کے کہ جملہ دیانات سے ہی نہ کیا جاوے یعنی وہ گوشت کھانا بقول کافر کے کہ ذبح کیا ہوا مسلمان کا ہی جائز نہین ہی در المختار مین لکھا ہی قَوْلُ الْکَافِرِ مَقْبُوْلٌ بِالْاِجْمَاعِ فِی الْمُعَامَلَاتِ لَا فِی الدِّیَانَاتِ انتہی یعنی قول کافر کا مقبول ہی بالاجماع معاملات مین نہ دیانات مین اور کہا محمد بن الحسن شیبانی نے موطا مین فَاِنْ اَتٰی بِذٰلِکَ مَجُوْسِیٌّ وَذَکَرَ اَنَّ مُسْلِمًا ذَبَحَہٗ لَمْ یُصَدَّقْ وَلَمْ یُؤْکَلْ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

محمد صدر الدین ۱۲	محمد قطب الدین ۱۲	سید محمد نذیر حسین ۱۲۷۰	نوازش علی ۱۲	رحمۃ اللہ علیہ ۱۲۶۵	محمد کریم اللہ ۱۲	احمد علی کمال ۱۲۶۹	فقیر احمد سعید ۱۲۵۵

جواب صحیح ست و از قرینۂ قاطعہ ثبوت حکم درباب حلت و حرمت نتواند شد درباب تغریرات البتہ اعتبار آن داشتہ اند واللہ اعلم بالصواب حسبنا اللہ حفیظ اللہ

سوال دوسرا کیا فرماتے ہین علماے دین رحمہم اللہ اس باب مین کہ ایک شخص نے قوم ہنود سے مثل کھٹیک وغیرہ کے بکری یا اور حیوان ایک مسلمان کے ہاتھہ سے ذبح کروایا بعد اوسکے وہ مذبیحہ نظر مسلمان سے غائب ہوا بعد ایک لحظے کے اوس کھٹیک نے کہا کہ یہ گوشت اوسی حیوان کا ہی کہ تو نے ذبح کیا تھا آیا اوس مسلمان کو باعتماد قول اوس کھٹیک کے خریدنا گوشت اوس ذبیحے کا درست ہی یا نہین **جواب دوسرا** جب تک کہ گوشت اوس ذبیحے کا روبرو مسلمان کے رہے اور غائب نہو خریدنا اوسکا اور کھانا اوسکا درست ہی اور بعد ازان کہ اوسکی نظر سے غائب ہوا قول اوس کافر کا اس باب مین معتبر نہوگا قَالَ مُحَمَّدٌ بِھٰذَا نَاْخُذُ وَھُوَ قَوْلُ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَحِمَہُ اللّٰہُ اِذَا کَانَ الَّذِیْ یَاْتِیْ بِھَا اَیْ بِتِلْکَ اللُّحُوْمِ وَفِیْ نُسْخَۃٍ بِذٰلِکَ مُسْلِمًا اَوْ مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اَیْ یَھُوْدِیًّا اَوْ نَصْرَانِیًّا اَوْ کَانَ عَرَبِیًّا وَصَارَ کِتَابِیًّا فَاِنْ اَتٰی بِذٰلِکَ مَجُوْسِیٌّ اَیْ عَابِدُ نَارٍ وَفِیْ مَعْنَاہُ الْوَثَنِیُّ وَھُوَ عَابِدُ الصَّنَمِ وَالْمُرْتَدُّ وَذَکَرَ اَنَّ مُسْلِمًا ذَبَحَہٗ اَوْ رَجُلًا مِّنْ اَھْلِ الْکِتَابِ

ف ۵۱ مطلق حلال و حرام مین قول کافر کا نہین مقبول ہی بلا تفصیل و کن عالمگیری مین یون لکھی ہی کہ قبول کیا جاوے قول کافر کا دیانات مین اگر سبب ہو قبول قول کافر کا معاملات مین متضمن قبول اوسکے دیانات کو پس اسوقت داخل ہوتی دیانات بیچ ضمن معاملات کے پس قبول کیا جاوےگا قول اوسکا دیانات مین ضرورۃً

اَیْ ذَبَحَہٗ لَمْ یُصَدِّقْ فِیْمَا ذَکَرَہٗ وَلَوْ بِمَا کُلٍّ یَقُوْلُہٗ لِاَنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِ الدِّیَانَاتِ بَلْ مِنْ اَرْبَابِ الْخِدَاعِ وَالْخِیَانَۃِ ۱۲ شرح ملا علی قاری بر موطاے امام محمد | سعادت علی ۱۲ | محمد روشن علی ۱۲ | نوازش علی ۱۲ | المولوی الشیخ مشتاق احمد عفی عنہ

المجیب مصیب ظہور حسین اصاب من اجاب شیخ محمد عبید اللہ المجیب مصیب فقیر محمد حسین دریافت کرو یعنی خوب تحقیق کر لو اوس فاسق کی بات پر اعتماد نکرو اسلیے کہ جو پرہیز نکرتا ہوگا تمام فسقوں سے وہ پرہیز نہین کریگا جھوٹ سے کہ وہ ایک قسم ہی فسق کی اور اس آیت مین دلالت ہی اوپر قبول کرنے ایک عدل کی خبر کے اور فسوق کے معنی ہین نکلنا ایک چیز سے چنانچہ کہا جاتا ہی فَسَقَتِ الرُّطَبَۃُ عَنْ قِشْرِھَا یعنی نکلی کھجور تازی اپنے چھلکے سے پھر استعمال کیا گیا فسوق بیچ نکلنے کے اچھی بات سے بسبب کرنے گناہ کے اور ندامت ایک قسم ہی غم کی اور وہ یہ ہی کہ غم کرے تو اوپر اوس چیز کے کہ واقع ہو جسے آرزو کرے تو یہ کہ وہ نہ واقع ہوتی اور یہ غم ایسا ہی کہ ہمیشہ رہتا ہی آدمی کے ساتھ ۱۲ **مل**

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ لَوْ یُطِیْعُکُمْ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَہٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَکَرَّہَ اِلَیْکُمُ الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ؕ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَنِعْمَۃً ؕ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ۝

اور جان لو کہ درمیان تمھارے رسول خدا کا ہی اگر فرمان برداری کرے تمھاری بہت سے کامون مین تو رنج مین پڑو تم ولیکن خدا نے دوست کیا ہی نزدیک تمھارے ایمان کو اور آراستہ کیا اوسکو تمھارے دلون مین اور ناخوش کیا آگے تمھارے کفر و فسق کو اور نافرمانی کو یہ جماعت وہی ہین راہ پانے والے بسبب احسان کے خدا کی جانب سے اور بسبب نعمت کے اور خدا دانا باحکمت ہی ✣ **فتح** ✣ اور جان لو کہ تم مین رسول ہی اللہ کا اگر تمھاری بات مانا کرے بہت کامو مین تو تم پر مشکل پڑے پر اللہ نے محبت ڈالی تمھارے دل مین ایمان کی اور اچھا دکھایا اوسکو تمھارے دلون مین اور برا لگایا تمکو کفر اور گناہ اور بے حکمی وہ لوگ وہی ہین نیک چال پر اللہ کے فضل سے اور احسان سے اور اللہ سب جانتا ہی حکمت والا ✣ **تفسیر** ✣ یعنی تمھارا مشورہ قبول نہ ہو تو برا نہ مانو رسول عمل کرتا ہی اللہ کے حکم پر اوسی مین تمھارا بھلا ہی اگر تمھاری بات مانا کرے تو ہر کوئی اپنے بھلے کی کہے کسکس کی بات پر چلے ✣ **مو** ✣ درمیان تمھارے رسول خدا کے یعنی پس جھوٹ نہ بولو اوسکے آگے اسلیے کہ اللہ خبر کر دیگا اوسکو تمھارے احوال کی اور رسوا ہوؤگے یا یہ مراد ہی کہ تم مین رسول خدا کا ہی پس رجوع کرو اوسکی طرف اور طلب کرو رائے اوسکی پھر فرمایا از راہ استیناف کے یعنی جدا جملہ لَوْ یُطِیْعُکُمْ الخ اور لَعَنِتُّمْ کے معنی ہین البتہ پڑوگے تم مشقت و ہلاک مین اور یہ دلالت کرتا ہی اسپر کہ بعضے مومنون نے زینت یعنی رغبت دلائی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بنی مصطلق کے زیر و زبر کرنے کی اور ولید کے قول کی تصدیق کی اور بعضے مومنون نے پرہیز کیا اس سے اور بچاؤ کرتے تھے بنی مصطلق کا اور باز رکھا اونکو اونکے تقوی کامل نے دلیری کرنے سے اسپر اور وہ وہی لوگ ہین کہ جنکو استثنا کیا اللہ تعالی نے ساتھ قول اپنے کے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ اور بعضون نے کہا کہ وہ وہ لوگ ہین کہ امتحان کیا اللہ تعالی نے اونکے دلون کو تقوی کے لیے اور فسوق کے معنی ہین نکلنا راہ ایمان سے ساتھ کرنے کبیرہ گناہون کے اور عصیان کے معنی ہین فرمانبرداری نکرنی شارع کے حکم کی اُولٰٓئِکَ ھُمُ الرّٰشِدُوْنَ یعنی یہ جو استثنا کیے گئے ہین وہی ہین راشدون یعنی پہنچے راہ حق کو اور نہین مائل ہوئے استقامت سے اور رشد کے معنی ہین استقامت راہ حق پر ساتھ سختی یعنی مضبوطی کے راہ حق مین یہ مشتق ہی رشادت سے کہ بمعنی صخرہ یعنی ٹکڑے پہاڑ کے ہی اور فضل اور نعمت بمعنی افضال اور انعام کے ہین عَلِیْمٌ یعنی جاننے والا ہی احوال مومنین کو اور اوس چیز کو کہ درمیان اونکے تمیز و فضیلت ہی حَکِیْمٌ یعنی دانا ہی جسوقت کہ فضیلت دیتا ہی اور انعام کرتا ہی

ساتھ توفیق دینے کے فضل چیزون پر ❊ ف ❊ اور فاسق وہ ہی جو کبیرہ کرتا ہی یا ہمیشہ صغیرہ پر رکھتا ہی اور کبیرہ جو حدیث مین آرہین سترہ کے قریب ہین اور ابن عباس کہتے ہین سات کے قریب ہین اور تحقیق اسکی کتب فقہ و حدیث و تفسیر مین لکھی ہی ❊

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

اور اگر دو گروہ مسلمانون مین سے آپس مین جنگ کرین تو صلح کروا دو درمیان اونکے پس اگر تعدی کی ایک نے ان دونون مین سے دوسرے پر پس جنگ کرو ساتھ اوس گروہ کے کہ تعدی کرتا ہی یہان تک کہ رجوع کرے طرف حکم خدا کے پس اگر رجوع کی صلح کرو درمیان اونکے ساتھ انصاف کے اور انصاف کرو تحقیق خدا دوست رکھتا ہی داد دینے والون کو ❊ ف ❊ اور اگر دو فرقے مسلمانون کے آپس مین لڑپڑین تو اونمین ملاپ کروا دو پھر اگر چڑھا جاوے ایک اونمین دوسرے پر تو سب لڑو اوس چڑھائی والے سے جب تک پھر آوے اللہ کے حکم پر پھر اگر پھر آیا تو ملاپ کروا دو اونمین برابر اور انصاف کرو بیشک اللہ کو خوش آتے ہین انصاف والے ❊ تفسیر ❊ یعنی جب حکم شرع کے تابع ہون تو انصاف سے صلح کروا دو ایک کی طرفداری نکرو یہ حکم ہی خانہ جنگی کا جو مسلمان آپس مین لڑپڑین ❊ مو ❊ آیا ہی کہ بعض انصار کی مجلس پر ٹھہرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ آپ حمار پر سوار تھے پس پیشاب کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حمار نے پس پکڑی ابن اُبی منافق نے ناک اپنی اور کہا چھوڑ دے راہ اپنے گدھے کی یعنی چلا جا کہ ایذا دی ہمکو اسکی بدبو نے پس کہا عبداللہ بن رواحہ نے قسم خدا کی بلا شبہ پیشاب اونکے حمار کا خوشبودار زیادہ ہی تیرے مشک سے اور چلے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ابن اُبی مین اور عبداللہ مین لڑائی ہونے لگی اور طول کھینچا لڑائی نے کہ بد کہا کہنے سے گذر کر نوبت مارکٹائی کی پہونچی اور آئین قوم مین ان دونون کی گروہ اوس و خزرج تھی اور شریک ہوئے لڑائی مین پس پھر کر آئے طرف اونکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور صلح کروائی اونمین پس نازل ہوئی یہ آیت وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ الخ اور بغی کے معنی ہین گردن کشی اور ظلم اور انکار کرنا صلح سے حَتّٰى تَفِيْٓءَ یعنی رجوع کرین اور فی کے معنی ہین رجوع اور ظل یعنی سایہ اور غنیمت کو بھی فی کہتے ہین اسلیے کہ ظل رجوع کرتا ہی بعد ڈھلنے آفتاب کے اور غنیمت وہ چیز ہی کہ رجوع کرتی ہی اموال کفار سے طرف مسلمانون کے طرف حکم خدا کے کہ جو مذکور ہی اوسکی کتاب مین یعنی صلح کرنی اور ترک کرنا عداوت کا پس اگر رجوع کی یعنی بغی سے طرف حکم خدا کے بِالْعَدْلِ یعنی ساتھ انصاف کے وَاَقْسِطُوْا اور عدل کرو اور یہ امر ہی ساتھ استعمال کرنے قسط کے بطریق عموم کے بعد لوس چیز کے کہ حکم کیے گئے ساتھ اوسکے بیچ اصلاح آپس کے یعنی عدل سے خاص کرنا صلح مین مراد ہی اور اقسطوا سے عام عدل کرنا یعنی ہر حال و ہر امر مین ❊ ف ❊ اور عبداللہ بن اُبی اگرچہ منافق تھا لیکن اوسکی حمیت شاید اوسکے قوم کے مومنین نے بھی کی ہو تو ٹھیک ہو وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ الخ ❊ مسئلہ ❊ صلح آپسکے ہر تنازع مین مشروع و جائز ہی اور جو کوئی جانتا ہو کہ اوسکے ذمے پر کسی شخص کا حق ہی اور اوس شخص کے ساتھ اوپر بعض کے اوس حق سے صلح کرے حلال نہین ہی چارون اماموں کے نزدیک اسلیے کہ ہضم کرنا غیر کے حق کا ہوتا ہی اور اگر اوسکے حق ہونے کا اپنے پر علم نہین رکھتا ہو اور وہ دعوی کرے اور مدعی علیہ ایک چیز پر صلح کرے یہ مصالحت صحیح ہی مگر نزدیک شافعی کے صحیح نہین اور اسی طرح صلح کرنی مجہول پر شافعی کے نزدیک جائز نہین ہی اور تینون اماموں کے نزدیک جائز ہی اور مالک کو جو تصرف کیا چاہیے اپنے ملک مین جائز ہی چارون اماموں کے نزدیک اگر ضرر اوسکے ہمسایہ کو نہو اور اگر مضر ہو تو روا نہین ہی امام مالک اور احمد کے نزدیک اور روا ہی ابو حنیفہ اور شافعی کے نزدیک

❊ مسئلہ ❊ باغی اوس گروہ کو کہتے ہین کہ صاحب شوکت اور سردار ہوا اونمین اور تاویل مشتبہ سے مسلمانون کے امام پر خروج کرین اور

اوسکی اطاعت سے نکل جاوین پس امام کو لڑنا اونسے جائز ہی تاکہ رجوع کرنے والے حکم شریعت کی طرف ہووین اور جب مطیع شرع کے ہون تو اونکے قتال سے باز رہے اور جو کچھ کہ باغیون نے قسم خراج اور جزیے سے لیا ہو امام کو دوبارہ اونکے دینے والے سے لینا روا نہین ہی اور جو کچھ کہ اموال باغیون مین سے اہل عدل کے ہاتھ سے تلف ہو ضمان یعنی بدلا اوسکا نہین دینا آتا یہ احکام متفق علیہ ائمہ اربعہ کے ہین اور جو کچھ کہ باغی قسم مال اور نفس اہل عدل کے سے حالت جنگ مین تلف کرین اوسکا بھی ضمان نہین آتا مگر بقول قدیم شافعی رح کے اور ایک روایت مین احمد سے ضمان آتا ہی اور اموال باغیون کے اونھین کے مال ہین غنیمت نہین ہوتے اور استعانت یعنی مدد چاہنی ساتھ ہتیار اور سواری اونکے کے اونکی لڑائی پر روا نہین ہی مگر امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ سب جائز ہی قیام حرب تک اور جب جنگ رفع ہو تو اونکو پھیر دے اور ساتھ اتفاق امت کے مسلمانون کو کرنا امام کا ضرور ہی اور امامت فرض ہی تا امام شعائر اسلام کے قائم کرے اور داد مظلوم کی ظالم سے لیتا رہے اور امام کو خلیفہ اپنے شہرون اپنے مین مقرر کرنے جائز ہین اور امامت لڑکے اور عورت اور کافر اور نائب اور مجنون کی روا نہین اور سبھون پر اطاعت امام کی واجب ہی جب تک کہ گناہ کا حکم نکرے + **بحث**

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

سواے اسکے نہین ہی کہ مسلمان آپسمین بھائی ہین پس صلح کروا دو درمیان دو بھائیون اپنے کے اور ڈرو خدا سے تو تمپر رحم کیا جاوے + **ف** مسلمان جو ہین سو بھائی ہین علاوہ اپنے دو بھائیون کو اور ڈرتے رہو اللہ سے شاید تمپر رحم ہو + **تفسیر** مسلمان آپسمین بھائی ہین الخ یہ تاکید و تقریر ہی پہلے مضمون کی اور بیان ہی اسکا کہ مومنون کو آپسمین صلح رکھنی اور صلح کروانی چاہیے اور آپسمین ایک دوسرے کو مثل بھائی نسبی کے سمجھین اور ڈرو اللہ سے الخ یعنی پس تقوی باعث ہوگا تمکو آپسکی محبت و الفت کا اور جب یہ کرو گے تو امید ہوگی اللہ کی رحمت پہونچنے کی تمہاری طرف اور آیت دلالت کرتی ہی اسپر کہ بغاوت نہین زائل کر دیتی ہی ایمان کے نام کو اسلیے کہ اللہ تعالی نے مومن فرمایا اونکو باوجود بغاوت کے + **ف** امام محی السنہ معالم التنزیل مین فرماتے ہین کہ ان دونون آیتونمین دلیل ہی اسپر کہ بغاوت ایمان کو زائل نہین کرتی اسلیے کہ خدا تعالی نے باغیون کو بھائی مومنون کا فرمایا اور علی رضی اللہ عنہ نے اہل جمل و صفین کو فرمایا اِخْوَانُنَا بَغَوْا عَلَيْنَا یعنی ہمارے بھائیون نے بغاوت کی ہی ہمپر اور حکم باغیون کا یہ ہی کہ امام اونکو اپنی اطاعت کی طرف بلاوے اور اگر مظلمہ ظاہر کرین تو اوسکو اونسے دفع کرے اور اگر مظلمہ نظاہر کرین اور اپنی بغاوت پر مصر رہین تو اونکے ساتھ جنگ کرے تاکہ مطیع ہون اور حکم حالت قتال مین یہ ہی کہ اونکے بھاگے ہوئے کے پیچھے نجاوین اور اونکے زخمی کو اگر ہاتھ آوے تو مارین نہین اور نہ اونکے قیدی کو مارین اور حبس کرین کہ شرطین بغاوت کی نہون اور وہ بغی کرے تو اوسکو قطاع الطریق یعنی قزاق کہتے ہین اور شرطین بغی کی تین ہین کہ ایک جماعت صاحب قوت و منعت کی مجتمع ہوکر اطاعت امام کی سے نکلجاوین اور ایک امام اپنے مین مقرر کرین اور بغاوت اونکی کچھ تاویل و شبہہ سے ہو جیسے جمل و صفین مین حضرت علی کے مقابلے مین بعض صحابہ آئے تھے پس جماعت قلیل بدون منعت اور بے امام بے تاویل کے کہ خروج کرے باغی نہین ہونگے + **مسئلہ** جاننا چاہیے کہ اخوت یعنی بھائی چارہ اور آپس کی محبت کہ محض اللہ ہو بلند ترین مقامات سے دین مین ہی رسول علیہ السلام نے فرمایا اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ یعنی آپسمین محبت رکھنے والے بسبب بزرگی میری کے واسطے اونکے نور کے منبر ہونگے یعنی روز قیامت کے رشک لیجاوینگے اونپر انبیا اور شہدا پس اس سے اور کیا درجہ بلند ہوگا کہ جسپر انبیا و شہدا رشک لیجاوینگے اور یہ بھی فرمایا مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ اِيْمَانَهٗ یعنی جسنے محبت رکھی اللہ ہی کے لیے اور بغض رکھا اللہ ہی کے لیے پس تحقیق پورا کیا اپنے ایمان کو اور محبت للہ یہ ہی کہ کسیکو بسبب کچھ غرض دینی کے دوست رکھے جیسے محبت اوستاد کی

شاگردکے ساتھہ اور محبت شاگردکی اوستاد کے ساتھہ بشرطیکہ وہ تحصیل علم واسطے رضاے خدا اور اجر آخرت کے ہو اور اعلی درجات اس مقام کا یہ ہی کہ مطیع خدا کو دوست رکھے محض اسی لیے کہ مطیع ہی اور کچھہ غرض و سبب نہو اسی لیے عرفا سب بندون کی بہبودی چاہتے ہین او و شغیق ہوتے ہین او نپر محض اسیلیے کہ سب بندے خدا کے محبوب ہین اور بغض بعد کو عکس معاملہ سابقہ سے سمجھنا چاہیے + بحر +

تنبیہ + صحبت کی فضیلت مین بہت روایتین آئی ہین کچھہ اونمین سے لکھتا ہون فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا نہ بتاؤن تمھین تجکو مدار اس کام کا یعنی دین کا ایسا مدار دین کا کہ پہونچے تو بسبب اوسکے دنیا اور آخرت کی بھلائی کو لازم کر اپنے پر مجلسین ذکر اللہ والون کی اور جب تنہا ہووے تو پس ہلا زبان اپنی جسقدر طاقت رکھے تو ساتھہ ذکر خدا کے اور دوستی کر اللہ کی راہ مین اور دشمنی کر اللہ کی راہ مین ای ابارزین کیا جانا تو نے کہ تحقیق آدمی جب نکلتا ہی اپنے گھر سے اپنے بھائی مسلمان کی ملاقات کے لیے پیچھے پیچھے چلتے ہین اوسکے ستر ہزار فرشتے کہ وہ سب دعا بخشش کی کرتے ہین اوسکے لیے اور کہتے ہین ای رب ہمارے تحقیق یہ ملتا ہی تیری راہ مین پس ملا اسکو اپنی رحمت سے پس اگر طاقت رکھے تو یہ کہ مشقت مین ڈالے تو اپنے بدن کو بیچ اسکے تو کر + اور فرمایا بلا شبہہ بہشت مین البتہ ستون ہین یاقوت کے اوسپر بالاخانے ہین زمرد کے اونکے دروازے کھلے ہوئے ہین چمکتے ہین جیسا چمکتا ہی ستارہ روشن پس عرض کیا صحابہ نے ای رسول خدا کے کون ہین سے اونمین فرمایا اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰہِ وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِی اللّٰہِ وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِی اللّٰہِ یعنی للہ محبت رکھنے والے آپسمین اور بیٹھنے والے آپسمین اور للہ ملنے والے آپسمین + اور فرمایا لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا یَاْکُلْ طَعَامَکَ اِلَّا تَقِیٌّ یعنی نیارانہ کر مگر مومن صالح سے اور نہ کھاوے کھانا تیرا مگر پرہیزگار + ف مراد کھانے سے کھانا دعوت کا ہی والا کھانا بھوک کی حالت مین سب کو دینا درست ہی + اور فرمایا اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِہٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ یُّخَالِلُ یعنی آدمی اوپر دین یار اپنے کے ہوتا ہی پس چاہیے کہ دیکھے ایک تم مین کا اسکو کہ دوست رکھتا ہی یعنی جو کوئی کسیکو دوست رکھتا ہی اوسکی تاثیر ہوتی ہی پس اچھے کی دوستی کرے + اور فرمایا جب عیادت کرتا ہی مسلمان مسلمان بھائی اپنے کی یا ملاقات کرتا ہی اوسکی فرماتا ہی اللہ تعالی طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاکَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْزِلًا یعنی خوب ہی زندگانی تیری دنیا اور آخرت مین اور اچھا ہوا چلنا تیرا اور جگہہ پکڑی تو نے جنت کے مکان مین + مشکوۃ +

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓی اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓی اَنْ یَّكُنَّ خَیْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

ای مسلمانون ٹھٹھا نکرین ایک گروہ ساتھہ ایک گروہ کے احتمال ہی کہ وہ گروہ بہتر ہون لوٹنے نفس الامر مین اور نہ عورتین ٹھٹھا کرین عورتون سے احتمال ہی کہ وہ عورتین بہتر ہون اونسے اور عیب نکرو درمیان اپنے اور ایک دوسرے کو لقب بد سے نہ پکارو برا نام ہی فاسقی تمھے ایمان لانے کے اور جسنے توبہ نکی پس وہ جماعت وہی ہین ظالم یعنی بسبب دس گناہ کے کہ جاہلیت مین کیے ہون بعد اسلام کے نشان ٹھٹھا نکرنا چاہیے + فتح + ای ایمان والون ٹھٹھا نکرین ایک لوگ دوسرے لوگ سے شاید وہ بہتر ہون انسے اور نہ عورتین دوسری عورتون سے شاید وہ بہتر ہون انسے اور عیب نہ دو ایک دوسرے کو اور نام نہ ڈالو چڑ ایک دوسرے کی برا نام ہی گنہگاری پیچھے ایمان کے اور جو کوئی توبہ نکرے تو وہی ہین بے انصاف + تفسیر + جہان کسی پر برا نام ڈالا پہلے تو اپنا نام پڑ گیا فاسق آگے تھا مومن اوسپر عیب لگایا نہ لگا + موضح + آیا ہی کہ ایک جماعت بنی تمیم مین سے ساتھہ فقرا اصحابہ کے مانند بلال اور عمار اور سلمان اور صہیب اور مانند انکے کے بسبب پریشان حالی اونکی کے ٹھٹھا کرتے تھے اوسپر یہ آیت اوتری اور ابن عباس سے منقول ہی کہ ثابت بن قیس ذرہ اونچا سنتے تھے جب آنحضرت علیہ السلام کی مجلس مین

آتے تو لوگ اونکو حضرتؐ کے پاس جگہہ دیتے تا کلام آپ کا سنین ایک روز ثابت نے نماز فجر مین ایک رکعت آنحضرتؐ کے ساتھہ پائی پھر بعد سلام پھیرنے حضرتؐ کے ایک رکعت باقی رہی کو پڑھنے کھڑے ہوے کہ اتنے مین لوگ گرد آنحضرتؐ کے آ بیٹھے اور ثابت کے لیے جگہہ نرہی جب وہ اپنی نماز سے فارغ ہوکر آئے تو جگہہ آنحضرتؐ کے پاس نہ پائی حضرتؐ کے پاس آکر ایک شخص کے پیچھے بیٹھہ گئے جب صبح روشن ہوئی تو ثابت نے اوس شخص کو ٹھوکا اور پوچھا کہ کون ہی تو اوس شخص نے کہا فلانا بیٹا فلانے کا ہون مین ثابت نے کہا کہ فلانا بیٹا فلانیہ کا یعنی اوسکی مان کے نام سے خطاب کیا اور اوسکی مان کو اوس نام سے یاد کیا کہ جاہلیت مین اوس نام کو معیوب جانتے تھے اوس شخص نے مجوب ہو کر سر جھکا لیا یہ آیت نازل ہوئی اور انس کی روایت مین آیا ہی کہ بیویان آنحضرتؐ کی ام سلمہ کو قصیر یعنی ٹھنگنی کہتین تھین اور ساتھہ اوسکے عیب کرتین تھین اور ایک روایت مین ہی کہ صفیہ کو کہ بیوی حضرتؐ کی تھین اور بیویان حضرتؐ کی یہودیہ کہتین تھین اوسپر یہ آیت اوتری کہ مسلمان کو چاہیے کہ کسی مسلمان سے ٹھٹھا نکرے اور عیب نہ لگادے اور ایک دوسرے کو القاب بد سے مانند ای فاسق اور ای یہودی اور ای کتے اور مانند انکے کے نہ پکارے اور مسلمان تائب کو ساتھہ برائیون پہلی کے عیب نکرے برا نام ہی فاسق الخ یعنی برا نام ہی یہ کہ کسیکو فاسق یا کافر یا یہودی اور مانند انکے کے بعد ایمان لانے اوسکے کے اور بقول بعض کے معنی یہ ہین کہ جو کوئی بعد نہی کے ٹھٹھا کرنے اور عیب کرنے اور لقب بد کے ساتھہ پکارنے سے باز نرہے تو فاسق ہی پس یہ کام نکرو تا مستحق اسم فسوق کے نہو وبے انصاف یعنی اپنے نفسون پر بسبب کرنے منہیات خدا کے ✤ **مسئلہ** ٹھٹھا کرنا اور نقل کرنی کسیکے قول و فعل کی بطور اوسکے بطریق ٹھٹھے کے حرام ہی اسلیے کہ اسمین آزردہ کرنا مسلمان کے دل کا ہی اور نہی اوس سے آیت مین واقع ہی اور رسول علیہ السلام نے فرمایا مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ یعنی جو کوئی کسی پر ہنستا ہی اور لوگ اوس پر ہنستے ہین انتہی پس ہر مومن کو پرہیز کرنا اوس سے واجب ہی لیکن مسخرے سے اور اوس سے کہ رنجیدہ نہو ٹھٹھا اور خوش طبعی کرنی حرام نہین اگرچہ ترک کرنا اوسکا بھی اولی ہی کہ لغو ہی اور خوش طبعی آپسمین بھی اگر کبھی کبھی واسطے دل خوش کرنے کے ہو تو مضایقہ نہین بشرطیکہ جھوٹ نکہے اور بہت نہ ہنسے اور نوبت قہقہے کی کہ حرام ہی نہ پہنچے لیکن ہمیشہ یہ بھی ممنوع ہی اور انجام کو باعث بغض و عداوت کی ہوتی ہی ✤ **معالم بحر** ✤ مراد قوم سے خاص مرد ہی ہین اسلیے کہ وہ قوّام یعنی خبرگیران ہین عورتون کے ہین فرمایا اللہ تعالی نے اَلرِّجَالُ قَوّٰامُوْنَ عَلَی النِّسَآءِ اور لفظ قوم اصل مین جمع قائم کی ہی جیسے کہ صوم اور زور جمع صائم اور زائر کی ہی اور قوم سے خاص مرد ہی مراد ہونے سمجھے جاتے ہین صریح اسی آیت سے اسلیے کہ نسا اگر داخل ہوتین قوم مین تو نہ فرماتا اللہ تعالی وَلَا نِسَآءٌ الخ اور قوم فرعون اور قوم عاد مین جو علما کہتے ہین کہ وہ مرد و عورتین ہین تو مراد اوس سے یہ نہین ہی کہ لفظ قوم کا دونون پر صادق آتا ہی بلکہ قصد کیا گیا ہی ذکر کرنا مردون کا اور ترک کیا گیا ہی ذکر عورتونکا اسلیے کہ عورتین تابع ہین مردون کی اور مراد یہ ہی کہ واجب ہی یہ کہ اعتقاد کرے ہر ایک یہ کہ جس سے ٹھٹھا کرتے ہین بسا اوقات ہوتا ہی وہ اللہ کے نزدیک بہتر ٹھٹھا کرنے والے سے اسلیے کہ نہین اطلاع ہوتی ہی لوگون کو مگر ظاہر حال کی اور باطن کا اونکو علم نہین اور اللہ کے نزدیک قدر و اعتبار ہی اخلاص باطن کا پس لائق ہی یہ کہ نہ دلیری کرے ٹھٹھا کرنے پر اوس شخص سے کہ حقیر جانتی ہی اوسکو آنکھہ اوسکی جب کہ دیکھتا ہی اوسکو پریشان حال یا صاحب آفت اوسکے بدن مین یا غیر لائق کلام کرنے کے پس شاید کہ وہ اخلاص دل مین رکھتا ہو اور دل اوسکا خوب پاک و پاکیزہ ہو اوس سے کہ وہ برخلاف اوسکی صفت کے ہو پس ظلم کریگا اپنے نفس پر بسبب حقیر جاننے اوس شخص کے کہ توقیر کی ہی اللہ نے اوسکی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے منقول ہی اَلْبَلَاءُ مُوَکَّلٌ بِالْقَوْلِ لَوْ سَخِرْتُ مِنْ کَلْبٍ لَخَشِيْتُ اَنْ اُحَوَّلَ کَلْبًا یعنی بلا سونپی گئی ہی ساتھہ بولنے بات کے اگر ٹھٹھا کرون مین کتے سے تو ڈرتا ہون مین اس سے کہ ہو جاؤن مین کتا وَلَا تَلْمِزُوْا اَنْفُسَکُمْ کے معنی یہ ہین کہ نہ طعن کرو تم

اہل دین اپنے کو اور لمز کے معنی ہین طعن کرنا اور نہ بات کی مار دینی اور یعقوب اور سہیل نے وَلَا تَلْمُزُوا میم کے پیش سے باب نصر سے پڑھا ہی ورسب مومن مانند نفس واحد کے ہین پس جب عیب کیا ایک مومن نے دوسرے مومن کو تو گویا کہ عیب کیا اپنے نفس کو اور بعضون نے کہا معنی اسکے یہ ہین کہ نہ کرو ایسا کام کہ طعن کیے جاؤ تم بسبب اوسکے اسلیے کہ جسنے کیا ایسا کام کہ مستحق ہوا بسبب اوسکے طعنے کا پس طعن کیا اوسنے اپنے نفس کو حقیقت مین اور تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ کے معنی ہین بلانا برے لقب سے نبز کے معنی ہین لقب بد اور لقب بد سے پکارنا جو منع کیا گیا ہی وہ ہی کہ جو ناگوار گذرے اوسکو کہ جسکو پکارتا ہی اور جسکو وہ خوش لگے اوسکا مضایقہ نہین اور بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ مین جو لفظ اسم کا ہی یعنی ذکر کے ہی گویا کہ کہا گیا برا ہی ذکر مرتفع واسطے مومنین کے بسبب ارتکاب ان جرائم کے یہ کہ ذکر کیے جاوین ساتھ فسق کے یعنی ٹھٹھا وغیرہ نکرین تا مشہور بفسق نہون اور یہ برا ہی مومنون کے لیے اور لفظ بَعْدَ الْإِيمَانِ سے قبح بیان کرنا ہی جمع ہونے ایمان اور فسق کا کہ مانع ہی اوسکو ایمان اور بعضون نے کہا کہ بعضے یہودی جو مسلمان ہوگئے تھے اونکو بعضے لوگ یا یہودی یا فاسق کہتے تھے پس منع کیے گئے اس سے اور کہا گیا اونکو کہ برا ہی یہ کہ ذکر کرو تم آدمیون کو ساتھ فسق و یہودیت کے بعد ایمان لانے اونکے ✤ ف ✤ کہا عکرمہ نے بیچ تفسیر وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ کے کہ وہ کہنا ہی آدمی کا ایک آدمی کو ای فاسق ای کافر ای منافق اور کہا حسن نے کہ بعضے یہودی یا نصرانی جو مسلمان ہوگئے تھے اونکو کہا جاتا تھا بعد اسلام کے ای یہودی ای نصرانی پس منع کیے گئے اس سے اور کہا عطا نے کہ وہ یہ ہی کہ کہے تو بھائی مسلمان کو ای کتے ای گدھے ای سور اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ تنابز یہ ہی کہ ایک شخص برائیان کرتا تھا پھر توبہ کی اب اوسکو عار دلاوے پہلے گناہون پر پس منع کیے گئے کہ گناہ گذشتہ پر عار مت دلاؤ اور بعضون نے کہا کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینے مین تشریف لائے تو اکثر لوگون کے دو دو اور تین تین نام تھے اور بعضے اون نامون مین ایسے تھے کہ اونکے ذکر کرنے سے برا مانتے تھے پس یہ آیت اوتری حاصل یہ کہ کسیکو اس طرح نہ پکارے کہ اوسکو ناگوار گذرے کہ یہ بہت ہی برا ہی ✤ **معادر منثور** ✤ **تنبیہ** ✤ جاننا چاہیے کہ کسی سے ٹھٹھا کرنا اور کسی پر طعن کرنا اور حقارت و برے نام سے پکارنا یہ ساری باتین شاخین ہین تکبر کی جب اپنے کو اچھا جانتا ہی اور اور کو برا تب ہی اوس سے یہ باتین سرزد ہوتی ہین اور اگر اپنے کو حقیر و برا جانے تو کاہیکو یہ باتین سرزد ہون پس مومن کو چاہیے کہ اپنے تئین حقیر و برا جانے اور بچاوے اپنے کو اس آفت سے کہ برائیان تکبر کی قرآن و حدیث مین بھر رہین ہین دعا کیا کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِي شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِي فِي عَيْنِي صَغِيْرًا وَّفِي أَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ✤ یعنی یا اللہ کر مجکو صبر کرنیوالا اور کر مجکو شکر کرنیوالا اور کر مجکو میری آنکھ مین چھوٹا اور لوگون کی آنکھون مین بڑا ✤ اور کتاب ملتقی الابحر وغیرہ فقہ کی کتابون مین لکھا ہی کہ جو کوئی بہتان لگاوے محصن مرد یا محصن عورت کو ساتھ صریح زنا کی تو حد لگایا جاوے یعنی اسی درے اوسکو مارے حاکم بسبب طلب کرنے اوسکے کہ جسکو بہتان لگاوے اور محصن سے یہان یہ مراد ہی کہ وہ مکلف ہو آزاد ہو مسلمان ہو پاک ہو زنا سے اور تعزیر دیا جاوے وہ شخص کہ بہتان لگاوے مملوک یعنی بردے کو یا کافر کو زنا کا یا بہتان لگاوے مسلمانکو اسطرح کہ کہے ای فاسق ای کافر ای خبیث ای چور ای فاجر ای منافق ای لوطی ای لونڈے باز یہ دونون لفظون سے مراد اغلامی ہی یا کہے ای بیاز خور ای شرابی ای دیوث ای مخنث ای خائن ای قحبہ زادے ای بدکار زادے ای زندیق ای قرطبان ای ماوی الزانی او اللصوص یعنی تو ایسا ہی کہ ٹھکانا پکڑتے ہین تیرے پاس زناکار یا چور یا کہے ای حرام زادے ان سب صورتون مین تعزیر دیا جاوے انتہی ✤ اور فرق حد اور تعزیر مین یہ ہی کہ حد شارع کی طرف سے مقرر ہوتی ہی اور تعزیر رائے حاکم پر موقوف ہوتی ہی کہ جس طرح مناسب جانے اوسطرح سزا دے لیکن دروں سے سزا دے تو چالیس سے کم ہی کم مارے اور اربعین مین امام غزالی علیہ الرحمہ لکھتے ہین کہ ٹھٹھے بازی مین بہت ہنسنا ہوتا ہی اور دل مردہ ہوجاتا ہی اور کینہ پیدا ہوتا ہی اور ہیبت و وقار اوسکو کھو دیتی ہی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

شان نزول وہی لکھی ہی جو صاحب بحر نے لکھی ہی ١٢ منہ مدظلہ
ف

من قولہم طار اسمہ فی الناس بالکرم او باللوم حقیقتہ ما سما من ذکرہ وارتفع بین الناس
ف

ف

اِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَۃِ لِیُضْحِکَ بِہٖ جُلَسَآءَہٗ فَیَھْوِیْ بِہٖ اَبْعَدَ مِنَ الثُّرَیَّا یعنی جو آدمی ایک بات بولتا ہی کہ تا ہنسائے اوس سے اپنے ہمنشینون کو تو دور پڑتا ہی اللہ کی رحمت سے ثریا ستارے سے بھی زیادہ اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا تُمَارِ اَخَاکَ وَلَا تُمَازِحْہُ یعنی جھگڑ نہین اپنے بھائی مسلمان سے اور نہ ٹھٹھا کر اوس سے لیکن یہ جاننا چاہیے کہ کچھ خوش طبعی بعض اوقات مین ہو تو مضایقہ نہین اوسکا خصوصًا عورتون اور لڑکون کے ساتھ اونکا دل خوش کرنے کو کہ یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہوئی ہی لیکن حضرت علیہ السلام نے یہ بھی فرما دیا کہ اِنِّیْ لَا اَمْزَحُ وَلَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا یعنی مین مزاح کرتا ہون اور نہین کہتا مگر حق اور اورون کو دشوار ہی ضبط اسکا کہ حق ہی بولے اور روایت کیا گیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ دوڑے ہین اور فرمایا ایک بڑھیا کو لَا تَدْخُلُ الْعَجُوْزُ الْجَنَّۃَ یعنی بڑھیا جنت مین نہین داخل ہوگی اور یہ بات واقع مین سچی تھی کہ وقت داخل ہونے جنت کے سب جوان ہونگے اور فرمایا ایک لڑکے کو یَا اَبَا عُمَیْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَیْرُ یعنی ای ابو عمیر کیا ہوا نغیر کہ نام ایک جانور کا ہی کہ مثل لعل کے ہوتا ہی وہ لڑکا اوس سے کھیلا کرتا تھا جب وہ مرگیا تو حضرت نے یون پوچھا اور فرمایا صہیب کو اس حال مین کہ وہ کھجورین کھا رہے تھے اَتَاْکُلُ التَّمْرَ وَاَنْتَ رَمِدٌ یعنی کیا تو کھجورین کھاتا ہی اس حال مین کہ تیری آنکھین دکھتین ہین پس کہا اونھون نے اِنَّمَا اٰکُلُ بِالشِّقِّ الْاٰخَرِ یعنی مین کھاتا ہون دوسری جانب سے پس مسکرائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس اس طرح کی مزاح ہو آپسمین تو مضایقہ نہین بشرطیکہ عادت نکرلے اسکی ✣

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ٘ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَ لَا یَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًاؕ اَیُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ۝

ای مسلمانون احتراز کرو بہت گمان سے بتحقیق بعضی بدگمانی گناہ ہی اور جاسوسی نکرو اور غیبت نکرے بعض تمھارا بعض کی کیا دوست رکھتا ہی کوئی تم مین سے کہ کھاوے گوشت بھائی اپنے کا کہ مردہ ہو پس متنفر ہوؤ تم اوس سے اور ڈرو خدا سے تحقیق خدا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہی ✣ **فتح** ✣ ای ایمان والون بچتے رہو بہت تہمتین کرنے سے مقرر بعضی تہمت گناہ ہی اور بھید نہ ٹٹولو کسیکا اور بدنکہو پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو بھلا خوش لگتا ہی تم مین کسیکو کہ کھاوے گوشت اپنے بھائی کا جو مردہ ہو سو گھن آتی تمکو اس سے اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ معاف کرنے والا ہی مہربان ✣ **تفسیر** ✣ تہمت اور بھید ٹٹولنا اور پیٹھ پیچھے بد کہنا کسی کو نہین بے گناہ یعنی مظلوم ظالم کو کچھ کہے جہان اوسمین کچھ دین کا فائدہ ہو اور نفسانیت غرض نہو ✣ **مو** ✣ حسن بدگمانی سے بچنے کا حکم ہی وہ بعضی بدگمانی ہی اور وہ بعضی صفت کی گئی ساتھ کثرت کے یعنی بچو بعضی بدگمانی سے کہ بہت واقع ہوتی ہی کیا نہین دیکھا تو طرف قول اللہ تعالی کے اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ کہا زجاج نے اور وہ گمان بدبیجا ناتیراہی بنسبت اہل خیر کے رہے اہل فسق پس جایز ہی ہمکو یہ کہ گمان رکھین ہم ساتھ اونکے مثل اوس چیز کے کہ ظاہر ہوا وسنے یا معنی یہ ہین اِجْتَنِبُوْا اجْتِنَابًا کَثِیْرًا یعنی پرہیز کرو پرہیز کرنا بہت یا یہ معنی ہین کہ احتراز کرو بہت بدگمانیون سے تاکہ واقع ہو بچاؤ بعض سے اور اثم اوس گناہ کو کہتے ہین کہ مستحق عذاب کا ہو اوسکا کرنے والا اور لَا تَجَسَّسُوْا کے یہ معنی ہین کہ نہ تلاش کرو عیب مسلمانون کے اور مجاہد سے منقول ہی یعنی لَا تَجَسَّسُوْا کے معنون مین کہ خُذُوْا مَا ظَھَرَ وَدَعُوْا مَا سَتَرَہُ اللّٰہُ یعنی لو جو کچھ ظاہر ہو اور چھوڑ دو اوس چیز کو کہ چھپایا اوسکو اللہ تعالی نے اور کہا سہیل نے لَا تَبْحَثُوْا عَنْ طَلَبِ مَعَائِبِ مَا سَتَرَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہٖ یعنی بحث تفتیش نکرو اون عیبون کے طلب کرنے سے کہ جنکو چھپایا ہی اللہ نے اپنے بندون پر اور غیبت کے معنی ہین ذکر کرنا عیب کا پس پشت اور حدیث مین آیا ہی کہ

غیبت یہہ ہی کہ اپنے بھائی کا ایسا ذکر کرے کہ اوسکو ناگوار گذرے اوسکو پھر اگر وہ عیب اوسمین ہو تو غیبت ہی والا بہتان ہی اور ابن عباس
رضی اللہ عنہ سے منقول ہی اَلْغِیْبَۃُ اِدَامُ کِلَابِ النَّاسِ یعنی غیبت سالن ہی لوگون کے اون کتون کا جو آدمی کی شکل پر ہین اور
اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ الخ تمثیل و تصویر بد ہی اوس چیز کی کہ پہونچتا ہی اوسکو غیبت کرنے والا کہ وہ آبرو ریزی اوسکی ہی کہ جسکی غیبت کی اور آیتمین
کئی طرح کے مبالغے ہین ایک تو اوسمین سے استفہام ہی کہ جسکے معنی تقریر ہین اور اور مبالغہ یہ ہی کہ نہایت مکروہ چیز کو منسوب محبت کیا اور
اور یہ ہی کہ نہ اکتفا فرمایا اوپر تمثیل غیبت کرنے کے ساتھ کھانے گوشت انسان کے بلکہ ٹھہرایا انسان کو اخ یعنی بھائی اور قتادہ سے منقول ہی
کَمَا تَکْرَہُ اِنْ وَجَدْتَ جِیْفَۃً مَّدُوْدَۃً اَنْ تَاْکُلَ مِنْھَا کَذٰلِکَ فَاکْرَہْ لَحْمَ اَخِیْکَ وَھُوَ حَیٌّ یعنی اگر پاوے تو
مردار کیڑے پڑا ہوا اور اوسکے کھانے کو مکروہ رکھے تو ایسا ہی مکروہ رکھ بھائی مسلمان کے گوشت کھانے کو اس حال مین کہ وہ زندہ ہو یعنی اوسکی
غیبت کو مردار مذکور کے برابر جان اور جب کہ ثابت کیا ادنکو یہ کہ کوئی اونمین سے نہین دوست رکھتا ہی کھانا مردار گوشت بھائی
اپنے کا اوسکے بعد فرمایا فَکَرِھْتُمُوْہُ یعنی پس ثابت ہوا مکروہ رکھنا تمھارا اوسکو بسبب استقامت عقل کے پس چاہیے کہ یہ بھی ثابت ہو
کہ مکروہ رکھو تم اوس چیز کو کہ وہ مانند ہی اوسکے یعنی غیبت بسبب استقامت دین کے وَاتَّقُوا اللّٰہَ الخ توّاب کے معنی ہین بہت قبول
کرنے والا توبہ کا اور معنی وَاتَّقُوا اللّٰہَ الخ کے یہ ہین کہ ڈرو تم اللہ تعالی سے ساتھ ترک کرنے اوس چیز کے کہ حکم کیے گئے تم اوس سے
بچنے کا اور ڈرو ساتھ نادم ہونے کے اوس چیز پر کہ پائی گئی تم سے اوسمین سے پس بلا شبہ اگر ڈرو گے تم تو قبول کریگا اللہ توبہ تمھاری
اور دیگا تمکو ثواب متقیون توبہ کرنے والون کا ٭ف٭ منقول ہی کہ سلمان خدمت کرتے تھے دو شخصون کی صحابہ مین سے اور
پکاتے تھے ادنکا کھانا پس ایک روز سلمان سو رہے کھانا اونکا نہ پکایا اون دونون نے سلمان رضی اللہ عنہ کو پیغمبر خدا کے پاس بھیجا تا
آنحضرت صلعم سے طعام اونکے لیے مانگ لاوے آنحضرت نے فرمایا کہ اُسامہ کے پاس جاؤ اگر کچھ ہو تو دیگا اور اُسامہ داروغہ تھے رسول خدا
کے سلمان اسامہ کے پاس گئے اسامہ نے کہا میرے پاس کچھ کھانا موجود نہین ہی سلمان نے اون دو صحابیون کے پاس آکر صورت حال کی بیان کی
اونھون نے سلمان کی غیبت مین کہا کہ سلمان کا ایسا قدم ہی کہ اگر کنوین سمیحہ مین جاوے تو وہ بھی خشک ہو جاوے پھر وہ دونون تجسس مین
پڑے کہ آیا اُسامہ نے سچ کہا یا کھانا رکھتا ہی اور ہمسے بخل کیا پھر جب وہ دونون آنحضرت کے پاس آئے تو فرمایا کہ کیا ہی کہ سرخی گوشت کی
تمھارے مونھون مین دیکھتا ہون مین اونھون نے کہا کہ یا رسول اللہ ہمنے تو گوشت نہین کھایا ہی فرمایا کہ غیبت کی تمنے یعنی سلمان اور
اسامہ کی اور جسنے غیبت کی مسلمان کی پس بلا شبہہ کھایا گوشت اوسکا پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت مذکورہ اور ایک روایت مین ہی کہ
یہ آیت نازل ہوئی کہ ظن بد اہل خیر پر نہ لیجاؤ اور لوگون کے عیوب اور پوشیدہ گناہون کے تجسس مین نہ پڑو تو جو کچھ کہ خدا تعالی نے
پوشیدہ رکھا ہی ظاہر نہو اور سفیان ثوری نے فرمایا کہ ظن دو قسم ہی ایک تو گناہ ہی اور وہ وہ ہی کہ کلام کرے تو ساتھ اوسکا اور دوسرا
ظن وہ ہی کہ گناہ نہین اور وہ وہ ہی کہ کلام نکرے تو ساتھ اوسکے اور تفسیر حسینی مین لکھا ہی کہ ظن چار قسم پر ہی ایک تو مامور بہ اور واجب
تو ابکا ہی اور وہ حسن ظن ساتھ خدا کے اور مومنون کے ہی حدیث شریف مین آیا ہی اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنَ الْاِیْمَانِ یعنی حسن ظن شاخ ہی
ایمان کی اور فرمایا حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَۃِ یعنی نیک گمانی اچھی عبادت سے ہی اور دوسرا ظن حرام ہی اور وہ ظن بد ساتھ
خدا کے اور رسول کے اور مومنون کے ہی اور وہ موجب عذاب کا ہی اور تیسرا ظن تحری ہی امر قبلے مین اور امور اجتہادیہ مین موجب ثواب کا ہی
اور چوتھا مباح ہی اور وہ ظن امور دنیا اور مہمات معیشت مین ہی اور اس صورت مین بدگمانی موجب سلامتی اور انتظام مہمات کی ہی انتہی
اور ظن حرام کے حق مین فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِیَّاکُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَکْذَبُ الْحَدِیْثِ وَلَا تَجَسَّسُوْا
وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَنَافَسُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَکُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰہِ اِخْوَانًا یعنی بچاؤ تم اپنے کو

۵۷ وفیہا اسند الفعل الی الاکثر والاشعار بان الاحتراس اللازم ما یجب ذلک ۱۲ ملؔ
۵۸ مردود مجہول من الدود یعنی کرم ۱۲
۵۹ سمیحہ کنوان ہی جسکا پانی بہت تھا اور ۱۲
۶۰ نام ہی ایک بستی کا ... بہت میٹھا ۱۲ ازہری

بدگمانی سے اسلیے کہ بدگمانی بڑی جھوٹی بات ہی دل کی اور نہ جاسوسی کرو اور نہ دشمنی کرو آپسمین اور نہ حسد کرو آپسمین اور
نزاع نکرو آپسمین اور بعضون نے کہا نہ رغبت کرو دنیا مین اور نہ غیبت کرو اور ہو و بندے اللہ کے بھائی آور ایک روایت مین پہلے لفظ
وَلَا تَجَسَّسُوا کی جگہ وَلَا تَحَسَّسُوا بھی آیا ہی یعنی آنکھ کان سے کسیکی ٹوہ نہ لو اور لَا تَجَسَّسُوا کے معنی یہ ہین کہ نرمی سے
کسیکا حال نہ معلوم کرو جیسے جاسوس کرتے ہین اور آیا ہی کہ چڑھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پھر پکارا ساتھ آواز بلند کے
پس فرمایا یَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْاِيْمَانُ اِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ
وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّتَّبِعْ عَوْرَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ
يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ یعنی ای گروہ لوگونکے کہ اسلام لائے ساتھ زبان اپنی کے اور نہین پہونچا ایمان طرف دل
اونکے کے نہ ایذا دو مسلمانون کو اور نہ عار دلاؤ اونکو اور نہ ڈھونڈھو عیب اونکے اسلیے کہ تحقیق جو کوئی ڈھونڈھتا ہی عیب اپنے
بھائی مسلمان کا ڈھونڈھتا ہی اللہ عیب اوسکا اور جسکا ڈھونڈھتا ہی اللہ عیب رسوا کرتا ہی اوسکو اگرچہ درمیان گھر اپنے کے ہو
اور آیت مین مراد فَكَرِهْتُمُوْهُ سے یہ ہی کہ جیسا کہ کھانے گوشت برادر مردہ اپنے کے سے کراہیت رکھنے والے ہو ایسا ہی غیبت سے
بھی کراہیت رکھو اور تنفر کرو ❊ **مسئلہ** ❊ غیبت اوس کلام کو کہتے ہین کہ کوئی کسیکے غائبانہ ایسی بات کہے کہ اگر وہ سنے
تو ناخوش ہو بشرطیکہ وہ بات سچی ہو اسلیے کہ اگر جھوٹ ہوگی تو وہ بہتان ہوگا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَتَدْرُوْنَ
مَا الْغِيْبَةُ قَالُوْا اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ الخ یعنی کیا جانتے ہو تم کہ کیا ہی
غیبت عرض کیا صحابہؓ نے کہ اللہ اور رسول اوسکا خوب جانتے ہین فرمایا ذکر کرنا تیرا اپنے بھائی کو ساتھ اوس چیز کے کہ مکروہ رکھے وہ
کسی نے کہا خبر دیجیے ہمکو یہ کہ اگر ہو میرے بھائی مین وہ چیز کہ کہتا ہون مین یعنی تو بھی غیبت ہوگی فرمایا اگر ہو اوسمین وہ چیز کہ کہتا ہی تو تو تحقیق
غیبت کی تو نے اور اگر نہو اوسمین وہ چیز کہ کہتا ہی تو تو تحقیق بہتان کیا تو نے اور یہ بھی فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَمَّا عُرِجَ
بِيْ رَبِّيْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ اَظْفَارٌ مِّنْ نُحَاسٍ يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاۤءِ
يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاۤءِ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَيَقَعُوْنَ فِيْ اَعْرَاضِهِمْ یعنی جب اوپر لے گیا
مجکو رب میرا یعنی معراج مین تو گذرا مین ایک قوم پر کہ اونکے ناخن تھے تانبے کے نوچتے تھے مونہہ اپنے اور سینے اپنے پس کہا مینے
کون ہین یہ ای جبرئیل کہا یہ وہ ہین کہ کھاتے ہین گوشت لوگون کے یعنی غیبت کرتے ہین اور پڑتے ہین آبروریزی اونکی مین یعنی غیبت
کرتے ہین اور گالیان دیتے ہین اور یہ بھی حدیث مین آیا ہی اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا یعنی غیبت سخت زیادہ ہی زنا سے اور یہ بھی
حدیث مین آیا ہی کہ غیبت اعمال غیبت کرنے والے کو ایسا مٹاتی ہی کہ جیسے آگ لکڑیون کو اور نیکیان اوسکی اوسکے دشمن کو یعنی جسکی غیبت کی ہی
دیتے ہین اور سیئات دشمن کے غیبت کرنے والے کو دیتے ہین نعوذ باللہ منہ پس معلوم ہوا کہ غیبت بڑی ہی بلا ہی اور موجب عذاب دردناک کی
مومن کو احتراز اوس سے واجب ہی اور بچنا اور چھٹکارا غیبت سے یون ہوتا ہی کہ اسباب غیبت کے اپنے سے دور کرے اور اوسکے وعید مین تامل کرے
کہ تھوڑی سی چیز کے لیے غصہ خدا کا اختیار کرتا ہی اور اسباب غیبت کے حسد یا اظہار فضل اپنے کا اور رد اور دوسرے کے فضل کا اور غصہ
اور تہمت بازی اور مانند اونکے ہین ان سب سے دور ہونا چاہیے کہ حقیقت مین عداوت کرنی اپنے ساتھ ہی اور کفارہ اس عمل کا کہ سابق مین کیا ہی
ندامت اور توبہ اور استغفار خدا تعالی سے اور بخشوانا دشمن سے ہی تا گناہ خدا اور بندے کے سے پاک ہو اور اگر دشمن مرگیا ہو تو اوسکے لیے
خیرات اور استغفار کرے اور بخشوانے مین جو کچھ کہ اوسکی غیبت کی ہی اوسکے آگے ظاہر کرکر عفو کروا لے مگر کہ خوف زیادتی شر کا ہو تو
وہان مجمل کہے اور اگر اسمین بھی خوف ہو تو خدا تعالی کی طرف رجوع کرے فقط اور بخشوانے مین بہر نوع نفع ہی اگر عفو کیا فبہا اور

والا تو اس بخشوانے کا بدلا غیبت کا قیامت مین ہوگا اور کہا ہی علما نے کہ غیبت سب جگہہ حرام ہی مگر چھہ جگہہ معاف ہی گنہگار نہین ہوتا ایک تو بیچ ظاہر کرنے احوال فاسق معلن کے کہ فسق سے عیب نرکھے اسی مین داخل ہین ڈوم و مخنث وغیرہ دوسرے بیچ ظاہر کرنے حال ظالم کے سامنے حاکم اور مددگار اپنے کے تیسرے ظاہر کرنا منکرات کا آگے محتسب کے تا دفع اوسکا کرے چوتھے اظہار حقیقت کا آگے مفتی کے واسطے طلب فتوی کے پانچوین کہنا کسیکا ایسا لقب کیا اوس سے وہ رنجیدہ نہو جیسے اعمی کو نابینا کہنا چھٹے ظاہر کرنا حال چور اور مبتدع کا آگے اوس شخص کے کہ اوسپر اعتماد ہو کہ تدارک اسکا کریگا حاصل کلام یہ کہ دور ہونا اس عمل بد سے ہر شخص پر واجب ہی کہ آفت عظیم ہی اور اس زمانے مین ایسی شائع ہوئی ہی کہ کوئی شخص اور کوئی مجلس اوس سے خالی نہین الا ما شاء اللہ باوجودیکہ کبائر سے ہی لیکن لوگ اوس سے ایسے غافل ہین کہ اوسکو برا ہی نہین جانتے حق تعالی آگلی بخشے اور قریب اسکے گناہ مین آفت سخن چینی اور چغل خوری ہی کہ اوسکے حق مین قول رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا صحیح مسلم مین واقع ہی لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ یعنی نہین داخل ہوگا جنت مین چغل خور اور دنیا مین بھی خرابی اوسکی کبھی اس حد کو پہونچتی ہی کہ خونریزیان ہوتی ہین پس سخن چینی اور پردہ دری کسیکے کار سے روا نہین ہی مگر یہ کہ کوئی چور چاہے کہ مال کسیکا لیلوے اور مانند اسکے ہر چیز کہ اوسمین نقصان کسی مسلمان کا ہو تو اوسکو اوس سے خبر دینی جائز ہی تا مسلمان اور مال اوسکا محفوظ رہے اور چور وغیرہ بھی اوسکے گناہ سے بچا اور جو کوئی کہ دو دشمنون سے آپسمین ملاقات رکھتا ہو اوسپر لازم ہی کہ بات ہر ایک کی اپنے دل مین رکھے اور دوسرے سے ظاہر نکرے اور دونون کو نصیحت کرتا رہے والا ہیچ وعید دورویون کے داخل ہوگا اور کہا ہی علما نے کہ غیبت اور چغل خوری کے سننے والے پر چھہ چیزین لازم ہین تا گنہگار نہون ایک تو یہ کہ اوسکے کلام کو باور نکرے اسلیے کہ غیبت کرنے والا فاسق ہی دوسرے یہ کہ اوسکو منع کرے کہ منع کرنا بری بات سے واجب ہی تیسرے یہ کہ چغل خور جو کسی مسلمان کی طرف سے چغل خوری کرے اوسپر گمان بد نلیجاوے کہ ظَنُّوا الْمُؤْمِنُوْنَ خَیْرًا واقع ہی چوتھے یہ کہ اوسکے احوال کے تجسس مین نپڑے پانچوین یہ کہ چغل خوری چغل خور کے سے کسیکو خبر نکرے چھٹے یہ کہ چغل خور کو دشمن رکھے **معا بھ وا ف** حضرت شیخ عبد الحق رحمہ اللہ نے بیچ شرح حدیث اَتَدْرُوْنَ مَا الْغِیْبَةُ الخ کے لکھا ہی جاننا چاہیے کہ غیبت ایک گناہ ہی نہایت بڑا اور بنسبت اور گناہون کے زیادہ پھیلا ہوا ہی لوگون مین کہ بہت ہی کم ہین ایسے لوگ کہ بچین اوس سے اور غیبت کہتے ہین کسیکے یاد کرنے کو ساتھ ایسے عیب کے کہ ناخوش لگے اوسکو خواہ وہ عیب اوسکے بدن مین ہو یا اوسکی عقل مین یا دین مین یا دنیا مین یا خلق مین یا نفس مین یا مال مین یا اولاد مین یا مان باپ مین یا بیوی مین یا خادم مین یا کپڑے مین یا رفتار و گفتار مین یا ہیئت مین یا نشست و برخاست مین یا حرکات و سکنات مین یا تازہ روئی اور ترش روئی اور تندخوئی مین اور سخن گوئی اور خاموشی مین اور سوائے انکے مین جو کچھہ کہ متعلق ہی ساتھہ اوسکے خواہ ذکر کرنا ساتھہ الفاظ کے ہو یا کنایہ کے یا رمز یا اشارے کے ساتھہ آنکھہ اور بھون اور سر اور ہاتھہ اور مانند انکے اور قاعدہ کلیہ اسمین یہ ہی کہ جس چیز سے سمجھا جاوے تو کسیکو نقصان مسلمان کا اور غائبانہ ہو اوسکے پس وہ غیبت حرام ہی اور اگر اوسکے مونھہ پر کہے اور ناخوش لگے اوسکو بیحیائی اور ایذا اور وقاحت ہی کہ یہ اور ہی گناہ ہی اور کفارہ غیبت کا یہ ہی کہ بخشوالے اوس سے کہ جسکے غیبت کی ہی اگر خبر اوس غیبت کی اوسکو پہونچگئی ہی اور اگر نہ پہونچی نہین ہی اور وہ مرگیا ہی یا مسافت دور پر ہی تو استغفار کافی ہی اور بخشوانے مین لازم نہین ہی کہ تفصیل سے کہے بطریق اجمال کے کافی ہی کہ کہے تیری غیبت کی ہی مینے بخشدے وہو الصحیح اور جسکی غیبت کی ہی اوسکے لیے استغفار کرنی بھی کفارہ غیبت کا ہی جیسا کہ احادیث مین ہی **ف** ذکر کرنا آدمیون کی برائیون کا بطریق اہتمام کے نہین مضایقہ ہی اور مکروہ ہی اوس صورت مین کہ ارادہ کرتا ہو برا کہنے اور نقصان کا اور جسنے غیبت کی ایک شہر والون کی یا بستی والون کی تو نہین ہوتی کی

وہ غیبت یہانتک کہ نام لے ایک قوم معین کا کذا فی السراجیہ * ایک شخص روزہ رکھتا ہی اور نماز پڑھتا ہی لیکن ضرر پونہچاتا ہی لوگون کو ہاتھہ اور زبان سے پس ذکر کرنا اوسکا ساتھہ اوس عیب کے کہ اوسمین ہی نہین ہوتی غیبت اور اگر خبر پونہچاوے سلطان کو تو اوسکی تاکہ وہ تنبیہ کرے اوسکو پس نہین گناہ ہی اوسپر کذا فی فتاوی قاضی خان تمّ الہ ہ ہندی * روایت کیا ہی احمد نے بیچ کتاب زہد کے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا اونھون نے لَا تَظُنَّنَّ بِكَلِمَةٍ خَرَجَتْ مِنْ أَخِيكَ سُوْءًا وَأَنْتَ تَجِدُ لَهَا فِي الْخَيْرِ مَحْمَلًا یعنی بدگمانی نہ لیجا ساتھہ ایک بات کے کہ نکلے تیرے بھائی مسلمان کے مونہہ سے اس حال مین کہ پاوے تو اوسکے لیے خیر مین ٹھکانا * اور روایت کیا ابن مردویہ نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے إِنَّ الظَّنَّ يُخْطِئُ وَيُصِيبُ یعنی بلا شبہہ گمان خطا کرتا ہی اور صواب کو بھی پونہچتا ہی * اور روایت کی بیہقی نے شعب الایمان مین سعید بن مسیب سے کہ کہا لکھا طرف میرے بعضے بھائیون میرے نے اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سے أَنْ ضَعْ أَمْرَ أَخِيكَ عَلَى أَحْسَنِهِ مَا لَمْ يَأْتِكَ مَا يَغْلِبُكَ وَلَا تَظُنَّنَّ بِكَلِمَةٍ خَرَجَتْ مِنِ امْرِئٍ مُسْلِمٍ شَرًّا وَأَنْتَ تَجِدُ لَهُ فِي الْخَيْرِ مَحْمَلًا الخ یعنی رکھہ امر بھائی مسلمان اپنے کو اوپر محمل نیک کے جبتک کہ نہ آوے تجکو وہ چیز کہ غالب آوے تجپر یعنی اوسکے امر کو محمل نیک پر حمل کر جبتک کہ عاجز ہووے تو اوسکی تاویل سے اور بدگمانی نہ لیجا ساتھہ ایک بات کے کہ نکلے مسلمان کے مونہہ سے اس حال مین کہ پاوے تو اوسکے لیے خیر مین محمل اور جو شخص کہ پیش کرے اپنے نفس کو تہمتون کے لیے پس نہ ملامت کرے مگر اپنے ہی نفس کو اور جو شخص کہ چھپاوے بھید اپنا ہوتا ہی اختیار اوسکے ہاتھہ مین یعنی اگر بھید مونہہ سے نکال بیٹھا پھر اختیار اسکا نرہا جو چاہیگا اور وہ امر خراب ہوگا اور نہ بدلا لیا تو نے اوس سے کہ نافرمانی کی اللہ کی تیرے حق مین مانند اسکے کہ فرمانبرداری کرے تو اللہ کی اوسکے حق مین یعنی جو تجسے بدی کرے برا بدلا اوسکا یہی ہی کہ تو درگذر کر اوس سے اور بھلائی کر اوس سے اور لازم کر اپنے دوستی کرنی سچون سے پس رہ تو ایسے دوستون کے حاصل کرنے کی فکر مین اسلیے کہ وہ زینت ہین حالت فراخی وچین مین اور بڑے سامان ہین وقت آنے بلاے عظیم کے اور سہل و حقیر نجان تو قسم کو پس حقیر کریگا تجکو اللہ اور نہ سوال کر تو اوس حکم سے کہ نہین ہوا یہانتک کہ ہو یعنی جس امر مین کچھہ حکم نہین آیا اوسکی تفتیش مین نہ پڑ یہانتک کہ کچھہ حکم معلوم ہو اور نہ کہہ بات مگر نزدیک اوس شخص کے کہ خواہش کرے اوسکی اور لازم کر اپنے پر سچ کو اگرچہ مارا جاوے تو بسبب سچ کے اور کنارہ کر اپنے دشمن سے اور ڈر تارہ اپنے یار سے مگر کہ امین ہو اور نہین ہوتا ہی امین مگر وہ شخص کہ ڈرے اللہ سے اور مشورہ کر اپنے امر مین اون لوگون سے کہ ڈرتے ہین اپنے رب سے بن دیکھے * روایت کی ابن ماجہ نے ابن عمر سے کہ کہا دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو طواف کرتے خانۂ کعبہ کا اس حال مین کہ فرماتے تھے مَا أَطْيَبَكِ وَأَطْيَبَ رِيحَكِ مَا أَعْظَمَكِ وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ أَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ حُرْمَةً مِنْكِ مَالِهِ وَدَمِهِ وَأَنْ يُظَنَّ بِهِ إِلَّا خَيْرًا یعنی کیا خوب ہی تو اور کیا خوب ہی خوشبو تیری کیا بزرگ ہی تو اور کیا بزرگ ہی حرمت تیری قسم ہی اوس ذات کی کہ جان محمد کی اوسکے ہاتھہ مین ہی البتہ حرمت مومن کی بہت بڑی ہی نزدیک اللہ کے تیری حرمت سے بڑی حرمت ہی اوسکے مال کی اور خون کی اور گمان نہ لیجایا جاوے اوسپر سوا خیر کے * روایت کی بخاری نے کتاب ادب مین ابی العالیہ سے کہ کہا تھے ہم حکم کیے جاتے یہ کہ اگر خادم پاس کوئی چیز رکھین تو مہر کر دیا کرین اور ماپا اور گن کر دیا کرین واسطے مکروہ جاننے اسکے کہ عادت پکڑین وہ خلق بد کی یعنی خیانت کی یا کوئی ہم مین سے بدگمانی لیجاوے اوسپر * روایت کی طبرانی نے حارثہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ثَلٰثٌ لَازِمَاتٌ لِأُمَّتِي الطِّيَرَةُ وَالْحَسَدُ وَسُوْءُ الظَّنِّ یعنی تین چیزین لازم رہینگی میری امت کے لیے شگون بد لینا اور حسد اور بدگمانی پس

[illegible] ۵۲ [illegible] ۵۳ [illegible] ۵۴ [illegible] ۵۵ مقصود بیان کرنا [illegible]

ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہممین یہ چیزین ہوں تو کون سی چیز انکو دفع کرے فرمایا اِذَا حَسَدْتَ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰہَ
وَاِذَا ظَنَنْتَ فَلَا تُحَقِّقْ وَاِذَا تَطَیَّرْتَ فَامْضِ یعنی جب حسد کرے تو بخشش مانگ اللہ سے اور جب گمانی ہو
تجکو کسی کی طرف سے پس تحقیق کر یعنی بس عادت چھوٹ جائیگی اور جب شگون بد واقع ہو تجکو تو خیال اوسکی طرف نکر اور جو کام کرنا ہے
اوسکو کر اور روایت کی ابن نجار نے اپنی تاریخ مین حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
مَنْ اَسَاءَ بِاَخِیْہِ الظَّنَّ فَقَدْ اَسَاءَ بِرَبِّہٖ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ
یعنی جسنے بدگمانی کی اپنے بھائی مسلمان پر بے تحقیق بدگمانی کی اوسنے اپنے رب عز وجل سے فرماتا ہی اللہ تعالی بچو تم بہت بدگمانی سے
یہ روایتین تفسیر در منثور کی ہین اور کتاب نصاب الاحتساب مین کہ کتاب معتبر ہی لکھا ہی کہ من جملہ ادب احتساب سے یہ ہی کہ جو روایت کیا گیا
ہی عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ ایک رات گشت کو اوٹھے پس دیکھا اونھون نے ایک چراغ دروازے کی درزون مین سے پس جھانکا تو دیکھے گئے تین
کہ کتنے ایک لوگ بیٹھے ہین شراب پر پس انکی سمجھ مین نہ آیا کہ کیا کرین پس داخل ہوئے مسجد مین اور نکالا عبد الرحمن بن عوف کو اور لائے
اونکو طرف اوسی دروازے کے پس دیکھا دونون نے اور کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبد الرحمن کو کہ کیا صلاح دیتا ہی تو کیا کرین ہم پس کہا
عبد الرحمن نے کہ گمان کرتا ہون مین قسم خدا کی کہ بلاشبہ کیا ہمنے وہ کام کہ منع کیا ہمکو اللہ نے اوس سے کیونکہ تجسس کیا ہمنے اور مطلع
ہوئے ہم اوپر عیب ایک قوم کے کہ پردہ کیا تھا اونھون نے ہمسے اور نہین لائق تھا ہمکو یہ کہ کھولین ہم اللہ تعالی کے پردے کو پس کہا عمر نے
کہ نہین گمان کرتا مین تجکو مگر کہ سچ کہا تو نے پس پھر آئے دونون اور اس روایت سے کتنے ہی فائدے معلوم ہوئے ایک تو یہ کہ رات کو گشت
کرنا یعنی حاکم کے لیے سنت ہی عمر رضی اللہ عنہ کی اور دوسرا یہ کہ محتسب کو لائق ہی یہ کہ مشورہ کرے اپنے یارون سے اوس امر مین کہ
دشوار ہو اوسپر جیسا کہ سوال کیا عمر رضی اللہ عنہ نے عبد الرحمن سے اور تیسرا یہ کہ تجسس کرنا محتسب کو بھی ممنوع ہی اور روایت کیا گیا
ہی مانند اسی کے یہ کہ عمر رضی اللہ عنہ گشت کو اوٹھے ایک رات ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ پس جھانکا انھون نے ایک دروازے کی
درزون مین سے پس دیکھا ایک شیخ کو کہ اوسکے آگے شراب ہی اور گانیوالی گا رہی ہین پس چڑھے یہ دونون دیوار پر اور کہا کہ نہین
بُرا جانتے ہم کسی بڈھے کو مثل تیرے کہ ہو ایسے حال پر پس اوٹھکر آیا وہ شخص طرف عمر کے اور کہا ای امیر المومنین قسم دیتا ہون
تجکو اللہ کی آگاہ ہو کہ نہ انصاف کیا تو نے یہان تک کہ کلام کرون مین یعنی انصاف مقتضی اسکو ہی کہ پہلے میری بات سن لو پھر غصہ کرنا
کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہہ کہا اوسنے کہ اگر نافرمانی کی ہی مینے اللہ تعالی کی ایک امر مین تو تمنے نافرمانی کی تین امرون مین کہا عمر نے کہ وہ کیا ہین
اوسنے کہا کہ تجسس کیا تو نے حالانکہ اللہ تعالی نے منع کیا تجکو اوس سے کہ فرمایا وَلَا تَجَسَّسُوْا اور دیوار سے چڑھ آئے تم حالانکہ اللہ تعالی
نے فرمایا وَأْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ اَبْوَابِہَا یعنی اور آؤ تم گھرون مین اونکے دروازون سے یعنی اور نہ آؤ گھرون مین اونکی پشتون سے
واسطے فرمانے اللہ تعالی کے لَیْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُیُوْتَ مِنْ ظُہُوْرِہَا یعنی نہین ہی نیکی یہ کہ آؤ تم گھرون مین اونکے
پشتون کی طرف سے اور داخل ہوئے تم بغیر اذن کے حالانکہ فرماتا ہی اللہ تعالی لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِکُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا
وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَہْلِہَا یعنی نہ داخل ہو تم گھرون مین سوائے اپنے گھرون کے یہان تک کہ اذن چاہو تم اور سلام کرو گھر والون پر
پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے کہ سچ کہا تو نے پس آیا تو بخشتا ہی مجکو پس کہا اوسنے غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ پس نکلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ روتے
ہوئے اور وہ کہتے تھے وَیْلٌ لِعُمَرَ اِنْ لَّمْ یَغْفِرِ اللّٰہُ لَہٗ یعنی وای ہی عمر کے لیے اگر نہ بخشے اللہ اوسکو کیا حال ہو اسکا کہ پاوے
ایک شخص کو کہ چھپاتا ہوا اسکو اپنے اہل اور اولاد اور والدین سے سوائے اسکے کہ یہ دیکھا مجکو امیر المومنین نے دلالت کرتی ہی یہ روایت بھی
اسپر کہ محتسب جاسوسی نکرے اور نہ دیوار پر چڑھ کر جاوے اور نہ داخل ہو گھر مین بغیر اذن کے پھر اگر کہا جاوے کہ ذکر کیا گیا بیچ باب من

یظہر البدع فی البیوت کے یہ کہ جائز ہی محتسب کو داخل ہونا یعنی گھرون مین بغیر اذن کے تو اوسکا جواب یہ دینگے ہم کہ وہ اوس صورت
مین ہی کہ ظاہر ہو کوئی امر خلاف شرع اور یہ اوس صورت مین ہی کہ پوشیدہ ہو اور صورت اظہار کی باب مذکور مین یہ ذکر کی ہی کہ امام
ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے سنی آواز مزامیر و معازف کی کہا کسیکو کہ داخل ہوا وہ بغیر اذن اونکے کے بسبب ارتکاب خلاف شرع
کے اسلیے کہ منع کرنا اوس سے واجب ہی اگر نہ جائز ہو داخل ہونا بغیر اذن اونکے کے تو نہ ممکن ہو منع کرنا اور اسلیے کہ اونھون نے
ساقط کی حرمت اپنی بسبب کرنے خلاف شرع کے پس جائز ہوئی ہتک اونکی تمام ہوا مضمون تجسس کا اب پھر شروع ہوتی ہین
روایتین درمنثور کی درباب غیبت کے + ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہی بیچ تفسیر قول اللہ تعالیٰ کے وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا کہ کہا
حَرَّمَ اللّٰہُ اَنْ یُّغْتَابَ الْمُؤْمِنُ بِشَیْءٍ کَمَا حَرَّمَ الْمَیْتَۃَ یعنی حرام کیا اللہ تعالیٰ نے یہ کہ غیبت کیجاے مومن کی ساتھ
کسی چیز کے جیسے کہ حرام کیا مردار کو + روایت کی عبد بن حمید نے عکرمہ سے یہ کہ ایک عورت آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر چلی گئی
پس کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ کیا خوب جمال والی اور حسن والی تھی یہ اگر نہوتی ٹھنگنی پس فرمایا عایشہ رضی اللہ عنہا کو نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ غیبت کی تونے اوسکی اے عایشہ پس کہا عایشہ نے یا رسول اللہ کہی مینے ایک بات کہ وہ اوسمین تھی فرمایا حضرت نے اے عایشہ
جسوقت کہی تونے ایسی بات کہ وہ اوسمین تھی پس ہی تو غیبت ہی اور جسوقت کہے تو ایسی بات کہ اوسمین نہوتی تو بیشک بہتان
باندھتی تو اوسپر + آیا ہی کہ محمد بن سیرین کے آگے ایک شخص کا ذکر ہوا کہا محمد بن سیرین نے ذَاکَ الْاَسْوَدُ یعنی وہ کالا پھر کہا اَسْتَغْفِرُ
اللّٰہَ اَرَانِیْ قَدِ اغْتَبْتُہٗ یعنی بخشش مانگتا ہون اللہ سے گمان کرتا ہون مین اپنے کو کہ بلاشبہہ غیبت کی مینے اوسکی + بیہقی وغیرہ
نے روایت کیا ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا اونھون نے لَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا یعنی نہ غیبت کرے کوئی تم مین سے کسیکی
اسلیے کہ مین تھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس گذری ایک عورت کہ دامن اوسکا دراز تھا پس کہا مینے یا رسول اللہ
اِنَّھَا لَطَوِیْلَۃُ الذَّیْلِ یعنی دامن اسکا دراز ہی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِلْفِظِیْ فَلَفَظْتُ بِضْعَۃَ اللَّحْمِ یعنی
تھوک تب پس تھوکا مینے بصورت گوشت کے + آیا ہی کہ پوچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم پر پس فرمایا اونکو تَخَلَّلُوْا یعنی خلال
کر ڈالو پس کہا اوس قوم نے کہ یا نبی اللہ قسم خدا کی نہین کھایا ہمنے آج کچھ کھانا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنِّیْ لَاَرٰی
لَحْمَ فُلَانٍ بَیْنَ ثَنَایَاکُمْ وَ کَانُوْا اغْتَابُوْہُ یعنی بلاشبہہ مین البتہ دیکھتا ہون گوشت فلانے کا درمیان دانتون تمھارے کے
اور اونھون نے غیبت کی تھی اوسکی + روایت کی ضیاء مقدسی نے انس سے کہ کہا تھے عرب خدمت کرتے آپسمین ایک دوسرے کی سفرون مین
اور تھا ابو بکر اور عمر کے ساتھ ایک شخص کہ خدمت کرتا تھا اونکی پس سوے وہ دونون پھر جاگے اور نہین طیار کیا تھا اوس شخص نے کھانے کیلیے
کھانا پس کہا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما نے اِنَّ ھٰذَا لَنَئُوْمٌ یعنی بلاشبہہ یہ البتہ بڑا ہی سونے والا ہی پھر جگایا دونون صاحبون نے
اوسکو اور کہا جا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کر آپسے کہ ابو بکر و عمر آپکو سلام کہتے ہین اور سالن مانگتے ہین آپسے
پس فرمایا حضرت نے کہ وہ سالن کھا چکے ہین پھر آئے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ کا ہیکا سالن کھایا ہمنے فرمایا
اپنے بھائی کے گوشت کا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنِّیْ لَاَرٰی لَحْمَہٗ بَیْنَ ثَنَایَاکُمْ یعنی قسم اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے
ہاتھ مین ہی بلاشبہہ البتہ دیکھتا ہون مین گوشت اوسکا تمھارے دانتون کے درمیان مین پس عرض کیا اونھون نے کہ بخشش مانگیے
ہمارے لیے یا رسول اللہ فرمایا مُرَاہُ فَلْیَسْتَغْفِرْ لَکُمَا یعنی اوسی سے کہو کہ بخشش مانگے تمھارے لیے + آیا ہی کہ ایک دو عورتون نے
روزہ رکھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین پھر بیٹھی ایک اون دونون کی دوسری کے پاس پھر شروع کیا دونون نے کھانا لوگون کے
گوشت کا یعنی لوگون کی غیبت کرنے لگین آپسمین پس آیا ایک شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہان

دو عورتون نے روزے رکھے تھے اور قریب ہلاکت کے پونہچین مین یعنی مارے پیاس کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آوین میرے پاس اون دونون کو پس آئین وہ دونون پھر منگوایا حضرت نے ایک پیالا اور فرمایا ایک کو اون دونون مین سے کہ قی کر پس قی کی اوسنے پیپ اور لہو اور کچھ لہو یہان تک کہ بھر گیا آدھا پیالا پھر فرمایا دوسری کو کہ قی کر پس قی کی اوسنے پیپ اور لہو اور کچھ لہو یہان تک کہ بھر گیا پیالا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ان دونون نے روزے رکھے تھے اوس چیز سے کہ حلال کی اللہ تعالی نے اونکے لیے اور افطار کیے اوس چیز پر کہ حرام کی اللہ نے اوپر بیٹھی ایک اون دونون کی پاس دوسری کے اور شروع کیا کھانا لوگون کے گوشتون کا + فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْمُؤْمِنُ حَرَامٌ عَلَی الْمُؤْمِنِ لَحْمُهٗ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَّاْكُلَهٗ يَغْتَابُهٗ بِالْغَيْبِ وَعِرْضُهٗ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَّخْرِقَهٗ وَوَجْهُهٗ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَّلْطِمَهٗ یعنی مومن حرام ہی مومن پر گوشت اوسکا اوسپر حرام ہی یہ کہ کھاوے اوسکو یعنی غیبت کرے اوسکے غائبانہ اور آبروریزی اوسکی اوسپر حرام ہی اور مونہہ اوسکا اوسپر حرام ہی کہ طپانچہ مارے اوسپر + روایت کی بیہقی اور بخاری وغیرہما نے سند صحیح سے کہ ماعز صحابی جب سنگسار کیا گیا تو سنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دو شخصونکو کہ کہتا ہی ایک دوسرے سے کہ کیا نہین دیکھا تو نے طرف اس شخص کے کہ پردہ پوشی کی تھی اسکی اللہ نے پھر نہ چھوڑا اسکو اسکے نفس نے یہان تک کہ سنگسار کیا گیا مانند سنگسار کیے جانے کتے کے پھر چلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی اوس جگہہ سے اور گذرے ایک گدھے مردہ پر پس فرمایا کہان ہی فلانا اور فلانا اوترو تم دونون یعنی سواری سے اور کھاؤ اس گدھے مردے سے پس کہا اونھون نے کہ آیا یہ بھی کھایا جاتا ہی فرمایا آنحضرت نے کہ جس گناہ کو کہ پونہچے تم اپنے بھائی مسلمان کی غیبت سے ابھی اشد ہی اسکے کھانے سے قسم اوس ذات پاک کی کہ جان میری اوسکے ہاتھہ مین ہی بلاشبہہ ماعز اب البتہ جنت کی نہرون مین غوطے لگا رہا ہی یعنی نہاتا ہی اور خوشیان کر رہا ہی + بخاری نے کتاب ادب مین اور ابن ابی شیبہ اور احمد نے روایت کیا عمرو بن عاص صحابی سے کہ وہ گذرے مع چند یارون کے ایک خچر مردہ پر پس کہا قسم خدا کی البتہ کھانا ایک تمہارے کا اس سے پیٹ بھر کر بہتر ہی اوسکے لیے کھانے مسلمان بھائی کے گوشت سے + روایت کی بخاری نے کتاب ادب مین جابر سے کہ کہا تھے ہم ساتھہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس پونہچے آپ ایک دو قبرون پر کہ عذاب کیے جاتے تھے مردے اونکے پس فرمایا کہ یہ دونون نہین عذاب کیے جاتے ہین کسی ایسے امر کے سبب سے کہ بچنا اوس سے دشوار ہو بلکہ ایک انمین کا غیبت کیا کرتا تھا لوگون کی اور دوسرا نہین بچاؤ کرتا تھا پیشاب سے پھر منگائی آپنے ایک ٹہنی تازہ یعنی کھجور کی اور چیرا اوسکو پھر فرمایا کہ ایک ٹکڑا ایک قبر پر گاڑ دو اور ایک دوسری پر پھر فرمایا کہ اس سے ہلکا ہو جائیگا عذاب ان دونون سے جب تک کہ تازی رہیگی یعنی دست مبارک کی برکت سے یہ بات حاصل ہوئی + روایت کی بخاری نے کتاب ادب مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ کہا جس شخص کے پاس کوئی مومن غیبت کیا گیا پس مدد کی اسنے اوسکی جزا دے خیر دیگا اوسکو اللہ بسبب اوسکے دنیا اور آخرت مین اور جسکے پاس کوئی غیبت کیا گیا پس نہ مدد کی اوسنے اوسکی جزا بد دیگا اوسکو اللہ دنیا اور آخرت مین اور نہ کھایا کسینے کوئی لقمہ بدتر اسکے کہ کھاوے مومن کی غیبت کے سبب سے اگر بیان کیا اوسکا وہ عیب کہ جانتا ہی تو بلاشبہہ غیبت کی اوسکی اور اگر کہا اوسکے حق مین وہ عیب کہ نہین جانتا ہی تو تحقیق بہتان باندھا اوسپر + روایت کی احمد نے جابر بن عبداللہ سے کہ کہا تھے ہم ساتھہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس اوٹھی ایک بدبو مردار سڑے ہوئے کی سی پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آیا جانتے ہو تم کہ کیسی ہی یہ بدبو یہ بدبو اون لوگون کی ہی کہ غیبت کرتے ہین لوگون کی + روایت کی ابن ابی الدنیا نے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ غیبت کیجاوے کسی شخص کی اس حال مین کہ تو اوس جماعت مین ہی پس ہو تو اوس شخص کا مددگار اور قوم کو ڈانٹنے والا اور اوٹھہ کھڑا ہو اونمین سے پھر پڑھی آپنے یہ آیت اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ +

روایت کی بیہقی نے شعب الایمان مین ابن عباس رض سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اِنَّ الرِّبٰوا نَیِّفٌ وَّسَبْعُوْ
نَ بَابًا اَھْوَنُھُنَّ بَابًا مِّثْلُ مَنْ نَّکَحَ اُمَّہٗ فِی الْاِسْلَامِ وَدِرْھَمُ الرِّبٰوا اَشَدُّ مِنْ خَمْسٍ وَّثَلٰثِیْنَ زَنْیَۃً
وَاَشَدُّ الرِّبٰوا وَاَرْبَی الرِّبٰوا وَاَخْبَثُ الرِّبٰوا اِنْتِھَاکُ عِرْضِ الْمُسْلِمِ وَانْتِھَاکُ حُرْمَتِہٖ یعنی بلاشبہ بیاز کھانے کے گناہ کے
کچھ اوپر ستر جز وہین ادنی اونکا یہ ہی کہ جیسے اپنی مان سے زنا کیا حالت اسلام مین اور ایک درہم بیاز کی اشد ہی پینتیس زنا سے اور اشد
بیازون کا اور بڑے بیازون کا بیاز اور بدترین بیازون کا آبروریزی مسلمان کی اور حرمت اوتارنی اوسکی ہی + بیہقی وغیرہ نے
روایت کی ہی ابن عباس رض سے یہ کہ دو شخصون نے نماز پڑھی ظہر کی یا عصر کی اور تھے وہ روزہ دار پس جب نماز پڑھ چکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
تو فرمایا اَعِیْدَا وُضُوْءَکُمَا وَصَلٰوتَکُمَا وَامْضِیَا فِیْ صَوْمِکُمَا وَاقْضِیَا یَوْمًا اٰخَرَ یعنی پھیرو وضو اپنا اور نماز
اپنی اور تمام کرو روزے اپنے یعنی توڑ نہ ڈالو اور قضا کرو اوسکو اور دن کہا اون دونون نے کیون یارسول اللہ فرمایا کہ غیبت کی تم نے اوسکی +
روایت کی بیہقی نے عایشہ رض سے کہ کہا نہین وضو کرتا ہی ایک تم مین کا بسبب کلمۂ خبیثہ کے کہ کہتا ہی اوسکو واسطے بھائی اپنے کے
اور وضو کرتا ہی یعنی ہاتھ دھوتا ہی بسبب کھانے حلال کے + بیہقی وغیرہ نے روایت کیا ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا آئی ایک عورت
ٹھنگنی اس حال مین کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے کہا عایشہ نے پس اشارہ کیا مینے اپنے انگوٹھے سے طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لَقَدِ اغْتَبْتِھَا یعنی البتہ تحقیق غیبت کی تو نے اوسکی + روایت کی بیہقی وغیرہ نے ابی ہریرہ رض سے یہ کہ ایک
شخص اوٹھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے پس معلوم ہوا اوسکے اوٹھنے مین عجز یعنی کاہلی پس کہا بعضے لوگون نے کہ کیا بڑا کاہل ہی
فلانا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قَدْ اَکَلْتُمُ الرَّجُلَ وَاغْتَبْتُمُوْہُ یعنی بلاشبہ کھایا تمنے اس شخص کو اور غیبت
کی تمنے اسکی اور اور روایت مین آیا ہی کہ کہا لوگون نے یارسول اللہ کہا ہمنے وہ عیب کہ اسمین تھا فرمایا لَوْ قُلْتُمْ مَا لَیْسَ فِیْہِ فَقَدْ
بَھَتُّمُوْہُ یعنی غیبت تو یہی ہی اور اگر کہتے تم وہ عیب کہ نہین ہی اسمین تو تحقیق بہتان لگاتے تم اسکو + ابوداؤد وغیرہ نے روایت کیا
ابن عمر رض سے کہ کہا سنا ہمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے جو شخص کہ حائل ہو شفاعت اوسکی واسطے حد کے سو وہ خدا
سے یعنی ایک مستحق حد کا تھا اور اسنے سفارش اوسکی کی پس تحقیق ضد کی اللہ سے اوسکے امر مین اور جو شخص کہ مرا اس حال مین کہ اوپر
دین ہی پس نہین ہین دینار و درہم ولیکن نیکیان اوسکی قرض دینے والے کو دی جاوینگی اور جسنے جھگڑا کیا باطل مین دیدہ و دانستہ
پس ہمیشہ رہتا ہی اللہ کے غضب مین یہان تک کہ باز آوے اور جو شخص کہے دوسرے کے حق مین وہ عیب کہ نہین ہی اوسمین رکھیگا اوسکو
اللہ ردغۃ الخبال مین یعنی دوزخیون کے پیپ لہو مین یہان تک کہ نکلے عہدے اوس چیز کے سے کہ کہی اور نکلنے کا ہی نہین یعنی بغیر
بدلا لینے کے + اور روایت کی بیہقی نے اوزاعی سے کہ کہا پونہچا مجکو یہ کہ کہا جاویگا واسطے بندے کے روز قیامت کے قُمْ فَخُذْ
حَقَّکَ مِنْ فُلَانٍ یعنی اوٹھ اور لے حق اپنا فلانے سے پس کہیگا وہ کہ نہین ہی واسطے میرے حق اوسکی طرف پھر کہا جاویگا کہ ہان ہی تیرا
ذکر کیا تھا فلانے فلانے دن ایسا اور ایسا + روایت کیا بیہقی وغیرہ نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ
الزِّنَا یعنی غیبت سخت تر ہی زنا سے صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اور کیونکر غیبت سخت تر ہی زنا سے فرمایا کہ بلاشبہ آدمی البتہ زنا کرتا ہی
پھر توبہ کرتا ہی پس رجوع رحمت کرتا ہی اللہ اوسکو اور تحقیق غیبت کرنے والا نہین بخشش کی جاتی ہی اوسکی یہان تک کہ بخشے غیبت والا اوسکو وہ کہ جسکی غیبت
کی ہی + روایت کی بیہقی نے عبداللہ بن مبارک سے کہ کہا جب کہ غیبت کرے کوئی کسیکی پس نہ خبر کرے اوسکو ولیکن بخشش مانگے اللہ سے
اور روایت کی بیہقی نے ساتھ سند ضعیف کے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کَفَّارَۃُ الْغِیْبَۃِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ
لِمَنِ اغْتَبْتَہٗ یعنی کفارہ غیبت کا یہ ہی کہ بخشش مانگے تو واسطے اوسکے کہ جسکی غیبت کی ہی تو نے + ف + جسکی غیبت کی ہی اگر غیبت

اوسکو پہونچ گئی ہی تو بعضون نے کہا ہی کہ ضرور ہی اوسکے بخشوانے نہین اوسکا بیان کرنا اور بعضون نے کہا ہی کہ یہی کافی ہی کہ کہے غیبت کی کہ
نہینے تیری بخشش اوسکو اور نہین اعتبار ہی وارثون کے بخشنے کا بعد موت اوسکی کے اور اگر غیبت اوسکو پہونچی نہین ہی تو کفایت ہی
ندامت اور استغفار اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور اوسکے لیے امید ہی کہ تخفیف ہو جاوے گناہ مین ‡ سبیل روایت کی بیہقی نے سفیان
بن عیینہ سے کہ کہا تین شخص ہین کہ نہین منع ہی اونکی غیبت حاکم ظالم اور فاسق علی الاعلان فسق کرنے والا اور مبتدع کہ بلاوے
لوگون کو اپنی بدعت کی طرف ‡ روایت کی بیہقی نے زید بن اسلم سے کہ کہا غیبت اوسکی ہوتی ہی کہ جو علی الاعلان گناہ نکرے +
روایت کی حکیم ترمذی نے ابن عمرؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لایا جاویگا ایک بندے کو روز قیامت کے
پھر رکھی جاوینگی نیکیان اوسکی ایک پلڑے مین یعنی میزان اعمال کے اور برائیان اوسکی ایک پلڑے مین پس غالب آوینگی برائیان
پھر لائی جاویگی ایک چٹھی اور رکھی جاویگی نیکیون کے پلڑے مین پس غالب ہو جائیگا وہ پلڑا اوسکے سبب سے پس کہیگا وہ بندہ ای رب
میرے کیسی ہی یہ چٹھی نہین کوئی عمل کیا مینے اپنے رات و دن مین مگر کہ حاضر کیا مینے اوسکو پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ هٰذَا مَا قِيلَ
فِيكَ وَأَنْتَ مِنْهُ بَرِيءٌ یعنی یہ وہ چیز ہی کہ کہی تھی کسی نے تیرے حق مین یعنی بطریق عیب کے اور تو اوس سے پاک تھا پس نجات
پاویگا وہ بسبب اوسکے + علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ کہا اَلْبُهْتَانُ عَلَى الْبَرِيِّ أَثْقَلُ مِنَ السَّمٰوٰتِ
یعنی بہتان کرنا بری پر آسمانون سے زیادہ بھاری ہی ‡ درمنثور + تفسیر زاہدی مین لکھا ہی کہ نزول اس آیت کا در حق
ابی بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے ہوا بعد اسکے وہی قصہ نقل کیا ہی کہ سلمان نے کھانا نہ پکایا تھا انکے لیے بسبب سو رہنے کے پھر حضرت کے
پاس بھیجا سالن کے لانے کے لیے اور آپنے اسامہ کا حوالہ کیا اور اسامہ نے جواب مذکور دیا پھر انھون نے سلمان کے حق مین کلام مذکور
کہا اور اسامہ کے حال کا تجسس کیا معلوم ہوا کہ واقع مین اسامہ پاس کچھ نرہا تھا یونہین گمان بدلے گئے تھے پس جبرئیل آئے یہ آیت لیکر
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ الخ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دونون صاحبون کو بلایا اور فرمایا یہ کیا ہی کہ سرخی گوشت کی تمھارے دانتون مین
دیکھتا ہون انھون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اسامہ نے تو ہمکو کچھ دیا ہی نہین ہم کھاتے کہان سے حضرت نے فرمایا کہ کھانے کا گوشت
نہین کہتا ہون مین ولیکن گوشت آدمی کا کہتا ہون مین تھوکو تو سہی اونھون نے تھوکا تو دیکھا کہ تھوک متغیر ہی یہ آیت آپنے پڑھی يَا أَيُّهَا
الَّذِينَ الخ اس آیت مین تین چیزین منع کو ہوئین بدظنی تجسس غیبت پہلے منع فرمایا بدگمانی سے اسلیے کہ وہ مقدمہ تجسس کا ہی کہ
جب بدگمانی دل مین آتی ہی تو آدمی تجسس کرتا ہی اور جب تجسس کرتا ہی تو غیبت مین گرفتار ہوتا ہی اور یہ تجسس انکا اسامہ کے
حق مین تھا اور غیبت سلمان کے حق مین اور پھر ایک مثال بیان فرمائی غیبت کی برائی مین أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ الخ لفظ فَكَرِهْتُمُوهُ
ماضی ہی بمعنی مستقبل کے یعنی کراہیت رکھوگے یعنی پس مکروہ رکھو غیبت کو جیسے کہ مکروہ رکھتے ہو اس گوشت کے کھانے کو
اور یہ تمثیل بد گوشت کھانے کی بیان فرمائی بحسب عرف و عادت کے کہ جو کوئی غیبت لوگون کی بہت کرتا ہی تو عرب مین کہتے ہین
فُلَانٌ مُضَّاغٌ یعنی فلانا شخص گوشت چباتا ہی اور دوسری تشبیہ غیبت کی ساتھ اس مثال کے اس معنی کر ہی کہ غیبت وہ ہوتی ہی
کہ غائبانہ کسی کا عیب بیان کرے اور مردہ جانتا نہین ہی اوس چیز کو کہ کھایا جاوے اوسکے گوشت سے اور نہ قادر ہوتا ہی اوسکے دفع
کرنے پر اسی طرح جسکی غیبت کرتے ہین وہ بھی نہین جانتا اوس کلام کو کہ اوسکے حق مین کہا جاتا ہی اور نہ قادر ہوتا ہی اوسکے
دفع کرنے پر اب اگر کوئی حرام یا شبہہ کی چیز کو پوچھے اور کھاوے اور کہے کہ لَا تَجَسَّسُوا آیا ہی تو وہ اس روایت کے تحت داخل
ہوگا کہ رسول علیہ السلام سے منقول ہی مَنْ فَسَّرَ الْقُرْآنَ بِرَأْيِهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ یعنی جو کوئی تفسیر بیان
کرے قرآن کی اپنی عقل سے تو مہیا کرے جگہ اپنی آگ سے اور یہ تبدیل و تغیر قرآن کی ہی اسلیے کہ مراد اس تجسس سے عیب ڈھونڈھنا

مومنون کا ہی نہ تجسس کرنا حلال و حرام سے نہیں بچتے ہین تو کہ خدا تعالی فرماتا ہی کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا یعنی
کھاؤ حلال سے اور عمل کرو اچھے اور حلال کو نہین پہونچتے کیونکہ اسبب تجسس کے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْحَلَالُ بَیِّنٌ
وَّالْحَرَامُ بَیِّنٌ وَبَیْنَهُمَا اُمُوْرٌ مُّشْتَبِهَاتٌ فَدَعْ مَا یُرِیْبُكَ اِلٰی مَا لَا یُرِیْبُكَ یعنی حلال ظاہر ہی اور حرام
بھی ظاہر ہی اور درمیان مین انکے امور مشتبہ ہین پس چھوڑ اوس چیز کو کہ شک مین ڈالے تجکو اور اختیار کر اوس چیز کو کہ نہ شبہے مین
ڈالے تجکو اب جاننا چاہیے کہ غیبت کسکو کہتے ہین جو کہ فاسق معلن اور بیباک و متہتک ہو جو کچھ کہ اوسکا عیب بیان کرے وہ غیبت نہین ہی
جیسے کہ روایت کیا گیا ہی انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ اَلْقٰی جِلْبَابَ الْحَیَاءِ عَنْ وَّجْهِهٖ فَلَا غِیْبَةَ لَهٗ
یعنی جو کوئی ڈالدے چادر حیا کی اپنے مونہہ سے پس اوسکا عیب بیان کرنا غیبت نہین ہی اور منقول ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ آپ نے فرمایا اُذْكُرُوا الْفَاجِرَ بِمَا فِیْهِ كَیْ یَحْذَرَهُ النَّاسُ اَمَّا اِذَا كَانَ فَاسِقًا مُّخْتَفِیًا مُّسْتَتِرًا فَلَا
تُعْلِنُوْهُ وَیَكُوْنُ غِیْبَةً عَنْهُ یعنی فاجر مین جو عیب ہی اوسکو بیان کردو تاکہ بچین اوس سے لوگ لیکن جب کہ ہو فاسق چھپانیوالا
پردہ کرنیوالا تو نہ ظاہر کرو اوسکو اور ظاہر کروگے تو ہوگی غیبت اوسکی اور اگر بیان کرے عیب کسیکا بروجہ تعریف یعنی حال
معلوم کروانے کے تو مضایقہ نہین جیسے کہ روایت کیا گیا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا واسطے فاطمہ بنت قیس کے
جسوقت کہ کہا اوسنے کہ معاویہ اور ابو جہم نے پیغام نکاح کرنے کا مجسے بھیجا ہی پس فرمایا نبی علیہ السلام نے اَمَّا مُعَاوِیَةُ
فَرَجُلٌ صُعْلُوْكٌ لَا مَالَ لَهٗ وَاَمَّا اَبُوْ جَهْمٍ فَكَانَ لَا یَرْفَعُ الْعَصَا عَنْ اَهْلِهٖ اِنْكِحِیْ اُسَامَةَ ابْنَ زَیْدٍ یعنی معاویہ
پس مرد مفلس ہی نہین مال اوسکے پاس اور لیکن ابو جہم نہین اوٹھاتا عصا اپنے اہل سے یعنی بدمزاج ہی مار پیٹ کرتا رہتا ہی اپنے
گھروالون پر نکاح کر اسامہ بن زید سے اور ارادہ کیا نبی علیہ السلام نے اس سے معلوم کروادینا اون دونون کے حال کا فاطمہ کو نا فہمیدہ
انکے ظاہر حال پر اور اسی طرح جو کوئی کہے کسیکو کہ فلانا ٹھگنا ہی یا طویل ہی یا انگڑا ہی یا بھینگا ہی یا گنجا ہی یا اوسکے کوڑھ ہی اگر کہے
یہ بطریق تعریف کے تو نہین ہوگی غیبت جیسا کہ حدیثون کے راویون سے آیا ہی عَنْ جَمِیْلَةِ الطَّوِیْلَةِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنِ الْاَعْمَشِ
عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ الْاَصَمِّ اور اگر کہیگا یہ بطریق عیب کے تو ہوگی غیبت آدمیون کے حق مین ایسے جانورون کے حق مین نہین ہوگی غیبت
لیکن گنہگار ہوگا بالاتفاق تمام ہوا مضمون تفسیر زاہدی کا + تنبیہ + سوچنا چاہیے ان مضامین مین کہ غیبت کیسی آفت ہی
اور سوائے اسکے اور آفتین زبان کی بہت ہین حتی کہ کافر کرڈالتی ہی چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی کہ زبان کی بیس آفتین ہین
پس کچھ حدیثین سوائے حدیثون مذکورہ کے جو محافظت زبان مین آئی ہین مع شرح کے لکھی جاتی ہین اور بعد اسکے اقوال علما رحمہم اللہ
کے تا لوگ مضمون وَاَمْسِكْ لِسَانَكَ عَنِ الْخَلْقِ وَلَا تَذْكُرْهُمْ اِلَّا بِخَیْرٍ کا کہ یہ قول ہی ایک نبی علیہ السلام کا
بنی اسرائیل مین سے اختیار کرین + روایت کی بخاری نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ یَّضْمَنْ لِیْ مَا بَیْنَ لَحْیَیْهِ
وَمَا بَیْنَ رِجْلَیْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ یعنی جو شخص کہ ضامن ہو واسطے میرے اور عہد کرے اور لازم پکڑے اپنے پر محافظت
اوس چیز کی کہ درمیان دونون کلون اوسکے کے ہی یعنی زبان و دانت کہ زبان کو بچاوے کلام بیفائدہ اور برے سے اور دانتون کو کھانے
اور پینے حرام کے سے اور لازم پکڑے محافظت اوس چیز کی کہ درمیان دونون پانؤن اوسکے کے ہی یعنی ستر کو محفوظ رکھے زنا و
اغلام اور چھیٹی بازی سے تو ضامن ہون مین اوسکے لیے بہشت کا + ف + یعنی وہ اول ہی داخل ہوگا بہشت کے درجات عالیات مین
اور یہ ضمانت حقیقت مین پروردگار کی طرف سے ہی جیسے کہ اپنے فضل سے ضامن بندون کے رزق کا ہوا ہی ویسا ہی وعدہ قوی
جزائے اعمال کا بھی کیا ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نائب اوسکے ہین + ع + ح + اور فرمایا اِنَّ الْعَبْدَ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ

مِن رِّضْوَانِ اللّٰہِ الخ یعنی بلاشبہہ بندہ البتہ بولتا ہی ایک بات کہ اوسمین رضا مندی حق کی ہی نہین جانتا اوس بات کی شان بلند کرتا ہی اللہ بسبب اوسکے بڑے درجے یعنی بندہ نہین جانتا ہی قدر اوسکی اور گمان کرتا ہی اوسکو سہل و کم اعتبار حالانکہ وہ بات اللہ کے نزدیک بڑے رتبے کی ہوتی ہی اور تحقیق بندہ البتہ بولتا ہی ایک بات کہ اوسمین ناخوشی اسکی ہوتی ہی مضایقہ نہین جانتا اوسکے کہنے مین اور سہل جانتا ہی اوسکو گرتا ہی بسبب اوسکے دوزخ مین یہ روایت بخاری کی ہی اور اور روایت بخاری اور مسلم کی مین یون آیا ہی کہ گرتا ہی بندہ بسبب اوس بات کے آگ دوزخ مین گرنا دور کہ مسافت درمیان مبدأ اور منتہی کے دور تر ہی اوس مسافت سے کہ درمیان مشرق و مغرب کے ہی

ف یعنی زبان کو نگاہ رکھنا چاہیے اور اوسکے فعل کو آسان سمجھے ایک بات بندے کی زبان سے نکلتی ہی اگرچہ آدمی اوسکو آسان وسہل جانے اگر وہ بات حق ہی تو سبب بلندی درجات کی بہشت مین ہوتی ہی اور اگر بُری ہی تو موجب گرنے کی طبقات دوزخ مین ہوتی ہی ✣ ح اور فرمایا سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُہٗ کُفْرٌ یعنی بُرا کہنا مسلمان کا فسق ہی اور مار ڈالنا اوسکا کفر ہی یعنی اگر حلال و مباح جان کر اوسکو مارے ✣ اور فرمایا اَیُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِاَخِیْہِ کَافِرٌ فَقَدْ بَآءَ بِھَآ اَحَدُھُمَا یعنی جو شخص کہے اپنے بھائی مسلمان کو کافر پس تحقیق پھرتا ہی ساتھ اس کلمۂ کفر کے ایک اون دونون کا ✣ ف یعنی کہنے والا اس کلمے کا یا وہ کہ جسکے حق مین کہا ہی اسلیے کہ اگر سچ کہا تو خود وہ شخص کافر ہی اور اگر جھوٹ کہا اور وہ کافر نہ تھا تو یہ کہنے والا کافر ہوتا ہی اسلیے کہ جب مومن کو کافر کہا تو ایمان کو کفر جانا اور دین اسلام کو باطل اعتقاد کیا اور کہا نووی نے کہ یہ حدیث اون حدیثون مین سے ہی کہ گنا ہی اونکو بعضے علما نے مشکلات سے بجہت اسکے کہ ظاہر اسکا مراد نہین ہی کیونکہ مذہب اہل حق کا یہ ہی کہ کفر کی نسبت کیا جاوے مسلمان بسبب گناہون کے مانند قتال و زنا کے اور کہنے اوسکے اپنے بھائی مسلمان کو کافر بغیر اعتقاد بطلان دین اسلام کے پس اس حدیث کی کئی طرح تاویل کی گئی ہی ایک تو یہ کہ محمول ہی یہ اوپر حلال جاننے والے اسکے کے پس اس صورت مین معنی بَآءَ بِھَا کے یہ ہونگے کہ رجوع کرتا ہی طرف اوسکے کفر اور دوسری یہ کہ معنی اسکے یہ ہین کہ رجوع کرتی ہی اوسپر معصیت تکفیر اوسکے کی اور تیسری یہ کہ یہ محمول ہی خوارج پر کہ کافر کہتے ہین مومنون کو اور یہ ضعیف ہی اسلیے کہ مذہب صحیح و مختار اکثرون کے نزدیک یہ ہی کہ خوارج مانند تمام اہل بدعت کے کافر نکہے جاوین انتہی کہتا ہون کہ یہ یعنی کافر نکہنا اونکا بیچ حق غیر روافض و خوارج زمانے ہمارے کے ہی اسلیے کہ یہ اعتقاد کرتے ہین کفر اکثر صحابہ کبار رضی اللہ تعالی عنہم کا بڑھ کر تمام اہل سنت و جماعت سے پس یہ کافر ہین بلانزاع ✣ ع ح اور روایت کیا بخاری نے کہ فرمایا لَا یَرْمِیْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا یَرْمِیْہِ بِالْکُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَیْہِ اِنْ لَّمْ یَکُنْ صَاحِبُہٗ کَذٰلِکَ یعنی نہ تہمت کرے کوئی شخص کسیکو فسق کی اور نہ تہمت کرے اوسکو کفر کی مگر کہ پھرتا ہی کلمہ کفر و فسق کا کہنے والے پر اگر نہو یار اوسکا کہ جسکو وہ کلمہ کہا اسطرح کا ✣ ف یعنی فاسق و کافر نہین یعنی اگر کسی غیر فاسق کو فاسق کہا آپ فاسق ہوا اور اگر کافر کہا اور وہ کافر نہین ہی تو آپ کافر ہوا ✣ م اور روایت کیا مسلم نے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَی الْبَادِیْ مَا لَمْ یَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ یعنی دو شخص برا کہنے والے آپسمین گناہ اوس چیز کا کہ کہین اوسپر ہی کہ پہلے برا کہا یعنی دوسرا شخص کہ برا کہتا ہی اوسکا گناہ بھی اول پر ہی کہ ظلم کیا اور دوسرا مظلوم ہی اور وہ باعث ہوا اسکو برا کہنے پر جب تک نہ تجاوز کرے مظلوم ✣ ف پس اگر تجاوز کیا مظلوم نے حد سے اس طرح کہ زیادہ ہوا برا کہنا اوسکا برا کہنے پہل کرنے والے سے اور ایذا اوسکی سے تو ہوتا ہی گناہ مظلوم کا زیادہ گناہ پہل کرنے والے کے سے اور بعضون نے کہا کہ جب تجاوز کرے پس نہین ہوتا ہی گناہ فقط پہل کرنے والے پر بلکہ ہوتا ہی دوسرا بھی گنہگار بسبب تعدی کے ✣ ع اور روایت کیا مسلم نے کہ فرمایا آنحضرت نے اِنَّ اللَّعَّانِیْنَ لَا یَکُوْنُوْنَ شُھَدَآءَ وَلَا شُفَعَآءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یعنی بلاشبہہ بہت لعنت کرنے والے نہونگے گواہی دینے والے

اور نہ شفاعت کرنے والے دن قیامت کے + ف + گواہی دینے والے یعنی لوگون پر کہ وہ اگلی امتون کے لوگ ہین پر امت محمدی کی
گواہی دینگے کہ انکے رسولون نے ابلاغ احکام الٰہی کر دیا تھا جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا
لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ یعنی اور اسی طرح کیا ہمنے تمکو امت افضل تاکہ ہو تم گواہ لوگون پر پس فرماتے ہین کہ
لعنت کرنے والون کو کہ لعنت عادت اونکی ہو درجہ شہادت یعنی گواہی دینے کا اور درجہ شفاعت کا کہ لوگون کی شفاعت کرین نصیب
نہین ہونیکا روز قیامت کے پس ایسی بری خصلت پسندیدہ اہل سنت جماعت کی ترک کرنا لعن و طعن کا ہے کہ کسیکو لعنت نکرین اگرچہ مستحق اسکا
ہو اور اپنی زبان کو آلودہ نکرین اور تضییع وقت ساتھ اوسکے نکرین اور ساتھ لعنت کرنے بدون کے اپنی خو کو خراب نکرین جو کہ ملعون ہین اللہ تعالی
کے نزدیک کیا حاجت ہے کہ اور کوئی اوسکو لعنت کرے + شعر + حافظ اگر خصم خطا گفت نگیریم برو + ور بحق گفت جدل با سخن حق نکنیم +
مگر جائز ہی لعنت اوس کافر پر کہ مخبر صادق نے خبر دی ہو اوسکے مرنے کی کفر پر + اور جاننا چاہیے کہ لعنت دو قسم پر ہے ایک تو ہانکنا اور
دور کرنا ہی رحمت الٰہی سے اور ناامید مطلق کرنا ہی اوسکے فضل نامتناہی سے یہ تو مخصوص کافرون ہی کے لیے ہی اور دوسری دوری
اور محرومی مقام قرب و رضائے حق سے ہے کہ عائد اور راجع ترک اولی اور احوط پر ہی پس جو کچھ کہ واقع ہوا ہی بیچ ترک کرنے بعضے اعمال
و اوراد کے اور بعضے صحابہ وغیرہم سے بھی منقول ہی سب اسی قبیل سے ہے نہ قسم اول سے + ع + ح + اور روایت کیا مسلم نے
کہ فرمایا اِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَكُهُمْ یعنی جسوقت کہ کہے کوئی ہلاک ہوئے لوگ اور مستحق آگ دوزخ
کے ہوئے پس وہ سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہی + ف + یعنی جو کوئی کہے یہ بقصد عیب جوئی اور حقارت اور ناامید کرنے کے
لوگون کو رحمت الٰہی سے نہ بطریق تحیر اور غمخواری اور تاسف کے اوپر احوال اونکے کے تو وہ کہنے والا اوسکا سب سے زیادہ ہلاک ہونیوالا
ہی کہ اپنے نفس پر عجب کیا اور لوگون کو چشم حقارت سے دیکھا اور رحمت حق سے ناامید کیا اور یہ معنی اَهْلَكُهُمْ کے ہین کہ پیش ہو
کاف کو بصیغہ تفضیل اور اَهْلَكَهُمْ ساتھ زبر کاف کے بصیغہ ماضی بھی آیا ہی اور اوسکے معنی یہ ہین کہ جو کوئی اس کلمہ کو کہے
ہلاک کرتا ہی لوگون کو اور بیچ ورطہ ناامیدی اور ترک طاعت اور منہمک رہنے کے معاصی پر ڈالتا ہی اسلیے کہ سننے اس کلام کے سے
شکستہ دل اور ناامید و بے شوق ہوتے ہین گنہگار کہ گرفتار صفت قہر و جلال کے ہین اونکو نصیحت ساتھ نرمی کے کرنی اور ساتھ رحمت
و مغفرت الٰہی کے امیدوار کرنا خوب و مفید ہی پس یہان اشارہ ہی اسپر کہ لوگون کو بشاشت دینی اور قوی دل کرنا اور امیدوار رحمت
کا کرنا چاہیے + صح + اور فرمایا تَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِيْ يَأْتِيْ هٰؤُلَآءِ بِوَجْهٍ
وَّهٰؤُلَآءِ بِوَجْهٍ یعنی بدترین لوگون کا دن قیامت کے دو رویہ ہی منافق صفت وہ کہ آتا ہی ایک جماعت کے پاس ساتھ ایک طریق
کے اور آتا ہی دوسری جماعت کے پاس اور طرح یعنی ہر جماعت مخالفین سے از راہ خوشامد کے ایسی باتین کرتا ہی کہ موافق مرضی اونکے کے
رعایت حق کی نہین کرتا جیسے کہ حال منافقون کا تھا + اور فرمایا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ یعنی نہین داخل ہوگا بہشت مین
یعنی نجات پانیوالون کے ساتھ چغل خور کہ جو ایک کی بات دوسرے کو پہونچاوے بطریق فساد کے + اور فرمایا عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ الخ یعنی
لازم پکڑو اپنے پر سچ بولنے کو اسلیے کہ سچ بولنا راہ دکھاتا ہی طرف نیکوکاری کے یعنی خاصیت سچ بولنے کی یہ ہی کہ توفیق ہوتی ہی
اوس سے نیکی کی اور بلاشبہہ نیکوکاری راہ بتلاتی ہی یعنی پہونچاتی ہی نیک کار کو طرف بہشت کے یعنی مراتب عالیہ اوسکے کے اور ہمیشہ
ایک شخص سچ بولتا ہی اور کوشش کرتا ہی سچ بولنے مین یہان تک کہ لکھا جاتا ہی وہ نزدیک اللہ کے صدیق اور دور رکھو تم اپنے
تئین جھوٹ بولنے سے اسلیے کہ تحقیق جھوٹ بولنا پہونچاتا ہی بالخاصیت طرف فسق و فجور کے اور تحقیق فسق کرنا پہونچاتا ہی
طرف آگ دوزخ کے اور ہمیشہ آدمی جھوٹ بولتا ہی اور کوشش کرتا ہی جھوٹ بولنے مین یہان تک کہ لکھا جاتا ہی نام اوسکا اللہ تعالی

کے نزدیک بڑا جھوٹا + ف + لکھا جاتا ہی الخ یعنی حکم کیا جاتا ہی اوسپر ساتھ صدیقیت کے اور ثابت کیا جاتا ہی اوسکے لیے مقام صدیقیت اور ثواب اوسکا سا یا لکھا جاتا ہی نام اوسکا دیوان اعمال مین ملأ اعلیٰ کے نزدیک یا لوگ اپنی کتابون مین نام اوسکا صدیق لکھتے ہین اور مقصود یہ ہی کہ ظاہر کیا جاتا ہی خلق مین ساتھ اس صفت و نام کے اور ڈالا جاتا ہی لوگون کے دلون مین اور جاری کیا جاتا ہی زبانون پر کہ یہ سچا ہی بر قیاس قول اللہ تعالیٰ کے اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝ یعنی بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے اچھے ڈالیگا اونکے لیے اللہ تعالیٰ محبت لوگون کے دلون مین اور اسی طرح جھوٹ بولنے والے کے حکم کیا جاتا ہی کہ یہ جھوٹا ہی اور ثابت کیا جاتا ہی اوسکے لیے عذاب جھوٹون کا سا یا لوگون مین جھوٹا مشہور کیا جاتا ہی اور لوگ اوس سے بغض رکھتے ہین متفق علیہ ۱۲ + ح + اور فرمایا لَیْسَ الْکَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ وَیَقُوْلُ خَیْرًا وَیَنْمِیْ خَیْرًا یعنی نہین جھوٹا وہ شخص کہ اصلاح کرتا ہی لوگون کے درمیان مین اور کہتا ہی باتین نیک کہ باعث اصلاح و رفع نزاع کی ہون اگرچہ جھوٹ بھی ہون اور پونہچاتا ہی اچھی باتین یعنی ایک کی طرف سے دوسرے کو + ف + کہتا ہی الخ یعنی کلام کہ متضمن ہی خیر کو نہ شر کو مثلاً زید و عمرو مین بگاڑ ہی یہ آپسکی صلاح کے لیے کہتا ہی ایک کی طرف سے دوسرے کو کہ وہ تجکو سلام کہتا ہی اور تعریف کرتا ہی تیری اور کہتا ہی کہ مین دوست رکھتا ہون اوسکو اگرچہ اوسنے نکہا ہو + ع + اور فرمایا اِذَا رَاَیْتُمُ الْمَدَّاحِیْنَ فَاحْثُوْا فِیْ وُجُوْھِھِمُ التُّرَابَ یعنی جسوقت کہ دیکھو تم تعریف کرنے والون کو پس ڈالو اونکے موںہون مین مٹی + ف + یعنی جو کہ مبالغہ کرین تعریف مین بدون تمہارے مال کی طمع سے برابر ہی کہ تعریف نثر ہو یا نظم اونکے موںہون مین مٹی ڈالو یعنی محروم کرو کہ کچھ ندو اونکو یا مراد یہ ہی کہ کچھ تھوڑا سا دیدو کہ مشابہ ہی ڈالنے خاک کے قلت و حقارت مین تاکہ ہجو تمہاری نکرین اور بعضے علما نے اسکو ظاہر پر حمل کیا ہی چنانچہ مقداد سے کہ راوی اس حدیث کے ہین آیا ہی کہ اونھون نے مٹھی خاک کی لی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے تعریف کرنے والے کے مونہہ مین ڈالدی اور اسمین زجر ہی تعریف کرنے والے کو اسلیے کہ وہ مغرور و متکبر کرتا ہی اوسکو کہ جسکی تعریف کرتا ہی کہا خطابی نے کہ مداحین وہ لوگ ہین کہ عادت پکڑی ہی اونھون نے تعریف کرنے کی بغیر تمیز کے درمیان حق و باطل کے اور مستحق و غیر مستحق کے اور کیا ہی تعریف کو وسیلہ معاش کا اور اوسکے سبب سے ممدوح سے متوقع ہوتے ہین نفع کے پس جو کہ تعریف کرے کسیکے اچھے فعل پر تاکہ اوسکو رغبت اور بھلائیون کے کرنے کی ہو اور لوگون کو رغبت ہو اوسکے اقتدا کی تو وہ مداح مراد نہین ہی + ع + اور آیا ہی کہ ایک شخص نے تعریف کی ایک شخص کی کہ وہ بھی حاضر تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یعنی مبالغہ کیا اوسکی تعریف مین پس فرمایا آپنے وَیْلَکَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِیْکَ الخ یعنی واے تجکو کاٹی تو نے گردن بھائی اپنے کی تین بار فرمایا جو شخص کہ ہو تم مین سے تعریف کرنے والا خواہ مخواہ تو چاہیے کہ کہے گمان کرتا ہون مین فلانے کو ایسا یعنی مرد صالح مثلاً حالانکہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہی حقیقت حال اوسکے کو اور حساب کرنے والا اور جزا دینے والا اوسکا وہی ہی اوسکے کردار پر یہ بھی جب کہے کہ گمان رکھتا ہو تعریف کرنے والا کہ بلاشبہ وہ ایسا ہی ہی یعنی جیسے کہ تعریف کی اور تعریف نکرے اور حکم نکرے خدا پر ساتھ جزم و یقین کے کسیکو کہ وہ ایسا ہی ہی یعنی احتیاط کرے تعریف مین اور کہے کہ گمان رکھتا ہون کہ وہ ایسا ہی واللہ اعلم اور بجزم نکہے کہ بلاشبہ وہ ایسا ہی ہی تا حکم علم الٰہی نہو حاصل یہ کہ جزم و یقین نکرسکے کہ فلانا شخص خدا کے نزدیک اچھا ہی سواے اون لوگون کے کہ نام اونکا صریحاً حدیثون مین آچکا ہی مانند عشرۂ مبشرہ وغیرہم کے + ف + کاٹنا گردن کا بمعنی ذبح اور ہلاک جسمانی کے ہی استعمال کیا اسکو بیچ ہلاک روحانی کے کہ ممدوح کو اوس سے عجب و غرور پیدا ہوتا ہی وہ ہلاک دنیا مین ہی اور یہ دین مین اور کبھی تعریف باعث ہلاک کی دنیا مین بھی ہوتی ہی جیسے کہ تعریف سننے سے مغرور ہوا اور کسیکو ہلاک کیا اور اوسکے قصاص مین اسکو ہلاک کیا حاکم نے + ف + تعریف کرنی آدمی کی

لہ یعنی ایسا جھوٹا نہین ہی کہ جو اوسکے نزدیک برا ہی ۱۲ منہ مدظلہ

تین طرح پر ہی ایک تو یہ ہی کہ تعریف کرے اوسکی اوسکے مونھہ پر یہ قسم تو وہ ہی کہ نہی کی گئی ہی اوس سے اور دوسری یہ ہی کہ تعریف کرے اوسکی غائبانہ لیکن جانتا ہی کہ خبر تعریف کی اوسکو پہونچیگی پس اس سے بھی نہی کی گئی ہی اور تیسری یہ ہی کہ تعریف کرے اوسکی غائبانہ اس حال مین کہ نہ پروا ہو اوسکے پہونچنے نہ پہونچنے کی اور تعریف کرے اوسکی ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ہی پس اس تعریف کا مضایقہ نہین ؏ **عالمگیری** + اور آیا ہی کہ ایک شخص نے اذن مانگا حضرت کے پاس آنے کا پس فرمایا اِئْذَنُوْا لَہٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِیْرَۃِ الخ یعنی اذن دو اسکو آنے کا پس برا ہی یہ اپنی قوم مین پھر جب بیٹھا وہ تو کشادہ روئی کی حضرت نے اوسکی ملاقات مین اور میٹھی باتین کہین اوس سے پھر جب کہ وہ شخص گیا تو عرض کیا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ یا رسول اللہ آپ نے تو اوسکے حق مین ایسا اور ایسا کہا تھا پھر آپ نے کشادہ روئی کی اوسکی ملاقات مین اور میٹھی باتین کہین اوس سے پس فرمایا حضرت نے کہ کب پایا تو نے مجکو فحش بولنے والا بلا شبہہ بدترین آدمیون کا اللہ تعالی کے نزدیک مرتبے مین دن قیامت کے وہ شخص ہی کہ چھوڑ دین اوسکو لوگ واسطے بچنے برائی اوسکی کے اور ایک روایت مین ہی واسطے بچنے فحش اوسکے کے + **ف** ؏ وہ شخص آنے والا عیینہ بن حصن تھا اور تھا وہ مؤلفۃ القلوب اور سنگدلان عرب سے اور اپنی قوم مین رئیس تھا اور تھا بدخلق اور آثار نقصان دین و ایمان کے اوس سے حضرت کی حیات مین اور بعد وفات آپکی کے ظہور مین آئے اور آپکی وفات کے بعد وہ مرتد ہو گیا تھا پھر حضرت ابو بکر کے ہاتھ مین اسیر آیا اور تجدید اسلام کر کے مسلمان مرا اور جبکہ حضرت کے پاس آیا اظہار اسلام کیا تھا لیکن اسلام کامل نتھا اور کلام مذکور آنحضرت کا اوسکے حق مین علامات نبوت اور معجزات سے تھا کہ اوسکی حقیقت حال سے پہلے ہی خبر دی آخر کو آثار بدی کے یعنی ارتداد وغیرہ اوس سے ظہور مین آئے اور یہ مذمت اوسکی واسطے ظاہر کرنے حقیقت حال اوسکی کے تھی تا لوگ اوسکو پہچانین اور فریب نکھاوین اور فتنے مین نہ پڑین پس غیبت نتھی اور نووی نے کہا کہ حضرت نے اوس سے نرم کلام کیے واسطے تالیف قلب اوسکے کے اور اس سے معلوم ہوا کہ جائز ہی مدارات اوسکی کہ ڈر ہو اوسکی فحش گوئی اور ضرر کا اور جائز ہی غیبت فاسق کی اور فرق درمیان مدارات اور مداہنت کے یہ ہی کہ مدارات خرچ کرنا دنیا کا ہی واسطے اصلاح دنیا کے یا دین کے یا دونو کے معًا اور یہ مباح ہی بلکہ بعض اوقات مین اچھی ہوتی ہی اور مداہنت خرچ کرنا دین کا ہی واسطے کسی اصلاح کے اور یہ بڑا فائدہ ہی لائق یاد رکھنے کے اسلیے کہ اکثر لوگ غافل ہین اس سے اور ان دونون کے فرق سے جاہل ہین مداہنت فی الدین ہو جسمین کہتے ہین بڑا اخلاق والا ہی جہالت کے سبب سے مدارات اور مداہنت مین فرق نہین جانتے مداہنت کے حق مین مولوی نے فرمایا ہی شعر او اشداء علی الکفار باش + خاک بر دلداری اغیار باش + اور مدارات کے حق مین حافظ کہتے ہین **بیت** آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرف ست + با دوستان مروت با دشمنان مدارا + اور حضرت نے جو فرمایا کہ کب پایا تو نے الخ یہ انکار ہی حضرت عایشہ کی اس بات پر کہ آپ نے مخالفت کی حاضر و غائب مین پس کیون نہ برا کہا آپ نے اوسکو حاضر مین بھی جیسے کہ برا کہا آپ نے غائب مین اور واسطے بچنے فحش اوسکے کے اس حدیث کے دو معنی لکھے ہین علما نے ایک تو یہ کہ بسبب جو اوسکے مونہہ پر فحش اور سخت کہا بسبب اسکے کہ فحش گو نہوون مین اور اوس جماعت سے نہوون کہ لوگ اونکے ترک کرنے کو کہین بسبب فحش اونکے کے دوسرے یہ کہ وہ شخص شریر تھا بسبب اسکے چھوڑ دیا مینے اور اوسکے مونہہ پر اوسکو برا نکہا اور برا شخص ہی وہ کہ چھوڑ دین لوگ اوسکو بسبب پرہیز کرنے کے برائی اوسکی سے ؏ + ح + اور فرمایا کُلُّ اُمَّتِیْ مُعَافًی اِلَّا الْمُجَاہِرُوْنَ الخ یعنی ساری امت میری عافیت مین ہی یعنی نہین ماخوذ ہوتی اور نہین عذاب کیجاتے سخت مگر آشکارا کرنے والے برائی کے اور بلا شبہہ بے پروائی سے ہی یہ کہ کرے آدمی رات کو یعنی مثلا عمل بد پھر صبح کرے اس حال مین کہ ڈھانکا تھا اوسکو اللہ تعالی نے یعنی اوسکے عمل کو لوگون سے یا پردہ پوشی کی تھی اوسکی کہ نہین عذاب کیا اوسکو

رات مین یہان تک کہ جیتا رہا دن تک بھیت کہے وہ شخص کسی سے ای فلانے کیا مینے آج کی رات ایسا اور ایسا حال آنکہ رات کو پردہ پوشی کی تھی اوسکے لیے اور صبح کرتے ہی کھولدیا پردہ اللہ کا اپنے سے + ف* اس سے معلوم ہوا کہ غیبت اوسکی حرام ہی کہ برا کام کرتا ہی پوشیدہ اور جو کہ بیحیائی اور آشکارا برائی کرتا ہی غیبت اوسکی غیبت بری نہین اور لکھا ہی علما نے کہ جائز ہی غیبت فاسق معلن کی اور امام ظالم کی اور مبتدع کی کہ جو لوگون کو بدعت کی طرف بلاتا ہی اور وقت دادخواہی اور اظہار ظلم کے اور جائز ہی غیبت بقصد نصیحت اور تزکیہ شہود کے اور راویان اخبار و احادیث کے +۳+ اور روایت کیا ترمذی نے کہ فرمایا مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهُ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ الخ یعنی جو شخص چھوڑ دے جھوٹ کو اور وہ ہو ناحق و ناروا بنایا جاتا ہی اوسکے لیے محل جنت کے کنارے مین اور جو شخص کہ چھوڑ دے جھگڑا اوس حالت مین کہ ہی حق بنایا جاتا ہی اوسکے لیے مکان بیچون بیچ بہشت کے اور جس شخص نے کہ اچھا کیا خلق اپنا بنایا جاتا ہی مکان اوسکے لیے بیچ جگہہ بلند بہشت کے + ف* ہو وہ ناحق یہ قید اسلیے لگائی کہ جھوٹ بعضے مواضع مین جائز ہی جیسے کہ جنگ مین بشرطیکہ موجب عہد شکنی کا نہو اور صلح کروانے مین اور محافظت مال مسلمان کی مین کہ ناحق جاتا ہی یا جو کہ دو بی بیان رکھتا ہی جائز ہی کہ ہر ایک سے کہے کہ تجھے زیادہ چاہتا ہون اور ہی حق پر یعنی اگرچہ حق بجانب اوسکے تھا لیکن رفع نزاع کی اوسنے از راہ تواضع اور کسر نفسی کے اور یہ بیچ غیر امر دینی کے ہی کہ سکوت کرنے سے اوسمین خلل دین مین نہ پڑے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہی کہ فرمایا بحث و مناظرہ نکیا مینے ہرگز مگر کہ دوست رکھا مینے کہ حق میرے دشمن کے ہاتھ پر ظاہر ہو اور کہا امام حجۃ الاسلام نے کہ حد مرا یعنی جھگڑنے کی اعتراض کرنا ہی غیر کے کلام پر ساتھ ظاہر کرنے خلل کے اوسمین باعتبار لفظون کے یا معنون کے یا بیچ قصد متکلم کے اور ترک مرا یہ ہی کہ ترک کرے اعتراض و انکار کو پس جو کلام کہ سنے تو اگر حق ہی تو تصدیق کرے اوسکی اور اگر باطل ہو اور نہو متعلق ساتھ امور دین کے تو سکوت کرے اوس سے اور حسن اخلاق شامل ہی تمام اچھے اوصاف و کمالات کو اور اکثر اطلاق اوسکا یہان کے عرف مین کشادہ پیشانی اور حسن معاشرت پر آتا ہی +۴+ اور فرمایا اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ الْاَجْوَفَانِ الْفَمُ وَالْفَرْجُ یعنی کیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز اکثر داخل کریگی آدمی کو بہشت مین یعنی سبب جو داخل کرنے لوگون کے بہشت مین ساتھ فائزین کے ہین اونمین سے کونسی چیز ہی کہ اکثر سبب ہوتی ہی وہ تقوی اللہ کا اور حسن خلق ہی کیا جانتے ہو تم کہ کیا چیز اکثر داخل کرتی ہی آدمی کو آگ دوزخ مین وہ دو چیزین ہین کاواک یعنی خالی ہین مونہہ اور شرمگاہ + ف* ادنی تقوے کا یہ ہی کہ بچے شرک سے اور اعلی اوسکا یہ ہی کہ بچے خطرۂ ماسوی اللہ سے اور حسن خلق یعنی ساتھ خلق کے کہ ادنی اوسکا ترک کرنا ایذا اونکی کا ہی اور اعلی اوسکا یہ ہی کہ احسان کرے اوسپر کہ جو برائی پونہچاوے کذا ذکرہ الملا علی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ خوش خلقی بھی داخل تقوی مین ہی پس ذکر کرنا اوسکا بعد تقوی کے تخصیص بعد تمیم کے ہی مگر یہ کہ مراد تقوی سے اعمال ظاہر رکھین اور حسن خلق سے اخلاق باطن اور طیبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ تقوی اشارہ ہی طرف حسن معاملہ کے ساتھ خالق کے کہ بچے تمام نواہی سے اور بجا لاوے تمام اوامر کو اور حسن خلق اشارہ ہی طرف حسن معاملہ کے ساتھ خلق کے اور مونہہ کہ زبان بھی داخل اوسمین ہی کیس پڑنا بیچ کھانے اور پینے (ممنوع چیز کا) حرام کے اور کہنا کلام ممنوع اور بیہودہ اور لاطائل کا ساتھ مونہہ اور زبان کے ہی اور شرمگاہ یعنی ستر مرد و عورت کے کہ اکثر آدمی بسبب اوسکے مخالفت خالق کی کرتا ہی اور مغلوب العقل ہو جاتا ہی + روایت کی شرح سنہ مین اور روایت کی مالک اور ترمذی اور ابن ماجہ نے مانند اوسی کے کہ فرمایا اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَيْرِ الخ یعنی بلاشبہہ آدمی البتہ بولتا ہی ایک بات بھلائی کی نہین جانتا قدر اوسکا

ثابت کرتا ہی اللہ تعالی واسطے اوسکے بسبب اوسکے خوشنودی اپنی اوس دن تلک کہ ملاقات کرے اللہ تعالی سے اور بلاشبہ آدمی البتہ
بولتا ہی ایک بات برائی کی کہ نہین جانتا قدر اوسکی ثابت کرتا ہی اللہ تعالی بسبب اوسکے اوسپر خفگی اپنی اوس دن تلک کہ ملاقات
کرے اوس سے + ف ثابت کرتا ہی خوشنودی اپنی الخ یعنی دنیا مین توفیق دیتا ہی ایسی چیزون کی کہ راضی ہوا اللہ اوس سے
اور برزخ مین بچاتا ہی عذاب قبر سے اور فراخ کیجاتی ہی قبر اوسکی اور کہا جاتا ہی کہ سو رہ مانند سونے دولھا کے اور روز قیامت
کے اوٹھیگا سعید اور اللہ تعالی کے سایہ مین ہوگا پھر داخل ہوگا بہشت مین اور وہان کی نعمتین پاویگا اور جسپر خفگی
ہوگی اوسکے حق مین عکس اسکے ہوگا پس معنی اوس دن تلک کے نہین ہین کہ رضا اور غضب اوس دن تلک ہی بعد ازان
منقطع ہونگے اور نظیر اسکے قول اللہ تعالی کا ہی ابلیس کے حق مین اِنَّ عَلَیْکَ لَعْنَتِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ یعنی بلاشبہ تجپر
لعنت میری ہی روز جزا تک آور کہا سفیان بن عیینہ نے کہ مراد بھلی بات سے کلمۂ حق کہنا ہی سلطان ظالم کے سامنے انتہی + اور
اس قیاس پر بری بات کلمۂ باطل کہنا ہی نزدیک بادشاہ کے کہ ضرر کرے دین مین اور ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ کوئی سا
کلمہ ہو + ۶ + ۷ آور روایت کیا احمد اور ترمذی اور ابوداؤد اور دارمی نے کہ فرمایا وَیْلٌ لِّمَنْ یُّحَدِّثُ فَیَکْذِبُ
لِیُضْحِکَ بِهِ الْقَوْمَ وَیْلٌ لَّهٗ وَیْلٌ لَّهٗ یعنی وائے ہی واسطے اوس شخص کے کہ بات کرے پس جھوٹ بولے تا کہ ہنساوے اوس سے
قوم کو وائے ہی اوسکے لیے وائے ہی اوسکے لیے + ف ویل کے معنی ہین ہلاک عظیم یا نام ایک گہرے نالے کا ہی جہنم مین اور مکرر
فرمانا اس لفظ کا تاکید و تشدید کے لیے ہی وعید مین آور جھوٹ بولے اس سے سمجھا جاتا ہی کہ اگر ایک بات سچی کہے یارون کے
خوش کرنے کے لیے تو مضایقہ نہین اور چاہیے یون کہ اوسکو بھی عادت و پیشہ اپنا نکرے کیونکہ خوش طبعی کہ جھوٹ نہو
اگرچہ مشروع و مسنون ہی لیکن کبھی کبھی نہ ہمیشہ اور چاہیے کہ نظر ہنسانے پر نہو جیسے کہ حدیث آیندہ مین فرماتے ہین ۶ + ۷
آور روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان کے کہ فرمایا اِنَّ الْعَبْدَ لَیَقُوْلُ الْکَلِمَةَ لَا یَقُوْلُهَا اِلَّا لِیُضْحِکَ بِهِ
النَّاسَ یَهْوِیْ بِهَا اَبْعَدَ مِمَّا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَیَزِلُّ عَنْ لِّسَانِهٖ اَشَدَّ مِمَّا یَزِلُّ عَنْ قَدَمِهٖ
یعنی بلاشبہ بندہ البتہ بولتا ہی ایک بات نہین بولتا اوسکو مگر اسلیے کہ ہنساوے اوس سے لوگون کو گرتا ہی بسبب اوس بولنے کے
یعنی دوزخ مین گرنا کہ دورتر ہی مسافت مبدا اور منتہی اوسکے کی اوس مسافت سے کہ درمیان آسمان و زمین کے ہی اور بلاشبہ
بندہ پھسلتا ہی اپنی زبان کے سبب سے زیادہ تر پھسلنے سے قدم اپنے سے + ف یعنی جھوٹ وغیرہ کہ اوسکی زبان سے
صادر ہوتا ہی زیادہ ضرر کرتا ہی اوسکو بنسبت ضرر کرنے اوسکے کے پانون سے مونہہ کے بل اسلیے کہ ضرر بدنی سہل تر ہی ضرر دینی سے
۶ + اور فرمایا مَنْ صَمَتَ نَجَا یعنی جو شخص کہ چپ رہا یعنی کلام بد سے نجات پائی + ف یعنی آفات و بلیات سے دنیا اور
آخرت مین اسلیے کہ اکثر جو آدمی کو بلا پہونچتی ہی زبان ہی کے سبب سے پہونچتی ہی کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ کلام چار قسم
پر ہی ایک تو ضرر محض ہی آور دوسرا نفع محض ہی آور تیسرا وہ کہ اوسمین ضرر بھی ہی اور نفع بھی آور چوتھا وہ کہ نہ اوسمین ضرر ہی اور
نفع پس جو کہ ضرر محض ہی ضرور و لازم ہی اوس سے خاموشی اور ایسے ہی وہ کہ ضرر و نفع دونون رکھتا ہی کیونکہ دفع ضرر اہم ہی حاصل کرنے
نفع کے سے اور وہ کلام کہ نہ ضرر رکھتا ہی اور نہ نفع مشغول ہونا ساتھ اوسکے موجب ضائع کرنے وقت کا ہی اور وہ عین ٹوٹا ہی
رہی قسم دوسری کہ نفع محض ہی اوسمین بھی خطر و آفات ہین کہ کبھی اوسمین آمیزش ریا کی اور تصنع اور تزکیہ نفس اور فضول کلام کی
ہو جاتی ہی اور تمیز و دریافت کرنا اوسکا بھی مشکل ہی پس خاموشی بہرحال بہتر ہی کہ زبان کی آفتین انگنت ہین کیا خوب کہا ہی
کسی نے اَللِّسَانُ جِرْمُهٗ صَغِیْرٌ وَّجُرْمُهٗ کَبِیْرٌ وَّکَثِیْرٌ یعنی زبان کا جسم چھوٹا ہی اور گناہ اوسکے بڑے اور بہت ہین

۵
رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والدارمی
والبیہقی فی شعب الایمان

اور کہا عقبہ بن عامر نے کہ ملا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا مینے کہ کیا ہی سبب نجات کا یعنی دنیا اور آخرت مین فرمایا
اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ یعنی محفوظ رکھ تو زبان اپنی کو اور گنجایش دے
تجکو گھر تیرا اور رو تو اپنے گناہون پر ٭ ف محفوظ رکھ اپنی زبان کو اوس چیز سے کہ نہین اوسمین خیر کہا یہ ایک شارح نے
اور ظاہر تر یہ ہی کہ معنی اسکے یہ ہین کہ بند کر اپنی زبان کو اس حال مین کہ محافظت کرنے والا ہو اپنے پر امور اپنے کو کہ اونسے ضرر دین مین
ہو اور رعایت کرنے والا ہو احوال اپنے کو اور گنجایش دے تجکو گھر تیرا یہ کہ رہے تو اوسمین اور نہ نکل مگر بضرورت اور نہ تنگ دل ہو بیٹھنے
سے اوسمین بلکہ غنیمت جان تو اوسکو کہ وہ سبب بچاؤ کا ہی شر و فتنہ سے اور اسی لیئے کہا گیا ہی هٰذَا زَمَانُ السُّكُوْتِ
وَمُلَازَمَةِ الْبُيُوْتِ وَالْقَنَاعَةِ بِالْقُوْتِ اِلٰى اَنْ تَمُوْتَ یعنی یہ زمانہ سکوت کا ہی اور بیٹھ رہنے کا گھر وین
اور قناعت کرنے کا ساتھ قوت کے یہان تک کہ مر جاوے تو اور کہا طیبی نے کہ امر ظاہر مین وارد ہی گھر پر اور حقیقت مین مخاطب کو
یعنی بیٹھ گھر مین مشغول ساتھ عبادت مولی کے اور رو یعنی اگر رونا آوے والا صورت ہی رونے کی بنا نادم ہوکر اپنے گناہون پر ٭
ع ٭ اور فرمایا اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ الخ یعنی جسوقت کہ صبح کرتا ہی بیٹا آدم کا تو تحقیق سارے اعضا عاجزی کرتے ہین واسطے زبان
کے اور کہتے ہین ڈر اللہ سے ہمارے حق مین اسلیے کہ تحقیق ہم ساتھ تیرے ہین پس اگر سیدھی ہی تو تو سیدھے رہینگے ہم اور اگر ٹیڑھی ہوگی تو ٹیڑھے
ہوینگے ہم ٭ ف اگر کوئی کہے کہ اصل اور مدار کار دل ہی اگر وہ صالح ہی تو تمام اعضا صالح ہین اور اگر وہ فاسد ہی تو تمام اعضا
فاسد ہین جیسے کہ حدیث مین آیا ہی اِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ
فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ یعنی بلاشبہ بدن مین ایک بوٹی ہی کہ جب وہ سنورتی ہی تو سنورتا ہی سارا بدن اور
جب وہ بگڑتی ہی تو بگڑتا ہی سارا بدن آگاہ ہو وہ دل ہی جواب اسکا یہ ہی کہ زبان ترجمان دل اور خلیفہ اوسکا ہی پس حکم اوسکا حکم
دل کا ہی گویا جو کچھ کہ دل سوچتا ہی زبان اوسکو بیان کرتی ہی اور اعضا اوسپر عمل کرتے ہین ٭ ح ٭ اور فرمایا مِنْ حُسْنِ
اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا يَعْنِيْهِ یعنی خوبی اسلام آدمی کے سے ہی چھوڑ دینا اوسکا اوس چیز کو کہ نہ فائدہ دے اوسکو ٭
ف یعنی علامت خوبی اور کمال ایمان کی ترک کرنا اوسکا ہی اوس چیز کو کہ اہتمام ساتھ اوسکے نہ رکھے اور شان اوسکی ایسی نہو کہ
اہتمام کرے اوسکا اور مشغول ہو ساتھ حاصل کرنے اوسکے کے یعنی امر ضروری نہو امر لایعنی کہتے ہین اوسکے یہی معنی ہین اور
امر ضروری کہ آدمی کو اہتمام اوسکا رکھنا ہی وہ ہی کہ متعلق ہی ساتھ ضرورت حیات اوسکی کے معاش مین اور سلامتی و نجات اوسکی کی
معاد مین متعلق معاش کے طعام ہی کہ سیری بخشے اور پانی کہ دفع کرے پیاس کو اور کپڑا کہ ستر ڈھانکے اور بیوی کہ سبب عفت ستر
اوسکے کی ہو اور مانند انکے کے وہ چیزین کہ دفع حاجت کرین نہ وہ چیزین کہ لذت پاوے اونسے اور بہرہ مند و دولتمند ہو اونسے اور
نہ فضول اقوال و افعال و تمام حرکات و سکنات اور متعلق معاد کے ایمان و اسلام و احسان ہین جیسے کہ حدیث جبرئیل مین بیچ
کتاب الایمان کے ذکر ہوا حاصل یہ کہ جو چیزین ضروری ہین اسکی معاش و معاد مین اور سبب رضامندی مولی کی ہین وہ تو لایعنی نہین
اور سوا انکے لایعنی ہین عام ہی کہ وہ چیزین کرنے کی ہون یا کہنے کی اور کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ حد مالایعنی کی یہ ہی کہ کلام
کرے تو ساتھ اوس چیز کے کہ اگر سکوت کرتا اوس سے تو نہ گنہگار ہوتا اور نہ ضرر کرتا تجکو حال و مآل مین اور مثال اسکی یہ ہی کہ بیٹھے تو
ساتھ ایک قوم کے پس بیان کرے تو اونسے احوال شہرون کے اور اون چیزون کے کہ سفرون مین دیکھے مانند پہاڑون اور نہرون
وغیرہ کے اور وقائع کہ وہان واقع ہون اور اچھے کھانے اور کپڑے وغیر ذلک پس یہ ایسے امور ہین کہ اگر سکوت کرتا اونسے
تو نہ گنہگار ہوتا اور نہ ضرر پاتا ٭ ح ٭ ع ٭ اور آیا ہی کہ وفات پائی ایک شخص نے صحابیون مین سے پس کہا ایک اور شخص نے کہ خوشوقت ہو تو

ساتھ داخل ہونے کے بہشت مین یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَوَلَا تَدْرِيْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ اَوْ بَخِلَ بِمَا لَا يَنْقُصُهٗ یعنی کیا کہتا ہی تو یہ بات اور نہین جانتا تو حقیقت
حال پس شاید کہ اوسنے کلام کیا ہوا اوس چیز مین کہ ضرور نہوا اوسکو یا بخیلی کی ہو ساتھ ایسی چیز کے کہ ناقص نکرے اوسکو ✝ ف
یعنی جیسے کہ تعلیم علم اور دینا زکوۃ کا کہ نقصان علم و مال مین نہین لاتا یا مراد یہ ہی کہ سلام علیک نکی ہو آپسمین یا فائدہ کلام سے کسیکو نہ پہنچا
ہو کہ اوسنے بھی کچھ نقصان نہین ہی نا بلکہ مفت ثواب سے محروم رہتا ہی اور حاصل حدیث کا یہ ہی کہ کیونکر جزم کیا تونے ساتھ داخل ہونے
اسکے کے بہشت مین شاید کہ کلام لایعنی کیا ہو اسنے اور بخل کیا ہو اور اسکے سوال و حساب مین گرفتار ہوا ہو اور داخل ہونے
بہشت کے سے منع کیا گیا ہو عیاذا باللہ سنہ غور کرنا چاہیے اسکے مضمون مین اور بیدار ہو خواب غفلت سے اور اپنی اوقات
کو مصروف بیاد حق رکھے اور بچے امور ممنوعہ اور لایعنی سے جیسے ہمارے وقت کے اکثر صاحب گرفتار آفات نفسانی ہین بنے ہین
اور نام شریعت کا لیکر و بال آخرت مین گرفتار ہوتے ہین ✝ شعر ✝ کار کن کار بگذر از گفتار ✝ کہ درین راہ کار دارد کار ✝ اور ہم کسیکو
کیا کہین خود گرفتار آفات نفسانی مین ہو رہے ہین ایسا ہی حال ہی ہمارا بھی کہ اپنے گلے مین سانپ ڈال اوروں کی کھسیان جھلین
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَهَدَانَا اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ ✝ ۲ ✝ مولانا ✝ مؤلف ✝ اور کہا سفیان بن عبد اللہ
ثقفی نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ کونسی چیز بہت خوفناک ہی اون چیزون مین سے کہ ڈرتے ہین آپ مجپر کہا سفیان نے فَاَخَذَ
بِلِسَانِ نَفْسِهٖ وَقَالَ هٰذَا یعنی پس پکڑی حضرت نے زبان مبارک اپنی اور فرمایا یہ یعنی اسکی شر سے بہت ڈرتا ہون تمہارے
حق مین کہ اکثر باتین گناہ کی اس سے سرزد ہوتی ہین ✝ اور فرمایا اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلًا مِّنْ
نَتْنِ مَا جَاءَ بِهٖ یعنی جسوقت کہ جھوٹ بولتا ہی بندہ دور ہو جاتے ہین اوس سے فرشتے یعنی حافظت کرنے والے کوس بھر بسبب بوے بد
اوس چیز کے سے کہ لایا بندہ اوسکو یعنی جھوٹ بولا ✝ اور فرمایا بہت بڑی بات ہی از روے خیانت کے یہ کہ بات کہے تو اپنے بھائی مسلمان سے
کہ وہ تجکو ساتھ اوس بات کے سچا جاننے والا ہی اور تو اوس بات مین جھوٹ بولنے والا ہی یعنی جھوٹ بولنا تو بہرحال برا ہی اور اس
حال مین تر بہتر ✝ اور فرمایا مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ یعنی جو شخص کہ ہو
دو رویہ دنیا مین ہوگی اوسکی دن قیامت کے دو زبانین آگ کی ✝ ف ✝ دو رویہ اوسکو کہتے ہین کہ وہ کسیکے سامنے ہو تو ایسی
باتین کرے کہ وہ جانے کہ یہ میرا بڑا دوست ہی اور اوسکے پیچھے ایسی باتین کرے کہ باعث اوسکی ایذا کی ہون اور بعضون نے کہا کہ دو رو
وہ ہی کہ دو شخصون مین عداوت ہی اور یہ ہر ایک کے پاس جاکر ایسی باتین کرتا ہی کہ وہ جانتا ہی کہ یہ میرا دوست ہی یعنی ہر ایک کے
پاس جاکر دوسرے کو برا کہتا ہی اور اوسکی محبت ظاہر کرتا ہی ہر ایک جانتا ہی کہ یہ میرا ہی دوست غمخوار اور مددگار ہی ✝ ع ✝ اور فرمایا
لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا بِاللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ یعنی نہین ہوتا پورا مومن طعن کرنے والا
اور لعن کرنے والا اور نہ فحش بکنے والا اور نہ زبان درازی کرنے والا ✝ اور فرمایا لَا تَلَاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ
اللّٰهِ وَلَا بِجَهَنَّمَ یعنی نہ بددعا کرو آپسمین ساتھ لعنت خدا کے یعنی آپسمین ایک دوسرے کو نکہے کہ تجپر لعنت خدا کی اور نہ بددعا
کرو آپسمین ساتھ غضب خدا کے اور نہ ساتھ داخل ہونے کے دوزخ مین یعنی نکہو کہ غضب خدا کا تجپر اور دوزخ مین جاؤ تو ✝ اور فرمایا
اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا لَعَنَ شَيْئًا صَعِدَتِ اللَّعْنَةُ الخ یعنی بلاشبہ بندہ جسوقت کہ لعنت کرتا ہی کسی چیز کو یعنی آدمی کو یا غیر آدمی کو
تو چڑھتی ہی لعنت آسمان کی طرف پس بند کیے جاتے ہین دروازے آسمان کے آگے لعنت کے پھر اوترتی ہی لعنت طرف زمین کے پس
بند کیے جاتے ہین دروازے اوسکے نزدیک ظہور لعنت کے پھر مائل ہوتی ہی داہنے اور بائین یعنی اس طرح سے بھی رد کیجاتی ہی پس جسوقت کہ

نہین پاتی راہ پھرتی ہی طرف اوسکے کہ لعنت کیا گیا ہم پس اگر ہوتا ہی وہ لائق اوسکے تو پہونچتی ہی اوسکو اور اگر نہین ہوتا وہ لائق اوسکے
تو پھر اتی ہی لعنت طرف کہنے والے اپنے کے ✝ ف یعنی جب لعنت کیجاتی ہی کسی پر تو اول ہی تو جاتو سپر نہین ہوتی بلکہ جاتی ہی
ہی کہ باہر نکل جاؤن جب جگہہ نکلنے کو نہین پاتی تو متوجہ ہوتی ہی اوسپر اور اگر وہ مستحق اوسکا نہین ہوتا تو پھر اتی ہی لعنت کرنے والے پس
جب تک کہ یقین نہو کہ وہ مستحق لعنت ہی تو لعنت نکرے اوسپر اور مستحق لعنت کا ہونا بغیر خبر شارع کے متیقن نہین ہی ✝ اور آیا ہی کہ
ایک شخص کی چادر اوڑائی ہوا نے پس لعنت کی اوسنے ہوا کو پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا تَلْعَنْهَا فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ
وَإِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ یعنی نہ لعنت کر تو ہوا کو اسلیے کہ وہ حکم کی گئی ہی اور
تحقیق جو شخص لعنت کرے کسی چیز پر کہ نہین وہ لائق لعنت کے رجوع کرتی ہی لعنت اوسپر ✝ ف حکم کی گئی ہی ساتھ چلنے کے
اور بھیجا ہی اوسکو واسطے حکمون کے تنگ آنا اوس سے اور مکروہ جاننا اوسکو منافی ادب عبودیت اور استقامت کے ہی اور اسی طرح ہی
ادب بیچ اوترنے حوادث زمانہ کے اور وارد ہونے احکام ارادیہ کے چاہیے کہ باطن و ظاہر مین ساتھ دل اور زبان کے راضی و ساکت ہو
اور اگر دل مین بحکم ضعف بشری کے تغیر راہ پاوے تو چاہیے کہ زبان کو نگاہ رکھے ✝ اور فرمایا لَا يُبَلِّغُنِي أَحَدٌ مِنْ
أَصْحَابِي عَنْ أَحَدٍ شَيْئًا فَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ وَأَنَا سَلِيمُ الصَّدْرِ یعنی نہ پونہچاوے مجھکو کوئی میرے صحابیون مین سے
کسیکی طرف سے کوئی چیز یعنی جنس تقصیرات اور افعال بد اور خصلتون بد سے کہ فلانے نے ایسا کیا اور فلانے نے یون کہا اور فلانا
ایسا ہی اسلیے کہ مین دوست رکھتا ہون یہ کہ نکلون مین یعنی گھر سے طرف تمہارے اس حال مین کہ صاف سینہ ہوؤن اور کسی پر غصہ
اور کسی سے ناراض و کینہ ور نہوؤن ✝ ف اسمین تعلیم ہی امت کو کہ کسیکو نچاہیے کہ نزدیک امیرون اور بزرگون کے بلکہ نزدیک کسیکے
کسیکی طرف سے برائی کہے تا باعث عداوت و کینہ کی ہو ✝ معنی اسکے یہ ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آرزو کی یہ کہ نکلین
دنیا سے اس حالمین کہ دل اونکا راضی ہو اپنے صحابہ سے ✝ اور کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ عرض کیا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا یعنی کفایت ہی تمکو صفیہ سے یعنی اونکے عیبون سے ایسا اور ایسا مراد رکھتین تھین عایشہ
رضی اللہ عنہا اس سخن سے کوتاہ قد یعنی صفیہ رضی اللہ عنہا کوتاہ قد تھین عایشہ رضی اللہ عنہا نے چاہا کہ اوس عیب سے اونکو حضرت
کے سامنے ذکر کرین پس حضرت کو یہ غیبت کرنی اونکی ناخوش آئی پس فرمایا لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ
یعنی البتہ تحقیق کہا تو نے ایسا کلمہ کہ اگر ملایا جاوے ساتھ اوسکے دریا تو البتہ غالب آوے یہ کلمہ دریا پر اور تغیر کردے اوسکو ✝ ف
یعنی جب دریا کو باوجود اس بڑائی کے تغیر کردے اور غالب آوے اوسپر تو تیرے اعمال کا کیا حال ہوگا اس سے معلوم ہوا کہ بقصد حقارت
کے اسقدر عیب کسی کا کہنا کہ وہ کوتاہ قد ہی یہ بھی غیبت ہی اور لفظ کذا وکذا کنایہ ہی ذکر کرنے بعضے عیوب صفیہ کے سے اور کہا
ایک شارح نے کہ قول عایشہ کا کذا اشارہ ہی طرف بالشت اپنے کے کہتا ہون مین ظاہر تکرار کذا سے ارادہ تعدد صفتون اوسکی کا
ہی پس شاید کہ اونھون نے کہا ہو اپنی زبان سے کہ وہ ٹھنگنی ہی اور اشارہ کیا ہو ساتھ بالشت اپنے کے کہ وہ نہایت ٹھنگنی ہی پس
ارادہ کیا تاکید کا ساتھ جمع کرنے کے درمیان قول و فعل کے واللہ اعلم ✝ ✝ اور فرمایا مَا كَانَ الْفُحْشُ فِي شَيْءٍ إِلَّا
شَانَهُ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ یعنی نہین ہوتا فحش کسی چیز مین یعنی کسی امر مین امور مین سے مگر کہ عیبناک کر دیتا ہی
اوسکو اور نہین ہوتی حیا و نرمی کسی چیز مین مگر کہ زینت دے دیتی ہی اوسکو ✝ ف اسمین مبالغہ ہی کہ اگر بالفرض فحش یا حیا جمادات
مین ہو تو اوسکو بھی عیبناک کردے یا زینت دے دے ✝ طیبی اور فرمایا مَنْ عَيَّرَ أَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتَّى يَعْمَلَهُ يَعْنِي
مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ یعنی جو شخص کہ عار دلاوے یعنی سرزنش و ملامت کرے اپنے بھائی مسلمان کو ساتھ ایک گناہ کے کہ

صادر ہوا ہی اوس سے پہلے نہیں مرتا وہ عار دلانے والا یہان تک کہ کرتا ہی وہ اوسکو مراد رکھتے تھے حضرت عار دلانا اوس گناہ سے کہ توبہ کر چکا ہی اوس سے + ف توبہ کر چکا ہی یعنی اگر توبہ نہین کی ہی اور اوس گناہ مین گرفتار ہی تو سرزنش کر سکتے ہین اوسپر لیکن بقصد تکبر و تحقیر کے نہو بلکہ بقصد زجر و نصیحت کے اور باز رکھنے کے اوس سے ہو + ع ح + اور فرمایا لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيكَ فَيَرْحَمَهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيكَ یعنی نظاہر کر تو خوشی کو واسطے مسلمان بھائی اپنے کے یعنی اگر کوئی مسلمان پڑا ہی بلا دینی یا دنیوی مین تو خوش نہو بسبب دشمنی کے کہ رکھتا ہی اوس سے پس اگر خوش ہووے گا تو اوسپر رحم کریگا خدا تعالی اور تجھے مبتلا کریگا تجھکو ساتھ اوسکے + اور فرمایا مَا اُحِبُّ اَنِّي حَكَيْتُ اَحَدًا وَاَنَّ لِي كَذَا وَكَذَا یعنی نہین دوست رکھتا مین یہ کہ نقل نکالون مین کسیکی حال اوسکا ہو میرے لیے ایسا اور ایسا یعنی اگرچہ دیا جاؤن مین کتنا ہی مال دنیا کا بسبب اوس نقل نکال لینے کے + رواہ الترمذی ۱۲
ف حرام ہی نقل نکالنی کسیکی خواہ قولی ہو یا فعلی یعنی مثلا کسیکی سی آواز بنا کر بولے یا لنگڑا کر چلے وغیر ذلک اور داخل ہی غیبت محرمہ مین + ع + آیا ایک اعرابی یعنی گنوار دیہاتی اوسنے اپنے اونٹ کو بٹھا دیا پھر باندھ دیا پانون اوسکا رسی سے پھر داخل ہوا مسجد مین اور نماز پڑھی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پس جب کہ سلام پھیرا اوس اعرابی نے تو آیا اپنے اونٹ کے پاس اور کھولا اوسکو پھر سوار ہوا پھر پکارا اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِي رَحْمَتِنَا اَحَدًا یعنی یا اللہ رحم کر مجھپر اور محمد پر اور نہ شریک کر ہماری رحمت مین کسیکو پس فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَتَقُولُونَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيرُهٗ اَلَمْ تَسْمَعُوا اِلٰى مَا قَالَ یعنی آیا جانتے ہو تم اور کہتے ہو تم کہ یہ اعرابی جاہل زیادہ ہی یا اونٹ اسکا کیا نہین سنا تمنے جو کچھ کہ کہا اسنے کہا صحابہ نے کہ ہان سنا ہمنے + ف یعنی اوسنے جو حق کی رحمت واسعہ کو تنگ کیا اور پیر حضرت خفا ہوئے پس دعا مین تنگی نکرنی چاہیے کہ یہ بات ہمارے ہی لیے ہو اور کے لیے نہو بلکہ تمام مومن مردون اور عورتون کو داخل کرنا چاہیے + ح + اور فرمایا اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ یعنی جب تعریف کیا جاتا ہی فاسق یعنی مثلا کہا اوسکو سردار وغیر ذلک غصے ہوتا ہی پروردگار تعالی یعنی تعریف کرنے والے پر اور ہلتا ہی اور کانپتا ہی بسبب تعریف اوسکی کے عرش + ف ہلنا عرش کا یا تو محمول ہی ظاہر پر یا کنایہ ہی واقع ہونے امر عظیم سے اسلیے کہ فاسق کی تعریف کرنے مین راضی ہونا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ اوسمین ناخوشی اور نارضامندی حق کی ہی بلکہ نزدیک کہ ہو موجب کفر اسلیے کہ قریب ہی یہ کہ پہونچے طرف حلال جاننے حرام کے پس تعریف کرنی اکثر علماے بےعمل اور شاعرون اور قاریون ریاکار کی داخل ہی اسی مین اور جب تعریف فاسق کا یہ حال ہوا تو کیا حال ہوگا تعریف ظالم اور کافر کا بچنا اس بلاے عظیم سے جبھی ہو سکتا ہی کہ پرہیز کرے انکی صحبت سے + ح + ع + اور فرمایا يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ یعنی پیدا کیا جاتا ہی مسلمان ہر طرح کی خصلت پر سواے خیانت و جھوٹ کے + ف یعنی مومن کامل مین یہ خصلتین نہین ہوتین بلکہ وہ پیدا کیا جاتا ہی صدق و امانت پر کہ مقتضا تصدیق و ایمان کے ہین اور ظاہر تر یہ ہی کہ مراد منع کرنا ان دو صفتون سے ہی یعنی نہ چاہیے کہ مسلمان متصف ہون ساتھ ان صفتون کے + ح + کہا عمران نے کہ آیا مین ابوذر کے پاس پس پایا مینے اونکو مسجد مین گوٹ مارے ہوئے ایک کملی سیاہ سے تنہا بیٹھے ہوئے پس کہا مینے اے ابوذر کیا ہی یہ تنہائی یعنی کیون نہین صحابہ کے ساتھ بیٹھتا اور افادہ اور استفادہ کرتا پس کہا ابوذر نے کہ سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے اَلْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيسِ السُّوْءِ الخ یعنی تنہا بیٹھنا بہتر ہی بیٹھنے سے ساتھ ہمنشین بد کے اور بیٹھنا ساتھ ہمنشین نیک کے بہتر ہی تنہا بیٹھنے سے اور سکھلانا خیر کا بہتر ہی چپ رہنے سے اور چپ رہنا بہتر ہی سکھلانے برائی کے سے یعنی اور سمین سکوت پر گوشہ نشینی

ح رواہ البیہقی فی شعب الایمان
ع رواہ احمد والبیہقی فی شعب الایمان ۱۲

د تنہائی ہی + ف تنہا بیٹھنا الخ یعنی چونکہ اس وقت مین یاران خاص سے کہ اعتماد اونکی نیکی و صلاح پر ہو حاضر نہین تنہا بیٹھا ہون مین اور جب ہوتے ہین تو بیٹھتا ہی ہون + ح + اور فرمایا مَقَامُ الرَّجُلِ بِالصَّمْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّيْنَ سَنَةً یعنی مرتبہ آدمی کا بسبب چپ رہنے کے افضل ہی ساٹھہ برس کی عبادت سے + ف لفظ مقام ساتھہ زبر میم کے اور پیش میم سے بھی آیا ہی یعنی ثابت رہنا آدمی کا ساتھہ خاموشی کے یعنی مداومت سکوت کی بہتر ہے یعنی افضل ہی اوس عبادت ساٹھہ برس کی سے کہ ساتھہ کثرت کلام کے اور نہ استقامت دین کی ہو اور طیبی نے مقام کے معنی کہے ہین مرتبہ اوسکا نزدیک اللہ کے الخ اور افضل ہونے کی دلیل یہ لکھی ہی کہ عبادتون مین بہت سی آفتین ہین اونسے سلامت رہتا ہی بسبب چپ رہنے کے جیسے کہ وارد ہوا ہی مَنْ صَمَتَ نَجَا یعنی جو چپ رہا نجات پائی یہ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہی اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے یون لکھا ہی کہ کبھی مرتبہ خداے تعالی کے نزدیک بسبب خاموشی کے افضل و زیادہ تر ہوتا ہی ساٹھہ برس کی عبادت سے اسلیے کہ جس سکوت میں جولانی کرے فکر بیچ معارف و حقائق الٰہیہ اور کونیہ کے یا مستغرق ہو لطیفہ قلبیہ ذکر خفی کے دریا مین اور منور ہو ساتھہ نور ذات و صفات الٰہی کے اگرچہ ایک ساعت لطیف ہو بہتر ہی اوس طاعت و عبادات جوارح یعنی اعضا سے کہ بیچ تفرقہ اور بےحضوری کے کرے اور دل ساتھہ یاد خدا کے جمع نہوا گرچہ ساٹھہ برس کا ہو + اور کہا ابوذر نے کہ کہا مینے ای رسول خدا کے نصیحت کرو مجکو فرمایا اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ الخ یعنی نصیحت کرتا ہون مین تجکو ساتھہ تقوی اللہ کے اسلیے کہ تحقیق تقوی بہت زینت دینے والا ہی تیرے سب کامون کے لیے یعنی امور دینی اور دنیوی کے کہا مینے زیادہ کرو مجکو یعنی اور نصیحت فرمائیے فرمایا عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ الخ یعنی لازم ہی تجکو تلاوت قرآن کی اور ذکر خدا کا اسلیے کہ تحقیق وہ یعنی جو کچھہ کہ ذکر کیا گیا کہ وہ تلاوت قرآن ہی اور ذکر اللہ سبب ذکر کرنے کا ہی تجکو آسمان مین کہ ملائکہ یاد کرینگے تجکو ساتھہ خیر و رحمت کے بلکہ اللہ تعالی بھی چنانچہ یہ آیت دلالت کرتی ہی اسپر فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ اور سبب نور کا ہی تیرے لیے زمین مین یعنی اس عالم سفلی مین کہ سبب ظہور نور معرفت اور یقین و ہدایت کا ہی کہا مینے زیادہ کرو مجکو نصیحت فرمایا عَلَيْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِّلشَّيْطٰنِ وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰٓى اَمْرِ دِيْنِكَ یعنی لازم ہی تجکو چپ رہنا دیر تک یعنی ہمیشہ کہ مقرون ہو ساتھہ تفکر اور تدبر نعمتون الٰہی کے اسلیے کہ خاموشی سبب ہانکنے کی ہی شیطان کو کہ راہ زبان سے در آتا ہی اور چاہ بلا مین ڈالتا ہی اور مدد کرنے والی ہی تیرے لیے اوپر کار دین کے کہ سلامت رکھتی ہی آفات زبان سے اور موجب حصول علوم اور معارف اور نور دل کی ہی بسبب ذکر خفی کے کہا مینے زیادہ فرمائیے مجکو فرمایا اِيَّاكَ وَكَثْرَةَ الضَّحِكِ الخ یعنی بچیارہ بہت ہنسنے سے اسلیے کہ بہت ہنسنا مار دیتا ہی دل کو یعنی بسبب وارد ہونے ظلمت غفلت اور قساوت کے اور بجھنے نور علم و معرفت کے کہ حیات دل اوسمین ہی اور کھو دیتا ہی مونہہ کے نور کو کہ عبارت ہی ظاہر ہونے علامت عبادت سے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ یعنی علامت اونکی اونکے مونہون مین ہی اثر سجود سے اور یہ بات ضرور ہی کہ جب دل مرتا ہی تو مونہہ بے نور ہو جاتا ہی اسلیے کہ نورانیت اور تازگی بدن کی ساتھہ حیات حسی اور معنوی کے ہی کہا مینے زیادہ فرمائیے مجکو فرمایا قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا یعنی کہہ حق اگرچہ ہو تلخ یعنی ناخوش معلوم خلق کو یا تیرے نفس کو کہا مینے زیادہ فرمائیے مجکو فرمایا لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ یعنی نہ ڈر دین خدا کے ظاہر کرنے مین اور اوسکی تائید و تقویت مین ملامت کرنے والے کی ملامت سے کہا مینے زیادہ فرمائیے مجکو فرمایا لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ یعنی چاہیے کہ باز رکھے تجکو لوگون کے عیبون سے وہ چیز کہ جانتا ہی تو نفس اپنے سے + ف ذکر خدا کا تمام افعال کہ بہ نیت تقرب الی اللہ کے کرین تو داخل ذکر مین ہین اگر اس معنی پر حمل کرین تو ذکر کرنا ذکر کا بعد تلاوت کے واسطے تعمیم بعد تخصیص کے ہوگا

اور حدیث مین آیا ہی اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اگر یہ مراد رکھین گے تو قبیل ذکر کرنے جزو کے ہی بعد کل کے بسبب اوس
فضل و شرف کے اور نہ ڈرا اسمین قطع تعلق کا خلق سے بالکل اور ثابت رہنا حق پر بغیر نظر کرنے کے طرف مذمت لوگون کے اور تعریف انکی
فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا یعنی لوگون سے انقطاع کر کر رجوع کر اللہ کی طرف رجوع کرنا اور نفس اپنے سے
یعنی عیوب نفس اپنے سے مراد یہ ہی کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کر لیکن عیب جوئی اور غیبت انکی کر اور دل مین اپنے تئین
سب سے خوار و ناقص جان ✤ شعر ✤ غافلند این خلق از خود بیخبر ✤ لاجرم گویند عیب یکدگر ✤ روایت کیا ہی دیلمی نے انس سے طُوْبٰی
لِمَنْ شَغَلَہٗ عَیْبُہٗ عَنْ عُیُوْبِ النَّاسِ یعنی خوش حالی ہی اوسکے لیے کہ باز رکھے اوسکو عیب اوسکا لوگون کی عیب گیری
سے ✤ اور فرمایا یَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی خَصْلَتَیْنِ ھُمَا اَخَفُّ عَلَی الظَّھْرِ وَاَثْقَلُ فِی الْمِیْزَانِ
یعنی ای ابوذر کیا نہ بتلاؤن مین تجکو دو خصلتین کہ وہ بہت ہلکی ہین پشت پر یعنی پشت مکلف پر اور بدن اوسکے پر یا پشت زبان پر اور
بہت بھاری ہین میزان اعمال مین کہا ابوذر نے کہ کہا مینے ہان بتلایئے فرمایا طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِیْ
نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِھِمَا یعنی بہت چپ رہنا یعنی ساتھ تفکر کے اور خوش خلقی قسم ہی اوس ذات
پاک کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہین عمل کیا خلق نے مانند ان دو خصلتون کے یعنی کوئی کام بہتر ان دو کامون سے نہین ✤ ف ✤
سبکی و آسانی ان دونون صفتون کی اس سبب سے ہی کہ خاموش رہنے مین مشقت و محنت نہین حاصل ہوتی بلکہ زبان ہلانی اور بات کی ترتیب
دینے مین مشقت ظاہر و باطن کی ہی اور سبکی خوش خلقی مین بھی اسی قیاس پر ہی کہ اسمین نرمی اور آسانی اور سکون ہی بخلاف سخت خلقی
اور جدال و نزاع کے کہ سراسر محنت و مشقت ہی انمین ✤ اور آیا ہی کہ گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر پر اس حال مین کہ وہ لعنت کرتے تھے
کسی غلام اپنے کو پس التفات کی حضرت نے طرف انکے اور فرمایا اَللَّاعِنِیْنَ وَصِدِّیْقِیْنَ کَلَّا وَرَبِّ الْکَعْبَۃِ یعنی کیا دیکھا ہی
تو نے لعنت کرنے والون اور صدیقون کو یعنی انکو کہ جامع ان دو صفتون کے ہون مقصود یہ کہ صدیقیت اور لعانیت جمع نہین ہوتین
ہرگز نہین جمع ہوتین یہ دونون صفتین قسم ہی پروردگار کعبہ کی پس آزاد کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اوس دن بعضے غلام اپنے کو یعنی
کفارے مین اس تقصیر کے پھر آئے ابوبکر یعنی عذر کرنے کے لیے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ پھر نکرونگا مین ایسا کام یعنی
کسیکو لعنت نہین کرونگا نقل کین بیہقی نے شعب الایمان مین یہ پانچون حدیثین کہ حدیث عمران سے اس حدیث تک ہوئین ہین ✤
اور روایت کی مالک نے کہ حضرت عمر داخل ہوئے ایک دن ابوبکر صدیق کے پاس اس حال مین کہ وہ کھینچ رہے تھے زبان یعنی گویا
نکالا چاہتے تھے اوسکا مقصود ظاہر کرنا زجر و قہر کا تھا اوسپر پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے مَہْ غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ یعنی ایسا
نکرو بخشے اللہ تمکو پس کہا واسطے انکے ابوبکر نے کہ تحقیق اس زبان نے ڈالا ہی مجکو ہلاکت کی جگہون مین ✤ اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
اِضْمَنُوْا لِیْ سِتًّا مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَضْمَنْ لَکُمُ الْجَنَّۃَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَاَدُّوْا اِذَا
ائْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَکُمْ وَغُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ وَکُفُّوْا اَیْدِیَکُمْ یعنی متکفل و ضامن ہو و میرے لیے چھہ چیزون
کے اپنے نفسونکی منفعت کے لیے ضامن ہونگا مین تمہارے لیے بہشت کا یعنی داخل ہونے کا بہشت مین ساتھ اچھے لوگون کے
سچ بولا کرو جسوقت کہ بات کہو اور پورا کرو عہدہ جب کہ وعدہ کرو اور ادا کرو امانت جب کہ امانت رکھے کوئی تمہارے پاس اور
نگہبانی کرو اپنی شرمگاہون کی یعنی حرام کاری سے بچاؤ اور بند کرو نگاہین اپنی یعنی دیکھنے اوس چیز کے سے کہ نہین جائز ہی دیکھنا
اوسکا مانند نامحرم وغیرہ کے اور بند رکھو ہاتھ اپنے یعنی مارنے سے اور پکڑنے اوس چیز کے سے کہ حرام و مکروہ ہی یا یہ معنی ہین کہ باز رکھو
اپنے نفسون کو ظلم سے ✤ اور فرمایا خِیَارُ عِبَادِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ اِذَا رُءُوْا ذُکِرَ اللّٰہُ یعنی بہترین بندے اللہ کے وہ ہین کہ جسوقت دیکھے جاوین

یاد کیا جاوے اللہ اور بدترین بندے اللہ کے وہ ہین کہ چلتے ہین مجلسون مین ساتھ چغل خوری کے یعنی بنظر فساد کے جیسے بیان ہوا
اسکو کہ جدائی ڈالتے ہین درمیان دوستون کے چاہتے ہین پاک لوگون سے مشقت اور ہلاک اور فساد اور گناہ اور زنا کو یعنی پاک جماعت
لوگ کہ پاک و منزہ ہین گناہ اور فساد و عیب سے متہم کرتے ہین اونکو ساتھ گناہ اور فساد و عیب کے اور مشقت و ہلاکت مین ڈالتے ہین
اونکو نقل کین یہ دونون حدیثین احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین ✢ ف ✢ یاد کیا جاوے اللہ یعنی تعلق اور خصاص مین اللہ تعالی کے
ساتھ ایسے مرتبے کو پونہچے ہین کہ آثار و انوار اوسکے اونکے اطوار و احوال پر ایسے ہویدا ہین کہ جب آنکھ اونکے جمال پر پڑتی ہی تو خدا تعالی
یاد آتا ہی بسبب ظاہر ہونے عبادت کی علامت کے اونکے موہنون پر اور بعضون نے کہا کہ معنی اسکے یہ ہین کہ دیکھنا اونکا مانند ذکر خدا
کے ہی جیسا کہ کہا ہی علما نے کہ نظر کرنی عالم کے موہنہ پر عبادت ہی اور کبھی ہوتا ہی کہ بسبب نظر کرنے کے صالح کے موہنہ پر نور ایمان
ایسا باطن مین آتا ہی کہ دل کو روشن کر دیتا ہی اور حدیث مین آیا ہی اَلنَّظَرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ اور آیا ہی کہ حضرت علی
رضی اللہ عنہ جو گھر سے نکلتے تھے اور لوگون کی نظر اونکے چہرۂ مبارک پر پڑتی تو کہتے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَآ اَشْرَفَ ھٰذَا الْفَتٰی
مَآ اَکْرَمَ ھٰذَا الْفَتٰی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَآ اَعْلَمَ ھٰذَا الْفَتٰی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَآ اَشْجَعَ ھٰذَا الْفَتٰی پس دیکھنا اونکا
باعث ہوتا تھا کہنے کلمۂ توحید کا ✢ ح ✢ اور فرمایا اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا یعنی غیبت کرنی سخت تر ہی زنا کرنے سے
عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کسواسطے غیبت اشد ہی زنا سے فرمایا اِنَّ الرَّجُلَ یَزْنِیْ فَیَتُوْبُ فَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِیْبَۃِ لَا یُغْفَرُ لَہٗ حَتّٰی یَغْفِرَھَا لَہٗ صَاحِبُہٗ یعنی تحقیق آدمی البتہ زنا کرتا ہی پھر توبہ کرتا ہی
پس اللہ تعالی قبول کرتا ہی توبہ اوسکی یعنی اسلیے کہ حق اللہ تعالی کا ہی اور تحقیق غیبت والے کی نہین بخشش کی جاتی یہان تک کہ بخشے
اوسکو وہ کہ جسکی غیبت کی ہی یعنی اسلیے کہ یہ اوسکا حق ہی اور انس کی روایت مین آیا ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ زنا کرنے والا توبہ کرتا ہی
اور غیبت کرنے والا نہین واسطے اوسکے توبہ نقل کین یہ دونون روایتین بیہقی نے شعب الایمان مین ✢ ف ✢ نہین واسطے اوسکے
توبہ یعنی غالبًا اسلیے کہ زانی ڈرتا ہی اور کانپتا ہی پس توبہ کرتا ہی اور غیبت کرنے والا سہل جانتا ہی اگرچہ اللہ تعالی کے نزدیک بڑے
گناہ کی چیز ہی اسلیے کہ بلا جب عالم ہوتی ہی تو اوسکی برائی دل سے نکلجاتی ہی یا نزدیک ہی کہ غیبت کرنے والا غیبت کو حقیر و حلال جانے
اور ورطۂ کفر مین جا پڑے یا یہ معنی ہین کہ نہین اوسکے لیے توبہ مستقلہ بلکہ موقوف ہی صحت اوسکی اوپر رضامندی اوسکے کہ جسکی
غیبت کی ہی جیسے کہ اوپر کی روایت مین گذرا ✢ ع ✢ ح ✢ اور فرمایا اِنَّ مِنْ کَفَّارَۃِ الْغِیْبَۃِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ
اغْتَبْتَہٗ تَقُوْلُ لَہُ اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَہٗ یعنی بالتحقیق کفارۂ غیبت کا یہ ہی کہ بخشش چاہے تو اوسکے لیے کہ غیبت
کی ہی تو نے اوسکی کہے تو یا الٰہی بخشش ہمکو اور اوسکو نقل کی یہ بیہقی نے دعوات کبیر مین ✢ ف ✢ بخشش ہمکو یعنی اگر ہون یہ
جماعت تو یون کہین یا ہمکو یعنی سب گروہ مسلمین کو اور ظاہر یہ ہی کہ یہ بخشش چاہنی اوس صورت مین ہی کہ نہ پونہچی ہو غیبت
اوسکو کہ جسکی غیبت کی ہی اور جب کہ پہونچ جاوے اوسکو تو ضرور ہی بخشوانا اوس سے اس طرح کہ خبر دے اوسکو کہ جسکی غیبت کی ہی
ساتھ اوس چیز کے کہ کہا ہی اوسکو اور بخشواوے اوسکو اوس سے پس اگر متعذر ہو یہ تو ارادہ رکھے اسکا کہ جب ہوسکیگا بخشوائیگا
اوس سے پس جبکہ بخشوائیگا اوس سے ساقط ہو جاویگا اوس سے جو کچھ کہ اوسکا حق تھا اسپر اور اگر عاجز ہو اس سبب سے بسبب
اسکے کہ ہو صاحب غیبت مردہ یا غائب مثلاً تو بخشش چاہے اللہ تعالی سے اور اوسکے فضل و کرم سے امید ہی کہ راضی کردے اوسکے
دشمن کو کہا فقیہ ابو اللیث نے کہ کلام کیا ہی لوگون نے بیچ توبہ غیبت کرنے والے کے کہ آیا جائز ہی بغیر بخشوانے کے اوس سے کہ
جسکی غیبت کی ہی یا نہین کہا بعضے عالمون نے کہ جائز ہی اور یہ ہمارے نزدیک دو طرح پر ہی ایک تو یہ کہ اگر یہ غیبت پونہچی ہو اوسکو

۹۱ اور اکثر ... [illegible]

جسکی غیبت کی ہے تو توبہ اوسکی یہ ہے کہ بخشوانے اوس سے اور اگر نہ پہنچی ہو غیبت تو بخشش چاہے اللہ تعالی سے اور دل مین یہ رکھے
کہ پھر ایسی حرکت نہین کرنے کا ہے ع + تمام ہوئین حدیثین مشکوۃ کی اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ زبان کی بیس
آفتین ہین بیان کیا ہے ہمنے اونکو بیچ کتاب آفات اللسان کے اور ذکر اونکا طویل ہے کفایت کرتا ہے تجکو عمل کرنا ایک آیت پر
فرمایا اللہ تعالی نے لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَاهُمْ یعنی کچھ بھی نہین اکثر اونکی مشورتون اور مراد یہ ہے کہ کلام کرو
لایعنی جسمین کچھ فائدہ نہین اور اقتصار کر کلام ضروری پر کہ نجات اسی مین ہے کہا انس نے کہ شہید ہوا ایک لڑکا ہم مین روز احد
کے اور اوسکے پیٹ پر ایک پتھر بندھا ہوا تھا بسبب بھوک کے پس اوسکی ماں نے اوسکے مونھ سے مٹی پونچھی اور کہا هنيئا
لَكَ الْجَنَّةُ يَا بُنَيَّ یعنی گوارا اور مبارک ہو تجکو بہشت اے بیٹے میرے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا جانا تو
یعنی جنتی ہونا اوسکا شاید کہ کلام کیا ہو اوسنے لایعنی یعنی بیفائدہ اور باز رہا ہو اوس کلام سے کہ نہ ضرر کرے اوسکو یعنی
نیک کلام کہ جو مفید ہو مثل امر بالمعروف اور نہی عن المنکر وغیرہما کے اور حد لایعنی کی یہ ہے کہ وہ اگر ترک کیا جاوے تو نہ فوت ہو
بسبب اوسکے ثواب اور نہ حاصل ہو بسبب اوسکے ضرر اور جسنے اقتصار کیا کلام کو اوسپر قلیل ہوگا کلام کرنا اوسکا پس چاہیے کہ
محاسبہ کرے بندہ نفس اپنے سے نزدیک ذکر کرنے بات لایعنی کے کہ اگر ذکر اللہ کرتا بدلے اسکے تو ہوتا وہ خزانہ سعادت کے خزانون
مین سے پس کیونکر جرأت کرے عقل خزانے کے ترک کرنے کو اور ڈھیلوں کے لینے کو اور یہ جب ہے کہ نہ ہو اوسمین گناہ اور اگر گناہ ہو
اوسمین تو وہ مانند ترک کرنے خزانے کے اور لینے آگ کے شعلے کے ہے اور حد کلام لایعنی سے ہے بیان کرنا احوال لوگون کا سفرونکا
اور احوال شہرونکے کھانون کا اور عادات اونکی کا اور احوال صنعتون اور تجارتون کا اور یہی سب دیکھتا ہے تو پھیلا ہوا لوگون مین
اور اون بیس آفتون مین سے جو اکثر زبانون پر جاری ہین پانچ ہین جھوٹ اور غیبت اور جھگڑنا اور مدح اور مزاح پس اونمین سے بہت
کا بیان تو برمحل اونکے ہوگا اور ضمن حدیثون مین اوپر کچھ گذر بھی چکا اب مناسب اس مقام کے بیان کرنا غیبت کا ضرور ہے
کہ غیبت ایسی آفت ہے کہ فرمایا اللہ تعالی نے أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
الْغِيبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا اور وحی کی اللہ سبحانہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو کہ جو کوئی مرا توبہ کر کر غیبت سے پس وہ آخر اون لوگونکا
ہوگا کہ داخل ہونگے بہشت مین اور جو شخص مرا مصر غیبت پر پس وہ اول اون لوگون کا ہوگا کہ داخل ہونگے دوزخ مین اور فرمایا
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گذرا مین شب معراج کو ایک قوم پر کہ کھرونچتے تھے مونھ اپنے اپنے ناخنون سے پس کہا گیا مجکو کہ یہ وہ لوگ
ہین کہ غیبت کرتے ہین لوگون کی اور جاننا چاہیے کہ غیبت اوسکو کہتے ہین کہ جو بیان فرمائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
أَنْ تَذْكُرَ أَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُهُ لَوْ بَلَغَهُ وَإِنْ كُنْتَ صَادِقًا یعنی یہ کہ ذکر کرے تو اپنے بھائی مسلمان کو ساتھ
اوس چیز کے کہ ناگوار ہو اوسکو اگر پہنچے اوسکو اگرچہ ہو تو سچا برابر ہے کہ ذکر کرے تو نقصان اوسکے نفس مین یا عقل مین یا کپڑے
مین یا نسب مین یا گھر مین یا سواری مین یا اور کسی چیز کا کہ جو متعلق ہو ساتھ اوسکے حتی کہ کہنا تیرا کہ وہ واسع الکم ہے یا طویل الذیل
اور ذکر کیا گیا ایک شخص رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کہ کیا سست ہے پس فرمایا حضرت نے کہ غیبت کی تم نے اوسکی اور حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا نے اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے طرف ایک عورت کے کہ وہ ٹھنگنی ہے پس فرمایا حضرت نے کہ غیبت کی تونے اوسکی پس
اس سے جانا گیا کہ غیبت زبان ہی پر موقوف نہین ہے بلکہ کچھ فرق نہین ہے اسمین کہ زبان سے ہو یا حاصل ہو سمجھانا ساتھ ہاتھ کے یا رمز کے
یا اشارے کے یا حرکت و نقل نکالنے اور تعریض کے جس سے عیب سمجھا جاوے مانند کہنے تیرے کے أَنَّ مَنْ مَرَّ بِنَا اور بعض
أَصْحَابِنَا كَذَا یعنی جو ہم پر گذرا یا بعضے دوست ہمارے ایسے ہین اور جاننا چاہیے کہ بدترین غیبتون کی وہ غیبت ہے کہ کیا کرتے ہین

کہ گفتگو میں بیٹھا اور ہم سا کا اس سے مبتلا کیا ہو ساتھ دنیا کے ...سلمان کے پاس طلب دنیا کے لیے وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ
قِلَّۃِ الْحَیَاءِ یعنی اس کہنے سے جتانے مین مقصود یعنی اونکا عیب بیان کرنا مقصود ہی اور اپنی برات اور کہتے ہین وہ کیا اچھا
احوال فلانے کا اگر یہ مبتلا ہوتا وہ اوس چیز مین کہ مبتلا ہین ساتھ اوسکے ہم شل ہمارے اور وہ کم صبری ہی دنیا سے فَنَسْئَلُ اللّٰہَ اَنْ یُّعَافِیَنَا
اور غرض اونکی اس کہنے سے غیبت ہی پس جمع کرتے ہین غیبت اور ریا کو اور ظاہر کرنے مشابہت کو ساتھ اہل صلاح کے بچ بچنے کے
غیبت سے اور یہ خباثت ہین کہ فریفتہ ہوتے ہین ساتھ انکے اور گمان کرتے ہین کہ ہمنے غیبت چھوڑ دی ہی اور ایسے ہی کبھی غیبت کرتا ہی
ایک آدمی اور غافل ہوتے ہین اوس سے حاضرین پس کہتا ہی سبحان اللہ کیا عجب بات ہی یہان تک کہ ہوشیار ہوتے ہین لوگ سننے کے لیے
پس کرنے لگتا ہی ذکر اللہ کا اپنے خبث کے ثابت کرنے کو اور کہتا ہی میرا دل لگا ہوا ہی فلانے مین قبول کرے اللہ توبہ ہماری اور اوسکی
اور نہین ہی غرض اوسکی دعا بلکہ تعریف یعنی جتانا اوسکے عیب کا ہی اور اگر قصد کرتا وہ دعا کا تو چھپاتا اوسکو اور اگر کرتا جی اوسکا اوسکے
لیے تو چھپاتا اوسکے عیب و گناہ کو اور ایسے ہی کبھی ظاہر کرتا ہی تعجب کو غیبت کرنے والے کے کلام سے یہان تک کہ بہت خوش ہوتا ہی
وہ غیبت سے اور سننے والا غیبت کا ایک غیبت کرنے والون مین سے ہی ایسا ہی فرمایا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس کیونکر نہو
جسوقت کہ حرکت کرے اوسکی خوشی تعجب سے اور ایسے ہی کبھی کہتا ہی کسیکو کہ چھوڑ لوگون کی غیبت اور وہ اپنے دل مین نہین مکروہ جانتا
غیبت کو سوا اسکے نہین کہ غرض اوسکی یہ ہی کہ تعریف کیا جاوے ساتھ پرہیزگاری کے اور یہ کہنا نہین نکالتا اوسکو غیبت کے گناہ سے
جب تک کہ نہ مکروہ جانے اوسکو اپنے دل سے اور ڈالتا ہی اوسکو ریا کے گناہ مین بلکہ نکالتا ہی گناہ سے یون کہ مکروہ جانے دل مین اور جھٹلاوے
غیبت کرنے والے کو اور تصدیق کرے اوسکی اپنے دل سے اسلیے کہ وہ فاسق ہی لائق جھٹلانے کے اور مسلمان جو ذکر کیا گیا ہی ساتھ
غیبت کے مستحق ہی کہ نیک گمانی ہو ساتھ اوسکے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ مِنَ الْمُسْلِمِ دَمَہٗ وَ
مَالَہٗ وَاَنْ یُّظَنَّ بِہٖ ظَنَّ السُّوْءِ یعنی بلاشبہ اللہ پاک نے حرام کیا مسلمان کے خون و مال کو اور یہ کہ کیجاوے ساتھ اوسکے بدگمانی
پس غیبت دل سے بھی حرام ہی جیسے کہ زبان سے حرام ہی مگر یہ کہ مضطر ہو طرف معرفت اوسکی کے اس طرح پر کہ نہو تجاہل اور سوا اسکے نہین
کہ اجازت ہی غیبت کی چھ جگہ ایک تو مظلوم کہ ذکر کرے ظالم کا ظلم بادشاہ کے سامنے اسلیے کہ دفع کرے اوسکے ظلم کو ولیکن سامنے غیر
بادشاہ کے یا اوسکی کہ جو نہین مدد کرسکتا دفع پر غیبت ہی ذکر کیا گیا حجاج آگے بعضے سلف کے پس کہا بیشک اللہ بدلا لیگا حجاج کے لیے اوس سے
کہ جسنے غیبت کی اوسکی جیسے کہ بدلا لیگا حجاج سے اوسکا کہ جسپر ظلم کیا ہی دوسری وہ شخص کہ مدد چاہتے ہین اوس سے بگاڑنے خلاف شرع کے
درست ہی کہ ذکر کرین اوسکا تیسری فتوی پوچھنے والا جب محتاج ہو طرف ذکر کرنے سوال کے جیسا کہ کہا ہندہ نے کہ ابو سفیان ایک
مرد بخیل ہی نہین دیتا مجکو جو کفایت کرے مجکو اور یہ سب شکایت ہی لیکن یہ جب درست ہی کہ اسمین کچھ فائدہ ہو چوتھی ڈرانا مسلمان کا
کسیکی بدی سے جب کہ جانتا ہو کہ اگر نہ ذکر کرونگا تو البتہ قبول کیجاویگی گواہی اوسکی جیسے ذکر کرتا ہی مزکی یعنی گواہون کا حال بیان
کرنے والا یا کوئی معاملہ کرتا ہو کسی سے یا نکاح کرتا ہو کسی سے اور یہ جانتا ہی کہ اوسکو ضرر پونہچیگا تو ذکر کردے اوسکو فقط اوسکے
لیے کہ اندیشہ ہو ضرر پہونچنے کا اوسکو پانچوین یون کہ مشہور ہو اوس نام سے کہ جسمین کچھ عیب ہو جیسے چندھا اور لنگڑا اور بہرا
اور نام کی طرف یعنی جو اچھا ہو بہتر ہی چھٹی یہ کہ ہو کھلم کھلا عیب کرنے والا نہ برا ماننے اوسکے ذکر سے جیسے مخنث اور شرابی کہا
حسن نے تین ہین کہ نہین غیبت اونکے لیے ۱ ہوا و ہوس والا اور ۲ فاسق فسق کرتا ظاہر مین اور ۳ امام ظالم اور یہ سب کھلم کھلا
کرتے ہین نہین برا مانتے ذکر سے اور صحیح یہ ہی کہ ذکر فاسق کا اوس گناہ کر کہ جسکو چھپاتا ہی اور برا مانتا ہی اوسکے ذکر سے
نہین درست بغیر عذر کے **فصل** علاج نفس کے باز رکھنے کا غیبت سے یہ ہی کہ دھیان کرے اوس وعید کو جو اوسکے

حق مین وارد ہوا ہی اور اس قول مین آنحضرت کے اِنَّ الْغِیْبَةَ اَسْرَعُ فِیْ حَسَنَاتِ الْعَبْدِ مِنَ النَّارِ فِی الْیَبْسِ
یعنی بلاشبہ غیبت بہت جلد تاثیر کرتی ہی بندے کی نیکیون کے نابود کرنے مین آگ سے خشک چیز کے جلانے مین آ درآیا ہی کہ تحقیق
نیکیان غیبت کرنے والے کی نقل کیجاتی ہین طرف دیوان مظلوم کے کہ جو ظلم رسیدہ ہی ساتھ غیبت کے پس دیکھے نیکیون کی کمی مین
اور غیبت کی بہتایت مین اور اوس سے نوبت پہونچتی ہی اوسکے افلاس کی عنقریب پھر چاہیئے کہ دھیان کرے اپنے نفس کے
عیبون مین پس اگر ہوا وسمین کوئی عیب تو مشغول ہو ساتھ عیب نفس اپنے کے غیر اپنے سے یعنی غیر کا عیب نہ دیکھے اپنے عیبون سے
مشغول ہو اور اگر کیا ہو کوئی گناہ چھوٹا تو جانے کہ نقصان اوسکا اس اپنے نفس کے چھوٹے گناہ سے بہت ہی اوسکے نقصان
اوسکے غیر کے بڑے گناہ سے یعنی یون سمجھے کہ جیسا میرا چھوٹا گناہ میرے حق مین مضر ہی ویسا اوسکا بڑا گناہ میرے حق مین مضر نہین
اور اگر نہو اوسمین کوئی عیب تو چاہیئے کہ جانے کہ جہل میرا اپنے نفس کے عیبون سے بڑا عیب ہی یعنی اپنے مین عیب نہ سمجھنا یہ خود ایک
بڑا عیب ہی اور کہان خالی ہوتا ہی آدمی عیب سے پھر اگر خالی ہو اوس سے تو شکر کرے اللہ کا بدلے غیبت کے پس تحقیق عیب کرنا لوگون کا اور
کھانا گوشت مردار کا بڑے عیبون مین سے ہی پس چاہیئے کہ بچے اوس سے پھر جب نکل جاوے مونہہ سے غیبت تو لائق ہی کہ بخشش
چاہے اللہ سے اور جاوے اوسکے پاس کہ جسکی غیبت کی ہی اور کہے کہ مینے ظلم کیا تجہپر سو معاف کر مجھے پس بخشواوے اوس سے پھر اگر
نپاوے اوسکو تو بہت تعریف کرے اوسکی اور بہت دعا کرے اوسکے لیے اور بہت کرے نیکیان یہان تک کہ جب نقل کیجاوین بعضی
نیکیان طرف دیوان مظلوم کے تو باقی رہین اوسکے لیے جو کفایت کرین اوسکو پس یہ کفارہ ہی غیبت کا تمام ہوا کلام امام غزالی رحمۃ اللہ
علیہ کا + غیبت کھاتی ہی حسنات کو جیسے کہ کھاتی ہی آگ لکڑیون کو کہا بعضون نے کہ مثال اوس شخص کی کہ غیبت کرتا ہی لوگون کی مانند
مثال اوس شخص کے ہی کہ کھڑا کرتا ہی منجنیق پس پھینکتا ہی اوس سے نیکیان اپنی مشرق اور مغرب کی جانب اور دیا جاویگا
ایک شخص کو نامۂ اعمال اوسکا پس دیکھیگا اوسمین نیکیان کہ نہین کی ہونگی اوسنے وہ پس کہا جاویگا اوسکو کہ یہ بدلے اوس چیز کے ہی
کہ غیبت کی تہی تیری لوگون نے حالانکہ تو نہین جانتا تھا اور آیا ہی کہ ذکر کیا گیا غیبت کا سامنے ابن المبارک کے پس کہا اگر ہوتا مین
غیبت کرنے والا تو البتہ غیبت کرتا مین اپنے مان باپ کی اسلیے کہ وہ بہت مستحق ہین بہ نسبت اور لوگون کے میری نیکیون کے اور کہا گیا
واسطے حسن بصری کے کہ فلانے شخص نے غیبت کی تیری پس بہیجا اونہون نے طرف اوسکے طباق شیرینی کا اور کہلا بہیجا کہ مجھکو خبر
پہونچی تہی کہ تونے تحفہ بہیجین طرف میرے نیکیان اپنی پس ہ لا او تار مینے تیرا احسان کا بقدر امکان کے **شرح شرعۃ الاسلام**
حرام ہی سننا غیبت کا جو کوئی سنے غیبت محرمہ رد کرے اوسکو اور برا جانے غیبت کرنے والے کو پھر
اگر عاجز ہو منع کرنے سے یا نہ مانے کوئی اسکا منع کرنا تو الگ ہو جاوے اوس مجلس سے اگر ممکن ہو اوسکو فرمایا اللہ تعالی نے
وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ یعنی اور جب سنتے ہین اچھے بندے لغو کو تو مونہہ موڑتے ہین اوس سے اور فرمایا
اللہ تعالی نے وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ یعنی اور بندے رحمٰن کے وہ ہین کہ جو لغو سے مونہہ موڑتے ہین
اور فرمایا اللہ تعالی نے اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا + یعنی کان اور آنکھ
اور دل یہ ان سب سے پوچھا جاویگا کہ تمہارے صاحبون نے کیا کیا + اور فرمایا اللہ تعالی نے وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ
فِیْٓ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖ ۭ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ
الذِّكْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ یعنی اور جب دیکھے تو اون لوگون کو کہ بیٹھتے ہین ہماری آیتون مین یعنی اونکے رد کرنے
اور طعن کرنے مین تو مونہہ موڑ اون سے یہان تک کہ بیٹھین دوسری بات کے ذکر کرنے مین اور اگر بھلا دیوے تجکو شیطان تو مت بیٹھ

بعد یاد آنے کے ساتھ قوم ظالمین کے اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ اَخِیْہِ رَدَّ اللّٰہُ عَنْ وَجْھِہٖ النَّارَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یعنی جو کوئی رد کرے اپنے بھائی مسلمان کی آبرو ریزی سے رد کریگا اللہ اوسکے مونہہ سے آگ دوزخ کی روز قیامت کے روایت کی یہ ترمذی نے اور آیا ہی کہ کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے کو پس کہا صحابہ نے کہ کہان ہی مالک بن دُخشم پس کہا ایک شخص نے کہ وہ منافق ہی نہین دوست رکھتا اللہ کو اور اوسکے رسول کو پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا تَقُلْ ذٰلِكَ اَلَا تَرَاہُ قَدْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْہَ اللّٰہِ وَاِنَّ اللّٰہَ قَدْ حَرَّمَ عَلَی النَّارِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَبْتَغِیْ بِذٰلِكَ وَجْہَ اللّٰہِ یعنی مت کہہ تو یہ کیا نہین دیکھتا ہی تو اوسکو کہ تحقیق کہا اوسنے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ چاہتا ہی اس سے رضامندی اللہ تعالی کی اور بابت شبہ اللہ نے تحقیق حرام کیا ہی آگ پر اوس شخص کو کہ کہا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اس حال مین کہ چاہتا ہو بسبب اوسکے رضامندی اللہ کی نقل کی یہ بخاری مسلم نے +

باب بیچ بیان اون چیزون کے کہ مباح ہی غیبت اونکے سبب سے

جاننا چاہیے کہ غیبت مباح ہوتی ہی واسطے غرض صحیح شرعی کے کہ نہ ممکن ہو پہونچنا طرف اوس غرض کے مگر بسبب غیبت کے اور وہ چھہ سبب سے ہی ایک تو اظہار ظلم پس جائز ہی مظلوم کے لیے یہ کہ اظہار ظلم کرے طرف سلطان اور قاضی وغیرہما کے کہ جو حکومت رکھتے ہون یا قدرت رکھتے ہون اوسکے انصاف پر ظالم کرنے والے اوسکے لیے پس کہے ظلم کیا مجپر فلانے نے ایسا دوسرے مدد چاہنی خلاف شرع کی تغیر پر اور گنہگار کے پھیرنے پر طرف راہ نیک کے پس کہے اوس سے کہ امید رکھتا ہو کہ وہ قادر ہی اوس خلاف شرع کے ازالے پر کہ فلانا کرتا ہی ایسا پس باز رکھے اوسکو اوس سے اور جائز ہی یہ بسبب ہونے مقصود اوسکے کے پہونچنا طرف ازالہ منکر کے پس اگر نہ قصد کرے یہ تو ہوگا یہ ذکر کرنا حرام تیسرے استفتا پس کہے مفتی سے کہ ظلم کیا مجپر باپ میرے نے یا بھائی میرے نے یا خاوند میرے نے یا فلانے نے ایسا پس کیا جائز ہی اوسکو یہ اور کیا ہی راہ میری خلاصی کی اوس سے اور حاصل کرنے حق میرے کی اور دفع ظلم کی اور مانند انکے کے پس یہ جائز ہی حاجت کے لیے ولیکن بڑی احتیاط کی بات اور افضل یہ ہی کہ کہے کیا کہتا ہی تو ایسے شخص کے حق مین یا زوج کے حق مین کہ ہو امر اوسکا ایسا اسلیے کہ حاصل ہو جاتی ہی اس سے غرض بغیر تعین کے اور باوجود اسکے تعین جائز ہی جیسا کہ گذرا حدیث ہند مین چوتھے بچانا مسلمانون کا شر سے اور خیر خواہی اونکی اور یہ کئی طرح پر ہی ایک تو جرح کرنا مجروحین یعنی ناقصین کا قسم راویون اور گواہون سے اور یہ جائز ہی ساتھ اجماع مسلمانون کے بلکہ واجب ہی حاجت کے لیے اور دوسرے مشورہ دینا بیچ مصاہرت انسان کے یعنی ناتے نسبت مین یا بیچ مشارکت کے یا امانت رکھنے کے یا معاملہ کرنے کے کسی سے اور ہمسائگی کے پس واجب ہی مشورہ دینے والے پر یہ کہ نہ چھپاوے حال اونکا بلکہ بیان کردے برائیان جو اونمین ہون نیت پر خیر خواہی کے اور تیسرے جب کہ دیکھے طالب علم کو کہ آمدورفت کرتا ہی طرف مبتدع یا فاسق کے علم پڑھنے کے لیے اور ڈرتا ہی کہ ضرر پاویگا وہ طالب علم بسبب اوسکے تو لازم ہی اسکو خیر خواہی کرنی اوسکی ساتھ بیان کرنے حال اوسکے کے بشرطیکہ قصد کرے اوسکی خیر خواہی کا اور اسمین بھی غلطی مین پڑ جاتے ہین لوگ کہ کبھی باعث ہوتا ہی اسکے کہنے والے کو حسد اور شیطان اوسکو فریب دیتا ہی اور خیال مین ڈالتا ہی کہ یہ خیر خواہی ہی پس خوب ہوشیار رہے اسمین اور چوتھے یہ کہ کوئی حکومت رکھتا ہو اوس سرانجام و خدمت کا اوس سے بوجہ احسن نہوتا ہو یا تو اس سبب سے کہ وہ لائق اوسکے نہو یا بسبب اسکے کہ فاسق ہو یا غافل ہو وغیر ذلک تو واجب ہی ذکر کرنا اوسکا بڑے حاکم کے آگے کہ اوسپر حاکم ہو تاکہ موقوف کردے وہ اوسکو اور حاکم کرے اوسکو کہ لائق ہو حاکمی کے یا جان رکھے حال اوسکا تاکہ معاملہ کرے اوس سے موافق حال اوسکے کے اور اعتبار نکرے اوسکا اور سعی کرے اوسکی تعلیم

ودستی ہین تمام ہوئین چار قسمین چوتھی قسم کی آب پانچوین قسم لو جو تھی قسم کے آگے یہ ہی کہ جو علی الاعلان فسق کرنے والا
یا بدعت کرنے والا جیسے علی الاعلان شراب پیتا ہی یا لوگون سے ڈنڈ لیتا ہی اور محصول و اموال لوگون سے لیتا ہی از راہ ظلم کے اور
متولی ہوتا ہی امور باطلہ کا پس جائز ہی ذکر کرنا اوسکا ساتھ اون چیزون کے کہ علی الاعلان کرتا ہی اونکو اور حرام ہی ذکر کرنا اوسکے
اور عیبون کا مگر یہ کہ ہوا اونکے جواز کے لیے کوئی اور سبب اون سببون مین سے کہ ذکر کیے ہمنے چھٹے تعریف یعنی معلوم کروانا پس جب کہ ہو
آدمی معروف ایک لقب کر مانند چندھے اور لنگڑے اور بہرے اور اندھے اور بھینگے وغیرہم کے تو جائز ہی معلوم کروانا اوسکا
ساتھ اسکے اور حرام ہی کہنا انکا بسبب نقصان بیان کرنے اوسکے کے اور اگر ممکن ہو معلوم کروانا اوسکا اور طرح تو اولیٰ ہی
پس یہ چھ سبب ہین کہ ذکر کیا ہی انکو علما نے اور اکثر انکے پر اجماع ہی علما کا اور دلیلین انکی احادیث صحیحہ سے ثابت ہین ۵ +
ریاض الصالحین تمام ہوا اعلاوہ غیبت وغیرہ کا اور چونکہ اس آیت مین ذکر تھا تقوے کا آگے اسی تقریب سے خوبی بڑی متقی کی بیان فرمائی

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ۝

ای لوگون پیدا کیا ہمنے تمکو ایک مرد اور ایک عورت سے اور کیا ہمنے تمکو جماعتین اور قبیلے تو آپسمین شناسا ہو تم بلاشبہ بزرگ
تم مین نزدیک خدا کے بڑا پرہیزگار تمھارا ہی بلا شبہ خدا دانا خبردار ہی + **فتح** + ای آدمیون ہمنے تمکو بنایا ایک نر اور ایک مادہ
سے اور رکھین تمھاری ذاتین اور گوتین تا آپسکی پہچان ہو مقرر عزت اللہ کے ہان اوسی کو بڑی جسکو ادب بڑا اللہ سب جانتا ہی
خبردار + **تفسیر** + یعنی بڑائیان ذات کی اور قوم کی عبث ہین صفت نیک چاہیے نری ذات کس کام کی + **مو** + ایک مرد
اور ایک عورت سے یعنی آدم اور حوا علیہما السلام سے یا یہ مراد ہی کہ ہر ایک تم مین سے پیدا ہوا ہی باپ اور مان سے پس
نہین ہی کوئی تم مین سے مگر کہ وہ منسوب ہوتا ہی ساتھ رحم کے مثل اوس چیز کے کہ منسوب ہوتا ہی ساتھ اوسکے دوسرا برابر برابر پس
نہین ہی کچھ وجہ تفاخر اور بڑائی کرنے کی نسب مین اور شعوب جمع شعب کی ہی اور شعب کہتے ہین پہلے طبقے کو اون طبقون
مین سے کہ اوپر عرب کے ہین اور وہ یہ ہین شعب اور قبیلہ اور عمارہ اور بطن اور فخذ اور فصیلہ پس شعب جمع کرتا ہی قبائل کو اور قبیلہ جمع
کرتا ہی عمائر کو اور عمارہ جمع کرتا ہی بطون کو اور بطن جمع کرتا ہی افخاذ کو اور فخذ جمع کرتا ہی فصائل کو خزیمہ شعب ہی اور کنانہ قبیلہ اور
قریش عمارہ اور قصی بطن اور ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ اور شعب کا نام شعب اسلیے ہوا کہ قبائل منشعب ہوتے ہین اوس سے تو آپسمین
شناسا ہو تم یعنی نہین مرتب کیا تمکو شعوب و قبائل پر مگر اسلیے کہ پہچانے بعض تمھارا نسب بعض کا پس نسبت کیا جاوے طرف
غیر باپون اپنے کے نہ اسلیے کہ فخر کرو تم ساتھ آبا و اجداد کے اور دعوی کرو تفاضل کا نسبون مین پھر بیان فرمائی وہ خصلت کہ
اوس سے بزرگ ہوتا ہی انسان غیر اپنے پر اور حاصل کرتا ہی شرف و بزرگی اللہ تعالی کے نزدیک پس فرمایا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ
اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ حدیث شریف مین آیا ہی مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّكُوْنَ اَكْرَمَ النَّاسِ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ یعنی جسکو خوش لگے یہ کہ ہو
بہت بزرگ لوگون مین تو پس چاہیے کہ ڈرے اللہ سے اور ابن عباسؓ سے منقول ہی كَرَمُ الدُّنْيَا الْغِنٰى وَكَرَمُ الْاٰخِرَةِ التَّقْوٰى
یعنی بزرگی دنیا کی تونگری ہی اور بزرگی آخرت کی تقوی اور روایت کیا گیا ہی کہ طواف کیا آنحضرت علیہ السلام نے روز فتح مکے کے
پھر حمد و ثنا کی اسکی پھر کہا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَتَكَبُّرَهَا يَا اَيُّهَا النَّاسُ
اِنَّمَا النَّاسُ رَجُلَانِ مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ كَرِيْمٌ عَلَى اللّٰهِ وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ هَيِّنٌ عَلَى اللّٰهِ یعنی سب تعریفین ثابت ہین اوس
خدا کے لیے کہ دور کی تمسے نخوت و غرور زمانہ جاہلیت کا اور تکبر اوسکا ای لوگو نہین ہین لوگ مگر دو طرح کے ایک تو مومن پرہیزگار بزرگ اللہ کے نزدیک

اور دوسرے فاجر بدبخت ذلیل و خوار اللہ کے نزدیک پھر پڑھی آپ نے یہ آیت اِنَّ اَکْرَمَکُمْ الخ اور یزید بن شجرہ سے منقول ہی کہ ایک بار
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینے کے بازار مین پس دیکھا ایک غلام کالے کو کہ کہتا ہی جو کوئی خریدے مجکو اس شرط پر خریدے کہ نہ منع کرے مجکو
پانچون نمازون کے پڑھنے سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پس خریدا اوسکو کسی صحابی نے پھر بیمار ہوا وہ پس اوسکی خبر پوچھنے کو
تشریف لے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پھر وہ مرگیا پس حضرت اوسکے دفن کروانے کو گئے پس کہا بعضے لوگون نے اوسکے مقدمے
مین کچھ یعنی حقارت اوسکی بیان کی پس نازل ہوئی یہ آیت اور دانا ہی یعنی جانتا ہی دلون کی بزرگی و تقوی کو اور خبردار ہی یعنی
خبر رکھتا ہی [illegible] ارادون کی بیچ خواہشون اونکی کے ✦ فائدہ آیا ہی کہ فتح مکے کے دن رسول علیہ السلام نے بلال کو حکم کیا کہ
کعبے کی چھت پر چڑھ کر اذان کہین عتاب بن اسید نے کہا کہ الحمد للہ کہ میرے باپ کو حق تعالی نے اس سے پہلے مار ڈالا تو یہ روز نہ دیکھے
اور حارث نے کہا کہ محمد نے کسیکو سوا اس کالے کوے کے نپایا کہ وہ اذان کہے اور ابو سفیان نے کہا کہ مین کچھ نہین کہہ سکتا ہون ڈرتا ہون
کہ خدا آسمان کا اوسکو اسکی خبر کر دے پس جبرئیل علیہ السلام یہ آیت لائے کہ شعب اور قبائل و نسب واسطے پہچاننے آپس کے مقرر ہوئے
ہین نہ واسطے تفاخر کے پس تم ای لوگون فخر ساتھ نسب و مال کے نکرو اصل تم سب کی ایک مرد و ایک عورت ہی کہ آدم و حوا ہین فخر کرنا ساتھ
نسب و مال کے کچھ اعتبار نہین رکھتا بلکہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ الخ رسول علیہ السلام نے فرمایا اَلْحَسَبُ الْمَالُ وَالْکَرَمُ التَّقْوٰی
یعنی حسب مال ہی اور بزرگی تقوی ہی اور یہ بھی فرمایا اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ
وَاَعْمَالِکُمْ یعنی بلاشبہہ اللہ نہین دیکھتا تمہاری صورتون اور مالون کی طرف ولیکن دیکھتا ہی تمہارے دلون اور اعمال کی طرف
اور کہا قتادہ نے اس آیت کی تفسیر مین اِنَّ اَکْرَمَ الْکَرَمِ التَّقْوٰی وَاَلْاَمَ اللُّؤْمِ الْفُجُوْرُ یعنی بڑی بزرگیون کی بزرگی
تقوی ہی اور بڑی بدبختیون کی بدبختی بدکاری ہی اور پوچھا کسی نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ لوگون مین کونسا شخص بہت بزرگ
فرمایا اَکْرَمُہُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاہُمْ یعنی بہت بزرگ انکا اللہ کے نزدیک وہ ہی کہ جو بہت پرہیزگار ہو اونہین صحابہ نے عرض کیا کہ نہین
سوال کرتے ہم آپ سے فرمایا فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْئَلُوْنِیْ یعنی کیا قبائل عرب کا حال پوچھتے ہو مجسے کہا صحابہ نے ہان فرمایا
فَخِیَارُکُمْ فِی الْجَاہِلِیَّۃِ خِیَارُکُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِہُوْا یعنی پس اچھے تمہارے جاہلیت مین اچھے تمہارے ہین اسلام
جب کہ سمجھہ بوجھہ پیدا کرین دین کی پس حاصل آیت کا یہ ہی کہ نسب و حسب سوا تقوی کے کام نہین آتا جو کہ مغرور ساتھ نسب کے ہین اونکو
متنبہ ہوا چاہیے اور اس آیت کو پیش نظر اپنے رکھین ✦ معا بحث روایت کی ابو داؤد نے اپنے مراسیل مین اور ابن مردویہ نے
اور بیہقی نے اپنے سنن مین زہری سے کہ کہا حکم کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ بنی بیاضہ کو یہ کہ نکاح کردین وہ ابا ہند سے ایک عورت کا
اپنے مین سے پس کہا اونہون نے یا رسول اللہ کیا نکاح کرین ہم اپنی بیٹیون کا اپنے موالی یعنی غلامون آزاد سے پس نازل کی اللہ تعالی نے
یہ آیت یٰاَیُّہَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی اخیر آیت تک اور تھا ابو ہند حجام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ✦ کہا مجاہد نے
کہ نہین پیدا کیا اللہ تعالی نے فرزند مگر نطفہ مرد اور عورت دونون کے سے اور یہ اسلیے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ
ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی ✦ اور روایت کی احمد اور ابن جریر اور ابن مردویہ اور بیہقی نے عقبہ بن عامر سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ حاصل اوسکا یہ ہی کہ ان تمہارے نسبون سے کسیکو فوقیت کسی پر نہین حاصل ہوتی تم سب بیٹے آدم کے ہو برابر سرا سر کچھ اعتبار نہ گنوا اسکا
نہین ہی کسیکو کسی پر فضیلت مگر بسبب دین اور تقوی خدا کے بلاشبہہ اللہ نہین سوال کریگا تمسے تمہارے حسبون سے اور نہ تمہارے نسبون سے
روز قیامت کے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ✦ اور روایت کی حاکم نے اور تصحیح کی اسکی اور روایت کی ابن مردویہ اور بیہقی نے
ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اللّٰہَ یَسْئَلُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَمَرْتُکُمْ فَضَیَّعْتُمْ الخ یعنی بلاشبہہ اللہ تعالی

فرماویگا روز قیامت کے کہ حکم کیا مینے تمکو پس ضائع کیا تمنے اوس چیز کو کہ تاکید کی تھی مینے تمکو اوسکی اور بلند کیا یعنی اونچا
تمنے اپنے نسبون کو پس آج کے روز بلند کرونگا مین نسب اپنا اور پست کرونگا مین تمہارے نسبون کو اَیْنَ الْمُتَّقُوْنَ
اَیْنَ الْمُتَّقُوْنَ یعنی کہان ہین پرہیزگار کہان ہین پرہیزگار اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ + اور روایت کی طبرانی اور
ابن مردویہ نے ابی ہریرہ رضی سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرماویگا اللہ تعالی روز قیامت کے اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ جَعَلْتُ
نَسَبًا وَّجَعَلْتُمْ نَسَبًا الخ یعنی ای لوگون بلاشبہہ مینے مقرر کیا ایک نسب اور تمنے بھی مقرر کیا نسب اپنا مقرر کیا مینے یہ کہ بہت بزرگ
تم مین نزدیک اللہ کے بہت پرہیزگار تم مین کا ہی پس مانا تمنے مگر یہی کہا تمنے کہ فلانا بہت بزرگ ہی فلانے سے اور فلانا بہت بزرگ ہی
فلانے سے اور مین آج کے دن بلند کرتا ہون نسب اپنا اور پست کرتا ہون نسب تمہارا اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآئِیَ الْمُتَّقُوْنَ
یعنی آگاہ ہو بلاشبہہ میرے دوست پرہیزگار ہین + اور روایت کی خطیب نے علی بن ابی طالب رضی سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
جب کہ ہوگا دن قیامت کا کھڑے کیے جاوینگے بندے آگے اللہ تعالی کے غُرْلًا بُھْمًا یعنی برہنہ کیے ہوئے کالے کالے پھر فرماویگا
اللہ تعالی ای میرے بندون امر کیا مینے تمکو پس ضائع کیا تمنے امر میرا اور بلند کیے تمنے نسب اپنے اَنَا الْمَلِکُ الدَّیَّانُ
اَیْنَ الْمُتَّقُوْنَ اَیْنَ الْمُتَّقُوْنَ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ یعنی مین بادشاہ جزا دینے والا ہون کہان ہین
پرہیزگار کہان ہین پرہیزگار۔ بلاشبہہ بہت بزرگ تمہارے نزدیک اللہ کے بہت پرہیزگار تمہارے ہین + اور روایت کی ابن مردویہ
نے ابی سعید رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلنَّاسُ کُلُّھُمْ بَنُوْ اٰدَمَ وَاٰدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ
وَّلَا فَضْلَ لِعَرَبِیٍّ عَلٰی عَجَمِیٍّ وَّلَا عَجَمِیٍّ عَلٰی عَرَبِیٍّ وَّلَا اَحْمَرَ عَلٰی اَبْیَضَ وَلَا اَبْیَضَ عَلٰی اَحْمَرَ
اِلَّا بِالتَّقْوٰی یعنی تمام آدمی اولاد آدم ہین اور آدم پیدا کیے گئے مٹی سے اور نہین فضیلت ہی عربی کو عجمی پر اور نہ
عجمی کو عربی پر اور نہ سرخ کو گورے پر اور نہ گورے کو سرخ پر مگر بسبب تقوی کے + اور روایت کی طبرانی نے کہ فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْمُسْلِمُوْنَ اِخْوَۃٌ لَا فَضْلَ لِاَحَدٍ عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا بِالتَّقْوٰی یعنی مسلمان بھائی ہین
آپسمین نہین فضیلت کسیکو کسی پر مگر بسبب تقوی کے + اور روایت کی احمد نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ وَلَا یَخْذُلُہٗ اَلتَّقْوٰی ھٰھُنَا الخ یعنی مسلمان بھائی مسلمان کا ہی نہ ظلم
کرے اوسپر اور نہ ترک کرے مدد اوسکی تقوی اس جگہہ ہی اور اشارہ کیا حضرت نے ساتھ ہاتھ اپنے کے اوپر سینے اپنے کے اور
نہ چاہیے کہ دوستی کرین دو شخص اللہ کی راہ مین پھر جدائی ڈالین آپسمین مگر کہ نئی بات نکالے دین مین کوئی اونمین سے یعنی کو
صورت مین جدا ہو جاوے دوسرا اوس سے وَالْمُحْدِثُ شَرٌّ وَالْمُحْدِثُ شَرٌّ وَالْمُحْدِثُ شَرٌّ + اور روایت
کی احمد نے کہ آنحضرت نے فرمایا واسطے ابی ذر کے تامل کر تو کہ نہین ہی تو بہتر احمر اور نہ اسود سے مگر یہ کہ بزرگی حاصل ہوگی تجکو
ساتھ تقوی کے + اور روایت کی بخاری نے ادب مین ابن عباس سے کہ کہا نہین جانتا مین کسیکو کہ عمل کرے اس آیت پر
یٰۤاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ یہان تک کہ پہنچے ان لفظون تک اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ پس کہتا ہی
ایک شخص دوسرے شخص کو کہ مین بہت بزرگ ہون تجسے پس نہین ہی کوئی بہت بزرگ کسی سے مگر بسبب تقوی خدا کے + اور روایت
کی بخاری نے کتاب ادب مین ابن عباس رضی سے کہ کہا کس چیز کو گنتے ہو تم بزرگی اس حال مین کہ بیان کر دی اللہ تعالی نے بزرگی
کہ فرمایا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اور کس چیز کو گنتے ہو تم حسب افضل تمہارا از روے حسب کے وہ ہی کہ بہت اچھا
رکھتا ہی تم مین خلق + اور روایت کی ابن ابی شیبہ نے اور احمد نے اور طبرانی نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین اور خرائطی نے مکارم الاخلاق مین

کہ کھڑا ہوا ایک شخص طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حال مین کہ وہ منبر پر تھے پس عرض کیا کہ یا رسول اللہ لوگون مین کون بہتر ہے
فرمایا اَقْرَؤُهُمْ وَاَتْقٰهُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاٰمَرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَوْصَلُهُمْ لِلرَّحِمِ
یعنی جو خوب قاری۵ ہو اور نہین اور بہت ڈرتا ہو اللہ عزوجل سے اور بہت حکم کرتا ہو اچھی باتون کا اور بہت منع کرتا ہو بُری باتون سے
اور بہت سلوک کرتا ہو ناتے دارون سے + اور روایت کی احمد نے کہ کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نہین خوش کیا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کو کسی چیز نے دنیا سے اور نہ خوش کیا اونکو کسی شخص نے کبھی برابر تقوی والے کے + اور روایت کی حکیم ترمذی نے کہ فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ اَهَابَ اللّٰهُ مِنْهُ كُلَّ شَيْءٍ وَمَنْ لَمْ يَتَّقِ اللّٰهَ اَهَابَهُ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ
شَيْءٍ یعنی جو ڈرتا ہی اللہ سے ڈراتا ہی اللہ اوس سے ہر چیز کو اور جو نہین ڈرتا ہی اللہ سے ڈراتا ہی اوسکو اللہ ہر چیز سے + منقول ہی
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ وہ گذرے ایک کھیتی پر وہان کوئی جانور شیر یا کچھ اور تھا کہ لوگ جانے سے باز رہے تھے وہ تشریف
لے گئے اور شاید اوسکو دفع کر دیا اور یہ حدیث فرمائی + اور روایت کی حکیم ترمذی نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَلْحَيَاءُ زِيْنَةٌ وَالتُّقٰى كَرَمٌ وَخَيْرُ الْمَرْكَبِ الصَّبْرُ وَانْتِظَارُ الْفَرَجِ مِنَ اللّٰهِ عِبَادَةٌ یعنی حیا زینت
ہی اور تقوی بزرگی ہی اور بہترین سواری صبر ہی اور انتظار خوشی کا اللہ سے عبادت ہی + اور روایت کی حکیم ترمذی نے اور
دیلمی نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب ارادہ کرتا ہی اللہ اپنے بندے سے بھلائی کا تو ڈالتا ہی بے پروائی اوسکے
نفس مین اور تقوی اوسکے دل مین اور جب ارادہ کرتا ہی اپنے بندے سے برائی کا پیدا کرتا ہی محتاجگی کو درمیان دونون آنکھون
اوسکی کے یعنی سامنے اوسکے کہ قانع نہین ہوتا اللہ کے دیے پر بلکہ حریص ہوتا ہی ہر چیز پر + اور روایت کی ابو یعلی اور ابن ضریس
نے فضائل قرآن مین اور خطیب نے ابی سعید خدری رض سے کہ کہا آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا وصیت
کیجیے مجکو پس فرمایا کہ لازم کر اپنے پر تقوی اللہ کا اسلیے کہ وہ جمع کرنے والا تمام بھلائیون کا ہی اور لازم کر اپنے پر جہاد کو
اسلیے کہ وہ رہبانیت مسلمانون کی ہی اور لازم کر اپنے پر ذکر اللہ کو اور تلاوت کتاب اللہ کو اسلیے کہ وہ نور ہی تیرے لیے
زمین مین اور سبب ذکر کا ہی تیرے لیے آسمان مین اور بند کر اپنی زبان کو غیر خیر سے پس تحقیق تو بسبب اسکے غالب آویگا
شیطان پر + اور روایت کی ابن ابی شیبہ نے ابی نضرہ رض سے کہ ایک شخص داخل ہوا بہشت مین پس دیکھا اپنے غلام کو اوپر اپنے
مانند ستارے کے پس کہا قسم ہی خدا کی ای رب میرے بلاشبہہ یہ البتہ غلام تھا دنیا مین پس کس چیز نے پونہچایا اسکو اس مرتبے کو
فرمایا اللہ تعالی نے یہ تھا بہتر تجھسے عمل مین + اور روایت کی بزار نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے كُلُّكُمْ بَنُوْ اٰدَمَ
وَاٰدَمُ خُلِقَ مِنْ تُرَابٍ الخ یعنی تم سب اولاد آدم ہو اور آدم پیدا کیے گئے مٹی سے اور البتہ باز رہین لوگ فخر کرنے سے
ساتھ باپون اپنے کے والا البتہ ہونگے خوارتر اللہ کے نزدیک نجاست کے کیڑے سے + اور روایت کی ترمذی رض نے اور ابن جریر
اور حاکم نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے معلوم کر رکھو تم اپنے نسبون سے اوسقدر کہ سلوک کرو تم اوس سے اپنے ناتے دارون
سے اسلیے کہ سلوک کرنا ناتے دارون سے سبب محبت کا ہی اہل مین سبب زیادتی کا ہی مال مین سبب تاخیر کا ہی اجل مین + اور روایت
کی ابن ابی شیبہ اور احمد نے اور مسلم نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَرْبَعٌ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَتْرُكُهُنَّ اُمَّتِيْ اَلْفَخْرُ
بِالْاَحْسَابِ وَالطَّعْنُ بِالْاَنْسَابِ وَالْاِسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُوْمِ وَالنِّيَاحَةُ یعنی چار چیزین ہین کفار کی رسمون مین سے
کہ نہین چھوڑیگی اونکو امت میری فخر کرنا ساتھ حسبون کے اور طعن کرنا نسبون مین اور طلب مینھہ کی کرنی ساتھ ستارون کے
کہ فلانے برج مین آویگا فلانا ستارہ تو مینھہ برسیگا اور نوحہ کرنا + درمنثور + اکثر گمان بد اور تجسس اور غیبت مین آدمی مبتلا ہوتا ہے

۵ یعنی بہت پڑھا ہوا قرآن کا مراد اوس سے بڑا عالم ہے کہ اوس وقت مین جو قرآن بہت پڑھا ہوا ہوتا تھا [illegible] منہ

اس سبب سے ہوتا ہی کہ اورون کو چشم حقارت سے دیکھتا ہی اور اپنے تئین نظر بزرگی سے پس اسلیے تیرے خداوند نے ایسی بات کی
طرف تجکو ہدایت کی کہ باز رکھے تجکو اورون کے ذلیل و حقیر جاننے سے ساتھ دیکھنے فضیلت اپنی کے او نیز وہ بات یہ ہی کہ ای لوگون تم
سبکی ایک اصل ہی نر اور مادہ یعنی آدم و حوا پس اپنی اصل کو دیکھو تا اورونپر تفاخر نکرو جانو کہ ہم سب ایک ہی اصل سے ہین جب تفاخر
کی کیا ہان فضیلت باعتبار تقوی کے ہی نزول اس آیت کا بیچ حق ثابت بن قیس بن شماس کے ہی کہ ایک روز حضرت کی مجلس مین
دیر کر آئے پاس حضرت کے جگہہ نپائی جو حضرت کے پاس بیٹھا تھا اوسکو طعن کی راہ سے کچھ کلمات ناشایستہ کہے چنانچہ بیان مفصل
اسکا بیچ تفسیر آیت یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ الخ کے گذرچکا ہی پس اوتری آیت یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ
لفظ ناس قرآن مین عام بھی آتا ہی اور خاص بھی یہان مراد عام ہی کہ فرمایا ای آدمیون پیدا کیا ہمنے تم سبکو ایک اصل سے کہ وہ آدم
و حوا ہین تم سب بھائی ہوا آپسمین کہ مان اور باپ تمھارے ایک ہی ہین اور برادری رحم و شفقت کو واجب کرتی ہی پس ترک کرو
قتال کا اور صلح آپسمین رکھنی ہا اور تجسس نکرنا اور لقب بد سے نہ پکارنا اور کسی پر گمان بد نہ لیجانا اور تجسس نکرنا اور غیبت نکرنی لازم
ہی اور کیا تمکو شعوب اور قبائل تو کہ پہچانو آپسمین نہ تفاخر کرنے کے لیے اسلیے کہ تعارف نہونے مین خرابی دنیا کی ہی پس شعب
مانند شہر کے ہی اور قبیلہ مانند قریے کے یعنی تمکو قبائل کلان اور خورد کیا ہمنے معرفت کے لیے نہ مفاخرت کے لیے پس اگر نام سے
نہ پہچانے تو قبیلے سے پہچانے مثلا دو زید ہون تو زید تمیمی زید قریشی سے بسبب قبیلے کے جدا ہوگا اور فخر حاصل ہی تو تقوی سے ہی
کہ فرمایا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰکُمْ حاصل یہ کہ نرے نسب سے کوئی بزرگ نہین ہوتا جیسا کہ فرمایا حضرت نے مَنْ بَطَّاَ بِهٖ
عَمَلُهٗ لَمْ یُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ یعنی جسنے عمل مین تاخیر کی نسب کے سبب سے مقدم نہین ہوگا مطیع بے نسب افضل ہی عاصی بانسب سے
ہان جسمین تقوی اور نسب دونون جمع ہون تو البتہ اعلی درجے کو پونہچیگا ✦ **زاهدی تنبیه** ✦ امام غزالی رحمہ اللہ
منہاج مین لکھتے ہین کہ نفس سرکش ہی اسکو لگام تقوی سے تابعدار کرجانا چاہیے کہ تقوی ایک گنج ہی عزیز اگر وہ حاصل ہوا تو
خیر کثیر اور رزق بڑا اور مطلب پایا عظیم اور غنیمت بڑی اور بادشاہت بڑی پائی تونے بھلائی دنیا و آخرت کی اسمین جمع
کی ہی اور اس خصلت کے تحت رکھی ہی کہ نام اوسکا تقوی ہی اور تامل کر کہ قرآن شریف مین کتنی ہی جا اوسکا ذکر کیا ہی اور کتنی بھلائیان
اور ثواب ساتھ اوسکے متعلق کیے ہین منجملہ اونکے تیران تو لکھتا ہون ایک تو تعریف و مدح کرنی اللہ تعالی کی کہ متقی کے لیے
فرمایا وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ یعنی اور اگر صبر کرو اور پرہیزگاری کرو تو بلاشبہہ یہ بہت خوب
بات ہی دوسرے محافظت دشمنون سے کہ فرمایا اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا یَضُرُّکُمْ کَیْدُهُمْ شَیْئًا یعنی اگر صبر کروگے تم اور
پرہیزگاری کروگے نہین ضرر کریگا تمکو مکر کفار کا کچھ تیسرے مدد کرنی اللہ تعالی کی کہ فرمایا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ
مُّحْسِنُوْنَ ۝ یعنی بلاشبہہ مدد اللہ کی ساتھ اون لوگون کے ہی کہ پرہیزگاری کی اور جو نیک کار ہین چوتھے نجات سختیون سے
اور ملنا رزق حلال کا کہ فرمایا وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ یعنی او جو ڈرتا ہی
اللہ سے اور بچتا ہی گناہون سے دیتا ہی اللہ اوسکو خلاصی دین و دنیا کی بلاؤن اور رنجون سے اور رزق دیتا ہی اوسکو ایسی جگہہ سے کہ
گمان نہین رکھتا پانچوین سنوارنا عمل کا کہ فرمایا یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۝ یُّصْلِحْ لَکُمْ
اَعْمَالَکُمْ یعنی ای ایمان والون ڈرو اللہ سے اور کہو بات درست سنواریگا اللہ تمھارے لیے اعمال تمھارے چھٹے بخشنا گناہونکا
کہ لفظ اعمالکم کے بعد فرمایا وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ اور بخشیگا گناہ تمھارے آٹھوین قبول ہونا طاعت کا موقوف ہی
تقوی پر کہ فرمایا اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی نہین قبول کرتا اللہ طاعت کو مگر پرہیزگارون سے نوین بزرگ ہونا

نزدیک اللہ کے کہ فرمایا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ یعنی بڑا بزرگ تمھارا نزدیک اللہ کے بڑا پرہیزگار تمھارا ہی دسوین بشارت
زندگانی اور آخرت مین کہ فرمایا اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ یعنی
جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے ہین انکے لیے بشارت ہی دنیا کی زندگانی مین اور آخرت مین گیارہوین نجات آگ دوزخ سے کہ فرمایا
ثُمَّ نُنَجِّی الَّذِیْنَ اتَّقَوْا یعنی پھر نجات دینگے ہم اون لوگون کو کہ پرہیزگاری کی تھی بارہوین خلود یعنی ہمیشہ رہنا بہشت مین
کہ فرمایا اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ یعنی طیار کی گئی ہی بہشت پرہیزگارون کے لیے کہ ہمیشہ اوسمین رہینگے تیرہوین نصیب ہونا
آسمان و زمین کی برکتون کا کہ فرمایا وَلَوْ اَنَّ اَھْلَ الْقُرٰی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَرَکٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
وَلٰکِنْ کَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰھُمْ بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ یعنی اور اگر بلاشبہ بستی والے ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے البتہ
کھولتے ہم اونپر برکتین آسمان و زمین سے کہ مینہہ برساتے آسمان سے اور زمین مین خوب غلہ وغیرہ پیدا کرتے ولیکن جھٹلایا اونھون نے
رسولون کو پس سزا دی ہمنے اونکو ساتھ عذاب کے بسبب گناہون کے کہ تھے کرتے یہ ہین تمام خیر و سعادت دونون جہان کی کہ
تقوی کے تحت رکھین ہین پس فراموش نکر نصیب اپنے کو تقوی سے اور جاننا چاہیے کہ اصل عبادت مین تین چیزین ہین ایک توفیق
و تایید اللہ تعالی کی پس وہ بھی متقیون کے لیے ہی جیسا کہ فرمایا اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ بلاشبہ توفیق و تایید اللہ تعالی کی ساتھ
متقیون کے ہی دوسری اصلاح عمل اور پورا کرنا تقصیر کا وہ بھی متقیون کے لیے ہی جیسا کہ فرمایا یُصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ تیسری قبول عمل
وہ بھی متقیون ہی کے لیے ہی کہ فرمایا اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ اور مدار عبادت کا ان تین چیزون پر اسلیے ہی کہ اول
توفیق چاہیے تا عمل کرے بعد ازان اصلاح تقصیر ہو تا تمام ہو عمل بعد ازان قبول ہو تا مفید ہو والا سب اکارت ہی اور ان تین چیزون
کے لیے سوال و زاری کرتے رہتے ہین سب عابد رَبَّنَا وَفِّقْنَا لِطَاعَتِکَ وَتَمِّمْ تَقْصِیْرَنَا وَتَقَبَّلْ مِنَّا اور ان
سب کا اللہ تعالی نے تقوی پر وعدہ کیا ہی او متقیون کو یہ سب عنایت فرمایا ہی چاہین یا نہ چاہین پس اگر طالب عبادت کا ہی تو
بلکہ اگر طالب سعادت دنیا اور آخرت کا ہی تو لازم ہی تجکو تامل کرنا اس ایک اصل مین کہ تمام عمر اپنی محنت عبادت مین صرف کی تو نے
او مشقت کرتا رہا پس اگر قبول ہی نہوئی تو ساری محنت تمام عمر کی برباد گئی اور تو نے معلوم ہی کر لیا کہ خدا تعالی نے فرمایا
اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ پس اصل اس کار کی تقوی ہی کیطرف پھری اور اسی سبب سے ہی کہ عایشہ رض نے کہا کہ
رسول علیہ السلام کو کوئی چیز دنیا کی خوش نہ آتی تھی مانند متقی کے اور قتادہ رض نے کہا کہ توریت مین ہی ای فرزند آدم تقوی کر اور
جس جگہہ کہ چاہے تو سو اور کہتے ہین کہ عامر بن قیس رات و دن مین ہزار رکعت نماز کی ادا کرتے تھے اور جب بستر پر آتے تو اپنے
نفس سے کہتے کہ ای جاے سب بدیون کے قسم خدا کی ایک لمحہ تجسے راضی نہین ہوا ہون مین چونکہ تقوی نہین کیا تو نے اور وقت مرنے
کے روئے لوگون نے کہا کس چیز نے تجکو رلایا کہا اس کلام خدا تعالی نے اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی اللہ قبول کرنے
عمل کا وعدہ کرتا ہی تقوی پر اور مین متقی ہون نہین اور تامل کر ایک اور نکتے مین کہ وہ اصل سب صلحون کی ہی وہ یہ ہی کہ ایک مرد صالح نے
اپنے شیخ سے کہا کہ مجکو وصیت کیجیے شیخ نے کہا کہ تجکو وہ وصیت کرتا ہون کہ جو وصیت کی پروردگار عالم نے کہ فرمایا وَلَقَدْ
وَصَّیْنَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَاِیَّاکُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰہَ یعنی اور البتہ تحقیق وصیت کی ہمنے اون لوگون کو
کہ دیے گئے کتاب پہلے تمسے اور تمکو یہ کہ ڈرو اللہ سے اور پرہیزگاری کرو پس معلوم ہوا کہ تقوی ایسی چیز ہی کہ پروردگار تعالی نے
اسکی سب اگلے پچھلون کو وصیت فرمائی اور حکم کیا سو یہ خصلت جامع ہی خیر دنیا اور آخرت کو اور کافی ہی سب مہمات کو اور
پونہچانے والی ہی بندے کو اعلی تر درجات کو غرضکہ یہ ایسی اصل ہی کہ اسپر کسی چیز کو فوقیت نہین اور بس ہی اوسکو کہ منظر دقیق

اوسمین دیکھا ور اوسپر عمل کرے وَاللّٰہُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِیْنُ تمام ہوا کلام امام غزالی رحمہ اللہ کا **تنبیہ** بغوی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی کو حاضر ناظر جانکر ڈرتا رہے اور کفر اور شرک اور اور گناہوں سے بچتا رہے تا آگ جہنم سے بچے اور تقوی ہر عضو کا جدا ہی مثلا آنکھ کا تقوی یہ ہی کہ نامحرم و گناہوں کی چیزیں آنکھوں سے نہ دیکھے زبان سے گناہوں کے کلام نکرے اسی طرح اور اعضا کا حال سمجھ لے خلاصہ اسکا اس حدیث میں ہی کہ ایک روز فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے اِسْتَحْیُوْا مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ حیا کرو اللہ سے حق حیا کرنے کا کہا صحابہ نے تحقیق ہم حیا کرتے ہیں اللہ سے ای نبی اللہ کے شکر ہی خدا کا فرمایا لَیْسَ ذٰلِكَ نہیں ہی یہ یعنی نہیں ہی حق حیا کہ سمجھتے ہو تم ہم حیا کرتے ہیں وَلٰکِنْ مَّنِ اسْتَحْیٰ مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ فَلْیَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَا وَعٰی وَلْیَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَا حَوٰی وَلْیَذْکُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلٰی وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَۃَ تَرَكَ زِیْنَۃَ الدُّنْیَا فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْیٰ مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ یعنی ولیکن جو کوئی حیا کرے اللہ سے حق حیا کرنے کا تو چاہیے کہ محفوظ رکھے سر کو اور اوس چیز کو کہ جمع کیا ہی سر نے یعنی حواس اور فکر اور زبان اور آنکھ اور کان پس سر کو سجدہ غیر خدا سے بچاوے اور اور چیزوں کو بچاوے بدی سے اور چاہیے کہ محفوظ رکھے پیٹ کو اور اوس چیز کو کہ جمع کیا ہی پیٹ نے اور چاہیے کہ یاد کرے موت کو اور کہنگی کو قبر میں اور جو کوئی چاہے آخرت ترک کرے زینت دنیا کی پس جو کوئی کرے یہ پس تحقیق حیا کی اللہ سے حق حیا کرنے کا ✝✝

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ ؕ وَاِنْ تُطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَا یَلِتْکُمْ مِّنْ اَعْمَالِکُمْ شَیْئًا ؕ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○

کہا اعراب نے ایمان لائے ہم کہو ایمان حقیقت میں نہیں لائے تم ولیکن کہو تابعدار ہوئے ہم اور ہنوز داخل نہیں ہوا ہی ایمان تمہارے دلوں میں اور اگر فرمان برداری خدا اور رسول اوسکے کی کروگے تم کم ندیگا تمکو جزا اعمال تمہارے سے کچھ بلاشبہ اللہ بخشنے والا مہربان ہی ✝ **فتح** ✝ کہتے ہیں گنوار ہم ایمان لائے تو کہہ تم ایمان نہیں لائے پر کہو ہم مسلمان ہوئے اور ابھی نہیں بیٹھا ایمان تمہارے دلوں میں اور اگر حکم پر چلوگے اللہ کے اور اوسکے رسول کے کاٹ نہ لیگا تمہارے کاموں میں سے کچھ اللہ بخشتا ہی مہربان ✝ **تفسیر** ✝ ایک کہتا ہی کہ مسلمان ہیں یعنی دین مسلمانی ہمنے قبول کیا اسکا مضایقہ نہیں اور ایک کہنا کہ ہمکو پورا یقین ہی جو یقین پورا ہی تو اوسکے آثار کہاں جسکو سچ یقین ہی اوسکو دیکھوتے ڈر آتا ہی ✝ **مو** ✝ کہا اعراب نے یعنی بعض اعراب نے اسلیے کہ اعراب میں سے بعضے ایسے بھی تھے کہ ایمان رکھتے تھے اللہ پر اور روز آخرت پر اور وہ بعض اعراب کلام مذکور کرنے والے بنی اسد تھے کہ آئے مدینے میں بیچ قحط سالی کے اور اظہار کیا کلمہ شہادت کا اس ارادے سے کہ صدقے ملے اور احسان رکھتے تھے رسول خدا پر اپنے اسلام لانیکا ایمان لائے ہم یعنی ظاہر و باطن میں کہہ لوگوں کو ای محمد نہیں باور کیا تمنے اپنے دلوں سے ولیکن کہو اسلام لائے ہم پس ایمان سچ ماننا ہی اور اسلام داخل ہونا بیچ سلم یعنی صلح کے اور نکلنا اس سے کہ ہو قابل لڑنے والا مومنوں سے ساتھ ظاہر کرنے شہادتین کے کیا نہیں دیکھتا تو طرف قول اللہ تعالی کے وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ اخیر پس جاننا چاہیے کہ جو کچھ کہ ہو اقرار سے ساتھ زبان کے بغیر موافقت دل کے پس وہ اسلام ہی اور جو کچھ کہ موافق ہو اوسمین دل زبان کے پس وہ ایمان ہی اور یہ باعتبار لغت کے ہی اور جو کچھ کہ شرع میں ہی پس ایمان و اسلام ایک ہی ہی جیسا کہ منقول ہی علم کلام میں اور لفظ لَمَّا میں معنی توقع کے ہیں وہ دلالت کرتا ہی اسپر کہ بعضے اونمیں سے ایمان لائے بعد اسکے اور یہ آیت رد کرتی ہی کرامیہ کے مذہب کو کہ اونکا مذہب یہ ہی کہ ایمان نہیں ہوتا ہی ساتھ دل کے بلکہ ساتھ زبان ہی کے ہوتا ہی اور اگر فرمان برداری ہی یعنی باطن میں ساتھ ترک کرنے نفاق کے لَا یَلِتْکُمْ بصریوں نے لَا یَاْلِتْکُمْ پڑھا ہی یعنی کم ندیگا تمکو

ثواب نیکیون تمھاری سے کچھہ بخشنے والا ہی ساتھہ ڈھانکنے گناہون کے مہربان ہی ساتھہ ہدایت کرنے اونکی کے واسطے توبہ کے عیبون سے پھر وصف بیان کیا مومنین مخلصین کا کہ فرمایا اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ الخ ✤ **حل** آیا ہی کہ ایک جماعت نے بنی اسد سے قحط سالی مین مدینے مین آکر اظہار اسلام کیا اسلیے کہ رسول علیہ السلام صدقات مین سے اونکو بھی دین اور دل سے وہ مسلمان نہ تھے اور صبح و شام جناب نبوت مآب مین آکر کہتے تھے کہ یا رسول اللہ تمام اعراب تنہا آپکے پاس آئے اور ہم اہل و عیال سمیت لیکے آئے ہین اور اوروں نے آپکے ساتھہ جنگ کی ہی اور ہم بغیر جنگ کے مسلمان ہوئے ہین غرض بسبب اسلام اپنے کے بڑا احسان رکھتے تھے رسول علیہ السلام پر پس یہ آیت نازل ہوئی کہ نہین ایمان لائے تم الخ یعنی تابعداری تمھاری بسبب خوف قتل اور رہندی کی ہے نہ دل سے اور حقیقت ایمان کی تصدیق دل سے اور اقرار زبان سے اور بجالانا شرائع کا ساتھہ اخلاص کے ہی اور اس آیت سے اور حدیث جبرئیل سے بعضے علما نے اسلام کو جدا ایمان سے گنا ہی جیسے کہ ایک روایت احمد وغیرہ سے منقول ہی اور نزدیک ابی حنیفہ وغیرہ رحمۃ اللہ علیہ کے ایمان و اسلام ایک ہی ہین جیسا کہ سورۂ والذاریات کی آیت سے یہ بات واضح ہوتی ہی اور آیت هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ کہ بعد اسکے آتی ہی اوس سے بھی یہی بات واضح ہوتی ہی ✤ **بحر** ✤ اور روایت کی ابن ماجہ اور ابن مردویہ اور طبرانی نے اور بیہقی نے شعب الایمان مین علی ابن ابی طالب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْاِیْمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ وَاِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَعَمَلٌ بِالْاَرْكَانِ یعنی ایمان پہچاننا ہی یعنی خدا و رسول کا دل سے اور اقرار کرنا زبان سے اور عمل کرنا ساتھہ ارکان یعنی اعضا کے ✤ اور روایت کی احمد اور بزار اور ابو یعلی اور ابن مردویہ نے ساتھہ سند صحیح کے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْاِسْلَامُ عَلَانِيَةٌ وَالْاِیْمَانُ فِی الْقَلْبِ یعنی اسلام ظاہر ہی اور ایمان دل مین ہی اور اشارہ کرتے تھے حضرت اپنے ہاتھہ سے طرف سینے اپنے کے تین بار اور فرماتے تھے اَلتَّقْوٰی هٰهُنَا اَلتَّقْوٰی هٰهُنَا یعنی تقوی اس جگہہ ہی تقوی اس جگہہ ہی ✤ **در منثور** ✤ وہ اعراب تصدیق دل ظاہر کرتے تھے کہ ہم گرویدہ ہین دل و زبان سے خدا تعالی نے فرمایا کہ کہو اے محمد تم دل سے نہین گرویدہ ہو دعوی ایمان کا کرنا تمھارا جھوٹا ہی ولیکن کہو کہ گردن رکھدی ہم نے اور لڑتے نہین ہین تمھارے ساتھہ فرق تمھارے درمیان مین اور اور کافرون مین یہ ہی کہ وہ لڑتے ہین اور تم لڑتے نہین وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ یعنی ایمان تمھارے دلون مین نہین بیٹھا ہی یعنی دل سے سچ نہین مانتے بلکہ فقط زبان سے اقرار کرتے ہو اور نہین مومن ہوئے دل تمھارے پس ظاہر کرتے ہو خلاف دل کے اور اگر اطاعت کروگے تم اللہ کی اور رسول کی یعنی دل سے اور اعتقاد سے ساتھہ توبہ کرنے کے نفاق سے جیسے کہ اطاعت کرتے ہو تم اوسکی ظاہر مین نہین ناقص کریگا تمھارے اعمال کے ثواب سے کچھہ ✤ **زاهدی**

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ○

سوا اسکے نہین کہ مومن حقیقت مین وہ ہین کہ ایمان لائے خدا پر اور اوسکے پیغمبر پر پھر شبہہ نکیا اونھون نے اور جہاد کیا ساتھہ مالون اپنے کے اور جانون اپنی کے راہ خدا مین وہ جماعت وہی ہین راستگو ✤ **فتح** ✤ ایمان والے وہ ہین جو یقین لائے اللہ پر اور اوسکے رسول پر پھر شبہہ لائے اور نبچا اسکی راہ مین اپنے مال اور جان سے وہ جو ہین وہی ہین سچے ✤ **موضح** ✤ **تفسیر** ✤ انتظار تاب مطاوع رابہ کا ہی جسوقت کہ واقع کرے اوسکو شک مین ساتھہ تہمت کے اور معنی یہ ہین کہ وہ ایمان لائے پھر نہین واقع ہوا اونکے نفسون مین شک بیچ اوس چیز کے کہ ایمان لائے ساتھہ اوسکے اور نہ اتہام واسطے اوس شخص کے کہ تصدیق کی اونھون نے اوسکی وَجَاهَدُوْا الخ جائز ہی یہ کہ ہو مجاہد یعنی جس سے جہاد کرتے ہین پوشیدہ نیت مین اور وہ دشمن ہو لڑنے والا یا شیطان

حاشیہ: یہ حقیقت ایمان مین داخل نہین بلکہ منجملہ کمالات ایمان سے ہی جیسا کہ عقائد کی کتابون مین مذکور ہی کہ پس شاید انھون نے قول کسی کا اصحاب ظواہر سے نقل کیا ہو واللہ اعلم ایمان شافعی کے نزدیک ... کمال ایمان کا بھی ہی اور زیادہ اور ناقص بھی ہوتا ہی تو کامل ایمان وہی ہی جو شروط ساتھہ ان شرائط کے ہو ۱۲ منہ مدظلہ

یا خواہش نفس اور یہ کہ ہو مجاہد بہ مبالغہ یعنی جہد سکے اور جائز ہی یہ کہ مراد ہو مجاہدہ بالنفس سے غزوہ یعنی جہاد اور یہ کہ شامل ہو تمام عبادات کو اور مجاہدہ بالمال سے مانند فعل عثمان رضی اللہ عنہ کے غزوۂ عسرت یعنی تبوک مین اور یہ کہ شامل ہو زکاتون کو اور تمام اون عبادات کو کہ متعلق ہین ساتھ مال کے اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ یعنی وہ ایسے ہین کہ سچے نکلے اپنے قول اٰمَنَّا مین اور جھوٹ نہین بولے جیسا کہ جھوٹ بولے اعراب بنی اسد کے یا وہ ایسے ہین کہ ایمان اونکا ایمان صدق و حق ہی اور جب کہ نازل ہوئی یہ آیت تو آئے وہی اعراب اور قسمین کھائین اونھون نے کہ ہم مخلص ہین پس نازل ہوئی یہ آیت قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ الخ + مل

یعنی مومن وہ ہین کہ سراپا صفت ہون ظاہر و باطن مین گرویدہ ہون ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا پھر دین مین شک نکرتے ہون مانند منافقون کے وَجَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اور جہاد کرتے ہین رضائے خدائے تعالی مین ساتھ فدا کرنے تن و مال کے اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ جو کہ یہ صفت ہون وہی ہین سچے اور تعجب اہل ہوا یعنی اہل بدعت مانند معتزلہ وغیرہ کے جو کہ ترک طاعت سے سبکو کافر کہتے ہین وہ اس آیت کو دلیل لاتے ہین کہتے ہین کہ خدائے تعالی نے مومن اوسکو کہا کہ وہ ساتھ ایمان لانے کے خدا و رسول پر جہاد مال اور تن سے کرتا ہو جو کہ جہاد مال و تن سے نکرے وہ مومن نہین اور یہ عقیدہ اونکا جہل سے ہی کہ اللہ تعالی نے جہاد مال و تن کو شرط مومنی کی نہین ٹھہرایا بلکہ شرط صادقی کی ٹھہرایا کہ نفرمایا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ بلکہ فرمایا اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ یہ شرط کمال صدق کی ہی + زاہدی

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○

کہہ کیا خبردار کرتے ہو خدا کو ساتھ دین اپنے کے اور خدا جانتا ہی جو کچھ کہ آسمانون مین ہی اور جو کچھ کہ زمین مین ہی اور خدا ساتھ ہر چیز کے دانا ہی + فتح + تو کہہ کیا جتلاتے ہو اللہ کو اپنی دینداری اور اللہ کو خبر ہی جو کچھ ہی آسمانون مین اور زمین مین اور اللہ ہر چیز جانتا ہی + تفسیر یعنی اگر سچا دین تمکو ہی تو کہنے سے کیا ہو گا جس سے معاملت ہی وہ آپ خبردار ہی + مو + کیا خبردار کرتے ہو الخ یعنی کیا خبر دیتے ہو اللہ کو اپنے دلون کی تصدیق کی ساتھ ہر چیز کے الخ یعنی نفاق اور اخلاص وغیر ذلک سب وہ جانتا ہی + مل + یہ بھی ملامت ہی انھین اعراب کو کہ اے محمد کیا خبر دیتے ہو خدائے تعالی کو اپنے اعتقاد کی حال آنکہ اوس پر کچھ پوشیدہ نہین وہ جانتا ہی جو کچھ ساتون آسمانون اور ساتون زمینون مین ہی پس تمھارے دلون کے اعتقاد کی بھی اوسکو خبر ہی خلاف مافی الضمیر کے کہنا کیا فائدہ + زاہدی

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

احسان کرتے ہین تجپر ساتھ اسکے کہ مسلمان ہوئے ہین کہہ احسان نرکھو مجپر ساتھ اسلام اپنے کے بلکہ خدا احسان رکھتا ہی تمپر ساتھ اسکے کہ ہدایت کیا تمکو ساتھ ایمان کے اگر راستگو ہو تم + فتح + تجپر احسان رکھتے ہین کہ مسلمان ہوئے تو کہہ مجپر احسان نرکھو اپنی مسلمانی کا بلکہ اللہ تمپر احسان رکھتا ہی کہ تمکو راہ دی ایمان کی اگر سچ کہو + تفسیر + جو نیکی اپنے ہاتھ سے ہو اپنی تعریف نہین رب کی تعریف ہی جسنے کروائی + مو + مسلمان ہوئے ہین یعنی بغیر قتال کے بخلاف غیر اونکے کے اون لوگون مین سے کہ اسلام لائے بعد قتال کے اوسمین راستگو ہو یعنی بیچ قول اپنے اٰمَنَّا کے + ج + بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ یعنی احسان ہی اللہ کا تمپر اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ یعنی اگر صحیح ہو گمان تمھارا اور سچا ہو دعوی تمھارا اگر یہ کہ تم تو گمان و دعوی کرتے ہو لو سن خبر کہ اللہ جانتا ہی خلاف اوسکے + مد

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○ ع

بلاشبہہ خدا جانتا ہی چھپی چیزین آسمانون و زمین کی اور خدا بینا ہی ساتھ اوس چیز کے کہ کرتے ہو تم + فتح + اللہ جانتا ہی چھپی بھید

آسمان و زمین کے اور اللہ دیکھتا ہی جو کرتے ہو + **مو تفسیر** یہ بیان ہی اونکے ہونے کا غیر صادق اپنے دعوے مین
یعنی اللہ تعالی جانتا ہی ہر پوشیدہ چیز کو عالم مین اور دیکھتا ہی ہر عمل کو کہ کرتے ہو تم اپنے باطن و ظاہر مین نہین چھپا ہم
او سپر اوس مین سے کچھ بس کیونکر پوشیدہ ہوگا اوسپر جو کچھ کہ تمھارے دلون مین ہی + **ملا تنبیہ** + چونکہ ان آیات کریمہ
مین ذکر ایمان و اسلام کا ہی اسلیے کچھ حدیثین وغیرہ ان مضامین کی لکھی جاتی ہین فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بُنِیَ الْاِسْلَامُ
عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ
الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ یعنی بنیاد رکھی گئی ہی اسلام کی پانچ چیزون پر گواہی دینی اسکی کہ نہین کوئی معبود
سوا خدا کے اور تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندے اوسکے اور بھیجے ہوئے اوسکے ہین اور پڑھنا نماز کا اچھی طرح اور دینا زکوۃ کا
اور کرنا حج کا اور رکھنے روزے رمضان کے + اور فرمایا اَلْاِيْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَةً فَاَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ یعنی ایمان کی کتنی اوپر ستر
شاخین ہین پس افضل اونمین سے ہی کہنا لا الہ الا اللہ کا یعنی کہنا اور اعتقاد کرنا اسپر اور ادنی اونمین سے ہی دور کرنا ایذا کی چیز کا
راہ سے اور شرم کرنی برے کامون کے کرنے مین بڑی شاخ ہی ایمان سے + اور فرمایا اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ
وَيَدِهٖ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ یعنی پورا مسلمان وہ ہی کہ سلامت رہین مسلمان زبان اوسکی سے اور ہاتھ اوسکے سے یعنی زبان سے
کسیکو برا نکہے اور نہ غیبت کرے کسیکی اور ہاتھ سے مارے نہین نہ ایذا دے ناحق اور ہجرت کرنے والا وہ ہی جسنے چھوڑ دی وہ
چیز کہ منع کیا ہی اللہ نے اوس سے + اور فرمایا لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ
اَجْمَعِيْنَ یعنی نہین پورا مومن ہوتا کوئی تم مین سے یہان تک کہ ہوؤن مین بہت پیارا طرف اوسکے باپ اوسکے سے اور اولاد
اوسکی سے اور سب لوگون سے + **ف** + محبت دو قسم کی ہی ایک تو محبت طبعی جیسے کہ آدمی کو اولاد وغیرہ کی محبت ہوتی ہی
اوسمین وہ مجبور ہی اور یہان وہ نہین مراد ہی دوسری محبت عقلی ہی وہی یہان مراد ہی کہ ایک بات کو اگرچہ دل نچاہے لیکن
بمقتضائے عقل اپنے کو مائل اوسکی طرف کرتا ہی جیسے کہ محبت بیمار کی ساتھ دوا کے کہ قصداً اپنے کو اوسکی طرف مائل کرتا ہی اور
کھاتا ہی بمقتضائے عقل کے جانتا ہی کہ صحت میری اسمین ہی اگرچہ دل نچاہے اسی طرح مثلاً اگر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا
حکم ہو مان باپ اور اولاد کفار کے قتل کا یا حکم ہو کفار سے لڑنے کا حتی کہ شہید ہو جاوے تو اختیار کرے اور دوست رکھے
اوسکو اگرچہ بتکلف ہو یا ایک بات خلاف شرع پر اولاد وغیرہ باعث ہون اور حضرت نے اوس سے منع کیا ہو تو فرمان برداری حضرت
ہی کی کرے کیونکہ جانتا ہی سلامتی اپنی رسول علیہ السلام کی فرمان برداری مین غرضکہ رضامندی حضرت کی سبکی رضامندیون
اور سب غرضون پر مقدم رکھے جب حضرت کی محبت سبکی محبت پر غالب ہوگی اور مومن کامل ہوگا کمال اس مرتبے کا صحابۂ کرام
رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کو نصیب تھا جیسے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہی کہ جب اونھونے یہ حدیث سنی
تو عرض کیا کہ یارسول اللہ مین سب سے زیادہ آپکو دوست رکھتا ہون سوا جان اپنی کے پس حضرت نے فرمایا کہ مومن کامل نہین
ہونے کا تو قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی جب تک کہ ہوؤن مین بہت پیارا طرف تیرے جان تیری سے
پس حضرت کی برکت توجہ سے اوسی وقت اونکے دل مین ایسی تاثیر ہوئی حضرت کے فرمانے کی کہ کہا قسم ہی اللہ کی کہ آپ اب بہت محبوب ہین
طرف میرے جان میری سے بھی پس فرمایا حضرت نے کہ اب پورا مومن ہوا تو اے عمرؓ یا اللہ ہم سبکو یہی حالت نصیب ہو آمین آمین آمین ثم آمین +
اور فرمایا ذَاقَ طَعْمَ الْاِيْمَانِ مَنْ رَّضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا یعنی چکھا مزا ایمان کا

ف + اوس شخص نے کہ راضی ہوا ساتھ اللہ کے رب ہونے پر اور ساتھ اسلام کے دین ہونے پر اور ساتھ حضرت محمدؐ کے رسول ہونے پر + یعنی بخوشی خاطر اللہ کو مالک و متصرف اپنا جانا اور راضی ہوا اوسکے حکم پر اور بندگی کی اوسکی اور اسلام کو دین اپنا ٹھہرایا اور بجا لایا جو کچھ اوسمین ہی اور حضرتؐ کو بخوشی خاطر رسول جانا اور پیروی کی اونکی + ح + آیا ایک اعرابی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ بتلاؤ مجکو ایسا عمل کہ جب کرون مین اوسکو تو داخل ہوؤن مین بہشت مین فرمایا تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا الخ یعنی بندگی کر اللہ کی اور نہ شریک کر تو ساتھ اوسکے کسیکو اور پڑھ تو نماز فرض اور ادا کر تو زکوۃ فرض اور روزے رکھ تو رمضان کے کہا اوس گنوار نے قسم ہی اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی نہ زیادہ کرونگا مین اسپر کچھ اور نہ کم کرونگا اس سے پس جب کہ پھر کر چلا وہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو خوش لگے یہ کہ دیکھے طرف ایک شخص کے اہل بہشت مین سے تو چاہیے کہ دیکھے طرف اسکے + **ف** + اسمین ذکر شہادتین کا نہ کیا اسلیے کہ مشہور ہین اور فرض تین بیان فرمائے اسلیے کہ شاید اوسوقت تلک یہی تین چیزین فرض ہوئین اور حضرتؐ نے صدق عقیدہ اوسکا دیکھکر بشارت بہشتی ہونے کی دی + ح + کہا سفیان بن عبداللہ ثقفی نے کہ کہا مینے یا رسول اللہ فرماؤ واسطے میرے بیچ اسلام کے ایک قول کہ نہ پوچھون مین اوسکو کسی سے پیچھے تمہارے یعنی ایسی بات فرماؤ کہ اوس سے اسلام کامل ہو اور حق اسلام کا ادا ہو فرمایا حضرتؐ نے قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ یعنی کہہ ایمان لایا مین ساتھ اللہ کے پھر اسی پر ٹھہرا رہ + **ف** + یعنی گواہی دے اللہ تعالی کی وحدانیت کی اور سچ جان جو کچھ اوسنے خبر دی اور قبول کر امر و نہی اوسکے کو پھر اسی پر مستقیم رہ پس اسمین سب باتین کرنے نہ کرنے کی آ گئین + ح + اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس حالت مین کہ گرد اونکے ایک جماعت تھی صحابہ سے بَايِعُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا الخ یعنی بیعت کرو مجسے یعنی عہد کرو اسپر کہ نہ شریک کرو ساتھ اللہ کے کسیکو اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور نہ مار ڈالو اولاد اپنی کو یعنی جیسے کہ کفار محتاجگی کے ڈر سے مار ڈالتے تھے اور نہ اوٹھاؤ بہتان کہ باندھ لیا ہو تمنے اوسکو درمیان اپنے ہاتھون کے اور پاؤن کے یعنی دلون سے اور نہ نافرمانی کرو بیچ نیک چیز کے پس جو پورا کرے تم مین سے یہ عہد پس مزدوری اوسکی اللہ پر ہی اور جو پونہچا انمین سے کسی چیز کو یعنی ان گناہون مین سے کچھ کر بیٹھا سوا شرک کے پس سزا دیا گیا بسبب اوسکے دنیا مین یعنی جیسے کہ حد لگی یا بیمار ہوا اور سوا اسکے پس وہ کفارہ ہی واسطے اوسکے یعنی پاک ہو جاتا ہی گناہ سے بسبب اوسکے اور جو کہ پونہچا انمین سے کسی چیز کو پھر ڈھانکا اوسکو اللہ نے یعنی ظاہر نہوا گناہ اوسکا اور حد نہ لگی پس وہ سپرد طرف اللہ کے ہی اگر چاہے بخشے اوسے اور اگر چاہے سزا پونہچاوے اوسکو پس بیعت کی ہمنے حضرتؐ سے ان چیزون پر + **ف** + مذہب اہل سنت و جماعت کا یہی ہی کہ اگر چاہے اللہ عذاب کرے گناہ پر یا چاہے بخشدے اور معتزلہ کے نزدیک واجب ہی عذاب ہونا گناہگار پر اور بخشش نہین ہوتی + ح + اور آیا ہی کہ نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحی مین یا عید الفطر مین طرف عیدگاہ کے پس گذرے عورتون پر پھر فرمایا ای جماعت عورتون کی خیرات کرو اسلیے کہ تحقیق مین دکھلایا گیا ہون تمکو بہت اہل نار مین یعنی عورتین دوزخ مین بہت ہین اور مرد کم پس کہا عورتون نے اور ساتھ کس سبب کے ای رسول خدا کے فرمایا بہت کرتی ہو تم لعنت اور بہت ناشکری کرتی ہو خاوند کی نہین دیکھا مینے کسیکو کہ ناقص ہو عقل کی اور دین کی کھووے عقل مرد ہوشیار کی ایک تم مین سے کہا عورتون نے اور کیا ہی نقصان دین ہمارے کا اور عقل ہماری کا ای رسول خدا کے فرمایا کیا نہین گواہی ایک عورت کی مانند آدھی گواہی مرد کے یعنی گواہی دو عورتون کی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہوتی ہی حکم شرع مین کہا عورتون نے مقرر یونہی ہی فرمایا پس یہ سبب نقصان عقل اوسکے کا ہی فرمایا کیا نہین جسوقت کہ ہووے حائض نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے کہا عورتون نے مقرر یونہی ہی فرمایا پس یہ سبب نقصان دین

اوسکی کاہے ف ۔ مگذرے اور عورتون سے کہ گوشہ عیدگاہ مین بیٹھین تھین اسلیے کہ آواز خطبے کی کہ اونھونے نہ سنی تھی
اونکو بھی کچھ مضمون اوسکا سناوین اور معنی لعنت کے ہین دور ہونا اللہ کی رحمت سے یہ خاص کافرون ہی کے لیے ہی اور کسی پر
تعین کر کر لعنت نکرے اگر چہ کافر ہو شاید کرمرتے دم مسلمان ہو مگر جسکی موت کفر پر یقیناً معلوم ہو تو مضایقہ نہیں اور یہ سواے
شارع کے کوئی نہین جانتا مگر وصف پر لعنت کرنی جائز ہی جیسے کہ کہے لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ وَ نَحْوُ ذٰلِكَ ۔ ح ۔
اور فرمایا مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الخ یعنی جو شخص کہ گواہی دے یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ کہ ایک ہی وہ نہین شریک
واسطے اوسکے اور تحقیق محمد بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے اور تحقیق عیسیٰ بندہ اللہ کا اور رسول اوسکا ہی اور بیٹا لونڈی اوسکی کا
یعنی حضرت مریمؑ کا اور کلمہ اوسکا کہ ڈالا اوسکو طرف مریمؑ کے اور روح ہی اوسکی طرف سے اور بہشت و دوزخ سچ ہی داخل کریگا
اوسکو اللہ بہشت مین اوپر جیسی عمل کے ہو یعنی اچھا عمل کرتا ہو یا برا ۔ ف ۔ حضرت عیسیٰؑ کو کلمۃ اللہ اسلیے کہا کہ کلمہ کن کے
کہنے سے پیدا ہوئے بغیر باپ کے اور روح اللہ کی اسلیے کہا کہ مُردونکو زندہ کرتے تھے اور داخل کریگا بہشت مین یعنی بغیر عذاب
کے یا بعد عذاب کے گناہون پر ہو ۔ ح ۔ اور کہا عمرو بیٹے عاص کے نے کہ آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا مینے
کہ کھولیے داہنا ہاتھ اپنا تاکہ بیعت اسلام کی کرون مین آپسے پس کھولا حضرت نے داہنا ہاتھ اپنا پھر کھینچ لیا مینے ہاتھ اپنا پس
فرمایا حضرت نے کیا ہی واسطے تیرے ای عمرو کہا مینے ارادہ کرتا ہون مین یہ کہ شرط کرون مین فرمایا کیا شرط کرتا ہی کہا مینے شرط یہ ہی
کہ بخشش کیجاوے واسطے میرے یعنی اون گناہون کی کہ پہلے اسلام سے کیے ہین فرمایا کیا نہین جانتا تو یعنی جان ای عمرو کہ تحقیق
اسلام لانا دور کر دیتا ہی اون گناہون کو کہ پہلے اوسکے ہین اور تحقیق ہجرت دور کرتی ہی اوس چیز کو کہ پہلے اوس سے ہی اور تحقیق
حج دور کرتا ہی اون گناہون کو کہ پہلے اوس سے ہین ۔ ف ۔ اسلام لانے سے حق اللہ کے اور بندون کے سب بخشے جاتے ہین لیکن
بندون کے حق کا مطالبہ باقی رہتا ہی اور ہجرت اور حج سے حق اللہ کے یعنی گناہ اوسکے بخشے جاتے ہین نہ حق بندون کے ۔
معاذ کہتے ہین کہ مینے عرض کیا کہ ای رسول خدا کے خبر دو مجھکو ایسے عمل کی کہ داخل کرے مجھکو بہشت مین اور دور کرے مجھکو آگ
سے فرمایا تحقیق پوچھا تونے ایک بڑے کام سے اور تحقیق وہ البتہ آسان ہی اوپر اوسکے کہ آسان کرے اللہ اوسپر وہ یہ ہی کہ
تَعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا الخ بندگی کر اللہ کو اور نہ شریک کر ساتھ اوسکے کسیکو اور اچھی طرح پڑھ تو نماز کو اور دے زکوٰۃ اور
رکھ روزے رمضان کے اور حج کر خانہ خدا کا پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤن مین تجھکو دروازے خیر کے یعنی جنکے سبب سے نیکی کو پہونچتا ہی روزہ ڈھال ہی
یعنی اوسکے سبب سے گناہ اور آگ دوزخ سے بچتا ہی اور صدقہ دینا بجھا دیتا ہی گناہ کو جیسے بجھاتا ہی پانی آگ کو اور نماز آدمی کی درمیان
رات کے یعنی اسیطرح وہ بھی گناہ کو دور کرتی ہی پھر پڑھی حضرت نے یہ آیت تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یہان تک کہ
پہونچے يَعْمَلُوْنَ تک ۔ ف ۔ یعنی اسکے آگے کی اخیر آیت تک پڑھی اور یہ سورۂ سجدہ مین ہی اسمین بیان تہجد گذارون کی خوبی کا
اور بعد لفظ الْمَضَاجِعِ کے یہ ہی يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ
اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ یعنی جدے رہتے ہین پہلو اونکے بستروں سے دعا کرتے ہین اپنے رب سے
بخوف دوزخ اور طمع جنت کے اور جو کچھ دیا ہی ہمنے اونکو اوسمین سے خرچ کرتے ہین یعنی اللہ کی رضامندی مین پس نہین جانتا ہی کوئی
نفس اوس چیز کو کہ چھپائی گئی ہی اونکے لیے آنکھون کی ٹھنڈک سے یعنی اونکی راحت و آرام کی چیزین جنت مین طیار کر رکھی ہین
اونکے عمل کی مزدوری مین ۔ پھر فرمایا حضرت نے اَلَا اَدُلُّكَ بِرَاْسِ الْاَمْرِ وَعَمُوْدِهٖ الخ یعنی کیا نہ بتاؤن مین تجھکو سر امر کا اور
ستون اوسکا اور بلندی کوہان اوسکے کی کہا مینے ہان بتلائیے یا رسول اللہ فرمایا سر کام کا اسلام ہی ۔ ف ۔ یعنی اصل اور سر

ف ل مثلاً کسی کا مال غصب کیا اور اسلام لانے سے تو اسلام قبول ہوا اور گناہ غصب [illegible]

امور دین کا کہ دین بغیر اوسکے وجود نہ پکڑے جیسے کہ بدن بغیر سر کے وجود نہین پکڑتا اور ستون اوسکا کہ دین اوس سے ٹھہرا اور قوت پکڑے جیسے کہ ستون سے چھت اور بلندی کوہان دین کی کہ دین اوس سے بلند ہووے اور مراد اسلام سے شہادتین ہے یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور ستون اوسکا نماز ہے اور بلندی کوہان اوسکی جہاد ہے پھر فرمایا کیا نہ خبردار کرون مین تجکو ساتھ اوس چیز کے کہ مالک اور جڑ ہو ان سبکی کہا مینے ہان بتلائیے ای نبی اللہ کے پس پکڑی آپنے زبان اپنی اور فرمایا کُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا یعنی بند کر تو اوپر اپنے اسکو پھر کہا مینے ای نبی خدا کے اور تحقیق کیا ہم پکڑے جاوینگے بسبب اون باتون کے کہ ہم بولتے ہین اونکو فرمایا ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا مُعَاذُ وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اَوْ عَلٰى مَنَاخِرِهِمْ اِلَّا حَصَائِدُ اَلْسِنَتِهِمْ یعنی گم کرے تجکو مان تیری ای معاذ اور نہین گراوینگی لوگون کو آگ جہنم مین اونکے موہون کے بل یا فرمایا اونکی ناکون کے بل مگر باتین اونکی زبانون کی ✤ ف گم کرے تجکو مان تیری یعنی اسکے یہ ہین کہ مرے تو لیکن یہان یہ معنی مراد نہین ہین بلکہ یہ فرمایا از راہ ادب سکھانے اور ہوشیار کرنے کے غفلت سے مگر باتین زبانون اونکی کی یعنی جو باتین کہ موجب کفر و گناہ کی ہون جیسے کلمات کفر کے اور گالیان اور غیبت وغیرہ ذلک ✤ ح اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ یعنی جو کہ محبت رکھے واسطے اللہ کے اور بغض رکھے واسطے اللہ کے اور دے واسطے اللہ اور نہ دے واسطے اللہ کے یعنی جو کام کرے اوسکی رضامندی کے لیے کرے پس تحقیق پورا کیا اوسنے ایمان ✤ اور فرمایا اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ یعنی بہترین عملون باطن کا دوستی رکھنی خدا کی راہ مین اور دشمنی رکھنی خدا کی راہ مین ✤ ف بہتر اسکو اسلیے فرمایا کہ جب آدمی کو یہ بات حاصل ہوگی تو بری باتون سے بچیگا اور اچھی باتین کریگا ✤ ح اور فرمایا اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ یعنی پورا مسلمان وہ ہے کہ سلامت ہین مسلمان زبان اوسکی سے اور ہاتھ اوسکے سے اور پورا مومن وہ ہے کہ امن مین ہین اوس سے لوگ اپنے خونون اور مالون پر نقل کی یہ ترمذی اور نسائی نے اور زیادہ کیا بیہقی نے کتاب شعب الایمان مین وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِي طَاعَةِ اللّٰهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوْبَ یعنی اور کامل جہاد کرنے والا وہ ہے کہ جسنے مشقت مین ڈالا نفس اپنے کو اللہ کی بندگی مین اور اصل ہجرت کرنے والا وہ ہے کہ جسنے چھوڑ دیے چھوٹے گناہ اور بڑے گناہ ✤ اور کہا انس نے قَلَّمَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَالَ لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ یعنی کم تھا کہ خطبہ فرمایا ہو آنحضرت نے ہمارے آگے بغیر اس کہنے کے یعنی اکثر خطبے مین یہ فرمایا کرتے تھے کہ نہین پورا ایمان واسطے اوسکے کہ نہین امانت واسطے اوسکے اور نہین پورا دین واسطے اوسکے کہ نہین عہد واسطے اوسکے ✤ اور فرمایا مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ یعنی جو کہ گواہی دے یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھیجے ہوئے اللہ کے ہین حرام کی اللہ نے اوسپر آگ یعنی آگ ہمیشگی کی ✤ اور فرمایا مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ یعنی جو کوئی مرے اور وہ یہ جانتا ہو اور یقین رکھتا ہو کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ داخل ہوگا بہشت مین ✤ ف اگرچہ بسبب کسی گناہ کے کتنے دنون دوزخ مین رہے لیکن انجام کار کو داخل ہوگا بہشت مین اور جسکو اسکا اعتقاد ہوگا وہ رسول پر بھی ایمان لاویگا اور اونکے سب فرمانے کو حق جانیگا ✤ اور فرمایا مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ شَهَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یعنی کنجیان بہشت کی گواہی دینا اسکا ہے کہ نہین کوئی معبود سوائے خدا کے

اور روایت ہی حضرت عثمان رضہ سے کہ کہا تحقیق کتنے ایک لوگ یارون مین سے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جبکہ وفات ہوئی حضرت کی
غمگین ہوئے اوپر آنحضرت صلعم کے یہان تلک کہ قریب تھا کہ بعضے اونمین سے واقع ہون وسواس مین یعنی وسواس یہ آتا تھا کہ حضرت صلعم کے انتقال
سے دین و شریعت تمام ہوئی کہا عثمان رضہ نے اور تھا مین اونمین سے اوسوقت کہ مین بیٹھا ہوا تھا گذرے مجپر عمر رضہ اور سلام کیا پس مین
نہ خبردار ہوا ساتھ اوس سلام کے یعنی بسبب اسی ہول کے پس شکایت کی عمر رضہ نے طرف ابی بکر رضہ کے پھر آئے دونون یہان تلک کہ سلام علیک
کی مجہہ کو اکھٹے دونون نے پس کہا ابو بکر رضہ نے کیا باعث ہوا تمکو اسپر کہ نہ جواب دیا تمنے سلام کا بھائی اپنے عمر رضہ کو کہا مینے کہ نہین کیا مینے
یعنی نہین جانتا مین کہ ترک کیا ہو جواب مینے پس کہا عمر رضہ نے ہان قسم ہی اللہ کی البتہ کیا تو نے کہا عثمان رضہ نے کہ کہا مینے قسم ہی اللہ کی
نہین خبر رکھی مینے یہ کہ گذرے ہو تم مجپر اور نہ سلام کیا ہی تمنے کہا ابو بکر رضہ نے سچ کہا عثمان رضہ نے تحقیق باز رکھا تمکو اس سے یعنی آگاہ
ہونے سے ساتھ گذرنے عمر رضہ کے اور سلام اونکے سے کسی کام نے پس کہا مینے ہان کہا ابو بکر رضہ نے کہ کیا ہی وہ کام کہا مینے کہ وفات کی
اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلے اس سے کہ پوچھین ہم اونسے نجات اس امر کے سے ف ۱ کہا ابو بکر رضہ نے کہ تحقیق پوچھ لیا ہی
مینے اسکو حضرت صلعم سے پس کھڑا ہوا مین طرف ابی بکر رضہ کے اور کہا مینے اونکو قربان ہو باپ میرا اوپر تیرے اور مان میری تم لائق تر ہو ساتھ
پوچھنے کے یعنی اسلیے کہ کمال قرب رکھتے تھے حضرت صلعم سے اور بڑا شوق رکھتے ہو علم کے حاصل کرنے کا کہا ابو بکر رضہ نے کہ کہا مینے
ای رسول خدا کے کس طرح سے نجات ہوگی اس کام سے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ قبول کرے مجہسے وہ کلمہ
یعنی کلمہ طیب کہ بیان کیا تھا مینے اپنے چچا پر پھر نہ قبول کیا اوسنے پس وہ کلمہ نجات ہی واسطے اوسکے ✚ اور وہب بن منبہ
سے روایت ہی کہ کہا گیا واسطے اونکے اَلَیْسَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ یعنی کیا نہین ہی لا الٰہ الا اللہ کنجی بہشت کی
کہا وہب رضہ نے کہ مقرر ہی ولیکن نہین ہوتی کنجی مگر کہ ہوتے ہین اوسکے لیے دندانے پس اگر لاوے تو کنجی کہ اوسکے لیے دندانے ہون کھولا
جاویگا واسطے تیرے یعنی قفل جنت کا اور اگر نہ لایا اسطرح کی کنجی نہ کھولا جاویگا واسطے تیرے ✚ ف ✚ جب کہ رغبت دلائی
وہب رضہ نے عمل کرنے پر اور تنبیہ کی اوسکے ترک کرنے پر تو لوگون نے کلام مذکور کہا مطلب اونکا یہ تھا کہ بس یہ کلمہ کافی ہی بہشت کے
دروازون کے کھلنے کے لیے عمل ہون یا نہون پھر اسکو رد کیا وہب رضہ نے کلام مذکور سے اور مراد دندانون سے یہان یہ ہی کہ دل مین
کلمے کی تصدیق رکھے اور زبان سے اقرار ہوا سکا اور تابعدار ہو اسلام کے احکام کا بلا جبر یا مراد دندانون سے اعمال نیک ہین
اس صورت مین معنی یہ ہونگے کہ جب تلک اعمال نیک نہ کیے ہونگے پہلی بار نہین داخل ہوگا بہشت مین مقصود مبالغہ ہی عمل کے
ثابت کرنے مین ✚ ح ✚ ع ✚ ایک شخص نے پوچھا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا ہی ایمان یعنی نشان درستی ایمان کا
کیا ہی فرمایا اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاۤءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ یعنی جسوقت کہ خوش کرے تجکو نیکی
اور ناخوش کرے تجکو برائی تیری پس تو مومن ہی ✚ ف ✚ یعنی خوش ہووے بسبب شکرانۂ توفیق اور مدد حق کے اور امید قرب
درگاہ اوسکی کے اور ناخوش ہووے بسبب خوف عذاب کے اور دور رہنے کے اوسکی درگاہ سے پس تو مومن ہی کیونکہ مومن کامل
تمیز کرتا ہی طاعت وگناہ مین اور اعتقاد کرتا ہی جزا سزا کا ان دونون پر بخلاف کافر کے کہ وہ کچھ فرق نہین کرتا درمیان ان دونون
کے اور کچھ پروا نہین کرتا انکے کرنے نکرنے کی اور فاسق جو گناہ پر ہٹ رکھتا ہی وہ بہت پروا نہین رکھتا ہی نماز پڑھے تو برابر نہ پڑھے
تو برابر فرمایا اللہ سبحانہ نے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۵۲ ✚ کہا اوس شخص نے ای رسول خدا کے پس کیا ہی
گناہ فرمایا اِذَا حَاكَ فِیْ نَفْسِكَ شَیْءٌ فَدَعْهُ یعنی جسوقت کہ تردد کرے بیچ دل تیرے کے کچھ چیز پس چھوڑ دے اوسکو ✚ ف
کیا ہی گناہ یعنی علامت گناہ کی کیا ہی جس صورت مین کہ کچھ حکم صریح اوسکے حق مین نہو اور مشتبہ ہو حکم اوسکا آگے جو جواب فرمایا یہ حال

ف ۱ مراد امر سے یہ ہی کہ آدمیون کو کام بہت او کے تئین خصوصا اسکی عبادت مین اور اور چیزون مین اونکو واسطے پڑھنا اور ذکر کرنا کلمۂ توحید کا سبب ہی نجات کا مولنا یا یہ کہ شرائع اور احکام بہت سے ہین اسلام کے

اچھے لوگون کے دل کا ہی کہ بُری بات اونکے دل مین کھٹکتی رہتی ہی خاطر جمع اوسپر نہین ہوتی + اور کہا عمرو بن عبسہ نے کہ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَنْ مَّعَکَ عَلٰی ھٰذَا الْاَمْرِ قَالَ حُرٌّ وَّ عَبْدٌ اِلٰی اٰخِرِہٖ یعنی آیا مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا مینے ای رسول خدا کون تھا ساتھ تمھارے اوپر اس دین کے یعنی ابتدا مین فرمایا ایک آزاد تھا یعنی ابو بکر اور ایک غلام تھا یعنی بلال کہا مینے کیا ہی علامت اسلام کی فرمایا اچھے کلام اور کھلانا کھانے کا کہا مینے کیا ہین باتین ایمان کی فرمایا کہ صبر کرنا اور سخاوت کرنی یعنی بُری باتون سے باز رہے اور مستعد ہوکر نفے طاعات پر کہا عمرو نے کہ کہا مینے کونسا مسلمان بہتر ہی فرمایا وہ کہ سلامت ہین مسلمان زبان اوسکی سے اور ہاتھ اوسکے سے کہا عمرو نے پھر کہا مینے کونسی بات ہی ایمان مین بہتر فرمایا خلق نیک کہا کہ کہا مینے کونسی چیز نماز مین بہتر ہی فرمایا کھڑا رہنا دیر تک کہا کہ کہا مینے کونسی ہجرت بہتر ہی فرمایا یہ کہ چھوڑدے تو اوس چیز کو کہ ناخوش رکھتا ہی رب تیرا کہا پھر کہا مینے پس کونسا ہی جہاد والا بہتر فرمایا وہ شخص کہ مارا جاوے گھوڑا اوسکا اور مارا جاوے وہ خود کہا کہ کہا مینے کونسی ساعت ساعتون سے بہتر ہی فرمایا درمیان رات کا اخیر یعنی چوتھائی حصہ یا پانچوان حصہ رات کا + اور معاذ بن جبل نے کہا کہ سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے مَنْ لَّقِیَ اللّٰہَ لَا یُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا وَّیُصَلِّی الْخَمْسَ وَیَصُوْمُ رَمَضَانَ غُفِرَ لَہٗ قُلْتُ اَفَلَا اُبَشِّرُھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ دَعْھُمْ یَعْمَلُوْا یعنی جو شخص کہ ملاقات کرے اللہ سے اس حال مین کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ اوسکے کسیکو اور نمازین پڑھتا ہو پانچون اور روزے رکھتا ہو رمضان کے بخشش کیجاویگی واسطے اوسکے کہا مینے کیا نہ بشارت دون مین اونکو ای رسول خدا کے فرمایا کہ چھوڑدے اونکو کہ عمل کرین + **ف** + بخشش کیجاویگی یعنی صغیرہ گناہ بخشے جاوینگے یا کبیرہ بھی اگر چاہیگا اللہ تو بخشدیگا اور اسمین ذکر حج اور زکوٰۃ کا اسلیے نفرمایا کہ ہر کسی پر فرض نہین بلکہ اغنیا ہی پر ہین عمل کرین یعنی کوشش کرین زیادتی عبادت مین اور اسپر بھروسا کر بیٹھین اور برے کام نکرنے لگین + اور پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معاذ بن جبل رضی نے بہترین خصلتون ایمان کی سے فرمایا اَنْ تُحِبَّ لِلّٰہِ وَتُبْغِضَ لِلّٰہِ وَتُعْمِلَ لِسَانَکَ فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ قَالَ وَمَاذَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ وَاَنْ تُحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِکَ وَتَکْرَہَ لَھُمْ مَا تَکْرَہُ لِنَفْسِکَ یعنی یہ کہ دوستی رکھے تو واسطے اللہ کے اور دشمنی رکھے تو واسطے اللہ کے اور جاری رکھے تو زبان اپنی کو بیچ یاد خدا کے یعنی ساتھ حضور دل کے کہا پھر کیا ہی ای رسول خدا کے فرمایا اور یہ کہ دوست رکھے تو واسطے لوگون کے اوس چیز کو کہ دوست رکھتا ہی تو واسطے اپنے اور مکروہ رکھے تو واسطے اونکے اوس چیز کو کہ مکروہ رکھتا ہی تو واسطے اپنے یعنی خیر خواہ سبکا رہ + **مشکوٰۃ** + اور عقائد کی کتابون مین لکھا ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بنیاد اسلام کی پانچ چیزین ہین اول کلمۂ شہادت دوسری نماز تیسری زکوٰۃ چوتھی حج پانچوین روزے رمضان کے اب سنو تم پہلے کلمے کے معنی فرض ہی ہر مسلمان پر کہ زبان سے اقرار کرے اور دل سے سچ جانے کہ پیدا کرنیوالا سارے جہان کا ایک ہی اللہ اوسکا نام پاک ہی کوئی اوسکا شریک نہین سب بڑائیان اور کمال اوسی کو ہین اور وہ سب عیبون سے پاک ہی کسی کام مین کسیکا محتاج نہین اور سب اوسکے محتاج سب چیزون کی اوسے خبر ہی ایک ذرہ اوس سے چھپا نہین اوسے سب چیزون کی قدرت ہی جو چاہے سو کرے کوئی اوسکے حکم کو پھیر نہین سکتا اور جو کچھ بندے کام کرتے ہین بھلا یا برا بلکہ جو دنیا مین ہوتا ہی سب خدا کی تقدیر سے ہی یعنی خدا نے پہلے ہی مقرر کر رکھا تھا کہ فلانے سے فلانے وقت ایسا ایسا ہوگا اور ایمان لاوے کہ فرشتے بندے خدا کے ہین پیدا ہوئے نور سے پاک ہین گناہ نہین کرتے جس جس کام پر خدا نے مقرر کر دیا اوسپر قائم ہین نہ مرد ہین نہ عورت کھاتے پیتے نہین خدا کا ذکر اونکی زندگی ہی گنتی اونکی خدا کے سوا کوئی نہین جانتا اونمین چار فرشتے بہت نامور ہین

جبرئیلؑ کہ کتابین خدا کی اور حکم خدا کے پیغمبرون کے پاس لایا کرتے تھے میکائیلؑ کہ روزی خدا کے حکم سے بندون کو پہونچاتے ہین اور مینہہ کی طیاری بھی کرتے ہین اسرافیلؑ کہ صور منہہ مین لیے کھڑے ہین قیامت کے دن پھونکینگے عزرائیلؑ کہ مرنے کے وقت جان نکالتے ہین اور ایمان لاوے کہ خدا نے کتابین پیغمبرون کو بھیجین ہین توریت حضرت موسیٰؑ پر انجیل حضرت عیسیٰؑ پر زبور حضرت داؤدؑ پر فرقان حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر اور بعضی کتابین اور پیغمبرون پر جو کچھ خدا کی کتابون مین لکھا ہی سب حق ہی اوس سب پر ایمان لاوے اور ایمان لاوے کہ خدا نے بندون کی ہدایت کے واسطے دنیا مین پیغمبرون کو بھیجا اور حکم کیا کہ جس راہ پیغمبر لیچلین اوسی راہ پر چلو تو دین و دنیا تمھارا درست رہے جو کوئی دوسری راہ چلے گا دوزخی ہوگا سب پیغمبر برحق ہین اور گناہون سے پاک اور ساری خدائی سے افضل ہین اونکے درجے کو کوئی نہین پہونچتا اول پیغمبر حضرت آدمؑ ہین باپ سب آدمیون کے اونکے پیچھے اولاد سے اونکی اور بہت سے پیغمبر ہوئے گنتی اونکی خدا کو معلوم ہی آخر سب سے پیچھے دنیا مین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور پیغمبری حضرت پر ختم ہوئی پر نور حضرت کا سب سے پہلے پیدا ہوا تھا اسی واسطے حضرت سب پیغمبرون کے سردار ہین پیدا ہوئے مکے شریف مین جب چالیس برس کے ہوئے تب خدا کی طرف سے پیغمبری ہوئی اور قرآن شریف اوترنا شروع ہوا پھر تیرہ برس مکہ شریف مین اور رہے وہان معراج ہوئی حضرت جبرئیلؑ براق لیکر آئے حضرت کو سوار کرکے مسجد اقصی مین لے گئے اور وہان سے ساتون آسمان پر حضرت تشریف لے گئے عرش کرسی سب کچھ دیکھا اور بہشت اور دوزخ کی بھی سیر کی اور اوس رات مین بڑی بڑی نعمتین خدا کی طرف سے پائین اور پانچون نمازین بھی وہان فرض ہوئین پھر جب حضرت ترپین برس کے ہوئے خدا کے حکم سے مکہ شریف سے مدینہ پاک مین آئے دس برس وہان رہے جب تریسٹھ برس کے ہوئے وفات پائی چنانچہ مزار شریف حضرت کا وہان بنا چار کرسی حضرت کی یہ ہی محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف اور ایمان لاوے کہ مرنے کے پیچھے آدمی کے پاس دو فرشتے منکر اور نکیر آکے سوال کرتے ہین رب تیرا کون ہی دین تیرا کیا ہی یہ کون شخص ہی کہ تیرے پاس آیا تھا مردہ اگر باایمان ہی جواب اونکو دیتا ہی رب میرا اللہ دین میرا اسلام اور یہ شخص رسول خدا کے ہین ہمارے واسطے خدا کے حکم لیکر آئے تھے پھر اوس مردے پر خدا کی رحمت ہوتی ہی بہشت کی طرف دروازہ اوسکے واسطے کھول دیتے ہین اور جو یہ مردہ بے ایمان تھا منکر نکیر کا جواب اوسسے نہین آتا ہر بار کہتا ہی مین نہین جانتا پھر اوسپر عذاب سخت کرتے ہین اور دروازہ دوزخ کی طرف کھول دیتے ہین اور ایمان لاوے کہ قیامت آنی برحق ہی اوسدن حضرت اسرافیلؑ صور پھونکینگے آسمان پھٹ جاوینگے اور تارے ٹوٹ جاوینگے اور ٹوٹ کر گر پڑینگے اور پہاڑ اوڑتے پھرینگے جیسے روئی کے گالے پھر زمین آسمان اور سارا جہان فنا ہوگا جب دوسری بار صور پھونکینگے پھر سب کچھ موجود ہو جاویگا مردے گور سے نکلینگے اور ترازو عمل کی کھڑی ہوگی اور نامے اعمال کے اونکے ہاتون مین دینگے اور حساب کرینگے ہاتھ پاؤن اوسکے گواہی دینگے کہ بھلے کام کیے تھے یا برے اور دوزخ کی پیٹھ پر پل صراط کھڑا ہوگا بال سے باریک اور تلوار سے تیز اوسپر سبکو چلنے کا حکم ہوگا نیک ایسے چلے جاوینگے کہ جیسے بجلی یا جیسے باؤ یا جیسے گھوڑا تیز اور بعضے پیادون کی طرح اور بہت سے دوزخ مین کٹ کر گر پڑینگے اور ایمان لاوے کہ حق تعالی نے حضرت پیغمبرؐ کو حوض کوثر دیا ہی پانی اوسکا شہد سے میٹھا اور دودھ سے سفید ہی کوزے اوسکے بہت ہین جیسے آسمان کے تارے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوسپر بیٹھ کر قیامت کے دن اپنی امت کو پانی پلاوینگے جو کوئی پیےگا پھر پیاسا نہوگا اور ایمان لاوے کہ حضرت رسول خدا اور سارے پیغمبر اور اولیا اور نیک آدمی شفاعت گنہگارون کی قیامت کے دن کرینگے اور ایمان لاوے کہ مسلمانون کو بڑی بڑی نعمتین بہشت مین ملینگی کھانے کو میوہ پینے کو شربت خدمت کو حورین اور غلمان رہنے کو مکان اچھے اچھے سب سے بڑی نعمت بہشت مین دیدار خدا کا ہی کہ اپنے فضل سے مسلمانون کو نصیب کریگا اور کافرون کو دوزخ مین بڑے بڑے عذاب ہونگے آگ سانپ بچھو گرم پانی طوق زنجیر کلنٹے اور بدبو کے

سکان اور بہت سے عذاب مین حق تعالی دنیا سے ساتھہ ایمان کے اوٹھاوے اور سب مسلمانون کو عذاب سے بچاوے اور ایمان لاوے کہ جو کچھہ قرآن اور حدیث مین بہشت اور دوزخ کا احوال اور اگلی پچھلی باتین لکھی ہین سب حق ہین اور جو بات موافق شرع کے ہے حق ہے اور جو بات خلاف قرآن اور حدیث کے ہے سب باطل ہے اور بُری ہے اور ہر مسلمان پر لازم ہے کہ حضرت رسول خدا کی خوشی کیواسطے حضرت کے اہل بیت اور ازواج مطہرات سے اور حضرت کے یارون سے محبت اور اعتقاد رکھے اور تمام امت مین اونکو بہتر اور افضل سمجھے اور ان سبکی تعظیم کرے جب کسیکا نام اونمین سے سنے رضی اللہ عنہ کہے قرآن مین اونکی بڑی تعریف ہے اور حضرت نے بہت سی خوبیان اونکی بیان کی ہین دوستدار اونکا بہشتی اور دشمن اونکا دوزخی ہے اون سب مین حضرت ابو بکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ حضرت علیؓ کو افضل جانکے بہت سا اعتقاد اور تعظیم کرے رضی اللہ عنہم اجمعین۔ ان سب باتون پر اعتقاد کرکے حق جانکر پکا مسلمان ہو کے مسئلے وضو نماز کے سیکھے اور نماز کو ساری عبادتون مین افضل بہتر فرض خدا کا سمجھکر پانچون وقت کی نمازین جماعت سے اچھی طرح ادا کرتا رہے اور سستی سے کبھی ترک نکرے ✠

تمت

خاتمۃ الطبع خدا کا بڑا احسان ہے جو خالق زمین و آسمان ہے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا عقل و سمجھ عنایت کی انبیا کو گمراہون کیلیے رہنما فرمایا ہمکو بہترین امم کیا ہمارے لیے افضل الرسل کو بھیجا وہ ایسے ایسے معجزے لائے جس سے منکر اسلام کی سیدھی راہ پر آئے سب سے بڑا معجزہ قرآن ہے جسکی بلاغت مین عقل فصحا کی حیران ہے اسپر عمل کرنیوالا جنت کا سزاوار منکر مخلد فی النار آل و اصحاب ارکان دین تھے اسکی ترویج مین ہمیشہ کوشش کرتے رہے عالم ہر زمانے کے لوگون کی سمجھ کے موافق وعظ فرماتے مضامین قرآن عبارات عام فہم مین سمجھاتے تا نفع عام ہو فائدہ تام ہو عربی فارسی جاننیوالے تفسیرات عربی فارسی سے فائدہ اوٹھاتے تھے اردو والے حرف شناس اس سعادت سے محروم رہے جاتے تھے اسواسطے مولانا بالفضل والکمال اولانا جناب مولوی حاجی محمد قطب الدین خانصاحب دہلوی دامت برکاتہم نے کہ اپنے استاد یعنی خاتم المحدثین جناب مولانا حاجی محمد اسحق صاحب بعثہ اللہ فی زمرۃ الشہداء والصالحین کی طرح عالم دیندار باعمل پرہیزگار ہین رسائل دینیہ کی تحریر انکا کام ہے غرض ترویج مسائل دین اسلام ہے برحسب اصرار بعض عمائد بنظر فائدہ عام اہل اسلام تفسیر اردو لکھنا شروع کیا ان دنون سورۂ احزاب کا درس ہوتا تھا سو سورۂ احزاب سے آخر سورۂ حجرات تک تحریر و مرتب ہو گئی اور اوتنی اس مطبع نظامی واقع کانپور کے او اخر ذیحجہ ۱۲۹۵ ہجری مین چھپکر طیار ہوئی تصحیح و صفائی چھاپہ و حسن خط مین بڑا اہتمام ہوا حسب عادت اہالیان مطبع اسمین مبالغہ تمام ہوا جب ناظرین مطالعہ کرینگے آپ دریافت کرلینگے کشاف مشکلات قرآنی ہے عمدہ مواہب علیہ حمائل مدارک قبولیت مین بے بدیل ہے معالم معالم انوار تنزیل بحر مواج حقائق قرآن ہے تبیان دقائق فرقان ہے موضح اسرار تاویل ہے کشف استار خزائد نکات جمیل عالم تو اس سے نفع ہی اوٹھائینگے بے پڑھے بھی قرآن کی معانی سے خوب ماہر ہو جائینگے جناب مصنف مد ظلہ نے کشاف کبیر در منثور مدارک معالم بیضاوی وغیرہ کا ذیل تفسیر آیات بمقام مناسب ترجمہ لکھا اسی سبب سے نام اسکا جامع التفاسیر رکھا اور اور فوائد مفیدہ جو ذہن عالی مین آئے ہین وہ بھی بمواضع مناسب بڑھائے ہین و رجب شائقین اس سے نفع اوٹھاوین تو جناب مصنف اور اس امیدوار دعا محمد عبد الرحمن اور اسکے معاونون کو بدعائے خیر یاد لاوین بالخصوص نواب مستطاب معلی القاب حامی دین محمد کلب علیخان بہادر والی رامپور دام اقبالہ کی دعائے ترقیات دو جہانی سے شور رطب اللسان ہین کہ ملازمان جناب ممدوح بڑے مددگار اسکے چھپنے کے ہین بعد اسکے جناب مصنف نے سورۂ قاف سے آخر تک تفسیر تحریر کی اور میرے پاس بھیجی ادھر اسکے فوائد کی فہرست مرتب ہو چکی ادھر سورۂ قاف سے چھپنا شروع ہوئی شائقین کو چاہیے کہ اس جلد کو بلد خریدین سستی ہی سستی نکرین اسلیے کہ جب اسکی قیمت آویگی تو دوسری جلد کے چھپنے پر بڑی مدد ہو جاویگی ظاہر مین خرید تفسیر ام الکتاب ہے حقیقت مین ہم خرما و ہم ثواب ہے بعد طیاری دوسری جلد کے تفسیر سرے سے شروع ہوگی اسواسطے سہولت ادائے قیمت کی جلدین کرکے مطبوع ہونگی ✕

اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَمِنْکُمْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ

قطعات تاریخ تمامی طبع جامع التفاسیر از مولانا محمد نظام الدین جوش سلمہ اللہ العلی الکبیر

جب کہ یہ تفسیر قرآن با ہزاران جد و جہد ۔ طبع ہو کر مشتہر اطراف عالم میں ہوئی
ہر طرف سے مصرع تاریخ کی آئی صدا ۔ واہ کیا تفسیر نیسا زیب و رونق سے چھپی
۱۲۸۴

ایضا

چو تفسیر جامع بصد اہتمام ۔ بفضل خداوند مطبوع شد
شنیدم ز ہاتف پی سال طبع ۔ زہی طبع تفسیر مطبوع شد
۱۲۸۴

ایضا

شد طبع چو این کتاب مقبول خرد ۔ باصحت و خوبی و صفای بیحد
گفتم تاریخ صوری و معنویش ۔ ہشتاد و چہار و یکہزار و دو صد
۱۲۸۴

وجہ ختم بر خاتمہ

براے سند این معنی کہ این تفسیر مطبوع مطبع نظامی ست مہر و دستخط مہتمم ثبت نمودہ شد

محمد روشن خان حنفی سنہ ۱۲
محمد عبد الرحمن بن حاجی

العبد
محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان حنفی بقلم خود

فہرست فوائد جامع التفاسیر از سورۂ احزاب تا آخر سورۂ حجرات

٢٠٧ سورۃ ص ٣٨

٢٤٩ سورۃ الزمر ٣٩

۲۷۴ سیپارہ ومن اظلم ۲۴

۳۱۲ سورۃ المؤمن ۴۰

سورۃ الزخرف ٤٣

سورۃ الفتح ۴۸ — ۶۱۱

سورۃ الحجرات ۴۹ ۶۵۰

الفہرس للجزء خلاصۃ التفسیر

تصحیح اغلاط و ترمیم محو و اثبات صناعت پر اپ واقع جامع النفاسہ ✣

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١٠	١٨	جھوڑیاورذو	چھوڑاونکو
١٤	١٨	کی کئی	کئی کئی
//	٢٨	بھا	بھا
١٦	٢٠	قالین ینفعکم تا الا ماشاء اللہ	قالین ینفعکم تا الا ماشاء اللہ
٢٧	١٧	حورتون	حورتون
٣٦	١٥	جبیر	جبیر
٣٦	حاشیہ ١ سطر ٢	ولتقویہ	ولتقویہ
٤٠	١١	بن جابر	بنت جابر
٤٦	٢٥	کی ہی	کی ہے
٥٠	٢٧	کرکہ	کہ
٥٢	٢	الی النبی	الی النبی
//	//	الامی	الامی
//	٣	سلم	سلم
//	٦	الامی	الامی
٥٥	حاشیہ ١ سطر ٢	اخبث رائحۃ	او اخبث رائحۃ
//	حاشیہ ١ سطر ٣	ملازمۃ	للامۃ
//	حاشیہ ١ سطر ٥	والجزنتن	والجزنتن
٥٧	حاشیہ ٥	اور جسنے اوّلا	مکرر حسینیہ [illegible]
٦٠	٢٠	وکان	وکان
٦٤	٢١	کرینگے	کرینیگے
//	٢٦	تھی	تھے
٦٨	٢٨	بعث کے فانی کی بعدانی ہو	بعث کی بعدفانی ہونے کے
٦٩	١٢	ٹکڑآسمان	ٹکڑا آسمان
٧٣	١٨	ال داود	ال داودکو
٧٦	پریشانی	یقمنت ١٢	یقنت ٢٢
٧٧	١٦	دوسرے	دوسرے کے
//	٢٢	پھر	ہر
٨٠	حاشیہ ٢ سطر ٣	ثم	ثم
٨١	٦	فزع	فزّع
٨٢	حاشیہ ٤ سطر ٣	رسالۃ	ارسالۃ
٨٤	١	سمجھتا	سمجھا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
٨٤	حاشیہ ٢ سطر ٢	نم	ثم
//	٨	للذین	للذین
٨٥	١٣	مبعوث ہوا	مبعوث ہوئے
//	٢٦	اسیطرح	اسطرح
٨٦	٢٩	توشئہ آخرت کو	توشئہ آخرت لو
٨٧	٢٨	نل اوسکا	عمل اوسکا
٨٩	٢٥	کا توا	کانوا
٩٦	٧	اوسکے	اسکے
٩٩	١٩	قرنا السوء	قرناء السوء
١٠٠	حاشیہ سطر ٦	قبیح	قبح
//	حاشیہ سطر ٤	محازۃ	مجازۃ
١٠١	حاشیہ ١ سطر ٣	امارۃ الزاجر	اثارۃ الراح
١٠٤	٤	ہوا ہل اس	ہوا پس اس
١٠٩	حاشیہ ٦ سطر ١	ازیادۃ	وزیادۃ
١٢٣	٣	یہی قول	یہیں معنی قول
١٢٤	حاشیہ ٨ سطر ٦	عمرنالم	عمرنا کم
١٢٧	٢٣	علی نفسہ	علی نفسہ
//	حاشیہ ١ سطر ٣	بمعنی	معنی
١٢٩	٢١	نے کر	لے کر
١٣٤	٨	احصینہ	احصینہ
//	١٩	ہوئے	ہونے
١٣٦	٣	جہ جاے	جہ جاے
١٣٨	١٥	علینا	علینا
١٣٩	حاشیہ ٢ سطر ٤	مایتفال	مایتفاءل
١٤١	٢٦	کفا	کفار
١٤٥	٢٥	بہترین	بہتیری
١٤٥ / ١٤٨	پریشانی	سیپارہ ومالی ٣٢	سیپارہ ومالی ٣٣
١٥٠	حاشیہ ١ سطر ٤	الفکایۃ	الفکاہۃ
//	حاشیہ ٢ سطر ٥	وذباب	وذیاب
١٥٩	حاشیہ ٢ سطر ٣	صلتہ	خیر صفۃ
١٦٣	حاشیہ ١ سطر ١٣	بن عیاض کے	بن علیہ کی آیت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١٦٧	حاشیہ ١ سطر ١	استفہام انکار	استفہام انکار
١٦٨	پیشانی	ومالی ٣٣	ومالی ٢٣
//	حاشیہ ٣ سطر ٥	جنت	جنت نے
١٧١	١٥	یہ بھی	یہ تھے
١٧٢	٤	تطمئن	تطمئن
١٧٣	٢٢	پھرآیا	پھرایا
١٧٨	٢٨	پھرینگے	بھرینگے
١٨٢	حاشیہ ٢ سطر ٤	یفرہم	بفرہم
١٨٦	١	رای	رأی
//	١٥	الممین	المبین
١٩٢	٢٩	بدلہ کیا	بدلہ لیا
١٩٦	١	اللہ	اللہ
٢٠٠	حاشیہ ١ سطر ٢	ور	اور
٢٠٤	١٠	لاعطین	لاعطین
٢١١	١٥	دم لے نگے	دم لے لیگی
٢١٦	٧	لیبغی	لیبغی
٢١٩	٤	شق	شق
٢٢٥	٣	خوہش	خواہش
٢٢٧	١١	کے سے	کب
٢٢٧	٨	ایک	یہ
//	١١	بڑھنے	
٢٣٨	١٢	ہوتی	ہونی
٢٣٩	١٠	انداز	انذار
٢٤٣	٢٠	حولہ جنایۃ التفغیر	حولہ جنایۃ التغیر
//	٢٨	جمع الجواہر	جمع الجوامع
٢٤٦	٢٥	سب سے	سبب سے
//	//	اپ	آپ
٢٤٩	١٨	الذین	الذین
//	٢٣	لوسکی	اسکی
٢٥٣	٨	بھی	یہی
٢٦١	٢٦	اورامر	اوامر

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
[illegible]	[illegible]	[illegible]	ے
[illegible]	[illegible]	[illegible]	ماء
[illegible]	[illegible]	[illegible]	ش
	١٢	زمین کے	زمین کے
٢٧٧	٩	یخزیہ	یخزیہ
٢٨٠	١١	آخر	اخر
٢٨٤	١٧	دعانا	دعانا
٢٨٥	١٦	روکاگیا	روکاگیا
٢٨٦	٣ و ٢	کرکہ	کہ
٢٩١	٩	للہ	اللہ
٢٩٤	٣	مفارۃ	مفازۃ
٢٩٧	حاشیہ ٣ سطر ١	لقبضۃ	بالقبضۃ
٢٩٨	٥	اونکو	انکو
٢٩٩	١١	کہا گیا	کہا کیا
//	٢١	نفخ	نفخ
٣٠١	٥	لھؤلاء	ھؤلاء
٣٠٢	٦	رہا تو	باقی رہا تو
//	١٣	بدلے	بدلی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
//	حاشیہ ٥ سطر ٣	الی حیث	الی بیت
٣١٤	حاشیہ ٦ سطر ١	سخت	باسخت
٣١٥	١٤	آمدوفت	آمدرفت
//	٢١	وہ فرقے	اور فرقے
٣٢٨	٥	کلام	کام
٣٢٨	١٦	یہ	نہایت بعید ہے
٣٣٠	١	امۃ گ	امۃ وگ
٣٣١	٢٣	فی اللہ لومۃ	لومۃ ما
٣٣٤	٢٥	نہ پکڑا	کہیں پکڑ
٣٣٨	١	او	آدمی